ڈاکٹر ذاکر حسین لائبریری

DR. ZAKIR HUSAIN LIBRARY

JAMIA MILLIA ISLAMIA
JAMIA NAGAR

NEW DELHI

... book before taking it out. You will be responsible for the ... discovered while returning it.

# DUE DATE

*Cl. No.* *Acc. No.* 169366

Late Fine Ordinary Books **25 Paise** per day. Text Book **Re. 1/-** per day. Over Night Book **Re. 1/-** per day.

بابت ۱۹۲۳ء

جلد ۴۳ حصہ [illegible]

ترجمہ

[illegible]

مشتمل بر

[illegible]

[illegible]

مترجمہ

مولوی [illegible] صاحب [illegible]

[illegible]

جو [illegible] سوسائٹی [illegible] شائع کیا

مطبع [illegible]

# نظائر ہند جلد ۳۷ حصہ چہارم

مشتمل

۶۸ مقدمات جن میں ۵۵ مقدمات دیوانی اور ۱۳ مقدمات فوجداری

منفصلہ عدالتہای ذیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| پریوی کونسل | ۱ | ہائی کورٹ الہ آباد | ۱۶ |
| ہائی کورٹ بمبئی | ۲ | ہائی کورٹ پٹنہ | ۸ |
| ہائی کورٹ لاہور | ۲۷ | ہائی کورٹ مدراس | ۶ |
| عدالت جوڈیشل کمشنر اودھ | ۴ | عدالت جوڈیشل کمشنر پشاور | ۴ |

Accession Number 169366
Date 28.1.96

## فہرست اسمائے فریقین

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لالہ بیجناتھ سنگھ بنام چندرا پال سنگھ | ۵۲۹ | کنسا اوارن | بنام ملہ مغنیہ | ۷۰۹ |
| سندہاسنی داسی بنام مسٹر لال واہن (پریوی کونسل) | ۷۰۵ | ہیپو ہوگتا | بنام ماک ... | [illegible] |
| مساۃ چندن کنور بنام نارائن | ۷۰۶ | چیند مین | بنام ملک ... | ۷۱۶ |
| ای این ایس ساموپاٹر بنام (الیف ایچ) دصن | ۷۰۷ | صفدر خان | بنام محمد زمان خان | [illegible] |
| (مساۃ) اشبدلی بنام (مساۃ) کنیز فاطمہ | ۷۱۳ | سوار خان | بنام (مساۃ) زہرہ جان | ۷۷۵ |
| دی ایم اینڈ ایس ایم ریلوے بنام ارنگاسوامی چٹی | ۷۱۴ | نجاد ک رائے | بنام رام مینن رائے | ۷۷۶ |
| (مساۃ) شورن بی بی بنام عبد الصمد | ۷۱۵ | سیریا پیکیتھیا | بنام کرشنا یابیا (اطلاس کامل) | ۷۷۷ |
| فانی ایا ملیار بنام پی چینا سامی چیٹیار | ۷۲۰ | چندو | بنام (مساۃ) حسین بی بی | ۷۸۴ |
| بابو رام بہادر سنگھ بنام (مہنت) گنیش بھگت | ۷۲۱ | شیخ فرزند علی | بنام ایکادشی | ۷۸۹ |
| دیوناتھ بنام بیگ راج | ۷۴۲ | حبیب گل | بنام شاہ داد خان | ۷۹۰ |
| مالکر پاٹھک بنام رگھو پاٹھک | ۷۴۴ | جگناتھ راؤ | بنام وزیر پرشاد | [illegible] |

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دہرمی | بنام | محمد سجاد علیخان | ۷۹۷ | لیکھراج | بنام | اندرمل | ۸۶۵ |
| شیخ بھون | " | جوالاپرشاد | ۸۰۱ | جگناتھ | " | عبدالحلیم | ۸۶۸ |
| سردارا | " | اللہ یار | ۸۰۴ | ریاست سرجوگ پرشاد مسر | " | سر شچیندر اکچوہری | ۸۶۵ |
| جی آئی پی ریلوے | " | ہمت لال | ۸۰۵ | ہدایت خان | " | شاہ احمد | ۸۸۵ |
| راجہ سنگھ | " | درگا سنگھ | ۸۰۶ | تربھون ایم رام | " | بالی خوشحال | ۸۸۶ |
| دشتزادہ محمدان خان | " | (مسماۃ) ونا بیگم | ۸۰۹ | ناظر | " | (مسماۃ) پارس | ۸۸۹ |
| علی محمد خان | " | علی اکبر خان | ۸۱۶ | ریتو گنگی وینکٹاتر سمہاراؤ | " | دگولکنڈہ راماچندرولو | ۸۹۲ |
| رام ناتھ | " | منولال | ۸۱۷ | بنارسی داس | " | رمضان | ۱۹۳ |
| تیرتھ رام | " | محمد عبدالرحیم شاہ | ۸۱۹ | دسوندی | " | بدر بخش | ۱۹۵ |
| سی سروتھا آماہ | " | سیر مجتبی صفائی سید سیٹھ | ۸۲۳ | گل احمد | " | غلام ربانی خان | ۱۹۶ |
| ناتھونی راسے | " | مہاراجہ سر رامیشور سنگھ | ۸۳۶ | اسا سنگھ | " | جگجیت سنگھ | ۰۳ |
| ترکیا | " | سوہو | ۸۵۳ | گل تیراں | " | عبدالرحیم خان | ۱۰۶ |
| ایسٹ انڈین ریلوے کمپنی | " | مسز گوپی ایم گوری شنکر | ۸۵۴ | (مسماۃ) صحبت کور | " | (مسماۃ) راج دیوی | ۱۵ |
| گنگا پوری | " | موہن لال | ۸۵۶ | ملک معظم | " | عنایت | ۱۶ |
| رگھوبیر سنگھ | " | جوہا سنگھ | ۸۵۹ | سیتا رام | " | ملک معظم | ۱۸ |
| دگو جی ناکو بند سہاے | " | گرداس مل | ۸۶۱ | ملک معظم | " | سراون سنگھ | ۱۹ |
| بنگالی شکل | " | رام عقین تیواری | ۸۶۲ | ناگیشر پرشاد | " | ملک معظم | ۲۲ |
| چندو | " | میراں بخش | ۸۶۴ | رام چندر | " | ملک معظم | ۲۴ |
| کمار سکینتوا | " | لچھمن موہن سہاے | ۸۶۶ | اللہ دین | " | ملک معظم | ۲۶ |
| ڈیوڈ تھرٹیند کلارک | " | مسز روز گرم شاد | ۸۶۷ | (معاملہ) ڈگلاس ڈونالڈ | | | ۲۹ |
| پوران سنگھ | " | برج سنگھ | ۸۶۸ | ملک معظم | " | پورن سنگھ | ۳۰ |
| بچہ گوپال سنگھ | " | ثناءاللہ | ۸۷۲ | (مسماۃ) چھپری | " | ملک معظم | ۳۱ |
| رام چندرا | " | حاجی محمد نور | ۸۷۳ | چنی لال | " | ایشر داس | ۳ |

# فہرست مضامین

# د

# نظائر ہند جلد ۳، حصہ پنجم

مشتمل بر

۶۸ مقدمات جنمیں ۴۸ مقدمات دیوانی ۲۰ مقدمات فوجداری

منفصلۂ عدالتہای ذیل

| | | | |
|---|---|---|---|
| پریوی کونسل | ۱ | ہائی کورٹ الہ آباد | ۵ |
| ہائی کورٹ بمبئی | ۴ | ہائی کورٹ پٹنہ | ۳ |
| ہائی کورٹ کلکتہ | ۸ | ہائی کورٹ لاہور | ۳۶ |
| ہائی کورٹ مدراس | ۳ | عدالت جوڈیشل کمشنر اودھ | |

عدالت جوڈیشل کمشنر پشاور ۷

## فہرست اسمائے فریقین

شب

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| غلام حسین | بنام | ملک معظم | ۱۰۱۹ | دیوی دیال | بنام | ملک معظم | ۱۰۶۱ |
| ملک معظم | ر | ہری داس | ۱۰۲۲ | کدارناتھ دے | ر | محمد صدیق | ۱۰۶۳ |
| عزیز احمد | ر | دیو دیال | ۱۰۲۴ | چھیدو نیا | ر | ملک معظم | ۱۰۶۵ |
| رحیم بخش | ر | ملک معظم | ۱۰۲۸ | ملک معظم | ر | شیو لنگیا لسبا | ۱۰۸۱ |
| جھکرو | ر | ملک معظم | ۱۰۳۱ | گسیٹا | ر | ملک معظم | ۱۰۸۲ |
| سپرنٹنڈنٹ ریمونٹ [illegible] | بنام | [illegible] | ۱۰۳۲ | ہیت مالی | ر | اوسی مری | ۱۰۸۳ |
| فراز [illegible] | ر | کرپا سنگھ | ۱۰۳۴ | پیر بخش | ر | ملک معظم | ۱۰۸۴ |
| رامن بہاری [illegible] | ر | ملک معظم | ۱۰۳۸ | محمد دین | ر | علم دین | ۱۰۸۵ |
| گنگا [illegible] | ر | ملک معظم | ۱۰۳۹ | دلیپ رام | ر | دولی چند | ۱۰۸۶ |
| گنو [illegible] | ر | سرمینا بھوش | ۱۰۴۲ | امیر و دولت | ر | مالک کہان چند | ۱۰۸۸ |
| پاراام | ر | کمیٹی [illegible] شہرہ [illegible] | ۱۰۴۴ | غلام مصطفی | ر | غلام صادق | ۱۰۹۰ |
| (مسماۃ) سنت کور | ر | شیو سنگھ | ۱۰۴۵ | لوک ناتھ | ر | (مسماۃ) ستن بائی | ۱۰۹۲ |
| مرلی لال | ر | [illegible] | ۱۰۴۸ | (راؤ بہادر) مان سنگھ | ر | (مہارانی) نولکھہ پتی | ۱۰۹۴ |
| منیر الدین | ر | نذیر الدین احمد خان | ۱۰۵۲ | سوہن سنگھ | ر | جوالا سنگھ | ۱۱۳۵ |
| [illegible] | ر | گوپال کرشن [illegible] | ۱۰۵۴ | (خان بہادر) محمد یحییٰ خان | ر | (رائے بہادر) لکھن سنگھ | ۱۱۳۷ |
| [illegible] | ر | [illegible] | ۱۰۵۷ | (جاگیردار پنڈت) روپ چند | بنام | گوکل چند | ۱۱۴۴ |
| [illegible] | ر | [illegible] | ۱۰۵۸ | بھاو وجی کہاڑے | ر | پالو مالو سائیلے | ۱۱۴۶ |
| [illegible] بھان | ر | [illegible] | ۱۰۶۰ | راما سیوم پلے | ر | میناکشی سندرم پلے | ۱۱۴۸ |
| [illegible] راج [illegible] | ر | [illegible] | ۱۰۶۲ | محمد عثمان خان | ر | عطا محی الدین | ۱۱۵۷ |
| [illegible] خان | ر | سنتی رام | ۱۰۶۴ | رام داس | ر | رام لال | ۱۱۵۹ |
| بھور [illegible] | ر | ملک معظم | ۱۰۶۵ | مایا داس | ر | چیندا رام | ۱۱۶۲ |
| [illegible] کوئری | ر | بدھو [illegible] | ۱۰۶۶ | (مسماۃ) اکندے بائی | ر | (مسماۃ) چھینی بائی | ۱۱۶۴ |
| حکم چند | ر | ملک معظم | ۱۰۶۷ | واسو کرشنا | ر | مادھو راو [illegible] | ۱۱۷۰ |

# فہرست مضامین

## و

ح

# نظائر ہند جلد ۳ کا حصہ ۴

مشتمل بر

۱۰۲ مقدمات جن میں ۸۲ مقدمات دیوانی اور ۲۰ مقدمات فوجداری منفصلہ عدالتہائے ذیل

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پریوی کونسل | ۱ | ہائی کورٹ الہ آباد | ۲۸ | ہائی کورٹ بمبئی | ۱۱ |
| ہائی کورٹ پٹنہ | ۲ | ہائی کورٹ رنگون | ۱ | ہائی کورٹ کلکتہ | ۵ |
| ہائی کورٹ لاہور | ۲۸ | ہائی کورٹ مدراس | ۱۶ | چیف کورٹ اودھ | ۴ |
| | | عدالت جوڈیشل کمشنر ناگپور | ۶ | | |

# فہرست اسمائے فریقین

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (مسماۃ) عظیم بی بی | بنام | غلام محمد | ۱۱۷۱ | (بابو) رام لگن سنگھ | بنام | ہرکشن نارائن رائے | ۱۲۲۳ |
| سرجو پرشاد مصر | " | مقصود حسین (پریوی کونسل) | ۱۱۷۲ | دیوان چند | " | رام بھایا ل | ۱۲۲۶ |
| (کوٹھی) دیوکی نندن | " | رام لال اودلک | ۱۱۷۷ | (ٹی۔ ڈبلیو۔ وی) ایلڈرس | " | امریکن موٹر کمپنی | ۱۲۲۸ |
| قادر بخش | " | منگل مل | ۱۱۸۱ | بنا سنگھ | " | جگت رام | ۱۲۲۹ |
| خان محمد | " | ادہن | ۱۱۸۴ | (ڈاکٹر) ایم۔ بی۔ دی چوکالنگم چیٹیار | " | (ایس) بالاسبرامنیا | ۱۲۳۱ |
| چھجا رام | " | کیشو ناتھ | ۱۱۸۵ | نانک چند | " | محمد ظہور الدین | ۱۲۳۲ |
| لالو | " | فضل دین | ۱۱۸۷ | نند سنگھ | " | لچھمی نرائن سنگھ | ۱۲۳۳ |
| بینی پرشاد | " | گردیوی | ۱۱۵۹ | ملک معظم | " | زوار حسین | ۱۲۳۵ |
| سلطان | " | داریام | ۱۱۹۰ | گنیش ساہو | " | ملک معظم | |
| (مسماۃ) نواب بی بی | " | اللہ دیا | ۱۱۹۱ | اندر سنگھ | " | ملک معظم | |
| (مسماۃ) بیگم | " | جعفر حسین | ۱۱۹۲ | ہری سیتا شنو | " | ملک معظم | |
| (مسماۃ) دیالن | " | ہیرا نند | ۱۱۹۴ | مقصود حسین | " | ملک معظم | |
| فتح دین | " | کشن لال | ۱۲۹۹ | سراج الدین | " | ملک معظم | |
| گنوا | " | جیتی پرشاد | ۱۲۰۰ | کاشی رام | " | ملک معظم | |
| عبدالوہاب صاحب | " | رقیہ بی بی | ۱۲۰۱ | مہابھی پرشاد سوتیرا | " | ہری چرن [illegible] | |
| کاشی رام | " | شرف دین | ۱۲۰۹ | تیجا سنگھ | " | ملک معظم | |
| لکھی داس | " | ہرچند | ۱۲۱۰ | نتیسا نندا کونڈر | " | رگھپاہری مسرا | [illegible] |
| محمد عمر | " | فیاض الدین | ۱۲۱۱ | کالیا پیرومال | " | باداجی صاحب | ۱۲۵۱ |
| گنگا رام یا لکرشن | " | دھودیو تاتیا | ۱۲۱۳ | پنجا | " | ملک معظم | ۱۲۵۳ |
| محمد شاہ | " | طالب حسین شاہ | ۱۲۱۶ | مدو ونکیا | " | مدو منا | ۱۲۵۵ |
| (کوٹھی) روپ چند جیون سنگھ | " | بوبول ناتھ لال | ۱۲۱۸ | رام سیوک رائے | " | شیو ابھمن | ۱۲۵۶ |
| جوہرل | " | سردار امر | ۱۲۲۲ | [illegible] موتی [illegible] | " | [illegible] | ۱۲۵۸ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| گھیسوا | بنام | دیوناراین برنر | ۱۲۵۹ |
| سری بالیجہ یو ادیواسا بیانا | / | سری جیرو ادیوا نیکنا | ۱۲۶۱ |
| محمد لطف اللہ | بنام | پانچے لال | ۱۲۶۳ |
| [illegible] | / | چوہ رنگا مدلیار | ۱۲۶۵ |
| کمال دین | / | [illegible] | ۱۲۶۷ |
| پارتھا سارتھی ریڈیار | / | گنتراسوامی نیار | ۱۲۶۸ |
| [illegible] | / | دھنی مصر | ۱۲۷۱ |
| تھوکر پاچی | / | پتاکا وندت | ۱۲۷۲ |
| نر ناتھ سنگھ | / | موتی لال | ۱۲۷۳ |
| [illegible] بی | / | بھوری بی | ۱۲۷۵ |
| (مسماۃ) [illegible] | | | ۱۲۷۷ |
| بدن لرو | / | ملک معظم | ۱۲۸۱ |
| گاہو خان | / | دائم رائے رحیم | ۱۲۹۳ |
| جو گنا چار | / | پرشوتم سنتل چند | ۱۲۹۵ |
| [illegible] | / | ملک معظم | ۱۲۹۶ |
| [illegible] | / | [illegible] | ۱۲۹۷ |
| [illegible] | / | ڈسٹرکٹ جج آگرہ | ۱۲۹۸ |
| (مسماۃ) کنیز فاطمہ بیگم | / | رام چند [illegible] | ۱۲۹۹ |
| گوبند سنگھ [illegible] | / | کاجو بھائی گلاب [illegible] | ۱۳۰۱ |
| [illegible] | / | [illegible] | ۱۳۰۴ |
| (مسماۃ) [illegible] | / | [illegible] | ۱۳۰۶ |
| [illegible] | / | آمنہ خاتون | ۱۳۰۷ |
| [illegible] | / | [illegible] لال | ۱۳۰۸ |
| [illegible] | / | شیخ نبی الدین | ۱۳۱۰ |
| [illegible] | / | [illegible] | ۱۳۱۱ |
| [illegible] | / | [illegible] | ۱۳۱۴ |
| [illegible] | / | [illegible] رام [illegible] | ۱۳۱۵ |
| امراؤ بہادر سنگھ | / | رام [illegible] | ۱۳۱۶ |
| سری گوہر [illegible] | / | [illegible] | ۱۳۱۸ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| سندھورام | بنام | رام کشن ستار | ۱۳۴۰ |
| وشنو تاگیا | / | نرسمہا پانڈورنگ | ۱۳۴۰ |
| پرشوتم | / | گنپت رام | ۱۳۴۱ |
| گینڈارام | / | رام چندر | ۱۳۴۷ |
| (مسماۃ) مریم النساء بی بی | / | بابورام | ۱۳۵۰ |
| رشنو [illegible] | / | رامچندر [illegible] | ۱۳۵۳ |
| (ساہو) رگھوناتھ سنگھ | / | (سیٹھ) ہری نارائن | ۱۳۵۴ |
| ونکٹ رامن راما [illegible] | / | [illegible] گنیش پربھو | ۱۳۵۶ |
| لکشمن | / | کیشوراو | ۱۳۵۸ |
| گیان داس نارائن | / | جیون پراگ | ۱۳۶۰ |
| (لالہ) صاحب سنگھ | / | گردھاری لال | ۱۳۶۲ |
| سارس پور [illegible] کمپنی | / | ری پی اینڈ سی آئی ریلوے | ۱۳۶۶ |
| علی [illegible] | / | علی حسین | ۱۳۶۸ |
| گوبردھن داس | / | گنپت داس | ۱۳۶۹ |
| شیخ سجاد حسین | / | ولی محمد | ۱۳۷۰ |
| [illegible] | / | جے کشن داس | ۱۳۷۲ |
| [illegible] | / | ایجنٹ ای آئی ریلوے | ۱۳۷۳ |
| [illegible] | / | گنیش وشنو پانڈے | ۱۳۷۷ |
| [illegible] | / | ہربھی چند | ۱۳۸۱ |
| [illegible] | / | ماونتا شیو تیس | ۱۳۸۲ |
| [illegible] | / | مسماۃ ریاض بیگم | ۱۳۸۴ |
| [illegible] | / | داسو دیوان تلبو دری | ۱۳۸۵ |
| [illegible] | / | [illegible] | ۱۳۸۶ |
| [illegible] | / | ماہتاب شیخ | ۱۳۸۹ |
| [illegible] | / | ٹی پی ایم دیرن کمپنی | ۱۳۹۶ |
| [illegible] | / | سیتج نندن | ۱۳۹۹ |
| [illegible] | / | (مسماۃ) نہنا کی | ۱۴۰۰ |
| [illegible] | / | نہانیکا چیلا مدالی | ۱۴۰۱ |
| [illegible] | / | [illegible] | ۱۴۰۴ |

ج

# فہرست مضامین

# د

—— دفعہ ۴۹ دیکھو ... مواقعات ۔ 1181

—— ریلوے ایکٹ ۹ بابتہ ۱۸۹۰ء دفعہ ۷۷ کا اطلاق ۔ دعوٰی جو عدم حوالگی مال پر مبنی ہو ۔ ریلوے کمپنی کے نام نوٹس ۔ 1343

—— شہادت ایکٹ ا بابتہ ۱۸۷۲ء دفعات ۹، ۱۱، ۲۱، ۳۲، ۳۳ ۔ تحقیقات کے قبل ملزم کے بیانات کا قابل ادخال شہادت ہونا ۔ شریک جرم کا بیان ۔ تائید ۔ 1281

—— دفعہ ۸ (۲) ۔ اقبالی جو بائع نے بیع کے بعد کیا ہو مشتری اس کا پابند ہوتا ہے ۔ 1281

—— دفعہ ۹ ۔ قدیم دستاویز کا تب کے ذریعہ تکمیل کنندہ کے دستخط ۔ دستخط کرنے کا اختیار ۔ قیاس ۔ 1315

—— دفعہ ۱۱۲ ۔ صحیح النسبی کا قاعدہ ۔ مسلمانوں سے اس قاعدہ کا اطلاق ۔ 1307

—— صفائی پنجاب ایکٹ ۳ بابتہ ۱۸۹۲ء دفعات ۲۱ و (۳) ۱۰۰ ۔ دیواریں یا عمارتیں کہاں جا سکتی ہیں ۔ دیواریں جو اجازت کے بغیر تعمیر کی گئی ہوں ۔ منہدم کرنے کی نسبت مجلس کا حق ۔ 1263

—— عدالتہائے ... ایکٹ ۶ بابتہ ۱۹۱۸ء دفعہ ۴ (۳) ۔ قانون یا ضابطہ کی غلطی جو ... سوال کا تصفیہ کرنے میں کی گئی ہو ۔ بار ثبوت کا غلط اندازہ لیا جانا ۔ ... ضروری ہے ۔ 1219

—— عدالتہائے مطالبہ جات خفیفہ بلا د پریذیڈنسی ایکٹ ۱۵ بابتہ ۱۸۸۲ء دفعہ ۸ ۔ مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۲ رول ۴ ۔ بیدخلی کی ڈگری کی تعمیل میں مزاحمت کا علاقہ کرنا ۔ عدالت مطالبات خفیفہ کا اختیار ۔ 1290

—— عدالتہائے مطالبہ جات خفیفہ صوبجاتی ایکٹ بابتہ ۱۸۸۷ء دفعہ ۲۵ ۔ اور ... ۔ 1243

—— دفعات ... ۳۲ ... عدالت میں رجوع کیا جانا جن کو ... مطالبات خفیفہ ... ہوں ۔

تحقیقات اور فیصلہ جب عدالت کو ایسے اختیارات حاصل ہو گئے ہوں ۔ مرافعہ یا قابل پذیرائی ہوتا ہے ۔ 1256

—— ضمیمہ دوم مد ۴۳ ، فقرات (۱) ، (۳) ۔ دخل کی ناجائز تحدیدگی ... جو ... کے لئے رجوع کی گئی ہو ۔ اختیار سماعت ۔ 1271

—— مالگزاری اراضی پنجاب ایکٹ ۱۷ بابتہ ۱۸۸۷ء دفعہ ۷۰ ۔ 1233

—— مزارعان آگرہ ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۰۱ء دفعہ ۲۲ حقیت کی وراثت ۔ کاشت میں حصہ لینے کے معنی ۔ 1270

—— دفعات ۲۵ ۔ ۲۹ ۔ آسامی دخیلکار ۔ ایک سال سے زیادہ مدت کے غیر رجسٹری شدہ تشکی پٹہ کا جائز لگان لیا وصول کیا جا سکتا ہے ۔ 1304

—— دفعہ ۹۵ ۔ شخص اجنبی کی جانب سے بروقت منسوخی ... کے لئے نالش ۔ میعاد سماعت ۔

—— ... نالش جو اس استقرار کے لئے رجوع کی گئی ہو کہ مدعی علیہ مدعی کا اسامی ... ہے ۔ عدالتہائے دیوانی کا اختیار سماعت ۔ 1259

—— دفعہ ۴۴ ۔ نالش جو اس پٹہ کی تنسیخ کے لئے رجوع کی گئی ہو جو ... واسطے عطا کیا ہو ۔ ... جس مقصد کے لئے عطا کیا گیا تھا ۔ ضابطہ ۔ 1267

—— ... ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۲۳ ۔ مالک اور ... جو ملک غیر کے تاجر کے ساتھ کیا گیا ہو ... ذاتی ... ۔ قیاس ۔ 1177

—— ... ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۵ ۔ مرافعہ ... کی بنا پر جائز وجوہ کا حاصل ہونا ۔ مرافعہ ... قبول کیا گیا ہو ۔ 1210

—— مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۴۳ رول ۱۱ ۔ مرافعہ ثانی ۔ وقت ...

[redacted]

عدالت ابتدائی کے فیصلہ کی نقل نالش کے ساتھ پیش نہ کی گئی ہو
کیا خارج کیا جا سکتا ہے۔ ۱۲۲۲
——— دفعات ۱۴، ۲۹، ۴۹ (ب) - قانون مالگزاری پنجاب
مقابلہ متوسط ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۱۶ء دفعہ ۲۹ (۱) (ب)۔
کارروائیات تقسیم حقیت کا دعویٰ - میعاد سماعت عدالت
غیر مجاز میں دعویٰ دائر کیا جانا - مدت کا اخراج۔ ۱۲۵۰
——— دفعہ ۱۹ - بیان جس میں رہن نامہ کی تکمیل تسلیم کی گئی
ہو اقرار جو ذمہ داری کی نسبت کیا گیا ہو۔ ۱۲۶۵
——— ضمیمہ اول مد ۱۰ - شفعہ کی نالش - جائداد جو ساہوکار
کے قبضہ میں ہو - حقیقی قبضہ - میعاد سماعت۔ ۱۲۰۰
——— ضمیمہ اول مدات ۵۷، ۵۹، ۶۰ - قرضہ اور امانت
کے مابین فرق - بار ثبوت - ۱۲۰۱
——— ضمیمہ اول مد ۸۵ - باہمی جاریہ اور رواں حساب
کیا ہے - ۱۲۱۸
——— ضمیمہ اول مد ۱۸۲ (۵) - تعمیل ڈگری - درخواست
التوا کے لئے یا تدبیر مناسب ۔۔۔ ہے -
——— ضمیمہ اول مد ۱۸۲ (۵) - ڈگری کی تعمیل - حکم
بصیغہ تعمیل کی نا راضی سے مراد التوا یا تدبیر مناسب ۔۔۔
ہوتا ہے - ۱۱۴۹
——— نگرانی مجرمان عادی پنجاب ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۱۸ء ۱۱۹۷
قبضہ مخالفانہ - راہن اور مرتہن - قانون رجسٹری ایکٹ ۱۶
بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۴۹ - غیر رجسٹری شدہ دستاویز - ما تحت غرض
کے لئے اس کا قابل دخل شہادت ہونا۔ ۱۱۸۱
——— مالک اور کاشتکار -رندہ - ۱۱۷۷
——— مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ ۱۸۶۰ء دفعہ ۹۹ -
حق حفاظت خود اختیاری کی وسعت -
——— دفعہ ۲۹۷ - مداخلت بیجا جو
عبادت کے مقام میں کی گئی ہو - حد ۔۔۔
کا مفہوم - جلوس ناجائز جو مسجد کو کیا گیا
ہو - جرم - ۱۲۴۴
——— دفعہ ۳۰۲، ۳۰۴ - ہلاکت جو شدید ٹھوکر سے
واقع ہوئی ہو - نیت - جرم - ۱۲۷۶
——— دفعہ ۳۶۶ - اغوا زن کو بھگا لے جانا - مسلمان عورت
جو نا بالغ ہو - شوہر کی معافقت - مخالفت جائز - زوجہ کی
علیحدگی - جرم - ۱۲۴۵
——— دفعہ ۴۱۱ - ۱۲۳۸
مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۲ (۲) -
آرڈر ۲۶ رول ۱۱، ۱۲ - فرمان شاہی مدراس فقرہ (۱۵) -
نالش شراکت - نزاع جو شراکت کی شرائط کے متعلق ہو جج کی
جانب سے کل نالش - سرکاری ۔۔۔ کو سپرد کیا جانا اور اس کا
جواب - حکم ۔۔۔ آیا حکم پر اسی کارروائی میں
اعتراض کیا جا سکتا ہے - فریق کی رضا مندی اور اس کا اثر
عدالت اور کمشنر کے فرائض - ۱۲۰۱
——— دفعہ ۱۱ - تقسیم کی نالش - امر فیصل شدہ جو مدعی علیہم
شرکا کے مابین ہو - ۱۲۱۳
——— دفعات ۴۷، ۱۱۵ (ب) - ڈگری کی تعمیل - انتقال
بحق مدیون ڈگری کے سکونتی رقبہ کی نسبت کیا گیا ہو - ڈگری کی
تعمیل کا اختیار عدالت ماتحت کا غلطی سے یہ فیصلہ کرنا کہ عدالت
ماتحت کو اختیار سماعت حاصل نہ تھا - نگرانی - ۱۲۷۲
——— دفعہ ۳۳ - ۔۔۔ شناخت - خاندان مشترکہ پسماندگی
بھتیجا یا چچا کے قرضہ جات کا ذمہ دار ہے - ۱۲۷۴
——— دفعہ ۶۰ (س) - قانون مالگزاری اراضی پنجاب
۔۔۔ بابتہ ۔۔۔ دفعہ ۔۔۔ - چبوترہ جو کمہار
۔۔۔ کیا جاتا ہے آیا قرق ۔۔۔ - ۱۲۲۳
——— دفعہ ۹۲ - ۔۔۔ امین کے نہ ہونے کا اثر -
۔۔۔ یا مشتبہ طریق ہوتا ہے - دستاویز کا ۔۔۔
وصیت نامہ - ۔۔۔ زبان کی ۔۔۔ وصیت
کا ۔۔۔ ۲۱

ع

غرض کا کالعدم ہونا۔ سالم یا ناقص ہو جاتا ہے۔ ۱۳۱۸
—— دفعہ ۴ ... تفسیر ... بیع شفعہ ... میعاد
مدعا علیہ کی مقدار رقم کا ... خریداری اضافہ۔ ... سود ۱۲۸۵
—— دفعہ ... کا شفعہ ڈگریات سے متعلق ہونا۔ ۱۱۸۴
—— دفعات ... ڈگری جو کسی ... پر مزید رقوم عدالت
کی ادائیگی پر شرط ہو توسیع میعاد۔ عدالت کا اختیار۔ ۱۲۲۶
—— دفعہ ۱۵۱۔ اصلی اختیارات عدالت۔ تلف شدہ مثل
کی مکرر ترتیب۔ عدالت مرافعہ کا اختیار۔ ضابطہ۔ ۱۲۹۶
—— دفعہ ۱۵۱، آرڈر ۳۹ رول ۱، ۲۔ عارضی حکم امتناعی
کا عطا کیا جانا۔ اختیار اصلی۔ ۱۲۰۹
—— دفعہ ۱۵۱، آرڈر ۴۱ رول ۲۲، آرڈر ۴۳ رول ۱ (ڈبلیو)۔
واپسی مقدمہ جو عرضی دعویٰ کی ترمیم کے بعد مکرر فیصلہ کے لئے کی گئی ہو۔
مرافعہ یا پیش ہو سکتا ہے۔ ۱۲۱۷
—— آرڈر ۲ رول ۲۔ ۱۲۹۹
آرڈر ۱ ۲ رول ۳ (۱)، ۶۔ شفعہ کی نالش چند بنائے
دعویٰ کا اشتمال جو مشتری کے خلاف کیا گیا ہو۔ عدالت کا اختیار۔
تمیزی۔ ۱۱۸۵
—— آرڈر ۶ رول ۴ ضمیمہ الف۔ ریلوے کمپنی کے خلاف دعویٰ۔
غلط ترمیم۔ ۱۳۶۶
—— آرڈر ۱۷ رول ۲، ۳۔ مدعی کے وکیل کے سامنے جواب دعویٰ
کا اخراج۔ حکم کی نوعیت۔ چارہ کار۔ مرافعہ۔ نگرانی۔ ۱۳۰۶
—— آرڈر ۲۱ رول ۵۸، ۶۳۔ جائداد جو ڈگری زر نقد کی تعمیل میں
نیلام کی گئی ہو۔ قرقی جو ڈگری رہن کے تحت کی گئی ہو۔ عذرداری کا جو مشتری نے
کی ہو منظور کیا جانا۔ نیلام جو ڈگری رہن کے تحت کیا گیا ہو اور اس کا اثر
حکم جو عذرداری پر صادر کیا گیا ہو قطعی ہے۔ ۱۱۶۲
—— آرڈر ۲۱ رول ۹۶۔ ڈگری کی تعمیل نیلام۔ جائداد جو کسی
کے قبضہ میں ہو۔ باضابطہ قبضہ کی حوالگی اور اس کا اثر۔ قبضہ کی نالش۔
... سماعت۔ ... جائداد ... امتناعی ضرورت۔
... کیا جا سکتا ہے۔ ۱۲۲۳

—— آرڈر ۲۱ رول ۹۸۔ ۱۳۱۰
—— آرڈر ۲۶ رول ۴۔ بطور خود اپنے گواہ کے اظہار کے لئے
مدعی علیہ پر کمیشن جاری کیا جا سکتا ہے۔ ۱۲۲۸
—— آرڈر ۳۳ رول ۵ (ڈی)۔ درخواست مفلسی۔ ...
خارجی شہادت کا قابل ادخال شہادت ہونا۔ ۱۲۵۸
—— آرڈر ۳۳ رول ۱۵، ۱۷۔ درخواست اجازت نالش بحیثیت مفلس
کا عدم پیروی میں خارج ہونا۔ جدید درخواست آیا ممنوع السماعت ہے۔ ۱۱۹۴
—— آرڈر ۳۴ رول ۴، ۵۔ نالش رہن۔ ابتدائی ڈگری۔ مرافعہ
خرچہ پایا ذات سے وصول کیا جا سکتا ہے۔ عملدرآمد۔ ۱۲۹۳
—— آرڈر ۴۱ رول ۲۔ ۱۲۲۲
—— آرڈر ۴۷ رول ۱۔ مرافعہ ثانی کا تصفیہ۔ جدید شہادت
کا تسلیم ہونا۔ تجویز ثانی۔ ۱۳۵۱
**مجموعہ** ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۱۸۸۔
قانون نگرانی مجرمان عادی ... ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۱۹ء ضمانت امر
باضابطہ حکم نگرانی کا جواز۔ ۱۲۹۷
—— دفعہ ۱۶۴۔ ان بیانات کی قلمبندی جو ملزم نے تحقیقات
کے قبل لئے ہوں۔ مجسٹریٹ کا اختیار۔ ۱۲۸۱
—— دفعہ ۲۴۷۔ برات۔ کارروائیات کی تجدید۔ مجسٹریٹ
کا اختیار سماعت۔ ۱۲۵۰
—— دفعہ ۲۵۰۔ استغاثہ جو بغرض ایذا رسانی کیا گیا ہو۔
معاوضہ۔ وجہ ظاہر کرنے کے لئے باضابطہ نوٹس دیا جانا ضروری ہے۔ ۱۲۵۳
—— دفعہ ۲۵۰۔ استغاثہ جو مجسٹریٹ دیہی کے روبرو بغرض
ایذا رسانی پیش کیا گیا ہو۔ معاوضہ۔ ۱۲۵۱
—— دفعہ ۴۰۳۔ مقدمہ فوجداری کے فیصلہ کا مضمون ...
جو ایسے امور پر غور کرنے کی نسبت ہوا ہو۔ ۱۲۴۸
—— دفعہ ۴۰۳۔ تحقیقات جو دیسی ریاست میں کی گئی ہو۔
تحقیقات اسی جرم کی بابتہ برٹش انڈیا میں کی گئی اور اس کا جواب ۱۲۷۹
—— دفعہ ۳۰۴۔ مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ ۱۸۶۰ء دفعہ ۴۱۱۔ ...
... تحقیقات ... ۱۲۲۱
... ۲۴۴

## ہائیکورٹ الہ آباد

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۵۱۰ بابت ۱۹۲۱ء منفصلہ ۵ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس:- مسٹر جسٹس ڈینیلز

لال بیجناتھ سنگھ — بنام — ٹھاکر چندرا پال سنگھ وغیرہ

مدعی — مرافع — مدعی علیہم — مرافعہ علیہم

زمیندار و آسامی — قابض باغ — درختوں کی بابت منتقلی کا حق —

عام قانون یہ ہے کہ اوس شخص کو جو زمیندار کی اجازت سے کوئی باغ لگائے درختوں میں ایک قابل انتقال حق حاصل ہوتا ہے —

جگدیپ نارائن سنگھ بنام جوکہن اہیر - انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۲۵۶ و رام سروپ بنام جگناتھ - انڈین کیسز جلد ۵۲ صفحہ ۱۵۲ متمیز کئے گئے — محمد یاسین بنام الٰہی بخش - انڈین کیسز جلد ۱۶ صفحہ ۵۵۴ کالعدم کیا گیا - حیدر علیخان بنام گنگو - الہ آباد ویکلی نوٹس بابت ۱۹۰۶ء صفحہ ۲۰۴ حاجی محمد اسمعیل خان بنام مٹھو لال - انڈین کیسز جلد ۱۰ صفحہ ۲۵۶ و جالیسرا ہو بنام راج منگل - انڈین کیسز جلد ۶۲ صفحہ ۲۷۴ کی تقلید کی گئی —

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ جج الہ آباد مورخہ ۱۹ جولائی ۱۹۲۱ء

منجانب مرافع - مسٹرز لکشمی نارائن تواری و اقبال احمد و دکھو دا پرشاد

منجانب مرافعہ علیہم - ڈاکٹر کے این کاٹجو —

**فیصلہ** - مقدمہ ہذا میں نزاع ایک باغ نمبر ۱۷۲ واقع موضع گمائم پور ضلع الہ آباد کے متعلق ہے - باغ مذکور مدعی علیہا نمبر ۲ و ۳ کے بزرگان نے نذرانہ ادا کر کے زمیندار کی اجازت سے لگایا تھا اور وہ اراضی پر تا بقاء باغ کی حیثیت سے قابض تھے - انہوں نے ایک بیعنامہ کے ذریعہ سے مدعی علیہ نمبر ۱ چندرا پال سنگھ کو باغ کی نسبت اپنے حقوق منتقل کئے تھے اسلئے مدعی مرافع لال بیجناتھ سنگھ نے موجودہ نالش اس بنا پر رجوع کی کہ انتقال نا جائز تھا اور یہ کہ اوس سے زمیندار کو اراضی کے قبضہ کی بازیافت کا حق حاصل ہوا تھا - ہر دو عدالتہائے تحت نے دعوے خارج کیا ہے - انہوں نے یہ قرار دیا کہ عام قانون کی رو سے ہر شخص کو جو زمیندار کی اجازت سے کوئی باغ لگائے درختوں میں ایک قابل انتقال حق حاصل ہوتا ہے اور یہ کہ مدعی کوئی ایسا رواج ثابت کرنے سے قاصر رہا ہے جسکی بنا پر مدعی علیہم اپنے حقوق منتقل نہ کر سکتے ہوں —

مرافعہ میں دو امور پیدا ہوئے ہیں (۱) آیا کوئی رواج جسکی رو سے قابضان باغ کو درخت منتقل کرنیکی ممانعت کیگئی ہو موضع کے واجب العرض میں درج ہے اور اگر ہے تو کیا اوسکی تردید ہوئی ہے - (۲) آیا عدالتہائے تحت نے عام قانون صحیح طور پر بتلایا ہے —

اسوقت جبکہ واجب العرض تیار کیا گیا تھا ایک واحد زمیندار موضع کا مالک تھا واجب العرض میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ اس موضع میں چند باغ ہیں جنکی ایک علیحدہ فہرست درج ہے - فقرہ مذکور میں حسب ذیل بیان کیا گیا ہے "پھل اور پھول کے استعمال کے علاوہ باغ لگانے والوں کو زمیندار کی اجازت کے بغیر بیع مطلق یا رہن کرنیکے متعلق کوئی حق حاصل نہیں ہے - زمیندار کو پیداوار کا حصہ پانیکا حق نہیں ہے اور کوئی شخص زمیندار کی اجازت کے بغیر آئندہ کوئی باغ لگا نہ سکیگا اور جب باغ کی اراضی خالی ہو تو وہ زمیندار کی نگرانی میں ہوگی" - جملہ ماقبل کے ساتھ پڑھنے کے بعد یہ معلوم ہوتا ہے کہ لفظ "ناصبان" قدرتاً اُن باغوں کے ناصبان سے متعلق ہے جنکا ابھی ذکر کیا گیا ہے علاوہ بریں فقرہ کی ترتیب نیز اُس ممانعت کا لحاظ کرتے ہوئے جو بلا اجازت جدید باغ لگانیکے متعلق کیگئی ہے اس میں نہایت شک معلوم ہوتا ہے کہ آیا اس فقرہ سے کوئی عام رواج ظاہر کرنا مقصود تھا بہرحال مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس فقرہ کی جسپر مرافع نے استدلال کیا ہے قدرتی تعبیر یہ ہے کہ اسکو ان باغوں تک محدود کیا جائے جنکا فقرہ مذکور میں خاص طور پر ذکر کیا گیا ہے —

اس لئے میں یہ تجویز کرتا ہوں کہ مقدمہ کے متعلق کسی خاص رواج

بھیما تلو سنگھ بنام رشید الا پال سنگھ الہ آباد

کی شہادت موجود نہیں ہے۔ اس امر پر غور کرنا ضروری ہو جاتا ہے کہ آیا عدالتہائے تحت نے اس تمام قانون کو صحیح طور پر ظاہر کیا ہے جو صوبہ میں رائج ہے۔ مرافعہ کی بحث یہ ہے کہ جب کوئی باغ زمیندار کی اجازت سے لگایا جائے تو معمولی قاعدہ یہ ہے کہ قابض باغ کو درختوں میں کوئی قابل انتقال حق حاصل نہیں ہوتا۔ دو اس رائے کی تائید میں کسی مطبوعہ مقدمہ کا حوالہ دینے سے قاصر ہے لیکن انہوں نے دو غیر مطبوعہ فیصلہ جات مرافعہ مسلنے فرمان شاہی نمبر ۲۲ بابتہ ۱۹۱۰ء جگدیپ نارائن سنگھ بنام جوکھن اہیر (۱) اور ایک منفرد جج کا فیصلہ مرافعہ ثانی نمبر ۱۱۸ بابتہ ۱۹۱۸ء رام سروپ بنام جگناتھ (۲) پر استدلال کیا ہے۔ فیصلہ اول الذکر پر مقدمہ محمد حسین بنام الہی بخش (۳) بابت جس پر عدالت تحت نے استدلال کیا ہے غور کیا گیا تھا اور وہ اس سے ممیز کیا گیا تھا۔ یہ بتلایا گیا تھا کہ غیر مطبوعہ مرافعہ مسلنے فرمان شاہی کے واجب العرض میں صراحتاً یہ بیان کیا گیا تھا کہ درخت زمینداروں کی ملک تھے۔ مقدمہ محمد حسین (۳) میں قانون یہ بتلایا گیا تھا کہ بادی النظر میں ہر شخص کو کسی ایسی جائداد کے انتقال کا حق حاصل ہے جو اوسکے قبضہ میں ہو خواہ وہ باغ ہو یا کوئی اور شے ہو یہ بات بلا شبہ ظاہر کیجا سکتی ہے کہ یہ ریمارکس ضمنی تھے کیونکہ اس خاص مقدمہ کے واجب العرض میں صراحتاً یہ بتلایا گیا تھا کہ ان اشخاص کو جو باغ لگائیں درختوں میں حقوق ملکیت حاصل ہونے چاہئیں۔ لیکن دیگر مقدمات موجود ہیں جو کسی خاص واجب العرض کے الفاظ پر مبنی نہیں ہیں جن میں قانون اسی معنی میں بتلایا گیا ہے۔ ان مقدمات میں سے دو مقدمات حیدر علی خاں بنام لنگو (۴)، و حاجی محمد اسمعیل خاں

۵۲۳

بنام بتھو لال (۵) کا ذی علم جج نے حوالہ دیا ہے۔ یہی مانند بالکل حال میں مقدمہ جالیسر ساہو بنام راج منگل (۶) میں قائم کی گئی ہے جو ایک ایسا مقدمہ تھا جو اس امر کی بابت قانون کا تصفیہ کرنے کی غرض سے خاص طور پر ایک بنچ کے سپرد کیا گیا تھا۔ مقدمہ مذکور میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ اراضی دخیلکاری پر بھی زمیندار کی اجازت سے باغ لگانے کا اثر یہ تھا کہ اسامی کی حیثیت ایک قابض باغ کی حیثیت میں مبدل ہو گئی تھی اور یہ کہ موخر الذکر کو درختوں میں ایک قابل انتقال حق حاصل ہوا تھا۔ اسلئے میں یہ تجویز کرتا ہوں کہ قانون کے متعلق جو رائے عدالت ہائے تحت نے قائم کی ہے وہ صحیح ہے اور اس لئے میں مرافعہ معہ خرچہ بشمول رسوم عدالت ہذا بشرح اعلیٰ خارج کرتا ہوں۔

مرافعہ خارج کیا گیا

## پریوی کونسل

مرافعہ بنا راضی فیصلہ ہائیکورٹ کلکتہ

منفصلہ ۶ مارچ ۱۹۲۳ء

باجلاس: لارڈ اٹکنسن۔ سر جان۔ ایج و مسٹر امیر علی

سدہانی داس وغیرہ بنام سرت لال داس وغیرہ

مرافعان — مرافعہ علیہم

دہرم شاستر۔ وصیت نامہ قطعی حقیت جو بیوہ کو ہبہ بالوصیت کی گئی ہو اور اوس کا جائز وصیت نامہ کی تعبیر "مالک" کا مفہوم۔

---

(۱) انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۲۵۶
(۲) انڈین کیسز جلد ۲۵ صفحہ ۱۵۲
(۳) انڈین کیسز جلد ۱۲ صفحہ ۴۵۵
(۴) الہ آباد ویکلی نوٹس بابتہ ۱۹۱۰ء صفحہ ۲۰۴
(۵) انڈین کیسز جلد ۱۰ صفحہ ۶۵۶
(۶) انڈین کیسز جلد ۶۳ صفحہ ۳۲۷ و نظائر ہند صفحہ ۵۸۴

ایک ہندو وصیت نامہ کے ذریعہ سے اپنی بیوہ کو اپنی جائداد میں قطعی حقیت عطا کرسکتا ہے۔

لفظ "مالک" جو کسی وصیت نامہ میں استعمال کیا گیا ہو زیادہ اہمیت رکھتا ہے کیونکہ اُس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس شخص کو جسکی نسبت وہ لفظ استعمال کیا گیا ہو جائداد بابت معطیہ میں قطعی حق حاصل ہونا چاہئے۔

مرافعہ بنا راضی فیصلہ ہائیکورٹ کلکتہ۔

منجانب مرافعان۔ پاریکھ

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر ڈی گریوتھر کے سی۔ وڈوبے۔

**فیصلہ۔** سوال جو مقدمہ ہذا میں پیدا ہوا ہے وہ صرف موصی بانکا بہاری ساہا داس کے وصیت نامہ مورخہ ۱۱ مئی سنہ ۱۸۹۶ء کی تفسیر سے متعلق ہے۔ وہ ایک بیوہ اور ایک بھائی چھوڑ کر فوت ہوا۔ بھائی اُسکے بعد فوت ہو چکا ہے اور جسکا قائم مقام اُسکا بیٹا ہے اگر موصی کی بیوہ صرف حیاتی حقیت کی مستحق ہے تو وہ جائداد کا مستحق ہوگا۔

یہ امر بخوبی طے ہو چکا ہے کہ بجز اسکے کہ کوئی امر اسکے خلاف موجود ہو ہندوستان میں کسی وصیت نامہ کے الفاظ کی تعبیر انکے معمولی مفہوم کے لحاظ سے کرنی چاہئے حکام عالیمقام کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی امر اس وصیت نامہ کی حسب ذیل شرائط سے زیادہ واضح نہو سکتا تھا۔ فقرہ (۱) کے اختتام پر موصی یہ کہتا ہے:

"میں اپنی زوجہ کو مسلسل پانچ لڑکے متبنےٰ لینے کی اجازت دیتا ہوں میری زوجہ مذکور الصدر اپنی خواہش کے مطابق ایک سے پانچ لڑکوں تک متبنےٰ لینے کی مجاز کی جاتی ہے"۔

(فقرہ ۲ حسب ذیل عبارت سے شروع ہوتا ہے)۔ "اگر میری زوجہ مذکور الصدر کو اُس اجازت کی بنا پر جو میں نے دی ہے کوئی لڑکا متبنےٰ لے تو متبنےٰ بیٹا مذکور الصدر اور میری زوجہ مذکور الصدر مساوی حصوں میں کل جائدادوں کی ملکیت کے وارث ہونگے اور اونکو بیع اور ہبہ کا اختیار حاصل ہوگا

اس شرط کی خلاف ورزی کی اجازت نہ دیجائے گی"۔

اس لئے اگر کوئی متبنےٰ بیٹا موجود ہوتا تو ایک نصف جائداد میں بیوہ کو قطعی حق اور غرض ہوتا دوسری نصف جائداد میں متبنےٰ بیٹے کو قطعی حق اور غرض عطا کرنے کے لئے زیادہ قوی الفاظ استعمال نہ کئے جا سکتے تھے۔

اسکے بعد موروثی مکان میں انکے ایکساتھ سکونت رکھنے کے متعلق ایک شرط موجود ہے۔

تیسرے متبنےٰ بیٹے اور میری زوجہ کے مابین نا اتفاقی کی صورت میں میری جائداد میرے متبنےٰ بیٹے اور میری زوجہ مذکور الصدر میں مساوی طور پر تقسیم کی جائیگی اور میری وفات کے بعد میری زوجہ مذکور الصدر اس وصیت نامہ کا پروبیٹ حاصل کریگی اور جب متبنےٰ بیٹا اکیس سال کی عمر کو پہونچے تو میری زوجہ مذکور الصدر اسکو جائداد حوالہ کریگی"۔

اسکے بعد فقرہ نمبر ۴ میں حسب ذیل صراحت ہے:۔

"اگر متبنےٰ بیٹا مذکور الصدر یا میری زوجہ مذکور الصدر کو ان جائدادوں میں سے جو میں نے چھوڑی ہوں کوئی جائداد بیع کرنا ضروری معلوم ہو تو اگر میرے ورثا اور حصہ داران شریک کسی کافی بدل پر اسکو خریدنے سے انکار کریں وہ اسکو کسی اجنبی شخص کو بیع کرنیکے مجاز ہونگے"۔

اور آخری فقرہ حسب ذیل ہے۔

"اگر میری زوجہ کسی لڑکے کو متبنےٰ لینے سے پہلے بیوہ ہو جائے تو وہ اُن کل جائدادوں کی وارث ہوگی جو میں نے اپنی وفات کے بعد چھوڑی ہوں اور اسکو بیع اور ہبہ کے اختیارات حاصل ہونگے اور میری زوجہ مذکور الصدر مالک اور قابض ہوگی اور شرائط مندرجہ فقرہ ۲ کے بموجب اسکو بیع اور ہبہ کا اختیار حاصل ہوگا"۔

ان شرائط میں سے ہر ایک سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ موصی کی نیت یا تو کل جائداد میں یا اگر کوئی متبنےٰ بیٹا موجود ہو تو نصف جائداد میں زوجہ کو قطعی حقیت عطا کرنیکی تھی۔ جیسا کہ عدالت تحت میں بتلایا گیا تھا۔

صدرا منو دیو بنام سرت لال داس ذیپریوی

صفحہ ۱۳۱

لفظ "مالک" کی نسبت نہایت اہمیت رکھتا ہے کیونکہ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس شخص کو جسکے متعلق وہ بیان کیا گیا ہو جائداد ہائے معطیہ میں کوئی حق حاصل ہونا چاہئے۔

مرافع کی بحث بنو فقرہ ۱۴ کی نسبت بالکل غلط ہے۔ فقرہ ۱۴ میں جو کچھ مذکور ہے وہ یہ ہے:۔

"اگر متبنے مذکور الصدر یا میری زوجہ مذکور الصدر کو ان جائداد میں سے جو میں نے چھوڑی ہوں کوئی جائداد بیع کرنا ضروری معلوم ہو تو اگر میرے ورثاء اور حصہ داران شریک کسی کافی بدل پر اسکو خریدنے سے انکار کریں وہ اسکو کسی شخص اجنبی کو بیع کرنیکے مجاز ہونگے"۔

اس سے صرف یہ مراد ہے کہ کسی شخص اجنبی کو کوئی جزو بیع کرنیکے قبل جسکے کرنیکا بیوہ کو کامل حق حاصل ہے وہ اسکو ورثائے شریک کو بیع کرنیپر آمادگی ظاہر کرے گی یا انکو اسے کسی کافی بدل کے معاوضہ میں خریدنے کا موقع دیگی۔ اس سے اسکا اختیار بیع کسی طرح کسی طرح محدود نہیں ہوتا اور حکام عدالت ماتحت عام کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ انہیں مسائل مرافعہ عنہا درست ہے۔

اسلئے مرافعہ ہذا معہ خرچہ خارج ہونا چاہئے اور حکام عدالت ماتحت ملک معظم کو ادب سے یہی مشورہ دینگے۔ مرافعہ خارج کیا گیا

سالیسٹر منجانب مرافع۔ مسٹر ڈونر و جانسن

سالیسٹر منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر بارو ودجرس اینڈ نیول

## ہائیکورٹ الہ آباد

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۳۵۳ بابت ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۳ مارچ ۱۹۲۳ء

باجلاس:۔ مسٹر جسٹس والش

مسماۃ چندن کنور بنام نارائن عرف گردہاری

مدعیہ۔ ڈگریدار۔ مرافعہ مدعی علیہ۔ مدیون ڈگری۔ مرافعہ علیہ

حق آسائش۔ روشنی کا حق آسائش۔ حق کا اندازہ۔

کوئی قاعدہ موجود نہیں ہے جسکی رو سے روشنی کے حق آسائش کی نسبت کسی مالک غالب کے حق کی مزاحمت کیگئی ہو یا (۴۵) درجہ کا ایک زاویہ ضروری ہے جس میں سے آفتاب کی شعاعیں داخل ہوں۔ اصول یہ ہے کہ مالک غالب کے حق میں دست اندازی قابل ارجاع نالش ہونیکے لئے روشنی سے فی الواقع محروم کیا جانا ضروری ہے جو معمولی خیالات کے بموجب مکان کا قبضہ تکلیف دہ بنانیکے لئے کافی ہے۔ یہ مختلف معاملات اور مختلف حالات میں مختلف ہوگا۔

کولس بنام ہوم اینڈ کلونیل اسٹورس لمیٹڈ۔ ویکلی رپورٹر جلد ۵۳ صفحہ ۲۰ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ ثانی تعمیلی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج علیگڈہ مورخہ ۲۳ اگست ۱۹۲۲ء۔

منجانب مرافعہ۔ مسٹر پنا لال

منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر گلنداری لال۔

**فیصلہ**۔ میں خیال کرتا ہوں کہ یہ ایک امر واقعاتی ہے اور یہ کہ کوئی قانونی امر پیش نہیں کیا گیا ہے۔ اس ڈگری میں جو کامیاب ڈگریدار نے حاصل کی تھی مدعی علیہ کو روشندان کھولنے کی ہدایت ہے یہ نہایت بدقسمتی ہے کہ یہ ظاہر کیا گیا کہ روشندان ڈگریدار کی جائداد پر واقع ہیں اور ڈگری کا یہ منشا تھا کہ مدعی علیہ ڈگریدار کی جائداد میں مداخلت کرے بلکہ یہ تھا کہ وہ ان مزاحمتوں کو رفع کرے جو اس سے پیدا ہوئی تھیں تاکہ مدعیہ کے حق روشنی میں دست اندازی نہ ہو۔ مدعیہ کی شکایت یہ ہے کہ مدعی علیہ نے ڈگری کی تعمیل کے حیلہ سے یا ڈگری کی تعمیل کی کوشش میں جو کچھ کیا ہے اس سے دراصل مزاحمت رفع نہیں ہوئی یا ڈگری کے الفاظ میں روشندان نہیں کھولے گئے۔ مرافعہ کی دو وجوہ جو یہاں پیش کیگئی ہیں یہ ہیں کہ جس حد تک کہ روشندانوں کا تعلق ہے ڈگری کی تعمیل نہیں کیگئی ہے اور یہ کہ ڈگری کی رو سے ڈگریدار ۴۵ درجہ

کے زاویہ پر روشنی کا مستحق ہے جو اسکو حاصل نہیں ہوتی ہے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ اصول کے لحاظ سے نہایت حال کی نظیر دار الامرا کے فیصلہ مقدمہ کولس بنام ہوم اینڈ کلونیل سٹور لمیٹیڈ (۱) میں پائی جائیگی جس سے قانون کی نسبت اس رائے میں یقیناً تبدیلی ہوئی ہے جو تاریخ مذکور تک قائم کیگئی تھی۔ یہ مسلمہ قانون ہے کہ کوئی قاعدہ موجود نہیں ہے جسکی رو سے مالک غالب کے حق کی مزاحمت کیگئی ہو یا ۴۵ درجہ کا ایک زاویہ ضروری ہو جس میں سے آفتاب کی شعاعیں داخل ہونی چاہئیں۔ اصول جو دار الامرا نے قرار دیا ہے یہ ہے کہ روشنی سے فی الواقع محروم ہونا ضروری ہے جو معمولی خیالات کے بموجب مکان کا قبضہ تکلیف دہ بنانے کے لئے کافی ہے جیسا کہ لارڈ ڈاونیسبری نے بتلایا ہے وہ شہر لندن اور دیہات میں نہایت مختلف ہونا چاہئے اور نظائر ان صوبہ جات کی آبادیوں یا شہروں میں نہایت مختلف ہونا چاہیئے۔ جملہ خیالات مذکورۂ بالا سے در اصل یہ مراد ہے کہ ہر مقدمہ میں وہ ایک درجہ کا سوال یا امر واقعاتی ہے۔ مقدمہ ہذا میں اس امین نے جسکو منصف نے مقرر کیا تھا رپورٹ کی تھی کہ ڈگری کی تعمیل کیگئی تھی اور منصف نے اس سے اتفاق کیا تھا۔ مرافعہ میں ذی علم ڈسٹرکٹ جج نے ایک کمشنر مقرر کیا جس نے ۱۰ جولائی کو رپورٹ پیش کی۔ وہ یہ کہتا ہے "ڈگری کی شرائط کی تعمیل کے متعلق اگر اس سے یہ مراد ہے کہ مرافعہ کو روشنی اور ہوا ملنی چاہئے تو میں نے کمرہ دیکھا ہے جس میں روشندان موجود ہے اس میں سے کافی روشنی اور ہوا گذرتی ہے"۔ اس عدالت تحت نے یہ تجویز کی ہے کہ ڈگری کی تعمیل کیگئی۔ وہ ایک تجویز واقعاتی ہے اور میں دست اندازی نہیں کر سکتا۔ مرافعہ معہ خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ مدراس

### مرافعہ اولیٰ دیوانی

نمبر مقدمہ ۴ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس :- سر والٹر شوپ نائٹ چیف جسٹس و مسٹر جسٹس کرشنن ایس

سہاسو یا ثمہ
بنام
دی سسنٹ
(مدراس)

سہاسو یا نشیل اسینی ایف ایچ۔ ولسن۔ آفیشل اسینی جائداد وی ایم۔ تیاپچی جیٹی دیوالیہ مرگان ریاستہائے متحدہ علیحدہ۔ بنام ای۔ ایچ۔ اے۔ ساسوپاٹر مدیون کا مدیون۔ مرافعہ

قانون دیوالیہ بلاد پریسیڈنسی ایکٹ ۳ بابتہ سنہ ۱۹۰۹ء دفعہ ۵۶۔ دیوالگی سے گریز کرنیکی غالب وجہ تحریک۔ ترجیح فریبانہ۔ ضابطہ۔

حسب دفعہ ۵۶ قانون دیوالیہ بلاد پریسیڈنسی ایسی ترجیح فریبانہ کے لئے جو فریقین کا غالب خیال کسی خاص دائن کو ترجیح دینے کا ہونا چاہئے جبکہ دیوالیہ کی غالب وجہ تحریک کسی خاص دائن کو خاموش رکھنے اور دیوالگی سے قطعاً گریز کرنیکی ہو تو وہ ترجیح کی خواہش اور ترجیح کا دیا جانا صرف ضمنی ہوں تو وہ ذمہ داری جو مدیون پر عائد ہوتی ہے جائز ہے اور معاملہ تو اس سے دیوالیہ کو خلاف نہیں اور یہ قرار دیا جانا چاہئے۔

شارپ بنام جیکسن لا ریکارڈز جلد ۲ صفحہ ۴۳۵۔ آفیشل اسینی مدراس بنام ٹی۔ پی۔ پی۔ اینڈ سنس۔ انڈین کیسز جلد ۳ صفحہ ۹۶۸ کی تقلید کی گئی۔

کسی تحریک میں جو آفیشل اسینی کی جانب سے مدیون کیسکی معاملہ کی تنسیخ کے لئے اس بناء پر کیجائے کہ وہ بطور ایک ایسی ترجیح کے تھا جو فریبانہ تھی قبل اسکے کہ دیوالیہ کے مدیون کو ادائیگی کا حکم دیا جاسکے اپنا دعویٰ ثابت کرنیکا بار ثبوت آفیشل اسینی پر عائد ہوتا ہے۔

مرافعہ بنا راضی فیصلہ و حکم مورخہ ۱۰ فروری سنہ ۱۹۲۱ء جو مسٹر جسٹس کمارسوامی شاستری نے عدالت کے معمولی ابتدائی اختیار دیوالیہ کے نفاذ میں درخواست دیوالیہ نمبر ۱ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء میں صادر کیا تھا۔

**بیہ جیف جسٹس شوپ** ۔ یہ تحریک آفیشل اسینی متعلق دیوالیہ وی ایم۔ تیاپچی چیٹی اینڈ سنس کی جانب سے پیش کیگئی ہے کہ معاملہ مورخہ

(۱) اپیل کیسز رپورٹر جلد ۵۳ صفحہ ۳۰۔

۹ ستمبر ۱۹۱۵ء جسکے بموجب موجودہ مرافعہ سامو پانچم کو جو مدیوں کا مدیون بیان کیا گیا ہے مبلغ ... کی بابت ضمانت دی گئی تھی بطور ایک ... کے جو ڈیمانڈ بھی منسوخ ہو جاتا ہے علی السبیل البدل اس بنا پر منسوخ ... نوٹس دیا ... دیوالیہ کے خلاف معاملہ ... طریقہ سے اس کی تحقیقات کی گئی آفیشل اسائنی کی رپورٹ پڑھی گئی اور حلفی بیانات بھی جو مدیوں کے مدیون کی جانب سے پیش کئے گئے تھے غالباً پڑھے گئے تھے اور اسکے بعد اسکے گواہوں کو شہرہ شہادت میں داخل کیا گیا تھا اور آفیشل اسائنی نے ان پر جرح کی اسکے بعد آفیشل اسائنی نے دیوالیہ کو طلب کیا اس پر اسکی جانب سے برائے نام سوالات ابتدائی کئے گئے بلکہ درحاصل جرح کیگئی۔ اسکے بعد آفیشل اسائنی کی جانب سے دو مزید گواہ طلب کئے گئے اور مدیوں کے مدیون کی جانب سے ایک تقریر کیگئی اور آفیشل اسائنی کے کونسل نے جواب
۵۳۳ دیا۔ میرے خیال میں ضابطہ کارروائی درست نہیں ہے اور اگر وہ معمولی ضابطہ کارروائی ہے تو اس میں تبدیلی ہونی چاہیے۔ بار ثبوت ابتداً آفیشل اسائنی پر عائد ہوتا ہے۔ اس قسم کی تحریک کی جسکے ساتھ دیوالیہ کے خلاف گواہ پیش کئے گئے ہوں عملاً اس طرح تحقیقات کیجانی چاہیے گویا کہ وہ ایک نالش ہے مقدمہ آفیشل اسائنی کی جانب سے شروع ہونا چاہیے اور اسکی رپورٹ کو کم از کم اسطرح پڑھنا چاہیے گویا کہ وہ ایک پلیڈنگ ہے ... امر کہ آیا وہ حسب قاعدہ ۱۷ قواعد دیوالیہ بطور واقعات کی یادداشت شہادت کے قبول کیجا سکتی ہے ایک ایسا معاملہ ہے جس پر میں اسوقت غور کرنا چاہتا ہوں جبکہ بحث مذکور پیدا ہو۔ شہادت جو آفیشل اسائنی کی جانب سے طلب کیجانی چاہیے اسکے مناسب موقع پر طلب کیجانی چاہیے۔ اگر وہ ایسی شہادت ہے جو اس شہادت کی جو مدیوں کے مدیون کی جانب سے دی گئی ہو تردید کی غرض سے استعمال کرنیکے لئے مناسب طور پر محفوظ کیجا سکتی ہے تو وہ اس طرح محفوظ کیجا سکتی ہے۔ آفیشل اسائنی اگر وہ ایسا کرنا پسند کرے تو مرافعہ علیہم کے حلفی بیانات بیشک پیش کرسکتا ہے اور ان پر استدلال کرسکتا ہے جب اسکا بیان ختم ہو جائے تو مرافعہ علیہ کا بیان شروع ہونا چاہیے حلفی بیانات اگر وہ قبل ازیں موجود نہوں گواہوں پر سوالات ابتدائی کرتے وقت پڑھے جائینگے اور جج کی اجازت سے لسانی شہادت کے ذریعہ ان میں اضافہ کیا جائیگا۔ اگر انکی حاضری کے لئے نوٹس جاری کیا گیا ہو تو اسوقت ان پر جرح کیجا سکتی ہے لیکن اسکے قبل جرح نہیں کیجا سکتی۔ مدیون کے مدیون کی جانب سے اجازت حاصل کرنیکے بعد مزید شہادت دیجا سکتی ہے اور اسکے بعد مناسب مقدمات میں تردیدی شہادت طلب کیجا سکتی ہے اور آخری تقریریں کیجا سکتی ہیں۔ ہر فریق دیوالیہ کو بطور گواہ کے طلب کرسکتا ہے۔ اگر وہ طلب کیا جائے تو اگرچہ معمولاً زیادہ رعایت کیجاتی ہے تاہم اس فریق کی جانب سے جو اسکو طلب کرے سوالات ابتدائی کئے جانے چاہئیں اور جرح نہ کیجانی چاہیے بجز اسکے کہ اس نے اپنے آپ کو مخالف ظاہر کیا ہو اور اس پر جرح کرنیکی اجازت دیگئی ہو۔ فریق ثانی بلا شبہ اسپر جرح کرسکتا ہے۔

میرے خیال میں مقدمہ موجودہ کی کارروائی اسلئے بیضابطہ تھی کہ مدیوں کے مدیون اور اسکے گواہوں کے اظہارات آفیشل اسائنی کے بیان کے اختتام کے قبل لے گئے تھے۔ مدیوں کا مدیون مثل کسی اور مدعی علیہ کے اس بیان کی سماعت کا مستحق ہے جسکی اسکو جوابدہی کرنی ہوتی ہے اور آفیشل اسائنی کو مثل کسی اور مدعی کے اپنا بیان ثابت کرنا چاہیے قبل اسکے کہ مدیون کے مدیون کو اسکا جواب دینے کیلئے حکم دیا جاسکے۔ آفیشل اسائنی کو یہ موقع ملتا ہے کہ مدیوں کے مدیون کا حلفی بیان اسکے روبرو موجود ہوتا ہے اور اگر وہ چاہے تو مدیوں کے مدیون کا حلفی بیان بطور شہادت کے استعمال کرسکتا ہے یہ معاملہ نہایت اہم ہے کیونکہ عملدرآمد یہ ہے میں اس امر کی نسبت اب بحث نہیں کرتا کہ یہ عملدرآمد کس حد تک درست ہے بلکہ عملاً

اُن مقدمات میں جو اسپشل ایجنی کی جانب سے اجنبی اشخاص کے خلاف جو
متعلقین تحریک کے ذریعہ سے کارروائی کیجاتی ہے ۔

اگر ان امور پر غور کیا جائے جو مقدمہ ہذا میں ما بہ البحث ہیں تو یہ
ماہ کہنا چاہیے کہ اسپشل ایجنی کی رپورٹ بالخصوص دوسرے امر کو ثابت
کرنیکی باعث تھی نہ کہ اس ترجیح کو ثابت کرنیکے لئے پیش کیگئی تھی جو فریبانہ تھی
بہرحال جہانتک ان دو امور کو قائم کیا گیا تھا اور فاضل جج نے دونوں
امور اسپشل ایجنی کے موافق فیصل کئے تھے اور دوسرا امر جہانتک کہ میں
سمجھ سکتا ہوں یہ تھا کہ مدیون کے مدیون نے دیوالیہ کو رقم قرض دینے کا
وعدہ کرکے یہ ضمانت حاصل کی تھی اور اسکے بعد مناسب طور پر اس وعدہ کا
ایفاء نہیں کیا تھا ۔ امر یہ کہ اسطرح معاملہ قانون دیوالیہ کی نسبت ایک
فریب ہے میں یہ سمجھنے سے قاصر رہا ہوں کہ اس امر کی نسبت ڈگری کس
قانونی اصول پر مبنی تھی اور یہ کہنا کافی ہے کہ اگرچہ اس امر کی نسبت ایک
حکم میں ایک ڈگری موجود تھی لائق ایڈوکیٹ جنرل نے اسکی تائید میں بحث
کرنے سے بھی انکار کیا تھا ۔

اسکے بعد اس ترجیح کا سوال باقی رہتا ہے جو فریب پر مبنی ہے ۔ دفعہ ۵۶
قانون دیوالیہ بلاد پریسیڈنسی کی رو سے جائداد کے ان انتقالات یا ادائیات
کی ممانعت ہے جو کسی ایسے شخص نے جو اپنے قرضجات کو جبکہ وہ واجب الادا
ہوں خود اپنی رقم سے ادا نہ کرسکتا ہو کسی دائن کے حق میں اس غرض سے
کی ہوں کہ اُس دائن کو دوسرے دائنوں پر ترجیح دیجائے جبکہ شخص مذکور
کسی ایسی درخواست کی بنا پر جو اُس تاریخ سے تین مہینے کے اندر پیش کی
جائے دیوالیہ قرار دیا گیا ہو ۔ مقدمہ ہذا میں دیوالیہ بلاشبہ اپنے قرضہ
جات جبکہ وہ واجب الادا ہوئے تھے خود اپنی رقم سے ادا نہ کرسکتا تھا
اور ضمانت زیر بحث دینے میں اس نے مدیون کے مدیونوں کو دوسرے دائنوں
پر ترجیح دی تھی ۔ لیکن یہ سوال باقی رہتا ہے کہ آیا اُس نے ایسی ترجیح
دینے کی غرض سے ایسا کیا تھا ۔ اسکی وضاحت اسطرح کیگئی ہے کہ

اس سے پیشتر یہ ہے کہ اس وقت کی دیوالیہ کی حالت ذہنی کے لحاظ سے کیا
کسی خاص دائن کو ترجیح دینے کا غالب خیال موجود تھا ۔ ملاحظہ ہو
شارپ بنام جیکسن (۱) ۔ اسپشل ایجنی مدراس بنام ٹی ۔ پی ۔ [illegible]
معتبر (۲) ۔ اگر اس کی اصل غرض تجارت جاری رکھنے یا اپنے آپ
سخت نتائج سے محفوظ کرنیکی تھی یا اگر دائن اور ان اشخاص کے جو اسکے
ذہن میں غالب اثر رکھتے تھے دباؤ کی وجہ سے اسکو ادائی کرنے یا ضمانت
دینے کی دراصل ترغیب دی گئی تھی اور ترجیح دینے کی خواہش اور
ترجیح کا دینا محض ضمنی امور تھے تو حسب منشائے دفعہ مذکور ترجیح
ایسی ترجیح نہیں ہے جو فریب پر مبنی ہو ۔ دیوالیہ مدیون کے مدیون
اور اسکا بیٹا مدراس بنک کا ملازم ہے جس نے اس کے باپ کی جانب
سے اس معاملہ میں مراسلت کی تھی ۔ [illegible] کے سب بطور گواہوں کے
طلب کئے گئے ہیں اور جج تحقیقات [illegible] نے بہ دقیق تعبیر ہو
کیا ہے ۔ دیوالیہ کے دو کارندوں یا منیجروں نے بھی شہادت دی تھی
انہوں نے انکی شہادت قبول کی تھی لیکن شہادت [illegible] بعد
اور بجز آخری گواہ کی شہادت کے کل شہادت کو مشتبہ اور ناقابل وثوق کے
ساتھ جانچ کے قابل تصور کرنیکے بعد میں خیال کرتا ہوں کہ اصل
واقعات متعلقہ یہ ہیں کہ ستمبر ۱۹۱۰ء میں اس میں کپڑے کے تھانوں کی
قیمت کم ہو جانے اور اُس کمی میں نومبر میں معاملہ پر دستخط ہونے
کے بعد اضافہ ہونے کی وجہ سے دیوالیہ سخت پریشان ہو گیا تھا اور
بمبئی اور دیگر مقامات کے اس کے دائنوں کی جانب سے تقاضا ہو
رہا تھا ۔ ہنڈیاں جو اُس نے مدیون کے مدیون کو دی تھیں سکاری
نہیں گئی تھیں جو ایک تاجر کے لئے نہایت اہم معاملہ تھا اور دیگر
شدید مطالبات موجود تھے ۔ وہ رہن نامہ جات اور دیگر [illegible]
کثیر التعداد کپڑے کے تھان رکھتا تھا اور بجز اسکے کہ بازار کی حالت
درست ہو وہ بالکل دیوالیہ ہو گیا تھا ۔ لیکن مجھے اس امر کا

شارپ بنام جیکسن ولسن ایڈیسن صفحہ ۲۴۵

(۱) لا ٹائمز جلد ۸۰ صفحہ ۱۴۸ ۔ (۲) انڈین کیسز جلد ۹۴ صفحہ ۹۶۸

سلیمان بنام ... ۱۹۵۰ء

اطمینان ہوا ہے کہ وہ یہ باور نہیں کرتا تھا کہ بازار کی حالت درست ہونے والی ہے۔ میری خیال میں یہ امر ثابت نہیں کیا گیا کہ وہ اس خیال کیلئے معقول وجوہ رکھتا تھا۔ مدعی کو اسکے بھائی نے جو اسی قسم کا کاروبار کرتا تھا اپنی درخواست میں پیش کی۔ مدیون کا مدیون نہایت متفکر تھا کیونکہ اسکو تقریباً ... واجب الادا تھیں اور یہ وہ کوئی کفالت نہ رکھتا تھا۔ تقریباً ... کو اس میں ایک ملاقات ہوئی جسمیں اس نے ادائی یا کفالت پر اصرار کیا اور یہ وعدہ کیا کہ اگر اسکو کفالت دیجائے تو وہ مزید قرضہ جات دیکر دیوالیہ کی مزید مدد کریگا۔ تقریباً تاریخ مذکورہ دیوالیہ خانگی معاملات کی بناپر مدراس سے روانہ ہوا۔ اسکے بھائی کی دیوالگی کی وجہ سے مدیون کا مدیون اور بھی زیادہ متفکر ہوا اور اس نے اپنے بیٹے کو جو مدراس بنک کا منیجر تھا ایک شب کے سفر پر دیوالیہ سے ملاقات کرنے اور اس سے ادائی یا کفالت حاصل کرنے کی کوشش کرنیکے لئے دہلی یا ... کو روانہ کیا۔ مجھے اس امر کا اطمینان ہوا ہے کہ اس ملاقات میں بیٹے نے ادائی یا کفالت کے لئے نہایت سختی سے اصرار کیا تھا اور غالباً ناشر کرنے کی دہمکی بھی دی تھی جسکا اثر یہ ہوگا کہ اگر اسکی ادائی نہ کیجائے تو دیوالیہ کے خلاف کارروائی کیجائیگی۔ مجھے اس بات میں کوئی شک نہیں کہ جب دیوالیہ نے یہ کہا تھا کہ مزید ضمانت کا وعدہ کئے بغیر نہ جاتا تو وہ سچ بیان کر رہا تھا۔ مجھے اس امر کا بھی اطمینان ہوا ہے کہ اسوقت دیوالیہ دیوالگی سے محفوظ رہنے اور اپنا کاروبار اسوقت تک جبکہ بازار کی حالت درست ہوجائے جاری رکھنے کی حتی الامکان کوشش کر رہا تھا۔ علاوہ بریں بیٹے نے وعدوں کے ذریعہ سے جو شاید کسی قدر مبہم تھے دیوالیہ کو ترغیب دی تھی کہ اگر اسکے باپ کی ادائی کیجائے تو وہ اپنے باپ کو نہ صرف مزید قرضہ جات دینے کی ترغیب دیگا بلکہ دیوالیہ کو مالی مدد دینے کی ترغیب دینے کے لئے مدراس بنک پر اپنا

اثر بھی استعمال کریگا۔

مجھے لائق ایڈووکیٹ جنرل کی اس بحث سے اتفاق ہے کہ اگر یہ سبب بنا ترجیح کی ایک استدعا اور اس وعدہ کے ہے کہ اگر ترجیح دیگئی تو وہ اسلئے نہیں دیجائیگی کہ دیوالیہ اپنا کاروبار جاری رکھ سکے بلکہ اسلئے دیجائیگی کہ وہ کچھ عرصہ کے لئے محض دیوالگی سے محفوظ رہ سکے یا اسکو دیوالگی کے بعد اپنا کاروبار قائم کرنے میں اس سے مدد مل سکے تو یہ کہنا درست ہوگا کہ غالب خیال ترجیح دینے کا تھا اور میں یہ خیال کرتا ہوں کہ ایسا معاملہ غالباً منسوخ کیا جائیگا کیونکہ وہ قانون دیوالیہ کی نسبت بطور ایک فریب کے ہے۔ لیکن اگر اصل نیت اور امید دیوالگی سے کلیتاً محفوظ رہنے کی تھی تو میں خیال کرتا ہوں کہ یہی غالب خیال تھا اور ترجیح محض ضمنی تھی۔ دیوالیہ کی کارروائی سے دباؤ کا بھی بہت زیادہ تعلق تھا مجھے اس میں کوئی شک نہیں ہے کیونکہ اسکو یہ ضرور معلوم تھا کہ اگر اس نے اس خاص دائن کو خاموش نہیں کیا تو دیوالیہ کی فوری کارروائی ہونیکے لئے صرف بلڑ کے سکا سے نہ جانے کی اطلاع عوام کو ملنی کافی ہوگی۔ میرے خیال میں مقدمہ ہذا کی نسبت صحیح رائے یہ ہے کہ غالب خیال اس خاص دائن کو خاموش کرنے اور اس سے اور اسکے بیٹے سے مدد حاصل کرنیکا تھا تاکہ دیوالیہ اپنا کاروبار جاری رکھ سکے اور دیوالگی سے کلیتاً محفوظ رہے لیکن اسکی تائید اس امر سے ہوتی ہے کہ دیوالیہ نے دیگر دائنون کو جنکے شدید تقاضے تھے ادائی یا کفالت کے ذریعہ سے خاموش کیا اور جہانتک ممکن تھا معمولی طور پر ایک ماہ تک کاروبار کرتا رہا جبکہ اس نے اپنے دائنون کو ایکساتھ طلب کیا اور انکو یہہ ترغیب دینے کی کوشش کی کہ وہ اسکو آئندہ اسی طرح کاروبار جاری رکھنے کی اجازت دیں جو تجویز منظور کیجاتی اگر بمبئی کے چند دائن اس سے انکار نہ کرتے۔ دو

سامو پاتر
بنام
ولسن
(مدراس)

پہنچے کے اندر یا ذاتی حالت کافی طور پر درست ہوگئی [illegible] رکھا جاسکتا تھا اور غالباً وہ قرضہ جات کی ادائی کے بالکل قابل ہو جاتا لیکن بہرحال وہ انتظام بعد از وقت تھا۔

بحالات شہادت میں یہ خیال کرتا ہوں کہ مدیون کے مدیون نے مزید مدد کے متعلق اپنے وعدہ کی صحیح تعبیر نہیں کی تھی اور اس نے اپنے قرضہ سے متعلق معہ سود کی ادائی اس طریقہ سے حاصل کی تھی جو مجھے مناسب معلوم نہیں ہوتا۔ لیکن چونکہ میں یہ تجویز کرتا ہوں کہ غالب خیال مدیون کے مدیون کو ترجیح دینے کا نہ تھا یہ تحریک منجملہ خرچہ نامنظور ہونی چاہئے تھی یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مرافعہ ہذا معہ بحال اور تحت کے خرچہ کے منظور کیا جائیگا۔

**جسٹس والیس** — میں متفق ہوں۔ مقدمہ ہذا میں خیال کرتا ہوں کہ اطمینان بخش شہادت کے ذریعہ سے حسب ذیل واقعات ثابت ہوئے ہیں اور ان سے صرف وہی معقول نتائج حاصل ہوتے ہیں جو شہادت مذکور کی بناء پر حاصل ہو سکتے ہیں :-

(۱) کہ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء سے مدیون کا مدیون سامو پاتر اپنے مدیون کا ہو چکی سابقہ حوالگی کی نسبت متردد ہوا اور اسکو اپنے قرضہ جات مبلغ ۔۔۔ کی ادائی میں اسکی جانب سے مسلسل تاخیر ہونے کی وجہ سے غصہ آیا تھا (ملاحظہ ہو اسکا خط مورخہ ۲۰ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء)۔

(۲) یہ کہ ۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو وہ اسقدر متردد ہوا کہ وہ اپنے مدیون کی تلاش میں پالگھاٹ سے روانہ ہوا اور جب اس نے اسکو تیرچناپلی میں اسکے کاروبار کے مقام پر نہیں پایا تو وہ مدراس میں اسکی تلاش میں روانہ ہوا اور اس سے وہاں چند روز تک ملتا رہا اور غالباً ادائی کے لئے تشدد کرتا رہا لیکن کوئی صریح تصفیہ کرنے میں کامیاب نہ ہوا۔

(۳) یہ کہ ۹ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو اسکے مدیون کا بھائی جو کسی علیحدہ لیکن اسی قسم کی کوٹھی کا ایک شریک تھا دیوالیہ ہوگیا۔

(۴) یہ کہ مدیون کا مدیون غالباً تشدد کرنے لگا اور جیسا کہ وہ [illegible] کفالت پر اصرار کیا۔

(۵) یہ کہ جب مدیون ۷ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو تیرچناپلی جانے کے لئے روانہ ہوا تو مدیون کے مدیون نے اپنے بیٹے نارائنا آئر کو اس پر تقاضا جاری رکھنے کے لئے روانہ کیا اور اسکے بعد جیسا کہ خود مدیون نے بیان کیا ہے اسکے بیٹے نے اسکو اپنے باپ کے قرضہ کی بابتہ کفالت دینے پر رضامند کرایا اسکو یہ باور کرایا کہ وہ اسکے پاس سے اسوقت تک روانہ نہ ہوگا جبتک کہ اسکو کفالت کے متعلق مدیون کے مدراس کے کارندہ کے نام پر ایک خط نہ دیا جائے اور خود اس نے کچھ وعدہ کیا کہ اس کفالت کے عوض وہ اپنے باپ سے مدیون کو کچھ نقد قرضہ دلا دیگا تاکہ وہ اپنے بمبئی کے آڑھتیوں کے زیادہ شدید تقاضوں سے محفوظ رہ سکے۔

(۶) یہ کہ اگرچہ اسوقت قرضہ کی کسی صریح رقم کا تعین نہ ہوا تھا مدیون نے اپنے خط میں (جو اب گم ہوگیا ہے) جو اس نے اپنے مدراس کے کارندہ کو تحریر کیا تھا قرضہ کے متعلق اس وعدہ کا ذکر ضرور کیا تھا اور غالباً اپنے کارندہ کو مبلغ ۔۔۔ کی ضمانت دینے کی رائے دی تھی۔

(۷) یہ کہ جب اسکے کارندہ وجیا راگھواچاری کو یہ خط وصول ہوا تو اس نے حسب عمل کیا اور سامو پاتر سے بمبئی کے آڑھتیوں کے لئے مبلغ ۔۔۔ کا قرضہ طلب کیا لیکن سامو پاتر نے اسکو ٹال دیا تھا جس نے یہ نہیں کہا کہ اس نے کم قرضہ دینے کا کوئی اقرار نہیں کیا تھا بلکہ اس نے یہ کہا کہ وہ کفالت کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد کچھ قرضہ دیگا۔

(۸) یہ کہ ۱۱ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو اپنی ضمانت حاصل کرنے کے لئے مدیون کو انڈین بنک سے مال گرو شدہ پر مبلغ ایک لاکھ کا قرضہ لینا پڑا تھا۔

(۹) یہ کہ جب وجیا راگھواچاری کو یہ معلوم ہوا کہ ۱۱ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو مالا بار کے مقابلہ میں [illegible] کے مدیون کو مبلغ ۔۔۔

سامی پاتر بنام ونسنٹ (مدراس)

تک فائدہ حاصل ہوا تھا کیونکہ اُس نے اُس رقم کی بابتہ ایک ہنڈی کی ادائی حاصل کی تھی جو اُس نے اپنے مدیون کے نام تحریر کی تھی تو اُس نے غصہ سے مدیون کے مدیون سے اپنے موجودہ قرضہ کی ادائی کا مطالبہ کیا۔

(۱۰) یہ کہ مدیون کے مدیون نے بالآخر اُس اقرار کے بموجب جو اسکے بیٹے نے ۱۴ دسمبر ۱۹۱۰ء کو کیا تھا ایک پرونوٹ پر جس پر مدیون اور کسی دوسرے شخص نے جو ایک عتبر آدمی تھا دستخط کئے تھے بلغ ... روپے یقیناً قرض دئیے تھے اور مدیون نے رقم مذکور بمبئی کے دائنوں کے پاس روانہ کی تھی۔

(۱۱) یہ کہ مدیون ماہ جنوری ۱۹۱۱ء تک اپنا کاروبار کرسکا جبکہ بمبئی کے دائنوں نے اسکو عدالت دیوالیہ میں رجوع کیا اگرچہ اسکے مدراس کے دائن انتظار کرنے پر رضامند تھے۔

(۱۲) یہ کہ اُس وقت تک جبکہ ہم نے اُس گروہ کے معاملہ پر بحث کی تھی یہ ظاہر نہیں کیا گیا کہ مدیون کے کاروبار کے طریقے پوشیدہ تھے یا یہ کہ اسکی ناکامی ایسے طریقوں کی وجہ سے ہوئی تھی جو بدنیتی یا فریب پر مبنی تھے بلکہ وہ محض سوتی کپڑے کے تھانوں کی قیمت دفعتاً گر جانے کیوجہ سے ہوئی تھی اور یہ کہ اگر قیمتوں میں اصلاح ہو گئی تو ناکامی سے محفوظ رہا جا سکتا تھا۔

(۱۳) یہ کہ اُسوقت کسی شخص کے لئے بھی اس امر کا تعیقیہ کرنا مشکل تھا کہ آیا قیمتوں میں اصلاح ہو گی یا نہیں اگرچہ مدراس کے دائن اُنکی اصلاح کے لئے مہلت دینے پر رضامند تھے اور ظاہر ہے کہ بمبئی کے دائن بھی ... نہیں خیال کئے گئے ورنہ مدیون کا مدیون اُن پر ایک لاکھ پر مزید قرضہ عائد نہ کرتا۔

نمبر ۵۳۶ ان واقعات پر مجھے یہ فیصلہ کرنا ہے کہ آیا فیشیل اسینی نے یہ ثابت کیا ہے کہ ضمانت جو مدیون نے مدیون کے مدیون کو اپنے دیوالگی کے ایکٹ کے قبل دی تھی حسب دفعہ ۵۴ قانون دیوالیہ پریسیڈنسی ایسی ترجیح تھی جو فریب پر مبنی تھی۔

انہی واقعات پر مجھے صاف معلوم ہوتا ہے کہ ۱۴ دسمبر سنہ ۱۹۱۰ء کو مدیون کی کوٹھی بالکل دیوالیہ نہ تھی۔ یہ کہ مدیون دراصل اسکو جاری رکھنے کی کوشش کر رہا تھا بمبئی کے دائنوں کی ادائی کے لئے جنکا زیادہ تشدد ہو رہا تھا رقم قرض لینے کی کوشش کر رہا تھا اور یہ کہ مدراس کے دائن اس امر پر رضامند تھے کہ وہ اس طرح کاروبار جاری رکھے مجھے نیز یہ معلوم ہوتا ہے کہ ضمانت جو مدیون کے مدیون نے حاصل کی تھی وہ دراصل اس وعدہ کے عوض دی گئی تھی جو مدیون کے بیٹے نے اپنے باپ کو مدیون کو رقم قرض دینے کی ترغیب دینے کے متعلق کیا تھا خود اُسکے لئے نہیں بلکہ اسکے بمبئی کے دائنوں کے لئے یعنے اُس نازک موقع پر جو حائل کرنے میں اُسکو مدد دینے کے لئے اور یہ کہ مدیون کے مدیون نے محض اُس وعدہ کو ایفا کیا تھا۔

میں لائق ایڈوکیٹ جنرل کی یہ بحث قبول نہیں کرسکتا کہ مبلغ ... روپے کے قرضہ کا اُس ضمانت سے کوئی تعلق نہ تھا جو مدیون کے مدیون کو دی گئی تھی یہ امر کہ قرضہ مذکور کی بابتہ اسکو کافی ضمانت دی گئی تھی اس خیال پر موثر نہیں ہو سکتا کہ جب مدیون مدیون کے مدیون کے سابقہ قرضہ کی کفالت پر رضامند ہوا تھا اُس نے قبل ازیں ایک قرضہ کا وعدہ حاصل کیا تھا اور میں نہیں خیال کرتا کہ مدیون کا مدیون کافی کفالت پر بھی کسی ایسے شخص کو جو بالکل دیوالیہ قرار دیا گیا تھا کوئی مزید رقم قرض دیتا بجز اسکے کہ اسکی بابتہ اُسکے پاس کوئی سابقہ بدل موجود ہو۔

اور نہ میں اس امر سے اتفاق کرسکتا ہوں کہ مدیون بالکل دیوالیہ تھا اور اسلئے ترجیح جو ساہوکار کو دی گئی تھی وہ اسکو دوسرے دائنوں کے مقابلہ میں ترجیح دینے کی کسی بدنیتی کی بنا پر دی گئی تھی اگرچہ وہ بلاشبہ خود اپنی رقم سے اپنے قرضہ جات جو واجب الادا تھے ادا نہ کرسکتا تھا۔ میں نے یہ ظاہر کیا ہے کہ ضمانت دینے کی تاریخ کے ایک ماہ بعد بھی مدراس کے دائن مدیون کو اصلاح کا موقع دینے پر رضامند تھے۔ یہ واقعہ یعنے یہ کہ مدیون اپنی حالت برقرار رکھنے کی کوشش کر رہا تھا اور یہ واقعات کہ اس کو ... کی

تحریک مدیون کہ مدیون کی جانب سے ہوئی تھی یہ کہ مدیون نے قرضہ کے کسی صریح وعدہ کے عوض ضمانت دی تھی تاکہ وہ بمبئی کے دائنوں کی ادائی کر سکے اور پیشکار اُس نے رقم اُسی غرض کے لئے استعمال کی تھی اور خود اپنے لئے استعمال نہیں کی تھی یہ کہ مدیون اور مدیون کے مدیوں کے مابین جو بالکل مختلف اقوام کے اشخاص تھے بجز ایک طویل کاروباری تعلق کے دوستی یا کسی اور قسم کا کوئی قریبی تعلق موجود نہ تھا یہ امتیاز اس نتیجہ کا باعث ہوتے ہیں کہ مدیون کو مدیون کے مدیون کے دباؤ اور اس وعدہ کی وجہ سے کہ اگر وہ ضمانت دے تو وہ اس دیوالگی سے جسکا احتمال پیدا ہو گیا تھا محفوظ رہنے کے لئے کچھ رقم حاصل کر سکیگا ضمانت دینے کی ترغیب ہوئی تھی میرے خیال میں مدیون کے لئے یہی امور غالب وجہ تحریک تھے اور اپنے دوسرے دائنوں کے مقابلہ میں مدیون کے مدیون کے ساتھ کوئی رعایت کرنے کا خیال نہ تھا بلکہ زیادہ تر یہ حقیقی اور اصل امید تھی کہ بالآخر اس مدیون کے مدیون کو ضمانت دینا اسکے کل دائنوں کے فائدہ کے لئے اسکے کاروبار کی اصلاح کا باعث ہوگا۔

اس امر کی نسبت قانون صاف ہے ملاحظہ ہوں بشارپ بنام جیکسن (۱) و افیشل اسینی مدراس بنام پی۔ پی۔ جہتا اینڈ سنس (۲) جن میں غالب وجہ تحریک ایک دائن کو بقیہ دائنوں کے مقابلہ میں ترجیح دینے کی بابتہ نہیں ہے۔ دفعہ ۵۰ متعلق نہیں ہے اور ذمہ داری جو مدیوں کی جانب سے عائد کیگئی ہے جائز ہے اور ہر قانونی عدالت میں برقرار رہنی چاہئے۔

اس لئے مجھے اس امر سے اتفاق ہے کہ مرافعہ معہ پہاں اور تحت کے خرچہ کے منظور ہونا چاہئے۔ (عدالت ابتدائی کا خرچہ بشرح اعلیٰ ہوگا)

مرافعہ منظور کیا گیا

## ہائیکورٹ الہ آباد

مرافعہ ثانی دیوانی

سماۃ شب دئی بنام سماۃ کنیز فاطمہ (الہ آباد)

نمبر مقدمہ ۱۳۱۵ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۵ فروری ۱۹۲۳ء

باجلاس: مسٹر جسٹس رفیق و مسٹر جسٹس لنڈ سے

سماۃ شب دئی **بنام** سماۃ کنیز فاطمہ وغیرہ

مدعیہ۔ مرافعہ مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم

دستاویز کی تعبیر۔ واجب العرض۔ اندراج رواج یا معاہدہ کی بابتہ۔

کوئی موضع جسکو گورنمنٹ نے غدر کے زمانہ میں ضبط کیا تھا ایک شخص کو مکرر عطا کیا گیا تھا۔ کسی بندوبست مابعد کے وقت واجب العرض میں ایک اندراج کیا گیا تھا جس سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ وہ موضع کے شفعہ کے رواج کی بابتہ ایک اندراج تھا۔

قرار دیا گیا کہ موضع کے حالات کا لحاظ کرتے ہوئے مکرر عطیہ کے وقت شفعہ کا کوئی رواج موجود نہ ہو سکتا تھا اور یہ کہ فیصلہ کرنا چاہئے کہ اندراج معاہدہ کی بابتہ تھا اور رواج کی بابتہ نہ تھا۔

نمبر ۳

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ سب آرڈینیٹ جج مظفر نگر مورخہ ۲۴ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء۔

منجانب مرافعہ۔ مسٹر کے۔ سی۔ مٹل

**فیصلہ**۔ عدالت ماتحت مرافعہ نے ان تین شفعہ کی نالشات میں یہ قرار دیا ہے کہ مدعیہ شفیعہ اس بناء پر کامیاب ہونے کی مستحق نہ تھی کہ موضع میں شفعہ کا کوئی رواج ثابت نہیں ہے۔

بموجب اُس بیان کے جو عدالت ماتحت مرافعہ کے فیصلہ میں درج ہے گورنمنٹ نے غدر کے زمانہ میں اس موضع کو ضبط کیا تھا اور ۱۸۵۹ء میں وہ مکرر عطا کیا گیا تھا۔ اسوقت بجز ایک قلیل حصہ کے جو ایک بسوا اور کچھ کے مساوی تھا تمام کل موضع اودے رام کو عطا کیا گیا تھا۔ اسلئے فاضل جج یہ قرار دینے میں حق بجانب تھے کہ اسوقت

سماۃ شب ملک
بنام
سماۃ کنیز فاطمہ
(الہ آباد)

جبکہ دعویٰ دائر کیا گیا تھا حالات متذکرہ بالا کی بنا پر شفعہ کا کوئی رواج موجود نہ ہو سکتا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ کسی بندوبست مابعد میں جو ایم۔ ناصر علی خاں نے کیا تھا واجب العرض میں ایک اندراج کیا گیا تھا جو رواج کا ایک اندراج ہونا ظاہر ہوتا ہے لیکن جیسا کہ عدالت تحت کے ذی علم جج ظاہر کرتے ہیں موضع کے حالات کے لحاظ سے یہ خیال کرنا چاہئے کہ یہ اندراج معاہدہ کی بابتہ تھا اور رواج کی بابتہ نہ تھا۔

یہ بحث کیگئی ہے کہ عدالت ماتحت مرافعہ نے مقدمہ کسی ایسی وجہ کی بنا پر فیصلہ کیا ہے جو عدالت ابتدائی میں پیش نہیں کیگئی تھی یہ صحیح نہیں ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ مدعی علیہ نے عدالت ابتدائی میں یہ عذر کیا تھا کہ شفعہ کا کوئی رواج موجود نہ تھا۔ عدالت ابتدائی نے اس امر کا فیصلہ نہیں کیا تھا بلکہ یہ فیصلہ کیا تھا کہ "بہر صورت اگر کوئی رواج موجود تھا تو وہ شمول اراضیات متدعویہ کے ضبط شدہ اراضیات سے متعلق نہ ہو سکتا تھا" لیکن اگر مدعی عدالت تحت میں رجوع ہوتا اور اوس نے رواج کے وجود کا سوال پیش کیا ہوتا تو اگر ذی علم جج نے اس امر کا تصفیہ کیا تھا تو وہ شکایت نہیں کر سکتا اگرچہ فیصلہ مذکور اسکے خلاف صادر کیا گیا ہو ہم خیال کرتے ہیں کہ ان تینوں مرافعہ جات میں عدالت تحت کا فیصلہ درست ہے اور ہم ان تینوں مرافعہ جات کو حسب آرڈر ۴۱ رول ۱۱ خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ جات خارج کئے گئے

## ہائیکورٹ مدراس

درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۳۰۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۶ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس :۔ مسٹر جسٹس فیلپس

دی مدراس اینڈ سدرن مرہٹہ ریلوے کمپنی لمیٹڈ سائلان بنام کے رنگا سوامی چٹی و دیگر مسئول علیہما

قانون معاہدہ ایکٹ ۹ بابتہ سنہ ۱۸۷۲ء دفعہ ۹۱۔ قانون ریلوے ایکٹ ۹ بابتہ سنہ ۱۸۹۰ء دفعہ ۷۲ (۳)۔ مال کی حوالگی جو بائع نے مشتری کو ارسال کرنے کی غرض سے ریلوے کو کی ہو۔ مال کی ملکیت۔ ہرجہ کی نالش کے متعلق بائع کا حق۔

جب کوئی بائع کسی ریلوے کمپنی کو مال مشتری کو ارسال کرنے کی غرض سے حوالہ کرے تو حسب دفعہ ۹۱ قانون معاہدہ مال کی ملکیت مشتری کو منتقل ہو جاتی ہے اور مشتری صرف موخر الذکر ریلوے کمپنی پر اس ہرجہ کی بابتہ نالش کر سکتا ہے جو عدم حوالگی کی وجہ سے عائد ہوا ہو۔

ڈانزنام بیک۔ انگلش رپورٹ جلد ۱۰ صفحہ ۱۴۱ کی تقلید کیگئی۔

درخواست تحت دفعہ ۱۱۵ ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء جس میں ہائیکورٹ سے فیصلہ و ڈگری صادرہ عدالت سب اڈنیٹ جج سلیم نالش مطالبات خفیفہ نمبر ۳۲۳ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء کی نگرانی کی استدعا کی گئی تھی۔

منجانب سائلان۔ مسٹر بیرامشویل و مارسی

منجانب مسئول علیہما۔ مسٹر سی۔ راجہ گوپالا چاری و دی این سیلار

فیصلہ۔ جس حد تک کہ اس مال کا تعلق ہے جو کاویری چٹی سے خریدا گیا تھا۔ یہ ظاہر ہے کہ مدعیان کسی ہرجہ کا مطالبہ نہیں کر سکتے اور بحث میں عملاً یہ تسلیم کیا گیا ہے۔ حسب دفعہ ۹۱ قانون معاہدہ ہندسنی سامی چٹی کو دیگر مال حوالہ کیا گیا تھا اور اسکو اسکی ملکیت منتقل ہوئی تھی۔ مدعیوں نے مال ارسال کرنے میں جس میں سے کچھ مال انکی ملک ہرگز نہ تھا صرف ہندسنی سامی کے کارندوں کی حیثیت سے عمل کیا تھا۔ اگر مدعیوں سے ملکیت منتقل ہوئی تھی تو مال کی عدم حوالگی کی وجہ سے انکو کوئی نقصان نہیں پہونچا اور اسلئے کوئی ہرجہ نہیں مل سکتا۔ ڈانز نام بیک (۱) یہ قرار دینے کے لئے ایک سند ہے کہ ایسی صورت میں صرف مرسل الیہ نالش کر سکتا

(۱) انگلش رپورٹ جلد ۱۰ صفحہ ۱۴۱۔

(۲۷۶)

اور مجھے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ دفعہ ۷۲ (۳) قانون ریلوے سے ہندیہاں متعلق ہوتی ہے کیونکہ ریلوے کمپنی کی ذمہ داری پر کوئی اثر نہیں پڑتا ہے لیکن ذمہ داری مذکور مرسل الیہ کے متعلق ہے اور اسکے کارندہ ارسال کنندہ کے متعلق نہیں ہے۔

درخواست منظور کیجاتی ہے اور مدعی کا دعوے معہ کل خرچہ کے خارج کیا جاتا ہے۔ درخواست منظور کی گئی۔

# ہائیکورٹ الہ آباد

## نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ع منفصلہ ۱۱ اپریل سنہ ۱۹۲۳ع

باجلاس :- مسٹر جسٹس بنرجی و مسٹر جسٹس گوکل پرشاد

مساۃ شوری بی بی و یک کس دیگر **بنام** عبدالصمد وغیرہ

مدعیان ۔ سائلان — فریقثانیان مسئول علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ع آرڈر ۳۳ رول ۵ - درخواست اجازت نالش مفلسی ۔ مدعیوں کی حقیت کی شہادت آیا لیجاسکتی ہے ۔

کسی درخواست اجازت نالش مفلسی میں عدالت درخواست کے منظور یا نامنظور ہونیکا فیصلہ کرنیکے قبل مدعی کی حقیت کے متعلق فریقین کی شہادت لینے کی مجاز نہیں ہے تاکہ یہ معلوم ہوسکے کہ مدعی کو کوئی بنا دعوے حاصل ہے ۔ ایسی شہادت لینا بمنزلہ ایسے اختیار سماعت کے استعمال کرنیکے ہے جو قانوناً حاصل نہو ۔

جوگندر ناراین رائے بنام درگا چرن گوہا ۔ انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۱۹۱ پر استدلال کیا گیا ۔

چاند ستیا داسی بنام ہرن چندرا مکرجی ۔ انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۲۵۳ اختلاف کیا گیا ۔

کمر کہنا ناتھ بنام سندر ناتھ ۔ انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲ صفحہ ۲۹۹ و چندر بالی شکر بنام پرنا جار ام ۔ انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۱ صفحہ ۱۶۵ اجلاس کامل امتیاز کیا گیا ۔

نگرانی دیوانی بنا راضی حکم صادرہ سب آرڈینیٹ جج گورکھپور مورخہ ۵ جولائی سنہ ۱۹۲۲ع

منجانب سائلان ۔ مسٹر شیو پرشاد سنہا ۔

منجانب مسئول علیہم ۔ مسٹر نرسنکر سہائے و مسٹر ہری بنس سہائے ۔

**فیصلہ** ۔ یہ درخواست سب آرڈینیٹ جج گورکھپور کے ایک حکم کی نگرانی کے لئے پیش کیگئی ہے جسکی روسے وہ درخواست نامنظور کیگئی تھی جو سائلین نے مفلسی میں نالش کرنیکی اجازت کے لئے پیش کی تھی ۔ دعوے حق وراثت کے ذریعہ سے جائداد غیر منقولہ کی بازیافت کے لئے تھا ۔ ایک مدعی علیہ نے نالش جو کرنیکی نسبت مدعیوں کی حقیت سے انکار کیا تھا اور نیز اس امر سے انکار کیا تھا کہ مدعیان مفلس تھے ۔ عدالت تحت نے مدعیوں کی حقیت کی نسبت نیز انکی مفلسی کی اور شہادت مذکور پر غور کرنیکے بعد وہ اس نتیجہ پر پہونچی کہ مدعیوں کو نالش رجوع کرنیکا کوئی حق نہ تھا نیز اسکی یہ رائے تھی کہ مدعیوں کی مفلسی ثابت نہیں کیگئی تھی ۔ ان وجوہ سے درخواست نامنظور کیگئی تھی ۔ ہمارے روبرو پہلی بحث یہ کیگئی ہے کہ عدالت نے مدعیوں کی حقیت کی تحقیقات شروع کرکے ایک ایسا اختیار سماعت استعمال کیا تھا جو اسکو قانوناً حاصل نہ تھا ۔ ہماری رائے میں یہ بحث درست ہے ۔ آرڈر ۳۳ ضمیمہ اول مجموعہ ضابطہ دیوانی میں وہ ضابطہ بتلایا گیا ہے جسکی عدالت کے روبرو مفلسی میں نالش کرنیکی اجازت کی درخواست پیش ہونے پر پابندی کیجانی چاہئے ۔ آرڈر مذکور کے رول ۵ میں ان وجوہ کی صراحت ہے جنکی بنا پر درخواست نامنظور کیجاسکتی ہے اور منجملہ ان وجوہ کے جو فقرہ (د) رول مذکور میں درج ہیں ایک وجہ یہ ہے کہ بیانات سے کوئی بناء دعوے ظاہر نہوتی ہو ۔ رول ۶ میں یہ صراحت ہے کہ اگر عدالت منجملہ وجوہ مندرجہ رول (۵) کے کسی وجہ سے درخواست نامنظور نہ کرے تو اسکو لازم ہے کہ مفلسی کے متعلق شہادت لینی شروع کرے ۔ صرف ایک امر جسکی نسبت شہادت لیجاسکتی ہے

مساۃ شوری بی بی بنام عبدالصمد (الہ آباد)

سوالات متعلق
نام
عبد الصمد
الہ آباد

تنقیح کا سوال ہے جسکی صراحت رول ۶ میں کیگئی ہے رول ۶ میں یہہ
صراحت ہے کہ تاریخ مقررہ پر بحث سماعت کیجا سکیگی اور شہادت پیش کردہ پر
غور کیا جاسکیگا اور عدالت درخواست منظور یا نامنظور کر سکیگی۔ دفعہ ایک
امر جسکی نسبت شہادت لیجا سکتی ہے جسطرح کہ اوپر بیان کیا گیا ہے
وہ امر مندرجہ رول ۵ ہے یعنی یہ کہ سائل مفلس ہے یا مفلس نہیں۔ سوال یہ ہے
ہماری رائے میں فقرہ (د) رول ۵ کی رو سے عدالت درخواست اس
صورت میں نامنظور کرنیکی مجاز کیگئی ہے جبکہ ان بیانات سے جو سائل نے
عرضی دعوے میں یا اپنے اس اظہار میں کئے ہوں جو تحت رول ۴ قلمبند
کیا گیا ہو کوئی بناء دعوے ظاہر نہ ہوتی ہو اسکی رو سے عدالت مجاز نہیں ہے
نالش کی درخواست منظور ہونیکے قبل مدعیوں کی حیثیت کی نسبت شہادت
لینے کے بعد اس امر کی تحقیقات اور پھر اصل روئداد پر اس کی تحقیقات
کی مجاز نہیں کیگئی ہے ہماری رائے میں اگر ان بیانات سے جو عرضی دعوے اور
مدعی کے اظہار میں موجود ہوں جو رول ۴ کے تحت قلمبند کیا گیا ہو عدالت
کو یہ معلوم ہو کہ مدعی کو نالش رجوع کرنیکے لئے کوئی بناء دعوے حاصل نہیں
تو درخواست نامنظور کیجا سکتی ہے لیکن ہم یہ نہیں خیال کرتے کہ قانون کا
یہ منشاء ہے کہ قبل اسکے کہ درخواست منظور یا نامنظور کیجائے دونوں
فریق کی شہادت لیکر کے حیثیت سائل کی باضابطہ تحقیقات کیجانی
چاہئے۔ اگر ایسی شہادت لیجائے تو مقدمہ کی نسبت مناسب اندازہ کیا
جائیگا۔ یہ رائے ہائیکورٹ کلکتہ کے فیصلہ مقدمہ جوگندر ناتھ رائے صفحہ ۵۳۹
بنام درگا چرن گوہا (۱) کے مطابق ہے ہماری توجہ ہائیکورٹ پٹنہ کی
ایک نظیر مندرجہ مقدمہ چارو سینا پتی بنام ہیرا چند اگرا (۲)
کی جانب مبذول کرائی گئی ہے۔ اگرچہ اس نظیر میں جو امر فیصلہ شدہ مذکور
فیصل کیا گیا یہ قاعدہ قرار دینا مقصود تھا کہ عدالت کو اس امر کا اطمینان
ہونیکے لئے کہ مدعی کو کوئی موجودہ بناء دعوے رہا ہے عدالت مقدمہ کی بابت
پر شہادت لے سکتی ہے تو ہم نہایت عظمت کے ساتھ اس سے اتفاق کرنے

قاصر ہیں۔ فریق ثانی کے لائق وکیل نے عدالت ہذا کے فیصلہ مقدمہ
کمر کہہ ناتھ بنام سندر ناتھ (۳) پر استدلال کیا ہے ہماری رائے میں
مقدمہ مذکور مقدمہ موجودہ سے تمیز کیا جاسکتا ہے۔ مقدمہ مذکور میں
جو یہہ قرار دیا گیا تھا وہ یہ تھا کہ عدالت کو درخواست نامنظور کرنی چاہئے
اگر ان بیانات پر جو عدالت کے روبرو پیش کئے گئے ہوں اسکو یہہ
معلوم ہو کہ مدعی نالش کا کوئی قائم حق نہیں رکھتا۔ مقدمہ مذکور
میں یہ نہیں قرار دیا گیا تھا کہ عدالت اس امر کا تصفیہ کرنیکی غرض سے
کہ آیا مدعی حق نالش رکھتا تھا شہادت قلمبند کر سکتی تھی۔ وہ ایک
ایسا مقدمہ تھا جس میں کوئی شہادت قلمبند نہیں کی گئی تھی بلکہ مدعی
کا اظہار لیا گیا تھا اور ان بیانات پر غور کرنیکے بعد جو اس نے اپنے
اظہار میں کئے تھے عدالت اس نتیجہ پر پہونچی کہ نالش رجوع کرنیکا کوئی
حق ظاہر نہیں کیا گیا تھا۔ اسلئے مقدمہ مذکور سے اس معاملہ میں
کوئی رہنمائی نہیں ہوتی جو اب ہمارے روبرو پیش ہے۔ فاضل جج نے
اپنے فیصلہ میں عدالت ہذا کی ایک سابق اجلاس کامل کی نظیر مندرجہ
مقدمہ جیسر پال سنگھ بنام راجا رام (۴) کا حوالہ دیا تھا۔ اس میں سوال
یہ تھا کہ آیا صرف ایک امر جسکی بناء پر عدالت درخواست نامنظور کر سکتی
تھی نالش قبول کرنیکے عدم اختیار سماعت کے متعلق تھا۔ موجودہ مجموعہ
کے رول ۵ فقرہ (د) کے الفاظ کے بموجب اختیار سماعت کا کوئی سوال
پیدا نہیں ہوسکتا جس امر پر غور کرنا ہے وہ یہ ہے کہ آیا ان بیانات
سے جو مدعی نے کئے تھے یعنی ان بیانات سے جو عرضی دعوے اور تحت
رول ۴ مدعی کے اظہار میں درج تھے کوئی بناء دعوے ظاہر ہوتی ہے
اگر ان بیانات سے کوئی بناء دعوے ظاہر نہ ہوتی ہو تو عدالت پر درخواست
نامنظور کرنا لازم تھا۔ لیکن ہمارے خیال میں عدالت اس نتیجہ پر پہونچنے
کے قبل کہ آیا وہ درخواست منظور یا نامنظور کرے گی مدعیہ کی حیثیت
کے سوال پر فریقین کی شہادت لینے کی مجاز نہیں ہے ہم خیال

(۱) انڈین کیسز جلد ۱۵ صفحہ ۱۰۱ (۲) انڈین کیسز جلد ۵۰ صفحہ ۵۲
(۳) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲ صفحہ ۲۹۹
(۴) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲ صفحہ ۹۲۲ (اجلاس کامل)

کرتے ہیں کہ مقدمہ موجودہ میں حقیت کے سوال پر شہادت لینے میں عدالت نے ایک ایسا اختیار سماعت استعمال کیا تھا جو اُسکو قانوناً حاصل نہ تھا۔ مدعیوں کی مفلسی کے متعلق عدالت ماتحت نے چند عام خیالات اس امر کی نسبت ظاہر کئے ہیں کہ مدعیوں کی مفلسی ثابت نہ تھی عدالت نے اُس شہادت پر غور نہیں کیا جو اُس کے روبرو اس امر کے متعلق پیش کیگئی تھی کہ آیا مدعیان رسوم عدالت جو ارجاع نالش کے لئے ضروری تھا ادا کرنیکی استطاعت رکھتے تھے۔ ذیعلم سب آرڈنیٹ جج نے یہ کہا تھا کہ کسی دوسری نالش میں مدعیہ نے کسی وکیل کو زیادہ فیس ادا کی تھی۔ اُس نے یہ بھی بیان کیا تھا کہ وہ دو بیگے کی شتیوں کی مالک تھی لیکن اُس نے بیگے کی شتیوں کی مالیت پر غور نہیں کیا اور نہ اُس نے ضروری رسوم عدالت ادا کرنیکی نسبت مدعیوں کی استطاعت کے متعلق کسی امر پر غور کیا تھا۔

ہماری رائے میں عدالت تحت نے مفلسی کے سوال کی تحقیقات نہیں کی تھی۔ اسلئے ہم قرار دیتے ہیں کہ حقیت کے سوال کی تحقیقات کرنے میں عدالت نے ایک ایسا اختیار سماعت استعمال کیا تھا جو اسکو قانوناً حاصل نہ تھا اور مدعیہ کی مفلسی کے سوال کی تحقیقات نہ کرنے میں اُس نے ایسا اختیار سماعت استعمال نہیں کیا جو اُسکو قانوناً حاصل تھا۔ اس لئے ہم درخواست منظور ، عدالت تحت کا حکم منسوخ اور مقدمہ عدالت مذکور میں واپس کرتے ہیں تاکہ سائلوں کی مفلسی کے سوال کا تصفیہ کیا جا سکے۔ ہم یہ ظاہر کرسکتے ہیں کہ اسوقت جبکہ وکیل سرکار کے نام مدعیوں کی مفلسی کے متعلق نوٹس جاری کیا گیا تھا گورنمنٹ کی جانب سے کوئی اعتراض پیش نہیں کیا گیا تھا۔ وہ ایک ایسا معاملہ تھا جس پر بھی عدالت کو غور کرنا چاہئے تھا۔ یہاں اور یہاں تک کا خرچہ مقدمہ کا خرچہ ہوگا۔

درخواست منظور کیگئی

کانی آپا مدلیار
بنام
پی۔ چناسامی چیٹیار
(مدراس)
صفحہ ۵۴۰

# ہائیکورٹ مدراس

## درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۸۸۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۵ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس :۔ مسٹر جسٹس کرشنن

کانی آپا مدلیار۔ **بنام** پی۔ چناسامی چیٹیار و دیگر
مسئول علیہ نمبر ۳۔ سائل — سائل و مسئول علیہ نمبر ۲ مسئول علیہما

قانون صفائی اضلاع مدراس ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء۔ مقامی قواعد۔ قواعد ۱۳۔۱۴۔۱۵۔ انتخاب صفائی۔ پرچہ انتخاب پر عہدہ دار انتخاب کنندہ کے نام کے حروف ابتدائی درج نہونا۔ رائے کا جواز۔

اُن قواعد کے بموجب جو گورنر باجلاس کونسل نے حسب قانون صفائی اضلاع مدراس انتخابات صفائی کے متعلق مرتب کئے ہیں باضابطہ طور پر قابل رائے دہندہ کی رائے جو مناسب طور پر تحریر کیگئی ہو ناجائز تصور نہیں کیجا سکتی اور محض اس بنا پر نامنظور نہیں کیجا سکتی کہ پرچہ انتخاب پر حسب منشاء قاعدہ ۱۴ (۱) عہدہ دار انتخاب کنندہ کے نام کے ابتدائی حروف موجود نہیں تھے۔

قاعدہ ۱۴ فقرہ (۱) ایک تاکیدی قاعدہ نہیں ہے جسکی خلاف ورزی کی وجہسے رائے لازمی طور پر ناجائز ہوگی۔ قاعدہ مذکور سے یہ مقصود ہے کہ پرچہ انتخاب کی بطور ایسے پرچہ کے شناخت کیجائے جو عہدہ دار انتخاب کنندہ نے دیا ہو اور جب دیگر شہادت کے ذریعہ سے ایسی شناخت کیجا سکتی ہو تو حروف ابتدائی کا نہونا نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

قواعد ۱۳ تا ۱۵ سے یہ مقصود ہے کہ کوئی باضابطہ طور پر قابل رائے دہندہ اُس امیدوار کی نسبت جسکو وہ پسند کرے اپنی ...

الی اپا مدلیار بنام چیاسامی چیٹیار (مدراس)

انتخاب کیجو عہدہ دار تھا۔ تنسیخ نے دیا ہو اپنی رائے خفیہ طور پر اور آزادی سے دے سکے۔ یہ ظاہر کیا تھا کہ کسی قاعدہ کی خلاف ورزی کے باوجود یہ نہ تمام ہونی ہے تاہم ایسی خلاف ورزی کی بنا پر کسی انتخاب کو ناجائز قرار دینا نہیں ہو سکتی بالخصوص جبکہ خلاف ورزی رائے دہندگی باشتباہ ہونی ہو بلکہ عہدہ دار انتخاب کنندہ کی جانب سے ہوئی ہو۔ شیام چند باسک بنام پریزیڈنٹ مجلس صفائی ڈھاکہ انڈین کیسز جلد ۵۳ صفحہ ۱۸۹ پر حوالہ دیا گیا۔

اکرس بنام ہورڈ۔ دہلی رپورٹرز جلد ۲۳ صفحہ ۶۰۹ و مقدمہ سلنگفن بابتہ ۱۹۱۵ء آؤٹ لی اینڈ بار ڈیمیس جلد ۵ صفحہ ۱۲۵ پر استدلال کیا گیا۔

درخواست تحت دفعہ ۱۱۵ ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء و دفعہ ۱۰۷ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ جس میں بالمقابل حکم مورخہ ۱ دسمبر ۱۹۲۲ء صادرہ بمقدمہ درخواست ابتدائی نمبر بابتہ ۱۹۲۲ء بر مثل عدالت سبارڈینیٹ جج صاحب چنگل پیٹ کی نگرانی کی استدعا کی گئی۔

منجانب سائل: مسٹر وی۔ آر۔ راما چندرا آئر۔ وائیس۔ ایم۔ نو سا اندر
منجانب مسئول علیہم: مسٹر سے۔ کرشنا سوامی آئر۔

**فیصلہ** - یہ درخواست نگرانی گذشتہ اکتوبر میں مقامی کمیٹی چنگل پیٹ کے وارڈ نمبر ۵ کیلئے ممبر کے انتخاب کے متعلق اقوامی نا پسندیدہ ہوئی ہے عدالت ہذا کے سائل مسٹر مدلیار اور مسئول علیہ نمبر ۱ مسٹر چیٹیار مقابل امیدوار تھے۔ مؤخر الذکر کو بمقابلہ اول الذکر کے دو آرا زیادہ ملی تھیں اور وہ معمولاً منتخب شدہ قرار دیا جاتا لیکن پریزیڈنٹ مجلس نے اسکی دو آرا اس بنا پر ناجائز قرار دی تھیں کہ پرچہ جات انتخاب جن پر ان دو کو تحریری شکل میں تھیں یعنے دستاویزات الف و ب پر عہدہ دار انتخاب کنندہ کے نام کے حروف ابتدائی موجود نہ تھے جو ان قواعد کے جو گورنر با جلاس کونسل نے انتخاب مجالس صفائی کی کارروائی کے متعلق مرتب کئے تھے بذریعہ اعلان نمبر ۱۲۰ مورخہ ۲۳ نومبر ۱۹۲۰ء فورٹ سینٹ جارج گزٹ میں شائع کئے گئے تھے قاعدہ ۱۴ فقرہ (۱) کی رو سے ضروری تھا ایسا کرنے کے بعد اس نے قاعدہ ۲۸ کے تحت عمل کیا اور قرعہ اندازی کی کیونکہ دو امیدواروں کے لئے آرا کی تعداد مساوی تھی اور چونکہ قرعہ اندازی کا نتیجہ مسٹر مدلیار کے موافق ہوا تھا اس نے انکو باضابطہ طور پر منتخب شدہ قرار دیا۔ اس پر مسٹر چیٹیار نے سبارڈینیٹ جج چنگل پیٹ کے روبرو ایک درخواست متعلق انتخاب پیش کی جس میں یہ بیان کیا کہ وہ دو آرا زیر بحث جائز تھیں اور ناجائز طور پر خارج کی گئی تھیں فاضل سبارڈینیٹ جج نے بطور ایک واقعہ کے یہ تجویز کی ہے کہ ان دو آرا کو در حقیقت دو باضابطہ طور پر قابل رائے دہندگان نے دیا تھا جنہوں نے انتخاب کے وقت رائے دی تھی اور یہ کہ پرچہ جات انتخاب دستاویزات الف و ب خود اس انتخاب کی کتاب کے جو عہدہ دار انتخاب کنندہ کے پاس تھی دو مثنے جات کے اصل تھے۔ اور یہ کہ اس امر کی نسبت کوئی شک نہ ہو سکتا تھا کہ آرا اصل آرا تھیں جو دو رائے دہندگان نے تحریر کی تھیں جو رائے دینے کے مستحق تھے۔ ان آرا کو قبول کرنے کے متعلق جو اعتراض کیا گیا تھا وہ جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا گیا ہے صرف یہ تھا کہ ان پر عہدہ دار انتخاب کنندہ کے نام کے ابتدائی حروف موجود نہ تھے۔ یہ بیان کیا گیا ہے کہ کسی دوسرے قاعدہ یا حکم کی خلاف ورزی نہیں ہوئی۔ حالات مذکورہ بالا میں سبارڈینیٹ جج نے یہ قرار دیا کہ آرا کو ناجائز قرار دیکر نا منظور کرنا درست نہ تھا اور یہ کہ انکو مسٹر چیٹیار کے حق میں شمار کرنا چاہئے تھا اس سے ان آرا کی تعداد جو انکے حق میں تھیں اس تعداد سے زیادہ ہو جاتی ہیں جو مسٹر مدلیار نے حاصل کی ہے اسلئے انہوں نے مسٹر مدلیار کا انتخاب منسوخ کیا اور مسٹر چیٹیار کو باضابطہ طور پر منتخب شدہ قرار دیا۔ نگرانی کا حکم کو کئی نکات پر بحث کی گئی ہے جو کچھ اوپر بیان کیا گیا ہے اس سے یہ ظاہر ہے کہ سوال غور طلب یہ ہے کہ آیا کسی رائے کو محض اس بنا پر ناجائز تصور اور نا منظور کیا جا سکتا ہے کہ اس پر عہدہ دار انتخاب کنندہ کے نام کے ابتدائی حروف موجود نہیں ہیں اگرچہ وہ کسی باضابطہ طور پر قابل رائے دہندہ کی مناسب طور پر تحریر شدہ رائے ہو یہ ظاہر ہے کہ یہ امر تصفیہ طلب مقدمہ موجودہ میں اہم ہے کیونکہ انتخاب کا نتیجہ کلیتہً اس پر مبنی ہے۔

سائل کے لائق وکیل کی بحث یہ ہے کہ پرچہ انتخاب پر محض عہدہ دار انتخاب کنندہ کے نام کے ابتدائی حروف کا نہ ہونا فی نفسہ رائے کو ناجائز قرار دینے کے لئے کافی ہے اور وہ نظیر مقدمہ شیام چند باسک بنام صدر مجلس صفائی ڈھاکہ (۱) پر استدلال کرتے ہیں۔ مقدمہ مذکور میں سوال کسی رائے کے عدم جواز کے متعلق نہ تھا جو کسی ایسے انتخاب میں دی گئی تھی جیسا کہ یہاں ہوا ہے مناسب طور پر عمل میں آیا تھا بلکہ فی نفسہ کل انتخاب کے عدم جواز کے متعلق تھا کیونکہ وہ علاوہ ان مناسب اوقات کے جو اس کے لئے مقرر رہتے عمل میں آیا تھا۔ اس میں انتخاب صبح میں دیر سے شروع ہوا تھا اور دیر تک جاری رکھا گیا تھا اور سہ پہر میں اس وقت کے جو اسکے لئے مقرر تھا قبل شروع کیا گیا تھا۔ فاضل ججوں کے روبرو سوال یہ تھا کہ آیا اس بے ضابطگی کی وجہ سے انتخاب کلیتاً کالعدم ہے۔ اس مقدمہ پر جو اس امر کی نسبت پیش کیا گیا ہے طویل بحث کرنیکے بعد فاضل ججوں نے یہ قرار دیا کہ شرط جسکی خلاف ورزی کیگئی تھی ایک تاکیدی شرط نہ تھی اور یہ کہ انتخاب اس صورت میں برقرار رکھا جا سکتا تھا جبکہ یہ ظاہر کیا جاتا کہ اس پر غلطی یا بے ضابطگی سرزد شدہ کا کوئی اثر نہ ہوا تھا جسکا بار ثبوت اس شخص پر عائد تھا جو انتخاب کی تائید کرے لیکن یہ کہ اگر یہ باور کرنے کے لئے معقول وجہ تھی کہ بے ضابطگی کا اثر نتیجہ پر پڑا تھا تو عدالت کو اسے منسوخ کرنا چاہیئے۔ اگر میں تسلیم کر لیتا یہ کہہ سکتا ہوں تو مجھے ان آرا سے کلیتاً اتفاق ہے جو مقدمہ ہذا میں ظاہر کیگئی تھیں۔ اگرچہ نظیر مذکور کلیتاً متعلق نہیں ہے کیونکہ ہم ایسی صورت سے بحث کر رہے ہیں جسمیں کسی رائے پر اعتراض کیا گیا ہے اور خود انتخاب سے بحث نہیں کیجا رہی ہے ہیں اصول جو بتلائے گئے ہیں مقدمہ موجودہ سے متعلق کئے جا سکتے ہیں اور انکو منطبق کرنیکے بعد یہ نتیجہ نکلیگا کہ بجز اس کے کہ ان دو آرا کی نسبت قاعدہ ۱۴ فقرہ (۱) کی خلاف ورزی کیگئی ہو اور کچھ ظاہر نہ ہو تو وہ بادی النظر میں ان آرا کی نامنظوری کے لئے ایک وجہ ہوگی لیکن اگر شہادت سے یہ ثابت ہو کہ آرا باضابطہ طور پر قابل رائے دہندگان نے ان انتخاب کے پرچوں پر دی تھیں جو انکو عہدہ دار انتخاب کنندہ نے دیا تھا تو انکو نامنظور نہ کرنا چاہیئے۔ مقدمہ ہذا میں ایسی شہادت موجود ہے اور ڈسٹرکٹ ... سب آرڈینیٹ جج نے یہ تجویز کی ہے کہ آرا اصلی ہیں اور مجھے تجویز مذکور بعینہٖ نگرانی منظور کرنی چاہیئے۔ تجویز مذکور کی بنا پر بہر میری رائے یہ ہے کہ سب آرڈینیٹ جج کا یہ خیال کہ آرا شمار کی جانی چاہئیں درست ہے۔

میں قاعدہ ۱۴ فقرہ (۱) کو بطور ایک تاکیدی قاعدہ کے خیال نہیں کرتا جسکی خلاف ورزی کو لازمی طور پر ناجائز قرار دیا گیا۔ قاعدہ مذکور سے بظاہر یہ مقصود ہے کہ پرچہ انتخاب کو بطور ایسے کاغذ کے شناخت کیا جا سکے جو عہدہ دار انتخاب کنندہ نے شائع کیا ہو۔ جیسا کہ مقدمہ ہذا میں ہوا ہے اگر کاغذ مذکور کی شناخت دیگر شہادت کے ذریعہ سے کی جا سکتی ہو تو میں خیال کرتا ہوں کہ حروف ابتدائی کا نہ ہونا نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ کسی خاص مقدمہ میں مشکل ایسی شناخت کے ثبوت کے متعلق ہوگی۔

قواعد ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آرا کسطرح تحریر کیجانی چاہئیں۔ جب کوئی شخص رائے دینے کے لئے حاضر ہوتا ہے تو اس کو حسب قاعدہ ۱۳ دستخط کے لئے ایک کاغذ کا پرچہ دیا جاتا ہے جس پر اس کا نام اور رجسٹر انتخاب کا نمبر درج ہوتا ہے اور جس پر اسکو دستخط کرنے پڑتے ہیں یا اگر وہ ناخواندہ ہو تو اپنا نشان ابہام ثبت کرنا پڑتا ہے۔ عہدہ دار انتخاب کنندہ پرچہ کو شریک مثل کرتا ہے جیسا کہ مقدمہ ہذا میں ہوا ہے تاکہ رائے دہندہ کی شناخت کے متعلق کوئی شک ہو۔ اسکے بعد قاعدہ ۱۴ کی رو سے

کالکا پرشاد بنام چناسامی چیٹیار (مدراس)

(۱) انڈین کیسز جلد ۲۳ صفحہ ۱۸۱۔

…ن الیا ملیار نام …باسامی چنیار (مدراس)

رائے دہندہ کو ایک انتخاب کا پرچہ دیا جاتا ہے جبکہ اس پر عہدہ دار انتخاب کنندہ کے دستخط ہوتے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ عہدہ دار انتخاب کنندہ کو جسٹر انتخاب کے نقل پر رائے دہندہ کا نمبر درج کرنا پڑتا ہے اور پرچہ انتخاب میں اسکے نام کے محاذی اپنے نام کے حروف ابتدائی تحریر کرنے پڑتے ہیں۔ قاعدہ ۱۵ الی رو سے رائے دہندہ جس کو انتخاب کا پرچہ ملا ہو اس امیدوار کے نام کے محاذی جس کے لئے وہ رائے دے ایک نشان کرتا ہے اور پرچہ کو تہہ کر کے انتخاب کے صندوق میں ڈال دیتا ہے۔ ان قواعد سے بظاہر یہ مقصود ہے کہ کوئی رائے دہندہ جو باضابطہ طور پر قابل ہو اس انتخاب کے پرچہ پر جو اسکو عہدہ دار انتخاب کنندہ نے دیا ہو اس امیدوار کی نسبت جس کو وہ پسند کرے اپنی رائے خفیہ طور پر اور آزادی کے ساتھ درج کر سکے۔ جہاں تک کہ یہ ظاہر کیا جائے کہ کسی قاعدہ کی خلاف ورزی کے باوجود یہ غرض حاصل ہوئی تھی میں خیال کرتا ہوں کہ ایسی خلاف ورزی رائے کی نامنظوری کو جائز نہیں کر سکتی بالخصوص اس صورت میں جبکہ خلاف ورزی رائے دہندہ کی جانب سے نہوئی ہو بلکہ عہدہ دار انتخاب کنندہ کی جانب سے ہوئی ہو جس کے قصور کا وہ مناسب طور پر ذمہ دار نہیں قرار دیا جا سکتا۔

قاعدہ ۱۷ میں یہ صراحت ہے کہ کن بے ضابطگیوں کی وجہ سے کوئی رائے لازمی طور پر ناجائز ہوتی ہے۔ اس قاعدہ میں یہ نہیں بتلایا گیا ہے کہ حسب منشائے قاعدہ ۱۴ عہدہ دار انتخاب کنندہ کے حروف ابتدائی تحریر کرنے سے قاصر رہنے سے کوئی رائے ناجائز ہوتی ہے۔ اس لئے یہ ظاہر ہے کہ قاعدہ ۱۴ کوئی تاکیدی قاعدہ نہیں ہے جس کے کسی جزو کی عدم تعمیل سے کوئی رائے لازمی طور پر ناجائز ہو جائیگی۔ ہم معمولی انگلستان کے قانون انتخاب بابتہ سنہ ۱۸۷۲ء کے حصہ اول دفعہ (۲) میں ایک حکم موجود ہے جس کی رو سے یہ ضروری ہے کہ پرچہ انتخاب

نمبر ۵۴۲

کے دونوں جانب سرکاری نشان موجود ہو اور فقرہ مذکور کے فقرہ (۱۲) میں یہ مذکور ہے کہ کوئی پرچہ انتخاب جس کے ظہر پر سرکاری نشان موجود نہو کالعدم ہوگا اور شمار نہیں کیا جائیگا۔ انگلستان میں مقدمہ آکرس بنام ہورڈ (۲) میں ایک سوال پیدا ہوا کہ آیا پرچہ انتخاب کے ساتھ نصب پر سرکاری نشان کے نہونے سے کوئی رائے کالعدم ہوگی یا نہیں۔ حکام عالیمقام نے یہ قرار دیا کہ کوئی پرچہ انتخاب جس میں دیگر امور میں قانون انتخاب کے حکم کی تعمیل کی گئی ہو اس وجہ سے کالعدم نہ تھا کہ اس پر سرکاری نشان موجود نہ تھا۔ مقدمہ مذکور اس مقدمہ کے بالکل مماثل ہے جو ہمارے روبرو پیش ہے۔ مقدمہ آئسلنگٹن (۲) میں جسٹس کینڈی نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ کسی انتخاب کو اس وجہ سے کالعدم نہ قرار دینا چاہئے کہ عہدہ دار شمار کنندہ یا اس کے ماتحتین نے انتخاب کی کارروائی میں کسی بدنیتی کے بغیر قانون کی خلاف ورزی کی تھی اور عدالت کو اس امر کا اطمینان ہو کہ انتخاب ان خلاف ورزیوں کے باوجود ایک ایسا انتخاب تھا جو فی الحقیقت اور درحقیقت موجودہ قوانین انتخاب کے تحت کیا گیا تھا اور یہ کہ ان خلاف ورزیوں کا اثر انتخاب کے نتیجہ پر نہیں پڑا یعنی ایک امیدوار کی دوسرے کے مقابلہ میں کامیابی پر نہ ہو سکتا تھا۔ مساوی زور اور انصاف کے ساتھ یہ کہا جا سکتا ہے کہ کسی رائے کو اس غلطی کی بنا پر کالعدم نہ قرار دینا چاہئے جو عہدہ دار انتخاب کنندہ نے بدنیتی کے بغیر کارروائی انتخاب میں کی ہو۔ جبکہ عدالت کو اس امر کا اطمینان ہو جائے کہ کسی رائے دہندہ نے جو باضابطہ طور پر قابل تھا درحقیقت قواعد انتخاب کے بموجب کسی امیدوار کے لئے درحقیقت رائے دی تھی۔

وجوہ مذکورہ بالا کی بنا پر میں قرار دونگا کہ انکی تجاویز

(۲) دیکھی رپورٹر جلد ۲۴ صفحہ ۹۰ (۱۳۷۶) بابت سنہ ۱۹۰۱ء اومیلی انڈ ہارڈ کیسیل جلد ۵ صفحہ

واقعاتی پر سیارڈ نیٹ جج کا خیال درست ہے اور یہ درخواست نگرانی دیوانی موزرچہ تجارج کر دیں گا۔ درخواست خارج کیگئی۔

# ہائی کورٹ پٹنہ

مرافعہ اولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۴۴ بابت سنہ ۱۹۲۰ء منفصلہ ۱۱ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس جسٹس سرجان کنبل ناٹ و جسٹس داس

بابو رام بہادر سین مدعی علیہ مرافعہ کنندہ بنام مہنت گنیش بھگت۔ مدعی۔ مرافعہ علیہا

دستاویز کی تفسیر۔ دستاویز جس میں تکمیل کنندہ کے وارث کا ذکر کیا ہو۔ حقیقت کے انتقال کی نسبت دہرم شاستر۔ وارث خودی کا حق اور اسکی نوعیت۔ وارث خودی آیا حق منتقل یا پابند کر سکتا ہے۔ اصلاح جو خاندانی سمجھوتہ سے متعلق ہو سکتے ہوں۔ نابالغ آیا پابند ہے۔ نالشی۔ نابالغ۔ فیصلہ ثالثی جو غلط فہمی پر مبنی ہو آیا واجب التعمیل ہے۔

ایک ہندو عورت۔ جو کسی جائداد میں کامل حقیت رکھتی تھی ایک شخص "رگ" اپنے داماد کے حق میں ایک مختار نامہ تکمیل کیا جس میں حسب ذیل فقرہ موجود تھا۔

"میری بیٹی کا بیٹا (۱) میرا وارث ہے لیکن وہ اب نابالغ ہے اور بذات خود موضع اور عدالتی معاملات کا انتظام نہیں کر سکتا ہے۔ چونکہ میں پردہ نشیں عورت ہوں اور میرے لئے موضع کے اور عدالتی معاملات کا انتظام کرنا غیر ممکن ہے بجز اس کے کہ میں ایک عام کارندہ مقرر کروں۔ اس لئے بخوشی و رغبت میں (رگ) کو اپنا عام کارندہ مقرر کرتی ہوں یہ مختار نامہ اسوقت تک نافذ رہے گا جبتک کہ میرا نواسہ (۱) بالغ ہو جائے۔ بالغ ہونیکے بعد وہ بذات خود اپنے معاملات کی نگرانی کرے گا یا کسی مختار کو مقرر کریگا"

قرار دیا گیا (۱) یہ کہ مختار نامہ کی کل غرض صرف اس امر کا انتظام کرنیکی تھی کہ (ر) جسکو تکمیل کنندہ نے اپنا وارث خیال کیا تھا نابالغ تھا اور چونکہ وہ بالذات اپنے معاملات کا انتظام نہ کر سکتی تھی اسلئے جو (ر) کا باپ تھا موخر الذکر کے بالغ ہونے تک جائداد کا انتظام کرے۔

(۲) یہ کہ الفاظ "میری بیٹی کا بیٹا (ر) میرا وارث ہے" سے محض ایک خیال ظاہر کیا گیا تھا اور حقیت منتقل کرنا مقصود نہ تھا۔

(۳) یہ کہ الفاظ "بالغ ہونے کے بعد اسکو بذات خود اپنے معاملات کا انتظام کرنا چاہئے یا کسی مختار کو مقرر کرنا چاہئے" سے کوئی حق عطا نہیں کیا گیا تھا اور نہ انکا کوئی حق منتقل کرنا مقصود تھا بلکہ اس کا غرض یہ کہ قانوناً (ر) تکمیل کنندہ کا وارث تھا محض اس واقعہ کی نسبت ایک بیان تھا جو معمولاً وقوع میں آئے گا۔

(۴) یہ کہ اسلئے فقرہ مندرجہ مختار نامہ کسی معنی میں ایک وصیت نامہ یا ہبہ نامہ کا ایک انتقال نہ تھا اور نہ وہ کسی طرح بطور اقرار کے اسقدر کے خیال کیا جا سکتا تھا جس کی رو سے کوئی صریح حقوق منتقل ہوئے ہوں۔

کسی ہندو وارث خودی کو اس جائداد میں جسپر کوئی مالک از قسم اناث جیسا قابض ہو کوئی موجودہ حق یا غرض حاصل نہیں ہوتی اسوقت تک جبکہ اسکی وفات پر بشرطیکہ وہ اسکے بعد زندہ رہے جائداد اسکو حاصل نہو وہ اپنے ورثا کے حق میں کوئی حق منتقل یا ترک یا عطا بھی نہیں کر سکتا اسکا حق صرف اسکی (عورت کی) وفات پر وجود میں آتا ہے اس وقت تک وہ محض امید وراثت ہے۔ اسکا ولی جس صورت میں کہ وہ نابالغ ہو اسکی جانب اسکی نسبت کوئی معاملہ نہیں کر سکتا یا کسی معاہدہ کے ذریعہ جو اسکے متعلق کیا گیا ہو اسکو پابند نہیں کر سکتا۔ امرت نارائن سنگھ بنام گیا سنگھ انڈین کیسز جلد ۴۴ صفحہ ۸۰ کی تقلید کیگئی۔

جب کسی خاندان کے ممبران کے حقوق کے متعلق کسی نزاع کا تصفیہ منصفانہ مصالحت کے ذریعہ سے کیا گیا ہو تو عدالت ایسی مصالحت کو برقرار رکھیگی اگرچہ وہ ایسی وجوہ پر مبنی ہو جو اس صورت میں جبکہ معاملہ اشخاص اجنبی کے مابین ہو تا اطمینان بخش خیال نہ کئے جاتے لیکن یہ ثابت ہونا چاہئے کہ جس حق کی نسبت مصالحت کیگئی تھی کم از کم وہ کسی دعوی میں زیر بحث ہو سکتا تھا اگرچہ وہ ایک مشتبہ دعوی ہو

بابورام بہادر سین
بنام
مہنت گنیش بھگت
(پٹنہ)

صفحہ ۳۴۳

پورام بنام سین
نام
ہت کرشن بھگت
(دیکھو)

لیکن وارث عودی جو صرف وراثت کی امید رکھتا ہو اپنے حق کے متعلق مصالحت نہیں کرسکتا جبکہ اسکو اس شخص کی جائداد پر جو اصل جزو کا وہ وارث عودی ہونا بیان کرے۔ لیکن کسی محدود حق کے قابض کی جانب سے کسی مشتبہ دعوی کی مصالحت وارث عودی پر واجب التعمیل ہے اگر یہ ثابت کیا جائے کہ مصالحت مناسب اور نیک نیتی سے کیگئی ہے اور یہ کہ محدود قابض نے معاملہ جائداد کے قائم مقام کی حیثیت سے اور جائداد کی حفاظت کیلئے کیا ہے اور خود اپنے قائم مقام کی حیثیت سے اور خود اپنی حفاظت کے لئے نہیں کیا ہے۔

جب کبھی یہ سوال پیدا ہو کہ آیا کوئی معاملہ ایک انتقال ہے یا کسی مشتبہ دعوی کی مصالحت ہے تو صحیح معیار جو منطبق کیا جاسکتا ہے وہ یہ ہے کہ یہ دیکھا جائے کہ آیا منتقل الیہ کو محدود حق کے قابض سے حیثیت حاصل ہوئی ہے جب کوئی معاملہ اس فرض پر مبنی ہو کہ دونوں فریق کو کسی قسم کی سابقہ حیثیت حاصل تھی اور معاہدہ میں اس امر کو تسلیم کیا گیا ہو اور اسکی صراحت کیگئی ہو کہ حیثیت مذکور کیا ہے تو معاملہ ایک انتقال نہیں ہے بلکہ کسی مشتبہ دعوی کی مصالحت ہے۔

بگوانی کور بنام جگدم سہائے انڈین کیسز جلد ۲۶ صفحہ ۹۳۲ کی تعمیل کیگئی۔

کوئی خاندانی سمجھوتہ برقرار رکھا جاسکتا ہے اگرچہ اسکے کرنے کے وقت کوئی حقوق فی الواقعی مابہ النزاع نہوں اور عدالتیں نہایت احتیاط کے ساتھ بدایں مقدار اسکی جانچ کرنے پر راغب ہونگی۔

یہ خیال کرنا غلطی ہے کہ خاندانی سمجھوتہ کا اصول ان انتظامات سے زیادہ نہیں ہے جو مشتبہ یا متنازعہ حقوق کے تصفیہ کیلئے کئے جائیں۔ اصول مذکور نہ صرف ان صورتوں سے متعلق ہے جن میں کسی خاندان کے ارکان کے مابین اسکا امن قائم رکھنے کیلئے انتظامات کئے جائیں بلکہ ان صورتوں سے بھی متعلق ہے جن میں اسکی جائداد کی حفاظت کے لئے انتظامات کئے جائیں۔

نیلمن داسی بنام مدن گوپال داس منڈل۔ کلکتہ لا جرنل جلد ۲۹ صفحہ ۲۲۳ پر اعتماد کیا گیا۔ ولیمز بنام ولیمز ویکلی رپورٹر جلد ۱۶ صفحہ ۷۵۔ سیتا اکار ستر جی بنام سیتا کرپال بنرجی۔ انڈین کیسز جلد ۳ صفحہ ۲۴۷ تیستر چند اگھوش بنام کالیداسی انڈین کیسز جلد ۱۹ صفحہ ۷۷۵ کا حوالہ دیا گیا۔

غلطی غیر مساوی حیثیت داب ناجائز جبر فریب یا اسی قسم کی دیگر وجوہات کی عدم موجودگی میں کوئی خاندانی انتظام جو کسی متنازعہ یا مشتبہ دعوی کے تصفیہ کیلئے کیا گیا ہو ایک جائز اور واجب التعمیل انتظام ہے جس سے اسکے فریق انکار یا اسکو نظر انداز یا اس سے انحراف نہیں کرسکتے۔ اگر فریقین نے کسی نزاع کا تصفیہ کیا ہو تو ایسا تصفیہ اس بنا پر منسوخ نہ کیا جائے گا کہ اس سے ایک فریق کو اس جائداد سے زیادہ حصہ جائداد ملی ہے جو اس کو اس صورت میں غالباً ملنی چاہئے تھی جبکہ وہ ان معاملات کی نسبت جنمیں انکے مابین اختلاف تھا عدالت کا فیصلہ حاصل کرتا۔ خاندانی انتظامات کے اس اصول میں اس عام اصول کے خلاف کوئی امر موجود نہیں ہے کہ جب کسی معاہدہ کے ذریعہ سے جو نابالغ کی جانب سے کیا جائے اسکو پابند کرنیکی کوشش کی جائے تو یہ ظاہر کرنا چاہئے کہ معاہدہ نابالغ کے فائدہ کے لئے تھا۔ اگر نابالغ کی حالت سے نامناسب فائدہ حاصل کیا گیا ہو تو خاندانی انتظام داب ناجائز یا غیر مساوی حیثیت یا ان دیگر وجوہ میں سے جن سے بالغوں کی صورت میں کوئی انتظام کالعدم ہوگا کسی ایک وجہ سے منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ لیکن جب اس قسم کا کوئی نقص موجود نہو تو کسی مشتبہ دعوی کا تصفیہ نابالغ کے لئے اسی قدر مفید ہے جسقدر کہ وہ بالغ کیلئے مفید ہے اور جبکہ کسی حقیقی نزاع کا مناسب طور پر تصفیہ کیا گیا ہو تو نزاع محض اس بنا پر بکرر آغاز نہیں کیا جاسکتی

۱۵۱

کہ خاندانی انتظام کا ایک فریق نابالغ تھا۔

کرامت اللہ میاں بنام کرامت اللہ میا۔ انڈین کیسز جلد ۴۹ صفحہ ۸۸۶ پر استدلال کیا گیا۔ بیرو دیوسہائے بنام گوری شنکر۔ انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۲۸ صفحہ ۲۰۵ بسر نیاتھ بوس بنام رانی چندرا رائے۔ انڈین کیسز جلد ۳۵ صفحہ ۹۴۵ کتسی لال بنام برت لال۔ انڈین کیسز جلد ۴۷ صفحہ ۲۰۷۔ بی بیرشاہ بنام لی لام انڈین کیسز جلد ۳۵ صفحہ ۶۳ ورام نرنجن سنگھ بنام پرتاپ سنگھ انڈین لاء رپورٹ کلکتہ جلد ۸ صفحہ ۱۳۸ کا حوالہ دیا گیا۔

جبکہ کسی ثالثی کے دونوں فریق اور ثالثوں کو فریقین کی صحیح قانونی حیثیت کے متعلق کامل غلط فہمی ہوئی ہو اور یہ غلط فہمی کارروائیات ثالثی بحق فریقین کے قانونی حقوق پر غور کرنے کے لئے شریک نہ کئے جانے کا باعث ہوئی ہو تو فیصلہ ثالثی ناقص ہے اور فریقین پر واجب التعمیل نہیں ہے۔

(استدعات پر بحث کی گئی)

اصول جنکی بناء پر کسی ثالثی کے جواز کا اندازہ کیا جانا چاہیئے ان اصول سے زیادہ سخت ہے جو اس صورت میں متعلق ہوتے ہیں جبکہ کوئی خاندانی مجہوتہ زیر غور ہو۔ چند مقدمات میں اگرچہ بطور ایک ثالثی کارروائی کے کسی فیصلہ ثالثی کے نتیجہ کی تائید نہیں کیجا سکتی تاہم اسکی تائید اس بناء پر کیجا سکتی ہے کہ فیصلہ ثالثی سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ وہ اصل کسی خاندانی معاہدہ کا نتیجہ ہے۔ مدعی علیہ نمبر ۳ ایک ہندو نابالغ تھا جو متنازعہ میں ایک حق عودی رکھتا تھا۔ اسکی ماں اسکی جانب سے عمل کرتے ہوئے نزاع کو سپرد ثالثی کرنے پر رضامند ہوئی لیکن سپردگی کے معاہدہ میں یا کارروائی ثالثی کے دوران میں مدعی علیہ نمبر ۳ کی صحیح قانونی حیثیت اور حقوق پیش نہیں کئے گئے تھے اور نہ ان پر غور کیا گیا تھا۔ ثالثوں نے ایک فیصلہ صادر کیا جسکا اثر یہ تھا کہ مدعی علیہ نمبر ۳ کو اس تاریخ کے بعد جبکہ اسکا حق عودی اسکو قانوناً حاصل ہونا چاہیئے تھا اسکا حاصل ہونا کسی غیر معین مدت کیلئے ملتوی

بابو رام بہادر سین بنام مہنت گنیش بھگت (پٹنہ)

کیا گیا تھا۔ قرار دیا گیا ان وجوہ کہ فیصلہ ثالثی مدعی علیہ نمبر ۳ کی قانونی حیثیت اور حقوق کی کامل غلط فہمی پر مبنی تھا وہ قانوناً ناقص تھا۔ اور اس پر واجب التعمیل نہ تھا۔

(۲) یہ کہ یہ قرار نہیں دیا جا سکتا تھا کہ فیصلہ ثالثی بطور ایک خاندانی سمجھوتہ کے مدعی علیہ نمبر ۳ پر واجب التعمیل تھا کیونکہ فیصلہ ثالثی کا نتیجہ تھا کہ نابالغ کے حق عودی پر اس طریقہ سے اثر ہوا تھا جو اسکے لئے نہایت مضر تھا اور یہ کہ اسکی ماں کی تسلیم یا سکوت سے فیصلہ ثالثی مدعی علیہ نمبر ۳ پر واجب التعمیل نہ ہو سکتا تھا۔

۱۹۲۰ء
مرافعہ بنا راضی فیصلہ مصدرہ سب آرڈینیٹ جج مظفر پور مورخہ ۷ ماہ مئی

بجانب مرافع۔ مسٹر جی سی۔ داس وپی۔ این۔ مستر۔

بجانب مرافعہ علیہا۔ مسٹر رام لال۔ وایم۔ کے پرشاد ثالث

**جسٹس بکنیل** یہ ایک مرافعہ اولی تھا جو سب آرڈینیٹ جج مظفر پور کے فیصلہ مورخہ ۷ ماہ مئی ۱۹۲۰ء کی ناراضی سے پیش کیا گیا تھا۔

واقعات نہایت سادہ ہیں۔

ایک عورت مسماۃ رانی بگیا کماری دیوی ایک شخص راجہ پرتی پرتاب سین کی بیوہ دو مواضعات لانگری اور باستہا واقع پٹہ رام گیر پرگنہ مجھوا ضلع چمپارن کے جو جائداد ہائے متنازعہ ہیں کامل سولہ آنہ ملکیت بحیثیت متوفی رکھتی تھی وہ ۱۹۱۰ء یا ۱۹۱۱ء میں فوت ہوئی۔

اسکی ایک بیٹی پریم کماری دیوی تھی جسکا ازدواج ایک شخص گمبھیر سنگھ کے ساتھ ہوا تھا۔ وہ ۱۹۱۸ء میں فوت ہوئی اسکا شوہر اسکے قبل فوت ہو چکا تھا اسکو ایک بیٹا اور ایک بیٹی تھی۔ اول الذکر کا نام کشن کماری دیوی اور موخر الذکر کا نام راجہ راج کمار سنگھ تھا۔ کشن کماری دیوی کا ازدواج ایک شخص سری پت کانت سین کے ساتھ ہوا تھا اور اس کے دو بیٹے بابو رام بہادر سین (جو نابالغ ہے اور نالش ہذا کا مدعی علیہ فریق اول ہے جسکا قائم مقام اسکا ولی ایک چچا بابو عرف بچہ سنگھ ہے جو ۱۹۱۹ء میں ڈسٹرکٹ جج نے مقرر

بابو رام بہادر سین بنام مسنت گنیش بھگت (دیگراں)

کی عدالت سے مقرر کیا گیا تھا اور بابو شیام سندر سین تھے وہ تالث کے قبل نابالغ فوت ہوا تھا۔ ثالث تقریباً سنہ ۱۹۰۲ء میں فوت ہوئی سری پرکاش سین ثالث مذا کا مدعی علیہ فریق ثالث ہے۔

راجہ رنج کمار نگھو کا ازدواج ایک عورت رانی سری کماری دیوی کے ساتھ ہوا تھا۔ انکی کوئی اولاد نہ تھی۔ وہ سنہ ۱۹۰۶ء میں فوت ہوا اور اسکی بیوہ ثالث مذا کی مدعی علیہا فریق ثانی ہے۔

اشارات مذکورہ صدر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مدعی علیہم کون ہیں۔ مدعی کی حیثیت حسب ذیل ظاہر کیا گیا ہے۔ بنا دعوٰی کی بنا پر جو قانونی امر مقدمہ ہذا میں در اصل تنقیح طلب ہے۔ رانی سری کماری دیوی مدعی علیہا فریق ثانی نمبر ۲ نے اپنے شوہر کی وفات کے بعد سنہ ۱۹۰۶ء میں قبل ازیں ایک شخص مسمی مشرا پس۔ اپنی معین کے حق میں مواضعات متنازعہ کی نسبت ایک ٹھیکہ پٹہ تکمیل کیا تھا سنہ ۱۹۰۷ء میں یہ محسوس کیا کہ وہ جائداد میں صرف حیاتی حق رکھتی تھی اور اگر خیراتی درمیانی معاملات کو نظر انداز کیا جائے تو سنہ ۱۹۱۰ء میں اسنے ایک سادہ ہوالو نوا درپن انتقالی تکمیل کیا جسکی رو سے مسٹر کیبنو (جو ہوسراری کے کارخانہ نیل کے جزوی مالک تھے) جائداد پر قابض رہے۔ اسکے رہنامہ جات پر مدعی سے سنہ ۱۹۱۰ء میں مبلغ ۸۰۰۰ اور سنہ ۱۹۱۱ء میں مبلغ ... قرض لئے اور بالآخر سنہ ۱۹۱۸ء میں مدعی کے حق میں مبلغ ۵۴۰۰۰ ہزاری بابتہ ایک رہنامہ (رہنامہ انتقالی) تکمیل کیا۔ منجملہ اس رقم کے تقریباً مبلغ ... اس رقم کی ادائی کیلئے قرض لئے تھے جو مسٹر کیبن کو واجب الادا تھی جو جائداد پر قابض رہنا نہ چاہتے تھے تقریباً مبلغ ... ان رقوم کی ادائی کیلئے علیحدہ کئے گئے تھے جو مدعی کو ان رہنامجات کے تحت واجب الادا تھیں جنکا ابھی اوپر ذکر کیا گیا ہے اور بقیہ رقم جو تقریباً مبلغ ... تھی مدعی کیجانب سے مدعی علیہا کو اسکی "قانونی ضرورتیا" کی تکمیل کیلئے قرض دیگئی تھی جسطرح کہ ان دو سابقہ قرضوں کی نسبت بیان کیا گیا تھا جو اسکی جانب سے اسکو صفحہ ۴۸۵

دیئے گئے تھے۔ نیز مدعی نے سنہ ۱۹۱۸ء میں بحیثیت ایک زرپیشگی دار کے جائداد کے قبضہ کا مستحق ہونا بیان کیا تھا لیکن اس اثنا میں بچو بابو سنگھ نے سنہ ۱۹۱۸ء میں بذریعہ کلکٹر مظفر پور سے مدعی علیہ فریق اول کی ولایت کا سرٹیفکیٹ حاصل کیا تھا۔ اسکے اور مدعی کے مابین جائداد دخیل قبضہ کے متعلق ایک تنازعہ پیدا ہوئی جو سنہ ۱۹۱۶ء کا روائیات زیر دفعہ ۱۴۵ مجموعہ ضابطہ فوجداری پر ختم ہوئی۔ اس تنازعہ کا تصفیہ بچو سنگھ کے حق میں کیا گیا تھا جو قابض ہے۔ اس لیے نالش مذا رجوع کی گئی ہے۔

مدعی نے حسب ذیل دادرسیوں کا مطالبہ کیا ہے:۔

۱۔ یہ کہ مدعی علیہا نمبر ۲ کے ٹھیکہ جات باطل ہیں اور مدعی علیہا فریق ثانی کے تحت مدعی کے حق زرپیشگی اور جائداد پر اسکے منظور ہیں مدعی علیہ نمبر ۱ کی وصیت کو منسوخ کرکے مدعی کے حق میں ایک ڈگری صادر کیجائے جسکی رو سے انکا قبضہ عطا کیا جائے اور یہ کہ مدعی علیہ فریق اول کو بیدخل کرکے اس کو انکا قبضہ دلایا جائے۔

۲۔ واصلات۔

۳۔ خرچہ مقدمہ۔

۴۔ ایسی دیگر دادرسی جسکا مدعی مستحق خیال کیا جاسکے۔

سبارڈینیٹ جج نے مدعی کے حق میں دعوی ڈگری کیا مدعی علیہا فریق ثانی و ثالث حاضر نہیں ہوئے اگرچہ ان پر باضابطہ تعمیل کیگئی تھی۔ مدعی علیہ نمبر ۱ کو مدعی کا خرچہ ادا کرنیکا حکم دیا گیا تھا۔ یہ دیکھنا ضروری ہے کہ مدعی کے دعوی کی نسبت کیا جوابدہی کیگئی تھی جسطرح کہ مدعی علیہ نمبر ۱ نے اپنے جوابدعوی میں پیش کی تھی اس نے در اصل یہ بیان کیا تھا کہ ایک وصیت نامہ مورخہ ۸ فروری سنہ ۱۹۰۶ء کی رو سے اسکی مانکی ماں نے اسکو اور اسکے بھائی شیام بہادر سین کو جو اب فوت ہوچکا ہے سماۃ بگیا کماری دیوی کی کل جائداد میں ہبہ بالوصیت کی تھیں جو اسکی وارثہ کی حیثیت سے اسکی مانکی ماں کو حاصل ہوئی تھیں

بابو رام نہالسین
بنام
مہنت گنیش بھگت
(پٹنہ)

نیز اسنے یہ بیان کیا کہ واقعات جنکی بنا پر اسکے چچا کی بیوہ (مدعی علیہا فریق ثانی) کو جائداد کا قبضہ حاصل ہوا تھا خود اسپر (یعنے مدعی علیہ فریق اول پر) کوئی قانونی اور واجب التعمیل اثر نہ رکھتے تھے ضمناً اسنے اس امر سے انکار کیا کہ اسکو کوئی رقم قرض لینے کی کوئی قانونی ضرورت تھی نیز اسنے اس بیان کی تردید کی کہ مدعی بحیثیت ایک رہن دار کے یا اور طور پر جائدادوں پر کبھی بھی درآمل قابض تھا۔

اب ان واقعات کی جانچ کرنی ضروری ہے جنکی بنا پر مدعی علیہا فریق ثانی نے اپنے آپکو جائداد پر قابض پایا تھا اور وہ ان دستاویزات کو تکمیل کر سکی تھی جنسے بطور رہن انتفاعی کے جائداد کا منتقل کیا جانا ظاہر ہوتا تھا۔ ابتداً یہ بیان کرنا مناسب ہوگا کہ اب اس امر کی نسبت کوئی نزاع نہیں ہے کہ اگر ان واقعات میں سے کوئی واقعہ وقوع میں نہ آتا تو جائداد معمولی طرح منتقل ہو جاتی۔ یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ رانی بگیا کماری دیوی جائداد پر کامل حقیت رکھتی تھی اس امر سے اتفاق کیا گیا ہے کہ اسکی وفات کے بعد اسکی بیٹی پریم کماری دیوی کو صرف ایک حین حیاتی حق وراثتاً حاصل ہوگا۔ یہ بھی تسلیم کیا گیا ہے کہ چونکہ پریم کماری کا بیٹا اسکی وفات کے قبل فوت ہوا تھا جائداد اسکی بیٹی بشن کماری دیوی کو حاصل ہوگی۔ جسکو اس میں صرف حین حیاتی حق حاصل ہوگا اور یہ کہ بالآخر وہ مدعی علیہ مذا کو وراثتاً حاصل ہوگی۔ لیکن ان واقعات میں سے پہلا واقعہ جو وقوع میں آیا یہ تھا کہ ۱۸ اکتوبر سنہ ۱۹۱۴ء کو رانی بگیا کماری دیوی نے بابو گمبھیر سنگھ کے حق میں جو اسکی بیٹی پریم کماری دیوی کا شوہر تھا ایک مختار نامہ تکمیل کیا تھا۔ یہ دستاویز جو دستاویز نشان ۱۶ ہے مقدمہ ہذا میں نہایت اہم ہے لیکن اسکو پوری تفصیل کے ساتھ درج کرنا غیر ضروری ہے۔ اس میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ تکمیل کنندہ اپنی جائداد کے متعلق کئی کاروباری معاملات اور مقدمات رکھتی تھی اور ان بیانات کے بعد اسمیں حسب ذیل درج ہے "میرا نواسہ راجہ راج کمار سنگھ میرا وارث ہے۔ لیکن وہ اب نابالغ ہے اور بذات خود موضع اور عدالت کے معاملات کا انتظام نہیں کر سکتا۔ تکمیل کنندہ ایک پردہ نشین عورت ہونے اور میرے لئے موضع اور عدالت کے معاملات کا انتظام کرنا غیر ممکن ہے بجز اسکے کہ میں کسی عام کارندہ کو مقرر کر دوں۔ اسلئے میں برضا و رغبت بابو گمبھیر سنگھ .... کو بطور عام کارندہ کے مقرر کیا ہے .... یہ مختار نامہ اسوقت تک نافذ رہے گا جبتک کہ میرا نواسہ راجہ راج کمار سنگھ بالغ نہو جائے۔ بالغ ہونیکے بعد وہ بذات خود اپنے معاملات کی نگرانی کریگا یا کسی مختار کو مقرر کریگا" تکمیل کنندہ نے ایک شخص بلدیو لال کے روبرو اپنا نشان ثبت کیا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ دو دیگر اشخاص نے اس دستاویز کو دیکھا تھا جسکو ایک کاتب نے تحریر کیا تھا۔ دستاویز کی حسب معمول رجسٹری کرائی گئی تھی۔ منجملہ ان سوالات کے جو مقدمہ ہذا میں پیدا ہوتے ہیں ایک سوال یہ ہے کہ آیا اس دستاویز سے راجہ راج کمار سنگھ کے حق میں جائداد کی نسبت کوئی حقیت پیدا ہوئی تھی یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ تاریخ مذکور پر تکمیل کنندہ اپنی کامل جائداد ہبہ یا وصیت نامہ کے ذریعہ سے منتقل کر سکتی تھی۔ یہ بھی تسلیم کیا گیا ہے کہ اگر وہ کوئی ہبہ یا وصیت نامہ نہ کرتی تو جائداد (جو خود اسکا ملکیتی استری دھن تھا) اسکی بیٹی پریم کماری دیوی کو نہ کہ اسکی بیٹی کے بیٹے راجہ راج کمار سنگھ کو وراثتاً حاصل ہوتی۔ یہ بھی تسلیم کیا گیا ہے کہ دستاویز سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ تکمیل کنندہ کا یہ خیال تھا کہ راجہ راج کمار سنگھ اسکا وارث تھا۔ سب آرڈینیٹ جج نے یہ تجویز کی ہے کہ اس دستاویز سے راجہ راج کمار سنگھ کو کوئی حقیت حاصل نہیں ہوئی تھی

صفحہ ۵۴۶

اسکے گمبھیر سنگھ نے بظاہر جائداد کی نگرانی کی تھی۔ رانی بگیا کماری دیوی سنہ ۱۹۱۹ء یا سنہ ۱۹۲۰ء میں فوت ہوئی سنہ ۱۹۱۰ء میں ۸ فروری کو پریم کماری دیوی نے ایک وصیت نامہ (دستاویز الف) تیار کیا۔ اس وصیت نامہ میں یہ بیان کرنیکے بعد کہ اسکی ماں چند جائدادوں کی مالک تھی اسنے اس واقعہ کا ذکر کیا تھا کہ اسکی ماں نے اسکے (موصیہ کے) شوہر گمبھیر سنگھ کے حق میں ایک مختار عام تکمیل کیا تھا نیز اسنے یہ بیان کیا تھا کہ اسکے ماں کے کوئی بیٹا نتھا اسکی ماں کی

بابو رام بہادر سین بنام ہنونت گنیش بھگتا (پٹنہ)

جائداد پر اسکو موصیہ کو بطور استری دہن کے ملکی تھیں۔ اور یہ کہ اسکی ماں کی وفات کے بعد سے وہ اور اسکا شوہر جائداد کی نگرانی کر رہے تھے اور وہ اسکی قطعی مالک تھی۔ موصیہ نے مزید یہ بیان کیا تھا کہ خود اسکا بیٹا راج کمار سنگھ بزمانہ نابالغی فوت ہوا تھا اور اسکے بعد یہ بیان کیا تھا کہ اسنے اپنے دونو اسوں کو جنکی نسبت وہ یہ بیان کرتی ہے کہ وہ اسکی وفات کے بعد اسکے وارث ہونگے محبت اور اس خیال کی وجہ سے اسکی وفات کے بعد جائداد کی نسبت نزاعات پیدا ہونگی اپنی کل جائدادیں ہبہ بالوصیت کی تھیں نیز اسنے یہ بیان کیا تھا کہ اگر وہ (موصیہ) اس وقت فوت ہو جبکہ وہ ہنوز نابالغ ہوں تو اونکا باپ سری یت کاشی سنگھ انکی جانب سے بطور کارندہ عام کے جائداد کی نگرانی کریگا۔ یہاں پر تسلیم کیا گیا ہے کہ موصیہ کو یہ خیال کرنے میں غلط فہمی ہوئی تھی کہ اسکو جائداد میں بجز ایک مین حیاتی حق کے اور کچھ حاصل نہ تھا جبکہ یہ فرض کیا جائے کہ وہ اسکی ماں کی وفات پر اسکو حاصل ہوئی تھی۔ یہ بھی عام طور پر تسلیم کیا گیا ہے کہ مدعی علیہ فریق اول کا خیال ہمیشہ یہ تھا کہ اس کو اس وصیت نامہ کے تحت حقیت حاصل ہوئی تھی۔ اس وصیت نامہ کی تکمیل کو زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ پریم کماری دلوی فوت ہوئی اور اسکے بعد ہی نزاعات پیدا ہوئیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ ابتداً منیجر کورٹ آف وارڈز بتیا راج کے سپرد کیگئی بعض مرحلے پر یہ رائے ظاہر کی کہ متنازعہ معاملہ کو ثالثی کے سپرد کریں۔ ایک جانب راج کماری بیوہ اور دوسری جانب سری کرشن سنگھ تین ثالثوں مسمیان منشی دوست محمد خان سر سندلال دوبے و منشی دسرتھ لال کے تقرر پر رضامند ہوئے۔ ان تین صاحبوں نے نہایت عقلمندی سے یہ خیال کیا تھا کہ قبل اسکے کہ وہ تحقیقات آغاز کریں سپردگی ثالثی کا ایک باضابطہ اقرارنامہ تیار کیا جانا چاہیئے۔ اور ایک اقرارنامہ کے ذریعہ سے جو دستاویز ہے ۱۶ اپریل ۱۹۳۰ء کو حسبہ عمل کیا گیا تھا یہ بھی ایک نہایت اہم دستاویز ہے اسکے ابتدائی الفاظ حسب ذیل ہیں۔

"ہم کرشن کماری دیوی بابو گمبھیر سنگھ متوفی کی بیٹی اور بابو سری کاشی سنگھ کی بیوی زندہ ہے زوجہ اور رام بہادر سین و شیام بہادر سین نابالغوں کی ماں ولیہ و دلیہ دوران مقدمہ سنگر پر کاشی سین پسر بابو آنند ہوجا سین متوفی و مسماۃ رانی سری کماری دیوی بیوہ راجہ راج کمار سین متوفی و بہو بابو گمبھیر سنگھ متوفی ہیں۔ . . . ہمارے یعنی تکمیل کنندگان کے مابین ان جائداد ہائے منقولہ و غیر منقولہ کی بابت جو ہماری نانی مسماۃ بنگیا کماری دیوی نے حاصل کی تھیں ایک نزاع ہے اور اس سے ہماری جائدادوں کی بربادی کا احتمال ہے۔ اس لئے ہم نے ایک دوسرے کی رضامندی سے بتیا راج کے منیجر کے روبرو اپنی نزاع کے تصفیہ کیلئے ایک درخواست پیش کی ہے اور اپنی مرضی کے مطابق تین اشخاص یعنے سر سندلال دوبے پسر گوپال دت دوبے متوفی قوم برہمن پیشہ زمینداری و ملازمت ساکن موضع بتیا پٹہ "کھدا" منشی دسرتھ لال پسر منشی سبھہ نارائن متوفی قوم کایستھ پیشہ زمینداری و پنشن خزانچی ساکن موضع حسن پور ماہتیا پرگنہ دانکی ضلع سرن حال ساکن بتیا محلہ گنیدرم و منشی دوست محمد خان پسر منشی سراج علی خان متوفی قوم پٹھان پیشہ مختاری ساکن قوشہ بتیا کالی باغ کو بطور ثالثوں کے مقرر کیا ہے۔ اس لئے ثالثوں کے ذریعہ سے نزاع کا تصفیہ کرانے اور آئندہ نزاع سے اگر کوئی ہو باز رہنے کے لئے ہمارے لئے ایک اقرارنامہ تکمیل کرنا اور اسکی رجسٹری کرانا ضروری ہے۔ اس لئے بلا جبر و اکراہ بہ صحت ہوش و حواس ہم یہ معتبر اقرار کرتے ہیں اور اس میں تحریر کرتے ہیں کہ ثالثان مذکوران جائدادوں کے متعلق جن پر مالکانہ حق کی بنا پر قبضہ ہو یعنے اراضیات معافی لکھیراج بت و ندامتی وغیرہ موقوعہ راج بتیا راج کے ٹھیکہ داری و کاشتکاری حقوق و مویشی وغیرہ

لیے کل جائداد منقولہ وغیر منقولہ و خانگی اسباب کے متعلق جس طریقہ سے چاہیں ہماری نزاعات کا انفصال کریں گے۔ وہ حقوق کا تصفیہ کرنے کے بعد کسی شخص کو کوئی حصہ دینے یا اور طور پر عمل کرنے یا کسی اور طریقہ سے جو وہ مناسب خیال کریں اس سوال کا تصفیہ کرنیکے مجاز ہونگے۔ ہم تکمیل کنندگان میں سے کسی کو اسکی نسبت کوئی اعتراض نہوگا اگر کوئی فریق اسکی نسبت کوئی اعتراض کرے تو اقرار نامہ کی بنا پر وہ ناجائز اور نامناسب خیال کیا جائیگا اور عدالت میں قبول نہ کیا جاسکیگا۔ ہم تکمیل کنندگان فیصلہ ثالثی پر قائم رہینگے اور اسکی تعمیل کریں گے اسلئے ہم نے یہ اقرار نامہ تکمیل کیا ہے تاکہ وہ عند الضرورت کام آسکے۔ ایک کاتب مسمی دیبی پرشاد نے یہ اقرار نامہ تحریر کیا تھا اور اسکے نیچے وہ حسب ذیل تحریر کرتا ہے ”میں نے تکمیل کنندگان کو اس دستاویز کا مضمون سمجھا دیا ہے“۔ دستاویز پر جملہ تکمیل کنندگان نے باضابطہ طور دستخط کئے تھے اور بالآخر ۲۴ اپریل ۱۹۰۸ء کو بتیا کے دفتر سب رجسٹری میں رانی لشن کماری دیوی نے اسکی رجسٹری کرائی تھی ۱۷ جولائی ۱۹۰۸ء کو ثالثوں نے اپنا فیصلہ صادر کیا۔ اقرار نامہ میں تکمیل کنندگان نے اس امر کی صراحت نہیں کی تھی کہ اس نزاع کی صحیح نوعیت کیا تھی جسکی نسبت انہوں نے یہ بیان کیا تھا کہ وہ انکے مابین جائداد متعلق برپا تھی یا یہ کہ ایک فریق یا دوسرے کا دعوی کس امر پر مبنی تھا۔ بہرحال انکے علی الترتیب دلائل فیصلہ ثالثی میں جو دستاویز بالا ہے بہت واضح طور پر ظاہر کی ہیں۔

ابتدائً یہ بیان کیا گیا ہے کہ فیصلہ ثالثی لشن کماری دیوی سری پرکاش سنگھ اور انکے بیٹوں رام بہادر و شیام بہادر کے مابین جو فریق اول تھے اور سری کماری دیوی کے مابین جو فریق ثانی تھی صادر کیا گیا تھا۔ ثالثوں نے اس معاملہ کے مختصر حالات بیان کئے تھے۔ وہ یہ کہتے ہیں ”رانی بگیا کماری دیوی نے حق مواضعات لاگوری یا ستہا اور جیدی رام نگر راج سے حاصل کئے تھے۔ رانی بگیا کماری دیوی کو ایک بیٹی یعنے پریم کماری دیوی تھی جسکا ازدواج بگیر سنگھ کے ساتھ ہوا تھا۔ پریم کماری کو ایک بیٹا یعنے راج کمار سین اور ایک بیٹی لشن کماری تھی۔ سری کماری دیوی (فریق ثانی) راج کمار سین مذکور الصدر کی بیوہ ہے۔ بگیا کماری ۱۳۱۲ف میں پریم کماری اپنی بیٹی راج کمار سین بیٹی کا بیٹا اور لشن کماری بیٹی کی بیٹی چھوڑ کر فوت ہوئی۔ راج کمار سین بھی اسی سال بگیا کماری کی وفات کے کچھ عرصہ بعد فوت ہوا۔ پریم کماری اور سری کماری کئی سال تک مشترکاً اور امن کے ساتھ رہا کئے۔ ماہ پھاگن ۱۳۱۵ف میں رام کماری فوت ہوئی اور اپنی وفات کے صرف ۸ روز قبل اسنے ایک وصیت نامہ مورخہ ۸ فبروری ۱۹۰۹ء رام بہادر اور شیام بہادر اپنی بیٹی کے بیٹوں کے حق میں ان کل جائدادوں کی بابت تکمیل کیا جو بگیا کماری نے حاصل کی تھیں اسی وصیت نامہ کی بنا پر فریقین کے مابین نزاع پیدا ہوئی کیونکہ ہر فریق کلیتًا جائداد و نکا قبضہ حاصل کرنے کی کوشش کر رہا تھا“

”فریق اول نے وصیت نامہ کی بنا پر جائدادوں کا دعوی کیا ہے اور اس کی حجت یہ ہے کہ بگیا کماری کی وفات کے بعد اسکی بیٹی پریم کماری جائدادونکی وارث ہوئی تھی اور یہ کہ اس لئے اسکے لئے جس طرح وہ چاہتی ان کا منتقل کرنا جائز تھا“

”فریق ثانی کا یہ دعوی ہے کہ بگیا کماری کی وفات کے بعد راج کمار سین اور اسکی وفات کے بعد اس کی بیوہ سری کماری فریق ثانی کل جائدادوں کی وارث ہوئی تھی“

”اس امر کا فیصلہ کرنیکے لئے کہ آیا پریم کماری یا راج کمار سین بگیا کماری کی وفات کے بعد اس کی جائدادوں کا وارث ہوا تھا ہمارے پاس ایک رجسٹر شدہ دستاویز مورخہ ۱۹ اکتوبر ۱۸۹۱ء ہے جو ایک

بابو رام بہادر
بنام
سینت گنیش بیگ
(دیپشہ)

مختار نامہ عام ہے جو بگیا کماری "نے نکیہر سنگھ کے حق میں
تکمیل کیا تھا جس میں بگیا کماری نے راج کمار سین کو بطور اپنے وارث
اور اپنی کل جائدادوں کے جانشین کے تسلیم کیا ہے
اس میں کوئی شک نہیں کہ راج کمار سین بگیا کماری کی وفات کے
بعد اسکی جائدادوں کا قطعی مالک از قسم ذکور تھا۔ اور راج کمار سین
کی وفات کے بعد دہرم شاستر کے بموجب اسکی بیوہ سری کماری اپنے
شوہر کی جائدادونکی وارث ہوئی تھی۔ اس لئے وہ اپنی عین حیات
جائدادوں سے متمتع ہونیکی مستحق ہے۔ لیکن رام بہادر شیام بہادر سری
کماری کی وفات کے بعد جائدادوں کے وارث ہوں گے۔"

"ہم خیال کرتے ہیں کہ فریق اول فریق ثانی کی عین حیات پرورش
کا مستحق ہے لیکن چونکہ اسوقت فریق ثانی کیساتھ انکے تعلقات اچھے نہیں
ہیں اسلئے آئندہ نزاع کو رفع کرنے کیلئے ہم یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ
فریق ثانی کو مبلغ مالعہ سالانہ نقد ادا کرنا چاہیئے اور مبلغ مالعہ
کی یہ رقم فریق اول مسٹر ایس ای کیفین سے منجملہ مالعہ کے حاصل کر سکتا
ہے جو مسٹر ایس ای کیفین کیجانب سے مواضعات لانگری وباستہا کے
لگان سے سری کماری وغیرہ کو سالانہ واجب الادا ہے۔ ہم یہ بھی
فیصلہ کرتے ہیں کہ موضع لانگری کی کاشت شدہ اراضیات زراعت
سے فریق اول کو اپنی پرورش کے لئے (چھ) بیگہ اور ایک آم کا ٹوپ
موازی تخمیناً (۱) بیگہہ دینا چاہیئے واقع موضع مہدی پور ملیں گے۔
کل دیگر جائدادیں بلا شرکت غیرے فریق ثانی کے قبضہ میں رہیں گی
اور فریق اول فریق ثانی کے قبضہ میں کسیطرح دست اندازی نہ کریگا۔
لیکن فریق اول یا فریق ثانی کو جائدادیں تلف کرنے کا کوئی حق نہ ہوگا۔
دونوں فریق موروثی مکان واقع مہدی پور میں رہینگے جیسا کہ سابق میں رہتے
تھے اسکے بعد مواضعات مہدی پور وگرجا باقی رہتے ہیں جو
ٹھیکہ کی بنا پر وقتاً فوقتاً تکمیل کئے گئے تھے کئی سال تک بٹیا راج
کی جانب سے خاندان کو پٹہ پر دیئے گئے تھے۔
آخری پٹہ چند سال قبل یعنی پریم کماری کی عین حیات جس نے
اس پر کوئی اعتراض نہیں کیا تھا سری کماری دیوی کے نام پر عطا
کیا گیا تھا۔ فریق اول نے بھی وصیت نامہ مذکور کی بنا پر جو پریم کماری
نے تکمیل کیا تھا اس موضع کے حق ٹھیکہ داری کا مطالبہ کیا ہے۔
لیکن جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے راج کمار سین آخری قطعی مالک
از قسم ذکور تھا اور اسکی وفات کے بعد اسکی بیوہ سری کماری دیوی
فریق ثانی قانوناً اپنے شوہر کی جائداد کی وارث ہوئی تھی اور علاوہ
اس امر کے بٹیا راج نے آخری پٹہ مناسب شخص سری کماری دیوی
کو عطا کیا تھا اسمیں کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ سری کماری دیوی
مواضعات مہدی پور وگرجا کے ٹھیکہ داری حق سے بلا شرکت
غیرے متمتع ہونے کی مستحق ہے اور پٹہ اسکے نام پر تکمیل ہونا چاہیئے۔
"لیکن فریق اول حسب ضرورت موضع مہدی پور سے قدیم
رواجات کے بموجب مزدور اور مناسب فرمائش حاصل کرنے کا
مستحق ہوگا اور فریق ثانی بشرط ضرورت فریق اول کو ضرور مدد دیگا۔
ہم مزید یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ اگر کسیوقت اطمینان بخش اور
معتبر شہادت کے ذریعہ سے یہ ثابت کیا جاسکے کہ فریق ثانی نے ہندو
مذہب ترک کیا ہے تو جائدادونکی نسبت اسکا حق ملکیت زائل
ہو جائے گا جو اسکے بعد فریق اول کو حاصل ہوگی فریق ثانی فریق اول سے
نان و نفقہ پانیکا مستحق ہوگا اس فیصلہ ثالثی سے یہ ظاہر ہوگا کہ کرشن کماری کی جانب
اس وصیت نامہ کے ذریعہ سے جو پریم کماری نے کیا تھا رام بہادر
و شیام بہادر کے لئے جائداد کا مطالبہ کیا تھا اور سری کماری دیوی
نے مختار نامہ مورخہ ۲۹ اکتوبر ۱۹۳۲ء کے تحت جائداد کا مطالبہ
کیا تھا ثالثی نے بظاہر یہ خیال کیا کہ مختار نامہ کی رو سے راج
کمار سنگھ رانی بگیا کماری کی وفات پر موثر طور پر کل جائداد

کا وارث وجانشین قرار پایا تھا فیصلہ ثالثی سے یہ ظاہر ہوگا کہ انہوں نے یہ خیال کیا تھا کہ دھرم شاستر کی رو سے سری کماری دیوی اپنے شوہر کی وفات پر اسکی جائداد کی وارث ہوئی تھی اور وہ حین حیات جائدادوں سے متمتع ہونے کی مستحق تھی لیکن یہ کہ اس کی وفات کے بعد رام بہادر و شیام بہادر جائداد کے وارث ہونگے۔ لیکن یہ کہ اس اثنا میں سری کماری دیوی کو فریق ثانی کو لبطور نان و نفقہ کے کثیر رقم ادا کرنی چاہیئے۔

اس طریقہ سے سری کماری دیوی جائداد پر قابض ہوئی تھی اور اس طریقہ سے اس نے اپنے آپکو ایسی حیثیت میں پایا جس میں وہ ان معاملات کی تکمیل کر سکی تھی جن کے جواز پر مدعی علیہ نمبرا نے جس حد تک کہ وہ اس سے متعلق ہیں اس مقدمہ میں اعتراض کیا ہے۔

مرافعہ ہذا میں نہایت اہم سوال یہ ہے کہ آیا ان کارروائیات ثالثی کا نتیجہ ایک ایسا فیصلہ ثالثی ہے جو مدعی علیہ فریق اول پر واجب التعمیل ہے یا آیا اگر وہ بطور ایک فیصلہ ثالثی کے اسطرح موثر نہ تھا تو ایسا نتیجہ بطور ایک خاندانی مصالحت یا اقرارنامہ کے خیال کیا جا سکتا ہے اور اس حیثیت سے اس پر واجب التعمیل ہے۔ سبارڈنیٹ جج نے یہ تجویز کی ہے کہ کسی فیصلہ ثالثی کا قبول کیا جانا مدعی علیہم پر واجب التعمیل ہے نیز وہ کارروائیات کو بطور ایک خاندانی مصالحت کے خیال کرتے ہیں جو مدعی علیہ نمبرا کو پابند کرنے کے لئے اسی طور پر موثر تھیں لیکن دیگر امور بھی شامل ہیں جن پر بحث کرنا ضروری ہوگا اور اس لئے میں ان پر اس سلسلہ میں غور کرنا چاہتا ہوں جس میں وہ علی الترتیب ہمارے روبرو پیش کی گئی ہیں۔ اب اس امر سے انکار نہیں کیا گیا ہے کہ پریم کماری کو اس طریقہ سے جسکے بموجب اس نے ایسا کرنا ظاہر کیا تھا وصیتنامہ کے ذریعہ سے جائداد منتقل کرنیکا اختیار نہ تھا۔ یہ امر لائق غور

ہو سکتا ہے کہ اگرچہ وہ اس مختارنامہ سے واقف تھی جو اسکے شوہر کے حق میں کیا گیا تھا اس نے اس وقت جبکہ اس نے اپنا وصیتنامہ تیار کیا تھا یہ خیال کیوں نہیں کیا (کہ اگر خاندان کے کسی رکن کے ذہن میں ایسا کوئی خیال درحقیقت کبھی موجود تھا) کہ مختارنامہ سے راج کمار کو کوئی حقیت منتقل کرنا مقصود تھا۔ یہ ممکن ہے کہ راج کمار کی وفات اس کے خیال پر موثر ہوئی ہو لیکن مجھے اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ اگرچہ راج کمار وارث خیال کیا گیا تھا فریقین متعلقہ میں سے کسی فریق کے بھی ذہن میں یہ خیال ہرگز نہ تھا کہ خود مختارنامہ سے اسکو جائداد کی نسبت کوئی حقیت خاص طور پر عطا کرنا مقصود تھا یا یہ کہ وہ ایک مختارنامہ سے جیسا کہ وہ بظاہر معلوم ہوتا تھا کچھ زیادہ تھا۔ لیکن ہمارے روبرو یہ امر پیش کیا گیا ہے کہ مختارنامہ سے قانوناً راج کمار کو حقیت عطا کیگئی تھی۔ میں نہیں خیال کرتا کہ ایسی حقیت عطا کیگئی تھی۔ ہمارے روبرو یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ وہ ایک وصیت نامہ یا انتقال بر امانت ہے جن میں سے ہر ایک کے ذریعہ سے راج کمار کو جائداد کی نسبت حقیت عطا کی گئی تھی۔ الفاظ جو تکمیل کنندہ نے استعمال کیئے تھے۔ "میرا نواسہ راجہ راج کمار سنگھ میرا وارث ہے"۔ میری رائے میں محض خیال کو ظاہر کرتے ہیں اور ان سے حقیت منتقل کرنا مقصود نہ تھا اس مختارنامہ کی اصل غرض محض اس امر کا انتظام کرنے کی تھی کہ راج کمار سنگھ جس کو تکمیل کنندہ نے اپنا وارث خیال کیا تھا نابالغ تھا اور چونکہ تکمیل کنندہ بذات خود اپنے معاملات کا انتظام نہ کر سکتی تھی گمبھیر سنگھ ایک سن رسیدہ شخص اور نابالغ کا باپ لڑکے کے بالغ ہونے تک جائداد کی نگرانی کے لئے مقرر کیا گیا تھا۔ میرے خیال میں الفاظ "بالغ ہونے کے بعد اس کو بذاتِ خود اپنے معاملات کی نگرانی کرنی چاہیے یا کسی مختار کو مقرر کرنا چاہیئے

بہادر سین بنام گنیش بھگت (پٹنہ)

سے صراحتاً کوئی حق منتقل نہیں ہوتا اور نہ اسکو منتقل کرنا مقصود تھا بلکہ محض اس فرض پر کہ قانوناً راج کمار تکمیل کنندہ کا وارث تھا اس واقعہ کے متعلق ایک بیان ہے کہ جو معمولاً وقوع میں آئیگا محض یہ امر کہ یہ معلوم ہوتا کہ اس مختارنامہ کی تکمیل کو تین اشخاص نے دیکھا تھا مجھے اس امر پر غور کرتے وقت اہم نہیں معلوم ہوتا کہ آیا دستاویز وصیتی نوعیت رکھتی ہے۔ میں نہیں خیال کرتا کہ وہ کسی معنی میں ایک وصیت نامہ یا جا سکتا۔ کی نسبت ایک انتقال ہے اور نہ میں یہ خیال کرتا ہوں کہ وہ ایک ایسی دستاویز ہے جو کسی معنی میں بطور حقیت کے استقرار کے خیال کی جا سکتی ہے جس سے کوئی صریح حقوق منتقل ہوئے ہوں۔ میں نہیں خیال کر سکتا کہ اس قسم کی دستاویز کی نسبت حقوق کے ساتھ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس سے کوئی حقیت منتقل کرنا مقصود تھا یا کوئی حقیت منتقل کی گئی تھی۔

کارروائیات ثالثی کے جواز پر کسی وجہ سے اعتراض کیا گیا تھا۔ ان وجوہ میں سے پہلی اور نہایت غیر اہم وجہ اس خیال پر مبنی تھی کہ عورتوں نے اپنے حقوق کو نہیں سمجھا تھا جو انکو مناسب طور پر نہیں سمجھائے گئے تھے۔ یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی گئی تھی کہ شہادت سے یہ ظاہر نہیں ہوا کہ عورتوں کو ان معاملات کی جو کئے جا رہے تھے صاف طور پر اطلاع دی گئی تھی اس سلسلہ میں یہ ظاہر کرنے کیلئے کہ یہ امر نہایت اہم ہے کہ عدالت کو جب کسی پردہ نشین عورت کی جانب سے دستاویزات کی تکمیل پر غور کرنا پڑے اس امر کا اطمینان کرنا چاہئے کہ اس نے یہ سمجھا تھا کہ وہ کیا کر رہی تھی ہماری توجہ مقدمات ستیش چندر اگھوش بنام کالی داسی داسی (۱) و کالیادتی بنام ایک بھنگو (۲) کی جانب مبذول کرائی گئی تھی یہ ظاہر کرنیکی کوشش کی گئی تھی کہ اس نالش میں یہ ظاہر کرنے کے لئے بہت کم شہادت موجود تھی کہ عورتوں کو ان معاملات سے جو کئے جا رہے تھے پوری طور پر واقف کیا گیا تھا۔ میرے خیال میں یہ کوشش ناکام رہی ہے۔ جہاں تک کہ میں سمجھ سکتا ہوں ایسی شہادت کی بنا پر جو کہ موجود ہے یہ خیال کرنے کے لئے کوئی وجہ نہیں ہے کہ اگرچہ ان کے حقیقی قانونی حقوق کی نسبت انکو غلطی ہوئی ہو اس نزاع کی وجہ سے جو پیدا ہوئی تھی سپردگی ثالثی کو ان عورتوں نے پوری طور پر نہیں سمجھا تھا۔

اس کے بعد یہ بحث کی گئی تھی کہ فیصلہ ثالثی دراصل ثالثوں کا فیصلہ نہ تھا کیونکہ وہ اس قدر عمدہ الفاظ میں تحریر کیا گیا تھا جو یہ تین ثالث استعمال نہ کر سکتے تھے جنہوں نے اس معاملہ کا تصفیہ کرنا ظاہر کیا تھا۔ یہ ظاہر کیا گیا تھا کہ وہ دراصل بٹیا راج کے کورٹ آف وارڈز کے عہدہ داروں کے الفاظ تھے۔ اس خیال کے متعلق میں صرف یہ کہہ سکتا ہوں کہ میں بیان نہیں کر سکتا کہ آیا فیصلہ ثالثی کے حقیقی الفاظ میں فریقین کو بٹیا راج کے عہدہ داروں سے مدد ملی تھی لیکن میں نہیں خیال کرتا کہ اگر کوئی مدد ملی تھی تو بھی وہ کوئی اہمیت رکھتی ہے جو کچھ ظاہر کیا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ وہ ایک صاف اور بامحاورہ دستاویز ہے اور اگرچہ وہ غلط قیاسات پر مبنی ہے اس سے یقیناً ایک ایسا انتظام کیا گیا ہے جو نامناسب نہیں ہے کارروائیات ثالثی پر اس بنا پر مزید اعتراض کیا گیا تھا کہ سپردگی ثالثی سے یہ دریافت کرنا غیر ممکن تھا کہ نزاع کی نوعیت کیا تھی۔ یہاں بھی مجھ پر اس دلیل کا زیادہ اثر نہیں ہوا بلاشبہ ایک حقیقی نوعیت کی نزاع موجود تھی اور اگرچہ سپردگی میں وہ واقعہ محض عام الفاظ میں بیان کیا گیا ہے۔ فیصلہ ثالثی سے بالکل ظاہر ہے کہ ثالثوں کو اسکی نوعیت نہایت مکمل طور پر سمجھائی گئی تھی۔

(۱) انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۔ نظائر ہند صفحہ ۷۶۱ (۲) انڈین کیسز جلد ۳ صفحہ ۔ نظائر ہند جلد ۔

نیز یہ کہا گیا تھا کہ فیصلہ ثالثی ناقص تھا کیونکہ بظاہر وہ امور قانونی کی نسبت غلط تھا۔ (ملاحظہ ہو ہالسبریز لاز آف انگلینڈ جلد ا صفحہ ۴۷۹) قانونی غلطیاں جو ظاہر کیگئی ہیں وہ یہ ہیں کہ ثالثوں نے یہ خیال کیا تھا کہ راج کمار رانی بیگیا کا وارث تھا اور یہ کہ اسکی وفات کے بعد جائداد جیسا کہ تسلیم کیا گیا ہے ابتدا پریم کماری کو اور اس کی وفات کے بعد لشن کماری کو اور اس کے ذریعہ سے بالآخر بحیثیت ورثائے عودی اس کے بیٹوں کو حاصل ہونے کی بجائے اسکی زوجہ کو منتقل ہوگی۔ نیز یہ کہا گیا تھا کہ فیصلہ ثالثی کی تائید نکیجا سکتی تھی کیونکہ ثالثوں نے لشن کماری کی حقیت یا اس کے نابالغ بیٹوں کی حقیت پر غور نہیں کیا تھا۔ نیز یہ بحث کیگئی تھی کہ ہر صورت میں نابالغ کے حق عودی پر کسی طرح بحث نہ کی جا سکتی تھی اور یہ کہ مدعی علیہ فریق اول اس فیصلہ ثالثی کا پابند نہو سکتا تھا جس کے ذریعہ سے اسپر مخالفانہ اثر ہوا تھا۔

میں خیال کرتا ہوں کہ ان دلائل میں سے چند دلائل زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ یہ بے شک تسلیم کیا گیا ہے کہ کوئی قابض حین حیات اور کل ورثائے عودی مناسب طور پر بالغ ظاہر کئے گئے ہوں تو انکا معاہدہ کسی جائداد کی حقیت حین حیاتی پر موثر ہو سکتا ہے۔ لیکن یہاں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ کارروائیات ثالثی میں لشن کماری جو صحیح طور پر قانوناً حین حیاتی حق رکھتی تھی خود اپنی حقیت سے واقف یا اسکی قائم مقام نہ تھی بلکہ محض اپنے دو نابالغ بیٹوں کی جانب سے عمل کر رہی تھی جو ورثائے عودی تھے برخلاف اس کے یہ بحث کیگئی ہے کہ اگر یہ صحیح تھا تو بھی اس کا حق کسی معنی میں اس کے بیٹے کے حق کے مخالفانہ نہ تھا اور یہ کہ اگر وہ خود اپنے حق سے واقف نہ تھی یا اگر اس نے خود اپنا حق نظر انداز کرنا اور صرف اپنے بیٹوں کے حق کی تائید کرنا پسند کیا تھا تو

السیاعمل کارروائیات ثالثی کے جواز پر مخالفانہ طور پر موثر ہوگا۔ اس مسئلہ کے متعلق کئی مقدمات کا حوالہ دیا گیا تھا۔ مقدمہ لانسڈون بنام لانسڈون (۳۲) میں واقعات حسب ذیل تھے۔

اس مقدمہ میں چار بھائی تھے۔ دوسرا بھائی فوت ہوا اور سب سے بڑا بھائی متوفی کی اراضیات پر قابض ہوا۔ لیکن ان چار بھائیوں میں سے سب سے چھوٹے بھائی نے حقیت چیلنج کی جس کی بنا پر انہوں نے ایک مدرس کے پاس درخواست کی جسنے سب سے چھوٹے بھائی کے حق میں فیصلہ کیا کیونکہ اس کے خیال میں اراضیات چھوٹے بیٹے کی موجودگی میں بڑے بیٹے کو حاصل نہ ہو سکتی تھیں۔ اسکے بعد جب مدرس نے اپنا فیصلہ صادر کیا سب سے بڑا بھائی سب سے چھوٹے بھائی کے ساتھ جائداد تقسیم کرنے پر رضامند ہوا اور اس نے یہ بیان کیا کہ اگرچہ اسکا ہنوز یہ خیال تھا کہ اس کو وراثت کا حق تھا تو عدالت میں رجوع ہونے کی بجائے ایسی تقسیم پر رضامند ہوگا۔ اسکے بعد مدرس نے نصف جائداد کی دستاویزات پٹہ و مکرر پٹہ مرتب کیں جن کی سب سے بڑے بھائی نے حسب ضابطہ تکمیل کی تھی۔ بعد ازاں سب سے چھوٹا بھائی فوت ہوا اور نصف حصہ اسکے نابالغ بیٹے اور وارث کو وراثتاً حاصل ہوا۔ اسکے بعد سب سے بڑے بھائی نے ایک نالش رجوع کی جسمیں جائداد کا مطالبہ کیا اور لارڈ چانسلر نے یہ قرار دیا کہ وہ اس بنا پر اس کا مستحق تھا کہ پٹہ اور مکرر پٹہ کی دستاویزات غلطی اور غلط بیانی کے ذریعہ سے حاصل کیگئی تھیں۔ مقدمہ کو بنام فیبس (۳۳) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ جب دو فریق کسی واقعہ کی غلطی سے کوئی معاہدہ کریں تو ان میں سے ہر ایک اس سے سبکدوش کئے جانے کے لئے دادرسی کی استدعا کرنے کا مستحق ہے

(۳۲) بابت ۱۷۳۰ء انگلش رپورٹ جلد ۲۵ صفحہ ۴۴۱ (۳۳) ویکلی رپورٹر جلد ۱۶ صفحہ

بابورام تہاریں
بنام
سہنت گنیش بھگت
(پٹنہ)

آئی ایم ایسین بنام گنیش ۔۔۔ (بمبئی)

لیکن و ڈار نی مذکور صرف نیک نیتی کے اصول پر عطا کی جائے گی مقدمہ مذکور کی بنا پر فیصلہ یہ ہے کہ جب فریقین نے کوئی معاہدہ کیا ہو جو انکے حقوق کی باہمی غلطی کی وجہ سے کیا گیا ہو تو ہر فریق معاہدہ منسوخ کرانے کا مستحق تھا اگرچہ کوئی فریب او جو نہو۔ ہالسبری کے بیان کے بموجب (ملاحظہ ہو ۔ لاز آف انگلینڈ جلد ۱ صفحہ ۴۴۴) یہ ظاہر ہوگا کہ انگلستان میں سپردگی ثالثی جو کسی نابالغ نے کی ہو اس کے خلاف اسکی نابالغی کے زمانہ میں نافذ نہیں کیجا سکتی اور اسکے بالغ ہونے پر اسکی جانب سے قابل انفساخ ہوگی لیکن یہ کہ انگلستان میں نابالغوں کی جانب سے عدالت کے باہر ایسی سپردگی بالکل شاذ و نادر ہوتی ہے ۔ معاملہ رابرٹس بنام رابرٹس (۵) میں کورٹ آف اپیل نے یہ قرار دیا تھا کہ کوئی مصالحت جو کسی خاندان کے ارکان کے مابین کسی وصیت نامہ یا دیگر دستاویز کے تحت انکے حقوق اور علاوں کی نسبت خاندانی سالسٹر کے ساتھ جس نے سب کے کارندہ کی حیثیت سے عمل کیا ہو مشترکہ مشورہ کرنیکے بعد کیگئی ہو عام طور پر جملہ فریقین پر واجب التعمیل ہے اگرچہ وہ ان کے صحیح قانونی حقوق کے بالکل مطابق نہو بشرطیکہ سالسٹر نے ابتداً فریقین کو پوری طور پر یہ سمجھا دیا ہو کہ حقوق مذکور کیا ہیں ۔ لیکن اگر کسی فریق نے ایسے خیال کی بنا پر مصالحت کی ہو جو بعد میں ایک غلط خیال ثابت ہو جو سالسٹر نے واقعات یا قانون کی نسبت قائم کیا ہو یا محض اس وجہ سے مصالحت کی ہو کہ سالسٹر نے یہ خیال کیا تھا کہ مصالحت بلا لحاظ انکے قانونی حقوق کے جملہ فریقین کے فائدہ کیلئے ہوگی تو فریق مذکور مصالحت منسوخ کرا سکتا ہے ۔ اپنے ریمارک کے دوران میں لارڈ جسٹس واگھن ولیمس نے حسب ذیل بیان کیا تھا ۔ عام طور پر ہمیں کسی ایسے صلحنامہ کی تائید پر راغب ہونا چاہیئے جو فریقین نے خاندانی سالیسٹر کے ساتھ مشترکہ مشورہ کر لینے کے بعد کیا ہو اگرچہ معاہدہ بالکل فریقین کے ۵۵۱

حقوق کے بموجب نہ ہو کیونکہ ہم خیال کرتے ہیں کہ عام طور پر مصالحت کی غرض صرف صحیح مناسب قانونی حقوق کو مقدمہ کے ذریعہ سے تصفیہ کرانے کی ضرورت سے محفوظ رکھنے کی ہے ۔ لیکن میں جسٹس کیکویچ سے اتفاق نہیں کر سکتا اگر انکے فیصلہ سے انکا منشا یہ ہے کہ خاندانی سالسٹر ان اشخاص کو جو اس سے مشورہ کریں انکے حقوق سے اسلئے ناواقف رکھ سکتا ہے کہ وہ یہ خیال کرتا ہے کہ وہ کل فریقین مصالحت کے فائدہ کے لئے ہے اور یہ کہ اگر انکو انکے صحیح حقوق معلوم ہو جائیں تو مصالحت کا کوئی موقع نہ ہوگا ۔" مقدمہ وٹھل داس گنپت بنام دنارام رام چندرا (۶) میں حالات یہ تھے کہ ایک نابالغ کی علاتی ماں نے جسکی جائداد کے خلاف مدعی علیہم مطالبات رکھتے تھے نابالغ کی جانب سے عمل کرنا ظاہر کرکے معاملہ کو ثالثی کے سپرد کیا تھا ۔ اس وقت نابالغ کی جانب سے یا اسکے خلاف کوئی نالش رجوع نہیں کیگئی تھی ۱۸۹۹ء میں ایک فیصلہ ثالثی صادر کیا گیا تھا جسکی رو سے نابالغ کو مدعی علیہم کو مبلغ ۔۔۔۵ ادا کرنے کا حکم دیا گیا تھا اور فیصلہ ثالثی کے بموجب ایک ڈگری صادر کی گئی تھی ۔ دوسرے سال نابالغ نے اپنے ولی دوران مقدمہ کے ذریعہ سے ڈگری کی تنسیخ کے لئے حسب ذیل وجوہ سے نالش رجوع کی تھی (الف) یہ کہ نابالغ کی مناسب قائم مقامی نہیں کیگئی تھی اور (ب) یہ کہ حسب دفعہ ۴۶۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۱۴ بابتہ ۱۸۸۲ء عدالت کی اجازت حاصل نہیں کیگئی تھی ۔ عدالت ہائے تحت نے مدعی کا دعوی منظور کیا اور ڈگری منسوخ کی لیکن ہائی کورٹ بمبئی نے یہ قرار دیا تھا کہ دفعہ مذکور متعلق نہ ہو سکتی تھی کیونکہ اس وقت جبکہ معاہدہ کیا گیا تھا کوئی نالش موجود نہ تھی یا نالش کے لئے کوئی ولی موجود نہ تھا ۔ مقدمہ عدالت ہائے تحت میں روئداد پر سماعت کیا

جانے کے لئے والیس ہوا تھا۔ نابالغ کا ولی دوران مقدمہ غالبًا اگر وہ ایسا کرسکتا تھا تو یہ ظاہر کرنے کا مجاز تھا کہ معاہدہ کے وقت نابالغ کی ماں نے اسکی سنا ب قائم مقامی نہیں کی تھی۔ مقدمہ بالاجی نارائن گوکہلے بنام نانا (۷) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ مشترکہ ہندو خاندان کے رکن کو اس صورت میں بھی جبکہ وہ باپ نہ ہو کسی نزاع کو جو کسی خاندانی جائداد کے متعلق کسی غیر شخص کے ساتھ ہو ثالثی کو سپرد کر کے خاندان کو پابند کرنے کا اختیار رکھتا ہے بشرطیکہ ایسی سپردگی خاندان کے فائدہ کیلئے ہو۔ اور یہ کہ خاندان کے نابالغ ارکان سپردگی کے پابند ہیں اور اس لئے اس فیصلہ ثالثی کے پابند ہیں جو اسکی بنا پر صادر کیا گیا ہو مقدمہ بی بی سلیمان بنام عبدالعزیز (۸) میں ہائیکورٹ نے یہ قرار دیا تھا کہ جب کوئی مصالحت کنکلی ہو جو کسی جائداد کی نسبت جسکی مدعیہ نابالغہ بذریعہ وراثت مستحق ہو نالش میں اسکے حقوق کے خلاف موثر ہو تو چونکہ عدالت نے مصالحت کو اہم واقعات کی غلط فہمی کی وجہ سے منظور کیا تھا اور ایسی غلط فہمی ان اشخاص کی جنہوں نے مصالحت کی تھی مجرمانہ عدم واقفیت اور فرائض میں غفلت کرنیکی وجہ سے ہوئی تھی وہ منسوخ کی جاسکتی تھی۔ مقدمہ مذکور میں ان مصالحت میں جو نابالغہ کی ماں نے چند اوصیاء کے ساتھ کی تھی جو اس شخص کی جائداد کے قائم مقام تھے جس سے نابالغہ نے اپنی وراثت حاصل کی تھی اسکی قائم مقامی اسکی ماں نے کی تھی۔ متوفی کی جائداد کی مالیت کے متعلق کچھ شک تھا اور مصالحت کا نتیجہ یہ ہوا کہ نابالغہ کو اس رقم سے بہت کم رقم وصول ہوئی تھی جو اسکو اس صورت میں حاصل ہوتی جیسا کہ عدالت نے خیال کیا تھا اوصیاء متوفی کی جائداد کی اصلی مالیت متحقق کرنے کی نسبت مجرمانہ عدم واقفیت اور غفلت کے مرتکب نہ ہوتے لیکن فیصلہ دراصل اس رائے پر مبنی تھا جو

عدالت نے قائم کی تھی کہ اوصیاء کی کارروائی عملاً بمنزلہ ایک قسم کے فریب کے تھی۔

شاید نہایت اہم مقدمہ جو اس سلسلہ میں ہمارے روبرو پیش کیا گیا تھا مقدمہ امرت نارائن سنگھ بنام گیا سنگھ (۹) تھا جس میں پریوی کونسل نے یہ قرار دیا تھا کہ کسی ہندو وارث عودی کو اس جائداد میں جس پر کوئی مالک از قسم اناث اپنی حین حیات قابض ہو کوئی موجودہ حق یا غرض حاصل نہیں ہوتی جبتک کہ وہ اس کی وفات پر اس کو حاصل نہ ہو بشرطیکہ وہ اس کے بعد زندہ رہے۔ اس کو اپنے ورثا ترکو تفویض یا ترک یا منتقل کرنے کے لئے بھی کوئی حق حاصل نہیں ہوتا اس کا حق صرف اس کی وفات پر وجود میں آتا ہے اس وقت تک وہ محض ایک وراثت کی امید ہے۔ اس کا ولی محض درحالیکہ وہ نابالغ ہو اس کی جانب سے کوئی معاملہ یا کسی معاہدہ کے ذریعہ سے جو اس کے ساتھ کیا جائے اس کو پابند نہیں کرسکتا حکام عالیمقام کا فیصلہ مسٹر امیر علی نے صادر کیا تھا جنہوں نے اپنے فیصلہ کے دوران میں حسب ذیل رائے ظاہر کی تھی۔

"یہ نالش ایک ہندو وارث عودی کی جانب سے چند جائدادوں کی بازیافت کے لئے رجوع کی گئی تھی جو ابتداً ان کے نانا بھجن سنگھ کی ملک تھیں۔ وہ یہ بیان کرتا ہے کہ بورڈ ہذا کے مدعی علیہم مرافعہ علیہم نے چند کارروائیات ثالثی کی بنا پر ناجائز طور پر ان جائدادوں کا قبضہ حاصل کیا تھا حالانکہ جائداد پہلے اس کی ماں کا جو کہ دہرم شاستر کی رو سے بطور ایک مالک از قسم اناث قابض تھی کا رکھو مز ۱۹۱۶ میں فوت ہوئی اور یہ نالش ۱۹۱۸ء میں رجوع کی گئی تھی۔ نالش صاف طور پر اندرون میعاد ہے مرافعہ ہذا میں امر تصفیہ طلب

ابو نام تھا سین بنام مہنت گیتی بھگت (پٹنہ) صفحہ ۵۵۲

رام بہاسین بنام ہیت گنیش بہگت (پٹنہ)

صرف یہ ہے کہ آیا کارروائیات ثالثی اور ڈگری جو فیصلہ ثالثی کی بنا پر صادر کی گئی تھی جس سے مرافعہ علیہم کے پیش روؤں کو ان جائدادوں کا قبضہ دیا گیا تھا مرافع پر واجب التعمیل ہیں۔

جھمن کی وفات پر رادہا کویر اسکی بیوہ نے اضلاع میں اپنے متوفی شوہر کی بجائے اپنا نام درج رجسٹر کئے جانے کی درخواست کی۔ اس کی درخواست کی مخالفت جھمن کے چند رشتہ داران یک جدی از قسم ذکور نے کی تھی جن کے اب مرافعہ علیہم قائم مقام ہیں۔ انہوں نے عام دہرم شاستر اور کسی غیر معین خاندانی رواج کے تحت جائداد کا مطالبہ کیا تھا۔ عدالت ہائے ماں نے ان کے عذرات مسترد کئے تھے اور رادہا کویر کا نام حسب ضابطہ کلکٹر کے رجسٹر میں درج کیا گیا تھا۔ رادہا کچھ عرصہ کے بعد سنہ ۱۸۶۴ء میں فوت ہوئی اور اس کی بیٹی کارکویر مرافع کی ماں جائداد کی وارث ہوئی تھی رشتہ داران یک جدی نے جائداد پر قابض رہنے کے متعلق اس کے حق کی نسبت ایک جدید مخالفت کی۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان نزاعات میں جو پیدا ہوئی تھیں اور جو بالآخر متعدد قوم کے اشخاص کی ثالثی کے سپرد کی گئی تھیں اس کا شوہر راجندر سنگھ اس کا قائم مقام تھا۔ لیکن مثل میں کوئی امر یہ ظاہر کرنے کے لئے موجود نہیں ہے کہ آیا اس کو اس کی جانب سے بطور اس کے کارندہ عمل کرنے کا کوئی اختیار دیا گیا ہی تھا۔ قبل اس کے ثالثوں نے اس معاملہ میں کوئی کارروائی کی تھی ایک مصالحت کی گئی تھی اور اس میں بھی راجندر نے اس کی اور اس کے نابالغ بیٹے مرافع ہرورد کی جانب سے عمل کرنا ظاہر کیا تھا۔ اس مصالحت کے بموجب کارکویر نے رشتہ داران یک جدی کے حق میں اپنے باپ کی جائداد غیر منقولہ میں کل حق ترک کیا تھا اور اسنے خود کچھ جائداد منقولہ کے علاوہ چند اراضیات میں جو اس کے اور اسکی ماں کے نام پر درج تھیں رو چھوٹے جزوی حصے حاصل کئے تھے۔ اس سمجھوتہ کا اثر مرافع کے نانا کی جائداد میں اس کا حق عودی کلیتاً زائل کرنا تھا۔ مصالحت ثالثوں کے روبرو پیش کی گئی تھی اور ان سے اس کے بموجب ایک فیصلہ صادر کرنے کی استدعا کی گئی تھی جو انہوں نے صادر کیا تھا یہ امر قابل لحاظ ہے کہ مثل میں کوئی امر یہ ظاہر کرنے کے لئے موجود نہیں ہے کہ ان کارروائیات کا جو ثالثوں کے روبرو ہوگئی تھیں کارکویر کو کبھی علم ہوا تھا یا یہ کہ اسکو مصالحت یا اسکے اثر کا علم تھا۔ درحقیقت یہ معلوم ہوتا ہے کہ کارکویر نے فیصلہ ثالثی کو تسلیم نہیں کیا تھا اور فریق ثانی کو حسب احکام دفعہ ۳۲۷ ایکٹ ۱۰ بابتہ ۱۸۵۹ء (اس قانون کے تحت جو اسوقت ہندوستان کی دیوانی عدالتوں کے ضابطہ سے متعلق تھا) فیصلہ ثالثی پر ایک ڈگری حاصل کرنے کے لئے عدالت دیوانی میں درخواست کرنی پڑی تھی۔ عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا تھا کہ مصالحت اور فیصلہ ثالثی کے متعلق کل کارروائیات کارکویر کے بلا علم ہوگئی تھیں اسلئے اسکے رشتہ داران یکجدی کی درخواست تحت دفعہ ۳۲۷ خارج کی۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ جج کے پاس مرافعہ کیا جنہوں نے بظاہر یہ خیال کیا کہ چونکہ راجندر اسکا شوہر مصالحت میں شریک تھا اسکے انکا کو صحیح باور نہ کیا جا سکتا تھا اسلئے انہوں نے ایک ڈگری صادر کی کہ "فیصلہ ثالثی شریک مثل اور تحت دفعہ ۳۲۷ نافذ کیا جائے" اس فیصلہ کی نا رضامندی سے کارکویر نے ہائیکورٹ کلکتہ میں ایک مرافعہ ثانی دائر کیا جو خارج کیا گیا تھا

اسکے بعد اس نے فیصلہ کی تجویز ثالثی کی درستی کی جو اسی طرح ناکام رہی۔ ان فیصلہ جات کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ [illegible] کے قبضہ سے محروم کی گئی تھی جو مصالحت میں شامل [illegible] نالش میں مابہ النزاع تھی"

اس کے بعد مسٹر امیر علی نے یہ ظاہر کیا ہے کہ کسی ہندو وارث عودی کا ولی اس حق عودی کے ساتھ معاملت نہیں کر سکتا یا اسکی بابتہ نابالغ کو کسی معاہدہ کا پابند نہیں کر سکتا نیز انھوں نے بتلایا ہے کہ اگر نابالغ کو کوئی موجودہ حق حاصل ہو تو بھی باپ کوئی ایسا انتظام نہیں کر سکتا جو اس کو پابند کرے اور جو اسکے فائدہ کے لئے نہ ہو۔ عدالت ہذا میں بالکل حال کے مقدمہ بیگو آنی کوئر بنام جگدم سہائے (۱) میں جسٹس واٹس و جسٹس اوامی نے یہ قرار دیا تھا کہ جب کسی خاندان کے ارکان کے حقوق کے متعلق کسی نزاع کا تصفیہ کسی مناسب مصالحت کے ذریعہ سے کیا گیا ہو تو عدالت ایسی مصالحت برقرار رکھیگی اگرچہ شاید وہ ایسی وجوہ پر مبنی ہو جو معاملہ اشخاص جنب کے مابین دونیکی صورت میں اطمینان بخش خیال نہ کئے جاتے لیکن یہ کہ یہ ثابت ہونا چاہیئے کہ حق جسکی نسبت مصالحت کی گئی ہو کم از کم کسی دعوی میں مابہ النزاع ہو سکتا تھا اگرچہ وہ ایک مشتبہ دعوی ہو یہ کہ کوئی وارث عودی جس کو محض وراثت کی امید ہو ایسے حق کے متعلق مصالحت نہیں کر سکتا جو اس کو ان اشخاص کی جائداد کیبابت حاصل ہے جنکا وہ وارث عودی ہونا بیان کرے۔ یہ کہ کسی محدود حق کے قابض کی جانب سے کسی مشتبہ دعوی کی مصالحت دائمی حیثیت رکھتی ہے اور وارث عودی پر واجب التعمیل ہے اگر یہ ثابت ہو کہ مصالحت مناسب تھی اور نیک نیتی سے کی گئی تھی اور یہ کہ محدود قابض جائداد کے قائم مقام کی حیثیت سے اور جائداد کی حفاظت کے لئے معاملہ میں شریک ہوا تھا اور خود اپنے قائم مقام کی حیثیت سے اور خود اپنی

حفاظت کے لئے [illegible]

[illegible]

[illegible]

ابتداً یہ ظاہر کیا جاتا چاہتے [illegible] حقوق کے متعلق ایک بالکل غلط خیال پر عمل کر رہے تھے۔ سری کمار رو [illegible] کا یہ خیال تھا کہ راج کمار رنگہ کو مختار نامہ بابتہ ۱۹۱۶ء کی بنا پر جائداد کی حقیت عطا کی گئی تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ ثالثوں نے بھی وہی خیال قائم کیا تھا۔ میں نے یہ خیال کرنے کے لئے کہ راج کمار رنگہ کو اس مختار نامہ کے تحت کوئی حقیت حاصل نہوئی تھی قبل ازیں اپنی وجوہ ظاہر کی ہیں لیکن اگر یہ خیال کیا جائے کہ اس خیال کی تائید میں کچھ کہا جا سکتا ہے جس کی بنا پر ثالثوں نے یہ خیال کیا تھا کہ سری کماری اپنے حین حیات جائداد سے متمتع ہونیکی مستحق تھی تو بھی لنشح کماری کی حیثیت جو اس نے کاسہ و لیات ثالثی میں پیش کی تھی اور بھی زیادہ کمزور بنیاد پر مبنی تھی۔ اس کو یہ خیال نہ تھا کہ وہ جائداد کی حین حیاتی قابض تھی یا یہ کہ اسکے بیٹے بجز اس وصیت نامہ کے جو پریم کماری کا ناجائز وصیت نامہ [illegible] تسلیم کیا گیا ہے [illegible] پر دعوی کر سکتے تھے۔ سپردگی ثالثی اور فیصلہ ثالثی کے الفاظ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس نے کوئی ایسا دعوی پیش نہیں کیا تھا جو خود اسکی حقیت پر مبنی تھا یا کوئی ایسا دعوی پیش نہیں کیا تھا جو اسکے بیٹوں کے حق عودی پر مبنی تھا بلکہ وہ صرف وصیت نامہ پر مبنی تھا۔ اسلئے میں یہ خیال کرتا ہوں کہ کارروائیات ثالثی اور فیصلہ کی جو ان میں صادر کیا گیا تھا دو وسیع وجوہ کی بنا پر تائید نہیں ہو سکتی اول اس لئے کہ دونوں فریق اور ثالثوں کے ذہن میں صحیح قانونی حیثیت کے متعلق کامل غلط فہمی موجود تھی۔ یہ غلط فہمی کارروائیات ثالثی میں یا تو خود بشن حین حیاتی حق یا اسکے بیٹوں کا حق عودی شامل

(۱) انڈین کیسیز جلد ۶۰ صفحہ ۳۴۳ و (نظائر سندھ صفحہ ۱۲۴)

بابو رام پرشاد بنام گنگا بی بی (حاشیہ)

نہ کئے جاتے کی باعث ہوئی تھی۔ دوسری وجہ یہ تھی کہ اگرچہ شاید کہا جاسکتا تھا کہ لچھمن کماری نے اس طرح عمل کیا تھا گویا کہ اس نے خود اپنا حق ترک کردیا تھا لیکن تاہم کم محض ورثائے عودی کی جانب سے عمل کرنا ظاہر کیا تھا تاہم کارروائیات ثالثی میں ان کی جانب سے کسی ایسی مصالحت کو جائز کرنا مشکل ہوگا جو اسکے بیٹوں کے حقوق عودی کے خلاف ہو جو کہ درحقیقت ظاہر میں کبھی غور نہیں کیا گیا تھا۔

اب مجھے ایک اور نہایت اہم سوال پر بحث کرنی چاہیئے جو اس امر کے متعلق پیدا ہوتا ہے کہ آیا ان انتظامات کی جو ثالثوں کے ذریعہ سے لئے گئے تھے بطور ایک قسم کی خاندانی مصالحت کے تائید کی جاسکتی ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اصول جنکے بموجب کسی ثالثی کے جواز کا اندازہ کرنا چاہیئے ان اصول سے زیادہ سخت ہیں جو اس صورت میں متعلق ہوتے ہیں جبکہ کوئی خاندانی معاہدہ زیر غور ہو۔ میں خیال کرتا ہوں کہ کافی نظائر موجود ہیں جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ چند صورتوں میں جن میں اگرچہ بطور ایک ثالثی کی کارروائی کے فیصلہ ثالثی کی تائید نہیں کی جاسکتی تاہم اس کی تائید اس بناء پر کی جاسکتی ہے کہ فیصلہ ثالثی سے وہی ظاہر ہوتا ہے جو درحقیقت کسی خاندانی مصالحت کا نتیجہ ہوتا ہے۔ یہاں یہ بھی ظاہر کیا گیا ہے کہ اگر یہ فرض بھی کیا جائے کہ کسی خاندانی سمجھوتہ کی تائید کے لئے بہ نسبت کسی فیصلہ ثالثی کو برقرار رکھنے کے جو کسی ثالثی کے تحت صادر کیا گیا ہو زیادہ رعایت کی جاسکتی ہے تاہم جبکہ کوئی خاندانی سمجھوتہ درحقیقت کسی حق عودی پر موثر ہو تو ایسی مصالحت کی تائید نہیں کی جاسکتی۔ اور یہاں پر بدرجہ اولیٰ ایسی تائید نہیں کی جاسکتی تھی کیونکہ حق عودی پر کسی طرح کبھی بحث نہیں کی گئی تھی یا اس پر توجہ نہیں کی گئی تھی۔ ہمارے روبرو اس امر کے متعلق متعدد مقدمات کا حوالہ دیا گیا ہے مقدمہ

صورت اول

ہیلن داسی بنام درگا داس منڈل (۱) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ کوئی تقسیم یا خاندانی انتظام جو ثالثوں کی جانب سے جنکو فریقین نے مقرر کیا تھا اگر متنازعہ نہیں تو کسی مشتبہ دعوی کے تصفیہ کے وقت کیا ہو جس کی بناء پر خاندانی جائداد کی تقسیم عمل میں آئی ہو اور اس کی ایک فہرست تیار کی گئی ہو جس پر فریقین نے دستخط کئے ہوں اور جس پر کچھ عرصہ تک ان کی جانب سے عمل کیا گیا ہو ایک جائز اور واجب التعمیل انتظام ہے جس سے اسکے فریق انکار نظر انداز یا انحراف نہیں کر سکتے۔ مقدمہ مذکور میں مسٹر جسٹس ملر نے یہ ریمارک کیا تھا کہ کوئی خاندانی انتظام برقرار رکھا جاسکتا تھا اگرچہ اسکے کرنیکے وقت کوئی حقوق فی الواقع مابہ النزاع نہ تھے اور یہ کہ عدالتیں نہایت احتیاط کے ساتھ بدل کی مقدار کی جانچ کرلینے پر راغب نہ ہونگی۔ یہ کہ یہ خیال کرنا غلطی ہے کہ خاندانی انتظام کا اصول ان انتظامات سے زیادہ وسیع نہیں ہے جو مشتبہ یا متنازعہ حقوق کے تصفیہ کے لئے کئے جائیں اور یہ کہ اصول مذکور نہ صرف ان صورتوں سے متعلق ہوسکتا ہے جن میں انتظامات کسی خاندان کے ارکان میں اسکے امن کی حفاظت کے لئے کئے جائیں بلکہ ان صورتوں سے بھی متعلق ہوسکتا ہے جن میں انتظامات ارکان کے مابین اس کی جائداد کی حفاظت کے لئے کئے جائیں۔ مقدمہ ولیمس بنام ولیمس (۱۲) کے واقعات حسب ذیل تھے :-

زید ایک زوجہ اور دو بیٹے چھوڑ کر فوت ہوا۔ زید نے ایک وصیت نامہ تحریر کیا تھا جسکے ذریعہ سے اس نے اپنی کل جائداد اپنے دو بیٹوں کو مساوی حصوں میں عطا کی لیکن یہ وصیت نامہ غیر مکمل تھا اور بڑے بیٹے کے لئے پیش نہیں کیا گیا تھا لیکن بھائیوں نے یہ زبانی معاہدہ کیا تھا کہ وصیت نامہ کا عدم جواز

(۱) کلکتہ لاجرنل جلد ۱۴ صفحہ ۳۲۴ (۱۲) ویکلی رپورٹر جلد ۵ صفحہ ۹۵ -

کوئی اہمیت نہ رکھیگا اور بیس سال تک انھوں نے جائداد کو
اس طرح استعمال کیا گویا کہ وہ ان کی مساوی طور پر ان کی ملکیت
تھی۔ بیوہ نے اپنے حقوق پر کبھی اصرار نہیں کیا تھا۔ چھوٹا بھائی
فوت ہوا اور اسکے قائم مقام قانونی نے جائداد کی مساوی
تقسیم کے لئے ایک عرضی دعویٰ پیش کیا۔ عدالت نے خاندانی انتظام
برقرار رکھا اگرچہ فی الواقع کوئی حقوق مابہ النزاع نہ تھے۔ لارڈ جسٹس
ٹرنر نے اپنے فیصلہ کے دوران میں حسب ذیل ریمارک کیا:۔
"مرافع کی جانب سے زور کے ساتھ یہ بحث کی گئی ہے کہ مقدمہ ہذا
ان نظائر کے تحت نہیں آتا۔ یہ حوالہ دیا گیا تھا کہ مقدمات مذکور
اس انتظام سے جو مشتبہ یا متنازعہ حقوق کے تصفیہ کے لئے
کیا جائے زیادہ وسیع نہیں ہیں اور یہ کہ مقدمہ ہذا میں کوئی
مشتبہ یا متنازعہ حق موجود نہ تھا اور نہ موجود ہو سکتا تھا۔
لیکن میں خیال کرتا ہوں کہ یہ ان مقدمات کی نسبت جو خاندانی
انتظامات کے متعلق ہیں ایک نہایت محدود خیال ہے جیسا کہ
میں سمجھتا ہوں وہ ان صورتوں سے جو مرافع کی جانب سے پیش
کی گئی ہیں زیادہ وسیع صورتوں سے متعلق ہیں اور جیسا کہ
میں خیال کرتا ہوں نہ صرف ان صورتوں سے متعلق ہے جہاں
خاندان کے ارکان کے مابین اسکے امن کے قیام کے لئے انتظامات
کئے جائیں بلکہ ان صورتوں سے بھی متعلق ہے جہاں ان کے مابین
اس کی جائداد کی حفاظت کے لئے انتظامات کئے جائیں"۔

مقدمہ ستیا نکمار بنرجی بنام ستیا کرپال بنرجی (۱۳) میں بھی
ان ہی اصول کی تقلید کی گئی تھی۔ نیز ملاحظہ ہو۔ سام تیجی رام بنام
سالگ رام (۱۴)۔ شاید نہایت اہم مقدمہ جو اس امر سے
متعلق ہے مقدمہ کرامت السریا بنام کرامت السریا (۱۵) ہے

بالو رام پہاڑ سین بنام مہنت گنیش شیو بھگت (پٹنہ)

مقدمہ مذکور میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ غلطی غیر مساوی حیثیت دباؤ
ناجائز جبر فریب یا اس قسم کی کسی وجہ کے ثبوت کی عدم موجودگی
میں کوئی خاندانی انتظام جو کسی متنازعہ یا مشتبہ دعویٰ کے تصفیہ
میں کیا جائے ایک جائز اور واجب التعمیل انتظام ہے جس سے
اسکے فریقین انکار انحراف یا اس کو نظر انداز نہیں کر سکتے یہ
کہ اگر فریقین نے کسی نزاع کا تصفیہ کیا ہو تو ایسا تصفیہ اس
صفحہ ۵۵ بنا پر منسوخ نہیں کیا جائیگا کہ اس سے ان میں سے ایک نے بہ
کو اس جائداد سے جو اس کو غالباً اس صورت میں ملنی چاہیئے تھی
جبکہ وہ ان امور کی نسبت جو ان کے مابین مابہ النزاع تھے عدالت
کا فیصلہ حاصل کرتا زیادہ جائداد دی گئی تھی۔ یہ کہ عدالتیں نہایت
احتیاط کے ساتھ بدل کی مقدار کی جانچ کرنے پر راغب نہ ہونگی
یہ کہ خاندانی انتظامات کے اس اصول میں اس عام اصول
کے خلاف کوئی امر موجود نہیں ہے کہ جب کسی معاہدہ کے ذریعہ
سے جو کسی نابالغ کی جانب سے کیا جائے اس کو پابند کرنے کی
کوشش کی جائے تو ظاہر کرنا چاہیئے کہ معاہدہ نابالغ کے فائدہ
کے لئے تھا۔ یہ کہ اگر نابالغ کی حیثیت سے نامناسب فائدہ حاصل
کیا گیا ہو تو خاندانی انتظام حسب ناجائز یا غیر مساوی حیثیت
یا ان وجوہ میں سے جن کی بنا پر بالغوں کی صورت میں ایسا
انتظام کالعدم ہوگا کسی ایک وجہ کی بنا پر منسوخ کیا جا سکتا ہے
لیکن یہ کہ جب اس قسم کا کوئی نقص موجود نہ ہو تو کسی مشتبہ دعوی
کا تصفیہ کسی نابالغ کے فائدہ کے لئے اسی قدر ہوتا ہے جس قدر
کہ وہ ایک بالغ کے فائدہ کے لئے ہوتا ہے اور یہ کہ جب کسی حقیقی
نزاع کا مناسب تصفیہ کیا گیا ہو تو نزاع محض اس بنا پر از سر نو آغاز
نہیں کی جا سکتی کہ خانگی انتظام سے ایک فریق نابالغ ... سبکدوشی
کے لئے (ملاحظہ ہو لاز آف انگلینڈ جلد ۱۴ صفحہ ۳۴۲) اس امر پر بحث

(۱۳) انڈین کیسیز جلد ۴۳ صفحہ ۱۳۷ (۱۴) انڈین کیسیز جلد ۱ صفحہ ۱۰۶ (۱۵) انڈین اپیلز
جلد ۹ صفحہ ۸۸۶ —

اور یہ بھی ہو کہ خاندانی انتظامات کی تائید کی جاتی ہے اور انتظام جس کی بناء نہیں کی جا سکتی یہ تسلیم کیا ہے کہ کوئی معاہدہ جو خاندانی جائیداد تقسیم کی گئی ہو اگرچہ وہ فریقین کے قانونی حقوق کی غلط فہمی کی وجہ سے کیا گیا ہو بشرطیکہ کسی فریق معاہدہ نے اس غلط فہمی کی ترغیب نہ دی ہو تائید کا مستحق ہے اگرچہ یہ امر کہ غلط فہمی موجود تھی قانونی فیصلہ مابعد کے ذریعہ سے ثابت ہو گیا ہو۔ برخلاف اسکے صفحہ ۴۴ پر وہ یہ بتلاتے ہیں کہ جائیداد کی تقسیم کے متعلق کوئی معاہدہ اس صورت میں منسوخ کیا جا سکتا ہے جبکہ وارث اس جائیداد کو جس کی نسبت اسکو مساوی حقوق حاصل ہوں بلا بدل کے ترک کر دے یا جبکہ وہ ناواقف ہو یا قانونی ... تعمیل نہ ہے اگرچہ فریب یا دباب ناجائز کی کوئی شہادت موجود نہ ہو۔ نیز ملاحظہ ہو ہر دیو سہائے بنام گوری شنکر (۱۶)، سریا تھ بوس بنام نبارن چندر رائے (۱۷) کنہی لال بنام بمبو لال (۱۸)، بینی پرشاد بنام لچی رام (۱۹)، رام نرنجن سنگھ بنام پریاگ سنگھ (۲۰)

یہ دریافت کرنے کے لئے کہ مقدمہ ہذا سے کون سے اصول مناسب طور پر متعلق ہوتے ہیں ابتداً اس امر کی کوشش کرنا اور صاف طور پر یہ دریافت کرنا اہم ہے کہ ثالثی یا مصالحت کے قبل کیا حالت تھی جو اس کی باعث ہوئی تھی۔ سری کماری دیوی ایک حق یقیناً رکھتی تھی۔ یہ ممکن ہے کہ وہ ایک جائز حق نہ ہو۔ یہ ممکن ہے کہ وہ دو غلط فہمیوں پر مبنی ہو (الف) یہ کہ راج کمار رانی بیگیا کا قانونی وارث تھا اور یہ کہ اس کی وفات پر (بشرطیکہ وہ درحقیقت اسکے بعد زندہ رہے) وہ اپنی ماں پریم کماری کو محروم کرکے اس کی جائیداد کا وارث ہوا تھا۔ لیکن یہ ایک غلطی تھی۔ پریم کماری رانی بیگیا کی وارث تھی۔ راج کمار پریم کماری کے قبل فوت ہوا۔ وہ بوقت نزاع قانوناً رانی بیگیا کا وارث نہ تھا۔ (ب) یہ کہ راج کمار کو رانی بیگیا نے اس مختار نامہ کے ذریعہ سے اپنا وارث مقرر کیا تھا جس نے ۱۸ اکتوبر ۱۸۹۸ء کو تکمیل کیا تھا۔ ممکن ہے کہ یہ بھی ایک غلطی ہو اور میری رائے میں وہ دوسری غلطی تھی۔ لیکن وہ ایک ایسی غلطی تھی جسکی نسبت یقیناً کچھ شک موجود تھا۔ وہ اگر اصلی وجہ نزاع نہ تھی تو ایک وجہ نزاع ضرور تھی۔ ثالثوں نے دعویٰ جائز خیال کیا تھا موجودہ مقدمہ میں یہ سوال سرگرمی کے ساتھ پیش کیا گیا ہے اور اس پر احتیاط کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔

علاوہ بریں یہ معلوم ہوتا ہے کہ بیگیا کی وفات کے بعد پریم کماری نے سری کماری دیوی کا حق تسلیم کیا تھا۔ یہ بیان کیا گیا ہے کہ راج کمار اسی سال (سنہ ۱۹۰۴ء تا سنہ ۱۹۰۵ء) میں بیگیا کے کچھ عرصہ بعد فوت ہوا اور اس کی وفات کے بعد پریم کماری اور سری کماری مشترکاً قابض تھیں سری کماری کو پریم کماری نے بظاہر دائماً دکا جائز قابض تسلیم کیا تھا کیونکہ سنہ ۱۹۰۵ء میں سری کماری نے پریم کماری کے کسی اعتراض کے بغیر ملکیت کے حق میں جو بہو سرائے کارخانہ نیل کا جزوی مالک تھا ٹھیکہ پٹہ عطا کیا تھا معلوم ہوتا ہے کہ صرف سنہ ۱۹۰۸ء میں اپنی وفات کے آٹھ روز قبل پریم کماری اپنے وصیت نامہ کے ذریعہ سے یہ ظاہر کیا تھا کہ اس کا یہ خیال تھا کہ وہ نہ کہ سری کماری جائیداد کی مالک تھی اور یہ باور کیا تھا کہ وہ اس کو اپنی بیٹی لبشن کے دو بیٹوں کو ہبہ بالوصیت کر سکتی تھی۔ پریم کماری کا شوہر اسکے قبل فوت ہوا تھا۔ اور یہ ممکن ہے کہ پرکاش سین اسکی بیٹی کے شوہر نے پریم کماری کو اپنے بیٹوں کے حق میں ایک وصیت نامہ تکمیل کرنیکی ترغیب دی ہو اگرچہ وہ محض قیاس ہے۔

(۱۶) انڈین لا رپورٹس الہ آباد جلد ۳۲ صفحہ ... (۱۷) انڈین کلکتہ ... صفحہ ۹۴۵ (۱۸) انڈین ... جلد ... صفحہ ۲۰۷ (۱۹) انڈین کیسیز جلد ۴۵ صفحہ ۲۳ (۲۰) انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ... صفحہ ۱۳۸

(۹۹۴)

بہرصورت اشارات مذکورۂ بالا سے صاف طور پر بظاہر ہوتا ہے کہ پریم کماری کی وفات کے بعد اور ثالثی کے وقت سری کماری ایک حق رکھتی تھی جو اگرچہ وہ قانوناً فی الواقع ایک مشتبہ حق تھا تاہم نہایت قوی نوعیت رکھتا تھا۔ درحقیقت وہ ایک ایسا حق تھا جس کی بنا پر میرے خیال میں لشن کماری کے لئے اس کے ساتھ معاملات کرنا جائز تھا۔ اس کے بعد ہمیں لشن کماری کی حیثیت پر غور کرنا چاہیئے جو ثالثی کے قبل تھی۔ یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اس نے یا اسکے شوہر نے یہ خیال کیا تھا کہ پریم کماری کی وفات پر وہ جائداد متنازعہ حیاتی حق کی مستحق ہو سکتی تھی۔ یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اس کی جانب سے ایسا حق کبھی پیش کیا گیا تھا۔ اور نہ ثالثی کے وقت کسی شخص کے ذہن میں آیا تھا۔ اس لئے خود اپنی نہیں بلکہ اپنے نابالغ بیٹوں کی قائم مقامی کی تھی اور ان کی بابتہ اس کا حق پریم کماری کے وصیت نامہ پر مبنی تھا۔ یہ یقیناً کسی طرح نہیں کہا جا سکتا تھا کہ وہ خود اپنی جانب سے یا خود اپنے حق کی حفاظت کے لئے مصالحت میں شریک ہوئی تھی کیونکہ وہ اس امر سے بھی واقف نہ تھی کہ اس کو کوئی حق حاصل تھا۔

لیکن اگر وہ خود اپنے حق سے واقف ہوتی تو کیا وہ جائداد کی حفاظت کے لئے نہ کہ خود اپنی جانب سے عمل کرکے مقدمات سے باز رہنے کے لئے اور سری کماری کے حق کا جو زور کے ساتھ پیش کیا گیا تھا تصفیہ کر لینے کے لئے مناسب طور پر وہ مصالحت نہ کر سکتی تھی جو اس نے کی تھی؟ اگر وہ کر سکتی تھی تو یہ سمجھنا مشکل معلوم ہوتا ہے کہ خود اپنے حق کی لاعلمی سے لیکن اسی غرض سے وہ اسی طور پر عمل نہ کر سکتی تھی۔ صرف ایک اعتراض جو میرے خیال میں ممکن ہے وہ یہ ہے کہ وہ اس امر سے ناواقف تھی کہ اس کے قبضہ میں نزاع میں استعمال کرنے کے لئے ایک نہایت قوی ہتھیار موجود تھا۔ اس مصالحت

رام بہادر سین بنام جگیش ... [illegible] (مقدمہ ۲)

سکتا جو انصافی طور پر نادرست یا نصفی نتیجہ کیا ہوا۔

خود لشن کا حق نظرانداز کیا گیا ہے۔ اس کو یہ اندیشہ تھا کہ اگر سری کماری کا دعویٰ کامیاب رہا تو خود اس کے بیٹوں کو جن کو وہ پریم کماری کے وصیت نامہ کے تحت مستحق خیال کرتی ہے جائداد سے کچھ بھی نہ ملیگا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ثالثوں کے ذہن میں بھی ایک عام لیکن موہوم خیال تھا جو کہ انکو نہایت واضح نہ تھا کہ شاید وصیت نامہ کے قطع نظر لشن کے دو بیٹوں کو سری کماری کی وفات کے بعد جائداد ملنی چاہیئے۔ لشن نے درحقیقت جو کچھ کیا ہے وہ یہ ہے کہ خود اپنی حیات کے زمانہ کو اپنے شوہر کی بقیہ حیات سے مقابلہ کیا ہے اگر وہ (لشن) سری کماری کے بعد فوت ہو تو اسکے بیٹوں کے حقوق عودی پر کوئی اثر نہ ہوگا۔ لیکن جیسا کہ فی الواقع ہوا تھا اگر وہ (لشن کماری) سری کماری کے قبل فوت ہو تو اس کے بیٹوں کے حقوق عودی متاثر ہونگے کیونکہ وہ سری کماری کی وفات تک جائداد کے مالک نہ ہونگے۔ اگر کوئی مصالحت نہ کیجاتی تو لشن کماری کی وفات پر جو تقریباً ۱۹۱۸ء میں واقع ہوئی تھی رام بہادر سین فوراً جائداد کا قبضہ پانیکا مستحق ہوتا۔ بحالت موجودہ اگر مصالحت برقرار رکھی جائے تو وہ سری کماری کی وفات کے بعد تک قبضہ نہ پائیگا۔ یہاں اصل دعویٰ قبضہ کی بابتہ ہے۔ نابالغ کی ولیہ دراصل جائداد پر قابض ہے اور مدعی اپنے پیشگی کی بنا پر نابالغ کی ولیہ کو قبضہ سے بیدخل کرنیکی کوشش کر رہا ہے۔ اگر مصالحت کی تائید کی جائے تو مدعی کو کامیاب ہونا چاہیئے لیکن ہر صورت میں اسکے ز پیشگی کے تحت اس کا قبضہ صرف سری کماری دیوی کی وفات تک جائز ہوگا اور یہ امر کہ آیا مدعی اس رقم کو جو اس نے اسکے متعلق خرچ کی تھی سری کماری کی وفات کے بعد رام بہادر سین سے وصول کر سکتا تھا الیحدہ خیال کیا جا

بابو رگھوبیر نرائن سنگھ
بنام
مسمات گنیشن کنور
دیگراں

منتہائے معنا سے ہمیں یہاں تعلق نہیں ہے۔

مسٹر جسٹس وراس نے مقدمہ بھگوتی کور بنام جگدم مہا لکشمی (۱) میں اپنا خیال ظاہر کیا ہے کہ قانون سے جس طرح کہ وہ فی الحال (۱۹۲۲ء) میں موجود ہے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ۔

"ایک عودی وارث عودی کسی حالت میں کوئی آئندہ حق یا امید متوقع یا منتقل کر سکتا ہے اور یا ترک نہیں کر سکتا اور نہ اس کا ولی جبکہ وہ نابالغ ہو اس کی وراثت کے امکان کے متعلق معاملت کر سکتا ہے اور نہ اس کی بابت کسی معاہدہ کے ذریعہ سے اس کو پابند کر سکتا ہے"۔

اگر اس کی حیثیت یہی تھی تو اس میں کوئی شک نہیں معلوم ہوتا کہ مقدمہ ہذا میں انتظام کی تائید نہ کی جا سکتی تھی کیونکہ اس میں لبشن نے بلا شبہ اگرچہ بلا ارادہ کوئی ایسا امر کیا تھا جو اس کے نابالغ بیٹوں کے حق عودی پر مخالفانہ طور پر موثر ہو سکتا تھا اور فی الواقع اس طرح موثر ہوا تھا لیکن دوسرا مسئلہ حسب ذیل ہے:۔

۲۔ "کوئی انتقال جو کسی محدود مالک نے کیا ہو وارث عودی پر واجب التعمیل نہیں ہے لیکن کوئی محدود مالک وارث عودی کو کسی ایسی مصالحت کے ذریعہ سے پابند کر سکتا ہے جس میں ہر فریق علاوہ حقیت کی بنا پر جو اس حد تک اور بطور مصالحت کے دیگر فریقین نے تسلیم کی ہو خاندانی جائداد کا ایک حصہ حاصل کرتا ہے جبکہ یہ معلوم ہو کہ مصالحت مناسب تھی اور نیک نیتی پر مبنی تھی اور یہ کہ محدود مالک نے جائداد کے قائم مقام کی حیثیت سے مصالحت کی تھی جو اس وقت اس کو حاصل ہوئی تھی اور جائداد مذکور کی حفاظت اور قیام کے لئے عمل کیا تھا" اور اسکے ساتھ ہی تیسرا مسئلہ حسب ذیل ہے۔

۳۔ "جب کبھی یہ سوال پیدا ہو کہ آیا کوئی معاملہ کسی مشتبہ دعوی کے متعلق ایک انتقال یا مصالحت ہے تو صحیح معیار جو تعلق کیا جا سکتا ہے وہ یہ دیکھنا ہے کہ آیا منتقل الیہ کو محدود حق کے تحت جو حقیت حاصل ہوئی ہے۔ جب معاملہ اس فرض پر مبنی ہو کہ دونوں فریقوں کو کسی قسم کی سابقہ حقیت حاصل تھی اور معاہدہ میں یہ تسلیم کیا گیا ہو اور اس امر کی صراحت کی گئی ہو کہ حقیت مذکور کیا ہے تو معاملہ ایک انتقال نہیں ہے بلکہ کسی مشتبہ دعوی کی نسبت ایک مصالحت ہے۔"

اگر یہ تسلیم کیا جائے کہ مصالحت مناسب اور نیک نیتی پر مبنی تھی تو اسکے کرنے میں لبشن کے اختیارات کیا ہونگے؟

میں ابتدا یہ فرض کرتا ہوں کہ وہ خود اپنے حق اور اپنے بیٹے کے حقوق عودی سے واقف تھی۔ کیا وہ اُن کی طرف سے سری کماری کو خود اپنا (لبشن کا) حین حیاتی حق عطا کر سکتی تھی؟ میں خیال کرتا ہوں کہ جواب اثبات میں ہونا چاہیئے۔ کیا وہ سری کماری اور خاندان کی اس کی شاخ کو جائداد کی کوئی مناسب مقدار کلیتاً دے سکتی تھی؟ میں پھر یہ خیال کرتا ہوں کہ جواب غالباً اثبات میں ہونا چاہیئے۔ کیونکہ اگرچہ ایسا کرنے سے اس لئے اس جائیداد کی مقدار میں کمی کی ہوتی جو وارث عودی کے قبضہ میں آسکتی تھی اس کو جائداد کے فائدہ کے لئے انتقال کا اختیار حاصل تھا۔ کیا وہ سری کماری کو کل جائداد میں بہ نسبت خود اپنے (لبشن کے) حین حیاتی حق کے زیادہ عرصہ کے لئے حقیت عطا کر سکتی تھی؟ مثلاً کیا وہ سری کماری اور خاندان کی اسکی شاخ کو کل جائداد میں صرف نہ (لبشن کی) حین حیات اور اپنی (لبشن کی) وفات کے بعد بیس سال تک کا ایک محدود حق عطا کر سکتی تھی؟ میری رائے یہ ہے کہ جواب نفی میں ہے کیونکہ اگر وہ ایسا کرے تو وہ کوئی ایسا امر کریگی جس سے نابالغ ورثائے عودی کو اس تاریخ کی (یعنی لبشن کی وفات کی تاریخ کی) جبکہ ان کا حق عودی ان کو حاصل ہو سکتا تھا کسی غیر شخص کیلئے التوا کا پابند کرنا ظاہر ہوگا۔ وہ اپنے نابالغ بیٹوں کا حق عودی ساقط

نہیں کرسکتی۔ وہ اس کی بابتہ کوئی معاہدہ کرکے ان کو پابند نہیں کرسکتی۔ میرے خیال میں وہ اس کی بابت وہ قسمت کی کوئی ایسی خصوصیت داخل کرکے عمل نہ کرسکتی تھی جس سے ورثا لڑکے عودی کو حق عودی کسی معینہ وقت تک حاصل ہونا ملتوی کیا جائے جبکہ یہ فرض کیا جائے کہ فی الواقع وہ اسکے بعد زندہ رہیں۔

اس لئے میں مقدمہ ہذا کے حالات کے لحاظ سے باول نخواستہ اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ مقدمہ ہذا میں بشن کے لئے ایسا عمل کرنا جیسا کہ اس نے کیا تھا یعنے کسی ایسی مصالحت پر رضامند ہونا جائز نہ تھا جس سے کل جائداد میں سری کماری کو اس کی (سری کماری کی) میعن حیات کوئی میعن حیاتی حق عطا کرتے ہوئے اسکے نابالغ بیٹوں کے حق عودی کی نسبت کوئی جدید شرط داخل کی جاسکتی تھی اور درحقیقت داخل کی گئی ہے۔ وہ جدید شرط کسی غیر معین مدت کے لئے (یعنے اس مدت کے لئے جو بشن کی وفات اور آئندہ کی کسی غیر معین تاریخ کے مابین تھی جبکہ سری کماری فوت ہو) مدعی علیہ نمبر ا کو حق عودی کا حاصل ہونا ملتوی کرنیکی بابتہ تھی۔ اس لئے میری رائے میں بطور ایک خاندانی سمجھوتہ کے معاملات کی تائید نہ کی جاسکتی تھی۔ پس میرے نتائج مختصراً حسب ذیل ہیں:-

۱۔ میں نہیں خیال کرتا کہ اس مختارنامہ سے جو رانی بگیا کماری دیوی نے ۱۹ اکتوبر سنہ ۱۸۷۳ء کو گمبھیر سنگھ (اپنی بیٹی رانی پریم کماری دیوی کے شوہر) کے حق میں تکمیل کیا تھا تکمیل کنندہ کے نواسے راجہ راج کمار سنگھ کو اس کی (تکمیل کنندہ کی) جائداد میں کوئی حقیت عطا کی گئی تھی۔ اس امر کے متعلق مجھے سبارڈینیٹ جج کے ساتھ اتفاق ہے۔

۲۔ مجھے یہ خیال کرنے کے لئے کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی۔

(الف) کہ رام بہادر سین اور شیام بہادر سین کی جو مسماۃ بشن کماری دیوی اور اس کے شوہر بابو سری کشن سین کے دو نابالغ بیٹے تھے کارروائی ثالثی میں انکی ماں اور باپ کی جانب سے کافی طور پر قائم مقامی نہیں کی گئی تھی۔

(ب) یہ کہ دو پردہ نشین خواتین مسماۃ بشن کماری دیوی و سری کماری دیوی جو کارروائیات ثالثی میں شریک تھیں اس کارروائی سے جو ان کے متعلق کی جارہی تھی کافی طور پر واقف نہ تھیں یا اس کی ان کو ناکافی طور پر اطلاع دی گئی تھی۔

(ج) یہ کہ فیصلہ ثالثی ثالثوں کا فیصلہ تھا۔ ان امور کی نسبت مجھے سبارڈینیٹ جج کے ساتھ اتفاق ہے جس حد تک کہ ان کو ان پر بحث کرنی پڑی تھی۔

۳۔ میں حسب ذیل وجوہ کی بنا پر یہ نہیں خیال کرتا کہ کارروائیات ثالثی کی تائید کی جاسکتی ہے۔

(الف) فریقین نے اپنی علی الترتیب حقیقی قانونی حیثیتوں اور حقوق کی کامل غلط فہمی کی بنا پر کارروائی ثالثی شروع کی تھی۔

(ب) ثالثوں کا فیصلہ اسی طور پر فریقین کی علی الترتیب حقیقی قانونی حیثیتوں اور حقوق کی تقریباً کامل غلط فہمی کی بنا پر صادر کیا گیا تھا۔

(ج) فیصلہ ثالثی قانوناً ناقص تھا کیونکہ

۱۔ ثالثوں نے غلطی سے یہ خیال کیا تھا کہ مختارنامہ مورخہ ۱۹ اکتوبر سنہ ۱۸۷۳ء سے جو رانی بگیا کماری دیوی نے بابو گمبھیر سنگھ کے حق میں تکمیل کیا تھا راجہ راج کمار سنگھ کو جائداد میں ایسی حقیت عطا کی گئی تھی جسکے ذریعہ سے سری کماری دیوی دعویٰ کرسکتی تھی۔

۲۔ ثالثوں نے غلطی سے یہ خیال کیا تھا کہ وصیت نامہ جو رانی پریم کماری دیوی نے ۸ فروری سنہ ۱۸۸۱ء کو رام بہادر سین۔ شیام بہادر سین کے حق میں تکمیل کیا تھا جائز تھا۔

بابو رام بہادر سنہا بنام ہسنت کماری (ہند)

صفحہ ۵۵

بابو رام بہادر سین بنام کمشنر سینٹ بنگلہ (دینت)

۳- ثالثوں نے اس معین حیاتی حق پر غور نہیں کیا تھا جو مساۃ کشن کماری اپنی سالی پریم کماری دیوی کی وفات کے بعد جائداد میں رکھتی تھی۔

۴- ثالثی نے دبظاہر) رام بہادر سین و شیام بہادر سین کے حق عودی پر غور نہیں کیا تھا۔

اس امر کے متعلق مجھے سباڈینیٹ جج سے اختلاف ہے۔

۴- میں نہیں خیال کرتا کہ مدعی علیہ نمبر۱ کسی صورت میں ثالثوں کے فیصلہ کا پابند ہوگا کیونکہ فیصلہ مذکور کی رو سے اس کا حق عودی ایک شرط کے تابع کیا گیا تھا جس کی بنا پر اس تاریخ کے بعد جبکہ اس کا حق عودی اس کو قانونًا حاصل ہونا چاہیئے تھا وہ کسی غیر معینہ مدت تک ملتوی کیا جا سکتا تھا اور در اصل ملتوی کیا گیا ہے۔ ایسے طریقہ کا وہ شخص جو نابالغ تھا ان اشخاص کے تسلیم یا السکوت کی بنا پر پابند نہ کیا جا سکتا تھا جنھوں نے اس کی طرف سے بابت ثالثی میں اس کی قائم مقامی کرنا ظاہر کیا تھا۔

اس امر کے متعلق مجھے سباڈینیٹ جج سے اختلاف ہے۔

۵- میں نہیں خیال کرتا کہ ان انتظامات کی جو کار روائیات ثالثی کی بنا پر کئے گئے تھے بطور ایک ایسے خانگی سمجھوتہ کے تائید کی جا سکتی ہے جو مدعی علیہ نمبر۱ پر واجب التعمیل ہو۔ کیونکہ مصالحت کا نتیجہ یہ ہوا تھا کہ مدعی علیہ نمبر۱ کا حق عودی اس طریقہ سے مشتبہ ہوتا تھا جو میں نے فقرہ ماقبل میں مختصرًا ظاہر کیا ہے۔ میں یہاں یہ بھی اضافہ کر سکتا ہوں اگرچہ وہ یہاں صحیح طور پر متعلق نہ ہو سکے کہ جائداد کے معین حیاتی حق کے متعلق اپنے دعوی کی نسبت مساۃ کشن کماری دیوی کی کامل نامہ تصفیت سے وہ ورثائے عودی کی جانب سے نزاع کے متعلق ایک نہایت قوی ہتھیار استعمال کرنے سے محروم ہو گئی تھی۔ اس امر کے متعلق مجھے سباڈینیٹ جج سے اختلاف ہے۔

نتیجہ یہ ہوگا کہ مدعی علیہ نمبر۱ کا مرافعہ منظور اور سباڈینیٹ جج کا فیصلہ جس حد تک کہ وہ مرافعہ سے متعلق ہے منسوخ کیا جائیگا۔ مرافعہ علیہ کو مرافعہ اور عدالت ماتحت دونوں کا خرچہ ادا کرنا چاہیئے۔

جسٹس رس۔ مجھے اتفاق ہے۔ مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

### نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۳۸۹ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۱ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس عبدالرؤف۔

ٹیھنا تھ۔ مدعی۔ سائل۔ بنام ہمایت راج۔ مدعا علیہ۔ مسئول علیہ

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۱۵- امر قانونی یا واقعاتی کے متعلق غلط فیصلہ- ناجوازی یا اہم بے ضابطگی- نگرانی —

کسی عدالت کی نسبت جو کسی امر کا فیصلہ کرنے کا حق رکھتی ہے فیصلہ کا اس کو اختیار حاصل ہو کسی امر قانونی یا واقعاتی کے متعلق کسی غلط نتیجہ پر پہونچنے نہیں کہا جا سکتا کہ اس نے ناجائز طور پر یا اہم بے ضابطگی سے عمل کیا تھا تاکہ ہائیکورٹ کی جانب سے حسب دفعہ ۱۱۵ مجموعہ ضابطہ دیوانی بذریعہ نگرانی دست اندازی جائز ہو سکے۔

نگرانی دیوانی بنا راضی ڈگری صادرہ منصف درجہ دوم حصار مورخہ یکم مارچ ۱۹۲۲ء۔

منجانب سائل۔ لالہ نانو امل۔

منجانب مسئول علیہ۔ مسٹر شمیر چند۔

**فیصلہ**- سائل مقدمہ ہذا کا مدعی تھا۔ اس نے اراضی متنازعہ

۶۹۹

کی نسبت لطور اپنی اراضی کے اور مدعی علیہ نے بطور اراضی کے دعویٰ کیا تھا۔ فریقین نے معاملہ ایک ثالثی کے سپرد کیا تھا۔ کل مقدمہ عدالت کے ذریعہ سے سپرد کیا گیا تھا۔ ثالث نے ایک فیصلہ صادر کیا جسکے بموجب نہ مدعی اور نہ مدعی علیہ کو اراضی کی نسبت کوئی حقیقت حاصل تھی۔ مدعی مندر کے امین کی حیثیت رکھتا ہے۔ فیصلہ ثالثی کے بموجب مندر اس قطعہ اراضی کا مالک ہے۔ اسلئے ثالث نے مدعی کے حق میں بحیثیت ایک امین کے قبضہ کا دعویٰ ڈگری کیا۔ مدعی نے فیصلہ ثالثی کے خلاف چند اعتراضات پیش کئے جن میں سے ایک اعتراض یہ تھا کہ ثالث نے سپردگی کی شرائط سے متجاوز عمل کیا تھا اور ایسے امور کا تصفیہ کیا تھا جو نالش میں مابہ النزاع نہ تھے۔ عدالت ماتحت نے اعتراض مذکور پر غور اور ان کو نامنظور کیا تھا۔ مدعی نے یہ نگرانی مسٹر نانوال عدالت ہذا کے ایک لائق وکیل کے ذریعہ سے پیش کی ہے۔ لائق وکیل کو ابتدائی مشکل یہ معلوم ہوتی ہے کہ ایسے معاملات میں ہائیکورٹ کو دست اندازی کرنیکا اختیار نہیں ہے۔ اس امر سے انکار نہیں کیا گیا ہے کہ فاضل منصف کو ان اعتراضات کے فیصلہ کا اختیار تھا جو مدعی کی جانب سے ان کے روبرو پیش کئے گئے تھے اور انھوں نے اعتراضات مذکور کا فیصلہ کیا ہے اور اگر اعتراضات مذکور کا فیصلہ کرتے وقت وہ کسی امر قانونی یا واقعاتی کی نسبت کسی غلط نتیجہ پر پہونچے ہیں تو یہ نہیں کہا جا سکتا کہ انھوں نے ناجائز طور پر یا اہم بے ضابطگی سے عمل کیا تھا۔ ملاحظہ ہو۔ امیر حسن خان بنام شیو بخش سنگھ (۱)۔ مجھے عدالت ماتحت کے حکم میں دست اندازی کرنیکا کوئی اختیار نہیں ہے اور اس لئے میں یہ درخواست نگرانی معہ خرچہ نامنظور کرتا ہوں۔

نگرانی نامنظور کی گئی۔

(۱) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۱۱ صفحہ ۶۔

# ہائیکورٹ پٹنہ

## نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۶ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء فیصلہ ۳ مئی سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس میکفرسن۔

ٹھاکر پاٹھک وغیرہ۔ سائلان بنام راگھو پاٹھک وغیرہ۔ مسئول علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۹ رول ۲ و ۸۔ قانون دادرسی خاص ایکٹ ۱ بابتہ سنہ ۱۸۷۷ء دفعہ ۴۲۔ استقرار حق کی نالش۔ اقبال جو ایک مدعی علیہ کی جانب سے کیا گیا ہو۔ تاریخ جو نابالغ مدعی علیہ کے ولی دوران مقدمہ کی حاضری کے لئے مقرر کی گئی ہو۔ اخراج جو عدم پیروی میں کیا گیا ہو۔ حکم کا نمونہ۔

ایک استقرار حق کی نالش میں منجملہ چند مدعی علیہم کے مضمون نے اراضی متنازعہ میں حق ہونے سے انکار کیا تھا ایک شخص حاضر ہوا اور اس نے دعویٰ تسلیم کیا۔ نابالغ مدعی علیہم میں سے ایک کے ولی بعد ازاں مقدمہ بتعمیل سمن کرانے میں مشکل پیش آئی تھی اور اس کی حاضری کے لئے ایک تاریخ مقرر کی گئی تھی۔ تاریخ مذکور پر ولی نے ایک جوابدعویٰ پیش کیا تھا اور وہ اس کے بعد غیر حاضر ہو گیا۔ جب مقدمہ پیش ہوا تو کوئی فریق بھی حاضر نہ تھا اور دعویٰ حسب آرڈر ۹ رول ۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی عدم پیروی میں خارج کیا گیا تھا۔ یہ کہا گیا ہے کہ دعویٰ خارج نہ ہونا چاہیئے تھا اور یہ کہ کم از کم اخراج آرڈر ۹ رول ۸ مجموعہ مذکور کے تحت نہ ہونا چاہیئے تھا۔ قرار دیا گیا (۱) کہ اس امر سے کہ مدعی علیہم میں سے ایک شخص نے دعویٰ کا دعویٰ تسلیم کیا تھا موخر الذکر مدعی علیہ مذکور کے خلاف دعویٰ ڈگری کرانیکا اور حسب آرڈر ۹ رول ۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی بقیہ کے خلاف خارج کرانیکا مستحق نہ ہوا تھا کیونکہ رول مذکور کے احکام کو دفعہ ۴۲ قانون دادرسی خاص کے ساتھ پڑھنا چاہیئے جس کی رو سے کسی

ٹھاکر پاٹھک بنام راگھو پاٹھک (پٹنہ)

بابو کپل پرکاش
بنام
رگھو ناتھ سنگھ
(پٹنہ)

استقراری ڈگری کا عطا کرنا ایک بالکل جائز اور بجا فیصلہ ہے۔ مقدمہ ہذا میں صرف ایک مدعی علیہ کے خلاف ڈگری عطا کرنے کا اختیار تمیزی بظاہر ناجائز طور پر استعمال کیا گیا ہے اور یہ کہ نہایت غیر اہم مدعی علیہ جس نے انکار کیا تھا جائداد متنازعہ میں حق رکھتا تھا۔

(۲) یہ کہ مقدمہ پیش ہونے کے قبل محض نابالغ مدعا علیہ کے ولی دوران مقدمہ کی جانب سے کسی جواب دعوی کا پیش کیا جانا جب مثلاً آرڈر ۹ رول ۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی نمبر ۱ حاضری کرنی تھا۔

(۳) لیکن چونکہ وہ تاریخ جبکہ دعوی خارج کیا گیا تھا صرف نابالغ مدعا علیہ کے ولی دوران مقدمہ کی حاضری کے لئے مقرر کی گئی تھی عدالت کو مدعی کی غیر حاضری کی وجہ سے تاریخ مذکور پر دعوی خارج نہ کرنا چاہئے تھا بلکہ نالش کی سماعت کے لئے کوئی دوسری تاریخ مقرر کرنی چاہیئے تھی۔

نگرانی دیوانی نمبر ۲۰ فیصلہ مصدرہ منصف اورنگ آباد مورخہ ۱۱ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء۔

منجانب سائلان۔ مسٹر شمبھو سرن۔

منجانب مسئول علیہم۔ مسٹر ڈی۔ پی۔ سنہا۔

**فیصلہ**۔ یہ درخواست ذیعلم منصف اورنگ آباد کے حکم مورخہ ۱۱ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء کی نگرانی کے لئے پیش کی گئی ہے جو مقدمہ متفرق نمبر ۴۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء میں حسب آرڈر ۹ رول ۱۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی صادر کیا جانا ظاہر ہوتا ہے۔

موجودہ سائلوں نے جو باپ اور بیٹے ہیں اس استقرار کے لئے نالش رجوع کی تھی کہ چند قطعات اراضی جو کاغذات حقوق میں سائل نمبر ۱ اور فریق ثانی نمبر ۱ (جو نابالغ فریق ثانی نمبر ۲ تا ۶ کا باپ تھا) کے نام پر درج کئے گئے تھے بلا شرکت غیرے مدعیوں کی ملک تھے۔ نابالغ فریق ثانی نمبر ۲ کی جانب سے اس کی ماں ولیہ کی حیثیت

صفحہ ۲۶

سے ایک جواب دعوی پیش کیا گیا تھا جس میں دعوی تسلیم کیا گیا تھا۔ نالش کئی مرتبہ ملتوی کی گئی تھی لیکن بالآخر ۱۰ اگست کو وکیل نابالغ مدعی علیہم نمبر ۲ تا ۶ کے ولی دوران مقدمہ کے وکیل نے عمل کرنے سے انکار کیا اور وکیل کی بجائے منصرم کی عدالت کا مقابلہ کنندہ محرر مقرر کیا گیا تھا۔ ۲۹ اگست کو جو سماعت کی تاریخ مقررہ تھی یہ تجویز کی گئی تھی کہ جدید ولی دوران مقدمہ پر طلب نامہ کی تعمیل نہیں کی گئی تھی اور مقدمہ اس کی حاضری کے لئے ۹ ستمبر تک ملتوی کیا گیا تھا۔ ۹ ستمبر کی فرد کار روائی سے بظاہر ہوتا ہے کہ ولی دوران مقدمہ پر تعمیل کئے جانے کا کاغذ مثل میں شریک نہیں کیا گیا تھا اور مقدمہ ۱۴ ستمبر کو احکام کی غرض سے پیش کیا گیا تھا جبکہ فریقین حاضر نہیں ہوئے اور مقدمہ عدم پیروی میں خارج کیا گیا تھا۔ اور نیز یہ بھی حکم دیا گیا تھا کہ جواب دعوی جو اس نابالغ مدعی علیہم کے ولی دوران مقدمہ نے پیش کیا تھا شریک مثل کیا جائے۔ اسکے بعد مدعیوں نے ایک درخواست جو تحت آرڈر ۹ رول ۱۳ پیش کی جاتی ظاہر ہوتی تھی مدعی کی جسکے زیر نگرانی نالش تھی طویل علالت کی بنا پر اخراج کی تنسیخ کے لئے پیش کی اور چونکہ ذی علم منصف نے اس کو نامنظور کیا تھا انھوں نے عدالت ہذا میں انکے حکم کی نگرانی کیلئے درخواست کی ہے۔ سائلوں کی جانب سے ابتداً یہ کہا گیا ہے کہ اخراج حسب آرڈر ۹ رول ۸ ہونا چاہیئے تھا کیونکہ مدعی علیہ نمبر ۲ نے دعوی تسلیم کیا تھا اور دعوی اسکے خلاف ڈگری ہونا چاہیئے تھا لیکن یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ آرڈر ۹ رول ۸ کو دفعہ ۴۲ قانون دادرسی خاص کے ساتھ پڑھنا چاہیئے جسکی رو سے کسی استقراری ڈگری کا عطا کرنا اختیاری تمیزی قرار دیا گیا تھا اور مقدمہ ہذا میں صرف ایک مدعی علیہ کے خلاف اور وہ بھی نہایت غیر اہم مدعی علیہ کے خلاف جس نے کل حقوق سے انکار کیا تھا ایک ڈگری عطا کرنے کا اختیار تمیزی بظاہر ناجائز طور پر استعمال کیا گیا ہوتا۔ اسکے بعد یہ کہا گیا ہے کہ اخراج حسب آرڈر ۹ رول ۸ ہونا چاہیئے تھا

تھا لیونکہ وہ دوران مقدمہ حاضر تھا لیکن کسی امر سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ وہ صحیح تھا اور یہ ظاہر ہوگا کہ ولی نے جو عدالت کے عملہ میں سے تھا عدالت کھلنے پر محض ایک جوابدعوی پیش کیا تھا اور اس کے بعد جب اس نے یہ دیکھا کہ مدعیان غیر حاضر تھے تو غالباً بالارادہ سماعت کے وقت حاضر ہونے سے قاصر رہا۔

اسکے بعد یہ بحث کی گئی ہے کہ رو بکار و پر درخواست منظور ہونی چاہیئے تھی۔ غیر حاضری کی وجہ پیش کردہ یہ تھی کہ سائل نمبر ۲ بیمار تھا۔ ذیعلم منصف نے یہ تجویز کی کہ بیماری کی شہادت کافی اور اطمینان بخش نہ تھی اور یہ خیال ظاہر کیا کہ اگر وہ بیمار تھا تو بھی دیگر سائلان ضروری کارروائی کر سکتے تھے۔ مجھے ان تجاویز سے اتفاق نہیں ہے لیکن میں اس حکم کو جو میں اب صادر کرنیوالا ہوں محض اس وجہ پر مبنی کرنا چاہتا ہوں کہ اخراج کا حکم بالکل نامناسب تھا۔ جہانتک کہ معلوم کیا جا سکتا ہے ۹ ستمبر اور اسکے بعد ۱۳ ستمبر نابالغوں کے ولی دوران مقدمہ کی حاضری کے لئے مقرر کی گئی تھی اور یہ معلوم کرنا آسان نہیں ہے کہ وہ یا ۱۳ ستمبر کو سائلان یا ان کا وکیل کیا کارروائی کرنیوالے تھے یا کر سکتے تھے قصور بالخصوص ذیعلم منصف کی فرد کارروائی سے ظاہر ہے جس کا زیادہ حصہ انھوں نے بظاہر کسی بے سمجھ ماتحت سے تحریر کرا لیا تھا۔ ایسے مقدمات ہمیشہ پیش آئینگے جن میں ایسے ضابطہ کارروائی سے فریقین مقدمہ کو نقصان پہونچیگا اور حقیقت یہ ہے کہ جس طریقہ پر گست ستمبر میں نالش جاری تھی وہ اس کی ایک مثال ہے جو اسکے ساتھ مبہم احکام اور ولی دوران مقدمہ کی حاضری کے نظر عدالت کو ۱۳ ستمبر کو ایک تاریخ مقرر کرنی چاہیئے تھی۔

حالات متذکرہ بالا کی بنا پر درخواست منظور اخراج کا حکم منسوخ اور دعوی اس شرط پر شریک مشتہر کیا جاتا ہے کہ آج کی تاریخ سے ایکماہ کے اندر سائلان متقابل مدعا علیہم کو مبلغ عہ بطور خرچہ کے ادا کریں۔ اگر ادائی نہ کی جائے تو درخواست ہذا خارج متصور ہوگی خرچے کے متعلق کوئی حکم نہ دیا جائیگا۔

مثل ہوگا تحت میں بعدالت کی جائے۔ درخواست منظور کیگئی

ٹھاکر پاٹھک بنام راکھو پاٹھک (پٹنہ) صفحہ ۱۶۲

# ہائیکورٹ پٹنہ

استصواب حکم صوبائی مہتمم نمبر مقدمہ ۹ بابتہ ۱۹۲۳ء

مرافعہ فوجداری نمبر مقدمہ ۴۴ بابتہ ۱۹۲۳ء

منفصلہ ۲ مارچ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر داس مزبائنٹ چیف جسٹس و جسٹس سری کسلا ناٹ

گلشا اور اوڑن ملزم۔ مرافع بنام ملک معظم۔ مرافعہ علیہ

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعات ۱۵۴ و ۱۶۲ و ۲۸۸ - جرم قابل دست اندازی کی اطلاع کس کو کہتے ہیں تحریری بیان کا جو گواہ سے دوران تفتیش میں حاصل کیا گیا ہو قابل ادخال شہادت ہونا۔ بیان جو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو کیا گیا ہو جو سشن کی مثل میں منتقل کیا گیا ہو یا بطور اصل شہادت کے استعمال کیا جا سکتا ہے

اطلاع متذکرہ دفعہ ۱۵۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری ایک استغاثہ یا الزام یا کم از کم کسی جرم کی اطلاع کی نوعیت رکھتی ہے جو پولیس کو تفتیش شروع کرنیکی غرض سے دی جاتی ہے اور اس اطلاع سے مختلف ہے جو پولیس نے کسی جرم کی مقدمہ کے سات تفتیش کرتے وقت حاصل کی ہو۔

ایسے حالات پیدا ہو سکتے ہیں جن میں پولیس کو اس قسم کی مبہم اور غیر معین اطلاع دی گئی ہو کہ اس کی نسبت یہ تصور کیا جا سکتا ہو کہ وہ دفعہ ۱۵۴ مجموعہ مذکور کے تحت آتی ہے تاکہ عہدہ دار منتظم تھانہ کے لئے تفتیش آغاز کرنا لازمی ہوا اور وہ ایسا کرنے سے قبل مناسب طور پر زیادہ صریح اطلاع طلب کر سکتا ہے اور یہ ممکن ہے کہ ایسی مزید اطلاع جو اس کو ایسے حالات میں دی جائے دفعہ ۱۶۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے احکام کے تحت دا سکے

سا اوراون بنام ملک معظم (پٹنہ)

یا اطلاع متذکرہ دفعہ ۱۵۴ ایک سے زیادہ ذرائع سے حاصل ہو سکتی ہے اور ایسی وقت یا اسکے قریب زمانہ میں ایک سے زیادہ ایسی اطلاع درج کی جا سکتی ہے۔ لیکن بر حسب دفعہ ۱۵۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری پولیس کو کسی جرم قابل دست اندازی کے ارتکاب کے متعلق ایک ہی صحیح اطلاع دی جا سکتی ہے۔ پولیس نے تفتیش کی جو کارروائی کی ہو خواہ اطلاع مذکور جب صراحت مندرجہ دفعہ ۱۵۴ اس کتاب میں جو اس غرض سے رکھی گئی ہو درج کی گئی ہو یا نہیں تو جملہ بیانات جو گواہوں سے لئے جائیں پولیس کی تفتیش کے دوران میں لئے جاتے ہیں اور حسب دفعہ ۱۶۲ مجموعہ مذکور ناقابل ادخال شہادت ہیں۔

حسب دفعہ ۲۸۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری عدالت سشن کے لئے کسی ایسے گواہ کی شہادت کو جو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو حسب ضابطہ قلمبند کی گئی ہو اس وقت جبکہ گواہ مذکور عدالت سشن میں شہادت دے تو محض اسکی تردید کی غرض سے قبول کرنا محدود نہیں کیا گیا ہے۔ دفعہ مذکور سے یہ مقصود ہے کہ عدالت تحقیقات کے وقت سابقہ شہادت کو بطور اصل شہادت کے پڑھ سکے جبکہ اغراض عدالت کے لئے جج ایسا طریقہ اختیار کرنا ضروری معلوم کرے۔ قیصر ہند بنام درسا (؟) انڈین لاء رپورٹ مدراس جلد ۲۳ صفحہ ۱۳۸ صفحہ ۱۴۱ - سارتی چرن (؟) رشدے (؟) بنام ملک معظم - انڈین کیسیز جلد ۱۳ صفحہ ۲۳۳ پر استدلال کر لیا گیا۔ قیصر ہند بنام جیوجی - انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۴ صفحہ ۱۱ - ملک معظم بنام وعارکاکرمی (؟) - انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۳۹ صفحہ ۲۶۸ کا حوالہ دیا گیا۔ لیکن یہ امر جج کے اختیار تمیزی پر منحصر ہے کہ آیا وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ایسی شہادت کا استعمال کرنا مقتضائے انصاف ہے کیونکہ کئی صورتیں پیدا ہو سکتی ہیں جن میں ایسی شہادت پر استدلال کرنا خطرناک ہوگا جبکہ گواہ بول لئے

سشن جج کے روبرو اپنے آپ کو بالکل ناقابل اعتبار ثابت کیا ہو۔

جو شخص ملک - اطلاع حسب منشائے دفعہ ۱۵۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری ایک بیان ہے جو استغاثہ کی نوعیت رکھتا ہے کہ کوئی تھانہ دار پولیس کے روبرو کارروائی کرنیکی غرض سے کیا جائے اور جب ایسا بیان کیا جائے تو تھانہ دار پولیس کو حسب دفعہ مذکور بطور ایک اطلاع کے قلمبند کرنا چاہئے اور اس تحریر سے دفعہ ۱۵۴ قانون شہادت کے احکام متعلق ہونگے اور اگر تھانہ دار پولیس کسی جرم قابل دست اندازی کے متعلق ایک سے زیادہ اطلاع درج کرے تو وہ سب کی سب اس ناقابلیت کی وجہ سے جو دفعہ ۱۶۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے عائد کی گئی ہے مستثنیٰ ہو جائینگی سوائے (؟) جب ہونگی ہر مقدمہ میں عدالت کو اس امر کا فیصلہ کرنا چاہئے کہ آیا خبر اس اصطلاحی معنی میں ایک اطلاع ہے اور آیا اندر کب پولیس کی تفتیش در اصل آغاز ہوئی تھی۔

مرافعہ فوجداری بنا راضی فیصلہ مصدرہ مسٹر ولیمس جوڈیشل کمشنر چھوٹا ناگپور مورخہ ۱۰ فروری ۱۹۲۲ء۔

منجانب مرافع - مسٹر شمبھو سرن

منجانب سرکار - مسٹر ایچ ایل - نندکیولیار -

چیف جسٹس ملر - مقدمہ ہذا میں گنسا اور اون کے خلاف گزشتہ ۱۰ فروری کو جوڈیشل کمشنر چھوٹا ناگپور نے قتل عمد میں تحقیقات و تجویز ثبوت جرم کرکے سزائے موت صادر کی تھی کارروائی مذکور تحت دفعہ ۳۷۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری عدالت ہذا کے سپرد کی گئی ہیں اور قیدی نے مرافعہ کیا ہے - مرافع اور اس کا بھائی ٹیکوا اور اون جو مشترکہ خاندان رکھتے تھے موضع بونگلیا ضلع رانچی میں ایک ہی مکان میں رہتے تھے۔ مرافع کا ازدواج ہو چکا تھا لیکن ان کا بھائی مجرد تھا ان کے مابین اس دہان کی فصل کی تقسیم کے متعلق کچھ تنازع تھی جو ان کی اراضی پر موجود تھی اور ٹیکوا نے تقسیم کرنیکی کوشش کی

گنسا اور ادوا
بنام
مالک معظم
دیپٹمنٹ

لیکن وہ کامیاب نہ ہوا۔ مرافع نے یہ وعدہ کیا کہ جب ٹیکو لڑکا اتنی عمر کا ہوجائیگا تو وہ اراضی کی تقسیم پر رضامند ہوگا۔ شہادت سے ظاہر ہے کہ بموجب گزشتہ ۱۵ دسمبر کی شب میں تقریباً ۷ بجے فصل کی تقسیم کے متعلق ان میں جھگڑا ہوا تھا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مرافع نے ایک بالو اٹھایا جس سے اس نے اپنے بھائی کے سر پر ایک سخت وار کیا جس سے کھوپڑی پھٹ گئی اور دماغ باہر نکل آیا۔ یہ کہا گیا ہے کہ اس وقت دو اشخاص حاضر تھے اور انھوں نے واقعہ کو دیکھا تھا۔ ان میں سے ایک مساۃ بدھنی تھی جو مرافع کی زوجہ ہے اور دوسرا کہرلوا اس کا قریبی رشتہ دار ہے۔

ابتدائی اطلاع جو پولیس کو واقعہ کی نسبت وصول ہوئی تھی ۱۶ ماہ دسمبر کے ۴ بجے دن کو وصول ہوئی تھی جبکہ روپ سنگھ موضع کا چوکیدار باسیا کے پولیس اسٹیشن پر پہونچا تھا جو موضع لونگیلو یا سے تقریباً دس میل کے فاصلہ پر تھا اور اس نے سب انسپکٹر کو یہ اطلاع دی تھی کہ اسی روز صبح کو ملزم کی ماں او ٹیکو نے اس سے یہ کہا تھا کہ اسکے بڑے بیٹے گنسا اور ادوان نے اپنے چھوٹے بھائی ٹیکو پر گزشتہ شام کو جبکہ وہ "ہانڈیا" کے زیر اثر تھے ایک "ٹانگی" سے حملہ کیا۔ اور یہ کہ وہ مکان کو گیا اور اس نے ٹیکوا کو دیکھا جسکے سر پر ایک خون آلود زخم موجود تھا لیکن اس سے یہ دریافت کرنے پر کہ اس پر کس نے حملہ کیا اس نے کوئی جواب نہیں دیا۔ یہ رپورٹ پولیس اسٹیشن کے روزنامچہ میں درج کی گئی تھی لیکن اس پر چوکیدار کے دستخط نہ تھے اور نہ سب انسپکٹر نے اس کو حسب منشائے دفعہ ۱۵۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری بطور ایک اطلاع کے تصور کیا۔ سب انسپکٹر اسی سہپر کو لونگیلو یا کو روانہ ہوا اور تقریباً ۸ بجے رات کو موضع کو پہونچا۔ اس نے ٹیکوا کو مکان میں پایا جسکے سر پر ایک سخت زخم تھا۔ وہ بیہوش تھا اور بات نہ کر سکتا تھا۔ اسکے بعد اس نے مساۃ بدھنی مرافع کی زوجہ سے دریافت کیا جس کا اس نے تحریری بیان قلمبند کیا اور اس کو بطور ایسی اطلاع کے تصور کرکے جو ابتدائی اطلاع واقعہ کہلاتی ہے جس کی بنا پر وہ حسب دفعہ ۱۵۶ مجموعہ ضابطہ فوجداری تفتیش کرنے کا مجاز ہوتا۔ وہ گنسا اور ادوا کے مکان کو بھی گیا اور تلاشی لی۔ اس نے ایک بالو (جو علامت ۴ سے نشان زد کیا گیا) پایا اور ۱۷ تاریخ کو شہادت حاصل کرنی شروع کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ادوا اور گنسا کو گرفتار کیا گیا اور دوسرے دن صبح کو ۱۰ بجے اس نے گنسا کو جیل میں ایک مجسٹریٹ کے روبرو اقبال جرم کیا۔ بیان جو مرافع نے اس وقت کیا تھا حسب ذیل تھا:—

"میرے بھائی ٹیکوا اور مجھ میں نفاق تھا۔ میں نے اسکے سر پر ایک "بالو" سے مارا۔ ہم شمول ہیں میرے بچوں کے نزدیک میں اور ٹیکو اپنی ماں کے ساتھ ہے۔ اس نے اپنے حصہ کے متعلق جھگڑا شروع کیا۔ میرے لئے یہ بیان کرنیکی کوئی وجہ تحریک موجود نہیں ہے۔ کسی شخص نے مجھے سکھایا بنایا نہیں ہے۔ اس نے (۲) آنہ حاصل کئے الا مجھے راضی میں (اطلاع) آنہ حاصل ہے۔"

دوسرے روز ۱۹ دسمبر کو ٹیکوا جو اس اثنا میں شفاخانہ کو روانہ کیا گیا تھا ہوش میں آیا لیکن اپنے زخم سے فوت ہوا۔ ۲۳ دسمبر کو مرافع مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو پیش کیا گیا تو اس نے یہ تسلیم کیا کہ اس نے ۱۸ دسمبر کو مجسٹریٹ کے روبرو اقبال جرم کیا تھا اور مکرر یہ اقبال کیا تھا کہ اس نے اپنے بھائی کے سر پر ایک "بالو" سے مارا تھا۔ اس نے یہ اضافہ کیا کہ وہ نشہ میں تھا۔ ۷ فروری کو جب اس سے اسسٹنٹ کمشنر کے روبرو اس سے دریافت کیا گیا تو اس نے یہ بیان کیا کہ اس کو یہ علم نہ تھا کہ ایا اس نے ٹیکوا کو مارا تھا کیونکہ اس نے ہانڈیا (دیسی شراب) استعمال کی تھی۔ اس نے یہ تسلیم کیا کہ اس نے بیان مذکورہ الصدر مجسٹریٹ کے روبرو کیا تھا لیکن یہ اضافہ کیا تھا کہ اس نے بیان مذکورہ اس لئے کیا تھا کہ اس کو ایک کانسٹبل نے مارا تھا۔ اس نے یہ کہا کہ وہ اراضی کے متعلق اپنے بھائی کے ساتھ

شنا ابوا علی بنام ملک معظم (پٹنہ)

کوئی جھگڑا نہ رکھتا تھا اور اس شہادت کی جو کہ نوا اور ایک دوسرے گواہ وسا ئیں نے دی تھی یہ وجہ بیان کی کہ انہوں نے اسکے خلاف شہادت اس لئے دی تھی کہ خود اسکے اور ان کے مابین تنازع تھی۔ اس نے یہ بھی بیان کیا کہ وہ روپ سنگھ چوکیدار کے ساتھ ناخوشگوار تعلقات رکھتا تھا جس نے اس کو ہلاک کرنے کی دھمکی دی تھی۔ اس نے مزید یہ بیان کیا کہ وہ سکھو و بیتے کے ساتھ عداوت رکھتا تھا جس نے اس جھگڑے کے متعلق جو وہ بھائیوں کے مابین تھا شہادت دی تھی۔

تحقیقات کے وقت کہرلو نے یہ بیان کیا کہ واقعہ کی شام کو اس نے مرافع کے مکان پر کھانا کھایا تھا اور کھانا اس کو تمباکو دیا گیا تھا۔ وہ اور گنسا اور ٹیکوا برآمدہ میں بیٹھے تھے جس کا رخ جنوب کی جانب تھا۔ یہ کہ گنسا نے ٹیکوا کو مارا لیکن وہ ایک اندھیری رات تھی اور اس کو یہ معلوم نہیں کہ اس نے اس کو کس چیز سے مارا تھا۔ اس کا مزید یہ بیان کیا کہ گنسا اور ٹیکوا میں کوئی گفتگو نہیں ہوئی تھی بلکہ گنسا نے آہستگی سے اسکے سر پر مارا تھا اور ٹیکوا بیٹھا رہا۔ اسکے بعد گنسا باہر گیا اور اس کو یہ معلوم نہ تھا کہ اس ہتیار کا کیا نشر ہوا جس سے اس نے اس کو مارا تھا۔ اس نے یہ کہا کہ مسماۃ بدھنی ان کے ساتھ نہ تھی بلکہ اس کمرہ میں تھی جس کا رخ بجانب شمال ہے۔ یہ شہادت جو بظاہر گواہ نے بحالت مجبوری دی تھی چند اہم امور میں ان بیانات سے مختلف تھی جو اس نے اسکے قبل مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو دئے تھے اور نیز بعلم جوڈیشل کمشنر اس کے اظہار کو سابقہ موقع پر کیا گیا تھا۔ حسب احکام دفعہ ۲۸۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری شہادت میں پیش کرنے کی اجازت دی۔ ان کی توجہ اسکے سابقہ بیان کی جانب مبذول کرائی گئی تھی جو حسب ذیل تھا:۔ یہ کہ وہ شام میں ملزم کے مکان کو

گیا تھا اور اس برآمدہ میں بیٹھکر جو بجانب مشرق تھا وہاں حقہ پی رہا تھا۔ ملزم کی زوجہ مسماۃ بدھنی اور ٹیکوا وہاں موجود تھے۔ ٹیکوا اور ملزم جھگڑنے لگے اور اس نے اپنا "بالوا" اٹھایا اور ٹیکوا کے سر پر مارا اور اسکے بعد مکان کے باہر بھاگ گیا۔ ٹیکوا کھڑا ہو گیا اور پھر بیٹھ گیا۔ وہ یہ نہ کہہ سکتا تھا کہ ملزم نے ٹیکوا کو کیوں مارا تھا لیکن اس نے یہ اضافہ کیا کہ موخرالذکر نے ان کی ہفتہ کی اراضی کے (۲) آنے میں دھان کاٹا تھا حالانکہ ملزم نے صرف (۱/۲) آنے میں دھان کاٹا تھا۔ اس نے یہ تسلیم کیا کہ اس نے مجسٹریٹ کے روبرو یہ کہا تھا کہ بھائیوں میں جھگڑا شروع ہوا اور یہ کہ ملزم نے اپنا "بالوا" اٹھایا اور ٹیکوا کے سر پر اس کا وار کیا اور یہ اضافہ کیا کہ اس نے عدالت تحت میں جو کچھ بیان کیا تھا وہ صحیح تھا لیکن یہ کہنا صحیح نہ تھا کہ ان میں جھگڑا ہوا تھا۔

بدھنی مرافع کی زوجہ کو بھی طلب کیا گیا تھا اور اس نے یہ بیان کیا کہ اس کو یہ معلوم نہ تھا کہ ٹیکوا کس طرح فوت ہوا تھا۔ وہ اپنے شام کے کھانے کے بعد سونے کے لئے گئی تھی اور اس نے دوسرے دن ٹیکوا کو صرف اس وقت دیکھا تھا جبکہ وہ بیہوش تھا۔ اسکے سر پر ایک زخم تھا لیکن اس نے نہیں دیکھا کہ زخم کس طرح پہنچایا گیا تھا۔ اس گواہ نے بھی مجسٹریٹ کے روبرو ایک بیان کیا تھا جو اسکے اس بیان سے مختلف تھا جو بعلم جوڈیشل کمشنر کے روبرو کیا گیا تھا اور اسکے سابقہ بیان کو حسب احکام دفعہ ۲۸۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری شہادت میں پیش کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔ اس موقع پر اس نے یہ بیان کیا تھا کہ اس کا شوہر اور ٹیکوا اور کہرلو جنوبی برآمدہ میں آگ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے جس وقت اسکے شوہر اور ٹیکوا

صفحہ ۳۶۱

میں دکان کی تقسیم کے متعلق جھگڑا شروع ہوا۔ اسکے شوہر نے
ٹیکو اسے یہ کہا تھا کہ وہ ٹیکو اسکے از دواج کے بعد اسکی تقسیم
کریگا اور یہ کہ اسکے شوہر نے بالوا اٹھایا جو برآمدہ پر موجود تھا
اور ٹیکو اکے سر پر فوراً اس کا وار کیا اس نے بالوا کو شناخت
کیا جو عدالت میں موجود تھا۔ اس نے یہ بیان تسلیم کیا تھا
لیکن یہ بیان کیا کہ اس نے بیان مذکور اس لئے کیا تھا کہ کانسٹبل
نے یہ کہا تھا کہ اگر وہ بیان نہ کریگی تو مجسٹریٹ اس کو کالیاں دیگا
اور ماریگا۔ سب انسپکٹر نے یہ ثابت کیا کہ اس وقت جبکہ وہ
۱۷ کی شب کو مکان کو پہلی مرتبہ گیا تھا بدھنی نے بالوا پیش کیا تھا۔
یہ مرافع کے خلاف اصل شہادت ہے۔ ایک دوسرے گواہ
رسائیں اور اون نے جو فریقین سے واقف تھا اور اسی موضع
سے تعلق رکھتا تھا یہ بیان کیا کہ سال گذشتہ ٹیکو نے ان کی
اراضی کی تقسیم کے لئے ایک پنچایت طلب کی تھی لیکن گنسا ٹیکو
کے از دواج تک تقسیم پر رضامند نہ ہوا تھا اس لئے پنچایت برخاست
ہو گئی۔ واقعہ کی شب میں گنسا رسائن کے مکان کو آیا
تھا اور اس نے یہ بیان کیا کہ اس نے ناجائز کام کیا ہے جب
اس سے یہ دریافت کیا گیا کہ اس نے کیا ناجائز کام کیا تو اس
نے محض اس امر کا اعادہ کیا کہ اس نے ناجائز کام کیا ہے اور
چونکہ اسکے جسم کے اوپر کے حصہ پر وہ کچھ پہنے ہوئے نہ تھا اور چونکہ
سردی کا موسم تھا اس لئے اوڑھنے کے لئے کوئی چیز مانگی جو اس کو
دی گئی اور وہ چلا گیا۔ طبی شہادت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ متوفی
کے سر کے اوپر ایک گہرا زخم (۷) انچ لمبا اور ایک انچ گہرا موجود
تھا اور یہ کہ اس وقت جبکہ وہ شفاخانہ میں داخل کیا گیا تھا
دماغ باہر نکل رہا تھا امتحان پوسٹ مارٹم سے یہ ظاہر ہوا کہ کھوپڑی
کے اطراف اور سامنے کی ہڈیاں صاف طور پر اس طرح کٹی تھیں

گویا کہ وہ ایک تیز ہتھیار سے کاٹی گئی تھیں۔
فاضل جوڈیشل کمشنر کو بلا کسی معقول شبہ کے اس امر کا
اطمینان ہوا تھا کہ مرافع الزام منسوبہ کا مجرم تھا اگرچہ اسیسرس
کی رائے غیر قطعی اور ناقابل اطمینان تھی۔ اسیسروں میں سے
ایک نے یہ خیال کیا تھا کہ یہ ثابت کیا گیا تھا کہ ملزم نے متوفی کو
ضرور مارا تھا لیکن یہ کہ یہ ثابت نہیں کیا گیا ہے کہ ہتھیار استعمال کیا
گیا تھا اور وہ یہ خیال نہ کرتا تھا کہ ملزم کی نیت اپنے بھائی کو ہلاک
کرنیکی تھی۔ اس کا یہ خیال تھا کہ وہ مجلس میں معاف کیا جانا چاہئے
لیکن اس کو سزائے موت نہ دی جانی چاہیئے۔ دوسرے نے خیال
کیا کہ امر غیر اغلب ہے کہ کوئی بھائی اپنے بھائی کو ہلاک کریگا بجز اسکے
ممکن ہے کہ ملزم نے [illegible] اپنے بھائی کو مارا [illegible]
اس واقعہ کی بنا پر [illegible] زیادہ سزا دیا جانا [illegible]
قرین قیاس معلوم ہوتا ہے جیسا کہ فاضل جوڈیشل کمشنر نے خیال کیا تھا
کہ ایسی متزلزل آرا کی اصل وجہ یہ تھی کہ سزائے موت عاید کرنا ناپسند کیا گیا۔

ہمارے روبرو مرافعہ میں یہ بحث کی گئی تھی کہ تحریری بیان جو ۱۷
کی شام کو سب انسپکٹر کے روبرو مرافع کی منجانب کیا تھا بطور ایک
ابتدائی اطلاعی رپورٹ کے شہادت میں قبول نہ کیا جانا چاہیئے تھا۔
یہ بتلایا گیا تھا کہ چونکہ چوکیدار نے اس کے قبل پولیس اسٹیشن میں اطلاع
دے دی تھی کوئی بیانات جو پولیس نے بعد میں قلمبند کئے ہوں دوران
تفتیش میں قلمبند کئے گئے تھے اور حسب دفعہ ۱۶۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری
بطور شہادت کے قبول نہ کئے جا سکتے تھے۔ مجھے اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ
بیان جو چوکیدار نے پولیس اسٹیشن میں کیا تھا ایسی اطلاع تھی جو حسب
منشاء دفعہ ۱۵۴ مجموعہ مذکور کسی جرم قابل دست اندازی کے ارتکاب
کے متعلق تھی۔ وہ اس کتاب میں درج کی جانی چاہئے تھی جو اس غرض سے
رکھی جاتی ہے جس طرح کہ دفعہ میں صراحت ہے اور غالباً ایسا کیا گیا تھا

گنسا اور دیگر
بنام
ملک معظم
(دیٹن)

صفحہ ۱۴

مقدمہ اور الف ... عدم علم (...)

اس خاص مقدمہ کے متعلق عدالت کے لحاظ سے میں خیال کرتا ہوں کہ ملزم نے جو بیانات جو گواہوں کے لئے گئے تھے دیا تفتیش پولیس کے دوران میں تھانہ دار نے لئے تھے اور یہ کہ تحریری بیانات جو اس طرح قلمبند کئے گئے تھے بسبب دفعہ ۱۶۲ مجموعہ مذکور بطور شہادت کے قبول نہ کئے جا سکتے تھے ایسے حالات پیدا ہو سکتے ہیں جن میں اطلاع جو پولیس کو دی گئی ہو اس قدر مبہم اور غیر معین نوعیت رکھتی ہو کہ اس کی نسبت یہ نہ فرض کیا جا سکتا کہ وہ دفعہ ۱۵۴ کے تحت آتی ہے تاکہ تھانہ دار متعلقہ تھانہ کے لئے تفتیش کا آغاز کرنا لازم ہو جائے اور وہ تفتیش کا آغاز کرنے کے قبل مناسب طور پر مزید واسطہ شہادت طلب کر سکتا ہے اور ممکن ہے کہ ایسی مزید اطلاع جو اس کو ایسے حالات میں پہنچائی جاوے دفعہ ۱۶۲ کے احکام کے تحت نہ آ سکے۔ مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اطلاع متذکرہ دفعہ ۱۵۴ جا کسی استغاثہ یا الزام یا کسی جرم کی اطلاع کی نوعیت رکھتی ہے جو پولیس کی جانب سے تفتیش کرانے کی غرض سے دی جائے جو اس اطلاع سے مختلف ہے جو پولیس نے کسی جرم کی مستعدی کے ساتھ تفتیش کرتے وقت حاصل کی ہو۔ میں یہ بھی خیال کرتا ہوں کہ اطلاع متذکرہ دفعہ ۱۵۴ ایک سے زیادہ ذریعہ سے حاصل ہو سکتی ہے اور اسی وقت یا اس کے قریب زمانہ میں ایک سے زیادہ ایسی اطلاع درج کی جا سکتی ہے لیکن جب ایک مرتبہ پولیس نے تفتیش کی کارروائی مستعدی سے شروع کی ہو تو پھر مزید بیانات جو انھوں نے قلمبند کئے ہوں بطور شہادت کے قبول نہیں کئے جا سکتے کیونکہ وہ دفعہ ۱۶۲ کے تحت آ جائیں گے۔ مقدمہ موجودہ میں سب انسپکٹر نے یہ بیان کیا تھا کہ چونکہ چوکیدار کے بیان سے اس کو جرم کی سنگینی کا کوئی اندازہ نہ ہوا تھا اس لئے مقدمہ کو ناقابل دست اندازی خیال کیا۔ مجھے اس امر کا کوئی شک نہیں ہے کہ اس نے ایسا خیال کر کے نہایت نیک نیتی سے عمل کیا تھا لیکن ساتھ ہی ساتھ اس میں کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ اطلاع جو چوکیدار نے ابتداءً دی تھی اس قسم کی تھی کہ اس سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ معمولی حملہ سے زیادہ کسی جرم کا ارتکاب کیا گیا تھا۔ اس لئے میں خیال کرتا ہوں کہ نام نہاد ابتدائی رپورٹ جو ضمنی طور پر ذریعہ سے حاصل کی گئی تھی مثل میں شریک نہ کی جانی چاہئے تھی کیونکہ وہ قابل ادخال شہادت نہ تھی۔ مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ فاضل جوڈیشل کمشنر نے اس بیان کا ذکر بطور مقدمہ کی شہادت کے نہیں کیا ہے اور یہ معلوم نہیں ہوتا کہ انکا فیصلہ اس سے کسی طرح متاثر ہوا تھا۔ میں یہی خیال کرتا ہوں کہ وہ خارج ہونا چاہئے۔ اگر میں یہ خیال کرتا کہ وہ مرافع کی مجرمیت کے متعلق کسی نتیجہ پر پہونچنے میں کسی طرح فاضل جوڈیشل کمشنر پر موثر ہوا ہے تو مجھے یہ خیال کرنا چاہئے کہ آیا کسی جدید تحقیقات کا حکم دینا ضروری ہے لیکن مقدمہ کی دیگر شہادت اور خود مرافع کے اقبال جرم پر غور کرنے کے بعد میرے خیال میں کوئی معقول شبہ باقی نہیں رہتا کہ مرافع قتل عمد کا مجرم ہے۔ یہ امر قابل لحاظ ہے کہ جب عدالت سشن میں مرافع کا اظہار لیا گیا تھا تو اس نے اس امر سے انکار نہیں کیا تھا کہ اس نے مجسٹریٹ کے روبرو جرم کا اقبال کیا تھا۔ اور نہ اس نے اس امر سے انکار کیا تھا کہ اس نے ٹیکوا کو مارا تھا۔ اس نے یہ عذر کیا تھا کہ اسکو یہ معلوم نہ تھا کہ آیا اس نے مارا تھا یا نہیں کیونکہ اس نے ہانڈیا استعمال کی تھی۔ اس نے مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو بھی یہی صفائی پیش کی تھی۔ بیان اس نے اپنے بھائی پر حملہ کرنا تسلیم کیا تھا لیکن یہ کہا تھا کہ وہ نشہ میں تھا۔ اصلی مجرمیت کے اصل گواہ مرافع کی زوجہ اور ایک قریبی رشتہ دار تھے اور وہ بلا شبہ نہایت مشکل اور نازک حالات میں تھے۔ یہ قدرتی امر تھا کہ وہ جہاں تک ممکن ہو سکتا تھا کسی ایسے شخص کی جو اس قدر قریبی رشتہ رکھتا تھا مدد کرنے کی کوشش کرتے لیکن ان کی شہادت سے جو ان دونوں نے مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو دی تھی اور نیز چوکیدار کی شہادت سے جو تحقیقات کے وقت دی گئی تھی اس اقبال جرم کی کافی تائید ہوتی ہے جو مرافع کی جانب سے کیا گیا تھا اور اسکی مجرمیت کے

متعلق میرے دل میں کوئی شبہ باقی نہیں رہتا -
یہ بحث کی گئی تھی کہ بیانات جو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو کیے گئے تھے بطور اصل شہادت کے قبول نہ کئے جا سکتے تھے اور یہ کہ محض ایسی شہادت پر تجویز ثبوت جرم مبنی نہ کی جا سکتی تھی - اس مسئلہ کے لیئے مقدمہ قیصرہ ہند بنام ہیو جی (۱) پر استدلال کیا گیا تھا مقدمہ مذکور میں بجز ان بیانات کے جو چند گواہوں نے اس وقت کئے تھے جبکہ وہ مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو تھے کوئی شہادت ملزم کی جرمیت ثابت کرنے کے لیئے عدالت کے روبرو موجود نہ تھی اور مسٹر جسٹس بنرجی نے ایسی شہادت پر تجویز ثبوت جرم صادر کرنے سے انکار کیا تھا کیونکہ گواہوں نے سشن جج کے روبرو ایک بالکل مختلف بیان کیا تھا مقدمہ مابعد ملک معظم بنام دوارکا گری (۲) میں فاضل جج مذکور نے مسٹر جسٹس اٹیکمن کے ساتھ اجلاس کرتے ہوئے بصراحت کہا تھا کہ ان کو یہ قرار دینا مقصود نہ تھا کہ ایسے اظہارات کلیتاً ناقابل ادخال شہادت تھے اور دفعہ ۲۸۸ کی صاف عبارت کا لحاظ کرتے ہوئے یہ قرار نہ دیا جا سکتا تھا کہ بیانات جو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو کئے گئے تھے دفعہ مذکور کے تحت شہادت میں قبول نہ کئے جا سکتے تھے - پھر ہائیکورٹ مدراس نے مقدمہ قیصرہ ہند بنام وراسامی (۳) میں یہ قرار دیا تھا کہ دفعہ ۲۸۸ مجموعہ مذکور کی رو سے عدالت کسی گواہ کی شہادت کو جو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو حسب ضابطہ قلمبند کی گئی ہو محض گواہ مذکور کی تردید کی غرض سے قبول کرنے پر پابند نہیں کی گئی ہے جبکہ وہ عدالت سشن میں شہادت دے رہا ہو بلکہ یہ کہ دفعہ مذکور سے یہ مقصود تھا کہ عدالت تحقیقات کے وقت سابقہ شہادت کو بطور اصل شہادت کے پڑھ سکے جبکہ اغراض عدالت کے لئے جج کو ایسا طریقہ اختیار کرنا ضروری معلوم ہو - اسی قسم کا فیصلہ ہائیکورٹ بمبئی نے بھی مقدمہ بارعلی جی [illegible] بنام ملک معظم (۴)

(۱) [illegible] الہ آباد جلد ۱ صفحہ ۱۱۱ (۲) [illegible] الہ آباد جلد [illegible] صفحہ ۶۸
(۳) [illegible] (۴) انڈین [illegible] جلد [illegible] صفحہ [illegible] نظائر ہند [illegible]

گنسا اوراون بنام ملک معظم (پٹنہ)

میں ظاہر کیا تھا اور میری رائے میں دفعہ کا صاف طور پر یہ منشا ہے کہ شہادت جو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو لی گئی ہو اس وقت جبکہ گواہان پیش کردہ کے اظہارات تحقیقات مابعد کے وقت لئے جائیں مقدمہ کی بطور اصل شہادت کے تصور کی جا سکتی ہے - یہ امر بالکل جج کے اختیار تمیزی پر منحصر ہے کہ آیا ان کے خیال میں ایسی شہادت اغراض عدالت کے لئے استعمال کی جانی چاہئے - ساتھ ہی ساتھ میں یہ خیال کرتا ہوں کہ کئی مشکلات پیدا ہو سکتے ہیں جنہیں ایسی شہادت پر استدلال کرنا نہایت خطرناک ہوگا جبکہ گواہوں نے سشن جج کے روبرو اپنے آپ کو بالکل ناقابل اعتبار ثابت کیا ہو - میری رائے میں فاضل جوڈیشل کمشنر نے مقدمہ ہذا میں شہادت صحیح طور پر قبول کی تھی - یہ بھی ظاہر کرنا ضرور ہے کہ وہ صرف ایسی شہادت نہ تھی جس سے مرافع کے اقبال جرم کی تائید ہوتی تھی - کہرلو کی شہادت سے جو عدالت سشن میں دی گئی تھی اس واقعہ کی قوی تائید ہوتی تھی کہ مرافع نے اپنے بھائی کو کسی قسم کے ہتھیار سے مارا تھا - دوسرا امر جس پر ہمارے روبرو بحث کی گئی تھی وہ صرف یہ تھا کہ یہ ممکن ہے کہ مرافع اس امر سے واقف نہ ہو کہ اس ضرب سے جو اس نے اپنے بھائی کو لگائی تھی اس کی ہلاکت کا احتمال تھا یا یہ کہ اس نے سخت اور ناگہانی اشتعال طبع کی وجہ سے جس سے اس کی ضبط کی قدرت جاتی رہی ہو - ضرب لگائی ہو - مقدمہ ہذا میں شروع سے آخر تک کسی سخت یا ناگہانی اشتعال طبع کا ہونا ظاہر نہیں کیا گیا ہے - درحقیقت شہادت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بھائیوں کے مابین جھگڑا یا آتشہ دامنیز تھا اور یہ کہ اس فعل کے ارتکاب کے قبل ان کے مابین کسی قسم کی نزاع نہ ہوئی تھی اور بعید باور کرنا ممکن ہے کہ کوئی شخص جس نے کوئی ایسا ہتھیار جو مقدمہ ہذا میں استعمال کیا گیا تھا ایسا زخم لگانے کے لئے استعمال کیا ہو جو کہ متوفی پر لگا پایا گیا تھا یہ محسوس کر سکتا سے باز رہا تھا کہ اس کا فعل اس قدر سخت خطرناک تھا کہ وہ غالباً ہلاکت کا باعث

گنسا اوراون بنام ملک معظم (پٹنہ)

ہوگا یا کم از کم ایسی ضرب جسمانی کا باعث ہوگا جس سے ہلاکت کا احتمال تھا۔ اور مجھے کوئی حالات معلوم نہیں ہوتے جن کی بنا پر ہم اُسے پاسزا میں دست اندازی کر سکیں۔ اس لئے مرافعہ خارج اور سزا بحال کی جاتی ہے۔

جسٹس ملک۔ مجھے اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ملزم نے اپنے بھائی ٹیکو کی ہلاکت کا باعث ہوکر قتل انسان مستلزم سزا کا ارتکاب کیا تھا

ملزم نے قریبی رشتہ دار کہرلو اولوان کی شہادت سے جو عدالت سشن میں قلمبند کی گئی تھی یہ ظاہر ہوتا ہے کہ گزشتہ ۱۵ اڈسمبر کو جمعہ کے روز وہ ملزم کے مکان پر ملاقات کی غرض سے گیا تھا اور اس نے اپنا شام کا کھانا ملزم کے ساتھ کھایا تھا۔ متوفی ٹیکو کھانے میں شریک نہیں ہوا تھا لیکن وہ بعد میں گواہ اور گنسا کے ساتھ ایک جھونپڑی کے برآمدہ میں بیٹھا تھا۔ کہرلو یہ کہتا ہے کہ گنسا نے دفعتاً کسی شے سے جس کو اس نے نہیں دیکھا ٹیکو کے سر پر مارا اور یہ کہ اسکے بعد گنسا چلا گیا۔ لیکن ۳ جنوری ۱۹۴۷ء کو اس گواہ نے مجسٹریٹ سپرد کنندہ کی عدالت میں یہ بیان کیا تھا کہ گنسا اور متوفی نے لڑنا شروع کیا یہ کہ اسکے بعد گنسا نے اپنا بالوا اٹھایا اس سے متوفی کے سر پر مارا اور مکان کے باہر بھاگ گیا۔ اس نے یہ بھی اقبال کیا کہ ملزم کی زوجہ مسماۃ بدھنی اس وقت برآمدہ میں بیٹھی ہوئی تھی۔ عدالت سشن میں گواہ نے اس امر سے انکار کیا ہے کہ کوئی نزاع ہوئی تھی ساتھ ہی ساتھ وہ یہ بیان کرتا ہے کہ اس نے جو کچھ مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو بیان کیا تھا وہ صحیح تھا اگرچہ وہ اس امر کی وجہ ظاہر نہیں کر سکتا کہ یہ بیان کہ گنسا اور متوفی نے لڑنا شروع کیا تھا مجسٹریٹ کی مثل میں کیوں مندرج ہے۔ اسکے اس انکار کے متعلق کہ مسماۃ بدھنی برآمدہ میں تھی وہ اس وقت جبکہ اسکے روبرو اس کا بیان پیش کیا گیا جو اس نے مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو کیا تھا۔

صفحہ ۷۶

یہ ظاہر کرتا ہے کہ بدھنی کسی دوسرے کمرہ کے برآمدہ میں بیٹھی ہوئی تھی

عہدہ دار تفتیش کنندہ غلام حیدر حسین نے ۱۶ اڈسمبر کی شام کو کہرلو کا بیان قلمبند کیا تھا۔ یہ بیان کرتا ہے کہ کہرلو نے اس بیان کی تائید کی تھی جو مسماۃ بدھنی نے اسکے روبرو کیا تھا جس میں صاف طور پر دھان کی فصل کی تقسیم سے متعلق گنسا اور ٹیکو کے مابین ایک جھگڑے کا ذکر ہے۔ پھر ۱۸ اڈسمبر کو نو بجے دن کے وقت ملزم نے سب جیل گملا میں مسٹر شار لنگ مجسٹریٹ درجہ اول کے روبرو ایک اقبال جرم کیا تھا جو حسب ذیل ہے :-

"تنبیہات۔ میں مجسٹریٹ ہوں۔ میں تم کو یہ تنبیہہ کرتا ہوں کہ اگر تم کو کچھ کہنا ہو تو پہلے غور کر لو اور اسکے بعد کہو۔ جھوٹ مت بولو یا کوئی ایسی بات نہ کہو جو کسی شخص نے سکھلائی ہو"۔

"سوال۔ تم کیا کہنا چاہتے ہو؟

جواب۔ میرے بھائی ٹیکو اور مجھ میں نفاق تھا۔ میں نے اسکے سر پر بالوے سے مارا۔ ہم شمول میرے بھائی کے (۸) ارکان ہیں اور ٹیکو اپنی ماں کے ساتھ رہتا ہے۔ اس نے اپنے حصہ کے لئے نزاع کی تھی۔ میں کسی وجہ تحریک کی بنا پر یہ نہیں کہہ رہا ہوں۔ کسی شخص نے مجھے سکھایا نہیں ہے۔ اس نے دو آنے حاصل کئے تھے حالانکہ مجھے اس کا (۱/۲) آنہ ملا ہے"۔ ۴ جنوری کو مجسٹریٹ سپرد کنندہ نے ملزم کا اظہار قلمبند کیا اور اس کا بیان حسب ذیل درج کیا گیا ہے

"سوال۔ کیا تم نے اپنے بھائی ٹیکو کے سر پر بالوے سے حملہ کیا تھا

جواب۔ ہاں میں نشہ میں تھا۔

سوال۔ کیا تم نے یہ بیان (اقبال جرم دستاویز ۲) جو میرے روبرو ملزم کو پڑھ کر سنایا گیا تھا) کیا تھا؟

جواب۔ ہاں"۔

حالات متذکرہ بالا میں میں نہیں خیال کرتا کہ اس میں کوئی

شک ہو سکتا ہے کہ بیانات جو کہرا نے سب انسپکٹر اور مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو کئے تھے ان بیانات سے زیادہ صحیح ہیں جو اس نے سشن جج کے روبرو کئے تھے۔ یہ امر کہ وہ موجود تھا اور اس نے حملہ دیکھا تھا دونوں اقسام کے بیانات میں موجود ہے اور عدالت سشن میں اس کا یہ انکار کہ کوئی جھگڑا ہوا تھا صاف طور پر جھوٹا ہے اور وہ حملہ کی وجہ ظاہر کرنے میں ناکام رہتا ہے۔

لیکن یہ امر تعجب خیز ہے کہ گواہوں سے یہ دریافت نہیں کیا گیا تھا کہ اس نے حملہ کے بعد کیا کیا تھا۔ اگر اس سے اس امر کے متعلق دریافت کیا جاتا تو غالباً وہ ملزم کے چال چلن کے متعلق قیمتی اطلاع دے سکتا تھا لیکن بہر حال ایسے ہیں اس کی شہادت سے کافی طور پر یہ ثابت ہوتا ہے کہ ملزم اور متوفی کے مابین ایک جھگڑا تھا جس کی بنا پر ملزم نے وہ ضرب پہنچائی تھی جو ٹیکو کی ہلاکت کا باعث ہوئی تھی۔

ملزم کے لائق وکیل کی بحث یہ ہے کہ کہرو کا بیان جو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو کیا گیا تھا قابل ادخال شہادت نہیں ہے کیونکہ ملزم نے اس پر جرح نہیں کی تھی۔ مثل سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ مجسٹریٹ سپرد کنندہ کی عدالت میں گواہ پر جرح کیوں نہیں کی گئی تھی لیکن یہ خیال کرنے کے لئے وجہ موجود نہیں ہے کہ ملزم کو گواہ پر جرح کرنے کا موقع نہیں دیا گیا تھا۔ کسی امر سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ وہ عدالت کی جانب سے اپنے جرح کے حق کے استعمال سے کسی طرح باز رکھا گیا تھا۔

دوسرا گواہ رویت خود ملزم کی زوجہ مسماۃ بدھنی ہے اس نے بھی عدالت سشن میں شہادت دی ہے جو اس شہادت سے مختلف ہے جو اس نے مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو دی تھی۔ وہ عدالت سشن میں یہ بیان کرتی ہے کہ ٹیکو اور اسکے شوہر نے ایک ساتھ کھانا کھایا تھا اور یہ کہ اس کا شوہر سونے کے لیے چلا گیا تھا اور یہ کہ اس کو یہ معلوم نہیں ہے کہ ٹیکو اکے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا تھا لیکن یہ کہ دوسرے روز صبح کو اس نے ٹیکو کو برآمدہ میں بیہوش پایا اور اسکے سر پر ایک زخم موجود تھا۔ ۳ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء کو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو اس نے یہ تسلیم کیا کہ دو بھائیوں میں دھان کی فصل کی تقسیم کے متعلق جھگڑا شروع ہوا اور یہ کہ اسکے شوہر نے متوفی کے سر پر ایک بالوے سے مارا تھا جو برآمدہ میں موجود تھا اور یہ کہ گواہ کہرو اس وقت موجود تھا۔

کنسا اور ان بنام ملک معظم (پٹنہ)

وہ پہلی عورت تھی جس کا اظہار ۱۶ دسمبر کو سب انسپکٹر غلام حیدر نے لیا تھا اور اس وقت اس نے واقعہ کے متعلق کسی قدر زیادہ مکمل بیان کیا تھا اور یہ اضافہ کیا تھا کہ جب اس نے اپنے شوہر سے دریافت کیا تھا تو اس نے یہ جواب دیا تھا کہ اس نے اپنے بھائی پر بالوے سے اسکو ایک لاتھی خیال کر کے حملہ کیا تھا۔ غلام حیدر نے عدالت سشن میں یہ اظہار دیا ہے کہ اس نے اسکو ایک بالوا حوالہ کیا تھا اور یہ بیان کیا تھا کہ اسی ہتھیار سے حملہ کا ارتکاب کیا گیا تھا۔

صفحہ ۵۶

ملزم کے لائق وکیل بدھنی کے اس بیان کے جو سب انسپکٹر کے روبرو کیا گیا تھا قابل ادخال شہادت ہونے کی نسبت اس بنا پر اعتراض کرتے ہیں کہ وہ ایک ایسا بیان ہے جو تفتیش کے دوران میں کیا گیا ہے اور اس لئے دفعہ ۱۶۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی بنا پر ناقابل ادخال شہادت ہے۔ برخلاف اسکے لائق اسسٹنٹ گورنمنٹ ایڈوکیٹ کی بحث یہ ہے کہ وہ ایک سرکاری کتاب کا اندراج ہے جو دفعہ ۱۵۴ مجموعہ مذکور کی رو سے مقرر کی گئی ہے اور یہ کہ دفعہ ۳۵ قانون شہادت اس سے متعلق ہوتی ہے۔ اس کا جواب لائق وکیل یہ دیتے ہیں کہ مقدمہ کی اصل اطلاع ابتدائی یعنے ایسی اطلاع جس پر سب انسپکٹر نے جرم کی سماعت کی اور تفتیش آغاز کی چوکیدار روپ سنگھ کا بیان تھا جو ۱۶ دسمبر کو چاشت کے دن کے تھانہ پر کیا گیا تھا اور جو حسب ذیل تھا :-

"روپ سنگھ لوکنگولیا کے چوکیدار نے آکر یہ اطلاع دی کہ آج صبح کو

گنسا اور راؤن بنام ملک معظم (پٹنہ)

جبکہ وہ لگاو چاکے ہرکیہ اہیر کے مکان سے ہرک کے ساتھ واپس ہو رہا تھا تو گیلو یا کے ٹیکوا اور راؤن کی ماں نے اس سے یہ کہا کہ اسکے بڑے بیٹے گنسا اور راؤن نے گزشتہ شب اپنے چھوٹے بھائی ٹیکوا پر اس وقت جبکہ وہ "ٹانڈیا" کے زیر اثر تھے ایک "ٹانگی" سے حملہ کیا وہ وہاں پر ہرک کے ساتھ گیا اور اس نے ٹیکوا اور راؤن کو دیکھا جسکے سر پر ایک خون آلود زخم تھا اور ٹیکوا سے یہ دریافت کیا کہ اس پر کس نے حملہ کیا لیکن اس نے کوئی جواب نہیں دیا"

سب انسپکٹر نے یہ وضاحت کی ہے کہ اس نے اس اطلاع کو صحیح یاد نہیں کیا تھا اور یہ کہ اس نے اس وقت تک تفتیش آغاز نہیں کی تھی جب تک کہ اس نے معائنہ موقع نہیں کیا تھا اور مساۃ بدھنی کا بیان قلمبند نہیں کیا تھا۔

میری رائے میں اسوقت جبکہ مساۃ بدھنی کا بیان قلمبند کیا گیا تھا تفتیش آغاز ہو چکی تھی اور لائق وکیل کی بحث قبول کی جانی چاہیے۔

لفظ "اطلاع" کی تعریف نہیں کی گئی ہے لیکن "استغاثہ" کی تعریف سے اسکے مفہوم پر کچھ روشنی پڑتی ہے۔ "استغاثہ" کی تعریف دفعہ ۴ (ح) میں بطور ایک بیان کے کی گئی ہے جو مجسٹریٹ کے روبرو کارروائی کرنیکی غرض سے اس امر کے متعلق کیا جائے کہ کسی شخص معلوم یا نامعلوم نے کسی جرم کا ارتکاب کیا ہے۔ میری رائے میں ایک اطلاع اسی طرح کا ایک بیان ہے جو عہدہ دار پولیس کے روبرو کیا گیا ہو اور مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس خیال کی تائید عبارت مندرجہ دفعہ ۱۱ مجموعہ بابتہ ۱۸۷۲ء ایکٹ۔ ابابتہ ۱۸۷۲ء سے ہوتی ہے جس میں تحریری رجسٹر میں جو ان کے نہیں بلکہ استغاثوں کے اندراج کا حکم ہے۔ پس میں یہ خیال کرتا ہوں کہ اگر وہ بیانات جو کئے گئے ہوں ایک استغاثہ کی نوعیت رکھتے ہوں تو عہدہ دار پولیس کو ان کو بطور اطلاع تحت دفعہ ۱۵۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے درج کرنا چاہئیے اور اس اندراج سے دفعہ ۳۵ قانون شہادت کے احکام متعلق ہونگے۔ اور جیسا کہ وہ مشروحہ معلوم ہوتا ہے اگر عہدہ دار پولیس کسی جرم قابل دست اندازی کے متعلق ایک سے زیادہ اطلاع درج کرے تو وہ کل اس ناقابلیت سے مستثنی ہونے کے مستوجب ہونگے جو دفعہ ۱۶۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے عائد کی گئی ہے۔ ہر صورت میں عدالت کو اس امر کا فیصلہ کرنا چاہئیے کہ آیا نمبر اس اصطلاحی معنی میں ایک اطلاع ہے یا اور کب پولیس کی تفتیش دراصل آغاز ہوئی تھی۔

پس سوال یہ ہے کہ آیا مقدمہ موجودہ میں سب انسپکٹر کی جانب سے بدھنی کا بیان قلمبند کئے جانیکے قبل تفتیش شروع ہو چکی تھی۔ میری رائے میں وہ شروع ہو چکی تھی کیونکہ بدھنی کا بیان سب انسپکٹر کے روبرو کارروائی کرنیکی غرض سے نہیں کیا گیا تھا برخلاف اسکے روپ سنگھ کی شہادت سے یہ ظاہر ہے کہ ملزم کے مکان کا کوئی شخص بھی بطور مستغیث کے پیش قدمی کرنے پر رضامند نہ تھا اور مقدمہ ہذا کے واقعات سے مجھے اس امر کا اطمینان ہوا ہے کہ بدھنی کا بیان یقیناً ایک بلا جبر اطلاع دہندہ کا بیان نہ تھا۔ پس یہ ظاہر ہے کہ اگرچہ چوکیدار کی اطلاع سنی سنائی تھی سب انسپکٹر نے اس کو دراصل بطور ایک اطلاع تحت دفعہ ۱۵۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری تصور کیا تھا اور یہ کہ اس وقت جبکہ اس نے بدھنی کا بیان قلمبند کیا تھا اس نے اپنی تفتیش قبل ازیں آغاز کر دی تھی۔

اس لئے تحریر (دستاویز ا) جائز شہادت نہیں ہے۔

لیکن دستاویز مذکور کا اخراج مقدمہ ہذا کے فیصلہ پر موثر نہیں ہے کیونکہ بدھنی کے اظہار سے جو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو لیا گیا تھا صاف طور پر یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حملہ آور فی

کے متعلق ایک جھگڑے کی وجہ سے کیا گیا تھا اور یہ کہ اس نے اس کو دیکھا تھا۔ سب انسپکٹر نے حسب دفعہ ۱۵۷ قانون شہادت تائیدی شہادت دی ہے جس سے اظہار مذکور کی تائید ہوتی ہے اور اس کی اس توضیح کو جو عدالت سشن میں کی گئی تھی کہ بیان اور اظہار خوف کی وجہ سے کئے گئے تھے ان حالات میں قبول نہیں کیا جا سکتا۔

یہ امر بھی قابل افسوس ہے کہ مجسٹریٹ سپرد کنندہ کی عدالت میں یا سشن جج کی عدالت میں اس گواہ سے بقیہ شب میں ملزم کی حرکات کے متعلق کوئی اطلاع حاصل نہیں کی گئی تھی۔ لیکن روپ سنگھ یہ بیان کرتا ہے کہ جب وہ ملزم کے مکان کو گیا تھا تو ملزم نے ٹیکو کو پولیس کے روبرو لیجانے نہ دیا اور وہ خود وہاں گیا۔ واقعہ کی شب میں مکان میں دوسرا شخص صرف سماۃ بدھنی ملزم کی ماں تھی لیکن وہ یہ بیان کرتی ہے کہ وہ مکان کو دیر سے آئی تھی اور سیدھا سونے کے لئے چلی گئی تھی اور یہ کہ دوسرے دن صبح تک اس نے ٹیکو کے سر کا زخم نہ دیکھا تھا۔

ملزم کے اقبالات جرم کی وقعت کم کرنیکی اصل اہمیت کو محسوس کرکے لائق وکیل یہ بحث کرتے ہیں کہ چونکہ عدالت سشن میں ان سے انحراف کیا گیا تھا خود ان کی تائید ضروری ہے۔ عدالت سشن میں ملزم نے ان دو سابقہ بیانات کو تسلیم کرکے جو مجسٹریٹ کے روبرو کئے گئے تھے یہ بیان کیا تھا کہ اس کو پولیس نے مارا تھا اور چونکہ وہ نشہ میں تھا اس کو حملے کے متعلق کوئی علم نہ تھا۔ میری رائے میں وہ بیان جو ملزم نے ۴ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء کو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو کیا تھا کسی جبر یا داب ناجائز کی وجہ سے نہیں کیا گیا تھا اور اس سے ۱۸ دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء کے اقبال جرم کی قطعی تائید ہوتی ہے۔ اس سے قابل اطمینان طریقہ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ملزم نے اپنے بھائی پر ضرور حملہ کیا تھا۔

اس لئے کہ بیان میں اس نے نشہ میں ہونیکا عذر اضافہ کیا تھا۔ لیکن یہ ظاہر ہے کہ وہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔ اس امر کے متعلق شہادت بلاواسطہ صرف بدھنی کی شہادت ہے اور وہ یہ بیان کرتی ہے کہ کنسا اور متوفی نے صبح کو "ہانڈیا" استعمال کی تھی لیکن اپنے شام کے کھانے کے ساتھ اسے نہیں استعمال کیا تھا۔ چوکیدار بھی اپنی اطلاع میں جو پولیس کو دی گئی تھی یہ بیان کرتا ہے کہ متوفی کی ماں نے اس کو یہ اطلاع دی تھی کہ حملہ نشہ کی وجہ سے کیا گیا تھا۔ اس شہادت کو نہایت اہمیت دینے کے بعد اس سے صرف یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ملزم نے دن میں شراب استعمال کی تھی لیکن اس امر کا بار ثبوت کہ اس نے فعل ہلاکت یا ایسے ضربات پہونچانیکی نیت سے نہیں کیا تھا جو ہلاکت کا باعث ہونے کے لئے کافی ہوں اس پر عائد ہے اور اس نے عدالت سشن میں کوئی توضیح یا شہادت دینے سے انکار کیا ہے۔ اس امر کے متعلق کوئی شہادت موجود نہیں ہے کہ ملزم ہلاکت یا ایسے ضربات پہونچانے کی جو ہلاکت کا باعث ہونے کے لئے کافی ہوں کوئی نیت رکھنے کے قابل نہ تھا۔ جھگڑے کے متعلق اسکے دفعتاً ہونیکی کوئی شہادت موجود نہیں ہے اور کوئی اشتعال طبع ثابت نہیں کیا گیا جس سے جرم قتل عمد کم قرار دیا جائے۔

نتیجہ یہ ہے کہ میری رائے میں ملزم قتل عمد کا مجرم ہے۔

وجہ تحریک کے متعلق دسائین اور سکھن کی شہادت سے صاف طور پر یہ ظاہر ہوتا ہے کہ متوفی اور ملزم کے مابین ایک نزاع موجود تھی اور یہ کہ متوفی خاندانی اراضیات کی تقسیم چاہتا تھا کیونکہ وہ ازدواج کرنا چاہتا تھا۔ بالآخر تخفیف سزا کے لئے ایک عذر پیش کیا گیا لیکن بہ لحاظ اس بیرحمانہ طریقہ کے جسکے بموجب اس نے واقعہ کے بعد عمل کیا تھا اس عذر کو منظور کرنا غیر ممکن ہے۔ دسائین کی شہادت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ حملے کے بعد ملزم اسکے پاس آیا اور اس نے یہ کہا

کنسا اور دیگر
بنام
ملک معظم
(دہلی)

ہنس اور اوں بنام ملک معظم (دیگر)

کہ اس نے کوئی ناجائز فعل کیا ہے اور یہ شکایت کی کہ اس کو سردی معلوم ہو رہی ہے۔ اس نے یہ ظاہر نہیں کیا کہ اس نے کیا کیا ہے بلکہ اس نے دسامین سے اوڑھنے کے لئے کوئی پارچہ مستعار لیا جو دو پہر کے وقت ملزمہ نے مکان سے برآمد ہوا۔ اس امر کے متعلق کچھ معلوم نہیں ہو سکا کہ اس نے بقیہ شب میں کیا کیا لیکن یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ اس نے بیکو کی مدد کرنے کی کوئی کوشش کی تھی یا یہ کہ اس نے کوئی تاسف کیا تھا۔ دوسرے روز صبح کو ملزمہ نے متوفی کو شفاخانہ کو لیجانے کی اجازت دینے سے انکار کیا۔ دو متوفی کملا کے شفاخانہ کو اس وقت تک روانہ نہیں کیا گیا تھا جب تک کہ پولیس اس مقام پر نہیں پہونچی۔

میری رائے میں سزائے موت منظور کیجانی چاہیئے۔

سزا منظور کی گئی۔

صفحہ ۵۶۹

## ہائیکورٹ پٹنہ

استصواب فوجداری نمبر مقدمہ ۸ بابتہ ۱۹۲۳ء

مرافعہ فوجداری نمبر مقدمہ ۲۵ بابتہ ۱۹۲۳ء

منفصلہ ۶ مارچ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر داسن ملر صاحب چیف جسٹس و جسٹس مسٹر کے ملک نامنٹ

تہیبو بہو گتا و یک کس دیگر بنام ملک معظم۔

ملزمین۔ مرافعان۔ مرافعہ علیہ۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۱۶۴ (۳)۔ اقبال جرم قلمبند کرنیکا طریقہ۔ سوالات کرنے کے متعلق مجسٹریٹ کا فرض۔

دفعہ ۱۶۴ (۳) مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے جو کچھ ضروری ہے وہ یہ ہے کہ کسی مجسٹریٹ کے لئے جو کوئی اقبال جرم قلمبند کرے اس شخص سے جو اقبال جرم کرے سوالات کرنے پر یہ باور کرنیکی وجہ ہونی چاہیئے کہ وہ بلاجبر اکراہ کیا جا رہا ہے۔ سوالات کا کوئی معین نمونہ مقرر نہیں کیا گیا ہے اور یہ امر کہ مجسٹریٹ کو اس شخص سے جو مرتکب اقبال کرے اس حد تک سوالات کرنے چاہئیں زیادہ تر ہر مقدمہ کے خاص واقعات پر مبنی ہونا چاہیئے۔ اگرچہ صاف طور پر یہ مناسب ہے کہ اسکو ہمیشہ ایسے سوالات کرنے چاہئیں جو ضروری ہوں تاکہ وہ اس امر کا تصفیہ کر سکے کہ آیا اقبال جرم بلاجبر اکراہ کیا گیا ہے سوالات کا کوئی خاص نمونہ بطور ضروری قرار نہیں دیا جا سکتا۔

جب حالات جن میں کوئی اقبال جرم کیا جائے ایسے نہ ہوں کہ ان سے مجسٹریٹ کے دل میں کوئی شبہ پیدا ہو اور اسکو اس شخص کیجانب سے بیان کردہ عمل سے اور نیز ان سوالات سے جو کئے گئے ہوں اور اس طریقہ سے جسکے مطابق بیان کیا گیا ہو اس امر کا اطمینان ہو جائے کہ وہ بلاجبر اکراہ کیا گیا ہے تو بیان مذکور پر اس بنا پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا کہ دفعہ ۱۶۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے احکام کی تعمیل نہیں کی گئی تھی۔

اس عدالت کو جس سے کوئی اقبال جرم قبول کرنیکی استدعا کیجاتی ہے ہر مقدمہ میں اس امر کے متعلق اپنا اطمینان کرنا چاہیئے کہ مجسٹریٹ جس نے اقبال جرم قلمبند کیا تھا نیک نیتی سے یہ باور کرتا تھا اور اس نے یہ دریافت کرنیکی کوشش کی تھی کہ اقبال جرم بلاجبر اکراہ کیا گیا تھا۔

مرافعہ فوجداری بنا راضی فیصلہ صادرہ مسٹر ووس جوڈیشل کمشنر چھوٹا ناگپور مورخہ ۱۷ فروری ۱۹۲۳ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر سوشیشور دیال۔

منجانب سرکار۔ اسسٹنٹ گورنمنٹ ایڈوکیٹ۔

**چیف جسٹس ملر**۔ مقدمہ ہذا میں ۲۲ اکتوبر سال گزشتہ کو زہر خورانی کے ذریعہ سے سکرو بہو گتا دسا تیسا ...ملزم کے قتل کے الزام میں گزشتہ فروری میں جوڈیشل کمشنر چھوٹا ناگپور اور دو اسیسروں کے روبرو پیاسو بہو گتا کی تحقیقات کی گئی تھی۔ اسی وقت سکرو بہو گتا کے قتل عمد کی اعانت کے الزام میں تہیبو بہو گتا کا جو اس کا بھائی تھا اس کی تحقیقات بھی کی گئی تھی جو ذی علم جوڈیشل کمشنر اور

تہیسو بہوگتا
بنام
ملک معظم
(پٹنہ)
صفحہ ۵

اتیسسرول نے دونوں ملزموں کو مجرم قرار دیا اور ان کو پھانسی کی سزا دی گئی
کارروائیات مذکور عدالت ہذا میں حسب دفعہ ۳۷۴ مجموعہ ضابطہ
فوجداری تصحیح سزا کی غرض سے پیش کی گئی ہیں اور مجرمین نے مرافعہ کیا ہے
مرافعان اور متوفی اشخاص ایک ہی موضع ائیدلیگا سے تعلق
رکھتے تھے جو چھوٹا ناگپور کے سب ڈویژن سمدیگا ضلع رانچی میں
واقع ہے۔ جس تاریخ کو بمبینہ جرم سرزد ہوا تھا وہ سہورائی باسی
یعنی تہوار سہورائی کے بعد کا دن تھا جو صوبہ کے اس حصہ میں بطور
ایک تہوار کے منایا جاتا ہے اور کل موضع میں کھانے اور پینے کے لئے
مخصوص کیا جاتا ہے اور باشندے اس غرض سے ایک دوسرے
کے مکان کو جاتے ہیں۔ مختصراً استغاثہ کا بیان یہ ہے کہ مرافع تہیسو
بہوگتا اپنے بھائی کے ساتھ عداوت رکھتا تھا جو ایک نابینا شخص تھا
جسکے ساتھ اس نے ان کی اراضی کی تقسیم کے متعلق جھگڑا کیا تھا۔
جھگڑا نہایت قدیم تھا اور تہیسو نے ایک سابقہ موقع پر اپنے بھائی
کو زہر دینے کے لئے زہر خریدا تھا۔ گزشتہ ۲۲ ماہ اکتوبر کو اس نے
کچھ زہر حاصل کیا جو اس نے پہاسو بہوگتا کے حوالہ کیا اور اس کو
مبلغ عہ اور دو بیل بطور انعام دینے کا وعدہ کیا تھا بشرطیکہ
وہ اسکے بھائی سکرو کو زہر دیدے۔ اسی شام کو پہاسو نے سکرو
کو اپنے مکان میں دعوت دی تھی جہاں وہ اپنی کمسن بیٹی جمنی کے
ساتھ گیا تھا چونکہ سکرو نابینا تھا جب وہ باہر جاتا تھا جمنی یا
اسکے دوسرے بچوں میں سے کوئی ایک بچہ معمولاً اسکے ساتھ جاتا تھا
پہاسو کے مکان پر اس "ہانڈیا" ایک قسم کی شراب جو چانول
سے تیار کی جاتی ہے اور "کنہارا چالکنا" استعمال کیا جو کدو اور مرچ
سے تیار کیا جاتا ہے اور غالباً پیاس پیدا کرنے کے لئے بطور ایک قسم
کی چٹنی کے استعمال کیا جاتا ہے۔ پہاسو نے یہ اس کو پیش کیا۔
کچھ عرصہ بعد سکرو کی زوجہ بنڈاری بھی اپنی کمسن بیٹی انکلی کے ساتھ جمنی
کی تلاش میں وہاں پہونچی اور اس کو بھی وہی اشیاء یعنی خورد و نوش دی
گئیں جن کو اس نے استعمال کیا۔ وقت تقریباً غروب آفتاب کا تھا
کچھ عرصہ کے بعد وہ مکان کو واپس ہوئے سکرو اور اس کی زوجہ کو
پر زہر کا اثر ہوا جس سے وہ فوت ہوئے سکرو اسی شب فوت ہوا
اور بنڈاری دوسرے دن علی الصبح فوت ہوئی۔

مرافعان کے خلاف اصل شہادت ان اقبالات جرم پر مشتمل ہے
جو ان میں سے ہر ایک نے مسٹر والزے مجسٹریٹ درجہ اول سمدیگا کے
روبرو ۱۰ ماہ نومبر کو کئے تھے۔ ان اقبالات جرم کا جو اس طور پر کئے گئے
تھے خفیف اضافہ کے ساتھ لیکن جو در اصل وہی تھے ۸ ماہ دسمبر کو
مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو اعادہ کیا گیا تھا۔ اس تحقیقات
کے وقت جو ۳ ماہ فروری کو جوڈیشل کمشنر کے روبرو کی گئی تھی انھوں
نے اپنے اقبالات سے انحراف کیا تھا اور یہ بیان کیا تھا کہ ان کو
داروغہ نے اقبال جرم کرنے کے لئے کہا تھا اور بے جرم ہونے کا عذر کیا۔

خود مرافعان کے اقبالات جرم کے قطع نظر شہادت بالکل قیاسی
ہے اور اگرچہ وہ ملزمین کے خلاف نہایت شبہ پیدا کرنے کے لئے کافی
ہوسکتی ہے ہم کو صرف اس شہادت پر ان کے خلاف تجویز ثبوت جرم
صادر کرنے کے لئے آمادہ نہ ہونا چاہئے۔

اصل سوال تصفیہ طلب یہ ہے کہ آیا ہم اقبالات جرم پر استدلال
کرسکتے ہیں۔ اسکے لئے اس امر پر غور کرنا ضروری ہے کہ آیا مقدمہ کی
شہادت سے ان امور کی تائید ہوتی ہے جو خود ملزمین نے اپنے اقبالات
جرم میں مجسٹریٹ کے روبرو بیان کئے تھے۔

اس شہادت سے جو استغاثہ کی جانب سے طلب کی گئی تھی یہ
معلوم ہوتا ہے کہ یہ صاف طور پر ثابت تھا کہ دو بھائیوں میں عداوت کی
نزاع قدیم اراضی کے متعلق ان کے مابین ہوئی تھی۔ وہ اپنے زمیندار
سے ایک مشترکہ پرچہ رکھتے تھے۔ لیکن وہ اپنی علی الترتیب ندہگان اور

تھیبو بہوگٹا بنام ملک معظم (پٹنہ)

خاندانوں کے ساتھ علیحدہ مکانوں میں رہتے تھے اور علیحدہ قطعات کی کاشت کرتے تھے۔ موضع کے زمیندار چندرابہان سنگھ کے بیان کے بموجب جس کا وہاں ایک مکان ہے جس میں وہ وقتاً فوقتاً رہتا ہے ان دو بھائیوں میں تقریباً دس سال سے جھگڑا ہو رہا تھا اور سنہ ۱۹۱۰ء کے شروع میں سکرو نے پولیس کے روبرو یہ شکایت کی تھی کہ تھیبو نے اس کو زہر دینے کے لئے ایک شخص گوبندا کو سائین سے زہر خرید کر دیا تھا اور یہ کہا تھا کہ وہ پولیس اسٹیشن میں استغاثہ پیش کریگا۔ اسکے بعد سب انسپکٹر موضع کو آیا اور اس نے اس معاملہ کی تفتیش کی لیکن اس کا کوئی نتیجہ نہ نکلا۔ اسکے بعد تھیبو نے مجسٹریٹ کے روبرو ایک استغاثہ پیش کیا جس میں اس نے اپنے بھائی سکرو پر یہ الزام عائد کیا تھا کہ اس نے تھیبو کی زوجہ کو جادوگرنی کہا تھا اور اس پر بعض زمینداروں پر اس کو مارنے کی کوشش کرنیکا الزام عائد کیا تھا اس کا بھی کوئی نتیجہ نہ نکلا کیونکہ مقدمہ سے دستبرداری کی گئی تھی۔ اس بیان کی کہ سکرو نے اس کو زہر دینے کے متعلق اپنے بھائی کی سازش کی شکایت کی تھی حمید الدین کی شہادت سے تائید ہوتی ہے جو انچی کا ممبر ہیڈ کانسٹبل ہے جو ۱۹۱۰ء میں کولیہ پر متعین تھا جو بہوگٹا سے جہاں مقدمہ ہذا کے فریق رہتے تھے قریب ترین پولیس اسٹیشن ہے وہ یہ بیان کرتا ہے سنہ ۱۹۱۲ء میں وہ کولیہ پر متعین کیا گیا تھا اور ماہ مارچ سنہ مذکور کو سکرو بہوگٹا آیا تھا اور اس نے یہ استغاثہ کیا تھا کہ تھیبو نے گوبندا اس کو سائین کو زہر لانے کے لئے دو روپے دیے تھے جس کی نسبت اس کو شبہہ تھا کہ وہ اس کو زہر دینے کے لئے منگوایا گیا تھا۔ سکرو نے یہ بیان کیا کہ اس نے تھیبو سے دریافت کیا تھا جس نے اس سے انکار کیا تھا۔ نیز اس نے یہ بیان کیا تھا کہ انکی اراضی کے متعلق ان میں کچھ نزاع تھی۔ استغاثہ تاریخ مذکور کی اسٹیشن ڈائری میں درج کیا گیا تھا۔ یہ دستاویز پیش کی گئی تھی اور اس سے اس بیان کی تائید ہوتی ہے جو محرر ہیڈ کانسٹبل نے کیا تھا۔ اس لئے یہ ظاہر ہے کہ کچھ عرصے سے ان دو بھائیوں کے تعلقات دوستانہ نہ تھے اور سکرو کو زہر دیئے جانیکا اندیشہ تھا۔

اگر چندرابہان زمیندار کی شہادت پر غور کیا جائے تو اس گواہ نے مزید یہ بیان کیا تھا کہ اس وقت جبکہ وہ واقعہ جس کا ابھی ذکر کیا گیا ہے ماہ جون ۱۹۱۲ء میں وقوع میں آیا تھا تھیبو نے اس سے خود اس گواہ اور سکرو کو علیحدہ رسائد لگان عطا کرنے کی استدعا کی تھی اور اس غرض سے اس کو مبلغ عہ بطور "سلامی" کے پیش کئے تھے۔ اسکے قبل کل "پرچہ" کی بابت سکرو کو ایک مشترکہ رسید دیجاتی تھی۔ اسی مقام پر اور اسی وقت اس غرض کے لئے تھیبو کی جانب سے ایک گواہ نے جو طلب کیا گیا تھا ایک درخواست تحریر کی تھی جس میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ سکرو نے تھیبو کی "تنزار" اراضی کا لینے کی دھمکی دی تھی اور علیحدہ لگان کی ادائی پر ایک علیحدہ رسید کے لئے استدعا کی گئی تھی۔ دو دن کے بعد نصف لگان کی بابت تھیبو کو ایک علیحدہ رسید حاصل دی گئی تھی۔ یہ دستاویز پولیس کی تفتیش کے دوران میں جو موجودہ مقدمہ کے قبل کی گئی تھی تھیبو کے مکان سے برآمد ہوئی تھی۔ دیبرو بہوگٹا کی شہادت سے بھی جو سکرو کا ۱۶ سالہ بیٹا ہے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سال گزشتہ کے ماہ جیٹھ میں سکرو نے تھمار کی "تنزار" اراضی پر جس کی نسبت تھیبو نے دعوی کیا ہے کہ وہ ملکی کی تخم ریزی کی تھی۔ اور تھیبو نے کچھ "باری" اراضی جس کی نسبت سکرو نے دعوی کیا تھا کہ اس کی تخم ریزی کی تھی اور جھگڑا ہنوز جاری تھا یہ امر کہ ان کے مابین ان "تنزار" اراضیات کے متعلق جھگڑا تھا دیگر گواہوں کی شہادت سے بھی ثابت ہے جن میں پرندا بٹی تھیبو کی زوجہ شامل ہے جس نے مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو بیان کیا تھا

۲۷۵

کہ گونڈلی "ننز" کے متعلق سکروا اور اس کے شوہر کے مابین تنازع تھی اگرچہ تحقیقات کے وقت اس نے اس کو تسلیم کرنے سے انکار کیا تھا پہاسو اور دوسرے مرافع اور سکرو کے مابین کسی تنازع کی شہادت موجود نہیں ہے۔ مگر انکم ایک گواہ نے درحقیقت یہ بیان کیا ہے کہ ان میں عداوت نہ تھی۔ میں نے اس شہادت کا کسی قدر مفصل ذکر کیا ہے جو دو بھائیوں کے مابین جھگڑے کے متعلق تھی کیونکہ وہ ایک ایسا معاملہ ہے جو دونوں اقبالات میں بطور زہر خورانی کی وجہ تحریک کے بیان کیا گیا تھا۔

اب میں حقیقی واقعہ کی شہادت کا ذکر کرونگا جو ۲۲ ہمر اکتوبر کو وقوع میں آیا تھا۔ یہ ظاہر کرنے کے لئے شہادت موجود ہے کہ سکروا اور اس کی زوجہ دونوں اسی روز تقریباً دوپہر کو یا اس سے کسی قدر قبل پہاسو کے مکان میں کھانے پینے میں مصروف تھے۔ اس موقع پر دیگر اشخاص بھی موجود تھے اور یہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ اگر پہاسو نے دراصل زہر دیا تھا تو اس نے اس موقع پر نہیں دیا تھا۔ مرافعان کی جانب سے یہ کہا گیا تھا کہ اس امر کے متعلق کوئی معتبر شہادت دراصل موجود نہ تھی کہ موخر الذکر موقع پر سہ پہر میں متوفی شوہر و زوجہ موجود تھے یہ کہ اس شہادت سے جس کا میں ذکر کرونگا مجھے اس امر کا اطمینان ہوا ہے کہ یہ ثابت کیا گیا ہے کہ وہ غروب آفتاب کے کچھ عرصہ قبل وہاں موجود تھے۔

پہلا گواہ جو اس واقعہ کا ذکر کرتا ہے جو اس وقت وقوع میں آیا تھا جبکہ سکروا اور اس کی زوجہ شام کو مکان واپس ہوئے تھے موہبرو بہوگتا ایک سولہ سالہ لڑکا ہے۔ وہ اس روز کے زیادہ حصہ میں باہر کھیتوں میں کام کر رہا تھا۔ وہ اپنے دوپہر کے کھانے کے لئے مکان کو گیا ہوا پھر باہر گیا اور شام کو پھر آیا۔ اس وقت تک اس کا باپ اور اس کی ماں دونوں مکان کو واپس ہو گئے تھے۔

اس کی ماں بیمار تھی اور اس نے قے کی تھی۔ اس کے باپ نے بیان کیا کہ وہ پیشاب کرنا چاہتا ہے اور موہبرو سے اس نے اپنے آپ کو لیجانے کے لئے کہا اور اس نے ایسا ہی کیا۔ اور اس کو باپ نے ... جو مکان سے فاصلہ پر نہ تھی۔ ... باپ نے پیشاب کیا ... اس کو ایک دست بھی ہوا ... اس کو ... وہ چل نہیں سکتا اور مکان جانے کے لئے اس کو ... ضرورت ہوئی تھی۔ اس نے مکان کو واپس ہوتے وقت ... بہت زیادہ قے کی اور مکان کو پہونچنے کے بعد وہ ایک چارپائی پر لیٹ گیا اس نے موہبرو سے یہ کہا کہ وہ اور نیلاری قریب الگر ... اور اس سے زمیندار اور موضع کے چوکیدار کو طلب کرنے اور پولیس اسٹیشن کو جانے کے لئے کہا۔ اس نے یہ کہا کہ پہاسو نے اس کو زہر دیا تھا اور یہ کہ تہیبو نے اس کو زہر دینے کی ترغیب دی تھی۔ اس وقت تک تہیبو مکان کو پہونچ چکا تھا اور جوں ہی کہ جھگڑا ہوا ہمسایہ کے دوسرے لوگ بھی آ رہے تھے اور تہیبو نے جب اس نے اپنے خلاف الزام عائد ہوتے ہوئے سنا تو کچھ بھی نہیں کہا۔ تہیبو نے اپنے بھائی کو چارپائی پر لیجانے میں مدد دی لیکن سکرو نے یہ کہا "تم اس نسبت کا اظہار کیوں کر رہے ہو جبکہ تم ہی نے مجھے زہر دیا ہے۔ کھیت آپ تمھارے ہونگے"۔ دو دیگر اشخاص نگرما اور بیپت بہوگتا جنھوں نے بھی شہادت دی ہے مکان پر اس وقت پہونچ چکے تھے جبکہ سکروا نے اپنے بھائی کے خلاف یہ الزامات عائد کئے تھے۔ ان دو گواہوں کو بھی طلب کیا گیا ہے اور وہ یہ بیان کرتے ہیں کہ انھوں نے سکروا کو تہیبو پر الزام عائد کرتے ہوئے سنا تھا۔ الفاظ جو دونوں سے استعمال کئے تھے ان الفاظ سے کسی قدر مختلف تھے جو موہبرو نے استعمال کئے تھے۔ یہ بیان کیا گیا ہے کہ الفاظ جو بیپت نے سنے تھے حسب ذیل تھے:- "یہ سب تمھارا کام ہے۔ تم میرے ساتھ

تہیبو بہوگتا ... مذکور خلاف ... لیکن ...

محبت کا اظہار کیوں کر رہے ہو۔ تم کو اب میری کمال احتیاط
اختیار کرنی ہیں۔ اس کی نسبت نگر کا بیان یہ ہے کہ سکرو نے یہ کہا تھا
کہ تم اور پہاسو نے ہم دونوں کو دوا دی ہے۔ اب تم میرے ساتھ
محبت کا اظہار کرنے کے لئے کیوں آئے ہو۔ اگرچہ دیمبرو نے جرح
میں یہ بیان کیا کہ اس وقت جبکہ اسکے بھائی نے تم پر یہ الزام عائد
کیا تھا وہ وہاں موجود تھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت جبکہ
وہ مجسٹریٹ پیر گنٹ کے روبرو تھا اس نے یہ بیان کیا تھا کہ
اسکے باپ اور بلی چند اور نگر کے مابین کوئی گفتگو نہیں ہوئی تھی۔
اور یہ کہ اس وقت جبکہ وہ وہاں پہونچے تھے اس کا باپ بیہوش تھا
اس بیان سے جو دیمبرو نے مجسٹریٹ کے روبرو کیا تھا یہ امر
معلوم ہوتا ہے کہ آیا بیپت اور نگر و نے فی الواقع یہ الفاظ کہے
تھے لیکن یہ امر واضح معلوم ہوتا ہے کہ وہ خود دیمبرو کے مواجہ میں
کہے گئے تھے کیونکہ اس لئے دیمبرو روز علی الصبح اس معاملہ کی اطلاع
چندرا بھان زمیندار کو دی تھی جبکہ وہ اسکے پاس گیا تھا اور
اس نے اس سے واقعہ کا ذکر کیا تھا۔ چندرا بھان کے بیان کے بموجب
جو الفاظ اسکے روبرو بیان کئے گئے تھے وہ حسب ذیل تھے "تم
میری مدد کرنیکی کوشش کیوں کر رہے ہو جبکہ تم نے پہاسو کے ذریعہ
سے مجھے زہر دلایا ہے"۔ سایتری سکرو کی بیٹی جس کی عمر تخمیناً
پندرہ سال تھی اور جو اس وقت جبکہ اس رات کو اسکے والدین
مکان کو واپس ہوئے تھے کسی ہمسایہ کے مکان میں تھی طلب کئے جانے
پر کسی قدر دیر سے آئی۔ وہ یہ بیان کرتی ہے اسکے باپ نے یہ کہا کہ اسکو
اور اس کی ماں کو پہاسو اور تہیو نے زہر دیا ہے اور زہر پہاسو کے
مکان میں "کنہارا چاکتا" میں دیا گیا ہے۔ وہ یہ کہتی ہے کہ اس وقت
جبکہ اسکے باپ نے یہ بیان کیا تھا اس کا بھائی دیمبرو موجود تھا۔
لیکن اس شہادت سے جو اس نے جرح میں دی تھی یہ ظاہر ہوگا کہ وہ

محض اسی امر کو بیان کر رہی تھی جو دیمبرو نے اس سے بیان کیا تھا۔
دیمبرو اور کٹی و دیگر گواہوں نے ان علامات کو بیان کیا ہے جنہیں سکرو
اور اس کی زوجہ مبتلا تھے وہ دونوں قے کر رہے تھے اور پیچش معلوم ہوتے
تھے انھوں نے اپنے جسم میں "جھنجھنی" محسوس کی تھی۔ ان کو کھڑے ہونے
یا چلنے میں دقت محسوس ہوتی تھی گویا کہ وہ اپنے اعضا کے استعمال سے
محروم ہو گئے تھے۔ دو بچے جمنی اور گنگی بھی جو اپنے باپ اور ماں
کے ساتھ پہاسو کے مکان کو گئے تھے طلب کئے گئے تھے اور انھوں نے
شہادت دی تھی۔ انھوں نے یہ بیان کیا کہ ان کے باپ اور ماں نے
پہاسو کے مکان پر "ہانڈیا" کا استعمال کیا اور "کنہارا چاکتا" کھایا
تھا اور وہ دونوں یہ کہتے ہیں کہ اس وقت شام کا وقت تھا۔ انھوں
نے خود کوئی شئے کھائی یا پی نہ تھی جمنی یہ بیان کرتی ہے کہ اسکے والدین نے
اس سے زہر کا ذکر کیا تھا۔ ان کی شہادت سے مزید یہ ظاہر ہوگا کہ اس وقت
پہاسو کی زوجہ مکان کے اندر تھی اور برآمدہ میں موجود نہ تھی جہاں پینا اور
کھانا ہوا تھا اور اس نے واقعہ کو نہیں دیکھا تھا۔ اس امر کی نسبت
کہ ۲۲ اکتوبر کی شام کو یہ دو متوفی اشخاص پہاسو کے مکان پر تھے بہت
رام لوہار نے بھی شہادت دی ہے جو ایک متصل موضع کو گیا تھا اور شام یا
غروب آفتاب کے وقت واپس ہو رہا تھا۔ وہ یہ کہتا ہے کہ اس وقت جبکہ
وہ پہاسو کے مکان سے گزر رہا تھا اس نے سکرو اور اس کی زوجہ اور
ان کی دو لڑکیوں کو پہاسو کے مکان کے صحن میں دیکھا تھا۔ وہ در اصل
مکان میں یہ سننے کی غرض سے داخل ہوا تھا کہ وہاں کیا ہو رہا تھا اور اسکو
"ہانڈیا" پینے کے لئے دی گئی تھی اور اسی وقت سکرو اور اس کی زوجہ اور
واپس ہوئے تھے وہ یہ بھی بیان کرتا ہے کہ کوئی دوسرا شخص مسمی بہادر نامی
وہاں موجود تھا لیکن وہ بطور گواہ کے طلب نہیں کیا گیا ہے۔ دوسرے روز
علی الصبح جب دیمبرو اور دیگر اشخاص چندرا بھان کو اس معاملہ کی اطلاع
دینے کے لئے گئے تو موخر الذکر نے ان کو پولیس اسٹیشن کو جا کر رپورٹ کرنیکا

مشورہ دیا۔ اسکے بعد دیبرو نگرو اور ہیت کے ساتھ کولیبیر کو گیا جو تقریباً (۱۱)
میل کے فاصلہ پر ہے اور جہاں کہ پولیس اسٹیشن ہے۔ نگرو کے بیان کے مطابق جب
چندرا بہان نے ان کو پولیس اسٹیشن کو دیبرو کے ہمراہ جانے کیلئے کہا تھا تو تہیبو
جو وہاں موجود تھا یہ کہا تھا۔ "پولیس اسٹیشن کو کیوں جاتے ہو بہتر ہے کہ لاشوں
کو دفن کرو کیونکہ پولیس اسٹیشن کو جانے میں محض زحمت ہوگی"۔ اس وقت چوکیدار
موضع میں موجود نہ تھا لیکن جب یہ تینوں اشخاص کولیبیر کو روانہ ہوئے تو وہ اتفاقاً
مقام مذکور سے واپس ہوتے وقت راستہ میں ملے تھے اور انھوں نے اس کو واقعہ
کی اطلاع دی تھی۔ اس لئے وہ کولیبیر کے تھانہ کو انکے ہمراہ گیا اور اس نے خود
ابتدائی اطلاعی رپورٹ پیش کی اور دیگر اشخاص اس وقت موجود تھے۔
اس رپورٹ میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ چوکیدار دیگر اشخاص سے ملا تھا جو تھانہ
کو آرہے تھے اور یہ کہ انھوں نے اس سے یہ بیان کیا تھا کہ جو اشخاص قتل کر
لئے گئے تھے ان کو سہ پہر میں ہانڈیا استعمال کرنے کے وقت اُمید لگا کے پہاسو
بھوگتا نے سکرو بھوگتا اور اس کی زوجہ دونوں کو زہر دیا تھا۔ یہ کہ وہ مکان
واپس ہوئے اور انھوں نے قے کی۔ اس نے سکرو کے چند الفاظ بھی بیان
کئے ہیں جو اسکے روبرو کہے گئے تھے جو اس امر سے متعلق تھے کہ کسی شخص کو جا کر
پہاسو کو بلانا چاہیئے۔ ہم نے اس کو کیا نقصان پہونچایا تھا جس کی وجہ سے
اس نے ہم دونوں کو زہر دیا ہے۔ ہم میں سے کوئی بھی زندہ نہ رہیگا۔
پہاسو نے میرے بچوں کے منہ میں مٹی ڈالی ہے یعنے ان کو ذریعہ معاش سے
محروم کیا ہے"۔ ابتدائی رپورٹ واقعہ میں تہیبو کا کوئی ذکر نہیں ہے اور صفائی کی
جانب سے بطور ایک اہم فروگذاشت کے اس پر استدلال کیا گیا ہے لیکن انسپکٹر
کی شہادت سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس نے بھی ابتدائی اطلاع قلمبند کئے جانے کے وقت
دیبرو اور دوسرے گواہوں سے دریافت کیا تھا اور دیبرو نے اس سے
کہا تھا کہ جب تہیبو اسکے باپ کو مدد دینا چاہتا تھا تو متوفی الذکر نے جب
خود کہا تھا "مجھے مت اٹھاؤ مجھے مت چھوؤ۔ تم نے مدد باشندگان موضع
نے سازش کر کے ایسا کیا ہے"۔ لاشوں کا بھی معائنہ کیا گیا لیکن [illegible] نہیں کیا

کوئی زہر نہیں پایا گیا۔ بدقسمتی سے امتحان کیمیائی کے لئے قے کا مواد محفوظ نہیں رکھا
گیا تھا۔ لاشیں تندرست اشخاص کی معلوم ہوتی تھیں اور ضرر کے کوئی نشانات
موجود نہ تھے اور یہ معلوم ہوتا تھا کہ موت کی حقیقی وجہ [illegible] سکتی تھی۔ [illegible]
بالکل [illegible] ہوگئے تھے کرنل مرے [illegible] بیان [illegible] پانچ [illegible]
لئے تحقیقات کے وقت شہادت دی تھی اور جنکی طبی معائنہ کی رپورٹ وصول ہوئی
تھی ان امور سے جو رپورٹ سے ظاہر ہوتے ہیں یہ قطعی طور پر نہیں کہا جا سکتا کہ موت
زہر خورانی کی وجہ سے واقع ہوئی تھی لیکن یکہ کسی ضرر یا جسمانی مرض کی عدم موجودگی
سے زہر خورانی کا شبہہ پیدا ہوتا تھا۔ انھوں نے یہ بیان کیا کہ زہر قے کے ذریعہ
کلیتاً خارج ہو جا سکتا ہے اور یہ کہ اندرونی آلات دماغ پھیپھڑے دل وغیرہ کا
انجماد ان اشخاص کی موت [illegible] ظاہر [illegible] نے [illegible]
استعمال کیا ہو۔ انھوں نے یہ بھی بیان کیا کہ قے کا مواد و سانس لینے کی نالیوں میں
جانے کی وجہ سے دم گھٹنے کا باعث [illegible] اس [illegible] معائنہ منفی ثبوت
کا ہے جس سے ایسی علامات ظاہر ہوتی ہیں جو زہر خورانی یا دیگر وجوہ کے موافق ہیں
لیکن یہ بخوبی ظاہر ہے جیسا کہ میڈیکل جورسپروڈنس کی کتابوں سے ظاہر ہوگا کہ
چند زہروں سے جیسا کہ بس ہے وہ علامات یقیناً پیدا ہوتی ہیں جو مقدمہ موجودہ
میں پائی گئی تھیں لینس میڈیکل جورسپروڈنس طبع ہشتم کے صفحہ ۱۹۹ پر بس
زہر خورانی کا عمل اور اسکی علامات ظاہر کی گئی ہیں اس سے ابتداً جھنجھنی اور
اسکے بعد رعشہ پیدا ہوتا ہے اور ہیں بے حس ہو جاتی ہیں۔ اس سے محرک نسوں اور
ہڈی و نس کے مرکزوں پر اسی قسم کا اثر پیدا ہوتا ہے دل کی حرکت کو صدمہ پہنچتا
سانس کے مرکز میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے اور موت معمولاً سانس رکنے کی وجہ سے
واقع ہوتی ہے۔ منجملہ دیگر علامات کے اس میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ [illegible] ضعف
بے حسی اور پٹھوں کی نہایت کمزوری واقع ہو سکتی ہے مریض اگر چلنے کی کوشش کرے
لڑکھڑاتا ہے سانس آہستہ اور کمزور ہو جاتی ہے اور موت صدمہ یا دم گھٹنے کی وجہ سے واقع
ہو سکتی ہے لیکن وہ معمولاً دم گھٹنے کی وجہ سے واقع ہوتی ہے جو سانس بند ہونے کی
وجہ سے ہے۔ مقدمہ موجودہ میں جو علامات ہیں سے اکثر علامات پائی گئی تھیں صفحہ

۱۹۷ ... میں گولیاں ہیں کے ہوا اور نیز آنتوں کے ماسک کی اہمیت پر زور دیا گیا ہے اور اس قسم کی زہر خورانی کی کئی مثالیں درج ہیں جن میں معدہ یا آنکھ اور کے حصول یا جگر یا دیگر اعضا ادمی کی زہر پایا نہیں گیا تھا بلکہ وہ تے ہوا دین پایا گیا ...

... ان کے اقبالات جرم سے بحث کروں گا جن پر مجرم یا نہ چلا ہے یہ ظاہر ہوگا ... دونوں ۱۴ اکتوبر کو ... اور ... کو مجسٹریٹ کے سامنے بیان ... پیش ہوئے مجسٹریٹ نے یہ سمجھا کہ وہ اقبالات جرم کرنا چاہتے ہیں ... غور کرنے کا موقع دیا اور ۱۵ اکتوبر تک ان کو حاجی مجسٹریٹ میں روانہ کیا تاکہ پولس کے اثر سے محفوظ رہ کر ان کو غور کا موقع مل سکے۔ مجسٹریٹ نے انکو تنبیہ کیا کہ وہ مجسٹریٹ تھا اور پولیس سے الگ ہے ... کیا کیا تم اپنی مرضی سے بیان دینا کوئی بیان کرنا چاہتے ہو۔ اس نے جواب دیا ہاں اور یہ دریافت کرنے پر کہ تم کیا بیان کرنا چاہتے ہو تو یہ ... بیان کیا کہ سکرو اور تہیسو کے مابین ... جھگڑا ہوا تھا اور دونوں بھائی ... اور بالو ... کے ساتھ صلح ہو کر لڑائی پر آمادہ تھے۔ یہ کہ سکرو ... گیا ... اپنا مقدمہ چلایا تھا اور یہ کہ بھائیوں میں عداوت تھی۔ گزشتہ اساڑھ تہیسو نے ایک شام کو اس سے سکرو کو ہلاک کرنے کے لئے کہا تھا لیکن اس نے انکار کیا یہ کہ ... کو تقریباً بارہ یوم ... تہیسو نے اس کو اپنے مکان پر بلوایا تھا اور اس کو پینے کے لئے بانڈریا دی تھی اور ... ایک ... زہر ... کے دیا تھا اور اس سے اسکو سکرو کو دینے کے لئے کہا تھا۔ اس نے ابتدا انکار کیا اور تہیسو نے یہ کہا کہ وہ اسکو مبلغ ... ادا کریگا اور ایک جوڑی بیل اور کوئی اور شئے دیگا جو وہ طلب کرے۔ یہ دو پہر کا واقعہ ہے۔ اس کے بعد اس نے یہ بیان کیا کہ وہ ... سکرو سے جو ... واپس ہو رہا تھا کس طرح ملا اور اس کو اپنے مکان کو لے گیا اور اس زہر کو جو تہیسو نے دیا تھا چاکنے کے ساتھ ملا لینے کے بعد اس کو کھانے کے لئے دیا تھا اور اس کو بانڈریا بھی پینے کیلئے دی تھی یہ کہ سکرو کی زوجہ ... بھی آئی تھی اور اس نے چاکنا کھایا تھا

جس میں زہر ملا ہوا تھا اور نیز بانڈریا کا استعمال کیا تھا۔ اسکے بعد وہ چلے گئے اور وہ یہ اضافہ کرتا ہے کہ سکرو دس بجے رات کو فوت ہوا اور اسکی زوجہ علی الصبح فوت ہوئی۔ اس نے یہ بھی اضافہ کیا ہے کہ تہیسو نے اس سے یہ نہیں کہا تھا کہ وہ زہر تھی بلکہ یہ کہا تھا کہ وہ "کشش" زہر تھی اور یہ کہ اگر کوئی شخص اس کو استعمال کرے تو وہ کمزور ہو جائیگا اور دیا ... کے اندر فوت ہوگا۔ تہیسو کے مقدمہ میں مجسٹریٹ نے اس سے حسب ذیل بیان کیا تھا۔ میں مجسٹریٹ ہوں۔ تم اگر چاہو تو اپنا بیان کرسکتے ہو۔ وہ دراصل بیان کرتا ہے کہ گزشتہ اساڑھ میں ان کی اراضی کے متعلق اسکے اور اسکے بھائی کے مابین جھگڑا ہوا تھا اور ان کے مابین کشمکش ہوئی تھی۔ اس نے زمیندار ... بہاری سے یہ ماجرا بیان کیا تھا جس نے یہ کہا تھا کہ وہ بھی سکرو کے ساتھ عداوت رکھتا تھا کیونکہ اس نے اپنا لگان ادا نہیں کیا تھا اور تہیسو کو اس کو ہلاک کرنے کا مشورہ دیا لیکن اس نے انکار کیا۔ اسکے بعد بہادوں کے مہینے میں اس نے زمیندار سے مکرر یہ شکایت کی کہ سکرو اسکی "گونڈلی" کاٹ رہا تھا اور اس سے اس کو منع کرنے کی استدعا کی۔ زمیندار نے اسکو مکرر یہی مشورہ دیا کہ وہ اپنے بھائی کو ہلاک کرے اور وہ اس کو اس غرض سے زہر دینے پر آمادہ ہوا اور اس نے یہ ظاہر کیا تھا کہ اگر تہیسو زہر نہ دے سکتا تھا تو اسکو بہاسو رہو گٹا کے ذریعے سے زہر دلانا چاہیئے۔ اس نے جمعہ کے روز زہر حاصل کیا اور اسکے بعد یکشنبہ کو یعنی سوہرائی کے ایک دن کے بعد اسے بہاسو رہو گٹا کو دیا اور اس سے یہ کہا کہ چونکہ بہان نے اسکو سکرو کو ہلاک کرنے کی غرض سے زہر دیا تھا۔ چونکہ وہ جو اس کا بھائی تھا زہر نہ دے سکتا تھا یہ بہتر ہوگا کہ بہاسو زہر دے۔ اسی روز شام کے وقت بہاسو نے سکرو کو اپنے مکان پر طلب کیا اور "چاکنے" میں زہر ملا کر اسکے حوالہ کیا جب وہ ایسا کر رہا تھا اس کی زوجہ ... بھی مکان میں آ گئی اور اس نے اپنے شوہر کے ساتھ "چاکنا" استعمال کیا اور وہ دونوں فوت ہوئے۔ مجسٹریٹ نے یہ تحریر کیا ہے کہ وہ یہ باور کرتے ہیں کہ اقبال جرم بلا جبر اکراہ کیے گئے

ہمارے روبرو ندر کے ساتھ یہ کہا گیا ہے کہ مجسٹریٹ کو اقبالات جرم ہرگز قلمبند نہ کرنے چاہیے تھے کیونکہ انھوں نے دفعہ ۱۶۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے احکام کی تعمیل نہیں کی تھی جسکے تیسرے فقرہ میں حسب ذیل صراحت ہے:۔ "کوئی مجسٹریٹ کسی ایسے اقبال جرم کے قلمبند کرنیکا مجاز نہ ہوگا اور اس صورت میں کہ شخص اقبال کنندہ سے استفسار کرنے پر مجسٹریٹ کو اسکے یقین کرنیکی وجہ ہو کہ وہ اقبال خوشی سے کیا گیا تھا" یہ بحث کی گئی تھی کہ سوال جو پہلا سورج سے کیا گیا تھا مجسٹریٹ کے اس نتیجہ پر پہونچنے کے لئے کافی نہ تھا کہ اقبال جرم بلا جبر کیا گیا تھا اور دوسری صورت میں دوسرا کوئی سوال نہیں کیا گیا تھا بلکہ اس سے محض یہ کہا گیا تھا کہ وہ کوئی بیان کرنا چاہتا تھا تو کر سکتا تھا میں بلا تامل یہ کہہ سکتا ہوں کہ آخری بحث کے متعلق مجھے کسی شخص سے بعد دریافت کرنے میں کہ آیا وہ کوئی بیان بلا جبر اکرنا چاہتا ہے اور اس سے یہ بیان کرنے میں کہ اگر وہ چاہے تو کوئی بیان کر سکتا ہے کوئی اہم فرق نہیں معلوم ہوتا لیکن یہ بحث کی گئی ہے کہ اگر اس قسم کا کوئی عام سوال کیا جائے تو بھی وہ دفعہ مذکور کے احکام کے لحاظ سے مجسٹریٹ کو اقبال جرم قلمبند کرنیکا مجاز قرار دینے کے لئے کافی نہیں ہے۔

اس بحث کی تائید میں چند مقدمات پر استدلال کیا گیا تھا۔ ملاحظہ ہوں۔ راگھولایا بنام ملک معظم (۱) جگجیون گھوش بنام ملک معظم (۲)، فرید بنام ملک معظم (۳)، قیصر ہند بنام نارائن (۴) دھیو لو د ہن بھیلان بنام ملک معظم (۵) (جسکو عدالت ہذا نے سنہ ۱۹۱۶ء میں فیصل کیا تھا)۔ مقدمہ آخر الذکر میں عدالت نے یہ تجویز کی تھی کہ اقبالات جرم پولیس کی نامناسب ترغیب کے ذریعہ سے کئے گئے تھے اور ایک عہدہ دار پولیس کے روبرو نامناسب طور پر قلمبند کئے گئے تھے اور ماتحت نے ان کو قبول کرنے سے انکار کیا تھا۔ ایک فاضل جج جسٹس چیپمن نے مجسٹریٹ کے اختیار سماعت کے سوال پر بحث نہیں کی تھی۔ دوسرے فاضل جج جسٹس رو نے جنھوں نے ان سے اتفاق کیا تھا حسب ذیل اضافہ کیا تھا:۔ "جس طرح کہ میں دفعہ ۱۶۴ فقرہ (۳) کو سمجھتا ہوں مجسٹریٹ پر اقبال جرم کرنے کے لئے اس کی وجہ تحریک کے متعلق ملزم پر احتیاط سے سوالات کرنا لازم ہے اور اگر وہ ایسا کرنے سے قاصر ہے تو اس کو یہ کہنے کا اختیار نہیں ہے کہ اس کو اس امر کا اطمینان ہوا ہے کہ اقبال جرم بلا جبر اکراہ کیا گیا ہے۔ اس لئے اس کو بحیثیت ایک مجسٹریٹ کے ایسے اقبال کے قلمبند کرنیکا اختیار حاصل نہیں ہے۔ مقدمہ راگھولایا بنام ملک معظم (۱) میں ان ہی فاضل جج نے دفعہ ۱۶۴ (۳) کے احکام کو کلیتاً نظر انداز کرنے کے متعلق ڈپٹی مجسٹریٹ کے یکساں عملدرآمد کا ناپسندیدگی کے ساتھ ذکر کیا ہے اور یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ کسی مجسٹریٹ کے لئے ملزم کو محض یہ اطلاع دینا کہ وہ مجسٹریٹ ہے اور یہ کہنا کافی نہیں ہے کہ اگر وہ چاہے تو خود اپنی مرضی سے کوئی بیان کر سکتا ہے لیکن ایسا بیان نہیں کر سکتا جو اسکو کرنے کے لئے دیگر اشخاص نے سکھایا ہو اور یہ اضافہ کرتے ہیں کہ مجموعہ سے جو کچھ مقصود ہے وہ یہ ہے کہ مجسٹریٹ کو ملزم سے چند سوالات کرنے چاہئیں مثلاً تم جرم کا اقبال کیوں کر رہے ہو کیا تم کو اپنے جرم کی بابتہ افسوس ہے یا کسی شخص نے تم سے یہ کہا ہے کہ تم کو اقبال جرم سے کوئی فائدہ ہوگا اور یہ کہ ان کو اقبال جرم قلمبند کرنے سے اس وقت تک انکار کرنا چاہیئے جب تک کہ ان کو اپنے سوال کا اطمینان بخش جواب نہ مل جائے۔

ایک زیادہ حال کے مقدمہ ملک معظم بنام دیوان کہار (۶) میں جو سنہ ۱۹۲۲ء میں فیصل کیا گیا تھا جسٹس راس کی رائے پر نکتہ چینی

تھیمو بھوگتا بنام ملک معظم (پٹنہ)

(۱) انڈین کیسیز جلد ۳۵ صفحہ ۱۰۲ (۲) انڈین کیسیز جلد ۲۷ صفحہ ۱۶۱ (۳) انڈین کیسیز جلد ۳۶ صفحہ ۲۱۳ نظائر ہند صفحہ ۱۱۸ (۴) انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۳۲ صفحہ ۱۱۱ (۵) انڈین کیسیز جلد ۳۶ صفحہ ۹۹۱۔

(۶) انڈین کیسیز جلد ۷۱ صفحہ ۹۶۱ (نظائر ہند صفحہ ۷۴۲)

تہیبو بنام ملکہ معظمہ (دیکھو)

کی گئی تھی اور اس سے اس صورت میں اختلاف کیا گیا تھا جبکہ اس سے
ایک قانونی مسئلہ قرار دینا مقصود تھا لیکن اگر وہ محض دوراندیشی کا
ایک قاعدہ تھا تو وہ ناقابل اعتراض تھا۔ دفعہ کی رو سے جو کچھ
ضروری ہے وہ یہ ہے کہ مجسٹریٹ کو اس شخص سے جو اقبال جرم کرے
دریافت کرنے کے بعد یہ باور کرنے کی وجہ ہونی چاہیئے کہ وہ بلاجبر اکراہ کیا
گیا ہے۔ سوالات کے کوئی صریح [illegible] مقرر [illegible]
بلکہ یہ امر کہ کسی مجسٹریٹ کو اس شخص سے جو جرم کا اقبال کرے کس قسم
کے سوالات کرنے چاہئیں زیادہ تر ہر مقدمہ کے خاص واقعات پر
مبنی ہونا چاہیئے جیسا کہ مقدمہ آخر الذکر میں مسٹر جسٹس واس نے
بتلایا تھا ایسے مقدمات ہوتے ہیں جن میں کسی مجسٹریٹ کو بظاہر
شبہ پیدا ہوتا ہے اور دیگر ایسے مقدمات ہوتے ہیں جن میں مجسٹریٹ کو
کوئی شبہ پیدا نہیں ہوتا اور اس کی نسبت کوئی خاص قاعدہ قرار دینا
بالکل غیر ممکن ہے عدالت کو ہر مقدمہ میں اس امر کی نسبت اپنا
اطمینان کرنا چاہیئے کہ مجسٹریٹ نے نیکنیتی سے یہ باور کر لیا ہے اور اس نے
یہ دریافت کرنے کی کوشش کی ہے کہ اقبال جرم بلاجبر اکراہ کیا گیا ہے۔

میں خیال کرتا ہوں کہ یہ قرار دینا ایک نہایت خطرناک قاعدہ
ہوگا کہ کسی خاص قسم کے سوالات ضروری ہیں۔ اگرچہ صاف طور پر یہ
مناسب ہے کہ مجسٹریٹ کو ہمیشہ ایسے سوالات کرنے چاہئیں کہ اسکے
لئے اس امر کا تصفیہ کرنے کے لئے ضروری ہو سکیں کہ آیا اقبال جرم
کیا گیا ہے۔ مجھے کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی کہ ایک جامع سوال
جس پر جسٹس [illegible] نے مقدمہ راگھو لایا بنام ملکہ معظمہ (۱) میں اعتراض
کیا تھا چند صورتوں میں کیوں کافی نہ ہونا چاہیئے۔ مقدمہ موجودہ
میں وہ اشخاص جنہوں نے اقبال کیا ہے ۲۴ گھنٹے سے زیادہ عرصہ
کے لئے پولیس کی حراست میں نہ تھے۔ [illegible] کے بعد ان کو پولیس کے
اثر سے علیحدہ کرکے غور کرنے کے لئے دو دن دیئے گئے تھے اور وہ اپنے
بیانات کرنے کے لئے اپنی مرضی سے مکرر حاضر ہوئے تھے۔ ابتداً اس
امر کی کوئی وجہ نہ تھی کہ مجسٹریٹ کسی دباؤ ناجائز کی توقع کیوں کرتے
اگرچہ کسی مناسب تحقیقات کے ذریعہ سے ان پر اس امر کے متعلق
اپنا اطمینان کرنا لازم تھا کہ آیا بیانات بلاجبر اکراہ کئے گئے تھے اور مجھے
کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ اقبال جرم جو مجسٹریٹ نے قلمبند کیا ہو
دفعہ مذکور کے تحت کیوں قبول نہ کیا جانا چاہیئے۔ سوال یہ نہیں ہے
کہ آیا مقدمہ کے جملہ حالات اور دیگر شہادت کا لحاظ کرتے ہوئے
ہم کو اقبالات جرم کو صحیح تسلیم کرنا چاہیئے بلکہ یہ ہے کہ آیا ان حالات
میں جو ظاہر کئے گئے ہیں مجسٹریٹ نے ان کو قلمبند کرنے میں اپنے اختیارات
سے تجاوز عمل کیا ہے۔ اگر وہ مناسب طور پر قلمبند کئے گئے تھے تو
بھی یہ مزید سوال ہمیشہ باقی رہتا ہے کہ آیا عدالت کو ان کو بطور صحیح
بیانات کے قبول کرنا چاہیئے۔ مقدمہ موجودہ میں اگرچہ سوالات
مکمل تھے حالات ایسے نہ تھے کہ ان سے مجسٹریٹ کے دل میں کوئی شبہ پیدا
ہو سکے اور ان اشخاص کے عمل سے جنہوں نے بیان کیا تھا اور ان
سوالات سے جو کئے گئے تھے اور اس طریقہ سے جسکے بموجب بیانات کئے
گئے تھے انکو یہ بخوبی اطمینان ہوا ہوگا کہ وہ بلاجبر اکراہ کئے گئے تھے میری
رائے میں اقبالات قلمبند شدہ اس بنا پر قابل اعتراض نہیں ہیں کہ
دفعہ ۱۶۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے احکام کی تعمیل نہیں کی گئی ہے۔

نمبر ۵

اصل سوال یہ ہے کہ آیا مقدمہ کی بقیہ شہادت کی بنا پر واقعات
مندرجہ اقبالات کی کافی تائید ہوتی ہے تاکہ ہم ان کی اصلیت کا
اندازہ کر سکیں۔ شہادت سے جیسا کہ قبل ازیں بیان کیا گیا ہے
صاف طور پر یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ان دو بھائیوں میں نہایت قدیم عداوت
تھی اور یہ کہ ان کا جھگڑا وقتاً فوقتاً پیدا ہوتا تھا۔ یہ ظاہر کیا گیا
ہے کہ وجہ تحریک تہیبو اور یقیناً پہاسور کو اس قسم کے جرم کے
ارتکاب کو کبھی ترغیب دینے کے لئے بالکل ناکافی تھی لیکن یہ یاد رکھنا

چاہیئے کہ مقدمہ ہذا کے کل فریق منسلک ہیں اور جنگلی اقوام کی اولاد ہیں اور ان سے کل کے وہی معیار متعلق نہیں کئے جا سکتے جو زیادہ مہذب اشخاص کی صورت سے متعلق ہونگے اور جو امر زیادہ سمجھدار اور با اخلاق اشخاص کی صورت میں کسی جرم کے ارتکاب کے لئے کافی ترغیب بخوبی ظاہر نہ ہو وہ ان کو کافی سے زیادہ معلوم ہو سکتا ہے۔ کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ اگر یہ اقبالات جرم عام طور پر صحیح نہ تھے تو وہ کیوں کئے گئے تھے ایک خصوصیت جو معمولی سمجھ کے اشخاص کے اقبالات جرم میں اکثر پائی جا سکتی ہے اس مقدمہ میں موجود ہے۔ یہ ظاہر ہوگا کہ ان دونوں صورتوں میں اپنے جرم کا اقبال کرنے کے وقت انھوں نے ایسے حالات بیان کئے تھے جن سے ان کو غالباً یہ معلوم ہوا تھا کہ ان سے کسی قدر خفت ظاہر ہوتی تھی۔ تہیبو کی صورت میں اس نے اپنے فعل کی معافی کی یہ کوشش کی ہے کہ اس کو زمیندار کی جانب سے فعل مذکور کرنیکی ترغیب دی گئی تھی۔ اور اس کو کرنے کے لئے کہا گیا تھا۔ بہاسور کی صورت میں وہ یہ بیان کرتا ہے جو بلاشبہ صحیح تھا کہ تہیبو اصل محرک تھا اور یہ کہ اس نے اس سے یہ کہا تھا کہ زہر ایسا تھا کہ وہ شخص فوراً فوت نہ ہوگا بلکہ کمزور ہو جائیگا اور بعد میں فوت ہوگا اور اپنے اظہار میں جو مجسٹریٹ سپردکنندہ کے روبرو دیا گیا تھا اس نے یہ بیان کر کے کہ تہیبو نے اس سے یہ کہا تھا کہ اگر سکرو زہر استعمال کرے تو وہ فوت نہ ہوگا بلکہ صرف کمزور ہو جائیگا حالات خفت جرم میں اور بھی اضافہ کیا تھا لیکن اسکے بیان کے اس جزو کو قبول کرنا غیر ممکن ہے کیونکہ وہ صاف طور پر ایک بعد کا خیال تھا۔

کامل شہادت پر غور کرنے کے بعد مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ ان اقبالات جرم کی جو کئے گئے تھے اصلیت کی تائید کے لئے کافی تھی اور مجھے اس امر کی نسبت کوئی معقول شبہ نہیں ہے کہ جس حد تک کہ ان سے مرافعان کی مجرمیت ظاہر ہوتی تھی وہ صحیح تھے۔ میری رائے میں مرافعہ ہذا خارج اور سزائیں بحال کی جانی چاہئیں۔

جسٹس ہالک۔ مجھے اتفاق ہے۔ مرافعہ خارج کیا گیا۔

چندر سین بنام ملک معظم

ز الٰہ آباد

صفحہ ۵۶۱

## ہائیکورٹ الٰہ آباد

### نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۵۶۳ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۳ دسمبر ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس ڈاش

چندر سین۔ سائل۔ بنام ملک معظم۔ فریق ثانی۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعات۔ ۱۹۱(۱)(ج) و ۱۹۱۔ جرم کی سماعت جو مجسٹریٹ نے کی ہو۔ فرد گزاشت جو ملزم کو مقدمہ منتقل کرانے کی نسبت اسکے حق سے آگاہ کرنے کی بابتہ کی گئی ہو۔ ناجوازی۔

جب کوئی مجسٹریٹ تحت دفعہ ۱۹۱(۱)(ج) مجموعہ ضابطہ فوجداری خود کسی جرم کی سماعت کرے تو ملزم بموجب دفعہ ۱۹۱ کسی دوسرے مجسٹریٹ سے مقدمہ کی تحقیقات کرانے اور مجسٹریٹ کی جانب سے اطلاع دئے جانے کا مستحق ہے کہ اسکو ایسا حق حاصل ہے۔ ملزم کو اطلاع نہ دینا اور انتقال کی استدعا کئے جانے پر اس کو منتقل کرنے سے مجسٹریٹ کا انکار کرنا تحقیقات کے جواز کے لئے مہلک ہے۔ ملزم مزید سماعت کا وقت بچانے اور اس کی زحمت سے محفوظ رہنے کے لئے اپنا حق ترک کر سکتا ہے۔ لیکن وہ صرف اس صورت میں ایسا کر سکتا ہے جبکہ حسب احکام مجموعہ ضابطہ فوجداری مجسٹریٹ نے اس سے صراحتاً یہ کہے کہ اس کو ان تحقیقات کے کرانے سے انکار کرنیکا حق حاصل ہے۔

نگرانی فوجداری بنا راضی حکم مصدرہ سشن جج مراد آباد مورخہ ۱۷ اکتوبر ۱۹۲۲ء۔

چندر سین
بنام
ملک معظم
(دانا پور)

منجانب سائل - مسٹر درگا پرشاد -

منجانب سرکار - مسٹر آر - ملکمن اسسٹنٹ گورنمنٹ ایڈوکیٹ

فیصلہ - مقدمہ ہذا میں ایک ٹھیکیدار کی لڑکی نے ایک پن بالیتی مبلغ ۵ سے بہم پہنچایا تھا جو اس نے موجودہ سائل چندر سین کو ایک آنہ میں فروخت کیا تھا - چندر سین کا اظہار بطور گواہ تائید الزام کے لیا گیا ہے اور اس نے یہ اقبال کیا ہے کہ اس نے لڑکی کو ایک آنہ دیا اور پن اپنے ایک ہم قوم شخص کے حوالہ کیا جو سنار ہے - وہ اپنے آپکو بطور ایک ہمدرد بنی نوع انسان ظاہر کیا ہے جو بے شک لغو ہے - آئندہ جب وہ ہمدردی بنی نوع انسان کا کام کرنا چاہے اور کسی لڑکے کو جبکہ وہ ۳ روپیہ کا پن ہو ایک آنہ دینا چاہے تو میں اس کو یہ مشورہ دونگا کہ وہ کوئی مسٹر پن معاوضہ میں حاصل نہ کرے - یہ خیال مہمل ہے کہ اس نے اس جائز طور پر حاصل کی ہوئی منفعت بخش شئے کو اپنے دوست سنار کو بطور ایک سنجیدہ لے کے حوالہ کیا تھا - پن کی قیمت سنار کے لئے وہی ہوگی جو اس سے حاصل ہو سکے اور اس لئے یہ خیال کرنا مناسب بلکہ دراصل بالکل یقینی ہے کہ چندر سین اس کا زر ثمن اپنے دوست کے ساتھ تقسیم کرنا چاہتا تھا - وہ صاف طور پر ایک بدنیتی کا فعل تھا جو لائق سزا تھا اگرچہ وہ ایک معمولی قسم سے لیا وہ نہ تھا جسکی اس کو بلا شبہ اتفاق سے دفعتاً ترغیب ہوئی تھی مجھے سزا کافی معلوم ہوتی ہے اور جرمانہ بجز اسکے کہ وہ ذی حیثیت ہو کسی قدر سخت ہے - لیکن یہ سب اس سوال سے دراصل غیر متعلق ہے جس کا مجھے تصفیہ کرنا ہے اور صرف اس امر سے متعلق ہے کہ آیا مجسٹریٹ یا عدالت کے حکام اب اس معاملہ میں مزید کارروائی کرنا چاہتے ہیں جبکہ مزید تحقیقات جائز ہو جس امر کی نسبت میں کوئی رائے ظاہر نہیں کرتا لیکن یہ امر بالکل واضح ہے کہ اس کی نگرانی منظور کیجانی چاہیئے تحقیقات اور تجویز ثبوت جرم ناجائز ہے - مجسٹریٹ نے گواہ کی شہادت بمقابلہ بطور خود جرم کی سماعت کی تھی - دفعہ ۱۹۱ میں یہ صراحت ہے کہ ایسی صورت میں قبل اسکے کہ کوئی شہادت لی جائے مجسٹریٹ ملزم کو یہ اطلاع دیگا کہ وہ مقدمہ کی تحقیقات کسی دوسری عدالت سے کرانیکا مستحق ہے - اس کا مفہوم صاف ہے - ملزم کو کسی دوسری عدالت سے مقدمہ کی تحقیقات کرانیکا حق ہے اور وہ اس امر کا مستحق ہے کہ مجسٹریٹ اس کو یہ کہے کہ اس کو ایسا حق حاصل ہے - ایسا نہیں کیا گیا - درحقیقت جب مجسٹریٹ سے مقدمہ منتقل کرنیکی استدعا کی گئی تھی تو خود اس نے ایسا کرنے سے انکار کیا تھا - یہ فروگذاشت تحقیقات کے جواز کیلئے مہلک تھی - ایسی صورت میں تسلیم بالسکوت یا ترک حق کا ذکر کرنا فضول ہے - جب کوئی فیصلہ کسی شخص کے خلاف پہلے سے صادر کیا گیا ہو تو اس کو بجز اسکو تسلیم کرنیکے اور کوئی اختیار نہیں ہوتا - ملزم بلا شبہ کسی مزید سماعت کے وقت اور زحمت سے محفوظ رہنے کے لئے اپنا حق ترک کر سکتا ہے - وہ صرف اس صورت میں اسکو ترک کر سکتا ہے جبکہ قانون کے احکام کے بموجب اس سے صراحتاً یہ کہا جائے کہ اس کو عدالت مذکور کی جانب سے تحقیقات کیے جانے سے انکار کرنیکا حق ہے - جب اس سے اس طرح کہا جائے تو وہ اس امر کا تصفیہ کر سکتا ہے کہ آیا وہ حق ترک کرتا ہے - یہاں ایسا نہیں ہوا - تجویز ثبوت جرم اور سزا منسوخ ہونی چاہئیں اور جرمانہ اگر ادا کیا گیا ہو تو واپس ہونا چاہیئے -

عدالت ہٰذا سے فوجداری کے کام کی حالت کا لحاظ کرتے ہوئے میں خود مکرر تحقیقات کرنا ضروری نہیں خیال کرتا -

مجسٹریٹ کو پن واپس کیا جائے تاکہ وہ اسے مسمی رودا کو بلا تاخیر واپس کر سکیں -

نگرانی منظور کی گئی -

(۵۰۷)

# عدالت جوڈیشل کمشنر پشاور

## مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۷۹-۴ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ع منفصلہ ۲۲ فروری سنہ ۱۹۲۳ع

باجلاس مسٹر سپین جوڈیشل کمشنر

صفدر خان۔ مدعی۔ مرافع بنام محمد زمان خان وغیرہ دیگر۔

مدعی علیہا۔ مرافعہ علیہا

رواج۔ ثبوت۔ قبیلہ کی رائے اور اسکی اہمیت۔ قبیلہ اور خاندان کا رواج۔ رواج خاص۔ بار ثبوت۔ وراثت۔ پگونڈ۔ قیاس۔ رشتہ داران حقیقی آیا رشتہ داران علاتی کو محروم کرتے ہیں۔ ضلع پشاور کا "گیانا" قبیلہ۔

رواج ان معاملات کی نسبت جو کسی قبیلہ کی تمدنی اور معاشرتی زندگی پر موثر ہوں محض عام رائے کا ایک اظہار ہے اور وہ کسی رواج کے وجود کے متعلق ایک نامناسب معیار نہیں ہے خواہ وہ کسی حد تک عام رائے کے مطابق ہو یا نہو۔

یہ قرار دینا خطرناک ہے کہ کوئی رواج جس سے کسی قبیلہ کے غلبہ نے قطعاً انکار کیا ہو اور مذموم قرار دیا ہو فی الواقع ایسا رواج ہے جس کے وہ پابند ہیں۔

اس امر کا قوی قیاس ہوتا ہے کہ کوئی خاص خاندان اس قبیلہ کے عام رواج کا پابند ہے اور خاص صورتوں میں کسی خاص قبیلہ کسی خاص خاندان کے طریقۂ وراثت کی صریح طور پر ثابت شدہ مثالیں کوئی عام رواج قرار دینے کے لئے نہایت اہم ہیں جو صرف خاص خاندانوں کے رواجات کا مجموعہ ہے۔

عدالتوں کو کوئی خاص رواج جو کسی خاص قبیلہ سے متعلق ہو ہمیشہ یا قسمت اور ثابت کرنے کے متعلق نہایت وسیع اختیارات حاصل ہیں اور اسی وجہ سے مقدمات میں مختلف قبائل کے رواجات میں امتیاز کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن عدالتوں پر ان امتیازات کی نسبت جو کسی قبیلہ کے مختلف شرکاء میں کہ انکے درمیان کسی قسم کا تقسیم کرنا لازم ہو اور یہ واجب ہے کہ چند قبائل کو بطور کم ترین افراد کے تصور کریں جنکی نسبت مقدمات واجب التعمیل قرار دئے جا سکتے ہیں۔

عدالتوں کو اغراض عدالت اور مقدمات میں کمی کرنے کی غرض سے اور حقیقت کے غیر معین ہونیکی وجہ سے کوئی عمومی قاعدہ وراثت قرار دینا چاہئے جو بجائے کسی ہر عام طور پر متعلق ہو سکتا ہو۔ ایسی صورتوں میں یہ ممکن ہے کہ خاص خاندان کوئی خاص رواج ثابت کر سکیں لیکن بار ثبوت اس شخص پر سختی سے عاید ہوگا جو عام قاعدے کے خلاف عمل کیا جانا بیان کرے۔

کسی رواج کے متعلق جو مسلمانوں میں موجود ہو یہ بیان کہ وہ شرع اسلام کے مطابق ہے اسکے ایک جائز اور اصلی قومی رواج ہونے کے مانع نہیں ہے بالخصوص جبکہ رواج کی تفصیل میں کوئی پیچیدگی یا اختلاف نہو اور جبکہ وہ کسی طور پر تنزل کی حالت میں ہو ایسی صورت میں یہ امر قدرتی اور مناسب ہے کہ قبیلہ متعلقہ کے شرکاء اپنے رواج کی جانچ شرع اسلام کے مطابق کریں اور اگرچہ یہ معیار آخری بنا فیصلہ نہو سکے وہ ایک ایسا معیار نہیں ہے جس سے کوئی بیان جو رواج کے متعلق کیا جائے کسی طرح ناجائز ہوتا ہو۔

جبکہ یہ تجویز کی گئی ہو کہ کسی نالش کے فریق پگونڈ قاعدہ وراثت کے پابند ہیں تو اس امر کا بار ثبوت کہ رشتہ داران حقیقی رشتہ داران علاتی کو محروم کرتے ہیں اس فریق پر عاید ہوتا ہے جو ایسا بیان کرے۔

صفدر خان بنام محمد زمان خا(ن) (پشاور)

صفدر خان بنام محمد زمان خان (پشاور)

غلام محمد بنام محمد بخش ۔ پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۰۸ء نمبر ۴۸
(اجلاس کامل) پر استدلال کیا گیا۔
قاعدہ جو ضلع پشاور کے [illegible] رواج ہے وہ یہ ہے کہ
کسی بھائی کی جائیداد کی وراثت کی صورت میں رشتہ داران حقیقی
رشتہ داران علاتی کو محروم کرتے ہیں

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری و فیصلہ صادرہ [illegible] ڈویژنل جج پشاور مورخہ یکم جون ۱۹۲۱ء مشعر منسوخ ڈگری و فیصلہ [illegible] سب جج پشاور مورخہ ۱۲ جنوری ۱۹۱۷ء

**فیصلہ** (۴ مئی ۱۹۲۲ء) — مقدمہ ہذا سے غرض [illegible] متعلق [illegible] کے کاگیا [illegible] اور کبوت خان کے بیٹے ہیں۔ کبوت خان کی [illegible] زوجہ سے دو بیٹے صفدر خان و نصر اللہ خان اور دوسری زوجہ سے محمد زمان اور رستم خان تھے۔ اراضی جواب دعویٰ یہ ہے نصر اللہ خان متوفی کی جائیداد ہے۔ اسکا حقیقی بھائی صفدر خان یہ بیان کرتا ہے کہ وہ بمقابلہ محمد زمان و رستم خان جو مدعی علیہم متوفی کے علاتی بھائی ہیں اپنے حقیقی بھائی کی کل جائیداد کا بلا شرکت غیرے وارث ہے۔ مقدمہ ہذا میں [illegible] مطلب صرف یہ ہے کہ آیا اوس رواج کی بنا پر جو فریقین کے مابین موجود ہے کسی بھائی کی جائیداد کی وراثت کے وقت رشتہ داران حقیقی رشتہ داران علاتی کو محروم کرتے ہیں۔ سب جج مسٹر ولی ایسٹ [illegible] جنہوں نے مقدمہ کی سماعت کی تھی مدعی کے حق میں تجویز کی تھی۔ برخلاف [illegible] ڈویژنل کورٹ نے مدعا علیہم کے حق میں تجویز کی۔

یہ بلا تامل کہا جا سکتا ہے کہ اس میں کچھ بھی شک نہیں ہے کہ کسی بھائی کی جائیداد کی وراثت کے متعلق فریقین طریقہ "پگونڈ" کی پابندی کرتے ہیں یعنے یہ کہ وہ اپنے باپ کے بالسروس نہ کہ بالاصول وارث ہوتے ہیں۔ چونکہ کبوت خان کی وفات کے وقت ہر زوجہ سے دو پسماندہ بیٹے موجود تھے طریقہ وراثت فی الواقع ایک

صفحہ ۵۷۸

ہی تھا خواہ وہ بالسروس وارث ہوتے یا بالاصول میں کاغذات [illegible] کوئی اہمیت نہیں رکھتا کیونکہ بیٹوں کی دو جماعتیں منفصل بحصہ مساوی وارث ہوئی تھیں لیکن قطع نظر اسکے "پگونڈ" وراثت بالکل قطعی طور پر ثابت ہے کہ کبوت خان فریقین کا باپ [illegible] اشخاص میں [illegible] جنہوں نے [illegible] ۱۹۰۹ء و ۱۹۱۰ء کے بندوبست کے وقت [illegible] کہ قانون رواج کا مجموعہ تیار ہو رہا تھا [illegible] [illegible] کیا گیا کہ [illegible] وراثت "پگونڈ" کی لیکن [illegible] قطعی طور پر ثابت نہیں ہوتا کہ جب بھائی کسی متوفی بھائی کی جائیداد کے وارث ہوتے ہیں تو رشتہ داران حقیقی رشتہ داران علاتی کو محروم نہیں کرتے۔ یہ قیاس کیا جاتا ہے کہ وہ [illegible] محروم نہیں کرتے اور مقدمہ غلام محمد بنام محمد بخش (۱) یہ قرار دینے کیلئے ایک سند ہے کہ جب فریقین قاعدہ "پگونڈ" کے پابند ہوں تو اس کا بار ثبوت کہ رشتہ داران حقیقی رشتہ داران علاتی کو محروم کرتے ہیں اس فریق پر عائد ہوتا ہے جو ایسا بیان کرے۔ لیکن یہ صاف طور پر تسلیم کرنا چاہیئے کہ اس بار ثبوت سے سبکدوشی حاصل کیجا سکتی ہے اور بعض موقعوں پر سبکدوشی حاصل کی گئی ہے اور یہ کہ ایسے طے شدہ مقدمات موجود ہیں جن میں کسی بھائی کی جائیداد کی وراثت کے وقت رشتہ داران حقیقی رشتہ داران علاتی کو محروم کرتے ہیں اگرچہ کل بھائی اپنے باپ کی جائیداد کے مساوی طور پر وارث ہوتے ہیں۔ اس امر پر ذیعلم کمشنر مال نے اپنے حکم مورخہ ۳۰ جولائی ۱۹۲۱ء میں مقدمہ ہذا پر بحث کرتے وقت صاف طور پر توجہ کی ہے لیکن میں خیال کرتا ہوں کہ اس امتیاز کو ذیعلم ڈویژنل جج نے جزءً نظر انداز کیا ہے۔ اس امتیاز پر مسٹر ہنبری نے اپنی نظیر میں نہایت صاف طور پر بحث کی ہے جو نظیر پی۔ آر ۱۲ بابتہ ۱۹۱۸ء شائع ہوئی ہے اور جو منفصل فیہ داودزئی سے متعلق ہے مسٹر ہنبری نے یہ قرار دیا کہ قوم

(۱) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۰۸ء نمبر ۴۸ (اجلاس کامل)

سمند خان بنام محمد زمان خان (پشاور)

رواج زنانی "پوندہ" قاعدہ وراثت کی پابند تھی لیکن یہہ کہ باہمہ کسی بھائی کی جایداد کی وراثت کی صورت میں رشتہ داران یکجدی رشتہ داران علاتی کو محروم کرتے تھے میں فیصلہ مذکورہ سے حسب ذیل فقرہ کا حوالہ دیتا ہون "عدالت ابتدائی کی یہہ رای کہ چونکہ فریقین کے خاندان میں "پگونڈ" قاعدہ رائج تھا اسلئے رشتہ داران حقیقی و رشتہ داران علاتی مساوی طور پر وارث تھے تجویز خیال میں معقول نہیں ہے ایک شخص کے کل بیٹے جو مختلف زوجگان سے ہون رشتہ علاتی آپس میں رکھتے ہیں لیکن ایک ہی مان کے بیٹے آپس میں رشتہ حقیقی کا تعلق رکھتے ہیں اور اس سے یہہ نتیجہ ہرگز نہیں نکلتا کہ کوئی قاعدہ جو ان بیٹون کے مابین باپ کی جایداد کی تقسیم سے متعلق ہو بعد میں اول الذکر میں سے ایک کے حقیقی اور علاتی بھائیون میں اسکی حصہ کی تقسیم سے متعلق ہوگا" نظیر مذکور میں ایک نہایت اہم امر یہہ ہی کہ اس سی یہہ اصول قایم ہوا تھا کہ اس لسانی شہادت پر جو فریقین کی جانب سی پیش کیجائے رشتہ داران حقیقی رشتہ داران علاتی کو عملاً کلیتاً محروم کرتے ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں ہوسکتا کہ مقدمہ موجودہ میں بھی گواہون کی شہادت اور مقامی تحقیقات کے نتایج نہایت اہم ہیں اور ایک نہایت وسیع رقبہ سے متعلق ہیں۔ کارروائیات مال میں پہلی مقامی تحقیقات نایب تحصیلدار نے کی تھی اور یہہ معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ انہون نے عدالتی نظائر کے مدنظر موجودہ مدعی کے خلاف تجویز کی تھی انہون نے یہہ خیال کیا تھا کہ رواج جس طرح کہ وہ انکی تحقیقات اور قبیلہ کے ممتاز اشخاص کی شہادت سی ظاہر ہوتا تھا۔ مدعی کے حق میں تھا۔ مددگار مال کے بی میان غلام صمدانی نے مرافعہ میں صراحتاً مدعی کے حق میں تجویز کی اور ایسا کرنے کے متعلق اپنی وجود کا ایک نہایت مکمل خلاصہ درج کیا ہے۔ مسٹر ولی اسسٹنٹ کمشنر نے قبیلہ گاگیانی کے نہایت اہم نمایندون کی شہادت قلمبند کی تھی جن میں پہلی۔ سید جبار خان زیلدار و غلام حیدر خان مجسٹریٹ اعزازی شامل ہیں اور انہون نے بزایے اس تجربہ کا اظہار کیا تھا جو قبیلہ گاگیانی کے ایک عام جرگہ کے متعلق ان کو حاصل تھا جو سنہ ۱۹۲۰ء میں منعقد ہوا تھا اور جس میں بالاتفاق قطعی طور پر یہہ رائے قرار پائی تھی کہ رشتہ داران حقیقی رشتہ داران علاتی کو محروم کرتے تھے انہون نے اپنے فیصلہ میں غالباً انصافاً یہہ ریمارک کیا تھا کہ کوئی دوسرا سوال موجود نہ تھا جس کی نسبت ایسا جرگہ "ایک متفقہ رائے پیش کر سکتا تھا۔ یہہ بھی معلوم ہوتا ہی کہ سنہ ۱۹۱۹ء میں یہی سوال حسب دفعہ ۸ ریگولیشن جرایم سرحدی ایک مقامی جرگہ کے سپرد کیا گیا تھا اور یہہ تجویز صادر کی گئی تھی کہ رشتہ داران حقیقی رشتہ داران علاتی کو محروم کرتے تھے۔ اسکے خلاف اس میں کوئی شک نہیں ہی کہ لسانی شہادت جو مدعی علیہم کی جانب سی پیش کی گئی تھی نہایت غیر اطمینان بخش تھی ان کے اکثر گواہ گاگیانی نہ تھے اور جو کوئی گواہ گاگیانی تھے جودی حیثیت نہ تھے۔ میرے خیال میں بیان مذکور الصدر فی نفسہ کم از کم اس قیاس کی تردید کے لئے بالکل کافی ہے جو کسی باپ کی جایداد کی نسبت "پگونڈ" کے طریقہ وراثت سے پیدا ہوتا ہے بالخصوص بنظر اس واقعہ کے کہ ہم ایک متصل رقبہ کی ایک ثابت شدہ مثال پاتے ہیں جس میں قیاس مذکور کی اسی طور پر تردید کی گئی تھی۔

اسلئے مدعی علیہم کا دعویٰ دو امور (الف) اس رواج پر جو لارمر کے قانون رواجی کے جواب نمبر ۶۲ میں درج ہے اور (ب) عدالتی فیصلجات کی اہمیت پر مبنی ہی اگر ابتداً صرف (الف) کو لیا جائے تو میں یہہ خیال کرنے پر راغب ہوان کہ لارمر کا قانون رواجی اس قدر مستند نہیں ہی جیسا کہ بظاہر معلوم ہوتا ہی۔ مقدمہ ہذا میں فریق علیہم کے لائق کونسل نے یہہ بحث کی ہی کہ اس شہادت سی جواب عدالت میں

صفحہ ۵۷۹

مسلمانان بنام محمد زمان خان (پشاور)

پیش کی گئی ہیں اور مقامی عہدہ داران سے [illegible] بی غلام صمدانی اور مسٹر دیلی [illegible] اس امر کے کہ رواج کیا ہے لیا ہو زیادہ تر اس امر کے متعلق ظاہر ہوتی ہے کہ وہ کیا ہونا چاہئے یہ بتلایا گیا ہے کہ میاں غلام صمدانی جج نے خیالی امور کے اور [illegible] لگایا کہ [illegible] اس کی نسبت اپنی ذاتی رائے کے زیر اثر تھے مثلاً انہوں نے ان جھگڑوں کا ذکر کیا ہے جو عادتاً طلاق ہو جانے کے بعد [illegible] اور [illegible] کا ذکر کیا ہے جو اکثر مصیبت کے وقت ایک حقیقی بہانہ [illegible] محض [illegible] کیا [illegible] ہم اس امر پر [illegible] کوشش [illegible] لیکن [illegible] رواج [illegible] ساتھ [illegible] اس امر پر کافی غور کیا ہے کہ [illegible] مسٹر [illegible] کی ایک مشہور [illegible] رواج [illegible] کے متعلق [illegible] رسومات [illegible] ایک مناسب [illegible] کے مطابق [illegible] اسلئے یہ قرار دیا [illegible] کوئی [illegible] کے تصفیہ کے قطعی انکار کیا ہو [illegible] قرار دیا ہو فی الواقع ایسا رواج ہے جس کے وہ پابند ہیں [illegible] میں خیال کرتا ہوں کہ اعتراضات جو ان بیانات کی نسبت کئے گئے ہیں جو مقدمہ [illegible] میں خود اپنے رواجات کے متعلق [illegible] سرکار [illegible] مسٹر لائل کے کاغذات [illegible] مساوی طور پر [illegible] کئے جا سکتے ہیں انہوں نے بالکل وہی کیا تھا جو مقدمہ موجودہ میں مسلسل عہدہ داران مال اور انتظامی نے کیا تھا۔ انہوں نے اس پر کلیتاً استدلال کیا تھا جو ان کے روبرو اس وقت ظاہر کی گئی تھیں وہ بہ نسبت ان عہدہ داروں کے جنہوں نے مقدمہ

موجودہ میں مقامی تحقیقاتیں کی ہیں بیانات مذکور کی اصلیت دریافت کرنیکے لئے کوئی بہتر حیثیت نہ رکھتے تھے۔ درحقیقت میں یہ خیال کرنیکی جانب مائل ہوں کہ ان دونوں میں سے موخر الذکر بہتر حیثیت رکھتے تھے۔ مسٹر دیلی کے فیصلہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے اس سوال پر عرصہ دراز تک غور کیا تھا۔ انہوں نے مقدمہ موجودہ میں [illegible] شہادت درج کی تھی بلکہ اس عام [illegible] کے متعلق جو سال ماسبق میں منعقد ہوا تھا اپنا تجربہ درج کیا تھا جو سلوا [illegible] کا رواج اور عملدرآمد دریافت کرنے کے متعلق بہت کم اشخاص ان سے بہتر حیثیت رکھتے تھے۔ [illegible] تجویز کو نہایت اہمیت دیتا ہوں جو حسب دفعہ [illegible] جرائم [illegible] صادر کی گئی تھی کوئی تبدیلہ جرگہ "صحیح طور پر" عدالت [illegible] رواج کے سوال کے تصفیہ کی نسبت طور پر مجاز ہے اور کوئی تجویز [illegible] جرائم سرحدی ایک جائز تجویز [illegible] وہ اس قسم کے امور سے متعلق ہو تو وہ ایک اہم عدالتی فیصلہ کی پوری اہمیت رکھتی ہے ان امور سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس [illegible] بھی جیسے کہ لاریمر کا قانون رواجی نہایت صریح ہو وہ ایک ایسی دستاویز نہیں ہے جس پر ہمیشہ استدلال کیا جا سکتا ہو [illegible] عدالت ہذا کی تحریری نظائر میں درحقیقت مسلسل [illegible] [illegible] ہمارے پاس ان مقدمات کی دریافت کرتے وقت [illegible] پوتے [illegible] بموجب باپ کی جایداد کے وارث ہوتے ہیں لیکن صرف حقیقی وراثت کے متعلق اس رواج کے خلاف جو مسٹر لاریمر نے درج کیا ہے آپس میں وارث ہوتے ہیں داود [illegible] کی [illegible] میں ایک نہایت صاف نظیر موجود ہے۔

اب میں [illegible] بحث کرونگا جو تحریری عدالتی نظائر سے متعلق ہیں۔ عدالتی نظائر جو ہر فریق کی تائید میں ہیں مسٹر بولٹن کے حکم

(۵۰)

صفدر خان بنام محمد زمان (پشاور)

مورخہ ۲۰ جولائی ۱۹۲۰ء میں درج ہیں اور بادی النظر میں ان کی اہمیت ایسی ہے جیسا کہ انہوں نے خیال کیا تھا۔ مدعی علیہم کی تائید میں ہیں لیکن ان نظائر کی احتیاط کے ساتھ جانچ کرنے کے بعد پیدا ہوتا ہے کہ اگر وہ کسی طرح مدعی علیہم کی تائید میں ہیں تو بہت کم تائید دیتے ہیں۔ مسٹر بولٹن نے مدعی علیہم کی تائید میں تین فیصلہ جات کا حوالہ دیا ہے۔ ان میں دو فیصلہ جات یعنی جوڈیشل کورٹ کا خود مسٹر بولٹن کی تجویز مقدمہ نمبر ۲ بابتہ ۱۹۰۵ء اور مقدمہ نمبر ۱۲۹ بابتہ ۱۹۱۰ء و ۱۹۱۱ء کی بابتہ کمشنر مال کی تجویز کسی بھائی کی وراثت سے متعلق رشتہ داران حقیقی کی جانب سے رشتہ داران علاتی کی محرومی سے ہرگز متعلق نہیں ہیں ان میں محض کسی باپ کی جائداد کی چگونڈ یا چنڈاونڈ وراثت کا ذکر ہے معلوم ہوتا ہے کہ یہ امر نظر انداز کیا گیا تھا کیونکہ امر مطلب یہ نہ تھا کہ آیا موجودہ فریقین چگونڈ کے موجب وارث ہوئے تھے (یہ امر قبل ازیں فیصل کیا گیا تھا) وہ یہ تھا کہ آیا اس طریقہ وراثت کے باوجود بھائی آپس میں ایک مختلف اصول پر وراثت کے حقدار تھے اسلئے اس اصل سوال کے متعلق کہ بھائیوں میں رشتہ داران حقیقی رشتہ داران علاتی کو محروم نہیں کرتے اہم نظیر صرف جوڈیشل کمشنر کی نظیر مقدمہ نمبر ۲۴ بابتہ ۱۹۰۱ء ہے نظیر مذکور کے معائنہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ کارروائیات نگرانی پر اور صرف ابتدائی سماعت کے وقت صادر کی گئی تھی وہ ایک نہایت مختصر حکم ہے اور یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس میں عام رواجات کے متعلق کسی طرح جامع بحث کی گئی ہے مدعیان ہنوز جوڈیشل عدالت کا حکم نہیں کہا جس کے خلاف اس وقت نگرانی کی گئی تھی اور یہ ممکن ہے کہ اس سے زیادہ مکمل مقدمہ ظاہر ہو سکے لیکن حکم نگرانی کے متعلق اس حاکم عالیمقام کی نہایت عظمت کے ساتھ جنہوں نے اسے صادر کیا تھا میں یہ نہیں خیال کر سکتا کہ وہ وہی واجب التعمیل اثر رکھتی ہے جو دیگر نظائر رکھتی ہیں جو کامل

مرافعہ جات میں ایک طویل بحث کے بعد صادر کی گئی ہوں صرف یہی حکم ایسا عدالتی فیصلہ ہے جو میں نے اس خیال کی تائید میں دیکھا ہے کہ گگیانیوں میں رشتہ داران حقیقی رشتہ داران علاتی کو محروم نہیں کرتے اس کے مقابلہ میں دو تحریری نظائر موجود ہیں جن میں مخالف رائے قائم کی گئی تھی مقدمہ نمبر ۲۰ بابتہ ۱۸۹۹ء نہایت اہم ہے کیونکہ اس میں شامل ضلع کے چند گگیانیوں میں جہاں کثیر المقدار اراضی جواب مستدعویہ واقع ہے یہ قرار دیا گیا تھا کہ رشتہ داران حقیقی رشتہ داران علاتی کو یقیناً محروم کرتے تھے۔ یہ ریمارک کیا گیا ہے کہ فیصلہ مذکور ان نظائر پر صادر کیا گیا تھا جو کسی خاص خاندان میں پائی گئی تھیں لیکن میں نہیں خیال کرتا کہ یہ اسکی اہمیت پر موثر ہے اس امر کا قوی قیاس کیا جا سکتا ہے کہ کوئی خاص خاندان اس کے قبیلہ کے عام رواج کا پابند ہے اور بہرصورت کسی گگیانی خاندان کے طریقہ وراثت کے متعلق کوئی قطعی طور پر ثابت شدہ مثالیں کسی عام رواج کو دریافت کرنے میں نہایت اہمیت رکھتی ہیں جو محض خاص خاندانوں کے رواجات کا مجموعہ ہوتا ہے ایک دوسرا مقدمہ نمبر ۱۰۷ بابتہ ۱۸۹۶ء ہے جس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ شرع اسلام کی رو سے رشتہ داران حقیقی رشتہ داران علاتی کو محروم کرتے تھے میں اس خیال سے بالکل متفق نہیں ہوں جو کمشنر مال نے قائم کیا تھا کہ وہ محض اس وجہ سے غیر متعلق ہے کہ موجودہ فریقین میں سے کوئی فریق بھی شرع اسلام کا پابند نہیں ہے یہ تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ اسکی اہمیت میں کمی واقع ہوئی ہے لیکن میں یہ خیال کرتا ہوں کہ یہ کہنا بہت زیادہ ہوگا کہ وہ غیر متعلق ہے ان پٹھانوں کا جو شرع اسلام کی بجائے فیصلہ جات کی پابندی کرتے ہیں تمام رواجات مذکور کو شریعت کے اصول کے مطابق کرنے کی کوشش کرنے کے متعلق رجحان اکثر دیکھا گیا ہے اور وہ لارمیر کے مجموعہ میں جاپذیر

صفدر خان بنام محمد زمان خان (پشاور)

بعد کے دو قوموں پر رواج کے امور کے متعلق ان کے فیصلہ جات پر مؤثر ہوا ہے محض اس امر کے کہ فریقین نے ایک خاص طور آمد کی وجہ بجائے پٹھانوں کے رواج کے شرع اسلام پر عمل کیا ہے لازمی طور پر یہ مراد نہیں ہے کہ عملدرآمد مذکور ان کے رواج کے مطابق نہ تھا۔

اشارات مذکورالصدر سے یہ ظاہر ہوگا کہ مدعا علیہم کو تحریری عدالتی نظائر سے اگر کوئی فائدہ پہنچتا ہے تو بہت کم فائدہ پہونچتا ہے اور میں نے قبل ازین مدعی کی زبانی شہادت اور تحریری تحقیقاتوں نتائج کی بہت زیادہ نوعیت کا ذکر کیا ہے۔

اب میں شہادت کے ایک نہایت اہم جزو کا ذکر کرونگا یعنے وراثت کی حقیقی مثال جوکہ روایات داخل و خارج اسماء میں درج کی گئی تھی۔ مالگزاری کی تحقیقاتوں میں (۱۱۵) عمل داخل و خارج اسماء پائے گئے تھے۔ جن میں یہہ کہا گیا ہے کہ (۵۹) مدعا علیہم کی تائید میں ہیں اور (۵۶) مدعی کے موافق ہیں بدقسمتی سے ان اندراجات کے معائنہ سے میں اس امر کا تصفیہ نہیں کرسکتا کہ آیا وہ سب یا ان میں سے کوئی قبیلہ گاگیانی سے متعلق ہیں اور نہ ہر جانب کے لائق کونسل اس امر کے متعلق مجھ کو کوئی اطلاع دیسکے مجھے یہہ امر قرین قیاس معلوم ہوتا ہے کہ جو اندراجات پیش کیگئے تھے وہ عام طور پر دوابہ رقبہ سے متعلق ہیں اور لازمی طور پر بالخصوص قبیلہ گاگیانی سے متعلق نہیں ہیں میں خیال کرتا ہوں کہ یہہ امر نہایت اہم ہے کہ ایسے جملہ ممکنہ اندراجات کا مقابلہ کیا جاوے جو صرف قبیلہ گاگیانی سے متعلق ہیں اور کسی دوسرے قبیلہ سے متعلق نہیں ہیں معلوم ہوتا ہے کہ ضلع پشاور کے گزیٹیر سے یہہ ظاہر ہوتا ہے کہ قبیلہ گاگیانی ہمیشہ ایک نہایت عجیب حیثیت رکھتی تھی اور میں نہیں خیال کرتا کہ اسکے رواجات میں اور ان رواجات میں جو رقبہ دوابہ کے ایسے حصوں میں رائج ہیں جن پر دیگر قبائل کا قبضہ ہے لازمی طور پر کوئی مقابلہ کیا جاسکتا ہے اسلئے میں اس امر کو صاف کرانیکے لئے مقدمہ

واپس کرنیکے لئے مجبور ہوں حسب آرڈر ۴۱ رول ۲۵ میں مقدمہ ہذا فاضل کورٹ کو بریں ہدایت واپس کرتا ہوں کہ وہ کسی قابل ڈسٹرکٹ جج یا اسسٹنٹ کمشنر سے یہ تحقیقات کرائیں کہ کسی بھائی کی جائداد کے متعلق بھائیوں کی وراثت کی نسبت بلحاظ تحریری اندراجات کی تحقیقات کریگا جو صرف قبیلہ گاگیانی سے متعلق ہوں اور اس تحقیقات کا نتیجہ معہ اپنے رائے کے عدالت ہذا میں پیش کریگا میں یہہ ظاہر کرسکتا ہوں کہ آج میں نے دوسرے مقدمہ محمد رفیق بنام شیر وغیرہ کی سماعت کی ہے جس میں رواج کے متعلق وہی تنقیح شامل ہے اور میں نے مقدمہ مذکور میں بھی حسب آرڈر ۴۱ رول ۲۵ واپسی کی ہے وہ مقدمہ موجودہ مقدمہ کے مماثل نہیں ہے اسکو اسسٹنٹ کمشنر چارسدہ نے فیصل نہیں کیا تھا بلکہ اربابی محمد خان منصف درجہ اول نے فیصل کیا تھا جس نے محض اسسٹنٹ کمشنر کے فیصلہ کی تقلید کی تھی جو زیادہ اہم مقدمہ میں صادر کیا گیا تھا لیکن مقدمہ مذکور میں فریقین کی حیثیت کے متعلق چند ابتدائی امور کو صاف کرانا ہے میں خیال کرتا ہوں کہ یہہ امر اہم ہے کہ واپسی پر دونوں مقدمات کی سماعت اسسٹنٹ کمشنر کی جانب سے کیجائے۔

۱۱ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء تک واپس کیا جاوے مقدمات اور سماعت کیلئے تاریخ ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء مقرر کیجاوے

منجانب مرافعہ علیہم مسٹر حکم چند۔

**فیصلہ** سپیر حکم مورخہ ۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۲ء کو بطور مرافعہ ہذا کے قطعی حکم کے پڑھنا چاہئے حکم واپسی کا جو جواب دیا گیا ہے اس سے یہہ ظاہر ہوتا ہے کہ رقبہ دوابہ کے متعلقہ اندراجات میں سے (۵۵) اندراجات گاگیانیوں کی وراثت کے متعلق ہیں اور یہہ کہ اون میں سے (۲۹) میں حقیقی اور علاتی رشتہ داران مساوی طور پر وارث ہوئے ہیں اور (۲۶) میں رشتہ داران حقیقی نے رشتہ داران علاتی کو محروم کیا ہے یہی خیال زور کے ساتھ میجر ریلی موجودہ اسسٹنٹ کمشنر چارسدہ نے

صفدر خان بنام محمد زمان خان (پشاور)

پیش کیا ہے جن کی عدالت میں واپسی کی گئی تھی انہوں نے قبیلہ کے تمام
مشہور اشخاص کا ایک جرگہ جمع کیا تھا اور یہہ تنقیح کمران کے سپرد کی
تھی۔ ان کی تحریری تجویز نگرانی دیوانی نمبر ۱۳۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء (محمد رفیق
بنام شیر) کی مثل کے ساتھ منسلک ہے جس میں اسی کے ساتھ واپسی کی
میں قبل ازیں اس ابتدائی شہادت پر جو مقدمہ ہذا میں پیش کیا
کی گئی تھی طویل نظر ثانی کی ہے اور رواج کے اندراج اور عدالتی نظائر
بعض کے ساتھ بحث کی ہے ان ریمارکس کے متعلق جو میرے سابقہ
حکم میں نگرانی دیوانی نمبر ۲۴ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء کی بابتہ ہیں میں نے اب
جوڈیشل کورٹ کے فیصلہ کا بھی معائنہ کیا ہے جو مقدمہ مذکور میں صادر
کیا گیا تھا۔ اس جائزہ سے اس خیال کی تائید ہوتی ہے کہ نظیر بطور ایک
نظیر کے کوئی اہمیت نہیں رکھتی اس سوال پر کہ کسی رواج کی بنا پر جو پگونڈ
تقسیم کے ساتھ موجود تھا رشتہ داران حقیقی کا رشتہ داران علاتی
کو محروم کرنے کا امکان موجود تھا پھر اصل بحث نہیں کی گئی تھی یہہ تجویز
کی گئی تھی کہ اس خاص خاندان میں وراثت زمانہ گذشتہ میں ضابطہ
تھی اور یہہ کہ "پگونڈ" یا "چنداونڈ" رواج کی کامل پابندی نہیں
کی گئی تھی اور یہہ کہ اسلئے وراثت کے معمولی قاعدہ کی پابندی کیجانی
چاہیے جیسا کہ میں نے قبل ازیں کہا ہے وہ حکم جو جوڈیشل کمشنر نے صادر کیا
تھا سرسری نوعیت کا تھا جس کی رو سے ایک درخواست نگرانی ابتدا
نامنظور کی گئی تھی اور اس میں رواج کے سوال کی سنجیدگی سے کوئی نظر ثانی
شامل نہ تھی میں نے قبل ازیں یہہ بتلایا ہے کہ یہہ عدالتی نظیر ان چند
دیگر نظائر کے خلاف جو بہت زیادہ اہم ہیں تنہا موجود ہے۔

یہہ غور کرنا باقی رہتا ہے کہ آیا تحقیقات سے جو اس واپسی پر اب
کی گئی ہے رواج کے متعلق ہمارے معلومات میں اہم اضافہ ہوا ہے جس
حد تک کہ وراثت کے تحریری اندراجات داخل و خارج اسمار کا تعلق ہے
بھی یہہ معلوم نہیں ہوتا کہ بقیہ شہادت سے جو حقیقی یا علاتی رشتہ داروں

کی مساوی وراثت کے حق میں ہے اس دیگر شہادت کی اہمیت کو سخت نقصان
پہونچتا ہے جو رشتہ داران حقیقی کی جانب سے رشتہ داران علاتی کو محروم
کئے جانے کی بابتہ ہے۔ مرافعہ علیہم کے لائق وکیل کی بحث یہہ ہے کہ اگر اس
جرگہ کی تجویز کی جسے مجسٹریٹ نے طلب کیا تھا احتیاط کے ساتھ جانچ
کیجائے۔ تو اس سے اس نتیجہ کی جس پر جوڈیشل کورٹ پہونچی تھی تردید ہونے
کے بجائے زیادہ تر اس کی تائید ہوتی ہے۔ ان کی بحث یہہ ہے کہ خود تجویز کے
الفاظ سے یہہ ظاہر ہوتا ہے کہ جرگہ "کوئی جدید رواج داخل کرنا چاہتا
تھا کیونکہ وہ شرع اسلام کے مطابق ہوگا۔ یہہ درحقیقت اس بحث کی دوسری
شکل ہے کہ ہم اس امر پر بحث نہیں کر رہے ہیں کہ رواج کیا ہے بلکہ اس
امر پر بحث کر رہے ہیں کہ لوگوں کے خیال میں وہ کیا ہونا چاہیئے لیکن میں
نہیں خیال کرتا کہ جرگہ کی رائے کی یہہ تعبیر ہو سکتی ہے۔ یہہ صحیح ہے کہ
ابتدا میں اس نے یہہ بیان کیا ہے کہ دستخط کنندگان کی یہہ خواہش ہے کہ
رشتہ داران حقیقی رشتہ داران علاتی کو محروم کر کے کسی بھائی کی جائداد کے
وارث ہونے چاہئیں ساتھ ہی ساتھ اس نے اختتام پر یہہ کہا ہے کہ "گو
رشتہ داران حقیقی کسی بھائی کی جائداد کے وارث ہوتے ہیں اور ہماری
کل خانون کی بھی یہہ رائے ہے کہ بھائی کی جائداد کے متعلق یہہ بہترین
اور مناسب طریقہ وراثت ہے جس طرح کہ ہمیشہ کیا گیا ہے اور جس نسبت
کرنیکا ہمیں شرع اسلام کی رو سے حکم دیا گیا ہے اس بارے میں ہم شرع اسلام
کی پابندی کرتے ہیں"۔ میں نہیں خیال کرتا کہ اس سے یہہ اقبال تصور
کیا جا سکتا ہے کہ دستخط کنندگان کوئی جدید رواج چاہتے ہیں یا یہہ کہ وہ
کسی موجودہ رواج کی نظر ثانی کی کوشش کر رہے ہیں ان کی بقیہ تجویز
سے یہہ امر درحقیقت ظاہر ہے کہ رواج مختلف مواضعات میں فی الواقع
مختلف ہے اور کسی حد تک پیچیدگی کی حالت میں ہے پھر میں خیال کرتا ہوں
کہ اس امر کا احتمال ہے کہ عدالتیں مقدمہ کے اس پہلو پر اصرار کرتی گئی
جس میں یہہ تصور کیا گیا ہے کہ ضلع پشاور کے پٹھان برخلاف شرع اسلام

صفحہ ۵۸۲

غدر خان بنام محمد زمان خان (پشاور)

رواج کے پابند ہیں یہہ ایک عام خیال معلوم ہوتا ہے کہ نہ صرف ایسی اقوام شرع اسلام کے برخلاف خود اپنے رواج کی پابند ہیں بلکہ یہہ کہ ایسا رواج شرع اسلام کے مطابق ہرگز نہیں ہو سکتا ہے اس انتہائی خیال کے لئے کوئی جائز وجہ نہیں یا تو قبیلہ کے رواج کی چند خصوصیات میں کوئی امر موجود نہیں ہے جس کا شرع اسلام کے اصول کے موافق ہونا غیر ممکن ہو اور درحقیقت یہہ قدرتاً توقع کیا جا سکتی ہے کہ یہہ خصوصیت مسلمانون کی کسی جماعت میں بھی پائی جائیگی - کسی رواج کے متعلق یہہ بیان کہ وہ شرع اسلام کے مطابق ہے میرے خیال میں اسکے ایک جائز اور حقیقی قبیلہ کے رواج ہونے کی مانع نہیں ہے یہہ بالخصوص اس صورت میں صحیح ہے جبکہ رواج کے تفصیلی امور میں کوئی پیچیدگی یا اختلاف موجود ہو اور جب وہ کسی طرح تبدیلی کی حالت میں ہو ایسی صورت میں یہہ امر قدرتی اور مناسب ہے کہ قبیلہ متعلقہ کے شرکا و شرع اسلام کے لحاظ سے اپنے رواج کی جانچ کریں اور اگرچہ یہہ معیار آخری و فیصلہ نہو سکے تاہم وہ ایک ایسا معیار نہیں ہے جس سے رواج کے متعلق کوئی بیان کسی طرح ناجائز ہوتا ہو - پھر کونسل نے یہہ بحث کی ہے کہ اس تحریری رائے میں ہم ایک اقبال پاتے ہیں کہ ہر موضع کا ایک علیحدہ رواج ہوتا ہے اور یہہ کہ ان حالات میں عدالتون کو اس امر کا تصفیہ کرنا چاہئے کہ کسی خاص موضع میں کونسا خاص رواج موجود ہے میں اس خیال کی تائید کرنے سے قاصر ہون - عدالتون کو کوئی خاص رواج جو کسی خاص قبیلہ سے متعلق ہو سکتا ہو دریافت اور ثابت کرنے میں بلاشبہ نہایت وسیع اختیار دیا گیا ہے اور اسی وجہ سے نظائر میں مختلف قبائل کے رواجات میں امتیاز کرنے کی کوشش عام طور پر کی گئی ہے لیکن مجھے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ عدالتون پر ان امتیازات کی نسبت جو اسی جماعت کے مختلف سرکاروں میں کئے جا سکتے ہوں - اسلئے مجھے یہ تسلیم کرنا لازم ہے اور یہ کہ وہ چند قبائل کو بطور کمترین فرد کے

خیال کرنے پر مجبور ہیں جس کے متعلق نظائر کو واجب التعمیل بتایا کیا جاتا ہے تاہم اس صوبہ کی عدالتون کو اس حالت میں چھوڑنا غیر ممکن معلوم ہوتا ہے کہ وہ کسی چھوٹے رقبہ مثلاً الگاگیانی رقبہ میں کسی خاص موضع کا کوئی خاص قاعدہ وراثت تحقیق اور مقرر کریں اور اس امر کا تصفیہ کریں کہ آیا وہ عملاً قبیلہ کے ہر صریح خاندان سے متعلق ہے اس خیال سے مقصود یہ تھا غیر ممکن ہے کہ عدالتون کی اغراض مقدمات کیلئے اور مقدمہ بازی کے انسداد کی غرض سے حقیقت غیر معلوم ہونے کی وجہ سے وراثت کا معمولی قاعدہ قرار دینا چاہئے جو وہ تھا عام طور پر قبیلہ سے متعلق ہو سکتا ہو ایسی صورت میں یہہ ممکن ہے کہ خاص خاندان کوئی خاص رواج ثابت کر سکے لیکن بار ثبوت سختی کے ساتھ اس شخص پر عاید ہوتا ہے جو عام قاعدہ سے خلاف عمل ہونا بیان کرے میں اس رائے کو جو جرگہ نے مقدمہ ہذا میں درج کی ہے صرف بطور رواج کے ایک ایسے بیان کے خیال کر سکتا ہون جس کو قبیلہ الگاگیانی کے کل سربرآوردہ اشخاص نے بالاتفاق بطور ایسے رواج کے قبول کیا ہے جو ان کے طریقہ وراثت سے متعلق ہے اور جس کو خاص خاص تبدیلیون کے باوجود قبیلہ عام طور پر بطور معمولی اور مسلمہ طریقہ وراثت کے خیال کرتا ہے میں نے اپنے رسالہ حکم میں قبل ازین دیگر وجوہ کا ذکر کیا ہے جو میری اسی رائے کا باعث ہوئے ہیں وہ ایک ایسی رائے ہے جس کی تائید عدالتی فیصلہ جات کے رجحان کثیر التعداد زبانی شہادت اور کل مقامی تحقیقاتون سے ہوتی ہے جو مقدمہ موجودہ میں تحقیقات سے جو عمل داخل خارج اسمار کے متعلق کی گئی تھی عمل میں آئی ہیں وہ جیسا کہ میں نے قبل ازین ظاہر کیا ہے ان نظائر سے بھی مختلف نہیں ہے جو کسی متصل رقبہ میں قرار دی گئی ہوں اسلئے مجھے یہہ قرار دینا چاہئے کہ قاعدہ قبیلہ الگاگیانی میں رائج ہے وہ یہہ ہے

کسی بہائی کی جایداد کی وارثت کے متعلق رشتہ داران حقیقی علاتی کو محروم کرتے ہیں۔

تجویز متذکرہ بالا کی بنا پر موجودہ مرافعہ کامیاب ہونا چاہیئے اسلئے میں ڈویژنل کورٹ کا حکم منسوخ کرتا ہوں جس کی رو سے دعوی خارج کیا گیا تھا اور مدعی کو اس امر کے متعلق ایک استقراری ڈگری عطا کرتا ہوں کہ وہ اپنی متوفی بہائی نصر اللہ خان کی جایداد کا بلا شرکت غیرے وارث ہے۔ مدعی علیہم مدعی کا کل خرچہ ادا کرینگے۔

مرافعہ منظور حکم منسوخ کیا گیا

## ہائی کورٹ لاہور

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۳۹۰ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۹ فروری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس لی راسکنل و مسٹر جسٹس ہارسیٹو

موازخان وغیرہ مدعی علیہم بنام مسماۃ زہرہ جان وغیرہ

مرافعان ... مدعیان و بیگم جی مدعا علیہا۔

مرافعہ علیہم

رواج۔ انتقال جو محدود مالک نے کیا ہو۔ وارث عودی از قسم اناث آیا اعتراض کرسکتا ہے۔

جب کوئی عورت محدود حق کی بناء پر کچھ جایداد پر قابض ہو تو اسکے انتقالات پر کوئی دوسری عورت اعتراض کرسکتی ہے جو انتقال کنندہ کی وفات پر جایداد کی وراثت کی مستحق ہو۔

مقصود النساء بنام کنیز زہرہ۔ پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۰۸ء نمبر ۱۳۵ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج اٹک بمقام کیمبل پور مورخہ ۱۲ ارڈسمبر ۱۹۱۹ء بشمول تنسیخ ڈگری مصدرہ سب آرڈینیٹ جج

درجہ اول کیمبل پور مورخہ ۲ر اگست ۱۹۱۹ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر جے گوپال سینگھ

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر ماگر چند بجائے مسٹر بی۔ ڈی۔ قریشی۔

فیصلہ۔ ایک شخص فتح احمد نے وصیت نامہ کے ذریعہ سے اپنی جایداد اپنی بیوگان اور بیٹیوں کو ہبہ بالوصیت کی تھی۔ اسکی وفات پر اسکے ورثائے عودی نے وصیت نامہ کے جواز پر اعتراض کیا تھا۔ جس کا نتیجہ یہہ ہوا کہ عدالت ہذا نے اپنے فیصلہ موازنبام گلاب جان (۱) میں یہہ قرار دیا کہ وصیت نامہ اس خاندان میں جایداد کی وراثت کے معمولی قاعدہ پر موثر نہونا چاہئیے۔ اسلئے مسماۃ بیگم جی جو فتح احمد کی بیوگان میں سے ایک تھی اپنے متوفی شوہر کی جایداد میں اپنا حصہ اپنے ورثائے عودی کو ہبہ کیا تھا جو سابقہ مقدمہ کے مدعیان تھے اور موجودہ نالشی بیٹیوں کی جانب سے اس اقرار کے لئے کہ مسماۃ بیگم جی کا ہبہ ان پر واجب التعمیل نہ تھا اور جایداد کی نسبت بیگم جی کے حصہ کے قبضہ کیلئے رجوع کی تھی جس سے وہ مکرر ازدواج کی بنا پر محروم ہوئی تھی۔

عدالت ابتدائی نے دعوی اس بنا پر خارج کیا کہ مدعیوں نے اس انتقال پر جو مسماۃ بیگم جی نے کیا تھا اعتراض کرنیکی نسبت کوئی حق ثابت نہیں کیا تھا کیونکہ وہ اس حق کی نوعیت ظاہر کرسکے جس کے تحت انہوں نے مطالبہ کیا تھا مدعیان عورتیں ہیں اور ان کی قوم مقامی کونسل نے کی تھی جو بیوہ کی حیثیت کی بابت انکے متعلق ظاہر کوئی صاف رائے نہ رکھتے تھے۔ مدعی علیہم کے عذر کے جواب میں انہوں نے اتبدا یہہ بیان کیا کہ وہ حق پسماندگی کے ذریعہ سے مسماۃ بیگم جی کے مکرر ازدواج پر وارث ہوئی تہیں اسکے بعد یہہ رائے ظاہر کی کہ وہ حق وراثت کی بنا پر وارث ہوئی تہیں اور بالآخر حق پسماندگی کو لسنر کیلئے ترک کیا۔ ڈسٹرکٹ جج نے مرافعہ میں بیوگان اور غیر منکوحہ بیٹیوں کی حقیقت پر

سوار خان بنام زہرہ جان (۱۹۲۳) لاہور

جسنے کی اور یہہ تجویز کی کہ اس رواج کے بموجب جو فریقین میں موجود تھا جو تحصیل اٹک سے بہتر ہیں بیوگان اور غیر منکوحہ بیٹیاں مساوی حصوں کی وارث ہوتی تہیں اور کسی بیوہ یا بیٹی کی وفات پر پسماندہ یا پسماندگان ایک بیوہ کے وارث ہوتے تھے معلوم ہوتا ہے کہ لفظ پسماندہ سے جو ہیں پیدا ہو گئی ... یہہ مراد نہیں ہے ... پسماندہ اصطلاحی ... وارث ہو ... بلکہ یہہ ... پسماندہ ... ان رواج متوفی کی جایداد کے وارث ہوتے ہیں ... ہم سے اس بنا پر دست اندازی کی استدعا کی ... ہے کہ وراثت کا دعوی پسماندگی کے قاعدہ پر مبنی تھا اور عدالت مرافعہ نے رواج کے بموجب اس کو منفصل کیا تھا لیکن ہماری رائے میں اس امر کے متعلق جو فریقین کے مابین تنقیح طلب تھا ان کے ذہن میں کوئی پیچیدگی پیدا نہ ہوئی تھی یہہ امر قابل لحاظ ہے کہ ان کی سابقہ نالش جو بطور سوار خان بنام گلاب جان (۱) طبع ہوئی ہے بعد ثانیہ عودی کی نے وفات یا از دواج تک یا بیوگان کی صورت میں تا از دواج تک بیوگان اور بیٹیوں کا حق تسلیم کیا تھا اور اس ... عدالت ماتحت مرافعہ کی اس تجویز کی تائید ہوتی ہے کہ وفات یا از دواج تک بیوگان اور بیٹیاں متوفی کی جایداد کے مساوی حصوں میں وارث ہوتی ہیں فریقین کے مابین اصل سوال تنقیح طلب یہہ تھا کہ آیا بیٹیاں ایسے انتقال پر اعتراض کرنیکی مجاز ہیں یا جو کسی بیوہ نے کیا ہو اس سوال کا جواب عدالت ماتحت مرافعہ نے مقدمہ مقصود النسا بنام کنیز زہرہ (۲) کی تقلید کر کے اثبات میں دیا ہے جس میں یہہ صراحت ہے کہ جب انتقال کنندہ کی وفات پر کوئی عورت وراثت کی مستحق ہو اور جب انتقال کنندہ جایداد میں صرف ایک محدود حق رکہتا ہو تو ایسی عورت انتقال کنندہ سے انتقال کے بابت اعتراض کرنیکی مجاز ہے یہہ قاعدہ عام فہم اور انکو بھی

صفحہ ۵۸۱

کے عام اصول پر مبنی ہے اور ہم اوس کو بلا تامل قبول کرتے ہیں ان وجوہ سے ہم یہہ تجویز کرتے ہیں کہ عدالت تحت کی ڈگری لائق بحالی ہے اور مرافعہ معہ خرچہ خارج کرتے ہیں

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائی کورٹ الہ آباد

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۵۸۰ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۱۱ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ڈینیلز

نجاد کی رائے بنام ہتن رائے و یک کس دیگر

مدعی۔ مرافع مدعی علیہا۔ مرافعہ علیہا

قانون مزارعان آگرہ ایکٹ ۲ بابتہ سنہ ۱۹۰۱ء دفعات ۲۳۴ و ۱۷۷ (۱ہ)۔ مالکانہ حیثیت کا سوال۔ مرافعہ۔ آگرہ

کسی بیدخلی کی نالش تحت دفعہ ۲۳۴ قانون مزارعان آگرہ میں اگر مدعی علیہ یہہ عذر کرے کہ وہ ایک اسامی نہیں ہے بلکہ حقوق ملکیت کا ایک مرتہن ہے تو حسب منشائے دفعہ ۱۷۷ (ہ) قانون مذکور ایک مالکانہ حیثیت کا سوال پیدا ہوتا ہے اور عدالت دیوانی میں مرافعہ ہو سکتا ہے۔

کلیان مل بنام صمد۔ انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۲۴۴ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ جج غازی پور مورخہ ۱۰ اگست سنہ ۱۹۲۱ء

منجانب اپیلانٹ۔ مسٹر ریو داس۔ ساجیائی و ایس ڈی سنہا

منجانب مرافعہ علیہم۔ ڈاکٹر ایم ایل۔ اگروالا

فیصلہ۔ مرافعہ ہذا عدالت مال کی ایک بیدخلی کی نالش سے پیدا ہوا ہے

(۱) ... (۲) پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۰۶ء نمبر ۱۳۵

صرف ایک عذر جس پر بحث کی گئی ہے وہ یہہ ہے کہ چونکہ حسب منشاء قفرہ (۱) ۷ ، افقرہ (حر) قانون منزاعات اگرہ مالکانہ حقیت کا کوئی سوال پیش نہیں کیا گیا ہے عدالت تحت میں مرافعہ پیش نہیں ہو سکتا مدعی نے حسب دفعہ ۴۳ نالش بدین بیان رجوع کی تھی کہ مدعی علیہ اسکی اجازت کے بغیر جایداد پر قابض تھا۔ مخالف مدعی علیہ رام جتن رائے نے یہہ عذر کیا کہ وہ مالکانہ حق کا ایک مرتہن تھا۔ مدعی کا مالکانہ حق ما بہ النزاع نہ تھا۔ اگر یہہ معاملہ پہلی مرتبہ پیش ہوتا تو میں خیال کرتا ہوں کہ اس امر سے متعلق بحث کی گنجائش ہو سکتی تھی کہ آیا اس تنقیح سے کہ آیا مدعی علیہ مالک کا ایک آسامی یا ایک مرتہن تھا۔ در اصل حق ملکیت کا ایک سوال پیدا ہوتا ہے لیکن یہہ سوال نظیر مقدمہ کلیان مل بنام صمد (۱) سے طے ہو چکا ہے جس میں یہہ قرار دیا گیا ہے کہ حق ملکیت کا ایک سوال شامل ہے نظیر مذکور کی تقلید کرکے میں مرافع کا عذر نامنظور اور مرافعہ موخرچہ خارج کرتا ہوں۔ مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائی کورٹ مدراس (اجلاس کامل)

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۹۸۴ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ع منفصلہ ۱۲ مارچ سنہ ۱۹۲۳ع

باجلاس سر والٹر شویب نائب چیف جسٹس سر جسٹس اولڈ فیلڈ و مسٹر جسٹس کوٹس ٹراٹر

سبلراہ پیمیگیتھیا وغیرہ مدعی علیہم بنام کرشنا بائیہ دیتھیا

نمبر ۱-۳-۴ - مرافعان مدعی - مرافعہ علیہ

قانون انتقال جایداد ایکٹ ۴ بابتہ سنہ ۱۸۸۲ع دفعہ ۶ (د) - آئندہ نان و نفقہ کا حق - اسکا قابل انتقال ہونا - معیار

کسی معاہدہ کے تحت آئندہ نان و نفقہ کی بابتہ کوئی معینہ رقم از قسم زر نقد یا جنس حسب دفعہ ۶ قانون انتقال جایداد جایداد ہے لیکن یہہ امر کہ آیا وہ جایداد کا ایسا حق ہے جس کا تشخص خود مالک کی ذات خاص کیلئے محدود تھا کہ وہ بغرض دفعہ ۶ ناقابل انتقال قرار دیا جا سکے ہر مقدمہ کے واقعات پر مبنی ہونا چاہیے اور اوس کو معاہدہ کی تعبیر کے معمولی قواعد کی رو سے دریافت کرنا چاہیے جس میں سوال یہہ ہے کہ آیا فریقین کی نیت یہہ تھی کہ حق ذات سے متعلق ہونا چاہیے تھا اور اس لئے ناقابل انتقال ہونا چاہیے اس نیت کو خود دستاویز کی عبارت اور گرد و پیش کے حالات سے دریافت کرنا چاہیے جو اس کی تکمیل کے وقت موجود تھی جبکہ اس کو بطور ایک ایسے معاہدہ کے خیال کیا جائے جو بلا لحاظ اس امر کے کہ اسکے بعد در اصل کیا وقوع ہوا ہے فوراً نافذ ہونا چاہیے۔

کسی بیوہ نے ایک دستاویز کے ذریعہ سے اپنے متوفی شوہر کی جایداد میں اپنا کل حق اپنے شوہر کے قریب ترین وارث مرد کے حق میں اس شرط پر ترک کیا کہ وہ شوہر کے چند قرضہ جات ادا کرے اور اسکی مدت حین حیات اسکی پرورش کرے اور دستاویز مذکور میں مثلاً مستقل یہہ بھی صراحت تھی کہ اگر اسکا اسکے ساتھ مشترکاً رہنا مناسب نہ ہو تو اس عمارت میں رہے جس میں وہ رہتی تھی اور تب کھانے کپڑے اور کچھ مقدار چاول کی مستحق ہو جو چند جایداد ہائے غیر منقولہ پر بار گیر ہو قرار دیا گیا کہ فریقین کی نیت جو دستاویز سے اخذ کی جا سکتی تھی یہہ تھی کہ معاہدہ کے تحت بیوہ کے حقوق حسب دفعہ ۶ (د) قانون انتقال جایداد ذاتی اور ناقابل انتقال ہونی چاہئیں۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ عدالت سب آرڈینیٹ جج جنوبی کنارہ بمقام ... مرافعہ نمبر ۱۲۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ع جو ڈگری مصدرہ عدالت ڈسٹرکٹ منصف ... بمقدمہ ابتدائی نمبر ۱۴۰ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ع کی ناراضی سے پیش کیا گیا تھا۔

یہہ مرافعہ ثانی ۷ اپریل سنہ ۱۹۲۲ع کو سماعت کی غرض سے پیش ہو کر اور بوجہ فیصلہ التوائے تحت کے فیصلہ جات اور ڈگریات اور ناش کے کاغذات اہم کے معائنہ اور منجانب مرافع نمبر ۱ مسٹر ... راؤ اور منجانب کرشنا ... منجانب

(۱) انڈین کیسیز جلد ۵ صفحہ ۲۴۴

سبلراہ پیمیلہ بنام کرشنا بائیہ ... مدراس

۵۸۵

مرانجان مسٹر کے سہر ٹیوا سادر اور جانب مراند ... تیار [illegible]
[illegible] کرنے او مقدمہ ... زیر غور ... کے
... ہوا ... جسٹس ... نے حسب ذیل حکم استصواب
... کیا ... [illegible]

حکم استصواب [illegible]

جسٹس ... میں ان الفاظ ... جو ... ناصل ہم ... بیان کرنے
... احکام ... سے استصواب ... متعلق ہونا ... کرنے ... ثبت
میں ... متعلق کوئی رائے ظاہر نہیں کرتا کہ آیا دفعہ ۶ قانون انتقال
جایداد کی تعبیر معلومات عامہ کے لحاظ سے کیجانی چاہیئے کیونکہ یہ ظاہر
نہیں ہے کہ جو امور پیدا ہوتے ہیں ... عامہ کے عنوانات میں سے
کسی عنوان کے تحت میں جن کو ... تسلیم کیا ہے اور ... یا
اضافہ کرنا نامناسب ہے۔ یا یہ کہ قانون کی تحت چند اشیاء اور حقوق نا
کی ... میں سے بیوہ کے آئندہ نان ونفقہ کا حق ایک ہو سکتا ہے بطور
ایسی جایداد کے جو قابل انتقال ہو تصور کرنے سے انکار کرنا طریقہ مجوزہ
کے مطابق ... کی تعبیر کرنے کے لئے ایک کافی وجہ نہیں ہو سکتی۔

جسٹس ... اس مرافعہ ثانی میں ایک سوال پیدا ہوا ہے کہ آیا نان و نفقہ
کے کسی حق کا بیع جو کسی ہندو بیوہ نے مدعی کے حق میں کی تھی،
جائز تھی۔ بیوہ مسماۃ لکشمی نینگو نے سنہ ۱۹۰۲ء میں دستاویز (ب) کے
ذریعہ سے اپنے شوہر کی جایداد قریب ترین وارث مودی کو ایک شرط
کے تابع منتقل کی تھی جس کے بموجب وہ حین حیات کھانے اور کپڑے
اور حق سکونت کی مستحق تھی اور کہا تا دو اقسام کے (۴۵) مور چاول
پر مشتمل تھا جو منتقل شدہ جایدادوں پر عاید کیا گیا تھا۔ اور قریباً
دس سال کے بعد اس نے دستاویز الف کے تحت سالانہ (۴۵) مورے
چاول کی شکل میں آئندہ نان ونفقہ وصول کرنے کے متعلق اپنا
حق مبلغ ... کے عوض مدعی کو منتقل کیا۔ دستاویز مع جایداد

کی جو تعریف کی گئی ہے وہ بقایائے نان ونفقہ وصول کرنے کے متعلق
بیوہ کے حق کی ... دوسری دستاویز انتقال سے متعلق ہے جو اس نے
اسی روز تکمیل کی تھی۔

مسٹر انتنا ... نے مرافعان کی جانب سے یہ تسلیم کیا ہے کہ
اس بقایائے نان ونفقہ کا انتقال جائز ہے جو بوقت انتقال
واجب الادا ہو چکا تھا لیکن ان کی بحث یہ ہے کہ دستاویز
(ب) جس حد تک کہ اس سے آئندہ نان ونفقہ منتقل کیا جاتا ہے
ہوتا ہے ناجائز ہے۔ البتہ ما تحت مرافعہ میں اس امر قانونی پر بحث
کرتے ہوئے ... جج نے چیف جسٹس سر آرنلڈ وہائیٹ
و جسٹس ... کی رائے مندرجہ مقدمہ انا پورنی ناچیار بنام سوامی
ناتھن چیٹی (۱) پر استدلال کیا تھا وہ حسب ذیل بیان کرتے ہیں
یہ ممکن ہے کہ آئندہ نان ونفقہ کے حقوق کے بالارادہ انتقالات کرنے اور
نیز حقوق مذکور کو تعمیل ... کرنے کی ممانعت کیجانی چاہیئے سو اضعان
قانون نے ان کی ممانعت کرنا مناسب نہیں خیال کیا ہے۔ ہم یہ کہنے
کے لئے تیار نہیں ہیں کہ بہر صورت جیسا کہ بیان ہوا ہے جب رقم
واجب الادا بعد میں معاہدہ یا ڈگری کے ذریعہ سے مقرر کی گئی
ہو لیے متوفی شوہر کی جایداد میں بیوہ کے نان ونفقہ کا حق قابل
انتقال ہے۔“ مناسب عظمت کے ساتھ مجھے اس رائے کو اس امر کے
متعلق بطور قانون کے ایک صحیح بیان کے قبول کرنے میں کچھ دقت
محسوس ہوتی ہے جس حد تک کہ اس سے کسی بیوہ کو نان ونفقہ ادا کرنیکا
معاہدہ قابل انتقال قرار پاتا ہے وہ دفعہ ۶ فقرہ (د) قانون انتقال
جایداد کے خلاف معلوم ہوتا ہے جس میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ کسی جایداد
کی نسبت کوئی حق جس کا تمتع اس کے مالک کی ذات خاص کیلئے مقرر ہو اسکی
جانب سے منتقل نہیں کیا جا سکتا اس دفعہ اور فقرہ کے متعلق شیفرڈ اور براؤن کی شرح ملاحظہ
انتقال جایداد میں ایک نوٹ ہے جو بطور ایک سند کے اسقدر قبول کیا گیا ہے

(۱) مدراس ... جلد ۲ صفحہ ۳۹۶

سیرا ایمینیہ بنام کرشنا بائیا دیہ (مدراس)

انہی بس کا حوالہ دینے میں تامل نہیں ہوتا وہاں مذکور ہے " زندہ نان ونفقہ کا حق سی ڈگری کی تعمیل میں قرق نہیں کیا جاسکتا اور یہہ واضح معلوم ہوتا ہے کہ ایسا حق جس سے کوئی ہندو بیوہ متمتع ہو اسکی جانب سے بیع یا اور طور پر منتقل نہیں کیا جاسکتا کیونکہ حق صرف اسکے ذاتی فائدہ کے لئے موجود ہوتا ہے " اس امر کی نسبت شک کیا جاسکتا ہے کہ آیا وہ موثر طور پر جایداد میں بھی اس حق کو منتقل کرسکتی ہے جو اسکے نان ونفقہ کے لئے دیا گیا ہو آئندہ نان ونفقہ کے حق کی قرقی کے متعلق مقدمہ دیوانی بنام اپاجی گنیش (۲) اور دفعہ ۶۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی کا حوالہ دیا گیا ہے مقدمہ دیوانی بنام اپاجی گنیش (۲) کا فیصلہ اس شرط پر مبنی تھا جو دستاویز انتقال میں انتقال کے خلاف موجود تھی لیکن دفعہ ۶ فقرہ (ن) بالکل صاف ہے۔ عدالتوں نے مسلسل یہہ قرار دیا ہے کہ آئندہ نان ونفقہ کا حق تعمیل میں قرق نہیں کیا جاسکتا مقدمہ ناناال بنام ٹھاکر چاپلی (۳) میں اس امر سے کہ نان ونفقہ کا حق ایک ڈگری سے پختہ ہوا تھا جسٹس عبدالرحیم و جسٹس منرو کی رائے میں جو مقدمہ انا پورنی ناچیار بنام سوامی ناتھن چیٹی (۱) میں بھی شریک تھے نان ونفقہ کا حق کچھہ زیادہ قابل قرقی نہیں ہوا تھا۔ مقدمہ بالکنڈی ماید بنام چنگوڑن کیلوتھ والیا اپا (۴) میں جسٹس سداشیو ائر و جسٹس مور نے یہہ قرار دینے میں تامل نہیں کیا تھا کہ آئندہ نان ونفقہ کا حق قرق نہ کیا جاسکتا تھا جیسا کہ جسٹس سداشیو ائر نے مقدمہ مذکور میں بتلایا تھا انتقالات کی ممانعت میں مصلحت عامہ جو دفعہ ۶ قانون انتقال جایداد میں پائی جاتی ہے اور حسب مجموعہ ضابطہ دیوانی قرقی کی ممانعت دونوں ایک ہی بنیاد پر مبنی ہیں انگلستان میں بیا مقدمہ ٹمکنس بنام ٹمکنس (۵) میں یہہ قرار دیا گیا ہے

کہ وظیفہ جو کسی علحدہ شدہ زوجہ کو عطا کیا گیا ہو اسکی جانب سے قابل انتقال نہیں ہے لارڈ جسٹس لنڈ سے نے اسکی وجہ ظاہر کی ہے وہ یہہ کہتے ہیں کہ اس عدالت کا جو اسکا حکم دیتی ہے اس پر اختیار زائل نہیں ہوتا اور اسکے ناقابل انتقال ہونیکا اصول قدیم مذہبی قانون پر مبنی ہے۔ فاضل ججوں نے جنہوں نے مقدمہ انا پورنی ناچیار بنام سوامی ناتھن چیٹی (۱) فیصل کیا تھا یہہ کہکر کہ ان کی رائے میں آئندہ نان ونفقہ کا حق "جایداد" نہ تھا قانون انتقال جایداد کے اطلاق سے گریز کیا تھا جسٹس سیشا گیری ائر نے بھی مقدمہ سیشا ہیگاڈے بنام چند بلیگاڈے (۶) میں یہہ رائے ظاہر کی تھی کہ نان ونفقہ کا حق فقرہ (د) دفعہ ۶ کے تابع ہوگا چونکہ وہ جایداد کے لئے ایک ایسے حق کے ظاہر نہیں کیا جاسکتا جس کا متمتع مالک کی ذات خاص کیلئے مقرر ہو لیکن میرے فاضل ہم جلیس جسٹس اولڈ فیلڈ نے جنہوں نے ان کے ساتھہ اجلاس کیا تھا صرف دوسری امر کی نسبت رائے ظاہر کی تھی جو کسی عدالت مطالبات خفیفہ میں نالش کے قابل پذیرائی ہونے کے متعلق پیدا ہوا تھا۔ مقدمہ انند موہن رائے بنام گور موہن ملک (۷) میں سر لارنس جنکنس چیف جسٹس کلکتہ نے یہہ فیصلہ کرتے ہوئے کہ آخری کامل مالک کی جایداد کی وراثت کے متعلق ہندو ورثائے عودی کا موقع حسب فقرہ (الف) دفعہ ۶ قابل انتقال جایداد نہ تھا۔ "جایداد" کی تعریف پر بحث کی تھی جس تعریف میں کسی بیوہ کا حق نان ونفقہ شامل ہوسکتا تھا انہوں نے یہہ بتلایا تھا کہ جب کسی ایسی جایداد کی نسبت معاہدہ کیا جائے جس کا وجود نہو تو وہ فریق جو معاہدہ حاصل کرے اس صورت میں جبکہ وہ اس ذریعہ سے قانونی حکم کی خلاف ورزی کی کوشش کرے کوئی بہتر حیثیت نہیں رکھتا کیونکہ کوئی عدالت اکو بھی اسکی اجراء

(۱) انڈین لاء رپورٹ بمبئی جلد ۱ صفحہ ۲۴۳ (۳) انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۹۰ (۴) انڈین کیسز جلد ۴ صفحہ ۱۰۳ (۵) ورکلی رپورٹر جلد ۴ صفحہ ۶۶

(۶) انڈین کیسز جلد ۵۳ صفحہ ۶۶۵ (۷) انڈین کیسز جلد ۶ صفحہ ۲ (نظائر ہند صفحہ ۳۱)

سبرا ماہیکھیا بنام کرشنا امیا ہیتا (مدراس)

کی تعمیل کے لئے جو مصلحت عامہ کے خلاف ہے اسکی کوشش نہیں کی جاسکیگی۔ کلکتہ لا جرنل جلد ۱۲ میں دو فیصلہ مقدمات اسد علی ملا بنام حیدر علی (۸) وتارا سندری دیبی بنام سرادا چرن (۹) موجود ہیں۔ جسٹس مکرجی نے سابقہ مقدمہ میں صفحہ ۳۳ پر یہہ ظاہر کیا تھی کہ اگر کوئی شخص کسی دستاویز کے بموجب ماہواری وظیفہ کا مستحق ہو تو کوئی تعمیلی دان وظیفہ مذکور صرف واجب الادا ہونے کے بعد قرق کراسکتا ہے پس بقایائے نان ونفقہ کی ڈگری کا منتقل الیہ اسکو مدیون ڈگری کے خلاف اسی طریقہ سے تعمیل کراسکتا ہے جس طرح کہ ابتدائی ڈگریدار اسکی تعمیل کراسکتا ہے اور صفحہ ۴۵ پر یہ ارشاد فرمایا ہے کہ اراضی حق نان ونفقہ کی کفالت میں عطا کی گئی ہو تو معطی لہ کا حق کسی زر ڈگری کی تعمیل میں بیع کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے پریوی کونسل کے فیصلہ مقدمہ مہاراجہ بنام براون (۱۰) کا حوالہ دیا ہے جس میں مبلغ صہ کا ایک ماہواری وظیفہ جو وصیت نامہ کے بموجب کسی بیٹی کے نان ونفقہ کے لئے ہبہ بالوصیت کیا گیا تھا منتقل کیا گیا تھا اور پریوی کونسل نے انتقال کو بطور قابل انتقال نفاذ کے تصور کیا تھا۔ مقدمہ مذکور میں موہوب لہا بالوصیت فلورا ایمس کی جانب سے اس وظیفہ کے انتقال کی ناجوازی کی بابتہ دفعہ ۶ قانون انتقال جایداد کے متعلق کوئی سوال پیش نہیں کیا گیا تھا۔ دو مقدمات عنایت حسین بنام نجیب النسار بیگم (۱۱) ومہاراجہ دھیراج مہتاب چند بہادر بنام سیر متی دہن کماری بی بی (۱۲) جن میں سے موخر الذکر کسی سالانہ وظیفہ سے متعلق تھا جو کسی جایداد پر ایک بھائی کے حق میں عاید کیا گیا تھا اس امر کی نسبت زیادہ اہم

صفحہ ۵۸۵

نہیں ہیں جو ہمارے روبرو پیش ہیں کیونکہ وہ فیصلہ جات قانون انتقال جایداد کے نفاذ کے قبل کے تھے جن میں صرف مجموعہ ضابطہ دیوانی کے احکام پر غور کیا گیا تھا۔ مقدمہ موجودہ میں یہہ معلوم ہوتا ہے کہ دستاویز الف کے تحت سکونت اور کپڑے کی شرائط بلا شبہ ایسے حقوق ہیں جن کا متمتع بیوہ لکشمی ہنگیکو ذات خاص کیلئے مقرر ہے چونکہ چاول کا وظیفہ اراضی میں اسکا حق منتقل کئے جانے کے بعد اسکی پرورش کے لئے مقصود تھا اور چونکہ وہ اس کی وفات پر ختم ہو جائیگا۔ یہہ بھی ایک ایسا حق معلوم ہوتا ہے جس کا متمتع اس کی ذات خاص کیلئے مقرر تھا اور میری رائے میں ایسے حق کا انتقال دفعہ ۶ فقرہ (د) کی رو سے مصلحت عامہ کی وجوہ کی بنا پر ممنوع ہے یہہ امر کہ آیا ماضیہ نان ونفقہ کی بقایا کی بابتہ ایک ڈگری حاصل کرنے کے بعد ڈگریدار ڈگری کی تعمیل کیلئے اسکو منتقل کرسکتا ہے ایک ایسا معاملہ ہے جس کا تصفیہ مقدمہ ہذا کے واقعات کی بنا پر ضروری نہیں ہے۔ چونکہ فیصلہ مقدمہ انا پورنی اچیار بنام سوامی ناتھن چٹی (۱) دفعہ ۶ قانون انتقال جایداد اور دیگر فیصلہ جات محولہ صدر کے خلاف معلوم ہوتا ہے ہم اس سوال کو ایک اجلاس کامل کے سپرد کرتے ہیں کہ آیا کسی بیوہ کا حق جس نے ایک رجسٹر شدہ دستاویز کے ذریعہ سے اپنی حین حیات آیندہ نان ونفقہ کا حق حاصل کیا ہو اگر وہ کسی خاص جایداد کو منتقل پر عاید بھی کیا جائے تو کیا منتقل کیا جاسکتا ہے جب کہ نان ونفقہ واجب الادا ہونے کے قبل انتقال عمل میں لانے کی کوشش کی جا

---

یہہ مرافعہ ثانی حکم استصواب باجلاس کامل مورخہ ۱۹ اپریل ۱۹۲۲ء کے بموجب ۲۹ و ۳۰ جنوری ۱۹۲۳ء کو سماعت کی غرض سے پیش ہوا

منجانب مرافعان۔ مسٹر سی۔ وی۔ اننتا کرشنا ائیر وکیل

---

(۸) انڈین کیسیز جلد ۶ صفحہ ۵۲ (۹) انڈین کیسیز جلد ۲ صفحہ ۰۰ صفحات کلکتہ لا جرنل جلد ۱۲ (۱۰) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۳ صفحہ ۶۲۶ (۱۱) ویکلی رپورٹر جلد ۱ صفحہ ۱۳۶ (۱۲) ویکلی رپورٹر جلد ۲ صفحہ ۲۵۴

سرینواسا راؤ۔

بجانب مرافعہ علیہ مسٹر بی۔ سیتا راما راؤ۔

**چیف جسٹس شویب۔** سوال جو اجلاس کامل کے سپرد کیا گیا ہے حسب ذیل ہے:- "آیا کسی بیوہ کا حق جس نے ایک رجسٹر شدہ دستاویز کے ذریعہ سے اپنی حین حیات آئندہ نان ونفقہ کا حق حاصل کیا ہو اگر وہ کسی خاص جایداد غیر منقولہ پر عاید کیا جائے تو بھی کیا منتقل کیا جاسکتا ہے جب کہ نان ونفقہ واجب الادا ہونے کے قبل انتقال عمل میں لانیکی کوشش کی گئی ہو"۔ میں نہیں خیال کرتا کہ اس سوال کا کوئی عام جواب دینا ممکن ہے اور میں اپنے آپ کو اس امر پر غور کرنے تک محدود کرونگا کہ آیا مقدمہ ہذا میں انتقال جائز ہے ایک دستاویز کے ذریعہ سے جو ایک عام مختارنامہ بیان کیا گیا ہے بیوہ نے اپنے متوفی شوہر کی جایداد کی نسبت اپنا کل حق اپنے شوہر کے قریب ترین وارث عو وی کے حق میں اس شرط پر عطا کیا تھا کہ وہ شوہر کے چند قرضہ جات ادا کرے اور اسکی حین حیات اوس کی پرورش کرے۔ اس کے بعد دستاویز میں (ایک تصحیح شدہ ترجمہ کے بموجب) حسب ذیل بیان کیا گیا ہے:- "میری حین حیات مجھکو کھانا اور کپڑا وغیرہ دیکر میری پرورش کرنے کے علاوہ تمکو میری وفات کے بعد میرے رسوم میت بھی ادا کرنی پڑینگی۔ آئندہ سے تمکو میرے شوہر خسر اور جوش واس کا سرادھ بھی کرنا چاہئیے اور اس کے ضروری اخراجات برداشت کرنی چاہئیں...... اگر میرا تمہارے ساتھہ مشترکاً رہنا ممکن نہوسکے تو مجھے اس عمارت میں رہنا چاہئیے جس میں میں اب رہتی ہوں اس صورت میں بجز اسکے کہ کھانے اور کپڑے کی بابتہ تمکو سالانہ (۲۲) مورے گھلو چاول اور (۱۲) مورے بیلیچ چاول ادا کرنا چاہئیے جو حسب ذیل جایداد وں پر عاید کئے گئے ہیں۔ مجھے جایداد والے مذکور پر بطور ایک سو اخذہ کے کوئی قرضہ جات حاصل کرنے کا کوئی حق نہیں ہے اور نہ جایداد کی واپسی کا کوئی حق ہے"۔

یہہ امر کے آیا قطع نظر معاہدہ یا کسی ایسے معاہدہ کے جو کپڑے کھانے اور دوسرے فریق یا معاہدہ کے مکان سکونت کے متعلق ہو آئندہ نان ونفقہ کا حق حسب منشائے دفعہ ۶ قانون انتقال جایداد کوئی جایداد ہے ایک ایسا معاملہ ہے جس کی نسبت رایوں میں بہت زیادہ اختلاف ہے لیکن اس امر پر یہاں غور کرنا غیر ضروری ہے کیونکہ میری رائے میں وہ محض ایک ذاتی حق ہے اور صاف طور پر ناقابل انتقال ہے۔ کسی معاہدہ کی روسے آئندہ نان ونفقہ کی بابتہ ایک معینہ رقم زر نقد یا جنس میں حاصل کرنیکا حق میرے خیال میں دفعہ ۶ قانون انتقال جایداد بابتہ ۱۸۸۲ء کے اجازتی الفاظ کی لحاظ سے جایداد ہے لیکن یہہ سوال باقی رہتا ہے کہ آیا وہ جایداد کے متعلق کوئی ایسا حق ہے جس کا تمتع مالک کی ذات تک محدود ہو جو حق فقرہ (د) دفعہ مذکور کے تحت ناقابل انتقال ہے یہہ امر ہر خاص مقدمہ کے واقعات پر مبنی ہونا چاہیے اور معاہدہ کی تعبیر کے معمولی قواعد سے دریافت کیا جانا چاہئیے۔ یہہ سوال کہ آیا فریقین کی نیت یہہ تھی کہ حق ذاتی ہونا چاہئیے اور اسلئے ناقابل انتقال ہونا چاہئیے۔ اس نیت کو خود دستاویز کی عبارت اور گرد وپیش کے حالات کے لحاظ سے دریافت کرنا چاہئیے جو اس کی تکمیل کے وقت موجود ہوں اس پر بطور ایک ایسے معاہدہ کے جو فوراً اثر پذیر ہونا چاہئیے اور گرد وپیش کے حالات کے لحاظ سے غور کرنا چاہئیے جو اسوقت موجود ہوں اس کے بعد جو کچھہ وقوع میں آیا وہ ایک متعلقہ امر نہیں ہے بجز اس کے کہ شاید اس سے یہہ ظاہر ہوتا ہو کہ اس معاہدہ کے وقت فریقین کے پیش نظر کیا ہوسکتا تھا۔ بیوہ نان ونفقہ کے معاہدہ کے عوض جایداد میں اپنا حین حیات حق منتقل کر رہی تھی اور یہہ معلوم ہوتا ہے کہ یہہ امر بالکل صاف

جیا پیچگیتیا بنام کرشنا یا بیا دیہیا۔ (مدراس)

صفحہ ۵۸۸

سرا پمپکیتھیا بنام کرشنا ایپیا پتھیا (مدراس)

طور پر فریقین کے پیش نظر تھا کہ وارث عودی جایداد اور خاندانی مکان پر قابض رہے اور اس امر سے کہ اس نے اس کے بعد جایداد بیچ دی ہے ہم کو معاہدہ کی صحیح تعبیر کرنے میں مدد نہیں ملتی۔
[illegible] معاہدہ کی جانچ کرنے سے ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ نان و نفقہ کا [illegible] علی سبیل البدل طریقہ معتبر [illegible] کی [illegible] مکان میں رہنے اور خاندان کے کھانے میں شریک رہنے کی بابت تھا دوسرا علی سبیل البدل طریقہ یہ تھا کہ اگر وہ علحدہ رہنا پسند کرے تو اس کو نان [illegible] مقدار ملیگی جس کی کفالت اراضی پر مواخذہ [illegible] کی گئی تھی۔ فوری اور قطعی انتخاب سے متعلق کوئی شرط موجود نہیں ہے اور بظاہر کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ وہ اپنی مرضی سے ایک مرتبہ مکان میں کیوں نہ رہے اور دوسری مرتبہ علحدہ رہکر وہاں کیوں وصول [illegible] نتیجہ کا باعث ہوتا ہے کہ فریقین کی نسبت جو دستاویز سے اخذ کیجا سکتی تھی یہ تھی کہ معاہدہ کے تحت حقوق ذاتی اور ناقابل انتقال ہونے چاہییں کیونکہ وہ کسی دوسرے شخص کو وارث عودی کے خاندان کے ساتھ رہنے اور کھانے کا حق عطا نہ کرسکتی تھی۔

میں خیال کرتا ہوں کہ اس رائے سے جو اوپر ظاہر کی گئی ہے کہ یہ سوال فریقین کی نیت پر مبنی ہونا چاہیے ان بظاہر متناقض فیصلہ جات میں سے جو اس امر کے متعلق ہیں اگر کل نہیں تو اکثر مطابق ہو جاتے ہیں آئندہ نان و نفقہ کا حق جو مناسب طور پر اسطرح کہا جاسکے جس سے میرا منشا کپڑے کھانے اور مکان سکونت کا مہیا کرنا ہے ناقابل انتقال ہے اور میں ان بیانات کو اسطرح سمجھتا ہوں جو مستند کتب مثلاً دھرم شاستر مولفہ ٹریولین طبع دوم کے صفحہ [illegible] دھرم شاستر مولفہ ویسٹ و بہولر کے صفحہ ۲۸۳ اور قانون انتقال جایداد مولفہ شیر ڈ براون کے صفحہ ۲۰۹ پر درج ہیں اور میں خیال کرتا ہوں کہ فیصلہ مقدمہ راجت کامنی دیبی بنام راجہ ستیا رنجن چکرابرتی (۱۳) کی بھی توضیح کیجا سکتی ہے جس میں ان واقعات پر جو ان واقعات کے مماثل تھے یہ قرار دیا گیا تھا کہ کوئی بیوہ جس نے اوس کو مبلغ [illegible] ماہوار سالانہ ادا کرنے اور سالانہ (۳۹) من چاول کی سربراہی کرنے کے ایک معاہدہ کے عوض اپنا عین حیات حق ترک کیا جو معاہدہ کے [illegible] اپنا حق منتقل کرسکتی تھی کیونکہ [illegible] مذکورہ میں معاہدہ میں یہ شرط موجود نہ تھی کہ اس کو کپڑا یا کھانا دیا جائے یا اس کی سکونت کا انتظام کیا جائے اور اس لئے معاہدہ کسی طرح ذاتی نہ تھا۔ میں خیال کرتا ہوں کہ جسٹس مکرجی کی بھی یہی رائے تھی جنہوں نے ان دو مقدمات میں جو ایک ہی مہینے میں منفصل کئے گئے تھے یہ قرار دیا تھا کہ ایک معاہدہ کے تحت بیوہ کا حق نان و نفقہ تعین [illegible] قرق کیا جاسکتا تھا اور کسی دوسرے معاہدہ کے تحت وہ نہیں لیا جاسکتا تھا۔ ملاحظہ ہوں اسد علی ملا بنام حیدر علی (۸) و تارا سندری دیبی بنام سرادا چرن (۹) قرق کرنیکا حق مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تابع ہے لیکن انہوں نے اپنے فیصلہ جات میں ایسے حق کے قابل انتقال ہونے کے متعلق کامل بحث کی تھی مقدمہ تارا سندری دیبی بنام سرادا چرن (۹) میں جس میں ہم نے حق ناقابل انتقال اور اسلئے ناقابل قرقی قرار دیا تھا یہ طے ہوا تھا کہ [illegible] اقساط اس وقت تک نہ کیجانی چاہئیں جب تک کہ موہوب لہ خاندان سے علحدہ رہے اور انہوں نے ان مقدمات میں جن میں اراضی زر نقد یا مال کی شرط اس صورت میں جبکہ اراضی زر نقد یا مال قابل انتقال پر کوئی قید عاید کئے بغیر نان و نفقہ کی کفالت میں حاصل کی گئی ہو اور ان مقدمات میں جن میں حق محض ذاتی ہو امتیاز کیا گیا ہے۔ اور وہ موخر الذکر صورت ہو تو وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ جب حق کسی ڈگری میں ضم ہو جائے تو بھی وہ قابل انتقال نہیں ہے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ مقدمات

(۱۳) انڈین کیسز جلد ۵۳ صفحہ ۷۸۵

(۵۹) بہر پ چند رگہوش بنام نو بوچند رگو میو (۱۴) عنایت حسین بنام نجیب النساء بیگم (۱۱) وجہا رالجہ دہیراج مہتاب چند بہادر بنام مرمتی دہن کماری بی بی (۱۲) اسی بنا پر مطابق کئے جاسکتے ہیں مقدمہ انا پورنی ناچیار بنام سوامی ناتہن چٹی (۱) اور اسکی توضیح سے جو جسٹس سدرشیوا ائر نے مقدمہ پالیکنڈی مامد بنام جنگورن کیلوہتہ والیا اپا (۴) میں کی تہی اس اصول پر پہونچنے میں مجہے مدد نہیں ملتی جو متعلق کیا جانا چاہئیے اس امر کے متعلق جسٹس سیشا گیری ائر کے ریمارک مندرجہ مقدمہ سیشا پاہیگا ڈے بنام چند یا ہیگا ڈے (۴) محض ضمنی تہے اور ان کا اطلاق کو نان ونفقہ کے مقدمات تک محدود کرکے جو مناسب طور پر ایسے کہے جاسکیں ان کی مناسب توضیح کیجاسکتی ہے میں نہیں خیال کرتا کہ ان مقدمات سے کسی مقدمہ یا دیگر مقدمات پر جن کی جانب ہماری توجہ مبذول کرائی گئی تہی مزید تفصیل کے ساتہہ غور کرنے سے کوئی مفید غرض حاصل ہوگی۔

میں اس سوال کا جو سپرد کیا گیا ہے یہہ جواب دیتا ہوں کہ آیندہ نان ونفقہ کے متعلق اس بیوہ کا حق ناقابل انتقال تہا۔

**جسٹس اولڈفیلڈ** سوال سپرد شدہ عام الفاظ میں بیان کیا گیا ہے جسطرح کہ جسٹس اسپنسر کے حکم استصواب اور اس بحث سے جو ہمارے روبرو کی گئی ہے ظاہر ہوتا ہے مختلف اقسام کے حقوق سے متعلق اور مختلف قانونی صدریوں کے تابع کیا جاسکتا ہے اس مستثنی پر استدلال کرنے سے جس کی رو سے حسب دفعہ ۶۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی نان ونفقہ کا حق قرقی سے مستثنی کیا گیا ہے کچہہ پیچیدگی پیدا کی گئی ہے لیکن مستثنی مذکور غیر قطعی ہے جیسا کہ یہاں بیان ہوا ہے۔ جب ایسا انتقال زیر بحث ہو جو فریقین کے فعل کے ذریعہ سے ہوا ہو اور جب کہ جایداد کی چند اقسام جن کا دفعہ میں ذکر کیا گیا ہے یقیناً زیر بحث نہوں اور یہہ فرض نہ کیا جاسکے کہ کوئی نان ونفقہ کا حق قرقی سے مستثنی ہے اسلئے ایسی نظائر جو قرقی سے متعلق ہوں غیر متعلق ہیں بجز اسکے کہ جس حد تک کہ ان پر صرف اس امر قانونی پر جو اسوقت اہم ہے یعنے دفعہ ۶ (د) قانون انتقال جایداد پر بحث کی گئی ہو جس کی رو سے جایداد منتقل نہیں کیجا سکتی جب کہ اس کا تمتع مالک کی ذات خاص ملکی مقرر ہو۔ اور اسی وجہ سے مقدمہ پالیکنڈی مامد بنام جنگورن کیلوہتہ والیا اپا (۴) سے عدالت ہذا کے فیصلہ جات میں سے ایک ہے جو استصواب میں متناقض خیال کیا گیا ہے۔ مدد نہیں ملتی کیونکہ اس ممانعت پر جو قرقی کے خلاف تہی بالواسطہ استدلال کیا گیا تہا دوسرا مقدمہ انا پورنی ناچیار بنام سوامی ناتہن چٹی (۱) اس خیال پر مبنی ہے کہ آیندہ نان ونفقہ کا حق اجازت الفاظ کے لحاظ سے جایداد یا جایداد کا ایک ایسا حق نہیں ہے جس کا ذکر فقرہ (د) دفعہ ۶ میں کیا گیا ہے لیکن نہایت عظمت کے ساتہہ پہر یہہ ظاہر نہیں کیا گیا ہے کہ یہہ خیال کسی اور مقام پر قایم کیا گیا ہے وہ اس قانونی مستثنی کے متناقض ہے جس کی رو سے ایسا حق اس جایداد سے خارج کیا گیا ہو جو قابل قرقی ہو اور اگر وہ قبول کیا جاسکے تو بہی اس قانون کے متعلق توضیح ضروری ہوگی جس کے ذریعہ سے اس شئے کے انتقال کا جواز وجایز نہو تسلیم کیا گیا ہو یا اس کی کسی طرح جانچ کی جاسکے۔

یہہ ظاہر کرنیکے لئے نظائر کا حوالہ دینا ضروری نہیں ہے کہ دفعہ ۶ (د) کی رو سے اس سے زیادہ ضروری نہیں ہے کہ حق زیر بحث اسکے مالک کی حیات کے ساتہہ ختم ہوجاتا ہے لیکن مقدمہ موجودہ میں اس شرط کی پابندی کی گئی ہے کیونکہ یہہ خیال نہیں کیا جاسکتا کہ دستاویز (ب) سے مقصود تہا کہ بیوہ کسی دوسرے شخص کو

بنرا پاہیگیبا بنام کرشنا پتیا دیو (مدراس)

(۱۴) دیکہو ریپورٹ جلد ۵ صفحہ ۱۱۱

پیگنہیا بنام پاپھیا و تھمیا (مدراس)

کپڑے کی سربراہی کرانے یا ان اجنبی شخص کو جس کو وہ نامزد کرسکے خاندانی کھانے میں شریک کرنے کے حقوق جو اس کو عطا کئے گئے تھے صاف طور پر ذاتی ہیں اور اس لئے جسٹس مکرجی کی اس جامع بحث کی تقلید کرنا غیر ضروری ہے جو انہوں نے مقدمہ تارا سندری دیبی بنام سرا چرن شا (۹) میں حسب ذیل امور کے متعلق کی ہے (۱) آیا کوئی حق جو نان ونفقہ کے حق کی کفالت اور ادائی میں پیدا کیا گیا ہو قابل انتقال ہے اور (۲) آیا یہ امر اہم ہے کہ حق مذکور جائداد غیر منقولہ پر موانعہ عائد کرکے قابل نفاذ ہوتا ہے۔ کیونکہ پہلے امر کے متعلق مجھے اس امر سے اتفاق ہے کہ دستاویز (ب) میں ادائی کا کوئی حال موجود نہیں ہے کیونکہ وقتاً فوقتاً وظیفہ حاصل کرنے کی بجائے کسی وقت فی الواقع نان ونفقہ حاصل کرنے کے متعلق بیوہ کا حق یا محفوظ کیا گیا تھا اور دوسرے امر کے متعلق اصل حق زیر انتقال صرف آئندہ نان ونفقہ کا حق ہے جس پر قبل ازیں غور کیا گیا ہے اور اس اراضی کی نسبت جس میں حق مذکور نافذ کیا جاسکے کسی غیر معین حق کا سوال پیدا نہیں ہوسکتا بجز اس کے کہ وہ ضمناً اور خلاف ورزی کی صورت میں پیدا ہوسکے۔

مجھے اس رائے سے اتفاق ہے جو چیف جسٹس نے ظاہر کی ہے۔

جسٹس کوٹس ٹراٹر - میری بھی یہی رائے ہے اور مجھے کچھ اضافہ کرنا نہیں ہے۔

حسب جواب دیا گیا۔

شمشیر ۵

## ہائی کورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۵۷۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء منفصلہ ۲۲ فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس براڈوے و
مسٹر جسٹس موتی ساگر

جہندو - مدعی - مرافع بنام مساۃ حسین بی بی وغیرہ
مدعی علیہم - مرافعہ علیہم

شرع اسلام - ازدواج - "عدت" وفات - حمل اور اس کا اثر - ازدواج جو بزمانہ "عدت" ہوا ہو اور اس کا جواز۔

عدت جو شرع اسلام کی رو سے کسی ایسے شوہر کی وفات پر جس سے حسب ضابطہ ازدواج ہوا ہو کسی بیوہ کے لئے اس صورت میں مقرر کی گئی ہے جب کہ وہ حاملہ ہو چار مہینے دس روز ہے اور اگر وہ حاملہ ہو تو چار مہینے اور دس روز یا وضع حمل تک ہے جو مدت کہ زیادہ طویل ہو۔

"عدت" کی میعاد کے انقضا کے قبل کسی مسلمان عورت کا ازدواج ناجائز ہے۔

الاہیا بنام اما - بی - انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۹۰۸ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج امرتسر مورخہ ۲۷ فروری سنہ ۱۹۲۰ء مشعر بحالی ڈگری مصدرہ سب آرڈینیٹ جج درجہ دوم امرتسر مورخہ ۳۰ اکتوبر سنہ ۱۹۱۹ء۔

منجانب مرافع - شیخ نیاز محمد - منجانب مرافعہ علیہم لالہ کہان چند -

**فیصلہ** - ایک شخص جہندو پسر عمر ایک گاؤں نے مساۃ حسین بی بی کے خلاف بدین بیان نالش رجوع کی کہ اسکا ازدواج اس کے ساتھ جائز طور پر ہوا ہے اور اعادہ حقوق زناشوئی کا مطالبہ کیا معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت جبکہ جہندو کے ساتھ مساۃ حسین بی بی کا ازدواج ہوا تھا وہ بیوہ تھی اور جوابدہی پیش کردہ یہ تھی کہ ازدواج اگر کوئی ہوا تھا ناجائز اور واجب التعمیل نہ تھا کیونکہ وہ عدت کی مدت کے اندر یعنے اس کے سابقہ شوہر کی وفات سے چار مہینے دس روز کے اندر ہوا تھا۔ بطور ایک واقعہ کے یہ تجویز کی گئی ہے کہ ازدواج زیر بحث مساۃ حسین بی بی کے سابقہ شوہر کی وفات کے دو مہینے کے اندر ہوا تھا اور عدالت ہائے تحت نے مقدمہ الاہیا بنام امام

جہنیدو بنام مسماۃ حسینہ (لاہور)

(۱) کی تقلید کر کے مدعی کا دعویٰ خارج کیا اور یہہ قرار دیا کہ ازدواج زیر بحث ناجائز تہا اور اسلئے مسماۃ حسین بی بی پر واجب التعمیل نہ تہا جہندو نے اب عدالت ہذا میں مسٹر نیاز محمد کے ذریعے سے مرافعہ ثانی دائر کیا ہے اور یہہ بحث کی گئی ہے کہ فیصلہ بمقدمہ الاہیا بنام امام دین (۱) نا نقص اور شرع اسلام کے خلاف تھا۔

ہماری توجہ شرع اسلام کی مختلف کتب مثلاً شرع اسلام مولفہ محمد یوسف جلد ۳ صفحہ ۶۳ ہدایہ مولفہ ہیملٹن صفحہ ۱۴۳ شرع اسلام مولفہ عبد الرحمان صفحات ۳۱۶-۳۱۷ محمد علی کا ترجمہ قران صفحہ ۱۰۸۶ آیت ۴ فتح القدیر صفحہ ۱۴۱ ویلیز ڈائجسٹ صفحہ ۳۵۵ کی جانب مبذول کرائی گئی ہے۔ ہم نے (بجز فتح القدیر کے جو ہمارے روبرو فی الواقع پیش نہیں کی گئی ہے) ان کتب کا احتیاط کے ساتہہ معائنہ کیا ہے اور اس کے علاوہ ہم نے ولسنز و اینجنٹ اینگلو محمڈن لا و اصول شرع اسلام مولفہ طیب جی سے مدد لی ہے۔ محمد علی کے قران شریف کے ترجمہ کے معائنہ سے کوئی مدد نہیں ملتی کیونکہ اس میں بظاہر ایک مطلقہ عورت کی صورت پر بحث کی گئی ہے طیب جی کی کتاب کے صفحہ ۱۳۳ پر ایک نقشہ بتلایا گیا ہے جس میں عدت کی مدت درج ہے اور اس نقشہ کے بموجب مدت جو شوہر کی وفات پر جس کا حسب ضابطہ ازدواج ہوا ہو بیوہ کے لئے مقرر کی گئی ہے اگر وہ حاملہ نہو تو چار مہینے دس روز ہے اور اگر حاملہ ہو تو چار مہینے دس روز یا وضع حمل تک ہے جو مدت زیادہ طویل ہو مقدمہ موجودہ میں یہہ معلوم ہوتا ہے کہ مسماۃ حسین بی بی اس کے سابقہ شوہر کی وفات کے وقت حاملہ تھی اور چار مہینے دس روز کی مدت منقضی ہونے کے قبل اسکے بچہ پیدا ہوا تھا۔

یہہ بحث کی گئی ہے کہ شرع اسلام کی رو سے صرف یہہ ضروری ہے کہ بیوہ ایسی مدت تک عدت میں رہے جو بتلائی گئی ہے یعنے چار مہینے دس روز تک یا اگر وہ حاملہ ہو تو اس وقت تک جب تک کہ اسکے بچہ پیدا ہو جائے اور مدت مقررہ میں اس صورت میں تخفیف کیجاتی ہے جبکہ وضع حمل چار مہینے دس روز کی مدت کے انقضا کے قبل واقع ہو۔ ہم اس بحث کی تائید میں کوئی نظیر پانے سے قاصر ہیں اور کوئی نظیر ہمارے روبرو پیش نہیں کی گئی ہے۔ ہدایہ مولفہ ہیملٹن کے صفحہ ۱۳۰ پر حسب ذیل فقرہ درج ہے "کسی بیوہ کی عدت اسکے رحم کی حالت دریافت کرنیکی غرض سے مقرر نہیں کی گئی ہے کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو وہ انقضائے میعاد کے ذریعے سے معین نہ کیجاتی (اگر یہہ فرض کیا جائے کہ وہ ایک ایسی عورت ہے جسکو حیض آتا ہو) بلکہ اسکے تین طہر سے معین کی جاتی ہے۔ حالانکہ ہمیں یہہ معلوم ہوتا ہے کہ قانوناً اسکی میعاد چار مہینے دس روز مقرر کی گئی ہے اگرچہ وہ اس قسم کی عورت ہو۔ لیکن وہ محض حقوق ازدواج میں سے ایک حق کی تکمیل کے طور پر لازمی قرار دی گئی ہے"۔ نیز ملاحظہ ہوں صفحات ۱۳۲ و ۱۴۵۔

اس خیال کے بموجب جو ولسن نے قایم کیا ہے کسی عورت کی جسکا جائز طور پر ازدواج ہوا ہو عدت کی مدت چار مہینے دس روز ہے اور اگر وہ حاملہ ہو تو وہ وضع حمل تک قایم رہتی ہے۔ ملاحظہ ہوں صفحات ۱۱۲ و ۱۱۳ و ضمیمہ دوم صفحہ ۵۱۹۔ یہی رائے مقدمہ الاہیا بنام امام دین (۱) میں قایم کی گئی تھی جس رائے سے ہمیں اتفاق ہے۔

اسلئے ہم مرافعہ ہذا معہ خرچہ خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ خارج کیا گیا

صفحہ ۸۹۱

## عدالت جوڈیشیل کمشنر اودھ

مرافعہ دیوانی متفرق

نمبر مقدمات ۱۳۱ و ۱۳۳ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ع منفصلہ یکم اگست سنہ ۱۹۲۳ع

باجلاس مسٹر جسٹس اشورتھ

(۱) انڈین کیسیز جلد ا صفحہ ۸۹۴

شیخ فرزند علی بنام ویکاوشی
مدعی ۔ مرافع مدعی علیہ ۔ مرافعہ علیہ

یکطرفہ ڈگری ۔ مرافعہ ۔ عدالت مرافعہ کا اختیار ۔ مجموعہ ضابطہ دیوانی بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعات ۱۰۵ اور ۱۵۱ ۔ آرڈر ۴۱ رول ۲۳، ۲۴ و ۲۵ ۔ واپسی کی کب اجازت دیجاسکتی ہے ۔ دفعہ ۱۵۱ کی غرض ۔ مرافعہ کب بطور نگرانی کے تصور کیا جاسکتا ہے ۔

جب کسی نالش کا یکطرفہ فیصلہ کیا جائے تو عدالت مرافعہ کو جسکے روبرو ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ دائر کیا جائے عدالت تحت کی ڈگری کو اس بنا پر منسوخ کرنیکا اختیار حاصل ہے کہ عدالت مذکور نے مقدمہ کا یکطرفہ فیصلہ کرنے میں غلطی کی تھی اور نالش کو مکرر سماعت کی غرض سے واپس کرنیکا بھی اختیار ہے ۔

ساد ہو کرشنا ایر بنام کیپن اینگار ۔ انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۳۴ صفحہ ۴۵ پر استدلال کیا گیا ۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے عدالت مرافعہ کی جانب سے نہ صرف اس خاص صورت میں جس کا ذکر آرڈر ۴۱ رول ۲۳ میں کیا گیا ہے بلکہ جملہ صورتوں میں بھی جن میں کوئی غلطی نقص یا بے ضابطگی ہوئی ہو جس سے مقدمہ کا کل فیصلہ معدوم ہوا ہو واپسی کی اجازت دی گئی ہے بشرطیکہ ضابطہ تحت آرڈر ۴۱ رول ۲۴ و ۲۵ ان صورتوں کے لئے کافی نہو ۔ کوئی حکم واپسی حسب آرڈر ۴۱ رول ۲۳ مجموعہ مذکور صادر نہیں کیا جاسکتا بجز اس کے کہ کسی امر قانونی یا واقعاتی کے فیصلہ کی بنا پر جس سے اختتام تک مقدمہ کی تحقیقات نہو سکی ہو کل روئداد پر غور کئے بغیر مقدمہ کا تصفیہ کیا گیا ہو ۔ دفعہ ۱۵۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی سے کسی صورت میں مدد نہیں لیجاسکتی بجز اسکے عدالت کو مقدمہ کی سماعت کا اختیار ہو اس سے کسی عدالت کو اختیار سماعت عطا کرنے کے لیے مدد نہیں لیجاسکتی جبکہ اس کو اور طور پر ایسا اختیار سماعت حاصل نہو ۔

جب کوئی مرافعہ پیش نہو سکتا ہو تو مرافعہ جو ہائی کورٹ میں پیش کیا جائے بطور ایک درخواست نگرانی کے تصور کیا جاسکتا ہے ۔ رام جی داس بنام بھگوان داس ۔ انڈین کیسز جلد ۳۳ صفحہ ۱۸۰ کی تقلید نہیں کی گئی ۔

دفعہ ۱۱۵ مجموعہ ضابطہ دیوانی سے محض درمیانی احکام کی نگرانی کا قاعدہ قرار دینا مقصود ہے حکم واپسی ایک درمیانی حکم نہیں ہے ۔

مرافعہ جات متفرق بنا راضی حکم مصدرہ اڈیشنل ڈسٹرکٹ جج درجہ دوم لکھنو مورخہ ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء مشعر تنسیخ ڈگری مصدرہ منصف شمالی لکھنو مورخہ ۹ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

منجانب مرافع ۔ مسٹر ناظر الدین منجانب مرافعہ علیہ ۔ مسٹر ایچ کے گھوش

**فیصلہ** یہہ دو مرافعہ جات متفرق حسب ذیل واقعات سے پیدا ہوتے ہیں ۔ مدعی مرافع نے چند قطعات اراضی کے قبضہ اور مرحمہ کی بابتہ دو نالشات رجوع کی تھیں مدعی علیہ مرافعہ علیہ پر اسکی حاضری کیلئے ۲۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء کو حسب ضابطہ نوٹس تعمیل کیا گیا تھا ۔ مدعی علیہ حاضر نہیں ہوا اور منصف نے یہہ حکم دیا کہ دونوں مقدمات یکطرفہ جاری رکھے جائیں لیکن کسی نقشہ کی تیاری کی ضرورت کی وجہ سے تاریخ مذکور پر یکطرفہ ڈگری صادر نہیں کی گئی اور مقدمات ۳۰ مئی تک ملتوی کئے گئے اور تاریخ مذکور پر مزید ۱۶ جون تک ملتوی کئے گئے تھے تاریخ مذکور پر مدعی علیہ حاضر ہوا اور اس نے حسب آرڈر ۹ رول ۷ ، نالش کی جوابدہی میں اپنی بحث سماعت کئے

(۵۹۲)

جانبکی استدعا کی اس امر کے متعلق شہادت قلمبند کی گئی تھی کہ آیا اسکی سابقہ غیر حاضری کے لئے وہ کافی وجہ رکھتا تھا اور ۱۴ جولائی کو اسکی درخواست نامنظور کی گئی تھی۔ ۹ جولائی کو عدالت نے مدعی کے حق میں دونوں نالشات یکطرفہ ڈگری کیں۔ ان ڈگریات کی ناراضی سے مدعا علیہ مرافعہ علیہ نے اڈیشنل ڈسٹرکٹ جج درجہ سوم لکھنؤ کے روبرو مرافعہ دائر کیا ان کی رائے یہہ تھی کہ مدعی علیہ اسوقت جبکہ اس نے منصف کے روبرو حسب ارڈر ۹ رول ۷ درخواست کی تھی اپنی سابقہ غیر حاضری کی کافی وجہ بتلانے سے بالکل قاصر رہا تھا لیکن انہوں نے نظیر مقدمہ بھگوتی پرشاد تیواری بنام محمد شبلی (۱) کی سند پر جو الہ آباد لاجرنل جلد ۲۰ کے صفحہ ۲۷۰ پر طبع ہوئی ہے یہہ قرار دیا ہے کہ جب کبھی مدعی علیہ کسی نالش میں جس کی سماعت یکطرفہ ملتوی کی گئی ہو اپنی جوابدہی سماعت کئے جانیکی استدعا کرے تو بلا لحاظ اس امر کے کہ اس نے اپنی سابقہ غیر حاضری کی بابتہ کافی وجہ ظاہر کی ہو یا نہیں اسکی درخواست لازمی طور پر منظور ہونی چاہئیے۔ اڈیشنل جج نے یہہ رائے ظاہر کی ہے کہ نظیر مذکور میں ارڈر ۹ رول ۷ کے احکام نظرانداز کئے گئے ہیں لیکن باہمہ اسکی تقلید کیجانی چاہئیے۔ انہوں نے نظیر کی نسبت یہہ تعبیر کرنے میں غلطی کی تھی نظیر مذکور کے واقعات جسطرح کہ وہ الہ آباد لاجرنل میں طبع ہوئی ہے مکمل طور پر نہیں بتلائے گئے ہیں جیسا کہ جرنل مذکور میں معمولاً کیا جاتا ہے لیکن ہائیکورٹ الہ آباد کے فیصلے سے یہہ ظاہر ہے کہ مقدمۂ مذکور میں ججوں نے یہہ قرار دیا تہا کہ مدعی علیہ نے کافی وجہ ظاہر نہیں کی تھی وہ یہہ کہتے ہیں "اسکی درخواست سماعت کے لئے منظور کیجانی چاہئیے تھی" اس سے یہہ مراد نہیں ہے کہ وہ محض اسوجہ سے منظور کیجانی چاہیے تھی کہ اس نے درخواست کی تھی بلکہ یہہ مراد ہے کہ وہ روئداد پر منظور کیجانی چاہئیے تھی بظاہر مقدمۂ مذکور میں عدالت تحت نے اسکی درخواست اس امر کی لاعلمی کیوجہ سے نامنظور کی تھی کہ اسکو اسے حسب آرڈر ۹ رول ۷ پیش کرنیکا حق حاصل تھا۔ اسلئے یہہ ظاہر ہے کہ وہ فیصلہ جس کی ناراضی سے مرافعہ کیا گیا تھا غیر صحیح تھا۔

دوسری وجہ جس کی بنا پر حکم واپسی پر اعتراض کیا گیا ہے یہہ ہے کہ عدالت ماتحت مرافعہ عدالت ابتدائی کی ڈگری پر محض اس بنا پر کوئی اعتراض قبول نہ کر سکتی تھی کہ وہ یکطرفہ صادر کی گئی تھی۔ لیکن اسکے خلاف قوی نظائر موجود ہیں اجلاس کامل کے مقدمہ سلو ہوتشنا ائر بنام کیپن ائنگار (۲) میں ہائی کورٹ کلکتہ اور دیگر ہائیکورٹوں کی سابقہ نظائر پر کامل بحث کرنے کے بعد یہہ قرار دیا گیا تہا کہ جب کوئی نالش یکطرفہ فیصل کی گئی ہو اور عدالت مرافعہ کو جس کے روبرو اس ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ دائر کیا جائے عدالت تحت کے ڈگری کو اس بنا پر کہ عدالت مذکور نے مقدمہ یکطرفہ فیصلہ کرنے میں غلطی کی تھی منسوخ کرنے کا اختیار اور نالش کو مکرر سماعت کی غرض سے واپس کرنیکا اختیار ہے۔ مجھے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ جس بنا پر اسکے برعکس رائے مبنی کیجا سکتی تھی وہ صرف اس اصول پر مبنی ہوگی کہ کوئی دفعہ جو کسی خاص صورت سے متعلق ہو ایسی دفعہ کو منسوخ کرنی چاہئیے جو کسی عام صورت سے متعلق ہو۔ عام الفاظ خاص الفاظ کے اثر کو کم کرتے ہیں لیکن اس اصول کو قوانین موضوعہ کی تعبیر سے متعلق کرنیکی بابتہ کوئی سند موجود نہیں ہے بجز اسکے کہ دو دفعات متناقض ہوں عام قاعدہ یہہ ہے کہ جب کسی قانون میں کسی امر کی بابتہ کوئی جامع اضافہ کیا گیا ہو تو اسکی تعبیر مجموعی کیجانی چاہئیے بشرطیکہ قانون میں اسکے خلاف ظاہر کرنے کے لئے کوئی اور امر موجود نہو۔

یہہ بھی کہا گیا ہے کہ عدالت ماتحت مرافعہ کو کسی صورت میں مقدمہ واپس کرنیکا کوئی حق نہ تھا۔ کیونکہ واپسی کا اختیار صرف آرڈر ۴۱ رول ۲۳ کی رو سے عطا کیا گیا ہے۔ مجھے یہہ قرار دینے کے لئے چند نظائر

شیخ فرزند علی
بنام
ایکادشنی
(۱۰۰۰)

(۱) انڈین کیسز جلد ۶۲ صفحہ ۷۹ (نظائر ہند ۱۱۶۹)

(۲) انڈین لارپورٹ مدراس جلد ۴۰ صفحہ ۴ ۔

ـــــتے ہیں کہ کسی ڈسٹرکٹ جج کو واپسی کا کوئی اختیار نہیں ہے بجز بخشیدہ اس قانونی حکم یا دفعہ ۱۵۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تحت اُن کے اصلی اختیاری نفاذ کے ذریعہ سے استعمال کیا جائے۔ ہیں مقدمات گوکل پرشاد بنام پرشاد بنام رام کمار (۳) و گنشی لال بنام رام پرشاد (۴) کا ذکر رہا ہوں لیکن یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان فیصلوں میں مجموعہ کے چند احکام کو نظر انداز کیا گیا ہے اور سابقہ اجلاس کامل کے مقدمہ پر غور نہیں کیا گیا ہے جن کا میں نے قبل ازیں ذکر کیا ہے دو فیصلے منسوخ ایک اجلاس کامل کے تھے اور ہر مقدمہ میں ان دو ججوں میں سے ایک جج وہی تھے۔ دفعہ ۱۰۷ مجموعہ مذکور کی رو سے ہر عدالت مرافعہ کو شرائط و قیود عاید کردہ کے تابع واپسی کا ایک عام اختیار عطا کیا گیا ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ دفعہ ۱۰۰ ضمن (۲) مجموعہ ضابطہ دیوانی کی نسبت جس کی رو سے کسی یکطرفہ ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ کی اجازت دی گئی ہے اگر اس کی اسطرح تعبیر کیجائے جسطرح انہوں نے ظاہر کیا ہے کہ اسکی تعبیر کیجانی چاہئیے کہ اسی ڈگری کو اسکی ناراضی سے محض اس بنا پر کہ وہ یکطرفہ صادر کی گئی ہے مرافعہ کی اجازت دیگئی ہے یہ خیال کرنا چاہئیے کہ اس سے واضعان قانون کا یہ منشا ظاہر ہوتا ہے کہ ایک حکم واپسی صادر ہونا چاہئیے کیونکہ کوئی دیگر ضابطہ مقدمہ کی اغراض کے لئے کافی نہوگا۔ پھر دفعہ ۱۰۴ ضمن (۲) مجموعہ مذکور میں ایک ایسے حکم واپسی کا ذکر ہے جس کی ناراضی سے مرافعہ پیش ہو سکتا ہے اسلئے مجموعہ کے پیش نظر ایک ایسا حکم واپسی ہونا چاہئیے جس کی ناراضی سے مرافعہ پیش نہو سکتا ہو چونکہ حکم واپسی بتحت آرڈر ۴۱ رول ۲۳ کی ناراضی سے مرافعہ پیش ہو سکتا ہے مجموعہ مذکور کے پیش نظر صاف طور پر ایک ایسا حکم واپسی ہے جو کسی دوسری دفعہ کے تحت صادر کیا گیا ہو یہ رسمی دفعہ ۱۰۵ ا ہے

(۳) انڈین کیسز جلد ۱۶ صفحہ ۸۷، (نظائر ہند صفحہ ۱۱۹۶) (۴) انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۱۳۷ (نظائر ہند صفحہ ۹۵۰)

ضمن (۱) میں کسی حکم کی غلطی نقص یا بے ضابطگی کو جو کسی مقدمہ کے فیصلہ پر مؤثر ہو یادداشت مرافعہ میں بطور ایک وجہ اعتراض کے پیش کرنیکی اجازت دی گئی ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ یہ ممکن ہے کہ بالکل آغاز تحقیقات کے وقت عدالت سماعت کنندہ کی جانب سے کوئی غلطی نقص یا بے ضابطگی ہو جو مقدمہ کے کل فیصلہ پر موثر ہوتی ہو اور یہ کہ مقدمہ کی مناسب مکرر سماعت حاصل کرنیکے لئے اس کو واپس کرنا ضروری ہو۔ اسلئے یہ قرار دینا چاہئیے کہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے کسی عدالت مرافعہ کی جانب سے نہ صرف اس خاص صورت میں جس کا ذکر آرڈر ۴۱ رول ۲۳ میں کیا گیا ہے واپسی کی اجازت دیگئی ہے بلکہ ان کل صورتوں میں بھی واپسی کی اجازت دیگئی ہے جن میں کوئی غلطی نقص یا بے ضابطگی واقع ہوئی ہو جس سے مقدمہ کا کل فیصلہ کالعدم ہوا ہو بشرطیکہ ضابطہ مذکور تحت آرڈر ۴۱ رول ۲۴ و ۲۵ مقدمہ کی اغراض کے لئے کافی نہو اسلئے مقدمہ موجودہ میں یہ نہیں قرار دیتا کہ عدالت ماتحت مرافعہ کا حکم واپسی خارج از اختیار تھا بلکہ میں یہ قرار دیتا ہوں کہ وہ روئداد پر غلط تھا کیونکہ عدالت ماتحت مرافعہ نے قانون کے متعلق ایک غلط خیال قایم کیا تھا۔

لیکن مرافعہ علیہ کے کونسل نے یہ بیان کیا ہے کہ ان مرافعہ جات میں مرافع نے عدالت ماتحت مرافعہ کے فیصلہ کی ناراضی سے مرافعہ نہیں کیا ہے بلکہ صرف اسکے حکم واپسی کی ناراضی سے مرافعہ کیا ہے اور یہ بیان کیا گیا ہے کہ حسب آرڈر ۴۳ رول ۱ (م) مجموعہ مذکور کسی حکم واپسی کی ناراضی سے مرافعہ پیش نہو سکیگا بجز اسکے کہ وہ حکم واپسی آرڈر ۴۱ رول ۲۳ کے تحت صادر کیا گیا ہو برخلاف اسکے مرافع کے کونسل نے یہ کہا ہے کہ عدالت ماتحت مرافعہ کے حکم واپسی کو بطور ایک ایسے حکم کے خیال کرنا چاہئیے جو آرڈر ۴۱ رول ۲۳ کے تحت صادر کیا گیا ہو انہوں نے

نظیر مقدمہ گوکل پرشاد ہر پرشاد بنام رام کمار (۳) اور دوسری نظیر محولہ صدر پر استدلال کیا ہے جو بلطور کلثوم النساء بنام رام پرشاد (۴) طبع ہوئی ہے ان نظائر میں سے اول الذکر نظیر میں یہہ بیان کیا گیا ہے کہ ہائی کورٹ الہ آباد کا ہمیشہ یہہ اصول رہا ہے کہ آرڈر ۴۱ رول ۲۳ کا مفہوم جس قدر مناسب طور پر ممکن ہوسکے وسیع لیا جائے دوسری نظیر میں ان ججوں میں سے ایک نے اس حد تک بیان کیا ہے کہ کسی حکم واپسی کی صورت میں بجز اسکے کہ اسوقت جب کہ وہ صادر کیا گیا ہو اسکے خلاف ظاہر کیا جائے یہہ قیاس کرنا چاہئیے کہ وہ حسب آرڈر ۴۱ رول ۲۳ صادر کیا گیا تھا۔ نظیر اول الذکر میں جس طرح کہ وہ الہ آباد لا جرنل میں طبع کی گئی ہے مقدمہ کے واقعات درج نہیں ہیں لیکن وہ جہاں معلوم ہیں مقدمہ کے اصل واقعات یہہ تھے کہ عدالت سماعت کنندہ نے تنقیحات قایم کرنیکے بعد کل مقدمہ ایک کمشنر کے پاس فیصلہ کے لئے روانہ کیا تھا جو حسابات کی جانچ کے لئے مقرر کیا گیا تھا نہ کہ کمشنر کے روبرو چند واقعات پیش کئے تھے جو حسابات سے دریافت طلب تھے ایک ایسے مقدمہ میں جس حکم واپسی ایک حکم واپسی تحت آرڈر ۴۱ رول ۲۳ بمشکل خیال کیا جاسکتا ہے میرے خیال میں محض مجموعہ کی حقیقی یا خیالی مشکلات رفع کرنیکی غرض سے آرڈر ۴۱ رول ۲۳ کے احکام کا اس مفہوم سے جو دفعہ کی عبارت کی بنا پر مناسب طور پر جائز ہوسکے زیادہ وسیع مفہوم لینا نامناسب ہے اگر دفعہ پر انصاف سے غور کیا جائے تو اسکا مفہوم صاف ہونا چاہئیے اس رول کے تحت واپسی کا حکم صادر نہیں کیا جاسکتا بجز اسکے کہ کسی قانونی یا واقعاتی فیصلہ کی بنا پر جو اختتام تک مقدمہ کی تحقیقات کا مانع ہوا ہو کل روئداد پر غور کئے بغیر مقدمہ کا تصفیہ کیا گیا ہو۔

میری رائے میں اس میں کوئی شک نہیں ہوسکتا کہ حکم واپسی جس پر مقدمہ موجودہ میں اعتراض کیا گیا تھا عدالت ماتحت مرافعہ نے

حسب آرڈر ۴۱ رول ۲۳ صادر نہیں کیا تھا لیکن یہہ بحث کیجاسکتی ہے کہ حسب دفعہ ۱۵۱ مجموعہ مذکور عدالت ہذا کو حکم واپسی کی نارضی منظور کرنیکا اصلی اختیار حاصل ہے باوجودیکہ مجموعہ ... کا کوئی حق عطا نہ کیا گیا ہو جبکہ اغراض عدالت کے لئے یا عدالتی کارروائی کے بیجا استعمال کو روکنے کے لئے ایسا کرنا ضروری ہو۔ دفعہ میں یہہ صراحت ہے کہ کسی امر مندرجہ مجموعہ مذکور سے یہہ ... جائیگا کہ اس سے ایسے احکام صادر کرنے کے متعلق جو اغراض عدالت کے لئے یا عدالتی کارروائی کے بیجا استعمال کو روکنے کے لئے ضروری ہوں عدالت کا اصلی اختیار محدود کیا گیا ہے یا وہ اس پر اثر ... ہوتا ہے۔ اسلئے یہہ کہا گیا ہے کہ عدالت ہذا حسب دفعہ ۱۰ مجموعہ ... رول ۱ (م) کو نظر انداز کرسکتی ہے۔ لیکن دفعہ ۱۵۱ مجموعہ مذکور کسی صورت میں مدد نہیں لیجا سکتی۔ بجز اسکے کہ عدالت کو مقدمہ کی سماعت کا اختیار حاصل ہو۔ اس سے عدالت کو اختیار سماعت عطا کرنے میں مدد نہیں لیجا سکتی جبکہ اس کو اور طور پر ایسا اختیار حاصل نہو اس مسئلہ کی تائید میں کسی نظیر کا حوالہ دینا ضروری نہیں معلوم ہوتا لیکن دفعہ ۱۵۱ سے مدد لینا ضروری نہیں ہے کیونکہ میری رائے یہہ ہے کہ حسب دفعہ ۱۱۵ مجموعہ ضابطہ دیوانی عدالت ہذا کو بصیغہ نگرانی مقدمہ پر بحث کرنیکا اختیار حاصل ہے۔ یہہ قرار دینے کے لئے کافی نظائر موجود ہیں کہ جب کوئی مرافعہ ... نہوسکتا ہو تو مرافعہ جو ہائی کورٹ میں کیا گیا ہو بطور ایک درخواست نگرانی کے تصور کیا جاسکتا ہے یہہ صحیح ہے کہ مقدمہ راجی داس بنام بھگوان داس (۵) میں ہائی کورٹ الہ آباد کے دو ججوں نے یہہ قرار دیا تھا کہ وہ ایک ایسے مقدمہ میں جیسا کہ یہہ ہے ایسا نہیں کرسکتے۔ عدالت بلا ... طور پر کسی مرافعہ کو جو عدالت نے صادر نہ کیا ہو بطور ایک درخواست نگرانی کے تصور کرکے منظور کرنیکی مجاز نہیں ہے لیکن اس حکم کی تائید میں مجموعہ کا کوئی حکم یا کوئی نظیر پیش نہیں کی گئی ہے اور میں اس کی تقلید کرنیکی

(۵) انڈین کیسز جلد ۲۳ صفحہ ۱۸۰

شیخ فرزند علی بنام ایشا ... (اعدد)

تیار نہیں ہوں۔ یہہ بحث کیجا سکتی ہو کہ دفعہ ۱۱۵ صرف ایک ایسے مقدمہ سے متعلق ہے جو فیصل کیا گیا ہو اور اس میں ایک ایسی نالش شامل ہو گی جس کی سماعت کیلئے مرافعہ واپس کی گئی ہو لیکن دفعہ ۱۱۵ سے محض درمیانی احکام کی نگرانی کا قاعدہ مراد دینا مقصود ہے ایک حکم واپسی ایک درمیانی حکم نہیں ہو کیونکہ جس حد تک کہ اس عدالت کا تعلق ہے جو اسے صادر کرے اس سے اسوقت کے لئے مقدمہ کا کلیتاً تصفیہ ہوجاتا ہو مقدمہ صرف مرافعہ ثانی میں مکرر پیش ہو سکتا ہے۔ یہہ صحیح ہے کہ ہائی کورٹ الہ آباد کی نظائر میں جو لطا در گوکل پرشاد بنام رام کمار (۳) کلثوم النساء بنام رام پرشاد (۴) طبع ہوئی ہیں جن پر میں نے او پر نکتہ چینی کی ہے ایسی صورتوں میں دفعہ ۱۱۵ کا استعمال نظر انداز کیا گیا ہے لیکن یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ان میں دفعہ مذکور کے اطلاق کے سوال پر غور کیا گیا تھا۔

اسلئے یہہ قرار دیکر کہ عدالت ماتحت مرافعہ کی جانب سے واپسی کا حکم جائز نہ تھا میں بصیغہ نگرانی اس حکم واپسی کو منسوخ اور عدالت ماتحت مرافعہ کو یہہ ہدایت کرتا ہوں کہ وہ روئداد مرافعہ کی سماعت کرے مرافعہ مذکور میں دو امور پیدا ہوتے ہیں اولاً یہہ آیا عدالت ابتدائی مقدمہ کی یکطرفہ سماعت کرنے میں حق بجانب تھی اور ثانیاً یہہ کہ اگر وہ حق بجانب تھی تو کیا مدعی کا دعوےٰ ثابت کرنے کیلئے مثل میں شہادت موجود تھی۔ مرافعہ ہذا کا خرچہ نتیجہ پر منحصر ہو گا۔

حکم منسوخ کیا گیا۔

## عدالت جوڈیشل کمشنر پشاور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۴۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس :- مسٹر بیمن جوڈیشل کمشنر

حبیب گل مدعی علیہ بنام شاہ داد خان وغیرہ۔

مرافع مدعیان مرافعہ علیہم

قانون شفعہ پنجاب ایکٹ ۲ بابتہ سنہ ۱۹۱۳ء دفعہ ۱۲ (الف) جسطرح کہ ریگولیشن صوبہ سرحدی شمال و مغربی نمبر ۲ بابتہ سنہ ۱۹۰۶ء سے اسکی ترمیم کی گئی ہے "رشتہ نسبی سے حق کی بناء پر" "بہ سلسلہ وراثت" کا مفہوم۔ اشخاص جو شفعہ کا حق پیش کرنیکے مستحق ہیں۔ اقبالات متعلقہ قانونی امر کی نسبت کونسل کا اقبال آیا فریق پر واجب التعمیل ہے۔

قانون شفعہ جو صوبہ سرحدی شمال و مغربی میں نافذ ہے ایسا قانون ہے جس کی رو سے کوئی شخص جو وصیت نامہ یا کسی اور مصنوعی طریقہ وراثت کے ذریعہ سے دعوےٰ کرے حسب دفعہ ۱۲ (الف) قانون شفعہ پنجاب جسطرح کہ اسکی ترمیم ریگولیشن صوبہ سرحدی شمال و مغربی نمبر ۲ بابتہ سنہ ۱۹۰۶ء کے ذریعہ سے کی گئی ہے حقوق شفعہ پیش کرنے سے محروم کیا گیا ہے لیکن اس میں وہ تمام صورتیں شامل ہیں جن میں شفیع رشتہ نسبی کے حق کی بناء پر جائیداد کی وراثت کا مستحق ہوگا خواہ ایسا رشتہ خود بائع کے ساتھ یا بائع کے حقیقی رشتہ داروں کے ساتھ ہو۔

دفعہ ۱۲ فقرہ الف قانون شفعہ پنجاب کے آخری الفاظ "سلسلہ وراثت میں" کے ذریعہ سے یہہ فرض کیا گیا ہو کہ وہ شخص جو بالآخر وراثت کا مستحق ہو خواہ ایسی وراثت کتنی ہی بعید کیوں نہو اور خواہ کتنے ہی بہتر ورثاء کیوں موجود نہوں فقرہ مذکور کے تحت شفعہ کا حق رکھتا ہے کوئی کونسل اپنے موکل کو کسی ایسے اقبال کے ذریعہ سے پابند نہیں کر سکتا جو محض کسی امر قانونی کے متعلق کیا گیا ہو۔

مرافعہ ثانی بنا راضی فیصلہ و ڈگری صادرہ ڈویژنل جج پشاور

(۵۵)

حبیب گل بنام شاہ داد خان (پشاور)

مورخہ ۵ مارچ ۱۹۲۲ء جس کے ذریعہ سے ایک ڈگری صادر کردہ سب جج مارڈن مورخہ ۱۵ دسمبر ۱۹۲۱ء منسوخ کی گئی تھی۔

منجانب مرافع۔ مسٹر سعید الدین خان۔ کے۔ ایس

منجانب مرافع علیہم۔ مسٹر دیوان چند۔ آر۔ ایس۔

**فیصلہ۔** مقدمہ ہذا کے واقعات حسب ذیل ہیں۔ مدعی شاہ داد خان نے (۲۰۹) کنال (۲) مرلے کے ایک رقبہ واقع موضع کوروآ تحصیل مارڈن کے متعلق شفعہ کی نالش کی [illegible] ۱۹۲۱ء شمشاد خان اور اسکی زوجہ مسماۃ شمو جان نے حبیب گل کو بیع کیا تھا شمشاد خان نے ایک کنال دو مرلے کے مالک کے طور پر ظاہر کیا تھا اور مسماۃ شمو ۱۹ کنال (۱۵) مرلے کے مالک کے طور پر ظاہر کی گئی تھی جو بیع کئے گئے ہیں مسماۃ شمو جان کی حقیت اسکے شوہر شمشاد خان کی جانب سے حاصل کی گئی تھی۔ نالش ۱۴ جنوری ۱۹۲۱ء کو رجوع کی گئی تھی، ۱۰ جنوری ۱۹۲۱ء کو مشتری حبیب گل نے ایک ہبہ نامہ تکمیل کیا جس کے ذریعہ اس نے اراضی فردوس خان پسر بائعان شمشاد خان و مسماۃ شمو جان کو کر منتقل کی۔ شاہ داد خان نے حسب دفعہ ۱۲ (الف) ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۱۳ء بطور ایک ایسے شخص کے شفعہ کا دعوی کیا تھا جو اگر جائداد بیع نہ کیجاتی تو جائداد کی وراثت کا مستحق ہوتا۔ دعوی کی مخالفت اس بنا پر کی گئی تھی کہ مکرر بیع سے جو فردوس خان کے حق میں کیگئی تھی شفعہ کے متعلق مدعی کا حق زائل ہو گیا تھا کیونکہ فردوس خان ایک ایسا شفیع تھا جو اعلی حق رکھتا تھا۔ عدالت ابتدائی نے اس عذر کو قبول کیا اور دعوی خارج کر دیا۔ مدعی کی جانب سے مرافعہ پیش ہونے پر ڈویژنل جج نے یہہ قرار دیا کہ بیع فردوس خان کو ارجاع نالش کے بعد کی گئی تھی یہہ کہ وہ حقیقی بدلے کے عوض حقیقی بیع نہ تھی اور یہہ کہ شئے متنازعہ کا قبضہ حوالہ نہیں کیا گیا تھا اور یہہ کہ اسلئے وہ شفعہ کی نسبت مدعی کے حقوق کے خلاف موثر نہو سکتا تھا اس لئے انہوں نے دعوی ڈگری کیا۔ مرافعہ کی مخالفت فردوس خان نے بالخصوص مدیں بیان کی تھی کہ اسکی بیع سے مدعی کا حق شفعہ زائل ہوا تھا اور اسکی جانب سے کونسل حاضر تھے لیکن پہلا مشتری حبیب بھی حاضر ہوا تھا اگرچہ اسکی جانب سے کونسل حاضر نہ تھا۔ مرافعہ کی سماعت کے دوران میں فردوس خان نے ایک مزید عذر پیش کیا تھا جو عدالت ابتدائی میں پیش نہیں کیا گیا تھا یعنی یہہ کہ اراضی متدعویہ کی کثیر مقدار کے متعلق مدعی ایک ایسا شخص نہ تھا جو اگر بیع عمل میں نہ آتی تو حسب منشائے دفعہ ۱۲ (الف) ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۱۳ء (جسطرح کہ صوبہ سرحدی شمال و مغربی کے لئے اس میں ترمیم کی گئی تھی) وراثت کا مستحق ہوتا کیونکہ اصل بائعہ مسماۃ شمو جان تھی جس سے مدعی رشتہ نسبی کے ذریعہ سے کوئی تعلق نہ رکھتا تھا۔ مدعی نے ڈویژنل جج کے روبرو اس عذر کی مخالفت جزوا اس بنا پر کی کہ مسماۃ شمو جان نے صرف محض ایک بنامی معاملہ کے ذریعہ سے بحیثیت مالک کے اپنی حقیت حاصل کی تھی اور یہہ کہ اسکا شوہر شمشاد خان حقیقی بائع تھا۔ ڈویژنل جج نے یہہ بحث اس بنا پر نامنظور کی کہ مثل میں یہہ بیان ثابت کرنے کے لئے کوئی امر موجود نہ تھا کہ ہبہ جو شمشاد کی جانب سے مسماۃ شمو جان کو کیا گیا تھا بنامی تھا لیکن انہوں نے یہہ تجویز کی کہ باینہمہ شمشاد ایک ایسا شخص تھا جو مسماۃ شمو جان کے ذریعہ سے وراثت کا مستحق ہوگا کیونکہ اسکا وارث مابعد فردوس خان ہوگا اور یہہ کہ اسکی وفات کی صورت میں مدعی رشتہ نسبی کے ذریعہ سے فردوس خان کا وارث ہوگا۔ انہوں نے یہہ ریمارک کیا۔

اسلئے تعبیری طور پر مدعی عورت کے بیٹے کے ذریعہ سے رشتہ نسبی کے حق کی بنا پر مسماۃ شمو جان کی وراثت کا مستحق ہے۔ عدالت ہذا میں ابتدائی مشتری حبیب گل نے ایک مرافعہ ثانی پیش کیا ہے

حبیب گل بنام شمشاد خان (پشاور)

اور مرافعہ ہذا میں اصل بحث جو اسکی جانب سے پیش کی گئی ہے وہ یہہ ہو کہ مدعی کو اس بیع کی نسبت شفعہ کا حق نہیں ہے جو مساۃ شمسو جان نے کی تھی کیونکہ وہ حسب منشائے دفعہ ۱۲ (الف) ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۱۳ء جس طرح کہ صوبہ سرحدی شمال و مغربی کے لئے اسکی ترمیم کی گئی تھی رشتہ نسبی کے ذریعہ سے مساۃ شمسو جان کا وارث نہیں ہے۔

مدعی مرافعہ علیہ نے تین وجوہ سے مرافعہ کی مخالفت کی ہے۔

۱۔ یہہ کہ بحث جواب مرافع کی جانب سے پیش کی گئی ہے ایک ایسی بحث نہیں ہے جو عدالت ابتدائی میں کبھی پیش کی گئی تھی اور یہہ کہ وہ کارروائیات کی موجودہ نوبت پر پیش نہیں کیجا سکتی۔

۲۔ یہہ کہ ہبہ جو شمشاد خان کی جانب سے مساۃ شمسو جان کو کیا گیا تھا ایک بینامی معاملہ تھا اور یہہ کہ مدعی مرافعہ علیہ مرافعہ موجودہ میں اس امر کو پیش اور ثابت کرنیکا مستحق ہے کیونکہ اسکو عدالت ابتدائی میں ایسا کرنیکا موقع نہیں دیا گیا تھا جبوقت مشتری نے مساۃ شمسو جان کی ملکیت کو اسکے حقوق شفعہ پر اعتراض کرنیکے لئے بطور ایک وجہ کے پیش نہیں کیا تھا۔

۳۔ یہہ کہ کسی صورت میں ڈسٹرکٹ جج کی یہہ تجویز صحیح ہے کہ مدعی ایک ایسا شخص ہے جو اگر بیع عمل میں نہ آتی تو مساۃ شمسو جان کی وفات پر بالآخر اسکا وارث ہوتا۔

ان تین امور میں سے پہلے امر کے متعلق مرافع کے لائق کونسل نے یہہ بحث کی ہے کہ ابتدا سے نالش کی مخالفت اس بنا پر کی گئی تھی کہ مدعی کو ایک رشتہ دار یکجدی ہونے کی وجہ سے شفعہ کا حق حاصل نہ تھا۔ یہہ تسلیم کیا گیا ہے کہ مشتری حبیب گل نے اپنے جواب دعوے میں یہہ عذر خاص طور پر پیش نہیں کیا تھا لیکن یہہ کہا گیا ہے کہ یہہ وجہ شمشاد خان اور مساۃ شمسو جان نے

فی الواقع پیش کی تھی اور یہہ کہ مشتری بحیثیت ایک مدعی علیہ کے ایک ایسے حق کو استعمال کرنیکا مستحق تھا جو اسکے شریک مدعی علیہم سلمہ پیش کیا تھا میں اس بحث کو زیادہ اہم نہیں خیال کرتا کیونکہ وہ عذر جو شمشاد اور مساۃ شمسو جان نے پیش کیا تھا وہ اصل اس امر سے ہرگز متعلق نہ تھا یہہ صحیح ہے کہ انہوں نے اپنے عذرات میں یہہ بیان کیا تھا کہ مدعی انکا رشتہ دار یکجدی نہ تھا لیکن یہہ اس سے زیادہ نہ تھا کہ مدعی کو اپنا رشتہ یہ ثابت کرنا چاہئیے اور یہہ امر بالکل واضح ہے کہ انہوں نے جس امر کی مخالفت کی تھی وہ شمشاد کے ساتھ ان کے رشتہ سے متعلق تھا۔ یہہ نہیں خیال کیا جاسکتا کہ انکا کسی طرح یہہ منشا تھا کہ اگر مدعی یہہ ثابت کرنے میں کامیاب رہے کہ وہ شمشاد کا ایک رشتہ دار یکجدی تھا تو بھی وہ حق شفعہ پیش کرنیکا مستحق نہ تھا کیونکہ وہ شمشاد کی زوجہ کے ساتھ رشتہ نسبی کے ذریعہ سے ایک رشتہ دار یکجدی نہ تھا اور میں اس بحث کو جواب مرافع نے پیش کی ہے صرف بطور ایک ایسی بحث کے خیال کر سکتا ہوں جو عدالت ابتدائی میں کبھی پیش نہیں کی گئی تھی۔ علاوہ بریں ڈسٹرکٹ جج نے یہہ ظاہر کیا ہے اور اس امر پر مرافعہ علیہ کے لائق کونسل نے زور دیا ہے کہ موجودہ مرافع کے کونسل نے عدالت ابتدائی میں اپنی تحریری بحث میں یہہ تسلیم کیا تھا کہ بجز اسکے کہ اس کر بیع کا جواز ثابت کیا جاسکے جو فردوس کے حق میں کی گئی تھی شفعہ کی نالش کامیاب ہونی چاہئیے لیکن میں یہہ قرار دینے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ یہہ امر مرافعہ ثانی کے سے بطور ایک وجہ کے پیش نہیں کیا جاسکتا ایسے امر قانونی کو مرافعہ اولیٰ یا مرافعہ ثانی میں پیش کرنیکی نسبت کوئی قانونی ممانعت نہو گی بالخصوص جبکہ وہ ایک ایسا امر ہے جس پر مدعی کا حق ارجاع نالش کلیتًا مبنی ہے۔ پھر اس رائے کی تائید میں کہا

صفحہ ۵۹۶

نظائر موجود ہیں کہ کوئی کونسل اپنے موکل کو کسی ایسے اقبال کے ذریعہ سے پابند نہیں کر سکتا جو محض کسی امر قانونی کی نسبت کیا گیا ہو اسلئے میں یہہ خیال کرتا ہوں کہ مجھے اس بحث پر جواب پیش کی گئی ہے۔ اسکی روئداد کے لحاظ سے غور کرنا ہے۔

یہہ اعتراض کچھ اہمیت رکھتا ہے جو مدعی مرافعہ علیہ کی جانب سے پیش کیا گیا ہے کہ اسکو عدالت ابتدائی میں ایک وجہ اعتراض کی جوابدہی کا موقع نہیں دیا گیا تھا جو مدعی اور مسماۃ شمو جان کے مابین رشتہ نسبی کے عدم وجود پر مبنی تھا اور یہہ کہ اسلئے وہ اس عذر کو پیش کرنے سے باز رکھا گیا تھا جو وہ اور طور پر پیش کرتا کہ مسماۃ شمو جان ایک بینامی موہوب لہا تھی اور یہہ کہ صرف شمشاد کو بائع خیال کرنا چاہئے لیکن مجھے یہہ سوال مقدمہ کے فیصلہ کیلئے نہایت اہم نہیں معلوم ہوتا اولاً مدعی کے لئے یہہ ثابت کرنا اگر غیر ممکن نہیں تو مشکل ہوگا کہ معاملہ بینامی تھا خود عرضی دعوی میں مسماۃ شمو جان کی ملکیت پوری طور پر تسلیم کی گئی ہے اور بمقابلہ اسکے شوہر کے اسکی ملکیت کی حد مفصل طور پر بیان کی گئی ہے اور وہ بطور حقیقی بائعان میں سے ایک بائع کے ظاہر کیگئی ہے قطع نظر اسکے مقدمہ در اصل دفعہ ۱۲ (الف) ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۰۵ء کی تعبیر اور موجودہ واقعات سے اسکے اطلاق کے زیادہ اہم سوال پر مبنی ہے اور جیسا کہ میں ذیل میں ظاہر کرونگا میں خیال کرتا ہوں کہ مرافعہ ہر صورت میں صرف اسی امر کی نسبت ناکام رہنا چاہئے۔

اب میں اس سوال پر بحث کرتا ہوں جو مقدمہ ہذا کے فیصلہ کیلئے در اصل اہم ہے یعنے یہہ کہ جب کسی عورت نے اپنے شوہر سے ہبہ کے ذریعہ سے اراضی میں حقیت حاصل کی ہو اور اپنا حق کسی شخص اجنبی کو بیع کیا ہو تو کیا اسکے شوہر کا رشتہ دار بکجدی شفعہ کا حق اس بنا پر پیش کر سکتا ہے کہ وہ ایک ایسا شخص ہے جو اگر بیع عمل میں نہ آتی تو رشتہ نسبی کے حق کی بنا پر جایداد کی وراثت کا مستحق ہوگا مرافع کے لائق کونسل کی بحث یہہ ہی کہ دفعہ ۱۲ (الف) کی عبارت جو بذریعہ ریگولیشن ۲ بابتہ ۱۹۱۳ء سے صوبہ سرحدی شمال و مغربی کیلئے اسکی ترمیم کی گئی ہے بالکل واضح ہے اور وہ اسکی تعبیر اسطرح کرینگے کہ اس سے یہہ مراد ہے کہ جو شخص اس فقرہ کے تحت شفعہ کا دعوی کر سکتا ہے وہ صرف ایسا شخص ہے جو بائع کے ساتھ اسکے رشتہ نسبی کے حق کی بنا پر جایداد کا وارث ہوگا انکی بحث در حقیقت یہہ ہے کہ ریگولیشن ۲ بابتہ ۱۹۱۳ء کے ذریعہ سے الفاظ "رشتہ نسبی کے حق کی بنا پر" اسی غرض سے اضافہ کئے گئے تھے کہ کسی ایسے شفعہ کے دعوی کو خارج کیا جائے جیسا کہ اب زیر بحث ہے اور اس امر کے متعلق کوئی شبہ نہ رہے کہ اس اراضی کی صورت میں جو کسی عورت کی ملک ہو۔ شفیع خود عورت کا نہ کہ اسکے شوہر کا رشتہ دار بکجدی ہونا چاہئے۔ وہ اپنی بحث کی تائید تشریح (۲) دفعہ ۱۲ ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۰۵ء و تشریح دفعہ ۱۵ ایکٹ ۱ بابتہ ۱۹۱۳ء کے ذریعہ سے کرتے ہیں جس سے پنجاب میں دفعہ ۱۲ ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۰۵ء منسوخ کیگئی ہے وہ ڈویژنل جج کے اس قاعدہ کے کہ مدعی تعبیری طور پر رشتہ نسبی کے حق کی بنا پر مسماۃ شمو جان کی وراثت کا مستحق ہے قابل اور خاص طور سے اس پر اعتراض کرتے ہیں اگر ابتداً مقدمہ موجودہ سے دفعہ ۱۲ تشریح ۲ کے تعلق پر غور کیا جائے تو مرافعہ علیہ کے لائق کونسل نے یہہ بحث کی ہے کہ تشریح مذکور میں الفاظ "وارث ہوتے تھے" ہبہ کے ذریعہ سے حقیت کے حصول پر بھی حاوی ہیں۔ تشریح میں یہہ مذکور ہے کہ کسی بیع کی صورت میں جو کسی عورت کی جانب سے ہو اس جایداد کی نسبت کیجائے جسکی وہ اپنے شوہر بیٹے بھائی یا باپ کے ذریعہ سے وارث ہوئی ہو الفاظ "رشتہ داران بکجدی" مندرجہ دفعہ ہذا سے اس شخص کے رشتہ داران بکجدی مراد ہونگے جسکے ذریعہ سے وہ اسطور پر وارث ہوئی ہو" اس تشریح میں جو اس تشریح کی نسبت شادی لال کے قانون شفعہ میں درج ہے یہہ سلسلہ

حبیب گل بنام شاہ داد خان (دلپشاور)

صفحہ ۵۹۷

حبیب گل بنام شاہ داد خان (پشاور)

کیا گیا ہی کہ تشریح صرف اُس صورت میں متعلق ہوتی ہی جبکہ عورت کو وراثت کے ذریعہ سے جایداد حاصل ہوئی ہو اور وہ کسی ایسی عورت کی صورت سے متعلق نہیں ہی جس نے کسی اور طریقہ سے جایداد حاصل کی ہو" بنظر ان ریمارکس کے جو ایکٹ ا بابتہ ۱۹۱۳ء کی نسبت ایلیس کی شرح میں لکھے گئے تھے مجھے شرح کے اس جزو کی صحت کے متعلق کسی قدر شک ہے۔

قانون موخر الذکر کے ذریعہ سے دفعہ ۱۲ ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۰۵ء کی تشریح ۲ کی ترمیم کی گئی تھی اور وہ اب حسب ذیل ہی "کسی بیع کی صورت میں جو کسی عورت نے اراضی یا جایداد کے متعلق کی ہو جس کی وہ اپنے شوہر بیٹے بھائی یا باپ کے ذریعہ سے حین حیاتی حقیت کی بنا پر وارث ہوئی ہو" الفاظ رشتہ داران یکجدی مندرجہ دفعہ ہذا سے ایسے شخص کے رشتہ داران یکجدی مراد ہونگے جس کے ذریعہ سے وہ اسطور پر وارث ہوئی ہو" مسٹر ایلیس نے یہہ ریمارکس کیا ہے کہ جب کسی عورت نے اپنے شوہر یا بیٹے سے کامل حقیت حاصل کی ہو تو وہ اشخاص جو حق شفعہ پیش کرنیکے مستحق ہیں اسکے رشتہ داران یکجدی نہیں ہیں جیسا کہ ایکٹ بابتہ ۱۹۰۵ء میں درج تھا بلکہ اسکے باپ اور بھائی کے رشتہ داران یکجدی ہیں جو خود اسکے رشتہ داران یکجدی ہیں جبکہ وہ اسکی وفات پر وراثت کے مستحق ہوتے معلوم ہوتا ہے کہ اس عورت کا ذکر کرتے وقت جس نے اپنے شوہر یا بیٹے سے کامل حقیت حاصل کی ہو فاضل شارح نے اس صورت کا ذکر کیا تھا جس میں اُس نے ہبہ یا بیع اور نیز وراثت کے ذریعہ سے کامل حقیت حاصل کی ہو لیکن اُنکی رائے یہہ معلوم ہوتی ہی کہ ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۰۵ء کی رو سے ان کل صورتوں میں جن میں اس کو کسی قسم کی حقیت حاصل ہوئی ہو اسکا شوہر بیٹا بھائی یا باپ شفعہ کا حق پیش کرنیکا مستحق ہوگا اور خود اسکے رشتہ داران یکجدی اسکے مستحق ہونگے لیکن مجھے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ مقدمہ موجودہ کے فیصلہ کیلئے ایسے بالکل اہم نہیں ہی کہ ان دو مختلف خیالات میں سے کونسا خیال صحیح ہی میں خیال کرتا ہوں کہ یہہ امر نظر انداز کیا گیا ہی کہ الفاظ ونوں

صورتوں میں تشریحات حقوق شفعہ تحت فقرہ (ب) دفعہ ۱۲ و فقرہ (ب) دفعہ ۱۵ سے متعلق ہیں اور ان حقوق سے متعلق نہیں ہیں جو فقرہ (الف) سے حاصل کیگئے ہوں فقرہ (الف) میں الفاظ رشتہ داران یکجدی کا کوئی ذکر نہیں ہی میں خیال کرتا ہوں کہ یہہ ضروری ہی کہ فقرہ (الف) کی تعبیر تشریحات کے بالکل بلا لحاظ کیجائے اور خود اسکی عبارت اور ان الفاظ کو جو فی الواقع استعمال کیگئے ہیں استعمال کرنیکی نسبت واضعان قانون کے منشاء کے لحاظ سے سختی کے ساتھ اسکی تعبیر کیجائے مرافع کی یہہ بحث کہ الفاظ رشتہ نسبی کے حق کی بنا پر اضافہ کرنیسے ریگولیشن ۲ بابتہ ۱۹۰۶ء کی غرض شفعہ کی نالشات کو جیسی کہ وہ نالش ہی جس پر ہم اب بحث کر رہے ہیں خارج کرنیکی تھی یقیناً نادرست ہی میں نے اس مراسلت کا معاینہ کیا ہی جو اس ترمیم کو داخل کرنیکی باعث ہوئی ہی مجھے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ صرف ایک وجہ جسکی بنا پر یہہ ترمیم داخل کی گئی تھی یہہ تھی کہ شفعہ کی نالشات میں عدالتوں کی جانب سے وصیت ناموں کے جواز کی نسبت تصفیہ کئے جانے کے امکان کو رفع کیا جائے۔ یہہ خیال کیا گیا تھا کہ اگر دفعہ ۱۲ (الف) ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۰۵ء صوبہ سرحدی شمال و مغربی میں بلا ترمیم کے نافذ کیا جاتا تو ایسے بے شمار مقدمات ہو سکتے تھے جن میں اشخاص یہہ دعوی پیش کرتے کہ وہ کسی وصیت نامہ کی رو سے جایداد کی وراثت کے مستحق تھے لہذا شفعہ کی نالشات متنازعہ وصیت ناموں پر مبنی ہوتے اسکے خلاف مرافع کے لایق کونسل یہہ ظاہر کرتے ہیں کہ کوئی شخص جس کو کسی وصیت نامہ کی رو سے کوئی ہبہ یا وصیت کیا گیا ہو موصی کی حین حیات بطور ایک ایسے شخص کے دعوی کرسکتا جو وراثت کا مستحق ہو۔ یہہ ممکن ہی کہ یہہ رائے بالکل درست ہو لیکن یہہ واقعہ باقی رہتا ہی کہ یہہ امکان کہ اشخاص کسی وصیت نامہ کے تحت حقیت پیش کرینگے اور محض یہہ امکان ریگولیشن ۲ بابتہ ۱۹۰۶ء میں لفظ اور الفاظ "رشتہ نسبی کے حق کی بنا پر" کے اضافہ کا باعث ہوا مجھے یہہ معلوم ہوتا ہی کہ مرافع کے لایق کونسل کی بحث میں ایک نامناسب قیاس

(۵۹)

موجود ہے وہ اس خیال پر مبنی ہے کہ ہمیں دفعہ کو اسطرح پڑھنا چاہیئے گویا کہ اس
میں الفاظ "بائع کے ساتھہ رشتہ نسبی کے حق کی بنا پر" موجود ہیں۔ الفاظ "بائع
کے ساتھہ" دفعہ میں موجود نہیں ہیں اور انکا ترک اہم معلوم ہوتا ہے یہہ یاد رکھنا
چاہیئے جیسا کہ میں نے قبل ازیں ظاہر کیا ہے کہ ہم صرف دفعہ ۱۲ (الف) پر بحث
کر رہے ہیں اور الفاظ "رشتہ داران یکجدی" کی تعبیر کے کسی سوال پر بحث
نہیں کر رہے ہیں جس طرح کہ وہ دفعہ ۱۲ (ب) میں مستعمل ہوئے ہیں۔ ہمیں
جس امر پر غور کرنا ہے وہ یہہ ہے (۱) آیا شفیع کسی طرح وراثت کا مستحق
ہوگا اور (۲) یہہ کہ آیا وراثت سے متعلق اسکی حقیقت رشتہ نسبی کے ذریعہ سے
حاصل ہوگی اور کسی خارجی وجہ سے مثلاً ہبہ بالوصیت یا کسی اور قسم کے
مصنوعی طور پر حاصل شدہ حق کے ذریعہ سے حاصل ہوگی مساۃ شمو جان کے
شوہر کا رشتہ دار یکجدی یقیناً بالاخر وراثت کا مستحق ہوگا دفعہ مذکور میں
عین مابعد کی وراثت کا کوئی ذکر نہیں ہے برخلاف اسکے آخری الفاظ "بسلسلہ
وراثت" ہی کے ذریعہ سے یہہ فرض کیا گیا ہے کہ ہر شخص جو بالاخر وراثت کا
مستحق ہو خواہ ایسی وراثت کتنی ہی بعید کیوں نہو اور خواہ کتنے ہی بہتر
ورثا کیوں موجود نہوں اس فقرہ کی رو سے شفعہ کا حق رکھتا ہے یہہ ظاہر
ہے کہ مساۃ شمو جان کا عین مابعد کا وارث اسکا بیٹا فردوس خان ہے
اور یہہ بھی ظاہر ہے کہ شاہ داد خان فردوس خان کا آخری وارث ہے
اسلئے صرف ایک سوال یہہ ہے کہ آیا شاہ داد خان نے وراثت [illegible] کی
تحصیل کی ہے یعنے یہہ کہ آیا وہ رشتہ نسبی کے حق کی بنا پر جایداد کی وراثت
کا مستحق ہے میں یہہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ یہہ بحث کسطرح کیجا سکتی ہے
کہ وراثت کے متعلق اسکی حقیقت بجز رشتہ نسبی کے کسی اور امر پر مبنی
ہے فردوس خان محض مساۃ شمو جان کے ساتھہ رشتہ نسبی ہونیکے
حق کی بنا پر اسکا وارث ہوگا شاہ داد خان بھی فردوس خان کا
محض اسکے ساتھہ رشتہ نسبی ہونے کے حق کی بنا پر وارث ہوگا۔ بہ
الفاظ دیگر رشتہ نسبی اور محض وہی امر جایداد کا بالاخر وارث ہونیکی بنسبت

شاہ داد خان کے حق سے متعلق ہے مجھے اس حالت پر غور کرنا غیر ضروری
معلوم ہوتا ہے جو اس صورت میں پیدا ہوتی جبکہ فردوس خان موجود
نہوتا یا وہ مساۃ شمو جان کے قبل فوت ہوتا مجھے ایک فرضی مقدمہ پر
بحث کرنیکی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی لیکن یہہ ریمارک کیا جاسکتا
ہے کہ اس خیال کی تائید میں متفقہ نظائر موجود ہیں کہ اگر مساۃ شمو جان
عین مابعد کے ورثا کے بغیر فوت ہوتی تو جایداد اسکے شوہر کے نہ کہ خود
اسکے رشتہ داران یکجدی کو حاصل ہوتی خواہ کچھہ ہی ہو جس طرح کہ یقیناً
کی موجودہ حالت ہے شاہ داد خان صاف طور پر ایک ایسا وارث ہے
جو بالاخر وراثت کا مستحق ہے اور جس کو اسکی حقیقت رشتہ نسبی کے
ذریعہ سے حاصل ہوئی ہے میں نے قبل ازیں یہہ بیان کیا ہے کہ یہہ
قیاس جائز کرنیکے لئے کہ ہمیں الفاظ "رشتہ نسبی کے حق کی بنا پر" کے بعد لفظ
"بائع کے ساتھہ" اضافہ کرنا چاہئے مجھے دفعہ کی عبارت میں کوئی امر نظر
نہیں آتا اگر واضعان قانون کو الفاظ مذکور اضافہ کرنا مقصود ہوتا
تو وہ ان کو اضافہ کرتے حالت کو واضح کرنیکے لئے میں خیال کرتا
ہوں کہ قانون جو صوبہ سرحدی شمال و مغربی میں نافذ ہے ایک
ایسا قانون ہے جس کی رو سے کوئی شخص جو وصیت نامہ یا کسی اور قسم کے
مصنوعی طریقہ وراثت کے ذریعہ سے وراثت کا دعویٰ کرے حسب دفعہ ۱۲
(الف) ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۱۳ء شفعہ کے حقوق پیش کرنے سے محروم کیا
گیا ہے لیکن یہہ کہ اس میں ایسی کل صورتیں شامل ہیں جن میں شفیع
رشتہ نسبی کے حق کی بنا پر جایداد کی وراثت کا مستحق ہوگا خواہ ایسا
رشتہ خود بائع کے ساتھہ ہو یا بائع کے حقیقی ورثا کے ساتھہ۔

خیال مذکورالصدر کی بنا پر میں ڈویژنل جج کی اس تجویز کو
برقرار رکھتا ہوں کہ مقدمہ موجودہ میں مدعی کو شفعہ کا حق حاصل
ہے اور وہ ڈگری کا مستحق ہے۔ اسلئے میں مرافعہ ہذا معہ خرچہ خارج کرتا
ہوں۔

مرافعہ خارج کیا گیا

حبیب گل
بنام
شاہ داد خان
(پشاور)

جگناتھ بنام دیبی پرشاد (پٹنہ)

# ہائی کورٹ پٹنہ

مرافعہ دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۲۰ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۳ مارچ ۱۹۲۴ء

با جلاس مسٹر ڈاسن ملر نائٹ چیف جسٹس و مسٹر جسٹس کلونت سہائے

جگناتھ ساہو وغیرہ بنام دیبی پرشاد دہندہا وغیرہ
مرافعان — مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۳۴ رول ۴۔ ڈگری جس کی رو سے ادائی سے قاصر رہنے کی صورت میں جائیداد کے نیلام کا حکم دیا گیا ہو۔ قرقی آیا قبل نیلام ضروری ہے۔

وہ ضابطہ جو آرڈر ۳۴ رول ۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں بتلایا گیا ہے صرف کسی ایسی ڈگری کی صورت میں متعلق ہوسکتا ہے جو رقم کی ادائی کے لئے صادر کیجائے یعنے یہہ کہ جبکہ کوئی ایسی ڈگری موجود ہو جو کسی خاص جائیداد غیر منقولہ پر ڈگر ہو ایسی صورت میں قبل اسکے کہ مدیون ڈگری کی کوئی خاص جائیداد غیر منقولہ ڈگری کی ادائی میں نیلام کیجا سکے یہہ ضروری ہے کہ جائیداد ابتداً قرق کیجائے۔

لیکن جبکہ خود ڈگری کے ذریعہ سے خاص جائیداد غیر منقولہ کی نسبت کوئی مواخذہ نافذ کیا جائے اور یہہ ہدایت کیجائے کہ زر ڈگری نہ ادا ہونیکی صورت میں جائیداد نیلام کیجائے تو ڈگری در اصل زر نقد کی ادائی کی ایک ڈگری سے کچھہ زیادہ ہے اور یہہ بالکل غیر ضروری ہے کہ جائیداد نیلام کئے جانے کے قبل اس ضابطہ کی پابندی کیجائے جو آرڈر ۲۱ رول ۴۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں بتلایا گیا ہے۔

مرافعہ نفاذی ازاں حکم صادرہ سب آرڈینیٹ جج بھاگلپور مورخہ ۰ اپریل ۱۹۲۲ء صفحہ ۵۹۹

منجانب مرافعان — مسٹر نرندرا ناتھ سین

منجانب مرافعہ علیہم — مسٹر رائے گرو سرن پرشاد و جادو بنس سہائے

چیف جسٹس ملر — یہہ مرافعہ مدیونان ڈگری کی جانب سے سب آرڈینیٹ جج کے ایک حکم کی ناراضی سے پیش کیا گیا ہے جو تعمیل میں صادر کیا گیا تھا جس کی رو سے مدیونان ڈگری کا اعتراض نامنظور کیا گیا تھا اور تعمیل جاری رکھنے کا حکم دیا گیا تھا۔

معلوم ہوتا ہے کہ ڈگریداروں نے مدیونان ڈگری کے خلاف مبلغ .../... روپیہ کی بابتہ ایک ڈگری حاصل کی تھی۔ ڈگری مذکور جو ۱۴ جون ۱۹۱۹ء کو صادر کی گئی تھی ایک مصالحت کا نتیجہ تھی جو فریقین نالش کے مابین ہوئی تھی۔ دعوی مصالحت کے بموجب ڈگری کیا گیا تھا اس میں یہہ صراحت کی گئی تھی کہ مدعی کے حق میں مبلغ .../... روپیہ کی بابتہ ایک ڈگری صادر کیجائے اور یہہ کہ مدعی علیہم رقم مذکور معہ سود اور خرچہ کے چند اقساط کے ذریعہ سے ادا کریں جو ڈگری کے اختتام پر درج تھیں۔ اگر مدعی علیہم کل اقساط یا ان کا کوئی جزو ادا کرنے سے قاصر رہیں تو مدعی کو اصل اور خرچہ کے متعلق کامل زر ڈگری معہ سود بحساب (۸) آنہ فیصدی ماہانہ تا وصول یابی وصول کرنیکا حق حاصل ہونا چاہئیے ڈگری کی شرائط کی مناسب تعمیل کے لئے چند جائیدادیں بھی بطور کفالت کے دی گئی تھیں اور ڈگری کے فقرہ (ج) کے ذریعہ سے یہہ صراحت کی گئی تھی کہ اگر یہہ مدعی علیہم زر ڈگری ادا کرنے سے قاصر رہیں جو اقساط کے ذریعہ سے واجب الادا تھا مدعیان کو ڈگری کی تعمیل کرانے جائیداد زیر مواخذہ نیلام کرانے اور زر ڈگری اصل معہ سود و خرچہ وصول کرنیکا حق حاصل ہوگا جس کی نسبت ان مدعی علیہم کو کوئی اعتراض نہوگا۔ وہ مصالحت کی اصل شرائط ہیں جو ڈگری میں درج ہیں۔ اقساط کی ادائی میں قصور ہوا اور اس پر ڈگریداروں نے ۱۸ ستمبر ۱۹۲۱ء کو ڈگری

کی تعمیل کیلئے درخواست کی اور بقیہ رقم کا مطالبہ کیا جو ہنوز واجب الادا تھی کیونکہ نصف ایک قسط ادا کی گئی تھی اور اس جایداد کے نیلام کی بابت جو ڈگری کی بطور ایفاء مذکور کی تکمیل کیلئے بطور کفالت کے زیر مواخذہ تھی مدیونان ڈگری نے تعمیل کی بابت اعتراض کیا اور یہہ بحث کی کہ جایدادین جو ڈگری کے تحت زیر مواخذہ تہیں تعمیل میں نیلام نہ کیجا سکتی تہیں بجز اسکے کہ وہ حسب صراحت مندرجہ آرڈر ۲۱ رول ۳۰ ابتداً قرق کی گئی ہوں رول مذکور میں یہہ صراحت ہی کہ ہر ایک ڈگری واسطے ادائی زرنقد کے معاوضہ ڈگری کے جو واسطے ادائی زرنقد بطور ایکاسی اور طرح جواو رسی کے ہو اسی طرح اجراء پا سکتی ہی کہ مدیون ڈگری دیوانی جیل میں بہیجا جائے یا اسکی جایداد قرق اور نیلام کی جائے یا دونون طریقوں سے ذی علم سبارڈینیٹ جج جنہون نے اس عذر کی سماعت کی تھی اس نتیجہ پر پہونچے کہ مقدمہ موجودہ میں ڈگری کی شرائط کا لحاظ کرتے ہوئے جس میں خاص طور پر اقساط کی ادائی میں قصور ہونیکی صورت میں ان جایدادون کے نیلام کی صراحت کی گئی تھی نیلام کے قبل جایدادون کی قرقی ضروری نہ تھی لیکن یہہ کہ ڈگری جایدادون کے نیلام کے ذریعہ سے تعمیل کیجائیگی جس طرح کہ اس میں صراحت کی گئی ہی فیصلہ مذکور کی ناراضی سے مرافعہ ہذا پیش کیا گیا ہے۔

مجھے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ اس قسم کے ایک مقدمہ میں جس میں ڈگری کی روسے جایداد کی نسبت ایک مواخذہ نافذ کیا گیا ہو اور اقساط ادا نہ کئے جانیکی صورت میں جایداد کے نیلام کا حکم دیا گیا ہو تو یہہ بالکل غیر ضروری ہے کہ ضابطہ مندرجہ آرڈر ۲۱ رول ۳۰ کی تعمیل کیجائے۔ ضابطہ مذکور صرف ایسی ڈگری کی صورت میں متعلق ہو سکتا ہے جو زرنقد کی ادائی کے لئے صادر کیجائے یعنے یہہ کہ ان صورتون سے متعلق ہو سکتا ہے جن میں کوئی ایسی ڈگری موجود نہو جو کسی خاص جایداد غیر منقولہ پر موثر ہو۔ ایسی صورتون

جگناتھ بنام دیبی پرشاد وغیرہ میں قبل اسکے کہ مدیون ڈگری کی کوئی خاص جایداد غیر منقولہ ڈگری کی ادائی میں نیلام کیجا سکے یہہ ضروری ہی کہ جایداد ابتداً نیلام کیجائے لیکن مقدمہ موجودہ میں خود ڈگری میں اقساط ادا نہ کئے جانیکی صورت میں ایسی جایداد کے نیلام کی صراحت ہے اور ڈگری درحقیقت زرنقد کی ادائی کی ڈگری سے کچھہ زیادہ ہے۔ وہ محض ایک ایسی ڈگری ہے جس کی روسے زرنقد کی ادائی کا حکم دیا گیا ہے بلکہ وہ ایک ایسی ڈگری ہے جس میں یہہ ہدایت ہے کہ عدم ادائی کی صورت میں مدیون ڈگری کی کوئی خاص جایداد نیلام کیجائیگی۔ ڈگری کا نمونہ ایک ڈگری رہن کے نمونے سے بالکل مماثل ہے یہہ ظاہر ہے کہ ڈگریات رہن میں جایداد قرق کرنا ضروری نہیں ہے اور اسکی وجہ یہہ ہے کہ خود کسی نالش رہن کی ڈگری کے نمونہ میں یہہ ہدایت ہوتی ہی کہ جایداد نیلام کیجائیگی اسلئے یہان اس ڈگری کے نمونہ میں جس سے جایداد پر ایک مواخذہ عاید کیا گیا تھا۔ یہہ ہدایت کی گئی تھی کہ کسی خاص صورت میں جو واقع ہوئی ہے جایداد زیر بحث نیلام کیجانی چاہئے میری رائے میں آرڈر ۲۱ رول ۳۰ ایک ایسی نالش سے متعلق نہیں ہے جیسی کہ نالش موجودہ ہے۔ صفحہ ۶۰۰ اور ذی علم سبارڈینیٹ جج کا فیصلہ درست ہے

مرافعہ معہ خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔

جسٹس کلونت سہائے۔ مجھے اتفاق ہے

مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائی کورٹ لاہور

تنقیح مرافعہ اپیل دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۹۸ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۲ مئی سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس سکر۔

دہیو وغیرہ مدعیان مرافعان بنام نواب محمد سجاد علیخان وغیرہ مدعا علیہم مرافعہ علیہم

ربھومی بنام محمد سجاد علی خان (لاہور)

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۴۰ رول ۱ نالش استقراری میں ریسیور کا تقرر۔ اراضی زراعتی۔ ریسیور کا تقرر جو لگان وصول کرنیکے لئے کیا گیا ہو۔ عدالت دیوانی کا اختیار سماعت۔

سوال جس پر عدالت کو کسی ریسیور کے تقرر کی درخواست پر بحث کرتے وقت غور کرنا چاہئیے وہ یہہ ہے کہ آیا مقدمہ کے حالات کے لحاظ سے کسی ریسیور کا تقرر مناسب اور سہولت بخش ہے کیونکہ غرض صرف جایداد کی حفاظت کرنا ہے۔

عدالت کے لئے اس جایداد کا ریسیور مقرر کرنیکی ممانعت نہیں ہے جو کسی استقراری نالش میں زیر بحث ہو جبکہ ایسی جایداد کا قبضہ کسی ایک یا دوسرے فریق کو عطا نہ کیا جانیوالا ہو۔

دان پرشاد بنام گوپی کشن۔ انڈین کیسز جلد ۲۴ صفحہ ۵۹ امرناتھ بنام تہال کور۔ انڈین کیسز جلد ۷۶ صفحہ ۳۸۳ پر استدلال کیا گیا۔

عدالت دیوانی کو اراضی زراعتی کی رقوم لگان وصول کرنیکے لئے ریسیور کے تقرر کا اختیار ہے۔

رگھبیر سنگھ جسونت سنگھ بنام نرنجن سنگھ۔ انڈین کیسز جلد ۷۰ صفحہ ۵۶۹ میز کیا گیا۔

مرافعہ اولی متفرقہ بناراضی حکم صادرہ سب آرڈینیٹ جج درجہ اول دہلی مورخہ ۲۳ جنوری ۱۹۲۳ء جسکی رو سے کلکٹر دہلی جایداد متنازعہ کی رقوم لگان کی وصول یابی کیلئے عارضی طور پر ریسیور مقرر کئے گئے تھے۔

منجانب مرافعان بخشی ٹیک چند منجانب مرافعہ علیہم مسٹر شمیر چند

فیصلہ۔ یہہ مرافعہ ایک حکم کی ناراضی سے پیش ہوا ہے جو بحیثیت جج ... سب آرڈینیٹ جج دہلی نے ۲۳ جنوری ۱۹۲۳ء کو صادر کیا ہوا تھا جس کی رو سے یہہ قرار دیا گیا تھا کہ دہلی کے کلکٹر اس جایداد کی جو مقدمہ ہذا میں فریقین کے مابین مابہ النزاع ہے رقوم لگان کی وصول یابی کیلئے عارضی طور پر ریسیور مقرر کئے جائیں نالش جس سے یہہ مرافعہ پیدا ہوا ہے (۱۹۱۰) میں مدعیان کی جانب سے رجوع کی گئی تھی جو سب کے سب شیخ کہو ریجاب صوبہ دہلی کے باشندے تھے اور استقرار کی بابتہ تھی کہ وہ اور مدعی علیہم نمبر ۵ تا ۸ و ۱۰ اور ۱۹ موضع کی اراضی کے مالک و قابض تھے اور یہہ کہ مدعی علیہم نمبر ۱ تا ۴ کو ان میں کوئی حقوق حاصل نہ تھے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۸۵۷ء کے غدر میں یہہ کامل موضع گورنمنٹ کی جانب سے مالکان وقت کے باغیانہ طرز عمل کی وجہ سے ضبط کیا گیا تھا اور وہ بعد میں کرنال کے ایک شخص نواب احمد علی خان منڈل کے حق میں جو مدعی علیہم نمبر ۱ تا ۴ کا مورث تھا اس کے بلا شرکت غیرے مالک کی حیثیت سے واگذاشت کیا گیا تھا اس وقت سے کاغذات مال میں بحیثیت اسامیان اراضی اور مدعی علیہم نمبر ۱ تا ۴ کے پیشروان حقیت بحیثیت مالکان کے درج ہوتے رہے۔ لگان مبلغ ... سالانہ مقرر کیا گیا تھا اور یہہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ ارجاع نالش کے قبل تقریباً تین سال تک مدعیان سے باقاعدہ وصول کیا جاتا تھا مدعی علیہم نے کثیر التعداد دستاویزات پیش کی ہیں جن سے یہہ ظاہر ہوتا ہے کہ گذشتہ (۵۰) سال میں انہوں نے لگان اور بیدخلی کی کئی نالشات رجوع کی تھیں اور یہہ کہ وہ ہمیشہ ڈگری ہو گئی تھیں مدعیان کی جانب سے مدعی علیہم کے حقوق ملکیت کی نسبت کوئی اعتراض نہیں کیا گیا تھا اور ہمیشہ تسلیم کیا گیا تھا کہ وہ مدعی علیہم مالکان ہیں جن کے تحت وہ محض بطور اسامیوں کے اراضی پر قابض تھے انہوں نے ارجاع ... علیہم مالکوں نے ... تحت میں ایک درخواست کی کہ چونکہ مقدمہ طویل ہو جانیکا احتمال تھا اور نیز یہہ کہ رقوم لگان زیر باقی تھیں یہہ نہ صرف مناسب اور سہولت ہوگا بلکہ ضروری ہے کہ انکی وصول یابی کیلئے ایک ریسیور کا تقرر کیا جائے تاکہ اس صورت میں جبکہ مدعی علیہم بالآخر مقدمہ میں کامیاب ہوں ان کو مدعیان کے فعل سے کوئی غیر ضروری نقصان نہ ہو سکے۔ بتلایا گیا ہے کہ تقریباً مبلغ ... سے قبل ازیں واجب الادا ... اور یہہ کہ ... تین سال تک جاری رہی جسکا احتمال بھی ہے تو تقریباً مبلغ ... مزید رقم واجب الادا ... وصول ... کو کوئی ... جایداد و ...

دعوی بنام محمد ساجد علیخان (لاہور)

وصیعہ سیاہہ ڈسٹرکٹ جج نے یہ استدعا منظور کی اور رقوم لگان کی ادائی کے متعلق کسی عدالت مجاز کا حکم صادر ہونے تک انکو وصول کرنے اور گورنمنٹ کے خزانہ میں جمع کرنیکے لیے کلکٹر دہلی کو عارضی طور پر ریسیور مقرر کیا اس حکم کی ناراضی سے مدعیان نے بخشی ٹیک چند کے ذریعہ سے عدالت ہذا میں مرافعہ دائر کیا ہے اور میں نے مرافعہ علیہم کیجانب سے مسٹر بشیر جنید کی بحث سماعت کی ہے۔

بخشی ٹیک چند نے مرافعہ ہذا میں تین دلائل پیش کی ہیں اولاً یہ بحث کیگئی ہے کہ چونکہ نالش جو انکے موکلوں نے رجوع کی تھی محض استقرار کی بابتہ تھی عدالت کو جائداد کا ایک ریسیور مقرر نہ کرنا چاہیے تھا جسکا قبضہ اس عدالت کیجانب سے جس میں نالش رجوع ہو ایک یا دوسرے فریق کو عطا نہ کیا جاسکتا تھا۔ لیکن یہ یاد رکھنا چاہیے کہ کسی ریسیور کا تقرر کرنے سے عدالت کو جائداد کی نسبت کسی قانونی حق کا تصفیہ کرنا مقصود نہ تھا بلکہ محض یہ مقصود تھا کہ کسی ایک فریق یا دوسرے کیجانب سے جائداد کی نسبت قانونی حقیت ثابت کیے جانے تک اسکی رقوم لگان کی قانونی حفاظت کیجائے۔ اس مسئلہ کی تائید میں کہ کسی ریسیور کے تقرر کے متعلق عدالت کے اختیارات صرف ان نالشات تک جو قبضہ کے متعلق ہوں محدود کئے گئے ہیں کسی نظیر کا حوالہ نہیں دیا گیا ہے اور ملحاظ اس امر کے کہ کسی ریسیور کے تقرر کی غرض جائداد کی حفاظت کرنا اور اسکو سابقہ حالت میں قائم رکھنا ہے میں نہیں خیال کرتا کہ یہ اعتراض کوئی اہمیت رکھتا ہے کہ تقرر محض اس وجہ سے ناجائز ہے کہ وہ نالش جسمیں تقرر کیا گیا تھا محض ایک استقرار کی بابتہ تھی۔ مقدمہ دان پرشاد بنام گوپی کشن (۱) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ عدالت کو کسی ریسیور کے تقرر کا حق حاصل تھا جبکہ اسکو ایسا کرنا مناسب اور سہولت بخش معلوم ہوا اور یہ کہ عدالت ایسا حکم بطور خود صادر کرسکتی ہے۔ یہی قاعدہ ایک حال کے مقدمہ میں جسے عدالت ہذا کے ایک بنچ نے فیصل کیا تھا یعنی مقدمہ سامرناتھ بنام تہال کور (۲) میں تسلیم کیا گیا ہے جسمیں یہ قرار دیا گیا تھا کہ عدالت کیلئے اس جائداد کا ریسیور مقرر کرنیکی ممانعت نہیں ہے جو کسی نالش استقراریہ میں مابہ البحث ہو جسمیں جائداد کا قبضہ ایک یا دوسرے فریق کو عطا کیا جانیوالا نہ ہو اور یہ کہ ریسیور کے تقرر کی غرض یہ ہے کہ فریقین کے مابین نالش کے تصفیہ تک جائداد اس کی اصلی حالت میں قائم رکھی جائے۔ مجھے یہ بحث اہم نہیں معلوم ہوئی اور اسلئے میں اسے نامنظور کرتا ہوں۔

اسکے بعد یہ بحث کیگئی ہے کہ ارجاع نالش کا یہ نتیجہ نہ ہونا چاہیے کہ مدعا علیہم کی حیثیت میں اضافہ کیا جائے۔ یہ بتلایا گیا ہے کہ اگر نالش رجوع نہ کیجاتی تو مدعا علیہم کو لگان کی رقوم واجب الادا کی بازیافت کیلئے مدعیان کے خلاف نالشات رجوع کرنی اور اپنے زر ڈگری کی وصولیابی کیلئے ڈگریات تعمیل کرانی پڑتیں اور بظاہر کسیقدر معقولیت کیساتھ یہ کہا گیا ہے کہ وہ محض اس وجہ سے کہ مدعیان نے جائداد کی نسبت ان کے قانونی حقوق کے تصفیہ کیلئے انکے خلاف نالش رجوع کی ہے نالشات رجوع کرنے اور اپنے حقوق ثابت کرنیکی ضرورت سے سبکدوش نہ کئے جانے چاہئیں یہ دلیل کافی طور پر درست ہے لیکن اسمیں یہ امر نظرانداز کیا گیا ہے کہ اس نالش کو رجوع کرنے سے مدعا علیہم کی حیثیت کسیطرح بہتر ہو گئی بجائے جیسا کہ مدعیان کیجانب سے بحث کیگئی ہے بدتر کیگئی ہے۔ اگر وہ اب لگان کی رقوم واجب الادا کی بازیافت کیلئے نالشات رجوع کریں تو ان پر یہ اعتراض کیا جائیگا کہ اس جائداد کی نسبت جسکے لگان کا مطالبہ کیا جارہا تھا ان کے حقوق کا ہنوز تصفیہ نہیں ہوا تھا اور یہ کہ اسلئے وہ اپنے دعاوی ڈگری کرانے کے مستحق نہ تھے۔ نالشات غالباً ملتوی کیجاتیں اور اسوقت تک جبکہ اس نالش کا جو مدعیان نے مدعا علیہم کے خلاف رجوع کی تھی فیصلہ کیا جاتا لگان کی کثیر المقدار رقم واجب الادا ہو جاتی جسکی بازیافت نہایت مشکل ہوتی۔ ریسیور کو مقرر کرکے عدالت نے ان تمام مشکلات کو رفع کرنیکی کوشش کی ہے اور میری

(۱) انڈین کیسز جلد ۲۲ صفحہ ۹۵

(۲) انڈین کیسز جلد ۶۷ صفحہ ۳۴۴ (نظائر ہند صفحہ ۵۱۰)

مالکو بتک نہایت معقول اور منصفانہ طریقہ سے اپنا اختیار تمیزی استعمال کیا ہے۔

بالآخر یہ بحث کیگئی ہے کہ عدالت دیوانی کو اراضیات زراعتی کی نسبت رسیور کے تقرر کا اختیار نہیں ہے جنکی نگرانی کلیتاً عدالت مال سے متعلق ہے لیکن یہ عذر اگر صحیح ... تسلیم کیا جائے تو نتیجہ یہ ہوگا کہ عدالت دیوانی ان صورتوں میں بھی جنمیں اصل جائداد متنازعہ ... اور اراضیات زراعتی پر مشتمل ہو کسی رسیور کے تقرر کی ... اختیار ... جس پر ... تحت ... پر بحث کرتے وقت غور کرنا ہے وہ یہ ہے کہ آیا مقدمہ کے واقعات کے لحاظ سے کسی رسیور کا تقرر مناسب اور سہولت بخش ہے کیونکہ غرض صرف جائداد کی حفاظت کرنا ہے اور کسی مقام پر یہ صراحت نہیں کیگئی ہے کہ جب جائداد ہائے سکونتی و زراعتی ہر دو مایہ النزاع
صفحہ ۶۰۲ ہوں تو سکونتی جائداد کے متعلق عدالت دیوانی کیجانب سے اور زراعتی جائداد کے متعلق عدالت مال کیجانب سے رسیور مقرر ہونا چاہیئے علاوہ بریں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ مقدمہ موجودہ میں اراضیات زراعتی کا منافع حاصل کرنے یا ان کا انتظام کرنے کیلئے کوئی رسیور مقرر نہیں کیا گیا ہے بلکہ محض جائداد مذکور کی رقوم لگان کی وصولیابی کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔ مقدمہ ہیر سنگھ جسونت سنگھ بنام نرنجن سنگھ (۴) جس کا بحثی ٹیک چند نے اپنی بحث کی تائید میں حوالہ دیا ہے بالکل متعلق نہیں ہے مقدمہ مذکور میں عدالت تحت نے رسیور کے تقرر کے متعلق کافی وجوہ ظاہر کئے بغیر کل جائداد متنازعہ کی بابت ایک رسیور مقرر کیا تھا۔ ہائیکورٹ نے یہ قرار دیا تھا کہ عدالت کو رسیور کا تقرر نہ کرنا چاہیئے بجز اس کے کہ مدعی کیجانب سے یہ ثابت کیا جائے کہ بادی النظر میں وہ کامیابی کا اچھا موقع رکھتا تھا اور یہ کہ اس جائداد کے تلف

(۴) انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۱۶۵ (نظائر ہند صفحہ ۵۰۴)

اور منہدم ہونیکا اندیشہ تھا جو مدعی علیہ کے قبضہ میں تھی۔ مقدمہ مذکور میں مدعی علیہا ایک مشترکہ ہندو خاندان کے منتظم کی حیثیت سے قابض تھا اور عدالت نے نہایت صحیح طور پر یہ قرار دیا کہ کوئی منتظم بیدخل نہ کیا جانا چاہیئے بجز اس کے کہ اس کی بیدخلی کیلئے قوی ثبوت موجود ہو۔ تمنا اراضیات زراعتی کی پیداوار کی تقسیم کی نسبت عدالت کے اختیار کا سوال بھی پیدا ہوا تھا اور فاضل جج نے اپنے فیصلہ کے دوران میں یہ ظاہر کیا تھا کہ ایسی صورتوں میں جن میں عدالت کو پیداوار کی تقسیم کا اختیار نہ ہو اراضیات زراعتی کیلئے کسی رسیور کا تقرر دیگر جائداد کے مقابلہ میں بہت کم جائز ہو سکتا تھا۔ میں نہیں خیال کرتا کہ ان دو مقدمات کے واقعات کیطرح مماثل ہیں اور میرا عذر اضی نامنظور کرتا ہوں۔

علاوہ بریں یہ بیان کیا جاتا ہے کہ عدالت تحت اپنے اختیار تمیزی کے استعمال میں کل واقعات اور شہادت پر غور کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہونچی ہے کہ مقدمہ ہذا میں رقوم لگان کی وصولیابی کے متعلق کسی رسیور کا تقرر ضروری تھا۔ اب مرافعہ کو یہ ظاہر کرنا چاہیئے کہ عدالت نے اپنا اختیار تمیزی نامناسب طور پر استعمال کیا تھا یہ متعدد مرتبہ قرار دیا گیا ہے کہ کوئی عدالت مرافعہ بجز انتہائی صورت کے کسی ایسے حکم میں دست اندازی نہ کریگی جو کسی عدالت تحت کیجانب سے ایک رسیور کے تقرر کی نسبت صادر کیا گیا ہو۔ ملاحظہ ہوں حبیب النسا خاتون بنام مجیب النسا خاتون (۴) راجیم بنام شیورانی کوبر (۵) سنت رام بنام رام چند (۶) قادر بخش بنام غلام محمد (۷) مائی پاروتی بنام منگھیہ چیتا (۸) و امرناتھ بنام نہال کور (۹) سری

(۴) انڈین کیسز جلد ۱۰ صفحہ ۳۹ (۵) انڈین کیسز جلد ۷ صفحہ ۴۴۳
(۶) انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۶۵۹ (۷) انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۵۰
(۸) انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۱۶۱ (نظائر ہند صفحہ ۴۹)

رائے میں بدرجہ اولی ایک مناسب مقدمہ تھا جسمیں ایک سیور مقرر ہونا چاہیئے تھا اور اس اختیار تمیزی میں جو عدالت تحت نے استعمال کیا ہے دست اندازی کرنے کیلئے کافی وجہ نہیں بتلائی گئی ہے میں اپیل مع خرچہ خارج کرتا ہوں۔ مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائی کورٹ الہ آباد

### تعمیل فوجداری دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۵۰۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۴ء

باجلاس مسٹر جسٹس ڈینلز

شیخ چھوٹن و یکس دیگر بنام جوالا پرشاد

عذرداران مرافعان بنام ڈگریدار مرافعہ علیہ

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۴۴۔ جائداد جو تعمیل میں قرق کی گئی ہو نالش جو فریق ثالث کیجانب سے جائداد کی حقیت متعلق رجوع کی گئی ہو ۔ جائداد جو نالش ثانی میں سیور کے حوالہ کیگئی ہو۔ نالش ثانی کا اخراج نالش اول کے ڈگریدار کیجانب سے درخواست تحت دفعہ ۱۴۴ آیا قابل پذیرائی ہے۔

اگر کوئی ڈگریدار اپنی ڈگری کی تعمیل میں کوئی جائداد قرق کرائے لیکن فریق ثالث کیجانب سے جائداد مذکور کی نسبت اسکی حقیت ثابت کرنے کیلئے نالش رجوع کئے جانے پر جائداد نالش ثانی کی کارروائی میں کسی سیور کی نگرانی میں لگی ہو تو نالش ثانی کے اخراج کی صورت میں نالش اول کے ڈگریدار کیلئے نالش اول کی تعمیلی کارروائیات میں ایک درخواست تحت دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے ذریعہ سے ریسور سے جائداد کی بازیافت کا مطالبہ کرنا جائز نہیں ہے۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج بریلی مورخہ ۱۳ مئی سنہ ۱۹۲۲ء۔

منجانب مرافعان مسٹر لوالیس۔ باجپائی۔

منجانب مرافعہ علیہ مسٹر این۔ پی۔ استھانا۔

**فیصلہ** یہ مرافعہ ایک حکم کی نسبت پیش ہوا ہے جو حسب دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی نالش نمبر ۸۰ بابتہ سنہ ۱۹۱۵ء میں صادر کیا جانا ظاہر ہے جو مرافعہ علیہ جوالا پرشاد نے سیوا سنگھ اور چند دیگر مدعا علیہم کے خلاف رجوع کی تھی۔

نالش مذکور میں جوالا پرشاد نے (۳۷) قطعات کی پیداوار قرق کرائی تھی موجودہ مرافع شیخ چھوٹن کا یہ استدعا کی تھی کہ کسی استقرار کی نالش کیوجہ سے جو وہ رجوع کر رہا تھا فصل کا نیلام ملتوی کیا جائے اس نے ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۱۵ء کو جوالا پرشاد اور چند فریقین ثالث کے خلاف ایک نالش اس استقرار کیلئے و بحیثیت رجوع کی تھی کہ فصل متنازعہ جوالا پرشاد کی ڈگری کے تحت نیلام نہ کیجا سکتی تھی بلکہ ۵۰ ان آسامیوں کی ملک تھی جو اس کے بٹائی داران کی بنا پر کاشت کرتے تھے۔ پس شیخ چھوٹن نصف فصل کا مستحق تھا۔ عدالت ابتدائی نے شیخ چھوٹن کا دعوی ڈگری کیا جب یہ نالش رجوع ہی تھی اس نے ایک سیوردار کو فصل حوالہ کئے جانیکی درخواست کی اور وہ دو اشخاص کمسوانی جو شیخ چھوٹن کا ملازم تھا اور ایک شخص سیوا سنگھ کو حوالہ کیگئی تھیں کسی طریقہ سے جسکی صراحت نہیں کی گئی ہے فصل بعد میں شیخ چھوٹن کے بیٹے مرافع نمبر ۲ کلیم الدین کے سپرد کیگئی۔ شیخ چھوٹن کا دعوی ڈگری کئے جانے کے بعد کلیم الدین نے نصف فصل اپنے باپ کے حوالہ اور دوسری نصف آسامیوں کے حوالہ کی یہ اکتوبر سنہ ۱۹۱۲ء کا واقعہ تھا۔ ۲۰ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء کو شیخ چھوٹن کا دعوی مرافعہ میں خارج کیا گیا تھا۔

جوالا پرشاد کی درخواست اس کی ڈگری کی تعمیل کے متعلق ۲۴ فروری سنہ ۱۹۲۰ء سے زیر کارروائی رہی۔ اسکے بعد ۴ مئی سنہ ۱۹۲۱ء کو ڈگریدار جوالا پرشاد نے ایک درخواست پیش کی جو مثل میں موجود ہے

شیخ چھوٹن بنام جوالا پرشاد (الہ آباد)

صفحہ ۱۰۲

شیخ چھوٹن
بنام
جوالا پرشاد
(الہ آباد)

یہ استدعا کی گئی تھی کہ امانت نیلام کرایا جائے اور یہ بیان کیا گیا تھا کہ
وہ اس نقصان کی بابت جو اسے شیخ چھوٹن کی بیجا نالش سے ہوا [illegible]
تعمیلی کارروائیات کرنے [illegible] بعد [illegible] کیلئے پیش کرتی
ہیں مثلاً سپردار کے نام نوٹس جاری کیا معلوم ہوتا ہے کہ کلیم الدین پر نوٹس
تعمیل کیا گیا تھا کیونکہ ثبوت کارروائی عدالت کا ایک حکم مورخہ [illegible]
۱۹۲۲ء موجود ہے جسمیں یہ بیان کیا گیا ہے کہ اس نے یہ اعتراض کیا ہے
وہ مقدمہ ہذا کا سپردار نہ تھا بلکہ اس مقدمہ کا "سپردار" تھا جو اس کے
باپ نے رجوع کیا تھا۔ عدالت نے یہ اعتراض اس بنا پر نامنظور
کیا تھا کہ چونکہ جوالا پرشاد کی نالش میں قرق کیگئی تھی اور یہ کہ
قرقی اس نالش کے نتیجہ کے تابع تھی جو شیخ چھوٹن نے بعد میں رجوع
کی تھی۔ عدالت نے یہ قرار دیا کہ کلیم الدین پر جائداد پیش کرنا لازم تھا
چونکہ وہ عدالت کی جانب سے اسے دوسرے اشخاص کو دینے کی وجہ سے
پیش نہ کر سکتا تھا۔ اس پر قیمت داخل کرنا لازم تھا۔ بالآخر بحکم [illegible] ستمبر
۱۹۲۲ء کو وہ حکم جس سے موجودہ مرافعہ پیدا ہوتا ہے شیخ چھوٹن اور کلیم
الدین کے خلاف صادر کیا گیا جس کی رو سے ان کو مقروقہ فصل کی بابت
جو انہوں نے بیجا طور پر تصرف کی تھی مبلغ ایک ہزار روپیہ ادا کرنے کا حکم دیا گیا
تھا۔ ڈسٹرکٹ جج کے روبرو مرافعہ پیش کیا گیا تھا اس مرافعہ کے متعلق
ایک ابتدائی اعتراض یہ کیا گیا تھا کہ مرافعہ پیش نہیں ہو سکتا۔ فاضل
جج نے یہ قرار دیا کہ دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی متعلق تھی لیکن روداد
پر یہ خیال کیا تھا کہ منصف کا حکم درست تھا اور دست اندازی کرنے
سے انکار کیا تھا۔

عدالت ہذا میں مرافع کا بیان یہ ہے کہ عدالت ہائے ماتحت کو جوالا پرشاد
کی نالش میں تعمیلی کارروائیات میں مرافع کے خلاف ایک حکم صادر
کرنے کا اختیار نہ تھا۔ یہ کہا گیا ہے کہ کلیم الدین یا شیخ چھوٹن نالش مذکور
کا فریق نہ تھا اور نیز یہ کہ وہ کارروائیات جن کی بنا پر ایک سپردار
کا تقرر کیا گیا تھا اور جن میں تصرف بیجا کے بینہ فعل کا ارتکاب
کیا گیا تھا شیخ چھوٹن کی نالش نمبر ۲۲۱ بابتہ ۱۹۲۱ء میں نہ کہ جوالا پرشاد
کی نالش میں کیگئی تھیں اسلئے یہ بحث کیگئی ہے کہ مرافعان کے خلاف
جوالا پرشاد کو صرف یہ چارہ کار حاصل ہے کہ وہ ان کے خلاف باضابطہ
نالش رجوع کرے جیسا کہ شیخ چھوٹن کی صورت میں اس نے ابتداً
کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تھا۔

مرافع علیہ ڈگریدار کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ جوالا پرشاد
کے مقدمہ میں کلیم الدین "سپردار" تھا اور اس حیثیت سے ذمہ دار تھا
اور نیز یہ کہا گیا ہے چونکہ خود مرافع کی بحث کے لحاظ سے مقدمہ
دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تابع نہیں ہے عدالت ہذا میں مرافعہ
پیش نہیں ہو سکتا۔

مجھے ابتدائی اعتراض نامنظور کرنے میں کوئی تامل نہیں ہے
ایک تنقیح جس کا عدالت ماتحت کے جج کو فیصلہ کرنا پڑا تھا یہ تھی کہ
آیا مقدمہ دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تابع تھا انہوں نے اس
سوال پر غور کیا تھا اور اسکا فیصلہ کیا تھا اور مرافع اپنے حق مرافعہ
سے محروم نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ڈگری اعتراض کردہ کی نسبت اسکی
وجوہ میں سے ایک وجہ یہ ہے کہ اس تنقیح کی نسبت فیصلہ غلط تھا
روداد پر یہ سمجھنا مشکل ہے کہ جوالا پرشاد کے مقدمہ میں
مرافعان کے خلاف کوئی کارروائیات تحت دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ
دیوانی کسطرح کیجا سکتی تھیں۔ بہر صورت کلیم الدین عدالت
ابتدائی میں یا تعمیلی کارروائیات میں مقدمہ مذکور کا فریق
نہ تھا وہ حکم جس کی رو سے وہ "سپردار" مقرر کیا گیا تھا اس نالش
میں صادر کیا گیا تھا جو شیخ چھوٹن نے رجوع کی تھی۔ چونکہ
اس کی حیثیت [illegible] دفعہ ۱۴۴ مجموعہ مذکور ایک ریسیور کی تھی عدالت
نالش مذکور میں اس کو نقص یا اس کی مالیت پیش کرنے کا حکم

دیسکتی تھی۔ وہ کسی ایسی نالش میں جسمیں وہ ایک بالکل اجنبی شخص کی حیثیت رکھتا تھا ایسا نہ کرسکتا تھا۔ جوالا پرشاد کی نالش سے شیخ چھوٹن کا تعلق صرف اسوجہ سے تھا کہ اس نے فضل کا نیلام اس بنا پر ملتوی کرنے کی درخواست کی تھی کہ وہ ان کی بابتہ ایک علیحدہ نالش رجوع کرنے والا تھا اس کیجانب سے جو کچھ مزید کارروائیات کیگئی تھیں وہ خود اس کی نالش میں کیگئی تھیں علاوہ بریں دفعہ ۱۴۴ صرف اس صورت میں متعلق ہوتی ہے جبکہ کوئی ڈگری مرافعہ میں یا اور طور پر منسوخ کیگئی ہو ڈگری جو منسوخ کیگئی ہے شیخ چھوٹن کی نالش کی ڈگری ہے مرافعہ علیہم کو مرافعان کے خلاف جو کچھ چارہ کار حاصل تھا وہ یا تو شیخ چھوٹن کی نالش میں جسکا مرافعہ علیہ ایک فریق تھا درخواست کے ذریعہ سے یا کسی علیحدہ نالش کے ذریعہ سے حاصل تھا اس کیجانب سے موجودہ کارروائیات بالکل غلط تھیں اسلئے میں مرافعہ منظور اور وہ ڈگری منسوخ کرتا ہوں جو مرافعان کے خلاف صادر کیگئی ہے۔ چونکہ مرافعہ ایک اصطلاحی امر کی نسبت منظور کیا گیا ہے میں کوئی خرچہ عطا نہیں کرتا فریقین جملہ عدالتوں کا اپنا اپنا خرچہ برداشت کرینگے۔

مرافعہ منظور کیا گیا

# ہائیکورٹ لاہور

## مرافعہ اولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۰۷۶ بابتہ ۱۹۱۶ء منفصلہ ۶ مئی ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس براڈوے و مسٹر جسٹس ہیرلیٹن

مسمی دادا وغیرہ بنام اللہ یار وغیرہ

معیان مرافعان مدعی علیہم مرافعہ علیہم

مسمی دادا بنام اللہ یار (لاہور)

فریقین۔ مشترکہ قابضان کے خلاف قبضہ کی نالش اور اسکا اخراج صرف چند مرافعہ علیہم کے مقابلہ میں آیا جائز ہے مجموعہ ضابطہ دیوانی آرڈر ۲۲ رول ۴۔ قبضہ کی نالش جو مشترکہ قابضین کے خلاف رجوع کی گئی ہو اور اسکا اخراج۔ آیا مرافعہ کلیتًا ساقط ہوگا

کوئی مرافعہ جو چند اشخاص کے خلاف جو جائداد پر مشترکًا قابض ہوں قبضہ کی نالش کے اخراج کی ناراضی سے پیش کیا گیا ہو صرف چند مرافعہ علیہم کے مقابلہ میں جاری نہیں رہ سکتا۔

نتیجے گوپال بوس بنام اومیش چندر ابوس۔ کلکتہ ویکلی نوٹس جلد ۶ صفحہ ۱۹۶۔ بشیر شیخ بنام فضل کریم بسواس۔ انڈین کیسز جلد ۲۰ صفحہ ۷۰۳۔ و عظیم الدین منڈل بنام تارا شنکر گھوش انڈین کیسز جلد ۲۷ صفحہ ۱۳۰ پر استدلال کیا گیا۔

کوئی مرافعہ جو کسی ایسی نالش کے اخراج کی ناراضی سے پیش کیا گیا ہو جو چند اشخاص کے خلاف جو جائداد پر مشترکًا قابض ہوں قبضہ لینے رجوع کی گئی ہو کلیتًا ساقط ہوتا ہے جبکہ ایک مرافعہ علیہ فوت ہوجائے اور اسکے قائم مقامان قانونی اندر مدت فریق نہ بنائے گئے ہوں۔

خدا بخش بنام متھرا داس۔ انڈین کیسز جلد ۱۸ صفحہ ۱۸۲۔ یادو بنام لالہ۔ انڈین کیسز جلد ۱۲ صفحہ ۱۵۹۔ عنایت بنام گنگا انڈین کیسز جلد ۳۲ صفحہ ۸۲۹۔ دیا سنگھ بنام بوٹا سنگھ۔ انڈین کیسز جلد ۲۰ صفحہ ۷۔ فاتح بنام ہنجو رام۔ انڈین کیسز جلد ۱۲ صفحہ ۲۰۴۔ جیا بنام سرجیت۔ انڈین کیسز جلد ۲۵ صفحہ ۹۱۔ سرداری لال بنام بالم لال۔ انڈین کیسز جلد ۵۸ صفحہ ۱۹۹۔ و فتح بنام سکندر۔ انڈین کیسز جلد ۵۰ صفحہ ۹۲ پر استدلال کیا گیا۔ گاجو سنگھ بنام امرت نرائن سنگھ۔ انڈین کیسز جلد ۶۲ صفحہ ... میز کیا گیا۔

مرافعہ بنام احمی ڈگری منجانب ... جج جھنگ مورخہ ۴ مارچ ۱۹۱۶ء

مہر دادا بنام ... (...)

منجانب اپیلان۔ لالہ ... چند۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ منشی ... چند۔

**فیصلہ۔** مقدمہ ہذا میں مدعیان نے (۱۸) مدعی علیہم کے خلاف ایک رقبہ اراضی کے قبضہ کیلئے نالش رجوع کی تھی جسکے متعلق انھوں نے یہ بیان کیا تھا کہ انکی ملک تھا اور جسپر کل مدعی علیہم نے مداخلت بیجا کی تھی عدالت ابتدائی نے ۹ مارچ ۱۹۱۹ء کو دعوی خارج کیا۔ ۱۶ فروری ۱۹۲۱ء کو بحث ختم ہونیکے بعد ایک ... امیر مدعی علیہ فوت ہوا ... واقعہ کے ... میں اسکا نام بطور ایک مرافعہ علیہ کے ظاہر کیا گیا تھا اور ۱۲ مئی ۱۹۲۱ء تک مرافعہ علیہ کے کونسل نے عدالت ہذا کی توجہ اس امر کیجانب مبذول نہیں کرائی تھی دوسرے روز مرافعان کیطرف سے ایک درخواست پیش کیا گیا تھا اور ایک ماہ بعد ۱۵ جون ۱۹۲۱ء کو کونسل نے امیر کے بیٹے کو فریق بنانے کی اجازت کیلئے انکیجانب سے درخواست پیش کی۔ شہادت ۱۰۵ تسلیم کیا گیا ہے کہ مرافعان مرافعہ علیہم سے (۱) ... پر ... رہیں اور یہ قرار دینے کے لئے کوئی وجہ ظاہر نہیں کیگئی ہے کہ وہ کسی ... وجہ سے امیر کی وفات کے متعلق دریافت کرنیسے باز رہے تھے مرافعہ چھ مہینے کے اختتام پر اسکے اور اسکے قائم مقام کے خلاف ازخود ساقط ہوگیا اور بجز اسکے کہ کوئی کافی وجہ ظاہر کیجائے ہم سقوط کی تنسیخ کے متعلق مرافعہ علیہم کی استدعا قبول نہیں کرتے۔

ایسی حالت میں کونسل نے دو اقسام کی بحث علی سبیل البدل پیش کی ہے اولاً انکی بحث یہ ہے کہ باوجود اس درخواست کے جو خود انکیجانب سے پیش کیگئی تھی امیر کے خلاف کوئی سقوط نہ ہوا تھا کیونکہ وہ عدالت ابتدائی کیجانب سے فیصلہ صادر کئے جانے کے قبل فوت ہوا تھا جسپر آرڈر ۲۲ رول ۶ ... سماعت کے اختتام اور فیصلہ کے صدور کے درمیان امیر کی وفات غیر اہم ہے اور اگر سقوط نہ ہوا تھا تو کل فریقین عدالت کے روبرو حاضر نہیں ہیں اور جیسا کہ مقدمات بعنوان گوپال بوس بنام اوپیش چندر بوس (۱) بشیر شیخ بنام فضل کریم لبو اس (۲) و عظیم الدین منڈل بنام ... اشنکر گھوش (۳) میں وضاحت کیگئی ہے مرافعہ ناکام رہنا چاہیئے۔

لیکن یہ ظاہر ہے کہ مرافعہ امیر کے خلاف ساقط ہوا ہے اور ہمیں جس امر سے تعلق ہے وہ صرف بقیہ مرافعہ علیہم کے متعلق ایسے سقوط کے نتیجہ کے متعلق ہے۔ مدعیان مرافعان نے جو بحث پیش کی ہے وہ یہ ہے کہ مدعی علیہم سب کے سب مداخلت بیجا کنندگان ہیں اور کل اراضی متنازعہ پر قابض ہیں۔ یہ بحث کیگئی ہے کہ چونکہ وہ بخوبی معینہ حصوں میں دیگر اراضی کے مالک ہیں یہ فرض کرنا چاہیئے کہ وہ ان ہی موروثی حصوں کے مطابق اس اراضی پر بھی قابض ہیں۔ یہ بحث نالش کے ... ناقص ہے جسطرح کہ وہ ترتیب دی گئی ہے۔ مدعی علیہم اراضی زیر تنازعہ کا قابض ہیں اور حصص کی تشخیص یا حقوق کی علیحدگی نہیں کیگئی تھی اور اس امر کے متعلق کثیر التعداد نظائر موجود ہیں کہ ان حالات میں ایک مرافعہ علیہ کے خلاف سقوط ان سب کے خلاف سقوط کا باعث ہوتا ہے اور اسکو لازمی قرار دیتا ہے اس سلسلہ میں ہم حسب ذیل نظائر کا حوالہ دیسکتے ہیں جو مسٹر ٹیک چند نے پیش کی تھیں۔

خدا بخش بنام تہرا داس (۴) ہادو بنام لالہ (۵) عنایت بنام گنگا (۶) دیا سنگھ بنام بوٹا سنگھ (۷) فاتح بنام سنجوگ رام (۸) بھنا بنام سر جیت (۹) سرداری لال بنام رام لال (۱۰) و فتح بنام سکندر (۱۱) جن سے ہمیں اتفاق ہے۔

(۱) کلکتہ ویکلی نوٹس جلد ۹ صفحہ ۱۹ (۲) انڈین کیسز جلد ۸ صفحہ ۷۰۳۔
(۳) انڈین کیسز جلد ۴۶ صفحہ ۹۳۰ (۴) انڈین کیسز جلد ۱۰ صفحہ ۱۸۲۔
(۵) انڈین کیسز جلد ۱۱ صفحہ ۱۵ (۶) انڈین کیسز جلد ۲۴ صفحہ ۸۲۹۔
(۷) انڈین کیسز جلد ۳۴ صفحہ ۶ (۸) انڈین کیسز جلد ۴۱ صفحہ ۶۳۔
(۹) انڈین کیسز جلد ۲۵ صفحہ ۱۸ (۱۰) انڈین کیسز جلد ۵۶ صفحہ ۹۹۱۔
(۱۱) انڈین کیسز جلد ۵۶ صفحہ ۹۴۶۔

ان دیگر نظائر کے خلاف مرافعات نے کونسل نے ہمارے روبرو مقدمہ گاہونگا بنام اوجت نارائن سنگھ (۱) کا حوالہ دیا ہے جو ایک ایسا مقدمہ ہے جو مقدمہ موجودہ سے بہ آسانی تمیز کیا جا سکتا ہے کیونکہ عدالت کے روبرو صرف سوال ان تفصیلی کارروائیات کی نسبت تھا جو پریوی کونسل کے قطعی فیصلہ سے پیدا ہوئی تھیں چند مرافعہ علیہم کی وفات کے اثر سے متعلق تھا خواہ کوئی معیار متعلق کیا جاوے اور زیادہ تر بالخصوص اس معیار کی بنا پر جسکا ذکر مقدمہ یادونبام لالہ دہ میں کیا گیا ہے یعنے جبکہ خاص مدعی علیہ کی عدم موجودگی میں نالش جاری رہنے کے امکان سے تعلق ہے ہم یہ تجویز کرتے ہیں کہ دادرسی مستدعیہ کل مدعی علیہم و اولیا کے خلاف مشترکہ اور ناقابل تقسیم تھی اور اسلئے مرافعہ علیہم متوفیان کیخلاف مرافعہ کے سقوط کا ناگزیر نتیجہ ان سب کے خلاف کامل سقوط ہے۔

اس لئے ہم مرافعہ معہ خرچہ خارج کرتے ہیں۔ مرافعہ خارج کیا گیا

# ہائی کورٹ بمبئی

## درخواست دیوانی غیر معمولی

نمبر مقدمہ ۲۳۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس جسٹس سر نارمن میکلیوڈ نائٹ چیف جسٹس و مسٹر جسٹس کرمپ

جی۔آئی۔پی۔ ریلوے **بنام** ہمت لال جگجیونداس وغیرہ

مدعی علیہ سائل مدعیان مسئول علیہم

ریلوے کمپنی۔ مال جو دستاویز برا خطرہ سفر نمونہ ب کے تحت روانہ کیا گیا ہو۔ مال کا گم ہو جانا۔ بالارادہ غفلت یا سرقہ۔ بار ثبوت۔

کسی نالش میں جو اس مال کی قیمت کیلئے رجوع کیجائے جو کسی ریلوے کمپنی کیجانب سے گم حوالہ کیا گیا ہو جس کو ریلوے کی دستاویز برا خطرہ سفر نمونہ ب کے تحت لے جانے کیلئے دیا گیا ہو مدعی پر اس امر کا بار ثبوت عائد ہوتا ہے کہ نقصان ریلوے کمپنی کے ملازمین کے سرقہ یا بالارادہ غفلت کیوجہ سے ہوا تھا۔

اگرچہ بر بنائے کوتاہی کمپنی کو اس مال کی جو انکو حوالہ کیا گیا ہو گمشدگی کے متعلق اپنے گاہکوں کو ایسی اطلاع دینی چاہئے جو انکو حاصل ہو تاہم قانوناً ان پر ایسا کرنا لازم نہیں ہے تاہم کمپنی کو عدالت کے روبرو اظہار کیغرض سے اپنے ان ملازمین کو پیش کرنا چاہئے جو ان حالات سے واقف ہوں جو مال کی گمشدگی سے متعلق ہوں جب ایسا کیا جائے تو اس امر کے متعلق کہ مال کی نسبت کیا واقعہ پیش آیا تھا کمپنی کیجانب سے کسی جواب کا نہ دیا جانا اس امر کی شہادت نہیں ہے کہ گم ہوانگی کمپنی کے ملازمین کی بالارادہ بداعمالی کی وجہ سے ہوئی تھی۔

اسمتھ لمیٹیڈ بنام گریٹ ویسٹرن ریلوے کو۔ ٹائمز لاء رپورٹ جلد ۳۸ صفحہ ۳۵۹ کی تقلید کی گئی۔

صفحہ ۶۰۶ درخواست غیر معمولی دیوانی بنا ضمنی ڈگری مصدرہ سیار ڈینیٹ جج درجہ اول بھروچ بہ مقدمہ مطالبات خفیفہ نمبر ۱۸ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب سائل مسٹر اوگوربن زیر ہدایت مسرز لیٹل اینڈ کو۔

منجانب مسئول علیہم مسٹر این کے مہتا۔

**فیصلہ**۔ مدعیوں نے بمبئی بڑودہ انڈین ریلوے کمپنی و جی آئی پی ریلوے کمپنی پر تیل کے چند ڈبوں کی گم ہوانگی کی بابتہ ہرجہ کی نالش کی جو بمبئی بڑودہ انڈین ریلوے کمپنی کو بڑودہ ریلوے اسٹیشن پر بڑودہ ڈپو کو لیجانیکی غرض سے حوالہ کئے گئے تھے۔ جب ٹرین کلیان پر پہونچی تو یہ معلوم ہوا وہ ویگن جس میں مدعیوں کا مال تھا کھلا ہوا تھا اور (۱۷) ڈبے گم تھے۔ مدعیوں نے دستاویز برا خطرہ سفر نمونہ (ب) پر دستخط کئے تھے اور اس کی بازیافت کے لئے مدعیوں کو یہ ثابت کرنا تھا کہ نقصان کمپنی کے ملازم بار برداری کے کارندوں یا حمالوں کے سرقہ یا انکی بالارادہ غفلت کیوجہ سے ہوا تھا جنکو انھوں نے ریلوے مذکور یا دیگر ریلوے

(۱) ۱۲ انڈین کیسز جلد ۶۰ صفحہ ۲۲، (نظائر ہند صفحہ ۹۶۱)

جی۔آئی۔پی ریلوے بنام ہمت لال (بمبئی)

جی۔آئی۔پی۔ریلوے بنام منت لال (بمبئی)

پہونچا ان کے ساتھ زیر استعمال ہوں روانگی کے قبل دوران میں اور بعد مقرر کیا ہو یا کسی اور کارندگی برندگان مال یا ذرائع کے سرقہ یا بالارادہ غفلت سے ہوا تھا جو ان کیجانب سے با اصل مذکور کو عمل آخر کلاً یا جزوًا لیجانے کیلئے استعمال کیا گیا ہو۔ مگر شرط یہ ہے کہ الفاظ "بالارادہ غفلت" کی نسبت یہ قرار دیا جاسکتا تھا کہ ان میں آتش زدگی چلتی گاڑی سے سرقہ یا بجر یا کوئی اور غیر متوقع واقعہ یا حادثہ شامل ہے ۔

ذیلی جج اس نتیجہ پر پہونچے کہ ایک چلتی گاڑی میں سرقہ ہوا تھا اگرچہ انہوں نے اس شہادت پر مفصل طور پر بحث نہیں کی ہے جو گواہوں نے کلیان پر ریل گاڑی کی آمد کے متعلق دی تھی سرقہ کا علم اس وقت ہوا تھا جبکہ کلیان پر پہونچنے کے چند منٹ بعد ویگنوں کا معائنہ کیا گیا تھا اور اگر چلتی گاڑی میں سرقہ کا ارتکاب نہیں کیا گیا تھا تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ ریل گاڑی کلیان پر پہونچنے کے چند منٹ قبل سرقہ کا ارتکاب کیا گیا تھا۔ وہ ایک ایسا نتیجہ ہوگا جس پر پہونچنا کسی قدر مشکل ہوگا۔ خواہ کچھ ہی ہو مدعیان پر اس امر کا بار ثبوت عائد ہے کہ نقصان کمپنی کے ملازمین کے سرقہ یا انکی بالارادہ غفلت کیوجہ سے ہوا تھا اور انہوں نے اسے ثابت کرنے کیلئے کوئی شہادت طلب نہیں کی تھی۔ یہ صحیح ہے کہ کمپنی کے ملازمین کی شہادت موجود ہے لیکن ہماری رائے میں کمپنی کے ملازمین کی شہادت میں کوئی امر موجود نہیں ہے جسکی بنا پر ہمارے لئے اس نتیجہ پر پہونچنا جائز ہوسکے کہ نقصان اس سرقہ کیوجہ سے پہونچا تھا جو ان میں سے کسی ایک کیجانب سے کیا گیا تھا یا انکی جانب سے کسی بالارادہ غفلت کیوجہ سے پہونچا تھا۔

اس قسم کی دستاویزات ابراخطرہ سفرہ کے تحت ریلوے کمپنیوں کی ذمہ داری پر اس سوال پر کہ مدعیوں پر کیا ثابت کرنا لازم ہے حال میں مقدمہ اسمتھ لمیٹیڈ بنام گریٹ ویسٹرن ریلوے کمپنی[1]

میں غور کیا گیا تھا۔ لارڈ بکماسٹر نے معاہدہ کا وہ فقرہ پڑھنے کے بعد جس میں یہ صراحت تھی کہ کمپنی مال کی گم گشتگی کی ذمہ دار نہ ہوگی بجز اس کے کہ یہ ثابت کیا جائے کہ نقصان کمپنی کے ملازمین کی بالارادہ غفلت سے پیدا ہوا تھا حسب ذیل بیان کیا تھا (صفحات ۱۸۲۔۱۸۳)

"پہلا سوال تصفیہ طلب یہ ہے کہ اس شرط کا صحیح مفہوم کیا ہے؟ مرافع کیجانب سے یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اس کو اسطرح پڑھنا چاہئے گویا کہ اس میں ریلوے کمپنی کے حق میں مستثنیات موجود تھیں اور ایک شرط موجود تھی جس کی روسے کسی خاص صورت میں ارسال کنندہ کے حقوق محفوظ کئے گئے تھے اور یہ کہ اس بیان پر ثابت کرنا لازم تھا کہ خاص واقعات کیوجہ سے مال گم ہوگیا اور جب ایسا ثابت کیا جائے تو ارسال کنندہ کیلئے یہ ثابت کرنا ضرور ہوگا کہ وہ شرط سے فائدہ اٹھا سکتا تھا یا بہ الفاظ دیگر یہ کہ نقصان کمپنی کے ملازمین کی بالارادہ غفلت کیوجہ سے پیدا ہوا تھا۔

"میں اس فقرہ کو اسطرح خیال کرنے سے قاصر ہوں۔ میری رائے میں وہ ایک فقرہ ہے جس کی روسے تاجر بہ قبل اس کے کہ وہ کسی مال کی بابتہ ہرجہ وصول کرسکے ابتداءً اس امر کا بار ثبوت عائد کیا گیا ہے کہ جو نقصان عائد ہوا وہ کمپنی کے ملازمین کی بالارادہ غفلت سے پیدا ہوا۔ یہ بالکل صحیح ہے کہ یہ امر یہ قرار دئے جانے کا باعث ہوتا ہے کہ بظاہر حفاظت جو تاجر کی کیگئی ہے در اصل خیالی ہے اس سے عملاً اس کی کوئی حفاظت نہیں کی گئی ہے کیونکہ کسی تاجر کیلئے یہ معلوم کرنا اکثر غیر ممکن ہے کہ اس وقت سے جبکہ اس نے ریلوے کمپنی کے ملازمین کو مال حوالہ کیا ہو اور اسوقت تک جبکہ وہ سفر کے اختتام پر حوالہ کیا جاتا ہے اس کے مال کی گم گشتگی کی کیا وجہ ہوئی۔ گم گشتگی کی وجہ کا علم

(۱) انگلش لاء رپورٹس جلد ۴۴ صفحہ ۱۴۵۔

اکثر صرف ریلوے کمپنی کو ہوتا ہے اور تاجر کو یہ ثابت کرنے کے لئے مجبور کرنا کہ وہ ریلوے کمپنی کے ملازمین کی بالارادہ غفلت کی وجہ سے واقع ہوئی تھی اس کو کسی ایسے امر کو ثابت کرنیکا حکم دینا ہے۔ جس کا ثابت کرنا اس کے لئے تقریباً غیر ممکن ہوگا۔ بایں ہمہ اس پر یہ بار ثبوت عائد ہوتا ہے اور سوال یہ ہے کہ آیا مقدمہ ہذا میں اس نے کوئی شہادت پیش کی ہے جسکی جوابدہی ریلوے کمپنی کیلئے ضروری ہے۔ وہ جو کچھ ظاہر کر سکا وہ صرف حسب ذیل ہے۔

اس نے اس طریقہ سے جو میں نے بیان کیا ہے ریلوے کمپنی کے ملازمین کو مال کی حوالگی ثابت کی ہے اور اس نے شہادت میں ایک مراسلت جو خود اس کے اور ریلوے کمپنی کے مابین ہوئی تھی اور چند بند سوالات کے متعلق ان کے جوابات پیش کئے ہیں۔ تجھ پر یہ کہنا واجب ہے کہ مراسلت سے اس طرز عمل کی نسبت جو ریلوے کمپنی نے اختیار کیا تھا نہایت عمدہ خیال قائم نہیں ہوتا اور اس سے یقیناً یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ وہ ان حالات کی نسبت جو ان کے علم میں تھے اور اس مال کی گم گشتگی کے متعلق تھے اپنے گاہکوں میں سے ایک کا اطمینان کرانے کے لئے کسیطرح مستعد تھی

اسلئے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ بربنائے اخلاق ریلوے کمپنی کو اپنے گاہکو نکو ایسی اطلاع دینی چاہئے جو اس مال کی گم گشتگی کے متعلق انکے علم میں ہو جو اسکو حوالہ کیا گیا ہو تاہم قانون کی رو سے اس پر ایسا کرنا لازم نہیں ہے اور اس پر لازم نہیں ہے کہ وہ بلا ضرورت بالارادہ غفلت ثابت کرنے میں مدعی کی مدد کرے لیکن چونکہ ضابطہ کے قواعد موجود ہیں جن کی رو سے کوئی فریق عدالت مطالبات خفیفہ کی نالش میں بند سوالات پیش کر سکتا ہے ہم ہنوز یہ خیال کرتے ہیں کہ اس ملک میں ریلوے کمپنی کو عدالت کے روبرو اظہار کی غرض سے اپنے ایسے ملازمین

جی آئی پی ریلوے بنام رامت لال (بمبئی)

کو پیش کرنا چاہیئے جن کو ان واقعات سے واقف ہونے کے ذرائع حاصل ہوں جو اس کے گاہک کے مال کی گم گشتگی سے متعلق ہوں۔

جی۔ آئی۔ پی ریلوے کمپنی نے مقدمہ ہذا میں ایسا کیا ہے اور ہماری رائے میں بالکل صحیح طور پر کیا ہے لیکن ذیعلم جج کا یہ خیال تھا کہ اس امر کے متعلق کہ ان (۱۷) ڈبوں کا کیا حشر ہوا تھا جو کم حوالہ کئے گئے تھے کوئی وجہ ظاہر کرنے سے انکا عرصہ دراز تک مسلسل قاصر رہنا اور تاخیر کی کوئی وجہ نہ بتلانا ایسی شہادت تھی جس کی بنا پر یہ تجویز کی جا سکتی تھی کہ کم حوالگی کمپنی کے ملازمین کی بالارادہ غفلت کیوجہ سے ہوئی تھی وہ ایک ایسا نتیجہ ہے جو اس فیصلہ کے تحت جسکا ہم نے قبل ازیں ذکر کیا ہے کسیطرح جائز نہیں ہو سکتا ہے اس لئے حکم زیبا دیہہ قطعی قرار دیا جانا چاہئے اور دعوے معہ خرچہ خارج ہونا چاہئے۔

حکم اظہار وجہ قطعی قرار دیا گیا۔

# ہائی کورٹ الہ آباد

## مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۸۴ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ڈینلز۔

راجہ سنگھ و یکہ کس و دیگر ۔۔ بنام ۔۔ درگا سنگھ

مدعی علیہما مرافعان ۔۔ مدعی مرافعہ علیہ

دھرم شاستر۔ باپ کا قرضہ۔ بیٹوں کا مقدس فرض۔ باپ کی وفات اور اس کا اثر۔

کسی ہندو باپ کا قرضہ جو نہ تو سابقہ ہو اور نہ قانونی ضرورت کی بابتہ ہو مقدس ذمہ داری کے عذر کی بنا پر بیٹوں پر محض اسوجہ سے واجب التعمیل نہیں ہے کہ باپ تاریخ ارجاع نالش پر فوت ہوا تھا

راجہ سنگھ بنام درگا سنگھ (الہ آباد) صفحہ ۶۰۸

چیت رام بنام رام سنگھ۔ انڈین کیسز جلد ۶۶ صفحہ ۵۹۹ کی تقلید کی گئی۔
غریب اللہ بنام کہالک سنگھ۔ انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲۵ صفحہ ۴۰۷ ممیز کی گیا۔

منجانب مرافعان۔ ڈاکٹر ایم۔ ایل۔ اگروالا۔
منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر رام بابر تیواری۔

**فیصلہ**۔ یہ مرافعہ جات جو مدعا علیہا کیجانب سے پیش کئے گئے ہیں ون نالشات سے پیدا ہوئے ہیں جو دو بیعنامہ جات کی تنسیخ کیلئے رجوع کی گئی تھیں جو اس مشترکہ خاندان کے جس سے مدعیون کا تعلق ہے، و نابالغ ارکان اور انکی ماں کیجانب سے تکمیل کئے گئے تھے۔ مقدمہ کی اصل تنقیح جو اب اہم ہے یہ تھی کہ آیا یہ دستاویزات ایسی اغراض کیلئے تکمیل کی گئی تھیں جو مشترکہ خاندانی جائداد پر واجب التعمیل تھیں۔ بیعنامہ جات کا بدل مختلف مدات پر مشتمل ہے لیکن ایک مد جو مرافعہ ہذا میں مابہ النزاع ہے صرف مبلغ اللعہ پر مشتمل ہے جو ایک رہن کی ادائی کیلئے استعمال کئے گئے تھے جو مدعیان کے باپ نے تکمیل کیا تھا جزو بدل ہر بیعنامہ سے مجرا کیا گیا تھا۔ اس قانون کی تقلید کرکے جو مقدمہ ساہو رام چند بنام بھوپ سنگھ (۱) میں تبلایا گیا تھا عدالت تحت نے اس امر پر غور کیا تھا کہ یہ رہن کس حد تک قانونی ضرورت کیلئے تکمیل کیا گیا تھا۔ چند مدات منظور اور دیگر مدات نامنظور کی گئی ہیں۔ مرافعان نے ان تجاویز پر اعتراض نہیں کیا ہے جو علیحدہ مدات کے متعلق ہیں۔ انکی بحث یہ ہے کہ چونکہ باپ جس نے رہن تکمیل کیا تھا فوت ہوچکا ہے یہ امر غیر اہم ہے کہ آیا رہن قانونی ضرورت سے تکمیل کیا گیا تھا یا نہیں۔ وہ بیٹوں کی مقدس ذمہ داری کے اصول سے مدد لیتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ قرضہ بیٹوں پر واجب التعمیل ہے خواہ وہ غرض جسکے لئے رقم قرض لی گئی ہو کچھ ہی ہو جبتک کہ غرض مذکور ناجائز یا خلاف اخلاق نہ ہو۔ اس خیال کی تائید میں کوئی صریح نظیر پیش نہیں کی گئی ہے کیونکہ مقدمہ غریب اللہ بنام کہالک سنگھ (۲) جس پر مرافعان نے استدلال کیا ہے دراصل متعلق نہیں ہے اور مجھے پریوی کونسل کے حال کے فیصلہ مقدمہ چیت رام بنام رام سنگھ (۳) کے مد نظر اس خیال کو جو کہ پیش کیا گیا ہے قبول کرنا غیر ممکن معلوم ہوتا ہے۔ اس میں باپ نے کسی سابقہ رہن انتفاعی کی کفالت میں ایک بیعنامہ تکمیل کیا تھا۔ معاملہ پریوی کونسل کے روبرو پیش ہوا اور حکام عالیمقام نے یہ قرار دیا کہ اس قاعدہ کے بموجب جو مقدمہ ساہو رام چند بنام بھوپ سنگھ (۱) میں بتلایا گیا تھا رہن انتفاعی قرضہ سابقہ نہیں ہو سکتا۔ اس وقت جبکہ نالش رجوع کی گئی تھی باپ فوت ہو چکا تھا لیکن اس کے بیٹے اور پوتے زندہ تھے۔ حکام عالیمقام نے اس بحث کو قبول کرنے سے انکار کیا کہ باپ کی وفات سے کوئی فرق پیدا ہوا تھا یا یہ کہ معاملہ جو اور طور پر ناجائز تھا باپ کے نالش کے قبل فوت ہو جانے کی وجہ سے بطور جائز کے تصور کیا جا سکتا ہے۔ اس لئے میں اس بحث کو نامنظور کرتا ہوں جو مرافعان کیجانب سے پیش کی گئی ہے۔ یہ دونوں مرافعہ جات صاف طور پر ناکام رہتے اور اس لئے وہ معہ خرچہ مشمولہ رسوم عدالت ہذا بشرح اعلیٰ خارج کئے جاتے ہیں۔

مرافعہ جات خارج کئے گئے

(۱) انڈین کیسز جلد ۴۳ صفحہ ۲۸۰۔
(۲) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲۵ صفحہ ۴۰۷۔
(۳) انڈین کیسز جلد ۶۶ صفحہ ۵۹۹ (نظائر ہند صفحہ ۷۵)

شہزادہ فتح محمد خان بنام سماۃ وفا بیگم (پشاور) صفحہ ۱۰۹

# عدالت جوڈیشل کمشنر پشاور

## مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۶ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس: مسٹر ہیپن جوڈیشل کمشنر

شہزادہ فتح محمد خان — مدعی علیہ مرافع — بنام — سماۃ وفا بیگم وغیرہ — مرافعہ علیہم

ثالثی۔ سپردگی جو کارندہ کیجانب سے کی گئی ہو۔ مجاز ہونیکا ثبوت۔ فوجداری کارروائی میں ثالثی اور اس کی نوعیت۔ رواج بمقابلہ ذاتی قانون کے۔ "سادوزائی" شاہی خاندان آیا رواج یا شرع اسلام کے تابع ہے۔ وراثت۔ عورتوں کی محرومی۔

کسی مالک کیجانب سے اپنے کارندہ کو سپردگی ثالثی کا جائز طور پر مجاز ثابت کرنیکے لئے کوئی تحریری دستاویز ضروری نہیں ہے۔

رام داس بنام عباس خان۔ پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۸۹۳ء نمبر ۵ (اجلاس کامل) یونیرامن بنام چاہتن۔ انڈین لارپورٹ مدراس جلد ۹ صفحہ ۱۵۴۔ مسٹر جیت پرتاپ بہادر ساہی بنام دلہن گلاب کویر۔ انڈین لارپورٹ کلکتہ جلد ۲۴ صفحہ ۹۹ ۴۔ پر استدلال کیا گیا۔

ساتھ ہی ساتھ اس امر کا ثبوت ضروری ہے کہ آیا اس قسم کی کوئی تحریری دستاویز موجود تھی یا نہیں کہ کارندہ فی الواقع سپردگی ثالثی کا مجاز ہے۔

جب کبھی قانون رواجی میں کوئی کمی ہو جبکی اور طور تکمیل نہ ہو سکتی ہو تو اس کی تکمیل فریقین متقابل کے ذاتی قانون کے لحاظ سے کیجانی چاہیے۔

دیا رام بنام سوہل سنگھ۔ پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء نمبر ۱۱۰ استدلال کیا گیا۔


خاندان سادوزائی جو شاہ شجاع کی اولاد میں سے ہے وراثت کے معاملہ میں شرع اسلام کا پابند ہے اور خاندان مذکور میں کوئی رواج موجود نہیں ہے جس کی بنا پر عورتیں وراثت سے محروم کیجاتی ہوں۔

مرافعہ ثانی بنا راضی حکم مصدرہ ڈویژنل جج پشاور مورخہ ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء مشعر تنسیخ حکم مصدرہ ڈسٹرکٹ جج پشاور مورخہ ۲۲ جون سنہ ۱۹۲۱ء

منجانب مرافع۔ مسٹر دیوان چند ار۔ ایس۔

منجانب مرافعہ علیہ نمبر ۱۔ مسٹر سعد الدین خان۔ کے۔ ایس۔

**فیصلہ**۔ نالش ہذا ایک "کوٹھری" واقع شہر پشاور کے قبضہ کیلئے ہے جو ابتداً سماۃ گوہر النسا نے خریدی تھی۔ سماۃ گوہر النسا سنہ ۱۹۱۵ء میں فوت ہوئی اور فریقین نالش اس کے رشتہ دار ہیں۔ وہ ایک افغان خاندان سے تعلق رکھتے ہیں جو کئی سال تک صوبہ سرحدی شمالی و مغربی اور پنجاب میں رہتا تھا۔ خاندان زیر بحث شاہ شجاع سادوزائی امیر افغانستان کے خاندان کی ایک شاخ ہے جسنے پہلی جنگ افغانستان کے دوران میں اپنا تخت کھو دیا۔ وہ خاندان اعلیٰ سوشل حیثیت رکھتا ہے اور اس کے کئی اراکین اب سرکاری ملازمت میں ہیں حسب ذیل شجرہ سے موجودہ نالش کے فریقین کا تعلق ظاہر ہوتا ہے۔



ادرفتح محمد خان بنام ساۃ وفا بیگم پشاور

نالش سماۃ سوالی بیگم اور ساۃ وفا بیگم نے رجوع کی تھی جو سماۃ گوہر نسا کی دو کتخدا بیٹیاں ہیں۔ انھوں نے ان حصص کے موجب جنکے وہ شرع اسلام کی رو سے مستحق ہونگے گوہر نسا کی وراثت کا دعویٰ کیا ہے۔ انھوں نے اپنا حصہ بطور جائداد کے $\frac{۲۲}{۲۴}$ کے شمار کیا ہے۔ یہ شمار اس فرض پر مبنی ہے کہ وہ ساۃ گوہر نسا کے ورثا کی حیثیت سے ($\frac{۱۲}{۲۴}$) حصہ کے مستحق ہیں اور بقیہ ($\frac{۱۲}{۲۴}$) حصہ انکے بھائی محمود کو منتقل ہوا تھا۔ محمود فوت ہو چکا ہے اور جیسا کہ شجرہ میں بتلایا گیا ہے اس نے ایک بیوہ اور ایک بیٹی چھوڑی ہے۔ بیوہ اور بیٹی کے حصص جو مقدمہ ہذا کے مدعی علیہا نمبر ۲ و ۳ ہیں کل جائداد کے $\frac{۱}{۲۴}$ ہونگے اور بقیہ ($\frac{۱}{۲۴}$) حصہ مدعیان کو محمود کے ورثا کی حیثیت سے منتقل ہوگا پس وہ جملہ ($\frac{۲۲}{۲۴}$) حصہ کے مستحق ہونگے۔ نالش کی مخالفت شہزادہ فتح محمد مدعیان کے قریبی رشتہ دار نے کی ہے جسکی تائید محمود کی بیوہ اور بیٹی نے کی ہے جو جائداد سے صرف نان ونفقہ وصول کرنے پر رضامند ہوئی ہیں۔ نالش کی مخالفت منجملہ دیگر وجوہ کے اس بنا پر کیگئی ہے کہ فریقین شرع اسلام کے تابع نہیں ہیں جیسا کہ مدعیان نے بیان کیا ہے بلکہ ایک خاص رواج کے تابع ہیں جسکی رو سے عورتیں جائداد غیر منقولہ کی وراثت سے محروم کیگئی ہیں۔ عدالت ابتدائی نے یہ تجویز کی کہ فریقین اس رواج کے تابع تھے۔ اور اس تجویز کی بنا پر دعویٰ خارج کر دیا۔ بر طبق مرافعہ ڈویژنل جج نے مقدمہ اس تنقیح کی نسبت مزید شہادت کیلئے واپس کیا کہ آیا فریقین سے شرع اسلام یا خاص رواج متعلق تھا اور اس جواب پر غور کرنیکے بعد جو واپسی کی بعد دیا گیا تھا یہ قرار دیا کہ مقدمہ موجودہ میں فریقین شرع اسلام کے بموجب وارث ہونگے اور مدعیان کو اس ڈگری کے متعلق جو انھوں نے چاہی تھی ایک ڈگری عطا کی۔ مدعی علیہ شہزادہ فتح محمد نے عدالت ہذا میں مرافعہ ثانی پیش کیا ہے۔

منجملہ ان وجوہ کے جن پر عدالت ابتدائی میں نالش کی مخالفت کی گئی تھی ایک وجہ یہ تھی کہ سماۃ گوہر نسا نے جائداد متنازعہ خریدنے میں اس سرمایہ کو استعمال کیا تھا جو مدعی علیہ فتح محمد کی ملک تھا اور یہ کہ وہ جائداد میں کوئی بلا شرکت غیرے یا غیر محدود حقیت نہ رکھتی تھی۔ یہ بحث موجودہ مرافعہ کی وجوہ میں مکرر پیش کی گئی ہے لیکن کونسل نے میرے روبرو اس پر اصرار نہیں کیا ہے۔ یہ درحقیقت ظاہر ہے جیسا کہ ذی علم ڈویژنل جج نے بتلایا تھا کہ اس بحث کی تائید کسی شہادت سے نہیں ہوتی اور وہ کسیطرح کامیاب نہیں ہو سکتی ہے۔ اس لئے میرے لئے اس پر مزید غور کرنا ضروری نہیں ہے۔

مرافعہ جس طرح کہ میرے روبرو اس پر بحث کی گئی ہے تین خاص وجوہ پر مبنی ہے۔

(۱) یہ کہ موجودہ نالش رجوع نہیں کیجا سکتی تھی کیونکہ فریقین نے عدالت کے باہر ایک جائز سپردگی ثالثی لی تھی جس میں ایک فیصلہ صادر کیا گیا تھا جس کی رو سے یہ تجویز کیگئی تھی کہ مدعیان جائداد کے قبضہ کے مستحق نہ تھے۔

(۲) یہ کہ فریقین ایک خاص رواج کے تابع تھے جسکی بنا پر عورتیں جائداد غیر منقولہ کی وراثت سے محروم کی گئی تھیں۔

(۳) یہ کہ اگر یہ ثابت کیا جائے کہ فریقین شرع اسلام کے پابند ہیں تو بھی وہ حصہ جس کے مدعیان مستحق ہیں ایسا نہیں ہے جو عرضی دعوے میں بیان کیا گیا ہے اور جو ان کے حق میں ڈگری کیا گیا ہے۔

میں ان امور پر سلسلہ وار بحث کرونگا۔

(۱) کارروائیات ثالثی محولہ صدر حسب ذیل طریقہ سے پیدا ہوئی تھیں ۱۵ فروری سنہ ۱۹۰۲ء کو فتح محمد نے حسب دفعہ ۵۲۳ ضابطہ دیوانی

جرائم سرحدی ڈپٹی کمشنر پشاور کے پاس ایک درخواست پیش کی تھی جس کی رو سے اس نے کونسل آف ایلڈرز کے ذریعہ سے اپنے مطالبات کے تصفیہ کی استدعا کی تھی اس نے درخواست میں یہ بیان کیا تھا کہ اس کی کل جائداد بحیثیت ولی کے اس کی نگرانی میں تھی اور یہ کہ موخر الذکر نے فتح محمد کی جائداد کی آمدنی سے اپنے نام پر جائداد حاصل کرنے کے لئے اپنی ولایت سے فائدہ حاصل کیا تھا اور یہ کہ جزو جائداد موجودہ مدعیان مسماۃ سلطانی بیگم اور مسماۃ وفا بیگم کے قبضہ میں تھی جن کو اس کے خلاف ان پر قابض ہونے کا کوئی حق نہ تھا۔ یہ درخواست پشاور کے سٹی مجسٹریٹ کے پاس روانہ کی گئی تھی جنہوں نے اے۔ کے۔ ایس۔ مولوی غلام حسن کے پاس تحقیقات کے لئے روانہ کیا تھا اس موقع پر موجودہ مدعیان کی قائم مقامی شہزادہ شاہ عالم نے کی تھی جس نے دونوں کی جانب سے بحیثیت کارندہ کے عمل کرنا ظاہر کیا تھا۔ وہ اور فتح محمد کے۔ ایس۔ مولوی غلام حسن کے روبرو نزاع دو ثالثوں اور سرپنچ کو سپرد کرنے پر رضامند ہوئے تھے۔ ثالثوں اور سرپنچ نے ۸ مئی ۱۹۲۱ء کو ایک فیصلہ صادر کیا تھا جس کو سب رجسٹرار نے سٹی مجسٹریٹ کی عدالت میں روانہ کیا تھا اس فیصلہ ثالثی سے فریقین کے مابین کل نزاعات کا قطعی تصفیہ کیا جانا ظاہر ہوتا تھا جس کی رو سے مسماۃ خورشید بیگم اور مسماۃ سابق سلطان کو صرف نان و نفقہ عطا کیا گیا تھا اور یہ طے کیا گیا تھا کہ موجودہ مدعیان کو اس جائداد میں جو اب متدعویہ ہے قبضہ ترک کرنا چاہئے۔ اور مسماۃ سلطانی بیگم کو فتح محمد سے ملنے چاہئیں۔ ثالثوں نے فیصلہ میں یہ بیان کیا تھا کہ اس پر فتح محمد اور موجودہ مدعیان کے کارندہ کی جانب سے رضامندی دی گئی تھی۔ لیکن کارندہ نے عدالت کے روبرو فیصلہ پر اعتراض کیا اور یہ بیان کیا تھا کہ مدعیان عدالت دیوانی میں اپنی دادرسی حاصل کریں گے۔ اس لئے حسب دفعہ ۸ ریگولیشن جرائم سرحدی کوئی مزید کارروائیاں نہیں کی گئی تھیں۔ یہ ظاہر ہوگا کہ عدالت ابتدائی نے صحیح طور پر یا غلطی سے یہ خیال کیا تھا کہ اعتراض جو فتح محمد نے موجودہ نالش کے خلاف پیش کیا تھا ایک ایسا اعتراض تھا جس میں یہ بحث کی گئی تھی کہ حسب دفعہ ۸ ریگولیشن جرائم سرحدی کارروائیات کی گئی تھیں جو کسی نالش مابعد میں بطور امر فیصل شدہ کے موثر ہونگی۔ یہ اعتراض بے شک ناقابل پذیرائی تھا کیونکہ حسب دفعہ ۸ ریگولیشن جرائم سرحدی فریقین کے مابین کوئی ڈگری کبھی صادر نہیں کی گئی تھی وہ اعتراض جو ڈویژنل کورٹ میں پیش کیا گیا تھا یہ تھا کہ عدالت کے باہر ثالثوں کو ایک جائز سپردگی کی گئی تھی جو فریقین پر واجب التعمیل ہوگی اور جو ایک نالش مابعد کے مانع ہوگی اس صوبہ کے جوڈیشل کمشنر کے عدالت کی نظیر نگرانی دیوانی نمبر ۹ بابتہ ۱۹۱۵ء اس خیال کی تائید میں بطور سند کے پیش کی گئی ہے کہ کارروائیات ثالثی جو کسی عدالت فوجداری میں کی گئی ہوں بطور ایسی کارروائیات ثالثی کے خیال کی جانی چاہئیں جو عدالت کے باہر کی گئی ہوں۔ یہ خیال بلاشبہ صحیح ہے اور اس امر سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اگر فریقین کے مابین جائز کارروائیات ثالثی کی گئی ہیں اور کارروائیات مذکور میں ایک جائز فیصلہ صادر کیا گیا ہو تو موجودہ نالش ممنوع السماعت ہوگی۔ لیکن کارروائیات اور فیصلہ ثالثی

شہزادہ فتح محمد بنام مسماۃ وفا بیگم (پشاور)

شہزادہ فتح محمد خان بنام ماہ وفا بیگم (پشاور) صفحہ ۶۱۱

کے جواز پر مرافعہ علیہم نے اس بنا پر اعتراض کیا ہے کہ شہزادہ شاہ عالم جس نے موجودہ مدعیان کے کارندہ کی حیثیت سے عمل کرنا ظاہر کیا تھا ان کی جانب سے عمل کرنیکا اور سپردگی ثالثی کا کوئی جائز اختیار نہ رکھتا تھا۔ درحقیقت یہ بحث کی گئی ہے کہ عدالت ابتدائی میں مدعی علیہما کے کونسل کارروائیات ثالثی کے اس ظاہری نقص سے اس قدر واقف تھے کہ انھوں نے یہ بحث ترک کی تھی اور امر فیصل شدہ کو پیش کیا تھا۔ اس کے خلاف مرافع کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ شہزادہ شاہ عالم جو ماہ وفا بیگم کا بیٹا ہے صاف طور پر ایک ایسا کارندہ تھا جو اس کی اور اس کی بہن کی جانب سے مجاز کیا گیا تھا اور یہ کہ کوئی جائز اجازت ثابت کرنے کے لیے کوئی تحریری دستاویز ضروری نہ تھی۔ اس مسئلہ کی تائید میں مقدمات رام داس بنام عباس خان (۱) یونیہا من بنام جاہن (۲) مسٹر جیت پرتاب بہادر ساہی بنام دلہن گلاب کنویر (۳) بطور نظائر کے پیش کیے گئے ہیں۔ یہ تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ یہ خیال صحیح ہے۔ ساتھ ہی ساتھ اس امر کا ثبوت ضروری ہے کہ آیا اس امر کی نسبت کوئی تحریر موجود ہے یا نہیں کہ کارندہ سپردگی ثالثی کرنے کا فی الواقع مجاز کیا گیا تھا۔ میں مقدمہ موجودہ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ایسا کوئی اختیار موجود تھا۔ عورتیں خود کارروائیات میں کبھی حاضر نہیں ہوئی تھیں اور اگر یہ تسلیم کیا جائے کہ تحقیقات تحت دفعہ ۸ ریگولیشن جرائم سرحدی کی کارروائی لازمی طور پر بے ضابطہ اور کسی حد تک عدالت کے اختیار سے خارج تھی تو بھی فریقین متعلقہ کی صریح رضامندی یا ان کی حاضری یا ان کیجانب سے کسی دستاویز کی تکمیل کے بغیر جس سے کسی کارندہ کی جانب سے ان کے مقدمہ کی پیروی کی اجازت ہو گی اس نوعیت کی نزاع کا کسی باضابطہ ثالثی کے سپرد کیا جانا غیر معمولی ہوگا میں اس بحث سے اتفاق نہیں کر سکتا جو مرافعہ علیہم کے کونسل کیجانب سے پیش کی گئی ہے کہ ثالث کے فیصلہ کے ابتدائی الفاظ سے ہر صورت میں یہ مراد ہے کہ موجودہ مدعیان سپردگی ثالثی پر رضامند ہوئے تھے یا انھوں نے اس کو منظور کیا تھا۔ جب ثالثوں نے خود کو بطور "مقبولہ فریقین" کے بیان کیا ہے انھوں نے محض ایک ایسا جملہ استعمال کیا ہے جو کسی فیصلہ ثالثی کی ترتیب میں ہمیشہ استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ جب وہ اپنی تجویز فریقین کیجانب سے قبول کیے جانیکا ذکر کرتے ہیں وہ خاص طور پر خود فتح محمد اور فریق ثانی کے کارندہ کیجانب سے اس کے قبول کیے جانیکا ذکر کرتے ہیں میرے خیال میں ڈویژنل جج یہ قرار دینے میں حق بجانب ہیں کہ جس حد تک کہ موجودہ مدعیان کا تعلق ہے۔ سپردگی ثالثی ناجائز تھی اور یہ کہ کسی نے

(۱) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۰۹ء نمبر ۱۵۱ (اجلاس کامل)

(۲) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۹ صفحہ ۱۵۴ ۔

(۳) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۴۲ صفحہ ۴۹۹ ۔

بھی سپردگی پر رضامندی نہیں دی تھی یا اسکو منظور نہیں کیا تھا۔ اس تجویز سے قدرتی طور پر یہ نتیجہ نکلنا چاہئے کہ موجودہ نالش کسی جائز فیصلہ ثالثی کی بنا پر ممنوع السماعت نہیں ہے جو کسی جائز سپردگی ثالثی پر تیار کیا گیا ہو۔

۲- اس امر پر کہ آیا فریقین شرع اسلام یا کسی خاص رواج کے تابع ہیں ذیعلم ڈویژنل جج نے مفصل بحث کی ہے اور اب ہمارے روبرو اس سوال کے دونوں پہلوؤں کی نسبت مثل میں نہایت مکمل شہادت موجود ہے یاد رکھنا اہم ہے کہ جیسا کہ ڈویژنل جج نے بتلایا تھا مدعی علیہ نے یہ بیان نہیں کیا ہے کہ فریقین ضلع پشاور کے معمولی زراعتی رواج کے پابند ہیں بلکہ یہ عذر کیا ہے کہ اس خاص خاندان میں ایک خاص رواج موجود ہے جس کی رو سے عورتیں جائداد غیر منقولہ کی وراثت سے محروم کیگئی ہیں۔ مجھے ڈویژنل جج کی اس رائے سے بھی اتفاق ہے کہ کسی ایسے خاص رواج کا بار ثبوت مدعی علیہ پر نہایت سختی کیساتھ عائد ہے۔ نیز مجھے اس امر سے اتفاق ہے کہ اس بار ثبوت سے سبکدوشی حاصل نہیں کیگئی ہے۔ مجھے اس مرافعہ ثانی میں اس شہادت پر جو قلمبند کیگئی ہے تفصیل سے نظر ڈالنے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ کہنا کافی ہے کہ ایسی مثالیں پیش کیگئی ہیں جنمیں عورتیں جائداد غیر منقولہ کی وارث ہوئی ہیں اور یہ کہ کم از کم ایک عدالتی فیصلہ اس امر کے متعلق صادر کیا گیا ہے کہ شہزادہ خاندان وراثت کے معاملہ میں شرع اسلام کا تابع ہے۔ ان مقدمات میں سے ایک مقدمہ کا فیصلہ شریک مثل ہے اور ایک مقدمہ سے متعلق ہے جو شہزادہ خاندان کے

چند اراکین کے مابین ہوا تھا جو ضلع لدھیانہ کے باشندے ہیں۔ مقدمہ مذکور میں اس امر کے متعلق ایک نہایت واضح تجویز موجود تھی کہ خاندان شرع اسلام کے تابع تھا۔ اس کے خلاف ایک خاص شہادت جو مدعی علیہ کی جانب سے پیش کی گئی تھی وہ کسی کارروائی عمل دخل خارج اسمار کی بابتہ تھی جو ضلع گجرانوالہ میں خاندان کے چند دیگر شرکار کے مابین کیگئی تھی۔ اس عمل دخل خارج اسمار کی نسبت قطعی حکم مورخہ ۹ مارچ ۱۹۱۴ء کا ہے جو اس امر کی متعلق تھا کہ بیٹیوں کو اپنے باپ کی جائداد کی وراثت میں کوئی حقوق حاصل نہ تھے۔ لیکن حکم زیر بحث جبکہ احتیاط کے ساتھ اس کی جانچ کیجائے تو وہ کچھ بھی اہمیت نہیں رکھتا۔ اس سے ایک مثال کا تصفیہ ہوتا ہے جو اس خیال کے خلاف ہوگا جو عہدہ داران نے کسی ایسے طریقہ سے قائم کیا تھا جو صاف طور پر غیر اطمینان بخش ہے عہدہ داران نے اس عدالتی نظیر کا جس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ خاندان شرع اسلام کے تابع تھا۔ کسی قدر تعجب خیز دلیل کے ذریعہ سے قطعی تصفیہ کیا ہے کہ تحصیل شکرپور ضلع گجرانوالہ کے پٹھان کاشتکار خود اپنے رواج کے پابند ہیں جسطرح کہ وہ "رواج عام" میں درج ہے۔ یہ بحث بظاہر غیر متعلق ہے کیونکہ شہزادہ خاندان خیال کو کسیطرح وسعت دینے کے بعد بھی ضلع گجرانوالہ کی زراعتی قوم پٹھان کے شرکار کے طور پر خیال نہیں کیا جاسکتا۔ اس امر کی نسبت کوئی قیاس نہیں کیا جائے گا کہ وہ اس ضلع کے جس میں آباد ہوئے تھے رواج کی پابندی

شہزادہ فتح محمد خان بنام ساۃ وفا بیگم (پشاور) صفحہ ۶۱۲

پیر ہاشم فتح محمد خان بنام مسماۃ وفا بیگم (پشاور)

محض اُن اراضیات کی بنا پر کرتے ہیں جو ان کو گورنمنٹ کی جانب سے بحیثیت افغان پناہ گیروں کے عطا کیگئی ہیں اور نہ میں اس بحث میں کوئی اہمیت پاتا ہوں کہ سادو زئی شاہی خاندان ابتداً افغانستان میں سکونت پذیر تھا اس لئے یہ قیاس کرنا چاہیے کہ وہ ایک ایسے رواج کا پابند تھا جسکی رو سے عورتیں وراثت سے محروم کیجاتی ہیں۔ اس بحث کا تصفیہ ڈسٹرکٹ جج نے اس نہایت غیر معمولی حیثیت کا لحاظ کرتے ہوئے صحیح طور پر کیا ہے جو خاندان زیر بحث کو افغانستان میں حاصل تھی۔ میرے لئے خاندان کے ان مختلف اراکین کی شہادت پر نظر ثانی کرنے کی ضرورت نہیں ہے جو ہر جانب سے پیش کئے گئے تھے۔ یہ کہنا کافی ہے کہ ان صورتوں میں بھی جن میں یہ ظاہر کرنے کیلئے کہ عورتیں ورثہ سے محروم کی گئی تھیں مثالیں پیش کی گئی تھیں یہ ضروری قیاس پیدا نہیں ہوتا کہ کوئی یکساں رواج موجود تھا جسکی رو سے وہ اسطرح محروم کی گئی ہوں اور یہ کہ جبکہ علاوہ ازیں جو خاندان نے اختیار کیا تھا غیر معین اور متزلزل حالت میں تھا تو فریقین قطعی طور پر اپنے ذاتی قانون کے تابع نہ رہے تھے۔ مقدمہ اس مقدمہ کے کسیقدر مماثل معلوم ہوتا ہے جس پر پریوی کونسل نے عبدالحسین خان بنام بی بی سونا دیرو (۴) میں بحث کی تھی جس میں اگرچہ (۸۶) مثالوں کا حوالہ دیا گیا تھا جن میں عورتیں جائداد غیر منقولہ کی وراثت سے محروم رہی تھیں جسکا ماتحت عدالت کی یہ قرار دیا تھا کہ یہ امر انکو محروم کرنیکے لئے ناکافی تھا یہ ریمارک کیا گیا تھا کہ شہادت اس معیار سے کم تھی جو اسکو شرع اسلام کے موجب جائداد کے حصول کو ایسے حصول میں جسکا تصفیہ کسی خاص رواج کے ذریعہ سے کیا جائے تبدیل کرنے میں کامیاب ہونے کیلئے حائل ہونا چاہیئے۔ اسلئے معیار جو اس میں قائم کیا گیا تھا نہایت بلند تھا اور مجھے کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ اسکو مقدمہ موجودہ میں ساوی طور پر بلند کیوں خیال نہ کیا جائے۔ میں نے درحقیقت قبل ازیں یہ بتلایا ہے کہ مدعی علیہ پر اسکی بحث ثابت کرنیکا بار نہایت سختی کیساتھ عائد تھا۔ نیز میں مقدمہ دیارام بنام سوہل سنگھ (۵) کا حوالہ دیسکتا ہوں جسمیں ایک مسئلہ قرار دیا گیا ہے جو اس صوبہ کے اس قسم کے سوالات کیلئے نہایت اہم ہے فیصلہ مذکور میں مسٹر جسٹس چیٹرجی نے بالکل اس کے برعکس ریمارک کیا تھا کہ "اصول جو ذہن نشین رکھنا چاہیے وہ یہ ہے کہ جب کسی قانون رواجی میں کوئی فروگذاشت ہو جسکی اور طور پر تکمیل نہ ہوسکتی ہو تو اسکی تکمیل فریقین مقدمہ کے ذاتی قانون کے لحاظ سے کیجانی چاہیئے یہ قاعدہ کسی مقدمہ کے حقیقی واقعات سے قانون رواجی کی ہر قسم کے اطلاق کی بنیاد ہے"۔ چند دیگر معمولی امور جو مرافعہ علیہم کیجانب سے پیش کئے گئے تھے مثلاً کسی ہبنامہ کا جو مسماۃ وفا بیگم نے تکمیل کیا تھا یہ ریمارک کہ بیٹیاں جائداد کی وارث نہیں ہوتیں مجھے مقدمہ سے بہت کم متعلق معلوم ہوتا ہے یا بالکل متعلق نہیں معلوم ہوتا۔ وہ اور اسکی بہن فی الواقع وارث ہوئی تھیں انھوں نے اکبر جائداد متدعویہ کا قبضہ حاصل کیا تھا اور کارروائیات ثالثی میں انکا قبضہ تسلیم کیا گیا ہے۔ خود کارروائیات ثالثی اس بحث کی تائید میں پیش کی گئی ہیں کہ عورتیں وراثت سے محروم سمجھی جاتی ہیں لیکن فیصلہ ثالثی کی جسکا احتیاط کیساتھ جائزہ لیا گیا ہے ایسی تعبیر کیجا سکتی ہے کہ ...

بمشکل یہ تعبیر کیجا سکتی ہے۔

(۴) انڈین کیسز جلد ۳۴ صفحہ ۳۰۶۔

(۵) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۱ء نمبر ۱۱۔

شاہنواز وغیرہ بنام فضا بیگم (پشاور)

و حقیقت یہ کہا جاسکتا ہے کہ جبکہ اس میں یہ بتلایا گیا ہے کہ یہ دعویداریاں مبلغ معاوضہ حاصل کرینگی اور یہ کہ وہ اس معاوضہ کے وصول پر جائداد ترک کرینگی اس جائداد کی نسبت جو اب متدعویہ ہے ان دعویداروں کی حقیت صراحتاً تسلیم کی گئی ہے۔ یہ بحث کیا گیا ہے کہ بجز اسکے کہ معاوضہ مقرر کیا گیا ہو وہ خود جائداد کی وراثت کی مستحق ہوتیں۔ اور میں اس رپورٹ کو نہایت اہمیت دیتا ہوں جو مقدمہ موجودہ کی سماعت کے دوران میں کے ایس۔ مولوی غلام حسن نے بحیثیت ایک مقامی کمشنر کے پیش کی تھی۔ انکی رپورٹ مورخہ ۱ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء نہایت مکمل ہے اور تاریخ اطمینان بخش ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے یہ خیال کیا تھا کہ چونکہ ضلع پشاور میں افغانی عام طور پر رواج کے پابند ہیں اس لئے مدعیوں کو یہ ظاہر کرنا چاہیئے تھا کہ وہ شرع اسلام کے تابع تھے حقیقت یہ ہے کہ ایسا کوئی قیاس جائز نہ تھا کیونکہ ترتیب تفتیش ضلع پشاور کے افغان (یا جیسا کہ وہ معمولاً کہلاتے ہیں پٹھان) نہ تھے بلکہ انھوں نے افغانستان سے آکر شہر پشاور میں سکونت اختیار کی تھی اور شہر پشاور کا تحریری رواج فی الواقع یہ ہے کہ اسکے باشندے معمولاً شرع اسلام کے پابند ہیں۔ میں بربنائے شہادت یہ خیال کرتا ہوں کہ ذیعلم ڈویژنل جج اس نتیجہ پر پہنچنے میں بالکل حق بجانب تھے کہ مقدمہ موجودہ میں شرع اسلام کی پابندی کی جانی چاہیئے اور یہ کہ مدعیان ان حصص کے بموجب جنکے وہ شرع اسلام کے تحت مستحق ہونگے جائداد متدعویہ کی وراثت کے مستحق ہیں۔

۳- میں نے قبل ازیں اس حساب کا ذکر کیا ہے جو مدعیوں نے ان حصوں کی بابتہ کیا تھا جن کا انھوں نے مطالبہ کیا تھا۔ مرافع کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ یہ حساب صاف طور پر ناقص ہے کیونکہ مساۃ گوہر النسا نے ۲۶ اکتوبر سنہ ۱۹۱۱ء کو اپنی حین حیات کل جائداد ایک تملیک نامہ کے ذریعہ سے اپنے بیٹے محمود کو ہبہ کی تھی۔ اگر یہ صحیح ہے تو یہ ظاہر ہے کہ مدعیان صرف محمود کے ورثا نہ کہ اپنی ماں مساۃ گوہر النسا کے ورثا کی حیثیت سے جائیداد کی وارث ہوسکتی تھیں۔ مرافعہ علیہم کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ یہ ظاہر نہیں کیا گیا کہ اس ہبہ نامہ پر عمل کیا گیا تھا۔ ساتھ ہی ساتھ ہو سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ موجود تھا اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ ذیعلم ڈویژنل جج نے اس کا جواز تسلیم کیا تھا اور اس دستاویز کا وجود ان جملہ وجوہ میں سے ایک تھا جو اس تجویز کے لئے درج تھیں کہ مساۃ گوہر النسا کامل اور غیر محدود مالکہ تھی اور یہ کہ اس کو فتح محمد کی جائیداد سے سرمایہ نہیں ملا تھا۔ یہ ظاہر ہوگا کہ ذیعلم ڈویژنل جج نے دستاویز کی نسبت خود اپنے نتیجہ کو نظر انداز کیا تھا چونکہ اس کا جواز ایکمرتبہ تسلیم کیا گیا تھا جائداد محمود کو ملنی چاہیئے تھی اور مدعیان صرف اسکے ورثا کی حیثیت سے وارث ہوسکتی تھیں۔ مرافعہ علیہم کے کونسل نے اس خیال کی تردید میں کوئی امر پیش نہیں کیا ہے کہ اس مرافعہ میں ان حصوں کی تصحیح کرنا جو مدعیان کے حق میں ڈگری کئے گئے تھے اور ان کو صرف ایسے حصص عطا کرنا ضروری ہے جنکے وہ محمود کے ورثا کی حیثیت سے مستحق ہونگے۔

شرع اسلام کے بموجب محمود کی جائیداد حسب ذیل طریقہ سے منتقل ہوگی:— اس کی بیٹی کو نصف یا $\frac{16}{32}$ حصہ ملیگا اس کی بیوہ کو $\frac{1}{8}$ حصہ یا $\frac{4}{32}$ حصہ ملیگا اور اس کی دو بہنوں کو بقیہ $\frac{12}{32}$ حصہ ملیگا اس لئے مدعیان ہو خرالذکر حصہ کی مستحق ہونی چاہئیں۔ اس لئے میں مرافعہ ہذا اس حد تک منظور کرتا ہوں کہ ڈویژنل کورٹ کی ڈگری اس طرح تبدیل کی جائے کہ مدعیہ کو جائداد متدعویہ کے $\frac{12}{32}$ حصہ کے قبضہ کی بابتہ ایک ڈگری عطا کی جائے۔

خرچہ نہ مرافعہ صرف ایک معمولی امر کی نسبت کامیاب ہوا ہے اور زیادہ اہم بحث پیش کردہ کی نسبت ناکام رہا ہے۔ اس لئے میں یہ حکم دیتا ہوں کہ مرافعہ ہذا کی نسبت مرافعہ علیہم کا نصف خرچہ مرافع کو

علی محمد خاں بنام علی اکبر خاں (لاہور)

برداشت کرنا چاہیئے۔ مرافع خود اپنا خرچہ ادا کریگا۔

مرافعہ جزواً منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ تحت فرمان شاہی

نمبر مقدمہ ۵ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۰ فروری ۱۹۲۵ء

باجلاس سر شادی لال صاحب چیف جسٹس و مسٹر جسٹس فورڈ۔

علی محمد خاں۔ مدعی۔ مرافع **بنام** علی اکبر خاں وغیرہ۔ مدعا علیہم۔ مرافعہ علیہم

شرع اسلام۔ وقف۔ وقف کا ثبوت۔ کسی مقدس شخص کی مدفین ایک اراضی کو انتقالی جائیداد قرار دیتی ہے۔ سجادہ نشین کا تقرر اور اس کا اثر

کسی تحریر یا معنوی وقف کے ثبوت کی عدم موجودگی میں جس کی رو سے کوئی قطعہ اراضی عام مذہبی اغراض کے لئے وقف کیا گیا ہو محض اس میں کسی مقدس شخص کو دفن کرنیکا اثر اراضی کو انتقالی جائیداد میں مبدل کرنا نہیں ہے۔

کسی وقف کی عدم موجودگی میں کسی شخص کو بطور ایک سجادہ نشین کے مقرر کرنا صرف اعزازی لقب کا [illegible] کرنا چاہیئے۔

زینت بی بی بنام بینا۔ انڈین کیسیز جلد [illegible] ۲۱۱ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ تحت فرمان شاہی بنا راضی ڈگری و فیصلہ صادرہ مسٹر جسٹس مارٹینو مورخہ ۱۳ فروری ۱۹۲۲ء بر مرافعہ دیوانی نمبر ۱۴۲۶ بابتہ ۱۹۲۱ء مطبوعہ انڈین کیسیز جلد ۶۹ صفحہ ۱۵۴ مشعر تنسیخ ڈگری و فیصلہ صادرہ ڈسٹرکٹ جج ہوشیار پور مورخہ یکم اپریل ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافع۔ بخشی ٹیک چند و شیخ نیاز علی۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر عبدالرشید البدری و اسی آر بی۔

**فیصلہ۔** حالات جو حسب فقرہ ۱۰ فرمان شاہی اس مرافعہ کا باعث ہوئے ہیں مختصراً حسب ذیل ہیں:۔

میاں محمد خاں جو فرقہ "چشتی" کے ایک پیر تھے مدعی علیہم کے موضع باسی زار ضلع ہوشیار پور میں رہتے تھے۔ مدعی علیہ نمبر ۲ کا ازدواج اس کی ایک بیٹی کے ساتھ ہوا تھا اور مدعی دوسری لڑکی کا بیٹا ہے۔ پیر مذکور ۱۹۱۴ء میں باسی زار میں فوت ہوئے اور گاؤں کے متصل موضع میں ایک باغ میں دفن کئے گئے جو مدعی علیہم کی ملک تھا۔ ۲۳۔ جون ۱۹۱۴ء کو ان کی وفات کے بعد چالیسویں دن کثیر التعداد اشخاص جن میں ان کے مرید اور فرقہ "چشتیہ" کے مشہور خانقاہوں کے قائم مقام شامل تھے انکی قبر پر جمع ہوئے اور اس مجمع کے غلبہ نے مدعی کو بطور سجادہ نشین مقرر کیا۔ مدعی یہ بیان کرتا ہے کہ مدعی علیہم نے اس خانقاہ کو (۱۶) کنال اراضی وقف کر دی تھی اور اس نے موجودہ نالش ایک دوامی حکم امتناعی کے لئے رجوع کی ہے جس کی رو سے مدعی علیہم خانقاہ اور اسکے انتظام میں دست اندازی کرنے سے باز رکھے جائیں۔

عدالتہائے تحت نے بالاتفاق یہ قرار دیا ہے کہ مدعی باضابطہ طریقہ سے سجادہ نشین مقرر کیا گیا تھا لیکن یہ کہ مذہبی اغراض کے لئے اراضی کا مبینہ وقف ثابت نہیں کیا گیا ہے۔ سوال جس پر ہمارے روبرو مدعی مرافع کے لائق ایڈوکیٹ نے بحث کی ہے وہ یہ ہے کہ اراضی جس پر ان پیر کا مقبرہ تعمیر کیا گیا تھا انتقالی جائیداد ہے اور یہ کہ مدعی بلا مزاحمت وہاں جانیکا مستحق ہے یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ مدعی علیہم نے جو بلا شبہ اسکے مالک تھے اس اراضی کو جو مقبرہ کے تحت یا اسکے اطراف میں تھی مذہبی اغراض کے لئے صراحتاً وقف نہیں کی تھی اور سوال صرف یہ ہے کہ آیا اس امر سے کہ پیر وہاں دفن کئے گئے تھے اور یہ کہ ان کی وفات کی تاریخ سے مقبرہ پر انکی برسی کے موقع پر چار یا پانچ مرتبہ عرس ہو چکا ہے۔ معنوی وقف کا قیاس پیدا ہوتا ہے۔

یہ صحیح ہے کہ متوفی کی دینداری کی وجہ سے فریقین کو یہ

صفحہ ۱۴۱

مقصود تھا کہ ان کا مقبرہ بطور ایک قسم کے مذہبی وقف کے خیال کیا جائے لیکن ہم مسٹر جسٹس مارٹینو کے اس نتیجہ سے اختلاف کرنیکے لئے تیار نہیں ہیں کہ حالات مذکورۂ بالا کی بنا پر یہ تجویز جانہیں ہوتی کہ مدعی علیہم نے اپنے حقوق ملکیت ترک کئے تھے اور جائداد کسی مذہبی امانت کے لئے وقف کی تھی۔ مدعی بلا شبہ سجادہ نشین مقرر کیا گیا تھا لیکن کسی وقف کی عدم موجودگی میں اس لقب کو جیسا کہ مقدمہ زینت بی بی بنام سیادا(۱) میں تبلایا گیا تھا بطور ایک اعزازی لقب کے خیال کرنا چاہیئے۔

مرافعان کی جانب سے مسٹر ٹیک چند اس بحث کی تائید میں کوئی نظیر پیش نہ کرسکے کہ کسی قطعہ اراضی میں کسی مقدس شخص کی تدفین کا اثر اراضی مذکور کو امانتی جائیداد میں مبدل کرنا ہے اور ہم نہیں خیال کرتے کہ ان حالات سے کہ بلا ناغہ مدعی علیہم نے چند سال تک وہاں عرس منعقد کیا تھا مدعی کے دعوی کی اہم تائید ہوتی ہے۔ یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ متوفی مدعی علیہ نمبر ۲ کے خسر تھے اور یہ خیال کسی طرح غیر اغلب نہیں ہے کہ خود اس نے اس اراضی میں جس کا وہ ایک جزوی مالک تھا پیر کو دفن کیا تھا۔ خواہ کچھ ہی ہو عام مذہبی اغراض کے لئے کوئی صریح یا معنوی وقف ثابت کرنیکا بار ثبوت صاف طور پر مدعی پر عائد تھا اور ہم خیال کرتے ہیں کہ وہ اس بار ثبوت سے سبکدوش ہونے سے قاصر رہا ہے۔

مرافعہ معہ خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۱۵۶ بابت ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۰ مارچ ۱۹۲۳ء

رام ناتھ بنام سنولال (الہ آباد) صفحہ ۶۱۵

باجلاس مسٹر جسٹس لنڈسے و مسٹر جسٹس ڈینیلز۔

رام ناتھ۔ مدعی علیہ۔ مرافع **بنام** سنولال و دیگر۔ مدعیان مرافعہ علیہم

قانون معاہدہ ایکٹ (۹ بابت ۱۸۷۲ء) دفعہ ۶۲ الف معاہدہ کی تجدید ۔ عدم تعمیل ۔ اصلی معاہدہ پر معاودت۔

اگرچہ مدعی علیہ کسی معاہدہ کی بنا پر جو اس نے مدعی کے ساتھ اس کے حق میں کسی ذمہ داری کے تحت کیا ہو جب دونوں فریق اپنے حقوق کو کسی ثالث کے ذریعہ سے تصفیہ کرانے پر رضا مند ہوئے ہوں اور ثالث نے مدعی علیہ کی ذمہ داری کا تصفیہ کیا ہو تو مدعی علیہ کی جانب سے فیصلہ ثالثی کے بموجب اسکے مطالبہ کی ادائی میں قصور ہونے پر مدعی کے لئے اصلی معاہدہ پر عود کرنا اور فیصلہ ثالثی کے شرائط کے خلاف اور اصلی معاہدہ پر مبنی کرکے کوئی دعوی پیش کرنا جائز نہیں ہے۔

منوہر گوپال بنام ٹھاکر داس ناسکر۔ انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۱۰ صفحہ ۳۱۹ سے اختلاف کیا گیا۔

کوٹھی سوسمہ کے۔ ایم۔ بی۔ آر۔ این۔ ایم بنام پی۔ ڈی تہیر ومل چٹی۔ انڈین کیسز جلد ۷۱ صفحہ ۹۰ پر استدلال کیا گیا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرۂ ڈسٹرکٹ جج جہانسی مورخہ ۲۵ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء۔

منجانب مرافع۔ مسٹر ہرنی جس سہائے۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ ڈاکٹر ایس۔ این۔ سین۔

**فیصلہ**۔ مقدمہ ہذا میں لائق کونسل کی بحث سماعت کرنے کے بعد ہماری رائے یہ ہے کہ یہ مرافعہ منظور ہونا چاہیئے اور ضلع کی عدالت ابتدائی کا حکم بحال ہونا چاہیئے۔

نالش مدعیان مرافعہ علیہم نے ایک رقم کی بازیافت کیلئے

(۱) انڈین کیسز جلد ۷۴ صفحہ ۱۴۰۔

رام ناتھ بنام منولال (الٰہ آباد)

رجوع کی تھی جو کسی معاہدہ کی بابت جو مابین الادا و مدعیان کی گئی تھی جو ۱۲ ستمبر ۱۹۱۹ء کو سال مذکور کی تاریخ ۱۸ نومبر تک کسی خاص شرح سے دھوتیوں کی ایک گٹھری کی حوالگی کی بابت کیا گیا تھا۔

تاریخ جو ادائی کے لئے مقرر کی گئی تھی ۲۰ نومبر ۱۹۱۹ء تھی۔ اس امر سے انکار نہیں کیا گیا ہے کہ مال مدعا علیہ کو تاریخ زیر بحث کو حوالہ کیا گیا تھا اور اس امر سے بھی انکار نہیں کیا گیا ہے کہ اس تاریخ پر جو ادائی کے لئے مقرر کی گئی تھی قیمت ادا نہیں کی گئی تھی۔

لیکن یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس موخر الذکر تاریخ کے بعد چونکہ اس قسم کا مال بامید منافع زیادہ جمع کیا جا رہا تھا مہاجنی کے تاجران پارچہ کی ایک کمیٹی منعقد ہوئی اور اس نے ایک تجویز پیش کی جسکے ذریعہ سے مال مذکور کی حوالگی کے معاہدہ کی خلاف ورزی یا اس مال کی قیمت کی ادائی نہ ہونے کی بابت دعاوی کا تصفیہ ہونا چاہیئے۔

اس کمیٹی کا فیصلہ یہ تھا کہ معاملات کا تصفیہ کیا جائے اور مبلغ صہ۱۲ فی جوڑہ دھوتی کی قیمت اور اس قیمت کے جو اس طرح مقرر کی جائے اور قیمت معہودہ کے مابین نصف فرق کی بنا پر مال کی ادائی کی جائے۔

ہر دو عدالہائے تحت نے یہ تجویز کی ہے کہ مقدمہ ہذا کے فریقین نے اس فیصلہ کو جسے ہم اس کمیٹی کا فیصلہ ثالثی کہہ سکتے ہیں پیش کیا ہے اور وہ اس امر پر رضامند ہوئے ہیں کہ اس دعوی کا جو مدعیان مدعا علیہم کے خلاف رکھتے تھے اس بنا پر تصفیہ کیا جائے۔

لیکن موجودہ نالش مدعیان نے اصلی معاہدہ کی بناء پر پیش کی ہے اور یہ سوال پیدا ہوا تھا کہ آیا مدعیان اصلی معاہدہ کو استعمال کرنے اور سب ہرجہ کا مطالبہ کرنے کے مستحق تھے۔ عدالت ابتدائی نے مدعیان کے خلاف قرار دیا اور یہ تجویز کی کہ وہ صرف اس اسکیم کی بنا پر وصول کر سکتے تھے جو کمیٹی تاجران پارچہ نے پیش کیا تھا۔ یہ تجویز کی گئی تھی کہ اگر اس اسکیم کو نافذ کیا جائے تو مدعا علیہ مدعیان کو مبلغ الـ[illegible] کی ادائی کا ذمہ دار تھا۔

مرافعہ میں فاضل ڈسٹرکٹ جج نے عدالت ابتدائی کا فیصلہ منسوخ کیا ہے۔ انھوں نے مقدمہ کے متعلق ایک ایسی رائے قائم کی ہے جو ہائیکورٹ کلکتہ کے ایک فیصلہ مقدمہ منوہر گوپال بنام چماکر داس ناسکر (۱) پر مبنی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ انھوں نے تجویز کی کہ اگرچہ فریقین کمیٹی کے فیصلہ کے پابند ہونے پر رضامند ہو گئے تھے تاہم چونکہ مدعا علیہ کمیٹی کے فیصلہ کے بموجب مدعیوں کے مطالبہ کی ادائی سے قاصر رہا تھا مدعیان اصلی معاہدہ پر عود کرنے اور زیادہ شرح سے ہرجہ کا مطالبہ کرنے کے مستحق تھے۔

ہم یہ ظاہر کر سکتے ہیں کہ اس فیصلہ سے جس پر فاضل جج نے استدلال کیا ہے مقدمہ کوٹھی موسومہ کے۔ ایم۔ پی۔ آر۔ ایل ایم بنام پی۔ ٹی۔ تھیپیرو مل چٹی (۲) میں اختلاف کیا گیا ہے اپنی حد تک ہم یہ خیال نہیں کرتے کہ مقدمہ ہذا کے حالات کے لحاظ سے مدعیان اصلی معاہدہ پر عود کرنے کے مستحق تھے۔ وہ ہرجہ کی نسبت اپنے دعوی کا تصفیہ اس اسکیم کی بنا پر قبول کرنے پر رضامند ہوئے تھے جو کمیٹی تاجران پارچہ نے بتلایا تھا اور ہم خیال کرتے ہیں کہ ان کو اس کا پابند ہونا چاہیئے۔

اس لئے اس خیال کے مدنظر عدالت تحت نے اس رقم میں اضافہ کرنے میں غلطی کی تھی جو مدعیوں کو عدالت ابتدائی کے فیصلہ کے ذریعہ سے عطا کی گئی تھی۔ اس لئے ہم مرافعہ ہذا منظور، عدالت تحت کی ڈگری منسوخ اور عدالت ابتدائی کی ڈگری بحال کرتے ہیں

(۱) انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۴۵ صفحہ ۱۰۳۹ (۲) انڈین کیسز جلد ۹۲ صفحہ ۵ = نظائر ہند صفحہ ۱۲۰۔

مرافع عدالت ماتحت اور عدالت ہذا کے اپنے خرچہ کا مستحق ہے۔ غدسات عکسی کے متعلق وہ کوئی اہمیت نہیں رکھتے اور صرف خرچہ خارج کئے جاتے ہیں۔ مرافعہ منظور کیا گیا۔

(۱۴۰)

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۷۹۹ بابتہ سنہ ۱۹۱۸ء منفصلہ ۶ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس عبدالرؤف و مسٹر جسٹس کیمبل۔

تیرتھ رام وغیرہ۔ مدعی علیہم مرافعان بنام محمد عبدالرحیم شاہ وغیرہ۔ مدعیان مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۹۱ آرڈر ۲۲، رول ۴، ۹، آرڈر ۲۶ رول ۹۔ نالش جو حق گذر کے قیام کے لئے رجوع کی گئی ہو اور اس کی نوعیت — مرافعہ۔ سقوط — مرافعہ علیہ کی وفات۔ وفات کی عدم واقفیت ایا سقوط کی تنسیخ کے لئے کافی وجہ ہے۔ فیصلہ جو کلیتاً معائنہ موقع پر مبنی کیا گیا ہو اور اس کا جواز —

کوئی نالش جو بطور ایک حق آسائش کے کسی حق گذر کے تمتع کے نفاذ کے لئے رجوع کی جائے دفعہ ۹۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تحت نہیں آتی اور اس لئے اسکے لئے کلکٹر کی اجازت ضروری نہیں ہے۔

یہ نہیں کہا جا سکتا کہ مرافعہ علیہ کی وفات کے متعلق مرافع کی عدم واقفیت کسی صورت میں کسی سقوط کی تنسیخ کرانے کی ایک کافی وجہ نہیں ہے۔ اس قسم کے سوال کا تصفیہ عام طور پر اور ہر خاص مقدمہ کے جو عدالت کے روبرو ہو حالات کے بلالحاظ نہیں کیا جا سکتا۔

میر نواب بنام ہردیو انڈین کیسیز جلد ۴ صفحہ ۸۷۱۔ دیا سنگھ بنام بوٹا سنگھ۔ انڈین کیسیز جلد ۸ صفحہ ۳ کا حوالہ دیا گیا۔

کوئی فیصلہ کلیتاً اس ذاتی معائنہ موقع کے نتیجہ پر مبنی نہ کیا جانا چاہئے جو جج نے کیا ہو۔

احمد صاحب شطاری بنام میگنیسائٹ سینڈیکیٹ لمیٹڈ انڈین کیسیز جلد ۲۹ صفحہ ۲۰ و کیشو جی ایسٹور بنام جی آئی پی ریلوے کمپنی انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۳۱ صفحہ ۳۸۱ پر استدلال کیا گیا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج ملتان مورخہ ۴ جولائی سنہ ۱۹۱۸ء متعلق تنسیخ ڈگری مصدرہ سب آرڈینیٹ جج درجہ اول ملتان مورخہ ۱۲ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء۔

منجانب مرافعان۔ بخشی ٹیک چند و لالہ جگن ناتھ۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ شیخ نیاز علی۔

**فیصلہ** — اس نالش کے مدعیان جس سے یہ مرافعہ ثانی پیدا ہوا ہے شہر ملتان کے مضافات کے جو بستی فرید آباد کہلاتی ہے (۵۱) باشندے ہیں۔ مدعی علیہما تیرتھ رام اور لچھمی نارائن رام چند کے بیٹے تھے جو چند کھیتوں نمبر ۱۸۱۰۔ ۷ و ۱۹۲۴۔ ۵ کے درج شدہ مالک ہیں جو بستی فرید آباد اور خاص شہر کی سرحد کے مابین واقع ہیں امر متنازعہ فیہ ایک قطعہ اراضی کو جو ان کھیتوں کی حدود کے اندر واقع ہے اور بستی کے بازو سے گزرتا ہے بطور ایک راستہ یا سڑک کے استعمال کرنے کے متعلق مدعیان کے حق کی بابتہ ہے۔

۷ مرنومبر سنہ ۱۹۱۱ء کو موجودہ مدعی علیہم کے چچا نے جو ان زمینوں و کھیتوں کا مالک تھا کمیٹی صفائی سے ایک دیوار تعمیر کرانے کی اجازت کے لئے کامیابی کے ساتھ درخواست کی تھی جس سے ایک سڑک نے جو جنوب کو گزرتی تھی کھیتوں میں آمدورفت موقوف کی تھی اجازت منقضی المیعاد ہو چکی تھی اور ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۹۱۲ء کو اس کی تجدید کی گئی تھی۔ اسکے بعد جب بلدیہ کمیٹی کے ممبران کی سفارش پر اجازت منسوخ کی گئی تھی۔ مدعی کے چچا نے کمشنر کے پاس مرافعہ کیا

تیرتھ رام بنام محمد عبدالرحیم (لاہور)

برکت رام بنام محمد عبدالرحیم (لاہور)

جس نے سابقہ تجویز بحال کی جس کی رو سے اجازت دی گئی تھی۔ اسکے بعد مدعیان نے موجودہ نالش رجوع کی۔

ان کی مرتبہ شکل میں عرضی دعوی میں اس امر کا اقرار کیا کہ بستی فرید آباد کے باشندے اس راستہ کے مالک تھے جو نقشہ منسلکہ عرضی دعوی میں بتلایا گیا تھا۔ علی سبیل البدل ایک ... ناعلی کی استدعا کی گئی تھی جس کی رو سے مدعی علیہم کو اپنی دیوار کے ذریعہ سے راستہ کی مزاحمت نہ کرنیکا اس بنا پر حکم دیا جائے کہ بستی فرید آباد کے باشندے حق آسائش کی بنا پر اسکا حق گذر رکھتے ہیں۔ عدالت ابتدائی نے دعوی خارج کر دیا۔ مدعیان کی جانب سے مرافعہ پیش ہونے پر ڈسٹرکٹ جج نے ان کو ایک ڈگری عطا کی جس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ وہ بطور ایک عام حق گذر کے (؟) قطعہ جس کا ایک قطعہ اراضی جس کی انھوں نے صراحت کی تھی استعمال کرنیکے مستحق ہیں اور مدعی علیہم کو اس امر کی ممانعت کی گئی تھی کہ وہ مدعی کی جانب سے اس قطعہ اراضی کو بطور ایک راستہ کے استعمال کرنے میں مزاحم نہ ہوں۔

مدعی علیہم نے مرافعہ ثانی پیش کیا ہے۔

مدعیان مرافعہ علیہم کی جانب سے ایک ابتدائی عذر یہ کیا گیا ہے کہ ان کا ایک شریک رحیم داد ۳۰ نومبر ۱۹۱۸ء کو فوت ہوا ہے کہ مرافعان نے اس مدت کے اندر جو اس وقت قانوناً مقرر تھی اسکے قائم مقامان قانونی کو فریق بنانے کے لئے کوئی درخواست نہیں کی تھی اور یہ کہ اس لئے مرافعہ حسب آرڈر ۲۲ رول ۴ (۳) نہ صرف رحیم داد کے قائم مقاموں کے خلاف بلکہ کلیۃً ساقط ہو گیا ہے۔ یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ رحیم داد تاریخ مبینہ پر فوت ہوا۔ مرافعان نے ۲ جولائی ۱۹۱۹ء کو ایک درخواست پیش کی جو حسب آرڈر ۲۲ رول ۹ (۲) پیش ہوئی تھی، بیان کی گئی تھی جس میں یہ استدعا کی گئی تھی کہ رحیم داد کا نابالغ بیٹا جو موجودہ مرافعہ علیہم میں سے ایک کی زیر ولایت تھا اپنے باپ کی بجائے مرافعہ علیہ قرار دیا جائے اور یہ عذر کیا گیا تھا کہ درخواست اسکے قبل اس وجہ سے پیش نہیں کی گئی تھی کہ مرافعان رحیم داد کی وفات سے ناواقف تھے۔ درخواست کی تائید ایک حلفی بیان کے ذریعہ سے کی گئی تھی کہ مدعی علیہم ملتان کے باہر رہتے تھے ایک بحیثیت طالب علم کے لاہور میں رہتا تھا اور دوسرا بحیثیت طالب علم کے لائلپور میں رہتا تھا اور یہ کہ اس وجہ سے ان کو رحیم داد کی وفات کا علم نہ تھا۔ منفرد جج نے ایک حکم صادر کیا جس کی رو سے کل مناسب عذرات کے تابع درخواست منظور کی گئی تھی۔

ہمیں عدالت ہذا کے معمولی عملدرآمد کے بموجب اس درخواست کے بطور ایک دیسی درخواست کے تصور کرنے سے انکار کرنیکی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی جو کہ ایسے حکم کے لئے دی گئی ہو جس کی رو سے مرافعہ کا سقوط منسوخ کیا جائے۔ اس عملدرآمد کی ایک مثال مقدمہ اروڑ سنگھ بنام ٹوڈر مل (۱) ہے اور کئی دیگر مقدمات کا حوالہ دیا جا سکتا ہے۔

مرافعہ علیہم کے لائق کونسل نے زور کے ساتھ یہ بحث کی ہے کہ سقوط منسوخ نہ ہونا چاہیئے اور حسب ذیل وجوہ پیش کی ہیں:-

(۱) رحیم داد کی وفات کی نسبت ۳ ڈسمبر ۱۹۱۸ء کو کمیٹی صفائی ملتان نے رجسٹر میں اندراج کیا تھا۔

(۲) مرافعان ملتان کے باشندے ہیں اور انکے کئی رشتہ دار وہاں مستقل سکونت رکھتے ہیں جن سے اس خاص امر کی نسبت ان کے حقوق کی نگرانی اور انکے فرائض کی ادائی کی استدعا کی جا سکتی تھی۔

(۳) مرافعان ۱۹۱۸ء کی تعطیلات کرسمس میں مکان کو آئے ہونگے اور اس طور پر وہ رحیم داد کی وفات کے متعلق دریافت کر سکتے تھے۔

صفحہ ۱۶۱

(۱) انڈین کیسیز جلد ۴۴ صفحہ ۵۰۱۔

(۴) ان کا متوفی باپ زمانہ بیس سال تک کمیٹی صفائی کا رکن اور نائب میر مجلس تھا اور اس لئے مرافعان کو صفائی کے کاغذات دیکھنے کے لئے خاص سہولتیں حاصل تھیں۔

(۵) دوسرے مرافعہ علیہ رحیم کی وفات کی صورت میں مرافعان نے ۳۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۱ء کو اسکے قائم مقام قانونی کو فریق بنانے کے لئے درخواست کی تھی اور یہ کہا تھا کہ وفات (۳ ماہ) قبل واقع ہوئی تھی اور کمیٹی صفائی کو کسی تاریخ مابعد بتاریخ ۱۱ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء تک فی الواقع وفات کی اطلاع نہیں دی گئی تھی۔

ان بیانات کی تائید حلفنامہ کے ذریعہ سے نہیں کی گئی ہے اور جس حد تک کوشش سے ظاہر ہوتا ہے (۲) اور دس محض قیاس پر مبنی ہیں۔ اس اندراج کی ایک نقل ہمیں تبلائی گئی ہے جسکے ذریعہ سے رحیم داد کی وفات درج رجسٹر کی گئی تھی لیکن اس امر سے کہ مرافعان کا باپ کسی وقت نائب میر مجلس تھا ہم یہ فرض نہیں کر سکتے کہ مرافعان اب کمیٹی صفائی سے کوئی خاص تعلق رکھتے ہیں جو کہ اس وفات کے واقعہ سے اگر کچھ ظاہر ہوتا ہے تو وہ یہ ہے کہ مرافعان نے مرافعہ کی پیروی میں مناسب طور پر اور نیک نیتی کے ساتھ توجہ کی۔

ہمارے روبرو دو مطبوعہ مقدمات میر نواب بنام ہردیو (۳) و دیا سنگھ بنام بوٹا سنگھ (۳) کا حوالہ دیا گیا ہے جن میں عدالت ہذا نے یہ قرار دیا تھا کہ کسی مرافعہ علیہ کی وفات کے متعلق مرافعان کی عدم واقفیت کسی سقوط کی تنسیخ کے لئے کوئی کافی وجہ نہ تھی لیکن ان مقدمات میں سے ہر ایک مقدمہ خود اسکے واقعات کے لحاظ سے فیصل کیا گیا تھا اور اس قسم کے سوال کا عام طور پر اور اس خاص مقدمہ کے جو عدالت کے روبرو پیش ہو خاص حالات کے بلا لحاظ تصفیہ کرنا غیر ممکن ہے۔ یہاں ہمارے روبرو ایک حلفی بیان موجود ہے کہ مرافعان تیرتھ رام اور لچھمی نارائن جن میں سے ایک شخص نابالغ تھا اور دوسرا اس کا بھائی اور ولی دوران مقدمہ ایک بالکل نوجوان شخص تھا اپنی تعلیم جاری رکھنے کی قابل تحسین غرض کے لئے ملتان کے باہر تھے۔ مرافعہ علیہم نے کسی عکسی حلفنامہ کے ذریعہ سے اس بیان پر اعتراض نہیں کیا ہے اور ہمیں کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ وہ کیوں صحیح باور نہ کیا جائے۔ یہ کہنا بمشکل ضروری ہے کہ کوئی طالب علم خواہ کتنا ہی بہتر ہی چاہتا ہو اپنے کام پر کامل توجہ کرتا ہے بجز اسکے کہ اس بیان کی تائید میں کوئی شہادت موجود ہو ہم یہ قیاس نہیں کر سکتے کہ مرافعان سنہ ۱۹۲۱ء کے کرسمس کے زمانہ میں ملتان کو واپس آئے تھے ہم یہ قرار دیتے ہیں کہ کافی وجہ ثابت کی گئی ہے اور ہم سقوط منسوخ کرتے ہیں اور یہ حکم دیتے ہیں کہ حق نواسہ نابالغ زیر ولایت والدہ بجائے رحیم داد متوفی کے مرافعہ علیہ بنایا جائے۔

تیرتھ رام بنام محمد عبدالرحیم (لاہور) صفحہ ۶۱۸

اب ہم مرافعہ کی روئداد پر بحث کرتے ہیں۔

مدعی علیہم نے عدالت ابتدائی میں یہ عذر کیا ہے کہ کوئی راستہ موجود نہیں ہے یہ کہ مدعیان مالک نہیں ہیں یہ کہ ان کو کوئی حق آسائش حاصل نہیں ہے اور یہ کہ نالش حسب دفعہ ۹۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی معہ دفعہ ۹۳ کلکٹر کی اجازت کے بغیر رجوع نہیں کی جاسکتی تنقیحات جن سے ہمیں تعلق ہے حسب ذیل قائم کی گئی ہیں:۔

(۱) کیا اراضی متدعویہ مدعیوں کی جائیداد ہے؟

(۲) اگر نہیں ہے تو کیا مدعیان ارجاع نالش کے قبل بیس سال تک بلا مزاحمت اور مسلسل حق آسائش استعمال کرتے تھے۔

(۳) کیا دفعات ۹۱ و ۹۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی نالش کی مانع ہیں؟

عدالت ابتدائی نے تنقیح نمبر ۱ مدعیوں کے خلاف فیصل کی۔ اس فیصلہ پر مرافعہ میں اعتراض کیا گیا ہے لیکن فاضل ڈسٹرکٹ جج نے اس کی نسبت کوئی خاص تجویز صادر نہیں کی۔ تنقیح نمبر ۲ سبارڈینیٹ جج نے مدعیان کے خلاف اور فاضل

(۱) انڈین کیسز جلد ۱۸ صفحہ ۱۳ (۳) انڈین کیسز جلد ۸ صفحہ ۳۴۰

تیرتھ رام بنام محمد عبدالرحیم (لاہور)

ڈسٹرکٹ جج نے ان کے موافق رائے دی تھی۔

تنقیح نمبر ۳ کی نسبت سب آرڈینیٹ جج نے یہ قرار دیا کہ نالش دفعہ ۹۱ کے تحت آتی ہے۔ ڈسٹرکٹ جج نے یہ قرار دیا کہ وہ دفعہ ۹۱ کے تحت نہیں آتی۔

ہم اس موخرالذکر امر کی نسبت فاضل ڈسٹرکٹ جج کے فیصلہ کو برقرار رکھتے ہیں۔ پلیڈنگ کے نمونہ سے مرافعان کی جانب سے مسٹر شیاب چند کی اس بحث کی کہ دعویٰ کی تائید نہیں ہوتی کہ نالش اس نوعیت کی ہے جس کا ذکر دفعہ ۹۱ میں کیا گیا ہے۔ یہ امر کہ بیانات کے گواہوں نے مقام متنازعہ کو ایسے الفاظ مثلاً شارع عام کے ذریعہ سے ظاہر کیا تھا پلیڈنگ کا [illegible] نہیں ہو سکتا اور نہ ہم یہ قرار دے سکتے ہیں کہ ان کی ترمیم کسی اضافی بیان کے ذریعہ سے ہوتی ہے جو اس طرح تحریر کیا گیا کہ اسے مدعیان کے کونسل نے شہادت کی سماعت کے دوران میں سب آرڈینیٹ جج کے سوال کے جواب میں کہا تھا کہ مقام [illegible] شارع عام ہے جس کی دعویٰ میں صاف طور پر بطور ایک حق آسائش کے راستہ کے حق کے تمتع کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ یہ صحیح ہے جیسا کہ مسٹر شیاب چند نے تبلایا تھا کہ کوئی حق آسائش قرار دینے کے لئے دو صریح حقیقتیں ہونی چاہئیں ایک حقیقت غالب اور دوسری حقیقت تابع اور یہ کہ کسی حق آسائش کا مطالبہ نہیں کیا جا سکتا بجز اسکے کہ دعویداری کسی حقیقت سے کوئی تعلق رکھتا ہو۔ یہاں اس شرط کی تکمیل ہوئی ہے۔ حق آسائش کا مطالبہ باشندگان آبادی کے لئے کیا گیا ہے اور آبادی بحیثیت حقیقت غالب ہے۔ کسی امر باعث تکلیف عام کی بابت کوئی دادرسی نہیں چاہی گئی ہے اس امر کا اور کوئی مطالبہ نہیں کیا گیا ہے اور اس لئے اس کی نسبت کوئی استقرار عطا نہیں کیا جا سکتا کہ مقام متدعویہ ایک شارع عام ہے اور اس طور پر اس کی مزاحمت کی گئی ہے۔

تنقیح نمبر ۱ کا فیصلہ کرنے کی نسبت جو کسی حق آسائش کے وجود کی بابت ہے فاضل ڈسٹرکٹ جج نے جو طریقہ اختیار کیا ہے وہ ایک ایسا [illegible] ہے جو ہم یہ قرار دینے پر مجبور ہیں کہ قانون کے بموجب نہ تھا اور مرافعہ کو [illegible] کر کے فیصلہ کے لئے واپس کرنا ضروری ہے۔ اس شہادت زبانی سے جو مدعیان نے عدالت ابتدائی میں پیش کی تھی کسی شہادت پر کسی بحث یا تنقید نہیں کی گئی تھی۔ فاضل ڈسٹرکٹ جج موقع پر گئے تھے اور انہوں نے یہ تحریر کیا ہے کہ انکے معائنہ کے نتیجہ سے اس قدر قوی قیاس پیدا ہوتا ہے کہ آبادی تعمیر کئے جانے کے وقت سے حق موجود تھا کہ بار ثبوت جو ابتداً مدعیان پر عائد تھا فوراً مدعا علیہم پر منتقل ہو گیا جنہوں نے حق گزر سے انکار کیا ہے۔ فیصلہ حسب ذیل ہے:

"مجھے خود اس امر کا اطمینان ہوا ہے کہ خواہ وہ راستہ جو وادی کے مغربی کنارے سے گزرتا ہے قدیم خسرہ نمبر ۱۹۶ کا جز ہو یا نہ ہو بیانات کو بلا شبہ اسکے استعمال کا حق حاصل ہے اور انھوں نے بستی آباد کئے جانے کے وقت سے اس حق کو استعمال کیا ہے۔ عدالتی فیصلہ کے ذریعہ سے حق سے انکار کرنا سخت ظلم ہوگا۔"

مقدمہ احمد صاحب شطاری بنام مینکینا سنڈ سنڈیکیٹ لیمٹڈ (۴) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ کوئی فیصلہ محض کسی ذاتی معائنہ موقع کے نتیجہ پر مبنی نہ ہونا چاہیئے جو جج کی جانب سے کیا گیا ہو اور یہ نظیر اور وہ تنبیہہ جو پریوی کونسل نے مقدمہ کیشو جی ایسو بنام جی۔ آئی۔ پی ریلوے کمپنی (۵) میں عدالت تحت کے ضابطہ کی نسبت کی تھی یہاں پر خاص طور پر متعلق ہو سکتے ہیں۔ فاضل ڈسٹرکٹ جج کو ان حالات کی نسبت فیصلہ کرنا پڑا تھا جو نالش رجوع کئے جانے کے وقت موجود تھے۔ نالش ۲۲ نومبر سنہ ۱۹۱۲ء کو رجوع کی گئی تھی۔ ڈسٹرکٹ جج نے جولائی سنہ ۱۹۱۸ء میں موقع کا معائنہ کیا تھا۔ انہوں نے کل شہادت نظر انداز کی تھی

(۴) انڈین کیسز جلد ۱۹ صفحہ ۶۲۱ (۵) انڈین لا رپورٹس بمبئی جلد ۳۱ صفحہ ۳۸۱۔

(۲۹)

جوان حالات کے متعلق تھی جو نالش کے وقت یا اسکے قبل موجود تھے اور اپنا فیصلہ کلیتًہ اس خیال پر مبنی کیا تھا جو خود اس نے ارجاع نالش کے تقریبًا چار سال بعد ظاہر کیا تھا۔

بار ثبوت کے اس ابتدائی امر کی نسبت فیصلہ اس وجہ سے بالکل غلط تھا اور ہم مرافعہ منظور۔ ڈسٹرکٹ جج کا فیصلہ اور ڈگری منسوخ اور مرافعہ حسب آرڈر ۴۱ رول ۲۳ شہادت پر قانون کے بموجب مکرر فیصلہ کے لئے واپس کرتے ہیں۔ مرافعہ کا اسٹامپ واپس کیا جائیگا اور خرچہ مقدمہ کا خرچہ ہوگا۔ مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ مدراس

### درخواست نگرانی دیوانی

نمبر متفرقات ۵۰۵-۵۸،۸۲۹ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء فیصلہ ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس سر والٹر البیں شیپرڈ نائٹ چیف جسٹس و مسٹر جسٹس ڈاسیلج

سی سو تہاسہ راو — بنام میبر مجلس مجلس صفائی سید اپیٹ
سائل — مدعی علیہ۔ مسئول علیہ۔

قانون صفائی اضلاع مدراس ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء دفعہ ۲۵۲-قانون داد رسی خاص ایکٹ ۱ بابتہ سنہ ۱۸۷۷ء دفعہ ۴۲-انتخاب صفائی- میبر مجلس کی جانب سے پرچہ نامزدگی کی نامنظوری- لوکل گورنمنٹ کی جانب سے پرچہ نامزدگی کے جواز کے متعلق فیصلہ کرنے کے اختیار سے انکار- حکم امتناعی جسکی رو سے نالش دیوانی کے فیصلہ تک انتخاب کرنیکی مالغت کی گئی ہو- عدالتہائے دیوانی کا اختیار سماعت- انتخاب کا منعقد کیا جانا- حکم امتناعی جسکی رو سے رکن کونسل منتخب شدہ کو کام کرنیکی ممانعت کی جائے- دیا عطا کیا جاسکتا ہے- نالش دیوانی کا قابل پذیرائی ہونا- چارہ کار-

ایک پرچہ نامزدگی کو جو کسی امیدوار کی جانب سے بحیثیت یک

رکن صفائی انتخاب کے لئے پیش کیا گیا ہو میبر مجلس صفائی نے ناجائز طور پر نامنظور کیا تھا اور پرچہ نامزدگی کی نامنظوری کی وجہ صرف دو سرا امیدوار قواعد کے بموجب حسب ضابطہ منتخب شدہ قرار دیا گیا تھا۔ ایک نالش میں جو اس امیدوار کی جانب سے جسکی نامزدگی نامنظور کی گئی تھی اس حکم امتناعی کے لیے رجوع لائی تھی کہ منتخب شدہ امیدوار کو بحیثیت رکن صفائی کے عمل کرنے سے باز رکھا جائے اور کونسل کے میبر مجلس کو کسی جدید میبر مجلس کے انتخاب کے لئے کونسل کا جلس طلب کرنے اس وقت موجود تھی اجلاس منعقد کرنے سے باز رکھا جائے۔

قرار دیا گیا (۱) کہ عرضی دعوی سے ان مدعی علیہم میں سے کسی کے خلاف بھی کوئی بنائے دعوی ظاہر نہ ہوتی تھی- کامیاب امیدوار نے کوئی بیجا عمل نہیں کیا تھا کیونکہ اس نے محض اپنے آپکو منتخب شدہ خیال کیا تھا اور کونسل میں اجلاس کرنا چاہتا تھا اور نہ عدالت سے مناسب طور پر استدعا کی جاسکتی تھی کہ وہ میبر کو کونسل کا اجلاس منعقد کرنے کی ممانعت کرے- (۲) یہ کہ مدعی کے لئے مناسب چارہ کار یہ تھا کہ کسی درخواست انتخاب کے ذریعہ سے اس انتخاب کی تنسیخ کی درخواست کرتا جو قبل ازیں منعقد ہوا تھا- جبکہ کونسل صفائی کے کسی امیدوار کے پرچہ نامزدگی کی نامنظوری کے بعد دیگر امیدواروں کے متعلق جو جائز طور پر نامزد کئے گئے تھے انتخاب کیا جانیوالا تھا اور اس امیدوار نے جس کا پرچہ نامزدگی نامنظور کیا گیا تھا حسب قاعدہ ۱۳ قواعد انتخاب صفائی مدراس اپنی نامزدگی کی نامنظوری کے سوال کو لوکل گورنمنٹ کے سپرد کرنیکی کوشش کی تھی اور لوکل گورنمنٹ نے غلطی سے اختیار سماعت سے انکار کیا تھا اور اسکے بعد اس نے اس استقرار کے لئے کہ میبر مجلس نے اس کا پرچہ نامزدگی ناجائز طور پر نامنظور کیا تھا اور اس حکم امتناعی کے لئے نالش رجوع کی تھی کہ وہ حسب ضابطہ نامزد شدہ امیدوار کی حیثیت سے

سی سو تہاسہ راو بنام میبر مجلس صفائی (مدراس)

سوتہامریاو بنام پریزیڈنٹ مجلس صفائی (مدراس)

مدعی کے بغیر انتخاب منعقد کرنے سے باز رکھا جائے اور اس کو بحیثیت
ایک امیدوار کے مدعی کو شریک کرکے انتخاب منعقد کرنے پر مجبور کیا جائے۔
قرار دیا گیا (۱) کہ مدعی پر انتخاب کئے جانے تک انتظار کرنا لازم
تھا۔ اس کو حکم امتناعی کے ذریعہ سے اس کا استعمال کی روک کی
دی گئی حق یا منصب کا اثر اسکے حقوق میں ناجائز طور پر دست اندازی
کرنا تھا تکمیل پانے کی روک کے لئے بنائے دعوی حاصل تھی۔

(۲) یہ کہ دفعہ ۳۵ قانون صفائی اضلاع مدراس نے ایسی نالش کی
مانع نہ تھی جو مدعی کے مفصلہ کسی ناجائز فعل کو جس کی دھمکی دی گئی ہو روکنے
کی غرض سے حکم امتناعی کے لئے رجوع کی جائے۔

(۳) چونکہ لوکل گورنمنٹ نے قواعد کی تعبیر کے متعلق اختیار سے انکار
کیا اور اس امر کے متعلق کوئی تنکیہ لیجسلیچر موجود نہیں ہے قاعدہ ۲۱
قواعد انتخاب صفائی مدراس کے باوجود عدالت دیوانی کو معاملہ کی تحقیقات
اور تصفیہ کا اختیار حاصل ہے۔

جسٹس شوپ۔ اگر کوئی شخص کسی انتخاب کے وقت رائے دینے
یا امیدوار ہونے کا مستحق ہو حق مذکور سے ناجائز طور پر محروم کیا جائے
تو اس شخص کے خلاف جو اس کو اس طرح محروم کرے ہرجہ کی نالش رجوع
کی جا سکتی ہے۔ لیکن اگر فعل جسکے ذریعہ سے اسکے حق میں دست اندازی
کی گئی ہو عدالتی حیثیت سے کیا گیا ہو تو ہرجہ کی کوئی نالش رجوع نہ ہو سکیگی
بجز اسکے کہ فعل کینہ سے یعنی بدنیتی سے کیا گیا ہو۔ آشبی بنام
وائٹ انگلش رپورٹ جلد ۹۲ صفحہ ۱۲۶۔ میونسپل بورڈ آگرہ بنام اشرفی
لال۔ انڈین کیسیز جلد ۶ صفحہ ۸۴۳۔ پیکرنگ بنام ہیس۔ بنگال رپورٹر
جلد ۱ صفحہ ۸۷ پر استدلال کیا گیا۔ لیکن گزشتہ افعال کی بابتہ ہرجہ کی
نالش کے قطع نظر کسی فعل کو جسکی دھمکی دی گئی ہو اور جس کا اثر مدعی کے
حقوق میں ناجائز دست اندازی کرنا ہو اسکو حکم امتناعی کے ذریعہ
تکمیل سے روکنے کے لئے ایک مختلف نوعیت کی بنائے دعوی بھی

صفحہ ۶۲۰

حاصل ہوتی ہے جب کوئی قانونی حق موجود ہو جو قانوناً یا بذریعہ عدالت کے
پیش کیا جا سکتا ہو تو عدالت کو حق مذکور کی حفاظت کے لئے ایک
حکم امتناعی عطا کر سکتی ہے۔ اسکلسٹ بنام سوتہا مپلن کار پوریشن۔
ویکلی رپورٹر جلد ۹ صفحہ ۱۷۸۔ ریچرڈسن بنام متیلیے ہکول بورڈ
ویکلی رپورٹر جلد ۳۰ صفحہ ۲۴۷ پر استدلال کیا گیا۔

جسٹس وائیس۔ کسی انتخاب صفائی کے لئے بحیثیت ایک امیدوار کے
پیش ہونے کے لئے نامزد کئے جانے کا حق جو بمنشائے دفعہ ۴۲ قانون
دادرسی خاص ایک قانونی حیثیت ہے۔ لیکن یہ قانونی حیثیت فی نفسہ
کسی خاص قانون موضوعہ کے ذریعہ سے پیدا کی گئی ہے اور جبکہ خود قانون
موضوعہ میں ایسی قانونی حیثیت کے حق کی خلاف ورزی کے مقدمات کی
تحقیقات کے لئے کوئی مناسب عدالت مقرر کی گئی ہو اور عدالت
مذکور نے عدالتی طور پر عمل کیا ہو تو عدالت دیوانی کو حق مذکور کی کسی
مبینہ خلاف ورزی کے مقدمہ پر بحث کرنے کا اختیار نہیں ہے۔ لیکن جب
کسی عدالت نے جو حسب ضابطہ ترتیب دی گئی ہو اختیار سے انکار
کیا ہو اور کسی قانونی حیثیت کے متعلق کسی فریق کے حق کے سوال کی
تحقیقات کرنے سے انکار کیا ہو تو فریق متضرر اس طرح پر اپنے قانونی
اور باضابطہ چارہ کار سے محروم ہو جاتا ہے اور عدالت دیوانی کو
بحیثیت ایک عدالت اکویٹی کے اس میں دست اندازی کرنی چاہیئے۔
اور اس اختیار کو استعمال کرنا چاہیئے جو عدالت بجا طور استعمال کرنے سے
قاصر رہی ہو۔ پس جب لوکل گورنمنٹ جو کسی خاص مقدمہ میں قانونی
عدالت ہے خود اپنے قواعد کی غلط تعبیر کرے کہ ان سے اس کو کسی انتخاب صفائی
کے وقت کسی پرچہ نامزدگی کے جواز کا فیصلہ کرنے کا اختیار عطا نہیں کیا
گیا ہے تو معمولی عدالت دیوانی کو دادرسی مذکور کی بابتہ نالش کی سماعت
کرنے اور کوئی مناسب حکم امتناعی عارضی صادر کرنے کا اختیار حاصل ہے
جس کی رو سے نالش کی تحقیقات تک معاملات اپنی سابقہ حالت میں

قائم رکھے جائیں۔ (انگلستان و ہندوستان کی نظائر پر عمل کیا گیا)

ودخواستہائے نمبر ۵۷ و ۲۸ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء تحت دفعہ ۱۱۵ ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء و درخواست نمبر ۵۰ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء تحت دفعہ ۱۱ ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء و دفعہ ۱۰۷ گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ جسکی رو سے ایک رٹ کے حکم مورخہ ۳۱ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء مصدرہ ڈسٹرکٹ کورٹ چنگل پیٹ برائے متفرق جات متفرق نمبری ۳۔ ۹ و ۳۸ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء بر نالشات ابتدائی نمبری ۵۴۔ ۲۶۲ و ۲۴۶ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء بر شمول عدالت ڈسٹرکٹ منصف پونا مالسکی نگرانی کی استدعا کی گئی تھی۔

منجانب سائلان مسٹر ایم۔ ایس۔ وینکٹا راما آئر بحیثیت مسٹر اے۔ کے۔ ماوبرواراو وجانکی راما آئر۔ یہ درخواستیں تو سٹر جج کے احکام کی نگرانی کی غرض سے پیش کی گئی ہیں جنکی رو سے احکام امتناعی عاجلی منسوخ کیے گئے تھے جو ڈسٹرکٹ منصف نے تین نالشات میں صادر کیے تھے جو اس استقرار کے لیے کہ ان کے مدعیان چند انتخابات صفائی میں بحیثیت امیدواروں کے حسب ضابطہ نامزد کیے گئے تھے اور میونسپلٹی کے خلاف احکام امتناعی کے لیے رجوع کی گئی تھیں کہ وہ انتخابات کرنے اور کونسل کا اجلاس منعقد کرنے سے باز رکھا جائے۔ ان تین مقدمات میں سے دو میں پرچہ جات نامزدگی اس بناء پر نامنظور کیے گئے تھے کہ ان میں وارڈ کے نمبرات درج نہ تھے اور دوسرے میں اس بناء پر نامنظور کیے گئے تھے کہ تائید کرنیوالے کے نشان ابہام کی تصدیق نہیں کی گئی تھی۔

نامنظوریاں سب کے سب صاف طور پر غلط تھیں کیونکہ قواعد میں ان میں سے کسی کے متعلق بھی صراحت نہیں ہے۔

نالش کی سماعت کے متعلق عدالتہائے دیوانی کے اختیار سماعت کا ایک سوال پیدا ہوا ہے۔ بحیثیت ایک امیدوار کے پیش ہونے اور نامزد کیے جانیکا حق بلاشبہ ایک دیوانی حق ہے۔ وہ

سکرٹری اسٹیٹ بنام پریزیڈنٹ مجلس صحت (مدراس)

حیثیت کے متعلق ایک حق ہے اور بسبب منشاء دفعہ ۴۲ قانون داد رسی خاص ایک قانونی حیثیت ہے اور اس لئے ایسے حق کے متعلق ایک استقرار کی نالش رجوع ہو سکتی ہے۔ ملاحظہ ہول ہدایت سنگھ بنام عبدالغفور (۱) نیز اجاند لعبار بنام سیول کونسل بہار (۲) ملا علاؤالحق بنام پریزیڈنٹ مجلس صفائی ملتک (۳) نرنکا ناتھ مترا بنام راجا چرن پال بہادر (۴)۔ اگر دفعہ ۴۲ قانون داد رسی خاص صراحتاً متعلق نہ ہو تو بھی مدعی بحیثیت ایک امیدوار کے پیش ہونیکے متعلق اپنے حق کے استقرار کی نالش رجوع کرنیکا مستحق ہے۔ دفعہ ۴۲ ان نالشات استقراری کے متعلق جامع نہیں ہے جو عدالتہائے دیوانی کی جانب سے سماعت کی جاسکتی ہوں لیکھمی نرسمہا بنام راما لنگم پلے (۵) رابرٹ فیشر بنام صاحب ذیر ہند (۶) یہ در اصل ایک ایسی نالش ہے جو کسی قانونی حق یا خلاف ورزی کی اصلاح کی غرض سے رجوع کی گئی ہے۔ عدالت دیوانی کا اختیار سماعت ہونے کا بار ثبوت مدعی علیہ پر عائد ہے۔ ملاحظہ ہول دفعہ ۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی و منشا بمبر متھ کدمبی بنام پٹیدی ناتھ کٹمبر اسٹڈ و (۷)۔ اسکے بعد سوال یہ ہے کہ آیا کسی صریح یا معنوی حکم قانونی کی بنا پر نالش ممنوع السماعت ہے۔ قواعد انتخاب صفائی کے قاعدہ (۱) میں صرف انتخاب عمل میں آنے کے بعد نہ کہ اسکے قبل کے چارہ کار کا ذکر ہے۔ قاعدہ مذکور متعلق نہیں ہو سکتا۔ قاعدہ ۱۳ کی رو سے لوکل گورنمنٹ ان امور کے فیصلہ کی مجاز کی گئی ہے جو تحقیقات انتخاب کے علاوہ دیگر قواعد کی تعبیر کے متعلق ہوں لیکن ہدایات موجودہ قواعد کی تعبیر کے مقدمات ہرگز نہیں ہیں بلکہ کسی خاص مقدمہ میں ثابت شدہ واقعات سے ان کے اطلاق کے متعلق ہیں۔ ثانیاً قاعدہ مذکور کے تحت تعبیر کا سوال صرف خود میونسپل مجلس صفائی کی جانب سے استصواب کئے جانے پر پیدا ہو سکتا ہے اور کسی خانگی شخص کو گورنمنٹ سے استصواب کرنیکا کوئی حق نہیں ہے۔ ثالثاً اگر وہ قواعد کی تعبیر کا ایک مقدمہ ہو تو بھی لوکل گورنمنٹ کا

صفحہ ۶۲۱

(۱) انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۴۴ صفحہ ۱۰۰۷ (۲) انڈین کیسیز جلد ۵۱ صفحہ ۳۲۱ (۳) انڈین کیسیز جلد ۵ صفحہ ۹۶ (۴) انڈین کیسیز جلد ۸ صفحہ ۳۱۴ (۵) انڈین کیسیز جلد ۱۵ صفحہ ۲۴۵ (نظائر ہند صفحہ ۱۴۴) (۶) انڈین لا رپورٹس مدراس جلد ۲۲ صفحہ ۲۷۰ (۷) انڈین کیسیز جلد ۲۵ صفحہ ۸۹۱۔

سروبتہامداو بنام مجلس صفائی (بمدراس)

فیصلہ جس حد تک کہ وہ موجودہ صرف گورنمنٹ کے اعلیٰ اور ادنیٰ عہدہ داروں کے مابین تعلق ہو سکتا ہے اور اس سے عدالت دیوانی کا معمولی اختیار سماعت ساقط نہیں ہو سکتا۔ ملاحظہ ہوں۔ سربیاجہ سہاودی اپاراو بنام چیلاسین بہدریا (۸)، ہیوسپل لورڈ آگرہ بنام اشرفی لال (۹)۔

عدالت دیوانی کا اختیار سماعت ساقط کرنے کے لئے عبارت صاف صریح اور غیر مبہم ہونی چاہیئے۔ اور عدالتہائے دیوانی کے اختیار سماعت کے سقوط کے خلاف ایک معقول مسلمہ قیاس موجود ہوتا ہے۔ ملاحظہ ہوں قوانین موضوعہ کی تعبیر مولفہ میکسویل باب ۵ دفعہ اطبع سوم صفحات ۱۹۲-۱۹۵ اپہیندرا ناتھ باسو بنام راناجیت سنگھ (۱۰)

بالتفاہر صورت میں اگر حسب قاعدہ ۱۳ کسی خاص عدالت کو قائم کرنے کی وجہ سے کوئی سابقہ ممانعت موجود تھی تو مقدمات موجودہ میں جبکہ لوکل گورنمنٹ نے عمل کرنے سے انکار کیا ہے ممانعت رفع کی گئی ہے کسی مستند عدالت کی جانب سے کوئی آخری جائز یا قطعی فیصلہ نہیں ہے اور عدالت کا یہ فیصلہ کہ اس کو اختیار سماعت حاصل ہے یا نہیں قطعی نہیں ہو سکتا اور بظاہر عدالتہائے دیوانی کے غور کے تابع ہے۔ ملاحظہ ہوں۔ بمعاملہ شرف علی ماسجی (۱۱) گنیش مہادیو بنام سکریٹری آف اسٹیٹ (۱۲)، نارا جاہدلیا بنام میونسپل کونسل بیادرم (۲)

اس لئے قاعدہ ۱۳ مدعی کا مانع نہیں ہے اور نہ دفعہ ۲۲۵ قانون صفائی اضلاع مدعی کے حق نالش پر موثر ہے۔ وہ ان افعال تک محدود ہے جو کئے گئے ہوں نہ کہ ان افعال سے متعلق ہے جنکی دھمکی دی گئی ہو تاکہ کوئی انسدادی چارہ کار ضروری ہو بلکہ اس حفاظت کے جو ان افعال کی بابت ہے جو نیک نیتی سے کئے گئے ہوں جس سے تعریف مندرجہ قانون تعبیر و اطلاق قوانین بابتہ ۱۸۹۱ء کے بموجب مناسب احتیاط اور توجہ سے کیا جانا مراد ہے۔ مقدمہ موجودہ میں کوئی احتیاط نہیں کی گئی تھی کیونکہ نامنظوری بظاہر بلا کم از کم میر مجلس کی جانب سے قواعد کو نامکمل طور پر پڑھنے یا سمجھنے کی وجہ سے ہوئی تھی۔ ملاحظہ ہوں۔ عزت علی بنام محمد شرف الدین (۱۳)، ہالسبریز لاز آف انگلینڈ جلد ۲۳ صفحات ۳۵۶-۳۵۵-۳۵۴

پھر بانزدگی کے پرچوں کو نامنظور کرنے کے متعلق میر مجلس کا عمل صاف طور پر ایک انتظامی نوعیت رکھتا تھا اور عدالتی نوعیت نہیں اور اگر وہ عدالتی ہے تو بھی ان مقدمات میں جن میں محض نمائشی اور خیالی اختیار تمیزی استعمال کیا گیا ہو جیسا کہ مقدمات موجودہ میں ہوا تھا نالش کا حق ممنوع السماعت نہیں ہے۔ ملاحظہ ہوں لینیلو ڈمیس بنام ہینس تہامس گیڈی (۱۴) گیل بنام تاجانورا (۱۵) شاہ بنام تمنوتھ رورل ڈسٹرکٹ کونسل (۱۶)۔ چونکہ مجھے وہ حق حاصل تھا اور کوئی ممانعت موجود نہ تھی اسکے بعد سوال یہ ہے کہ مجھے کیا چارہ کار حاصل ہیں۔ میں ایک تاکیدی اور انسدادی حکم امتناعی دونوں کا مستحق ہوں۔ یہ امر کہ جب کسی فریق متضرر کو کوئی دوسرا کافی چارہ کار حاصل نہ ہو تو عدالت دیوانی ایک تاکیدی حکم امتناعی عطا کریگی فیصلہ جات نمبری مقدمات نریندرا ناتھ متر بنام راجا چرن پال بہادر (۴) ملاعطاالحق بنام میر مجلس صفائی مانک ٹولا (۳) کے ذریعہ سے بخوبی طے ہو چکا ہے جہاں کہیں بلا دیر سیڈنسی میں حسب دفعہ ۵۶ حکم جاری ہو سکتا تھا حسب دفعہ ۵۵ قانون داد رسی خاص ایک تاکیدی حکم امتناعی صادر کیا جا سکتا ہے۔ ملاحظہ ہو۔ نریندرا ناتھ متر بنام راجا چرن پال بہادر (۴) بہرصورت جب قانون موضوعہ کے تحت رعایا کے حقوق محفوظ کئے گئے ہوں تو حقوق مذکورہ کے تمتع میں اس کی حفاظت کی جانی چاہیئے۔

(۸) بانڈوس لار رپورٹ مدراس جلد ۳۳ صفحہ ۴۳۱ (۹) انڈین کیسیز جلد ۶ صفحہ ۹۸۴ (نظائر ہند جلد ۱۲ صفحہ ۱۱۷) (۱۰) انڈین کیسیز جلد ۲۳ صفحہ ۱۰۲۱ (۱۱) انڈین کیسیز جلد ۷ صفحہ ۹۰۵ (۱۲) انڈین کیسیز جلد ۳۴ صفحہ ۴۲۷ -

(۱۳) انڈین کیسیز جلد ۱۹ صفحہ ۳۵۳ (۱۴) انڈین کیسیز جلد ۱ صفحہ ۵۰۹ (۱۵) انڈین لارپورٹ بمبئی جلد ۳۸ صفحہ ۴۳۷ (۱۶) ویکلی رپورٹر جلد ۳۴ صفحہ ۴۴۶ -

اور اس خلاف ورزی کا جس کی دہمکی دی جائے کسی انسدادی حکم امتناعی کے ذریعہ سے انسداد ہو سکتا ہے۔

ملاحظہ ہوں۔ اسلاٹ بنام ستہامپٹن کارپوریشن (۱۷) بیبر ٹوسن بنام تھیٹے اسکول بورڈ (۱۸) میونسپل بورڈ آگرہ بنام اشرفی لال (۹) سابیت فیسچر بنام صاحب وزیر ہند (۶)

منجانب مسئول علیہ۔ مسٹر کے۔ ایس۔ کرشنا سوامی آئر بمعیت ٹی۔ ایم کستوری۔ ان تین مقدمات میں سے دو میں یہ یاد رکہنا ضروری ہے کہ انتخابات مکمل کئے گئے ہیں اور دوسرے امیدوار منتخب ہوئے ہیں اور وہ دوسرے مقدمہ سے مختلف حیثیت رکہتے ہیں تیسرے کے متعلق خواہ کچہ ہی صورت ہو دو نالشات رجوع نہیں کیجا سکتیں۔

پہلی بحث جو میں پیش کرونگا وہ یہ ہے کہ کسی عدالتی فعل کی نسبت نالش کا کوئی حق حاصل نہیں ہوتا اور یہ امر مصلحت عامہ کے اصول پر مبنی ہے کہ کسی عہدہ دار سرکاری کو ایسی نالشات کی دہمکی نہ دیجانی چاہیئے جو ایسے افعال کی نسبت ہوں جو عدالتی طور پر اس کے فرائض منصبی کی انجام دہی میں کئے گئے ہوں بجز اسکے کہ بد دیانتی اور بدنیتی ثابت کی جائے۔ مقدمہ موجودہ میں ایسا کوئی امر بیان پیش نہیں کیا گیا کسی عہدہ دار رپورٹ کنندہ کے فرائض جزواً عدالتی اور جزواً انتظامی ہوتے ہیں لیکن کسی پرچہ نامزدگی کی نامنظوری بلاشبہہ ایک عدالتی فعل ہے۔ ملاحظہ ہوں۔ وڈ ورڈ بنام سارلنس (۱۹) شاہ بنام کوہنس (۲۰) ایکرس بنام ہورڈ (۲۱) پریچرڈ بنام بنگر سکارپوریشن (۲۲) (نیز عدالتی اور انتظامی افعال کے مابین امتیاز کے لیئے ملاحظہ ہوں عزت علی بنام محمد شرافت اللہ خاں (۱۳) میونسپل بورڈ آگرہ بنام اشرفی لال (۹))

(۱۷) وکلی رپورٹر جلد ۹ صفحہ ۱۲۷ (۱۸) وکلی رپورٹر جلد ۱۱ صفحہ ۲۷ (۱۹) لاٹائمز جلد ۳۲ صفحہ ۹۲ (۲۰) لاٹائمز جلد ۳ صفحہ ۹۲ (۲۱) وکلی رپورٹر جلد ۴۴ صفحہ ۶۰۹ – (۲۲) وکلی رپورٹر جلد ۴۴ صفحہ ۱۰۳ –

کمرو تہامر پراد بنام مجلس مقامی (مدراس)

اس لئے بجز اسکے کہ بالارادہ عداوت ثابت کیجائے کسی عہدہ دار رپورٹ کنندہ کی جانب سے کسی پرچہ نامزدگی کی نامنظوری کے خلاف کوئی بنا دعوی پیدا نہیں ہوسکتی۔ ملاحظہ ہوں۔ پیکنگس بنام جیمس (۲۳) ( ) آشبی بنام وائٹ (۲۴) –

جب وہ ضوابط قانون کی جانب سے جنہا موکے تصفیہ کیلیئے جو قانون کے تحت پیدا ہوں کوئی خاص عدالت ترتیب دی گئی ہو تو عدالت دیوانی کا اختیار سماعت صاف طور پر ساقط ہوجاتا ہے۔ کسی انتخاب صفائی میں بحیثیت ایک امیدوار کے پیش ہونیکا حق فی نفسہ ایک قانونی حق ہے اور اس کی خلاف ورزی خاص احکام کے تابع ہوگی۔ ارجاع نالش کا کوئی عام حق حاصل نہیں ہوتا ہے۔ ملاحظہ ہوں۔ بہائی شنکر نانا بہائی بنام میونسپل کارپوریشن بمبئی (۲۵) نما راجا ملیار بنام میونسپل کونسل میاورم (۲) لکشمی نرا سمہا بنام راما لنگم پلے (۵)۔ یہاں کسی انتخاب کے بعد صرف عدالت انتخابی جو سپشل کی سماعت کرنیکی مجاز ہے اور انتخاب کے قبل لوکل گورنمنٹ بطور عدالت کے مقرر کی گئی ہے۔ ملاحظہ ہوں۔ دفعہ ۳۶ قاعدہ ۱۳ قواعد انتخاب

دفعہ ۳۵۲ قانون صفائی اضلاع موجودہ نالش کی مانع ہے دفعہ کی وسعت ان افعال تک محدود نہیں ہے جو کئے گئے ہوں بلکہ اس میں حکم امتناعی کی صورتیں بھی شامل ہیں۔ اسکے بالکل مطابق احکام دفعہ ۸۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے ہیں جنکی رو سے اس ہائیکورٹ نے یہ قرار دیا ہے کہ حکم امتناعی کی نالشات میں بھی صاحب وزیر ہند کو نوٹس دیا جانا چاہیئے۔ ملاحظہ ہوں۔ سپرنٹنڈنٹ آف اسٹیشنری وانجی نیا چیتوری راما کرشنیا (۲۶) صاحب وزیر ہند بنام ... (۲۷) سمنتیا لا کوٹی بیٹری بنام پوتہوری سبیا (۲۸) –

(۲۳) وکلی رپورٹر جلد ۲ صفحہ ۸۶ (۲۴) انگلش رپورٹس جلد ۹۲ صفحہ ۱۲۶ – (۲۵) انڈین لا رپورٹس بمبئی جلد ۳ صفحہ ۴ (۲۶) انڈین کیسیز جلد ۵۸ صفحہ ۸۸۵ (۲۷) انڈین کیسیز جلد ۱ صفحہ ۹۴۷ – (۲۸) انڈین کیسیز جلد ... صفحہ ۸۲ –

سوتیماہراو بنام میر مجلس منسلٹی (مدراس)

علاوہ بریں نیک نیتی سے ہونیکا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا اور دفعہ ۳۵۲ مدنی کی نالش کا ایک مکمل جواب ہے۔

پھر فریق متضرر کو ایک دوسرا چارہ کار یعنے دفعہ ۶ ستحقاق ان صفائی اضلاع کے تحت حاصل ہے جس کی روسے گورنر باجلاس کونسل قانون مذکور کے تحت یا بلحاظ ہر اس قانون کے تحت میر مجلس کی جانب سے کسی فعل کے کئے جانیکی ممانعت کرسکتے ہیں جبکہ وہ ان کے اختیارات سے متجاوز ہو۔

پھر قواعد انتخاب کے قاعدہ ۱۳ کی روسے قواعد کی تعبیر کے سوالات کے تصفیہ کے لئے صرف لوکل گورنمنٹ عدالت قرار دی گئی ہے امر تصفیہ طلب یہ ہے کہ آیا قواعد کی روسے پرچہ نامزدگی میں خاص تفصیلی امور درج کرنا ضروری ہے۔ جب کسی فریق نے لوکل گورنمنٹ کی جانب سے کوئی صحیح یا غلط فیصلہ حاصل کیا ہو تو عدالت دیوانی کو فیصلہ مذکور میں دست اندازی کا اختیار نہیں ہوتا۔

صفحہ ۲۲۳

لیکن مدعی کا حق صحیح طور پر کیا ہے۔ رائے دینے یا خود کو بحیثیت ایک امیدوار کے پیش کرنے کا حق ایک دیوانی حق ہو سکتا ہے لیکن ہر وہ دیوانی نوعیت پر جو بحیثیت ایک امیدوار کے پیش کئے جانے کا باعث ہو دیوانی حق تسلیم نہیں کیا گیا ہے۔ نامزدگی کا حق منجملہ ان تدابیر کے جو خود کو پیش کرنیکے حق کا باعث ہوں ایک تدبیر ہے قواعد کی ہر خلاف ورزی سے ایک دیوانی حق پیدا نہیں ہوتا۔ خود کو بحیثیت ایک امیدوار کے پیش کرنیکے متعلق ایک دیوانی حق ہو سکتا ہے لیکن نامزد کئے جانے کے متعلق کوئی دیوانی حق نہیں ہوتا۔

اگر یہ فرض کیا جائے کہ ایک دیوانی حق حاصل ہے تو چارہ کار صرف بذریعہ عرضداشت حاصل ہو سکتا ہے۔ ملاحظہ ہو آتشی بنام واشنٹن (۱۹۰۲ء) اور اس وقت جبکہ انتخاب ہنوز جاری ہو استقراری یا حکم امتناعی کی نالش کے ذریعہ سے حاصل نہیں ہو سکتا۔

قاعدہ ۱۵ میں انتخاب ختم ہونے کے بعد ایک درخواست انتخاب کے متعلق صراحت ہے اور کسی پرچہ نامزدگی کو نامناسب طور پر نامنظور کرنا منجملہ ان وجوہ کے ایک وجہ ہے جس پر کوئی انتخاب منسوخ کیا جاسکے۔ اس سے منشا ایسی نامنظوری کے متعلق حق نالش خارج کیا گیا ہے بجز اسکے کہ وہ کسی تحقیقات انتخاب کے وقت نامنظور کیا گیا ہو۔

چونکہ کوئی نالش رجوع نہیں ہوسکتی کوئی حکم امتناعی صادر نہیں کیا جاسکتا۔ بہرحال عدالت کسی حکم امتناعی کے ذریعہ سے میر مجلس کو کوئی ایسا امر کرنے پر مجبور نہ کریگی جسکے کرنیکا اس کو کوئی اختیار حاصل نہ ہو۔ کوئی حکم قانونی موجود نہیں ہے جس کی رو سے میر مجلس اپنے احکام کی نگرانی یا تجویز ثانی کرسکے یا ان کو منسوخ کرسکے۔ اس کو بجز انتخاب جاری رکھنے کے کوئی اور اختیار حاصل نہیں ہے۔ ملاحظہ ہو انتخاب مولفہ ورڈسن تیجی ۱۹۰۹ء و ... بنام ... کاریوپشن ...۔

جسٹس شوبہیہ۔ یہ درخواست ... دیوانی ... میں پیش کی گئی ہے ... انتخابات صفائی سے پیدا ہوئی ہیں۔ پہلی درخواست نگرانی دیوانی نمبر ۵۰۷ ایک نالش میں پیش کی گئی ہے جس میں اس امر کی کہ ایک پرچہ نامزدگی جو مدعی کی جانب سے انجمن صفائی کے لئے بطور ایک امیدوار کے انتخاب کئے جانے کی غرض سے پیش کیا گیا تھا۔ میر مجلس کونسل مدعی علیہ نے ناجائز طور پر نامنظور کیا تھا اور اس حکم امتناعی کی استدعا کی گئی ہے کہ وہ ایک باضابطہ طور پر نامزد شدہ امیدوار کی حیثیت سے مدعی کو شریک کئے بغیر انتخاب منعقد کرنے سے باز رکھا جائے اور نیز اس کو بحیثیت ایک امیدوار کے مدعی کو شریک کرکے انتخاب کرنے پر مجبور کیا جائے۔

دوسری دو درخواستہائے نگرانی دیوانی نمبر ۸۲۸ و ۸۷۵ ان نالشات میں پیش کی گئی ہیں جو دو اشخاص کی جانب سے جن کے پرچہ جات نامزدگی بھی نامنظور کئے گئے تھے دو دیگر امیدواروں کے خلاف رجوع کی گئی تھیں ۔ چونکہ صرف وہی اشخاص وارڈ زیر بحث کے دوسرے امیدوار تھے اس وقت جبکہ یہ پرچہ جات نامزدگی نامنظور کئے گئے تھے منتخب شدہ خیال کر لئے گئے تھے ۔ نالشات مذکور میں اس حکم امتناعی کے لئے مطالبہ کیا گیا ہے کہ ان اشخاص کو بحیثیت اراکین صفائی کے عمل کرنے سے باز رکھا جائے اور میر مجلس کے خلاف یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ اس کو جو اس غرض سے فریق بنایا گیا ہے اس کونسل کا اجلاس جس طرح کہ وہ اب قائم ہے کسی جدید میر مجلس کے انتخاب کی غرض سے منعقد کرنے سے باز رکھا جائے۔

مقدما ول الذکر میں اور دیگر مقدمات میں سے ایک میں نامزدگی کے پرچے اس بناء پر نامنظور کئے گئے تھے کہ ان میں اس وارڈ کا نمبر درج نہ تھا جسکے لئے یہ امیدوار اپنے آپ کو انتخاب کے لئے پیش کرنا چاہتے تھے ۔ اور دوسرے مقدمہ میں اس بناء پر نامنظور کئے گئے تھے کہ امیدوار کی تائید کرنے والے کے نشان ابہام کی تصدیق نہیں کی گئی تھی ۔

پونا ملے کے ڈسٹرکٹ منصف نے ان تینوں مقدمات میں احکام امتناعی عارضی صادر کئے تھے۔ ڈسٹرکٹ جج نے مرافعہ میں ان کل احکام امتناعی کو منسوخ کیا تھا ۔

مجھے یہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ پرچہ جات نامزدگی کی نامنظوری ان تینوں مقدمات میں سے کسی مقدمہ میں قانوناً جائز نہ تھی اور یہ کہ ان تینوں مدعیان کو حسب ضابطہ نامزد شدہ تصور کرنا چاہیئے ۔

لیکن دو نالشات مابعد کی نسبت میری رائے یہ ہے کہ احکام امتناعی صادر نہ ہونے چاہیئے تھے کیونکہ ان کی عرائض دعوی سے مدعی علیہم کے خلاف کوئی بنائے دعوی ظاہر نہیں ہوتی تھی کامیاب امیدواروں نے کوئی ناجائز امر نہیں کیا ہے۔ انھوں نے صرف اپنے آپ کو منتخب سمجھا اور اس لئے جس طرح کہ ان کا فرض ہے وہ اجلاس میں شریک ہونا چاہتے ہیں۔ اور نہ میں یہ خیال کرتا ہوں کہ کسی عدالت سے مناسب طور پر ایک ایسا حکم امتناعی صادر کرنے کی استدعا کی جا سکتی ہے جس کی رو سے میر مجلس اس کونسل کا جس طرح کہ وہ اس وقت موجود ہے اجلاس منعقد کرنے سے باز رکھا جائے۔

یہ مدعیان درخواستہائے انتخاب پیش کرنے کے مجاز ہیں۔ میرے خیال میں چونکہ ان دو نالشات میں مدعی علیہم کے خلاف کوئی بنائے دعوی موجود نہیں ہے حکم امتناعی صادر کرنے کے لئے کوئی وجہ نہیں ہو سکتی

اگر اب درخواست نگرانی دیوانی نمبر ۵۰۷ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء پر بحث کی جائے تو کوئی شخص جو کسی انتخاب کے وقت رائے دینے یا امیدوار ہونے کا مستحق ہو حق مذکور سے ناجائز طور پر محروم کیا جائے تو اس شخص کے خلاف جو اسکو اس طرح محروم کرے ہرجہ کی نالش رجوع کی جا سکتی ہے ۔

یہ امر انگلستان میں مقدمہ آشبی بنام وائیٹ (۲) میں طے کیا گیا تھا جس مقدمہ کی اسکے بعد سے یکساں طور پر تقلید کی گئی ہے اور میرے خیال میں اس ملک کا قانون بھی یہی ہے جیسا کہ مقدمہ میونسپل بورڈ آگرہ بنام اشرفی لال (۹) میں بیان کیا گیا ہے۔ لیکن اس بیان کو محدود کرنا ضروری ہے کیونکہ اگر وہ فعل جسکے ذریعہ سے حق میں دست اندازی کی گئی ہو کوئی ایسا فعل ہو جو عدالتی حیثیت سے کیا گیا ہو تو یہ قاعدہ متعلق ہوتا ہے کہ کوئی نالش رجوع نہیں کی جا سکتی بجز اسکے کہ فعل مذکور کینہ سے کیا گیا ہو جس سے اس سیاق عبارت کے لحاظ سے بد نیتی سے کیا جانا مراد ہے۔ ملاحظہ ہو پیکرنگ بنام جیمس (۲۳) بالخصوص فیصلہ جسٹس بریٹ بر صفحہ ۵۰۹

سرو تہامارد بنام پی میر مجلس صفائی (مدراس)

صفحہ ۶۱۳

سرونہالا و بنام میونسپل کونسل ... (مدراس)

مقدمہ ہذا میں ان نامزدگیوں کو نامنظور کرتے وقت میئر مجلس ایک عدالتی
حیثیت سے عمل کر رہا تھا اور یہ بیان نہیں کیا گیا ہے کہ اس نے بدنیتی
سے عمل کیا ہے اور اس لئے اسکے خلاف ہرجہ کی کوئی نالش رجوع نہ کیجا سکیگی
لیکن یہاں پر ایک مختلف نوعیت کی بنا سے دعویٰ پیدا ہو سکتی ہے. جو
میئر مجلس کے گذشتہ افعال کی بابتہ نہ ہو بلکہ اس امر کی بابتہ ہو کہ حکم امتناعی
کے ذریعہ سے اس کی جانب سے کسی کارروائی کی تکمیل کو روکا جائے
جس کا احتمال تھا اور جس کا اثر مدعی کے حقوق میں ناجائز طور پر دست
اندازی کرنا ہوگا اور میرے خیال میں یہ اسی قسم کا مقدمہ ہے میئر مجلس
نے ناجائز طور پر مدعی کا پرچہ نامزدگی نامنظور کیا ہے اور اس نے
مدعی کو امیدوار ہونیکی اجازت دئے بغیر وارڈ نمبر ۵ کی نسبت انتخاب
منعقد کر لینے کے متعلق اپنا ارادہ ظاہر کیا ہے. میں نہیں خیال کرتا کہ
قانون یہ ہے کہ مدعی کو اس وقت تک انتظار کرنا چاہئے جبتک کہ
انتخاب منعقد نہ کیا جائے اور اسکے بعد ایک درخواست انتخابی پیش کرنی
چاہئے جو لازمی طور پر کامیاب ہوگی۔ اور نہ در حقیقت اس چارہ کار
سے اسکو وہ سب حاصل ہوگا جس کا کہ وہ مستحق ہے کیونکہ درخواست انتخاب
کامیاب ہونے کے بعد جدید نامزدگیاں کرنی پڑینگی اور یہ ممکن ہے کہ
دیگر امیدوار پیش ہوں جن کا اب اس کو مقابلہ نہ کرنا پڑا ہو جو علاوہ
اس تکلیف اور ہرجہ کے ہوگا جو اس کو لازمی طور پر برداشت کرنا ہوگا۔
اس خیال کی تائید میں کافی نظائر موجود ہیں۔ مقدمہ اسلاٹ بنام
کارپوریشن سوتھمپٹن (۲) جس میں مدعی کی بجائے جسکی نسبت یہ غلط
بیان کیا گیا تھا کہ وہ اپنی خدمت سے مستعفی ہو گیا تھا کسی قصبہ کے کلرک کا
انتخاب کرنیکی تجویز کی گئی تھی۔ عدالت چانسری نے ایک حکم امتناعی کے
ذریعہ سے دست اندازی کی تھی جس کی رو سے انتخاب کرنیکی ممانعت
کی گئی تھی۔ مقدمہ رچرڈسن بنام میتھیلے اسکول بورڈ (۱) میں عدالت
ہذا کو لینے اسکول ماسٹر کی جائیداد کے لئے مدعی کی بجائے جسکی نسبت
یہ غلط بیان کیا گیا تھا کہ وہ خدمت کے نااہل تھا انتخاب کرنیکی ممانعت
کرنے کے لئے ایک حکم امتناعی صادر کیا تھا اور یہ قرار دیا گیا تھا کہ جب
کوئی جائز حق موجود ہو جو قانوناً یا برضامندی اکویٹی پیش کیا جا سکتا
ہو تو عدالت اکویٹی حق مذکور کی حفاظت کے لئے ایک حکم امتناعی
صادر کر سکتی ہے۔ مجھے اس میں کوئی شک نہیں معلوم ہوتا کہ عدالت
ہذا کو قانون داد رسی خاص بابتہ ۱۸۷۷ء کی رو سے یہی اختیارات
حاصل ہیں اور میرے خیال میں یہ ایک ایسا مقدمہ ہے جس میں وہ
استعمال کئے جانے چاہئیں۔ مدعی علیہ کی جانب سے دفعہ ۳۵۲ قانون
صفائی اضلاع مدراس بابتہ ۱۹۲۰ء پر استدلال کیا گیا ہے جس کی رو
سے میئر مجلس ان نالشات سے محفوظ کیا گیا ہے جو ان افعال کی بابتہ رجوع
کی جائیں جو اس نے اپنی سرکاری حیثیت سے کئے ہوں لیکن میرے
خیال میں دفعہ مذکور میں اس کو کسی دوسرے شخص کے خلاف کسی ناجائز
فعل کے کرنے سے جس کی دھمکی دیجائے باز رکھنے کے لئے نالش رجوع
کرنیکی ممانعت نہیں کی گئی ہے۔ نیز یہ بحث کی گئی ہے کہ کوئی نالش اس
وجہ سے رجوع نہیں کی جا سکتی کہ میئر مجلس کا فیصلہ آخری اور قطعی ہے۔
میں قواعد میں کوئی امر نہیں پاتا جس سے وہ قطعی قرار دیا گیا ہو قاعدہ
۱۳ کی رو سے اگر قواعد کی تعبیر کے متعلق کوئی سوال پیدا ہو بجز اسکے کہ
وہ کسی تحقیقات انتخاب کے سلسلہ میں پیدا ہو تو سوال مذکور لوکل گورنمنٹ
کے سپرد کیا جائیگا جس کا فیصلہ قطعی ہوگا۔ مدعی نے اپنی نامزدگی
کی نامنظوری کے سوال کو جو قواعد کی تعبیر کے متعلق تھا لوکل گورنمنٹ
کو سپرد کرنیکی کوشش کی تھی لیکن لوکل گورنمنٹ نے اس معاملہ میں اختیار
سماعت سے ان وجوہ سے انکار کیا تھا جس طرح کہ اس نے ہم کو گورنمنٹ
سالسٹر کے ذریعہ سے اطلاع دی ہے کہ معاملہ میئر مجلس کی جانب سے باضابطہ
طور پر سرکاری طور پر اسکے سپرد نہیں کیا گیا تھا اور یہ کہ معاملہ قبل ازیں
زیر کارروائی تھا۔ نتیجہ یہ ہے کہ اس امر کے متعلق کوئی قطعی فیصلہ صادر

ظاہر کیا گیا ہے اور ہم اس معاملہ کا تصفیہ کر سکتے نہیں۔ میں ایک توقع ظاہر کرنیکی جرأت کرتا ہوں کہ یہ ممکن ہے کہ لوکل گورنمنٹ حسب دفعہ ۳۶ قانون مذکور عمل کرکے میونسپلٹی کی جانب سے اس نامزدگی کی نامنظوری کو منسوخ کرے اور مدعی کو بحیثیت ایک امیدوار کے شریک کرکے انتخاب کرنیکا حکم دے۔ وہ بلا شبہ اس امر پر بھی غور کریگی کہ آیا دیگر دو مقدمات میں کوئی کارروائی کی جا سکتی ہے تا کہ کسی دوبارہ انتخاب کی ضرورت باقی نہ رہے۔

مدعی علیہ کو ان کارروائیات کا جو حکم امتناعی کے لئے ڈسٹرکٹ منصف اور ڈسٹرکٹ جج کے روبرو کی گئی تھیں اور اس درخواست نمبر ۷۵ کا خرچہ ادا کرنا چاہیئے۔ دیگر دو نالشات میں مدعیان کو ان درخواستوں نمبر ۷۵ و ۸۲۸ کا خرچہ ادا کرنا چاہیئے۔

جسٹس ویلس۔ یہ کل درخواستیں ڈسٹرکٹ منصف کے حکم کی بحالی کے لئے پیش کی گئی ہیں جسکی رو سے سائلوں کی نالشات کے تصفیہ تک عارضی احکام امتناعی صادر کئے گئے تھے۔ چند عام خصوصیات سب میں یکساں طور پر پائی جاتی ہیں اور میں پہلے ان پر بحث کرونگا۔

انتخاب صفائی کے امیدوار کی حیثیت سے تینوں سائلوں کی نامزدگی کو چیرمین مجلس کی جانب سے کالعدم قرار دئے گئے تھے۔ دو مقدمات میں صرف ایک اور امیدوار موجود تھا جو حسب ضابطہ منتخب شدہ قرار دیا گیا تھا اور دوسرے مقدمہ میں انتخاب ہنوز عمل میں نہیں آیا ہے۔ تینوں امیدواروں نے ان استقرارات کے لئے نالش رجوع کی ہے کہ ان کی نامزدگی مناسب تھی اور یہ کہ وہ امیدوار ہونے کے مستحق تھے۔ عدالت ابتدائی نے اول الذکر دو مقدمات میں حکم امتناعی کے ذریعہ سے حسب ضابطہ منتخب شدہ امیدواروں کو اجلاس کرنیکی ممانعت کی تھی اور مقدمہ موخرالذکر درخواست نگرانی دیوانی نمبر ۸۰۷ بابتہ ۱۹۲۲ء میں جو ہمارے روبرو پیش ہے انتخاب عمل میں لانیکی ممانعت کی ہے۔ بطریق مرافعہ ڈسٹرکٹ جج نے ان تینوں احکام امتناعی کو منسوخ کیا اور اب یہ استدعا کی گئی ہے کہ ہم سائلوں کی نالشات کے تصفیہ تک ان کو بحال کریں جو بحیثیت ایک امیدوار کے بیٹ اپکوئنٹس کرنیکے متعلق ان کے حق کی بحالی کے لئے ترتیب دی گئی تھیں جس سے وہ محروم کئے گئے ہیں۔

سرو تہار بنام میر مجلس بن (مسلم)

ان کل مقدمات میں مدعا علیہم کی اصل بحث یہ ہے کہ خود نالشات رجوع نہیں کیجا سکتیں اور اس لئے کوئی احکام امتناعی صادر نہیں کئے جا سکتے۔ ڈسٹرکٹ منصف نے اپنے قطعی حکم میں جسکی رو سے احکام امتناعی صادر کئے گئے تھے اس سوال کے فیصلہ سے گریز کیا تھا۔ اگر وہ نالشات اور امتناعی کی درخواستوں کا ایک ساتھ تصفیہ کرتے تو بہتر ہوتا۔ ان احکام امتناعی کی مناسبت کا تصفیہ کرتے وقت نالشات کے قابل پذیرائی ہونیکے متعلق فیصلہ کرنے سے باز رہنا غیر ممکن ہے۔

۲۔ سائلوں کی اصل بحث یہ ہے کہ نالشات حسب دفعہ ۴۲ قانون دادرسی خاص قابل پذیرائی ہیں کیونکہ وہ ایسی نالشات ہیں جو ان اشخاص کی جانب سے رجوع کی گئی ہیں جو اپنی حیثیت کے استقرار کیلئے قانونی حیثیت کے مستحق تھے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ اس امر کی نسبت کوئی شبہ نہیں ہو سکتا کہ کسی انتخاب صفائی کے لئے بحیثیت ایک امیدوار کے پیش کئے جانیکی غرض سے نامزد کئے جانیکا عام حق ایک قانونی حیثیت ہے اور قبل اسکے کہ یہ نتیجہ اخذ کیا جائے کہ دفعہ ۴۲ کی رو سے نالش کا حق حاصل ہوگا ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ یہ قانونی حیثیت فی نفسہ کسی خاص قانون موضوعہ یعنی قانون صفائی اضلاع ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء سے پیدا ہوئی ہے اور یہ کہ یہ طے شدہ قانون ہے کہ جب خود کسی قانون موضوعہ کی رو سے ایسی قانونی حیثیت کے حق کی خلاف ورزی کے مقدمات کی تحقیقات کے لئے کوئی مناسب عدالت قائم کی گئی ہو اور عدالت مذکور نے عدالتی طور پر عمل کیا ہو تو عدالت دیوانی کو کوئی اختیار سماعت حاصل نہ ہوگا۔ پس ہمیں حسب ذیل امور کی جانچ کرنی چاہیئے اولاً حق کی خلاف ورزی کی نوعیت کیا ہے

سوتہا مدراد بنام پریذیڈنٹ مجلس مقامی (مدراس)

جس کی نسبت شکایت کی گئی ہے ۔ ثانیاً کیا قانون یا ان قواعد کی رو سے جو انکے تحت نافذ کئے گئے ہیں بدل کیا خلاف ورزی پر عدالتی طور پر یا اپیل عدالت کے بحث کرنیکے لئے کوئی عدالت مقرر کی گئی ہے اور ثالثاً اگر کوئی عدالت موجود ہے تو کیا اس نے عمل کیا ہے ؟

۴ جیسا کہ میں حالات کا مجمل بیان دے چکا ہوں کسی شخص نے اس بات سے انکار نہیں کیا کہ بحیثیت امیدواروں کے پیش ہونیکی غرض سے نامزد کئے جانیکے متعلق سائلوں کے عام حق سے انکار نہیں کیا ہے بشرطیکہ انکی نامزدگی کے پرچے مناسب نمونہ پر ہوں کسی شخص کیلئے اور سب سے کم پریذیڈنٹ مجلس کیلئے اس امر سے انکار کرنیکی ضرورت نہیں ہے کہ سائلان امیدوار رہنے کے مستحق تھے جبکہ قواعد کی نسبت انکی تعبیر درست ہو اور انکے پرچہ جات نامزدگی مناسب شکل میں ہوں اور کسی شخص کیلئے اور سب سے کم سائلوں کیلئے اس امر سے انکار کرنیکی ضرورت نہیں ہے کہ وہ امیدوار رہنے کے مستحق نہ تھے اگر قواعد کے متعلق پریذیڈنٹ مجلس کی تعبیر درست ہو اور ان کے پرچہ جات نامزدگی مناسب نمونہ پر نہ ہوں۔

۵- اس لئے اہم سوال جو نالشات میں دراصل پیدا ہوتا ہے صرف یہ ہے کہ آیا سائلوں کے پرچہ جات نامزدگی مناسب نمونہ پر تھے یا نہیں یعنے یہ کہ آیا اس معاملہ کے متعلق قواعد کی مناسب طور پر تعمیل کی گئی ہے پریذیڈنٹ مجلس کے خلاف بدنیتی کا کوئی الزام عائد نہیں کیا گیا ہے اور یہ بحث نہیں کی گئی ہے کہ آپ نے کسی شخص کو اسکے جائز حقوق سے محروم کرنیکے لئے بالکل صاف قواعد کی بالارادہ غلط تعبیر کی تھی یا خلاف ورزی کی تھی۔ اس لئے ہمیں یہ فرض کرنا چاہیئے کہ پریذیڈنٹ مجلس نے نیک نیتی سے یہ خیال کیا تھا کہ اس وقت جبکہ اس نے تین نامزدگیوں کو نامنظور کیا تھا اس نے قواعد کی تعمیل کی تھی پس حالت حسب ذیل ہے۔ یہ کہ پریذیڈنٹ مجلس نے نیک نیتی سے اگرچہ میری رائے میں غلطی سے قواعد کا مفہوم ایک طریقہ پر ظاہر کیا تھا حالانکہ سائلان اسکو دوسرے طریقہ پر ظاہر کرتے ہیں۔ اس لئے اصل امر تنقیح طلب اور ایسا امر جو ڈسٹرکٹ منصف کو جن کو نالشات کی تحقیقات کرنا ہے فیصلہ کرنا چاہیئے محض یہ ہے کہ آیا قواعد کی مناسب طور پر تعبیر کی گئی ہے اور جس طرح کہ ان کی تعبیر سائلوں کے یا پریذیڈنٹ مجلس کے خیال کے مطابق ہو سائلوں کو بنائے دعویٰ حاصل ہوگی یا نہ ہوگی۔ اگر سائلان کسی حاکم مجاز کا فیصلہ حاصل کریں جس کا فیصلہ اس معاملہ میں قطعی ہو اور جو قواعد کی تعبیر اس طریقہ کے بموجب کرے جو انھوں نے پیش کیا ہے تو انکے حقوق ہمیشہ کے لئے بحال کئے جائینگے۔

۶- پس کیا اس غرض کے لئے عدالت دیوانی قطعی حاکم ہے اور کیا کوئی دیوانی نالش رجوع ہوسکیگی جو دراصل محض یہ ہے کہ عدالت دیوانی کو ان قواعد کی جو انتخاب کے لئے امیدواروں کی نامزدگی کے متعلق ہیں تعبیر کا حکم دیا جائے ہمیں خیال کرنا ہوگا کہ جواب معمولاً اس مختصر وجہ سے نفی میں ہوگا جس طرح کہ میں نے قواعد کو سمجھا ہے اس ہی غرض کے لئے ایک دوسری عدالت قائم کی گئی ہے " اعدا انتخاب کے قاعدہ ۱۳ میں صاف طور پر بتلایا گیا ہے کہ اگر بجز کسی تحقیقات انتخاب کے اور طور پر ان قواعد کی تعبیر کے متعلق کوئی سوال پیدا ہو تو سوال مذکور لوکل گورنمنٹ کے سپرد کیا جائیگا جس کا فیصلہ قطعی ہوگا یعنے یہ کہ صرف لوکل گورنمنٹ ہی جس نے قواعد کا مسودہ تیار کیا تھا قواعد کے منشا کے متعلق قطعی فیصلہ کرسکتی ہے اور عدالت دیوانی سے معمولاً یہ فیصلہ کرنیکی استدعا نہیں کیجاسکتی کہ آیا خود اس کے قواعد کے متعلق لوکل گورنمنٹ کی تعبیر صحیح ہے یا غلط۔

۷- لیکن ان مقدمات میں سے ایک مقدمہ درخواست نگرانی دیوانی نمبر ۵۰۷ میں ایک خاص خصوصیت موجود ہے جو ہمارے سامنے بروقت اس بحث کے اختتام پر ظاہر کی گئی تھی جو ہمارے روبرو پیش کی گئی تھی یعنے یہ کہ سائل نے پریذیڈنٹ مجلس کے ناموافق فیصلہ کے بعد لوکل گورنمنٹ سے استصواب کیا تھا اور اس سے قواعد کی تعبیر کرنے اور پریذیڈنٹ مجلس کے حکم کی نگرانی کرنے اور اسکی نامزدگی کی اجازت دینے کی استدعا کی تھی اور یہ کہ گورنمنٹ کا جواب یہ تھا کہ اس نے دست اندازی کرنے سے انکار کیا تھا۔ جواب ہمارے روبرو پیش ہے اور اس سے بظاہر نہیں معلوم ہوتا کہ گورنمنٹ نے کن وجوہ سے

۱

۱۲۶

دست اندازی کرنے سے انکار کیا تھا لیکن اس خط سے بھی جو ہمارے روبرو ہے جو گورنمنٹ سالسٹر نے ۱۸ اکتوبر ۱۹۲۲ء کو پیش کیا تھا یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دست اندازی سے اس بنا پر انکار کیا گیا تھا کہ لوکل گورنمنٹ کو کوئی اختیار سماعت حاصل نہ تھا کیونکہ گورنمنٹ نے بظاہر یہ قرار دیا تھا کہ اگرچہ ایسی صورت میں قاعدہ ۱۳۰ کے تحت کوئی منصوب کیا جا سکتا ہے وہ کسی خانگی فریق کی جانب سے نہیں جا سکتا بلکہ صرف پریزیڈنٹ مجلس کی جانب سے کیا جا سکتا ہے۔ میں خود قاعدہ ۱۳۱ کی اصطلاح تعبیر کرنے سے تامل اور جب تک کہ اسکی تعبیر اس طرح کیجائیگی اس وقت تک امیدوار متضرر اپنے چارہ کار کے لئے ایک دیوانی نالش اور ایک حکم امتناعی کا تکلیف دہ طریقہ اختیار کرنے پر مجبور ہوگا لیکن حقیقی نتیجہ یہ ہے کہ گورنمنٹ نے یہ خیال کیا تھا کہ اس کو کوئی اختیار سماعت حاصل نہ تھا اور اس لئے اس نے بحیثیت عدالت یا مثل عدالت کے عمل کرنے سے انکار کیا تھا جیسا کہ اس کو قرار دینا مقصود تھا کیونکہ اس نے یہ خیال کیا تھا کہ مقدمہ اسکے روبرو مناسب طور پر پیش نہیں کیا گیا تھا۔

۸۔ اگر یہ عدالت مقدمہ ہذا میں عمل کرتی اور کوئی فیصلہ صادر کرتی یہ امر غیر اہم ہے کہ وہ عدالت دیوانی کی رائے میں صحیح ہو یا غلط تو مجھے یہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ عدالت دیوانی کو کوئی اختیار سماعت حاصل نہ ہوتا اور وہ چارہ کار جسکی قانون موضوعہ میں صراحت ہے استعمال او ختم کیا جاتا اور اس معاملے کے متعلق اسکا فیصلہ قطعی ہوتا لیکن جبکہ عدالت مجاز نے اختیار سماعت سے انکار کیا ہے تو فریق متضرر اس طور پر اپنے قانونی او جائز چارہ کار سے محروم کیا گیا ہے تو عدالت دیوانی کو بحیثیت ایک عدالت اکویٹی کے دست اندازی کرنا چاہیئے اور اس اختیار سماعت کو استعمال کرنا چاہیئے جو عدالت مجاز استعمال کرنے سے قاصر رہی ہو۔ یہ تسلیم نہیں کیا جا سکتا کہ قواعد کی تعبیر کے معاملہ میں پریزیڈنٹ مجلس کا حکم بالکل قطعی ہے اور یہ کہ وہ محض اپنے حکم کے ذریعہ سے کسی امیدوار کو انتخاب کیلئے پیش کرنے سے باز رکھ سکتا ہے۔ یہ اصول قانون یا قواعد سے اخذ نہیں کیا جا سکتا۔ قواعد میں صرف اس کا ذکر نہیں ہے بلکہ ان میں ایسے حکم کی نارانتی ہے واضح یا نگرانی کا ایک طریقہ بتلایا گیا ہے۔ حکومت خود اختیاری نے اس حد تک خود مختاری کی جانب ترقی نہیں کی ہے پس اگر گورنمنٹ خود اپنے قواعد کی غلط تعبیر کرے کہ ان اس کو کوئی اختیار سماعت حاصل نہیں ہوتا تاکہ فریق متضرر کو اس چارہ کار سے محروم کیا جائے جن کی قواعد میں صراحت ہے اور اسطور پر وہ اصل بیرونی کہ اس کو یہ ہرگز مقصود نہ تھا کہ خود اس کو اختیار سماعت حاصل ہو تو عدالت دیوانی کو یہ غور کرنا چاہیئے کہ قانون موضوعہ کی رو سے عدالت دیوانی کا اختیار سماعت ساقط نہیں ہوتا یا یہ کہا جائے کہ گورنمنٹ کو واقعتاً اختیار سماعت حاصل ہے لیکن اس نے اسکو استعمال کرنے سے انکار کیا تھا سوء اتفاق کہ فریق متضرر دیوانی سے مناسب طور پر دست اندازی کی استدعا کی جا سکتی ہے تاکہ امر کا فیصلہ کیا جا سکے کہ آیا کسی خاص معاملہ میں کسی خاص حاکم کو اختیار سماعت حاصل ہے یا نہیں اور اگر اس حاکم کو اختیار سماعت حاصل ہے لیکن اس نے اسکو استعمال کرنے سے انکار کیا ہے تو خود اسکو استعمال کیا جائے اور فریق متضرر کو بلا کسی چارہ کار کے نہ چھوڑا جائے۔ بہ الفاظ دیگر کسی عدالت دیوانی کا معمولی اختیار سماعت ابتدائی کسی قانون موضوعہ یا قاعدہ کے ذریعہ سے خارج کیا جا سکتا ہے جس کی رو سے کوئی دوسرا حاکم قائم کیا گیا ہو لیکن جب اس قانون موضوعہ یا قاعدہ کی تعمیل نہ کی جائے اور وہ دوسرا حاکم عمل کرنے سے انکار کرے تو ممانعت رفع ہوتی ہے اور خود عدالت دیوانی کے عمل میں کوئی امر مانع نہیں ہے۔

۱۰۔ مقدمہ ہذا میں اختیار سماعت سے انکار کرنے کے متعلق گورنمنٹ کا طرز عمل سمجھنا مشکل ہے۔ اسی قسم کے دیگر معاملات میں اسکی جانب سے ایک خاص عدالت قائم کی گئی ہے جو از خود عدالت دیوانی کا اختیار سماعت ساقط کرتی ہے۔ کیونکہ انتخاب کنندہ کی صورت میں جو رجسٹر انتخاب سے ناجائز طور پر خارج کیا گیا ہو اور قاعدہ جو قانون کے تحت منضبط کئے گئے ہیں کسی خاص عدالت کی جانب سے فیصلہ کئے جانے کے متعلق صراحت ہے۔ کسی انتخاب کی بد اعمالیوں یا بے ضابطگیوں کی متعلق ان قواعد میں بظاہر صراحت ہے کہ ایک درخواست انتخاب کے شرائط کو

سرتہادر بنام پریزیڈنٹ مجلس (مدراس)

صفحہ ۱۲۷

نامہ راو بنام مجلس صفائی مدراس

یا سب کورٹ کے پاس پیش کی جاتی۔ اس لئے یہ باور کرنا مشکل ہے کہ گورنمنٹ کو یہ مقصود تھا کہ کوئی ایسا امیدوار بلا چارہ کار کے چھوڑ دیا جائے جس کی نامزدگی میر مجلس نے نامناسب طور پر نامنظور کی ہو اور اس سے میری اس رائے کی تقویت ہوتی ہے کہ مقدمہ ہذا میں گورنمنٹ نے کسی اپنے اختیار سماعت کو استعمال کرنے سے ناجائز طور پر انکار کیا تھا جو اس کی جانب سے استعمال کیا جانا مقصود تھا۔

۱۱۔ اس لئے درخواست نگرانی دیوانی نمبر ۵۰۷ بابتہ ۱۹۲۲ء میں مجھے اس امر کا اطمینان ہو گیا ہے کہ عدالت اسوقت در اصل قائم کی گئی تھی لیکن اس نے عمل کرنے سے انکار کیا تھا اور ایسا انکار سائل کی بنائے دعوی کی اصل وجہ اور اس کی نالش قابل پذیرائی ہونے کی بنیاد ہے۔ اس بنا پر وہ نالش جس سے وہ درخواست نگرانی دیوانی پیدا ہوئی ہے یا تعی النظر میں قابل پذیرائی ہے۔

۱۲۔ اب میں ان تین امور پر بحث کرونگا جو مسئول علیہم کی جانب سے نالش مذکور اور دیگر دو نالشات کے قابل پذیرائی ہونے کے متعلق پیش کئے گئے ہیں۔ پہلا امر دفعہ نمبر ۳۵۳ قانون صفائی اضلاع کی بابتہ ہے۔ وہ صرف ان نالشات کی مانع ہے جو ان افعال کی بابتہ رجوع کی جائیں جو کئے گئے ہوں لیکن درخواست نگرانی دیوانی نمبر ۵۰۷ بابتہ ۱۹۲۲ء میں اصل شکایت یہ نہیں ہے کہ میر مجلس نے نامزدگی نامنظور کی تھی بلکہ یہ ہے کہ وہ سائل کو امیدوار ہونے کی اجازت دینے کے بغیر انتخاب منعقد کرنا چاہتا تھا یعنے یہ کہ میر مجلس کی جانب سے کسی بیجا فعل کا اندیشہ ہے۔ دفعہ ۳۵۳ ایسی نالش کی مانع نہیں ہے لیکن میں خیال کرتا ہوں کہ وہ دیگر دو نالشات کی مانع ہوگی جن سے درخواستہائے نگرانی دیوانی نمبر ۸۲۷ و ۸۲۸ پیدا ہوئی ہیں میرے خیال میں مقدمات مذکورہ میں انتخاب عمل میں آیا ہے کیونکہ اس مقدمہ میں جس میں کوئی مخالفت نہیں ہو کوئی فرق نہیں ہے۔ اگر کوئی امیدوار منتخب قرار دیا گیا ہو تو

انتخاب ختم ہو جاتا ہے اور وہ منعقد ہو چکا ہے۔ اس لئے ان دو مقدمات میں نالشات ان افعال کی تنسیخ کیلئے ہیں جو کئے گئے تھے اور ان افعال کی تنسیخ کیلئے نہیں ہیں جن کا اندیشہ تھا لیکن اس وقت مجھے اس رائے کی صحت کا کامل یقین نہیں ہے اور میں ان دو نالشات کا نقص اسکے بعد کی وجہ اعتراض پر مبنی کرنا پسند کرتا ہوں۔ یہ وجہ یہ ہے کہ یہ تینوں نالشات اس لئے ممنوع السماعت ہیں کہ سائلوں کو درخواستہائے انتخابات کے ذریعہ سے ان کا چارہ کار حاصل ہے۔ درخواستہائے نگرانی دیوانی نمبر ۸۲۷ و ۸۲۸ کی صورت میں مجھے یہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک جائز اعتراض ہے انتخابات عمل میں آئے ہیں اور قواعد کی رو سے انتخابات کی تنسیخ کی درخواستوں کے تصفیہ کے لئے ایک عدالت قائم کی گئی ہے جس عدالت کا فیصلہ قواعد کی رو سے قطعی ہوتا ہے۔ اس لئے خود قانون موضوعہ میں چارہ کار کی صراحت ہے اور قانونی عدالت نے اختیار سماعت سے انکار نہیں کیا ہے۔ اس لئے معمولی دیوانی عدالتوں کو اس وقت کوئی اختیار حاصل نہیں ہے۔ میری رائے میں اس وجہ سے بھی یہ دو نالشات عدالت دیوانی میں قابل پذیرائی نہیں ہیں۔

۱۳۔ لیکن درخواست نگرانی دیوانی نمبر ۵۰۷ بابتہ ۱۹۲۲ء کے متعلق حالت بالکل مختلف ہے۔ انتخاب ہنوز ہونیوالا ہے اور مجھے یہ بالکل صاف معلوم ہوتا ہے کہ کوئی انتخاب کے بعد کا چارہ کار اس دادرسی کو عطا کرنیکے لئے بالکل ناکافی ہے جو سائل نے چاہی ہے یعنے یہ کہ یہ انتخاب جو اب شائع کیا گیا ہے اس وقت تک ملتوی کیا جائے جبتک کہ وہ بحیثیت ایک امیدوار کے اس کو شریک کرکے منعقد نہ کیا جائے۔ اسکے لئے یہ کہنا تسلی بخش نہ ہوگا کہ وہ کسی دوسرے انتخاب کے لئے اپنے آپکو پیش کر سکتا ہے۔ اسکے لئے یہ کہنا کہ اسکو انتخاب جاری رہنے دینا چاہیئے اور اسکے بعد درخواست کے ذریعہ سے اس کو منسوخ کرانا چاہیئے اور ایک جدید انتخاب کا حکم حاصل کرنا چاہیئے کوئی چارہ کار نہیں ہے۔ یہ ممکن ہے کہ جدید انتخاب بالکل مختلف حالات میں کیا جائے اور اس میں جدید امیدوار کثیر تعداد میں

پیش ہولی۔ سائل اپنی مناسب دادرسی صرف اس صورت میں حاصل کرسکتا ہے جبکہ اسکے بغیر مجوزہ انتخاب اس وقت تک ملتوی کیا جائے جب تک کہ اسکی بابت مجوزہ نامزدگی بحال نہ کیجائے اور اس لئے ایک حکم امتناعی جسکی روسے یہ انتخاب ملتوی کیا جائے بالکل ضروری تھا بجز اسکے کہ دادرسی مستدعیہ اسکے حق میں بالکل ابتداہی سے نامنظور کی جانے والی ہو۔ اس قسم کے اکثر مقدمات میں بلاشبہ فریق متضرر کیلئے اس فعل بیجا کے ارتکاب کے قبل جس کا کہ اندیشہ ہو اپنی نالش بروقت رجوع کرنا مشکل ہوگا لیکن جب وہ نالش رجوع کرنے میں کامیاب ہوا تو عدالت فعل بیجا کو جسکے انسداد کی اس نے استدعا کی ہو اس بنا پر کہ وہ نالش کی سماعت میں مصروف ہو فی الواقع مکمل ہونے کی اجازت دیکر اپنے آپکو نادان نہیں قرار دے سکتی۔

۱۵۔ تیسری وجہ اعتراض بجائے خود نالشات کے زیادہ تر درخواست نگرانی دیوانی نمبر ۵۰۰ بابتہ ۱۹۲۲ع میں حکم امتناعی کے عطا کئے جانے سے متعلق ہے اور وہ یہ ہے کہ عدالت ہذا یا کوئی دوسری عدالت حکم امتناعی کے ذریعہ سے میر مجلس کو کسی ایسے امر کے کرنے پر مجبور نہیں کرسکتی جسکے کرنیکا اسکو کوئی اختیار حاصل نہ ہو کیونکہ یہ کہا گیا ہے کہ میر مجلس کو قواعد کی رو سے خود اپنے احکام کی نگرانی یا تنسیخ کا اختیار نہیں ہے اور اسکو خود بجوزہ انتخاب منعقد کرنیکی کارروائی کرنی چاہیئے۔ مجھے یہ بحث صحیح نہیں معلوم ہوتی۔ وہ بمنزلہ یہ کہنے کے ہے کہ میر مجلس کو کسی سلسلہ میں اپنی غلطی کی اصلاح کا اختیار نہیں ہے مجھے ایسا کوئی نتیجہ اخذ کرنے میں تامل ہوگا اور ہر صورت میں میر مجلس لوکل گورنمنٹ کی مداخلت کیلئے درخواست کرسکتا ہے جسکو حسب دفعہ ۴۳ قانون مذکور کسی تصفیہ یا غلطی کی اصلاح کے متعلق وسیع اختیارات حاصل ہیں۔ مجھے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ وہ مقدمات جنکا ہمارے روبرو حوالہ دیا گیا ہے ان نتائج پر موثر ہیں دونوں فریق نے آزادی کے ساتھ انگلستان کے قانون سے زیادہ تر اس حکمنامہ کے جو بنام کسی حاکم عدالت ہو اور اس حکمنامہ کے جو بغرض لینے انتہا کے جاری کیا جائے مقدمات سے حوالہ دیا ہے جس میں صاف طور پر یہ قرار دیا گیا تھا کہ کوئی عہدہ دار رپورٹ کنندہ کسی بیچ نامزدگی کے جواز کا فیصلہ کرتے وقت عدالتی طور پر عمل کرتا ہے اور یہ کہ ایسے عدالتی فعل کے متعلق اسکے خلاف ہرجہ کی کوئی نالش رجوع نہیں کی جاسکتی۔ وہ ایک مختلف امر ہے۔ مقدمہ پیچ بنام ہنگ کارپوریشن (۲۰) ایک ایسا مقدمہ ہے جس میں عدالت دیوانی نے عہدہ دار رپورٹ کنندہ کے حکم میں جسکی روسے کوئی امیدوار نااہل قرار دیا گیا تھا دست اندازی کرنیکا اختیار استعمال کیا تھا کیونکہ وہ خارج از اختیار جاری کیا گیا تھا اور خود کسی انتخاب کے جواز پر فیصلہ کرنا شروع کیا تھا وہ بھی ایک حکمنامہ بنام حاکم عدالت کا مقدمہ تھا۔ انگلستان کے مقدمات جن سے مسائل کوئی مطابقت ہے صرف مقدمات اسلاٹ بنام ہیمپٹن کارپوریشن (۲۷) و ریچرڈسن بنام میتھلے اسکول بورڈ (۲۸) ہیں یا۔ مقدمہ آخرالذکر مقدمہ اول الذکر پر مبنی ہے جسمیں احکام امتناعی جو ان احکام امتناعی کے مماثل تھے جو اب زیر بحث ہیں کسی حکم امتناعی کی نالشات میں ایک عدالت اکویٹی کی جانب سے صادر کئے گئے تھے جو احکام امتناعی حسب دفعہ ۲۵ جوڈیکیچر ایکٹ ۲۹ بابتہ ۱۸۷۳ع صادر کئے گئے تھے۔

۱۷۔ ہندوستان کے مقدمات کے متعلق قطع نظر ان مقدمات کے مثلاً بمعاملہ سریندر چندر اگھوش (۲۹) و سریندرا ناتھ بنرجی بنام راجا چرن پال ایا فنڈ ویجا ملہ امولیا دہن آدھی (۳۰) جو ایسے حکمنامہ تھے جو بنام حاکم عدالت تھا مقدمہ بہاپٹ سنگھ بنام عبدالغفور (۱) ایک ایسا مقدمہ ہے جسمیں عام طور پر یہ قرار دیا گیا تھا کہ کسی مفصلات کے انتخاب میں کسی امیدوار کیجانب سے رائے دینے اور بحیثیت ایک امیدوار کے پیش ہونیکے متعلق اسکے حق کے استقرار کیلئے نالش رجوع ہوسکیگی اور یہ کہ وہ حسب ضابطہ منتخب کیا گیا تھا وہ جزء دفعہ ۱۵ قانون صفائی بنگال ایکٹ ۳ بابتہ ۱۸۸۵ع کے ایک مستثنی فقرہ کے غور پر مبنی تھی جسکی نسبت یہ قرار دیا گیا تھا کہ اسکو سابقہ قانون بابتہ ۱۸۸۴ع کے ساتھ پڑھنا چاہیئے اور جزءاً اس امر پر مبنی تھی کہ اگر ایسی کوئی نالش رجوع ہوسکتی تھی تو مفصلات میں ایسے حقوق مدعی کو برقرار یا قائم رکھنیکا کوئی

(۲۹) انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۹ صفحہ ۱۳۵ (۳۰) انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۳ صفحہ ۳۰۷۔

۱۰۰ ترپا مرینڈو بنام میر مجلس محکمہ بلدیہ (مدراس)

طریقہ نہ ہوگا۔ اس فیصلہ کی وجوہ کی نسبت شبہ معلوم ہوتا ہے کیونکہ ان قواعد
میں جو قانون بابتہ سنہ ۱۸۸۴ء کے تحت مرتب کئے گئے تھے لفظ ہیڈ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
کے روبرو ایک درخواست انتخاب پیش کرنے کی نسبت مراد تھی اور وہ فیصلہ
یہ مراد ہوگی کہ دفعہ ۴۴ قانون دادرسی خاص کی رو سے فیصلہ قطعی دائمی یا نالش
ہی نہ کیا جا سکیگی اگرچہ پریذیڈنسی شہروں میں اس سے مدد نہیں لیجا سکتی کیونکہ دفعہ
۴۴ قانون مذکور ہے جس میں مقدمہ مذکور میں مدد لی گئی تھی اور اس سے کلکتہ میں
متماثل مقدمات میں اکثر مدد لی گئی ہے فقرہ (د) کی بنا پر یہ مراد ہے کہ کوئی دوسرا
چارہ کار حاصل نہیں ہے اور اس لئے تحت دفعہ ۴۴ کوئی چارہ کار اجمال نہیں ہے
یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ مقدمہ مذکور سے زیادہ مدد مل سکتی ہے۔ مقدمہ ملا عطا احمد
بنام ہیڈ ... صفائی مالک ... (۳) میں اختیار سماعت کے سوال پر نہایت
سرسری طور پر بحث کی گئی تھی کیونکہ غالباً سابقہ نظیر مقدمہ سبھاپت سنگھ
بنام عبدالغفور (۱) کی بناء پر اختیار سماعت کے سوال پر سنجیدگی کے ساتھ
اعتراض نہیں کیا گیا تھا۔

۱۸۔ مقدمہ میونسپل بورڈ آگرہ بنام اشرفی لال (۹) میں نالش رجسٹر انتخاب
میں سے مدعی ... کا نام درج کرنے سے ناجائز طور پر انکار کرنے کی بابتہ ہرجہ
... ظاہر کیا جاسکتا ہے کہ مقدمہ مذکور میں فریق ثانی عدالت میں رجوع
ہونے کے قبل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے ذریعہ سے رجسٹر انتخاب میں قبل ازیں اپنا نام
درج کرا چکا تھا پس اس سے ہمیں اس امر کے فیصلہ میں مدد نہیں ملتی کہ آیا آیا
میں رجسٹر انتخاب میں درج کئے جانے کی بابتہ یا اسی قسم کی دادرسی کے لئے کوئی
نالش رجوع ہو سکیگی۔

۱۹۔ اگر اس کے مقدمات پر بحث کیجائے تو مقدمہ ستارا جا ... بنام میونسپل کونسل میادوم (۱۰) میں مقدمہ بہائی شنکر نانا بہائی بنام میونسپل
کارپوریشن ... (۵۲۷) پر استدلال کرکے یہ قرار دیا گیا ہے کہ کلکٹر کے (جو ایسی
۶۲م عدالت تھی جو قواعد تحت قانون ۴ بابتہ سنہ ۱۸۸۴ء کی رو سے کسی انتخاب
... کی نسبت قطعی فیصلہ صادر کرنے کے لئے مقرر کی گئی تھی) اس حکم
کی تنسیخ کے لئے جس کی رو سے اس کی جانب سے تحقیقات عمل میں آنے کے بعد
کوئی انتخاب ناجائز قرار دیا گیا ہو کوئی نالش رجوع نہ ہوسکیگی فیصلہ صحیح
ہے کہ کوئی عدالت دیوانی کسی ایسی عدالت کا جس کو گورنمنٹ نے ایسے
کا قطعی فیصلہ کرنے کے لئے مقرر کیا ہو مرافعہ سماعت نہیں کرسکتی
بلا شبہ مقدمہ مذکور میں فاضل جج ان یہ کہتے ہیں کہ اس کو منظر رکھ کے نالش
رجوع ہوسکیگی کہ مدعی ایک ایسا شخص تھا جو رائے دینے اور بحیثیت ایک
امیدوار کے پیش ہونے کے اہل تھا اور وہ اس حد تک اس امر کی نسبت
ایک سند ہے کہ ایسی نالش جملہ حالات میں کلیتاً ناقابل پذیرائی نہیں ہے
مقدمہ ... لال بنام میونسپل کارپوریشن (۱۳) اس عام اصول پر مبنی
ہے کہ واضعان قانون کا یہ منشا نہ ہوسکتا تھا کہ قانون صفائی کی کسی خاص
دفعہ میں لفظ "قطعی" کی اس طرح تعبیر کیجائے کہ اس سے قانون صفائی خود اپنے
منشاء میں ایک قطعی حج ہوسکے۔ اصول مذکور مقدمہ موجودہ سے متعلق ہوسکتا
ہے اور جس حد تک کہ آئین اپنے عمل بیجا کے انسداد کے متعلق عدالت دیوانی
کا اختیار سماعت تبلایا گیا ہے وہ متعلق ہے۔

۲۰۔ مقدمہ لکشمی نرسمہا بنام رام لنگم پلے (۵) میں ایک فاضل جج
نے اس بنا پر کافی طور پر فیصلہ کیا تھا کہ قانون لوکل بورڈ کے خاص قواعد
جن پر وہ غور کر رہے تھے خارج از اختیار تھے اور اس لئے ان سے عدالت
دیوانی کا اختیار سماعت ساقط نہیں ہوتا لیکن انہوں نے یہ بھی قرار دیا
تھا کہ اس خاص مقدمہ میں قواعد اگر جائز تھے تو ان سے اختیار مذکور
ساقط ہوگا۔ دوسرے فاضل جج نے اس موخر الذکر رائے سے اتفاق کیا
تھا۔ اس مقدمہ میں اس خاص شکل کا ذکر نہیں ہے جو یہاں پیش آئی ہے
اور جو قواعد کی تعمیل نہ ہونے کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے۔

۲۱۔ اس لئے مجھے اس امر سے اتفاق ہے کہ صحیح اصول یہ ہے کہ
جب کسی باضابطہ قائم شدہ عدالت نے ایک ایسے شخص کی قانونی حیثیت
کے متعلق جو کسی انتخاب کے لئے بحیثیت ایک امیدوار کے پیش ہونے کے لئے

(۱۳) انڈین کیسیز جلد ۱۶ صفحہ ۹۱۷۔

نامزد کئے جانیکا مستحق ہو کسی فریق کے حق کی تحقیقات کرنے سے انکار کیا۔ ہو اور کوئی دوسرا چارہ کار حاصل نہ ہو سکتا ہو تو معمولی عدالت دیوانی کو اس دادرسی کے لئے نالش کی سماعت کا اختیار ہے اور ایک مناسب حاضری حکم امتناعی صادر کرنیکا حق ہے جسکی رو سے معاملات نالش کی تحقیقات تک انکی سابقہ حالت میں قائم رکھے جائیں۔ درخواست نگرانی دیوانی نمبر ۸۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء بالکل ایسا ہی مقدمہ ہے اور اس لئے حکم امتناعی جو عدالت ابتدائی نے صادر کیا تھا ایک مناسب حکم تھا۔ دیگر دو مقدمات میں انتخاب منعقد ہو چکا ہے اور سائلوں کو ایک چارہ کار حاصل ہے جو ہنوز استعمال ختم نہیں ہوا ہے یعنے درخواست انتخاب کے ذریعہ سے حاصل ہے اور اس لئے انکی نالشات کم از کم قبل از وقت ہیں اور میرے خیال میں اس وقت ناقابل پذیرائی ہیں۔ اس لئے احکام امتناعی جو مقدمات مذکور میں صادر کئے گئے تھے برقرار نہیں رکھے جا سکتے اس لئے درخواست نگرانی دیوانی نمبر ۸۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء میں ڈسٹرکٹ جج کا حکم منسوخ اور حکم امتناعی جو ڈسٹرکٹ منصف نے صادر کیا تھا بحال ہونا چاہئے۔ دیگر دو درخواستہائے نگرانی دیوانی خارج ہونی چاہئیں۔

درخواست نگرانی دیوانی نمبر ۸۵ منظور۔ درخواستہائے نگرانی دیوانی نمبر ۸۵-۸۲۸ خارج کیگئیں۔

## ہائیکورٹ پٹنہ

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمات ۴۹ تا ۵۰-۴۸-۴۸ تا ۵۹۱-۵۰۱ تا ۹۳۶ سنہ ۱۹۲۱ء و ۲۸ تا ۵۰-۵۹ تا ۹۹۱ و ۸۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۳ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس جسٹس سرجان بکنل نائٹ و مسٹر جسٹس راس۔

ناتھو لی رام وغیرہ۔ بنام مہاراجہ دھیراج سر رامیشور سنگھ بہادر

مدعی علیہم۔ مرافعان۔ مدعی۔ مرافعہ علیہ۔

مہاراجہ دھیراج سر رامیشور سنگھ بہادر بنام داموددر داس وغیرہ

مدعی۔ مرافع۔ مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم۔

زمیندار و اسامی۔ درخت ایا اسامی کی ملکیت ہیں۔ بار ثبوت۔ پلیڈنگ و ثبوت۔ اس رواج کا پیش کیا گیا ہو ثابت نہ کیا جانا۔ عدالت ایا جز در رواج پیش کردہ کو ثابتہ تجویز کر سکتی ہے۔

عام قانون کی رو سے قدیم درخت جو زمین اسامی پر ہوں جب تک ان زمینداروں کے ذریعہ کسی اسامی کا قبضہ ہو زمیندار کی ملکیت ہیں اور اگر کوئی رواج بیان کیا جائے جو اس عام مسئلہ کے خلاف ہو تو ان اشخاص کی جانب سے جو پیش کریں قطعی طور پر ثابت ہونا چاہئے۔

تجویز ضمنی۔ تحقیقاتیں جو کسی رواج کے وجود کے متعلق کی جائیں ویسی ہی نہیں ہوتیں جو ان تحقیقاتوں کی ہوتی ہیں جو کسی معاہدہ کے متعلق ہوں اہم چونکہ زمانہ حال میں بمقابلہ زمانہ سابق کے پلیڈنگ کے نمونہ کی پابندی اس قدر سختی کے ساتھ نہیں کیجاتی عدالت کو کسی مقدمہ کی شہادت پر یہ تجویز کرنے میں تامل نہ ہوگا کہ اگرچہ کامل رواج جو کسی مدعی علیہ کی جانب سے پیش کیا گیا ہو موجود نہیں ہے تاہم اس کا ایک اہم جزو موجود ہے۔ ایکشن چندر سنگھ بنام شام ترپان بیٹھو۔ انگلش رپورٹ جلد ۶۴ صفحہ ۱۰۳۔ بیگوان سنگھ بنام بھگوان سنگھ انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲۱ صفحہ ۴۱۲۔ وارڈ بنام شیپرڈ۔ بابتہ سنہ ۱۸۱۶ء انگلش رپورٹ جلد ۱۶۴ صفحہ ۳۰۱ و ولیمائی رینچھو بنام تہر جلداس بنام راملی ناتھو بھائی کیسا بھائی۔ انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۴ صفحہ ۱۱ امیر کی سنگھ

مرافعہ جات بنا راضی فیصلہ مصدرہ ڈسٹرکٹ جج دربھنگہ مورخہ ۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء مشعر ترمیم فیصلہ مصدرہ سب آرڈینیٹ جج دربھنگہ مورخہ ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء

منجانب مرافعان مسٹر ایل۔ این۔ سنگھ و ڈی پی سنہا۔

منجانب مرافعہ علیہم مسٹر ایس سلطان احمد مراری پرشاد و آرتی جہا۔

**جسٹس بکنل**۔ ان متعدد مرافعجات ثانی اور درخواستہائے نگرانی دیوانی میں جو ڈسٹرکٹ جج دربھنگہ کے ایک فیصلہ مورخہ ۲ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء کی نالاضی سے اور اسکے متعلق پیش کی گئی تھیں جسکی رو سے مقام مذکور کے سب آرڈینیٹ جج کا فیصلہ مورخہ ۳۱ مارچ مذکور ترمیم کیا گیا تھا ایک اہم سوال شامل ہے۔

ناقابل تقسیم جائداد ... شمار ... رائے شو رہنگا ... [illegible]

مدعا علیہ کی جانب سے مزید جات عکسی بھی پیش کئے گئے ہیں۔ واقعات کل ناقابل [illegible] اور نہایت معمولی ہیں۔ مدعی در بہنگہ کے جانا چاہتا [illegible] مدعا علیہم کسی موضع کی جو زرا در بہنگہ کہلاتا ہے [illegible] شامل ہے۔ عاید [illegible] متنازع مختصر۔ جبکہ ابتدا مدعا علیہم ان درختوں کو قطع [illegible] استعمال [illegible] جو اس اراضی پر واقع [illegible] قابض ہیں۔ مرافعہ ثانی نمبر ۹۹۳ بابتہ ۱۹۱۷ء کی اپیل عرضی [illegible] جبکہ مسئلہ [illegible] سہولت [illegible] کل [illegible] پیدا ہوا [illegible] مدعی نے بیان کرنے کے بعد کہ موضع مذکور اسکے حق ملکیت کی بنا پر اس کی ملکیت ہے اور یہ کہ مدعا علیہم حقیت کے طریقہ کے بموجب کاشتکار [illegible] یہ بیان کیا ہے کہ وہ [illegible] آم جیک فروٹ جیسے پھل دار اور کچھ درختوں کی لکڑی سے کوئی تعلق نہیں رکھتے جو اس اراضی پر استادہ تھے یا ہو استادہ ہیں جو مدعا علیہم [illegible] ہے اور یہ کہ ان درختوں [illegible] کوئی درخت قطع [illegible] گر جائے تو مدعی اس کی کل [illegible] قانونا مستحق [illegible] اپنے حقوق [illegible] کی تفصیل [illegible] ظاہر کرنے کے بعد [illegible] مدعا علیہم [illegible] تھا حسب ذیل [illegible]

(الف) یہ [illegible] یہ قرار دیا جائے کہ ان درختوں [illegible] مدعا علیہم [illegible] لکڑی ان کے گرنے یا کاٹے جانے کے بعد [illegible] اور یہ کہ مدعا علیہم کو اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

(ب) یہ کہ عدالت کی جانب سے یہ قرار دیا جائے کہ مدعا علیہم نے [illegible] کے درختوں کو قطع کیا تھا اور اس کی لکڑی تصرف کی تھی جیسا کہ انکی عرضی دعوی میں صراحت کی گئی تھی اور یہ کہ اس لئے وہ مالیت کی [illegible] رقم کی حد تک جو اس نے تبلائی تھی ہرجہ کی بازیافت کا مستحق ہے۔

مدعا علیہم نے اپنے جواب دعوی میں یہ بیان کیا تھا کہ اس ضلع میں جہاں انکی اراضیات واقع ہیں ایک رواج موجود ہے کہ مالک کو ان درختوں کی نسبت کوئی حق نہیں ہوتا جو اراضیات کاشت [illegible] جن سے لگان زر نقد ادا کیا جاتا ہے پر واقع ہوں بلکہ کہ اسامیاں اسوقت جبکہ درخت قطع کیا جائے اور گر جائے انکی کل لکڑی کے تصرف اور بیع کرنے کی مستحق ہیں۔ مدعا علیہم نے یہ بھی بیان کیا تھا کہ مدعی کا دعوی خارج المیعاد تھا۔ اسکے علاوہ مدعا علیہم نے ایک نالش کی جانب توجہ مبذول کرائی تھی جو کچھ عرصہ قبل مدعی کی جانب سے دو اشخاص [illegible] [illegible] کے خلاف رجوع کی گئی تھی جس میں وہی سوال [illegible] کیا گیا تھا جو موجودہ نالش میں پیش ہے اور جس میں [illegible] مدعا علیہم [illegible] دیگر [illegible] پیش [illegible] جو بہار [illegible] نہیں ہیں جن میں اصل بیان کی تردید کی گئی ہے جو ان درختوں [illegible] جانب سے قطع کیا جانا بیان کئے گئے تھے۔ تعداد اور اس [illegible] کی جانب سے تو وہ [illegible] متعلق تھے بلکہ دیگر [illegible] [illegible] مختلف [illegible] ساتھ جو بہار [illegible] کوئی [illegible] درختوں [illegible] مقدمہ [illegible] تنقیحات [illegible] پیش ہوا۔ یہ ظاہر ہوگا کہ اصل امر تنقیح طلب [illegible] سے تعلق رکھتا ہے جو مدعا علیہم نے اس رواج کے متعلق کیا تھا [illegible] بنا پر اسامیاں مالک کی اجازت یا منظوری اور مسئلہ کی سوا وضاحت کے اپنے درختوں کو قطع کرنے اور انکی لکڑی استعمال کرنے کے مستحق ہیں۔ [illegible] سوال بھی موجود ہے کہ آیا مدعی کا دعوی خارج المیعاد تھا یا مقدمہ کے سابقہ فیصلہ سے متاثر ہوا تھا جیسا کہ مدعا علیہم نے اپنے جواب دعوی میں بیان کیا تھا۔ سبارڈنیٹ جج نے متعدد تنقیحات قائم کی [illegible] سے میرے خیال میں میرے لئے صرف پانچ تنقیحات کا حوالہ دینا ضروری ہے۔ یہ تنقیحات حسب ذیل ہیں:-

نمبر ۳- کیا مدعی لکڑی کا مستحق ہے جیسا کہ اس نے بیان کیا ہے۔

نمبر ۶- کیا کوئی رواج موجود ہے جسکی بناء پر علیا کو ان درختوں کی جو ان کی اراضیات کاشت پر واقع ہوں کامل لکڑی ملنی چاہیئے؟

نمبر ۷- کیا دعوی خارج المیعاد ہے-؟

نمبر ۸- کیا درخت آنکا چہار (لطور لکڑی کے استعمال کئے جانیکے ناقابل) ہیں جیسا کہ مدعی علیہم نے بیان کیا تھا- اگر یہ صحیح ہے تو کیا نالشات رجوع کی جا سکتی ہیں؟

۱۰- کیا مدعی کا دعوی امر مانع تقریر مخالف کی بناء پر ممنوع السماعت ہے؟ قبل اسکے کہ ان فیصلہ جات پر بحث کرنیکی کوشش کیجائے جو سبارڈینیٹ جج اور ڈسٹرکٹ جج نے علی الترتیب صادر کئے تھے ان اصلی اصول قانونی کو صاف طور پر بیان کرنا مفید ہوگا جنکے لحاظ سے مقدمہ ہذا پر غور کرنا ضروری ہے- یہ امر مسلمہ ہے کہ ان صورتوں میں جبکہ زمیندار اور اسامی کا ایسا تعلق موجود ہے جیسا کہ مقدمہ ہذا میں موجود ہے درخت اور انکی لکڑی زمیندار کی ملک ہوتے ہیں اور یہ کہ اگر کوئی ایسا رواج بیان کیا جائے جو اس عام مسئلہ کے خلاف ہو تو وہ ان اشخاص کی جانب سے جو اسے بیان کریں قطعی طور پر ثابت کیا جانا چاہیئے- ان مقدمات میں مدعی نے عام قانون پیش کیا تھا- مدعی علیہم نے عام قانون کے خلاف ایک رواج پیش کیا تھا جو اس امر سے متعلق تھا کہ اسامی اپنی مرضی کے مطابق درخت قطع کر لینے اور خود اس کی لکڑی کو اپنے صرف میں لانیکے مستحق ہیں قانون اس طور پر ظاہر کرنیکے بعد اب یہ کہا جا سکتا ہے کہ سبارڈینیٹ جج نے یہ تجویز کی تھی کہ مدعی درختوں کی صرف نصف لکڑی کا مستحق تھا اور اس بناء پر بالآخر چہ مدعی کے حق میں (۱۲۷) نالشات ڈگری کی تھیں- اس فیصلہ کی ناراضی سے علی الترتیب مدعی اور مدعی علیہم کی جانب سے مرافعہ جات اور عکسی مرافعہ جات پیش کئے گئے تھے- ڈسٹرکٹ جج نے کسی فریق کے حق میں خرچہ کا کوئی حکم صادر کئے بغیر دعاوی کو خارج کر دیا لیکن انہوں نے مدعی کے خلاف یہ قرار دیکر کہ چند اقسام کے درخت جنکی نسبت سبارڈینیٹ جج نے یہ خیال کیا تھا کہ وہ لکڑی یا میوہ کے درختوں (یعنی انکا چہار) کی قسم میں مناسب طور پر شامل خیال نہ کئے جا سکتے تھے اس قسم سے خارج نہ ہونے چاہئیں سبارڈینیٹ جج کے فیصلہ میں خفیف ترمیم کی تھی- ڈسٹرکٹ جج کے اس فیصلہ کی ناراضی سے اب عدالت ہذا میں یہ مرافعہ جات و مرافعہ جات عکسی پیش کئے گئے ہیں- ابتداً تنقیح نمبر ۱۰ پر جو امر مانع تقریر مخالف کے متعلق ہے غور اور بحث کرنا مناسب ہوگا- یہ سوال اس امر سے متعلق ہے کہ کس مقدمہ پر بحث جو مدعی کی جانب سے ایک شخص سندھری رائے اور دیگر اشخاص کے خلاف دربھنگہ کی عدالت مطالبات خفیفہ میں رجوع کیا گیا تھا اس نالش سے اگر کوئی تعلق رکھتا ہے تو وہ کیا تعلق رکھتا ہے- مقدمہ مذکور میں مدعی نے ایک دعوی جو مقدمہ موجودہ کے دعوے کے مماثل تھا مدعی علیہم کے خلاف پیش کیا تھا جو وہی حیثیت رکھتے تھے جو ان مرافعات کے مدعی علیہم رکھتے ہیں- اس میں مدعی کی جانب سے کسی شہادت کی تردید کیلئے کوئی شہادت پیش نہیں کی گئی تھی جو مدعی علیہم نے مقدمہ مذکور میں ثابت کرنے کے لئے پیش کی تھی کہ رواج جسکی رو سے اسامی درخت قطع کرنے اور انکی لکڑی استعمال کرنیکے مستحق تھے اس موضع میں موجود تھا- اس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ مدعی علیہم نے ایک رواج ثابت کیا تھا اور مدعی ناکام رہا تھا- میں خیال کرتا ہوں کہ یہ ظاہر ہے جیسا کہ سبارڈینیٹ جج نے تبلایا ہے کہ ایسا فیصلہ کسی فیصلہ پر مؤثر نہیں ہو سکتا تھا جو دیگر مقدمات میں صادر ہونا چاہیئے کیونکہ یہاں فریقین مختلف ہیں لیکن سامنے عدالت ہذا میں نگرانی دیوانی نمبر ۱۳۱۲ بابت ۱۹۱۲ء خصوصاً بالخصوص کسی دوسرے امر کی نسبت پیش ہوا تھا لیکے لیا مقدمہ اس امر پر غور کرنیکا حق بجانب نہیں جو بندوبست موضع کے وقت کے تحریر ہے یہ ایک قسم کی یادداشت ہے جو عہدہ داران پیمائش نے تیار کی بندوبست اراضی کے متعلق تیار کی تھی جس کی نسبت یہ خیال کیا گیا ہے

ناتھونی رائے بنام رامیشور سنگھ (پٹنہ)

[illegible] بنام [illegible] سنگھ (پٹنہ)

اس میں نیز دیگر امور کے ایسے درختوں کے متعلق کچھ ذکر تھا جو کسی مقام متعلقہ میں موجود تھے - یہ لکھا گیا تھا کہ موضع مذکور کے نوٹ سے مدعی علیہم کے بیان کی تائید ہوتی تھی لیکن عدالت ہذا میں کار روائیاں مکرر ابتدائی میں مدعی کی جانب سے بحث کی گئی تھی کہ وہ لفظ شہادت کے کوئی اہمیت نہ رکھتا تھا بجنسہ [illegible] سامنے پیش ہوا تھا یہ قرار دیا تھا کہ موضع کے نوٹ کو بطور شہادت کے کوئی اہمیت حاصل نہ تھی اور اس پر کوئی حافظ نہ رہنا چاہئیے - بارڈسٹرکٹ جج نے صحیح طور پر یہ تبلایا ہے کہ منصف کا یہ [illegible] جنہوں نے بحیثیت ایک جج عدالت مطالبات خفیفہ کے ایک ایسی نالش میں کیا تھا جس میں مدعی علیہم وہی حیثیت رکھتے تھے جو وہ ان مرافعات کی نالشات میں رکھتے ہیں بطور ایک امر فیصل شدہ کے موثر نہ ہو سکتا تھا - بالآخر ڈسٹرکٹ جج نے یہ ظاہر کیا ہے کہ کوئی بحث کہ موضع کے نوٹ کا یہ اندراج کہ کسی زمیندار نے بحیثیت [illegible] اراضیات کے جن سے [illegible] لگان ادا کیا جاتا تھا درختوں کی مالیت کے متعلق اپنا مطالبہ ترک کیا تھا اسکے خلاف بطور ایک امر مانع تقریر مخالف کے کسی ایسی نالش میں موثر ہو سکتا تھا جب یہاں [illegible] اسکے خلاف کوئی حجت کی ہو صاف طور پر غلط [illegible]

تنقیح نمبر ۲ - کیا مدعی ڈگری کا مستحق ہے جس طرح کہ اس نے بیان کیا تھا اور تنقیح نمبر ۳ کے متعلق کیا کوئی رواج موجود ہے جسکی بنا پر مدعی علیہم کو ان درختوں کی جو ان کے اراضیات کاشت پر واقع ہیں کل لکڑی ملنی چاہیئے سب آرڈینیٹ جج اور ڈسٹرکٹ جج دونوں نے اصلی اصول قانون صحیح طور پر تبلائے ہیں - اول الذکر یہ کہتے ہیں کہ یہ ظاہر ہے کہ مسلمہ مسائل قانونی کے بموجب ان درختوں کی جو اسامی کی اراضیات پر واقع ہوں کل لکڑی کے تصرف کا حق مالک کو حاصل ہوتا ہے جو اراضی کا مالک ہے - ایسی صورت میں کسی ایسے رواج کا بار ثبوت اسامیوں (مدعی علیہم) پر عائد ہوتا ہے جسکی بنا پر وہ ان درختوں کی جو ان کی مقبوضہ اراضیات پر واقع ہوں [illegible] "اراضیات کے مشہور ہیں کل لکڑی کے تصرف کے مستحق ہیں - ان مقدمات میں امر تصفیہ طلب یہ ہے کہ آیا مدعی علیہم اس طریقہ سے جیسا کہ انھوں نے بیان کیا تھا رواج ثابت کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں - میں نے اس شہادت کی نوعیت پر احتیاط سے غور کیا ہے جو ان مقدمات میں مدعی علیہم کی جانب سے پیش کی گئی تھی کہ وہ کسی ایسے رواج کو ثابت کرنے سے قاصر رہے ہیں جو انھوں نے بیان کیا تھا

ڈسٹرکٹ جج حسب ذیل تحریر کرتے ہیں "پہلی مقدمات میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ ہندوستان کے کامن لا کے لحاظ سے درخت جو اسامیوں کی اراضیات پر پیدا ہوں زمیندار کے ہیں اور اس لئے لکڑی کے تصرف کا حق ابتداءً زمیندار کو حاصل ہوتا ہے - اس امر کے متعلق بے شمار نظائر موجود ہیں اور یہاں ان کا حوالہ دینے سے کوئی مفید مطلب حاصل نہیں ہو سکتا - حقیقت یہ ہے کہ کامن لا کے اس قاعدہ پر میرے روبرو کسی فریق کی جانب سے اعتراض نہیں کیا گیا ہے - ان درختوں کی صورت میں جو اسامیوں یا ان کے بزرگوں نے لگائے تھے کوئی مستثنی نہیں کیا گیا ہے - جو مستثنیات کہے جا سکتے ہیں وہ صرف ان درختوں کے متعلق ہیں جو بہت کوئی مالیت نہیں رکھتے اور جو جنگل کی تعریف میں آ سکتے ہیں - بے شک اس اسامی کی صورت بالکل مختلف ہے جو اراضی پر کوئی دوامی حق رکھتا ہو چونکہ مدعی علیہم میں سے کسی نے بھی اراضی میں دوامی حق رکھنا بیان نہیں کیا ہے میرے لئے اس قانون پر بحث کرنا ضروری نہیں ہے جو ایسے اسامیوں سے متعلق ہوتا ہو - لیکن ہندوستان کے اس کامن لا کی ترمیم مقامی رواج یا عملدرآمد کے ذریعہ سے ہونی چاہیئے لیکن ایسا رواج یا عملدرآمد اسامیوں کو ثابت کرنا چاہیئے" اسکے بعد سب آرڈینیٹ جج اور ڈسٹرکٹ جج ہر ایک نے اس شہادت کی نوعیت پر بحث کی ہے جس پر مدعی علیہم نے اس رواج کو ثابت کرنے کے لئے استدلال کیا تھا جو انھوں نے بیان کیا تھا - وہ دونوں یہ ریمارک کرتے ہیں کہ یہ دراصل وہی تھی جو منصف کے روبرو

ناتھونی رائے بنام راجیشور رائے (پٹنہ)

اس مقدمہ میں پیش کی گئی تھی جو مدعی نے سندہری رائے کے خلاف دائر کیا تھا اور ان دونوں نے بلا تامل کسی ایسے رواج کی تائید میں جو انہوں نے بیان کیا تھا ایسی شہادت کو نامنظور کیا ہے۔ یہاں پر اس امر کے متعلق ڈسٹرکٹ جج کے فیصلہ کا حوالہ دینا مفید ہوگا کیونکہ میرے خیال میں انہوں نے نہایت قابلیت کے ساتھ شہادت کی اہمیت کا خلاصہ کیا ہے۔ وہ حسب ذیل تحریر کرتے ہیں:— "اب میں اس شہادت کی جانچ کرونگا جو رواج کے متعلق ہے۔ دونوں فریقوں نے اپنے علی الترتیب بیانات کی تائید میں لسانی اور دستاویزی شہادت دی ہے۔ دستاویزی شہادت جو اسامیوں کی جانب سے دی گئی ہے عملاً وہی ہے جو سندہری رائے کے مقدمہ محولہ صدر میں پیش کی گئی تھی بجز اسکے کہ اسامیوں نے اپنے بیانات کی تائید میں سندہری کے مقدمہ کے فیصلہ پر بھی استدلال کیا ہے۔ لیکن سندہری کے مقدمہ میں مسٹر جسٹس جوالا پرشاد کے فیصلہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ دستاویزی شہادت کوئی رواج ثابت کرنیکے لئے کافی نہ تھی۔ اس تجویز کی تائید میں فیصلہ میں وجوہ درج کی گئی ہیں اور میں ان وجوہ کو بطور اپنی وجوہ کے منظور کرتا ہوں۔ مقدمہ عملاً مقدمہ مذکور کی لسانی شہادت پر یا یہ کہ زمیندار کی لسانی شہادت کی عدم موجودگی میں فیصل کیا گیا تھا۔ سوال یہ ہے کہ سندہری کے مقدمہ کے فیصلہ سے موجودہ نالشات میں اسامیوں کی حیثیت کی کس حد تک تائید ہوتی ہے۔ قانون بلاشبہہ یہ ہے کہ کوئی فیصلہ اگرچہ وہ فیما بین فریقین نہو دیگر نالشات میں رواج کی شہادت ہوتا ہے اور بعض اوقات عمدہ شہادت ہوتا ہے سندہری کے مقدمہ کا فیصلہ اگر ممکن ہو تو اس وجہ سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے کہ موجودہ مدعی مقدمہ مذکور کا مدعی تھا لیکن وہ بطور ایک امر فیصل شدہ کے موثر نہیں ہو سکتا اور رواج کی شہادت کی جو اس سے حاصل ہوتی ہے تردید کی جاسکتی ہے مقدمہ موجودہ میں مثل میں مدعی کی جانب سے مدعی علیہ کی کل لسانی اور دستاویزی شہادت کی تردید کیلئے کافی شہادت موجود ہے نیز یہ امر قابل لحاظ ہے کہ سندہری کا مقدمہ ایک معمولی عدالت مطالبات خفیفہ کا مقدمہ

تھا جس میں مدعی کی جانب سے اس قدر جامع شہادت پیش کئے جانیکی توقع نہیں کیجاسکتی تھی ان نالشات میں مدعی کی شہادت لسانی اور دستاویزی دونوں اقسام کی شہادت پر مشتمل ہے۔ اول کے دستاویزات متعدد قبولیتیں ہیں جنمیں تقریباً د[illegible] شامل ہیں جو مدعی علیہم یا ان کے پیشروؤں نے ان نالشات میں سے (۴۰) نالشات میں تکمیل کی تھیں۔ کل قبولیتیں رجسٹری شدہ دستاویزات ہیں اور ان میں سے اکثر سنہ ۱۹۱۲ء میں بیبے کاغذات حقوق کی اشاعت کے کچھ عرصہ بعد تکمیل کی گئی تھیں لیکن ان میں سے چند کا سائیات پیمائش کی تاریخ کے قبل کی ہیں کل قبولیتیں تقریباً ایک ہی امر کے متعلق ہیں۔ انکے اجزا جو موجودہ تحقیقات کے لئے متعلق ہیں فقرات ۲، و ۵ ہیں۔ فقرہ ۲ میں اسامیوں نے ان درختوں کو جن پر پہل موجود تھے اور ان درختوں کو جن پر پہل موجود نہ تھے اراضیات متعلقہ شرح سے مالک کی رضامندی کے بغیر قطع نہ کرنیکا اقرار کیا تھا اور بیان کیا گیا ہے کہ یہ ساتھ ہی رواج کے بموجب ہے۔ فقرہ ۵ حسب ذیل ہے:— "میں ان شرائط کے بموجب جو سابقہ قبولیت کے فقرہ ۵ میں درج ہیں [illegible] جو موضع میں موجود ہیں [illegible] یا اسکے کارندہ مجاز کی تحریری اجازت کے بغیر ان درختوں کو جن پر پہل موجود تھے اور ان درختوں کو جن پر پہل موجود نہیں ہیں قطع نہ کرونگا"۔ اسامیوں کے لائق وکیل نے یہ بحث کی تھی کہ ان قبولیتوں سے مدعی کی تائید نہیں ہو سکتی کیونکہ اولاً اجازت درختوں کو قطع کرنے کی بابت تھی نہ درختوں کو قطع کرنیکے حق اور انکے گرنے یا قطع کئے جانے کے بعد لکڑی کے تصرف کے حق کے مابین ہمیشہ امتیاز کیا گیا ہے۔ بلاشبہہ یہ دونوں امور بالکل مختلف ہیں جیسا کہ ان مقدمات میں جو بطور تمثیل شیر خان بنام لوچن رام (۱) و لچھمن چند پال چودہری بنام رام لال (۲) طے ہوئے ہیں اور ان کے نوٹس میں قرار دیا گیا ہے لیکن ان قبولیتوں میں رواج یا علحدہ علحدہ ان دونوں حقوق کی بابت علحدہ تسلیم کیا گیا ہے فقرہ ۲ پہلے حق سے متعلق ہے اور فقرہ ۵ دوسرے حق سے متعلق ہے۔ فقرہ ۲ میں یہ مذکور ہے کہ ساتھ عمل درآمد کرنے کے بموجب درختوں کو بیع کرنے کے قبل اجازت حاصل کی جانی چاہیئے اور یہ کہ نصف قیمت

صفحہ ۳

(۱) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۳ صفحہ ۵۹۵ (۲) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۲۴ صفحہ ۲۷۲۔

تھوٹی رام بنام اسیشور سنگھ (پٹنہ)

زمیندار کو ادا کی جائیگی۔ اس لئے قبولیتوں سے صاف طور پر ظاہر ہوتا ہے کہ مروجہ طریق آمد کے بموجب اسامیوں کو درختوں کی بیع کے متعلق زمیندار کی اجازت حاصل کرنی چاہیئے اور زمیندار کو اسکی نصف قیمت حاصل کرنی چاہیئے۔ چالان اور حساب کے کاغذات سے جو مدعی نے ثابت کئے تھے صاف طور پر یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس وقت تک اسامیوں نے اجازت طلب کی تھی اور مالک کو درختوں کی نصف قیمت ملی تھی۔ مثالیں جو مدعی نے ثابت کی تھیں بہت سی ہیں۔ نیز مدعی کے بیان کی تائید لسانی شہادت موجود ہے کہ لکڑی کا حق اس وقت تک زمیندار کو حاصل تھا اسامیوں کی شہادت جو ایک ... پیش کی گئی ہے فضول ہے۔ اکثر گواہ طرفدار ہیں اور ان میں سے چند نے خود زمیندار کو لکڑی کی نصف قیمت ادا کی تھی۔ اس لئے میرے خیال میں مدعی علیہم کی ... اور دستاویزی شہادت کی تردید کے لئے مدعی کی جانب سے ... شہادت موجود ہے ... قبول کرسکے کہ میں ان دلائل کا ذکر کروں جو ہمارے سامنے ... مرافعہ جات میں مرافعان (یعنی مدعی علیہم) کی جانب سے یہ ظاہر کرنیکی کوشش کے اثناء میں پیش کئے گئے تھے کہ ڈسٹرکٹ جج نے یہ فیصلہ کرنے میں غلطی کی تھی کہ انھوں نے وہ رواج ثابت نہیں کیا تھا جو انھوں نے پیش کیا تھا میں خیال کرتا ہوں کہ یہ بتلانا مناسب ہے کہ اصل بحث جو ہمارے روبرو وکلاء کونسل نے جو مدعی کے مرافعہ عکسی میں اس کی جانب سے حاضر تھے اس امر کے متعلق زور کے ساتھ پیش کی ہے وہ یہ ہے کہ اس نتیجہ پر پہونچنے کے بعد جس پر کہ وہ پہونچے تھے کہ مدعی علیہم وہ رواج ثابت کرنے سے قاصر رہے تھے جو انھوں نے بیان کیا تھا سب آرڈینیٹ جج اور ڈسٹرکٹ جج کو جس حد تک کہ رواج کے کسی سوال کا تعلق تھا بلا تامل مدعی علیہم کے خلاف فیصلہ کرنا چاہیئے تھا۔ لیکن اس کے بجائے سب آرڈینیٹ جج اور ڈسٹرکٹ جج نے یہ قرار دینے کے بعد کہ مدعی علیہم نے رواج پیش کردہ ثابت نہیں کیا تھا یہ تحقیقات کرنی شروع کی تھی کہ آیا اس شہادت کی بناء پر جو ان کے روبرو پیش کی گئی تھی ان کو یہ خیال کرنے کے لئے کوئی وجہ معلوم ہوسکتی تھی کہ مدعی کل حقوق کا مستحق نہ تھا جن کا اس نے مطالبہ کیا تھا۔ اور جیسا کہ میں نے قبل ازیں ... لکھا ہے ان کا فیصلہ یہ تھا کہ مدعی ان درختوں کی لکڑی کی قیمت نصف قیمت کا مستحق تھا جو اسامیوں نے قطع کئے تھے یا جو گر گئے تھے۔ مدعی کی جانب سے زور کے ساتھ یہ بحث کی گئی ہے کہ مدعی علیہم کے حق میں ایک ایسا دعوی ثابت کرکے جو خود مدعی علیہم کی جانب سے پیش نہیں کیا گیا تھا اور اس طور پر دراصل ایک رواج کی تائید میں تجویز کرکے جو مدعی علیہم کی جانب سے پیش نہیں کیا گیا تھا سب آرڈینیٹ جج اور ڈسٹرکٹ جج دونوں نے ایک اہم قانونی غلطی کی ہے۔ میں اس اہم سوال پر بعد میں بحث کرونگا میں بلا تامل یہ کہہ سکتا ہوں کہ وہ دلائل جو مدعی علیہم کی جانب سے یہ ظاہر کرنیکی کوشش کے اثناء میں پیش کی گئی تھیں کہ ڈسٹرکٹ جج نے یہ خیال کرنے میں غلطی کی تھی کہ مدعی علیہم نے وہ رواج ثابت نہیں کیا تھا جو انھوں نے بیان کیا تھا مجھے زیادہ اہم نہیں معلوم ہوتے۔ ابتداءً یہ کہا گیا تھا کہ سندھی کی نالش میں یہ فیصلہ صادر کیا گیا تھا کہ ایک رواج جیسا کہ یہاں مدعی علیہم کی جانب سے بیان کیا گیا تھا ثابت کیا گیا تھا فیصلہ مذکور اگر بالکل قطعی نہ تھا تو بطور شہادت کے نہایت اہمیت رکھتا تھا۔ اس سلسلہ میں ہماری توجہ چند مقدمات کی جانب مبذول کرائی گئی تھی مقدمہ بیگ بنام الہ دینا (۳) میں رشتہ داران یکجدی کی وراثت کے متعلق ایک عام رواج کی تردید جو جانداد کے دعویداروں نے پیش کیا تھا کسی مسلمہ رواج کو پیش کرکے کی گئی تھی جس کا ذکر "رواج عام" (رواج کے متعلق سرکاری کاغذات) میں کیا گیا تھا۔ مقدمہ تلسی مہتن بنام جھنڈو پانڈے (۴) میں اسی طور پر یہ قرار دیا گیا تھا کہ "فرد رواج بہاول" لگان واجب الادا کی کوئی بابت کے کسی رواج کے ثبوت میں شہادت میں قبول کی جاسکتی تھی اور بطور شہادت کے اہمیت رکھتی تھی۔ اور مقدمہ لیکراج کور بنام مہیپال سنگھ (۵)

(۳) انڈین کیسیز جلد ۳۳ صفحہ ۳۸۴ (۴) انڈین کیسیز جلد ۳۸ صفحہ ۱۷۶ (۵) انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۵ صفحہ ۷۴۴ -

ناتھو پی رام بنام رامیشور سنگھ (پٹنہ)

میں یہ بھی قرار دیا گیا تھا کہ واجب العرض (موضع کے انتظامی کاغذات) رواج کے ثبوت کی بابت میں قابل ادخال شہادت تھا۔ بہرحال میں نہیں خیال کرتا کہ اس بیان سے جو ڈسٹرکٹ جج نے مختلف فریقین کے مابین سابقہ مقدمہ کے فیصلہ کی بطور شہادت اہمیت کے متعلق یا ان معاملات مثلاً کسی موضع کے نوٹ کے متعلق یا اس قسم کے کاغذات کے متعلق کیا ہے جن کا ذکر ان مقدمات میں کیا گیا ہے جن کا ابھی حوالہ دیا گیا ہے کوئی مفید امر حاصل اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ موخر الذکر شاید کسی قدر مختلف قسم میں داخل ہیں اور اول الذکر کی بہ نسبت زیادہ قوی ہیں لیکن با ایں ہمہ کسی معنی میں قطعی نہیں ہیں۔ اسکے بعد یہ کہا گیا تھا کہ ڈسٹرکٹ جج نے اپنے فیصلہ میں اس شہادت پر کافی طور پر بحث نہیں کی تھی جو رواج کے وجود کے متعلق مدعی علیہم کی جانب سے پیش کی گئی تھی اور بالخصوص اس لسانی شہادت کو جو ان کی جانب سے دی گئی تھی نہایت بے پروائی کے ساتھ نامنظور کیا تھا۔ لیکن میں نہیں خیال کرتا کہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس امر کے متعلق ڈسٹرکٹ جج کے فیصلہ میں کوئی اہم بے ضابطگی ہوئی ہے۔ یہ صحیح ہے کہ انھوں نے لسانی شہادت پر جو مدعی علیہم کی جانب سے پیش کی گئی تھی مفصل طور پر بحث نہیں کی ہے اور نہ گواہوں کی کثیر تعداد کا لحاظ کرتے ہوئے (جو سبارڈینیٹ جج نے تقریباً ۷۰ ہونا بیان کئے ہیں) یہ ظاہر کرنا مناسب ہے کہ ان کو ایسا کرنا چاہیئے تھا۔ خود سبارڈینیٹ جج نے بالکل صحیح طور پر بیان کیا ہے کہ ان کی تعداد کی زیادتی نہیں بلکہ ان کی شہادت کی نوعیت اہمیت رکھتی ہے۔ میں نے اس شہادت کی نوعیت پر احتیاط کے ساتھ غور کیا ہے جو مدعی علیہم کے گواہوں کی جانب سے پیش کی گئی تھی جو عام طور پر ایک ہی نوعیت کی ہے۔ ان کے بیانات صحیح نہیں معلوم ہوتے" اور ڈسٹرکٹ جج نے یہ تبلایا ہے جیسا کہ سبارڈینیٹ جج نے بھی تبلایا ہے کہ ان کی شہادت بالکل طرفدارانہ ہے۔ اس لئے میں یہ خیال کرتا ہوں کہ اس خیال سے اختلاف کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے جو سبارڈینیٹ جج اور ڈسٹرکٹ جج دونوں نے قائم کیا تھا یعنے یہ کہ مدعی علیہم نے وہ رواج ثابت نہیں کیا تھا جو انھوں نے اپنے جواب دعویٰ میں بیان کیا تھا۔

اب اس طور پر اپنا خیال ظاہر کرنے کے بعد کہ ڈسٹرکٹ جج یہ نتیجہ اخذ کرنے میں حق بجانب تھے کہ مدعی علیہم نے رواج پیش کردہ ثابت نہیں کیا تھا یہاں پر اس سوال پر بحث کرنا نہایت مناسب ہے جو مدعی کے مرافعہ عکسی میں بالخصوص ما بہ البحث ہے۔ میں نے قبل ازیں یہ تبلایا ہے کہ وہ مرافعہ عکسی کس طرح پیدا ہوتا ہے مدعی نے (جو یہاں مرافعہ علیہ ہے) یہ بحث کی ہے کہ سبارڈینیٹ جج اور ڈسٹرکٹ جج مدعی علیہم کی جانب سے کسی ایسے مقدمہ کی تجویز کرنے کے مجاز نہ تھے جو خود انھوں نے کبھی پیش نہیں کیا تھی اور یہ کہ اگر سبارڈینیٹ جج اور ڈسٹرکٹ جج کسی رواج کے متعلق بجز اس شہادت کے جو پیش کی گئی تھی کسی اور شہادت کی نسبت تجویز کرنے میں حق بجانب تھے تو بھی مقدمہ ہذا میں ان کی تجویز ان قیاسات پر مبنی تھی جو ان واقعات سے جس طرح کہ وہ ان کے روبرو پیش کئے گئے تھے مناسب طور پر اخذ نہ کئے جا سکتے تھے۔

ان دونوں دلائل کا مدعی علیہم (جو یہاں مرافعان ہیں) یہ جواب دیتے ہیں کہ عدالت مجاز ہے کہ جب کوئی خاص رواج پیش کیا جائے تو رواج پیش کردہ کی بجائے کسی زیادہ محدود نوعیت کے رواج کی نسبت تجویز کرے اور یہ کہ یہاں تجویز شہادت کی بنا پر جائز تھی۔

ان دو دلائل میں سے پہلی دلیل پر غور کرنے کے قبل یہ امر بالخصوص اہم ہے کہ احتیاط کے ساتھ اس امر پر غور کیا جائے کہ

تاجو رانی بنام راجہ ... (پٹنہ)

۔ ایڈیشنل جج اور ڈسٹرکٹ جج نے ایسی تحقیقات کرنا کیوں مناسب خیال کیا۔ مجھے یہ تسلیم کرنا چاہیئے کہ مجھے اس امر کے متعلق کسی قدر شبہ ہوا ہے کہ آیا انکی کارروائی درست ہے۔ عام قانون کی رو سے مدعی مسلمہ طور پر ایک جائز دعوی رکھتا تھا۔ مدعی علیہم نے ایک رواج پیش کیا تھا کہ آسامی درخت قطع کرنے اور لکڑی کے تصرف کرنیکے مستحق تھے۔ وہ ایسا رواج ثابت کرنے سے قاصر رہے تھے۔ انھوں نے کوئی طریقہ علی سبیل البدل بیان نہیں کیا تھا۔

میں یہ خیال کرنے پر راغب ہوں کہ یہ فیصلہ کئے جانیکے بعد کہ رواج کے متعلق مدعی علیہم کی بحث جس طرح کہ وہ پیش کی گئی تھی نامنظور ہونی چاہیئے انکی تحقیقات غالبًا جزو تنقیح نمبر ۳ کی اس عبارت کی وجہ سے جاری رکھی گئی تھی "کیا مدعی لکڑی کا مستحق ہے جیسا کہ اس نے بیان کیا ہے؟" لیکن ماتحت جج اور ڈسٹرکٹ جج دونوں نے اس مزید تحقیقات پر فی الواقع بطور تنقیح نمبر ۳ کے جزو کے بحث کی تھی "کیا کوئی رواج موجود ہے جسکی بنا پر رعایا کو ان درختوں کی جو انکی اراضیات کاشت پر واقع ہیں کل لکڑی ملنی چاہیئے؟" معلوم ہوتا ہے کہ اس تنقیح (یعنے تنقیح نمبر ۳) کے متعلق شہادت پر بحث کرنے کے بعد ماتحت جج اس مسلمہ واقعہ سے متاثر ہوئے تھے کہ ان کے خیال میں مدعی کے گواہوں نے قابل اطمینان طور پر یہ ظاہر کیا تھا کہ اس ریاست میں راج کا عملدرآمد یہ تھا کہ ان رعایا کو کسی درخت کے کاٹنے کی اجازت کے لئے راج سے درخواست کرنی چاہیئے یہ کہ ان کو عام طور پر اس کو کاٹنے اور راج کے خزانہ میں لکڑی کی تشخیص شدہ قیمت میں سے نصف قیمت ادا کرنے پر اس کو استعمال کرنیکی اجازت دیجاتی تھی۔ وہ حسب ذیل تحریر کرتے ہیں :-

"اگرچہ میں اس تنقیح کی نسبت مدعی علیہم کے گواہوں کو غلط باور کرتا ہوں اور یہ قرار دیتا ہوں کہ انکے یہ بیانات کہ اسامیاں راج کو کوئی قیمت ادا کئے بغیر (۱۶) آنہ لکڑی حاصل کرتے تھے غلط ہیں۔ اس کل لسانی اور دستاویزی شہادت پر غور کرنیکے بعد جو دونوں فریق کی جانب سے پیش کی گئی ہے مجھے اس نتیجہ پر پہونچنے میں کوئی تامل نہیں ہوتا کہ یہ قابل اطمینان طریقہ سے ثابت کیا گیا ہے کہ راج نے اسامیوں سے ان درختوں کی بابت جو ان کی نقدی اراضیات پر واقع تھے جو اس مقام پر بطور "کہاپ" اراضیات کے مشہور ہیں لکڑی کی نصف قیمت وصول کرنا تھا جیسا کہ مدعی کے گواہوں نے ثابت کیا ہے۔ بلا شبہ اس لسانی اور دستاویزی شہادت سے جو مدعی کی جانب سے پیش کی گئی تھی یہ ظاہر ہوتا ہے کہ عملدرآمد یہ تھا کہ اسامیاں درخواست کرتے تھے اور اسکے بعد راج کے عملہ کی رپورٹ پر راج کی جانب سے نصف قیمت مقرر کیجاتی تھی اور اسکے بعد اسامیان چالانات کے ذریعہ سے نصف قیمت داخل کرتے تھے اور بعد ازاں وہ درخت قطع کرتے اور کل لکڑی استعمال کرتے تھے۔ راج کی جانب سے یہ بحث کی گئی تھی کہ راج (۱۶) آنہ لکڑی کی قیمت پانیکا مستحق ہے اور نصف لکڑی کی قیمت اسامیوں کو بطور "معافات" کے واپس کی گئی تھی کیونکہ انھوں نے اجازت کے لئے درخواست کی تھی اور اس لئے وہ اشخاص جنہوں نے اس کو ایسی اجازت کے بغیر قطع کیا تھا ایسی معافی پانے کے مستحق نہیں ہیں۔ میری رائے میں بقیہ نصف قیمت کو جسے اسامیاں بطور معافی کے حاصل کرتے تھے اس طور پر تصور کرنے کے متعلق یہ بیان ایک خیال مابعد ہے۔ ان چالانات میں جو مدعی کی جانب سے پیش کئے گئے تھے ان کو بطور معافی کے تصور نہیں کیا گیا ہے۔ ان میں یہ تحریر نہیں کیا گیا ہے کہ زمیندار کا حصہ

صفحہ ۳۳۵

ناتھمنی مالک بنام رامیشور سنگھ (پٹنہ)

(۱۶) آنہ قیمت ہے جسمیں سے نصف قیمت کاٹنے کی اجازت کی درخواست کرنیکی وجہ سے واپس کیجاتی ہے جیسا کہ اب بیان کیا گیا ہے۔ برخلاف اسکے مدعی کے ان چالانات سے یعنے ان میں سے اکثر سنہ ۱۹۰۳ء کی قبولیتوں کی تکمیل کے قبل کی مدت اور نیز کارروائی پیمائش کے قبل کے ہیں اور نیز ان چالانات سے جو مدعی نے مدت مذکورہ کے بعد کے زمانہ کے شامل کئے ہیں صاف طور پر یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ان میں صراحتاً یہ تحریر کیا گیا تھا کہ لکڑی کے متعلق مالک کا حصہ نصف ہے۔ ایسی حالت میں یہ امر کہ نصف حصہ یعنی حصہ تھا ان چالانات میں عملاً تسلیم کیا گیا تھا کسی رواج کے بموجب ایسا کیا گیا تھا جو سنہ ۱۹۰۳ء کی رجسٹری شدہ قبولیتوں میں صراحتاً بیان کیا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو دستاویز ۳ (۱۱) - یہ صاف طور پر بیان کیا گیا ہے کہ سابقہ رواج کے بموجب مالک کی تحریری اجازت کے بغیر اسامی درختوں کو بیع نہ کریگا۔ الفاظ "رواج" اور "دستور سابق" درج ہیں نیز اسمیں یہ تحریر کیا گیا ہے کہ اگر وہ ایسی اجازت کے بعد ان درختوں کو بیع کرے تو وہ مالک کو نصف قیمت ادا کریگا جیسا کہ وہ ہمیشہ ادا کرتا رہا تھا۔ پس ان قبولیتوں میں کسی قدیم اور سابقہ رواج کے بموجب نصف ادائی کا صاف طور پر ذکر کیا گیا ہے اس وقت بقیہ نصف کو لیکر رہنا اسکے تصور کرنیکا خیال موجود نہ تھا سنہ ۱۹۰۳ء کی ان قبولیتوں میں بلاشبہہ یہ تحریر کیا گیا ہے کہ اگر وہ نصف قیمت ادا نہ کرے تو مالک اس کی اصل قیمت نالش کے ذریعہ سے وصول کرنیکا مستحق ہوگا۔ مدعی کی جانب سے یہ بحث کی گئی تھی کہ مدعی اس قرارداد کے ذریعہ سے (۱۶) آنہ حصہ کی قیمت وصول کرنیکا مستحق ہے۔ میری رائے میں اولاً یہ امر بالکل واضح نہیں ہے کہ آیا الفاظ اسکی اصل قیمت نصف حصہ کی قیمت سے متعلق ہیں جو فقرہ مذکور میں اسکے قبل بیان کیا گیا تھا یا (۱۶) آنہ حصہ کی قیمت سے متعلق ہیں اگر اس سے

(۱۶) آنہ حصہ کی قیمت مراد ہے تو وہ اجازت کی درخواست کرنیکے بعد نصف حصہ کی سابقہ ادائی نہ کرنیکی بابتہ تاوان کی نوعیت رکھتا ہے اس وقت جبکہ اسامیوں نے اجازت کے لئے درخواست کی تھی مالک نے اپنے اختیار تمیزی کے لحاظ سے نصف حصہ سے زیادہ وصول کرنیکے متعلق حق محفوظ نہیں کیا تھا۔ علاوہ بریں سنہ ۱۸۹۵ء کی بندوبستی دستاویز (۳۷۶ و ۱۳۷) اور سنہ ۱۹۰۳ء کی قبولیت دستاویز ۲۶ (۱) میں اس تعزیری فقرہ کا ہی کوئی ذکر نظر نہیں آتا سنہ ۱۸۹۵ء کی سنہ ۱۹۰۳ء کی قبولیت میں اس فقرہ تعزیری کا کوئی ذکر نہیں ہے بجائے اسکے ان میں صراحتاً یہ تحریر کیا گیا ہے کہ اگر کوئی اسامی کوئی درخت بیع کریگا تو اس کا نصف حصہ مالک کو حاصل ہوگا اور اگر وہ نصف حصہ برضا و رغبت تجویز امن ادا نہ کریگا تو مالک اسکو نالش کے ذریعہ سے وصول کرنیکا مستحق ہوگا۔

صفحہ ۶۳۶

یہ بحث کی گئی ہے کہ برضا و رغبت ادا کی نہ ہونیکی صورت میں (۱۶) آنہ حصہ کی قیمت وصول کرنیکے متعلق مالک کے حق کی نسبت ایک لفظ بھی درج نہیں ہے۔ آیا صورت میں ان قدیم کاغذات سے جو راج کی جانب سے پیش کئے گئے ہیں یہ ظاہر ہوتا ہے کہ قدیم رواج کے بموجب جو اس موضع میں عرصہ دراز سے موجود تھا مالک صرف نصف قیمت نہ کہ (۱۶) آنہ لکڑی کی قیمت پانیکا مستحق ہے اور اسلئے عام قانون میں خاص رواج کے ذریعہ سے ترمیم کی گئی ہے جو اسامیوں کی جانب سے صرف نصف حصہ ادا کئے جانیکے متعلق اس موضع میں رائج ہے۔ بلاشبہہ سابقہ حال کے ایک یا دو کاغذات یہ ظاہر کرنیکے لئے پیش کئے گئے ہیں کہ جب اسامی نے درخواست کے ذریعہ سے نصف حصہ ادا نہیں کیا تھا تو راج نے کامل حصہ وصول کیا تھا لیکن میری رائے میں یہ حال کی کوششیں اس قدیم مسلمہ عملدرآمد کو منسوخ نہیں کر سکتیں جسکے بموجب اسامی نصف حصہ پانیکا مستحق تھا اور مالک کا صرف نصف حصہ تسلیم کیا گیا تھا۔ میری رائے میں عام قانون کی بنا پر اور قدیم رواج کو نظرانداز کرکے جو صرف نصف حصہ لینے کے متعلق موضع میں موجود تھا (۱۶) آنہ حصہ وصول کرنیکی بابتہ یہ حال کی کوششیں اس مقدمہ اور اسامیوں کی جانب سے نصف

ناتھولال بنام ستیہ پر سنگھ

قیمت کی ادائیگی سے بھی انکار کئے جانیکا باعث ہوتی ہیں جو وہ سابق سے برضا و رغبت ادا کرتے رہے تھے۔ ان کل واقعات اور حالات پر غور کرنیکے بعد مجھے یہ تجویز کرنے میں کوئی تامل نہیں ہوتا کہ مقامی رواج کے بموجب زمیندار [illegible] نصف حصہ کی قیمت پانیکا مستحق ہے اور آسامیان دیگر نصف حصہ پانیکے مستحق ہیں۔ میں یہ بھی قرار دیتا ہوں کہ اگر آسامی نے اجازت حاصل نہ کی ہو یا بلا اجازت کے یا ابتداً نصف قیمت ادا کئے بغیر قطع کیا ہو تو مدعی نصف حصہ سے زیادہ حصہ پانیکا مستحق نہیں ہے ہر صورت میں مالک نصف حصہ کی قیمت سے زیادہ قیمت پانیکا مستحق نہیں ہے بیشک دونوں فریق کیلئے مناسب ہے کہ نصف قیمت تصفیہ کرائی جائے اور ابتداءً درخواستوں کے ذریعہ سے ادا کی جائے لیکن اگر آسامی ایسا نکرے تو رواج کی شہادت میں خلاف ورزی کی بابت کامل قیمت کی ادائی کا تاوان جائز کرنیکے لئے کوئی امر موجود نہیں ہے جبکہ ایسے ہی تاوان کا شرط ۱۸۹۹ء کی قدیم قبولیتوں میں جنکا ذکر اوپر کیا گیا ہے خیال بھی نہیں کیا گیا تھا۔ میں اس تنقیح کی بابت یہ فیصلہ کرتا ہوں اور یہ قرار دیتا ہوں کہ اسامیان ان درختوں کی جو ان کی مقبوضہ اراضیات پر واقع ہیں صرف نصف لکڑی کی قیمت ادا کرنے کے مستوجب ہیں"۔ ڈسٹرکٹ جج نے اسی سلسلہ خیال کی تقلید کی ہے جو سبارڈینیٹ جج نے قائم کیا تھا اور حسب ذیل ریمارک کیا ہے:- "اسکے بعد سوال یہ ہے کہ آیا زمیندار لکڑی کی کل قیمت کا مستحق ہے۔ زمیندار کی جانب سے یہ کہنے کی کوشش کی گئی تھی کہ ان صورتوں میں جنمیں آسامیوں نے زمیندار کی ابتداءً اجازت حاصل کی تھی آسامیوں کو نصف قیمت معاف کی گئی تھی لیکن جب ایسی اجازت حاصل نہیں کی گئی تھی آسامیوں کو کامل قیمت ادا کرنی چاہیئے۔ میرے روبرو ان گواہوں کی شہادت پڑھ کر سنائی گئی تھی اور میں نہیں خیال کرتا کہ اس امر کے متعلق انکی شہادت کوئی اہمیت رکھتی ہے۔ ان درختوں کے متعلق جو موجودہ نزاع پیدا ہونے کے قبل قطع کئے گئے تھے ایک واحد مثال بھی پیش نہیں کیگئی جسمیں زمیندار نے کامل قیمت حاصل کی ہو۔ وہ مثالیں جو نزاع کے بعد کی دی گئی ہیں تعداد میں بہت کم ہیں۔ ان قبولیتوں سے جن پر زمیندار نے استدلال کیا تھا ایسا کوئی امتیاز ظاہر نہیں ہوتا۔ مہاراجہ کے لائق وکیل نے قبولیت کے فقرہ ۹ کے آخری جملہ پر بہت زور دیا تھا اور یہ بحث کی تھی کہ اس سے انکی بحث کی تائید ہوتی تھی لیکن میں اس امر میں ان کے ساتھ اتفاق نہیں کر سکتا۔ اس آخری جملہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس صورت میں جبکہ مالک کو ادائی نہ کی جائے وہ آسامی سے اصل مع سود کے وصول کرنیکا مجاز ہوگا۔ لائق وکیل نے یہ بحث کی تھی کہ اس لفظ "اصل" سے کامل قیمت مراد ہے لیکن میں ان سے اس امر میں متفق نہیں ہوں۔ لفظ "اصل" کے لغوی معنے "اصل رقم" کے ہیں اور سیاق عبارت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اصل کیا ہے۔ اس لئے مجھے یہ قرار دینے میں کوئی تامل نہیں ہے کہ قبولیتوں سے لائق وکیل کی اس بحث کی تائید نہیں ہوتی کہ اس صورت میں جبکہ درخت بلا اجازت قطع کئے جائیں کامل قیمت ادا کی جانی چاہیئے۔ میں یہاں یہ اضافہ کر سکتا ہوں کہ عرضی دعوی میں ایسے کسی امتیاز کا ذکر نہیں ہے اور مدعی نے کامل قیمت کا مطالبہ اس بناء پر نہیں کیا تھا کہ ان مقدمات میں درخت بلا کسی اجازت کے قطع کئے گئے تھے۔ اس لئے میری رائے یہ ہے کہ رواج اور مقامی عملدرآمد کی بناء پر نصف لکڑی زمیندار کی ملک ہے اور دیگر نصف آسامیوں کی ملک ہے خواہ موخرالذکر نے سابقہ اجازت سے یا اسکے بغیر درخت قطع کئے ہوں۔ اسامیوں کے لائق وکیل کی اس بحث کے متعلق کہ زمیندار کو اس کی اجازت کی قیمت کے طور پر نصف قیمت ادا کی گئی ہے میں دستاویز ۹/۱ کا حوالہ دے سکتا ہوں جو ایک درخواست ہے جو ایک آسامی کی جانب سے قیمت کی ادائی پر لکڑی کے تصرف کی اجازت کے لئے دی گئی تھی۔ نصف قیمت لی گئی تھی۔

(۱۷۶)

مقدمہ ہذا میں و نیز چند دیگر مقدمات میں جن میں چند دیگر درخواستیں متعلق ہیں درخت قطع کرنیکی اجازت کا کوئی سوال موجود نہ تھا۔ دیگر مقدمات میں بلاشبہ درخواستوں میں قطع اور تصرف کی اجازت کی استدعا موجود تھی لیکن درخت قطع کرنیکا حق دفعہ ۲۳ قانون مزارعان بنگال کی روسے آسامیوں کو عطا کیا گیا ہے اور اس لئے یہہ خیال کرنا چاہئیے کہ اجازت تصرف کی اجازت تھی اور قطع کرنیکی اجازت نہ تھی۔ ان دو حقوق پر قبولیتوں کے دو مختلف فقرات میں علیحدہ بحث کی گئی ہے درختوں کی نصف قیمت کے متعلق زمیندار کا حق فقرہ ۹ میں تسلیم کیا گیا ہے جس سے درختوں کو قطع کرنے کے حق سے کوئی تعلق نہیں ہے اسلئے اس حق کا قطع کرنیکی اجازت سے کوئی تعلق نہیں ہے لائق وکیل نے یہہ بحث کی تھی کہ قبولیتوں کو بطور رواج کی شہادت کے خیال نہیں کیا جاسکتا کیونکہ فریقین معاہدہ معاہدات کرتے وقت رواج کو صراحتاً نظرانداز کرنے کے ہمیشہ مجاز ہیں لیکن بیان مندرجہ فقرہ ۹ سے یہہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہہ قرارداد رواج کو صراحتاً تسلیم کرکے کی گئی تھی اور اسکے باوجود نہیں کی گئی تھی اسلئے لائق وکیل کی بحث کوئی اہمیت نہیں رکھتی"

یہہ نہیں معلوم ہوتا کہ سب آرڈینیٹ جج یا ڈسٹرکٹ جج کے روبرو یہہ ظاہر کیا گیا تھا کہ چونکہ مدعی کا دعوی عام قانون پر مبنی تھا اور مدعی علیہم اس صریح اور نہایت معین رواج کو جو انہوں نے پیش کیا تھا ثابت کرنے سے قاصر رہے تھے۔ قانوناً مدعی کے لئے اس کے حق میں ڈگری صادر کئے جانے کے جواز کے لئے کوئی مزید کارروائی کرنا ضروری نہ تھا یا یہہ کہ عدالت کے لئے قانوناً کسی ایسے رواج کے وجود کی نسبت تجویز کرنا جائز نہ تھا جو مدعی علیہم نے پیش نہیں کیا تھا اور جو بہ نسبت اس رواج کے جو ان کی جانب سے پیش کیا گیا تھا ایک زیادہ محدود نوعیت رکھتا تھا۔

یہہ صحیح ہے کہ اس ضابطے کے اس محض قانونی پہلو کے قطع نظر انہوں نے اس مسئلہ کا مختصراً ذکر کیا تھا کہ جو کچھ کسی ایسی اجازت سے حاصل کیا جائے جس کا پابندی کے ساتھ اعادہ کیا گیا ہو وہ اجازت دہندہ کے خلاف کسی رواج کی بنیاد نہیں ہوسکتا لیکن وہ اس خیال کو ظاہر اسوجہ سے نامنظور کرتے ہیں کہ معاہدات جو مدعی اور مدعی علیہم کے مابین کئے گئے تھے وہ رواج کو صراحتاً تسلیم کرکے کئے گئے تھے اور اس کی تردید کے طور پر نہیں کئے گئے تھے۔

یہہ سوال کہ آیا قیاسات جو ایسے رواج کے وجود کے متعلق شہادت سے اخذ کئے جاسکتے ہوں جائز ہیں بلاشبہ ایک علیحدہ امر غور طلب ہے اس لئے میں ابتداً اس اہم امر پر غور کرنیکی کوشش کرتا ہوں کہ آیا عدالت ماتحت بجز اس رواج کے جو مدعی علیہم کی جانب سے پیش کیا گیا تھا کسی دوسرے رواج کی نسبت تجویز کرنیکی مجاز تھیں۔ بدقسمتی سے ہمارے روبرو اس امر کے متعلق مدعی کی جانب سے بہت کم نظائر کا حوالہ دیا گیا تھا اور مدعی علیہم کی جانب سے کسی نظیر کا حوالہ نہیں دیا گیا تھا۔ موخرالذکر کی جانب سے جو خیال ظاہر کیا گیا تھا وہ درحقیقت صرف یہہ تھا کہ کسی وسیع رواج کا عذر شہادت کی بنا پر کسی زیادہ محدود رواج کے وجود کی نسبت کسی تجویز کو جائز کرسکتا تھا۔ ہالسبریز لاز آف انگلینڈ جلد ۱۰ کے صفحہ ۲۳۶ فقرہ ۴۶۸ میں حسب ذیل بیان کیا گیا ہے "وہ کسی رواج کو ثابت کرنیکے لئے شہادت نہ صرف اس رواج کے مطابق ہونی چاہئیے جو بیان کیا جائے بلکہ اس سے ایک ایسا رواج ثابت بھی ہونا چاہئیے جو رواج مبینہ سے زیادہ وسیع نہو اگر شہادت سے کوئی ایسا رواج ثابت ہوتا ہو جو اس رواج سے جو بیان کیا جائے زیادہ وسیع ہو تو فریق جو رواج ثابت کرنیکی کوشش کرے صرف جزو شہادت کو قبول اور بقیہ کو نامنظور کرنیکا مجاز نہیں ہے لیکن میری رائے میں اس مسئلہ سے لازمی طور پر یہہ ثابت نہیں ہوتا یعنی یہہ کہ اگر کوئی وسیع رواج پیش کیا جائے تو اس سے کم تر رواج کے وجود کے متعلق اگر وہ ثابت کیا جائے تجویز نہیں کیا جاسکتی تھی مقدمہ [illegible] بنام [illegible]

تا تہ یزا بناد را میشور د پٹنہ

انہونی رری بنام میشور سنگھ پنڈت

(۶) میں پریوی کونسل نے یہہ قرار دیا تہا کہ ایسے واقعاتی قیاسات کی بنا پر جو نہ صرف بیانات مندرجہ عرضی دعویٰ سے متناقض تھے بلکہ دراصل اس بیان کے متضاد تھے جو مدعی نے عدالت تحت میں پیش کیا تھا فریقین کے متعلق تصفیہ کر دینا (یعنی فریقین کو پابند قرار دینا) نادرست تھا کسی معاہدہ کی تعمیل مختص کے لئے نالش رجوع کی گئی تھی جس کی غرض جائداد متعلقہ کے ایک حصہ غیر منقسمہ کے قبضہ کی بازیافت کی بابتہ تھی۔ عدالت ابتدائی نے فیصلہ کی رو سے مقدمہ کی نسبت بیانات مندرجہ عرضی دعویٰ کے بالکل خلاف تجویز کی گئی تھی لیکن جب معاملہ بصیغہ مرافعہ ہائیکورٹ کلکتہ کے روبرو پیش ہوا تو معلوم ہوتا ہے کہ عدالت مذکور نے عرضی بیان پر ایک ایسے نتیجہ پر پہونچی تھی جو اس قلمبند شدہ شہادت کے متناقض تھا جو ابتدائی فیصلہ میں موجود تھی لارڈ ڈیسٹرنے اپنے فیصلہ میں حسب ذیل بیان کیا تھا۔

صفحہ ۴۳۸

"یہہ مقدمہ نہایت اہم ہے اور حکام عالیمقام اس قطعی ضرورت کو ظاہر کرنیکی غرض سے اس سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہیں کہ کسی مقدمہ کا تصفیہ کسی ایسے بیان پر مبنی ہونا چاہیئے جو پلیڈنگ میں پایا جائے یا اس بیان میں ہو جو اسکے ذریعہ سے کیا گیا ہو شامل یا اسکے موافق ہو لیکن یہہ خیال کرنا کہ یہہ ریمارک اس فیصلہ سے نہایت موثر طور پر متعلق ہیں جو ان واقعات میں موجود ہے جو اب ہمارے روبرو پیش ہیں۔ کیونکہ اگرچہ یہہ بالکل صحیح ہے کہ پلیڈنگ میں اس حقیقی رواج کے متعلق کچھہ ظاہر نہیں کیا گیا ہے جس کی نسبت عدالتہائے تحت نے یہہ تجویز کی تھی کہ وہ موجود تھا یہہ کہنا مشکل ہے کہ وہ تصفیہ جو عدالت ہائے تحت نے صادر کیا ہے اس بیان پر مبنی نہ تھا یا اس بیان کا جزو نہ تھا جو شہادت میں ان کے روبرو پیش کیا گیا تہا۔ مقدمہ بہگوان سنگھ بنام بہگوان سنگھ (۷) جو مقدمہ بھی ہمارے روبرو پیش کیا گیا تھا۔ مجھے اس معاملہ سے بہت کم متعلق معلوم ہوتا ہے مقدمہ مذکور میں حکام عالیمقام پریوی کونسل نے محض یہہ بتایا تہا کہ خاص رواجات کسی عام قانونی قاعدہ کے مستثنیات کے طور پر پیش کئے جاسکتے ہیں لیکن وہ شہادت کے ذریعہ سے ثابت کئے جانے چاہئیں انہوں نے اس ضابطہ کو ناپسند کیا تھا جو الہ آباد کے فاضل چیف جسٹس نے اختیار کیا تہا۔ جس کی رو سے مدعیان کسی رواج کو پیش کرنے کی ذمہ داری کے پابند کئے گئے تھے۔ جس کی رو سے عام قانون کو خاص طور پر متعلق کرنے کی صراحت کی گئی تھی حکام عالیمقام نے یہہ خیال کیا تہا کہ یہہ ضابطہ اختیار کر کے فاضل چیف جسٹس نے اس طریقہ کے برعکس عمل کیا تہا جس کے بموجب قانون مناسب طور پر دریافت کیا جانا چاہئیے یا بہ الفاظ دیگر یہہ کہ جب کوئی مدعی عام قانون پر استدلال کرے تو اسکے لئے ایسے کسی عام قانونی اصول کے عملدرآمد کے متعلق کوئی رواج ثابت کرنا ضروری نہیں ہے قدیم مقدمہ وارڈ بنام شیپرڈ (۸) میں جس کا بھی حوالہ دیا گیا تہا محض یہہ قرار دیا گیا ہے کہ کوئی مدعی علیہ ایک معاہدہ کا تعلق اور رواج پیش نہیں کرسکتا تہا۔ اگر کوئی مدعی علیہ یہہ بیان کرے کہ اس کو کسی معاہدہ کی بنا پر جو اس نے مدعی کے ساتھہ کیا تھا کوئی حق حاصل ہے تو وہ ساتھہ ہی ساتھہ یہہ بیان نہیں کرسکتا کہ حق مذکور کسی رواج سے پیدا ہوا ہے۔ غالباً اس وجہ سے کہ اس سے پیچیدگی پیدا ہوگی۔ شاید مقدمہ دیسائی رنچھوڑ داس وٹھل داس بنام راول ناتھو بہائی کیسا بہائی (۹) مرافعہ ہذا میں بہ نسبت دیگر مقدمات کے جو ہمارے روبرو پیش کئے گئے ہیں کسی قدر زیادہ اہمیت رکھتا ہے لیکن وہ بھی مجھے کچھہ زیادہ مفید نہیں معلوم ہوتا۔ وہ ایک مرافعہ ثانی تہا۔ مدعیان نے چند اراضیات کے قبضہ کی بازیافت کے لئے نالش رجوع کی تھی جن کی نسبت انہوں نے یہہ بیان کیا تہا کہ وہ اس بنا پر ان کے وارث ہوئے تھے کہ ان لوگوں میں ایک رواج موجود تھا جس کی بنا پر بیوگان

(۶) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۱۹ صفحہ ۱۴ (۷) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲۱ صفحہ ۴۱۲ پریوی کونسل جلد ۵

(۸) انگلش رپورٹ بابتہ سنہ ۱۸۳۹ع جلد ۱۴۶ صفحہ ۳۴۷ (۹) انڈین لا رپورٹ بمبئی

اور بیٹیاں وراثت سے محروم کیجاتی ہیں۔ عدالت ہائے تحت نے یہہ قرار دیا تھا کہ ایک رواج ثابت کیا گیا تھا جس کی رو سے بیٹیاں محروم کیجاتی ہیں لیکن بیوگان محروم نہیں کی جاتیں ہائی کورٹ بمبئی نے یہہ قرار دیا کہ اگر کوئی ڈگری جس کی نا راضی سے مرافعہ کیا جائے قانون شہادت کے متعلق غلط خیالات پر یا ان اصول کی نسبت غلط فہمی پر مبنی ہو جو پریوی کونسل اور ہائی کورٹ نے اس امر کے متعلق بتلائے تھے کہ کوئی خاص رواج کس طرح ثابت کیا جانا چاہئیے تو ہائی کورٹ کو مرافعہ ثانی میں دست اندازی کرنی چاہئیے۔ یہہ قرار دیا گیا تھا کہ مدعیان کو اپنے دعوی کی بنیاد کسی ہمیشہ رواج سے جس کی رو سے بیوگان اور بیٹیاں محروم کیجاتی ہیں کسی ایسے رواج میں جس کی رو سے صرف بیٹیاں محروم کیجاتی ہیں منتقل کرنیکی اجازت نہ دیجانی چاہئیے لیکن میرے خیال میں موجودہ مرافعہ جات میں جو امر تصفیہ طلب ہے وہ اس امر سے نہایت مختلف ہے جو مقدمہ محولہ میں موجود تھا۔ یہاں مدعی نے اپنا دعوی کسی رواج پر ہرگز مبنی نہیں کیا تھا۔ مدعی علیہم نے ایک ایسا رواج بیان کیا تھا جس کو وہ ثابت کرنے سے قاصر رہے تھے لیکن اس شہادت کی بنا پر جو مدعی علیہم کی جانب سے دی گئی تھی عدالت ہائے تحت نے یہہ خیال کیا تھا کہ یہہ ظاہر تھا کہ اسی قسم کا ایک رواج ثابت تھا جو مدعی علیہم نے بیان کیا تھا لیکن وہ زیادہ محدود تھا۔ کیا ان کے لئے ایسی تجویز صادر کرنا اور اس پر فیصلہ کرنا جائز تھا؟ مجھے اس میں زیادہ شک نہیں ہے کہ چونکہ صرف بالکل زمانہ حال میں بہ نسبت زمانہ سابق کے پلیڈنگ کے نمونہ کی سخت پابندی میں کمی واقع ہوئی ہے اس سوال کا جواب اثبات میں ہوتا تحقیقاتیں جو کسی رواج کے وجود کے متعلق کیجائیں وہی حیثیت نہیں رکھتیں جو کسی معاہدہ کے وجود کے متعلق کیجائیں اس مقدمہ میں جس میں مدعی ایک ہزار پونڈ کا مطالبہ کرے مدعی علیہم کسی قرضہ سے انکار کرے اور عدالت مبلغ چار واجب الادا تجویز کرے اور اس نالش میں جس میں مدعی اپنا خانگی احاطہ بند کرنے کے لئے دعوی کرے اور مدعی علیہ اس میں سے راہ گذار بستہ کا حق پیش کرے بہت کم مماثلت ہے تاہم میں یہہ خیال کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ زمانہ حال میں عدالت کو یہہ تجویز کرنے میں تامل ہوگا کہ اگرچہ کامل رواج جو مدعی علیہم نے بیان کیا تھا موجود نہ تھا تاہم اس کا ایک اہم جز موجود تھا۔ اپنا منشا کو کسی معمولی فرضی تمثیل سے واضح کرنا بہتر ہوگا جو انگلستان کی طرز زندگی سے حاصل کی گئی ہے ایک زمیندار ایک جاگیر کا مالک ہے جس پر ایک بڑا تالاب واقع ہے اور اس کے قریب ایک موضع واقع ہے کامن لا کی رو سے اس تالاب کے جملہ حقوق ماہی گیری زمیندار کو حاصل ہیں لیکن اس تالاب میں باشندگان موضع مچھلی پکڑتے ہیں اور وہ موضع کے باشندگان زید بکر عمر خالد و حامد کے خلاف ان کو ایسا کرنے سے باز رکھنے کے لئے نالشات رجوع کرتا ہے وہ یہہ عذر کرتے ہیں کہ موضع کے باشندے رواجاً تالاب میں ماہی گیری کا ایک عام حق رکھتے ہیں لیکن وہ یہہ ثابت کرنے سے قاصر رہتے ہیں کہ ان کو ماہی گیری کا کوئی عام حق حاصل ہے لیکن اس شہادت سے جو مدعی کی جانب سے اس شہادت کی تردید میں پیش کیجاتی ہے جو مدعی علیہم کی جانب سے پیش کی گئی تھی نہایت واضح طور پر یہہ ظاہر ہوتا ہے کہ نہایت قدیم زمانہ سے ایک رواج موجود ہے جس کی بنا پر باشندگان موضع تالاب میں لکڑی اور ڈوری کے ذریعہ سے مچھلی پکڑ سکتے ہیں میں نہیں خیال کرتا کہ عدالت کو باشندگان موضع کو اس رواجی حق سے محروم کرنے سے انکار کرنے یا اس محدود رواج کے وجود کی نسبت تجویز کرنے میں کوئی تامل ہوگا اس لئے میں اس امر پر غور کرنے پر راغب نہیں ہوں کہ سبارڈینیٹ جج اور ڈسٹرکٹ جج کے لئے اس رواج کے وجود کے متعلق (اگر وہ درحقیقت موجود تھا) تجویز کرنا اور اس طور پر اس دادرسی

۴۳۹ صفحہ

بنام ... پٹنہ

کو جو مدعی کو عطا کی گئی تھی محدود کرنا جائز ہو سکتا تھا برخلاف اسکے اس حیثیت کی تائید میں بہت کچھہ کہا جا سکتا ہی جو یہاں پیش کی گئی ہی اگر کسی رواج کا کوئی حقیقی ثبوت موجود نہ تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مدعی کی شہادت سے یہہ ضرور ظاہر ہوتا تہا کہ کچھہ عمل درآمد موجود تھا اور یہہ صاف ظاہر ہوگا کہ سب آرڈینیٹ جج اور ڈسٹرکٹ جج نے دراصل اس لسانی شہادت کو نامنظور کیا ہے جو مدعی کی جانب سے پیش کی گئی تھی اور رواج کے وجود کے متعلق اپنی تجویزان قبولیتوں کی تعبیر پر مبنی کی ہے جن کی رو سے اسامیوں نے رایتہم سے اراضی پٹہ پر حاصل کی تھی۔ مدعی کے لائق کونسل نے ہماری توجہہ کچھہ لسانی شہادت کی جانب جو مدعی کی جانب سے دی گئی تھی اور بالخصوص پی ٹی اور زائمٹ کی شہادت کی جانب مبذول کرائی ہے جو دربھنگہ راج کے تعلقوں میں سے ایک ہے وہ نہایت صریح طور پر یہہ بیان کرتا ہی بعد اوسکی شہادت بطور اس شہادت کے نمونہ کے خیال کیجا سکتی ہی جو اس معاملہ کے متعلق مدعی کی جانب سے دی گئی تھی) کہ ... میں جب کبھی رعایا ان درختوں کو جو ان کی نقدی اراضیات پر واقع تھی قطع کرنیکی اجازت کے لئے درخواست کرتی تھی اجازت ... کی نصف قیمت وصول کرکے دیجاتی تھی جب وہ درخواست نہ کرتی تھی تو راج لکڑی کی کامل قیمت وصول کرتا تہا رعایا کو جب وہ اجازت کے لئے درخواست کرتی تھی تو دوسرا نصف حصہ دیا جاتا تھا۔ دوسرا نصف ... رعایا کو جب وہ اجازت کے لئے درخواست کرتی تھی بطور ایک رعایت کے دیا جاتا تہا نہ کہ کسی استحقاق کی بنا پر" لیکن سب آرڈینیٹ جج کی ... تھی نہ یہہ بیان ... اسامی کو لکڑی کی نصف قیمت کا عطیہ بطور ایک رعایت کے تہا ایک خیال مابعد تھا۔ حالانکہ ڈسٹرکٹ جج اس امر سے متاثر ہوئے ہیں کہ ان درختوں کی نسبت جو موجودہ نزاع پیدا ہونے کے قبل قطع کئے گئے تھے کوئی مثال نہیں دی گئی تھی

جس میں زمیندار نے کامل قیمت وصول کی ہو مرافعہ ثانی میں عام طور پر اس امر پر غور کرنا مناسب نہیں ہے کہ آیا تجاویز واقعاتی صحیح کرنے میں عدالت ہائے تحت نے شہادت کے متعلق ایک صحیح خیال (قائم) کیا ہے لیکن لسانی شہادت کے قطع نظر ان قبولیتوں کی تعبیر پر جن پر سب آرڈینیٹ جج اور ڈسٹرکٹ جج نے بالخصوص اپنی یہہ رائے مبنی کی تھی کہ ایک رواج ظاہر کیا گیا تہا عدالت ہذا یقیناً غور کر سکتی ہے تا کہ یہہ معلوم کیا جائے کہ آیا ان کے مفہوم کی مناسب تعبیر کی گئی ہے اس قبولیت کا ایک خاص نمونہ اس قبولیت سے ظاہر ہوتا ہی جو ایک شخص محسن برا ہی نے یکم اگست سنہ ۱۹۰۲ع کو تکمیل کی تھی اس کا اہم جزو حسب ذیل ہے۔

"فقرہ ۷ ......... " میں مالک کی رضامندی کے بغیر ان پھلدار اور بے پھل درختوں کو جو اراضیات پر واقع ہیں قطع نہ کرونگا اور فقرہ ۹ بموجب ان شرائط کے جو سابقہ قبولیت کے فقرہ ۱۰ میں درج ہیں اور رواج اور عملدرآمد کے جو موضع میں سابق میں موجود تہا۔ میں مالک یا اوس کے کارندہ مجاز کی تحریری اجازت کے بغیر پھلدار یا بے پھل درخت بیع نہ کرونگا۔ اگر میں مالک یا اسکے کارندہ مجاز کی تحریری اجازت حاصل کرنے کے بعد ان کو بیع کروں تو میں ان کی بابتہ مالک کو نصف قیمت ادا کرتا رہونگا۔ جیسا کہ میں بلا کسی اعتراض کے اب تک ادا کرتا رہا ہوں۔ اگر میں اس کی ادائی سے قاصر رہوں تو مالک عدالت میں نالش رجوع کرکے اصل اور اسکا سود تا تاریخ وصول یابی میری ذات اور جائداد سے وصول کرنیکا مجاز ہے اور ہوگا"

معلوم ہوتا ہے کہ سب آرڈینیٹ جج کو اس امر کی نسبت نہایت شک تھا کہ "اصل" سے یا جیسا کہ وہ اس کو اصل قیمت ظاہر کرتے ہیں اس سے فی الواقع کیا مراد ہے۔ لیکن وہ یہہ ظاہر کرتے ہیں کہ اگر

اس سے لکڑی کی کامل قیمت مراد ہے تو وہ آسامی پر بطور ایک تاوان
کے خیال کیا جاسکتا تھا جب کہ وہ درخت قطع کرنے کی اجازت کے لئے
درخواست نہ کرے وہ یہہ بھی بتلاتے ہیں کہ سنہ ۱۹۰۱ع کی قبولیتوں سے
بھی زیادہ قدیم قبولیتوں سے یہہ ظاہر نہیں ہوتا کہ ان میں یہہ تعزیری
فقرہ (جیسا کہ وہ اس کو بیان کرتے ہیں) شامل کیا گیا تھا لیکن
ڈسٹرکٹ جج نے یہہ قطعی رائے ظاہر کی ہے کہ الفاظ "اصل قیمت" یا "اصل قیمت سے"
کامل قیمت ہرگز مراد نہیں ہے بلکہ یہہ کہ سیاق عبارت سے صرف نصف
قیمت ظاہر ہوتی ہے۔ میرے لئے یہہ کہنا لازم ہے کہ میں خیال کرتا
ہوں کہ تعبیر جو ان قبولیتوں کی کی گئی ہے نادرست ہے اور یہہ کہ
اگر وہ صحیح ہوتی تو بھی اس کا اثر کسی جاری عملدر آمد کو ثابت کرنا
نہ تھا جو بطور ایک ایسے رواج کے خیال کیا جاسکتا تھا جس کی تائید
آسامیان زمیندار کے خلاف کرسکتے تھے۔ یہاں یہہ ظاہر کرنا مفید
ہے کہ ان کی وجوہ مرافعہ میں بھی مدعی علیہم فقرہ (۲) میں یہہ کہتے
ہیں کہ ڈسٹرکٹ جج کا فیصلہ اس بنا پر غلط تھا کہ مدعی نے رواج اور
کاشتکاروں کے حقوق کے خلاف قبولیتیں حاصل کی تھیں اور یہہ کہ ان
قبولیتوں کے ذریعہ سے کسی دوسرے رواج کو پیش کرنے کی کوشش
کی گئی تھی جس کا اثر یہہ ہوسکتا تھا کہ اس رواج کو منسوخ کیا جائے۔
جو مدعی علیہم کی جانب سے پیش کیا گیا تھا یعنے جو کامل قیمت کی نسبت
ان کے حقوق سے متعلق تھا۔ جس حد تک کہ میں سمجھ سکتا ہوں یہاں قبولیتوں
میں کوئی امر موجود نہیں ہے جس سے کسی صحیح رواج کی تائید ہوتی ہو
جو قانوناً تسلیم کیا جاسکتا ہو یہہ امر مسلمہ معلوم ہوتا ہے کہ کم از کم
مدعی اور آسامیوں کے مابین معاہدہ کی بنا پر موخر الذکر کسی درخت
کو اول الذکر کی اجازت کے بغیر قطع نہ کرسکتے تھے اور اگرچہ ڈسٹرکٹ
جج کا یہہ خیال ہے کہ اس بیان سے جو قبولیتوں کے فقرہ ۷ میں
درج ہے یہہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ قرارداد جو لکڑی بیع کرنے کے لئے

رضامندی حاصل کرنیکی بابت تھی اس رواج کو صرف اتنا تسلیم کرنا
کی گئی تھی کہ آسامی کو نصف قیمت ملنی چاہئیے یہہ امر مساوی طور پر
واضح ہے کہ مالک کی رضامندی کے بغیر درخت جائز طور پر قطع
یا بیع نہ کئے جاسکتے تھے اور یہہ صحیح تھا خواہ وہ قبولیتوں کے تحت
کیا جاتا تھا یا عام رواج کی بنا پر۔ میں نہیں خیال کرتا کہ جب کسی
آسامی کے لئے درخت قطع کرنے کے لئے اجازت حاصل کرنی ضروری
ہو یہہ امر کہ اگر وہ اس کو قطع کرنے کے قبل ایسی اجازت حاصل کرے اسکو
لکڑی کی نصف قیمت عطا کیجاتی ہے ایسے حالات میں بخوبی مبدل
کیا جاسکتا ہے جن پر کوئی رواج جو قانوناً بطور ایک رواج کے تسلیم
کیا جائے مبنی کیا جاسکتا ہے اس سلسلہ خیال کو اس کے مناسب
نتیجہ کے لحاظ سے سمجھنے کے لئے ہم یہہ فرض کرینگے کہ آج کوئی شخص مدعی
کو ٹھیکہ کے طریقہ پر بطور ایک کاشتکار کے مٹی کی کچھ اراضی پٹہ پر
دینے کے لئے درخواست کرتا ہے اگر مدعی ایسا کرنا پسند کرے تو مجھکو یہہ
معلوم ہوتا ہے کہ پٹہ کی قبولیت میں ایک فقرہ درج کرنے میں جس
میں صرف یہہ بیان کیا جائے کہ وہ کسی درخت کو قطع کرنیکی اجازت
نہ دیگا کوئی امر اس کا مانع نہیں ہے آسامی یہہ شکایت کرسکتا ہے
کہ مدعی نے اس کے ساتھ اس طریقہ کے خلاف برتاؤ کیا تھا جس کے
بموجب اس نے موضع کے دوسرے آسامیوں کے ساتھ سابق میں
برتاؤ کیا تھا لیکن یہہ سمجھنا مشکل ہے کہ وہ مدعی کو اس کی خواہشات
کی تکمیل پر کس طرح مجبور کرسکیگا۔ اس لئے اگرچہ میں یہہ خیال
کرتا ہوں کہ مقدمہ کی شہادت سے بلا شبہ یہہ ظاہر ہوتا ہے
کہ بطور ایک عملدر آمد کے مدعی درخواست پر کسی آسامی کو
کسی درخت کی لکڑی جو مدعی کی رضامندی سے قطع کیا گیا ہو
یا گر گیا ہو بیع کرنے اور اس کی نصف قیمت کے تصرف کرنے کی اجازت
دینے کا عادی تھا میں نہیں خیال کرتا کہ ان واقعات میں اس

ماتا پرشاد بنام مسماۃ ... (پٹنہ)

ناتھو وغیرہ بنام ایشر سنگھ (پٹنہ)

عمل درآمد کی نسبت یہہ خیال کیا جا سکتا ہے کہ وہ کسی رواج میں تبدیل ہوا تھا جو قانوناً تسلیم کیا جا سکتا ہو۔ اسلئے اس وجہ سے میں خیال کرتا ہوں کہ مقدمہ کے اس جزو کی نسبت مدعی کا مرافعہ عکسی نا منظور ہونا چاہیے

اس امر پر کہ مدعی کا دعوی خارج المیعاد تھا۔ ہمارے روبرو زیادہ زور نہیں دیا گیا تھا۔ درحقیقت یہہ سمجھنا مشکل ہے کہ وہ کس طرح خارج المیعاد ہو سکتا تھا۔ میعاد سماعت دعوی تین سال ہے منصف صاحب جج اور ڈسٹرکٹ جج دونوں نے تنقیح نمبر ۹ کی نسبت مدعی علیہم کی شہادت کو غلط باور کیا تھا اور اس شہادت کو صحیح باور کیا تھا جو مدعی کی جانب سے پیش کی گئی تھی۔

سباڈنیٹ جج نے بطور ایک واقعہ کے یہہ تجویز کی ہے کہ

صفحہ ۶۴۱

درخت جن کی نسبت نالش رجوع کی گئی تھی اندرون میعاد قطع کئے گئے تھے حالانکہ ڈسٹرکٹ جج شہادت پر نہایت مفصل طور پر اور نہایت احتیاط کے ساتھ بحث کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہونچے ہیں کہ اس میں کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ منصف کا فیصلہ درست ہے۔

اب صرف ایک معمولی امر باقی رہتا ہے جس کی نسبت مدعی نے عذر عکسی پیش کیا ہے وہ اس امر کی نسبت ہے کہ درختوں کی وہ اقسام کیا ہیں جن سے مدعی کا حق متعلق ہے۔ سباڈنیٹ جج اور ڈسٹرکٹ جج کے مابین اختلاف رائے سے متعلق ہے۔ یہہ عام طور پر تسلیم کیا گیا ہے کہ آسامیوں کو ان درختوں کو قطع اور تصرف کرنیکا حق حاصل ہے جو بطور "اگا چھا" کے ظاہر کئے جا سکتے ہوں جس لفظ سے میں سمجھتا ہوں کہ بیلا درخت یا ایسے درخت مراد ہیں جو پھل پیدا کرنے یا لکڑی کی اغراض کے لئے کار آمد نہو سکتے ہوں۔

سباڈنیٹ جج نے یہہ تبلایا ہے کہ مدعی علیہم نے یہہ بیان کیا تھا کہ کئی اقسام کے درخت جن کے نام تبلائے گئے تھے۔ (سیسم گمبر۔ گلر۔ مہوہ۔ جامن۔ کہیر۔ ببول۔ املی۔ برہر۔

بیر۔ سرسیا۔ سمبل اور سہجن) "اگا چھا" تھے۔ انہوں نے یہہ قرار دیا کہ ان اقسام میں سے صرف دو یعنے بیر اور سہجن "اگا چھا" تھے اور ان کو مدعی کے دعوے سے خارج کیا تھا لیکن ڈسٹرکٹ جج اس نتیجہ پر پہونچے تھے کہ دوسرے درخت بھی مناسب طور پر "اگا چھا" کی قسم میں شامل کئے جانے چاہئیں اور انہوں نے یہہ بیان کیا تھا کہ یہہ درخت برہر۔ سیمر۔ گلر۔ پیپل۔ بیر۔ سہجن۔ اور سرسیا تھے۔ مدعی کے لائق کونسل نے دو اول الذکر کو شامل کرنے پر اعتراض کیا ہے اور یہہ تبلایا ہے کہ خود جج کے ریمارک سے بھی یہہ ممکن نہیں ہے کہ وہ "اگا چھا" کی قسم میں شامل خیال کئے جانے چاہئیں۔ ڈسٹرکٹ جج جو کچھ کہتے ہیں وہ حسب ذیل ہے "برہر اور سیمر کے متعلق اگرچہ وہ نسبتاً بڑے درخت ہیں اور ان کی لکڑی بعض اوقات چند دیگر اغراض کے لئے استعمال کیجاتی ہے وہ بطور لکڑی یا پہل کے درختوں کے تصور نہیں کئے جا سکتے۔ ان کی لکڑی نہایت ادنی قسم کی ہوتی ہے اور تختے وغیرہ جو ان سے تیار کئے جاتے ہیں پائدار نہیں ہوتے۔ برخلاف اس کے اگر یہہ درخت آسامیوں کی اراضی پر قایم رکھے جائیں تو ان کو ان سے بہت کم فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ بعض اوقات ان کے لئے زیادہ بگہہ کی ضرورت ہوتی ہے اور آسامیوں کو ان اراضیات کو لگان ادا کرنا پڑتا ہے جن پر ایسے درخت واقع ہوں اس لئے بھی ان کو "اگا چھا" میں شامل کرنا چاہیے۔ میری رائے یہہ ہے کہ خواہ وہ "اگا چھا" ہوں یا نہ ہوں۔ آسامی ان درختوں کا مستحق ہے" میں خیال کرتا ہوں کہ وہ بحث جو مدعی کی جانب سے پیش کی گئی تھی یہاں جائز ہوتی ہے۔ میں ان درختوں کی جن کے نام تبلائے گئے ہیں نوعیت سے کافی طور پر واقف نہیں ہوں تاکہ کوئی رائے ظاہر کر سکوں کہ بیکار درختوں کی قسم میں کون کون سے خاص

درختوں کو شامل کیا جائے۔ لیکن جب کہ درخت ایسے ہوں جن سے
مفید پھل پیدا ہوتے ہوں یا جو بطور لکڑی کے استعمال کئے جا سکتی
ہوں تو یہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس قسم کے تحت آتے ہیں
جس پر مالک کو حقوق حاصل ہوتے تھے۔ یہ بخوبی خیال کیا جا سکتا
ہے کہ چند درخت یا جھاڑیاں ایسی ہیں جو اس قسم میں نہیں ہیں۔
لیکن یہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ درخت متذکرہ بالا بڑے درخت
ہیں جن کی لکڑی اگرچہ وہ معمولی قسم کی ہو۔ تختے تیار کرنے میں
استعمال کی جا سکتی ہے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ ان کو اس قسم
میں شامل نہ کرنا چاہئیے تھا۔ جس پر زمیندار کو کوئی حقوق حاصل
نہ ہوں۔

اس لئے نتیجہ یہ ہوگا کہ مدعی علیہم کا مرافعہ معہ کل خرچہ کے
خارج کیا جاتا ہے۔ مدعی کا عذر عکسی معہ خرچہ کے منظور کیا جائیگا
ڈسٹرکٹ جج کا فیصلہ منسوخ کیا جائیگا۔ اور مدعی کو بجز ان درختوں
کے جن کو سبارڈینیٹ جج نے اگا ہوا تجویز کیا ہے دیگر درختوں
کی بابت اس کی عرضی دعوے کے بموجب ایک ڈگری عطا کی جائیگی
اس لئے مرافعہ جات اور درخواستہائے نگرانی دیوانی متذکرہ
بالا میں عام حکم حسب ذیل ہوگا۔

(۱) مرافعہ جات ثانی جو آسامیوں مدعی علیہم کی جانب سے
پیش کئے گئے تھے ہر صورت میں معہ خرچہ کے خارج کئے جاتے ہیں
بجز اس کے کہ ایک مشترکہ فیس سماعت ہوگی جو مبلغ ۶۰ شخص
کی جائیگی جو ان کل مقدمات میں مساوی طور پر تقسیم کی جائیگی۔

(۲) ان نالشات کے متعلق جن کی مالیت مبلغ صما سے متجاوز
ہے مدعی زمیندار کے مرافعہ جات ثانی ہر صورت میں معہ خرچہ کے
ڈگری کئے جاتے ہیں بجز اس کے کہ صرف ایک مشترکہ فیس سماعت ہوگی
جو تینا اشرفی شخص کی جائیگی جو حسب مناسب تقسیم کی جائیگی۔

ناہتھونی رائے بنام راجیندر سنگھ (چپّہ)

(۳) مرافعہ جات ثانی جو ان نالشات سے پیدا ہوئے تھے جن کی
شئے متنازعہ کی مالیت مبلغ صما سے متجاوز نہ تھی اور جن کی نسبت
درخواست ہائے نگرانی دیوانی پیش کی گئی تھیں خارج کئے جاتے
ہیں لیکن بلا خرچہ۔

(۴) مقدمات نگرانی دیوانی بجز نمبر ۲۴۴ کے جو اپیل نمبر ۸۵۶ سے متعلق تھا منظور کئے جاتے ہیں۔ لیکن خرچہ کی بابت
کوئی حکم صادر نہیں کیا جاتا۔

(۵) مقدمہ نگرانی دیوانی نمبر ۲۴۴ جو فقرہ ماقبل میں خارج
کیا گیا تھا خارج کیا جائیگا۔ کیونکہ وہ ساقط ہوا تھا اور خرچہ کے
متعلق کوئی حکم صادر نہ کیا جائیگا۔ اور۔

(۶) بابت ان مرافعہ جات ثانی جو ان نالشات سے پیدا
ہوئی تھیں جن کی مالیت مبلغ صما سے متجاوز نہ تھی اور جن کے متعلق مقدمات
نگرانی دیوانی میں کوئی درخواستیں پیش نہیں کی گئی تھیں۔ بطور
درخواست ہائے نگرانی دیوانی تصور کی جائیگی اور اسی طور پر منظور
کی جائیگی لیکن خرچہ کے متعلق کوئی حکم صادر نہ کیا جائیگا۔

خرچہ کا حکم کل عذرات سے متعلق ہے۔

**جسٹس سکاٹ سمتھ۔** مجھے اتفاق ہے۔

مدعی علیہم کے مرافعہ جات خارج۔
مدعی کے مرافعہ جات عکسی منظور کئے گئے۔

صفحہ ۹۲۴

## ہائی کورٹ لاہور

### مرافعہ تحت فرمان شاہی

نمبر مقدمہ ۱۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۹ رمئی سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر شادی لال چیف جسٹس و
مسٹر جسٹس مارٹینو

تیر کہنا و یک کس دیگر مدعیان مرافعان بنام سوہنو وغیرہ مدعی علیہم مرافعہ علیہم

تیز لعل بنام سواہر (لاہور)

قانون رجسٹری دستاویزات ایکٹ ۱۶ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۷۔ شرائط رہن کی یادداشت۔ رجسٹری۔

کسی بہی کا اندراج جس میں رہن کی شرائط درج کی گئی ہوں لیکن جس پر مبینہ رہن کے فریقین میں سے کسی فریق کے دستخط نہ ہوں حسب منشاء دفعہ ۱۷ قانون رجسٹری دستاویزات ایک ایسی دستاویز نہیں ہے جس سے کوئی حق پیدا ہوتا ہو لہذا اس کی رجسٹری ضروری نہیں ہے۔

مرافعہ تحت فرمان شاہی بنا راضی حکم صادرہ مسٹر جسٹس ہیریسن برافعہ دیوانی نمبر ۳۵۰ بابتہ ۱۹۲۱ء مورخہ ۳۰ نومبر ۱۹۲۲ء مطبوعہ انڈین کیسیز جلد ۷۱ صفحہ ۴۳۹ جس کی رو سے مقدمہ عدالت ماتحت مرافعہ (ڈسٹرکٹ جج دہلی) کے پاس روئداد پر فیصلہ کئے جانے کی غرض سے واپس کیا گیا تھا۔

منجانب مرافعان۔ لالہ امرناتھ چونا۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر شمشیر چند۔

فیصلہ۔ یہہ مرافعہ تحت فرمان شاہی ایک منفرد جج کے حکم کی ناراضی سے پیش کیا گیا ہے جس کی رو سے مقدمہ عدالت ماتحت مرافعہ میں روئداد پر فیصلہ کئے جانے کی غرض سے واپس کیا گیا تھا۔ نالش کسی رہن کو انفکاک کے لئے ہے جس کی نسبت مدعیان یہہ بیان کرتے ہیں کہ ان کے پیشروؤں نے ان کو مبلغ ۵۰۰ روپیہ کے عوض تکمیل کیا تہا انہوں نے عدالت ابتدائی میں ایک ڈگری حاصل کی لیکن برطبق مرافعہ ڈسٹرکٹ جج نے دعوی اس بنا پر خارج کیا کہ ان کے بہی کہاتے کا اندراج جس پر نالش مبنی تھی رجسٹری شدہ نہ ہونے کی وجہ سے ناقابل ادخال شہادت تھا۔ مرافعہ ثانی میں فاضل جیمبر جج نے یہہ قرار دیا کہ دستاویز زیر بحث کی رجسٹری ضروری نہ تھی کیونکہ اس کو کسی شخص نے تکمیل نہیں کیا تہا۔ دستاویز مذکور پر مبینہ فریق میں سے کسی نے دستخط نہیں کئے ہیں

پس وہ صاف طور پر ایک ایسی دستاویز نہیں ہے جس سے کوئی حق پیدا ہوتا ہو اور دفعہ ۱۷ قانون رجسٹری دستاویزات متعلق نہیں ہے۔

مرافعان کی جانب سے یہہ بحث کی گئی ہے کہ مرافعہ علیہم نے اپنی بنائے دعوی تبدیل کی ہے کیونکہ ان کی عرضی دعوی میں انہوں نے بہی کہاتہ کے اندراج کی بنا پر نالش کی تھی۔ حالانکہ بعد میں ان کے کونسل نے یہہ بیان کیا تہا کہ رہن زبانی تھا اور یہہ کہ بہی کہاتے کا اندراج صرف معاملہ کی ایک یادداشت تھی۔ لیکن مرافعہ علیہم نے اپنی عرضی دعوی میں بہی کہاتے کے اندراج کو بطور ایک رہن نامہ کے ظاہر نہیں کیا تہا یا یہہ نہیں کہا تہا کہ انہوں نے اس کی بنا پر نالش رجوع کی تھی۔ انہوں نے جو کچھ کہا تہا وہ یہہ تہا کہ مکان "دُر دسے" بہی رہن کیا گیا تہا۔ یہہ الفاظ بالکل صحیح نہیں ہیں اور لازمی طور پر اس صریح بحث کے متناقض نہیں ہیں جو بعد میں پیش کی گئی تھی کہ رہن جس پر نالش مبنی کی گئی تھی ایک زبانی رہن تھا اور یہہ کہ بہی کہاتے کا اندراج محض ایک یادداشت تھی اس لئے ہماری رائے میں اس بحث میں کوئی اہمیت نہیں ہے جو بنائے دعوی تبدیل کئے جانے کے متعلق کی گئی ہے اور ہم مرافعہ معہ خرچہ خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائی کورٹ پٹنہ

نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۳۷۰ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۵ مئی ۱۹۲۳ء

باجلاس:۔ مسٹر جسٹس مکفرسن

ایسٹ انڈین ریلوی کمپنی لمیٹڈ۔ سائلان بنام مسز گوپی رام گھوسی سنگھ مسئول علیہم

قانون ریلوی ایکٹ ۹ بابتہ ۱۸۹۰ء دفعات ۷۲، ۷۴۔ برندگی

(۳۲۲)

ہر مال جو دستاویز برا خطرہ سفر نمونہ ب کے تحت روانہ کیا گیا ہو۔ عدم حوالگی۔ ہرجہ کی نالش۔ نوٹس آیا ضروری ہے۔ اختیار جو دستاویز ابرا خطرہ سفر پر دستخط کرنے کی بابت دیا گیا ہو۔ بلا ارادہ غفلت کا ثبوت۔

احکام دفعہ ۷۷ قانون ریلوی کسی ایسی نالش سے متعلق ہوتے ہیں جو اس مال کی جو کسی ریلوی کمپنی کو لیجانے کے لئے دیا گیا ہو عدم حوالگی کی بابتہ معاوضہ کی بازیافت کے لئے رجوع کیجائے۔

ایسٹ انڈین ریلوی کمپنی بنام کالی چرن رام پرشاد۔ انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۴۰۳ سے اختلاف کیا گیا۔

گریٹ انڈین پننسولر ریلوی کمپنی بنام جیتن رام نرملا رام انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۴۴ کی تقلید کی گئی۔

حسب دفعہ ۷۲ قانون ریلوی مال کا ارسال کنندہ کسی دستاویز ابرا خطرہ سفر کی ایسی شرائط کا پابند ہے جس پر اس شخص نے دستخط کئے ہوں جس نے ریلوی کمپنی کو فی الواقع مال حوالہ کیا ہو۔

جب مال کسی ریلوی کمپنی کو لیجانے کے لئے دستاویز ابرا خطرہ سفر نمونہ ب کے تحت حوالہ کیا جائے اور کمپنی پر مال کی عدم حوالگی کے معاوضہ کی بابتہ نالش رجوع کیجائے اگر کمپنی مال کا گم ہونا ثابت کرے تو مدعی پر اس امر کا بار ثبوت عاید ہوتا ہے کہ گم گشتگی یا تو ریلوی انتظام کی بلا ارادہ غفلت یا اس کے ملازمین کی جانب سے سرقہ یا ان کی بلا ارادہ غفلت کی وجہ سے ہوئی تھی

نگرانی دیوانی نمبر ... بر خلاف فیصلہ صادرہ جج عدالت مطالبات خفیفہ گیا مورخہ ۱۱ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

ایسٹ انڈین ریلوی بنام مسز گوپی رام (دیگر)

منجانب سائلان۔ مسٹر این۔ سی۔ سنہا۔

منجانب مسئول علیہم۔ مسٹر ایس۔ دیال وبی کے۔ پرشاد۔

فیصلہ۔ مقدمہ ہذا میں ایسٹ انڈین ریلوی کمپنی نے حسب دفعہ ۲۵ قانون عدالت ہای مطالبات خفیفہ سوبجاتی عدالت مطالبات خفیفہ گیا کے فیصلہ مورخہ ۱۱ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء میں دست اندازی کی استدعا کی ہے جس کے ذریعہ سے عدالت مذکور نے سائل کمپنی کے خلاف مبلغ ... کی بابتہ مسئول علیہم کا دعوی ڈگری کیا تھا جو پارچہ کے ایک گٹھے کی گم گشتگی کی مالیت مبلغ ... اس کے منافع مبلغ ... سود بحساب (۱۲) فیصدی مبلغ ... اور خرچہ مبلغ ... ۵ باجملہ مبلغ ... کی بابتہ تھا یا یہ کہ وہ قانون کے مطابق نہیں ہے۔

مسئول علیہم نے ریل کے ذریعہ سے احمد آباد سے گیا کو پارچہ کے تیرہ گٹھے روانہ کئے تھے۔ جن میں سے بارہ گٹھے سائل کمپنی نے ۳۰ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء کو اپنے اسٹیشن گیا پر مدعی کو حوالہ کئے تھے اور ایک گٹھا حوالہ نہیں کیا تھا۔ نالش اس گٹھے کی عدم حوالگی کی بابتہ ترتیب دی گئی تھی جو بمبئی بڑودہ وسنٹرل انڈین ریلوی اور ایسٹ انڈین ریلوی یا ان کے ملازمین کی ناجائز غفلت یا اون کے ملازمین کی جانب سے سرقہ کی وجہ سے ہونا بیان کی گئی تھی۔ گم گشتگی کا ذکر عمداً نہیں کیا گیا تھا اور غفلت یا سرقہ کی کوئی شہادت پیش نہیں کی گئی تھی۔ جوابدہی یہہ کی گئی تھی اولاً یہہ کہ دعوے دفعات ۷۷ و ۸۰ و ۷۴ قانون ریلوی کی بنا پر ممنوع السماعت تھا ثانیاً یہہ کہ گٹھا متدعویہ گم ہوگیا تھا اور یہہ کہ گم گشتگی کمپنی کے ملازمین کی بلا ارادہ غفلت یا سرقہ کی وجہ سے نہوئی تھی اور بالآخر یہہ کہ پارسل دستاویز ابرا خطرہ سفر نمونہ ب کے تحت خاص طور پر کم شرح کرایہ کی شرط پر روانہ کیا گیا تھا۔ پس ریلوی کمپنی گم گشتگی یا عدم حوالگی کی ذمہ دار نہ

ایسٹ انڈین ریلوے کمپنی بنام مسز گوپال (دیشہ)

ہوئی صرف سائل کمپنی کے خلاف ڈگری کیا گیا تھا۔

جج نے ایک رائے مندرجہ ایسٹ انڈین ریلوے کمپنی بنام کالی چرن رام پرشاد (۱) پر استدلال کر کے یہہ قرار دیا کہ بمعیاد دفعہ ۷۷ قانون ریلوے کوئی نوٹس ضروری نہ تھا کیونکہ حکم مذکور کی رو سے محض عدم حوالگی کی بنا پر نالش ممنوع السماعت نہ تھی۔ ایسٹ انڈین ریلوے کمپنی کی جانب سے یہہ شہادت پیش کی گئی تھی کہ پارسل نل سرائے سے نشیب کی گارڈ وین میں بحفاظت روانہ ہوا تھا اور جب ریل گاڑی ... کسی ٹھہرنے کے مقام پر پہونچی تو گارڈ نے ویگن کے دروازے کھلے ہوئے پائے اس کی مہر ٹوٹی ہوئی تھی اور اس میں سے کچھ مال اشتمول اس گٹھے کے جو مدعا علیہم کو حوالہ نہیں کیا گیا تھا گم تھا لیکن جج نے یہہ قرار دیا کہ اگر اس بیان کو قبول کیا جائے تو بھی مدعا علیہم ذمہ داری سے سبکدوش نہیں ہو سکتے کیونکہ ویگن مقفل نہیں کیا گیا تھا اور مہر جو اس پر لگائی گئی تھی ایک معمولی مہر تھی اور اس سے مال کی حفاظت نہ ہوتی تھی اسلئے انہوں نے یہہ تجویز کی کہ سائل کمپنی نے مناسب احتیاط استعمال نہیں کی تھی جس کی منزل مقصود پر مال کو بحفاظت پہونچانے کی بابت ایک برندہ مال سے توقع کیجا سکتی ہے نیز یہہ ثابت کیا گیا تھا کہ ویگن مقفل نہ تھا نیز یہہ کہ دستاویز برا خطرہ سفر مناسب طور پر ثابت نہیں کی گئی تھی کیونکہ یہہ ظاہر نہیں کیا گیا تھا کہ اس شخص کو جس نے اس پر دستخط کئے تھے ارسال کنندہ کی جانب سے ایسی دستاویز تکمیل کرنیکا کوئی اختیار دیا گیا تھا" اور بالآخر یہہ کہ گمشدگی جس کا ذکر دستاویز برا خطرہ سفر میں کیا گیا تھا شہادت کے ذریعہ سے ثابت نہیں کی گئی تھی اور یہہ خیال کرنے کیلئے وجہ موجود تھی کہ گمشدگی ریلوے کے ملازمین کی غفلت کیوجہ سے ہوئی تھی۔

صفحہ ۴۴۴

سائل کمپنی کی جانب سے پہلی بحث یہہ کی گئی ہے کہ دفعہ ۷۷ قانون ریلوے سے متعلق ہوتی ہے اور گٹھڑی کی گمشدگی کی بابت معاوضہ کا دعویٰ قانوناً ناقابل قبول قرار دیتے ہیں کیونکہ وہ ریلوے انتظامیہ کے روبرو اس مدت کے اندر جو دفعہ میں مقرر کی گئی ہے تحریراً پیش نہیں کیا گیا تھا۔ عدالت ہذا کے ایک بنچ کے فیصلہ بمقدمہ گریٹ انڈین پننسولر ریلوے کمپنی بنام جیتن رام نرمل رام (۲) کے مد نظر مسٹر شو شو دیال نے مسئول علیہم کی جانب سے یہہ تسلیم کیا ہے کہ یہاں پر اس قانونی بحث کا کامیابی کے ساتھ جواب نہیں دیا جا سکتا۔

معلوم ہوتا ہے کہ اس سے معاملہ ختم ہو جاتا ہے لیکن مسٹر شو شو دیال یہہ کہتے ہیں کہ ڈگری زیر بحث منسوخ نہ کیجانی چاہئے کیونکہ دو اہم امور کی بنا پر جو انہوں نے پیش کئے ہیں یہہ خیال کرنا چاہئے کہ سائل کمپنی دادرسی کی مستحق نہ تھی۔

ان میں سے پہلا امر اس تاخیر سے متعلق ہے جو ۱۸ جولائی سے ۲۴ نومبر تک درخواست نگرانی پیش کرنے میں واقع ہوئی تھی اس بارے میں ہر مقدمہ کی جانچ خود اس کے حالات کے لحاظ سے کیجانی چاہئے اور چونکہ یہہ ظاہر ہوتا ہے کہ مقدمہ موجودہ میں گیا کے محکمہ نقل نویسان کے ناقص انتظامات کی وجہ سے تقریباً (۸) ہفتے فیصلہ اور ڈگری کی نقل حاصل کرنے میں صرف ہوئے تھے اور چونکہ مرافعہ بھی اگر وہ پیش ہو سکتا تھا تو اندرون میعاد ہوتا میرے خیال میں تاخیر یقیناً اس قدر قابل باز پرس نہیں ہے کہ اسکی بنا پر عدالت کو اپنے اختیار تمیزی کے استعمال میں اس میں دست اندازی سے باز رہنا چاہئے جبکہ اہم قانونی غلطی واقع ہوئی ہو۔

مرافعہ ثانی میں یہہ بحث کی گئی ہے کہ عدالت ہذا کو عدالت ہائے خفیفہ کے کسی فیصلہ میں دست اندازی نہ کرنی چاہئے جبکہ جوابدہی

(۱) انڈین ... جلد ۱۹ صفحہ ۱۰۳ ؛ نظائر ہند صفحہ ۱۴۷

(۲) انڈین کیسز جلد ۸۵ صفحہ ۴۴ (نظائر ہند صفحہ ۵۸۵)

جیسا کہ مقدمہ ہذا میں ہوا ہے محض ایک اصطلاحی امر کی نسبت ہو یہہ بحث کی گئی ہے کہ سائل کمپنی کی روئداد پر کوئی شکایت نہیں ہے کیونکہ یہہ تجویز کی گئی ہے کہ ایک گٹھے کی گمشدگی ان کے ملازمین کی بالارادہ غفلت کی وجہ سے نہیں تھی۔

فیصلہ بعض مقامات پر مبہم ہے اور اس سے عام طور پر کوئی اطمینان نہیں ہوتا۔ بالخصوص یہہ خیال کرنا غیر ممکن ہے کہ تجویز کسی فریداہم قانونی غلطی اور شہادت کے متعلق غلط اندازہ کی وجہ سے صادر ہوئی جو الفاظ گمشدگی کی قانونی اہمیت کے متعلق فاضل جج کی غلط فہمی تجویز بالا سے پیدا ہوا تھا۔ اولاً صراحتاً یہہ تجویز نہیں کی گئی ہے کہ گٹھے کی گمشدگی کے وقت اور طریقہ کے متعلق مدعی علیہم کا بیان صحیح نہیں ہے جیسا کہ درحقیقت وہ مجھے معلوم ہوتا ہے پھر یہہ تجویز کہ دستاویز ابراخطرہ سفر مناسب طور پر ثابت نہیں کی گئی ہے کیونکہ یہہ ظاہر نہیں کیا گیا ہے۔ کہ اس شخص کو جس نے اس پر دستخط کئے تھے ارسال کنندہ کی جانب سے ایسی دستاویز کی تکمیل کا کوئی اختیار دیا گیا تھا" ایک صریح قانونی غلطی ہے کیونکہ حسب دفعہ ۷۲ یہہ کافی ہے کہ وہ شخص جو ریلوی انتظام کو مال حوالہ کرے دستاویز ابراخطرہ سفر پر دستخط کرے نہ صرف ارسال کنندہ کے کارپرداز نے جس نے مال حوالہ کیا تھا دستاویز ابراخطرہ سفر پر دستخط کئے تھے بلکہ اس نے ایسے حالات میں دستخط کئے تھے۔ جن سے دستخط کرنے کے متعلق اس کے مالک کی اجازت معناً ظاہر ہوتی ہے اس میں کوئی شک نہیں ہو سکتا۔ مسئول علیہم کے خلاف دستاویز ابراخطرہ سفر جائز ہے۔

اب صرف بالارادہ غفلت کا سوال باقی رہتا ہے۔ چونکہ دستاویز ابراخطرہ سفر جائز ہے اور سائل کمپنی نے گمشدگی ثابت کی ہے اس امر کا بار ثبوت مسئول علیہم پر عاید تھا۔ کہ پارسل کی گمشدگی یا تو ریلوی انتظام کی بالارادہ غفلت کیوجہ سے یا اسکی ملازمین کی جانب سے سرقہ یا ان کی بالارادہ غفلت کیوجہ سے ہوئی تھی اور اگر گمشدگی چلتی ہوئی گاڑی سے سرقہ بالجبر کیوجہ سے ہوئی تھی تو وہ بالارادہ غفلت کی وجہ سے صراحتاً خارج ہے۔ تجاویز جن کا قبل ازیں حوالہ دیا گیا ہے بالارادہ غفلت کو ظاہر کرنیکے لئے بالکل کافی نہیں ہیں اور درحقیقت چونکہ مسئول علیہم نے اس امر کے متعلق کوئی شہادت پیش نہیں کی تھی کوئی تجویز غفلت کے متعلق بھی صرف اس قیاس پر مبنی کیجا سکتی تھی کہ ریلوی ویگن مقفل نہ تھا۔ ایسی تجویز مقدمہ کو دستاویز ابراخطرہ سفر سے خارج نہیں کر سکتی اور علاوہ بریں چونکہ ویگن پر مہر کی گئی تھی غفلت کے متعلق بھی قیاس جائز نہ ہوگا۔ بجز اسکے کہ ایسے معاملات میں معمولی طریقہ کاروبار کے متعلق شہادت موجود ہو چونکہ مسئول علیہم سائل کمپنی یا اسکے ملازمین کی بالارادہ غفلت ثابت کرنے سے بالکل قاصر رہے ہیں دستاویز ابراخطرہ سفر کے مد نظر دعویٰ روئداد پر بھی ناکام رہتا ہے۔

لیکن اگر دعوی روئداد پر مسئول علیہم کے نہایت موافق ہوتا تو بھی عدالت بدادفعہ ۲۷ قانون ریلوی کو پورے طور پر نافذ کرنے پر مجبور ہوتی جبکہ مسئول علیہم نے اسکے اطلاق سے گریز کرنیکی عمداً کوشش کی تھی۔

درخواست معہ خرچہ منظور عدالت مطالبات خفیفہ کی ڈگری منسوخ اور نالش معہ خرچہ خارج کیجاتی ہے

درخواست منظور کی گئی

ایسٹ انڈین بنام مسز گوپی راہ (پٹنہ)

(۱) ۲۱؍۶ صفحہ

## ہائی کورٹ لاہور

مرافعہ اطلاعی

نمبر مقدمہ ۲۷۰ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء منفصلہ ۲۷ فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس بی سی ماسکنل و مسٹر جسٹس مارٹینو۔

بابو گنگا پوری جیلا تمام مقام قانونی بنام موہن لال وغیرہ مدعی علیہم

ویلدکا پوری بنام وہن لال (لاہور)

ہوائی گیر متوفی بذریعہ مدعی - مرافع — مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۹۲ - نالش جو ہین کی جانب سے جایداد وقف یا امانت کے قبضہ کی نسبت اپنے حق کے نفاذ کیلئے رجوع کی گئی ہو اور اسکی نوعیت - نالش جو مداخلت بیجا کنندگان کے خلاف رجوع کی گئی ہو - کلکٹر کی اجازت ایا ضروری ہے -

کوئی نالش جو کسی مہنت کی جانب بہ حیثیت مہنت کے جایداد وقف یا امانت کے قبضہ کی نسبت اپنے حق کے نفاذ کیلئے رجوع کی گئی ہو دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تحت نہیں آتی -

بدری داس بکیم بنام چنی لال جوہری - انڈین لاء رپورٹ کلکتہ جلد ۳۳ صفحہ ۷۸۹ بر صفحہ ۸۰۸ پر استدلال کیا گیا -

دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کسی ایسی نالش سے متعلق نہیں ہوتی جو مداخلت بیجا کنندگان کے خلاف رجوع کیجائے -

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ سبارڈنیٹ جج درجہ اول لاہور مورخہ ۱۳ دسمبر ۱۹۱۸ء

منجانب مرافع - مسٹر ایم ایس بھگت و لالہ آمیں چند مہتا -

منجانب مرافعہ علیہم - لالہ تیرتھ رام -

**فیصلہ** - مقدمہ موجودہ میں جایداد متدعویہ کسی سابقہ نالش کی شئے متنازعہ بھی تھی جو اسطرح ہوا کہ تین حجاموں نے قوم حجام کی جانب سے شیو چرن کی بیدخلی کیلئے رجوع کی تھی جو جایداد کا منتظم تھا - شیو چرن اس نالش کے دوران میں فوت ہوا تھا - اور اس کے نابالغ بیٹے اور اسکی بیوہ بطور اسکے قایم مقاموں کے فریق بنائے گئے تھے عدالت ابتدائی نے مقدمہ مذکور مدعیان کے حق میں فیصلہ کیا لیکن بر طبق مرافعہ ڈویژنل جج مسٹر انگیتو نے ۱۸ فروری ۱۹۱۴ء کو یہ قرار دیکر کہ جایداد وقف تھی کہ شیو چرن اسکا متولی یا امین تھا اور یہہ کہ حسب دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی نالش کلکٹر کی اجازت کے بغیر قابل پذیرائی نہ تھی دعوی خارج کر دیا - اسکے بعد ان اشخاص میں سے جنہوں نے نالش مذکور دایر کی تھی اور ایک دوسرے

شخص نے نالش رجوع کرنیکی اجازت کیلئے کلکٹر کے پاس درخواست کی لیکن وہ بعد میں درخواست سے دست بردار ہوگئے -

مقدمہ موجودہ میں مدعی علیہم وہی اشخاص ہیں جو سابقہ مقدمہ میں بحیثیت شیو چرن کے قایم مقاموں کے فریق بنائے گئے تھے لیکن مدعی ایک شخص ہوائی گیر ہے جو یہہ بیان کرتا ہے کہ شیو چرن کی وفات کے بعد لاہور کی حجاموں کی برادری نے اس کو اس وقف کا مہنت مقرر کیا تھا جس سے جایداد متعلق ہے یہہ کہ وہ جایداد کے قبضہ کا مستحق ہے اور یہہ کہ مدعی علیہم مداخلت بیجا کنندگان ہیں -

سبارڈنیٹ جج نے یہہ قرار دیا ہی کہ چونکہ مدعی قوم حجام کا ایک نامزد شدہ شخص تھا - اس کو خود قوم سی زیادہ حقوق حاصل نہیں ہو سکتے جس کی جانب سی سابقہ نالش رجوع کی گئی تھی اور چونکہ سابقہ نالش شیو چرن کی وفات کے بعد موجودہ مدعی علیہم کے خلاف جاری رکھی گئی تھی اور اوس درخواست میں جو کلکٹر کے روبرو پیش کی گئی تھی یہہ تسلیم کیا گیا تھا کہ مدعی علیہم "پجاری" اور شیو چرن کے قایم مقام تھے مدعی اب ان کو بطور مداخلت بیجا کنندگان کے تصور نہیں کر سکتا - اسلئے انہوں نے دعوی خارج کر دیا ہے - کیونکہ وہ مثل سابقہ نالش کے کلکٹر کی اجازت کے بغیر قابل پذیرائی نہ تھی - مدعی نے مرافعہ دائر کیا ہی اور مرافعہ کامیاب ہونا چاہئیے -

مدعی نے عوام کی اغراض کی حفاظت کیلئے نہیں بلکہ بحیثیت ایک مہنت یا امین کے خود اپنے حق کے نفاذ کیلئے نالش رجوع کی ہی اور اس قسم کی نالش دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تحت نہیں آتی جیسا کہ جسٹس ووڈروف نے مقدمہ بدری داس بکیم بنام چنی لال جوہری (۱) میں قرار دیا تھا جس میں صفحہ ۸۰۸ پر فاضل جج نے کہا ہے "میری دانست میں موجودہ نالش جس حد تک کہ وہ مدعیان کی جانب سے بحیثیت امناء انکی انفرادی حیثیت سے مندرجہ متدعویہ کے امناء ہونے کے متعلق

(۱) انڈین لاء رپورٹ کلکتہ جلد ۳۳ صفحہ ۷۸۹ بر صفحہ ۸۰۸

(۱۲۳)

اپنے انفرادی حق کے نفاذ کے لئے رجوع کی گئی ہو، دفعہ کے تحت نہیں آتی۔ یہ ممکن ہی کہ عوام اس امر کی نگرانی میں غرض رکھتے ہوں کہ بحیثیہ مقررشدہ اشخاص ہیں امانت کا انتظام کریں لیکن عوام مدعیان کا یہ حق عوام کی حیثیت سے نہیں ہے جو مدعیان کو بطور عوام کے نہیں بلکہ بطور ایسے اشخاص کے حاصل ہو جنہوں نے انتظام کے متعلق خود اپنے ذاتی حق کے نفاذ کے لیے نالش کی ہو۔

نیز یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کسی ایسی نالش سے متعلق نہیں ہوتی جو مداخلت بیجا کنندگان کے خلاف رجوع کیجائے جیسا کہ مدعی نے مدعی علیہم کو ظاہر کیا ہے اور ہم عدالت تحت سے اس امر میں اتفاق نہیں کر سکتے کہ مدعی بطور مداخلت بیجا کنندگان کے ان کے خلاف کسی قسم کی نالش رجوع نہیں کر سکتا۔ وہ سابقہ نالش میں مدعی نہ تھا اور نہ وہ اس ڈگری کا پابند ہو سکتا ہے جو پاس ہوا تھا جو کلکٹر کو دی گئی تھی اور غالباً موجودہ مدعی علیہم سابقہ نالش میں محض شیو جی کے قایم مقامان قانونی کی حیثیت سے نہ کہ اپنی ذاتی حیثیت سے فریق بنائے گئے تھے۔

مسٹر الکینو کا فیصلہ موجودہ نالش کا مانع نہیں ہے اور ہم یہ قرار دیتے ہیں کہ نالش ایک ایسی نالش نہیں ہے جس سے دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی متعلق ہوتی ہے اسلئے ہم مرافعہ منظور عدالت تحت کی ڈگری منسوخ اور مقدمہ حسب آرڈر ۴۱ رول ۲۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی عدالت مذکور میں روئیداد پر فیصلہ کی غرض سے واپس کرتے ہیں۔ رسوم عدالت جو یادداشت مرافعہ پر لی گئی ہے واپس کی جائیگی اور دیگر خرچہ مقدمہ کا خرچہ ہوگا

مرافعہ منظور کیا گیا۔

گوبند سنگھ بنام جودہا سنگھ (الہ آباد)

## ہائی کورٹ الہ آباد

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۴۳۵ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس لنڈسے و مسٹر جسٹس ڈینیلز

گھوبیر سنگھ ویک کس دیگر **بنام** جودہا سنگھ ویک کس دیگر

مدعی علیہما ۔ مرافعان مدعیان ۔ مرافعہ علیہما

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۲۱ رول ۳۶۔ شفعہ کی ڈگری ۔ مشتری جو جایداد پر قابض ہو۔ زر شفعہ کی ادائی ۔ باضابطہ قبضہ آیا ضروری ہے ۔ قانون امانت ایکٹ ۲ بابتہ ۱۸۸۲ء دفعہ ۸۲۔ شفعہ کی ڈگری ۔ شفعہ کی جایداد جو رہن کے تابع ہو۔ انفکاک جو اس رقم سے کیا گیا ہو جو شفیع نے ادا کی ہو۔ مشتری کا قبضہ اور اس کی نوعیت ۔

کسی شفعہ کی نالش میں اگر شفعہ کی جایداد کسی مرتہن کے قبضہ میں ہو اور مشتری صرف حق انفکاک رہن کا مالک ہو تو شفیع کے لئے شفعہ کی قیمت ادا کرنیکے بعد جایداد کے باضابطہ قبضہ کے لیے درخواست کرنا ضروری نہیں ہے اوسکی حقیت کی ادائی پر مکمل ہوجاتی ہے۔ آرڈر ۲۱ رول ۳۶ مجموعہ ضابطہ دیوانی ایسے مقدمہ سے متعلق نہیں ہے ۔

ستیارام پانڈے بنام مادہو پانڈے ۔ انڈین کیسز جلد ۲۳ صفحہ ۸۷۲ پر استدلال کیا گیا۔

ایسی جایداد کی بیع کی صورت میں جو ایک رہن کے تابع ہو مشتری شفعہ کی رقم ادا ہونے پر رہن کا انفکاک کرے اور جایداد کا قبضہ حاصل کرے تو دفعہ ۸۲ قانون امانت کی مماثلت پر یہ خیال کیا جائیگا کہ وہ شفیع کی جانب سے جایداد پر قابض ہے ۔

رگھوبیر سنگھ بنام جودھا سنگھ (الہ آباد)

مرافعہ ثانی بنا بر اپیل ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج فرخ آباد مورخہ ۱۲ دسمبر ۱۹۱۸ء

منجانب مرافعان۔ ڈاکٹر ایس۔ این۔ سین و مسٹر یو۔ ایس۔ باجپائی

منجانب مرافعہ علیہما۔ مسٹر گرداری لال۔

**فیصلہ**۔ یہہ مرافعہ ایک نالش سے پیدا ہوا ہے جو مدعیان مرافعہ علیہما جودھا سنگھ اور دیلا سنگھ نے قبضہ کے لئے رجوع کی تھی جائداد متدعویہ ابتداءً ایک شخص مورت سنگھ کی ملک تھی جس نے ۱۹ مئی ۱۹۰۸ء کو ایک شخص گنگارام کے پاس اس کو رہن باقبض کیا تھا۔ گنگارام ۱۹۱۸ء تک بحیثیت مرتہن کے قابض رہا لیکن زر رہن کے حقوق کی نسبت مختلف انتقالات کئے گئے تھے جن کی صراحت ضروری ہوگی

۱۲ دسمبر ۱۹۱۰ء کو مورت سنگھ نے اپنا حق انفکاک رہن مدعی علیہما مرافعان رگھوبیر سنگھ و گجراج سنگھ کو مبلغ ۔۔۔ کے عوض بیع کیا تھا اس رقم میں سے مبلغ ۔۔۔ مشتریوں کے پاس مرتہن گنگارام کے رہن کی ادائی کے لئے چھوڑے گئے تھے ایک شخص بھارت سنگھ نے اس حق انفکاک رہن کی بیع کی بابت ایک شفعہ کی نالش رجوع کی اور ۲۵ جنوری ۱۹۱۲ء کو مدعی علیہما کے خلاف ایک ڈگری حاصل کی اس ڈگری کی رو سے کامل زر ثمن مبلغ ۔۔۔ مدعی علیہما کو واجب الادا قرار دیا گیا تھا اگرچہ اس میں سے مبلغ ۔۔۔ در اصل مرتہن گنگارام کی ادائی کی بابت تھی بھارت سنگھ کامیاب شفیع نے اس مدت کے اندر جو ڈگری میں مقرر تھی۔ کامل رقم عدالت میں داخل کر دی تھی اور مدعی علیہما نے رقم اٹھا لی تھی۔ لیکن چونکہ مدعی علیہما جائداد پر قابض نہ تھے بھارت سنگھ نے اپنی ڈگری کو حسب ضابطہ تعمیل کرانا ضروری نہیں خیال کیا مدعی علیہما کی بحث یہہ ہے کہ ایسا نہ کرنے سے بھارت سنگھ اور اس کے جانشینان حقیت کا کامل حق جائداد کی نسبت ساقط ہو گیا ہے۔

بھارت سنگھ نے ایک شخص مہربان سنگھ کے حق میں ایک رہن نکمبا کیا تھا۔ موجودہ مدعیان نے اس رہن کی بنا پر ایک شفعہ یا سابقہ رہن کی نالش رجوع اور ایک ڈگری حاصل کی تھی اور وہ مہربان سنگھ کے قایم مقام ہوئے تھے۔ یہہ ۶ جون ۱۹۰۶ء کا واقعہ تھا اسکے بعد انہوں نے رہن پر نالش کی حق انفکاک رہن نیلام کرایا اور خود اسکو خرید لیا وہ اس طور پر بھارت سنگھ کے حقوق کے وارث ہوئے رہن کی نالش ۱۹۱۷ء میں رجوع کی گئی تھی لیکن مدعیان نے فروری ۱۹۱۹ء تک جائداد کا باضابطہ قبضہ حاصل نہیں کیا تھا اس اثنا میں جنوری ۱۹۱۸ء میں مدعی علیہما نے مبلغ ۔۔۔ ادا کر دئے تھے جو اس رہن کے تحت گنگارام کو واجب الادا تھے اور جائداد کا قبضہ حاصل کیا تھا۔ مدعیان نے ان کی خرید مکمل ہونے پر ان کے خلاف قبضہ کی موجودہ نالش رجوع کی

ذی علم سبارڈینیٹ جج نے دعوی اس بنا پر خارج کیا تھا کہ چونکہ بھارت سنگھ نے اپنی شفعہ کی ڈگری کی تعمیل نہیں کرائی تھی مدعی علیہما زاید از بارہ سال تک حق انفکاک رہن پر قابض تھے۔ ذی علم ڈسٹرکٹ جج نے یہہ بتلایا تھا کہ ان حالات میں حق انفکاک رہن کے متعلق کوئی مخالفانہ قبضہ نہیں ہو سکتا اور چونکہ مدعیان یا ان کا پیشرو بھارت سنگھ اس وقت تک قبضہ حاصل نہ کر سکتے تھے جب تک کہ گنگارام کا رہن موجود تھا ان کے لئے شفعہ کی ڈگری کی تعمیل کے ضابطہ کی پابندی ضروری نہ تھی اسلئے انہوں نے دعوی ڈگری کیا تھا مدعی علیہما نے عدالت ہذا میں مرافعہ کیا ہے اور وہی دلائل پیش کی ہیں جو انہوں نے عدالت تحت میں پیش کی تھیں انہوں نے درحقیقت اب یہہ بحث نہیں کی ہے کہ انکی جانب سے بھارت سنگھ کے خلاف حق انفکاک رہن کا کوئی مخالفانہ قبضہ موجود تھا۔ ان کی حجت یہہ ہے کہ بھارت سنگھ کیلئے اسکی شفعہ کی ڈگری کی تعمیل کرانا بالکل ضروری تھا اور چونکہ وہ ایسا کرنے سے قاصر رہا تھا

شفعہ کی ڈگری کے تحت مبلغ الـ ۔۔۔ ادا کرنیکی غرض سے

صفحہ ۶۴۷

اسکی ڈگری کی تاریخ سے بارہ سال کے اختتام پر جایداد کے متعلق اس کا حق بالکل زایل ہوگیا تھا۔

مرافعہ صیہانے منجملہ دیگر وجوہ کے آرڈر ۲۰ رول ۱۴ کے احکام پر استدلال کیاہے جس میں شفعہ کی ڈگری کا نمونہ مقرر ہے۔ رول مذکور میں یہہ بتلایا گیاہے کہ ڈگری میں یہہ ہدایت کیجاتی ہے کہ عدالت میں زرِ ثمن داخل ہونے پر مدعی علیہما مدعی کو جایداد کا قبضہ حوالہ کرینگے جس کی حقیقت کی نسبت یہہ تصور کرنا چاہیے کہ وہ اسکو تاریخ ادائی پر حاصل ہوئی تھی یہہ بالکل ظاہر ہے کہ مقدمہ ہذا میں قبضہ کی حوالگی نہیں ہوسکتی کیونکہ خود مدعی علیہما قابض نہ تھے اس لئے رول کے تحت یہہ قرار دینا چاہیے کہ جب مدعی نے ڈگری کی شرایط کی پابندی کی تھی تو اسکی حقیقت مکمل ہوگئی تھی اسی امر پر عدالت ہذا کے ایک فاضل جج نے مقدمہ سیتا رام پانڈے بنام مادہو پانڈے (۱) میں غور کیا تھا وہ بھی ایک ایسا مقدمہ تھا جس میں کوئی قبضہ حوالہ نہ کیاجاسکتا تھا کیونکہ شفیع خود کسی دوسری حیثیت سے قابض تھا۔ یہہ بحث کی گئی تھی کہ تا وقتیکہ وہ حسب آرڈر ۲۱ رول ۳۶ قبضہ کی باضابطہ حوالگی کی درخواست نہ کرے اس کو اسکی ڈگری کی بنا پر بحیثیت مالک کے کوئی حق حاصل نہوا تھا۔ ہم خیال کرتے ہیں کہ عدالت نے اس بحث کی صحیح طور پر تردید کی ہے۔ مقدمہ ہذا میں اگر شفعہ کی ڈگری کی شرط کی تعمیل کے بعد بہارت سنگہ گنگارام کے رہن کا انفکاک کرتا تو یہہ ظاہر ہے کہ ایسا کرنیکے متعلق اس کے حق سے انکار نہ کیاجاسکتا تھا۔ اس امر کی کہ اس نے ایسا کیوں نہیں کیا بالکل یقینًا یہہ وجہ تھی کہ زرِ ثمن کا وہ جزو جو خاص طور پر اس رہن کی بیباقی کے لئے مخصوص کیا گیا تھا اسکی جانب سے شفعہ کی نالش میں مدعی علیہما کو ادا کیا گیا تھا۔

مقدمہ میں مدعیان کلیتًا حق بجانب ہیں مدعی علیہما جایداد کی کامل قیمت وصول کرنیکے بعد اب جایداد در دکب رکہنے کی بھی کوشش کررہے ہیں وہ رقم جس سے انہوں نے گنگارام کے رہن کا انفکاک کیا تہا ایسی رقم تھی جو ان کے پاس اس رہن کے انفکاک کی غرض سے رکہی گئی تھی۔ ان حالات میں یہہ قرار دینا مناسب ہے کہ اسوقت سے جبکہ انہوں نے رہن کا انفکاک کیا تھا وہ دفعہ ۸۲ قانون امانت ہند کی مماثلت پر مدعیان کی جانب سے قابض ہیں ان دونوں وجوہ سے ہم عدالت تحت کا فیصلہ منظور اور مرافعہ مذکورہ بشمول رسوم عدالت ہذا الشرح اعلیٰ خارج کرتے ہیں

مرافعہ خارج کیا گیا

کہوبیر سنگہ بنام جمودہا سنگہ (الہ آباد)

## ہائی کورٹ لاہور

### درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۴۳۸ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ع منفصلہ ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۲۳ع

باجلاس مسٹر جسٹس کیمبل

کونہی موسومہ گوبند سہائے بنام گرداس مل وغیرہ

روپ لال بذریعہ منیجر مدعی سائل | مدعی علیہم۔ مسئول علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ع دفعہ ۱۴۸۔ یکطرفہ ڈگری جو کسی خاص تاریخ تک خرچہ کی ادائی کی شرط پر منسوخ کی گئی ہو۔ قصور جو اندرون مدت ادا کرنے میں ہوا ہو۔ میعاد میں توسیع۔ عدالت کا اختیار۔

جب کسی یکطرفہ ڈگری کی تنسیخ کی درخواست اس شرط پر منظور کی گئی ہو کہ سائل مدعی کو بطور خرچہ کے کسی خاص تاریخ تک کوئی خاص رقم ادا کرے اور ادائی معینہ تاریخ تک نہ کیجائے تو عدالت کو حسب دفعہ ۱۴۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی مدت معینہ میں توسیع کرنیکا اختیار حاصل ہے۔

جگر ناتھ ساہی بنام کامتا پرشاد انڈین کیسز جلد ۳ صفحہ ۱۴۲ پر استدلال کیا گیا۔

(۱) انڈین کیسز جلد ۲۳ صفحہ ۸۶۷

گوپی ساہو [illegible]
بنام
گردہاری مل
(لاہور)

درخواست تحت دفعہ ۴۴ ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۱۹ء بغرض نگرانی حکم مصدرہ سینیر سبارڈینیٹ جج گوجرات مورخہ ۲۰ مئی ۱۹۲۱ء جس کی رو سے یکطرفہ ڈگری کی تنسیخ کی درخواست منظور کی گئی تھی۔

منجانب سائل۔ لالہ رام چند منچندا منجانب مسئول علیہ۔ مسٹر اننت رام

**فیصلہ**۔ اس امر تنقیح طلب کے متعلق صرف ایک نظیر جو میرے روبرو پیش کی گئی ہے سائلوں کے خلاف ہے۔ وہ مقدمہ جگلر ناتھ ساہی بنام کامتا پرشاد (۱) ہے جس میں ایک ڈویژن بنچ نے یہہ قرار دیا تھا کہ جب کسی یکطرفہ ڈگری کی تنسیخ کی درخواست اس شرط پر منظور کی گئی ہو کہ سائل مدعی کو بطور ہرجہ کے کسی خاص تاریخ تک کوئی خاص رقم ادا کرے اور تاریخ معینہ تک ادائی نہ کی گئی ہو تو عدالت کو حسب دفعہ ۱۴۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی میعاد معینہ میں توسیع کرنیکا اختیار حاصل ہے۔

مجھے قانون کی نسبت اس تعبیر سے اتفاق ہے اور میں درخواست مندرجہ خارج کرتا ہوں

درخواست خارج کی گئی

## ہائی کورٹ الہ آباد

مرافعہ تحت فرمان شاہی

مقدمہ ۵۰ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۹ نومبر ۱۹۲۲ء

باجلاس: سر گریموڈ میرس نائٹ چیف جسٹس مسٹر جسٹس اسٹوارٹ

بہگوتی شکل۔ مدعی۔ مرافع بنام رام جتن تیواری وغیرہ مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم

دہرم شاستر۔ بیوہ۔ بیٹی کا ازدواج۔ ہبہ جو داماد کو کیا گیا ہو قانونی ضرورت۔

کسی ہندو ماں کا یہہ فرض ہے کہ وہ اپنی بیٹی کے شوہر کی مدد کرے اور یہ غرض ہو اسکو جب کبھی ایسا کرنا ضروری ہو اپنے داماد کو جایداد ہبہ کرنیکا اختیار حاصل ہے۔

اس بارے میں کسی ہندو بیوہ کے حق انتقال کی حد کے متعلق کوئی خاص قاعدہ قرار نہیں دیا جاسکتا۔ اگر جایداد زیادہ مالیت کی ہو تو غالباً ایک ربع سے زیادہ کا انتقال برقرار نہ رکھا جائیگا لیکن جب جایداد کی مالیت بہت کم ہو اور دیگر حالات مثلاً لڑکی کی نادہندگی کی بنا پر ایسا کرنا ضروری ہو تو کل جایداد کا انتقال بھی ایک محض قانونی ضرورت ہوگی۔

چوڑامن ساہو بنام گوپی ساہو انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۵۴۹ و رامساوی آئر بنام وینکٹیڈو ساوی آئر انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۲۲ صفحہ ۱۱۳ کا حوالہ دیا گیا۔

مرافعہ تحت فرمان شاہی بنا راضی حسب ذیل فیصلہ مصدرہ مسٹر جسٹس پیوزر جو بحالی ڈگری مصدرہ سبارڈینیٹ جج بستی جس نے منصف کی ڈگری منسوخ کی تھی۔

پرمانند اور کرشنانند دو بھائی تھے جو علیحدہ جایداد رکھتے تھے کرشنانند عرصہ دراز سے قبل ایک بیوہ مسماۃ موہنا چھوڑ کر فوت ہوا تھا جس کی بیٹی کا ازدواج رام جتن تیواری مدعی علیہ نمبر ۱ کے ساتھ ہوا تھا مدعی علیہم کی جانب سے یہہ کہا گیا تھا کہ ان کو ایک بیٹا رام مان تیواری تھا جو مدعی علیہ نمبر ۲ تھا لیکن دونوں عدالتوں نے یہہ تجویز کی ہے کہ رام مان مسماۃ اوریا کا بیٹا نہ تھا اس لئے وہ نظر انداز کیا جاسکتا ہے۔ مدعی پرمانند کا پوتا ہے۔ جایداد متدعویہ کرشنانند کی ملک تھی اسکی وفات پر اسکی بیوہ مسماۃ موہنا وارث ہوئی اس نے ایک ہبہ نامہ یا تملیک نامہ مورخہ ۲۳ اگست ۱۹۰۸ء رام جتن کے حق میں تکمیل کیا جس کے ذریعہ سے اس نے اس کو کامل جایداد جو اس کو اسکے شوہر سے وراثتاً حاصل ہوئی تھی کامل مالکانہ حقوق کے ساتھ منتقل کی۔ مسماۃ موہنا دیوی ستمبر ۱۹۰۸ء میں فوت ہوئی۔ نالش ۱۹۱۹ء میں بہگوتی شکل نے اس کامل جایداد کے قبضہ کے لئے اس بنا پر رجوع کی تھی کہ ہبہ جو مسماۃ موہنا کی جانب سے اس کی زندگی کے بعد اس کے داماد کے حق میں کیا گیا تھا کالعدم تھا۔

متعلق صرف جوابدہی کی گئی تھی لیکن صرف ایک جوابدہ جس پر اپیل مرافعہ کی اغراض کے لئے غور کرنا ضروری ہے یہ نہیں کہ ان حالات میں ہبہ جائز نہ تھا۔

"عدالت ابتدائی نے یہ تجویز کیا کہ ... اور بیٹا اندھی اور معذور تھی اور یہ کہ اس کا ازدواج کرنے کے لئے اس کو معقول جہیز دینا ضروری تھا۔ اس لئے اس نے یہ قرار دیا کہ ہبہ کے لئے قانونی ضرورت ... تھی لیکن صرف جائیداد کی ایک ثلث مالیت کی حد تک اس لئے اس نے اس حد تک دعوی کی ڈگری کیا۔ فریقین نے مرافعہ دائر کیا۔ عدالت ماتحت مرافعہ نے مدعی علیہم کا مرافعہ منظور اور دعوی تمامتا خارج کیا ہے۔ مدعی نے یہاں مرافعہ ثانی پیش کیا ہے۔

"تین امور پیش کئے گئے ہیں۔ اولاً یہ کہ ہبہ جو بیٹی کو اس کے ازدواج کے موقع پر کیا گیا تھا جائز ہے بشرطیکہ اس کی رقم معقول ہو اور زیادہ سے زیادہ ایک ربع جائیداد سے متجاوز نہ ہو لیکن دولہا کو ہبہ کرنا جائز نہیں ہے۔ ثانیاً یہ کہ خود دستاویز کی شرائط کے بموجب یہ قرار دینا چاہئیے کہ کم از کم ایک جزو خود مسماۃ موہنا کے استعمال کے لئے محفوظ کیا گیا تھا اور یہ کہ اس لئے کل جائداد در اصل ہبہ نہیں کی گئی تھی اور ثالثاً یہ کہ اگر ماں اپنی اندھی اور معذور بیٹی کے لئے ایک ناموزوں شوہر کا انتخاب کرے تو وہ عملاً بیٹی کو ازدواج میں بیع کرنے کے مساوی ہے اور اس لئے وہ مصلحت عامہ کے خلاف ہوگا۔ اس آخری امر کی نسبت مجھے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ یہ بحث عدالتہائے ماتحت میں سے کسی میں بھی پیش کی گئی تھی اور یقیناً کوئی تجاویز صادر نہیں کی گئی ہیں جن کی بنا پر ان کی تائید کیجا سکتی ہو۔ یہ تجویز کی گئی ہے کہ مسماۃ ... اندھی اور معذور تھی نیز یہ تجویز کیگئی

ملکوانی کھکن بنام رام سروپ (الہ آباد)

... کہ اسکے شوہر کا ... قبل ازیں کسی ... ہی ... سکتا ... ہبہ ... تھا ... ہے چونکہ ایک بیٹی کی ... شوہر تلاش کرنے ... ماں ... قرار ... انتقال محض ایک قانونی ضرورت ... کیا ... مقدمہ ... اس ساہو بنام گوپی ساہو ... ۵۔ ایک ہبہ کا مقدمہ تھا جو کسی بیوی کی جانب ... اپنے شوہر ... جائیداد غیر منقولہ کے ایک جزو کی نسبت اپنی بیٹی کو اس کی ... کی رسم کے موقع پر کیا گیا تھا۔ یہ اور چند دیگر مقدمات جن کا حوالہ دیا گیا ہے سب ان معاملات ہبہ سے متعلق ہیں جو بیٹی کے حق میں کئے گئے تھے۔ مقدمہ راماسوامی آئر بنام وینکیٹ وساما آئر[2] میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ ایک ہبہ جو مماثل حالات میں جزو جائداد کی نسبت کسی داماد کو کیا گیا ہو ورثائے عودی پر واجب التعمیل تھا۔ مقدمہ چودھری ... ساہو بنام گوپی ساہو[1] میں ایک تحریم ... کا حوالہ دیا گیا ہے جو حکام عالیمقام پریوی کونسل نے فیصل کیا تھا۔ (ملاحظہ ہو ... صفحہ ۷) - اس میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ لارڈ گیفرڈ نے یہ قرار دیا تھا کہ کسی ہندو بیوہ کو چند اغراض کے لئے اپنے شوہر کی جائیداد کے انتقال کا صحیح اختیار حاصل ہے اور وہ اسکو انہی اغراض کے لئے ... کسی بیٹی کو جہیز دینا شامل ہے اسے منتقل کر سکتی ہے" لیکن یہ کہ اس کی منتقلی کے متعلق اسکے اختیار کی حد کی صراحت غیر ممکن ہے لیکن جب کبھی ایسا انتقال کیا جائے وہ انتقال اُن حالات پر مبنی ہونا چاہئیے اور اصل قانون کے مطابق ہونا چاہئیے جو ایسے انتقال کی بابت ہو" اگرچہ قاعدہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہبہ جو بیٹی کو کیا جائے ایک ربع سے متجاوز نہ ہوگا چند شارحین نے یہ قرار دیا ہے (ملاحظہ ہو کلکتہ

(۱) ماہانہ ... جلد ... صفحہ ۹ ... (۲) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ... صفحہ ...

بھگوتی شکل بنام رام حسین تیواری (الہ آباد)

کے ذہن میں یہ مفہوم تھا نتیجہ اس صفحہ ا کے اوپر "لفظ "ربیع" یہاں
اسکے صاف معنی میں استعمال نہیں کیا گیا ہے بلکہ "من ان ٹی"
میں استعمال ہوا ہے ... اس قدر ... ہونے کے
ازدواج کے لئے کافی ... منتج حاصل کریگا"۔

مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی خاص قاعدہ قرار نہیں دیا
جاسکتا۔ اگر جائیداد زیادہ مالیت کی ہو تو غالبًا ایک مدیعے سے
زیادہ کا انتقال برقرار نہ رکھا جائیگا۔ لیکن جب جائیداد کی
مالیت نہایت قلیل ہو جیسا یہاں اس کی مالیت صرف مبلغ ... ہے
اور جب ان ... لڑکی کی نابینائی اور ضرورت کا لحاظ
کرتے ہوئے کسی مناسب برہمن کے خاندان میں اسکے ازدواج
کے لئے اس جائیداد کی مالیت کی مساوی نقد صرف کرنا ضروری
تھا تو عدالت ماتحت کی ... میں انتقال ... ایک قانونی ضرورت
کے لئے تھا۔ دوسرا امر ہبہ نامہ کے چند الفاظ سے پیدا ہوتا ہے جو
بظاہر یہ ہیں کہ موہوب لہ بیوہ کی معین ...
نگرانی اور پرورش کریگا اور اس کی وفات پر اسکی رسوم
میت ادا کریگا۔ جائیداد بلا کسی قسم کی شرط کے کلیتًا ...
ہبہ کی گئی ہے اور اس پر اس کی پرورش کی نسبت کوئی مواخذہ
عائد نہیں کیا گیا ہے۔ عدالت ماتحت مرافعہ کے ذیعلم جج بہ نسبت
میرے دستاویز کا منشا یقینًا بہتر سمجھ سکتے ہیں اور نتیجہ پر پہنچے
ہیں کہ دستاویز کے الفاظ کی جنکی ذیعلم منصف نے یہ تعبیر کی
تھی کہ اس میں مساۃ موہنا کے حق میں نان و نفقہ کے لئے ایک
شرط موجود تھی اس طریقہ سے تعبیر نہ کی جاسکتی تھی۔ شاید یہ امر
قابل لحاظ ہے کہ اگرچہ بیوہ اس قدر عرصہ قبل یعنے ۱۹۰۸ء
میں فوت ہوئی تھی ہبہ کی تنسیخ کی نالش دس سال بعد تک
رجوع نہیں کی گئی تھی۔ میری رائے میں اس تجویز ... [illegible]

صفحہ ۶۵

صادر کی گئی ہے یعنے یہ کہ لڑکی کا ازدواج کرانے کے لئے مساۃ
موہنا کے لئے جائیداد نے ہبہ کے ذریعہ سے مبلغ صاد یا اسکی
... مالیت کے ایک جہیز کا انتظام کرنا ایک اہم ضرورت
اس مرافعہ کا تصفیہ ہو جاتا ہے۔ اسلئے میں اسکو معہ خرچہ خارج کرتا ہوں۔

"یہ مرافعہ حسب آرڈر ۴۱ رول ۱۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی خارج کیا گیا۔"

---

منجانب مرافع۔ مسٹر ... تمدن پرشاد۔

**فیصلہ**۔ ہماری رائے یہ ہے کہ فاضل جج نے مقدمہ ... صحیح
طور پر فیصل کیا ہے۔

اس لئے مرافعہ خارج کیا جاتا ہے۔ مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۶ بابت ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۲ مارچ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس اسکاٹ اسمتھ و مسٹر جسٹس فورڈ۔

مساۃ جند و یکس دیگر بنام میراں بخش وغیرہ مدعیان۔
مدعی علیہما - مرافعان۔ مولا وغیرہ - مدعی علیہم - مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابت ۱۹۰۸ء آرڈر ۴۱ رول
۲۳ آرڈر ۴۳ رول ۱ (۴) - حکم واپسی جسمیں رواج کا
سوال شامل ہو - مرافعہ پیش ہو سکتا ہے۔

کسی حکم واپسی کی نسبت سے جو حسب آرڈر ۴۱ رول
۲۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی صادر کیا جائے کوئی
مرافعہ دائر نہیں ہو سکتا جبکہ سوال جو شامل ہو
رواج کے متعلق ہو۔

ساون سنگھ بنام موتھو - پنجاب ریکارڈ جلد ۲۴ صفحہ ۸۱
کی تقلید کی گئی۔

عمری بنام شاہ محمد - انڈین کیسیز جلد ۹ صفحہ ۷۹۹ کا حوالہ دیا گیا۔

**مرافعہ ثانی متفرق بناراضی حکم صادرہ ڈسٹرکٹ جج لدھیانہ مورخہ ۸ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء تنسیخ حکم صادرہ منصف درجہ اول سمرالا ضلع لدھیانہ مورخہ ۲۱ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء۔**

منجانب مرافعان - مسٹر جے۔ ایم۔ میکے و ایم۔ عبید اللہ

منجانب مرافعہ علیہم - مسٹرز ایم۔ ڈی۔ مالہوترا و گلزاری لال ہنگل

**فیصلہ** - سماۃ چندو نام بخش کی بیوہ ہے جو اراضی متدعویہ کا ادنیٰ مالک ہے۔ مدعیان مرافعہ علیہم اعلیٰ مالکان ہیں۔ سماۃ چندو نے اراضی کا ایک جزو اپنی بیٹی سماۃ کرمن کو ہبہ کیا تھا اور اس نے اراضی کا دوسرا جزو غلام قادر کو بیع کیا تھا۔ مدعیان نے دو نالشات اس استقرار کے لئے رجوع کی تھیں کہ یہ انتقالات سماۃ چندو کی وفات کے بعد بحیثیت ورثائے عودی ان کے حقوق پر موثر نہ ہونگے۔ عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیکر کہ اعلیٰ مالکان نالش کا کوئی قانونی حق نہ رکھتے تھے نالشات خارج کر دیں۔ عدالت ماتحت مرافعہ نے یہ قرار دیا کہ چونکہ ادنیٰ مالک کا سلسلہ منقطع ہونے پر اراضی اعلیٰ مالکوں کو واپس ہو گی اس لئے اعلیٰ مالکوں کو روا انتقالات پر اعتراض کرنیکا حق حاصل ہے۔ اس لئے اس نے مرافعہ جات منظور اور مقدمات عدالت ماتحت میں دیگر امور کی نسبت مکرر فیصلہ کے لئے واپس کئے۔

ایک عذر جو ڈسٹرکٹ جج کے روبرو پیش کیا گیا تھا وہ یہ تھا کہ نالشات خارج المیعاد تھیں۔ فاضل ڈسٹرکٹ جج نے اس امر پر بحث نہیں کی ہے بلکہ محض یہ بیان کیا ہے کہ دونوں نالشات اندرون میعاد ہیں۔ ہمارے روبرو یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ وہ نالش جو اس بیع کے متعلق تھی جو سنہ ۱۹۱۹ء میں عمل میں آئی تھی اندرون میعاد ہے لیکن یہ بحث کی گئی تھی کہ چونکہ ہبہ کے متعلق نالش اسکے کئے جانیکے زائد از چھ سال بعد رجوع کی گئی تھی جو حسب دفعہ ۱۲۰ قانون میعاد سماعت خارج المیعاد ہے۔ اگر فاضل ڈسٹرکٹ جج کا یہ فیصلہ صحیح ہے کہ مدعیان ایسے اشخاص ہیں جو سماۃ چندو کی وفات پر اراضی کے قبضہ کے مستحق ہیں تو نالشات کے لئے میعاد جو بموجب دفعہ ۱۲۵ قانون میعاد سماعت کے ذریعہ سے مقرر کی گئی ہے اگر یہ متعلق ہو سکتی ہے تو وہ نالش بھی اندرون میعاد ہے جو ہبہ سے متعلق ہے۔ فاضل ڈسٹرکٹ جج کا فیصلہ یہ ہے کہ دونوں بنا مدعیان نالش کا کوئی قانونی حق نہیں رکھتے اور مرافعہ علیہم کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ چونکہ سوال رواج سے متعلق ہے اور مرافعان نے عدالت ماتحت مرافعہ سے صداقت نامہ حاصل نہیں کیا ہے مرافعہ جائز نہیں ہے۔

اس مقدمہ میں جو بطور رسالدار سنگھ بنام موتھو دا (۱) طبع ہوا ہے چیف کورٹ کے ایک ڈیویژن بنچ نے یہ قرار دیا تھا کہ کسی حکم واپسی متحت آرڈر ۴۱ رول ۲۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی ناراضی سے کوئی مرافعہ پیش نہیں ہو سکتا جبکہ سوال جو شامل ہو رواج کی بابت ہو۔ اس میں وجہ فیصلہ یہ تھی کہ چونکہ مرافع کو عدالت مرافعہ کی ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ ثانی کا حق صرف اس صورت میں حاصل ہوگا جبکہ وہ حسب ضمن (ب) دفعہ ۴۱ قانون عدالتہائے پنجاب ایک صداقت نامہ حاصل کرے یہ صراحتاً نہ کہا جا سکتا تھا کہ عدالت مرافعہ کی ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ پیش ہو سکیگا۔ فیصلہ مذکور کا لحاظ کرتے ہوئے موجودہ مرافعجات جائز نہیں ہیں۔ اگر ایک صداقت نامہ حاصل کیا جائے تو اس مرافعہ ثانی میں جو قطعی ڈگری کی ناراضی سے پیش کیا جائے رواج کے سوال پر بلاشبہ بحث کی جا سکتی ہے۔ اس مقدمہ میں جو بطور رسالدار سنگھ بنام موتھو دا (۱) طبع ہوا تھا عدالت ہذا کے ایک

(۱) انڈین کیسیز جلد ۳۲ صفحہ ۷۸۱-

سماۃ چندو بنام میراں بخش (لاہور) صفحہ ۱۵۱

مسلمان پنجابی بنام میراں بخش (لاہور)

[illegible] مقدمہ [illegible] بنام شاہ محمد (۲) [illegible] لیا تھا
اجلاس [illegible] دو ججوں نے اس [illegible] اتفاق کیا ہے
مقدمہ ساون سنگھ بنام [illegible] میں [illegible] کی تھی لیکن [illegible]
کا فیصلہ [illegible] پر مبنی تھا اور [illegible] ساون سنگھ
بنام [illegible] منسوخ نہیں کیا گیا تھا۔
اس لئے ہم [illegible] کرتے ہوئے مرافعہ [illegible]
خارج کرتے ہیں۔ مرافعہ جات خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

مرافعہ جات ثانی دیوانی

نمبر [illegible] ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس [illegible] و مسٹر [illegible]

**کمار سینتھ [illegible] بنام [illegible] سہائے [illegible]**

مدعی علیہ۔ مرافع مدعیان۔ مرافعہ علیہم

زمیندار و آسامی۔ حقوق [illegible] کا رہن۔ دست برداری
جو زمیندار کے حق میں کی گئی ہو۔ انفکاک۔

جبکہ [illegible] آسامی دخیلکار [illegible] زمیندار کے حق میں اپنی
اراضی [illegible] کر دیتا ہے [illegible] کا
منتقل الیہ ہوتا ہے جو اس [illegible] انفکاک
رہن کا مستحق ہے۔

مرافعہ ثانی بنا برضی فیصلہ مصدرہ ڈسٹرکٹ جج [illegible]
منجانب مرافع۔ مسٹر [illegible]
منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر شنکر سرن۔

**فیصلہ۔** بودھا ئی نے جو ایک آسامی دخیلکار ہے اپنی اراضی
دخیلکاری مبلغ [illegible] کے عوض ایک شخص [illegible] سنگھ سیہوار کے
حق میں ۱۳ مارچ ۱۸۹۷ء کو رہن کی تھی۔ ۲۰ جون ۱۹۲۲ء

کو بودھا ئی نے [illegible] اپنی اراضی زمینداروں مرافعہ علیہم کے حق میں
ترک کی۔ اسکے بعد زمینداروں نے مرتہنوں کی بیدخلی کے
لئے نالش رجوع کی اور اگرچہ [illegible] نے ایک ڈگری حاصل
کی [illegible] کا نتیجہ یہ ہوا
کہ [illegible]۔

اسکے [illegible] زمینداروں نے رہن کے انفکاک کے لئے
[illegible] نالش رجوع کی تھی اور ایک ڈگری حاصل کی اور
[illegible] عدالت تحت
کی ڈگری میں [illegible] کی شرط پر
رہن کے انفکاک کی اجازت دی گئی۔

[illegible] مرتہنوں نے [illegible] پیش کئے گئے ہیں۔
[illegible] بودھا ئی کی دست برداری صرف [illegible] کے چند
زمینداروں کے [illegible] کی گئی تھی اور وہ ایک [illegible] دست
[illegible] تھی۔ [illegible] میں پیش نہیں کیا گیا تھا۔
[illegible] قائم نہیں کی گئی تھی اور بلاشبہ اس
[illegible] کے متعلق کوئی [illegible] نہیں کی گئی تھی۔ وہ مرافعہ میں
پہلی مرتبہ پیش کیا گیا ہے اور کوئی [illegible] موجود نہیں ہے
[illegible] کا تصفیہ اس طریقہ سے کیا جا سکے جس
طرح کہ [illegible] ہے۔ ہم نہیں خیال کرتے کہ عدالت
تحت کو اس امر کو مرافعہ میں پہلی مرتبہ پیش کرنے کی اجازت دینی
چاہیئے تھی۔ لیکن ہمیں اس نتیجہ سے اختلاف کرنے کی کوئی وجہ
نہیں معلوم ہوتی جس پر عدالت تحت اس امر کے متعلق
پہونچی ہے۔

دوسرا امر یہ ہے کہ زمیندار رہن کے انفکاک کے مستحق
نہیں ہیں۔ یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ رہن ہنوز موجود ہے۔ اس لئے

(۲) انڈین کیسیز جلد ۱۸ صفحہ ۸۴۹ (لاہور) [illegible] صفحہ ۱۱۳۲۔

کوئی نہ کوئی شخص اسکے انفکاک کا مستحق ہونا چاہیئے۔ عدالت ہذا لنے یہ قرار دیا ہے کہ اس قسم کے مقدمہ میں جبکہ کوئی آسامی دخیلکار زمیندار کے حق میں اپنی اراضی ترک کرے زمیندار کسی ایسے اراضی کے حق کا مستحق ہوتا ہے جو اس پر پیدا کیا گیا ہو۔ اس لئے زمیندار انفکاک رہن کا مستحق ہے۔

آخری امر پیش کردہ یہ ہے کہ رقم جو عدالت ماتحت نے مقرر کی تھی مبلغ صما للعہ نہ کہ مبلغ ۵۰ العہ ہونی چاہیئے تھی کیونکہ اس غرض پر مبنی ہے کہ کسی سابقہ مقدمہ میں فریقین کے مابین کوئی خاص مصالحت کی گئی تھی جس کی رو سے رقم مبلغ صما للعہ مقرر کی گئی تھی۔ عدالت ماتحت نے یہ تجویز کی ہے کہ یہ مصالحت مذکور مقدمہ موجودہ سے کوئی تعلق نہیں رکھتی۔

ان حالات میں ان عذرات میں سے کوئی عذر بھی کوئی اہمیت نہیں رکھتا۔

نتیجہ یہ ہے کہ مرافعہ ناکام رہتا ہے اور مع خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۵۰۷۸ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۸ فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس۔ مسٹر جسٹس عبد الرؤف و مسٹر جسٹس کیمبل۔

ڈیوڈ ستھرلینڈ کلارک **بنام** مسز روز گریم شا

مدعی۔ مرافع۔ مدعی علیہا۔ مرافع علیہا۔

قانون معاہدہ ایکٹ ۹ بابتہ سنہ ۱۸۷۲ء دفعہ ۲۵ (۳)۔ قانون اسٹامپ ایکٹ ۲ بابتہ سنہ ۱۸۹۹ء دفعہ ۲ (۵) ضمیمہ اول مد ۱۵۔ تحریری وعدہ جو خارج المیعاد قرضہ کی ادائی کے لئے کیا گیا ہو اور اسکے لوازم۔ وعدہ یا تمسک ہے۔



کسی قرضہ کی نسبت احکام دفعہ ۲۵ (۳) قانون معاہدہ کی کافی تعمیل ہو جاتی ہے جبکہ اس شخص کے دستخط جس پر واجب الادا کیا جاتا ہے دستاویز میں ہوں اور جس میں قرضہ کا ذکر اس طور پر کیا گیا ہو کہ اسکی شناخت کی جا سکے اور اس قرضہ کا جو اس میں مبنی ہو کل یا جزو ادائی کا ذکر کیا گیا ہو یا اسکی ایسی حیثیت کا ہر گز نہ ہو جس کی تعبیر بطور ایک وعدہ کے کی جا سکے۔ آیا رام بنام مسز ریا رام کا سار و انڈین لاء رپورٹ مدراس جلد ۳۳ صفحہ ۹ پر استدلال کیا گیا۔ کوئی تحریر بعد قرضہ متعلق المیعاد کے ادا کا منشاء قانون اشٹامپ کے تحت ہو اور قانون کو کسی احکام کے کسی حکم کی رو سے اس کا اشٹامپ شدہ ہونا ضروری ہے۔

مدعی علیہا نے ایک نالش کے جواب میں جو ایک پرونوٹ پر رجوع کی گئی تھی یہ عذر کیا کہ نالش خارج المیعاد تھی۔ مدعی نے چند خطوط پیش کئے جو مدعی علیہا نے تحریر کئے تھے جس میں ادائی کا ایک صریح وعدہ کیا گیا تھا۔ نالش ان خطوط کی تاریخ سے اندرون میعاد تھی اگرچہ قرضہ خطوط مذکور تحریر کئے جانے کے قبل خارج المیعاد ہو چکا تھا۔

قرار دیا گیا کہ دفعہ ۲۵ (۳) قانون معاہدہ کے احکام کا لحاظ کرتے ہوئے یہ قرار دینا چاہیئے کہ دعویٰ اندرون میعاد ہے۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج لاہور مورخہ ۲ جنوری سنہ ۱۹۲۱ء مشعر تنسیخ ڈگری مصدرہ سب آرڈینیٹ جج درجہ اول لاہور مورخہ ۱۷ مئی سنہ ۱۹۲۰ء۔

منجانب مرافع۔ مسٹر ویسراج ساوہنے۔

منجانب مرافع علیہا بخشی ٹیک چند۔

**فیصلہ**۔ یہ مرافعہ ثانی ایک نالش سے پیدا ہوا ہے جو ایک پرونوٹ پر مبلغ (صمـــــ) کی بازیافت کے لئے رجوع کی گئی تھی۔

بوڈ ستھ لینڈ کلارک
بنام
مسز روز کریم شاہ
(لاہور)

اس سوال کی نوعیت ظاہر کرنے کے لئے جو مرافعہ ہذا میں تصفیہ طلب ہے حسب ذیل متعلقہ واقعات بیان کئے جاسکتے ہیں :-

مدعی مسٹر بوڈ ستھ لینڈ کلارک نے ایک شخص مسٹر ڈبلیو ایچ - ای - فیلوز - کو ایک پرونوٹ مورخہ ۱۱ اکتوبر ۱۹۰۹ء کے تحت مبلغ للعہ ماہ قرض دئے تھے - منجملہ اس رقم کے مسٹر فیلوز نے ۱۱ اکتوبر ۱۹۱۱ء کو مبلغ الماعہ روا کئے بقیہ رقم واجب الادا ادا نہیں کی گئی اور مسٹر فیلوز ۱۹۱۸ء میں فوت ہو گیا - اس نے اپنے وصیت نامہ کے ذریعہ سے مدعی علیہا مسز روز کریم شاہ کو اپنی وصیہ مقرر کیا تھا - مدعی علیہا وصیت نامہ کا پروبیٹ حاصل کرکے مسٹر فیلوز کے متروکہ کی قابض ہوئی - مدعی کی جانب سے مطالبہ کئے جانے پر مدعی علیہا نے ۲ دسمبر ۱۹۱۸ء کو اس کو ایک خط تحریر کیا تھا جس میں جس قدر جلد ممکن ہو سکے بقیہ قرضہ کی ادائی کا وعدہ کیا گیا تھا - پھر ۲۰ دسمبر ۱۹۱۸ء کو اس نے مسٹر او - ایم شین مدعی کے وکیل کو ایک خط تحریر کیا جس میں حسب ذیل الفاظ میں قرضہ کی ادائی کا مکرر وعدہ کیا گیا تھا :- "میں یقیناً اس قرضہ کو ادا کرنا چاہتی ہوں جس کا مطالبہ آپکے موکل مسٹر ڈی ایس - کلارک کی جانب سے کیا گیا ہے "-

۲۰ جنوری ۱۹۱۹ء کو اس نے مسٹر شین کو ایک خط تحریر کیا جس میں اس سے یہ استدعا کی گئی تھی کہ وہ پرامیسری نوٹ مسٹر اے جی - کلارک کو روانہ کرے تاکہ وہ اس کو دیکھ سکے - پرونوٹ کی ایک نقل اسکے معائنہ کے لئے روانہ کی گئی تھی جسکی وصولیابی پر اس نے ۲۶ فروری ۱۹۱۹ء کو مسٹر شین کو حسب ذیل تحریر کیا تھا :-

صفحہ ۳۵۲

"جناب من !

آپ کا خط مورخہ ۵ فروری معہ پرونوٹ کی نقل کے وصول ہوا - میں اس کو پرونوٹ کی ایک مصدقہ نقل کے طور پر قبول کرتی ہوں اور امید کرتی ہوں کہ رقم بہت جلد ادا کی جائیگی "

ان وعدوں کے باوجود وہ قرضہ کی ادائی سے قاصر رہی اور مدعی کو اس کی بازیافت کے لئے نالش رجوع کرنی پڑی - اس نے اپنی عرضی دعوی ۱۵ دسمبر ۱۹۱۹ء کو پیش کی اور اسکے فقرہ ۴ میں اس نے صراحتاً یہ بیان کیا کہ مدعی علیہا نے اپنے خطوط مورخہ ۲ دسمبر ۱۹۱۸ء و ۲۰ دسمبر ۱۹۱۸ء کے ذریعہ سے مدعی کا دعوی تسلیم کیا ہے - فقرہ ۷ میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ ان اقبالات کے باوجود جو خطوط مورخہ ۲ دسمبر ۱۹۱۸ء و ۲۰ دسمبر ۱۹۱۸ء میں موجود تھے اس امر سے کہ مسٹر فیلوز نے ۱۹۱۸ء تک سود ادا کیا تھا نالش اندرون میعاد تھی -

نالش کی مخالفت بالخصوص اس بنا پر کی گئی تھی کہ وہ خارج المیعاد ہے - مدعی علیہا نے سرسری طور پر پرونوٹ کی اصلیت پر بھی اعتراض کیا - عدالت ابتدائی نے دو تنقیحات قائم کی تھیں :-

(۱) کیا پرونوٹ متدعویہ مسٹر فیلوز متوفی کی جانب سے تکمیل کیا گیا تھا اور کیا وہ بدل کے معاوضہ میں اس طرح تکمیل کیا گیا تھا ؟

(۲) کیا دعوی اندرون میعاد ہے ؟

اپنے دعوی کی تائید میں مدعی نے متعدد خطوط روانہ کئے جو اس کو مسٹر فیلوز نے وقتاً فوقتاً تحریر کئے تھے جن میں قرضہ کا اقرار کیا گیا تھا اور جنکے ذریعہ سے وقتاً فوقتاً سود ادا کیا گیا تھا - وہ کٹہرہ شہادت میں داخل ہوا اور اس نے کل واقعات ثابت کئے جو عرضی دعوی میں بیان کئے گئے ہیں - مسٹر گلمور ڈپٹی رجسٹرار ہائیکورٹ لاہور بطور گواہ کے طلب کئے گئے تھے اور انھوں نے حلفاً یہ بیان کیا کہ پرونوٹ مسٹر فیلوز کے خط میں تھا

مدعا علیہا نے عدالت کے روبرو ایک بیان کیا۔ جب مبلغ بلعہ ۱۰۰۰ روپے کا پرونوٹ اس کو تبلایا گیا تو اس نے یہ اقبال کیا کہ تحریر شامل مسٹر فیلوز کی تحریر کے معلوم ہوتی تھی لیکن اس لئے یہ کہا کہ وہ پرونوٹ کی تکمیل تسلیم نہیں کرتی اور اس نے کسی تکمیل کا ثبوت نہیں پایا۔ پھر اس بیان کے متعلق جو اسکے خط مورخہ ۲۰ دسمبر سنہ ۱۹۱۸ء میں موجود تھا سوال کئے گئے پھر اس نے حسب ذیل بیان کیا۔ "میرے خط مورخہ ۲۰ دسمبر سنہ ۱۹۱۸ء میں میں نے یہ تحریر کیا تھا کہ میں وہ رقم ادا کرونگی جو پرونوٹ پر واجب الادا تھی کیونکہ مسٹر کلارک نے یہ تحریر کیا تھا کہ ان کے پاس مسٹر فیلوز کا ایک پرونوٹ موجود تھا۔ مسٹر گریم شا بیمار تھے اور اس لئے میں نے یہ کہا تھا کہ میں ادا کرونگی۔ میں نے اپنے خط مورخہ ۲ فروری سنہ ۱۹۱۹ء میں ادائی کا مکرر وعدہ کیا تھا لیکن اپنے پر بہت زیادہ ذمہ داری عائد کی تھی"۔

شہادت پر غور کرنیکے بعد عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا کہ پرونوٹ کافی طور پر ثابت کیا گیا ہے اور چونکہ مسٹر کلارک کی شہادت سے یہ ثابت ہوا تھا کہ ان کو سنہ ۱۹۱۸ء تک کا سود وصول ہوا تھا دعوی اندرون میعاد ہے۔

مدعی علیہا نے عدالت ماتحت مرافعہ میں مرافعہ دائر کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مدعی کا دعوی خارج للمیعاد قرار دیا گیا۔ عدالت ماتحت مرافعہ صرف مسٹر کلارک کی شہادت پر یہ قرار دینے میں تامل کیا کہ مسٹر فیلوز نے سود ادا کیا تھا۔ چونکہ مرافعہ میں دعوی خارج کیا گیا تھا مدعی نے اپنے کونسل مسٹر دیسراج ساوہنے کے ذریعہ سے یہ مرافعہ ثانی پیش کیا ہے۔

جب لائق کونسل نے واقعات بیان کئے تو ہمیں فوراً یہ واضح ہوا کہ ان کئی وعدوں کا لحاظ کرتے ہوئے جو مدعی علیہا نے اپنے خطوط میں کئے تھے جو مسٹر کلارک اور الہ آباد کے انکے وکیل کے پاس روانہ کئے گئے تھے مقدمہ احکام دفعہ ۲۵ (۳) قانون معاہدہ ہند کے تحت آتا تھا۔ اس لئے ہم نے مسٹر ٹیک چند مدعی علیہا مرافعہ علیہا کے لائق ایڈووکیٹ کو اس امر کی وجہ ظاہر کرنیکا حکم دیا کہ مرافعہ کیوں ڈگری نہ کیا جائے۔ دفعہ ۲۵ (۳) قانون معاہدہ ہند کے اطلاق کے متعلق لائق ایڈووکیٹ نے جو بحث پیش کی تھی وہ صرف یہ تھی کہ ان خطوط پر جن میں ادائی کا وعدہ موجود تھا بطور ایک تمسک کے اسٹامپ ثبت ہونا چاہئے تھا اور چونکہ وہ اسٹامپ شدہ نہ تھے وہ قابل ادخال شہادت نہ تھے۔ اس بحث میں یہ امر نظر انداز کیا گیا تھا کہ خطوط عدالت ابتدائی میں بلا کسی اعتراض کے شہادت میں قبول کئے گئے تھے۔ ہم اس بحث کو قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں کہ حسب ایکٹ ۲ بابتہ سنہ ۱۸۹۹ء خطوط پر اسٹامپ ضروری تھا لیکن اگر وہ ضروری تھا تو بھی موجودہ بحث مرافعہ ثانی میں پیش نہیں کیجا سکتی کیونکہ دفعہ ۳۶ قانون اسٹامپ ہند میں یہ صراحت ہے کہ جب کوئی دستاویز شہادت میں مقبول ہوجائے تو ایسی مقبولی پر . . . . اسی مقدمہ یا کارروائی کے دوران میں اس بنیاد پر اعتراض نہ کیا جائیگا کہ دستاویز حسب ضابطہ اسٹامپ نہیں لگایا گیا۔ لیکن اصل نتیجہ کی بنا پر ہم اس اعتراض کو جو مسٹر ٹیک چند نے کیا تھا نامنظور کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ کسی تحریری وعدہ کا جو کسی خارج المیعاد قرضہ کی ادائی کی بابت کیا گیا ہو قانون اسٹامپ ہند کے احکام میں سے کسی حکم کی بنا پر اسٹامپ شدہ ہونا ضروری نہیں ہے۔ ہم یہ نہیں قرار دے سکتے کہ کسی خارج المیعاد قرضہ کی ادائی کا وعدہ حسب منشائے قانون اسٹامپ ہند ایک تمسک ہے۔ اس لئے دیگر امور پر بحث کئے بغیر جن پر عدالت ماتحت مرافعہ کے فیصلہ میں بحث کی گئی تھی ہم یہ قرار دیتے ہیں کہ دعوی احکام دفعہ ۲۵ (۳) قانون معاہدہ ہند کا لحاظ کرتے ہوئے اندرون میعاد ہے۔ اس خیال میں ہماری تائید ہائیکورٹ مدراس کے ایک فیصلہ بمقدمہ ایابا و بنام سوبیا پر اکاسا (۱)

ڈیوڈ مستھر لینڈ بنام مسز روز گریم شا (لاہور)

صفحہ ۱۵۴

(۱) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۳۰ صفحہ ۹۴۔

ہوتی ہے۔ مقدمہ مذکور میں دستاویز متعلق معاہدہ جو تحریر کیا گیا تھا، اس کو دستاویز قرار دیا تھا عنوان میں خط مذکور بیان کیا گیا ہے جو "حسب ذیل ہے" "لگان کی نالش کی جا رہی ہے ایک سال لگان بیباق کیا گیا جو مطالبہ خارج المیعاد تھا۔ مدعی نے ایک خط پیش کیا تھا جس پر تمنا بعد خارج المیعاد ہونے کے بعد مدعی علیہ نے دستخط کئے تھے اور جس میں مدعی علیہ نے ان سیاق و سباق کا ذکر کیا جو کہ اس کی بابت لگایا گیا تھا لگان واجب الادا حسب ذیل تحریر کیا تھا۔ "میں ویساکھ مہینے کے آخر تک روانہ کر دوں گا۔"

قرار دیا گیا کہ دستاویز میں وہ اجزا موجود تھے جو دفعہ ۲۵ فقرہ (۳) قانون معاہدہ کی رو سے ضروری تھے اور یہ کہ دعویٰ خارج المیعاد نہ تھا۔ کسی دستاویز میں دفعہ ۲۵ قانون معاہدہ کی کافی تعمیل ہوتی ہے جبکہ اس پر اس شخص کے دستخط موجود ہوں جس پر مواخذہ عائد کیا جا سکتا ہو اور اس میں قرضہ کا اس طریقہ پر ذکر کیا گیا ہو کہ اس کی شناخت کی جا سکے اور اس قرضہ کی جس کا اس میں ذکر کیا گیا ہو، کل یا جزو ادائی کا وعدہ موجود ہو یا ادائی کی کوئی نیت ظاہر کی گئی ہو جس کی تعبیر بطور ایک "وعدہ" کے کی جا سکے۔ حسب منشائے دفعہ مذکور کوئی "وعدہ" قرار دینے کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ کوئی منظورہ ایجاب ہو جو تحریر کیا گیا ہو کیونکہ کوئی تحریری ایجاب جو نالش کے قبل قبول کیا گیا ہو، مرتفع نقود کے لئے ایک وعدہ ہو جاتا ہے جبکہ وہ قبول کیا جائے۔"

مقدمہ مذکور میں نالش خاص طور پر کسی جدید معاہدہ پر نہیں کی گئی تھی جو ادائی کے وعدہ کے ذریعہ سے کیا گیا تھا۔ وہ محض لگان کی نالش تھی جس کی مخالفت میعاد سماعت کی بنا پر کی گئی تھی۔ لیکن مدعی نے ایک خط پیش کیا تھا جس میں مدعی علیہ نے لگان واجب الادا ماہ ویساکھ کے آخر تک ادا کرنے کا وعدہ کیا تھا اور دونوں ججوں نے یہ قرار دیا کہ مذکورہ خط نالش کو میعاد سماعت کے اندر لانے کے لئے کافی تھا۔ مقدمہ موجودہ میں بھی دعویٰ پرامیسری نوٹ پر نہیں کیا گیا تھا لیکن مدعی نے ان خطوط کو پیش کیا تھا جن میں قرضہ کی ادائی کے متعلق مدعی علیہ کا وعدہ موجود تھا۔ مدراس کے مقدمہ کا فیصلہ ان مخالف دلائل کا ایک مکمل جواب ہے جو مرافعہ علیہ کی جانب سے پیش کئے گئے تھے۔

اس لئے ہم مرافعہ منظور، عدالت ماتحت مرافعہ کا فیصلہ منسوخ اور عدالت ابتدائی کی ڈگری موخرہ بحال کرتے ہیں۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۳۸۴ بابتہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۵ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس والش۔

پودائی سنگھ — **بنام** — برج منگل وغیرہ۔

مدعی علیہ۔ مرافع — مدعی و مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم۔

قانون شہادت ایکٹ ۱ بابتہ ۱۸۷۲ء دفعہ ۶۳ (۵)۔ شہادت منقولی۔ "دیکھا ہو" کا مفہوم۔ ناخواندہ گواہ۔

حسب دفعہ ۶۳ (۵) قانون شہادت کسی دستاویز کے مضمون کی منقولی شہادت اس شخص کی جانب سے دی جانی چاہیے جس نے اصل کو دیکھا ہو۔ اگر کوئی دستاویز کسی شخص کے روبرو پڑھی جائے کیونکہ وہ خود اس کو نہ پڑھ سکتا ہو اور وہ اس پر دستخط کرے اور اس طور پر دستخط کرے کہ اس کا وہی مضمون ہے جو اس کے روبرو پڑھا گیا تھا تو حسب منشائے دفعہ ۶۳ قانون شہادت یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس نے دستاویز کا مضمون دیکھا ہے۔ گہرے بنام چھیدا لال سنگھ۔ انڈین کیسز جلد ۳۰ صفحہ ۱۳۱ تفریق کی گئی۔

مہرلعید یکلاں بنام نرسنگ دیا ل لالہ چھدن

(۱۵۳)

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ جج عدالت مطالبات خفیف بہ نفاذ اختیارات سب آرڈینٹ جج الہ آباد مورخہ ۲۰ ڈسمبر ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافعان ۔ مسٹر ہری ہنس مہائے ۔

**فیصلہ** ۔ میں نے اس گواہ کی جس کو مدعی نے طلب کیا تھا کل شہادت جو میرے روبرو پڑھی گئی سماعت کی ہے ۔ میں یہ کہنے سے قاصر ہوں کہ اس کی شہادت قبول نہیں کی جاسکتی یا وہ غیر متعلق یا لازمی طور پر غیر معتبر ہے ۔ اسکے قابل قبول ہونے کے متعلق کسی شخص نے اعتراض نہیں کیا ہے اور علاوہ بریں مدعی علیہم کے کونسل نے کسی قدر طوالت کے ساتھ اس پر جرح کی ہے ۔ وہ ناخواندہ ہے لیکن جو بیان اس نے کیا وہ یہ ہے کہ چونکہ وہ مرتہن کے مکان کو کسی کام کی غرض سے بظاہر بطور ایک مدیون کے گیا تھا اس سے اور چند دیگر اشخاص سے اس دستاویز کی تصدیق کی استدعا کیگئی جسکے متعلق اس نے ایک مناسب بیان کیا تھا ۔ یہ ممکن ہے کہ وہ محض بناوٹی ہو لیکن عدالت ابتدائی کو اس کا فیصلہ کرنا چاہئیے تھا ۔ عدالت ابتدائی نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ صحیح ہے ۔ مجھے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ کوئی فریق کسی گواہ کو طلب کئے بغیر جو دستاویز کو موجود اور اسکے مضمون دونوں کے متعلق حلفی شہادت دے کسی گم شدہ دستاویز کے مضمون کے متعلق کس طرح شہادت دے سکتا ہے اور یہ امر کہ کوئی شخص پڑھ نہیں سکتا محض ایک ایسا امر ہے جس سے اسکے حلفی بیان کا قابل اعتبار ہونا ظاہر ہوتا ہے کیونکہ دنیا میں کئی اشخاص ایسی ہیں جو پڑھ نہیں سکتے تاہم ان امور کی نسبت جن کو ان سے یاد رکھنے کے لئے کہا جائے یا جنکے یاد رکھنے کی ان سے توقع کی جاسکتی ہو عمدہ اور صحیح حافظہ رکھتے ہیں ۔ اس گواہ نے حلفاً یہ بیان کیا ہے کہ اس نے دستاویز کی تصدیق کی ہے اور اس کو معاملہ اور دستاویز کا اہم اور متعلقہ مضمون یاد تھا ۔ یہ غور کرنا نہیں ہے کہ مجھے اس کو صحیح باور کرنا چاہئیے تھا یا نہیں لیکن دونوں عدالتہائے تحت نے کہ جن کی رائے میں اس کی شہادت صحیح باور کی ہے ۔ مدعی علیہم نے بظاہر یہ خیال کرلیا کہ کسی بیان کی جوابی ضرورت تھی اس بیان کیلئے جو وہ یہاں پیش کرتے ہیں ایک بالکل مختلف بیان عدالت تحت میں پیش کیا تھا (جو اقبال اور انکار کہلاتا ہے) اور کسی دستاویز کیلئے ذریعہ ثبوت جو احتیاط کے ساتھ مرتب اور اسٹامپ کی گئی تھی اور معتبر معلوم ہوتی تھی یہ ثابت کرنیکی کوشش کی تھی کہ حقیقی رہن ایک پرچہ پر تکمیل کیا گیا تھا جسکی نسبت انھوں نے حلفاً یہ بیان کیا ہے کہ رہن مشترکہ خاندان کے ارکان میں سے ایک کی نہ کہ دونوں کی جانب سے تکمیل کیا گیا تھا ۔ دونوں عدالتوں نے اس بیان کو بطور ایک مہمل اور بناوٹی ہونے کے نامنظور کیا ہے اور نہایت قدرتی طور پر وہ اکثر نامنظور کئے جانے کے قابل ہے اور اس کو نامنظور کرنا چاہئیے ۔ مسکی تحقیق ثابت کرنیکی کوشش میں کسی بیان کی بدنیتی سے پیش کئے جانیکی وجہ سے ایک کسی قدر کمزور ابتدائی مقدمہ کا فیصلہ نہیں جو مدعی کیجانب سے پیش کیا گیا ہو عدالتوں کے عام خیال کی تائید ہوتی ہے اور یہاں معاملہ ختم ہوجاتا ہے ۔ دونوں عدالتوں نے تجویز کی ہے کہ رہن ثابت ہے اور فیصلہ مذکور کو کسی نام نہاد قانونی امر پر منسوخ کرانے کی کوشش کیگئی ہے ۔ امر قانونی معمولاً حسب ذیل بیان کیا جاسکتا ہے کسی دستاویز کے مضمون کی منقولی شہادت اس شخص کیجانب سے دیجانی چاہئیے جس نے اصل دستاویز دیکھا ہو ۔ ایک مقدمہ میں جو میرے روبرو پیش کیا گیا تھا مسٹر جسٹس ٹاڈبال یہ کہتے ہیں کہ اس سلسلہ میں دیکھا ہوا سے محض یہ مراد نہیں ہوسکتی کہ وہ شئے نظر سے گذرے کیونکہ میں عدالت ہذا میں ایک فاصلہ سے کئی دستاویزات دیکھ سکتا ہوں جنکی نسبت میں نہیں کہہ سکتا کہ میں نے ان کو اس معنی میں دیکھا ہے کہ ان کا مضمون دیکھا ہے ۔ میں یہ فرض کرتا ہوں کہ اگر کوئی دستاویز کسی شخص کے روبرو پڑھی جائے کیونکہ وہ خود نہ پڑھ سکتا ہو اور اسکے بعد وہ اس پر دستخط کرے اور اس طور پر دستخط

پودائی سنگھ بنام سبھ منگل (الہ آباد)

ہیرا پوروائی سنگھ بنام برج مگل (الہ آباد)

کے کہ اس میں وہی مضمون درج ہے جو اسکے روبرو پڑھا گیا ہے تو حسب منشاے دفعہ ۲۰ قانون شہادت ہند یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس نے دستاویز مذکور کا مضمون دیکھا ہے۔ وہ اس کی شہادت کی اہمیت یا معتبری کا سوال ہے اور یہ سوال ہے کہ آیا وہ دفعہ کی تحت آتا ہے وہ مقدمہ جو کہ میرے روبرو حوالہ دیا گیا ہے جسکی نسبت یہ کہا گیا ہے کہ اس سے مرافعہ ہذا کی تائید ہوتی ہے ایک ایسا مقدمہ ہے جو میرے خیال میں متعلق نہیں ہوتا۔ مقدمہ مذکور یعنے مقدمہ گہرے بنام جیپرایال سنگھ (۱) میں مسٹر جسٹس ٹڈبال نے یہ قرار دیا تھا کہ ان حالات میں جو موجودہ حالات سے مختلف نہ تھے گواہان حاشیہ کا بیان قابل ادخال شہادت نہ تھا۔ وہ صاف طور پر یہاں متعلق نہیں ہوتا کیونکہ اگر اس گواہ کی شہادت کے قبول کئے جانیکے متعلق کوئی اعتراض تھا تو وہ گواہ کی جرح کے ذریعہ سے کلیتًا ترک کیا گیا تھا جو مدعی علیہم نے اس کی تردید کی غرض سے اور جج کو اسے غلط باور کرانے کے لئے کیا تھا۔ اور یہ بخوبی طے ہو چکا ہے کہ فریقین کا اندازہ اس طریقہ کے لحاظ سے کیا جانا چاہیئے جسکے بموجب وہ اپنے عذرات کی پیروی کرتے ہوں لیکن اگر اس سے یہ مراد ہے کہ کسی حالت میں بھی ناخواندہ شخص کسی ایسی دستاویز کا مضمون نہیں بتلا سکتا جو اسکے روبرو پڑھا گیا ہو اور جس کا مضمون وہ یاد ہونے بیان کرتا ہے تو میں خیال کرتا ہوں کہ میرے لئے فیصلہ مذکور کی تقلید کرنا نہایت مشکل ہوگا۔ مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ محض ایک واقعاتی امر ہے۔ مدعی دونوں عدالتوں کا اطمینان کرنے میں کامیاب رہا ہے۔ مرافعہ خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

صفحہ ۶۵۱

نمبر مقدمہ ۵۸ بابتہ ۱۹۱۷ء منفصلہ ۲ فروری ۱۹۲۱ء

باجلاس سرشادی لال نائب چیف جسٹس و مسٹر جسٹس فورڈ۔

جے گوپال سنگھ۔ مدعی۔ مرافع بنام منالال وغیرہ مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۴۱ رول ۲۲۔ مرافعہ جو خارج المیعاد ہو۔ عذرات عکسی آیا سماعت کئے جاسکتے ہیں۔

عذرات عکسی سماعت کئے جانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ مرافعہ عدالت کے روبرو مناسب طور پر پیش کیا جائے۔ جب کوئی مرافعہ خارج المیعاد ہو تو مرافعہ یا عذرات عکسی مناسب طور پر عدالت کے روبرو پیش نہیں ہوتے اور عدالت کو ان میں سے کسی کی نسبت کارروائی کرنیکا اختیار حاصل نہیں ہوتا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج حصار مورخہ ۲۰ اگست ۱۹۱۹ء مشعر ترمیم ڈگری مصدرہ سب آرڈینیٹ جج درجہ اول حصار مورخہ ۱۳ مارچ ۱۹۱۸ء۔

منجانب مرافع۔ لالہ بدری داس۔ آر۔ بی۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر سی۔ ایچ اوڈل و سردار ہزارہ سنگھ۔

**فیصلہ**۔ مقدمہ ہذا میں عدالت ابتدائی نے کسی معینہ میعاد کے اندر کسی خاص رقم کی ادائی کی شرط پر اراضی متنازعہ کے قبضہ کی بابت مدعی کے حق میں فیصلہ صادر کیا تھا۔ اس فیصلہ کی ناراضی سے مدعی نے مرافعہ دائر کیا اور مدعی علیہ نے عذرات عکسی پیش کئے۔ عدالت مرافعہ اولی نے اس ابتدائی امر کی نسبت جو مدعی علیہ کیجانب سے پیش کیا گیا تھا یہ قرار دیا تھا کہ مرافعہ بعد از وقت تھا لیکن اس فرض پر کہ تجویز مذکور غلط تھی روئداد پر مقدمہ کا تصفیہ کرکے ڈسٹرکٹ جج نے مدعی کا مرافعہ خارج کر دیا اور مدعی علیہم کے عذرات عکسی منظور کئے۔

معاملہ اب ہمارے روبرو مدعی کی جانب سے مرافعہ ثانی میں پیش ہوا ہے۔ مرافع کے کونسل اب یہ بیان کرتے ہیں کہ ڈسٹرکٹ جج کی عدالت میں ان کا مرافعہ خارج المیعاد نہ تھا اور اس بناء پر خارج ہونا چاہیئے تھا۔ مرافعہ علیہم کے کونسل تسلیم کرتے ہیں کہ مرافعہ بعد از وقت تھا

(۱) انڈین کیسیز جلد ۳۲ صفحہ ۱۱۔

لیکن یہ کہتے ہیں کہ با اینہمہ عذرات عکسی سماعت کئے جا سکتے تھے اور یہ کہ جس حد تک کہ عذرات عکسی کا تعلق ہے ڈسٹرکٹ جج کا حکم جائز ہے ہم اس خیال کو قبول نہیں کر سکتے۔ یہ ظاہر ہے کہ عذرات عکسی سماعت کئے جانے کے لئے مرافعہ مناسب طور پر عدالت کے روبرو ہونا چاہیئے۔ چونکہ مرافعہ زیر بحث مسلمہ طور پر خارج المیعاد تھا مرافعہ یا عذرات عکسی عدالت کے روبرو مناسب طور پر پیش نہ تھے اور اس لئے عدالت کو اس معاملہ کو جاری رکھنے کا کوئی اختیار حاصل نہ تھا۔ اس لئے ہمیں مرافعہ منظور اور عدالت ابتدائی کی ڈگری بحال کرنی چاہیئے۔ مدعی کو ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء کو یا اسکے قبل قیمت داخل کرنی چاہیئے۔ بصورت عدم تصور اس کا دعویٰ معہ خرچہ خارج تصور کیا جائیگا۔ مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

مرافعہ ثانی دیوانی۔

نمبر مقدمہ ۳۸۰ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۴ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس لنڈسے و مسٹر جسٹس سلیمان۔

رام چندرا و یک کس دیگر **بنام** حاجی محمد نور وغیرہ

مدعیان۔ مرافعان۔ مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم۔

دہرم شاستر۔ مشترکہ خاندان۔ معمولی ڈگری زرنقد جو باپ کے خلاف صادر کی گئی ہو۔ خاندانی جائداد جو تعمیل میں نیلام کی گئی ہو بیٹے آیا اپنا حصہ وصول کر سکتے ہیں۔

جب باپ کے خلاف کسی معمولی ڈگری زرنقد کی تعمیل میں خاندانی جائداد نیلام کی گئی ہو تو بیٹے اسمیں سے اپنا حصہ حاصل نہیں کر سکتے بجز اسکے کہ وہ یہ ظاہر کر سکیں کہ قرضہ جسکی بابت جائداد نیلام کی گئی تھی ناجائز یا خلاف اخلاق اغراض کے لئے حاصل کیا گیا تھا۔ ساہو رام چندر بنام بھوپ سنگھ انڈین کیسیز جلد ۹۳ صفحہ ۱۲۸۰ و جیت رام بنام مہام سنگھ انڈین کیسیز جلد ۱۰ صفحہ ۷۹۹ میں کئے گئے سیریت سنگھ بنام بیجیعدلال کا تذکرہ

انڈین کیسیز جلد ۹۳ صفحہ ۲۵۲۔ گرد یاری لال بنام کنتولال۔ وبجلی رپورٹر جلد ۲۴ صفحہ ۵۶۵ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج بنارس مورخہ ۵ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء

منجانب مرافعان۔ مسٹر گلزاری لال۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ ڈاکٹر کے۔ این۔ کٹجو۔

**فیصلہ**۔ یہ مرافعہ مدعی کی جانب سے ایک ایسی نالش میں پیش ہوا ہے جو سورج پرشاد کے دو نابالغ بیٹوں کی جانب سے اس استقرار کے لئے رجوع کی گئی تھی کہ وہ مکان متنازعہ کے دو ثلث حصہ کے مالک ہیں جو کسی معمولی ڈگری زرنقد کی تعمیل میں نیلام کیا گیا تھا جو ان کے باپ کے خلاف صادر کی گئی تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ سورج پرشاد نے کسی سابقہ رہن نامہ کا سودا ادا کرنے کے لئے ۴ مئی سنہ ۱۹۱۳ء کو ایک معمولی تمسک زرنقد تکمیل کی تھی۔ دائن کی جانب سے اس تمسک کی بناء پر ایک نالش رجوع کی گئی تھی اور سورج پرشاد کے خلاف ایک ڈگری حاصل کی گئی تھی۔ ڈگری مذکور کی تعمیل میں مکان زیر بحث قرق اور نیلام کیا گیا تھا اور خود ڈگریدار نے جس کا نام ہیرا لال ہے اسے خرید لیا تھا۔ قبضہ کی باضابطہ حوالگی حاصل کرنے کے باوجود ہیرا لال وہاں بیدخل کیا گیا تھا اور اس کو مکان کے قبضہ کے لئے ایک نالش رجوع کرنی پڑی تھی جو سنہ ۱۹۱۸ء میں ڈگری کی گئی تھی۔ ۲ جون سنہ ۱۹۱۹ء کو ہیرا لال نے جائداد زیر بحث کا ایک بیعنامہ جانکی بائی کے حق میں تکمیل کیا تھا جس بیع کی نسبت حاجی محمد نور جو موجودہ مرافعہ علیہ ہیں نے شفعہ کا حق پیش کیا تھا۔ حاجی محمد نور نے ۱ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء کو ایک شفعہ کی ڈگری حاصل کی تھی اور وہ اس وقت سے مکان پر قابض ہے۔ موجودہ نالش بیٹوں کی جانب سے اس بناء پر رجوع کی گئی تھی کہ وہ قرضہ جس کی بازیافت کے لئے جائداد نیلام کی گئی تھی بلا کسی قانونی ضرورت کے تھا اور یہ کہ وہ در اصل خلاف اخلاق تھا۔

رام چندرا بنام حاجی محمد نور (الہ آباد)

صفحہ ۵

رام چندر
بنام
حاجی محمد نواز
(الہ آباد)

عدالت ابتدائی نے یہ تجویز کی کہ مکان خاندان کی موروثی جائیداد تھی اور چونکہ بیٹے سابقہ نالش میں فریق نہیں بنائے گئے تھے مکان کے متعلق ان کے حق پر کوئی اثر نہ ہوا تھا۔ اس لئے اس نے نیلام کے اثر سے مکان کا دو ثلث حصہ خارج کرکے دعوی ڈگری کیا۔

بربنائے مرافعہ ذیلعلم ڈسٹرکٹ جج نے یہ تجویز کرکے کہ قرضہ خلاف اخلاق نہ تھا عدالت ابتدائی کی ڈگری منسوخ کی اور دعوی کلیتاً خارج کر دیا۔

مدعیان نے عدالت ہذا میں مرافعہ ثانی پیش کیا ہے اور انکی جانب سے مقدمات ساہو رام چندر بنام بہوپ سنگھ (۱) و چیت رام بنام رام سنگھ (۲) کی بنا پر یہ بحث کی گئی ہے کہ سابقہ کارروائیاں نیلام بیٹے کے حق پر موثر نہیں ہو سکتیں ہماری رائے یہ ہے کہ ان دو مقدمات میں سے جن پر مرافعان کے لائق کونسل نے استدلال کیا تھا کسی سے بھی اس بحث کی تائید نہیں ہوتی۔ حکام عالیمقام پریوی کونسل نے مقدمہ سرہپت سنگھ وغیرہ بنام پرو دیوت کماری ... (۳) میں یہ ریمارک کیا تھا کہ قانون متاکشرا کی رو سے کوئی فیصلہ جو خاندان میں باپ کے خلاف صادر کیا گیا ہو کامل خاندانی جائیداد کے خلاف تعمیل نہیں کیا جا سکتا اگر وہ قرضہ جسکی بابتہ فیصلہ حاصل کیا گیا ہو ایسا قرضہ ہو جو ناجائز یا خلاف اخلاق اغراض کے لئے حاصل کیا گیا ہو ہر دوسری صورت میں وہ دین تعمیلی اس فیصلہ کی تعمیل میں جو صرف باپ کے خلاف حاصل کیا گیا ہو کل جائیداد نیلام کرانیکا مجاز ہے۔ مقدمہ موجودہ میں فریق ثالث کے حقوق پیدا ہوئے ہیں کیونکہ جائیداد (عام) نیلام کے ذریعہ سے ایک معمولی ڈگری زرنقد کی تعمیل میں نیلام کی گئی تھی جسکے ذریعہ سے نہ صرف باپ کا حق منتقل ہوا تھا بلکہ کل خاندان کا حق منتقل ہوا تھا۔ اور اسکے بعد خریدار نیلام نے اس کو نیلام کے ذریعہ سے منتقل کیا تھا جس کی نسبت اصل مرافعہ علیہ نے شفعہ کا حق پیش کیا ہے۔ بیٹے اب نیلام پر اعتراض نہیں کر سکتے بجز اسکے کہ وہ یہ ظاہر کر سکیں کہ معمولی ڈگری زرنقد ناجائز یا خلاف اخلاق تھی۔ ہمارے لئے صرف حکام عالیمقام کے ایک سابقہ فیصلہ بمقدمہ گرودھاری لال بنام کنتو لال (۴) کا حوالہ دینا ضروری ہے جو اس امر کے متعلق تھا کہ "جب مشترکہ موروثی جائداد کسی مشترکہ خاندان سے یا تو کسی دستاویز انتقال کے ذریعہ سے جو باپ نے کسی قرضہ سابقہ کے عوض یا کسی قرضہ سابقہ کی ادائی کے لئے رقم حاصل کرنیکی غرض سے تکمیل کیا ہو یا کسی نیلام میں جو باپ کے قرضہ کی بابتہ کسی ڈگری کی تعمیل میں منعقد کیا گیا ہو منتقل ہوئی ہو تو بیٹے ... اس جائیداد کو واپس نہیں لے سکتے بجز اسکے کہ وہ یہ ظاہر کریں کہ قرضہ جات خلاف اخلاق اغراض کے لئے حاصل کئے گئے تھے اور یہ کہ خریداروں کو یہ اطلاع تھی کہ وہ اس طور پر حاصل کئے گئے تھے"

اس فیصلہ پر مرافعان مستانف نے مقدمہ چندرادیو سنگھ بنام ماتا پرشاد (۵) میں جو رائے ظاہر کی تھی اور جس کو حال میں پریوی کونسل نے پسند کیا تھا وہ یہ تھی کہ یہ مسئلہ ان صورتوں سے متعلق ہے جن میں موروثی جائداد خاندان سے منتقل ہو چکی ہو اور دوسری صورتوں سے متعلق نہیں ہے مقدمہ ساہو رام چندر بنام بہوپ سنگھ (۱) میں بھی حکام عالیمقام نے حسب ذیل ریمارک کیا تھا:-

"متعدد نظائر کے معائنہ سے یہ ظاہر ہوگا کہ جب کوئی مشترکہ

(۱) انڈین کیسیز جلد ۹۳ صفحہ ۲۸۰ (۲) انڈین کیسیز جلد ۶ صفحہ ۶۹ (۳) نظائر ہند صفحہ ۵۰۷ (۴) انڈین کیسیز جلد ۹۳ صفحہ ۲۵۲ -

(۴) ویکلی رپورٹر جلد ۲۲ صفحہ ۵۶ (۵) انڈین کیسیز جلد ۱ صفحہ ۹۴۹ -

خاندانی جائیداد کلیتاً نیلام کی گئی ہو یا جائداد کے خلاف رہن کی تعمیل میں کوئی ڈگری حاصل کی گئی ہو اور اس طور پر مشترکہ خاندانی جائیداد کے متعلق حقوق پیدا ہوئے ہوں تو ان حقوق کو محض مشترکہ خاندان کے اراکین کی جانب سے اس معاملہ پر جو اسکے منتظم نے کیا ہو اعتراض کئے جانیکی وجہ سے زائل نہیں کیا جاسکتا۔"

نیز ہم یہ ظاہر کرسکتے ہیں کہ مقدمہ چیت رام بنام رام سنگھ (۲) میں حکام عالیمقام نے ان حالات پر خاص زور دیا تھا کہ مقدمہ مذکور خاص طور پر ایک واضح مقدمہ تھا کیونکہ وہ دیگر امور مثلاً جائیداد کے عام طور پر نیلام کئے جانے سے متاثر نہ ہوا تھا اور خریداران نیلام کے کوئی حقوق غور طلب نہ تھے۔ اس خیال میں ہماری تائید ہائیکورٹ بمبئی کے مقدمہ ہنمنت سا شی ناتھ جوشی بنام گنیش اناجی بچاری (۶) اور عدالت جوڈیشل کمشنر اودھ کے مقدمہ بہارت سنگھ بنام سرسوتی سنگھ (۷) سے ہوتی ہے۔

اس لئے مرافعہ نا کام رہتا اور معہ خرچہ بشمول رسوم عدالت ہذا البشرح اعلیٰ بذریعہ ہذا خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۴۷۸ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس موتی ساگر۔

لیکھراج ویکاس دیگر بنام اندرل ویکاس دیگر

مدعیان ۔ مرافعان — مدعا علیہا ۔ مرافعہ علیہا۔

(۶) انڈین کیسیز جلد ۵ صفحہ ۶۱۲ (۷) انڈین کیسیز جلد ۶ صفحہ ۷ ۔ سا نظائر ہند صفحہ ۱۸۲)۔

(۸۹)

قانون شفعہ پنجاب ایکٹ ا بابتہ سنہ ۱۹۱۳ء دفعہ ۷ ۔ شفعہ ۔ رواج ۔ کا تحصیل ضلع کرنال کا محلہ باگریان رواج کا ثبوت ۔

جب کوئی قصبہ ذیلی حصوں میں تقسیم کیا جائے تو شفیع کو صراحتاً اس خاص حصہ میں جس میں جائداد متنازعہ واقع ہو شفعہ کے رواج کا وجود ثابت کرنا چاہئے اور متصل حصوں میں رواج ثابت کرنے سے بار ثبوت سے سبکدوشی نہیں ہوتی۔

میلا رام بنام ہندو ۔ انڈین کیسیز جلد ۱ صفحہ ۹۵۸ پربھودیال بنام ہیکو مل ۔ انڈین کیسیز جلد ۱۹ صفحہ ۸۲۲ کی تقلید کی گئی ۔

کسی فیصلہ کی جو کسی مصالحت یا اقبال پر مبنی ہو اگرچہ وہ بطور ثبوت کے کچھ اہمیت رکھتا ہو وہی حیثیت نہیں ہوسکتی جو اس فیصلہ کی ہوتی ہے جس میں مخالفت کے بعد کوئی رواج ثابت قرار دیا گیا ہو یا اس کی تردید کی گئی ہو۔

امپیریل آئیل سوپ اینڈ جنرل ملز کو لمیٹڈ دہلی بنام ایم ۔ مصباح الدین ۔ انڈین کیسیز جلد ۱۶ صفحہ ۲۰۳ کی تقلید کی گئی۔

شفعہ کا رواج قصبہ کا تحصیل ضلع کرنال کے محلہ باگریان میں موجود نہیں ہے۔

بجے دیوی بنام نوبت رائے ۔ پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۰۵ء نمبر ۱۷ ۔ محمد حسین بنام غلام محمد ۔ انڈین کیسیز جلد ۱ صفحہ ۲۴۰ ۔ بولچند بنام لیکھو ۔ انڈین کیسیز جلد ۱۲ صفحہ ۴۳۵ کا حوالہ دیا گیا۔

لیکھ راج بنام اندرل (لاہور)

تیکھ راج بنام اندر مل (لاہور)

مرافعہ ثانی بنا بر حکم ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج کرنال مورخہ ۱۱ مارچ ۱۹۲۳ء مشعر تنسیخ ڈگری مصدرہ منصف درجہ اول کیتھل مورخہ ۱۲ جون ۱۹۲۲ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر شمیر چند۔

منجانب مرافعہ علیہا۔ لالہ جگنا تھ۔

**فیصلہ**۔ یہ مرافعہ ثانی ڈسٹرکٹ جج کرنال کے ایک فیصلہ مورخہ ۱۱ مارچ ۱۹۲۳ء کی نارضگی سے پیش کیا گیا ہے جس کی رو سے ایک مکان کی بابت جو قصبہ کیتھل ضلع کرنال کے محلہ باگریان میں واقع تھا شفعہ کے ذریعہ سے قبضہ کے لئے مدعیان کا دعویٰ خارج کیا گیا تھا۔ دلائل جو مدعی علیہ کی جانب سے پیش کی گئی تھیں وہ یہ تھیں کہ مکان محلہ باگریان میں واقع نہ تھا یہ کہ محلہ زیر بحث میں شفعہ کا رواج موجود نہ تھا اور یہ کہ مبلغ ۱۰۰۰ کی قیمت مندرجہ بیعنامہ نہ تو فی الواقع ادا کی گئی تھی اور نہ نیک نیتی کے ساتھ مقرر کی گئی تھی۔ عدالت ابتدائی نے ان تمام امور کی نسبت مدعی علیہ کے خلاف تجویز کی اور مدعیان کا دعویٰ ڈگری کیا۔ لیکن بر طبق مرافعہ ڈسٹرکٹ جج کی یہ رائے تھی کہ مدعیان یہ ثابت کرنے سے قاصر رہے تھے کہ محلہ باگریان میں شفعہ کا رواج موجود تھا اور اس لئے انھوں نے دعویٰ خارج کیا۔ مدعیان نے ڈسٹرکٹ جج سے ایک صداقتنامہ حاصل کرنے کے بعد مسٹر شمیر چند کے ذریعہ سے عدالت ہذا میں مرافعہ ثانی پیش کیا ہے اور مسٹر جگنا تھ مرافعہ علیہم کی جانب سے حاضر ہیں۔

صفحہ ۶۵۹

مرافعہ ہذا میں اصل امر تصفیہ طلب یہ ہے کہ آیا محلہ کیتھل میں جس میں مکان مبیعہ واقع ہے شفعہ کا رواج موجود ہے۔ اس بحث کی تائید میں کہ موضع زیر بحث میں شفعہ کا رواج موجود ہے مرافعان کے لائق کونسل نے دو امور سے استدلال کیا ہے:—

اولاً عدالت ہذا کے چند شائع شدہ فیصلہ جات سے استدلال کیا گیا ہے جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شفعہ کا رواج چند متصلہ حصوں میں موجود ہے۔ ایک فیصلہ میں یہ رائے ظاہر کی گئی ہے کہ شفعہ کا رواج قصبہ کیتھل میں نہایت عام طور پر رائج ہے۔ یہ بحث کی گئی ہے کہ ان حالات میں اس محلہ میں شفعہ کے رواج کے عدم وجود کا بار ثبوت مدعی علیہ پر عائد ہوتا ہے اور یہ کہ وہ بار ثبوت سے سبکدوش ہونے سے قاصر رہا ہے۔ میں اس بحث سے اتفاق کرنے سے قاصر ہوں۔ جیسا کہ مقدمہ میلا رام بنام ہندو (۱) میں قرار دیا گیا تھا جس کا کہ دوسرے حال کے مقدمہ میں جو بطور پربھو دیال بنام بھیکو مل (۲) طبع ہوا ہے پسندیدگی کے ساتھ حوالہ دیا گیا ہے بار بار طے شدہ خیال کیا جا سکتا ہے کہ جب کوئی قصبہ ذیلی حصوں میں تقسیم کیا جائے تو شفیع کو اس خاص حصہ میں جس میں جائداد واقع ہو شفعہ کے رواج کا وجود صراحتاً ثابت کرنا چاہیئے اور متصل حصوں میں رواج ثابت کرنے سے بار ثبوت سے سبکدوشی نہیں حاصل کی جا سکتی۔ اس لئے دو نظائر یعنی دیوی بنام نوبت رائے (۳) محمد حسین بنام غلام محمد (۴) سے جو قصبہ کیتھل کے محلہ طبیب اور محلہ پنساریان کے متعلق ہیں اور نیز بیعنامہ بابت ۱۹۱۳ء سے جو محلہ بوریان سے متعلق ہے جس کا اثنائے بحث میں حوالہ دیا گیا ہے مدعیان کو کوئی زیادہ مدد نہیں ملتی۔ قصبہ میں شفعہ کے رواج کے عام طور پر رائج ہونے کے متعلق مقدمہ

(۱) انڈین کیسیز جلد ۱۰ صفحہ ۸۵۹ (۲) انڈین کیسیز جلد ۱۰ صفحہ ۲ نظائر ہند صفحہ ۱۰۹۴ (۳) پنجاب ریکارڈ بابت ۱۹۰۹ء نمبر ۱ (۴) انڈین کیسیز جلد ۱ صفحہ ۲۴۲

بول چند بنام لیکھو(۵) کا حوالہ دیا جا سکتا ہے جس میں یہ تجویز کی گئی تھی کہ شفعہ کا رواج محلہ مہابت خاں میں موجود نہ تھا جو اس قصبہ کا ایک اور ذیلی حصہ ہے۔ اس لئے وہ خیالات جو فاضل جج نے مقدمہ جے دیوی بنام نوبت رائے (۳) میں ظاہر کئے تھے کہ شفعہ کا رواج نہایت عام طور پر قصبہ میں لاگو ہے صحیح طور پر واقعات کے مطابق نہیں ہیں۔

اسکے بعد لالہ امرت لال منصف کے ایک فیصلہ مورخہ ۱۶ دسمبر سنہ ۱۹۱۳ء بمقدمہ درگا پرشاد بنام سیتا رام پر استدلال کیا گیا ہے جس کی رو سے اسی محلہ میں شفعہ کے ذریعہ سے کسی مکان کے قبضہ کی بابت مدعی کا دعوی ڈگری کیا گیا تھا۔ یہ بحث کی گئی ہے کہ یہ مدعیان کے حق میں ایک نہایت قوی شہادت ہے اور یہ کہ اس سے بار ثبوت مکمل طور پر مدعا علیہم پر عائد ہوتا ہے لیکن اس جواب دعوی کے معائنہ سے جو مدعی علیہم نے مقدمہ مذکور میں پیش کیا تھا یہ بالکل ظاہر ہوتا ہے کہ شفعہ کے حق کے متعلق فریقین کے مابین کوئی اختلاف نہ تھا کیونکہ مشتری نے یہ تسلیم کیا تھا کہ مقدمہ مذکور میں شفیع مکان کا دعوی کرنیکا مستحق تھا اور یہ ظاہر ہے جیسا کہ مقدمہ امپیریل آئیل سوپ اینڈ جنرل ملز کو لمیٹیڈ دہلی بنام ایم مصباح الدین (۶) میں قرار دیا گیا تھا کہ کسی فیصلہ کی جو کسی مصالحت یا اقبال پر مبنی ہو اگرچہ وہ بطور شہادت کے کچھ اہمیت رکھتا ہو وہی حیثیت نہیں ہو سکتی جو اس فیصلہ کی ہوتی ہے جس میں مخالفت کے بعد کوئی رواج ثابت قرار دیا گیا ہو یا اسکی تردید کی گئی ہو۔

(۵) انڈین کیسیز جلد ۲۱ صفحہ ۴۳۵ (۶) انڈین کیسیز جلد ۱۸ صفحہ ۳۲۵ (نظائر ہند ۳۴۳)

لیکھراج بنام اندر مل (لاہور)

اسکے بعد جس شہادت پر استدلال کیا گیا ہے وہ لالہ امیر رام کا ایک فیصلہ مورخہ ۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء بمقدمہ جوتی رام بنام جسا رام ہے۔ یہ مقدمہ بھی محلہ باگریان سے متعلق ہے لیکن یہ ظاہر ہوگا کہ مقدمہ مذکور کا فیصلہ عملاً سنہ ۱۹۱۳ء کے سابقہ فیصلہ پر مبنی ہے جس میں شفعہ کا حق تسلیم کیا گیا تھا۔

صفحہ ۷۶ برخلاف اسکے مدعی علیہ نے یہ ظاہر کرنے کے لئے کچھ شہادت پیش کی ہے کہ شفعہ کے حق کے بغیر اس موضع میں کئی معاملات بیع کئے گئے تھے۔ ان حالات میں میں نہیں خیال کرتا کہ رواج کے وجود کے اقبال کی ایک یا دو واحد مثالیں جنکی تائید متصل حصوں کی چند مثالوں سے ہوتی ہو محلہ باگریان میں رواج کے وجود کا بار ثبوت سبکدوشی حاصل کرنے کے لئے کافی ہیں جو مدعیان پر سختی کے ساتھ عائد تھا۔ میری رائے میں ڈسٹرکٹ جج یہ قرار دینے میں حق بجانب تھے کہ مدعیان اس محلہ میں رواج کا وجود ثابت کرنے سے قاصر رہے ہیں۔ اور میں مرافعہ مذکور خارج کرتا ہوں۔

مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائیکورٹ لاہور

### نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۱۷ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲ جولائی سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ہارٹینو۔

جگنا تھ بنام عبدالحکیم وغیرہ

مدعی۔ سائل مدعی علیہم۔ مسئول علیہم۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۰۱۔ آرڈر ۹ رول ۱۳۔ یکطرفہ ڈگری کی تنسیخ۔ غلطی جو تاریخ سماعت کے متعلق کی گئی ہو۔

قطع نظر آرڈر ۹ رول ۱۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے کسی عدالت

ہند [illegible] بنام عبدالحکیم (لاہور)

کو کسی یکطرفہ ڈگری کی تنسیخ کا اختیار نہیں ہے جو خود اس نے صادر کی ہو۔ کیونکہ محض یہ امر کہ عدالت یہ خیال کرتی ہے کہ یہ ممکن ہے کہ مدعی علیہ نے تاریخ سماعت نالش کے متعلق غلطی کی ہو کافی نہیں ہے۔

نگرانی دیوانی بنا راضی فیصلہ ڈسٹرکٹ جج گوجرانوالہ مورخہ ۱۴ جولائی ۱۹۲۱ء۔

منجانب سائل مسٹر بی۔ ایل۔ کپور۔

**فیصلہ**۔ سب آرڈینیٹ جج نے ۴ اگست ۱۹۲۰ء کو ایک یکطرفہ ڈگری صادر کی تھی دو مہینے بعد مدعی علیہ عبدالحکیم نے اس کی تنسیخ کے لئے اس بنا پر درخواست کی تھی کہ اس کا یہ خیال تھا کہ سماعت کے لئے تاریخ ۷ اگست مقرر کی گئی تھی اس نے صرف ایک گواہ پیش کیا جس نے یہ ثابت نہیں کیا کہ مدعی علیہ کا بیان صحیح تھا اور اس لئے سب آرڈینیٹ جج نے درخواست نامنظور کر دی۔ بر طبق مرافعہ ڈسٹرکٹ جج نے یکطرفہ ڈگری اس بنا پر منسوخ کی کہ اگرچہ مدعی علیہ اپنے بیان کی تائید میں کوئی شہادت پیش نہ کر سکا کہ اس کا بیان صحیح ہو سکتا تھا۔ مدعی نے ڈسٹرکٹ جج کے حکم کی ناراضی سے نگرانی کی درخواست کی ہے اور میں خیال کرتا ہوں کہ اسکی درخواست منظور کی جانی چاہیئے۔

مدعی علیہ اس بیان کی تائید میں جو اس نے اپنی درخواست میں کیا تھا شہادت دینے کے لئے کٹہرہ شہادت میں داخل نہ ہوا تھا اور نہ اس نے اپنے وکیل کو پیش کیا تھا جس نے سابقہ سماعت کے وقت اس کی قائم مقامی کی تھی۔ اس نے اس امر کی وجہ بھی نہیں بتلائی ہے کہ وہ ۵ اگست کو (جس تاریخ پر اس نے درخواست پیش کی تھی) کیوں حاضر نہیں ہوا جبکہ اس لئے یہ خیال کیا تھا کہ مقدمہ کی سماعت کے لئے ۷ تاریخ مقرر کی گئی تھی۔

ڈسٹرکٹ جج حسب آرڈر ۹ رول ۱۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی یکطرفہ ڈگری کی تنسیخ کے مجاز نہ تھے بجز اسکے کہ اس امر کی نسبت ان کا اطمینان کیا جاتا کہ مدعی علیہ کسی کافی وجہ سے ۵ اگست کو حاضر ہونے سے باز رہا تھا۔ یہ ظاہر ہے کہ اس امر کے متعلق ان کو اطمینان نہیں ہوا تھا بلکہ انھوں نے یہ خیال کیا تھا کہ یہ ممکن تھا کہ مدعی علیہ نے تاریخ کے متعلق غلطی کی ہو۔

مقدمہ گادی نیلا دینی بنام مارا پریڈی گاڑی نارینا ریڈی (۱) میں ہائیکورٹ مدراس کے ایک اجلاس کامل نے یہ قرار دیا ہے کہ احکام آرڈر ۹ رول ۱۳ کے قطع نظر کسی عدالت کو ایک یکطرفہ ڈگری کی تنسیخ کا اختیار نہیں ہے جو خود اس نے صادر کی ہو کیونکہ اس کو حسب دفعہ ۱۵۱ اس امر کے متعلق کوئی اصلی اختیار حاصل نہیں ہے۔

اس لئے مجھے یہ قرار دینا چاہیئے کہ ڈسٹرکٹ جج کا حکم ایک ایسا حکم نہ تھا جو وہ جائز طور پر صادر کر سکتے تھے جبکہ مدعی علیہ اپنے بیان کی اصلیت کے متعلق ان کو اطمینان دلانے سے قاصر رہا تھا اور اس لئے میں یہ درخواست منظور کر کے ڈسٹرکٹ جج کا حکم منسوخ اور سب آرڈینیٹ جج کا حکم بحال کرتا ہوں جس کی رو سے یکطرفہ ڈگری کی تنسیخ کی درخواست خارج کی گئی تھی۔ سائل خود اپنا خرچہ برداشت کریگا۔

درخواست منظور کی گئی۔

(۱) انڈین کیسز جلد ۳۵ صفحہ ۸۴۔

(۱۷۴)

# ہائیکورٹ پٹنہ

مرافعہ اولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۱۶ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۱۸ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس داس و مسٹر جسٹس کلونت سہائے

بابو سرجوگ پرشاد مسر وغیرہ **بنام** ہرشچندر راچودہری وغیرہ

مدعیان - مرافعان مدعی علیہم - مرافعہ علیہم

رہن - مرتہنان مقدم و موخر - ڈگری جو مرتہن مقدم نے حاصل کی ہو - مرتہن موخر کا فریق نہ بنانا اور اس کا اثر - جائداد کا کفالت رہن سے مبرا کیا جانا اور اس کا اثر - تقسیم مناسب - حق انفکاک رہن ایا رہن کی ڈگری سے ساقط ہوتا ہے -

کوئی ڈگری جو کسی مرتہن مقدم نے اپنے رہن کی بنا پر حاصل کی ہو کسی مرتہن موخر پر واجب التعمیل نہیں ہے جو سابقہ رہن کی نالش میں فریق نہ بنایا گیا ہو اور اسکے حق انفکاک رہن پر موثر نہیں ہے -

کوئی مرتہن مقدم اپنی کفالت رہن سے جز و جائیداد مرہونہ کو ترک کرکے اپنے قرضہ رہن کا کل بار بقیہ حصہ پر عائد نہیں کر سکتا تاکہ وہ کسی مرتہن موخر پر موثر ہو سکے جسکے پاس جز مذکور رہن کیا گیا ہو -

کسی جائداد مرہونہ میں حق انفکاک رہن محض رہن پر ایک ڈگری صادر کئے جانے سے ساقط نہیں ہوتا - وہ اس وقت تک قائم رہتا ہے جب تک کہ نیلام منعقد نہ کیا جائے اور زر ثمن تقسیم نہ کیا جائے -

بی بی جان بی بی بنام ساجی بیوہ - انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۳۱ صفحہ ۶۶۳ - محمد موسی بنام بابو ایدل سنگھ انڈین کیسیز جلد ۲۵ صفحہ ۱۰۸ پر استدلال کیا گیا -

مرافعہ بنا ناراضی فیصلہ معدرۂ ڈسٹرکٹ جج دربھنگہ مورخہ ۲۸ فروری سنہ ۱۹۲۱ء

منجانب مرافعان - مسٹر حسن امام ۔ اے - بی سین - و نرائن پرشاد

منجانب مرافعہ علیہم مسٹر رسی نسی - داس و شرشی چرن مترا

**جسٹس کلونت سہائے** - یہ مرافعہ مدعیان کی جانب سے ڈسٹرکٹ جج دربھنگہ کی ڈگری مورخہ ۲۸ فروری سنہ ۱۹۲۱ء کی ناراضی سے پیش کیا گیا ہے جسکے ذریعے سے انھوں نے یہ قرار دیا تھا کہ مدعیان اس ڈگری کی جو ۱۵ اگست سنہ ۱۸۸۱ء کے رہن کی بنا پر ان کے حق میں صادر کی گئی تھی کامل رقم ادا کرکے مدعی علیہ فریق اول کے رہن کے انفکاک کے مستحق تھے - وہ واقعات جن سے مقدمہ موجودہ پیدا ہوا ہے حسب ذیل ہیں :- ایک شخص صادق علی خاں موضع اتر پرگنہ اہیلوار توزیع نمبر ۳۲۵ میں (۵) آنہ (۱) گنڈے (۲) کوڑی حصہ رکھتا تھا - ۲۶ جولائی سنہ ۱۸۷۷ء کو صادق علی خاں نے ایک شخص بلبھدر پرشاد ساہو اور مالوک لال ساہو کے حق میں بمبلغ [illegible] کے عوض ایک رہن تکمیل کیا تھا اور موضع اتر مذکور الصدر کا چار آنہ حصہ اور دیگر جائیداد رہن کی تھیں - رہن مذکور کی بنا پر ایک نالش رجوع کی گئی تھی اور ۱۹ ستمبر سنہ ۱۸۸۳ء کو ایک یکطرفہ ڈگری صادر کی گئی تھی معلوم ہوتا ہے کہ اس ڈگری کی تعمیل میں سر لچھمیشر سنگھ مہاراجہ دربھنگہ نے موضع اتر کا چار آنہ حصہ خریدا تھا - اس خرید کی صحیح تاریخ مثل کی کسی دستاویز سے ظاہر نہیں ہوتی -

۱۵ اگست سنہ ۱۸۸۱ء کو صادق علی خاں نے اودہ نارائن چودہری مدعی علیہا نمبر ۱ و ۲ کے باپ کے حق میں بمبلغ ۲۰۰۰ کے عوض ایک دوسرا رہن تکمیل کیا تھا اور منجملہ دیگر جائیداد وں کے اس نے موضع اتر کا اپنا کامل (۵) آنہ (۱) گنڈے (۲) کوڑی حصہ رہن کیا تھا -

۱۲ مارچ سنہ ۱۸۸۵ء کو صادق علی خاں نے لالجی لال ساہو

بابو سرجوگ پرشاد
بنام
ہرشچندر چودہری
(پٹنہ)

دسرتگب پرشاد
بنام
مہندلال چودھری
(دہچت)

کے حق میں مبلغ لبہ کے ایک ایک تیسرا رہن تکمیل کیا تھا جسکے ذریعہ سے اس نے موضع اشر کا ایک آنہ (۱) ۱۷ گنڈے (۲) کوڑی اور کوڑی کا تیسرا حصہ دیگر جائداد کی کفالت - ۲۴ دسمبر ۱۸۸۵ء کو اس تیسرے رہن کے نفاذ کے لئے ایک نالش رجوع کی گئی تھی اور ۱۵ فروری ۱۸۸۶ء کو مبلغ ایک لاکھ چار ہزار دو سو پچاس کے عوض ایک ڈگری صادر کی گئی تھی -

۲ ستمبر ۱۸۹۵ء کو مدعی علیہما نمبر ۱ و ۲ اور دوارکا ناراین چودہری کے بیٹوں نے جو ۱۵ اگست ۱۸۸۴ء کی دستاویز کے تحت مرتہن تھا نالش نمبری بابتہ ۱۸۹۵ء رہن مذکور کے نفاذ کے لئے رجوع کی تھی - اس نالش میں لالجی لال فریق نہیں بنایا گیا تھا لیکن مہاراجہ دربھنگہ اس بنا پر فریق بنائے گئے تھے کہ انھوں نے مرتہن اول کی ڈگری کی تعمیل میں موضع اشر کا چار آنہ حصہ خریدا تھا - مدعی علیہما نمبر ۱ و ۲ یعنے نالش نمبری بابتہ ۱۸۹۵ء کے مدعیان نے مہاراجہ دربھنگہ کے اعتراض پر موضع اشر کا چار آنہ حصہ واگذاشت کیا اور انھوں نے اشر کے ایک آنہ (۱۷) گنڈے (۲) کوڑی کے نیلام کی بابتہ ایک یکطرفہ ڈگری حاصل کی - یہ ڈگری ۱۰ مئی ۱۸۹۹ء کو صادر کی گئی تھی لیکن وہ بعد میں منسوخ کی گئی تھی - اشر کے ایک آنہ (۱۷) گنڈے (۲) کوڑی کے نیلام کی بابتہ ایک جدید ڈگری ۲ اگست ۱۹۰۰ء کو مدعی علیہما نمبر ۱ و ۲ کے حق میں صادر کی گئی تھی - اس ڈگری کی نارضی سے ہائیکورٹ کلکتہ کے روبرو مرافعہ کیا گیا تھا لیکن مرافعہ یکم اپریل ۱۹۰۳ء کو خارج ہو گیا -

صفحہ ۶۶۲

لالجی لال نے اپنی ڈگری مورخہ ۱۵ فروری ۱۸۸۶ء کی تعمیل متعدد مرتبہ کرائی - ۱۶ مئی ۱۸۹۲ء کو لالجی لال کے تعمیلی مقدمات میں سے ایک مقدمہ میں مدعی علیہما نمبر ۱ و ۲ کی جانب سے ایک درخواست پیش کی گئی تھی جو مقدمہ ہذا کی دستاویز نشان ہے - اس درخواست میں مدعی علیہما نمبر ۱ و ۲ نے یہ بیان کیا تھا کہ منجملہ دیگر جائدادوں کے موضع اشر کا ایک آنہ (۱۷) گنڈے (۱۰) کوڑی حصہ لالجی لال بنام صادق علیخاں مدیون ڈگری کے تعمیلی مقدمہ میں نیلام کیا گیا تھا - انھوں نے یہ بیان کیا کہ حصہ مذکورا ابتداً لالجی لال کے پاس رہن کیا گیا تھا اور اسکے بعد ایک دستاویز مورخہ ۱۵ اگست ۱۸۸۴ء کے تحت لالجی لال کے رہن کے کسی علم کے بغیر ان کے پاس رہن کیا گیا تھا - اس لئے مدعی علیہما نمبر ۱ و ۲ نے یہ استدعا کی تھی کہ ابتداً دیگر جائدادوں کا اشتہار نیلام جاری کیا جائے اور اگر اس کا ندیشن در ڈگری کی ادائی کے لئے ناکافی ثابت ہو تو اشر کا ایک آنہ (۱۷) گنڈے (۱۰) کوڑی حصہ نیلام کیا جا سکتا ہے - اس درخواست کے ساتھ انھوں نے ۱۸۸۵ء کا خود اپنا تمسک پیش کیا - اس درخواست میں مدعی علیہما نمبر ۱ و ۲ نے غلطی سے یہ بیان کیا تھا کہ لالجی لال کا رہن خود ان کے رہن کے قبل کا تھا حقیقت یہ ہے کہ ان کا رہن ۱۵ اگست ۱۸۸۴ء کا تھا اور لالجی لال کا رہن ۲۱ مارچ ۱۸۸۵ء کا تھا انھوں نے یہ درخواست لالجی لال کے تعمیلی مقدمہ میں پیش کی تھی اور اگر وہ اس تعمیلی مقدمہ کی مسل کے معائنہ کی زحمت گوارا کرتے تو ان کو صاف یہ معلوم ہو جاتا کہ لالجی لال کا رہن خود ان کے رہن کے بعد کا تھا - بہرحال مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت جبکہ یہ درخواست مورخہ ۱۶ مئی ۱۸۹۲ء پیش کی گئی تھی لالجی لال کا کوئی تعمیلی مقدمہ زیر تصفیہ تھا کیونکہ وہ ایک تاریخ ماقبل پر خارج کیا گیا تھا اور حکم جو عدالت نے اس درخواست پر صادر کیا تھا وہ حسب ذیل تھا :- مقدمہ مقدمہ جس کا ذکر اس درخواست میں کیا گیا ہے قبل ازیں خارج

بابو ہر جگ سنگھ بنام ہر شیچند ساہو (پٹنہ)

ہوچکا ہے حسب ذیل حکم دیا جاتا ہے بہ تیہ درخواست شامل مثل ہے اور دستاویز واپس کی جائے"

موجودہ مدعیان اور ایک شخص رام پرشاد ایک ڈگری زر لفقہ مورخہ ۱۲ فروری ۱۸۹۵ء لالجی لال کے خلاف رکھتے تھے اور اس ڈگری کی تعمیل میں مدعیان اور رام پرشاد نے لالجی لال کی ڈگری مورخہ ۱۵ فروری ۱۸۹۶ء جو صادق علیخان کے خلاف تھی قرق کرائی اور ۱۳ اپریل ۱۹۰۰ء کو انھوں نے خود اپنی ڈگری کی تعمیل میں ڈگری مذکور خرید لی - ۱۴ اپریل ۱۹۰۰ء کو مدعیان اور رام پرشاد نے ۱۵ فروری ۱۸۹۶ء کی ڈگری کے مشتریوں کی حیثیت سے ڈگری مذکور کی تعمیل اور اتر کے ایک آنہ (۱) گنڈے (۲) کوڑی اور دیگر جائیدادوں کے نیلام کے لئے درخواست کی - نیلام ۱۵ فروری ۱۹۰۰ء کو منعقد کیا گیا تھا اور مدعیان اتر کے اس ایک آنہ (۱) گنڈے (۲) کوڑی کے خریدار بنے تھے - مدعیان اور رام پرشاد کے مابین ایک خانگی تقسیم کے ذریعہ سے یہ کامل حصہ مدعیان کو عطا کیا گیا تھا -

مدعی علیہا نمبر ۱ و ۲ نے اپنی ڈگری مورخہ ۲۸ اگست ۱۹۰۵ء کی تعمیل کرائی اور اتر کا ایک آنہ (۱) گنڈے (۲) کوڑی حصہ نیلام کرانیکی کوشش کی جو مدعیان نے خریدا تھا اور یہ موجودہ نالش کے رجوع کا باعث ہوا جس میں مدعیان نے اس استقرار کی استدعا کی کہ وہ دستاویز مورخہ ۱۵ اگست ۱۸۸۴ء کے اور ڈگری مورخہ ۲۸ اگست ۱۹۰۵ء کے جو مدعی علیہا نمبر ۱ و ۲ نے حاصل کی تھی پابند نہ تھے اور یہ کہ دستاویز اور ڈگری مذکور انکے مقابل کالعدم تھی - انھوں نے علی سبیل البدل یہ استدعا کی تھی کہ اگر عدالت مدعیان کو دستاویز مورخہ ۱۵ اگست ۱۸۸۴ء کے تحت ذمہ دار تجویز کرے تو یہ قرار دیا جا سکتا ہے کہ مدعیان مدعی علیہم کے خلاف رہن مذکور کے انفکاک کے مستحق تھے اور انھوں نے یہ استدعا کی تھی کہ بہ نظر اس امر کے کہ مدعی علیہا نمبر ۱ و ۲ نے اپنی کفالت نامہ سے مہاراجہ دربھنگہ کے حق میں موضع اتر کا چار آنہ حصہ واگذاشت کیا تھا مدعیان مناسب زر رہن کی ادائی پر موضع مذکور کے ایک آنہ (۱) گنڈے (۲) کوڑی حصہ کے انفکاک کے مستحق تھے

مدعی علیہا نمبر ۱ و ۲ نے ایک جوابدعوی پیش کیا تھا جس میں منجملہ دیگر امور کے یہ بیان کیا گیا تھا کہ ان کو ۲۱ مارچ ۱۸۸۶ء کے رہن کی کوئی اطلاع نہ تھی جو لالجی لال کے حق میں تکمیل کیا گیا تھا - یہ کہ اتر کے چار آنہ حصہ کے متعلق جو انھوں نے مہاراجہ دربھنگہ کے حق میں واگذاشت کیا تھا یہ واقعہ موجود تھا کہ مہاراجہ مذکور اس چار آنہ حصہ کی بابت مرتہن اول تھے - اور یہ کہ مہاراجہ موصوف نے اپنی ڈگری کی تعمیل میں جو رہن پر صادر کی گئی تھی اس چار آنہ حصہ کو خریدا تھا اور اس لئے ان کو خود اپنی ڈگری کی تعمیل میں اس چار آنہ حصہ کے نیلام کا حق نہ تھا - انھوں نے مزید یہ بیان کیا تھا کہ چونکہ وہ مرتہنان مقدم تھے صرف مدعیان کو انفکاک کا حق حاصل تھا -

صفحہ ۱۴۳

فاضل ڈسٹرکٹ جج نے یہ قرار دیا ہے کہ اس وقت جبکہ مدعی علیہم نے اپنے تمسک مورخہ ۱۵ اگست ۱۸۸۴ء کی بنا پر اپنی نالش رجوع کی تھی ان کو رہن نامہ مورخہ ۲۱ مارچ ۱۸۸۶ء کا کوئی علم نہ تھا جو لالجی لال کے حق میں کیا گیا تھا اور یہ کہ ڈگری جو موخر الذکر تمسک کی بنا پر صادر کی گئی تھی مدعیان پر واجب التعمیل تھی اور یہ کہ وہ ایک جائز ڈگری تھی انھوں نے نیز یہ قرار دیا تھا کہ مدعی علیہم کا مدعیان کو اپنی نالش میں شریک نہ کرنیکا اثر یہ تھا کہ مدعیان کا حق انفکاک رہن ہنوز موجود ہے - انھوں نے یہ بھی قرار دیا تھا کہ مدعیان صرف اس کامل رقم کی ادائی پر انفکاک کر سکتے تھے

دادا پرشاد سنگھ
بنام
مہیش پرشاد
(پٹنہ)

بجواب مدعی علیہا نمبر ۲ کی ڈگری کے نسبت واجب الادا ہے اور
انھوں نے ایک ڈگری جاری کی ہے۔

مدعیان نے یہ مرافعہ پیش کیا ہے اور اہم امور جو انکی
جانب سے لائق وکیل نے پیش کئے ہیں وہ یہ ہیں کہ ذیعلم ڈسٹرکٹ
جج نے یہ قرار دینے میں غلطی کی تھی کہ مدعیان پر اس کا ایک
بار ثبوت تھا کہ وہ وجوہ جو انھوں نے بیع کو منسوخ کرانے کی
استدعا کی ہے ثابت کریں اور یہ کہ مدعی علیہا کی ڈگری کے تحت
واجب الادا تھی اور یہ کہ انھوں نے یہ قرار دینے میں مزید غلطی کی
تھی کہ مدعی علیہا نمبر ۲ کو لالجی لال کے رہن کا کوئی علم نہ تھا
میری رائے میں وجوہ جو لائق وکیل نے پیش کی ہیں درست
ہیں اور غالب آنی چاہئیں۔

مدعی علیہا نمبر ۲ کے علم کے متعلق مدعیان نے اس درخواست
کی ایک نقل پیش کی تھی جو مدعی علیہا نمبر ۲ کی جانب سے ۱۳ مئی
سنہ ۱۸۹۲ء کو لالجی لال کے تعمیلی مقدمہ مجولہ میں پیش کی گئی تھی
جو مقدمہ ہذا میں بطور دستاویز نشان ۷ ظاہر کی گئی ہے۔
فاضل جج نے یہ قرار دیا ہے کہ درخواست مناسب طور پر ثابت
نہیں کی گئی ہے اور وجوہ جو انھوں نے بتلائی ہیں وہ یہ ہیں کہ
اس کا اصل حاصل کرنے کی کوشش نہیں کی گئی تھی یہ کہ یہ ظاہر نہیں
کیا گیا ہے کہ درخواست نیک نیتی پر مبنی تھی اور یہ کہ درخواست
میں واقعہ کے متعلق ایک غیر صحیح بیان کیا گیا ہے کیونکہ اس میں یہ
بیان کیا گیا ہے کہ مدعی علیہا نمبر ۲ کا رہن لالجی لال کے رہن کے
بعد کا تھا۔ مدعیان نے ڈسٹرکٹ جج کے روبرو مصدقہ نقل پیش
کی تھی اور ان سے محافظ خانہ سے اس کا اصل طلب کرانے کی استدعا
کی تھی۔ درخواست میں اس مقدمہ کا نمبر درج نہ تھا جس میں وہ
پیش کی گئی تھی اور مدعیان اس مقدمہ تعمیلی کے جس میں وہ پیش کی گئی

تھی فریق نہ تھے ان کا غذات کے متعلق جن سے وہ ہدایت
ہو سکتی تھی مزید تفصیل نہ بتلا سکتے تھے۔ انھوں نے وہ سب کچھ
کیا جو وہ کر سکتے تھے یعنے یہ کہ مصدقہ نقل پیش کی تھی اور عدالت
سے اس کا اصل طلب کرانے کی استدعا کی تھی۔ ذیعلم جج نے
اصل پیش کرنے کا حکم دیا لیکن اس حکم کی تعمیل اس بنا پر نہیں
کی گئی تھی کہ مقدمہ کے تصفیہ کی تاریخ درخواست کی نقل میں
دیتہ نہ تھی اور یہ کہ سنہ ۱۸۹۲ء کی فہرست کے معائنہ سے اس تعمیلی
مقدمہ کا جس میں وہ پیش کی گئی تھی نمبر دریافت نہ ہو سکتا تھا
مدعیان اسکے ذمہ دار نہیں قرار دئے جا سکتے تھے وہ بجز اس
تفصیل کے جو ان کو مصدقہ نقل سے ہدایت ہو سکتی تھی مزید
تفصیل نہ بتلا سکتے تھے اور میری رائے میں مدعیان کے گواہان
نمبر ا نوبی لال داس و نمبر ۳ رام آشرے پرشاد کی شہادت
یہ ثابت کرنے کے لئے کافی ہے کہ اصل درخواست کا پتہ نہ مل سکتا
تھا اور یہ کہ نقل پیش کردہ اس درخواست کی ایک نقل تھی جو مدعی
علیہا نمبر ۲ کی جانب سے پیش کی گئی تھی۔ بلاشبہ درخواست
میں واقعہ کے متعلق ایک غلط بیان کیا گیا تھا کیونکہ اس میں یہ
بیان کیا گیا تھا کہ مدعی علیہا نمبر ۲ کا تمسک لالجی لال کے
تمسک کی تاریخ کے بعد کا تھا لیکن اس سے صرف مدعی علیہا
کے مشیروں کی بے احتیاطی ظاہر ہوتی ہے جو مقدمہ تعمیلی کے
معائنہ سے بہ آسانی یہ معلوم کر سکتے تھے کہ لالجی لال کا تمسک مدعی
علیہا کے تمسک کے بعد کا تھا۔ اس امر سے درخواست کی نیک
نیتی کے متعلق کوئی شک پیدا نہیں ہوتا۔ درحقیقت یہ قرار دینے
کے لئے کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ درخواست نیک نیتی پر مبنی
نہ تھی۔ لالجی لال کی ڈگری کی تعمیل میں دیگر کثیر التعداد جائداد
نیلام کی جانیوالی تھیں اور استدعا جو کی گئی تھی ایک مناسب اور

بابو سرگوپ پرشاد
بنام
ہز ہائنس مہاراجہ [illegible]
(پٹنہ)

حقیقی استدعا کی یعنی یہ کہ وہ جائداد جو مدعی علیہا کے پاس رہن کی گئی تھی دیگر جائیدادوں کے نیلام کے بعد نیلام کی جا سکتی تھی - کوئی دوسرا شخص ایک جھوٹا بیان کرلینے اور اس قسم کی درخواست کرنے میں غرض نہ رکھتا تھا - اس لئے یہ خیال کرنا چاہیئے کہ درخواست مذکور مدعی علیہا کی جانب سے نیک نیتی سے [illegible] کی گئی تھی اور یہ قرار دینا چاہیئے کہ ان کو اس رہن کا علم تھا جو [illegible] لال کے [illegible] کیا گیا تھا لیکن انھوں نے مناسب نہ سمجھا [illegible] جو ان کو کرنی چاہیئے تھی - ان حالات میں یہ نتیجہ ناگزیر ہے کہ [illegible] اسلئے کہ انھوں نے ۲ ستمبر ۱۸۹۶ء کو اپنی نالش رجوع کی تھی ان کو لالجی لال کے رہن کا علم تھا -

لیکن اگر یہ فرض کیا جائے کہ مدعی علیہا کو [illegible] لال کے رہن کا علم نہ تھا تو بھی میں نہیں خیال کرتا کہ ان کی [illegible] پر کوئی اثر پیدا ہوتا ہے - یہ واقعہ باقی رہتا ہے کہ لالجی لال ایک مرتہن موخر تھا اور وہ بطور ایک فریق کے اس نالش کا فریق نہیں بنایا گیا تھا جو مدعی علیہا نے اپنے رہن سابق کے نفاذ کے لئے رجوع کی تھی - نتیجہ یہ ہوا کہ ڈگری جو مدعی علیہا نے اپنے [illegible] کی بناء پر حاصل کی تھی لالجی لال پر واجب التعمیل نہ تھی اور مدعیان کو جو اب لالجی لال کے قائم مقام ہیں ہنوز انفکاک کا حق حاصل ہے -

اسکے بعد جو سوال تصفیہ کے لئے پیدا ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ مدعیان کن شرائط پر انفکاک کے مستحق ہیں - اس سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا مدعی علیہا نمبر ۲ کے لئے انکی نالش نمبر [illegible] بابت ۱۸۹۶ء میں مہاراجہ دربھنگہ کے حق میں اشتہ کا چار آنہ حصہ واگزاشت کرنا جائز تھا - اب حالت یہ ہے کہ ۱۸۷۶ء میں موضع اشتہ کے چار آنہ حصہ کا پہلا رہن بلبھدا ساہو وغیرہ کے حق میں کیا گیا تھا - ۱۸۸۰ء میں اشتہ کے کال (۵) آنہ (۷) گنڈے (۲) کوڑی حصہ کا ایک دوسرا رہن مدعی علیہا نمبر ۲ کے بزرگوں کے حق میں کیا گیا تھا اسکے بعد موضع اشتہ کے ایک آنہ ۱۲ گنڈے (۲) کوڑی حصہ کا ایک تیسرا رہن لالجی لال مدعیان کے پیشرو حقیت کے حق میں کیا گیا تھا - مرتہن اول نے ۹ ستمبر ۱۸۹۸ء کو اپنی ڈگری حاصل کی - مرتہن ثانی نے مرتہن ثالث کو فریق بنائے بغیر ۲ اگست ۱۸۹۶ء کو اپنی ڈگری حاصل کی اور مرتہن ثالث نے ۱۵ فروری ۱۸۸۶ء کو اپنی ڈگری [illegible] بنا بر کرنسی کے [illegible] شہادت پیش نہیں ہوئی کہ مدعی علیہا نمبر ۲ کے رہن کے وقت موضع اشتہ کا چار آنہ حصہ رہن اول کی ڈگری کی تعمیل میں قبل ازیں نیلام کیا گیا تھا اور مہاراجہ دربھنگہ نے اسکو خریدا تھا - ہمیں جو کچھ معلوم ہوتا ہے وہ ہائیکورٹ کلکتہ کے اس فیصلہ کا جو یکم اپریل ۱۹۰۸ء کو اس مقدمہ میں صادر کیا گیا تھا جو ڈگری مورخہ ۲۰ اگست ۱۹۰۵ء کی نارضی سے پیش کیا گیا تھا یہ بیان ہے کہ مہاراجہ دربھنگہ کا نام مثل سے بعد میں خارج کیا گیا تھا کیونکہ یہ تجویز کی گئی تھی کہ وہ اس جائیداد کے جاودہ نامائین کے حق میں رہن کی گئی تھی چار آنہ حصہ کا ایک خریدار تھا -

مدعیان کے خلاف اس امر کی شہادت نہیں ہے کہ مہاراجہ دربھنگہ نے مدعی علیہا کے رہن ثانی کے قبل چار آنہ حصہ پیشتر سے خرید لیا تھا - چونکہ مدعیان مدعی علیہا کی نالش کے فریق نہیں بنائے گئے تھے جو ان کو بنانا چاہیئے تھا بیان مندرجہ فیصلہ ہائیکورٹ محولہ صدر ان کے خلاف بطور شہادت کے استعمال نہیں کیا جا سکتا - چونکہ مدعیان کے خلاف یہ ظاہر نہیں کیا گیا ہے کہ مدعی علیہا اشتہ کا چار آنہ حصہ واگزاشت کرنے میں قانوناً حق بجانب تھے یہ قرار دینا چاہیئے کہ مدعیان مدعی علیہا سے اپنے مواجہ میں یہ ظاہر کرنے کی استدعا کرنے کے مستحق ہیں کہ وہ واگزاشت مطابق قانون اور جائز تھی - مثل سے جہاں تک معلوم ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ مدعی علیہا نے دوسرے رہن کے وقت رہن اول کی بنا پر ایک ڈگری نسل اراضی صادر کی گئی تھی لیکن اس سے رہن کا حق ساقط نہ ہوگا - جیسا کہ ہائیکورٹ کلکتہ کے اجلاس کامل نے

بابو مرلی منوہر پرشاد بنام ہرشیو دیال چودھری (پٹنہ)

مقدمہ بی بی جان بی بی بنام سالگ رام بیوہ (۱) اور عدالت ہذا نے مقدمہ محمد موسیٰ بنام ابوالمعالی بیگ (۲) میں قرار دیا ہے محض کسی رہن کی نالش میں ڈگری صادر ہونے سے حق انفکاک رہن کا ساقط نہیں ہوتا۔ حق انفکاک رہن اسوقت تک قائم رہتا ہے جب تک کہ نیلام منعقد نہ کیا جائے اور زر رہن تقسیم نہ کیا جائے۔ اس لئے بجز اسکے کہ یہ ظاہر کرنے کے لئے کوئی شہادت موجود ہو کہ موضع اتر کا جائداد حصہ مدعی علیہما کی جانب سے ان کی ڈگری رہن کی تعمیل میں نیلام نہ کیا جا سکتا تھا یہ قرار دیا جانا چاہیئے کہ چونکہ مدعی علیہما نے اپنے رہن کی کفالت سے جائداد مرہونہ کا ایک جزو واگذاشت کیا تھا ان پر لازم ہے جو اب مدعیان کے قبضہ میں ہے قرضہ رہن تقسیم کرنا لازم ہے۔ وہ جائداد مرہونہ کا ایک جزو آزاد کرنے قرضہ رہن کا کل بار بقیہ حصہ پر عائد نہیں کر سکتے تاکہ وہ فریقین ثالث پر موثر ہو سکے۔ یہ امر کہ مدعی علیہما نمبر ۱ و ۲ رہن اول کے کل واقعات کا علم نہ رکھتے تھے اور ان کے لئے چار آنہ واگذاشت کیا جانا ضرر نہ تھا اس واقعہ سے ظاہر ہے کہ موجودہ نالش میں انھوں نے اپنے جوابدعوی میں بھی یہ بیان کیا تھا کہ رہن اول مہاراجہ دربھنگہ کے حق میں کیا گیا تھا حالانکہ وہ ایک شخص بلبھدر پرشاد ساہو کے حق میں کیا گیا تھا۔ اس لیے یہ نتیجہ نکلنا چاہیئے کہ مدعیان اتر کے ایک آنہ (۱) گنڈے (۲) کوڑی حصہ کے انفکاک کے اس شرط پر مستحق ہیں کہ وہ اصل زر رہن اور اس شرح سے جو رہن نامہ میں مقرر کی گئی تھی تاریخ رہن سے تاریخ انفکاک رہن تک سود ادا کریں جو اس ایک آنہ (۱) گنڈے دس کوڑی حصہ پر جو انھوں نے خرید کیا تھا مناسب طور پر تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

نتیجہ یہ ہے کہ مرافعہ ہذا منظور کیا جاتا ہے اور یہ قرار دیا جاتا ہے کہ مدعیان موضع اتر کے ایک آنہ (۱) گنڈے دس کوڑی کے حصہ کے انفکاک کے اس شرط پر مستحق ہیں کہ وہ زر اصل تاریخ دستاویز سے تاریخ انفکاک رہن تک شرح مندرجہ دستاویز کے بموجب موضع اتر کے ایک آنہ (۱) گنڈے (۲) کوڑی کی مناسبت سے سود ادا کرینگے۔ بالفاظ دیگر اتر کے ایک آنہ (۱) گنڈے (۲) کوڑی کے انفکاک کے لئے مدعیان پر جو رقم ادا کرنی واجب ہے وہ کامل رقم اصل اور سود بشرح معہودہ تاریخ ادائی سے وہی مناسبت رکھیگی جو ایک آنہ (۱) گنڈے (۲) کوڑی کو (۵) آنہ (۱) گنڈے (۲) کوڑی کے ساتھ ہے عدالت ماتحت کی ڈگری حسبہ ترمیم کی جائیگی۔ مدعیان کو آجکی تاریخ سے چھ مہینے کی مہلت دی جائیگی جسکے اندر ان کو وہ رقم جو واجب الادا قرار دی گئی ہے ادا کرنی چاہیئے اور اگر مدعیان مدت مذکورہ کے اندر انفکاک سے قاصر رہیں تو مدعی علیہما نمبر ۱ و ۲ اتر کا ایک آنہ (۱) گنڈے (۲) کوڑی حصہ مدعیان کی کفالت سے نیلام کرانے کے مستحق ہونگے۔ مدعیان اخراجات مرافعہ ہذا کے خرچہ کے مستحق ہیں۔

جسٹس داس۔ مجھے اتفاق ہے۔ مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۸۱۸ بابت ۱۹۱۹ء منفصلہ ۲۴ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس لی راسگنل و مسٹر جسٹس ہیرسن۔

ہدایت خاں وغیرہ مدعیان مرافعان۔ بنام شاہا مند وغیرہ مدعی علیہم مرافعہ علیہم

قبضہ مخالفانہ۔ شاملات کی تقسیم۔ اراضی جو کسی خاص فصل

(۱) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۴۶ صفحہ ۸۹۳ (۲) انڈین لا رپورٹس پٹنہ جلد ۵ صفحہ ۱۰۸ (نظائر ہند صفحہ ۱۰۶)

تک مشترکہ رکھی گئی ہو اور اس کا اثر۔ قانون مالگزاری اراضی پنجاب ایکٹ ۱۷ بابتہ سنہ ۱۸۸۷ء دفعہ ۱۲۱ –

یہ بالکل ممکن ہے کہ شاملات کی تقسیم کی جائے اور مختلف قطعات کا قبضہ دیا اور لیا جائے اور یہ کہ کوئی باضابطہ دستاویز تقسیم تیار نہ کی جائے جس میں یہ قرار دیا جائیگا کہ چند حصہ داروں کی جانب سے ان کے مختلف قطعات کا قبضہ ایسی تاریخ کو دیا اور لیا گیا تھا جبکہ اراضی مشترکہ باقی نہ رہی تھی اور علیحدہ ہو چکی تھی۔

لیکن جبکہ سررشتہ تقسیم نے اختتام پر کوئی دستاویز تقسیم عہدہ دار مال کی جس نے تقسیم کی تجویز بدایت مرتب کی گئی ہو اور احکام دفعہ ۱۲۱ قانون مالگزاری اراضی پنجاب کی تعمیل میں دستاویز میں یہ صراحت کی گئی ہو کہ تقسیم مذکور آئندہ خریف سے نافذ ہوگی۔

قرار دیا گیا کہ اراضی اس فصل تک مشترکہ رہی تھی اور یہ کہ اگر حصہ داران فصل کے قبل ان قطعات کا قبضہ حاصل کر لیں جو ان کو تقسیم کئے گئے تھے تو بھی تاریخ مذکور تک ان کا قبضہ محض ایسے حصہ داروں کا قبضہ تھا جو مشترکہ جائداد کے حصوں پر علیحدہ قابض تھے اور فصل کے ہونے تک ایک دوسرے کا مخالفانہ قبضہ نہ ہوا تھا۔

خوشے داد بنام عالمگیر پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۰۱ء نمبر ۱۱۶ – لکھیرا بنام مالبھی - انڈین کیسیز جلد ۵ صفحہ ۵۵۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ جج جہنگ مقام سرگودھا مورخہ ۲۲ مئی سنہ ۱۹۱۹ء شعر منسوخی ڈگری صادرہ سینیئر سب آرڈینیٹ جج جہنگ مورخہ ۳۱ جنوری سنہ ۱۹۱۹ء۔

ہدایت خاں بنام شاہ امند (لاہور)

منجانب مرافعان - ڈاکٹر جی سی - نرنگ -

منجانب مرافعہ علیہم - لالہ فقیر چند -

**فیصلہ** - مرافعہ ہذا اور متعلقہ مرافعہ جات میں صرف سوال یہ ہے کہ نالشات اندرون میعاد ہیں - مختصر واقعات یہ ہیں کہ "شاملات" سنہ ۱۸۹۷ء و سنہ ۱۹۰۵ء میں تقسیم کی گئی تھی اور مدعی علیہم کو موجودہ مدعی کی اس بحث کے باوجود کہ مدعی علیہم "شاملات" میں کوئی حصہ نہیں رکھتے تھے حصص تقسیم کئے گئے تھے -

صفحہ ۱۶۶ یہ نالشات ۶ جنوری سنہ ۱۹۱۷ء کو رجوع کی گئی تھیں اور عدالتہائے ماتحت نے یہ قرار دیا ہے کہ مدعی علیہم ۳۱ اگست سنہ ۱۹۰۵ء سے جبکہ تقسیم کی کارروائیات عہدہ دار مال کے روبرو مکمل کی گئی تھیں قبضہ مخالفانہ رکھتے تھے اور یہ کہ نالشات تاریخ مذکور کے زائد از بارہ سال بعد رجوع کی گئی تھیں -

اس امر پر غور کرنا ضروری ہے کہ الفاظ تقسیم کی کارروائیات کی تکمیل سے کیا مراد ہے - ان سے محض یہ مراد ہے کہ کل نزاعات کا جو عہدہ دار مال کے روبرو پیش کی گئی تھیں انکی جانب سے تصفیہ کیا گیا تھا لیکن تاریخ مذکور تک مشترکہ جائیداد میں مشترکہ رہی تھیں - فریقین کو ان مختلف حصص کی نسبت کوئی قیاس بھی پیدا نہیں ہوا تھا جو ان کو کسی تقسیم کی اسکیم کے ذریعہ سے تقسیم کرنا مقصود تھا اور بظاہر اس وقت تک کوئی باضابطہ حکم کبھی صادر نہیں کیا گیا تھا - مرافعہ [illegible] عہدہ دار مذکور کے روبرو کئے گئے تھے اور درخواستہائے نگرانی جو فینانشل کمشنر کے پاس پیش کی گئی تھیں نامنظور ہونے کے بعد عہدہ دار مال نے دستاویز تقسیم مرتب کرنیکا حکم دیا اور یکم دسمبر سنہ ۱۹۰۵ء کو حسب ضابطہ دستاویز تقسیم مرتب کی گئی تھی - اور احکام دفعہ ۱۲۱ قانون مالگزاری اراضی کے بموجب دستاویز مذکور میں یہ صراحت کی گئی تھی کہ

ایت خاں
بنام
شاملات
(لاہور)

تقسیم خزاں ۱۹۰۵ء سے نافذ ہونی چاہیئے۔ بے شک بالکل ممکن ہے کہ تقسیم عمل میں آئے اور مختلف قطعات کا قبضہ دیا اور لیا جائے اور یہ کہ کوئی باضابطہ دستاویز تقسیم مرتب نہ کی جائے جس صورت میں بلاشبہہ یہ قرار دیا جائیگا کہ مختلف حصہ داران کی جانب سے ان کے مختلف حصوں کا دینا اور لینا اس تاریخ کو واقع ہوا جبکہ مشترکہ اراضی شترکہ باقی نہیں رہی تھی اور علیحدہ ہو چکی تھی لیکن مقدمہ موجودہ ایک ایسا مقدمہ نہیں ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ تقسیم کس میں لانیکی کارروائیات خریف ۱۹۰۵ء کے عرصہ دراز کے قبل کی گئی تھیں لیکن کارروائیات مذکور کا بالآخر یہ نتیجہ ہوا کہ وہ دستاویز تقسیم میں ظاہر کی گئی تھیں اور دستاویز مذکور میں یہ صراحت تھی کہ اراضی خریف ۱۹۰۵ء تک مشترکہ رہنی چاہیئے اور صرف اس فصل میں تقسیم ہونی چاہیئے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اگر حصہ داروں نے ان قطعات کا قبضہ حاصل کیا تھا جو ان کو خریف ۱۹۰۵ء کے قبل عطا کئے گئے تھے تو بھی تاریخ مذکور تک ان کا قبضہ محض ایسے حصہ داران شرکاء کا قبضہ تھا جو مشترکہ جائیداد کے حصوں پر علیحدہ قابض تھے۔

ہمارے روبرو مقدمہ خدا داد بنام عالمگیر[1] کا حوالہ دیا گیا ہے لیکن فیصلہ مذکور بالکل مختلف واقعات پر مبنی ہے اور ریمارک جو اس میں کئے گئے ہیں اس سوال سے جو ہمارے روبرو پیش ہے غیر متعلق ہیں۔ مقدمہ ...... بنام ماتہی (۲) کا بھی حوالہ دیا گیا ہے لیکن یہ ظاہر نہیں ہے کہ آیا مقدمہ مذکور میں مدعیان "شاملات" میں کوئی ...... رکھتے تھے۔ اگر وہ شاملات میں کوئی حصہ نہ رکھتے تھے تو اس تقسیم کے ذریعہ سے ان کو ایک ایسا حق حاصل نہ ہوتا تھا جو تقسیم کے قبل موجود نہ تھا۔ اس مقدمہ میں فریقین کو اپنی مشترکہ اراضی کو مختلف اراضیات میں مبدل کرانے کے لئے حکام مال سے مدد لینی پڑی تھی اور تقسیم عہدہ دار مال کے حکم کے بموجب کی گئی تھی۔ حکم مذکور کو عام طور پر پڑھنا چاہیئے اور حکم مذکور کا ایک اہم جزو یہ تھا کہ خریف ۱۹۰۵ء تک اراضی مشترکہ رہنی چاہیئے اور تاریخ مذکور کے بعد ان مختلف حصوں میں تقسیم کیجانی چاہیئے جو فریقین کو دئے گئے تھے۔

ان وجوہ سے ہم مرافعہ ہذا اور متعلقہ مرافعہ جات منظور اور حسب آرڈر ۴۱ رول ۲۳ مقدمات عدالت ابتدائی میں دوبارہ برائے فیصلہ کی غرض سے واپس کرتے ہیں۔

خرچہ نتیجہ پر موقوف ہوگا۔ مرافعہ منظور کیا گیا۔

# ہائیکورٹ بمبئی

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۸۵۷ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۶ ستمبر ۱۹۲۲ء

باجلاس۔ مسٹر للوبھائی شاہ نائٹ منصرم چیف جسٹس و مسٹر جسٹس کرمپ۔

نرسہون اتم سام وغیرہ بنام بابی لکھشال وغیرہ

مدعیان۔ مرافعان۔ مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم۔

قانون رجسٹری دستاویزات ایکٹ ۶ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۔ معاہدہ جسکی رو سے حق شفعہ عطا کیا گیا ہو۔ رجسٹری۔

کسی معاہدہ سے جسکی رو سے کوئی حق شفعہ پیدا ہوتا ہو جائداد غیر منقولہ میں کوئی حق پیدا نہیں ہوتا اور وہ بلا رجسٹری قابل نفاذ ہے۔ کاشی کبنی بنام سومر کبنی۔ انڈین کیسیز جلد ۵ صفحہ ۴۴۳ کی تقلید کی گئی۔ رنگا سامی پاتر بنام چینن آساری۔ انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۴۴ صفحہ ۹۴۴ بر صفحہ ۱۶ سے اختلاف کیا گیا۔

---

(۱) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۳ء نمبر ۱۱۶ (۲) انڈین کیسیز جلد ۵ صفحہ ۵۵۔

(۲۱۷)

مرافعہ ثانی بنا راضی فیصلہ صادرہ اکسٹرا اسسٹنٹ جج احمد آباد بمرافعہ نمبر ۵۴ بابتہ ۱۹۱۹ء بشمول تنسیخ ڈگری صادرہ سب آرڈینیٹ جج بورساڈ بمقدمہ دیوانی نمبر ۳۰ بابتہ ۱۹۱۷ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر آر۔ جے ٹھاکر

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر ایچ وی۔ دیواتیا۔

**فیصلہ۔** واقعات جن سے یہ مرافعہ ثانی پیدا ہوا ہے حسب ذیل ہیں ایک شخص گرجا شنکر نے ۳ ستمبر ۱۹۱۰ء کو اپنی جائداد وں کی بابتہ ایک وصیت نامہ تکمیل کیا اور اس نے وصیت نامہ مذکور کی رو سے موجودہ مدعیوں کو بطور اوصیائے مقرر کیا تھا۔ وہ اکتوبر سنہ ۱۹۱۰ء میں فوت ہوا۔ اسکے بعد سنہ ۱۹۱۲ء میں اس کی بیوہ کی جانب سے موجودہ مدعیوں اور موجودہ مدعی علیہا نمبر ا کے خلاف جو گرجا شنکر کی بہن ہے ایک نالش رجوع کی گئی تھی نالش مذکور میں مصالحت کی گئی تھی مصالحت مذکور کے بموجب مدعیہ وقت یعنے گرجا شنکر کی بیوہ کے حق میں ایک ڈگری صادر کی گئی تھی جس حدتک کہ وہ نالش سے متعلق تھی۔ چونکہ بقیہ معاہدہ نالش سے غیر متعلق تھا وہ ڈگری میں شامل نہیں کیا گیا تھا۔ موجودہ مدعی علیہا نمبر ا نے اپریل سنہ ۱۹۱۷ء میں مدعی علیہ نمبر ۲ کو جائدادہائے متدعویہ بیع کی تھیں۔

اس پر مدعیوں نے ۱۴ ستمبر سنہ ۱۹۱۷ء میں اس معاہدہ کے الفاظ کے لحاظ سے جو دو مکانات متدعویہ کی بابتہ تھے ان کے شفعہ کے حق کی نسبت موجودہ نالش رجوع کی تھی۔

مدعی علیہم نے مختلف جوابدہی کی تھی جس میں سے ایک یہ تھی کہ اس معاہدہ کی رجسٹری لازمی تھی جس کی رو سے مدعیوں نے شفعہ کے حق کا مطالبہ کیا تھا اور چونکہ وہ رجسٹری شدہ نہ تھا وہ ناقابل ادخال شہادت تھا۔

عدالت ابتدائی نے یہ عذر نامنظور کیا اور دیگر امور کی نسبت جنکی صراحت یہاں ضروری نہیں ہے ذیعلم سب آرڈینیٹ جج نے مدعیوں کے موافق فیصلہ کیا اس نے دراصل یہ قرار دیکر ڈگری دی کہ مدعیوں کی جانب سے مدعی علیہ نمبر ۲ کو ادائی کی غرض سے مبلغ ۔۔۔ روپیہ عدالت میں داخل ہونے پر جائیدادیں مدعی کو منتقل کیجائیں۔

مدعی علیہم نے مرافعہ کیا اور مرافعہ میں ذیعلم اسسٹنٹ جج اس نتیجہ پر پہونچے کہ معاہدہ کی رجسٹری ضروری تھی اور انھوں نے حسبہ مدعیوں کا دعوی خارج کر دیا۔ ذیعلم جج نے یہ ریمارک بھی کیا تھا کہ اگر وہ عدالت ابتدائی کی ڈگری منظور کرتے تو بھی ان کے لئے ان تنقیحات پر جو اس ہبہ یا وصیت کے جواز کے متعلق تھیں جو ہمارا یکے متعلق وصیت نامہ میں کیا گیا تھا تجاویز کے لئے مقدمہ واپس کرنا ضروری ہوتا۔

مدعیوں نے عدالت ہذا میں مرافعہ کیا ہے اور اس امر کے متعلق جو رجسٹری کی بابتہ ہے ہمارے روبرو بحث کی گئی ہے مدعیوں کی جانب سے یہ کہا گیا ہے کہ معاہدہ کی رجسٹری ضروری نہیں تھی اور یہ کہ عدالت ابتدائی کی ڈگری درست ہے۔ شفعہ کے متعلق معاہدہ کے الفاظ حسب ذیل ہیں:- "اگر مدعیہ اور مدعی علیہا نمبر ا مکانات واقع سنگا ... بیع کرنا چاہیں تو ان کو چاہیئے کہ وہ ان کو ابتداً بازاری قیمت پر رمنا ... نمبر ۲ تا ۶ کو بیع کریں یعنے یہ کہ "شفیل" کی بابتہ پہلا حق ان کے لئے محفوظ کیا جائے اور جسمیں ان کو اس دستاویز کے ذریعہ سے "شفیل" کی بابتہ ایک حق دیا گیا ہے"۔ مدعیہ اور مدعی علیہا نمبر ا جن کا موجودہ میں ذکر کیا گیا ہے گرجا شنکر کی بیوہ اور بہن ہیں۔ عدالت ماتحت مرافعہ نے اپنی رائے کی تائید میں فیصلہ بمقدمہ کاشی کینی بنام سوکر نند (۱) پر استدلال کیا ہے اور یہاں سے روبرو مرافعہ علیہم کی جانب سے اسی فیصلہ پر استدلال کیا گیا ہے۔ مرافعان کی جانب سے اس بحث کی تائید میں کہ معاہدہ کی رجسٹری ضروری نہیں ہے ریمارک مندرجہ بنام ساہی ... بنام ... اساری (۲) پر استدلال کیا گیا ہے۔

(۱) ... صفحہ ... (۲) ...

نظائر لسقطع نظر ہم خیال کرتے ہیں کہ یہ معاہدہ فریقین
کے مابین ایک ایسا معاہدہ ہے جس کو موجودہ مدعیان نافذ کرا سکتے
تھے اور یہ کہ اس سے جائیداد غیر منقولہ میں کوئی حق پیدا نہیں ہوتا
(۲) اس معاہدہ سے جو جائداد غیر منقولہ کی بیع کے نسبت کیا گیا ہو
کوئی زیادہ اہمیت نہیں رکھتا۔ بلحاظ الفاظ اور نتیجہ کے
(۳) اس صورت میں جبکہ بیوہ یا ... ... بیع کرنا چاہیں تو اگر
... مصالحت کے تحت حاصل ہوئے تھے بعض چند اشخاص کو بیع کرنے کی
نسبت ایک معاہدہ ہے۔ بہرصورت جب شفعہ کا موقع پیدا ہو
وہ بطور ایک معاہدہ کے نافذ لیا جائیگا۔ اور موجودہ مالشن میں
... یان مالک (مدعی علیہا نمبر ۱) اور اسکے مشتری (مدعی علیہ نمبر ۲)
کے خلاف معاہدہ مذکورہ نافذ کرانا چاہتے ہیں۔

مقدمہ ... ... (۳) میں جس کا
ہم نے حوالہ دیا ہے جسٹس بہاشیم ... نے حسب ذیل خیال ظاہر کیا ہے
"اُن صورتوں میں جن میں شفعہ کا حق کسی معاہدہ سے پیدا
ہوتا ہو وہ محض ایسے معاہدہ پر مبنی ہوتا ہے جو اراضی سے متعلق
نہیں ہوتا چونکہ وہ اس معاہدہ کی جو جائیداد غیر منقولہ کی بیع
کے متعلق کیا جائے محض ایک قسم ہوتا ہے شفعہ کا معاہدہ
جائداد غیر منقولہ کی بیع کے معاہدہ سے بلحاظ نوعیت کا نہیں ہوتا
اور اس سے فی نفسہ جائیداد غیر منقولہ میں جسکی نسبت شفعہ کا حق
پیش کیا جائے کوئی حق پیدا نہیں ہوتا یا اس سے اس پر کوئی
مواخذہ عائد نہیں ہوتا۔ ملاحظہ ہو۔ دفعہ ۵۴ قانون انتقال
جائیداد۔ تاوقتیکہ فریقین کے فعل یا عدالت کی ڈگری کے ذریعہ
سے معاہدہ کی تعمیل مختتم نہ کی جائے۔ شفیع کو جائداد مذکور کی
نسبت کوئی حیثیت یا حق حاصل نہیں ہوتا صرف جس سے اراضی
کا حق ذاتی کالک ... ہو سکے اگرچہ اسکو جائیداد کی منتقلی

... مستدعا آزینکا حق حاصل ہو گا"

یہ خیال بظاہر فیصلہ مقدمہ کاشی کمپنی بنام سوہر کمپنی
(۱) کے متناقض ہے۔ ہم نے اس مقدمہ کی وجہ فیصلہ پر غور کیا
ہے اور بنا بریں عظمت کے ساتھ ہم اس رائے سے اتفاق نہیں
کر سکتے جو فیصلہ مذکور میں قائم کی گئی تھی کہ کسی ایسے معاہدہ کی
جیسا کہ ہمارے روبرو پیش ہے رجسٹری لازمی ہے۔ مقدمہ موجودہ
میں ہمیں اس امر سے کوئی تعلق نہیں ہے کہ آیا مصالحت کی جس
حد تک کہ جائداد غیر منقولہ کی نسبت مختلف فریقین کی حقیت
سے متعلق تھی اور جس حد تک کہ وہ ڈگری میں شامل نہیں کی گئی
ہے رجسٹری لازمی تھی یا نہیں۔ ہمیں صرف اس امر سے تعلق
ہے کہ آیا اس خاص معاہدہ کا جو حق شفعہ کی بابت تھا رجسٹری
لازمی تھی۔ اس امر کی نسبت جیسا کہ ہم نے قبل ازیں ظاہر کیا ہے
معاہدہ غیر رجسٹری شدہ ثابت کیا جا سکتا تھا اور معاملہ کے متعلق
اس خیال کے مدنظر اس میں کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ موجودہ
مدعیان اس ڈگری کے مستحق ہیں جو عدالت ابتدائی نے ان کے
حق میں صادر کی تھی۔

ہم یہ امر واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ہمیں عدالت ماتحت
مرافعہ سے اس امر میں اتفاق ہے کہ جائداد میں جنکی نسبت
شفعہ کا حق پیش کیا جائے صرف ایسی جائدادیں ہونی چاہئیں
جو دستاویز نشان ... کے ذریعہ سے بیع کی گئی ہیں اور یہ کہ موجودہ
مدعیان کو صرف گرجا شنکر کے وصیت نامہ کے امنا اور اوصیا
کی حیثیت سے حاصل کرنا چاہیئے پس ان پر ہدایات مندرجہ
وصیت نامہ کی پابندی لازم ہو گی۔ اس امر کا اضافہ کرنا بمشکل
ضروری ہے کیونکہ ہر صورت میں موجودہ مدعیوں پر اس صورت
میں جبکہ وہ جائیداد متدعویہ حاصل کریں جائداد مذکور کی

بابت وصیت نامہ کے تحت بحیثیت اوصیاء ان کی ذمہ داریوں کی تکمیل لازم ہے۔

ایک دوسرا امر موجود ہے جسکے متعلق ہم کچھ اضافہ کر سکتے ہیں۔ عدالت ماتحت مرافعہ نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ نالش ہذا میں اس امر کا تصفیہ کرنے کے لئے کہ آیا چند ہبہ بالوصیتیں بعین اور مبہم ہونیکی وجہ سے کالعدم نہ تھے وا پسی ضروری تھی وہ ایک ایسا امر ہے جو موجودہ نالش میں پیدا نہیں ہوتا۔ وہ نالش سے کلیتاً خارج ہے اور یہ سوال کہ آیا کوئی جائداد جو اوصیا کے قبضہ میں ہو۔ بہ ہدایت مندرجہ وصیت نامہ استعمال کی جانی چاہیئے یا یہ کہ جائیداد مذکور کے کسی جز کی بابت کوئی وصیت نہیں کی گئی ہے ایک ایسا سوال ہے جس پر اس نالش میں کسی طرح غور نہیں کیا جا سکتا۔

اس لئے نتیجہ یہ ہے کہ ہم مرافعہ منظور عدالت ماتحت مرافعہ کی ڈگری منسوخ اور عدالت ابتدائی کی ڈگری معہ خرچہ یہاں اور عدالت ماتحت مرافعہ کے خرچہ کے جو مدعی علیہم پر عائد کیا جائیگا بحال کرتے ہیں۔ مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۵۹ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۲ مئی سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس کیمبل۔

ناظر وغیرہ۔ مدعی علیہم۔ مرافعان۔ **بنام** مسماۃ پارس۔ مدعیہ۔ جلال وغیرہ۔ مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم

قانون معاہدہ ایکٹ ۹ بابتہ سنہ ۱۸۷۲ء دفعہ ۲۳۔ مصلحت عامہ۔ جب کسی جرم ناقابل راضی نامہ کی نسبت استغاثہ سے باز رہنے کے لئے ادا کیا گیا ہو آیا قابل بازیافت ہے۔

جب کسی جرم ناقابل راضی نامہ میں مصالحت کی جائے تو مستغیث دیوانی نالش کے ذریعہ سے کسی ایسی رقم کو وصول نہیں کر سکتا جس کی ادائی کا ملزم نے اقرار کیا ہو کیونکہ ایسا معاہدہ مصلحت عامہ کے خلاف ہونے کی وجہ سے کالعدم ہے۔

شاہ دحمان بنام اسمٰعیل خان۔ پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۱۱ء نمبر ۲۸۔ غلام محی الدین بنام ویلوکی نندر۔ انڈین کیسیز جلد ۲۲ صفحہ ۳۹۳۔ حبیب الزمان بنام مقتشبد حسین۔ انڈین کیسیز جلد ۵ صفحہ ۹۲۵ پر استدلال کیا گیا۔

جب کسی سرقہ کے مقدمہ کی تفتیش کے دوران میں کوئی پنچایت منعقد کی گئی ہو اور ایسا اشخاص جن پر سرقہ کا شبہ ہو مستغیث کو کچھ رقم ادا کرنے پر رضامند ہوئے ہوں جس کی بناء پر تفتیش ملتوی کی گئی ہو۔

قرار دیا گیا کہ ان اشخاص کی جانب سے جن پر شبہ کیا گیا مستغیث کو رقم ادا کرنیکا معاہدہ کالعدم تھا کیونکہ وہ مصلحت عامہ کے خلاف تھا اور اس لئے مستغیث رقم حاصل نہیں کر سکتا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج کرنال مورخہ ۱۶ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء۔ مشعر بحالی ڈگری مصدرہ اعزازی منصف درجہ اول کرنال مورخہ ۸ دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر شمیر چند ساگر چند

منجانب مرافعہ علیہم۔ لالہ جگناتھ۔

**فیصلہ**۔ مقدمہ ہذا کے واقعات حسب ذیل ہیں:۔

۲۸ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء کو ایک شخص رحیم بخش نے تھانہ میں یہ اطلاع دی کہ اسکے رشتہ دار مسماۃ پارس کی تین بھینسیں سرقہ کی گئی تھیں ۱۸ ستمبر سنہ ۱۹۲۰ء کو مسماۃ پارس نے اس امر کے متعلق

ناظر بنام مسماۃ پارس لاہور

صفحہ ۹

ایک استغاثہ سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس روانہ کیا جس میں اس نے سات اشخاص کے نام بطور سارقین کے بتلائے تھے ۹ ماہ اکتوبر ۱۹۲۰ء کو اس نے دوسرا ایک استغاثہ عدالت میں پیش کیا استغاثہ ابتدائی تحقیقات کے لئے ذیلدار کے پاس روانہ کیا گیا اور اس نے یہ رپورٹ دی کہ وہ صحیح تھا۔ اسکے بعد وہ پولیس کے پاس روانہ کیا گیا جس نے مدعا علیہم کو ایک قطعی رپورٹ پیش کی جس کی بنا پر مقدمہ کے متعلق یہ متصور رہا تھا کہ اس کا سراغ نہیں لگا تھا۔ ۔ ۔ اپریل ۱۹۲۱ء کو سماۃ پارس نے اس استغاثہ کی تجدید کی تھی جو عدالت کے روبرو پیش کیا گیا تھا اور وہ یہ معلوم کرنا چاہتی تھی کہ اسکے سابقہ استغاثہ کا کیا نتیجہ ہوا۔ مجسٹریٹ نے پولیس کی تفتیش پر غور کرنے کے بعد ۲ مئی ۱۹۲۱ء کو حسب دفعہ ۲۰۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری اس آخری استغاثہ کو خارج کر دیا۔

۱۹ اگست ۱۹۲۱ء کو سماۃ پارس نے (۱۱) اشخاص کے خلاف ایک نالش رجوع کی جسمیں حسب ذیل بیانات لئے گئے تھے :-

ایک سال قبل مدعی علیہم نمبر ا تا ۷ نے مدعیہ کی تین بھینسیں سرقہ کی تھیں۔ مدعیہ نے ایک استغاثہ پیش کیا تھا جو مجسٹریٹ نے ذیلدار کے پاس روانہ کیا تھا۔ ذیلدار نے تفتیش کے بعد یہ رپورٹ کی تھی کہ استغاثہ صحیح تھا۔ مجسٹریٹ نے سب انسپکٹر کو مدعی علیہم نمبر ا تا ۷ کو چالان کرنیکا حکم دیا تھا۔ اس پر مدعی علیہم نمبر ا تا ۷ نے سب انسپکٹر کے خوف سے ایک پنچایت منعقد کی اور پنچایت کے روبرو مدعیہ کو مبلغ ... بطور بھینسوں کی قیمت کے ادا کرنیکا وعدہ کیا تھا۔ مدعی علیہم نمبر ۸ تا ۱۰ اس ادائی کے ضامن ہوئے تھے اس اقرار کی بنا پر ایک مصالحت کی گئی تھی اور اس مصالحت کی وجہ سے مدعیہ کا استغاثہ خارج کیا گیا تھا۔

عدالت ابتدائی نے یہ تجویز کی کہ منجملہ (۱۰) مدعی علیہم کے (۶) مدعی علیہم ذمہ دار تھے تین بطور اصل کے اور تین بطور ضامنوں کے۔ یہ قرار دیا گیا تھا کہ مدعیہ کے بھینسوں کے سرقہ کے بعد ایک پنچایت منعقد کی گئی تھی جس میں تین اصل مدعی علیہم نے جانوروں کی قیمت ادا کرنیکا وعدہ کیا تھا اور دیگر تین مدعی علیہم ضامن ہونے پر رضامند ہوئے تھے یہ کہ مقدمہ پنچایت کی جانب سے تصفیہ کئے جانے کی وجہ سے چالان نہیں کیا گیا تھا اور یہ کہ مدعی علیہم مدعیہ کے ساتھ اپنے وعدہ کی تکمیل کے ذمہ دار تھے۔ مدعیہ کے حق میں مبلغ ... کی بابتہ ایک ڈگری صادر کی گئی تھی۔

مدعی علیہم نے ڈسٹرکٹ جج کے پاس مرافعہ کیا۔ انھوں نے رودادی تجویز پر اعتراض کیا نیز یہ عذر کیا کہ معاہدہ ناقابل نفاذ تھا کیونکہ وہ مصلحت عامہ کے خلاف تھا بدل کسی جرم ناقابل راضی نامہ میں استغاثہ سے باز رہنے کی بابتہ تھا۔

دوسرے عذر کے متعلق فاضل ڈسٹرکٹ جج نے یہ قرار دیا کہ یہ امر واضح نہ تھا کہ مدعی علیہم کے وعدہ سے کوئی استغاثہ باز رکھا گیا تھا اور یہ کہ مصلحت عامہ کے نقطہ نظر سے بجائے اسکے کہ سارقین کلیتاً محفوظ رہیں یہ زیادہ مناسب تھا کہ ان کو مال مسروقہ کی قیمت ادا کرنے پر مجبور کیا جائے۔ رودادی پر انھوں نے عدالت ماتحت کے ساتھ اتفاق کیا اور اس شہادت کو صحیح باور کیا کہ پنچایت نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ تین اصل مدعی علیہم کو اپنی بے جرمی کے متعلق حلف لینا چاہیئے یا فی بھینس مبلغ ... کے حساب سے بھینسوں کی قیمت ادا کرنا چاہیئے۔ انھوں نے یہ بھی تجویز کی کہ پنچایت تقریباً نومبر ۱۹۲۰ء میں منعقد ہوئی تھی۔

ناظر
بنام
مسماۃ پارتا
دلا...

مدعی علیہم کی جانب سے مرافعہ ثانی میں یہ کہا گیا ہے کہ بمبینہ معاہدہ حسب دفعہ ۲۳ قانون معاہدہ ہند کالعدم تھا اور یہ بتلایا گیا ہے کہ دفعہ مذکورہ کی رو سے نہ صرف ہر ایسا معاہدہ کالعدم ہوتا ہے جس کا بدل ناجائز ہو بلکہ ہر ایسا معاہدہ بھی کالعدم ہوتا ہے جس کی غرض ناجائز ہو یہ کہا گیا ہے کہ اس معاہدہ کی جس سے نالش متعلق ہے صاف غرض یہ تھی کہ پولیس کی تفتیش کو ختم کر کے مدعی علیہم کے خلاف مقدمہ موقوف کیا جائے۔

مدعیہ مرافعہ علیہا کی جانب سے یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ ہندوستان میں کوئی مستغیث جس کی جائیداد کسی مجرمانہ فعل کی وجہ سے گم ہو گئی ہو کسی فوجداری کارروائیات کے علاوہ اپنا دیوانی چارہ کار استعمال کر سکتا ہے بشرطیکہ استغاثہ دائر نہ کرنیکی بابتہ کوئی معاہدہ نہ ہوا ہو اور یہ کہ مدعیہ نے جو کچھ کہا تھا وہ یہ تھا کہ اس نے فوجداری کارروائیات سے باز رہنے کے متعلق کوئی معاہدہ کئے بغیر پنچایت کے روبرو اپنا دیوانی چارہ کار استعمال کیا تھا۔ ذیعلم ڈسٹرکٹ جج کی اس رائے کی تائید کرنیکی کوشش نہیں کی گئی ہے کہ یہ امر مصلحت عامہ کی اغراض کے لئے ضروری ہے کہ بجائے اسکے کہ سارقین کلیتاً محفوظ رہیں ان کو مال مسروقہ کی قیمت ادا کرنے پر مجبور کیا جائے۔ اس سلسلہ میں یہ یاد رکھنا چاہئیے کہ یہ امر کہ آیا موجودہ مدعی علیہم فی الواقع سارقین تھے تنقیح طلب نہ تھا اور بحز ریمارک محولہ صدر کے ذیعلم ڈسٹرکٹ جج کی کوئی صریح تجویز اس امر کی نسبت موجود نہیں ہے کہ وہ سارقین تھے۔ قانون صاف ہے کہ جب کوئی جرم ناقابل راضی نامہ ہو لیکن اس میں مصالحت کیجائے تو مدعی دیوانی نالش کے ذریعہ سے کوئی شئے وصول نہیں کر سکتا جس کی ادائی کا ملزم نے اقرار کیا ہو۔ مثلاً شاہ رحمان بنام اسمعیل خان (۱)، غلام محی الدین بنام دیو کی نندن (۲) و بنجیب الرحمان بنام مقتشید حسین (۳)۔

مقدمہ موجودہ میں بہ ضمنی دعوے جس کا اقتباس اوپر درج کیا گیا ہے یہ بالکل ظاہر ہے کہ وہ معاہدہ جو اس میں بیان کیا گیا ہے فوجداری مقدمہ سے باز رہنے کی غرض سے کیا گیا تھا اور مدعیہ کو اپنے پلیڈنگ کا پابند ہونا چاہئیے۔ مسلمہ طور پر معاہدہ کسی فوجداری استغاثہ کے دوران میں کیا گیا تھا جو مدعیہ نے مدعی علیہم ناظر اور دیگر اشخاص کے خلاف پیش کیا تھا وہ ایک ایسی صورت تھی جس میں مدعیہ کچھ عرصہ کے لئے اپنے فوجداری چارہ کار سے دست بردار ہو گئی تھی اور اس نے اپنا دیوانی چارہ کار استعمال کیا تھا۔ یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ معاہدہ ایک پنچایت کے روبرو کیا گیا تھا۔ اگر مدعیہ محض ایک دیوانی چارہ کار استعمال کر رہی تھی تو پنچایت منعقد کرنیکی کیا وجہ تھی؟ یہ ثابت کیا گیا ہے کہ پنچایت بطور پولیس کی تفتیش کے جزو کے منعقد کی گئی تھی اور یہ مسلمہ شہادت ہے کہ تین اصل مدعی علیہم ناظر داؤ سوا اور رحمت کو یہ حلف لینے کا کہ وہ بیگناہ تھے یا مدعیہ کو مسروقہ جائداد کی قیمت ادا کرنیکا حکم دیا گیا تھا بلا کسی شبہہ کے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس سمجھوتہ کی غرض کیا تھی۔

میں یہ قرار دیتا ہوں کہ حسب منشائے دفعہ ۲۳ معاہدہ کالعدم تھا اور یہ کہ اس وجہ سے مدعیہ کا دعوی خارج ہونا چاہئیے تھا۔ میں مرافعہ منظور کر کے عدالتہائے تحت کی ڈگریات منسوخ اور نالش خارج کرتا ہوں لیکن فریقین کو خود اپنا کل خرچہ برداشت کرنیکا حکم دیتا ہوں۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ مدراس

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمات ۲، ۱۳۱۷، ۱۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

(۱) سنہ ۱۸۸۸ء پنجاب ریکارڈ نمبر ۸۲ (۲) انڈین لا رپورٹس جلد ۳ صفحہ ۲۹۳ -
(۳) انڈین کیسیز جلد ۱ صفحہ ۲۵۹ -

گولکنڈہ راما چندرولو
بنام
پیگنتی نیکٹا نرسمہا
(۱۷ اپریل)

باجلاس مسٹر جسٹس اولڈفیلڈ و مسٹر جسٹس سیشاگیری ایار

گولکنڈہ راما چندرولو و غیرہ بنام اپیگنتی وینکٹا نرسمہا راؤگارو وغیرہ
سائلان۔ مرافعان۔ مافعان علیہم مرافعہ علیہم

زمیندار و آسامی۔ آسامی کی ناجائز بیدخلی۔ نالش لگان کا اخراج۔ نالش مابعد جو آسامی کی جانب سے قبضہ اور واصلات کے لئے رجوع کی گئی ہو۔ لگان کی بابت منہائی کا مطالبہ کرنیکی بابت زمیندار کا حق۔

کسی نالش میں جو کسی آسامی نے زمیندار کے خلاف ناجائز بیدخلی کی بابت رجوع کی ہو اس واصلات کو شمار کرتے وقت جو اس کو دے جانے چاہئیں زمیندار ایسے واصلات سے اس لگان کو منہا کرنیکا مستحق ہے جو اس کو مدت بیدخلی کی بابت واجب الادا ہو باوجودیکہ کوئی نالش جو اس نے عدالت مال میں لگان کی بابت رجوع کی ہو اس بنا پر خارج کی گئی ہو کہ فریقین کے مابین زمیندار اور آسامی کا تعلق موجود نہ تھا۔

مرافعہ جات بنار ضی حکم مصدرہ عدالت سبگانی سب آرڈینیٹ جج ایلور مورخہ ۱۳ مارچ سنہ ۱۹۲۰ء بمقدمات مرافعہ نمبر ۳۲ و ۳۳ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء (مقدمات مرافعہ نمبر ۳۲۷ و ۳۲۸ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء سب کورٹ ایلور) جو علی الترتیب حکم مصدرہ عدالت ڈسٹرکٹ منصف ایلور مورخہ یکم اگست سنہ ۱۹۱۹ء بر درخواست متفرق دیوانی علی الترتیب نمبر ۱۰۴۳ بابتہ سنہ ۱۹۱۸ء و ۳۴۰۲ بابتہ سنہ ۱۹۱۸ء بر نالشات ابتدائی علی الترتیب نمبر ۹۶۵ و ۹۶۶ بابتہ سنہ ۱۹۱۳ء کی بنار ضی سے پیش کئے گئے تھے۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر پی۔ نارائنا مورتی۔
منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر وی راما داس۔

**فیصلہ**۔ وہ امر جس پر مرافعہ میں بحث کی گئی ہے ایسا ہے جس پر (دسمبر ۶)

عدالت ماتحت مرافعہ نے لطور تنقیح کے امر کی بحث کی ہے یعنی یہ کہ (یا) اس مدت کی بابت جبکہ سائلان اراضی سے بیدخل تھے اس واصلات کو جو ان کو دئے گئے تھے شمار کرتے وقت وہ لگان جو مرافعہ علیہم زمینداران کو واجب الادا تھا منہا ہونا چاہئیے۔ ہم ان وجوہ سے متفق ہیں جو عدالت ماتحت مرافعہ نے سائلوں کے خلاف نتیجہ قائم کرنے کے متعلق بتلائے ہیں اور ہمارے لئے صرف اس امر کا ذکر کرنا ضروری ہے جس پر فیصلہ زیر مرافعہ میں بحث کی گئی تھی کہ ان کا رروائیات میں ڈسٹرکٹ منصف کے فیصلہ کے بعد مرافعہ علیہم نے بحیثیت زمینداروں کے حسب قانون متعلقہ اراضی مدراس لگان کی نالش رجوع کی تھی اور انکی نالش خارج کی گئی تھی۔ یہ کہا گیا ہے کہ یہ امر اس واصلات میں سے جو انکی جانب سے سائلوں کو واجب الادا ہے لگان منہا کرنیکے متعلق انکے دعوی کے خلاف قطعی ہے ہم اس سے اتفاق نہیں ہے۔ عدالت مال میں نالش ایک ایسے بیان پر بنی تھی جو صاف طور پر ناقابل پذیرائی تھا کہ مدت زیر بحث میں فریقین کے مابین زمیندار اور آسامی کا تعلق موجود تھا۔ نالش کا اس بنا پر ناکام رہنا کہ یہ تعلق اس طور پر موجود نہ تھا ہرجہ کی رقم واجب الادا کی نسبت کسی فیصلہ پر موثر نہیں ہو سکتا کیونکہ فیصلہ مذکور کی مناسب بنا وہ واصلات کی رقم تھی جو اس صورت میں وصول کی جاتی جبکہ بحیثیت رعایا کے ویلیکار جو ادائی لگان کی ذمہ دار تھی اپنی حقیت کی بنا پر سائلان اراضی سے منتفع ہوتے۔ یہ ظاہر نہیں کیا گیا ہے کہ عدالت مال میں نالش بنا رجوع کرنیکی نسبت مرافعہ علیہم کے عمل سے کوئی مانع تقریر مخاصمت کس طرح پیدا ہوا ہے یا وہ اور طور پر اپنا موجودہ دعوی پیش کرنے سے کس طرح باز رکھے گئے ہیں۔ حالات مذکورہ

بالا میں مرافعہ جو حکم مرافعہ کی ناراضی سے پیش کیا گیا ہے ناکام رہتا اور معہ خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔

فیصلہ ہذا مرافعہ بنا راضی حکم مرافعہ نمبر ۳۷۱ بابت سنہ ۱۹۲۳ء سے بھی متعلق ہے جو اسی طور پر معہ خرچہ کے خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ تحت فرمان شاہی

نمبر مقدمہ ۱۴ بابت سنہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس - سر شادی لال نائٹ چیف جسٹس و مسٹر جسٹس فورڈ۔

بنارسی داس - **بنام** رمضان و یکس دیگر۔

ڈگریدار - مرافع مدیونان ڈگری - مرافعہ علیہما۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابت سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۴۸ آرڈر ۲۰ رول ۱۱ - قانون میعاد سماعت ایکٹ ۹ بابت سنہ ۱۹۰۸ء ضمیمہ اول ۱۸۲ ۱۷۵ - ڈگری کی تعمیل - مصالحت - معاہدہ جو اقساط کے ذریعہ سے ادائی کرنیکی بابت کیا گیا ہو اور اس کا اثر - میعاد سماعت۔

جب کسی ڈگری کے معاون فریق کسی ایسے حکم کے صادر کئے جانے پر رضامند ہوں جس میں اقساط کے ذریعہ سے ڈگری کی ادائی کی ہدایت ہو اور اس پر عمل کریں تو وہ بعد میں یہ بحث نہیں کر سکتے کہ حکم نا مناسب تھا۔ اکبر خان بنام دینا ناتھ پنجاب ریکارڈ بابت سنہ ۱۸۸۹ء نمبر ۲۰ کی تعلیہ کی گئی۔ نانک چند بنام اننت رام پنجاب ریکارڈ بابت سنہ ۱۹۱۲ء نمبر ۹۶ کا حوالہ دیا گیا۔ ایک ڈگری کی تعمیل میں فریقین اس پر رضامند ہو گئے کہ ڈگری کی رقم چند اقساط کے ذریعہ سے ادا کی جائے۔ عدالت نے اس سمجھوتہ کو قبول کیا تھا اور تعمیل درخواست جو اس وقت زیر تصفیہ تھی خارج کر دی تھی چند اقساط ادا کی گئیں لیکن بیرون کی ادائی میں قصور ہونے پر ڈگریدار نے تکرر تعمیل کی درخواست کی۔ قرار دیا گیا کہ حکم جو عدالت نے اقساط کے ذریعہ سے زر ڈگری ادا کرنے کے متعلق فریقین کے معاہدہ پر صادر کیا تھا در اصل ایک حکم تحت رول ۱۱ آرڈر ۲۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی تھا اور فقرہ (۲) دفعہ ۴۸ مجموعہ مذکور کے تحت آتا ہے اور اس لئے اس سے میعاد مندرجہ فقرہ (۱) دفعہ مذکور میں توسیع ہوتی ہے۔

بنارسی داس بنام رمضان (لاہور)

مرافعہ تحت فرمان شاہی بنا راضی حکم مصدرہ مسٹر جسٹس براڈوے بمرافعہ دیوانی نمبر ۳۲۰ بابت سنہ ۱۹۲۲ء مورخہ ۱۶ مئی سنہ ۱۹۲۲ء مطبوعہ انڈین کیسیز جلد ۷۲ صفحہ ۷۷۴ شعر سجالی حکم مصدرہ ڈسٹرکٹ جج فیروزپور مورخہ ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافع - لالہ فقیر چند۔

منجانب مرافعہ علیہم - مسٹر بی - ڈی - قریشی۔

**فیصلہ** - مرافعہ ہذا ایک کارروائی سے پیدا ہوتا ہے جو ایک ڈگری زرنقد کی تعمیل میں کی گئی تھی اور اصل سوال تصفیہ طلب یہ ہے کہ آیا درخواست جو ڈگریدار نے ۱۰ فروری سنہ ۱۹۱۹ء کو پیش کی تھی میعاد سماعت کے اس قاعدہ کی بنا پر ممنوع السماعت تھی جو دفعہ ۴۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں موجود تھا۔ واقعات جو میعاد سماعت کے سوال سے متعلق ہیں حسب ذیل ہیں:- ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۰۶ء کو مرافع نے مبلغ ۱۴۶۴ روپیہ اور خرچہ کی بابت مرافعہ علیہم کے خلاف ایک ڈگری حاصل کی تھی - ۷ اگست سنہ ۱۹۰۹ء کو ڈگریدار نے اپنی ڈگری کی تعمیل کرائی اور عدالت سے مدیون ڈگری کی چند اراضیات کی قرقی اور نیلام کی درخواست کی مؤخر الذکر کے نام معمولی نوٹس جاری کیا گیا تھا اور ۲۸ اگست کو اس نے ڈگریدار کے ساتھ ایک سمجھوتہ کرنیکے لئے مہلت طلب کی - ۸ نومبر سنہ ۱۹۰۹ء کو ایک درخواست جس میں اس مصالحت کی جو فریقین کے مابین ہو گئی تھی شرائط درج تھیں عدالت میں پیش کی گئی تھی - اس مصالحت کے بموجب یہ طے ہوا تھا کہ زر ڈگری ششماہی ہر تین قسط مبلغ ... کے حساب سے اقساط کے ذریعہ سے ادا کیا جائے اور

صفحہ ۶۷۲

مسماۃ ... بنام ... سلطان (لاہور)

چار سال میں اقساط کی صورت میں ادا کی جائیگی ... تو ڈگری دار فوراً کامل رقم کی بازیابی کا مستحق ہوگا۔ بعد میں عدالت نے جسکے روبرو درخواست مذکور پیش کی گئی تھی معاہدات کی شرائط کی تفصیل تو نہ دی دونوں فریق کے بیانات قلمبند کئے اور اسکے بعد ایک حکم صادر کیا جس کی رو سے مصالحت کے موجب مقدمہ راضی نامہ کیا گیا تھا اور ڈگری دار کو حدید معاہدہ کے موجب اجرا کا حکم دیا گیا تھا۔

معلوم ہوتا ہے کہ اسکے بعد فریقین نے اس مصالحت کے موجب عمل کیا تھا۔ ... ڈگری ... کی ... کی کوئی صورت ... کی گئی تھی ... اور ... نہیں کیا گیا تھا ... فیصلہ ... کو ڈگری دار نے ... موجودہ درخواست پیش کی۔

دفعہ ۴۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں یہ صراحت ہے کہ جب کسی ڈگری کی اجرا کی درخواست کی جائے تو اسکے بعد کوئی حکم بنسبت اجرا اس ڈگری کے کسی جدید درخواست پر صادر نہیں کیا جائیگا بعد گذرنے بارہ سال کے تاریخ بالے منصفانہ ذیل سے گنی جائے یعنے (الف) تاریخ ڈگری سے جسکی اجرا مطلوب ہو یا (ب) اگر ڈگری یا حکم مابعد میں یہ حکم ہو کہ زر ادا ہو یا کوئی شے حوالہ کی جائے تو تاریخ ہائے آئندہ تاریخہائے معینہ پر ادا کی جائے یا فلاں مال حوالہ کیا جائے تو وقت کے نہ ادا اور حوالہ نہ ہونے کی تاریخ سے جسکی بابت سائل وہ ڈگری جاری کرانا چاہتا ہو۔ اس میں کوئی شک نہیں ہوسکتا کہ اگر ڈگری کی تاریخ تاریخ آغاز میعاد ہے تو موجودہ درخواست تعمیل خارج المیعاد ہے لیکن یہ بحث کی گئی ہے کہ وہ حکم جو عدالت نے ۱۸ نومبر کو صادر کیا تھا بمنزلہ ایک ایسے حکم کے ہے جس کی رو سے اقساط کے ذریعہ زر ڈگری کی ادائی کی ہدایت کی گئی تھی اور یہ کہ منقولہ فقرہ (ب) دفعہ مذکور کے تحت آتا ہے۔ اس کوئی شک نہیں ہے کہ فریقین اس امر پر رضامند ہوئے تھے کہ زر ڈگری اقساط کے ذریعہ ادا ہونا چاہئیے اور معلوم ہوتا ہے کہ عدالت نے اس مصالحت کو منظور کر لیا تھی اور اس لئے ایک حکم صادر کیا تھا جسکی رو سے عملی کارروائیات منسوخ کی گئیں لیکن اگر عدالت کا یہ منشا نہ تھا تو وہ اس درخواست کے موجب جو

ڈگری دار نے ۱۵ اگست ۱۹۲۳ء کو پیش کی تھی ڈگری کی تعمیل جاری کرتی۔ یہ صحیح ہے کہ حکم کے الفاظ صاف نہیں ہیں اور یہ کہ اس میں دفعہ ۱۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی بابتہ ۱۹۰۸ء کے مطابق آرڈر ۲۱ رول ۲ مجموعہ موجودہ کا ذکر نہیں کیا گیا تھا جس کی رو سے عدالت کو ڈگری صادر ہونے کے بعد اقساط کے ذریعہ سے زر ڈگری کی ادائی کا حکم صادر کرنیکا اختیار دیا گیا تھا لیکن ... صادر ... یہ معلوم ہوتا ہے کہ عدالت کو فریقین کی استدعا منظور کرنے کا منشا تھا کہ زر ڈگری اقساط کے ذریعہ سے ادا کیا جائے اور یہ کہ وہ حکم جو ... صادر کیا گیا تھا درحقیقت ایک ایسا حکم تھا جو حسب دفعہ ۲۱۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی صادر کیا جاتا۔ یہ ظاہر ہوگا کہ حکم زیر بحث اس حکم کے مماثل ہے جو مقدمہ ... اکبر خاں بنام دیا نند (۱) میں صادر کیا گیا تھا جس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ ... میعاد سماعت میں توسیع ہوتی تھی جو دفعہ ۲۱۰ مجموعہ قدیم ... دفعہ ۴۸ مجموعہ جدید کے ذریعہ سے مقرر کی گئی تھی۔ مرافعہ علیہ کے وکیل کی بحث یہ ہے کہ مد دے ۱۸۲ قانون میعاد سماعت ہند کی رو سے یہ ضروری ہے کہ کوئی حکم جسکی رو سے اقساط کے ذریعہ سے ادائی کی ہدایت ہو کسی ایسی درخواست پر صادر ہونا چاہئیے جو تاریخ ڈگری سے چھ مہینے کے اندر پیش کی گئی ہو اور یہ کہ اگر وہ کسی ایسی درخواست پر صادر کیا جائے جو میعاد معینہ منقضی ہونے کے بعد پیش کی گئی ہو تو وہ ڈگری کی تعمیل کی میعاد میں توسیع کرنے کے لئے غیر موثر ہے۔ یہ بحث قبول کیجا سکتی ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ متعدد مرتبہ یہ قرار دیا گیا ہے کہ جب دونوں فریق ایسا حکم صادر کئے جانے پر رضامند ہوئے ہوں اور انھوں نے اس پر عمل کیا ہو تو وہ یہ بحث نہیں کرسکتے کہ وہ ایک نامناسب حکم تھا۔ ملاحظہ ہو منجملہ دیگر نظائر کے مقدمہ نواب زادہ محمد اکبر خاں بنام دیا ناتھ (۱) درحقیقت ... مقدمہ ... لکھچند بنام امانت رام (۲) جس پر اس خیال کی تائید میں قوی استدلال کیا گیا تھا کہ حکم زیر بحث کی نسبت یہ نہیں خیال کیا جا سکتا کہ دفعہ ۲۱۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب صادر کیا گیا تھا کیونکہ وہ اس مدت کے گزرنے کے بعد صادر کیا گیا تھا جو مد دے ۱۸۲ قانون میعاد سماعت کی رو سے مقرر کی گئی ہے

صریح الفاظ میں یہ بھی قرار دیا گیا ہے کہ جب فریقین ڈگری میں کسی تبدیلی کے لئے رضامند ہوئے ہوں تو ایسی تبدیلی کے جواز پر اعتراض کرنے سے ہر فریق ممنوع ہو سکتا ہے" فاضل ججوں نے اس مقدمہ میں یہ قرار دیا تھا کہ کسی فریق نے دراصل ڈگری میں تبدیلی کئے جانے پر اتفاق نہیں کیا تھا اور یہ کہ عدالت نے بھی ایسی تبدیلی کے متعلق رضامندی نہیں دی تھی۔ لیکن موجودہ مقدمہ کے واقعات جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے مختلف ہیں، فریقین نے بلاشبہ مصالحت کی تھی جسکی رو سے ڈگری بہ اقساط واجب الادا قرار دیگئی تھی اور عدالت نے اس انتظام کو تسلیم کیا تھا اور ایک حکم صادر کیا تھا جسمیں زیادہ تر شرائط مندرجہ دفعہ ۲۱۰ کی پابندی کیگئی تھی۔ اس کے علاوہ فریقین نے اس انتظام پر عمل کیا تھا اور اونھیں یہ کہنے کی اجازت نہیں دیجا سکتی کہ حکم ٹھیک طریقہ سے نہیں صادر کیا گیا تھا۔

اس تجویز کے لحاظ سے اس بحث کا تصفیہ کرنا غیر ضروری ہے کہ آیک بعد کا حکم جو عدالت نے سنہ ۱۹۱۲ء میں صادر کیا تھا امر فیصل شدہ کے طور پر اثر پذیر ہوتا ہے اور مدیون ڈگری کو اس سوال پر بحث کرنے سے ممنوع کرتا ہے کہ کوئی جائز حکم نہیں صادر کیا گیا تھا جسکی رو سے ڈگری شدہ رقم بہ اقساط واجب الادا قرار دیگئی تھی جسبہ ہم یہ قرار دیتے ہیں کہ تعمیل کی درخواست منقضی المیعاد نہیں ہے اور مرافعہ منظور کرتے ہوئے یہ مقدمہ عدالت ابتدائی میں واپس کرتے اور اسکو یہ ہدایت دیتے ہیں کہ وہ حسب احکام قانون اسکا تصفیہ کرے۔ مرافعہ علیہ کو چاہئے کہ وہ مرافع کا خرچہ ادا کرے جو اسنے تمام عدالتوں میں برداشت کیا تھا۔ مرافعہ منظور کیا گیا

## ہائیکورٹ لاہور

## مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۹۴۴ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء منفصلہ ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

سونڈھی بنام بدھ بخش (لاہور)

باجلاس: مسٹر جسٹس اسکاٹ اسمتھ و مسٹر جسٹس موتی ساگر

دھونڈھی - مدعی علیہ - مرافع بنام بدھ بخش وغیرہ - مدعیان مرافعہ علیہم

قانون مزارعان پنجاب ایکٹ ۱۶ بابتہ سنہ ۱۸۸۷ء دفعہ ۷۷، (۳) (۱) ۔ قانون مالگزاری اراضی پنجاب ایکٹ ۱۷ بابتہ سنہ ۱۸۸۷ء دفعہ ۱۵۸ (۲)، (۱۱)، (۲) ۔ عدالتہائے دیوانی و مال کا اختیار سماعت ۔ بٹائی حاصل کرنے کے حق کے استقرار کیلئے زمیندار کی جانب سے دعویٰ ۔ اندراج مالگزاری کی تصحیح کے لئے دعوے۔

اس خیال کے لئے کوئی بنیاد نہیں ہے کہ دعاوی جو قانون دادرسی خاص کی رو سے رجوع کئے گئے ہوں اُن کی سماعت صرف عدالتہائے دیوانی سماعت کرسکتی ہیں۔ جب کوئی دعویٰ دفعہ ۷۷ (۳) قانون مزارعان پنجاب کے کسی فقرہ کے منشا میں آتا ہو تو اُس دعویٰ کی عدالت مال کو سماعت کرنی چاہئے خواہ جہاں تک کہ دعوے کے نمونہ یا خاص متدعہ دادرسی کا تعلق ہے دعوے قانون دادرسی خاص کی کسی دفعہ کے منشا میں بھی آتا یا نہ آتا ہو۔

ابراہیم بنام اکبر انڈین کیسز جلد ۴۳ صفحہ ۲۰۹ کی تقلید کی گئی۔

رحمن بنام ہاشم انڈین کیسز جلد ۷ صفحہ ۱۷ سے اختلاف کیا گیا۔

کسی آسامی کے خلاف زمیندار کا دعویٰ جو اس استقرار کے لئے ہو کہ وہ آسامی سے نقد مالکانہ کی بجائے بٹائی پانیکا مستحق ہے دفعہ ۷۷ (۳) (۱) قانون مزارعان پنجاب کے تحت آتا ہے اور اس کی صرف عدالت مالگزاری تحقیقات کرسکتی ہے۔

گامو بنام کریم خان پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۱۰ء نمبر ۴۳ (اجلاس کامل)، دساون سنگھ بنام رحمن انڈین کیسز جلد ۵۵

ستوندھی / بنام / دشنوں / لاہور

صفحہ ۹۳۰ سے استناد کیا گیا۔

تجویز نفی - اندراج مالگذاری کی تصحیح کے دعوے کی صرف عدالت مالگزاری تحقیقات کرسکتی ہے اور ایسے دعوے کی تحقیقات کرنے کی نسبت عدالت دیوانی کا اختیار سماعت دفعہ ۱۵۸ (۲) (۳) قانون مالگزاری اراضی پنجاب کی رو سے ممنوع کیا گیا ہے۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج اضلاع ہوشیارپور و کانگڑا مورخہ ۱۵ اگست ۱۹۱۹ء مشعر بحالی ڈگری مصدرۂ منصف درجہ اول گڑھ شنکر ضلع ہوشیارپور مورخہ ۱۰ مارچ ۱۹۱۹ء

منجانب مرافع لالہ نہت رام کو سلا بجائے مسٹر آر و بارڈ۔

منجانب مرافعہ علیہم لالہ گوبند رام بجائے لالہ فقیر چند۔

**فیصلہ** - یہ دعوے بعض زمینداروں اور اسامیوں کے مابین اس استقرار کے لئے تھا کہ اشخاص اوّل الذکر بعض اراضیات کے متعلق نقدی مالکانہ کی بجائے بٹائی پانے کے مستحق تھے - چونکہ دعوے میں دونوں ماتحت عدالتوں نے ڈگری صادر کی تھی اس لئے مدعی علیہم اسامیاں اس عدالت میں بصیغۂ مرافعہ ثانی رجوع ہوئے ہیں - اس مرافعہ میں صرف (صفحہ ۱۴۷) ایک تصفیہ طلب سوال جو شامل ہے وہ یہ ہے کہ آیا دعویٰ کی عدالت دیوانی سماعت کرسکتی یا نہیں کرسکتی تھی۔ اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ مقدمہ دفعہ ۷۷ (۳) (ب) یا (د) قانون مزارعان پنجاب کے منشا میں آتا ہے اور یہ کہ صرف عدالتہائے مال اُسکی تحقیقات کرسکتی ہیں ہماری رائے میں فقرہ (ب) اس مقدمہ سے کوئی تعلق نہیں رکھتا اس لئے کہ دعوے ضمن طور پر دفعہ ۵۲ کے تحت لگان میں اضافہ یا اُس کے سقوط کے لئے یا اُس میں تبدیلی کے لئے نہیں ہے لیکن ہماری صریحاً یہ رائے ہے کہ مقدمہ دفعہ ۷۷ (۳) (د) کے تحت آتا ہے جو زمیندار اور اسامی کے مابین دعویٰ ہے اور جو اُن شرائط سے پیدا ہوتا ہے جن پر پٹہ قبضہ میں ہے گاموں بنام کریم خان (۱) میں چیف کورٹ کے ایک اجلاس کامل نے یہ قرار دیا تھا کہ اس استقرار کا دعوے کہ دخیلکار اسامیاں اس کے پابند نہیں ہوتے کہ وہ حق پورا ادا کریں صرف عدالتہائے مال کی جانب سے قابل سماعت تھا۔ اس فیصلہ کی مقابلےحال میں مسٹر جسٹس براڈوے نے اُس مقدمہ میں کی تھی جو بطور ساون سنگھ بنام رحمن (۲) کے طبع کیا گیا ہے جس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ اس استقرار کا دعویٰ کہ مدعیان اُس لگان کی ادائی کے پابند نہیں ہیں جو کاغذات مال میں درج کیا گیا تھا دفعہ ۷۷ (۳) (د) قانون مزارعان پنجاب کے منشا میں آتا ہے اور اُسکی صرف عدالت مال تحقیقات کرسکتی تھی ذیلعلم ڈسٹرکٹ جج نے رحمن بنام ہاشم (۳) کی تقلید کرتے ہوئے یہ قرار دیا ہے کہ چونکہ دعویٰ قانون دادرسی خاص کے بموجب استقرار حق کے لئے ہے اس لئے صرف عدالت دیوانی اسکی تحقیقات کرسکتی ہے - لیکن اس فیصلہ سے بالخصوص اختلاف کیا گیا ہے اور اُسکی نسبت اب یہ سمجھا جانا چاہیئے کہ اُسکو چیف کورٹ کے اجلاس کامل نے عملی طور پر اُس مقدمہ سے منسوخ کیا ہے جو بطور ابراہیم بنام اکبر (۴) کے طبع کیا گیا تھا جسمیں یہ قرار دیا گیا ہے کہ اس خیال کے لئے کوئی بنیاد نہیں ہے کہ دعاوی جو قانون دادرسی خاص کے تحت رجوع کئے گئے تھے وہ فی نفسہ صرف عدالتہائے دیوانی کی جانب سے قابل سماعت ہوتے ہیں اور یہ کہ جب کوئی دعویٰ دفعہ ۷۷ (۳) قانون مزارعان پنجاب کے کسی فقرہ کے تحت آتا ہو تو اس

(۱) پنجاب ریکارڈ بابت ۱۹۰۷ء نمبر ۳۳ (اجلاس کامل) (۲) انڈین کیسز جلد ... صفحہ ۷۳۹ (۳) انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۱۷ (۴) انڈین کیسز جلد ۲۴ صفحہ ۹۰۴

دعوے کی سماعت عدالت مال کو کرنی چاہیئے خواہ جہانتک کہ دعوے کے نمونہ یا خاص مستدعیہ دادرسی کا تعلق ہے دعوے قانون دادرسی خاص کی کسی دفعہ کے منشا میں بھی آتا ہو مرافعہ علیہم کے لایق کونسل موجودہ مقدمہ کو اُن مقدمات سے ممیز نہیں کرسکے ہیں جن سے فریق ثانی نے استناد کیا ہے اور صرف ایک بحث جو اونہوں نے پیش کی تھی یہ ہے کہ دعویٰ اندراج مال کی تصحیح کے لئے ہے اور یہ کہ اس حیثیت سے اسکی صرف عدالت دیوانی تحقیقات کرسکتی ہے۔ اس بحث میں ہم اُن سے اتفاق نہیں کرسکتے عرضی دعوے کے دیکھنے سے بالکل واضح ہو جاتا ہے کہ دعویٰ بالکل مختلف نوعیت کا ہے اور وہ اندراج مال کی تصحیح کے لئے نہیں ہے بلکہ اس استقرار کے لئے ہے کہ مدعیان زر نقد کی شکل میں نہیں بلکہ جنس میں لگان پانے کے مستحق ہیں لیکن اگر یہ بحث کہ دعوے اندراج مال کی تصحیح کے لئے ہے صحیح ہو تو بھی ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ اسکی صرف عدالت مال تحقیقات کرسکیگی اور یہ کہ دیوانی عدالتوں کا اختیار سماعت دفعہ ۱۵۸ (۲) (۷) قانون مالگذاری اراضی کی روسے ممنوع ہوگا۔ ہمیں یہ قرار دینے میں کچھ تامل نہیں ہوتا کہ مقدمہ دفعہ ۷۷ (۳) (۱) قانون مزارعان پنجاب کے منشا میں آتا ہے اور یہ کہ دیوانی عدالتوں کو دعویٰ کی سماعت کرنیکا کوئی اختیار سماعت حاصل نہیں ہے

دفعہ ۱۰۰ قانون مزارعان پنجاب کی روسے اس عدالت کو یہ حکم دینے کا اختیار ہوتا ہے کہ ڈگری جو عدالت دیوانی سے صادر کی تھی وہ عدالت مال کی ڈگری کے طور پر درج رجسٹر کیجائے۔ عدالت ابتدائی کی ڈگری کے عدالت مال میں جسکو اختیار حاصل تھا درج رجسٹر کئے جانے کے خلاف کوئی وجہ ظاہر نہیں کی گئی ہے اور اسطور پر درج رجسٹر کیا جانا دوسرے فریق کے لئے مضرت بخش نہیں ظاہر ہوتا۔

ایسی حالت میں ہم مرافعہ منظور اور عدالت مرافعہ تحت کا حکم منسوخ کرتے ہوئے یہ حکم دیتے ہیں کہ عدالت ابتدائی کی ڈگری اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول ضلع ہوشیار پور کی ڈگری کے طور پر درج رجسٹر کیجائے اور یہ کہ یادداشت مرافعہ مرافع کو واپس کردیجائے تاکہ اُسکو عدالت مرافعہ مال میں پیش کیا جائے اس مقدمہ کے خاص حالات کے لحاظ سے ہم اس عدالت یا ڈسٹرکٹ جج کی عدالت کے خرچہ کے متعلق کوئی حکم نہیں صادر کرتے۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## عدالت جوڈیشل کمشنر پشاور۔

### درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۳۲۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۳ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر پیین جوڈیشل کمشنر

گل احمد۔ مدعی۔ نگرانیخواہ بنام غلام ربانی خاں وغیرہ۔ مدعی علیہم مرافعہ علیہم

رواج۔ وراثت۔ پگوند۔ رشتہ دار حقیقی آیا رشتہ دار علاتی کو محروم کرتا ہے۔ قیاس۔ تحصیل مانسہرا ضلع ہزارہ سواتی

جہاں چنڈاوند قاعدہ نافذ ہے حقیقی رشتہ دار یقیناً علاتی رشتہ دار کو محروم کریگا لیکن لازمی طور پر اس کے برعکس نتیجہ نہ نکلیگا ممکن ہے کہ بیٹے قاعدہ پگوند کے بموجب اپنے باپ کے اسٹیٹ کے قائم مقام ہوں اور پھر بھی یہ ممکن ہے کہ حقیقی بھائی اپنے بھائی کی جائداد کا علاتی بھائی کے مقابلہ میں قائم مقام ہو۔ جو کچھ کہا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ جب ماں کے توسط کی رشتہ داری کو صورت اول الذکر میں نظرانداز کیا گیا ہو

دسوندھی بنام بدربخش (لاہور)

صفحہ ۵

مہ

بنام

ام۔ بانی خان

پشاور

۔۔انتوں کو یہ سلوک کرنے میں تعجب ہونا چاہئے کیا اوس کو سو غوالذکر صورت میں بھی نظرانداز کیا گیا ہے۔

سردار بخش بنام احمد یار پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۹۸ء نمبر ۱۵ سے استناد کیا گیا۔

یکو ند طریقہ وراثت ایسے طریقہ کے ساتھ سازگار ہو سکتا ہے جسکی رو سے بھائی کے اسٹیٹ کی وراثت میں حقیقی رشتہ دار علاتی رشتہ دار کو محروم کرتا ہے۔

یہ قیاس اگر کوئی ہو جو یکو ند طریقہ وراثت کے اس قاعدہ کے حق میں پیدا ہوتا ہے کہ علاتی رشتہ دار حقیقی رشتہ دار کے ساتھ وارث ہونا چاہیے بہت کمزور ہے اور اسکی بآسانی تردید کیجا سکتی ہے۔

حقیقی رشتہ دار ہمیشہ علاتی رشتہ دار کو محروم کرتا ہے جہاں مورث مشترک کی اولاد حقیقی کے سلسلہ کے مطابق گروہوں میں تقسیم ہو گئی ہو۔

تحصیل مانسہرہ ضلع ہزارہ کے سواتیوں کا معمولی رواج یہ ہے کہ حقیقی بھائی علاتی بھائیوں کو محروم کر کے متوفی بھائی کے اسٹیٹ کے بلاشرکت غیرے قائم مقام ہوتے ہیں۔

درخواست بغرض نگرانی حکم مصدرہ اڈیشنل ڈویژنل جج پشاور مورخہ ۱۰ مئی ۱۹۲۱ء متعر تنسیخ حکم مصدرہ منصف درجہ اول مانسہرہ مورخہ ۱۳ دسمبر ۱۹۲۰ء۔

منجانب نگرانیخواہ۔ لالہ دیوان چند آر۔ ایس

منجانب فریق ثانی۔ لالہ رام لبھایا۔

فیصلہ۔ اس مقدمہ میں کونسل کی بحث سماعت کرنیکے بعد میں نے اسکو بغرض صدور احکام ملتوی کیا تھا تاکہ جہاں تک ممکن ہو اُن تمام نظائر کو فراہم کیا جاسکے جنکا تعلق رواج کے اس اہم سوال سے ہے جو اس مقدمہ میں شامل ہے اب مجھے اُن بیشتر نظائر پر غور کرنیکا موقع ملا تھا جو اس قبیلہ کے متعلق صادر کی گئی ہیں جس سے فریقین کا تعلق ہے۔

فریقین بہ تمام شنکیاری تحصیل مانسہرہ ضلع ہزارا کے سواتی ہیں وہ عبدالکریم کی اولاد میں جس کے تین مختلف زوجگان سے ۱۴ بیٹے تھے۔ خاندان کا شجرہ[1] اس فیصلہ کے ساتھ شریک کیا گیا ہے عبدالکریم کی تین زوجگان مسماۃ کافیہ مسماۃ سرفراز بیگم اور مسماۃ بی بی فاطمہ تھیں۔ یہ امر سہولت بخش ہو گا کہ ہر زوجہ کی اولاد کا حوالہ علی الترتیب بطور شاخہائے نمبر ۱، ۲ و ۳ کے دیا جائے متدعویہ جائداد وہ ہے جو شاخ نمبر ۲ کے ایک رکن علی اکبر نے چھوڑی تھی جو ۱۹۱۱ء میں فوت ہوا اسٹیٹ زیربحث ایک رہن کے تابع ہے اور دعوے کا تعلق صرف حق انفکاک سے ہے۔ مدعی گل احمد اوسی شاخ کا ایک رکن ہے۔ مدعا علیہم تیسری شاخ کے ارکان یعنے مسماۃ فاطمہ بی بی کی اولاد ہیں۔ بلکہ پہلی شاخ کے ارکان نے متدعویہ اراضی میں کوئی غرض نہیں ظاہر کی ہے۔ دعوے حقوق مرتہنی کے قبضہ کے لئے ہے حکام مال نے یہ قرار دیا کہ بھائی کے اسٹیٹ کی قائم مقامی کے لئے علاتی اور حقیقی رشتہ داروں کے مابین کوئی فرق نہ تھا دونوں شاخوں یعنے نمبر ۲ و ۳ کی پسماندہ اولاد کے حق میں عمل داخل خارج اسما کی تصدیق کی۔ مدعی نے یہ ادعا کیا ہے کہ وہ علی اکبر کے اسٹیٹ کا بلاشرکت غیرے قائم مقام ہونیکا مستحق ہے اس بنا پر کہ حقیقی رشتہ دار علاتی رشتہ دار کو محروم کرتا ہے۔ عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیکر دعوی میں ڈگری صادر کی کہ مدعی نے اُس رواج کو ثابت کیا تھا جو اُس نے بیان کیا تھا۔ ڈویژنل کورٹ کے روبرو مرافعہ ہونے پر جب رواج کے سوال پر مزید تحقیقات کے لئے مقدمہ واپس کیا جا چکا تھا یہ قرار دیا گیا تھا کہ رشتہ دار حقیقی اور رشتہ دار علاتی بھائی کے اسٹیٹ کی وراثت کا مساوی طور پر

[1] شجرہ خاندانی کے لئے ملاحظہ ہو صفحہ ۹۰۴

(۲۲۴)

مستوفی تھا اور دعوے خارج کیا گیا تھا۔ اسکے بعد مدعی نے اس حالت میں بصیغۂ نگرانی درخواست پیش کی اور میں نے اس سوال کو قانون اور رواج کا ایک اہم سوال ہونیکی وجہ سے بصیغۂ نگرانی نمبر پر لیا ہے۔

مقدمہ ابتداءً میں نگرانخواہ کے کونسل نے یہ بحث کی تھی کہ یہ ثابت ہوا تھا کہ تحصیل مانسہرہ کے سواتیوں میں باپ کے اسٹیٹ کی وراثت کا معمولی قاعدہ پگوند یا بالروس ہے۔ لیکن ایک بعد کی نوبت پر اپیلانٹ نے یہ تسلیم کیا تھا کہ جب صرف باپ کے اسٹیٹ کی وراثت کا سوال شامل ہو تو وراثت کا معمولی قاعدہ پگوند تھا اُنکی موجودہ بحث کا خلاصہ ذیل طریقہ سے کیا جاسکتا ہے۔

(۱) پگوند طریقہ سے ایسا کوئی قیاس نہیں پیدا ہوتا کہ بھائی کی اسٹیٹ وراثت میں علاتی بھائی مساوی طور پر مستحق ہوتا ہے بلکہ یہ کہ اس کے خلاف شرع اسلام میں بیٹوں کی جانب سے باپ کی وراثت کے لئے پگوند طریقہ ساتھ تسلیم کیا گیا ہے اور باوجود اس کے یک جدیوں کی وراثت میں علاتی رشتہ دار کو محروم کیا گیا ہے۔

(۲) اگر کوئی عام رواج جسکی رو سے علاتی رشتہ دار کو محروم کیا گیا ہو ثابت نہ کیا جائے تو بھی اس خاندان میں ایک خاص رواج موجود ہے کیونکہ ابتدائی مورث نے اپنی اولاد کی تین شاخوں میں سے ہر ایک کے لئے اپنی جائداد کو علیٰحدہ طور پر تقسیم کردیا ہے۔

(۳) بہر صورت ہر شاخ کے ارکان گروہوں میں تقسیم ہوگئے ہیں اور متفقہ سند پنجاب میں بھی موجود ہے کہ جب گروہ موجود ہوں تو وراثت گروہ کے باہر نہیں جاتی۔

خلاصہ قانون رواجی پنجاب مولفہ ریٹیگن کے فقرہ ۲۶ میں یہ مندرج ہے کہ جب کسی مورث مشترک کی جائداد قاعدہ پگوند (بالروس) کے مطابق تقسیم کی گئی تھی تو یہ قیاس ہوتا ہے کہ رشتہ دار حقیقی اور رشتہ دار علاتی ایک ساتھ قائم مقام ہوتے ہیں۔ یہ رائے زیادہ تر اجلاس کامل کی

نظیر پر مبنی ہے جو بطور غلام محمد بنام محمد بخش (۱) کے طبع کی گئی تھی جسمیں وہ تمام نظائر جنکا تعلق اس سوال سے تھا اُن پر بہت تفصیل کے ساتھ نظر ثانی کیگئی تھی مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس صوبہ کی عدالتوں میں یہ خیال صحیح ہے کہ اس اصول کو جو وہاں تحریر کیا گیا تھا ایک حد تک وسیع کیا جائے جسکی تائید نہ تو اُن الفاظ سے ہوتی ہے جنمیں وہ ظاہر کیا گیا ہے اور نہ اُن نظائر سے ہوتی ہے جن پر وہ مبنی ہے جو کچھ قرار دیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ جبتک کہ اسکے خلاف نہ ثابت کیا جائے یہ قیاس پیدا ہوتا ہے دوسرے الفاظ میں قیاس اس قسم کا ہے جسکی تردید کیجاسکتی ہے جیسا کہ ضلع پشاور کے ایک حالیہ مقدمہ سے ظاہر ہوتا ہے جسمیں رواج کا وہی سوال شامل تھا یہ رجحان رہا ہے کہ یہ فرض کر لیا جائے کہ کوئی رواج موجود ہے جسکی رو سے پگوند تقسیم کا لازمی طور پر اور تمام مقدمات میں یہ مفہوم ہوتا ہے کہ حقیقی اور علاتی رشتہ دار نہ صرف باپ کے بلکہ بھائی کے اسٹیٹ کا بھی مساوی طور پر وارث ہوتا ہے۔ باوجود اسکے اس صوبہ کے جوڈیشل کمشنر کا فیصلہ جو بطور جوڈیشل ریکارڈ نمبر ۱۲ کے طبع کیا گیا ہے اس رائے کے لئے صحیح نظیر ہے کہ پگوند طریقہ اس طریقہ کے ساتھ ساتھ رائج ہوسکتا ہے جسکی رو سے کسی بھائی کی جائداد کی وراثت میں حقیقی رشتہ دار علاتی رشتہ دار کو محروم کرتا ہے۔ حال ہی میں مجھے یہ موقع ملا تھا کہ ضلع پشاور کے گاؤں کی فرقہ کی صورت میں اپیل دیوانی نمبر ۴۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء صفدر خان بنام محمد رمضان میں اسی سوال پر کسیقدر تفصیل سے بحث کروں جسکا فیصلہ اب زیر طبع ہے اُس مقدمہ میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ باپ کے اسٹیٹ کے بیٹے بالروس وارث ہوتے ہیں لیکن یہ کہ بھائی کی جائداد کے صرف حقیقی بھائی وارث ہوتے ہیں حقیقت یہ ہے کہ یہ بہت واضح طور پر اجلاس کامل کی نظیر غلام محمد بنام محمد بخش (۱) میں بھی قرار دیا گیا ہے کہ وہ قیاس جسکا حوالہ مذکور کے ڈائجسٹ میں دیا گیا ہے واقعہ کا ہوتا ہے اور اُسکی تردید کیجاسکتی ہے یہ خیال کئے بغیر میرے لئے چارہ نہیں ہے کہ اصول کا نہایت ہی معقول

نظیر ۔۔ بنام غلام ۔۔ پشاور

(۱) پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۱۸ء نمبر ۴ (اجلاس کامل) پنجاب ملاحظہ صفحہ ۵۷

ل/احمد بیان وہ ہے جو سابقہ نظیر (دائم بخش بنام احمد یار ۲) میں درج کیا گیا تھا
بنام چہار عدالت نے یہ رائے ظاہر کی تھی کہ اسمیں شک نہیں کہ جہاں تک
غلام ساتی تعلق قاعدہ کا تعلق ہے حقیقی رشتہ دار یقیناً علاتی رشتہ دار کو محروم کرتا
شاهد لیکن لازمی طور پر اس کے برعکس نتیجہ نہ نکلیگا یہ ممکن ہے کہ بیٹے پگونڈ کے قاعدہ کی رو سے اپنے باپ کی جائداد کے وارث ہوں اور باوجود اس کے حقیقی بہائی علاتی بہائی کے مقابلہ میں اپنے بہائی کی جائداد کا وارث ہو جو کچھ کہا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ جہاں تک توسط کی رشتہ داری صورت اول الذکر میں نظر انداز کی گئی تھی تو ہمیں یہ معلوم کرنے سے تعجب ہونا چاہیے کہ وہ صورت موخر الذکر میں بھی نظر انداز کی گئی تھی ہم بمشکل ایسا کوئی قوی قیاس اخذ کر سکتے تھے کہ وہ اسطور پر نظر انداز کی گئی ہے۔ یہ امر بھی لائق غور ہے کہ چیف کورٹ پنجاب نے کم از کم ایک حالیہ مقدمہ میں اُس قیاس کو جو غلام محمد بنام محمد بخش (۱) میں تسلیم کیا گیا تھا۔ بالکل کمزور قیاس کے طور پر تصور کیا ہے۔ خدا یار بنام احمد (۳) اسکی ایک تمثیل ہے۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ مجھے بہت شبہ ہے کہ آیا واقعی کوئی قیاس پیدا ہوتا ہے وہ یقیناً ایسا قیاس ہے جسکی تردید ایسی آسانی کے ساتھ کیجا سکتی ہے کہ گو تردید کا بار ممکن ہے کہ ابتداً

صفحہ ۶۷۷ اُس فریق پر پڑے جس نے یہ بیان کیا ہو کہ حقیقی رشتہ دار علاتی رشتہ دار کو محروم کرتا ہے مگر وہ بار ثبوت فوراً منتقل ہو جاتا ہے جب ایسی کوئی شہادت دستیاب ہو جس کے قیاس پر اثر انداز ہو سکتا ہو۔ ایسی حالت میں موجودہ مقدمہ میں یہ ایک شہادت کا سوال ہوگا کہ آیا یہ باور کرنے کے لئے کوئی وجہ موجود ہے کہ مجموعی طور پر سواتھی قبیلہ میں یا خاصکر اس خاندان میں حقیقی رشتہ دار بہائی کی جائداد کی وراثت میں علاتی رشتہ دار کو بالعموم محروم کرتا ہے۔ اسکے علاوہ اس رائے کی تائید میں بہت سی نظائر موجود ہیں کہ تمام قبائل میں اور بالخصوص تحصیل مانسہرہ کے سواتہیوں میں حقیقی رشتہ دار ہمیشہ علاتی رشتہ دار کو محروم کرتا ہے جب مورث مشترک کی اولاد حقیقی سلسلہ کے مطابق گروہوں میں تقسیم ہو گئی ہو حسب ذیل مقدمات کا جنکا تصفیہ تحصیل مانسہرہ کے سواتہیوں کے مابین ہوا تھا حوالہ دیا گیا ہے مقدمہ گل زمان بنام احمد خاں میں جسکا فیصلہ ڈسٹرکٹ جج نے ۱۷ اپریل ۱۹۰۶ء کو کیا تھا صراحتاً یہ قرار دیا گیا تھا کہ پگونڈ تقسیم سے لازمی طور پر یہ مفہوم نہیں نکلتا تھا کہ رشتہ داران حقیقی اور علاتی مساوی طور پر وارث ہوتے تھے اور چونکہ یہ ظاہر کیا گیا تھا کہ اس مقدمہ میں حقیقی بہائیوں کو متوفی کے ساتھ شریک کیا گیا تھا اس لئے علاتی بہائی وارث نہیں ہو سکتے تھے۔ ایک دوسرے مقدمہ میں جسمیں ڈسٹرکٹ جج نے فیصلہ صادر کیا تھا یعنے عبدالغفار بنام میر حمزہ میں (موضع دہاریال کے سواتھی جو اس موضع کے قریب ہے جس سے ہمیں اب تعلق ہے) یہ قرار دیا گیا تھا کہ رشتہ دار حقیقی رشتہ دار علاتی کو محروم کرتا ہے۔ مانسہرہ تحصیل کے سیدوں کے ایک مقدمہ غلام حیدر شاہ بنام احمد شاہ میں جسکا تصفیہ ۱۹۱۱ء میں ہوا تھا یہ قرار دیا گیا تھا کہ تقسیم کا پگونڈ طریقہ اُس طریقہ کے ساتھ ساتھ رائج تھا جسکی رو سے حقیقی بہائی علاتی بہائیوں کو اسوقت محروم کرتے تھے جبکہ بہائی کا اسٹیٹ زیر بحث ہوتا تھا موجودہ مقدمہ میں ذیلعلم ڈسٹرکٹ جج نے اپنا فیصلہ اُس رواج پر مبنی کیا تھا جو کتاب رواج قبائل ضلع ہزارہ مولفہ دلی محسن کے جوابات ۶۴ و ۶۵ پر مندرج ہے۔ اس اندراج کی قدرتی طور پر بہت زیادہ اہمیت ہے کیونکہ جواب ۶۵ کا تعلق بالخصوص بہائی کے اسٹیٹ کی وراثت کی صورت سے ہے اور معین طریقہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ بہائی کے اسٹیٹ کی وراثت نافذہ رواج کے مطابق چونڈہ نڈیا پگونڈ کی پابند ہوتی ہے اور یہ کہ شریک اور غیر شریک بہائیوں کے مابین کوئی امتیاز نہیں رکھا گیا ہے۔

(۲) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۷۸ء نمبر ۱۵۱ (۳) انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۲۹۸۔

لیکن یہ امر قابلِ غور ہے کہ جہاں تک کہ میں معلوم کرسکتا ہوں رواج کا وہ اندراج اُس رائے کے لئے واحد سند ہے میں خیال کرتا ہوں کہ ڈسٹرکٹ جج نے اس امر پر غور کرنا ترک کیا ہے کہ مقامی زبان کے رواج عام میں جو اُس وقت مرتب کیا گیا تھا جب قانون رواجی مولفہ والٹن ترتیب پایا تھا بہت صراحت سے یہ بیان کیا گیا ہے کہ جب کوئی مالک لاولد فوت ہوجائے تو اسکا اسٹیٹ علاتی بھائیوں کے مقابلہ میں حقیقی بھائیوں یا بھتیجوں کو پہنچتا ہے اس سے فی نفسہ مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُس قیاس کی تردید ہوتی ہے جو قانون رواجی مولفہ والٹن سے اخذ کیا گیا تھا اور میں اسکے قبل ہی یہ ظاہر کرچکا ہوں کہ قیاس جو پگونڈ طریقہ کی موجودگی سے اخذ کیا جاسکتا ہے وہ مقابلتاً بہت کمزور ہے۔ تمام عدالتی فیصلوں کا رجحان جن پر میں نے غور کیا ہے اُس رواج کے مطابق ہے جو "رواج عام" میں درج کیا گیا ہے۔ قلندر خان بنام نجف خان (۴) سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بالاکوٹ کے سواتھیوں میں باپ معمولی پگونڈ تقسیم میں اپنے بیٹوں کے مابین غیر مساوی تقسیم کرکے دست اندازی کرسکتا ہے یہ بھی ظاہر ہوگا کہ حقیقی سلسلہ کی رو سے گروہوں میں علیحدہ ہونے کا رواج بالخصوص تحصیل مانسہرہ کے سواتھیوں میں رایج ہے اور اسمیں شک نہیں کہ اس واقعہ سے رواج کے عام سوال پر اثر پڑتا ہے۔ مجھے یہ کہنے پر راغب ہونا چاہئے کہ ایک ایسا طریقہ جسکی رو سے حقیقی رشتہ دار بالعموم بھائی کے اسٹیٹ کی وراثت کیلئے علاتی رشتہ دار کو محروم کرتا ہے پیدا ہوگیا ہے اور وہ دو خاص وجوہ سے قایم ہوگیا ہے۔ ایک یہ خیال ہے جو میں اسکے قبل ظاہر کرچکا ہوں کہ اولاد حقیقی سلسلہ کے مطابق علیحدہ گروہوں میں تقسیم ہوجاتی ہے اور دوسری وجہ یہ واقعہ ہے کہ علاتی رشتہ دار کی محرومی شرع اسلام کے مطابق ہے۔ گیگیانوں کے مقدمہ میں

جنکا حوالہ میں نے اوپر دیا ہے مجھے یہ موقع ملا تھا کہ عدالتوں کے اس خیال کا حوالہ دوں کہ وہ یہ فرض کرلیتی ہیں کہ رواج کے سوال پر شرع اسلام کے مطابق غور کرنا یہ مفہوم ہے کہ مبنیہ رواج حقیقی اور قبیلہ کا رواج نہیں ہوسکتا۔ میں نے اُس مقدمہ میں یہ ظاہر کیا تھا کہ اس رواج کے متعلق رواج کے صحیح بیان میں کسی قسم کا کوئی امر شرع اسلام کے معیار کے خلاف نہیں ہے میں نے اُس وقت چیف کورٹ پنجاب کی نظیر دیا رام بنام سہیل سنگھ (۵) پر نہیں غور کیا تھا جو اوسی رائے کے لئے ایک اہم نظیر ہے۔ اوس مقدمہ میں مسٹر جسٹس چیٹرجی نے یہ رائے ظاہر کی تھی "یہی صحیح اصول ذہن نشین رکھنا چاہئے وہ یہ ہے کہ جب کبھی قانون رواجی میں کوئی کمی ہو جسکی اور طور پر بجائی نہو سکتی ہے تو وہ فریقین مقدمہ کے ذاتی قانون کے حوالہ سے کیجانی چاہئے اس قاعدہ پر کسی مقدمہ کے واقعات سے رواجی قانون کا عام اطلاق مبنی ہے" موجودہ مقدمہ میں میں یہ کہنے کے لئے آمادہ نہیں ہوں کہ یہ معیار آخری وجہ ہے جسپر فیصلہ مبنی ہے لیکن اگر اُس رواج کی نسبت کوئی شبہ ہو جس کے فریقین تابع ہوں یا اگر وہ رواج پریشان حالت میں ہو تو بطور رہنمائی کے شرع اسلام کے اصولوں کا حوالہ دینے میں مجھے کوئی تامل نہونا چاہئے۔ لیکن موجودہ مقدمہ میں مجھے دراصل کوئی معقول شبہ رواج کے متعلق نہیں معلوم ہوتا قطع نظر اس واقعہ کے کہ وہ شرع اسلام کے مطابق ہے۔ اُن تمام نظائر سے جو پیش کی گئی ہیں میری اس رائے کی تائید ہوتی ہے کہ سواتھیوں میں وراثت کا معمولی قاعدہ یہ ہے کہ بھائی کے اسٹیٹ کی وراثت میں حقیقی رشتہ دار علاتی رشتہ دار کو محروم کرتا ہے میں اس کے قبل یہ ظاہر کرچکا ہوں کہ اس رواج کا تصور کرنا بالخصوص اُن صورتوں میں بین معلوم ہوتا ہے جہاں حقیقی سلسلہ کی بنا پر اولاد گروہوں میں تقسیم ہوگئی ہو۔ مجھے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ

گل محمد بنام غلام ربانی (پشاور)

صفحہ ۸۰۱

(۴) پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۱۳ء نمبر ۳۰۔

(۵) پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۱۱ء نمبر ۱۱۔

قول محمد بنام غلام ربانی پشاور


موجودہ مقدمہ میں اس نوعیت کی ... بہت واضح علامت موجود ہے اولاً یہ مسلمہ واقعہ ہے کہ عبدالکریم کی اولاد کی پہلی شاخ جو مسماۃ بی بی کا نبہ سے تھی وہ دوسری دو شاخوں سے کامل طور پر علیحدہ ہو گئی تھی لیکن اس میں شک نہیں کہ اس سے قطعی طور پر یہ نہیں ثابت ہوتا کہ شاخہائے نمبر ۲ و ۳ خود اپنے مابین علیحدہ ہو گئی ہیں لہٰذا اس سے عام تقسیم کا کم از کم قیاس پیدا ہوتا ہے ... جج نے دو تمثیلات کا حوالہ دیا ہے جن سے مجھے ... یہ معلوم ہوتا ہے کہ شاخہائے نمبر ۲ و ۳ بھی علیحدہ ہو گئی ہیں انہوں نے اس واقعہ کا حوالہ دیا ہے کہ جب شاخ ۳ کا ایک رکن اسمٰعیل فوت ہوا تھا تو مسماۃ عالم کی دوسری اولاد وارث ہوئی تھی انہوں نے یہ تسلیم کیا ہے کہ یقیناً ایک تمثیل حقیقی رشتہ دار کے علاتی رشتہ دار کو محروم کرنے کی ہے لیکن میرا خیال کرتا ہوں کہ انہوں نے اس امر کو ... کر دیا ہے کہ ہم ... عام رواج بلکہ شاخوں کی علیحدگی کے واقعات کے لئے بھی قطعیہ پر غور کر رہے ہیں دوسری تمثیل جس کا حوالہ دیا گیا تھا شاخ نمبر ۲ کے حضرت احمد کی وراثت ہے اُس مقدمہ میں صرف شاخ نمبر ۲ کا علی اکبر وارث ہوا تھا ذیعلم ڈویژنل جج نے اس تمثیل کو اس بنا پر غیر قطعی قرار دیا ہے کہ دوسرے حقیقی ورثا علاتی رشتہ داروں کے ساتھ مساوی طور پر محروم کئے گئے تھے لیکن میں اس امر سے اتفاق نہیں کر سکتا کہ یہ تمثیل اس وجہ سے غیر قطعی ہے بخلاف اسکے مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُس سے بہت واضح طور پر یہ ظاہر ہوتا ہے کہ صرف ایک سوال جس پر غور کیا گیا تھا وہ شاخ ۲ کے ارکان کے مقابل دعاوی کا سوال تھا اور یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ شاخ ۳ کے ارکان نے کبھی بھی حضرت احمد کے اسٹیٹ میں کچھ بھی حق یا غرض رکھنا ظاہر کیا تھا یہ رائے بھی ظاہر کی جا سکتی ہے کہ اس خاندان کے متعلق ایک تمثیل بھی تجربہ ... نہیں پیش کی گئی ہے جس میں دونوں شاخوں کے ارکان کسی خاص شاخ کے ایک رکن کے اسٹیٹ کے وارث ہوئے ہوں میں کسی خاندان کی اس سے زیادہ واضح تمثیل کا خیال نہیں کر سکتا جس کی نسبت معین طور پر یہ ظاہر کیا گیا ہو کہ وہ حقیقی سلسلہ کے گروہوں میں منقسم ہو گئی ہو ایسی حالت میں اگر میں نے یہ قرار نہیں دیا تھا جیسا کہ قرار دینا ہوتا کہ سوا تھیوں میں معمولی رواج یہ ہے کہ حقیقی بھائی بلا شرکت غیرے متوفی بھائی کے اسٹیٹ کے وارث ہوتے ہیں تو مجھے یہ قرار دینا چاہیے کہ موجودہ مقدمہ میں خاندان کی شاخیں حقیقی سلسلہ کے لحاظ سے گروہوں میں تقسیم ہو گئی ہیں اور اس رائے کے لئے نظائر کی غالب تعداد کی تقلید کرنی چاہیے کہ جہاں ایسے گروہ موجود ہوں تو وراثت ہمیشہ گروہ تک محدود رہتی ہے ایسی حالت میں مندرجہ بالا تجاویز کے لحاظ سے مدعی کی بحث کامیاب رہنی چاہیے کہ وہ بلا شرکت غیرے اسکا مستحق ہے کہ وہ خاندان کی مختلف شاخ کے ارکان کی حیثیت سے مدعی علیہم کو محروم کر کے متوفی علی اکبر کی جائداد کا قائم مقام ہو۔

مگر تنخواہوں کے لائق کونسل نے پھر میعاد سماعت کا عذر پیش کیا ہے ڈویژنل کورٹ نے یہ قرار دیا ہے کہ دفعہ ۱۴۴ قانون میعاد سماعت اس مقدمہ سے متعلق ہوتی ہے کیونکہ دعویٰ تعمیری قبضہ کے لئے ہے تنخواہوں کے لائق کونسل نے اس امر پر زور دیا ہے کہ مقدمہ دراصل استقرار حق کا ہے اور اُس سے دفعہ ۱۲۰ متعلق ہوتی ہے لیکن مجھے اُس رائے کے ساتھ اتفاق کرنا چاہیے جو ذیعلم ڈویژنل جج نے قائم کی تھی۔ دفعہ ۱۴۴ اراضی کی ہر غرض پر حاوی ہے اور اسمیں صراحتاً اس قسم کی غرض داخل ہونی چاہیے جیسا کہ حق انفکاک ہے ایسی صورتوں میں میں متفق ہوں کہ دعویٰ بین المیعاد ہے مندرجہ بالا تجاویز کے لحاظ سے مدعی کا دعویٰ کامیاب رہنا چاہیے پس میں ڈویژنل کورٹ کا حکم جس کی رو سے دعویٰ خارج کیا گیا ہے منسوخ اور عدالت ابتدائی کا وہ حکم بحال کرتا ہوں جس کی رو سے مدعی کو متدعویہ اراضی متعلقہ حقوق مرہنی کے قبضہ کی ڈگری عطا کی گئی ہے۔ مدعی علیہم مدعی کا تمام خرچہ ادا کریں گے۔

مرافعہ منظور کیا گیا

(۶۷۲)

## شجرہ خاندانی




اسا سنگھ بنام جگجیت سنگھ (لاہور)

## ہائیکورٹ لاہور
### نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۳۸ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۹ جولائی ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس کیمبل۔

اسا سنگھ۔ بنام جگجیت سنگھ وغیرہ۔
مدعی علیہ۔ نگرانیخواہ۔ مدعیان - طرفثانی

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعات ۱۵۱، ۱۵۲ ڈگری کی ترمیم ۔ عرضی دعوی میں غلطی کی وجہ سے ڈگری میں غلطی ۔ ترمیم ڈگری کے متعلق عدالت کا اختیار سماعت۔ اصلی اختیار ۔

جب کسی ڈگری میں غلطی اس وجہ سے ہو کہ عرضی دعوی میں اس قسم کی غلطی تھی جس کی تقلید کی گئی تھی۔ تو عدالت کو دفعہ ۱۵۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ ڈگری کی ترمیم کرے اس لئے کہ ایسی غلطی اس قسم کی ہوتی ہے جو اتفاقیہ سہو نظری یا ترک کے باعث پیدا ہو جاتی ہے۔ دفعہ ۱۵۲ کے قطع نظر دفعہ ۱۵۱ کی رو سے عدالت کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی ڈگری میں ترمیم کرے جب اس سے صحیح طور پر یہ ظاہر ہوتا ہو کہ عدالت نے فی الواقع کیا تصفیہ کیا تھا یا کیا تصفیہ کرنے کا اس کا منشا تھا۔

نگرانی دیوانی بنا راضی ڈگری معدہ ڈسٹرکٹ جج حصار مورخہ ۱۴ جولائی ۱۹۲۲ء

منجانب نگرانیخواہ مسٹر جگن ناتھ۔

منجانب طرفثانی مسٹر ایم۔ ایل پوری اور ایل۔ سی سونی

سا سنگھ
بنام
جبیتا سنگھ
(لاہور)

**فیصلہ**۔ اس درخواست نگرانی کے حالات حسب ذیل ہیں:۔
جگجیت سنگھ وغیرہ مشتہرہ اراضی کے متعلق حق شفعہ کے نفاذ کے لئے دعوی کیا جو رنجیت سنگھ نے اسا سنگھ کے ہاتھ بیع کی تھی یہ بیع ایک رجسٹری شدہ دستاویز کے بموجب عمل میں آئی تھی اور بیعہ کی جائداد بعض مشترکہ حقیتوں میں غیر منقسمہ حصص تھے عرضی دعوے میں بیعنامہ کا جسکی ایک نقل اسکے ساتھ منسلک تھی اور ایک فرد پٹواری کا اور مشتری کے حق میں عمل دا خل خارج اسما کا حوالہ دیا گیا تھا دستاویز کے بموجب جملہ رقبہ جو بیع کیا گیا تھا وہ ۱۷۶ بیگہ ۱۸ بسوے ہوتا تھا عرضی دعوی کے عنوان میں اس امر کی صراحت کی گئی تھی جو ہر حقیت کی ایک تفصیل ظاہر ہوتی تھی جسمیں سے ایک حصہ کھیت کے نمبرات اور رقبہ جات کے ہمراہ بیع کیا گیا تھا لیکن بعض کھیت کے نمبرات ترک کئے گئے تھے اور جملہ رقبہ جسکی صراحت عرضی دعوی کے عنوان میں کی گئی تھی تقریبا ۱۰۱ بیگہ کی حد تک پہنچتا تھا۔ ڈسٹرکٹ جج کے روبرو مرافعہ پیش ہونے پر مدعیوں کو قطعی حکم کی روسے ڈگری عطا کی گئی تھی اور اس کی تعمیل میں اس تمام اراضی کا جو بیع کی گئی تھی یعنے ۱۷۶ بیگہ ۱۸ بسوے کا قبضہ حاصل کیا گیا ڈسٹرکٹ جج کے فیصلہ کا حکم یہ تھا کہ مدعیوں کو مدعویہ اراضی کے متعلق حق شفعہ

صفحہ ۲۸ بالفاظ دگر قبضہ حاصل کرنا چاہئیے۔ ڈگری میں اس اراضی کی صراحت جس کا اندراج عرضی دعوی کے عنوان میں کیا گیا تھا نمبرات کھیت کے حوالے سے کی گئی تھی جو اس میں درج تھے۔

جب تعمیل قبضہ منتقل ہو چکا تھا تو مشتری نے جس نے ۱۰۱ بیگہ سے زیادہ اراضی کی واپسی کے لئے درخواست کی تھی ایک عذرداری پیش کی تھی۔ عدالت ابتدائی نے اس درخواست پر کوئی قطعی حکم نہیں صادر کیا ڈگریداروں نے اپنی ڈگری کی ترمیم کے لئے ایک درخواست پیش کی اور عدالت ابتدائی نے ان کو ڈسٹرکٹ جج کے روبرو چارہ جوئی کرنے کی ہدایت دی کیونکہ مدعویہ ڈگری ان کی صادر کردہ تھی۔ انھوں نے حسب ضابطہ ڈسٹرکٹ جج کے روبرو درخواست پیش کی اور انھوں نے ڈگری کی اس طور پر ترمیم کی ہے کہ اب اس میں وہ تمام اراضی داخل ہو گئی ہے جو بیعنامہ میں درج تھی۔

اس حکم کی ناراضی سے مشتری نے اس عدالت میں مرافعہ کیا اور ڈویژن بنچ نے جسکے روبرو مرافعہ پیش کیا گیا تھا یہ فیصلہ کیا کہ کوئی مرافعہ قابل پذیرائی نہ تھا اور یہ ہدایت دی کہ بصیغہ نگرانی نوٹس جاری کی جائے۔

مشتری کے کونسل نے اس ادعا سے بحث کا آغاز کیا ہے کہ وہ اس سوال پر پھر بحث کر سکتے ہیں کہ آیا کوئی مرافعہ قابل پذیرائی ہے اور انھوں نے اس مضمون کی متعدد نظائر کا حوالہ دیا ہے کہ ترمیم شدہ ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ اسی طریقہ سے ہو سکتا ہے جیسا کہ کسی دوسری ڈگری کی ناراضی سے ہو سکتا ہے۔ مگر ان کی تمام نظائر سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ اس ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ نہیں ہو سکتا جس کی روسے کسی ڈگری کی ترمیم کی گئی ہو اور یہ اسا سنگھ کے مرافعہ سے واضح ہے۔ رسوم عدالت جو ادا کی گئی تھی وہ نہ تھی جو کسی مرافعہ پر تشخص کی جاتی ہے بلکہ حکم کی ناراضی سے مرافعہ کے لئے تھی۔ مرافعہ کے عنوان میں اس کی نسبت یہ ظاہر کیا گیا تھا کہ وہ دفعہ ۳۸ قانون عدالتہائے پنجاب کے تحت تھا جو اندراجات کونسل نے مثل میں دفتر کے سوالات کے جوابات میں کئے تھے وہ یہ ظاہر کرتے ہیں کہ وہ حکم کی ناراضی سے مرافعہ کر رہے تھے۔ اس وقت تک کوئی مزید رسوم عدالت ادا یا بالغرض جو لگی پیش نہیں کی گئی ہے اور اس ڈگری کی ناراضی سے جو میرے روبرو پیش ہے کوئی مرافعہ نہیں ہو سکتا۔ بہر صورت مرافعہ جو رجوع کیا گیا تھا اس کی نسبت یہ تصور ہونا چاہئیے کہ ڈویژن بنچ نے اس کو خارج کر دیا تھا۔

اگر درخواست کو نگرانی سمجھا جائے تو سوال یہ ہے کہ آیا دسٹرکٹ جج کو حکم صادر کرنیکا اختیار حاصل تھا۔ یہ بحث کی گئی تھی کہ ترمیم دفعہ ۲۰۶ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب کی گئی تھی اور یہ کہ یہ دفعہ صرف ان تحریری غلطیوں کی تصحیح سے متعلق ہوتی ہے جن کا ارتکاب خود عدالت نے کیا تھا اور اس کا کوئی تعلق فریقین کی غلطیوں سے نہیں ہے اس بحث کی تائید میں ہائیکورٹ الہ آباد کی ایک نظیر رام چند سروپ بنام مظہر حسین (۱) کا حوالہ دیا گیا ہے جس مقدمہ کے واقعات موجودہ مقدمہ کے واقعات سے کوئی مشابہت نہیں رکھتے لیکن اس کے خلاف میں متعدد نظائر موجود ہیں

سوبا سندرم چٹیار بنام راما کرشنا فادر ویلا سامی (۲) میں ہائیکورٹ مدراس نے یہ قرار دیا تھا کہ عدالت کو ان تحریری غلطیوں کی ترمیم کا اختیار تھا جو عرضی دعویٰ کی اس قسم کی غلطیوں کی تقلید کرتے ہوئے ڈگری میں واقع ہو گئی تھیں بغیر اسکے کہ اون پلیڈنگ کی ترمیم کی جائے جنمیں غلطیاں پہلے ظاہر ہوئی تھیں۔ جس غلطی کی صراحت وہاں کی گئی تھی وہ متدعویہ جائداد کی حدود کی تعریف کے متعلق تھی۔

نارائینا۔سامی بنام منیسا (۳) سابقہ مجموعہ کی دفعہ ۲۰۶ کے متعلق ایک نظیر ہے جو موجودہ دفعہ کے مقابلہ میں بہت کم وسیع ہے ہائیکورٹ نے ڈگری کی اس غلطی کی صحت بصیغہ نگرانی کرنے کے لئے دست اندازی کرنے سے انکار کیا جسکی وجہ سے وہ ناقابل تعمیل ہو گئی تھی غلطی در اصل عرضی دعویٰ میں کی گئی تھی لیکن وہ اس قدر صریح قرار دی گئی تھی کہ اس کی تصحیح کرنے سے انکار کرنا اپنی ڈگری کی تعمیل کے لئے مدعی کی مزاحمت کرنا ہو گا بنچ کے ججوں میں سے ایک نے یہ خیال کیا تھا کہ مدعی کا ٹھیک چارہ کار یہ تھا کہ وہ فیصلہ کی ایک بین غلطی کی تصحیح کے لئے تجویز ثانی کی درخواست پیش کرتا لیکن انھوں نے یہ قرار دیا کہ عدالت تحت نے اختیار سماعت کے متعلق صرف ایک غلطی جس کا ارتکاب کیا تھا یہ تھی کہ ایک دفعہ کی بجائے اس نے دوسری دفعہ کی روسے کارروائی کی تھی اور یہ کہ اس نے اس وجہ سے ایک ایسا اختیار سماعت فرض نہیں کر لیا تھا جو اسکو حاصل نہ تھا ایسی حالت میں انھوں نے یہ خیال کیا کہ بصیغہ نگرانی کوئی دست اندازی نہ ہونی چاہیئے۔

فیروز شاہ پیستنجی بنام سن لائف ایشورنس (۴) میں بھی جو فیصلہ سابقہ مجموعہ کی روسے صادر کیا گیا تھا مدعی نے مبلغ اللعہ مبلغ کی ادائی کی شرط سے معاہدہ کی تعمیل مختص کے لئے دعوی کیا اور اس کو مستدعیہ تعمیل مختص کی معہ خرچہ ڈگری عطا کی گئی تھی صحیح تعداد اللعہ تھی اور بغرض تصحیح ڈگری درخواست پیش ہونے پر یہ حکم دیا گیا تھا کہ ڈگری کی ترمیم ہونی چاہیئے۔ یہ قرار دیا گیا تھا کہ مجوزہ ترمیم کے متعلق عذرات محض اصطلاحی تھے یہ کہ یہ امر کوئی اہمیت نہیں رکھتا تھا کہ غلطی عرضی دعوی میں خود مدعی کی غلطی کی وجہ سے پیدا ہوئی تھی اور یہ کہ اس معاہدہ کے معائنہ سے جس کا حوالہ عرضی دعوی میں دیا گیا تھا ظاہر ہوتا تھا کہ تعمیل مختص کی استدعا اور اللعہ کی استدعا ایک دوسرے کے مغائر تھی۔ یہ رائے ظاہر کی گئی تھی کہ ضابطہ انصاف کے تابع ہوتا ہے اور یہ کہ ان ذیعلم جج کا منشا جنھوں نے ڈگری عطا کی تھی یہ تھا کہ اس خاص معاہدہ کی تعمیل مختص کا حکم دیتے۔

محبوب بیگم صاحبہ بنام لال بیگم صاحبہ (۵) میں جو بہت مختصر فیصلہ ہے یہ قرار دیا گیا تھا کہ اگر کوئی تحریری غلطی مسلمہ طور پر عرضی دعوی میں واقع ہوئی تھی تو عدالت کو یہ اختیار تھا کہ وہ اس کی تصحیح کرے خواہ سہو نظری یا لاپروائی یا غلطی سے کسی آئندہ کے کاغذ میں اس کا ارتکاب کیا گیا ہو۔

اسا سنگھ بنام جگجیت سنگھ (لاہور)

صفحہ ۶۸۱

(۱) انڈین کیسیز جلد ۱۸ صفحہ ۔ (۲) انڈین کیسیز جلد ۲۲ صفحہ ۲۷۴ (۳) انڈین لا رپورٹس مدراس جلد ۲۶ صفحہ ۲۲۴۔

(۴) انڈین لا رپورٹس بمبئی جلد ۳۰ صفحہ ۳۲۰ (۵) انڈین کیسیز جلد ۲۶ صفحہ ۱۰ و نظائر ہند ۱۹۱۸ء

اسا سنگھ بنام بنیات سنگھ (لاہور)

شیو بالک پانڈے بنام سکھدئی (۶) میں کچھ اراضی میں ایک حصہ کے قبضہ کا دعوی تھا۔ دعوی کی آخری استدعا میں "۲ آنہ" کے لئے لفظ "پائی" کا استعمال کیا گیا تھا۔ بعد میں دعوی میں ڈگری صادر کرتے وقت عدالت ابتدائی نے اپنے فیصلہ میں شے مدعا بہا کو ۲ آنہ حصہ کے طور پر ظاہر کی تھی اور ڈگری میں اس تعریف کا اعادہ کیا گیا تھا۔ عدالت ابتدائی سے یہ استدعا کی گئی تھی کہ وہ ڈگری کی ترمیم کرے لیکن اس نے اس بنا پر لیا کرنے سے انکار کیا کہ وہ فیصلہ کے خلاف نہ تھی اور یہ کہ غلطی جسکی ترمیم کی استدعا کی گئی تھی اس کو خود مدعی نے پیدا کیا تھا۔ ہائیکورٹ نے ڈگر یدا سکی درخواست نگرانی منظور کی یہ بیان کیا کہ دفعہ ۱۵۲ صرف متعلق تھی اور یہ کہ عرضی دعوی میں تحریر کی غلطی ایک اتفاقیہ سہو نظری کے باعث واقع ہوئی تھی اور یہ حکم دیا کہ تمام مثل میں عرضی دعوی سے لیکر ڈگری تک اس کی ترمیم ہو جانی چاہیئے۔

بسنتی بنام گنج بہاری لال (۷) میں رہن کی بنا پر نیلام کی ڈگری میں رہن نامہ اور ڈگری دونوں میں جائداد کی تعریف غلطی سے معافی کے طور پر کی گئی تھی عدالت تحت نے یہ قرار دیا کہ اس غلط بیانی کی وجہ سے وہ بصیغہ تعمیل جائداد کو نیلام کرنے سے ممنوع تھی۔ ہائیکورٹ نے یہ رائے ظاہر کرکے ڈگری کی ترمیم کی اجازت دی کہ عدالت کا یہ فرض ہے کہ وہ یہ دیکھے کہ تمام غلطیوں کو درست کر دیا گیا ہے جب شبہ کا کوئی سوال نہ ہو اور یہ کہ غلط بیانی سے فریق ثانی کو کسی طرح سے کوئی دھوکہ نہ ہوا ہو۔

موجودہ مقدمہ میں حق شفعہ کے نفاذ کا دعوی کیا گیا ہے اور یہ ایک ابتدائی مسئلہ ہے کہ ہونیوالا شفیع مبیعہ جائداد کے صرف ایک حصہ کی نسبت حق شفعہ کو نافذ نہیں کرا سکتا بلکہ اسکو تمام معاملہ لینے کے لئے دعوی کرنا چاہیئے۔ اس میں کچھ شبہ نہیں ہو سکتا کہ دونوں عدالتوں نے یہ خیال کیا تھا کہ وہ تمام بیع کی نسبت کارروائی کر رہے تھے اور یہ باور کرنا ناممکن ہے کہ مدعا علیہم اسکے خلاف کوئی خیال رکھتے تھے۔ ڈگری جس طور پر کہ اس کی ترمیم کی گئی تھی اس عدالت کے منشا کے مطابق ہے جس نے اس کو صادر کیا تھا اور محولہ بالا نظائر یہ قرار دینے کے لئے کافی سند رکھتی ہیں کہ دفعہ ۱۵۲ کے تحت اس غلطی کی حیثیت سے ترمیم کرنا جائز تھا جو ڈگری میں کسی اتفاقیہ سہو نظری یا ترک سے پیدا ہوئی تھی دفعہ ۱۵۲ کے قطع نظر موجودہ مجموعہ میں دفعہ ۱۵۱ شامل ہے جسکے احکام سابقہ مجموعہ میں موجود نہ تھے اور میں یہ خیال کرنے کی جرأت کرتا ہوں کہ ہر ممکنہ مقدمہ میں دفعہ ۱۵۱ عدالت کو اس قابل بنائیگی کہ وہ ڈگری میں تبدیل کرے جب وہ صحیح طور پر یہ نہ ظاہر کرتی ہو کہ عدالت نے فی الواقع کیا تصفیہ کیا تھا یا کیا تصفیہ کرنیکا اس کا منشا تھا۔ اس طور معقول طریقہ سے یہ بحث کی جا سکتی ہے کہ ایسے فیصلہ جات جو موجودہ مجموعہ کی ترمیم کے قبل صادر کئے گئے تھے جن سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ وہ ترمیم کے اختیار کو محدود کرنے میں نافذ نہیں ہیں۔

آخر کار گہسیٹا بنام سلطان (۸) میں اس عدالت نے بصیغہ نگرانی اس ڈگری میں دست اندازی کرنے سے انکار کیا تھا جس سے گو وہ قانون کی غلطی پر مبنی تھی۔ فریقین کے مابین نفس الامری انصاف ہو جاتا تھا اور اس تجویز کے لحاظ سے کہ مدعیان اس بیع کے متعلق حق شفعہ کو نافذ کرنے کے مستحق تھے جواب تمام اعتراض سے پاک ہے ڈگری سے جس طور پر کہ اس کی ترمیم کی گئی تھی ایسا نفس الامری انصاف ہوتا تھا جب کہ غیر مرمہ ڈگری سے یہ نہیں ہوتا تھا۔

(۶) انڈین کیسیز جلد ۳۴ صفحہ ۲۴۴ (۷) انڈین کیسیز جلد ۳۴ صفحہ ۹۹۔
(۸) انڈین کیسیز جلد ۱۹ صفحہ ۲۲۵۔

(۲۷۸)

اس وجہ سے میں درخواست معہ خرچہ خارج کرتا ہوں۔

درخواست خارج کی گئی۔

## عدالت جوڈیشل کمشنر پشاور

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۸۸-۹۴ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۱۲ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر ہیپن جوڈیشل کمشنر

**گلمیران وغیرہ - مدعی علیہم - مرافعان بنام عبدالرحیم خان وغیرہ - مدعیان - مرافعہ علیہم**

**قانون معاہدہ ایکٹ ۹ بابتہ ۱۸۷۲ء دفعات ۴۳ و ۴۵ - مرتہن - انفکاک رہن - ایک شریک مرتہن کو رقم ادا کرنے سے ایا رہن بیباق ہو جاتا ہے - حصص کی تخصیص کا اثر - قیاس -**

گلمیران بنام عبدالرحیم (پشاور)

ہندوستان کی عدالتوں نے ہمیشہ یہ تسلیم کیا ہے کہ اکویٹی اسکی مقتضی ہوتی ہے کہ معاملات رہن کے انفکاک میں سہولت پیدا کی جاوے۔ ہمیشہ یہ امر مصلحت عامہ کے طور پر تصور کیا گیا ہے کہ اراضی کا اسکے سابقہ مالک کو واپس کیا جانا اور کفالتوں کے بارے اراضی کی واگزاشت ہونا اپنی طور پر قرین مصلحت عامہ ہیں اور اس مسئلہ پر اصرار کرنا کہ راہن مجبور ہوتا ہے کہ وہ علیحدہ علیحدہ طور پر شریک مرتہنین میں سے ہر ایک کی رقم ادا کرے۔ فی الواقع انفکاک رہن کا اثر پیدا کر سکتا ہے۔ بہت سی صورتوں میں اس کا اثر یہ ہوگا کہ راہن کے لئے اپنے حق انفکاک کو محفوظ رکھنے کا صرف ایک ذریعہ ہوگا کہ وہ مجبوراً عدالت میں رجوع ہو۔ ساتھ ہی راہن اور متعدد شریک مرتہنوں میں سے کسی ایک کے مابین کچھ بھی فریب جو موخر الذکر کے حقوق کو مارنے کے لئے کیا گیا ہو راہن کو اپنے اس حق سے محروم کریگا کہ وہ صرف ادائی کے ذریعہ سے واگزاشت کرائے۔ ہر مقدمہ میں یہ ایک واقعہ کا سوال ہوگا اور یہ تسلیم کیا جانا چاہیئے کہ اکویٹی کا اصول جو متعدد شریک مرتہنین کے منجملہ کسی ایک کو یہ اجازت دیتا ہے کہ وہ جائز طور پر بجائے ہمیشہ مساوی طور پر مبنی بر اکویٹی شرائط لئے نافذ ہونا چاہیئے کہ دوسرے اشخاص کے حقوق کو زائل کرنے یا ان پر مضر اثر ڈالنے کی کوئی کوشش نہیں کی گئی ہے۔

خود مرتہنین کے مابین محض حصص کی تقسیم انفرادی طور پر سے راہن پر اثر نہیں ڈالتی۔ راہن پر مضر اثر ڈالنے کے لئے نہ صرف یہ ظاہر کیا جانا چاہیئے کہ مرتہنین کے حصص کی صراحت کی گئی ہے بلکہ یہ کہ ان کے اور راہن کے مابین معاہدہ کا اثر یہ تھا کہ اس کو ان حصص کے مطابق انفکاک رہن کرانا چاہیئے۔ جب اس مضمون کا کوئی صریح معاہدہ موجود نہ ہو تو یہ فرض کیا جانا چاہیئے کہ راہن کی ذمہ داری شریک مرتہنین کی تمام جماعت کے متعلق انفرادی نہیں بلکہ مشترکہ ہوتی ہے۔

دفعہ ۴۳ قانون معاہدہ اس ایجاب سے جو قبول کیا گیا ہو نہ کہ اس ایجاب سے جس سے انکار کیا گیا ہو متعلق ہوتی ہے لیکن خواہ دفعہ ۴۳ قانون معاہدہ متعدد مرتہنین مشترکہ کے منجملہ کسی ایک کو رقم ادا کرنے سے متعلق ہو یا نہ ہو اکویٹی کا قاعدہ جو ہندوستان سے متعلق ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ فریب یا دوسرے مرتہنین کے حقوق کو مارنے کی نیت کی عدم موجودگی میں کسی ایک مرتہن کو رقم ادا کرنے سے راہن بری ہو جاتا ہے۔ ان حصص کی جو مرتہنین کے قبضہ میں ہوں کاغذات مال میں محض تخصیص فی نفسہ اس قیاس کی تائید کے لئے کافی نہیں ہوتی کہ آیا ان حصص کی تقسیم کا پابند ہے اور یہ ظاہر کرنا مرتہنین کا کام ہے کہ فریقین کے مابین کوئی معین معاہدہ موجود تھا جس کی رو سے اس تقسیم کو تسلیم کیا گیا تھا۔ باگر رحیم بنام راسنا گونڈن انڈین لا رپورٹس مدراس جلد ۲ صفحہ ۱۷۴ و ناراینا بنام اپالا کمپلا انڈین کیسز جلد ۱۹ صفحہ ۲ پسند کئے گئے۔ متھرا داس بنام نظام دین انڈین کیسز جلد ۴۹ صفحہ ۹۱۱ سے اختلاف کیا گیا۔ جگت تارینی داسی بنام ناباگوپال چاکی انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۳۴ صفحہ ۳۰۵۔ سیتا رام بنام شیو

علیاں
بنام
عبدالحکیم
(پشاور)

ثمین لارڑ [illegible] بنام [illegible]

[illegible] بنام [illegible]

[illegible]

مرافعہ ثانی نمبر [illegible] فیصلہ [illegible] ماہ اگست [illegible]

[illegible]

منجانب مرافعہ [illegible]

منجانب [illegible] خان

**فیصلہ**۔ [illegible] ہے جو [illegible] گل بہراں [illegible] میں [illegible] کیا [illegible] تصدیق کی [illegible] جس سے یہ ظاہر [illegible] سے متعلق [illegible] تھی [illegible] و [illegible] دوسری اپیل بدل [illegible] کے لئے [illegible] ہوتا تھا [illegible] اور (۲) مرتہنین کی حیثیت [illegible] ابتدائی نے یہ قرار دیا تھا کہ [illegible] کیا گیا تھا اور یہ کہ [illegible] رہن کی جائز بنیاد [illegible] کیا۔ ڈسٹرکٹ [illegible] کی بنیاد [illegible] حکم [illegible] مقدمہ کے بعد رپورٹ پیش ہو [illegible] یہ قرار دیا (۱) یہ کہ مدعی علیہم یہ ثابت کرنے سے قاصر [illegible] کالو خاں کو ادا کی گئی تھی اور (۲) یہ کہ اگر رقم [illegible] طور پر ادا کی گئی

صفحہ ۶۸۲

گئی تھی تو متعدد مشترک مرتہنین کے منجملہ کسی ایک کو رقم ادا کیا جانا جائز الفکاک رہن کی حد تک نہیں پہونچتا تھا۔ ان تجاویز کے لحاظ سے انھوں نے مدعیوں کو متدعویہ اراضی کے مرتہنین کی حیثیت سے قبضہ کی ڈگری عطا کی۔ مدعی علیہم اپیلان نے اس عدالت میں مرافعہ ثانی رجوع کیا۔

مرافعہ کی اپیل [illegible] غلط فہمی پر مبنی معلوم ہوتی ہے قبضہ کی ڈگری کے [illegible] متعلق اس بنا پر اعتراض کیا گیا ہے کہ دعویٰ [illegible] لئے تھا لیکن یہ امر صحیح نہیں ہے عرضی دعویٰ [illegible] لیعنی استقرار حق اور قبضہ کی [illegible] اور قبضہ کے لئے ڈگری صادر کئے جانے [illegible] امتناع نہ تھی۔

[illegible] دو سوالات پر بحث کی جانی چاہئے (۱) واقعہ [illegible] انہوں نے کالو خاں کو رقم ادا کی تھی یا نہیں [illegible] کا سوال کہ آیا ایسی ادائی اگر وہ ثابت ہو گئی [illegible] جائز بنیاد تھی۔

[illegible] نے مقامات میں جنہیں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ [illegible] ہے یہ ظاہر کرنا مدعیوں کا کام ہے کہ کوئی [illegible] نہیں ہوا تھا۔ کارروائیات جو بدوران [illegible] کی گئی تھیں اس مقدمہ میں اہم ہیں ۔ [illegible] ایک رپورٹ مرتب کی جس سے یہ [illegible] یہ رپورٹ کی تھی کہ [illegible] رپورٹ پر موجودہ مدعیوں کے [illegible] کالو خاں کے اور ایک لمبردار سادو خاں کے [illegible] تھے۔ داخل خارج اسمار کی کارروائی بغرض تصدیق تحصیلدار کے روبرو ۲۶ مئی ۱۹۱۷ء کو پیش ہوئی۔ اس موقع

پر یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مرتہنین کے منجملہ ایک قاضی نمال حاضر ہو
تھا اور اس امر سے انکار کیا تھا کہ اس نے اور اسکے [illegible] لوگوں نے
زر رہن حاصل کیا تھا۔ تحصیلدار کے حکم میں اس امر کا اضافہ کیا
گیا ہے کہ مالک گل سیراں نے باوجود اسکے کالو خاں کو روپیہ ادا
کیا تھا فریقین کے مابین یہ امر نزاعی ہے کہ آیا تحصیلدار یہ رائے
ظاہر کرنے وقت کسی واقعہ کو درج کر رہا تھا جس کو اس نے دوسرے
ذرائع سے تحقیق کر لیا تھا یا آیا وہ اس بیان کو قلمبند کر رہا تھا
جو اسکے روبرو قاضی خاں نے کیا تھا۔ خواہ واقعہ کچھ ہی ہو
انھوں نے اپنا حکم اس بیان کے ساتھ ختم کیا تھا کہ اس ادائی کے
اثر کا سوال اس قسم کا تھا جس کا تصفیہ خود مرتہنین کے مابین کیا
جانا چاہیئے اور یہ کہ اراضی فی الواقع فک رہن کرائی جا چکی تھی
حسبہ انھوں نے عمل درخلخارج منظور کیا اور انفکاک رہن ہو جانا
تحریر کر لیا۔ اب یہ واضح ہے کہ اصلی رپورٹ پر اللہ داد خاں کے
دستخط بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ اللہ داد
خاں اس وقت ایک مرتہن نہ تھا کیونکہ اس زمانہ میں اس کا باپ
سرور خاں زندہ تھا لیکن میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ اس سے
کس طرح سے اس قیاس کی اہمیت کم ہو جاتی ہے جو اس کے دستخط
سے اخذ کیا جانا چاہیئے۔ یہ سوال اس قسم کا [illegible]
خود اپنے فعل کی وجہ سے ممنوع ہو گیا تھا بلکہ وہ واقعات کے
متعلق شہادت کا سوال ہے۔ خواہ اس [illegible] اللہ داد خاں مرتہن
تھا یا نہ تھا مگر وہ اس معاملہ سے بہت زیادہ تعلق رکھتا تھا۔
وہ مرتہن کی حیثیت سے اپنے باپ کے حقوق کا وارث ہونا [illegible]
وہ اس تاریخ سے فی الواقع اس طور پر دلالت کرنے ہو گیا ہے۔ اسکے
علاوہ وہ خواندہ شخص ہے اور اندراج کی تصدیق اسکے نشان
انگشت سے نہیں بلکہ اسکے دستخط سے کی گئی ہے۔ اس نے پھر اپنے

کلیران
بنام
عبدالرحیم
دیشاد...

بیان میں گو اس امر سے انکار کیا ہے کہ اس کا منشا یہ تھا کہ انفکاک
رہن کے اندراج کی تصدیق کرے مگر یہ تسلیم کیا ہے کہ دستخط کرنے کے
قبل اس نے اس اندراج کو پڑھا تھا۔ اسکے خلاف اس کی وضاحت
میری رائے میں بالکل یقین دلانے والی نہیں ہے اس نے یہ بیان
کیا ہے کہ داخل خارج اسمار کی دوسری کارروائی کے ساتھ ہی ساتھ
اسکے روبرو پیش کی گئی تھی جسمیں کچھ اراضی ایک شخص دیگر سے
منفک کرائی گئی تھی اور یہ کہ اس نے اس رپورٹ پر جس سے اس
دعوی کا تعلق ہے اس خیال سے دستخط کئے تھے کہ اس کا تعلق
دوسرے رہن سے تھا جس سے اس دعوی کا تعلق نہیں ہے یہ
بیان قبول کرنا مجھے ناممکن معلوم ہوتا ہے چونکہ خود اس نے اس لکھے
کو پڑھا تھا اس لئے میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ کس طرح سے اسکو
ایسے بین طریقہ سے دھوکہ ہوا ہوگا جو بیان کیا گیا ہے رپورٹ کی
تصدیق ایک لمبردار سوہدا د خاں نے بھی کی تھی جس نے بطور گواہ کے
اس کی تصدیق پر دستخط کئے ہیں اس میں شک نہیں کہ وہ مدعیوں
کے مخالف ہے مگر یہ بالکل واضح ہے کہ اس نے اور اللہ داد خاں دونوں
نے فی الواقع اس رپورٹ پر دستخط کئے تھے۔ مدعی نے جو جواب اپیل پیش
کیا تھا اس میں یہ قیاس شامل تھا کہ انفکاک رہن کی غلط کارروائی
[illegible] داخل خارج اسمار تحریر کرنے کے لئے ایک وسیع پیمانہ پر سازش کا
نتیجہ تھی ڈسٹرکٹ جج نے ابتدا اس خیال کیا بلکہ یہی ثابت ہے جو فی الواقع
[illegible] لیکن میں اس رائے سے اتفاق نہیں کر سکتا مجھے معلوم
ہوتا ہے کہ [illegible] رپورٹ اصلی تھی اور یہ کہ اوسکی
تصدیق [illegible] ایک شخص اللہ داد خاں نے اس کے
[illegible] کامل علم کے ساتھ کی تھی۔ اسکے بعد ہم تحصیلدار کے بعد کی
ان کارروائیات پر غور کرتے ہیں جو ۲۶ مئی سنہ ۱۹۱۱ء کو واقع ہوئی تھیں
میں نے اوپر یہ ذکر کیا ہے کہ اس حکم کی [illegible] تعمیر متنازعہ تھا چنانچہ

صفحہ ۶۸۴

میران بنام عبدالرحیم (پشاور)

علاوہ بریں اسکے صرف یہ معنی سمجھ سکتا ہوں کہ وہ شخص قاضی خاں تھا جس نے تحصیلدار سے یہ بیان کیا تھا کہ گل میران نے کالو خاں کو قبضہ دیدیا تھا۔ قاضی خاں صریحاً اس وقت موجود تھا جیسا کہ نقشہ سے ظاہر ہوتا ہے۔ اس حکم کی عبارت کے معنی میرے خیال میں بلا شبہ شبہ کے بغیر یہ ہیں کہ تحصیلدار ایک واقعہ قبضہ دریافت کر رہا تھا جو قاضی خاں نے اس سے بیان کیا تھا۔ یہاں تک میں مدعیان کے بیان کو قبول کرنے سے قاصر ہوں کہ یہ ایک طویل سازش کی گئی تھی جس کا کہ تصدیق کنندہ عہدہ دار سازش یا لا پرواہی سے فریق بن گیا تھا جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک صریح اور عام اقبال اس قسم کا کیا گیا ہے کہ قبضہ کالو خاں کے حوالے کر دیا گیا تھا [illegible] اس واقعہ سے حقیقی ہے کہ مدعیان نے اپنے خلاف اندراج کے باوجود عمل [illegible] کے خلاف ہی کلکٹر یا ریونیو کمشنر [illegible] کیا تھا اسی تاخیر کے لحاظ سے جو شامل ہے اور اس نقصان کے لحاظ سے جو اس عمل دخل خارج اسمار کی موجودگی کی وجہ سے انکے حقوق کو پہنچایا جا سکتا تھا نسبت انہوں نے اب یہ بیان کیا ہے کہ وہ فریب [illegible] تھا یہ نہیں باور کیا جا سکتا کہ انہوں نے [illegible] اپنے حقوق پر زور دینا ترک کیا ہوگا تاکہ اس عمل کو منسوخ کیا جائے میرے خیال میں انکے اس عمل کا در اصل صرف ایک وجہ ہے اور وہ یہ ہے کہ انہوں نے اس وقت یہ باور کیا تھا چونکہ کالو خاں نے فی الواقع رقم وصول کر لی تھی اس لئے راہنوں کے خلاف انفکاک رہن میں مقابلہ [illegible] انکے پاس کوئی بحث نہ تھی اور یہ کہ اس وقت انہوں نے [illegible] کیا تھا کہ نزاع اس قسم کی تھی جس کا تصفیہ خود کالو خاں نے [illegible] تھا عمل دخل خارج اسمار کی تاریخ کے بعد تقریباً دو سال تک [illegible] مدعیان نے مقدمہ تک رجوع نہیں کیا تھا اور میں قیاس [illegible] انہوں نے اس وقت اس وجہ سے ایسا عمل کیا ہے کہ اسکے بعد [illegible] مشورہ دیا

گیا ہے کہ متعدد راہنوں میں سے کسی ایک کو رقم ادا کرنا جائز انفکاک رہن کی حد تک نہ پہنچتا۔ اسکے بعد یہ اہم واقعہ بھی موجود ہے کہ عمل دخل خارج اسمار کے بعد سے متدعویہ اراضی کے قبضہ میں تبدیلی ہوئی ہے۔ یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ اب مرتہنین نہیں بلکہ راہنان زر مالگزاری ادا کرتے ہیں۔ مدعیوں نے اس واقعہ کے متعلق دو بیانات پیش کئے ہیں ایک بیان یہ ہے کہ راہنوں کی جانب سے زر مالگزاری کا ادا کیا جانا ایک معاہدہ کی وجہ سے ہے جو گل میران نے ۱۹۰۸ء میں کیا تھا اور جس کا اندراج عمل دخل خارج اسمار میں کیا گیا تھا جس کی رو سے اراضی کے ½ حصے کے انفکاک پر اس نے یہ معاہدہ کیا تھا کہ وہ آئندہ زر مالگزاری ادا کریگا۔ میں نے عمل دخل خارج اسمار کا معائنہ کیا ہے اور میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ کس طرح سے اسکی یہ تعبیر ہو سکتی ہے جو بیان کی گئی تھی۔ اس سے یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ گل میران نے زر مالگزاری کی ادائی کی کچھ بھی ذمہ داری لی تھی بخلاف اسکے اسمیں یہ تحریر کیا گیا ہے کہ زر مالگزاری وہ مرتہنین ادا کرینگے جنہیں گل میران کو اس غلہ کا [illegible] حصہ ادا کرنا چاہیئے جو اراضی سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ جواب مجھے نہایت ہی [illegible] غیر معقول معلوم ہوتا ہے علی سبیل البدل بیان جو پیش کیا گیا تھا وہ یہ ہے کہ جب ایک مرتبہ انفکاک رہن کے متعلق عمل دخل خارج اسمار پر تصدیق ہو گئی تھی تو عہدہ داران مال دیہی ان اشخاص سے زر مالگزاری وصول کرنے کیلئے مجبور تھے جو قابض تھے اور وہ اسکو مرتہنین سے طلب نہیں کر سکتے تھے لیکن ہم یہ قرار دیتے ہیں کہ مصدقہ عمل دخل خارج اسمار [illegible] راہنوں کی نسبت اب خسرہ گرداوری میں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ وہ قابض ہیں اور یہ انتہائی قوی شہادت یہ ظاہر کرتی ہے کہ ان کا قبضہ محض برائے نام نہیں بلکہ واقعی ہے یہ بیان پہلے بیان کے مطابق نہیں ہے جسکے متعلق میں بحث کر چکا ہوں میں یہ قرار دیتا ہوں کہ قبضہ فی الواقع منتقل کیا گیا تھا اور یہ کہ یہ ایک مزید اور صریح وجہ یہ قرار دینے کی ہے کہ انفکاک رہن در اصل واقع ہوا تھا علاوہ ازیں یہ سوال

(۵۷۶) مجھے ڈویژنل کورٹ کی تجویز سے اختلاف کرنا چاہیئے اور میں یہ قرار دیتا ہوں کہ قرضہ مرتہن رقمی الف ۹ راہنوں کی جانب سے ایک مرتہن کالو خاں کو ادا کیا گیا ہے۔

(۲) سوال قانونی جس کا تصفیہ کیا جانا چاہیئے یہ ہے کہ آیا صرف ایک مرتہن کے حق میں ادائی دوسرے مرتہنین پر واجب التعمیل ہے اور وہ انفکاک رہن کا اثر رکھتی ہے۔ یہ سوال بہت زیادہ اہمیت رکھتا ہے اور وہ دشواری سے مبرا نہیں ہے۔ عدالت ابتدائی نے یہ قرار دینے میں کہ ادائی رہن کی جائز بیباقی کی حد تک پہنچتی تھی۔ مقدمہ بار بر میرن بنام رامنا گونڈن (۱) ہائیکورٹ مدراس کے مشہور فیصلہ کی تقلید کی تھی جو سنہ ۱۹۱۱ء میں صادر کیا گیا تھا اور جو بطور بار بر میرن بنام رامنا گونڈن (۱) کے طبع کیا گیا ہے ڈویژنل جج نے یہ ظاہر کیا ہے کہ دوسری عدالتوں نے اس فیصلہ کی تقلید نہیں کی ہے اور انھوں نے متھرا داس بنام نظام دین (۳) کا حوالہ دیا ہے کہ اس سے اس رائے کی تائید ہوتی ہے کہ متعدد مرتہنین مشترک کے منجملہ کسی ایک کو رقم ادا ہونے سے قرضہ بیباق نہیں ہو جاتا۔ ہندوستان کی مختلف ہائیکورٹوں نے اس مضمون کے متعلق وقتاً فوقتاً جو ارقام کی ہیں وہ دلچسپ اور ایک بڑی حد تک ایک دوسرے کے خلاف ہیں یا وہ نتیجہ جو ہائیکورٹ مدراس نے مقدمہ مندرجہ بالا میں اخذ کیا تھا زیادہ تر دفعہ ۳۸ قانون معاہدہ کی تعبیر پر منحصر تھا۔ اس دفعہ کا منشا یہ ہے کہ جب معاہد متعدد و معاہد ہم مشترک کے منجملہ کسی ایک سے تعمیل کی آمادگی ظاہر کرے تو ایسی آمادگی وہی قانونی نتائج رکھتی ہے گویا کہ وہ تمام سے ظاہر کی گئی تھی۔ جو رائے اس مقدمہ میں اختیار کی گئی تھی وہ یہ تھی کہ وہ آمادگی جو قبول کر لی گئی ہو اس کے قانونی نتائج کی حد تک اس آمادگی سے ممیز نہیں کی جا سکتی جس سے انکار کیا گیا ہو دفعہ ۳۸ کے پہلے فقرہ میں صراحتاً ایسی آمادگی کا ذکر کیا گیا ہے جس کو قبول نہ کیا گیا ہو۔ مگر اس دفعہ کے آخری الفاظ عدم قبول کی کسی شرط سے لفظ "آمادگی" کی ترمیم نہیں کرتے اور وہ حسب ذیل ہیں "چند شریک معاہد لہم میں سے ایک کی نسبت آمادگی ظاہر کرنے کے نتائج قانونی وہی ہیں جو ان سب کی نسبت آمادگی ظاہر کرنے کے ہیں"۔ وہ رائے بادی النظر میں بالکل مبنی بر منطق ہے۔ یہ بیان کیا جا سکتا ہے کہ اگر محض اظہار آمادگی ذمہ داری سے برات دلاتی ہے تو قبول کی ہوئی آمادگی بدرجہ اعلیٰ اسی طریقہ سے اثر پذیر ہوتی ہے وہی سوال پھر ہائیکورٹ مدراس کے ایک اجلاس کامل کے روبرو اس مقدمہ میں جو بطور منا و انایلو رنگا بنام اپالا اکیا (۳) کے طبع کیا گیا ہے پیش ہوا تھا۔ جن ان ججوں کی زیادہ تعداد نے جن پر اجلاس کامل مشتمل تھا فیصلہ بار بر میرن بنام رامنا گونڈن (۱) کو بحال رکھا تھا لیکن چیف جسٹس سر آرنولڈ وائٹ نے اختلاف کیا تھا۔ یہ امر قابل غور ہے کہ اپنے فیصلہ میں انھوں نے یہ تسلیم کیا تھا کہ دفعہ ۳۸ قانون معاہدہ کا آخری فقرہ عام تھا اور وہ ایسی آمادگی تک محدود نہ تھا جو قبول نہ کی گئی ہو۔ یہ امر دلچسپ ہے کیونکہ چیف کورٹ پنجاب نے بعد کے فیصلوں میں جنہیں ان نتائج کو بحال رکھا گیا تھا جو اس وقت سر آرنولڈ وائٹ نے اخذ کئے تھے اپنی تجاویز اولاً اس بحث پر مبنی کی ہیں کہ تمام دفعہ ۳۸ کا تعلق صرف ایسی آمادگی سے ہو سکتا ہے جس کو قبول نہ کیا گیا ہو اور یہ کہ اس کا کوئی تعلق ایسی ادائی سے نہیں ہوتا جو فی الواقع عمل میں آئی ہو۔ دفعہ ۳۸ قانون معاہدہ کے متعلق دلیل جسٹس سنکرن نائر کے فیصلہ میں بہت اچھی طور پر ظاہر کی گئی ہے جو مدراس کی اس نظر کے اجلاس کامل کے غلبہ میں ایک تھے جواب زیر غور ہے۔ انھوں نے بیان کیا کہ یہ دشوار ہے کہ

گلبراں بنام عبدالرحیم (پشاور)

(۱) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۳۴ صفحہ ۴ (۲) انڈین کیسیز جلد ۱۶ صفحہ ۹۲۱۔

(۳) انڈین کیسیز جلد ۱۹ صفحہ ۱۲۔

امیرلال
بنام
عبدالرحیم
(پشاور)

واضعان قانون نے ایسی کسی نیت کا اتہام لگایا جائے کہ معاہد اس کا مستحق ہے کہ وہ آمادگی کا اظہار کرنے کو معاہد لہ اس کو قبول کرنیکا مستحق نہ ہو۔ جیسا معلوم ہوتا ہے اگر معاہد اس کا مستحق ہو کہ [illegible] معاہد لہم [illegible] ایک [illegible] آمادگی ظاہر کرے جس کو قبول کرنے یا شخص موخر الذکر مستحق ہو تو [illegible] قرار دیا جاسکتا کہ وہ اس کا پابند [illegible] معاہد لہم کو وہ [illegible] ہوا [illegible] حالت میں ادا [illegible] [illegible] کیا جانا چاہئیے کہ وہ [illegible] باقی ہے [illegible] [illegible] سوا [illegible] کلکتہ [illegible] بنام [illegible] ۱۹۰۲ء [illegible] نظیر ہے لیکن وہ [illegible] نہیں ہے کیونکہ اس کا تعلق [illegible] اس سوال سے تھا کہ آیا متوفی معاہد لہ کے ورثا دفعہ ۴۳ قانون معاہدہ کے مفہوم میں خود معاہد لہم مشترک تھے۔ جو رائے قائم کی گئی تھی وہ یہ تھی کہ ورثا بحیثیت وارث بنتے تھے اور وہ واحد غرض اور [illegible] حقیت کی وجہ سے ایک دوسرے سے تعلق رکھتے تھے۔ ہائیکورٹ بمبئی نے سنہ ۱۹۱۹ء کے ایک مقدمہ میں جو [illegible] رام بنام [illegible] (۵) کے طبع کیا گیا تھا باربر بسیرن بنام رامنا گونڈن (۱) کی صحت پر شبہہ کیا تھا۔ لیکن فاضل ججوں نے یہ بیان کیا تھا کہ انکے لئے یہ ضروری نہ تھا کہ وہ اس فیصلہ کی صحت پر کوئی رائے ظاہر کریں اسلئے کہ وہ ورثا کے حقوق کے سوال پر بحث کر رہے تھے انہوں نے یہ قرار دیا کہ ورثا مشترک معاہد لہم نہ تھے اور یہ کہ ایک وارث دوسروں کے اتفاق کے بغیر اسطور پر رہن کو نافذ نہیں کر سکتا تھا کہ راہن کو جائز برات دے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ اس فیصلہ کی نسبت صرف یہ تصور ہو سکتا ہے کہ اسمیں اس عام اصول کو بغیر کسی خلل کے چھوڑ دیا گیا ہے جو باربر بسیرن بنام رامنا گونڈن (۱) میں تحریر کیا گیا تھا۔ اور یہ قرار دیا گیا تھا کہ وہ اصول ورثا سے غیر متعلق ہے۔ لیکن چیف کورٹ

صفحہ ۷۸۶

پنجاب ان آرا سے بالکلیہ اختلاف کرنے میں بہت زیادہ [illegible] جو ہائیکورٹ مدراس کی تھیں۔ اس خصوص میں اہم نظیر جس کا حوالہ [illegible] دیا گیا ہے [illegible] (۲) ہے۔ فاضل جج [illegible] اختلاف کرنیکی وہ [illegible] کی تھیں ایک وجہ یہ تھی [illegible] معاہدہ متعلق نہیں ہوسکتی تھی کیونکہ [illegible] آمادگی سے تھا [illegible] قبول کرنے سے انکار کیا گیا ہے اور دوسری وجہ یہ تھی کہ مقدمہ سے دفعہ ۴۵ قانون معاہدہ متعلق تھی۔ فاضل ججوں کے لئے تمام مناسب تعظیم کے باوجود میں خیال کرتا ہوں کہ یہ رائے کہ دفعہ ۳۸ صرف اس وقت متعلق ہوسکتی ہے جب آمادگی قبول نہ کی گئی ہو اس قسم کی ہے جسمیں مجموعہ کی عبارت کی زیادہ تاویل اور دلیل کا غیر منقطع ہونیوالا سلسلہ شامل ہے۔ اسکے علاوہ میں اسکے قبل یہ رائے [illegible] ظاہر کرچکا ہوں کہ ہائیکورٹ مدراس کے فاضل چیف جسٹس نے اس رائے سے اختلاف کرتے ہیں کہ متعدد مشترک معاہد لہم کے منجملہ کسی ایک کو رقم کا ادا کیا جانا تمام کی جائز برات کی حد تک پہنچتا تھا خود یہ تسلیم کیا تھا کہ دفعہ ۳۸ کی آخری عبارت عام اطلاق کی تھی اور اس کا تعلق ایسی آمادگی سے جو قبول کی گئی تھی و نیز ایسی آمادگی سے تھا جس سے انکار کیا گیا تھا۔ اسکے علاوہ میرے روبرو مرافعہ علیہم کے لائق کونسل نے گو اس اصول پر اعتراض کیا تھا جو ہائیکورٹ مدراس نے تحریر کیا تھا اور اس نتیجہ کی تائید کی تھی جو چیف کورٹ پنجاب نے اخذ کیا تھا مگر بہت صاف دلی سے یہ بھی تسلیم کیا ہے کہ وہ اس رائے سے اتفاق نہیں کر سکتے جو موخر الذکر نے دفعہ ۳۸ کے متعلق قائم کی تھی انھوں نے یہ بحث کی ہے کہ ہمیں دفعہ ۳۸ کو کلیتاً نظر انداز کرنا چاہئیے اور اکو ہی [illegible] کے اصول سے استناد کرنا چاہیئے جس امر پر میں بعد میں بحث کرونگا۔ دفعہ ۴۵ قانون معاہدہ کے اطلاق کی نسبت سر آرنولڈ [illegible]

(۲) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۲۹ صفحہ ۲۰۵ (۵) انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۴۲ صفحہ ۳۹۲۔

نے اسی طور پر دفعہ ان وجوہ سے خارج کی تھی جن پر انھوں نے اپنی رائے مبنی کی تھی۔ انھوں نے اپنے فیصلہ میں یہ بیان کیا ہے کہ دفعہ ۵۴ جس میں حقوق کی منتقلی کی بحث کی گئی ہے جب کسی شخص نے دو یا زیادہ اشخاص مشترک سے معاہدہ کیا ہو اس سوال پر جس کا ہمیں تصفیہ کرنا ہے اگر کوئی روشنی ڈالتی ہے تو وہ بہت کم ہے دفعہ میں اس طریقہ کی صراحت کی گئی ہے جس طریقہ سے حقوق منتقل ہونے چاہئیں لیکن اس میں اس امر کے متعلق کچھ نہیں بیان کیا گیا ہے کہ معاہد اور کسی ایک معاہد کے مابین کسی معاملہ سے ان حقوق پر کس طرح سے اثر پڑتا ہے مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہی ایک قابل پذیرائی رائے ہے اور یہ کہ دفعہ ۵۴ اس سوال پر فیصلہ صادر کرتی نہیں ہیں بالکل موہنیں دیتی کہ ایا متعدد معاہدین کے منجملہ کسی ایک کو رقم کا ادا کیا جانا وہی اثر رکھتا ہے جو کہ تمام کو رقم ادا کرنے کا ہوتا ہے ایسی حالت میں یہ معلوم ہوگا کہ وہ نتیجہ جو تیھرا اس بنام نظام دین (۲) میں اخذ کیا گیا تھا بہت ہی کمزور بنیاد پر پڑتی ہے۔ وہ رائے جو ہائیکورٹ پٹنہ نے قائم کی تھی موجودہ مقدمہ میں خاص دلچسپی رکھتی ہے اس لئے کہ فریقین کے کونسل بظاہر یہ تسلیم کریں گے کہ جو رائے اس عدالت کے فاضل ججوں نے قائم کی تھی وہ در اصل نہایت معقول ہے اس لئے کہ اس میں تنقیح طلب سوال کو کلیتاً اکویٹی کے معیار سے متعلق کیا گیا ہے۔ سیر سے عبد الروف مرزا فغان کے کونسل نے بحوالہ ۱۹۱۶ء کی ایک نظیر کا حوالہ دیا ہے جو لطور پر بھورام پانڈے بنام جہالو کور (۶) کے طبع کی گئی ہے۔ اگر ہم تصفیہ کی بنیاد کے طور پر دفعات ۳۸ و ۵۴ قانون معاہدہ کے احکام کو بالکل خارج کریں تو مدافعہ علیہم کے لائق کونسل نے یہ بحث کی ہے کہ اکویٹی کا قاعدہ جو انگلستان میں متعلق ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ دائنین مشترک کے منجملہ کوئی ایک جائز براءت نہیں دے سکتا۔ لائق کونسل نے یہ بحث کی ہے کہ اس امر کے متعلق انگلستان میں کامن لا اور اکویٹی کے مابین اختلاف رہا ہے کامن لا کا اصول یہ تھا کہ صرف ایک دائن جائز براءت دے سکتا ہے بجز اسکے کہ فریب ثابت کیا جائے اور اکویٹی کا اصول یہ ہے کہ قابضان اجمالی اکویٹی میں یہ دعوی کر سکتے ہیں کہ ان میں سے کوئی ایک کسی مدیون کو براءت دیکر بحیثیت اجمالی کی نسبت دوسروں کے حق کو زائل نہیں کر سکتا۔ یہ بحث کی گئی ہے اور اسمیں شک نہیں کہ یہ صحیح ہے کہ شریک مرتہنین قابضان مشترک نہیں بلکہ قابضان اجمالی بنتے ہیں لیکن اکویٹی موجودہ سوال کا تصفیہ اکویٹی کے اصول پر کرنا ہے تو یہ شبہہ کرنے پر بہت زیادہ راغب ہوں کہ آیا وہ اصول جس کی صراحت اصول مبنی بر اکویٹی کے طور پر کی گئی تھی جو انگلستان میں تسلیم کیا گیا تھا لازمی طور پر ہندوستان میں متعلق ہوتا ہے اور وہ لازمی طور پر کسی کاشتکاری اراضی کے رہن کی صورت سے متعلق ہوتا ہے جس پر ہم اب بحث کر رہے ہیں اعلاً معین طور پر اس فیصلہ میں جو لطور پر بھورام پانڈے بنام جہالو کور (۶) کے طبع کیا گیا تھا یہ بیان کیا گیا ہے "قانون یہ ہے کہ اکویٹی میں ایک مشترک دائن بنے اور معہ دائنین مشترک کے دعاوی کی کامل بیباقی میں مدیون کو جائز رسید دے سکتا ہے" ایسی حالت میں اس ہائیکورٹ نے یہ تسلیم کیا تھا کہ اصول مبنی بر عدل جو ہندوستان سے متعلق ہوتا ہے وہ نہ تھا جو مدافعہ علیہم کے لائق کونسل نے پیش کیا ہے اسکے علاوہ کچھ بھی شبہہ اس بارے میں نہیں ہو سکتا کہ ہندوستان کی عدالتوں نے ہمیشہ یہ تسلیم کیا ہے کہ اکویٹی اسکی مقتضی ہے کہ معاملات رہن کے انفکاک میں سہولت پیدا کی جائے۔ اس اصول کی تمثیل اس مسئلہ میں مل سکتی ہے کہ معاہدات جو کسی رہن کے فریقین کے مابین طے پائے ہوں جو حق الفکاک پر خلاف عدل روک کی حد تک پہنچتے ہوں ان کو عدالتیں منسوخ کر سکتی ہیں ہمیشہ یہ امر مصلحت عامہ کے طور پر تسلیم کیا گیا ہے کہ اراضی کا ابتدائی مالک کو واپس کیا جانا اور کفالتوں کے بار سے اراضی کا چھوٹنا اپنی طور پر پسندیدہ امور ہیں۔ یہ مناسب طور پر واضح ہے کہ اس مسئلہ پر اصرار کرنا کہ راہن پابند ہوتا ہے کہ وہ علیحدہ علیحدہ طور پر متعدد شریک مرتہنین کے منجملہ ہر ایک کو رقم ادا کرے حق انفکاک پر

گلمیرا بنام عبدالرحیم (پشاور)

صفحہ ۱۸

(۶) انڈین کیسیز جلد ۳۴ صفحہ ۸۰۴ -

بابا ظلم رائے بنام عبدالرحیم پشاور

معک قائم کرنیکا اثر پیدا کرسکتا ہے اس سے یقیناً بہت سے مقدمات میں مرتہنین کو یہ اجازت ہوگی کہ وہ راہن کو اس بات پر مجبور کریں کہ حق الفکاک کی حفاظت کے لئے اپنے صرف ایک طریقہ کے طور پر وہ عدالت سے رجوع ہو جیسا کہ ہی اس میں کچھ شبہ نہیں ہے کہ راہن اور متعدد شریک مرتہنین کے مابین ایسے کم فریب جو زیر الذکر حقوق کو زائل کرنیکی نیت سے کیا گیا ہو سازش کو تو ان ہی اس حق سے محروم کیا جا سکتا ہو۔ صرف ایک ہی کی ادائیگی کے ذریعہ جائداد واگزاشت کرائے ہر خاص مقدمہ میں مرافعہ واقعہ کا سوال ہوگا اور یہ تسلیم کیا جانا چاہیئے کہ اگر کوئی کا ایسا اصول جو متعدد مرتہنین کے منجملہ کسی ایک کو یہ اجازت دیتا ہے کہ وہ ریاست دیدے وہ تمام تر اس مساوی طور پر مبنی ہے اور کوئی شرط کے تابع سمجھا جانا چاہیئے کہ دوسرے اشخاص کے حقوق کو زائل کرنے یا ان کو نقصان پہنچانیکی کوئی کوشش نہیں کی گئی ہے۔ لیکن مجھے ایک دیگر دلیل پر بھی غور کرنا چاہیئے جو مرافعہ علیہم نے اختیار کی تھی اور وہ یہ ہے کہ کسی صورت میں بھی متعدد مرتہنین کے منجملہ کسی ایک کو زر ادا کرنے سے جائز طور پر سبکدوشی نہیں حاصل ہوتی جب ایسے مرتہنین کے علیحدہ حصص کی صراحت کی گئی ہو۔ یہ بحث اس اصول پر مبنی ہے جو ہائیکورٹ الہ آباد نے رام چندر بنام گوسوامی رجن لال (۷) میں درج کیا تھا۔ موجودہ مقدمہ میں کوئی رہن نامہ موجود نہیں ہے لیکن معاہدہ کارروائی عمل داخل خارج اسماء میں منضبط ہے جس کی تصدیق حکام مال نے کی تھی اس عمل داخل خارج اسماء میں ہر مرتہن کے صحیح حصص کی صراحت کی گئی ہے اب مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ اصول جو ہائیکورٹ الہ آباد نے قرار دیا تھا وہ بہت ہی وسیع الفاظ میں ظاہر کیا گیا تھا۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ مرتہنین کے مابین محض حصص کی صراحت لازمی طور پر راہن پر کوئی اثر ڈالتی ہے۔ راہن پر اثر پڑنے کے لئے نہ صرف یہ ظاہر کرنا چاہیئے کہ مرتہنین کے حصوں کی صراحت کی گئی ہے بلکہ یہ کہ انکے

اور راہن کے مابین معاہدہ کا خلاصہ یہ تھا کہ اس کو ان حصوں کے مطابق انفکاک رہن کرانا چاہیئے۔ یہ درحقیقت کسی قدر دشوار ہے کہ کسی ایسے معاہدہ سے مخصوص حصص میں شریک مرتہنین کی حالت کو تمیز کیا جائے جو انفرادی طور پر متعدد مرتہنین کے ساتھ کیا گیا ہو۔ اب اگر کوئی رہن نامہ موجود تھا جس سے معین طور پر یہ ظاہر ہوتا تھا کہ راہن نے کوئی معاہدہ کیا تھا جس کی رو سے مرتہنین کے حصص کی تخصیص کو تسلیم کیا تھا اور ہر ایک کے لئے علیحدہ ذمہ داری عاید کی تھی تو مرافعہ علیہم کی اس بحث میں بہت قوت ہوگی کہ ادائی جو موجودہ مقدمہ میں ان میں سے کسی ایک کو کی گئی ہو تمام کے مقابلہ میں جائز برات کی حد تک نہ پہنچیگی۔ لیکن جب ہم ایک ایسے معاہدہ پر غور کرتے ہیں جس کی شرائط صرف کارروائیات عمل داخل خارج اسماء میں منضبط کی گئی ہیں تو یہ ظاہر کرنے کے لئے کوئی امر موجود نہیں ہے کہ خود راہن اس طریقہ میں کوئی فریق تھا جس کی رو سے مرتہنین نے مابین خود باہمی علی الترتیب حقوق کو منتقل کیا تھا۔ اس میں کچھ شبہ نہیں ہے کہ حکام مال اس سوال کو اس قسم کا سمجھیں گے جس کا تعلق صرف مرتہنین سے ہے اور یہ کہ انہیں یہ اجازت ہوگی کہ وہ ایسے حصص کی صراحت کریں جبکہ ان میں سے ہر ایک کے متعلق راہن کے قبول کرنیکا حوالہ دیں اور یہ کہ جو کچھ کہ راہن آئندہ کاغذات مال میں قبول کرنے کے لئے ضروری ہوگا وہ جملہ رقم کے لئے اپنی ذمہ داری سے راہن کا اقبال ہوگا۔ اسکے خلاف میں صریح معاہدہ کی عدم موجودگی میں یہ کہنے تک تجاوز کرونگا کہ یہ فرض کرنا چاہیئے کہ راہن کی ذمہ داری شریک مرتہنین کی تمام جماعت کے لئے انفرادی نہیں بلکہ مشترکہ ہے ایسی حالت میں موجودہ مقدمہ میں اس دلیل کو منظور کرنیکے ناقابل ہونگا اگر ہم ایکمرتبہ اس عام اصول کو منظور کر لیں کہ ایک مرتہن کو ادائی قرضہ کی جائز بیباقی کی حد تک پہنچتی ہے تو اس اصول پر محض اس وجہ سے اثر پڑتا ہے کہ قرضہ میں مرتہنین

(۷) الہ آباد سیریز جلد ۵ صفحہ ۱۲۹ -

کے حصص کی صراحت کا غذات مال میں کی گئی ہے۔

اب یہ ممکن ہے کہ ان نتائج کا خلاصہ کیا جائے جو اخذ کئے گئے ہیں۔ میں یہ قرار دیتا ہوں کہ دفعہ ۳۸ قانون معاہدہ ایسی آمادگی سے متعلق ہوتی ہے جو قبول کی گئی ہو نیز ایسی آمادگی سے جسکے قبول کرنے سے انکار کیا گیا ہو نیز یہ کہ خواہ دفعہ ۳۸ قانون معاہدہ متعدد مرتہنین مشترک کے منجملہ کسی ایک کو رقم ادا کرنے سے متعلق ہو یا نہ ہو مگر کوئی قاعدہ جو ہندوستان میں نافذ ہے وہ یہ ہے کہ فریب یا دوسرے مرتہنین کے حقوق کو زائل کرنے کی نیت کی عدم موجودگی میں کسی ایک مرتہن کو رقم ادا کرنے سے راہن بری ہو جاتا ہے۔ میں یہ بھی قرار دیتا ہوں کہ ان حصص کی جو مرتہنین کے قبضہ میں تھے کاغذات مال میں محض تصریح فی نفسہٖ اس قیاس کی تائید کے لئے کافی نہیں ہوتی کہ راہن ان حصص کی تقسیم کا پابند ہے اور یہ کہ یہ ظاہر کرنا مرتہنین کا کام ہے کہ ان فریقین کے مابین ایک معین معاہدہ موجود تھا جس میں ایسی تقسیم کو تسلیم کیا گیا تھا۔ ایسی صورت میں مجھے ان تجاویز سے اختلاف کرنا چاہیے جو اس مقدمہ کے ہر دو امور تنقیح طلب سے متعلق ڈویژنل کورٹ نے اخذ کی تھیں میں یہ قرار دیتا ہوں کہ زر رہن باقاعدہ طور پر ایک مرتہن کا لوخال کو ادا کیا گیا تھا اور یہ کہ ادائی کا اثر یہ تھا کہ رہن تمام مرتہنین سے منفک کرا لیا جائے۔ ایسی حالت میں میں اس مرافعہ کو منظور کرتا ہوں اور عدالت ابتدائی کا حکم بحال رکھتے ہوئے دعوی معہ خرچہ خارج کرتا ہوں۔ مدعیان اس مرافعہ کے متعلق مدعی علیہم کا خرچہ ادا کرینگے۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## عدالت جوڈیشل کمشنر اودھ

### مرافعہ لگان

نمبر مقدمہ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۲ دسمبر سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر ڈینلز۔ اڈیشنل جوڈیشل کمشنر۔

مسماۃ صحبت کنور وغیرہ۔ مدعی علیہم مرافعہ گزاران بنام مسماۃ راج دیوی مدعیہ۔ مرافعہ علیہا

صحبت کنور بنام راج دیوی (اودھ)

قانون لگان اودھ ایکٹ ۲۲ بابتہ سنہ ۱۸۸۶ء دفعہ ۱۰۸ (۱۵)۔ مشترکہ ہندو خاندان کے ایک رکن کی جانب سے دوسرے کے خلاف منافع کے لئے دعوی ایا قابل پذیرائی ہوگا۔

دفعہ ۱۰۸ (۱۵) قانون لگان اودھ کے تحت منافع کا دعوی جو مشترکہ خاندان کے ایک رکن نے دوسرے کے خلاف رجوع کیا ہو قابل پذیرائی ہوتا ہے اگر مدعی شریک حصہ دار ہے جو علیحدہ جس کا ... حصہ سے ... اخراج ہوا ہو۔

مرافعہ بنا راضی فیصلہ و ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ جج گونڈا ۱۰ فروری سنہ ۱۹۲۲ء مشعر بحالی فیصلہ و ڈگری صادرہ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول گونڈا مورخہ ۱۱ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافع۔ مسٹر موتی لال سکسینا۔

**فیصلہ**۔ دفعہ ۱۰۸ (۱۵) قانون لگان اودھ کے تحت منافع کے دعوی میں یہ مرافعہ رجوع کیا گیا ہے۔ صرف ایک اہم عذر یہ ہے کہ فریقین ایک مشترکہ خاندان کے ارکان تھے اور اس لئے منافع کا کوئی دعوی قابل پذیرائی نہیں ہے۔ مجھ سے یہ استدعا کی گئی ہے کہ میں اس واقعہ کا تصفیہ صرف دھرم شاستر کے تحت قیاس کی بنیاد پر کروں باوجود اس واقعہ کے کہ مدعی علیہ کے گواہوں نے اسکے متعلق کچھ بیان نہیں کیا تھا بلکہ بخلاف اسکے ایسی شہادت دی تھی جس سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ مدعیہ نے منافع کا ایک جزو وصول کیا تھا۔ لیکن اگر یہ واقعہ ثابت بھی ہو جاتا تو میری رائے ہے کہ دعوی کا یہ کوئی معقول جواب نہیں ہے۔ میری توجہ ہائیکورٹ الہ آباد کی ایک قدیم نظیر[1] کی طرف منعطف کرائی گئی ہے کہ منافع کا دعوی حسب دفعہ ۹۳ قانون لگان بابتہ سنہ ۱۸۸۱ء مشترکہ ہندو خاندان کے ایک رکن کی جانب سے دوسرے کے خلاف قابل پذیرائی نہ تھا۔ ملاحظہ ہو۔ چاندی پرشاد بنام جوالا پرشاد (۱)۔ قانون لگان ممالک شمالی مغربی کے تحت خواہ کچھ ہی حالت ہو میری یہ رائے ہے کہ کوئی قاعدہ

(۱) الہ آباد ویکلی نوٹس بابتہ سنہ ۱۹۰۱ء نمبر ۲۰۶۔

قانون کے حصّہ دوم سے تعلق نہیں ہوتا دفعہ ۸۰ کا تعلق صرف اس سوال سے ہوتا ہے کہ آیا فریقین شریک حصہ داران مندرجہ رجسٹر ہیں اگر مدعیہ شریک حصہ دار مندرجہ رجسٹر ہے جس کا نام خاص حصہ کے متعلق رجسٹر میں درج کیا گیا ہے جیسا کہ موجودہ صورت ... منافع کا دعویٰ قائم رکھنے کی مجاز ہے ... میں ... ثابت کرتا ہوں ... خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

### نگرانی فوجداری

نگرانی ۱۰۲ بابت ۱۹۲۲ء فیصلہ ۲۲ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس ... مسٹر جسٹس ظفر علی

... بنام ... ملزم ...

قانون مطابع و رجسٹری کتب ایکٹ ۲۵ بابت ۱۸۶۷ء دفعات ۴ و ۱۴ - اقرار کرنے میں ... جان کی ... -

کسی ایسے اقرار میں جھوٹا بیان جو کسی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے روبرو کیا گیا ہو اور اس پر دستخط کئے گئے ہوں بطور ... ان امور کی ... دفعہ ۴ قانون مطابع و رجسٹری کتب میں کی گئی ہے اس کی نسبت یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ قانون کی دفعہ ۱۴ کے مفہوم میں اقرار کے دوران میں کیا گیا ہے۔

کسی مجسٹریٹ کے روبرو کسی اقرار کا محض پیش کرنا قانون کی دفعہ ۴ کے مفہوم میں اسکے روبرو اقرار کرنے کے مساوی نہیں ہوتا۔ ایسی حالت میں کسی مجسٹریٹ کے روبرو جھوٹا تحریری بیان یا اقرار محض پیش کرنا کوئی جرم نہیں ہے۔

حوالہ مرسلہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لاہور بذریعہ مراسلہ نمبر ۱۵۰ مورخہ ۱۸ مئی ۱۹۲۲ء۔

**واقعات** - اس مقدمہ میں ملزم نے دفعہ ۴ قانون مطابع ہند نمبر ۲۵ بابت ۱۸۶۷ء کے تحت تین قسم کے اقرارنامہ جات داخل کئے۔

ان اقرارنامہ جات میں جن پتہ ہیں بطور دستاویزات ... اس لئے یہ ... ایک مسمّی ... نقاش کہتا ... تحقیقات ... معلوم ہوا تھا کہ اقرارنامہ جات کے ... بیانات ... ملزم ... رکھتا ... گئے تھے۔ اسکے ... مجسٹریٹ کی عدالت میں ... قانون کی دفعہ ۱۴ کے بموجب ایک جامع تحقیقات کے بعد یہ قرار دیا کہ ملزم اقرار ... بیان ... ہوا تھا اسکے خلاف تجویز ثبوت ... عدالت ... ہونے تک کی سزا ... جرمانہ کی سزا دی۔

**وجوہ** - (۱) سزا جو دی گئی تھی وہ بین طور پر ناکافی اور خفیف ہے ... برائے نام ہے اور اس سے اغراض عدالت کی تکمیل نہیں ہوتی۔

(۲) ملزم نے دفعہ ۴ کی رو سے جیسا اس کو دفعہ ۴ قانون مطابع کے ساتھ پڑھا جائے۔ اقرارنامہ جات میں صریح جھوٹے بیانات درج کرکے جن کو وہ کبھی سچا نہیں باور کرتا تھا ایک سنگین جرم کا ارتکاب کیا تھا۔

(۳) اس قسم کے صرف ایک جرم کے لئے واضعان قانون نے جو سزا تجویز کی ہے ... جو ان کے مفہوم میں داخل ہے وہ ... تک کے جرمانہ کی اور ساتھ ساتھ دو سال تک کی قید کی سزا ...

(۴) اس طور پر جھوٹا اقرار کرنے میں ملزم کا عمل ... تھا اور اس کا مقصود یہ تھا کہ اس کا قانون مطابع کے تعزیر ...

احکام سے تحفظ کیا جائے۔ اس مطبع کی اعت ۲ ضمانت جس سے اس کا تعلق تھا اور جس میں سے اخبار ریاست شائع ہوتا تھا گورنمنٹ نے حال ہی میں ضبط کر لی تھی۔ قانون مطابع یہ حکم ہے کہ اس ضمانت کی تعداد میں حسب نشاں کا اضافہ کیا جائے۔ اضافہ شدہ ضمانت داخل کرنے اور اس امکان سے بچنے کے لئے کہ لوکل گورنمنٹ کے ممکنہ مزید حکم ضبطی کے موقع پر مزید ضمانت اور سابقہ مطبع کی مشین ضبط کر لی جائے۔ ملزم نے کامل غور کے بعد ایک جھوٹا اقرار داخل کیا جو اگر وہ باقاعدہ طور پر قبول کر لیا جاتا تو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو یہ اجازت ہوتی کہ وہ صرف اعت کی ضمانت طلب کرے۔ اس واقعہ پر کہ اس کے بعد سے قانون مطابع منسوخ کیا گیا ہے کوئی لحاظ نہیں کیا جا سکتا۔

جب دفعہ ۴۳۵ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے تحت مقدمہ کی مثل کا معائنہ کرتے ہوئے حکم سزا کے ناکافی اور نامناسب ہونے پر غور کیا تو یہ مناسب سمجھا کہ مقدمہ دفعہ ۴۳۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے ہائیکورٹ کے احکام کے لئے روانہ کیا جائے جس کے ساتھ یہ سفارش کی جاتی ہے کہ حکم سزا میں اس قدر اضافہ کیا جائے جو حکام عالیمقام بہ اغراض انصاف مناسب خیال کریں۔

منجانب نگرانخواہ - کنور دلیپ سنگھ

منجانب فریق ثانی - مسٹر غلام محی الدین۔

**حکم** - سید عنایت کے خلاف دفعہ ۱۴ قانون مطابع ایکٹ ۲۵ بابتہ سنہ ۱۸۶۷ء کے بموجب جس طور پر کہ اس کی ترمیم یکم جولائی سنہ ۱۹۸۹ء (?) کو کی گئی تھی جھوٹا بیان کرنے کے متعلق تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی تھی اور اس کو عدالت برخاست ہونے تک قید بلا مشقت اور ۱۰۰ روپیہ جرمانہ کی سزا دی گئی تھی جو ادا کر دیا گیا تھا۔ ڈسٹرکٹ

ملک معظم بنام عنایت (لاہور) صفحہ ۷۹۰

مجسٹریٹ نے دفعہ ۴۳۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے بموجب حکم سزا میں اضافہ کے لئے استصواب کیا ہے اور ملزم نے اس بناء پر نگرانی کی درخواست پیش کی ہے کہ یہ نہیں ثابت ہوا ہے کہ اس نے جرم حسب دفعہ ۱۴ بشمول دفعہ ۴ کا ارتکاب کیا ہے۔

یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ گو ملزم نے تین پرتوں میں ایک تحریری اقرارنامہ معہ ایک مراسلت کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی عدالت میں داخل کیا تھا لیکن اس نے ان کے روبرو نہ تو بیان کیا تھا اور نہ اس پر دستخط کئے تھے ایسی حالت میں یہ بحث کی گئی ہے کہ اگر یہ تسلیم کیا جائے کہ مذکورہ بالا اقرار میں اس کا بیان کہ وہ مطبع رکھتا تھا صحیح نہ تھا تو بھی اس کی نسبت یہ نہیں کہا جا سکتا تھا کہ اس نے اقرار کرنے میں یہ جھوٹا بیان کیا تھا کیونکہ اس نے مجسٹریٹ کے روبرو کوئی اقرار نہیں کیا تھا۔ جن مجسٹریٹ نے ملزم کے خلاف تحقیقات کی تھی انھوں نے حسب ذیل طریقہ سے اس اعتراض کو رفع کیا تھا۔

"اب یہ امر قابل غور ہے کہ آیا ملزم نے وہ اقرار کا نمونہ داخل کر کے جس میں اس نے یہ بیان کیا تھا "میں ایک مطبع موسومہ مطبع نقاش رکھتا ہوں جو لاہور میں واقع ہے" جبکہ اس کے قبضہ میں ایسا کوئی مطبع نہ تھا درحقیقت جرم حسب دفعہ ۱۴ قانون ۲۵ بابتہ سنہ ۱۸۶۷ء کا ارتکاب کیا تھا۔ اس دفعہ کی عبارت یہ ہے - "ہر شخص جو اس قانون کی رو سے کوئی اقرار کرنے میں کوئی ایسا بیان کرے جو جھوٹا ہو اور جس کو وہ جھوٹا جانتا یا باور کرتا ہو یا جس کو وہ سچا نہ باور کرتا ہو مجسٹریٹ کے روبرو ثبوت جرم پر دغیرہ وغیرہ" دفعہ کے مفہوم میں یہ امر داخل نہیں ہے کہ استغاثہ رجوع کئے جانے کے قبل اقرار مکمل ہو جانا چاہیئے کیونکہ یہ تسلیم کیا جانا چاہیئے کہ اقرار دستاویز استرعاء ، بابت جاری (?) دفعہ کی

ملک معظم

اتنا دیری یا اڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے روبرو نہیں کی گئی تھی وہ آیا بہ وسیع منشا کرتی ہے اور ہر جھوٹا یا غیر صحیح بیان جو اقرار کرنے کے دوران میں کیا گیا بہ دفعہ کی رو سے قابل سزا قرار دیا گیا ہے۔ نمونہ جات دستاویزات ع، ح، ج، د جنکی با ضابطہ خانہ پری کی گئی ہے اور جنکو ملزم نے پیش کیا ہے وہ تحریری بیان کی حد تک پہونچتی ہیں ملزم مسٹر کیوف اڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے روبرو گزشتہ حاضری کو حاضر ہوا اور اپنے نئے مطبع کی کیفیت بتلائی جس پر اعت ضمانت کا سفارش کی گئی تھی (ملاحظہ ہو دستاویز ع-ح)۔ پس میری یہ رائے ہے کہ اقرار کا نمونہ داخل کرنا جسکی باقاعدہ طور پر تکمیل کی گئی ہو قانون کے تحت اقرار کرنے کے دوران میں بیان کرنے کی حد تک پہونچتا ہے"۔

اب یہ ظاہر ہے کہ دفعہ ۴ کی یہ تعبیر اسکے منشاء سے تجاوز ہے اور یہ بحث کی گئی ہے کہ یہ دلیل غلط فہمی پر مبنی ہے اور اس واقعہ کی وجہ نمبر ۷ و ۸ میں اسکے متعلق اعتراض کیا گیا تھا جو ذیعلم سشن جج کے روبرو پیش کیا گیا تھا لیکن یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس امر پر انکے روبرو بحث نہیں کی گئی تھی کیونکہ اس کا ذکر انکے فیصلہ میں نہیں کیا گیا ہے۔ صرف ایک تصفیہ طلب سوال یہ ہے کہ آیا ایسے اقرار میں جھوٹا بیان جو حسب منشا دفعہ ۴ مجسٹریٹ کے روبرو نہ کیا گیا ہو اور نہ اس پر دستخط کئے گئے ہوں اسکی نسبت یہ کہا جاسکتا ہے کہ وہ اقرار کے دوران میں کیا گیا تھا یہ بالکل واضح ہے کہ کسی مجسٹریٹ کے روبرو کوئی جھوٹا تحریری بیان یا اقرار محض پیش کرنا کوئی جرم نہیں ہوتا ہے اور جیسا کہ مجسٹریٹ نے تسلیم کیا تھا کسی مجسٹریٹ کے روبرو کوئی تحریری اقرار پیش کرنا انکے روبرو بیان کرنے کے مماثل نہیں ہوتا۔ چونکہ نگرانی خواہ نے کسی مجسٹریٹ کے روبرو کوئی اقرار نہیں کیا تھا اس لئے یہ کہنا ممکن نہیں ہے کہ اس نے کسی مجسٹریٹ کے روبرو اقرار کرنے کے دوران میں جھوٹا بیان کیا تھا دفعہ ۴ کے مفہوم میں ایسا جھوٹا بیان داخل ہے جو اقرار کے دوران میں کیا گیا ہو جو ممکن ہے کہ متعدد بیانات پر مشتمل ہو جیسا کہ موجودہ صورت ہے۔ ایسی حالت میں اگر کوئی اقرار کسی مجسٹریٹ کے روبرو نہ کیا گیا ہو اور نہ اس پر دستخط لئے گئے ہوں تو یہ نہیں کہا جاسکتا کہ ملزم نے ان کے روبرو اقرار کرنے میں ایک جھوٹا بیان کیا تھا۔ ایسی صورت میں میری یہ رائے ہے کہ ملزم نگرانی خواہ نے دفعہ ۴ مذکورہ بالا کی رو سے کسی جرم کا ارتکاب نہیں کیا تھا اور اسکے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر نہیں کی جاسکتی تھی۔ یہاں یہ رائے ظاہر کی جاسکتی ہے کہ مثل میں کوئی مضمون یہ ظاہر کرنے کے لئے نہیں ہے کہ نگرانی خواہ نے اڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے روبرو کوئی بیان کیا تھا یا ان کو اپنے جدید مطبع کے متعلق کوئی کیفیت بتلائی تھی نمونہ دستاویز ع-ح میں مطبع کی کوئی کیفیت درج نہیں ہے جس کی تکمیل اڈیشنل ڈسٹرکٹ جج نے کی تھی۔

ایسی حالت میں میں نگرانی منظور اور تجویز ثبوت جرم منسوخ کرتا ہوں۔ رقم جرمانہ واپس کی جائیگی۔ اس سے اس استصواب کا بھی تصفیہ ہو جاتا ہے جو ذیعلم ڈسٹرکٹ جج نے کیا تھا۔

درخواست منظور۔

تجویز ثبوت جرم منسوخ کی گئی۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

### نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۲۶ بابتہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۱۳ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ڈینیلز۔

سیتارام وبنک کس دیگر نگرانی خواہان بنام ملک معظم فریق مخالف۔

(۱۶۲)

ستیارام بنام ملکت معظم (الہ آباد)

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۸۹۸ء دفعات ۴۳۹، ۴۷۶ - مجسٹریٹ کی جانب سے دفعہ ۴۷۶ کے تحت استغاثہ کرنیکا حکم - ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی جانب سے نگرانی - اختیار سماعت -

جب کسی شخص کے خلاف استغاثہ کرنیکا حکم کوئی مجسٹریٹ دفعہ ۴۷۶ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے صادر کرے تو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو دست اندازی کرنیکا کوئی اختیار حاصل نہیں ہوتا اور اس وقت جب استغاثہ کرنے کی اجازت دفعہ ۱۹۵ کی رو سے عطا کی جائے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو ایسے اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔

نگرانی فوجداری بنا راضی حکم مصدرہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اٹاوہ مورخہ ۱۳ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء۔

منجانب نگرانیخواہان - مسٹر این - سی - ویش -

منجانب گورنمنٹ - اسسٹنٹ گورنمنٹ ایڈووکیٹ -

**فیصلہ** - یہ درخواست ایک حکم کی نگرانی کے لئے ہے جو دفعہ ۴۷۶ کی رو سے صادر کیا گیا تھا جسکی رو سے دفعہ ۲۰۵ مجموعہ تعزیرات ہند کے بموجب ملزم کے خلاف استغاثہ کرنیکی اجازت دی گئی تھی - درخواست کے متعلق محض واقعات پر زور دیا گیا ہے لیکن مجسٹریٹ کے حکم کی وجہ سے کوئی شبہ باقی نہیں رہتا کہ نگرانی خواہوں کے خلاف ایک بادی النظر میں دلیل ثابت کی گئی ہے - یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مستغیث نے گواہوں کی ایک فہرست داخل کی تھی اور انکی گواہی کے لئے مقدمہ ملتوی کیا گیا تھا - ملتوی شدہ تاریخ پر دو نگرانیخواہ ستیارام اور رام لال گواہوں کی حیثیت سے حاضر ہوئے اور اپنی شہادت میں اپنے نام علی الترتیب رادھاکشن اور پرشادی لال بتلائے یہ وہ دو گواہ تھے جنکی شہادت کے لئے مقدمہ ملتوی کیا گیا تھا مجسٹریٹ تحقیقات کنندہ نے دفعہ ۴۷۶ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے کارروائی کی - یہ مقدمہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے روبرو پیش ہوا جنہوں نے ایک حکم صادر کیا جس کی رو سے بظاہر مجسٹریٹ عدالت ابتدائی کا حکم بحال رکھا لیکن فرد قرار داد جرم کو دفعہ ۴۱۹ مجموعہ تعزیرات ہند سے تبدیل کر کے دفعہ ۲۰۵ مجموعہ تعزیرات ہند کے تحت قائم کیا یہ عمل اس درخواست نگرانی پر کیا گیا تھا جو ملزم نے پیش کی تھی - اگر عدالت ابتدائی نے دفعہ ۱۹۵ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے اجازت عطا کی تھی تو اس میں شک نہیں کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو اس عدالت کی حیثیت سے جسمیں مرافعہ جات بالعموم ہو سکیں گے یہ اختیار ہوگا کہ وہ اس منظوری کو بحال رکھے یا اس میں ترمیم کرے لیکن جب کوئی حکم دفعہ ۴۷۶ کی رو سے صادر کیا گیا ہے تو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اسکو تبدیل کرنیکا کوئی اختیار نہیں رکھتا - ایسی حالت میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا حکم خارج از اختیار تھا اور میں اس کو منسوخ کرتا ہوں اور وہ حکم بحال کرتا ہوں جو مجسٹریٹ نے صادر کیا تھا لیکن اس عدالت کو جو مقدمہ میں تحقیقات کرے یہ اختیار ہوگا کہ وہ دفعہ ۲۰۵ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے فرد قرار داد جرم مرتب کرے اگر شہادت سے دفعہ مذکور کے تحت کوئی جرم ظاہر ہوتا ہو۔

حکم منسوخ کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۳۳۶ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۹ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس اسکاٹ اسمتھ و مسٹر جسٹس ہیریسن -

ملکت معظم - مرافع بنام سرن سنگھ وغیرہ - ملزمان - مرافعہ علیہم

مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ سنہ ۱۸۶۰ء دفعہ ۲۱۶ کے تحت جرم کب مکمل ہوتا ہے - "پناہ" دہی کے معنی -

دفعہ ۲۱۶ مجموعہ تعزیرات کے تحت کسی جرم کی تکمیل کے لئے کوئی

مغلم
بنام
ن سنگھ
۱۹۲۲ (?)

میعاد مقرر نہیں ہے بلکہ سی وقت مکمل ہوجاتا ہے جب اسکا
ارتکاب ہوا۔ یہ امر غیر اہم ہے کہ آیا ملزم کی گرفتاری سے
گریز کرنا چوبیس گھنٹہ یا پچیس سال تک قائم رہتا ہے۔
دفعہ ۲۱۶ مجموعہ تعزیرات کے لفظ "پناہ" میں کسی شخص کو گرفتاری
سے بچنے میں مدد دینا۔ شامل ہے اور وہ پناہ دینا خوراک
اور کپڑے فراہم کرنیکی حد تک محدود نہیں ہے۔

مرافعہ بنا راضی حکم صادرہ سشن جج لدھیانہ مورخہ ۱۸ مارچ ۱۹۲۲ء
منسوخ حکم صادرہ مجسٹریٹ درجہ اول لدھیانہ مورخہ ۱۰ اپریل ۱۹۲۲ء

منجانب مرافع - گورنمنٹ پلیڈر

منجانب مرافعہ علیہم - مسٹر پی۔ این کپور۔

**فیصلہ** - پانچ اشخاص ہرونت سنگھ، سرون سنگھ دلیوا سنگھ
پرتاب سنگھ اور سنتا سنگھ کے خلاف مجسٹریٹ درجہ اول نے دفعہ
۲۱۶ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے اس بنا پر کہ انہوں نے ایک شخص
شام سنگھ کو جو ایک مجرم تھا اور جسکی گرفتاری کے متعلق حکم صادر
ہو چکا تھا اپنی گرفتاری سے بچنے میں مدد دیکر اس کو پناہ دی تھی
اور دفعہ ۳۵۳ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے اس بنا پر تجویز
ثبوت جرم صادر کی کہ انھوں نے سرکاری ملازمین یعنے عہدہ داران
پولیس کو جو شام سنگھ کو گرفتار کرنیکی کوشش کر رہے تھے اپنے فرائض
منصبی کی انجام دہی سے باز رکھنے کے لئے جبر مجرمانہ کا استعمال کیا تھا
ان کو یہ حکم بھی دیا گیا تھا کہ محبس سے رہا ہونے کے بعد وہ دفعہ ۱۹۲۳ (?)
۱۰۶ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے مچلکوں کی تکمیل کریں۔
انہوں نے سشن جج لدھیانہ کے روبرو مرافعہ کیا اور انکے
مرافعہ جات منظور کیے گئے اور اس حکم کی ناراضی سے جس کی رو سے
مرافعہ جات منظور کیے گئے تھے۔ گورنمنٹ ایڈوکیٹ نے اس عدالت
میں مرافعہ پیش کیا ہے جسمیں یہ استدعا کی گئی ہے کہ اس کو منسوخ کیا جائے

اور حکم تجویز ثبوت جرم بحال رکھا جائے۔
اب یہ امر واضح طور پر ثابت ہو گیا ہے کہ ۲ مارچ ۱۹۲۲ء
کو ۱۰ اور ۱۱ ساعت کے مابین پولیس کی ایک جماعت موضع مانوکی
میں ایک شخص شام سنگھ کو گرفتار کرنے کے لئے گئی تھی جسکے خلاف
ایک حکمنامہ گرفتاری دفعہ ۱۷(۲)، قانون ترمیم قانون فوجداری
ایکٹ ۱۴ بابتہ ۱۹۰۸ء کی رو سے جاری ہوا تھا جب وہ موضع میں پہنچے
تو یہ معلوم ہوا کہ وہ ایک شخص سوچا سنگھ کے مکان میں تھا اور وہ لوگ
وہاں گئے۔ سب انسپکٹر عمر بخش اپنے بعض اشخاص کے ساتھ مکان
کے باہر کھڑا رہا اور دو ہیڈ کانسٹیبلوں بلونت سنگھ اور کرپال سنگھ کو
مکان کے اندر بھیجا۔ انھوں نے پانچوں ملزمین کو ایک اندرونی کوٹھری
میں شام سنگھ کو گھیرے ہوئے پایا جو تمام لاٹھیوں سے مسلح تھے۔ بلونت
سنگھ نے پکار کر کہا کہ وہ شام سنگھ کو گرفتار کرنے کے لئے آیا ہے اور یہ
کہ اسکے پاس حکمنامہ گرفتاری موجود ہے جس پر ان پانچوں اشخاص
نے یہ جواب دیا کہ وہ گرفتاری نہ ہونے دینگے۔ اور وہ شام سنگھ کی
حفاظت کرتے ہوئے اور اس کو گھیرے ہوئے مکان سے باہر نکلے
اور پولیس کو خوف دلانے کی غرض سے انھوں نے دھمکی دینے کے طریقہ
پر اپنی لاٹھیاں اٹھائیں۔ جب وہ کوچہ سے باہر نکلے تو پولیس نے
شام سنگھ کو گرفتار کرنیکی ایک اور ناکامیاب کوشش کی اور اسکے
بعد ایک بڑی جماعت ملزمین سے مل گئی جو تقریباً بیس اشخاص پر مشتمل
تھی جو ایک "دیوان" سے آئی تھی جو اسوقت ہو رہا تھا اور یہ اشخاص جو
کرپانوں اور لاٹھیوں سے مسلح تھے ابتدائی پانچ اشخاص کے ساتھ
شام سنگھ کو "دیوان" میں لے گئے۔ ڈپٹی کمشنر مسٹر ہلٹن اس وقت
موضع میں موجود تھے اور وہ ہرونت سنگھ کے پاس گئے جو ملزمین میں
سرگرم اور دہ شخص معلوم ہوتا ہے۔ جب ڈپٹی کمشنر نے اس کو یہ حکم دیا کہ
وہ شام سنگھ کو گرفتار ہونے دے تو اس نے یہ جواب دیا کہ وہ گوردیوان

ختم ہونے تک ایسا نہ کریگا اور یہ کہ اسکے بعد یعنے جانچ کے بعد ملزم دے دیا جائیگا اور واقعہ یہ ہے کہ ملزم حوالہ کر دیا گیا۔

ان واقعات کے بموجب یہ بالکل واضح ہے کہ ملزمین نے اس جرم کا ارتکاب کیا ہے جس کی صراحت دفعہ ۲۱۶ مجموعہ تعزیرات ہند میں کی گئی ہے یعنے انھوں نے ایک مجرم کو پناہ دی ہے کیونکہ لفظ پناہ کے معنی صرف کہانا اور رہنے کی جگہ دینے کے نہیں ہیں بلکہ اس میں کسی شخص کو ہر طریقہ سے گرفتاری سے بچنے میں مدد دینا داخل ہے۔ اور سنجیدگی کے ساتھ یہ بحث نہیں کی جا سکتی کہ ان واقعات کی بنا پر ملزمین نے اس جرم کا ارتکاب نہیں کیا تھا لیکن ہماری یہ رائے ہے کہ جو عمل ملزمین نے شام سنگہ کی حفاظت کرنے پولیس کو دہکی دینے اور اس کی گرفتاری کو روکنے میں کیا تھا وہ تمام ایک ہی معاملہ تھا اور اس کا تجزیہ نہیں کیا جا سکتا۔ ایسی حالت میں اور چونکہ گورنمنٹ ایڈوکیٹ نے دفعہ ۲۵۳ کے تحت مزید تجویز ثبوت جرم کے لئے زور نہیں دیا ہے اس لئے اس امر پر غور کرنا غیر ضروری ہے کہ آیا اس جرم کا ارتکاب ہوا ہے یا نہیں۔ ایسی حالت میں ہم مرافعہ اس حد تک منظور کرتے ہیں کہ مجسٹریٹ عدالت ابتدائی کا حکم بحال رکھتے ہیں جو حسب دفعہ ۲۱۶ بالکل درست ہے اور ان احکام سزا کو بحال کرتے ہیں جو تین ماہ قید با مشقت کی بابتہ دفعہ مذکور کے بموجب صادر کئے گئے تھے۔ اس حکم کے باقی حصہ کی جس کا تعلق دفعہ ۳۵ اور دفعہ ۱۰۶ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے بموجب ضمانت داخل کرنے سے ہے جو دفعہ ۱۰۶ کے تحت تجویز ثبوت جرم صادر ہونے کے بعد متعلق نہیں ہوتا تعمیل نہیں کی جائیگی۔

ہم یہ ظاہر کرنا مناسب سمجھتے ہیں کہ سشن جج کا فیصلہ ناقص ہے اور اس میں واقعات صحت کے ساتھ نہیں ظاہر کئے گئے ہیں۔ تمام خیال جو اس فیصلہ سے پیدا ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ دو اعلی عمل کرنے والے یعنے ڈپٹی کمشنر اور ملزمین کے قائم مقام نے شام سنگہ کے حوالگی کے سوال پر بحث کی تھی یہ کہ ڈپٹی کمشنر نے اس قائم مقام سے متفق ہو گیا اور اس امر سے اتفاق کیا کہ گرفتاری ملتوی کی جائے یہ کہ ہر اعلی فریق عمل نے اپنے مطالبات کا کچھ حصہ ترک کیا بلکہ یہ کہ گورنمنٹ نے رعایت کی اور اس امر سے اتفاق کیا کہ گرفتاری اس وقت تک ملتوی کی جائے جب اس شخص کو جسکے خلاف حکم نامہ جاری ہوا تھا اپنے آپکو حوالہ کرنے میں اور اس کے دوستوں کو اسکے ایسے عمل پر اتفاق کرنے میں سہولت ہو۔ واقعہ یہ ہے کہ فیصلہ میں صریحاً دو مقامات پر یہ بیان کیا گیا ہے کہ یہ طے پایا تھا کہ گرفتاری ملتوی کیجائے۔ جو کچھ کہ در اصل واقع ہوا وہ یہ تھا کہ ڈپٹی کمشنر ملزمین کے اس سرغنہ کے پاس اس غرض سے گئے تھے کہ خلاف ورزی قانون کو روکیں اور اسکے دوستوں کو ایسا کرنے سے باز رہنے کے لئے اپنا اثر استعمال کریں اور جب انھوں نے ان کی کچھ پروا نہیں کی تو انہوں نے یہ عمل دانشمندانہ خیال کیا کہ بہت ہی ناکافی پولیس کی تعداد کی مدد سے جو ان کے ہمراہ تھی حکم کو نافذ کرنیکی کوشش نہ کریں۔ اسمیں کچھ شبہ نہیں ہو سکتا کہ ملزمین نے شام سنگہ کو گرفتاری سے بچنے میں مدد دی تھی اور کہیں یہ تحریر نہیں کیا گیا ہے کہ اس جرم کے قائم رہنے کے لئے مدت کی کوئی قید ہے جو ارتکاب کے ساتھ ہی مکمل ہو جاتی ہے ایسی حالت میں یہ امر غیر اہم ہوتا ہے کہ آیا گریز چھ گھنٹے یا چھ سال تک قائم رہتی ہے۔ ہم نے یہ امر منظور کیا ہے کہ اس واقعہ کا کہ ملزمین نے پر امن طریقہ سے سپہر کے آخری حصہ میں شام سنگہ کو حوالہ کر دیا تھا حکم سزا کے سوال پر اثر پڑتا ہے اور یہی ایک اثر ہے جس کا اس سے متعلق کیا جانا ممکن ہے۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

سرکار اعظم بنام سردن سنگ (زنا جوری)

صفحہ ۱۹۲۳

ایشری پرشاد
بنام
سلطان
(اردو)

## عدالت جوڈیشل کمشنر اودھ
### درخواست فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۸۰ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۹ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس ... مسٹر ... اڈیشنل جوڈیشل کمشنر

ایشری پرشاد ... بنام ... سلطان ... [illegible]

مجموعہ ضابطہ فوجداری ... دفعہ ۴۳۱ ... ملزم کا اظہار ... قصور ... ضابطگی ... تحقیقات

دفعہ ۳۴۲ ... فوجداری کی غرض کے لئے ملزم کا اظہار ... ملزم کا قصور ایک اہم بے ضابطگی ہے اور وہ ایک مناسب مقدمہ میں تجویز ... کافی وجہ ہو سکتی ہے ... ملزم ... استغاثہ کی حیثیت ... کو اس غرض سے کہ ... جو اس پر دفعہ مندرجہ بالا کی رو سے عائد کیا گیا ہے اور نہ بے ضابطگی کی اہمیت کو کم کریگا۔ لیکن جب بے ضابطگی اس قسم کی نہ ہو جو مجسٹریٹ کو واقعات کے متعلق صحیح رائے قائم کرنے سے روکتی ہو اور ملزم نے وہ تمام اظہار دیدیا ہو جو وہ گواہ استغاثہ کی حیثیت سے کہنا چاہتا تھا اور کسی ایسے اقبال کا جو اس نے گواہ کی حیثیت سے کیا تھا کوئی بیجا استعمال نہ کیا گیا ہو تو ہائیکورٹ تحقیقات مکرر کا حکم نہ دیگی۔

درخواست بنا ر منسی حکم مصدرہ سشن جج فیض آباد مورخہ ۱۸ نومبر ۱۹۲۲ء مشعر بحالی حکم مصدرہ مجسٹریٹ درجہ اول فیض آباد مورخہ ۲۷ اکتوبر ۱۹۲۲ء۔

منجانب سائلان۔ مسٹر ... ایشری پرشاد۔

منجانب سرکار۔ گورنمنٹ پلیڈر و مسٹر کے۔ پی۔ سنگھ۔

**فیصلہ**۔ یہ ایک درخواست نگرانی ہے۔ وہ دشواری سے خالی نہیں ہے۔ فاضل مجسٹریٹ کے روبرو بلوہ کے دو مقدمات عکسی پیش تھے اور ان ... شامل کر دیا گیا تھا کہ وہ ان کو شامل کر لیں ... ایک فیصلہ کی رو سے ... باوجود اسکے ... موجودہ نگرانخواہوں کے خلاف ... تحقیقات کی ... اور ان کے خلاف تجویز ثبوت جرم بحال رکھی جانی چاہیئے ... تجویز میں واقعات پر غور کرنے کی مطلق ضرورت نہیں ہے ... فریقین کی دونوں جماعتوں میں لاٹھی سے لڑائی واقع ہوئی تھی اور ... واقعات کے متعلق مختلف قسم کے بیانات پیش کیے گئے ... پولیس نے موجودہ نگرانخواہوں وغیرہ کو چالان عدالت کیا یہ ایک مقدمہ ہے دوسرا مقدمہ وہ ہے جس میں نگرانخواہوں نے استغاثہ دائر کیا تھا فاضل مجسٹریٹ نے وہ تمام شہادت جو دونوں مقدمات میں استغاثہ و صفائی کی جانب سے پیش کی گئی تھی سماعت کی اور اس کے بعد انھوں نے صرف ایک فیصلہ کی رو سے ان دونوں کا تصفیہ کر دیا۔ میں یہ نہیں خیال کرتا کہ یہ واقعہ کہ انھوں نے صرف ایک فیصلہ تحریر کیا تھا زیادہ اہمیت رکھتا ہے انھوں نے ان کو ایک مقدمہ میں بری کر دیا اور وہ مقدمہ میرے روبرو پیش نہیں ہے۔ انھوں نے چالانی مقدمہ میں ان کے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کی اور فیصلہ میں شہادت پر کامل بحث کی گئی ہے اور وہ ہر پہلو سے ایک مناسب فیصلہ ہے جس میں بجا طور پر ثبوت جرم کے لئے وجوہ بتلائی گئی ہیں لیکن فاضل مجسٹریٹ سے دو غلطیاں ہوئیں جو اس قسم کی ہیں کہ ان سے اس وقت بمشکل بچا سکتا ہے جب دو مقدمات عکسی کا تصفیہ ایک فیصلہ کی رو سے کیا جائے پہلی غلطی یہ ہے کہ انھوں نے ... کی شہادت جس کا اظہار مقدمہ استغاثہ میں بطور گواہ مدعا علیہم کے لیا گیا تھا اس طور پر استعمال کی ہے

گویا کہ مقدمہ چالانی میں وہ گواہ استغاثہ تھا اگر موہن کوئی اہم گواہ ہوتا تو اس غلطی سے تمام تحقیقات کالعدم ہوجاتی میں نے مثل کا موائنہ کیا ہے اور اس گواہ کا اظہار پڑھا ہے۔ اس نے کوئی متعلقہ امر بیان نہیں کیا سوائے اسکے کہ اس نے اس امر سے انکار کیا تھا کہ خود اس نے اس باغ کا ٹھیکہ حاصل کیا تھا جو مستغاث کے بیان کے مطابق بلوہ کا مقام اور اسکی غرض تھی اس سوال کے کئے جانیکی یہ تھی کہ اگر انکو انہوں میں سے ایک جگیشور ملزم نے یہ بیان کیا تھا کہ ٹھیکہ اسنے لیا تھا ایسی حالت میں اسکی شہادت میں صرف ایک اہمیت یہ تھی کہ جگیشور کے اس ادعا کے اثر کو زائل کیا جائے لیکن اگر موہن کی شہادت نظر انداز کر دی جائے تو جگیشور کا بیان بحیثیت ملزم کی حیثیت سے اس قسم کا واقعہ ثابت کرنے کے لئے ناکافی ہے بالخصوص جب کہ اسنے جو کچھ کہ بیان کیا تھا وہ یہ ہو کہ سنگ اقبال کا باغ جہانتک مجھے علم ہے موہن جو نیلام کو ٹھیکہ پر دیا گیا تھا وہ اسکی نگرانی کرتا تھا نیلام کے وقت میں موجود نہ تھا فیصلہ میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ بلدیو کے قبضہ کی تائید جہانتک کہ باغ کے کرایہ پر دینے کا تعلق ہے صرف گواہ مدعی علیہ نمبر ۵ سے ہوتی ہے۔ یہ ایک غلطی ہے موہن نے صرف اس امر سے انکار کیا ہے کہ خود اس نے باغ حاصل کیا تھا اسکے متعلق وہ اور کچھ کہنا نہیں چاہتا تھا ایسی حالت میں اس شہادت کے داخل کرنے سے تجاویز ثبوت جرم کالعدم نہیں ہو جاتیں اگر مجسٹریٹ اور جج نے موہن کی شہادت نظر انداز کی ہوتی تو بھی انہوں نے وہی نتیجہ اخذ کیا ہوتا۔ مقدمہ استغاثہ کیلئے وہ کوئی حقیقی اہمیت نہیں رکھتا۔ دوسرا امر ضابطہ کا ہے۔ فاضل جج دفعہ ۳۴۲ کے بموجب اسکے پابند تھے کہ وہ ملزمین سے شہادت تائید استغاثہ ختم ہونیکے بعد مقدمہ کے متعلق عام طور پر سوالات کرتے تاکہ ایسے واقعات کی توجیہ ہوسکتی جو شہادت میں انکے خلاف ظاہر ہوتا تھا۔ تمام موجودہ نگرانی خواہوں سے مقدمات عکسی میں گواہان تائید استغاثہ کی حیثیت سے سوالات ابتدائی جرح کے گئے تھے اور مجسٹریٹ نے ان کا بیان اس نمونہ پر تحریر کیا ہے "مقدمہ عکسی میں میرا حلفی بیان درست ہے میں اور کسی امر کا اضافہ کرنا نہیں چاہتا"۔ اس امر کی نسبت میں کسی قدر دشواری محسوس کرتا ہوں۔ یہ طریقہ

عمل بے ضابطہ ہے شخص ملزم سے صرف اس طریقہ سے اور اس غرض کے لئے سوالات کئے جانے چاہئیں جس کی صراحت دفعہ ۳۴۲ میں کی گئی ہے جب وہ مقدمہ عکسی میں گواہ تائید استغاثہ کے طور پر حاضر ہوتا ہے تو اس سے ایک مختلف غرض کے لئے یعنی فریق مخالف کی مجرمیت ثابت کرنے کے لئے سوالات کئے جاتے ہیں اور اس پر جرح کی جاتی ہے جبکہ اس سے ہر قسم کا سوال کرنیکی کامل آزادی ہوتی ہے وہ ہر سوال کا جواب دینے سے انکار کرنیکے لئے آزاد نہیں ہوتا جو استحقاق اس کو شخص ملزم کی حیثیت سے حاصل ہوتا ہے یعنی جس قدر قوت سے سائل کہتا ہوں یہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ ضابطہ جو فاضل مجسٹریٹ نے اختیار کیا تھا وہ بالکل غلط ہے اور یہ کہ وہ مناسب مقدمہ میں فی نفسہ کافی وجہ تجویز ثبوت جرم کی تنسیخ کے لئے ہوسکتی ہے۔ موجودہ مقدمہ میں کوئی نقصان واقع نہیں ہوا تھا۔ ملزم نے وہ تمام بیان کیا ہے جو وہ گواہ تائید استغاثہ کی حیثیت سے دینا چاہتا تھا مجھے کوئی ضروری سوال نہیں بتلایا گیا ہے جو ملزم سے نہیں کیا گیا تھا۔ کوئی نامناسب استعمال کسی ایسے بیان کا نہیں کیا گیا ہے جو شخص ملزم نے گواہ کی حیثیت سے کیا ہو۔ خود ملزمین نے بظاہر یہ نہیں خیال کیا تھا کہ ان کو کوئی شکایت تھی۔ ابتدائی وجوہ مرافعہ میں یہ عذر مطلقاً نہیں پیش کیا گیا ہے۔ وجوہ مرافعہ مابعد میں بھی اس کا ذکر بالتصریح نہیں کیا گیا ہے اور بظاہر فاضل سشن جج کی توجہ اس کی طرف مبذول نہیں کرائی گئی تھی اس امر میں شک نہیں کہ یہ قانونی عذر ہے اور ہر وقت پیش کیا جاسکتا ہے لیکن مجموعی طور پر میں یہ نہیں خیال کرتا کہ از سر نو تحقیقات کے متعلق حکم دینے میں میرا عمل جائز ہوگا۔ مقدمہ کی بہت تفصیل کے ساتھ تحقیقات کی گئی ہے اور مجسٹریٹ نے بہت احتیاط سے کام لیا ہے۔ یہ بے ضابطگی اس قسم کی نہیں ہے جو واقعات کے متعلق صحیح رائے اخذ کرنے سے روکتی ہو ان کے روبرو اظہارات کی شکل میں ملزمین میں سے ہر ایک کا بہت کامل بیان موجود تھا جو بمقابلہ اسکے جو مجسٹریٹ کے پاس بالعموم ہوتا ہے۔ مرافعہ پر احتیاط کے ساتھ غور کیا گیا ہے اور فاضل سشن جج

ناگیشور پرشاد بنام ملک معظم (اردو)

اس کو نا منظور کیا ہے۔ ایسی حالت میں میں درخواست نگرانی خارج کرتا ہوں۔ لیکن میری نسبت یہ سمجھا جانا چاہیئے کہ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اس مقدمہ میں دفعہ ۲۰۴ کے احکام کی ٹھیک طور پر تعمیل کی گئی ہے یا یہ کہ ضابطہ جس کی تعمیل کی گئی تھی۔ تحت بقاعدہ ہونے کے علاوہ اور کوئی حیثیت رکھتا ہے۔ درخواست خارج کی گئی۔

# ہائیکورٹ الہ آباد

## استصواب فوجداری

نمبر مقدمہ ۶۰۲ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۳۰ نومبر ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس اسٹوارٹ۔

... سائل **بنام** ملک معظم۔ طرف ثانی

مجموعہ ضابطہ فوجداری۔ مرافع کی غیر حاضری۔ ضابطہ۔

جب ایک دفعہ کوئی مرافعہ فوجداری نمبر پر لے لیا جائے اور اس کی سماعت کے لئے کوئی تاریخ مقرر ہو جائے تو عدالت مرافعہ اسکی پابند ہوتی ہے کہ مثل کا معائنہ کرے اور مرافعہ کا عدالتی فیصلہ کرے۔ وہ حاضری میں قصور ہونیکی وجہ سے اس کو خارج نہیں کر سکتی۔ قیصرہ ہند بنام لوہیی انڈین لاء رپورٹس الہ آباد جلد ۱۳ صفحہ ۱۷۱ کی تقلید کی گئی۔

استصواب فوجداری منجانب سشن جج علی گڑھ۔

واقعات حسب ذیل حکم استصواب سے ظاہر ہوتے ہیں۔

**حکم استصواب** "یہ ایک درخواست مولوی محمد حبیب اللہ خان مجسٹریٹ درجہ اول کے حکم کی نگرانی کے لئے پیش ہے جس کی رو سے وہ مرافعہ خارج کیا گیا تھا جو ایک شخص رام چندر نے فیصلہ مصدرہ بیچ مجسٹریٹان اعزازی ہاتھرس کی ناراضی سے دائر کیا تھا وہ حکم جو زیر تعلیم ڈپٹی مجسٹریٹ نے صادر کیا تھا حسب ذیل ہے: مرافع اور اس کا وکیل ہر دو غیر حاضر بعدم پیروی داخل دفتر ہو۔" یہ حکم جس کی رو سے مرافعہ بعدم پیروی خارج کیا گیا ہے بظاہر ناجائز ہے کیونکہ مجموعہ ضابطہ فوجداری میں ایسا کوئی حکم نہیں ہے کہ مرافع یا اسکے وکیل کی عدم حاضری کی وجہ سے کوئی مرافعہ خارج کیا جائے۔ جب مرافعہ نمبر پر لیا جا کر اس کی سماعت کیلئے کوئی تاریخ مقرر کی گئی ہو تو عدالت مرافعہ مثل کا معائنہ کرنے اور مرافعہ کا عدالتی فیصلہ کرنے کی پابند ہوتی ہے۔ ملاحظہ ہو قیصرہ ہند بنام لوہیی (۱) ان حالات میں میں پابند ہوں کہ یہ مقدمہ صدور احکام کے لئے واجب التعظیم ہائیکورٹ میں اس سفارش کیساتھ ارسال کروں کہ وہ ناجائز حکم جو زیر تعلیم ڈپٹی مجسٹریٹ نے صادر کیا تھا منسوخ کیا جائے اور انہیں یہ ہدایت دیجائے کہ وہ حسب احکام قانون مرافعہ کا تصفیہ کریں مجسٹریٹ نے اگر کوئی جواب پیش کیا ہے تو وہ مثل کے ساتھ شریک رہیگا۔"

**فیصلہ**۔ میں اس رائے سے متفق ہوں جو زیر تعلیم سشن جج نے قائم کی تھی حکم متعلق اخراج مرافعہ منسوخ اور مرافعہ زیر تعلیم ڈپٹی مجسٹریٹ کے پاس جنہوں نے اس کا تصفیہ کیا تھا یا ان کے جانشین کے پاس اس ہدایت کے ساتھ واپس کرتا ہوں کہ وہ حسب احکام قانون اس کا تصفیہ کریں۔ حکم منسوخ کیا گیا۔

# ہائیکورٹ لاہور

## مرافعہ فوجداری

نمبر مقدمہ ۹۴۵ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۸ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس اسکاٹ اسمتھ و مسٹر جسٹس موتی ساگر۔

اللہ دین۔ ملزم۔ مرافع **بنام** ملک معظم۔ مرافعہ علیہ

مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ سنہ ۱۸۶۰ء دفعات ۳۰۴ و ۳۰۲ مستثنیٰ ۴ و ۳۲۶۔ ہلاکت جو پہلے سے سوچے سمجھے بغیر قلمبر اٹھنے کے ایک ہی وقت گھونپنے سے واقع ہوئی ہو۔ جرم۔ سخت اور ناگہانی اشتعال طبع۔

مسماۃ امام بی بی کے ساتھ ملزم کے ازدواج کے متعلق ایک خاص تاریخ پر ایک خاص رقم ادا کی جانے والی تھی۔ اس تاریخ پر جو

(۱) انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۱۳ صفحہ ۱۷۱۔

تفسیر پنشاد ... ملک معظم (۱۹۰۵)

نمبر ۶۹

اس طور پر مقرر کی گئی تھی ملزم نے یہ معلوم کیا کہ مسماۃ نیکبخت
مسماۃ امام بی بی کو اسکے موضع سے لیجا رہی تھی اور جب اس نے
اسکے ساتھ تکرار کی تو اس نے اس سے یہ کہا کہ رسم اس روز
نہ ہوگی اور اس کو برا بھلا کہا۔ اس پر ملزم نے عورتوں پر ایک
قلمتراش سے حملہ کیا اور ہر ایک کے پیٹ میں ایک زخم پہنچایا
جس کا نتیجہ یہ ہوا تھا کہ مسماۃ نیکبخت ہلاک ہو گئی لیکن مسماۃ
امام بی بی زندہ رہی۔ قرار دیا گیا (الف) یہ کہ مسماۃ نیکبخت کا عمل
دفعہ ۳۰۰ مستثنی اول مجموعہ تعزیرات کے مفہوم میں سخت اور
ناگہانی اشتعال طبع کے باعث ہونیکی حد تک پہنچا تھا۔

(۲) یہ کہ ان واقعات کے لحاظ سے کہ ملزم نے بغیر پہلے سے سوچے
سمجھے عمل کیا تھا صرف قلمتراش استعمال کیا تھا اور ہر عورت کو
صرف ایک ضرب پہنچائی تھی اس لئے بہت قوی قیاس پیدا ہوتا تھا کہ
اسکی نیت نہ تو ہلاکت کا باعث ہونے اور نہ ایسی مضرت جسمانی
پہنچانیکی تھی جس کی نسبت اس کو علم تھا کہ اس سے ہلاکت کا احتمال ہے۔

(۳) یہ کہ بہر صورت یہ قیاس کیا جانا چاہیئے کہ ملزم کی نیت یہ
تھی کہ وہ عورتوں کو ضرر شدید پہونچائے اور اس لئے وہ اس جرم
کا مرتکب ہوا تھا جو دفعہ ۳۲۶ مجموعہ تعزیرات کی رو سے قابل سزا ہے۔

مرافعہ بنا راضی حکم مصدرہ سشن جج جہلم مورخہ ۵ ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء۔

**فیصلہ**۔ اللہ دین کے خلاف سشن جج جہلم نے مسماۃ نیکبخت کے
قتل عمد اور مسماۃ امام بی بی کے اقدام قتل عمد کی بابت تجویز ثبوت جرم
صادر کی ہے اور اول الذکر جرم کے لئے اس کو حبس دوام بعبور دریائے
شور اور موخر الذکر کے لئے دس سال کے حبس بعبور دریائے شور
کی سزا دی گئی ہے جن احکام کی تعمیل ایک ساتھ کئے جانیکا حکم
ہے۔ کونسل نے عدالت ہذا میں مرافعہ جات پیش کئے تھے مگر وہ بحث
کے لئے حاضر نہیں ہوئے ہیں۔ ہم نے مثل کا معائنہ کیا ہے واقعات

الہ دین بنام سرکار معظم (۱۹۲۳ء)

کامل اور واضح طور پر فاضل سشن جج کے فیصلہ میں بیان کئے گئے ہیں
اور ان کے اعادہ کی ضرورت نہیں ہے۔

ہماری رائے میں سوالات جو پیدا ہوتے ہیں حسب ذیل ہیں:-
(۱) آیا اللہ دین مرافع کی یہ نیت تھی کہ وہ مسماۃ نیکبخت کی ہلاکت
کا باعث ہو جیسا کہ سشن جج نے قرار دیا تھا اس کی نیت (ب) مضرت
جسمانی پہنچانیکی تھی جس کی نسبت اسکو علم تھا کہ اس سے ہلاکت کا احتمال تھا۔
(۲) آیا اسکو ایسا سخت اور ناگہانی اشتعال طبع ہوا تھا جو جرم کو
قتل عمد سے گھٹا کے قتل انسان مستلزم سزا کر دیگا جو قتل عمد کی حد تک نہیں پہنچتا۔

صفحہ ۹۲۶

(۳) آیا اس نے مسماۃ امام بی بی کے قتل عمد کا اقدام کیا تھا۔
ان واقعات کے لحاظ سے کہ اللہ دین نے بغیر سوچے سمجھے عمل کیا تھا
صرف قلمتراش استعمال کیا تھا اور ہر عورت کو صرف ایک زخم پہنچایا تھا ہم
خیال کرتے ہیں کہ بہت قوی قیاس اس امر کا پیدا ہوتا ہے کہ اسکی یہ نیت نہ تھی
کہ ہلاکت یا ایسی مضرت جسمانی کا باعث ہو جس کی نسبت اس کو علم تھا کہ
اس سے ہلاکت کا احتمال تھا۔ دوسرے سوال پر فاضل سشن جج نے یہ تسلیم کیا
ہے کہ مرافع اور عورتوں کے مابین تکرار ہوئی تھی گالیاں دی گئی تھیں اور یہ کہ
یقیناً اشتعال طبع ہوا تھا لیکن یہ قرار دیا ہے کہ اشتعال طبع اسقدر سخت اور
ناگہانی نہ تھا کہ مرافع کا عمل دفعہ ۳۰۰ مستثنی اول مجموعہ تعزیرات ہند کے تحت
آسکے۔ حالت یہ ہے کہ اللہ دین کا مسماۃ امام بی بی کے ساتھ ازدواج ہونیوالا
تھا اور عدالت ماتحت نے یہ قرار دیا ہے کہ گاؤں میں تاریخ واقعہ پر تبدیل
پارچات کی رسم ہونیوالی تھی۔ مرافع نے یہ معلوم کیا کہ مسماۃ نیکبخت لڑکی کو گاؤں
سے لیجا رہی تھی اور جب اس نے اسکے ساتھ تکرار کی تو عورت نے اس سے یہ
کہا کہ لڑکی کا ازدواج اسکے ساتھ اس روز نہ ہوگا اور اس کو گالیاں دیں
اگر اس عورت نے اس سے یہ بھی نہیں کہا تھا کہ اگر وہ کسی سے ازدواج کرنا
چاہتا ہو تو وہ جا کر اپنی ماں سے ازدواج کرے پھر بھی ہم خیال کرتے ہیں کہ
تمام حالات کے لحاظ سے اشتعال طبع جو اس کو دلایا گیا تھا اسقدر سخت

سہ دین
نیام
لات معظم
(لاہور)

اور نا ممکن تھا کہ اس سے عمل بہ دفعہ ۳۰۲ مجموعہ تعزیرات ہند کی مستثنیٰ اول میں آسکتا تھا۔ جب ہماری یہ رائے ہے تو یہ واضح ہے کہ جرم قتل عمد کی تجویز ثبوت جرم قائم نہیں رکھی جاسکتی اور نہ مساۃ امام بی بی کے اقدام قتل عمد کی تجویز ثبوت جرم بحال رکھی جاسکتی ہے۔ ساتھ ہی یہ قرار دینے میں ہمیں کوئی دشواری نہیں معلوم ہوتی کہ جب الہ دین نے اپنی لڑکی کو پیٹا تو ضرر شدید پہنچتے زخمی کیا تو اس کی نیت یقیناً ضرر شدید پہنچانے کی تھی اور ہم ان وجوہات مذکورہ کرتے ہیں اور تجویز ثبوت جرم اور احکام سزا کو منسوخ کرتے ہوئے وہ جرائم کی بجائے اسکو دفعہ ۳۲۶ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے بالارادہ ضرر شدید پہنچانے کا مجرم قرار دیتے ہیں گو یہ ثابت ہے کہ اس کو سخت اشتعال پیدا ہوا تھا مگر یہ بہت سنگین جرم تھا کہ اس نے بلیس عورتوں کو پیٹا اور ایک چاقو سے زخم پہنچائے تھے سخت سزا دینا ضروری خیال کرتے ہیں اور ہم اس کو سات سال قید بامشقت کی سزا دیتے ہیں۔ سزا جرم سے پیشتر ہی دی گئی قید سے وضع ہوگی اور یہ ہدایت دیتے ہیں کہ احکام سزا کی تعمیل ایک ساتھ ہی ہو۔

احکام سزا میں تبدیلی کی گئی۔

## ہائیکورٹ لاہور

درخواست متعلق فوجداری

نمبر مقدمہ ۴۷۱ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۳۱ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس ہیرسن و مسٹر جسٹس عبدالرؤف

بمعاملہ مسٹر ڈگلاس ڈونالڈ۔

قانون جنون ایکٹ ۴ بابتہ ۱۹۱۲ء دفعہ ۱۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعات ۱۱۵ و ۱۵۱۔ فرمان شاہی لاہور فقرہ ۱۲۔ دفعہ ۱۴ کے تحت ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا حکم۔ نگرانی۔ چارہ کار۔

قانون جنون میں بالتصریح اور علیحدہ علیحدہ عنوانات میں کارروائیات کی دو شاخوں انتظامی اور عدالتی کا ذکر کیا گیا ہے۔ وہ حکم جو کسی ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے قانون جنون کے حصہ ۲ کے تحت صادر کیا ہو بالکلیہ انتظامی حکم ہوتا ہے اور اسکے متعلق ہائیکورٹ میں درخواست نگرانی پیش نہیں کی جاسکتی اور نہ ہائیکورٹ کو فقرہ ۱۲ فرمان شاہی کی رو سے یا بہ اختیارات نگرانی میں ایسے حکم میں دست اندازی کرنیکا اختیار ہوتا ہے۔ انڈین کیسیز جلد ۴۵ بنام ملکہ معظمہ کلکتہ ویکلی نوٹس جلد ۱۸ صفحہ ۲۱۱ کا حوالہ دیا گیا۔ ہر شخص جو اپنے آپکو کسی ایسے حکم سے جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے دفعہ ۱۴ حصہ ۲ قانون جنون کے بموجب صادر کیا ہو متاثر خیال کرے اس کے حصہ ۳ کے بموجب یہ درخواست کر سکتا ہے کہ کوئی عدالتی تحقیقات باضابطہ تحقیقات عمل میں لائی جائیں۔ ان تحقیقات کا نتیجہ قطعی ہوتا ہے اور وہ ہر ایسے حکم پر حاوی ہوتا ہے اور اسکو منسوخ کر سکتا ہے جو ممکن ہے کہ انتظامی حاکم نے سرسری طور پر صادر کیا ہو۔

درخواست بغرض تنسیخ حکم صادرہ ڈسٹرکٹ جج لاہور مورخہ ۳ مارچ ۱۹۲۲ء

حکم استصواب۔

**جسٹس عبدالرؤف۔** (۱۸ مئی ۱۹۲۲ء) یہ ایک درخواست ہے جو مسٹر ڈبلیو۔ بی انڈرسن کا بیرسٹر ایٹ لا اور مسٹر ولیم ہنری ڈونالڈ نے ان حالات میں جن کا اختصار ذیل میں درج کیا جاتا ہے پیش کی ہے جس میں ان اختیارات نگرانی سے مدد چاہی گئی ہے جو ہائیکورٹ کو دیوانی اور فوجداری قانون اور فرمان شاہی کے بموجب حاصل ہیں۔

مسٹر ڈگلاس ڈونالڈ کا ازدواج مس مرسر کی بیٹی کے ساتھ ہوا ہے۔ شوہر اور زوجہ سالہا سال سے علیحدہ رہتے ہیں۔ مگر مسٹر ڈگلاس ڈونالڈ اپنی زوجہ کو گذارہ کی رقم مسٹر الگزنیڈر رسا کو لاہور کے ذریعہ سے دیتا رہا ہے جس کی نسبت یہ بیان کیا گیا ہے کہ اس نے کچھ عرصہ سے روک دی ہے اوس کا یہ خیال ہے کہ اوس کی زوجہ فوت ہوگئی ہے اور یہ کہ اس واقعہ کو مسٹر اور مسز مرسر نے اس سے پوشیدہ رکھا ہے۔

(۱۵۵)

۲۲ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء کو اس نے مسٹر ہربرٹ کو ایک خط لکھا جسمیں اسکو دھمکی دی گئی تھی اور موجر الذکر نے یہ خط بیجر فرار ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لاہور کے پاس معایک تحریر مورخہ ۲۶ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء کو روانہ کیا جسمیں اپنے اور اپنی زوجہ کی طرف سے مسٹر ڈگلاس ڈونالڈ کے طرز عمل کی شکایت کی اور یہ خوف ظاہر کیا کہ وہ تشدد کا استعمال کریگا اور حفاظت کی استدعا کی۔ یہ معاملہ فوراً لفٹنٹ کرنل آرمکسن سینیر سپرنٹنڈنٹ پولیس ہوم کے سپرد کر دیا گیا جنہوں نے ضروری تدابیر اختیار کرنیکے بعد جن کی تفصیل بتلانے کی ضرورت نہیں ہے دفعہ ۱۳ قانون جنون ایکٹ ۴ بابتہ سنہ ۱۹۱۲ء کے موجب کارروائی کی اور جنون کی وجہ سے مسٹر ڈگلاس ڈونالڈ کو خطرناک شخص باور کرکے اوسکو بیجر قرار ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لاہور کے روبرو پیش کیا۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ۳۰ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء کو دفعہ ۱۴ قانون جنون ایکٹ ۴ بابتہ سنہ ۱۹۱۲ء کے بموجب اس معاملہ میں کارروائی کی۔ اونہوں نے مسٹر ڈگلاس ڈونالڈ کا اظہار قلمبند کیا اور یہ رائے قائم کرکے کہ مزید کارروائی کرنے کی وجوہ موجود ہیں اوسکا معائنہ میجر کاکس مہتمم دار المجانین کے ذریعہ سے کرایا۔ اس امر سے مطمئن ہوکر کہ مسٹر ڈگلاس ڈونالڈ ایک خطرناک مجنون تھا اور حراست میں رکھے جانے کے لئے ایک مناسب شخص تھا اس نے میجر کاکس سے صداقت نامہ حاصل کیا اور مسٹر ڈگلاس ڈونالڈ کے دار المجانین میں داخل کئے جانے کا حکم صادر کرنیکے لئے آمادہ تھا جب مسٹر ولیم ہنری ڈونالڈ مدعیہ مجنون کے بھائی نے مچلکہ تحریر کیا جسکی رو سے یہ ذمہ داری لی کہ مجنون کی ٹھیک طور پر حفاظت کیجائے گی اور وہ اپنے آپ کو یا دوسرے اشخاص کو مضرت پہونچانے سے باز رکھا جائیگا۔ مجسٹریٹ نے داخلہ کا حکم صادر کرنیکی بجائے مسٹر ڈگلاس کو اس کے بھائی کی نگرانی میں دیدیا۔ تین طبی صداقت نامجات جسکی رو سے مسٹر ڈگلاس ڈونالڈ کے جنون کی تصدیق کیگئی تھی مثل میں شریک کئے گئے ہیں:۔ (۱) صداقت نامہ

بسلسلۂ نگرانی (لاہور)

مورخہ ۳۰ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء جو میجر کاکس نے عطا کیا تھا (۲) دوسرا صداقت نامہ ڈاکٹر صاحب موصوف نے ۱۴ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء کو عطا کیا تھا اور (۳) صداقت نامہ مورخہ ۱۴ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء عطا کردہ لفٹنٹ کرنل ایس۔ ایم۔ ڈبلیو۔ اوسن سپرنٹنڈنٹ پاگل خانہ لاہور۔

• ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے حکم مورخہ ۳۰ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء کی ناراضی سے موجودہ درخواست پیش کی گئی ہے۔ جب درخواست بغرض سماعت پیش ہوئی تو مسٹر جے لال لا لیگل ریممبرنسر گورنمنٹ اینڈ کیٹ نے جو سرکار کی جانب سے حاضر ہوئے تھے درخواست کی سماعت کے متعلق اس بنا پر ایک ابتدائی عذر پیش کیا کہ کارروائی جو بعلم ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے اختیار کی تھی وہ عدالتی کارروائی نہ تھی بلکہ جو حکم صادر کیا گیا تھا وہ خالصاً انتظامی نوعیت کا تھا اس لئے ہائیکورٹ اوسکی نگرانی کی درخواست کی سماعت نہیں کر سکتی۔

قانون چار حصوں میں منقسم ہے حصہ ۱ کا تعلق مراتب ابتدائی سے ہے حصہ ۲ میں "مجنونوں کے داخلہ، حفاظت اور علاج" کا ذکر کیا گیا ہے اس حصہ کے باب ۲ کا تعلق "مجنونوں کے داخلہ" اور باب ۳ کا تعلق "حفاظت اور علاج" سے ہے۔ حصہ ۳ میں جنون کی نسبت عدالتی تحقیقات کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس حصہ کے باب ۴ میں یہ تحریر کیا گیا ہے "بلاد پریسیڈنسی میں کارروائیات بصیغہ جنون چلانے کے قواعد" اس باب کے تحت "مجنون کے جسم اور جائداد پر عدالتی اختیارات استعمال کے قواعد اور تحقیقات" اور "ایسی جائدادوں کے انتظام وغیرہ وغیرہ کے متعلق ضابطہ درج کیا گیا ہے" حصہ ۴ کا تعلق بعض متفرق امور سے ہے۔

قانون کے احکام کے مندرجہ بالا خلاصہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ واضعان قانون کا یہ منشا تھا کہ ان کارروائیات میں جو عدالتی نوعیت کی ہوں اور ان کارروائیات میں جو محض انتظامی نوعیت

انڈین لاء رپورٹ الہ آباد

(۱)

سا ہونے پیچ وقت قائم کیا جائے ایسی حالت میں وہ حکم جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ... مقدمہ میں صادر کیا تھا بالفاظ دیگر عدالتی نوعیت کا نہیں تھا ... ہے ... کیا ہائیکورٹ اپنے اختیارات نگرانی ... میں دست اندازی کر سکتی ہے۔ مسٹر ... نے زور سے بحث کی ہے کہ جب کوئی بیجا فعل ہو تو اوسکے لئے چارہ کار ہونا چاہئے اور یہ کہ ہائیکورٹ ... اس صوبہ میں اعلیٰ ترین عدالت ہے اسلئے اوسکو ... بیجا فعل کی اصلاح کے لئے کچھ اختیار ہونا چاہئے جو اونکے موکلین کے ... کیا گیا تھا اونہوں نے احکام مندرجہ دفعہ ۱۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی سے استناد کیا ہے اور یہ بحث کی ہے کہ اس دفعہ کی رو سے ہائیکورٹ کو اس ... درخواست نگرانی کی سماعت کرنیکا اختیار حاصل ہے لیکن ... واضح ہے کہ یہ دفعہ ہائیکورٹ کو اوس حکم کی تجویز کرنیکا اختیار نہیں دیتی جو کسی مجسٹریٹ نے صادر کیا ہو۔

نمبر ۷۵۹ فاضل کونسل نے علی سبیل البدل طریقہ سے یہ بحث کی ہے کہ ہائیکورٹ اس معاملہ میں بصیغہ ابتدائی کارروائی کر سکتی ہے اور وہ درخواست گذار گلاس ڈونالڈ کے بیٹے جنون کے متعلق دفعہ ۱۲ فرمان شاہی کے بموجب عدالتی تحقیقات سے رجوع کر سکتی ہے دفعہ مذکور میں حسب ذیل صراحت کی گئی ہے:-

"اور ہم یہ بھی حکم دیتے ہیں کہ ہائیکورٹ آف جوڈیکیچر بمقام لاہور کو تا بالتعین فاتر العقل اور مجنون کی ذات و جائداد کی نسبت جو صوبجات پنجاب دہلی میں ... وہی اختیار اور اقتدار حاصل ہوگا جو ان کاغذات کی اشاعت کے قبل چیف کورٹ پنجاب کو حاصل تھا"۔

لیکن لائق کونسل یہ ظاہر کرنے سے قاصر رہے ہیں کہ چیف کورٹ پنجاب جنون کے معاملات میں ابتدائی اختیار سماعت استعمال کرتا تھا ہر صورت میں یہ نہیں خیال کیا جا سکتا کہ قانون ... کے احکام کو نظر انداز کرتے ہوئے ایسا اختیار یا اقتدار ... استعمال کر سکتی تھی جو ... ہائیکورٹ استعمال کر سکتی ہے ہائیکورٹ الہ آباد کے متعلق فرمان شاہی میں اس مضمون کے متعلق تصریحاً اس قسم کا قاعدہ درج ہے لیکن جونڈھا بنام کورٹ آف وارڈز (۱) میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ ہائیکورٹ کو دفعہ ۱۲ فرمان شاہی کی رو سے ایسے مجنونوں کی ذات اور جائداد کی نسبت جو ہندوستان کے باشندے ہوں کوئی ابتدائی اختیار سماعت حاصل تھا۔ ڈویژن بنچ کے فاضل ججوں نے جنہوں نے مقدمہ کا فیصلہ کیا تھا ایسے مجنونوں کی ذات اور جائداد پر اپنے اختیار سماعت کی نسبت کسی رائے کے ظاہر کرنے سے احتراز کیا تھا جو رعایائے برطانیہ اہل یورپ ہوں لیکن ... دفعہ میں جس طور پر کہ وہ قائم ہے اس خصوص میں ... اون اشخاص کی صورت میں جو ہندوستان کے باشندے ہوں اور اون اشخاص کی صورت میں جو رعایائے برطانیہ اہل یورپ ہوں بظاہر کوئی امتیاز نہیں رکھا گیا ہے۔ اس مقدمہ میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ ایکٹ ۳۵ بابتہ ۱۸۵۸ء کی رو سے ضلع کی اعلیٰ دیوانی عدالت ایسے معاملات کی تجویز کرنیکا اختیار سماعت رکھتی ہے۔ موجودہ قانون کی رو سے بلاد پریسیڈنسی میں صرف ہائیکورٹ کو جنون کے معاملہ میں ابتدائی اختیار سماعت استعمال کرنیکا اختیار ... دیا گیا ہے ملاحظہ ہو قانون کا باب ۴ اور بلاد پریسیڈنسی کے باہر قانون کے باب ۵ میں یہ حکم ہے کہ کارروائیات متعلق جنون ڈسٹرکٹ کورٹوں میں رجوع کیجائیں قانون کی دفعہ ... میں اس حکم کی ناراضی سے ہائیکورٹ میں مرافعہ کرنیکا حق دیا گیا ہے جو ڈسٹرکٹ کورٹوں نے باب ۳ کی رو سے صادر کیا ہو۔ فقرہ (۲) دفعہ ۶۵ میں یہ صراحت ہے "تحقیقات ختم ہونیکے بعد عدالت اس امر کا تصفیہ کرے گی کہ

(۱) انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۴ صفحہ ۵۹

آیا مبینہ مجنون فاتر العقل ہے اور اپنے اور اپنے معاملات کا انتظام کرنیکے ناقابل ہے یا وہ یہ خاص تجویز صادر کرے کہ ایسا مبینہ مجنون فاتر العقل ہے اور اپنے معاملات کا انتظام کرنیکے ناقابل ہے بلکہ یہ کہ وہ اپنا انتظام کرنیکے قابل ہے اور وہ اپنے یا دوسروں کے لئے خطرناک نہیں ہے"۔

یہی معاملہ ہے جو نگرانی خواہاں اس عدالت سے قرار دلانا چاہتے ہیں۔ مسٹر ولیم ہنری ڈونالڈ یہ درخواست ڈسٹرکٹ جج کے روبرو پیش کرسکتا ہے جسکے اختیار سماعت کی حدود اراضی میں مسٹر ڈگلاس ڈونالڈ مبینہ مجنون رہتا ہے اور اُن سے یہ استدعا کرسکتا ہے کہ وہ باب ۵ کی رو سے عدالتی تحقیقات کریں۔ اسکے بعد وہ دفعہ ۴۳ کی رو سے مجنون کی رہائی کے لئے درخواست کرسکتا ہے جس میں اس امر کی صراحت کی گئی ہے کہ:-

"اگر مجنون کی نسبت جو کسی دار المجانین میں اوس داخلہ کے حکم کی بنا پر روکا گیا ہو جو دفعات ۷، ۱۰، ۱۴، ۱۵ یا ۱۷ کے بموجب صادر کیا گیا ہو بعد میں ایسی تحقیقات عمل میں آنے پر جو باب ۴ یا باب ۵ کی رو سے کی گئی تھی یہ معلوم ہو کہ وہ فاتر العقل یا اپنے اور اپنے معاملات کا انتظام کرنیکے ناقابل نہیں ہے تو شخص نگران کار دار المجانین ایسی تجویز کی مصدقہ نقل پیش ہونے پر فی الفور مبینہ مجنون کو دار المجانین سے رہا کردے گا"۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ وہی قاعدہ ایسی صورت سے متعلق ہوگا جب کوئی مجنون قانون کی دفعہ ۴۱ کے احکام کی رو سے کسی رفیق یا رشتہ دار کی نگرانی میں رکھا جائے۔ مناسب طریقہ جو اس مقدمہ میں اختیار کیا جانا چاہئے وہ یہ ہے کہ مسٹر اوکونر کی درخواست واپس کردیجائے تاکہ وہ اوسکو عدالت مجاز میں پیش کرسکے۔ دوسرا طریقہ جو میرے ذہن میں آتا ہے وہ یہ ہے کہ میں یہ مقدمہ بغرض تصفیہ ایک ڈویژن بنچ کے سپرد کردوں کیونکہ پیش شدہ سوالات بہت اہمیت رکھتے ہیں اور ان کے فیصلہ کا بہت بڑا اثر اس عدالت کے عملدرآمد پر پڑ سکتا ہے۔ اس واقعہ کے لحاظ سے کہ اس خصوصاً میں کوئی متنازعہ مقدمہ نہیں ہے میں دوسرا طریقہ اختیار کرتا ہوں اور یہ ہدایت دیتا ہوں کہ کاغذات فاضل چیف جسٹس کے روبرو اس غرض سے پیش کئے جائیں کہ مقدمہ کی سماعت کے لئے ایک بنچ قائم کیا جائے۔

منجانب نگرانی خواہ مسٹر اوکونر

منجانب طرفثانی مسٹر جے لال آر بی۔ گورنمنٹ ایڈوکیٹ

صفحہ ۹۹

**فیصلہ**۔ نگرانی خواہ کی جانب سے مسٹر اوکونر اور سرکار کی جانب سے رائے بہادر جے لال گورنمنٹ ایڈوکیٹ کی بحث سماعت کرنے کے بعد میں اوس رائے سے بالکل متفق ہوں جو میرے فاضل رفیق نے اپنے حکم استصواب میں قائم کی ہے جیسا کہ اس حکم میں ظاہر کیا گیا ہے قانون میں خاص طور پر اور علیحدہ علیحدہ عنوانات میں کارروائیات کی دو شاخوں انتظامی اور عدالتی پر بحث کی گئی ہے۔ ہر شخص جو کسی ایسے انتظامی حکم سے ناراض ہو جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے صادر کیا ہو باب ۳ کی رو سے ایسی باضابطہ تحقیقات کے لئے درخواست کرسکتا ہے جو کوئی عدالتی عہدہ دار کرے۔ ایسی تحقیقات کا نتیجہ قطعی ہوتا ہے اور وہ ایسے حکم پر حاوی ہوتا ہے اور اوسکو منسوخ کرتا ہے جو ممکن ہے کہ انتظامی حاکم نے سرسری طور پر صادر کیا ہو۔ ایسی حالت میں یہ بحث کرنی ناممکن ہے جیسا کہ بحث کی گئی ہے کہ غلط یا نامناسب انتظامی حکم کے خلاف کسی چارہ کار کی صراحت نہیں کی گئی ہے اور قانون کی دفعہ ۹۱ کی رو سے یہی حالت صحیح ہو جاتی جسمیں صراحتاً یہ حکم ہے کہ باب ۲ کے یعنے اوس حصہ کے جس میں انتظامی احکام کا ذکر ہے کسی مجنون کی نسبت [illegible] کہ وہ باب ۳ کے تحت کے اختیارات پر اثر انداز ہے۔ اگر [illegible] کو ان احکام کی [illegible]

جو باب ۲ کی رو سے صادر کئے ہوں تو یہ دفعہ بالکل بے معنی اور غیر ضروری ہوگی مسٹر ایکوبر نے اس مضمون کی بابت قانون انگلستان کی تمثیل سے استفادہ کیا ہے اور ہمارے روبرو لاز آف انگلینڈ مولفہ ہالسبری جلد ۱۹ کے تمام حصہ کا حوالہ دیا ہے۔ قانون انگلستان میں جسپر قانون ہند مبنی ہے حاکم انتظامی عدالتی حاکم بتلایا گیا ہے جو اس سے بھی زیادہ قابل افسوس نام ہے جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا تمام انتظامی حاکم کو ظاہر کرنیکے لئے ہے۔ یہ عدالتی حاکم جسٹس آف دی پیس ہے اور اسکا یہ فرض ہے کہ وہ ایسے اختیارات استعمال کرے جو اونکے مشابہ ہوتے ہیں جو اس ملک میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے تفویض کئے جاتے ہیں عدالتی تحقیقات کا ضابطہ بالکل اوسی طریقہ سے قرار دیا گیا ہے جیسا کہ ہندوستان کے قانون میں ہے اور تحقیقات کی تجویز منسوخ کرنیکا اوسی طور پر حکم درج ہے جسطور پر کہ اوس حکم کی ناراضی سے جو ڈسٹرکٹ جج نے ہندوستان میں صادر کیا ہو ہائیکورٹ میں مرافعہ کرنیکی اجازت دیگئی ہے لیکن ہندوستان کی طرح انگلستان میں انتظامی یا سرسری حکم کی ناراضی سے ہائیکورٹ میں کسی قسم کے مرافعہ یا نگرانی کرنیکا کوئی حکم درج نہیں ہے ایسی صورت میں یہ ظاہر کرنیکے علاوہ کہ انتظامی حاکم کی تعریف انگلستان میں ایسے ہی نامناسب طریقہ سے کیگئی ہے جیسا کہ ہندوستان میں کیگئی ہے قانون انگلستان سے نگرانی خواہ کو مطلق مدد نہیں ملتی۔

پہلی نظر سے یہ ظاہر ہوتا ممکن ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے تمام افعال اس حیثیت سے ہائیکورٹ کی نگرانی کے تابع ہونے چاہئیں اور یہ کہ جب ایسے اختیار سماعت کو خارج کرنا مقصود ہو تو حاکم زیر بحث کی تعریف ان ریگولیشن صوبہ میرٹھ "کلکٹر" یا "ڈپٹی کمشنر" کے طور پر کیجائے گی لیکن یہ کوئی عام عملدرآمد نہیں ہے جیسا کہ قانون پولیس یا قانون اسلحہ قانون متعلق بھاگ جانے والے ملازمین کے اور اکثر دوسرے قوانین سے ظاہر ہوتا ہے اور قانون پولیس کی حالت کی وضاحت

افسر ملک چندر اکپتا بنام ملک معظم (۱) میں کی گئی ہے اس قانون کی رو سے بھی وہ احکام جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے باب ۲ کے تحت صادر کئے ہوں محض انتظامی احکام ہوتے ہیں اور جس عدالت میں اوس کی ناراضی سے درخواست نگرانی نہیں پیش کیجاسکتی ایسی حالت میں درخواست خارج کیجاتی ہے اور نگرانی خواہ کو یہ ہدایت دیجاتی ہے کہ اگر وہ اسکو پسند کرے تو ڈسٹرکٹ جج کے روبرو درخواست پیش کرکے اپنا چارہ کار حاصل کرے۔

درخواست خارج کیگئی

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ فوجداری

نمبر مقدمہ ۴۳۲ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۹ ستمبر ۱۹۲۲ء

باجلاس: مسٹر جسٹس براڈوے و مسٹر جسٹس مارٹینو

ملک معظم ۔ مرافع **بنام** پورن سنگھ ۔ مرافعہ علیہ

قانون آبکاری پنجاب ایکٹ ا بابتہ ۱۹۱۴ء دفعہ ۲۴ (۳) ۔ قواعد آبکاری جلد ا دفعہ ۴۰۷ ۔ دیسی شراب کا قبضہ اس عمارت سے باہر جسکے لئے لائسنس عطا کیا گیا ہو ۔ قابض لائسنس کا حق ۔

دفعہ ۴۰۷ جلد ۱ دستور العمل آبکاری احکام مندرجہ دفعہ ۲۴ (۳) قانون آبکاری کو منسوخ نہیں کرتی اور جسکی رو سے قابض لائسنس کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اس عمارت میں جسکے لئے لائسنس دیا گیا ہو جتنی چاہے دیسی شراب اپنے قبضہ میں رکھے لیکن وہ اوسکو اس امر کا مجاز نہیں قرار دیتی کہ وہ دوسرے مقام پر ایک سیر کی معمولی مقررہ مقدار سے زیادہ شراب اپنے قبضہ میں رکھے۔

گوکل چند بنام ملک معظم انڈین کیسز جلد ۶۹ صفحہ ۹۰۴ کا حوالہ دیا گیا

مرافعہ بنا راضی حکم مصدرہ سیشن جج جہلم مورخہ ۲۴ مئی ۱۹۲۲ء

منجانب مرافع ۔ مسٹر ڈی ۔ سی ریلی

منجانب مرافعہ علیہ ۔ مسٹر ایل ۔ این کپور

(۱) کلکتہ ویکلی نوٹس جلد ۱۰ صفحہ ۳۲۲

فیصلہ۔ ایک شخص پورن سنگھ ولد گنگا سنگھ جو دیسی شراب کا لائسنس یافتہ چلر فروش تھا ۹ ماہ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء کو ایک لکڑی کی صندوق کا جسمیں ۸ بوتل دیسی شراب تھی دھودیال ریلوے اسٹیشن پر قابض پایا گیا اوسکا مکان دھودیال میں ہے لیکن اوسکی لائسنس یافتہ شراب کی دوکان سید کسران میں ہے۔ اوسکے خلاف اوس جرم کی بابتہ تجویز ثبوت جرم صادر کیگئی ہے جو دفعہ ۶۱ قانون ابکاری کی رو سے قابل سزا ہے اور اوسکو ۵۰ جرمانہ کا یا بعدم ادائی جرمانہ ۶ ماہ کی قید کی سزا کا حکم دیا گیا۔

مرافعہ جو اس نے عدالت سشن میں کیا تھا کامیاب ثابت ہوا۔ ذیعلم سشن جج نے بظاہر مقدمہ کی روئداد پر اوسکی معین فیصلہ نہیں صادر کیا لیکن مرافعہ اس بنا پر منظور کر لیا کہ چونکہ پورن سنگھ دیسی شراب کا لائسنس یافتہ فروخت کنندہ ہے اسلئے وہ ہر مقام پر مقدار کی کسی قید کے بغیر دیسی شراب پر قبضہ رکھنے کا مستحق ہے۔ اونہوں نے یہ نتیجہ احکام مندرجہ دفعہ ۷۰۴ جلد (۱) قواعد ابکاری کے لحاظ سے اخذ کیا ہے۔

گورنمنٹ نے حکم برات کی ناراضی سے اس بنا پر مرافعہ کیا ہے کہ جو رائے ذیعلم سشن جج نے اوس قانون کے نسبت قائم کی ہے جو اس مقدمہ سے متعلق ہوتا ہے غلط ہے۔ ہماری رائے میں مرافعہ کامیاب رہنا چاہئے۔ دفعہ ۷۰۴ جلد (۱) قواعد ابکاری قانون ابکاری کے احکام کو منسوخ نہیں کر سکتی اور نہ منسوخ کرتی ہے اور ذیعلم سشن جج نے احکام مندرجہ دفعہ ۴۲ (۳) کو کلیتاً نظر انداز کیا ہے جو حسب ذیل ہے

"کوئی لائسنس یافتہ فروخت کنندہ اپنے قبضہ میں کسی مقام پر جو اس مقام کے علاوہ جسکی اوسکے لائسنس میں اجازت دی گئی ہو کسی نشی شے کی کوئی مقدار اوس مقدار سے زیادہ نہ رکھ سکیگا جو لوکل گورنمنٹ نے دفعہ ۵ کی رو سے چلر فروشی کا مقدار قرار دی بجز اسکے کہ کوئی اجازت نامہ حاصل کیا گیا ہو جو کلکٹر نے اوس خصوص میں عطا کیا ہو۔"

ملک معظم بنام پورن سنگھ (لاہور)

دیسی شراب کی صورت میں لوکل گورنمنٹ نے بذریعہ اعلان گورنمنٹ پنجاب نمبر ۱۴۱ الف مورخہ یکم فروری سنہ ۱۹۱۴ء یہ مقدار ایک سیر مقرر کی ہے اگر پورن سنگھ کی نسبت یہ قرار دیا جا سکتا ہو کہ اوسکے قبضہ میں ۸ بوتلوں کا صندوق تھا تو مسلمہ طور پر اس نے اس حد سے تجاوز کیا اور اس جرم کا مرتکب ہوا ہے جس کی تجویز ثبوت جرم اس کے خلاف صادر کی گئی تھی۔ ہم یہ امر ضبط تحریر میں لانا چاہتے ہیں کہ نظیر گوکل چند بنام ملک معظم (۱) اس مقدمہ سے متعلق تھی اور ذیعلم سشن جج کو اوس کی تقلید کرنی چاہئے تھی۔

دفعہ ۷۰۴ مذکورہ بالا کی رو سے قابض لائسنس کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ لائسنس یافتہ عمارت میں ہر مقدار کی دیسی شراب اپنے قبضہ میں رکھے لیکن اوسکو یہ اختیار نہیں ہوتا کہ وہ دوسرے مقام پر مقررہ مقدار سے زیادہ مقدار میں شراب قبضہ میں رکھے۔

ایسی حالت میں ہم مرافعہ منظور کرتے ہیں اور ذیعلم سشن جج کا حکم منسوخ کرتے ہوئے مرافعہ اون کے روبرو اس غرض سے واپس کرتے ہیں کہ بلحاظ روئداد فیصلہ کیا جائے۔

مرافعہ منظور کیا گیا

## ہائیکورٹ لاہور

### نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۴۴۰ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس: مسٹر جسٹس ہیریسن

مسماۃ ہمیری نگرانیچیہ بنام ملک معظم طرفثانی

قانون افیون ایکٹ بابتہ سنہ ۱۸۷۸ء دفعہ ۹۔ قواعد ابکاری پنجاب قاعدہ ۲۴۳ (د)۔ "شئے جو افیون سے تیار کیجائے اور شئے جسمیں افیون شامل ہو" کے معنی۔ اس شئے پر جس میں افیون ملی ہو کیا ہو

(۱) انڈین کیسز جلد ۹۳ صفحہ ۴۸۹

مسماۃ ہیری بنام ملک معظم (لاہور)

تیار کئے جانے کی حالت میں قبضہ۔ تیار وزن کا مقررہ حد سے تجاوز ہونا۔ جرم ـ

الفاظ وہ شے جو افیون سے تیار کیجائے جیسا کہ قاعدہ ۳۲ (د) دستورالعمل ایکسائز پنجاب میں مستعمل یا بنائی ہوئی شے کو ظاہر کرتا ہے نہ کہ اوس شے کو جو ہنوز اس ہو میعار پر ہے کہ آیا وہ نوبت آگئی ہے جس نوبت پر وہ استعمال کیجاسکتی ہے اوسی طرح الفاظ وہ شے جسمیں افیون شامل ہو کا تعلق بھی مکمل شے سے ہوتا ہے اور اوسکو صرف اوس شے سے متعلق کیا جاسکتا ہے جبکہ افیون کا ملانا ختم ہوگیا ہو لیکن اسکے قبل نہیں ـ

افیون کی تیاری کی درمیانی نوبتوں میں جرم کا ارتکاب صرف اوسی وقت ہوتا ہے اگر افیون کی تعداد جو ساخت میں استعمال کی گئی ہو مقدار مقررہ قانون سے زیادہ ہو ـ

مقدمہ مرسلہ سشن جج کرنال بذریعہ مراسلہ نمبر ۱۳۲۵ مورخہ ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

واقعات۔ مسماۃ ہیری کے خلاف دفعہ ۹ قانون افیون ایکٹ بابتہ سنہ ۱۸۷۸ء کے بموجب تجویز ثبوت جرم صادر کیگئی ہے اور اوسکو عسہ جرمانہ کی سزا کا حکم دیا گیا ہے۔ اوس کے قبضہ میں پانی میں حل کی ہوئی افیون کا عرق پایا گیا جسکا وزن ۵ تولے تھا اور مجسٹریٹ نے یہ قرار دیا ہے کہ ایک ایسی شے ہے جو افیون سے تیار ہوئی ہے۔ چونکہ وزن ۲ تولہ کی حد مقررہ سے متجاوز ہے اسلئے یہ فعل اونکی رائے میں اون قواعد کے منجملہ جو قانون کے تحت مرتب کئے گئے تھے قاعدہ ۳۲ (د) کی خلاف ورزی کی حد تک پہنچتا ہے ـ

نمبر ۱۰۷

واقعات کے متعلق بالکل اتفاق ہے مسماۃ ہیری افیون سے وہ شے تیار کررہی تھی جو مدک کہلاتی ہے جو اسطور پر بنائی جاتی ہے کہ افیون کی کچھ مقدار جو کہ بھوسہ کے ساتھ پانی میں رکھ دیجاتی ہے اور پانی کو بہا نچ کر اوڑا دیا جاتا ہے جب مدک سوکھ جاتی ہے تو وہ پی جاتی ہے پانی میں افیون کی جو مقدار کی [illegible] تھی وہ [illegible] کے بیان کے مطابق وہ استعمال تھی جو [illegible] جو مجسٹریٹ نے یہ بیان کیا ہے کہ [illegible] یہ مسئلہ ہے کہ افیون کی [illegible] کے قبضہ میں پائی گئی تھی وہ قانونی حد کے اندر تھی اور اسی طرح مدک بھی جب وہ تیار ہوگئی [illegible] تجویز [illegible] مجسٹریٹ یہ سمجھا ہے کہ عرق کا وزن [illegible] قانونی حد سے تجاوز کرتا ہے جو افیون سے تیار کیگئی تھی وجوہ ۔ قاعدہ کی عبارت حسب ذیل ہے ـ

۳۲ - ہر شخص بغیر کسی لائسنس کے کسی وقت اپنے قبضہ میں (د) ایسی اشیا جو افیون سے تیار ہوئی ہوں یا جسمیں افیون شامل ہو اور ان اشیا کے علاوہ ہوں جو پینے کے لئے استعمال ہوتی ہیں ہر مقدار میں رکھ سکتا ہے جسکا مجموعی وزن دو تولہ سے زیادہ نہو

لفظ پریپاریشن (تیاری) کے دو معنی ہوتے ہیں (۱) تیار کرنے یا بنانے کا عمل (۲) وہ شے بنائی ہوئی شے ہے آخری معنی میں یہ لفظ قاعدہ ۳۲ (د) میں استعمال کیا گیا ہے۔ وہ شے جو تیار کیگئی تھی اس مقدمہ میں مدک ہے اور وہ نوبت جب افیون کا عرق بھوسا اور پانی ماخوذ ہوا تھا بنائی ہوئی شے یعنی مکمل شے نہ تھی بلکہ وہ بنائے جانے کے دوران میں تھی جو اس وقت تک مکمل نہیں ہوئی تھی ـ

الفاظ وہ شے جسمیں وہ شامل ہو کوئی مدد نہیں دیتے کیونکہ جو شے دستیاب ہوئی تھی وہ عرق تھا۔ اگر پانی کا وزن خارج کیا جائے تو ملائی ہوئی شے کا وزن اچھی طرح قانونی حد کے اندر ہے ـ

اگر افیون کی کچھ مقدار پر قبضہ رکھنا جرم نہو تو یہ سمجھنا دشوار معلوم ہوتا ہے کہ وہی مقدار پانی میں حل کرنیکے بعد قبضہ میں رکھنا کیوں جرم ہونا چاہئے بلکہ پراسیکیوٹر نے مثلاً فقرہ ۱۲۹ قواعد ابکاری پنجاب کا حوالہ دیا تھا جسمیں یہ صورت ہے کہ یہ ممکن ہے کہ دو سیر پوست کے ڈوڈوں سے جو شاندہ نکلیگا وہ ۲ تولہ سے زیادہ ہوگا اسطور پر کوئی شخص پوست

ناجائز قبضہ کا مجرم ہوگا جو وقت برآمدگی [illegible] پائی گئی ہو جسکا ناجائز طریقہ سے قبضہ حاصل کیا گیا ہو لیکن پوست کو [illegible] اوسی وقت پی لیا جاتا ہے جب وہ بنائی جاتی ہے [illegible] اعلیٰ ماتحت [illegible]"

اس حد تک [illegible] کی [illegible] [illegible] ہے اور [illegible] جب [illegible] [illegible] قانونی حد سے صرف دو بیالی [illegible] تجاوز کیا ہے [illegible] استعمال [illegible] کیا جا سکتا ایسی [illegible] میں [illegible] مقدار [illegible] [illegible] جرمانہ [illegible] کیجائے اگر یہ [illegible] [illegible] [illegible]

کرتا ہوں کہ جرمانہ کی مقدار [illegible] [illegible] جانی چاہئے۔ مجسٹریٹ کی یہ رائے تھی کہ [illegible] [illegible] اصطلاح وہ شے جو افیون سے تیار کیگئی ہو یا وہ شے جسمیں وہ داخل ہو متعلق ہوگی۔

اگر اونکو شبہ ہوا ہو تو اونہیں ملزم کو شبہ کا فائدہ دینا چاہئے تھا۔ اونہوں نے بالکل صحیح طور پر بیان کیا تھا کہ مقدمہ محض اصطلاحی تھا اونکو زیادہ جرمانہ کی سزا عائد نہ کرنی چاہئے تھی۔

منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر دلیپ سنگھ۔

۳ فیصلہ۔ مسٹر دلیپ سنگھ نے مقدمہ کے دونوں پہلو میرے روبرو پیش کئے ہیں اور ان مختلف معنوں پر بحث کی ہے جو الفاظ "شے جو تیار کیگئی ہو اور شے جسمیں وہ شامل ہو" کے دئے جا سکتے ہیں۔

لفظ "تیاری" کی حد تک میں اوس رائے سے متفق ہوں جو ذیلی سیشن جج نے قائم کی ہے اور یہ قرار دیتا ہوں کہ یہاں وہ مکمل یا تیار کردہ شے ظاہر کرتی ہے اور وہ ایسی شے نہیں ظاہر کرتی جو تیار کیجا رہی ۴ ہو جسکا معیار یہ ہے کہ آیا وہ نوبت آگئی ہے جب اوسکو استعمال کیا جا سکتا ہے اسی طرح الفاظ "وہ شے جسمیں افیون شامل ہو" میری رائے میں صرف مکمل شے سے تعلق رکھتے ہیں اور اوسکو صرف اوسوقت متعلق کیا جا سکتا ہے جب ملانے کا فعل پورا ہو چکا ہو لیکن اوسکے قبل نہیں یہ غیر ضروری ہے کہ [illegible] جو افیون سے تیار ہوئی ہو اور شے جسمیں افیون شامل ہو کے مابین حقیقی فرق کی صراحت کیجائے فرق ضرور ہے کہ اشیاء جو ہر دو الفاظ سے موسوم کیگئی ہیں یعنی علی الترتیب تعریفوں کے فقرات میں صرف اوسوقت آتی ہیں جب اس صورت میں وہ تیار کیگئی یا شامل کیگئی ہوں دو بیالی نو تولہ میں [illegible] کا ارتکاب صرف اوسوقت ہو سکتا ہے اگر [illegible] کی تعداد جو ساخت میں استعمال کیگئی ہو مقدار مقررہ قانونی سے زیادہ ہو ایسی حالت میں میں درخواست نگرانی منظور اور مسماۃ [illegible] کو بری کرتا ہوں۔ رقم جرمانہ واپس کردی جائے گی۔

نگرانی منظور کی گئی

# ہائیکورٹ لاہور

## نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۶۵۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۹ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس جسٹس براڈوے

چینی لال۔ نگرانی خواہ **بنام** ایشرداس۔ طرف ثانی

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۸۹۸ء دفعات ۵۲۳، ۵۲۳۔ تحقیقات زیر دفعہ ۵۲۳ کی نوعیت۔ نگرانی۔

دفعہ ۵۲۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے تحت کسی حکم کے صادر کرنے کی غرض کے لئے مجسٹریٹ پر یہ امر لازمی نہیں ہو تاکہ وہ حلف پر عدالتی تحقیقات کا آغاز کرے خود دفعہ میں مجسٹریٹ کی جانب تحقیقات کا تاکیدی حکم نہیں ہے۔ مجسٹریٹ کو ایسے مواد پر جو اوس کے روبرو پیش ہوا ہے اپنے آپکو یہ اطمینان دلانا چاہئے کہ متعلقہ جائداد کے قبضہ کا کون شخص مستحق ہے اور وہ محض پولیس کی رپورٹ اور کاغذات پر حکم صادر کر سکتا ہے۔

بمعاملہ رتن لال رنگی لال انڈین لا رپورٹس بمبئی جلد ۱ صفحہ ۸۰، ۸۸، اسی بنام ملک معظم انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۳۳۴۔

چنی لال
بنام
ایشرداس

حسین شاہ بنام مشک شاہ انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۲۰۹
قیصرہ ہند بنام ترنبہون ۔ انڈین لاء رپورٹ بمبئی جلد ۹ صفحہ ۱۳۱ اور
ماتہن تو بنام ماتھی ہنٹ ۔ انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۱۸ کا حوالہ دیا گیا
بائیکورٹ کو جب کوئی مناسب مقدمہ ثابت کیا گیا ہو اون
احکام پر نگرانی کرنیکا اختیار ہوتا ہے جو دفعہ ۵۲۳ مجموعہ ضابطہ
فوجداری کی رو سے صادر کئے گئے ہوں ۔
ماتہن تو بنام ماتھی ہنٹ انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۱۸ کی تقلید کی گئی
مقدمہ مرسلہ سشن جج جہلم بذریعہ مراسلہ نمبر ۲۳۲ مورخہ ۲۴ ماہ اپریل ۱۹۲۲ء

**واقعات** ۔ ۲۷ ماہ جولائی ۱۹۲۱ء کو چنی لال نے جو ساکن موضع پنڈ دادن خان
نے پولیس میں یہ اطلاع دی کہ اوسکو لالہ ایشرداس کمشنر مجلس صفائی اور
اونکے پانچ ملازمین نے زدوکوب کی اور اسے لوٹ لئے گئے ۔ پولیس نے
مقدمہ کی تفتیش کی اور یہ قرار دیا کہ وہ جھوٹا تھا اور یہ کہ یہ رپورٹ اس غرض سے
کیگئی تھی کہ لالہ ایشرداس کو اوس سونے سے محروم کیا جائے جو اوس نے زیورات بنانے کیلئے
موخرالذکر کے تفویض کیا تھا ۔ سب ڈویژنل مجسٹریٹ نے اس مقدمہ کو جھوٹا قرار دیکر
۱۴ اکتوبر ۱۹۲۱ء کو خارج کر دیا اور اوسی تاریخ کے ایک علیحدہ حکم کی رو سے ایشرداس
کو دفعہ ۵۲۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے بموجب کچھ سونا اور زیورات دلائے
اور انکو یہ ہدایت دی کہ کم از کم چھہ ماہ کی مدت تک زیورات کی شکل نہ تبدیل
کیجائے کیونکہ ممکن ہے کہ چنی لال دیوانی دعویٰ رجوع کرے ۔
سونا اور زیورات اوس مقدمہ کی تفتیش کے وقت چنی لال کے قبضہ سے
دستیاب ہوئے تھے جو اوس نے ایشرداس وغیرہ کے خلاف رجوع کیا تھا ۔
چنی لال کے خلاف دفعہ ۱۸۲ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے غلط اطلاع
دینے کے متعلق استغاثہ کیا گیا اور مقدمہ کی نسبت یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ ابتک متدائر ہے
۲ نومبر ۱۹۲۱ء کو چنی لال نے ایشرداس اور ایک دوسرے شخص کے
خلاف دفعہ ۳۲۳ ۔ دفعہ ۳۹۵ کے بموجب استغاثہ دائر کیا ۔ ابتدائی تحقیقات
کے بعد یہ استغاثہ ۳ فروری ۱۹۲۲ء کو خارج کیا گیا تھا اور چنی لال کی

درخواست نگرانی کو میں نے مقدمہ نمبر ۹۱ بابتہ ۱۹۲۲ء میں خارج کیا تھا
جسکا فیصلہ ۲۰ مارچ ۱۹۲۲ء کو صادر ہوا تھا ۔

**وجوہ** ۔ چنی لال نے اوس حکم کی ناراضی سے جو سب ڈویژنل
مجسٹریٹ نے دفعہ ۵۲۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے تحت ۱۴ اکتوبر
۱۹۲۱ء کو صادر کیا تھا ایک درخواست نگرانی اس بنا پر پیش کی ہے
کہ سونا اور زیورات ایشرداس کے حوالہ نہ کئے جانے چاہئے تھے
اس لئے کہ وہ جزوًا اوس کی اور جزوًا اوس کے ایک گاہک
کی ملک تھے ۔
میں نے ایشرداس کے نام دو مرتبہ نوٹس جاری کیا اور اوسکو
یہ حکم دیا کہ وہ سونا اور زیورات میرے معاینہ کے لئے پیش کرے
نوٹسوں کی تعمیل نہیں ہوئی ہے اور چنی لال نے یہ بیان کیا ہے کہ ایشرداس
جو ذی اثر شخص ہے تعمیل سے گریز کر رہا ہے ۔
یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ دفعہ ۴۲۰ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے تحت ہائیکورٹ
میں کسی مقدمہ کے متعلق تحریک کرنیکے قبل نوٹس قانونًا ضروری ہوتا ہے ۔ یہ
واضح ہے کہ حکم زیر دفعہ ۵۲۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کسی لزادہ تحقیقات کے بغیر صادر
کیا گیا تھا کیونکہ مجسٹریٹ نے صرف اوس مواد پر عمل کیا تھا جو پولیس کی کارروائی
میں مندرج تھا یہ عدالت حکم زیر دفعہ ۵۲۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری میں دست اندازی
نہیں کر سکتی اور نہ وہ اوس سونے اور زیورات کو دلا سکتی ہے جو ایشرداس
کے حوالہ کئے گئے تھے ۔ میری رائے میں حکم زیر نگرانی ناکافی وجوہ پر صادر
کیا گیا تھا اور وہ منسوخ کیا جانا چاہئے ۔ اور سونا اور زیورات
چنی لال کے حوالہ کئے جانے چاہئیں جسکے قبضہ سے وہ حاصل کئے گئے تھے اور لالہ
ایشرداس کو اگر وہ چاہیں تو اونکی بازیافت کیلئے دیوانی دعویٰ کرنا
چاہئے علی سبیل البدل طریقہ یہ ہوگا کہ مجسٹریٹ کو یہ ہدایت دیجائے کہ
وہ مقدمہ کی مزید تحقیقات کریں اور دفعہ ۵۲۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی
رو سے یا اور طور پر عمل کریں جو تحقیقات کے نتیجہ کے طور پر جائز معلوم ہو

چنی لال بنام الیشر داس [illegible] لاہور

جس میں مقدمہ کے کاغذات دفعہ ۴۳۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے ہائیکورٹ میں اس سفارش کے ساتھ پیش کئے جاتے ہیں کہ [illegible] بالا کارروائی کیجائے ۔

---

[illegible] نگرانی خواہ مسٹر ارجن داس [illegible] مسٹر نند لال [illegible] جولائی ۱۹۲۱ء کو چنی لال [illegible] ساکن پنڈ دادن خان [illegible] نے پولیس میں اطلاع دی کہ لالہ [illegible] مجلس [illegible] اور ان کے بعض ملازمین نے اوسکو مارا پیٹا [illegible] روپیہ لوٹ لیا تھا تفتیش کرنے پر پولیس نے یہ نتیجہ نکالا کہ الزام جو لگایا گیا تھا جھوٹا تھا اور یہ کہ وہ اس غرض سے لگایا گیا تھا کہ الیشر داس کو [illegible] محروم کیا جائے [illegible] کو زیورات بنانے کیلئے [illegible] پولیس نے کی تھی الیشر داس نے بیان پیش کیا [illegible] انہوں نے بعض زیورات کی تعریف [illegible] کہ پولیس کو مذکورہ بالا زیورات [illegible] لئے یکم اکتوبر ۱۹۲۱ء کو چنی لال نے [illegible] استدعا کی کہ مذکورہ بالا زیورات [illegible] تاکہ اون میں سے بعض اوسکے [illegible] تشدد کر رہے تھے اور یہ کہ [illegible] کو الیشر داس نے اون [illegible] پیش کی جس میں یہ بیان کیا [illegible] اوس کی تھیں اور وہ چنی لال کے تفویض کی گئی تھیں اور [illegible] چنی لال نے اوس کے خلاف حملہ اور [illegible] کا جھوٹا الزام لگایا تھا ۲۱ اکتوبر ۱۹۲۱ء کو اوس نے رپورٹ [illegible] مجسٹریٹ کو کی تھی جس میں واقعات بیان کئے تھے اور اپنی یہ رائے ظاہر کی تھی کہ مقدمہ جو چنی لال نے پیش کیا

تھا جھوٹا تھا اور مال کے متعلق احکام کی استدعا کی تھی مجسٹریٹ نے دفعہ ۵۲۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے بموجب بظاہر عمل کرتے ہوئے ایک حکم قلم بند کیا جس میں یہ ہدایت دی کہ مال الیشر داس کے حوالہ کیا جانا چاہئے کیونکہ مجسٹریٹ کی رائے میں زیورات اوس شخص کے تھے چنی لال کو یہ آزادی تھی کہ وہ عدالت دیوانی میں ایسی کارروائی کرے جو اوس نے ضروری خیال کی ہو۔ ۳ نومبر ۱۹۲۱ء کو چنی لال نے الیشر داس وغیرہ کے خلاف دفعات ۲۹۵ و ۳۲۳ کے بموجب استغاثہ دائر کیا جو استغاثہ خارج کیا گیا تھا اور اوس کی درخواست نگرانی بھی اسی طرح سے بیکار ثابت ہوئی۔ اس کے بعد وہ سشن جج کے روبرو رجوع ہوا اور حکم زیر دفعہ ۵۲۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری مورخہ ۱۲ اکتوبر ۱۹۲۱ء کی صحت پر اعتراض کیا سشن جج نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ حکم جس کی نسبت شکایت کیگئی تھی ناجائز تھا اور وہ باقاعدہ تحقیقات کے بغیر صادر کیا گیا تھا جسکے [illegible] انہوں نے اس معاملہ کی نسبت اس عدالت میں دفعہ ۴۳۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے بموجب اطلاع دی ہے

میرے روبرو چنی لال کی جانب سے مسٹر ارجن داس نے دلائل سشن جج کی سفارش کی تائید کی ہے جبکہ مسٹر نند لال نے مجسٹریٹ کے حکم کی تائید کرنے کی کوشش کی ہے اولاً یہ بحث کی گئی تھی کہ حکم زیر دفعہ ۵۲۳ صرف مناسب تحقیقات کے بعد ہی صادر کیا جا سکتا تھا لیکن چونکہ مقدمہ میں پولیس کی رپورٹ اور کاغذات پر حکم صادر کیا گیا تو [illegible] معاملہ رتن لال بنام گل داس (۱) تائید میں پیش کی گئی تھی جس نظیر سے اس مقدمہ میں اختلاف کیا گیا تھا جو بطور [illegible] بنام [illegible] نظیر (۲) کے طبع کیا گیا ہے۔ خود دفعہ میں مجسٹریٹ کی جانب سے کسی تحقیقات کے عمل میں آنے کی ضرورت نہیں بتلائی گئی ہے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مجسٹریٹ کو ایسے مواد پر جو اوس کے روبرو ہو اس امر کا اطمینان کرنا چاہئے کہ کون شخص متعلقہ مال پر قبضہ کا [illegible] مستحق ہے۔ [illegible]

(۱) انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد [illegible] صفحہ [illegible] (۲) [illegible] کلکتہ جلد [illegible] صفحہ [illegible]

حسین شاہ بنام شاکر شاہ (۳) اور ملکہ معظمہ بنام ترہمد [illegible] میں یہ بظاہر قرار دیا گیا ہے کہ پولیس کی کاغذات پر کارروائی کرنے میں مجسٹریٹ کا عمل جائز ہوگا جبکہ ماہتن لو بنام ماتحی بنٹ (۵) میں جسٹس نیلیچ نے یہ قرار دیا ہے کہ مجسٹریٹ پر لازم تھا کہ وہ حلف پر عدالتی تحقیقات کرتا ایسی حالت میں نظیر کا وزن اوس دلیل کے خلاف معلوم ہوتا ہے جو مسٹر ریس داس نے پیش کی تھی کہ مجسٹریٹ کا حکم غلط تھا اس لئے کہ وہ کسی تحقیقات کی بناء پر نہیں جو عمل میں لایا گیا تھا بلکہ محض پولیس کے کاغذات کی بناء پر صادر کیا گیا تھا۔

دوسرا سوال یہ ہی کہ آیا اس عدالت کو بصیغہ نگرانی حکم میں دست اندازی کرنیکا اختیار حاصل ہی جبکہ مسٹر نند لال نے یہ بحث کی ہی کہ ایسا کوئی اختیار موجود تھا لیکن نظیر جس کا حوالہ دیا جا چکا ہے یعنی ماہتن لو بنام نمی بنٹ (۵) اور جس کا حوالہ مسٹر نند لال نے دیا تھا اس بحث کے خلاف ہی اور مجھی کچھ شبہ نہیں ہی کہ ہائیکورٹ کو یہ اختیار رہتا ہے کہ اون احکام کا معائنہ کرے جو دفعہ ۵۲۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے صادر کئے گئے تھے۔

خود مقدمہ پر غور کیا جائے تو یہ ظاہر ہوتا ہی کہ پولیس کو مال زیر بحث ایک جرم کی تفتیش کے دوران میں دستیاب ہوا تھا جس کا کوئی تعلق اوس مال سے نہ تھا چینی لال زرگر ہے اور مسلمہ طور پر الشیرداس اوس کے ساتھ معاملت کیا کرتا تھا اس طور پر کوئی غیر معمولی بات نہ ہوگی اگر الشیرداس اون زیورات کی حفاظت بنانے کے قابل ہوتا جو چینی لال کی دوکان میں دستیاب ہو سکتے تھے جیسا کہ مسٹر نند لال نے زور دیا تھا۔ پولیس نے مال کو دفعہ ۵۱ یا دفعہ ۵۰ (۴) کے بموجب اپنے قبضہ میں نہیں کیا تھا پولیس نے اس شبہ سے مال کو اپنے قبضہ میں نہیں لیا تھا کہ وہ مال مسروقہ تھا اور نہ یہ صورت

اوس نوبت پر چینی لال یا دیگر متعلق کسی جرم کے مرتکب ہونے کا الزام لگایا گیا تھا جس امر پر زور دیا گیا تھا وہ صرف یہ تھا کہ اوسکا منشا یہ تھا کہ وہ کسی تاریخ آئندہ پر ان اشیاء کا تصرف بیجا کرتا اور یہ کہ اون نے الشیرداس پر فوجداری جرم کا ہونا الزام اس وجہ سے لگایا تھا۔ کہ اوس جرم کے ارتکاب میں سہولت ہو جس کا اوس نے خیال کیا تھا

ان حالات میں میری یہ رائے ہی کہ فاضل سشن جج کی یہ رائے درست تھی کہ اوس مواد کی بناء پر بھی جو مجسٹریٹ کے روبرو تھا جائیداد الشیرداس کے حوالہ کیجانی چاہیے تھی محض اس واقعہ سے کہ چینی لال الشیرداس کو ایک کنگن کا مالک تسلیم کیا تھا لازمی طور پر یہ معنی نہیں نکلتے تھے کہ الشیرداس اوس پر قبضہ پانیکا مستحق تھا کیونکہ یہ تسلیم کیا گیا ہی کہ الشیرداس نے یہ بھیجا چینی لال کو بعض معین اغراض کے لئے حوالہ کیا تھا اور یہ امر غیر ممکن نہیں ہی کہ چینی لال الشیرداس کی کسی شے پر اپنا قبضہ اوس وقت تک رکھنے کا دعوی کر سکتا تھا کہ اوس کو اوس کام کی اجرت ادا کی گئی تھی جو اوس نے اون کے لئے انجام دیا تھا لیکن چونکہ چینی لال نے معین طور پر مجسٹریٹ کے روبرو اس امر سے اقبال کیا تھا کہ ایک کنگن الشیرداس کی جائیداد تھی اس لئے اوس حد تک میں مجسٹریٹ کا حکم بحال رکھتا ہوں لیکن یہ ہدایت دیتا ہوں کہ باقیماندہ زیورات اور سونا فی الفور چینی لال کو واپس کر دیا جاوے اس حکم کے صادر کرنے میں میں نے مسٹر نند لال کی اس بحث کو نظر انداز نہیں کیا ہی کہ چینی لال کو یہ حق ہی کہ وہ اس جائیداد کی نسبت اپنا حق ثابت کرنے کے لئے عدالت دیوانی میں رجوع ہو لیکن میں کوئی وجہ نہیں پاتا کہ اوسکو اس حالت میں رکھ دوں کہ اوس کو اپنی حقیقت ثابت کرنی پڑے جو ایک ایسا معاملہ ہی جس سے ان کارروائیات کا تعلق نہیں ہے۔

نگرانی منظور کی گئی۔

(۳) انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۲، ۹۱۹ء، انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۹ صفحہ ۱۳۱-۱۲۶
(۵) انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۸۱-

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۴۴۹ بابت ۱۹۲۱ء منفصلہ ۵ جولائی ۱۹۲۱ء

باجلاس مسٹر جسٹس ...

سانچی خاں مدعی مرافع بنام کرم چند وغیرہ مدعا علیہما

قانون میعاد سماعت ایکٹ ۹ بابت ۱۹۰۸ء ضمیمہ اول مد ۱۴۲ - قانون تعبیر واطلاق قوانین ایکٹ ۹ بابت ۱۸۹۷ء دفعہ ۳ (۲۵) - مکان استادہ کا ملبہ اور اسکا انتقال - نالش قبضہ - میعاد سماعت - مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابت ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۱ - اخراج نالش بوجہ عروض تمادی - امر فیصل شدہ - قانون دیوالیہ صوبجاتی ایکٹ ۵ بابت ۱۹۲۰ء دفعہ ۶۸ - درخواست بخلاف رسیور اور اسکا اخراج - نمبری نالش کا قابل پذیرائی ہونا -

مکان استادہ کے ملبہ کا انتقال جائداد غیر منقولہ کا انتقال ہے اور ملبہ مذکور کے قبضہ کی نالش مد ۱۴۲ ضمیمہ اول قانون میعاد سماعت کے تابع ہے -

کسی فیصلہ کا کسی مقدمہ مابعد میں بطور امر فیصل شدہ موثر ہونے کے لئے لازمی طور پر اس کا لحاظ روئداد پر ہونا چاہئے -

کسی مقدمہ کا اخراج محض اسوجہ سے کہ تمادی عارض ہے بلالحاظ روئداد بطور امر فیصل شدہ موثر نہوگا -

ایک شخص جو ایسی جائداد کے حقوق کا دعویدار ہے جسپر سرکاری رسیور بطور مالک دیوالیہ کے قابض ہے اور جسکا دعوی عدالت دیوالیہ میں نامنظور ہوگیا ہے - اپنے استقرار حق کے لئے نمبری نالش رجوع کرسکتا ہے

دونی چند - بنام محمد حسین ایڈیٹر کیسز جلد ۲ صفحہ ۲۳ کی تقلید کی گئی -

... اپیل ... برخلاف ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ جج اٹک مورخہ ۱۴ جون ۱۹۲۱ء

منجانب مرافع - مسٹر ایم - ایس بھگت -

منجانب مرافع علیہم - مسٹر ... داس -

**فیصلہ** - مدعی نے ایک مکان کے قبضہ کی نالش کی بنا پر وجوہ ذیل ... ہے جو کہ امر داس باشندہ ساقط الملکیت ساکن ... واقعہ ضلع اٹک کا تھا اور کہ وہ دیوالیہ قرار دیا جاچکا تھا اور رسیور نے ۲۳ دسمبر ۱۹۱۱ء کو ملبہ فروخت کردیا تھا - کشن داس نے ملبہ مذکور خرید کر بتاریخ ۵ - دسمبر ۱۹۱۱ء مدعی کے حق میں بیع کردیا - دعوے کا کشن داس نے نہیں بلکہ ... نے مقابلہ کیا منصف نے نالش بدین تجویز خارج کردی -

(۱) یہ کہ کشن داس حقیقی مشتری مدعی نہ تھا بلکہ ایک شخص مسمی رام سرن تھا -

(۲) یہ کہ نالش تحت مد ۱۲۰ ضمیمہ اول قانون میعاد سماعت خارج المیعاد تھی کیونکہ جائداد متدعویہ جائداد غیر منقولہ نہ تھی -

(۳) ... نالش ... مجموعہ ضابطہ دیوانی بھی ناقابل سماعت تھی کیونکہ درخواست مدعی واسطے دلاپانے قبضہ مکان بتاریخ ... جولائی ۱۹۱۴ء بوجہ عروض تمادی عدالت دیوالیہ سے خارج ہوچکی تھی -

(۴) یہ کہ مدعی ایک مرتبہ عدالت دیوالیہ میں چارہ کار اختیار کرکے اور عدالت مذکور سے بصورت ناکامیاب ہونیکے قبضہ کی بابت نالش رجوع کرنے کا مستحق نہیں ہے -

بر طبق مرافعہ مسٹر کٹ جج نے تجویز کی کہ کشن داس ہی مکان کا مشتری مدعی تھا نہ کہ رام سرن - لیکن انہوں نے منصف کی رائے سے اتفاق کیا کہ نالش خارج المیعاد تھی نیز بموجب قاعدہ امر فیصل شدہ ممنوع السماعت ہے چنانچہ انہوں نے مرافعہ خارج کردیا - مدعی نے

سانجھی خان بنام کرم چند (لاہور)

عدالت ہذا میں مرافعہ ثانی پیش کیا ہے۔

عدالت ہائے ماتحت کی اس رائے سے میں اتفاق نہیں کرسکتا کہ جائداد مبیعہ جائداد منقولہ ہے۔ عدالت مرافعہ نے مقدمہ محمد اسمعیل بنام شمس الدین (۱) کا حوالہ دیا ہے جس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ چند درختوں کی پیداوار لینے کے عارضی حقوق آسامی تا رضی مالک غیر منقولہ تھے۔ لیکن اس مقدمہ میں مجھے کوئی مشابہت نظر نہیں آتی کیونکہ مالک ساقط الملکیت اپنے مکان کے ملبہ کا مالک ہوتا ہے۔ اور اسکے حقوق ایسے عارضی نہیں ہوتے جیسے کہ وہ حقوق جو ایک آسامی اپنے پٹہ کی اراضی کے درختوں پر رکھتا ہے۔

مرافعہ علیہ کی دلیل یہ ہے کہ مکان کا ملبہ اینٹ پتھر لکڑی وغیرہ ہے جس سے مکان تعمیر کیا جاتا ہے اور یہ سب اشیاء منقولہ ہیں۔ لیکن معاملہ پر تجویز کرنے کا یہ صحیح طریقہ نہیں ہے۔ جائداد کا تصور اسکے اجزائے ترکیبی کی منقسمہ حالت کے لحاظ سے نہیں کرنا چاہئے بلکہ فی نفسہ اسکی موجودہ حالت قابل غور ہے۔ شے مبیعہ عمارت تھی نہ کہ ملبہ کا ڈھیر ملبہ زمین سے ملصق ہے اور اسلئے جو زمین سے ملصق ہوں وہ حسب منشا قانون تعبیر و اطلاق و قوانین جائداد غیر منقولہ کی تعریف میں داخل ہیں۔ لہذا میں قرار دیتا ہوں کہ جائداد مبیعہ بحق مدعی جائداد غیر منقولہ تھی۔ نیز میعاد سماعت ۱۲ سال ہے اور نالش بین المیعاد ہے۔

عدالت ہائے ماتحت یہ خیال کرنے میں صریحاً غلطی پر ہیں کہ حکم صادرہ ڈسٹرکٹ جج مورخہ ۹ جولائی ۱۹۱۹ء متراخرلیح درخواست متعلق واسطے دلا پانے قبضہ مکان کے بطور امر فیصل شدہ موثر ہے کیونکہ درخواست محض اس وجہ سے خارج کی گئی ہے کہ تمادی عارض ہے اور لہذا روئداد مقدمہ جس پر غور نہیں کیا گیا۔

دوسرا سوال صرف یہ ہے کہ آیا مدعی عدالت دیوالیہ میں چارہ کار اختیار کرکے اور وہاں ناکامیاب ہوکر مستوجب اسکا ہے کہ قبضہ کی بابتہ نالش دائر کرے۔ عدالت ہائے ماتحت نے ہائیکورٹ الہ آباد کی چند نظائر پر اعتماد کیا ہے جو مدعی کی مخالف ہیں۔ لیکن معاملہ جہانتک کہ عدالت ہذا کا تعلق ہے مقدمہ دھنی چند بنام محمد حسین (۲) کے فیصلہ سے طے ہوگیا ہے جس میں یہ قرار دیا گیا تھا۔ کہ کوئی شخص جو ایسے حقوق کا دعویدار ہو جیسے سرکاری ریسور بطور دیوالیہ کی ملک کے قابض ہے اور جسکا دعوی بعدالت دیوالیہ نامنظور ہوگیا ہو اپنے حقوق کے ثبوت کے لئے نمبری نالش رجوع کرسکتا ہے۔

جسکے میں مرافعہ منظور عدالت ہائے ماتحت کی ڈگریات منسوخ کرتا ہوں۔ مدعی کو قبضہ جائداد متنازعہ کی ڈگری دیتا ہوں مدعی کے جملہ اخراجات مرافعہ علیہم ادا کرینگے۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ کلکتہ

### نگرانی - دیوانی

نمبر متفرقات ۲۰۲ و ۹۱ بابتہ ۱۹۲۰ء - منفصلہ ۹ مارچ ۱۹۲۰ء

باجلاس آنریبل سر سینڈرسن نائٹ چیف جسٹس اور مسٹر جسٹس والمسلے

امجد علی سائل بنام سوکشن بجن پال وغیرہ فریق مخالف

عدم آمد - وکالت - وکلا کی بحث کے نوٹ - عدالت اور اس کا فرض -

جب کسی مقدمہ کے متعلق کسی جج کے روبرو کامل طور سے بحث ہوچکی ہو - تو وکلا کے لئے لازم نہیں کہ اپنے تحت کے نوٹ مرتب کرکے پیش کریں جج کا فرض خصوصاً

(۱) انڈین کیسز جلد ۵۰ صفحہ ۳۲۱ -

(۲) انڈین کیسز جلد ۴۰ صفحہ ۲۴۰

امجد علی بنام سوریش کمپنی لمیٹڈ کلکتہ

صفحہ ۶۰۷

ہے کہ جب عدالت میں بحث کی جائی تو ایسے نوٹ کے جو اسکی دانست میں مناسب ہوں۔ اور اگر وہ خیال کرتا ہے کہ بحث پیش کردہ کسی جزو کو اس نے پوری طرح سے نہ سمجھا ہو تو یہ اسکی مرضی پر منحصر ہے کہ اپنے روبرو فریقین کو طلب کرے تاکہ کوئی مزید بحث بر سر اجلاس فریق ثانی کے مواجہہ میں پیش کی جا سکے۔ بشرط ضرورت جیسی کہ بعض مستثنی مقدمات میں ضرورت ہوتی ہے جج کیلئے ضروری ہو کہ وکیل کی بحث کے نوٹ طلب نے یا کاغذ تو ایک فریق کے وکیل کی جانب سے ایسے نوٹ جج کے روبرو پیش نہ ہونے چاہئیں قبل اس کے کہ وہ فریق ثانی کے وکیل کے پاس نہ پیش کئے گئے ہوں۔ اگر کسی صورت میں وکیل عدالت کے روبرو اپنی بحث یا کسی مزید بحث کے نوٹ پیش کرنا چاہے جنکو وہ خیال کرتا ہے کہ اپنے موکلان کے مفاد کے لئے عدالت کے روبرو پیش کرنا ضروری ہے تو اس پر لازم ہے کہ وہ نوٹ طرف ثانی کے وکیل کے پاس پیش کرے۔ تاکہ موخر الذکر کو اسکے متعلق رائے زنی یا نکتہ چینی کا موقع مل سکے لیکن کسی صورت میں بھی بحث جس کی منسوخی فیصلہ پر ہے پیش نہیں کی جا سکتی۔

نگرانی دیوانی بنا راضی احکام مصدرہ ڈسٹرکٹ جج سلہٹ تحت دفعات ۱۹۵ و ۴۷۶ مجموعہ ضابطہ فوجداری)۔

منجانب سائل بہ حکم اظہار وجہ نمبر ا مسٹرز۔ ایم۔ این کرجی و پی۔ سی چٹرجی۔ مسٹر ا۔ کے فضل الحق و اے۔ ایس۔ ایم اکرم۔

منجانب فریق مخالف بابو ہمندرا کمار داس۔

منجانب سائل بہ حکم اظہار وجہ نمبر ۲۔ بابو دسرتھی سنیال۔ ایم۔ این کرجی و پی سی چٹرجی مسٹر اے کے فضل الحق۔

امداد اے۔ ایس۔ ایم اکرم

منجانب سرکار۔ مسٹراو۔

منجانب سائل بحکم اظہار وجہ نمبر ۱۹ بابو ایم این کرجی اور بنوئیندرناتھ پالت

منجانب فریق مخالف۔ بابو توبیہ چرن بوس اور ہمندرا کمار داس

چیف جسٹس سینڈرسن۔ علاوہ دیگر تین احکام اظہار وجہ میں جنکو مسٹر امجد علی نے حاصل کیا ہے۔ جو ایک وکیل ہے اور ڈسٹرکٹ کورٹ سلہٹ میں نیز دیگر عدالت ہائے ماتحت میں سنہ ۱۹۰۱ء سے وکالت کر رہا ہے۔ حکم اظہار وجہ جسکے متعلق میں اول بحث کرنا چاہتا ہوں وہ نمبر ۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء ہے وہ حکم اظہار وجہ اس غرض سے عطا کیا گیا تھا کہ اس امر کی وجہ بتلائی جاسکے کہ کیوں حکم مورخہ ۱۷۔ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء مصدرہ ڈسٹرکٹ جج منسوخ نہ کیا جائے جس کے ذریعہ سے یہ ہدایت دی گئی تھی کہ مسٹر امجد علی پر زیر دفعہ ۱۹۳ مجموعہ تعزیرات ہند استغاثہ کیا جائے حکم استغاثہ اس طور پر صادر ہوا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ایک مرافعہ منجانب ایک شخص مسمی کیلاش چندر چودھری جسپر کسی جرم کا الزام لگایا گیا تھا اڈیشنل سشن جج کے روبرو پیش تھا مسٹر سوشیل رنجن پال ایک لائق وکیل منجانب مرافع اور مسٹر امجد علی منجانب سرکار حاضر عدالت تھے مرافعہ کی سماعت کی گئی اور بحث ختم ہوئی اور جیسا کہ واقعات سے میں سمجھتا ہوں کہ ان دو لائق وکلا نے فاضل اڈیشنل سشن جج سے اپنے بحث کے نوٹ پیش کرنے کی اجازت چاہی۔ یہ امر اہم نہیں کہ واقعہ کیونکر ہوا لیکن یہ بھی طے ہوا کہ یہ دونوں لائق وکلا اپنے بحث کے نوٹ فاضل اڈیشنل سشن جج کے روبرو پیش کریں۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ مسٹر امجد علی نے اپنے نام نہاد نوٹ فاضل اڈیشنل سشن جج کے روبرو بغیر فریق ثانی کے لائق وکیل کو بتلائے پیش کر دیئے

امجد علی بنام سولیشن بجن پال (کلکتہ)

اس کے بعد مسٹر سولیشن بجن پال نے اپنی بحث کے نوٹ ذیعلم سشن جج کے لئے مرتب کرنا شروع کئے بظاہر اسنے بار لائبریری میں کرو بیٹھ علانیہ [illegible] کیا ذیعلم ڈسٹرکٹ جج اس نتیجہ پر پہونچے ہیں کہ وہ نوٹ مرتب کئے گئے تھے لیکن فی الحقیقت پیش نہیں ہوئے مجھ کو ہدایت ہے [illegible] پیش کرنیکی نیت سے مرتب کئے گئے تھے میں خیال نہیں کرتا کہ کوئی شخص [illegible] انکار کریگا کہ مسٹر سولیشن بجن پال کے نوٹ حقیقت میں نوٹ تھے وہ بشکل فیصلہ تھے جو بہ ثبت دستخط قابل اڈیشنل سشن جج بنا ہو جاتا القصہ واقعات کی تفصیل میں نہ جاکر مسٹر امجد علی ذیعلم ڈسٹرکٹ جج کے پاس گیا اور اطلاع کی کہ مسٹر سولیشن بجن پال نے چاہا یا اقدام کیا تھا کہ مسودہ فیصلہ کی نوعیت کی کوئی تحریر ذیعلم اڈیشنل سشن جج کے پاس پیش کرے [illegible] امجد علی [illegible] اطلاع کی اور ایسا کرنے سے باز رکھا [illegible] ڈسٹرکٹ جج نے کچھ تحقیقات کرنے کے بعد مسٹر سولیشن چندر پال کے خلاف بروئے قانون استغاثہ قانون پیشہ کارروائی کرنیکی ہدایت کی انہوں نے تحقیقات شروع کی اور اس نتیجہ پر پہونچے کہ سولیشن بجن پال کو پیشہ کی بداعمالی کے الزام سے بری کر دیا جائے جو کہ ان کارروائیوں کی بنیاد تھی۔ تب اس نے وہ حکم جس کا پہلے حوالہ دیا ہے صادر کیا۔ یعنی حکم مورخہ ۱۰ دسمبر ۱۹۱۹ء کہ مسٹر امجد علی پر استغاثہ زیر دفعہ ۱۹۳ تعزیرات ہند بابتہ چند بیانات کے دائر کیا جائے جو مسٹر امجد علی نے بیہ دوران تحقیقات تحت قانون اشخاص قانون پیشہ بخلاف مسٹر سولیشن چندر پال کئے تھے [illegible] سنکر انکو غیر صحیح سمجھا تھا لائق وکلا جو منجانب مسٹر امجد علی حاضر ہوئے ہیں برسر اجلاس آج [illegible] بیانات [illegible] مسٹر امجد علی کے طرز عمل کی تائید نہیں کر سکتے۔ اور [illegible] کی جانب سے اظہار تاسف کیا بلحاظ اظہار تاسف لائق وکیل منجانب مسٹر امجد علی نیز ان کارروائیوں کے نتیجہ تعطل کے جسکے باعث مسٹر امجد علی گذشتہ دسمبر کے وسط سے وکالت سے ممنوع کر دئے گئے ہیں مشتہر جو ان کارروائیوں کی وجہ سے ہوئی ہے میرے فاضل شریک کی اور میری یہ رائے ہے کہ انصاف کی اغراض کے لئے ضروری نہیں کہ یہ کارروائی فوجداری زیر دفعہ ۱۹۳ تعزیرات ہند جاری رہے لہذا ہم حکم اظہار وجہ کو قطعی قرار دیتے اور حکم کو منسوخ کرتے ہیں۔

لیکن معاملہ ہذا کو ختم کرنے سے پیشتر میرے فاضل شریک اور میں محسوس کرتے ہیں کہ مسٹر امجد علی کے طرز عمل کی نسبت جسکا میں ابھی تذکرہ کر چکا ہوں اظہار ناپسندیدگی کریں جسکی جوابدہی کی نسبت لائق وکیل منجانب مسٹر امجد علی نے بھی آج کوشش نہیں کی ذیعلم اڈیشنل سشن جج کے روبرو نوٹ پیش کرنے کے متعلق ہماری رائے ہے کہ جب کسی مقدمہ پر ذیعلم جج کے روبرو پوری طور پر بحث ہو چکی ہو جیسا کہ مقدمہ ہذا میں ہوا تھا تو لائق وکلاء کو لازم نہیں کہ اپنے بحث کے نوٹ پیش کریں۔ جج کا فرض منصبی ہے کہ جب عدالت میں بحث کی جائے تو ایسے نوٹ کرے جو انکی دانست میں مناسب ہوں۔ اور اگر وہ خیال کریں کہ بحث پیش کردہ کسی جزو کو انہوں نے پوری طور سے نہیں سمجھا ہے تو یہ انکی مرضی پر منحصر ہے کہ اپنے روبرو فریقین کو طلب کریں تاکہ کوئی مزید بحث برسر اجلاس فریق ثانی کے مواجہہ میں پیش ہو سکے۔ بشرط ضرورت جیسا کہ بعض مستثنیٰ مقدمات میں ہوتی ہے جج کے لئے ضروری ہے کہ وکیل کی بحث کے نوٹ طلب کرے یا حاصل کرے تو ایک فریق کے وکیل کی جانب سے ایسے نوٹ جج کے روبرو پیش نہ ہونے چاہئیں قبل اس کے کہ وہ فریق ثانی کے وکیل

نہ پیش کئے گئے ہوں۔ اگر کسی صورت میں وکیل عدالت کے روبرو اپنی بحث یا کسی مزید دلیل کے نوٹ پیش کرنا چاہے جنکو وہ خیال کرتا ہے کہ اپنے موکلوں کے مفاد کے لئے عدالت کے روبرو پیش کرنا ضروری ہے تو اس پر لازم ہے کہ وہ بحث طرف ثانی کے وکیل کے پاس پیش کرے تاکہ مؤخرالذکر کو اسکے متعلق رائے زنی یا نکتہ چینی کا موقع مل سکے۔

نمونہ نوٹ کے متعلق لائق وکیل مسٹر سنیال نے باوجود دیرینہ تجربہ پیشۂ وکالت یہ تسلیم کیا تھا کہ نمونہ نوٹ پیش کرکے مسٹر امجد علی کی تائید نہیں کی جاسکتی۔ اگرچہ یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ نام نہاد نوٹ جو مسٹر امجد علی نے پیش کئے تھے شاید ایسا مکمل مسودہ فیصلہ نہ تھے جیسے کہ وہ نوٹ تھے جو مسٹر سوریش رنجن پال نے کئے تھے میری رائے میں دونوں کے مابین بہت کم فرق ہے یعنی دونوں قابل اعتراض ہیں اور میری خواہش ہے کہ اس امر کو صاف کردوں کہ نوٹ بشکل مسودہ فیصلہ جیسا کہ مقدمہ ہذا میں ہوا ہے ہرگز آیندہ پیش نہ کئے جائیں میں تسلیم کرتا ہوں کہ مجھے کسقدر حیرت ہے کہ ذیعلم جج نے نام نہاد نوٹ وصول ہونے پر اگر انہوں انکو پڑھا تھا فوراً لائق وکیل کو اس بنا پر واپس نہ کئے کہ وہ ایسے نمونے پر مرتب ہوئے تھے جو ایک ذیعلم جج کے روبرو پیش ہونے چاہئیں

یہاں تک فیصلہ حکم اظہار وجہ نمبر ۲ کے متعلق تھا۔

دوسرا حکم اظہار وجہ جسکے متعلق میں بحث کرنا چاہتا ہوں وہ نمبر ا بابتہ سن ۱۹۲۰ء ہے۔ اس مقدمہ میں مسٹر سوریش رنجن پال کو اجازت عطا کی گئی ہے کہ وہ مسٹر امجد علی پر مقدمہ فوجداری چلائے۔ الزام یہ تھا کہ اس نے ذیعلم ڈسٹرکٹ جج کو مسٹر سوریش رنجن پال کے طرز عمل کی نسبت جھوٹی اطلاع دی تھی جو ان نام نہاد نوٹ کے متعلق تھی جو مسٹر سوریش رنجن پال نے مرتب کئے تھے۔ دو لائق وکلا کا اس طور پر لڑنا جیسا کہ انہوں نے کیا اور ایک لائق وکیل کی جانب سے میں امر کو اہم خیال کرتا کہ وہ دوسرے لائق وکیل پر مقدمہ فوجداری چلانے کے لئے اجازت کی استدعا کرے جن کی بنا پر ذیعلم جج کے روبرو کئے تھے مجھے قابل افسوس معلوم ہوتا ہے۔ ایسی کارروائی لائق وکلا کی ذات نیز اس معزز پیشہ کے لئے جس سے انکا تعلق ہے کسر شان کا باعث ہوتی ہیں ایسے معاملات جیسے کہ یہ تھے اگر قسمتی سے وقوع میں آئیں تو بھی معمولاً انکو بنائے کارروائی فوجداری نہ گرداننا چاہئے۔ پیشہ کے طرز عمل سے متعلق ہیں انکا تصفیہ بذریعہ کسی ایسے عدالت یا شخص کے ہونا چاہئے جو ایسی معاملات کا تصفیہ کرنے کے قابل ہو۔ مقدمہ ہذا میں مسٹر منمتھ ناتھ مکرجی منجانب مسٹر امجد علی حاضر ہوکر ان تمام امور سے اتفاق کیا ہے جو مسٹر سنیال نے بیان کیا ہے۔ اور لائق وکیل پیش کردہ منجانب سوریش رنجن پال نے بھی مسٹر منمتھ کے بیان کو تسلیم کیا۔ اور مطلع کیا کہ اسکا موکل انتقام لینا نہیں چاہتا۔ بیان مذکور سنکر میں خوش ہوا جسکا نتیجہ یہ ہے کہ حکم اظہار وجہ ہذا بھی قطعی قرار دیا جاتا ہے

امجد علی
بنام
سوریش رنجن پال
(کلکتہ)

آخری حکم اظہار وجہ کے متعلق یہ کہ وہ ایسا حکم اظہار وجہ تھا جو مسٹر امجد علی نے اس کارروائی کے سلسلے میں حاصل کیا تھا جو اسکے خلاف مسٹر رادھا بنود داس دوسرے وکیل نے جو پبلک پراسیکیوٹر کی حیثیت کیا تھا کی تھی مسٹر رادھا بنود داس نے جو شکایت کی وہ بدیں اثر تھی کہ مسٹر امجد علی نے مسٹر رادھا بنود داس کو ذیعلم اڈیشنل سشن جج کے کان میں کچھ بات کہتے ہوئے دیکھا تھا بیان یہ تھا کہ اس کی غرض و غایت یہ تھی کہ قابل جج پر مرافعہ منجانب کیلاس کے فیصلہ کے متعلق اثر ڈالا جائے جو اسکے روبرو زیر تجویز تھا۔ میں نہیں خیال کرتا کہ اس بیان کا ایک لفظ بھی صحیح ہے اور واقعہ یہ ہے کہ مسٹر منمتھ ناتھ مکرجی نے منجانب مسٹر امجد علی حاضر ہوکر

غیر مشروط طریقہ سے ہدایات واپس لے لیا۔ ماسوا اس کے
منجانب احمد علی ایسا بیان کرنے کے متعلق مسٹر راؤ بہادر اس
سے بہ اجلاس معافی چاہی ہے۔ بہ حیثیت کے ساتھ کیا ہے
کہ مسٹر بخش منجانب مسٹر ... ان کی ... معذرت
کو قبول کر لیا۔ معاملہ ہذا میں جو کچھ بیان ... مسٹر ... وہ
کے خلاف کیا ہے ... لازم ہے
سنت انجدہ ہوا ہو گا۔ میں حقیقت ... کی ... ات
فوجداری اس نوعیت کے معاملات ... عدالت
... سلف ... عدالت ... ضرور ایسا ہونا
چاہئے جو اس نوعیت کی نزاع ... صحیح طور پر ...
ایک لائق وکیل دوسرے لائق وکیل کو عدالت ... ...
نہ لائے مقدمہ ... اظہار ... ... قرار دیا جانا۔
صرف ایک بات اور رہ گئی ... کہ ...
اور وہ یہ ہے کہ مسٹر سنیال لائق وکیل منجانب احمد علی نے ... کیا ... رو
اس امر پر ... دیا ہے کہ ان کے موکل نے جو کچھ کیا اس کی وجہ تحریک ... پر مبنی تھی
نہیں تھی انہوں نے کہا کہ ان کے موکل نے کچھ عجلت کی وجہ سے ... کہ اپنے
موکل کی جانب سے مرافعہ میں کامیابی حاصل کرے۔ اس امر کو ... کیا گیا کہ
منجانب سرکار ایک مقدمہ فوجداری میں ... ہوا تھا ... کہہ سکتا
ہوں کہ میری رائے میں مسٹر احمد علی نے ... بیان ظاہر ... لیا
جس کی مجھے اس پایہ کے لائق وکیل سے توقع کرنی چاہئے۔
مجھے اس سے زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں ... لائق وکیل نے
اصلی جانب سے حاضر ہو کر عدالت ہذا میں ... اور اس کے
طرز عمل کی نسبت اظہار تاسف کیا ہے۔
آخر میں میرے لائق ... ایک ... امید کرتے ... یہ امید ہے
ناخوشگوار معاملات کا خاتمہ ہو جائیگا اور یہ لائق ... اپنی وکالت

پیرا اختیار کریں گے ایسے دوستانہ تعلقات قائم رکھیں گے جو ایک معزز پیشہ
کے ارکان کے مابین ہمیشہ رہنے چاہئیں۔

## جسٹس والے سلسلے میں متفق ہوں۔ احکام اظہار وجہ قطعی کر لئے گئے

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ... بابت ۱۹۲۲ء۔ منفصلہ ۲۶ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس عبدالرؤف۔

کندن لال مدعی مرافع بنام باوا آنند سروپ مدعا علیہ
مرافع علیہ

قانون رسوم عدالت ایکٹ ۷ بابت ۱۸۷۰ء دفعہ ۷(۱۰) (الف)
معاہدہ بیع معاہدہ تبادلہ۔ نالش تعمیل مختص رسوم عدالت واجب الادا

... مدعی کو بالعوض کچھ اراضی مملوکہ مدعی معہ مبلغ زر نقد
... کرنے کا معاہدہ کیا۔ مدعا علیہ ایفائے عہد سے قاصر
رہا۔ مدعی نے معاہدہ کی تعمیل مختص کے لئے یا علی سبیل البدل
مدعا علیہ کو ادا شدہ رقم معہ سود کی بازیافت کے لئے نالش کی
قرار دیا گیا (۱) کہ فریقین کے مابین معاہدہ بیع تھا چونکہ
جزو بدل جو مدعی کی جانب سے واجب الادا تھا۔ زر نقد تھا۔
سمرت لال ... بنام گوبند انڈین لا رپورٹ بمبئی
جلد ... صفحہ ... کا حوالہ دیا گیا

(۲) یہ کہ نالش زیر دفعہ ۷(۱۰) (الف) قانون رسوم
عدالت آتی ہے اور رسوم عدالت اراضی پر ... سمار روپیہ
زر نقد ... کہ جو مدعی نے مدعا علیہ کو بہ تبادلہ اراضی
ادا کرنے کا عہد کیا تھا واجب الادا تھی۔

تجویز ... نالش تعمیل مختص معاہدہ تبادلہ دفعہ
۷(۱۰) (الف) قانون رسوم عدالت کی تحت آتی ہے۔

مرافعہ ثانی بنا راضی حکم صادرہ ڈسٹرکٹ جج انبالہ مورخہ ۹ مارچ ۱۹۲۲ء منسوخ حکم صادرہ جوئنیر سب آرڈینیٹ جج درجہ دوم انبالہ مورخہ ۲۰ دسمبر ۱۹۲۱ء

منجانب مرافع مسٹر تیسر چند ... حاضر ... مسٹر ... گرچند ۔

**فیصلہ** ۔ یہ مرافعہ اولی اس حکم واپسی مقدمہ کی ناراضی سے پیش ہے جو اس مقدمہ میں صادر ہوا تھا جو ایک معاہدہ تبادلہ کی تعمیل مختص کے لئے یا علی سبیل البدل رقم ادا شدہ مع سود مدعی علیہ دلا پانے کے لئے رجوع کیا گیا تھا واقعات ذیل سے سوال کی نوعیت کا انکشاف ہو جائیگا جو مرافعہ ہذا میں تصفیہ طلب ہے ۔

مدعی علیہ نے جائداد متنازعہ مدعی کو کچھ اراضی مملوکہ مدعی اور مبلغ زر نقد کے بدل میں منتقل کرنے کا معاہدہ کیا منجملہ اسکے مبلغ ۵۰۰ روپیہ بطور بیعانہ مدعا علیہ کو دیئے گئے مدعا علیہ ایفائے عہد سے قاصر رہا ۔ اسپر مدعی نے نالش حالیہ دائر کی ۔ اس نے رسوم عدالت ۵۰۰ روپیہ اصل اور بقیہ جو رقم متدعویہ علی سبیل البدل تھی لاکی رسوم عدالت مدخلہ پر اس بنا پر اعتراض کیا گیا کہ مدعی نے چونکہ مدعا علیہ کی اراضی کی مالیت الست ... روپیہ مشخص کی تھی اس لئے اسپر واجب تھا کہ مطابق دفعہ ۷ فقرہ (۱۰) (الف) قانون رسوم عدالت مالیت مذکورہ پر مزید رسوم عدالت داخل کرتا ۔ یہ اعتراض مسٹر نعمت خان سب آرڈینیٹ جج درجہ اول انبالہ نے منظور کیا اور مدعی کو ہدایت دی گئی کہ ۲۴ ۔ نومبر ۱۹۲۱ء تک کی رسوم کا تکملہ کر دے ۔ لیکن مدعی رسوم مطلوبہ داخل کرنے سے قاصر رہا اور اسکی عرضی دعوی لالہ سنت رام جوئنیر سب آرڈینیٹ جج درجہ دوم نے بتاریخ ۲۰ ۔ دسمبر ۱۹۲۱ء نامنظور کر دی ۔

مدعی نے عدالت مرافعہ ماتحت میں اس وجہ پر مرافعہ پیش کیا کہ اس نے صحیح زیادہ سے زیادہ رسوم واجب الاخذ بابت مالیت دادرسی علی سبیل البدل جو مبلغ ۵۰۰ سے متعلق تھی ادا کر دی ہے اور یہ کہ مزید رسوم داخل کرنیکی ضرورت نہ تھی ۔ اس کا عذر یہ تھا کہ نالش تعمیل مختص معاہدہ بیع کی نہ تھی جیسا کہ دفعہ ۷ فقرہ (۱۰) (الف) قانون رسوم عدالت کا مفہوم ہے بلکہ عملی طور پر نالش واسطے قبضہ اراضی کے تھی ۔ عدالت مرافعہ ماتحت نے یہ قرار دیا کہ عرضی دعوی میں دو دادرسیوں کی علیحدہ استدعا کی گئی تھی اور ہر ایک کی نسبت جداگانہ رسوم داخل ہونی چاہئے تھی ۔ اس نے عدالت تحقیقات کنندہ سے رقم رسوم کے متعلق اتفاق کیا جو دعوی تعمیل مختص معاہدہ تبادلہ کے لئے واجب الاخذ تھی ۔ البتہ یہ بھی فیصلہ کیا کہ معاہدہ تبادلہ بیع نہ تھا ۔ لہذا دفعہ ۷ فقرہ (۱۰) غیر متعلق تھا عرضی دعوی کی نامنظوری کے متعلق عدالت ماتحت مرافعہ کی رائے تھی کہ دادرسی اول کے متعلق رسوم کی عدم ادائی کے باوجود مبلغ ۵۰۰ روپیہ کی دادرسی کے متعلق عرضی دعوی نامنظور نہ ہونی چاہئے تھی کیونکہ اس موخرالذکر کی بابت کافی رسوم داخل ہو چکی تھی نتیجہ یہ کہ عدالت مرافعہ ماتحت نے ایک حکم واپسی تحت آرڈر ۴۱ ۔ رول ۲۳ صادر کیا اور عدالت تحقیقات کنندہ کو ہدایت کی کہ رقم بیعانہ کے متعلق دعوی کی تحقیقات کرے اس حکم واپسی مقدمہ کی ناراضی سے مرافعہ موجودہ دائر ہوا ہے ۔

میرے روبرو جو دلیل پیش ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ عرضی دعوی میں دو علی سبیل البدل دادرسیوں کی استدعا کی گئی ہے ۔ اور یہ کہ دادرسی اولی بابت تعمیل مختص تبادلہ حقیقت میں ایک ایسی دادرسی تھی جو قبضہ اراضی کی بابت تھی ۔ اسلئے اس دادرسی کے متعلق رسوم ۲۰ جمع کے دہچند پر ہونی چاہئے ۔ یہ رسوم مدخلہ سے بھی کم تر ہے ۔ مالگذاری مشخصہ بابت اراضی مدعوہ مبلغ صہ ہے اور اس جمع کا دہچند مبلغ ۳۱۰ ہوگا ۔ اس مالیت

کشن لال
بنام
باوا آنند
(لاہور)

صفحہ

مدن لال بنام آنند مرج (لاہور)

رسوم واجب الاخذ از روئے آئیٹم ... ضمیمہ اول قانون رسوم عدالت مبلغ ... ہے جو بہ نسبت رسوم بر حلہ دادرسی عالی السبیل البدل سے بھی کم ہے۔ لائق وکیل نے مقدمہ کاسی ناتھ نائن بنام گوبندا (۱) سے استناد کیا ہے اور یہ بحث کی ہے کہ جب کہ دو دادرسیوں میں سے ایک کے لئے علی السبیل البدل دعویٰ رجوع کرے تو دونوں دادرسیوں میں سے بڑی دادرسی پر رقم اسٹامپ کا تعین کیا جاتا ہے بلاشبہ یہ نظیر لائق وکیل منجانب مدعی کی تائید میں ہے لیکن میں یہ تسلیم کرنے پر تیار نہیں ہوں کہ نالش واسطے دلا پانے قبضہ اراضی کے ہے اور رسوم عدالت کی مجموعی مقدار واجب الادا ہے ذیعلم جج عدالت ماتحت سے میں اتفاق نہیں کر سکتا کہ دفعہ فقرہ (۱) قانون مذکور مقدمہ حالیہ سے غیر متعلق ہے۔ ذیعلم جج کا بیان یہ ہے کہ دفعہ مذکور کے فقرہ (۱۰) (الف) میں تعمیل مخصوص معاہدہ بیع کا ذکر کیا گیا ہے اور یہ کہ تبادلہ بیع نہیں ہے لیکن واقعات مذکورہ بالا سے عیاں ہے کہ انتقال اراضی متنازعہ کا بدل اراضی مع مبلغ ... زر نقد کے ہے اسلئے ... روپیہ کی حد تک معاملہ ہذا بیع کی تعریف میں داخل ہے دفعہ ۵۴ قانون انتقال جائداد کے موجب بیع سے مراد ہے انتقال ملکیت کا مبادلہ قیمت کے جو ادا کی جائے یا جس کے ادا کا وعدہ کیا جائے یا جو جزواً ادا کی جائے اور جزواً موعود ہو اگر قیمت کے معنی لازمی طور سے زر نقد کے ہی ہوں جسکو میں کم از کم مقدمہ ہذا میں تسلیم کے لئے تیار نہیں ہوں تو بھی مبلغ ... اس اراضی کے جزو کی قیمت ہے جسکے منتقل کرنے کا مدعی سے معاہدہ کیا گیا تھا۔ بمقدمہ ہمرت مل ... بنام گوبند (۲)، سر لاجنٹس چنداورکر نے رائے ظاہر کی ہے کہ لفظ "قیمت" کے مفہوم میں زر نقد یا ... اور معاوضہ داخل ہے ... تبادلہ کے متعلق قانون انتقال جائداد کے باب ۴ میں بحث کی گئی ہے اور دفعات ۱۱۸ تا ۱۲۰ سے احکام کے مطالعہ سے واضح ہوتا ہے کہ واضعان قانون نے تبادلہ کو مقابلہ بیع تقریباً ہر لحاظ سے ایک ہی بنیاد پر قائم کیا ہے "مثلاً انتقال جائداد کا جسکی تکمیل بطور تبادلہ کرنی منظور ہو صرف اس طریقہ کے بموجب ہو سکتا ہے جو ویسی جائداد کے ایسے انتقال کے لئے مقرر ہوا ہے جو بذریعہ بیع کے وقوع میں آئے" دفعہ ۱۲۰ ہر فریق مبادلہ ... شے کے جو وہ دوسرے کو دیتا ہے حقوق کا پابند ہے جو بائع کو حاصل ہیں اور نسبت اس شے کے ... وہ بدلے میں دیتا ہے ہی حقوق رکھتا ہے جو کسی مشتری کو حاصل ہوں اور مشتری کی ذمہ داریوں کا پابند ہوتا ہے نظائر میں فقرہ (۱۰) دفعہ ۷ قانون رسوم عدالت کے وضع کنندگان نے یہ خیال کیا تھا کہ رسوم عدالت کی اغراض کے لئے فقرہ ہذا کے تحت تبادلہ بھی بیع کی طرح سمجھا جائیگا۔ ورنہ کوئی وجہ نہیں ہے کہ کیوں علیحدہ حکم تبادلہ کے متعلق فقرہ ہذا میں نافذ کیا جاتا۔ یہ دیکھتے ہوئے کہ معاہدات بیع - رہن - پٹہ اور فیصلہ ثالثی کے متعلق علیحدہ علیحدہ احکام وضع شدہ موجود ہیں۔ بموجب ضمنی فقرہ (الف) دفعہ ۷ (۱۰) نالشات تعمیل مخصوص معاہدہ بیع کے لئے رسوم عدالت واجب الاخذ مطابق مالیت بدل عاید کیا جائیگی تو نالش ہذا میں مالیت بدل اراضی معہ ... روپیہ زر نقد ہے جو مدعی نے مدعا علیہ کو بتبادلہ اراضی مدعا علیہ ادا کرنے کا اقرار کیا تھا۔ اب چونکہ مدعی نے خود زر بدل کا تخمینہ مبلغ ... روپیہ کیا ہے اسلئے اسکو رسوم اسیقدر داخل کرنی چاہیئے تھی جسکی صراحت ضمنی

(۱) انڈین لاء رپورٹ بمبئی جلد ۱۵ صفحہ ۹۲ ۔ (۲) انڈین لاء رپورٹ بمبئی جلد ۶۶۵

فقرہ (الف) دفعہ ۲ فقرہ (۱) میں کی گئی ہے اسلئے مجھے مرافعہ خارج کرنا چاہئے لیکن بلا خرچہ کیونکہ مرافعہ علیہ کی قائم مقامی نہیں کی گئی مرافعہ خارج کرتے ہوئے میں عدالت کو ہدایت کرتا ہوں کہ اگر مدعی رسوم مطلوبہ داخل کر دے تو اُسکو قبول کرے اور تمام دعوی کی سماعت کرے۔ بصورت عدم ادائی مزید رسوم منجانب مدعی عدالت ابتدائی حسب ہدایت عدالت ماتحت مرافعہ بیعانہ کے متعلق دعوی کی تحقیقات کرے۔

مرافعہ خارج کیا گیا

## بعدالت جوڈیشل کمشنر پشاور

درخواست نگرانی دیوانی۔

نمبر مقدمات ۱۳۷ و ۱۳۸ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۳ اپریل ۱۹۲۳ء

اجلاس مسٹر بیمن جوڈیشل کمشنر

غلام حیدر وغیرہ سائلان **بنام** منیجر کمیٹی سمادہ بابا پھولا سنگھ

مسئول علیہ۔

قانون امانت ایکٹ ۲ بابتہ ۱۸۸۲ء دفعات ۱ و ۹۴ ۔ قانون انتقال جائداد ایکٹ ۴ بابتہ ۱۸۸۲ء دفعہ ۴۱ اور اسکا اطلاق منیجر عطیہ مذہبی سے مہنت آیا امین ہے۔ مالک ظاہری میں آیا مہنت بھی شامل ہے۔

منتقل الیہ جائداد خیراتی متعلقہ مذہبی وقف دفعہ ۹۴ قانون امانت کے تحت تحفظ کی استدعا نہیں کر سکتا کیونکہ (الف) قانون مذکور بلحاظ احکام دفعہ (۱) خیراتی مذہبی وقف سے متعلق نہیں ہے۔ (ب) لفظ امین اپنے محدود اور اصطلاحی معنوں میں کسی خیراتی مذہبی وقف کے منیجر پر مشتمل نہیں ہے۔

ہویا در تھی تیرتھا سوامی گل نام بالو سامی آئیر انڈین کیسز جلد ۹۰ صفحہ ۱۷۱ کا حوالہ دیا گیا۔

علاوہ ازیں قانون انتقال جائداد میں منتقل الیہ نیک نیت مالک ظاہری کے مقابل جو تحفظ کیا گیا ہے اسکے لئے یہ شرط لازمی قرار دی گئی ہے کہ اشخاص جو جائداد میں حق رکھتے ہوں یعنی رضامندی صریح یا معنوی انتقال کے متعلق ظاہر کریں۔

دفعہ ۴۱ قانون انتقال جائداد کا منشا ابتداً یہ ہے کہ وہ ان مقدمات سے متعلق ہے جہاں مالک ظاہری حق بیع نامی عمل کیا ہو۔ دفعہ کو مذہبی وقف یا کسی صورت سے تعلق نہیں ہو سکتی جہاں مالک حقیقی بذات خود سمادھ اور جہاں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ کوئی خاص انسان رضامندی صریح یا معنوی دینے کا اختیار رکھتا ہو۔ جہاں جائداد مندر کو حاصل ہو گئی ہو تو وہ فی نفسہ دفعہ ۴۱ قانون انتقال جائداد کے اثر سے مستثنیٰ ہو جاتی ہے۔ کیونکہ ایسی حالت میں بلحاظ طبیعت معہودہ ایسے اشخاص موجود نہیں ہو سکتے جنکو جائداد میں حق ہو اور دفعہ کے معنوں میں انتقال کے متعلق رضامندی دینے کا قانونی حق رکھتے ہوں۔

درخواست نگرانی بنا راضی حکم صادرہ اڈیشنل ڈسٹرکٹ جج پشاور مورخہ ۱۰ مئی ۱۹۲۱ء مشعر تنسیخ حکم صادرہ منصف درجہ اول نوشہرہ مورخہ ۲۶ اکتوبر ۱۹۲۰ء۔

منجانب سائلان۔ مسٹر ہنس راج بھنڈاری۔

منجانب مسئول علیہ۔ سردار راجہ سنگھ۔

**فیصلہ**۔ حکم ہذا سے دونوں نگرانیاں نمبر ۱۳۷ و ۱۳۸ کا تصفیہ ہونا مناسب ہوگا کہ مختصر طور پر ان واقعات کی صراحت کر دی جائے جو کارروائی حالیہ کے موجب ہوئے ہیں۔ اراضی متدعوہ دونوں مقدمات زیر نگرانی میں ایک خاص اراضی کا جزو ہیں جو موضع پرسپک تحصیل نوشہرہ میں واقع ہے اور جو مہاراجہ رنجیت سنگھ نے سکھوں کے مذہبی سمادہ کی نگہداشت کی غرض سے منتقل کر دی تھی۔ یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اس موقع پر مہاراجہ نے ابتدائی مالکوں کو غیر متصرف کر دیا

غلام حیدر بنام منیجر سمادہ پھولا سنگھ (پشاور)

اور اپنے فرزند چولا سنگھ کی وفات کے بعد کا تابع [illegible] تمام [illegible]
سکے اتنے حصہ کو جو دو ثلث ہے کہ وہ تھا سکھوں [illegible] سمادہ [illegible]
قبضہ میں لے لیا جائداد ہذا کی الگزاری کی ایک [illegible] سمادہ کے منتظم [illegible]
سنگل اور اراضی مذکورہ میں حقوق [illegible] انکا [illegible] کا [illegible]
پشاور کی کاغذات بندوبست سے تعلق ہے فی الوقت [illegible]
ستھے۔ پہلا منتظم نو دسنگہ تھا جسکی وفات پر اسکا چیلا [illegible]
جانشین ہوا۔ تمام سنگہ کے بعد سوہا سنگہ جو منجملہ اسکے چند بیٹوں کے
ایک تھا جانشین ہوا۔ سوہا سنگہ کا جانشین ہرنام سنگھ ہوا
جو منجملہ اس کے چند بیٹوں کے ایک تھا۔ ہرنام سنگہ نے [illegible]
جائداد زیر بحث کے کئے اور سمادہ [illegible]
۱۳ اپریل ۱۹۱۶ء کو چند [illegible] سکھ [illegible]
نالش دائر کی کہ ہرنام سنگہ کو علیحدہ کر دیا جائے اور ایک کمیٹی [illegible]
کی آمدنی کا حساب لکھنے اور مہنت یا منیجر نامزد کرنے کی [illegible]
کی جائے نالش کا مقابلہ ہرنام سنگہ نے بعذر [illegible] کیا
کہ وہ جائداد مذکورہ میں ذاتی حق مالکانہ رکھتا تھا۔ طویل کارروائی کے
بعد مقدمہ کا تصفیہ ڈسٹرکٹ کمشنر کے حکم بصیغہ مرافعہ [illegible]
دسمبر ۱۹۱۶ء سے ہو گیا اس حکم کی رو سے ہرنام سنگہ [illegible]
مہنت اور جائداد مدعوہ کی منتظمی سے علیحدہ کر دیا گیا [illegible]
کی ایک کمیٹی مقرر ہوئی کہ سمادہ کی آمدنی کا اہتمام کرے [illegible]
چند قیود کوئی مہنت نامزد کرے ۱۹۱۹ء کے اختتام اور ۱۹۲۰ء
کے آغاز میں اس امر پر مقرر شدہ کمیٹی نے بتوسط [illegible] کارندہ
بھاگ سنگہ جو نالش مذکورہ بالا کے مدعیان میں سے تھا تین
نالشات واسطے دلاپانے قبضہ اراضی دائر کی جو ہرنام سنگہ نے
قبل صدور حکم علیحدگی مورخہ ۲۰۔ دسمبر ۱۹۱۸ء بیع کی تھی۔ وہ تینوں
نالشات عدالت ابتدائی نے خارج کر دیں۔ بر طبق مرافعہ عیان

کہ عدالت ڈویژنل کورٹ سے تینوں مقدمات میں ڈگری عطا کی
ان تین نالشات میں سے ایک میں جو بہ مقابلہ احمد اور حمید گل دائر
ہوئی تھی ڈویژنل جج صاحب نے منتقل الیہم معاوضہ بابت ترقیاتی منظور
کیا [illegible] غلام حیدر تھی
معاوضہ [illegible] نامنظور کیا گیا کہ بیع [illegible] اس نالش کے
ارجاع کے بعد [illegible] ہرنام سنگہ کی علیحدگی کے لیے تھی
جب [illegible] انتقال [illegible] ہو چکا تھا۔ بلکہ وہ اس مقدمہ
حکم [illegible] جو انتقال کے لئے تھا ان مقدمات
سے رو [illegible] مدعا علیہم نے عدالت ہذا میں نگرانی پیش کی ہے نہ بجائے اپیل کی
درخواست اس نالش میں [illegible] نہیں ہوئی ہے جو ۱۲۔ کنال کی بیع کی بابت
[illegible] مدعا علیہ کو مبلغ [illegible] بابت معاوضہ دلائے گئے
ہیں درخواستہائے [illegible] حمید گل وغیرہ پیش ہوئی ہیں جنکو مبلغ
[illegible] معاوضہ دلایا گیا ہے [illegible] غلام حیدر کی جانب سے
[illegible] معاوضہ نامنظور کیا گیا ہے۔
میں [illegible] نگرانی صرف ایک امر کی بنا پر قبول کی
ہیں جو [illegible] مورخہ ۲۶ جنوری ۱۹۲۶ء میں بوقت سماعت
نقل بیان [illegible] یہ ہے کہ مدعا علیہم مشتریان بلا اطلاع
امانت منتقل الیہ [illegible] ہیں۔ لہذا انکو وقت انتقال سے
استحقاق [illegible] ہو گیا ہے۔ اور وہ اب بید خل نہیں کئے
جا سکتے [illegible] بوقت سماعت
اول کونسل منجانب سائلان نے بحث [illegible]
یادداشت [illegible] دیگر موجبات [illegible] گئے ہیں اور
بوقت سماعت ان [illegible] پر مکمل طور پر بحث کرنے کی کوشش
کی گئی ہے۔ بہرکیف مجھے لازم ہے کہ موجبات مذکورہ پر مکرر
بحث کرنے کی اجازت دینے سے انکار کروں کیونکہ سائلان کے

غلام حیدر
بنام
میونسپل کمیٹی ساڈھورہ
پھولا سنگھ
(پشاور)

کونسل نے بوقت سماعت اول اسکا معین طور پر ترک کر دیا تھا۔ بنا بریں بصیغہ
نگرانی ان میں دست اندازی کرنے کے لئے کوئی کافی وجہ نہیں ہے
جو حق بجانب ہو۔ مثلاً سماعت اول کے وقت یہ تسلیم کیا گیا تھا کہ
۱۹۰۳ء قانون میعاد سماعت نالشات حالیہ سے متعلق ہے
اور یہ کہ وہ میعاد کے اندر ہیں۔ لہٰذا میں اس نئے سوال پر بحث
کرنے سے مجھے انکار کرنا چاہیئے۔ اس کے بعد سائلان غلام حیدر
اور محمد یعقوب نے اپنی یادداشت نگرانی میں یہ امر پیش کیا ہے کہ
ترقیات کی بنا پر معاوضہ کے لئے انکا دعوی نامنظور نہ کیا جانا
چاہیئے تھا۔ یہ امر ایسا نہیں ہے جس پر بوقت سماعت اول بحث
کی گئی ہو اور اسکی سماعت کے لئے میں کسی طرح تیار نہیں ہوں تاہم
اشارتاً یہ کہہ سکتا ہوں کہ اس کے متعلق ڈویژنل جج کے حکم میں واقعی
غلطی ہوئی ہے۔ غلام حیدر اور محمد یعقوب کے نام بیع ۱۲۔ نومبر ۱۹۱۷ء
کو ہوئی تھی اور فاضل ڈویژنل جج نے حکم امتناعی کا ذکر اسطرح کیا ہے
کہ ۲۷۔ جولائی ۱۹۱۶ء کو منظور کیا گیا تھا۔ غالباً سال میں سہو کتابت
ہوئی ہے۔ امر واقعہ یہ ہے کہ حکم امتناعی جولائی ۱۹۱۸ء میں صادر
ہوا تھا۔ قطع نظر اسکے میں فاضل ڈویژنل جج کی اس رائے سے کامل
طور پر متفق ہوں کہ منتقل الیہم کو اس صورت میں کافی اطلاع تھی
کہ نالش دائر ہو چکی تھی۔ نالش ۱۳۔ اپریل ۱۹۱۶ء کو یعنی ۷ ماہ قبل بیع
دائر ہو چکی تھی مزید براں مدعیان نے کلکٹر سے صداقت نامہ بغرض
ارجاع نالش ۱۸۔ ستمبر ۱۹۱۶ء کو حاصل کر لیا تھا۔ میں بطور ممکن سائلان
کے کونسل کی یہ بحث باور نہیں کر سکتا کہ اجازت ہذا کے لئے درخواست
بصیغہ راز دی گئی تھی اور مدعیان کی غایت یہ تھی کہ مالکان موضع کو
ان کی کارروائیات سے لاعلم رکھا جائے اس کے برخلاف یہ واقعہ کہ
نالش کی دھمکی دی گئی تھی اور جائداد کو زیر بار کرنے کے متعلق ہرنام سنگھ
کی حیثیت اور تمام حق کی تردید کر دی گئی تھی ۱۹۱۷ء میں طشت از بام
ہو چکا تھا۔
لیکن نہیں کہ اس قسم کی کارروائی تاریکی میں رہی ہو [illegible]
[illegible] کے قبل بہت کچھ بحث ہو چکی ہو اور یہ فرض کیا جا سکتا ہے
کہ عوام کے احساسات میں بھی ہیجان پیدا ہو گیا ہے۔ اراضی کے
ابتدائی مالکان اور منتقل الیہم جو ہرنام سنگھ کے عمل سے متمتع ہوئے
مسلمان تھے مثل سے ظاہر ہے کہ وہ سکھ حکمرانوں کی طرف سے
مسلمان مالکوں کی ازالہ ملکیت پر ہمیشہ قدرتاً اظہار ناراضگی
کرتے رہے ہیں۔ اور انہوں نے ایک مرتبہ اسکو ادا کرنے کی بھی
کوشش کی تھی۔ چنانچہ مقدمہ ہذا میں نہ صرف معمولی مقامی تجارت
میں بلکہ مذہبی اور قومی احساسات میں بھی کسیقدر ہیجان تھا۔
لہٰذا بہرحال غلام حیدر اور محمد یعقوب کے معاوضہ کے دعوے کے
اخراج میں فاضل ڈویژنل جج سے مجھے پوری طور پر اتفاق کرنا چاہیئے
اور میں نے اپنی رائے کی وجوہ کسیقدر تفصیل سے بیان کر دی ہیں کیونکہ
یہ امر اسوقت بھی اہم ہے جبکہ ہم انکے اس ادعا پر غور کرینگے کہ وہ مدعی
نالش کا مقابلہ اس بنا پر کرینگے کہ وہ بلا اطلاع امانتدار خریداران نیک نیت ہیں
دوسرا امر پیش کردہ سائلان یہ ہے کہ ڈویژنل جج کامل ہرنام سنگھ
کی حیثیت کو جو فنانشل کمشنر کے حکم مورخہ ۲۰۔ دسمبر ۱۹۱۶ء کی وجہ
سے فیصل شدہ تصور کرنے میں حق بجانب نہیں ہے۔ موجودہ سائلان
اس نالش کے فریق نہ تھے اور یہ بحث کی جاتی ہے کہ دفعہ ۱۱۔ مجموعہ
ضابطہ دیوانی کا اطلاق نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ حقیت جو انہوں نے
حاصل کی ارجاع نالشات کے مابعد نہیں بلکہ اس کے قبل حاصل کی گئی
سائلان کی بحث میں زیادہ قوت ہے کہ دفعہ ۱۱۔ مجموعہ ضابطہ دیوانی
ان اشخاص سے متعلق نہیں ہو سکتی جو نالش مذکور کے تصفیہ کے قبل
کسی معاملہ کی وجہ سے کسی فریق نالش کے ذریعہ سے قابض ہوئے ہوں
شک نہیں کہ یہ قانون کا مسلمہ اصول ہے کہ کوئی شخص نالش مابعد میں

غلام حیدر
بنام
(مہنت) بھولا سنگھ
(دیناور)

کسی ایسی حقیقت کو جسکو وہ ظاہر کرچکا ہو یا سوجہ سے نقصان نہیں پہنچایا جاسکتا کہ وہ نالش بعد میں منتقل ہونیکا اپنا حق ثابت کرنے سے ... باوجود اس کے ساتھ ہی ساتھ از عمل شدہ ہو سکے وال پر پیرے ... بوقت سماعت ابتدائی بحث نہیں اُٹھائی گئی تھی اور کسی صورت سے بھی نالش کے فیصلہ کے لئے اہم نہیں ہے۔ خواہ ہرنام سنگھ کی مالکانہ حقیقت کا سوال امر فیصل شدہ ہو یا نہ ہو لیکن ایسا سوال ہے جو شہادت سے اور ... سے ... الات ... بہ استعفد صاف کردیا گیا کہ اسی امر پر صرف ایک ہی تجویز ممکن ہو سکتی ہے بلا کسی شائبہ شبہ کے ثابت کردیا گیا ہے کہ کبھی تمام عرصہ میں ہرنام سنگھ کو کبھی کوئی مالکانہ حقیقت تھی۔

اب میں اس مسئلہ کی طرف رجوع ہوتا ہوں جسمیں صرف اس نگرانی میں غور کرنے کے لئے تیار ہوں مسئول علیہم کے کونسل نے نگرانی کی بحث کا جواب دیا کہ کہکر دیا ہے کہ سائلان منتقل الیہم نیک نیت نہیں ہیں۔ اسکے برخلاف سائلان ڈویژنل جج کی اس تجویز کی جانب توجہ دلاتے ہیں کہ وہ منتقل الیہم نیک نیت ہیں اور اس واقع کی جانب بھی کہ ... ڈویژنل کورٹ کے حکم میں مندرج ہے اور اسکو تسلیم کرانا چاہتے ہیں بہرحال میں یہ خیال کرنے پر مجبور ہوں کہ مدعی علیہم کا ذکر بطور منتقل الیہم نیک نیت کرنے میں ڈویژنل جج کے ذہن میں صرف مقدمات ابراہیم اور مجید گل ہی ہونگے۔ یہ امر بہت مشکل ہوگا کہ خود انکی اس رائے کو کہ غلام حیدر اور محمد یعقوب کامل طور پر ہرنام سنگھ کے خلاف دائر شدہ نالش سے اور اس واقعہ سے مطلع تھے کہ انتقال کے متعلق کوئی ... پر اعتراض کیا گیا ہے۔ اس تجویز کے ساتھ مطابق کیا جائے خود وہ ہر حال منتقل الیہم نیک نیت تھے۔ جہانتک انکی حیثیت کا تعلق ہے میں یہ معلوم کرنے سے قاصر ہوں کہ کسطرح یہ بحث کیجاسکتی ہے کہ ... یا کہ ... کسی ... ہے وہ موجودہ نالش کا مقابلہ کرنیکے مستحق ہیں اس ... کی تائید کہ ... دونوں مقدمات کے مدعی علیہم

منتقل الیہم نیک نیت بلاعلم امانت ہیں سائلان کے کونسل نے حقدار ... دو ہستی کی ہے۔ اس واقعہ کے کہ کاغذات مال میں ہرنام سنگھ کامل مالک کے طور پر درج کیا گیا تھا نور دیا گیا ہے اسکی تردید میں متعدد واقعات طرف ثانی کی جانب سے پیش ہوسکتے ہیں مثلاً موضع کے رواج عام میں بتلایا گیا ہے کہ مہنت کو حق انتقال نہیں ہے بجز ضرورت تعمیر کے یہ کہ وہ محض سجادہ نشین ہے اور جاگیر تا قیام سجادہ منظور ہوئی ... جہانتک سوال ہذا کا تعلق ہے کاغذات مال کے متعلق یہ تصور کرنا چاہئے کہ وہ بجائے مدعیان کے حق میں ہونیکے مدعی علیہم کے حق میں ہیں اور انکا حوالہ بطور ایسے شخص کے دیا جاسکتا ہے جو ایک خاص مالکانہ حقیقت کی تائید کرنا چاہتا ہو بجائے اس کے کہ وہ رواج عام کا یا کسی فہرست شرائط کا حوالہ دیگا وہ جمعبندی کا حوالہ دیگا دوسرا امر ہے ... علیہم کے موافق بیان کیا گیا ہے وہ مقدمہ ہے جو ۱۹۰۷ء میں ایک شخص وزیری مل اور ہرنام سنگھ کے مابین ہوا اس مقدمہ میں ہرنام سنگھ نے ان کو مسترد کرنیکی کوشش اس بنا پر کی تھی کہ جائداد معافی گیر اور ناقابل انتقال تھی لیکن ڈسٹرکٹ جج نے تجویز کی تھی کہ اراضی سوہا سنگھ اور اسکے وارث ہرنام سنگھ کی خانگی جائداد تھی نہ کہ معافی گیر عطیہ گورنمنٹ شہادت پر شمول اس واقعہ کہ مجید گل کے حق میں انتقال ہرنام سنگھ کی موتوفی کے لئے نالش سے کئی سال قبل کیا گیا تھا عام طور پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ کم از کم اس کی صورت میں منتقل الیہم کا عمل ... نیک نیتی تھا اور انکو امانت کی کوئی اطلاع نہ تھی۔

بہرحال سائلان کو چاہئے کہ اپنی اس حجت کی تائید کیلئے شہادت پیش کریں کہ ایسے مقدمہ میں جہاں مالک ظاہری سے نیک نیت بلا اطلاع امانت منتقل الیہ ہو تو اسکو ایسی حقیت حاصل ہوتی ہے جس سے اسکو مالک حقیقی بیدخل نہیں کرسکتا اس بحث کی تائید میں لائق کونسل منجانب سائلان نے مدراس ہائیکورٹ کی ایک نظیر کا

صفحہ ۱۳۴۷

(۱۶۵)

حوالہ دیا ہے جو ۱۹۱۰ء میں بطور پتا ستا وینکٹا چلا بنام کلکاٹرچینا پٹی (۱) کے طبع ہوئی ہے اسکی بحث یہ ہے کہ مقدمہ خیرات عام سے متعلق اور مقدمات عالیہ کے بہت مماثل ہے۔ اس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ دفعہ ۴۶۔ قانون امانت ایکٹ ۲ بابتہ ۱۸۸۲ء سے منتقل الیہ کا تحفظ کیا گیا ہے۔ لیکن میرے لئے یہ سمجھنے میں بڑی دقت ہے کہ کیوں اس مقدمہ کے فیصلہ میں کوئی حوالہ اس واقعہ کا نہیں دیا گیا کہ قانون امانت ایکٹ ۲۔ بابتہ ۱۸۸۲ء عام یا خانگی مذہبی یا خیراتی اوقاف سے متعلق نہیں ہے۔ تاہم دفعہ (۱) قانون مذکور اس امر پر بالکل صاف ہے۔ قانون امانت کی تاثیر سے مذہبی اوقات کے اخراج کا حوالہ بطور خاص پریوی کونسل کی نظیر دیا و بیتھی تمر تھا سوامیگل بنام بابو ساسی آئیر (۲) میں دیا گیا ہے جسکا حوالہ ذیل میں دیا جائیگا۔ دفعہ ۱۔ قانون امانت کی عبارت اسقدر صاف اور غیر مبہم ہے کہ مجھے یہ بحث کرنا ناممکن معلوم ہوتا ہے کہ کسی خیراتی اور مذہبی وقف کی جائداد کا کوئی منتقل الیہ دجیسا کہ بلاشبہ جائداد متنازعہ کا مالک ہے بطور عمل دفعہ ۴۶۔ قانون مذکور سے تحفظ کی استدعا کر سکتا ہے۔ مزید یہ کہ لفظ "امین" کا اطلاق "مہنت" کے لئے نہ ہونا چاہیئے جسکی حیثیت ایسی ہو جیسے ہر نام سنگھ کی تھی اس کے محدود اور اصطلاحی معنوں کے لحاظ سے لفظ مہنت مندر کے اطلاق کے کل مسئلہ پر پریوی کونسل کی نظیر مذکورہ بالا میں جامع اور ہدایت آمیز طریقہ پر بحث کی گئی ہے چنانچہ یہ بتلایا گیا ہے کہ قانون انگلستان کے بموجب امانت۔ اور "مہنت" یا منیجر کی حیثیت میں کوئی تعلق نہیں ہے۔ نیز یہ مذکور ہے ظاہر ہے کہ لفظ "امین" جب اس کا استعمال ایسے اشخاص کی حیثیت کے لئے ہو تو روزمرہ اور وسیع معنوں میں مستعمل ہوتا ہے۔ اور انکو قانون امانت کی تحت نہیں لاتا۔ حکام عالیمقام نے اس رائے کے لئے منجملہ دیگر وجوہ کے ایک وجہ یہ ظاہر کی ہے کہ مذہبی اوقاف خصوصاً اور ارادتاً

قانون امانت ایکٹ ۲۔ بابتہ ۱۸۸۲ء کے اثر سے خارج کر دئے گئے ہیں لئے مذکورہ وہ متعدد فیصلہات جو مسئلہ ہذا سے متعلق تھے اور جنکا حوالہ فیصلہ میں دیا گیا ہے منسوخ ہو گئے۔ اور فیصلہ مذکورہ کے متعلق یہ متصور ہونا چاہئے کہ اس سے چیف کورٹ پنجاب کا فیصلہ مہر گیان دیو بنام جلیو داس (۳) بھی منسوخ ہو گیا ہے یہ تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ یہ رائے ایک حد تک مقدمہ موجودہ کی نوعیت سے دفعہ ۱۰ (قانون میعاد سماعت کے اطلاق کی مغائر ہے بہر حال یہ سوال کہ آیا دفعہ ۱۰ کا اطلاق ہوتا ہے یا نہیں ایسا سوال نہیں ہے جو نگرانی ہذا میں میرے زیر غور ہو اور اسکا اثر اس حیثیت کے متعلق تجویز پر نہیں پڑتا جو مقدمہ موجودہ میں ہر نام سنگھ کی تھی۔ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ جو لفظ اس کی حیثیت کی تعریف کے لئے متعدد کاغذات میں استعمال کیا گیا تھا وہ اس رائے کے مطابق ہے کہ وہ لازمی طور پر "مہنت" اور منتظم سے موسوم کیا جاتا کہ آیا ایک مقام پر اس کے پیشرو خود سنگھ کو "مہتمم" سے موسوم کیا گیا ہے اور دوسرے مقام پر "سجادہ نشین" سے۔ بہر کیف یہ کہ دفعہ ۴۶۔ قانون امانت کا اطلاق اس خیال پر زیادہ تر مبنی ہے کہ جائداد امانتی امین کو حاصل ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ پریوی کونسل کی نظیر محولہ بالا میں بتلایا گیا ہے مہنت کی صورت میں جائداد اسکو حاصل ہونیکا کوئی سوال نہیں ہے۔ لہذا سائلان کی یہ بحث کہ جائز حقیت اس امین کی جانب سے جسکو جائداد حاصل ہوئی تھی وقت انتقال سے انکو حاصل ہو گئی ہے قبول نہیں کیجا سکتی۔

بہر حال سائلان کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ اصول دفعہ ۴۱۔ قانون انتقال جائداد مقدمہ ہذا سے متعلق ہے ہائیکورٹ پنجاب نے مقدمہ باسو بنام میر محمد (۴) میں قرار دیا ہے کہ اصول دفعہ ۴۱۔ قانون انتقال جائداد کو ملکی کے مطابق

غلام حیدر بنام نیز لہ بھولا سنگھ (پشاور)

(۱) انڈین کیسیز جلد ۳ صفحہ ۴۔ (۲) انڈین کیسیز جلد ۶۵ صفحہ ۱۶۱ (پریوی کونسل) (۳) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۳ء نمبر ۱۰۱ (۴) لاہور لا جرنل جلد ۲۰ صفحہ ۱۹۱

غلام حیدر
بنام
بر کیشا سہائے
چولا سنگھ
(پشاور)
صفحہ ۱۹۲ء

اور پنجاب میں مقدمات سے متعلق کیا جاسکتا ہے۔ یہ تمام اصول صوبہ ہذا کے جوڈیشل کمشنر کے متعدد فیصلوں سے بھی قیاس کیا جاسکتا ہے۔ اس بحث کی گرانی بہر حال اس واقعہ سے پیدا ہوتی ہے کہ دفعہ ۴۱ قانون انتقال جائداد میں منتقل الیہ نیک نیت کا مالک ظاہری کے مقابلہ میں تحفظ کرنے میں یہ شرط لازمی قرار دی گئی ہے کہ اشخاص حقدار جائداد نے اپنی رضامندی صریح یا معنوی دی ہو۔ لائق کونسل منجانب سائلان نے یہ بحث کی ہے کہ بمقدمہ ہذا معیان بطور ارکان سکھ جماعت اپنے طویل سکوت سے ہرنام سنگھ کی جانب سے انتقال پر رضامندی معنوی ظاہر کی ہے وہ اسکو اشخاص حقدار جائداد کہتے ہیں۔ مجھے یہ بحث لازمی طور پر مغالطہ آمیز معلوم ہوتی ہے اس میں تو معقول شبہ نہیں کہ دفعہ ۴۱ قانون انتقال جائداد کا ابتداً یہ منشا تھا کہ ان مقدمات سے متعلق کی جائے جہاں مالک ظاہری نے حق بینامی حاصل کیا ہو۔ متعدد نظائر کا حوالہ یہ بتلانے کے لئے دیا گیا ہے کہ دفعہ ۴۱ منتقل الیہ کا تحفظ ان تمام صورتوں میں کرتی ہے جہاں حقیقی مالک نے تمام دنیا کو یہ خیال کرنے کا موقع دیا ہو کہ خود اسکے سوا اور کوئی دوسرا شخص مالک جائداد ہے۔ ملاحظہ ہوں ویریا چیٹی بنام راماسوامی چیٹی (۵)، عزیز النساء بنام احسن اشرف (۶)، لال سنگھ بنام پرش رام (۷)، اننداموہن بنام ملغاماری لون آفس لمیٹڈ (۸)، لیکن یہ جملہ نظائر ان مقدمات سے متعلق ہیں جہاں کوئی معاملہ از قسم بینامی ہوا ہو اور جس کے متعلق حقیقی مالک نے منتقل الیہ اور عامۃ خلائق کو یہ تصور کرنے دیا ہو کہ جائز حقیقت منتقل ہوئی ہے میں نہیں سمجھ سکتا کہ وہ کسی ایسے مقدمہ سے متعلق ہو سکتے ہیں جو مذہبی وقف کا ہو۔ جہاں حقیقی مالک فی نفسہٖ مندر ہو اور جہاں لے

کہنا ممکن نہ ہو کہ کوئی شخص یا انسان رضامندی صریح یا معنوی دینے کا مجاز ہے۔ لائق کونسل منجانب سائلان نے اس اعتراض کا جواب یہ دیا ہے کہ اس رائے کا یہ نتیجہ لازمی ہے کہ اوقات مذہبی کو دفعہ ۴۱ کے عمل سے کلیتہً خارج کر دیا جائے۔ مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس اعتراض سے فی نفسہٖ لائق کونسل کی بحث کی اصل کمزوری ظاہر ہو جاتی ہے یہ کامل طور پر ظاہر ہے کہ اوقات مذہبی حقیقت میں دفعہ ۴۱ کی تاثیر سے محفوظ ہیں اور نہایت معقول وجہ اس بنا پر یقیناً یہ ظاہر ہے کہ کوئی خاص رکن عامۃ خلائق جو کسی مذہبی وقف میں کوئی حق بہ حیثیت مجموعی رکھتا ہو اپنی انفرادی رائے و دیگر منتظم کے کسی عمل کو جائز نہیں قرار دے سکتا۔ ایسی بحث محض اس سلئے کی باقی ہے کہ وہ نامنظور کر دی جائے۔ بوجہ قوی یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ کوئی رکن عامۃ خلائق اگر وہ رضامندی صریح نہیں دے سکتا۔ تو رضامندی معنوی بھی نہیں دے سکتا مزید یہ کہ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ کسطرح موجودہ مدعیان کو سادہ کی نسبت ایسی ذمہ دارانہ حیثیت عطا کی جاسکتی ہے جیسے کہ لائق کونسل منجانب سائلان کی دلیل سے اُن کو حاصل ہوتی ہے امر واقعہ یہ ہے کہ وہ وہی اشخاص نہیں ہیں جنہوں نے ۱۹۱۶ء میں ہرنام سنگھ کی موقوفی کے لئے نالش رجوع کی تھی اگرچہ مقدمہ حالیہ میں ان کا کارندہ اس حالت میں ایک مدعی تھا۔ اگر وہ وہی اشخاص ہوتے بھی تو انکا حق نالش ۱۹۱۶ء میں محض دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے اثر سے حاصل ہوا تھا۔ نالش کی اغراض کے لئے وہ ایسے اشخاص ہیں جو وقف میں حقدار ہیں دلیل کی کسی تاویل سے یہ نتیجہ اخذ نہیں کیا جاسکتا۔ کہ وہ اسکے باعث ایسے اشخاص ہیں جو دفعہ ۴۱ قانون انتقال جائداد کے معنوں میں جائداد مذکور میں حقدار ہیں اور انکی رضامندی منتقل الیہ حقیقی مالک کی جانب

(۵) انڈین لا رپورٹس جلد ۱۰ مدراس صفحہ ۹۱ وغیرہ (۶) انڈین کیسز جلد ۳۵ صفحہ ۹۶
(۷) انڈین کیسز جلد ۔۔ صفحہ ۔۔ (۸) ۔۔ [illegible]

بید غلی سے محفوظ کہہ سکتی ہے۔ اگر لفظ ملکیت کا اطلاق جائداد
مدعوبہ پر ہو سکتا ہے تو حقیقی مالک فی نفسہ مندر ہے میں یہ قرار
دینے میں کوئی امر غیر معقول نہیں پاتا کہ جب جائداد مندر کو
حاصل ہو گئی ہو تو یہ واقعی طور پر دفعہ ۱۴۔ کی تاثیر سے خارج ہے
کیونکہ دفعہ مذکور کے معنوں میں ایسے اشخاص وجود نہیں ہیں جو
اس کے انتقال کے متعلق رضامندی ظاہر کرنے کا دعویٰ حق
رکھتے ہوں۔

لہذا میں یہ قرار دینے سے قاصر ہوں کہ کوئی اکویٹی یا قانون
مقدمہ موجودہ میں مندر کے منتظمین کی تحریک پر بید خل کئے جانے
سے مدعی علیہم کا تحفظ کر سکتا ہے اور مجھے ان نتائج سے اتفاق
کرنا چاہئے جن پر ڈویژنل جج پہونچے ہیں یہ درخواستیں معہ خرچہ
خارج کی جاتی ہیں۔ درخواستیں خارج کی گئیں

## ہائیکورٹ لاہور

متفرق مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۲۶۳ بابت ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۶ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس عبدالرؤف۔

مساۃ امیر بی بی مدیون ڈگری مرافعہ بنام نور محمد ڈگری دار مرافع علیہ

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ (۵) بابت ۱۹۰۸ء آرڈر ۲۱
رول ۳۲۔ اعادہ حقوق زناشوئی کے لئے ڈگری زوجہ کو
تعمیل ڈگری میں جیل نہ بھیجنے کی ہدایت نکاح بزمانہ نابالغی۔ دشمنی

زمانہ حال کے دفعات قانون کا رجحان معاملات دیوانی
میں عورتوں کو جیل بھیجنے کے خلاف ہے۔ لہذا معاملات
دیوانی میں عورتوں کو جیل بھیجنے کا اختیار شاذ و نادر استعمال
کیا جانا چاہئے۔

کوئی عورت جو اعادہ حقوق زناشوئی کی ڈگری

مساۃ امیر بی بی بنام نور محمد (لاہور) | کی خلاف ورزی کرتی ہے اپنے شوہر سے نان ونفقہ پانے کے
حق سے محروم ہو جاتی ہے۔ اسکو عام طور پر اس کے خلاف مدد کیا
کی کافی سزا تصور کرنا چاہئے۔

بائی پاروتی بنام منسکھ ٹھیا۔ انڈین کیسز جلد ۵۵
صفحہ ۱۰۰۳ سے استناد کیا گیا۔

جہاں یہ تجویز کی گئی کہ اس عورت کا ازدواج جسکے مقابلہ
میں ڈگری اعادہ حقوق زناشوئی صادر ہوئی ہے بزمانہ
نابالغی ہوا تھا۔ اور یہ کہ اسکے شوہر نے ۱۸ یا ۱۹ سال تک
اُس کو نان ونفقہ دینے میں غفلت کی اور یہ کہ مابین فریقین
سخت دشمنی تھی تو

قرار دیا گیا کہ یہ مقدمہ مناسب مقدمہ ہے جسمیں عدالت
کو اپنا وہ اختیار استعمال کرنا چاہئے جو اسکو آرڈر ۲۱ رول
۳۲۔ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب حاصل ہے اور یہ ہدایت
دینی چاہئے کہ زوجہ بہ تعمیل ڈگری جیل میں نہ بھیجی جائے۔

صفحہ ۷۱ | متفرق مرافعہ ثانی بنار اضی حکم صادرہ ڈسٹرکٹ جج جالندھر مورخہ ۴ مارچ ۱۹۲۲ء
مشعر بحالی حکم صادرہ منصف درجہ اول جالندھر مورخہ ۱۴ فروری ۱۹۲۲ء۔

منجانب مرافع ڈاکٹر شجاع الدین۔

**فیصلہ**۔ یہ دونوں مرافعہ جات ثانی اعادہ حقوق زناشوئی کی ایک ڈگری
کی تعمیل کارروائیات سے پیدا ہوئے ہیں۔ واقعات ذیل سے نالش اور اس
سوال کی نوعیت کا انکشاف ہو جائیگا جو ان مرافعہ جات میں غور طلب ہو۔

مساۃ امیر بی بی اور مساۃ عزیز بی بی دو بہنیں ہیں۔ انکا ازدواج علی الترتیب
نور محمد اور غلام محمد دو بھائیوں سے تقریباً ۱۸ یا ۱۹۔ سال قبل انکی نابالغی کے
زمانہ میں ہو گیا معلوم ہوتا ہے کہ سن بلوغ کو پہونچنے پر انکے والدین نے
انکو شوہروں کے پاس بھیجنے سے انکار کر دیا اور انہوں نے خود اپنے
شوہروں کی زوجیت میں رہنے سے انکار کیا چنانچہ دو نالشات اعادہ حقوق

ذامیبی بنام بہرا ہور

زنا شوئی کے لئے بمقابلہ ان دونوں خاتونوں کے اور ایک حکم امتناعی بر خلاف انکے باپ کے مقابلہ میں رجوع کی گئیں۔ نالش کی جوابدہی اس بنا پر کی گئی کہ مسئول نے بحیثیت شوہر اپنے فرائض میں غفلت کی تھی۔ یہ کہ انہوں نے زوجات کو نان و نفقہ نہیں دیا تھا۔ اور یہ کہ مابین فریقین سخت دشمنی ہے باوجود اسکے نالشات ڈگری ہوگئیں اور وہ فیصلہ عدالت مرافعہ سے بتاریخ ۲۰ نومبر ۱۹۲۳ء بحال رہا۔

کامیاب شوہروں نے اپنی ڈگریوں کی تعمیل کرائی مدیونان ڈگری نے یہ عذرات پیش کئے کہ ڈگری واراں معروض ہیں یہ کہ وہ اس قدر نادار ہیں کہ وہ اپنی زوجات کی پرورش نہیں کر سکتے اور یہ کہ مابین فریقین سخت دشمنی ہے۔ عدالت تعمیل نے عذرات مسترد کر دیئے اور حکم صادر کیا کہ مدیونان ڈگری اندرون دو ماہ ڈگریات کی تعمیل کریں عدالت مرافعہ اولیٰ اور ہائیکورٹ میں مرافعہ جات پیش ہوئے لیکن وہ خارج ہوئے۔

مدیونان ڈگری باوجود اسکے ڈگری کی خلاف ورزی کرتی رہیں اور انہوں نے اپنے شوہروں کے پاس جانیکی بجائے جیل جانیکو ترجیح دی۔ چنانچہ منصف نے مساۃ امیر بی بی اور مساۃ عزیز بی بی دونوں کو چھ ماہ کی مدت کیلئے جیل بھیجنے کا حکم صادر کیا اور ڈگریداران کو ہدایت کی کہ وہ پانچ روپیہ ماہانہ بابتہ خوراک فی کس ادا کریں۔ مدیونان ڈگری نے مرافعہ کیا ہے انکے مرافعہ جات خارج کر دیئے گئے لہذا وہ عدالت ہذا میں بصیغہ مرافعہ ثانی رجوع ہوئے ہیں اور مسٹر شجاع الدین نے انکی جانب سے واقعات ذیل عدالت کے غور کیلئے پیش کئے ہیں اور یہ استدعا کی ہے کہ عدالت ہذا اپنا وہ اختیار استعمال کرے جو آرڈر ۲۱ رول ۳۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب اسکو حاصل ہے اور مرافعان کی رہائی کا حکم صادر کرے۔

(۱) یہ کہ مرافعان کا انعقاد ازدواج اسوقت ہوا تھا جبکہ وہ نابالغ تھیں اور اگر ازدواج انکا باپ نے کرایا تو بالغ ہونے پر انکو فسخ ازدواج کا حق حاصل ہوتا۔

(۲) یہ کہ بلاشبہ مابین فریقین دشمنی ہے۔

(۳) یہ کہ ۱۲ یا ۱۹ سال سے شوہروں نے اپنی زوجات کی طرف سے غفلت کی ہے اور انکو نان و نفقہ نہیں دیا ہے۔

(۴) یہ کہ جذبات ایسے تلخ ہوگئے ہیں کہ مرافعان نے بہ نسبت اپنے شوہروں کے ساتھ زندگی بسر کرنیکے جیل جانے پر رضامندی ظاہر کی ہے

(۵) یہ کہ وہ جیل میں رہ چکی ہیں اور اس حالت سے سابقہ دشمنی میں مزید اضافہ ہوگیا ہوگا۔ جو مابین فریقین موجود ہے۔

معمولی حالات میں عدالت ہذا ایسی زوجات کے عذرات سماعت کرنے سے انکار کریگی جنکا ازدواج قانون کے مطابق عمل میں آیا ہو لیکن اس خاص مقدمہ کے خاص حالات اور اس واقعہ کو مدنظر رکھکر کہ زمانہ حال کے واضعان قانون کا رجحان معاملات دیوانی میں عورتوں کو جیل بھیجنے کے خلاف ہے میں اس اختیار تمیزی کو کام میں لانے کے لئے تیار ہوں جو تحت آرڈر ۲۱ رول ۳۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی عدالت کو حاصل ہے۔ ڈگری کی خلاف ورزی کی وجہ سے مرافعان کو اپنا گذرہ آپ کرنا ہوگا اور نان و نفقہ کیلئے شوہروں سے مطالبہ کرنیکی وہ مستحق نہ ہونگی جیسے کہ مقدمہ بی بی پاروتی بنام منسکہ جتھبا (۱) میں رائے ظاہر کی گئی ہے یہ کافی سزا ہوگی۔ اگرچہ میں اس حد تک تجاوز کرنے کیلئے تیار نہیں ہوں جس حد تک ان فاضل ججوں نے کیا تھا جنہوں نے مقدمہ محولہ بالا فیصل کیا تھا مجھے یہ قرار دینا چاہیئے کہ زمانہ حال کے رجحان کے مطابق عورتوں کو جیل بھیجنے کا اختیار شاذ و نادر استعمال میں لانا چاہیئے۔

حسبۂ میں مرافعہ جات منظور کرتا ہوں اور عدالت ماتحت کی حکم کو منسوخ کرکے ڈگریداروں کی یہ استدعا نامنظور کرتا ہوں کہ مرافعان جیل بھیجی جائیں میں سمجھتا ہوں کہ مرافعان ابتک جیل سے رہا ہو چکی ہیں لہذا ضروری نہیں کہ اسکے متعلق مزید حکم دیا جائے مقدمہ ہذا کے خاص حالات کو مدنظر رکھکر میں ہدایت کرتا ہوں کہ فریقین اپنا اپنا خرچہ خود برداشت کریں۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

(۱) انڈین کیسز جلد ۱۹ صفحہ ۳۴ و نظائر ہند صفحہ ۹۷۔

[illegible]

(۴۰)

# ہائیکورٹ بمبئی

## استصواب دیوانی

نمبر مقدمہ ۷ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء۔ منفصلہ ۲۶ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس :- سر للو بھائی شاہ نائب منصرم چیف جسٹس و مسٹر جسٹس کرمپ و مسٹر جسٹس ملا

سپرنٹنڈنٹ اسٹامپ بمبئی **بنام** چمن لال لال بھائی وغیرہ

سائل — طرف ثانی

قانون اسٹامپ ایکٹ ۲ بابتہ سنہ ۱۸۹۹ء ضمیمہ ا۔ مدہ ۴۵ ہندو خاندان مشترکہ تقسیم زبانی۔ دستاویز انتقال حصص اسٹامپ واجب الاخذ

تین بھائیوں کے مابین جنپر مشترکہ ہندو خاندان مشتمل تھا زبانی تقسیم کے وقت ایک کمپنی کے کچھ حصص جو سب سے بڑے بھائی کے نام پر تھے بقیہ جائداد کے ساتھ نہیں بانٹے گئے تھے من بعد سب سے بڑے بھائی نے دو دستاویزات کے ذریعہ کمپنی اور انکی رو سے اپنے چھوٹے بھائیوں میں سے ہر ایک کو اس تعداد میں حصص منتقل کئے جو ہر ایک کے حصہ میں آتے تھے۔ اور سوال یہ تھا کہ کسقدر رسوم اسٹامپ دستاویزات پر واجب الاخذ تھی۔

قرار دیا گیا کہ دستاویزات پر بطور دستاویزات تقسیم رسوم اسٹامپ بموجب مدہ ۴۵ ضمیمہ ا قانون اسٹامپ واجب الاخذ تھی۔

استصواب دیوانی منجانب سپرنٹنڈنٹ اسٹامپ بمبئی تحت دفعہ ۵۷ قانون اسٹامپ ہند بابتہ سنہ ۱۸۹۹ء۔

منجانب سائل مسٹر کانگا۔ ایڈوکیٹ جنرل بمعیت مسٹر جے بی ویونا گورنمنٹ سالسٹر۔

منجانب طرف ثانی نمبر ۲ مسٹر جناح بمعیت مسٹر منشی لال و کھیر۔

منجانب طرف ثانی نمبر ۱ و ۳۔ مسٹر ٹھاکر بمعیت مسٹر منشی لال و کھیر۔

**منصرم چیف جسٹس شاہ** :- یہ دفعہ ۵۷ قانون اسٹامپ بابتہ سنہ ۱۸۹۹ء کے تحت ایک استصواب ہے۔ سوال جو ہمارے پاس استصواب کے لئے بھیجا گیا یہ ہے کہ کسقدر اسٹامپ دستاویزات متذکرہ فقرہ ۱ استصواب میں سے ہر ایک پر واجب الاخذ ہے؟۔ دستاویزات (الف) و (ب) ہیں۔ بلحاظ نمونہ وہ انتقالات حصص ہیں جسکا انتقال ہر ایک بھائی نے منجملہ تین بھائیوں کے باقی بھائیوں میں سے علی الترتیب ہر ایک کے حق میں کیا ہے۔ دستاویز (الف) ۹۶۰ حصص اور دستاویز (ب) ۸۴۰ حصص کے متعلق ہے۔ ہم اس امر پر سرکار کی جانب سے اور فریقین حقدار کی جانب سے بحث سماعت کی ہے۔ ہماری رائے ہے کہ ان دونوں دستاویزات (الف) اور (ب) پر بطور دستاویزات تقسیم حسب مدہ ۴۵ ضمیمہ اول قانون اسٹامپ اسٹامپ واجب الاخذ ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ ان تین بھائیوں کے مابین نومبر سنہ ۱۹۱۹ء میں تقسیم عمل میں آئی تھی کوئی دستاویز تقسیم نہ تھی اور حصص زیر بحث سب سے بڑے بھائی چمن بھائی کے نام پر رہے خاندان کی تقسیم بلحاظ غرض ہونے کے قبل وہ انہی کے نام پر تھے اور سنہ ۱۹۱۹ء میں حقوق کی علیحدگی کے بعد بھی اسی کے نام جاری رہے۔ لیکن اگرچہ سنہ ۱۹۲۰ء میں بھائیوں نے شرائط شرکت کو قلمبند کیا تو اس تقسیم کے بعد بھی بہت جلد قائم ہوئی اور ان حصص کو اس دستاویز میں جائداد شراکت بتلایا گیا ہے۔

بعد ازاں سنہ ۱۹۲۲ء میں بذریعہ دو دستاویزات زیر بحث سب سے بڑے بھائی چمن بھائی نے جنکے نام پر حصص قائم تھے ان حصص کو منتقل کرنے کی استدعا کی جو باقی دو بھائیوں میں سے ہر ایک کے حصہ کے لئے مقرر رہتے۔ ہمکو

سپرنٹنڈنٹ بنام چمن ا (بمبئی)

بنام چمن لال (دہلی)

۲۴۰ حصص سے سروکار نہیں ہے جو ۹۶۰ اور ۲۴۰ کے درمیان کا ہے
جیسا کہ ان دستاویزات سے ظاہر ہے کیونکہ یہ ممکن ہے کہ ان حصص
کی قیمت بوقت تقسیم اس بھائی کو اور طور پر دیدی گئی ہو۔ سی
ایک جانب یہ بحث کی گئی ہے کہ چمن بھائی کی حیثیت امین کی
تھی اور یہ کہ جب اس نے ان حصص کو اپنے بھائیوں کو منتقل
کرنے کی استدعا کی تو اس نے بطور امین کے موتمن لہم کو منتقل
کرنے کی استدعا کی ہے اور یہ کہ دستاویزات پر اسٹامپ بموجب
مد ۶۲ فقرہ (ہ) واجب الاخذ ہے۔

دوسری جانب بجانب سرکار اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ نومبر ۱۹۱۸ء
میں زبانی تقسیم کے بعد تینوں بھائیوں کی حیثیت قابضان شریک
کی تھی اور جائداد جس سے ہم کو تعلق ہے قابضان شریک میں سے
ایک کے نام قائم رہی یہ کہ جب چمن بھائی نے بغرض انتقال حصص
ان دستاویزات کی تکمیل کی تو درحقیقت اس کا ارادہ یہ تھا کہ
حصص کی تقسیم کی جائے اور یہ کہ دونوں دستاویزات انتقال
بلحاظ مضمون تقسیم نامے ہیں۔ بجانب سرکار علی سبیل البدل یہ
بحث کی گئی ہے کہ دستاویزات تحت مد ۶۲ فقرہ (الف) جماعت
شدہ یافتہ میں حصص کے سادہ انتقالات کے طور پر قابل ادائی
اسٹامپ ہیں مگر ایسے انتقالات کے طور پر جو امین کی جانب سے
موتمن لہم کے حق میں ہوں۔

صفحہ ۱۹۱۷ ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ چمن بھائی کے متعلق یہ نظریہ
کہ وہ ان حصص کے متعلق اپنے بھائیوں کی جانب سے امین
ہے تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ اسکی حیثیت اس قابض شریک
کی تھی جسکے قبضہ میں جائداد ۱۹۱۸ء کی تقسیم کے بعد دیگر
قابضان شریک کے فائدہ کے لئے تھی۔ کسی بات سے یہ ظاہر
نہیں ہوتا کہ بوقت تقسیم مذکور ان حصص کی بھی معین طور پر
تقسیم ہو چکی تھی دونوں بھائیوں کستور بھائی اور نروتم بھائی کی جانب
سے یہ بیان کیا گیا کہ حصص درحقیقت تقسیم ہو چکے تھے اور یہ کہ
ان کا بھائی چمن بھائی تاریخ تقسیم سے اسکے حصص کے متعلق
واقعی امین بنایا گیا تھا۔ یہ عذر بیانات مندرجہ دستاویزات
کے مغائر ہے۔ دستاویزات میں حسب ذیل بیان درج ہے۔

"چونکہ میں حصص مذکور کا مالک قطعی نہیں ہوں بلکہ انمیں سے
صرف ۹۶۰ حصص کا مالک ہوں۔ اور بقیہ حصص کے متعلق محض
بطور غیر منقسمہ شریک مالک کے امین ہوں۔ (تقسیم حصص مذکور میں
تین مساوی حصوں میں منافع لینے سے عمل میں آئی) نیز حصہ داران
منجانب دیگر دو شرکا، کوٹھی مسرز لال بھائی دلپت بھائی اینڈ کو
جو قبل تقسیم مذکور کوٹھی خاندان مشترکہ کی کوٹھی تھی"۔

جب ہم دستاویز شراکت کو دیکھتے ہیں تو ضمیمہ منسلکہ دستاویز
سے ظاہر ہوتا ہے کہ فہرست حصص دی ہوئی ہے جس میں ہر
حصص کے پورے نمبر دئے ہوئے ہیں اور اس دستاویز کے فقرہ
۱۴ میں ایک شرط ہے کہ حصص زیر بحث پر منافع مابین فریقین علی التساوی
تقسیم ہوگا۔ تقسیم کے بعد منافع کی مساوی تقسیم کا واقعہ تین بھائیوں
کے قابضان مشترک ہونے یا ان کے حصہ دار ہونے کے نظریہ
کے بالکل مطابق ہے۔ لیکن ان بیانات سے اس نظریہ کی
تائید نہیں ہوتی کہ حصص بوقت تقسیم واقعی تقسیم کئے گئے
تھے۔ اس مسئلہ کے لئے شریک قابض یا شریک حصہ دار کی حیثیت
جو جائداد پر اپنے نام سے قابض ہو دوسرے شریک مالکان
یا شریک حصہ داران کے لئے امین کی ہوتی ہے کوئی نظیر نہیں
پیش کی گئی ہے۔ یہ ممکن ہے کہ اس کی بابت جس پر وہ اس طرح
قابض ہو اس پر اپنے مالکان شریک یا شریک حصہ داران
کی جانب سے بعض ذمہ داریاں ہوں۔ اور یہ کہ مالکان شریک

یا حصہ داران شریک کو یہ حق ہے کہ اس جائداد کے اپنے حقوق ملکیت مناسب طور پر نافذ کرائیں لیکن میں یہہ قرار دینے سے قاصر ہوں کہ چمن بھائی بطور امین اپنے نام سے حصص پر قابض تھا۔ اور یہ کہ اس کے دونوں بھائی مد ۶۲ فقرہ (ج) کے معنوں میں موتمن لہم تھے۔ باوجود اس بحث کے جو حصص کی حقیقی تقسیم کے مسئلہ کی تائید میں کی گئی ہے جو تقسیم سنہ ۱۹۱۸ء میں عمل میں آئی تھی اور کستور بھائی اور اس کے بھائی کے حق میں امانت کے قیام کی بحث کے مجھے ان واقعات کی بنا پر جو ان دستاویزات سے ظاہر ہوتے ہیں اور استصواب کی بنا پر اس مسئلہ کو نامنظور کرنے میں کوئی تامل نہیں ہے۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ آیا یہ دستاویزات بطور مناسب مد ۶۲ فقرہ (الف) کے بموجب سیم واجب الاخذ ہے یا مد ۴۵ کے تحت۔ یہہ فیصلہ کرنا کسی طرح آسان نہیں ہے کہ آیا دستاویزات پر مد ۶۲ (الف) کے تحت اسٹامپ واجب الاخذ ہے یا مد ۴۵ کے تحت۔ بظاہر وہ سادہ انتقالات ہیں اور بلحاظ مضمون وہ اس جائداد کے تقسیم کرنے کا اثر رکھتی ہیں جو اولاً جائداد خاندان مشترکہ کا جزو تھی اور اس کے بعد جائداد مقبوضہ قابض مشترک قرار دی گئی تھی۔ واقعات مقدمہ کو مدنظر رکھ کر ہم ان دستاویزات کو بطور مناسب ان حصص کی بابت دستاویزات تقسیم تصور کر سکتے ہیں جو بوقت تقسیم زبانی جو تینوں بھائیوں میں ہوئی تھی حقیقت میں غیر منقسم رہ گئے تھے۔

جسٹس کریپ۔ میں متفق ہوں۔

جسٹس ملا۔ میں متفق ہوں۔

حسبہ حکم دیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۳۲ بابتہ سنہ ۱۹۱۸ء منفصلہ ۵ فروری سنہ ۱۹۲۰ء

باجلاس د۔ سر شادی لال صاحب ناظم چیف جسٹس

و مسٹر جسٹس فورڈ

چیناں مل وغیرہ **بنام** گل احمد و یک کس دیگر

مدعیان۔ مرافعان / مدعی علیہما۔ مرافعہ علیہما

قانون انتقال جائداد ایکٹ ۴ بابتہ سنہ ۱۸۸۲ء دفعہ ۵۳۔ انتقال مبنی بر فریب اور اسکی تنسیخ۔ دائن جو دائن ڈگری نہیں ہے آیا نالش کر سکتا ہے۔

اس مسئلہ کے لئے کوئی جواز نہیں ہے کہ دائن اس دستاویز کی تنسیخ کی نالش نہیں کر سکتا جو احکام دفعہ ۵۳ قانون انتقال جائداد کے متعلق ہے۔ اِلّا اس صورت میں کہ وہ عدالت قانون سے ڈگری حاصل کر کے اپنا قرضہ ثابت کرے۔ جوں ہی کوئی شخص جو ایسے انتقال کا شاکی ہو جو دفعہ ۵۳ قانون انتقال جائداد کے منشاء میں آتا ہے وہ اپنا قرضہ خواہ ڈگری اپنے حق میں پیش کر کے یا کسی اور شہادت زبانی یا دستاویزی سے ثابت کر دے تو وہ مجاز نالش ہے اور یہہ ضروری نہیں کہ وہ دائن ڈگری ہو یا جائداد

چیناں مل بنام گل احمد (لاہور)

صفحہ ۲۰

مل
بنام
احمد
(لاہور)

مدیون پر کفالت یا حکم مواخذہ خاص کیا ہو۔

مرزبی ریور سلور مائننگ کمپنی بنام ایٹ ویل ایکویٹی بابتہ ۱۸۶۹ء جلد ۷ صفحہ ۳۴۴۔ ایشو تھیا بینگ ڈے بنام ویور وینکیا شنبوگ۔ انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۱ صفحہ ۱۴۶ سے استناد کیا۔

صرف ایک فرق مابین دائن ڈگری اور معمولی دائن کے جو کسی انتقال کو تحت دفعہ ۵۳ قانون انتقال جائداد مبنی بر فریب ہونے کی بناء پر منسوخ کرانا چاہتا ہے۔ یہ ہے کہ اول الذکر مدیون کے تمام دائنین کی جانب سے نالش بطور قائم مقام رجوع کرنے کا پابند نہیں ہے اور موخر الذکر کو دائنین کی تمام جماعت کی جانب سے نالش کرنی چاہئے۔

مرافعہ ثانی بنارا ضی فیصلہ صادرہ ڈسٹرکٹ جج اٹک متعام کیمبل پور مورخہ ۲۰ اکتوبر سنہ ۱۹۱۹ء مشعر بحالی فیصلہ صادرہ سینیر سب آرڈینیٹ جج درجہ اول کیمبل پور ضلع اٹک مورخہ ۱۷ جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

بجانب مرافعان۔ مسٹر ایم۔ ایس بھگت

بجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر اننت رام۔

**فیصلہ**:۔ یکم نومبر سنہ ۱۹۱۰ء کو محمد شیر مدعا علیہ نمبر ا نے ایک ہبہ نامہ تکمیل کیا۔ جس سے اس نے اپنی تمام جائداد مشتمل بر اراضیات اور جائداد از قسم مکان اپنے نابالغ پوتے سعید احمد کو منتقل کر دی مدعیان جو واہب کے بعض دائنان ہیں نالش رجوع کی کہ انتقال منسوخ کیا جاوے اس بناء پر کہ یہ انتقال دائنین کا حق مارنے اور ادائی میں توقف کرنے کی نیت سے کیا گیا تھا۔

اس نالش سے یہ مرافعہ ثانی پیدا ہوا ہے۔ سب آرڈینیٹ جج نے یہ تجویز کی ہے اور ان کی تجویز سے ذی علم ڈسٹرکٹ جج نے اختلاف نہیں کیا ہے کہ واہب بوقت ہبہ ان تمام مدعیان اور چند دیگر اشخاص کا مقروض تھا۔ اور یہ کہ انتقال دائنین کا حق مارنے کی نیت سے کیا گیا تھا حقیقت یہ ہے کہ خود واہب نے تسلیم کیا ہے کہ جب اس نے اپنی تمام جائداد اپنے نابالغ پوتے کے نام منتقل کی تو وہ دین محیط کا مدیون تھا۔ اور وہ اپنے آپ کو جائداد سے محروم کرنے اور اسکو اپنے پوتے کے نام جو اس وقت نابالغ تھا منتقل کرنے کی کوئی وجہ پیش نہیں کر سکا ہے۔ اس کی شہادت سے یہ بھی ظاہر ہے کہ اپنے دائنان کے قرضوں کے ایفا کے لئے اس کے پاس کوئی دوسری جائداد نہیں ہے اور یہ کہ بعد انتقال زیر بحث بھی جائداد منتقل کردہ بذریعہ دستاویز کا ایک جزو اس نے خود ایک دائن کے قرضہ کی بے باقی کے لئے رہن کر دیا تھا۔ اس سے یہ ظاہر ہے کہ وہ اب تک جائداد کا حقیقی مالک ہے اور یہ کہ دستاویز ہبہ دائنین سے جائداد کو بچانے کی فقط ایک تدبیر تھی اور اس سے نیت یہ تھی اسکے پردہ میں منافع کو لینے سے محفوظ رکھے۔ دفعہ ۵۳ قانون انتقال جائداد میں محکوم ہے کہ جہاں تاثیر انتقال جائداد غیر منقولہ کی کسی دائن کو محروم کرنا یا توقف میں ڈالنا ہو اور وہ انتقال بلا بدل کیا گیا ہو تو یہ قیاس

(۱۰۷)

کیا جانا چاہئے کہ انتقال منتقل کنندہ کے دائن کو محروم کرنے یا توقف میں ڈالنے کی نیت سے کیا گیا ہے۔ یہ قیاس اس انتقال سے پوری قوت کے ساتھ متعلق ہوتا ہے جس پر مدعیان مقدمہ حالیہ میں اعتراض کرنا چاہتے ہیں۔

بہرحال عدالت ہائے ماتحت نے نالش کو اس بنا پر خارج کردیا کہ دائنان بوقت موجودہ جائداد میں کوئی حق نہیں رکھتے۔ کیونکہ وہ دائنان ڈگری نہیں ہیں اور کسی جائداد کو قرق نہیں کرایا ہے جس پر دستاویز موثر ہو۔ ہمارے خیال میں قانون کی یہ تعبیر غلط ہے۔ دفعہ ۵۳ قانون انتقال جائداد کی رو سے اسکی ضرورت نہیں کہ اشخاص جو انتقال کی شکایت کرتے ہوں جو شکایت اس دفعہ کے منشا کے تحت داخل ہے اپنے قرضہ جات ثابت کرنے کے لئے ڈگریات حاصل کریں قبل اس کے کہ وہ تنسیخ انتقال کے مستحق ہوں۔ مسئلہ ہذا کے لئے کوئی جواز نہیں ہے کہ دائن اس دستاویز کی تنسیخ کی نالش نہیں کرسکتا جو احکام دفعہ ۵۳ قانون انتقال جائداد کی مغائر ہو۔ الا اس صورت میں کہ وہ عدالت قانون سے ڈگری حاصل کرکے اپنا قرضہ ثابت کرے۔ جوں ہی کوئی شخص جو انتقال کا شاکی ہو اپنا قرضہ خواہ ڈگری اپنے حق میں پیش کرکے یا کسی اور شہادت زبانی یا دستاویزی سے ثابت کردے تو وہ مجاز نالش ہے۔ اور یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ دائن ڈگری ہو یا جائداد منقولہ مدیون پر کفالت یا حکم مواخذہ حاصل کیا ہو۔ یہ اصول ماسٹر آف دی رولز لارڈ ڈرویلی نے مقدمہ بریڈلے بسلور مائننگ کمپنی بنام ریشڈیل (۱) میں قرار دیا ہے۔

یہ مقدمہ انگلستان کے اسٹیٹیوٹ ۱۳ الزبتھ باب ۵ پر مبنی تھا۔ جس پر دفعہ ۵۳ جزواً مبنی ہے؛ اور وہی رائے ہائیکورٹ بمبئی کے ایک ڈویژن بنچ نے رشورتم پاھیگڈے بنام دیورنکپا شنبوگ (۲) میں ظاہر کی ہے۔

ڈگریدار اور معمولی دائن میں جو کسی منتقلی کو دفعہ ۵۳ کے تحت فریبانہ ہونے کی حیثیت سے منسوخ کرانا چاہتا ہو صرف ایک فرق یہ معلوم ہوتا ہے کہ اول الذکر اس کا پابند نہیں ہوتا کہ وہ مدیون کے تمام دائنین کی جانب سے قائم مقامی کا دعوے رجوع کرے مگر آخر الذکر کو چاہئے کہ وہ دائنین کی عام جماعت کی جانب سے نالش رجوع کرے اس مضمون کے متعلق انگلستان کا قاعدہ جو لاز آف انگلینڈ مولفہ ہالسبری جلد ۱۵ صفحہ ۹۰ پر بیان کیا گیا ہے اور جسکی عبارت حسب ذیل ہے "قانون موضوعہ کے بموجب کسی منتقلی کو منسوخ کرنے کی نالش میں دائن کو چاہئے کہ وہ اپنی اور منتقل کنندہ کے تمام دائنین کی جانب سے دعوے رجوع کرے بجز اوس صورت کے جب اوس نے اپنے قرضہ کے لئے فیصلہ حاصل کیا ہو جس صورت میں وہ ایک حکم حاصل کرسکتا ہے جس میں یہ قرار دیا گیا ہو کہ منتقلی اوس کے مقابلہ میں کالعدم ہے اور صرف اوسکے

جیناسل بنام گل احمد (لاہور)

(۱) ایکویٹی بانچ ۱۸۶۹ء جلد ۷ صفحہ ۳۴۳
(۲) انڈین لاء رپورٹ بمبئی جلد ۲ صفحہ ۱۲۶

پنہا مل بنام ... احمد ... (لاہور) ... صفحہ ۲۲۱

قرضہ کی بیباقی کے لئے ہدایات مستلزمہ درج ہوں جبکہ کسی دوسرے دائنین یا اون کے قرضہ جات کا کوئی ذکر نہ کیا گیا ہو۔

ایسی صورت میں ہمیں یہ قرار دینا چاہیے کہ کسی انتقال کو منسوخ کرانے دفعہ ۵۳ قانون انتقال جائداد کے بہ حیث نالش رجوع کرنے کے لئے کسی دائن کو مجاز قرار دینے کے لئے یہ ضروری نہیں ہوتا کہ وہ مدیون ڈگری دار ہو یا یہ کہ اوسکو اوس جائداد پر کوئی ایسا بالکفالتی حکم حاصل ہونا چاہیے جو دستاویز انتقال میں شامل ہو اور چونکہ مدعیان نے جنہوں نے واہب کے تمام دائنین کی جانب سے نالش رجوع کی ہے قانون کی تمام شرائط ثابت کردی ہیں۔

حسبہ ہم مرافعہ منظور کرتے ہیں اور دعوے میں بہ تمام خرچہ کے ڈگری صادر کرتے ہیں۔

مرافعہ منظور کیا گیا

## ہائیکورٹ پٹنہ

مرافعہ اولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۵۱ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۳۱ مئی ۱۹۲۳ء

باجلاس:۔ سر ڈاسن ملر نائٹ چیف جسٹس و
مسٹر جسٹس کلونت سہائے

بابو چندریکا پرشاد سنگھ وغیرہ بنام بابو ہیرا لال وغیرہ

مدعی علیہم مرافعان        مدعیان ۔ مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۱۹ رول ۳۔ آرڈر ۳ رول ۵۔ حلفنامہ کا نمونہ۔ حلفنامہ پیش کرنے کی ذمہ داری۔ فرق قبل از فیصلہ ... اصول متعلقہ۔

جب کسی حلفنامہ میں یہ بیان کیا گیا ہو کہ اطلاع جس کی نسبت اظہار دیا گیا ہے مظہر کے علم اطلاع اور یقین کی حد تک صحیح ہے تو یہ ضروری ہوتا ہے کہ مظہر کو یہ بیان کرنا چاہیے کہ حلفنامہ کے کس جزو کی نسبت اوس نے خود اپنے علم سے حلف لیا ہے اور کس قدر جزو کی نسبت محض اوس اطلاع کی بنا پر حلف لیا گیا ہے جس کو وہ صحیح باور کرتا ہے۔

پدماتی داسی بنام رسک لال دھر۔ انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۹ صفحہ ۲۶۶ سے استناد کیا گیا۔

حلفنامہ جو کسی درمیانی درخواست کی تائید میں ہو وہ اون واقعات تک محدود نہیں رکھا جاسکتا ہے جن کی نسبت مظہر خود اپنے علم سے اظہار دینے کے قابل ہو یا وہ اس قسم کا ہو سکتا ہے جس میں اوس کے یقین کے بیانات کو بھی تسلیم کیا جاسکتا ہو اگر اوس کے یقین کی وجوہ کی صراحت کی گئی ہو۔ لیکن اگر حلفنامہ میں بعض واقعات کے سچے ہونے کا حلف لیا گیا ہو اور یہ نہ بیان کیا گیا ہو کہ واقعات جن کی نسبت اظہار دیا گیا تھا محض مظہر کے علم میں ہیں تو یہ فرض کرنا چاہیے کہ بیانات جس حد تک کہ وہ واقعات سے تعلق رکھتے ہیں ایسے معاملات ہیں جو خود اوس کے علم میں ہیں۔ اور وہ محض یقین کے معاملات نہیں ہیں اور اگر وہ واقعات جھوٹے ثابت ہوں تو

یہ کہنے کے لئے کوئی عذر نہ ہوگا کہ اوسکا منشاء یہ نہ تھا کہ یہ فرض کیا جائے کہ وہ ایسے امور کی نسبت حلف لے رہا تھا جو خود اوس کے علم میں تھے اور یہ کہ اوس کا منشاء صرف اون امور کو بیان کرنے کا تھا جو اوس سے بیان کئے گئے تھے۔

وہ اختیار جو عدالتوں کو آرڈر ۵ رول ۳۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب فیصلہ کے قبل مدعی علیہ کی جائداد قرق کرنے کی نسبت دیا گیا ہے اوس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ آسانی کے ساتھ یا اوس نقصان کے وجوہ کے صریح ثبوت کے بغیر استعمال کیا جائے جس کے دفعیہ کے لئے وہ قائم کیا گیا ہے۔ کسی ڈگری کی رو سے مدعی علیہ کی ذمہ داری ثابت ہو جانے کے قبل اوسکی جائداد کے قرق کرنیکا یہ اثر ہو سکتا ہے کہ اپنی جوابدہی میں اوس کو سخت پریشانی ہو کیونکہ ایسی زرقوم کے حاصل کرنے کی غرض کے لئے بھی جائدادیں منتقل نہیں کی جا سکتی ہیں جن سے اوس دعوے کی جوابدہی کیجاتی جو ممکن ہے کہ آخرکار بغیر کسی جائز وجہ کے ثابت ہو یہ اختیار صرف اوس وقت استعمال کیا جانا چاہئے جب عدالت نہ صرف اس امر سے مطمئن ہو کہ مدعی علیہ اپنی جائداد منتقل کرنے والا ہے یا عدالت کے اختیار سماعت کی حدود ارضی سے چلا جانے والا ہے بلکہ اس امر سے بھی کہ ایسا عمل کرنے میں اوس کا مقصد یہ ہے کہ ایسی ڈگری کی تعمیل میں مزاحمت یا توقف کیا جائے جو ممکن ہے کہ اوس کے خلاف صادر کیجائے اور اس طور پر مدعی کو اگر وہ کامیاب ہو کامیابی کے ثمرہ سے محروم کیا جائے۔

جب اگر تبہ عدالت یہ امر منظور کرے کہ مدعی علیہ اپنی جائداد منتقل کرنے کا کوئی منشا نہیں رکھتا ہے تو عدالت کو ایسا کوئی اختیار باقی نہیں رہتا کہ وہ قرقی قبل از فیصلہ کا حکم صادر کرے کیونکہ ایسی صورت میں یہ بالکل ظاہر ہوتا ہے کہ اوس ضروری شرط کی جو رول ۵ آرڈر ۳۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں درج ہے پابندی نہیں کیگئی ہے۔

بابو چندیکا پرشاد
بنام
بابو ہیرالال
(دیشنہ)
صفحہ ۲۲

مرافعہ بناراضی حکم صادرہ سب آرڈنیٹ جج آرہ مورخہ ۹ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

منجانب مرافعان مسٹر حسن امام اے ساحی و پی۔ کے مکرجی

منجانب مرافعہ علیہم مسٹر جیسوال و ایس دیال وبرج کشور

**چیف جسٹس ملر** ۔ یہ ایک مرافعہ دعوے کے مدعی علیہم کی جانب سے سب آرڈنیٹ جج شاہ آباد کے اوس حکم کی ناراضی سے پیش ہے جسکی رو سے مدعی علیہم کی غیر منقولہ جائداد کے متعلق قرقی قبل از فیصلہ کا حکم صادر کیا گیا ہے۔ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مدعیان نے تخمیناً ایک لاکھ روپے کی مجتمع رقم کی بازیافت کے لئے جو اونہوں نے مدعی علیہم کی کچھ غیر منقولہ جائداد کی خریداری کے معاہدہ کی جزوی تعمیل کرکے جمع کی تھی یا علی سبیل البدل تعمیل مختص اور جائداد کی حقیقی کے لئے دعوے کیا تھا۔

بیانات جو عرضی دعوے میں کئے گئے تھے یہ ہیں کہ جائداد پر کفالتوں کے متعلق بعض خلاف بیانیاں کی گئی ہیں اور یہ کہ ایسی کفالتوں کو ظاہر نہیں کیا گیا ہے اور ایسی حالت میں گو مدعیان علی سبیل البدل طریقہ سے تعمیل مختص کی استدعا کر رہے ہیں وہ دراصل وہ رقم جو اونہوں نے جمع کی تھی

شہادت سود کے واپس پانیکا دعوے کر رہے ہیں جو اوس پر واجب الادا ہو گیا ہو۔

مدعا علیہم کی جواب دہی یہ ہے کہ وہ بقایا واجب الادا زر رہن کی ادائی بیعنامہ او منتقل کرنیکے لئے بالکل آمادہ ہیں اور وہ اون خلاف بیانیوں کی نسبت بیانات سے انکار کرتے ہیں جو عرضی دعوے میں درج کئے گئے تھے۔ مدعیان نے ۹ مے سنہ گذشتہ کو صرف متدعویہ جائداد کے متعلق بلکہ بظاہر مدعا علیہم کی تمام غیر منقولہ جائداد کے متعلق قرقی قبل از فیصلہ کی درخواست کی جسکی نسبت یہ بیان کیا گیا ہے کہ عدالتی تخمینہ کے مطابق اوسکی مالیت حال میں تقریباً ... لاکھ روپیہ لگائی گئی ہے۔

وہ شہادت جو اس قسم کی درمیانی درخواست کی تائید کے لئے ضروری ہے وہ بذریعہ حلفنامہ پیش ہو سکتی ہے اور موجودہ قرقی کی درخواست کے متعلق مدعیان کی جانب سے جو شہادت پیش کی گئی تھی وہ ایک حلفنامہ تھا جسپر ایک مدعی کے مختار عام مسٹر کشن و ... کے دستخط تھے۔ حلفنامہ میں صراحتاً یہ نہیں بیان کیا گیا ہے کہ کونسے واقعات جو وہاں درج کئے گئے ہیں واقعات کے بیانات ہیں جنکا علم مظہر کو ہے یا وہ ایسے بیانات ہیں جو اطلاع اور یقین کی بنا پر کئے گئے ہیں۔ مدعا علیہان کی جانب سے اولاً یہ بحث کیگئی تھی کہ اس قسم کا حلفنامہ اون اغراض کیلئے کافی نہ تھا جنکے لئے اوسکی ضرورت تھی کیونکہ یہ ظاہر کرنیکے لئے کوئی امر موجود نہ تھا کہ آیا بیانات جو لئے گئے تھے وہ محض ایسے بیانات ہیں جو اطلاع اور یقین پر کئے گئے تھے یا آیا مظہر واقعات مندرجہ کی نسبت یہ حلف لیتا ہے کہ وہ اوس کے ذاتی علم میں تھے۔ آرڈر ۱۹ رول ۳ میں یہ صراحت کیگئی ہے کہ "حلفناموں میں صرف ایسے واقعات درج کئے جائیں گے جو شاہد کے علم میں ہوں اور اگر حلفنامہ کسی درمیانی درخواست کی نسبت ہو تو ایسے واقعات بھی جنکا اوسے یقین ہو بشرطیکہ یقین کی وجوہ ظاہر کی جائیں"۔

ایسی حالت میں یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اوس قسم کی درخواست کے حلفناموں میں صرف ایسے واقعات درج کئے جا سکتے ہیں جو شاہد کے علم میں ہوں یا وہ اس قسم کا ہو سکتا ہے جسمیں وہ بیانات بھی درج کئے جائیں جنکا اوسکو یقین ہو بشرطیکہ اوسکے یقین کی وجوہ ظاہر کی جائیں لیکن اگر حلفنامہ میں بعض واقعات سچے بتلائے گئے ہوں اور اوسمیں یہ نہ بیان کیا گیا ہو کہ واقعات جنکے متعلق اظہار دیا گیا تھا محض وہ ہیں جنکا مظہر کو یقین ہے تو میں خیال کرتا ہوں کہ یہ سمجھنا چاہئے کہ بیانات جس حد تک کہ وہ واقعہ کے بیانات ہیں ایسے امور ہیں جو خود اوسکے علم میں ہیں اور وہ محض یقین کے امور نہیں ہیں۔ ایسی حالت میں یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ موجودہ حلفنامہ لازمی طور پر اس وجہ سے ناقص نہیں ہے کہ اوسمیں صراحتاً یہ نہیں بیان کیا گیا ہے کہ آیا واقعات جنکے متعلق اظہار دیا گیا تھا ایسے واقعات ہیں جنکا شاہد کو علم ہے یا وہ محض اوسکے یقین کے بیانات ہیں۔ مقدمہ پٹنا بتی داسی بنام بہک لال دہر (۱) کا حوالہ اوس مسئلہ کی تائید میں دیا گیا تھا جو مدعا علیہم نے پیش کیا تھا۔ اوس مقدمہ میں چیف جسٹس سر لارنس جنکنس اور جسٹس اوڈروف نے یہ بیان کیا تھا "ہم اون اشخاص کو جو حلفنامجات سے استناد کریں گے یہ بتلا دینا چاہتے ہیں کہ زمانہ مستقبل میں احکام مندرجہ آرڈر ۱۹ رول ۳ کی سختی کے ساتھ پابندی کیجانی چاہئے اور ہر حلفنامہ میں صراحتاً یہ ظاہر ہونا چاہئے کہ کسقدر خود شاہد کے علم کا بیان ہے اور کسقدر اوس کے یقین کا بیان ہے اور یقین کی وجوہ اسقدر خصوصیت کے ساتھ ظاہر کی جانی چاہئیں کہ عدالت یہ رائے قائم کرنے کے قابل ہو کہ آیا شاہد کے یقین پر عمل کرنا بغیر کسی خطرہ کے ہوگا" لیکن اوس مقدمہ میں جیسا کہ رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے حلفنامہ جس کی نسبت حلف لیا گیا تھا اس قسم کا تھا جو اس ملک میں بہت زیادہ رائج ہے

(۱) انڈین کیسز جلد ۶ صفحہ ۶۶۶

واقعات کی صراحت کرنے کے بعد اوس میں یہ بیان کیا گیا ہے "میں مدعا علیہ مرافعہ علیہ مذکورہ بالا حلفاً اقرار اور بیان کرتا ہوں کہ جو کچھ کہ درخواست مذکورہ بالا میں بیان کیا گیا ہے وہ میرے علم اطلاع اور یقین کی حد تک سچ ہے" یہ امر ذہن نشین رکھنا چاہئے کہ اون آرا کے ظاہر کرتے میں جو میں نے اون کے فیصلہ سے لکھی درج کی ہیں۔ فاضل جج ایک ایسے مقدمہ میں بحث کر رہے تھے جسکے حلفنامہ میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ اطلاع جسکے متعلق اظہار دیا گیا ہے شاہد کے علم اطلاع اور یقین کی حد تک صحیح ہے جبکہ بالخصوص یہ نہیں ظاہر کیا گیا ہے کہ اوس کے کونسے حصے اوسکے علم میں سچے ہیں اور کونسے حصے اوس اطلاع سے محض اوسکے یقین کے طور پر بیان کئے گئے ہیں جو اوس نے حاصل کی تھی ایسی صورت میں یہ امر جیسا کہ قرین مصلحت اور لازمی ہوتا ہے شاہد یہ بیان کرے کہ حلفنامہ کے کسقدر حصہ کی نسبت خود اوس کے علم کی بنا پر حلف لیا گیا ہے اور کس قدر محض اوس اطلاع پر مبنی ہے جسکو وہ سچی باور کرتا ہے" لیکن اگر حلفنامہ میں ایسا کوئی بیان مندرج نہو جسکا میں نے حوالہ دیا ہے بلکہ محض بعض واقعات بیان کئے گئے ہوں اور اوسپر اوس شاہد کے دستخط ہوں جس نے اون کے متعلق حلف لیا ہے تو میرے خیال میں یہ فرض کرنا چاہئے کہ بیانات جو اوس نے کئے تھے ایسے بیانات کے طور پر ظاہر کئے گئے ہیں جو اوس کے علم میں سچے تھے۔ ایسی حالت میں میں یہ خیال کرتا ہوں کہ موجودہ مقدمہ میں اوس بنیاد پر حلفنامہ کے نمونہ کی نسبت کوئی اعتراض نہیں کیا جاسکتا۔ ساتھ ہی فریقین مقدمہ کو اور اون اشخاص کو جو اونکی جانب سے حلفنامہ جات پیش کرتے ہیں مجھے اس امر سے متنبہ کر دینا چاہئے کہ اگر وہ حلفاً اقرار کریں جیسا کہ اس حلفنامہ میں کیا گیا ہے کہ بعض واقعات سچے ہیں جبکہ یہ نہ بیان کیا گیا ہو کہ وہ واقعات اونکی اطلاع اور یقین کی حد تک سچے ہیں تو یہ فرض کیا جائیگا کہ وہ ایسے واقعات کی نسبت حلف لے رہے ہیں جن کی نسبت یہ اظہار دیا گیا تھا کہ وہ اون کے علم میں تھے اور اگر وہ واقعات جھوٹے ثابت ہوں تو یہ کہنا کوئی عذر نہ ہوگا "میرا انشا یہ تھا کہ یہ فرض کیا جائے کہ میں اپنے علم کی بنا پر واقعات کے متعلق حلف لے رہا تھا میرا انشا صرف وہ بیان کرنے کا تھا جو میرے روبرو بیان کیا گیا تھا"

ذیعلم سبارڈنیٹ جج کے روبرو جب درخواست پیش ہوئی تو مدعیوں کی جانب سے ہرکشن داس کا حلفنامہ موجود تھا اور یہی ایک شہادت تھی جو اون کے پاس درخواست کی تائید میں پیش ہوئی تھی۔ اونہوں نے درخواست منظور کی اور مدعی علیہم نے یہ بحث کی ہے کہ ذیعلم سبارڈنیٹ جج کا عمل اوس شہادت کی بنا پر جائز نہ تھا جو اون کے روبرو پیش تھی اور اوس رائے کے بموجب جو اونہوں نے شہادت کے متعلق قائم کی تھی قبل فیصلہ جائداد کی قرقی کا حکم دینے میں جائز نہ تھا کیونکہ اگر تجاویز کو منظور بھی کیا جائے تو وہ اس مقدمہ کو احکام مندرجہ آرڈر ۳۸ رول ۵ کے تحت لانے کے لئے فی نفسہ کافی نہیں ہیں۔ اوس رول میں یہ صراحت کی گئی ہے کہ "جب مقدمہ کی کسی نوبت پر عدالت کو حلفنامہ سے یا اور طور پر اطمینان ہو جائے کہ مدعی علیہ اوس ڈگری کی تعمیل میں مزاحمت یا تاخیر کی نیت سے جو اوس کے مقابلہ میں صادر کیجائے (الف) اپنی جائداد یا اوس کے کسی حصہ کو منتقل کرنے والا ہے یا (ب) اپنی جائداد یا اوسکا کوئی حصہ عدالت کی حدود ارضی کے باہر لیجانے والا ہے تو عدالت مدعی علیہ کو حکم دے سکیگی کہ مدت مقررہ عدالت کے اندر اوس قدر رقم کی جس کی حکم میں صراحت ہو اس غرض سے ضمانت داخل کرے کہ جب اوسکو حکم دیا جائیگا وہ جائداد مذکور یا اوسکی قیمت یا اوسکا

ٹھنیکا پرشاد سنگھ
بنام
بالو ہیرالال
(پٹنہ)

اوسقدر حصہ جو انفکاک کیلئے کافی ہو عدالت میں داخل کریگا یا حاضر ہوکر وجہ ظاہر کرسکے کہ اوس سے ضمانت کیوں نہ لیجائے"

اب میں اوس شہادت پر غور کرتا ہوں جو اوس درخواست کی تائید میں تھی جو ذیعلم سبارڈینیٹ جج کے روبرو پیش تھی۔ وہ حلفنامہ جس میں وہ شہادت درج تھی حسب ذیل ہے:۔ "میں حلفاً حسب ذیل اقرار کرتا ہوں:۔ یہ کہ بددیانتی کی وجہ تحریک بنے اور اس خیال سے کہ مدعیان کو اونکی پالحتی رقم سے محروم کیا جائے اور اوس ڈگری کی ادائی میں مزاحمت کی جائے جو ممکن ہے کہ مدعیان کے حق میں صادر ہو مدعی علیہم اپنی اون جائدادوں کو منتقل کرنا چاہتے ہیں جنکی صراحت درخواست میں کردیگئی ہے یہ کہ اگر جائداد منتقل کردیجائیں تو رقم ڈگری شدہ کی وصولیابی میں بہت دشواری ہوگی بلکہ رقم وصول ہونا ناممکن ہو جائیگا ایسی حالت میں مدعی علیہم کی جائدادوں کا فیصلہ کے قبل قرق کیا جانا ضروری ہے"۔

یہی تمام شہادت تھی جو مدعیان کی جانب سے ذیعلم سبارڈینیٹ جج کے روبرو اوس وقت پیش تھی جب اونکو یہ نتیجہ اخذ کرنا تھا کہ آیا اونکو قرقی قبل از فیصلہ کا حکم صادر کرنا چاہئے یا نہیں۔ بخلاف اسکے مدعی علیہم نے ایک درخواست پیش کی جسکی تصدیق حلفنامہ کی روسے کیگئی تھی جس میں اونہوں نے یہ بیان کیا تھا کہ یہ بیان قطعاً غیر صحیح تھا کہ اونکا ایسا کوئی منشا تھا کہ وہ اپنی خاندانی جائداد کا کوئی حصہ یعنے وہ جائداد جسکی قرقی کی استدعا کیگئی تھی منتقل کریں اور یہ کہ اسکے خلاف جو بیان ہرکشن داس کے حلفنامہ میں کیا گیا تھا وہ بالکل مبنی بہ کینہ تھا۔ اب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ذیعلم جج نے اوس معاملہ پر کس طرح تجویز کی تھی۔ اونکا فیصلہ مختصر ہے اور اوسکا مضمون یہ ہے کہ مدعی علیہ کے لائق کونسل نے اپنی درخواست کی تائید میں

صفحہ ۷۲۴

ضمانت دینے یا جائدادوں کی قرقی کے متعلق زیادہ تر اس بنا پر اعتراض کیا ہے کہ مدعی علیہ کا ایسا کوئی منشا نہیں ہے کہ وہ اوس جائداد کا کوئی جزو منتقل کرے جسکی نسبت یا استدعا کی گئی تھی کہ وہ قرق ہو جائے لیکن یہ جوابدہی کافی نہیں ہے مندرجہ بالا رول کا اصلی مقصد یہ ہے کہ مدعی کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ مقدمہ میں ڈگری حاصل کرنیکی صورت میں ڈگری کی رقم وصول کرسکے۔ مدعیان نے تقریباً ڈیڑہ لاکھ روپیہ کی ڈگری کی استدعا کی ہے یہ رقم متدعویہ ہے۔ وہ ایک ڈگری زرنقد ہوگی۔ مدعی علیہ کی جانب سے یہ نہیں ثابت کیا گیا ہے کہ اس ڈگری کا انفکاک کس طور پر ہو سکتا ہے اگر مدعی علیہم کی جائداد مندرجہ بالا رول کے منشا کے مطابق قرق نہ کیجائے" قاعدہ مندرجہ بالا آرڈر ۳۸ رول ۵ ہے جسکا ذکر حکم کی پیشانی پر کیا گیا ہے"! اور نہ یہ ظاہر کرنیکی کوشش کیگئی ہے کہ مدعی علیہ کو کس طرح نقصان پہنچیگا اگر اوسکی جائدادیں قرق ہوں جبکہ جائدادوں کو منتقل کرنیکا اوسکا منشا نہیں ہے۔ عدالت کی اس رائے کے بموجب حکم اظہار وجہ جو مدعی علیہ کے نام جاری کیا گیا تھا بحال رکھا جائیگا اور بدوران مقدمہ جائدادیں قرق رہیں گی"۔

ذیعلم سبارڈینیٹ جج کی کمال عظمت کے باوجود مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اونہوں نے آرڈر ۳۸ رول ۵ کے منشا اور اثر کو بالکل غلط سمجھا تھا اوس اختیار کی نسبت جو عدالت کو مدعی علیہ کی جائداد قبل فیصلہ قرق کرنے کے متعلق دیا گیا ہے کبھی یہ مقصود نہ تھا کہ اوسکا استعمال آسانی کے ساتھ یا اوس نقصان کے وجود کے صریح ثبوت کے بغیر کیا جائے جسکے دفعیہ کے لئے رول قائم کیا گیا ہے کسی ڈگری کی رو سے مدعی علیہ کی ذمہ داری ثابت ہو جانے کے قبل اوسکی جائداد کے قرق کردینے کا یہ اثر ہو سکتا ہے کہ اپنی جوابدہی کرنے میں اوسکو سخت پریشانی ہو کیونکہ ایسی رقوم کے حاصل کرنیکی غرض کے لئے بھی

بابو خیندیکا پرشاد بنام بابو ہیرا (پٹنہ)

جائدادیں منتقل نہیں کیجاسکتی تھیں جن سے اوس دعوے کی جوابدہی کیجاتی جو ممکن ہے کہ آخرکار بغیر کسی روئداد کے ثابت ہو۔ یہ اختیار صرف اوسوقت دیا گیا ہے جب عدالت نہ صرف اس امر سے مطمئن ہو کہ مدعی علیہ اپنی جائداد منتقل کرنیوالا یا عدالت کے اختیار سماعت کی حدود ارضی سے چلا جانیوالا ہے بلکہ اس امر سے بھی کہ ایسا عمل کرنیں اوسکا مقصد یہ ہے کہ ایسی ڈگری کی تعمیل میں مزاحمت یا تاخیر کرے جو ممکن ہے کہ اوسکے خلاف صادر کیجائے اور اس طور پر مدعی کو اگر وہ کامیاب ہو کامیابی کے ثمرہ سے محروم کیا جائے موجودہ مقدمہ میں ذیعلم سبارڈینیٹ جج نے یہ نہیں بیان کیا کہ وہ مدعی علیہم کی نسبت یہیں باور کرتے جب وہ یہ کہتے ہیں کہ اونکا منشا اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائداد کے کسی جزو کو منتقل کرنیکا نہیں ہے۔ جو کچھ کہ اونہوں نے بیان کیا ہے وہ یہ ہے کہ یہ جواب کافی نہیں ہے مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جب ایکمرتبہ یہ رائے منظور کیجائے کہ مدعی علیہم اپنی جائداد منتقل کرنیکا کوئی منشاء نہیں رکھتے ہیں تو عدالت کو یہ اختیار باقی نہیں رہتا کہ وہ قرقی قبل از فیصلہ کا حکم صادر کرے کیونکہ ایسی صورت میں یہ بالکل واضح ہوتا ہے کہ آرڈر ۳۸ رول ۵ کی شرائط پوری نہیں ہوئی ہیں جنکی وجہ سے عدالتکے لئے ضروری ہے کہ وہ اس امر سے مطمئن ہو کہ مدعی علیہم اس غرض سے اپنی جائداد منتقل کرنیوالے ہیں کہ ایسی ڈگری کی تعمیل میں مزاحمت یا تاخیر کریں جو ممکن ہے کہ اون کے خلاف صادر کیجائے ۔

لیکن ذیعلم جج نے تجاوز کیا ہے اور حکم زیر بحث صادر کرنیکی وجہ یہ بتلائی ہے کہ مدعی علیہم نے یہ نہیں ثابت کیا ہے کہ ڈگری کا انفکاس طور پر ہو سکتا ہے اگر مدعی علیہم کی جائداد زیر قرقی رکھنے کی تدابیر نہ اختیار کیجائیں اور یہ کہ کوئی کوشش یہ ظاہر کرنے کے لئے نہیں کیگئی ہے کہ مدعی علیہم کو کسطور پر نقصان پہنچیگا اگر اونکی جائداد قرق رہے جیسا کہ وہ بیان کرتے ہیں جب اوسکو منتقل کرنیکا کوئی منشا نہ تھا مقدمہ کی صرف اس رائے کے لحاظ سے ذیعلم سبارڈینیٹ جج نے حکم صادر کیا تھا۔ یہ بالکل واضح ہے کہ وجوہ جو ذیعلم سبارڈینیٹ جج نے قرقی کا حکم دینے کے متعلق بتلائی تھیں بحال نہیں رکھی جاسکتیں اگر ہم مناسب خیال کریں تو ہم یہ مقدمہ اون کے روبرو بھر آرڈر ۳۸ رول ۵ کے معنی اور منشا کے متعلق بعض ہدایات کے ساتھ واپس کرسکتے ہیں لیکن ہمارے روبرو شہادت موجود ہے اور عدالت مرافعہ اولے کی حیثیت سے ہم اسکے مجاز ہیں کہ پیش شدہ سوال پر تجویز کریں میری رائے میں اس قسم کے معاملہ میں حلفنامہ جو مدعیان کی جانب سے پیش کیا گیا ہو جسکی تردید مدعی علیہم کی جانب سے کیجاچکی ہے کسی عدالت کو اس امر کا اطمینان دلانے کے لئے بالکل ناکافی ہے کہ مدعی علیہم اپنی جائداد منتقل کرنیوالے یا عدالت کے اختیار سماعت کی حدود ارضی سے اس غرض سے منتقل کرنے والے ہیں کہ ایسی ڈگری

صفحہ ۲۵

کی تعمیل میں مزاحمت یا تاخیر کریں جو ممکن ہے کہ اون کے خلاف صادر کیجائے حلفنامہ نہایت ہی مبہم اور عام عبارت میں مرتب کیا گیا ہے۔ شاہد یہ بیان کرتا ہے کہ بددیانتی کی وجہ تحریک سے مدعی علیہم اپنی جائداد منتقل کرنا چاہتے ہیں اور اسکے بعد یہ بیان کرتا ہے کہ اگر جائدادیں منتقل کردیجائیں تو رقم ڈگری شدہ کی وصولیابی میں بہت زیادہ دشواری ہوگی یہی تمام حالت ہے۔ کسی قسم کی کوئی کیفیت نہیں بتلائی گئی ہے کہ مدعی علیہم نے کسی موقع پر اپنی جائداد منتقل کرنے کی کوئی کوشش کی تھی اور یہ نہیں ظاہر کیا گیا ہے کہ کوئی ایسا واقعہ پیش آیا تھا جس سے یہ شبہ ہو سکتا تھا کہ مدعی علیہم کا کوئی منشا اپنی جائداد حدود ارضی سے منتقل کرنیکا یا عدالت کے اختیار سماعت سے باہر کرنیکا تھا۔ ایک لفظ بھی اس بارے میں نہیں کہا گیا ہے کہ کس طرح شاہد کو اون واقعات کا علم ہوا تھا جنکی نسبت اوس نے اظہار دیا ہے اور حلفنامہ جب اوسکی تردید کی گئی ہے تو وہ بطور شہادت کے عملی طور پر بیکار معلوم ہوتا ہے۔ جائداد کی مالیت جو اس مقدمہ میں قرق کی گئی تھی تقریباً ۸ لاکھ روپے بیان کی گئی ہے دراصل

بدیا پرشاد وغیرہ
بنام
بیلا لال
پٹنہ

مدعی علیہم کی یہ تمام غیر منقولہ جائداد ہے جبکہ مدعی کا دعوے صرف ایسی رقم کے لئے ہے جو ڈیڑھ لاکھ روپیہ سے کم ہے یہ فی نفسہ میرے خیال میں ایک ایسا معاملہ ہے جس سے اس معاملہ میں مدعیان کی نیک نیتی پر شبہ ہوتا ہے اور ایک ایسا غور طلب امر ہے جس سے عدالت کو کسی قدر احتیاط کے ساتھ اوس شہادت کی جانچ کرنے کی ترغیب ہونی چاہئے جس پر درخواست مبنی ہے بخلاف اسکے مدعی علیہم نے اپنی جائداد منتقل کرنے یا اوسکو عدالت کے اختیار سماعت کی حدود ارضی سے باہر لیجانے کی نیت کی کلیتاً تردید کی ہے۔ یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ ڈسٹرکٹ جج نے اونکو یا اونہیں کیا تھا لیکن یہ فرض کرکے بھی کہ اونکی ایسی کوئی نیت نہ تھی۔ اونہوں نے جائداد کی قرقی کا حکم دیا ہے۔ موجودہ مقدمہ کی شہادت سے مجھے بالکل اطمینان نہیں ہوتا کہ ایسی تدبیر کے اختیار کرنے کے لئے جو بہرصورت بہت ہی سخت تدبیر ہے یعنے جائداد کا قرق کرنا قبل اسکے کہ مدعیان نے دعوے میں کامیاب ہونے کا کوئی حق ظاہر کیا ہو کوئی دلیل نہیں ثابت کی گئی ہے۔

میری رائے میں یہ مرافعہ منظور، ڈسٹرکٹ جج کا حکم منسوخ اور جائداد قرقی سے واگذاشت کیجانی چاہئے۔

مرافعان ڈسٹرکٹ جج کے روبرو درخواست کا اور اس عدالت کے روبرو مرافعہ کا خرچہ پانے کے مستحق ہیں۔

حکم دیا جاتا ہے کہ مثل فوراً عدالت ماتحت میں واپس کیجائے

**جسٹس کلونٹ سہائے۔** میں متفق ہوں۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ تحت فرمان شاہی

نمبر مقدمہ ۱۳۰ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲ فروری ۱۹۲۳ء

باجلاس ... شادی لال ... چیف جسٹس و ... فورڈ

نواب ابوالحسن خاں **بنام** مجلس صفائی دہلی

مدعی۔ مرافع　　مدعی علیہ۔ مرافعہ علیہ

قانون صفائی پنجاب ایکٹ ۳ بابتہ ۱۹۱۱ء دفعات ۳ (۱۳)

(الف)، ۱۸۹، ۱۹۳۔ راستہ۔ "عوام کا گذر" کے معنی تعمیر کی منظوری۔ شرط جدا راستے کی حد کو مقرر کرتی ہو کب عائد کیجا سکتی ہے

اصطلاح "عوام کا گذر" مندرجہ دفعہ ۳ (۱۳) (الف) قانون صفائی پنجاب سے یہ مراد ہے کہ عوام الناس کو حق یا اجازت کی بنا پر فی الواقع گذر کا اختیار حاصل ہو۔

خانگی مالکان کی جانب سے خانگی اراضی آزادانہ تعمیر کے حق کو محدود کرنیکا اختیار مجالس صفائی کو دفعہ ۱۸۹ قانون صفائی پنجاب کے بموجب عطا کیا گیا ہے۔

اس دفعہ کی رو سے مجلس صفائی کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ راستہ کی حد مقرر کرنیکی شرط عائد کرے بجز اسکے کہ تعمیر کیجانیوالی عمارت کسی راستہ سے متعلق ہوتی ہو۔

دفعہ ۱۹۰ قانون صفائی پنجاب کی رو سے مجلس صفائی تعمیر کی اجازت دینے سے ... انکار کر سکتی ہے لیکن اگر اجازت عطا کیجائے تو اوسکی رو سے صرف ایسی شرائط عائد کیجا سکتی ہیں جنکی ... دفعہ ۱۸۹ قانون مذکور ... ہے۔

مرافعہ تحت فرمان شاہی ... حکم ... جسٹس ... مورخہ ۱۵ ... ۱۹۲۲ء ... ۱۹۲۲ء ... جلد ا صفحہ ...

... دفعہ ۱۱۱ ... 

... 

فیصلہ۔ مرافع ابوالحسن ... صفائی دہلی ...

نواب ابوالحسن خان بنام مجلس صفائی دہلی (لاہور)

پیش کی کہ اوسکو اپنی پچھلی اراضی پر جو حدود صفائی میں واقع ہے ایک سکونتی مکان تعمیر کرنے کی اجازت دیجائے ۔

تعمیر کی اجازت عطا کی گئی مگر اوسکے ساتھ یہ شرط قائم کیگئی کہ عمارت سڑک کے وسط سے ۱۴ فٹ کے فاصلہ پر تعمیر کیجانی چاہئے ۔ اس طلاع کی غرض یہاں اوس اراضی کا ایک جزو ظاہر کرنیکے لئے استعمال کی گئی ہے جو ایک شخص بنارسی داس کی ملکیت تھی اور جسکو ایک پست دیوار اوس اراضی سے جدا کرتی تھی جسپر مرافع تعمیر کرنا چاہتا تھا ۔

اگر مرافع اس شرط کے مطابق تعمیر کرتا تو اوسکی عمارت اس دیوار کے تقریبًا ایک فٹ پیچھے قائم ہوتی حقیقت میں یہ مکان دیوار سے متصل تعمیر کیا گیا تھا اور اسلئے اوس شرط کی خلاف ورزی کی گئی تھی جو صفائی نے عائد کی تھی ۔

وہ سوال جسکا ہمیں تصفیہ کرنا چاہئے یہ ہے کہ آیا مجلس صفائی کو اس شرط کے عائد کرنیکا اختیار تھا یا نہ تھا ۔ خانگی اراضی پر خانگی مالکان اراضی کے آزادانہ طریقہ سے تعمیر کرنیکے حق کو محدود کرنیکا اختیار قانون صفائی پنجاب ایکٹ بابتہ سنہ ۱۹۱۱ء کی رو سے عطا کیا گیا ہے ۔ دفعہ ۱۸۹ (۱) قانون مذکور میں اس امر کی صراحت کی گئی ہے کہ کوئی شخص مجاز نہ ہوگا کہ وہ مجلس صفائی کی منظوری کے بغیر عمارت تعمیر کرے ضمن (۳) میں یہ صراحت کی گئی ہے کہ مجلس کو اختیار ہے کہ وہ قواعد میں منجملہ دیگر امور کے اون شرائط کو مقرر کرے جن کے مطابق عمارت مندرجہ ذیل امور میں ہونی چاہئے ۔

(۱) عمارت کے سامنے صاف راستہ

(۲) وہ جگہ جو عمارت کے اطراف اس غرض سے چھوڑ دی جائے کہ ہوا بلا مزاحمت آ جا سکے اور صفائی میں سہولت ہو اور آگ سے حفاظت کی جائے ۔

(۳) روشندان اور نالیوں، بیت الخلا، پیشاب خانوں یا گڑھوں کا مقام اور اون کے متعلق انتظام ۔

(۴) بنیاد کی سطح اور کشادگی، سب سے نیچی منزل کی سطح اور عمارت کا استحکام اور

(۵) ہمسایہ عمارتوں کے ساتھ عمارت کی حد اگر عمارت کسی راستہ کے محاذی ہو ۔

تعمیر کی منظوری عطا کرنے میں مجلس صفائی نے جو شرط عائد کی تھی اوسپر اس بنا پر اعتراض کیا گیا ہے کہ اوسکی اون قواعد کی رو سے اجازت نہیں دیگئی جو اس ضمن کے احکام کے تحت مرتب کئے گئے تھے مجلس صفائی کی جانب سے تمام کارروائی میں یہ بحث کیگئی ہے کہ یہ قید ضمن کے منشا میں نہیں آتی یعنی یہ کہ وہ قرب وجوار کی عمارتوں کے ساتھ عمارت کی حد کو مقرر کرنے کی غرض سے عائد کی گئی تھی جسمیں یہ فرض کیا گیا ہے کہ عمارت زیر بحث "کسی راستہ کے محاذی ہے" ۔

مرافع نے تمام دوران میں اس امر پر اقرار کیا ہے کہ عمارت دراصل راستہ کے محاذی نہیں ہے اور یہ کہ ایسی حالت میں یہ قید اس ضمن میں داخل نہیں ہے اور جسبہ وہ ناجائز ہے ۔ فریقین متنازعہ کے مابین ان تنقیحات کے تصفیہ کے لئے عدالت ابتدائی میں حسب ذیل سوالات مرتب کئے گئے تھے ۔

(۱) آیا مجلس صفائی کا حکم خارج از اختیار ہے ؟

(۲) آیا متصلہ کھلی ہوئی جگہ راستہ نہیں ہے ؟

دفعہ ۳ ضمن (۱۳) (الف) قانون صفائی میں "راستہ" کی تعریف بطور "کسی سڑک" راستہ قطعہ اراضی صحن کوچہ یا گذرگاہ کے کی گئی ہے جہاں مستقل یا عارضی طور پر عوام کو حق گذر حاصل ہو خواہ وہ شارع عام ہو یا نہو اس ضمن (الف) کے دوسرے حصہ میں بعض قیود کے تابع کھلی ہوئی جگہ داخل ہے لیکن یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ اراضی زیر بحث "کھلی ہوئی اراضی" کی تعریف میں نہیں آتی جب اوسکی اسطور پر تعریف کی گئی ہے ضمن کے پہلے حصہ کے تحت تنقیح قائم کی گئی تھی ۔

اب یہ بالکل واضح ہے کہ اراضی زیر بحث "راستہ" کی تعریف میں داخل ہوگئی جسطور پر کہ اوسکی تعریف دفعہ ۳ (۱۳) (الف) کے حصہ میں کیگئی تھی اگر یہ ظاہر کیا جاسکتا تھا کہ وہاں مستقل یا عارضی طور پر عوام کا گذر ہوتا تھا "عوام کے گذر" سے مراد یہ ہے کہ در اصل تمام عوام الناس کو حق یا اجازت کی بنا پر گذر کا حق حاصل ہو۔ عدالت ابتدائی نے اوس شہادت کی بنا پر جو اوس کے روبرو پیش تھی یہ قرار دیا ہے کہ فقرہ کے مفہوم میں اس اراضی پر عوام کو حق گذر حاصل نہیں ہے اور جسبہ یہ قرار دیا ہے کہ اراضی راستہ نہیں ہے بر طبق مرافعہ دونوں ججوں نے اس فیصلہ سے اتفاق کیا ہے اور اس تجویز واقعاتی میں دست اندازی کرنے کی ہم کوئی وجہ نہیں پاتے ایسی حالت میں یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ عمارت کسی کوچہ میں نہیں نکلتی اور جسبہ وہ شرط جسکا عائد کرنا مقصود تھا اوسکی دفعہ ۱۸۹ ضمن (۳) (۵) کی رو سے اجازت نہیں دیگئی ہے۔ کمیٹی کو یہ اختیار نہیں ہے تاکہ وہ پشتہ کی حد مقرر کرنیکی شرائط نافذ کرے بجز اسکے کہ تعمیر کیجانیوالی عمارت کسی راستہ کے متوازی ہو [illegible] میں یہانتک کہ ضمن کے اوس فقرہ کا تعلق ہے یہ قید بلا اختیار ہے۔

صفائی کے کونسل نے اس امر پر زور دیا ہے کہ شرط جو عائد کیگئی تھی اوسکا ضمن ۳ فقرہ (۱) یا (۱۱) کے بموجب بھی انتساب ہو سکتا ہے۔ ۳۔ یعنے یہ کہ کوچہ کی وسط سے ۲ فٹ کے فاصلہ پر عمارت تعمیر کرنیکا حکم اس غرض سے صادر کیا گیا تھا تاکہ عمارت کے روبرو کھلا ہوا راستہ ہو یا ہوا بلا مزاحمت کے ساتھ آجا سکے۔ صفائی میں سہولت ہو اور آگ کو روکا جاسکے ہم اس بحث کو تسلیم نہیں کرسکتے یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ ماتحت عدالتوں میں اوسپر بہ نظر غائر استدلال کیا گیا ہے اور وہ مقدمہ کے واقعات کے مطابق نہیں ہے۔

مرافعہ علیہم کی جانب سے یہ بھی بحث کی گئی ہے کہ مجلس صفائی کو قانون کی دفعہ ۱۹۳ کی رو سے یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ ہر ایسی شرط قائم کرے جسکا عائد کرنا وہ مناسب خیال کرے ہم یہ امر [illegible] منظور نہیں کرسکتے۔ دفعہ ۱۹۳ کی رو سے مجلس صفائی کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ تعمیر کی اجازت دینے سے انکار کرے یا منظوری عطا کرے جو متعلق ہو یا اون امور کے منجملہ تمام یا بعض کے متعلق جنکی صراحت دفعہ ۱۸۹ میں کی گئی ہے ایسی شرط کے تابع ہو جو وہ مناسب خیال کرے یعنے یہ کہ مجلس صفائی کو یہ اختیار ہے کہ وہ تعمیر کی اجازت دینے سے قطعاً انکار کرے لیکن اگر اجازت عطا کی جائے تو صرف ایسی شرائط عائد کیجاسکتی ہیں جنکی صراحت ضمن میں کی گئی ہے۔

بر قرار دیگر جیسا کہ ہم نے قرار دیا ہے کہ شرط جو مجلس صفائی نے عائد کی تھی بلا اختیار ہے ہمیں ڈسٹرکٹ جج کا حکم بحال رکھتے ہوئے مرافعہ معہ خرچہ خارج کرنا چاہیے۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## عدالت جوڈیشل کمشنر اودھ

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۵۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۳ مئی سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر سمپسن اڈیشنل جوڈیشل کمشنر و مسٹر وزیر حسن اڈیشنل جوڈیشل کمشنر

بنبھدر پرشاد تیواری و دیگر بنام ہر نارائن داس

مدعی علیہما مرافعان — مدعی۔ مرافعہ علیہ

مالکان اراضی کنارہ دریا۔ دریا کے راستہ میں ناگہانی تغیر ایک مالک کی اراضی کا دوسرے کی اراضی کے ساتھ ملجانا۔ ملکیت کا انتقال [illegible] اصول ارضیات کی شناخت مفقود ہونیکا اثر۔ "دھردھورا" رواج کے معنی۔ "واجب العرض" کی تعبیر۔ ریگولیشن اراضی دریا برآمد و دریا برد بنگال نشان ۱۱ بابتہ سنہ ۱۸۲۵ء دفعہ ۴ فقرہ (۲)

جب کسی دریا کے راستہ میں ناگہانی تغیر کی وجہ سے کوئی قطعہ اراضی جو ایک مالک اراضی کنارہ دریا کی ملک ہو کٹ جائے اور دوسرے مالک

ارضی کنارہ دریا کی ارضی کے ساتھ شریک ہوجاوے تو جبتک کہ اوسکی شناخت مفقود ہو اوسکی ملکیت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔

قانون کا اصول جو اوپر بیان کیا گیا ہے وہ نہ صرف قانون انگلستان کا ہے اور نہ وہ ایسا اصول ہے جو قانون متعلق کے کسی طریقہ سے مخصوص ہو بلکہ وہ ایسا اصول ہے جو عام قانون اور انصاف پر مبنی ہے اور ریگولیشن اراضی بر آمدہ دریائے بنگال دفعہ ۴ فقرہ ۲ میں منضبط کیا گیا ہے۔

جب کوئی شخص اصول مندرجہ بالا کے خلاف کوئی رواج پیش کرے تو اوسکو چاہئے کہ واضح متعین اور خاص شہادت سے اوسکو ثابت کرے۔

یہ عمل بالکلیہ تمام اصولوں کے خلاف ہوتا ہے کہ کسی رواج کو امکانی نتایج یا اغلب قیاسات کی بنا پر بحال رکھا جاوے۔

لفظ "دہر دہورا" کوئی علمی اصطلاح نہیں ہے جو لازمی طور پر ہمیشہ اور تمام حالات میں یہ ظاہر کرتی ہو کہ گہری دہار کسی دریا کے متقابل کناروں کے موضعوں یا محالات کے مابین مستقل حد ہے۔

ایک دریا کے ایک کنارے کے موضع کے واجب العرض میں حسب ذیل اندراج تھا۔ "ہمارے موضع اور متقابل موضع کے مابین ایک قدیم حد ہے جو دریا کی اصلی دہار سے متعین ہے اور جو کہ اسوقت تک اصلی دہار ہمارے موضع کے نیچے بہتی ہے اسلئے کٹری کی ارضی کا تعلق موضع سے ہے لیکن جب اصلی دہار دکے نیچے سے بہیگی تو ہم کٹری کی ارضی کے مستحق ہونگے"۔ دوسرے کنارے کے موضع کے واجب العرض میں یہ بیان کیا گیا تھا "دریا اس موضع کی حد سے گذرتا ہے اور ایسی حالت میں جب دریا کی اس جانب کوئی ارضی بہ کر دوسری جانب نکل جاوے تو وہ اوس زمیندار کے قبضہ میں آجاتی ہے جسکا ارضی قایم ہوتی ہے یعنی دہر دہورا رواج نافذ ہے"۔

قرار دیا گیا (۱) کہ گو دہر دہورا رواج کا ذکر صراحتاً واجب العرض میں کیا گیا تھا باوجود اوسکے حالات جس سے وہ متعلق تھا اون الفاظ میں بیان نہ کئے گئے تھے جن سے کہ یہ تدریجی شناخت ارضی کا محض حاصل کیا جاتا ظاہر ہوتا ہو اور اگر حالت یہی تو اندراج عام قانون کے محض اعادہ کے علاوہ کسی اور حد تک نہیں پہنچیگا۔

(۲) یہ کہ یہ ظاہر کرنیکے لئے کوئی امر موجود نہ تھا کہ واجب العرض کے اندراجات دریا کی دہار کے ناگہانی تغیر کی وجہ سے ارضی دریا کی ایک جانب سے دوسری جانب منتقل ہونے کی صورت سے صراحتاً متعلق ہے۔

مرافعہ بیاروہی ڈگری معتمد ڈسٹرکٹ جج لکھنو مورخہ ۹ مئی سنہ ۱۹۲۱ء مشعر بحالی ڈگری معتمد سب آرڈینیٹ جج اناؤ مورخہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء

منجانب مرافعان۔ پنڈت گوکرن ناتھ مصرا۔

منجانب مرافعہ علیہ۔ بابو باسدیو لال۔

**فیصلہ**۔ یہ ایک مرافعہ ثانی ڈگری معتمد ڈسٹرکٹ جج لکھنو مورخہ ۹ مئی سنہ ۱۹۲۱ء مشعر بحالی ڈگری معتمد سب آرڈینیٹ جج اناؤ مورخہ ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء کی بابت پیش ہے جسکی رو سے مدعی مرافعہ علیہ کے دعوے میں ڈگری صادر ہوئی تھی یہ مرافعہ ابتدا اس عدالت کے ایک منفرد جج کے روبرو سماعت کے لئے پیش ہوا جنہوں نے اپنے حکم مورخہ ۱۲ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء کی رو سے اس امر کی تصدیق کی کہ مقدمہ اس قابل تھا کہ دو ججوں کا ایک بنچ اوسکی سماعت اور تصفیہ کرے چنانچہ وہ ہمارے روبرو بغرض تصفیہ پیش ہوا۔ مقدمہ کے واقعات چنداں پیچیدہ نہیں لیکن وہ سوال جو اس مرافعہ میں تصفیہ طلب ہے وہ نہ صرف بہت زیادہ اہمیت رکھتا ہے بلکہ اوسکا حل کرنا بھی دشوار ہے۔ مدعی ضلع اناؤ پرگنہ سکندرپور میں مواضعات ریوتا پور اور مرزاپور کا مالک ہے۔ یہ دو مواضعات دریا گنگا کے شمالی کنارہ پر واقع ہیں۔ مدعا علیہم مواضعات کیوڑا اور کیوڑا کا پورہ کے مالک ہیں جو ضلع کانپور میں دریا کے جنوبی کنارہ پر واقع ہیں اور معمولی حالت میں دو محالات کے مابین دریا گنگا حد ہے۔

مدعی کی بحث یہ ہے کہ دہر دہورا رواج کی رو سے دریا کی گہری دہار اسوقت بھی حد کا تعین کرتی ہے جبکہ اوس دہار کا راستہ ناگہانی طور سے تبدیل ہوگیا ہو اور

بلسیھ پرشاد بنام ہرنارائن وغیرہ (۱۱۰۵)

صفحہ ۲۸

بلبھدر پرشاد بنام ہرنارائن وغیرہ (۰۰۹۵)

کبھی دہار کے تبدیل ہونیکے عمل کی وجہ سے اراضی دریا کے ایک جانب کٹکر دوسری جانب بڑھتی ہو اسطور پر وہ اراضی جو کبھی دہار کے شمال کی جانب بڑھ جاتی ہے مدعی کی جائداد ہو جاتی ہے اور وہ اراضی جو جنوب کی طرف بڑھتی ہے اور مدعی علیہم کے مواضعات سے ملی ہو مدعی علیہ کی جائداد ہو جاتی ہے اکتوبر ۱۹۱۵ء تک تمام متنازعہ رقبہ مدعی علیہم کے مواضعات کا جزو تھا لیکن اوسی سال نومبر میں دریا کا راستہ نا گہانی طور پر بدل گیا اور متنازعہ اراضیات جو سابق مدعی علیہم کی تھیں دریا کے بدلنے والے راستہ کی وجہ سے شمال کی طرف بڑھ جانے سے مدعی کے مواضعات سے مل گئیں۔ اس رواج کی بنا پر جسکا اوپر ذکر کیا گیا ہے مدعی اون اراضیات موازی ۲۰۴ بیگہ کے متعلق حقیت کا دعویدار ہے دونوں ماتحت عدالتوں نے اوسکے دعوے میں ڈگری صادر کی ہے۔

ہمارے روبرو مرافعہ میں تصفیہ طلب سوال یہ ہے کہ آیا وہ ایسا کوئی جائز رواج ثابت کرنے میں کامیاب ہوا ہے جسپر متنازعہ اراضیات کی نسبت اوسکی حقیت مبنی ہو سکتی تھی۔

ان اشخاص کے مابین سابق میں مقدمہ بازی ہوئی تھی جسمیں موجودہ مدعی نے متنازعہ اراضیات کی نسبت اپنی حقیت دھر دھورا کے اوسی رواج پر مبنی کی تھی جسپر اوسنے موجودہ مقدمہ میں استدلال کیا ہے پہلی دو عدالتوں میں وہ ناکامیاب رہا تھا۔ رواج کے سوال پر اون عدالتوں کی تجویز اوس کے خلاف تھی اوس مقدمہ میں ایک مرافعہ ثانی رجوع کیا گیا تھا اس عدالت کے ایک فاضل جج نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ دھر دھورا رواج ثابت ہو گیا تھا دونوں ماتحت عدالتوں کے فیصلے منسوخ کئے گئے تھے اور مقدمہ عدالت مرافعہ تحت میں واپس کیا گیا تھا تا کہ اوسکے ابتدائی نمبر پر اوسکو پھر قائم کیا جائے اور ایسی مزید شہادت قلمبند کرنے کے بعد جو وہ ضروری خیال کرے اون ہدایات کے مطابق جو اوس فیصلہ میں دیگئی تھیں اوسکا تصفیہ کیا جائے یہ تجویز قلمبند کرنے کے بعد کہ دھر دھورا رواج جس طور پر کہ دعوے میں بیان کیا گیا ہے ثابت ہو گیا تھا ذیعلم جج نے اس سوال کا تصفیہ کرنے کی کارروائی کی کہ آیا وہ رواج ایسے مستقل جزیرہ سے متعلق ہو سکتا تھا جو کسی دہار کے دو دہاروں کے مابین واقع ہو لیکن چونکہ مواد شمولہ مسل اونکو اوس سوال پر تجویز صادر کرنے کے لائق بنانے کے لئے کافی نہ تھا جیسا کہ اوپر صراحت کی گئی ہے تمام مقدمہ واپس کیا گیا تھا اوس سوال پر جو فیصلہ متذکرہ بالا میں پیش کیا گیا تھا ماتحت عدالتوں نے مدعی علیہم کے موافق اور مدعی کے خلاف تجویز صادر کی۔ اوس تجویز کا نتیجہ یہ ہوا تھا کہ اون دونوں عدالتوں نے مدعی کا دعویٰ خارج کیا مدعی نے پھر اخراج کی موخر الذکر ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ ثانی رجوع کیا تھا اور اس عدالت کے اون ہی فاضل جج نے جنہوں نے سابقہ مرافعہ کی سماعت کی تھی دوسرے موقع پر بھی مرافعہ میں سماعت کی حکم مورخہ ۱۳ ستمبر ۱۹۱۸ء کے بموجب وہ مرافعہ خارج کیا گیا تھا۔ ماتحت عدالتوں کے فیصلوں سے اتفاق کرتے ہوئے ذیعلم جج نے یہ تجویز قلمبند کی کہ یہ نتیجہ ناگزیر ہے کہ سوتا نا قابل عبور تھا اگرچہ ہموار تھا۔ یہ سمجھنا دشوار ہے کہ کس بنا پر جزیرہ کی حقیت مدعی علیہم کے موافق قرار دی گئی تھی گو جو تجویز قلمبند کی گئی تھی وہ یہ تھی کہ جزیرہ اور مدعی علیہم کے مواضعات والے کنارے کے مابین دہار پایاب نہ تھیں۔ ایسے حالات میں یہ معلوم ہو گا کہ جزیرہ کی حقیت سرکار کو حاصل ہے (ملاحظہ ہو فقرہ ۳ دفعہ ۴ ایکٹ ۱۱ بابتہ ۱۸۲۵ء) خواہ حالت کچھ ہی ہو یہ بالکل واضح ہے کہ فاضل جج نے یہ قرار دیا تھا کہ "دھر دھورا" رواج کی نسبت جسطور پر کہ وہ اوس مقدمہ میں ثابت کیا گیا تھا یہ ثابت ہوا تھا کہ اوس میں ایسی صورت داخل ہے جسمیں مدعی علیہم کی اراضی مستقل جزیرہ بن گئی تھی جو دو دہاروں کے مابین تھا جنکے منجملہ کوئی دہار بھی پایاب نہ تھی حقیقت یہ ہے کہ اونہوں نے اپنی رائے حسب ذیل طریقہ سے قلمبند کی تھی:۔

اس عدالت نے یہ قرار دیا تھا کہ مواضعات زیر بحث کے بابت دستور دھورا رواج نافذ تھا لیکن وہ مستقل جزیرہ سے غیر متعلق تھا جو کسی دریا کی دو دھاروں کے مابین واقع تھا جن میں سے کوئی بھی پایاب نہ تھی " یہ تجویز صادر کرنے میں اونھوں نے بین طور پر اُن خاص خصوصیات پر غور کیا تھا جن کے ساتھ مدعی علیہ کی اراضی دریا کے راستہ میں تغیر کے بعد نمودار ہوئی تھی ۔ یہ ایک ایسا جزو ہے جسکا اہم تعلق رواج کے سوال سے ہے جس پر ہم اس کے بعد بحث کریں گے ۔

ہمارے روبرو بحث میں اس امر پر اعتراض نہیں کیا گیا ہے کہ مدعی علیہ کی اراضیات کی شناخت دریا کے راستہ میں تغیر کی وجہ سے مفقود نہیں ہو جاتی باوجود اس واقعہ کے کہ وہ اراضیات اب دریا کے جنوب کی بجائے جہاں پہلے وہ مدعی علیہم کے مواضعات کا جزو تھیں اوس کے شمال کی جانب واقع ہیں حقیقت یہ ہے کہ عرضی دعوے کے فقرہ ۳ میں یہ واقعہ تسلیم کیا گیا ہے اور اُس اقبال کی اب بھی پابندی کی گئی ہے ۔ اب اگر مقدمہ پر کوئی دوسرا امر حاوی نہ تھا تو مدعو یہ اراضیات کی حقیت مدعی کو حاصل نہ ہوگی گو دریا کا راستہ ناگہانی طور پر بدل گیا ہو اور اراضیات مدعی علیہ کے مواضعات سے کٹ گئی ہوں اور عمل دریا برد کی وجہ سے وہ مدعی کی اراضیات سے ملحق ہو گئی ہوں مقدمہ جگت سنگھ بنام راج ناتھ کنور (۱) میں لارڈ رابرٹسن نے پریوی کونسل کا فیصلہ صادر کرتے وقت حسب ذیل رائے ظاہر کی تھی ؛۔ " اب محض یہ واقعہ کہ کسی دریا کے راستہ میں کسی تبدیلی کی وجہ سے زید کی اراضیات بکر کی اراضیات سے متصل ہو گئی ہیں کبھی زید کو اراضیات سے محروم نہیں کر سکتا اور اُن کو بکر کے حق میں منتقل نہیں کر سکتا اور وہ مسئلہ جو مرافع نے قائم کیا تھا کئی امور میں اسکے مقابلہ میں خلاف قیاس ہونے کے قریب ہے کیونکہ اُس نے یہ بحث کی ہے کہ اگر عارضی انحرافات کے بعد کوئی دریا

آخر کار زید کی اراضی سابقہ حالت میں چھوڑ دے تو یہ قرار دینا چاہئے کہ وہ اس کے ہمسایہ فریق بکر کی اراضی میں اضافہ ہے ۔ یہ کہنا غیر ضروری ہے کہ ہندوستان کے قانون موضوعہ اور قانون ملکی عام اصولوں سے ایسے خلاف عقل نتائج کی کچھ بھی تائید نہیں ہوتی "۔ ایسی صورت میں ہماری یہ رائے ہے کہ قانون کے عام اصولوں کے لحاظ سے مدعی کو متدعویہ اراضیات میں کوئی حق حاصل نہیں ہے ہماری یہ رائے بھی ہے کہ صرف مدعی کو ایسا کوئی حق حاصل نہیں ہے بلکہ یہ کہ اُن اراضیات کی حقیت اب بھی مدعی علیہم کو حاصل ہے جیسا کہ وہ دریا کے راستہ میں تبدیلی کے قبل مسلمہ طور پر اوس کو حاصل تھی ۔ اوس قانون کے مطابق حالت یہی ہوگی جو لارڈ جسٹس جیمس نے مقدمہ فلیکس پونیز بنام مدن موہن ٹھاکر (۲) میں ظاہر کیا تھا اس مضمون کے متعلق انگلستان کے قانون کا قاعدہ ظاہر کرنے میں حاکم عالیمقام نے ہیل ڈی جوری میرس صفحہ ۱۵ سے حسب ذیل رائے کا اقتباس درج کیا تھا " اگر رعایا سمندر کے کنارے پر کوئی اراضی رکھتی ہو اور سمندر کے تلاطم سے وہ غرقاب ہو گئی ہو لیکن اوسکی واقفیت جاری رہنے کے لئے معقول نشانات موجود ہوں یا گو نشانات زائل ہو گئے ہوں مگر محل وقوع مقدار کی حد اور مستقل اراضی کی حدود سے وہ پہچانی جا سکتی ہو یا وہ ہنر یا مشقت سے واپس پائی جا سکتی ہو تو رعایا اپنی جائداد سے محروم نہیں ہوتی اگر نشان باقی یا جاری رہے یا صفت معقول طور پر یقینی ہو تو دلیل واضح ہوتی ہے " ان اقتباسات کے متعلق لارڈ جسٹس جیمس نے حسب ذیل اظہار کی تھیں ۔ یہ اصول اس قسم کا ہے جو نہ صرف قانون انگلستان کا ہے اور نہ ایسا اصول ہے جو قانون ملک کے کسی طریقہ سے بالخصوص تعلق رکھتا ہے ۔ بلکہ ایک اصول ہے جو عام قانون اور انصاف پر مبنی تھا یعنے

بلبھدر پرشاد
بنام
ہرنارائن داس
(اودھ)

(۱) انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۲۷ صفحہ ۷۶۱ ، بر صفحہ ۷۷۲ ۔

(۲) مورز انڈین اپیلز جلد ۱۳ صفحہ ۱۶۷ ، بر صفحہ ۱۷۳ ۔

ایسر پرشاد بنام ہرنارائن داس (۱۹۲۵) صفحہ ۳۰

یہ کہ جو شخص اراضی رکھتا ہے خواہ وہ کہیں واقع ہو خواہ وہ حادثہ کچھ ہی ہو جو اوسے پیش آیا ہو خواہ وہ انگور کا باغ ہو جو لاوا یا کوہ آتش فشاں کی راکھ سے دب گیا ہو یا کوئی ہیبت ہو جو سمندر یا دریا کے نیچے آ گیا ہو پھر بھی زمین اراضی جائداد واصل مالک کو اصل رہتی ہے۔

تمازعہ اراضیات کی نسبت مدعی علیہم کی حیثیت کی تائید نہ صرف قانون کے عام اصولوں سے ہوتی ہے جنکا ہم اس کے قبل حوالہ دے چکے ہیں بلکہ اوس سے فقرہ (۲) دفعہ ۴ ریگولیشن ۱۱ بابتہ ۱۸۲۵ء کے احکام متعلق ہوتے ہیں یہ ریگولیشن بلاواسطہ ہمارے روبرو پیش شدہ مقدمہ سے متعلق ہوتا ہے اس وجہ سے کہ اوسکا ایکٹ قوانین اودھ نمبر ۱۸ بابتہ ۱۸۷۶ء کی رو سے اودھ سے متعلق کیا گیا تھا فقرہ (۱) دفعہ ۴ ریگولیشن مذکور میں اوس صورت کا ذکر کیا گیا ہے جہاں اراضی تدریجی اضافہ سے حاصل ہوئی ہے لیکن وہ مقدمہ جو ہمارے روبرو پیش ہے مسلمہ طور پر تدریجی اضافہ سے حاصل شدہ اراضی کا نہیں ہے بلکہ اس قسم کا ہے جہاں دریا کا رستہ یکایک تبدیل ہو گیا ہے اور وہ اراضی جو تبدیلی کے قبل دریا کے جنوبی کنارہ پر واقع تھی اب اوس کے شمالی کنارہ پر واقع ہے۔

دفعہ مذکور کا فقرہ (۲) حسب ذیل ہے: "مندرجہ بالا قاعدہ ان مقدمات سے متعلق نہ سمجھا جائیگا جنمیں کوئی دریا اپنے راستہ کی یکایک تبدیلی کی وجہ سے یا بذریعہ دست اندازی کے بغیر کسی [illegible] گھس جائے وہ اوسکو کاٹ دے یا دھار کے تبدیل ہونے کی وجہ سے اراضی کے ایک بڑے ہوئے حصہ کو ایک محال سے علیحدہ کرے اور دوسرے محال کے ساتھ ملا دے جبکہ شناخت زائل نہ ہوئی ہو اور بلاواسطہ تقسیم شدہ اراضی پہچانی جاسکتی ہو اس قسم کے مقدمات میں اراضی صریحاً شناخت کیے جانے پر اوسکے ابتدائی مالک کی جائداد رہے گی" ہم اس کے قبل ظاہر کر چکے ہیں کہ فریقین کی بحث کے بموجب متنازعہ اراضیات کی مدعی علیہم کی اراضیات کے طور پر شناخت باقی رہی تھی جو دریا کی تبدیلی دھار کے راستہ میں یکایک تغیر کے قبل اُن کے موضع کیوڑا کا جز کے متعلق تھیں۔ لیکن مدعی نے یہ بیان کیا ہے کہ بر خلاف اس ریگولیشن کی دفعہ (۴) کے احکام کی رو سے ایک رواج ثابت کیا ہے جسکا یہ اثر ہے کہ میں اوس جائداد کا مالک ہو جاتا ہوں جو مسلمہ طور پر مدعی علیہم کی جائداد ہے" ایسی صورت میں غور طلب سوال یہ ہے کہ "آیا مدعی ایسا رواج ثابت کرنے میں کامیاب ہوا ہے؟"

اوس شہادت پر بحث کرنے کے قبل جسپر مدعی نے رواج کے ثبوت کی تائید میں استدلال کیا ہے ہم یہ کہنا قرین مصلحت خیال کرتے ہیں کہ اوسکو ایک رواج ثابت کرنا چاہیے جو اوس قانون کو منسوخ کرنے کا اثر رکھتا ہو جسکی بنا پر مدعی علیہم اراضیات متدعویہ میں حقیت کے دعویدار ہیں اور بجز اس کے کہ ایسا عمل کیا جائے عام قانون نافذ رہنا چاہیے۔ وہ قانون جیسا کہ ابھی ظاہر کیا گیا ہے فقرہ (۲) دفعہ ۴ ریگولیشن ۱۱ بابتہ ۱۸۲۵ء کے الفاظ میں ملتا ہے "جب یہ ثابت ہو کہ کوئی رواج موجود ہے تو وہ اوس عام قانون کو منسوخ کرتا ہے جو رواج کے باہر تمام امور پر نافذ ہوتا ہے" ملاحظہ ہو [illegible] سنگھ بنام جانکی کور (۳)۔ اس رواج کی اصلیت جو مدعی کو واضح معین اور صحیح شہادت سے ثابت کرنا چاہیے اس فرض میں ہے کہ مدعی علیہم کی اراضیات کی شناخت زائل نہیں ہوتی ہے بلکہ یہ کہ بخلاف اسکے وہ صریحاً مدعی علیہم کی اراضیات کے طور پر شناخت کی جاسکتی ہیں۔ ایسی حالت میں اگر اوس رواج جسکو مدعی نے اس مقدمہ میں ثابت کرنے کی کوشش کی ہے بالخصوص یہ نہیں ثابت ہوتا کہ اوسکا تعلق اوس صورت سے ہوتا ہے

(۳) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۲۹ صفحہ ۸۲۸ پریوی کونسل۔

المہدیو پرشاد بنام ہزاری لال وغیرہ (اودھ)

جہاں دریا کے راستہ میں یکایک تغیر کی وجہ سے اراضی ایک محال سے علیحدہ ہو جاتی ہے اور دوسرے سے مل جاتی ہے گو تغیر سے نہ تو شناخت زائل ہوئی ہو اور نہ اون اراضیات کے پہچاننے میں کوئی رکاوٹ ہوئی ہو جو اسطور پر ثابت کی گئی تھیں تو وہ ناکامیاب رہنا چاہئے۔ ہماری رائے کے مطابق اس رواج کی یہ کلیہ ہے۔

رواج کی شہادت کلیتاً بعض واجب العرائض پر مشتمل ہے جن پر بعد میں بالتفصیل بحث کی جائے گی فی الوقت یہ کہنا کافی ہے کہ ان واجب العرائض میں سے کسی میں بھی بالخصوص ایسی صورت کا ذکر نہیں کیا گیا ہے جسمیں کسی دریا کے راستہ میں یکایک تبدیلی ہوئی ہو اور اراضی ایک محال سے علیحدہ ہو کر دوسرے میں شریک ہو گئی ہو جب کہ شناخت زائل نہ ہوئی ہو اور اسطور پر علیحدہ شدہ اراضی کے پہچاننے میں کوئی رکاوٹ نہوتی ہو" اس نتیجہ کی تائید اوس رائے سے ہوتی ہے جو اس عدالت کے فاضل جج نے قائم کی تھی جنہوں نے فریقین کے مابین سابقہ دعوے کا تصفیہ کیا تھا۔ اونہوں نے جیسا کہ اس کے قبل ظاہر کیا جا چکا ہے یہ قرار دیا تھا کہ گو "دھر دھورا" کا رواج ثابت تھا پھر بھی وہ ایسی صورت پر حاوی نہ تھا جبکہ دریا کی دو دھاروں کے مابین اراضی بشکل جزیرہ کے نمودار ہوئی تھی۔

صوبہ پنجاب میں گہری دھار کی حد کا رواج تین علیحدہ علیحدہ شکلوں میں تسلیم کیا گیا ہے جو امتیاز کے اہم امر میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں پہلی شکل میں اون اراضیات کی جو دھار کے راستہ میں تغیر کی وجہ سے دھار کی ایک طرف سے دوسری طرف منتقل ہو جاتی ہیں حقیت بھی منتقل ہو جاتی ہے گو اراضیات قائم رہتی ہیں اور انکی شناخت کیجا سکتی ہے۔ دوسری شکل میں جب منتقل شدہ اراضی قابل شناخت ہو تو ملکیت کا کوئی انتقال عمل میں نہیں آتا۔ تیسری شکل میں دریا کی تہ مستقل حد بھی جاتی ہے ایسی حالت میں گہری دھار میں خواہ کچھ بھی تبدیلیاں ہوں اراضی کی حقیت وہی رہتی ہے پس جب مدعی یہ ثابت کرنے سے قاصر رہا ہے کہ اراضیات کی حقیت کا انتقال اوسوقت بھی جب وہ قابل شناخت ہوں رواج میں داخل ہے تو اوسکا دعویٰ خارج کیا جانا چاہئے۔

رواج کے موافق تجویز پر جو ماتحت عدالتوں نے قلمبند کی تھی خاصکر اس عدالت کے اوس فیصلہ کا اثر پڑا ہے جسکا حوالہ بار بار اس کے قبل دیا گیا ہے رواج کی تائید میں شہادت متعدد مواضعات کے واجب العرائض کے اندراجات پر مشتمل ہے جنمیں سے بعض دریا کے ادھر کی طرف اور دوسرے کانپور کی طرف واقع ہیں اب ہم ان واجب العرائض پر ایک ایک کرکے غور کرسکتے ہیں۔ دستاویز ۱۸ موضع مرزاپور کا واجب العرض ہے

صفحہ ۱۳۷

دستاویز ۲۰ موضع ریوتا پور کا واجب العرض ہے۔ یہ دونوں مواضعات مدعی کی ملکیتی اور دریا آباد کی طرف واقع ہیں یہ دو واجب العرائض مقدمہ پر بہت بڑا اثر رکھتے ہیں کیونکہ اونکا تعلق اُن مواضعات سے ہے جن سے دریا کے راستہ میں تبدیلی کیوجہ سے مدعی علیہم کی اراضیات مل گئی ہیں۔ دستاویز ۱۸ کا اندراج جس سے استناد کیا گیا تھا حسب ذیل ہے

"ہمارے موضع اور مقابل موضع دھرم پور ضلع کانپور کے مابین ایک قدیم حد ہے جو دریا کی اصلی دھار سے بنتی۔ ہے اور چونکہ ابتک اصلی دھار ہمارے موضع کے نیچے بہتی ہے اس لئے کٹری کی اراضی کا تعلق موضع دھرم پور سے ہے لیکن جب دھار دھرم پور کے نیچے بہیگی تو ہم کٹری کی اراضی کے مستحق ہونگے"

دستاویز ۲۰ کا اندراج لفظ بہ لفظ وہی ہے جو دستاویز ۱۸ کا ہے ان واجب العرائض کے متعلق حسب ذیل امر کا اظہار کیا جانا ضروری ہے

بابو مہندر پرشاد
بنام
پرنارائن داس
(اودھ)

(۱) اندراج زیر بحث ایک بیان ہے جو اوس موضع کے مالکوں نے کیا تھا جس سے واجب العرض کا تعلق ہے اور وہ موضع کے مالکوں کی جانب سے دعویٰ کا بیان اوس اراضی کی نسبت ظاہر کرتا ہے جسکا تعلق مقابل کنارہ کی اراضی سے ہے جب وہ اراضی اصلی دھار کے راستہ میں تبدیلی کی وجہ سے اون کے موضع کے ساتھ ملجائے (۲) اندراج میں صراحتاً کوئی رواج نہیں ظاہر کیا گیا ہے۔ ممکن ہے کہ اوسکا تعلق قانون کے بیان سے ہو جس طور پر کہ اوسکی فقرہ (۱) دفعہ ۴ ریگولیشن ۱۱ بابتہ ۱۸۲۵ء میں صراحت کی گئی ہے۔ (۳) اندراج میں ظاہر ایسی صورت کو داخل نہیں کیا گیا ہے جسمیں منتقل شدہ اراضی کی شناخت باقی رہے۔ دستاویزات ۵۱، ۵۲ کے سوائے مثل میں دریائے ناو کی طرف کسی موضع کا کوئی دوسرا واجب العرض شریک نہیں ہے لیکن ہمارے روبرو بعض واجب العرائض ہیں جنکا تعلق کانپور کی طرف کے مواضعات سے ہے۔ دستاویز ۵۵ کیورا کاچرکی واجب العرض ہے۔ یہ مدعی علیہم کا موضع ہے اور متدعویہ اراضی نومبر ۱۹۱۵ء میں دریا کا راستہ میں تبدیلی کے قبل مسلمہ طور پر اس موضع کا جزو تھی دستاویز ۵۹ خوشال گنج کا واجب العرض ہے دستاویز ۵۹ جہور انواب گنج کا واجب العرض ہے۔ دستاویز ۵ بلہور کا واجب العرض ہے۔ دستاویز ۵۹ دھرم پور کا واجب العرض ہے۔ یہ تمام مواضعات دریا کانپور کی طرف واقع ہیں۔ دستاویز ۵۵ کو چھوڑکر جسکا تعلق جیسا اوپر ظاہر کیا گیا ہے۔ مدعی علیہم کے موضع سے ہے دوسرا واجب العرض رواج کے سوال سے غیر متعلق معلوم ہوگا جو نہ صرف اپنی نوعیت کے لحاظ سے ضرور ہے کہ مقامی ہو بلکہ وہ اس قسم کا ہونا چاہیے جو دفعہ (۲) کے تحت جیسا اوسکو دفعہ ۳ ریگولیشن ۱۱ بابتہ ۱۸۲۵ء کے ساتھ پڑھا جائے آنا چاہیئے۔

اونکی حالت زیادہ تر ایسی ہی ہوگی جبکہ ایسا کوئی واجب العرض نہیں ہے جسکا تعلق اون مواضعات سے ہو جو دریا کے مقابل کنارہ پر اناو کی طرف واقع ہے۔ لیکن ہم اونکو غیر متعلق ہونیکی بناپر نا قابل طور کرنے کے لیے آمادہ نہیں ہیں۔ بلکہ اونکی شہادتی قوت پر غور کریں گے۔ دستاویز ۵۵ کا اندراج حسب ذیل ہے:۔

"فقرہ ۱۱۔ جسکا تعلق دریابرآر یا دریابُرد کے معاملہ کا تصفیہ کرنے کے طریقہ سے ہے جہاں تک کہ اوسکا تعلق ایک دوسرے کے ساتھ شریک حصہ داروں سے ہے دریا گنگا اس موضع کی حد پر سے گزرتی ہے اور اس لیے جب کوئی اراضی جو دریا کے اسطرف ہو دوسری طرف کے موضع سے ملجائے یا اوسطرف بہ جائے تو وہ اوس زمیندار کے قبضہ میں آجاتی ہے جسکی طرف اراضی جاتی ہے یعنی "دھر دھورا" رواج نافذ ہے" دستاویزات ۵۶، ۵۷، ۵۸ اور ۵۹ کے اندراجات دراصل وہی ہیں جو دستاویز ۵۵ کا اندراج ہے۔ ان اندراجات کے متعلق حسب ذیل ملاحظہ ہوسکتی ہے:۔ (۱) یہ کہ گو "دھر دھورا" رواج کا ذکر صراحتاً ان واجب العرائض میں کیا گیا ہے باوجود اسکے حالت جس سے وہ متعلق تھا اون الفاظ میں بیان کی گئی ہے جن سے ممکن ہے کہ تدریجی اضافہ سے اراضی کا محض حاصل کیا جانا ظاہر ہوتا ہو اور اگر یہ صحیح ہے تو اندراج عام قانون کے محض اعادہ کے علاوہ اور کسی حد تک نہیں پہنچیگا (۲) ہماری رائے میں مدعی کا یہ فرض ہے کہ وہ یہ ظاہر کرے کہ اندراج جس سے اوس نے استناد کیا ہے صراحتاً اوس صورت سے متعلق ہوتا ہے جب اراضی دریا کے ایک کنارہ سے دوسرے کنارہ پر دریا کے راستہ میں کایک تغیر کی وجہ سے منتقل ہوگئی ہو نہ کہ اور طور پر۔ کسی رواج کو امکانی نتائج یا اغلب قیاسات کی بنا پر بھی بحال رکھنا تمام

اصولوں کے بالکل خلاف ہوگا۔

ہم مطمئن نہیں ہیں کہ دھر دھورا کسی علم کی اصطلاح ہے جو لازمی طور ہمیشہ اور تمام حالات میں یہ ظاہر کرتی ہے کہ ہر ایک دھار کسی دریا کی متقابل کنارے کے دیہات کے مابین ایک مستقل حد قائم کرتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مطبوعہ مقدمات موجودہ میں جو لفظ دھر دھورا کے معنوں میں امکانی تنقیح ظاہر کرتا ہے مقدمہ نصیرالدین احمد بنام امیدی لال ہے جس میں مسٹر جسٹس راس اور جسٹس ٹرنر نے حسب ذیل اظہار رائے کی تھی:۔

یہ ممکن ہے کہ "دھر دھورا" صرف اس اراضی کے متعلق حقوق کو مقرر کرتا ہو جسکو سختی کے ساتھ اراضی دریا برار کہا جا سکتا ہے یعنی اس اراضی کے متعلق جو دریا کی دھار اچانک تبدیلی کیوجہ سے منقطع ہو جائے مگر پھر بھی اپنی شناخت باقی رکھے بخلاف اسکے یہ ممکن ہے کہ رواج اوس اراضی سے متعلق ہوگا جو بالواسطہ منقطع اور علیحدہ ہو گئی ہے کہ اگر رواج کا اثر نہ ہوتا تو وہ رگڑ کی اوس دفعہ کے احکام کے مطابق بتدریج الحاق کی جائداد رہیگی جس پر مدعیان نے استدلال کیا ہے" مقدمہ رانی کھیانی بنام شیخ محمد شرف الدین (۵) کا اطلاق اوس رائے کے مطابق ہے جو ہم نے موجودہ مقدمہ میں قائم کی ہے۔ اوس مقدمہ میں فاضل ججوں نے حسب ذیل اظہار کیا تھا:۔

"جس حد تک کہ بحث کے دوران میں ظاہر کیا گیا ہے "دھر دھورا" رواج کی وسعت کی کوئی مسلمہ تعریف نہیں ہے۔ خاص مرافعہ کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ رواج صرف اوس اراضی سے متعلق ہوتا ہے جو سخت ترین اصطلاح کے بموجب دریا برار اراضی کہی جا سکتی ہے یعنے یہ کہ ایسی اراضی جو کم و بیش تسلسل کے ساتھ دریائے عمل کے تابع ہو جو ایک سال غرقاب ہوا اور دوسرے سال اوپر آ جائے یا طغیانی کے ہٹ جانے کیوجہ سے دریا کے ایک یا دوسرے جانب چڑھ جائے خاص مرافعہ کی جانب سے اس امر سے انکار کیا گیا ہے کہ رواج اوسوقت اثر پذیر ہوتا ہے جب دھارا کے راستہ میں ناگہانی تغیر کیوجہ سے اراضی منقطع ہو جائے جبکہ اراضی یا سطح میں کوئی تغیر نہوا ہو۔۔۔۔ عدالت مرافعہ تحت نے یہ فرض کیا ہے کہ مالکان اراضی کنارہ دریا کے مابین تمام تنازعات کا تصفیہ رواج "دھر دھورا" کے مطابق ہونا چاہیے جہاں کہیں اوسکا مروج ہونا ثابت ہو بلالحاظ اس امر کے کہ آیا رواج اسقدر وسیع ہے کہ وہ اُن حالات میں اثر پذیر ہوتا ہے جنکی نسبت۔ مدعی علیہم نے یہ بیان کیا ہے کہ وہ اس مقدمہ میں موجود ہیں" مقدمہ اسری سنگھ بنام مرزا شرف الدین (۶) میں امر تصفیہ طلب یہ تھا کہ آیا رواج متذکرہ بالا (دھر دھورا) صرف اوس اراضی کے حقوق کو مقرر کرتا تھا جو ٹھیک معنوں میں دریا برار ہو یا وہ بالواسطہ پر اوس اراضی سے متعلق تھا جو دریا کی دھارا میں یکایک تغیر کی وجہ سے منقطع ہو گئی ہو لیکن پھر بھی اوسکی شناخت باقی رہتی ہے مقدمہ سبط نبی بنام منیرالدین (۷) میں سوال "دھر دھورا" کے رواج کے متعلق تھا جسکا یہ اثر ہوگا کہ ایک مالک سے دوسرے مالک کے حق میں وہ اراضیات منتقل کیجائیں جن پر عرصہ دراز سے قبضہ تھا اور تمتع حاصل کیا گیا تھا اور جسکی نوعیت کسی طور پر تبدیل نہیں ہوئی ہے۔ فاضل ججوں نے اپنے فیصلہ کے دوران میں حسب ذیل رائے ظاہر کی تھی۔

"پس اس مقدمہ کے سوال کا تصفیہ لیے کسی عام قیاس پر نہیں کیا جا سکتا کہ "دھر دھورا" رواج متذکرہ اراضیات سے متعلق نہیں ہو سکتا لیکن یہ ضروری ہے کہ اس رواج کی جو قرب و جوار میں مروج ہے اصلی نوعیت اور وسعت کا تصفیہ کیا جائے

ببھدر پرشاد بنام مرزا محسن علی (۱۹۰۵ء)

(۴) آگرہ ہائیکورٹ رپورٹ جلد ۳ صفحہ ۱۔ (۵) آگرہ ہائیکورٹ رپورٹ ۔۔۔ جلد ۳ صفحہ ۱۰۹۔ (۶) ہائیکورٹ رپورٹ جلد صفحہ ۲۲۳ (۷) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۔۔ صفحہ ۔۔

بریرشاد
بنام
ارائن داس
زرادوہ

کیا جائے... ہم ... سے مقدمہ واپس کرنے میں کہ نتیجہ اس امر تنقیح طلب کے متعلق تحقیقات اور اوسکا تصفیہ کریں کہ آیا رواج دھرم مولا صرف اون اراضیات سے جو تدریجی اضافہ سے حاصل ہوئی ہوں یا اون اراضیات سے بھی متعلق ہوتا ہے جو دریا کے یکا یک بدل جانے کی وجہ سے کسی موضع سے علیحدہ ہو گئی ہوں ہم یہ تشریح کر چکے ہیں کہ ان واجب العرض کے علاوہ جنکا حوالہ اسکے قبل دیا جا چکا ہے رواج زیر بحث کی کوئی شہادت موجود نہیں ہے یہ نہیں ظاہر کیا گیا ہے کہ دھرم مولا رواج پر کانپور کی طرف کے یا اناؤ کے طرف کے متعلقہ مالکوں نے ان حالات میں عمل کیا جو اس مقدمہ میں متدعویہ اراضیات کی خصوصیتیں ہیں کسی حالات میں بھی عمل کیا ہے۔

اس نمونہ سے جو ہمیں کہ رواج کا سوال موجودہ مقدمہ میں بغرض تصفیہ پیش ہوتا ہے اسمیں کچھ شبہ نہیں ہے کہ یہ قانون اور واقعہ کا مخلوط سوال ہے جیسا کہ مقدمہ یالانی پیلاچی بنام سرمتھہ دیوا اسکا موتی پندارا اسنادمی (۸) کی صورت تھی۔ ایسی حالت میں ... یہ رائے قائم کرنے کے بالکل مجاز ہیں کہ آیا وہ شہادت جو رواج کی تائید میں اس مقدمہ میں استدلال کیا گیا ہے
فقرہ ۳۴۷ جائز رواج کے تمام اجزا کو ثابت کرتی ہے۔ جیسا کہ ہم نے اوپر ظاہر کیا ہے مدعی کی بحث کی تمام بنیاد اون واجب العرض پر مبنی ہے جنکی تشریح اس کے قبل کی جا چکی ہے لیکن واجب العرض کی قیمت حالات کے لحاظ سے بہت کم یا بہت زیادہ ہو سکتی ہے لارڈ باب ہاوس مقدمہ محمد امام علیخان بنام حسین خان (۹) مقدمہ موجودہ میں وہ شہادت جو واجب العرض سے ملتی ہے ہمارے خیال میں واضح معین ٹھیک اور یقینی نہیں ہے اور اگر یہ ضروری اجزا موجود نہوں تو ہم اوس رواج کے خلاف قرار دینے پر مجبور ہیں جسکا اس مقدمہ میں ثابت کرنا مدعی کا فرض تھا۔

ایسی حالت میں ہم مرافعہ منظور اور ماتحت عدالتوں کے فیصلجات منسوخ اور تمام خرچہ کے ساتھ مدعی کا دعویٰ خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ منظور کیا گیا

## ہائیکورٹ مدراس

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۰۹۸ بابتہ ۱۹۲۰ء منفصلہ ۱۵۔ دسمبر ۱۹۲۲ء

باجلاس: مسٹر جسٹس اولڈ فیلڈ مسٹر جسٹس رامیسم

کیورلیڈی نوکیتا متوفی وغیرہ مرافعان بنام منڈالو کا بہمینا دیک کسٹرو وغیرہ

مدعیان۔ مرافعہ علیہما

قانون حقیت ہائے اراضی مدراس ایکٹ ۱۔ بابتہ ۱۹۰۸ء

دفعہ ۳ (۲) (د) (۵) (۱۱) (۱۵) ریگولیشن مدراس نمبر ۲۵۔ بابتہ ۱۸۰۲ء

فقرہ ۴۔ ۱۸۰۲ء کے قبل بمعافی کٹوبدی عطیہ منجانب زمیندار بندوبست کے قبل کا انعام یا حقیت۔ زر نقد بدل کے عوض چند سال کی مدت کے لئے حقیت میں انعامدار کی غرض کی منتقلی جس کے ساتھ دست برداری کی شرط ہو مد ہن یا پٹہ تہر داہم کے معنی۔

"سرواہ مبالہ انعام" بمعافی کٹوبدی جو کسی زمیندار نے منتقل کیا ہو قبل اس کے کہ اوسکی اراضیات اُس سند کے بموجب زمینداری میں تھیں جو ریگولیشن ۲۵۔ بابتہ ۱۸۰۲ء کے بموجب جاری کی گئی تھی دفعہ ۳ قانون حقیت ہائے اراضی مدراس کے مفہوم میں حقیت اراضی نہیں ہوتا گو وہ حسابات جن پر زمیندار کا پیشکش مقرر کیا گیا تھا وہ تھے جو مذکورہ بالا انعام کے عطیہ کے قبل سرکیوٹ کیٹی نے لئے تھے۔

(۹) آنڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۲۴۲ (۱۹۰۶ء) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۳۰ صفحہ ۱۔

سری راجہ راؤ وینکٹا سوریا مہی پتی راما کرشنا راؤ بنام کورٹ آف وارڈز انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۲۲ صفحہ ۳۸۳ بیر ہمیا بنام ایچی راجو۔ انڈین کیسز جلد ۷۰ صفحہ ۵۱۶۔ سوریا نارائنا بنام پتنا انڈین کیسز جلد ۸ صفحہ ۷۸۹ صاحب وزیر ہند بنام راجہ وینکٹا گیری انڈین کیسز جلد ۳۷ صفحہ ۴۱۷۔ امندہ وینکٹا رنگیا آپا راؤ بنام پورانکی آپالا راز و انڈین کیسز جلد ۸ صفحہ ۷۴۶ ۵ سری راجہ سبہا نادری آپا راؤ بہادر بنام سری راجہ وینکٹاتر سبہا آپا راؤ بہادر انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۲۶ صفحہ ۴۳ بر صفحہ ۴۰۴ وینکٹاتر سبہا آپا راؤ بہادر بنام سبہا شادری آپا راؤ بہادر انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۲۹ صفحہ ۲۵ راجہ نیلمونی سنگھ بنام دگا گورنمنٹ ویکلی رپورٹر جلد ۷ صفحہ ۱۲۱۔ نیلمونی سنگھ بنام بکرا ناتھ سنگھ انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۹ صفحہ ۱۸۷۔ و صاحب وزیر ہند بنام کرتباس تھوتی برسجیدن جہا پترا انڈین کیسز جلد ۲۶ صفحہ ۶۷۶ پر غور کیا گیا

ریگولیشن مدراس نمبر ۲۵۔ بابتہ ۱۸۰۲ء اور جو اسناد اوس کے تحت جاری کی گئی تھیں دونوں کا انتزاع شخص تاریخوں سے ہوتا ہے پس انعام کے تمام عطیات جو ۱۸۰۲ء کے قبل زمینداروں نے کئے تھے بادی النظر میں استمراری بندوبست سے خارج ہیں۔ جب ایسے انعام کی صورت میں جو کسی زمیندار نے ۱۸۰۲ء کے قبل عطا کیا تھا زمیندار نے اپنی حقیقت میں اپنی غرض کسی شخص ثالث کو ایک دستاویز موسومہ "تہرونامہ" کی رو سے منتقل کردی جسکے بموجب موخر الذکر کچھ رقوم کی ادائی کے معاوضہ میں چند سال کے لئے حقیقت پر قابض کردیا گیا تھا اور اوسکے لئے یہ ضروری تھا کہ وہ ان زائد محصولات کے علاوہ تمام واجب الادا رقوم ادا کرے جو اوس کے بعد سے عائد کی گئی تھیں اور میعاد کے اختتام پر وہ اسکا پابند تھا کہ کسی علحدہ استعفا کے بغیر حقیقت سے دست برداری حاصل کرے۔

کپور ریڈی
بنام
منڈاو کا پونیا
(مدراس)

قرار دیا گیا (۱) یہ کہ میعادی لگان کی ادائی کے لئے کسی شرط کی عدم موجودگی کے باوجود دستاویز ہذا رہنامہ نہیں بلکہ پٹہ تھی۔

بسنت لال بنام تیشری رائے انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۳ صفحہ ۱ - بنگال انڈگو کمپنی بنام رگھوبر داس انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۲۴ صفحہ ۲۷۲ و نندعا شادہ بنام مرلی دھر انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲۵ صفحہ ۱۱۵ سے استثنا کیا گیا

(۲) یہ کہ پٹہ گیرندہ ایسی رعیت نہ تھا جو دفعہ ۳ (۱۵) قانون حقیقت ہائے اراضی مدراس کے مفہوم میں کسی حقیقت پر قابض تھا اور اوسکو اراضی میں کوئی حقوق رعیتکاری حاصل نہ تھے۔

صفحہ ۴۳ سطر ۱

چدمبرا سیوا پرکاسا پنڈارا سنادھی گل بنام ویرا یاریڈی انڈین کیسز جلد ۶۸ صفحہ ۳۰۵ ممیز کیا گیا۔

جسٹس اولڈ فیلڈ۔ دفعہ ۳ (۱۱) قانون حقیقت ہائے اراضی مدراس میں لفظ واجب الادا سے فریقین کے معاہدہ کی شرائط کے مطابق واجب الادا مراد ہے اور دفعہ ۳ (۱۱) و (۱۵) متعلق ہو سکتی ہیں خواہ وہ نوتہ یا نوبلتیں کچھ بھی ہوں جبکہ وہ شرائط جہاں تک کہ ان کا تعلق اراضی کے استعمال کے لئے رقم کی ادائی سے ہے ایفا کئے جانے والی ہوں یا ایفا کی گئی ہوں گو قاعدہ کے بموجب تہرونامہ دستاویز اس قسم کی ہوتی ہے جو

(۱) ٹھیکہ داری
بنام
(۲) ٹھیکہ داری کا سمجھنا
(مدراس)

بیباقی کے لئے تکمیل کی جاتی ہے مگر اصطلاح تہروانم کو تناسع سے جملی
بگڑ گئی ہیں جنکے مفہوم میں محض بندوبست کرنا داخل ہے۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ عدالت سب آرڈینیٹ جج کوکناڈا صادرہ
مقدمہ مرافعہ نمبر ۲۹ بابتہ سنہ ۱۹۱۲ء مرجوعہ بنا راضی ڈگری مصدرہ عدالت ڈسٹرکٹ منصف کوکناڈا مقدمہ ابتدائی نمبر ۴۹ بابتہ ۱۹۱۱ء۔

منجانب مرافعان مسٹر ... اسامی اصر وایر (؟) ...

منجانب مرافعہ علیہم مسٹر ... وی ... پی ... بہادر ...

جسٹس اولڈفیلڈ مرافعہ علیہ مدعی المعاملہ مدعی علیہ نمبر ۲ ایک زمیندار کے تحت ایک سند دستاویز ۱ کے بموجب قابض ہے اور اوس سلسلہ میں حقیت بعوض مدعی علیہ نمبر ۱ مرافعہ کو دستاویز (۵) کے بموجب منتقل کی ہے سنہ ۱۹۱۳ء میں حاکم مال نے جو باب (۱) قانون حقیت ہائے اراضی مدراس ایکٹ ۱ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء کے تحت مدعی علیہ نمبر ۲ کے محال کے متعلق کاغذات حقیت مرتب کرنے کے لئے مامور ہوا تھا مدعی علیہ نمبر (۱) کو مدعی کی بجائے حقیت کی نسبت دخیلکاری رعیت کے طور پر درج کر لیا سوال یہ ہے کہ آیا اونکا یہ عمل درست تھا۔ اس سوال کا جواب اس امر پر منحصر ہے کہ آیا (۱) دستاویز ۵ رہن بالقبض یا پٹہ ہے (۲) آیا دوسری صورت میں مدعی علیہ نمبر ۱ رعیت ہے جسطور پر کہ اوس اصطلاح کی تعریف دفعہ ۳ فقرہ (۱۵) قانون حقیت ہائے اراضی میں کی گئی ہے اور (۳) آیا انعام بندوبست ماقبل ہے اور اس لئے حقیت ہے اور مدعی دفعہ ۳ فقرات ۲ و (۵) کے بموجب قابض اراضی ہے۔

دستاویز ۵ مورخہ ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۱۳ء کی تعریف تہروانم دستاویز کے طور پر کی گئی ہے اور اسمیں یہ صراحت ہے کہ ایک سابقہ معاہدہ دستاویز (۴) کے مطابق وہ جائداد جو سنہ ۱۹۱۲ء میں مدعی علیہ نمبر (۱) کے قبضہ میں دی گئی تھی وہ مدعی کی جانب سے دستاویز ۵ کی تاریخ پر مبلغ ... ماسہ اور رقوم من بعد جمع ... کے عوض ... ۱۹۲۲ء کے اختتام

تک رہن رہنی چاہئے یہ کہ مدعی علیہ نمبر (۱) کو چاہئے کہ اون زائد محصولات علاوہ جو ممکن ہے کہ اس کے بعد عائد کئے جائیں تمام واجب الادا رقوم ادا کرے اور اوسکو چاہئے کہ میعاد کے اختتام پر کسی علیحدہ استعفا کے بغیر دست برداری حاصل کرے۔ یہ جو دستاویز (۵) کی ضروری شرائط ہیں بادی النظر میں پٹہ کی تعریف مندرجہ دفعہ (۱۰۵) قانون انتقال جائداد کے مطابق ہیں اور جس ادائی کا ذکر کیا گیا ہے وہ اوائلہ یا پیشگی رقم ہے۔ لیکن مدعی نے یہ بحث کی ہے کہ وہ ادائیاں مطلوبہ متصور ہونی چاہیں کیونکہ وہ پیشگی رقوم تھیں جن کے لئے وہ جائداد جسکا قبضہ منتقل کیا گیا تھا یا اوس قبضہ کا حق کفالت تھا اور یہ دستاویز کی تعریف اور اس اظہار کے متعلق بیان کیا گیا ہے کہ اوسکی تکمیل کے قبل پیشگی رقوم زیر بحث نہیں۔

یہ بحث ناقابل پذیرائی ہے کیونکہ گو تا مدرہ عرف کے بموجب تہروانم دستاویز سے ایسی دستاویز مراد ہو سکتی ہے جسکی تکمیل بیباقی کے لئے کی گئی تھی مگر اصطلاح تہروانم کو وسیع معنے حاصل ہو گئے ہیں یعنی مفہوم میں محض بندوبست کرنا داخل ہے جس رائے سے میرے فاضل ہم جلیس نے ضلع تلنگانہ کے وسیع علم کے ساتھ اتفاق کیا ہے اور یہ رائے ظاہر کی جا سکتی ہے گو کوئی تفصیلی شہادت میں نہیں پیش کی گئی جیسا کہ دستاویز ۳ سے ظاہر ہوتا ہے جائداد کا سابقہ تمتع ایک سابقہ دستاویز کی رو سے تھا جس کی تعریف اسی طور پر کی گئی تھی اور ان رقوم قبل کی کوئی شہادت موجود نہیں ہے جنکا صراحت دستاویز ۵ میں کی گئی تھی اور ماتحت عدالتوں میں کبھی یہ بیان نہیں کیا گیا تھا کہ کبھی کوئی پیشگی رقوم دی گئی تھیں وہ رقوم جنکی صراحت دستاویز ۵ میں کی گئی تھی اور ماسہ کی نقد ادائی بعد میں اور جب معاہدہ دستاویز ۵ کی تکمیل کی گئی تھی امر اول الذکر کی ادائی قبضہ دئے جانے کے بعد کی گئی تھی اور اونکو سابقہ قرضہ جات کے طور پر نہیں سمجھا جا سکتا جنکی

کیسوریہ بنام مندریکا

محفوظ کرنا انتقال کا مقصود تھا۔ بیع کا کوئی اعتبار نہیں پایا گیا ہے
او حساب فہمی کی کوئی شرط نہیں ہے اس قسم کے انتقالات جو بعوض زرپیشگی
عمل میں آتے ہیں جنکی بابتہ کوئی میعادی لگان واجب الادا نہو ہمیں شک
نہیں کہ اس صوبہ میں عام ہیں لیکن معاملات زرپیشگی کی تعریف سے
وہ شمالی ہند میں مشہور ہیں اور وہ غالباً وہ معاملات ہیں جن سے
قانون انتقال جائداد کی تعریف کے اون حصوں کا متعلق کرنا مقصود تھا
جنکا تعلق ادا کی ہوئی قیمت و زرپیشگی سے ہے یہ کہ اوس قسم کے معاملات
میں جو پٹہ جات ہوں اور اُس قسم کے معاملات میں جو رہن ہوں امتیاز شدہ ہوا
ہوگا یہ امر واقف ما یگبیج مولفہ سیکفرسن طبع پنجم صفحہ کے اوس بیان سے
واضح ہوتا ہے جسکو بسنت لال بنام تپشیری رائے (۱) کے فیصلے
میں اختیار کیا گیا تھا کہ رہن کی نوعیت صرف اوسوقت ثابت ہوتی ہے
جب انفکاک کا اختیار صراحتاً یا معناً پٹہ دہندہ کے لئے محفوظ رکھا گیا
تاکہ یہ امر صراحتاً ظاہر ہوتا ہو کہ خود فریقین کا یہ منشا تھا کہ معاملہ رہن کی
نوعیت کا ہو۔ مدعی نے اس واقعہ سے استناد کیا ہے کہ گو بنگال انڈیگو
کمپنی بنام رگھوبرداس (۲) کی دستاویزات میں ایسا کوئی اختیار محفوظ
نہیں رکھا گیا تھا مگر پریوی کونسل نے اوس مقدمہ کے انتقالات کی
نسبت یہ تصور کیا تھا کہ "وہ لگان پر دی ہوئی اراضی کی محض کاشت کے
معاہدات نہ تھے بلکہ اونکا یہی مقصود تھا کہ وہ آسامی کے لئے اُن اصل
رقوم کی بابتہ جو اوس نے پیشگی ادا کی تھیں اور اون کے سود کی بابتہ
حقیقی اور جائز کفالت ہی تھیں اور وہ یہ حیثیت رکھتی تھیں۔ ان انتقالات
کے بموجب آسامیوں کا قبضہ کم از کم جزواً محض کاشتکاری کا نہ تھا بلکہ ادا
کا تھا جسکی وجہ اوس قرضہ کی واپسی ہوتی تھی جو اُنکی کفالت کی بنا پر
اونکو واجب الادا تھا" لیکن اون دستاویزات میں جنکی تعبیر وہاں کی گئی تھی
اون اصل رقوم پر سود کی بابتہ شرائط درج تھیں جو دستاویزہ میں درج
نہیں ہیں جو منتقل الیہم نے ادا کی تھیں اون رقوم کے قرضہ جات ہونیکی نسبت
ہائیکورٹ کا فیصلہ موجود تھا جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ قرضہ نقدی کی
بیباقی انتظام اور حقیقت یہ ہے کہ خواہ وہ حقیقی نیت کچھ ہی ہو جیسے سمجھا
کفالت کے متعلق ان حوالہ جات کا ذکر کیا گیا تھا مگر منتقل الیہم کے خلاف
نتیجہ اون کے انتقالات کی نوعیت رہن پر نہیں پایا۔ اوس کے قطع نظر
"قانون مزارعان بنگال کی ایک دفعہ پیش تھی ایک مقدمہ مابعد
مدہاساہو بنام مرلی دھر (۳) میں جہیں گو دستاویز کی تعریف بطور
رہن کے کی گئی تھی اور وہ سابقہ پیشگی رقوم کے لئے تکمیل کی گئی تھی
مگر اوسکی شرائط دستاویزہ کے بہت زیادہ مشابہ تھیں پریوی کونسل نے
یہ قرار دیا کہ کوئی رہن نہ تھا بلکہ محض اراضی کا عطیہ ایک میعاد
بہ معاوضہ لگان اوس قسم کے معاوضہ میں تھا جو سابقہ اور موجودہ پیشگی
رقوم پر مشتمل تھی" اس فیصلہ اور دفعہ ۱۰۵ قانون انتقال جائداد
کے مطابق جسکے اطلاق کو خارج کرنیکے لئے یہاں کوئی مضمون نہیں ہے
تجویز یہ ہونی چاہیے کہ دستاویزہ ایک پٹہ ہے۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ آیا مدعی علیہ نمبر (۱) دفعہ ۳ (۵) قانون حقیت
ہائے اراضی کے مفہوم میں رعیت ہے اور چونکہ یہ بحث کہ وہ کاشت کی غرض سے
نہیں بلکہ مرتہن کی حیثیت سے قابض ہے نامنظور کی گئی ہے اس لئے ہمیں
اولاً یہ فیصلہ کرنا چاہیے کہ آیا وہ رقوم جنکے معاوضہ میں دستاویزہ
عطا کی گئی تھی دفعہ ۳ (۱۱) کے مفہوم میں لگان تھیں۔ اونکی یہ حیثیت
ہونیکے متعلق جو اعتراض کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ ان احکام میں لگان
کی تعریف "واجب الادا" ہونے کے طور پر کی گئی ہے اور رعیت کی تعریف
یہ کی گئی ہے کہ "وہ ادائی کی شرط سے قابض ہے" جسکا مفہوم یہ بیان
کیا گیا ہے کہ رقوم جنکا خیال کیا گیا ہے وہ ہوتی ہیں جو رعیت اور
زمیندار کے مابین تعلق پیدا ہوجانے کے بعد اوس کے دوران میں ادا کی جاتی
ہیں اس تعبیر کی تائید میں کوئی نظیر نہیں پیش کی گئی ہے اور یہ قرین عقل اور سہولت
بخش نہیں ہے کیونکہ معمولی صورتوں میں بھی پیشگی لگان بہ قسط ادا کیا جاتا ہے

(۱) انڈین لا رپورٹس الہ آباد جلد ۳ صفحہ ۲۰۳۔ (۲) انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۳۳ صفحہ ۲۰۲۔

از و جس ... شامل ہوگا کہ اگر وہ مقررہ تاریخ پر ادا کیا گیا ہے اور سال کے باقی
حصہ کے لئے کوئی مزید رقم واجب الادا نہ ہو تو رعیت اور زمیندار کا تعلق اوس وقت
... جائیگا جب تک کہ مزید لگان واجب الادا نہ ہو جائے۔ قابل ترجیح
... وہ تعبیر جس سے ... بے ضابطگی سے بچا جا سکتا ہے یہ ہے کہ
واجب الادا سے فریقین معاہدہ کے مابین معاہدہ کی شرائط کے
مطابق واجب الادا مراد ہے اور یہ کہ دفعہ ۳ فقرہ جات (۱۱)، (۱۵)
... خواہ وہ نوعیت یا توقیت کچھ ہی ہوں جبکہ وہ شرائط
... تک کہ اوسکا تعلق اراضی کے استعمال کے لئے رقم ادا کرنے سے
... ایسا ہی محسوس ہیں یا الغا کیا جا چکی ہیں۔

دفعہ ۳ (۱۵) کے اطلاق کے متعلق باقیماندہ امر متنازعہ فیہ
یہ ہے کہ آیا مدعی کا انعام دفعہ ۳ (۲) کے مفہوم میں "حقیت" ہے
اور مدعی دفعہ ۳ (۸) قانون حقیت ہائے اراضی کے مفہوم میں زمیندار
ہے۔ اس عدالت میں اس امر پر اعتراض نہیں کیا گیا ہے کہ اسکا انحصار
اس امر پر ہے کہ آیا انعام ۱۸۰۲ء میں استمراری بندوبست کے قبل
یا بعد مقرر کیا گیا تھا۔

جیسا کہ دستاویزات الف و ب سے ظاہر ہوتا ہے ۱۸۰۲ء عطیہ
... میں آیا تھا اور چونکہ مقدمہ کے اس جزو کی حد تک میں اپنے
فاضل ... کی تجویز سے متفق ہوں اسلئے مجھے صرف یہ کہنے کی ضرورت ہے
کہ کوئی دوسرا سوال اس طور پر نہیں ظاہر کیا گیا ہے جسمیں عطیہ دراصل
کیا گیا ہو۔ اور یہ کہ ایسے خاص خیالات کی عدم موجودگی میں جیسا
کہ وہ جو صاحب وزیر ہند بنام راجہ وینکٹا گیری (۴) میں
عطیہ یا زمیندار کی سند کی عبارت سے پیدا ہوتے ہیں کوئی وجہ دفعہ ۲
ریگولیشن ۲۵ بابتہ ۱۸۰۲ء کو نافذ کرنے سے انکار کرنے کی نہیں معلوم
ہوتی۔ اور اوسکی غیر مشروط شرائط کے لحاظ سے اس قسم کی تحقیقات
کی ... نوعیت نہ ہوگی کہ آیا انعام دراصل زمینداری جائداد میں

داخل تھا جسپر کہ کمیٹی کے حسابات کے مطابق جو ۱۸۰۲ء کے قبل
مرتب کئے گئے تھے پیشکش عائد کیا گیا تھا۔

چونکہ انعام حقیت نہیں ہے اس لئے مدعی علیہ نمبر ۱ کوئی رعیت
نہیں ہے پس مرافعہ ثانی ناکامیاب رہا اور اس بناپر معہ خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔

**جسٹس رامیسم** - مرافعہ علیہ مدعی ایک "انعامدار"
ہے جو پٹاپور اسٹیٹ کی حدود میں ہے اس استقرار کے لئے
دعویٰ کیا ہے کہ مدعی علیہ نمبر ۱ اوس کے "انعام" کا اسامی میلکار
نہیں ہے۔ پٹاپور کی زمینداری "ایک" سند کی رو سے "زمینداری"
قائم کی گئی تھی جو ۱۸۰۲ء میں ریگولیشن ۲۵ بابتہ ۱۸۰۲ء کے بموجب
جاری کی گئی تھی ملاحظہ ہو سری راجہ راؤ وینکٹا سوریا مہیپتی راما
کرشنا راؤ بہادر بنام کورٹ آف وارڈز (۵)۔ مندعویہ "انعام" کا
عطیہ مدعی کے مورثوں کو اوسوقت کے "زمیندار" پٹاپور نے
ایک سند (دستاویز الف) اور ایک "چکرنامہ" (دستاویز ب) مورخہ
۲۲ - جون ۱۸۰۱ء کے بموجب کیا تھا۔ وہ بمعافی گتوبدی کیا گیا تھا
اور ایسی حالت میں وہ بظاہر سالاً بسالاً یا قطعی تھا۔

پہلا سوال جو بغرض تصفیہ پیش ہوا ہے وہ یہ ہے کہ آیا قانون حقیت
ہائے اراضی "انعام" سے متعلق ہوتا ہے۔ اگر انعام پٹاپور اسٹیٹ
کا کوئی جزو ہے تو ایکٹ "انعام" سے متعلق ہوتا ہے ملاحظہ ہو ابراہیم
بنام اچی راجو (۶) قطع نظر اس سوال کے کہ آیا مدعی علیہ نمبر ۱ رعیت
ہے۔ ماتحت عدالتوں کی یہ رائے ہے کہ اراضی پٹاپور اسٹیٹ کا
جزو تھی اور اس سوال پر کہ آیا مدعی علیہ "رعیت ہے" اون میں
اختلاف تھا۔

اون واقعات کے لحاظ سے جو قرار دئے گئے تھے میری رائے
ہے کہ اراضی پٹاپور اسٹیٹ کا جزو نہیں ہے بلکہ سابقہ بندوبست
کیا ہوا انعام ہے جو اس زمینداری جائداد سے خارج ہے۔ سبل دفعہ

(۴) انڈین اپیلز ...، ۴۳ صفحہ ۱۴۸ ... نظائر ہند ... صفحہ ۹۸۵
(۵) انڈین ۱۹ انڈین رپورٹ مدراس جلد ۲۳ صفحہ ۳۸۴۔ (۶) انڈین کیسز جلد ... صفحہ ...
(نظائر ہند صفحہ ۸۲۰)

ریگولیشن ۲۵ بابتہ ۱۸۰۲ء پر منحصر ہے وہ دفعہ استمراری بندوبست کی وسعت سے لکہیراج اراضی یا اراضیات جو سرکاری مالگزاری کی ادائی سے مستثنیٰ ہیں اور تمام دوسری اراضیات کو خارج کرتی ہے جو محض برائے نام لگان ادا کرتی ہیں۔ ان کے متعلق گورنمنٹ نے اپنے لئے اونکے جاری رکہنے یا اونکو مسدود کرلے کے متعلق تمام اختیار تمیزی کو محفوظ رکہا۔ مسٹر اے۔ کرشنا سامی ائر نے جو مرافع کی جانب سے حاضر ہوئے تھے یہ تسلیم کیا تھا کہ دفعہ ۴ کے الفاظ مندرجہ بالا کا جو منشا تھا وہ اون اراضیات کا ہے جنکے متعلق زمینداروں نے ظاہر یا تو قطعی طور پر یا خفیف کتوبڑی کی ادائی کے تابع عطیات کئے تھے گو بعد میں اونہوں نے جو بحث کی تھی وہ اس اقبال سے کسیقدر مختلف تھی اور یہ بحث کی تھی کہ جبکہ عطیہ گو وہ قطعی ظاہر ہوتا ہو گورنمنٹ پر واجب التعمیل نہ تھا تو اراضی زمیندار کی جائداد سے خارج نہ تھی۔

اگر کوئی عطیہ خواہ وہ قطعی ہو یا خفیف "کتوبڑی" کے تابع ہو اور اون حالات میں کیا گیا ہو جو گورنمنٹ پر واجب التعمیل تھے تو معاملہ ختم ہو جاتا تھا اور گورنمنٹ کا اپنے لئے اوس کے جاری رکہنے یا مسدود کرنیکا بالکلیہ اختیار تمیزی محفوظ رکہنا بے معنی تھا۔ اسوجہ سے ہی کہ ایسے تمام عطیات گورنمنٹ پر واجب التعمیل نہ تھے انہوں نے اپنے لئے اون کے جاری رکہنے یا مسدود کرنیکا اختیار تمیزی محفوظ رکہا تھا۔ یہ ریگولیشن ۳۱ بابتہ ۱۸۰۲ء کی تمہید سے واضح ہے جس سے مرافع نے استناد کیا تھا لیکن اگر غور کیا جائے تو دراصل اوس کے خلاف ہے ریگولیشن کی تمہید سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اوسکا مقصود اون اراضیات کے متعلق غور کرنے کا تھا جو "موجودہ قابضان کی غیر مجاز دست اندازی سے مقامی عہدہ داروں کی خفیہ سازش یا دوسرے فریبانہ ذرائع سے منتقل کی گئی تھیں" اس کے بعد تمہید میں یہ بیان کیا گیا ہے۔ "چونکہ لگان اراضی کا استمراری بندوبست ہر قسم کی منتقل شدہ اراضیات کو خارج کر کے کیا گیا ہے" اون واضعان قانون کی جانب سے جنہوں نے ایک ہی سال میں دونوں ریگولیشنوں کو وضع کیا تھا ریگولیشن ۲۵ کی اغراض و مقاصد کا اس سے بہتر کوئی [illegible] نہیں ہو سکتا جب یہ [illegible] دیکھا جائے کہ اراضیات جو لگان یا [illegible] کتوبڑی کی ادائی کی شرط سے منتقل کی گئی تھیں اونکو قطعاً منتقل شدہ نہیں تصور کیا جا سکتا یہ واضح ہے کہ تمام منتقل شدہ [illegible] کی نسبت یہ مقصود تھا کہ وہ بندوبست کی وسعت [illegible] کیجائیں۔ ایسی اراضیات حسب ذیل اراضیات پر مشتمل [illegible] اراضیات جو سرکاری خدمت ادا کرنے کی شرط پر منتقل کی گئی ہوں انعامات موروثی خدمت دیہی (۲) [illegible] انعامات (۳) انعامات جو عائد لگان کے عوض منتقل کئے گئے ہوں۔

پہلی قسم پر ریگولیشن ۲۹ بابتہ ۱۸۰۲ء و ۶ بابتہ ۱۸۳۱ء اور قوانین مدراس ایکٹ نمبر ۲۔ بابتہ ۱۸۹۴ء و ۳ بابتہ ۱۸۹۵ء میں بحث کی گئی تھی۔ دوسری قسم کا ایک جزو ریگولیشن ۳۱ بابتہ ۱۸۰۲ء میں تسلیم کیا گیا تھا یعنے وہ عطیات جو ۱۷۴۹ء کے قبل عطا کئے گئے تھے لیکن اونکی معافی لگان کی تکمیل بندوبست انعام بابتہ ۱۸۶۰ء میں کی گئی تھی۔ دوسری قسم کی باقیماندہ اراضیات اور تیسری قسم کی اراضیات بندوبست انعام بابتہ ۱۸۶۰ء میں باہر تسلیم کی گئی تھیں اور اونکا لگان معاف کیا گیا تھا۔ اسوجہ سے کہ یہ تمام بندوبست کی وسعت سے خارج کی گئی تھیں کہ پھر ناموں کی اونکی فہرستوں کے اون اغراض کے لئے قائم رکہنے کی ضرورت پڑی تھی جنکے لئے وہ عطا کی گئی تھیں ملاحظہ ہو دفعہ ۲۔ ریگولیشن ۲۹ بابتہ ۱۸۰۲ء اور اسکے دوسرے فقرہ میں پہلی قسم متذکرہ بالا پر بحث کیگئی ہے تیسرے فقرہ میں

مندرجہ بالا دوسری قسم پر بحث کی گئی ہے اور فقرہ جات نمبر ۹ و ۱۰ میں منجملہ دوسرے امور کے مندرجہ بالا تیسری قسم پر بحث کی گئی ہے فیصلہ سوریا نارائینا بنام پاتنا (۷) میں یہ نہیں قرار دیا گیا تھا کہ صرف ۱۷۶۵ء کے قبل کے انعامات انعامات کے طور پر تسلیم کئے جا سکتے اور یہ کہ تمام انعامات جو ۱۷۶۵ء کے بعد گو ۱۸۰۲ء کے قبل عطا کئے گئے تھے اسطور پر سمجھے جانے چاہیں کہ وہ زمینداری کی جائداد میں داخل تھے جو ڈالشل کمپنی نے ریگولیشن ۳۱ بابتہ ۱۸۰۲ء کا حوالہ محض اوس واقعہ کو بیان کرنے کے لئے دیا تھا جس کے باعث آخر کار اوس کا رجسٹر مرتب ہوا تھا جس میں عطیہ کی جائداد پر بحث کی گئی تھی اور حکام عالیمقام نے یہ قرار دیا تھا کہ موضع کے عطیہ سے اراضی اور مالگزاری کا عطیہ مراد تھا۔ یہ امر مقدمہ صاحب وزیر ہند بنام راجہ وینکٹا گیری (۴) سے بھی واضح ہے جسمیں حکام عالیمقام نے ریگولیشن ۳۰ بابتہ ۱۸۰۲ء کی تعریف اسطور پر کی تھی کہ اوسکا تعلق کلیتاً ضابطہ سے ہے۔ مرافع کی اصل بحث کہ چونکہ وہ حسابات جن کے لحاظ سے پیشکش مقرر کیا گیا تھا سرکوٹ کمیٹی کے تھے جو ۱۷۷۵ء میں مقرر کی گئی تھی اس لئے تمام عطیات جو اوس تاریخ کے بعد کے تھے اونکی نسبت یہ مقصود تھا کہ اونکو تسلیم نہ کیا جائے اوس بحث کی مغالطہ آمیز نوعیت ظاہر کرتی ہے جو ریگولیشن ۳۱ بابتہ ۱۸۰۲ء پر بنی تھی کیونکہ اگر موخر الذکر بحث صحیح ہے تو اون اراضیات کی کیا حالت ہوگی جو ۱۷۶۵ء اور ۱۷۷۵ء کے مابین عطا کی گئی تھیں سرکوٹ کمیٹی کے حسابات کے استعمال کی حد تک وہ ایسے حسابات تھے جو زمانہ کے لحاظ سے بہت ہی قریب کے تھے جو اسٹیٹ کو بندوبست کی غرض سے حاصل ہوئے تھے اگر اون اراضیات کی نسبت جو اوس وقت منتقل کی گئی تھیں جب سرکوٹ کمیٹی کے حسابات مرتب کئے گئے تھے یہ مقصود تھا کہ وہ بندوبست سے خارج کیجائیں تو ریگولیشن میں صراحتاً اوس کا حکم درج ہوتا۔ ریگولیشن اور اسناد جو اوسکے تحت جاری کی گئی تھیں اپنی موجودہ حالت میں اپنی تاریخوں (۱۸۰۲ء) سے اثر پذیر ہوتی ہیں اور ۱۸۰۲ء کے قبل کے تمام عطیات استمراری بندوبست سے بادی النظر میں خارج کئے گئے تھے۔

مرافع نے وینکٹا رنگیا آپا راؤ بنام پورانکی آپالا راز و (۸) کا کچھ حوالہ دیا تھا اس مقدمہ کا تعلق ایک انعام سے تھا جو نیز دید زمیندار کے لئے خانگی خدمت ادا کرنیکی شرط سے عطا کیا گیا تھا۔ نیز دید زمینداری کی اراضیات جن پر زمیندار کے لئے خانگی خدمت انجام دینے کی شرط سے قبضہ تھا اون تمام کی نسبت مسٹر ٹیلر نے انعام کمیشن کے وقت بحث کی تھی اور انکی نسبت یہ قرار دیا تھا کہ وہ زمینداری کی جائداد میں داخل تھیں۔ ملاحظہ ہو سری راجہ سبہا نادری آپا راؤ بہادر بنام سری راجہ وینکٹا نرسمہا آپا راؤ بہادر (۹) جسکی تائید وینکٹا نرسمہا آپا راؤ بہادر بنام سوبہانادری آپا راؤ (۱۰) میں کی گئی تھی لیکن یہ کہ خواہ وہ قابل ضبطی تھیں یا نہ تھیں وہ زمینداری کی جائداد میں داخل تھیں راجہ نیلموتی سنگھ بنام دی گورنمنٹ (۱۱) میں سر بارنس پیکاک کی رائے سے معلوم ہوتا ہے جسکو نیلاموتی سنگھ بنام بکرا ناتھ سنگھ (۱۲) میں پسند کیا گیا تھا۔ ان ہی اصولوں پر فیصلہ وینکٹا رنگیا آپا راؤ بنام پورانکی آپالا راز و (۸) مبنی ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ اراضی لکھیراج نہ تھی۔ میں اوس دوسری وجہ سے اتفاق کرنے کے قابل نہیں ہوں جو اوس میں یہ قرار دینے کے لئے بتلائی گئی تھی کہ اراضی لکھیراج

(۷) انڈین کیسز جلد ۱۰ صفحہ ۶۰۹۔

(۸) انڈین کیسز جلد ۶ صفحہ ۹۴۰۔ (۹) انڈین لاء رپورٹ مدراس جلد ۲۳ صفحہ [illegible]
[illegible]

کیوریلی بنام منڈیکا دیدراس

تھی۔ مقدمہ صاحب زیر ہند نظام کرتبا سلہ ہو پتی ہری چندن مہاپتر (۳۱۱) میں اوس اراضی کی نسبت محض ایک قیاس ظاہر کیا گیا ہے جو زمینداری کی حدود میں ہو اور اس سے مرافع کو اوس وقت کوئی مدد نہیں ملتی جبکہ واضعات معین طور پر معلوم ہوں اور قیاس کی تردید کرتے ہوں۔

اگر اراضی زمینداری کی جائداد سے خارج تھی تو وہ دفعہ ۳ (۲) (د) کے تحت نہیں آسکتی کیونکہ وہ سالم موضع نہیں ہے۔

یہ بحث نہیں کیجا سکتی کہ قانون حقیت ہائے اراضی کے قطع نظر مدعی علیہ کوئی حقوق دخیلکاری رکھتا ہے۔ اگر اس بحث سے ابتدا کیجائے کہ انعامدار کے موافق (چیدامبرا سیوایر کا سا پنڈارا سنادہی گال بنام ویراما ریڈی (۱۴)) یا اوس کے خلاف (سوریا نارائنا بنام پاتنا د ( )) کوئی قیاس نہیں ہے تو یہ ناممکن ہے کہ اس مقدمہ کے مدعی علیہ کو جو اراضی پر دستاویزہ کے بموجب اس شرط سے قابض کرایا گیا تھا کہ وہ میعاد کے ختم ہونے پر اراضی چھوڑ دیگا [ملاحظہ ہو سوریا نارائنا بنام پاتنا د (۷)] کوئی حقوق دخیلکاری حاصل ہوں گے خواہ ابتدائی عطیہ کچھ ہی ہو۔ جب آخری آسامی نے سنہ ۱۹۰۸ء میں اراضی سے دست برداری حاصل کی تھی تو اراضی مدعی کے قبضہ میں آگئی تھی جو اپنے تصرف میں دونوں وارم رکھتا تھا اور اوس کے بعد مدعی علیہ اس شرط سے قابض ہوا کہ وہ (۹) سال کے اختتام پر اراضی حوالہ کردیگا جو اون تمام مقدمات میں بہت اہم شرط ہوتی ہے جن سے قانون حقیت ہائے اراضی متعلق نہیں ہوتا ملاحظہ ہوں۔ (سوریا نارائنا بنام پاتنا د (۷)) و اپاد رشٹا وینکٹا ساسترولو بنام دیوی سیتھا راموڈو (۱۵) مقدمہ چیدامبرا سیوایر کا سا پنڈارا سنادہی گال بنام ویراما ریڈی (۱۴) اس قسم کا مقدمہ تھا

آسامیاں مسلسل ۵، سال سے زیادہ عرصہ سے مختلف خروج پر اراضی پر قابض رہے ہوں اپنی حقیتوں کو رہن اور بیع کرتے رہے ہوں اور اپنے مابین تقسیم کرتے رہے ہوں اور جہاں آسامیوں کے کوئی چلکے نہ تھے جن میں یہ شرط درج ہوتی کہ اراضی سے ایک خاص میعاد کے اختتام پر دست برداری حاصل کرنی چاہیے اور صرف وہ چلکہ جات جنمیں بظاہر ایسی شرائط مندرج تھیں جعلی قرار دیے گئے تھے اور آسامیوں نے گورنمنٹ سے معاوضہ حاصل کیا تھا جب حقیتیں حاصل کی گئی تھیں۔

ایسی حالت میں میں یہ قرار دیتا ہوں کہ مدعی مندعویہ استقرار حق کا مستحق ہے۔ اس رائے کے بموجب اون دوسرے سوالات پر بحث کرنا غیر ضروری ہے جو اس مقدمہ میں پیدا ہوتے ہیں۔

لیکن میں اس امر کا اضافہ کرسکتا ہوں کہ میں دستاویزہ کی اوس تعبیر سے متفق ہوں جو میرے فاضل شریک نے کی ہے۔ میری رائے میں دستاویزہ سے قرضہ اور پٹہ ظاہر ہوتا ہے اس معنی میں کہ قرضہ کی بازیافت کے آسان طریقہ کی بھی اوس میں صراحت کی گئی تھی۔ یہ بیان کیا جاسکتا ہے کہ دستاویزہ سے بھی دائن (پٹہ گیرندہ) کو کسیقدر کفالت حاصل ہوتی ہے۔ لیکن کوئی کفالت نہ تو اس معنی میں ہے کہ دستاویزہ رہن سادہ کی حد تک پہنچتی ہے جس پر نیلام کا دعویٰ مبنی کیا جاسکتا ہو اور نہ اس معنی میں کہ دستاویزہ رہن انتفاعی کی حد تک پہنچتی ہے۔ ہر صورت میں یقیناً پٹہ موجود تھا۔ غالباً حکام عالیمقام بنگال انڈیگو کمپنی بنام رگھوبرداس (۱۶) میں لفظ "ضمانت" اس معنی میں استعمال کر رہے تھے جس کا فیصلہ آخر کار قانون مزارعان بنگال میں

(۱۳۱) انڈین کیسز جلد ۲۶ صفحہ ۴۶۷ - (۱۴) مالجیات سنہ جلد ۴۰ صفحہ ۳۰ و نظائر ہند
[redacted] صفحہ ۱۰۰

ایڈیٹر بنام حکم سنگھ (لاہور)

رعیت کی خاص تعریف پر منحصر تھا۔

میں متفق ہوں کہ مرافعہ ثانی مع خرچہ خارج کیا جانا چاہیئے۔ مرافعہ ... خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۴۹۵ بابت ۱۹۲۲ء ... فیصلہ ۲۰ جنوری ۱۹۲۶ء

باجلاس مسٹر جسٹس ... سنگر

... مدعی علیہم مرافعان بنام حکم سنگھ وغیرہ مدعیان مرافعہ علیہم

رواج ... کسی ... لینے کی اولاد کا حقیقی خاندان میں وارث ہونا۔

قانون ... بموجب الیہ متبنیٰ بیٹے کی اولاد ... گود لینے والے باپ کا خاندان کی ... خاندان کی ... اولاد کی موجودگی میں اور ان ... ساتھ حقیقی خاندان میں اپنے حقوق وراثت کو قائم رکھتی ہے۔

... بنام ... سنگھ انڈین کیس جلد ۲۰ صفحہ ۳۹۳


... سنگھ بنام ... داس انڈین کیس جلد ۷۰ صفحہ ۵۵۰

... بنام رام رکھا پنجاب ریکارڈ بابت ۱۹۱۲ء نمبر ۱۲۶ کا حوالہ دیا گیا۔

مرافعہ ثانی برخلاف ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج ہوشیارپور مورخہ ۲۲ مارچ ۱۹۲۲ء مشعر تنسیخ ڈگری مصدرہ منصف درجہ اول ہوشیارپور مورخہ ۱۱ نومبر ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافعان لالہ نیم چند۔

**فیصلہ**۔ اس مقدمہ کے فریقین موضع ... تحصیل ... ہوشیارپور کے ہندو جاٹ ہیں اور حسب ذیل شجرہ خاندانی سے وہ تشریح صراحتاً ظاہر ہو جاتی ہے جس میں بالآخر یہ شجرہ درج کیا گیا ہے۔




ہرنام سنگھ ولد گند ہیلا لاولد مالک اراضی ذکو چند سال گذرے اپنے پسماندگان میں ایک بیوہ مسماۃ ستی کو چھوڑ کر فوت ہوا جس نے اب مسلمہ طور پر مکرر ازدواج کرلیا ہے مسماۃ ستی کے ازدواج مکرر پر ہرنام سنگھ کی جائداد کی نسبت دہومن اور بھاگا کی تمام اولاد کے ناموں سے عمل داخل خارج ہوا تھا یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بھاگا کے حقیقی بیٹے رام دیال کو اوس کے چچا دہومن نے متبنیٰ لیا تھا جسکا وہ قائم مقام

انشیر بنام حکم سنگھ (لاہور)

بنا تھا اور مدعی علیہم نمبر ۱، ۲ اور ۳ اوس کے پوتے ہیں۔ مدعیان جو دہومن کے بھائی بھاگا کی اولاد ہیں اس بنا پر جائداد کے مستحق ہونے کے دعویدار ہیں کہ رام دیال کو دہومن نے متبنی لیا تھا اور وہ موخر الذکر کی جائداد کا قائم مقام ہوا تھا اس لئے اوسکی اولاد کو کوئی حق اوس جائداد کی نسبت حاصل نہ تھا جو ابتداً اوس کے حقیقی باپ سے ملی تھی۔ مدعی علیہم نے رام دیال کی تبنیت کے واقعہ اور جواز سے انکار کیا اور یہ بھی بحث کی کہ اگر تبنیت دراصل واقع ہوئی تھی تو وہ وارث کا معمولی رواجی تقرر کرتا تھا اور چونکہ اوسکا نتیجہ یہ نہیں ہوا تھا کہ متبنی کو خاندان میں اپنی شاخ سے اپنے متبنے کنندہ باپ کی شاخ میں منتقل کیا جاتا اسلئے مدعیان کے ساتھ مدعی علیہم اس کے مستحق تھے کہ وہ ہرنام سنگھ کی جائداد کے وارث ہوں۔ دونوں عدالتوں نے یہ قرار دینے میں اتفاق کیا ہے کہ دہومن نے رام دیال کو جائز طور پر متبنی لیا تھا اور چونکہ یہ تجویز واقعاتی ہے اس لئے مرافعان کے لائق وکیل نے اس عدالت کے موجبات مرافعہ میں اس تجویز پر اعتراض کرنے سے صحیح طور پر احتراز کیا ہے لیکن دوسرے سوال پر عدالتوں نے اختلاف کیا ہے اور مدعی کے دعوے میں چونکہ عدالت مرافعہ تحت نے ڈگری صادر کی تھی اس لئے مدعی علیہم اب مسٹر فقیر چند کے توسط سے بصیغۂ مرافعہ ثانی رجوع ہوئے ہیں۔

صرف ایک تصفیہ طلب سوال جو اس مرافعہ میں شامل ہے وہ یہ ہے کہ آیا کسی متبنی بیٹے کی اولاد جو اپنے متبنی کنندہ باپ کی جائداد کا قائم مقام ہوا ہے اپنے دادا کے حقیقی خاندان میں موخر الذکر کے حقیقی خاندان کی اولاد کی موجودگی میں قائم مقام ہو سکتی ہے۔

مرافعان کے لائق وکیل نے ایسی کوئی صحیح نظیر کا حوالہ نہیں دیا جو موجودہ مقدمہ کے بالکل مطابق ہو اور یہ امر قابل افسوس ہے کہ دوسرے فریق نے حاضر ہونا مناسب نہیں خیال کیا گو اوسپر نوٹس کی تعمیل کی گئی تھی اجلاس کامل کی نظیر سیلا سنگھ بنام گمرداس (۱) میں اس معاملہ پر بحث نہیں کی گئی ہے اور وہ بالکل مختلف امر کے متعلق ہے۔ وہ دو نظائر بھی جن پر مرافعان کے لائق وکیل نے استدلال کیا تھا یعنے جھنڈا سنگھ بنام کیسر سنگھ (۲) اور دسوندی بنام چاندا سنگھ (۳) متعلق نہیں ہیں اور وہ اس سوال سے کوئی تعلق نہیں رکھتیں جو اب فریقین کے مابین نزاعی ہے۔ یہ واضح ہے کہ یہ سوال دشواری سے مبرا نہیں ہے اور اس امر کے متعلق صریح نظیر کی عدم موجودگی میں اوسکا تصفیہ قانون رواجی کے عام اصولوں کے مطابق کرنا چاہیئے۔

مہرا بنام منگل سنگھ (۴) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ جائداد جو کسی نامزد کردہ وارث کو اس حیثیت سے ملتی ہے موخر الذکر کے بیٹے کی حیثیت سے موروثی نہیں ہوتی۔ اس مقدمہ میں یہ بھی قرار دیا گیا تھا کہ کسی وارث کا رواجی تقرر دہرم شاستر کے بموجب رسمی تبنیت سے بالکل مختلف ہے اور یہ کہ ایسے تقرر میں ایک شخص کا ایک خاندان سے دوسرے خاندان میں داخل کیا جانا لازمی نہیں ہوتا۔ اوس اجلاس کامل کی نظیر میں جسکا حوالہ اس کے قبل دیا جا چکا ہے فاضل چیف جسٹس نے یہ رائے ظاہر کی تھی کہ (۱) پنجاب میں کسی وارث کا رواجی تقرر محض شخصی تعلق ہوتا ہے جو دہرم شاستر کے زیر اثر تبنیت کے مشابہ ہوتا ہے (۲) یہ کہ

(۱) انڈین کیسز جلد ۶۸ صفحہ ۵۸ و نظائر ہند صفحہ ۵ نمبر ۱۱ (۲) انڈین کیسز جلد ۶ صفحہ ۶۱۲
(۳) انڈین کیسز جلد ۱۳ صفحہ ۱۲۱ - (۴) انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۹۴۳ -

صفحہ ۹۸۴

النھر بنام عالم سنگھ (لاہور)

اوس کا اثر محض اوسکے فریقین پر پڑتا ہے (۳) یہ کہ مقرر کردہ وارث مقرر کنندہ کے باپ کا پوتا نہیں ہوجاتا اور (۴) یہ کہ اوسکا بیٹا مقرر کنندہ کا پوتا نہیں ہوجاتا۔

تلسی بنام رام رکھا (۵) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ وارث کے رواجی تقرر کی صورت میں تقرر اوس کی ذات سے تعلق رکھتا ہے اور اوسکا یہ اثر نہیں ہوتا کہ اوسکے تمام رشتہ داروں یا اوسکے موجودہ بیٹوں کو بھی متبنی گیرندہ کے ایک جدی خاندان کے ارکان بنادے۔ بعض نظائر میں اس سے تجاوز کرکے یہاں تک بیان کیا گیا ہے کہ وارث کا تقرر ہبہ کے مشابہ ہوتا ہے جو مقرر کنندہ کی وفات پر اثر پذیر ہوتا ہے اور کبھی جائداد جو مقرر کردہ نے حاصل کی تھی اوس کی نوعیت ہبہ بالوصیت کی بھی بتائی جاتی ہے۔ اگر کسی وارث کا تقرر اپنے لوازم میں دھرم شاستر کے بموجب تبنیت کے کریتریم نمونہ کے مشابہ ہے تو یہ واضح ہے کہ مقرر کیا ہوا بیٹا اپنے حقیقی باپ کے خاندان میں اپنے حقوق وراثت سے محروم نہیں ہوتا۔ دھرم شاستر مولفہ ٹریویلین میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ کریتریم تبنیت سے متبنی اپنے حقیقی خاندان سے منتقل نہیں ہوجاتا۔ اوسکی وجہ سے اوسکو اوس خاندان میں اپنے حقوق کے علاوہ اوس شخص کی نہ کہ کسی دوسرے شخص کی وراثت کے حقوق حاصل ہوجاتے ہیں جو اوسکو فی الواقع متبنی لے اوسکے بیٹے اوسکے متبنی گیرندہ باپ کی وراثت میں کوئی حقوق نہیں حاصل کرتے اس کے علاوہ دھرم شاستر مولفہ مین طبع ہشتم صفحہ ۲۰۶ پر حسب ذیل عبارت ملتی ہے۔ "وراثت کی حد تک کریتریم بیٹا اپنے حقیقی خاندان میں وراثت کے کسی حقوق سے محروم نہیں ہوتا۔ وہ دو باپوں کا بیٹا اوس حد تک ہوجاتا ہے کہ وہ اپنے متبنی گیرندہ باپ کی جائداد پاتا ہے لیکن اوس باپ کے باپ یا دوسرے پدری رشتہ داروں کی جائداد نہیں پاتا۔"

ان نظائر سے صریحاً یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ تعلق جو رام دیال اور دہوم کے مابین قائم ہوا تھا وہ محض شخصی تھا اور وہ کسی طرف بھی متعاقدین سے تجاوز نہیں کرتا تھا۔ اگر فاضل جج جبلس کی عبارت مندرجہ صوبا سنگھ بنام گرداس (۱) کا استعمال کیا جائے تو حقیقی خاندان سے رشتہ داری کا تعلق مسدود نہیں ہوا تھا اور جدید خاندان کے ارکان کے ساتھ خون کے تعلق کا اضافہ نہ مقرر کردہ وارث سے متعلق نہ تھا۔ اگر یہی حالت ہے تو حقیقی خاندان کے ساتھ رام دیال کا تعلق بالکلیہ منقطع نہیں ہوا تھا اور یہ ظاہر ہے کہ اوسکی اولاد اپنے حقیقی باپ کے خاندان میں وراثت سے خارج نہیں کی جاسکتی۔ میں اس واقعہ سے بےخبر نہیں ہوں کہ اس نتیجہ سے نظائر انصاف معلوم ہوتی ہے اسلئے کہ متبنی اور اوسکی اولاد دو دو جائداد کی مستحق ہوگی لیکن اگر کسی وارث کا تقرر کرنا ہبہ کرنیکے مساوی ہے اور مقرر کردہ شخص جائداد کا محض موہوب لہ ہے تو یہ واضح ہے کہ اوسکے حقیقی باپ کے خاندان کے دوسرے ارکان کو شکایت کی غالباً کوئی وجہ نہیں ہوسکتی ہے اس مقدمہ میں کسی خاص رواج کا ثابت کیا جانا تو کجا اسکا بیان تک نہیں کیا گیا کہ متبنی کے حقیقی باپ کی اولاد کی موجودگی میں متبنی کی اولاد اپنے حقیقی باپ کے خاندان کی وراثت سے محض اسوجہ سے خارج ہوجاتی ہے کہ وہ اپنے متبنی گیرندہ باپ کی جائداد کا قائم مقام ہوا تھا۔

ایسی حالت میں میری یہ رائے ہے کہ مدعیان اپنا دعویٰ ثابت کرنے سے قاصر رہے ہیں اور یہ کہ وہ ڈگری پانیکے مستحق نہیں میرا نتیجہ یہ ہے کہ مرافعہ منظور او رمدعی کا دعویٰ معہ تمام خرچہ کے خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

(۵) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۷۸ء نمبر ۴۲۔

(۱۷۴)

صاحب وزیر ہند بنام راجہ وینکٹاگیری مدراس

# پریوی کونسل

مرافعہ بنا راضی تجویز صادرہ ہائی کورٹ مدراس

منفصلہ ۱۵ر جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

باجلاس ہے وائیکونٹ کیو لارڈ شاد مسٹر امیر علی

صاحب وزیر ہند **بنام** راجہ وینکٹاگیری

باجلاس کونسل۔ مرافع مرافعہ علیہ

ریگولیشن بندوبست استمراری مدراس ایکٹ ۲۵ بابتہ سنہ ۱۸۰۲ء۔ دفعات ۳و۴ لغایت۔ استمراری بندوبست شدہ زمینداریان۔ وینکٹاگیری زمینداری۔ انعام یا نکھیراج اراضیات کی ضبطی۔ گورنمنٹ کے اختیارات۔

اون انعامات یا لکھیراج اراضیات کے متعلق جو وینکٹاگیری زمینداری میں واقع ہو اور جو حق زمیندار کو حاصل ہوتا ہے اور گورنمنٹ اسکی مستحق نہیں ہے کہ وہ اون کو ضبط کرے یا اون پر کوئی مالگزاری مشخص کرے۔

اوس سند کی رو سے جو وینکٹاگیری زمینداری کو سنہ ۱۸۰۲ء میں اوسوقت عطا کی گئی تھی جب وہ پہلی مرتبہ ایسٹ انڈیا کمپنی کے تحت آئی تھی گورنمنٹ نے تمام زمینداری پر بلالحاظ اوس خاص مدنی کے جو اسٹیٹ کی جایداد کی ہر خاص مد سے حاصل ہوتی تھی تمام زمینداری کیلئے معین خاص شرح مقرر کی اور زمیندار نے اپنے طور پر وہ انتظام اوس خاص معاہدہ کی بنا پر منظور کیا تہا۔

دفعہ ۳ ریگولیشن ۲۵ بابتہ سنہ ۱۸۰۲ء کے لحاظ سے دفعہ ۴ ریگولیشن مذکور استمراری بندوبست شدہ زمینداریوں سے جیسی کہ وینکٹاگیری زمینداری ہے کوئی تعلق نہیں رکھتی۔

مرافعہ جات اجتماعی بنا راضی فیصلہ و چہار ڈگریات مصدرہ ہائی کورٹ (چیف جسٹس والیس و مسٹر جسٹس فلپس) بمقدمہ مرافعہ نمبر ۶۲ بابتہ سنہ ۱۹۱۳ء مورخہ ۲۹ر اپریل سنہ ۱۹۱۵ء مطبوعہ انڈین کیسز جلد ۳۰ صفحہ ۶۶۲ مشعر بحالی چہار ڈگریات مصدرہ ڈسٹرکٹ کورٹ نلور بمقدمہ ابتدائی نمبر ۱۰ بابتہ سنہ ۱۹۱۰ء۔

**مسٹر امیر علی**۔ اس مقدمہ کے واقعات کا آغاز اوس وقت سے ہوتا ہے جبکہ مدراس پریسیڈنسی میں حکومت برطانیہ ابتداً قایم ہوئی تھی راجہ وینکٹاگیری موجودہ ضلع نلور میں ایک وسیع زمینداری پر قابض ہے۔ اوس کے مورث مسلمہ طور پر مسلمانوں کے زمانہ سے اسٹیٹ پر قابض تھے جو شروع میں شہنشاہان دہلی کے اور سلطنت مغلیہ کے تجزیہ کے بعد اون اشخاص کے تابع تھے جو کرناٹک میں اوس کے قائم مقام تھے اور جو بالعموم نواب ارکاٹ کے نام سے موسوم تھے۔ مقررہ مالگزاری یا ”پیشکش“ کی ادائی کے علاوہ وہ ایک مسلح فوج رکھنے کے پابند تھے تاکہ سرکار کو فساد یا بغاوت کے زمانہ میں مدد دیں۔

سنہ ۱۷۹۲ء میں ایک صلح نامہ کی تکمیل ہوئی تھی۔ جس میں ایک فریق ایسٹ انڈیا کمپنی اور دوسرے فریق نواب ارکاٹ تھے جس کی رو سے ملک کا انتظام اہل برطانیہ کے تفویض کیا گیا تھا۔ لیکن یہ انتظام اطمینان بخش نہیں معلوم ہوا اوس کی رو سے نواب کے لئے بہت زیادہ اختیار دیدیا گیا تھا جس کی وجہ سے اوس کے اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے مابین بہت جلد نزاع کے اسباب پیدا ہوگئے اسی سبب سے ایک جدید صلح نامہ تکمیل پایا جس کی رو سے جملہ انتظام اہل برطانیہ کے ہاتھوں میں منتقل ہوگیا تھا۔ دونوں صلح ناموں میں راجہ وینکٹاگیری کی حیثیت قایم رکھی گئی تھی۔ اور وہ مالگزاری جو وہ ایسٹ انڈیا کمپنی کو ادا کرنے کا پابند ہوگیا وہی قایم رہی۔ جو اوس نے اس تمام زمانہ میں مسلمان حکمرانوں کو ادا کی تھی۔

ذرہ بند

نیام

راجہ پٹیالہ کی

دمداں

[illegible] باہمی کے مطابق ہو [illegible] ڈائرکٹرز نے قرار دی
تھی لارڈ کلایو جو اوس وقت مدراس [illegible] گورنر تھے [illegible] ونیگا ایگری
اور دوسرے پالیگاروں کو [illegible] قسم کی [illegible] تھے [illegible]
جیندار یان [illegible] مغرور بارہ [illegible] اون [illegible]
دینے کے لئے [illegible] گورنمنٹ کی مدد کے لئے [illegible] مطابق
کوہ پوروں [illegible] گورنر [illegible] کونسل [illegible]
کی حدمت [illegible] قایم رکھنے کے عوض [illegible] اور [illegible]
[illegible] ایسٹ انڈیا کمپنی تھے اور [illegible] قانوناً [illegible]
کے لئے تمام اخراجات [illegible] زمینداروں کو
[illegible] وہ بارسے سبکدوش کرے [illegible] اون کو یقین [illegible]
گیا تھا کہ اون کا مقررہ پیشکش [illegible] زمینداروں [illegible]
ترغیب ہوئی تھی کہ وہ اپنی فوجی [illegible] انتظام [illegible]
اور کسی فوج کے رکھنے کی بجائے جس کی وجہ سے [illegible] اخراجات
برداشت کرنے پڑتے تھے۔ انہوں نے یہ اقرار کیا کہ وہ اپنے [illegible]
مزید مالگزاری ادا کرینگے جو ان کے پیشکش سے ساتھ شامل
کر دی گئی تھی۔

اس انتظام کے مطابق ہو [illegible] ونیگا ایگری
اور دوسرے زمینداروں کے لئے جو اسی قسم کی [illegible] رکھتے تھے۔
ایک سند عطا کی گئی تھی جس میں وہ شرائط درج تھیں [illegible]
پائی تھیں یہ دستاویز "سند ملکیت استمرار" یا [illegible] دستاویز
کہلاتی ہے لفظ "استمرار" اوس کے دائمی ہونے اور [illegible] مالگزاری
رکھنے کی نوعیت ظاہر کرتا ہے مجموعی پیشکش ونیگا ایگری کی صورت
میں ایک لاکھ گیارہ ہزار اٹھاون اسٹار پگوڈا مقرر کیا گیا تھا۔ صفحہ ۳۴۳
"سند" کا وہ فقرہ جس کا تعلق اس خاص انتظام سے ہے ان
الفاظ میں ہے "اوس سبکدوشی کے معاوضہ میں جو آپکے خزانہ کو

فوجی خدمات ترک کرنے اور اون اخراجات کو منقطع کرنے سے
ہوگی جس سے کہ آپ اس وجہ سے ذمہ دار ہیں و نیز اس لحاظ سے کہ اس نے
اپنے [illegible] اون علاقوں کی کامل حفاظت کا خرچہ لے لیا ہے جو
[illegible] برٹش گورنمنٹ نے آپ کی سالانہ
[illegible] گورنمنٹ کا معاوضہ [illegible] مقررہ سالانہ پیشکش داخل
[illegible] کو [illegible] رقم مقرری کی
[illegible] تبدیلی نہ ہوگی اور
[illegible] مستقل [illegible] کی مطالبہ
قرار [illegible]
[illegible] اضافہ [illegible] گورنمنٹ کی جانب سے
[illegible] میں دو فقرہ
[illegible] کی عبارت حسب ذیل ہے "مستقل پیشکش
جو اس سند کی رو سے [illegible] زمینداری [illegible] مقرر کیا گیا ہے اوس میں
[illegible] مالگزاری [illegible] اور [illegible] کی ساخت اور
فروخت [illegible] ہر قسم کے محصولات بھی اوس سے خارج
[illegible] گورنمنٹ نے اپنے لئے محفوظ رکھا ہے اس
سے منشی جرقیات اور منشی اشیا کے فروخت کرنیکا محصول خارج ہے
اوس [illegible] تمام اراضیات اور رسوم خارج میں جو اب تک سررشتہ
پولیس کے قیام کے لئے تصرف میں لائی جاتی نہیں گورنمنٹ نے ملک
کے رواج اور عملدرآمد کے مطابق متذکرہ بالا متعدد مدات کے تحت
مستقل یا عارضی طور پر تمام اقسام کی اشیا کو قایم رکھنے یا منقطع کرنے
میں اپنے اختیار تمیزی کے کامل استعمال کو اپنے لئے محفوظ رکھا ہے۔
مگر یہ واضح ہے کہ اسوقت کا کام دو مصالح پر مبنی تھا ایک
طاقتور زمینداروں کے متعلق تھا جو بڑی فوجیں رکھتے تھے جن کے
ساتھ علیحدہ بنیاد پر بندوبست لازمی تھا، دوسرا اون ہدایات

کے مطابق عام تشخیص کا ایک طریقہ تھا جو بورڈ آف ریونیو کے نام ۲۴ ستمبر ۱۷۹۹ء کو جاری کیا گیا تھا۔ اس آخری مصلحت کی تکمیل کے لئے گورنمنٹ نے ریگولیشن ۲۵ بابتہ ۱۸۰۲ء صادر کیا تھا جو ۱۳ جولائی ۱۸۰۲ء کو نافذ ہوا۔ اس ریگولیشن کی تمہید اہم ہے۔ سرکار اون علاقون کے زمینداروں، میراث دارون، رعیتون اور اراضیات کے کاشتکارون کو جو گورنمنٹ فورٹ سنٹ جارج کے تابع میں معلوم ہے کہ نہایت ہی قدیم زمانہ سے اسوقت تک مالگزاری اراضی کی سرکاری تشخیص کبھی نہیں کی گئی ہے لیکن یہ کہ ایشیائی گورنمنٹون کے عملدرآمد کے مطابق مالگزاری اراضی کی تشخیص میں تعداد کے تصفیہ کے لئے کسی مقررہ اصولون کے بغیر تبدیلی ہوتی رہی ہے اور زمیندارون یا دوسرے اشخاص کے لئے مناسب محصول اراضی کے جاری رکھنے کی کوئی ضمانت نہ تھی، یہ کہ برخلاف اس کے حکمرانون نے خواہ وہ ہندو ہون یا مسلمان اکثر تحقیقاتین تشخیص مالگزاری اراضی میں اضافہ کرنے کے لئے کی ہیں، یہ کہ یہ عملدرآمد رہا ہے کہ ایسے اضافہ جات کو مقامی عہدہ دارون کی تحقیقاتون اور آراکی بناپر مقرر کیا جائے جن کو اوس وقت کے حاکم نے مامور کیا تھا اور یہ کہ ایسی بنیادون پر اضافہ مالگزاری حاصل کرنے میں گورنمنٹ کے لئے یہ معمولی بات رہی ہے کہ وہ زمیندارون کو محروم کرے۔ اور زمینداریون کے انتظام کے لئے خود اپنی جانب سے اشخاص کو مقرر کرے۔ اس طور پر حکمرانون کے لئے معنوی حق اور ہر قسم کی تمام اراضیات پر مالکانہ قبضہ کے واقعی استعمال کو محفوظ رکھا گیا تھا، اور چونکہ مذکورہ بالا زمیندارون، میراث دارون، رعیتون اور اراضی کے کاشتکارون پر یہ واضح ہے کہ انتظام کا ایسا طریقہ ضرور ہے کہ کاشت، آبادی اور دولت کی ترقی میں مزاحم ہو کر ملک کی عام بہبودی کی ترقی کے لئے مضرت بخش ہو اور شخصی آزادی اور خانگی جایداد کی

کفالت کو کم کر کے انفرادی اشخاص کی آسایش کو زائل کرنے والا ہے اس لئے برٹش گورنمنٹ نے اون مضرتون کے خیال سے متاثر ہو کر جو ایسے اصولون کے لازمی نتیجے ہیں اور اوس کی رعایا کو پہنچتی ہیں ارادہ کیا ہے کہ اپنے نظم و نسق سے غیر یقینی اور پریشانی کا ایسا باراور نتیجہ خارج کرے اور زمیندارون اور دوسرے قابضان اراضی اون کے ورثا اور قایم مقامون کو اون کی اراضی میں ہمیشہ کے لئے مالکیت عطا کرے اور ایسی اراضیات پر ہمیشہ کے لئے سرکاری مالگزاری کی تشخیص مقرر کرے جس کی مقدار میں کبھی کسی حالت میں اضافہ ہو سکیگا"

دفعہ ۲ میں یہ حکم مندرج کیا گیا تھا کہ "ان اصولون کے مطابق اون تمام اراضیات پر لگان مقرر کیا جائیگا۔ جو گورنمنٹ کو مالگزاری ادا کرنے کی پابند ہیں اور ایسی تشخیص کی وجہ سے اراضی کا مالکانہ حق زمینداران یا اراضی کے دوسرے مالکون اور اون کے ورثا اور جائز قایم مقامون کو ہمیشہ کے لئے حاصل ہو جائیگا"

دفعہ ۳ کا حوالہ بعد میں دیا جائیگا۔

دفعہ ۴ جو موجودہ مقدمہ پر غور کرنے میں اہم جزو ہے بجنسہٖ ذیل میں درج ہے۔

"چونکہ گورنمنٹ نے اپنے لئے اون مالگزاری کی اشیاء کو مستقل یا عارضی طور پر جاری رکھنے یا مسدود کرنے کے اختیار تمیزی کا کامل استعمال محفوظ رکھا ہے جو ملک کے رواج اور عملدرآمد کے مطابق محصول نمک اور شورہ کے مختلف عنوانون کے تحت یا سمندر یا اراضی کے محصولات میں داخل کی گئی تھیں، یا جن کا تعلق آبکاری یا عرضیات اور اشیاء منشی کی فروخت کے محصول سے تھا۔ اشیاء خوردنی کی فروخت یا کسبی اور پیشہ کے تمام محصولات ونیز وہ محصولات جو منڈیون، میلون یا بازارات، لکھیراج اراضیات (بایں وجہ جو سرکاری مالگزاری کی ادائی سے مستثنٰی تھیں) سے حاصل ہوتے تھے، اور تمام دوسری اراضیات کے متعلق جو صرف رعایتی لگان ادا کرتی ہون محصول اراضی کی

صاحب قبریر صوبہ بنام راجہ و شکیلانگا ۵ مدراس

۱۹۲۳ء صحیحہ

مہاراجہ پتھاپورم بنام وینکٹاگیری (مدراس)

مستقل تشخیص لیجائے گی جس سے وہ مذکورہ بالا اشیا خارج کیجائینگی جن کا ذکر ابھی کیا گیا ہے۔

اس دفعہ کی ترتیب دینے کی غرض کسی شخص سے استفسار یا وضاحت کے لئے نہیں کیجا سکتی لیکن یہ واضح ہے کہ گورنمنٹ کے انتظام کے متعلق قیود اوس نے [illegible] جن کا ذکر اسکے بعد بالا میں کیا گیا ہے۔

یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وینکٹاگیری اسٹیٹ میں جب وہ انتظام مذکورہ کے تحت آئی بہت سی انعامی اراضیات داخل تھیں جنکو زمینداران نے وقتاً فوقتاً خیراتی یا مذہبی اغراض کے لئے بمعافی لگان یا بہ رعایتی لگان ساقط الملکیت کر دیا تھا۔ کچھہ اراضیات لوگوں کو اشخاص کے واسطے خدمات کی انجام دہی کے لئے بھی عطا کی گئی تھیں موخر الذکر کی نسبت زمیندار کو ضبطی کا حق مطلق حاصل تھا۔ دوسرون کی نسبت جو مذہبی عطیات کے زمرہ میں آتی تھیں یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اوس کا اختیار محدود رہا ہے وہ ان کو صرف مخصوص اور ظاہر جائز وجہ پر ضبط کر سکتا تھا۔

سنہ ۱۸۱۲ع میں گورنمنٹ نے یہ کوشش کی تھی کہ وہ ان منتقل شدہ اراضیات کے منجملہ بعض کی نسبت اپنے حقوق کو نافذ کرے۔ نزاع یہ تھی کہ آیا زمیندار مزید مالگزاری کی ادائی کے لئے کسی ذمہ داری کے بغیر اون پر قبضہ پانیکا مستحق تھا یا آیا گورنمنٹ ضبطی سے مستفید ہونے کی مستحق تھی اور اون اراضیات پر مالگزاری مشخص کرنیکا حق رکھتی تھی۔ نزاع کا تصفیہ زمیندار کے موافق کیا گیا تھا یعنی یہ کہ گورنمنٹ ایسا کوئی حق نہیں رکھتی تھی جس کا اوس نے دعوے کیا تھا۔ سنہ ۱۸۲۲ع کے بعد سے جب نالش کا تصفیہ پراونشل کورٹ میں ہوا تھا۔ سنہ ۱۸۹۷ع تک معاملات میں کوئی تغیر نہیں ہوا تھا۔ جب گورنمنٹ نے پھر وہی دعوی پیش کیا جو انہوں نے سنہ ۱۸۱۲ع میں پیش کیا تھا اور اپنے عہدہ داران مال کے ذریعہ سے اون معافی انعام کی تشخیص کے متعلق تحقیقات کرنے کی جو زمیندار کے تحت اراضیات پر قابض تھے اور یہ امر تحقیق کرنیکی کوشش کی کہ آیا عطیات جائز تھے یا نہیں اور اگر جائز نہیں تھے تو اون پر مالگزاری مشخص کیجائے۔ راجہ وینکٹاگیری نے گورنمنٹ کے دعوی کا مقابلہ کیا۔ طویل مرافعہ کے بعد عدالت ڈسٹرکٹ جج نلور میں چار دعاوی رجوع کئے ہوئے ہیں جو موجودہ اپیل کی ابتدائی غرض بنیاد میں پانچواں دعوی جو کارروائیات کا ایک جزو بنایا گیا ہے گورنمنٹ کے خلاف اون ہی وجوہ پر ایک دوسرے شخص نے سب آرڈینیٹ جج شمالی ارکاٹ کی عدالت میں اون اراضیات کی نسبت رجوع کیا تھا جو دوسری اسٹیٹ میں واقع ہیں۔

عرضی دعوے کے فقرہ ۱۰ میں راجہ نے عطیات کی نوعیت ان منتقل شدہ اراضیات کے متعلق اپنے حقوق کی نوعیت بیان کی ہے اور فقرہ ۱۱ میں جدید تشخیص کی نسبت اپنے عذرات کے وجوہ کی صراحت کی ہے جو گورنمنٹ اوس پر لگانا چاہتی تھی۔ عرضی دعوے میں اوس کی نالش کی وجہ اس طور پر بتلائی گئی ہے

"یہ کہ ڈپٹی کلکٹر انعام نلور نے گورنمنٹ کے احکام کے بموجب عمل کرتے ہوئے مدعی کو یہ نوٹس دیا کہ وہ وینکٹاگیری زمینداری میں داد دیہم اور دہرما دیہم انعامات کی حالت کی تحقیقات کریگا جو دائمی بندوبست کے قبل عطا کئے گئے تھے اور یہ کہ وہ اس قابل ہو سکے مدعی کو چاہئے کہ وہ اوس کو ایسے انعامات کی ایک فہرست دے۔ جس میں وہ امور درج ہوں جن کی صراحت مندرجہ بالا نوٹس کے منسلکہ تختہ میں کی گئی تھی اور یہ کہ وینکٹاگیری زمینداری میں ایسے انعامات کو ضبط کرنے یا قواعد انعام کے بموجب عمل کرنے کے متعلق گورنمنٹ کے حق کی نسبت مدعی کے متعدد عذرات کے باوجود مذکورہ بالا ڈپٹی کلکٹر دریافت عمل میں

لارہے ہیں"

اس نے سنہ ۱۸۶۲ء کی کارروائیات کی بنیاد پر امر فیصل شدہ کا عذر پیش کیا تہا اور یہ بھی بیان کیا تہا کہ گورنمنٹ عوائی طرز عمل کی تشخیص کے حق کا دعویٰ کرنے سے ممنوع ہے اون وجوہ سے اونہی اس استقرار کے لئے استدعا کی تہی کہ صاحب وزیر ہند کو اون انعامات یا لکہیراج اراضیات کو جو زمینداری وینکٹا گیری میں واقع ہیں ضبط کرنے یا اون پر سرکاری مالگزاری مشخص کرنیکا کوئی حق نہ تہا اور نہ اون میں کوئی حق عودی یا اون انعامات یا لکہیراج اراضیات میں ایسا کوئی حق تہا جو مدعی کے قبضہ میں آچکی ہیں۔ اوس نے دائمی حکم امتناعی کی بھی استدعا کی تہی تاکہ صاحب وزیر ہند اور اوس کے عہدہ داروں کو اوس کی اسٹیٹ کے موقوعہ انعامات یا لکہیراج اراضیات کی نوعیت اور حقیت کے متعلق کوئی تحقیقات کرنے اور اون قواعد انعام کی رو سے کوئی کارروائی کرنے سے جو گورنمنٹ نے ۹ ر اگست سنہ ۱۸۵۹ء کو منظور کئے تھے یا اون کو ضبط کرنے یا اون پر سرکاری مالگزاری مشخص کرنے سے ممنوع کیا جائے۔

گورنمنٹ نے ان ساقط الملکیت اراضیات کو ضبط کرنے اور اون پر لگان مشخص کرنے کی نسبت گورنمنٹ کے حق کے سوال پر اوسکی ساتھ امر نزاعی میں اتفاق کیا، اون کی اصلی بحث یہ تہی کہ دفعہ ۴ ریگولیشن مدراس نمبر ۲۵ بابتہ سنہ ۱۸۰۲ء کی رو سے گورنمنٹ نے صراحتاً اپنا اختیار محفوظ رکہا تہا اور یہہ کہ سند کی شرط اوس کو نقصان نہیں پہنچاتی اور نہ اوسکو زائل کرتی تہی۔

جوابدعوے کے دوسرے عذرات حکام عالیمقام کو موجودہ فیصلہ کی اغراض کے لئے اہم نہیں معلوم ہوتے۔

حکام عالیمقام کی رائے میں ڈسٹرکٹ جج نے تصفیہ طلب سوال صحیح طور پر اور اختصار کے ساتہہ بیان کیا ہے۔

"اصلی سوال جس کا اس مقدمہ میں دراصل تصفیہ کرنا چاہئے وہ یہ ہے کہ آیا اون انعامات یا لکہیراج اراضیات کی نسبت جو وینکٹا گیری زمینداری میں واقع ہیں حق عودی گورنمنٹ یا زمیندار کو حاصل ہے اور آیا گورنمنٹ اون انعامات کو ضبط کرنے کی مستحق ہے یا آیا ایسے حقوق ضبطی کا تعلق زمیندار سے ہے" واقعات کی بناء پر [illegible] اونہوں نے دراصل یہ قرار دیا تہا کہ وینکٹا گیری زمینداری [illegible] ریگولیشن کے منشاء میں نہیں آتی تہی اور یہ کہ گورنمنٹ کی حجت قابل پذیرائی نہ تہی اور اونہوں نے اپنے ان چار دعاوی میں جو اونکے روبرو پیش تہے مدعی کے حق کا استقرار کیا اور حکم امتناعی جس طور پر کہ استدعا کی گئی تہی عطا کیا ہائی کورٹ میں مرافعہ ہونے پر اون کی ڈگریاں بحال رکہی گئی ہیں گو وجوہ جو ہائی کورٹ کے فاضل ججون نے وہی نتیجہ اخذ کرنے کے لئے بتلائی ہیں جو عدالت ابتدائی نے اخذ کیا ہے اون ہی اصولون کے مطابق نہیں ہیں جن کی تقلید ڈسٹرکٹ جج نے کی تہی لیکن اصلیت میں دونوں عدالتون کے مابین قطعی اتفاق رائے ہے۔

یہ ظاہر ہوتا ہے کہ گورنمنٹ سبارڈنیٹ جج شمالی ارکاٹ کی عدالت میں بھی ناکامیاب رہی تہی اور اوس کا مرافعہ جو ہائی کورٹ میں رجوع کیا گیا تہا خارج کیا گیا تہا۔

چونکہ حکام عالیمقام دراصل اوس نتیجہ سے متفق ہیں جو ہندوستان کی عدالتون نے اخذ کیا ہے اس لئے وہ یہ ضروری نہیں خیال کرتے کہ کسی تفصیل کے ساتہہ اون وجوہ کا اعادہ کریں جن پر ہائی کورٹ اور ڈسٹرکٹ جج نے اپنے فیصلون کو مبنی کیا ہے۔ بورڈ کے روبرو یہ بحث کی گئی ہے کہ مدعی کی سند کا ریگولیشن کے صریح احکام کو منسوخ کرنا ممکن نہ تہا اور یہ کہ انتظامی

حقیت زمیندار بنام راجہ وینکٹا [illegible] مدراس

[illegible] زمیندار ہو
[illegible] بحث کی
گئی تو [illegible] جا سکتی
[illegible] کا
[illegible] رکھا ہو
تھا [illegible] متعلق تھوڑا تھا
[illegible] عطا کیا تھا۔
[illegible] جانب گورنمنٹ
[illegible] جس پر گورنمنٹ
[illegible] جاتے
[illegible] جانچ لی گئی
جن کے باعث [illegible] زمیندارون
کو [illegible] حیثیت رکھتے تھے اور
[illegible] ریگولیشن
۲۵ بابت [illegible] کا اثر [illegible]

جیسا کہ اس کے قبل ذکر کیا گیا ہے [illegible] ظاہر ہوتا ہے۔
[illegible] اس قدر عرصہ [illegible] ستمبر ۱۷۹۹ء
[illegible] مالگزاری اراضی کا [illegible]
لیا تھا اور بورڈ آف ریونیو کو [illegible] نسبت
ہدایات جاری کی تھیں جو اون [illegible] تحقیقات
عمل میں لانے کے لئے اختیار کیا جانا چاہئے [illegible]
اون خطہ جات میں اراضی پر قبضہ [illegible] ریگولیشن [illegible] ۱۸۰۲ء
اون تحقیقاتون کا نتیجہ تھا جو بورڈ آف ریونیو نے اون
ہدایات کے بموجب عمل میں لائی تھیں۔ لیکن یہ ظاہر ہوتا ہے
کہ جب مالگزاری کے عام بندوبست کے متعلق یہ کارروائیات بہ صفحہ ۷۴۵

[illegible] اوس رقم کی نسبت تحقیقات کیجا رہی
[illegible] کہ اوس مقررہ پیشکش کے علاوہ اس
[illegible] زرہ گورنمنٹ کی خدمت کے لئے فوج رکھنے
کی [illegible] ہوئی تھی۔
[illegible] پیشکش شمالی ارکاٹ کو اس غرض سے
[illegible] ذرائع کی نسبت
کامل تحقیقات [illegible] رپورٹ میں جو اونہون نے
[illegible] ۱۴ جولائی [illegible] کو پیش کی تھی تمام ضروری
اطلاع [illegible] اور یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اوس اطلاع کی بنا پر وہ معاوضہ
جو [illegible] کو اون کی فوج کی نسبت عطا کیا گیا تھا
مقرر کیا گیا تھا۔ اونہون نے اپنی رپورٹ میں مختلف اقسام کے
[illegible] ہے جن میں سے بعض کو زمیندار خود اپنے اختیار
[illegible] پر ضبط کرنے کے لئے آزاد تھا دوسرے قسم کی تھی۔ جن کو وہ
[illegible] فرض میں غفلت وغیرہ جیسی کافی وجہ کے بغیر ضبط نہیں
کر سکتا تھا۔ معاوضہ کی تعداد کا تخمینہ لگانے سے یہ ظاہر ہوتا ہے
کہ ان تمام اراضیات پر غور کیا گیا تھا۔
زمیندار [illegible] کے نام جیسا کہ اس کے قبل بیان
کیا [illegible] ہے گورنر باجلاس کونسل لارڈ کلایو نے ایسٹ انڈیا
کمپنی کی جانب سے ۲۴ اگست ۱۸۰۲ء کو سند جاری کی تھی سند
کی ضروری شرائط کا اس کے قبل حوالہ دیا جا چکا ہے۔
اوسی تاریخ پر لارڈ کلایو نے زمیندار کے نام ایک خط
اون الفاظ میں تحریر کیا تھا جن کی وجہ سے مجھے کچھ شبہ اون
معنون کی نسبت باقی نہیں رہتا جو عطیہ کو دئے جانے چاہئیں
اونہون نے شروع میں اوس غرض کو بیان کیا ہے جس کے لئے
سند عطا کی گئی تھی اور یہ بیان کیا ہے کہ "ان حالات میں

وہ مقدار جو آپکو سالانہ ادا کرنی چاہئے۔ حسب ذیل طریقہ سے مقرر کیجاتی ہے۔ فوجی خدمت کے معاوضہ میں۔ نواسی ہزار تیرہ سو پچاسی اسٹار پگوڈا مقررہ پیشکش ایک ہزار چھ سو تہتر پگوڈا جملہ ایک لاکھ گیارہ ہزار اٹھاون اسٹار پگوڈا" اور اس کے بعد کی عبارت اہم ہے۔ دستاویز میں یہ بیان کیا گیا ہے" چونکہ رقم متذکرہ بالا آپکی زمینداری کا وہ سب سے [illegible] ہے جو سالانہ گورنمنٹ کو بنام حفاظت کے اخراجات کی بابت ادا کیا جانا چاہئے اس لئے دائمی ملکیت کی [illegible] اس مضمون کی کہ ایک لاکھ گیارہ ہزار اور اٹھاون اسٹار پگوڈا آپکی زمینداری سے گورنمنٹ کو دائمی جمع کی حیثیت سے سالانہ ادا کئے جانی چاہئیں آپکو گورنمنٹ کے ارکان کی مہر اور دستخط کے بعد روانہ کیجاتی ہے" اور اس کے بعد حسبہٖ اس معاملہ کے مدنظر آنارام اور کتوبدی کی اراضی کی تمام آمدنی جو سپاہیوں کے قبضہ میں تھی اون کی خدمت کے معاوضہ کی مد کے حساب میں داخل نہیں کی گئی تھی"

۲۵ اگست سنہ ۱۸۰۲ع کو گورنمنٹ کے سکریٹری نے کلکٹر پیشکش غربی کے نام ایک مراسلہ روانہ کیا جس میں تین اصلی زمینداریاں یعنے وینکٹاگیری کلاسٹری دیو مرازی پولم داخل تھیں جن سے یہ واضح ہوتا تھا کہ رقوم مالگزاری جو ان تین زمینداریوں پر تشخیص کی گئی تھیں وہ وینکٹاگیری کی صورت میں بالارادہ مبلغ ایک لاکھ [illegible] مقرر کی گئی تھی جس کو زمیندار سالانہ ادا کرنے والا تھا اوس دستاویز کا فقرہ ۱۰ اہم ہے اور وہ ان الفاظ میں ہے۔

"زمینداروں کے دلوں سے موجودہ انتظام کے دائمی ہونے کی نسبت تمام شبہ کو نکالنے کے لئے گورنر باجلاس کونسل یہ حکم دیا ہے کہ سند ملکیت استمرار جس پر گورنر باجلاس کونسل کی مہر اور دستخط ہوں زمینداروں کو حوالہ کرنے کی غرض سے مرتب کیجائے اور قبولیتیں جو ان اسناد کے ہم مضمون [illegible] نقل کی گئی ہیں اور کمیشن خاص کی یہ خواہش ہے کہ [illegible] زمینداروں کو یہ حکم دیں گے کہ وہ ان [illegible] دستخط کریں اور [illegible] میں ان قبولیتوں [illegible] ایک قسط بندی منسلک [illegible] کے مطابق اقساط مقرر کی گئی ہوں [illegible]"

[illegible] گورنمنٹ کلکٹر پیشکش غربی کو دیگئی تھیں [illegible] ان سے ہم مضمون بیانات کی قبولیتیں بھی [illegible] کی گئی تھیں لیکن اپنی قبولیت کی تکمیل سے قبل [illegible] وینکٹاگیری نے یہ خاص احتیاط کی تھی کہ اپنی زمینداری کی حد تک اندراج خاص عبارت [illegible] سند میں کرائے جو عطا کی گئی تھی۔ یہ امر مسٹر [illegible] کی [illegible] مورخہ [illegible] ستمبر سنہ ۱۸۰۲ع سے ظاہر ہوتا ہے فقرہ ۲ میں [illegible] حسب ذیل تحریر کیا ہے۔

"وینکٹاگیری زمیندار نے اپنی قبولیت پر اوس وقت تک دستخط کرنے سے [illegible] اعتراض کیا تھا جب تک کہ میں نے اوس میں اون مجوزہ [illegible] کی صراحت نہیں کی تھی جن پر وینکٹاگیری زمینداری مشتمل تھی [illegible] اعتراض کو غیر اہم سمجھ کر [illegible] ہوئی تھی کہ میں اوسکی استدعا کو منظور کروں اور اوس کی تحریک پر آپ کے روبرو یہ سفارش کروں کہ اضلاع جو اون کے تحت میں اون کی صراحت اوس کی سند [illegible] پر کیجائے جس غرض کے لئے [illegible] کیجاتی ہے"

جہاں تک ان دستاویزات کا تعلق ہے ان سے کوئی مکانی شبہ باقی نہیں رہتا کہ گورنمنٹ نے ایک جانب گورنر باجلاس کونسل کی قایم مقامی سے تمام زمینداری وینکٹاگیری پر معین خاص نرخ مقرر کی تھی بلالحاظ اون خاص رقوم کے جو اسٹیٹ کے اندر

صاحب بہ مقابلہ بنام راجہ وینکٹاگری (۱۱۶۴۰ ص)

صفحہ ۷۴۶

جایداد کی بابت ... تمام ادا کی تھیں اور یہہ کہ زمیندار نے
اپنی طرف سے ... انتظام اون خاص معاہدہ کی بنا پر تسلیم کیا تھا
اب ... ریگولیشن ... ۲۵ اگست سنہ ۱۹۰۲ع
کے احکام کے لحاظ سے ... کا دخل جا ... ایک
اون کے قبل بیان ... دفعہ کے ... کے ساتھ
یہ بحث ... کے احکام کے لحاظ سے جن کی
... اراضیات یا اراضیات جو سرکاری مالگزاری
کی ادائی سے مستثنے تھیں اور تمام دوسری اراضیات جو صرف
رعایتی لگان ادا کرتی تھیں لگان ارضی کی مستقل تشخیص سے خارج
کی گئی تھیں گورنمنٹ ... کو یہ اختیار نہ تھا کہ وہ اس
نوعیت کی سند ... مقدمہ ... مطلب ہے وہ بہت
زیادہ ... مختلف
اشخاص ... دریافت ... متعلق جاری کی گئی
تھیں ... بیان کیا گیا ہے کہ اوس دستاویز میں گورنمنٹ نے تمام
اراضیات ... محفوظ رکھنے کی احتیاط کی تھی ... اوقت
مستقل کی گئی تھیں اور کوئی سرکاری مالگزاری ...
جن پر ممکن ہے کہ ناجائز یا خلاف قانون ... کے بموجب
قبضہ ہو یا ثابت کیا جائے اور جن کی مالگزاری کمیشن کے حساب
میں داخل نہیں کی گئی ہے۔"

اس بحث کے متعلق دو امور پیدا ہوتے ہیں اولاً آیا وہ اراضیات
جن پر اب لگان مشخص کرنا مقصود تھا وہ دراصل کوئی سرکاری
مالگزاری ادا نہیں کرتی تھیں اور دوم آیا دفعہ ۳ کے احکام کے
لحاظ سے گورنمنٹ کو یہ بحث کرنیکا اختیار ہے کہ دفعہ ۴ کی تعبیر کرنے
میں سند پر غور کرنا چاہئیے دفعہ ۳ میں حسب ذیل قرار دیا گیا ہے۔
"جبکہ مالگزاری کی دائمی تشخیص کی شرائط کا تصفیہ ہوگیا ہو تو سند
ملکیت استمرار یا مستقل ملکیت کی دستاویز برٹش گورنمنٹ کی جانب
سے اون تمام اشخاص کو عطا کیجائے گی جو اراضی کے زمینداران
یا مالکان ہوں یا ہوتے ہوں اور اراضی کا ہر زمیندار یا مالک
ضلع کے کلکٹر کو بہ مضمون قبولیت کی تکمیل کرکے حوالہ کریگا مذکورہ بالا
اسناد و قبولیتوں میں اوس طریقہ قبضہ کی شرائط اور کیفیتیں مندرج
ہوں گی جن کی بنا پر اراضیات پر قبضہ رہیگا۔ نزاعی تشخیص
کے تمام مقدمات میں اسناد اور قبولیتوں کو دیکھا جائیگا اور اون
شرائط کے مطابق عدالہائے انصاف فیصلہ صادر کریں گی جن کے
لحاظ سے ہر خاص مقدمہ میں معاہدہ ہوا ہوگا۔"

دفعہ مندرجہ بالا میں ایک معین قاعدہ اون اصولوں کے
متعلق قرار دیا گیا ہے جن کے لحاظ سے ریگولیشنوں کے احکام
کی تعبیر کیجانی چاہئیے اب سند زیر بحث میں وینکٹاگیری زمینداری
میں انعام اراضیات کا کوئی حوالہ مندرج نہیں ہے۔ ایسی حالت
میں نتیجہ نکلیگا کہ اس جایداد کی صورت میں دفعہ ۴ کے احکام
غیر متعلق ہیں اور یہ کہ تشخیص جو اوس سے اون انتظامات کی وجہ سے
مقرر کی گئی تھی جو سنہ ۱۸۰۲ع میں اختیار کئے گئے تھے ایک ایسی
بنیاد پر تھی جو اوس سے بالکل مختلف تھی جس کی صراحت ریگولیشن
کی دفعہ ۴ میں کی گئی تھی۔ دوسرے الفاظ میں کارروائی تشخیص
اور سند دونوں ریگولیشن سے خارج ہیں جس کی رو سے گورنمنٹ
نے مدعی کی اسٹیٹ کے اندر اراضیات انعام ضبط کرنے اور اون
پر علیحدہ علیحدہ لگان مشخص کرنے کے حق کا دعوے کیا ہے۔

یہ رائے بھی ظاہر کیجانی چاہئیے کہ گو ریگولیشن ۱۳ ار جولائی
سنہ ۱۸۰۲ع کو نافذ کیا گیا تھا اور زمیندار وینکٹاگیری کو ۱۴
اگست کو سند عطا کی گئی تھی۔ مگر کمیشن کی سفارش مورخہ
۲ ار اگست سنہ ۱۸۰۲ع میں جس کے لحاظ سے سند عطا

گی گئی تھی یہ تحریک پیش کی کہ جدید تشخیص کی نسبت یہ قرار دیا جاتا چاہیے کہ وہ ۱۲ ار جولائی سنہ مذکور سے شروع ہوگی۔ اصول کو بیان کرنے کے بعد جس پر وہ اوس تعداد کے مقرر کرنے میں عمل کر رہے تھے جو زمیندار کو فوجی خدمت کے معاوضہ میں ادا کرنی چاہیے فقرہ ۱۴ میں اونہوں نے حسب ذیل بیان کیا ہے یہ اگر وہ وجوہ جن کے لحاظ سے ہمیں یہ تجویز پیش کرنے کی غرض ملی تھی کہ سرکاری مالگزاری کی تشخیص چار مغربی زمینداریوں پر مقرر کیجانی چاہیے جس میں رواجی پیشکش اور فوجی خدمت کا معاوضہ داخل ہو عالیجناب باجلاس کونسل پسند کریں تو مالگزاری کی جملہ مقدار جو اسٹیٹ کو ان قیمتی صوبوں سے حاصل ہوئی تھی قدیم پیشکش کی مقدار سے تعداد ایک لاکھ بہتر ہزار دو سو چھیالیس پگوڈا سے تجاوز کرے گی اور پیشکش اور معاوضہ کی مجموعی تعداد آئندہ زمانہ میں سالانہ دو لاکھ پچاس ہزار پگوڈا ہوگی ہم یہ مضمون اس سفارش کے ساتھ ختم کرتے ہیں کہ ان زمینداریوں پر سرکاری مالگزاری کی مستقل تشخیص حسبہٗ اوس شرح سے ۱۲ ار جولائی گذشتہ سے مقرر کیجائے " اس سے واضح طور پر یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ چار غربی زمینداریوں کے متعلق انتظام احکام ریگولیشن کے قطع نظر کیا گیا تھا۔ اس انتظام کے متعلق ایک اور امر قابل غور ہے یعنی یہ کہ اس سند کی شرائط میں اون اسناد کی شرائط سے اختلاف ہے جو دوسرے زمینداروں کو خود ریگولیشن کے بموجب عطا کی گئی تھیں۔

اوس رائے کے بموجب جو حکام عالیمقام نے مقدمہ کی عام شہادت کے متعلق قایم کی ہے وہ یہ ضروری نہیں خیال کرتے کہ اوس سوال پر کوئی رائے ظاہر کریں جو مدعی نے پیش کیا تھا کہ تنازعہ بحث سنہ ۱۹۰۲ء کے مرافعۂ اپیل عدالت کے فیصلہ کی وجہ سے امر فیصل شدہ ہے لیکن یہ ظاہر کرنا قرین مصلحت ہے کہ اوس فیصلہ کے بعد سے گورنمنٹ نے مختلف اوقات پر صراحتاً اوس حیثیت کے متعلق رضامندی دی تھی جو زمیندار نے اپنی اسٹیٹ میں انعام اراضیات کی نسبت اختیار کی تھی۔ حکام عالیمقام صرف تین دستاویزات کا حوالہ دیں گے۔ پہلی دستاویز ایک مراسلہ مورخہ ۱۲ ار اپریل سنہ ۱۹۲۳ء ہے جو سکرٹری بورڈ آف ریونیو نے چیف سکرٹری گورنمنٹ کے نام بھیجا تھا۔ جس میں حسب ذیل بیان کیا گیا تھا۔

"زمینداری ونیکٹاگیری کا دائمی پیشکش اون ہی اصولوں پر مقرر کیا گیا تھا جن کے لحاظ سے پومراوری اور کلاستری کی پیشکش مقرر کیا گیا تھا اور اس کے وجوہ وہی تھے جن کے باعث بورڈ کو ایک سابقہ موقع پر یہ بیان کرنے کی ترغیب ہوئی تھی کہ اونہوں نے زمیندار پومراوری کی نسبت یہ خیال کیا تھا کہ وہ اس سبب سے مقررہ رقم میں کمی کئے جانے کا مستحق نہ تھا کہ ایک عدالت کی ڈگری کی رو سے بعض مواضعات اوس سے لے لئے گئے تھے کیونکہ اوس ڈگری کے اثر کیوجہ سے اوس سے ایسی کوئی جایداد نہیں لے لی گئی تھی جس کے لحاظ سے گورنمنٹ کی رقم کا ادا کیا جانا مقرر کیا گیا تھا اب ان کی یہ رائے ہے کہ زمیندار ونیکٹاگیری ایسے مواضعات کی ضبطی سے فائدہ پانیکا مستحق ہے جو سابق میں اوسکی زمینداری سے منتقل کئے گئے تھے جبکہ گورنمنٹ نے کوئی اعتراض نہیں کیا تھا یا اوس کے ذرائع میں اضافہ کیوجہ سے جو اوسکی وجہ سے حاصل ہوئے تھے وہ اضافہ شرح کا مستوجب تھا۔

اس کے بعد سنہ ۱۹۲۹ء میں بورڈ آف ریونیو نے ایک مراسلہ میں جو گورنمنٹ کے چیف سکرٹری کا موسومہ تھا دستاویزات میں حسب ذیل بیان کیا تھا " زمیندار نے اب اپنا دعوے

صفدر ہند
بنام
راجہ ٹیکاگیری
(۱۳۱۵)

تذکرہ متعلقہ بنام ٹیلا گیری (مدراس)

اس بنا پر مبنی کیا ہے [illegible] کا [illegible] قول [illegible] کی بنا پر اوسکے
کسی حوالہ کے بغیر [illegible] گیا تھا [illegible] چونکہ اوس [illegible] کہ اراضی
کی ضبطی کا حق [illegible] کو [illegible] ہے جب [illegible] شمالی [illegible]
زمینداریوں کی صورت میں [illegible] انعامات [illegible]
کو ضبط کرنے کا حق جو [illegible]
کے حال سے اور کسی طرح سے [illegible]
شمالی [illegible] کی [illegible] تحصیل [illegible]
جو زمیندار [illegible] ونیکٹا گیری [illegible] وہ
چیف کلکٹر نے موضع کی بابت [illegible] رجوع
کیا تھا [illegible] اونہوں [illegible] لیا [illegible]
اوس کے [illegible] اور مرکزی ڈویژن کی [illegible]
کی دیگر [illegible] زمینداریوں [illegible] کی
تائید میں [illegible] لیکن یہ امر [illegible]
اور [illegible] مغربی زمینداریوں [illegible]
میں اختلاف کا کوئی حوالہ نہیں دیا گیا ہے [illegible]
کہ پیشکش اوس طور پر [illegible] شمالی [illegible]
جاگیر کے لحاظ سے مقرر کیا گیا تھا اور [illegible]
سنہ ۱۸۰۲ع اول الذکر اور موخر الذکر [illegible]
زمینداروں کا اشتری کی قبولیت [illegible] کے دیئے جانے
قول اوس کو عطا کئے جانے کے وقت [illegible]
پیشکش اس طور پر مقرر نہیں کیا گیا تھا اور جیسا کہ ظاہر کیا جا چکا
ہے ریگولیشن متذکرہ بالا کی نسبت یہ نہیں خیال کیا گیا تھا کہ وہ
ونیکٹا گیری زمینداری سے متعلق ہوتا ہے۔

صفحہ ۸۴۷

۱۳ ستمبر کو ڈویژن کے کمشنر نے ان ڈپٹی کلکٹر دن کی رہنمائی
کے لئے بعض ہدایات جاری کیں جو ضلع شمالی ارکاٹ کی نعلی

تحقیقات کے لئے مامور کئے گئے تھے اور اونہوں نے صحیح طور پر زمیندار
ونیکٹا گیری اور دوسرے زمینداروں کے متعلق جو اسی قسم کی حقیقت
رکھتے [illegible] کا اظہار کیا تھا۔ خانگی [illegible]
[illegible] لحاظ کیا جائیگا [illegible] ونیکٹا گیری زمینداری
[illegible] زمینداران کی نسبت [illegible]
[illegible] بندوبست
کیا گیا تھا جو اون [illegible] پیشکش زمینداریوں کی جاگیر
[illegible] کیا گیا تھا [illegible] زمیندار کے [illegible]
[illegible] سے تھا جس [illegible] داخل
نہیں تھا [illegible] مقدار سے کم تھی جو نکات محصول
[illegible] گورنمنٹ کے لئے محفوظ رکھی گئی
تھی [illegible] مات [illegible] کی شرائط سے خارج نہیں کئے گئے تھے
اور ایسی جائداد میں گورنمنٹ کو اون میں کوئی حق عودی حاصل
نہیں ہے۔

[illegible] نے [illegible] حصہ میں حکام مال نے اوس رائے کی
[illegible] حوالہ دیا گیا ہے اوس انتظام کو
منسوخ کرنے کی کوشش کی [illegible] سنہ ۱۸۰۲ع میں کیا گیا تھا۔
[illegible] یہ کوشش کامیاب نہیں ہے
[illegible] کی جانب سے [illegible] ریگولیشن مدراس نمبر ۳۱ بابت سنہ ۱۸۰۲ع
[illegible] گیا ہے لیکن یہ ظاہر کرنا کافی ہے کہ اوس ریگولیشن
کا [illegible] ضابطہ سے ہے جو اون اراضیات پر قبضہ کی
کی حقیقت کی دریافت کے لئے مقرر کیا گیا تھا جو ادائی مالگزاری
سے [illegible] ہیں جہاں وہ اراضیات جنکا ضبط کرنا مقصود ہے وہ
سرکاری مالگزاری کی ادائی سے مستثنے نہیں کی گئی تھیں وہ مالگزاری
جو اسٹیٹ پر ادا کی گئی تھی اوس میں زیر بحث اراضیات داخل

نہیں اور جمع تمام زمینداری پر تشخص کی گئی تھی جس میں کہ راج اور انعام اراضیات داخل نہیں۔

مندرجہ بالا وجوہ کی بنا پر حکام عالیمقام کی یہ رائے ہے کہ ہندوستان کی عدالتوں کے فیصلے دو ڈگریان صحیح ہیں اور وہ بحال رکہی جانی چاہئیں اور یہ کہ مرافعہ جات مع خرچہ خارج کئے جانے چاہئیں اور وہ ملک معظم کی خدمت میں حسب مشورہ عرض کریں گے۔

مرافعہ جات خارج کئے گئے

سالیسٹران منجانب مرافع۔ سالیسٹر انڈیا آفس

سالیسٹران منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر گلاس گرانٹ

## عدالت جوڈیشل کمشنر پشاور

مرافعہ [illegible] دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۳۱-۲۰ بابت سنہ ۱۹۲۱ء [illegible] اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر پیپس جوڈیشل کمشنر

سردار غلام حیدر خان بنام سردار علی [illegible]

مدعی علیہ - مرافع  مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۶ رول ۱۷ مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۱۴ بابتہ سنہ ۱۸۸۲ء دفعہ ۵۳ - عرضی دعوے میں ترمیم کی کب اجازت دیجانی چاہئے - مخالفانہ قبضہ شریک حصہ داران - عالمانیہ دخل - مشترکہ جایداد کا مکسوبہ جایداد میں داخل ہونا تقسیم - قبضہ کب بحال رکہا جانا چاہئے - قانون تقسیم ایکٹ ۴ بابتہ سنہ ۱۸۹۳ء دفعہ ۴ کا اطلاق۔

آرڈر ۶ رول ۱۷ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی روسے عرضی دعوے کی ترمیم کی اجازت دینے کے متعلق عدالت کے اختیارات اوس اختیار کے مقابلہ میں بہت زیادہ وسیع ہیں جو مجموعہ بابتہ سنہ ۱۸۸۲ء کی دفعہ میں تہا اور موجودہ مجموعہ میں ایسا کوئی حکم نہیں ہے

سردار غلام حیدر خان
بنام
سردار علی [illegible]
دلپشاور

جو دفعہ ۵۳ مجموعہ بابتہ سنہ ۱۸۸۲ء کی شرط کے ہم معنی ہو لیکن ترمیم کی اجازت نہ دیجائیگی اگر دعوی ایسے دعوی سے تبدیل ہوجاتا ہو جو اوس دعوی جو کہ سے صرف مختلف ہی نہیں بلکہ منافی ہو جو ابتدا میں دائر کیا گیا تہا اور جب مدعی علیہ کو ترمیم سے نقصان پہونچے۔

اس قسم کے مقدمات میں اصلی معیار یہ ہوتا ہے کہ آیا ترمیم سے منشا انصاف کی تکمیل اس طور سے ہوتی ہے کہ تمام متنازعہ سوال کا تصفیہ فریقین کے مابین ہوجاتا ہے اور قطعی فیصلہ ہوجاتا ہے اور غیر ضروری مقدمہ بازی کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

ایک شریک حصہ دار کا قبضہ دوسرے شریک حصہ داروں کے مقابلہ میں مخالفانہ نہیں ہوسکتا بجز اس کے کہ دوسروں کے خلاف اوس نے بلا شرکت غیرے حقیت کا ادعا علانیہ طور پر کیا ہو۔

متعدد شریک حصہ داروں کے منجملہ کوئی اگر وہ جایداد کا کوئی ایسا حصہ جس میں وہ مشترکہ حقیت رکہتا ہے کسی دوسری جایداد میں داخل کرلے جس میں وہ بلا شرکت غیرے حقیت رکہتا ہے تو وہ معقول طور پر بیان کرسکتا ہے کہ جب آخرکار تقسیم واقع ہوگی تو اوسکے قبضہ میں خلل نہ پڑیگا اور نہ اوسکو ناجائز صرف برداشت کرنا پڑیگا ایسی حالت میں اوسکا یہ عمل دوسروں کے مقابلہ میں مشترکہ جایداد کے اوس حصہ

۴۹ صو کی نسبت بلا شرکت غیرے حقیت کے علانیہ ادعا کی حد تک نہیں پہونچتا۔

دفعہ ۴ قانون تقسیم کا تعلق اون صورتوں سے ہے جب کبہی سکونہ مکان کا کوئی حصہ جو کسی غیر منقسمہ خاندان کی ہو کسی ایسے شخص کو منتقل کیا گیا ہو جو ایسے خاندان کا رکن

غلام حیدر خان بنام سردار علیخان (پشاور)

نہ ہو لیکن دسوقت بھی ... متعلق نہو سوال یہ ہے کہ تقسیم جایداد جہانتک کہ ... قبضہ میں ہو ... بھائی چاہیے [illegible] اکو ... [illegible]

[illegible] صفحہ ۳۲ [illegible] صفحہ ۱۳ [illegible] جلد ۳۲ صفحہ [illegible] سے استناد کیا گیا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی حکم ... صاحب جج ... [illegible]

منجانب ... سردار راجہ سنگھ۔ منجانب مرافعہ علیہم ... [illegible]

**فیصلہ۔** اس مقدمہ کے فریقین ... خان کی اولاد میں ہیں جو تقریباً سنہ ۱۸۸۰ء میں فوت ہوا تھا اور ... پشاور کا رئیس تھا اوس کے ... بیٹے ... بی خان بابا خان، جلال خان، گل خان، غلام حیدر خان اور غلام حسن خان جو ... تھے موجودہ مقدمہ حسب ذیل طریقہ سے پیدا ہوا تھا۔ غلام حسن خان اوس قرضہ کا ضامن ہوا تھا جو ایک شخص کالا خان ... ساکن پشاور سے حاصل کیا تھا ... وفات کے بعد جو تقریباً ۱۲ سال ہوئے واقع ہوئی تھی کوٹھی نے اوس کے اور کالا خان کے خلاف دعوی دائر کیا اور ۳۰ مئی سنہ ۱۹۱۳ء کو ڈگری حاصل کی۔ اس ڈگری کی تعمیل میں ۱/۲ حصہ جس کا خاندانی جایداد میں غلام حسن خان مالک تھا قرق اور نیلام کیا گیا۔ ۳ جون سنہ ۱۹۱۷ء کو ڈگریداروں نے یہ حصہ خرید لیا۔ ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء کو جو جایداد اونہوں نے کارروائیات تعمیل میں حاصل کی تھی نواب علی خان اور اوسکے بھائی غلام حسین خان کے ہاتھ فروخت کردی جو کہ بی خان بابا خان کے بیٹے ہیں خود بی خان بابا خان اوس وقت زندہ تھا اور اوسکے دو اور بیٹے سردار علی خان اور عباس علیخان تھے نواب علی خان اور غلام حسین خان کی اس ... کی خریداری کے ... دعاوی حق شفعہ ... گل خان اور ... رجوع کئے تھے ان مقدمات کے دوران میں یعنی ... غلام حسین خان نے ایک دعوی رجوع کیا جس میں ... ایک ... تقسیم ... جب جایداد ... تقسیم کا اور ... دعوی ... مکان جو ... کے نام ... ہے اور ایک مکان ... کہا جاسکتا ہے ... اس میں غلام حسین خان کا حصہ نیلام میں فروخت کیا گیا تھا اور اوسکو ... چاند ... نے حاصل کیا تھا اور جو بعد میں غلام حسین خان اور نواب علی خان کے حق میں منتقل کیا گیا تھا لیکن ... غلام حسین خان نے دونوں جایدادوں میں ۱/۲ حصہ کا دعوی اس بنا پر رجوع کیا تھا کہ اوس نے دیگر ... خریداری میں اپنے حصہ کے طور پر ۱/۴ حصہ حاصل کیا تھا اور یہ کہ باقیماندہ ۱/۴ حصہ اوسکے باپ بی خان بابا خان نے اوسکے حق میں ہبہ کیا تھا اور اوس نے یہ بیان کیا تھا کہ بی خان بابا خان نے اپنا تمام ۱/۲ حصہ مدعی غلام حسین خان اور اوسکے بھائی نواب علی خان کے حق میں بحصص مساوی ہبہ کیا تھا۔ غلام حسین خان نے اپنی عرضی دعوی میں یہ بیان کیا تھا کہ وہ نواب علیخان کے ساتھ شریک تھا اور یہ کہ نواب علیخان کے شریک مدعی بنائے جانے میں اوسکو اعتراض نہ تھا۔ نواب علیخان کا ۱۳ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء کو شریک مدعی کے طور پر اضافہ کیا گیا تھا اور عرضی دعوے میں اسطور پر ترمیم کی گئی تھی کہ اوس میں دو مقامات کے نصف کا دعوی داخل تھا یعنی ۱/۴ جو غلام حسین خان کا حصہ ظاہر کرتا تھا جس کو اونہوں نے خریدا تھا اور ۱/۴ حصہ جس کی نسبت اونہوں نے یہ بیان کیا تھا کہ اونکے باپ بی خان بابا خان نے اونکو ہبہ کیا تھا ایک ہفتہ کے بعد یعنی ۲۰ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء کو دو حق شفعہ کے دعاوی میں

(۶۵۷) مصالحت ہوگئی تھی فریقین کے مابین طے پایا تھا کہ جایداد جو نواب علیخان
اور غلام حسین خان نے ڈگریداروں سے خریدی تھی اوسکی بابت یہ تصور
ہونا چاہئے کہ وہ تمام خاندان کیلئے حاصل کیگئی تھی اور یہ کہ ۱/۲ حصہ مشترکہ بنام
نواب علیخان اور غلام حسین خان کو دیدیا جانا چاہئیے اور یہ کہ بقیہ ۱/۲ حصہ
جنگل خان اور غلام حیدر خان کو ملنا چاہئے۔ اسکا یہ اثر ہوتا کہ متوفی
غلام حسین خان کی جایداد اون حصص کے مطابق تقسیم کیگئی تھی جن اوسکے
بھائی طبعی طور پر جانشین ہوتے یہ راے ظاہر کیجا سکتی ہے کہ کیونکہ بابا خان
بابا خان اور اوسکے دوسرے دو بیٹوں نے اس تصفیہ کے خلاف کوئی عذر
نہیں کیا تھا اوسی روز نواب علیخان اور غلام حسین خان نے جایداد کی تقسیم کے متعلق اپنے ہر
دعوے کی ترمیم کیلئے ایک درخواست پیش کی اور مرمہ عرضی دعوی پیش
کرنے کیلئے ۲ اگست سنہ ۱۹۲۰ء کو عدالت کی اجازت حاصل کی۔ اس مرمہ عرضی
دعوے میں عمروسبی خان بابا خان طور ایک مدعی کے فریق بنایا گیا تھا اور دعوے
تمام خاندانی جایداد کے ۱/۲ حصہ کی تقسیم کیلئے تھا۔ اب عرضی دعوے میں بعض
مزید جایدادوں کا اضافہ کیا گیا تھا۔ مکان الف کے ساتھ ایک جزو کا
خاکہ میں حروف الف۔ ب۔ ج۔ د کے ذریعہ سے ظاہر کیا گیا ہے
اضافہ کیا گیا تھا اور مکان ب کے ساتھ اوس جزو کا اضافہ کیا گیا تھا جو
بذریعہ ک۔ و۔ ز۔ س کے ظاہر کیا گیا ہے ایک مزید کامل جایداد کا
اضافہ دعوے کے ساتھ سرائچہ کی شکل میں کیا گیا تھا۔ دعوے کہ مدعی علیہما
غلام حیدر خان اور جنگل خان یعنی جنگل خان نے سنجیدگی کے ساتھ
دعوے میں اعتراض نہیں کیا ہے غلام حیدر خان جسنے دعوی میں مقابلہ
کیا تھا اون جایدادوں پر جنکا اضافہ مرمہ عرضی دعوے میں کیا گیا
تھا یعنے جزو الف ب ج د۔ مکان الف اور جزو ھ و ز س
مکان ب اور تمام سرائچہ پر فی الواقع قابض تھا اوس نے متدعو
جایداد کے ان تین حصوں کی نسبت مالکانہ حقیت پیش کی ہے عدالت
ابتدائی نے یہ قرار دیا ہے کہ مکانات الف اور ب کے وہ حصص جنکا

حوالہ اوپر دیا گیا ہے اوسکی بلا شرکت غیرے جایداد نہیں بلکہ مالکان کی  سرخرخا
مشترکہ جایداد ہیں اور وہ قابل تقسیم ہیں اوس نے یہ قرار دیا ہے کہ سرائچہ  بنا
غلام حیدر خان کی بلا شرکت غیرے جایداد ہے اور اوس کے متعلق دعوے  سردار
خارج کیا ہے۔ ڈگری کی تعمیل میں عدالت ابتدائی نے غلام حیدر خان کی  داریہ
درخواست کو نامنظور کرتے ہوئے یہ قرار دیا ہے کہ مکانات الف اور ب
کی تقسیم کرنے میں قبضہ واقعی کا کوئی لحاظ نہیں کیا جاسکتا ان تجاویز کے
ماحصل حسب ذیل کارروائیات اب اعلی عدالت کے روبرو پیش ہیں۔

۱۔ غلام حیدر خان کی تقسیم کی اوس ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ جس کا
اثر مکانات الف اور ب کے اون حصص پر پڑتا تھا جن میں وہ بلا شرکت
غیرے مالکانہ حقیت کا دعویدار ہے۔

۲۔ مدعیان کا عذر عکسی جو سرائچہ کے متعلق اون کے دعوی کے اخراج
کی ناراضی سے پیش کیا گیا تھا۔

۳۔ غلام حیدر خان کا مرافعہ جو تقسیم کی ڈگری کی تعمیل میں قبضہ بحال
رکھنے کی نسبت عدالت تعمیل کنندہ ڈگری کے انکار کی ناراضی سے پیش کیا گیا تھا

موجودہ فیصلہ میں ان تین کارروائیات کے احکام داخل ہیں

پہلی وجہ جس کے لحاظ سے غلام حیدر خان نے مرافعہ میں ڈگری پر اعتراض
کیا ہے وہ یہ ہے کہ عدالت ابتدائی نے بیضابطہ طور پر عرضی دعوی کی ترمیم
کی اجازت دی تھی اسطور پر کہ دعوے مختلف اور مخالف نوعیت کا ہوگیا
تھا۔ یہ بحث کی گئی ہے کہ پہلے عرضی دعوی کا یہ مفہوم ہے کہ جبکہ
بابا خان نے جب اپنا تمام حصہ اپنے بیٹوں نواب علیخان اور غلام حسین خان کے
حق میں ہبہ کیا تھا تو جایداد میں اوسکو کوئی غرض باقی نہیں رہی تھی۔
اور یہ کہ ایسی حالت میں وہ قطعاً مدعی کی حیثیت سے دعوی نہیں کر سکتا
تھا۔ یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مرمہ عرضی دعوی میں جسپر مقدمہ آخرکار مبنی
کیا گیا تھا اس ہبہ کی نسبت تمام سوال ترک کردیا گیا تھا اور یہ کہ جان
بابا خان اوسکے دو بیٹے اب جایداد کے ۱/۲ حصہ کے مشترکہ مالکین کی حیثیت

(غلام حیدر خان بنام نواب علیخان پشاور)

واقع ہوئے ہیں جس حیثیت کو وہ بحال نہیں رکھ سکتے تھے [illegible] یا کہ خود
اونکی پلیڈنگ سے ظاہر ہوتا ہے [illegible] زبادہ [illegible] وقت [illegible]
کہ پہلے عرضی دعوی سے [illegible] [illegible]
انکا حوالہ جیسا [illegible] دی گئی ہے [illegible]
گیا ہے اور [illegible] کو خارج کیا گیا ہے [illegible] اضافہ دعوی میں کیا گیا [illegible]
لیکن [illegible] کا بغور معائنہ کیا [illegible] قوت [illegible]
ہے۔ خان بابا خان اور اوسکے دو بیٹوں کی علی الترتیب [illegible]
اس قسم کا نہیں ہے جو کسی طرح مدعی [illegible] بار [illegible]
کی بنا پر اوس نے تقسیم کیلئے [illegible] ہے اس میں شک نہیں [illegible]
صحیح ہی کہ ابتدائی دعوی کی ایک غرض یہ تھی کہ یہ ظاہر کرے [illegible]
دعاوی کو زائل کیا جائے [illegible] نواب علیخان اور غلام حسین خان [illegible]
خریداری کے قبل ہی [illegible] کی بنا پر جایداد میں [illegible]
تھے جو اون کے باپ نے کیا تھا ساتھ ہی دعوی [illegible] کا ایک [illegible] مقصد تھا اور
وہ یہ تھا کہ بذریعہ تقسیم مدعی علیہ غلام حیدر خان کے خلاف جو اون کے [illegible]
مقابلہ کر رہا تھا واقعی [illegible] کا ادعا کرنا تھا یہ کہ نزاع کا بڑا جزو در اصل
اس قسم کا تھا جس کا اثر تقسیم کے فریقین کی حقیقت پر پڑتا تھا اور ابتدائی عذر سے
ثابت ہوتا ہی جو خود غلام حیدر خان نے پیش کیا تھا جو یہ ہیں اوس نے وہ بحث
پیش کی تھی جس کو اوس نے اب ترک کیا ہی کہ خان بابا خان نے اپنے حصہ کا ہبہ
نواب علیخان اور غلام حسین خان کے حق میں نہیں بلکہ خود اوسکے حق میں کیا تھا
مجھے یہ معلوم ہوتا ہی کہ تقسیم کے دعوے کا اطمینان بخش طریقہ سے تصفیہ ہونا
اوس وقت تک ممکن نہ تھا کہ شترکہ خاندانی جایداد کا ہر جزو دعوی میں شامل
کیا جائے اور یہ کہ عدالت نہ صرف اس کی مستحق تھی کہ وہ عرضی دعوی کی ترمیم
اس غرض سے کرے کہ اوس میں ایسی جایداد داخل ہو سکے بلکہ یہ کہ خود اپنی تحریک کی
بنا پر وہ یکایک عمل جائز ہو سکتا تھا کہ وہ عرضی دعوی کی ترمیم کر لے تا کہ
اوس میں ایسی جایداد داخل ہو سکے اس میں کچھ شبہ نہیں ہے کہ دفعہ ۵۳

صفحہ ۱۵۷

مجموعہ ضابطہ دیوانی بابتہ ۱۸۸۲ء کی رو سے یہ بحث کیجا سکتی تھی کہ دعوی
کی [illegible] ترمیم کیوجہ سے تبدیل نہیں ہو سکتی تھی دفعہ ۵۳ کی شرط میں
[illegible] اس قسم کی تبدیلی کو ممنوع کیا گیا تھا لیکن سابقہ قانون
کے [illegible] موجود ہیں بالخصوص خدا بخش بنام بہرل (۱) کی
نظیر جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ترمیم محض اس وجہ سے لازمی طور پر خارج
نہیں ہو سکتی تھی کہ [illegible] کی نوعیت میں کسی حد تک تبدیلی ہو گئی
ہے۔ [illegible] حالیہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے کسی عرضی
دعوی کی ترمیم کی اجازت دینے میں عدالت کے اختیارات [illegible] زیادہ
وسیع ہیں [illegible] اب ایسی کوئی شرط نہیں ہے جو دفعہ ۵۳ مجموعہ قدیم کے
[illegible] ہو لیکن یہ ایک مسلمہ اصل ہی کہ ترمیم کی اجازت اوسوقت
نہ دیجائے گی اگر وہ کسی دعوی کو اس قسم کے دعوی میں تبدیل کرتی ہو
جو اوس عرضی دعوی [illegible] صرف مختلف بلکہ متناقض ہو جو ابتداً دائر کیا گیا ہو
اور جب مدعی علیہ کو ترمیم سے نقصان پہنچتا ہو اب میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں
کہ موجودہ مقدمہ میں ان شرائط میں کوئی شرط ظاہر کیجا سکتی ہے۔
ترمیمہ اور ابتدائی عرضی دعوی کے مابین کوئی امر در اصل متناقض نہیں ہے
اور نہ میں یہ سمجھ سکتا ہوں کہ مدعی علیہ کو کسی طرح سے نقصان پہنچا ہے
ترمیم امور تنقیح طلب مرتب کئے جانے کے بعد لیکن کسی شہادت کی سماعت
کے قبل کی گئی تھی۔ اس قسم کے مقدمات میں اصلی وجہ فیصلہ یہ ہوتی ہے کہ
آیا ترمیم سے اغراض انصاف کی تکمیل بالطور یہ ہوتی ہی کہ تمام متنازعہ سوال
کا تصفیہ فریقین کے مابین ہو جاتا ہی اور قطعی فیصلہ محفوظ ہو جاتا ہے
اور غیر ضروری مقدمہ بازی ختم ہو جاتی ہی۔ مجھے یہ معلوم ہوتا ہی کہ یہ اغراض
بالکل وہی ہیں جو موجودہ مقدمہ میں ترمیم کے ذریعہ سے حاصل کی گئی ہیں
فریقین کے مابین اصلی نزاع یہ ہی کہ انکے مابین کونسی جایداد مشترکہ ہے
اور کونسی جایداد بلاشرکت غیرے مدعی علیہ کی ملک ہی اور وہ تقسیم سے
خارج کیجانی چاہیے دعوی کی غرض یہ ہی کہ مدعی علیہ کو جایداد متنازعہ

(۱) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۰۶ء نمبر ۱۰۲

حصوں کے بلاشرکت غیرے قبضہ سے خارج کیا جائے اور مدعی علیہ کی غرض یہ ہے کہ ان قطعات حصوں کے متعلق اپنی بلاشرکت غیرے حقیت کو بحال کرا کر تقسیم پر اعتراض کرے ایسی حالت میں یہ قرار دیتا ہوں کہ جو دعوی اور اوس کی ڈگری پر جو اوس نے حاصل کی تھی اس بنا پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا کہ عرضی دعوی کی ...

دوسرا عذر جس کی بابت مرافع غلام حیدر خان کی جانب سے بحث کی گئی تھی وہ مکانات الف و ب کے اون حصوں کی نسبت اوسکی بلاشرکت غیرے حقیت کا سوال ہے جن کی صراحت حروف ... سے کی گئی ہے جو اوپر ظاہر کیئے گئے ہیں یہ تسلیم کیا گیا ہے ... یہ حصے ابتداً ... کی موروثی جایداد میں شامل تھے ... جایداد ... کی نسبت ... اوسکی ... حقیت پر دو وجوہ سے زور دیا گیا ہے پہلی وجہ یہ ہے کہ اوسکو مالکوں سے انتقال کی وجہ سے اون اصلی حقیت حاصل ہو گئی ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ ... اسکی حقیت پر مدعیان خود اپنے طرز عمل کی وجہ سے اور قانون ... کے ... کی وجہ سے اعتراض نہیں کر سکتے جو مخالفانہ قبضہ پر اثر ڈالتا ہے اول شروع میں میں اصلی حقیت کے سوال پر غور کرتا ہوں مرافع نے یہ بحث کی ہے کہ اوس نے یہ جایداد اون مشترکہ مالکوں سے بیع اور ہبہ کی رو سے حاصل کی تھیں مگر وہ کبھی اس قابل نہیں ہوا ہے کہ وہ ان مبینہ معاملات بیع و ہبہ کے حالات یا تاریخوں تک کی صراحت کرے اوس نے یہ بھی نہیں ظاہر کیا ہے کہ کونسے حصے بذریعہ بیع اور کونسے بذریعہ ہبہ حاصل کئے گئے تھے ان مبینہ انتقالات کو ثابت کرنے کے لئے اوسکے پاس کوئی دستاویزی شہادت موجود نہیں ہے۔ یہ صحیح ہے کہ میں اوس رائے سے اتفاق نہیں کر سکتا جو بظاہر عدالت ابتدائی نے قایم کی تھی کہ رجسٹری شدہ دستاویزات کی عدم موجودگی مدعی علیہ کی بحث کے لئے لازمی طور پر قاتل ... خطرناک ہے اگر کسی قسم کی دستاویزات ہوتیں اور اگر اون دستاویزات کی رجسٹری نہ کرائی جاتی تو اسمیں شک نہیں کہ یہ صحیح ہوگا کہ دستاویزات ناقابل ادخال شہادت ہونگی اور یہ

اونکا وجود ساتھ ہی معاملات کی لسانی شہادت کو خارج کریگا لیکن جبکہ یہ بیان کیا گیا ہو کہ ایسی دستاویزات موجود نہیں تو کوئی امر لازمی طور پر اسکے مانع نہیں ہوتا کہ مدعی علیہ اگر وہ کر سکتا ہو لسانی شہادت کے ذریعہ سے اپنی حقیت ثابت کرے ساتھ ہی یہ بالکل صحیح ہے کہ وہ لسانی شہادت کے ذریعہ سے ایسی کوئی حقیت ثابت کرنے سے قاصر رہا ہے حقیقت یہ ہے کہ اس ذریعہ سے حقیت ثابت کرنیکی کوشش کا بہ نظر غائر لحاظ کرنا دشوار ہے۔

مرافع کی یہ کوشش کہ وہ اپنی حقیت دوسرے خیالات پر مبنی کرے یقیناً زیادہ قوی ہے اولاً اوسنے یہ بحث کی ہے کہ دوران مقدمہ اپنے طرز عمل سے خود مدعیان نے اوسکی حقیت تسلیم کی ہے یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ پہلی عرضی دعوی میں یہ دو جایدادین درج کیگئی نہیں اور یہ کہ اون نقشہ جات میں جو داخل کیگئی تھی اون جایدادوں کی حد جنکے متعلق اوسوقت دعوی کیا گیا تھا ایک مقدمہ مدعی علیہ کی جایداد کے طور پر بتلائی گئی تھی اور وہ مکان ب کے حروف زدہ حصہ پر فی الواقع حاوی تھی لیکن میں خیال کرتا ہوں کہ یہ کہنا دشوار ہوگا کہ اس وجہ سے مدعیان کی جانب سے اوسکی حقیت کا کوئی اقبال ہوا ہے اس نوعیت کی محض تعریف کا صرف یہ مقصد ہوتا ہے کہ جایداد کی شناخت کیجائے یہ بحث اکثر پیش کیجاتی ہے کہ اس قسم کی تعریفات حقیت کے اقبال کا اثر رکھتی ہیں جب کسی مکان کی تعریف کسی خاص شخص کے مکان کے طور پر کیجائے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ایسی تعریفات محض قبضہ سے زیادہ کوئی حالت نہیں ظاہر کرتیں اور انکی نسبت یہ خیال کرنا ممکن نہیں ہے کہ اونکی مفہوم میں لازمہ حقیت داخل ہے اسکے بعد یہ بھی بحث کیگئی ہے کہ موجودہ مقدمہ کے فریقین ایک فریب میں شریک تھے جس کا ذکر زرائن سیٹھ چاندمل بکن لال پر ارتکاب کیا گیا تھا اور یہ کہ دو فریب جایدادون کا وجود جنکے متعلق ہم اب تجویز کر رہے ہیں دگر جایدادون سے بالارادہ اس وجہ سے مخفی رکھا گیا تھا کہ بصیغہ تعمیل اونکو قرق ہونے سے بچایا جائے یہ بحث کیگئی ہے کہ مدعیان کی بحث ایک مبینہ حقیت کی تائید میں سماعت نہیں کیجا سکتی جو ایک ایسے فریب کے وجود پر مبنی تھی جسکی وہ فریق تھے اس عام مسئلہ کے اسناد کے طور پر مرافع نے

سردار غلام
بنام
سردار علی
دیگراں

صفحہ ۲۸۷

غلام حیدر خان بنام [illegible] علیخان (پشاور)

لالہ کو تسل کے سرپنچ [illegible] بنام [illegible] (۲) رام لال بنام [illegible] چند [illegible]
داس (۳) اور دینا ناتھ بنام [illegible] (۴) کا حوالہ دیا ہی مگر ان [illegible]
میں بعض واقعات بحث کئے گئے تھے جو موجودہ مقدمہ کے واقعات کے مطابق نہیں
اُنہیں اصول قرار دیا گیا ہی کہ جب کوئی شخص کسی دستاویز کی رو سے [illegible] کیا گیا
جسکی نسبت مقصود تھا کہ عنقریبانہ طور پر شخص ثالث کے جائز دعاوی کو [illegible]
کرے تو فریقین ایک فریق عدالت میں [illegible] دعوی [illegible] کرنے کیلئے [illegible]
ہو سکتا جو اوس دستاویز کی تردید [illegible] ہو میں [illegible]
مقدمہ میں اس نوعیت کی کوئی شرائط موجود [illegible] دستاویز [illegible]
نہیں [illegible] جسکی مدعیان تردید کرنیکی کوشش کر رہی ہیں زیادہ سے زیادہ
جو کچھ کہ کہا جا سکتا ہی وہ یہ ہی کہ اونہوں نے شخص ثالث کے ساتھ [illegible]
جائیداد کا ایک جزو اس غرض سے ترک کیا تھا کہ اس شخص ثالث کو اوسکے مقابلہ
میں جائز بار کے استعمال سے روکا جائے لیکن [illegible] نہیں خیال [illegible]
اس حد تک قیاس کی بھی تائید ہوتی ہی [illegible] کوئی امر موجود [illegible]
کہ موجودہ مقدمہ کے مدعیان اور مدعا علیہ کے مشترکہ فعل سے دگر بداروں پر کسی
عمل فریب کا ارتکاب کیا گیا تھا زیادہ سے زیادہ جو کچھ کہ کہا جا سکتا ہی وہ یہ ہی کہ
دگر بداروں کو یہ نہیں معلوم تھا کہ مدیون ڈگری جسکے مقابلہ میں وہ تعمیل کرا رہی
تھے اوس جائیداد کے علاوہ کسی جائیداد کا مالک تھا جس کو وہ قرق کرنا چاہتے
تھے بموجودہ فریقین کیلئے قطعی طور پر یہ امر لازم نہ تھا کہ وہ دگر بداروں کے
عمل کو اس خصوص میں درست کرتے اور اگر یہ کہا بھی جا سکتا ہو کہ خاموشی
یا دوسرے ذرائع سے وہ دگر بداروں کو اس معاملہ میں دھوکہ دینے کے باعث ہوئے
تھی تو وہ اسوجہ سے فریب کے فریق نہیں کہے جا سکتے اور ایسے فریب کی وجہ اوس
جائیداد کی نسبت ایک دوسرے کے مقابلہ میں حقیقت پر زور دینے سے روکے نہیں
جا سکتے جسکو قرق کرنے سے دگر بداران قاصر رہے تھے ایسی حالت میں ہم یہ نہیں خیال
کرتے کہ نظائر جنکا حوالہ مرافع کی جانب سے دیا گیا تھا موجودہ مقدمہ سے
تعلق [illegible] یہ کہ مدعیان کسی وجہ سے بحث کرنے سے ممنوع ہیں کہ جائیداد میں جو

مکانات الف اور ب میں حروف کے ذریعہ سے ظاہر کئے گئے ہیں مشترکہ [illegible]
جائیداد [illegible] مدیون ڈگری غلام حسین خان ابتداءً غرض رکھتا تھا [illegible]
جو بعد [illegible] وفات پر خاندان کے دوسرے ارکان پر منتقل ہوئی۔
مرافع کی جانب سے [illegible] یہ بحث کی گئی ہی کہ وہ مسلمہ طریقہ سے ان جائیدادوں
پر ۱۲ سال سے زیادہ عرصہ سے قابض ہی اور یہ کہ اوسکے قبضہ کی نسبت یہ ظاہر
کیا گیا ہے کہ وہ دوسرے [illegible] حصہ داروں کے علانیہ طور پر خلاف ہی مدا[illegible]
ابتدائی نے مخالفانہ قبضہ کے [illegible] کو اس عام اصول کے لحاظ سے نامنظور کیا ہے
کہ ایک شریک حصہ دار کا قبضہ دوسرے شریک حصہ داروں کے مقابلہ میں مخالفانہ نہیں
ہو سکتا۔ [illegible] اس میں شک نہیں کہ اس عام اصول کی ترمیم اس شرط سے کیگئی ہی کہ شریک
حصہ دار کا قبضہ فی الواقع مخالفانہ ہو سکتا ہی اگر وہ دوسروں کی مقابلہ میں علانیہ طور پر
بلا شرکت غیرے حقیت کا ادعا کرے ایسی حالت میں بھی یہ دیکھنا چاہیئے کہ آیا
مقدمہ میں بلا شرکت غیرے حقیت کا علانیہ ادعا ثابت کیا جا سکتا ہی جہاں تک
کہ ہم سمجھ سکتا ہو [illegible] ایک شہادت جو بلا شرکت غیرے حقیت کے کسی ادعا
کی ہم رکہتے ہیں وہ یہ واقعہ ہی کہ مکان ب کی صورت میں مدعا علیہ نے ایک متصل جائیداد
خریدی تھی اور عمارتوں کی مکرر تعمیر کرنے میں مکان ب کے [illegible] حصہ کو اپنی
شخصی طور پر حاصل کی ہوئی جائیداد میں داخل کر لیا۔ بحث کیگئی ہی کہ اس طور پر داخل کیا جانا
فی نفسہٖ بلا شرکت غیرے حقیت کا ادعا ہی جائیداد از قسم مکان کی صورت میں کہا [illegible]
ہے کہ کسی خاص رقبہ کی واقعی منتقلی جو کسی ایک شریک حصہ دار قابض کی جانب سے عمل
میں آئی ہو بلا شرکت غیرے حقیت کے ادعا کی حد تک پہنچتی ہی [illegible] مقدمہ میں
تجویز صادر کی ہی جس میں بحث کی گئی تھی کہ اراضی کاشت کی صورت میں [illegible]
کی منتقلی جو کسی شریک حصہ دار کی جانب سے عمل میں آئی ہو محض منتقلی کے واقعہ کی بنا پر بلا شرکت
غیرے حقیت کے ادعا کی حد تک پہنچتی تھی اوس مقدمہ میں یہ قرار دیا تھا کہ اراضی کاشت
کی صورت میں یا انتقال لازمی طور پر بلا شرکت غیرے حقیت کے ادعا کی حد تک پہنچتا تھا [illegible]
مشہور [illegible] ایسے انتقال کی رو سے [illegible] علیحدہ حقوق حاصل ہوئے ہیں [illegible]
بلکہ فوری قبضہ سے متعلق تھا اور حق جسکی رو سے آخری تقسیم پر مساوی رقبہ کا دعوی [illegible]

غلام حیدر خان بنام سردار علی خان (پشاور)

منتقل الیہ اس نوعیت کا انتقال قبول کریگا کیونکہ تقسیم کے نوے فیصدی سے زیادہ مقدمات میں جو حکام مال عمل میں لاتے ہیں تقسیم کے وقت واقعی قبضہ دخیلکار کے متناسب حصہ کی حد تک بحال رکھا جاتا ہے۔ منتقلی بہت ہی قوی نمونہ مالکانہ طرز عمل کا ہے بمقابلہ اسکے کہ کوئی جائیداد دوسری جائداد میں محض داخل کر لیجائے جسکے متعلق دخیل کو مسلمہ طور پر بلا شرکت غیرے حقیت حاصل ہے۔ اس طور پر دخل رکھے جانے سے بلا شرکت غیرے مالک کے فعل کے طور پر تصور کئے جانیکے خلاف جو قیاس پیدا ہوتا ہے وہ بہت کمزور ہو جاتا ہے اگر یہ امر یاد رکھا جائے کہ عدالت دیوانی و نیز حاکم مال آخری تقسیم عمل میں لانیکے وقت جہانتک ممکن ہو قبضہ بحال رکھنے کی اجازت دیگا۔ ایسی حالت میں متعدد شریک حصہ داروں کے منجملہ اگر کوئی شخص کوئی ایسا حصہ جسمیں وہ مشترکہ حقیت رکھتا ہے کسی دوسری جائداد میں شریک کرے جسمیں وہ بلا شرکت غیرے حقیت رکھتا ہے تو وہ معقول طریقہ سے یہ خیال کر سکتا ہے کہ جب آخرکار تقسیم واقع ہوگی تو اسکے قبضہ میں خلل نہ پڑیگا اور نہ اس کو ناواجب خرچہ برداشت کرنا پڑیگا۔ یہ صحیح ہے کہ موجودہ مقدمہ میں عدالت دیوانی نے کارروائیات تعمیل میں اس بحث کو منظور کرنے سے انکار کیا ہے کہ جہانتک ممکن ہو قبضہ بحال رکھا جانا چاہیئے۔ لیکن اس رائے میں جیسا کہ میں بعد میں ظاہر کرونگا عدالت تعمیل کنندہ ڈگری کا عمل صریحاً غلط تھا اور میں کوئی وجہ یہ فرض کرنیکی نہیں پاتا کہ مدعی علیہ نے پیشتر ہی سے یہ سمجھ لیا تھا کہ اگر اسکی حقیت بلا شرکت غیرے ہونیکے علاوہ تھی تو وہ لازمی طور پر اس جائداد کے ایک جزو سے محروم کیا جائیگا جس کو اس نے اپنی مکسوبہ جائداد کے ساتھ شریک کر لیا تھا۔ اسکے علاوہ یہ رائے ظاہر کی جا سکتی ہے کہ یہ بحث ان دو مکانات کے منجملہ جو اب متدعویہ ہیں صرف ایک سے متعلق ہو سکتی ہے۔ مکان الف کا صرف زر دو حصہ کسی قطعہ جائداد میں شریک نہیں کیا گیا ہے جو مدعی علیہ نے حاصل کی تھی ایسی حالت میں موجودہ مقدمہ میں مجھے یہ قرار دینا چاہیئے کہ مدعی علیہ کی جانب سے بلا شرکت غیرے ملکیت کے علانیہ دعوے کو ظاہر کرنے کے لئے کوئی امر موجود نہیں ہے۔

مندرجہ بالا استجاد نہ کے لحاظ سے مدعی علیہ کا مرافعہ کامیاب رہتا ہے۔ اب میں "نمبر الجیم" کی نسبت مدعیوں کے عذرات علیحدگی غور کرتا ہوں جسکی نسبت عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا ہے کہ وہ مدعی علیہ کی بلا شرکت غیرے جائداد ہے اور جسکے متعلق دعوی خارج کیا گیا ہے۔ یہ جائداد ایک چھوٹی سی سرائے ہے وہ سنہ ۱۸۸۰ء میں صرف غلام حیدر خان کے نام پر ایک نیلام عام میں خریدی گئی تھی جو مجلس صفائی پشاور نے کرایا تھا۔ لیکن اس سرائے کے متعلق دستاویز حقیت صرف مدعی علیہ کے نام کی ہے اور ثابت کرنیکا بار کہ وہ باوجود اسکے بلا شرکت غیرے مالک نہیں ہے حقیقی کے ساتھ مدعیوں پر ہونا چاہیئے۔ نہیں ظاہر ہوتا کہ انہوں نے کسی طرح سے اس بار ثبوت سے سبکدوشی حاصل کی تھی حقیقت یہ ہے کہ صرف دو امور ہیں جو انہوں نے قیاس کی تردید میں پیش کئے ہیں۔ ایک امر یہ ہے کہ بعض دوسری دستاویزات تقسیم جو کہ تحصیل ۱۸۸۱ء و ۱۸۸۳ء میں مقبول خان اور رحمان بابا خان کے حق میں کی گئی تھی اور جائداد جس کا ذکر ان میں کیا گیا تھا وہ باوجود اسکے مشترکہ خاندانی جائداد تصور کیجاتی تھی۔ لیکن ہم یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ ان دستاویزات سے کوئی خاص قیاس اخذ کیا جا سکتا ہے اور مدعیوں کی بحث کی تائید میں اور کوئی شہادت موجود نہیں ہے۔ دوسرا امر جس پر مدعیوں نے ان مقدمات میں بحث کی ہے وہ یہ ہے کہ مدعی علیہ نے عدالت ابتدائی میں سرائے کے متعلق

حمید خاں بنام دیوان پوار علی خاں (پشاور)

ایک پٹہ بہ نظاہر لینے کے لئے پیش کیا تھا کہ اس نے ۱۹۰۸ء میں بلا شرکت غیرے مالک کی حیثیت سے اس کا ایک پٹہ کیا تھا۔ یہ بحث کی گئی ہے کہ اس دستاویز سے بظاہر یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسکے متعلق ... کیا گیا تھا اور ایسی حالت میں وہ ایک جعلی دستاویز ہے اور یہ کہ دستاویز کا تعلق دراصل ایک پٹہ سے تھا جس کی تکمیل ۱۹۱۱ء میں لی گئی تھی ... ابتدائی نے اس سوال پر غور کرنا ضروری نہیں خیال کیا کہ آیا وہ جعل عمل میں آیا تھا یا نہیں اور میں یہ نہیں خیال کرتا ہوں اسلئے موجودہ مرافعہ میں اس پر بحث کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ دستاویز کا پیش کیا جانا دعوے کیلئے بالکل غیر اہم ہے۔ میری رائے میں مدعاعلیہ کے لیے بارہ سال سے زیادہ عرصہ کا مخالفانہ قبضہ ثابت کرنا کچھ بھی ضروری نہیں ہے کیونکہ اس نے اسکے بالکل برخلاف بلا شرکت غیرے حیثیت ثابت کی ہے اور اس لئے کہ مدعیان اس حقیقت کے وجوہ کی تردید کرنیکے بالکل ناقابل رہے ہیں۔ میں یہ قرار دیتا ہوں کہ عدالت ابتدائی نے صحیح طور پر مسترانچہ کی نسبت دعویٰ خارج کیا ہے اور میں مدعیوں کے عذرات عکسی کو خارج کرتا ہوں۔

اب اس مرافعہ پر غور کرنا باقی رہتا ہے جو مدعاعلیہ نے بذریعہ تمیل عدالت کے اس حکم کی ناراضی سے دائر کیا ہے جسکی رو سے تقسیم کرنے میں واقعی قبضہ کا لحاظ کرنیکی اجازت دینے سے انکار کیا گیا ہے۔ یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ عدالت ابتدائی نے اس وقت اور نا انصافی کا حوالہ دیا تھا جو مدعاعلیہ کیلئے ہو سکتی ہے اگر وہ اس جائداد سے محروم کیا جائے جس پر وہ قابض ہے اور جسکے متعلق اس نے اخراجات برداشت کئے ہیں باوجود اسکے عدالت نے یہ خیال کیا تھا کہ وہ تقسیم میں قبضہ بحال رکھنے کے متعلق حکم صادر کرنے سے قانوناً ممنوع تھی بجز اسکے کہ خود فریقین نے تقسیم کے ایسے طریقہ کی نسبت رضامندی دی ہو۔ اس خصوص میں مرافعہ علیہم کے وکیل نے سنجیدگی کے ساتھ یہ بحث نہیں کی ہے کہ عدالت کو ایسا اختیار تمیزی حاصل تھا جو اس سے بہت زیادہ وسیع تھا جو یہ باور کیا گیا تھا کہ اس کو حاصل تھا لیکن مرافعہ علیہم کی جانب سے یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ مدعاعلیہ نے اس مقدمہ میں ... جو کچھ مطالبہ کیا تھا وہ یہ تھا کہ اس کو یہ اجازت ہونی چاہیئے کہ وہ تمام جائداد پر قبضہ قائم رکھے اور دوسرے فریق کو بشکل زر نقد معاوضہ دلایا جائے۔ دفعہ ۴ قانون تقسیم ان مقدمات سے متعلق ہوتی ہے جہاں کسی مسکونہ مکان کا کوئی حصہ جو کسی غیر منقسم خاندان کی ملکیت ہو کسی ایسے شخص کو منتقل کیا گیا ہو جو ایسے خاندان کا رکن نہ ہو لیکن ساتھ ہی منتقل کنندہ کے تقسیم کے طریقہ کا تعین کرنے میں اکوئٹی کے اصولوں کے تابع ہو سکتی ہے۔ یہی رائے جوگیشنا کمار گھوش بنام موتی لال گھوش (۵) (نظیر کلکتہ) ویبی سہائے بنام تارا چند (۶) (پنجاب) اور فتح چند بنام بلاس رائے (۷) میں قائم کی گئی تھی ان میں سے پہلا فیصلہ اس مسئلہ کی نظیر ہے کہ اس وقت بھی جب دفعہ ۴ قانون تقسیم متعلق نہ ہوتی ہو یہ اکوئٹی کا منشا ہو۔ اصول ہے کہ جہانتک ممکن ہو جائداد اس شخص کے قبضہ میں چھوڑ دینی چاہیئے جو دخیل ہو۔ پنجاب کے فیصلہ میں بھی واقعی قبضہ کو اثر پذیر کرنے کے لئے عدالت کے اختیار کو تسلیم کیا گیا ہے۔ ایسی حالت میں جہانتک کہ موجودہ عدالت نے یہ باور کیا تھا کہ وہ فریقین میں سے کسی کا قبضہ بحال رکھنے کے سوال پر غور کرنے سے کلیتاً ممنوع تھی اس کا حکم

(۵) انڈین کیسیز جلد ۱۱ صفحہ ۳۷ (۶) انڈین کیسیز جلد ۲۴ صفحہ ۱۲۵

(۷) انڈین کیسیز جلد ۳۴ صفحہ ۵۸۷ -

سبھی

محض غلط سمجھا جا سکتا ہے ساتھ ہی مرافعہ علیہم کی بحث یہ وزن رکھتی ہے کہ ممکن ہے کہ موجودہ مقدمہ میں کوئی جائز وجہ مدعی علیہ کو یہ اجازت دینے کی نہ ہو کہ وہ جائداد کے ان تمام حصول پر قبضہ برقرار رکھے جن پر وہ دخیل ہے یا اس امر پر اصرار کرے کہ مدعیوں کو چاہیئے کہ واقعی جائداد کی بجائے رقمی معاوضہ قبول کریں موجودہ مقدمہ میں جس امر کی ضرورت ہے وہ خود جائداد کی تقسیم مبنی بر عدل ہے جبکہ مدعی علیہ کو جہاں تک کہ ممکن ہو ان حصول پر قبضہ رکھنے کی اجازت دی جائے جن پر وہ دخیل ہو جو اس سے بالکل ناواجب وقت اور صرفہ کے بدون حاصل نہ کئے جا سکتے ہوں مدعیوں کو واقعی جائداد کا ایک حصہ ملنا چاہیئے اور یہ تصفیہ کرنا عدالت تعمیل کنندہ کا کام ہوگا کہ آیا یہ حصے ان کے تناسب وعاوی پر کافی طریقہ سے حاوی ہیں یا آیا رقمی معاوضہ کے طور پر کسی تصفیہ کی ضرورت ہے۔ ایسی حالت میں میں عدالت تعمیل کنندہ کا حکم مورخہ ۷ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء اس لحاظ سے نامنظور کرتا ہوں کہ ایک ابتدائی امر کا غلط فیصلہ کیا گیا تھا اور از سر نو تصفیہ کے لئے کارروائیات تعمیل واپس کرتا ہوں۔ اتفاق سے عدالت تعمیل کنندہ کے حاکم اجلاس کنندہ سردار علی خاں ہیں جو اپنے متوفی باپ کے بی بی خاں بابا خاں کے قائم مقام کی حیثیت سے موجودہ مرافعہ کے فریق ہیں ایسی حالت میں یہ ناممکن ہوگا کہ وہ کارروائیات تعمیل کا تصفیہ کریں۔ میں یہ ہدایت دیتا ہوں کہ ان کو ڈسٹرکٹ جج پشاور کی عدالت میں منتقل کیا جائے جو ان کا تصفیہ اس طریقہ سے کریں گے جیسا کہ میں نے اوپر تبلایا ہے۔

مندرجہ بالا تجاویز کی بنا پر مقدمہ ابتدائی میں غلام حیدر خاں کا مرافعہ معہ خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔ مقدمہ ابتدائی میں مدعیوں کے عذرات عکسی بھی معہ خرچہ خارج کئے جاتے ہیں حکم مورخہ ۷ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء بہ صیغہ تعمیل کی ناراضی سے غلام حیدر خاں کا مرافعہ منظور کیا جاتا ہے وہ حکم منسوخ کیا جاتا ہے اور کارروائیات تعمیل از سر نو تصفیہ کیلئے واپس کی جاتی ہیں۔ مرافعہ تعمیلی میں مرافع کا خرچہ مرافعہ علیہم کو برداشت کرنا چاہیئے۔

حسب حکم دیا گیا۔

غلام حیدر خاں بنام سردار علی خاں وغیرہ

صفحہ

## ہائیکورٹ لاہور
### درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۶۰ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲ فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس براڈ وے۔

وداکا داس۔ مدعی نگرانیخواہ بنام رحیم بخش۔ مدعی علیہ۔ طرف ثانی

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۱۵، آرڈر ۷ رول ۱۰، آرڈر ۴۳ رول ۱ (الف) وہ حکم کہ جسکی رو سے عرضی دعوی واپس کرنیکی ہدایت دی گئی تھی برطبق مرافعہ بحال رکھا جانا۔ نگرانی۔

جب کوئی عدالت ابتدائی یہ قرار دے کہ وہ کسی دعوی میں سماعت کرنیکا کوئی اختیار نہیں رکھتی ہے اور برطبق مرافعہ اس کا حکم بحال رکھا جائے تو عدالت مرافعہ کے حکم میں منجانب ہائیکورٹ نگرانی ہو سکتی ہے۔ (نظائر پر بحث کی گئی)

درخواست زیر دفعہ ۴۴ ایکٹ ۹ بابتہ سنہ ۱۹۱۸ء بغرض نگرانی حکم مصدرہ سبارڈینیٹ جج درجہ اول ملتان مورخہ ۹ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء مشعر تنسیخ حکم مصدرہ منصف درجہ اول ملتان مورخہ ۲۵ مئی سنہ ۱۹۲۲ء۔

منجانب نگرانیخواہ۔ لالہ ہر گوپال۔

منجانب فریق ثانی۔ لالہ فقیر چند۔

**فیصلہ**۔ مسمی وداکا داس ساکن ملتان نے رحیم بخش ساکن

مدارکا دتہ بنام رحیم بخش (لاہور)

ضلع ہوشیارپور کے خلاف مبلغ مالیہ کے لئے دعویٰ کیا تھا جس رقم کی نسبت یہ بیان کیا گیا تھا کہ وہ ایک معاہدہ کی خلاف ورزی کی بنا پر جو کہ مدعا علیہ نے کی تھی واجب الادا تھی۔ رحیم بخش نے اس امر کے متعلق ایک عذر پیش کیا تھا کہ عدالت ملتان کو مقدمہ میں تجویز کرنے کا کوئی اختیار نہ تھا کیونکہ بنائے نالش کلیتاً ضلع ہوشیارپور میں پیدا ہوئی تھی۔ اس عذر کو ذیلعم منصف نے منظور کیا جنہوں نے مقدمہ خارج کیا تھا۔ اس حکم کے اخراج کی نالش سے مدعی نے سیارڈ بنٹ جج کے روبرو مرافعہ کیا جنہوں نے یہ قرار دیا کہ دعویٰ خارج نہیں ذیلعم منصف کا عمل غلط تھا اور ان کو یہ چاہئیے تھا کہ وہ آرڈر ۷ رول ۱۰ کے بموجب عدالت مجاز میں پیش کئے جانے کی غرض سے عرضی دعویٰ واپس کرتے ذیلعم منصف کے ساتھ اس امر پر اتفاق کرتے ہوئے کہ عدالت ملتان کو اختیار سماعت حاصل نہ تھا۔ ذیلعم سبارڈ بنٹ جج نے یہ مقدمہ ذیلعم منصف کے پاس اس ہدایت کے ساتھ واپس کیا کہ آرڈر ۷ رول ۱۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب کارروائی کی جانی چاہئیے۔ اس حکم کی ناراضی سے مدعی عدالت ہذا میں بصیغہ نگرانی مسٹر ہرگوپال کی وساطت سے رجوع ہوا ہے اور رحیم بخش کی جانب سے بیں لنے مسٹر فقیر چند کی بحث سماعت کی ہے۔

مسٹر فقیر چند نے یہ بحث کی ہے کہ چونکہ ذیلعم سبارڈ بنٹ جج کو مقدمہ کے متعلق اختیار سماعت حاصل تھا اس لئے یہ عدالت ان کے حکم میں نگرانی نہیں کر سکتی۔ چھجو میاں بنام ہرچرن داس (۱) اردر سنگ بنام پوادتا (۲) دولت رام بنام اسارام (۳) امیر حسن خان بنام شیو بخش سنگ (۴) اور چیدولا (بنام

(۱) انڈین کیسز جلد ۶ صفحہ ۱ (۲) ۵۲ ۹ انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۴ (۳) ۶ پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۵ء نمبر ۳۶ (۴) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۱۱ صفحہ ۶

کو کال (۵) سے استناد کیا گیا تھا بخلاف اسکے مسٹر ہرگوپال نے جگناتھ دیوان چند بنام جگناتھ موتی لال (۶) اور پولوری اچیا بنام سری کا سنجو مارتی وینکٹا سبنا راما چندر راؤ (۷) درگا پرشاد منصدی لال بنام رلیال ڈوگرل (۸) ڈیری ساہ ٹھاکر رام بنام رلیا رام ڈوگرل (۹) ضمیمہ بنام فتح علی (۱۰) اور وشوا ناتھ گوبند دیشپانڈے بنام رام بھٹ (۱۱) کا حوالہ دیا تھا۔ سوال متنازعہ دشواری سے مبرا نہیں ہے کیونکہ ان نظائر میں جن کا حوالہ دیا گیا تھا اختلاف ہے چھجو میاں بنام ہرچرن داس (۱) میں جسٹس اسکاٹ اسمتھ نے یہ قرار دیا تھا کہ حکم مماثل حالات میں صادر کیا گیا ہو اس میں نگرانی نہیں کی جا سکتی تھی۔ اس مقدمہ میں اردر سنگ بنام پوادتا (۲) کی تقلید کی گئی تھی جس میں دولت رام بنام اسارام (۳) کی تقلید ہوئی تھی۔ جگناتھ دیوان چند بنام جگناتھ موتی لال (۶) سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ان ہی فاضل جج نے ایک مختلف رائے قائم کی تھی اور پولوری اچیا بنام سری کا سنجو مارتی وینکٹا سبنا راما چندر راؤ (۷) و رام لبھایا بنام لچھمن داس (۱۲) و نیز درگا پرشاد منصدی لال بنام رلیال ڈوگرل (۸) کی تقلید کرتے ہوئے انھوں نے یہ قرار دیا تھا کہ گو دست اندازی بصیغہ نگرانی معمولی طور پر ایسے مقدمات میں قرین مصلحت نہیں ہوتی مگر اس عدالت کے اختیارات نگرانی کا استعمال غیر معمولی صورتوں میں کسی ناانصافی کی اصلاح کے لئے

(۵) انڈین کیسز جلد ۱۹ صفحہ ۱۳ (نظائر ہند صفحہ ۴) (۶) انڈین کیسز جلد ۱۰ صفحہ ۳۰ نظائر ہند صفحہ ۱۵ (۷) انڈین کیسز جلد ۸ صفحہ ۵۵۵ (۸) انڈین کیسز جلد ۱۹ صفحہ ۴۳ نظائر ہند صفحہ ۲۷ (۹) انڈین کیسز جلد ۳۴ صفحہ ۳۸۷ نظائر ہند صفحہ ۵۱ (۱۰) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۳۴ صفحہ ۶۴ (۱۱) انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۵ صفحہ ۱۲۸ (۱۲) انڈین کیسز جلد ۳۶ صفحہ ۶۰۷

لیا جا سکتا تھا اور اس رائے کے بموجب کارروائی کرتے ہوئے ذیعلم جج نے ورآمل بصیغہ نگرانی دست اندازی کی تھی موجودہ مقدمہ میں سوال یہ ہے کہ آیا عدالتہائے ملتان کو مقدمہ میں تجویز کرنیکا اختیار حاصل تھا۔ فریقین کے مابین مراسلت کو دیکھنے سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کوئلہ فراہم کرنیکا معاہدہ جسکی خلاف ورزی اس مقدمہ میں کی گئی ہے بمقام ملتان تکمیل پایا تھا اور ایسی حالت میں یہ ظاہر ہوگا کہ اختیار سماعت استعمال نہ کرنے میں ذیعلم منصف کا عمل غلط تھا۔ یہ صحیح ہے کہ عدالتہائے ہوشیار پور کو بھی اس مقدمہ میں تجویز کرنیکا اختیار حاصل ہے لیکن اس امر سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ مدعی کو عدالت منتخب کرنیکا حق ہے اور یہ یقیناً سختی ہے کہ اس کو ہوشیار پور میں دعوی رجوع کرنے پر مجبور کیا جائے جبکہ ملتان کی عدالتوں کو اختیار سماعت حاصل ہے۔ یہ صحیح ہے کہ حکام عالیمقام پریوی کونسل نے امیر حسن خاں بنام شیو بخش سنگھ (۴) میں یہ قرار دیا ہے کہ عدالت جس کو کسی مقدمہ میں تجویز کرنیکا اختیار ہو اس مقدمہ کا غلط فیصلہ کرنے میں آزاد ہوتی ہے اور یہ کہ غلط فیصلہ سے اسکے حکم میں لازمی طور پر نگرانی نہ ہوسکیگی۔ لیکن وہ مقدمہ کسی حد تک قابل امتیاز ہے کیونکہ وہاں اختیار سماعت کا سوال نہیں پیدا ہوا تھا جبکہ یہاں اختیار سماعت کا سوال ہے جس کا تصفیہ موجودہ مقدمہ میں کیا جانا چاہیے۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ اس امر کی نسبت نظائر کا اختلاف فیصلہ کو کسی قدر دشوار کر دیتا ہے لیکن اس عدالت کے بہت ہی حالیہ فیصلہ کے لحاظ سے جو بطور جگناتھ دیوان چند بنام جگناتھ موتی لال (۶) کے طبع کیا گیا ہے میں خیال کرتا ہوں کہ دست اندازی کرنے میں میرا عمل جائز ہوگا۔ اور ایسی حالت میں میں اس نگرانی کو منظور کرتا ہوں اور عدالت واقع ملتان کو یہ ہدایت دیتا ہوں کہ وہ عرضی دعوی نمبر پر لے او حسب احکام قانون مقدمہ کا تصفیہ کرے۔ لیکن ان حالات میں میں فریقین کو یہ ہدایت دیتا ہوں کہ وہ اس عدالت میں اپنا اپنا خرچہ برداشت کریں۔

درخواست منظور کی گئی

دوا کا داس بنام رحیم بخش (لاہور)

## ہائیکورٹ لاہور
## متفرق مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۱۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۶ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس براڈوے۔

قادر بخش۔ مدعی علیہ۔ مرافعہ گیر بنام شمس دین مدعی وغیرہ مدعی علیہم مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۴۱ رول ۲۳، آرڈر ۴۳ رول ۱(ش)، حکم واپسی مقدمہ کی نارضی سے مرافعہ۔ تجویز واقعاتی کا مقدمہ کی غلط فہمی پر مبنی ہونا۔ ہائیکورٹ کی جانب سے دست اندازی۔

حکم واپسی مقدمہ کی نارضی سے مرافعہ میں تجاویز واقعاتی پر بصیغہ مرافعہ ثانی غور نہیں کیا جا سکتا لیکن جب یہ معلوم ہو کہ عدالت مرافعہ اولی اس حقیقی سوال کو سمجھنے سے قاصر رہی ہے جو فریقین کے مابین متنازعہ تھا تو ہائیکورٹ دست اندازی کریگی اور یہ ہدایت دیگی کہ مرافعہ کی مکرر سماعت کی جائے۔

مرافعہ بنارضی فیصلہ صادرہ ڈسٹرکٹ جج لائلپور مورخہ ۳ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء بنارضی فیصلہ صادرہ منصف درجہ اول چنیوٹ ضلع جھنگ مورخہ ۱۲ جنوری سنہ ۱۹۲۰ء۔

منجانب مرافع۔ مسٹر فقیر چند۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر فیروز الدین احمد۔

**فیصلہ**۔ ایک شخص خدا بخش ولد محمد بخش ساکن چنیوٹ لے

قادر بخش بنام شمس دین (لاہور)

۸ مرلے اراضی واقع قصبہ چنیوٹ ۲۶ اشخاص سے پانچ بیع نامہ جات کے بموجب خریدی تھی ۱۱ جنوری ۱۹۱۹ء کو ایک شخص شمس دین ولد محمد یار نے حق شفعہ کا دعوی دائر کیا جس میں یہ ادعا کیا تھا کہ وہ خدا بخش کے مقابلہ میں اس اراضی کے متعلق حق شفعہ کو نافذ کرنیکا مجاز تھا۔ ۳ فروری ۱۹۱۹ء کو خدا بخش عدالت میں حاضر ہوا اور یہ بیان کیا کہ اس نے ۱۱ جنوری ۱۹۱۹ء کو تمام اراضی مسمی قادر بخش کے حق میں منتقل کر دی تھی اور ایسی حالت میں وہ اس معاملہ میں کوئی مزید غرض نہیں رکھتا تھا۔ جب قادر بخش فریق بنایا گیا تھا اور چونکہ وہ نابالغ تھا اس لئے اس کا چچا ابراہیم اس کا ولی دوران مقدمہ بنایا گیا۔ قادر بخش کی جانب سے یہ عذر پیش کیا گیا تھا کہ اس نے زیر بحث اراضی خدا بخش سے خریدی تھی اور یہ کہ اس کو کم از کم مساوی حق شفعہ کو نافذ کرنیکا حق حاصل تھا۔ شمس دین مدعی نے بہت قوت کے ساتھ یہ بحث کی تھی کہ قادر بخش کے حق میں بیع فرضی تھی اور یہ کہ خدا بخش اب بھی جائداد کا اصل مالک تھا۔ عدالت ابتدائی نے حق شفعہ کے رواج کے وجود کی نسبت اور اس امر کی نسبت کہ آیا مدعی کو دونوں مشتریوں کے مقابلہ میں مرجح حق شفعہ حاصل تھا تنقیحات قائم کیں تیسری تنقیح کی عبارت حسب ذیل تھی:-

صفحہ ۷۵

"اگر مرجح حق کی نسبت مدعی کا عذر قادر بخش کے خلاف ناکامیاب رہے تو آیا موخر الذکر کے حق میں بیع ثانی فرضی معاملہ ہے جو مدعی کا حق مارنے کے لئے سازش سے تکمیل پایا تھا؟"

اس تنقیح طلب نمبر ۴ و ۵ کا تعلق بازاری قیمت اور ادا کی ہوئی قیمت سے تھا۔ یہ قرار دیا گیا تھا کہ قصبہ چنیوٹ کے اس خاص حصہ میں حق شفعہ رائج تھا اور یہ کہ حق شفعہ نافذ کرنیکی نسبت شمس دین کا حق خدا بخش سے مرجح تھا لیکن یہ کہ قادر بخش مساوی حق رکھتا تھا تیسری تنقیح کا تصفیہ مدعی کے خلاف کیا گیا تھا کیونکہ یہ قرار دیا گیا تھا کہ بیع جو قادر بخش کے حق میں کی گئی تھی فرضی نہ تھی جسپر مدعی کا دعوی خارج کیا گیا تھا۔ تنقیحات نمبر ۴ و ۵ کے متعلق کوئی فیصلہ نہیں صادر کیا گیا تھا۔

اسکے بعد مدعی نے ڈسٹرکٹ جج کے روبرو مرافعہ دائر کیا جنھوں نے یہ قرار دیا تھا کہ دوسری بیع جو بظاہر قادر بخش کے حق میں کی گئی تھی وہ دراصل اسکے چچا ابراہیم کے حق میں تھی اور آرڈر ۴۱ رول ۲۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب عمل کرتے ہوئے انھوں نے از سر نو تصفیہ کے لئے مقدمہ واپس کیا اور ساتھ ہی یہ ہدایت دی کہ ابراہیم فریق بنایا جانا چاہئیے اس حکم واپسی کی نارضی سے عدالت ہذا میں قادر بخش نابالغ کی جانب سے آرڈر ۴۳ رول ۱ (یو) کے بموجب مرافعہ دائر کیا گیا تھا اس مرافعہ کا تصفیہ ۳۱ مئی ۱۹۲۱ء کو مسٹر جسٹس براڈ وے نے کیا تھا جسکی سماعت یکطرفہ کیگئی تھی کیونکہ شمس دین اور اسکے کونسل میں سے کوئی بھی حاضر نہ تھا۔ اسکے بعد ۲۰ جولائی ۱۹۲۱ء کو مسٹر جسٹس براڈ وے نے یکطرفہ حکم منسوخ کیا اور مرافع قادر بخش کی جانب سے میں نے اب مسٹر نقیر چند کی اور مرافعہ علیہ شمس دین کی جانب سے مسٹر فیروز الدین احمد کی بحث سماعت کی ہے۔

مسٹر فیروز الدین احمد نے یہ بحث کی تھی کہ ڈسٹرکٹ جج کی یہ تجویز کہ بیع جو بظاہر قادر بخش کے حق میں تھی وہ دراصل ابراہیم کے حق میں تھی۔ ایک تجویز واقعاتی ہے جس پر مرافعہ ثانی میں غور نہیں کیا جا سکتا ہے اور میرے روبرو ساون سنگھ بنام موتھو (۱) و اریام سنگھ بنام ہرنام سنگھ (۲) اور

(۱) انڈین کیسز جلد ۳۳ صفحہ ۷۵۱ (۲) انڈین کیسز جلد ۱۴ صفحہ ۳۷۹۔

قادر بخش بنام شمس دین (لاہور)

ہوندا رام بنام ہوتو رام (۳) کا حوالہ دیا تھا۔ ساون سنگھ بنام موتھو (۱) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ آرڈر ۴۱ رول ۲۳ کے تحت حکم واپسی مقدمہ کی نارضی سے مرافعہ جو بالکلیہ کسی تجویز واقعاتی پر مبنی ہو قابل پذیرائی نہیں ہوتا۔ یہی اثر فیصلہ داریام سنگھ بنام ہرنام سنگھ (۲) و نیز ہوندا رام بنام ہوتو رام (۳) کا تھا۔ ساون سنگھ بنام موتھو (۱) پر اس عدالت کے ایک اجلاس کامل نے اس مقدمہ میں غور کیا تھا جو بطور عمری بنام شاہ محمد (۴) کے طبع کیا گیا تھا لیکن وہ منسوخ نہیں کیا گیا تھا۔ یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ داریام سنگھ بنام ہرنام سنگھ (۲) اور ہوندا رام بنام ہوتو رام (۳) کا حوالہ اجلاس کامل کے روبرو دیا گیا تھا اور جس طور پر میں نے حالت کو سمجھا ہے وہ یہ ہے کہ حکم واپسی مقدمہ کی نارضی سے مرافعہ میں تجاویز واقعاتی پر یہ عدالت مرافعہ ثانی کی عدالت کے طور پر اجلاس کرتے ہوئے غور نہیں کر سکتی۔

مسٹر فقیر چند نے یہ تسلیم کیا تھا کہ ذیعلم ڈسٹرکٹ جج کی یہ تجویز کہ ابراہیم اس بیع کا واقعی مشتری تھا جو خدا بخش کی جانب سے عمل میں آئی تھی تجویز واقعاتی ہے لیکن انھوں نے یہ بحث کی تھی ڈسٹرکٹ جج نے مقدمہ کو بالکل غلط سمجھا ہے اور وہ اس حقیقی سوال کو سمجھنے سے قاصر رہے ہیں جو فریقین کے مابین متنازعہ ہے اور یہ کہ اس لئے اس مرافعہ میں جو ان کے روبرو پیش تھا ٹھیک طور پر تجویز نہیں کی تھی۔ ایسی حالت میں انھوں نے یہ بحث کی تھی کہ ان حالات میں کم ازکم مرافعہ کی مکرر سماعت کیجانی چاہیئے۔

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے جب خدا بخش عدالت میں رجوع ہوا اور یہ بیان کیا کہ جب اس نے متدعویہ اراضی قادر بخش کو بیع کر دی تھی تو وہ اس میں کوئی مزید غرض نہیں رکھتا تھا تو مدعی نے صراحتًا یہ ادعا کیا تھا کہ مبینہ بیع جو قادر بخش کے حق میں عمل میں آئی تھی وہ کلیتًا فرضی اور بے اثر تھی کیونکہ خدا بخش اب بھی اراضی کا حقیقی مالک تھا کسی مقام پر یہ جواب دہی نہیں پیش کی گئی تھی کہ بیع ثانی کے بموجب ابراہیم حقیقی مشتری تھا عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا تھا کہ بیع فرضی نہ تھی اور وہ قادر بخش کے حق میں عمل میں آئی تھی ڈسٹرکٹ کورٹ کے روبرو

صفحہ ۷۵۸

موجبات مرافعہ میں مدعی نے اپنی اس بحث کا اعادہ کیا کہ بیع قطعًا کوئی بیع نہ تھی کیونکہ وہ محض ایک فرضی معاملہ تھا جس کی تکمیل اسکے حق شفعہ کو مارنے کے لئے کی گئی تھی کسی مقام پر کسی وقت فریقین میں سے کسی نے یہ نہیں بیان کیا تھا کہ بطور واقعہ کے بیع کی تکمیل ابراہیم کے حق میں کی گئی تھی۔ یہ سوال کہ کون شخص مشتری تھا چونکہ کبھی پیش نہیں کیا گیا تھا اس لئے اسکے متعلق کوئی تنقیح قائم نہیں کی گئی تھی اور نہ ابراہیم کبھی فریق بنایا گیا تھا۔ اس طور پر یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ذیعلم ڈسٹرکٹ جج کی تجویز فریقین کے مابین حقیقی نزاع کی غلط فہمی پر مبنی تھی اور یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ انھوں نے یہ محسوس کیا تھا کہ تصفیہ طلب سوال یہ تھا کہ آیا بیع زیر بحث فرضی تھی یا نہ تھی لیس میں یہ خیال کرتا ہوں کہ ان حالات میں ڈسٹرکٹ جج کی جانب سے مرافعہ کی مکرر سماعت کی جانی ضروری ہے۔ اس رائے میں میری تائید اس مقدمہ سے ہوتی ہے جس کا فیصلہ ہائیکورٹ کلکتہ کی ایک ڈویژن بنچ سے ہوا ہے جو بطور دیاکرناگ بنام مرتیجائے بہٹاچاریہ (۵) کے طبع کیا گیا ہے۔

ایسی صورت میں میں یہ مرافعہ منظور کرتا ہوں اور ذیعلم ڈسٹرکٹ کا حکم مورخہ ۵ جولائی ۱۹۲۱ء منسوخ کرتے ہوئے مرافعہ

(۳) انڈین کیسز جلد ۷ صفحہ ۱۰۵ (۴) نظائر ہند ۱۹۲۱ء (۴) انڈین کیسز جلد ۶۱ صفحہ [illegible]

(۵) انڈین کیسز جلد ۳۹ صفحہ ۴۹۵۔

قادر بخش بنام شمس دین (لاہور)

ڈسٹرکٹ کورٹ میں اس غرض سے واپس کرتا ہوں کہ اپیل کی سماعت کی جائے اور حسب ضابطہ قانون اس کا تصفیہ کیا جائے۔ خرچہ عدالت ہذا خرچہ مقدمہ پر منحصر ہوگا۔ 
اپیل منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

(مرافعہ ثانی دیوانی)

نمبر مقدمہ ۲۳۴ ابابتہ ۱۹۲۱ء فیصلہ ۱۰ نومبر ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس کیمبل۔

گنڈا سنگھ۔ بنام بہال۔ بالغ۔ مدعی علیہ بجائے خود اور بحیثیت قائم مقام اپنے بھائی ... وارث متوفی کے۔ مدعی مستغیث۔ 
مدعی علیہ۔ مرافع۔

مرافعہ علیہ۔

حق شفعہ۔ ڈگری ہونے کے بعد شفیع کی وفات کا اثر۔ اراضی مالیتی ۱۰۰ روپیہ کی بیع کے متعلق جو بذریعہ غیر رجسٹری شدہ دستاویز عمل میں آئی تھی۔ آیا حق شفعہ نافذ کیا جا سکتا ہے۔ قانون رجسٹری دستاویزات ایکٹ ۱۶ بابتہ ۱۹۰۸ء۔ دفعات ۱۷، ۴۹۔ قانون شہادت ایکٹ ۱ بابتہ ۱۸۷۲ء دفعات ۵۸، ۹۱۔

حق شفعہ کی ڈگری پر کسی ایسے واقعہ کا اثر نہیں پڑ سکتا ہے جو اس کے صادر کئے جانے کے بعد ظہور میں آیا ہو۔ نیاز علی بنام محمد عثمان انڈین کیسیز جلد ۲۳ صفحہ ۲۷۲ و تعمن سنگھ بنام سنت انڈین کیسیز جلد ۱۵ صفحہ ۲۰۶ و ماتما سنگھ بنام جہانگیر شاہ انڈین کیسیز جلد ۵۹ صفحہ ۹۳۹ کی تقلید کی گئی۔ جب ایک حق شفعہ کے مقدمہ میں ڈگری صادر ہونے کے بعد شفیع فوت ہو گیا۔ اور اپیل میں بالغ اس کا تنہا قائم مقام قانونی تھا۔ قرار دیا گیا کہ اس ڈگری پر یہ اثر نہیں پڑا تھا اور نہ اس وجہ سے کہ ڈگری کو فسخ کر کے مرافعہ کے دعوی کا خارج کیا جانا لازم نہیں آتا تھا۔ حق شفعہ کی ڈگری کی بابت سے مرافعہ میں عدالت مرافعہ کو صرف یہ دیکھنا چاہیئے کہ آیا ڈگری مستوجب صحیح تھی جب وہ صادر کی گئی تھی۔ پنجاب میں اندرونہ قانون یہ ضروری نہیں ہے کہ مبلغ ۱۰۰ یا زیادہ مالیت کی غیر منقولہ جائداد کی بیع ایک رجسٹری شدہ دستاویز کے ذریعہ سے عمل میں آئے بلکہ صرف ... ہو جاتی ہے۔ ایسے کسی غیر رجسٹری شدہ بیعنامہ کو اس جائداد کے انتقال کی نسبت جس کی بابت معاملہ کیا گیا تھا یا اس پر اثر ڈالنے کے لئے بطور شہادت کے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ... مبلغ ۱۰۰ یا زیادہ مالیت کی غیر منقولہ جائداد کی بیع کی تکمیل غیر رجسٹری شدہ بیعنامہ کے ذریعہ سے کی گئی ہو بیع کی حیثیت رکھتی ہے اور اس کے متعلق حق شفعہ نافذ کیا جا سکتا ہے۔ جانکی بنام گربادت انڈین ... پورٹ الہ آباد جلد صفحہ ۲۸۲ سے استناد کیا گیا۔ اس اراضی کی بیع کے متعلق حق شفعہ کو نافذ کرنے کے دعوی میں جو مبلغ ۱۰۰ میں بیع کی گئی تھی بیع کی نسبت اپیل میں تنازعہ کیا گیا تھا اور مشتری نے بعد میں ایک غیر رجسٹری شدہ بیعنامہ پیش کیا۔ قرار دیا گیا کہ جب اپیل میں بیع کو تسلیم کر لیا گیا تھا تو دفعہ ۵۸ قانون شہادت کی رو سے کسی مزید ثبوت کی ضرورت نہ تھی اور ایسے حالات میں قانون کی دفعہ ۹۱ کے احکام نافذ نہیں ہو سکتے۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ اڈیشنل ڈسٹرکٹ جج لاہور مورخہ ۲۴ فروری ۱۹۲۱ء بشرح بحالی ڈگری مصدرہ منصف درجہ اول لاہور مورخہ ۲ جنوری ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافع۔ لالہ دینا ناتھ چونا بجائے لالہ لچھمی نارائن۔

منجانب مرافعہ علیہ۔ دیوان مہر چند۔

**فیصلہ**۔ یہ ایک مرافعہ ثانی اس مقدمہ سے متعلق ہے جس میں عدالت ہائے ماتحت نے مدعی کو متدعویہ جائداد مالیتی ۱۰۰ روپیہ کے متعلق بذریعہ حق شفعہ قبضہ کی ڈگری دینے میں اتفاق کیا ہے۔

پہلی بحث جو پیش کی گئی ہے یہ [illegible] ڈگری صادر ہونے کے بعد اور عدالت مرافعہ میں مرافعہ دائر ہونیکے وقت فوت ہوا تھا اور یہ کہ ابتدائی بلا [illegible] اس کا قائم مقام تا [illegible] دعویٰ بطبق مرافعہ خارج کیا جانا چاہیے اس بحث [illegible] وجوہ نہیں [illegible] نیاز علی بنام محمد رمضان (۱) [illegible] یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ حق شفعہ کی ڈگری پر کسی ایسے واقعہ کا اثر نہیں پڑ سکتا تھا جو اسکے صادر کئے جانیکے بعد [illegible] ہوا ہو اور [illegible] مقدمات تھمن سنگھ بنام مہتا (۲) اور [illegible] سنگھ بنام میراں شاہ (۳) میں عدالت مرافعہ کو یہ دیکھنا چاہیئے تھا کہ آیا ڈگری اس وقت صحیح تھی جب وہ صادر کی گئی تھی۔ اگر موجودہ مرافعہ کے تصفیہ کے بعد تک شفیع زندہ رہتا اور اسکے بعد فوت ہوا تھا تو متدعویہ جائداد غالباً بائع کے حق میں اسکے وارث کی حیثیت سے واپس ہوتی۔

دوسرا عذر یہ ہے کہ زر ثمن مبلغ ۱۰ تھا اور بیعنامہ غیر رجسٹری شدہ تھا اس واقعہ سے انتقال قانون حق شفعہ پنجاب کے مفہوم میں بیع کے علاوہ اور کچھ نہیں ہو سکتا۔ جانکی بنام گرجا دت دہلی میں اس قسم کی بیع ہوئی تھی جسکی نسبت قانون انتقال جائداد کا یہ مفہوم تھا کہ وہ بذریعہ دستاویز رجسٹری شدہ عمل میں آئے اور باوجود اسکے کہ ایسی کوئی رجسٹری شدہ دستاویز نہ تھی اجلاس کامل نے یہ قرار دیا تھا کہ ایسی بیع عمل میں آئی تھی جسکے متعلق حق شفعہ کا نفاذ کیا جا سکتا تھا۔ اس صوبہ میں از روئے قانون یہ ضروری نہیں ہے کہ مبلغ ۱۰۰ اور اس سے بڑھ کر قیمت کی غیر منقولہ جائداد کی بیع بذریعہ دستاویز رجسٹری شدہ عمل میں آئے بلکہ ۱۰۰ یا زیادہ قیمت کے غیر رجسٹری شدہ بیعنامہ کو

اس جائداد پر اثر ڈالنے سے جو منتقل کیگئی تھی [illegible] کے لئے بطور شہادت استعمال [illegible] اس مقدمہ میں شفیع نے بیعنامہ کو [illegible] کیا تھا اور [illegible] استعمال کرنا چاہتا تھا۔ اسکو [illegible] عدالت [illegible] جبلہ بلڈنگ میں بیع کو تسلیم کیا گیا تھا اور جب [illegible] شہادت کی روسے بیع کی نسبت کسی ثبوت [illegible] اس طور پر دفعہ ۲۹ قانون مذکور کی صورت [illegible] نہ ہوگی۔

تیسرا عذر جو پیش کیا گیا تھا وہ [illegible] مرافع کے لائق وکیل یہ تسلیم کرنے پر مجبور ہوئے [illegible] کہ ان حالات میں سوائے مد ۱۲۰ کے جس کو [illegible] متعلق کیا ہے کوئی دوسری مد متعلق نہیں ہوتی۔

مرافعہ ناکامیاب رہتا ہے اور [illegible] خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

### [illegible] ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۳۶ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر شادی لال [illegible] جسٹس مسٹر جسٹس ظفر علی۔

سالگ رام۔ مشتری۔ مدعی علیہ۔ مرافع **بنام** بڈھا وغیرہ۔ مدعیان و منگل بائع۔ مدعی علیہ۔ مرافعہ علیہم

رواج بمقابلہ قانون شخصی۔ گوکل گڈھ ضلع انبالہ کے برہمن۔ بار ثبوت۔

یہ واقعہ کہ کسی خاندان یا قوم نے کسی ایک [illegible] شخصی قانون سے انحراف کیا ہے جیسا کہ اپنے باپ کی جائداد وراثتاً پانے کی نسبت کسی بیٹی کی ناقابلیت ہوتی ہے لازمی طور پر اس نتیجہ پر نہیں پہنچاتا کہ اس نے تمام دوسرے معاملات میں کاشتکاری رواج اختیار کر لیا ہے۔

(۱) انڈین کیسیز جلد ۴۳ صفحہ ۲۲۷ (۲) انڈین کیسیز جلد ۵۴ صفحہ ۷۵ (۳) انڈین کیسیز جلد ۹۱ صفحہ ۹۳۹ و نظائر پنجاب ۱۹۲۶ء (۴) انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۷ صفحہ ۴۸۲۔

[illegible] شخصی
قانون کے تابع ہوں [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] نمبر ۱۱۰ [illegible]

مرافعہ ثانی [illegible] انبالہ [illegible]
۲۴ مارچ ۱۹۲۰ء [illegible] ڈگری [illegible]
انبالہ مورخہ ۴ مارچ ۱۹۱۹ء۔

منجانب مرافعہ - لالہ جگن ناتھ۔

منجانب مدعیان - مرزا [illegible] شیوی دیال

فیصلہ - [illegible]
انبالہ کے ایک برہمن [illegible] مالک
کے ہاتھ مبلغ [illegible]
ہیں بیع پر معمولی [illegible]
طلب سوال یہ ہے کہ آیا [illegible] برہمن [illegible] کے معاملہ میں
کاشتکاری رواج کے تابع ہیں [illegible] نہیں ہے کہ برہمنوں
کی صورت میں ابتدائی قیاس یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے شخصی قانون
کے تابع ہوتے ہیں اور یہ ثابت کرنیکا بار مدعیان پر ہے کہ ایسا
کوئی رواج موجود ہے جسکی رو سے مالک کا اختیار منتقلی محدود کیا گیا ہے
اپنے پیش کردہ رواج کی تائید میں مدعیان نے اس واقعہ

استدلال [illegible] بنام [illegible] ہی برہمنوں کی
[illegible] صرف کاشت پر انحصار ہے۔ انھوں
نے [illegible] شہادت پیش کی [illegible] مبادلہ کرائی ہے جس سے
یہ ظاہر [illegible] باپ کی جائداد کی وراثت سے محروم کئے
[illegible] یا اپنے شخصی
قانون [illegible] باپ کی جائداد کی وارث
ہو [illegible] لازمی طور پر [illegible] نتیجہ پر
نہیں پہونچا [illegible] تمام [illegible] امور میں کاشتکاری
رواج [illegible] ایک مقدمہ بھی
عدالت [illegible] قسم [illegible] جسمیں [illegible] اراضی
[illegible] منتقل [illegible] مالک [illegible] بھی اعتراض کیا
[illegible] اس مضمون کی شہادت
[illegible] ۱۳۰
[illegible] یہ تسلیم کیا
ہے کہ [illegible] منتقلی [illegible] اعتراض نہیں کیا
ہے [illegible] مدعیان جن پر بار
ثبوت تھا اس رواج کو ثابت کرنے [illegible] ان کو
انھوں نے اپنی تائید میں پیش کیا تھا۔

[illegible] بنام سنگل (۱) میں چیف کورٹ
پنجاب نے یہ قرار دیا تھا کہ منتقلی کے معاملات میں موضع سمبا کا
ضلع انبالہ کے برہمن رواج کے نہیں بلکہ دھرم شاستر کے تابع تھے
جیسا کہ اس فیصلہ میں [illegible] انبالہ پرگنہ اور زبان
کے لحاظ سے پنجاب کے مقابلہ میں زیادہ تر ممالک متحدہ سے
تعلق رکھتا ہے اور اس ضلع کے برہمن اپنے شخصی قانون کی تقلید
کرتے ہیں اور پنجاب کے کاشتکاروں جیسے کسی رواج کی پابندی

(۱) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۲ء نمبر ۱۴۹۔

نہیں کرتے۔ وجوہ مندرجہ بالا کے باعث ہم مرافعہ منظور کرتے ہیں اور ڈسٹرکٹ جج کی ڈگری منسوخ کرتے ہوئے تمام خرچہ کے ساتھ عدالت ابتدائی کی ڈگری بحال کرتے ہیں۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## عدالت جوڈیشل کمشنر پشاور

استصواب دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۰ بابت ۱۹۲۳ء منفصلہ ۲۷ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر [illegible] جوڈیشل کمشنر۔

لالہ لیکھو لال وغیرہ — مدعی علیہم۔ نگرانیخواہان۔

بنام

رائے صاحب لالہ بھوجا رام وغیرہ — مدعیان۔ طرفثانیان۔

قانون مزارعان پنجاب ایکٹ ۱۶ بابت ۱۸۸۷ء دفعات ۷۷ (۳) (ا) ۹۸ — عدالت ہائے دیوانی و مال کا اختیار سماعت۔ مالک ادنیٰ سے جنس لگان کی بازیافت کے لئے مالک اعلیٰ نے جو استقرار حق کا دعویٰ کیا ہو اسکی نوعیت۔ دعویٰ کی آیا عدالت دیوانی یا عدالت مال سماعت کر سکتی ہے۔ ہدایت مندرجہ دفعہ ۹۸ سے آیا دیوانی عدالت کو اختیار سماعت حاصل ہو جاتا ہے۔ اختیار سماعت آیا رضامندی سے حاصل ہو جاتا ہے۔

کسی دعویٰ کے فریقین باہمی قرارداد سے کسی عدالت کو اختیار سماعت نہیں عطا کر سکتے۔ دعویٰ جو مالک ادنیٰ سے جنس لگان کی بازیافت کے لئے مالک اعلیٰ کے استقرار حق کے لئے رجوع کیا گیا ہو وہ لازمی طور پر اس قسم کا ہوتا ہے جو پٹہ کی شرائط سے پیدا ہوتا ہے اور وہ دفعہ ۷۷ (۳) (ا) قانون مزارعان پنجاب کی وجہ سے عدالت دیوانی کے اختیار سماعت سے خارج ہوتا ہے۔ دفعہ ۹۸ قانون مزارعان پنجاب کا تعلق صرف عدالت مال کی کارروائی سے ہوتا ہے۔ اسکی رو سے عدالت مال کو اس قسم کا کچھ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ پیش شدہ فریقین کو ہدایت کرے۔ وہ ہدایت فریقین کو پابند کر سکتی ہے مگر وہ لازمی طور پر عدالت دیوانی کو پابند نہیں کرتی اور نہ اس عدالت کو ایسا اختیار سماعت عطا کرتی ہے جس کا کو اور طور پر حاصل نہ ہو جب کوئی عدالت مال فریقین کو بحکم متذکرہ دفعہ ۹۸ قانون مزارعان پنجاب کے بموجب دیوانی دعویٰ رجوع کرنے کی ہدایت دے تو عدالت دیوانی کو اسکی وجہ سے ایسے دعویٰ کی سماعت کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہو جاتا جسکی سماعت کرنے کی وہ قانون کے دوسرے احکام کی رو سے مجاز نہ ہو۔

استصواب منجانب ڈسٹرکٹ جج ڈیرہ جات بذریعہ مراسلہ نمبر [illegible] سی ایل مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۲۳ء۔

منجانب فریقین [illegible]۔

حکم۔ مقدمہ کے واقعات یہ ہیں۔ رائے صاحب بھوجا رام ان بعض اراضیات کا اعلیٰ مالک ہے جو موضع [illegible] کلاچی ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں واقع ہیں۔ مدعی علیہم لالہ لیکھو لال وغیرہ اسی اراضی کے ادنیٰ مالک ہیں۔ [illegible] اس موضع کے ادنیٰ مالکان اعلیٰ مالکوں کو جنس میں [illegible] ادا کرتے تھے بندوبست ۱۸۷۴ء کے [illegible] لگان کو ڈسٹرکٹ [illegible] حکم سے نقد [illegible] لیکن فی الواقع کوئی حکم اس اراضی کی نسبت نہیں دیا گیا تھا جس سے اس دعویٰ کا تعلق ہے۔ رائے صاحب بھوجا رام نے عدالت مال میں اس لگان کی بقایا کی بازیافت کے لئے دعویٰ رجوع کیا جو [illegible] جنس کی ادائیگی کے [illegible] سے کیا گیا تھا اس لئے اپنا دعویٰ اس معاہدہ پر مبنی کیا تھا جو فریقین کے مابین ۱۴ اگست ۱۸۸۱ء کو عمل میں آیا تھا۔ مدعی علیہم نے اس معاہدہ کے جواز پر اعتراض کیا اور منجملہ دیگر امور کے یہ عذر پیش کیا کہ

لالہ لیکھو لال بنام لالہ بھوجا رام وغیرہ صفحہ ۱۰۱۰

[illegible] پنولال
بنام
[illegible]
[illegible]

[illegible] قبضہ [illegible] ایک قسم کا تھا [illegible] عدالت دیوانی [illegible]
[illegible] نا قابل [illegible]
[illegible] کی [illegible] ہوجاتی ہے [illegible] پر [illegible]
[illegible] پیشی کی [illegible] درخواست پیش کی گئی [illegible] باقاعدہ طور
[illegible] عدالت مال [illegible] خاص طور پر
[illegible] ہونے کی
[illegible] ڈویژنل [illegible]
[illegible] دعوی کو [illegible] کیا گیا ہے [illegible]
[illegible] منظوری کی درخواست کی [illegible]
کیا جانا چاہیے کہ عدالت مال [illegible] یہ منشا تھا کہ [illegible] عدالت دیوانی
میں رجوع ہونے [illegible] باب [illegible]
عدالت [illegible] کیا تھا [illegible]
مدعا علیہم سے [illegible]
ایک ابتدائی عذر پیش کیا تھا کہ دعوی [illegible] سماعت عدالت
دیوانی نہ تھا۔ سب جج صاحب نے دعوی کی سماعت [illegible]
کا تصفیہ ایک ابتدائی حکم کے ذریعہ سے کیا تھا جس میں یہ قرار
دیا تھا کہ ان کو اختیار سماعت حاصل تھا۔ اس حکم [illegible]
سے مدعا علیہم نے جو ڈویژنل کمشنر کے روبرو نگرانی کی درخواست
پیش کی جو ڈویژنل کمشنر نے صرف اس بناء پر دست اندازی
کرنے سے انکار کیا کہ وہ حکم جسکی نسبت اعتراض کیا گیا تھا درمیانی
نوعیت کا تھا اور نگرانی کی کوئی کارروائیاں نہیں ہوسکتی تھیں۔
انھوں نے اس سوال پر غور نہیں کیا تھا کہ آیا سب جج کا عمل

[illegible] تھا یا نہ تھا کہ ان کو دعوی میں تصفیہ کرنیکا
[illegible] سب جج نے اب دعوی کا تصفیہ کیا ہے
[illegible] مدعا علیہم نے ڈویژنل کورٹ
[illegible] ایک یہ تھی کہ
عدالت دیوانی [illegible] تصفیہ کرنیکا کوئی اختیار حاصل نہ تھا
[illegible] یہ دعوی اس قسم کا
تھا جس کی سماعت [illegible] مال کر سکتی تھی اور یہ مقدمہ دفعہ
[illegible] تاکہ ڈگری
عدالت [illegible] درج کر لیجائے اگر انکی سفارش
منظور کر لی جائے تو [illegible] حکم کا [illegible] کہ ڈویژنل جج اور
[illegible] عدالت [illegible] کا اختیار سماعت ثابت ہوجائیگا اور مدعی
علیہم کو [illegible] عدالت میں رافعہ کریں
اس [illegible] دوسرے بہان
لئے مدعی کی جانب سے اور مدعا علیہم کی [illegible] لالہ پنولال نے
بحث کی تھی [illegible] وکیل [illegible] بہان نے یہ
بحث کی تھی کہ عدالت دیوانی کو دعوی [illegible] کرنے کا
اختیار حاصل تھا اور [illegible] پر اعتراض کیا جو ڈویژنل
[illegible] عدالت مال میں اس کی رجسٹری
کی جائے۔ مدعا علیہم کی جانب سے لالہ پنولال نے ڈویژنل جج
کی رائے کی تائید [illegible] کی تھی جہانتک اس کا تعلق
اس بحث سے تھا کہ عدالت دیوانی کو اختیار سماعت حاصل نہ تھا۔
مگر انھوں نے اس سفارش پر اعتراض کیا تھا کہ ڈگری عدالت مال
کی ڈگری کے طور پر درج رجسٹر کر لیجائے۔ عدالت مال کی ڈگری کی حیثیت
سے ڈگری کے درج رجسٹر کئے جانیکے متعلق اپنے اعتراض کی تائید میں
انھوں نے منجملہ دیگر امور کے دو وجوہ پر استدلال کیا تھا (الف)

لالہ نپولال
بنام
لالہ بھجارام
دلپشاورم

یہ کہ اس لگان کا معاوضہ جو مالکان ادنیٰ مالکان اعلیٰ کو ادا کرتے تھے اس قسم کا سوال تھا جس کا انفصال عدالت مال کے حاکم مال دفعہ ۷۷ ایکٹ قانون مالگزاری اراضی پنجاب کی رو سے تصفیہ کرنیکا اختیار رکھتا تھا اور یہ کہ قانون مذکور کی دفعہ ۱۵۸ کی رو سے عدالت دیوانی کو ایسے معاملہ میں اختیار سماعت نہیں ہو سکتی تھی جس کا تصفیہ کر دینا یا جسکی سماعت کرنیکا حاکم مال مجاز تھا۔

(ب) یہ کہ چونکہ سب جج صاحب نے مقدمہ کی سماعت کی تھی عدالت مال کے کوئی اختیارات نہیں رکھتے تھے اس لئے ان کی ڈگری عدالت مال کی ڈگری کی حیثیت سے درج رجسٹر نہیں کی جا سکتی تھی۔ کونسل کی مباحث کی اگلی علی الترتیب دلائل کے متعلق کسی قدر تفصیل کے ساتھ سماعت کی گئی تھی لیکن آج کی تاریخ پیشی کے وقت انھوں نے میرے روبرو یہ بیان کیا کہ دونوں متعلقہ سوالات پر جہانتک کہ ان کا تعلق محض موجودہ مقدمہ سے تھا اس حد تک متفق ہوئے تھے کہ مدعی یہ تسلیم کرتے ہیں کہ دعویٰ کی صرف عدالت مال سماعت کر سکتی تھی اور یہ کہ مدعا علیہم ڈگری کے عدالت مال کی ڈگری کے طور پر درج رجسٹر کئے جانے کے متعلق اپنا اعتراض اسی طور پر اٹھا لینگے۔ ساتھ ہی یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ دعویٰ کے فریقین باہمی قرارداد سے کسی عدالت کو اختیار سماعت عطا نہیں کر سکتے اور ایسی حالت میں میرے لئے اختیار سماعت کے سوال کا تصفیہ کرنا ضروری ہے۔ اسکے علاوہ مسٹر او بہان نے گو یہ ثابت کرنے کے لئے اپنی کوشش ترک کر دی تھی کہ عدالت دیوانی کو موجودہ دعویٰ کی حد تک اختیار سماعت حاصل ہے مگر انہوں نے ہی اس بحث پر میرے روبرو قوت کے ساتھ زور دینا جاری رکھا جسکے متعلق وہ اسکے قبل بحث کر چکے تھے کہ عدالت دیوانی کو کامل اختیار سماعت حاصل تھا پس اس سوال کی نسبت میں زیادہ تفصیل سے بحث کرتا ہوں۔ اس امر پر سنجیدگی کے ساتھ اعتراض نہیں کیا جا سکتا کہ ابتدائی دعویٰ ٹھیک طور پر عدالت مال میں دائر کیا گیا تھا اور اس پر دفعہ ۷۷ (۳) (ع) قانون مزارعان پنجاب متعلق ہوتی تھی لیکن اسکے لازمی طور پر یہ معنی نہ ہونگے کہ مالک ادنیٰ سے لگان کی بازیافت کے لئے مالک اعلیٰ کے حقوق کے استقرار کا دعویٰ بھی اسی حکم کے تابع ہوگا میں خیال کرتا ہوں کہ ڈسٹرکٹ جج نے اس حکم کو نظرانداز کر دیا ہے جب انھوں نے دفعہ ۷۷ (۳) (ع) قانون مزارعان کا حوالہ اس امر کی تائید میں دیا ہے۔ ساتھ ہی میں یہ نہیں خیال کرتا کہ سنجیدگی کے ساتھ یہ بحث کی جا سکتی ہے کہ اس نوعیت کے استقرار کا دعویٰ لازمی طور پر اس قسم کا ہے جو پٹہ کی شرائط سے پیدا ہوتا تھا اور یہ کہ معمولی حالات میں وہ ایسا دعویٰ نہ ہوگا جسکی سماعت صرف عدالت مال کر سکتی تھی اسمیں شک نہیں کہ اس سے اس بحث کو کوئی نقصان نہیں پہونچا جو فریق ثانی نے پیش کی تھی کہ دعویٰ میں دیوانی یا مال کوئی عدالت بھی اس بنا پر سماعت نہیں کر سکتی ہے کہ تصفیہ طلب سوال اس قسم کا ہے جس کا فیصلہ حاکم مال احکام مندرجہ دفعہ ۱۴۶ قانون مالگزاری اراضی کے بموجب کر سکتا ہے لیکن وہ بحث جو مسٹر او بہان نے پیش کی تھی بالکل مختلف نوعیت کی ہے انھوں نے یہ بحث کی ہے کہ خواہ عدالت دیوانی کو اس نوعیت کے دعویٰ میں تصفیہ کرنیکا اختیار سماعت ہو یا نہ ہو لیکن اگر کسی فریق نے خود اپنی تحریک پر اسکو اسکے روبرو رجوع کیا ہو مگر باوجود اسکے اس کو ہر نوعیت کے دعویٰ میں اختیار سماعت حاصل ہے خواہ وہ اس قسم کا ہو جسکی سماعت صرف عدالت مال کر سکتی ہے جب بدفعہ ۹۸ قانون مزارعان کی رو سے اسکے روبرو استصواب کیا گیا ہو۔ دوسرے الفاظ میں ذیعلم کونسل کی بحث یہ ہے کہ عدالت مال دفعہ ۹۸ کی رو سے اس امر کے تصفیہ کرنیکا اختیار رکھتی ہے کہ ہر قسم کا ہر سوال جو کہ اسکے روبرو پیش ہوا ہے نہیں زیادہ ٹھیک طور پر عدالت

لالہ پنالال بنام لالہ بیجارام (پشاور)

دیوانی فیصلہ کر سکتی ہے اور یہ کہ جب وہ فیصلہ کرے تو ایسا سوال عدالت
دیوانی کے تصفیہ کے لیے زیادہ مناسب ہے اور جب کلکٹر کی منظوری حاصل
طور پر کی گئی ہو تو یہ امر بالکل غیر [illegible] ہے کہ سوال اس قسم کا ہے یا نہ
جسکے متعلق عدالت دیوانی [illegible] تصفیہ [illegible]
کر کے بحث کی ہے کہ ایسے دعوے [illegible] عدالت مال کر سکتی ہو
اور جسکو قانون مزارعان نے تمام [illegible] عدالت دیوانی
کی سماعت سے خارج کیا گیا ہو باوجود اسکے عدالت دیوانی سماعت کر
سکتی ہے جب کبھی فریقین کو دفعہ ۹۹ قانون مزارعان [illegible] سے اسکے
رجوع ہونیکی ہدایت کی گئی ہو۔ اس رائے کی تائید میں انھوں نے
میرے روبرو قواعد و احکام چیف کورٹ پنجاب جلد ۱ نمبر (طبع جدید)
کا حوالہ دیا ہے اور اسکے [illegible] الفاظ پر خاص زور دیا ہے جہاں
اس حکم کے مرتب کنندگان نے یہ بیان کیا ہے کہ دفعہ ۹۹ قانون مزارعان
پنجاب اور دفعہ ۱۱ قانون مالگزاری اراضی پنجاب کی رو سے حکام اعلیٰ
مال کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ بعض معاملات دیوانی عدالتوں کے تصفیہ
کے لئے سپرد کریں اور جب ان دفعات میں سے کسی دفعہ کے تحت کوئی
حکم باقاعدہ طور پر صادر کیا گیا ہو تو دیوانی عدالتوں کو ان معاملات کے
تصفیہ کرنیکا اختیار سماعت حاصل ہوگا جو ان کے سپرد کئے گئے ہوں
ان کی یہ خواہش ہے کہ اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جائے کہ عدالت مال فی الواقع
یہ اختیار رکھتی ہے کہ دیوانی عدالت کو ایسے دعوے کی تجویز کرنیکا اختیار
عطا کرے جو اور طور پر اس دیوانی عدالت کے اختیار سماعت سے خارج
ہوگا۔ وہ میرے روبرو کسی کوئی صریح نظیر پیش کرنے سے قاصر رہے
ہیں جس میں کسی رائے پنجاب یا اس صوبہ کے اعلیٰ ترین دیوانی یا مال
کے حاکم نے قائم کی ہو لیکن انھوں نے میرے روبرو فیصلہ مرافعہ فنانشل کمشنر
پنجاب کی ایک نظیر کا حوالہ دیا ہے جو لطو گنیگا رسنگھ بنام عبدالدین (۱) صفحہ ۶۳
کے طبع ہوئی تھی۔ اس مقدمہ میں ایک عدالت مال نے فریقین کو حقوق

وخلیفہ روکے کسی سوال کی بابت عدالت دیوانی میں رجوع [illegible] ہدایت دی
سکے [illegible] عدالت مال نے فیصلہ کیا
[illegible]
[illegible] کی بنا پر [illegible] دعوی مالک کے
[illegible] کار روائی کی تھی فنانشل کمشنر نے یہ قرار دیا تھا
[illegible] اختیار تھا اس [illegible]
[illegible] دفعہ ۹۹ قانون مزارعان
[illegible] فنانشل کمشنر [illegible]
کہ اس قسم کا کسی قدر یہ ہو کہ وہ دعوی اس قسم کا تھا جس کی
[illegible] کر سکتی تھی مگر باوجود اسکے موخر الذکر دفعہ ۹۹ کی
رو سے عدالت دیوانی یہ [illegible] کرنیکا اختیار رکھتی تھی لیکن مجھے
شبہ ہے کہ آیا ذی علم فنانشل کمشنر کا پورا منشا اس حد تک تجاوز
کرنیکا تھا جیسا کہ فیصلہ [illegible] ظاہر ہوگا اس کا تعلق محض کلکٹر کے
[illegible] کرنیکے متعلق منظوری کی نسبت ایک درخواست
کو کسی کار روائی کے [illegible] ان کو یہ اجازت
تھی کہ مقدمہ کی روئداد کا تصفیہ کرلے ایسی حالت میں مجھے کسی طرح
سے یہ یقین نہیں ہے کہ آیا یہ فیصلہ اس [illegible] کی صریح نظیر ہے جسکو ذی علم وکیل
ثابت کرنا چاہتے ہیں بخلاف اسکے مجھے اور بہت سے خیالات اس قسم کے
معلوم ہوتے ہیں جو اس رائے کے خلاف ہیں۔ میرے خیال میں ذی علم ڈسٹرکٹ
جج نے اس نکتہ کو نہیں سمجھا جب وہ یہ تحریر کرتے ہیں کہ دفعہ مجموعہ ضابطہ
دیوانی اس سوال سے متعلق ہے دفعہ ۱۱ کا تعلق صرف دیوانی عدالتوں کے
اختیار سماعت کے سوال سے ہے لیکن مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دفعہ ۹
متعلق ہوگی۔ اس دفعہ کی عبارت حسب ذیل ہے:—
"عدالتوں کو (بہ پابندی احکام قانون ہذا) تمام مقدمات قسم
دیوانی کی سماعت کا اختیار ہے بجز ان مقدمات کے جن صراحتاً یا ضمناً

(۱) پنجاب ریکارڈ [illegible] نمبر ۲ مال۔

لالہ تیج لال بنام لالہ بوجا رام (پشاور)

ممنوع السماعت قرار دیئے گئے ہونگے ایسے معاملات جنکی عدالت ہائے
مال سماعت کر سکتی ہیں دیوانی عدالتوں کو سماعت کرنے سے از روئے قانون
منع کیا گیا ہے۔ مسٹر اومے بہاں کی بحث کے جواز کو تسلیم کرنے کیلئے
ہمیں یہ فرض کرنا چاہیئے کہ یہ امتناع دفعہ ۹ قانون مزارعان کی بروئے
تعلیم نیکی ہے یا دوسرے الفاظ میں یہ کہ عدالت ہائے مال اگر چاہیں تو مخصوص
اس بنا پر دیوانی عدالتوں کو ایسے اختیار سماعت کے عطا کرنیکا اختیار
رکھتی ہیں جو ان کو اور طور پر حاصل ہوگا کہ عدالت مال کسی سوال کو
عدالت دیوانی کے تصفیہ کے لئے زیادہ مناسب خیال کرتی ہے میں
خیال کرتا ہوں کہ اس رائے کو تسلیم کرنا بہت ہی دشوار ہوگا۔ دفعہ
۸ و ۹ کا تعلق محض عدالت مال کی کارروائی سے ہے۔ اسکی رو سے
عدالت مال کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ اپنے روبرو کے فریقین کو ہدایت
دے۔ وہ ہدایت فریقین کو پابند کر سکتی ہے لیکن میں نہیں سمجھ سکتا کہ وہ
کس طرح لازمی طور پر عدالت دیوانی کو پابند کر سکتی ہے۔ یا اس عدالت
کو ایسا اختیار سماعت عطا کر سکتی ہے جو اس کو اور طور پر حاصل نہ
ہو۔ اگر انکو کوئی بحث در اصل قانون کی صحیح وضاحت
ہے تو میں اسکو کسی طرح باور کر سکتا کہ پنجاب اور صوبہ سرحدی
شمال مغربی میں ایسے تجربات نہ ہوئے ہونگے جن میں اس عدالت
کی معین طور پر یہ تعریف نہ کی جاتی۔ میں اس سے اتفاق نہیں کر سکتا کہ دفعہ
۸ و ۹ کی عبارت اس قدر واضح ہے کہ اس امر کے متعلق کسی تاویل کی کبھی
ضرورت نہ ہو گی۔ برخلاف اسکے بغیر کسی تامل کے میں یہ بیان کر سکتا
ہوں کہ جہاں تک صوبہ سرحدی شمال مغربی کا تعلق ہے یہ یکساں
عملدرآمد رہا ہے کہ عدالت دیوانی اور عدالت مال کے علی الترتیب
اختیارات کے سوال کا تصفیہ دفعہ ۷ قانون مزارعان کے حوالہ سے
کیا جاتا ہے اور نہ کسی ایسے اصول سے جو دفعہ ۸ و ۹ کے تحت محض
استصواب کئے جانے سے جائز اختیار سماعت پیدا ہوتا ہے۔ اسلئے

میں مجھے یہ قرار دینا چاہیئے کہ جب کوئی عدالت مال فریقین کو دفعہ ۹
قانون مزارعان کی رو سے دیوانی دعوی رجوع کرنیکی ہدایت دے تو عدالت
دیوانی کو اس وجہ سے ایسے دعوی کی سماعت کرنیکا اختیار سماعت
نہیں حاصل ہو جاتا جسمیں سماعت کرنیکی وہ قانون کے تمام دیگر
احکام کے بموجب ناقابل ہو۔ مندرجہ بالا تجویز سے یہ نتیجہ نکلتا ہے
کہ موجودہ ڈگری اس حیثیت سے قائم نہیں رہ سکتی کہ اس کو عدالت
دیوانی نے صادر کیا تھا۔ جب عدالت مال کی ڈگری کے درج رجسٹر
کئے جانیکی نسبت مدعی علیہم نے اپنا اعتراض اٹھا لیا ہے تو مجھے بالتفصیل
دوسرے متعلقہ سوالات پر بحث کرنیکی ضرورت نہیں ہے۔ جہاں تک
مجھے آگاہی ہے اس بحث کے لئے کوئی جائز وجہ موجود نہیں ہے کہ ڈگری
عدالت مال کی ڈگری کے طور پر درج رجسٹر نہیں کیجا سکتی کیونکہ سب جج
کو صرف دیوانی اختیارات حاصل تھے دوسری بحث جو مدعی علیہم نے پیش
کی تھی کہ مال یا دیوانی تمام عدالتوں کا اختیار سماعت احکام
صفحہ ۷۴ مندرجہ دفعہ ۱۴ و ۱۸ و ۱۵ قانون مالگزاری اراضی کی رو سے خارج
ہوتا ہے کیونکہ معاملہ اس قسم کا ہے جسمیں تجویز کرنیکا حاکم مال مقدم
بلا شبہ یہ بحث زیادہ قوی ہے۔ لیکن جب ایک مرتبہ ڈگری عدالت مال
کی ڈگری کی حیثیت سے درج رجسٹر ہو جائے تو اس امر کے فیصلہ کرنیکا
مجھے کوئی مزید اختیار باقی نہیں رہتا کہ وہ اس قسم کا ہے جس کو
مدعی علیہم کمشنر مال کے روبرو اپنے مرافعہ میں پیش کر سکتے ہیں جنکے روبرو
اب مرافعہ ہو سکیگا۔ ایسی حالت میں میں ڈویژنل جج کی سفارش
منظور کرتا ہوں اور احکام مندرجہ دفعہ ۱۰ قانون مزارعان پنجاب
کی رو سے یہ حکم دیتا ہوں کہ موجودہ ڈگری عدالت مال کی ڈگری
کے طور پر درج رجسٹر کیجائے موجودہ کارروائی میں فریقین اپنا اپنا
خرچہ خود برداشت کرینگے۔

حسبہ حکم دیا گیا۔

ہندو سوپ
نیلام
ملدیپ سنگھ
(لاہور)

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۸ بابت ۱۹۱۹ء مقدمہ تنقیح دیوانی نمبر ۲ بابت ۱۹۲۱ء

فیصلہ ۱۲ جنوری ۱۹۲۲ء

باجلاس [illegible] و مسٹر جسٹس ظفر علی

[illegible] مسماۃ [illegible]

مدعی [illegible] [illegible] مدعی علیہم [illegible]

قانون انتقال جائداد ایکٹ نمبر ۴ بابت ۱۸۸۲ء دفعہ ۱۰۱ ادغام [illegible]

[illegible] [illegible] ۔

دفعہ ۱۰۱ قانون انتقال جائداد کا آخری حصہ اس [illegible] جب کوئی درمیانی [illegible] موجود نہ ہوں اور جب کبھی جائداد ادغام کی بابت جلسہ کے ساتھ [illegible] عدالت کے اعلیٰ [illegible] کے ساتھ ادغام سے [illegible] جب کوئی تصرف [illegible] بھی ہالک [illegible] ہو جائے تو رہن ادغام [illegible] ہو جاتا ہے [illegible] کہ کوئی ضمنی یا درمیانی [illegible] موجود [illegible] کے مقابلہ میں حق [illegible] کو زندہ رکھنا مقصود ہے۔ [illegible] انڈین کیسز جلد ۴ صفحہ ۷۲۱ و [illegible] راجہ [illegible] بنام [illegible] انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۹۱۶ [illegible] بنام [illegible] انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۲۲۴ [illegible] بنام [illegible] انڈین کیسز جلد [illegible] صفحہ ۹۴۹ سے استفادہ کیا گیا۔ [illegible] بنام گلاب خان انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۲۹۲ [illegible] بنام [illegible] سنگھ انڈین کیسز جلد ۳ صفحہ ۷۰۶ [illegible] کئے گئے۔

مرافعہ ثانی منجانب ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج گورداسپور بمقام ڈلہوزی مورخہ ۸ جون ۱۹۱۸ء مشعر بحالی ڈگری مصدرہ سب آرڈینیٹ جج درجہ اول گورداسپور مورخہ ۷ جنوری ۱۹۱۸ء۔

[illegible] منجانب مرافعہ علیہم [illegible] چند۔

**فیصلہ** [illegible] ۱۸۹۰ [illegible] [illegible] کے حق میں [illegible] تھی لیکن [illegible] حق انفکاک [illegible] اپنے [illegible] کے حق میں بیع کر دیا۔ شفیع نے یہ بیان کیا تھا کہ بیٹا باپ کیلئے بیا [illegible] تھا اور یہ کہ رہن کا بیع میں ادغام ہو گیا تھا۔ اس سے رام چند [illegible] اور اس کی جانب سے یہ بحث کی گئی تھی کہ [illegible] بیع میں ادغام نہیں ہوا تھا۔ دفعہ ۱۰۱ قانون انتقال جائداد [illegible] (۱) [illegible] بنام [illegible] سکھ [illegible] بنام [illegible] (۲) [illegible] (۳) خیالی رام بنام گلاب خان (۳) کنہیا بنام پنڈت [illegible] (۴) و بلدیو پرشاد بنام [illegible] (۵) کا حوالہ اس جوابدہی کی تائید میں دیا گیا تھا۔ عدالت ابتدائی نے یہ نتیجہ اخذ کیا [illegible] کا حوالہ دیا گیا تھا غیر متعلق تھیں اور یہ کہ رہن کا بیع میں اس وجہ سے ادغام ہوا تھا کہ مرتہن اور حق انفکاک کا مشتری ایک ہی شخص تھے۔ ڈسٹرکٹ جج کے روبرو مرافعہ میں رام چند نے پہلی مرتبہ یہ عذر پیش کیا تھا جس کا ذکر موجبات مرافعہ میں بھی نہیں کیا گیا تھا کہ [illegible] اس کی ذات میں اسکے ساتھ شریک مرتہن موجود تھا اس لئے رہن کا بیع میں ادغام نہیں ہو سکتا تھا۔ اس واقعہ کے لحاظ سے کہ [illegible] اس کا نام حق انفکاک کے بیع نامہ یا مدعی علیہ کے عذرات یا کاغذات مالگزاری تک میں نہیں ظاہر ہوا تھا جس میں رام چند کی صراحت واحد مرتہن کے طور پر کی گئی تھی۔ دعلیم

(۱) [illegible] کلکتہ جلد [illegible] صفحہ ۱۰۳۵ (۲) انڈین کیسز جلد [illegible] صفحہ ۸۶۵ (۳) انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۲۹۲ (۴) پنجاب ریکارڈ بابت ۱۹۱۶ء نمبر ۳۔
(۵) انڈین کیسز جلد ۴ صفحہ ۸۱۰۔

(۹۵)

مسٹر کلکٹر جج نے یہ قیاس کیا کہ رام چند نے چرن داس سے خریداری کر لی تھی ادغام کے سوال پر انھوں نے عدالت ابتدائی سے اتفاق کیا اور مرافعہ خارج کیا۔

اس مزید مرافعہ میں جو عدالت ہذا میں رجوع کیا گیا ہے مدعی علیہ مرافعان کے کونسل مسٹر کمندلال پوری نے یہ بحث کی ہے (۱) یہ کہ عدالت مرافعہ تحت نے یہ قیاس کرنے میں غلطی کی تھی کہ چرن داس سے خریداری کر لی گئی تھی اور (۲) یہ کہ اسکے خلاف تمام شہادت کی عدم موجودگی میں رام چرن کی منشا کے متعلق مناسب قیاس یہ تھا کہ اس کی نیت یہ تھی کہ وہ اپنے حقوق مرتہن کو تازہ رکھے جیسا کہ اس واقعہ سے ظاہر ہوتا تھا کہ اس نے حق انفکاک کی خریداری اپنے بیٹے کے نام سے کی تھی۔ ان نظائر کے علاوہ جن کا حوالہ عدالت ابتدائی نے دیا تھا انھوں نے دینو بندھو شاہ چودھری بنام جوگمایا داسی (۶) گوپال چندر سینگی بنام ہیرو چند ہولدار (۷) گرو ہر داس بنام رام اوتار سنگھ (۸) ویر سنگھ بنام ہزارا سنگھ (۹) و قانون انتقال جائداد مولفہ گوڑ جلد ۲ صفحہ ۱۲۸۴ فقرہ ۲۰۰۲ کا حوالہ دیا تھا۔ منشی ٹیک چند نے یہ ظاہر کرنے کے لئے بحث کی ہے کہ یہ نظائر غیر متعلق ہیں اور بخلاف اسکے بشن لال بنام مہنت بارن داس (۱۰) بھوانی کمار بنام متھرا پرشاد سنگھ (۱۱) اروموگا سندرا مہاراجہ پلے بنام نرسمہا آئر (۱۲) راجہ کالا ہستی بنام پالیگر وانجی وارو (۱۳) سری رام بنام رانجی داس (۱۴) احمد شاہ بنام دلی داد خاں (۱۵) رام دت سنگھ بنام بالکرن سنگھ (۱۶) و قانون رہن مولفہ ڈاکٹر گھوش جلد ۱ صفحات ۵۱۶-۵۱۷ کا حوالہ دیا۔

نمبر ایک کے متعلق ہماری یہ رائے ہے کہ عدالت تحت کا اپنا نتیجہ اخذ کرنا جائز تھا کہ چرن داس سے خریداری کر لی گئی تھی اور اس کے متعلق ہمیں کسی مزید بحث کی ضرورت نہیں ہے۔

نمبر ایک کے متعلق اس ملک میں ادغام کا قانون دفعہ ۱۰۱ قانون انتقال جائداد میں منضبط کیا گیا ہے لیکن اس دفعہ کا حصہ ۲ اس وقت متعلق نہیں ہوتا جب کوئی درمیانی کفالتیں موجود نہ ہوں اور چھوٹی جائداد کا ادغام بڑی جائداد کے ساتھ ہو جائے جس کو کم کفالت کی اعلیٰ کفالت کے ساتھ ادغام سے ممیز کرنا چاہئے موجودہ مقدمہ میں چھوٹی جائداد کا ادغام بڑی جائداد میں ہوا تھا اور جبکہ انفکاک کو خرید لینے کی وجہ سے مرتہن اسٹیٹ کا مالک بن گیا اور اس طور پر رہن زائل ہو گیا تھا بھوانی کمار بنام متھرا پرشاد سنگھ (۱۱) جو ایک پریوی کونسل کا فیصلہ ہے اس امر کے متعلق ایک نظیر ہے اس مقدمہ میں مرہونہ جائداد ایک ڈگری کی تعمیل میں نیلام کی گئی تھی جو مرتہن نے رہننامہ کی بنا پر حاصل کی تھی اور اسکو خود اس نے خرید لیا تھا۔ یہ قرار دیا گیا تھا کہ مشتری بیع جائداد کا مالک بن گیا اور کہ ایسے حق حقیت اور غرض کا مشتری ہو گیا جو کہ راہن کو حاصل تھی۔

اروموگا سندرا مہاراجہ پلے بنام نرسمہا آئر (۱۲) میں ہائیکورٹ مدراس کے ایک ڈویژن بنچ نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ دفعہ ۱۰۱ قانون انتقال جائداد میں قانون کے اس عام قاعدہ پر کوئی تصرف نہیں کیا گیا ہے کہ جب کوئی مرتہن حق انفکاک خرید لے تو کفالت جو اسکے حق میں ہو زائل ہو جاتی ہے۔

اسی طرح عدالت مذکور کی ایک ڈویژن بنچ نے اس مقدمہ میں جو بطور راجہ کالاہستی بنام پالیگر وانجی وارو (۱۳) کے طبع کیا

(۶) انڈین لاء رپورٹس کلکتہ جلد ۹ صفحہ ۲۸۰ (۷) ویکلی رپورٹر کلکتہ جلد ۱۶ صفحہ ۵۲۳ (۸) کلکتہ ویکلی نوٹس جلد ۸ صفحہ ۹۲۹ (۹) انڈین کیسیز جلد ۶ صفحہ ۷۰ و نظائر ہند ۱۹۱۳ صفحہ ۱۲۱ (۱۰) انڈین لاء رپورٹس کلکتہ جلد ۴ صفحہ ۱۹۹۱ (۱۱) انڈین کیسیز جلد ۲ صفحہ ۱۰۲۱ (۱۲) انڈین کیسیز جلد ۹ صفحہ ۹۱۶ (۱۳) انڈین کیسیز جلد ۳ صفحہ ۴۴۳ (۱۴) انڈین کیسیز جلد ۳ صفحہ ۹۴۹ (۱۵) پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء نمبر ۹ (۱۶) انڈین کیسیز جلد ۵۴ صفحہ ۲۲۱۔

گوبند سروپ بنام کلدیپ سنگھ (لاہور)

کیا تھا یہ قرار دیا تھا کہ جب کوئی مرتہن حق انفکاک کا بھی مالک
مطلق بن جائے تو حقیت مبنی بر کریتی کا حقیت مبنی بر قانون
کے ساتھ ادغام ہو جاتا ہے بجز اسکے کہ کوئی ایسد کی کفالت نہیں موجود
ہو جنکے مقابلہ میں اکویٹی کا قائم رکھنا ضروری ہو۔ گوبند سرن بنام کلدیپ سنگھ (۱) لاہور

یہی رائے چیف کورٹ پنجاب نے مہری رام بنام انجی (۲)
میں قائم کی تھی جہاں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ جب کوئی مرتہن
موروثدار اراضی کی نسبت حق انفکاک کی خریداری کرے تو مرتہن کے
حقوق کا ملکیت کے حق کے ساتھ ادغام ہو جاتا ہے۔

آخر کار کتاب رہن مولفہ گوش طبع پنجم جلد ۱ صفحہ ۷۱۶ سے
حسب ذیل اقتباس درج کیا جا سکتا ہے "ادغام صرف اسی وقت
واقع ہو سکتا ہے جب انفالت یا ملکیت کے ساتھ پوری اتصال
ہو یا دوسرے الفاظ میں جب وہ مل جائیں اور کسی شخص کو
کوئی حق باقی نہ رہا ہو۔"

صفحہ ۷۶۶ وہ نظائر جو خلاف میں بیان کی گئی ہیں یعنے دیانی رام بنام
گلاب خاں (۳) اور گردہر داس بنام رام اوتار (۴) قابل
امتیاز ہیں۔ پہلے مقدمہ میں راہن کی بیوہ نے مستمر ہو تر اراضی بیع
کی تھی جس کو جائداد میں صرف حق حین حیاتی حاصل تھا اور ایسی
حالت میں اس کی بیع کی نسبت یہ نہیں قرار دیا گیا تھا کہ وہ خود
مالک راہن کی بیع کے مساوی ہے۔ گردہر داس بنام رام اوتار سنگھ
(۴) میں واقعات کامل طور پر بیان نہیں کئے گئے ہیں اور اس لئے
یہ نہیں کہا جا سکتا کہ ایا نظیر موجودہ مقدمہ کے واقعات سے
کوئی تعلق رکھتی ہے۔

ان تمام نظائر کے لحاظ سے جنکی اوپر نظر ثانی کی گئی ہے
ہماری یہ رائے ہے کہ رہن زائل ہو گیا تھا ایسی حالت میں ہم
مرافعہ مدعیہ خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

متفرق مرافعہ اول دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۹۹۶ بابت ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۰ فروری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس اسکاٹ اسمتھ۔

مہر چند و یک دیگر۔ بنام رام لال وغیرہ۔
مدیونان ڈگری۔ مرافعان۔ ڈگریداران۔ مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابت ۱۹۰۸ء دفعات ۴۷، ۹۶
ڈگری کی تعمیل — حکم جسکی رو سے مدیون ڈگری کی گرفتاری
کے لئے حکمنامہ جاری کیا جائے۔ مرافعہ ایا ہو سکتا ہے۔

وہ حکم جسکی رو سے ایک ڈگری کی تعمیل میں مدیون ڈگری کی
گرفتاری کے لئے حکمنامہ جاری کیا گیا ہو ایک حکم زیر دفعہ
۴۷ مجموعہ ضابطہ دیوانی ہوتا ہے اور بر فقرہ ۲ دفعہ ۲ مجموعہ کی
رو سے بطور ڈگری کے قابل مرافعہ ہے۔

ایشر رجی ترابجی بنام کلیان داس۔ انڈین کیسز جلد
۳۴ صفحہ ۱۶ سے استدلال کیا گیا۔

متفرق مرافعہ اول ابنار اضی حکم مصدرہ سینیئر سب آرڈینیٹ جج
گڑگاؤں مورخہ ۱۰ جولائی ۱۹۲۲ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر کنور نارائن۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ لالہ نانوال۔

**فیصلہ**۔ یہ ایک مرافعہ مدیونان ڈگری مہر چند و حکم چند کی
جانب سے سب آرڈینیٹ جج درجہ اول کے اس حکم کی نارضی
سے پیش کیا گیا ہے جسکی رو سے ایک ڈگری کی تعمیل میں انکی
گرفتاری کے لئے حکمنامجات گرفتاری جاری کئے گئے تھے لالہ
نانوال نے مرافعہ علیہم کی جانب سے ایک ابتدائی عذر اس مضمون
کا پیش کیا کہ مرافعہ قابل پذیرائی نہ تھا اور دفعہ ۱۰۴ و ۱ے اب

مجموعہ ضابطہ دیوانی کا حوالہ دیا جس میں ہر ایسے حکم کی ناراضی سے مرافعہ کرنیکی اجازت دی گئی ہے جو مجموعہ ضابطہ دیوانی کے کسی حکم کے بموجب صادر کیا گیا ہو جسکی رو سے کوئی جرمانہ عائد کیا گیا ہو یا کسی شخص کی گرفتاری یا حراست کی ہدایت دیگئی ہو بجز اس صورت کے جب گرفتاری یا حراست کسی ڈگری کی تعمیل میں ہوئی ہو۔ مسٹر کنور نارائن نے اس امر پر زور دیا ہے کہ عدالت ماتحت کا حکم دفعہ ۴۷ کے تحت حکم کی حیثیت سے یقیناً قابل مرافعہ نہیں ہے لیکن یہ کہ وہ بطور ڈگری کے دفعہ ۹۶ مجموعہ ضابطہ دیوانی قابل مرافعہ ہے اور یہ کہ وہ ایسا حکم تھا جو دفعہ ۴۷ کی رو سے صادر کیا گیا تھا۔ میری رائے میں یہ بحث صحیح ہے جیسا کہ اردشیر جی فرامجی بنام کلیان داس (۱) میں قرار دیا گیا تھا۔

مہر چند مرافع کی حد تک یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ اس کا باپ مسٹر سین ایک مدیون ڈگری ہے وہ اس خاندان کا منتظم ہے جس سے اسکے بیٹے کا تعلق ہے اور عدالت ماتحت نے یہ حکم دیا ہے کہ جائداد منقولہ اور غیر منقولہ کی قرقی کا حکمنامہ دوسرے مدیونان ڈگری کے خلاف جنمیں مسٹر سین داخل ہے جاری کیا جائے کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ کیوں اس نوبت پر مہر چند گرفتار کیا جائے جب تک کہ یہ معلوم ہو جائے کہ خاندان کی جائداد کی قرقی کا نتیجہ کیا ہے۔

حکم چند کی حد تک حکمنامہ نہ جاری کرنے کے لئے ایسی کوئی وجہ موجود نہیں ہے اور صرف ایک امر جس پر بموجبات مرافعہ میں زور دیا گیا تھا یہ ہے کہ چونکہ اس ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ متدائر ہے جسکی تعمیل مقصود ہے اس لئے حکمنامہ گرفتاری جاری نہ کیا جانا چاہئے تھا لیکن ڈگری کی تعمیل ملتوی نہیں کرائی گئی ہے اور محض یہ واقعہ کہ مرافعہ متدائر ہے کوئی ایسی وجہ نہیں ہے کہ مدیون ڈگری کی گرفتاری کے ذریعہ سے تعمیل کو نافذ نہ کیا جائے۔ جب حکم چند عدالت کے روبرو حاضر ہو اس کو یہ ظاہر کرنیکا موقع ملیگا کہ اس کو کیوں دیوانی حبس میں نہ رکھا جائے اور اگر وہ اس حکم سے مطمئن نہیں ہے جو صادر کیا گیا ہے تو اسکو اسکی ناراضی سے مرافعہ کرنیکا اختیار ہوگا۔

میں موجودہ مرافعہ مہر چند کی حد تک منظور کرتا ہوں اور وہ حکمنامہ منسوخ کرتا ہوں جو اسکے خلاف جاری کیا گیا تھا۔ جہاں تک کہ حکم چند کا تعلق ہے مرافعہ خارج کیا جاتا ہے۔ مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ اعلیٰ دیوانی

نمبر مقدمہ ۶ ۱۹ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۴ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس براڈوے و مسٹر جسٹس ظفر علی۔

مسماۃ نہال دیوی وغیرہ بنام رائے چنی لال وغیرہ

مدعیان۔ مرافعان۔ مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم۔

قانون رسوم عدالت ایکٹ ۷ بابتہ سنہ ۱۸۷۰ء دفعہ ۷ (۴) (ج) ضمیمہ دوم (۱۷) (۳)۔ دعویٰ استقرار کے لئے دعویٰ کی نوعیت کہ کچھ جائداد وقف ہے اور یہ کہ ایک ڈگری جو اسکے متعلق صادر کیگئی تھی اس پر اثر نہ ڈالیگی۔ واجب الادا رسوم عدالت۔

کچھ امانتی جائداد امین نے مدعا علیہ کے حق میں رہن کی تھی جس نے اپنے رہن کی بنا پر ڈگری حاصل کی اور جائداد پر قبضہ حاصل کیا۔ مدعیان نے جو ڈگری کے فریق نہ تھے اس استقرار کے لئے دعویٰ کیا کہ جائداد عام جائداد تھی یہ کہ امین کو اسکے رہن کرنیکا کوئی حق نہ تھا اور یہ کہ قبضہ کی ڈگری جو اسکے متعلق مدعا علیہ نے حاصل کی تھی وہ کالعدم اور غیر مؤثر تھی اور اس کی تعمیل نہیں کی جا سکتی تھی۔ قرار دیا گیا (۱) یہ کہ دعویٰ در اصل محض استقرار حق کا تھا اور یہ کہ [illegible] دعویٰ سے مستلزم ہو درستی کے لئے کوئی دعویٰ [illegible] تھا۔

ساہو پال ودیگر بنام رائے چنی لال (لاہور)

(۲) یہ کہ مدعیان چونکہ اس ڈگری کے بابت فریق نہ تھے جو مدعی علیہ نے اپنے رہن کی بنا پر حاصل کی تھی اس لئے ان کیلئے یہ لازمی نہ تھا کہ وہ حکم امتناعی کی استدعا کرتے تاکہ مدعی علیہ کو ڈگری کی تعمیل کرنے سے روکا جائے۔

(۳) یہ کہ ایسی حالت میں یہ دعوی سے دفعہ ۷ (۴) (ب) ایکٹ قانون مذکور نہیں بلکہ دفعہ ۷ ضمیمہ ۲ قانون رسوم عدالت سے متعلق تھی۔

امین چند بنام سنت مل ۱۲ انڈین کیسیز جلد ۹ صفحہ ۲۱۹ کی تقلید کی گئی (نظائر پر بحث کی گئی)

مرافعہ اپیل بنا رائے حکم صادرہ مسٹر سینیر سبارڈینیٹ گرداسپور مورخہ ۷ ماہ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء۔

منجانب مرافعان۔ لالہ ہرگوپال۔
منجانب مرافعہ علیہم بخشی ٹیک چند۔

**فیصلہ** - یہ ایک مرافعہ سینیر سب آرڈینیٹ جج گرداسپور کے فیصلہ مورخہ ۷ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء کی نارضی سے پیش کیا گیا ہے جس کی رو سے مقدمہ کی عرضی دعوی اس بنا پر نامنظور کی گئی تھی کہ رسوم عدالت جو اس پر ادا کی گئی تھی ناکافی ہے ۱۔ اب اس عدالت کے روبرو سوال یہ ہے کہ آیا وہ رائے جو سینیر سبارڈینیٹ جج نے رسوم عدالت کے ناکافی ہونیکے متعلق قائم کی تھی صحیح ہے۔ عرضی دعوی کے مطابق دعوی استقرار حق کا تھا۔ عرضی دعوی میں یہ بیان کیا گیا تھا راہن مل عرف سین لوک کچھ جائداد کا سپرست یا منتظم تھا جو عوام الناس کے لئے وقف کی گئی تھی اور اس نے رائے چنی لال کے حق میں ایک رہن کی تکمیل ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء کو کی تھی مرہونہ جائداد میں ۲ کنال ۱۱ مرلے وہ موقوفہ اراضی واخل تھی جو اب متدعویہ ہے۔ عرضی دعوی میں یہ صراحت کی گئی تھی کہ رائے چنی لال نے ایک قبضہ کی ڈگری راہن مل کے خلاف حاصل کی تھی اور یہ استدعا کی گئی تھی کہ عدالت کو یہ قرار دینا چاہئے کہ متدعویہ اراضی عام جائداد وقف تھی اور یہ کہ راہن مل کو ایسا کوئی حق نہ تھا کہ وہ اسکو رائے چنی لال کے حق میں رہن کرتا اور یہ کہ قبضہ کی ڈگری جو رائے چنی لال نے اس رہن نامہ کی بنا پر حاصل کی تھی اور جس کی تاریخ ۱۱ اگست سنہ ۱۹۲۱ء تھی کالعدم اور غیر موثر قرار دی جائے اور یہ قرار دیا جائے کہ متدعویہ جائداد کی حد تک اس کی تعمیل نہیں ہو سکتی۔ ذی علم سبارڈینیٹ جج نے یہ قرار دیا تھا کہ موجودہ مقدمہ گووند بنام ڈھکلو (۱) کی وسعت میں آتا تھا اور عرضی دعوی اس غرض سے واپس کیا کہ اس پر اس اختیار سماعت کی مالیت کے لحاظ سے مالیت مقرر کی جائے جو مدعیان نے اسکی قرار دی تھی یعنی ۸۰ سماعت تھی۔ یہ حکم ۳ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء کو صادر کیا گیا تھا اور چونکہ رسوم عدالت ادا نہیں کی گئی تھی اس لئے عرضی دعوی ۷ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء کو نامنظور کی گئی تھی۔ مرافعان کی جانب سے مسٹر ہرگوپال نے اس امر پر زور دیا کہ دعوی جس طور پر کہ وہ مرتب کیا گیا تھا محض استقراریہ نوعیت کا تھا اور اس حیثیت سے اس پر ٹھیک اسٹامپ ثبت کیا گیا تھا۔ مرافعہ علیہم کی جانب سے مسٹر ٹیک چند نے یہ بحث کی تھی کہ استدعا مندرجہ عرضی دعوی سے جب اسکی ٹھیک طور پر تعبیر کی جائے صراحتاً یہ واقعہ ظاہر ہوتا تھا کہ مدعیان اس ڈگری کی تعمیل کے خلاف حکم امتناعی چاہتے تھے جسکے خود مدعیان فریق نہ تھے۔ مسٹر ہرگوپال نے امین چند بنام سنت مل (۲) زینت النساء خاتون بنام گیہند رانا تھ مکرجی (۳) شرمیت سنگا بی راؤ بنام اسین اسمتھ (۴) (جن دونوں مقدمات کی تقلید گنیش لال بنام

(۱) انڈین کیسیز جلد ۱۵ صفحہ ۵۵ (۲) انڈین کیسیز جلد ۱۹ صفحہ ۲۱۹ (۳) انڈین لاء رپورٹ کلکتہ جلد ۳۲ صفحہ ۸۸ (۴) انڈین لاء رپورٹس بمبئی جلد ۲۰ صفحہ ۳۰۷۔

بینی پرشاد (۵) میں کیگئی تھی) چینچا چیم ویٹھیل بنکرن نائر بنام چیچا چیم ویٹھیل گوپالا منن (۶) ارونا چلم چٹی بنام رنگاسامی پلے (۷)، دبوا دتا بنام لدھا مل (۸) کا حوالہ دیا تھا بخلاف اسکے مسٹر ٹیک چند نے اپنی بحث ہری ہر پرشاد سنگھ بنام شیام لال سنگھ (۹) فولکماری بنام گھنشیام مصر (۱۰) دیو کلی کور بنام کدار ناتھ (۱۱) وامتہ التبول بنام نادجی کور (۱۲) پر مبنی کی تھی۔ فولکماری بنام گھنشیام مصر (۱۰) کو پریوی کونسل میں مرافعہ پیش ہونے پر اس مقدمہ میں منسوخ کیا تھا جو لطور پہولکماری بنام گھنشیام مصر (۱۳) کے طبع کیا گیا تھا۔ واقعات مختلف تھے اور کسی نظیر سے بھی کوئی مدد نہیں ملتی۔

ہری ہر پرشاد سنگھ بنام شیام لال سنگھ (۹) میں مستلزمہ دادرسی کے متعلق صراحتاً استدعا کی گئی تھی اور مسٹر ہر گوپال نے صاف طور پر یہ تسلیم کیا ہے کہ اگر موجودہ مقدمہ میں یہ قرار دیا جائے کہ مدعیان نے مستلزمہ دادرسی کی استدعا کی تھی تو انکا مرافعہ ناکامیاب ہونا چاہیئے۔

اسی طرح امتہ التبول بنام ناجی (۱۲) میں حکم امتناعی کی استدعا کی گئی تھی اور اس مقدمہ پر مزید بحث کی ضرورت نہیں ہے۔ دیو کلی کور بنام کدار ناتھ (۱۱) وہ مقدمہ تھا جس سے مسٹر ٹیک چند نے خاص طور پر استناد کیا تھا جنھوں نے یہ ادعا کیا تھا کہ اس مقدمہ کے واقعات موجودہ مقدمہ کے واقعات سے کلی طور پر مماثل تھے لیکن اس مقدمہ میں حکام عالیمقام ہائیکورٹ کلکتہ نے قرار دیا تھا کہ دعوی جس طور پر کہ وہ مرتب کیا گیا تھا دفعہ ۴۲ قانون دادرسی خاص کے منشا میں نہیں آتا تھا۔ اس امر پر جواب بدیں وجہ کہ بظاہر طول بحث نہیں کیا گیا کی

(۵) انڈین کیسیز جلد ۱۷ صفحہ ۲۷۶ (۶) انڈین لاء رپورٹ مدراس جلد ۲۷ صفحہ ۱ (۷) انڈین کیسیز جلد ۲۸ صفحہ ۷۹۶ (۸) انڈین کیسیز جلد ۱۶ صفحہ ۳۲۳ (۹) انڈین کیسیز جلد ۳۷ صفحہ ۱۸۴ (۱۰) انڈین کیسیز جلد ۱۸ صفحہ ۷۹۵ (۱۱) انڈین کیسیز جلد ۳۷ صفحہ ۲۴۰ (۱۲) کلکتہ ویکلی نوٹس جلد ۱۸ صفحہ ۲۷۲ (۱۳) انڈین لاء رپورٹ کلکتہ جلد ۴۵ صفحہ ۲۰۲ -

مسماۃ اقبال دیوی بنام رائے چنی لال (لاہور)

یہ صحیح ہے کہ بعض صورتیں جن دادرسی کی استدعا کلکتہ کے مقدمہ میں کی گئی تھی وہ اس دادرسی کے مماثل ہے جسکی استدعا موجودہ مقدمہ میں کی گئی ہے لیکن جیسا کہ اوپر ظاہر کیا گیا ہے مقدمہ کا تصفیہ دوسرے امر پر کیا گیا تھا۔ موجودہ مقدمہ کئی امور میں اس مقدمہ کے مماثل ہے جو لطور امین چند بنام سنت مرلیدھر (۲) کے طبع کیا گیا تھا جسمیں مدعی نے یہ ادعا کیا تھا کہ وہ ایک دھرم سالہ پر قابض تھا جسکی نسبت یہ بیان کیا گیا تھا کہ وہ وقف جائداد تھی اور اس استقرار کے لئے دعوی کیا تھا کہ ایسی جائداد کی بیع جو سابقہ منتظم نے کی تھی ناجائز تھی اور یہ کہ ڈگری جو جائداد کے قبضہ کے لئے بیع نامہ کی بناء پر صادر کی گئی تھی اس کا جائداد مذکور پر کوئی اثر نہ ہونا چاہیئے یہ قرار دیا گیا تھا کہ چونکہ مدعی اس دعوی میں فریق نہ تھا جسمیں ڈگری حاصل کی گئی تھی اس لئے یہ ضروری نہ تھا کہ ڈگری کی تنسیخ کے لئے دعوی کیا جاتا اس لئے کہ مدعی اسکو کالعدم تصور کرسکتا تھا۔

گوبند بنام ڈھیکلو (۳) میں اس امر میں شک نہیں ہے کہ یہ قرار دیا گیا تھا کہ اس استقرار کا کہ ڈگری باطل اور کالعدم ہے اور اس کی تنسیخ کا دعوی اس قسم کا ہوتا ہے جسمیں استقرار حق اور مستلزمہ دادرسی دونوں کی استدعا کی جاتی ہے اور اس لئے اس سے نقود (۴) درج دفعہ ۷ قانون رسوم عدالت متعلق ہوتی ہے جہانتک کہ رپورٹ سے تحقیق ہوسکتی ہے اسمیں مدعی اس ڈگری کا فریق تھا جس کی تنسیخ کی استدعا کی گئی تھی۔ بوا دتا بنام لدھا مل (۸) میں یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس عدالت کی ایک ڈویژنل بنچ نے یہ قرار دیا تھا کہ جب کوئی مدعی اس ڈگری کا فریق نہ ہو جسکی تنسیخ کی استدعا کیگئی تھی تو دادرسی مستلزمہ کی مثلاً بذریعہ حکم امتناعی کے استدعا کرنیکی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس مقدمہ میں ان نظائر پر جن کا مسٹر ہر گوپال نے حوالہ دیا تھا غور کیا گیا تھا اور ان اصولوں کو

بنام رائے چنی لال (لاہور)

پسند کیا گیا تھا جسکی وضاحت اجلاس نظر ثانی بنام نرنکا سامی چیلے (۱)

میں کی گئی تھی۔ ہماری رائے میں عرضی دعوی [illegible] طور پر کہ وہ مرتب کیا گیا تھا فی الفور مستلزم نہ تھا۔ اس لیے کوئی دعوی ظاہر نہیں ہوتا

اور چونکہ [illegible] ڈگری مورخہ ۱۶ اگست سنہ ۱۹۲۲ء کے متعلق نہیں ہے اس لئے ہم یہ نہیں خیال کرتے کہ ان کے لئے یہ ضروری تھا کہ وہ حکم امتناعی کے لئے استدعا کرتے تاکہ [illegible] کو ڈگری [illegible] نیلام کرانے سے ممنوع کیا جاتا۔ مدعیان کی استدعا صرف اس اقرار کے متعلق ہے کہ اس جائیداد کا تھوڑا حصہ جو ڈگری میں شامل تھا ایسی جائداد ہے جو عوام الناس [illegible] وقف کی گئی تھی اور [illegible] حیثیت سے اسکو دنیوی اغراض کے لئے استعمال نہیں کیا جاسکتا تھا۔

ایسی حالت میں ہم یہ مرافعہ منظور کر کے اور مقدمہ عدالت ماتحت میں اس ہدایت کے ساتھ واپس کرتے ہیں کہ عرضی دعوی نمبر پر لیا جائے اور حسب احکام قانون منقدمہ میں ہدایات کیجاوے۔ اس حکم کے بموجب جس کی رو سے یہ مرافعہ ڈسٹرکٹ جج کے روبرو بھیجا گیا تھا مرافعہ کو سماعت کے لیے صریحاً نمبر پر نہیں لیا گیا تھا لیکن دونوں فریقین نے یہ اتفاق کیا تھا کہ مرافعہ پیش ہو۔ صرف ایک سوال جو شامل تھا وہ یہ تھا کہ آیا عرضی دعوی ٹھیک طور پر ثبت کیا گیا تھا اور یہ کہ مزید نوٹس کی ضرورت نہ تھی اس عدالت کا خرچہ نتیجہ آخر پر منحصر ہوگا۔ مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

۵ منفی [illegible]

مرافعہ فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۶۳ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۱۲ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ڈینیلز

غلام حسین وغیرہ۔ مرافعان۔ بنام ملک معظم۔ مرافع علیہ۔

مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ سنہ ۱۸۶۰ء دفعات ۳۴ و ۳۰۴ و

قتل انسان مستلزم سزا۔ متعدد اشخاص کی جانب سے مشترکہ حملہ۔ جرم۔

جب متعدد اشخاص ملکر کسی دوسرے شخص پر لاٹھیوں سے حملہ کریں جسکی وجہ سے اس کا سر پھٹ جائے اور متعدد دوسری ضربات پہنچیں جنکا نتیجہ اسکی ہلاکت ہو تو وہ تمام مساوی طور پر قتل انسان مستلزم سزا کے مرتکب ہوتے ہیں گو یہ ثابت کیا جانا ممکن نہ ہو کہ ان میں سے کس شخص نے مہلک ضرب لگائی تھی۔

ملک معظم بنام رام لعل۔ انڈین کیسیز جلد ۱ صفحہ ۲۲۳ سے استناد کیا گیا۔

مرافعہ فوجداری بنا راضی حکم مصدرہ سشن جج بدایوں مورخہ ۱۱ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر کموداپرشاد۔

منجانب سرکار گورنمنٹ پلیڈر۔

فیصلہ۔ مرافعان غلام حسین، فدا حسین، رضا حسین، اور مقبول حسین چار حقیقی بھائی ہیں۔ ان کے خلاف ایک شخص سماۃ چندہ طوائف کے بھائی مسکی [illegible] کی ہلاکت کے باعث ہونے کی بنا پر دفعہ ۳۰۴ مجموعہ تعزیرات ہند کی تحت، قتل انسان مستلزم سزا کا الزام لگایا گیا ہے۔ فاضل سشن جج نے ملک معظم بنام سہولا سنگھ (۱) کی سند مسئلہ کی بنا پر فرد قرارداد جرم کو بدلکر دفعہ ۳۲۵ کے تحت کر دیا ہے اور اسیسروں کے اتفاق سے تینوں ملزمین کو جو حد تک ان کے خلاف دفعہ مذکور کے تحت بجویز ثبوت جرم صادر کی ہے۔ رضا حسین کی حد تک یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسیسروں کی رائے پر شہادت کا اثر پڑا ہے جو اس نے پیش کی تھی لیکن میں فاضل سشن جج کے ساتھ متفق ہوں کہ شہادت جرم ہر ایک کی تائید میں ایسی کوئی وقعت نہیں رکھتی یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ سماۃ چندہ اور اسکے بھائیوں یعنی

(۱) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲۹ صفحہ ۲۶۲۔

جانب اور سکھا اور اصلی گواہ عنایت اللہ کے درمیان جانب سابق میں بہت زیادہ دشمنی تھی۔ موجودہ واردات کے تین روز قبل ایک نوجوان مسمی تجو کو جس کا تعلق ہلاک کی پارٹی سے تھا دوسری پارٹی نے جندہ کے مکان کے قریب زدوکوب کی تھی اور اسکے متعلق رپورٹ کی گئی تھی۔ تاریخ زیر بحث یعنی ۵ نومبر ۱۹۲۲ء کو عنایت اللہ اور سکھا شہادت تائید استغاثہ کے مطابق مسماۃ جندہ کے مکان پر سے گذر رہے تھے، چاروں ملزمین وہاں موجود تھے، مسماۃ جندہ نے ان کو یہ ترغیب دی کہ وہ ہلاک اور اسکے ساتھیوں پر حملہ کریں اور انھوں نے حملہ کیا۔ یہ ممکن ہے کہ سابق میں کچھ گالی گلوچ یا زبانی تکرار ہوئی تھی جسکو عنایت اللہ نے اپنی شہادت میں مخفی رکھا ہے۔ خواہ حالت کچھ ہی ہو عنایت اللہ پر حملہ کیا گیا تھا اور اس کو بہت بری طرح سے مار لگی تھی۔ طبی شہادت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسکو کم از کم بارہ مختلف ضربات لگی تھیں جنکے منجملہ پہلی اور جو نہایت ہی شدید تھی سر پر لگی تھی اسکے ہمراہی سکھا کو بھی ضربات لگی تھیں جنکے صدمہ سے وہ چار روز بعد شفاخانہ میں ہلاک ہوا۔ ایک یا زیادہ لاٹھی کے وار سے کھوپڑی کی ہڈی میں ایک بڑا شگاف پڑ گیا تھا اور اسکے پانچ یا چھ حصے ہو گئے تھے۔ سکھا کے جسم کے دوسرے حصوں پر مضرت کے چار اور نشانات تھے بمضرت جسمانی جو ملزمین کی پارٹی میں سے کسی کو پہنچی تھی وہ یہ تھی کہ غلام حسین کی بائیں کنپٹی اور آنکھ میں مار لگی تھی عنایت اللہ کی شہادت کے علاوہ استغاثہ کی دلیل کی تائید تین دوسرے گواہوں سے ہوتی ہے جنھوں نے ملزمین کو ہلاک اور اسکے ساتھیوں کو زدوکوب کرتے دیکھا تھا۔ جو قصہ ملزمین کی جانب سے پیش کیا گیا ہے اور جسکی تائید تین گواہوں نے کی ہے وہ یہ ہے کہ ایک شخص منا قریب کی تاریکی کی وجہ سے مکان سے نکل آیا مسماۃ جندہ کو گالیاں دیں اور اسکی

ناک کاٹ ڈالنے اور اسکے بھائیوں کو ضرب پہنچانے کی دھمکی دی ملزمین کے منجملہ تین نے اسکو مارا اور دکان پر واپس کر دیا۔ اسکے بعد وہ پانچ دیگر اشخاص کے ساتھ آیا جنمیں سکھا اور عنایت اللہ داخل تھے یہ تمام لاٹھیوں سے مسلح تھے عنایت اللہ نے مسماۃ جندہ کو طمانچہ مارا اور جب غلام حسین نے تکرار کی تو اسکے سر پر مارا اور اسکو گرا دیا۔ اسکے باپ اسکے دو بھائی آ گئے اور انمیں لڑائی ہونے لگی۔ میں خوش ہوتا اگر شہادت پر تفصیلی شرح کے طور پر مجھے فاضل جج سے کسی قدر زیادہ مدد ملتی لیکن میں اس نتیجہ سے متفق ہوں جو فاضل جج نے اخذ کیا ہے کہ شہادت تائید استغاثہ کو شہادت صفائی کے مقابلہ میں ترجیح دیجانی چاہیئے۔ موخر الذکر شہادت کو طبی شہادت کے مطابق کرنا اگر ناممکن نہیں تو بھی بین طور پر نا ممکن ہے۔ جن گواہوں نے استغاثہ کے بیان کی تائید کی ہے وہ بجز عنایت اللہ کے آزاد گواہ ہیں جنکے خلاف جانبدار ہونیکی کوئی وجہ ثابت نہیں کی گئی ہے۔ اس واقعہ کی وضاحت کے لئے کہ مستغیث کی پارٹی کو تقریباً اٹھارہ ضربات لگیں جن میں سے ایک مہلک ثابت ہوئی جبکہ غلام حسین کو دو خفیف ضربات لگی تھیں یہ ہو کہ سکھا اور عنایت اللہ نشہ میں تھے۔ اس امر کے متعلق ڈاکٹر سے کوئی سوال نہیں کیا گیا تھا جس نے ان کو شفاخانہ میں داخل کیا تھا اور صرف ایک شہادت جس سے اس بیان کی کسی قدر تائید ہوتی ہے وہ اظہار ہیڈ کانسٹبل ہے جو سکھا نے نزعی حالت میں قلمبند کیا ہے جس سے عنایت اللہ کی رپورٹ کو قلمبند کیا تھا۔ فاضل جج نے اس شہادت کا حوالہ نہیں دیا ہے لیکن اس اظہار کی صحت کے متعلق قوی شبہ کے بغیر میرے لئے چارہ نہیں ہے اصل تو یہ ہے کہ قلمبند کئے جانیکے وقت اسکی کوئی صراحت نہیں کی گئی تھی اور وہ شخص جو فی الواقع لکھ رہا تھا مشکل اس تفصیلی رپورٹ کو لکھ سکتا تھا جو اس وقت عنایت اللہ نے کی ہے۔ مجھے یقین نہیں ہے کہ فاضل جج نے صحیح طور پر ان متعدد اشخاص کی ذمہ داری کے متعلق قانون کو سمجھا ہے جنھوں نے بالاشتراک اس شخص

غلام حسین
بنام
آکا معظم
(الہ آباد)

صفحہ ۷۷

غلام حسین بنام ملک معظم (الہ آباد)

پہنچایا گیا تھا اور اسکو مہلک ضربات پہونچائی گئیں۔ ذیلعلم جج نے مقدمہ ملک معظم بنام بھولا سنگھ (۱) کا حوالہ دیا ہے لیکن اس مقدمہ کا فیصلہ زیادہ عالیہ مقدمہ ملک معظم بنام رام نواز (۲) کی روشنی میں پڑھا جانا چاہیئے۔ اگر متعدد اشخاص بالاشتراک کسی شخص پر لاٹھیوں سے حملہ کریں جسکی وجہ سے اسکی کھوپڑی پھٹ جاے اور متعدد ضربات لگیں تو وہ تمام مساوی طور پر مرتکب جرم ہوتے ہیں گو یہ ثابت کرنا ممکن نہ ہو کہ ان میں سے کس نے وہ مہلک ضرب لگائی تھی موجودہ مقدمہ میں فاضل سشن جج کے لئے فرد قرارداد جرم کا تبدیل کرنا بالکل غیر ضروری تھا۔ لیکن میرے لئے غیر ضروری ہے کہ تجویز ثبوت جرم کو تبدیل کر دوں کیونکہ کوئی درخواست بصیغہ نگرانی میرے روبرو پیش نہیں ہوئی اور جرم حسب دفعہ ۳۲۵ کا یقینا ارتکاب کیا گیا تھا۔ ان وجوہ سے جو اسکے قبل بتلائی جا چکی ہیں میں چاروں ملزمین کا مرافعہ نامنظور کرتا ہوں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ کلکتہ

استصواب فوجداری

نمبر مقدمہ ۴۴ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۵ جولائی ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس والمسلے و مسٹر جسٹس سہروردی

ملک معظم سائل بنام ہری داس بنرجی و دیگر فریق مخالف

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۳۰۷ مختلف الزامات کی تحقیقات۔ بابت سوانح جوری مجسٹریٹ کا سنگین الزامات میں اتفاق کرنا خفیفہ الزامات کے متعلق استصواب کا جواز۔

کسی جج نے جس نے جوری کی تجویز کو بعض سنگین جرائم کی نسبت ملزم کی بے گناہی کے قرار کے منظور کیا ہو کوئی امر دفعہ ۳۰۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے تحت اس غرض سے استصواب کرنے کا مانع نہیں ہوتا کہ بعض ملزمین کے خلاف خفیف جرائم میں بسجا دیر ثبوت جرم صادر کرائی جاویں حسب استغاثہ اس وجہ سے نہیں کہ شہادت جو پیش ہوئی تھی بلکہ اس وجہ سے نامنظور ہوا ہو کہ مبینہ واقعات سنگین الزامات کی تائید کے لئے ناکافی تھے۔

استصواب فوجداری منجانب سشن جج کھلنا۔

منجانب ملزم بابو سرت چندر سنیال و ہیرا لال چکرورتی۔

منجانب سرکار مسٹر آر۔

جسٹس والمسلے۔ اس مقدمہ میں دفعہ ۳۰۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے سشن جج کھلنا نے استصواب کیا ہے۔

استغاثہ کی جانب سے جو بیان پیش کیا گیا ہے وہ حسب ذیل ہے:۔

دو نوجوان برہمن عورتیں چمن تارا جو کہ ترناتھ بھٹا چارجی کی زوجہ تھی اور بیرو بالا جو ایک بیوہ تھی اپنے آشناؤں کے ساتھ بھاگ گئیں، ایک کشتی کرایہ پر لی اور ایک ہفتہ کے سفر کے بعد بسجا بازار میں واپس ہوئیں۔ بسجا بازار کے لوگوں نے تاڑ لیا کہ واقعہ کیا ہے اور اپنا یہ فرض خیال کیا کہ وہ آپس میں مخل ہوں اور انھوں نے عورتوں، ان کے آشناؤں اور عورتوں کے زیورات کو اس وقت تک رکھنے کا انتظامات کیے کہ کوئی رشتہ دار آجائے اور ان کو اپنی نگرانی میں لے لے۔ انتظام یہ تھا کہ عورتوں اور ان کے آشناؤں کو سریندر ناتھ منڈل کے مکان پر لے گئے جو پنچایت تھا۔ زیورات ایک دوکاندار مسمی کیشب چندر اساہا کے پاس امانتاً رکھ دیے گئے۔ اور ایک شخص مسمی بسجیچن تارا کے شوہر کو اطلاع دینے کی غرض سے روانہ ہوا۔ یہ تمام واقعات تسلیم کیے گئے ہیں اور بازار کے لوگوں کی وجہ تحریک کی نسبت فاضل جج نے ملزمین کے اس بیان کو نامنظور کیا ہے کہ وہ اپنے لئے ناجائز فوائد حاصل کرنے کی استدعا کر رہے تھے۔

(۱) انڈین کیسیز جلد ۱۴ صفحہ ۶۷۲۔

ملکہ معظم
بنام
ہری داس متر
(کلکتہ)

رات میں ایک آشنا نے یہ شکایت کی تھی کہ اسکے پاس سے کچھ روپیہ چوری گیا تھا۔ شہادت بالکل اطمینان بخش نہیں ہے لیکن یہ بیان ایک اچھا بہانہ دیک چوکیدار کے لئے ٹھہایا نہ جاسکا تھا اور سہ پہر میں سب انسپکٹر ہیرو داس چکرورتی مقام واردات پر ایک کشتی میں پہنچا۔ وہ پہلے سرہند کے مکان پر گیا اور اسکے بعد عورتوں اور انکی کشتی کو بھنا بازار میں لے گیا۔ جب وہ بازار میں پہنچا تو سب انسپکٹر نے بعجلت زیورات کا مطالبہ کیا۔ اس کا بیان یہ ہے کہ زیورات کے وجود تک سے انکار کیا گیا تھا لیکن صفائی کا بیان یہ ہے کہ کیشب امانت رکھنے کے تمام گواہوں کو واپسی کے وقت حاضر رکھنا چاہتا تھا اور باقاعدہ رسید بھی چاہتا تھا زیادہ غالب ہے۔ سب انسپکٹر غصہ میں آگیا اور کیشب کے دوکان کی تلاشی لینے کی دہمکی دی۔ اسکے بعد اس نے یہ بیان کیا ہے کہ ہری داس نے ایک ہنگامہ برپا کیا اور اس کو گرا دیا۔ سب انسپکٹر نے اپنی کشتی میں پناہ لی۔ وہاں ایک مشتعل مجمع نے اس پر حملہ کیا۔ کشتی کو کنارہ پر کھینچ لیا گیا عورتوں کو اس میں سے جبراً اتار لیا گیا۔ سب انسپکٹر کو یہ ترغیب دی گئی تھی کہ وہ سرہند کی دوکان پر جائے جہاں اسکو حبس میں رکھا گیا اور کشتی کا سامان نکال لیا گیا۔ مایوس ہوکر اس نے یہ اقرار کیا تھا کہ جو کچھ کہ واقع ہوا تھا اسکے متعلق وہ کچھ نہ کہیگا۔ اسکے بعد اسکو چلے جانیکی اجازت دی گئی تھی اور تقریباً اس کا تمام سامان واپس کر دیا گیا تھا۔

ان بیانات پر حسب ذیل فرد ہائے قرارداد جرم قائم کی گئی تھیں:۔

(۱) ہری داس، عبد الخلیفہ، سرہند، پنچایت، کیشب لال ساہا اور لوپنا چندر البسواس کے خلاف زیر دفعہ ۱۴۷ مجموعہ تعزیرات ہند جنکی غرض مشترکہ یہ بیان کی گئی تھی کہ جبر مہربانی کی نام ہیرو داس چکرورتی سب انسپکٹر پولیس کو اس امر پر مجبور کیا جائے کہ وہ کیشب کی دوکان کی تلاشی لینا ترک کرے جسکے کرنیکا وہ قانوناً مستحق تھا۔

(۲) ان ہی پانچ اشخاص کے خلاف حسب دفعہ ۳۸۰ مجموعہ تعزیرات ہند کپڑوں کی گٹھری ایک صندوق کچھ بستر لباس کی اشیاء برتن وغیرہ کا ایک کشتی میں سرقہ جو جائداد کی حفاظت کے لئے کام میں آتی تھی۔

(۳) ان ہی پانچ اشخاص کے خلاف سوائے عبد الخلیفہ کے حسب دفعہ ۳۶۵ مجموعہ تعزیرات ہند جبین تارا اور بہا کو اس نیت سے بھگا لیجانے کے متعلق کہ ان کو خفیتاً حبس بیجا میں رکھا جائے۔"

(۴) صرف ہری داس اور سرہند پنچایت کے خلاف حسب دفعہ ۳۶۵ مجموعہ تعزیرات ہند اس بناء پر کہ وہ ہیرو داس چکرورتی سب انسپکٹر پولیس کو اس غرض سے بھگا لے گئے تھے کہ اس کو حبس بیجا میں رکھا جائے۔"

(۵) صرف ہری داس کے خلاف حسب دفعہ ۳۳۳ مجموعہ تعزیرات ہند اس بناء پر کہ سرکاری ملازم کو ضرر پہنچایا گیا تھا جسکی نسبت کی صراحت تقریباً ان ہی الفاظ میں کی گئی تھی جیسا کہ پہلے فرد قرارداد جرم کی صورت تھی۔"

جوری تمام ملزمین کو تمام الزامات سے بری کرنے میں متفق تھی لیکن ذیعلم جج نے یہ خیال کیا ہے کہ ہری داس اور عبد الخلیفہ کے خلاف دفعہ ۱۴۷ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے اور ہری داس کے خلاف دفعہ ۳۳۳ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے تجویز ثبوت جرم صادر کیجانی چاہیئے۔ اس عدالتی وقت کے متعلق خیال کرنے سے افسوس ہوتا ہے جو ان الزامات کی تحقیقات کرنے میں صرف ہوا

ملک معظم بنام ہرکا داس [illegible] (کلکتہ)

عدالت سپرد کنندہ نے [illegible] تا سیخوں پر گواہوں کے اظہارات قلمبند کئے گئے تھے [illegible] تمام [illegible] مقدمہ کی اجازت ہی

یہاں تک اس [illegible] کیشب کا نام الزامات سے اور پھر داس اور [illegible] کے نام [illegible] ۳۸۰ مجموعہ تعزیرات ہند سے اور ہری داس کو [illegible] دفعہ ۴۰۳ سے برأت کا تقاضا ہے میں اس امر سے متفق ہوں جو فاضل جج نے قائم کی تھی عبدالخلیفہ کی حد تک [illegible] تسلیم کیا گیا ہے کہ مقابلہ ہری داس کے اسکے خلاف شہادت [illegible] اور یہ کہ واقعہ کے وقت کے متعلق شہادت مجھکو اس شبہ میں ڈالتی ہے کہ آیا وہ اشخاص جنھوں نے جرم کیا [illegible] لیا تھا شناخت کئے جا سکتے تھے ایسی حالت میں میں یہ بیان کرتا ہوں کہ اس صورت میں بریت کی رائے بحال رکھی جانی چاہئیے۔ جسبر وہ بری کیا جاتا ہے۔

اس سے صرف ہری داس کی صورت پر غور کرنا باقی رہ جاتا ہے کسی قدر قوت کے ساتھ اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ فاضل جج نے جب بہت سی شہادت نامنظور کی تھی اور سنگین جرائم پر سزا کی تجویز منظور کی تھی تو ان کو اس غرض سے استصواب نہ کرنا چاہئیے تھا کہ بعض ملزمین کے خلاف خفیف الزامات میں تجویز ثبوت جرم صادر کرائے - لیکن اس مقدمہ میں میں یہ نہیں خیال کرتا کہ یہ بحث متعلق ہوتی ہے کیونکہ یہاں استغاثہ کو جو ناکامیابی ہوئی ہے وہ اس وجہ سے نہیں کہ واقعات کے متعلق شہادت جھوٹی ہے بلکہ اس وجہ سے ہوئی ہے کہ بعینہ واقعات جرائم بھگا لیجانا اور سرقہ کی حد تک نہیں پہونچے استغاثہ کی بحث کے خلاصہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا اور وہ یہ ہے کہ سب انسپکٹر پولیس کو اس وقت عقوبت پہونچائی گئی تھی جب وہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں مصروف تھا۔

اس امر کی نسبت استغاثہ کی مشکلات میں ان الفاظ سے اشارہ کیا جاتا ہے جن میں ایک دفعہ کے تحت غرض مشترکہ کا اور دوسری دفعہ میں نیت کا اظہار کیا گیا ہے استغاثہ نے یہ ثابت کرنیکی ذمہ داری لی ہے کہ ہیرا اور سب انسپکٹر کیشب سامان کی دوکان کی تلاشی لینے کا حق رکھتا تھا - یہ بحث کی گئی ہے کہ اس کو ایسا کوئی اختیار حاصل نہ تھا اور یہ کہ اگر اس کو اختیار تھا تو وہ غروب آفتاب کے بعد تلاشی لینے میں قواعد کے خلاف عمل کر رہا تھا اس سوال میں یہ دوسری حالت داخل ہوتی ہے کہ سب انسپکٹر بازار میں کیا کر رہا تھا - اسکو سرشتہ دار کے مکان پر اس غرض سے لے گئے تھے کہ کالی داس سے سرقہ کے متعلق تحقیقات کیجائے لیکن بازار پہنچنے تک اس نے بظاہر زیورات کے معاملات اپنے ہاتھ میں لے لئے تھے - یہ بالکل اغلب ہے کہ انھوں نے اس سے حالات کے متعلق غلط بیانی کی تھی لیکن خواہ جواب کچھ ہی ہو یہ واضح ہے کہ اس نے زیورات کی بازیافت کرنا اپنے ایک فرض اولین کے طور پر تصور کیا تھا یہ بھی واضح ہے کہ اس نے کیشب سے یہ کہا تھا کہ ان کو پیش کرے اور یہ کہ کیشب نے ایسا نہیں کیا تھا - پس مکان کی تلاشی لینے کی نسبت سب انسپکٹر کا حق اس جرم پر جس کی وہ تفتیش کر رہا تھا اور اسکے مطالبہ کی نسبت کیشب کے طرز عمل پر منحصر تھا - پہلے امر کی نسبت مجھے بہت شبہ ہے کہ آیا عورتوں نے سب انسپکٹر کو یہ باور کرایا تھا کہ سرقہ کا ارتکاب ہوا تھا - اس لئے دلیل میں یہ خیال کیا گیا کہ انھوں نے یہ بیان کیا تھا کہ زیورات کو ان کی رضامندی کے بغیر لے لیا گیا تھا لیکن میں نے یہ نہیں سمجھا تھا کہ آیا زیورات کا سرقہ کیا گیا تھا یا ان کو حفاظت کے لئے رکھ لیا گیا تھا ایسی حالت میں میں یہ نہیں باور کر سکتا کہ سب انسپکٹر عورتوں سے کسی سرقہ کے الزام کی تفتیش کر رہا تھا

۱۹۲۷

میں یہ خیال کرنے پر راغب ہوں کہ وہ استغاثہ کا قبل از وقت خیال کرلیا تھا جو شوہر نے عورتوں کی جانب سے کئے جانے کے متعلق کیا تھا جب وہ بھاگی تھیں۔ ایسی حالت میں پہلا لازمی جزو موجود نہ تھا اور میری رائے میں دوسرا جزو بھی مساوی طور پر موجود نہیں ہے۔ میں ذیعلم جج کے ساتھ اس رائے میں متفق ہوں کہ امانت سے کوئی انکار نہیں کیا گیا تھا مجھ کچھ کہ واقعہ ہوا وہ یہ تھا کہ کیشب نے بعض ظاہری امور کی تخمین کے لئے کہا تھا جس کی وجہ سے تاخیر ہوئی تھی۔

نتیجہ یہ ہے کہ جس طور پر فرد ہائے قرارداد جرم مرتب کی گئی ہیں میں یہ نہیں خیال کرتا کہ ہری داس کے خلاف کسی جرم میں بھی تجویز صادر کی جاسکتی ہے اور اس بنا پر اسکی صورت میں بھی جوری کی رائے بحال رکھی جانی چاہیئے۔

میں نے اسکے قبل ہی اس قیمتی وقت کی حد کا حوالہ دیا ہے جو اس مقدمہ میں ضائع کیا گیا ہے۔ میں یہ باور کرتا ہوں کہ سب انسپکٹر کو دھکیلا گیا اور اسکی بے عزتی کی گئی تھی جسکے لئے اس کو خود اپنی بیوقوفی کا شکور ہونا چاہیئے لیکن جس چالاکی سے تفتیش کنندہ انسپکٹر اور سب انسپکٹر نے ان الزامات میں ملزمین کو پھانسنے کی کوشش کی تھی جنکی بیانات سے کہ امید نہیں ہوتی تھی وہ نہایت ہی زیادہ قابل افسوس ہے اگر ایسے بیجا جوش کو فرو کرنے کے لئے سررشتہ پولیس میں کوئی شخص موجود نہ تھا تو یہ امر تعجب خیز ہے کہ ایک ہوشیار مجسٹریٹ واقعات کو ٹھیک طور پر سمجھنے اور یہ محسوس کرنے سے قاصر رہا تھا کہ مقدمہ اس قسم کا تھا جسکی تحقیقات اس کی عدالت میں ہونی چاہیئے۔

استصواب نامنظور کیا جاتا ہے جوری کی رائے بحال اور ملزمین بری کئے جاتے ہیں۔

ملک معظم بنام ہری داس (کلکتہ) صفحہ ۳۷

**جسٹس سہروردی۔** ذیعلم سشن جج نے اپنے نہایت ہی معقول اور واضح فرد الزام میں اپنی رائے ظاہر کی ہے جسمیں استغاثہ کے بیان کے بڑے حصہ کو غلط باور کیا ہے۔ میں نے احتیاط کے ساتھ شہادت پر غور کیا ہے اور میں یہ خیال کرتا ہوں کہ انھوں نے اس کا صحیح موازنہ کیا ہے۔ میری رائے میں یہ تمام شورش سب انسپکٹر کی بیجا دست اندازی کے باعث پیدا ہوئی تھی جس نے غیر معمولی جوش ایک ایسے معاملہ میں دکھلایا جس کو بہتر وسیلہ پر نکالا جاسکتا تھا۔ مجھے یقین نہیں ہے کہ اس نے جو دلچسپی اس معاملہ میں لی تھی اسکی تحریک کسی فرض کی انجام دہی کے خیال پر ہوئی تھی وہ موقع واردات پر یہ اطلاع ملنے پر پہنچا کہ یہ افواہ تھی کہ نووارد کی جماعت کے منجملہ ایک شخص کے عصہ گم ہو گئے تھے۔ وہ بظاہر اس اطلاع کی بنا پر بازار نہیں گیا تھا بلکہ کسی مزید اطلاع کی بنا پر گیا تھا کہ دو بھاگی ہوئی نوجوان عورتیں قیمتی زیورات کے ساتھ اپنے سفر کے دوران میں وہاں پہنچی ہیں۔ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس نے عصہ کے مبینہ سرقہ کے متعلق کوئی توجہ نہیں کی بلکہ پہنچنے کے ساتھ ہی ان عورتوں کے معاملات میں دلچسپی لی۔ میں یہ نہیں باور کرتا کہ عورتوں نے بالارادہ اس سے یہ شکایت کی تھی اگر کبھی انھوں نے شکایت کی بھی تھی کہ آیا یہ کہ زیورات ان سے جبراً چھین لئے گئے تھے یا یہ کہ ان کو حبس بیجا میں رکھا گیا تھا۔ مجھے واقعات پر مزید غور کرنے کی ضرورت نہیں ہے اس لئے کہ ذیعلم جج نے صحیح طور پر تمام حالت کا موازنہ کیا ہے اور استغاثہ کا تقریباً تمام حصہ مبالغہ آمیز اور ناقابل یقین قرار دیکر اس کو نامنظور کیا ہے۔ ذیعلم جج کی بظاہر یہ رائے ہے کہ کم از کم ایک واقعہ یقینی ہے کہ مجمع خلاف قانون موجود تھا جسکے ایک شریک ملزم ہری داس نے سب انسپکٹر پر حملہ کیا تھا۔ اس واقعہ کو بھی جو حملہ کا باعث ہوا تھا جس طور پر کہ استغاثہ نے اس کی تعریف کی تھی جج

نے غلط صادر کیا ہے جب [illegible] کی یہ حالت ہے تو یہ نہیں کہا جا سکتا
کہ مجسٹریٹ کی رائے نا [illegible] ہیں وہ [illegible] معقول
نہیں۔ ہم سے یہ بیان کیا گیا ہے [illegible] مقدمہ [illegible]
[illegible] پانچ [illegible] گیا تھا [illegible]
[illegible] اس [illegible]
[illegible] اس مقدمہ [illegible]
[illegible] گیا تھا صرف اس وجہ سے [illegible]
[illegible] ہوا تھا۔

میں اس [illegible] ہوں۔

استصواب نا منظور [illegible] گئے۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۲۵ بابتہ ۱۹۲۳ء فیصلہ ۱۱ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ڈینیلز

مسمی [illegible] نگرانخواہ بنام بدھو خان وغیرہ فریق مخالف

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۵۲۲ جائداد کی واپسی۔ حکم صادر کرنیکی نسبت عدالت ابتدائی کا انکار کرنا۔

دفعہ ۵۲۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے بموجب جائداد کی واپسی کے لئے حکم صادر کرنے یا نہ کرنے کا اختیار تمیزی عدالت ابتدائی کو حاصل ہوتا ہے اور جب عدالت مذکور اپنے اختیار تمیزی کے استعمال میں ایسا حکم صادر کرنے سے انکار کرے تو عدالت مرافعہ یا عدالت نگرانی کو یہ اختیار نہیں ہوتا کہ وہ اس کو ایسا عمل کرنے پر مجبور کرے۔ بھگت شاہ بنام صدیق اوستاگر انڈین کیسز جلد ۱۱ صفحہ ۷۶ اور محمد دین بنام ملک معظم انڈین کیسز جلد ۸ صفحہ ۵۱ سے استناد کیا گیا۔

نگرانی فوجداری بنا راضی حکم صادرہ [illegible] سشن جج [illegible] مورخہ یکم دسمبر ۱۹۲۲ء

منجانب نگرانخواہ مسٹر ایس۔ ڈی۔ سنہا۔

منجانب فریق مخالف مسٹر پی۔ ایل۔ بنرجی۔

**فیصلہ**۔ یہ ایک درخواست نگرانی ہے جس کی رو سے اس عدالت سے یہ استدعا کی گئی ہے کہ وہ دفعہ ۵۲۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے جائداد کی واپسی کا حکم صادر کرے جس کے صادر کرنے سے عدالت ابتدائی نے انکار کیا ہے۔ ایسے حکم کے صادر کرنے یا نہ کرنیکا اختیار تمیزی بہت ہی واضح طور پر دفعہ کی رو سے عدالت ابتدائی کو عطا کیا گیا ہے جس میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ عدالت کو اختیار ہے کہ اگر وہ مناسب خیال کرے تو ایسا حکم صادر کرے مجھے ایسے کسی مقدمہ کا علم نہیں ہے جس میں عدالت مرافعہ یا نگرانی [illegible] عدالت کو کسی ایسے مقدمہ میں اس قسم کا حکم صادر کرنے کے لئے مجبور کیا ہو جس میں اس نے اپنے اختیار تمیزی کے استعمال میں ایسا کرنے سے انکار کیا ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ دو ہائیکورٹوں یعنی کلکتہ اور پنجاب کا فیصلہ اس رائے کی تائید میں ہے کہ عدالت مرافعہ یا نگرانی کو ایسا عمل کرنیکا کوئی اختیار نہیں ہوتا۔ ہائیکورٹ کلکتہ نے مقدمہ بھگت شاہ بنام صدیق اوستاگر (۱) اور ہائیکورٹ پنجاب نے محمد دین بنام ملک معظم (۲) میں ایسا ہی قرار دیا تھا اگر عدالت ہذا کو بصیغہ نگرانی یہ اختیار بھی ہو کہ وہ ایسا حکم صادر کرے جس کی درخواست کی گئی تھی تو بھی ایسے کوئی غیر معمولی حالات اس مقدمہ میں موجود نہیں ہیں جن سے ایسا عمل جائز ہوگا۔ میں درخواست خارج کرتا ہوں۔ درخواست خارج کی گئی۔

## ہائیکورٹ کلکتہ

نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۳۲ بابتہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۲۰ اپریل ۱۹۲۳ء۔

(۱) انڈین کیسز جلد ۱۱ صفحہ ۷۶ (۲) انڈین کیسز جلد ۸ صفحہ ۵۱۔

(۷۷)

**باجلاس مسٹر جسٹس گرین فیلڈ و مسٹر جسٹس کیمنگ**

**رحیم شیخ وغیرہ۔ نگرانخواہان بنام ملک معظم۔ فریق مخالف۔**

**مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۲۰۸ تحقیقات بذریعہ جوری۔ جوری کا برخاست کیا جانا۔ بداعمالی۔ عدالت کا اختیار اصلی۔ مجموعہ آیا جامع ہے۔**

جہاں تک کسی امر پر خاص طریقہ سے ذکر کیا گیا ہے مجموعہ ضابطہ فوجداری کی نسبت یہ تصور کیا جانا چاہیئے کہ وہ جامع ہے اور قانون کو اسکے احکام کے حوالہ سے متحقق کرنا چاہیئے لیکن جب ایسا کوئی معاملہ پیدا ہو جسمیں ضرورتاً زبردست انسانی کی جانی ضروری ہو اور وہ ان میں داخل ہوتا ہو جنکے لئے مجموعہ میں خاص طور پر حکم درج ہے تو یہ کہنا معقول نہ ہوگا کہ عدالت کو ایسے حکم کے صادر کرنے کا اختیار نہیں ہے جو بہ اغراض عدالت عام ضروری ہے۔ جب جوری کا بداعمالی یا دوسری ماثل کافی وجہ کا سوال پیدا ہو تو سیشن جج کو یہ اصلی اختیار حاصل ہوتا ہے کہ وہ جوری کو برخاست کرے اور دوسری جوری مقرر کرے۔ مجموعہ ضابطہ فوجداری میں ایسے حالات کے لئے حکم درج نہیں ہے لیکن اس ترک کی وضاحت اس قیاس سے کی جاسکتی ہے کہ اہالیان جوری اپنے فرائض ٹھیک طور پر انجام دینگے۔ اس قسم کے وجوہ پر جوری کو برخاست کرنیکا اختیار صوابدید پر منحصر ہوتا ہے مگر اس کو آسانی کے ساتھ استعمال نہ کیا جانا چاہیئے اور نہ اس وقت تک استعمال کیا جانا چاہیئے جب تک کہ جج نے اس قسم کی تحقیقات سے جو وہ حالات کا لحاظ کرتے ہوے کرسکتا ہو خود کو مطمئن نہ کرلیا ہو کہ اختیار کے استعمال کرنیکے لئے معقول وجوہ موجود ہیں۔ ریجینا بنام ڈیوی سن (سنہ ۱۸۶۰ء) مقدمات فوجداری مولفہ کاکس جلد ۸ صفحہ ۳۰۶ و ریجینا بنام چارلس ڈالٹن جلد ۸ صفحہ ۲۰ و علو محمد بنام ملک معظم کلکتہ ویکلی نوٹس جلد ۲۶ صفحہ ۱۰ کا حوالہ دیا گیا۔

درخواست بنا راضی حکم صادرہ سیشن جج راج شاہی منجانب نگرانی خواہان۔ بابو مل چندرا داس گپتا۔

**جسٹس گرین فیلڈ۔** اس درخواست سے ایک عجیب امر پیدا ہوتا ہے جسکے متعلق بظاہر کوئی نظیر موجود نہیں ہے۔ نگرانخواہوں کے خلاف ذاجلاس سیشن جج راج شاہی اور ایک جوری کے معہ ان الزامات کی بابتہ تحقیقات کی گئی تھی جو دفعات ۳۴۶ و ۳۴۴ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے قابل سزا ہیں اور تحقیقات کا آغاز ۲۸ فروری سنہ ۱۹۲۳ء کو ہوا تھا اور وہ سلسلہ ۶ مارچ تک ہوتی رہی۔ اس روز جبکہ سات گواہان تائید استغاثہ کا بیان قلمبند کیا جاچکا تھا تو فاضل جج نے فرد کارروائی میں یہ تحریر کیا کہ ان کو یہ معلوم ہوا تھا کہ بعض اہالیان جوری اس شخص کے ساتھ مشورہ کرتے ہوتے ہوئے پائے گئے تھے جو ملزمین کی طرف سے مقدمہ کی پیروی کرتا تھا۔ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ فاضل جج نے بظاہر ایک قسم کی تحقیقات کی تھی جس کی نوعیت کی صراحت نہیں کی گئی ہے گو میں یہ فرض کرونگا کہ وہ کافی تھی اور یہ کہ وہ معقول طور پر اس نتیجہ کے متعلق مطمئن تھے جو انھوں نے اخذ کیا تھا اور اسکے بعد بیان کیا کہ ان کو یہ باور کرنیکی وجہ تھی کہ حالت یہی تھی اور اس وجہ سے انھوں نے یہ حکم دیا کہ جوری کو برخاست کردی جاوے اور مقدمہ کی از سر نو تحقیقات کی جاوے۔ یہی تمام واقعات ہیں جنکے متعلق ہمیں تجویز کرنا ہے اور اب نگرانخواہوں کی جانب سے یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ وہ حکم جسکی رو سے جوری کو برخاست کیا گیا تھا اور از سر نو تحقیقات کیلئے جانے کی ہدایت دی گئی تھی بلا اختیار صادر کیا گیا تھا۔

ہمارے روبرو جو بحث پیش کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ اس قسم کی صورت کے متعلق مجموعہ ضابطہ فوجداری میں کوئی حکم درج نہیں ہے اور یہ کہ بدوران تحقیقات جوری کو برخاست کرنیکے متعلق دفعات ۲۸۲ و ۲۸۳ جامع ہیں۔ دوسری دفعات بھی ہیں جن کا تعلق جوری کی برخاستگی سے ہے

رحیم شیخ بنام ملک معظم (کلکتہ)

ہیم سنگھ بنام ملک معظم (کلکتہ)

مثلاً دفعہ ... لیکن وہ اس قسم کی دفعات ہیں جو صرف بحث کی نوبت پر متعلق ہوتی ہیں لیکن دفعات میں ایسا ہر ان حالات کے متعلق بحث نہیں کیگئی ہے جن میں جوری کو برخواست کیا جاسکتا ہے بلکہ حالت اسکے برعکس ہے اور ان حالات میں جن سے ان کا تعلق ہے ان میں یہ ذکر کیا گیا ہے کہ اس طریقہ کی پابندی کی جاسکتی ہے۔ اس بحث میں ہمارے روبرو پیش کیگئی ہے یہ مسلہ داخل ہے کہ تحقیقات کی نوبت خواہ کچھ ہی ہو خواہ کسی جوری کی بداعمالی کتنی ہی فاش ہو اور متعلقہ شخص کیخواہ یہ امر کتنا ہی واضح طور ہو تا ہو تو بھی کوئی ہدایت کا موجود نہیں ہوتا سوائے اسکے کہ تحقیقات اپنے طریقہ پر یا اختتام جاری رہے جبکہ یہ بحث کی گئی ہے کہ جج اجلاس کنندہ کو یہ اختیار ہوگا دہ دفعہ ... مجموعہ ضابطہ فوجداری کے تحت مقدمہ ناکام ... قانونی ضابطہ کا اثر صرف یہ ہوگا کہ انصاف رسانی کو بدنام کیا جائے ... جب جوری کی بداعمالی یا اسی قسم کی دوسری مماثل وجہ کا سوال پیدا ہوتا ہو تو سشن جج کو یہ اصلی اختیار رہوتا ہے کہ وہ جوری کو برخواست کردے اور دوسری جوری مقرر کرے یہ صحیح ہے کہ مجموعہ میں ایسے حالات کے لئے کوئی حکم درج نہیں کیا گیا ہے بایں خلاف اسکے اس قیاس سے اس ترک کی وضاحت ہوسکتی ہے کہ عام طور پر جوری اپنے فرائض ٹھیک طور پر انجام دینگے۔ اس قسم کے وجوہ پر جوری کو برخواست کرنیکا اختیار اس قسم کا ہوتا ہے جسکو آسانی سے استعمال نہ کیا جانا چاہیئے اور نہ اسوقت تک استعمال کیا جانا چاہیئے جب تک کہ جج نے اس قسم کی تحقیقات سے جو وہ عمل میں لا سکتا ہے خود کو مطمئن نہ کرلیا ہو کہ اس قسم کے اختیار کے استعمال کرنے کے لئے معقول وجوہ موجود ہیں اس مقدمہ میں ذیعلم سشن جج نے تحقیقات کی ہے اسکے متعلق انکے بیانات سے میں متفق ہونگا اختیار چونکہ اس قسم کا ہے جس سے مجموعہ ضابطہ فوجداری کی کوئی دفعہ متعلق نہیں ہوتی اس لئے میرے خیال میں یہ کہنا کافی ہے کہ یہ معاملہ جج کے اختیار تمیزی پر منحصر ہے۔

جہانتک کہ اسمیں کسی امر کا خاص طور پر ذکر کیا گیا ہے مجموعہ ضابطہ فوجداری کی نسبت یہ متصور ہونا چاہیئے کہ وہ جامع ہے اور اسکے احکام کے حوالے سے قانون متعین کیا جانا چاہیئے لیکن جب ایسا کوئی مقدمہ پیدا ہو جسمیں بین طور پر دست اندازی کرنیکی ضرورت ہو اور جو ایسے نہیں نہ ہو جنکے لئے مجموعہ میں خاص طور پر صراحت کی گئی ہے تو یہ کہنا معقول نہ ہوگا کہ عدالت کو ایسے حکم کے صادر کرنیکا اختیار نہ تھا جس کا بااغراض عدالت صادر کیا جانا ضروری تھا ایسی حالت میں بحیثیت قرار دیکر جیسا کہ میں نے قرار دیا ہے کہ جوری کو ان حالات میں برخواست کیا جاسکتا ہے جو ان حالات کے علاوہ ہوں جنکی صراحت خاص طور پر مجموعہ میں کی گئی تھی دفعہ ۳۰۸ کی نسبت یہ نہیں قرار دیا جاسکتا کہ اس کا تعلق بالکلیہ ان حالات میں جوری کی برخواستگی سے ہے جو دفعات منذکرہ ماقبل میں بیان کئے گئے تھے۔ ذیعلم سشن جج نے دراصل دفعہ مذکور کے تحت حکم صادر کیا ہے گو انھوں نے اس کا حوالہ نہیں دیا ہے اور ایسی حالت میں دست اندازی کرنیکی کوئی وجہ نہیں ہے میری رائے میں حکم بطور وجہ منسوخ کیا جانا چاہیئے۔

**جسٹس کریمپ** - بعض اشخاص کے خلاف ذیعلم سشن جج راج شاہی کے روبرو تحقیقات کی جارہی تھی اور تقریباً گواہان تائید استغاثہ کے بیانات قلمبند کئے گئے تھے اس وقت ذیعلم جج کو اس بات کی اطلاع ہوئی تھی کہ بعض اہالیان جوری اس شخص کے ساتھ مشورہ کرتے ہوئے پائے گئے جو صفائی کی طرف سے پیروی کررہا تھا۔ عدالت نے تحقیقات کی اور بیان کی صداقت سے مطمئن ہوکر یہ حکم دیا کہ جوری برخواست کی جائے اور جدید جوری کے ذریعہ سے ملزم کے خلاف از سر نو تحقیقات کی جائے۔ موجودہ نگرانیخواہ ملزم نے اس عدالت میں اس بنا پر تحریک کی ہے کہ جج کو یہ اختیار نہ تھا کہ وہ جوری کو برخواست کرتے اور از سر نو تحقیقات کے متعلق حکم صادر کرتے۔ اس لئے یہ بحث کی تھی کہ

دستخط

رحیم شیخ بنام ملک معظم (کلکتہ)

مقدمہ جیسے دفعہ ۲۸۲ یا دفعہ ۲۹۱ مجموعہ ضابطہ فوجداری متعلق نہ تھی۔

اسمیں شک نہیں کہ بحث اس حد تک صحیح ہے کہ ان دفعات میں حکم نہیں ہے کہ بعد دوران تحقیقات بیجا عمل کے لئے جوری کو برخاست کر دیا جائے۔ انگلستان میں جج کو یہ اختیار رہتا ہے کہ اگر ضرورت پیدا ہو تو وہ جوری کو برخاست کر دے اور اس کا فیصلہ خود جج کو کرنا چاہیے کہ آیا ضرورت پیدا ہوئی ہے یا نہیں اور اسکے فیصلہ کی تجویز ثانی نہیں کی جا سکتی۔ ایک مقدمہ (ریجینا بنام وارڈ ۱) میں اس طریقہ کی پابندی اس وجہ سے کیگئی تھی کہ اہالیان جوری کے منجملہ ایک اجازت کے بغیر اپنی نشست سے چلا گیا تھا۔ ایسی برخاست برات کی تجویز کے مساوی نہیں ہوتی اور قیدی کو جدید تحقیقات عمل میں آنے کیلئے واپس کیا جا سکتا ہے (ریجینا بنام ڈیلسین ۲)۔ اس ملک میں کوئی منفصلہ مقدمہ موجود نہیں ہے جو اس امر سے تعلق رکھتا ہو۔ ایک مقدمہ میں جسکی تحقیقات ہائیکورٹ کی سشن میں کیگئی تھی جوری صفائی کی شہادت کی سماعت کے قبل اپنی رائے دینا چاہتی تھی۔ صفائی کے کونسل نے اس امر پر زور دیا تھا کہ ان کو بدعملی کی بناء پر برخاست کیا جائے۔ استغاثہ کی جانب سے اس طریقہ عمل پر اعتراض کیا گیا تھا اس امر کا تصفیہ نہیں کیا گیا تھا کیونکہ ایڈوکیٹ جنرل نے یہ تحریر کرا دیا کہ وہ پیروی نہ کرینگے۔ ملاحظہ ہو ملک معظم بنام علو محمد (۳) نگرانیخواہ کے لائق وکیل نے یہ بحث کی تھی کہ تحقیقات میں مزید کاروائی کیجانی چاہیئے اور اسکے بعد بظاہر یہ امر کہ بعض اہالیان جوری ملزمین کے پیروکاروں کے ساتھ مشورہ کرلیتے تھے اگر ضرورت تھی تو بصیغہ مرافعہ پیش کیا جا سکتا تھا ایسے طریقہ کاروائی کے متعلق اعتراض ہے اور موجودہ مقدمہ میں یہ مزید دشواری پیدا ہوتی ہے کہ جیوری کو برخاست کر دیا گیا تھا لیکن یہ بالکل واضح معلوم ہوتا ہے کہ جب تک جج کو یہ اختیار نہ ہو کہ وہ بدعملی کی صورتوں میں ان کو برخاست کرے تو بہت زیادہ دشواریوں کا پیدا ہونا ممکن تھا اور بہت سے مقدمات میں

سخت ناانصافی ہوگی اور گو مجموعہ میں خاص طور پر ایسے واقعات کی صراحت نہ ہو یہ واضح معلوم ہوتا ہے کہ جج کو ایسے اختیارات حاصل ہونے چاہئیں۔ اس رائے کے بموجب ذیعلم سشن جج کا حکم درست تھا اور میں یہ حکم اظہار وجہ خارج کرونگا۔ حکم اظہار وجہ منسوخ کیا گیا۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

### نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۵۳ بابتہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۱۱ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس۔ مسٹر جسٹس ڈینیلز

جھگرو وغیرہ نگرانیخواہان بنام ملک معظم۔ عذرداران۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۴۱۴۔ ایکجائی تحقیقات احکام سزا قابل مرافعہ و ناقابل مرافعہ۔ آیا ناقابل مرافعہ حکم سزا کی نارضی سے مرافعہ ہو سکتا ہے۔

صفحہ ۶۰۷

جب متعدد اشخاص کے خلاف ایکساتھ تحقیقات کی جائے اور ایک تحقیقات میں انکے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کیجائے جسمیں سے بعض کو قابل مرافعہ اور بعض کو ناقابل مرافعہ احکام سزا دئے گئے ہوں تو موخرالذکر محض اس وجہ سے مرافعہ کا حق نہیں پا جاتے کہ دوسروں کے ساتھ ان کی تحقیقات کی گئی تھی۔ حسین خاں بنام ملک معظم انڈین کیسیز جلد ۹ صفحہ ۹۰۶ وبہولا بنام ملک معظم انڈین کیسیز جلد ۴ صفحہ ۳۳۲ کی تقلید کی گئی۔

نگرانی فوجداری بناراضی حکم صادرہ ایڈیشنل سشن جج جونپور مورخہ ۲۰ دسمبر ۱۹۲۲ء

منجانب نگرانیخواہان۔ مسٹر کموداپرشاد۔

منجانب سرکار۔ اسسٹنٹ گورنمنٹ ایڈوکیٹ۔

**فیصلہ**۔ یہ ایک نگرانی ۱۹ اشخاص کی جانب سے پیش کی گئی ہے جنکے خلاف ایک شخص جھگرو کے ساتھ تحقیقات کی گئی تھی۔ جھگرو کے خلاف قابل مرافعہ حکم سزا صادر کیا گیا تھا اور نگرانیخواہوں کو خفیف جرمانہ کی سزائیں

[illegible]

جہنگرو بنام ملک معظم (الہ آباد)

دیگئی تھیں جنکی نارانی سے اگر اسکے خلاف ہو گا ویسے ساتھ تحقیقات نہکیجاتی تو دفعہ ۴۲۳ کے منشا کے موجب اوپر واقع نہیں ہو سکتا تھا۔ اصلی عذر جو نگرانی میں پیش کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ ایک شخص جسکو ایسی سزا دیگئی ہو جو اسقدر قابل اعتراض نہ ہو اسی شخص کے ساتھ تحقیقات کی حالت میں جسکو زیادہ سزا دیگئی ہو تو اپیل دائر کیا ہو نالش کا حق حاصل ہو جاتا ہے۔ اس امر پر زیادہ مباحثہ نہ ہو گا اس مضمون کے متعلق مختلف آرا ظاہر کیگئی ہیں لیکن اس عدالت کے سب سے حالیہ فیصلہ جات جنکا حوالہ ذیلی جج نے دیا تھا یعنی جیون خان بنام ملک معظم (۱) و بھولا بنام ملک معظم (۲) نگرانی کا ہونا ناجائز ہے۔ علاوہ ازیں آخرالذکر مقدمہ میں جسٹس مکیٹ نے یہ بیان کیا تھا کہ اس مضمون کے متعلق عدالت کا طرز عمل مسلمہ سمجھا جانا چاہیئے۔ خود میری رائے ان فیصلوں کے مطابق ہے اور جسمیں اس عذر کو منظور کرنے سے انکار کرتا ہوں نیز اس امر کا اضافہ کر سکتا ہوں کہ مجموعہ ضابطہ فوجداری میں دفعہ ۴۲۳ میں تبدیلی کیجا رہی ہے۔

ذیلی جج نے جہنگرو کا مرافعہ تاریخ ۱۶ اگست سنہ ۱۹۲۳ء کو اس لئے مسترد کیا تھا کہ ان حالات میں وہ اس امر کا پابند تھا کہ دوسرے ملزمین کا مقدمہ بصیغہ نگرانی اس قاعدہ کے بموجب پیش کرتا جو بھولا بنام ملک معظم (۲) میں قرار دیا گیا تھا۔ مرافع نے یہ بحث کی ہے کہ اس کو ایسا کرنا چاہیئے تھا کیونکہ ان کے فیصلے سے اختتام پر ایک اتفاقیہ اشارہ موجود ہے کہ یہ ممکن تھا کہ بعض دوسرے ملزمین بے گناہ ہوں مگر وہ انکی مدد نہیں کر سکتا تھا۔ یہ کوئی تجویز نہیں ہے یہ محض ایک رائے اس امکان کی نسبت ان ملزمین کے مقدمات کے متعلق ہے جنکے مقدمات پر ذیلی جج نے بالتفصیل غور نہیں کیا ہے۔ مقدمہ اس قسم کا ہے جسمیں صرف خفیف جرمانوں کی سزا عائد کی گئی تھی اور میں بصیغہ نگرانی ہر انفرادی ملزم کے خلاف شہادت پر غور کرنے کے لئے آمادہ نہیں ہوں میں درخواست خارج کرتا ہوں۔

درخواست خارج کی گئی

## ہائیکورٹ کلکتہ

مرافعہ منجانب سرکار

نمبر مقدمہ ۴۸۴ بابت سنہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۸ مئی سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس سی۔ سی۔ گھوش و مسٹر جسٹس کیمنگ

میونسپل چیئرمین و ممبر سیرامپور بنام نارائن چندر بینرجی۔

قانون بنگال۔ مرافع۔ مرافع علیہ۔

قانون صفائی بنگال ایکٹ ۳ بابت ۱۸۸۵ء دفعات ۲۰۹ و ۲۵۳۔

اراضی کا عطائے نام پر اس شرط سے ہبہ کہ وہ ضروری باڑھ کی تعمیر کرائے۔ باڑھ کی تعمیر کی شرط کی پابندی میں قصور۔ جرم۔

دفعہ ۲۰۹ قانون صفائی بنگال کی عبارت سے صریحا یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مجلس صفائی کو یہ اختیار ہے کہ وہ کسی شخص سے یہ کہے کہ وہ ایک تالاب کے کنارے پر باڑھ تعمیر کرے لیکن اس وجہ سے کہ کسی مجلس صفائی کو احکام قانونی کی رو سے یہ اختیار حاصل ہے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ مجلس صفائی شرط معاف نہیں کر سکتی یا ایسا واجب التعمیل معاہدہ کر سکتی ہے کہ وہ خود اپنے خرچہ پر کسی باڑھ کی تعمیر کریگی۔

ملزم نے بغیر کسی معاوضہ کے کچھ اراضی کا ہبہ مجلس صفائی مذکورہ کے نام اس شرط سے کیا تھا کہ اگر کسی وقت یہ ضروری سمجھا گیا ہو کہ کسی مقام پر باڑھ کی تعمیر کی جائے تو مجلس صفائی اسکی تعمیر خود اپنے خرچ سے کریگی۔ چند سال کے بعد مجلس صفائی نے دفعہ ۲۰۹ قانون صفائی بنگال کی رو سے ایک حکم جاری کیا جسکی رو سے ملزم کو یہ ہدایت دی کہ وہ باڑھ کی تعمیر کرے۔ ملزم اس حکم کی تعمیل سے قاصر رہا اور اسکے خلاف دفعہ ۲۵۳ قانون صفائی بنگال کے بموجب استغاثہ دائر کیا گیا۔

(۱) انڈین کیسیز جلد ۳۷ صفحہ ۹۱ (۲) انڈین کیسیز جلد ۴۰ صفحہ ۳۳۲۔

(۶۶۶)

قرار دیا گیا کہ جب صفائی نے ملزم کی اراضی کا حصہ اس شرط سے لیا تھا کہ وہ باڑ کی تعمیر خود اپنے خرچ پر کریگی تو وہ اس شرط کی پابند تھی اور اس کو یہ اختیار نہ تھا کہ ایسا حکم جاری کرے جسکی رو سے ملزم کو اسکی تعمیر کرنے کی ہدایت دی گئی ہو اور یہ کہ اس لئے ملزم اس حکم کی تعمیل کرنیکا پابند نہ تھا۔

مرافعہ نبار اضی حکم مصدرہ مجسٹریٹ درجہ اول ہوڑہ۔

منجانب مرافع۔ بابو منمتھا ناتھ مکرجی۔ ازروئے قانون مالک باڑ لگانے کا پابند ہوتا ہے اور بہت ہی اہم سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا مجلس صفائی کے ساتھ ایک قرارداد کی رو سے ملزم اس ذمہ داری سے متجاوز معاہدہ کر سکتا ہے جو ازروئے قانون عائد کی گئی تھی۔ واقعہ کے سوال کے طور پر میری بحث یہ ہے کہ صرف ارتکاب کیا گیا تھا اور در اصل کوئی معاہدہ نہ تھا لیکن اگر کوئی معاہدہ موجود تھا تو بھی ازروئے قانون ملزم کی ذمہ داری قائم رہی اور زیادہ سے زیادہ جو کچھ کہ وہ کر سکتا تھا وہ یہ تھا کہ باڑ لگا دے اور مجلس صفائی سے خرچہ حاصل کرے۔ قانون میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ ملزم کوئی فعل کریگا اور مجلس صفائی قانون کو بدل نہیں سکتی۔

جسٹس گھوش۔ ایسا کوئی قانون نہیں ہے جسمیں یہ بیان کیا گیا ہو کہ مجلس صفائی معاہدہ نہیں کر سکتی۔ قانون صفائی کلکتہ میں ایک حکم موجود ہے جسکی رو سے مجلس صفائی کلکتہ کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ایسے معاہدات کی تکمیل کرے۔

(بابو دسرتھی سنیال۔ قانون صفائی بنگال میں اسی قسم کا حکم موجود ہے۔ دفعہ ۳۷)

کو دفعہ ۳ سے کوئی مدد نہیں ملتی۔ اسکی رو سے صفائی اغراض قانون کے لئے معاہدات کر سکتی ہے۔ یہی امر موجود ہے۔

منجانب ملزم۔ بابو دسرتھی سنیال بمعیت بابو بیندر لال ادتی بھٹا چارجی و بابو للت موہن سنیال۔ دفعہ ۳۷ کی رو سے ایسے معاہدات کئے جا سکتے ہیں۔ دفعہ ۶۹ جسمیں ان اغراض کی صراحت کی گئی ہے جنکے لئے ایسے معاہدات کی تکمیل کی جا سکتی ہے۔ ملاحظہ ہو ہالسبری جلد ۲۱ صفحہ ۳۸۹ و ۱۹۶۔ موضوعہ قانون کی صریح عبارت کی عدم موجودگی میں ایسے معاہدات کئے جا سکتے ہیں۔ ایک دوسرے نکتہ نظر کے لحاظ سے جسکے مقدمہ پر غور کیا جانا چاہیئے سنہ ۱۹۱۶ء میں ملزم کے خلاف استغاثہ کرنیکی کوشش کی گئی تھی اور کوئی کارروائی نہیں ہوئی تھی اور موجودہ استغاثہ دفعہ ۳۵۳ قانون کی رو سے ممنوع السماعت تھا۔

**فیصلہ**۔ یہ ایک مرافعہ سپرنٹنڈنٹ و ممبر سالات قانونی بنگال نے اس حکم برات کی ناراضی سے پیش کیا ہے جو مسٹر جی این مکھرجی مجسٹریٹ درجہ اول ہوڑہ نے صادر کیا تھا جسکی رو سے ملزم کو اس جرم سے بری کیا تھا جو دفعہ ۳۵۳ ایکٹ ۳ بنگال کونسل بابتہ سنہ ۱۸۸۴ء کی رو سے قابل سزا ہے کیونکہ اس نے دفعہ ۲۰۹ قانون صفائی بنگال کے تحت ایک نوٹس کی شرائط کی تعمیل نہیں کی تھی جسکی تعمیل اس پر ۶ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء کو کی گئی تھی وہ واقعات جن سے یہ مرافعہ پیدا ہوتا ہے جو گورنمنٹ کی تحریک پر رجوع کیا گیا ہے اگر مختصراً بیان کئے جا دیں حسب ذیل ہیں:۔ ملزم پر دفعہ ۲۰۹ قانون صفائی کے تحت ایک حکم کی تعمیل کی گئی تھی جسکی رو سے اس کو یہ ہدایت دی گئی تھی کہ وہ ایک تالاب کے کنارہ پر جو ملزم کی ملک ہے مسافروں اور راہروں کی حفاظت کے لئے ایک باڑ لگوا دے۔ ملزم نے اس حکم کی خلاف ورزی کی اسکی وجوہ یہ تھیں کہ سنہ ۱۹۰۶ء میں تالاب کے کنارہ کی کچھ اراضی اس نے مجلس صفائی کے حوالہ کر دی تھی اور اس وقت مجلس صفائی پر اس وقت یہ شرائط عائد کی تھیں کہ اگر آئندہ زمانہ میں تالاب کے کنارے کسی باڑ کا بنانا ضروری ہو یا اسکے متعلق حکم دیا گیا ہو تو

سپرنٹنڈنٹ ممبر
بنام
نلنی چندر
دکلکتہ

شہنشاہ بنام جیندرا ناتھ (کلکتہ)

مجلس صفائی اپنی باڑ خود اپنے خرچ پر لگائے... جب تک کہ کوئی بات شامل نہ ہو... اس میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ ملزم... تالاب شیمپ... کا... سنہ ۱۸۹۸ء میں کسی وقت مجلس صفائی... تالاب کا کنارہ... کردہ ایک پٹی زمین... اس کا... قدر... جنوبی لین کے تیسرے حصہ کو سیدھا کرنے کے لئے مقبوضہ تھا جو الٹا کنارے... عمارت نمبر ۵ اکیس... کے درمیان واقع... ایگل ... کی درخواست پر... یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سنہ ۱۸۹۸ء کو مجلس صفائی ہوڑہ کی سب کمیٹی اعمارات کے ارکان نے کمشنران صفائی سے یہ سفارش کی کہ پٹی ... کے ورثا کا ایجاب قبول کیا جانا چاہئے۔ ملزم نے یہ بیان کیا ہے کہ جب صفائی نے اس کو یہ اطلاع دی تھی کہ اس کا ایجاب قبول ہو گیا تھا تو اس نے معتمد مجلس صفائی ہوڑہ کے نام ۔۔ ستمبر سنہ ۱۸۹۸ء کو ایک خط لکھا تھا اس خط کی شرائط درخواست ... دفعہ ۱۵ میں مندرج ہیں۔ سنہ ۱۹۱۲ء میں یہ ظاہر ہوتا ہے کہ تالاب کے کنارے کے کٹ جانے کی وجہ سے سڑک زیر بحث پیدل چلنے والوں کے لئے خطرناک ہو گئی تھی اور ۶ مئی سنہ ۱۹۱۲ء کو مسٹر ... نے جو اس وقت مجلس صفائی ہوڑہ کے صدر نشین تھے ملزم کے نام ایک خط لکھا جس میں اس کو یہ حکم دیا کہ اس تالاب پر جس قدر جلد ممکن ہو باڑ لگا دی جائے ملزم نے جواب میں ایک خط مورخہ ۔۔ مئی سنہ ۱۹۱۲ء لکھا جس میں اس نے صدر نشین کی توجہ کمشنران مجلس صفائی ہوڑہ کی تحریک نمبر (۱) مورخہ ۶ اکتوبر سنہ ۱۸۹۸ء کی طرف اور ایک خط مورخہ ۔۔ ستمبر سنہ ۱۸۹۸ء کی طرف منعطف کرائی جس کی رو سے اس تالاب زیر بحث کے شرقی کنارہ پر ایک پٹی زمین اس شرط سے حوالہ کی گئی تھی جیسا کہ اس نے بیان کیا تھا کہ اگر تالاب کے کنارہ پر کسی باڑ کی تعمیر کی ضرورت ہو تو مجلس صفائی کو اپنے خرچ پر اس کی تعمیر کرنی پڑے گی۔ اس خط کے وصول ہونے پر یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مجلس صفائی نے باڑ لگانے اور تالاب ... کا ایک مرتبہ کے ... کرنے کے لئے سررشتہ کا ... مرتب کرایا لیکن ... اس کام کے فوراً کئے جانے کی ... نہیں تھا اس لئے یہ کام ملتوی چھوڑ دیا گیا تھا یہ امر ... کی درخواست ... کے فقرات ۸ و ۱۱ سے واضح ہے ... ۱۹۲۳ء میں جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہے حکم کی تعمیل ... زیر دفعہ ۲۰۹ قانون صفائی بنگال کی رو سے کی گئی تھی ... قاصر رہا اور اس تعمیل کی ... کی غفلت کی بابت صراحت ... کی گئی تھی اور اسکے خلاف ڈپٹی مجسٹریٹ ہوڑہ کے روبرو استغاثہ کیا گیا تھا جنہوں نے اپنے حکم مورخہ ۵ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء کی رو سے ملزم کو بری کیا۔

مرافعہ کی جانب سے ہمارے روبرو یہ بحث کی گئی ہے کہ خط مورخہ ۴ ستمبر سنہ ۱۸۹۸ء جس پر ملزم نے استدلال کیا تھا اور جس کی ایک نقل شہادت میں پیش کی گئی ہے جو دستاویز الف ہے اس خط کی نقل کی نقل تھی جو ملزم نے مجلس صفائی کے نام بھیجا تھا اور اس حیثیت سے وہ قابل ادخال شہادت نہ تھا اسکے علاوہ یہ بحث کی گئی ہے کہ ایسے کوئی امور موجود نہیں ہیں جن سے یہ ثابت کیا جا سکتا ہو کہ مجلس صفائی نے خود اپنے خرچ پر تالاب کی باڑ لگانے کی ذمہ داری لی تھی اور یہ کہ اگر یہ فرض کیا جائے کہ مجلس صفائی نے یہ ذمہ داری لی تھی تو اس سے ملزم اس طلب نامہ کی تعمیل کرنے کے متعلق اپنی ذمہ داری سے بری نہیں ہوا تھا اور نہ ہو سکتا تھا جس کی تعمیل اس پر احکام مندرجہ دفعہ ۲۰۹ قانون صفائی بنگال کی رو سے لازمی تھی۔ اب جہاں تک کہ موجودہ مثل کے مواد کا تعلق ہے یہ واضح ہے کہ بہر صورت سنہ ۱۸۹۸ء کے بعد سے اس تاریخ تک ملزم اس امر پر عمل کرتا تھا یعنی یہ کہ اس نے بغیر کسی معاوضہ کے ملزم نے ان شرائط پر

۷۷۸

ن ... تھی ۔ ذ خط مورخہ ۱۴ ۔ دسمبر ۱۹۰۸ء میں پاتی ہیں ہمارے روبرو
یہ بیان کیا گیا ہے کہ مجلس صفائی مورخہ کے پرانے کاغذات میں اس قسم کا
کوئی خط نہیں ہے جیسا کہ خط مورخہ ۱۴ دسمبر ہے جو درخواست
مرافعہ کے نقرہ ۱۵ میں درج کیا جانا ظاہر کیا گیا ہے اور یہ کہ جو کچھ
کہ در اصل واقع ہوا تھا وہ یہ تھا کہ خط مورخہ ۲۰ ہے ۱۹۱۱ء کے
ہمراہ جو مسٹر ہاپکنس کے خط کے جواب میں لکھا گیا تھا ایک خط جو
بظاہر ۱۴ دسمبر ۱۸۹۸ء کو تحریر کیا گیا تھا ملفوف کیا گیا تھا اور
یہ کہ ملزم نے اس نقل کی ایک مصدقہ نقل حاصل کر لی تھی جو اس نے
اس خط میں ملفوف کی تھی۔ حالت یہ ہے کہ دستاویز الف فی الحقیقت
خط کی نقل کی مصدقہ نقل نہیں ہے وہ گواہ جس کے سامنے یہ خط جرح
کے دوران میں پیش کیا گیا تھا اس کو خط کی نقل کی مصدقہ نقل
نہیں بتلاتا۔ اس نے یہ بیان کیا ہے کہ یہ ایک مصدقہ نقل اس خط
کی ہے جس پر ۱۴ دسمبر ۱۸۹۸ء کی تاریخ ثبت ہے اور ہم خود دستاویز
الف میں مجسٹریٹ کی ایک تحریر پاتے ہیں کہ خود اس خط سے جس کی
وہ بظاہر ایک نقل ہے استغاثہ کے وکیل نے اقبال کیا تھا۔
سوم یہ کہ ان خطوط آمدہ رجسٹر کے اقتباس سے جو مجلس صفائی مورخہ
کو بماہ دسمبر ۱۸۹۸ء وصول ہوئے تھے یہ واضح ہے کہ ایک خط جو بظاہر
ملزم کے پاس سے آیا تھا اور جس پر ۱۴ دسمبر ۱۸۹۸ء کی تاریخ ثبت تھی
جس کی رو سے کچھ اراضی کا ہبہ بلا معاوضہ بعض شرائط پر کیا گیا تھا
مجلس صفائی کو وصول ہوا تھا۔ چہارم یہ کہ مواد مشمولہ مثل سے یہ
ظاہر ہے کہ سنین ۱۹۱۱ء و ۱۹۱۵ء و ۱۹۱۶ء و ۱۹۱۷ء میں ملزم برابر اس
امر پر زور دیتا رہا تھا کہ مجلس صفائی ان شرائط کی پابندی کرے جو
اس نے ان پر اس وقت عائد کی تھیں جب اس نے اراضی کا
بلا معاوضہ ہبہ مجلس صفائی کو دسمبر ۱۸۹۸ء میں کیا تھا۔ ان تمام حالات
پر اگر ایک ساتھ غور کیا جائے تو ان کا مجموعی اثر میری رائے میں

سپیشل بنچ
بنام
نارائن چندر
(کلکتہ)

اس واقعہ کے لئے ثبوت ملتا ہے کہ مجلس صفائی کو ایک خط وصول ہوا
تھا جیسا کہ لیگل ریممبرینسر کی درخواست مرافعہ کے نقرہ ۱۵ میں
پیش کیا گیا ہے۔ دوسرا یہ کہ آیا مجلس صفائی کے لئے یہ بحث کرنے کا حق
نہیں ہے کہ آیا کوئی شرائط جو خط میں پائی جاتی ہیں یہی ملزم نے
اس وقت عائد کی تھیں جب اراضی کا ہبہ بلا معاوضہ مجلس
صفائی کے حق میں کیا گیا تھا۔ اس حالت میں ہماری رائے میں
یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ دستاویز الف قابل دخال شہادت تھی اور سوم
یہ کہ مثل میں بہت زیادہ مواد موجود ہے جس سے اثباتی نتیجہ اخذ
کیا جا سکتا ہے کہ مجلس صفائی نے اراضی کا ہبہ بلا معاوضہ ان شرائط
کی بنا پر قبول کیا تھا جو ملزم نے عائد کی تھیں۔ اب یہ سوال پیدا ہوتا
ہے کہ آیا ان تمام واقعات کے لحاظ سے جن کا حوالہ اوپر دیا گیا ہے
مجلس صفائی ۱۹۲۲ء میں دفعہ ۲۰۹ قانون صفائی بنگال کے تحت
طلبنامہ جاری کرنے کے ذریعہ سے اس امر کی مستحق تھی کہ اس کو یہ حکم دے
کہ وہ تالاب کے کنارے باڑھ کی تعمیر کرائے۔ دفعہ کی عبارت سے صرف
یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مجلس صفائی کو یہ اختیار ہے کہ وہ کسی شخص کو حکم دے
کہ وہ تالاب کے کنارے باڑھ کی تعمیر کرائے لیکن اس وجہ سے کہ قانونی
احکام کی وجہ سے مجلس صفائی کو یہ اختیار حاصل ہے یہ نتیجہ نہیں نکلتا
کہ مجلس صفائی ایسی شرائط قبول نہیں کر سکتی جو ملزم نے دسمبر ۱۸۹۸ء
میں عائد کی تھیں جب اس نے بلا معاوضہ کچھ اراضی کا ہبہ مجلس
صفائی کے حق میں کیا تھا خود قانون صفائی میں کوئی مضمون اس
قسم کا نہیں ہے جس سے بعید طور پر بھی یہ ظاہر ہو سکتا ہو کہ مجلس صفائی
اس قسم کے معاہدہ واجب التعمیل کے کرنے کے ناقابل ہوتی ہے۔ اگر
حالت ہے تو ہماری رائے میں مجلس صفائی خاص مقدمہ کے حالات
میں ملزم کو یہ حکم دینے کی مجاز نہیں ہوتی کہ وہ خود اپنے صرفہ پر کسی
باڑھ کی تعمیر کرائے یہ واقعہ کہ سنین ۱۹۱۵ء ۱۹۱۶ء ۱۹۱۷ء و ۱۹۱۸ء سے

صفحہ ۹

تالاب کی بابت تعمیر کرانے کے شرائط کی واقفیت کی منظوری کا سوال زیر بحث تھا نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ہماری رائے میں اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مجلس صفائی اس وقت اس بات کو تسلیم کرنیکے لئے آمادہ تھی جو ملزم نے اپنے روبرو پیش کی تھی کہ باڑہ کی تعمیر اگر کیجائی ضروری تھی تو وہ مجلس صفائی کے صرفہ پر ہونی چاہیئے صرف اس وقت جب یہ معلوم ہوا تھا کہ موجودہ کمشنر صاحب اس باڑہ فوراً تعمیر کرنیکی اجازت نہیں دیتا تھا کہ یہ استغاثہ دائر کیا گیا ہے۔ استغاثہ رجوع کئے جانے کے قبل اور بعد کے تمام حالات کی نظر ثانی کرنے پر ہماری یہ رائے ہے کہ ہماری جانب سے حکم برات میں دست اندازی ہونیکے لئے کوئی وجہ موجود نہیں ہے۔

مرافعہ ہذا خارج کیا جاتا ہے۔ مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

### درخواست نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۳۱۳ بابت ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۲ ستمبر ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس عبدالرؤف

غزان سنگھ نگرانیخواہ۔ بنام کرپا سنگھ وغیرہ۔ طرفثانیان۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابت ۱۸۹۸ء دفعات ۱۹۵ و ۴۳۹۔ مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء دفعہ ۱۸۲ استغاثہ کی منظوری۔ عدالت مرافعہ کے روبرو درخواست۔ نگرانی۔ جرم زیر دفعہ ۱۸۲۔ منظوری عطا کرنیکی نسبت ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا اختیار۔

جب فقرہ (۶) دفعہ ۱۹۵ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے کوئی درخواست کسی عدالت مرافعہ کے روبرو عدالت ابتدائی کے اس حکم کی ناراضی سے پیش کی گئی ہو جسکی رو سے استغاثہ کرنیکی منظوری عطا کی گئی ہو یا عطا کرنے سے انکار کیا گیا ہو تو عدالت مرافعہ کے حکم میں مجموعہ کی دفعہ ۴۳۹ کے بموجب نگرانی ہو سکتی ہے۔

کشن سنگھ بنام سرکار مندرجہ ۱ پنجاب ریکارڈ بابت ۱۹۱۰ء کرمنل کی تقلید کی گئی۔ حضرت چندر منڈل بنام رام ساشی آئی۔ ایل۔ آر کلکتہ جلد ۴۹ صفحہ ۱۰۳ سے اختلاف کیا گیا۔

گو ضلع کے افسران پولیس بالعموم ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے ماتحت ہوتے ہیں مگر وہ ایسی ماتحتی نہیں ہے جو فقرہ الف ضمن ۱ دفعہ ۱۹۵ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے مفہوم میں داخل ہو۔ اس فقرہ کے مفہوم میں کہیں بھی اعلیٰ افسر پولیس کی ماتحتی داخل ہے۔ راو اسرے لال بنام ملکہ معظمہ انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۲۷ صفحہ ۴۲۰ سے استناد کیا گیا۔

پس ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو یہ اختیار نہیں ہوتا کہ وہ دفعہ ۱۹۵ (۱) الف مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے پولیس کو جھوٹی اطلاع دینے کی بابت دفعہ ۱۸۲ مجموعہ تعزیرات کے تحت جرم کے متعلق استغاثہ کرنیکی منظوری عطا کرے۔

درخواست حسب دفعہ ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری بغرض نگرانی حکم مصدرہ سشن جج انبالہ مورخہ ۲۰ اپریل ۱۹۲۲ء جسکی رو سے نگرانیخواہ کے خلاف استغاثہ کرنیکی اس منظوری کو منسوخ کرنے سے انکار کیا گیا تھا جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ضلع انبالہ نے ۲۴ فروری ۱۹۲۲ء کو عطا کی تھی۔

منجانب نگرانیخواہ۔ مسٹر گنپت رائے

منجانب طرفثانیان۔ مسٹر اننت رام

**فیصلہ**۔ یہ ایک درخواست نگرانی حسب دفعہ ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری سشن جج انبالہ کے اس حکم کی ناراضی سے پیش کی گئی ہے جسکی رو سے اس منظوری کو منسوخ کرنے سے انکار کیا گیا تھا جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ضلع انبالہ نے عطا کی تھی یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ایک شخص غزان سنگھ نے ایک جھوٹی اور عداوتانہ رپورٹ پولیس میں کرپا سنگھ وغیرہ کے خلاف کی تھی۔ یہ رپٹ اطلاع ابتدائی کی

خزاں سنگھ بنام کرپا سنگھ (لاہور)

تاریخ ۴ ماہ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء تھی جس میں خزاں سنگھ نے یہ بیان کیا تھا کہ اسکے ملازم سندر سنگھ پر حملہ کیا گیا اور اس کو باندھا گیا تھا اور یہ کہ کرپا سنگھ وغیرہ اس کی جائداد لوٹ رہے تھے۔ پولیس نے اس معاملہ میں تفتیش کی اور مبینہ واقعات جھوٹے اور فرضی پائے گئے۔ ایسی حالت میں پولیس نے اس الزام کو منسوخ کر دیا۔ اسکے بعد ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے روبرو ایک درخواست حسب دفعہ ۱۹۵ خزاں سنگھ کے خلاف دفعات ۲۱۱ و ۱۹۳ کے تحت استغاثہ کرنیکی اجازت حاصل کرنیکے لئے پیش کی گئی تھی۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے اس درخواست کو نامنظور کیا جنھوں نے اپنے حکم میں یہ رائے ظاہر کی تھی کہ دفعہ ۱۸۲ مجموعہ تعزیرات ہند کے تحت استغاثہ کرنیکی اجازت دینے کے لئے جائز وجہ ہوگی بشرطیکہ کوئی مناسب درخواست غرض مذکور کے لئے پیش کی جائے جسپہ ایک درخواست دفعہ ۱۹۵ کے تحت پیش کی گئی تھی تاکہ خزاں سنگھ کے خلاف دفعہ ۱۸۲ مجموعہ تعزیرات ہند کی روسے استغاثہ کیا جائے اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ایک حکم صادر کیا جسکی روسے مستدعیہ اجازت عطا کی۔

اس حکم کی ناراضی سے خزاں سنگھ نے سشن جج انبالہ کے روبرو مرافعہ کیا۔ سشن جج نے اس کا مرافعہ اس بناء پر نامنظور کیا کہ چونکہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ پولیس ضلع انبالہ کا حاکم ہے اس لئے اسکے حکم کی بابت یہ سمجھا جانا چاہیئے کہ وہ مجسٹریٹ کی حیثیت سے نہیں بلکہ اس حیثیت سے صادر کیا گیا تھا اور یہ کہ ایسی حالت میں منظوری جو اس نے عطا کی تھی اس کو صرف وہ حکام منسوخ کرسکتے ہیں جنکے پولیس ضلع انبالہ کا حاکم ماتحت ہے۔

خزاں سنگھ اب عدالت ہذا میں بصیغہ نگرانی رجوع ہوا ہے فریق مخالف کی جانب سے مسٹر ننت رام نے نگرانی کی سماعت کے متعلق ایک ابتدائی عذر اس بناء پر پیش کیا ہے کہ صرف ایک مرافعہ بلکہ صرف ایک درخواست نگرانی ضمن ۶ دفعہ ۱۹۵ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے مفہوم میں داخل ہے اور یہ کہ وہ اصحاب قانون کا ان مقدمات میں جن سے دفعہ ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری متعلق ہو یہ منشاء نہیں ہے کہ وہ یکے بعد دیگرے مرافعہ جات یا درخواستہائے نگرانی کی اجازت دے اس بحث کی تائید میں انھوں نے مقدمہ مسمات چندا منڈل بنام رام شاشی راے (۱) سے استناد کیا تھا لیکن ہائیکورٹ کلکتہ کی یہ رائے ہائیکورٹ پنجاب کے اجلاس کامل کے فیصلہ بشن سنگھ بنام امرت ساریا (۲) کے خلاف ہے جسپہ میں اس عذر کو نامنظور کرتا ہوں اور یہ قرار دیتا ہوں کہ دفعہ ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی روسے نگرانی ہوسکتی ہے۔

دوسرا سوال جس کا مجھے تصفیہ کرنا چاہیئے یہ ہے کہ آیا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو اس مقدمہ میں ضلع انبالہ کی پولیس سے حاکم بالادست کی حیثیت سے منظوری عطا کرنیکا اختیار حاصل تھا مقدمہ رام اسرے لال بنام ملکہ معظمہ (۳) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ گو کسی ضلع کے افسران پولیس بالعموم ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے ماتحت تھے مگر ماتحتی جو دفعہ ۱۹۵ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے مفہوم میں داخل ہے۔ ایسی ماتحتی نہ تھی۔ اس ماتحتی میں اعلیٰ افسر (پولیس) داخل تھا۔ قانون کی صحیح رائے معلوم ہوتی ہے اور مجھے یہ قرار دینا چاہیئے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو دفعہ ۱۹۵ (۶) مجموعہ ضابطہ فوجداری کی روسے منظوری عطا کرنیکا کوئی اختیار نہ تھا اس رائے کی جو فاضل سشن جج نے قائم کی تھی تائید نہیں کی جاسکتی۔

ایسی حالت میں میں نگرانی منظور کرتا ہوں اور اس منظوری کو منسوخ کرتا ہوں جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے عطا کی تھی۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

(۱) انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۱۰۱ (نظائر ہند صفحہ ۲۰۴) (۲) پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۰۷ء نمبر ۲ فوجداری (۳) انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۲۷ صفحہ ۴۵۲۔

سمن بہاری بنام ملک معظم (کلکتہ)

## ہائیکورٹ کلکتہ
### نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۸۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۲۳ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس سی سی گھوش و مسٹر جسٹس کیومنگ۔

سمن بہاری رائے عرف سمن بہاری رائے ․․․ نگرانیخواہ۔ بنام ملک معظم فریق مخالف

مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ سنہ ۱۸۶۰ء دفعات ۴۱۵، ۴۱۷، ۴۲۰ بیمہ شدہ لفافہ کی روانگی جسمیں یہ ظاہر کیا گیا ہو کہ نوٹ ہیں لیکن وہ دراصل خالی ہو یا دغا ہے۔

ملزم نے ایک بیمہ شدہ لفافہ مستغیث کے نام ڈاکخانہ کی توسط سے یہ ظاہر کر کے بھیجا کہ اس میں بہت سے سرکاری کرنسی نوٹ ہیں۔ وصول ہونے پر معلوم ہوا کہ لفافہ میں صرف ایک خط ہے جس میں نوٹوں کی روانگی کی اطلاع دی گئی تھی اور کچھ ردی کاغذ کے ٹکڑے۔ قرار دیا گیا کہ ملزم کا فعل دغا کی حد تک نہیں پہنچتا تھا کیونکہ مستغیث کو ان نتائج میں سے کوئی نتیجہ نہیں بھگتنا پڑا تھا۔ جنکی صراحت دفعہ ۴۱۵ مجموعہ تعزیرات میں کی گئی ہے۔

صفحہ ۱۸۷

حکم اظہار وجہ بنا بر نسخ حکم صادرہ ڈپٹی کمشنر سلہٹ۔

منجانب نگرانیخواہ۔ بابو منمتہا ناتھ مکرجی و بابو کنجا بہاری رائے۔

منجانب سرکار۔ مسٹر آر ڈپٹی لیگل ریممبرنسر۔

**فیصلہ۔** یہ حکم اظہار وجہ جاری کیا گیا تھا جسکی رو سے ڈپٹی کمشنر سلہٹ کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ وجہ ظاہر کرے کہ کیوں نگرانیخواہ کی تجویز ثبوت جرم اور حکم سزا جو اسکے خلاف صادر کیا گیا تھا اس بنا پر منسوخ نہ کیا جائے کہ ان واقعات کی بنا پر جو مستغاثہ نے بیان کئے تھے ایسا کوئی جرم ثابت نہیں ہوا ہے جو دفعہ ۴۲۰ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے قابل سزا ہے۔ ہم نے حکم اظہار وجہ کی تائید میں مسٹر منمتہا ناتھ مکرجی کی اور سرکار کی جانب سے مسٹر آر کی بحث سماعت کی ہے اور ان وجوہ کی بنا پر جو ذیل میں درج کی جاتی ہیں ہماری یہ رائے ہے کہ مسٹر مکرجی کی بحث کامیاب رہنی چاہیئے۔

واقعات جو استغاثہ نے بیان کئے تھے مختصراً حسب ذیل ہیں:— یہ بیان کیا گیا ہے کہ ملزم نے ایک شخص نوبن چندرا چودہری کے نام ایک بیمہ شدہ لفافہ یہ ظاہر کر کے روانہ کیا کہ اس میں سو سو روپیہ کے آٹھ گورنمنٹ پرامیسری نوٹ تھے۔ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ لفافہ زیر بحث ملزم نے اصالتاً نیلم بازار ڈاکخانہ کے عامل کو ۱۶ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء کو حوالہ کیا تھا۔ یہ لفافہ بیلیا گھاٹ کے ڈاکخانہ میں ۱۸ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء کو وصول ہوا تھا اور وہ مذکورہ بالا نوبن چندرا چودہری کے ایک کارندہ کے حوالہ کر دیا گیا تھا جب مکتوب الیہ نے لفافہ کھولا تو اس میں ایک خط تھا جسمیں مبلغ ۸۰۰ کی روانگی کی اطلاع دی گئی تھی۔ اور ردی کاغذات کے بہت سے ٹکڑے تھے۔ لفافہ کے اندر کوئی گورنمنٹ کرنسی نوٹ نہیں ملا۔ اس پر مکتوب الیہ نے بیلیا گھاٹ کے ڈاکخانہ کے عامل سے مراسلت کی اور پولیس کو بھی طلب کیا گیا تھا۔

سشن جج نے ان واقعات کو صحیح قرار دیا ہے اور جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے نگرانیخواہ کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ یہ واقعات صحیح ہیں تو بھی کوئی جرم حسب دفعہ ۴۲۰ مجموعہ تعزیرات ہند ثابت نہیں ہوتا ہے۔

اب جرم دغا کے اجزا معلوم کرنیکے لئے ہمیں دفعہ ۴۱۵ مجموعہ تعزیرات ہند پر غور کرنا چاہیئے۔ اجزا جو اس دفعہ کے لئے ضروری ہیں وہ یہ ہیں:—

۱۔ کسی شخص کو دھوکہ دینا۔

۲-(الف) فریب یا بددیانتی سے اس کو ترغیب دینا -
(۱) کہ وہ کوئی جائداد کسی شخص کے حوالہ کرے یا
(۲) اس امر پر رضا مند ہو کہ کوئی شخص کوئی جائداد رکھے یا
(ب) یا اس شخص کو بالارادہ یہ ترغیب دینا کہ وہ کسی ایسے امر کا ارتکاب یا ترک کرے جس کا ارتکاب یا ترک وہ نہ کرتا اگر اس کو دھوکہ نہ دیا جاتا اور جسکے ارتکاب یا ترک سے اس شخص کے جسم خاطر نیکنامی یا جائداد کو مضرت پہونچی ہو یا اسکے پہونچنے کا احتمال ہو۔

اب اس مقدمہ میں قرار دئے ہوئے واقعات کے لحاظ سے ہمارے لئے یہ کہنا دشوار ہے کہ آیا شخص کو جسے دھوکہ دیا گیا تھا یہ ترغیب ہوئی ہے کہ وہ کوئی جائداد کسی دوسرے شخص کے حوالہ کرے یا اس بات پر رضا مند ہو کہ مذکورہ بالا دوسرا شخص کوئی جائداد اپنے پاس رکھے یا یہ کہ اس شخص کو جسے دھوکہ ہوا تھا یہ ترغیب دی گئی ہے کہ وہ کسی ایسے امر کا ارتکاب یا ترک کرے جس کا ارتکاب یا ترک وہ نہ کرتا - اگر اس کو اس طرح پر دھوکہ نہ دیا جاتا اور جسکے ارتکاب یا ترک سے اس شخص کے جسم خاطر نیکنامی یا جائداد کو مضرت پہونچی ہے یا پہونچنے کا احتمال ہے - دھوکہ کھائے ہوئے شخص کو جو کچھ کہ کرنیکی ترغیب ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ اس نے ایک رسید پر دستخط کئے ہیں جسمیں ایک لفافہ کے حوالہ کئے جانیکو تسلیم کیا ہے اس رسید کے ذریعہ سے اس نے کسی رقم کی وصولیابی سے اقرار نہیں کیا ہے جسکی نسبت یہ بیان کیا گیا تھا کہ وہ اس لفافہ میں ملفوف تھی - ایسی حالت میں ہم یہ کہنے کے ناقابل ہیں کہ ان حالات کے لحاظ سے جو مکابر روبرو شل سے ظاہر ہوتے ہیں دغا کا الزام ملزم کے خلاف ثابت کیا گیا ہے - پس نتیجہ یہ ہے کہ حکم اطلاع وجہ قطعی قرار دیا جاتا ہے - مگر انجواء کا ضمانت نامہ منسوخ کیا جائیگا - اور رقم جرمانہ اگر ادا کی گئی ہے تو وہ واپس کردی جائیگی -

حکم اطلاع وجہ قطعی قرار دیا گیا -

رام بہاری بنام ملک معظم (کلکتہ) صفحہ ۷۸۲

## ہائیکورٹ لاہور

## درخواست نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۵۰۷ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۹ فروری ۱۹۲۳ء

باجلاس - مسٹر جسٹس موتی ساگر

گنپت رائے وغیرہ - ملزمین نگرانیخواہان بنام ملک معظم - طرف ثانی -

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۲۵۷ - گواہوں کو طلب کرنے سے انکار کرنیکے متعلق مجسٹریٹ کے اختیار تمیزی کی وسعت - اس حکم کا جواز جسکی روسے یہ ہدایت دی گئی ہو کہ گواہان کے اخراجات داخل کئے جاویں -

دفعہ ۲۵۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی عبارت تاکیدی ہے - اور مجسٹریٹ کو یہ اختیار تمیزی نہیں ہوتا کہ کسی گواہ کی حاضری کیلئے طلب نامہ جاری کرنے سے محض اس وجہ سے انکار کرے کہ وہ یہ خیال کرتا ہے کہ اس کو عدالت میں حاضر ہونے کے لئے بطور گواہ کے طلب کرنے سے کوئی مفید مطلب نتیجہ نکلیگا - وہ شخص جو انکی طلبی کے لئے درخواست کرے اس معاملہ کا بہترین جج ہوتا ہے اور مجسٹریٹ کا کام یہ کہنا نہیں ہے کہ کون سے گواہان اسکے لئے کارآمد ہونگے اور کون سے نہ ہونگے - وہ وجوہ جنکی بناء پر گواہوں کو طلب کرنیکی درخواست نامنظور کیجا سکتی ہے صرف وہ ہیں جنکی صراحت فقرہ (۱) دفعہ ۲۵۷ میں کی گئی ہے اور مجسٹریٹ اس کا مجاز نہیں ہو سکتا کہ وہ کسی دوسری وجہ پر درخواست کو نامنظور کرے - دفعہ ۲۵۷ (۲) مجموعہ ضابطہ فوجداری اس مجسٹریٹ کو جو کسی مقدمہ کی تحقیقات

لنپت رائے بنام ملک معظم (لاہور)

زیر دفعہ ۱۰۷ میں مجسٹریٹ کو کامل اختیارات عطا کئے ہیں کہ معقول اخراجات جو کسی گواہ کی حاضری کے لئے ضروری ہوں اس شخص کی جانب سے جو ایسی درخواست کرے عدالت میں داخل ہونے قبل اسکے کہ گواہ طلب کیا جائے۔ قاعدہ بلا شبہ پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۹ء نمبر ۲ فوجداری سے اختلاف کیا گیا۔

درخواست حسب دفعہ ۴۳۹ ضابطہ فوجداری بغرض نگرانی حکم مصدرہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کرنال مورخہ ۲۸ نومبر ۱۹۲۱ء۔

منجانب نگرانیخواہان مسٹر تیرتھ چند۔

منجانب فریق ثانی مسٹر سی ایچ کارڈن نواد۔

**فیصلہ**۔ تین نگرانیخواہوں۔ مانی رام، خوشی رام و گنپت رائے نے جنکے خلاف دفعہ ۱۰۸ و ضابطہ فوجداری کی رو سے کارروائی کی گئی تھی۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کرنال کے روبرو تین علیحدہ علیحدہ درخواستیں بعض گواہوں کی طلبی اور بعض کاغذات کے حاضر لائے جانے کے متعلق پیش کیں۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے بعض گواہوں کو اس بنا پر طلب کرنے سے انکار کیا کہ ان کو طلب کرنیکے لئے درخواستیں تاخیر اور ان گواہوں کی ایذا رسانی کی غرض سے پیش کی گئی تھیں اور دوسروں کو اس بنا پر کہ عدالت میں گواہوں کی حیثیت سے حاضر ہونے کے لئے ان کو طلب کرنے سے کوئی مفید نتیجہ نہ نکلیگا۔ جبکہ دوسروں کی نسبت انہوں نے یہ حکم دیا کہ وہ طلب کئے جاسکتے تھے بشرطیکہ نگرانیخواہان ان کی حاضری کے اخراجات کی تکمیل کے لیئے عدالت میں کچھ رقم داخل کریں۔ کاغذات کی حد تک انہوں نے یہ حکم دیا کہ نگرانیخواہوں کو ان کاغذات کے متعلقہ دستاویزات کی نقول داخل کرانی چاہیئے جن سے وہ استناد کرنا چاہتے تھے اور یہ کہ اگر نقول کے معائنہ سے ان کو یہ معلوم ہوا تھا کہ اصلی دستاویزات کا پیش کیا جانا ضروری تھا تو وہ ان دستاویزات کو طلب کرینگے۔

ان احکام کی نارضامندی سے نگرانیخواہوں نے عدالت ہذا میں ایک درخواست نگرانی پیش کی ہے اور انکی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ احکام جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے صادر کئے تھے نامناسب ہیں اور وہ منسوخ کئے جانے چاہئیں۔ یہ امر سہولت بخش ہوگا کہ علیحدہ علیحدہ ان احکام کی نسبت بحث کی جائے جو ہر ایک درخواست پر صادر کئے گئے تھے۔ لال نے ۲۷ نومبر ۱۹۲۱ء کو یہ درخواست پیش کی کہ حسب ذیل تین گواہوں کو اسکی جانب سے طلب کیا جانا چاہیئے۔

(۱) لالہ بنی پرشاد وکیل انبالہ۔

(۲) چودھری غلام حبیب وکیل انبالہ اور

(۳) سکرٹری پراونشل کانگریس کمیٹی لاہور۔

اس درخواست پر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا حکم یہ تھا کہ گواہوں کو طلب کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ نگرانیخواہ ان کی حاضری کے اخراجات کی تکمیل کے لئے عدالت میں مبلغ ... کی رقم داخل کرے۔ میں یہ نہیں خیال کرتا کہ اس حکم میں کوئی امر خلاف عقل یا نامناسب ہے اور میں اس کو منسوخ کرنے سے انکار کرتا ہوں۔ دفعہ ۲۵۷ (۲) مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے اس مجسٹریٹ کو جو کسی مقدمہ کی تحقیقات کر رہا ہو اس قسم کا حکم صادر کرنے کے کامل اختیارات عطا کئے گئے ہیں کہ گواہ کے ضروری مصارف حاضری سائل عدالت میں جمع کردے قبل اسکے کہ وہ طلب کیا جائے اور یہ نہیں ظاہر نہیں کیا گیا ہے کہ کیوں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو اس خاص مقدمہ میں یہ اختیار نہ استعمال کرنا چاہیئے تھا۔ کونسل نے قادر بخش بنام ملکہ معظمہ (۱) سے استناد کیا ہے جسمیں یہ قرار دیا گیا تھا کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا حکم جس کی رو سے ملزم کی جانب سے ان کے مصارف ادا ہونے کے بغیر گواہان صفائی کو طلب کرنے سے انکار کیا ہو بہت ہی شاذ صادر کرنا چاہیئے اور ایسے مقدمہ میں نامناسب حکم تھا ہے۔

(۱) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۹ء نمبر ۲ فوجداری۔

گنپت رائے بنام ملک معظم (لاہور)

جہاں ملزم رقم داخل کرنے کے نا قابل ہو باسکے داخل کرنے سے انکار کرے ان فاضل جج کے لئے کمال تعظیم کے باوجود جو اس فیصلہ کے لئے ذمہ وار تھے میں تسلیم کرتا ہوں کہ میں اس قسم کے حکم میں کوئی ناجوازی نہیں پاتا اگر اس حکم کی جو اس فیصلہ میں دیا گیا تھا لفظ بہ لفظ تقلید کی جائے تو دفعہ ۲۵۷ (۲) مجموعہ ضابطہ فوجداری بالکل بیکار ہو جائیگی میں ایسے مقدمہ کا خیال نہیں کر سکتا جہاں کوئی شخص ملزم رضامندی سے اپنے گواہوں کے مصارف داخل کریگا اگر اس کو یہ علم ہو کہ اپنے گواہوں کو سرکاری خرچہ پر طلب کرانے کا اس کو مستحق قرار دینے کے لئے یہ کافی تھا کہ وہ اپنی نارضی کا اظہار کرے میری رائے ہیں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے اپنا اختیار تمیزی نامناسب یا ناجائز طریقہ سے نہیں استعمال کیا ہے اور ایسی حالت میں میں حکم زیر بحث میں دست اندازی کرنے سے قاصر ہوں لیکن اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ ان مصارف کی بابتہ جو صرف تین گواہوں کی حاضری کے لئے ہوسکتے ہیں اسے بہت ہی زیادہ رقم ہے یہ امر قابل غور ہے کہ طلب کئے ہوئے تین گواہوں کے منجملہ دو ویسے ہی اصحاب ہیں جو انبالہ میں رہتے ہیں جبکہ تیسرے گواہ کو لاہور سے کرنال آنا پڑیگا۔ اس واقعہ کے لحاظ سے کہ اس رقم میں جسکے داخل کئے جانیکا حکم دیا گیا ہے طلب کئے ہوئے گواہوں کے ریل کا کرایہ بھی داخل ہے میں یہ نہیں خیال کرتا کہ یہ غیر معقول طور پر بڑی رقم ہے۔

دوسری صورت جس پر غور کرنا چاہیئے گنپت رائے کی ہے اس نے ۴۸ گواہوں کو طلب کیا تھا اور ۱۲ کاغذات کی طلبی کیلئے استدعا کی تھی۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے یہ حکم دیا تھا کہ ان تمام اشخاص کے ریل کے کرایہ کے علاوہ جنکو خود کرنال کے علاوہ دوسرے مقامات سے آنا پڑیگا نگرانیخواہوں کو چاہیئے کہ ہر گواہ کے لئے مبلغ ... روپیہ داخل کرے تاکہ عدالت میں اسکی حاضری کے مصارف برداشت کئے جاسکیں قبل اسکے کہ گواہوں کو طلب کئے جانیکی اجازت دی جاسکتی ہو نگرانیخواہ کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ ہر گواہ کے لئے مبلغ صدر کی رقم بہت زیادہ ہے لیکن اس واقعہ کے لحاظ سے کہ طلب کئے ہوئے بعض گواہان وکلاء ہیں اور بعض دوسرے خود شہر کے معزز اصحاب ہیں میں یہ نہیں خیال کرتا کہ وہ رقم جسکے داخل کئے جانیکی ہدایت دی گئی ہے زیادہ ہے۔ اس امر پر بھی زور دیا گیا ہے کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے لئے یہ ناممکن ہوگا کہ وہ ایک دن میں تمام ۴۸ گواہوں کا اظہار قلمبند کریں اور یہ کہ نگرانیخواہ کو بہت زیادہ غیر ضروری مصارف برداشت کرنے پڑینگے اگر اس کو یہ کہا جائے کہ تمام گواہوں کو ایک تاریخ پر طلب کرے اور گواہوں کو تاریخ مذکور پر اپنے بیانات قلمبند کرائے بغیر واپس جانا پڑے میں خیال کرتا ہوں کہ اس بحث میں قوت ہے اور ایسی حالت میں میں یہ حکم دونگا کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو ایک پیشی پر صرف اتنے ہی گواہوں کو طلب کرنا چاہیئے جنکی نسبت وہ خیال کریں کہ وہ تاریخ مذکور پر اظہار دے سکینگے۔

خوشی رام نے دس گواہوں کو طلب کیا تھا اور وہ یہ چاہتا تھا کہ تین کاغذات طلب کئے جاویں۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے یہ اجازت دی کہ صرف ایک گواہ طلب کیا جائے اور باقیماندہ نو گواہوں کی نسبت درخواست نامنظور کی۔ نگرانیخواہ کے کونسل نے میرے روبرو یہ بیان کیا ہے کہ وہ پہلے چار گواہوں کا اظہار لینا نہیں چاہتے یعنے۔

(۱) ڈویژن انبالہ کے کمشنر۔

(۲) تھانیسر کے تحصیلدار۔

(۳) حصار کے سب جج۔

... نیا لکے انسپکٹر آبکاری اور بیان ... انہوں
... درخواست ... ڈالی ... ہے
میں ... مجسٹریٹ ... ان بار گواہوں کے ... بلایا
رکھا جائے ... کوئی ... وجہ ... پانچ گواہوں ڈسٹرکٹ
مجسٹریٹ نے ... پانچ گواہ ... طلب ... سے انکار کرنا
... دفعہ ... مجموعہ ضابطہ فوجداری ... با رستا آگہی
ہے اور مجسٹریٹ کو یہ اختیار ... کہ وہ کسی گواہ کی حاضری
... اس وجہ سے انکار کرے کہ
وہ ... کو عدالت میں حاضر ہونے کے لئے طلب
... طلب کرنے سے کوئی مفید مطلب نکلیگا وہ وجوہ جنکی
بنا پر کوئی درخواست نامنظور کی جا سکتی ہے صرف وہ ہیں جنکی
صراحت فقرہ (۱) دفعہ ۲۵۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری میں کی گئی ہے
اور مجسٹریٹ کو یہ اختیار نہیں ہوتا کہ وہ کسی دوسری وجہ پر درخواست
نامنظور کرے۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے اس مقدمہ میں پانچ گواہوں
کے متعلق درخواست اس وجہ سے نامنظور نہیں کی ہے کہ وہ خیال
کرتے ہیں کہ درخواست غیر اہم یا پریشان کن ہے بلکہ اس بنا
پر نامنظور کی ہے کہ ان کی گواہی نگرانیخواہ کے لئے زیادہ
سودمند ہوگی۔ اس معاملہ میں سائل ... ہوتا ہے
اور یہ کہنا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا کام نہیں ہے کہ اس ملزم کے لئے
کون سے گواہ سودمند ہونگے اور کون سے نہ ہونگے۔ ایسی صورت
میں میں نگرانی اس حد تک منظور کرتا ہوں کہ یہ قرار دیا جائے
کہ تمام گواہوں کو سوائے ان کے جس سے نگرانیخواہ نے اس
عدالت میں دست برداری حاصل کی ہے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
اگر وہ ایسا کرنا چاہیں طلب کرینگے۔ کاغذات کے متعلق میرے
روبرو یہ بیان کیا گیا ہے کہ ان کا پیش کیا جانا ضروری ہے

چونکہ نگرانیخواہ ان تاریخوں پر مختلف عدالتوں میں اپنی حاضری
ثابت کرنی چاہتا ہے جب اس کی نسبت یہ بیان کیا گیا ہے کہ اس
نے مدعی ... قابل اعتراض تقریریں کی تھیں اور یہ کہ ان عدالتوں
میں اسکی حاضری کا واقعہ کاغذات میں مندرج ہے۔ یہ یاد رکھنا
چاہئیے کہ ... شہادت ہونگے جب اصلی دستاویزات
موجود ہوں اور گواہوں کے لئے یہ ناممکن ہوگا کہ وہ ان واقعات
کے متعلق اظہارات دیں جو ان دستاویزات میں درج تھے
بجز اسکے کہ وہ عدالت کے روبرو ہوں۔ ان حالات میں میری
یہ رائے ہے کہ یہ اجازت دیجانی چاہیئے تھی کہ کاغذات کو
پیش کیا جائے بغیر اسکے کہ نگرانیخواہوں کو مصدقہ نقول
حاصل کرنیکا ضروری صرفہ برداشت کرنا پڑے۔
میں نگرانی منظور کرتا ہوں اور فاضل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
کے احکام میں اس حد تک ترمیم کرتا ہوں جس کی صراحت
اوپر کی گئی ہے۔ درخواست منظور کیگئی۔

## ہائیکورٹ کلکتہ

### استصواب فوجداری

نمبر مقدمہ ۵۷ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۱ مئی ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس گھوش و مسٹر جسٹس کیومنگ

گنودا داسیا۔ ملزمہ۔ سائل بنام سرینتا گھوش ... علیہ

تحقیقات فوجداری۔ گواہ کا بہرا ہونا لیکن بولنے اور لکھنے کے
قابل ہونا۔ گواہ کا اظہار قلمبند کرنے سے انکار کا اثر۔
کسی مجسٹریٹ کو یہ اختیار نہیں ہوتا کہ وہ ایسے گواہ کے اظہار
لینے سے انکار کرے جو بہرا ہو لیکن جو بولنے اور لکھنے کے لائق
ہو اور ایسا انکار اگر وہ نقصان دہ ہو تحقیقات کو کالعدم کر دیتا ہے
استصواب منجانب سشن جج پنبدو بوگرا۔

بمقدمہ ... بنام ملک ... (لاہور)

صفحہ ۷۸۴

منجانب مدعا علیہ - بابو نشینتا ناتھ گہنک -

**فیصلہ** - یہ استصواب اس مقدمہ سے پیدا ہوا ہے جو احکام مندرجہ دفعہ ۴۸۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے تحت ایک بیوہ نے اپنی ایک غیر صحیح النسب اولاد کی پرورش کے لئے جو ایک شخص سرینیتا گہوش سے ہوئی تھی صدور احکام کے لئے رجوع کیا تھا ڈپٹی مجسٹریٹ نے یہ ہدایت دی کہ سرینیتا گہوش کو چاہیئے کہ غیر صحیح النسب اولاد کی پرورش کے لئے مبلغ ۵ماہانہ ادا کرے۔ اس حکم کی نارضی سے ایک درخواست نگرانی ذیعلم سشن جج پنبہ و بوگرا کے روبرو پیش کی گئی تھی۔ ذیعلم سشن جج نے مثل کا معائنہ کرکے یہ قرار دیا کہ ایک گواہ کا اظہار قلمبند کرنے سے مجسٹریٹ عدالت ابتدائی کے انکار کیوجہ سے تحقیقات کالعدم ہوگئی تھی جسکی نسبت یہ بیان کیا گیا تھا کہ وہ بہرا تھا لیکن جو بول سکتا اور لکھ سکتا تھا اور نیز یہ کہ مقدمہ کی شہادت اس طریقہ سے قلمبند نہیں کی گئی تھی جو مجموعہ میں مقرر کیا گیا تھا۔

اس آخری امر کی حد تک ہمیں یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شہادت کی قلمبندی کو جس طور پر وہ موجود ہے اس شہادت کی یادداشت کے طور پر نہیں کہا جاسکتا جسکے کرنیکا مجموعہ ضابطہ فوجداری کے احکام کی رو سے مجسٹریٹ پابند تھا۔ ہم خیال کرتے ہیں کہ شہادت کا اندراج زیادہ مکمل ہونا چاہیئے تھا۔

پہلے امر کی حد تک ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک شخص نگوئیدا سرکار کا اظہار قلمبند نہ کرنیمیں مجسٹریٹ عدالت ابتدائی کا عمل صریحاً غلط تھا شخص بہرا ہے لیکن وہ بول سکتا اور لکھ سکتا ہے۔ ہم کوئی وجہ نہیں پاتے کہ کیوں اس گواہ کا اظہار قلمبند کرنے کی کارروائی نہ کیجانی چاہیئے تھی اور ہم خیال کرتے ہیں کہ اس گواہ کا اظہار قلمبند کرنے سے مجسٹریٹ عدالت ابتدائی کے انکار کرنے سے نگرانیخواہ سرینیتا گہوش کو اہم نقصان پہنچا ہے ایسی حالت میں ہم خیال کرتے ہیں کہ معاملہ ابتدائی درخواست کی سماعت کیلئے واپس ہونا چاہیئے جو دفعہ ۴۸۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے پیش کی گئی تھی مجسٹریٹ اس تمام شہادت کو قلمبند کریگا جو فریقین کی جانب سے پیش ہو قانون کے مطابق احکام صادر کریگا۔

نتیجہ یہ ہے کہ ہم اس استصواب کو منظور کرتے ہیں جو ذیعلم سشن جج نے کیا تھا اور مجسٹریٹ عدالت ابتدائی کا حکم منسوخ کرتے ہوئے یہ ہدایت دیتے ہیں کہ ان امور کی روشنی میں جو اوپر ظاہر کی گئی ہیں مکرر سماعت کیجائے۔ استصواب منظور کیا گیا

گنودا داسیا بنام سرینیتا گہوش (کلکتہ)

صفحہ ۸۵

## ہائیکورٹ لاہور

استصواب دیوانی

نمبر مقدمہ ۹ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲ مارچ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس لی راسگنل و مسٹر جسٹس براڈوے۔

بالاارام - بنام کمیٹی رقبہ مشتہرہ کوٹ ادو ضلع مظفر گڑھ - مدعی - طرف ثانی -

مدعی علیہ - نگرانیخواہ -

قانون صفائی پنجاب ایکٹ ۳ بابتہ ۱۹۱۱ء دفعہ ۲۴۲ (۱) (الف) کے تحت اعلان - ٹیکس متعلق پیشہ نائب تحصیلدار پیشہ نہیں ہے۔

سرکاری ملازم مثلاً تحصیلدار یا نائب تحصیلدار خدمت پر مقرر کیا جاتا ہے اور وہ خدمت پر قابض ہوتا ہے اور وہ کوئی پیشہ نہیں کرتا جس کی وجہ سے وہ ٹیکس متعلق پیشہ عائد کرنیکی غرض سے دفعہ ۲۴۲ (۱) (الف) قانون صفائی پنجاب کے بموجب گورنمنٹ پنجاب کے اعلان کی منشا میں آجائے۔

کمیٹی رقبہ مشتہرہ دنا بنام جیتر بہاری نارائن انڈین کیسیز جلد ۷۱

صفحہ ۹۱ کا حوالہ دیا گیا -

تحریک زیر دفعہ ۴۳ قانون صفائی منجانب ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ

پالا رام بنام ... کمیٹی اڈو (لاہور)

[illegible] ... بابت [illegible] وقدم ... ہائیکورٹ

حکم۔ دفعہ ۴۴ قانون صفائی پنجاب کے بموجب ...
پنجاب ... نوٹیفکیشن ... شہرہ رقبہ ... اعلان نمبر ۲۲
مورخہ ۲ مارچ ۱۹۱۷ء ... ذیل ... ایک
ٹیکس متعلق پیشہ عائد کیا۔

احکام مندرجہ دفعہ ۲۴۲ (۱) (الف) قانون صفائی پنجاب
نمبر ۳ بابت ۱۹۱۱ء کے بموجب عمل کرتے ہوئے لفٹنٹ گورنر
کوٹ اڈو ضلع مظفرگڑھ ... شہرہ رقبہ ... ذیل ٹیکس متعلق
پیشہ یکم جولائی ۱۹۱۷ء سے عائد کرتے ہیں:-

ٹیکس کی تعریف:-

"اشخاص کی ... ہے۔ وہ تمام
اشخاص جو کوئی پیشہ کرتے ہوں یا کوٹ اڈو ... شہرہ رقبہ میں
کوئی تجارت کرتے ہوں ...... "

اس ٹیکس کو ... ادا کرنے والی ...
وہ ... ڈپٹی کمشنر ضلع مظفرگڑھ کی منظوری کے تابع ...
نے یہ خیال کیا تھا کہ لالہ بالا رام کوٹ اڈو کے تحصیلدار نائب ...
ٹیکس کی ادائی کے پابند تھے اور جب ان پر ٹیکس ... کیا۔ انہوں
نے اعتراض کیا اور ڈپٹی کمشنر مظفرگڑھ نے یہ سوال دفعہ ...
(۲) قانون صفائی کی رو سے ہائیکورٹ کے سپرد کیا تاکہ ...
امر کے متعلق تصفیہ کیا جائے کہ آیا اصطلاح "اشخاص جو کوئی پیشہ
کرتے ہوں یا کوئی تجارت کرتے ہوں" میں نائب تحصیلدار داخل
ہے۔ یہ معاملہ جسٹس میریسن کے روبرو پیش ہوا جنہوں نے یہ سوال
ڈویژن بنچ کے سپرد کیا ہے۔

ایک غیر مشتہرہ مقدمہ میں جو بطور کمیٹی رقبہ مشتہرہ افسانام
... ہاری نارائن (۱) کے طبع کیا گیا تھا جسٹس اسکاٹ اسمتھ

نے یہ قرار دیا تھا کہ منصف کی نسبت یہ نہیں کہا جا سکتا تھا کہ
وہ پیشہ ... تھا اور یہ ہی ایک موقع معلوم ہوتا ہے جب یہ امر
اس عدالت کے روبرو پیش ہوا ہے یہ واضح معلوم ہوتا ہے
کہ تحصیلدار یا نائب تحصیلدار کوئی تجارت نہیں کرتا اور نہ
اس کی نسبت یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ مشتہرہ رقبہ میں کوئی پیشہ
کرتا ہے۔ پیشہ کی تعریف ... ڈکشنری میں حسب ذیل کی گئی
ہے "وہ شغل جو کاریگری، کاشتکاری وغیرہ سے متعلق نہ ہو جس میں
کوئی شخص مصروف ہو جائے۔ وہ کاروبار جس کے متعلق کوئی
شخص یہ قرار کرے کہ وہ اس کو سمجھتا ہے اور کسب معاش کے
... اس کو ... حرفہ، شغل اور نوکری"۔
تحصیلدار یا نائب تحصیلدار کی نسبت بمشکل یہ کہا جا سکتا
... مندرجہ بالا مفہوم میں پیشہ کرتا ہے۔ بہ زیادہ بہتر
ہوگا کہ اس کی تعریف ... کی جائے کہ وہ ایک خدمت
... بالعموم جو اصطلاح لغت قانونی مولفہ اسٹراؤڈ کے
مطابق سرکاری یا خانگی ملازمت استعمال کی گیا اور اسکے
متعلق فیس اور معاوضہ یا تنخواہ ... اور وہ بعض اوقات سرکاری
ملازمت ... محدود ہے جو قانون کے تابع ہو جیسا کہ لغت قانونی
... میں اصطلاح "عہدہ" کی نسبت یہ بیان کیا گیا
ہے کہ وہ "عدالتی یا ملکی یا فوجی یا مذہبی ملازمت ہے"
تحصیلدار یا نائب تحصیلدار جیسا سرکاری ملازم عہدہ پر مقرر
کیا جاتا ہے اور وہ اس پر قابض ہوتا ہے اور وہ ہماری رائے
میں پیشہ یا شغل انجام نہیں دیتا جو اس کو اعلان زیر بحث
کے منشاء میں لے آئیگا۔

پس استصواب کی نسبت ہمارا جواب نفی میں ہے۔
نفی میں جواب دیا گیا۔

(۱) انڈین کیسیز جلد ۴۴ صفحہ ۹۱۔

(۴۷۷)

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ اعلیٰ دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۶۳۹ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء منفصلہ ۱۲ فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ہیرسن کانلٹ آستہ و مسٹر جسٹس فورڈ

**مساۃ سنت کور وغیرہ بنام شبیر سنگھ وغیرہ۔**

مدعی علیہم۔ مرافعان۔ مدعیان۔ مرافعہ علیہم

رواج۔ وراثت۔ یکجدی رشتہ داروں کا دوسرے موضع میں رہنا۔ بہنیں بمقابلہ رشتہ داران یکجدی۔ مکسوبہ جائداد۔ ضلع امرتسر کے جاٹ۔ رواج عام کے اندراج کی وقعت۔

بادی النظر میں شخص متوفی کے یکجدی رشتہ داران اسکی اسٹیٹ میں حصہ پانے کے مستحق ہوتے ہیں اگر وہ دوسرے موضع میں رہتے ہوں اور اس موضع میں کوئی اراضی نہ رکھتے ہوں جس میں متوفی کی اراضی واقع ہو۔ دیارام بنام سہیل سنگھ پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۱۱ء نمبر ۱۱۰ فل بنچ انڈین کیسیز جلد ۱۰ صفحہ ۲۳۰ کی تقلید کی گئی۔

ان اشخاص کے مابین جو رواجی قانون کی پابندی کرتے ہوں لاولد مالک از قسم ذکور کی بہن کی حیثیت وراثت کی اغراض کے لئے بیٹی کے مشابہ نہیں کہی جا سکتی اور ان معاملات میں وہ اس مالک کی بہن کے طور پر نہ کہ اسکے باپ کی بیٹی کے طور پر تصور کی جانی چاہیئے۔ ہمیرا بنام رام سنگھ پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء نمبر ۱۳۴ کی تقلید کی گئی۔ ضلع امرتسر کے جاٹوں میں یہ ثابت کرنیکا بار بہن پر ہوتا ہے کہ وہ تیسری پشت کے یکجدی رشتہ داروں کے مقابلہ میں اپنے بھائی کی مکسوبہ جائداد پر وارث ہونیکا حق رکھتی ہے (نظائر تجویز کرگئی)

رواج عام کا اندراج جو عام رواج کے خلاف نہ ہو اس رواج کی تائید میں قوی چند شہادت ہوتا ہے جس کا ذکر اس کیا گیا تھا۔ بگا بنام الہ دتیا۔ انڈین کیسیز جلد ۴۰ صفحہ ۲۰۵ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ اولیٰ بنا راضی ڈگری مصدرہ سب آرڈینیٹ جج لائل پور مورخہ ۱۶ جولائی سنہ ۱۹۱۹ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر این۔ سی۔ پنڈت۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ ڈاکٹر جی۔ سی نرنگ مسٹر جیون لال کپور و لالہ جیوی دیال۔

**فیصلہ۔** اس دعویٰ کے فریقین کا شجرہ خاندانی جس سے موجودہ مرافعہ پیدا ہوا ہے مطبوعہ مثل کے صفحہ ۷ پر ملیگا۔

فریقین کا آبائی مکان ضلع امرتسر میں ہے لیکن متنازعہ جائداد جو رقبہ میں تقریباً ۷۰ ایکڑ ہے سیوا سنگھ نے ضلع لائل پور میں حاصل کی تھی۔ وہ ۱۰ اکتوبر سنہ ۱۹۱۵ء کو فوت ہوا اور اس کا قائم مقام اس کا بیٹا اتم سنگھ ہوا جو پندرہ روز کے بعد ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۹۱۵ء کو فوت ہوا ہے۔ اتم سنگھ کی وفات کے بعد متنازعہ جائداد کی نسبت عمل در آمد اخراج اسماء مساۃ سنت کور اور مساۃ دھن کور کی جو مسماۃ سنت کور کی ہمشیرہ ہے انکے ناموں پر نیز اتم سنگھ کی بیٹی مساۃ ہرنس کور کے نام پر اور مدعی علیہم نمبر ۳ تا ۶ کے ناموں پر جو اتم سنگھ کی بہنیں اور سیوا سنگھ کی بیٹیاں تھیں بحصص مساوی ہوا تھا مدعیان نے جو سیوا سنگھ کے بھائی اور بھتیجے ہیں موجودہ دعویٰ اس استقرار کے لئے رجوع کیا تھا کہ عمل در آمد اخراج اسماء کی شکل میں جو منتقلی مساۃ سنت کور کو چھوڑ کر مدعی علیہم کے حق میں کی گئی تھی اس کا اثر مساۃ سنت کور کی وفات یا ازدواج ثانی کے بعد انکے حقوق وراثت پر نہ پڑنا چاہیئے۔ عدالت ماتحت نے قانون رواجی ضلع امرتسر مولفہ مسٹر کریک کے سوال نمبر ۷ کے جواب اور ڈائجسٹ قانون رواجی مولفہ رٹیگن دفعہ ۲۴ اور ہمیرا بنام رام سنگھ (۱) کے لحاظ سے یہ رائے قائم کی کہ بار ثبوت

(۱) پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء نمبر ۱۳۴۔

مساۃ سنت کور
بنام
شبیر سنگھ
(لاہور)

سماۃ سنت کور بنام شیر سنگھ (لاہور)

مدعی علیہم پر تھا اور یہ قرار دیا گیا کہ انہوں نے اس سے سنگہ وراثتی نہیں حاصل کی تھی مدعیان کو یہ ڈگری عطا کی کہ مدعی علیہم نمبر ۲ تا ۴ کے حق میں متنازعہ اراضی کے ½ حصہ کے منتقلی کا اثر سماۃ سنت کور کی وفات یا ازدواج ثانی پر مدعیان کے حقوق عودی پر نہ پڑنا چاہیئے۔

مدعی علیہم نے اس عدالت میں مرافعہ کیا ہے اور چونکہ عملی طور پر مثل میں کوئی شہادت موجود نہیں ہے اس لئے بحث صرف یہ ہے کہ کس فریق پر بار ثبوت ہے۔

مرافعان کی جانب سے مسٹر ایم۔ سی پنڈت نے اس واقعہ پر کسی قدر زور دیا تھا کہ مدعیان ضلع امرتسر میں رہتے تھے جبکہ وہ اراضی جو سیوا سنگہ نے حاصل کی تھی ضلع لائل پور میں تھی جہاں خود مدعیان کی کوئی اراضی نہ تھی۔ ہماری رائے میں یہ واقعہ سیوا سنگھ کے یکجدی رشتہ داروں کی حیثیت سے مدعیان کے حق وراثت پر کسی طرح سے اثر نہیں ڈالتا۔ دیارام بنام سہیل سنگھ (۲) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ لوکہا بنام ہری (۳) اور دوسری متعلقہ نظائر میں یہ نہیں قرار دیا گیا ہے کہ نسب کا محض یکساں ہونا کسی متوفی مالک اراضی کے یکجدیوں کو اس کی مکسوبہ اراضی کے متعلق وراثت کا حق نہیں دیتا جو اس نے اس موضع میں چھوڑی تھی جس میں وہ کوئی اراضی نہیں رکھتے ہیں اس کی تقلید نندا بنام ہیرا (۴) میں کی گئی تھی جس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ بادی النظر میں شخص متوفی کے یکجدی رشتہ داران اسکی اسٹیٹ میں حصہ پانے کے مستحق ہوتے ہیں گو وہ دوسرے موضع میں رہتے ہوں

صفحہ ۷۸

اور اس موضع میں کوئی اراضی نہ رکھتے ہوں جس میں متنازعہ اراضی واقع ہے ایسی حالت میں ہم یہ قرار دیتے ہیں کہ محض یہ واقعہ کہ مدعیان ضلع امرتسر میں رہتے ہیں جبکہ متنازعہ اراضی ضلع لائل پور میں ہے ان کے حقوق وراثت پر اثر نہیں ڈالتا۔

دوسرا امر جس پر مسٹر پنڈت نے زور دیا تھا وہ قانون رواجی ضلع امرتسر مولفہ مسٹر کریک میں سوال نمبر ۷ کے جواب کے متعلق تھا۔ انہوں نے یہ ظاہر کیا ہے کہ جواب میں کوئی تمثیلات نہیں بتلائی گئی ہیں اور یہ کہ مولف نے دیباچہ کے صفحہ ۶ پر یہ بیان کیا ہے کہ "ان سوالات کی صورت میں جنکی نسبت لوگوں نے کسی خاص متعلقہ نظیر کا حوالہ نہیں دیا تھا اور عدالتی فیصلوں یا کارروائیات عمل دخلخارج اسمار کی نشاندہی نہیں کی گئی تھی جوابات ان اشخاص کی ذاتی رائے کے سوائے اور کچھ نہیں ظاہر کرتے تھے جن سے مشورہ کیا گیا تھا اور انکی وہی وقعت نہیں ہو سکتی جیسا کہ ان جوابات کی ہوتی ہے جنکی تائید مقدمات سے کی گئی ہو" ایسی حالت میں اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ سوال نمبر ۷ کے جواب کی تائید میں کسی تمثیلات کا حوالہ نہیں دیا گیا ہے اس لئے جواب بیکار ہے ہماری رائے میں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس جواب کی کوئی وقعت نہیں ہے لیکن ہم متفق ہیں کہ اسکی وہی وقعت نہیں ہے جو اس کی اس وقت ہوتی اگر اسکی تائید میں تمثیلات کا حوالہ دیا جاتا۔ وہ یقیناً اس عام اصول کے خلاف نہیں معلوم ہوتا جو مد نمبر ۲ خلاصہ قانون رواجی مولفہ رٹیگن میں مندرج ہے اور ایسی حالت میں حکام عالیمقام کا فیصلہ جو بطور بیگ بنام اللہ دتا (۵) کے طبع کیا گیا تھا متعلق ہے جسمیں یہ قرار دیا گیا تھا کہ رواج عام کا اندراج اس رواج کی تائید میں اہم

(۲) پنجاب ریکارڈ بابت ۱۹۱۰ء نمبر ۱۱ (۳) پنجاب ریکارڈ بابت ۱۸۸۲ء نمبر ۴۶ (۴) انڈین کیسیز جلد ۱۴ صفحہ ۲۳۰۔ (۵) انڈین کیسیز جلد ۸۳ صفحہ ۲۵۴۔

جزو شہادت ہوتا ہے جس کا ذکر آئین کیا گیا تھا۔

کونسل نے اسکے بعد ڈسٹرکٹ مولفہ رٹیگن کی مد ۲ کا حوالہ دیا تھا اور یہ بحث کی تھی کہ در اصل ان مقدمات سے متعلق تھی جہاں جائداد موروثی تھی لیکن بعض نظائر جن کا حوالہ مذکورہ تحت دیا گیا تھا مکسوبہ جائداد کی صورتوں سے متعلق ہیں۔ ہم نے ان مقدمات کا حوالہ دیا ہے۔ پہلا مقدمہ سوہنا سنگھ بنام کاہن سنگھ (۶) کا ہے جس میں ایک ایسے دعوی میں جسکے فریقین تحصیل نصف ضلع فیروزپور کے دہالیوال جاٹ تھے یہ قرار دیا گیا تھا کہ ایسا کوئی رواج ثابت نہیں ہوا تھا جسکی رو سے بہن اور بھانجے ان نجدی رشتہ داروں کے مقابلہ میں جو متوفی مالک کے دادا کی اولاد تھے مکسوبہ جائداد از قسم اراضی کی وراثت کے مستحق تھے۔ اس مقدمہ میں رواج عام بہنوں کے خلاف تھا اور یہ قرار دیا گیا تھا کہ انہوں نے اپنا دعوی نہیں ثابت کیا تھا۔ اسکے بعد مقدمہ ہرنام بنام سنتا سنگھ (۷) ہے۔ اس میں بہن اور دسویں پشت کے نجدی رشتہ دار کے غیر موروثی جائداد کی نسبت مختلف دعاوی پر غور کیا گیا تھا اور ججوں کی یہ رائے ہوئی تھی کہ ہمیرا بنام رام سنگھ (۱) سے جب اس کی تائید گردتا بنام جے سنگھ (۸) کے ذریعہ سے ہو یہ ظاہر ہوتا تھا کہ بار ثبوت بہن پر تھا۔

دوسرا مقدمہ جس کا حوالہ ہمارے روبرو دیا گیا تھا حسینی بی بی بنام لگا ہیا (۹) کا تھا جس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ آٹھویں پشت کے نجدیوں اور بہنوں کے مابین مکسوبہ جائداد کی وراثت کے سوالات میں یہ ثابت کرنیکا بار ثبوت کہ وہ مرجح حق رکھتے ہیں پہلی نوبت پر موخر الذکر پر ہوتا ہے۔ جب وہ مقدمہ پہلی مرتبہ بغرض سماعت پیش ہوا تو چیمبر جج نے مد ۲۰ ڈائجسٹ رٹیگن و نیز مقدمہ ہوبی بنام کہانا (۱) پر بحث کی تھی اور یہ بیان کیا تھا کہ بار ثبوت کا سوال کسی قدر دشوار تھا۔ ہوبی بنام کہانا (۱) میں فریقین مسلمان تھے اور نزاع بہنوں اور چوتھی پشت کے نجدیوں کے مابین تھی اور چیف جسٹس کلارک کی یہ رائے تھی کہ ان حالات میں بار ثبوت نجدیوں پر تھا جو دوسرے موقعہ میں رہتے تھے۔

مقدمہ حسینی بی بی بنام لگا ہیا (۹) میں بھی فریقین مسلمان تھے اور نجدیوں کا تعلق آٹھویں پشت سے تھا اور اس لئے مقدمہ ہوبی بنام کہانا (۱) سے اس بحث کی تائید ہوتی تھی کہ بار ثبوت نجدیوں پر تھا لیکن موجودہ مقدمہ میں فریقین کا ذاتی قانون دھرم شاستر ہے اور اسکی رو سے بہنیں وارث نہیں ہیں یا ہر صورت میں وہ ان نجدیوں کے بعد آتی ہیں جو متوفی سے اتنے قریب کا تعلق رکھتے ہوں جیسا کہ موجودہ مقدمہ میں مدعیان رکھتے ہیں۔ ہوبی بنام کہانا (۱) اور حسینی بی بی بنام لگا ہیا (۹) میں فریقین مسلمان تھے اور ان کے ذاتی قانون کے بموجب بہنیں نجدیوں پر ترجیح پاتی ہیں اور اس لئے ان مقدمات سے موجودہ مقدمہ کے مدعی علیہم کو مدد نہیں ملتی۔ اسکے علاوہ ہرنام بنام سنتا سنگھ (۷) میں جس میں ہمیرا بنام رام سنگھ (۱) کی تقلید کی گئی تھی یہ ظاہر کیا گیا تھا کہ اس قسم کے مقدمہ میں بار ثبوت بالعموم بہنوں پر ہوتا ہے۔

ان نظائر کو ذہن نشین رکھتے ہوئے و نیز قانون رواجی ضلع امرتسر مولفہ کریک میں سوال نمبر ۷ کے جواب کے بھی لحاظ سے جو یقیناً ایک شہادت مدعیوں کے موافق ہے ہم یہ قرار دینے پر مجبور ہیں کہ یہ ثابت کرنیکا بار ثبوت مدعی علیہم کی بہنوں پر تھا کہ نجدیوں کے مقابلہ میں وہ متنازعہ جائداد کے قائم مقام ہونیکا بہتر حق رکھتی ہیں۔

(۶) پنجاب ریکارڈ بابت ۱۹۱۶ء نمبر ۱۱۳ (۷) انڈین کیسیز جلد ۱۳ صفحہ ۱۷ (۸) پنجاب ریکارڈ بابت ۱۹۰۸ء نمبر ۷ (۹) انڈین کیسیز جلد ۵ صفحہ ۸۲۸۔

(۱) انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۷۵۵۔

مسماۃ سنت کور بنام شیر سنگھ (لاہور) صفحہ ۸۲۷

مساۃ سنت کور بنام شیر سنگھ (لاہور)

امیر ابنام ... میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ ان اشخاص نے
ما بین جو قانون ... کی تعقیب کرتے تھے ... کی اس قسم
ذادر کی بہن کی حیثیت کو وراثت کی اغراض کے لئے بیٹی کی
حیثیت کے مشابہ ... چاہیئے اور ایسی حالت میں وہ اس
مالک کی بہن ... کہ اسکے باپ کی بیٹی کے طور پر تصور
کی جانی چاہیئے۔ وہ مقدمہ اس ... تھا جہاں جائداد موروثی
نہ تھی اور ایسی حالت میں وہ موجودہ مقدمہ کے بالکل مماثل ہے
اس جلد کے صفحہ ... پر ججوں نے یہ بیان کیا تھا۔ ہم یہ سمجھنے
سے ناقابل ہیں ... کی وراثت کے معمولی قاعدہ سے
انحراف کرنیکی ... صورت ثابت کی گئی ہے۔ دوسرے الفاظ میں
ان کی یہ رائے تھی کہ ... بہنوں پر تھا۔ مسٹر ... نے
یہ بحث کرنا چاہتے تھے کہ اجلاس کامل کا فیصلہ درست نہ تھا
لیکن ہم نے ان کو ایسا کرنیکی اجازت دینے سے انکار کیا۔

مدعی علیہم مرافعان نے مسٹر ... ڈسٹرکٹ جج امرتسر کے فیصلہ
کی نقل ... کے علاوہ کوئی شہادت نہیں
پیش کی ہے جو بار ثبوت منتقل کرنے کے لئے بالکل ناکافی ہے۔

مرافعان کے کونسل نے آخر کار یہ بحث کی تھی کہ مساۃ سنت
کور کی وفات یا ازدواج ثانی کے بعد مساۃ دہن کور آخری مالک
از قسم ذکور ... کی حیثیت سے حقیت حین حیاتی
کی قائم مقام ہوگی۔ اس میں کچھ شبہ نہیں ہے کہ قانون رواج
کے بموجب ماں حقیت حین حیاتی کی مستحق ہوتی ہے اور صرف
ایک امر جسکے خلاف مرافعہ علیہم کے کونسل نے زور دیا تھا یہ ہے کہ
جب مساۃ دہن کور نے مدعی علیہم نمبر ۳ تا ۶ کے حق میں عمل و انتقال
کے متعلق رضامندی دی تھی تو وہ ایسے حقوق سے محروم ہو گئی
ہے جو وہ اور طور پر رکھ سکتی تھی ہم اس سے اتفاق کرنیکے
ناقابل ہیں اس میں شک نہیں کہ وہ رضامند تھی کہ عمل و انتقال
خارج ... اسکی بیٹیوں کے حق میں کیا جائے لیکن اس عمل و انتقال
... کی نسبت یہ قرار دیا جاتا ہے کہ اس سے ان کو کوئی حقوق
حاصل نہیں ہوتے تو وہ اپنی بہو مساۃ سنت کور کی وفات
یا ازدواج ثانی کے بعد حقیت حین حیاتی کی نسبت خود اپنے
حقوق کا دعا کر سکتی ہے

ہم مرافعہ خارج کرتے ہیں لیکن ہم یہ ہدایت دیتے ہیں کہ
ڈگری میں اس حد تک ترمیم کی جائے کہ ... حصہ
اراضی کی منتقلی جو مدعی علیہم نمبر ۳ تا ۶ کے حق میں کی گئی تھی
مساۃ سنت کور اور مساۃ دہن کور کی وفات یا ازدواج
ثانی کے بعد مدعیان کے حق عودی پر کوئی اثر نہ رکھیگی
چونکہ مقدمہ مدعی علیہم کے لئے بہت سختی کا باعث
ہوا ہے اس لئے ہم یہ ہدایت دیتے ہیں کہ فریقین کو چاہیئے
کہ اس عدالت میں اپنا خرچہ خود برداشت کریں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## عدالت جوڈیشل کمشنر پشاور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۴ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۶ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر ... جوڈیشل کمشنر۔

مرلی مل - بنام وشنو دتا وغیرہ -

مدعی علیہ - مرافع - مدعیان - مرافعہ علیہم

رسوم عدالت - تقسیم کا دعوی - مرافعہ - رسوم عدالت میں کمی - میعاد میں توسیع - قانون میعاد سماعت ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۵ - مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۴۹ -

تقسیم کے دعوی کی عرضی دعوی یا یادداشت مرافعہ پر اوس حصہ کی
لیت کے لحاظ سے رسوم عدالت ادا کیجانی چاہیئے جس کا دعوی مدعی نے
کیا تھا خواہ موخر الذکر منقسمہ جایداد سے بیدخل ہو یا اوس پر بالاشتراک
قبضہ رکھتا ہو۔

تارا چند مکرجی بنام افضل بیگم انڈین کیسز جلد ۳۰ صفحہ ۸۰۱ چیف کورٹ پنجاب
[illegible] بنام سکھراج انڈین کیسز جلد ۶۲ صفحہ ۹۱۹ سے اختلاف کیا گیا
عام قاعدہ کے طور پر اعتراض متعلق بہ رسوم عدالت یہ ہمیشہ ترین معلومات ہوتا ہے
کہ مرافعہ کی سماعت روئداد کے لحاظ سے کیجائے بجائے اسکے کہ قانون
کسی اصطلاحی امر پر اوسکو نامنظور کیا جائے۔

جب رسوم عدالت کی تعداد کی نسبت جو کسی یادداشت مرافعہ پر ادا
ہو کوئی غلط فہمی نہیں ہو سکتی تھی اور یادداشت پر [illegible]
ناقص اسٹامپ ثبت کیجائے تو دفعہ ۵ قانون میعاد [illegible]
۱۴۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تحت میں توسیع کی [illegible]
کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کیجا سکتی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی حکم مصدرہ ڈویژنل جج پشاور مورخہ ۱۴ [illegible] سنہ ۱۹۲۱ع
مشعر بحالی حکم مصدرہ ڈسٹرکٹ جج پشاور مورخہ ۲۹ جولائی سنہ ۱۹۲۱ع
منجانب مرافع۔ مسٹر [illegible] سنگل ہیں۔
منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر دیوان چند آر۔ ایس۔

**فیصلہ**۔ اس مرافعہ میں مجھے حسب ذیل عذرات ابتدائی کا تصفیہ کرنا ہے
(۱) آیا ڈویژنل جج کا عمل یہ قرار دینے میں درست تھا کہ
اوس مرافعہ کے لئے جو اونکی عدالت میں رجوع کیا گیا تھا مبلغ ما [illegible]
کے اسٹامپ رسوم عدالت کی ضرورت تھی اور آیا مدعی علیہ مرافع کو یہ ہدایت
دینے میں اونکا عمل جائز تھا کہ وہ مبلغ ما [illegible] کی کمی پوری کرے۔
۲۔ آیا اوس عدالت میں موجودہ مرافعہ مدعی علیہ مرافع مبلغ [illegible]
کی رسوم عدالت پر داخل کر سکتا ہے اور۔

۳۔ آیا اگر مندرجہ بالا دو امور کی تجاویز مرافع کے خلاف ہوں تو عدالت
ہذا کے روبرو موجودہ مرافعہ منقضی المیعاد قرار دیا جا کر خارج کیا جانا چاہیئے
موجودہ دعوے اون تین جایدادوں کی تقسیم کیلئے ہے جو مسلمہ طور پر
فریقین دعوی کی بالاشتراک ملکیت ہیں۔ دعوی [illegible] مدعی [illegible]
نے اس بنا پر [illegible] فریقین [illegible] ایک [illegible] بیان میں [illegible]
حقوق [illegible] تھی جبکہ [illegible]
[illegible] کیا گیا ہو تا جس کا تقسیم کرنا مقصود ہے
[illegible] قرار دیتے ہیں کہ مذکورہ بالا مکان میں فریقین
[illegible] تھا اور مندرجہ جایداد کی تقسیم کی نسبت جزئیات کا
[illegible] اتفاق کیا ہے دعوے بلحاظ مالیت رسوم عدالت پر
دائر [illegible] کا [illegible] کے لئے حصہ کی قیمت پر کیا
گیا تھا [illegible] مرافعہ ڈویژنل جج کی عدالت میں عسہ
کی رسوم عدالت پر دائر کیا تھا اوس نے ایسا عمل کرنے کی نسبت بنا
[illegible] ہندوستان کی مختلف ہائی کورٹوں
نے قائم کی ہیں [illegible] جہاں مدعی بیشتر ہی سے اوس جایداد
پر بالاشتراک [illegible] ہو جس کا تقسیم کرنا مقصود ہو تو دعوی ہے
۷/۴ فقرہ [illegible] قانون رسوم عدالت متعلق تھی۔ ذیعلم ڈویژنل جج
نے [illegible] پر غور کیا تھا اور یہ قرار دیا تھا کہ اس عدالت کے فیصلہ کے
سند پر جو بطور [illegible] شامل ریکارڈ نمبر ۸ کے طبع کیا گیا تھا۔ رسوم عدالت
[illegible] نسبت پر ادا کیجانی چاہیے۔ ایسی حالت میں اونہوں نے یہ قرار
دیا تھا کہ [illegible] رسوم عدالت کا شمار اسی طریقہ سے کیا
جانا چاہیے لیکن دفعہ ۵ قانون [illegible] سماعت اور دفعہ ۱۴۹ مجموعہ ضابطہ
دیوانی کی رو سے یہ اجازت دی کہ میعاد سماعت [illegible] توسیع کیجائے اور
رسوم عدالت کا تکملہ کر دیا جائے۔ اسکے بعد اونہوں نے بلحاظ [illegible] مرافعہ
کے تصفیہ کرنیکی کارروائی کی۔ اب مرافعہ کے لائق وکیل [illegible] یہ صاف طور سے

مرلی دھر بنام وشنو دیا (دیا ...)

تسلیم کیا ہے کہ ڈسٹرکٹ جج کو سوائے اس کے چارہ کار نہ تھا کہ وہ قانون کی اوس تعبیر کی تقلید کرنے جو اس صوبہ سے متعلق ہے اور جو جوڈیشل کمشنر ۱۹۰۸ء میں [illegible] لیکن انہوں نے [illegible] کی ہے کہ گو ڈسٹرکٹ جج اوس نظیر کی تقلید کرنے کے پابند تھے مگر موجودہ عدالت اسطور پر پابند نہیں ہے اور یہ کہ وہ اس کے تحت میں کہ سوال پر بحث کریں اور اس امر قانونی کے متعلق جدید فیصلہ حاصل کریں اس امر سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ [illegible] یہ اختیار حاصل ہے کہ اس عدالت نے اپنے پیشرو کی تجویز کو منسوخ کر دے اگر ایسا عمل کرنے کے لئے کافی وجہ ظاہر کیجائے مگر لائق کونسل مجھے یہ یقین دلانے سے کلیتًا قاصر رہے ہیں کہ میرے لئے اس عدالت کی اوس تجویز سے اختلاف کرنے کی کوئی جائز وجہ موجود ہے جو ۱۹۰۸ء میں صادر کی گئی تھی اور جو گذشتہ ۱۵ سال سے اس صوبہ کے مسلمہ قانون کے طور پر تسلیم کی گئی ہے میں یہ ضروری نہیں خیال کرتا کہ اوس کے موافق و مخالف متعدد نظائر پر بحث کروں جو مسٹر پارکن نے ۱۹۰۸ء میں قائم کی تھیں اوس وقت بھی اون دعاوی کی صورت میں نظائر میں کوئی اختلاف نہ تھا جنمیں مدعی فی الواقع جائداد سے بیدخل تھا اوس وقت سے ہمیشہ یہ اتفاق رہا ہے کہ ایسے مقدمات میں عرضی دعوے تقسیم پر مالیت کے لحاظ سے رسوم عدالت ادا کیجاتی ہے۔ نظائر کا اختلاف اون مقدمات میں ہوتا ہے جن میں مدعی مشترکہ سے اوس جائداد سے بالاشتراک تمتع حاصل کرتا ہو جسکا تقسیم کرنا مقصود تھا اس بحث کی تائید میں کہ موخرالذکر قسم کے دعوی سے مد ۷ انفقرہ ۶ ضمیمہ ۲ قانون رسوم عدالت متعلق ہوتی ہے منجملہ دیگر نظائر کے تاراچند مکرجی بنام افضل بیگ (۱) و مہر چند داس بنام سکھراج داس (۲) کا حوالہ دیا گیا ہے لیکن اس عدالت کے اوس فیصلہ میں جو بطور جوڈیشل ریکارڈ جلد

صفحہ

کے طبع کیا گیا تھا اون نظائر سے اختلاف کرنے کی بہت ہی کامل اور مکمل وجوہ بتلائی گئی ہیں اور اوس مضمون کے متعلق نظائر پر بالتفصیل نظرثانی کی گئی ہے۔ میں اس امر کی نسبت اپنے پیشرو کی تجویز سے کلیتًا متفق ہوں اور یہ رائے ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ بہر صورت میں ایسی تجویز منسوخ کرنی نہیں تامل کرنا چاہئے جو اس صوبہ میں ۱۵ سال تک تجربہ کے امتحان میں پوری اتری ہے پس اوس پہلے امر پر جو اس مرافعہ میں تصفیہ طلب ہے میں یہ قرار دیتا ہوں کہ ڈسٹرکٹ جج کا حکم جس [illegible] ہدایت کی گئی ہے کہ رسوم عدالت کی کمی کا تکملہ کر دیا جائے بحال رہنا چاہیے۔

مندرجہ بالا عبارت سے یہ نتیجہ نکلتا ہے اور یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ اوس تجویز کا یہ لازمی نتیجہ ہے کہ موجودہ مرافعہ کی رسوم عدالت اون رسوم عدالت کے تابع رہنی چاہئیں جو مقدمہ ابتدائی پر واجب الادا تھی اور یہ کہ ایسی حالت میں مرافعہ پر کافی اسٹامپ ثبت کیا گیا ہے تیسری امر کی نسبت کہ آیا موجودہ مرافعہ منقضی المیعاد ہونے کی حیثیت سے نامنظور کیا جانا چاہیے۔ مرافعہ علیہم کے لائق کونسل نے بحث کی ہے کہ یہ ایک ایسا مقدمہ نہیں ہے جس میں دفعہ ۵ قانون میعاد سماعت کے احکام کی رو سے عدالت میعاد میں بطور جائز توسیع کر سکتی ہو یا یہ کہ کمی کے تکملہ کی اجازت کارروائیات کی اس نوبت پر دفعہ ۱۴۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے بطور جائز دیجا سکتی ہو ڈسٹرکٹ کورٹ کی جانب سے مرافعہ کے فیصلہ کی تاریخ ۱۱ دسمبر ۱۹۲۲ء ہے۔ میری عدالت میں ۱۶ مارچ ۱۹۲۳ء کو مرافعہ رجوع کیا گیا تھا۔ یہ مرافعہ ابتدائی سماعت کے لئے ۲۴ اکتوبر ۱۹۲۲ء کو پیش ہوا تھا مرافع کے لائق کونسل نے یہ تسلیم کیا ہے کہ بجز اس کے کہ عدالت ہذا احکام مندرجہ دفعہ ۵ قانون میعاد سماعت کی رو سے میعاد میں توسیع کرے مرافعہ لازمی طور پر

(۱) انڈین کیسز جلد ۱۳ صفحہ ۱۸۵ (۲) انڈین کیسز جلد ۶۲ صفحہ ۹۰۹
[illegible]

مقتضی المیعاد ہے۔ عام مسئلہ کے طور پر اغراض عدالت کے لئے یہ ہمیشہ قرین مصلحت ہوتا ہے کہ مرافعہ کی سماعت اوسکی روئداد کے لحاظ سے کیجائے۔ بجائے اس کے کہ کسی اصطلاحی امر قانونی کی بنا پر اوسکو منظور کیا جائے لیکن میں یہ خیال کرنے پر مجبور ہوں کہ موجودہ مقدمہ میں ایسے امور موجود ہیں جو اس اصول کو تسلیم کرنے کی مصلحت سے تجاوز کرتے ہیں۔ مرافع کو ایسی کوئی غلط فہمی نہیں ہوسکتی تھی کہ نظائر کے لحاظ سے جس طور پر کہ اس صوبہ کے لئے مسٹر بارٹن کے فیصلہ بابتہ ۱۹۱۵ء کی رو سے اونکا تصفیہ کیا گیا تھا اس مرافعہ پر مالیت کے لحاظ سے رسوم عدالت واجب الادا تھی نہ صرف وہ نظیر جوڈیشل کمشنر کی عدالت کے علاوہ اس صوبہ کی تمام عدالتوں پر واجب التعمیل تھی بلکہ ڈویژنل کورٹ میں معین اور واضح عبارت میں اوس امر پر غور کیا گیا اور اوس کا تصفیہ کیا گیا تھا۔ یہ بھی تسلیم کیا گیا ہے کہ ڈویژنل کورٹ کو اوس نتیجہ کے اخذ کرنے کے سوائے کوئی چارہ کار نہ تھا جو اوس نے اخذ کیا تھا۔ ایسی حالت میں اگر میں رسوم عدالت کی کمی کے تکملہ کے لئے میعاد میں توسیع کروں تو میں ایک ایسی نظیر کو تسلیم کرونگا جس کی رو سے اس نوعیت کے مقدمہ میں ہر مرافع ناکافی رسوم عدالت پر اس عدالت میں اس بنا پر مرافعہ رجوع کرسکتا ہے کہ اوسکو ہمیشہ یہ موقع تھا کہ وہ اس عدالت کو یہ ترغیب دے کہ وہ قانون کی اوس تعبیر کو منسوخ کرے جو اب تک اس صوبہ میں منظور کی گئی تھی۔ اس قسم کے مقدمات پیدا ہوسکتے ہیں جن میں حاکم اجلاس کنندہ یا عدالت کے ذمہ دار افسروں نے کمی کو نظر انداز کردیا تھا اور دوسرے فریق نے اوسکی طرف اون کی توجہ مبذول نہیں کرائی تھی۔ یہ قرار دینا کہ ایسے واقعہ کے ظہور میں آنیکو خطرہ میں ڈالنے میں یا اس کمزور اور پوری ہونے والی امید پر مبتلا کرنے کہ ممکن ہے کہ عدالت اس خصوص میں قانون کا جدید قاعدہ قرار دیگی۔ مرافع اپنے حقوق کے اندر عمل کر رہا تھا گورنمنٹ کو جائز آمدنی سے محروم کرنے کی مسلسل کوشش میں ترغیب دینے کے مساوی ہوگا۔ قانون کی تعبیر میں قطعیت جو اس صوبہ کی اعلیٰ ترین عدالت نے کی ہو [illegible] متعلقہ اشخاص کو تسلیم کرنی چاہئے حقیقت یہ ہے کہ میرے روبرو [illegible] بھی نہیں پیش کیا گیا ہے جس میں قانون کی تعبیر [illegible] زیر بحث ہے کامیابی کے ساتھ اس عدالت یا [illegible] دوسری عدالت نے اعتراض کیا ہو یا اوس وقت بھی جہاں [illegible] اعتراض کیا گیا ہے۔ ایسی صورت میں مجھے اس مقدمہ میں یہ ناممکن معلوم ہوتا ہے کہ ناقص رسوم عدالت پر مرافعہ کرنے کی بالارادہ کوشش کرنے میں مرافع کے عمل کو معاف کروں۔ مجھے وہ اس قسم کا معلوم ہوتا ہے جہاں مرافع نے ایسی رعایت سے خود کو محروم کیا ہے جو اور طور پر یہ عدالت اوس کے ساتھ کرتی۔ میں خیال کرتا ہوں کہ اس مقدمہ میں قانون اوسی طریقہ پر نافذ رہنا چاہئے جس طریقہ پر کہ وہ قایم ہے اور مجھے دفعہ ۵ قانون میعاد سماعت کی رو سے اوس میعاد میں توسیع کرنے سے جو اس مرافعہ کے رجوع کرنے کے لئے مقرر ہے یا دفعہ ۱۴۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے موجودہ نوبت پر رسوم عدالت کی کمی کے تکملہ کی اجازت دینے سے انکار کرنا چاہئے۔

مندرجہ بالا تجاویز کے لحاظ سے موجودہ مرافعہ متقضی المیعاد ہے ایسی حالت میں وہ مع خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

مرلی مل بنام پرشوتم دیا دلپارر

صفحہ ۷۹۱

## پنجاب چیف کورٹ لاہور

[illegible]

نمبر مقدمہ [illegible] ۲ [illegible]

اجلاس [illegible] وتجویز

[illegible]

[illegible] پنجاب [illegible]

[illegible] علیہم

زمیندار [illegible] انکار کرنا

[illegible]

[illegible] میں جو اوسکا

[illegible] سے زمیندار کی حقیت

سے [illegible] کامیاب ہونے کے

لئے [illegible] کو اطمینان دلانے کا

یہ کہ انکار [illegible] کا ہوا ہے جو کہ قانون کے

مفہوم میں داخل ہے یعنی یہ کہ [illegible] صریح اور معین طور پر

انکار کیا گیا ہے [illegible] اراضی کی نسبت

ہے جس کا حاصل کرنا [illegible]

اوس نوعیت کی اراضی میں [illegible] پر

مدعی علیہ کا قبضہ تھا۔

اس امر پر غور کرنے میں کہ آیا جو کچھ واقعہ ہوا ہے [illegible]

زمیندار کی حقیت سے انکار کرنے کی حد تک پہنچتا ہے عدالت

کو نہ صرف اوس عبارت کا جو استعمال کی گئی ہے [illegible]

حالات کا جن میں وہ استعمال کی گئی ہے لحاظ کرنا چاہئے

بلکہ اس امر پر بھی غور کرنا چاہئے کہ خاص الفاظ خاص قسم

کے حالات میں استعمال کرنے سے آسانی کا منشا کیا تھا۔

[illegible]

جب کسی پٹہ کی اراضیات کا کوئی جزو گورنمنٹ نے حاصل

کیا ہو [illegible] اراضی میں اسامی نے یہ

دعویٰ کیا [illegible] حاصل کردہ اراضی کا مالک تھا [illegible]

کیا [illegible] حصہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] کہ وہ [illegible]

اراضی [illegible]

[illegible] حقیت سے انکار کرنے [illegible]

[illegible] پٹہ سے متعلق ہوتا ہے۔

[illegible] ڈگری [illegible] ڈسٹرکٹ جج [illegible] مورخہ ۲۳

[illegible] ڈگری صادرہ [illegible] ڈسٹرکٹ جج [illegible] مورخہ

۱۷ اپریل ۱۹۱۳ء

[illegible] مسٹر بی [illegible] بجانب [illegible]

فیصلہ۔ مدعیان موضع [illegible] میں کچھ اراضیات کے مالک

ہیں [illegible] علیہ [illegible] کہا تا ہے یعنی یہ کہ وہ اراضی کا چھوٹا سا

[illegible] ہے جو اپنی زندگی کے لئے [illegible] بعض خدمات کی

انجام دہی کے [illegible] کے لئے انجام دہی [illegible] اراضی [illegible]

جس خدمت [illegible] انجام [illegible] ضروری تھا

وہ [illegible] مدعی علیہ ایک قبرستان کی نگرانی کرے اور اوسکا [illegible]

[illegible] کیا جا سکتا تھا

۱۔ [illegible]

۲۔ [illegible]

۳۔ بدچلنی۔

۴۔ قبرستان کی نگرانی میں قصور۔

(۶۷)

موجودہ دعوے مدعی علیہ کا قبضہ ختم کر نیکے [illegible] اس بنا پر رجوع کیا گیا ہے کہ اوس نے اپنے زمیندار کی حقیقت سے انکار کیا ہے۔ دوسری وجوہ بیان کی گئی ہیں لیکن اونکی بنا پر جو امور تنقیح طلب قائم کیے گئے تھے وہ مدعی علیہ کے موافق قرار دیے گئے ہیں اور اس لئے اون پر مزید غور کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

صرف ایک سوال جو ہمیں تصفیہ کرنا ہے یہ ہے کہ آیا [illegible] حقیقت سے انکار کیے جانے کی بنا پر [illegible] اراضی کو [illegible] [illegible] نہیں۔

مبینہ انکار جو [illegible] [illegible] مدعی علیہ کی جانب سے [illegible] [illegible] ۱۳ اکتوبر سنہ ۱۹۱۹ء کو [illegible] میں مرتب کیا تھا [illegible] بیان میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ مدعی علیہ [illegible] اراضی کا مالک ہے جو [illegible] مقدمہ میں حاصل کی گئی تھی۔ [illegible] کا [illegible] جو حاصل کی ہوئی اراضی کے لئے سب سے زیادہ ممکنہ معاوضہ [illegible] کی غرض سے کیا گیا ہے تمام دوران میں اون خاص اراضی [illegible] [illegible] جو اوس وقت حاصل کی گئی تھی اصطلاحات [illegible] استعمال کی [illegible] اراضی جو اب حاصل کی گئی ہے [illegible] مقدمہ میں حاصل کی گئی ہے اور متدعویہ اراضی ہیں [illegible] اصطلاحات [illegible] نے استدلال کیا ہے کہ وہ آسامی کی جانب سے زمیندار کی حقیت سے ایسی نوعیت کے انکار کو ثابت کرتی [illegible] کامن لا انگلستان کے مشہور قاعدہ کے مفہوم میں ضبطی کی تکمیل ہو جاتی ہو قاعدہ دفعہ ۱۱۱ (ز) قانون انتقال جایداد ہند میں بھی صراحتاً درج کیا گیا ہے۔

[illegible] قبضہ کے دعوی میں جو ضبطی پر مبنی ہو کامیاب ہونے کے لئے مدعیان کو ہمیں یہ اطمینان دلانا چاہیے۔

اولاً یہ کہ کوئی انکار در اصل اوس نوعیت کا ہوا ہے جو قانون کے مفہوم میں داخل ہے

دوم یہ کہ انکار اوس اراضی کی نسبت ہے جس کا حاصل کرنا مقصود تھا۔

سوم یہ کہ ضبطی کا اصول اوس نوعیت کی اراضی میں غرض سے متعلق [illegible] مدعی علیہ کا قبضہ تھا

پہلے امر کی نسبت ہماری [illegible] ہے کہ [illegible] اصطلاحات جو کو سامنے یادداشت مرافعہ کی موجبات [illegible] [illegible] [illegible] اور معین انکار [illegible] [illegible] [illegible] کی حد تک پہنچنے کے لئے [illegible] [illegible] نہ صرف اوس دستاویز کی نوعیت کو لحاظ [illegible] اصطلاحات مستعمل ہوئی ہیں [illegible] [illegible] لحاظ کرنا چاہیے جن کے متعلق [illegible] مرتب کیگئی [illegible] مالکین اراضی سے قبضہ کیلئے کسی دعوے کی پلیڈنگ [illegible] باضابطہ دستاویز تھی جس میں اوس تجویز [illegible] مرافعہ تحریر کیا گیا تھا جس کی رو سے اوس اراضی کی بابتہ معاوضہ مقرر کیا گیا تھا جو گورنمنٹ نے بعض قانونی اختیارات کی رو سے حاصل کی تھی۔ دونوں فریق صرف یہ چاہتے تھے کہ خاص حاصل کئے ہوئے رقبہ اراضی میں اپنی اپنی اغراض کیلئے زیادہ سے زیادہ ممکنہ رقم حاصل کریں اور کونسل نے اپنی اختیار تمیزی کے استعمال میں ضرور ہے کہ موجبات مرافعہ صرف اوس مقصد کو پیش نظر رکھ کر مرتب کی ہوگی ہم یہ نہیں قرار دیسکتے کہ اصطلاحات جو وکیل نے اوس دستاویز میں استعمال کی ہیں اون اراضیات کی نسبت جواب متنازعہ ہیں موکل کی جانب سے اپنی حیثیت آسامی سے انکار کی حد تک پہنچتی ہیں۔ اس امر پر غور کر نمیں کہ آیا جو کچھ کہ واقع ہوا تھا وہ قانوناً زمیندار کی حقیت سے انکار کرنے کی حد تک پہنچتا ہے عدالت کو نہ صرف اوس عبارت کا جو استعمال کیگئی تھی بلکہ اُن حالات کا جن میں وہ استعمال کی گئی ہے لحاظ کرنا چاہیے بلکہ اس امر پر بھی غور کرنا چاہیے

ضلع لاہور بنام فخرالدین احمد (لاہور)

[illegible] الفاظ [illegible] معاوضہ [illegible] رشتہ آسامی کا [illegible] مدعی علیہ [illegible] کے ساتھ [illegible] سے جو خود اس [illegible] معاوضہ کا تعین کیا جا سکتا ہے [illegible] مرکب [illegible] سے جو اس کے [illegible] مرتب کئے تھے [illegible] کارروائیوں کے نام درل [illegible] مدعی علیہ نے کبھی [illegible] کے علاوہ [illegible] نہیں دیا [illegible] ایک خاص قسم کے آسامی [illegible] خدمات انجام دیتا ہے۔

[illegible] خاص مقدمہ کے واقعات کی بنا پر [illegible] ہیں کہ مدعی نے مدعی علیہ کی بابت حقیت کا انکار [illegible] کیا ہے [illegible] ضبطی کی بنا پر قبضہ کی بازیافت [illegible] جائے۔

مدعی علیہ کے کونسل نے اس امر پر زور دیا [illegible] زمیندار کی حقیت سے انکار کی بنا پر ضبطی کا اصول [illegible] نہیں ہوتا کیونکہ یہ پٹہ کاشتکاری اغراض کیلئے عمل میں آیا ہے [illegible] احکام مندرجہ دفعہ ۱۱۱ (ز) قانون انتقال جائداد کے اثر سے بموجب دفعہ ۱۱۷ قانون مذکور مستثنے کیا گیا ہے جس میں صراحتاً یہ حکم ہے کہ اس باب کے کوئی احکام ایسے معاملات سے متعلق ہوں گے"۔ یہ بحث کی گئی ہے کہ ان صوبجات میں جن سے یہ قانون متعلق ہے یہ قرار دیا گیا ہے کہ ضبطی کا فقرہ کاشتکاری پٹیوں سے متعلق نہیں ہوتا اور یہ کہ اس [illegible] صوبہ میں جس سے قانون متعلق نہیں ہوتا کاشتکاری پٹہ کے قابضان مساوی طور پر مستثنے ہونی چاہئیں۔ بخلاف اسکے اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ ضبطی کی ذمہ داری اور ایسی ضبطی سے کاشتکاری پٹہ کے قابضوں کا مستثنے ہونا دونوں قانونی احکام ہیں جو ایک ہی موضوعہ قانون میں درج ہیں اور یہ کہ جہاں ایسے قانونی احکام نہوں معمولی کامن لا کا اصول نافذ رہنا چاہیے جسکی رو سے کاشتکاری اغراض

[illegible] نے پٹہ پر دینے کے حق میں کوئی استثنا نہیں رکھی گئی ہے لیکن اور نتیجہ کے لحاظ سے جو ہم نے اخذ کر لیا ہے اس مرافعہ کی اغراض کیلئے یہ ضروری نہیں ہے کہ اس مزید سوال پر کوئی [illegible] کیں کو [illegible] تنقیح کے لئے محفوظ رکھا جا سکتا ہے [illegible] اصلی سوال [illegible] بتصفیہ [illegible] ہو۔

[illegible] مرافعہ منظور [illegible] دعوے [illegible] خارج [illegible]

دعوے خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ مدراس

[illegible]

نمبر [illegible] منفصلہ ۶ مارچ ۱۹۲۳ء

[illegible] مسٹر جسٹس

[illegible]

کنڈو [illegible] گراؤنڈر [illegible] کرائی گونڈر [illegible] ہیں

[illegible] ڈگری دار [illegible] دیگر مدعا علیہان [illegible] ڈگری

قانون عدالت ہائے دیوانی مدراس ایکٹ ۱ بابتہ ۱۸۷۳ء دفعات ۶۶/۶۷- مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۳۹- ڈگری عدالت واضعہ انتقال بغرض تعمیل- ڈسٹرکٹ منصف کا اختیار

ڈسٹرکٹ منصف جو بذریعہ انتقال دفعہ ۶۶ قانون عدالت موضع مدراس کی رو سے عدالت موضع کی ڈگری حاصل کرے یا قانون کی دفعہ ۶۷ کے بموجب کسی ڈگری کی تعمیل خود اپنے رجسٹر [illegible] کرائے یہ اختیار نہیں رکھتا کہ وہ دفعہ ۳۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے کسی دوسرے ڈسٹرکٹ منصف کے پاس اسکو بغرض تعمیل منتقل کردے۔

تحریک حسب دفعہ ۱۱۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی بابتہ ۱۹۰۸ء منجانب اڈیشنل

ڈسٹرکٹ منصف تلی چری بہ الیس۔ سی درخواست تعمیل نمبر ۲۶ بابتہ ۱۹۲۲ء
بہ مقدمہ نمبر ۲۷۸ بابتہ ۱۹۲۱ء بہ رجسٹر عدالت پنچایت موضع ترونکد
کوٹایم تعلقہ ملیبار۔

**فیصلہ**۔ جس سوال کی نسبت ہم سے استصواب کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ آیا کوئی ڈسٹرکٹ منصف جو بذریعہ انتقال کسی عدالت موضع کی کوئی ڈگری (دفعہ ۶۶ قانون عدالت ہائے دیہی مدراس ایکٹ ۱ بابتہ ۱۸۸۹ء کی رو سے) حاصل کرے یا دفعہ ۷۱ کی رو سے کسی ڈگری کو اپنے رجسٹر میں منتقل کرائے۔ اختیار رکھتا ہے یا نہیں کہ وہ دفعہ ۳۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب اوسکو بغرض تعمیل کسی دوسرے ڈسٹرکٹ منصف کی عدالت میں منتقل کرے۔

ذی علم ڈسٹرکٹ منصف نے اس سوال کی نسبت استصواب کرتے ہیں اوس بڑی عملی دقت کو ظاہر کیا ہے جو منفی جواب سے پیدا ہوگی اور اچھی طرح سے اون امور کو سمجھتے ہیں جن کا اونہوں نے حوالہ دیا ہے لیکن ہمارا یہ فرض ہے کہ معاملہ کا تصفیہ قانون کے حوالہ سے کریں جس طور پر کہ وہ موجود ہے۔ دفعہ ۴۸ کی رو سے ڈگری کی تعمیل وہ عدالت موضع کرے گی جس نے اوسکو صادر کیا تھا یا کوئی دوسری عدالت موضع یا ڈسٹرکٹ منصف کریگا جس کے پاس وہ اون احکام کی رو سے منتقل کی گئی ہو جن کی صراحت اس کے بعد کیجائے گی دفعہ ۶۶ کی رو سے ہر ڈگری جو کسی عدالت موضع نے صادر کی ہو ڈگریدار کی درخواست پر بغرض تعمیل ڈسٹرکٹ منصف کے پاس منتقل کردیجائے گی (جس کی تعریف اسکے قبل قانون میں بطور ایسے ڈسٹرکٹ منصف کے کی گئی ہے جس کے اختیار سماعت کی حدود ارضی میں وہ عدالت واقع ہے) جو اوسکی تعمیل اوسی طریقہ سے کرسکتا ہے گویا کہ وہ ایسی ڈگری تھی جس کو خود اوس نے صادر کیا تھا یا اوس کو بغرض تعمیل کسی دوسرے موضع کی عدالت میں منتقل کرسکتا ہے جس میں مدعی علیہ کی نسبت یہ ظاہر کیا جائے کہ وہ منقولہ جایداد رکھتا ہے اور دفعہ ۷۱ کی رو سے ڈسٹرکٹ منصف کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ خود بھی اوس پر عمل کرے جس کی اجازت دفعہ ۶۶ میں دیگئی ہے ہماری رائے میں ان دفعات کا نتیجہ یہ نہیں ہے کہ ڈسٹرکٹ منصف کو اس امر کا مجاز قرار دیا جائے کہ وہ کوئی ایسی ڈگری جو خود اوس کے رجسٹر میں بغرض تعمیل آگئی ہو دوسرے ڈسٹرکٹ منصف کے پاس اس غرض کیلئے روانہ کرے۔ اولاً تو کوئی صریح حوالہ ایسے معاملہ کا نہیں دیا گیا ہے اس کے بعد منتقلی کی خاص قسم کا صریح حوالہ دیا گیا ہے جس کا اختیار ڈسٹرکٹ منصف کو حاصل ہے یعنے کسی دوسرے موضع کی عدالت میں منتقلی جس میں مدعی علیہ کی نسبت یہ ظاہر کیا جائے کہ وہ منقولہ جایداد رکھتا ہے تعبیر کے معمولی قواعد کے متعلق اس ایک قسم کی منتقلی کا حوالہ اس منشا کے خلاف ہے کہ کسی دوسرے قسم کی منتقلی کو جائز سمجھا جائے قانون کا منشا جس طور پر کہ ہم نے اوس کو سمجھا ہے یہ ہے کہ عدالتہائے موضع کے لئے مکمل مجموعہ ضابطہ فراہم کیا جائے اور ایسی حالت میں کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ اوس ضابطہ میں ایک دوسرے مجموعہ قانون مجموعہ ضابطہ دیوانی کے حکم کو داخل کیا جائے جس کی قوت اور بھی کم ہو جاتی ہے کیونکہ دفعہ ۶ ب میں منتقلی کا حوالہ ہمارا (؟) میں اسطور پر درآمد کرنے کے خلاف ہے۔

احکام مندرجہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے اطلاق کی نسبت ہم اس امر کا اضافہ کرسکتے ہیں کہ قانون ترمیم ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۲۰ء میں جب یہ قرین مصلحت سمجھا گیا تھا کہ ایک حکم یعنے دفعہ ۱۴ کو عدالتہائے موضع کی ڈگری کی تعمیل سے متعلق کیا جائے تو وہ اسطور پر ایک خاص حکم یعنے دفعہ ۲۳ کی رو سے متعلق کیا گیا تھا۔

ہمیں استصواب کا جواب نفی میں دینا چاہئے اس استصواب میں کوئی شخص کسی فریق کی طرف سے حاضر نہیں ہوا ہے ایسی حالت میں خرچہ کی نسبت کسی حکم کے صادر کرنے کی ضرورت نہیں ہے جواب دیا

جیون بخش
بنام
[illegible]
لاہور)

## ہائی کورٹ [illegible] لاہور

متفرق [illegible] ۱۹۱

نمبر مقدمہ ۹ [illegible] ۱۹۱۷

[illegible]

[illegible] ڈگری دار [illegible] پانچ [illegible] ڈگری [illegible]
مجموعہ ضابطہ دیوانی [illegible]
ڈگری کی تعمیل [illegible] حکم بصیغہ تعمیل [illegible] عدالت کو تشریح [illegible]
کیا گیا ہو آیا تو ہم ڈگری کا حکم [illegible] ڈگری [illegible]
مصالحت [illegible] ہوتا ہے۔

حکم [illegible] دیوانی اوس عدالت
کو صادر کرنا چاہیے جس نے ڈگری [illegible] تھی اور اوس
عدالت کی حیثیت سے [illegible] گیا تھا

جراون بنام مہابیر [illegible] صفحہ ۳۴۳
استناد کیا گیا۔

وہ حکم جو کسی عدالت تعمیل کنندہ ڈگری نے صادر کیا ہو جس کی رو سے
دو بالمقابلہ مدیون ڈگری اور ڈگری دار کے مابین ہوئی ہو
شرکت تعمیل کرائی گئی ہو۔ دفعہ ۴۷ (۱) (ب) مجموعہ ضابطہ
دیوانی کے منشاء میں نہیں آتا۔

جب کبھی ایسا انتظام کیا گیا ہو کہ کوئی ڈگری بانصرام ادا
کیجائیگی اور اوسکو عدالت تعمیل کنندہ ڈگری نے منظور کیا
ہو تو اس انتظام سے ابتدائی ڈگری بدل نہیں جاتی جو
احکام مندرجہ دفعہ ۴۷ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی حد تک ایسی
ڈگری رہتی ہے جس کی تعمیل کیجائے گی۔

نانک چند بنام اننت رام پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۴ء نمبر ۲۶
چھجو بنام گلاب پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۰ء نمبر ۷۸ کی تقلید کی گئی

[illegible] پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۹ء نمبر ۲
[illegible] انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد [illegible] صفحہ ۵
[illegible] انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۳۲ صفحہ ۱
[illegible] جلد ۲۸ صفحہ ۴۳۱
[illegible] سلیمان
[illegible] ۱۹۱۰
[illegible] صفحہ ۳۳۰
[illegible]
[illegible] گئے۔

۱۹۲۲
[illegible] دہلی مورخہ ۲۳ اکتوبر
[illegible] مرافعہ علیہ شیخ محمد منیر۔
[illegible] ایک شخص عالمگیر خان نے ایک
[illegible] ۱۵ مارچ ۱۹۰۹ء کو حاصل
کی تھی [illegible] جیون بخش کو [illegible] وقت ۳۰ [illegible] ۱۹۱۸ء کے بعد منتقل
کیا گیا تھا [illegible] ڈگری کے بموجب واجب الادا تھی مبلغ [illegible]
تھی اور [illegible] بصیغہ [illegible] اس رقم کے بازیافت کی استدعا کی تھی
[illegible] اوس نے یہ استدعا کی کہ مرہونہ جائیداد
نیلام کیجائے مدیون ڈگری [illegible] نے یہ بحث کی تھی کہ تعمیل کا کوئی
حکم جاری نہیں کیا جاسکتا تھا کیونکہ ڈگری ۱۲ سال سے زیادہ عرصہ
کی تھی۔ دفعہ ۴۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی سے استناد کیا گیا تھا۔ جیون بخش نے
یہ ادعا کیا تھا کہ بعض مصالحتیں ہوئی جن کی تکمیل ۱۹۱۲ء اور ۱۹۱۹ء میں
ہوئی تھی جو معلوم کی حفاظت ہوتی تھی لیکن عدالت ماتحت نے اوسکے خلاف فیصلہ کیا
اور اوسکی درخواست تعمیل نامنظور کی وہ اس عدالت میں مسٹر سردہارام کی
وساطت سے رجوع ہوا جبکہ مسٹر محمد منیر نے [illegible] مرافعہ علیہ کی جانب سے بحث کی
مسٹر سردہارام نے ۱۹۱۲ء اور ۱۹۱۹ء کی کارروائیات سے استناد کیا

(۵۹۵) کرادن کی رو سے میعاد سماعت کی حفاظت ہوتی ہے اور کسی دوسرے حکم یا تصفیہ کا حوالہ نہیں دیا ہے۔ یہ دیکھنا چاہئیے کہ یہ کارروائیات کیا تھیں اور میعاد سماعت کے سوال پر وہ کیا اثر رکھتی ہیں۔

ایک تعمیل کی درخواست ۶ مارچ سنہ ۱۹۱۴ء کو بعدم پیروی خارج کی گئی تھی اور ۷ مارچ سنہ ۱۹۱۴ء کو فریقین کے مابین ایک معاہدہ ہوا تھا جس کی رو سے رقم ڈگری شدہ [illegible] مقرر کی گئی تھی جو حسب ذیل طریقہ سے ادا کیجانے والی تھی۔

[illegible] ڈگریدار کو ادا کی جا چکی ہے اور [illegible] کی بقایا رقم ان اقساط میں ادا کیجائے۔

الف [illegible] ۱۵ مئی سنہ ۱۹۱۴ء کو

الف [illegible] ۱۵ جولائی سنہ ۱۹۱۴ء کو اور

الف [illegible] ۱۵ دسمبر سنہ ۱۹۱۴ء کو۔ کسی قسط کی ادائی نہ ہونے کی صورت میں تمام بقایا یکمشت واجب الادا تھی۔ بعض اشخاص نے اپنے آپکو رقوم کی ادائی کا ضامن بنایا تھا۔ یہ مصالحت ایک درخواست میں منضبط کی گئی تھی جو عدالت تعمیل کنندہ ڈگری کے روبرو پیش کی گئی تھی اور فریقین کے بیانات قلمبند کیے گئے تھے اور ایک حکم اس مضمون کا صادر کیا گیا تھا کہ کاغذات مثل میں شریک کیے جائیں کیونکہ فریقین میں صلح ہو گئی تھی۔

اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ یہ حکم زیر دفعہ ۴۸ (۱) (ب) مجموعہ ضابطہ دیوانی کی حد تک پہنچتا تھا اور اس لئے اوس سے میعاد سماعت کی حفاظت ہوتی تھی۔ اس دفعہ کے تحت حکم اوس عدالت کو صادر کرنا چاہیے جس نے ڈگری صادر کی تھی اور اس عدالت کی حیثیت سے عمل کیا تھا۔ اس دفعہ کے یہ معنی جراون بنام مہابیر دوبے (۱) میں قرار دیے گئے تھے اور ایسی حالت میں یہ نہیں قرار دیا جا سکتا کہ وہ حکم جسکی رو سے مصالحت کو شریک مثل کیا گیا تھا اوس دفعہ کی رو سے صادر کیا گیا تھا۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ڈگری کی ترمیم اس حکم کی رو سے کی گئی تھی اور یہ غلط ہے کہ عدالت صرف عدالت تعمیل کنندہ ڈگری کی حیثیت سے اجلاس کر رہی تھی۔

اسکے بعد یہ بحث کیگئی تھی کہ ہر صورت میں وہ ایک تصفیہ تھا جس سے مدیون ڈگری انحراف نہیں کر سکتا تھا اور بعض نظائر سے استناد کیا گیا تھا۔

نواب ابو محمد اکبر خان بنام دیانا تھ (۲) میں جسٹس لو رنے یہ قرار دیا تھا کہ مدیون ڈگری کو یہ اجازت نہیں دیجا سکتی تھی کہ وہ کسی ایسی مصالحت کے جواز پر اعتراض کرے جو خود اوسکے عمل سے پیدا ہوئی تھی۔ مصالحت زیر بحث کی تجویز خود مدیون ڈگری نے کی تھی۔

سردار بنام فتح چند (۳) میں جسٹس لو رنے مندرجہ بالا مقدمہ کا حوالہ دیا تھا اور یہ قرار دیا تھا کہ صرف خاص حالات میں مدیون ڈگری یہ عذر پیش کرنے سے ممنوع ہوگا کہ ابتدائی ڈگری کی ترمیم انتظام مابعد کی رو سے نہیں کی گئی تھی۔

بخلاف اسکے نانک چند بنام اننت رام (۴) میں قرار دیا گیا تھا کہ جب کوئی انتظام کسی ڈگری کو اقساط ادا کرنیکے متعلق ہوا ہو اور اوسکو عدالت تعمیل کنندہ ڈگری نے منظور کیا ہو تو اوس انتظام سے ابتدائی ڈگری میں تبدیلی نہیں ہوتی تھی جو اب بھی تعمیل طلب ڈگری کے طور پر قایم رہی تھی۔ یہی اثر ہو بنام گلاب (۵) کا ہے۔ میں منموہن رائے بنام درگا چرن گوئی (۶) یا کاشی رام بنام پانڈو (۷) کے اطلاق کو سمجھنے سے قاصر ہوں۔ کیونکہ دونوں مقدمات میں ابتدائی ڈگری میں اقساط کی صراحت تھی۔ یہی حالت مقدمہ بدری نارائن بنام کنج بہاری لال (۸) کی ہے۔ میعاد سماعت کا عذر ننکو بنام جادو ناتھ (۹) محمد سلیمان بنام جھکی لال (۱۰) لالہ گوکل داس بنام راجہ روپ نگر (۱۱) یا لالہ گووند داس کرشنا داس بنام رام و دلیشنا داس (۱۲) میں زیر بحث نہ تھا۔

(۱) انڈین کیسز جلد ۴۵ صفحہ ۲۴۴۔

(۲) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۸۴ء نمبر ۴۰ (۳) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۹۴ء نمبر ۹۸ (۴) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۹۸ء نمبر ۲۶ (۵) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۰۶ء نمبر ۶۱ (۶) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد [illegible] صفحہ ۵۰۲ (۷) انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۲ صفحہ ۱ (۸) انڈین کیسز جلد [illegible] (۹) انڈین کیسز جلد [illegible] صفحہ ۱۰۵ (۱۰) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۱ صفحہ ۲۲۸ (۱۱) انڈین کیسز جلد [illegible] صفحہ [illegible] (۱۲) انڈین کیسز جلد ۲۸ صفحہ ۳۶۷۔

پیچ جھوٹو کنڈیشن بنام مبین محوش (لاہور)

مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۱۹۱۲ء کی کارروائیاں سے ڈگری میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی تھی اور یہ کہ یہ ضرور سنہ ۱۹۱۰ء کی ڈگری جس کی تعمیل ضروری تھی اسکے علاوہ میں کوئی خاص حالات یا وجوہ نہیں پاتا جیسا کہ نوزبراوہ محمد اکبر خان بنام دیانا تھ(۲) میں موجود تھے جنکی بنا پر مدیون ڈگری اس امر سے انکار کرنے سے ممنوع ہو سکتا تھا کہ ابتدائی ڈگری کی تبدیلی عمل میں نہیں آئی تھی ایسی حالت میں میں جہانتک کہ سنہ ۱۹۱۲ء کی کارروائیوں کا تعلق ہے ماتحت عدالت سے متفق ہوں ۲۲ جنوری سنہ ۱۹۱۸ء کو جب ڈگری کی تعمیل ایک حد تک کیجا چکی تھی ایک مصالحت کیگئی تھی جس کی رو سے وصول کی لقایا رقم مبلغ ۰۰ قرار دیگئی تھی جس کی ادائی دو اقساط میں کیجانی تھی۔

یہ معاہدہ عدالت تعمیل کنندہ ڈگری کے روبرو پیش کیگئی تھی جس نے یہ حکم دیا کہ وہ شامل مثل کیجائے۔ یہاں بھی ڈگری کی کوئی تبدیلی نہیں ہوئی تھی اور البتہ کوئی حالات نہیں ہیں جن کی نسبت یہ کہا جا سکتا ہے کہ مدیون ڈگری کو اس دعا سے ممنوع کرتے ہیں کہ صرف ابتدائی ڈگری کی تعمیل کیجا سکتی ہے۔

مقدمہ کی اس رائے کے بموجب میں یہ مرافعہ مع خرچہ خارج کرتا ہوں

مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائی کورٹ لاہور

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۶۸ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۸ دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس براڈوے

صفحہ ۷۹۶

پورن وغیرہ - مدعیان - مرافعان بنام لالہ وغیرہ - مدعی علیہم - مرافعہ علیہم

پلیڈنگ - مرافعہ ثانی - واقعات سے استنباط - سوال قانونی -

گو اوس شہادت کے اثر کی نسبت جو کسی مقدمہ میں پیش کیگئی ہو عدالت مرافعہ کا فیصلہ واقعات کی نسبت قطعی ہوتا ہے۔ مگر نتائج کی معقولیت میں امور قانونی شامل ہو سکتے ہیں اور اندپر مرافعہ ثانی میں اعتراض کیا جا سکتا ہے کسی ثابت شدہ واقعہ کا درست قانونی اثر لازمی طور پر قانون کا سوال ہے۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ جج دہلی مورخہ ۷ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء مشعر بحالی ڈگری صادرہ منصف درجہ اول مورخہ ۱۰ جون سنہ ۱۹۲۱ء

منجانب مرافعان مسٹر غلام رسول منجانب مرافعہ علیہم مسٹر دیوراج ساہنی

**فیصلہ** - یہ دعوی جس سے یہ مرافعہ ثانی پیدا ہوا ہے چھوٹو کے بیٹوں پورن اور ہرجن نے اور پوتے چاندگی نے رجوع کیا تھا جو موضع مقام شاہ پور تحصیل و ضلع دہلی کے جاٹ ہیں۔ انہوں نے ۸ بیگہ ۹ بسوہ اراضی کے قبضہ کا دعوے کیا تھا جس کی نسبت انہوں نے یہ بیان کیا تھا کہ وہ موروثی تھی اور وہ لالہ اور دوسرے مدعی علیہم کے قبضہ میں چھوٹو کے تحت اسامیان غیر دخیلکاری کی حیثیت سے تھی۔ انہوں نے یہ بھی بیان کیا تھا کہ مدعی علیہم نے اب جایداد کا دعوی اس حیثیت سے کیا تھا کہ اوسکو چھوٹو نے اون کے حق میں ایک عمل ہبہ بلا خارج اسٹامپ مورخہ ۸ اپریل سنہ ۱۹۰۹ء کی رو سے ہبہ کیا تھا اور یہ عذر پیش کیا گیا تھا کہ یہ ہبہ جائز ضرورت کے بغیر تھا اور اس لئے اون پر واجب التعمیل نہ تھا۔ مدعی علیہم نے یہ عذر پیش کیا کہ وہ متدعویہ اراضی پر مالکوں کی حیثیت سے عرصہ دراز سے قابض تھے اور یہ کہ ہبہ جو چھوٹو نے کیا تھا وہ مدعیان کی رضامندی سے کیا گیا تھا۔ انہوں نے یہ عذر پیش کیا کہ مدعیان نے اپنے سکوت سے ہبہ کو تسلیم کر لیا تھا اور یہ کہ مدعی علیہم نے بہت زیادہ صرفہ سے ایک کنواں کھدوایا تھا۔

عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا کہ فریقین کی لسانی شہادت ناقابل اعتماد تھی اور یہ کہ ہبہ کی نسبت مدعیان کی واقعی رضامندی ثابت نہیں ہوئی تھی لیکن یہ قرار دیا گیا تھا کہ مدعی علیہم ۱۲ سال سے زیادہ عرصہ سے مخالفانہ طور پر قابض تھے اور مدعیان کا دعوی حسبہ خارج کیا گیا تھا۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ جج کے روبرو

مرافعہ کیا جنہوں نے اوس رائے کے ساتھ اتفاق کیا جو عدالت ابتدائی نے قایم کی تھی اور مرافعہ خارج کیا مدعیان اب عدالت ہذا میں بہ بنیاد مرافعہ ثانی مسٹر غلام رسول کی وساطت سے رجوع ہوئے ہیں اور مدعی علیہم مرافعہ علیہم کی جانب سے میں نے مسٹر دیو راج ساہنی کی بحث سماعت کی ہے

سب سے قدیم کے کاغذات مالگزاری جو پیش کئے گئے ہیں یہ ظاہر کرتے ہیں کہ سنہ ۱۸۹۱ء میں یہ اراضی اس طور پر درج کی گئی تھی کہ وہ چھوٹے کی ملک تھی مگر مدعی علیہم کے کاشتکاری قبضہ میں تھی۔ لگان کے خانہ میں یہ تحریر کیا گیا تھا کہ کوئی لگان "بعوض معاوضہ اراضی" ادا نہیں کیا جاتا تھا۔

سنہ ۱۹۰۴ء میں اسی قسم کا اندراج موجود تھا۔ مدعی علیہم کی نسبت ظاہر کیا گیا تھا کہ وہ آسامی تھے جو "بعوض تبادلہ" کوئی لگان نہیں ادا کرتے تھے اور اوسی اندراج کا اعادہ سنہ ۱۹۰۸ء و سنہ ۱۹۱۲ء میں کیا گیا تھا کہ "بذریعہ تبادلہ" کوئی لگان ادا نہیں کیا جاتا تھا اس طور پر یہ ثابت ہے کہ سنہ ۱۸۹۱ء سے سنہ ۱۹۱۲ء تک مدعی علیہم ایسے آسامیوں کی حیثیت سے قابض تھے جو کوئی لگان نہیں ادا کرتے تھے ۲ر فروری سنہ ۱۹۱۶ء کو چھوٹے نے حکام مالگزاری کے روبرو درخواست پیش کی جس میں یہ استدعا کی کہ مدعی علیہم کا نام اس اراضی کے مالکوں کے طور پر درج کیا جائے اور بابت ملک کیفخانہ میں اون کے نام اس طور پر ظاہر کئے جائیں ابتدائی درخواست گم ہو گئی ہے یا تلف ہو گئی ہے لیکن کاغذات متعلق عمل داخل خارج سے ظاہر ہوتا ہے کہ ملکیت کا انتقال ایک ہبہ کے باعث عمل میں آیا تھا۔ اس عمل داخل خارج کی منظوری ۱۸ر اپریل سنہ ۱۹۱۶ء کو دی گئی تھی اور یہ تحریر کیا گیا ہے چھوٹے نے یہ بیان کیا تھا کہ اراضی در اصل مدعی علیہم کی ملک تھی ایسی حالت میں اپریل سنہ ۱۹۱۶ء سے کاغذات مالگزاری کے مطابق مدعی علیہم کا قبضہ مالکوں کا قبضہ ہو گیا تھا فاضل ڈسٹرکٹ جج نے عدالت ابتدائی کے ساتھ اتفاق کرکے یہ نتیجہ

پورن بنام لالہ دلاہو

اخذ کیا ہے کہ سنہ ۱۹۱۶ء کی کارروائیات کاغذات مالگزاری کی تصحیح کی حد تک پہنچتی تھیں اور یہ کہ ہبہ اسکے بہت پہلے عمل میں آیا تھا۔

مسٹر غلام رسول نے اس امر پر زور دیا تھا کہ ماتحت عدالتوں نے مدعی علیہم کے لئے در اصل بالکل نئی دلیل پیش کی تھی کیونکہ لالہ مدعی نے گواہ کے طور پر معین طریقہ سے یہ بیان کیا تھا کہ چھوٹے کے ہبہ کے تقریباً چھ ماہ کے بعد عمل داخل خارج اسمار ہوا تھا۔ چونکہ عمل داخل خارج اسمار کی تاریخ معلوم ہے اس لئے اسکے یہ معنی ہوں گے کہ ہبہ کسی وقت اکتوبر سنہ ۱۹۱۵ء میں ہوا اور یہ دعوے کے بارہ سال کے اندر ہوا تھا جو چھوٹے کی وفات کے بعد ۸ر دسمبر سنہ ۱۹۲۰ء کو رجوع کیا گیا تھا۔ مدعی علیہ لالہ کے بیان کے مطابق چھوٹے نے یہ اراضی اون کے حق میں اوس مدد کے معاوضہ ہبہ کی تھی جو مدعی علیہم نے اوسکو اوس اراضی کے متعلق دی تھی جسکو کسی شخص نے چھین لی تھی۔

مسٹر دیو راج ساہنی نے یہ بحث کی تھی کہ جب ماتحت عدالتوں نے یہ قرار دیا تھا کہ ہبہ اسقدر عرصہ قبل جیسا کہ سنہ ۱۹۱۶ء ہے عمل میں آیا تھا تو یہ ایک واقعہ کی تجویز تھی جس پر مرافعہ ثانی میں غور نہیں کیا جا سکتا جواب میں اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ فاضل ڈسٹرکٹ جج کی تجویز پر جہاں تک کہ حقیقی واقعات کا تعلق ہے اعتراض نہیں کیا گیا ہے لیکن اعتراض اون نتائج پر کیا گیا ہے جو اون واقعات سے اخذ کئے گئے ہیں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ گو مدعی علیہم نے یہ عذر پیش کیا تھا کہ وہ مالکوں کی حیثیت سے اس اراضی پر عرصہ دراز سے قابض تھے مگر لالہ کا بیان نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ورنہ وہ نظر انداز کیا جانا چاہئے جب اوس نے یہ بیان کیا ہے کہ چھوٹے نے عمل داخل خارج اسمار کے تقریباً چھ ماہ قبل ہبہ کیا تھا۔ یہ کہ اوس کا منشا اصل میں یہ جوابدہی کرنے کا تھا کہ چھوٹے نے یہ ہبہ عمل داخل خارج اسمار کے ہونے سے ہی عرصہ قبل کیا تھا علاوہ بریں اس واقعہ سے بھی ثابت ہوتا ہے

صفحہ ۷۹۷

کہ مدعی علیہم نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی تھی کہ مدعیان نے ہبہ کی نسبت اپنی عملی منظوری دی تھی میرے نزدیک یہ بیان بھی اس اشارہ کو خارج کرتی ہے کہ ہبہ کی تکمیل بمقدار عرصہ قبل جیسا کہ سنہ ۱۹۰۹ء سے عمل میں آئی تھی فاضل ڈسٹرکٹ جج نے یہ قرار دیکر کہ مدعی علیہم کسی لگان کی ادائی کے بغیر سنہ ۱۹۱۳ء میں اراضی پر قابض تھے اور یہ کہ سنہ ۱۹۰۹ء میں چھوٹے نے یہ بیان دیا تھا کہ وہ دراصل مالک تھے اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ ضرور ہے کہ ہبہ کی تکمیل بمقدار عرصہ قبل جیسا کہ سنہ ۱۹۰۹ء سے ہوئی ہوگی جو اب ایسا نتیجہ اسکو اخذ کرنا میں کچھ بدر دشوار پاتا ہوں اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ مدعی علیہم سنہ ۱۹۱۳ء میں انکلم دی ہوئی خدمات کے معاوضہ میں اوس اراضی پر قابض کرا دیے گئے ہیں تو بھی اس میں کوئی امر غیر معمولی نہیں ہے کہ چھوٹے اون خدمات کا معاوضہ منظور پر ادا کرے اور اوس لگان کو تخفیف کر دے جو مذکورہ بالا اراضی کے لیے واجب الادا تھا حقیقت یہ ہے کہ اگر اوسکا یہ منشا تھا کہ ہبہ مطلق عمل میں لائے تو کوئی وجہ موجود نہیں ہے کہ کیوں اوسنے اوس وقت ایسا عمل نہ کیا ہوگا اور کاغذات مالگزاری میں اندراجات کی تکمیل نہ کرائی ہوگی یہ سمجھنا آسان ہے کہ جیسا کہ مال گذرنے کے بعد چھوٹے کو یہ رغبت دی جا سکتی تھی کہ وہ اپنے حقوق مالکانہ کو بھی چھوڑ دے۔

رام گوپال بنام شمس خاتون (۱) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ گو شہادت کے اثر کی نسبت ڈسٹرکٹ کورٹ کا فیصلہ واقعات کی نسبت قطعی ہونا چاہیے مگر نتائج کی معقولیت اس امر قانونی شامل ہو سکتے ہیں اور اون پر مرافعہ ثانی کی عدالت اعتراض کر سکتی ہے اس کے بعد نرجندر لال بنام شنکر شیخ (۲) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ مشتبہ واقعہ کا ٹھیک قانونی اثر لازمی طور پر قانون کا سوال ہے اور مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس مقدمہ میں مجھ کو اختیار ہے کہ اون نتائج پر غور کروں جو فاضل ڈسٹرکٹ جج نے قرار دیے ہوئے واقعات سے اخذ کیے تھے۔

میں یہ سمجھنے کے ناقابل ہوں کہ مدعیان سے جن کے منجملہ ایک ابھی نابالغ ہے کوئی تسلیم بالسکوت یا خاموشی ہوتی تھی جو مدعیان کے اس ہبہ پر اعتراض کرنے کے مانع ہوگی۔ دہنپت رائے بنام گراں دتا مل (۳) جس کا حوالہ مسٹر دیوراج ساہنی نے دیا تھا کوئی مدد نہیں دیتی ہے کیونکہ واقعات بالکل مختلف ہیں۔

ماتحت عدالتوں نے یہ قرار دینے میں اتفاق کیا ہے کہ مدعی علیہم مبلغ ۱۰۰۰ کے عوض اراضی کو واگذاشت کیا ہے۔ اس تجویز پر اعتراض نہیں کیا گیا ہے۔ ایسی حالت میں میں اس مرافعہ کو منظور اور مدعیان کا دعوی ڈگری کرتا ہوں اور یہ ہدایت دیتا ہوں کہ وہ مدعی علیہم کو اسکی ادائی کی شرط پر قبضہ کے مستحق ہیں۔ ان حالات میں فریقین اپنا تمام خرچہ خود برداشت کریں گے۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائی کورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۵۵۹ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء فیصلہ ۱۳ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس [illegible]

عظیم خان۔ مدعی۔ مرافعہ بنام سید امام وغیرہ مدعی علیہم مرافعہ علیہم

قانون حق شفعہ پنجاب ایکٹ ۲ بابتہ سنہ ۱۹۱۳ء دفعہ ۴۔ حق شفعہ کی نوعیت۔ حق شفعہ کی قابلیت زیادہ تاریخ ارجاع دعوی تک قائم رکھی جانی چاہیے۔

پنجاب میں حق شفعہ قانون حق شفعہ پنجاب کی رو سے عطا کیا گیا ہے جس میں اسامر کی صراحت کی گئی ہے کہ بیع کی تکمیل پر بعض اقسام کے اشخاص کیلئے حق شفعہ پیدا ہو جاتا ہے۔

جسٹس شاہ دین کی رائے بمقدمہ دیبا سنگھ بنام گوبند سنگھ انڈین کیسز جلد ۳ صفحہ ۲۴۳ کی تقلید کی گئی۔

(۱) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۲۱ صفحہ ۹۳ (۲) انڈین کیسز جلد ۱۵ صفحہ ۶۰ (۳) انڈین کیسز جلد ۴۶ صفحہ ۵۲۰ (نظائر ہند صفحہ ۶۹۴)

(۱۰۷)

ایسی حالت میں وہ شخص جو تاریخ بیع پر کسی بیع کی نسبت حق شفعہ نافذ کرنیکا مستحق ہو اپنے حق کو نافذ کرنیکا مستحق ہوتا ہے باوجود اس واقعہ کے کہ اوس تاریخ پر جبکہ وہ حق شفعہ کا دعوی رجوع کرے اسکی وہ قابلیت نہ رہی ہو۔ جس کے باعث اوسکو وہ حق حاصل ہوا تھا۔ ساؤل داس بنام گر پرشاد انڈین کیسز جلد ۴ صفحہ ۹۰۱، دینا سنگہ بنام گر بخش سنگہ انڈین کیسز جلد ۴ صفحہ ۳۳۷ و ہیرا بنام ہنسی لال انڈین کیسز جلد ۲۵ صفحہ ۵۵۰ کی تقلید کی گئی۔

فتح سنگہ بنام سنت سنگہ انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۳۲۹ سے اختلاف کیا گیا جانکی پرشاد بنام الشیر داس انڈین لارپورٹ الہ آباد جلد ۲۱ صفحہ ۳۷۴ کو ممیز کیا گیا۔

مرافعہ ثانی بنار ہمی ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ جج میانوالی مورخہ ۱۲ فروری سنہ ۱۹۲۲ء مشعر ترمیم ڈگری صادرہ منصف درجہ اول بھکر ضلع میانوالی مورخہ ۴ ار نومبر سنہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافع لالہ ہرگوپال منجانب مرافعہ علیہم۔ لالہ جگن ناتھ۔

**فیصلہ** یہ مرافعہ ثانی حسب ذیل حالات میں ایک حق شفعہ کے دعوی سے پیدا ہوا ہے۔

واسارام نے اکنال ۵ امرلے اراضی واقع موضع شاہانی سیوارام اور تیرت رام کے ہاتھ مبلغ ۱۰۰ صہ کے عوض ایک بیعنامہ مورخہ یکم مے سنہ ۱۹۱۹ء کے بموجب بیع کی تھی۔ مدعی عظیم خاں نے دعوی حق شفعہ کیلئے ۳۰ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء کو اس بنا پر رجوع کیا تھا کہ وہ موضع میں اعلی مالک تھا اور اس حیثیت سے بمقابلہ مشتریوں کے بہتر حق رکھتا تھا اوس نے یہ بھی بیان کیا تھا کہ قیمت جسکا ذکر بیعنامہ میں کیا گیا تھا وہ فرضی تھی اور یہ کہ واقعہ یہ تھا کہ صرف مبلغ ۱۷۰ صہ ادا کئے گئے تھے مدعی علیہم نے دعوی میں اس اصلی بنا پر اعتراض کیا تھا کہ مدعی کے مورثوں نے موضع میں اپنا اعلی حق ملکیت مدعی علیہم کے مورثوں کے پاس ساٹھ سال

سے زیادہ عرصہ قبل رہن کر دیا تھا اور چونکہ رہن منفک نہیں کرایا گیا تھا اس لئے مدعی کا حق انفکاک زایل ہوگیا تھا اور یہ کہ مدعی علیہم اعلی مالک ہوگئے تھے وہ قیمت جو بیعنامہ میں درج کی گئی تھی حقیقی بیان کیگئی تھی اور یہ عذر بھی پیش کیا گیا تھا کہ بیعنامہ مدعی کی رضامندی سے حاصل کیا گیا تھا اور یہ کہ ایسی حالت میں مدعی ترک حق کی وجہ سے اپنے حق شفعہ سے محروم ہوگیا تھا۔ دونوں ماتحت عدالتوں نے یہ قرار دیا ہے کہ وہ قیمت جو بیعنامہ میں درج کی گئی تھی حقیقی تھی۔ اور یہ بھی قرار دیا ہے کہ بیع کی نسبت رضامندی دینے کی وجہ سے مدعی نے اپنا حق ترک نہیں کیا تھا حقیقی تصفیہ طلب سوال یہ تھا کہ آیا مدعی اب بھی موضع میں اعلی مالک تھا یا انقضائے مدت کی بنا پر مدعی کا حق انفکاک زایل ہوجانے کی وجہ سے مدعی علیہم اعلی مالک ہوگئے ہیں تاریخ بیع پر تاریخ رہن سے صرف ۵۹ سال اور ۲ ماہ گذرے تھے ایسی حالت میں مدعی مسلمہ طور پر تاریخ بیع پر اعلی مالک تھا۔ دعوی ۳۰ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء کو دائر کیا گیا تھا جب ۶۰ سال گذر چکے تھے۔ عدالت ابتدائی نے نظائر ہیرا بنام ہنسی لال (۱) ساؤل داس بنام گر پرشاد (۲) و دینا سنگہ بنام گر بخش سنگہ (۳) سے استناد کرتے ہوئے یہ قرار دیا کہ مدعی دعوی قایم رکھنے کا مستحق تھا اور اوسکو ڈگری عطا کی۔

عدالت مرافعہ تحت نے یہ قرار دیکر دعوی خارج کیا ہے کہ حق شفعہ کے دعوی میں کامیاب ہونے کے لئے مدعی کو یہ ظاہر کرنا چاہئے تھا کہ وہ نہ صرف تاریخ بیع پر بلکہ تاریخ ارجاع دعوی پر بھی حق شفعہ رکھتا تھا اس رائے کی تائید میں فاضل جج نے اوس نظیر پر استدلال کیا تھا جو بطور فتح سنگہ بنام سنت سنگہ (۴) کے طبع کیگئی ہے

(۱) انڈین کیسز جلد ۲۵ صفحہ ۵۵۰ (۲) انڈین کیسز جلد ۴ صفحہ ۱۷۹
(۳) انڈین کیسز جلد ۴ صفحہ ۳۳۷ (۴) انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۳۲۷

عظیم خاں
بنام
سیوارام
و لالہ ہو

یہ نظیر زیادہ تر ہائی کورٹ الہ آباد کے فیصلہ جانکی پرشاد بنام ایشر داس (۵) پر مبنی ہے اوس اجلاس کامل کے فیصلہ میں جو بطور دینا سنگھ بنام گرنجش سنگھ (۳) کے منسوخ کیا گیا ہے۔ مسٹر جسٹس شاہ دین نے یہ ظاہر کیا تھا کہ اس صوبہ میں حق شفعہ قانون حق شفعہ کے بموجب عطا کیا گیا ہے جس میں یہ صراحت کی گئی ہے کہ بیع ہونے کے ساتھ ہی بعض قسم کے اشخاص کیلئے حق شفعہ پیدا ہو جاتا ہے اگرچہ کہ صوبہ میں حق شفعہ انصاف عدل اور نیک نیتی کے قاعدہ پر مبنی ہے اور وہ عمل نو شرع اسلام کے تحت حق شفعہ کے مقدمات سے متعلق ہو سکتے ہیں اوس صوبہ میں حق شفعہ کے مقدمات میں آزادی کے ساتھ متعلق کئے جاتے ہیں۔

شرع اسلام کے مطابق اگر حق شفعہ کا دعویدار تاریخ ارجاع دعوی پر شخص اجنبی قرار دیا جائے تو اوسکو حق شفعہ کی ڈگری عطا نہیں کیجا سکتی ایسی حالت میں نظیر جانکی پرشاد بنام الغر الرحمن حق شفعہ کے اون مقدمات سے متعلق نہیں ہو سکتی جو اس صوبہ میں قانون حق شفعہ کے تحت پیدا ہوتے ہیں میرے خیال میں وہ رائے جو عدالت ابتدائی نے اختیار کی تھی صحیح تھی۔

ایسی حالت میں میں مرافعہ منظور کرتا ہوں اور عدالت مرافعہ تحت کی ڈگری منسوخ کرتے ہوئے عدالت ابتدائی کی ڈگری معہ خرچہ بحال کرتا ہوں۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائی کورٹ لاہور

### مرافعہ تحت فرمان شاہی

نمبر مقدمہ ۱۵۸ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۲ مئی ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر شادی لال قائم مقام چیف جسٹس و مسٹر جسٹس ملٹ شفیعہ

بیج راج مرن نابالغ بذریعہ سماۃ منو بنام جوتی پرشاد۔ مدعی۔

کنتی دیوی وغیرہ وغیرہ — مرافعہ علیہم

مدعی علیہا۔ مرافعان

قانون اسٹامپ ایکٹ ۲ بابتہ ۱۸۹۹ء دفعہ ۳۶۔ دستاویز کا مرافعہ میں قابل ادخال قرار دیا جانا۔ ایسے فیصلہ پر آیا مرافعہ تحت فرمان شاہی میں اعتراض کیا جا سکتا ہے۔

ایک دعوی ایک دستاویز کی بنیاد پر جس کی نسبت عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا تھا کہ وہ پرامیسری نوٹ ہے لیکن جس پر اس حیثیت سے ٹھیک اسٹامپ ثبت نہ تھا کچھ رقم کی بازیافت کیلئے رجوع کیا گیا تھا ہائی کورٹ میں مرافعہ ہونے پر ایک جج منفرد نے یہ قرار دیا تھا کہ دستاویز پرامیسری نوٹ نہ تھی اور وہ فقرہ رسم اسٹامپ اور تاوان کی ادائی پر قابل ادخال شہادت تھی۔ اس فیصلہ کی ناراضی سے تحت فرمان شاہی مرافعہ پیش ہونے پر۔

قرار دیا گیا کہ جج منفردہ کا حکم دفعہ ۳۶ قانون اسٹامپ کے مفہوم میں دستاویز کے شہادت میں داخل کرنے کی حد تک پہنچا تھا اور اس لئے مرافعہ میں اوس پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا تھا۔

منگل سین بنام گوبند داس پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۹۰ء نمبر ۱۳۹ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ تحت فرمان شاہی دفعہ ۳۶ قانون اسٹامپ کی اغراض کیلئے دعوی کی ایک نوبت ہے۔

راما سامی چٹی بنام راما سامی چٹی انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۵ صفحہ ۲۲۰ و ملارام بنام پریم کور انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۲۲۴ کا حوالہ دیا گیا۔

مرافعہ تحت فرمان شاہی بنا راضی حکم صادرہ مسٹر جسٹس براڈوے صادرہ مرافعہ دیوانی نمبر ۲۶۳ بابتہ ۱۹۲۱ء مورخہ ۶ جون ۱۹۲۲ء اور جو بطور تحت

گینبر جلد ۸ صفحہ ۱۶۱ کے طبع کیا گیا تھا۔ شرح تنسیخ حکم صادرہ سینئر سب ڈویژنل جج کرنال مورخہ ۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء

منجانب مرافعان پنڈت شیونارائن آر۔بی و لالہ جگن ناتھ۔

منجانب مرافعہ علیہم مسٹر شمیر چند و لالہ فقیر چند۔

**فیصلہ** یہ مرافعہ ایک دعوی سے پیدا ہوتا ہے جو اس رقم کیلئے رجوع کیا گیا تھا جو ایک دستاویز کی رو سے واجب الادا تھی جس پر ایک اشٹام چسپاں تھا جس میں یہ عہد درج تھا کہ ۲۰۲/۱۵ روپیہ معہ سود ادا کئے جائینگے مدعی نے دستاویز مندرجہ عرضی دعوی کی تعریف بطور ایک اقرار کے کی تھی لیکن مدعی علیہم نے یہ جوابدہی کی تھی کہ وہ پرامیسری نوٹ تھا اور چونکہ اوس پر کافی اسٹامپ ثبت نہ تھا اس لئے وہ قابل ادخال شہادت نہ تھا۔ عدالت تحت نے مدعی علیہم کی دلیل منظور کی لیکن یہ قرار دیا کہ مدعی سابقہ معاملات پر استدلال کرنے کا مستحق تھا جو اوسکی کتب میں درج تھے اور چونکہ وہ معاملات اوسکے اختیار سماعت کی حدود ارضی سے باہر واقع ہوئے تھے اس لئے اوس نے عرضی دعوی عدالت مجاز میں پیش ہونے کیلئے واپس کی۔ اس عدالت کے روبرو مرافعہ پیش ہونے پر ایک جج منفردہ نے یہ قرار دیا ہے کہ دستاویز زیر بحث پرامیسری نوٹ نہیں ہے اور حسب احکام قانون تصفیہ ہونیکے لئے مقدمہ عدالت ماتحت میں واپس کیا ہے موجودہ مرافعہ اون کے حکم کی ناراضی سے بذریعہ فرمان شاہی رجوع کیا گیا ہے اور مرافعان کی جانب سے یہ بحث کیگئی ہے کہ دستاویز پرامیسری نوٹ ہے اور اس لئے وہ دفعہ ۳۵ قانون اسٹامپ کے بموجب قابل ادخال شہادت نہیں ہے۔

لیکن اولاً اس امر پر غور کرنا چاہیے کہ آیا مرافعان یہ دلیل پیش کرنے سے دفعہ ۳۶ قانون کی وجہ سے ممنوع نہیں ہیں جس میں اس امر کی صراحت کی گئی ہے کہ جب کوئی دستاویز شہادت میں قبول کیگئی ہو تو اوسی دعوے یا کارروائی کی کسی نوبت پر اسطور پر داخل کئے جانے میں اس بنا پر اعتراض

برج راج بنام جوتی

نہ کیا جائیگا کہ دستاویز پر باقاعدہ طریقہ سے اسٹامپ ثبت نہیں کیا گیا ہے کہ اس امر کی نسبت دو سوالات غور طلب ہوجاتے ہیں ایک یہ ہے کہ آیا وہ دستاویز جس پر دعوی مبنی ہے شہادت میں قبول کی گئی ہے اور دوسرا یہ ہے کہ آیا یہ مرافعہ دعوی کی کوئی نوبت ہے۔

پہلے امر کی نسبت مرافعان کی جانب سے یہ زور دیا گیا ہے کہ ذی علم جج نے دستاویز کی نسبت یہ قرار دیا تھا کہ وہ پرامیسری نوٹ نہیں ہے مگر وہ ایک ایسا مسل ہے جس پر ناقص رسوم ثبت کیگئی ہے اور وہ قابل ادخال شہادت نہیں ہے تا وقتیکہ کامل رسوم اسٹامپ اور رقم تاوان نہ ادا کیا جائے جو دفعہ ۳۵ کی رو سے مقرر کیا گیا تھا۔ یہ صحیح ہے لیکن تمام کارروائیات میں فریقین کے مابین صرف ایک نزاع یہ رہی ہے کہ آیا دستاویز پرامیسری نوٹ ہے یا نہیں اگر وہ پرامیسری نوٹ ہو تو وہ کلیتاً ناقابل ادخال شہادت ہوگی۔ جج منفردہ کے فیصلہ سے دستاویز کو داخل شہادت کیا گیا ہے جو صرف اسکے تابع ہے کہ مدعی مقررہ رسوم اور تاوان ادا کرے جسکی نسبت کبھی یہ ظاہر نہیں کیا گیا ہے کہ وہ اوسکی ادائی کیلئے آمادہ نہیں ہے۔ پرشنگل سین بنام گوبند داس (۱) ایک مقدمہ ہے جو متعلق ہوتا ہے اوس مقدمہ میں بھی عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا تھا کہ دستاویز بنائے دعوی ایک پرامیسری نوٹ تھا اور ناقابل ادخال شہادت تھا لیکن عدالت مرافعہ نے یہ قرار دیا تھا کہ وہ پرامیسری نوٹ نہ تھا اور تاوان کی ادائی پر بطور کسی معاہدہ کے قابل ادخال شہادت تھا۔ جسٹس پلوڈن نے یہ خیال کیا تھا کہ دستاویز کو شہادت میں عدالت مرافعہ نے قبول کیا تھا اور یہ فیصلہ کیا تھا کہ اسطور پر قبول کئے جانے پر اعتراض نہیں کیا جاسکتا تھا۔ لیکن ہماری یہ رائے ہے کہ وہ دستاویز جو موجودہ مقدمہ میں سند دعوی ہے وہ ذریعہ قانون اسٹامپ کی اغراض کیلئے اوس فیصلہ کی رو سے شہادت میں قبول کیگئی ہے جو زیر مرافعہ ہے گو کامل رسوم اسٹامپ اور تاوان کا ادا کیا جانا ابھی باقی ہے۔

ضمیمہ

دوسرے سوال کی حد تک یہ امر نزاعی نہیں ہے کہ جب عدالت ابتدائی نے کسی دستاویز کو شہادت میں قبول کیا ہو تو دفعہ ۳۶ اسکے مانع ہوتی ہے کہ

(۱) پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء نمبر ۱۳۶

مسلو پر داخل کئے جانے کے متعلق عدالت مرافعہ میں اعتراض کیا جاسکے اس امر کے متعلق متعدد نظائر موجود ہیں جن کے منجملہ سیتا رام بنام بیرم گور (۲) بہت ہی حال کی نظیر ہے مسلو بریتہ واضح ہے کہ دفعہ ۳۶ کی اغراض کیلئے مرافعہ اولی وعذرداری کی ایک نوعیت سمجھی جاتی ہے راماسامی چیٹی بنام راماسامی چیٹی (۳۱) میں مرافعہ ثانی کے متعلق یہی سمجھا گیا تھا جس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ عدالت ماتحت کی جانب سے کسی ہنڈی کے قبول کئے جانے کے متعلق جس کی نسبت عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا تھا کہ وہ ناقابل ادخال شہادت ہے مرافعہ ثانی میں اعتراض نہیں کیا جاسکتا تھا اور فیصلہ منگل سین بنام گوبند رام (۱) جس کا حوالہ اوپر دیا گیا ہے وہی اثر رکھتا ہے۔

ہم کوئی وجہ نہیں پاتے کہ کیوں کوئی مرافعہ تحت فرمان شاہی اوسی طرح دفعہ ۳۶ قانون اشٹامپ کی اغراض کے لئے دعوی کی نوعیت نہ سمجھا جائے۔

ایسی حالت میں ہم یہ قرار دیتے ہیں کہ دفعہ مذکور کے احکام کے تابع مرافعان اسکے مستحق نہیں ہیں کہ وہ فاضل جج کی جانب سے اوس دستاویز کے قبول کئے جانے پر اعتراض کریں جو دعوی کی بنیاد ہے۔ بناءعلیہ مرافعہ ناکامیاب رہتا ہے اور ہم اوسکو معہ خرچہ خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائی کورٹ لاہور

مرافعہ اولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۳۷ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۳ اکتوبر ۱۹۲۲ء

باجلاس: مسٹر جسٹس مارٹینو و مسٹر جسٹس موتی ساگر

ولی داد خان وغیرہ مسمیان بنام منشی رام وغیرہ مدعیان

مدعی علیہم ۔ مرافعان — مرافعہ علیہما

ڈگری کی تعمیل ۔ زر نقد کی ڈگری ۔ مدیون ڈگری کی اسٹیٹ کا کورٹ آف وارڈز کی نگرانی میں لے لیا جانا آیا اقساط کی اجازت دیجانی چاہئے۔

محض یہ واقعہ کہ مدیون ڈگری کی اسٹیٹ کورٹ آف وارڈز کے انتظام میں لے لی گئی ہے کوئی وجہ اوس کو یہ اجازت دینے کی نہیں ہوتی کہ وہ اوس ڈگری زر نقد کی رقم باقساط ادا کرے جو اوس کے خلاف حاصل کیگئی تھی

مرافعہ اولی بنا راضی ڈگری مصدرہ سینیر سب جج جھنگ مورخہ ۵ اکتوبر ۱۹۲۲ء

منجانب مرافعان ۔ مسٹر سی۔ ایچ۔ اورٹل

منجانب مرافعہ علیہم ۔ مسٹر نانک چند۔

**فیصلہ** مبلغ ... کی ڈگری ایک تمسک کی بناء پر صادر کیگئی ہے جس کی تکمیل مدعی علیہم نے کی تھی اور موخر الذکر نے اپنے مرافعہ میں جس امر پر زور دیا ہے وہ یہ ہے کہ انکو اقساط کی اجازت دیجانی چاہئے تھی یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اونکی اسٹیٹ اس سال کورٹ آف وارڈز کی نگرانی میں لے لی گئی ہے لیکن یہ کوئی وجہ اقساط کی اجازت دینے کی نہیں ہے۔

جیسا کہ عدالت تحت نے ظاہر کیا تھا۔ مدعی علیہم غریب اور مفلس اشخاص نہیں ہیں بلکہ وہ بہت بڑی جایداد کے مالک ہیں اور انہوں نے اوس قرضہ کی ایک پائی بھی ادا نہیں کی ہے جس میں وہ مدعیان کے مقروض ہیں شرح سود جو لگائی گئی ہے وہ متوسط ہے اور ہماری رائے میں عدالت تحت کا عمل قسط کی اجازت دینے سے انکار کرنے میں درست ہے

ہم مرافعہ معہ خرچہ خارج کرتے ہیں

مرافعہ خارج کیا گیا

(۱) انڈین کیسیز جلد ۱۸ صفحہ ۴۴ (۲) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۵ صفحہ ۲۲

# ہائیکورٹ الہ آباد

## نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۳۹۰ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۱ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ڈینیلز

بھورے لال - نگرانیخواہ بنام ملک معظم - فریق مخالف

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعات ۱۴۴، ۴۳۵، ۴۳۹ - مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ ۱۸۶۰ء دفعہ ۱۸۸ - حکم زیر دفعہ ۱۴۴ - لوکل گورنمنٹ کی جانب سے میعاد میں توسیع کی حد - توسیع کے وجوہ - حکم کی عدم تعمیل - جرم بیجے نگرانی - جدید وجہ پرایا ہائیکورٹ کے روبرو زور دیا جاسکتا -

لوکل گورنمنٹ کو جب وہ اس میعاد میں توسیع کررہی ہو جسمیں حکم زیر دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری نافذ رہنا چاہیئے ان وجوہ سے کوئی تعلق نہیں ہوتا جو مجسٹریٹ نے حکم کے لئے بتلائی ہوں بلکہ اس حقیقی حکم سے تعلق ہوتا ہے جو اس نے صادر کیا تھا اور اگر لوکل گورنمنٹ یہ خیال کرے کہ اس فعل کی اجازت دینے میں جس کو مجسٹریٹ نے ممنوع کیا ہے انسانی جان یا عافیت خطرہ میں ہے یا بلوہ یا ہنگامہ کا احتمال ہے تو اس کو فقرہ (۵) دفعہ ۱۴۴ کی رو سے بخوبی یہ اختیار ہوتا ہے کہ حکم کی میعاد میں توسیع کرے -

واضعان قانون نے اس کو مناسب نہیں خیال کیا ہے کہ وہ اس میعاد کو محدود کریں جس میعاد تک دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے کسی حکم کے اثر کو لوکل گورنمنٹ دفعہ کے فقرہ ۵ کے بموجب وسیع کرسکتی ہے اور فقرہ کی عبارت کی رو سے لوکل گورنمنٹ مجاز ہوتی ہے کہ وہ حکم میں اس وقت تک توسیع کرے جب تک کہ وہ خطرہ جس کا اس کو اندیشہ ہے قائم رہے -

فقرہ (۵) دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری میں کوئی مضمون اس قسم کا نہیں ہے جسکی رو سے لوکل گورنمنٹ کے لئے یہ ضروری ہو کہ حکم کی میعاد میں توسیع کرنے کے وجوہ قلمبند کرے یا کسی بلوہ یا ہنگامہ یا دوسرے خطرہ کے احتمال کے واقعہ کا ذکر ہے جس کا اس کو خوف ہو -

ہائیکورٹ کو اختیار نہیں ہے کہ وہ دفعہ کے ساتھ ایک ایسی شرط کا اضافہ کرے جو واضعان قانون نے عائد نہیں کی تھی -

دفعہ ۱۸۸ مجموعہ تعزیرات کی رو سے اگر کوئی عدالت یہ قرار دے کہ آیا وہ حکم جسکی خلاف ورزی کے لئے سزا دینی مقصود ہے قانونی حکم تھا تو اس کو صرف یہ دیکھنا چاہیئے کہ آیا ملزم نے حاکم کی خلاف ورزی کی تھی اور اگر یہ حالت تھی تو آیا ایسی خلاف ورزی کے وہ نتائج پیدا ہوئے تھے یا ان کے پیدا ہونے کا احتمال تھا جنکی صراحت دفعہ کے فقرہ جات ۲ و ۳ میں کی گئی تھی - کسی درخواست نگرانی کے اولاً ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ یا سشن جج کے روبرو پیش کرنے کی ہدایت دینے کی غرض یہ ہے کہ ہائیکورٹ کے پاس اس معاملہ میں تجویز کرتے وقت تنقیح طلب کے متعلق دو عدالتوں کی مدلل رائے موجود ہو اور یہ غرض ایک بڑی حد تک مفقود ہوجائیگی اگر درخواست گذاروں کو یہ اجازت دی جائے کہ وہ ہائیکورٹ میں ایسا امور پیش کریں جن پر انھوں نے عدالت ماتحت کے روبرو زور نہیں دیا تھا -

نگرانی فوجداری بنا راضی حکم صادرہ سشن جج بریلی مورخہ ۲۳ اکتوبر ۱۹۲۲ء

منجانب نگرانیخواہ - مسٹر یو - ایس - باجپائی -

منجانب سرکار - دی اسسٹنٹ گورنمنٹ ایڈوکیٹ - -

**فیصلہ** - یہ ایک درخواست نگرانی اس حکم میں نگرانیخواہ کے خلاف تجویز ثبوت جرم کی ناراضی سے پیش کی گئی ہے جو دفعہ ۱۸۸ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے قابل سزا ہے نگرانیخواہ کے خلاف یہ الزام تھا کہ وہ ایک جلوس خلاف قانون میں شریک ہوا تھا جو ایک حکم کی رو

بھورے لال
بنام
ملک معظم
الہ آباد

سے ممنوع کیا گیا تھا جو بطور جائز دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے بموجب صادر کیا گیا تھا ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بریلی نے ابتدا ایک حکم جاری کیا جس کی رو سے بریلی کی اس سڑک پر جلوس کے گذرنے کو منع کیا گیا تھا یہ حکم دو ماہ تک نافذ رہ سکتا تھا مگر اسلئے کہ لوکل گورنمنٹ نے ضمن (۵) دفعہ مذکور کے تحت اس میں توسیع کی۔ حکم کی میعاد کے ختم ہونے سے قبل لوکل گورنمنٹ نے ایک اعلان صادر کیا جس کی باقاعدہ طور پر گزٹ میں اشاعت کی گئی تھی جس میں یہ ہدایت دی گئی تھی کہ حکم اس وقت تک نافذ رہنا چاہئے جب تک کہ اعلان مندرجہ گزٹ مابعد کی رو سے اس کو منسوخ نہ کیا جائے۔

نگرانی کنندگان پر جو جرمانہ کیا گیا ہے اس کی بنیاد پر اعتراض کیا گیا ہے جو لوکل گورنمنٹ نے صادر کیا تھا اور جو تمام جرمانے یہ بیان کیا گیا تھا کہ اگر حکم جائز تھا تو کوئی جرم زیر دفعہ ۱۸۸ ثابت نہیں ہوتا تھا۔

نگرانی کنندگان کی پہلی بحث یہ ہے کہ حکم محض جائز طور پر صرف مذہبی جلوسوں سے متعلق توسیع کی جا سکتی تھی۔ فاضل کونسل نے اس حکم کی تمہید پر استدلال کیا ہے جس میں ڈسٹرکٹ جج نے اسکے صادر کرنیکی وجوہ بتلائی ہیں۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے یہ خیال کیا تھا کہ چونکہ یہ خاص شہر میں بہت ہی تنگ سڑکیں ہیں اس لئے ان میں سے جلوس کے لیجانے میں اشخاص کی مزاحمت ہوتی اور ان کو تکلیف پہونچنے کا ہمیشہ خطرہ تھا جو اپنے جائز کاروبار میں مصروف تھے اور یہ کہ اسکے علاوہ مذہبی تہواروں کے موقع پر بلوہ یا ہنگامہ کے خطرہ کا اضافہ ہو جاتا تھا لیکن حکم کا نافذہ حصہ ہر قسم کے جلوسوں کے خلاف ایک امتناع تھی کہ وہ زیر بحث سڑکوں پر سے گزرے۔ لوکل گورنمنٹ کا حکم ان وجوہ سے نہ تھا جو مجسٹریٹ نے بتلائے تھے بلکہ اس واقعی حکم سے تھا جو انھوں نے صادر کیا تھا اور اگر لوکل گورنمنٹ نے یہ خیال کیا تھا کہ جلوسوں کو ان سڑکوں پر سے گذرنے کی اجازت دینے میں انسان کی جان تندرستی یا عافیت کو خطرہ تھا یا بلوہ یا ہنگامہ کا احتمال تھا تو لوکل گورنمنٹ ضمن (۵) کی رو سے حکم کی میعاد میں توسیع کرنیکی پوری طور پر مختار تھی اور وہ جلوس کی کسی خاص قسم تک محدود نہ تھی۔

دوسرا عذر جو پیش کیا گیا تھا وہ اس امر کے متعلق ہے جس میں یہ صادر کیا گیا ہے یعنی یہ کہ وہ اس وقت تک نافذ رہنا چاہئے جب تک کہ اعلان مندرجہ گزٹ کی رو سے اس کو منسوخ نہ کیا جائے۔ اس باب کے عنوان پر استدلال کیا گیا ہے جس کا تعلق امر باعث تکلیف عام یا خطرہ کی صورتوں میں عارضی احکام سے ہے اور یہ بحث کی گئی ہے کہ لوکل گورنمنٹ کو صرف یہ اختیار تھا کہ وہ معین اور بہت ہی محدود مدت کے لئے حکم میں توسیع کرے۔ لیکن واضعان قانون نے اس کو مناسب نہیں خیال کیا ہے کہ وہ اس مدت کو محدود کریں جس مدت تک کسی حکم کی اثر میں توسیع کی جا سکتی ہے اور دفعہ کی عبارت کی رو سے لوکل گورنمنٹ کو یہ اختیار تھا کہ وہ حکم میں اس مدت تک توسیع کرے جب تک کہ وہ خطرہ جس کا اس کو اندیشہ تھا موجود رہے۔

تیسرا عذر یہ ہے کہ لوکل گورنمنٹ نے حکم کی میعاد میں توسیع کرنے میں اس خطرہ کا ذکر نہیں کیا ہے جس کا اس کو اندیشہ تھا اور جسکے باعث اعلان جاری کیا گیا تھا اس کے لئے بھی دفعہ میں کوئی مضمون اس قسم کا نہیں ہے جسکی وجہ سے لوکل گورنمنٹ کے لئے یہ ضروری ہو کہ وہ اپنے وجوہ بیان کرے یا بلوہ یا ہنگامہ یا دوسرے کسی خطرہ کے احتمال کے واقعہ کا ذکر کرے جس کا اس کو اندیشہ ہو اور اس عدالت کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ دفعہ کے ساتھ کسی ایسی شرط کا اضافہ کرے جو واضعان قانون نے

عائد نہیں کی تھی - آخری امر جس پر زور دیا گیا تھا یہ ہے کہ یہ نہیں ظاہر کیا گیا ہے کہ ملزم کی خلاف ورزی دفعہ ۱۸۸ کے تیسرے فقرہ کے مفہوم میں انسان کی جان تندرستی یا عافیت کے لئے خطرہ کا یا بلوہ یا ہنگامہ کا باعث ہوئی تھی یا ایسے باعث ہونیکا احتمال تھا - یہ امر اس درخواست نگرانی میں نہیں درج کیا گیا تھا جو ذیعلم سشن جج کے روبرو پیش کی گئی تھی - اس قسم کے مقدمات میں درخواست کے اولاً عدالت مرافعہ تحت کے روبرو پیش کرنیکی ہدایت دینے کی یہ غرض ہے کہ اس عدالت کے روبرو اس معاملہ کے متعلق تجویز کرتے وقت امور تنقیح طلب پر دو عدالتوں کی مدلل رائے ہو اور یہ غرض ایک بڑی حد تک زائل ہو جائیگی اگر نگرانی خواہوں کو یہ اجازت دی جائے کہ وہ اس عدالت میں ایسے امور پیش کریں جن پر انھوں نے عدالت تحت میں اپنی درخواست نگرانی میں زور نہیں دیا تھا - لیکن دونوں عدالتوں نے بطور واقعہ کے اپنی توجہ اس امر کی طرف مبذول کی ہے کہ عدالت ابتدائی نے یہ خیال کیا تھا کہ نافذہ احکام کی اس قسم کی باقاعدہ خلاف ورزی میں اور اس کو بیجہ شبہ نہیں تھا کہ خلاف ورزی باقاعدہ تھی یکم از کم پولیس کے ساتھ جھگڑا ہو جانیکا بہت زیادہ خطرہ شامل تھا اور ایسی تمثیلات معلوم کرنا دشوار نہ ہوگا جنمیں ایسے جھگڑے سے خونریزی ہوئی ہے - ذیعلم سشن جج نے یہ بیان کیا ہے کہ اس امر پر زور دینا کہ موجودہ مقدمہ میں کسی بلوہ یا ہنگامہ کا کوئی خطرہ نہ تھا ان کو حقیقی امور کے مقابلہ میں غیر اہم معلوم ہوتا تھا - میں یہ بھی ظاہر کر سکتا ہوں کہ جرمانہ کی سزا جو دی گئی تھی وہ اس قسم کی تھی جو دفعہ کے دوسرے فقرہ کی رو سے عائد کی جا سکتی تھی اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ یہ فقرہ متعلق نہیں ہو سکتا تھا کیونکہ لوکل گورنمنٹ

اپنا اعلان صرف گزٹ میں شائع کر سکتی تھی اس بناء پر کہ بلوہ یا ہنگامہ یا جان تندرستی یا عافیت کو خطرہ پہونچنے کا احتمال تھا یہ ایک بالکل مختلف خیال ہے - یہ سوال کہ آیا کوئی حکم قانونی حکم تھا اس سوال سے بالکل مختلف سوال ہے کہ آیا اس کی خلاف ورزی کرنے میں اس جرم کا ارتکاب ہوا ہے - اگر وہ حکم جو جاری کیا گیا تھا جائز حکم تھا تو عدالت کو صرف یہ دیکھنا چاہئے کہ آیا ملزم نے اس حکم کی خلاف ورزی کی تھی اور آیا اگر خلاف ورزی کی گئی تھی تو اسکے باعث وہ نتائج پیدا ہو گئے تھے یا پیدا ہونے والے تھے جنکی صراحت دفعہ ۱۸۸ کے فقرہ جات ۲ و ۳ میں کی گئی ہے پس نگرانی کے تمام وجوہ ناکامیاب رہتی ہیں اور میں درخواست خارج کرتا ہوں - حکم سزا کے سوال پر ابتدا میں بحث نہیں کی گئی تھی لیکن فیصلہ صادر کئے جانیکے وقت فاضل کونسل نے عدالت سے حکم سزا میں تخفیف کرنیکی استدعا کی تھی لیکن میں یہ نہیں خیال کرتا کہ رقوم جرمانہ جو عائد کی گئی تھیں وہ حالات کے لحاظ سے زیادہ تھیں اور میں درست اندازی کرنے سے انکار کرتا ہوں -

درخواست نامنظور کیگئی

## ہائیکورٹ پٹنہ

### متفرقہ فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۳ بابتہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۳ مئی ۱۹۲۳ء

باجلاس جسٹس سر جان بکنل نائٹ -

چیند لیکا کوئری - ملزم - بنام بدھو وسدہ مستغیث -

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۱۳۳ - امر باعث تکلیف عام - گذرگاہ عام میں مزاحمت - حق کا دعوی جو نیک نیتی سے کیا گیا ہو - اختیار سماعت - وہ مجسٹریٹ جس نے حکم اظہار وجہ جاری کیا ہو یا دوسرے مجسٹریٹ کی رپورٹ پر اس نے

قطعی قرار دینے کا مجاز ہوتا ہے۔

دفعہ ۱۴۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے تحت کارروائی کی جا سکتی ہے کہ بیان کیا جائے کہ کسی شارع عام پر کسی قسم کی رکاوٹ کو دور کرایا جائے یا مجبور کیا جائے بہ نسبت اس کے کہ شارع عام کا [illegible] کیا جائے اور خود کے تحت عرصہ دراز سے کوئی [illegible] نہیں ہوتا اور سوال کو عدالت دیوانی کے تصفیہ کے لئے چھوڑ دیا جانا چاہیے لیکن یہ امر پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ دعوی [illegible] [illegible] اور وہ اختیار سماعت کے خارج کرنے کا محض دعوی مجسٹریٹ کو یہ کہنا چاہیے کہ آیا دعوی نیک نیتی پر مبنی ہے یا نہیں۔ ملاحظہ ہو [illegible] انڈین لاء رپورٹ کلکتہ [illegible] ۱۹۱۰ء جس میں قرار دیا گیا کہ وہ مجسٹریٹ جو دفعہ ۱۴۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے کوئی مشروطی حکم اظہار وجہ جاری کرے اس کا مجاز ہوتا ہے کہ اس شہادت اور رپورٹ پر کوئی دوسرا مجسٹریٹ لے کر قلمبند [illegible] حکم اظہار وجہ کو قطعی قرار دے [illegible] اس لئے یہ معاملہ فقرہ ا دفعہ ۱۴۲ کی آخری عبارت کے بموجب سپرد کیا ہو۔

استصواب منجانب سیشن جج شاہ آباد۔

**فیصلہ**۔ یہ ایک استصواب ہے جو عدالت سیشن شاہ آباد نے احکام مندرجہ دفعہ ۱۴۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے بموجب اس عدالت سے کیا تھا۔ یہ حالات جن میں یہ استصواب کیا گیا ہے کسی قدر غیر معمولی ہیں یہ ظاہر ہوگا کہ ایک شخص مسمی [illegible] [illegible] [illegible] موضع [illegible] نے سب ڈویژنل مجسٹریٹ بکسر کے روبرو بذریعہ درخواست شکایت پیش کی اور ایسا عمل بظاہر دفعہ ۱۴۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے بموجب کیا تھا۔ استغاثہ اس مضمون کا تھا کہ مسمی چندریکا کوری وغیرہ نے ایک موضع کے عام راستہ میں اس طرح سے مزاحمت کی تھی کہ اس کا ایک جزو اپنے کھلیانوں کے لئے استعمال کیا تھا سب ڈویژنل مجسٹریٹ نے اس پر سب انسپکٹر پولیس کو حکم دیا کہ وہ تحقیقات کرنے کے بعد اس امر کے متعلق رپورٹ پیش کریں کہ آیا راستہ شارع عام تھا اور آیا درست در از [illegible] کی گئی تھی۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ پولیس ہیڈ کانسٹیبل نے ستائی تحقیقات کی اور [illegible] [illegible] [illegible] رپورٹ پیش کی کہ چندریکا [illegible] وغیرہ نے شارع عام پر [illegible] کی تھی اور [illegible] نے سفارش کی کہ کسی کارروائی کی ضرورت نہ تھی لیکن ۲۸ جنوری کو مسمی [illegible] نے ایک تحریری درخواست پیش کی جس میں پولیس کی رپورٹ کی صحت پر اعتراض کیا اور یہ استدعا کی کہ مجسٹریٹ یعنی سب ڈویژنل افسر ذاتی طور پر تحقیقات عمل میں لائیں۔ لہذا سب ڈویژنل [illegible] [illegible] [illegible] حسب ذیل حکم صادر کیا:۔

[illegible] رپورٹ سے مطمئن نہیں ہوں [illegible] [illegible] دفعہ ۱۴۳ مرتب کی جاویں اور ۱۲ جنوری [illegible] تاریخ مقرر کی جاتی ہے تاکہ ڈپٹی مجسٹریٹ کے روبرو [illegible] [illegible] [illegible] کے لئے تحریک کی جائے۔ اسکے بعد ڈپٹی مجسٹریٹ نے تحقیقات کر کے کارروائی کی چندریکا کوری باقاعدہ طور پر حاضر ہوا اور ایک تحریری جواب پیش کیا جس میں اس نے منجملہ دیگر امور کے یہ بیان کیا کہ وہ مقام زیر بحث پر اپنے کھلیان عرصہ دراز سے رکھتا تھا کہ اس کو جائداد کے اس حصہ پر [illegible] حاصل ہوگیا تھا اور یہ کہ عدالت فوجداری کو احکام مندرجہ دفعہ ۱۴۳ کے بموجب اس معاملہ کی تجویز کرنے کا کوئی اختیار حاصل نہ تھا لیکن ڈپٹی مجسٹریٹ نے یہ قرار دیا کہ راستہ شارع عام تھا اور یہ کہ آیا کسی حد تک چندریکا کوری نے مزاحمت کی تھی اس وجہ سے کہ اس نے وہاں اپنا کھلیان اور ایک [illegible] کی کل بھی قائم کی تھی ڈپٹی مجسٹریٹ نے سب ڈویژنل مجسٹریٹ کے روبرو رپورٹ پیش کی جس میں یہ سفارش کی تھی کہ چندریکا کے

(۲)

خلاف دفعہ ۱۴۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے کارروائی کی جائے اور اس مزاحمت کو دور کیا جائے جس کا حوالہ دیا گیا تھا۔ سب ڈویژنل مجسٹریٹ نے ۲۴ فروری کو حسب ذیل حکم صادر کیا تھا۔ "موجودہ استغاثہ کا امر مابہ البحث یہ ہے۔ میں نے اس شہادت کو پڑھا ہے جو فریقین کی جانب سے پیش کی گئی تھی اور ڈپٹی مجسٹریٹ کی رپورٹ کا معائنہ کیا ہے۔ میں مطمئن ہوں کہ شارع عام پر مزاحمت کی گئی ہے۔ حکم اظہار وجہ حسب دفعہ ۱۴۳ قطعی قرار دیا جاتا ہے چندریکا کوری وغیرہ کو حکم دیا جاتا ہے کہ وہ مزاحمت کو ایک ہفتہ کے اندر علیحدہ کر لیں"

اسکے بعد یہ معاملہ سشن جج کے روبرو پیش کیا گیا اور جو امور بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں ان کے روبرو بحث کی گئی تھی۔ اولاً اس امر پر زور دیا گیا تھا کہ سب ڈویژنل مجسٹریٹ کو یہ اختیار نہ تھا کہ وہ اس شہادت اور رپورٹ پر حکم اظہار وجہ قطعی قرار دیتے جو ڈپٹی مجسٹریٹ نے تلمبند او پیش کی تھی۔ لیکن اس میں بہت کم شبہ ہے کہ سب ڈویژنل مجسٹریٹ دفعہ کے احکام کی رو سے یقیناً اسکے مستحق تھے کہ مشتہر شدہ حکم کے صادر کر لینے کے بعد اس فریق کو جسکے خلاف وہ حکم مشتہر ہوتا ہے یہ ہدایت دیتے کہ وہ خواہ انکے روبرو یا کسی دوسرے مجسٹریٹ درجہ اول یا درجہ دوم کے روبرو حاضر ہو لیکن یہ سوال جیسا کہ سشن جج نے ظاہر کیا ہے یہ ہے کہ کس حاکم کو آخری حکم صادر کرنا چاہیے یعنی یہ کہ آیا یہ وہ مجسٹریٹ ہوتا ہے جس نے ابتدائی حکم اظہار وجہ صادر کیا تھا یا وہ مجسٹریٹ جسکے روبرو یہ حکم دیا گیا تھا کہ سائل حاضر ہو۔ فاضل سشن جج نے نظیر معاملہ نمبر ... (۱) کا حوالہ دیا ہے جسمیں بظاہر یہ قرار دیا گیا ہے کہ یہ ناجائز نہیں ہے گو یہ قرین مصلحت نہ ہو کہ مجسٹریٹ درجہ اول اس عہدہ دار کو جو ابتدائی انتظامی حیثیت سے کسی امر باعث تکلیف عام کے متعلق رپورٹ کرے یہ حکم دے کہ وہ عدالتی طور پر اس امر کا تصفیہ کرے کہ آیا کوئی



چندریکا کوری بنام ... (ریمارکس)

مزاحمت قطعی شارع عام ہے یا نہیں۔ اس سے انھوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ وہ بالکل ایک کامل صحیح ہے کہ سب ڈویژنل مجسٹریٹ اسکے مجاز تھے کہ وہ اس مقدمہ میں حکم اظہار وجہ کو اس شہادت اور رپورٹ کے لحاظ سے قطعی قرار دیتے جو ڈپٹی مجسٹریٹ نے تلمبند او پیش کی تھی جسکے پاس انھوں نے یہ معاملہ بغرض تحقیقات دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی آخری عبارت کے مطابق سپرد کیا تھا۔ لیکن وہ دوسرا امر جس پر فاضل سشن جج کے روبرو بحث کی گئی تھی کسی قدر زیادہ دشواری پیدا کرتا ہے وہ یہ ہے کہ سب ڈویژنل مجسٹریٹ کو یہ اختیار نہ تھا کہ وہ مشتہر شدہ حکم کو قطعی قرار دیتے کیونکہ چندریکا کوری نے نیک نیتی سے حق کا ادعا کیا تھا۔ اسمیں کچھ شبہ نہیں ہے کہ اپنے تحریری بیان میں انھوں نے یہ دعویٰ پیش کیا تھا اور سشن جج کی رائے میں ابتدائی مرحلہ پر کوئی شبہ نہیں ہے کہ بعض گواہوں نے جنکا بیان چندریکا کی طرف سے قلمبند کیا گیا تھا یہ اظہار دیا تھا کہ چندریکا یہ نام نہاد مزاحمت اس اراضی پر عرصہ دراز سے کرتا تھا۔ مقدمہ ملکہ معظمہ بنام لیسیو رساہو (۲) میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ دفعہ ۱۴۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے تحت کارروائی میں جو اس غرض سے کی گئی ہو کہ کسی شارع عام سے کسی مزاحمت کو دور کرنے کے لئے مجبور کیا جائے جب نیک نیتی سے راستہ کے عام ہونے کا سوال پیش کیا جائے تو دفعہ کے تحت حکم صادر کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہوتا اور سوال کو عدالت دیوانی کے تصفیہ کیلئے چھوڑ دینا چاہیئے لیکن یہ اثر پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ادعا نیک نیتی سے کیا گیا ہو اور وہ اختیار سماعت کے خارج کرنیکا محض بہانہ ہو اور مجسٹریٹ کو یہ لینا چاہیئے کہ آیا دعویٰ نیک نیتی پر مبنی ہے یا نہیں۔ اب اس مقدمہ میں سشن جج نے کسی قدر تکلیف احتیاط کے ساتھ یہ ظاہر کرنے کے لئے اٹھائی ہے کہ گو بظاہر قوت کے ساتھ اس امر پر مجسٹریٹ کے روبرو زور دیا گیا تھا کہ چندریکا کی جانب سے حق کا ادعا کیا گیا تھا پھر بھی مجسٹریٹ نے ایسی کوئی تجویز نہیں صادر کی تھی کہ آیا وہ ادعا نیک نیتی پر مبنی تھا یا نہیں مجھے

جسکو انھوں نے اس نتیجہ سے جو اس واقعہ سے اخذ کیا گیا تھا کہ انھوں نے یہ قرار دیا تھا کہ راستہ شارع عام تھا اور یہ کہ مزاحمت ہوئی تھی ممکن ہے کہ یہ نتیجہ نکالا ہو اور اسمیں شک نہیں کہ انکا تھا کہ چندر لکا کے حق کا دعوی اصلی نہ تھا لیکن انھوں نے کسی وقت ایسی کوئی تجویز قلمبند نہیں کی تھی کہ آیا چندر لکا کا دعوی اس قسم کا تھا یا وہ مجسٹریٹ کے اختیار سماعت کو ساقط کرنیکا حیلہ تھا۔ ایسی حالت میں ڈسٹرکٹ سشن جج نے یہ خیال کیا ہے کہ یہ عمل بے ضابطہ تھا اور یہ کہ موجودہ حکم جس کی رو سے حکم اٹھایا گیا وہ قطعی قرار دیا گیا ہے منسوخ کیا جانا چاہیئے اور یہ کہ مجسٹریٹ کو دونوں فریق کو نوٹس دینے کے بعد یہ ہدایت دیجانی چاہیئے کہ وہ استغاثہ کی از سر نو تحقیقات کریں اور یہ تجویز قلمبند کریں کہ آیا چندر لکا کا دعوی نیک نیتی پر مبنی ہے یا نہیں یہ ایک دوسرا معاملہ ہے کہ آیا وہ صحیح ہے اگر اس کا دعوی نیک نیتی پر مبنی ہے تو اس معاملہ پر دفعہ ۱۳۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے تجویز نہیں کی جاسکتی۔ اگر وہ نیک نیتی کا دعوی نہ ہو بلکہ دفعہ مذکور کے احکام کے تحت مجسٹریٹ کے اختیار سماعت کو ساقط کرنیکا محض بہانہ ہو تو قلمبند کیا جانا چاہیئے۔ ایسی حالت میں یہ استصواب منظور کیا جانا چاہیئے۔ سب ڈویژنل مجسٹریٹ بلسر کا حکم مورخہ ۲۳ فروری منسوخ کیا جانا چاہیئے اور اس معاملہ میں از سر نو تحقیقات کی جانی چاہیئے۔

استصواب منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

### نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۰۱ بابتہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۲۸ مارچ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس - لیوز -

حکم چند۔ نگرانخواہ - بنام ملک معظم - فریق مخالف

مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ ۱۸۶۰ء دفعہ ۴۲۶ - نقصان رسانی - اسامی کیجانب سے نیک نیتی سے حق کے استعمال میں مٹی کا علحدہ کیا جانا۔ دیوانی نوعیت کی نزاع - فوجداری عدالتوں کا فرض -

فوجداری عدالتوں کی نسبت یہ مقصود نہیں ہے کہ وہ زمیندار اور اسکے اسامیوں کیما بین ایسے سوالات کا تصفیہ کریں جو دیوانی نوعیت کے ہوں۔

ملزم نے اس قطعہ اراضی سے جو اسکے زمیندار کی ملکیتی ایک جبیتی معافی حق کے استعمال میں کچھ مٹی علحدہ کی جسکے بموجب موضع کے تمام باشندے از حسب ضرورت مٹی لینے کے مستحق تھے۔ اسکے خلاف تجویز ثبوت جرم زیر دفعہ ۴۲۶ مجموعہ تعزیرات صادر کی گئی۔ قرار دیا گیا کہ ملزم اور اس کے زمیندار کے مابین اگر کوئی نزاع تھی تو وہ دیوانی نوعیت کی تھی اور ایسی حالت میں ملزم کے خلاف تجویز ثبوت جرم جائز نہ تھی۔

نگرانی فوجداری بنا راضی حکم صادرہ مجسٹریٹ درجہ اول شاہجہان پور مورخہ ۲۹ اگست ۱۹۲۲ء۔

منجانب نگرانخواہ مسٹر سیلا ناتھ مکرجی -

منجانب سرکار - اسسٹنٹ گورنمنٹ ایڈوکیٹ -

**فیصلہ۔** اس مقدمہ میں حکم چند کے خلاف عہ جرمانہ کی سزا دفعہ ۴۲۶ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے اس بنا پر صادر کی گئی تھی کہ اس نے دو قطعات اراضی سے جنکے منجملہ ایک کی تعریف بنجر کے طور پر اور دوسرے کی باغ کے طور پر کیگئی تھی جو موضع کے زمیندار کے قبضہ میں تھے کچھ مٹی اس کی رضامندی کے بغیر نکالی تھی۔ ہمیں یہ اطلاع نہیں دیگئی ہے کہ کس قدر مٹی نکالی گئی تھی لیکن وہ بظاہر مٹھی بھر مقدار یا اس سے زیادہ تھی کیونکہ عدالت ماتحت کی موجبات مراخیہ میں اس مضمون کا کوئی عذر نہیں پیش کیا گیا ہے کہ دفعہ ۹۵ مجموعہ تعزیرات ہند مقدمہ سے متعلق ہوگی۔ اسمیں شک نہیں کہ فرد قرارداد جرم کا اہم حصہ یہ ہے کہ نگرانخواہ نے یہ مٹی زمیندار کی رضامندی حاصل کرنے کے بغیر حاصل کی تھی اور زمیندار کے کارندہ نے یہ الزام زمیندار کے متعلق حقوق کی تائید میں رجوع کیا تھا یہ صفائی پیش کی گئی تھی کہ ملزم محض موضع کے

رواج کی پابندی کر رہا تھا اور مٹی لے رہا تھا جس طور پر کہ ہر دوسرا شخص اپنی حسب خواہش مٹی لیتا تھا۔ میں یہ نہیں خیال کرتا کہ فوجداری عدالتوں کا یہ مقصود ہے کہ وہ زمیندار اور اس کے اسامیوں کے مابین ایسے سوالات کا تصفیہ کریں جو در اصل دیوانی نوعیت کے ہوں یہ بہت ہی خفیف معاملہ ہے لیکن ایسے مقدمات میں کارروائی کرنے سے فوجداری عدالتوں کو روکنے کے لئے میں تجویز ثبوت جرم اور حکم سزا منسوخ کرتا ہوں اور یہ ہدایت دیتا ہوں کہ رقم جرمانہ اگر ادا کی گئی ہے تو واپس کی جائے۔

تجویز ثبوت جرم منسوخ کیگئی۔

## ہائیکورٹ لاہور

درخواست نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۰۳۸ بابتہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۲۷ نومبر ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس مارٹینو۔

دیوی دیال۔ ملزم نگرانخواہ بنام ملک معظم۔ طرف ثانی۔

مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ ۱۸۶۰ء دفعات ۵۰۰،۴۴۲ ۔

ازالہ حیثیت عرفی۔ مستغیث کی شہرت کے متعلق شہادت کا قابل ادخال ہونا۔ اشاعت کا ثبوت ۔ استغاثہ کا فرض۔ ملزم کے اظہار کی وقعت۔

توہین زبانی یا توہین تحریری کی بابتہ ہرجہ کی نالش میں ہرجہ کو خفیف کرنے کی شہادت بظاہر کرنے کیلئے دیجاسکتی ہے کہ مدعی عام طور پر بداطوار کہلاتا ہے۔ اسکاٹ بنام سیمپسن لاٹائمز جلد ۴۶ صفحہ ۲۱۲ سے استناد کیا گیا۔ لیکن فوجداری استغاثہ میں ازالہ حیثیت عرفی کا جرم قائم کرنے کے لئے یہ ضروری ہوتا ہے کہ وہ شخص جو اس تہمت کو لگاتا یا اس کو مشتہر کرتا ہے جسکی نسبت شکایت کیگئی ہے نقصان پہونچانے کی نیت رکھے یا اس کو یہ علم ہو یا وہ یہ باور کرنیکی وجہ رکھتا ہو کہ

تہمت سے اس شخص کی نیکنامی کو نقصان پہونچیگا جسکے متعلق وہ لگائی یا مشتہر کیگئی تھی تو یہ سوال کہ مستغیث کیا نیکنامی رکھتا ہے متعلق ہوتا ہے۔ جب وہ تہمت جس کی نسبت شکایت کی گئی ہو یہ ہو کہ مستغیث نے جو ایک عہدہ دار تھا ملزم کو اس امر پر مجبور کیا تھا کہ وہ اس کو بالالتفاظ دے تو ملزم یہ ثابت کرنیکا حق رکھتا ہے کہ مستغیث بالالتفاظ لینے والے کے طور پر زیادہ بدنام ہے پس یہ اتہام کہ اس نے خاص موقع زیر بحث پر بالالتفاظ لیا تھا اگرچہ جھوٹا بھی ہو اسکی نیکنامی کو نقصان نہیں پہنچا سکتا تھا کیونکہ وہ کوئی نیکنامی نہیں رکھتا تھا جو زائل ہوجاتی۔ یہ ہونا کہ مستغیث بدنام ہونیکا ثبوت اس حکم سزا پر اثر ڈالیگا جو تجویز ثبوت جرم کی صورت میں صادر کیا جائیگا۔ ہر مقدمہ میں استغاثہ کا یہ فرض ہوتا ہے کہ وہ بذریعہ شہادت اپنی دلیل ثابت کرے اور شہادت کی کمی کسی ایسے بیان سے پوری نہیں کیجاسکتی جو ملزم نے اپنے بیان حسب دفعہ ۳۴۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری میں کیا تھا۔ محی الدین عبدالقادر بنام ملک معظم انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۳۰ صفحہ ۲۴۰ سے استناد کیا گیا۔ کوئی مجسٹریٹ دفعہ ۳۴۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے اس کا مجاز نہیں ہوتا کہ وہ ملزم سے سوالات کرے اگر استغاثہ نے شہادت نہ دی ہو جس کی رو سے اسکو اس الزام میں پھانسا گیا ہو جو اس سے منسوب کیا گیا ہے اور ایسے سوالات کے جوابات جو کسی مجسٹریٹ نے دفعہ مذکور کے خلاف کئے ہوں ملزم کے خلاف قابل ادخال شہادت نہیں ہوتے۔ بمعاملہ حبیب اللہ وقائع انڈین کیسیز جلد ۴۳ صفحہ ۴۴۷ سے استناد کیا گیا۔ جب ازالہ حیثیت عرفی کے استغاثہ میں مستغیث کیجانب سے یہ ثابت کرنیکے لئے کوئی شہادت پیش کی گئی ہو کہ ملزم نے وہ تہمت لگائی تھی یا اسکو مشتہر کیا تھا جس کی بابت شکایت کی گئی ہے تو ملزم بریت پانیکا مستحق ہوتا ہے اور استغاثہ کیطرف سے یہ دعوی نہیں کیا جاسکتا کہ انھوں نے کسی ایسے اقبال کی وجہ سے اپنی دلیل ثابت کی ہے جو ملزم نے اپنے اظہار میں کیا تھا۔

پنڈی رمانی بنام ملک معظم (۱۹۳۴ء)

درخواست زیر دفعہ ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری منجانب ملزم برخلاف حکم صادرہ سشن جج گوجرانوالہ مورخہ ۲۳ جنوری ۱۹۳۴ء [illegible] حکم صادرہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ گوجرانوالہ مورخہ یکم مارچ ۱۹۳۴ء۔

جناب نگر نیو [illegible]

فیصلہ۔ [illegible] درخواست سشن جج گوجرانوالہ [illegible]

نگرانی کے لئے پیش ہے جس کا [illegible] نگرانخواہ [illegible] ثبوت

[illegible] اس امر کے متعلق بحال رکھی گئی تھی کہ [illegible] آیا انتشار

[illegible] [illegible] کیا تھا کہ [illegible]

اس امر پر مجبور کیا تھا کہ وہ [illegible] فوجداری [illegible]

[illegible] لیکن وجوہ پر [illegible]

[illegible] (۱) یہ کہ نگرانخواہ [illegible]

نہیں دکھلائی تھی کہ وہ یہ شہادت کہ مستغیث نے دو [illegible]

[illegible] حاصل کیا تھا اور مستغیث کی شہرت کے متعلق عام شہادت

پیش کرے (۲) یہ کہ توہین تحریری کی [illegible] ثابت [illegible] ہے اور

(۳) یہ کہ صفائی کی شہادت [illegible] فیصلہ سشن جج [illegible]

نہیں کیا تھا۔ یہ شہادت کہ مستغیث نے اس موقع کے علاوہ جو اس

مقدمہ زیر بحث ہے دوسرے خاص موقعوں پر ثبوت حاصل کی تھی میری

رائے میں غیر متعلق ہوگی لیکن میں ان دلائل سے متفق ہوں کہ نگرانخواہ

یہ ظاہر کرنے کے لئے شہادت پیش کر سکتا تھا کہ مستغیث [illegible]

ہونے کی شہرت رکھتا تھا۔ یہ مسلمہ قانون ہے کہ توہین تحریری یا زبانی کیلئے

مرحلہ کی نالش میں ہر جہ کی تخفیف کے لئے شہادت یہ ظاہر کرنے کے لئے دی

جا سکتی ہے کہ مدعی عام طور پر [illegible] رکھتا ہے۔ ملاحظہ ہو اسکاٹ بنام

سیمپسن (۱)، کتاب توہین تحریری و زبانی مولفہ اوجرس [illegible] پنجم

صفحہ ۴۰۴۔ اسی طرح فوجداری استغاثہ میں ازالہ حیثیت عرفی کا جرم ثابت

کرنے کے لئے جب یہ ضروری ہوتا ہے کہ وہ شخص جو اس تہمت کو لگاتا ہے اسکو

مشہور کرتا ہے جس کی نسبت شکایت کی گئی ہے نقصان پہنچانے کی

نیت [illegible] یا [illegible] زیادہ یہ باور کرنے کی وجہ رکھتا ہو کہ تہمت سے

[illegible] کو نقصان [illegible] کے متعلق [illegible]

[illegible] سوال [illegible] مستغیث کیا نیک نامی رکھتا ہے متعلق ہوتا ہے؟

اگر موجودہ مقدمہ میں نگرانخواہ یہ ثابت کر سکے کہ مستغیث رشوت

خوار کے طور پر بدنام تھا تو یہ معقول طور پر [illegible] دیا [illegible]

کہ اس نے خاص موقع زیر بحث پر بالا الفاظ استعمال کیا تھا اگر [illegible]

جو [illegible] اس کی [illegible] نقصان [illegible] لینا [illegible]

[illegible] تھا جس سے وہ محروم ہوتا اور ہر صورت میں مستغیث کی

[illegible] اس حکم سے ایسا اثر ڈالنگی جو تجویز شدہ جرم کی صداقت

[illegible] ایسی حالت میں یہ قرار دینا ہو نکہ وہ شہادت

جو [illegible] کے [illegible] ہو سکے ثبوت میں پیش کرنا چاہتا تھا

[illegible] خارج کی گئی تھی لیکن ان شہادات کا قلمبند کئے جانے

کے لئے [illegible] کرنا ضروری نہیں ہے اس لئے کہ درخواست نگرانی

[illegible] کے جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے دوسری [illegible]

کامیاب [illegible] چاہیئے یہ مسلمہ ہے کہ استغاثہ کی جانب سے کوئی شہادت

یہ ثابت کرنے کے لئے نہیں پیش کی گئی تھی کہ نگرانخواہ نے وہ تہمت

[illegible] مشتہر کی تھی جس کی نسبت شکایت کی گئی تھی لیکن ماتحت

عدالتوں نے یہ قرار دیا ہے کہ یہ ثابت ہے کیونکہ نگرانخواہ نے

جب اس کا اظہار لیا گیا تھا پھر سے اقبال کیا تھا۔ یہ قانون

کی [illegible] ہے استغاثہ کو چاہیئے کہ وہ اپنی دلیل [illegible]

شہادت سے ثابت کرے اور شہادت کی کمی کسی ایسے بیان سے

پوری نہیں کی جا سکتی جو ملزم نے اپنے اظہار زیر دفعہ ۳۴۲ مجموعہ ضابطہ

فوجداری میں کیا تھا۔ محی الدین عبد القادر بنام ملک معظم

(۲) میں یہ قرار دیا گیا ہے جو مقدمہ بالکل متعلق [illegible]

۷۲ بمعاملہ صبیب اللہ روتھن (۳۳) یہ قرار دیا گیا ہے کہ مجسٹریٹ دفعہ ۳۴۲ مجموعہ ہذا کے بموجب اس کا مجاز نہیں ہوتا کہ وہ ملزم سے سوالات کرے اگر استغاثہ کی جانب سے شہادت پیش کی گئی ہو جسکی رو سے اس کو اس جرم میں پھانسا گیا ہو جو اس سے منسوب کیا گیا ہے اور یہ کہ ایسے سوالات کے جوابات جو کسی مجسٹریٹ نے دفعہ مذکور کے خلاف کئے ہوں ملزم کے مقابلہ میں بوقت تحقیقات قابل دخال شہادت نہیں ہوتے۔

چونکہ یہ ثابت کرنیکے لئے کوئی شہادت نہیں دی گئی ہے کہ نگرانیخواہ نے مستغیث کے متعلق کوئی تہمت لگائی یا اس کو مشتہر کیا تھا اس لئے تجویز ثبوت جرم بحال نہیں رکھی جا سکتی اور حسبہ میں درخواست منظور تجویز ثبوت جرم اور حکم سزا منسوخ اور نگرانیخواہ کو بری کرتا ہوں۔ رقم جرمانہ اگر ادا کی گئی ہے واپس کر دیجائیگی۔

درخواست منظور کی گئی۔

## ہائیکورٹ کلکتہ

### نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۲۰۴ بابتہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۱۹ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس۔ مسٹر جسٹس نکلبینڈ و مسٹر جسٹس کیومنگ

کدارناتھ دے۔ نگرانیخواہ۔ بنام محمد صدیق وغیرہ۔ ملزمین۔ فریق مخالف۔

خیانت مجرمانہ۔ جائداد جو شخص ثالث کے قبضہ میں ہو۔ اس حکم کا جواز جسکی رو سے جائداد کے روک رکھنے کی ہدایت دیگئی ہو۔

ایک موٹر کار کے متعلق خیانت مجرمانہ کی صورت میں جسکی نسبت یہ ظاہر ہوا تھا کہ ملزم نے ایک شخص ثالث کے ہاتھ فروخت کر دیا تھا۔ مجسٹریٹ نے ایک حکم صادر کیا جسکی رو سے یہ ہدایت دیگئی تھی کہ مزید احکام صادر ہونے تک کار عدالت میں رہے۔ قرار دیا گیا کہ کار کے خریدار کی حد تک عدالت فوجداری کے کلکٹر کا بیجا استعمال کیا گیا تھا

کدارناتھ بنام محمد صدیق (کلکتہ)

کیونکہ ایسی فوجداری کارروائیات کا استعمال جنمیں وہ فریق نہ تھا اس جائیداد کے روکنے کے لئے کیا گیا تھا جو اس نے خریدی تھی اور جس پر وہ قابض تھا خواہ بائع کو اسکے بیع کرنیکا حق حاصل ہو یا نہ ہو۔

درخواست بنا راضی حکم مصدرۂ چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ مورخہ ۱۴ مارچ ۱۹۲۳ء

منجانب نگرانیخواہ بابو سمنتھا ناتھ مکھرجی۔

منجانب فریق مخالف نمبر ۱ بابو پربودھ چندرا چٹرجی۔

منجانب فریق مخالف نمبر ۲ بابو بی بی مکھرجی۔

جسٹس نکلبینڈ۔ یہ ایک درخواست ہے جو ایک شخص کدارناتھ دے کی جانب سے چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ کے حکم مورخہ ۱۴ مارچ ۱۹۲۳ء کی ناراضی سے پیش ہو جسکی رو سے یہ ہدایت دی گئی تھی کہ ایک خاص موٹر کار مزید احکام صادر ہونے تک عدالت میں رہے۔ وہ حکم فوجداری کارروائیات میں صادر کیا گیا تھا جو محمد صدیق نے ایک شخص مسمی رگبی کے خلاف رجوع کی تھیں جنکی رو سے موخر الذکر پر یہ الزام لگایا گیا ہے کہ اس نے ایک موٹر کار کے متعلق خیانت مجرمانہ کا ارتکاب کیا تھا۔ فریقین کے باہمی وہ فوجداری کارروائیات ہمارے روبرو پیش نہیں ہیں اور ہمارا تعلق صرف اس حکم سے ہے جو کدارناتھ دے کے خلاف کار کی واپسی کے لئے صادر کیا گیا تھا لیکن صدیق کی درخواست استغاثہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس موٹر کار کے متعلق کچھ انتظامات ہوئے تھے جو اسکے اور رگبی کے مابین ایک معاہدہ میں مندرج تھے۔ درخواست استغاثہ میں یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ دریافت کرنے پر اسکو یہ معلوم ہوا تھا کہ رگبی نے یہ کار کدارناتھ دے کے ہاتھ معاہدہ کی شرائط کے خلاف فروخت کی تھی۔ پس حالت یہ ہے کہ اس کار کے متعلق ایک نزاع ہو گئی تھی جس کا نتیجہ یہ ہوا تھا کہ محمد صدیق اور رگبی کے مابین فوجداری کارروائیات دائر ہو گئی تھیں۔ کدارناتھ نے یہ بیان کیا ہے کہ یہ کارروائیات سازشی ہیں تاکہ فریقین

کدارناتھ بنام محمد صدیق (تکملہ)

کے فائدہ کے لئے اس سے کار حاصل کر لیا ہے یہ ایک ایسا معاملہ نہیں ہے جسمیں ہم غور کرسکتے ہوں لیکن میں ان فوجداری کارروائیات میں جو اب محمد صدیق اور گیبی کے مابین متدائر ہیں قبل از وقت کسی رائے کے ظاہر کرنے کے بغیر یہ کہہ سکتا ہوں کہ درخواست استغاثہ سے یہ ظاہر ہے کہ ان کارروائیات کی حد تک بھی یہ معاملہ غور طلب ہو سکتا ہے کہ آیا متعلقہ سوالات فوجداری یا دیوانی عدالت کے معاملات ہیں لیکن کدارناتھ وسے کی حد تک مجھے یہ کہنے میں ذرا بھی تامل نہیں ہوتا کہ عدالت فوجداری کے حکمنامہ کا بہت ہی بیجا استعمال کیا گیا ہے اس لئے کہ ایسی فوجداری کارروائیات کو جسمیں کدارناتھ وسے فریق نہیں ہے اس جائداد کے روکنے کے لئے استعمال کیا گیا ہے جسکے متعلق اس نے یہ ظاہر کیا تھا کہ اس نے مسلم طور پر خریدا تھا اور جس پر وہ قابض تھا خواہ بائع کو یہ حق تھا یا نہ تھا کہ وہ اس کو اسکے ہاتھ فروخت کرتا۔ میں صرف یہ فرض کر سکتا ہوں کہ غرض یہ ہے کہ ایک ایسے سوال پر فوجداری عدالت کا فیصلہ حاصل کیا جائے جس کا تصفیہ صراحتاً مقدمہ دیوانی میں ہونا چاہیئے تھا یہ ممکن ہے کہ کار کئی ماہ کی مدت تک روکی جائے جس میں غالباً وہ بہت خراب ہوجائیگی گو یہ ضروری نہیں ہے کہ فوجداری مقدمہ کے اختتام تک کار روکی جائے میں خیال کرتا ہوں کہ کوئی حکم صادر کیا جانا چاہیئے تاکہ صدیق کے حقوق کی اگر وہ کوئی حق رکھتا ہے اس وقت تک حفاظت کی جائے کہ کار کی ملکیت کا سوال یا دیوانی نوعیت کے اسی قسم کے سوالات جو واقعات سے پیدا ہوتے ہوں کسی ایسی عدالت میں تصفیہ پائیں جو ان میں تجویز کرنیکی مجاز تھی اگر غرض مذکور کے لئے معقول مدت کے اندر کارروائیات رجوع کی جاویں

مفصلہ

ایسی حالت میں یہ حکم صادر کیا جاتا ہے کہ اگر کدارناتھ وسے اس عدالت میں تحریری اقرارنامہ اس مضمون کا داخل کر کہ جب کبھی عدالت ہذا یا عدالت چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ ان کے روبرو کارروائیات ختم ہونے تک اس کو یہ حکم دے تو وہ کار کو پیش کریگا اور اگر کدارناتھ وسے دس ہزار روپیہ کی ضمانت کا مچلکہ خود تحریر کرے اور ایک ضامن پیش کرے جس سے چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ مطمئن ہوں تو کار زیر بحث اس کو واپس کر دیجائیگی۔

جب اس عدالت میں اقرارنامہ پیش کیا جائے تو اس عدالت کا ایک عہدہ دار چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ کیلئے اس کی تصدیق کر دیگا تاکہ جب وہ ایسی ضمانت لیں جسکے متعلق حکم دیا گیا ہے تو وہ ایسے صدر انتظام پر عمل کرسکیں۔ جب ہدایات مندرجہ بالا کی تکمیل ہو تو چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ کا حکم مورخہ ۲۴ مارچ ۱۹۲۳ء جسمیں یہ ہدایت دی گئی ہے کہ کار عدالت میں رہے منسوخ کیا جائیگا اور جب وہ فوجداری کارروائیات جو اب صدیق اور گیبی کے مابین چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ کے روبرو متدائر ہیں ختم ہوں تو کدارناتھ وسے اپنے مچلکہ اور اقرارنامہ سے بری کیا جائیگا اور اور اس کا ضامن بھی بری کیا جائیگا۔ یہ حکم کسی ایسے دوسرے حکم کو کوئی نقصان نہ پہونچائیگا جو ممکن ہے کہ کوئی عدالت دیوانی مجاز اسکے بعد کسی تاریخ پر اس کے متعلق صادر کرے۔

جسٹس کیو منگ۔ میں متفق ہوں۔ حکم منسوخ کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ فوجداری

نمبر مقدمہ ... بابتہ ۱۹۲۲ء مفیصلہ ۲۲ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس کیمبل

جہیر ولیا مجرم - مرافع بنام ملک معظم - مرافعہ علیہ

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعات ۳۳۷، ۳۳۸ و ۴۹۴ شخص معافی یافتہ یا شدہ شریک جرم شہادت کی تائید مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ ۱۸۶۰ء دفعہ ۴۰۰ سابقاً ڈکیتی کے ارتکاب کے لئے شرکت شریک جرم کی شہادت

کوئی گواہ جو شریک جرم ہو جسکے خلاف کوئی مقدمہ دفعہ ۴۹۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی روسے اٹھا لیا گیا ہو اس شخص کے مقابلہ میں کم قابل اعتماد ہوتا ہے جسکو دفعہ ۳۳۷ مجموعہ مذکور کی روسے وعدہ معافی دیا گیا ہو۔ شخص موخر الذکر کو مشروطی معافی عطا کیجاتی ہے اور سچ بولنے کی ترغیب کے لئے اس کو ہمیشہ خوف رہتا ہے کہ ممکن ہے کہ اس کا بیان اسکے خلاف اسکے بعد کی تحقیقات میں استعمال کیا جائے اگر یہ ثابت ہو کہ اس نے کسی امر متعلق جھوٹی گواہی دی ہے۔ اسکے علاوہ کم از کم ایک سابقہ بیان موجود ہوتا ہے جسکی رو سے اس کی صداقت کی جانچ کیجا سکتی ہے۔ بخلاف اسکے شریک جرم گواہ جسکو کوئی وعدہ معافی نہ دیا گیا ہو کٹہرے گواہی میں زیادہ آزاد شخص ہوتا ہے اس لئے کہ وہ کسی سابقہ بیان سے جو ممکن ہے کہ تعلیمی مواد پر مبنی ہو دروغ حلفی کے لئے فوجداری کارروائی کے خوف سے محفوظ نہیں ہوتا اگر اس کا اظہار روبرو عدالت بعینہ اسکے سابقہ بیان کے مطابق نہ ہو۔ ہر صورت میں شریک جرم کی شہادت بالخصوص ایسے شریک جرم کی شہادت غیر معتبر سمجھی جانی چاہیئے جو دفعہ ۴۹۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی روسے رہا کیا گیا ہو اور قبل اسکے کہ اس پر عمل ہو سکے اہم امور میں اسکی تائید ہونی چاہیئے۔

جب چند اشخاص پر یہ الزام لگایا جائے کہ وہ ایسے گروہ سے تعلق رکھتے ہیں جسکا افراد جرائم کے عادتاً ارتکاب کی اغراض کے لئے ایک دوسرے کے شریک ہیں تو صرف ایک بلا واسطہ شہادت پیش کی جا سکتی ہے شریک کار ہوتی ہے۔ دوسرے گواہ بہ تعلق مختلف موقعوں پر شرکت کے متعلق اظہار دے سکتے ہیں لیکن کوئی شخص جو خاص غرض کیلئے عادتاً شرکت کی شہادت دیتا ہے تقریباً ہمیشہ شریک جرم ہونا چاہیئے۔

جھپرولیا بنام ملک معظم (لاہور)

مرافعہ فوجداری بنا راضی حکم مصدرہ اسپشل مجسٹریٹ درجہ اول دہلی بہ استعمال اختیارات مندرجہ دفعہ ۳۰ مورخہ ۳۱ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

منجانب گورنمنٹ - دیوان رام لال۔

منجانب مرافعہ علیہ - ایڈوکیٹ۔

**فیصلہ** - اس فیصلہ سے ان ۱۷ اشخاص کے منجملہ ۱۳ اشخاص کے انفرادی مرافعہ جات کا تصفیہ ہو جائیگا جنکے خلاف لالہ گوپال داس اسپشل مجسٹریٹ دہلی بہ استعمال اختیارات مندرجہ دفعہ ۳۰ نے اس جرم کی بابتہ تجویز ثبوت جرم صادر کی ہے جو دفعہ ۴۰۰ کی روسے قابل
صفحہ ۱۰۹
سزا ہے۔ ان اشخاص کے منجملہ گوپال چمار شولا کھٹک، بابو کھٹک، بھیم کھٹک، بابو کھٹک اور بیر ما جاگا نے کونسل مسٹر رستم جی کے ذریعے سے مرافعہ کیا ہے۔ دوسرے مرافعان ہنسا، جھپرولیا، زہریا، بیلیا رام، سنگا عرف اشرفی لال، عجب سنگا اور رام چند نے محبس سے مرافعہ کیا ہے۔ اس دوسرے گروہ میں سے آخر الذکر شخص بھی ایک کھٹک ہے اور دوسرے اشخاص ایک جرائم پیشہ قوم کے ارکان ہیں جو بھاٹو سانسی کہلاتی ہے بہ استثنا جھپرولیا کے جو کنجر سانسی کہلاتا ہے۔ منجملان تین اشخاص کے جنہوں نے مرافعہ نہیں کیا ہے ہرنام کنجر سانسی ہے اور رام دیال اور کالا بھاٹو سانسی ہیں۔

اہم گواہان تائید استغاثہ تین سرکاری گواہ جہانگیر بھاٹو سانسی ہزارا لال کنجر سانسی اور بنا کنجر سانسی ہیں۔

ان تین سرکاری گواہوں کو مشروطی وعدہ معافی نہیں دیا گیا تھا لیکن پبلک پراسیکیوٹر نے ان کے خلاف مقدمات عدالت کی اجازت سے دفعہ ۴۹۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی روسے اٹھا لئے تھے اور اسکے بعد ان کو گواہان غیر مخبر کی حیثیت سے پیش کیا گیا تھا۔ مسٹر رستم جی نے یہ اعتراض پیش کیا ہے کہ وہ گواہان مجاز نہ تھے لیکن اس امر کے متعلق نظیر ان کے خلاف ہے اور جو کچھ کہ وہ ظاہر کر سکتے

مہاراجہ پرولیا بنام ملا معظم محمد (۱ لاہور) [illegible]

ہیں وہ اجلاس کامل کے فیصلہ ملا معظم بنام حسین حاجی (۱) میں مختلف الرائے جج کی رائے ہے۔

لیکن معقولیت کے ساتھ یہ بحث کیجا سکتی ہے کہ شریک جرم گواہ جس کے خلاف دفعہ ۳۰۹ کی رو سے مقدمہ اٹھا لیا گیا ہو اس شخص کے مقابلہ میں کم تر اعتماد ہوتا ہے جس کو دفعہ ۳۳۷ کی رو سے وعدہ معافی دیا گیا ہو شخص جو کہ لازمی طور پر شرطی وعدہ معافی دیا جاتا ہے اور سچ بولنے کی ترغیب کے لئے اس کو ہمیشہ یہ خوف رہتا ہے کہ تا وقتیکہ اس کا بیان اسکے خلاف اسکے بعد کسی تحقیقات میں استعمال کیا جائے اگر یہ ثابت ہو کہ اس نے کسی امر کے متعلق جھوٹی گواہی دی ہے۔ اسکے علاوہ کم از کم ایک سابقہ بیان موجود ہوتا ہے جس کی رو سے اسکی صداقت کی جانچ کی جا سکتی ہے۔ بخلاف اسکے یہ بحث کیجانی ممکن ہے کہ شریک جرم گواہ جس کو کوئی وعدہ معافی نہ دیا گیا ہو کٹہرہ گواہان میں زیادہ آزاد شخص ہوتا ہے اس لئے کہ وہ کسی سابقہ بیان سے جو ممکن ہے کہ تعلیمی مواد پر مبنی ہو اور مخبر صادق کے لئے فوجداری کارروائی کے خوف سے محفوظ نہیں ہوتا اگر اس کا اظہار روبرو عدالت بجنسہ اسکے سابقہ بیان کے مطابق نہ ہو۔

ہر صورت میں شریک جرم کی شہادت بالخصوص اپنے عذر میں جواب میں رو برو پیش ہے غیر معتبر سمجھی جانی چاہیئے اور قبل اسکے کہ اس پر عمل ہو سکے اہم امور میں اس کی تائید ہونی چاہیئے اس تائید کی حد کے متعلق جو ضروری ہو سکتی ہے یہ یاد رکھنا چاہیئے جیسا کہ سرکار کے لائق کونسل نے ظاہر کیا ہے کہ جب چند اشخاص پر یہ الزام لگایا جائے کہ وہ ایک ایسے گروہ سے تعلق رکھتے ہیں جسکے افراد عادتاً ارتکاب جرائم کے لئے ایک دوسرے کے شریک ہیں تو صرف ایک بلاواسطہ شہادت جو پیش کی جا سکتی ہے شرکا کی

ہوتی ہے۔ دوسرے گواہان تنہا موقعوں پر شرکت کے متعلق شہادت دے سکتے ہیں لیکن وہ شخص جو کسی خاص غرض کے لئے عادتاً شریک ہونیکی شہادت دیتا ہے تقریباً ہمیشہ شریک جرم ہونا چاہیئے۔

سرکاری گواہ جہانگیر نے جس نے بہت ہی طویل بیان دیا ہے جسکی رو سے تمام مرافعان پر الزام ثابت پایا گیا ہے اور ۳۳ ڈکیتی یا سرقہ کی وارداتوں کا ذکر کیا ہے جن کا ارتکاب اس گروہ نے کیا تھا جس کا وہ خود سرگروہ تھا۔ اس کی تائید دوسرے دو سرکاری گواہوں میں سے کسی نہ کسی نے پانچ وارداتوں کو چھوڑ کر تمام کے متعلق کی ہے۔ ان وارداتوں کے منجملہ ۲۹ کی نسبت آزادانہ گواہوں کی شہادت سے یہ ثابت ہوا ہے کہ وہ واقع ہوئی تھیں جو اس امر کو بالکل واضح کر دیتے ہیں کہ جرائم کا ارتکاب ایک گروہ نے کیا تھا۔ گروہ کا وجود کامل طور پر ثابت ہو گیا ہے اور مال مسروقہ کے جس کی باقاعدہ طور پر شناخت کی گئی ہے ان سرکاری گواہوں کے قبضہ یا اقتدار میں پائے جانے سے ان کے بیانات کی اطمینان بخش تائید ہوتی ہے کہ وہ گروہ کے شریک تھے۔

مجسٹریٹ کی اس تجویز کی تائید میں کہ مرافعان میں سے ہر ایک گروہ کا نامی رکن تھا سرکاری گواہوں کی بلاواسطہ شہادت کی تائید میں حسب ذیل شہادت سے استناد کیا گیا ہے۔

۱ - یہ ثبوت کہ ان میں سے بعض ۱۴ جون ۱۹۲۲ء کی شام میں سیر ٹھ کے ایک باغ میں گرفتار کئے گئے تھے جہاں سرکاری گواہ جہانگیر سرکاری گواہ بلا گیرندہ تھا یہ کہ جب پولیس اس موقع پر پہونچی تو انھوں نے فرار ہونیکی کوشش کی تھی یہ کہ سرکاری گواہ ان کے ساتھ موجود تھے یہ کہ دوسرے روز کچھ مال مسروقہ باغ میں دستیاب ہوا یہ کہ دس روز کے بعد اس اطلاع کی بنا پر جو

(۱) انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۲ صفحہ ۲۲۴۔

چھپرو نیا
بنام
ملک معظم
(لاہور)

ایک سرکاری گواہ نے دی تھی دوسرے قیمتی زیورات باغ میں سے کھود کر نکالے گئے تھے۔

۲- دوسرے مقامات میں شرکت کی شہادت۔

۳- دو مرافعان کی صورت میں خاص جرم ڈکیتی میں حصہ لینے کی صریح شہادت۔

۴- باغ کے علاوہ دوسرے مقامات میں گرفتاری کی شہادت

۵- بعض مرافعان کی صورتوں میں سرقہ اور ... جرائم مسالقہ میں تجاویز ثبوت جرم کی شہادت۔

۶- یہ شہادت کہ بعض مرافعان اقوام جرائم پیشہ کی سے فرار ہو کر آئے تھے۔

وہ واقعہ جسکے باعث فوراً مرافعان کے خلاف کارروائی کی گئی تھی راج سنگہ مرافع کی یکم جون ۱۹۲۱ء کو اس واردات کے دوران میں گرفتاری تھی جس کو جہانگیر سرکاری گواہ نے واردات نمبر ۲۹ بتلایا ہے - ایک گروہ نے جسمیں وہ رکن تھا اور جسکے بعض ممبر کا ہتھیار آتشی سے مسلح تھے جمنا کے کنارے بعض جھونپڑوں پر حملہ کیا اور ان کو لوٹ لیا - ان جھونپڑوں اور قریب و جوار کے جھونپڑوں کے اشخاص جمع ہوگئے اور ڈاکوؤں کو مجبور کیا کہ وہ دریا کے پار واپس ہو جاویں - اس گروہ کے منجملہ ایک شخص مسمی ٹلا ڈوب گیا اور رائے سنگ اس قدر تھک گیا تھا کہ اسکے ساتھیوں کو اسے چھوڑ دینا پڑا اور اس طرح وہ تعاقب کرنیوالوں کے ہاتھ آیا جنھوں نے اس کو پولیس کے حوالہ کر دیا۔ رائے سنگہ سے گواہان تائید استغاثہ کے منجملہ ایک شخص بھجو کا نام متحقق ہوا تھا جو مسلمہ طور پر گروہ کا شریک تھا لیکن جسکے خلاف اس لحاظ سے تحقیقات نہیں کی گئی تھی کہ وہ اس کا شریک تھا بھجو سے وہ اطلاع ملی تھی جسکے باعث مہر سنگھ کے باغ پر پولیس آئی تھی اور وہاں مال مسروقہ دستیاب ہوا تھا بلکہ سرکاری گواہوں اور دوسرے اشخاص سے جو باغ میں گرفتار کیے گئے تھے اور اطلاع حاصل ہوئی تھی۔

مسٹر رستم جی نے اپنے موکلین مرافعان مندرجہ بالا کی جانب سے گروہ کی موجودگی یا انکی سرکاری گواہوں کی شرکت کی شہادت پر اعتراض نہیں کیا ہے اور میری رائے میں اس شہادت کی تردید ... مشکل سے نہیں ہوتی ہر مرافع کی صورت میں دیکھنا چاہیئے کہ آیا اس کی نسبت یہ ثابت کیا گیا ہے کہ وہ گروہ کا شریک رہا ہے - یہ بیان کیا جا چکا ہے کہ تین شریک جرم گواہوں کی شہادت جن کے نام میں نے سرکاری گواہ رکھا ہے تمام مرافعان کو مجرم قرار دیتی ہے اور جس امر پر بحث کرنا چاہتا ہوں ... شہادت ہے جو ان تین ... کے بیانات کی تائید یا تردید کرتی ہے پہلا - یہ شخص ... ہے اور مسٹر رستم جی نے جو اس کی جانب سے حاضر ہوئے ہیں یہ تسلیم کیا ہے کہ اسکے خلاف دلیل بہت قوی ہے - اس کی نسبت یہ بیان کیا گیا ہے جیسا کہ سرکار کے لائق کونسل نے بیان کیا ہے کہ وہ گروہ کے صیغہ تقسیم کا صدر تھا - مال مسروقہ کی کچھ مقدار اسکے مکان سے برآمد ہوئی جسکی نسبت اطمینان بخش طریقہ سے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ وہ چار جرائم کو ظاہر کرتی ہے جسکی بذریعہ شہادت تردید کے لیے کوئی کوشش نہیں کی گئی ہے۔ سرکاری گواہوں اور دوسرے مرافعان کے ساتھ شرکت کی بہت زیادہ شہادت موجود ہے جسکے مقابلہ میں میں یہ قرار دیتا ہوں کہ الزام ثابت ہو گیا ہے اور کوئی وجوہ نہیں معلوم ہوتیں کہ اس شخص کے خلاف تجویز ثبوت جرم یا پانچ سال قید با مشقت کے اس حکم سزا میں دست اندازی کی جائے جو اسکے خلاف صادر کیا گیا تھا - اس کا مرافعہ خارج کیا جاتا ہے۔

ہیرو لیا
بنام
ملک معظم
(لاہور)

بادم اور ہیم یہ دو کہنک بھائی ہیں جن کی نسبت مجسٹریٹ
نے یہ قرار دیا ہے کہ وہ شولا کے سوتیلے بھائی ہیں ان کو کسی
دوسرے مرافع کے ہمراہ گرفتار نہیں کیا گیا تھا اور صرف ایک
شہادت کہ وہ کس طور پر گرفتار کئے گئے تھے یہ بیان ہے کہ ان
کو میرٹھ کی پولیس نے گرفتار کیا تھا محمد دین نے یہ بیان کیا ہے
کہ اس نے ان کو دوسرے ملزمین کے ساتھ میرٹھ کے باغ میں
دیکھا تھا لیکن محمد دین صرف ایک چودہ سال کا لڑکا ہے اور
اور اس کی شناخت سے آزادانہ شہادت کی تائید کے بغیر
بلا کم و کاست استفادہ نہ کیا جانا چاہیئے۔ دوسرے گواہ بڑھ
(گواہ استغاثہ نمبر ۲۷) نے جس کو میرٹھ کے باغ میں شرکت
کے متعلق بیان دینے کے لئے بھی پیش کیا گیا ہے ان اشخاص کا
ذکر نہیں کیا ہے۔ دو گواہوں بدھا اور رستم خاں نے یہ ذکر
کیا ہے کہ وہ دوسرے ملزمین کے ہمراہ شولا کی دکان پر دیکھے
گئے تھے لیکن اگر وہ شولا کے رشتہ دار تھے تو ان کے لئے بالکل
ممکن ہے کہ وہ وہاں غیر مجرمانہ اغراض کے لئے گئے ہوں اور محض
ان کی رشتہ داری کے واقعہ سے یہ قیاس پیدا نہیں ہو سکتا
کہ وہ شولا کے ساتھ جرم میں شریک تھے۔ میری رائے میں
ان اشخاص کے خلاف تائیدی شہادت ناکافی ہے۔ میں
ان کے مرافعہ جات منظور کرتا ہوں اور نتیجاً و نیز ثبوت جرم
اور احکام سزا منسوخ کر کے یہ حکم دیتا ہوں کہ وہ رہا کئے جاویں۔

بالو۔ یہ شخص بھی کہنک ہے اور وہ شولا کی دکان
پر شولا اور سائے چند مرافعان کے ہمراہ گرفتار کیا گیا تھا۔
صفحہ ۱۱۸ محمد دین کی اس شہادت کی تائید کہ وہ دوسرے مرافعان کے ہمراہ
میرٹھ کے باغ میں دیکھا گیا تھا ہیرا سے ہوتی ہے جس کو غلط
باور کرنے کی کوئی وجہ موجود نہیں ہے۔ یہ رائے ظاہر کی جا چکی
کہ اس میرٹھ کے باغ کی نسبت اس وجہ سے کہ اس میں سے
متعدد سرقہ بالجبر کی وارداتوں کا مال دستیاب ہوا تھا
یہ ثابت کیا جا چکا ہے کہ وہ گروہ کا مستقر رہا ہے۔ دوسرے گواہ
بدھا نے یہ اظہار دیا ہے کہ اس نے مرافع کو ایک سے زیادہ
موقع پر شولا کی دکان میں دوسرے ملزمین کے ہمراہ دیکھا
تھا اس کی تائید رستم خاں (گواہ استغاثہ نمبر ۱۹) نے کی ہے
یہ صحیح ہے جیسا کہ مسٹر رستم جی نے بحث کی تھی کہ بالو کے
قبضہ میں پائی گئی تھی اس کی نسبت ہیرا کی گواہی کی شہادت
کے علاوہ دوسری شہادت سے یہ نہیں ثابت کیا گیا ہے کہ
وہ مال مسروقہ ہے لیکن میری رائے میں سرکاری گواہوں کے
ان بیانات کی کافی تائید ہوتی ہے کہ وہ گروہ کا شریک تھا۔
میں اس کا مرافعہ خارج کرتا ہوں۔

رام چند۔ یہ ایک دوسرا کہنک ہے اور اس کا مقدمہ
بالو کے مماثل ہے وہ شولا اور بالو کے ہمراہ شولا کے مکان پر گرفتار
کیا گیا تھا یہ صحیح ہے کہ بدھو (گواہ استغاثہ نمبر ۲۹) نے یہ بیان کیا
ہے کہ وہ ان اشخاص میں سے نہ تھا جنکو اس نے شولا کی
دکان پر آتے جاتے دیکھا تھا لیکن ہیرا اور محمد دین نے
یہ اظہار دیا ہے کہ وہ مختلف موقعوں پر میرٹھ کے باغ میں تھا
اور کوئی جواب اس امر کا نہیں ملتا کہ کیوں وہ جو ایک کہنک
تھا وہاں جائے اور سانسیوں کے ساتھ شریک ہو۔ ان گواہوں
کی شہادت جو یہ ثابت کرتے ہیں کہ وہ اچھے چال چلن کا ہے استغاثہ
کی دلیل کی تردید نہیں کرتی اور میں اس کا مرافعہ خارج کرتا ہوں۔

نیپال۔ یہ ایک چمار ہے جس کی نسبت سرکاری گواہوں
نے یہ بیان کیا ہے کہ اس نے صرف ایک اصلی جرم میں حصہ لیا ہے
رستم خاں گواہ استغاثہ نمبر ۱۹ نے یہ بیان کیا ہے کہ وہ شولا کی

دوکان پر دیکھا گیا تھا لیکن اس گواہ کا یہ بیان واضح نہیں ہے کہ وہ دوسرے ملزمین کے ہمراہ تھا۔ محمد دین لڑکے نے یہ بیان کیا ہے کہ وہ میرٹھ کے باغ میں آیا کرتا تھا۔ لیکن ممکن ہے کہ اسکا خیال غلط ہو۔ صفائی یہ پیش کی گئی ہے کہ گوپال کو غلطی سے ایک دوسرے شخص گوپال نامی کی بجائے گرفتار کیا گیا تھا اور سرکار کے لائق کونسل نے یہ تسلیم کیا ہے کہ اس شخص کے خلاف تائیدی شہادت بہت کم ہے۔ میں اس کا مرافعہ منظور ہے تجویز ثبوت جرم اور حکم سزا منسوخ کرتا ہوں اور یہ حکم دیتا ہوں کہ وہ رہا کیا جائے۔

سریا۔ اسکو جاگا کہا گیا ہے اور صریح شہادت اس امر کی موجود ہے کہ اس کا تعلق دفعہ ۳۹۵ کے تحت ایک اصلی جرم سے تھا جس کی بابت عدالت سشن جج واقع میرٹھ میں زیر تحقیقات تھی۔ اس کی صفائی کا مقصود اس جرم کے متعلق صرف عدم موجودگی ثابت کرنا تھا لیکن جیسا کہ ذیعلم جج نے قرار دیا ہے کوئی ظاہری وجہ مسماۃ رمتوا چیل اور مسماۃ متھری کو نہ باور کرنے کی نہیں ہے جو خود اسکے رشتہ دار ہیں کہ وہ مرتکبین کے ہمراہ ایک تھا اس امر کی بھی شہادت موجود ہے کہ اس نے سرکاری گواہوں اور دوسرے ملزمین کے ساتھ شولا کی دوکان پر اور باغ میں سازش کی تھی۔ اسکے خلاف تجویز ثبوت جرم میں دست اندازی کرنے کی کوئی وجہ موجود نہیں ہے لیکن میں یہ نہیں سمجھتا کہ کیوں شولا کے مقابلہ میں اسکو زیادہ سخت سزا دیجانی چاہیئے سرکاری گواہوں نے یہ بیان کیا ہے کہ وہ گروہ کا سرگروہ رکن رہا ہے لیکن خاص سرگروہ ہونے کی کوئی تائید نہیں ہوتی اور وہ کوئی سابقہ مجرم نہیں ہے۔ میں اس کا مرافعہ اس حد تک منظور کرتا ہوں کہ حکم سزا کو پانچ سال قید با مشقت مع تین ماہ قید تنہائی میں تخفیف کردوں۔

بیلیا۔ سرکاری گواہوں کے بیان کے مطابق اس شخص نے بہت سی جرائم پیشہ عصبہ لیا تھا وہ میرٹھ کے باغ میں گرفتار کیا گیا تھا اسکی نسبت یہ ثابت کیا گیا ہے کہ وہ ۳۰ اگست ۱۹۲۱ء کو سٹلمنٹ اقوام جرائم پیشہ سے فرار ہوا ہے۔ دوسرے موقعوں پر شرکت کی شہادت موجود ہے اور اس نے سرکاری گواہوں کے مقابلہ میں کوئی بیانات نہیں کئے ہیں اس سے ایک مرتبہ دفعہ ۱۱۰ کی رو سے ضمانت طلب کی گئی تھی مگر وہ سابقہ سزایاب نہیں ہے۔ ساتھ ہی یہ واقعہ کہ وہ سٹلمنٹ سے فرار ہوا تھا اس دوسری شہادت کی تائید کرتا ہے کہ اس نے بالارادہ ارتکاب جرم کا شغل اختیار کیا تھا اس شخص کے خلاف تجویز ثبوت جرم میں دست اندازی کرنے کے لئے کوئی وجہ موجود نہیں ہے۔ حکم سزا کے متعلق اسکو دوسرے مرافعان کے زمرہ میں داخل کیا گیا ہے جو سزایاب سابقہ ہیں اور میں شولا اور سریا کے مقابلہ میں اس کو زیادہ سخت سزا دینے کی ضرورت محسوس نہیں کرتا ہوں میں اس کا مرافعہ اس حد تک منظور کرتا ہوں کہ حکم سزا کو پانچ سال قید با مشقت اور تین ماہ کی قید تنہائی میں تخفیف کرتا ہوں۔

زہریا عرف بلونتا۔ یہ شخص بھی ایک سٹلمنٹ اقوام جرائم پیشہ سے فرار ہوا تھا اور وہ بھی باغ میں گرفتار کیا گیا تھا دوسرے موقعوں پر شرکت کی تائیدی شہادت موجود ہے۔ وہ سابق میں دو مرتبہ ایک مرتبہ دفعہ ۳۷۹ اور دوسری مرتبہ دفعہ ۳۹۲ مجموعہ تعزیرات ہند کے تحت سزا پا چکا ہے اپنی درخواست مرافعہ میں اس نے یہ بیان کیا کہ وہ ضعیف اور کمزور آدمی ہے لیکن عدالت تحت میں اس کا طبی معائنہ کیا گیا تھا اور اس کی عمر کے لحاظ سے وہ ٹھیک اور تندرست آدمی پایا گیا تھا۔ اسکے خلاف تجویز ثبوت جرم یا حکم سزا میں دست اندازی کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے اور میں اس کا مرافعہ خارج کرتا ہوں

رائے سنگھ عرف اشرفی لال۔ یہ شخص جیسا کہ اسکے متعلق بیان کیا گیا ہے بوقت ارتکاب جرم گرفتار کیا گیا تھا اور اسکے بیان کی جو اسکے

چھبر ولیا بنام ملک معظم (لاہور)

صفحہ ۱۸۱

چھپیرولیا
نام
ملک معظم

خلاف ہے کسی شہادت سے تائید نہیں ہوتی وہ ایک شلمنٹ اقوام جرائم پیشہ سے ہمراہ انغو سائنہ ۱۰ مئی ۱۹۲۲ء کو فرار ہوا تھا اور اس کی گرفتاری کی تاریخ یکم جون ہے۔ یہ اعتراض کیا جاتا ممکن ہے کہ آیا اس تھوڑے سے عرصہ میں اسکی نسبت یہ قرار دیا جا سکتا تھا وہ گروہ کا باقاعدہ شریک بن گیا تھا۔ اس امر کے متعلق یہ شہادت موجود ہے کہ جیسا جو ہمراہ ہوا کہ باغ میں گرفتار کیا گیا تھا آخری وقت تک گروہ کا شریک رہا تھا اور سٹلمنٹ سے دو اشخاص کی فراری قابل معقول شہادت ہے کہ ان کا منشا یہ تھا کہ وہ باقاعدہ ارتکاب جرم کا مشغلہ اختیار کریں۔ ان مضمون کی شہادت موجود ہے کہ گرفتاری سے قبل وہ ایک ڈاکہ زنی میں دوسرے ملزمین کے ساتھ شریک رہا تھا اور سرکاری گواہوں اور بعض اشیاء کے مابین جو انہوں نے جرم اس وقت چھوڑی تھیں جب وہ گرفتار کئے گئے تھے ثابت ہے کہ ان حالات سے سرکاری گواہوں کی اس شہادت کی تائید ہوتی ہے کہ وہ گروہ کا شریک تھا اور دفعہ ۳۷۹ مجموعہ تعزیرات ہند کے تحت اسکے دو مرتبہ سزایاب ہونے کا واقعہ بھی ذہن نشین رکھا جانا چاہیے اس معاملہ میں دست اندازی کرنے کیلئے کوئی وجہ موجود نہیں ہے میں اس کا مرافعہ خارج کرتا ہوں۔ اسکے نابینا ہونے کے عذر پر جو اسکی درخواست مرافعہ میں پیش کیا گیا تھا طبی معائنہ کے ذریعہ عدالت سشن نے غور کیا تھا۔ اسکی نسبت یہ قرار دیا گیا تھا کہ اسکی آنکھ میں ضعف بصارت کا مرض تھا لیکن تمام معمولی اغراض کیلئے وہ اچھی طرح سے دیکھ سکتا تھا۔ ہنسا جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے یہ شخص شلمنٹ اقوام جرائم پیشہ سے رائے سنگھ کے ہمراہ ۱۰ مئی ۱۹۲۲ء کو فرار ہوا تھا اسکو انغو نے ۱۲ جون ۱۹۲۲ء کی پولیس نے گرفتار کیا تھا شرکت کی اور بھی شہادت موجود ہے بالخصوص چھجو گواہ استغاثہ نمبر ۱۴ کا بیان ہے چھجو گو وہ شریک جرم ہے مگر اس کی شہادت کہ تقریباً تمام اہم امور میں بلا واسطہ طریقہ سے اس کی تائید ہوتی ہے ہنسا بسب دفعہ ۴۰۱ سزایاب سابقہ ہے اور میں یہ خیال کرتا ہوں کہ سرکاری گواہ کی شہادت کی کافی طور پر تائید کی گئی ہے۔ میں اس کا مرافعہ خارج کرتا ہوں۔

چھپیرولیا۔ یہ مرافع شلمنٹ اقوام جرائم پیشہ دھاریوال سے ۲۹ مارچ ۱۹۲۲ء کو فرار ہوا تھا جس تاریخ پر اس کو رخصت دی گئی تھی اور وہ واپس نہیں ہوا۔ وہ سزایاب سابقہ ہے اس لئے کہ ایک مرتبہ اسکے خلاف دفعہ ۴۰۸ کے بموجب تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی تھی وہ میر محمد کے باغ میں گرفتار کیا گیا تھا اور بہت زیادہ شہادت موجود ہے کہ وہ سرکاری گواہوں اور دوسرے مرافعان کے ساتھ دوسرے موقعوں پر شریک تھا۔ صفائی کی شہادت سے جو اس نے پیش کی تھی استغاثہ کے مقدمہ کی تائید ہوتی تھی کیونکہ اس سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ وہ ان جرائم کی تواریخ پر سٹلمنٹ دھاریوال میں نہ تھا جنمیں اسکی نسبت سرکاری گواہوں نے یہ بیان کیا تھا کہ اس نے حصہ لیا ہے۔ اس نے جہانگیر سرکاری گواہ کے ساتھ دشمنی ہونا بیان کیا لیکن اسکو ثابت کرنے سے قاصر رہا میں اس کا مرافعہ خارج کرتا ہوں۔

عجب سنگھ عرف بدلیہ۔ اس شخص کے خلاف سابق میں تین مرتبہ دو مرتبہ دفعہ ۳۷۹ کے تحت اور ایکمرتبہ دفعہ ۴۱۱ مجموعہ تعزیرات ہند کے تحت تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی تھی۔ جب پولیس باغ میں پہونچی تو اس کی نسبت یہ معلوم ہوا کہ وہ ایک باورچیخانہ میں چھپا ہوا تھا اور وہ وہیں گرفتار کیا گیا تھا خود اسکے بیان کے مطابق وہ ایک سٹلمنٹ اقوام جرائم پیشہ سے فرار ہوا تھا لیکن اس مضمون کے متعلق اور کوئی شہادت موجود نہیں ہے متعدد گواہوں نے یہ بیان کیا ہے کہ سرکاری گواہ جہانگیر کے ساتھ اسکے تعلقات خوشگوار نہ تھے لیکن عدالت تحت میں

(۳۴۷)

اس لئے یہ نہیں بیان کیا تھا۔ اسکے خلاف مقدمہ کی کافی تائید ہوتی ہے اور میں اس کا مرافعہ خارج کرتا ہوں۔ مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائیکورٹ بمبئی

### استصواب فوجداری

نمبر مقدمہ ۹۹ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۷ اگست ۱۹۲۲ء

باجلاس سر للوبھائی شاہ نائٹ چیف جسٹس و مسٹر جسٹس کرمپ۔

ملک معظم مستغیث بنام شیولنگپا لبسپا۔ ملزم

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعات ۴۰۷، ۴۲۲، ۴۳۹ - دفعہ ۴۰۷ کے تحت مرافعہ کی سماعت - ایسے عہدہ دار کو جسے لوکل گورنمنٹ نے مقرر کیا تھا نوٹس کا نہ دیا جانا - ناجوازی - برات - نگرانی - ہائیکورٹ کب دست اندازی کریگی -

جبکہ کسی مرافعہ حسب دفعہ ۴۰۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی کوئی ایسا مجسٹریٹ سماعت کرے جس کو خاص طور پر ایسے مرافعہ جات کی سماعت کا اختیار عطا کیا گیا ہو تو مجسٹریٹ کے لئے یہ لازمی ہوتا ہے کہ وہ ایسی پیشی کی اطلاع دفعہ ۴۲۲ مجموعہ کی رو سے اس عہدہ دار کو دے جسکو لوکل گورنمنٹ نے اس خصوص میں مقرر کیا ہو اور مرافعہ کی سماعت کے قبل نوٹس دینے کا ترک محض بے ضابطگی کے طور پر تصور نہیں کیا جا سکتا۔ عہدہ دار کو اطلاع دئے بغیر ایسے مرافعہ کا تصفیہ مرافعہ کا قانونی تصفیہ نہیں ہوتا۔ گو ہائیکورٹ دفعہ ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے بالعموم حکم برات میں دست اندازی نہ کریگی تاہم ایسی حالت میں دست اندازی کریگی جب ایسا حکم ناجائز ہو سکتا ہے جبکہ دفعہ ۴۰۷ مجموعہ کے تحت کسی مرافعہ پر صادر کیا گیا ہو سکتا۔ سماعت کی اس عہدہ دار کو جو منجانب لوکل گورنمنٹ اس خصوص میں مقرر کیا گیا تھا کوئی اطلاع نہ ہو۔

استصواب فوجداری منجانب ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ شولاپور۔

منجانب ملزم - مسٹر ڈی - جی - دلوی -

منجانب سرکار - مسٹر ایس - ایس پٹکر گورنمنٹ پلیڈر -

**فیصلہ** - اس مقدمہ میں پانچ اشخاص کے خلاف مجسٹریٹ درجہ دوم شولاپور نے تحقیقات کی تھی اور جرم ضرر رسانی میں حسب دفعہ ۳۲۳ مجموعہ تعزیرات ہند تجویز ثبوت جرم صادر کی تھی۔ دفعہ ۱۴۷ مجموعہ تعزیرات ہند کے تحت فرد قرارداد جرم مرتب کی گئی تھی لیکن اس امر کے متعلق کہ فرد قرارداد جرم کس طور پر کہ وہ مرتب کی گئی تھی صحیح تعمیہ کیا تھی فریقین کے مابین ایک امر مختلفیہ ہے اس لئے میں کوئی رائے ظاہر کرنا نہیں چاہتا کہ آیا فرد قرارداد جرم کا تعلق جرم زیر دفعہ ۳۲۳ مجموعہ تعزیرات ہند سے بھی تھا میں نے فرد قرارداد جرم کا حوالہ یہ ظاہر کرنے کے لئے دیا ہے کہ کارروائی کی نوعیت کیا تھی -

ملزم نے سب ڈویژنل مجسٹریٹ کے روبرو دفعہ ۴۰۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے مرافعہ کیا جن کو مجسٹریٹ درجہ دوم کے فیصلوں کی ناراضی سے مرافعہ جات سماعت کرنیکا اختیار تھا - ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو نوٹس دئے بغیر انھوں نے مرافعہ کے تصفیہ کرنے کی کارروائی کی اور ملزم کو بری کر دیا - یہ مقدمہ ہماری اطلاع کے لئے ایک استصواب کے ذریعہ سے پیش کیا گیا ہے جو ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے کیا تھا اور لائق گورنمنٹ پلیڈر اس بحث کی تائید کے لئے حاضر ہوئے ہیں کہ مرافعہ کا قانونًا تصفیہ نہیں ہوا ہے کیونکہ اسکی سماعت اور اس کا تصفیہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو اطلاع دئے بغیر کیا گیا تھا جبکی ضرورت دفعہ ۴۲۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری میں بتلائی گئی ہے اس دفعہ میں یہ حکم ہے کہ اگر عدالت مرافعہ مرافعہ کو سرسری طور پر خارج نہ کرے تو وہ یہ حکم دیگی کہ مرافع یا اسکے وکیل کو اور ایسے عہدہ دار کو جس کو لوکل گورنمنٹ نے اس غرض کے لئے مقرر کیا ہو اس وقت اور مقام کی اطلاع دی جائے جب ایسے مرافعہ میں سماعت کیجائیگی وہ عہدہ دار جس کو لوکل گورنمنٹ نے اس خصوص میں مقرر کیا ہے

ملک معظم
بنام
شیولنگپا لب
(بمبی)

ملک معظم بنام شیولنگیاپا (بمبئی)

ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ہوتا ہے اور گویہ تباہ ہو یا نہ کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا تعلق ہے اس وقت متعلق نہ ہو جب مرافعہ ان کی عدالت میں رجوع کیا جائے مگر یہ واضح ہے کہ دفعہ مندرجہ دفعہ ۴۲ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے مرافعہ کی اطلاع ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کو موجودہ مقدمہ میں دی جانی چاہئے تھی یہ دفعہ ہدایتی ہے اور ہم یہ نہیں خیال کرتے کہ اس نوٹس کا نہ دیا جانا محض ایک بے ضابطگی کے طور پر تصور کیا جا سکتا تھا یہ صحیح ہے کہ دفعہ ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے بموجب ہم با اختیار ہیں کہ احکام بریت میں دست اندازی نہیں کرتے لیکن یہ ایک ایسا معاملہ ہے جس میں یہ صاف ظاہر ہو گیا ہے کہ مرافعہ کا کوئی قانونی تصفیہ نہیں ہوا ہے اور وہ حکم جو بغیر سماعت کے صادر کیا جائے جائز حکم کے طور پر تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ ایسی حالت میں ہم اس حکم بریت کو منسوخ کرتے ہیں جو سب ڈویژنل مجسٹریٹ نے صادر کیا تھا اور یہ حکم دیتے ہیں کہ وہ مرافعہ کی سماعت اور اس کا تصفیہ حسب احکام قانون عمل میں لاوے۔

حکم منسوخ کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

### درخواست نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۷۲۳ بابت ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲ فروری ۱۹۲۳ء

با جلاس مسٹر جسٹس لی راسگنل۔

ہمیشا۔ بنام ملک معظم بذریعہ مجلس صفائی

مجرم۔ نگرانیخواہ سیالکوٹ۔ طرف ثانی۔

نظیرہ ۱۸

قانون صفائی پنجاب ایکٹ ۳ بابت ۱۹۱۱ء دفعہ ۱۷۵۔ عمارت کو منہدم کرنیکا نوٹس۔ معاوضہ ادا نہ کرنے سے قاصر رہنیکا اثر۔

دفعہ ۱۷۵ قانون صفائی پنجاب کی عبارت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ طلب یا جبکے جاری کرنیکا اختیار مجلس صفائی کو دیا گیا ہے معاوضہ کی ادائی کے تابع ہے لیکن یہ کہ معاوضہ کا پیش کیا جانا نوٹس کے ہمراہ ہونا چاہئیے۔ اس ضابطہ شخص متعلقہ کو یہ موقع ملتا ہے کہ وہ رقم کے معقول ہونے کے متعلق پر وضاحت کی بالیت کی تشخیص حاصل کرنے کے لئے تیار ہو سکے کہ وہ منہدم کی جائے ڈپٹی کمشنر کے روبرو ... نوٹس حسب دفعہ ۱۷۵ قانون صفائی پنجاب جس ... دیا گیا ہو ... عمارت کو منہدم کرنے ... معاوضہ کی رقم ... ناقص ہوتا ہے۔

درخواست زیر دفعہ ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری بغرض نگرانی حکم صادرہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ سیالکوٹ مورخہ ۳۱ اگست ۱۹۲۲ء مشعر ترمیم حکم صادرہ مجسٹریٹ درجہ دوم سیالکوٹ مورخہ ۱۹ مئی ۱۹۲۲ء

منجانب نگرانیخواہ مسٹر جے۔ جی سیٹھی۔

بجانب مرافعہ علیہ شیخ نیاز علی۔

**فیصلہ**۔ نگرانیخواہ کو مجلس صفائی سیالکوٹ نے یہ حکم دیا تھا کہ وہ ایک عمارت کو منہدم کرے۔ اسکے نام دفعہ ۱۷۵ قانون صفائی پنجاب کے بموجب نوٹس جاری کیا گیا تھا جس کی عبارت یہ ہے۔ "مجلس کو اختیار ہے کہ معقول معاوضہ کی ادائی کے تابع بذریعہ نوٹس مالک کو یہ حکم دے کہ وہ ...... منہدم کر دے"۔ نگرانیخواہ کے خلاف اس نوٹس کی تعمیل میں قصور کرنے کی بنا پر تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی ہے اور اس لئے یہ بحث کی ہے کہ تجویز ثبوت جرم ناقص ہے اسلئے کہ نوٹس کی تعمیل کے ساتھ ساتھ یا اسکے قبل کوئی معاوضہ ادا ہونا تو کجا تشخیص تک نہیں کیا گیا تھا میری رائے میں یہ بحث زوردار ہے فریق ثانی نے نوپال بنام مجلس صفائی ہانسی (۱) اور چنیل بنام مجلس صفائی شملہ (۲) کا حوالہ دیا ہے لیکن یہ نظائر اس مقدمہ کی قسم کے نہیں تھے اور ان کا تعلق دوسرے موضوعہ قوانین سے ہے جنکی عبارت اس

(۱) انڈین کیسیز جلد ۳ صفحہ ۴۴ (۲) پنجاب ریکارڈ مطبوعہ ۱۹۱۳ء نمبر ۴ فوجداری

قانون صفائی کی عبارت سے مختلف ہے جو اب زیر غور ہے۔ دفعہ ۵۰ کی عبارت یہ ظاہر کرتی ہے کہ طلب نامہ کے جاری کرنیکا اختیار مجلس صفائی کو دیا گیا ہے سوا دفعہ کی احکام کے تابع ہوتا ہے یعنے یہ کہ معاوضہ کا پیش کیا جانا نوٹس کے ہمراہ ہو جانا چاہیئے اس ضابطہ سے شخص متعلقہ کو یہ موقعہ ملتا ہے کہ وہ رقم کے معقول ہونیکے مضمون پر اور مزاحمت کی مالیت کی تشخیص حاصل کرنیکے لئے قبل اسکے کہ وہ منہدم کیجائے ڈپٹی کمشنر کے روبرو رجوع کرے میں درخواست منظور کرتا ہوں اور نگرانخواہ کو بری کرتا ہوں مدرقم جرمانہ اگر وصول کی جاچکی ہے واپس کیجائیگی۔ درخواست منظور کیگئی۔

## ہائیکورٹ کلکتہ

درخواست نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۲۳۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۱ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس سی سی گھوش و مسٹر جسٹس کیوننگ۔

ہیت مالی چپراسی نگرانخواہ بنام ادہبی مدی وغیرہ۔ فریق مخالف

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۱۴۵ کے تحت کارروائیات۔ شہادت کی ضرورت۔

جبتک کہ اسکے روبرو کوئی شہادت پیش کیجائے کسی مجسٹریٹ کو یہ اختیار نہیں ہوتا کہ وہ دفعہ ۱۴۵ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے کوئی حکم صادر کرے۔

منجانب نگرانخواہ۔ بابو سریش چندر تعلقدار۔

**فیصلہ**۔ اس مقدمہ میں جیسا کہ مثل سے ظاہر ہوتا ہے قطعاً کوئی شہادت مجسٹریٹ کے روبرو نہیں پیش کی گئی تھی۔ ایسی حالت میں مجسٹریٹ کا حکم جس میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ فریق ثانی متنازعہ جائیداد پر قبضہ پانیکا مستحق ہے اس قسم کا ہے جو منسوخ کیا جانا چاہیئے اس عدالت نے بارہا یہ قرار دیا ہے کہ مجسٹریٹ کو جبتک کہ اسکے روبرو شہادت نہ پیش کی جائے یہ اختیار نہیں ہوتا کہ وہ اس دفعہ کے تحت کوئی حکم صادر کرے۔ حسب وہ حکم جس کی نسبت شکایت کی گئی تھی منسوخ کیا جاتا ہے۔ بناء علیہ حکم اظہار وجہ قطعی قرار دیا جاتا ہے حکم اظہار وجہ قطعی قرار دیا گیا۔

ہیت مالی بنام ادہبی مدی (کلکتہ)

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ فوجداری

نمبر مقدمہ ۹۲۳ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ہیتی ساگر

پیر بخش۔ مجرم۔ مرافع بنام ملک معظم۔ مرافعہ علیہ۔

مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ سنہ ۱۸۶۰ء دفعہ ۴۰۱۔ عادتاً سرقہ کے ارتکاب کی غرض سے شرکت رکھنے کے اجزا۔ ثبوت۔

الزام حسب دفعہ ۴۰۱ مجموعہ تعزیرات کے تحت تجویز جرم ثبوت قائم کرنے کے لیئے یہ ثابت کرنا ضروری ہے۔

(۱) یہ کہ اشخاص کا ایک گروہ موجود تھا۔

(۲) یہ کہ وہ اشخاص سرقہ یا سرقہ بالجبر کے ارتکاب کی غرض سے ایک دوسرے کے شریک تھے۔

(۳) یہ کہ سرقہ یا سرقہ بالجبر کا ارتکاب عادتاً ہونیوالا تھا اور

(۴) کہ یہ ملزم ایسے گروہ کا شریک تھا۔

صفحہ ۱/۵ میجا بنام ملک معظم انڈین کیسیز جلد ۲۶ صفحہ ۲۲۵ کی تقلید کی گئی۔

شرکت اور شرکت کی غرض بلا واسطہ شہادت کے ذریعہ سے ثابت کی جا سکتی ہے مثلاً یہ کہ ملزم یا ملزم اور دوسرے اشخاص نے اور انہوں نے ارادہ کیا کہ وہ سرقہ یا سرقہ بالجبر کے عادتاً ارتکاب کی غرض سے ایک دوسرے کے شریک ہونگے۔ بلاواسطہ شہادت کی عدم موجودگی میں شرکت اور شرکت کی غرض ان افعال کے ثبوت سے ثابت کی جا سکتی ہے جن سے ان کو بطور معقول

پیر بخش بنام ملک معظم (لاہور)

مستنبط کیا جا سکتا ہے ۔

پہلا [illegible] گورنمنٹ [illegible] لوگی [illegible]

[illegible] استثناء [illegible] ملزمین کو [illegible]

[illegible] جرم [illegible]

کے ارتکاب سے [illegible]

سرقہ ارتکاب [illegible] ہوئے ہوں ۔

مرافعہ بنام حکم [illegible] ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ [illegible]

۱۳ ستمبر ۱۹۲۲ء ۔

منجانب مرافع ۔ ڈاکٹر سر محمد اقبال بار ایٹ لا ۔

فیصلہ ۔ یہ چار مرافعہ بابت ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ دہلی کے فیصلہ مورخہ ۴ ستمبر ۱۹۲۲ء کی ناراضی سے پیش [illegible] ان چار مرافعان کے خلاف یہ تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی کہ وہ ایک ایسے اشخاص کے گروہ کے شرکا ہیں جو عادتاً سرقہ کے ارتکاب کی غرض سے میل رکھتا تھا اور ان کو دفعہ ۔ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے مختلف میعادوں کی سزا دی گئی تھی ۔

ابتداً تیرہ اشخاص کے خلاف اس جرم کا الزام لگایا گیا تھا اور ان کو پولیس نے دفعہ ۴۰۱ مجموعہ تعزیرات ہند کے تحت [illegible] عمل میں آنے کے لئے چالان کیا تھا ۔ ان تیرہ اشخاص کے منجملہ ایک شخص شاہ نواز خاں آخر کار سرکاری گواہ بن گیا اور وہ حسب [illegible] رہا کیا گیا تھا ۔ ایک اور شخص سخاوت کے متعلق جس کی نسبت یہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ رہتک سے سرکاری گواہ کے ہمراہ آیا تھا ذیعلم مجسٹریٹ نے یہ قرار دیا ہے کہ وہ گروہ کا شریک نہیں تھا اور وہ بھی رہا کیا گیا تھا حسب ذیل چھ اشخاص یار ۱، چاند خاں، رحمت اللہ بہادر، علی، ابن آدم، بخش بھی آخر کار بری کئے گئے تھے کیونکہ خریداران مال مسروقہ اطمینان بخش طریقہ سے ان کی شناخت

نہ کر سکے تھے و نیز اس وجہ سے کہ اطمینان بخش طریقہ سے یہ نہیں ثابت ہوا تھا کہ وہ عادی سارق تھے ۔ باقیماندہ پانچ اشخاص [illegible] احمد یار، مشتی، اقبال، محمد خاں، مشتی (نبی کریم) اور پیر بخش [illegible] حسب ذیل تجاویز ثبوت جرم و احکام سزا صادر کئے گئے تھے :۔

[illegible] احمد یار [illegible] سال قید با مشقت بشمول تین ماہ قید تنہائی [illegible] نیز بعد رہائی [illegible] سال [illegible] نگرانی میں رہے

[illegible] اقبال [illegible] سال قید با مشقت [illegible] ماہ قید تنہائی

محمد خاں تین سال قید با مشقت بشمول [illegible] ماہ قید تنہائی

مشتی (نبی کریم) پانچ سال قید با مشقت بشمول تین ماہ قید تنہائی و نیز بعد رہائی دو سال تک پولیس کی نگرانی میں رہے

پیر بخش تین سال قید با مشقت بشمول دو ماہ قید تنہائی بحکم [illegible]

ان [illegible] ثبوت [illegible] ان ہی سے علیحدہ علیحدہ یہ چار مرافعہ جو ان میں سے تین بنام مجلس کی توسط سے اور ایک ڈاکٹر اقبال کے ذریعہ سے رجوع کئے گئے ہیں ۔

[illegible] (نبی کریم) نے کوئی مرافعہ دائر نہیں کیا ہے تجاویز ثبوت جرم زیادہ تر سرکاری گواہ کی شہادت پر مبنی ہیں جس نے سرقہ کی ان مختلف وارداتوں کی بالتفصیل سوانح بتلائی ہے جن سے وہ اور اسکے شرکا تعلق رکھتے تھے اور واحد قابل تصفیہ طلب سوال یہ ہے کہ آیا اس کی شہادت کی تائید اہم امور میں دوسری آزادانہ شہادت مشمولہ مثل سے ہوتی ہے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ڈیڑھ ماہ یعنی من ابتدائے یکم مارچ لغایت ۱۵ اپریل ۱۹۲۲ء کے عرصہ میں شہر دہلی میں ۲۰ سرقہ کی وارداتوں کا ارتکاب ہوا تھا جن میں موجودہ مرافعان نے بعض دوسرے اشخاص کے ساتھ جو ثبوت نہ ہونے کی وجہ سے رہا یا بری کئے گئے ہیں حصہ لیا تھا ۔ یہ بیان کیا گیا ہے

(۳)

کہ پیر بخش نے ۲ ، محمد خاں نے ۲ ، واحد یار نے ۴ اور شی نے ۳ سرقہ کی وارداتوں میں حصہ لیا تھا۔ اس واقعہ کی تائید میں شامل میں کافی مواد موجود ہے کہ ان تمام سرقہ کی وارداتوں کا ارتکاب کیا گیا تھا اور یہ کہ چاروں مرافعان بشمول سرکاری گواہ کے ان سے تعلق رکھتے تھے۔ کئی ایک مسروقہ اشیاء دستیاب ہوئی ہیں۔ ان کو شہادت میں پیش کیا گیا ہے اس مال مسروقہ کو ان اشخاص نے کافی طور پر شناخت کیا ہے جو متعدد سرقہ کی وارداتوں کے شکار بنے تھے اور کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ کیوں ان گواہوں کی شہادت باور نہ کی جائے۔ استغاثہ کی جانب سے یہ بیان کیا گیا ہے کہ سارقین مال مسروقہ کی باقاعدہ تجارت کرتے تھے۔ ان اشخاص کے منجملہ جنکو مال فروخت کیا گیا تھا زیادہ کا پتہ لگ گیا ہے اور ان کو شہادت میں پیش کیا گیا ہے۔ انھوں نے یہ شہادت دی ہے کہ انھوں نے وہ مال مرافعان سے خریدا تھا اور میں مطمئن ہوں کہ وہ صحیح بیان کر رہے ہیں۔ یہ غیر ضروری ہے کہ اس فیصلہ میں ان مختلف گواہوں کا ذکر کیا جائے جنھوں نے مال مسروقہ کی شناخت کی ہے یا جنھوں نے ملزمین کی شناخت کی ہے یہ کہنا کافی ہے کہ ان کی شہادت بالکل یقین دلانے والی ہے اور ملزمین کی شناخت کامل طریقے سے ثابت ہو جاتی ہے ڈاکٹر اقبال نے یہ بحث کی ہے کہ ان میں سے بہت سی سرقہ کی وارداتوں کی اطلاع پولیس میں نہیں دی گئی تھی اور یہ کہ مال مسروقہ کی شناخت کی شہادت اطمینان بخش نہیں ہے میں یہ نہیں خیال کرتا کہ اس بحث میں کوئی وزن ہے۔ سرقہ کی جن وارداتوں کا ارتکاب ان ملزمین نے کیا تھا وہ خفیف تھیں اور یہ ممکن ہے کہ جن لوگوں کا مال گیا تھا انھوں نے پولیس میں اطلاع دینے کی تکلیف گوارا نہیں کی تھی مال مسروقہ کی شناخت کی حد تک شہادت جیسا کہ

پیر بخش
بنام
ملک معظم
(لاہور)

اسکے قبل رائے ظاہر کی جا چکی ہے بالکل اطمینان بخش ہے اور اس سے ملزمین کی مجرمیت کافی طور پر ثابت ہوتی ہے۔ میری رائے میں سرکاری گواہ کی شہادت کی کافی تائید اہم امور میں ہو گئی ہے اور نتیجہ جو فاضل سیشن جج نے اخذ کیا ہے صحیح ہے۔

دوسرا غور طلب سوال یہ ہے کہ آیا مرافعان یا ان میں سے کسی کا تعلق ایسے اشخاص کے گروہ سے تھا جو ایک دوسرے کے عادتاً سرقہ کے ارتکاب کی غرض سے شریک تھے۔ بیجا بنام ملک معظم (۱) میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ الزام حسب دفعہ ۴۰۱ مجموعہ تعزیرات کے تحت تجویز ثبوت جرم قائم کرنے کے لئے یہ ثابت کرنا ضروری ہے۔

(۱) یہ کہ اشخاص کا ایک گروہ موجود تھا۔

(۲) یہ کہ وہ اشخاص سرقہ یا سرقہ بالجبر کے ارتکاب کی غرض سے ایک دوسرے کے شریک تھے۔

(۳) یہ کہ سرقہ یا سرقہ بالجبر کا ارتکاب عادتاً ہونے والا تھا۔

(۴) یہ کہ ملزم ایسے گروہ کا شریک تھا۔ اب تصفیہ طلب سوال یہ ہے کہ آیا استغاثہ کو یہ ثابت کرنے میں کامیابی ہوئی ہے کہ مرافعان ان اغراض کے لئے ایک دوسرے کے شریک تھے۔ پبلک پراسیکیوٹر بنام بونیگری پوٹی گاڑو (۲) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ شرکت کرنا اور شرکت کی غرض بلاواسطہ شہادت کے ذریعہ سے ثابت کی جا سکتی ہے مثلاً یہ کہ ملزم یا ملزم اور دوسرے اشخاص ملے اور یہ ارادہ کیا کہ وہ سرقہ یا سرقہ بالجبر کے عادتاً ارتکاب کی غرض سے ایک دوسرے کے شریک ہوں بلاواسطہ شہادت کی عدم موجودگی میں شرکت اور شرکت کی غرض ان افعال کے ثبوت سے ثابت کی جا سکتی ہے جن سے ان کو بطور معقول مستنبط کیا جا سکتا ہے موجودہ مقدمہ میں ان مختلف چوریوں وخیانتوں کے ماثلوں کی صحیح شہادت کے علاوہ جہاں یہ ملزمین لا کرتے تھے [illegible]

(۱) انڈین کیسیز جلد ۶۴ صفحہ ۲۲۲ (۲) انڈین کیسیز جلد ۲ صفحہ ۳۰۷ -

محمد دین بنام علم دین (لاہور)

قسم کی شہادت موجود ہے نتیجہ یہ کہ کثیر التعداد سرقہ کی وارداتوں کا ارتکاب ان اشخاص نے مقابلتاً بہت ہی قلیل مدت میں کیا تھا جس سے لازمی طور پر یہ قیاس پیدا ہوتا ہے کہ ضرور ہے کہ مرافعان عادتاً سرقہ کے ارتکاب کی غرض سے ایک دوسرے کے شریک ہونے ہونگے۔ میری رائے میں یہ ثبوت مرافعان کے خلاف دفعہ ۴۰۱ مجموعہ تعزیرات ہند کے تحت تجویز ثبوت جرم صادر کرنے کے لئے کافی ہے اور میں مرافعجات خارج کرتا ہوں۔

مرافعجات خارج کئے گئے۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۵۰۷ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۶ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس مارٹینو

صفحہ ۸۱۷ محمد دین۔ مدعی۔ مرافع۔ بنام علم دین وغیرہ۔ مدعی علیہم مرافعہ علیہم

قانون منازعت سپاہیان ہند ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۱۸ء دفعہ ۱۱ کا اطلاق۔ وہ مدعی جو تاریخ ارجاع دعوی پر سپاہی نہ رہا ہو اس دفعہ سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

دفعہ ۱۱ قانون منازعت سپاہیان ہند کی رو سے وہ مدت جس میں کوئی مدعی حالات جنگ میں ملازمت کر رہا ہو دعوی کے لئے میعاد سماعت کا شمار کرنے میں صرف اس صورت میں خارج کیجانی چاہیئے جب مدعی ہندوستانی سپاہی ہو یہ دفعہ ایسے مدعی کی صورت سے متعلق نہیں ہوتی جو سپاہی رہ چکا ہو مگر وہ اس تاریخ پر سپاہی نہ رہا ہو جب وہ اپنا دعوی رجوع کرے۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ مسٹر ڈسٹرکٹ جج گوجرانوالہ مورخہ ۱۴ دسمبر ۱۹۲۰ء منسوخ ڈگری صادرہ منصف درجہ اول گجرات مورخہ ۳۰ اگست ۱۹۲۰ء۔

منجانب مرافع۔ ڈاکٹر شجاع الدین۔

منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر مکند لال پوری۔

**فیصلہ**۔ یہ مرافعہ ثانی ایک حق شفعہ کے دعوی سے پیدا ہوتا ہے۔ عدالت ابتدائی نے مدعی کے حق میں ڈگری صادر کی لیکن عدالت مرافعہ تحت نے اس کو اس بنا پر منسوخ کیا کہ دعوی منقضی المیعاد تھا کیونکہ وہ اس تاریخ سے ایک سال کی مدت کے بعد جب مشتری نے اراضی پر قبضہ حاصل کیا نیز تاریخ عمل دخل خارج اسماء کے ایک سال کے بعد رجوع کیا گیا تھا۔

مرافع کی بحث یہ ہے کہ دفعہ ۱۱ ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۱۸ء کی رو سے وہ مدت جس میں وہ حالات جنگ میں کام کر رہا تھا یعنی تاریخ نیلام سے ۷ جون ۱۹۱۹ء تک میعاد سماعت کی مدت شمار کرنے میں خارج کی جانی چاہیئے اور یہ کہ اس لئے دعوی جو ۱۴ نومبر ۱۹۱۹ء کو رجوع کیا گیا تھا بین المیعاد ہے لیکن دفعہ ۱۱ ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۱۸ء کی رو سے وہ مدت جسمیں کوئی مدعی حالات جنگ میں کام کر رہا ہو صرف اس صورت میں خارج کیجانی چاہیئے جب مدعی ہندوستانی سپاہی ہو اس مقدمہ میں مدعی سپاہی نہیں ہے کیونکہ دعوی رجوع کئے جانے کے قبل جون ۱۹۱۹ء میں فوج سے علیحدہ کر دیا گیا تھا۔

دفعہ ۱۱ قانون مذا ایسے مدعی کی صورت سے متعلق نہیں ہوتی جو سابق میں سپاہی رہا ہو لیکن وہ اس وقت سپاہی باقی نہ رہا ہو جب وہ اپنا دعوی رجوع کرے۔ ایسی حالت میں وہ مدت جسمیں مرافع حالات جنگ میں کام کر رہا تھا خارج نہیں کی جا سکتی اور دعوی منقضی المیعاد ہے۔

مرافعہ بخرچہ خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۴۸۹ بابت ۱۹۲۲ء منفصلہ ۹ نومبر ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس براڈوے

دیوک رام وغیرہ بنام دولی چند بسیارہ دیگر

مدعیان ۔ مرافعان ۔ مدعی علیہم مرافعہ علیہم

ہیلیڈنگ ۔ مرافعہ ۔ جدید مقدمہ ۔

ایک موضع کے زمینداروں نے ایک مکان کے قبضہ کا دعویٰ اس بیان سے رجوع کیا تھا کہ وہ ایک ٹھاکردوارا تھا جہاں باشندگان موضع پرستش کرتے تھے اور یہ کہ حال ہی میں مدعی علیہ نے اس پر ناجائز طور پر قبضہ حاصل کر لیا ہے۔ دعویٰ اس تجویز کے لحاظ سے خارج کیا گیا تھا کہ یہ مقام عرصہ سے ٹھاکردوارا باقی نہیں رہا تھا اور یہ کہ مدعی علیہ بارہ سال سے زیادہ عرصہ سے مخالفانہ طور پر قابض تھا۔ مرافعہ میں مدعیان نے اپنی سابقہ دلیل ترک کر دی اور اس امر پر زور دینے کی استدعا کی کہ جب مکان ٹھاکردوارا باقی نہیں رہا تھا تو وہ شاملات یا موضع کی عام جائداد بن گیا اور یہ کہ ایسی حالت میں مدعی علیہ کا قبضہ مخالفانہ نہیں ہو سکتا تھا۔

قرار دیا گیا کہ یہ بالکل جدید بحث پیش از پیش کی حد تک پہنچ گیا تھا اور مرافعین ایسا عمل کرنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی تھی۔

مرافعہ ثانی متبارہی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج کرنال مورخہ ۱۳ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء شعر بحالی ڈگری مصدرہ منصف سونی پت مورخہ ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافعان ۔ مسٹر نانو لال ۔

منجانب مرافعہ علیہم ۔ مسٹر کشمیر چند ۔

دیوک رام بنام دولی چند (لاہور)

فیصلہ ۔ دیوک رام وغیرہ زمینداران موضع بہار تحصیل سونی پت ضلع روہتک نے دولی چند وغیرہ کے خلاف ایک مکان کے قبضہ کا دعویٰ اس بیان سے رجوع کیا تھا کہ وہ ایک استھل یا ٹھاکردوارا تھا جہاں باشندگان موضع پرستش کرتے تھے اور یہ کہ مدعی علیہم نے دعوے کے تقریباً دس یوم قبل اس پر ناجائز قبضہ حاصل کر لیا تھا اور اس پر عمارت بنانی شروع کی تھی مدعی علیہم نے یہ بحث کی تھی کہ جائداد زیر بحث ان کی تھی اور یہ کہ عرصہ دراز سے وہ اس پر قابض تھے۔ عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا کہ وہ کسی وقت ٹھاکردوارا تھا اور یہ کہ ایک شخص لچھمن داس اس کا نگران کار رہا تھا لیکن یہ کہ مدعی علیہم نے یہ ثابت کیا تھا کہ لچھمن داس سنہ ۱۸۹۰ء میں فوت ہو گیا اور یہ کہ اس کی وفات کے تھوڑے ہی عرصہ کے بعد بتوں کو مکان سے علیحدہ کر دیا گیا تھا جسکے بعد مدعی علیہم اور ان کے پیشروں نے اس پر قبضہ حاصل کر لیا تھا اور اس وقت سے اس پر قابض تھے

صفحہ ۱۸۱ ان کے قبضہ کی میعاد بارہ سال سے زیادہ مدت کی تھی حسب دعویٰ خارج کیا گیا تھا اور مدعی نے ڈسٹرکٹ کورٹ میں مرافعہ رجوع کیا جسکی تمام وجوہ میں لائق منصف کی تجاویز پر اعتراض کیا گیا تھا کہ جائداد بارہ سال کے عرصہ سے مذہبی اغراض کے لئے استعمال کیجاتی باقی نہیں رہی تھی۔ بحث کے وقت مرافعان کے لائق وکیل نے یہ تسلیم کیا تھا کہ لچھمن داس سنہ ۱۸۹۰ء میں فوت ہوا تھا۔ اسکے بعد وہ یہ بحث کرنی چاہتے تھے کہ جونہی کہ جائداد مذہبی اغراض کے لئے وقف کی جائداد باقی نہیں رہی تھی وہ تمام موضع کی شاملات یا مشترکہ جائداد ہو گی اور یہ کہ اس لئے مدعی علیہم کا قبضہ مخالفانہ نہیں ہو سکتا تھا۔ فاضل ڈسٹرکٹ جج نے یہ قرار دیا تھا کہ یہ بالکل جدید بحث پیش کرنے کے مماثل

مقاصد کی اجازت دینے سے انھوں نے انکار کیا۔ مرافعہ کی دوسری وجوہ پر غور کرنے کے بغیر انھوں نے عدالت ابتدائی کی ڈگری بحال رکھی۔ مدعیان اب اس عدالت میں بصیغہ مرافعہ ثانی مسٹر نانواں ل کے توسط سے رجوع ہوئے ہیں۔ ایک رام بنام دولی چند (لاہور)

مرافعان کے کونسل مسٹر نانواں ل نے اس امر پر زور دیا ہے کہ ذیعلم ڈسٹرکٹ جج کا فیصلہ احکام مندرجہ آرڈر ۴۱ رول ۳۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے مطابق نہیں ہے۔ گو یہ تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ وہ فیصلہ جس کی نا رضامندی سے مرافعہ کیا گیا ہے زیادہ تفصیلی ہو سکتا تھا مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بصیغہ مرافعہ ثانی دست اندازی کرنے کے لئے کوئی وجوہ نہیں ثابت کی گئی ہیں۔ فیصلہ کے پڑھنے سے مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ذیعلم ڈسٹرکٹ جج نے لالچ منصفت کے ساتھ یہ قرار دینے میں اتفاق کیا تھا کہ مدعی علیہم کا قبضہ بارہ سال سے زیادہ عرصہ تک رہا تھا ابتدا ہی سے مدعی کی بحث یہ تھی کہ متدعویہ جائداد مذہبی وقت کی جائداد تھی اور صرف حال ہی میں اس پر ناجائز قبضہ حاصل کیا گیا تھا۔ مرافعان کے لائق وکیل نے بطاہر اس دلیل کو ترک کر دیا اور مدعی علیہم کے خلاف بالکل جدید اور مختلف بنا پر اعتراض پیش کیا بنا نالش صریحا یہی نہ تھی اور میری رائے میں ذیعلم ڈسٹرکٹ جج کا فیصلہ درست تھا جسے میں مرافعہ خارج کرتا ہوں۔ مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۱۸ بابت ۱۹۱۸ء منفصلہ ۱۶ مئی ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس مارٹینو و مسٹر جسٹس ہیرسن۔

امیر و وغیرہ فرزندان رقائم تعلال بنام مالک کا ہن چند بحاجے کفیت رائے برائے خود و بالنیابت نابالغ غلام محمد وغیرہ قانونی سارنگ متوفی۔

مدعی علیہم۔ مرافعان۔ مدعیان ۔ مرافعہ علیہم۔

قانون واد رسی خاص ایکٹ ا بابتہ ۱۸۷۷ء دفعہ ۴۲۔ ہندو قانون منتظم کی منتقلی۔ شرکاء خاندان کی جانب سے استقرار حق کا دعوی ایا قابل پذیرائی ہوتا ہے۔ رسوم عدالت کی ادائی پر قبضہ کی ڈگری۔ دہرم شاستر۔ مشترکہ خاندان منتظم کی منتقلی کی تنسیخ کا دعوی۔ زدشن کا جزو اعراض واجب التعمیل کے لئے قرض لیا جانا۔ ڈگری کا نمونہ۔

کوئی ہندو شریک خاندان اس کا مستحق نہیں ہوتا کہ وہ محض اس استقرار حق کے لئے دعوی کر سکے کہ خاندانی جائداد کی بیع جو منتظم نے کی تھی خاندان پر واجب التعمیل نہیں ہے اس کو قبضہ کے لئے بھی دعوی کرنا چاہیئے بایں وجہ کہ اگر اس نے محض استقراریہ ڈگری کی استدعا کی ہے تو اس کو قبضہ کی ڈگری عطا کی جا سکتی ہے بشرطیکہ وہ مزید رسوم عدالت ادا کرے۔ ہندو شریک خاندان کے دعوی میں جو اس منتقلی کی تنسیخ کے لئے رجوع کیا گیا ہو جو منتظم نے کی تھی جب زدشن کے ایک جزو کی نسبت یہ قرار دیا جائے کہ وہ ایسی اعراض کے لئے قرض لیا گیا تھا جو خاندان پر واجب التعمیل تھیں تو عدالت کو چاہیئے کہ قبضہ کی ڈگری رقم کی ادائی پر مشروط کر دے۔

کور شمیسرا ے بنام سندر داس انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۱۱ صفحہ ۳۹۶ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج مورخہ ۱۵ اپریل ۱۹۱۸ء منسوخ ڈگری مصدرہ سینیر سب جج مورخہ ۲۳ جولائی ۱۹۱۷ء

(۴۱۴)

منجانب مرافعان مسٹر محمد رفیع -

منجانب مرافعہ علیہم - بخشی ٹیک چند

فیصلہ - اس فیصلہ سے تین مرافعہ جات نمبر ۲۱۱۸، ۲۱۱۹ اور ۲۱۷۶ بابتہ ۱۹۱۹ء کا تصفیہ ہو جائیگا جو ان دو دعاوی سے پیدا ہوتے ہیں جو مدعیان نے اس استقرار کے لئے رجوع کئے تھے کہ اراضی کے متعلق دو معاملات بیع جنکی تکمیل ایک مدعی کے باپ اور دوسرے کے دادا نے علی الترتیب ۱۹۰۵ء و ۱۹۰۹ء میں کی تھی انکے حقوق عودی پر اثر نہ ڈالینگے۔ ۱۹۰۵ء کی بیع مبلغ [illegible] کے عوض دیوی داس اور گردتا رام کے حق میں عمل میں آئی تھی جنکے حقوق بعد میں حق شفعہ کی ڈگریوں کی رو سے مرافعہ نمبر ۲۱۱۹ کے مرافعان کے حق میں منتقل ہوئے تھے۔ ۱۹۰۹ء کی بیع مبلغ [illegible] کے عوض جلال اور محمد شاہ کے حق میں عمل میں آئی تھی جنکے حقوق ایک حق شفعہ کی ڈگری کی رو سے سارنگ اور غلام علی شاہ کے حق میں منتقل ہوئے تھے جو مرافعہ جات نمبر ۲۱۱۸ و ۲۱۷۶ میں مرافعان تھے۔ وہ اراضی جو بیع کی گئی ہے موروثی ہے کیونکہ کاغذات بندوبست میں اسکی نسبت بیظاہر کیا گیا ہے کہ وہ کنہیا لال کے باپ دیوی داس کے قبضہ میں تھی۔ مدعیان نے یہ بحث کی تھی کہ دھرم شاستر اور رواج کے بموجب معاملات بیع ناجائز تھے گو انھوں نے یہ بیان کیا تھا کہ وہ رواج کے پابند تھے۔ سب آرڈینیٹ جج نے یہ قرار دیا کہ وہ دھرم شاستر کی پابندی کرتے تھے اور اس تجویز کی صحت پر اب اعتراض نہیں کیا گیا ہے۔ ضرورت کے سوال پر انھوں نے یہ قرار دیا کہ کنہیا لال بہت زیادہ مقروض تھا یہ کہ قرضہ جات کی ادائی کے لئے اس کو اراضی منتقل کرنی پڑی تھی اور یہ کہ قرضہ جات کی نسبت یہ نہیں ظاہر کیا گیا ہے کہ ان پر خلاف اخلاق ہونیکا اعتراض تھا۔ جب انھوں نے دونوں دعاوی خارج کئے۔ بر طبق مرافعہ ڈسٹرکٹ جج نے یہ ظاہر کرنے کے بعد کہ اغراض

امیر بنام ماکلسکرا (دلاہور)

جن کے لئے اراضی بیع کی گئی تھی دستاویزات میں بیان نہیں کی گئی تھیں یہ قرار دیا کہ معاملات بیع کے لئے ضرورت ثابت نہ تھی اور انھوں نے مرافعہ جات منظور کئے اور مدعی کے حق میں ڈگریاں صادر کیں۔ اس عدالت میں مرافعہ جات ثانی پیش کئے گئے ہیں۔

مرافعان کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ عدالت ماتحت نے اس شہادت کو نظر انداز کیا ہے جو اصول سے کنہیا لال کا مقروض ہونا ثابت کرنے کے لئے پیش کی تھی لیکن عدالت ماتحت کے فیصلہ کے معائنہ سے اس بحث کی تائید نہیں ہوتی بلکہ ڈسٹرکٹ جج نے ان مختلف حالات کی صراحت جن کا ذکر عدالت ابتدائی نے کیا تھا ضرورت ثابت کرنے کے لئے کی تھی لیکن یہ قرار دیا کہ شہادت کا کوئی حصہ معاملات بیع کے بدل کو کسی خاندانی ضرورت یا جائز قرضہ جات سابقہ سے متعلق نہیں کرتا تھا۔ مرافعان کے کونسل نے خاص کر اس واقعہ پر زور دیا ہے کہ کنہیا لال کے خلاف خیانت کے ایک مقدمہ میں فوجداری کارروائی کی گئی تھی جس کا آغاز کسی وقت ۱۹۰۵ء میں ہوا تھا اور یہ بحث کی ہے کہ اپنی صفائی میں اس کو بہت زیادہ خرچہ برداشت کرنا پڑا تھا لیکن کسی طرح سے یہ واضح نہیں ہے کہ آیا اس مقدمہ میں اخراجات کا ادا کرنا ان اغراض کے لئے تھا جنکے لئے معاملات بیع کی تکمیل کی گئی تھی ۱۹۰۵ء کی بیع کے مشتریان کے منجملہ ایک نے مقدمہ کے لئے کنہیا لال کو روپیہ قرض دیا تھا لیکن نومبر ۱۹۰۵ء میں ہی اس نے روپیہ دینا شروع کیا تھا جبکہ پہلے بیعنامہ کی تکمیل ہو گئی ستمبر ۱۹۰۵ء میں کی گئی تھی فوجداری مقدمہ بیعنامہ کی تکمیل کے بعد [illegible] قبل ۱۹۰۹ء میں ختم ہو گیا۔ کسی گواہ نے یہ نہیں بیان کیا کہ کوئی خاص رقم اس وقت جب کسی بیع کی تکمیل ہوئی تھی واجب الادا تھی یا اس کا ادا کی گئی تھی۔ مرافعان کو چاہئیے کہ وہ قرضہ جات جو کنہیا لال نے برداشت کئے تھے ان معاملات بیع سے متعلق کریں جنکی اس نے تکمیل کی تھی اور

ڈسٹرکٹ جج کی تجویز کے لحاظ سے وہ ایسا عمل کرنے سے قاصر
رہے ہیں وہ تجویز واقعہ کی ہے اور مرافعہ ثانی میں اس پر اعتراض
نہیں کیا جا سکتا لیکن مسٹر محمد رفیع نے مرافعان کی جانب سے
یہ بحث کی ہے کہ چونکہ مدعیوں کی نسبت یہ قرار دیا گیا ہے کہ وہ دہرما
شاستر کے پابند ہیں اس لئے وہ کنہیا لال کے ساتھ شریکانِ
خاندان تھے اور وہ اسکے جانشین ہیں۔ صرف اپنی حقیت کے
استقرار کے لئے دعوی کرنے پر بلا ان کو قبضہ کے لئے بھی دعوی
کرنا چاہیئے۔ یہ بحث درست ہے اور گو وہ ماتحت عدالتوں میں
یا اس عدالت کی یادداشت ہائے مرافعہ میں نہیں پیش کی گئی
تھی پھر بھی ہم خیال کرتے ہیں کہ اس کو منظور کرنا درست ہے
کیونکہ یہ قانون کا ایک اہم سوال ہے جو صریحاً اس تجویز سے
پیدا ہوتا ہے کہ مدعیان رواج کے تابع نہیں ہیں۔ مرافعہ جات
دائر کئے جانے کے بعد کنہیا لال فوت ہو گیا ہے پس مدعیان جو
دعاوی رجوع کئے جانے کے وقت صرف بالاشتراک قبضہ کی
استدعا کر لینے کے حقدار تھے اب بلا شرکت غیرے قبضہ کا دعوی
کرنے کے حقدار ہیں باوجود اسکے کہ استقرار یہ ڈگریوں کی استدعا
کی گئی تھی مگر مدعیان کو ان ارضیات کے قبضہ کی ڈگری عطا کی جا سکتی ہے
اگر وہ رسوم عدالت ادا کریں جو قبضہ کے دعاوی کے لئے ضروری
ہے مگر ایسی ڈگریاں ہائیکورٹ کلکتہ کی ان نظیر کے لحاظ سے جو بطور
گور شمت رائے بنام سندر داس (۱) کے طبع کی گئی ہے جس کی
ہمارے خیال میں تقلید کی جانی چاہیئے مدعیان کی جانب سے اس
زرِ ثمن کی ادائی پر مشروط ہونی چاہیئیں جس کی نسبت یہ نہیں ظاہر
کیا گیا ہے کہ اس کو کنہیا لال نے خلاف اخلاق اغراض کیلئے قرض لیا تھا
حسب ہم مرافعہ جات منظور عدالت مرافعہ تحت کی ڈگریاں ۸۴
منسوخ کرتے ہیں اور انکے بجائے ہر مقدمہ میں بابت اراضی کے

قبضہ کی ڈگری صادر کرتے ہیں بشرطیکہ مرافعان کو زرِ ثمن ادا کیا
جائے یعنی یہ کہ مرافعہ نمبر ۲۱۱۹ کے مرافعان کو اس اراضی کے لئے جو
کنہیا لال نے ۲۸ اگست ۱۹۰۵ء کو فروخت کی تھی مبلغ ۵۰۰ روپیہ
اور مرافعان نمبر ۲۱۱۸ و ۲۱۷۶ کے مرافعان سارنگ اور غلام
علی شاہ کو اس اراضی کے لئے جو کنہیا لال نے ۸ فروری ۱۹۰۶ء
کو فروخت کی تھی للعہ ۔ ادا کئے جاویں یہ ڈگریاں اس شرط
کے تابع ہونگی کہ مدعیان عدالت ابتدائی میں وہ رسوم عدالت
جو اراضی کے قبضہ کے دعاوی کے لئے ضروری ہو اس تاریخ کے
اندر دان تین ماہ ادا کریں اگر اس مدت کے اندر رسوم عدالت
ادا کی جائے تو فریقین اپنا تمام خرچہ خود برداشت کرینگے ورنہ
دعاوی تمام خرچہ کے ساتھ خارج کئے جاوینگے۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

### متفرق مرافعہ اول دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۱۸ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۳ نومبر ۱۹۲۲ء

باجلاس۔ مسٹر جسٹس سہرسین

غلام مصطفے ۔ مدعی علیہ ۔ مرافع بنام غلام صادق وغیرہ ۔ مدعیان۔ مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۰۴ (د) ضمیمہ ۲
فقرہ ۲۱۔ ثالثی ۔ وہ حکم جسکی رو سے فیصلہ ثالثی شریک شامل کیا
گیا ہو" کیا ہوتا ہے۔ مرافعہ ۔۔

"حکم جس کی رو سے فیصلہ ثالثی شریک شامل کیا گیا ہو سے دفعہ
۱۰۴ (د) مجموعہ ضابطہ دیوانی کے مفہوم میں وہ حکم مراد نہیں
ہوتا جسکی رو سے ثالثوں کو یہ ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ
اپنا فیصلہ روانہ کریں یا عدالت میں لائیں تا بل وثیقہ کے
اعتراضات جو پیش کئے گئے ہوں یا ان کا تصفیہ ہوا ہو

(۱) انڈین لاء رپورٹ کلکتہ جلد ۲ صفحہ ۳۱۲ -

اس سے وہ حکم مراد ہوتا ہے جو اعتراضات کے تصفیہ کے بعد صادر کیا گیا ہو۔ اور اس حکم کی ناراضی سے احکام مندرجہ فقرہ ۲۱ (۲) ضمیمہ ۲ مجموعہ کے بابت جو دفعہ ۱۰۴ (و) مجموعہ کی رو سے مرافعہ ہو سکتا ہے۔ رام وتی بنام امر سنگھ انڈین کیسیز جلد ۱ صفحہ ۵۱۲ کی تقلید کی گئی۔

متفرق مرافعہ اولی بنا ر حکم ڈگری مصدرہ سینیر سبارڈینیٹ جج امرتسر مورخہ ۷ فروری سنہ ۱۹۲۲ء

منجانب مرافعہ دہندگان مسٹر عبد العزیز و بدر الدین قریشی -

منجانب مرافعہ علیہم شیخ نیاز علی -

**فیصلہ** - مدعیان نے فقرہ ۲۰ ضمیمہ ۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے اس فیصلہ کے شریک مثل کرانے کی درخواست پیش کی تھی جو ثالثوں نے صادر کیا تھا۔ مدعی علیہم نے مختلف اعتراضات پیش کئے۔ ان پر سینیر سبارڈینیٹ جج نے غور کیا تھا اور ان کا تصفیہ اپنے حکم مورخہ ۷ فروری سنہ ۱۹۲۲ء کی رو سے کیا تھا جس کا اختتام حسب ذیل عبارت میں ہوتا ہے :-

" حسب میں فیصلہ ثالثی کی شرائط کے مطابق ڈگری عطا کرتا ہوں اور مدعی علیہ کو یہ حکم دیتا ہوں کہ وہ مدعی کو ان کارروائیات کے خرچہ کے طور پر مبلغ عسہ ادا کرے "۔

اس حکم کی ناراضی سے مدعی علیہ غلام مصطفےٰ نے یہ مرافعہ دفعہ ۱۰۴ (و) کے بموجب رجوع کیا ہے۔ مسٹر نیاز علی نے یہ ابتدائی عذر پیش کیا ہے کہ مرافعہ نہیں ہو سکتا اور اگر وہ ہو سکتا ہے تو وہ منقضی المیعاد ہے۔ انھوں نے یہ ظاہر کیا ہے کہ اس ڈگری کی ناراضی سے کوئی مرافعہ نہیں ہو سکتا جو آخر کار مرتب کی گئی ہو۔ انھوں نے اولاً یہ بحث کی ہے کہ اس حکم سے جس کی رو سے فیصلہ ثالثی شریک مثل کیا گیا ہو وہ حکم مراد ہونا چاہیئے جس کی رو سے ثالثوں کو یہ ہدایت دی گئی ہو کہ وہ اپنا فیصلہ روانہ کریں یا عدالت میں لائیں قبل اسکے کہ اعتراضات پیش کئے گئے یا ان کا تصفیہ کیا گیا ہو دوم انھوں نے یہ اعتراض کیا ہے کہ کوئی ایسا حکم موجود نہیں ہے جس کی رو سے فیصلہ ثالثی صراحتاً شریک مثل کیا گیا ہو۔

غلام مصطفےٰ بنام غلام صادق (لاہور)

پہلے اعتراض کا تصفیہ فقرہ ۲۱ ضمیمہ ۲ کی عبارت سے ہو جاتا ہے جس سے یہ امر بالکل واضح ہوتا ہے کہ وہ حکم جس کی رو سے کوئی فیصلہ ثالثی شریک مثل کیا جائے اعتراضات کے تصفیہ کے بعد صادر کیا جاتا ہے ان کا دوسرا اعتراض اصطلاحی طور پر درست ہے اور صریحاً یہ بہتر ہوتا اگر سینیر سبارڈینیٹ جج نے مجموعہ پر غور کیا ہوتا اور صحیح عبارت میں حکم صادر کیا ہوتا لیکن اس میں کچھ شبہ نہیں ہو سکتا کہ یہ حکم اس حکم کے مساوی ہے جس کی رو سے فیصلہ ثالثی شریک مثل کیا گیا ہو اور یہ کہ یہ کہنے سے کہ " میں فیصلہ ثالثی کی شرائط کے مطابق ڈگری عطا کرتا ہوں " انکا منشا یہی تھا۔

مسٹر نیاز علی نے یہ بھی بحث کی ہے کہ چونکہ فقرہ ۲۱ (۲) کے بموجب ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ نہیں ہو سکتا اس لئے حکم کی ناراضی سے مرافعہ نہیں ہو سکتا۔ رام وتی بنام امر سنگھ (۱) میں اس سوال پر جامع طریقہ سے غور کیا گیا ہے اور یہ تصفیہ کیا گیا ہے کہ مرافعہ اس حکم کی ناراضی سے ہو سکتا ہے جس کی رو سے فیصلہ ثالثی شریک مثل کیا گیا ہو گو اس کی وجہ سے ڈگری کا منسوخ کیا جانا ضروری ہو جائے۔ جسٹس رینگن کے فیصلہ میں اس دشواری کی وضاحت کی گئی ہے جو مجموعہ میں بظاہر دو متناقض احکام کی موجودگی سے پیدا ہوتی ہے اور چونکہ ایک کو نظر انداز کیا جانا چاہیئے اس لئے انھوں نے یہ وضاحت کی ہے کہ احکام مندرجہ دفعہ ۱۰۴ (و) کی پابندی کی جانی چاہیئے اور فقرہ ۲۱ (۲) مجموعہ کو غیر موثر سمجھا جانا چاہیئے۔

صفحہ ۹۲۱

اس مرافعہ کی روئداد پر بحث کرتے ہوئے مسٹر عبد العزیز نے اپنے آپ کو تین امور تک محدود رکھا ہے اور وہ تمام مرحلہ جات ہم نے غور کر

(۱) انڈین کیسیز جلد ۱ صفحہ ۵۱۲ -

کردیا ہے پہلا امر یہ ہے کہ سپردگی کا اقرارنامہ جس کے ذریعہ سے ثالثوں کو یہ ہدایت دی گئی تھی کہ وہ اس منقولہ و غیر منقولہ جائداد کے متعلق فیصلہ صادر کریں جو دو بھائیوں عبدالرحمن اور محمد علی نے چھوڑی تھی جنکی اولاد میں اس کے متعلق نزاع ہے۔ انھوں نے یہ تجویز صادر کی تھی کہ عبدالرحمن نے اپنی زندگی میں اپنا نصف حصہ اپنے بیٹے اور بھتیجے کو ہبہ کردیا تھا۔ کونسل نے یہ بحث کی ہے کہ عمل سپردگی کے منشا سے باہر تھا جو ذکر کیا تھا اس لئے کہ انہیں یہ قرار دینے کا اختیار نہ تھا کہ اپنی وفات سے قبل عبدالرحمن نے اپنی جائداد منتقل کی تھی۔ میری رائے میں اس بحث میں کوئی زور نہیں ہے انہیں اس جائداد کے متعلق تجویز کرنی تھی جس کا تعلق دو بھائیوں سے تھا اور یہ نتیجہ اخذ کرنیمیں اگر وہ اس کی صحت سے مطمئن تھے ان کا عمل بالکل درست تھا کہ ایک بھائی نے اپنی زندگی میں اپنا حصہ جزوًا یا کلًا منتقل کیا تھا۔

دوسرا اعتراض یہ تھا کہ گو سپردگی کے سات فریق تھے مگر صرف دو کے حصول کا تعین کیا گیا تھا۔ باقیماندہ پانچ فریق غلام علی کے چھوٹے بھائی اور بہنیں ہیں جن تمام کی قائم مقامی مسٹر نیاز علی نے کی ہے وہ بالکل مطمئن ہیں کہ ان کے حصے مشترکہ چھوڑ دئے جائیں اور ایسی حالت میں موجودہ مرافع کو کوئی شکایت باقی نہیں رہتی اور اس معاملہ سے اس کا کچھ تعلق نہیں ہے۔

تیسرا امر جس پر زور دیا گیا تھا یہ ہے کہ فیصلہ ثالثی پر زیادہ غور نہیں کیا گیا تھا اور اس میں اس دوکان کے بعض حصول کی نسبت تجویز نہیں کی گئی تھی جو دو بھائیوں کی اولاد کے قبضہ میں تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ اس دوکان کے متعلق غور کیا گیا ہے کیونکہ اس میں یہ بتلایا گیا ہے کہ یہ نیا کاروبار ہے اور وہ اس جائداد میں داخل نہ تھا جو دو بھائیوں کے قبضہ میں تھی ایسی حالت میں وہ سپردگی کے منشا سے باہر تھا اور اس پر غور نہ کرنیمیں ثالثوں کا عمل درست تھا۔

دوسری وجوہ مرافعہ جنمیں ثالثوں کی بمبینہ بداعمالی کا حوالہ ہے معین طریقہ سے ترک کی گئی ہیں۔

یہ قرار دیکر کہ مرافعہ میں کوئی بھی قوت نہیں ہے میں اس کو مع خرچہ خارج کرتا ہوں۔ مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

### درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۴۹۴ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۶ ارجون ۱۹۲۴ء

باجلاس مسٹر جسٹس اسکاٹ اسمتھ۔

لوک ناتھ وغیرہ۔ بنام مسماۃ ستن بائی وغیرہ

مدعیان نگرانیخواہان۔ مدعی علیہم مخالفان۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ (۵) بابتہ ۱۹۰۸ء بردو ضابطہ ۱۴ آرڈر ۹ رول ۹ - آرڈر ۴۳ رول ۱ (ج) - دعویٰ کا بعدم پیروی خارج کیا جانا - درخواست بازدائری کا بعدم پیروی خارج کیا جانا - خارج شدہ درخواست کی بازدائری کی درخواست آیا قابل پذیرائی ہوتی ہے - مرافعہ -

جب کسی ایسے دعویٰ کی جو بعدم پیروی خارج کیا گیا ہو بازدائری کی درخواست بعدم پیروی خارج کی جائے تو آرڈر ۹ رول ۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے خارج شدہ درخواست کی بازدائری کے لئے درخواست پیش کی جا سکتی ہے لیکن اگر یہ دوسری درخواست نامنظور کی جائے تو نامنظوری کے حکم کی نارضی سے کوئی مرافعہ نہیں ہو سکتا۔ جیمن بیبا بنام عبدالباری [illegible] کیسیز جلد ۳ صفحہ ۱۲۶ کا حوالہ دیا گیا۔ آرڈر ۴۳ رول ۱ (ج) مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے حکم حسب آرڈر ۹ رول ۹ مجموعہ کی نارضی سے

(۲۲۷)

مرافعہ ہو سکتا ہے جس کی رو سے کسی دعوی کے اخراج کی تنسیخ کے حکم کی درخواست نامنظور کیا گیا ہو۔ اس کی تعبیر اس طور پر نہیں کی جا سکتی کہ اسکے یہ معنی ہیں کہ حکم زیر رول ۹ آرڈر ۹ کی ناراضی سے مرافعہ ہو سکتا ہے جس کی رو سے کسی درخواست کے اخراج کی تنسیخ کے حکم کی درخواست کو نامنظور کیا گیا ہو۔

درخواست زیر دفعہ ۴۴ قانون عدالتہائے پنجاب بغرض نگرانی حکم مصدرہ ڈسٹرکٹ جج ملتان مورخہ ۱۲ ستمبر ۱۹۲۱ء شعر سجالی حکم مصدرہ منصف درجہ اول خانیوال ضلع ملتان مورخہ ۳ مئی ۱۹۲۱ء۔

منجانب نگرانخواہان - لالہ امرناتھ مولنگا۔

منجانب مسئول علیہا - مسٹر اننت رام۔

**فیصلہ** - مدعی نگرانخواہ کا دعوی جو اراضی کے قبضہ کے لئے تھا اس کی عدم حاضری کی وجہ سے ۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء کو آرڈر ۹ رول ۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے خارج کیا گیا تھا - ۳ نومبر سنہ ۱۹۲۰ء کو اس نے مقدمہ کی بازدائری کے لئے آرڈر ۹ رول ۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب درخواست پیش کی یہ درخواست ۸ فروری سنہ ۱۹۲۱ء کو عدم پیروی خارج کی گئی۔ اسی تاریخ پر اس نے مقدمہ کے دوبارہ بحال کئے جانے کے متعلق جدید درخواست پیش کی اور اسکے اختتام پر یہ بیان کیا کہ مذکورہ بالا درخواست تجویز ثانی کی درخواست بھی سمجھی جا سکتی تھی۔ درخواست بغیر کسی تحقیقات کے ۳ مئی سنہ ۱۹۲۱ء کو خارج کی گئی تھی۔ اس حکم کی ناراضی سے مدعی نے ڈسٹرکٹ جج کے روبرو مرافعہ کیا جنہوں نے اس کو اس بناء پر خارج کیا کہ مرافعہ قابل پذیرائی نہ تھا۔ مدعی نے اس عدالت میں نگرانی کی درخواست پیش کی ہے - یہ بحث کی گئی کہ آرڈر ۹ رول ۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے اس درخواست کی بازدائری کے لئے درخواست پیش کی جا سکتی ہے جو بعدم پیروی خارج ہوئی تھی اور اس بحث کی تائید میں سپین بہاری سالہ بنام عبدالباری کا حوالہ دیا گیا ہے (۱) - وہ ایک ایسا مقدمہ تھا جہاں عدالت ماتحت نے

کا دعوی بعدم پیروی خارج کیا گیا تھا اور آرڈر ۹ رول ۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب دعوی کی بازدائری کے لئے درخواست پیش کی گئی تھی وہ درخواست بھی مدعی کی عدم پیروی کی وجہ سے مدعی علیہ کے وکیل کی موجودگی میں خارج کی گئی تھی اور اس نے پہلی درخواست آرڈر ۹ رول ۹ کے بموجب پیش کی اور یہ قرار دیا گیا تھا کہ آرڈر ۹ رول ۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب درخواست قابل پذیرائی تھی دفعہ ۱۴۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے لحاظ سے میری سمجھ یہ رائے ہے کہ سابقہ درخواست کی بازدائری کے لئے جو بعدم پیروی خارج کی گئی تھی درخواست قابل پذیرائی ہے۔ ساتھ ہی میری یہ رائے ہے کہ جب وہ درخواست نامنظور کی گئی تھی تو حکم نامنظوری کی ناراضی سے کوئی مرافعہ نہیں ہو سکتا تھا۔ آرڈر ۴۳ رول ۱ (ج) سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آرڈر ۹ رول ۹ کے تحت حکم کی ناراضی سے کوئی مرافعہ نہیں ہو سکتا جس کی رو سے کسی دعوی کے اخراج کی تنسیخ کے حکم کی درخواست کو نامنظور کیا گیا ہو میرے خیال میں اس کی تعبیر اس طور پر نہیں کی جا سکتی ہے کہ اسکے یہ معنی ہیں کہ رول ۹ آرڈر ۹ کے تحت اس حکم کی ناراضی سے مرافعہ ہو سکتا ہے جس کے بموجب درخواست کے اخراج کی تنسیخ کے حکم کی درخواست کو نامنظور کیا گیا ہو لیکن میں یہ خیال کرتا ہوں کہ موجودہ درخواست نگرانی عدالت ابتدائی کے حکم مورخہ ۳ مئی سنہ ۱۹۲۱ء کی نگرانی کی درخواست کے طور پر سمجھی جا سکتی ہے درخواست مورخہ ۸ فروری سنہ ۱۹۲۱ء میری رائے میں اس کی روئداد کے لحاظ سے مقدمہ کی بازدائری کی درخواست کے طور پر سمجھی جانی چاہیئے جو اس دعوی کو مکرر نمبر پر لینے کے متعلق پیش کی گئی تھی جو بعدم پیروی خارج کیا گیا تھا ایسی حالت میں میں نگرانی منظور کرتا ہوں اور عدالت ابتدائی کا حکم مورخہ ۳ مئی سنہ ۱۹۲۱ء منسوخ کرتے ہوئے مقدمہ اسکے روبرو واپس

نول ناتھ
بنام
مساۃ پکھن بائی
(لاہور)

(۱) نظائر کیسیز جلد ۳۵ صفحہ ۱۱۳۔

مولک ناتھ بنام سنت ملوا (لاہور)

کرتا ہوں تاکہ وہ ایسی تحقیقات کے بعد جو ضروری ہو ڈگری ابتدائی مورخہ ۲۷ فروری ۱۹۲۱ء کا تصفیہ کرے ۔ اس اپیل اور عدالت کے خرچہ کی نسبت کوئی حکم صادر نہیں کیا جاتا۔ نگرانی مسترد کی گئی۔

ہائیکورٹ پٹنہ

مرافعہ اپیل دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۰۵ بابت ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۶ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ڈاس و مسٹر جسٹس اڈامی

راو بہادر مان سنگھ ۔ بنام مہارانی نولاکھ کنور و دیگر

مدعی ۔ مرافع ۔ مدعی علیہا ۔ مرافع علیہا ۔

ولی و ناقابل ۔ ناقابل ایا ولی کے فعل پر ناقابلیت ختم ہونیکے بعد اعتراض کرسکتا ہے ۔ دہرم شاستر ۔ وراثت ۔ موروثی جائداد ۔ نواسہ کی حیثیت ۔ پسماندگی ۔ بیوہ ۔ دست برداری کے اجزا ۔ قانون کورٹ آف وارڈز بنگال ایکٹ ۹ بابتہ ۱۸۷۹ء دفعہ ۶ کا اطلاق اس دست برداری پر جو ہندو بیوہ نے حقیقت حین حیاتی کے متعلق کی تھی امر مانع تقریر مخالف ۔ نامکمل معاملہ طرز عمل ۔ پردہ نشین عورت کے ساتھ معاملہ ۔ واجب نا جائز ۔ آزاد انہ مشورہ ۔ بار ثبوت ۔

وہ شخص جو کسی ناقابلیت میں مبتلا ہوا ہے اس ولی کے فعل کا پابند ہوتا ہے جس نے کسی کارروائی میں اسکی قائم مقامی کی ہو لیکن ایسا شخص ناقابلیت ختم ہونیکے بعد کارروائی میں مکرر بحث کرسکتا ہے اگر وہ عدالت کو یہ اطمینان دلادے کہ ولی کے عمل سے اسکو نقصان پہنچا ہے ۔ حق پسماندگی کا اصول جس طرح پر دہرم شاستر میں اسکو سمجھا گیا ہے غیر محدود وراثت اور ایسے شرکا خاندان کی مشترکہ جائداد کی وراثت تک محدود نہیں ہے جو کہ مشترک ہو گئے ہوں ۔ قانون شاستر کے بموجب حق پسماندگی پسماندہ کا بطور حق کے نہیں ہوتا جس طرح متوفی کی اولاد ذکور کے خلاف موثر ہوتا ہے صفحہ ۸۴۳

دہرم شاستر کے اصطلاحی معنوں میں موروثی جائداد سے وہ جائداد مراد ہوتی ہے جو کسی ایک شخص کو اس طریقہ سے حاصل ہوتی کہ اسکی اولاد کو اس میں اسکے مقابلہ میں حق حاصل ہوجائیں ۔ یہ صحیح ہے کہ دہرم شاستر کی رو سے صرف وہ اشخاص جو جائداد کے مالک کو بیٹا دیں یا پیدائش سے جائداد میں غرض رکھتے ہیں سمجھے جاتے ہیں لیکن یہ اچھی طرح سے طے شدہ ہے کہ جس وقت ہر جدید رکن کوئی حصہ حاصل کرے اسکی تعیین بیشتر بلکہ اولاد کے حصہ میں اپنی پیدائش کی وجہ سے غرض حاصل کرتی ہے ۔ دہرم شاستر کی رو سے نواسہ کی حیثیت خواہ کچھ ہی رہی ہو قبل اسکے کہ لڑکی کا اپنے باپ کے لئے اولاد پیدا کرنے کے لئے تعیین کیا جانا غیر مستعمل ہوگیا ہو مگر اس قانون کا موجودہ حالت میں وہ خود اپنے باپ کے خاندان کا رکن ہوتا ہے اور وہ اپنے نانا کے خاندان کا رکن نہیں سمجھا جاسکتا ۔ گو ہندو بیوگان کے مقدمات میں انتقالات کی تائید بعض صورتوں میں بیوہ کی کامل حقیقت دست برداری کے اصول کے حوالہ سے کی گئی ہے لیکن اصطلاح کے حقیقی معنوں میں اس وقت دست برداری ہوتی ہے جب بیوہ کی جانب سے اپنے شوہر کی وفات کے وقت ترک عمل میں آیا ہو یا بعد میں اس نے دنیا ترک کردی ہو یا اس نے کوئی ایسا فعل کیا ہو جس سے قانون کی نظر میں اس قیاس کی تائید ہوسکتی ہو کہ بیوہ دنیوی لحاظ سے فوت ہوگئی ہے صرف اسی وقت جب واقعی یا دنیوی اعتبار سے بیوہ فوت ہوگئی ہو تو قانون موثر ہوتا ہے اور اسکے شوہر کی جائداد وارث موعودی کو دیتا ہے بخلاف اسکے ایسی صورتیں ہوتی ہیں جنکو دست برداری کی صورتیں کہا جاتا ہے لیکن جو دراصل مطلقاً دست برداری کی صورتیں نہیں ہوتیں جنہیں تمثیلات سے بحث کرکے ہندو بیوگان کے انتقالات کو بحال رکھا گیا ہے لیکن تمثیل صرف جزوی مشابہت ظاہر کرتی ہے اور یہ نتیجہ نہیں نکلتا کیونکہ جبکہ کوئی بیوہ دنیا ترک کردیتی ہے تو وہ شادی موعودی اثر قانونی سے اپنی شخصیت زائل کردیتی ہیں اسلئے اس وقت بھی اثر قانونی سے وراثت کھل جاتی ہے جہاں ایسے معاملے کے نتیجہ کے طور پر جو بنام ہنار جائداد کی دست برداری کہا جاتا ہو یہ کہنا مشکل نہیں ہے کہ جو معاملہ پیش تھا اسکو کس طرح اصول دست برداری کے حوالہ سے تائید کیا جاتا ہے کیونکہ ہمیں معلوم ہے کہ شادی کو جو وارث موعودی کے حق میں کیا جاتا ہے ۔ مثلاً یہ کہ

کوئی بیوہ بعوض مہر قبضی اپنے شوہر کی تمام جائداد کسی وارث موروثی کے
حق میں یا وارث موروثی کی رضامندی سے بالکل شخص اجنبی کے ہاتھ
بیع کر دے تو اس مقدمہ میں بیوہ کی جانب سے اپنی اسٹیٹ کی دست برداری کی
تکمیل متعلق کرکے سوال کیا جائیگا لیکن یہ بحث نہیں کیجا سکتی کہ ایسے معاہدہ
میں کوئی ایسی دست برداری ہوتی ہے جس کو یہ نام دیا جا سکے یا یہ کہ وارث موروثی
کی حقیقت اثر قانونی سے پیدا ہوتی ہے۔ اس مضمون سے متعلق قانون کئی وجوہ
دیگر سے لفظ ارث سے ترقی پایا ہے اور یہ بحث نہیں کیجا سکتی کہ کوئی قانونی
واضعہ کسی خاص مسئلہ کے متعلق صحیح ہے اس لئے وہ ہر ایسے مسئلہ کے متعلق بھی صحیح
ہونا چاہیئے جس کا پہلے مسئلہ سے اخذ کیا جانا منطقی طور پر ممکن تھا یا کسی پہلے مسئلہ کے
حوالہ سے بتلایا جانا ممکن ہے۔ یہ کہنا ایک امر ہے کہ حقیقی یا مجازی اعتبار سے
بیوہ کی زندگی بعد جائداد اثر قانونی سے فوراً اسکے شوہر کے ارث قریب کو حاصل
ہو جائیگی یعنی بیوہ اپنے شوہر کی جائداد [illegible] کسی شخص کو منتقل کرکے خود اپنی موت تک [illegible]
کرسکتی ہے جو اسکے بعد اسکے شوہر کا وارث قریب ہو اور یہ کہنا بالکل مختلف بات ہوتی ہے کہ جب کوئی بیوہ
در اصل جائداد وارث موروثی کو منتقل کرتی ہے تو وارث موروثی کو منتقل کیسے ہو [illegible] بلکہ اثر قانونی
کی وجہ سے جائداد حاصل کرتا ہے۔ دیگر الفاظ میں یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ چونکہ وارث موروثی قانون کی
رو سے جائداد [illegible] ہے جب بیوہ کی جانب سے واقعی دستبرداری عمل میں آئی [illegible] کہ جب وہ ترک جائداد کو
پسند کرے اسکے بعد اسکو حقیقی اثر قانونی سے جائداد ملتی ہے جیسا اس عمل کے نتیجہ کے طور پر
جسکی نسبت دست برداری کے اصول کا حوالہ دیا جانا ممکن ہو لیکن جو در اصل دستبرداری نہ ہو
یعنی جائداد بیوہ کے پاس سے وارث یا ایسے وارث کی رضامندی سے کسی شخص اجنبی کے پاس منتقل ہو جائے۔
ہندو بیوہ کی نسبت جب اپنے شوہر کی جائداد [illegible] کی قسم [illegible] دستبرداری کی صورت میں
جسکو عام طور پر یہ نام دیا جا سکتا ہے وارث کی حقیقت اثر قانونی سے پیدا ہوگی اور
اگر دست برداری کے زمانہ میں بیوہ کورٹ آف وارڈز کی نگرانی میں ہو تو بغیر اجازت قانون کورٹ
آف وارڈز [illegible] لیکن جب [illegible] اس قسم کا ہو جو
[illegible] دست برداری کے اصول کے حوالہ سے اسکی تائید کیجاتی ہو تو [illegible] کی حقیقت اثر
قانون سے نہیں بلکہ [illegible] انتقال سے پیدا ہوتی ہو اور اگر [illegible]

کورٹ آف وارڈز کی نگرانی میں ہو تو [illegible] کورٹ آف وارڈز میں
منتقل ہو سکتا ہے دستاویز دست برداری جس کی تکمیل ہندو بیوہ نے اپنے شوہر کی [illegible] موروثی کے حق میں
بیع شوہر کی جائداد [illegible]
زندگی [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
وارڈز کی نگرانی میں [illegible] دستاویز کے متعلق کورٹ آف وارڈز [illegible]
[illegible] دست برداری کی [illegible]
[illegible]
[illegible] ہندو بیوہ کی دست برداری [illegible]
[illegible] عمل [illegible] دست برداری حاصل کرے [illegible]
[illegible]
[illegible]
نہیں بلکہ [illegible] پردہ نشین عورتوں کے
[illegible] کے متعلق قانون [illegible]
[illegible] پردہ نشین عورت سے انتقالی
[illegible] حاصل کرے ظاہر کرنا فرض قرار دیا گیا ہے کہ دستاویز اسکو سمجھائی گئی تھی اور
اس نے اسکو سمجھ لیا تھا۔ اگر اس ابتدائی اصول سے آغاز کیا جائے کہ ہر شخص جو کسی
پردہ نشین عورت سے دستاویز حاصل کرے [illegible] ظاہر کرنے کا پابند ہوتا ہے کہ دستاویز اسکی
دستاویز ہے یعنی کہ اس نے معاملہ کی نوعیت اور اسکے اثر کو سمجھا تھا مگر قانون کی عدالتوں
نے انکو اس امر کی تصفیہ نہیں [illegible] بعض قواعد قرار دئے ہیں لیکن قواعد مذکور
اسطور پر قرار دئے گئے تھے [illegible] بجائے دانشمندی کا [illegible] اور
[illegible] اگر ان قواعد کو سخت اصول
کی شکل دی جائے [illegible]


صفحہ [illegible]

راجہ بہادر نرائن سنگھ بنام مہارانی لاکھپتی کوار (ڈ ۔ ش)

سمجھا جاتا اور ان خاص حالات میں اگر پردہ نشین کے حالات کا لحاظ نہ کیا جائے تو اس کا حق

اس خاص مقدمہ سے جسکے تصفیہ کی درخواست ہو یا انصاف و نیز اسکو نقصان پہنچ جانا علاوہ

ہوتا ہے عدالت کو دیکھنا ہی ہے کہ دستاویز کا تعلق نوعیت کی جسکی تکمیل پردہ نشین

عورت نے کی تھی تو اس کو جاننا چاہیے کہ پردہ نشین عورت اس امر سے واقف تھی

کہ اسکا دستاویز کی تکمیل فی الواقع وہی کیا جو اسکے غور سے ہو تنہا نہیں

باضابطہ طور پر بحال رکھا جائے اور وہ جو تجویز جائیں کہ وہ آیا کوئی

ہے دوم یہ کہ اسکو اس معاملہ کی نسبت وہ خود کامل علم تھا اس کی تکمیل اسکی

جانب سے ہوئی بیان کی گئی ہے اور آیا اس کو اس معاملہ میں بے تعلق

اور آزادانہ مشورہ ملا تھا۔ وہ سوالات پیدا ہوتے ہیں

طور پر مرد اس قسم کے لینے کی ادا وہ عورت ہی کے لحاظ سے جو عورت کی

دستاویز کی شرائط پر جانب سے کیا جاتا ہے وہ ہوتا ہے جو اسکے ساتھ حقیقی کی

حیثیت رکھتا تھا یا شخصی اعتماد کا کوئی تعلق رکھتا تھا اور دفعہ و مقدمات

جنمیں وہ شخص جو دستاویز کو نافذ کرنا چاہتا ہے کامل شخص صاحب منصب تھا اور اسکے ساتھ

اس نے دوسرے معاملہ کیا تو مقدمات کی پہلی قسم میں عدالت بہت ہی احتیاط

کے ساتھ عمل کریگی اور یہ قیاس کریگی کہ اعتماد کیا گیا اور رسوخ استعمال کیا گیا تھا

مقدمات کی دوسری قسم میں عدالت یہ ہدایت دیگی کہ اعتماد اور رسوخ کو درحقیقت

ثابت کیا جائے ایسے مقدمات میں عدالت کو متعلقہ عورت کی دماغی قابلیت کا

لحاظ کرنا چاہیے اور وہ دستاویز منسوخ کرنا پسند کریگی جب یہ ثابت ہو کہ وہ

کاروباری عادات رکھتی ہے خواندہ ہے اور اپنے لیے انتظام

کرنے کی قابلیت رکھتی ہے۔ اس قسم کی آزادانہ مشورہ سے جو منشا ہے

وہ یہ ہے کہ پردہ نشین عورت کو اس خاص دستاویز کے قانونی اثر کی نسبت

مشورہ ملنا چاہیے جس کی وہ تکمیل کرنا چاہتی ہے اور اسکے تحت اسکی

حیثیت کے متعلق مشورہ ملنا چاہیے بمقابلہ اسکی اس حیثیت کے جو

دستاویز کی تکمیل نہ کرنے کی صورت میں ہوتی۔ پردہ نشین عورتیں

خاص طور پر لحاظ کیے جانے کا حق رکھتی ہیں جب وہ ان دستاویزات کے متعلق

دعویٰ علم رکھنے سے حلفاً انکار کریں جنکی نسبت یہ بیان کیا گیا ہے کہ انہوں

نے انکی تکمیل کی تھی۔ جب سوال یہ ہو کہ آیا کسی پردہ نشین عورت نے

اپنی مجاز موت کی تکمیل کی ہے جسکے کرنے کی وہ پابند نہ تھی تو عدالتیں

بہت زیادہ احتیاط کے ساتھ عمل کرینگی اور وہ اسکو اسکی جائداد سے

محروم نہ کرینگی بجز اسکے کہ وہ مجبور کر دی گئی ہوں۔

(تمام امور کے متعلق نظائر پر بحث کی گئی)

مرافعہ خلاف حکم آرڈیشنل جج بھاگلپور مورخہ ۲۵ جون ۱۹۲۳ء۔

منجانب مرافعہ مسٹر سلطان احمد ایس۔ اے۔ ملک۔ وابن یسی بیہنا سہاے

ہبندر ر اموز مدار۔ ایس۔ این۔

منجانب مرافعہ علیہم کے۔ بی۔ دت سی آئی۔ د اس ایل ایل

جہا۔ پی دیال۔

جسٹس داس۔ مہاراجہ سر بہادر نرائن سنگھ کے سی۔ آئی۔ ای ایک بہت بڑی

زمینداری کا مالک تھا جو سونبرسا راج کے نام سے مشہور تھی۔ اسکو یکم اپریل ۱۹۰۹ء کو ایک

نامعلوم قاتل نے ہلاک کیا تھا اور وہ اپنے پسماندگان زوجگان مہارانی تاردیتی اور

مہارانی نوالکھپتی اور ایک بیٹی مہاراج کماری پدماتی اور دو نواسوں مہاراج کمار لوی پدماتی

کے بیٹوں راجہ بہادر گوبند سنگھ جو بڑا لال کے نام سے مشہور تھا اور پرتاپ کے جو چھوٹا لال

کے نام سے مشہور تھا چھوڑ کر فوت ہوا مہاراج کماری پدماتی مئی ۱۹۱۵ء میں اور پیا گوبند سنگھ

اکتوبر ۱۹۱۹ء میں اور مہارانی تاردیتی اگست ۱۹۲۲ء میں فوت ہوئی مدعی جو مہاراجہ بہادر

مرافع ہے گوبند سنگھ کا بیٹا ہے اور وہ مہارانی نوالکھپتی اور چھوٹا لال کے مقابلہ میں مہاراج

کی جائیداد کے قبضہ کی بازیافت کا دعویدار ہے۔ ۱۰ دسمبر ۱۹۱۰ء کو متوفی مہاراجہ کی دو زوجگان نے ایک

دستاویز دست برداری کی تکمیل اپنے نواسوں گوبند سنگھ اور روپ پرتاپ کے

حق میں کی تھی دستاویز دست برداری کی تکمیل کے وقت مہارانیاں کورٹ آف وارڈز

کی نگرانی میں تھیں اور اس مرافعہ میں اصلی سوالات یہ ہیں اولاً آیا مہارانیاں

دستاویز دست برداری کی تکمیل کورٹ آف وارڈز کی رضامندی

کے بغیر کرنے کی مجاز تھیں۔

مان سنگہ بنام نولاکھہ بتی (پٹنہ)

دوم - آیا مدعی مقدمہ کے حالات میں دستاویز دست برداری کی رو سے دعوے کر سکتا ہے - اور

سوم - آیا دستاویز دست برداری کی تکمیل مہارانی نولاکھہ بتی نے سوچ سمجھہ کر کی تھی اور آیا اوس دستاویز کی تکمیل کرنے کے متعلق اوس کو آزادانہ مشورہ ملا تھا۔

مسلمہ واقعات حسب ذیل ہیں - چھوٹے لال کی نسبت یہ شبہ کیا گیا تھا کہ اوس نے متوفی مہاراجہ کو ہلاک کیا تھا اور گورنمنٹ کے انتظامی حکم کی رو سے وہ قتل کے بعد ضلع بھاگلپور سے خارج کیا گیا تھا۔ اخراج کا حکم سنہ ۱۹۲۰ع تک منسوخ نہیں کیا گیا تھا۔ ۳۰ اپریل سنہ ۱۹۱۰ع کو مہارانیوں نے کلکٹر بھاگلپور کے روبرو یہ درخواست پیش کی کہ دفعہ ۶ قانون کورٹ آف وارڈز کے بموجب اون کو ناقابل مالک قرار دیا جائے تاکہ اسٹیٹ کا انتظام کورٹ آف وارڈز کی جانب سے ہو سکے۔ ۱۵ مئی سنہ ۱۹۱۰ع کو مہارانیوں نے کلکٹر بھاگلپور کے نام ایک دوسرا مراسلہ تحریر کیا - اونہوں نے اوس خط میں یہ بیان کیا تھا کہ مرحوم مہاراجہ نے اپنی وفات کے قبل یہ خواہش ظاہر کی تھی کہ چھوٹے لال مستقبل سامان کے مالک کی حیثیت سے اوسکا جانشین ہے اور یہ کہ مرحوم مہاراجہ کی خواہشات کے لحاظ سے وہ اپنے اسٹیٹ سے چھوٹے لال کے حق میں دست برداری حاصل کرنے کے لئے رضامند تھیں۔ اس درخواست پر نہ صرف دو مہارانیوں نے بلکہ اون کی بیٹی پدماوتی اور اون کے بڑے نواسہ بڑا لال نے دستخط کئے تھے یہ ظاہر کرنے کے لئے کہ وہ اوس تحریک سے رضامند تھے جو مہارانیوں نے پیش کی تھی۔ مسٹر لائل کلکٹر بھاگلپور نے ۲۳ مئی کو مہارانیوں سے ملاقات کی تھی اور یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اونہوں نے مہارانیوں کو وہ سنگین اعتراضات بتلائے تھے جو اس قدر اہم معاملہ کی تعجیلی یا ناکمل طور پر غور کئے ہوئے عمل سے پیدا ہوتے ہیں۔ مہارانیوں نے دستاویز نامحفوظ کی تکمیل چند ماہ تک ملتوی رکھنے کا اقرار کیا اور ملاقات ختم ہوئی۔ ۲۰ مئی سنہ ۱۹۱۰ع کو یہ اسٹیٹ کورٹ آف وارڈز کی نگرانی میں لے لی گئی تھی جسپر مہارانیاں کورٹ آف وارڈز کی وارڈز بن گئیں۔ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مہارانیوں نے ۲۴ فروری سنہ ۱۹۱۱ع کو کلکٹر بھاگلپور کے نام ایک مراسلہ تحریر کیا جس میں یہ تجویز پیش کی تھی کہ وہ اپنے اسٹیٹ سے بڑا لال کے حق میں دست بردار ہونگی۔ وہ مراسلہ مثل میں موجود نہیں ہے لیکن اوسکا ذکر ایک دوسرے مراسلہ مورخہ ۴ مارچ سنہ ۱۹۱۱ع میں کیا گیا ہے جو مہارانیوں نے کلکٹر بھاگلپور کے نام تحریر کیا تھا۔ آخرالذکر مراسلہ میں اوس قانونی دشواری کو پیش کیا گیا ہے جو مجوزہ دستاویز دست برداری کی تکمیل اون کے دو نواسوں کے منجملہ صرف ایک کے حق میں کرنے سے ہوتی ہے اور یہ بیان کیا گیا ہے کہ تمام آیندہ کی دشواری اور مقدمہ بازی کو روکنے کے لئے اونہوں نے یہ تصفیہ کیا ہے کہ دست برداری دونوں نواسوں کے حق میں ہو۔ اس مراسلہ کے ساتھ انہوں نے ایک دستاویز دست برداری کا مسودہ اوس پہلی دستاویز کے بجائے منسلک کیا تھا جو اونہوں نے کلکٹر کے پاس فروری سنہ ۱۹۱۱ع میں بھیجی تھی۔ اور کلکٹر سے یہ استدعا کی کہ وہ اوس جدید دستاویز کی نسبت کورٹ آف وارڈز کی منظوری حاصل کریں۔ اپنے مراسلہ میں مہارانیوں نے چھوٹے لال کے متعلق ایک تفصیلی صفائی پیش کی اور بیان کیا کہ پولیس کے پاس اس خیال کی تائید میں کوئی شہادت نہ تھی کہ چھوٹے لال متوفی مہاراجہ کے قتل میں بالواسطہ یا بلاواسطہ

مہاسنگھ بنام نولاکھبیبی (پٹنہ)

کوئی تعلق رکھتا تھا۔ اونہوں نے یہ بھی بیان کیا تھا کہ متوفی جھوٹے لال کو عزیز رکھتا تھا اور اوسکو سنبار سا راج کا بلا شرکت غیرے وارث بنانا چاہتا تھا اور یہ کہ ۱۳ دن چند منٹوں میں جب وہ اوس خطرناک اور قاتلانہ حملہ کے بعد زندہ رہا تھا جسکا نتیجہ اوسکی ہلاکت ہوا تھا اوس نے فی الواقع خود اپنے ہاتھ سے ایک وصیت نامہ تحریر کیا جسکی رو سے کامل سنبار سا راج مذکورۃ بالا للعدر پرتاب سنگھ کے حق میں ہبہ کیا تھا۔ لیکن یہ کہ افسوس ہے کہ وہ وصیت نامہ پر دستخط کرنے اور اوسکی باقاعدہ تصدیق کرنے تک زندہ نہیں رہا تھا۔ اونہوں نے یہ بھی استدعا کی تھی کہ گورنمنٹ ازراہ مہربانی اوس حکم کو اوٹھالے جسکی رو سے ضلع بھاگلپور میں جھوٹے لال کی والسی ممنوع کی گئی تھی۔ یہ مراسلہ بظاہر کمشنر بھاگلپور کے توسط سے بورڈ آف ریونیو کے پاس بھیجا گیا تھا اور ۲۵۔ اکتوبر ۱۹۱۸ء کو بورڈ آف ریونیو نے کمشنر کے نام ایک مراسلہ بھیجا جسمیں یہ بیان کیا کہ وہ اس امر کے متعلق رضامندی نہیں دے سکتے کہ مہارانیاں اپنے اسٹیٹ سے اپنے نواسوں کے حق میں دست برداری حاصل کریں۔ بورڈ آف ریونیو کے اختلافی فیصلہ کے باوجود مہارانیوں نے ۱۸ ڈسمبر ۱۹۱۸ء کو اپنے نواسوں کے حق میں ایک دستاویز دست برداری کی تکمیل کی ۲۳۔ ڈسمبر ۱۹۱۸ء کو مہارانیوں نے کلکٹر بھاگلپور کے نام ایک دوسرا مراسلہ تحریر کیا جسمیں یہ اطلاع دی تھی کہ اونہوں نے اپنے نواسوں کے حق میں دستاویز دست برداری کی تکمیل اور رجسٹری کرادی تھی اور کلکٹر سے یہ استدعا کی تھی کہ وہ تدابیر اختیار کریں تاکہ مذکورۂ بالا جائداد و نکی نگرانی اور اونکا انتظام راؤ بہادر گوبند سنگھ اور رود را پرتاب سنگھ کے حوالہ کر دیا جائے اگر کورٹ آف وارڈز نے مناسب

صفحہ ۸۲۶

نہ خیال کرے کہ اونکا انتظام دفعہ ۱۳ (الف) ایکٹ وارڈز بابت ۱۸۷۹ء بنگال کونسل کی رو سے اپنے تحت قایم رکھنے۔ ۱۵۔ اپریل ۱۹۱۹ء کو مہارانیوں کو یہ اطلاع دیگئی تھی کہ بورڈ آف ریونیو نے یہ خیال کیا تھا کہ دستاویز دست برداری جسکی تکمیل اونہوں نے اپنے نواسوں کے حق میں کی تھی ناجائز تھی۔ بڑا لال نے اسکے بعد یہ درخواست پیش کی تھی کہ محکمہ رجسٹری اراضی میں اسکا نام درج رجسٹر کیا جائے کورٹ آف وارڈز نے مہارانیوں کیجانب سے بڑا لال کی درخواست پر اعتراض کیا اور بڑا لال کی درخواست نامنظور کی گئی تھی۔ بڑا لال اکتوبر ۱۹۱۹ء میں فوت ہوا اور ۱۷ جنوری ۱۹۲۱ء کو یہ دعوے جس سے یہ مرافعہ پیدا ہوتا ہے بڑا لال کے بیٹے مرافع نے اپنے اور جھوٹے لال کے حق میں جسکا حوالہ اوس نے نالش میں مدعی علیہ فریق ثانی کے طور پر دیا تھا۔ قبضہ کی ڈگری کے ساتھ علی سبیل البدل حقیت سنبار سا راج میں ۸ / حصہ کے قبضہ کیلئے ڈگری صادر کی۔ مدعی کی بحث یہ ہے کہ مہارانیاں اسکی مجاز نہیں اور اونہوں نے دراصل ایک دستاویز وصیت [illegible] کی تکمیل اوسکے باپ اور رود را پرتاب سنگھ کے حق میں ۱۸ [illegible] کو اور یہ کہ دستاویز دست برداری کی تکمیل کے ساتھ [illegible] اسٹیٹ جسپر مہارانیاں اوسوقت بحیثیت [illegible] [illegible] تھیں قطعی طور پر اوسکے باپ اور رود را پرتاب کو حاصل [illegible] اونکے مطابق کلکٹر بھاگلپور نے مہارانیوں پر جواب ناجائز کا استغاثہ کیا تھا اور اونکو اس امر پر مجبور کیا کہ وہ اس بات سے اتفاق کریں کہ کورٹ آف وارڈز اسٹیٹ کو اپنی نگرانی میں لے لے اور یہ کہ کورٹ آف وارڈز کیجانب سے اسٹیٹ کا انتظام حاصل کر لیا جانا احکام قانون کے خلاف تھا اور اونکو ایسا کوئی حق حاصل نہیں ہوا تھا کہ وہ مہارانیوں کی طرف سے دستاویز دست برداری کی تکمیل کئے جانے میں اعتراض کرکے کورٹ

آف وارڈز نے مہارانی نولاکھہ بجی کی جانب سے ایک تحریری بیان پیش کیا جس میں اوس نے مدعی کے دعوے پر اعتراض کیا۔ اوس میں اس امر سے انکار کیا گیا تھا کہ مہارانیوں پر داب ناجائز ڈالا گیا تھا تاکہ اونکو اس بابت سے اتفاق کرنے پر مجبور کیا جائے کہ کورٹ آف وارڈز اسٹیٹ کی نگرانی حاصل کرلے اور اوس میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ چونکہ متوفی مہاراجہ بہت زیادہ مقروض تھا یعنے یہ کہ قرضہ جات کی تعداد تقریباً دس لاکھ روپے ہوتی تھی اور چونکہ مہارانیاں پردہ نشین عورتیں ہونے کی وجہ سے اپنے حق کی حفاظت کرنے کے ناقابل تھیں اسلئے مہارانیوں نے کورٹ آف وارڈز سے محافظت کی درخواست کی اور یہ کہ مہارانیاں خود اونکی درخواست کی بنا پر نا قابل مالک قرار دیگئی تھیں تحریری بیان کے چھٹے فقرہ میں یہ اقبال درج ہے کہ سنہ ۱۹۱۶ء میں مہارانیوں نے اپنی یہ خواہش ظاہر کی تھی کہ وہ اپنے اسٹیٹ سے بڑالال کے حق میں دست برداری حاصل کریں گی اور یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ دستاویز دست برداری متنازعہ دعوے کی اونہوں نے سمجھکر تکمیل نہیں کی تھی اسکے بعد ایک اور فقرہ کا اضافہ کیا گیا ہے جسکی عبارت حسب ذیل ہے "یہ کہ مدعی علیہ نمبر ۲ کو جسکو مہارانیاں بہت عزیز رکھتی تھیں منجانب گورنمنٹ یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ ضلع سے نکل جائے کیونکہ اسکے متعلق یہ شبہ کیا گیا تھا کہ اوس نے متوفی مہاراجہ بہادر کے قتل میں حصہ لیا تھا مدعیوں نے مہارانیوں سے یہ ظاہر کیا ہے کہ اونکی جانب سے دستاویز کی تکمیل کیجائے تاکہ گورنمنٹ کو یہ ترغیب ہو کہ وہ مدعی علیہ نمبر ۲ کو بھاگلپور آنے کی اجازت دیں اور مہارانیوں نے اوس غلط بیانی کے لحاظ سے کسی ٹھیک اور آزادانہ مشورہ کے بغیر اور اسکے بغیر کہ اوسکے اثرات کو ٹھیک طور پر سمجھا ہو اس دستاویز دست برداری پر دستخط کر دیے یہ مدعی علیہ یہ عرض کرتا ہے کہ ان حالات میں دستاویز قانوناً ناجائز

اور غیر موثر ہے" فقرہ نمبر ۸ میں ایک قانونی سوال پیش کیا گیا ہے یعنے یہ کہ دستاویز دست برداری ناجائز تھی اسوجہ سے کہ کورٹ آف وارڈز کی منظوری مہارانیوں نے حاصل نہیں کی تھی فقرہ ۱۰ میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ دستاویز دست برداری پر مہارانیوں نے عمل نہیں کیا تھا اور یہ کہ مہارانیاں اون ہی حقوق سے تمتع حاصل کرتی رہیں جن سے وہ بعینہ دستاویز دست برداری کی تکمیل کے قبل حاصل کرتی تھیں۔ مدعی علیہ فریق ثانی نے بھی ایک جوابدعوے پیش کیا جسمیں اوس نے بڑالال پر یہ الزام لگایا تھا کہ اوس نے غلط بیانی سے دستاویز دست برداری کی تکمیل حاصل کرلی تھی جو بحث پیش کیگئی ہے وہ یہ ہے کہ بڑالال نے اس واقعہ سے فائدہ اوٹھایا تھا کہ مہارانیاں چھوٹے لال کو چاہتی تھیں اور یہ کہ اوسنے اونکو اس بات کی ترغیب دی تھی کہ وہ دستاویز دست برداری کی تکمیل کریں اور اون سے یہ ظاہر کیا تھا کہ دستاویز کی تکمیل سے وہ حکم اخراج اوٹھا لیا جائیگا جو چھوٹے لال کے خلاف تھا۔

فاضل سب آرڈینیٹ جج جنہوں نے مقدمہ میں تحقیقات کی تھی حسب ذیل امور تنقیح طلب مرتب کئے۔

۱- آیا دعوے قابل پذیرائی ہے ؟

۲- آیا احکام مندرجہ دفعہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی عدم تعمیل سے دعوے ممنوع السماعت ہوجاتا ہے ؟

۳- آیا دستاویز دست برداری مورخہ ۱۸- دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کی تکمیل مہاراجہ سر ہربلبھ نارائن سنگھ بہادر کی بیوگان مہارانیوں نے غلط بیان کی بنا پر کی تھی جبکہ اونکو کوئی آزادانہ مشورہ نہیں ملا تھا اور جنہوں نے اوسکی عبارت کو جانا یا سمجھا نہ تھا آیا وہ دستاویز قانون جائز یا موثر ہے ؟-

۴- آیا مذکورہ بالا دستاویز دست برداری سنبادر سنا اسٹیٹ پر

مان سنگھ بنام نولاکھہ بجی (پٹنہ)

صفحہ ۱۴۷

مان سنگھ بنام نولاکھہ پتی (پٹنہ)

مہارانیوں کے گذارہ کی حق کی بابت دست برداری کس حد تک پہنچتی ہے۔

۵۔ آیا وثیقہ دستاویز دست برداری حکام مندرجہ دفعہ ۶۰ قانون کورٹ آف وارڈز ایکٹ ۹ بابتہ ۱۸۷۹ء بلحاظ اونکے نتائج کے لحاظ سے جائز ہے

۶۔ آیا مدعی کے باپ اور مدعی علیہ فریق ثانی نے دست برداری کو تسلیم کیا تھا اور اوسکے متعلق رضامندی ظاہر کی گئی تھی؟

۷۔ آیا مذکورہ بالا دستاویز دست برداری سے مدعی کے باپ اور مدعی علیہ فریق ثانی کی وراثت میں جو حق تھی جو مذکورہ بالا اسٹیٹ کے ورثا عموری تھے اور اونکا حق اونکو حاصل ہوگیا تھا اور آیا اونکو یعنی (مدعی اور مدعی علیہ نمبر ۲ کو) مذکورہ بالا اسٹیٹ میں بحصص مساوی حق اور حقیت حاصل ہوگئی تھی اور وہ مذکورہ بالا دست برداری کی وجہ سے اوسپر قبضہ پانے کے مستحق ہوگئے تھے؟

۸۔ آیا مدعی سنہار اسٹیٹ کے نصف حصہ کی نسبت کوئی حق یا حقیت رکھتا ہے اور آیا وہ اوسپر وارث ہونے اور قبضہ پانیکا مستحق ہے اگر یہ حالت ہے تو اوسکی شرائط کیا ہیں؟

۹۔ آیا وہ اقرارنامہ جو مدعی نے پیش کیا تھا اوسکی تکمیل غلط بیانی اور فریب کے باعث کرائی گئی تھی جیسا کہ مدعی علیہ فریق ثانی نے بیان کیا تھا۔

۱۰۔ آیا مدعی واصلات پانیکا مستحق ہے۔ اگر ہے تو اوسکی مقدار کیا ہے۔ مدعی کس دادرسی یا کن اقسام کی دادرسی کا مستحق ہے؟

۱۲۔ آیا مہارانیوں پر کسی ناجائز اثر کا استعمال کیا گیا تھا تاکہ وہ سنہار اسٹیٹ کورٹ آف وارڈز کے حوالہ کرنے پر متفق ہوجاویں

اونکے روبرو امور تنقیح طلب نمبر ۱ و ۲ پر زور نہیں دیا گیا تھا۔ اونہوں نے اون تنقیحات کا جواب مدعی کے موافق دیا تھا۔ امور تنقیح طلب نمبر ۳ و ۹ کے متعلق اونہوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ مقدمہ میں کوئی غلط بیانی نہیں کی گئی تھی اور نہ یہ کہ مہارانیوں نے دستاویز دست برداری کی تکمیل سوچ سمجھکر کی تھی اونہوں نے یہ خیال کیا تھا کہ آزادانہ مشورہ ضروری نہ تھا لیکن یہ کہ مقدمہ کے حالات اس قسم کے تھے جن سے یہ نتیجہ نکلتا ظاہر ہوتا تھا کہ دستاویز دست برداری کی تکمیل کیواسطے مہارانیوں کو آزادانہ مشورہ ملا تھا اونہوں نے ان امور تنقیح طلب کا فیصلہ مدعی کے موافق کیا اونکو امر تنقیح طلب نمبر ۴ کا جواب مدعی کے موافق دینے میں کوئی دشواری نہیں معلوم ہوئی۔ جو سوال اوس تنقیح میں پیش کیا گیا تھا وہ یہ تھا کہ آیا دست برداری کی نسبت یہ سمجھا جاسکتا تھا کہ وہ مہارانیوں کے تمام حق کی دست برداری تھی جب اس واقعہ کا لحاظ کیا جاتا کہ اونہوں نے اپنے گذارہ کیلئے اسٹیٹ میں بہت بڑا حق قائم رکھا۔ ذیلعلم سبارڈینیٹ جج نے یہ خیال کیا تھا کہ مہارانیوں کے گذارہ کیلئے ماہانہ الونس کی شرط کا اثر دستاویز انتقال کے جواز پر نہیں پڑتا تھا۔ امر تنقیح طلب نمبر ۱۱ پر اونکے روبرو بہ نظر غائر زور نہیں دیا گیا تھا اور اونہوں نے اس تنقیح کا فیصلہ مدعی کے خلاف کیا۔ اونہوں نے آخرکار امر تنقیح طلب نمبر ۵ پر غور کیا اور یہ خیال کیا کہ دفعہ ۶۰ قانون کورٹ آف وارڈز بیوگان کے لئے کورٹ آف وارڈز کی رضامندی کے بغیر اپنی اسٹیٹ سے دست برداری حاصل کرنے کی نسبت بیوگان کے حق پر امتناع ہوتی تھی۔ اونہوں نے اس تنقیح کا جواب مدعی کے خلاف دیا اور نتیجہ یہ ہوا کہ اونہوں نے دعوے ڈگری کیا۔

ان دلائل پر غور کرنے کے قبل جو ہمارے روبرو پیش کی گئی ہیں یہ ضروری ہے کہ ایک واقعہ کا ذکر کردیا جاوے جسکے متعلق ہمارے روبرو کچھ بحث کی گئی تھی مقدمہ کی سماعت کا آغاز ۱۰۔ مئی ۱۹۲۲ء کو ہوا تھا اور ۱۰۔ مئی ۱۹۲۲ء سے ۱۳۔ مئی ۱۹۲۲ء تک مہارانی نولکھہ پتی کی قائم مقامی مقدمہ

ان سنگھ بنام نولاکھہ دیچنہ

کی شکل میں کورٹ آف وارڈز اور منصرم گورنمنٹ پلیڈر نے کی تھی۔ کورٹ آف وارڈز نے مہارانی نولاکھہ بتی کا اظہار اوسکی جانب سے بطور ایک گواہ کے نہیں لیا تھا لیکن اوسکا اظہار بطور گواہ کے مدعی علیہ فریق ثانی کی جانب سے لیا گیا تھا جب اوسکا اظہار بذریعہ کمیشن لیا جا رہا تھا تو بابو دیتا چرن کھری منصرم گورنمنٹ پلیڈر نے کمشنر سے یہ بیان کیا تھا کہ کورٹ آف وارڈز کی ہدایات کے مطابق وہ مہارانی نولاکھہ بتی کی جانب سے امر تنقیح طلب نمبر ۳ پر زور نہ دیں گے اور یہ کہ وہ مہارانی کا اظہار اوسکے جوابدعوے کی تائید میں قلمبند نہ کرائینگے یہ یاد رکھنا چاہئے کہ امر تنقیح طلب نمبر ۳ کی رو سے واقعہ کا یہ بہت ہی اہم سوال پیش کیا گیا ہے یعنے آیا دستاویز دست برداری کی تکمیل مہارانیوں نے سوچ سمجھ کر کی تھی اور آیا اس دستاویز کی تکمیل کے متعلق اون کو کوئی آزادانہ مشورہ ملا تھا کورٹ آف وارڈز کے زیر نگرانی ہونیکی وجہ سے مہارانی اوس فعل کی کامل طور پر پابند تھی جو کورٹ آف وارڈز نے اوسکی جانب سے کیا تھا اور یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کورٹ آف وارڈز کا منشا اوسکی طرف ایک امر اور صرف ایک امر کے پیش کرنیکا تھا آیا وہ اس واقعہ کے لحاظ سے دستاویز دست برداری کی تکمیل کرنے کی مجاز تھی کہ کورٹ آف وارڈز کی منظوری حاصل نہیں کیگئی تھی۔ یہ یقینی طور پر مہارانی کیلئے بہت نقصان دہ معاملہ تھا کہ کورٹ آف وارڈز نے اسکی اجازت نہیں دی تھی کہ اوسکی جانب سے اوسکی اصلی جوابدہی پیش کیجاتی لیکن وہ کورٹ آف وارڈز کے فعل کی پابند تھی اور جب تک کہ وہ کورٹ آف وارڈز کی نگرانی میں تھی اوس کو قانون کورٹ آف وارڈز کے موجب یہ حق نہ تھا کہ اپنی جانب سے کوئی جوابدہی پیش کرتی لیکن کورٹ آف

کی نگرانی ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء کو برخاست ہوئی جب مقدمہ میں شہادت قلمبند کیجا چکی تھی اور بحث کی سماعت جزوا ہوئی تھی۔ ۳۱ مئی سنہ ۱۹۲۲ء کو بابو دیتا چرن کھری نے ایک درخواست پیش کی جس میں یہ بیان کیا گیا کہ مہارانی کورٹ آف وارڈز کی نگرانی میں نہ تھی۔ اور یہ کہ گورنمنٹ پلیڈر کو دعوے میں اوسکی قایم مقامی کرنیکا مزید اختیار باقی نہیں رہا تھا ۳ جون سنہ ۱۹۲۲ء کو مہارانی ایک دوسرے وکیل کے ذریعہ سے حاضر ہوئی اور ایک درخواست پیش کی جسمیں اوس نے یہ استدعا کی تھی کہ جوابدعوی جو مدعا علیہ فریق ثانی نے پیش کیا تھا وہ اوسکے جوابدعوے کے طور پر سمجھا جائے اور اوس نے عدالت کو یہ اطلاع دی کہ وہ امر تنقیح طلب نمبر ۳ پر زور دینا چاہتی تھی اس درخواست پر مدعی کی جانب سے مخالفت کیگئی تھی مدعی نے جو حیثیت اختیار کی تھی وہ یہ تھی کہ جب لائق گورنمنٹ پلیڈر نے مہارانی نولاکھہ بتی کی قایم مقامی کرتے ہوئے امر تنقیح طلب نمبر ۳ کو ترک کر دیا تھا تو اوس نے یعنے مدعی نے اپنی اس بحث کی تائید میں شہادت نہیں پیش کی تھی کہ دستاویز دست برداری کی تکمیل مہارانیوں نے سوچ سمجھ کر کی تھی اور یہ کہ اوس دستاویز کی تکمیل کے متعلق اونکو آزادانہ مشورہ ملا تھا۔ فاضل سب آرڈینیٹ جج نے یہ خیال کیا تھا کہ مدعی کی بحث میں بہت زیادہ زور تھا اور اونہوں نے یہ خیال کیا کہ امر تنقیح طلب نمبر ۳ پر مکرر بحث کرنے کے متعلق مہارانی نولاکھہ بتی کی ہر کوشش سے مدعی کو سخت نقصان پہنچیگا انہوں نے یہ قرار دیا کہ مہارانی نولاکھہ بتی کو یہ اجازت نہیں دیجا سکتی تھی کہ وہ امر تنقیح طلب نمبر ۳ پر مکرر بحث کرے۔

جب اس مرافعہ پر ہمارے روبرو بحث کیگئی تو ہم نے نتیجہ اخذ کیا کہ یہ درست اور مناسب نہ تھا کہ مہارانی نولاکھہ بتی کو

مان سنگھ بنام نولاکھپتی (پٹنہ)

عدالت جب ایک ایسی دلیل کے پیش کرنے سے روکا جائے جو اونہے بلاشبہ
اپنے جواب دعوے میں تحریر کی تھی لائق گورنمنٹ ایڈوکیٹ نے مدعی
کی جانب سے حاضر ہوکر ... طریقہ سے یہ بحث کی تھی کہ وہ کامل
طریقہ سے کورٹ آف وارڈز کے فعل کی پابند تھی اور یہ کہ اوسکو
اوس حیثیت سے منحرف ہونے کی اجازت نہ دیجائے جو کورٹ آف
وارڈز نے تسلیم کی تھی اون کے موکل پر بہت سختی ہوگی
وہ شخص جو نا قابل ہو اس میں شک نہیں کہ اپنے ولی کے فعل کا
پابند ہوتا ہے لیکن یہ امر طے شدہ ہے کہ ایسا شخص نا قابلیت ختم ہونیکے بعد
کارروائیات میں کرر بحث کرسکتا ہے اگر وہ ثابت کرے کہ اوسکو ...
کہ ولی کے فعل سے اوسکو نقصان پہنچا ہے ہماری رائے میں یہ بہت
بہتر ہے کہ اوسکو اب اس معاملہ میں بحث کرنیکی اجازت دیجائے بجائے
اسکے کہ وہ ہمارے روبرو بعد ازاں رجوع ہو اگر ہم قانون کے اوس اصول
جو اوسکی جانب سے پیش کیا گیا تھا اوسکے خلاف تصفیہ کریں تو تمام مقدمہ
پر اس لحاظ سے تجویز کرنیکی خود کو ترغیب دیں کہ دستاویز اوسکو سنائی
اور سمجھائی نہیں گئی تھی اور یہ کہ اوسکے متعلق اوسکو کوئی آزادانہ مشورہ
نہیں ملا تھا جسپر ہم نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ اوسکو یہ اختیار تھا کہ وہ تنقیح نمبر ۳
پر زور دے اور یہ کہ ڈسٹرکٹ جج کو اوسے یہ اجازت دینی چاہئے
تھی کہ وہ اوس تنقیح پر بحث کرے اور نقصان کی بابت جو انتظام ...
پر حاصل کرے کچھ مقدمہ کی سماعت ملتوی کرنے اور مدعی کو ایسی شہادت
پیش کرنیکا موقع دیتے جو اوسنے ضروری خیال کی تھی اسکے بعد مسٹر سلطان احمد
نے ہمارے روبرو اس امر پر زور دیا کہ اگر ہم نے جہلائی نولاکھپتی کو یہ اجازت
دی تھی کہ وہ امر تنقیح طلب نمبر ۳ پر بحث کرے تو ہمیں دعویہ موقع دینا
چاہئیے کہ وہ اون بعض گواہوں کے اظہارات قلمبند کرائے جو اس تنقیح
کے متعلق اہم گواہ ہیں ہم نے مسٹر سلطان احمد کی بحث کے زور کو تسلیم
کیا اور اوسکو یہ اجازت دی کہ وہ امر تنقیح طلب نمبر ۳ کے متعلق مہارانی

صفحہ ۸۲۹

نولاکھپتی پر جرح کریں اور مسٹر پی سی سین کمشنر تقسیم پٹنہ جو اپریل ۱۹۱۶ء
سے ستمبر ۱۹۱۸ء تک بھاگلپور کے کلکٹر تھے مسٹر ... ملک جو اکتوبر ۱۹۱۸ء
سے جولائی ۱۹۲۲ء تک منہارسا اسٹیٹ کے منیجر تھے مسٹر محمد عبدالصمد کا جو کورٹ
آف وارڈز کے تحت منہارسا اسٹیٹ کے منیجر اوسوقت تھے جب اوسکی
جانب سے جواب دعوے پیش کیا گیا تھا مسٹر سرجا پرشاد گورنمنٹ پلیڈر بھاگلپور کا
بابو ... پرشاد سنگھ کا جو زمیندار اور وکیل تھے اظہار لیں جنکی نسبت
یہ بیان کیا گیا ہے کہ اونہوں نے مہارانیوں کی جانب سے دستاویز کی
تکمیل کے معاملہ میں سربرآوردہ حصہ لیا تھا بابو ... سنگھ کے علاوہ
ہم نے ان تمام گواہوں کا اظہار ہمارے روبرو قلمبند کرایا ہے اور ہم نے
امر تنقیح طلب نمبر ۳ کا تصفیہ کرنے میں اونکی شہادت پر غور کیا ہے۔
یہ سہولت بخش ہوگا کہ اولاً قانون کے اون سوالات پر تجویز کیجائے
جو فریقین نے اوس مقدمہ میں پیش کئے ہیں جس بحث کو ڈسٹرکٹ
جج نے منظور کیا تھا وہ یہ ہے کہ دفعہ ۶۰ قانون کورٹ آف وارڈز
کورٹ آف وارڈز کی منظوری کے بغیر اسٹیٹ سے دست برداری حاصل
کرنے کی نسبت ہندو بیوہ کے اختیار پر (جسپر ممکن ہے کہ وہ ہندو بیوہ
کی حیثیت سے قابض ہو) ایک امتناع ہے یہ امر نزاعی نہیں ہے کہ اوسوقت
جب مہارانیوں نے بظاہر اپنے اسٹیٹ سے اپنے نواسوں کے حق میں
دست برداری حاصل کی تھی اسٹیٹ کورٹ آف وارڈز کے انتظام میں
تھا اور یہ کہ مہارانیاں کورٹ کی نگرانی میں تھیں ۴۔ مارچ ۱۹۱۹ء
کو مہارانیوں نے کلکٹر بھاگلپور کے نام ایک مسودہ دستاویز دست برداری
روانہ کیا جسکی تکمیل وہ اپنے نواسوں کے حق میں کرنا چاہتی تھیں اور اوسکے
یہ استدعا کی کہ وہ کورٹ آف وارڈز کی منظوری اوس مجوزہ دستاویز
کے متعلق حاصل کریں جو دونوں نواسوں کے حق میں ہوگی کلکٹر نے
مہارانیوں کی درخواست کمشنر قسمت بھاگلپور کے توسط سے بورڈ آف ریونیو
کے روبرو روانہ کی اور ۲۵۔ اکتوبر ۱۹۱۹ء کو بورڈ نے کمشنر کے پاس

اس مضمون کا مراسلہ بھیجا کہ وہ کلکٹر کے ساتھ متفق تھے کہ مہارانی کی جانب سے اولیٰ زندگی میں اونکے نواسوں کے حق میں دستاویز دست برداری لکھی ہیں سے معاملات پیچیدہ ہو جاوینگے اور کورٹ کے انتظام میں دشواریاں پیدا ہو جاوینگی جسپر اونہوں نے یہ حکم دیا کہ فی الوقت معاملات اسی طور پر چلتے رہیں جس طریقہ سے وہ چلرہے ہیں ۱۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو کلکٹر نے بورڈ آف ریونیو کے فیصلہ کی اطلاع مہارانیوں کو دی تھی۔ ۱۸ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو بورڈ آف ریونیو کے فیصلہ کا علم کامل رکھتے ہوئے مہارانیوں نے اوس دستاویز دست برداری کی تکمیل کی جسکی رو سے اونہوں نے اپنی بیوہ کی حیثیت سے اپنے نواسوں کے حق میں دست برداری حاصل کی تھی

دفعہ ۶۰ قانون کورٹ آف وارڈز میں حسب ذیل حکم درج ہے

کوئی وارڈ اسکا مجاز نہ ہوگا کہ وہ کورٹ کی منظوری کے بغیر اپنی جائداد میں یا اوسکے کسی جزو پر کوئی بار قایم کرے یا کسی ایسی بار کو منتقل کرے یا اوسکو پیدا کرے جو اوسکو کورٹ سے یافتنی ہو۔ یہ سوال فوراً پیدا ہوتا ہے کہ آیا اپنے شوہر کے ورثا عودی کے حق میں اپنے اسٹیٹ سے دست برداری حاصل کرنیکی وجہ سے کوئی ہندو بیوہ اپنی اسٹیٹ میں کوئی غرض قایم کرتی ہے۔ مدعی کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ معاملہ کی اصلیت بیوہ کی حیثیت کا اوٹھالینا اور اوس سے ورثا کی غرض میں تعجیل ہوتا ہے جو کسی ایسے فعل کیوجہ سے نہیں جو بیوہ نے انجام دیا تھا بلکہ قانون کے اثر سے جائدادوں کے قایم مقام ہو گئے تھے میں یہ تسلیم کرنے کیلئے بالکل آمادہ ہوں کہ ہندو بیوہ کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ بعض حالات میں اوس امتناع کے تحت آئے بغیر جو دفعہ ۶۰ قانون کورٹ آف وارڈز میں مندرج ہے اپنے شوہر کی جائداد میں اپنے حق سے موثر طریقہ پر خود کو محروم کرے لیکن میں یہ تسلیم کرنے پر آمادہ نہیں ہوں کہ کسی حالت میں بھی دفعہ ۶۰ کا اثر یہ ہوگا کہ وہ ہندو بیوہ کو اپنی اسٹیٹ سے اپنے شوہر کے ورثا عودی کے حق میں دست برداری حاصل کرنے سے منع کرے۔

یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ بہت سے مقدمات میں اون حقیقی انتقالات [illegible] جو ہندو بیوگان نے کئے تھے بیوہ کی کامل حیثیت کی دست برداری کے اصول کردہ [illegible] جات سے کیگئی ہے گر اصطلاح حقیقی معنوں میں وسوعت دست برداری ہوتی ہے جب شوہر کی وفات کے وقت بیوہ [illegible] ترک [illegible] میں آیا ہو یا اوسنے بعد میں دنیا ترک کردی ہو یا اوسنے کوئی ایسا فعل کیا ہو جس سے قانون کی نظر میں اس خیال کی تائید ہو سکے کہ بیوہ مجازی طور پر فوت ہو گئی ہے صرف اوسیوقت جب بیوہ دراصل یا مجازی لحاظ سے فوت ہو گئی ہو کہ قانون اثر پذیر ہوتا ہے اور اوسکے شوہر کی جائداد وارث عودی کو منتقل [illegible] طور پر کورٹ آف وارڈز کسی بیوہ کو مرنے سے منع نہیں کرسکتا اور [illegible] نہیں ہوتا۔ اگر بیوہ بیراگی ہو جاتا یا دنیا چھوڑ دیتی ہے لیکن کتابوں میں اس قسم کے مقدمات میں جنکو دست برداری کے مقدمات کہا جاتا ہے لیکن جو غلط طور پر دست برداری کے مقدمات [illegible] میں ہندو بیوگان کے انتقالات کو تمثیلات سے بحث کرکے بحال رکھا گیا ہے لیکن تمثیل سے صرف جزوی مشابہت ظاہر ہوتی ہے اور یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ جب کوئی بیوہ دنیا چھوڑتی ہے تو ورثا عودی اثر قانون سے جائداد پانے میں اسلئے قانونی سے اوسکو [illegible] عمل میں [illegible] ہے جبکہ ایسے معاملہ کے نتیجہ کے طور پر جو دست برداری کی حد تک [illegible] ہو جسکو [illegible] طریقہ سے نام دیا جا سکے لیکن جو دست برداری کے اصول کے حوالے ہوں کی تائید کیجاتی [illegible] ممکن ہو اسٹیٹ ورثا عودی کے پاس آتی ہے۔ ایک سادہ مقدمہ کو لیجئے کہ ایک ہندو بیوہ بدلہ قیمتی کے عوض اپنے شوہر کی تمام جائداد وارث عودی کے یا وارث عودی کی رضامندی سے شخص اجنبی کے ہاتھ بیع کرسکتی ہے اور یہ معاملہ ہندو بیوہ کی جانب سے

ان سنگھ بنام نولاکھہ کنتی دیپٹنہ

صفحہ ۹۳۰

مادر پتا ہمنگ ... تھا ... تو ذکیہ ہو ... رشپ

اونکی اسٹیٹ کی بابت وارثوں کی تکمیل متعلق رکھے بحال رکھا جائیگا لیکن یہ بحث نہیں کیجا سکتی کہ ایسے مقدمہ میں کوئی دستبرداری ہوئی ہے یہ کہ اس نام سے محروم کیا جاسکتا ہے کہ وارث عودی کی حیثیت اثر قانونی سے پیدا ہوتی ہے حقیقت یہ ہے کہ اس مضمون کے متعلق قانون ہندو مذہب کے نقطۂ نظر سے [illegible] اور یہ بحث [illegible] ناممکن تھا کیونکہ اس غلط عقیدہ کی [illegible] قانونی لازمی [illegible] ہوتا ہے اسلئے وہ [illegible] مسئلہ کے [illegible] درست [illegible] جاسکے جسکا منطقی طور پر پہلا مسئلہ سے اخذ [illegible] ناممکن ہو جسکی پہلے مثال دیے ہوا ہے تا یہ کہ [illegible] ممکن ہو۔

بعد [illegible] مقدمات پر بحث کرنے سے میرے خیال میں میری [illegible] ہو جاتی ہے کہ ۱۸۵۶ء میں سپریم کورٹ کے روبرو مقدمہ جادو منی ریبی بنام سرودے پر دسنو کرجی (۱) میں یہ سوال پیدا ہوا تھا کہ ایا ہندو بیوہ جائز عمل کے عوض اپنی اسٹیٹ جو اوسنے اپنے بیٹے سے وراثتاً پائی تھی ایسے وارث عودی کے حق میں منتقل کرسکتی تھی جو اوس وقت زندہ تھا سوال کا جواب اثبات میں دیتے وقت چیف جسٹس کولوائل نے یہ ظاہر کیا تھا کہ یہ صرف عام طریقہ اوس عمل کے کرنے کا تھا جو اپنے زمانے میں دھرم شاستر کی عبارت یا منشا کی تعریف ضروری کئے بغیر [illegible] ایک ایسے طریقہ سے جسے عوام کو صدمہ ہوتا تھا رسم ستی کی انجام دہی کے ذریعہ کیا جاتا تھا" اور اونہوں نے اس واقعہ کو تحریر کیا کہ بیوہ ایک خاص قسم کی مذہبی زندگی اختیار کرکے خود کو اسٹیٹ سے محروم کرسکتی ہے اور اسکے بعد اپنی زندگی میں وارث عودی کی وراثت میں تعجیل کا باعث ہوسکتی ہے مقدمہ جو سپریم کورٹ کے روبرو تھا وہ سادہ اور بلا التباس منتقلی کا مقدمہ تھا لیکن بیوگان کیجانب سے خودکشی کے ارتکاب نے یا مذہبی زندگی اختیار کرنے اور اسطور پر وارث پر اسٹیٹ کی منتقلی [illegible] کے مقدمات کی تمثیل سے بحث کرکے عدالت نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ اس [illegible] عملی طور پر کوئی بیجا امر نہ تھا کہ بیوہ اپنے شوہر کی جائداد بعوض بدل کسی ایسے کو منتقل کرے جو بصورت اسکے کہ وہ تاریخ منتقلی پر فوت ہوجاتی بذریعہ وراثت اسٹیٹ پاتا۔ لیکن یہ کہنا ایک بات ہے کہ چونکہ کسی بیوہ کی واقعی یا باعتبار دنیوی وفات پر اسٹیٹ کا حق باثر قانونی سے فی الفور اوسکے شوہر کے وارث عودی کو حاصل ہوجائیگا اسلئے بیوہ اپنے شوہر کی اسٹیٹ ایک ایسے شخص کے حق میں بالکلیہ منتقل کرکے اپنی وفات کی تکمیل کرسکتی ہے جو تاریخ منتقلی پر اوسکے شوہر کا وارث قریب ہو اور یہ کہنا دوسری بات ہے کہ جب کوئی بیوہ در اصل اسٹیٹ وارث عودی کو منتقل کرتی ہے تو وارث عودی جائداد منتقلی کیوجہ سے نہیں بلکہ اثر قانونی سے پاتا ہے۔

مقدمہ جادو منی (۱) کا تصفیہ سپریم کورٹ میں ۱۸۵۶ء کو ہوا تھا اور ۱۸۵۵ء اور ۱۸۸۲ء کے مابین بنگال میں یہ قانون مسلمہ تھا کہ ہندو بیوہ اپنے شوہر کی اسٹیٹ کے وارث کے حق میں اپنے حقوق سے دستبردار ہوکر اوسکی وراثت میں تعجیل کی باعث ہوسکتی تھی اور یہ کہ ایسے وارث کے حق میں منتقلی کا اثر یہ تھا کہ حقیقت مطلق منتقل کیجائے ۱۸۸۲ء میں نوبن چندر [illegible] بنام ہری [illegible] سردار (۲) یہ سوال پیش کیا گیا تھا کہ ایا جائز ضرورت کی ظاہری وجہ پر کسی بیوہ کا انتقال یا منتقلی جس انتقال سے اوس شخص نے رضامندی دی تھی جو اوسوقت وارث عودی ہو ایسے شخص کے [illegible] ہوگی جو اوس میں فریق نہ ہو اور جو بیوہ کی وفات پر واقعی وارث عودی ہو کہ وہ جائداد کی نسبت اپنی حقیقت کا دعا کرے واقعات یہ تھے کہ بیوہ جائداد کے متعلق ایک دستاویز منتقلی کی تکمیل شخص اجنبی کے حق میں کی تھی اور رہن [illegible] کیا گیا تھا ہائیکورٹ نے یہ رائے قایم کی تھی کہ عدالت مرافعہ کے فیصلہ میں کافی تجویز موجود نہ تھی کہ ایا انتقال کیلئے جائز ضرورت موجود تھی یا نہیں اور تمام مقدمہ [illegible] کیگئی تھی کہ منتقلی کے لئے کوئی ضرورت موجود نہ تھی اور اوس شخص نے جو اوسوقت وارث عودی تھا ایک علحدہ دستاویز کی تکمیل کی تھی جس میں اوسنے بیوہ کی منتقلی کے متعلق رضامندی دی تھی اور اپنی اور اپنے ورثا کی جانب سے یہ معاہدہ کیا تھا کہ وہ کسی آئندہ زمانہ میں جائداد کے متعلق کوئی دعویٰ

(۱) انڈین [illegible] سپریم [illegible] جلد [illegible] صفحہ [illegible]

(۲) انڈین لاء رپورٹ کلکتہ جلد ۱۰ صفحہ ۱۱۰۲۔

رادھا رانی بنام بھلادانی وغیرہ دیمنٹ

وارث عودی فوت ہوگیا اور وہ شخص جو بیوہ کی وفات پر وارث ہونیکا مستحق تھا ایک دوسرا شخص تھا جو کسی طرح سے ان معاہدات کا پابند نہ تھا جنکی تکمیل سابقہ ورثائے عودی نے کی تھی۔ ڈویژن بنچ نے یہ تسلیم کیا تھا کہ بیوہ وارث عودی کے حق میں دست بردار ہوسکتی تھی اور یہ کہ اگر اسنے ایسا عمل کیا تھا یعنے یہ کہ اگر اس نے اپنی غرض سے اسکے حق میں دست برداری حاصل کی تھی تو وارث عودی کو جائداد کی نسبت اتنی ہی کامل اور مطلق حقیت حاصل ہوگی جتنی کہ اس کی وفات پر ہوتی اس نے یہ بھی تسلیم کیا کہ بیوہ کیجانب سے ایک انتقال وارث عودی کے حق میں اور وارث عودی کیجانب سے دوسرا انتقال شخص اجنبی کے حق میں ہونا ممکن تھا لیکن اس نے اس بات کو نہیں سمجھا تھا کہ کسطرح دو تحریرات انتقال کا اثر ان دو دستاویزات کو دیا جاسکتا تھا جو اپنی نوعیت و شرائط میں مختلف تھیں۔ فاضل ججوں نے حسبہ یہ سوال اجلاس کامل کے تصفیہ کے لیے سپرد کیا۔

سر رتیرو ڈ گارتھ نے اجلاس کامل کا فیصلہ صادر کرتے وقت یہ ظاہر کیا تھا کہ اگر بیوہ حقیقی موت سے مری تھی تو اسکے شوہر کے ورثا فوراً اسکی اسٹیٹ کے جانشین ہوجاینگے یا اگر وہ بیراگی ہوجائے یا اور طور پر بہ اعتبار دنیاء مرجائے تو نتیجہ وہی ہوگا اور انھوں نے یہ خیال کیا تھا کہ جسطور پر وہ اسوقت اپنی اسٹیٹ سے دست برداری حاصل کرسکتی تھی جبکہ اسکا شوہر فوت ہوا تھا اسیطرح اسمیں کوئی امر ناجائز یا قابل اعتراض نہ تھا کہ وہ اپنی اسٹیٹ سے کسی وقت اسکو قبول کرنیکے بعد پہلی مرتبہ اپنے شوہر کے وارث عودی کے حق میں دست برداری حاصل کرے یہانتک حالت بالکل واضح تھی لیکن اس سوال کا جواب دینا تھا کہ یا بیوہ اور وارث قریب اس بات پر اتفاق کرسکتے تھے کہ کوئی جائز ضرورت کے بغیر جائداد منتقل کریں اس سوال پر سر رچرڈ گارتھ نے یہ بیان کیا تھا "لیکن اگر اکثر یہ امر بطور امر قانونی کے قرار پائے کہ بیوہ اپنی جائداد سے اپنے شوہر کے موجودہ وارث کے حق میں دست برداری حاصل کرسکتی ہو تو اسکو منتقل کو روکنا ناممکن معلوم ہوتا ہے جسکو بیوہ اور وارث عودی اسطور پر کرنیمیں متفق ہوجائیں" فاضل چیف جسٹس نے اس دست برداری کی صورت میں جسکو ٹھیک طور پر اس نام سے موسوم کیا جاسکتا ہے اور اس بیع کی صورت میں اصلی فرق کو تسلیم کیا تھا جو کسی جائز ضرورت کے بغیر محض وارث قریب از قسم ذکور کی رضامندی سے عمل میں آئی تھی لیکن انھوں نے یہ خیال کیا تھا کہ بیوہ کے اس اختیار کی تائید میں کہ وہ وارث عودی قریبہ کی رضامندی سے جائداد منتقل کرے فیصلہ جات کا اسقدر طویل سلسلہ موجود تھا کہ اجلاس کامل اسکے خلاف تصفیہ نہیں کرسکتا تھا بجز اس کے کہ وہ اون حقیتوں میں خلل ڈالے جو اس سند کی بنا پر حاصل کی گئی تھیں۔ سر لارنس جنکنس نے پریوی کونسل پرشاد چودہری بنام گلاب بگت (۳) میں فیصلہ مقدمہ نو بو کشور (۲) کا خلاصہ ان لفظوں میں کیا تھا "جب اس مسئلہ حیثیت سے آغاز کیا جائے کہ وارث قریب کی وراثت میں دست برداری سے تعجیل ہوسکتی ہے تو مقدمہ نو بو کشور (۲) میں بطور منطقی نتیجہ کے یہ تصفیہ کیا گیا تھا کہ بیوہ وارث قریب کی رضامندی سے کسی جائز ضرورت کے بغیر جائداد منتقل کرسکتی ہے" اور فاضل اور مشہور چیف جسٹس نے حسب ذیل بیان کیا تھا "مقدمہ نو بو کشور کے فیصلہ کا راستہ دشواریوں سے مبرا نہ تھا لیکن فاضل ججوں نے یہ محسوس کیا تھا کہ اسکو عبور کرنا ضروری تھا تاکہ حقیتوں کو اطمینان ہوجائے"

(۳) انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۲۷۳

بنام رمان سنگھ

بنام ستی

دہارانی نولاکھی

سمجھے بغیر کسی تو اس کے [illegible] یہ امر واضح معلوم ہوتا ہے کہ [illegible] امتو میں تو [illegible] کرنے [illegible] مجبور ہوئی تھی عدالت نے [illegible] کو اس بنا پر بحال [illegible] اور اس حق کا [illegible] ہوہ جو عدیا گیا [illegible] اپنے شوہر کی وفات کے [illegible] کے متعلق [illegible] کو منتقل کرے [illegible] میں بہر طور پر اختیار دنیا [illegible] اور [illegible] شوہر [illegible] ورثہ کی وراثت میں [illegible] کا باعث [illegible] اس حقیقی فرق کو ظاہر [illegible] ہے جو [illegible] کی صورت میں جسکو ٹھیک طور پر [illegible] اس منتقلی کی صورت [illegible] تائید [illegible] اصول کے حوالے سے کیا [illegible] معلوم ہوتا ہے چونکہ وارث اثر [illegible] لڑکی کے [illegible] اسوقت [illegible] بیوہ کی جانب [illegible] یا اختیار دنیا مرنا پسند کرے اس لیے نتیجہ نہیں نکلتا [illegible] بھی اثر قانونی سے جاری ہوتا ہے [illegible] طور پر جسکی تائید دست برداری کے اصول سے [illegible] در اصل دست برداری نہ ہو جائز [illegible] وارث کو یا [illegible] وارث کی رضامندی سے شخص اجنبی کو [illegible]

۸

ہمارے موجودہ فیصلہ کی غرض کیلئے کسی فیصلہ جات [illegible] پر بحث کرنیکی ضرورت نہیں ہے۔ بہاری [illegible] بنام [illegible] ہیرگیا وال (۴) میں تسلیم کیا گیا ہے [illegible] حق [illegible] حیاتی زائل کرکے اور وارث کے حق میں [illegible] اسٹیٹ کو منتقل کرکے وراثت [illegible] پیدا کرسکتی ہے۔ بلا [illegible] کامل کے مقدمہ دیبی پرشاد چودہری بنام گولاب [illegible] قرار دیا گیا تھا کہ کسی بیوہ کیجانب سے سوائے ضرورت قانونی کے

[illegible] ایسی عادلانہ وسعت پر جو قانونی ضرورت پر مبنی ہوتا [illegible] بحال رکھنے کے لئے یہ ثابت کیا جانا چاہئے کہ وارث قریب ترین کیجانب سے انتقال پر رضامندی ظاہر کی گئی تھی [illegible] تائید [illegible] کامل حقیقت سے دست برداری کے اصول سے اور اسیطرح رضامندی دینے والے وارث کی [illegible] کے نتیجہ [illegible] طرح تعجیل پیدا ہونے سے ہوسکتی ہے [illegible] انتقال تمام اسٹیٹ کا ہو۔ اجلاس کامل کے مقدمہ میں جو سوال [illegible] وہ یہ تھا کہ آیا کوئی بیوہ وارث قریب [illegible] کی رضامندی سے اپنے اسٹیٹ [illegible] ہوسکتی ہے۔ مسٹر لارنس جیکسن [illegible] تھا کہ اگر انتقال [illegible] بیوہ کی کامل حقیقت سے دست برداری [illegible] ہے تو انتقال کامل حقیقت کا [illegible] کمیٹی نے بعد میں مقدمہ [illegible] گوبند [illegible] (۵) میں کہا ہے [illegible] جو جبراً بیدخل ہوا اور جبراً [illegible] کے فیصلہ سے یہ بالکل واضح ہوجاتا ہے کہ [illegible] ایسے مقدمات کے انفصال میں اصول دست برداری [illegible] پر مجبوری محسوس کی ہے جو [illegible] برداری کے مقدمات نہیں ہیں تاکہ ایک طویل سلسلہ مقدمات کے اعتماد پر جو کچھ علم انھوں نے حاصل کیا ہے اس [illegible] خلاف واقع ہو۔

میں اس نتیجہ پر پہونچا ہوں کہ تمام مقدمات سے [illegible] ہوتا ہے کسی سخت قاعدے کے طور پر یہ نہیں قرار دیا جاسکتا کہ جب کبھی کسی ایسے معاملہ کے نتیجہ کے طور پر جسکے فریق بیوہ اور وارث ہوں۔ اسٹیٹ وارث یا وارث

(۴) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۱۹ صفحہ ۳۲۴۔

(۵) انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۲۹۸۔

کی رضامندی سے کسی شخص اجنبی کو حاصل ہوتا ہے تو وارث اثر قانونی کیوجہ سے اسٹیٹ حاصل کرتا ہے اپنے شوہر کی وفات کے وقت بیوہ کیجاتب سے ترک دعویٰ کی صورت میں یا ایسی دست برداری کی صورت میں جو مناسب طور پر دست برداری کہی جاسکتی ہے اور جسکے بعد وارث کا حق اثر قانونی کیوجہ سے پیدا ہوگا اور میری رائے میں دفعہ ۹۰ قانون کورٹ آف وارڈز وارث کی مضرت کیلئے موثر نہوگی اگر یہ فرض بھی کرلیا جائے کہ دست برداری کی تاریخ پر بیوہ کورٹ کی وارڈ تھی لیکن کسی مقدمہ دست برداری کو کسی ایسے مقدمہ سے احتیاط سے ممیز کرنا چاہئے جو دست برداری کا نہیں ہے لیکن جسکی تائید اصول دست برداری سے کیجا سکتی ہے۔ دست برداری کی صحیح صورت اسوقت پیدا ہوتی ہے جبکہ بیوہ ترک دعا کردے اور اپنے اسٹیٹ کو ترک کردے یا اپنی حیات سے کوئی عمل ایسا کرے جو قانون کی نظر میں اس نتیجہ کے اخذ کرنے کو حق بجانب قرار دیتا ہے کہ وہ مجازی مرگ وہ ہے۔ لیکن جب بیوہ اپنے اسٹیٹ کو قیمتی بدل کے عوض وارث کو یا وارث کی رضامندی سے کسی شخص اجنبی کو بیع کرتی ہے یا وارث کیساتھ کوئی ایسا عہد کرتی ہے جسکا اثر یہ ہو کہ اسٹیٹ وارث کے حق میں منتقل یا وارث کی رضامندی سے شخص اجنبی کے حق میں منتقل ہو یا بالفاظ دیگر جب معاملہ ایسا ہو کہ وہ دست برداری کا نہیں بلکہ ایسا ہو کہ اس کی تائید اصول دست برداری سے ہوسکتی ہو تو وارث کا حق پیدا ہوتا ہے قانون کے اثر سے نہیں بلکہ بیوہ کیجانب سے عمل انتقال کیوجہ سے اور معاملہ دفعہ ۹۰ کی امتناع کے تحت آتا ہے اگر یہ فرض کرلیا جائے کہ بیوہ کورٹ کی وارڈ تھی اور معاملہ کے متعلق کورٹ کی منظوری نہ حاصل کی گئی ہو۔

اب مجھے اس امر پر غور کرنا ہے کہ آیا مہارانی کا معاملہ لیا اور دست برداری مؤثر تھا یا بطور انتقال کے اس معاملہ کی نسبت دو دستاویزات ہیں جو تحریر ہوئی تھیں ایک وہ جو مہارانی نے نواسوں کے حق میں تکمیل کی ہے اور دوسری جو نواسوں نے مہارانی کے حق میں تکمیل کی ہے دستاویز دست برداری کی تعریف بطور ایک دو طرفی دستاویز کے کیگئی ہے جس کے فریق مہارانیات اور نواسے ہیں اور اس دستاویز کی تعریف جو نواسوں نے کی ہے بطور ایک معاہدہ کے کیگئی ہے جس کے فریق نواسے اور مہارانیان ہیں دستاویز دست برداری میں مندرج ہے کہ مہارانیوں میں سے ہر ایک کو کورٹ آف وارڈز سے مبلغ ۔/۳۵۰۰ کا ماہانہ الونس مل رہی تھی اور چونکہ وہ بہت بوڑھی ہوگئی تھیں اور اس کی متمنی تھیں کہ دنیوی معاملات سے علیحدہ ہوجائیں اپنے آخر ایام زندگی بنارس کے مقدس شہر میں خدا کی پرستش اور عزلت میں اپنے نان ونفقہ کیلئے ایسے الاونس کے ساتھ جو ان کے شایان شان ہو بسر کریں اس لئے وہ چاہتی ہیں کہ اس جائداد میں جو ان کی شوہر کی موروثی ہے۔ اپنی ہندو بیوہ کی حقیت سے اپنے نواسوں کے حق میں دست بردار ہوجائیں جو اس کے شوہر کے قریب ترین ورثا ہیں جنھوں نے یہ ذمہ داری لی تھی کہ وہ ان کو یا ان کے پسماندہ کو ماہانہ ۔/۱ ہزار روپیہ اس آمدنی اور منافع سے دینگے جو اسٹیٹ سے حاصل ہوں اور اپنے استدعا کی گئی تھی کہ وہ خاندانی دیوتاؤں کی روزانہ اور موقتی پرستش کے اخراجات کے کفیل ہوں۔

راو بہادر نالی ... بنام مہارانی ... اپیلنٹ

صفحہ ۲۲

بہادر بنام مہاراجہ ... رانی نولکہ بتی (ضمیمہ)

اس کے بعد دستاویز میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ نواسوں نے متذکرہ بالا تمام شرائط کو منظور کرلیا ہے اور اس میں گے حسب ذیل بیان کیا گیا ہے (۱) یہ کہ فریق اول، مہارانی تارا منی اور مہارانی نولکہ بتی اپنے تمام حقوق جائداد منقولہ اور غیر منقولہ میں جیکو ان کے شوہر متوفی مہاراجہ ہر بلبھ نارائن سنگہ بہادر کے۔سی۔آئی۔ای نے چھوڑا تھا عام طور پر جیسا کہ اسٹیٹ کے نام سے موسوم ہے جو اسوقت کورٹ آف وارڈز کے زیر نگرانی و زیر انتظام ہے فریق ثانی راو بہادر گوبند سنگہ اور رودر ابہ تاب سنگہ جو بہرم شاستر کی رو سے مہاراجہ بہادر مذکور کے ورثائے قریب تر ہیں ان کے حق میں دست بردار ہوتے اور استعفا دیتی ہیں اسکی تعمیل میں فریق اول مذکور بالا تمام جائداد کو مندیہوہ کے اپنے تمام حقوق کو منتقل کرکے فریق ثانی کے حوالہ کرتے ہیں۔

(۲) یہ کہ فریق ثانی تاریخ ہذا سے متذکرہ بالا تمام جائداد پر نواسوں کے حقوق سے جو بموجب بہرم شاستر کتب بنارس نانا کی جائداد کے وارث ہوتے ہیں قابض اور اس سے متمتع ہوں گے متذکرہ جائداد میں ہر ایک کا حصہ نصفا نصف ہوگا۔

(۳) یہ کہ فریق ثانی مستحق ہیں کہ مثل مالکان حصہ دار مساوی مذکورہ تمام جائداد پر جسپر مالگذاری واجب الادا ہو یا جو معافی مالگذاری ہو جو اس کی جائداد میں شامل ہے فریق اول کے نام خارج کراکے جو اسوقت ان رجسٹرات میں درج ہیں جو بموجب ایکٹ ۷ بابتہ سنہ ۱۸۷۶ء (بنگال کونسل) رکھے جاتے ہیں اپنے نام درج کرائیں۔

(۴) یہ کہ فریق اول فوراً اس استعفا کی اطلاع کورٹ آف وارڈز کو دیگا اور کورٹ سے استدعا کریگی کہ جائداد مذکورہ کی نگرانی اور انتظام فریق ثانی کے حوالہ کردے اگر کورٹ مناسب سمجھے تو سابقہ انتظام بحسب دفعہ ۱۴ الف ایکٹ ۹ بابتہ سنہ ۱۸۷۹ء (بنگال کونسل) بحال رکھے۔

(۵) یہ کہ فریق اول یا ان کا پسماندہ فریق ثانی سے ماہانہ ۱۰۰۰ روپیہ نان و نفقہ جائداد کے لگان اور منافع سے پانے کا مستحق ہوگا۔ جبتک کہ وہ دونوں یا ان میں سے کوئی ایک زندہ رہیں یا رہے۔

(۶) یہ کہ فریق ثانی ذمہ دار ہے کہ وہ خاندانی دیوتاؤں یعنی ٹھاکر جیو رام جی و لچھمن جیو اور مہا کرشنا جیو کی روزانہ اور موقتی پرستش کو بصرف ماہانہ بار جاری رکھے جو سنہار ساہو میں متبرکہ مہاراجہ بہادر مذکور میں قایم ہیں اور اگر وہ اس کام کو ترک یا اس میں غفلت کریں تو فریق اول مجاز ہوںگے کہ انکو اس کی تکمیل پر مجبور کریں۔

اقرار نامہ جو نواسوں نے مہارانیوں کے حق میں تکمیل کیا ہے اسمیں وہ تمام مضامین درج ہیں جو استعفا میں پائے جاتے ہیں اور اسکا حسب ذیل بیان کیا گیا ہے۔ فریق اول بلحاظ امور مندرجہ بالا بلا جبر و اکراہ برضا و رغبت معاہدہ کرتے ہیں کہ اس وجہ سے وہ مذکورہ سنہار ساہو اسٹیٹ کے مالک ہوں گے مذکورہ بالا استعفا کی وجہ سے وہ اور ان کے ورثاء قایم مقام اوصیا ہتمان ترکہ معوضن الیہم فریق ثانی یا اس کے پسماندہ کو جبتک وہ یا انمیں سے کوئی ایک زندہ رہیں یا رہے ماہانہ ۱۰۰۰ روپیہ بطور نان و نفقہ کے ادا کرتے رہینگے اسطرح کہ وہ اپنے متوفی شوہر کا نام اور رتبہ کے لحاظ زندگی بسر کرسکیں اور اگر وہ کسی ماہ کا نان و نفقہ دوسرے ماہ کی پہلی تاریخ پر (جو حسب انگریزی مہینہ ہوگا) ادا کرنے سے قاصر رہیں تو فریق ثانی کو اختیار ہوگا کہ وہ بذریعہ عدالت اسکی ادائی مع سود سادہ بحساب فیصدی ۱۲ ماہانہ

ناقذ کرائیں۔ اور مذکور تھا یا کے مالذمن معتمد سود اور خرچہ مقدمہ اگر کچھ ہو جس کے ذریعہ سے ادائی نافذ کرائی گئی ہو۔ اس جائداد پر جسکا ذکر منسلکہ فہرست میں درج ہے مقدم بار ہوگا اور جو ایک حصہ جائداد کا ہے جس سے کہ فریق ثانی نے حسب مذکورہ بالا استفادہ پایا ہے اور فریق اول مزید اقرار کرتے ہیں وہ متذکرہ بالا تاریخ سے خاندانی دیوتاوں لچھمی نارائن جیو۔ رام چندر جیو۔ رادہا کرشنا جیو کی روزانہ اور موقتی پرستش بعد تا ماہ تمام جو مہینہ انگریزی مہینہ جاری رکھینگے جن دیوتاؤں کو مذکورہ مہاراجہ بہادر نے بنیا رسا ہوس میں قائم کیا ہے اور اگر اس معاہدہ کی تکمیل کو ترک کریں یا اسمیں غفلت کریں تو فریق ثانی کو ان کی نفاذ کا حق ہوگا۔

مہارانیوں اور انکے نواسوں کے مابین معاملہ کا ماحصل کیا ہے؟ اولاً وہ ایک اقرارنامہ دو ورقی ہے جیسا کہ خود فریقین نے اس کی تعریف کی ہے ثانیاً مہارانیوں کی خواہش کہ وہ دنیا سے کنارہ کش ہو جائیں بلا شرط نہیں ہے بلکہ وہ دو اہم شرائط پر مشروط ہے اول یہ کہ نواسے یا انکی پسماندہ کو ایک رقم بطور نان ونفقہ دینگے جو انکے درجہ اور حیثیت کے موزوں ہو یعنی مبلغ ۱۰۰۰ روپیہ ماہانہ یہ امر قابل یاد داشت ہے کہ یہ رقم اس رقم سے جو رانیاں درحقیقت کورٹ آف وارڈس سے حاصل کر رہی تھیں زیادہ ہے۔ اور دوم یہ کہ نواسے خاندانی دیوتاؤں کی روزانہ اور موقتی پرستش کے اخراجات کا بار بصرف ماہانہ مابر روپیہ برداشت کرینگے ثالثاً مہارانیوں نے اپنی دنیوی اغراض کو ترک نہیں کیا ہے اسلئے کہ ان کے معاہدہ سے ظاہر ہے کہ انکا نان ونفقہ ماہانہ بحساب فی ماہ ۱۰۰۰ روپیہ مع سود بحساب فیصدی ۶ روپیہ سالانہ یہ رقم بعض خاص جائدادوں پر جنکا تعلق اسٹیٹ سے ہے مقدم بار ہوگا اور بعد نفاذ بشیوا کی شرائط کے نافذ کرنے کے لئے اپنے اختیار کو محفوظ رکھکر اپنے شوہر کی جائداد میں اپنے لئے کافی حق رکھتی ہیں۔

میری یہ غرض نہیں ہے کہ میں ان متعدد مقدمات پر کچھ تبصرہ کا اظہار کروں جنکے ذریعہ سے یہ طے ہوگیا ہے کہ ان معاملات کی تائید جو بالکل اس معاملہ کے مشابہ ہیں جسپر میں غور کر رہا ہوں بیوہ کی کامل حیثیت سے دست برداری کے اصول کے ہوا ہے ہوتی ہے مجھے مطلق شبہ نہیں ہے اگر کورٹ آف وارڈز مزاحم نہ ہوتا تو معاملہ کی رو سے خود اسٹیٹ مہارانیوں سے انکے نواسوں کو منتقل ہو جاتا مگر میری رائے میں اسٹیٹ اثر دینے سے نہیں بلکہ مہارانیوں کے عمل سے منتقل ہو جاتا۔ بمقدمہ یادو منی داسی بیوہ اپنے اسٹیٹ سے قریب ترین وارث عورتوں کے حق میں سالانہ لللہ روپیہ کے بدل کے معاوضہ میں جو اسکو ادا شدنی قرار پایا تھا دست بردار ہو گئی تھی۔ فاضل ججوں نے اسکو ایک تعامل بیان کیا ہے جسکا بدل جائز تھا۔ مقدمہ ہذا میں مہارانیوں نے یہ معاملہ اس وعدہ کے بدل میں کیا جو انکے نواسوں کی جانب سے کیا گیا تھا کہ انکو ایک رقم دینگے جو اس رقم سے کہیں زیادہ تھی جو کورٹ آف وارڈز سے انکو مل رہی تھی۔ میں یہ قرار دینا ممکن سمجھتا ہوں کہ مہارانیوں کا فعل تارک الدنیا ہو نیکے مساوی تھا یا وہ ایسا فعل تھا جو قانون کی نظر میں اس نتیجہ کو جائز ثابت کرے کہ وہ مجازی موت کے برابر تھا۔ میری رائے میں یہ معاملہ انتقال کا اثر رکھتا ہے اور کورٹ آف وارڈز ایکٹ کی دفعہ ۶۰ کی امتناع کے تحت آتا ہے اور فاضل سب آرڈینیٹ جج نے اسوجہ پر مدعی کا مقدمہ خارج کرنے میں صحیح عمل کیا ہے۔

میرا نتیجہ اس سوال کے متعلق جسپر میں نے ابھی بحث کی ہے مرافعہ کے تصفیہ کے لئے کافی ہے مگر چونکہ یہ ممکن ہے کہ یہ مقدمہ

بہادر مان سنگھ بنام رانی لدہ کہتی (پٹنہ)

جو تکمیل کیجاتی تب جائے لہذا ... ری ہو کہ ان ... والات پر جو ہمارے روبرو منجانب مرافعہ علیہ پیش کئے گئے ہیں اپنی رائے کا اظہار کروں۔ یہ بحث کی گئی ہے کہ اگر یہ فرض بھی کر لیا جائے کہ قانون کورٹ آف وارڈز کی دفعہ ... دیہارانیوں کو اپنا اسٹیٹ اپنے نواسوں کے حق میں ترک کرنے سے باز نہیں رکھتی تو بھی دستاویزات ترک بطور خود اسٹیٹ کو دیہارانیوں سے اونکے نواسوں پر منتقل نہیں کر سکتی تھی اور چونکہ انتقال قبضہ دیہارانیوں کا تمام معاملہ نامکمل تھا اور دیہارانی لدہ کہتی کو اختیار رہا تھا کہ وہ نامکمل اقرار سے پلٹ جائے۔ بحث کی بنیاد یہ ہے کہ وارث قریب ترین کی وراثت میں تکمیل کرنے کیلئے واقعی دست برداری ہونی چاہئے نہ کہ مضمون کا صرف کاغذی استقرار جیسا کہ میں نے پہلے ظاہر کیا ہے مضمون دست برداری پر موجودہ قانون ہندو دھرم شاستر

صفحہ ۴۴۸

کے اس قاعدہ کی بجز ایک توسیع ہے جو کسی بیوہ کو دنیا ترک کرنے کی اور جائداد چھوڑنیکی اجازت دیتا ہے۔ مقدمہ دیبی پرشاد چودھری بنام گلاب بھگت (۳) یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ اگر منطق کو ہمارے نظام قانون میں کوئی جگہ دیجائے تو دست برداری پورے اسٹیٹ سے ہونی چاہیئے نہ کہ اس کے ایک حصہ سے۔ اور اسلئے یہ بحث کی گئی ہے کہ اگر یہ تشبیہ موثر ہوتی ہے تو دست برداری واقعی ہونی چاہیئے تاکہ وارث قانونی وراثت حاصل کر سکے۔ میرے خیال میں بحث صحیح ہے اور اسکو غالب ہونا چاہیئے۔ میری رائے میں دست برداری صرف اسوقت سے موثر ہوتی ہے جبکہ بیوہ استقرار کے مطابق عمل کرے اور خود کو اسٹیٹ سے علیحدہ کرے یہ سمجھنا مشکل ہے کہ کسطرح یہ کہا جائیگا کہ ایک بیوہ اپنی حقیت حین حیاتی سے دست بردار ہو گئی ہے۔ اگر باوجود اس کے کاغذی استقرار کے وہ اسٹیٹ پر اپنا قبضہ جاری رکھے۔ مقدمہ رنگا سای گونڈن بنام ناچی اپا گونڈن (۵) جوڈیشل کمیٹی نے یہ ظاہر کیا تھا کہ وہ بیوہ کی بیدخلی سے یعنے ایسی بیدخلی جو دوسرے حالات میں حقیقی یا مجازی موت سے موثر ہوتی ہے اور جو اس تاریخ سے اس کے وارث قریب ترین کو اسکے متوفی شوہر کی جائداد کا وارث بنا دیتی ہے "میری رائے میں بیدخلی واقعہ پر مبنی ہونی چاہیئے اور جبتک کہ بیوہ فی الواقع اپنے آپ کو بیدخل نہ کرے چونکہ اسپر اپنے آپکو بیدخل کرنا لازم نہیں ہے وہ یہ کہنے کا حق رکھتی ہے کہ "میں نے اپنی رائے بدل دی ہے اور میں نہیں چاہتی کہ اپنے استقرار پر کاربند رہوں"۔

لائق گورنمنٹ ایڈوکیٹ نے اس مسئلہ کی صحت پر اعتراض نہیں کیا ہے جسکی نسبت میں خیال کرنیکی جرات کرتا ہوں کہ اصول دست برداری کی بنیاد ہے۔ مگر وہ بیان کرتے ہیں کہ ایسے واقعات پیش آئے ہیں جو اس کیجانب سے اپنی رائے کے بدلنے کو ناانصافی پر مبنی کرتے ہیں میں بالکل متفق ہوں کہ اگرچہ کسی فریق کو کسی نامکمل اقرار سے پلٹنے کا پورا اختیار ہے مگر ایسے اختیار سے اسوقت انکار کیا جائیگا جبکہ فریقین اپنے افعال اور طرز عمل سے اس نامکمل اقرار کو نافذ کریں مگر عذر اظہار افسوس کو خارج کرنے کے لئے کسی فریق کو اپنے دعوی کی بنیاد ایک نامکمل طور پر تکمیل شدہ اقرار پر نہ رکھنی چاہیئے بلکہ ان حقوق پر جو فریقین کے افعال اور طرز عمل سے پیدا ہوں۔ مگر یہاں اقرار نامکمل تھا کیونکہ دیہارانیوں نے قبضہ کو قایم رکھا تھا اور اگر دیہارانیوں کا قبضہ قایم رہ سکتا تھا تو کوئی حق نہیں ہو سکتا جس پر کہ دعوی مبنی کیا جا سکے۔

اکویٹی کا وہ قاعدہ جس پر لائق گورنمنٹ ایڈوکیٹ استدلال کرتے ہیں ایسے معاملات سے متعلق ہے جو نامکمل

راو بہادر رانا سنگ
بنام
مہارانی نند کنور
(پٹنہ)

ہیں یعنے ایسے معاملات جو انگلستان میں بذریعہ تحریر ظاہر کئے جانے چاہئیں. مگر جنکی شہادت تحریری نہیں ہوتی. اور ہندوستان میں جنکی شہادت رجسٹری شدہ دستاویز سے ہونی چاہئے. مگر ان کی شہادت رجسٹری شدہ دستاویز سے نہیں ہوتی. اور یہ اچھی طرح ثابت ہے بشرطیکہ فریقین کیجانب سے ایسے افعال کئے گئے ہوں اور طرز اختیار کیا گیا ہو جس سے غیر مبہم طریقہ سے اقرار واضح ہوتا ہو اور جس سے حالات کی تبدیلی نقصان یا تکلیف لازم آتی ہے کوئی فریق ان حقوق پر اپنا دعوی مبنی کر سکتا ہے جو افعال سے پیدا ہوں اگرچہ وجود اقرار پر نہیں. میری رائے میں موجودہ مقدمہ کے حالات سے اکویٹی کے اس قاعدہ کو متعلق کرنیکی کوئی گنجائش نہیں ہے. مدعی علیہم نے یہ بیان نہیں کیا ہے کہ وہ دستاویز جسپر مدعی استدلال کرتا ہے نامکمل تھی یا تمام امور ضابطہ کی تکمیل نہیں کی گئی تھی. جو اس دستاویز سے متعلق تھے جو بحث کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ دست برداری موثر نہیں ہوتی جبتک کہ دست برداری فی الواقع نہ ہو اور جو مقدمہ اسطرح پیش کیا جائے اسکا جواب صاف طور پر یہ نہیں ہے کہ ہمارے روبرو جزوی تکمیل کے اصول کا حوالہ دیا جائے.

گو فرض کرتے ہوے کہ ایک تعمیل جزوی کے مقدمہ کی تفتیش ممکن ہے. یہ دریافت کیا جا سکتا ہے کہ آیا مدعی اس اکویٹی پر بھروسہ کرتا ہے جو فریقین کے مذکورہ افعال سے پیدا ہوتا ہے وہ عرضیدعوی میں صریحا حسب ذیل استقرار کی استدعا کرتا ہے کہ عدالت اس امر کا استقرار کرے کہ دست برداری اقرارنامہ مورخہ ۱۸ دسمبر ۱۹۱۰ء کی رو سے پدر مدعی اور مدعی علیہ فریق ثانی تمام جائداد کے جسکو متوفی مہاراجہ صاحب لب

نارائن سنگھ بہادر کے. سی. آئی. ای. نے چھوڑا تھا مثل ارث معمولی قریب ترین مستحق ہو گئے اور مدعی علیہ فریق اول کو کوئی حق نہیں ہے کہ مذکورہ اسٹیٹ کا قبضہ بمقابل مدعی اور مدعی علیہ فریق ثانی روک رکھے یہ ایسا نہیں معلوم ہوتا جیسا کہ مدعی نے اپنے دعوے کو دست برداری پر مبنی کیا ہے بلکہ اس ایکویٹی پر جو فریقین کے افعال سے پیدا ہوتا ہے عرضیدعوے پر ایک نظر غائر کافی ہے یہ ثابت کرنیکے لئے کہ مدعی نے اپنے دعوے کو دست برداری پر مبنی کیا ہے ہم کو یہ معلوم نہیں کرایا گیا ہے کہ فریقین کے وہ کونسے افعال تھے جو تحت مدعی ایک ایکویٹی پیدا کر دیتے ہیں اور میری رائے میں ایک ایسے ایکویٹی کے مقدمہ کی برو عرضیدعوی تفتیش کرنا جیسا کہ مدعی نے پیش کیا ہے بالکل ناممکن ہے.

مگر میرا یہ منشا نہیں ہے کہ میں اپنے دعوے کو اس نکتہ

صفحہ ۸۳۹

پر مبنی کروں یا اس تنگ بنیاد پر جیسے کہ تعبیر عرضیدعوی ہے میری رائے میں شہادت سے یہ ثابت نہیں ہے کہ فریقین کے کوئی ایسے افعال تھے جنپر مدعی اپنا حق مبنی کر سکے دست برداری کی تعمیل بتاریخ ۱۸ دسمبر ۱۹۱۰ء ہوئی بتاریخ ۲۴ دسمبر مہارانیوں نے ایک کلکٹر کو لکھا جسمیں انھوں نے اپنے افعال کی اطلاع دی تھی اور یہ خواہش کی تھی کہ "وہ کارروائی کریں کہ متذکرہ جائداد کی نگرانی اور انتظام راو بہادر گوبند سنگھ اور ررود ارتاب سنگھ کے حوالہ کر دی جائے بشرطیکہ ایکٹ آف وارڈز تحت دفعہ ۱۴ (الف) ایکٹ ۹ بابتہ ۱۸۷۹ء بنگال کونسل انتظام قائم رکھنا نامناسب سمجھے" محض یہی ایک مہارانیوں کا فعل ہے اور اسپر سنجیدگی سے بحث کیگئی ہے کہ اس خط پر بھی مدعی ایک ایکویٹی کی بنا رکھی جا سکتی ہے میں ان بحث کو بطور ایک معقول بحث کے قبول کرنے سے قاصر ہوں. اس سے حالات کی کوئی تبدیلی یا نقصان یا تکلیف

ٹو بہادر ہان سنگھ
بنام
مہارانی تولا کہتی
(پٹنہ)

نہیں ہوئی اور یقیناً اس سے نواسوں کا کوئی ایسا فعل ظاہر نہیں ہوتا جو مہارانیوں کے علم یا اجازت سے اقرار کے مکمل ہونے کے بعد وسمبر کیا گیا ہو خط ۲۴ ر دسمبر ۱۹۱۸ء کو لکھا اور ارسال کیا گیا تھا اور ۲۴ ر دسمبر ۱۹۱۸ء کے بعد کسی ایسے امر کی کوئی شہادت نہیں ہے جس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہو کہ مہارانیوں نے ۱۸ ر دسمبر کے معاملہ پر کوئی عمل کیا تھا یا یہ کہ انھوں نے اپنے نواسوں کو اجازت دی تھی کہ وہ ۱۸ ر دسمبر کے معاملہ کے اعتبار پر کوئی عمل اس طرح کریں گویا کہ وہ معاملہ فی نفسہ مکمل تھا۔ مہارانیان سنہارساہی میں سکونت پذیر رہیں اور وہ کورٹ آف وارڈز سے اپنے نان نفقہ کا الاونس حاصل کرتی رہیں۔ مہارانی کلان اگست ۵
۱۹۲۰ء میں فوت ہوئی اور اسکی وفات کیوجہ سے جائداد شوہری کا اسکا حصہ مہارانی تولا کہتی کو حاصل ہو گیا۔ نالش ۱۷ ر جنوری ۱۹۲۱ء کو رجوع کیگئی اور کورٹ آف وارڈز نے ۲۷ ر اپریل ۱۹۲۲ء کو انتظام سے علیحدگی اختیار کر لی کورٹ آف وارڈز کی علیحدگی سے مہارانی تولا کہتی کو خود اپنی جانب سے کچھ کہنے سننے کا اختیار حاصل ہو گیا اور اسنے فوراً ۱۸ ر دسمبر کے معاملہ کو مسترد کر دیا۔ میری رائے میں اس بحث کی تائید شہادت سے نہیں ہوتی کہ فریقین کیجانب سے ایسے افعال کئے گئے تھے جنسے مدعی اپنی حقیت کیلئے استدلال کر سکتا ہے اس کے بعد یہ بحث کی گئی ہے کہ صرف ایک طریقہ جس کے بموجب مہارانیان جائداد سے دست بردار ہو سکتی تھیں یہ تھا کہ وہ کورٹ آف وارڈز سے استدعا کرتیں کہ جائداد انکے نواسوں کے حوالہ کر دیجائے اور یہ کہ انھوں نے اپنے خط مورخہ ۲۴ دسمبر کے ذریعہ سے ایسا کیا تھا لیکن میری رائے میں سوال یہ

نہیں ہے کہ آیا مہارانیوں نے اپنی حقیت سے دست برداری کی کوشش کی تھی بلکہ یہ کہ آیا فی الحقیقت کوئی دست برداری ہوئی تھی کورٹ آف وارڈز کے انتظام سے علیحدہ ہونیکے بعد مہارانی تولا کہتی کو یہ اختیار حاصل تھا کہ وہ ۱۸ ر دسمبر کے معاملہ کی توثیق کرتی یا اپنے مختار کی توثیق کرنے سے انکار کیا اور مجھے کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ کس بنا پر مدعی کو یہ اجازت دیجائے کہ وہ اسکے مقابلہ میں بیدخلی کو قائم رکھے کیونکہ کسیوقت بھی اسپر لازم نہ تھا کہ وہ اپنی حقیت اپنے نواسوں کے حق میں ترک کر دیتی کیونکہ اسنے معاملہ کو تکمیل کرنیسے قبل معاہدہ کو مسترد کر دیا ہے۔ اسکے بعد مدعی علیہا کیجانب سے بحث کیجا رہی ہے کہ اگر یہ فرض بھی کر لیا جائے کہ دستاویز دست برداری کی رو سے جائداد مہارانیوں سے اسکو اور اسکے بھائی کو حاصل ہو گئی تو بھی اسکے بھائی کی وفات پر اسکے بھائی کا حق بربنائے پسماندگی اسکو حاصل ہوا اور مدعی اسکو بھائی کے بیٹے کی حیثیت سے نالش نہیں کر سکتا یہ بحث جوڈیشل کمیٹی کے فیصلہ وینکیا گارو بنام وینکٹا راما یا بہادر گارو (۶) پر مبنی ہے جسمیں قرار دیا گیا تھا کہ بیٹی کی وفات پر اسکے بیٹے اپنے نانا کی جائداد کے وارث ہوتے ہیں اور یہ کہ جائداد انکو مشترکاً حقوق پسماندگی کے تابع حاصل ہوتی ہے۔ ہائیکورٹ مدراس اس نتیجہ پر پہونچی ہے کہ اصول پسماندگی غیر محدود وراثت تک محدود ہے اور بکرار متحد شدہ شرکا رخاندان کی مشترکہ جائداد کی وراثت تک محدود ہے یہ ایک نہایت ممتاز منبہ و متقن معلم گرو داس بنرجی کی رائے ہے اور اسکو ہائیکورٹ کلکتہ اور ہائیکورٹ مدراس نے بطور تصفیہ شدہ قانون کے قبول کر لیا ہے مسٹر مین نے جو فیصلہ کمیٹی میں بحث کی تھی کہ کتابوں میں متعدد ایسے مقدمات تھے جنمیں اس جائداد کی نسبت جو بطور وراثت محدود کے حاصل ہوئی ہو یہ تصور کیا گیا ہے کہ وہ حق پسماندگی کیساتھ مشترک جائداد ہے مسٹر مین نے ان بیٹیوں کے مقدمہ کا حوالہ دیا ہے جو اپنے باپ کی متروکہ جائداد کے وارث ہوئی تھیں ان بیواؤں کے مقدمہ کا حوالہ دیا جو شوہر کی جائداد کی وارث ہوتی ہیں اور بیٹیوں کے مقدمہ کا حوالہ دیا جو بیٹی یا باپ کی جائداد کی وارث ہوتی

(۶) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۴۰ صفحہ ۹۷۰

جوڈیشل کمیٹی نے خیال کیا کہ "جہاں بیٹے وارث ہوتے ہیں تو انکی وراثت غیر مسدود ہوتی ہے" لیکن بیوگان اور بیٹیوں کے مقدمات کے متعلق اس نے یہ تسلیم کیا کہ قطعی طور پر انہیں یہ قرار دیا گیا ہے کہ اصول پسماندگی غیر مسدود وراثت تک اور مکرر متحدہ شدہ شرکاء خاندان کی مشترکہ جائداد کی وراثت تک محدود نہیں ہے۔

مسٹر نرشن چندر اسنہا نے ہمارے روبرو اس امر پر زور دیا ہے کہ قانون متاکشرا کے بموجب بیوہ یا بیٹی کی وفات پر اسکی شریک بیوہ یا پسماندہ بیٹی جائداد کی وارث ہوتی ہے اور ایسی وراثت فی الحقیقت پسماندگی کی بنا پر نہیں بلکہ جائداد کے آخری مالک از قسم ذکور کی قریب ترین وارث ہونیکی وجہ سے عمل میں آتی ہے لیکن مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہمیں اس بحث کو قبول کرنیکا حق نہیں ہے کیونکہ اگر ایسا کیا جائے تو اس کے یہ معنی ہونگے کہ جوڈیشل کمیٹی کے فیصلہ کی صحت پر شبہ کیا جائے۔ جوڈیشل کمیٹی کے فیصلہ کی بنا پر یہ نتیجہ اخذ کیا جانا چاہئے کہ بڈھا لال نے اپنی وفات پر جائداد میں کوئی ایسی حیثیت نہیں چھوڑی تھی جس کا وارث مدعی ہونے کا مستحق ہوتا تھا۔

لیکن جوڈیشل کمیٹی کے حقیقی فیصلہ سے کسیطرح اس سوال کا فیصلہ نہیں ہوتا جو اس مرافعہ میں پیش کیا گیا ہے۔ اہم سوال یہ ہے کہ کیا حق پسماندگی جسکا حوالہ جوڈیشل کمیٹی نے دیا ہے حق پسماندگی حسب مفہوم قانون متاکشرا ہے جس کے بموجب پسماندہ کے حق میں بمقابل متوفی کی اولاد ذکور کے حق غالب رہیگا۔ جوڈیشل کمیٹی کے فیصلہ کا وہ اقتباس جسکی تعبیر سے ہائیکورٹ مدراس اور ہائیکورٹ الہ آباد نے باہم اختلاف کیا ہے حسب ذیل ہے" پھر اس جائداد کی نوعیت کیا ہے جو وہ یعنے نواسے حاصل کرتے ہیں؟ نانا کے قبضہ میں وہ ایسی جائداد تھی جو علحدہ حاصل کیگئی تھی۔ نواسوں کے حق میں وہ موروثی جائداد تھی جو انکو معمولی قانون وراثت کے بموجب وراثتاً حاصل ہوئی تھی اس کے بعد ایک اقتباس ہے جو میری رائے میں فیصلوں کے سمجھنے کیلئے کلید ہے وہ اقتباس حسب ذیل ہے۔ نبلادری اور اپارائو ایک متحدہ خاندان کے ارکان تھے۔"

(مان سنگھ بنام دوارکہ بنی (پٹنہ))

یہ تسلیم کیا جانا چاہئے کہ اگر اصطلاح "موروثی جائداد" کو جوڈیشل کمیٹی نے انھیں معنے میں استعمال کیا تھا جو معنے اس لفظ کے متاکشرا میں سمجھے جاتے ہیں تو اس بحث کے جواز کو تسلیم کرنا ناممکن ہوگا جو مدعا علیہ نمبر ۲ کیجانب سے کیگئی ہے کہ قاعدہ پسماندگی کی بنا پر وارث ہونے کا اسکا حق بمقابلہ مدعی غالب ہوگا۔ "موروثی جائداد" کے معنی اصطلاحاً "اس جائداد کے ہیں جو ایک شخص کو اسطرح حاصل ہوتی ہے کہ اس کی اولاد اسمیں بعض حقوق اس کے مقابلہ میں حاصل کرتے ہیں"۔ مسٹر لچھمی کانت جہانے مدعی علیہ نمبر ۲ کیجانب سے یہ بحث کی ہے کہ جب ہم نواسوں اور انکی اولاد سے بحث کرتے ہیں تو قاعدہ عام سے یہ ایک مستثنیٰ صورت ہوتی ہے۔ جس سے کہا گیا ہے کہ نواسوں کی حیثیت انکے نانا کے خاندان میں خاص ہوتی ہے لیکن ان کے بیٹے اپنے باپ کے نانا کے خاندان کے ارکان نہیں ہوتے اور ان کے متعلق یہ نہیں متصور ہوتا کہ وہ پیدائش سے اپنے باپ کے نانا کی جائداد میں کوئی حیثیت رکھتے ہیں کیونکہ وہ اپنے باپ کے نانا کیلئے اسکی میت کو پنڈ نہیں دیتے۔ بحث نہایت دلچسپ ہے لیکن اسمیں دو اہم نقص ہیں! اولاً یہ کہ اپنے باپ کیلئے اولاد پیدا کرنیکی غرض سے بیٹی کے تقرر کے طریقہ کے متروک ہونیکے قبل نواسونکی حیثیت خواہ کچھ ہی رہی ہو موجودہ قانون کی رو سے وہ خود اپنے باپ کے خاندان کا رکن ہوتا ہے اور اس کے متعلق یہ نہیں تصور کیا جا سکتا کہ وہ اپنے نانا کے خاندان کا رکن ہے۔ اور ثانیاً یہ واقعہ کہ کوئی شخص جائداد کے مالک کی وفات پر اسکو پنڈ نہیں دیتا اس بحث کا تصفیہ نہیں کرتا جو اسوقت

مان سنگھ بنام ... ذوالفقار ... (حاشیہ)

چاہئے ورید مش ہے۔ یہ بالکل صحیح ہے کہ صرف انہیں لوگوں کے متعلق جو مالک جائیداد کی وفات کے بعد اسکو بذریعہ ورثہ لیتے ہیں یہ سمجھا جاتا ہے کہ وہ پیدائش سے جائیداد میں حق رکھتے ہیں لیکن یہ ٹھیک طرح طے شدہ امر ہے کہ جوں جوں ... ان کوئی حصہ حاصل کرتا ہے اسیطرح اسکی اولاد تیسری پشت تک اس سے نیچے اس حصہ میں اپنی پیدائش سے حق حاصل کرتی ہے۔ میری رائے میں اگر جائیداد موروثی جائیداد ہوتی جو بڑا لال اور چھوٹے لال کے قبضہ میں ہوتی تو انکی اولاد تین پشت نیچے تک پیدائش سے اس جائیداد میں حق حاصل کرتی ... بحیثیت بڑا لال کے بیٹے کے چھوٹے لال کے مقابل تقسیم کرا سکتا تھا۔

لیکن ایک زیادہ اہم سوال باقی رہتا ہے یعنی آیا جائیداد کے متعلق یہ تصور کیا جا سکتا ہے کہ وہ بڑا لال اور چھوٹے لال کے قبضہ میں موروثی ہے۔ مسٹر مین نے اس سوال کا جواب نفی میں دیا ہے مسٹر مین نے کہا ہے "اسلئے تمام جائیداد جو کوئی شخص بلا واسطہ لیسے مورث از قسم ذکور سے حاصل کرتا ہے جو خود اس سے تین درجہ اوپر ہو اپنی موروثی جائیداد ہے اور وہ جائیداد پر اپنی اولاد کیساتھ جو شریک خاندان ہوتی ہے قابض ہوتا ہے لیکن جب وہ ایسی جائیداد کسی بعیدی رشتہ دار سے حاصل کرتا ہے مثلاً بھائی بھتیجہ۔ عمزاد بھائی یا چچا سے تو یہ موروثی جائیداد نہیں ہوتی۔ نتیجہ یہ ہے کہ خود اسکی اولاد اس جائیداد کے متعلق اس کے خاندانی شریک نہیں ہوتی ......اس اصول کی بناپر وہ جائیداد جو کوئی شخص اناث سے یا بذریعہ اناث حاصل کرتا ہے مثلاً نواسہ کے ذریعہ سے ...... تو یہ موروثی جائیداد نہوگی۔" (مین طبع ہشتم دفعہ ۲۶۵ صفحہ ۳۰۵) مقدمہ اتر سنگھ بنام ٹھاکر سنگھ (۷) میں جوڈیشل کمیٹی ایسی نتیجہ پر پہنچی۔ اس نے اپنے فیصلہ میں کہا تھا۔ "بجز اس کے کہ اراضیات ۸۳۶

رنا سنگھ کو بوجہ پیدائش بہ سلسلہ مورث از قسم ذکور بہ سلسلہ ذکور ملی ہو جس کے ذریعہ سے مدعیاں بھی اسیطرح دعویدار ہیں وہ دھرم شاستر میں موروثی جائیداد نہیں سمجھی جاتی ہیں"۔ سوال مشکل ہے اور مجھے بہت کچھ پس و پیش یہ قرار دینے میں ہے کہ جوڈیشل کمیٹی نے اصطلاح "موروثی جائیداد" کو ایسے اس اصطلاحی معنے میں استعمال کیا ہے جو متاکشرا میں اس اصطلاح کے ہیں۔

پھر اس سوال کا جواب کسطرح دیا جانا چاہئے؟ میری رائے میں حل اس جملہ میں ہے جو اس بیان کے بعد ہے کہ نواسوں کے قبضہ میں یہ موروثی جائیداد ہے۔ جوڈیشل کمیٹی نے بین طور پر اس واقعہ کا حوالہ دیا ہے کہ نیلا وری اور نارائن ایک متحدہ خاندان کے ارکان تھے اور پھر مقدمہ کا ناناچیا بنام راجہ شیواگنگا (۸) سے اس اقتباس کو درج کیا ہے "دھرم شاستر کے اصول کے بموجب ایک متحدہ خاندان کے ارکان مابین شراکت خاندان ہوتی ہے اور انمیں پسماندگی بھی ہوتی ہے خاندان کے تمام ارکان کے مابین اتحاد حقیت اور اتحاد قبضہ ہوتا ہے اور انمیں سے ایک کی وفات پر دوسرے اس شئے میں پسماندگی کے ذریعہ سے حقیت حاصل کرتے ہیں جسمیں متوفی کی حیات کے زمانے میں وہ مشترک حقیت اور مشترک قبضہ رکھتے تھے"۔ یہ مسلمہ ہے کہ نیلا وری اور ایا راؤ اپنے نانا کی جائیداد میں اس کی حیات کے زمانہ میں مشترک حقیت یا مشترک قبضہ نہیں رکھتے تھے لیکن وہ بلاشبہ متحدہ خاندان کے ارکان تھے اور میں یہ اضافہ کرونگا کہ انکی اولاد کے مابین اس جائیداد کے متعلق شراکت خاندان تھی جو کلیہ طور پر انکی موروثی جائیداد تھی۔ میری رائے میں جوڈیشل کمیٹی نے اس لئے پر عمل کیا جائیداد جس کے وارث نیلا وری اور ایا راؤ ہوئے انکی خاندانی جائیداد میں اضافہ ہوئی تھی کیونکہ کسی قسم کے

(۷) انڈین اپیلز جلد ۱۰ صفحہ ۲۱۔

(۸) مور انڈین اپیلز جلد ۹ صفحہ ۵۳۹۔

معروضہ پر یہ ممکن نہیں کہ اس فیصلہ کی وضاحت اسطرح کیجائے کہ وہ متاکشرا کے اصولوں کے مطابق ہو سکے۔ یہی وہ رائے ہے جو مین کے دہرم شاستر کے فاضل مولف نے اختیار کی ہے۔ فاضل مولف نے (طبع ہشتم دفعہ ۵۲۳ الف، ۲، ۹، ۷) میں کہا ہے۔" یہ دیکھا جائیگا کہ اس مقدمہ میں جائداد صرف ایک بیٹے کو حاصل ہوئی جو دونوں بیٹوں کی ماں تھی اور یہ کہ یہ بیٹے ایک غیر منقسمہ خاندان کے ارکان تھے جس نے اسوقت اس حقیت کی بنا پر جائداد حاصل کی تھی۔ باوی النظر میں کوئی وجہ نہیں ہے کہ کیوں وہ اس جائداد پر اس طریقہ سے کسی مختلف طریقہ سے قابض رہیں جس کے بموجب وہ اپنی دوسری خاندانی جائداد پر قابض تھے جسمیں قدرتاً وہ ایک اضافہ شکمی تھی"۔ اگر یہ رائے صحیح ہو جیسا کہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ صحیح ہے تو جائداد میں بیٹے اپنے باپ کے مساوی حق رکھیں گے جبکہ اس کے متعلق یہ متصور ہو کہ وہ اس جائداد میں اضافہ ہے جسمیں وہ پیدائش سے حق رکھتے ہیں۔ ہمارے روبرو پیش شدہ مقدمہ میں بڑا لال اور چھوٹے لال ایک متحدہ خاندان کے ارکان ہیں اور یہ بیان نہیں کیا گیا ہے کہ انمیں کبھی علیحدگی ہوئی تھی۔ میری رائے میں سوال کا جواب مدعی کے موافق اور مدعی علیہ نمبر ۲ کے مخالف دیا جانا چاہیے۔

دوسرا صرف ایک سوال جسپر مجھے غور کرنا ہے وہ ایک سوال واقعاتی ہے جو مہارانی نولاکھ بتی کیجانب سے پیش کیا گیا ہے کہ آیا دستاویز دستبرداری جو اس نے تکمیل کی ہے اس کے خلاف موثر اور قابل نفاذ ہے۔ اس امر کے متعلق مہارانی کا بیان اس کے بیان تحریری کے فقرہ ۶ (الف) میں درج ہے جو حسب ذیل ہے۔" یہ کہ مدعی علیہ نمبر ۲ کو جس سے مہارانیاں بہت محبت رکھتی تھیں گورنمنٹ نے اس شبہ کی بنا پر ضلع سے چلے جانیکا حکم دیا تھا کہ وہ متوفی مہاراجہ کے قتل میں شریک تھا۔ مدعی کے باپ نے مہارانیوں سے بیان کیا تھا کہ ان کیجانب سے ایک دستاویز کی تکمیل ضروری تھی تاکہ گورنمنٹ کو یہ ترغیب ہو سکے کہ وہ مدعی علیہ نمبر ۲ کو بھاگلپور ڈسٹرکٹ میں واپس آنیکی اجازت دے۔ اور مہارانیوں نے اس غلط بیانی کی بنا پر بلا کسی مناسب اور آزادانہ مشورہ کے اور بغیر اس کے اثر کو سمجھے ہوئے دستاویز دستبرداری پر دستخط کر دے۔ من مدعی علیہا کو استدعا ہے کہ ان حالات میں دستاویز قانوناً کالعدم اور غیر موثر ہے"۔ شہادت سے ایک امر صاف ہے اور وہ یہ کہ مہارانیوں نے بار بار یہ کوششیں کی ہیں کہ مدعی علیہ نمبر ۲ کے حکم اخراج منسوخ کر دیا جائے۔ ۵ مئی سنہ ۱۹۱۶ء کو مہارانیوں نے کلکٹر بھاگلپور کو ایک درخواست دی جسمیں انھوں نے یہ استدعا کی تھی کہ چھوٹے لال کے حق میں اپنے اسٹیٹ کی دستبرداری دینے کی اجازت دیجائے۔ اس درخواست کے متعلق ڈسٹرکٹ جج کا بیان ہے کہ یہ چھوٹے لال کی بحالی ثابت کرنے کی کوشش تھی ڈسٹرکٹ جج بیان کرتے ہیں کہ "ان خاص حالات کے لحاظ سے جنمیں کہ وہ اسوقت تھا اس کی ماں اور بھائی اس درخواست سے اپنی رضامندی کا اظہار کرنے سے باز نہ رہ سکتے تھے اگر اسکی جانب سے قتل کا شبہ امر ... ہو جاتا۔ اس درخواست کے معائنہ سے معلوم ہوگا کہ اسکی اصل غرض چھوٹے لال کو بحال کرنی تھی دستبرداری کے معاملہ کی اسمیں بہت کم اہمیت تھی بلکہ یہ صرف ایک ترغیب کے طور پر پیش کیگئی تھی یہ سنہ ۱۹۱۴ء سے سنہ ۱۹۱۹ء تک مہارانیوں نے اس خصوص میں متعدد کوششیں کیں۔ دستاویز (ز) مہارانیوں کے نام کلکٹر کے خط مورخہ ۱۴ مارچ سنہ ۱۹۱۰ء ہے جسمیں مہارانیوں کے خط مورخہ ۱۱ مارچ سنہ ۱۹۱۰ء کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے بیان کیا ہے کہ "گذشتہ خواہش یہ تھی کہ چھوٹے لال صاحب کو فی الحال واپس بلانا قرین مصلحت نہیں ہے"۔ دستاویز ک ایک حکم مورخہ

مان شدہ بنام نولاکھ بتی دیئنہ ! صفحہ ۹

... ۱۹۱۰ء ہے جو کہ ... نے مہارانیوں ... درخواست ... دی ہوئی تھی ... یہ ... تھی کہ انکے چھوٹے نواسہ کو اجازت دی جائے کہ وہ سنبارسا ... آسکے ... گورنمنٹ ... اس سوال پر کامل طور پر غور کیا ہے اور مجھے افسوس ... کہ آپ یہ سفارش کرنے سے قاصر ہوں کہ متوفی مہاراجہ بہادر سنبارسا کے چھوٹے نواسہ کو یہ حق دیا جائے کہ وہ اس ضلع میں اور سنبارسا کو آئے سنہ ۱۹۱۳ء میں مہارانیوں نے لوکل گورنمنٹ کی خدمت میں ایک عرضداشت روانہ کی تھی دستاویز ایل گورنمنٹ کیجانب سے اس عرضداشت کا جو جواب ہے وہ حسب ذیل ہے "انکی عرضداشت مورخہ ... کے حوالہ سے مجھہ دستخط کنندہ ذیل کو یہ ہدایت دیگئی ہے کہ میں مہارانی صاحبہ سنبارسا کو یہ پیام پہنچا دوں کہ لفٹننٹ گورنر باجلاس کونسل اظہار افسوس کرتے ہیں وہ ان موجودہ احکام میں تبدیلی کرنے سے قاصر ہیں جنکی رو سے لال رودر پرتاب سنگھ کو سنبارسا میں واپس آنیکی ممانعت کی گئی ہے" اپنے خط مورخہ ۴ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء دستاویز ہ میں مہارانیوں نے اپنے نواسوں کے حق میں دستاویز دستخط کرکے کلکٹر کے پاس بھیجتے ہوئے چھوٹے لال کی صفائی نہایت تفصیل کے ساتھ پیش کی تھی اور یہ بھی استدعا کی تھی کہ گورنمنٹ وہ حکم اٹھالے جسکی رو سے چھوٹے لال کو ضلع میں آنیکی ممانعت کردیگئی تھی اور رائے بہادر رام چرن پرشاد کی شہادت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دستاویز پر دستخط کی تکمیل کے وقت بڑی مہارانی نے اس سے اس امر کے متعلق مشورہ کیا کہ "چھوٹے نواسہ کو بھاگلپور واپس بلانیکا بہترین طریقہ کیا ہوگا"۔

مہارانی نولاکھہ کی شہادت کو ان جذبات سے متاثر ہوئے بغیر پڑھنا ناممکن ہے جس میں اس نے بار بار یہ کہا ہے کہ "ہم نے کسی کو جائداد نہیں دی ہے۔ چھوٹے لال کے آنیکے متعلق ... دھوکہ دہی" (یعنے دھوکہ دیکر) سے ایسا کیا گیا ہے۔ اسکی شہادت یہ ہے کہ اس سے یہ بیان کیا گیا تھا کہ اگر وہ دستاویز کی تکمیل کردے تو چھوٹے لال کے خلاف حکم اٹھا لیا جائیگا اور وہ بھاگلپور واپس آسکے گا۔ وہ بیان کرتی ہے کہ دستاویز نہ تو اس کے سامنے پڑھی گئی اور نہ اسکو سمجھائی گئی اور اگر اسکو یہ معلوم ہوتا کہ جائداد میں وہ اپنے مالکانہ حق سے اپنے آپکو ہمیشہ کیلئے محروم کررہی ہے تو وہ اسپر کبھی دستخط نہ کرتی۔ میری رائے یہ ہے کہ بلحاظ ان سابقہ حالات کے جن سے معلوم ہوتا ہے کہ چھوٹے لال کے خلاف اخراج کا حکم منسوخ کرانے کیلئے مہارانیاں ان تھک کوشش کرتی رہی ہیں جو قصہ وہ بیان کرتی ہے قرین قیاس معلوم ہوتا ہے۔

اس امر پر شہادت پر غور کرنے سے قبل یہ مفید ہوگا کہ ان قواعد پر ایک نظر ڈال لیں جو وقتاً فوقتاً اسلئے قرار دئے گئے ہیں کہ عدالتیں یہ تصفیہ کرنے کے قابل ہوسکیں کہ آیا وہ دستاویزات جو "پردہ نشین" خواتین سے حاصل کیجاتی ہیں انکے خلاف قابل نفاذ ہیں۔ پردہ نشین خواتین کی حفاظت کا عدالتہائے قانون کا اختیار اس قیاس پر مبنی ہے کہ دنیا کے متعلق انکا علم نامکمل ہوتا ہے اور وہ داب ناجائز کے اثرات کو قبول کرلیتی ہیں اور ایسے شخص کا جو کسی پردہ نشین عورت سے کوئی فائدہ بخش معاہدہ حاصل کرتا ہے۔ یہ فریضہ قرار دیا گیا ہے کہ وہ ثابت کرے کہ دستاویز کا مضمون اسکو سمجھا دیا گیا تھا اور اس نے اسکو سمجھہ لیا تھا۔ اس ابتدائی اصول سے چلکر کہ ہر شخص پر جو کوئی دستاویز کسی پردہ نشین عورت سے حاصل کرتا ہے لازم ہے کہ وہ مثبت طریقہ سے یہ ثابت کرے کہ دستاویز اس کی تکمیل کردہ دستاویز ہے عدالتہائے قانون نے بعض قواعد قرار دئے ہیں تاکہ ان سے اس امر کا تصفیہ کرنے میں مدد لیجائے لیکن یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ یہ قواعد احتیاطی قواعد ہیں

شدکر قانون کے قواعد اور یہ کہ انکا اطلاق ہر مقدمہ کے خاص حالات کے لحاظ سے ہونا چاہئے. جیسا کہ جوڈیشل کمیٹی نے ایک مرتبہ کہا تھا کہ ان قواعد میں ایک سخت خطرہ یہ ہے کہ اگر یہ قواعد سخت قواعد قرار دئے جائیں اور ایسے قواعد بنا دئے جائیں جنمیں کوئی خامی ہی نہو اور ان کے متعلق یہ تصور کیا جائے کہ انکا اطلاق عام ہے اور اس خاص مقدمہ میں خاص واقعات اور ماحول کا لحاظ نہ کیا جائے جو تصفیہ کیلئے پیش ہو تو انکی وجہ سے انصاف رسانی میں سخت قصور ہوگا۔

میں ان تمام مقدمات پر بحث کرنا نہیں چاہتا جو اس امر کے متعلق ہیں. مسٹر جسٹس مکرجی کے فیصلہ بناران چند امکرجی بنام نروپاما دیبی (۹) کا حوالہ کافی ہوگا جسمیں ان فاضل اور ممتاز جج نے تمام حالت کا خلاصہ ان الفاظ میں درج کیا ہے فاضل جج نے کہا ہے "یہ اچھی طرح تصفیہ شدہ امر ہے کہ جب عدالت کو کسی ایسی دستاویز کا تصفیہ کرنا ہو جسکی تکمیل کسی پردہ نشین خاتون نے کی ہو تو اسکو چاہئے کہ وہ شہادت سے حسب ذیل امور پر اپنا اطمنان کرلے اولاً یہ کہ دستاویز خود عورت یا اس کیجانب سے کسی شخص مجاز نے کامل سمجھوتہ کے ساتھ تکمیل کی تھی یہ جانکر کہ وہ کیا کرنا چاہتی تھی. ثانیاً یہ کہ اس خاتون کو اس معاملہ کی نوعیت اور اثر کا کامل علم تھا جسکا کرنا اس کیجانب سے بیان کیا جارہا ہے اور ثالثاً یہ کہ اس معاملہ پر اسکو آزادانہ اور غیر طرفدارانہ مشورہ ملا تھا...... جانچ کرنے پر معلوم ہوگا کہ یہ مقدمات دو وسیع اقسام کے تحت آتے ہیں یعنے اولاً وہ مقدمات جنمیں وہ شخص جو یہ استدعا کرتا ہے کہ عورت کو اسکی دستاویز کی شرائط کا پابند کرے ایسا شخص ہوتا ہے جو اس کے ساتھ کوئی اعتمادی تعلق رکھتا ہو یا کسی ذاتی اعتماد کا تعلق رکھتا ہو. اور ثانیاً ایسے مقدمات جنمیں وہ شخص جو دستاویز کو نافذ کرانیکی استدعا کرتا ہے بالکل اجنبی ہوتا ہے اور عورت سے دور ہی سے معاملہ کرتا ہے. قسم اول کے مقدمات میں عدالت بڑی احتیاط سے عمل کریگی اور یہ قیاس کریگی کہ یا تو اعتماد دلایا گیا تھا یا اثر استعمال کیا گیا تھا. موخرالذکر قسم کے مقدمات میں عدالت اعتماد اور اثر کا داخلی ثبوت طلب کریگی ...... معاملہ کا لب لباب نہایت جامع طور پر لارڈ ہکارسٹر نے مقدمہ ستی تاپالاوی بنام رہاراسندری دیبی چودھرانی (۱۰) میں بیان کیا تھا۔ جسمیں انہوں نے یہ کہا تھا کہ ان حالات کی جانچ نہایت احتیاط سے کرنی چاہئے جن کے تحت کوئی پردہ نشین عورت اس جائداد کو منتقل کرنے پر رضامندی کا اظہار کرتی ہے جسمیں اسکو حق حاصل ہوتا کہ یہ متحقق ہوسکے کہ اسکو آزادانہ مشورہ ملا تھا اور یہ کہ خاتون متعلقہ اور اہم معاملات کو سمجھنے کیلئے کافی فہم رکھتی تھی یہ کہ اس نے انکو جب وہ اسکو سمجھائے گئے تھے سمجھ لیا تھا۔ یہ کہ کوئی امر اس سے مخفی نہیں رکھا گیا تھا اور یہ کہ کوئی داب ناجائز یا غلط بیانی نہیں کیگئی تھی...... یہ رائے ظاہر کیجاتی کہ عدالت کو متعلقہ عورت کے قوائے عقلیہ کی قابلیت کا لحاظ کرنا چاہئے اور قدرتاً وہ کسی دستاویز کو منسوخ کرنیکی جانب مائل نہ ہوگی جبکہ عورت کے متعلق یہ ثابت ہو کہ اسکی عادات کاروبار کرنے والوں کی سی تھیں. وہ خواندہ تھی اور یہ کہ اسمیں یہ قابلیت تھی کہ وہ بطور خود سمجھ سکتی تھی"۔ میں نہایت عظمت کے ساتھ اس رائے کو اختیار کرتا ہوں جو مسٹر جسٹس مکرجی نے مقدمہ محولہ میں ظاہر کی ہے۔

یہ دریافت کرنا یہاں ایک امر متعلقہ ہے کہ آیا وہ مقدمہ جو ہمارے روبرو پیش ہے متذکرہ بالا قسم اول میں آتا ہے جسمیں کوئی شخص عورت کو اسکی تکمیل کردہ دستاویز کی شرائط کا پابند کرانا چاہتا ہے اس کے ساتھ ذاتی اعتماد کا کوئی تعلق رکھتا ہے. ایک گورنمنٹ

(۹) انڈین کیسز جلد ۶۹ صفحہ ۴۰۶ (نظائر ہند صفحہ ۶۳۲)

(۱۰) انڈین کیسز جلد ۲۳ صفحہ ۱۳۱۔

ایڈوکیٹ نے ... ساتھ یہ بحث کی ہے کہ چونکہ مہارانیاں
کورٹ آف وارڈز کی نگرانی میں تھیں اسلئے بڑا لال کو ان کے
ساتھ کوئی ذاتی [illegible] تعلق نہ تھا۔ مقدمہ [illegible]
زیادہ [illegible] بڑا لال واقعہ یہ ہے کہ اگر مہارانیاں کورٹ کی نگرانی
میں تھیں انہوں نے [illegible] دستاویز [illegible] کے معاملہ میں کورٹ
آف وارڈز کا مشورہ حاصل کرنے کی کوئی کوشش نہیں کی۔ جو کچھ
وہ اس معاملہ میں کرنا چاہتی تھیں اسکا علم کلکٹر کو کر دیا تھا لیکن
جو کچھ وہ کر رہی تھیں اسکا علم کورٹ آف وارڈز کو کرنا ایک امر ہے
اور معاملہ میں اس کے مشورہ کی استدعا کرنا بالکل دوسری چیز۔
کورٹ آف وارڈز اگرچہ مہارانیوں کا قانونی ولی تھا لیکن وہ
معاملہ سے بالکل لاعلم رکھا گیا تھا اور مسٹر ٹیلموتی رے کی شہادت سے
جو کورٹ آف وارڈز کے تحت سنبارسا اسٹیٹ کا ۱۹۱۶ء سے
۱۹۲۰ء تک منیجر تھا یہ معلوم ہوتا ہے کہ جہاں تک اسکا تعلق تھا دستاویز
دست برداری کے مسئلہ پر مہارانیاں بالکل خاموش تھیں۔ اسلئے یہ کہنا
بیہودگی ہوگی کہ چونکہ کورٹ آف وارڈز مہارانیوں کا ولی تھا
بڑا لال کا کوئی ذاتی اعتمادی تعلق ان کے ساتھ نہ ہو سکتا تھا مقدمہ
مریم بی بی بنام محمد ابراہیم (۱۱) میں دستاویز ایک بھائی
نے بہن سے حاصل کی تھی جو اس کے شوہر کے ساتھ رہتا تھا۔
مقدمہ کا انفصال اس امر پر ہوا تھا انکے مابین ذاتی اعتمادی
تعلق تھا۔ مقدمہ بنارسی چندر مکرجی بنام نروپا مادیبی (۹) میں
دستاویز عورت سے اس کے شوہر کے علاتی بھائی نے حاصل کی تھی
یہ مقدمہ بھی اس بنا پر فیصل کیا گیا تھا کہ ان کے مابین ذاتی اعتمادی
تعلق تھا۔ مقدمہ موخرالذکر میں مسٹر جسٹس مکرجی نے یہ بتلایا تھا کہ
ہندو خاندان مشترکہ کی معمولی ترتیب کے مطابق عورت اپنے
شوہر کے علاتی بھائی کو اپنا قدرتی محافظ جانتی تھی اور وہ لیا
شخص تھا جس پر وہ اپنے حقوق کی حفاظت کیلئے اعتماد کرتی تھی
موجودہ مقدمہ کے واقعات سے قوی طور پر یہ رائے قائم کیجاتی
ہے کہ بڑا لال مہارانیوں کا قدرتی محافظ سمجھا جاتا تھا اور یہ یاد
رکھنا چاہیئے کہ وہ کمسن تھیں اور کوئی دوسرا شخص انکو مشورہ دینے
والا نہ تھا۔ بڑا لال انکا نواسہ تھا اور انھیں کے مکان میں پرورش
پائی تھی۔ بلحاظ رشتہ داری کوئی بھی ان سے اتنا قریب نہ تھا جتنا
بڑا لال تھا جسکی طرف قدرتاً وہ مشورہ اور رہنمائی کیلئے رجوع ہوتیں

اس نوبت پر یہ ضروری ہے کہ ہم اس بحث پر غور کریں جو
لائق گورنمنٹ ایڈوکیٹ نے کچھ جذبات کے ساتھ ہمارے روبرو
پیش کی ہے۔ یہ بحث کیگئی ہے کہ دستاویز دست برداری سے بڑا لال کو کوئی
تعلق نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ دسمبر ۱۹۱۸ء تک سنبارسا نہیں
آیا تھا اور مسودہ مارچ ۱۹۱۸ء ہی میں مرتب ہو گیا تھا۔ یہ بتلا دینا ضروری
ہے کہ بڑا لال کا مکان راجپوتانہ میں بوراوارا میں ہے اور یہ کہ وہ
معمولاً بوراوارا میں ہی رہتا ہے اگرچہ وہ اکثر سنبارسا آیا کرتا تھا
دستاویز دست برداری کا مسودہ کسی وقت مارچ ۱۹۱۸ء میں مرتب
ہوا تھا اور شہادت اس امر پر قطعی ہے کہ بڑا لال دسمبر ۱۹۱۸ء
تک سنبارسا نہیں آیا تھا لیکن شہادت سے یہ بھی ظاہر ہوتا
ہے کہ اس معاملہ میں ایک شخص اینزدہ پرشاد سنگھ نے بڑا حصہ لیا
تھا اور وہ بڑا لال کا کارندہ تھا۔ مَن بہرن رام مسرا جو مدعی کا کارندہ
ہے حلف لیکر بیان کرتا ہے کہ اس نے بھاگلپور میں اینزدہ کو مکان
میں دیکھا تھا اور یہ کہ وہ دستاویز کے مسودہ کی ترتیب کے وقت
عین اسی مقام پر ٹھیرا ہوا تھا جہاں مہارانیاں ٹھیری ہیں۔
سوال ابتدائی میں اس نے بیان کیا تھا کہ یہ دسمبر ۱۹۱۸ء کا
واقعہ تھا۔ مَن طور پر اس نے غلطی کی تھی لیکن اس نے جرح میں
اپنے بیان کی تصحیح کردی۔ لیکن وہ صاف طور پر بیان کرتا ہے

(۱۱) [illegible]

کہ جب مہارانیاں دستاویز کے مسودہ کی ترتیب کے سلسلہ میں بھاگلپور آئی تھیں تو اینرُدہ ان کے ساتھ تھا اور یہ کہ اس نے مسودہ کی ترتیب میں حصہ لیا تھا اگرچہ وہ یہ نہیں کہہ سکتا کہ کوئی نمایاں حصہ لیا تھا۔ دستاویز کی تکمیل کے متعلق انہیں کوئی شبہ نہیں ہے کہ یہ بتلایا جاتا ہے کہ سب سے بڑا حصہ اسکا تھا کیونکہ وہی وہ شخص ہے جس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ اس نے دستاویز مہارانیوں کے سامنے پڑھی اور سمجھائی تھی۔ مجموعی طور پر شہادت کو پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ مارچ سے دسمبر ۱۹۱۰ء تک کے نہایت نازک زمانہ میں اینرُدہ بالکل مہارانیوں کے ساتھ رہا اس معاملہ کی نسبت نہایت اہم حصہ لیتا رہا جو مارچ ۱۹۱۰ء میں شروع ہو کر دسمبر ۱۹۱۰ء میں ختم ہوا۔

بلاشبہ اینرُدہ بڑی مہارانی کا رشتہ دار تھا کیونکہ اس نے اس کے بھائی کی بیٹی سے ازدواج کیا تھا لیکن پربھو چرن اپادھیائے کے بیان کے مطابق جسکا بیان بطور گواہ مدعی لیا گیا تھا اینرُدہ بڑا لال کا کارندہ تھا۔ پربھو چرن بلاشبہ اینرُدہ کو جانتا تھا۔ ڈسٹرکٹ جج کا بیان ہے کہ وہ اینرُدہ کا دوست تھا اور وہ اینرُدہ کی استدعا پر دستاویز دستبرداری کی تصدیق کرنے کیلئے بندوارا گیا تھا۔ یہ کہنا مشکل ہے کہ آیا ڈسٹرکٹ جج پربھو چرن کی شہادت کو ناقابل اعتماد قرار دینا چاہتے تھے یا کیا۔ اس کا بیان ہے کہ اسکی ہمدردی مہارانی کے ساتھ تھی اور یہ کہ سچائی اس سے بجبر حاصل کرنی پڑی۔ لیکن اس موضوع پر کوئی طویل بحث غیر ضروری ہے کیونکہ لایق گورنمنٹ ایڈوکیٹ نے ہمارے روبرو یہ تسلیم کر لیا ہے کہ وہ سچا گواہ ہے۔ یہ واضح ہے کہ اگر اسکی شہادت کو مطعون کر دیا جائے تو مدعی کو یہ ثابت کرنے میں بڑی مشکل پیش آئیگی کہ دستاویز خواتین کے روبرو پڑھی اور انکو سمجھائی گئی تھی۔ پربھو چرن کے بیان کے مطابق اینرُدہ بڑا لال کا کارندہ تھا۔

تمام شہادت کی جانچ احتیاط سے کرنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ بڑا لال کو مہارانیوں کے ساتھ ذاتی اعتبار کا تعلق تھا۔

صورت حالات چونکہ یہ ہے میری رائے میں یہ ضروری ہے کہ مہارانیوں کو معاملہ میں آزادانہ اور غیر طرفدارانہ مشورہ ملنا چاہیے تھا۔ فاضل ڈسٹرکٹ جج اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ اولاً اس مقدمہ میں یہ ضروری نہ تھا کہ اسکو آزادانہ مشورہ ملنا چاہیے تھا اور ثانیاً یہ کہ مقدمہ میں ایسے حالات بھی ہیں جن سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے ان کو اس معاملہ میں آزادانہ قانونی مشورہ حاصل ہوا تھا۔ میں پہلے اس امر پر غور کرونگا کہ دستاویز کو جائز قرار دینے کیلئے آزادانہ قانونی مشورہ ضروری تھا۔ فاضل ڈسٹرکٹ جج نے اپنی اس رائے پر اپنا نتیجہ مبنی کیا ہے کہ ہندو بیوہ کو قریب ترین ورثائے معکوس کے حق میں اپنی جائداد سے دستبرداری دینے کا اصلی اختیار حاصل ہے اور یہ کہ ایسے عمل کے متعلق یہ متصور ہوتا ہے کہ ایک مقدس اور لائق تحسین فعل ہے جس کیلئے آزادانہ اور غیر طرفدارانہ قانونی مشورہ کی ضرورت نہیں۔ میری رائے میں اس مسئلہ کو بحال رکھنا ناممکن ہے۔ نسبتاً میں ایک قدیم مقدمہ مسماۃ ... بیگم بنام نواب سید اصغر علی خان (۱۲) ... متعلق اب بھی ہماری عدالتوں میں یہ متصور ... ایک مسلمان کرنیوالا مقدمہ ہے۔ اس مقدمہ میں ایک مسلمان ... "تولیت نامہ" کی تکمیل اس خیال سے کی تھی کہ ... ان کی وفات کی یادگار میں بعض رسوم ہمیشہ انجام دیجائیں ... کیلئے بھی اس امر پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا کہ کسی مسلمان بیوہ کو یہ "اصلی اختیار" حاصل ہے کہ وہ اپنی جائدادوں کو مذہبی امانت

(۱۲) ویکلی رپورٹر جلد ۱۲ صفحہ ۴۰۳۔

صفحہ ۲۱

ن سنگھ
بنام
نولکھ بیٹا
د بیٹا

کیلئے وقف کرے اور یہ کہ ایسے وقف کے متعلق جو مسلمان بیوہ کی طرف سے کیا جائے یہ تصور ہوتا ہے کہ "وہ مقدس اور لائق تحسین" ہے۔ بہرحال اس نے حلف پر دستاویز کے اثر کا علم ہونے سے انکار کیا اور کلکتہ ہائی کورٹ اس نتیجہ پر پہنچی کہ وہ اس کے خلاف منجملہ اور وجوہ اس وجہ سے غیر موثر تھی کہ "اسوقت اسکو کوئی مدد پیشہ کی نہیں ملی تھی"۔ ہائیکورٹ کلکتہ کے فیصلہ کو جوڈیشل کمیٹی نے بحال رکھا تھا ملاحظہ ہو اصغر علی بنام دلروس بانو بیگم (۱۳) اس موضوع پر طویل بحث کرنا غیر ضروری ہے کیونکہ اس مسئلہ کے لئے کوئی سند نہیں ہے جس کیلئے ذیلعلم سبارڈینٹ جج نے اپنے آپ کو ذمہ وار گردانا ہے۔

ذیلعلم سبارڈینٹ جج کا نتیجہ انکی اس تجویز پر بھی مبنی ہے کہ مہارانیوں کو "دماغی قابلیت" اور "کاروباری قابلیت" حاصل تھی جس کیوجہ سے مقدمہ لارڈ شاؤ کے فیصلہ کالی بخش سنگھ بنام رام گوپال سنگھ (۱۴) کے تحت آجاتا ہے۔ یہ ایک ایسا مقدمہ تھا جسمیں ایک ہندو عورت نے اپنی جائیداد کا نصف حصہ اپنے آشنا کے بیٹے کے حق میں ہبہ کردیا تھا۔ جوڈیشل کمیٹی نے یہ تجویز کی کہ اس عورت کو سالہا سال سے اپنے معاملات کا انتظام کرنے اپنے حسابات رکھنے اور اپنے کاروبار کی نگرانی کرنیکی عادت تھی۔ ثانیاً یہ کہ اس کی قوت ارادی بہت قوی تھی اور ثالثاً یہ کہ وہ ایک قابل عورت تھی جو کامل طور پر اپنے حقوق کی نگرانی کرتی تھی اور اسکو جو کچھ وہ کررہی تھی اس کا علم تھا۔ ان واقعات کو پیش نظر رکھکر حکام عالیمقام کو اس امر پر غور کرنا تھا کہ یہ واقعہ کہ عورت نے

بیرونی آزادانہ مشورہ نہیں حاصل کیا تھا آیا دستاویز کو کالعدم کردیتا تھا۔ اس امر پر بحث کرتے ہوئے لارڈ شاؤ نے حسب ذیل کہا تھا۔ "آزادانہ مشورہ کا حاصل ہونا یا نہونا ایک ایسا واقعہ ہے جسپر ایک تنقیح کے متعلقہ تمام حالات کو پیش نظر رکھکر لحاظ اور کامل غور کرنا چاہیے کہ آیا واہب کامل طور پر سمجھتا تھا اور اس نے برضا و رغبت و بلا جبر و اکراہ معاملہ کیا تھا۔ اگر اس نے ایسا کیا تھا تو تنقیح حل ہوگئی اور معاملہ بحال رکھا جائیگا۔ لیکن اگر واقعات کی نظر ثانی پر جنمیں فعل انجام دادہ کی نوعیت واہب کی تربیت و عادت اور وہ قریبی حالات جو اسکی تکمیل پر موثر ہوتے ہیں شامل ہونگے یہ نتیجہ نکلے کہ اگر آزادانہ مشورہ ملتا تو نتیجہ میں کوئی فرق نہوتا تو ایسی حالت میں دستاویز قائم رہنی چاہیئے"۔

میری رائے میں مقدمہ ہذا اور مقدمہ کالی بخش میں مشابہت نہیں ہے۔ ذیلعلم سبارڈینٹ جج کا بیان ہے کہ مہارانیاں نوشت و خواند میں ملکہ رکھتی تھیں "انکا ایک خاص عملہ تھا جو منشیوں محرروں اور کارپرداز وغیرہ پر مشتمل تھا یہ کہ وہ اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقات کرتی تھیں جن کے ساتھ وہ ریاست داری کے متعلق غیر رسمی گفتگو کرتی تھیں" اور یہ کہ "وہ نولکشور کے ساتھ جو کورٹ آف وارڈز کے تحت سنبارسا اسٹیٹ کے منتظم کے دفتر کا سررشتہ دار تھا گفتگو کیا کرتی تھیں" انہوں نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ "یہ واقعات بلا کسی شائبہ غلطی کے یہ ثابت کرتے ہیں کہ دونوں مہارانیوں کی "دماغی قابلیت اور انکی کاروباری عادات اچھی تھیں اور وہ بطور خود کسی امر کا تصفیہ کرنے کی اہلیت رکھتی تھیں"۔

یہ بتلانے کیلئے ذیلعلم سبارڈینٹ جج کے نتیجہ کو قبول کرنا کسطرح بالکل ناممکن ہے شہادت کی جانچ کرنا ضروری ہوگا۔ ہمارے روبرو کسی ایسی شہادت کا حوالہ نہیں دیا گیا جو

(۱۳) انڈین لاء رپورٹ کلکتہ جلد ۳ صفحہ ۳۲۴۔
(۱۴) انڈین کیسز جلد ۱۲ صفحہ ۹۰۵۔

...ان سنگھ بنام نولاکھبی (پٹنہ)

جس سے یہ ثابت ہو کہ مہارانیاں لکھ پڑھ سکتی تھیں اور خود میری
تحقیقات سے جو مجھے توقع ہے کہ بالکل مکمل ہے کوئی ایسا نتیجہ نہیں
برآمد ہوتا۔ وہ یقیناً اپنے نام کے دستخط ہندی میں کر سکتی ہیں لیکن
اکثر اشخاص اپنے نام کے دستخط کر سکتے ہیں لیکن وہ لکھ پڑھ نہیں
سکتے۔ دو موقعوں پر مہارانی پر طویل جرح کیگئی تھی اور اس سے یہ
نہیں کہا گیا کہ وہ لفظ کے کسی مفہوم میں بھی خواندہ تھی۔ بہرحال
یہ فرض کیا جاتا ہے کہ وہ لکھ پڑھ سکتی تھیں۔ اس مفروضہ سے
ہمیں کوئی زیادہ فائدہ نہیں ہوتا بجز اس کے کہ ہم اس کے ساتھ
یہ بھی فرض کر لیں کہ انکی تربیت اور عادات اس قسم کی تھیں
کہ ان کیوجہ سے وہ ان محلوں کی نگرانی کرنے کے قابل تھیں
جو انکی جائداد پر کئے جائیں۔ امر ہذا کے متعلق کوئی شہادت نہیں ہے
اور اس مواد پر جو ہمارے روبرو ہے ایسا کوئی مفروضہ قائم کرنا
بالکل ناممکن ہے۔ یہ کہا گیا ہے کہ انہوں نے اپنے محل
میں ایک عملہ بھی رکھا ہے جو منشیوں، محرروں اور کارپرداز
وغیرہ پر مشتمل ہے۔ فاضل سبارڈینیٹ جج کے فیصلہ کو سمجھنے کی خواہش
کے باوجود میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ کسطرح یہ تنقیح اس واقعہ کا
حوالہ دینے سے حل ہو جاتی ہے کہ مہارانیوں نے ایک بڑا عملہ ملازم
کر رکھا ہے بجز اس کے کہ شہادت سے یہ ثابت کیا جائے (جو
ثابت نہیں ہوتا) کہ وہ منشیوں، محرروں اور کارپردازوں کے کام
کی نگرانی کرتی تھیں اور انکو ہدایت دیتی تھیں اور یہ کہ وہ اپنے
معاملات کا انتظام کرتی تھیں اور انکو منشیوں، محرروں اور کارپردازوں
پر نہیں چھوڑ دیتی تھیں۔ یہ ظاہر کرنے کیلئے کچھ بھی شہادت نہیں
ہے کہ وہ اپنے معاملات کا انتظام کرتی تھیں یا کہ وہ حسابات کی
تنقیح اور کاروبار کی نگرانی کرتی تھیں۔ اس کے بعد یہ بیان کیا
گیا ہے کہ وہ اعلیٰ عہدہ داروں کیساتھ ملاقات کرتی تھیں جن کے

ساتھ انہوں نے جائداد کے متعلق غیر رسمی گفتگو کی تھی۔ اس کی
کچھ بھی شہادت نہیں ہے کہ مہارانی نولاکھبی نے کبھی کسی اعلیٰ
عہدہ دار سے ملاقات کی تھی اگرچہ اس امر کی شہادت موجود ہے
کہ بڑی رانی کلکٹر سے وقتاً فوقتاً ملتی تھی۔ مسٹر بی۔ سی۔ سین نے
جو ۱۹۱۸ء میں بھاگلپور کے کلکٹر تھے یہ صاف طور پر بیان کیا ہے کہ
تمام گفتگو جو انہوں نے کی تھی بڑی رانی سے کی تھی اور یہ کہ چھوٹی
مہارانی نے کسی موقع پر اس سے گفتگو نہیں کی تھی۔ مسٹر ٹیلو نی
نے جو ۱۹۱۸ء میں کورٹ آف وارڈز کے منتظم تھے یہ بیان کیا ہے کہ
چھوٹی مہارانی نے اسٹیٹ کے نظم و نسق یا انتظام کے کسی معاملہ
میں کبھی اس سے گفتگو نہیں کی۔ مہارانی نولاکھبی کی شہادت سے
ظاہر ہے کہ اس نے ہر امر کو بڑی مہارانی پر چھوڑ دیا تھا جو اپنی
حین حیات "مالک" تھی۔ اس کی شہادت کے بعض اقتباسات
کا اندراج یہ بتلانے کیلئے مفید ہو گا کہ کیسی مجبور وہ تھی اور کس حد تک
وہ دوسروں کی دست نگر تھی۔ اقتباسات حسب ذیل ہیں:-

**سوال۔** کیا کوئی ایسی "خرچہ بہی" تھی جسمیں دونوں مہارانیوں
کی "ڈیوڑہی" کی روزانہ آمد و خرچ کا اندراج ہوتا تھا؟

**جواب۔** اس کے متعلق بڑی مہارانی سب کچھ جانتی تھیں۔

**سوال۔** کیا آپ کا مطلب یہ کہنے کا ہے کہ آپکو کسی ایسی
"بہی" کے رکھے جانیکا علم نہیں ہے؟

**جواب۔** چونکہ وہ "مالک" تھی اور "مالکان" نہیں ہو سکتے
میں نہیں جانتی۔ ہم دونوں "مالکان" تھے لیکن اب میں "مالک" ہوں

**سوال۔** بڑی مہارانی آپ سے ان امور میں مشورہ
کرتی تھیں یا نہیں جو وہ کرتی تھیں؟

**جواب۔** نہیں۔

**سوال۔** جو کام آپ دونوں رانیوں کے متعلق کیا جاتا تھا

مان سنگھ بنام نولاکھہ بتی (دیپٹی)

وہ آپ دونوں ایک دوسرے سے گفتگو کرتی تھیں۔

**جواب**۔ ہاں۔

**سوال**۔ بڑی مہارانی نے کبھی کوئی کام ایسا نہیں کیا جو آپکی خواہش کے خلاف تھا؟

**جواب** نہیں۔

**سوال**۔ اور آپ نے بھی کبھی کوئی کام ایسا نہیں کیا جو بڑی مہارانی کے خلاف ہو؟

**جواب**۔ نہیں۔

خلاصہ بحث ۱۴۴۵

یہ مناسب مقام معلوم ہوتا ہے کہ یہاں ایک بحث پر غور کیا جائے جو لایق گورنمنٹ ایڈوکیٹ نے پیش کی تھی۔ انکی بحث یہ ہے کہ شہادت سے قطعی طور پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ مہارانی ایک قابل عورت تھی جو خود اپنے کاروبار کو احتیاط سے کرنیکے قابل تھی میں خیال کرتا ہوں کہ شہادت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سرکاری عہدہ داروں سے ملاقات کرتی تھی۔ لیکن میں اس امر سے اتفاق کرنے سے قاصر ہوں کہ ہمیں اس مقدمہ میں کسی طرح اس سوال سے کوئی تعلق ہے کہ آیا دستاویز دست برداری بڑی مہارانی کے خلاف اس صورت میں نافذ کی جاسکتی تھی جبکہ مہارانی نولاکھہ بتی اس سے قبل فوت ہوجاتی۔ ہم یہ فرض کئے لیتے ہیں کہ بڑی مہارانی جانتی تھی کہ وہ کیا کر رہی تھی اور یہ کہ اس نے دستاویز دست برداری کی تکمیل اس کے اثر کے کامل علم کیساتھ کی تھی۔ لیکن اس کیجانب سے دست برداری کا اثر یہ ہوگا کہ اس کا حق مہارانی نولاکھہ بتی کو حاصل ہوجائیگا اور اس سے اس مسئلہ کا کوئی حل ہمیں دستیاب نہیں ہوتا جس کی ہم اسوقت تحقیقات کر رہے ہیں۔ لایق گورنمنٹ ایڈوکیٹ نے اس امر سے انکار نہیں کیا ہے بلکہ ان کی بحث یہ ہے کہ مہارانی نولاکھہ بتی کا ایک اقبال بدیں اثر موجود ہے کہ بڑی مہارانی ہمیشہ اس سے مشورہ کرتی تھی اور یہ اس نے کبھی کوئی کام چھوٹی مہارانی کی خواہش کے خلاف نہیں کیا۔ میری رائے میں اس کی شہادت سے کوئی ایسا نتیجہ نہیں نکلتا۔ سوال بالکل عام نوعیت کا تھا اور اس نے عام طریقہ پر اس کا جواب دیا تھا لیکن یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آیا کوئی ایسا اقبال تھا جس کا ذکر لایق گورنمنٹ ایڈوکیٹ کر رہے ہیں ہمیں اس کی تمام شہادت کی جانچ کرنی چاہئے اور جب ہم اس کی تمام شہادت کی جانچ کرتے ہیں تو اس میں شبہ نہیں کہ اس قسم کا کوئی اقبال موجود نہیں ہے جیسا کہ لایق گورنمنٹ ایڈوکیٹ بیان کرتے ہیں۔ میری رائے میں کوئی ایسی شہادت نہیں ہے کہ مہارانی نولکھہ بتی نے کسی سرکاری اعلیٰ عہدہ دار سے ملاقات کی تھی اور اس نے کوئی غیر رسمی گفتگو "جنست بندوبست کے متعلق" ان عہدہ داروں میں سے کسی کی تھی۔ آخر میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ نولکشور سے گفتگو کیا کرتی تھی جو دفتر کا "سررشتہ دار" تھا۔ یہ سمجھنا مشکل ہے کہ کسی ایسے غیر متعلقہ امر کا لحاظ کرنے سے جس کا حوالہ ذیلیم سبارڈینٹ جج نے دیا ہے کیا نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے۔ صرف ایک بنیاد جس پر ذیلیم سبارڈینٹ جج نے اپنی بحث کی عمارت تعمیر کی ہے حسب ذیل ہے:- "مہارانیاں بحبہ پردہ میں سے گفتگو کیا کرتی تھیں"۔ میں بالکل اس امر سے متفق ہوں کہ اگر اسکی شہادت سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ مہارانیاں اسٹیٹ کے کاروبار کو چلاتی تھیں اور یہ کہ وہ اسٹیٹ کے انتظام کے متعلق اپنی رائے کا اظہار اس پر کیا کرتی تھیں اور یہ کہ انکو اس امر پر اصرار ہوا کرتا تھا کہ انکی

رائے پر عمل کیا جائے یا بصورت دیگر وہ ہوشیاری کے ساتھ اسٹیٹ کے انتظام میں دلچسپی لیا کرتی تھیں تو ذیلعلم سبارڈینیٹ جج کی رائے کے موافق کچھ نہ کچھ کہا جا سکتا ہے۔ لیکن شہادت سے وہ امر ثابت نہیں ہوتا جو ذیلعلم سبارڈینیٹ جج کے فیصلہ کی بنیاد ہونا چاہئے اور میری حد تک یہ کہ میں اس امر پر مشہور کی شہادت کا کوئی لحاظ نہ کرونگا۔

جب صورت یہ ہے کہ وہ خیال جس کا حوالہ ذیلعلم سبارڈینیٹ جج نے دیا ہے ان کے پاس اسقدر اہم نہ ہونا چاہیے تھا تو امر کے خلاف ایسے حالات موجود ہیں جن سے میری رائے میں یہ ثابت ہوتا ہے کہ ایک ایسا مقدمہ ہے جسمیں آزادانہ مشورہ کا حصول ازبس ضروری ہے۔ معاملہ نانیوں اور نواسوں کے مابین تنازعہ کے ذریعہ سے نانیاں اسٹیٹ میں اپنی مالکانہ حیثیت سے ... ماہانہ کی ادائی کے بدل میں علیحدگی اختیار کر رہی تھیں۔ بظاہر معاملہ دلچسپ معاملہ تھا کیونکہ اگرچہ اسٹیٹ کی آمدنی سالانہ تین لاکھ روپیہ کے قریب تھی وہ فی الحقیقت کورٹ آف وارڈز سے ۱۰۰۰ ماہانہ پا رہی تھیں۔ بہرحال انکو یہ حق حاصل تھا کہ وہ یہ معلوم کرتیں کہ اگر کورٹ آف وارڈز اسٹیٹ کے انتظام سے علیحدہ ہوجائے تو انکی کیا حیثیت ہوگی اور آیا اس امر کا امکان تھا کہ آیا کورٹ آف وارڈز کسی آیندہ قریبی زمانہ میں اسٹیٹ کے انتظام سے علیحدہ ہوجائیگا۔ اگر ان سے یہ کہا جاتا کہ انھیں اس معاملہ میں آزادانہ اور غیر طرفدارانہ مشورہ لینا چاہئے اور اگر وہ ایسا مشورہ حاصل کرنیکی کوشش کرتیں تو انھیں معلوم ہوجاتا کہ اکثر قرضہ جات ادا کر دئے گئے تھے اور یہ کہ انتظام سے کورٹ آف وارڈز کی علیحدگی زیادہ عرصہ تک ملتوی نہ رہ سکتی تھی۔ میں اس واقعہ کو بہت زیادہ اہمیت دیتا

مان سنگھ بنام دولا کھ بیگم (بٹلہ)

ہوں کہ اگرچہ کورٹ آف وارڈز مہارانیوں کا قانونی ولی تھا مگر کورٹ آف وارڈز کا مشورہ حاصل کرنیکی کوئی کوشش نہیں کی گئی تھی۔ مقدمہ کی شہادت پر نہایت غور و تامل کے ساتھ نظر ڈالنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ مہارانی کے خلاف استقرار دستبرداری کو نافذ کرنے کے قابل ہونے کیلئے مدعی کو یہ ثابت کرنا چاہیے کہ رانی کو اس معاملہ میں آزادانہ اور غیر طرفدارانہ مشورہ ملا تھا۔

صفحہ ۴۵

اب میں اس سوال سے بحث کرونگا کہ آیا انکو اس معاملہ میں کوئی آزادانہ مشورہ ملا تھا۔ یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ اس امر پر کوئی بلاواسطہ شہادت نہیں ہے لیکن لائق گورنمنٹ ایڈوکیٹ کی بحث ہے اور یہی ذیلعلم سبارڈینیٹ جج کی دلیل ہے کہ قرائنی شہادت ثابت کرنے کیلئے کافی ہے کہ مہارانیوں کو آزادانہ مشورہ ملا تھا۔ یہ بحث کیجا رہی ہے کہ مہارانیوں کو کامل طور پر لفظ دستبرداری کے معنی معلوم تھے کیونکہ انھوں نے اسٹیٹ سے دست برداری کی خواہش پہلے سنہ ۱۹۰۱ء میں اور پھر سنہ ۱۹۱۶ء میں کی تھی۔ میری رائے میں اس بحث کا اقتضا یہ ہے کہ اس تمام سوال پر غور کیا جائے جو اسوقت ہمارے سامنے زیر بحث ہے۔ کیونکہ قبل اس کے کہ کوئی قیاس قائم کیا جائے یہ ثابت کیا جانا چاہیے کہ مہارانیوں نے یہ سمجھا تھا کہ اولاً سنہ ۱۹۰۱ء میں اور پھر سنہ ۱۹۱۶ء میں وہ کیا کر رہی تھیں۔ میں پہلے سنہ ۱۹۰۱ء کے مجوزہ معاملہ پر بحث کرونگا۔ اس سوال پر شہادت مہارانی کی وہ درخواست ہے جو ۱۵ مارچ سنہ ۱۹۰۱ء کو کلکٹر بھاگلپور کو بھیجی تھی اور اسپر مسٹر لائل کلکٹر کی تحریر کردہ عبارت ظہری مورخہ ۲۵ مئی ہے۔ یاد ہوگا کہ اس تاریخ پر چھوٹے لال کو ضلع سے خارج کر دیا گیا تھا۔ اور ذیلعلم سبارڈینیٹ جج نے اپنی بحث کو یہ رائے ظاہر کرکے ختم کر دیا ہے کہ درخواست کی اصل غرض یہ تھی کہ چھوٹے لال کو بلا لیا جائے اور یہ کہ دستبرداری کی تجویز بطور

مان سنگھ
بنام
نولاکھہ پتی
(پٹنہ)

ترغیب کے پیش کیگئی تھی۔ مہارانیوں کی درخواست میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ انکو یہ اطلاع دیگئی تھی کہ ہندوؤں کے سر کیے جانیکے بعد موتی مہاراجہ کی وفات کا باعث ہوئی تھی انہوں نے خود اپنے ہاتھ سے ایک کاغذ پر اپنی اس خواہش کا اظہار کیا تھا کہ انکی وفات کے بعد چھوٹے لال ان کے اسٹیٹ کا جانشین ہو۔ اس میں یہ بھی بیان کیا گیا تھا کہ اگر یہ فرض کیا جائے کہ مہاراجہ بلا وصیت فوت ہوئے تھے تو بھی وہ اپنی بیٹی اور بڑے نواسہ کی رضامندی کے ساتھ اس امر پر رضامند تھے کہ اسٹیٹ سے چھوٹے لال کے حق میں دستبرداری کریں۔ مسٹر لال کی عبارت ظہری حسب ذیل ہے "۔۔۔" میں نے انھیں وہ اہم اعتراضات بتلادیے ہیں جو ایسے اہم معاملہ میں اسقدر عجلت کے ساتھ اور بلا کافی غور کے کارروائی کرنے سے پیدا ہونگے۔ انہوں نے حسنہ رضامندی ظاہر کی ہے کہ وہ دستاویز دست برداری کی تکمیل کو آئندہ چند ماہ تک ملتوی کر دینگی تا لیا دسہرہ تک مسٹر لال کی عبارت ظہری کی بنا پر یہ بحث کیجا رہی ہے کہ مہارانیوں کو یہ معلوم ہوگا کہ دھرم شاستر میں دست برداری سے کیا مطلب ہوتا ہے اور کہ یہ بحث کرنے کیلئے کوئی گنجائش نہیں ہے کہ مہارانی نولاکھہ پتی نے ۱۸ دسمبر ۱۹۱۸ء کا معاملہ کرنے میں یہ نہ جانتی تھی کہ لفظ دست برداری کے کیا معنی ہیں۔ میری رائے میں یہ بالکل غیر ضروری ہے کہ اس امر پر غور کیا جائے کہ آیا مہارانی یہ جانتی تھی یا نہ جانتی تھی کہ لفظ دستبرداری کے کیا معنی تھے۔ میری رائے میں سوال یہ ہے کہ کیا ۱۸ دسمبر ۱۹۱۸ء کا معاملہ مہارانی نے اس کامل علم کے بعد کیا تھا کہ وہ اسٹیٹ میں اپنے آپ کو اس مالکانہ حق سے کلیتاً محروم کر رہی تھی جو اسکو بحیثیت ہندو بیوہ کے حاصل ہوا تھا یہ سوال اس معاملہ پر غور کرنے میں مشکل

نہیں ہوتا کہ سنہ ۱۹۱۸ء میں مہارانیوں نے کیا کرنا چاہا تھا۔

بہت ممکن ہے کہ ایسا ہوا ہو کہ مہارانیوں سے یہ کہدیا گیا ہو کہ اگر وہ اس نوعیت کی کوئی دستاویز تکمیل کردیں تو گورنمنٹ مجبور ہو جائیگی کہ چھوٹے لال کے خلاف حکم اخراج اٹھالے اس امر پر ہمارے روبرو کوئی بلا واسطہ شہادت نہیں ہے اور مقدمہ میں مسٹر لال کی شہادت نہیں لیگئی ہے۔ مہارانیوں کی درخواست مورخہ ۱۵ مئی سنہ ۱۹۱۸ء اور مسٹر لال کی عبارت ظہری مورخہ ۲۵ مئی سنہ ۱۹۱۸ء کی بنا پر یہ کہنا بالکل ناممکن ہے کہ مہارانیوں کی خواہش یہ تھی کہ وہ اسٹیٹ میں اپنے مالکانہ حقوق سے اپنے آپکو محروم کرائیں سنہ ۱۹۱۸ء کے مجوزہ معاہدہ پر غور کرنے کے بعد میں اس دستاویز کو ایسی تجویز سمجھتا ہوں جو اس خیال کی حامل ہے کہ سنہ ۱۹۱۸ء میں چھوٹے لال کے حق میں اسٹیٹ سے دستبرداری کی کوئی نیت نہ تھی۔

اب میں سنہ ۱۹۱۸ء کے مجوزہ معاملہ پر بحث کرونگا۔ اس امر پر کوئی دستاویزی یا لسانی شہادت نہیں ہے لیکن سنہ ۱۹۱۸ء میں جو کچھ مہارانیاں کیا چاہتی تھیں اسکا حوالہ دستاویز (ہ) وہ خط ہے جو مہارانیوں نے ۴ مارچ سنہ ۱۹۱۸ء کو بابو بھاگلپور کو لکھا تھا۔ اس خط سے معلوم ہوتا ہے کہ ۲ فروری سنہ ۱۹۱۸ء کو مہارانیوں نے بابو کو ایک خط لکھا تھا جسمیں انکی خواہش کا اظہار کیا گیا تھا کہ وہ اسٹیٹ سے اپنے سب سے بڑے نواسہ راؤ بہادر نوبند سنگھ کے حق میں دست بردار ہونا چاہتی تھیں ۴ مارچ سنہ ۱۹۱۸ء کے خط میں وہ بیان کرتی ہیں کہ انکی توجہ اسوقت ایک قانونی مشکل کیجانب مبذول کرائی گئی تھی جو انکی دو بیٹیوں کے بیٹوں میں سے ایک کے حق میں مجوزہ دستاویز دستبرداری کی تکمیل کیوجہ سے پیش آئیگی۔ آگے انھوں نے یہ بیان کیا ہے کہ انھیں یہ مشورہ دیا گیا ہے کہ انکا دوسرا نواسہ یعنے چھوٹا لال بھی جائداد کے نصف حصہ کا مستحق ہوگا

(جاری)

اگر وہ ان کی جائداد دونوں نواسوں میں سے صرف ایک ہی کے حق میں ہو۔
اس کے بعد انہوں نے بیان کیا ہے کہ آیندہ مشکلات کو اور مقدمہ
بازی کی توقع کو رفع کرنے کی غرض سے انہوں نے اپنے دونوں
نواسوں کے مشورہ سے یہ تصفیہ کیا ہے کہ وہ اپنے اسٹیٹ سے
دونوں نواسوں کے حق میں دست بردار ہوں۔ انھوں نے دستاویز
استعفا کا ایک مسودہ درخواست کے ساتھ منسلک کیا تھا جو وہ اپنے
نواسوں کے حق میں تکمیل کرنا چاہتی تھیں اور کلکٹر سے یہ استدعا کی
تھی کہ وہ اس جدید دستاویز کے متعلق جو وہ اپنے نواسوں کے
حق میں تکمیل کرنا چاہتی تھیں عدالت کی منظوری حاصل کرے۔
اس کے بعد انہوں نے نہایت شرح و بسط کیساتھ چھوٹے لال کی
سفارش پیش کی تھی اور یہ بیان کیا تھا کہ اس کے خلاف شبہ بالکل
بے بنیاد تھا۔ انکا بیان ہے کہ اندران کے بعض دشمنوں نے پولیس
کے کان بھرے ہونگے اور یہ کہ پولیس کے اس بیان کو حق بجانب
ٹھرانے کیلئے کوئی شہادت نہیں ہے کہ مہاراجہ کے قتل سے چھوٹے لال
کو کوئی بلا واسطہ یا بالواسطہ تعلق تھا اس کے بعد انھوں نے گورنمنٹ
سے استدعا کی ... الحجزانہ التجائیں اسکی بیگناہی کے متعلق
قبول کیجائیں اور ضلع میں واپس آنیکی نسبت اس کے خلاف حکم
امتناعی کو اٹھا لیا جائے" جوانکے بیان کے بموجب ایک عرصہ دراز
سے اس کے نیز ان کیلئے ایک نامنصفانہ سزا رہی ہے"۔ یہ خط
۴ مارچ ۱۹۱۶ء کو تحریر کیا گیا تھا اور اس خط کی بنا پر ہم سے یہ
قرار دینے کی استدعا کیگئی ہے کہ ۱۹۱۶ء میں مہارانیاں اسکی خواہشمند
تھیں کہ وہ بڑا لال کے حق میں اسٹیٹ سے دست بردار ہوجائیں
مہارانی نولاکھہ بی بی نے اپنی شہادت میں اس خط کے علم ہونے سے
انکار کیا ہے بلاشبہ اس پر اس کے دستخط ہیں۔ لیکن خط انگریزی میں
لکھا گیا ہے اور اس کے متعلق کوئی شہادت نہیں ہے کہ اسکا مسودہ

مارچ ۲۰ء
بنام
نولاکھہ بیبا
(پٹنہ)

کس نے کیا اور آیا خط مہارانی نولاکھہ بی بی کو پڑھ کر سنایا گیا تھا۔ یہ بحث
کیگئی تھی کہ اس کے بیان تحریری کے فقرہ (۹) میں ایک اقبال یہ ہے کہ
۱۹۱۶ء میں وہ اپنی بیوہ کی حیثیت سے بڑے نواسہ کے حق میں دستبردار
ہوجانیکی خواہشمند ہے لیکن یہ تحریری بیان اس کیجانب سے کورٹ
آف وارڈز نے پیش کیا تھا اور یہ سوال کہ آیا اس بیان تحریری کا انکو
کوئی علم تھا یا نہیں روبرو بہت زیادہ بحث کا موضوع بنا رہا ہے ڈسٹرکٹ
سبارڈینیٹ جج نے بلا کسی شہادت کے یہ فرض کیا ہے کہ یہ بیان تحریری انکی
ہدایات کی بنا پر مرتب کیا گیا تھا۔ اس قیاس کو حق بجانب قرار دینے کیلئے
ڈسٹرکٹ سبارڈینیٹ جج کے پاس کوئی شہادت نہ تھی لیکن اسکی تردید کیلئے
بھی کوئی شہادت نہیں بہرحال اس حالت میں مدعیہ کیجانب سے
منتظم کورٹ آف وارڈز کی شہادت لیگئی ہے اور وہ معین طور پر یہ بیان کرتا
ہے کہ اس نے کوئی گفتگو مہارانی نولاکھہ بی بی سے اس بیان تحریری کے
متعلق نہیں ہوئی تھی جو اس کیجانب سے پیش کیا گیا تھا مسٹر محمد عبدالسلام
ایک ڈپٹی کلکٹر ہیں اور ۲۲ مئی ۱۹۲۳ء کو کورٹ آف وارڈز کی جانب سے
وہی منتظم تھے اور سستا اسٹیٹ کے اسوقت بھی منتظم ہیں انکی خدمات
گورنمنٹ نے اسٹیٹ مذکور کو مستعار دی ہیں۔ انکا بیان ہے کہ انہوں نے
کورٹ آف وارڈز کیجانب سے بیان تحریری داخل کیا تھا اور اس بیان
تحریری کے متعلق ان سے اور مہارانی سے کوئی گفتگو نہیں ہوئی تھی
کیونکہ اسٹیٹ کورٹ آف وارڈز کی نگرانی میں تھا انھوں نے بیان
کیا ہے کہ کوئی ہدایات کا لینا ضروری نہ تھا اور یہ اضافہ کیا ہے کہ
"انہوں نے اس فقرہ میں یعنے فقرہ (۹) میں وہ واقعات بیان کئے
ہیں جو اسٹیٹ کے ان کاغذات سے لئے گئے ہیں جو کورٹ آف وارڈز
کے قبضہ میں تھے۔ اسلئے یہ بین ہے کہ ڈسٹرکٹ سبارڈینیٹ جج نے جو
قیاس قائم کیا ہے وہ غلط ہے اور بیان تحریری کے فقرہ ۹ کے بنیہ
واقعات پر کوئی نتیجہ مہارانی کے مخالفانہ نہیں اخذ کیا جا سکتا

مان سنگھ
بنام
نولاکھہ جی
(چلینہ)

میری رائے میں سوائے ۴ مارچ ۱۹۱۸ء کے خط کے کوئی شہادت
یہ ثابت کرنے کیلئے نہیں ہے کہ ۱۹۱۶ء میں مہارانی نولاکھہ جی کی
نیت یہ تھی کہ اسٹیٹ ... کی حیثیت سے
... کے حق میں دست بردار ہو جایا
ہو یا تک ۴ مارچ ۱۹۱۸ء کے خط سے تعلق ہے کوئی شہادت یہ
ثابت کرنے کیلئے نہیں ہے ... اس خط کے مضمون سے واقف
تھی یا یہ کہ یہ خط ... پڑھ کر سنایا گیا تھا یا یہ کہ اس کا
مسودہ انکی ہدایات کی بنا پر ہوا تھا۔

اس ... بیان کیا گیا ہے کہ اس معاملہ سے جو مارچ
۱۹۱۸ء میں ... ۲۳ دسمبر ۱۹۱۸ء کو اختتام کو پہنچا اور
لئے مہارانی نولاکھہ جی کے بیان کو قبول کرنا ممکن ہے ...
مدعی کا بیان حسب ذیل ہے: مارچ ۱۹۱۸ء میں
مہارانیاں مسودہ دستاویز دست برداری مرتب کرنے کی غرض
سے بھاگلپور آئیں وہ اس مکان میں ٹھیریں جو ... کلار
بابو جی راسکھ سرکار اور رائے بہادر سرجا پرشاد کے مکان کے
قریب ہے انہوں نے ان سے مشورہ کیا اور ہدایات حاصل کی اور
انہیں سے مسودہ مرتب کروایا۔ اس کے بعد انہوں نے ۴ مارچ
۱۹۱۸ء کو یہ مسودہ ایک خط کے ساتھ کلکٹر کے پاس پیش کیا
اور خط میں اپنی یہ خواہش ظاہر کی کہ اپنے نواسوں کے حق میں
وہ اسٹیٹ سے دست بردار ہو جانا چاہتی تھیں۔ ایسا کرنے کے
بعد وہ سنبارسا واپس چلی گئیں۔ وہ پھر نومبر ۱۹۱۸ء میں بھاگلپور
واپس آئیں اور اس معاملہ میں رائے بہادر سرجا پرشاد سے مشورہ
کیا یہاں سے ضلع مونگیر میں بندوار گئیں جہاں بڑی مہارانی
کا میکہ ہے اور وہاں ... اشخاص کی موجودگی
میں دستاویز کی تکمیل کی۔ وہ بھاگلپور واپس آئیں اور ۲۳ دسمبر
۱۹۱۸ء کو انہوں کلکٹر بھاگلپور کے نام خط لکھا اور انکو اس
... سے مطلع کیا جو انہوں نے کیا تھا اور استدعا کی کہ اگر کورٹ
آف وارڈز دفعہ ۱۳ (الف) ایکٹ ۹ بابتہ ۱۸۷۹ء (بنگال
... کے تحت یہ مناسب نہیں سمجھتا ہے کہ اسٹیٹ کا انتظام
... کرتا رہے تو ایسی کارروائی کیجائے کہ جائدادوں کا انتظام
راجہ ... گوبند سنگھ اور ... پرتاب سنگھ کے حوالہ کر دیا جائے۔"
مہارانی نولاکھہ جی کا بیان یہ ہے کہ وہ بھاگلپور کو مارچ ۱۹۱۸ء
میں نہیں آئی تھی بلکہ نومبر ۱۹۱۸ء میں آئی تھی اور یہ کہ اس کے
... دسمبر ۱۹۱۸ء کو دستاویز کی تکمیل کیلئے بندوار گئی۔ وہ
تسلیم کرتی ہے کہ دستاویز پر دستخط کیے تھے جو ۴ مارچ ۱۹۱۸ء کا
... ہے اور دستاویز (۵) K الف پر بھی دستخط کیے تھے جو ۲۳ دسمبر ۱۹۱۸ء
کا خط ہے۔ اسکا بیان یہ ہے کہ وقتاً فوقتاً اس نے متعدد خطوط اور
دستاویزات پر دستخط کئے ہیں اس غرض سے کہ حکومت کے آگے
یہ استدعا کیجائے کہ وہ چھوٹے لال کے خلاف حکم اخراج کو اٹھالے
وہ اس امر سے انکار کرتی ہے کہ اس نے کسی سے کسی وقت کوئی
مشورہ لیا تھا یا یہ کہ اس نے اپنے نواسوں کے حق میں اسٹیٹ
سے دست برداری کے متعلق کبھی کسی سے گفتگو کی تھی اور وہ معین
طور پر بیان کرتی ہے کہ ۲۳ دسمبر ۱۹۱۸ء کے دستاویز کی تکمیل اس یقین سے کی
تھی کہ بھاگلپور میں چھوٹے لال کی واپسی کے متعلق یہ ایک درخواست
... دیا ہی تھی۔ شہادت کو نہایت غور و تامل سے دیکھنے
کی ضرورت اس لئے ہوئی کہ یہ معلوم کیا جائے کہ آیا مدعی نے اپنا
... مہارانی نولاکھہ جی کے خلاف ثابت کیا ہے لیکن ... یہ
... ہو کہ اس کے بیان کی تائید ان سابقہ بیانات سے
ہوتی ہے جنکا حوالہ میں نے دیا ہے اور جن سے یہ ثابت ہوتا ہے
کہ مہارانیوں نے وقتاً فوقتاً مختلف کوششیں اسلئے کی ہیں کہ چھوٹے لال

کے خلاف حکم اخراج کو منسوخ کرائیں اور یہ کہ ۱۹۱۸ء میں انھوں نے یہ تجویز کی تھی کہ ایک دستاویز کی تکمیل کیجائے جو بظاہر تو اس کے شوہر چھوٹے لال کے حق میں ہو وہ اپنے اسٹیٹ سے دست بردار ہو جائیں لیکن اسکی حقیقی غرض یہ ہو کہ چھوٹے لال کے علاوہ [illegible] دیا جائے۔ مارچ ۱۹۱۸ء کے واقعہ کی نسبت ہم مان بہرن [illegible] کی شہادت پر غور کرینگے۔ موخر الذکر ۱۹۱۸ء میں [illegible] تھے اور اب پٹنہ ڈویژن کے کمشنر ہیں۔ پہلے مان بہرن سرا کی شہادت پر غور کرونگا۔ وہ ایک مارواڑی دوکاندار ہے جو اس مقدمہ میں مدعی کی جانب سے مقدمہ کی پیروی کر رہا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی کوٹھی مہاراجہ بلدیو سنگھ سے معاملت کرتی ہے اور رو وہ نمایاں طور پر اس امر کا ذکر کرتا ہے کہ مہاراجہ نے ایک دفعہ اس کا دیوالیہ نکلنے سے بچا دیا تھا جس پر انھوں نے خود اپنے قلم سے اپنے دستخط کئے تھے۔ مارچ ۱۹۱۸ء میں جو کچھ وقوع ہوا تھا اسکے متعلق اس کی شہادت حسب ذیل ہے۔ پوچھا بابو عرف رام چندر سنگھ نے اس کو اطلاع دی تھی کہ مہارانیاں بھاگلپور آگئی ہیں۔ اس پر وہ اس مکان کو گیا جہاں مہارانیاں ٹھہری ہوئی تھیں اور اس نے مہارانیوں سے ملاقات کی جنھوں نے اس سے کہا کہ وہ بھاگلپور آئی تھیں کیونکہ وہ چاہتی تھیں کہ اپنے نواسوں کے حق میں اسٹیٹ ترک کرنے کے لئے ایک دستاویز کی تکمیل کریں۔ اس کا بیان ہے کہ اس نے دیکھا تھا کہ مسودات مرتب کئے جارہے تھے اور یہ کہ پوچھا بابو اور دو سرے اشخاص جیدر سنگھ بلبوا اور بیرجا پرشاد بابو وکلا کے مکان کو جایا کرتے تھے۔ یہ بتلا دیا جانا چاہیئے کہ اپنے سوالات ابتدائی میں اس نے یہ واقعہ مارچ ۱۹۱۸ء میں نہیں بلکہ دسمبر ۱۹۱۸ء میں بیان کیا ہے۔ بالفاظ دیگر اس کی شہادت سوالات ابتدائی میں یہ تھی کہ یہ تمام دسمبر ۱۹۱۸ء میں واقع ہوا تھا۔ جرح میں اس نے اپنے بیان کی تصحیح کردی اور بیان کیا کہ مسودہ دسمبر ۱۹۱۸ء میں نہیں بلکہ مارچ ۱۹۱۸ء میں مرتب کیا گیا تھا اور یہ کہ مہارانیوں نے اس سے کہا تھا کہ وہ بھاگلپور آئی تھیں کیونکہ وہ چاہتی تھیں کہ اپنے نواسوں کے حق میں اسٹیٹ ترک کرنے کے لئے دستاویز کی تکمیل [illegible] مان بہرن سرا کی شہادت قبول کرنا مشکل ہے یہ بالکل صحیح ہے کہ وہ مہاراجہ کے خاندان سے کاروبار کی معاملت کرتا تھا لیکن اس امر کا امکان نہیں کہ ایسی کاروبار کی معاملت کی بنا پر جو کہ سنبار سار راجہ کے خاندان سے وہ کرتا تھا وہ خاندان میں داخل ہو سکتا تھا اور مہارانیوں سے ایسے اہم معاملات میں وہ گفتگو کر سکتا تھا جنمیں مہارانیوں کو غرض حاصل تھی وہ اب مدعی کے پاس بجا وضعہ بیل خدمت انجام دے رہا ہے۔ اس کی ملازمت ۱۹۱۷ء میں شروع ہوئی اور اس کا امکان نہیں ہے کہ مہارانیوں نے اپنے طریقہ کو ترک کرکے ایک مارواڑی دوکاندار سے یہ بیان کیا ہوگا کہ وہ بھاگلپور کیوں آئی تھیں۔ مان بہرن یہ تسلیم کرتا ہے کہ مارچ ۱۹۱۸ء میں جو اقبال مہارانی نولاکھہ بتی نے کیا تھا وہ مدعی کے حق میں ایک اہم شہادت تھا لیکن یہ تعجب خیز ہے کہ جب مہارانی نولاکھہ بتی کی شہادت بطور گواہ عدالت ماتحت میں لی گئی تھی تو یہ اقبال اسکے سامنے پیش نہیں کیا گیا تھا۔ میں نے لائق گورنمنٹ ایڈوکیٹ کو اس امر کی جانب توجہ دلائی تھی اور ان کا جواب یہ تھا کہ چونکہ کونسل آف وارڈز نے یہ تصفیہ کر لیا تھا کہ تنقیح نمبر ۳ پر زور نہ دیا جائے اس لئے مہارانی نولاکھہ بتی پر تنقیح نمبر ۳ کے متعلق جرح نہیں کی گئی تھی یہ بیان لائق گورنمنٹ ایڈوکیٹ کا ہے لیکن یہی بیان مان بہرن راقم سرا کا نہیں ہے۔ جرح میں اس نے حسب ذیل بیان کیا:۔ "جب مدعا علیہا کے گواہوں پر جرح ہو رہی تھی تو میں نے اپنے وکلا کو ہدایات دی تھیں۔ یاد

مان سنگھ بنام نولاکھہ بتی (پٹنہ)

صفحہ ۴۴

ان سنگھ بنام لاکھپتی (پٹنہ)

نہیں کہا یا میں نے اس وکیل کو جو مہارانی پر جرح کر رہا تھا یہ کہا تھا کہ اس گفتگو کے متعلق پوچھے جو میرے انکے اور رانی کے خسر کی بیوہ کے مابین بھاگلپور میں دستاویز دستبرداری کی نسبت ہوئی جس کی شہادت میں نے اپنے بیان ابتدائی میں دی تھی۔ مجھے یہ یاد ہے کہ آیا میں نے اپنے وکیل کو اس گفتگو کے متعلق میرے آئندہ شہادت میں آنے سے قبل کچھ کہا تھا۔ مہارانیوں کے ساتھ میری مذکورہ بالا گفتگو کے متعلق میں سمجھتا ہوں کہ وہ میرے مقدمہ میں نہایت اہم ہے۔ میں کوئی وجہ نہیں بتلا سکتا کہ مہارانیوں سے اس وقت جبکہ میرے وکیل جرح کر رہے تھے میرے ساتھ ہونے والی ملاقات اور دستبرداری کی نسبت ان کی گفتگو کے متعلق کیوں پوچھا نہیں گیا۔ مجھے یاد نہیں کہ میں نے مہارانیوں کے ساتھ اپنی گفتگو کا ذکر کسی سے کیا ہے۔ یہ صحیح نہیں ہے کہ مہارانیوں کے ساتھ میری گفتگو ایک بنائی ہوئی اور جھوٹی شہادت ہے اس لئے میں نے اس کا ذکر کسی سے نہیں کیا۔ کوئی وجہ نہیں ہے اور نہ میں کوئی بیان اس قسم کا دے سکتا ہوں کہ مجھے کیوں یہ یاد نہیں ہے کہ میں نے گفتگو کے واقعہ کا حال کسی سے بیان کیا ہے اگرچہ میرے مقدمہ کے لئے یہ صحیح اور اہم تھا“۔ یہ کہنا بھی صحیح نہیں ہے کہ تنقیح نمبر ۲ پر مہارانی پر جرح نہیں کی گئی تھی۔ اس پر تمام جرح تنقیح نمبر ۳ پر ہی کی گئی اور یہ جرح نہایت طول طویل تھی۔ لیکن اس شکایت کی بنا پر جیلانی گورنمنٹ ایڈووکیٹ نے کی تھی اور بلحاظ اس رائے کے جو ہم نے اختیار کی ہے کہ مہارانی لولاکھپتی کو یہ اختیار تھا کہ وہ تنقیح نمبر ۳ پر مکرر بحث کرے ہم نے ان کو یہ موقع دیا ہے کہ اس عدالت میں وہ مہارانی لولاکھپتی پر مزید جرح کرے۔ عدالت ہذا میں اس سے ایک ضابطہ کا سوال یہ کیا گیا تھا کہ آیا اس نے مارچ ۱۹۱۸ء میں مان بہرن کسما سے کوئی قبال نہیں لیا تھا اور مہارانی نے انکار کیا کہ اس نے مان بہرن سے کوئی ایسا اقبال کیا تھا۔ اب ہمیں مان بہرن کسما اور مہارانی لولاکھپتی کی شہادت سے نتیجہ اخذ کرنا ہے اور میری حد تک مجھے مہارانی لولاکھپتی کی شہادت کو ترجیح دینے میں کوئی تامل نہیں ہے۔ مسٹر بی۔ سی۔ سین کی بھی شہادت ہے جس کے متعلق میری یہ رائے ہے کہ وہ بھی اس مسئلہ سے متعلق نہیں ہے جس پر ہم غور کر رہے ہیں۔ مسٹر بی سی سین کا بیان ہے کہ بھاگلپور میں مہارانیوں سے انھوں نے اس وقت ملاقات کی تھی جب لالان کا خط مورخہ ۹ مارچ ۱۹۱۸ء ان کو ملا تھا لیکن ان کا بیان ہے کہ باوجود اسکے کہ ان سے کہا گیا تھا کہ دونوں مہارانیاں اس وقت وہاں تھیں تاہم انھوں نے صرف بڑی مہارانی سے گفتگو کی تھی جو پردہ کے پیچھے سے گفتگو کر رہی تھی۔ جرح میں انھوں نے بیان کیا کہ انھوں نے مہارانیوں کو کبھی مقابل ہو کر نہیں دیکھا تھا اور یہ کہ کسی نے بھی مہارانیوں کی شناخت نہیں کی ہے۔ لیکن انھوں نے یہ اضافہ کیا ہے کہ ان کو کوئی شبہ نہیں ہے کہ انھوں نے اس موقع پر بڑی مہارانی سے گفتگو کی تھی۔ میری رائے میں شہادت سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مارچ ۱۹۱۸ء میں بڑی مہارانی بھاگلپور میں تھی اور یہ کہ ۱۹۱۸ء میں اس نے بھاگلپور میں مسٹر سین سے ملاقات کی تھی لیکن شہادت مہارانی لولاکھپتی سے متعلق نہیں ہے کیونکہ مسٹر سین نہایت احتیاط سے یہ بیان کرتے ہیں کہ ان کی گفتگو بڑی مہارانی سے ہوئی تھی نہ کہ چھوٹی مہارانی سے۔ میں یہ بتلا چکا ہوں کہ اس امر کی کوئی شہادت نہیں ہے کہ ۹ مارچ ۱۹۱۸ء کا خط مہارانی لولاکھپتی کو پڑھ کر سنایا یا سمجھایا گیا تھا یا اس کو اس خط کے مضمون کا علم تھا

[پریوی کونسل]

اس امر کی بھی کوئی شہادت نہیں ہے کہ مارچ ۱۹۱۸ء میں کس نے دستاویز کا مسودہ کیا تھا اور کس کی ہدایت پر فی الحقیقت دستاویز کا مسودہ مرتب ہوا تھا۔ مان بہول رام کا بیان ہے کہ اس کا مسودہ بابو چندر شیکھر سرکار اور رائے بہادر سرجا پرشاد نے کیا تھا۔ بدقسمتی سے بابو چندر شیکھر سرکار فوت ہو چکا ہے اور اس کی شہادت سے عدالت فائدہ نہیں اٹھا سکتی رائے بہادر سرجا پرشاد کی شہادت عدالت ماتحت میں نہیں لی گئی تھی لیکن عدالت ہذا میں بلا اجازت مدعی کی جانب سے اس کی شہادت لی گئی ہے۔ یہ ایک قابل یادداشت واقعہ ہے کہ لائق گورنمنٹ ایڈووکیٹ نے اس سے یہ نہیں دریافت کیا کہ آیا ان کو دستاویز تجویزی کے مسودہ سے کوئی تعلق تھا مجھے اس میں بالکل کوئی شبہ نہیں ہے کہ لائق کونسل نے اپنے وسیع اختیار تمیزی کے استعمال میں یہ ارادہ کر لیا تھا کہ وہ اس امر پر رائے بہادر سرجا پرشاد سے کوئی سوال نہ کرینگے۔ مان بہول کی شہادت جہاں تک کہ وہ یہ بیان کرتا ہے کہ مہارانیوں نے منجملہ دیگر اشخاص کے مارچ ۱۹۱۸ء میں رائے بہادر سرجا پرشاد کا مشورہ لیا تھا اور یہ کہ دستاویز کا مسودہ اس نے مرتب کیا تھا یا اسکے زیر ہدایات مرتب کیا گیا تھا نامنظور کی جانی چاہیئے۔ مارچ ۱۹۱۸ء کے معاملہ کو مہارانی لالہ ہرجیتی سے متعلق کرنے کے لئے میری رائے میں کوئی شہادت نہیں ہے۔

اب میں نومبر ۱۹۱۸ء کے واقعہ کی جانب متوجہ ہوتا ہوں مدعی کا بیان یہ ہے کہ نومبر ۱۹۱۸ء میں مہارانیاں پھر بھاگلپور آئیں اور انھوں نے علاوہ دوسرے وکلا کے رائے بہادر سرجا پرشاد سے بھی مشورہ حاصل کیا محمد اسحاق جو رائے بہادر سرجا پرشاد کا محرر ہے طلب کیا گیا ہے اور اس نے رائے بہادر سرجا پرشاد کے فیس کے رجسٹر میں ۷ نومبر ۱۹۱۸ء کا عنہ کا ایک اندراج ثابت کیا ہے جو مہارانیوں کو مشورہ دینے کیلئے لئے گئے تھے محمد اسحاق نے اپنی شہادت میں عدالت کے روبرو بیان کیا ہے کہ رائے بہادر سرجا پرشاد نے عنہ وصول ہونے کے چند روز قبل یا بعد مکرر مہارانیوں سے ملاقات کی تھی اس شہادت پر ذیعلم سبارڈینیٹ جج نے یہ نظریہ قائم کیا ہے کہ مہارانیوں کو آزادانہ اور غیر طرفدارانہ قانونی مشورہ حاصل ہوا تھا۔ مدعی نے عدالت ماتحت میں رائے بہادر سرجا پرشاد کی شہادت نہیں دلائی ہے لیکن وہ لائق گورنمنٹ ایڈووکیٹ کے طلب کرنے پر عدالت ہذا میں بطور گواہ پیش ہوئے ہیں۔ انکی شہادت صاف اور ٹھیک ٹھیک ہے اور اس سے اس امر پر مدعی کا مقدمہ کامیاب ہوتا ہے انھوں نے تسلیم کیا ہے کہ انھوں نے عنہ فیس وصول ہونیکے بعد ہی قریب زمانہ میں مہارانیوں سے ملاقات کی تھی۔ ان کی شہادت حسب ذیل ہے "مجھے وہ تمام گفتگو یاد نہیں ہے جو مجھ سے ہوئی تھی لیکن مجھے یہ واقعہ کچھ یاد ہے کہ مہارانی یا مہارانیاں یہ جاننا چاہتی تھیں کہ چھوٹے نواسے یعنے چھوٹے لال کو بھاگلپور لانے کا بہترین طریقہ کیا ہوگا کیونکہ گورنمنٹ کے اسکیم کی بنا پر اس کو بھاگلپور جانے کی ممانعت تھی" مہارانی سے یہ سوال کیا گیا تھا کہ "آیا یہی وہ تمام گفتگو تھی جو آپ سے ہوئی تھی؟" جواب یہ ہے کہ "ہاں یہی ہے جو مجھے یاد ہے"۔ جیسا کہ میں نے پہلے کہا ہے رائے بہادر سرجا پرشاد کی شہادت سے ذیعلم سبارڈینیٹ جج کا قائم کردہ نظریہ بالکل ناکام ہو جاتا ہے۔ اس امر کے متعلق بالکل میں شہادت کا کوئی شائبہ بھی نہیں ہے کہ نومبر ۱۹۱۸ء میں مہارانیوں نے اس مسئلہ پر کوئی بیرونی قانونی رائے حاصل کی تھی۔

ذیعلم سبارڈینیٹ جج نے اس واقعہ پر بھی اعتماد کیا ہے کہ

راؤ بہادر مانک
بنام
مہارانی لاڈو کنور
(چلد)

ماتو پرساد بنام مہارانی [illegible]

مہارانیوں نے گورنمنٹ ایڈوکیٹ اور ایڈوکیٹ جنرل بنگال سے اس معاملہ میں [illegible] کیا تھا اور اس واقعہ پر بھی کہ [illegible] پرشاد جو ایک معزز زمیندار اور وکیل ہیں مہارانیوں کے ساتھ [illegible] سے بندوارا گئے تھے وہ اس [illegible] دوسرے وکیل [illegible] دستاویز کے وقت موجود تھے اس کی کوئی شہادت نہیں ہے کہ مہارانیوں نے گورنمنٹ ایڈوکیٹ یا ایڈوکیٹ جنرل بنگال کا مشورہ لیا [illegible] دعوی کے فقرہ ۸ کے [illegible] اعتماد کیا حسب ذیل ہے "دستاویز [illegible] کا مسودہ گورنمنٹ [illegible] اور ایڈوکیٹ جنرل بہار [illegible] پیش کیا گیا تھا اور منظور [illegible] کیا تھا۔ اس کے بعد مسودہ کو کلکٹر مونگھیر کے پاس ایک خط [illegible] کے ساتھ اطلاع کی غرض سے [illegible] کیا گیا تھا اور انھوں نے اس پر کوئی اعتراض نہیں کیا اور [illegible] ۱۹۱۶ء کو [illegible] مہارانیوں نے [illegible] اپنے حقوق کو [illegible] کے لئے جو ہندو [illegible] اپنے [illegible] اسلئے چچا اور مدعی علیہ فریق ثانی کے

صفحہ ۵۸

حق میں دستاویز مذکور کی تکمیل کردی اور اس کی رجسٹری کرادیا تاکہ اپنی بقیہ زندگی بنارس کے مقدس شہر میں بسر [illegible] زندگی کے بقیہ ایام پنشن [illegible] بسر کریں اور اپنے آپ کو اس فانی دنیا کے [illegible] بالکل [illegible] رکھیں" یہ معلوم ہوگا کہ فقرہ ۸ میں جو کچھ مدعی بیان کرتا ہے وہ یہ ہے کہ دستاویز مذکور [illegible] کا مسودہ ایڈوکیٹ جنرل بنگال اور گورنمنٹ ایڈوکیٹ بہار و اڑیسہ کے [illegible] ان کی

منظوری کے لئے پیش کیا گیا تھا۔ میری رائے میں یہ کہنا ایک [illegible] کہ مسودہ کو وکلاء نے پسند کیا تھا اور یہ کہنا کہ [illegible] وکلاء نے از راہ مشورہ مہارانیوں کو [illegible] تھا۔ [illegible] کے سامنے پیش کی جائے اور وہ [illegible] پسند کریں تو [illegible] ہو جاتی ہے بالکل [illegible] جو کچھ مطلوب ہے وہ یہ ہے کہ "پردہ نشین" عورتوں کو اس دستاویز کے قانونی اثر کے متعلق مشورہ [illegible] چاہیے جو وہ [illegible] کرنا چاہتی ہوں اور ان کو اس حیثیت کا علم ہونا چاہیے [illegible] دستاویز کے تحت [illegible] حیثیت کیا ہوگی جو ان کو اس دستاویز کی تکمیل کرنے کی صورت میں حاصل ہوتی ہے [illegible] ایسا نہیں ہے کہ اس مقدمہ میں یہ کیا گیا تھا جو کچھ کیا گیا تھا وہ یہ تھا کہ دستاویز کا مسودہ ان کے سامنے پیش کیا گیا تھا اور انھوں نے اس کو منظور کرلیا تھا بالفاظ دیگر [illegible] دستاویز سے لوازم قانون [illegible] پائے گئے تھے جیسے کہ وہ اس دستاویز سے تکمیل پا [illegible] کی تکمیل کی [illegible] انھوں نے سنہ ۱۹۱۶ء میں کی تھی۔ میری رائے میں کوئی شہادت اس امر کی نہیں ہے کہ مہارانیوں کو اس [illegible] سے علحدہ کوئی آزادانہ رائے گورنمنٹ ایڈوکیٹ یا ایڈوکیٹ جنرل بنگال سے ملی تھی جو اس امر کے لئے ضروری تھی کہ دستاویز ان کے خلاف نافذ ہو سکے۔ اسکے بعد یہ بیان کیا گیا ہے کہ [illegible] پرشاد جو ایک معزز زمیندار اور وکیل تھے مہارانیوں کے ساتھ بھاگلپور سے بندوارا گئے تھے لیکن علاوہ [illegible] اس سے پہلے بتلایا ہے [illegible] پرشاد مدعی کے باپ کا کارندہ تھا۔ اور اس امر کی کوئی شہادت نہیں ہے کہ

راؤ بہادر ملان سنگھ
بنام
مہارانی نولاکھہ کنور
(پٹنہ)

اینروہ پرشاد سے مہارانیوں کو کوئی مشورہ دینے کی درخواست کی گئی تھی یا اس لئے ایسا مشورہ دیا تھا۔ یہ بتلا دینا مناسب ہے کہ اس مقدمہ میں اینروہ پرشاد کی شہادت نہیں لی گئی ہے۔ فاضل سبارڈینیٹ جج بیان دیتے ہیں کہ مدعی علیہ کا فرض تھا کہ اس کی شہادت لیتا۔ اس رائے سے میں اتفاق نہیں کر سکتا۔ لائق گورنمنٹ ایڈوکیٹ نے اس امر کی استدعا کی تھی کہ عدالت ہذا میں اینروہ پرشاد کو بطور گواہ طلب کیا جائے گا اور ہم نے درخواست منظور کی تھی لیکن جب لائق گورنمنٹ ایڈوکیٹ نے ان دوسرے گواہوں کی شہادت لے لی جن کے نام ان کی درخواست میں مندرج ہیں تو انہوں نے صاف طور پر ہم سے یہ بیان کیا کہ وہ اینروہ پرشاد کو طلب کرنا نہیں چاہتے۔ ہمیں مقدمہ ہذا میں ان وجوہ سے کوئی تعلق نہیں ہے جو اینروہ کو طلب کرنے میں لائق گورنمنٹ ایڈوکیٹ کی محرک ہوئیں۔ ذکر کی وجہ بار ثبوت کی کشمکش کی ہے اور ہم یہ قیاس کرنے پر مجبور ہیں کہ اگر مقدمہ ہذا میں اینروہ طلب کیا جاتا تو اس کی شہادت مدعی کے خلاف ہوتی۔ بنشیوری پرشاد کے متعلق جو کچھ مجھے کہنے کی ضرورت ہے وہ یہ ہے کہ اگرچہ وہ دستاویز دست برداری کا گواہ حاشیہ ہے لیکن مدعی نے اس کو بطور گواہ طلب نہیں کیا ہے۔

یہ ضروری ہے کہ بعض ان معاملات کا ذکر کیا جائے جن کا حوالہ اس سلسلہ میں فاضل سبارڈینیٹ جج نے دیا ہے۔ فاضل سبارڈینیٹ جج کا بیان ہے کہ عرضی دعوے کے فقرہ ۸ کے ان بیانات کو جن کا حوالہ میں نے دیا ہے نولا کھہ کنور کے بیان تحریری میں تسلیم کر لیا گیا ہے اور یہ کہ ایسے اقبال سے یہ نتیجہ اخذ ہونا چاہیئے کہ مہارانیوں کو ایڈوکیٹ جنرل بنگال

اور گورنمنٹ ایڈوکیٹ بہار سے آزادانہ مشورہ ملا تھا۔ اس بحث پر میں ایک دوسرے معاملہ کے سلسلہ میں بحث کر چکا ہوں میں یہ بتلا چکا ہوں کہ عرضی دعوے کے فقرہ ۸ میں کوئی بیان ایسا نہیں ہے کہ کوئی آزادانہ مشورہ ایڈوکیٹ جنرل بنگال یا گورنمنٹ ایڈوکیٹ بہار سے حاصل ہوا تھا اور میں نے یہ بھی بتلا دیا ہے کہ مہارانی نولا کھہ کنور کا بیان تحریری کی ذمہ داری نہیں ہے اور یہ کہ مثل میں اور مدعی کی جانب کی شہادت میں یہ مثبت شہادت موجود ہے کہ بیانات تحریری اس کی ہدایات پر مرتب نہیں کئے گئے تھے۔ فاضل سبارڈینیٹ جج اسکے بعد اس واقعہ کا حوالہ دیتے ہیں کہ بیان تحریری کے فقرہ ۶ (الف) میں جو جوابدہی کی گئی ہے وہ رجسٹری اراضی کی کارروائی میں نہیں کی گئی تھی یعنی یہ نہیں کہنا چاہیئے کہ دستاویز دست برداری کی تکمیل کے بعد بڑا لال نے محکمہ رجسٹری اراضی میں یہ درخواست دی تھی کہ مسماۃ مہاراج میں ۸ روپیہ حصہ کے لئے اس کا نام بھی رجسٹر کیا جائے اور اس درخواست کا مقابلہ کورٹ آف وارڈز نے مہارانی نولاکھہ کنور کی جانب سے کیا تھا۔ فاضل سبارڈینیٹ جج کی رائے یہ ہے کہ اگرچہ کورٹ آف وارڈز نے بڑا لال کی درخواست کا مقابلہ اس بنا پر کیا کہ دستاویز انتقال ایسی دستاویز تھی جو فریب پر مبنی ہو کورٹ آف وارڈز کو اس سے تجاوز کر کے یہ بیان کرنا چاہیئے تھا کہ دستاویز دست برداری کے متعلق مہارانیوں کو کوئی آزادانہ مشورہ نہیں ملا اور یہ کہ درخواست کا مقابلہ اس بنا پر نہ کرنے کی وجہ سے مہارانیوں کو اب یہ حق نہیں ہے کہ وہ یہ جوابدہی کریں کہ معاملہ میں ان کو کوئی آزادانہ یا غیر طرفدارانہ مشورہ نہیں ملا تھا۔ میری رائے میں یہ بحث بالکل بے بنیاد ہے مہارانی کو اس جوابدہی سے کوئی تعلق نہ تھا جو اس کی جانب سے

[illegible] اس کی کارروائیات میں کی گئی تھی۔ معاملہ کورٹ آف وارڈز سے متعلق تھا اور کورٹ آف وارڈز نے ہی ان کارروائیات میں مہارانی لولا کہ بتی کی جانب سے جوابدہی کی تھی۔ نہ میں اس بحث سے متاثر ہوا ہوں کہ آزادانہ قانونی مشورہ کے عذر ان کارروائیات میں پیش نہ کئے جانے سے اپیل کو اب اس امر کے پیش کرنے کا حق نہیں ہے۔

بنام مہارانی لولا کہ بتی (دیکھئے)

کورٹ آف وارڈز صاف الفاظ میں یہ بیان کرتا ہے کہ دستاویز دست برداری کوئی ایسی دستاویز نہ تھی جو نیک نیتی سے ترتیب کی گئی ہو۔ اس کو ایک ایسی دستاویز ثابت کرنے کے لئے جو نیک نیتی پر مبنی ہو یہ ضروری ہے کہ یہ ثابت کیا جائے کہ دستاویز مہارانی کو پڑھ کر سنائی اور سمجھائی گئی تھی۔ جب یہ کہ اس نے دستاویز کے قانونی اثر کو سمجھ لیا تھا۔ ذی علم سالیسیٹر جنرل اس کے بعد اس واقعہ کا حوالہ دیتے ہیں کہ مسٹر [illegible] نے صریحاً یہ بیان کیا تھا کہ وہ تنقیح نمبر ۳ پر زور نہ دینگے۔ میری رائے میں لولا کہ بتی کو اس عمل سے نقصان نہ پہونچنا چاہئے جو کورٹ آف وارڈز نے اس کی جانب سے کیا تھا۔ اس کی نابالغی کی حیثیت اب ختم ہو گئی ہے اور وہ اب اس تنقیح پر زور دینے کا مجاز ہے۔

ایک اور امر ہے جس کا ذی علم سالیسیٹر جنرل نے حوالہ دیا ہے۔ ان کا بیان ہے کہ نکولیشور پرشاد مہارانی لولا کہ بتی کی جانب سے بطور گواہ طلب کیا گیا تھا اپنی شہادت میں یہ تسلیم کرتا ہے کہ مہارانیوں کی خواہش یہ تھی کہ وہ قریب ترین ورثائے عودی کے حق میں اپنے اسٹیٹ سے دست بردار ہو جائیں۔ نکولیشور پرشاد سنہار سا کورٹ آف وارڈز کے دفتر میں سررشتہ دار تھا اس کو یہ امر ثابت کرنے کے لئے طلب کیا گیا تھا جو کلکٹر اور مہارانیوں نے رائے بہادر [illegible] نانا یوم سنگھ کے حق میں تکمیل کیا تھا جس میں اس نے بیان کیا کہ مہارانیاں یہ چاہتی تھیں کہ ایک دستاویز تکمیل کر کے اپنے دختروں سے اپنے نواسوں کے حق میں دست بردار ہو جائیں [illegible] نے یہ بھی بیان کیا کہ اس غرض سے انھوں نے [illegible] مشورہ کیا جس کو خطوط لکھے گئے تھے یہ کہ گورنمنٹ ایڈووکیٹ اور ایڈووکیٹ جنرل کی رائے لی گئی تھی اور یہ کہ ایسی رائے حاصل کرنے کے لئے جو رقوم مہارانیوں نے صرف کی تھیں ان کا اندراج کتب میں کیا گیا تھا۔ اُن کی شہادت زیر غور بیان دستاویزات پر مبنی ہے جو کورٹ آف وارڈز کی مثل میں شامل ہیں۔ کوئی شہادت اس امر کی نہیں ہے کہ اس کو اس معاملہ کا کوئی آزادانہ ذاتی علم ہے۔ وہ ان خطوط کا ذکر کرتا ہے جو وقتاً فوقتاً کلکٹر کو لکھے گئے تھے اور اس رائے کا ذکر کرتا ہے جو ایڈووکیٹ جنرل اور گورنمنٹ ایڈووکیٹ سے لی گئی تھی۔ میں نکولیشور پرشاد کی شہادت کو اس طرح پڑھنے سے قاصر ہوں کہ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مہارانی کو اس معاملہ میں آزادانہ مشورہ ملا تھا اور یہ کہ اس نے اس دستاویز کے قانونی اثر کو سمجھ لیا تھا جو اس نے ۱۸ ستمبر سنہ ۱۹۱۰ء کو تکمیل کی تھی۔ میں اس نتیجہ پر پہونچا ہوں کہ حالات سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ اس معاملہ میں مہارانی لولا کہ بتی کو کوئی آزادانہ مشورہ ملا تھا اور یہ کہ اس نے سمجھ لیا تھا کہ دستاویز دست برداری کی تکمیل سے اس نے مؤثر طریقہ پر اپنے آپ کو اپنے متوفی شوہر کے اسٹیٹ میں مالکانہ حق سے محروم کر دیا تھا۔ اب مجھے اس امر پر غور کرنا باقی ہے کہ آیا دستاویز دست برداری ان خواتین کو پڑھ کر سنائی اور سمجھائی گئی تھی۔ دستاویز کے گواہان حاشیہ اٹھ

(۵۷)

ہیں جن کے نام یہ ہیں :-
(۱) بندیشوری پرشاد سنگھ وکیل ہائیکورٹ -
(۲) اجودھیا پرشاد چودھری کمشنر صفائی مونگیر -
(۳) پربھو چرن امبسٹا -
(۴) بندیشوری پرشاد رم وکیل مونگیر -
(۵) امیندر پرشاد سنگھ وکیل و زمیندار -
(۶) رامچندر سنگھ ساکن موہان پور -
(۷) رامچندر سنگھ ساکن موضع جیکلا منوہان نگر -
(۸) نربھائی نارایں سنگھ ساکن بندوارا -

مدعی نے اجودھیا پرشاد سنگھ اور پربھو چرن امبسٹا کو طلب کیا ہے - اور مدعی علیہا نے نربھائی نارایں سنگھ اور رامچندر سنگھ ساکن موضع جیکلا منوہان نگر کو طلب کیا ہے - میں بلا تامل یہ کہہ سکتا ہوں کہ مدعی علیہا نے گواہوں کو طلب کیا ہے انکی شہادت سے مجھ پر کوئی اثر نہیں ہوا ہے - فاضل سب آرڈینیٹ جج نے ان کی شہادت کو قبول کرنے سے انکار کیا ہے اور میں کوئی دوسری رائے اختیار کرنیکی کوئی وجہ نہیں پاتا - لیکن بار ثبوت مدعیوں پر ہے اور مدعیان کو یہ ثابت کرنا چاہیئے کہ دستاویز مہارانیوں کی تکمیل کردہ دستاویز تھی اور یہ کہ انھوں نے اس دستاویز کی تکمیل اس کی نوعیت اور اسکے اثر کو سمجھ کر کی تھی - پربھو چرن کی شہادت یہ ہے کہ دستاویز مہارانیوں کو پڑھ کر سنائی گئی تھی جو پردہ کے پیچھے بیٹھی ہوئی تھیں یہ دیکھا جا رہا ہے کہ وہ یہ نہیں بیان کرتا کہ دستاویز مہارانیوں نے تکمیل کی تھی - ہمارے روبرو بحث کی گئی ہے کہ ایک دستاویز کے جو انگریزی میں تھی پڑھنے کے یہ معنے تھے کہ وہ مہارانیوں کو سمجھائی گئی تھی اسلئے برخلاف مسٹر

کی شہادت یہ ہے کہ پربھو چرن کی شہادت پر یہ قرار دینا چاہیئے کہ جو کچھ کیا گیا تھا وہ یہ تھا کہ دستاویز ... کہ وہ ان خواتین کے روبرو پڑھ دی گئی تھی - میں ان دونوں ... سے اتفاق نہیں کر سکتا کوئی دستاویز پڑھ کر سنانے سے یہ مطلب ہے کہ اس کو اس زبان میں پڑھ کر سنایا جائے جو وہ اشخاص سمجھ سکتے ہیں جن کو وہ پڑھ کر سنائی جاتی ہے - لیکن یہ کہنا ایک بالکل دوسری چیز ہے کہ وہ خواتین کو سمجھائی گئی تھی - دستاویز کسی طرح سادہ نہیں ہے اسکے الفاظ ایک ... کلکتہ کے ایک اجلاس کامل کے الفاظ ہیں جو اس نے ... دیبی پرشاد چودھری بنام گلاب بھگت (۳) میں استعمال کئے تھے مجھے کوئی شبہہ نہیں ہے کہ دستاویز کی نہایت احتیاط سے وضاحت کی ضرورت تھی اور میں پربھو چرن کی شہادت پر یہ قرار دینے سے قاصر ہوں کہ دستاویز فی الواقع مہارانی کو سمجھائی گئی تھی - اجودھیا پرشاد کی شہادت یہ ہے کہ امیندر وہ بابو نے مہارانیوں کو دستاویز ہندی میں پڑھ کر سنائی اور سمجھائی اور یہ کہ اس کو دستاویز کی نوعیت کے سمجھنے میں کوئی مشکل نہیں ہوئی - سوال یہ نہیں ہے کہ آیا اس نے دستاویز کی حقیقت کو سمجھا تھا بلکہ یہ کہ آیا مہارانیوں نے اس کو سمجھا تھا - مدعی کی جانب سے جو گواہ حاضر طلب کئے گئے ہیں ان کی شہادت میں اختلاف ہے اور میری رائے میں اس شہادت پر یہ قرار دینا مشکل ہے کہ دستاویز خواتین کو سمجھا دی گئی تھی - ہمارے روبرو امیندر پرشاد کی شہادت نہیں دلائی گئی ہے جسکے متعلق یہ بیان کیا جاتا ہے کہ اس نے ۱۸ دسمبر ۱۹۱۲ء کے واقعات میں نمایاں حصہ لیا ہے اور میں یہ قرار دینے کے ناقابل ہوں کہ دستاویز فی الواقع خواتین کو سمجھا دی گئی تھی - چونکہ مدعی کے نقطہ نظر سے پربھو چرن کی شہادت ناکافی ہے

راؤ بہادر ملک سنگھ
بنام
مہارانی لوکیشور بتی
(پٹنہ)

نورجہاں بیگم
بنام
مہارانی نولاکھ بتی
(پٹنہ)

تھی اس کو دوسرے گواہوں کو طلب کرنے کا اختیار تھا کوئی بیان
کسی طرح کا اس امر کے متعلق نہیں ہے کہ اس نے دوسرے گواہان
حاشیہ کو کیوں نہیں طلب کیا۔ مسٹر جسٹس اڈورڈ آف نے اسی مرتبہ
یہ کہا تھا کہ نا خواندہ پردہ نشین خواتین کو دستاویز پڑھ کر
سنانے کا طریقہ بعض اوقات محض بے معنی رسمی طریقہ ہے ملاحظہ
بیوہ مریم بی بی بنام محمد ابراہیم (۱۱) اور اس ... کی اس
شہادت پر جس کی تائید نہیں کی گئی ہے میں یہ قرار دینے کے
ناقابل ہوں کہ دستاویز خواتین کو سمجھا دی گئی تھی خصوصاً
مہارانی نولاکھ بتی نے حلف پر انکار کیا تھا کہ وہ اس طرح
سمجھا دی گئی تھی۔ خلاصہ یہ ہے کہ میں اس واقعہ سے نہایت
متاثر ہوا ہوں کہ مہارانی نولاکھ بتی نے حلف اٹھا کر اس
امر سے انکار کیا ہے کہ اس کو دستاویز دست برداری کا علم
موثر طریقہ پر تھا جو فعل اس سے منسوب کیا جا رہا ہے وہ ایک
بیدخلی کا فعل ہے بلکہ ایک ایسا فعل ہے جس سے وہ خود اپنی
موت کا باعث ہوگی۔ کیونکہ شہادت میں اس نے اس سے انکار
کیا ہے کہ وہ مجازاً مردہ ہے اور اس نے ان حالات کو بیان کر دیا
ہے جن کے تحت دستاویز دست برداری کی اس نے تکمیل کی تھی
مقدمہ دلروس بانو بیگم بنام نواب سید اصغر علی خاں (۱۲) میں
جس کی توثیق جوڈیشل کمیٹی نے مقدمہ اصغر علی خاں بنام دلروس
بانو بیگم (۱۳) میں کی تھی۔ یہ قرار دیا گیا تھا کہ "پردہ نشین" خواتین
کو یہ حق حاصل ہے کہ جب وہ ان دستاویزات کے موثر علم کا انکار حلف
لیکر کریں جن کی تکمیل ان سے منسوب کی جاتی ہے تو ان کے بیان کا خاص
لحاظ کیا جائے۔ ممکن ہے کہ اس کا بیان غیر صحیح ہو اور یہ کہ فی الحقیقت
وہ مجازاً مردہ ہو لیکن جہاں سوال یہ ہو کہ آیا "پردہ نشین"
عورت خود اپنی مجازی موت کا باعث ہوئی ہے جبکہ وہ ایسا کرنے صفحہ ۸۵۳

پر مجبور نہ ہو تو میں خیال کرتا ہوں کہ عدالتیں بڑی احتیاط سے
کام لیں گی اور جب تک کہ ان پر مجبور نہ ہو جائیں اس کو کسی
جائداد سے محروم نہ کریں گی۔ اکثر مقدمات عدالتوں میں رجوع
ہوتے ہیں ایسے مقدمات ہوتے ہیں جو پردہ نشین خواتین
کا معاملہ کے بعد پیدا ہوتے ہیں لیکن یہاں دعوی مہارانی
نولاکھ بتی کی جانب سے ہی کیا گیا ہے اور اس دعوی کا مقابلہ
مہارانی نولاکھ بتی نے خود کیا ہے۔ دوسرے یہ کہ مجھے یہ معلوم ہوتا
ہے کہ مہارانی نے جو جواب دیا ہے اس کی تائید اس معاملہ کے
ان مسلمہ حالات سے ہوتی ہے جو سنہ ۱۹۱۰ء سے سنہ ۱۹۱۸ء تک واقعہ ہوتے
رہے ہیں بار بار مہارانی کی جانب سے یہ کوشش ہوتی رہی کہ
چھوٹے لال کے خلاف حکم اخراج کو منسوخ کرائے اور ہم یہ جانتے
ہیں کہ سنہ ۱۹۱۸ء میں انھوں نے یہ تجویز کی تھی کہ اسٹیٹ سے چھوٹے
لال کے حق میں دست برداری کی جائے اس خیال سے نہیں کہ اسٹیٹ
ان سے چھوٹے لال پر منتقل ہو جائے بلکہ اس لئے کہ گورنمنٹ
کو مجبور کیا جائے کہ وہ چھوٹے لال کے خلاف حکم اخراج کو منسوخ کرائے
اور جو مشورہ انھوں نے رائے بہادر سرجا پرشاد سے معاملے کے متعلق
کیا تھا وہ مقدمہ میں نہایت اہم ہے اور اس سے یہ پتہ چلتا ہے
کہ مہارانیوں کے ذہنوں میں دستاویز کی تکمیل اور چھوٹے لال کے خلاف
حکم اخراج کی تنسیخ کے مابین کچھ تعلق ضرور تھا۔ سوم یہ کہ میں سمجھتا ہوں کہ
بڑے لال مہارانیوں سے کچھ ذاتی اعتماد رکھتا تھا اور اس نے ان کے
ساتھ دھوکہ دہی سے کام لیا۔ یہ اس نے نہیں کیا اور جو کچھ مزید کیا
وہ یہ ہے کہ اس نے کورٹ آف وارڈز کو جو مہارانیوں کا ولی قانونی تھا بالکل
فراموش کر دیا۔ ایسی صورت میں عدالت یہ قیاس کریگی کہ اعتماد دلایا
گیا تھا اور دباؤ ناجائز ڈالا گیا تھا اور شہادت کی بنا پر میں مطمئن نہیں ہوا ہوں
کہ اعتماد نہیں دلایا گیا تھا اور دباؤ ناجائز نہیں ڈالا گیا تھا۔ لیکن

قطع نظر تنسیخ کے سوال کے اور یہ فرض کر کے کہ نرالا لال کو مہارانی سے لوئی اعتمادی تعلق نہیں تھا میں صاف طور پر یہ سمجھتا ہوں کہ آزادانہ اور غیر جانبدارانہ مشورہ [illegible] دستاویز دستبرداری [illegible] کے لئے ضروری ہے کوئی شہادت اس امر کی نہیں ہے کہ مہارانی [illegible] ذہنی قابلیت اور کاروباری لیاقت اس قدر کافی تھی [illegible] کر سکتی تھیں جو ان کی جائداد پر کیا جاتا اور میں یہ کہنے سے ناقابل ہوں کہ آزادانہ مشورہ کا حصول اس مقدمہ میں کوئی فرق نہیں رکھتا اگر [illegible] دستاویز کی شرائط جانتی تھیں کہ مہارانیوں کا تعلق تھا ان کے لئے باعث ترغیب تھیں کیونکہ دستاویز کا فوری اثر یہ تھا کہ ان کو [illegible] ماہانہ دیئے جائیں حالانکہ وہ کورٹ آف وارڈز سے اس لئے کہ [illegible] اسٹیٹ کے قرضہ جات کا تصفیہ ہوگیا تھا اور کورٹ آف وارڈز [illegible] دستبردار ہونے سے زیادہ عرصہ تک ملتے [illegible] سکتی تھی۔ اسکے علاوہ [illegible] ۱۹۱۸ء یہ ثابت کر دیا گیا ہے اور یہ بحث کہ وہ تحریک جو مہارانیوں کو ۱۸ دسمبر کا معاملہ کرنے کا باعث ہوئی یہ تھی کہ چھوٹے لال کے خلاف [illegible] اخراج کو منسوخ کرایا جائے اور یہ خیال کرتا ہوں کہ یہ ایک ایسا معاملہ تھا جس [illegible] آزادانہ مشورہ پانے کی تحقیق [illegible] خیال کرتا ہوں کہ یہ ثابت کیا گیا ہے کہ نرالا کہتی کو کوئی آزادانہ مشورہ نہیں ملا تھا۔ اور اگرچہ میں متفق [illegible] کو دستاویز اس زبان میں پڑھکر سنائی گئی تھی جو وہ سمجھتی تھیں تاہم میں ایک منفرد گواہ کے بیان پر جسکی تردید مہارانی نرالا کہتی کے بیان سے ہوگئی ہے یہ قرار دینے کے ناقابل ہوں کہ دستاویز ان کو سمجھا دی گئی تھی۔ فاضل سب جج سے اختلاف کرتے ہوئے میں یہ قرار دیتا ہوں کہ مہارانی نرالا کہتی کے خلاف دستاویز دستبرداری قابل نفاذ نہیں ہے۔

میں اس مرافعہ کو مع خرچہ خارج کرتا ہوں۔

جسٹس کلونت سہائے۔ میں متفق ہوں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

سوہن سنگھ
بنام
جوالا سنگھ
(لاہور)
۵۱۳

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر [illegible] بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس کیمبل۔

سوہن سنگھ وغیرہ۔ مرافع بنام جوالا سنگھ وغیرہ مرافعہ علیہا

ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۱ – مقدمہ کے تصفیہ کیلئے تجاویز کی عدم ضرورت [illegible] تعمیل شدہ –

تجاویز ان امور کی بابت [illegible] مقدمہ کا فیصلہ کرنے کیلئے ضروری [illegible] [illegible] قابل پابندی ہونے کے فیصلے تصور نہیں ہو سکتے –

مرافعہ ثانی برخلاف ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ جج ضلع [illegible] مورخہ ۱۲ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء مشعر بحالی فیصلہ صادرہ منصف [illegible] مورخہ ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۲۱ء

منجانب مرافع۔ مسٹر [illegible] جی۔

منجانب مرافعہ علیہا۔ لالہ مہر چند۔

**فیصلہ**۔ یہ مرافعہ ثانی نتیجہ ہے ایک مقدمہ کا جس میں سوہن سنگھ ولد نند سنگھ نے اپنے دو بھائی جوالا سنگھ اور بسنت سنگھ سے چار کنال اراضی کے قبضہ کا دعوی کیا جس کی نسبت وہ یہ بیان کیا ہے کہ وہ خود اپنے متوفی باپ کے ایک وارث کی حیثیت سے اس کا مستحق ہے۔ اسکے مقابلہ میں یہ جواب دہی کی گئی تھی کہ اس کا حصہ اسکے باپ کی زندگی میں ہی علیحدہ کر دیا گیا تھا اور انہیں فریقین کے درمیان ایک سابقہ مقدمہ میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ وہ کسی مزید اراضی کا بجز اسکے جو اراضی اس وقت اسکے قبضہ میں تھی مستحق نہیں ہے۔ عدالت تحت نے اس تجویز سے اتفاق کیا ہے کہ بلحاظ سابقہ مقدمہ کے اس مقدمہ میں چار کنال اراضی کی بابتہ مدعی کے حق کا سوال [illegible] فیصل شدہ ہے۔ عدالت ابتدائی نے بھی یہ بیان کیا ہے کہ اس قانونی امتناع

سوہن سنگھ بنام جوالا سنگھ (لاہور)

جو فطرتاً نہ کرتے ہوئے مدعی اراضی کے متعلق اپنا حق ثابت کرنے سے قاصر رہا۔ فاضل ڈسٹرکٹ جج نے بظاہر اس فیصلہ کو بحال رکھا ہے مگر بہت صاف الفاظ میں نہیں۔ مرافعہ خارج کرنے کے لئے ان کا اہم سبب صحیح طور پر امر فیصل شدہ کی تجویز ہے۔ مدعی نے مرافعہ ثانی پیش کیا ہے اور مرافع کے کونسل نے تسلیم کیا ہے کہ دفعہ ۱۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی دعوی کی مانع نہیں ہے لیکن وہ بحث کرتے ہیں کہ مسئلہ مانع تقریر نخالف مدعی نے دعوے کو ممنوع کر دیا ہے اور یہ کہ بربنائے منقولہ بالا خلاف مدعی ایک تجویز واقعاتی ہے۔

نند سنگھ کی وفات کے بعد حالیہ مدعی علیہم نے بمقابلہ مدعی کے ایک دعوی ۳۰ جون ۱۹۱۶ء کو دائر کیا تھا جو ۲۸ کنال اور (۱۲) مرلے اراضی جو نند سنگھ نے چھوڑی تھی اسکے قبضہ کے متعلق تھا جس کی نسبت نند سنگھ و جوالا سنگھ نے بیان کیا کہ سوہن سنگھ اس پر بے جا قابض ہو گیا تھا۔ سوخر الذکر نے جواب دیا کہ وہ صرف ۲۷ یا ۲۸ کنال اراضی پر قابض ہے جس کو اسکے باپ نے اپنی زندگی ہی میں منتقل کیا تھا۔ اور یہ کہ وہ درحقیقت اس سے زیادہ کا مستحق ہے یعنے اس اراضی کے ۱/۲ کا جو اسکے باپ کی وفات کے وقت اسکے قبضہ میں تھی۔

اسکے بعد منصف نے حسب ذیل الفاظ میں ایک تنقیح قائم کی ہے

"آیا مدعی علیہ نمبر ا یعنے سوہن سنگھ کسی مزید رقبہ اراضی کا علاوہ اسکے جو اسکے قبضہ میں ہے مستحق ہے؟"

اس کے متعلق منصف نے ایک تجویز کی کہ سوہن سنگھ ۸ جون ۱۸۸۸ء میں "۲۷ یا ۲۸ کنال اراضی پر مشتمل اپنے حصہ کے قابض ہو کر اپنے باپ سے علیحدہ ہو گیا تھا۔ اور یہ امر اسکے حقوق کی کامل تقسیم کی حیثیت رکھتا ہے اور یہ کہ مدعی علیہ انہیں ۲۸ کنال اراضی کا مستحق ہے جس پر وہ اس کے متوفی باپ کی وفات کے وقت قبضہ رکھتا تھا"۔ اس نے مقدمہ کو خارج کر دیا۔ اس بنا پر کہ "مدعی علیہ ان ۲۸ کنال اراضی پر قابض ہے جس کا کہ وہ بحیثیت نند سنگھ کا بیٹا ہونے کے اور بلحاظ تقسیم ۸ جون ۱۸۸۸ء کے مستحق ہے"۔

یہ ظاہر ہے کہ سوہن سنگھ کے کسی ایسی اراضی کے حق کے متعلق جس پر وہ اس وقت قابض نہ تھا کسی تنقیح کی ضرورت نہ تھی۔ پہلا سوال صرف یہ تھا کہ آیا وہ اس اراضی کو اپنے پاس رکھنے کا مستحق تھا جس پر کہ وہ متصرف تھا۔

دوسرا سوال جو مقدمہ کے تصفیہ کے لئے اہم نہیں تھا یہ تھا کہ آیا وہ نند سنگھ کی وفات پر کوئی حصہ اراضی پا سکتا تھا جس کو کہ نند سنگھ نے اپنے لئے رکھ چھوڑا تھا۔ جس اراضی پر اس وقت ایسے شخص کا قبضہ تھا جو اس وقت مدعی تھا اور جس کے دعوی کی وہ مزاحمت کر رہا ہے۔ اس سوال پر اگر تجویز کر دی جاتی تو وہ ایسی ہوتی جس کے خلاف وہ مرافعہ نہیں کر سکتا تھا اور جب کہ فیصلہ مقدمہ نارائن داس بنام فیض شاہ (۱) میں منجملہ امور کے سوال ایک ایسے امر کی نسبت نہیں تھا جو صریحاً اور در اصل تنقیح طلب قرار پائے اور مسموع اور قطعاً فیصل کیا جائے۔ مقدمہ جمعیت النسا بنام لطف النسا (۲) اس مادہ میں واضح ہے جس طرح کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔ اس کو مدعی علیہ کے قابل کونسل نے تسلیم کر لیا ہے۔

(۱) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۸۹ء نمبر ۱۵ اجلاس کامل
(۲) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۷ صفحہ ۶۰۶۔

موہن سنگھ بنام مولا سعد (لاہور)

میں قبول کرتا ہوں کہ میں کونسل کی بحث کے متعلق بابت تقرر پر مخالفہ پر عمل کرنے سے قاصر ہوں۔ وہ بحث کرتے ہیں کہ موہن سنگھ اب یہ عذر پیش کرنے سے ممنوع ہے کہ وہ اپنے باپ کی وفات پر ایک مزید حصہ پانیکا مستحق ہے اس لئے کہ اس نے اسی عذر کو سابقہ مقدمہ میں پیش کیا تھا اور عدالت نے اس امر پر تامل کیا تھا کہ اس کو تنقیح میں شریک کر کے اس کا تصفیہ کرے میں قانون شہادت ہند کے باب ۹ میں کوئی احکام اس مسئلہ کی تائید میں نہیں پاتا ہوں میں یہ دیکھتا ہوں کہ عدالت کسی ایسی جائداد کے حقوق کے متعلق جو دعوے میں شریک نہیں ہے ایک تنقیح قائم کرنے کے لئے جو مدعی یا کسی دیگر شخص سے پابند کیجا سکتی ہے۔ دوسرا امر کہ آیا مدعی حوالہ مفصلہ ش۔ ۵ کے قطع نظر اپنا دعوی ثابت کیا ہے اس کی نسبت فاضل ڈسٹرکٹ جج نے حسب ذیل فیصلہ کیا ہے۔ موجودہ عرضی دعوے میں اور نہ مقدمہ سابقہ میں اس اہم بحث کا جواب کہیں بھی ہے کوئی ذکر ہے یعنی یہ کہ بندوبست بابتہ سنہ ۱۹۱۱-۱۲ء کے بعد نند سنگھ نے اپنے ہر ایک بیٹے سے اپنی بسر اوقات کے لئے ۹ کنال اراضی واپس لیا تھا اگرچہ یہ امر موجودہ مقدمہ کے تنقیح نمبر ۲ میں شریک ہے مگر اس کا کہیں کافی تحریری ثبوت موجود نہیں ہے پٹواری (گواہ مدعی نمبر ۱) اس بیان کی تائید نہیں کرتا اور گواہان مدعی نمبر ۲ و ۳ خود معتبر گواہ نہیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس بیان پر جو تنقیحات قائم ہونے سے پہلے کیا گیا تھا مدعی نے یہ بیان کیا ہے کہ بندوبست کے بعد اس کے باپ نے کچھ اراضی واپس لی تھی اور میں خیال کرتا ہوں کہ ذی علم سشن جج نے اس حصہ بیان کو نظر انداز کر دیا ہے میں نے پٹواری کا اظہار بھی دیکھا ہے اور میں یہ خیال نہیں کرتا کہ ذی علم سشن جج نے اسکو بغور پڑھا ہے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ذی علم سشن جج کی تجویز اس دوسرے امر کے متعلق معقول نہیں ہے اور وہ تمام شہادت تحریری پر مبنی نہیں ہے اور یہ کہ درحقیقت انہوں نے کلیتاً اس خیال پر مرافعہ خارج کر دیا ہے کہ دفعہ المجموعہ ضابطہ دیوانی متعلق ہے جس سے میں اختلاف کرنے پر مجبور ہوں اور ان امور کے علاوہ جو عدالت ابتدائی کے تنقیح نمبر ۱ میں درج ہیں اور پیدا شدہ امور کے نسبت جدید فیصلہ کے لئے تحت آرڈر ۴۱ رول ۲۳ مقدمہ کو واپس کرتا ہوں خرچہ مرافعہ عدالت ہذا واپس کیا جائیگا اور خرچہ مقدمہ کا خرچہ ہوگا

مرافعہ منظور کیا گیا

# عدالت جوڈیشل کمشنر پشاور

## مرافعہ اولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۲۔ ۹ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر ہیپ جوڈیشل کمشنر

خان بہادر محمد علی خاں مرافع بنام بہادر سنگھ وغیرہ مرافعہ علیہم

قانون حق شفعہ پنجاب ایکٹ ۲ بابتہ سنہ ۱۹۰۵ء دفعہ ۳ (۲) (۳) شہری جائداد غیر منقولہ اور دیہاتی جائداد غیر منقولہ۔ قصبہ کیا ہے۔ حق شفعہ کی ابتداء۔

کسی مقدمہ شفعہ میں یہ فیصلہ کرنے کے لئے کہ آیا جائداد متنازعہ دیہاتی یا شہری جائداد غیر منقولہ ہے عدالت کو کسی موضع یا رقبہ مالگزاری کی نسبت منفرد طور پر نہیں بلکہ متنازعہ خاص اراضی کی خصوصیت کی نسبت فیصلہ کرنا چاہئے۔

محمد دین بنام شاہ دین۔ پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۱۷ء نمبر ۹ پر استدلال کیا گیا۔

رقبہ جات جو پہلے مزروعہ ہوں لیکن بڑھکر قصبہ میں شامل ہو جائیں اور اپنے سابقہ خصوصیات ترک کرتے ہوئے جو ان قصبہ میں جو خود قصبہ سے ناقابل امتیاز خصوصیات ہوں شامل ہو جائیں

محمد علی [illegible] بنام بہادر کمس سنگھ [illegible] پشاور

کشن دیال بنام علی بخش ۔ پنجاب ریکارڈ بابت ۱۹۱۵ء نمبر ۔۔
عمر بخش بنام [illegible] پنجاب ریکارڈ بابت ۱۹۰۵ء نمبر [illegible]
بنام [illegible] پنجاب ریکارڈ بابت ۱۹۰۹ء نمبر [illegible]
[illegible] پنجاب ریکارڈ بابت ۱۹۰۶ء نمبر [illegible]
[illegible]
[illegible]
بلحاظ [illegible] زیادہ موجود ہے۔

[illegible] بنام محمد ناظر [illegible] صفحہ ۱۹ [illegible]
کسی قبہ کا حدود [illegible] میں شامل ہونا امر واقعہ تو [illegible]
بہت اہم [illegible] کہ آیا وہ قبہ قصبہ میں شامل ہے یا دیہات میں
قانون شفع ماخذ اس سے اخذ کیا گیا ہے شرع اسلام جو کہ
جمہوریت کی بقائی بہبود [illegible] اور خاص آسائش سمجھا گیا ہے
یہ ایک سبق [illegible] ہے کہ ہر ایک جماعت جو کہ
قصبہ ہم جنس ہوتی ہے اس ضرورت کو محسوس کرتی ہے کہ وہ
اپنی ضروری یکسانیت کو قائم رکھے کسی جائداد [illegible] اشخاص کے
[illegible] ہاتھ میں منتقل ہو جانا نہ صرف ایسی جماعت کو
جو اپنی جماعتی حقوق سے پوری طرح سے دست بردار نہیں ہو
ایک قیمتی جائداد سے محروم کرتا ہے بلکہ عام جماعت پر جس کا
کو قائم کرنے سے اس کے اندرونی ترکیب پر اثر ڈالنا بھی ہے
ان اسباب سے اراضی کاشت یا زرعی دیہات کے مواقع
[illegible] متعلق ابتدائی حق شفع [illegible] کے قرابتدار کو
حاصل ہوتا ہے [illegible] بعد جماعت مالکان کے [illegible] کاشتکار کو۔
دوسری طرف شفع [illegible] اگرچہ [illegible] ابتدا وہ
اصول شرع اسلام سے اخذ کیا گیا ہوگا [illegible]
وہ بالکلیہ [illegible]

ایسی حالت میں قرابت [illegible] انفصال زیادہ اہم ہے۔
یہ تصفیہ کرنے میں آیا کوئی خاص قبہ قصبہ یا دیہات کا حصہ سمجھا
جانا [illegible] متعلق کیا جانا چاہیے کہ آیا کوئی ایسا قبہ
اپنے [illegible] خصوصیات کو باقی رکھتا ہے جو کسی جماعت کی ترکیب
کے لئے یکساں ہوں جن سے وہ اصول شفعہ کا استحکام [illegible]
[illegible] دوسرے طرف وہ ایسا ہے
جو [illegible] شفعہ [illegible] جا سکیں۔

اپیل [illegible] بنا [illegible] حکم ڈسٹرکٹ جج کوہاٹ صادرہ ۲۰ نومبر ۱۹۲۱ء
جس [illegible] کوہاٹ کے ۵ کنال ۴ مرلے اراضی کا شفعہ کا دعویٰ
[illegible] کا خارج کیا گیا تھا۔
بجانب مرافع مسٹر [illegible] بجانب مرافعہ علیہم مسٹر دیوان چند۔

**فیصلہ** موجودہ دعویٰ ایک قبہ اراضی کے [illegible] حصہ کا
شفعہ کا دعویٰ ہے جو ایک [illegible] ہے اور جو شہر کوہاٹ کی شہر پناہ
کے باہر ہی واقع ہے۔ اس دعوے کی کئی وجوہ کی بنا پر مخالفت
کی گئی ہے میرے لئے یہ ضروری نہ ہوگا کہ میں ان تمام کا اس مرافعہ میں
تصفیہ کروں۔ شفعہ کا دعویٰ قرابت مابین مدعی اور بائع پر مبنی
ہے عدالت ابتدائی نے یہ تجویز کی کہ متدعویہ جائداد شہری غیر منقولہ
جائداد ہے جس کی تعریف ایکٹ ۲ بابت ۱۹۰۵ء کے دفعہ ۳ (۳)
میں کی گئی ہے اور یہ کہ اس لئے اس میں حقوق شفعہ اسی ایکٹ
کے دفعہ ۱۳ (۱) کے نہ کہ دفعہ ۱۱ (۲) کے تابع ہیں۔ یہ تسلیم کیا گیا ہے
کہ اگر یہ نتیجہ صحیح ہے تو مدعی علیہ مشتری جائداد میں شریک حصہ دار
ہونے کی وجہ سے مدعی شفعہ کا دعویٰ نہیں کر سکتا اسلئے [illegible]
[illegible] کے فیصلہ کی جو درخواست کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ آیا متدعویہ
جائداد ایک شہری غیر منقولہ جائداد ہے یا نہیں۔ مدعی مرافع
نے یہ بحث کی ہے کہ وہ شہری غیر منقولہ جائداد نہیں ہے اور یہ کہ

۸۵

وہ دیہاتی غیر منقولہ جائداد ایکٹ کے دفعہ ۲ (۲) کے مفہوم کے مطابق ہے مرا نحو علیم نے جو بحث کی ہے وہ یہ ہے کہ جائداد شہری غیر منقولہ جائداد ہے اور یہ کہ اگر وہ ایسی نہیں ہے تو بھی وہ دیہاتی غیر منقولہ جائداد نہیں ہے۔ مرا فعہ علیہم کی علی سبیل البدل بحث الفاظ جائداد غیر منقولہ صدر و دیہات کے اندر مستعملہ دفعہ ۲ (۲) ایکٹ ۲ بابتہ سنہ ۱۹۰۰ء پر مبنی ہے اور بعض نظائر منفصلہ پر بھی مبنی ہے جن کے ذریعہ سے مختلف اقسام کے عمارت کو تعریف مذکور الصدر سے خارج کیا گیا ہے۔ یہ علی سبیل البدل بحث درحقیقت ناقابل توجہ ہے اگر مرافع عدالت ابتدائی کے فیصلہ کو اس مطلب سے غلط ثابت کرنے سے قاصر رہے کہ جائداد شہری غیر منقولہ جائداد ہے جیسا کہ اس فیصلہ کا لازمی نتیجہ ہے تو موجودہ دعوی ناکامیاب رہنا چاہئے۔ متدعویہ جائداد کی نسبت حسب ذیل واقعات بیان کئے جاسکتے ہیں جائداد متنازعہ ۵ کنال ۲ مرلے کے رقبہ پر مشتمل ہے اور موضع کوہاٹ کے رقبہ مالگزاری میں واقع ہے اس کی زر مالگزاری تشخصہ ہے وہ بالکلیہ ایک منڈی یا مارکٹ کے لئے جو متعدد دوکانوں پر مشتمل ہے استعمال ہوتی ہے سررشتہ مال کے کاغذات میں اس کو غیر ممکن منڈی لکھا گیا ہے موضع کوہاٹ کی رقبہ مالگزاری میں خاص شہر کوہاٹ بھی داخل ہے جس میں ایک قلعہ ہے جو ایک دیوار سے محصور ہے اور کاغذات مال میں اس کو ایک علیحدہ نمبر دیا گیا ہے جیسا کہ قصبہ کوہاٹ "متدعویہ مقام شہر کے تحصیل دروازہ کے بالکل مقابل شہر پناہ کے باہر واقع ہے مگر اس کے اور شہر کے درمیان صرف ایک بڑی سڑک حائل ہے وہ حدود صفائی او محصول چنگی کے رقبہ کے اندر واقع ہے وہ جائداد بلا شبہ بالکلیہ تجارتی مقاصد کے لئے استعمال کیجاتی ہے جائداد کا بہترین نقشہ شہر کے ساتھ منسلک ہے۔

مقدمہ ہذا مقدمہ شیر علی بنام قلندر خاں (۱) انگرانی دیوانی نمبر ۹۰۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء سے بہت مشابہ ہے جس کا کہ ابھی حال ہی میں فیصلہ کیا ہے جس میں قرار دیا گیا ہے کہ شفعہ کے قواعد کے لئے عدالت بھانا ماری جو شہر پشاور کے باہر ایسے مقام پر واقع ہیں جیسے کہ اراضی متدعویہ شہر کوہاٹ پشاور کے ایکسٹنشن ڈویژن کے باہر واقع ہیں

۵۔ نظیر اس وقت زیر بحث اور موجودہ مقدمہ کے فیصلہ کے وقت وہ عدالت ابتدائی کے روبرو موجود نہ تھی میں نے اس مقدمہ میں کسی قصبہ کے متصل ہی جدید نواح کے پیدا ہونے پر مختلف نظائر پر بحث کی ہے۔ لیکن ان دونوں مقدمات میں ایک امر قابل امتیاز ہے مقدمہ شیر علی بنام قلندر خاں (۱) کی نظیر ایسی تھی جو تمام بھانا ماری مقام پر حاوی تھی اور بھانا ماری کو پشاور کا ایک حصہ ڈویژن ظاہر کرتی تھی۔ مقدمہ موجودہ میں ہم کسی اور امر کا تجزیہ اس رقبہ کے جس کا مقدمہ سے تعلق ہے تصفیہ نہیں کر رہے ہیں اس مادہ میں چیف کورٹ پنجاب کا مقدمہ محمد دین بنام شاہ دین (۲) مثل ایک سند کے بہت اہم ہے۔ اس میں اس رقبہ کا فیصلہ کیا گیا ہے جو شہر لاہور کے قریب قلعہ گجر سنگھ میں واقع ہے اور وہ اس امر کی سند ہے کہ عدالتوں کو موضع یا رقبہ مالگزاری کے نسبت منفرد طور پر فیصلہ نہیں کرنا چاہئے بلکہ ان کو خاص اراضی متدعویہ کے خصوصیات پر غور کرنا چاہئے۔ مجھے اس امر کی صحت پر بالکل شبہ نہیں ہے کہ عدالتوں کو چاہئے کہ اس خاص قطعہ اراضی کی جو اس منفرد خاصیت سے بالکل مختلف ہے جس میں کہ وہ شریک ہے حالت اور خاصیت کا لحاظ کریں وہ نظیر بھی موجودہ مقدمہ سے اس مادہ میں ہم مضمون ہے کہ وہ ایک ایسے رقبہ سے جو ایک اسٹیٹ میں شریک ہے جو بالعموم زراعتی بھی ہے اور جس میں تمام دیہاتی حکومت کے خصوصیات بھی موجود ہیں تعلق رکھتی ہے۔ یعنی اس کی مالگزاری تشخصہ ہے اس کے کاغذات حقیقت اور کی معمولی دیہاتی مردم شماری اور اس کے نمبردار

خان بہادر محمد ... بنام ... کھین سنگھ (پشاور)

صفحہ ۵

(۱) انڈین کیسز جلد ۳، صفحہ ۹۰ نظائر ہند صفحہ ۲۶۶

(۲) پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء نمبر ۹۰

شیخ محمد سلیمان بنام بہادر سنگھ (پشاور)

دیہی موجود ہیں۔ لیکن وہ خاص قصبہ جس کا قلعو گجر سنگھ میں فیصلہ کیا گیا ہے تاہم اُس کی نسبت یہ قرار دیا گیا ہے کہ وہ ایک ایسا قصبہ ہے جو شہر لاہور میں شامل ہو گیا ہے۔ اس لئے مجھے یہ دیکھنا ہے کہ آیا رقبہ متدعویہ بھی اسی طرح قصبہ کوہاٹ میں شامل ہو گیا ہے۔ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا اور اس مسئلہ کی نسبت آراء میں اتفاق ہے کہ وہ رقبہ جات جو پہلے زرعی تھے وہ حقیقتاً قصبوں میں شامل ہو سکتے ہیں اور اپنے سابقہ تمام خصوصیات ترک کرتے ہوئے اپنے نواحی قصبہ میں شامل ہوتے ہیں کہ جو خود قصبہ کی خصوصیات سے ناقابل امتیاز ہوں۔ مثلاً پنجاب میں ٹیالا کا مقدمہ رعبدہ ہے جو موجودہ مقدمہ سے بہت مشابہ ہے (کشن دیال بنام علی بخش (۳)) ایک اور مقدمہ جو اسی قصبہ سے متعلق ہے الٰہی بخش بنام عبدالکریم (۴) عبداللہ بنام پنوں رام (۵) قصبہ ملتان کے نواحی قصبہ کے آباد ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔ اور غلام مرتضیٰ بنام روباش (۶) ایک جدید محلہ موسومہ محلہ گیر پور کے آباد ہونے سے متعلق ہے۔ اللہ دتا بنام محمد نذیر (۷) مگر ایک سند ہے اس امر کی کہ یہ ضرور نہیں ہے کہ ایک قصبہ ایک قصبہ کا حصہ بننے کے لئے اُس کی ترقی بتدریج ہو بلکہ یہ کہ چند مکانات کی تعمیر کی وجہ سے ایک بالکل جدید نواحی جلد آباد ہو سکتی ہے وہ عمارات جن کا اُس مقدمہ میں حوالہ دیا گیا ہے مقدمہ موجودہ کے اُن عمارات سے جن سے کہ ہم کو تعلق ہے خصوصیات میں بالکل یکساں ہیں۔ موجودہ مقدمہ کی لازمی کمزوری مرافع کی اُس حالت میں ہے جس میں وہ رقبہ متدعویہ کو قصبہ کا ایک حصہ ہونے سے انکار کرتا ہے اُس کے لائق کونسل کے سلسلہ بحث سے جو اختیار کی گئی ہے ظاہر ہے وہ بحث یہ ہے کہ قصبہ کی توسیع مابعد اور کسی موجودہ دیہہ کی متصلہ قصبہ کی طرف توسیع میں امتیاز کیا جانا چاہئے اس بحث کو اس معنے میں سمجھنا قریباً ناممکن ہے کہ وہ امر زیر بحث پر کوئی حقیقی اثر رکھتی ہے سوال یہ نہیں ہے کہ آیا کسی قصبہ کے رہنے والے یا کسی رقبہ بیرونی کے رہنے والوں میں سے کن اشخاص نے نواح کے آباد کرنے میں تقدیم کی ہے بلکہ یہ ہے کہ آیا ایسی نواح آباد کی گئی ہے یا نہیں لائق کونسل نے مقدمہ ملتان اور مقدمہ کوہاٹ کے مابین اس بحث کی بنا پر امتیاز کرنا چاہا ہے کہ ملتان یا اُس کے قریب رہائش میں اس قدر خطرات نہیں ہیں جیسا کہ بدقسمتی سے سرحدی مقام کوہاٹ میں موجود ہیں۔ اُن کی یہ بحث ہے کہ کوہاٹ کی شہری آبادی لازماً شہر پناہ کے اندر محدود رہنی چاہئے اور یہ خلاف قیاس ہے کہ وہ اپنے حدود کو شہر پناہ کے باہر تک توسیع دے۔ اس بحث پر بھی بہ سنجیدگی سے غور کرنے سے قاصر ہوں۔ کیونکہ شہر مثل کوہاٹ کا اُس کے شہر پناہ کے باہر توسیع کو تسلیم کرنا بالکل ممکن ہے اور اس میں مطلق شک نہیں ہو سکتا کہ یہ توسیع جب قصبہ سے برابر ہوئی ہے حقیقتاً جب ثبوت امثلہ میں موجود ہیں جو موجودہ توسیع کی توضیح کرتی ہیں اور جو ثبوت سے اس امر کی تائید کرتی ہیں کہ وہ حقیقت میں قصبہ کی توسیع ہے مرافع کے باپ اور دوسرے قرابت داروں کی سنہ ۱۹۰۳ء کی اراضی متدعویہ کے بازیافت کے متعلق درخواستیں پیش کی تھیں ان درخواستوں سے یہ امر صاف طور پر ظاہر ہو گا کہ عہدہ داران عامل اس امر کی کوشش میں تھے کہ اراضی مذا کی درستی اور عمارات بنانے سے اُس پر سکونت کی ترغیب دیں تاکہ اس سے شہر کی حالت حفظان صحت درست ہو جائے اس میں شک نہیں کہ ۱۹۰۳ء کے بعد سے تدریجی ترقی ہونے لگی

(۳) پنجاب ریکارڈ نمبر ۱۱۹ سنہ ۱۸۹۰ء (۴) ۸۱ م ء پنجاب ریکارڈ نمبر ۱۸۹۵ء
(۵) پنجاب ریکارڈ سنہ ۱۸۹۹ء ۲۳م (۶) پنجاب ریکارڈ سنہ ۱۹۰۱ء
(۷) انڈین کیسز جلد ۰ صفحہ ۱۲۶

خان بہادر محمد علیخان بنام [illegible] بہادر لچھمن سنگھ (پشاور)

اس مقام پر ابتداءً چند کچا جھونپڑیاں اور دوکانیں تھیں جن کی جگہ بتدریج پختہ عمارتیں بنائی گئیں اور بجائے اُن کے نیا بازار یا [illegible] مرکز تجارت قائم ہوا۔

یہ بیان کیا جا سکتا ہے کہ شہر پشاور اسی ہی ایک حصار سے محصور ہے اور اسی طرح اسکا بازار دیوار کے باہر تک وسیع ہے اور درحقیقت شہر پشاور کے بعض نہایت اہم تجارتی مرکز ابتدائی دیوار حدود کے باہر واقع ہیں اگر ہم دوسرے معیار کو لیں جیسا کہ میں نے پہلے ہی بیان کر دیا ہے کہ متدعویہ رقبہ نہ صرف کوہاٹ کی حدود صفائی کے اندر داخل ہے بلکہ محصول چنگی کے انتظام [illegible] حدود کے اندر داخل ہے کسی [illegible] صفائی بشمول کوہاٹ [illegible] چنگی کے انتظام لوا اپنے تمام شہر [illegible] پر وسیع نہیں کیا ہے کسی [illegible] حدود صفائی میں داخل ہونا ایک بہت اہم اور قابل لحاظ امر ہے کہ آیا وہ رقبہ قصبہ حدود کے اندر ہے یا دیہات۔ درحقیقت مسٹر ایلس اور شادی لال دونوں نے اپنے شروع میں اس مسئلہ سے اتفاق کیا ہے کہ معمولاً ہر ایک مقام جو حدود صفائی کے اندر واقع ہو قصبے میں خود خیال کرتا ہوں کہ یہ رائے بہت وسیع ہے۔ بلاشبہ زیادہ معقول رائے وہ ہے جو جوڈیشل کمشنر اور دوسرے دو مقامات میں ظاہر کی ہے جن میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ ایکٹ [illegible] انتظامی قانون جو کسی رقبہ کو حدود صفائی کے اندر داخل کرتا ہے اُس قصبے کے خصوصیات کو جو اُس میں پہلے سے موجود ہیں فی نفسہ داخل کرنے پر مؤثر نہیں ہوتا۔ میری رائے میں صحیح فیصلہ وہ ہے جو پہلے ہی یہاں ملک کے متعلق بہ مقدمہ شیر علی بنام قلندر خان [illegible] صادر کیا گیا ہے یعنی یہ کہ کسی رقبہ کا حدود صفائی میں داخل کرنا اگر وہ اُس کے شہری خصوصیات کا قطعی ثبوت نہیں ہے تو کم سے کم اس خصوصیت کی قوی شہادت ہے یہ ایک قطعی جواب اس کوشش کا ہے جس کے ذریعہ سے اُس قبل شہری خصوصیت سے آج واقعات کے حوالہ سے انکار کیا جاتا ہے کہ وہ مابعد [illegible] مالگزاری میں داخل ہے اور دونوں صورتوں میں [illegible] اُس [illegible] کا تعداد حقوق مالگزاری میں [illegible] ہے۔ وارانِ [illegible] نے رقبہ کے متعلق ایک نظیر جوڈیشل کورٹ کی جانب سے بنام محمد اسمٰعیل خان صادرہ ۱۶ جنوری سنہ ۱۹۱۰ کا حوالہ دیا ہے۔ اُس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ رقبہ متدعویہ قصبہ کے اندر نہیں تھا۔ ڈسٹرکٹ جج نے حسب ذیل تجویز کی ہے کہ کوہاٹ بحیثیت [illegible] کے حصہ شہر کے ایک قصبہ ہے۔ لیکن ملحقہ اُن دیہات کے جو شہر سے دور ہیں وہ ایک دیہہ ہے جس پر مالگزاری مشخص ہے اور وہ ایک موضع بنتے ہیں۔ اراضی متدعویہ قصبہ سے دور اور اُس کے باہر واقع ہے اور صرف ایک قابل ادائی مالگزاری حصہ [illegible] دیہہ کا اطلاق ہوتا ہے جو کہ ہاٹ کے [illegible] سے موسوم ہے۔ لیکن اُس نظیر کا [illegible] موجودہ مقدمہ [illegible] میری رائے میں کچھ نہیں ہے اولاً ڈسٹرکٹ جج ایک [illegible] حق شفعہ کے تحت فیصلہ کر رہے تھے جو اُس قانون سے بالکل مختلف تھا جو اب نافذ ہے یعنی حق شفعہ قانون [illegible] دفعات ۱۱ و ۱۲ [illegible] مزید یہ کہ وہ نظیر ضلع کوہاٹ کے بندوبست یا سنہ ۱۹۰۵ء کے دو سال قبل طے ہوئی ہے۔ سنہ ۱۹۰۵ء کے [illegible] میں کوئی ایسا رقبہ موسوم قصبہ کوہاٹ یا [illegible] شہر [illegible] نہیں تھا۔ سنہ ۱۹۰۳ء کے بندوبست میں [illegible] قرار دیا گیا ہے کہ کوہاٹ ٹون موضع کوہاٹ سے بالکل علیحدہ حصہ ہے۔ مزید برآن اور یہ سب سے زیادہ اہم امر ہے کہ ہم اُس حیثیت اراضی کا فیصلہ نہیں کر رہے ہیں جو سنہ ۱۹۱۰ء میں تھی بلکہ اُس حیثیت کا جو سنہ ۱۹۲۳ء میں ہے۔ اگر ہم اس نظیر سے نتیجہ نکالیں تو ہم اُس اصول سے بہت دور ہو جائیں گے کہ ایک رقبہ بوجہ تبدیلی۔ توسیع اور ترقی کے ترقی کر کے ایک قصبہ کا حصہ

خان بہادر محمد مقیم
بنام
بہادر لچھمن سنگھ
(پشاور)

بن سکتا ہے۔ مزید برآں اس صوبہ کے ایک ڈویژنل دربار کی حال کی نظیر گرچہ ہی ہوں تاہم اسکا تعلق ہے جو ان دیہات میں سے ایک دیہہ ہے جو کوہاٹ کے اطراف میں واقع ہے میرے خیال میں اس نظیر کا مقدمہ زیر بحث پر کوئی اثر مترتب نہیں ہوتا۔ ہم یہاں پر غور نہیں کر رہے ہیں کہ آیا تمام گڑھی ہوا خان یا تمام موضع کوہاٹ ایک شہر ہی جائیداد غیر منقولہ ہے بلکہ یہ کہ صرف رقبہ متنازعہ شہری غیر منقولہ جائیداد ہے تمام قیاسات جن کا اوپر حوالہ دیا گیا ہے مجھکو اس قیاس کی طرف لے جاتے ہیں کہ رقبہ متنازعہ نے تمام خصوصیات جو زراعتی دیہہ کی اراضیات سے متعلق ہیں ترک کر کے خصوصیات نواح شہر کے حاصل کر لئے ہیں۔ یہ امر قابل لحاظ ہے کہ ایکٹ بابتہ ۱۹۰۵ء یا بابتہ ۱۹۱۳ء میں لفظ قصبہ کی تعریف نہیں کی گئی ہے۔ مسٹر الیس نے اپنی شرح میں تعریف کرنے کی کوشش کی ہے۔ وہ تحریر کرتے ہیں کہ "بہترین تعریف یہ معلوم ہوتی ہے کہ وہ ایک قصبہ ہے جس میں ایسے اشخاص بستے ہیں جن سے کوئی زراعتی تعلق نہیں ہوتا یعنی وہ ایسا مقام ہے جس کا دارومدار بالکلیہ تجارت پر ہے"۔ اس تعریف کو ہائی کورٹ لاہور نے فیصلہ

صفحہ ۵۹

تحت فرمان شاہی نمبر ۲ بابتہ ۱۹۱۹ء شائع شدہ بنام متھرا داس (۸) میں تسلیم کیا ہے۔ لائق شارح اور ذی علم ہائی کورٹ لاہور کے ججوں کا احترام کرتے ہوئے میں بذات خود اس سے اتفاق نہیں کرتا کہ یہ تعریف صحیح معیار کو ظاہر کرتی ہے میرا خیال ہے کہ یہ بالکل ممکن ہے کہ ایک ایسے اصلی اور صحیح قصبہ کا قیاس کیا جاسکے جس کی ابتدا یا قیام کسی طرح تجارت پر مبنی نہ ہو۔ بلاشبہ یورپ میں اور ممکن ہے کہ ہندوستان میں بھی بعض شہر ایسے ہوں جن کی پوری ترقی اور قیام علمی۔ صنعتی۔ مذہبی۔ سیاسی۔ یا فوجی امور پر منحصر ہو اگر ہم ایک ایسے شہر کی مثال لینا چاہیں جو محض سیاسی اغراض کے لئے آباد کیا گیا ہے تو اس کے لئے جدید

دہلی کی تعمیر اور ترقی یا زیادہ صحیح یہ کہ "رائے سینا" موجود ہے اس سے اب انکار نہیں کیا جاسکتا کہ رائے سینا جب مکمل ہو جائیگا ایک قصبہ کی خصوصیت رکھیگا۔ مگر ساتھ ہی یہ قیاس کرنا بہت ہی مشکل ہوگا کہ وہ ایک مقام ہے جس کا دارومدار زیادہ تر تجارت پر ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہم کو ایک قصبہ اور ایک زراعتی دیہہ کے مابین بنائے فیصلہ کا اندازہ کرنے کے لئے کسی قدر عمیق جانا چاہیے یہ کہا جاسکتا ہے کہ قانون شفعہ تین ماخذوں سے اخذ کیا گیا ہے۔ شرع اسلام قومی جمہوریت کی بنا کی اہمیت اور عام اور خاص سائر اس میں بھی شک نہیں ہے کہ واضعان ایکٹ بابتہ ۱۹۰۵ء اور ۱۹۱۳ء نے محض ان اصول شفعہ کا جو شرع اسلام یا قدیم رواج سے اخذ کئے گئے تھے۔ لحاظ نہیں کیا تھا بلکہ عام مفاد اور سائر کا بھی لحاظ کیا تھا جو اس ایکٹ کے نفاذ کے وقت موجود تھے۔ یہ قیاس کرنا بہت آسان ہے کہ منجملہ خاص سائر کے ایک سبب حق شفعہ کو تصور کیا گیا ہے کہ ہر ایک جماعت جو پہلی مرتبہ ہم جنس ہوتی ہے اس اہم ضرورت کو محسوس کرتی ہے کہ وہ اپنی ضروری یکسانیت کو قائم رکھے۔ کسی جائیداد از قسم اراضی کا اجنبیوں کے ہاتھ میں منتقل ہونے دینا نہ صرف ایسی جماعت کو جو اپنے جماعتی حقوق سے پورے طور سے دست بردار نہ ہوئے ہوں ایک قیمتی جائیداد سے محروم کرنا ہے بلکہ عام جماعت پر اجنبیوں کو قائم کرنے سے ان کی اندرونی ترکیب پر اثر ڈالنا ہے۔ ایسی ضرورت زیادہ غالب سرحد کے اس طرف رہنے والے پٹھانوں میں ہے جو برٹش انڈیا کے مقررہ حدود کے باہر ہیں۔ اور جو اب تک "قانون فرقہ" کے محکوم ہیں جو اپنے پڑوسیوں کے ساتھ ایک مسلسل لڑائی کی حالت میں ہیں جو ان کے لئے لازمی یکسانیت کی خاصیت کے بقا کو ایک موت اور زندگی کا معاملہ بنا دیتی ہے

(۸) انڈین کیسز جلد ۵۵ صفحہ ۵۲

خان بہادر محمد علیخان
بنام
رائے بہادر مکھن سنگھ
(پشاور)

لیکن وہ خیالات اگرچہ ایک محدود حد تک اب بھی اُن فرقوں میں جو ہجرت فی الحال ممالک انگریزی میں مستقل سکونت اختیار کر لئے ہیں اور وہ قانوناً فرقے محکوم نہیں ہیں۔ وہ اشخاص اب بھی اس ضرورت کو محسوس کرتے ہیں کہ اُن کی فرقے کی ملکانہ اور جماعت سے اجنبی شخص سے خارج کئے جائیں یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہی خیالات ہیں اگرچہ اور محدود درجہ میں ہندوستان کے شمال کے تقریباً تمام زراعتی جماعتوں میں باقی ہیں۔ یہ معلوم کرنا بھی نہایت آسان ہے کہ بلحاظ اُن کے تمدنی مذہبی اور فوجی انتظامات کے اُن جماعتوں میں جن کے لئے شرع اسلام ابتداءً جاری کیا گیا تھا اس اصول کا قرار دینا کس قدر اہم تھا۔ ان تمام چیزوں کو نظر کرتے ارضی کاشت یا زراعتی دیہہ کے مواضع کے متعلق پہلا حق شفعہ اولاً مالک ابتدائی کے قرابتداروں کو حاصل ہوتا ہے اور اُن کے بعد جماعت ملکانہ کے دوسرے شرکاء کو دوسرے طرف شہروں میں حق شفعہ گو ممکن ہے کہ ابتداءً اصول شرع اسلام سے اخذ کیا گیا ہو موجودہ زمانہ میں وہ بالکلیہ عام اور تمام شائستگی اور آسائش کے لحاظ پر مبنی ہے۔ یہاں قرابت نہیں بلکہ اتصال زیادہ اہم ہے ابتدائی رواج کے قطع نظر یہ بالکل صاف ہے کہ موجودہ قانون شفعہ کے واضعان اُنہی قسم کے خیالات کے تابع تھے جن کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے۔ اگر مندرجہ بالا قانون شفعہ کی اغراض کو ذہن نشین رکھا جائے تو میں خیال کرتا ہوں کہ ہم یہ قرار دینے کے لئے ایک صحیح معیار پر پہنچینگے کہ کوئی خاص رقبہ ایک قصبہ کا حصہ تصور کیا جائے یا ایک دیہہ کا۔ معیار جو تعلق کیا جانا چاہئے یہ ہے کہ آیا کوئی ایسا رقبہ بعض ایسی ابتدائی خصوصیات کو باقی رکھا ہے جو کسی جماعت کی ترکیب کے لئے کمال اصول جن سے وہ اصول شفعہ کاشتکاروں میں لئے ہیں مشتق ہوں کئے جا سکیں یا آیا دوسری طرف وہ ایسا ہے جس سے قصبہ کے شفعہ کے اصول عام طور پر متعلق کئے جا سکیں میری رائے میں جزو متنازعہ میں کوئی شک نہیں ہو سکتا۔

میں نے پہلے ہی ظاہر کر دیا ہے کہ رقبہ متدعویہ میں قصبہ کی تمام خاصیتیں موجود ہیں وہ خالصاً تجارتی اغراض کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ وہ صفائی کے ٹیکہ کا تابع ہے۔ وہ تمام ان آسائش حقوق اور قابلیتوں سے مستفید ہوتا ہے جو قصباتی جائداد سے متعلق ہیں اُس کے روشنی حفظان صحت اور جدید عمارات تعمیر کرنے کا طریقہ وہی ہے جو شہر کوہاٹ میں پایا جاتا ہے کتنا ہی خیال کو وسعت دینے سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اُس میں وہ صفات موجود ہیں جو کسی زراعتی جماعت کے مملوکہ اراضی میں پائی جاتی ہیں اور جس کے حقوق میں ایک زراعتی جماعت بحیثیت ایک ہم جنس جماعت کے غرض رکھتی ہے۔ اس لئے میں اُس رائے سے جو عدالت ابتدائی نے قائم کی ہے اتفاق کرنے سے پس و پیش نہیں کرتا جو یہ ہے کہ اراضی متدعویہ لازمی طور پر ایک شہری جائداد غیر منقولہ ہے جو قانون شفعہ کے دفعہ ۳ (۳) کے مفہوم میں داخل ہے

صفحہ ۸۶۰

مندرجہ بالا تمیز کی بنا پر کسی طرح یہ سوال پیدا نہیں ہوتا کہ اگر رقبہ متدعویہ کسی شہر کے حدود میں داخل نہیں ہوتا تاہم وہ ایسی جائداد ہو سکتی ہے جو دیہاتی جائداد غیر منقولہ کی تعریف سے خارج ہو اور اصلی حق شفعہ کے تابع نہ ہو میں اس مادہ میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ جناب [illegible] مقام کے حدود کے معنی میں کچھ رائے کا اختلاف ہے۔ تاہم یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ رائے آخرش قبول کی جائیگی اور وہ عمارات جو ابتدائی دیہاتی موقع میں داخل نہیں ہیں وہ حدود دیہات کے اندر جائداد غیر منقولہ نہیں ہیں۔ جیسا کہ کاغذات مال میں "لال لکیر"

خان بہادر محمد علی خان
بنام
خان بہادر لکھمن سنگھ
(پشاور)

کے ذریعہ سے ... کیجاتی ہے ایسی عدالت میں میرے پیشرونے بمقدمہ میاں ... محمد ... بنام عبد الغنی نگرانی دیوانی نمبر ۲۷ بابت ۱۹۱۲ء جو فیصلہ پاس کیا ہے اور جو میاں کے متعلق تجاویز ظاہر کی ہے نگرانی دیوانی نمبر ۸۰ بابت ۱۹۱۲ء میں بھی یہی فیصلہ کیا گیا ہے تاہم میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ان اصولوں کو جو شمال مغربی سرحدی صوبے کے تمام دیہات میں رائج ہیں متعلق کرنا نہایت دشوار ہوگا تمثیلاً یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ ضلع ہزارہ میں اکثر دیہاتی جماعت کے رہائشی مکانات متفرق پہاڑیوں پر پھیلے ہوئے ہیں اور یہ کہ یہ بالکل ممکن ہوگا کہ کسی خاص قصبہ کو دیہاتی موقع کی تعریف میں داخل کیا جائے لیکن مجھے اس مسئلہ کو زیادہ وسعت دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ چونکہ وہ اس مقدمہ میں خاص علمی اہمیت رکھتا ہے میں کسی سوال کا جو مقدمہ ہذا میں پیدا ہو فیصلہ کرنا ضروری نہیں خیال کرتا۔ یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ اگر جائداد متنازعہ یہ ایک شہری جائداد غیر منقولہ ہے تو حق شفعہ کا دعویٰ قابل سماعت نہیں ہو سکتا اسلئے میں عدالت ابتدائی سے دعویٰ خارج کرنے میں اتفاق کرتا ہوں اور مرافعہ بمعہ خرچہ خارج کرتا ہوں۔

مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائی کورٹ لاہور

متفرق درخواست دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۸ بابت ۱۹۱۳ء منفصلہ ۱۸ فروری ۱۹۱۳ء

باجلاس ... شادی لال جج صاحب

بمعاملہ پنڈت روپ چند ... وغیرہ مدعی

مدعی علیہما سائلان مسئول علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابت ۱۹۰۸ء دفعہ ۲۲-۲۳

انتقال مقدمہ — اختیار تمیزی عدالت — سہولت فریقین

مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعات ۲۲-۲۳ میں منشاء قانون بلحاظ انتقال مقدمہ کے عدالت کے اختیار تمیزی کو غیر محدود چھوڑا ہے کہ آیا مقدمہ کو اُس مقام سے منتقل کیا جائے جہاں کہ مدعی نے رجوع کیا ہے گو بہر نوع وہ اپنے اس اختیار تمیزی کو مانع طور پر ایک مقررہ ضابطہ کی شکل میں لانیکی کوشش سے باز رکھا ہے۔ ان دفعات کی رو سے اختیار سماعت جو عدالت کو عطا کیا گیا ہے ایک استثنائی شکل رکھتا ہے اور بہت احتیاط سے استعمال کیا جانا چاہئے اور صرف اُس صورت میں جبکہ ایک صاف وجہ بتلائی گئی ہو۔

وسیع اصول جس کا ایسے مقدمات میں لحاظ کیا جانا چاہئے یہ ہے کہ مدعی اپنے مقدمہ کا سردار ہے اور اُسکو اپنے لئے عدالت کے انتخاب کا اختیار ہے اور عدالت کو چاہئے کہ ایسے اختیار میں بہت کم دخل دے۔

محض یہ واقعہ کہ انتقال مقدمہ سے مدعی علیہ کی سہولت میں اضافہ ہوگا مدعی کو اُس حق سے کہ وہ مطابق قانون کسی عدالت میں جس میں مقدمہ رجوع کر سکتا ہے محروم کرنے کیلئے کافی وجہ نہیں تصور کیجا سکتی۔ لیکن اگر مدعی علیہ اپنے حق میں صریح سہولت کو ثابت کرے تو عدالت اوسکی درخواست کو منظور کرنے میں حق بجانب ہوگی۔

درخواست تحت دفعات ۲۲ اور ۲۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی مقدمہ کو عدالت سینیر سب جج انبالہ سے کسی عدالت ضلع سہارنپور میں منتقل کرنے کے لئے۔

منجانب سائلان۔ پنڈت شیونارائن۔ آر۔ بی۔

منجانب مدعیان نمبر ۱ و ۲ لالہ منوہر لال۔

منجانب مسئول علیہ نمبر ۳۔ لالہ جگناتھ۔

حکم - ۲۶ جون ۱۹۱۹ء کو فریقین نے چوبینے کا کاروبار کرنے کی غرض سے جگادھری ضلع انبالہ میں ایک شراکت کا معاہدہ کیا یہ قرار پایا ہے کہ مدعیان جو جگادھری میں بستے ہیں وہ معاملہ کیلئے رقم مہیا کرینگے اور مدعا علیہم جو گنگہال ضلع سہارنپور میں رہتے ہیں اس کا انتظام کرینگے - مدعا علیہم نے اس بات کا بھی ذمہ لیا کہ وہ شراکت کا حساب رکھینگے اور ہفتہ واری فرد حساب مدعیان کے پاس جگادھری میں روانہ کرینگے

یہ ظاہر ہوتا ہے کہ فریقین ۲ سال تک بلا اختلاف معاملہ چلاتے رہے مگر اب نزاع پیدا ہوئی ہے آخرش مدعیوں نے عدالت سب آرڈینیٹ جج انبالہ میں فسخ شراکت اور حساب فہمی کا دعویٰ رجوع کیا - مگر مدعا علیہم نے عدالت انبالہ کے اختیار سماعت کو تسلیم کرتے ہوئے یہ بحث اٹھائی ہے کہ زیادہ سہولت اس میں ہے کہ بغرض سماعت مقدمہ عدالت سہارنپور میں منتقل کیا جائے اس لئے انہوں نے تحت دفعہ ۲۴ جو دفعہ ۲۲/۲۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے ساتھ پڑھی جائیگی درخواست ہذا پیش کی ہے اور عدالت ہذا سے اس امر کا فیصلہ کرنیکی درخواست کی ہے کہ مقدمہ عدالت انبالہ میں نہیں بلکہ سہارنپور کی کسی مناسب عدالت میں جو مجاز ہو سماعت کیا جائے۔

موجودہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی دفعہ ۲۲ سنہ ۱۸۸۲ء کے مجموعہ کی دفعہ ۲۵ سے مقابلہ کرنے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ مؤخر الذکر دفعہ میں یہ بتلایا گیا ہے کہ عدالت قبل اس کے کہ مدعی کے عدالت کے انتخاب کے حق میں مداخلت کرے اُس کو چاہئے کہ اس امر کا اطمینان کرے کہ مقدمہ کسی دوسری عدالت میں منتقل ہونے سے زیادہ انصاف رسانی ہوگی مجوزہ ضابطہ میں ایسا کوئی قاعدہ موجود نہیں ہے - واضعان قانون نے اس فیصلہ کو بلحاظ مالیت مقدمہ عدالت کی غیر محدود اختیار تمیزی پر چھوڑ دیا ہے کہ آیا مقدمہ کو اس عدالت سے منتقل کیا جائے جہاں مدعی نے رجوع کیا ہے یا نہیں اور انہوں نے دانائی سے اپنے کو اس اختیار تمیزی کو صاف طور پر ایک مقررہ ضابطہ کی شکل میں لانے کی کوشش سے باز رکھا ہے اگرچہ اس قسم کے معاملہ میں عدالت کے اختیار سماعت کی ہدایت کے لئے کوئی قانونی حکم موجود نہیں ہے لیکن بعض اصول ہیں جنکو عدالت ہائے انگلستان اور عدالتہائے ہندوستان تسلیم کرتی ہیں وہ صحیح اصول جس کی صحت میں شک نہیں ہو سکتا یہ ہے کہ مدعی اپنے مقدمہ کا سردار ہے اس کو اپنے لئے عدالت کے انتخاب کا اختیار ہے اور عدالت کو چاہئے کہ ایسے اختیار میں بہت کم دخل دے ان دفعات کی رو سے اختیار سماعت جو عدالت کو عطا کیا گیا ہے ایک استثنائی شکل رکھتا ہے اور بہت احتیاط سے استعمال کیا جانا چاہئے اور صرف اس صورت میں جبکہ ایک صریح وجہ ظاہر کی گئی ہو میں اس مسئلہ سے اتفاق کرنے کیلئے تیار نہیں ہوں کہ محض یہ واقعہ کہ انتقال سے مدعا علیہ کی سہولت میں اضافہ ہوگا مدعی کو اس حق سے کہ وہ مطابق قانون کسی عدالت میں بھی مقدمہ رجوع کر سکتا ہے محروم کرنے کیلئے کافی وجہ تصور ہو جائے بلکہ میں تسلیم کرتا ہوں کہ اگر مدعا علیہ اپنے حق میں صریح سہولت کو ثابت کرے تو عدالت اس کی درخواست منظور کرنے میں حق بجانب ہوگی۔

اس مقدمہ کی روئداد پڑھ چکنے پر میرا خیال ہے کہ [illegible] سوال نہیں ہے کہ مدعی عدالت کی کارروائی کا بیجا استعمال کرتا ہے بلکہ مدعا علیہم کو تکلیف دی جاتی ہے جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے درخواست انتقال مقدمہ محض سہولت کی وجہ پر مبنی ہے اور میں یہ خیال نہیں کرتا کہ درخواست گزاروں نے کسی صریح تناسب سہولت کے ثابت کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے جس کی وجہ سے میں اپنے اختیار سماعت کے اختیار تمیزی کو نافذ کر سکوں اس میں شک نہیں کہ مدعا علیہم کیلئے یہ زیادہ سہولت بخش ہوگا کہ مقدمہ کی تحقیقات سہارنپور میں ہو

روپ چند بنام گوکل چند (لاہور)

ر وپچند بنام گوکل چند لاہور

وہ اس ضلع میں بستے ہیں وہ غالباً ایک بڑا حصہ ادا کر چکے ہیں دوکی اس ضلع کے مختلف مقامات ہیں وہ قریب کے اضلاع میں ہی ہیں جہانکہ معاملہ کا بڑا حصہ طے پایا۔ برخلاف اسکے مدعیان ضلع انبالہ میں ہیں اگر تمام نہیں تو ایک بڑا حصہ اُن کی شہادت کا حرف وہیں سنا جا سکتا ہے۔ لیکن میری رائے میں فیصلہ کن خبر یہ ہے کہ معاہدہ شرکت مسلہ طے ہو رہا مدعیوں کے مقام سکونت پر ہوا اور اُسی مقام پر مدعا علیہم آمدنی کا حساب جو وہ کرتے تھے ادا کرتے تھے یہ کہا جا سکتا ہے کہ مدعیوں کی نالش دائر کرنے سے یہ غرض ہے کہ مدعا علیہم عدالت کے روبرو بصورت اس غرض کا دعویٰ کریں جس غرض کے عدالت کا ابتدائی کاروائی میں لیا تھا۔ مزید برآں مقدمہ کی حالت یہ بتاتی ہے کہ ان تنقیحات کا فیصلہ جو فریقین کے درمیان پیدا ہوں زیادہ تر شہادت دستاویزی پر منحصر ہے اور شہادت لسانی ایک ادنیٰ حصہ ہوگا۔ غالباً مدعا علیہم کو شراکت کے حساب کے کتابات پیش کرنا ہوگا۔ لیکن وہ امر اُن کی تکلیف میں فی الحقیقت کوئی اضافہ نہیں کریگا اگر وہ اُن کتابوں کو بجائے سہارنپور کے انبالہ لے آئیں۔

میں نے احتیاط کے ساتھ اس مقدمہ پر غور کیا ہے لیکن میں یہ کہنے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ مدعا علیہم نے مدعیوں کو اُس حق سے جو بلاشک قانون نے اُن کو عطا کیا ہے محروم کرنے کے لئے کوئی معقول وجہ بتلائی ہے۔ اس لئے مجھکو درخواست منظور خارج کرنا چاہئے۔ درخواست خارج کی گئی۔

# ہائی کورٹ بمبئی

## مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۶۷۳ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۵ راگست ۱۹۲۲ء

باجلاس :- سر للوبھائی شاہ نائیٹ منصرم چیف جسٹس اور مسٹر جسٹس کرمپ

بھاؤ واجی کہاڈے مدعی مرافع بنام پانڈو بالو ساٹھے وغیرہ مدعا علیہم مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۲ رول ۲ — تین قطعات اراضی کا رہن — دو قطعات کے انفکاک کیلئے نالش — اقبالی ڈگری — نالش مابعد تیسرے قطعہ کے انفکاک کے متعلق آیا قابل پذیرائی ہے۔

مدعی نے مدعا علیہم کے پاس تین قطعات اراضی رہن کیا اور اُس نے صرف دو قطعات کے انفکاک کے متعلق نالش دائر کی اور اس کا نتیجہ ایک اقبالی ڈگری تھا جس کی رو سے ایک رقم کے ادا کرنے پر اُس کو قبضہ دیا گیا جس کے بعد تیسرے قطعہ کے قبضہ کے بازیافت کے لئے نالش رجوع کی گئی قرار دیا گیا کہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے آرڈر ۲ رول ۲ کے تحت نالش قابل پذیرائی نہ تھی کیونکہ پہلے نالش میں تیسرے قطعہ کے متعلق نالش نہ کرنے سے یہ خیال کرنا چاہئے کہ مدعی نے اسکے متعلق اپنے دعوے کو ترک کیا تھا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی فیصلہ صادرہ اسسٹنٹ جج ستارہ بمرافعہ نمبر ۳۱۸ بابتہ ۱۹۲۰ء جس میں سابڈنیٹ جج درجہ دوم تراسی واڑی کے صادرہ ڈگری کو بحال رکھا گیا ہے۔

منجانب مرافع :- مسٹر پی۔ بی۔ شنگھنے۔

منجانب مرافعہ علیہم :- مسٹر ڈی۔ این۔ والکر۔

**فیصلہ** :- مقدمہ ہذا میں مدعی ایک سروےنمبر

قبضہ کی بازیافت کی نالش کرتا ہے جو دوسرے دوسروے
نمبر کے ساتھ مدعا علیہم کے مورث کے پاس سنہ ۱۹۱۶ء میں رہن کیا گیا
تھا سنہ ۱۹۱۹ء میں موجودہ مدعی بحیثیت حق انفکاک کے خریدار کے
سنہ ۱۹۱۰ء کے رہن کے انفکاک کا دعویٰ کیا اُس نے اوس دعوے میں
صرف دوسرے نمبر کا ذکر کیا اور اُس سروے نمبر کو جس کا اب
دعویٰ کیا ہے ترک کر دیا اُس مقدمہ میں اقبال کی بنا پر ڈگری
صادر کی گئی جس کا نتیجہ یہ تھا کہ مبلغ ... ادا کرنے پر اُس کو
اُن دو سروے نمبروں کا قبضہ واپس مل جائیگا جن کا اُس مقدمہ
میں ذکر تھا اسکو بعد میں اُس رقم کے ادا کرنے سے ان دونوں
اراضیات کا قبضہ واپس مل گیا۔ اُس نے اب ۔ ماہ جولائی سنہ ۱۹۱۹ء
کو بقیہ اراضی پر قبضہ حاصل کرنے کے لئے موجودہ نالش میں بیان
دائر کی ہے کہ اُس سروے نمبر پر مدعا علیہم کا قبضہ بیجا ہے
عدالت ابتدائی میں کوئی تنقیحات قائم کی گئیں لیکن عدالت ابتدائی نے اُن
واقعات کی بنا پر جو اوپر بیان کئے گئے ہیں مقدمہ کو خارج
کر دیا اور یہ فیصلہ کیا کہ اراضی متدعویہ کا انفکاک نہیں کرایا گیا
تھا اور یہ کہ اس لئے مدعا علیہم کا قبضہ بیجا نہ تھا۔ لائق اسسٹنٹ
جج مرافعہ میں عدالت ابتدائی کی ڈگری کو اس وجہ سے بحال رکھا
کہ اراضی جس کا اب دعویٰ کیا گیا ہے۔ سابقہ مقدمہ میں شریک
نہ کئے جانے کی وجہ سے مدعی کا دعویٰ قابل سماعت نہیں کیا جا سکتا۔ اس
مرافعہ میں جو ہمارے سامنے پیش ہے مسٹر ... نے یہ بحث کی ہے
کہ جبکہ اُن کے موکل نے زر رہن جو بروئے اقبالی ڈگری مقرر ہوا تھا
ادا کر دیا تو مدعا علیہم کا اس جائداد پر قبضہ بیجا ہو گیا کیونکہ
زر رہن بے باق ہو گیا تھا اس لئے وہ بحث کرتے ہیں کہ
وہ (یعنی موکل) مستحق ہے کہ جائداد کا قبضہ واپس پائے
ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ یہ بحث بے بنیاد ہے ۔ اور اگر یہ تھا

بہاؤ دادی ... بنام پالمو مالو ساہا (بمبئی)

مشکل ہے کہ اُس رقم کے ادا کرنے سے جو بروئے ڈگری مقرر ہوئی
تھی تمام زر رہن کی بے باقی ہو گئی ہو بالکل ممکن ہے کہ فریقین نے سود
کے لحاظ کرنے رقم کے مقرر کرنے میں کمی کی ہو۔ مدعی نے اُس اراضی
کے دعوے کو ترک کر دیا تھا جس کے متعلق اب دعویٰ کیا گیا ہے
یہ قرار دینا مشکل ہے کہ اس سروے نمبر کا قبضہ جو بحالت رہن جائز
تھا زر ڈگری ادا ہونے پر ناجائز ہو گیا لیکن اُس سے قطع نظر
یہ ہم کو معلوم ہوتا ہے کہ مدعی کا یہ فرض تھا کہ اُس تمام اراضی کے
متعلق نالش کرے جو رہن میں شامل تھی اگر وہ چاہتا تھا کہ تمام
اراضی پر قبضہ پائے۔ اُس کا اراضی متدعویہ کو انفکاک کی نالش میں
صفحہ ۱۳ شریک نہ کرنا اُس اراضی کے قبضہ کے موجودہ دعوے کے لئے
خطرناک ہے بلحاظ احکام آرڈر ۲ رول ۲- اُس کو اُس اراضی کے
قبضہ کے بازیافت کے لئے اجازت نہیں دی جا سکتی جبکہ ہم کو اس
میں یہ قیاس کرنا چاہئے کہ اُس نے اُس کو ترک کرنے سے اپنے
حق سے دست برداری کر لی ہو ... روبرو ظاہر نہیں کیا گیا
ہے کہ مدعی اس امر سے مطلع نہیں تھا کہ اراضی اراضی مرہونہ کا ایک
حصہ تھی نہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ اُس کا ترک اُس کی بے خبری
یا غلطی پر مبنی تھا اُس کے لئے ایک چارہ کار ہے ممکن ہے کہ وہ
عدالت صادر کنندہ ڈگری میں درخواست کرے کہ وہ سروے
نمبر ڈگری میں شریک کر لیا جائے آیا وہ چارہ کار بلحاظ حالات
مقدمہ ہذا کو اس کے لئے جائز ہے یا نہیں اس کی نسبت ہم
کوئی رائے ظاہر نہیں کرتے۔ یہ صاف ہے کہ اُس کا موجودہ دعویٰ
نسبت قبضہ بروئے قانون قبول نہیں کیا جا سکتا۔ پس
ہم مرافعہ کو معہ خرچہ خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

# ہائی کورٹ مدراس

رافعہ ادنٰی دیوانی

نمبر مقدمات ۳۰ ۳ بابتہ ۱۹۱۸ء ۱۹۱۶ء

منفصلہ ۱۸ اگست ۱۹۱۶ء

باجلاس مسٹر جسٹس آئیلنگ و مسٹر جسٹس ...

برافعہ نمبر ۱۱۳ بابتہ ۱۹۱۶ء

ویس پرانا ... بنام ... متوفی و دیگر

مدعی علیہ نمبر ۱ مرافع مدعی علیہم رافع علیہم

نابالغ سے معاملہ — معاملہ کی بازی — تقسیم — نابالغ مالک شریک کی حیثیت — جزوی تقسیم۔

جب کہ بالغ شخص کسی نابالغ سے بتوسط اُس کے ولی کے معاملہ کرے تو یہ ثابت کرنا ... معاملہ منصفانہ ہے اور اُس کی فصل کرنے سے نابالغ کا کوئی نقصان نہیں پہنچا ہے۔

... بنام ... بنام ... مدراس ... جلد ۳۲ صفحہ ۹۶۱ ... بنام ... مدراس ہائیکورٹ رپورٹ جلد ۲ صفحہ ۱۸۲ سے استناد کیا گیا اور اس کی تصدیق کی گئی۔

ایک سب ... تقسیم کو منسوخ کرانا چاہتا ہو جو اُس کے زمانہ نابالغی میں عمل میں آئی تھی تو اُس کو یہ بیان اور ثابت کرنا چاہئے کہ وہ تقسیم غیر منصفانہ اور اُس کے حقوق کے مضر ہے کسی نابالغ کے ولی کے فعل ... کو ضرورت یا منفعت انتقال کے قائم رہنے کے لئے ثابت کرنا چاہئے لیکن کسی مالک شریک کی حالت جو اُس تقسیم کو قائم رکھنا چاہتا ہو جو مابین اُس کے اور کسی نابالغ کے عمل میں آئی ہو اُن مذکورہ دونوں حالات کے مابین ہے۔ جبکہ تقسیم سے جو مابین مالک شریک اور دوسرے نابالغ مالک شریک کے جس کی قائم مقام اُس کی ماں تھی یہ ظاہر ہو کہ وہ اراضی جو بالغ کے حصہ میں دی گئی تھی اُس اراضی کی نسبت گھٹیا تھی جو نابالغ کے حصہ میں دی گئی تھی اور ایک ایسے مقام پر واقع تھی جو تجارت کی اہمیت حاصل کر رہا تھا۔ اور ماں کو کوئی آزاد مشورہ نہیں ملا تھا اور اہم واقعات اُس کے علم سے پوشیدہ رکھے گئے تھے۔

قرار دیا گیا کہ یہ ثابت کرنے کا بار کہ نابالغ کے ساتھ معاملہ منصفانہ بنی اور منصفانہ تھا مالک شریک بالغ پر ہوگا۔ اور معاملہ بروئے صدر بالا واقعات غیر منصفانہ اور منسوخ ہونا چاہئے۔

ایسی تقسیم جو مابین مالکان شریک کے ہو یہ مناسب ہے کہ معمولاً ہر ایک مالک شریک کو جائداد کی ہر قسم میں اُس کا حصہ دیا جائے جو مالکان شریک کی ملک ہے بجز اس کے کہ مدات سہولت سے یا تو نقصان کے یا بغیر اُن کے فائدہ یا تجارتی قیمت پر اثر ڈالنے کے تقسیم نہ ہو سکتی ہوں۔

محمد ابراہیم بنام حاجی محمد ابراہیم — بمبئی لاء رپورٹر جلد ۸ صفحہ ۴۸۲ تا صفحہ ۴۸۵۔ احسان اللہ بنام کالی کنکر انڈین لاء رپورٹ کلکتہ جلد ... صفحہ ۵۰ ۱ سے استناد کیا گیا۔

مرافعہ بنا راضی ڈگری صادرہ عدالت ہنگامی سب آرڈینیٹ جج رامناد بمقام مدورا بہ نالش ابتدائی نمبر ۸۲ بابتہ ۱۹۱۶ء نالش ابتدائی نمبر ۲ بابتہ ۱۹۱۵ء بہ رجسٹر عدالت سب آرڈینیٹ جج رامناد۔

منجانب مرافع مسٹر ٹی۔ آر۔ راماچندر ائیر (بمعیت مسرز کے بھاشم انگار کے اور ایس۔ راماچندر ائیر) یہ ایک نالش منجانب مدعی ہے اُس تقسیم کی منسوخی کے لئے جو مدعی کی ماں نے بحیثیت ولیہ کے اُس کے زمانہ نابالغی میں مدعی علیہ مالک شریک کے ساتھ کی تھی بسب جج نے مدعی کو ڈگری دیدی۔

فریب یا دباب ناجائز یا یہ ثابت کرنے کا بار مدعی پر ہوگا کہ تقسیم
بالکل نامنصفانہ اور اس کی اغراض کے لئے مضرت رساں
تھی۔ فریقین محض مالکان شریک تھے اور خاندان مشترکہ کے
اراکین نہ تھے محض عدم مساوات تقسیم کو کالعدم کرنے کے لئے
کافی نہیں ہے۔ مدعی کو صریح عدم مساوات اور صریح نقصانات
ثابت کرنا چاہئے۔ ملاحظہ ہو ناپا ریڈی بنام بالمرل (۱) و اپا پری
راماسورتی بنام اپورری اماں (۲)

مزید براں باوجود عدم مساوات کے اگر ولی نے کافی
نیک نیتی اور ایمانداری سے نابالغ کے حقوق کا کافی لحاظ رکھتے
ہوئے معاملہ کیا ہو تو وہ معاملہ بحال رہنا چاہئے۔ ملاحظہ ہو
بالکشن داس بنام رام نارائن ساہو (۳) دہرم شاستر مؤلفہ
مین صفحہ ۶۶۲۔

یہاں اگرچہ اُس اراضی کی مقدار جو مدعی علیہ کے حصہ میں
دیدی گئی تھی وہ ۱۱۰۰ کور تھی بمقابل ۵۱۲ کے جو مدعی
کو دے گئے تھے ہر حصہ کی مالیت مبلغ صفا بیان کیجاتی ہے یہ بیان
غلط نہیں ثابت کیا گیا ہے۔ تقسیم انتقال نہیں ہے۔ اور بار ثبوت
کے اصول جو انتقال کے مقدمات سے متعلق ہیں متعلق نہیں ہوتے
مزید براں ایک مالک شریک و ایک مالک شریک کے نابالغ بیٹے کا ولی
امانتی تعلق نہیں ہے۔ ملاحظہ ہو صدیق حاجی ہاشم سیٹھ بنام محمد حسین
سیٹھ (۴) (ہم شکل مقدمہ شرکا) مدعی پر مدعی علیہ کے
حقوق کی حفاظت کرنے کا فرض عائد نہیں کیا گیا ہے
بشرطیکہ کوئی دھوکہ۔ چال بازی یا فریب نہ کیا گیا ہو ہر ایک
مالک شریک تقسیم کی استدعا کر سکتا ہے اور دوسرے کے
سن بلوغ کو پہنچنے تک انتظار کرنے پر مجبور نہیں ہے تقسیم کرانیکا
حق شرکت خاندانی کا ایک معمولی لازمہ ہے۔

منجانب مرافعہ علیہ مسٹر ٹی. رنگا چاری معیت مسٹر ایس. ... نواساچاریا
ومسٹر وی. این. وینکٹا و راواچاری. برخلاف مقدمہ ہندو شاستر ہر ایک
مالک شریک جائداد مشترکہ کی ... پا مقررہ خاص حصہ پانے کا حق ہے۔
ہندو خاندان مشترکہ تابع متاکشرا کی نسبت یہ کہنا ناممکن ہے
کہ ہر ایک رکن کا کس قدر حصہ ہوگا لیکن خاندان تابع ... بنگال میں ...
شریک کے مابین ہر ایک مالک شریک ... ایک معین اپنے حصہ کا حق ہے۔

اسی اصول پر یہ قرار دیا گیا ہے کہ غیر منقسمہ حصہ کے شریک
خاندان تابع متاکشرا کے منتقل الیہ کو نالش میں اپنا حق حاصل کرنے کا
حق حاصل ہے اس لئے غیر منقسمہ حصہ کے شریک
وارث کو یہ حق ہے کہ جائداد مدعوہ میں سے اپنا حصہ
حاصل کرے۔

ملاحظہ ہو دفعہ ۴۴ قانون انتقال جائداد۔ احسان اللہ بنام
کالی کنکر (۵) محمد ابراہیم بنام حاجی محمد ابراہیم (۶) و بیبہ ...
ہٹا چاجی بنام ہری داس ہٹا پاربجی (۷) پس وہ ایک مالک شریک
جزوی تقسیم کا ہے جو قابل پذیرائی نہیں ہے۔ محی الدین ساروتھن
بنام محمد قاسم روتھن (۸)

مالک شریک کا یہ حق ہونے کی وجہ سے مالکان شریک کے مابین اور
تقسیم درحقیقت ایک انتقال ہے جو ایک مالک شریک کے حق میں رہے
کیجانب سے ایک معین اپنے حق کا کیا جاتا ہے جو اس غرض میں کیا
جاتا ہے کہ وہ مالک شریک اپنا حق کسی دوسری جائداد میں ترک کرے

اس طرح دو مالکان شریک کے مابین تقسیم درحقیقت ایک
انتقال ہے یہاں منجانب ولی بحق مدعی علیہ ایک انتقال کیا گیا ہے
اور اس لئے انتقال کے اصول مقدمہ ہذا سے متعلق ہوتے ہیں مزید براں

پراثانیہ ملیچ
نام
منیاثی سندر ...
(مدراس)

(۱) مدراس لا جرنل رپورٹر جلد ۲ صفحہ ۲۸۲ (۲) انڈین کیسز جلد ۳۴ صفحہ ۵۶۱
(۳) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۳۴ صفحہ ۹۲ (۴) انڈین کیسز جلد ۴ صفحہ ۲۲۸
(۵) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۱۰ صفحہ ۲۵ (۶) بمبئی لا رپورٹ جلد ... صفحہ ۲۰۵
(۷) انڈین کیسز جلد ۷ صفحہ ۸۴۴ (۸) انڈین کیسز جلد ۸ صفحہ ۸۹۵

میں ان تمثیلات کے تحت آتا ہوں جو متذکرہ ہیں۔ ... اما مورتی بنام اکوجی — اسیو مہاچے خانم پنیاکنہد رم چلم (۱۹۰۶)
اما (۲) تسلیم کرتے ہیں کہ مدعی وہ مقدمہ ایک مشترکہ خاندان ... کا مختار کار تھا۔
اور حقیقی قیاسات اس امر سے غیر متعلق ہے لیکن ہر وہ شخص جو کسی
سے معاملہ کرتا ہے کسی نابالغ کے وقت میں اس کو قائم رکھنے سے پہلے اس
معاملہ کے منصفانہ ہونے کو ثابت کرنا چاہئے۔ ملاحظہ ہو کرامت اللہ میاں
بنام کرامت اللہ میاں (۱)

یہ فرض کرتے ہوئے کہ بار ثبوت مدعی پر ہے تو وہ مدعا علیہ پر
پلٹ گیا ہے جبکہ معاملہ کی صورت بیرونی طور پر واضح ہو کر ... اراضی
مدعا علیہ کے حصہ میں بٹ گئے تھے اور محض ... مدعی کو دیا گیا اور
بالغ ہونے پر مالیت کی عدم مساوات اپنی ملکیت ثابت ہے کہ مدعی ... 
اظہار پر مجبور ہے اور محض کسی بار ثبوت پر انحصار نہیں کیا جا سکتا۔
ملاحظہ ہو ایچ رسی امامورتی بنام ایچورسی اما (۲) و بالآخر ... بنام ... (۳)

مقدمہ کی شہادت سے یہ بھی ظاہر ہے کہ اراضیات جو مدعی علیہ
کے حصہ میں آئی تھیں ایسے تجارتی مقام پر واقع ہیں کہ ان کی اہمیت اور
مالیت ترقی پر ہے۔ مدعا علیہ نے حقیقی واقعات کو دانستہ مخفی کیا۔ یہ
اس پر اعتماد کیا اور جو کوئی آزاد مشورہ نہیں لے سکتا تھا مدعا علیہ کا طرز عمل
مبنی بر فریب تھا ... نابالغ کسی صریح نا منصفانہ اور مضر معاملہ کا
پابند نہیں ہے۔

جسٹس ... داس۔ مدعا علیہ نمبر ۱ ... نمبر ۴ ... 
میں مرافعہ ہے۔ — صفحہ ۸۶۵

مدعا علیہ ... ہم پہلے یہ ... نمبر ... اور مدعی
نمبر ... حصہ کی تقسیم ... جائداد ... کرا دی گئی
اس کے حصہ کی مالیت دلائی جاوے ... 
متنازعہ نصف حصہ کا ... عدل ہوگا ... اہم امور

منقولہ ... عرضی دعویٰ ہے ... کہ پدر مدعی جائداد و مال پہلے رستیو کا وکیل
... تھا اور یہ کہ اس نے مدعی علیہ کے ساتھ اراضی مندرجہ عرضی
دعویٰ سنہ ۱۹۰۰ء میں تحت دستاویز خریدی تھی یہ کہ پدر مدعی سنہ ۱۹۰۲ء
میں فوت ہوا یہ کہ سنہ ۱۹۱۲ء میں جبکہ مدعی نابالغ تھا مدعی علیہ نمبر ۱ نے
اس کی ماں کے ساتھ ایک انتظام کیا جیسا کہ دستاویز الف سے ظاہر ہوتا
ہے جس کی رو سے مدعی علیہ نمبر ۱ کو قطعہ اراضی مندرجہ عرضی دعویٰ
اس کے حصہ میں آگیا اور دوسرا قطعہ اراضی جس کے ... کا پدر مدعی
اور مدعی علیہ نمبر ۱ ... مدعی کا حصہ قرار دیا گیا یہ کہ ۳ جنوری
سنہ ۱۹۱۳ء کو وہ بالغ ہوا اور یہ کہ اراضی متدعویہ کی قیمت مبلغ ... سے
جیسا کہ دستاویز الف میں مندرج ہے کہیں زیادہ تھی یہ کہ وہ مستحق
ہے کہ اراضی مذکورہ کا نصف حصہ پائے اور اسکی والدہ کو دستاویز الف
کی تکمیل کی ضرورت نہیں تھی اور نہ وہ اس پر واجب التعمیل ہے۔ مدعی علیہ نے
نہیں ... جواب دیا ہوں کہ ایک جواب دعویٰ کی کہ انتظام جو بموجب
دستاویز الف کیا گیا تھا نیک نیتی سے کیا گیا تھا اور یہ کہ اراضی
متنازعہ سنہ ۱۹۱۲ء میں مبلغ ... سے زیادہ قیمت کی نہ تھی اور یہ کہ
اراضی جو مدعی کے حصہ میں دی گئی تھی وہ دونوں قطعات میں
زیادہ قیمتی تھی کیونکہ بلحاظ موقع وہ ... کی عدالت
... مکانات ... و دیگر عمارات عامہ کے محاذی واقع تھی اور
یہ کہ اس نے کوئی فعل مدعی کے حق میں نامنصفانہ نہیں کیا اور
یہ کہ مدعی کی والدہ نے اس امر میں نہایت مناسب آزادانہ اور
... مشورہ مدعی ... نہایت سچے اور
معتبر ... کر لیا تھا ... انتظام مدعی کے مفید تھا
اور ... اراضی متدعویہ کے نصف حصہ کے لئے دعویٰ
... کا حق نہیں ہے ... کہ مقدمہ میں تمادی عارض ہے
... دیگر مدعا علیہم مدعا علیہ کے منتقل الیہم ہیں جنہوں نے

(۱) انڈین کیسز جلد ۹۳ صفحہ ۸۸۰

اراضی متنازعہ پر مکانات تعمیر کئے ہیں انھوں نے مدعی علیہ نمبر ا کی طرفداری اختیار کی اور یہ اضافہ کیا کہ کسی صورت میں مدعی اراضی متنازعہ کا قبضہ دلا پانے کا مستحق نہیں ہے کہ یہ صرف کثیر انھوں نے مکانات تعمیر کئے ہیں۔ اور مدعی اس امر کی استدعا نہیں کر سکتا کہ مکانات منہدم کر دئے جائیں اور ملبہ اٹھا لیا جائے۔

ہنگامی سب آرڈینیٹ جج راماناد نے قرار دیا ہے کہ مدعی کے دعوے میں تمادی عارض نہیں ہے اور انتظام مندرجہ دستاویز الف غیر ضروری ہے یہ کہ مدعی علیہ نمبر ا نے نیک نیتی سے عمل نہیں کیا اور نہ دیگر مدعی علیہم خریدار نیک نیت بہ بدل قیمتی ہیں اور مدعی کو مبلغ صما کی ڈگری عطا کی جو جائداد متنازعہ کے نصف حصہ کی مالیت ہے۔

اس ڈگری کی ناراضی سے مدعی علیہ نمبر ا نے مرافعہ نمبر ۱۴۳ بابتہ سنہ ۱۹۱۸ء دائر کیا ہے دیگر مدعی علیہم نے مرافعہ نمبر ۶۰ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء داخل کیا ہے۔

مرافعہ نمبر ۶۰ سنہ ۱۹۱۹ء پر غور کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے چونکہ مرافعان نے مدت مقررہ قانون میں مرافعہ علیہ نمبر ا کے قائم مقام قانونی کو فریق نہیں بنایا ہے مدعی جو مرافعہ علیہ نمبر ا تھا اپریل سنہ ۱۹۲۱ء میں فوت ہوا اور وکیل کی درخواست جو سماعت کے وقت مدعی مرافعہ علیہ کے قائم مقام قانونی کو فریق بنانے کی اجازت کے لئے پیش کی گئی ہے تین مہینے کے بعد قبول نہیں کی جا سکتی۔ ڈگری اس حد تک بحال رکھی جاتی ہے جہاں تک کہ مرافعان کا تعلق مرافعہ نمبر ۶۰ سنہ ۱۹۱۹ء سے ہے اور مرافعہ نمبر ۶۰ خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ نمبر ۱۴۳ بابتہ سنہ ۱۹۱۸ء میں طویل بحث کی گئی ہے اور اصل بحث مرافع کی جانب سے دستاویز الف سے متعلق تھی کہ وہ محض ایک معمولی انتظام تقسیم ہے۔ بجز اس کے کہ مدعی یہ ثابت کر سکے کہ اسکی تکمیل فریب سے کرائی گئی ہے یا کوئی نامناسب عمل کیا گیا،

ماما سیوم بہم
بنام
ینا گھنہ ریلپے
(مدراس)

یہ منسوخ نہیں کی جا سکتی اور یہ کہ سب آرڈینیٹ جج نے ضرورت تکمیل انتظام کا بار ثبوت غلط طور پر مدعی علیہ نمبر ا پر رکھا ہے۔ اور یہ کہ سب آرڈینیٹ جج کی تجویز بار ثبوت کے متعلق قانون کی غلط رائے کی وجہ سے کالعدم ہو جاتی ہے۔ پس ضروری ہے کہ قبل ازیں کہ قانون کو واقعات سے متعلق کیا جائے واقعات پر غور کیا جائے۔

یہ مسلمہ واقعہ ہے کہ پدر مدعی چلا پرومال پلے ستور میں مشہور وکیل درجہ اول تھا اور اس نے بڑی جائداد حاصل کی تھی اس نے جائداد متنازعہ سنہ ۱۹۰۰ء میں بذریعہ دستاویز مبلغ صما پر اپنے اور مدعی علیہ کے نام سے خریدی تھی۔

صفحہ ۸۶۶ وہ سنہ ۱۹۰۲ء میں اور ایک دوسرا بیٹا معمر تقریباً تین سال اور ایک زوجہ معمر تقریباً ۲۳ یا ۲۴ سال چھوڑ کر فوت ہوا۔ اوسکی زوجہ اسکی بہن کی بیٹی تھی اور اس کی وفات کے بعد اسکے کار و بار کا انتظام اسکی بیوہ اور بہن کیا کرتے تھے اسلئے اس نے اپنے وصیت نامہ میں ۴ اشخاص مقرر کئے تھے کہ وہ بیوہ کا جائداد کے انتظام میں ہاتھ بٹائیں جن میں سے ایک مدعی علیہ کا گواہ نمبر ا ہے ایک اور قطعہ اراضی جو ۴ حصص پر مشتمل تھا اور جو موجودہ ڈسٹرکٹ منصف کے روبرو واقع تھا چلا پرومال پلے اور مدعی علیہ نمبر ا کے نام مشترکاً مبلغ صما پر خریدا گیا تھا۔ اگرچہ کہ دستاویز مشعر خرید چار قطعات اراضی پیش نہیں کی گئی ہے تاہم یہ بطور مناسب قرار دیا جا سکتا ہے اس سے یہ ثابت ہے یہ اراضی سنہ ۱۸۹۷ء میں صما پر خریدی گئی تھی یہ بھی بخوبی معلوم ہے کہ ستور ایک مشہور تجارتی مقام ہے وہاں کئی روئی کی گرنیاں اور کثیر التعداد کارخانے ہیں اراضی متنازعہ ریلوے اسٹیشن کی سڑک پر واقع ہے جو کہ ایک شاہ راہ عام ہے۔

برہما سیوم پلے
۸۰
بنام کشی سندرم
(مدراس)

اراضی متنازعہ کی وسعت ۱۱ ہزار گوئے ہے اور دیگر اراضی کی وسعت جو کہ دفتر ڈسٹرکٹ کورٹ کے محاذی ہے ۱۱۵ گوئے ہے۔ اور دستاویز الف کی تکمیل کے وقت مدعی نابالغ ۷ سال کا اور اُس کی ماں ایک نوجوان ہندو بیوہ تھی اور کوئی شہادت اس امر کی نہیں ہے کہ سنہ ۱۹۰۲ء میں اُس کی تقسیم کی ضرورت تھی۔ سنہ ۱۹۰۲ء کے قبل مدعی کے باپ نے دو قطعات اراضی موسومہ مارا کاروائی اگودام چوبینہ حاصل کئے تھے جو کہ ریلوے اسٹیشن کی سڑک سے ملحق ہے و اراضی متنازعہ سے بذریعہ سڑک ملانے جا سکتے تھے سنہ ۱۹۰۲ء میں یا اُس کے بعد دستاویزات کے مرتب ہونے تک اراضی متدعویہ سے شاہراہ تک آنے کے لئے کوئی راستہ نہیں تھا۔ بذریعہ دستاویز ۳ و ج مدعی علیہ نمبر ۱ نے اراضی متنازعہ کے شمال و جنوب میں قطعات اراضی خریدے تھے تاکہ ہر دو جانب سڑک تک راستہ نکل آئے اسکی بھی شہادت موجود ہے کہ سنہ ۱۸۹۷ء سے لوگوں نے اراضی متنازعہ کے قرب و جوار میں مکانات کی تعمیر شروع کر دی تھی اور اس امر کی کوئی شہادت نہیں ہے کہ مدعی کی ماں نے کسی آزاد شخص سے اراضی متدعویہ کی تقسیم کے بارہ میں مشورہ لیا تھا بجز مدعی علیہ کے گواہ نمبر ۱ کے جس کے بارے میں آگے چلکر کچھ لکھونگا۔

ان واقعات پر سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا وہ بار ثبوت جو ابتداءً مدعی پر یہ ثابت کرنے کیلئے عائد تھا کہ معاملہ اُس کی منفعت کے لئے نہیں کیا گیا تھا۔ فی الحقیقت مدعی علیہ نمبر ۱ پر پلٹ گیا تھا۔ اس میں شک نہیں کہ قبل از کہ مدعی اپنے حق میں کوئی ڈگری حاصل کرے اُس کو کوئی مقدمہ ثابت کرنا ضروری تھا جب یہ تسلیم کر لیا گیا ہے کہ مدعی نابالغ تھا اور اُس کی ماں ایک نوجوان بیوہ تھی اور کوئی قریب رشتہ دار از قسم ذکور موجود نہ تھا تو پھر اُس کو کون آزادانہ مشورہ دیسکتا تھا۔ اور جب یہ خیال کیا جائے کہ مدعی علیہ نمبر ۱ ابتداء سے جائداد کی حالت سے واقف تھا اور مدعی علیہ کا گواہ نمبر ۱ جس کے متعلق یہ فرض کیا جاتا ہے کہ اسنے غیر طرفدارانہ طریقہ سے رائے دی تھی اقل درجہ لاپروائی سے عمل کیا تھا کیونکہ اپنی شہادت میں وہ یہ کہتا ہے کہ میں نے اراضی کی وسعت کے بارے میں کچھ غور نہیں کیا کہ وہ کتنے گوئے ہے اور نہ میں نے اُس وقت ان میں سے کسی سے یہ دریافت کیا کہ اراضی محاذی دفتر ڈسٹرکٹ منصف کس قیمت پر خریدی گئی تھی اور اُسپر کس قدر خرچ کیا گیا ہے"۔

جب ہم اراضی متدعویہ کی وسعت اور اراضی محاذی دفتر کی وسعت میں بڑا فرق پاتے ہیں اور جب ہم کو بظاہر کوئی اور سبب تقسیم کا بجز اس کے کہ مدعی علیہ کی ایسی خواہش تھی نہیں معلوم ہوتا تو بار ثبوت پلٹ جاتا ہے اور یہ امر مدعی علیہ کے لئے ہے کہ وہ یہ ثابت کرے کہ معاملہ بدیانت ہوا تھا اور غیر معقول نہ تھا۔ جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے کہ مدعی کے باپ نے چوبینہ کا گودام حاصل کیا تھا جو کہ سڑک سے ملحق تھا اور جس سے اراضی متدعویہ تک پہونچا جا سکتا تھا۔ جبکہ اسی اثنا میں وسیع قطعہ اراضی شمل اراضی متنازعہ کے جز زائد از دو ایکڑ تھا حاصل کیا تھا اور جب یہ ثابت کیا گیا ہے کہ سنہ ۱۸۹۷ء میں اُس مقام کے اطراف و اکناف مکانات کی تعمیر شروع ہو گئی تھی تو ہر شخص اس سے یہ نتیجہ نکال سکتا ہے کہ مدعی کا باپ واقف تھا کہ کچھ سال بعد بلحاظ موقع یہ اراضی بغرض تعمیر کے لئے قیمتی ہو جائیگی یہ کہ اس کی مالیت میں بہت کچھ اضافہ ہو جائیگا اور یہ کہ اُس کے ٹکڑے کرکے مختلف شخصوں کے ہاتھ فروخت کرنے سے فائدہ کثیر ہوگا اور یہی خیال مدعی علیہ نمبر ۱ کے ذہن میں تھا جو اس موقعہ سے اخذ کیا

کیا جاسکتا ہے کہ اس نے بموجب دستاویز (د) خرید اراضی بعد اراضی متنازعہ کے اطراف وجوانب کی اراضیات خریدنی شروع کردی تھیں (ملاحظہ ہوں دستاویزات او ۲) جب حالات ایسے تھے کہ مدعا علیہ ضرور جانتا تھا کہ وہ زمین باغراض تعمیر الکنہ منفعت بخش ہونے والی ہے تو اس کا یہ عمل نہایت نامنصفانہ تھا کہ کل اراضی متنازعہ اپنے حصے میں لیتا اور مدعی کو ایک چھوٹا قطعہ اراضی جو بقول اُس کے صاف کا تھا دیتا۔

مسٹر جی آر ... راجپندرا ئیر نے بہت زور سے بحث کی ہے کہ جس امر پر فیصلہ کرنا ہے وہ یہ ہے کہ تاریخ تکمیل دستاویز الف پر دونوں قطعات اراضی کی کیا مالیت تھی تاکہ یہ تصفیہ ہوسکے کہ آیا معاملہ منصفانہ تھا یا نہیں اگر دونوں قطعات ایک ہی مقام پر ہوتے اور دونوں کے گردوپیش کے حالات یکساں ہوتے تو اُن کی یہ بحث قابل توجہ ہوتی۔ لیکن جب یہ بتلا دیا گیا ہے کہ ایک قطعہ بمقابلہ دوسرے کے بہتر نہ پڑا تھا اور جب یہ خیال کیا جاتا ہے کہ ایک تجارتی مشہور مقام پر [illegible] میدان جو [illegible] تعمیر مکان کے لیے [illegible] تو یہ غیر ممکن [illegible] اغلب امر [illegible] مدعی [illegible] مدعی کی ماں اور اس کے مصلاح کاروں کو ترغیب دی ہو کہ ایک چھوٹا قطعہ اراضی عمارات عامہ کے قریب علیحدہ [illegible] اور خود اپنے لئے ایک بڑا قطعہ حاصل کرلے جو کہ عنقریب [illegible] اسی سلسلہ میں ہمیں غور کرنا چاہیے کہ آیا مدعی کی ماں کو فی الحقیقت کوئی غیر جانبدارانہ بلکہ صحیح مشورہ ملا تھا۔ مدعا علیہ نے گواہ نمبر ۱ مسٹر [illegible] اور ایک معزز وکیل درجہ دوم ہیں جو [illegible] سرکاری وکیل بھی ہیں۔ لیکن اُن کی شہادت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یا تو وہ اپنے دوست کے بیٹے کے حقوق سے لاپرواہ تھے یا دستاویز کے مضمون کو بغیر سمجھے بطور گواہ

[illegible] ثابت کردے معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے تاریخ [illegible] دستاویز الف پر وسعت اراضی متنازعہ یا اس کی مالیت کے [illegible] دریافت نہیں کیا [illegible] انھوں نے اس قطعہ اراضی [illegible] جو عمارت عدالت کے [illegible] تھا یا اُس کی عمارت کی مالیت کے بارے میں کوئی دریافت کی اور اُن کا صرف یہ بیان ہے کہ [illegible] ایک [illegible] کی تعمیر کے لئے [illegible] اراضی [illegible] روپیہ [illegible] پانچ روپیہ تک فی گز [illegible] اس [illegible] کس قدر منفعت ہوسکتی [illegible] ایک وکیل کے [illegible] جانتا چاہیے تھا کہ نابالغ کی جائداد [illegible] نہیں کیا کہ [illegible] اس معاملہ [illegible] کی جائداد کی نسبت [illegible] تعلق کیا ہوا ظاہر کرتی ہے گواہی [illegible] دیانتداری پر مبنی ہوگا طرز عمل نابالغ کے حق میں بالکل مضر تھا۔ اُس کو بحیثیت وکیل کے چاہیے تھا کہ اُس کی ماں کو مشورہ دیتا کہ اس قدر وسیع اراضی کو علیحدہ نہ کرے جو عنقریب گراں ہوجانیوالی تھی۔ اُس کو بحیثیت مقامی باشندہ کے اپنے مکان کے قریب کے حالات سے ضرور واقف ہونا چاہیے تھا وہ اس امر سے واقف تھا کہ ۱۹۰۹ء سے اراضی متدعویہ کے قریب میں مکانات کی تعمیر شروع ہوگئی تھی کیونکہ وہ اس سے قریب واقع تھی جو ریلوے اسٹیشن کو جاتی تھی اور یہ بھی اسے ضرور معلوم تھا کہ اراضی متدعویہ اکثر خریداروں کی توجہ کو اپنی جانب مائل کررہی ہے اور اُس کا مدعی کی ماں کو اس امر کا مشورہ نہ دینا کہ وہ کل اراضی متنازعہ کو علیحدہ نہ کرے میں صرف اُس کی غفلت ولاپروائی پر محمول کرتا ہوں وہ بہت اچھی طرح سے مدعی کی ماں کو مشورہ دیسکتا تھا کہ

بہاسہم پیلہ
بنام
میناکشی سندرم
[illegible]

نصف حصہ جائداد متنازعہ کرہ موضع عوجی کا اور نصف حصہ جائداد
محاذی دفتر کا ہے۔ مدعی علیہ کا دوسرا گواہ کنندکا ایک قدیم
وکیل درجہ اول ہے جو اسوقت بپیشہ انجام نہیں دیتا ہے
اُس کا یہ بیان ہے کہ چلاپر ومال پلے کی یہ خواہش تھی کہ وہ ایک
دفتر یا بنگلہ دفتر ڈسٹرکٹ منصف کے محاذی بنائے کسی طرح اس
تصفیہ پر مؤثر نہیں ہو سکتا کہ آیا معاملہ جو بموجب دستاویز
الف ہوا تھا نابالغ کے مفید تھا یا نہیں کیونکہ اس کا یہ مقصد
اُس کی وفات سے فوت ہو گیا اور کوئی معقول شخص یہ نہیں
خیال کر سکتا تھا کہ مدعی جو سات برس کی عمر کا بچہ تھا آئندہ
چل کر وکیل ہوگا اور وہ ڈسٹرکٹ منصف کی عدالت کے مکان کے
محاذی دفتر بناویگا مدعی علیہ کے گواہ نمبر (۱) کے بیان میں کچھ
تزلزل پایا جاتا ہے جبکہ وہ یہ کہتا ہے کہ ۱۸۹۱ء میں شناولی
کے ڈسٹرکٹ جج مسٹر فلپس نے اس مقام کا معائنہ ڈسٹرکٹ کورٹ
کی تعمیر کے لئے کیا تھا یہ ایک مشتبہ بات ہے کہ مسٹر فلپس جو اب جسٹس
فلپس ہیں سنہ ۱۹۰۳ء سے ۱۹۰۶ء تک شناولی کے ڈسٹرکٹ جج تھے
اور مسل مطلوبہ سے پتہ چلتا ہے کہ گورنمنٹ نے ۱۹۲۰ء میں
سررشتہ تعمیرات عامہ کو ڈسٹرکٹ کورٹ کی عمارت بنانے کیلئے
حکم دیدی تھی اس لئے یہ اطمینان تمام یہ نہیں کہا جا سکتا
کہ ۱۸۹۵ء میں چلاپر ومال پلے کو یہ اُمید تھی کہ ۱۸۹۵ء یا ۱۹۰۱ء
میں دفتر کورٹ بننے والا ہے اس لئے اس کا ارادہ کورٹ کی
عمارت کے روبرو جس کا وجود ۱۹۰۸ء کے قبل تک نہ تھا ایک دفتر
تعمیر کرنے کا تھا ممکن ہے کہ چلاپر ومال پلے کا خیال اُس سڑک پر ۸۶۸
عمارت کے بنانے کا ہو لیکن یہ کوئی وجہ نہیں ہے کہ مدعی ایک
بہت مالیت اور بڑے وسیع رقبہ سے محروم کر دیا جائے
مسٹر راجچندر ایر کی اصل بحث یہ ہے کہ دستاویز الف

تقسیم کے انتظام سے متعلق تھی اور یہ کہ تقسیم کا انتظام بجز اسکے
کہ فریب یا بذریعہ دباؤ ناجائز عمل میں لایا گیا ہو قابل پابندی
ہے اور انہوں نے مقدمہ بالکشن داس بنام رام نارائن سیاہو
(۳) سے استناد کیا ہے۔ بلاشبہ ہندو خاندان مشترکہ کی تقسیم
کسی کسی وقت ضرور ہوتی ہے اور محض نابالغوں کے
وجود کی وجہ سے ایسی تقسیم رک نہیں سکتی لیکن ہر رکن نابالغ
کو اس کا ہمیشہ اختیار رہے کہ یہ ثابت کرے کہ تقسیم منصفانہ نہیں
ہے لارڈ ڈوپی نے حکام عالیمقام پریوی کونسل کا فیصلہ تحریر کرتے
وقت صفحہ ۷۵۲ پر یہ رائے ظاہر کی ہے کہ بلاشبہ ایک جائز
معاہدہ تقسیم ایک یا دو ارکان مشترک کے زمانہ نابالغی میں ہو سکتا ہے معلوم
ہوتا ہے کہ یہ نتیجہ اس کلمہ حق سے اخذ کیا گیا ہے کہ ایک شریک
خاندان تقسیم کا دعوی کر سکتا ہے" اور جیسا کہ لکھا جا چکا ہے
اگر کوئی معاہدہ تقسیم نابالغوں پر قابل تعمیل نہیں قرار دیا جا سکتا۔
تو کوئی تقسیم نہیں عمل میں آسکتی بلاشبہ اگر وہ تقسیم نامنصفانہ یا
مضر حقوق نابالغ ہو تو وہ مجاز ہے کہ بالغ ہونے پر مناسب
کارروائی کے ذریعہ سے اپنے حصہ کی حد تک تقسیم کو منسوخ کر دے
یہ اصول ہے جس کا تابع ہندو خاندان مشترکہ ہوتا ہے اور اراکین
نابالغ کو اختیار ہے کہ وہ یہ ثابت کریں کہ تقسیم نامنصفانہ یا انکے
حقوق کے مضر تھی ایک مشترک مالک جو بمقابلہ تقسیم کا خواہاں
ہو جداگانہ حالت رکھتا ہے ہندو خاندان مشترکہ میں کئی
ارکان ہو سکتے ہیں اور یہ ممکن ہے کہ بغرض مفاد خاندان انکو
مشترک نہ رکھا جا سکے لیکن ایسے مشترک مالک کی حالت میں
جس کے حقوق نابالغ کے حقوق کے ساتھ ایک یا زیادہ مدات
جائداد میں ہوں تو جو تقسیم کیجائے وہ ایسی ہو کہ جائز ہو اور
وہ نابالغ کے حقوق کے مضر نہو کسی نابالغ کے ولی کیجانب سے

انتقال کی صورت ایک علیحدہ نوعیت رکھتی ہے کسی نابالغ کی جائداد کے انتقال کو جائز قرار دینے کے لئے ان قواعد کی تعمیل لازمی ہے جو بمقدمہ ہنومان پرشاد پانڈے بنام بابوئی منراج کونوری (۱) قرار دئے گئے ہیں یعنی جائداد پر جو بار ہو اس سے برات حاصل کیجائے اگر کوئی خطرہ ہو تو رفع کیا جائے اور اگر کوئی منافع ہو تو وہ عطا کیا جائے لیکن مالک مشترک کی جو ایسی جائداد کی تقسیم کا خواہاں جو ایک نابالغ کی ہو خاندان مشترکہ کی تقسیم در نابالغ کے ولی کی جانب سے انتقال کی درمیانی حالت رکھتی ہے جب کبھی کوئی بالغ شخص کسی نابالغ سے بتوسط اس کے ولی کے معاملہ کرتا ہو تو اس کا یہ فرض ہے کہ یہ دیکھے کہ معاملہ جائز ہے اور اسکی جانب سے کوئی فعل یا ترک باعث نقصان نابالغ نہیں ہوا ہے اس بحث کی تائید میں مرافع کیجانب مقدمہ راما مورتی بنام اچوری راماما (۲) سے استناد کیا گیا ہے کہ اس سے مرافع کی بحث کی تائید ہوتی ہے۔ جسٹس سری نواس اینگار نے فیصلہ عدالت صادر کرتے ہوئے صفحہ ۱۱۴۳ پر یہ رائے ظاہر کی تھی کہ تقسیم مابین اراکین خاندان ایک خاندانی انتظام ہوتا ہے جو اس بنا پر کیا جاتا ہے کہ خاندان میں صلح قائم رہے یا جائداد خاندانی محفوظ رہے اور وہ اصول جو خاندانی انتظامات سے متعلق ہوتے ہیں خاندان کے ارکان میں تقسیم کی صورت سے بھی متعلق ہیں بلاشبہ اراکین میں سے ہر ایک کو مساوی علم ہونا چاہئے اور کسی قسم کا مکر و فریب نہ ہونا چاہئے۔ کچھ صورتوں میں نوعیت معاملہ یا طریقۂ تقسیم سے ظاہر ہوگا کہ وہ ناجائز اور نابالغوں کے حقوق کے لئے مضرت رساں ہے تو ایسی صورتوں میں بار ثبوت جو پہلے مرتبہ مدعی پر ہوتا ہے فوراً پلٹ جاتا ہے اور بار ثبوت ایسی حالتوں میں بھی پلٹ جاتا ہے جبکہ واقعات بالخصوص کسی خاص فریق کے علم میں ہوں (ملاحظہ ہو دفعہ ۱۰۶ قانون شہادت)۔

یہ نظیر مرافع کی تائید کرنے کی بجائے اسکے مخالف ہے مرافع کیجانب سے ہماری توجہ خاص طور پر نظیر نانیار نیدو بنام بالسمال (۱) کی جانب مبذول کرائی گئی ہے اس مقدمہ میں ایک نابالغ نے مدعا علیہم کو یہ ثابت کرنے پر امور کی کوشش کی تھی کہ وہ تقسیم جو مستوفی ہو گئے ہیں ولیہ مال سے ہوئی تھی منسوخ کیجائے فاضل جج بیان کرتے ہیں کہ "اس مقدمہ میں مدعی اور اسکے انتقال کیجانب سے ان کی ماں قدرتی ولیہ نے بہ نیک نیتی قائم مقامی اور یہ ثابت کرنے کے لئے کوئی امر نہیں ہے کہ یہ مدعی کی ماں یعنی یا اسکی ولیہ ... ہونے کی وجہ سے کسی قسم کا فریب یا ناجائز فائدہ حاصل کیا گیا تھا۔ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مدعی کی شاخ کو بطور اس کے حصہ کے ایک شہابا گیا تھا اور دوسری شاخ کو مع ... دیئے گئے تھے اور یہ بحث کی گئی تھی کہ یہ ظاہراً تقسیم مساویانہ نہیں ہے اس بحث پر غور کرتے ہوئے فاضل ججوں نے لکھا ہے کہ ان پانچ شہوں کی قیمت کے بارے میں کوئی شہادت نہیں ہے اور فیصلہ کے اختتام پر کہا گیا ہے کہ کوئی ایسی سخت ناانصافی نہیں ثابت کی گئی ہے جس کی وجہ سے تقسیم بہ ایں ... منسوخ کیجائے"۔

مرافع نمبر ا کے وکیل مسٹر ٹی رنگا چاریر نے یہ بحث کی تھی کہ آسامی یا مالک مشترک پر لازم ہے کہ جائداد کے ہر حصہ کی تقسیم مابین اپنے اور دیگر شرکا کے کرے اور اس بحث کی تائید میں ذیل مقدمات کا حوالہ دیا ہے دیکھو۔ راناتم پھٹاچاریہ بنام پرلی داس (۳)، واجان اللہ عبدالعلی (۵) وشنو ابراہیم بنام حاجی محمد ابراہیم (۶) محی الدین شاہ رزبہن بنام محمد قاسم رزتہن (۸)

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جہاں تک ممکن ہو سکے شرکا کو جائداد کی ہر مد میں حصہ دلایا جائے لیکن عدالت کو چاہئے کہ اس اصول کو سختی کے ساتھ متعلق نہ کرے۔

(۱) ہنومان پرشاد جلد ۶ صفحہ ۳۹۳

(۲) ۱۹۲۳ انڈین لاء رپورٹ مدراس جلد ۴۶

جب جائداد مناسب طور پر تقسیم کی جا سکتی ہو یا جہاں چھوٹے حصوں میں تقسیم کرنے سے جائداد کی مالیت پر مضر اثر پڑتا ہو تو یہ ناانصافی ہوگا اگر عدالت بہ لحاظ مالیت کے ... مختلف ارکان میں تقسیم منظور کرے۔ لیکن جہاں جائداد ... استعمال کی مالیت کو نقصان یا اسکی تجارتی مالیت پر اثر کرے بغیر حصے کے قطعات میں تقسیم کی جا سکتی ہو تو یہ مناسب ہے کہ ہر شریک کو جائداد میں سے ... قطعہ دیا جائے۔ ہندوستان میں ... کی علیحدگی کو سختی سے برا سمجھا جاتا ہے اور عدالتوں کو ... جائداد کی تقسیم کے وقت خاص لحاظ رکھنا ... خاندان مشترکہ کی تقسیم بیوقت کیجاتی ... مقدمات ... لحاظ نہیں کیا جا سکتا جیسا کہ مقدمہ محی الدین شاہ وغیرہ بنام محمد قاسم وغیرہ (۱) سے ظاہر ہے جس میں جسٹس لنگ ... وجسٹس ایبسبی نے صفحہ ۹۶ پر یہ رائے ظاہر کی تھی کہ ایسے مقدمہ کا ذکر کرنا بیکار ہے جس میں ایک وارث بمقابلہ دیگر وارث کے اپنا حصہ جائداد متوفی سے بدیں بنا حاصل کرنا چاہتا ہے کہ وہ نالش جزوی تقسیم کی ہے جس کی وجہ سے نالش ناقابل سماعت ہو جاتی ہے۔ اصطلاح وجھوانی ہرم شاستر ہر دو ایسے مقدمہ سے متعلق نہیں ... اور اُن مسائل سے ممیز کرنا چاہئے جو اس وقت پیدا ہوں جبکہ ایک وارث جائداد متوفی سے اپنے حصہ کے لئے دعویٰ کرتا ہو جبکہ درحقیقت اُس کو نالش برائے اہتمام ترکہ کرنا چاہئے جس کو وہ جزوی تقسیم سے موسوم کرتا ہے۔ ایسے مقدمہ میں عدالت کے لئے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا کثیر نالشات سے محفوظ رہنے کے لئے مدعی علیہم کے عذر پر لحاظ نہ کیا جائے تاکہ متوفی کی کل جائداد کا اہتمام ہو اور انتہائی اہتمام میں ہمیشہ کے لئے ایک بار تقسیم کر دی جائے لیکن اس امر سے کوئی ایسا قاعدہ قرار نہیں دیا جا سکتا جو تمام حالات پر حاوی ہو۔

اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ایک شریک تمام جائداد کی تقسیم کے لئے نالش رجوع کر سکتا ہے اور پھر کوئی دوسری نالش بعد وجود دوسری جائداد کی تقسیم کے لئے رجوع کی جائے تو لا ممنوع نہ ہوگی۔ مرافعہ علیہ کی اس بحث پر غور کرنا بے سود ہے کہ ایک شخص کو نابالغ سے جائداد کی تقسیم کرنے ... منتقل الیہ جائداد ہے اور اس لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اس تقسیم کی جو نابالغ کے مقابلہ میں کیجا رہی ہو ضرورت اور منفعت کو ثابت کرے۔ ہر مقدمہ کو اپنے حالات پر مبنی ہونا چاہئے۔ بلا شبہ فاضل ... جج نے یہ خیال کیا تھا کہ مدعی علیہ نمبرا کا ذمہ تھا کہ وہ یہ ثابت کرے کہ سنہ ۱۹۰۴ء کی تقسیم کی ضرورت تھی اور اس سے مدعی کو منفعت حاصل ہوتی تھی۔ قانون کے متعلق صحیح رائے نہیں ہے۔

جو کچھ کہ اسکو ثابت کرنا چاہئے تھا وہ یہ تھا کہ معاملہ منصفانہ تھا اور وہی نابالغ کو اس کی پوری واقفیت نہیں ہے کہ وہ اسکو ہوتی اگر وہ معلوم کرنے کی زحمت اٹھاتا۔

فیصلہ مقدمہ کرامت ... بنام کرامت اللہ میاں (۹) مدعی علیہ کی بحث کا مؤید معلوم ہوتا ہے لیکن اس کو بغور پڑھنے سے ظاہر ہوگا اس سے اس قدر وسیع مسئلہ کی تائید نہیں ہوتی۔

جسٹس مویر بولڈ نے عدالت کا فیصلہ صادر کرتے ہوئے صفحہ ۴۲۳ پر بتلایا ہے کہ اصول انتظام خاندانی میں اس عام اصول سے کوئی اختلاف نہیں ہے کہ جب کوئی معاہدہ کسی نابالغ کیجانب سے بتوسط اس کے ولی کے کیا جاتا ہے تو یہ ثابت کیا جانا چاہئے کہ معاہدہ نابالغ کے فائدہ کے لئے کیا گیا تھا اگر نابالغ کی حیثیت سے کوئی ناجائز فائدہ اٹھایا گیا ہو تو خاندانی انتظام منسوخ کیا جا سکتا ہے اس وجہ سے کہ وہ اب ناجائز یا حیثیت کے مساوی نہ ہونے کی وجہ سے

عمل میں آیا تھا ان دیگر وجوہ میں سے کسی وجہ پر منسوخ کیا جا سکتا ہے جن کی بنا پر نابالغ کی صورت میں کوئی انتظام کالعدم قرار دیا جا سکتا ہے۔ لیکن جہاں اس قسم کا کوئی نقص نہ ہو تو کسی مشتبہ امر کا تصفیہ نابالغ کے حق میں ویسا ہی مفید ہو سکتا ہے جیسا کہ بالغ کے لئے اور جہاں کہ اصل نزاع کا جائز طور پر تصفیہ ہو چکا ہو تو ہم قرار دیتے ہیں کہ وہاں صرف اس بنا پر نزاع پر مکرر بحث نہیں ہو سکتی کہ انتظام خاندان کے فریقین میں کوئی نابالغ تھا پس یہ بالکل صاف ہے کہ کوئی انتظام جو منصفانہ ہو وہ نابالغ کے لئے مفید نہیں ہو سکتا۔

اب ہمیں مثل کے واقعات سے یہ دیکھنا چاہئے کہ آیا وہ انتظام جو تحت دستاویز الف عمل میں آیا تھا نابالغ کے مفید ہو سکتا تھا۔ دستاویز (و) مورخہ ۸ اکتوبر سنہ ۱۹۰۵ء کے حالات پر بہت زیادہ روشنی پڑتی ہے دستاویز الف ۱۵ جولائی سنہ ۱۹۰۴ء کی لکھی ہوئی تھی۔ اس دستاویز کے بموجب گیارہ ہزار کولے کی مالیت مبلغ صمار قرار دی گئی تھی۔ دستاویز (و) میں جس کی تکمیل دستاویز الف کے ۵ ماہ بعد ہوئی تھی ہم دیکھتے ہیں کہ ۲۰۰ کولے کی مالیت مبلغ [illegible] کی گئی تھی اور مشتری سے کہا گیا تھا کہ دو گز زمین مکان کے مقابل سڑک کی تعمیر کے لئے چھوڑ دے۔ پس اس کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اسوقت ایک ایسے قطعہ اراضی میں ایک کولے کی قیمت جس کا راستہ شاہ راہ عام پر نہ نکلتا ہو کم از کم ۸ تھی اس طرح سنہ ۱۹۰۵ء میں ۱۱۰۰ کولے کی قیمت کم از کم صمہ روپیہ ہونی چاہئے۔ کیا یہ کہا جا سکتا ہے کہ اراضی کی مالیت جو جولائی سنہ ۱۹۰۴ء میں مبلغ صمار روپیہ تھی اکتوبر سنہ ۱۹۰۵ء میں یکدم صمہ یا سمہ تک بڑھ گئی تھی۔ دستاویز (و) سے بخوبی ظاہر ہوتا ہے کہ لوگوں نے یہ خیال کرنا شروع کر دیا تھا کہ اراضی متدعویہ مکانات کی تعمیر کے لئے بہت اچھے مقام پر ہے دستاویز (و)

پرنا سود
بنام
میناکشی
[illegible]

کی تکمیل کی تاریخ پر مدعا علیہ نمبر ۱ اپنے مشتریوں کے لئے کوئی راستہ شاہ راہ عام تک نہیں دے سکتا تھا لیکن اس کو توقع تھی کہ اراضی متنازعہ کے شمالی و جنوبی زمین کو خرید کر شاہ راہ عام تک سڑک بنا دے گا تا وقتیکہ معلوم نہ ہو کہ تاریخ دستاویز الف کی تکمیل پر اراضی متدعویہ کی قیمت مبلغ [illegible] روپیہ تھی اور سنہ ۱۹۰۵ء کی قیمت اداشدہ میں کچھ اضافہ نہیں ہوا تھا [illegible] قیمت یکساں [illegible] اراضی متدعویہ کے چھوٹے قطعات کی [illegible] تھا جس کو مختلف اشخاص نے سنہ ۱۹۰۵ء میں خریدا تھا [illegible] حالات معلوم ہوتے ہیں مدعا علیہ [illegible] کم از کم [illegible] بیع ہوئیں ملاحظہ ہوں دستاویزات ۹ و ۲۰ و ۲۳ و ۲۴ و ۵۲ [illegible] و ۲۸ [illegible] ۳۱ و ۶۲ و ۶۳ اور بہت جلد اس کے بعد مکانات کی تعمیر شروع ہو گئی اور یہ ثابت ہے کہ قبل رجوع نالش اراضی متدعویہ پر (۱۰۰) مکانات سے زیادہ تعمیر ہو گئے تھے جن میں سے بعض کی قیمت مبلغ [illegible] سے [illegible] کم تھی۔ ان واقعات سے بخوبی فرض کیا جا سکتا ہے کہ اراضی متنازعہ کی مالیت مبلغ [illegible] سے جو قیمت برائے نام دستاویز الف میں تھی اس سے زیادہ تھی۔ بہرحال ایک امر اس کی اصلی مالیت سے متعلق ہے کہ باپ نے اراضی جو بیٹے کا گودام خرید لیا تھا تاکہ سڑک تک کوئی راستہ نکالے۔ اگر مدعا علیہ نمبر ۱ مدعی سے راست معاملگی کرتا تو اس کو چاہئے تھا کہ مدعی کی ماں کو کہہ دے تاکہ اراضی [illegible] جو اس کے شوہر کی ملک تھی اراضی متنازعہ تک راستہ تیار کرنے کیلئے کام میں لائی جا سکتی تھی اس کا مدعی کی ماں سے اس علم کا مخفی رکھنا میں خیال کرتا ہوں کہ پوری معاملہ کو کالعدم کرنے کیلئے کافی ہے۔ اس نے عدالت میں اس امر کی شہادت نہیں دی ہے کہ سنہ ۱۹۰۴ء میں اس نے تقسیم کا کیوں مطالبہ کیا اور کن حالات میں

پٹنہ سوم پٹنہ

نام

خیاکشن شہد اللہ

(مدراس)

دستاویز الف کی تکمیل کی گئی اور یہ کہ اس نے نابالغ کے حقوق کے لحاظ سے نیک نیتی سے عمل کیا اس لئے میں یہ قرار دیتا ہوں کہ معاملہ جو بذریعہ اشتہار الف وقوع میں آیا ایک نامنصفانہ معاملہ نہیں بلکہ غیر معقول تھا جو اخراجات و اقتضاءات سے عمل میں آیا تھا جن کا اظہار مدعی کی ولیہ پر لازمی تھا یہ غیر ضروری ہے کہ ان اخراجات کی فرداً فرداً مدات پر تفصیل سے غور کیا جائے کیونکہ ان سے وہی واقعات ثابت ہوتے ہیں جو مشتبہ قرار دئے جا چکے ہیں مقدمہ نتسیا ائر بنام راما ائیر (۱۱) میں جو واقعہ تھا سالہا کا فیصلہ کیا گیا تھا اور فاضل ججوں نے ایک تہری دلیل پر کہ انتظام زیر بحث مدعی کی منفعت کے لئے تھا یہ رائے ظاہر کی تھی کہ وہ تصفیہ مدعی کے حق میں مفید تھا اور وہ احتیاط سے کیا گیا تھا مقدمہ صدیقی حاجی سمرسائی بنام محمد حسین سائی (۲) میں منصرم چیف جسٹس عبدالرحیم نے صفحہ ۲۰۵ پر تحریر کیا ہے کہ امر اصل چونکہ کوئی بیان نہیں ہے کہ تصفیہ نیک نیتی سے عمل میں آیا تھا یا کوئی معقول غلطی سے ایسا تصفیہ ... قابل اعتراض تھا اس لئے میں کوئی وجہ نہیں پاتا کہ کیوں تصفیہ واجب التعمیل نہ قرار دیا جائے " اور جسٹس شیشاگری ایر نے صفحہ ۲۰۷ پر لکھا ہے کہ یہ تصفیہ پوری حساب فہمی کے بغیر لکھا گیا ہے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ اس رقم کے بارے میں تحقیق کیا جائے جو نابالغ کے ذمہ بوقت تصفیہ قرار دی گئی تھی "

دوسری بحث مسٹر راجیندرا ایر کی جانب سے یہ کی گئی تھی کہ کوئی ابتدائی ڈگری صادر نہیں کی گئی تھی یہ کوئی عذر موجودہ

صفحہ ۸۰۷

ڈگری کے خلاف نہیں ہوسکتا کیونکہ وہ مدعی کو حصہ کی بابت عطا کرتی ہے یہ ہدایت نہیں ہے کہ جائداد متنازعہ کی تقسیم حدود و پیمائش سے کیجائے مدعی نے بہت اچھا کیا کہ جائداد متنازعہ کے اپنے نصف حصہ سے دست بردار ہو گیا اور اسکی صرف اس قدر بازاری مالیت وصول کرنے پر اکتفا کی کہ جسقدر کہ تقریباً ۵۰ مکانات اراضی متدعویہ پر تعمیر کئے گئے ہیں۔ مسٹر راجیندرا ائر نے مزید بحث یہ کی ہے کہ قطعہ اراضی جو کہ دفتر ڈسٹرکٹ منصف کے محاذی ہے تقسیم میں شامل نہیں کیگئی تھی۔ ذی علم سب آرڈینیٹ جج نے ہدایت کی کہ دعوے کی ترمیم اس کو شامل کرکے کیجائے یقیناً سہو نظر کیوجہ سے وہ شامل نہیں کیا تھا۔ مدعی کے قائم مقاموں نے مدعی علیہ نمبر ا کے حصہ پانے میں کوئی عذر نہیں کیا ہے۔ بہ لحاظ اس کے ایک ڈگری ابتدائی صادر کیجا سکتی کہ تقسیم بذریعہ حدود و پیمائش کے عمل میں آئے۔

مسٹر راجیندرا ایر نے مزید یہ اعتراض کیا ہے کہ اُن کا مؤکل رقم ڈگری شدہ کا ذمہ دار قرار دیا گیا ہے گو اراضی متنازعہ کے نیلام سے اُسے بہت کم رقم وصول ہوئی ہے میں خیال کرتا ہوں کہ اس بحث میں کچھ قوت ہے۔ مدعی اس امر پر اصرار کر سکتا تھا کہ وہ جائداد متدعویہ پر قابض کرا دیا جائے اور علاوہ مدعی علیہ نمبر ا کے دیگر مدعی علیہم کو مجبور کرسکتا تھا کہ اپنا عملہ اٹھا لیجائیں کیونکہ معاملہ تحت دستاویز الف جہاں تک کہ اس کا تعلق ہے بالکل کالعدم تھا۔

مدعی کو اس امر کا ٹھیک مشورہ دیا گیا تھا کہ وہ مدعی علیہم سے اراضی کا تخلیہ نہ کرائے اور یہ مدعی علیہم کے مفید ہے کہ مدعی کے حق میں زر نقد کی ڈگری صادر کیگئی۔ اراضی کی مالیت میں حتمیہ اضافہ ہوگیا ہے اسوجہ سے کہ مختلف خریداروں نے قطعات خریدہ کردہ پر مکانات تعمیر کر لئے ہیں۔ سب آرڈینیٹ جج نے فیصلہ کیا ہے کہ مدعی علیہم نمبر ا کے منتقل الیہم بلحاظ مالیت کے خریداران نیک نیت نہ تھے میں خیال کرتا ہوں

ایسے حالات میں عدالت اپنے اختیار تمیزی کو عمل میں لاکر یہ ہدایت کرسکتی ہے کہ مدعی علیہ نمبر ا کے دیگر مدعی علیہم بلحاظ اپنے حصہ مالیت کے بعد وضع رقم ادا شدہ جائداد کی قیمت ادا کریں۔ دوسرے الفاظ میں مدعی علیہ نمبر ا۔ دیگر مدعی علیہم کی اُس رقم کی حد تک ذمہ دار ہیں جس قدر رقم میں انھوں نے بابت قطعات کو اُن کے حاتھ بیع کیا تھا۔ مدعی اپنی ڈگری کی بمقابلہ مدعی علیہ نمبر ا و دیگر مدعی علیہم تعمیل کرسکتا ہے لیکن دیگر مدعی علیہم مدعی علیہ نمبر ا سے بغیر ایسے حصہ رسدی کے اُس رقم کا مطالبہ کرسکتے ہیں جو کہ انھوں نے اپنے زر ثمن سے زیادہ دی ہے ڈگری میں اس قسم کا ایک نوٹ کردینا چاہئے مسٹر رامچندرا نے میعاد کے متعلق زور نہیں دیا ہے انھوں نے عدالت تحت کے فیصلہ کے خلاف اس امر میں مرافعہ نہیں کیا ہے۔

دوسرے قطعہ کے متعلق ترمیم کے تابع مرافعہ مرافوعہ علیہ نمبر ا کے قائم مقام قانونی کے خرچہ کے ساتھ خارج کیا جاتا ہے۔

مسٹر رنگاچاری نے اپنی یادداشت عذرات پر زور دیا اور سب آرڈینیٹ جج کی عطا کردہ رقم سے زیادہ کا مطالبہ کیا ہے کوئی صاف ثبوت نہیں ہے جس پر کہ اراضی متنازعہ کی مالیت کا اندازہ سب آرڈینیٹ جج کے اندازہ سے زیادہ کیا جاسکے مدعی علیہ کے گواہ نمبر ۴ کی شہادت بالکل اطمینان بخش نہیں ہے۔ اور چند دستاویزات سے مثل دستاویز نمبر ۴ (الف) و ۲۹ سے یہ واضح نہیں ہوتا ہے کہ اراضی متدعویہ کی مالیت تاریخ تحریر عرضی دعویٰ پر کس قدر تھی مجھے کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی ہے کہ بلحاظ مالیت ذی علم سب آرڈینیٹ جج کے فیصلہ میں دست اندازی کروں۔ نتیجہ یہ ہے کہ یادداشت عذرات معہ خرچہ خارج کیجاتی ہے

جسٹس اسپیر۔ میں اتفاق کرتا ہوں۔ مرافعہ جات خارج کئے گئے۔

# ہائی کورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۲۶۵ بابت سنہ ۱۹۱۹ء فیصلہ ۱۱ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر براڈوے و مسٹر جسٹس ہیرسن

محمد عثمان خاں مدعی علیہ بنام عطاء الٰہی الدین وغیرہ

مرافع مدعیان مرافوعہ علیہم

رواج — انتقال — ضرورت — زر قرضہ برائے تجارت — قرضہ سابقہ — رہن مقدم۔

روپیہ جو بغرض تجارت قرضہ لیا جائے ضرورت کے لئے نہیں لیا جاتا ہے اسلئے منجانب کاشتکار ایسی اغراض کے لئے موروثی اراضی کا انتقال جائز نہ ہوگا۔

جب الگی مرتہن کا نام ہیکے بعد دیگرے چند نوں کے فرق سے دو رہنوں کی تکمیل کیجائے جو ایک ہی معاملہ تھے تو کوئی بلحاظ تاریخ رہن مقدم کو مثل ایک قرضہ سابقہ کے نہیں تصور کیا جاسکتا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ جج لدھیانہ مورخہ ۱۲ جون سنہ ۱۹۱۹ء مشعر تنسیخ ڈگری صادرہ سب جج جالندھر مورخہ ۱۰ جون سنہ ۱۹۱۸ء۔

منجانب مرافع مسٹر ہرگوپال منجانب مرافوعہ علیہم بخشی ٹیک چند۔

**فیصلہ**۔ مدعیان نے کچھ اراضی کے بازیافت کا ایک دعویٰ جسکو ان کے متوفی باپ نے رہن کیا تھا اس بنا پر کیا ہے کہ وہ رہن بلا بدل و بے ضرورت عمل میں آیا تھا۔ مدعی علیہم نے من جملہ دیگر جوابدہیوں کے یہ جوابدہی کی ہے کہ مدعیان جالندھر کے مالکان ہیں اور شرع اسلام کے تابع ہیں نہ کہ معمولی زراعتی رواج کے۔ عدالت ابتدائی نے مدعیان کو

محمد عثمان خاں بنام عطاء الٰہی الدین لاہور

صفحہ ۲

رشتہ داران
بنام
محمد امین
(لاہور)

رواج کے تابع قرار دیکر جزو رہن کو بحال رکھا۔ فریقین نے مرافعہ کیا اور ڈسٹرکٹ جج نے عدالت ابتدائی سے اتفاق کرتے ہوئے کہ مدعیان رواج کے تابع تھے۔ انکا حق نالش ارجاع نالش میں توقف سے ساقط ہوگیا۔ اسپر مدعیان نے اس عدالت میں مرافعہ کیا یہاں سے ڈسٹرکٹ جج کا حکم منسوخ کر کے مقدمہ حسب مجموعہ ضابطہ دیوانی آرڈر ۴۱ رول ۲۳ برائے فیصلہ مکرر واپس کیا گیا ڈسٹرکٹ جج نے جنھوں نے مرافعہ کی سماعت کی خیال کیا کہ صرف ایک مسئلہ جو تصفیہ طلب رہ گیا ہے وہ یہ ہے کہ رہن کی غرض و بدل کس حد تک ثابت کی گئی ہے۔ انھوں نے اصل ڈگری میں صرف اس قدر ترمیم کر دی کہ بجائے ۔/۔ کے مبلغ ۔/۔ مدعیان کے ذمہ واجب الادا قرار دئے۔ مدعی علیہ نے مکرر اس عدالت میں مرافعہ کیا ہے اور اسکے کونسل نے زور دیا ہے کہ جب حکم واپسی دیدیا گیا تھا تو عدالت مرافعہ ادنیٰ کا فرض تھا کہ کل مقدمہ کا فیصلہ مکرر کرتی اور یہ کہ ڈسٹرکٹ جج کی غلطی تھی کہ انھوں نے امر کا تصفیہ نہیں کیا کہ آیا مدعیان رواج کے تابع تھے یا شرع اسلام کے۔ یہ بحث ہمکو صحیح معلوم ہوتی ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ یہ خیال ہوا کہ وجوہ مرافعہ سے شرع یا رواج کے متعلق بحث غیر ضروری ہے وجوہ دوم و سوم سے صاف عیاں ہے کہ گویا کہ بالعموم معمولی رواج زراعتی کے تابع ہوتے ہیں لیکن وہ بہ حیثیت شہر کے باشندے ہونے کے یہ حق رکھتے ہیں کہ اپنی موروثی جائداد ایسی اغراض کے لئے منتقل کر دیں جو عام طور پر کسی دیہاتی کاشتکار کے حق میں قانونی ضرورت نہ ہوسکیں مرافعہ دراصل رہن اول کے بدل کی ایک مد ۔/۔ کی بابتہ اور جملہ بدل مبلغ ۔/۔ بابتہ رہن سوم کے خلاف ہے جس کے متعلق ڈسٹرکٹ جج یہ قرار دیتے ہیں کہ مدعیان پر قابل تعمیل نہیں ہے کیونکہ وہ رقم بغرض

تجارت لی گئی تھی۔

موجبات مرافعہ پر غور کرنے سے یہ صاف ظاہر ہوتا ہے کہ مرافعان اب یہ نہیں کہہ سکتے کہ مدعیان شرع اسلام کے تابع ہیں اور یہ کہ صرف جو بنا کہ اس کی سماعت ہوسکتی ہے وہ یہ ہے کہ وہ مدات جن کا ذکر اوپر ہو چکا ہے آیا بغرض ضرورت لئے گئے تھے

مبلغ (۔/۔) کا بدل رہن سوم کی بابتہ راہن نے بغرض تجارت لیا تھا اور مقدمہ سنت سنگھ بنام ورایام سنگھ[1] فیصلہ کیا جا چکا ہے کہ اراضی موروثی کا ایسا انتقال کسی کاشتکار کا جائز نہیں ہے اس رقم کے منجملہ جو رہن اول کا بدل تھی مبلغ ۔/۔ روپیہ بغرض ادائی رہن سابق لئے گئے تھے وہ رقم جو پہلا رہن بغرض تجارت قرض لی گئی تھی یہ رہن سابقہ کی تکمیل ایک قرضہ سابقہ کے نہیں سمجھا جا سکتا کیونکہ اسی کی تکمیل اس مرتہن کے حق میں رہن متنازعہ کے کچھ دن قبل کی گئی تھی۔ دونوں رہن دراصل ایک ہی معاملہ بنتے ہیں اور ہم نہیں خیال کرتے کہ فاضل ڈسٹرکٹ جج اس مد کی بابتہ ۔/۔ کے بارے میں کوئی غلطی کی ہے۔ جبکہ وہ اس رقم کو مثل زر رہن سابق کے تصور کرتے ہیں۔ مرافعہ کی بحث یہ ہے کہ جو فیصلہ مقدمہ سنت سنگھ بنام ورایام سنگھ (۱) میں متعلق انتقال اراضی موروثی عام کاشتکار کیجانب سے بغرض تجارت جائز نہیں قرار دیا گیا ہے ایسا ہی تھا یا یہ رواج جائز رکھا جانا چاہئے جسکہ وہ ایک قصبہ کے باشندے کی اغراض سے عمل میں آئے جبکہ اس کا پیشہ کاروبار ہو

(۱) انڈین کیسز جلد ۴۴ صفحہ ۳۶۔

گو یہ بحث بالکل صحیح ہو لیکن ہم محسوس کرتے ہیں کہ ہم سائل کی مزید تفتیش کے موقع میں جو کچھ کہ مرافع ظاہر کرنا چاہتا ہے وہ یہ کہ وہ فرقہ جس میں کہ مدعیان شامل ہیں ایک خاص رواج کی تقلید کرتا ہے جو کہ عام رواج زراعتی کے بالکل خلاف ہے اس قسم کی کوئی بحث زیر بحث نہیں کی گئی تھی اور کسی صداقت تامہ کی عدم موجودگی میں اس امر پر مرافعہ ثانی بھی قابل سماعت نہیں ہو سکتا۔

پس ہم مرافعہ مع خرچہ خارج کرتے ہیں۔ مرافعات علیحدہ مدعا علیہم کی جانب سے زور نہیں دیا گیا ہے۔ پس وہ بھی خارج کئے جاتے ہیں

مرافعہ خارج کیا گیا

# عدالت جوڈیشل کمشنر پشاور

## درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۱۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۷ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر پین جوڈیشل کمشنر

رام داس مدعی سائل بنام رام لال وغیرہ مدعی علیہم مسئول علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۱۵۔ نگرانی کیں دست اندازی جائز ہوگی۔

درخواست گذار جو ہائی کورٹ کے اختیارات نگرانی سے مفید ہونے کی استدعا کرنا چاہے بغرض ہے کہ عدالت میں یہ گناہ ہے۔ اور اوسکو یہ ثابت کرنا چاہیے کہ اس سے منصفانہ تاؤ نہیں کیا گیا ہے ہائی کورٹ اپنے اختیار سماعت نگرانی کا استعمال نہیں کریگی جبکہ عدالت تحت کی تجویز بالکل منصفانہ ہو نیز جبکہ وہ فیصلہ مسئلہ قانونی کی نسبت غلط رائے دیکر ہوا ہو۔

مقدمہ کمیسٹیا بنام سلطان انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۴۵۴ کا حوالہ دیا گیا جوڈیشل کمشنر اپنے اختیار سماعت نگرانی کے استعمال میں عدالت مرافعہ کے فیصلہ میں گو وہ غلط ہی کیوں نہ ہو اوس وقت تک دست اندازی

نہیں کرینگے جب تک کے عدالت مرافعہ کو اسکی تجویز کا اختیار رہا ہو اور اوس نے حقیقتاً تجویز کردی ہو بجز اسکے کہ ایسی تجویز بہت اہم نوعیت کا ہو اور زیر بحث فیصلہ اوسکا بحال رکھنا ممکن نہو

درخواست نگرانی بنفاذ حکم ڈویژنل جج ڈیرہ جات مورخہ ۱۸ جون سنہ ۱۹۲۲ء منسوخ کنندہ حکم منصف درجہ اول ڈیرہ اسمعیل خان مورخہ ۵ مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

منجانب سائل مسٹر دیو بجانب مسئول علیہم لالہ تہرداس

**فیصلہ** صرف ایک مسئلہ ہے جس کی بناء پر نگرانی اس عدالت میں منظور کیجا سکتی ہے وہ یہ ہے کہ تجویز ڈویژنل جج کہ معاہدہ اگست سنہ ۱۹۱۷ء (تاریخ مندرجہ ۱۴ بھادون سنہ ۱۹۷۴ء تھی) گو غیر رجسٹری شدہ تھا مگر قابل وخال شہادت ہے۔ اب بالفرض اگر میں بتعلیم ڈویژنل جج کی تجویز سے اس مسئلہ میں اختلاف بھی کروں تو وہ امر نگرانی کے لئے معقول بنیاد نہیں ہو سکتا میں اس عدالت کے فیصلہ کی پابندی کرونگا جو بطور جوڈیشل ریکارڈ نمبر ۱۵ طبع ہوا ہے جسکی روسے جوڈیشل کمشنر عدالت مرافعہ کی تجویز میں خواہ وہ غلط ہی کیوں نہو اوس وقت تک دست اندازی نہیں کر سکتے۔ جب تک کہ عدالت مرافعہ کو اختیار تجویز کرنے کا ہو اور اوس نے در اصل تجویز بھی کی ہو یہ تسلیم کیا جاسکتا ہے کہ بعض مقدمات میں جو قانوناً غلط فیصل ہوئے ہوں نگرانی قبول کی جاسکتی ہے جبکہ وہ غلط فیصلہ زیر بحث بہت اہم قسم کا ہو اور جہاں کہ بغرض انصاف یہ ممکن نہو کہ وہ بحال رکھا جاسکے موجودہ مقدمہ میں ایسی کوئی صورت نہیں پائی جاتی۔ یہ تسلیم کیا جاسکتا ہے کہ دستاویز زیر بحث قابل رجسٹری ہے ایک حد تک یہ بحث طلب امر ہے۔ اور قوی وجوہ بھی ہیں۔ جن کی بنا پر ایسی دستاویز قابل رجسٹری سمجھنا چاہیے۔ برخلاف اس کے بذریعہ دستاویز ہذا وجود میں نہیں

رام دا
بنا
رام لا
دیتا

آیا یہ وعدہ کنندہ کی حیثیت سابق سے قائم ہو چکی تھی اور دی علم ڈیویژنل جج کو اس خیال سے بلحاظ نتیجہ بہت کچھ بحث کیجا سکتی ہے اور میں دیکھتا ہون کہ مجھے کوئی ضرورت نہیں کہ بصیغہ نگرانی ایسے سوال پر غور کرون موجودہ مقدمہ میں ایک اور وجہ ہے جو نگرانی میں دست اندازی کرنے سے مجھے روکتی ہے مقدمہ میا بنام سلطان (۱) اس مسئلہ کے لئے قول سندی ہے کہ ہائیکورٹ اپنے اختیارات بصیغہ نگرانی کا استعمال کرنے سے انکار کر سکتی ہے ۔ جبکہ عدالت ماتحت کی تجویز مبنی بر انصاف ہو باوجود اس کے کہ ایسی تجویز قانون کے متعلق غلط رائے پر قائم ہوئی مقدمہ محولہ ذیل میں جج چیف کورٹ نے اس امر کو تسلیم کرتے ہوئے کہ عدالت ماتحت کی یہ تجویز کہ نالش اندرون میعاد ہے غلط تھا اور یہ کہ قرار دینا چاہئے تھا کہ میعاد عارض تھی انہوں نے باتباع پابندی اصول مذکورہ صدر دست اندازی کرنے سے انکار کیا۔

فی الحقیقت یہ ایک عام اصول ہے کہ درخواست گذار جو ہائیکورٹ کے اختیارات نگرانی سے استمداد کرتا ہو اسے چاہئے کہ عدالت میں بیگناہ آئے اور یہ ثابت کرے کہ اوس سے ساتھ بے انصافی کی گئی تھی۔ موجودہ مقدمہ میں یہ شرط ایسی بالکل مفقود معلوم دیتی ہے بلکہ ظاہر ہے جیسا کہ ڈویژنل جج نے خیال کیا ہے کہ اصل سبب جس نے مدعی کو اپنے معاہدہ کی تردید کی ترغیب دی ہے یہ تہا کہ سرکاری مالیت میں معتدبہ اضافہ ہوگیا تھا اور یہ کہ اس لئے وہ اس معاملہ میں روپیہ کا نقصان اٹھائیگا باوجود اس کے اس نے مدعی کو اپنی جانب سے رقم ڈگری ادا کرنے دی جو کہ معاہدہ کی بنیاد ہے۔ وہ عدالت میں اپنے معاہدہ کی تردید کرنے کے لئے صرف رجسٹری کے ایک اصطلاحی مسئلہ کو لیکر رجوع ہوا ہے۔ اس لئے

دوسری طرح ایسا شخص نہیں سمجھا جا سکتا جو مستحق ہو کہ اپنے مفاد کے لئے نگرانی اور ایسے اختیارات کی استدعا کرے جو بالعدہ اختیاری تمیزی پر مبنی ہوں۔ موجودہ مقدمہ میں اور کوئی وجوہ نہیں ہیں جن کی بنا پر میں سمجھتا ہون کہ دست اندازی کی جائے سوائے ان وجوہ کے جو اوس کے مفید تھے۔ میرے سامنے بحث کی گئی ہے۔

ان وجوہ سے مجھے دست اندازی کرنے سے انکار کرنا چاہئے اور میں اس درخواست کو معہ خرچہ خارج کرتا ہون

درخواست خارج کی گئی

## ہائی کورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۴۵۶ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء منفصلہ ۱۴ جون سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس :- مسٹر جسٹس براڈوے

و مسٹر جسٹس عبد القادر

میا داس وغیرہ بنام چنڈا رام ۔ مدعی

مدعی علیہم ۔ مرافعان  مرافعہ علیہ

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۱ ۔ امر فیصل شدہ ۔ سابقہ مقدمہ میں اختیار سماعت کا ہونا ۔

جب کسی عدالت کو قانونًا اختیار سماعت کسی مقدمہ کی تجویز کا نہ ہو تو اسکا فیصلہ مانع اس امر کا نہیں ہوتا ہے کہ مقدمات مابعد کے امور نزاعی پر پھر غور نہ کیا جائے یہ امر کہ سابقہ مقدمہ کے وقت نظائر اس کی

تائید میں نہیں کہ عدالت کو اختیار سماعت حاصل ہے تو اس سے کوئی فرق پیدا نہیں ہوتا۔

مقدمہ ... بنام ... کلکتہ لا جرنل جلد ۲ صفحہ ۲۲۱ کی تقلید کی گئی۔

... بنام ... جلد ... صفحہ ... وغیرہ ...

... جلد ... صفحہ ... وغیرہ ...

جلد ... صفحہ ... کی تمیز کی گئی۔

مرافعہ بنا راضی ڈگری مسٹر ... جج ... مورخہ ... مارچ سنہ ۱۹۲۱ء

منجانب مرافع۔ لالہ رام چند چندا۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ لالہ موہن چند مہاجن۔

**فیصلہ** ۱۲ نومبر سنہ ۱۹۱۹ء کو ایک شخص چنڈا رام ... ایک ڈگری ایک مکان انفکاک رہن کا رجوع کیا جو کہ ... ... سنگھ کے پاس بعوض مبلغ ... رہن تھا۔ مدعی نے بیان کیا کہ اسنے مکان مرہونہ کو اصل راہنان سے خرید لیا ہے۔ مدعا علیہم نے منجملہ دیگر جوابدہیوں کے یہہ جواب دہی کی مکان کا انفکاک نہیں کرایا جا سکتا بجز اس کے کہ جملہ رقم مبلغ ... کی ادائی کی جائے۔

سنہ ۱۸۹۶ء میں ابتدائی راہنان نے مرتہنان پر انفکاک رہن کی نالش دائر کی تھی۔ اس مقدمہ کا فیصلہ منصف درجہ دوم نے کیا تھا جس نے یہہ قرار دیکر کہ سود جایداد پر ایک بار تھا۔ انفکاک کی ڈگری بشرط ادائی مبلغ ... صادر کی۔ یہہ ڈگری مرافعہ میں تبدیل کر دی گئی تھی لیکن چیف کورٹ نے بذریعہ حکم مورخہ ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۰۱ء ڈگری عدالت تحقیقات کنندہ بحال رکھی

بہر حال اس ڈگری کی کبھی تعمیل نہیں کی گئی اور موجودہ مقدمہ میں مدعا علیہم نے جوابدہی کی کہ فیصلہ سابقہ اس مقدمہ میں بطور امر فیصل شدہ کے مانع ہے اور یہہ کہ اس کا انفکاک بعد ادائی رقم تصفیہ شدہ یعنے مبلغ ... وسود مابعد و اخراجات مرتہنان بطور ... ہو سکتا ہے۔ عدالت تحقیقات کنندہ نے قرار دیا چونکہ سابقہ مقدمہ کا قطعی فیصلہ چیف کورٹ نے صادر کیا تھا پس فریقین پر وہ واجب التعمیل ہے اور مدعی کی نالش انفکاک بشرط ادائی مبلغ ... وسود مابعد حسب مندرجہ رہن نامہ ڈگری کر دی۔ اس فیصلہ کی ناراضی سے مدعی نے ڈسٹرکٹ جج کے پاس مرافعہ کیا اور یہہ بحث کی کہ سابقہ مقدمہ کا فیصلہ بطور امر تجویز شدہ ... نہیں ہو سکتا اور نیز ... اس امر کی بحث ... ہے کہ شرائط رہن نامہ کے بموجب جایداد پر سود کا بار نہیں ہے۔ فاضل ڈسٹرکٹ جج نے اس بحث سے اتفاق کرتے ہوئے یہہ قرار دیا کہ سابقہ نالش مدعی کو یہہ بحث کرنے سے ممنوع نہیں کرتی۔ ... مزید برآں یہہ کہ بلحاظ عبارت رہن نامہ سود جایداد پر عاید نہیں کیا جا سکتا تھا اس لئے ... عدالت تحقیقات کنندہ کی ڈگری میں ترمیم کی اور مدعی کے حق میں ڈگری انفکاک بشرط ادائی مبلغ ... صادر کی۔ اس فیصلہ کی ناراضی سے ... وغیرہ مدعا علیہم نے بتوسط مسٹر رام چند منچندا اس عدالت میں مرافعہ ثانی کیا ہے۔

مسٹر رام چند منچندا نے بیان کیا ہے کہ وہ اصول امر فیصل شدہ کے عروض پر زور نہیں دیتے بلکہ یہہ کہ فریقین سابقہ مقدمہ میں چیف کورٹ کے فیصلہ کی وجہ سے ممنوع ہیں۔

موجودہ مقدمہ کی تحقیقات سب آرڈینیٹ جج نے کی تھی اور وہ انہیں کے سماعت کے قابل تھا۔ مقدمہ سابق کی تحقیقات منصف درجہ دوم نے کی تھی جنہیں اختیار سماعت صرف تا ... حاصل تھا

(۱) امرسہائے بنام رام لال (پشاور)

اوس منصف کو کوئی اختیار نہ تھا کہ ایسی ڈگری صادر کرتا جیسی کہ اوس نے صادر کی۔ مرافع کے لائق وکیل نے نظائر لیلاوتی ساہن بنام بشن چوبے (۱) پنجو منڈل بنام چھیداکا تلسا (۲) اور لکشت سنگھ بنام رادھا کشن (۳) کا حوالہ دیا اور یہ بحث کی کہ فریقین ایسے مسئلہ پر بحث کرنے سے ممنوع ہیں جس کا فیصلہ مقدمہ سابق میں کر دیا گیا۔

جب کہ نظائر پیش شدہ سے ہمیں اختلاف نہیں ہے ہمیں یہہ نہیں معلوم ہوتا کہ وہ کیونکر مسئلہ پیش شدہ سے متعلق ہیں۔ یہہ بالکل صاف ہے کہ منصف درجہ دوم کو جنہوں نے مقدمہ سابق کی تجویز کی تھی اختیار سماعت نہیں حاصل تھا پس اُن کا فیصلہ فریقین پر واجب التعمیل نہیں خیال کیا جا سکتا۔ مسٹر رام چند نے یہہ بحث کی کہ اوس وقت جبکہ سابقہ مقدمہ کا فیصلہ کیا گیا تھا نظائر اس کی تائید میں تھیں کہ منصف کو اختیار سماعت حاصل تھا۔ ممکن ہے کہ ایسا ہو لیکن مقدمہ دیال سنگھ بنام رادھا (۴) میں یہ طے کر دیا گیا ہے کہ منصف درجہ دوم کو ذیل کے مقدمہ کی تحقیقات کرنے کا اختیار نہ تھا۔

پس ہم یہہ قرار دیتے ہیں کہ مقدمہ سابقہ سود کے متعلق مسئلہ پر غور کرنے کی امتناع نہیں کرتا۔

اس کے بعد خود رہن نامہ پر غور کرنے سے ہم یہہ معلوم کرتے ہیں کہ ادنیٰ عدالت ڈسٹرکٹ جج نے اوس کے معنی میں غلطی کی ہے اور اوس کی غلط تعبیر کی۔

لہٰذا ہم اس درخواست کو معہ خرچہ خارج کرتے ہیں۔

درخواست خارج کی گئی۔

(۱) ... جرنل جلد ۱ صفحہ ۲۲ (۲) انڈین کیسز جلد ۱۲ صفحہ ۹ (۳) انڈین کیسز جلد ... صفحہ ۱۷۶ (۴) انڈین کیسز جلد ... صفحہ ...

# عدالت جوڈیشل کمشنر پشاور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۹۲ ۱۹۲۱ء منفصلہ ... ۱۹۲۳ء

باجلاس ... جوڈیشل کمشنر

مسماۃ کندی بائی بنام مسماۃ جمنی بائی

مدعی علیہا مرافعہ مدعیہ۔ مرافعہ علیہا

ہندو لا۔ وراثت۔ بیوہ کی نااہلیت۔ بے عصمتی۔ عداوت

ہندو لا۔ بیوہ بوجہ بے عصمتی شوہر کی جائیداد کی وراثت سے محروم کی جاتی ہے مگر ضرور ہے کہ وہ عملی طور پر شوہر کی زندگی میں بے عصمت ہوئی ہو۔

بے عصمتی ہونے کی صورت میں اپنے شوہر کی جائیداد سے بیوہ محروم ہو جاتی ہے صرف یہہ ثابت ہونے پر کہ اوس کو اپنے شوہر سے ایسی عداوت تھی جو مبنی بر کینہ تھی یا حق بجانب نہ تھی جس کی ذمہ داری کلیتہً یا جزواً اس پر ہو۔

کہرمنی داسی بنام جمنی داسی انڈین کیسز جلد ۸ صفحہ ۹۳ سے استناد کیا گیا۔

نند کوالی تنی بنام منی رام کولیتا ویکلی نوٹس جلد ۹ صفحہ ۳۶۷ کا حوالہ دیا گیا۔

مرافعہ اولیٰ بنارائے حکم ڈسٹرکٹ جج بنوں مورخہ ۹ نومبر ۱۹۲۱ء

منجانب مرافعہ۔ مسٹر سعید الدین خان کے۔ ایس۔

منجانب مرافعہ علیہا مسٹر چمن لال۔ آر۔ ایس

**فیصلہ**۔ اس مقدمہ کے فریقین ہر دو رام ... متوفی کی دو شریک بیوگان ہیں۔ مسماۃ کندی بائی متوفی کی جائیداد پر کامل طور پر قابض ہو گئی ہے اور مسماۃ جمنی بائی نے نالش کی ہے کہ وہ بحیثیت شریک بیوہ کے جملہ جائیداد متوفی سے اوس کو نصف حصہ کی

مکندی بائی بنام مساۃ جمنی بائی (دپشاور)

تقسیم کرا کر قابض کرادیجائے۔ مساۃ جمنی بائی مدعیہ کا ازدواج ہیرتیج رائے کے ساتھہ کس تاریخ ہوا یقینی طور پر نہیں کہا جاسکتا لیکن یہہ یقینی ہے کہ سنہ ۱۹۰۱ء کے قبل ہوا تھا۔ ہیرتیج رائے کا دوسرا ازدواج مساۃ مکندی بائی کے ساتھہ تقریباً سنہ ۱۹۱۰ء میں ہوا ہوگا یہہ بتلایا گیا ہے کہ مدعیہ کو متوفی سے ایک بیٹی اور دو بیٹے پیدا ہوئے۔ لیکن اوس کے دونوں بیٹے فوت ہوگئے۔ مدعیہ کے اولاد پسماندہ سے ایک بیٹی مساۃ بھوران بائی موجود ہے۔ جس کی عمر تقریباً ۲۰ سال ہے۔

مساۃ مکندی بائی مدعا علیہا کو ہیرتیج رائے سے تین بیٹیاں ہوئیں جن میں سے دو باقی ہیں۔ ہیرتیج رائے اپریل سنہ ۱۹۲۲ء میں فوت ہوا۔ یہہ مسلمہ امر ہے کہ مدعی علیہا اور متوفی میں کم از کم سنہ ۱۹۱۰ء سے جدائی ہوگئی تھی۔

نالش کا مقابلہ اس بنا پر کیا گیا ہے کہ مدعیہ اپنے شوہر کی جایداد کی وراثت سے دو وجوہ کی بنا پر محروم ہوگئی ہے۔ اولاً اس کی بے عصمتی کی بنا پر دوم یہہ کہ اوس کو اپنے شوہر سے عداوت تھی مگر مدعیہ نے عدالت تحقیقات کنندہ سے اپنے نصف حصہ کی ڈگری متوفی کی جایداد غیر منقولہ پر حاصل کرلی۔

اس نالش میں کچھہ نقد جایداد کا دعویٰ بھی شامل تہا۔ لیکن اسکا دعوی خارج کردیا گیا اور مقدمہ کے اسقدر جزو کا جو خارج کردیا گیا تہا مرافعہ نہیں کیا گیا ہے۔ عدالت تحقیقات کنندہ کی ڈگری میں اس اندراج کا سہو ہوگیا ہے کہ یہہ ڈگری قبضہ کی بر بنا تقسیم صادر کی گئی ہے۔ لیکن یہہ صرف ایک خفیف غلطی ہے جس کی موجودہ مرافعہ میں بشرط ضرورت ترمیم کیجا سکتی ہے۔ یہہ مرافعہ اولی ہے جس کو مدعی علیہا مساۃ مکندا بائی نے بنا راضی ڈگری بحق مدعیہ دائر کیا ہے۔

قبل ازیں کہ مرافعہ کے امور تصفیہ طلب پر غور کیا جائے یہہ مناسب ہوگا کہ ان واقعات کا صاف طور پر اظہار کردیا جائے جو مدعیہ اور اوس کے شوہر کے تعلقات کے بارے میں بیان کئے گئے ہیں۔

مثل میں پہلی دستاویز ایک پوسٹ کارڈ ہے جو کہ ہیرتیج رائے کی جانب سے مدعیہ کے باپ روپ چند کے نام یکم دسمبر سنہ ۱۹۰۱ء کا لکھا ہوا ہے۔ اس دستاویز کی عجیب عبارت ہے جس سے یہہ ظاہر ہوتا ہے کہ مدعیہ اوس وقت اپنے شوہر کو چھوڑ کر والد کے گھر چلی گئی تھی۔ اس پوسٹ کارڈ میں ہیرتیج رائے لکھتا ہے کہ اس نے سنا ہے کہ روپ چند کا یہہ قصد ہے کہ مساۃ جمنی بائی کو اوس کے ہیرتیج رائے کے پاس واپس کردے۔ اور اس امر کی دہمکی دی ہے کہ اگر وہ ایسا کریگا تو ہیرتیج رائے اوس پر اپنے کتوں کو چھوڑ دیگا۔ اس سے اون تعلقات کا کچھہ پتہ نہیں چلتا ہے جو سنہ ۱۹۰۱ء میں شوہر اور زوجہ کے درمیان تھے۔

بہرحال یہہ بالکل صاف ہے کہ کسی تاریخ مابعد میں مدعیہ گو تہوڑے ہی عرصہ کے لئے کیوں نہو۔ اپنے شوہر کے گھر واپس چلی گئی اور وہ مثل زوج و زوجہ ایک ساتھہ رہنے لگی۔ فی الحقیقت ہیرتیج رائے درخواست مورخہ ۱۷ مئی سنہ ۱۹۱۰ء میں جو بغرض ارتفاع ولایت دی گئی تھی اس پوسٹ کارڈ کا حوالہ دیتا ہے اور کہتا ہے کہ مساۃ جمنی بائی اوس وقت ایکے ساتھہ رہتی ہے اور اوس کو اوس سے تین بچے ہوئے ہیں اور یہہ پوسٹ کارڈ اوسکے خسر روپ چند کے اشتعال دلانے پر لکھا گیا تہا اور یہہ کہ یہہ اطلاع نہیں ہے کہ عدالت اوس پر سنجیدگی سے توجہ کرے۔ اس لیے یہہ فرض کرلینا چاہیے کہ سنہ ۱۹۰۱ء کے بعد کچھہ عرصہ تک مدعیہ ہیرتیج سے اچھے تعلقات کے ساتھہ رہی اور یہہ کہ اوس کو اوس سے

لکھمنی بائی بنام سماۃ جمنی بائی (پشاور)

۳ بچے ہوئے جن کے باپ سے اس نے کبھی انکار نہیں کیا ہے۔

باینہمہ ۱۹۰۶ء میں زوجین میں پھر علیحدگی ہوگئی اور مدعیہ نے اپنے شوہر کے خلاف ایک درخواست تحت دفعہ ۴۸۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری اس بیان سے دی کہ اس نے اوسکو اپنے گھر سے نکال دیا ہے لہذا اوس سے نان و نفقہ دلایا جائے لیکن زوجین میں بذریعہ اقرار نامہ مورخہ ۱۲ جولائی ۱۹۰۶ء تصفیہ ہوگیا جو مقدمہ کی مثل میں شامل ہے۔ اس اقرار نامہ میں ہرنیج رائے نے اپنی زوجہ کو علیحدہ مکان میں رکھنے کا عہد کیا تاکہ اوسکی ماں سے جھگڑا نہ ہوا کرے اور اوس نے یہہ اقرار کیا کہ وہ اوس کو زیورات دیگا اور اوس سے شریفانہ برتاؤ رکھیگا اور خود ذمہ داری قبول کی کہ اگر کوئی فعل اوس سے خلاف اقرار نامہ صادر ہو تو وہ اس کو صہ روپیہ ماہانہ نان و نفقہ کی بابتہ تاریخ خلاف ورزی اقرار نامہ سے دیا کریگا۔ تاہم وہ علیحدگی بظاہر جاری رہی ۱۰ جنوری ۱۹۰۸ء کو ہرنیج رائے نے اعادہ حقوق زناشوئی کی نالش کی جس کا فیصلہ ڈسٹرکٹ جج نے ۱۹ فروری ۱۹۰۹ء کو کیا۔ سماۃ جمنی بائی نے یہہ جوابدہی کی کہ وہ ہمیشہ سے متفق کیساتھ رہنے کے لئے بالکل آمادہ تھی۔ رائے نے اپنی ڈگری حاصل کی لیکن ڈسٹرکٹ جج نے یہہ تجویز کی کہ جمنی بائی ہر وقت اوس کے ساتھ رہنے کو تیار تھی لہذا مقدمہ کا خرچہ شوہر کو نہیں دلایا جاسکتا۔ ہرنیج رائے نے تعمیل کی درخواست کی اور فریقین ایک ساتھ عدالت سے رخصت ہوئے۔ ۱۹۰۹ء میں مدعیہ نے نالش کی کہ ۳ ماہ کا نان و نفقہ بحساب صہ ماہانہ کے دلایا جائے اور ہرنیج رائے نے اپنی جوابدہی میں کوشش کی کہ اقرار نامہ مورخہ ۱۲ جولائی ۱۹۰۶ء کسی باین وجہ منسوخ کرالے کہ وہ بذریعہ فریب و داب ناجائز اوس سے تکمیل کرایا گیا تھا اور یہہ کہ اس میں تاوانی شرائط ہیں

صفحہ ۸۷۷

لیکن عدالت مرافعہ میں (۲۲ مارچ ۱۹۱۰ء کو) مدعیہ نے پوری رقم متدعویہ کی ڈگری حاصل کی اور یہہ قرار دیا گیا کہ ہرنیج رائے نے اپنے اقرار نامہ کی خلاف ورزی کی اور مدعیہ کو نکال دیا و دوسرا ازدواج کر لیا اور اوس کو اپنے گھر لیجانے سے انکار کیا۔ مدعیہ نے ایک دوسری نالش مبلغ ماصہ بقایائے نان و نفقہ کی دائر کی اور اسکا قطعی فیصلہ ڈویژنل جج نے برطبق مرافعہ بذریعہ حکم مورخہ ۱۰ نومبر ۱۹۱۰ء کیا اس نالش میں یہہ قرار دیا گیا تھا کہ سماۃ جمنی بائی کی بے عصمتی کے بارے میں کبھی کوئی بحث نہیں کی گئی تھی۔ اور یہہ کہ اوس کے نان و نفقہ کے حق سے قانوناً انکار نہیں کیا جاسکتا۔ اوس وقت سے ۱۹۱۷ء تک پھر زوجین میں کوئی مقدمہ بازی نہیں ہوئی ۲ مئی ۱۹۱۷ء کو ہرنیج رائے نے ایک درخواست سماۃ بہراون بائی کی ولایت کے لیے داخل کی جو اوس کی اور سماۃ جمنی بائی کی بیٹی تھی۔ اوس نے بیان کیا کہ لڑکی اس عمر کی ہوگئی ہے کہ اوس کی منگنی کردیجائے اور یہہ کہ وہ اوس کی حفاظت میں دیدیجائے درخواست اس بنا پر نامنظور کردیگئی کہ لڑکی کافی عمر کی ہے اور وہ اپنی مرضی سے کام کرسکتی ہے یہہ صاف ظاہر تھا کہ فریقین میں مقدمہ بازی صرف بوجہ سماۃ بہراوان بائی کی منگنی کے ہوئی تھی ۲۲ مئی ۱۹۱۷ء ہرنیج رائے نے ایک نالش دیوانی بنام جمنی بائی و سماۃ بہراون بائی و روپ چند اور اوس شخص کے جس سے بہراون بائی کی منگنی ہوئی تھی اس استدعا سے دائر کی تھی کہ اوس کو استقرار حق کی ڈگری دیجائے کہ صرف وہ ہی لڑکی کی منگنی کا مجاز ہے اوسکا مقدمہ ۲ جولائی ۱۹۱۷ء کو خارج کردیا گیا اور یہہ قرار دیا گیا کہ ہرنیج رائے کی اپنی غلطی تھی کہ اوس نے منگنی سے رضامندی ظاہر کرکے بعد ازاں اوس سے

کمندی بائی بنام جمنی بائی (دپشاور) صفحہ ۸۷

اختلاف کیا اس وجہ سے کہ وہ چاہتا تھا کہ نان ونفقہ میں جو ماہانہ کو دیا جاتا ہے کمی کر کے مبلغ عہ ماہانہ دیا کرے۔ کیونکہ اب لڑکی کا ازدواج ایک دولتمند شخص سے ہونے والا تھا اوسکے بعد مہربیج رائے کی وفات سنہ ۱۹۲۰ء تک کوئی مقدمہ بازی نہیں ہوئی ہمارے پاس کل بھی دستاویزی شہادت ہے جو مثل میں ہے۔ اور جس سے مدعیہ اور اوس کے شوہر کے تعلقات ظاہر ہوتے ہیں

منجملہ دیگر عذرات کے عدالت تحقیقات کنندہ نے مقدمہ کو اس بنا پر خارج کر دیا کہ مدعیہ و مدعی علیہم کی بیٹیوں کو علی الترتیب فریق بنانا لازمی تھا اور بنایا جائے۔ مرافع کے لائق کونسل نے اس عذر کو ترک کر دیا ہے جنہون نے یہہ تسلیم کیا ہے کہ بیوگان کی موجودگی میں بیٹیون کو جایداد میں کوئی حق نہیں حاصل ہوتا۔ دوسرا امر جس کی بحث اس مرافعہ میں کی گئی ہے یہہ ہے کہ عدالت تحقیقات کنندہ نے بعض گواہون کے قبول کرنے سے بیجا طور پر انکار کیا ہے جو منجانب مرافعہ طلب کئے گئے تھے کونسل یہہ ظاہر کرتے ہیں کئی تاریخون کی تبدیلی کے بعد ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء شہادت کی سماعت کے لئے مقرر کی گئی تھی اور یہہ کہ اسی ماہ کی ۶ تاریخ کو مدعی علیہا نے درخواست کی تھی کہ وہ ۲ گواہون کو تاریخ مقررہ پر پیش کریگی۔

مثل سے واضح ہے کہ ۱۴ اکتوبر کو جانبین سے صرف دو دو گواہون کی سماعت کی گئی اور ایک تاریخ بحث کی سماعت کے لئے مقرر کی گئی تھی اب میں مرافعہ کی اس بحث کو قبول نہیں کر سکتا کہ عدالت تحقیقات کنندہ کے عمل میں کسی قسم کی بے ضابطگی تھی کیونکہ مثل سے مجھے اطمینان ہے کہ مدعی علیہا کو اون گواہان زیر بحث کے سے بالکل اتفاق تھا۔ اوس وقت اوس کی قایم مقامی لائق کونسل کر رہے تھے اور حکم عدالت مورخہ ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء سے ظاہر ہے کہ اوس کے کونسل نے اس بنا پر کوئی عذر نہیں کیا تھا کہ کوئی اور شہادت پیش کرنیکی تھی بلکہ جانبین کے کونسلون کی استدعا پر صرف بحث کرنے کے لئے التوا منظور کیا گیا تھا۔

یہہ بالکل صاف ہے کہ مدعی علیہا کے دوسرے گواہون کو کونسل نے چھوڑ دیا تھا اور درحقیقت یہہ معلوم کرنا مشکل ہے کہ وہ گواہ کیونکر مفید ہو سکتے تھے اگر وہ اون کو حاضر بھی کرتی اور وہ صرف مدعیہ کی بے عصمتی کے سوال پر طلب کئے گئے تھے۔ اب مدعیہ کی بے عصمتی کا عذر اگرچہ کہ وہ موجودہ مرافعہ کی ایک بنیاد ہے کسطرح پیش کیا جا سکتا ہے کیونکہ وہ پلیڈنگ میں نہیں پیش کیا گیا ہے۔

مثل سے کچھہ بھی نہیں معلوم ہوتا ہے کہ اس قسم کی بحث عدالت تحقیقات کنندہ میں اس تاریخ کے قبل کبھی نہیں کی گئی تھی نہ اوسکے روبرو پیش کی گئی تھی مزید بران وہ کارروائی جس کا میں نے اوپر ذکر کیا ہے نہایت نمایان امر کا اظہار کرتی ہے وہ یہہ کہ مہربیج رائے اور مدعیہ کے ناگفتہ بہ مقدمہ بازی کے کل دوران میں اس نے کسی موقع پر یہہ بحث نہیں کی کہ مدعیہ بے عصمت تھی بہ لحاظ واقعات کے یہہ خاص طور پر قابل غور ہے کہ وہ چاہتا تھا کہ ہر ممکنہ بنیاد پر خواہ قابل قبول ہو یا نہو اپنی زوجہ کی نالش نان ونفقہ باطل ثابت کرے۔ بے عصمتی کا عذر ایسا تھا جس کو فوراً پیش کر دیتا اگر اوس کو ذرا بھی اوس کی تائید کا موقع ملتا۔ صرف یہی نہیں بلکہ ہمارے پاس عدالتی تجویز ہے جس کو ڈویژنل کورٹ نے اپنے حکم مورخہ ۱۸ نومبر سنہ ۱۹۱۰ء میں لکھی ہے کہ سماۃ جمنی بائی کے خلاف کوئی بد اعمالی کی بحث نہیں کی گئی تھی مقدمہ کی اصلی کمزوری جو کہ اب ہمارے سامنے ہے وہ ایک واقعہ سے ظاہر ہوگی جس کو مرافعہ کے لائق کونسل نے ہم پر ظاہر کر دیا ہے۔

وہ اس واقعہ کا حوالہ دیتے ہیں کہ مہربیج رائے نے اپنی درخواست

مکندی بائی بنام جمنی بائی (دلپشاور)

بابت کار روائی ولایت مساۃ بھراون بائی میں لکہا تھا کہ یہہ غیرموزون تھا کہ وہ اپنی مان کے ساتھہ رہے ۔ وہ چاہتے ہیں کہ میں یہہ نتیجہ نکالون کہ یہہ لڑکی کی ماں کی بے عصمتی کیجانب اشارہ تھا بہرحال میں اس سے اتفاق نہیں کرسکتا ۔ کیونکہ اس قسم کی بحث کبھی نہیں کی گئی تھی دوسرا ثبوت جس کا وہ بھی حوالہ دیتے ہیں وہ قتل عمد کا مقدمہ ہے جو ہربہج راے کی وفات کے بعد واقع ہوا تھا جس میں یہہ بیان کیا گیا تھا کہ قتل کی وجوہ میں سے یہہ ایک وجہ تھی کہ مقتول اور لڑکی مساۃ بھراون بائی میں آشنائی تھی بہرحال میں نہیں سمجھتا کہ یہہ قصہ کسطرح موجودہ مقدمہ سے تعلق رکھتا ہے ۔

سب سے اول یہہ کہ نہ تو مساۃ بھراون بائی یا اوسکی مان اوس مقدمہ کی فریق تھی نہ وہ مثل گواہون کے پیش کی گئی تہیں نہ ان کو یہہ موقع دیا گیا کہ وہ اس اشارہ کا جواب دیتیں اور دوسرے یہہ کہ ہم مساۃ بھراون بائی کی اخلاقی حالت پر غور نہیں کررہے ہیں بلکہ اوسکی مان کے جو موجودہ مقدمہ میں مدعیہ ہے ۔ میں اس بحث کو توجہ سے نہیں سن سکتا کہ ہمارا فرض ہے کہ یہہ نتیجہ نکالین کہ یا تو مساۃ بھراون بائی خود بدچلن تھی یا یہہ کہ اگر وہ تھی بھی تو اس سے اوس کی مان کی بدچلنی ثابت ہوگی یا اوس کا قیاس کیا جا سکتا ہے ۔ برخلاف اس کے میں اوپر بیان کرچکا ہون کہ بہت زیادہ شہادت اس امر کی موجود ہے کہ وہ اس تمام طویل زمانہ میں جس میں کہ وہ اپنے شوہر سے علحدہ رہی تھی مدعیہ بالکل باعصمت تھی

نظائر عدالتی کا رجحان یہہ ہے کہ بہ لحاظ دہرم شاستر بے عصمتی ایک ہندو عورت کو اس کے شوہر کی جایداد سے محروم کردیتی ہے لیکن یہہ کہ وہ بے عصمتی عملاً شوہر کے حین حیات واقع ہوئی ہو ۔ اس مسئلہ کے لئے کلکتہ کا ایک فیصلہ کہترا چی راکہا بنام کنجبی داسی (۱) سند ہے ۔ مجھے اس سوال پر زیادہ بحث نہیں کرنا چاہیے ۔ جیسے میں نے ثابت قرار دیا ہے کہ اپنے شوہر کی حین حیات مساۃ جمنی بائی بالکل باعصمت رہی اور تحقیقات یہہ بھی قرار دینے کے لئے ذرا بھی شک نہیں ہے کہ اوس کی وفات کے بعد سے بھی وہ باعصمت ہے ۔

صرف وہ باقی ماندہ وجہ جس کی بنا پر وہ اپنے شوہر کی وراثت سے محروم کیجا سکتی ہے ۔ یہہ ہے کہ اسکو اپنے شوہر سے علانیہ عداوت تھی مرافعہ کے قابل کونسل نے اپنی بحث کی تائید میں دہرم شاستر کے عام اصول اور اوس کے ارتقا پر بحث کی ہے ان کی بحث یہ ہے کہ ابتداً دہرم شاستر بیوگان کے حقوق وراثت کو بالکل تسلیم نہیں کرتا تہا اور یہہ کہ اوس کا حق وراثت قانونی قصون کی بنا پر قایم ہوا جس میں کہ ایک عورت شرکت اپنے شوہر کے ایک شخص واحد خیال کیجاتی تھی ایسے قانونی قصہ کے لحاظ سے شوہر کی وفات کے بعد بیوگان اوس کے جسم کا ایک جزو نہیں باقی رہتی ہیں لہذا وہ اوسکی جایداد سے محروم نہیں کیجا سکتیں ۔ انہون نے میرے روبرو کلکتہ ہائی کورٹ کے اجلاس کامل کے ایک بہت طویل فیصلہ کا حوالہ دیا ہے جو کرلی کولتیانی بنام منی رام کولیتا (۲) کے نام سے طبع ہوا ہے ۔ وہ فیصلہ وہی اصول دہرم شاستر کیطرف اشارہ کرتا ہے جس میں کہ زوجہ سے مطلق اور غیر مشروط اطاعت لیجاتی ہے اوس تجویز کا نتیجہ یہہ ہے کہ باوجود اصل اصول دہرم شاستر کے کہ بیوہ اپنی وراثت سے بوجہ بے عصمتی محروم نہیں کی جاسکیگی ۔ جبکہ ایسی بے عصمتی بعد وفات شوہر وقوع میں آئی ہو

(۱) انڈین کیسز جلد ۷ صفحہ ۲۰۳ ۔ (۲) دیکلی رپورٹر جلد ۹ صفحہ ۴۶۷

گنڈی با
بنام
جمنی بائی
(پشاور)

یہہ تسلیم کیا گیا کہ دہرم شاستر کے تحت اصولوں کو موجودہ خیالات کیوجہ سے
و جدید اجتماعی نظام مطابق کیا جائے وہ فیصلہ جس کو ہم نے اوپر
لکھا ہے مقدمہ گیہہ بنی داسی بنام لدا بنی داسی (۱) [illegible] ظاہر کرتا
ہے کہ بے عصمتی کی عادم موجودگی میں زوجہ کی طرف سے صرف عداوت
ہی نہیں ثابت کی جانی چاہئے بلکہ عداوت مبنی بر کینہ ثابت کیجانی چاہئے
اگر اس کو محروم کرنا ہو اب ان اصولوں کو موجودہ مقدمہ سے متعلق
کرنا دشوار نہیں ہے میں اس بحث سے اتفاق نہیں کر سکتا کہ
فریقین کی علیحدگی محض عداوت کی وجہ سے ایک [illegible]
بہر بالکل صاف ہے کہ شوہر کیجانب سے [illegible] عداوت سے [illegible]
ظہور میں آتا رہا ہے جس کا نتیجہ علیحدگی ہوا اور زوجہ کیطرف سے بھی
عداوت و ناجائز دشمنی ہونی چاہئے۔

یقیناً شوہر کی جانب سے محض عداوت کا ہونا کافی نہ ہوگا اس سے
انکار نہیں کیا جاتا کہ موجودہ مقدمہ میں فریقین نے علیحدگی اختیار کی
اور یہہ ممکن ہے کہ ہربیج رائے پہلی مرتبہ ایسے افسوس ناک نتائج کا ذمہ دار
نہو۔ درحقیقت اقرارنامہ مورخہ ۲۱ جولائی ۱۹۰۹ء سے یہہ صاف
معلوم ہوجاتا ہے کہ اس خرابی کی ابتدا کیونکر ہوئی۔

اقرارنامہ سے ظاہر ہوجائیگا کہ ہربیج رائے کی ماں بانی فساد
تھی۔ یہہ کہنا کافی ہے کہ تمام طویل نزاع عدالتی میں ہربیج رائے اپنی ماں کو
ہمیشہ غلطی میں ڈالے رہا۔ وہ ہمیشہ اپنے عدالت کے قائم کرنے میں
اپنی زوجہ کے نان ونفقہ کی ذمہ داری سے بچنے میں ناکام رہا۔
اس نے اپنی زوجہ کے ذاتی چال چلن پر الزام لگانا مفید سمجھا اسکی
برخلاف مرافعہ کے لائق کونسل نے زوجہ کی اس کلیتہً دست نگر حالت
پر اپنی بحث مبنی کی ہے جو شوہر کے مقابلہ میں ہوئی ہے اور جو دہرم شاستر
کا اولین اصول ہے۔ اس بحث سے منشا یہہ سوال پیدا ہوگا جو غیر
ضروری ہے کہ آیا شوہر اس علیحدگی کا ذمہ دار ہے یا زوجہ۔ اس کے

کا اتفاق کسی قدر از مشکل علم طبعی سے معلوم ہوتا ہے جس میں زوجہ کا تصور اسکی
کی جسم جزو کیا ہے مخلوط کیا گیا ہے اب یہہ قرار دینا ناممکن ہے کہ عدالتین اس مسئلہ
[illegible] عموم سے ظاہر ہے کہ عورت کو کسی معاملہ میں کوئی
[illegible] الفاظ میں صرف شوہر کے رحم پر
چھوڑ دی گئی ہے [illegible] اس فیصلہ سے ظاہر ہو گیا ہے جس کا
کہ میں نے اوپر حوالہ دیا ہے کہ عدالت جو کہ زوجہ کو محروم کر سکتی ہے ایسی ہونی
چاہئے کہ جسکی ذمہ داری کلیتہً [illegible] عاید کیجا سکے موجودہ مقدمہ میں
[illegible] میں ہمارے پاس اس قسم کی عدالتی آرا موجود ہیں کہ
صرف شوہر ہی اوس مقدمہ بازی کا ذمہ دار رہا جو فریقین میں وقوع
میں آئی تھی ادائی نان ونفقہ کا اقرارنامہ ایک ایسا تھا جو اوسوقت تحریر
ہوا جبکہ ہربیج رائے اپنی زوجہ کے ساتھ شریفانہ سلوک کرنے میں یا اوسکو
اپنے ساتھ گھر میں رہنے کی اجازت دینے میں خلاف ورزی اقرارنامہ کرتا
یہہ واقعہ کہ نان ونفقہ کی ڈگری اسکے خلاف صادر کیگئی تھی اور یہہ کہ وہ
ادائی رقم کیلئے مجبور کیا گیا تھا خود ثابت کرتے ہیں کہ اس نے شرائط اقرارنامہ
کی خلاف ورزی کی تھی نیز اسکی جانب سے نالش اعادہ حقوق زناشوئی
سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ مساۃ جمنی بائی اوسوقت مثل سابق شوہر کے اوسکے ساتھ
رہنے کیلئے آمادہ تھی اور مقدمہ کے فیصلہ سے ظاہر ہے کہ باوجود ہربیج رائے
کے طرز عمل و مقدمہ بازی کے وہ مقدمہ کے ختم ہوتے ہی فوراً اوس کے
ہمراہ اوسکے گھر چلیگئی میں نے بیشتر ہی بتا دیا ہے کہ اس علیحدگی کا اصل سبب
صرف ایک وہم ہی معاملہ ہونا چاہئے اور یہہ خیال کرنیکے لئے وجہ ہے کہ فریقین
کی مائین کم از کم ایک حد تک اسکی ذمہ دار تھیں بلاشبہ صرف اسی وجہ سے
علیحدگی عمل میں نہیں آئی بلکہ فریقین کے کچھہ اختلاف طبع کیوجہ سے بھی ایسا
ہوا تھا لیکن یہہ ناممکن ہے کہ اس تنہا یا کسی اور مشتبہ واقعہ سے جس کا کہنا
ہم پر ہوا ہو اس کی تاویل کرکے مساۃ جمنی بائی کے ذمہ عداوت مبنی
بر کینہ کا الزام عاید کیا جا سکے مجھے یہہ قرار دینا چاہئے کہ ایسی کوئی عداوت

تندری بائی بنام سنی بائی (ثالث)

اسکی جانب سے نہ ثابت کیگئی ہو جس سے وہ دہرم شاستر کی رو سے اپنے شوہر کی جایداد سے محروم کیجائے۔ اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ اگر بے عصمتی یا عداوت نہ ثابت کی جائے تو دونوں بیوگان ساوی طور پر وارث ہونگی اسلئے میں بعد تحقیقات کنندہ کے فیصلہ سے کلیتہً اتفاق کرتا ہون۔

میں قبل ازین تحریر کرچکا ہون کہ ڈگری میں ایک کتابت کا ترک رہگیا ہے اوسمین یہہ بتلانا ترک کیا گیا ہے کہ ڈگری قبضہ ایک ڈگری قبضہ بذریعہ تقسیم ہے میں یہان اس کتابت کی غلطی کی ترمیم کرتا ہون اور الفاظ بذریعہ تقسیم اضافہ کرتا ہون مرافعہ معہ خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔ مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائی کورٹ بمبئی

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۵۴۷ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۳ اگست ۱۹۲۲ء

باجلاس: مسٹر للو بہائی شاہ نائب منصرم چیف جسٹس و مسٹر جسٹس کریمپ

داہو کرشنا پکاوداسے مدعی علیہ مرافع بنام مادہو پانڈو بہادو نیکر مدعی۔ مرافعہ علیہ۔

قانون بندوبست کہوٹی ایکٹ بابتہ ۱۸۸۰ء دفعہ ۱۔ اراضی کہوٹی کے رہن کا اثر۔ اراضی کے متعلق دعوی کرنیکا کہوٹ کا حق۔

حسب مفہوم دفعہ ۱ قانون بندوبست کہوٹی ایکٹ بابتہ ۱۸۸۰ء کہوٹی اراضی کا رہن سادہ اسکو قابض کی جانب سے اراضی میں اسکے حق کے انتقال کے مساوی ہے اور کہوٹ مستحق ہے کہ دعوی اراضی کرے اگرچہ کہوٹ کے دعوی رجوع کرنیکے قبل بذر رہن ادا بھی کردیا جاچکے

مرافعہ ثانی بنا راضی فیصلہ ڈسٹرکٹ جج رتناگیری بمرافعہ نمبر ۲۱۵ بابتہ ۱۹۲۱ء مشعر بحالی ڈگری صادرہ سب آرڈینیٹ جج درجہ دوم بمقدمہ دیوانی نمبر ۱۷۸ بابتہ ۱۹۱۸ء

بجانب مرافع مسٹر اے جی دیسائی منجانب مرافعہ علیہ مسٹر ایل بی شنگنے

فیصلہ۔ اس مرافعہ میں ایک معمولی مسئلہ پیش ہے۔ واقعات یہہ ہیں کہ مدعی علیہ نے اپنے کہاتہ میں ۱/۲ حصہ کا رہن سادہ کیا ہے۔

یہہ کہا جاتا ہے کہ زر رہن بتاریخ ۵ نومبر ۱۹۱۸ء کو ادا کردیا گیا ہے اور کہوٹ نے بموجب دفعہ ۱ قانون بندوبست کہوٹی جیسی اسکی ترمیم بموجب ایکٹ بابتہ ۱۹۱۲ء و ۱۹۱۳ء کی گئی ۱۹۱۸ء میں اپنے حق کی بنا پر نالش کی ہے ترمیم دفعہ ۹ کے احکام کے بموجب حق اسامی دہیلکار قابل ارث ہے لیکن کہوٹ کی رضامندی کے بغیر ناقابل انتقال ہوتا ہے مستثنیات جو اوس دفعہ کی تحت میں ہیں موجودہ مقدمہ کے واقعات سے مطابقت نہیں رکہتی ہیں اور ضمن دفعہ ۱ جو حسب ذیل ہے اگر بجز رضامندی کہوٹ قابض کوئی ایسا فعل کرے جس سے اوس اراضی کا یا اوسکی کسی جزو کا یا اوسکے کسی حق کا انتقال لازم آتا ہو تو وہ اراضی کہوٹ کے اختیار میں ایسی اراضی کہوتی کے ہوگی جو تمام مواخذہ ان سے مبرا ہوگی بجز اسکے جو گورنمنٹ کے حق میں پیدا کیا جائے یا موجود رہے۔ یہہ وہ احکام ہیں جو مدعی اپنے حق میں نافذ کرانا چاہتا ہے اور دونوں ماتحت عدالتوں نے اسکا دعوی منظور کیا ہے۔

ہمارے روبرو بحث شدہ مرافعہ میں منجانب قابض جو در اصل مدعی علیہ نمبر ۲ ہے یہہ بحث کیجاتی ہے کہ حسب مفہوم دفعہ ۱ رہن سادہ سے قابض کا حق منتقل نہیں ہوجاتا ہے بموجب مفہوم دفعہ کے یہہ قرار دینا مشکل ہے کہ رہن سادہ کیوجہ سے راہن کا حق منتقل نہیں ہوجاتا اس امر کا کوئی فیصلہ نہیں ہے اور یہہ مشکل ہے کہ الفاظ انتقال کے سادہ معنی کا ایسا انتقال جیسا کہ موجودہ مقدمہ میں بموجب دفعہ ہذا عمل میں آیا ہے خارج کیا جائے یہہ بحث بہی کیگئی ہے کہ چونکہ مدعی علیہ نمبر ۲ نے قبل رجوع نالش زر رہن کو ادا کردیا تہی پس یہہ کہنا چاہیے کہ کوئی معاملہ کیا ہی نہیں گیا اور یہہ کہ تاریخ دعوی تحریکی جہت نالش کی نہی۔ الفاظ دفعہ یہہ ہیں کہ اگر کوئی قابض اراضی بلا رضامندی کہوٹ کی اراضی یا اوسکی کسی جزو یا اوسکے کسی حق کا انتقال کرے تو اوسکی اراضی کہوٹ کی اختیار میں چلی جاتی ہے یہہ مدعی علیہ رہن سادہ کی وجہ سے کہوٹ موجودہ مقدمہ میں اپنے حق کا مطالبہ کرسکا اور مدعی کا یہہ جواب ہے کہ قبل رجوع نالش زر رہن ادا کردیا گیا تہا قابل پذیرائی نہیں ہے بظاہر یہہ مقدمہ معلوم ہوتا ہے لیکن رہن کیوجہ سے دفعہ کے احکام کو کسی طرح متاثر نہیں ہوتے جیسی کہ واضعان قانون نے دفعہ وضع کی ہے۔ مدعی علیہ نمبر ۲ نے یہہ ثابت نہیں کیا ہے کہ موجودہ انتقال اوس دفعہ کے تحت میں ہوا ہے۔ اسلئے ہم مرافعہ معہ خرچہ خارج کرتے ہیں۔ مرافعہ خارج کیا گیا

# ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ادنیٰ دیوانی

نمبر مقدمہ ۶۷۲ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء منفصلہ ۳۱ - جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

با جلاس مسٹر شادی لال صاحب چیف جسٹس و

مسٹر جسٹس فورڈ

مسماۃ مریم بی بی بنام غلام محمد وغیرہ

مدعی علیہا مرافعہ - مدعیان - مرافعہ علیہم

رواج - وراثت - جائداد موروثی - مساوی اراضیات - مورث اعلیٰ جو صراحتاً شجرہ میں بتلایا گیا ہو - قیاس -

جبکہ حسب قانون رواجی پنجاب کسی نالش شفعہ سے متعلق تھی یہ تجویز کی گئی تھی کہ مدعیان کی اراضیات جو متوفی کے رشتہ داران یکجدی تھے متوفی کی اراضیات کے قبضہ کے تقریباً مساوی تھیں کیونکہ بندوبستی کاغذات میں مشترکہ تھے اور یہ کہ ان شجروں میں جو مختلف بندوبستوں کے تحت تیار کئے گئے تھے فریقین کے مورث اعلیٰ کا صراحتاً ذکر کیا گیا تھا -

قرار دیا گیا کہ یہ نتیجہ نکلے کہ یہ ظاہر ہوتا ہو کہ جائداد ... تھی قیاس یہ تھا کہ وہ موروثی تھی -

کسی شجرہ میں کسی مورث اعلیٰ کا صریح ذکر کرنے سے یہ قیاسی ثبوت پیدا ہوتا ہے کہ اراضی ابتداً اسکی ملک تھی -

جیون سنگھ بنام ہرکور - انڈین کیسز جلد ۲۲ صفحہ ۱۰۱ کی تقلید کی گئی -


مرافعہ ادنیٰ بنا راضی ڈگری صادرہ سینیر سب آرڈینیٹ جج سیالکوٹ مورخہ ۳۱ - مارچ سنہ ۱۹۱۹ء -

منجانب مرافعہ - مسٹر عزیز احمد و عبدالرشید -

مسماۃ مریم بی بی بنام غلام محمد (لاہور)

منجانب مرافعہ علیہم - مسٹر ظفر اللہ خان و دوبی دیال -

**فیصلہ** - مقدمہ ہذا میں تنازع ایک شخص اللہ داد کی جائداد سے متعلق ہے جو تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کا ایک جاٹ تھا جس کا تعلق فریقین مقدمہ کے ساتھ حسب ذیل شجرہ سے ظاہر ہوتا ہے:




مدعیان جو متوفی کے چوتھے درجہ کے رشتہ داران یکجدی ہیں یہ بیان کرتے ہیں کہ جائداد موروثی ہے اور یہ کہ وہ بمقابلہ متوفی کی دختر مریم بی بی کے جائداد کی وراثت کے مستحق ہیں۔ عدالت ابتدائی نے مدعیان کے حق میں تجویز کی ہے اور انکا دعویٰ ڈگری کیا ہے -

مدعی علیہا نے عدالت ہذا میں مرافعہ دائر کیا ہے اور اصل سوال جس پر ہمارے روبرو بحث کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ مدعیان یہ ثابت کرنے سے قاصر رہے ہیں کہ اراضی مورث اعلیٰ سے وراثتاً حاصل ہوئی ہے۔ متوفی کی جائداد چار قطعات اراضی پر مشتمل ہے جن میں سے دو موضع مان لوہیری میں واقع ہیں اور بقیہ ایک متصل موضع میں واقع ہیں جو کوٹھی نتو کہلاتا ہے۔ ماشیلے ان پور دو قطعات پر مشتمل ہے:-

(۱) کسی قدر چھوٹی اراضی مشترکہ ۲ کنال جو بطور بالخصوص دو غیر مستعملہ بیوں پر مشتمل ہے جسکے اللہ داد اور مدعیان مشترکہ مالک تھے ۲۶۲ کنال کی ایک اراضی پر جو ۲۵۹ کنال کی ایک اراضی کے

مسماۃ مریم بی بی بنام غلام محمد (لاہور)

نندی بنام سی بابا شیاما

مطابق ہے جس کے اس موضع کے مدعیان مالک ہیں۔

اب اگر جائداد موقوعہ کو بھی جیو پر بحث کیجائے تو ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ اعدوداد اور مدعیان (۶۵۹) کنال (۱۰) مرلے کے ایک کھاتہ میں کس ۱/۲ حصہ کی حد تک مالکان مشترک ہیں اور یہ کہ خاندان کی ہر شاخ تقریباً (۸۵) کنال کا ایک علیحدہ قطعہ بھی رکھتی ہے۔ ذی علم سیار ڈینشنل جج بہ نظر اس واقعہ کے کہ فریقین کی اراضیات ان دو مواضعات میں سے ہر ایک میں تقریباً مساوی ہیں اور یہ کہ دو کھاتوں پر اب بھی مشترکہ ملکیت حاصل ہے اس نتیجہ پر پہونچے کہ کل جائداد ایک ہی مورث سے وراثتاً حاصل ہوئی تھی۔ اس نتیجہ کی تائید اس امر سے ہوتی ہے کہ مورث اعلیٰ سلطان کا نام شجرہ میں صراحتاً درج کیا گیا ہے اور مقدمہ جیون سنگھ بنام ہرکور (۱) میں ایک ڈویژن بنچ نے یہ قرار دیا ہے کہ خاندانی شجرہ میں کسی مورث اعلیٰ کا صراحتاً ذکر کئے جانے سے اس امر کا قیاسی ثبوت پیدا ہوتا ہے کہ اراضی ابتداءً اسکی ملک تھی۔

واقعات مذکورہ بالا سے اس خیال کی کلیتاً تردید نہیں ہوتی کہ خاندان کی دو شاخوں نے بجز وراثت کے اور طور پر کسی مورث اعلیٰ کے ذریعہ سے جملہ قطعات مشترکاً حاصل کر لئے تھے لیکن مثل میں

صفحہ ۸۸۲ ایسے حصول کے متعلق کچھ بھی شہادت موجود نہیں ہے۔ بہر حال جج ابتدائی نے ان واقعات سے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ جائداد متنازعہ موروثی ہے اور ہم یہ قرار دینے کے لئے تیار نہیں ہیں کہ انکا نتیجہ غلط ہے۔ اسلئے ہم مرافعہ معہ خرچہ خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ خارج کیا گیا

## پریوی کونسل

مرافعہ بنا راضی فیصلہ ہائیکورٹ پٹنہ

باجلاس :- وائیکونٹ ٹیکو - لارڈ شا - وسر جان ایج

سرجو پرشاد مسر وغیرہ **بنام** مقصود ہن چودھری وغیرہ

مدعیان مرافعان مدعی علیہم - مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۲۱ رول ۵۸

۹۲ - جائداد جو ڈگری زر نقد کی تعمیل میں نیلام کیگئی ہو قرقی جو ڈگری رہن کے تحت کیگئی ہو - عذرداری کا جو مشتری اول نے کی ہو منظور کیا جانا - نیلام جو ڈگری رہن کے تحت کیا گیا ہو اور اسکا اثر - حکم جو عذرداری پر صادر کیا گیا ہو آیا قطعی ہے -

زید کی کچھ جائداد بکر کے پاس رہن کیگئی تھی۔ عمرو نے زید پر کچھ رقم کی بازیافت کے لئے نالش رجوع کی اور فیصلہ کے قبل جائداد کی قرقی کا ایک حکم حاصل کیا اسکے بعد دعوے ڈگری کیا گیا تھا۔ بعد ازاں بکر نے اپنے رہن پر ایک ڈگری حاصل کی اور جائداد مرہونہ قرق کرلی۔ عمرو نے اپنی ڈگری زر نقد کے تحت جائداد نیلام کرائی اور خود اسکو خرید کیا۔ اسکے بعد اس نے بکر کی ڈگری رہن کی تعمیل میں جائداد کی قرقی اور نیلام کے خلاف ایک عذرداری پیش کی۔

یہ عذرداری منظور کیگئی تھی اور جائداد بکر کی ڈگری کے تحت نیلام سے مستثنےٰ کیگئی تھی۔ اسکے بعد عمرو نے جائداد کا قبضہ حاصل کیا۔ چند سال بعد بکر کے قائم مقاموں نے بکر کی ڈگری رہن کے تحت جائداد نیلام کرائی اور خود اسکو خرید کیا۔ اسپر انہوں نے عمرو کے خلاف قبضہ اور واصلات کی نالش رجوع کی۔

قرار دیا گیا کہ وہ حکم جو عمرو کی عذرداری پر صادر کیا گیا تھا قطعی اور بکر اور اسکے قائم مقاموں پر واجب التعمیل تھا۔ بکر کی ڈگری رہن کے تحت جائداد کا نیلام عمرو کے مقابلہ غیر موثر تھا اور اسلئے وہ جائداد سے بیدخل نہ کیا جاسکتا تھا۔

مرافعہ پریوی کونسل بنا راضی فیصلہ و ڈگری مصدرہ ہائیکورٹ پٹنہ مورخہ

سرجو پرشاد
بنام
مقصود علی چودھری
دہرپوری

صفحہ ۸۸۲

۳۰ جولائی سنہ ۱۹۱۶ء منسوخ فیصلہ و ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج دربھنگہ مورخہ ۱۲ مئی سنہ ۱۹۱۴ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹرز ڈی۔ اگریو تہر کے بی و ڈودیے۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر جے۔ ایم۔ پریکھہ۔

**فیصلہ**۔ یہ دو مجموعہ مرافعہ جات مدعیان کی جانب سے ہائیکورٹ پٹنہ کی دو ڈگریات مورخہ ۳۰ جولائی سنہ ۱۹۱۶ء کی ناراضی سے پیش کئے گئے ہیں جنکی رو سے ایک ڈگری مورخہ ۱۲ مئی سنہ ۱۹۱۴ء مصدرہ ڈسٹرکٹ جج دربھنگہ منسوخ کیگئی تھی اور مدعیان کا دعوے خارج کیا گیا تھا۔ نالش مدعیان کی جانب سے جو یہاں مرافعان ہیں ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۱۲ء کو سبارڈنیٹ جج دربھنگہ کی عدالت میں حقیت کی نسبت چند استقرارات اور کچھہ جائداد غیر منقولہ کے قبضہ کی ایک ڈگری اور واصلات کیلئے رجوع کی گئی تھی۔ فیصلہ ہذا میں اختصار کی غرض سے اس جائداد غیر منقولہ کو بطور جائداد متنازعہ کے ظاہر کیا جائیگا۔ جائداد متنازعہ ابتداً ایک شخص صادق علی خاں کی ملک تھی۔ مدعیان نے ایک شخص لالجی لال کے ذریعہ سے حقیت پیش کی ہے۔ مدعا علیہم نے ایک شخص کمل نارائن چودھری کے ذریعہ سے حقیت پیش کی ہے۔ واقعات بعد میں مختصراً بیان کئے جائیں گے لیکن حکام عالیمقام یہاں یہ کہہ سکتے ہیں کہ انکی رائے میں ان مجموعہ مرافعہ جات کا فیصلہ سبارڈنیٹ جج ترہٹ کے ایک حکم مورخہ ۲۴ ستمبر سنہ ۱۸۸۹ء کے اثر پر مبنی ہے جو چند تعمیلی کارروائیات میں صادر کیا گیا تھا جس میں کمل نارائن چودھری جائداد متنازعہ کی قرقی کی درخواست کے عذرداری کی حیثیت سے اور لالجی لال قرقی کرسائل کی حیثیت سے صادق علیخاں کے ساتھ فریق تھے۔

۱۳ جنوری سنہ ۱۸۸۱ء کو صادق علیخاں نے دستاویز کے ذریعہ جائداد متنازعہ اور بہت کچھہ دیگر جائداد غیر منقولہ جس سے نالش کو تعلق نہیں ہے لالجی لال کو مبلغ لعہ ... اور اس سود پر جو اس پر واجب الادا ہو رہن کی۔ ۲۷ ستمبر سنہ ۱۸۸۹ء کو کمل نارائن چودھری نے سبارڈنیٹ جج مظفرپور کی عدالت میں اس رقم کی بابتہ جو اسکو واجب الادا تھی صادق علیخاں کے خلاف ایک نالش رجوع کی۔ اس نالش ڈسٹرکٹ جج دربھنگہ کی عدالت میں منتقل کیگئی تھی۔ ۲۴ نومبر سنہ ۱۸۸۳ء کو کمل نارائن چودھری نے ڈسٹرکٹ جج سے قبل فیصلہ جائداد متنازعہ کی قرقی کا حکم حاصل کیا اور جائداد مذکور قرق کیگئی تھی۔ ۲ اپریل سنہ ۱۸۸۴ء کو کمل نارائن چودھری نے اس رقم کی بابتہ جو اسکو واجب الادا تھی صادق علی کے خلاف ڈسٹرکٹ جج سے ایک ڈگری حاصل کی۔ ۲۹ نومبر سنہ ۱۸۸۴ء کو کمل نارائن چودھری نے ڈسٹرکٹ جج سے جائداد متنازعہ کی قرقی حاصل کی۔ ۲۱ مارچ سنہ ۱۸۸۵ء کو صادق علی خان نے دستاویز کے ذریعہ سے لالجی لال کو مبلغ لعہ ۹۰۰۰ روپیہ کے عوض جائداد متنازعہ و بہت کچھہ دیگر جائداد جس سے نالش ہذا کو کوئی تعلق نہیں ہے مزید رہن کی۔

مبلغ لعہ ۹۰۰۰ روپیہ میں وہ قرضہ شامل تھا جو ۱۰ جنوری سنہ ۱۸۸۲ء کے رہن کے تحت واجب الادا تھا اور رہن مورخہ ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۸۵ء کے ذریعہ سے صراحتاً طے ہوا تھا کہ ۱۰ جنوری سنہ ۱۸۸۲ء کے رہن کے تحت لالجی لال کی کفالت جاری رہیگی۔ ۱۱ دسمبر سنہ ۱۸۸۵ء کو لالجی لال نے حسب دفعہ ۸۸ قانون انتقال جائداد بابتہ سنہ ۱۸۸۲ء صادق علی خاں کے خلاف سبارڈنیٹ جج مظفرپور کی عدالت میں اس رقم کی جو اس کو ۱۰ جنوری سنہ ۱۸۸۲ء و ۲۱ مارچ سنہ ۱۸۸۵ء کے معاملات رہن کے تحت سے واجب الادا تھی جو کل رقم جملہ ... تھی اور مزید سود کی بازیافت کے لئے نالش رجوع کی تھی۔ ۱۲ فروری سنہ ۱۸۸۶ء کو نالش مذکور میں لالجی لال نے حسب دفعہ ۸۸ قانون ...

انتقال جائداد بابت ۱۸۸۲ء جائداد ہائے مرہونہ کے نیلام کے لئے
ایک ڈگری حاصل کی تھی بشرطیکہ صادق علیخاں اسکو تاریخ
ڈگری سے چار مہینے کے اندر زر ڈگری ادا نہ کرے۔

چونکہ جائداد متنازعہ کمل نارائن چودھری کی ڈگری مورخہ
۲ اپریل ۱۸۸۶ء کی تعمیل میں زیر قرقی تھی۔ ۲۰ جنوری ۱۸۸۹ء
کو لالچی لال نے ڈسٹرکٹ جج دربھنگہ کی عدالت میں اپنی ڈگری
مورخہ ۱۷ فروری ۱۸۸۶ء کی تعمیل کی درخواست کی جس میں
اس نے اس امداد کی نوعیت کا جو اس نے عدالت سے چاہی
تھی حسب ذیل ذکر کیا تھا۔

"یہ کہ مقدمہ مذکورہ بالا میں اگرچہ مدیون ڈگری کے حق میں
کامل زر ڈگری ادا کرنے کے لئے چار مہینے کا التوا منظور کیا گیا
تھا تاہم مدت مقررہ کے اندر مدیون ڈگری کی جانب سے کامل
زر ڈگری ادا کئے جانے کا بہت کم موقع ہے۔ مدیون ڈگری
کثیر رقم کا مقروض ہے۔ اور اسکے علاوہ اسکی جائدادیں چند
ڈگریوں کی تعمیل میں نیلام کئے جانے کے لئے مشتہر کیگئی ہیں۔ اگر
سائل اس ڈگری کی تعمیل کے لئے اس چار مہینے کی مہلت
کے انقضا کے بعد جو عدالت نے منظور کی تھی کارروائیات
شروع کرے تو زر ڈگری جو اسکو واجب الادا ہے کسی طرح
وصول نہیں کیا جاسکتا۔ اسوجہ سے تعمیلی کارروائیات شروع
کرنا نہایت ضروری ہے۔ اسلئے یہ استدعا کیجاتی ہے کہ مقدمہ
درج رجسٹر کیا جائے یہ کہ مدیون ڈگری کی جائدادوں کی قرقی
کے لئے کارروائیات شروع کیجائیں پہلا اشتہار نیلام جاری
کیا جائے اور میعاد مقررہ کے بعد عدالت کی جانب سے جلد دوسرا
نیلام کی تاریخ مقرر کیجائے اور یہ کہ زر ڈگری جو سائل کو واجب الادا
ہے وصول کیا جائے۔ جائدادوں کی فہرست درج ذیل ہے۔

۲۰ مئی ۱۸۸۹ء کو لالچی لال نے سب آرڈینیٹ جج مظفرپور
کی عدالت میں اپنی ڈگری مورخہ ۱۲ فروری ۱۸۸۹ء کے تحت جائداد
متنازعہ کی قرقی کا ایک حکم حاصل کیا اور جائداد متنازعہ حسبہ قرق
کی گئی تھی۔

۱۶ اگست ۱۸۸۹ء کو کمل نارائن چودھری کی ڈگری زر نقد
مورخہ ۲ اپریل ۱۸۸۶ء کی تعمیل میں جو صادق علی خاں کے
خلاف حاصل کیگئی تھی اسکے حقوق اور مرافق سرکاری طور پر نیلام
کئے گئے تھے اور کمل نارائن نے جس نے نیلام میں بولی بولنے کے
لئے سابق میں اجازت حاصل کی تھی جائداد متنازعہ میں صادق علیخاں
کا حق اور مرافق خرید کیا۔ ۸ ستمبر ۱۸۸۹ء کو کمل نارائن چودھری
نے سب آرڈینیٹ جج ترہٹ کی عدالت میں جائداد متنازعہ کی قرقی
کے متعلق جو لالچی لال نے حاصل کی تھی ایک درخواست
عذرداری پیش کی۔ کارروائی مذکور میں درخواست عذرداری
کے ذریعہ سے لالچی لال اور صادق علی خاں فریق بنائے
گئے تھے۔ درخواست مذکورہ جس حد تک کہ وہ اہم ہے حسب
ذیل تھی:-

"یہ کہ صادق علی خاں مدیون ڈگری کے خلاف لالچی ساہو
ڈگریدار کے تعمیلی مقدمہ میں عذردار کی جانب سے حسب ذیل
اعتراض کیا جاتا ہے:-

"یہ کہ ایک نالش حقیت نمبر ۹ بابت ۱۸۸۳ء کا
۱۲۹۱ فصلی مطابق ۲۵ اکتوبر ۱۸۸۳ء کو ڈسٹرکٹ جج کی عدالت میں
عذردار کی جانب سے پیش کیگئی تھی اور بابو صادق علیخاں مدعی علیہ
مدیون ڈگری کی جائدادیں واقع موضع بہنڈار سن اصلی اور داخلی
معہ پرگنہ سوم کے ٹولوں کے قرق کیگئی تھیں اور ۲ اپریل ۱۸۸۶ء کو
عذردار کے حق میں ایک ڈگری صادر کیگئی تھی۔ ۲۴ ستمبر ۱۲۹۱ فصلی

ایف ایس مطابق ۲ جولائی سنہ ۱۸۸۴ء کو ڈگری کی تعمیل میں جائداد
مذکور قرق کیگئی تھی اور ۱۶ اگست سنہ ۱۸۸۶ء کو ڈسٹرکٹ جج کی جانب سے نیلام
کئے جانے پر عذرداری نے اُس کو خریدا تھا۔

"۲۔ یہ کہ قرقی متذکرہ بالا کے بعد مدیون ڈگری نے ایک دستاویز
مورخہ ۲۱ مارچ (۲۱) مارچ سنہ ۱۸۸۵ء کے تحت جائداد مذکورہ لالجی ساہو کے پاس
رہن کی۔ اسلئے رہن مذکور حسب احکام دفعہ ۲۷۶ مجموعہ ضابطہ دیوانی کالعدم
"۳۔ یہ کہ اس عذرداری بابو لالجی لال ساہو کی قرقی کے بعد بابو
لالجی لال ساہو نے ۲ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء کو جائداد مذکور اس بنا پر قرق کرائی
کہ اُس پر ایک ڈگری کے تحت کفالت موجود تھی جو فیصلہ کے اقبال پر
حاصل کیگئی تھی اور جائداد مذکورہ کے نیلام کی تاریخ ۱۵ ستمبر سنہ ۱۸۹۶ء مقرر کیگئی
"۴۔ یہ کہ جب جائداد مذکور نیلام کیگئی تھی تو وہ اب حسب احکام
دفعہ ۲۸۵ نیلام نہیں کیجا سکتی۔

"۵۔ یہ کہ جائداد مذکور نیلام کئے جانیکے بعد اس عذرداری نے اُسکو
خریدا ہے عدالت کو جائداد مذکور نیلام کرانیکا اختیار نہیں ہے اور جائداد مذکور حسب
دفعہ ۲۷۸ مستثنے کئے جانیکے قابل ہے اور یہ کہ استدعا کیگئی ہے کہ اس عذرداری
کو منظور کرکے موضع بہنڈارسن اصلی اور داخلی معہ پرگنہ سوم کے ٹولوں کے
نیلام سے مستثنے کئے جائیں۔

"میں کمل نارائن چودھری عذردار بذریعہ ہذا یہ اقرار کرتا ہوں کہ اس
درخواست عذرداری کا مضمون میرے حد علم تک صحیح ہے۔
"دستخط کمل نارائن چودھری عذردار" "بقلم خود"۔

درخواست عذرداری کے فقرہ (۱) میں واقعات اور تاریخوں کے
متعلق کچھ پیچیدگی معلوم ہوتی ہے۔ ڈگری مورخہ ۲۸ اپریل سنہ ۱۸۸۴ء
ڈسٹرکٹ جج نے اُس نالش میں صادر کی تھی جو ۲۸ ستمبر سنہ ۱۸۸۳ء کو رجوع
کیگئی تھی اور ۲۰ جون سنہ ۱۸۸۴ء کو حکمنامہ قرقی کی اجرائی کا حکم صادر
کیا گیا تھا۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ اُس درخواست عذرداری میں کوئی

امر موجود نہیں ہے جس سے سبارڈینیٹ جج کو یہ ظاہر ہوگا کہ لالجی لال
بجز رہن مورخہ ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۸۵ء کے جائداد متنازعہ کی نسبت کوئی
اور رہن رکھتا تھا یا سبارڈینیٹ جج کی توجہ اس امر کی جانب مبذول
کرائی جائیگی کہ ۱۱ مارچ سنہ ۱۸۸۵ء کے رہن کے ذریعہ سے وہ کفالت
جو لالجی لال نے ۱۰ جنوری سنہ ۱۸۸۲ء کے رہن کے ذریعہ سے حاصل کی تھی
برقرار رکھی گئی تھی یا اس امر کی جانب مبذول کرائی جائے گی کہ ۱۰
جنوری سنہ ۱۸۸۲ء کا رہن کمل نارائن چودھری کی جانب سے جائداد
متنازعہ کی نسبت اسکی قرقی حاصل کئے جانے کے قبل کیا گیا تھا۔
یہ معلوم نہیں ہوتا کہ لالجی لال یا کسی شخص کی جانب سے سبارڈینیٹ
جج کی توجہ واقعات مذکورہ کی جانب مبذول کرائی گئی تھی۔ ۱۴
ستمبر سنہ ۱۸۸۶ء کو درخواست مذکورہ پر سبارڈینیٹ جج نے حسب ذیل حکم
صادر کیا۔ "یہ حکم دیا جاتا ہے کہ عذرداری کی عذرداری اس حد تک
منظور کیجائے کہ موضع بہنڈارسن اصلی نمبر ۲۴۲ (جائداد متنازعہ)
جو ڈگریدار (لالجی لال) کی فہرست میں درج ہے نیلام سے مستثنے
کیا جائے"۔ جس طرح کہ حکام عالیمقام حکم مذکور کی تعبیر کرتے ہیں وہ
حکم اس امر کے متعلق تھا کہ جائداد مدعویہ اس ڈگری کے تحت نیلام
نہ کیجائے جو لالجی لال نے ۱۲ فروری سنہ ۱۸۸۶ء کو حاصل کی تھی۔
لالجی لال نے سبارڈینیٹ جج کے اُس حکم مورخہ ۱۴ ستمبر سنہ ۱۸۸۶ء
کی ناراضی سے مرافعہ نہیں کیا اور وہ قطعی ہوگیا۔ ۱۹ نومبر سنہ ۱۸۸۶ء
کو کمل نارائن چودھری نے اپنی اس خرید کی بابت جو اُس نے
۱۶ اگست سنہ ۱۸۸۶ء کو جائداد متنازعہ میں صادق علیخاں کے
حق اور مرافق کی نسبت نیلام میں کی تھی ایک سند نیلام حاصل
کی اور بحیثیت مشتری کے قبضہ حاصل کیا۔
۲۱ فروری سنہ ۱۸۹۵ء کو نالش ہذا کے مدعیان نے جو یہاں
مرافعہ میں ایک نالش میں جس کے یہاں کے مرافعہ علیہم جو

سرجو پرشاد
بنام
مقصود حسین و
دیگر یوی

کمل نارائن چودھری کے قائم مقام جب فریق نہ تھے لالچی لال کے خلاف ایک ڈگری زرنقد حاصل کی۔ اس ڈگری زرنقد کی تعمیل میں مدعیان نے جو یہاں مرافعان ہیں اس ڈگری رہن کو خرید کیا جو لالچی لال نے ۱۲ فروری ۱۸۸۲ء کو حاصل کی تھی اور بالآخر ۱۲ فروری ۱۸۸۲ء کی ڈگری زرنقد کی تعمیل میں جائداد متنازعہ کے نیلام کی درخواست کی جو ۱۶ فروری ۱۹۰۲ء کو انکی جانب سے نیلام کنندہ تھی اور خریدی گئی تھی اور ۹ مئی ۱۹۰۵ء کو انکو ایک سند نیلام عطا کی گئی تھی۔ مدعی علیہم یہاں کے مرافعہ علیہم کمل نارائن کے قائم مقام تھے جو اسکے فریق نہ تھے۔ نالش ہذا مدعیان (مرافعان) نے ۱۰ فروری ۱۹۱۲ء کو جائداد متنازعہ کی نسبت تنقیحات اور قبضہ اور واصلات کے لئے رجوع کیا تھا۔ نالش مذکور کی تنقیحات ڈسٹرکٹ جج دربھنگہ نے کی تھی اور ہائیکورٹ پٹنہ میں مرافعہ دائر کیا گیا تھا۔ ان عدالتوں کی متفقہ تجویز کے بموجب ان میں سے ایک سوال کا تصفیہ ہوتا ہے جو جائداد متنازعہ کی شناخت کے متعلق پیدا ہوا تھا۔

چونکہ ڈسٹرکٹ جج کی رائے یہ تھی کہ سبارڈینیٹ جج ترہٹ کا حکم مورخہ ۱۴ ستمبر ۱۸۹۶ء خارج از اختیار صادر کیا گیا تھا کیونکہ لالچی لال کی ڈگری حسب قانون انتقال جائداد بابتہ ۱۸۸۲ء نیلام کی بابتہ ایک ڈگری تھی اور یہ کہ لالچی لال کی ڈگری مورخہ ۱۲ فروری ۱۸۸۲ء جائداد متنازعہ پر واجب التعمیل تھی انہوں نے مدعیان یہاں کے مرافعان کو مدعی علیہم یہاں کے مرافعہ علیہم کے حق انفکاک کے تابع قبضہ کی ایک ڈگری عطا کی اور یہ ڈگری دیا کہ مدعیان واصلات کے مستحق تھے۔ ڈگری مذکور کی ناراضی سے مدعیان اور مدعی علیہم نے ہائیکورٹ پٹنہ میں مرافعہ دائر کیا۔ ہائیکورٹ کے فاضل ججوں کی جنکے روبرو مرافعہ جات مذکور

پیش ہوئے تجویز یہ رائے تھی کہ لالچی لال نے تحت دفعہ ۸۹ قانون انتقال جائداد بابتہ ۱۸۸۲ء نیلام کا ایک قطعی حکم حاصل نہیں کیا تھا اپنے حقوق کی لاعلمی سے اپنے رہن مورخہ ۱۰ فروری ۱۸۸۲ء کے تحت اپنے حقوق سے دست بردار ہونا پسند کیا تھا اور اپنی ڈگری مورخہ ۱۲ فروری ۱۸۸۲ء کی بطور ایک ڈگری زرنقد کے تعمیل کرانی شروع کی تھی۔ جائداد متنازعہ تحت دفعہ ۲۸۷ مجموعہ ضابطہ دیوانی بابتہ ۱۸۸۲ء قرق کرائی تھی کمل نارائن چودھری کی عذرداری پر تحت دفعہ ۲۷۸ مجموعہ مذکور تحقیقات کرائی تھی اور فیصلہ مورخہ ۱۴ ستمبر ۱۸۹۶ء کو جو اس کے خلاف تحت دفعہ ۲۸۰ صادر کیا گیا تھا سکوت کے ذریعہ سے ۲ سال تک تسلیم کیا تھا اور انہوں نے مدعی علیہم کا مرافعہ منظور اور مدعیان کا مرافعہ اور انکا دعویٰ خارج کیا۔ ڈگریات مذکور کی ناراضی سے یہ متعدد مرافعہ جات پیش کئے گئے ہیں۔

ان متعدد مرافعہ جات کی سماعت کے وقت کونسل یہ ظاہر کرنے سے قاصر رہے تھے کہ تحت دفعہ ۸۹ قانون انتقال جائداد بابتہ ۱۸۸۲ء نیلام کا کوئی قطعی حکم صادر کیا گیا تھا لیکن حکام عالیمقام اس امر سے واقف ہیں کہ ۱۸۸۶ء میں بھی دفعہ مذکور کے تحت قطعی حکم صادر کرنیکی ضرورت نیلام کی نالشات میں بعض اوقات نظرانداز کی گئی تھی اور نیلام کی نالشات میں نیلام تعمیل کے معمولی حکم کے تحت منعقد کئے جاتے تھے جو کسی ڈگری زرنقد کی تعمیل کے لئے صادر کیا جائیگا۔ حکام عالیمقام اسی نتیجہ پر نہیں پہونچے ہیں جس پر ہائیکورٹ پہونچی ہے کہ لالچی لال نے ۱۰ فروری ۱۸۸۲ء کے رہن کے تحت اپنے حقوق سے دست بردار ہونا پسند کیا تھا لالچی لال نے جائداد متنازعہ نیلام کرانیکی غرض سے اسکو قرق کرایا تھا اور کمل نارائن چودھری کی درخواست پر سبارڈینیٹ جج نے اپنا حکم مورخہ ۱۴ ستمبر ۱۸۹۶ء صادر کیا جیسا کہ حکام عالیمقام نے انکی

۸۸۵

نتیجہ نکلتا ہے کہ مدعا علیہم ایک علم تھا کہ جائداد متنازعہ لال جی لال کی نالش میں نیلام کیجاتی چاہئے۔ حکام عالیمقام کو اس امر پر غور کرنا غیر ضروری معلوم ہوتا ہے کہ آیا حکم مذکور صادر ہونا چاہئے تھا یا نہیں۔ درخواست عذرداری ایک فیصلہ اور درخواست تھی جس پر سب آرڈینیٹ جج کو غور اور اسکا تصفیہ کرنا چاہئے تھا اور کارروائی مذکورہ کا کوئی فریق جو اُس حکم سے جو سب آرڈینیٹ جج صادر کرے ناراض ہو اُسکی ناراضی سے مرافعہ کر سکتا تھا۔ لالجی لال کارروائی مذکورہ کا ایک فریق تھا اور اُس نے مرافعہ دائر نہیں کیا تھا اور حکم قطعی اور لالجی لال اور اُن اشخاص پر جنہوں نے اسکے تحت حقیت پیش کی ہے واجب التعمیل ہوا تھا۔ ۱۸۸۵ء سے کمل نارائن چودھری یا مدعا علیہم جو اسکے قائم مقام ہیں سند نیلام مورخہ ۱۹ نومبر ۱۸۸۵ء کے تحت جائداد متنازعہ پر جائز طور پر قابض رہے ہیں اور مدعیان نے نالش ہذا میں حقیت مذکور پر اعتراض کیا گیا تھا۔ ۱۰ فروری ۱۹۱۴ء تک رجوع نہیں کی تھی۔ حکام عالیمقام کی رائے یہ ہے کہ ہائیکورٹ کی ڈگریات درست تھیں۔

حکام عالیمقام ملک معظم کو اس بابت مشورہ دینگے کہ یہ مرافعہ جات مجتمعہ خارج ہونے چاہئیں۔ مرافعان کو ان مجتمعہ مرافعہ جات کا خرچہ ادا کرنا چاہئے۔ مرافعہ جات خارج کئے گئے۔

سالسٹران منجانب مرافع۔ مسرز وائکنس و ہنٹر

سالیسٹران منجانب مرافعہ علیہم۔ مسرز ٹرڈ وفیٹ و فرانسس۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ اولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۲۷۰ بابت ۱۹۱۶ء منفصلہ ۲۳ فروری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس براڈوے و

مسٹر جسٹس ظفر علی۔

کوٹھی سوہن دیو کی نندن اینڈ سنس بنام ماہالال ولد گہر... لال ... و دیگر

مدعیان۔ مرافعان

مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم

قانون معاہدہ ایکٹ ۹ بابت ۱۸۷۲ء دفعہ ۲۳۰۔ ایجنٹ اور کارندہ معاہدہ جو ملک غیر کے تاجر کے ساتھ کیا گیا ہو۔ کارندہ کی ذاتی ذمہ داری قیاس۔

بجز اسکے کہ اس امر کے متعلق کوئی معاہدہ کیا گیا ہو دفعہ ۲۳۰ قانون معاہدہ کوئی کارندہ کسی ایسے معاہدہ کا بالذات پابند نہیں ہے جو اس نے اپنے مالک کی جانب سے کیا ہو لیکن ایسے معاہدہ کا وجود اس صورت میں قیاس کرنا چاہئے جبکہ معاہدہ کارندہ نے کسی تاجر کے لئے جو ملک غیر میں سکونت رکھتا ہو مال کی بیع یا خرید کے لئے کیا ہو۔ لیکن یہ قیاس اس صورت میں متعلق نہیں ہو سکتا جبکہ معاہدہ ملک غیر کے تاجر کے ساتھ بلا واسطہ کیا گیا ہو اور کارندہ نے محض ایک قسم کے پیغام رساں کے طور پر عمل کیا ہو اور اپنے اوپر کسی قسم کی ذمہ داری عائد نہ کی ہو۔

توتیکا لیسا وار ایجو بنام بیاری اینڈ کو۔ انڈین لاء رپورٹ مدراس جلد ۲۷ صفحہ ۵۱۳۔ اور نا چلم چیٹیار بنام کاشی نوندا پیلے انڈین کیسز جلد ۲۴ صفحہ ۱۰۰۰۔ پورن چند بنام تارا سنگھ۔ پنجاب ریکارڈ بابت ۱۹۱۵ء نمبر ۱۴۔ بہار اینڈ کو بنام پی۔ کوبایاشی۔ انڈین کیسز جلد ۲۵ صفحہ ۸۶۴ پر استدلال کیا گیا۔

فضل الہی بنام امپیریل کیمیکل کو۔ دہلی۔ انڈین کیسز جلد ۶۰ صفحہ ۱۵۷ امتیاز کیا گیا۔

مرافعہ اولی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج دہلی مورخہ ۲۰ اپریل ۱۹۱۶ء

منجانب مرافعان۔ لالہ سر دیا رام۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ لالہ درگا داس۔

**فیصلہ**۔ دہلی کے مسرز دیو کی نندن اینڈ سنس کی کوٹھی نے ۲۰

دیوی کی نندن ... بنام رام لال (لاہور)

صفحہ ۸۸۶

بیوپاری کی منظوری بنام رام لال (لاہور)

۔۔۔ فروری ۱۹۱۲ء کو لاہور کے رام لال اولک کے خلاف مبلغ ۔۔۔ کی بازیافت کے لئے ایک نالش رجوع کی گئی تھی۔ عرضی دعویٰ میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ مدعیان و مدعی علیہ کے مابین ۱۳ فروری ۱۹۱۰ء کو اول الذکر کی جانب سے موزوں نرخ سے خالص مبلغ معہودی اور کی شرح سے کسی خاص نمونہ کے مطابق جو مدعی علیہ کو ان کے ساتھ روانہ کیا گیا تھا کراچی میں گندم کی خرید کی بابت معاہدہ کیا گیا تھا۔ یہ مال جو روانہ کیا گیا تھا اوسط نمونہ کا نہ تھا کیونکہ وہ قسم اور وزن میں کم تھا۔ یہ کہ دونوں فریق کی درخواست پر کراچی میں دو یورپین پیمائش کنندگان سے پیمائش کرائی گئی تھی جنہوں نے اپنی رپورٹ مورخہ ۱۶ جولائی ۱۹۱۰ء میں یہ قرار دیا کہ مدعیان مال کی تحلیل کی قیمت پر ۔۔۔ فیصدی الاونس کے مستحق تھے۔ یہ کہ مدعی علیہ رقم مذکورہ کی ادائی سے قاصر رہا تھا اور ۲۴ فروری ۱۹۱۰ء کو اس نے اس سلسلہ میں مدعیان کے دعوے کی کامل ادائی میں مبلغ ۔۔۔ ادا کرنے پر رضامندی ظاہر کی تھی۔ یہ کہ مدعی علیہ نے مدعیان کو ایک خط دیا تھا جو نیشنل بینک آف انڈیا موسومہ تھا جس میں بینک مذکور کو یہ ہدایت کی گئی تھی کہ وہ کسی دوسرے خط کے متعلق مدعیان کے حق میں مبلغ ۔۔۔ منظور کرے اور ساتھ ہی ساتھ لاہور سے مبلغ ۔۔۔ کی بقیہ رقم روانہ کرنے کا اقرار کیا گیا تھا۔ یہ کہ نیشنل بینک آف انڈیا الاونس ادا کرنے سے قاصر رہا اور مدعی علیہ مبلغ ۔۔۔ روانہ کرنے سے قاصر رہا اور یہ کہ ۱۲ جنوری ۱۹۱۱ء کو مدعی علیہ نے مدعیان کو ایک خط تحریر کیا جس میں مزید مہلت کی استدعا کی گئی تھی لیکن چونکہ انکو رقم معہودہ کا کوئی جزو ادا نہیں کیا گیا تھا مدعیان نے مبلغ ۔۔۔ اور سود بشرح (۱۲) فیصدی سالانہ یا جملہ ۔۔۔ کی بابت ایک ڈگری کا مطالبہ کیا۔

رام لال اولک نے بیانات مندرجہ عرضی دعوے کی تردید کی اور یہ عذر کیا کہ اس نے مدعیان کے ساتھ کوئی معاہدہ نہیں کیا تھا بلکہ مدعیان اور مسٹر لاک و ڈبراؤ برس لمیٹڈ ساکن کوچی کے مابین جنس کا ۔۔۔ اور ایک پیشہ سازش کے عمل کیا تھا نیز اس نے اس امر سے انکار کیا تھا کہ وہ کارروائیات پیمائش محولہ صدر میں شریک تھا اور یہ بیان کیا تھا کہ اس نے محض بحیثیت مسٹر لاک و ڈبراؤ برس لمیٹڈ کے کارندہ کے عمل کیا تھا اور اس نے خود اپنے کو کسی طرح ذمہ دار نہیں کیا تھا۔ مبلغ ۔۔۔ کی عدم ادائی تسلیم کی گئی تھی لیکن وہ خود مدعیان کی غفلت سے منسوب کی گئی تھی۔ یہ عذر بھی کیا گیا تھا کہ دعویٰ خارج المیعاد تھا اور یہ کہ دہلی کی عدالت کو کوئی اختیار سماعت حاصل نہ تھا۔ ان پلیڈنگس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مسٹر لاک و ڈبراؤ برس لمیٹڈ عدالت کے حکم سے بطور نالش کے مدعی علیہم کے اضافہ کئے گئے تھے لیکن کوٹھی مذکور کل کارروائیات میں حاضر نہ ہوئی تھی۔ مدعیان نے رام لال کے عذرات کی تردید کی اور حسب ذیل تنقیحات قائم کی گئی تھیں:-

(۱) کیا عدالت ہذا کو مقدمہ ہذا میں اختیار سماعت حاصل ہے؟

(۲) کیا وہ اندرون میعاد ہے؟

(۳) کیا مدعی علیہ رام لال نے محض لاک و ڈبراؤ برس کے کارندہ کی حیثیت سے عمل کیا تھا؟

(۴) اگر یہ صحیح ہے تو کیا وہ بذات خود مدعیان کی رقم کا ذمہ دار نہیں؟

(۵) کیا معاملہ متنازعہ پیمائش کنندگان کی ثالثی کے سپرد کیا گیا تھا؟ اگر یہ صحیح ہے تو مدعیان کو وزن اور قسم کی کمی کی بابت کس قدر رقم عطا کی گئی؟

(۶) کیا پیمائش کنندگان کا فیصلہ مدعی علیہ نمبر ایک واجب التعمیل ہے؟

(۷) کیا مدعی کسی غفلت کا مجرم ہے جسکی بنا پر وہ اس رقم کا مطالبہ کرنے کا غیر مستحق ہے جو پیمائش کنندگان کی جانب سے انکو عطا کی گئی تھی؟

(۸) اس صورت میں جبکہ تنقیح نمبر (۶) مدعی علیہ نمبر ایک کے موافق اور تنقیحات نمبر ۳ و ۴ اسکے خلاف فیصل کی جائیں تو کیا اس مال کی جسکی سپردگی کی گئی تھی وزن یا قسم میں کوئی کمی تھی اور اگر یہ صحیح ہے تو کیا مدعی اس کی بابت مدعی علیہ سے کوئی ہرجہ پانے کا مستحق ہے؟

(۴۰۴)

(۹) کیا مدعی کو کوئی نیا دعوے حاصل ہے؟

(۱۰) کیا پیمائش کی رپورٹ قابل ادخال شہادت ہے؟

ڈسٹرکٹ جج نے یہ قرار دیا کہ مدعیان اس امر سے بخوبی واقف تھے کہ رام لال اولک نے اس معاہدہ کے متعلق مسرز لاک ووڈ برادرس لمیٹڈ کے کارندہ کی حیثیت سے عمل کیا تھا اور یہ کہ مسرز لاک ووڈ برادرس اصل مالک تھے لیکن دونوں مدعا علیہم کے خلاف ایک ڈگری صادر کی گئی تھی اور رام لال اولک دفعہ ۲۳۰ (۱) کی بنا پر ذمہ دار قرار دیا گیا تھا لیکن یہ قرار دیا گیا تھا کہ اس قیاس کی جو کہ [illegible] کیا گیا تھا تردید ہو گئی تھی یہ قرار دیا گیا تھا کہ دعوے اندر میعاد تھا اور دہلی کی عدالت کو اختیار سماعت حاصل تھا (تنقیحات نمبر ۲ و ۱) اور یہ کہ رام لال اولک کارروائیات پیمائش سے واقف تھا اور اپنے مالکوں کی جانب سے اس پر رضامند ہوا تھا (تنقیحات نمبر ۴ - ۵ - ۶) بقیہ تنقیحات بھی مدعیان کے موافق فیصل کی گئی تھیں ۔

اس ڈگری کی ناراضی سے دو علیحدہ مرافعہ جات پیش کئے گئے ہیں ایک مدعیوں کی جانب سے پیش کیا گیا ہے جس نے سود اور رپورٹ پیمائش کے متعلق مبلغ [illegible] کی ایک مد کی نامنظوری پر [illegible] کی ہے اور دوسرا رام لال اولک کی جانب سے پیش کیا گیا ہے جس نے کلیتاً فیصلہ کی صحت پر اور بالخصوص اپنی ذاتی ذمہ داری کے متعلق اعتراض کیا ہے۔ ہر دو مقدمات میں مدعیوں کی جانب سے ہم نے مسٹر سرو ہا [illegible] کی بحث سماعت کی ہے اور مسٹر دُرگا داس نے رام لال اولک کی جانب سے ہمارے روبرو بحث کی ہے ۔

مسٹر دُرگا داس نے اپنی بحث رام لال اولک کی ذاتی ذمہ داری کے سوال تک محدود کی تھی اور یہ بحث کی تھی کہ اُن تجاویز کی بنا پر جن پر فاضل ڈسٹرکٹ جج پہونچے تھے اُنکے موکل کے خلاف دعوے اخراج ہونا چاہئے تھا۔ شہادت مشمولہ مثل اور لائق وکلاء کی بحث پر

دیوکی نندن بنام رام لال اولک (لاہور)

احتیاط کے ساتھ غور کرنیکے بعد ہماری رائے یہ ہے کہ مسٹر دُرگا داس کی بحث درست ہے حسب دفعہ ۲۳۰ قانون معاہدہ بجز اسکے کہ اس امر کی نسبت کوئی معاہدہ موجود ہو کوئی کارندہ بذات خود کسی ایسے معاہدہ کا پابند نہیں ہے جو اُس نے اپنے مالک کی جانب سے کیا ہو لیکن اُس صورت میں جبکہ ایسا معاہدہ کسی کارندہ نے کسی تاجر کے لئے جو غیر ملک میں سکونت رکھتا ہو مال کی بیع یا خرید کی بابت کیا ہو ایسے معاہدہ کا وجود قیاس کرنا پڑتا ہے۔ مسٹر دُرگا داس نے یہ بحث کی تھی کہ مقدمہ موجودہ میں معاہدہ فی الواقع مدعیان اور مسرز لاک ووڈ برادرس لمیٹڈ کے مابین ہوا تھا اور مدعی نے محض بطور ایک قسم کے ایجنٹ کے عمل کیا تھا اور اسلئے یہ بحث کی گئی تھی کہ رام لال نے یا تو خود اپنی جانب سے یا کسی تاجر کی جانب سے جو غیر ملک میں سکونت رکھتا تھا کوئی معاہدہ نہیں کیا تھا مقدمہ [illegible] بنام بیاری اینڈ کو (۱) میں مسرز بیاری اینڈ کمپنی نے ایسٹ انڈیا ڈسٹلریز اینڈ شوگر فیکٹریز لمیٹڈ کے کارندوں کی حیثیت سے ایک معاہدہ کیا تھا مسرز بیاری اینڈ کمپنی نے معاہدہ پر فی الواقع دستخط کئے تھے لیکن انہوں نے اپنے مالکوں کی جانب سے دستخط کرنا ظاہر کیا تھا اور یہ قرار دیا گیا تھا کہ مسرز بیاری اینڈ کمپنی معاہدہ کے تحت بذات خود ذمہ دار نہ تھے۔ اسی طور پر مقدمہ ارجن چلم چیتیار بنام کاشی نیونداپلے (۲) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ کوئی کارندہ جو اپنے مالک کے نام سے کوئی معاہدہ کرے یہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ محض ایک کارندہ ہے اور مالک نہ کہ کارندہ ایسے معاہدہ کا ذمہ دار ہے اسی قسم کا خیال مقدمہ پورن چند بنام تارا سنگھ (۳) میں جسٹس جانسٹن نے ظاہر کیا تھا اور بہار گو اینڈ کمپنی بنام بی۔ کو یاپاشی (۴) اسی امر کے متعلق ایک اور فیصلہ ہے۔ مقدمہ فضل الٰہی بنام

(۱) انڈین لا رپورٹس مدراس جلد ۴۰ صفحہ ۲۱۵۔ (۲) انڈین کیسز جلد ۴۲ صفحہ ۷۰۰۔
(۳) پنجاب لا رپورٹس بابتہ ۱۹۰۵ء نمبر ۳۳۔ (۴) انڈین کیسز جلد ۴۵ صفحہ ۶۶۴ نظائر ہند صفحہ [illegible]

دیو کی نندن بنام رام لال اولک (لاہور)

امپیریل ایجنسی کمپنی دہلی (۵) جسپر مسٹر بسیر دیا رام نے استدلال کیا ہے صاف طور پر تمیز کیا جاسکتا ہے۔ اس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ مدعی علیہ نے خود اپنی جانب سے مدعیوں کے ساتھ معاہدہ کیا تھا۔ مقدمہ موجودہ میں مراسلت مشمولہ مثل سے جو رام لال اولک اور مدعیوں کے مابین ہوئی تھی یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ۱۰ فروری ۱۹۰۸ء کو رام لال اولک نے مدعیوں کو ایک خط تحریر کیا تھا جس میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ اگر وہ حسب ذیل سے ان کو آرڈر روانہ کریں تو وہ دے میں جو انکی کا ذمہ دار ہوگا لیکن وہ بذریعہ تار انکے وطن کے ایجاب کی منظوری کے تابع ہوگی۔ اسکے متعلق مدعیوں کا جواب دستاویز پی ۱۔ مورخہ ۲۸ فروری ۱۹۰۸ء موجود ہے۔ انہوں نے اس میں اس مال کا جو وہ نمونہ چاہتے تھے روانہ کیا تھا قیمت کا ذکر کیا تھا اور اسکے بعد حسب ذیل بیان کیا تھا:۔ "ہم آپکو معاملات صاف کرانیکے بعد رقم ادا کرینگے۔ وہ ہم سے کسی بنک مثلاً نیشنل بنک کے ذریعہ سے رقم کا مطالبہ کرسکتے ہیں اور وہ خود محصول، بروکری اور دیگر اخراجات ادا کرینگی آپ کے لئے نمونہ روانہ کرنا اور آپکو اسکے متعلق کل تفصیلی امور تحریر کرنا بہتر ہے اگر وہ منظور کریں تو آنکو بذریعہ تار اطلاع دینی چاہئے اگر وہ منظور نہ کریں تو ہم کسی اور طریقہ سے انتظام کرینگے"۔

واقعات مذکورہ بالا سے یہ امر بالکل واضح معلوم ہوتا ہے کہ مدعیوں نے یہ سمجھا تھا کہ انکا ایجاب کا قبول رام لال پر نہیں بلکہ انکے وطن کے احباب مسٹر لاک وڈ برادرس لمیٹڈ پر منحصر تھا اور چٹھی مذکور پر بذریعہ تار جو چٹھی انکا منظور کرنا مبنی تھا۔ رام لال نے حلفاً یہ بیان کیا ہے کہ اس نے مسٹر لاک وڈ برادرس لمیٹڈ کے پاس انگلستان میں ایک آرڈر کا نمونہ روانہ کیا تھا اس حکم کی ایک نقل شامل دستاویز پی ڈبلیو نمبر ۹ کے صفحات ۲ تا ۴ پر پائی جائیگی انکو مدعیوں نے پیش کیا تھا اگرچہ انہوں نے اصل پر دستخط کئے جانے سے انکار کیا تھا میرے رام لال اولک کے اس بیان کو قبول کرنے میں کوئی تامل نہیں ہے کہ اصل پر مدعیوں نے دستخط کئے تھے۔ ۴ مارچ ۱۹۰۸ء کو

صفحہ [illegible]

رام لال نے مدعیوں کو دستاویز پی ۵ ڈبلیو ۵ تحریر کیا جس میں اس نے انکو یہ اطلاع دی کہ مسٹر لاک وڈ برادرس لمیٹڈ نے بذریعہ تار ایجاب کی نسبت اپنے قبول کی اطلاع دی تھی اور اصل تار روانہ کیا گیا تھا۔ دوسرے خط مورخہ ۷ مارچ ۱۹۰۸ء (دستاویز پی ڈبلیو ۶) میں اس آرڈر کا ذکر کیا گیا تھا انکی ایک نقل مدعیوں کو روانہ کی گئی تھی اور یہ بیان کیا گیا کہ اصل آرڈر مطابق اس تار کے جو قبل ازیں روانہ کیا گیا تھا قبول کیا گیا دستاویزات مذکورہ بالا سے ہمیں اس امر کا اطمینان ہوا ہے کہ مدعیوں نے یہ سمجھا تھا کہ رام لال نے اپنے آپ کو معاہدہ کے تحت کسی طرح ذمہ دار نہیں کیا تھا دونوں مدعیوں اور اس نے صاف طور پر یہ سمجھا تھا کہ یہ امر مسٹر لاک وڈ برادرس کا اختیاری تھا کہ وہ مدعیوں کے ایجاب کو قبول کریں یا نہ کریں اور ایسا قبول بذریعہ تار کیا جانا چاہئے تھا۔ ان حالات میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ قیاس جسکا ذکر دفعہ ۲۳۰ قانون معاہدہ میں کیا گیا ہے یہاں پیدا نہیں ہوتا کیونکہ رام لال اولک نے مسٹر لاک وڈ برادرس کیلئے کوئی معاہدہ نہیں کیا تھا کیونکہ معاہدہ زیر بحث ہندوستان میں مدعیوں اور انگلستان میں مسٹر لاک وڈ برادرس لمیٹڈ کے مابین پختہ کیا گیا تھا ایسی صورت میں رام لال اولک بذات خود معاہدہ کے تحت ذمہ دار نہ تھا لیکن یہ بحث کی گئی تھی کہ رام لال اولک نے بعد میں اپنی ذمہ داری قبول کی تھی کیونکہ وہ پیمائش پر رضامند ہوا تھا اور اس نے ۲۴ فروری ۱۹۰۹ء کو مبلغ [illegible] میں نزاع کا تصفیہ کیا تھا نیز اسکی ذاتی ذمہ داری ایک خط دستاویز پی ۱۳ کی بنا پر بیان کی گئی تھی جو اس نے ۱۳ اکتوبر ۱۹۰۸ء کو تحریر کیا تھا۔ اگرچہ ہم یہ قرار دینے میں عدالت ماتحت سے متفق ہیں کہ رام لال اولک کارروائیات پیمائش سے واقف تھا ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ اسکی نسبت اسکی کارروائی محض بطور ایک کارندہ کے تھی اور یہ کہ اس نے اپنے آپ کو معاہدہ کے تحت ذمہ دار نہیں کیا تھا۔ پھر ۲۴ فروری ۱۹۰۹ء کو سمجھوتہ کرتے وقت

اُس نے صراحتاً یہ بیان کیا ہے کہ اُس نے مسٹر لاک وُوڈ براؤن لمیٹڈ کی زیر ہدایات لیا کیونکہ اُس خط سے اسکی ذاتی ذمہ داری کا قیاس نہیں کیا جاسکتا۔ خط مورخہ ۱۳ اگست ۱۹۱۰ء میں کوئی امر یہ ظاہر کرنے کے لئے موجود نہیں ہے کہ اُس قسم کی ادائی کی بابت جس پر وہ صاحب محنت کے ذریعہ سے رضامند ہوا تھا اُس نے اپنے آپ پر کوئی ذمہ داری عائد کی تھی۔ یہ صحیح ہے کہ خط مذکور میں اُس نے سات ہفتہ کی مہلت کی استدعا کی تھی لیکن یہ ظاہر ہے کہ اُس نے اپنے آپ کو ذمہ دار نہیں کیا تھا کیونکہ وہ صراحتاً یہ بیان کرتا ہے کہ اُس نے مسٹر لاک وُوڈ براؤن لمیٹڈ کو ایک نہایت پُرزور خط تحریر کیا تھا جس میں اُس نے یہ ظاہر کیا تھا کہ صرف وہی ادائی کے ذمہ دار تھے۔

اسکے بعد مسٹر۔ سندرہا رام نے یہ بحث کی تھی کہ دستاویز پی ڈبلیو نمبر ۶ یعنے آرڈر کی عبارت سے یہ ظاہر ہوتا تھا کہ وہ مسٹر لاک وُوڈ براؤن لمیٹڈ کا مسودہ نہ ہو سکتا تھا۔ یہاں بھی ہم اتفاق کرنے سے قاصر ہیں۔ نمونہ بظاہر وہی ہے جو مسٹر لاک وُوڈ براؤن لمیٹڈ کی جانب سے استعمال کیا جاتا ہے اور اسکی عبارت سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ وہ بجائے جو اُس میں درج تھا بجز مسٹر لاک وُوڈ براؤن لمیٹڈ کے کسی اور شخص سے متعلق تھا۔ اس امر کی کہ مسٹر لاک وُوڈ براؤن لمیٹڈ کو آرڈر بغرض منظوری کے لئے روانہ کیا گیا تھا غریباً یہ ایک خط (دستاویز ڈی ۲) مورخہ ۵ فروری ۱۹۱۰ء سے ملتی ہے جو مسٹر لاک وُوڈ براؤن لمیٹڈ کی جانب سے رام لال اولک کو روانہ کیا گیا تھا جس میں انہوں نے کارروائیات پیمائش کے متعلق رام لال کے عمل کی نسبت شکایت کی ہے اور یہ بیان کیا ہے کہ یہ امر نہایت ناقابل اطمینان تھا کہ اُس نے کسی ثالثی کو علاوہ اُس اصل نمونہ کے جو اُس نے انکے پاس عمل کرنیکے لئے روانہ کیا تھا کسی دوسرے نمونہ پر کارروائی کرنے دی تھی۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ دستاویز پی ۱ مورخہ ۴ فروری ۱۹۱۰ء میں وہ نمونہ جو مدعیان نے سپلائی کنندگان کو روانہ کئے جانے کی خواہش کی تھی رام لال کے پاس روانہ کیا گیا تھا جب کہ یہ بالکل ظاہر ہے اُسکو مسٹر لاک وُوڈ براؤن کے پاس روانہ کیا تھا۔ مقدمہ کی نسبت یہ خیال قائم کرنیکے بعد لائق وکلاء کی بحث پر مزید غور کرنا ضروری نہیں ہے۔

دیوکی نندن بنام رام لال اولک (لاہور)

ہماری رائے میں رام لال اولک معاہدہ کے تحت بذات خود ذمہ دار نہ تھا اور اسلئے ہم مرافعہ ہذا (مرافعہ دیوانی نمبر ۲۸۶ بابتہ ۱۹۱۹ء) منظور کرتے اور مدعیوں کا دعوےٰ معہ کل خرچہ کے خارج کرتے ہیں۔ مسٹر لاک وُوڈ براؤن لمیٹڈ عدالت کے حکم سے مدعی علیہم بنائے گئے تھے لیکن مدعیوں نے کسی وقت بھی اپنی عرضی دعوےٰ میں ترمیم نہیں کی تھی اور نہ انہوں نے انکے خلاف کوئی دادرسی چاہی ہے۔ اسلئے دعوےٰ جس طرح کہ وہ رجوع کیا گیا تھا خارج کیا جاتا ہے۔ یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مدعیوں کا مرافعہ (مرافعہ دیوانی نمبر ۲۲ بابتہ ۱۹۱۹ء) بھی خارج کیا جاتا ہے۔

صفحہ ۱۸۹

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۲۵۲ بابتہ ۱۹۲۰ء منفصلہ ۶ فروری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس براڈوے و مسٹر جسٹس موتی ساگر۔

قادر بخش وغیرہ — بنام — منگھا مل وغیرہ

مدعیان۔ مرافعان — مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم

قبضہ مخالفانہ۔ راہن اور مرتہن۔ قانون رجسٹری ایکٹ ۱۶ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۴۹ غیر رجسٹری شدہ دستاویز بہ ممانعت غرض کے اسکا ثبوت ادخال شہادت ہونا۔

یہ کہنا نامناسب ہے کہ کسی ممکنہ صورت میں بھی کوئی مرتہن جائداد مرہونہ کی نسبت کوئی مخالفانہ حیثیت پیش نہیں کر سکتا۔ کوئی مرتہن اُس صورت میں قبضہ مخالفانہ پیش کر سکتا ہے

قادر بخش بنام منگھا مل (لاہور)

جبکہ اس کا قبضہ ابتداً ایک داخلت بیجا کنندگان کا ہو۔

جیوا خاں بنام لکھمی چند۔ انڈین کیسز جلد ۱۱ صفحہ ۳۰۴ کی تقلید کی گئی۔

اس امر کا تصفیہ ہر مقدمہ کے واقعات پر کرنا چاہیئے کہ آیا حالات سے مرتہن کی مخالفانہ حیثیت ثابت ہوتی ہے۔

کسی دستاویز کو اگرچہ وہ رجسٹری شدہ نہ ہونے کی وجہ سے حقیت ثابت کرنے کے لئے قابل ادخال شہادت نہ ہو قابض جائداد کے قبضہ کی نوعیت دریافت کرنے کے لئے پیش کیا جاسکتا ہے۔

ورداولے بنام جیوا رتھمال۔ انڈین کیسز جلد ۳ صفحہ ۱۰۹۔ کارم کنڈاسامی پلے بنام ضیا۔ انڈین کیسز جلد ۲۲ صفحہ ۴۰۳۔ موسیگا دو بنام ہانیانگو پالو ریڈی۔ انڈین کیسز جلد ۲۲ صفحہ ۲۱۵۔ مہندرا پرتاپ سنگھ بنام چندر پالی سنگھ انڈین کیسز جلد ۲۴ صفحہ ۴۸۲۔ چیو بنام لترا متی۔ انڈین کیسز جلد ۲۴ صفحہ ۱۳۰۔ ورام سنگھ بنام باستی۔ انڈین کیسز جلد ۴۴ صفحہ ۴۴ پر استدلال لیا گیا۔

مدعی علیہ بحیثیت مرتہنان کے مدعیوں کی کچھ جائداد پر قابض تھے ۱۸۸۸ء میں جائداد کا ایک جزو انفکاک کیا گیا تھا اور بقیہ جائداد کی بابت ایک جدید رہن بلا قبضہ کے پیدا کیا گیا تھا۔ تاریخ مذکور پر انہوں نے کل جائداد کا قبضہ حاصل کیا۔ ۱۸۹۸ء میں جزو زیر رہن ایک غیر رجسٹری شدہ بیعنامہ کے ذریعہ سے مدعی علیہ کو بیع کیا گیا تھا اور موخرالذکر نے جائداد مبیعہ کا قبضہ حاصل کیا اور وہ زائد از بارہ سال تک قابض رہا۔ یہ نالش میں جو جائداد کے انفکاک کے لئے رجوع کی گئی تھی۔

قرار دیا گیا (۱) کہ اگرچہ مدعی علیہ کی حقیت ثابت کرنے کے لئے غیر رجسٹری شدہ بیعنامہ قابل ادخال شہادت نہ تھا ۱۸۹۸ء کے بعد اسکے قبضہ کی نوعیت دریافت کرنے کے لئے پیش کیا جاسکتا تھا۔

(۲) یہ کہ چونکہ مدعی علیہ نے ۱۸۹۸ء میں بالعموم حقیت اپنے بطور ایک داخلت بیجا کنندہ کے جائداد کا قبضہ حاصل کیا تھا اسکا قبضہ ابتدا سے مدعیوں کے مخالفانہ تھا اور چونکہ وہ زائد از بارہ سال تک جاری رہا تھا وہ ملکیت میں پختہ ہوا تھا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج ملتان مورخہ یکم دسمبر ۱۹۱۶ء جسکی رو سے صرف خرچہ کے متعلق منصف درجہ اول ملتان کی ڈگری مورخہ ۱۵ فروری ۱۹۱۶ء ترمیم کی گئی تھی۔

منجانب مرافعان۔ شیخ نیاز محمد۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ لالہ ہرگوپال۔

**فیصلہ**۔ وہ نالش جس سے مرافعہ ہذا پیدا ہوا ہے قادر بخش اور تین دیگر اشخاص کی جانب سے پیش کی گئی تھی اور انفکاک کے ذریعہ کچھ اراضی کے قبضہ کے لئے تھی۔ یہ بیان کیا گیا تھا کہ مدعیوں کے باپ اور چچا نے اراضی متدعویہ ۱۸ اگست ۱۸۸۸ء کو کنہیا لال مدعی علیہم کے باپ کے حق میں مبلغ ۱۸۰ کے عوض رہن کی تھی۔ یہ کہ نصف اراضی مرہونہ انفکاک کی گئی تھی اور یہ کہ بقیہ نصف اراضی مبلغ ۹۰ کی ادائی پر قابل انفکاک تھی۔ جوابدہی پیش کردہ یہ تھی کہ ۱۸۸۸ء کا رہن ۱۸۹۸ء میں ختم ہوا تھا جبکہ صرف مدعیوں کے باپ نے ایک رہننامہ مورخہ ۷ مارچ ۱۸۹۸ء کے ذریعہ سے اپنا حصہ رہن کیا تھا۔ یہ رہن مابعد بلا قبض تھا اور اس میں کوئی فقرہ موجود نہ تھا جسکے تحت مرتہنان قبضہ حاصل کرسکتے تھے۔ نیز یہ عذر کیا گیا تھا کہ ۱۸۹۸ء میں الہ دتا مدعیوں کے باپ نے اراضی متدعویہ مبلغ [illegible] کے عوض ایک مدعی علیہ کو بیع کیا تھا اور یہ کہ بیع مذکور کے تحت قبضہ حاصل کیا گیا تھا اور ۱۹۰۸ء کی کارروائیات عمل دخل وخارج اسماء میں اسکو نافذ کیا گیا تھا۔ عدالت ابتدائی نے یہ

قادر بخش بنام سنگھاں (لاہور)

قرار دیا کہ مدعی علیہم زائد از بارہ سال کی مدت تک مخالفانہ قبضہ رکھتے تھے اور یہ کہ مدعیاں یہ ظاہر کرنے سے قاصر رہے تھے کہ وہ اراضی جسکو وہ انفکاک کرانا چاہتے تھے وہی اراضی تھی جو بحوالہ دیتا کی جانب سے رہن کیگئی تھی مدعیوں کا دعوے خارج کیا تھا۔ یہ قرار دیا گیا تھا کہ بیعنامہ جو مدعی علیہم نے پیش کیا تھا کسی غرض کے لئے بھی قابل ادخال شہادت نہ تھا کیونکہ وہ رجسٹری شدہ نہ تھا۔

مدعیوں نے مرافعہ دائر کیا لیکن فاضل ڈسٹرکٹ جج نے عدالت ابتدائی کی ڈگری برقرار رکھی تھی اگرچہ وہ دیگر وجوہ سے برقرار رکھی گئی تھی انہوں نے یہ قرار دیا کہ مدعیوں نے یہ ثابت کیا تھا کہ اراضی متدعویہ وہی اراضی تھی جو کنہیا لال کو رہن نامہ مورخہ ۶ مارچ سنہ ۱۸۸۴ء کے تحت رہن کیگئی تھی۔ انہوں نے نیز یہ قرار دیا کہ بیعنامہ بابتہ سنہ ۱۸۸۹ء قابل ادخال شہادت تھا کیونکہ حسب دفعہ ۱۷ قانون رجسٹری اسکی رجسٹری ضروری نہ تھی۔ بالآخر انہوں نے یہ قرار دیا کہ سنہ ۱۸۸۹ء کا رہن ختم ہوا تھا اور وہ سنہ ۱۸۸۹ء کے رہن کے ذریعہ سے منسوخ کیا گیا تھا۔ یہ کہ سنہ ۱۸۸۴ء کے اس رہن کے تحت راہن سنہ ۱۸۸۹ء تک قابض رہا جسوقت مدعی علیہم نے بحیثیت مرتہنوں کے نہیں بلکہ بحیثیت مشتریوں کے قبضہ حاصل کیا تھا اس طور پر وہ اصل مالک کے خلاف مخالفانہ قبضہ رکھتا تھا اور یہ مخالفانہ قبضہ امتداد زمانہ کی وجہ سے ناقابل اعتراض ہوا تھا۔

مدعیوں نے اب مسٹر نیاز محمد کے ذریعہ سے عدالت ہذا میں مرافعہ ثانی پیش کیا ہے اور ہم نے مرافعہ علیہم کی جانب سے مسٹر مہر گوپال کی بحث سماعت کی ہے۔ مرافعان کی جانب سے یہ کہا گیا ہے کہ چونکہ مرافعہ علیہم مرتہنان تھے انکا قبضہ بطور مرتہنوں کے قبضہ کے خیال کرنا چاہئے اور اسلئے کوئی مخالفانہ حقیت ثابت کیجا سکتی تھی یا ثابت نہیں کیگئی تھی۔ اسکی تائید میں مقدمات جیواخان بنام لکھمی چند (۱) اندر شاہ بنام بھاسنگھ (۲) امیر بنام نادر علی (۳) بھاسنگھ بنام ... سنگھ (۴) ... سرج مل بنام دائیم (۵) کی جانب توجہ مبذول کرائی گئی تھی۔

اگرچہ ہمیں اُن عام اصول سے اتفاق ہے جو فیصلہ جات مذکور میں ظاہر کئے گئے ہیں ہم یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ اُن سے مسٹر نیاز محمد کی بحث کی کلیتاً تائید ہوتی ہے۔ مقدمہ جیوا خاں بنام لکھمی چند (۱) میں یہ صراحتاً بتلایا گیا تھا کہ یہ کہنا بہت زیادہ ہوگا کہ کسی ممکنہ صورت میں بھی کوئی مرتہن جائداد مرہونہ کی نسبت ایک مخالفانہ حقیت پیش نہ کرسکتا تھا ہم خیال کرتے ہیں کہ اس امر کا تصفیہ ہر مقدمہ کے واقعات کے لحاظ سے ہونا چاہئے کہ آیا حالات سے کوئی مخالفانہ حقیت ثابت ہوئی تھی یا نہیں۔ مقدمۂ موجودہ میں ہم بلا تامل یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہماری رائے میں بیعنامہ رجسٹری شدہ نہونیکی وجہ سے ناقابل ادخال شہادت ہے اور اسلئے مرافعہ علیہم دستاویز مذکور کے تحت اراضی کی نسبت کوئی حقیت مبنی نہیں کرسکتے۔

لیکن اس رائے کی تائید میں نظائر موجود ہیں کہ کسی دستاویز کو اگرچہ وہ رجسٹری شدہ نہونیکی وجہ سے حقیت ثابت کرنیکے لئے ناقابل ادخال شہادت ہو اُس قبضہ کی نوعیت ثابت کرنیکے لئے پیش کیا جاسکتا ہے جس میں دست اندازی کرنیکی کوشش کیجائے ملاحظہ ہوں مثلاً وراداپلے بنام جیوا تہمال (۶) کاشم کندا ساحی بیلے بنام جنیا (۷) موسی گادو بنام نایانم گوبالو ریڈی (۸) بھنڈر بیادر سنگھ بنام چندر پال سنگھ (۹) جھمپو بنام کترانی (۱۰) رام سنگھ بنام پاتی (۱۱)

(۱) انڈین کیسز جلد ۱۱ صفحہ ۲۹۴ — (۲) پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء نمبر ۶۵ (۳) انڈین کیسز جلد ۳ صفحہ ۳۳ نظائر ہند سنہ ۱۹۰۹ء (۴) انڈین کیسز جلد ۱۳ صفحہ ۸۵۲ (۵) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۴۳ صفحہ ۲۹۶ — (۶) انڈین کیسز جلد ۵۳ صفحہ ۹۰۱ (۷) انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۶۰۳ نظائر ہند ... (۸) انڈین کیسز جلد ۶۳ صفحہ ۱۵ نظائر ہند سنہ ... (۹) انڈین کیسز جلد ۶۲ صفحہ ۲۹۸ نظائر ہند سنہ ... (۱۰) انڈین کیسز جلد ۲۴ صفحہ ۲۱۲ (۱۱) انڈین کیسز جلد ۸۴ صفحہ ۷۴۴۔

نادر بخش بنام منگلو ہاشی (لاہور)

[illegible] تحقیق [illegible] اس [illegible] کی نوعیت [illegible]
[illegible] جو [illegible] کو
[illegible] ایسا [illegible] وفات [illegible]
[illegible] کا
[illegible] بحیثیت مرتہن [illegible]
یہ بیعنامہ [illegible]
[illegible] اور اسلئے [illegible] خان کی [illegible]
تھی اور چونکہ انکا قبضہ [illegible]
اراضی کے کامل مالک ہو گئے ہیں اور انکے قبضہ میں [illegible]
[illegible] مقدمہ جیوا خان بنام [illegible] قرار دیا گیا تھا
کہ کوئی مرتہن اس صورت میں [illegible] قبضہ [illegible]
ابتدا ہی سے اوسکا قبضہ ایک مداخلت بیجا کنندہ کا ہو۔
اسلئے ہم مرافعہ مع خرچہ کے خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

صفحہ ۹۱

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ ثانی دیوانی متفرقہ

نمبر مقدمہ ۸۷۶ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ [illegible] ۱۹۲۲ء

باجلاس [illegible] مسٹر جسٹس براڈوے

**خان محمد** - مدیون ڈگری **بنام** [illegible] وغیرہ - مدعی ڈگریداران
مرافع دحلو - بائع - مدعی علیہ [illegible]

شفعہ - ڈگری جسکی رو سے کچھ رقم اور خرچہ کی ادائی کی ہدایت کیگئی [illegible] خرچہ ادا کرنے سے قاصر رہنا اور اسکا اثر - مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۴۴ کا شفعہ کی ڈگریات [illegible]

کسی [illegible] کی نالش میں ڈگریدار کا فرض ہے کہ وہ کامل [illegible] کرے اور [illegible] امر کی نسبت اپنا اطمینان [illegible] کہ اس ڈگری

کی جو [illegible] صادر [illegible] کی سختی کے ساتھ تعمیل کیگئی ہے۔

[illegible] لال بنام محمد شفیع خان - انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ [illegible]
[illegible] کی گئی۔

دفعہ ۱۴۴ [illegible] ان ڈگریات سے متعلق نہیں ہے [illegible] کی نالشات میں صادر کی جائیں۔

[illegible] بنام [illegible] لال - انڈین کیسز جلد [illegible] صفحہ ۵۰۵ پر استدلال کیا گیا۔

[illegible] ڈگری کی رو سے جو ایک شفعہ کی نالش میں صادر کیگئی [illegible] اور نالش [illegible] کسی معینہ میعاد کے اندر [illegible] دیا گیا تھا شفیع میعاد مقررہ کے اندر رقم مندرجہ ڈگری [illegible] لیکن وہ خرچہ کی ادائی سے قاصر رہا۔

قرار دیا گیا (۱) کہ چونکہ ڈگری بالکل واضح تھی شفیع خرچہ کی ادائی کے متعلق توسیع میعاد کا مستحق نہ تھا۔

(۲) یہ کہ چونکہ وہ ڈگری کی تعمیل سے قاصر رہا تھا اسکا دعوے خارج ہونا چاہیے۔

[illegible] لال بنام محمد شفیع خان انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۶۰ [illegible] کیا گیا۔

مرافعہ ثانی متفرق بنا راضی حکم مصدرہ اڈیشنل ڈسٹرکٹ جج جہلم مورخہ ۶ فروری ۱۹۲۲ء منسوخ حکم مصدرہ سینیر سب جج گجرات [illegible] مارچ ۱۹۲۱ء۔

بجانب مرافع - مسٹر [illegible] چند۔

بجانب مرافع علیہم - مسٹر جلال الدین۔

**فیصلہ** - [illegible] شفعہ کی ڈگری میں جو ۳۱ مئی ۱۹۲۰ء کو صادر کیگئی تھی یہ حکم دیا گیا تھا کہ شفیع کو تاریخ ڈگری سے تین مہینے کے اندر عدالت میں مبلغ [illegible] اور خرچہ ادا کرنا چاہئے۔ شفیع نے قبل ازیں عدالت میں مبلغ [illegible] جمع کئے تھے اور میعاد مقررہ کے اندر اس نے بقیہ رقم

شفیع الشفیع سے ادائی لیکن خرچہ داخل نہ کیا تو کیا اس پر مشتری
نے یہ بیان کیا کہ دعوے خارج سمجھنا چاہئے۔ عدالت ابتدائی نے اس
عذر کو نامنظور کیا اور اسکے خلاف شفیع نے ڈسٹرکٹ جج کے پاس مرافعہ دائر
کیا جنہوں نے یہ تجویز کی کہ ڈگری کسی طرح مبہم نہ تھی اور اسکی رو سے
شفیع کو تین مہینے کی میعاد مقررہ کے اندر خرچہ اور زر شفعہ کی رقم
ادا کرنا تھا صاف طور پر علم دیا گیا تھا لیکن وہ اس نتیجہ پر پہونچے کہ
اس پرچہ سے جو شفیع کو دیا گیا تھا کسی قدر غلط فہمی پیدا ہوئی تھی
اور حسب دفعہ ۱۵۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی عمل کر کے خرچہ کی ادائی کی
مدت میں توسیع کی۔ اس حکم کی ناراضی سے مشتری نے مسٹر نانک چند کے
ذریعہ سے عدالت ہذا میں مرافعہ ثانی دائر کیا ہے۔ مرافعہ علیہم کی
جانب سے مسٹر جلال الدین حاضر ہیں۔

مقدمہ کنہیا لال بنام محمد شفیع خان (۱) میں استدلال کیا گیا ہے
اس سے عدالت کو توسیع میعاد کا اختیار دیا گیا ہے لیکن مقدمہ
مذکور صاف طور پر ممیز کیا جا سکتا ہے کیونکہ اس میں اس ڈگری میں
جو حسب آرڈر ۲۰ رول ۱۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی صادر کی گئی تھی لکھا گیا تھا
اس رقم کے جزو کے جو تاریخ مقررہ تک ادا شدنی تھی خرچہ شامل نہ تھا
اس پرچہ کے معائنہ سے جو مرافع کو دیا اور بیان کیا گیا ہے یہ
امر نہایت واضح نہیں ہوتا۔ عدالت ابتدائی میں کوئی پرچہ پیش
نہیں کیا گیا تھا اور وجوہ مرافعہ میں ایسے دستاویز کے وجود کا کوئی
ذکر نہیں تھا۔ جیسے کہ مسٹر نانک چند نے بتلایا تھا ایسا پرچہ دیکھے
سخت مشغل کے بغیر کسی وقت بھی حاصل ہو سکتا ہے۔ اگر درحقیقت
مرافع کو کسی ایسے پرچہ سے غلط فہمی ہوئی تھی تو بھی دستاویز توسیع
میعاد کے لئے اسکے دعوے کی بنیاد نہ ہوتی۔ جیسا کہ مقدمہ کنہیا لال
بنام محمد شفیع خاں (۱) میں بتلایا گیا تھا کسی شفعہ کی نالش میں
ڈگریدار کا یہ فریضہ ہے کہ وہ کامل احتیاط کرے اور اس امر کی نسبت

اپنا اطمینان کرے کہ اس ڈگری کی جو اسکے حق میں صادر کی گئی ہے تحتی سے
ساتھ تعمیل کی گئی ہے۔ جیسا کہ ڈسٹرکٹ جج نے بتلایا ہے ڈگری نہایت
واضح ہے اور یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ حسب دفعہ ۱۵۱ مجموعہ ضابطہ
دیوانی توسیع میعاد کے لئے کوئی وجہ بتلائی گئی ہے۔ دفعہ ۱۴۸ متعلق
معلوم نہیں ہوتی اور مقدمہ گنگا بنام رام بہال لال (۲)
کے بموجب وہ شفعہ کی نالشات کے لئے مقصود نہیں ہے۔

اسلئے میں مرافعہ ہذا منظور اور عدالت ماتحت مرافعہ کی ڈگری
منسوخ کر کے عدالت ابتدائی کا حکم معہ خرچہ کے بحال کرتا ہوں۔

مرافعہ منظور کیا گیا

# ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی متفرق

نمبر مقدمہ ۷۷۹ بابت سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ یکم فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس ا - مسٹر جسٹس عبدالرؤف

پیرا رام ... بنام کشو ناتھ۔ قائم مقام بودھ رام متوفی

مدعی ... مرافع وغیرہ - مدعی علیہم - مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابت سنہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۲ رول ۳ (۱)
- شفعہ کی نالش - چند بنائے دعوے کا استعمال جو مشتری کے
خلاف کیا گیا ہو - عدالت کا اختیار تمیزی -

شفعہ کی نالش دراصل مشتری کے خلاف ہوتی ہے اور بائع اسکا
ایک ضروری فریق نہیں ہوتا -

حسب الحکم رول ۳ (۱) آرڈر ۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کسی شفعہ
کی نالش میں ایک واحد نالش میں چند معاملات بیع کی
نسبت شفعہ کا دعوے کیا جا سکتا ہے جو مختلف بائعوں نے
ایک ہی مشتری کے حق میں تکمیل کئے ہوں -

جب کوئی عدالت ابتدائی ایسی نالش میں چند بنائے دعوے کے

خان محمد
بنام
امین
(لاہور)

صفحہ ۱۹۲

(۱) انڈین کیسز جلد ۱۸ صفحہ ۶۰۰

(۲) انڈین کیسز جلد ۲۱ صفحہ ۵۸۵

...برارام
بنام
...شوناتھ
لاہور

استعمال کے خلاف حسب آرڈر ۲ رول ۶ مجموعہ ضابطہ دیوانی کوئی کارروائی کرنا مناسب خیال نہ کرے تو عدالت مرافعہ کو اسکے اختیار تمیزی کے استعمال میں دست اندازی کرنی پڑتی ہے۔

مرافعہ ثانی متفرق بنام اراضی حکم مسٹر ... ڈسٹرکٹ جج ... مورخہ ۱۳ مارچ ۱۹۲۰ء منسوخ حکم ... درجہ اول جھنگ مورخہ ... فروری ۱۹۱۹ء۔

منجانب مرافعہ۔ مسٹر ایم سلیم۔ دیوکی دیال
منجانب مرافعہ علیہم۔ ڈاکٹر نند لال۔

**فیصلہ۔** یہ مرافعہ ایک حکم واپسی کی نارضی سے پیش کیا گیا ہے جو ایک شفعہ کی نالش پر حسب ذیل حالات میں صادر کیا گیا تھا۔

مشتری نے چار قطعات اراضی مختلف مالکوں سے ... بیع پر اور مختلف قیمتوں پر خرید کئے۔ مدعی شفیع نے جملہ معاملات ... کی نسبت ایک ہی نالش رجوع کی اور مشتری اور نیز چار معاملات بیع کے متعلق بائعوں کو فریق بنایا۔ عدالت ابتدائی میں ... دعوے ... فریقین کے ... بیجا کی بنا پر ایک اعتراض کیا گیا ... وہ ... دیکھا گیا تھا اور ... اول ... قطعات کی بابتہ مدعی کا دعوے ڈگری کیا گیا تھا۔ مشتری نے عدالت ماتحت مرافعہ میں ... کیا اور استعمال بیجا کے متعلق مکرر اعتراض کیا۔ عدالت ماتحت مرافعہ نے اس امر کا تصفیہ کئے بغیر کہ آیا فی الحقیقت بنا ہائے دعوے کے استعمال بیجا کی وجہ سے دعوے ناقص تھا حسب آرڈر ۲ رول ۶ مجموعہ ضابطہ دیوانی عمل کرنا مناسب خیال کیا ہے اور معاملات بیع کے متعلق چار علیحدہ مقدمات کے اجراء اور تحقیقات کا حکم دیا ہے اور حسب آرڈر ۴۱ رول ۲۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی ایک حکم واپسی صادر کیا ہے۔

اس حکم واپسی کی نارضی سے موجودہ مرافعہ پیش کیا گیا ہے آرڈر ۱ رول ۳ (۱) میں یہ صراحت ہے کہ برعایت شمول دیگر قواعد مدعی کو اختیار ہے کہ ایک ہی مقدمہ میں چند بنا ہائے دعوے کو بمقابلہ ایک ہی مدعی علیہ یا چند مدعی علیہم مشترک کے شامل کرے اور جن مدعیوں کو کسی مدعی علیہ واحد یا مدعی علیہم مشترک پر چند بنا ہائے دعوے حاصل ہیں ... مشترک ... انکو اختیار ہے کہ ایسی بنا ہائے دعوے کو ایک ہی نالش میں شامل کریں۔ اسی آرڈر کے رول ۴ و ۵ میں یہ صراحت ہے کہ چند صورتوں میں ایسا نہیں کیا جا سکتا۔ شفعہ کا دعوے دراصل مشتری کے خلاف تھا اور چار مختلف بیعنامہ جات کے تحت مختلف بائعیان ضروری فریق نہ تھے۔ وہ محض بطور مدعی علیہم ترتیبی کے فریق بنائے گئے تھے اس لئے نالش مناسب طور پر رجوع کی گئی تھی۔ عدالت ابتدائی نے حسب رول ۶ عمل کرنا مناسب خیال نہیں کیا اور مقدمہ کی تحقیقات کر کے ایک ڈگری صادر کی۔ میری رائے میں عدالت مرافعہ کو اس معاملہ میں عدالت ابتدائی کے اختیار تمیزی میں دست اندازی کرنا مناسب نہ تھا۔ شہادت قلمبند کی گئی تھی نالش کی تحقیقات کی گئی تھی اور ایک ڈگری صادر کی گئی تھی۔ یہ امر اگر نامناسب نہیں تو نہایت تکلیف دہ ہے کہ کل کارروائیات جو عدالت تحت میں کی گئی تھیں منسوخ کی جائیں اور چار علیحدہ نالشات رجوع کی جائیں اور تحقیقات مکرر کی جائے۔ اس سے فریقین کا وقت اور روپیہ ضائع ہوگا۔ اس لئے میں مرافعہ ہذا منظور اور حکم واپسی معہ خرچہ کے منسوخ کرتا ہوں۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

# ہائیکورٹ لاہور

## مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ (۲۱۵۹) بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء منفصلہ ۲۱ دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس:- مسٹر جسٹس عبدالرؤف و مسٹر جسٹس موتی ساگر

لالو وغیرہ **بنام** فضل دین وغیرہ

مدعی علیہم۔ مرافعان | مدعیان۔ مرافعہ علیہم

**قانون دادرسی خاص ایکٹ (۱) بابتہ سنہ ۱۸۷۷ء دفعہ ۴۲ - استقرار جو حقِ وراثت کے متعلق کیا گیا ہو۔ نالش کا قابلِ پذیرائی ہونا۔**

کسی ایسے حق کی نسبت جو موجود نہ ہو بلکہ جسکی آئندہ امید یعنے آئندہ کسی حق کے حصول کے موقع یا امکان کی بابتہ کوئی نالش رجوع نہیں ہوسکتی۔ عدالتیں یہ استقرار عطا نہ کرینگی کہ مدعی کسی خاص واقعہ کے وقوع پر کسی جائداد کی وراثت کا مستحق ہے۔


استری ماتھو متھو وجیا راگوناوا کولنڈا پوری ناچیار بنام دورا سنگا تیوار۔ ویکلی رپورٹر جلد ۲۳ صفحہ ۳۱۴۔ گربن سنگھ بنام داری لال سنگھہ۔ انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۸ صفحہ ۱۱۲؛ پرتھی پال کنور بنام گومن کنور۔ انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۷ صفحہ ۹۳۳ پر استدلال کیا گیا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج راولپنڈی مورخہ ۴ جولائی سنہ ۱۹۱۹ء مشعر ترمیم ڈگری مصدرہ جونیر سب ڈویژنل جج راولپنڈی مورخہ ۲۱ اکتوبر سنہ ۱۹۱۸ء

منجانب مرافعان - مسٹر ایچ۔ ایس۔ بھگت۔

منجانب مرافعہ علیہم - سردار کھڑک سنگھ بجائے مسٹر ڈی۔ آر۔ ساہنی۔

**فیصلہ**۔ حسب ذیل شجرہ سے یہ ظاہر ہوگا کہ فریقین کا ایک دوسرے سے کیا تعلق ہے:-




۲۰ جنوری سنہ ۱۸۸۳ء کو کرم پسر ذوالفقار نے جائداد متدعویہ مسماۃ بیوی اپنی بیٹی اور کرم بخش اپنی بیٹی کے بیٹے کو ہبہ کی۔ لالو مسماۃ بیوی کا دوسرا بیٹا بظاہر اس وقت پیدا نہیں ہوا تھا۔ سنہ ۱۸۸۴ء میں مدعیوں نے جو جہد کے بیٹے ہیں واہب اور موہوب لہٗ کے خلاف اس استقرار کے لئے نالش رجوع کی کہ ہبہ مذکور ناجائز تھا اور یہ کہ وہ واہب کی وفات کے بعد مدعیوں کے حقوق موروثی پر موثر نہ ہوگا۔ یہ دعویٰ خارج کیا گیا تھا۔ مسماۃ بیوی کی وفات پر جائداد متدعویہ کا عمل داخل خارج اسمار اسکے بیٹے کرم بخش کے نام پر کیا گیا تھا اور جب وہ فوت ہوا تو اسکی بیوہ مسماۃ کرم نور بحیثیت حیاتی حیثیت کی بنا پر جائداد کی وارث ہوئی۔ مسماۃ کرم نور کا ازدواج ثانی لالو اسکے متوفی شوہر کے بھائی کے ساتھ ہوا تھا اور اسکے بعد جائداد کا عمل داخل و خارج اسماء مکرر اس کی دونا بالغ بیٹیوں مسماۃ مصری و مسماۃ جان کے نام پر کرنا پڑا تھا۔ یہ عمل داخل و خارج اسمار سنہ ۱۹۰۸ء میں کیا گیا تھا اور تاریخ مذکور سے بیٹیاں اراضی زیر بحث پر بلا مزاحمت اور مسلسل قابض رہی ہیں۔ اپریل سنہ ۱۹۱۸ء میں

مدعیوں نے موجودہ نالش ان استقرار کیلئے رجوع کی تھی کہ وہ مدعی علیہا نمبر ا و ۲ یعنے مسماۃ مصری و مسماۃ جان کے وارث عودی مابعد تھے اور یہ کہ موخر الذکر کی وفات یا از دواج پر وہ اُس جائداد کی وراثت کے مستحق ہونگے جواب اُنکے قبضہ میں ہے دعوے کی مخالفت اِس بناء پر کیگئی تھی کہ مدعیوں کو کوئی بناء دعویٰ حاصل نہ تھی ۔ یہ کہ اُنکو لالو اُنکے چچا کی موجودگی میں جو بہ نسبت مدعیوں کے اپنا قریب ترین وارث تھا نالش رجوع کرنیکا قانوناً کوئی حق حاصل نہ تھا ۔ یہ کہ اُس ہبہ سے جو ۱۸۸۲ء میں کرم نے کیا تھا کُل خاندان کا فائدہ مقصود تھا اور یہ کہ موہوب الیہم کے سلسلہ کی کُل اولاد از قسم ذکور واناث زندہ رہنے تک جائداد مدعیوں کو عود نہ کرسکتی تھی ۔ اِن الیہم کے پر لالو بھی بطور مقدمہ کے مدعی علیہ کے شریک کیا گیا تھا عدالت ابتدائی نے دعوی اس بناء پر خارج کیا تھا کہ مدعیان رشتہ دار ابعد تھے اور اُن کو لالو کی موجودگی میں جو بہ نسبت اِسکے ایک قریب ترین وارث عودی تھا نالش کا کوئی حق حاصل نہ تھا ۔ بر طبق مرافعہ ذی علم ڈسٹرکٹ جج نے ایک حکم کے ذریعہ سے جو بالکل سمجھ میں نہیں آسکتا عدالت ابتدائی کی ڈگری ترمیم کی اور یہ قرار دیا کہ مسماۃ مصری اور مسماۃ جان کا سلسلہ ختم ہونے پر لالو نصف ۸۹۱
جائیداد متدعوبہ کی وراثت کا مستحق ہوگا ۔ اِس فیصلہ اور ڈگری کی ناراضی سے دونوں فریق نے مرافعہ پیش کیا ۔

ہماری رائے میں ذی علم ڈسٹرکٹ جج کا حکم صاف طور پر غلط ہے اور اس مختصر وجہ سے خارج ہونا چاہیے کہ نالش ہذا کیلئے کوئی بناء دعوی موجود نہیں ہے ۔ مدعیان جو کچھ حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ ایک صریح استقرار ہے کہ وہ دو مدعی علیہا کی وفات یا اُنکے از دواج پر جائداد کی وراثت کے مستحق ہوسکیں ۔ بہ الفاظ دیگر وہ کسی موجودہ حق کی بابتہ نہیں بلکہ وراثت کی امید کی بابت یعنے آئندہ کے لئے کسی حق کے حصول کے موقع یا امکان کی بابتہ ایک استقرار چاہتے ہیں متعدد مرتبہ یہ قرار دیا گیا ہے کہ عدالتیں ایسا استقرار عطا نہ کرینگی ۔ ملاحظہ ہوں ۔ استری ماتھو منہو وجیا راگھو ناوا کو لنڈا پوری ناچیار بنام دوراسنگا تیوار (۱) گرین سنگھ بنام دواری لال سنگھ (۲) اور یہ تھی بال کنور بنام گومن کنور (۳) اُس وقت جب کہ وراثت شروع ہو مدعیان بلا شبہ جائداد کے قبضہ کی نالش کرسکتے ہیں جبکہ اُن کو قبضہ دینے سے انکار کیا جائے ۔

ہم مرافعہ منظور اور مدعیوں کا دعوی خارج کرتے ہیں لیکن بلحاظ اِس امر کے کہ مدعیان اِس مرافعہ کے ذمہ دار نہیں ہیں اور یہ کہ چونکہ اُس مہمل حکم کی وجہ سے جو عدالت تحت نے صادر کیا تھا مرافعہ کی ضرورت داعی ہوئی تھی ہم فریقین پر عدالت ہذا کا خود اُنکا خرچہ عائد کرتے ہیں ۔

مرافعہ منظور کیا گیا

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ اولی دیوانی

(۱) دیکلی رپورٹر جلد ۲۳ صفحہ ۳۱۴ ۔ (۲) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۵ صفحہ ۱۲۰ (۳) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۷ صفحہ ۹۲۳ ۔

نمبر مقدمہ ۳۴۲۵ بابت ۱۹۱۹ء منفصلہ ۱۲ر فروری ۱۹۲۳ء

باجلاس :- مسٹر جسٹس لی راسگنل و مسٹر جسٹس ابڈیو

بینی پرشاد بنام مسماۃ گر دیوی

مدعی - مرافع مدعی علیہا - مرافعہ علیہا

دہرم شاستر - خاندان مشترکہ - جزوی تقسیم اور اس کا اثر

کسی مشترکہ ہندو خاندان کے خیال میں اُس کے اراکین کی جانب سے کل خاندانی جائداد کی مشترکہ ملکیت شامل ہے اور جوں ہی کہ اُس کے اراکین کے مابین تقسیم عمل میں آئے اگرچہ وہ مشترکہ جائداد کے صرف ایک جزو کی تقسیم ہو وہ ایک مشترکہ ہندو خاندان کے اراکین باقی نہیں رہتے۔

گوری شنکر بہوورام بنام آتمارام راجارام انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۱۸ صفحہ ۱۱۹ سے اختلاف کیا گیا۔

مرافعہ اولی بنا راضی ڈگری مُصدرہ ڈسٹرکٹ سب جج امبالا مورخہ ۲۹ر اگست ۱۹۱۹ء

منجانب مرافعاں - مسٹر منوہر لال -

منجانب مرافعہ علیہ - لالہ جگنا تہہ -

**فیصلہ** - مدعی آتمارام جگادہری کے ایک بنئے کا جو ۹ر جون ۱۹۱۶ء میں فوت ہوا تھا بھائی ہے اور مدعی علیہا مسماۃ گر دیوی اُس کی بیوہ ہے اور نالش اس استقرار کے لئے ہے کہ مدعی علیہا آتمارام کی وارث نہیں ہے - اور اُس صداقت نامہ وراثت کی مستحق نہیں ہے جو اُس نے حاصل کیا ہے کیونکہ مدعی کی بحث یہ تہی کہ وہ اور آتمارام ایک مشترکہ ہندو خاندان کے اراکین تہے اور مدعی علیہا اپنے شوہر کی حین حیات بدچلن ہونیکی وجہ سے بہی وراثت کی مستحق نہیں ہے - عدالت ماتحت نے یہ تجویز کرکے دعوی خارج کیا ہے کہ مدعی اور آتمارام ایک تقسیم کے ذریعہ سے جو انکے مابین ہوئی تہی علیحدہ حیثیت رکہتے تہے یہ کہ مدعی علیہا کی بدچلنی کے متعلق شہادت غیر معتبر ہے اور یہ کہ اگر کوئی بدچلنی ہوئی تہی تو شوہر نے اُس کو معاف کیا تہا - مدعی نے مرافعہ دائر کیا ہے۔

بینی پرشاد بنام مسماۃ گر دیوی (لاہور)

اس امر سے انکار نہیں کیا گیا کہ مدعی اور آتمارام نے ۲۲ر جولائی ۱۹۱۶ء کو ایک دستاویز (ملاحظہ ہو مثل کا صفحہ ۹) تکمیل کی تہی جس کے ذریعہ سے انہوں نے جائداد غیر منقولہ یعنے مکانات اور دکانات کا ایک جزو تقسیم کیا تہا - لیکن مرافع کے کونسل نے یہ بحث کی ہے کہ باوجود اس تقسیم کے وہ بقیہ جائداد کے متعلق ایک مشترکہ ہندو خاندان کے اراکین باقی رہے تہے اور غیر منقسمہ تہے - انہوں نے مقدمہ گوری شنکر بہوورام بنام آتمارام راجارام (۱) پر استدلال کیا ہے جس سے اُنکی بحث کی تائید ہوتی ہے - لیکن نہایت عظمت کے ساتھ ہم اُس رائے سے اتفاق نہیں کرسکتے جو ہائیکورٹ بمبئی کے فاضل ججوں نے قائم کی تہی - کسی مشترکہ ہندو خاندان کے خیال میں اُسکے اراکین کی جانب سے کل خاندانی جائداد کی مشترکہ ملکیت شامل ہے اور اسلئے جوں ہی کہ سنہ ۱۹۱۶ء میں مدعی اور آتمارام کے مابین تقسیم عمل میں آئی اگرچہ وہ صرف مشترکہ جائداد کے ایک جزو کی تقسیم تہی وہ ایک مشترکہ

صفحہ ۱۵

(۱) انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۱۸ صفحہ ۹۸

بی جیتا… بنام ماتا گر دیوی… (لاہور)

ہندو خاندان کے اراکین باقی نہ رہے تھے۔ مدعی علیہا کے بیان کی تائید خود مدعی کی درخواست اور حلفی بیان مورخہ … جولائی ۱۹۱۰ء سے ہوتی ہے جو ایک نالش میں پیش کئے گئے تھے جو اس نے اور اس کے بھائی نے ایک شخص گنپت رائے کے خلاف کسی باغ کے نصف حصہ کے قبضہ کیلئے رجوع کی تھی آتما رام اس نالش کے دوران میں فوت ہوا تھا۔ مدعی نے اپنی درخواست اور حلفنامہ میں یہ بیان کیا تھا کہ صرف مسماۃ گر دیوی آتما رام کی وارث تھی۔ ایک اور امر جو قابل لحاظ ہے وہ یہ ہے کہ خاندان کے بہی کھاتوں میں آتما رام کا اکاؤنٹ مدعی کے کھاتے سے علیحدہ ہے جیسا کہ موخر الذکر نے تسلیم کیا ہے۔ ہمیں عدالت تحت کے ساتھ اس امر میں اتفاق کرنے میں کوئی تامل نہیں ہے کہ مدعی اور آتما رام مورخہ الذکر کی وفات کے وقت ایک مشترکہ ہندو خاندان کے اراکین نہ تھے۔

ہم اس تجویز سے بھی متفق ہیں کہ مدعی علیہا کی بد چلنی ثابت نہیں کیگئی ہے۔ بلاشبہ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس پر بد چلنی کا الزام عائد کیا گیا تھا کیونکہ یہ بیان کیا گیا تھا کہ ایک بچہ جو اس سے پیدا ہوا تھا ولد الحرام تھا لیکن شہادت جو اس کے خلاف پیش کیگئی ہے بالکل غیر معتبر ہے اور بیانات جو اسکی بد چلنی کی نسبت گواہوں نے کئے تھے محض سنے سنائے تھے

اسلئے ہم مرافعہ معہ خرچہ کے خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۲۲۶ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء منفصلہ ۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس: مسٹر جسٹس ہائینیو و مسٹر جسٹس ظفر علی

سلطان وغیرہ **بنام** واریام

مدعی علیہم۔ مرافعان | مدعی۔ مرافعہ علیہ

شرع اسلام۔ ازدواج۔ خیار بلوغ ـ ازدواج کی عدم واقفیت اور اس کا اثر۔

شرع اسلام کی رو سے کسی عورت کو جو اس وقت جبکہ وہ بالغ ہو اپنے ازدواج سے ناواقف ہو اسکے انفساخ کا اختیار اس وقت تک حاصل ہوتا ہے جبتک کہ وہ ازدواج سے واقف نہ ہو جائے اور اس اختیار میں اس وقت تک توسیع ہوتی ہے جبتک کہ وہ اس امر سے واقف نہ ہو جائے کہ اس کو ازدواج کے انفساخ کا حق حاصل ہے

بسم اللہ بیگم بنام نور محمد۔ انڈین کیسز جلد ۲۰ صفحہ ۶۰۲ پر استدلال کیا گیا۔

مرافعہ ثانی بناراضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج جھنگ مقام سرگودھا مورخہ ۲۰ فروری سنہ ۱۹۲۰ء شعر بحالی ڈگری مصدرہ سینیر سبارڈینیٹ جج جھنگ مورخہ ۱۲ جنوری سنہ ۱۹۲۰ء

منجانب مرافعان۔ لالہ رام چند منچندا

**فیصلہ**۔ مدعی کو اعادہ حقوق زنا شوئی کی بابت ایک ڈگری عطا کیگئی تھی کیونکہ سبارڈینیٹ جج نے یہ تجویز کی تھی کہ مدعی علیہا صاحبین کا جو ۱۲ اگست سنہ ۱۹۰۲ء کو پیدا ہوئی تھی مدعی کے ساتھ اس وقت ازدواج ہوا تھا جبکہ اسکی عمر چار یا پانچ سال کی تھی اور اسکے بھائی نے بحیثیت اسکے ولی کے عمل کیا تھا اور یہ کہ اگرچہ ازدواج تکمیل نہ ہوا تھا اسکے انفساخ کے متعلق اس کا حق ساقط ہوا تھا کیونکہ اس نے بالغ ہونے کے بعد ہی حق مذکور استعمال نہ کیا تھا بلکہ اس نے ازدواج پہلی مرتبہ اس وقت منسوخ کیا تھا جبکہ اس نے ۴ جولائی سنہ ۱۹۱۹ء

عدالت میں اپنا جواب دعویٰ پیش کیا تھا جس وقت اسکی عمر تقریباً ۱۴ سال کی تھی۔ ڈسٹرکٹ جج نے عدالت ابتدائی کی ڈگری بحال کی ہے اور مدعی علیہم نے مرافعہ ثانی پیش کیا ہے۔

ذی علم ڈسٹرکٹ جج کے فیصلہ میں قانونی احکام کی تعمیل نہیں کیگئی ہے کیونکہ انہوں نے تنقیحات کی نسبت اپنی وجوہ بیان کئے بغیر محض اپنی تجویز صادر کی ہے لیکن مقدمہ انکی جانب سے مناسب فیصلہ صادر کئے جانیکے لئے واپس کرنا ضروری نہیں ہے کیونکہ ہم خیال کرتے ہیں کہ واقعات موجودہ پر بھی دعویٰ خارج ہونا چاہئے۔

کسی امر سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ صاحبن کو جو اس وقت جبکہ اُسکا ازدواج ہوا تھا صرف ۴ یا ۵ سال کی تھی نالش رجوع کئے جانے کے قبل ازدواج کا کوئی علم تھا اور یہ بات معقول معلوم ہوتی ہے کہ وہ اُس وقت تک جبکہ وہ اس امر سے ناواقف تھی کہ ازدواج عمل میں آیا تھا ازدواج کے انفساخ کے متعلق اپنا اختیار استعمال نہ کرسکتی تھی یہ امر کہ کسی لڑکی کو جو اُس وقت جبکہ وہ سن بلوغ کو پہونچے اپنے ازدواج سے ناواقف ہو اُس کے انفساخ کا اُس وقت تک اختیار حاصل رہتا ہے جبتک کہ وہ اُس سے واقف نہ ہو جائے ولسنز اینگلو محمڈن لا طبع پنجم کے صفحہ ۹۵ و شرع اسلام مولفہ امیر علی جلد ۲ طبع چہارم کے صفحہ ۲۴۶ میں تسلیم کیا گیا ہے اور مقدمہ نسیم النساء بیگم بنام نور محمد (۱) میں یہ بھی قرار دیا گیا ہے کہ اختیار مذکور اُس وقت تک موجود رہتا ہے جبتک کہ لڑکی اِس امر سے واقف نہ ہو جائے کہ اُس کو ازدواج فسخ کرنیکا حق حاصل ہے۔

۲۲ مئی ۱۹۱۹ء تک صاحبن پر نالش کے طلبنامہ کی تعمیل نہیں ہوئی تھی وہ اسکے بعد کی پیشی پر جو ۲ جون کو منعقد کیگئی تھی عدالت میں حاضر نہ تھی اور مقدمہ ۷ جون تک ملتوی کیا گیا تھا تاکہ وہ حاضر ہو سکے اور اپنی عمر کے متعلق کوئی بیان کرسکے۔ وہ ۷ تاریخ کو حاضر ہوئی لیکن اُس سے سوالات نہیں کیئے گئے تھے اور عدالت نے مدعی پر سوالات کرنیکی غرض سے ۴ جولائی تک مقدمہ ملتوی کیا۔ تاریخ مذکور پر جواب دعویٰ پیش کیا گیا تھا جس میں صاحبن نے ازدواج سے انکار کیا تھا۔

پس اُس وقت جبکہ اُس کو یہ علم ہوا تھا کہ مدعی اُسکو بطور اپنی زوجہ کے بیان کر رہا تھا اُس کی جانب سے ازدواج کے انفساخ میں کوئی نامناسب تاخیر نہ ہوئی تھی ہم یہ قرار دیتے ہیں کہ اُس کا حق انفساخ ساقط نہ ہوا تھا اور یہ کہ اِس لئے دعویٰ ناکام رہنا چاہئے۔

ہم مرافعہ یکطرفہ منظور عدالت ماتحت کی ڈگری منسوخ اور دعویٰ معہ کل خرچہ کے خارج کرتے ہیں۔ مرافعہ منظور کیا گیا

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۰۶۴ بابتہ ۱۹۲۰ء منفصلہ ۵ مارچ ۱۹۲۳ء

باجلاس:- سر شادی لال نائٹ چیف جسٹس و مسٹر جسٹس ظفر علی

مسماۃ نواب بی بی نابالغہ زیر ولایت لابھو وغیرہ — مدعی علیہ - مرافعہ علیہا **بنام** اللہ دیتا۔ مدعی و بہاگو وغیرہ — مدعی علیہا - مرافعان

شرع اسلام - اعادہ حقوق زنا شوئی - ازدواج جو بطور تبادلہ کے کیا گیا ہو - بلوغ - قیاس -

مدعی علیہا ایک مسلمان لڑکی کے باپ نے اُسکا ازدواج مدعی کے ساتھ اُس وقت کیا تھا جبکہ وہ ہنوز نابالغ تھی تاکہ وہ بطور تبادلہ کے مدعی کی بہن کے ساتھ ازدواج کرے ازدواج

سلطان بنام داریام لاہور

(۱) انڈین کیسز جلد ۶۳ ... ۲۰۲ء نظائر ہند صفحہ ۹۴۶

بی بی بنام اللہ دیا (لاہور)

کئی سال بعد اور مدعی علیہا کے بالغ ہونیکے تقریباً دو سال بعد مدعی اعادہ حقوق زناشوئی کیلئے نالش رجوع کی۔

قرار دیا گیا کہ اِن حالات میں مدعی علیہا مدعی کے حق اعادہ حقوق زناشوئی سے انکار کرنے میں حق بجانب تھی جو اُسکے نافذ کیا جا سکتا تھا۔

بلوغ کی عمر عموماً مرد کیلئے ۱۴ سال اور عورت کیلئے ۱۲ سال مقرر کیگئی ہے لیکن شرع اسلام کی رو سے یہ قیاس کرنا چاہئے کہ لڑکی اپنی عمر کا پندرہواں سال ختم ہونے پر بالغ ہوتی ہے

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مُصدرہ ڈسٹرکٹ جج گورداسپور مورخہ ۱۲ نومبر ۱۹۲۰ء مشعر تنسیخ ڈگری مُصدرہ منصف درجہ اول شکر گڑھ ضلع گورداسپور مورخہ ۱۴ اکتوبر ۱۹۱۹ء۔

منجانب مرافعان۔ لالہ مہر چند مہاجن

منجانب مرافعہ علیہا۔ لالہ مول چند آر۔ ایس

**فیصلہ**۔ یہ مرافعہ ثانی ایک نالش سے پیدا ہوا ہے جو اعادہ حقوق زناشوئی کیلئے رجوع کیگئی تھی فریقین ایک ادنی قوم کے مسلمان ہیں جو بطور بہرائی کے مشہور ہے عدالت ابتدائی نے دعوی بدیں تجویز خارج کیا کہ بینہ ازدواج ثابت نہیں کیا گیا تھا۔ برطبق مرافعہ ذی علم ڈسٹرکٹ جج برعکس نتیجہ پر پہونچے اور انہوں نے دعوی ڈگری کیا۔ عدالت ہذا میں بینہ زوجہ (مرافعہ) کی جانب سے یہ بحث کیگئی ہے کہ اگر اس کا ازدواج ہوا تھا تو بھی مدعی مقدمہ کے حالات کے لحاظ سے اعادہ حقوق زناشوئی کی ڈگری کا مستحق نہ تھا۔ ہماری رائے یہ ہے کہ یہ بحث غالب ہی چاہئے اگرچہ ازدواج کے سوال پر

صفحہ ۸۹۷

ذی علم ڈسٹرکٹ جج کی تجویز ایک واقعاتی تجویز ہے جس کی بنا پر اُس پر مرافعہ ثانی میں دست اندازی نہیں کیجا سکتی خود مدعی کے بیان کے بموجب ازدواج بمقدار عرصہ قبل یعنے ۲۱ مارچ ۱۹۰۵ء کو ہوا تھا جبکہ وہ تین سال سے کم عمر کی ایک بچہ تھی اور وہ اُس سے صرف تقریباً ایک سال بڑا تھا۔ اُسکی ماں فوت ہو چکی تھی اور اُس کے باپ نے مدعی کی بہن کے ساتھ اپنا ازدواج کرنیکی غرض سے بطور تبادلہ کے اِس نا بالغ بیٹی کا ازدواج مدعی کے ساتھ کیا تھا اِس لئے یہ ظاہر ہے کہ اُس نے اُسکی آئندہ بہبودی کا کوئی لحاظ کئے بغیر خود اپنی غرض حاصل کرنیکے لئے اُس کو نقصان پہنچایا تھا۔ مدعی نے اُس کی نسبت کوئی مطالبہ نہیں کیا تھا اور اُس کے بالغ ہونے کے بعد بھی اُس کو اپنے ساتھ رہنے کیلئے لانیکی پرواہ نہیں کی۔ بلوغ کی عمر عموماً مرد کیلئے (۱۴) سال اور عورت کیلئے (۱۲) سال مقرر کیگئی ہے لیکن شرع اسلام کے بموجب یہ قیاس کرنا چاہئے کہ لڑکی اپنی عمر کا پندرہواں سال ختم کرنے پر بالغ ہوتی ہے جو مرافعہ نے جون ۱۹۱۷ء میں کیا تھا۔ مدعی نے اِس کل زمانہ میں اُسسے غفلت کی تھی اور ۱۴ مارچ ۱۹۱۹ء تک نالش رجوع نہیں کی تھی۔ وہ اس وقت زائد از (۲۰) سال کی ہے اور اِسلئے وہ اُسکے خلاف اعادہ حقوق زناشوئی کی نسبت مدعی کے دعوے سے انکار کرنے میں بالکل حق بجانب ہے۔ اِس لئے ہم مرافعہ منظور اور مدعی کا دعویٰ خارج کرتے ہیں۔ فریقین اپنا کل خرچہ برداشت کرینگے۔

مرافعہ منظور کیا گیا

## ہائیکورٹ لاہور

درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۰۱۴ بابت ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۲ جنوری ۱۹۲۳ء

اجلاس:۔ مسٹر جسٹس عبدالرؤف۔

مسماۃ بیگم مدعیہ سائلہ بنام جعفر حسن۔ مدعا علیہ مسئول علیہ

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۳۳ رول ۷-۱۵- درخواست اجازت نالش بصیغہ مفلسی کا عدم پیروی میں خارج ہونا۔ جدید درخواست آیا ممنوع السماعت ہے۔

کسی درخواست اجازت نالش بصیغہ مفلسی کا سائلہ کی عدم پیروی میں خارج ہونا کسی ایسی درخواست مابعد کا مانع ہے جو اسی حق کی بابتہ بطور ایک مفلس کے نالش رجوع کرنیکی اجازت کیلئے کیگئی ہو۔

رنچھوڑ مورار بنام برنجی ایدلجی۔ انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۲۰ صفحہ ۸۶ نارائینی کور بنام کہین لال۔ انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲ صفحہ ۵۲۶ پر استدلال کیا گیا۔

درخواست تحت دفعہ ۴۴ ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۱۹ء بغرض نگرانی حکم مصدرہ سینیر سبارڈینیٹ جج لدھیانہ مورخہ ۲۲ فروری ۱۹۲۳ء

منجانب سائلہ - شیخ عمر بخش

منجانب مسئول علیہ - ڈاکٹر سر محمد اقبال نائٹ۔

**فیصلہ** - یہ ایک درخواست ہے جس میں عدالت ہذا سے ایک حکم کی نگرانی کی استدعا کیگئی ہے جسکی رُو سے بطور ایک مفلس کے نالش کرنیکی نسبت سائلہ کو اجازت دینے سے انکار کیا گیا تھا سائلہ نے ابتداً ۲۲ نومبر ۱۹۲۲ء کو بطور ایک مفلس کے نالش رجوع کرنیکی اجازت کیلئے درخواست کی تھی۔ ۳۰ نومبر ۱۹۲۲ء کو سائلہ اور مسئول علیہ میں کچھ مصالحت ہوئی تھی جسکی بناء پر سائلہ نے اپنی درخواست کی پیروی نہیں کی تھی اور عدالت نے یکم دسمبر کو ایک حکم صادر کیا جسکی رُو سے درخواست اس بناء پر نامنظور کیگئی تھی کہ اس میں پیروی نہیں کیگئی تھی۔ ۲۵ اگست ۱۹۲۳ء کو سائلہ نے نامنظوری کے حکم کی تجویز ثانی کے لئے درخواست کی لیکن تجویز ثانی منظور نہیں کیگئی تھی۔ موجودہ درخواست ۲ر اکتوبر ۱۹۲۳ء کو اسی حقِ ارجاع نالش کی بابتہ پیش کیگئی تھی) اور اس بناء پر نامنظور کیگئی تھی کہ مصالحت کی بناء پر سائلہ ارجاع نالش کی مستحق نہیں۔ سوال جس کا مجھے تصفیہ کرنا ہے وہ یہ ہے کہ آیا حسب احکام آرڈر ۳۳ رول ۱۵ مجموعہ ضابطہ دیوانی یہ درخواست ممنوع السماعت ہے یا نہیں۔ اس رول میں یہ صراحت ہے کہ "اگر سائل کی درخواست متضمن باجازت ارجاع نالش مفلسی پر حکم نامنظوری کا صادر ہو تو اس کی درخواست مابعد جو اسی قسم کی ہو نسبت اسی حقِ نالش کے بعد ازاں مسموع نہ ہوگی"۔

سائلہ کی جانب سے یہ بحث کیگئی تھی کہ آرڈر ۳۳ رول ۷ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے جسکے بموجب نامنظوری کا حکم صادر کیا جانا بیان کیا گیا ہے مفلسی کے سوال کی تحقیقات ضروری ہے اور صرف ایسی تحقیقات کرنیکے بعد عدالت رول مذکور کے تحت ایک حکم صادر کر سکتی ہے جسکی رو سے سائل کو مفلسی میں ارجاع نالش کی اجازت دیجائے یا اس سے انکار کیا جائے یہ بحث کیگئی ہے کہ چونکہ پہلی درخواست سائل کی مفلسی کی نسبت کوئی تحقیقات کئے بغیر نامنظور کیگئی تھی یہ نہیں کہا جا سکتا کہ حکم نامنظوری رول ۷ کے تحت صادر کیا گیا تھا اور یہ کہ اسلئے حکم نامنظوری جو پہلی درخواست پر صادر کیا گیا تھا موجودہ درخواست کا مانع نہیں ہو سکتا۔ اسی قسم کا سوال تقریباً مماثل حالات میں مقدمہ رنچھوڑ مورار بنام برنجی ایدلجی (۱) میں ہائیکورٹ بمبئی کے روبرو پیش کیا گیا تھا اور یہ قرار دیا گیا تھا کہ وہ حکم جسکی رُو سے مدعیہ کی پہلی درخواست نامنظور کیگئی تھی ایک حکم تحت دفعہ ۴۰۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی تھا یہ کہ دونوں درخواستیں اسی حقِ ارجاع نالش کی بابتہ کیگئی تھیں اور یہ کہ وہ حکم جسکی

مسماۃ بیگم بنام جعفر حسن (لاہور)

صفحہ ۸۹۸

مسماۃ بیگم بنام جعفر حسین (لاہور)

رو سے پہلی درخواست نامنظور کیگئی تہی حسب دفعہ ۱۴۳ مجموعہ مذکور دوسری درخواست قبول کئے جانیکا مانع تہا ۔ موجودہ مجموعہ کے آرڈر ۳۳ رول ۷ میں وہی حکم موجود ہے جو دفعہ ۴۰۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں موجود تہا اور آرڈر مذکور کا رول (۵) تقریبا وہی ہے جو قدیم مجموعہ کی دفعہ ۴۱۳ تہی جبکہ مقدمہ میں عدالت نے حکم نامنظوری اسلئے صادر کیا تہا کہ سائل نے اپنی درخواست کی پیروی سے انکار کیا تہا ۔ مقدمہ موجودہ میں سائل نے مصالحت کی وجہ سے اپنی درخواست کی پیروی سے انکار کیا تہا ۔ سائلہ کی جانب سے ایک یہ بحث کیگئی تہی کہ مقدمہ ہذا میں کوئی حکم نامنظوری صادر نہیں کیا گیا تہا بلکہ ایک ایسا حکم صادر کیا گیا تہا جسکی رو سے درخواست نامنظور کیگئی تہی اور اسپر رول ۷ یا رول ۵ متعلق نہ تہا ۔ اسی قسم کی بحث بمبئی کے مقدمہ میں کیگئی تہی اور فاضل ججوں نے یہ قرار دیا تہا کہ صرف دفعہ ۴۰۹ مجموعہ کی ایسی دفعہ تہی جسکے تحت وہ حکم جسکی رو سے درخواست نامنظور کیگئی تہی صادر کیا جا سکتا تہا اور یہ اسلئے اسے ایک حکم نامنظوری خیال کرنا چاہئے ۔ یہ بیان کیا گیا ہے کہ ایک ڈویژنل بینچ کے فاضل ججوں نے مقدمہ نارائنی کور بنام موہن لال (۲) کے صفحہ ۵۲۸ پر حسب ذیل رائے ظاہر کی تہی ۔

”دفعہ ۴۱۳ سے یہ ظاہر ہے کہ جب کوئی حکم .... تحت دفعہ ۴۰۹ صادر کیا جاتا ہے تو وہ مفلسی میں نالش رجوع کرنیکی نسبت کسی مزید درخواست کا مانع ہے ۔“

دو فیصلہ جات مذکور الصدر کی تقلید کرکے مجھے یہ قرار دینا چاہیے کہ موجودہ درخواست ممنوع السماعت ہے ۔ درخواست معہ خرچہ کے خارج کی جاتی ہے ۔ درخواست خارج کیگئی

(۲) انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۲۷ صفحہ ۵۲۶

# ہائیکورٹ لاہور

## مرافعہ اولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۵۶۵ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء منفصلہ ۵ فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس: مسٹر جسٹس براڈوے و مسٹر جسٹس ظفر علی

مسماۃ دیانتی ... مدعیہ مرافعہ

بنام

ہیرانند وغیرہ ... مدعی علیہم ۔ مرافعہ علیہم

رواج ۔ وراثت ۔ علاتی بیٹے کی وراثت کے متعلق علاتی ماں کا حق ۔ ضلع مانٹگمری کے ”ارورے“ ۔ دہرم شاستر ۔ وراثت ۔ ناقابلیت ۔ فاترالعقل شخص جو معاملات کا انتظام نہ کرسکتا ہو ۔ پلیڈنگ کی تعبیر ۔

اُن مقدمات میں جن میں رواج پیش کیا جائے عدالت پر رواج مذکورہ کا وجود اور اوسکی نوعیت دریافت کرنیکی کوشش کرنیکا ایک فرض عائد ہوتا ہے ۔

فاطمہ بی بی بنام گُل ۔ پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۸۹۳ء نمبر ۱۲۷ ، کرتار سنگھ بنام لہنا سنگھ ۔ پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۸۹۸ء نمبر (۹۴) نورندی بنام کرشن کور ۔ پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۸۸۸ء نمبر ۱۴۹ اور دیارام بنام سہیل سنگھ ۔ پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۰۹ء نمبر ۱۱۰ کی تقلید کی گئی ۔

پریاگ داس جی وارو بنام دنکما نائیڈو ۔ انڈین کیسز جلد ۴۴ صفحہ ۱۴۹ ۔ راجہ روپ سنگھ بنام رانی باینی ۔ انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۷ صفحہ ۱ ۔ از ہمینیلا وتیل کنوپلے بنام کامیناری گوپالن نائر ۔ انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۲۲۷ ۔ عبدالرحمن بنام اسمٰعیل ابراہیم ۔ انڈین کیسز جلد ۲۷ صفحہ ۲۲۲ ، گنپت بنام دولت رام ۔ پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۰۴ء نمبر ۹۸ ۔ خیرالنساء بنام بہادر علی ۔ پنجاب ریکارڈ بابتہ سنہ ۱۹۱۰ء نمبر ۱ کا حوالہ دیا گیا

دیوان
بنیاد
ہیرانند
دلاہو

یہ امر کسی خاص فرقہ نے کئی امور میں زراعتی رواج اختیار کیا ہے فی نفسہ اس قیاس کی بنیاد نہیں ہوسکتا کہ اس فرقہ میں ایک رواج موجود ہے جسکے بموجب ایک علاتی ماں اپنے علاتی بیٹے کی وارث ہوتی ہے۔

پنجاب میں کوئی عام رواج موجود نہیں ہے جسکی رو سے کسی علاتی بیٹے کی نسبت علاتی ماں کی وراثت تسلیم کیگئی ہو۔ برخلاف اس کے عام رواج کے بموجب اپنے علاتی بیٹے کی وراثت کے متعلق ایک علاتی ماں کے حق کی تردید کیگئی ہے اور اس شخص کیلئے جو ایسا حق پیش کرے ایسی مثالیں پیش کرکے جن میں علاتی ماں وارث ہوئی ہو۔ اس امر کی نسبت عدالت کا اطمینان کرنا چاہیئے کہ ایسا رواج موجود ہے۔

ضلع منٹگمری کے "اروڑوں" میں علاتی ماں رواجاً اپنے علاتی بیٹے کی وراثت کی مستحق نہیں ہے۔

تجویز ضمنی۔ کوئی شخص لفظ فاتر العقل کے منشاء کے بموجب فاتر العقل ہوئے بغیر اپنے معاملات کے انتظام کے ناقابل ہوسکتا ہے تاکہ وہ دہرم شاستر کی رو سے اپنی وراثت سے محروم کیا جائے۔

کسی شخص کی جائداد پر کورٹ آف وارڈز کی نگرانی قائم ہونے سے ایسا فتور عقل مراد نہیں۔ تاکہ اسکی بنا پر دہرم شاستر کی رو سے وراثت کی ناقابلیت عائد کیجائے۔

سورتی بنام نارائن داس۔ انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۱۲ صفحہ ۵۲۰ پر استدلال کیا گیا۔


مرافعہ اولی بنا راضی ڈگری مصدرہ سینیر سب جج منٹگمری مورخہ ۲ مارچ سنہ ۱۹۱۹ء

منجانب مرافعہ۔ بخشی ٹیک چند و لالہ مہر چند مہاجن۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ پنڈت شیو نارائن۔ آر۔ بی

**فیصلہ۔** ہمارے حکم مورخہ ۲۲ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء کے ذریعہ سے ایک ابتدائی امر کا تصفیہ کیا گیا تہا اور ایک قلیل التوا عطا کیا گیا تہا کیونکہ ہمیں یہ اطلاع ملی تہی کہ کسی مصالحت کے کئے جانیکا امکان تہا گفت و شنید ناکام رہی اور بعد ازاں پر مرافعہ کی سماعت کیگئی ہے۔

ایک شخص بنا ہو رام کے تین بیٹے بہادر چند کاشی رائے اور دلیپت رائے تہے مقدمہ ہذا کے فریق ان تین بیٹوں کی اولاد میں اور حسب ذیل شجروں سے مقدمہ میں مدد ملیگی۔



دیان بنام ... لاہور

مدعیہ مسماۃ دیان بہنا برانے کی ایک بیوہ ہے جسکی وفات پر اسکی کل جائداد منقولہ وغیر منقولہ اسکے بیٹے فتح چند کو وراثتاً حاصل ہوئی تھی۔ یہ کہا گیا تہا کہ فتح چند مجنون تہا۔ بہر صورت وہ اپنے معاملات کے انتظام کے قابل نہ تہا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کورٹ آف وارڈز نے اسکی جائداد کی نگرانی حاصل کی۔ فتح چند ۴ ستمبر ۱۹۱۴ء کو لاولد فوت ہوا ۱۴ اگست ۱۹۱۵ء کو دعویٰ الش ... پیدا ہوا۔ مسماۃ دیان کی جانب سے اس استقرار کیلئے رجوع کیا گیا تہا کہ وہ اپنی حین حیات فتح چند کے رشتہ داران مدعا علیہ کے خلاف اُس جائداد کے قبضہ کی مستحق ہے جو اسکے متوفی علاتی بیٹے فتح چند نے چھوڑی تھی۔ فریقین "اروڑے" ہیں اور ضلع منٹگمری کے کئی مواضعات میں کثیر المقدار جائداد کے مالک ہیں۔ اور مسماۃ دیان نے یہ بیان کیا تھا کہ وہ "زمینداری" رواج کے تابع تھے جسکے بموجب وہ اپنے علاتی بیٹے کی وراثت کی مستحق تھی۔

عدالت ابتدائی نے یہ تجویز کی کہ جائداد موروثی نہ تھی اور یہ کہ مدعیہ کوئی عام زراعتی رواج ثابت کرنے سے قاصر رہی ہے جسکی رُو سے اُس کو اپنے علاتی بیٹے کی وراثت کا حق حاصل ہوگا۔ اسلئے اُس نے دعویٰ خارج کیا اور ساتھ ہی ساتھ یہ قرار دیا کہ مدعیہ اُس صورت میں وارث ہو سکتی تھی جبکہ وہ کوئی خاص رواج بیان کرتی جسکی رُو سے "اروڑوں" میں کسی متوفی بیٹے کی وراثت کے متعلق ماں اور علاتی ماں کی ایک ہی حیثیت ہوتی ہو۔ یہ ریمارکس بظاہر اس وجہ سے کیا گیا تھا کہ عدالت ابتدائی اس نتیجہ پر پہونچی تھی کہ کاشتکاروں میں عام طور پر علاتی ماں کو اُس کے علاتی بیٹے کی وراثت کی اجازت نہ دیجاتی تھی۔

مسٹر ٹیک چند نے مسماۃ دیان کی جانب سے یہ بحث کی ہے کہ عدالت ابتدائی نے عرضی دعویٰ کی نہایت محدود تعبیر کی ہے اور یہ کہ اُس تجویز پر جو اُس نے صادر کی تہی اُس کو دعویٰ ڈگری کرنا چاہئے تہا۔ انہوں نے مزید یہ بحث کی تہی کہ شہادت مشمولہ مثل سے یہ پوری طور پر ثابت تہا کہ مقدمہ ہذا کے فریقین زراعتی رواج کے تابع تھے جسکی رو سے کوئی علاتی ماں اپنے علاتی بیٹے کی وارث ہو سکتی ہے۔ انہوں نے یہ کہا تھا کہ عرضی دعویٰ میں الفاظ "زمیندارہ رواج" استعمال کرنے سے مدعیہ کا منشاء وہ عام رواج تہا جسکی تقلید ضلع منٹگمری کے کاشتکار کرتے تھے اور یہ کہ اس رواج کے بموجب ایک علاتی ماں کا حق تسلیم کیا گیا تہا اور یہ کہ اسلئے کسی خاص رواج کے وجود کا صراحتاً ذکر کرنا ضروری نہ تہا جیسا کہ ذی علم سینیر سب آرڈینیٹ جج نے ظاہر کیا تہا۔ یہ بھی کہا گیا تہا کہ چونکہ فتح چند اپنے باپ کی وفات کے وقت فاتر العقل تہا اگر فریقین دہرم شاستر کے تابع ہوتے تو فتح چند مذکور وارث نہو سکتا تہا۔ ہمارے روبرو بیان کیا گیا تھا کہ اس امر سے جو کہ وہ وارث ہوا تھا یہ ظاہر ہے ہوتا ہے کہ فریقین (اروڑے) رواج کے تابع تہے۔ اس بحث کی تائید میں ذی علم سینیر سب آرڈینیٹ جج نے پلیڈنگ کی نسبت ایک نہایت محدود رائے قائم کی تہی ہماری توجہ مقدمات پریاگ داس جی وارو بنام دینکما نائیڈو (۱) راجہ روپ سنگھہ بنام رانی بابسی (۲) از ... دپل کنوپلے بنام کانیناری گوپالن نائر (۳) عبدالرحمان بنام اسمعیل ابراہیم (۴) گنپت بنام دولت رام (۵) وغیرہ ... بنام بہادر علی (۶) کی جانب مبذول کرائی گئی تہی۔ ہم اس بحث کو قبول کرنے پر راغب ہیں کہ ذی علم سینیر سب آرڈینیٹ جج نے پلیڈنگ کی نسبت نہایت محدود رائے قائم کی تہی اور ہمیں عام طور پر مقدمات فاطمہ بی بی بنام گل (۷) کرتار سنگھہ بنام

(۱) انڈین کیسز جلد ۴۴ صفحہ ۹۴۱ (۲) ۶۴ - انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۷ صفحہ ۱۱ -
(۳) انڈین کیسز جلد ۲۶ صفحہ ۳۴۷ (۴) انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۳۷۳ -
(۵) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۰ء نمبر ۹۸ - (۶) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۰ء
نمبر ۲۷ - (۷) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۰۳ء نمبر ۱۲ -

صفحہ ۹۰۰

دیال بنام ہیرانند (لاہور)

پانہر سنگھ (۸) ، نورندی بنام کسن کور (۹) ، دیا رام بنام پہیل سنگھ (۱۰) سے اتفاق ہے کہ اُن صورتوں میں جن میں کوئی رواج بیان کیا جائے عدالت پر بھی رواج مذکور کا وجود اور اُسکی نوعیت دریافت کرنیکی کوشش کرنیکا ایک فرض عائد ہوتا ہے۔

اسکے بعد مسٹر ٹیک چند نے ہمارے روبرو لسانی دستاویزی شہادت شمولہ مثل پڑھ کر سنائی۔ اِس شہادت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اُن اُمور میں جو وراثت سے متعلق ہوں "اروڑے" زراعتی رواج کے پابند ہیں۔ اِسکی بناء پر یہ بحث کیگئی تھی کہ یہ قیاس کرنا چاہیئے کہ "اروڑے" مذکور ایک ایسے رواج کے بھی تابع ہیں جسکی بناء پر علاقی ماں علاقی بیٹے کی وراثت کی مستحق تھی۔ اِس بارے میں ہماری توجہ مقدمات ہربنس لال بنام اترا (۱۱) تاج محمد بنام سید محمد (۱۲) ، نور محمد بنام خدا بخش (۱۳) ، ورام لال بنام گوبند (۱۴) کی جانب مبذول کرائی گئی ہے لیکن ہم اِس مسئلہ سے اتفاق نہیں کرسکتے۔ یہ امر کہ اُس فرقہ نے جس سے فریقین تعلق رکھتے ہیں کئی معاملات میں زراعتی رواج اختیار کیا ہے بلاشبہ ایک ایسا امر ہے جس پر اس امر کا فیصلہ کرتے وقت غور کرنا چاہیئے کہ آیا فرقہ مذکور نے اُس خاص رواج کو اختیار کیا ہے یا نہیں جو مدعیہ نے پیش کیا تھا۔ اس امر سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ "اروڑے" کئی معاملات میں رواج کے پابند ہیں۔ ملاحظہ ہوں۔ نہتو لال بنام بہاری (۱۵) ، پچھو بائی بنام آسانند (۱۶) ، مکندا بنام بالی سنگھ (۱۷) ، نہیمہ بنام گنیشا رام (۱۸) ، اننت رام بنام بکھن لال (۱۹) ، وبدھو رام بنام محمد دین (۲۰) ۔ لیکن ان مقدمات میں سے کسی میں بھی یہ خاص رواج جس کے بارے میں تعلق ہے زیر غور طلب نہ تھا۔

جس حد تک کہ اس صوبہ کا تعلق ہے ہم کوئی عام رواج معلوم کرسکے جسکی رو سے کسی علاقی بیٹے کی نسبت علاقی ماں کی وراثت تسلیم کیگئی ہو۔ درحقیقت نوٹس متعلق رواج پنجاب مولفہ ٹیپر کے صفحہ ۸۸ پر یہ کہا گیا ہے کہ علاقی ماں کو عموماً بجز نان و نفقہ کے کوئی حق حاصل نہیں ہوتا اور یہی مسئلہ ڈائجسٹ قانون رواجی مولفہ رٹیگن کے صفحات ۳۰ و ۳۱ پر بھی قرار دیا گیا ہے۔ اس مسئلہ کی تائید مقدمات کرپی بنام راجس (۲۱) ، کہنیا سنگھ بنام بدھی (۲۲) ، وبشن داس بنام منسا دیوی (۲۳) سے بھی ہوتی ہے۔ اسلئے ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر کچھ کہا گیا ہے تو وہ یہ ہے کہ عام رواج کے بموجب اپنے علاقی بیٹے کی وراثت کے متعلق علاقی ماں کے حق کی تردید کیگئی ہے اور جہاں یہ موجود ہو وہاں مدعیہ کو چاہیے کہ ایسی مثالیں پیش کرے جن میں علاقی ماں وارث ہوئی ہوں اور اس امر کی نسبت صفائی سے ہمارا اطمینان کرے کہ ایسا رواج موجود ہے۔

صفحہ ۱۰

یہ امر کہ فتح چند اپنے باپ کا وارث ہوا تھا فی نفسہ اس امر کا ثبوت نہیں خیال کیا جاسکتا کہ خاندان رواج کے تابع تھا۔ یہ صحیح ہے کہ عرضی دعوی میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ فتح چند اپنے باپ کی وفات کے وقت فاتر العقل تھا لیکن اس واقعہ سے بعد ازاں انکار کیا گیا تھا اور اس بیان کی تائید کیلئے درحقیقت کوئی شہادت موجود نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ کوئی شخص اپنے معاملات کی نگرانی کے ناقابل ہو اور حسب منشائے لفظ مذکور دھرم شاستر کی رو سے وراثت سے محروم کئے جانے کیلئے لازمی طور پر ایک فاتر العقل نہ ہو۔ مقدمہ سورتی بنام نارائن داس (۲۴) میں

(۸) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۹۰ء نمبر ۹۴ ، (۹) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۹۵ء نمبر ۴۹ ، (۱۰) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۶ء نمبر ۱۱۰ ۔ (۱۱) انڈین کیسز جلد ۵۲ صفحہ ۵۰۸ ، (۱۲) انڈین کیسز جلد ۳۲ صفحہ ۱۱۴ ۔ (۱۳) انڈین کیسز جلد ۴۳ صفحہ ۱۰۵ ، (۱۴) انڈین کیسز جلد ۲۵ صفحہ ۱۰۷ ۔ (۱۵) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۸۹ء نمبر ۹۴ ، (۱۶) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۹۲ء نمبر ۴۳ ۔ (۱۷) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۸۰ء نمبر ۸۵ ، (۱۸) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۹۹ء نمبر ۱۴ ۔ (۱۹) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۹۱۳ء نمبر ۹۲ ۔ (۲۰) انڈین کیسز جلد ۳۰ صفحہ ۲۱۷

(۲۱) پنجاب ریکارڈ بابتہ ۱۸۸۵ء نمبر ۱۵۳ ۔ (۲۲) انڈین کیسز جلد ۳۰ صفحہ ۸۷۶ ، (۲۳) انڈین کیسز جلد ۲۳ صفحہ ۳۲۶ ۔ (۲۴) انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۱۲ صفحہ [illegible]

یہ قرار دیا گیا تھا کہ کسی شخص کی جائداد پر کورٹ آف وارڈز کی نگرانی قائم ہونے سے ایسا فتورِ عقل مراد نہیں ہوتا کہ وہ وراثت کرنا قابل ہو۔ واجب الارض کے "رواج عام" کے معاینہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اپنے علاقی بیٹے کی وراثت کی نسبت علاقی ماں کے حق پر کبھی غور نہیں کیا گیا تھا اگرچہ مختلف دیگر امور پیش کئے گئے تھے یعنے ایسے امور جو تبنیت خانہ داما دی اور بیوہ کے ازدواج مکرر سے متعلق تھے۔ اسلئے عام قواعد کی بناء پر ہم یہ قرار دینے سے قاصر ہیں کہ رواج پیش کردہ اخذ کیا جا سکتا ہے۔ لیکن یہ بحث کیگئی تھی کہ رواج مذکور ان مثالوں سے ثابت کیا گیا تھا جو مثل میں موجود تھیں اور فاضل سینیر سب آرڈینیٹ جج نے تنقیح نمبر ۴ کا فیصلہ کرتے وقت بلاشبہ یہ رائے قائم کی تھی۔ لیکن ان مثالوں کی جانچ کے بعد ہمارے لئے اس نتیجہ پر پہنچنا ممکن معلوم نہیں ہوتا جس پر عدالت تحت پہونچی تھی۔

پہلی مثال دستاویز مدعیہ نمبر ۱۴ ۔ ایک شخص بدھو ایک نابالغ کی وراثت سے متعلق ہے جسکی وارث اسکے باپ کی دو بیوگان ہوئی تھیں۔ یہ مقدمہ برہمنوں سے متعلق تھا اور کسی امر سے دیگر ممکنہ ورثاء کا وجود ظاہر نہیں ہوتا۔ نقل داخل وخارج اسماء سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ دو بیوگان ایک ہی مکان میں رہتی نہیں اور وہ دونوں صاف صاف طور پر کم از کم نان ونفقہ کی مستحق تھیں۔

دستاویز مدعیہ نمبر ۲۴ ۔ اسی جائداد کے متعلق ہے جس سے دستاویز مدعیہ نمبر ۲۵ بھی متعلق ہے جو نقل داخل وخارج اسماء ہے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بدھو کی اس کی وفات کے بعد اسکی علاقی ماں نے جائداد حاصل کی تھی۔ ہم اس مثال کو کسی طرح اہم نہیں خیال کر سکتے۔

دستاویز مدعیہ نمبر ۲۰ ۔ ایک شخص دھنیا کاری کی وراثت سے متعلق ہے جس میں آخری آسامی دھنیا کاری وہرم چند ایک "اریرا" تھا وہ لاولد اور کسی بیوہ کو چھوڑے بغیر فوت ہوا تھا اوسکی ماں اور علاقی ماں بطور ورثاء کے تصور کیگئی تھیں اور نقل داخل وخارج اسماء کی تصدیق وہرم چند کے چچا نے کی تھی۔ رقبہ بڑا نہ تھا۔ ہم اس مثال کو رواج پیش کردہ ثابت کرنیکے لئے کسیطرح نہایت اہم نہیں خیال کر سکتے۔

دستاویز مدعیہ نمبر ۲۹ میں تارا سنگھ اور اسکی علاقی ماں تارا سنگھ کے باپ تن سنگھ ایک "اریرا" کی جائداد کے مشترکاً وارث ہوئے تھے۔ یہ ایک علاقی بیٹے کی نسبت ایک علاقی ماں کی وراثت کا مقدمہ نہیں ہے اور اس سے رواج پیش کردہ ثابت نہیں ہو سکتا۔

دستاویز مدعیہ نمبر ۲۶ وہی حیثیت رکھتی ہے جو دستاویز مدعیہ نمبر ۲۹ کی ہے اور اس سے کوئی مدد نہیں ملتی۔

دستاویز مدعیہ نمبر ۲ کنہریوں سے متعلق ہے اور ایک علاقی بیٹے کی وراثت کی بابتہ نہ تھی۔

اس شہادت پر احتیاط کے ساتھ غور کرنیکے بعد ہم یہ قرار دینے سے قاصر ہیں کہ رواج جو مدعیہ نے مقدمہ ہذا میں پیش کیا تھا ثابت کیا گیا ہے۔ یہ واقعہ کہ وہ فرقہ جس سے فریقین کا تعلق ہے کئی امور میں رواج کے تابع ہے فی نفسہ اس نتیجہ کیلئے ایک بنیاد نہیں ہو سکتا کہ فرقہ مذکور میں ایک رواج موجود ہے جسکے بموجب علاقی ماں اپنے علاقی بیٹے کی وارث ہوتی ہے۔

لایق کونسل نے اس امر کے متعلق بحث کی تھی کہ آیا مدعی علیہم مرافعہ علیہم مدعیہ کے ساتھ شامل کی ایک مجتمعہ قوم بنتے تھے ہمارے لئے اس امر پر بحث کرنا ضروری نہیں ہے اور ہم صرف یہ ظاہر کرینگے کہ ان مواضعات کے حالات سے جن میں یہ خاندان جائداد رکھتا ہے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مواضعات مذکور

زیبا کل اِس خاندان کی ملک ہیں۔

یہ ظاہر ہے کہ دہرم شاستر کی رو سے مساۃ دیان اپنے … کی بیٹے فتح چند کی وارث نہ ہوگی۔ "رواج عام" سے اُس کو … مدد نہیں ملتی کیونکہ وہ اِس امر کی نسبت ساکت ہے اور … ہماری رائے میں شہادت شمولہ مثل سے رواج پیش کردہ ثابت … نہیں ہوتا۔ اسلئے ہم مرافعہ ہذا معہ خرچہ خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائیکورٹ الہ آباد

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۶۰۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منقصلہ ۲۸ مارچ سنہ ۱۹۲۴ء

باجلاس: مسٹر جسٹس لنڈسے و مسٹر جسٹس ڈینیلز۔

فتح درین وغیرہ **بنام** کشن لال۔

مدعی علیہم۔ مرافعان مدعی۔ مرافعہ علیہ

قانون انتقال جائداد ایکٹ ۴ بابتہ سنہ ۱۸۸۲ء دفعہ ۶۸۔ کفالت رہن۔ کمی جو مالیت میں ہوئی ہو۔

حسب منشاء دفعہ ۶۸ قانون انتقال جائداد کسی کفالت رہن کی مالیت میں کمی ہونا اُس صورت میں خیال کیا جائیگا جبکہ اُسکے لگان کی مالیت میں کمی واقع ہوئی ہو اگرچہ خود جائداد میں کوئی تبدیلی واقع نہوئی ہو۔

جب کہ کسی شخص نے جس نے اپنے قطعات "سیر" رہن بالقبض کئے تھے زر رہن پر بطور سود کے مبلغ عہ/ ادا کرنیکا اقرار کیا تھا اور ساتھ ہی ساتھ اُس رقم پر مرتہن سے قطعات لگان پر لینے کے متعلق ایک قبولیت تکمیل کی تھی لیکن عدالت مال کی جانب سے بحیثیت آسامی ساقط الملکیت لگان مقرر کئے جانے کے وقت اُس رقم پر اعتراض کیا تھا اور عدالت لگان نے لگان مبلغ موعہ مقرر کیا تھا۔

قرار دیا گیا کہ حسب منشاء دفعہ ۶۰ قانون انتقال جائداد کفالت کی مالیت میں کمی واقع ہوئی تھی اور مرتہن زر رہن کی بابتہ نالش رجوع کرسکتا تھا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مُصدرہ ڈسٹرکٹ جج آگرہ مورخہ ۲۳ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر این پی۔ استہانا

منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر پنا لال۔

**فیصلہ۔** مرافعہ ہذا ایک نالش سے پیدا ہوا ہے جس میں ایک مرتہن انتفاعی نے اپنے زر رہن کی بابتہ اِس بناء پر نالش رجوع کی تھی کہ اُسکو اُس کل جائداد کا قبضہ حاصل نہ ہوا تھا جو اُسکے حق میں رہن کیگئی تھی۔ دو امور تنقیح طلب تھے اور اُنکی نسبت عدالت تحت نے تجویز صادر کی ہے۔ ادائی بوقت رہن یہ قرار پایا تھا کہ راہنان مبلغ عہ/ سالانہ بطور زر رہن کے سود کے ادا کریں۔ ساتھ ہی ساتھ اُنہوں نے ایک قبولیت تکمیل کی تھی جو دراصل اُسی معاملہ کا جزو تھی بموجب وہ مبلغ عہ/ کے لگان پر مرتہن سے قطعات لگان پر لینے پر رضامند ہوئے تھے۔ عدالت مال کی جانب سے لگان مقرر کئے جانے کے وقت اُنہوں نے یہ اعتراض کیا کہ مبلغ عہ/ اُس لگان سے متجاوز تھے جسکی ادائی کے وہ بحیثیت آسامیان ساقط الملکیت ذمہ دار تھے کیونکہ قطعہ مرہونہ قطعہ "سیر" تھا اور لگان مبلغ موعہ مقرر کیا گیا تھا۔ ذیعلم ڈسٹرکٹ جج نے اِس امر کی نسبت مدعی علیہم مرافعان کے حق میں یہ … قرار دیا ہے کہ حسب منشاء دفعہ ۶۸ اِس معاملہ کے ذریعہ سے کفالت کی مالیت میں کمی واقع نہوئی تھی۔ ہم اِس امر کی نسبت ذیعلم ڈسٹرکٹ جج سے اتفاق کرنے سے قاصر ہیں۔ کسی جائداد کی مالیت زیادہ تر اُس

فتح درین بنام کشن لال (الہ آباد)

فتح دین بنام کشو لال وغیرہ (والا باجی)

آمدنی پر منحصر ہوتی ہے جو اُس سے حاصل ہو سکتی ہو اور جائداد جس سے سالانہ مبلغ ۵۰ عہ کی آمدنی حاصل ہو بظاہر اس جائداد سے بہت کم مالیت کی ہے جس سے مبلغ ۲۰ عہ سالانہ کی آمدنی حاصل ہو۔

دُوسرا امر جو مدعی کی جانب سے پیش کیا گیا تھا یہ تھا کہ رہن نامہ میں چند ایسے قطعات درج کئے گئے تھے جو راہنوں کی ملک نہ تھے اور اُنکی جنکا قبضہ مدعی حاصل کرنے سے قاصر رہا تھا۔ عدالت ماتحت مرافعہ نے اس کو بطور ایک واقعہ کے تجویز کیا ہے اور حسب دفعہ ۶۸ (ج) قانون انتقال جائداد مدعی کے حق میں زر رہن کی بابتہ ایک ڈگری صادر کی ہے۔ عدالت ہذا میں یہ بحث کیگئی ہے کہ دفعہ ۶۸ (ج) اس بنا پر متعلق نہیں ہو سکتی کہ یہ ثابت نہیں کیا گیا ہے کہ راہنوں نے یہ جانکر کہ انکو ان قطعات کی نسبت کوئی حقیت حاصل نہ تھی بالارادہ اِن قطعات کو دستاویز میں درج کیا تھا۔ لیکن یہ امر غیر اہم ہے۔ حسب دفعہ ۶۵ قانون انتقال جائداد یہ خیال کیا جاتا ہے کہ راہن نے یہ معاہدہ کیا تھا کہ اُس کو جائداد مرہونہ میں وہی حق حاصل ہے جو وہ حاصل ہونا ظاہر کرتا ہو اور نیز حسب دفعہ ۶۸ (ج) قانون مذکور جب کبھی راہن مرتہن انتفاعی کو جائداد کا قبضہ حوالہ کرنے سے قاصر رہے تو موخر الذکر اپنے زر رہن کی بابتہ نالش رجوع کرنیکا مستحق ہے اسلئے اِن دونوں تنقیحات کی نسبت ہم مدعی کے حق میں تجویز کرتے ہیں اسلئے ہم عدالت تحت کی ڈگری بحال اور مرافعہ ھذا خرچہ کے بشمول رسوم عدالت ہذا بشرح اعلیٰ خارج کرتے ہیں۔ مرافعہ خارج کیا گیا

نمبر ۹۰

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ حسب فرمان شاہی

نمبر مقدمہ ۶۰ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۴ نومبر ۱۹۲۲ء

باجلاس :- مسٹر شادی لال نائیٹ چیف جسٹس
و مسٹر جسٹس فورڈ ۔

گنوا ویک کس دیگر **بنام** جونی پرشاد وغیرہ

مدعیان - مرافعان   مدعی علیہم - مرافعہ علیہم

قانون میعاد سماعت ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۰۸ء ضمیمہ اول مد ۱۰ - شفعہ کی نالش - جائداد جو آسامیوں کے قبضہ میں ہو - حقیقی قبضہ - میعاد کا شمار

اِس امر کا تصفیہ کہ آیا کوئی شئے مبیعہ کا حقیقی قبضہ ہو سکتا ہے۔ یا نہیں تاریخ بیع کے لحاظ سے ہونا چاہئے اور یہ امر غیر اہم ہے کہ آیا بعد میں جائداد کا حقیقی قبضہ ہو سکتا تہا۔

اُس جائداد کا جو کسی آسامی کے قبضہ میں ہو حسب منشاء مد ۱۰ ضمیمہ اول قانون میعاد سماعت حقیقی قبضہ نہیں ہو سکتا۔

مرافعہ حسب فرمان شاہی بنا راضی ڈگری مورخہ ۱۰ فروری ۱۹۲۲ء مُصدرہ مسٹر جسٹس لی راسکنل برافعہ دیوانی نمبر ۱۹۲ بابتہ ۱۹۲۱ء و مطبوعہ انڈین کیسز جلد ۶۹ صفحہ ۱۸ متضمن تنسیخ ڈگری مُصدرہ ڈسٹرکٹ جج انبالہ مورخہ ۱۲ جولائی ۱۹۲۰ء

منجانب مرافعان - لالہ مہر چند مہاجن

منجانب مرافعہ علیہم - مسٹر ولوی دیال -

**فیصلہ** - یہ مرافعہ ایک نالش سے پیدا ہوا ہے جو اراضی زراعتی کے ایک قطعہ کے حق شفعہ کیلئے رجوع کیگئی تہی اور اصل سوال تصفیہ طلب یہ ہے کہ آیا دعویٰ خارج المیعاد تہا واقعات غیر متنازعہ حسب ذیل ہیں :-

بیع ۱۱ فروری ۱۹۱۸ء کو عمل میں آئی تہی لیکن اُس وقت جائداد مبیعہ آسامیوں کے قبضہ میں تہی جو جون ۱۹۱۸ء تک بیدخل نہیں کئے گئے تہے معلوم ہوتا ہے کہ بعد میں ایک بیعنامہ تکمیل کیا گیا تہا اور ستمبر ۱۹۱۸ء میں اسکی رجسٹری کیگئی تہی

اِس میں کوئی شک نہیں کہ مد ۱۰ ضمیمہ اول قانون میعاد سماعت ہند بابتہ ۱۹۰۸ء اِس نالش سے متعلق ہے لیکن

معاملہ بالنزاع یہ ہے کہ آیا دعوی سی مد مذکور کے تیسرے خانہ کا جزو اول متعلق ہے یا جزو دوم۔ عدالت ہذا اور نیز ہائیکورٹ الہ آباد نے متعدد مرتبہ یہ قرار دیا ہے کہ اُس جائداد کا جو کسی آسامی کے قبضہ میں ہو حسب منشاء مد مذکور حقیقی قبضہ نہیں ہوسکتا۔ یہ اصول قوی طور پر قائم کیا گیا ہے اور اب اُس کی صحت پر اعتراض کرنا بعد از وقت ہے۔

اس امر کا تصفیہ کہ آیا شئے مبیعہ کا حقیقی قبضہ ہوسکتا ہے یا نہیں تاریخ بیع کے لحاظ سے کرنا چاہئے اور یہ امر غیر اہم ہے کہ آیا بعد میں جائداد کا حقیقی قبضہ ہوسکتا تھا۔ اس امر کا تصفیہ کرنے کیلئے کہ آیا مد کا جزو اول نالش سے متعلق ہے تاریخ بیع اہم تاریخ ہے اور یہ امر مسلمہ ہے کہ تاریخ مذکور پر جائداد زیر بحث آسامیوں کے قبضہ میں تھی اسلئے ہمیں یہ قرار دینا چاہئے کہ شئے مبیعہ کا حقیقی قبضہ نہ ہوسکتا تھا اور یہ کہ مد مذکور کے جزو دوم میں میعاد سماعت کے اُس قاعدہ کی صراحت ہے جو مقدمہ ہذا سے متعلق ہوسکتا ہے۔

بیعنامہ کی رجسٹری ستمبر ۱۹۱۸ء میں کیگئی تھی اور نالش جو تاریخ مذکور سے ایک سال کے اندر رجوع کیگئی تھی خارج المیعاد نہ تھی۔ اسلئے ہم مرافعہ منظور اور وہ فیصلہ جسکی ناراضی سے مرافعہ کیا گیا ہے منسوخ کرکے ڈسٹرکٹ جج کا حکم بحال کرتے ہیں جسکی رُو سے مقدمہ مکرر فیصلہ کے لئے واپس کیا گیا تھا۔ مشتریوں کو عدالت ہذا اور نیز فاضل جیمبر جج کی عدالت کا مدعی کا خرچہ ادا کرنا چاہئے۔

## ہائیکورٹ مدراس

### نالش دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۶۶۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء منفصلہ ۱۶ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس:۔ مسٹر جسٹس کمارا سوامی شاستری

عبدالوہاب صاحب مدعی۔ مرافع بنام مساۃ رقیہ بی بی صاحبہ وغیرہ مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم

عبدالوہاب بنام مساۃ رقیہ بی بی (مدراس)

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۲ (۲) آرڈر ۲۶ رول ۱۱ و ۱۲۔ فرمان شاہی (مدراس) فقرہ (۱۵) نالش شراکت تنازع جو شراکت کی شرائط کے متعلق ہو۔ جج کی جانب سے کل نالش سرکاری پنچ کے سپرد کیا جانا اور اُس کا جواز۔ حکم آیا قابل مرافعہ ہے۔ آیا حکم پر اسی کارروائی میں اعتراض کیا جاسکتا ہے۔ فریقین کی رضامندی اور اُس کا اثر۔ عدالت اور کمشنر کے فرائض۔

ایک نالش میں جو کسی مبینہ شراکت کے انفساخ اور حساب کے لئے ہائیکورٹ کے صیغہ ابتدائی میں رجوع کیگئی تھی مدعی علیہم نے شراکت کی شرائط پر اعتراض کیا تھا۔ جب نالش تحقیقات کی غرض سے پیش ہوئی تو جج نے کل نالش سرکاری پنچ کے پاس اس امر کے تصفیہ کیلئے کہ مدعی کاروبار میں کیا حصہ رکھتا تھا اور اسکے بعد شراکت کا کل حساب لینے کیلئے سپرد کی۔ سرکاری پنچ نے حسابات کی جانچ کئے بغیر شراکت کی شرائط اُس کی مدت اور فریقین کے حصص کی بابتہ ایک رپورٹ پیش کی۔ رپورٹ مذکور پر کسی دوسرے جج کے روبرو مکرر غور کیا گیا تھا۔ رپورٹ کی نسبت اعتراضات پیش ہونے پر قرار دیا گیا: (۱) کہ جج کا حکم جسکی رُو سے کل نالش سرکاری پنچ کے سپرد کیگئی تھی: حسب منشاء دفعہ ۲ (۲) مجموعہ ضابطہ دیوانی ایک ڈگری تھی اور نہ حسب منشاء فقرہ (۱۵) فرمان شاہی ایک "فیصلہ" تھا اور اسلئے قابل مرافعہ تھا۔

صفحہ ۴۰

تلجارام راؤ بنام الاگپا چٹیار۔ انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۴۴۲ کی تقلید کی گئی۔

(۲) یہ کہ سرکاری پنچ کو شراکت کی شرائط اسکی مدت یا شرکاء کے حصص کے متعلق تصفیہ کرنیکا کوئی اختیار نہ تھا اور یہ کہ اُسکی جانب سے اِن امور کا تصفیہ خارج از اختیار تھا اور جج کے حکم سپردگی سے پنچ کو ایسے تصفیہ کا اختیار عطا نہیں ہوسکتا تھا۔

(۳) لیکن یہ کہ حکم سپردگی اور سرکاری پنچ کی رپورٹ

عبدالوہاب بنام رقیہ بی بی (مدراس)

محض کا عدم تصور نہیں ہو سکتی ہی تو اسی نالش میں اور ان ہی
کارروائیات میں فریقین حکم مذکور کے خلاف اُس وقت تک عمل نہ
کر سکتے تھے جبتک کہ وہ مرافعہ یا تجویز ثانی میں منسوخ یا ترمیم نہ کیا جائے۔
لیگارڈ بنام ابل۔ انڈین لا رپورٹ الٰہ آباد جلد ۹ صفحہ ۱۹۱ میناکشی
نائیڈو بنام سبرمینا۔ انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۱۱ صفحہ ۲۶۔ راج لکشمی
داسی بنام کٹھالی داسی۔ انڈین کیسز جلد ۱۲ صفحہ ۲۹۴۔ لسٹر وانجی
بستنجی بنام منیر معین الدین انگلش رپورٹ جلد ۹ صفحہ ۵۰ راجہ مرزا ران
بنام چودھران ہنگوت کو نیرانڈین لا رپورٹ الٰہ آباد جلد ۱۲ صفحہ ۳۰۔ سی جیز
جارج مزن بوک بنام سکریٹری جنرل بنگال۔ انڈین کیسز جلد
۴۰ صفحہ ۱۳۱ منگل پرشاد دکشت بنام گریجا کانت لاہری انڈین لا رپورٹ
کلکتہ جلد ۸ صفحہ ۵۱ سکھا ہتہ رائے بنام نہال چند۔ انڈین کیسز جلد ۵۹
صفحہ ۱۰۸۔ گوبند الا سیلو بنام گوبند کرشنا چارلو۔ انڈین لا رپورٹ
مدراس جلد ۲ صفحہ ۱۱۸۔ تلجا رام بنام گوپالا ایس۔ انڈین کیسز جلد (۴۰)
صفحہ ۱۱۹ ساشن کا نتا ہیار یا بنام راجہ سنتوش کمار چودھری۔ انڈین کیسز
جلد صفحہ ۶۔ کرشنا بہاری رائے بنام بنواری لال رائے۔ انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد
صفحہ ۱۴۱ منی رام بنام نانہو لال۔ انڈین لا رپورٹ الٰہ آباد جلد ۷ صفحہ ۱۰۲
اجیشور اسیتھوپتی اور گل راجہ رام بنام دیلو سامی تیوار۔ انڈین
کیسز جلد ۵۹ صفحہ ۸۸۰ بمقابلہ منوہر بھیورا بمبئی ہائیکورٹ رپورٹ جلد (۲)
صفحہ ۴۲۷ وسد اسیو پلے بنام رااننگاپلے۔ ویکلی رپورٹ جلد ۴۴ صفحہ
۱۹۴ پر استدلال کیا گیا

کسی جج کے فرائض میں جو ایک نالش کا تصفیہ کرا رہا ایک کمشنر کی
سرکاری پنچ کے فرائض میں جس نے جج کو ان حسابات کے لینے میں جو ایک قطعی ڈگری
صادر کرنیکے لئے ضروری ہو محض مدد دینی ہو سخت اختلاف ہے۔ مثال کے طور پر
یہ کہ وہ فریقین کے حقیقی حقوق کا تصفیہ کرے جبکہ اُن سے انکار کیا جاتا ہے
اور اس امر کا فیصلہ کرے کہ کس طریقہ اور کس تاریخ سے حسابات لئے جانے چاہئیں۔

سرکاری پنچ کا یہ فرض ہے کہ وہ اُس استقرار کے لحاظ سے جو جج نے
ابتدائی ڈگری صادر کرتے وقت فریقین کے حقوق کے متعلق کیا ہو حسابات
لے۔ اس امر پر بحث کرنیکے متعلق اسکے اختیارات محض حسابی معاملات تک محدود
نہیں کئے گئے ہیں بلکہ انکو ان ہدایات کو جو جج نے ابتدائی ڈگری میں کی ہوں
نافذ کرانے کیلئے اور فریقین کے مابین حسابات کی جانچ کے متعلق نتائج پر پہنچنے
کیلئے شہادت لینے اور ان امور پر جو اسکے ضمن میں پیدا ہوں بحث کرنیکا اختیار حاصل ہے۔
مدراس میں سرکاری پنچ کے اختیارات کو جو محدود ہیں مجموعہ ضابطہ دیوانی
اور قواعد صیغہ ابتدائی سے معلوم کرنا چاہئے اور مثل اُس کی نالشات میں وہ محض ایک
مستقل کمشنر ہی جسکا یہ فریضہ ہے کہ وہ حسب منشا مجموعہ قواعد حسابات کی تحقیقات کرے۔
اُن مقدمات میں جن میں کوئی عدالت نالش کی سماعت کا اختیار
نہ ہونے پر اور اُن مقدمات میں جن میں کوئی عدالت مجاز سماعت ایک
ایسے حکم یا ڈگری جسکو صادر کرنیکی وہ مجاز نہ ہو اختیار کر جاتی ہے
کوئی حکم جو بغیر اختیار جیسی ایسی نالش میں صادر کیا گیا ہو جسکی سماعت کا عدالت
کو اختیار حاصل نہ ہو اس عدالت کی جانب کارروائیاں بعد میں کالعدم تصور نہیں کیا جا سکتا۔
جب کسی جج کو نالش کی شے متنازعہ کی نسبت کوئی اصلی اختیار نہ ہو تو
فریقین اپنی باہمی رضامندی کے ذریعہ سے اسکو ایک مناسب عدالتی کارروائی میں
مجاز نہیں کر سکتے اگرچہ جج کو اپنا ثالث مقرر کریں اور روئداد پر جبکہ وہ اسکی
روبرو پیش ہو جج کے فیصلے کے پابند ہوں لیکن جب کسی مستغیث کی تحقیقات
کا مجاز ہو فریقین بلا اعتراض روئداد کی تحقیقات کئے جانے پر رضامند ہوں تو
بھی ایسی صورت میں اختیار سماعت پر اس بنا پر اعتراض نہیں کر سکتا کہ ابتدائی ہدایات
میں ضابطہ کی پابندی نہیں ہوئی اگر ان پر اس وقت اعتراض کیا جاتا نالش کے اخراج کا باعث ہوتیں۔
انگلستان کی عدالتوں کے عملدرآمد اور ضابطہ کے قواعد انگلستان
مدراس صیغہ ابتدائی کے حقیقی قواعد کا جزو نہیں ہیں۔
منجانب مدعی مسٹر سی پی۔ راما سوامی ائیر ایڈوکیٹ جنرل۔
منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر ٹی۔ ایم کرشنا راجا مدلیار

فیصلہ۔ یہ معاملہ ایک رپورٹ سے پیدا ہوتا ہے جو سرکاری پنچ نے ایک حکم مورخہ ۸ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء کی تعمیل میں پیش کی تھی۔ نالش مدعی نے شراکت کے انفساخ اور شراکتی حسابات لینے کے لئے رجوع کی تھی کیونکہ مدعی کا بیان یہ تھا کہ وہ اور اس کا باپ حاجی عبدالغنی صاحب متوفی شرائط مندرجہ عرضی دعوی کے بموجب یکم ستمبر سنہ ۱۹۱۵ء سے بالاشتراک تجارت کرتے تھے۔ مدعی علیہم پر حاجی عبدالغنی صاحب متوفی کے قائم مقام قانونی کی حیثیت سے نالش رجوع کی گئی ہے۔ مدعی علیہا نمبر ۱ و ۳ جواب دعوی پیش کئے تھے جس میں انھوں نے اس امر سے انکار کیا کہ شراکت شرائط مندرجہ عرضی دعوی کے بموجب جاری تھی اور یہ بیان کیا تھا کہ مدعی نے اس کاروبار میں صرف اکتوبر سنہ ۱۹۱۷ء کے آخر تک کام کیا تھا اور یہ کہ اس نے منافع کے متعلق اپنے حصہ سے زیادہ رقم حاصل کی ہے۔ مدعی علیہ نمبر ۲ نے ایک ایسا جواب دعوی پیش کیا جسکے ذریعہ سے مدعی پر اسکے دعوی کا ثبوت عائد کیا گیا تھا۔ مدعی علیہ نمبر ۴ خود مدعی ہے اور وہ مثل میں اپنے باپ کے قائم مقام قانونی کی حیثیت سے شریک ہے۔

حسب ذیل تنقیحات قائم کی گئی تھیں:-

(۱) مدعی اور حاجی عبدالغنی صاحب متوفی کے مابین شراکت کی شرائط کیا تھیں؟

(۲) اس شراکت کی مدت کیا تھی؟

(۳) کیا رقوم مندرجہ فقرات ۹ و ۱۰ عرضی دعوی شراکت کی ملک ہیں؟

(۴) حاجی عبدالغنی صاحب متوفی کی جائداد میں بطور ورثا کے فریقین کے حصص کیا ہیں؟

(۵) فریقین کس دادرسی کے مستحق ہیں؟

عبدالوہاب بنام تقیہ بی بی (مدراس)

جب نالش تحقیقات کی غرض سے پیش ہوئی تو جسٹس کوٹس ٹراٹر نے ان امور میں سے جو نالش میں مابہ النزاع تھے کسی امر کا تصفیہ کئے بغیر ۸ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء کو حسب ذیل حکم صادر کیا:-

"مثل مقدمہ سرکاری پنچ کے سپرد کیا جاتا ہے تاکہ وہ اس امر کا تصفیہ کرے کہ مدعی اس کاروبار میں کس قدر حصہ رکھتا تھا جو حاجی عبدالغنی صاحب کی جانب سے کیا جاتا تھا اور اس کا تصفیہ کرنیکے بعد کل حساب بنائے جیسا کہ ایک معمولی شراکت کی نالش میں کیا جاتا ہے اور عدالت ہذا میں رپورٹ کرے"۔

مدعی علیہ نمبر ۲ یہ بیان کرتا ہے کہ یہ حکم جملہ فریقین کی رضامندی سے صادر کیا گیا تھا لیکن مدعی نے اس کو تسلیم نہیں کیا ہے اور نہ حکم سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ رضامندی کے ساتھ صادر کیا گیا تھا۔ اس حکم کی بموجب دفتر کی جانب سے ایک ڈگری مرتب کی گئی تھی جو ایک درمیانی ڈگری کہلاتی ہے۔

مدعی کی جانب سے سرکاری پنچ کی رپورٹ کی نسبت اعتراضات کئے گئے ہیں۔ سرکاری پنچ نے رپورٹ پیش کردہ میں حساب نہیں لیا بلکہ اپنی رپورٹ تنقیحات نمبر ۱، ۲ و ۴ یعنی شراکت کی شرائط اس کی مدت اور فریقین کے حصص کے تصفیہ تک محدود کی ہے۔ اعتراض جو مدعی کی جانب سے کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ سرکاری پنچ کو ان امور پر بحث کرنیکا اختیار حاصل نہ تھا یہ کہ وہ حکم جس کی رو سے جسٹس کوٹس ٹراٹر کی جانب سے کل نالش اسکے سپرد کی گئی تھی بلا اختیار اور خارج از اختیار ہے اور یہ کہ اگر سرکاری پنچ کو ان امور پر بحث کرنیکا اختیار تھا تو بھی اس کا فیصلہ برخلاف روئداد غلط ہے۔ مدعی علیہم کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے (۱) کہ سرکاری پنچ کو معاملہ پر بحث کرنیکا اختیار حاصل ہے (۲) یہ کہ اگر اس کو اختیار حاصل نہ تھا تو بھی جسٹس کوٹس ٹراٹر کے حکم پر جس کی رو سے

عبدالوہاب بنام رقیہ بی بی (مدراس)

کل نالش اسکے سپرد کی گئی تھی نالش ہذا میں اس وقت تک
اعتراض نہیں کیا جاسکتا جب تک کہ وہ نافذ ہے اور بذریعہ
تجویز ثانی یا مرافعہ منسوخ نہ کیا جائے اور دوسرے یہ کہ دفعہ ۹۷
مجموعہ ضابطہ دیوانی کسی ابتدائی ڈگری کی صحت پر جس کی ناراضی
سے مرافعہ دائر نہ کیا جائے اس مرافعہ میں اعتراض کئے جانے کی
مانع ہے جو کسی قطعی ڈگری کی ناراضی سے جو صادر کی جاسکے پیش
کیا جائے اور اس لئے بعد جداولی نالش کی ان کارروائیات پر
اعتراض کئے جانیکی مانع ہے جو قطعی ڈگری حاصل کرنے کے لئے متعلق
اس اعتراض کے متعلق جو دفعہ ۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی پر
مبنی ہے حکم حسب منشا فرمان شاہی ایک درمیانی ڈگری یا ایک
فیصلہ نہیں ہے۔ رول ۱۵ آرڈر ۲۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں
یہ صراحت ہے کہ جب نالش کسی شراکت کے انفساخ یا واسطے لئے
جانے حساب شراکت کے ہو تو عدالت مجاز ہے کہ قطعی ڈگری صادر کرنے سے
پہلے ایک ابتدائی ڈگری صادر کرے آپس فریقین کے علٰحدہ علٰحدہ حصے
قائم کرے اور ایسی تاریخ مقرر کرے جس تاریخ کو شراکت فسخ ہوجائیگی
یا سمجھی جائیگی کہ فسخ ہوگئی تھی اور واسطے لینے ایسے حساب اور عمل میں
آنے ایسے افعال کے جو مناسب معلوم ہوں ہدایت کرے۔" دفعہ ۲
ضمن (۲) مجموعہ ضابطہ دیوانی میں ڈگری کی تعریف اس طرح کی گئی ہے
کہ اس سے باضابطہ ظاہر کرنا فیصلہ کا مراد ہے جس سے بلحاظ تعلق عدالت
صادر کنندہ ڈگری حقوق فریقین بنسبت کل یا بعض امور متنازعہ فیہ مقدمہ
قطعاً طے ہوجائیں اور یہ ابتدائی اور قطعی دونوں ہوسکتی ہے اور تشریح
میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ ڈگری ابتدائی اس وقت سمجھی جائیگی
صفحہ ۹۰۶ جب قبل اسکے کہ مقدمہ کامل طور پر تصفیہ پاسکے کچھ مزید کارروائی
کرنا پڑے وہ قطعی اس وقت سمجھی جائیگی جب کہ اس سے مقدمہ کامل طور
پر تصفیہ ہوجائے وہ جزواً ابتدائی اور جزواً قطعی ہوسکتی ہے اسلئے

کوئی حکم ایک ابتدائی ڈگری ہونے کے لئے عدالت کو کم از کم چند
امور متنازعہ کا قطعی تصفیہ کرنا چاہیئے۔ مقدمہ موجودہ میں کسی امر
کا تصفیہ نہیں ہوا ہے۔ فاضل جج نے جو کچھ بیان کیا ہے وہ یہ ہے کہ
کل کام سرکاری پنچ کی جانب سے کیا جائے۔ فریقین کے حقوق کا
کوئی تصفیہ نہیں کیا گیا تھا۔ اور نہ حکم مورخہ ۲۰ اپریل حسب منشائے
فقرہ (۲) فرمان شاہی ایک فیصلہ ہے کیونکہ کسی امر کی نسبت تصفیہ
نہیں کیا گیا ہے۔ میرے لئے صرف مقدمہ ملجارام بنام لالہ پانچیا (۱)
کا حوالہ دینا ضروری ہے جس میں فیصلہ کی تعریف پر عدالت ہذا
کے ایک اجلاس کامل نے مکمل بحث کی ہے۔ چیف جسٹس سر لارنس جنکنس
نے حسب ذیل رائے ظاہر کی ہے "جو معلوم ہوتا ہے کہ معیار نہیں ہے
کہ تصفیہ کا نمونہ کیا ہے بلکہ یہ ہے کہ اس نالش یا کارروائی پر
جس میں وہ صادر کیا جائے اس کا اثر کیا ہے۔ اگر اس کا اثر
خواہ اس کا نمونہ کچھ ہی ہو اور خواہ اس درخواست کی نوعیت
جس پر وہ صادر کیا جائے کچھ ہی ہو یہ ہے کہ جس حد تک کہ اس
عدالت کا تعلق ہو جسکے روبرو نالش یا کارروائی زیر تصفیہ ہو
نالش یا کارروائی کو ختم کیا جائے یا اگر اس کا اثر اس کی تعمیل کی تاریخ
ہونیکی صورت میں نالش یا کارروائی کو ختم کرنا ہو تو میں
خیال کرتا ہوں کہ تصفیہ حسب منشاء فقرہ مذکور ایک فیصلہ ہے۔
کوئی تصفیہ جو کسی درخواست پر کیا جائے جو نالش کا ایک قطعی تصفیہ
حاصل کرنیکی تدبیر کے سوائے اور کچھ نہیں ہے۔ میری رائے میں حسب
منشائے فرمان شاہی فیصلہ نہیں ہے"۔ ان امور پر بحث کرنے کی
نسبت سرکاری پنچ کے اختیارات کے متعلق میری رائے یہ ہے کہ
اس کو شراکت کی شرائط اس کی مدت یا شرکاء کے حصص کے متعلق
امور کے تصفیہ کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ جس حد تک کہ سرکاری پنچ
کا تعلق ہے مجموعہ ضابطہ دیوانی یا قواعد صیغہ ابتدائی میں جو اختیار کہ سرکاری پنچ کو

(۱) انڈین لاء رپورٹس کلکتہ جلد ۳۶ صفحہ ۴۲۳۔

کے قواعد کے آرڈر ۲۶ جس میں ثالثوں کا ذکر ہے اور آرڈر ۵۵
کے مماثل ہیں جن میں ماسٹروں کے اختیارات اور فرائض کا ذکر ہے
کوئی احکام موجود نہیں ہیں اور اس لئے عدالت ہذا کے سرکاری پنچ
کے اختیارات کے متعلق کسی نتیجہ پر پہونچنے کے لئے انگلستان کی عدالتوں
کے ضابطہ یا انگلستان کے فیصلہ پر جو قواعد کو بنیاد بناتی ہو غور کرنا
ضروری نہیں ہے۔ کوئی قانون موضوعہ موجود نہیں ہے جس کی رو
سے سرکاری پنچ کا عہدہ قائم کیا گیا ہو اور اس لئے اس کے
اختیارات کا تصفیہ مجموعہ ضابطہ دیوانی اور قواعد صیغہ ابتدائی
کے لحاظ سے کرنا چاہیئے۔ جس حد تک کہ مجموعہ کا تعلق ہے دفعہ
۷۵ میں یہ وضع کیا گیا ہے کہ بہ لحوظی شرائط و ضوابط مقررہ کے
عدالت واسطے لینے اظہار کسی شخص کے واسطے کرنے تحقیقات موقع
کے یا واسطے جانچنے یا تصفیہ حسابات کے یا واسطے بٹوارہ کے کمیشن
جاری کرسکتی ہے۔ آرڈر ۲۶ ان کمیشنوں سے متعلق ہے جو ان
اختیارات کے بموجب جاری کئے جائیں جو دفعہ ۷۵ کی رو سے
عطا کئے گئے ہوں اور رول ۱۱ و ۱۲ ان کمیشنوں سے متعلق ہیں جو
حسابات کی جانچ یا تصفیہ کے لئے جاری کئے جائیں۔ رول ۱۱ میں
یہ وضع کیا گیا ہے کہ کسی نالش میں جس میں حسابات کی جانچ
یا تصفیہ ضروری ہو عدالت ایسے شخص کے نام جس کو وہ
مناسب خیال کرے بدیں ہدایت کمیشن جاری کرسکتی ہے کہ
وہ حسابات کی جانچ یا تصفیہ کرے اور رول ۱۲ میں یہ وضع کیا
گیا ہے کہ عدالت کو لازم ہوگا کہ اہل کمیشن کے پاس اس قدر
کارروائیات اور ہدایات جو ضروری معلوم ہوں بھیجدے
اور ہدایات میں اس امر کی صاف صراحت کیجائیگی کہ اہل کمیشن
صرف اپنی روبکارات دربابت تحقیقات کے تحریر مع علت
بھیجدے یا اپنی رائے بھی نسبت اس امر کے جس کی جانچ کا اسکو

حکم ہو تحریر کرے فقرہ (۲)۔ اہل کمیشن کی روبکارات اور کیفیت عبدالوہاب
بمنزلہ شہادت مقدمہ میں لیجائیگی الا اس صورت میں کہ عدالت بنام
کے نزدیک کوئی وجہ ان کی نسبت بے اطمینانی کی پائی جائے رقیہ بی بی
ایسی صورت میں عدالت اس تحقیقات مزید کا حکم دیگی جو اس کے (الہ آباد)
نزدیک مناسب ہو۔ رول ۱۵ تا ۱۸ میں کمیشنوں کے خراجات فریقین
اور گواہان کے اظہار اور دستاویزات کی جانچ کی نسبت اہل کمیشن کے
اختیارات اور اہل کمیشن کے روبرو فریقین کی حاضری کے
متعلق عام احکام درج ہیں۔ سنہ ۱۹۱۸ء میں سرکاری پنچ کے تقرر
کے قبل عدالت کا عملدرآمد یہ تھا کہ جب کبھی شراکت بٹوارہ یا اہتمام
ترکہ کی کارروائیات میں حسابات کی جانچ ضروری ہوتی تو اس
غرض کے لئے اہل کمیشن مقرر کئے جاتے تھے۔ عملدرآمد معمولاً یہ تھا کہ
ایک وکیل مقرر کیا جاتا تھا جو اپنی کیفیت پیش کرتا تھا اور
سوائل کا تصفیہ عدالت استصواب میں چیمبر جج کی جانب سے کیا صفحہ ۹۰۷
جاتا تھا۔ چونکہ یہ ضابطہ طویل اور غیر تسلی بخش پایا گیا تھا یہ
مناسب خیال کیا گیا کہ اس کام کے لئے جو معمولاً اہل کمیشن مقرر
شدہ کی جانب سے انجام پاتا تھا عدالت کا ایک عہدہ دار مقرر
کیا جائے اور ایک سرکاری پنچ مقرر کیا گیا۔ لیکن قواعد
کی رو سے سرکاری پنچ کو ان اختیارات سے جو اہل کمیشن کو عطا
کئے گئے تھے کوئی زیادہ اختیارات عطا نہیں کئے گئے ہیں۔ قواعد
صیغہ ابتدائی کا آرڈر ۲۳ اس ضابطہ سے متعلق ہے جو ان صورتوں
میں اختیار کیا جائے جنمیں چیمبر جج کے پاس سپردگی ہوئی ہو اور آرڈر
مذکور کے احکام ان صورتوں سے متعلق ہیں جنمیں جج خود حسابات
لے۔ آرڈر ۲۴ اہل کمیشن یا ثالث کی سپردگی سے متعلق ہے۔ آرڈر ۲۴
الف ان کارروائیات سے متعلق ہے جو سرکاری پنچ کے روبرو کی
جائیں اور رول ۱ میں یہ صراحت ہے کہ بمطابقت ان قواعد کے جو اسکے

عبدالوہاب بنام رقیہ بی بی (مدراس)

بعد وہ جج کیے جائیں۔ آرڈر ۲۰ متعلق صیغہ ابتدائی جو ان حسابات اور تحقیقاتوں سے متعلق ہے جو اہل کمیشن کے سپرد کی جاسکیں جہاں تک متعلق ہو ان کل کارروائیات سے متعلق ہوگا جو سرکاری پنچ کے روبرو کی جائیں۔ آرڈر ۲۰ الف کی رو سے اگرچہ اس میں وہ ضابطہ مقرر کیا گیا ہے جس کی سرکاری پنچ کو پابندی کرنی چاہیئے لیکن اسکو وہ اختیارات عطا نہیں کیے گئے ہیں جو انگلستان کے قواعد سپریم کورٹ کی رو سے سرکاری پنچ یا ماسٹر کو عطا کئے گئے ہیں اس میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ ان امور کی نسبت جنکا وہ مجاز ہو وہ اسی طریقہ سے تحقیقات عمل میں لائیگا جس طرح کہ چیمبر جج عمل میں لاتا ہے جو سپردگی کی سماعت کرے۔ مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سرکاری پنچ کے اختیارات کو ذرا محدود میں مجموعہ ضابطہ دیوانی اور قواعد صیغہ ابتدائی میں دیکھنا چاہئے اور یہ کہ بلحاظ ان احکام کے جن کا میں نے اوپر ذکر کیا ہے سرکاری پنچ نالشات شراکت میں صرف ایک متعلق اہل کمیشن ہوتا ہے جسکے فرائض حسابات لینا اور ایسی تحقیقاتیں کرنا ہے جن کا ذکر مجموعہ یا قواعد میں کیا گیا ہے۔ کسی جج کے فرض منصبی ہیں جو نالش کا تصفیہ کرے اور ایک اہل کمیشن کے فرض منصبی ہیں جسکو حسابات لینے میں جج کی مدد کرنی چاہیئے جو کسی قطعی ڈگری کے صادر کئے جانے کے لئے ضروری ہو بہت زیادہ اختلاف ہے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ ایسی صورتوں میں عدالت کا یہ فرض ہے کہ وہ فریقین کے حقوق کا تصفیہ کرے جبکہ فریقین کے حقوق یا شراکت کی شرائط سے انکار کیا جائے اور اس امر کا فیصلہ کرے کہ کس طریقہ سے اور کس تاریخ سے حسابات لیے جائیں۔ سرکاری پنچ کا فرض یہ ہے کہ وہ فریقین کے حقوق کے ان تقررات کے لحاظ سے جو جج نے ابتدائی ڈگری صادر کرنے کے وقت لئے ہوں حسابات لے۔ اور ان امور پر

بحث کرنے کی نسبت اسکے اختیارات محض حسابی معاملات تک محدود نہیں ہیں بلکہ ان ہدایات کو نافذ کرنے کے لئے جو جج نے ابتدائی ڈگری میں کی ہوں اور فریقین کے مابین حسابات کی حالت کے متعلق نتائج پر پہونچنے کے لئے اس کو شہادت قلمبند کرنے اور ان امور کا جو اسکے ضمن میں پیدا ہوں تصفیہ کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ وہ عدالت کا جج نہیں ہے بلکہ محض ایک اہل کمیشن ہے اور میں خیال کرتا ہوں کہ اس کی جانب سے ان امور کا تصفیہ جو مجموعہ اور قواعد کی رو سے جج کے فرائض میں داخل ہے خارج از اختیار ہوگا۔ جج جو سرکاری پنچ کو ایسے امور سپرد کرے جنکی تحقیقات خود اس کو کرنی چاہیئے سرکاری پنچ کو کوئی اختیار سماعت عطا نہ کر سکتا تھا جس طرح کہ وہ کسی شخص اجنبی کو اس کے عدالت کے امور متنازعہ کے تصفیہ کی استدعا کر کے کوئی اختیار سماعت عطا نہیں کر سکتا۔ فریقین کے حقیقی حقوق کا تصفیہ کلیتاً جج کے فرائض میں داخل ہے اور تفصیلی امور مثلاً حسابات لیکر یا تقسیم عمل میں لا کر یا جائیداد میں ہر ایک کے حقوق مذکورہ کا دریافت کرنا قواعد کی رو سے ایسے فرائض ہیں جو جج سرکاری پنچ کے سپرد کر سکتا ہے اگرچہ مدعی علیہم کی جانب سے مسٹر ایتھی راجا ملیار نے یہ تسلیم کیا ہے کہ مجموعہ یا قواعد میں کوئی امر موجود نہیں ہے جس کی رو سے سرکاری پنچ کو ان امور متنازعہ کے تصفیہ کے اختیارات عطا کئے گئے ہوں جو فریقین کے حقیقی حقوق سے متعلق ہوں ان کی بحث یہ ہے کہ مجموعہ یا قواعد میں کوئی احکام نہ ہونے کی صورت میں انگلستان کے عملدرآمد کے قواعد متعلق ہونے چاہئیں لیکن اس مسئلہ کے لئے کوئی نظیر پیش نہیں کی گئی ہے کہ انگلستان کی عدالتوں کے ضابطے کے قواعد صیغہ ابتدائی کے اصل قواعد کا جزو ہیں۔ یہ قرار دینا ایک جدید اور میری رائے میں ایک خطرناک مسئلہ ہوگا کہ انگلستان کی عدالتوں کے

عبدالوہاب بنام رقیہ بی بی (مدراس)

ضابطہ کے قواعد صیغہ ابتدائی سے عموماً متعلق ہیں بجز اس کے
کہ جس حد تک کہ خود ہمارے قواعد سے انکی ترمیم ہوتی ہو۔
لیکن یہ سوال باقی رہتا ہے کہ کس حد تک مجھے ان کارروائیات
میں جسٹس کوٹس ٹراٹر کے حکم اور سرکاری پنچ کی رپورٹ کو محض
کالعدم تصور کرنیکا اختیار حاصل ہے۔ مدعی کی جانب سے ایڈوکیٹ
جنرل نے یہ تسلیم کیا ہے کہ اگر جسٹس کوٹس ٹراٹر کو وہ حکم صادر کرنیکا
اختیار نہ تھا جس کی رو سے کل نالش سرکاری پنچ کے سپرد کی
گئی تھی تو فریقین کی کوئی رضامندی اگر وہ حکم صادر کئے جانے کے
وقت دی گئی تھی اس امر پر موثر نہ ہوگی اور یہ کہ وہ کارروائیات
جو سرکاری پنچ کے روبرو ہوگئی تھیں کالعدم ہونگی اور اس لئے
کل معاملہ اسی حالت میں ہوگا جس میں وہ اس وقت تھا جبکہ
حکم صادر کیا گیا تھا اور ان کی جانب سے مقدمات لیڈ گارڈ بنام
ہل (۲)، مناکشی نائیڈو بنام سبرمنیا (۳)، راج لکشمی داسی بنام
کتینانی داسی (۴) نسرو انجی پستنجی بنام میر معین الدین خان (۵)
و راجہ ہرنارائن سنگھ بنام چودھرائن بھگونت کوئر (۶) کا حوالہ دیا
گیا ہے۔ اسمیں کوئی شک نہیں ہوسکتا کہ جس حد تک کہ نظائر کا تعلق
ہے کسی جج کو کسی نالش کی سماعت کا اختیار نہ ہونیکی وجہ سے
کارروائیات کالعدم ہو جاتی ہیں اور یہ کہ کسی رضامندی سے اختیار
سماعت عطا نہ کیا جا سکتا تھا جبکہ ایسا اختیار سماعت موجود نہ ہو
حکام عالیمقام پریوی کونسل نے اصول مذکور مقدمہ لیڈ گارڈ بنام
ہل (۲) میں حسب ذیل قرار دیا ہے:۔ "جب جج کو کسی نالش کی شئے
متنازعہ کی نسبت کوئی اصلی اختیار سماعت حاصل نہ ہو تو فریقین
اپنی باہمی رضامندی کے ذریعہ سے اس کو ایک مناسب عدالتی کارروائی

(۲) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۹ صفحہ ۱۹۱ (۳) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۱ صفحہ ۳۶۴ (۴) انڈین کیسیز جلد ۲۴ صفحہ ۲۷۴ (۵) انگلش رپورٹ جلد ۱۴ صفحہ ۵۰ (۶) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۱۳ صفحہ ۳۰۰

میں تبدیل نہیں کرسکتے اگرچہ وہ جج کو اپنا ثالث مقرر کریں اور بعد ازاں
اسکے فیصلہ کے پابند ہوں جبکہ وہ اسکے روبرو پیش کی جائے لیکن متعدد
نظائر موجود ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جب کسی مقدمہ میں جسکی
سماعت کا جج مجاز ہو فریقین بلا اعتراض کے روئداد پر تحقیقات
کئے جانے پر رضامند ہوں تو مدعی علیہ بعد میں اسکے اختیار سماعت کی
ان وجوہ سے اعتراض نہیں کرسکتا کہ ابتدائی ضابطہ میں بے ضابطگیاں
ہوئی تھیں جو اگر ان پر اس وقت اعتراض کیا جاتا تو نالش کے
اخراج کا باعث ہوتیں"۔ لیکن نظائر محولہ اس مرافعہ میں جو
فیصلہ کی ناراضی سے پیش کیا جائے یا نالشات یا کارروائیات
مابعد میں اعتراض کئے جانیکی بابت ہیں۔ وہ مقدمات جن کا ایڈوکیٹ
جنرل نے حوالہ دیا ہے اس امر سے متعلق نہیں ہیں کہ آیا نالش یا
ان ہی کارروائیات میں فریقین کس حد تک حکم صادرہ کے
خلاف عمل کرنیکے مجاز ہیں خواہ حکم کتنا ہی غیر صحیح کیوں نہ ہو۔ ایڈوکیٹ
جنرل کی اس بحث کی تائید میں کوئی نظیر پیش نہیں کی گئی کہ مجھے
جسٹس کوٹس ٹراٹر کے حکم کے خلاف عمل کرنا چاہیئے اور جن نظائر
کا میں حوالہ دونگا وہ اس بحث کے خلاف ہیں۔ مقدمہ مہاراج کشوری
ہوک بنام اڈمنسٹریٹر جنرل بنگال (۷) میں حکام عالیمقام
پریوی کونسل نے یہ قرار دیا تھا کہ تسلیم شدہ کا اصول ان کل احکام
سے متعلق ہوتا ہے جو اسی نالش میں ان ہی فریقین کے مابین صادر
کئے گئے ہوں جبکہ سوال مذکور نالش کی کارروائیات مابعد میں پیدا
ہو میں خیال کرتا ہوں کہ جسٹس کوٹس ٹراٹر کے حکم کی نسبت جبکہ مرافعہ
یا تجویز ثانی کے ذریعہ سے منسوخ یا ترمیم نہیں کیا گیا ہے یہ تصور کرنا
چاہیئے کہ وہ نالش کی کارروائیات مابعد میں فریقین پر واجب التعمیل ہے
اور یہ کہ مدعی کو صرف یہ چارہ کار حاصل ہے کہ وہ حکم کے خلاف مرافعہ
کرے۔ میں نے قبل ازیں یہ بتلایا ہے کہ مقدمہ موجودہ میں اس وقت

(۷) انڈین کیسیز جلد ۶ صفحہ ۹۱۳ (نظائر ہند صفحہ ۸۸۴)

عبدالوہاب بنام رقیہ بی بی (مدراس)

کوئی مرافعہ پیش نہیں ہو سکتا لیکن مجموعہ کی رو سے کسی حکم صادر شدہ پر جس کا مرافعہ ہو سکتا ہو قطعی ڈگری صادر ہونے کے بعد اعتراض کیا جا سکتا ہے جن کی ناراضی سے مجموعہ کی رو سے مرافعہ پیش کیا جا سکتا ہے۔ نیز میں یہ خیال کرتا ہوں کہ ان صورتوں میں جن میں عدالت کو نالش کی سماعت کا اختیار نہ ہو اور ان صورتوں میں جن میں عدالت جس کو اختیار سماعت حاصل ہو کوئی ایسا حکم صادر کرے جس کے صادر کرنے کی وہ مجاز نہ ہو امتیاز کیا جا سکتا ہے۔ اس امر سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ مقدمہ موجودہ میں جسٹس کوٹس ٹراٹر کو نالش کی سماعت کا اختیار حاصل تھا اگرچہ اس خیال کے مطابق جو میں نے قائم کیا ہے انکو کل نالش سرکاری پنچ کو تصفیہ کی غرض سے سپرد کرنے کا اختیار نہ تھا۔ مقدمہ منگل پرشاد ڈکشٹ بنام گریجا کانت لاہری (۸) میں حکام عالیمقام پریوی کونسل نے یہ قرار دیا تھا کہ جب کسی عدالت نے جس کو کسی تنقیح کی تحقیقات کا اختیار حاصل ہو کوئی غلط فیصلہ صادر کیا ہو تو ایسے فیصلہ کو اگر وہ منسوخ نہ کیا جائے جائز تصور کیا جانا چاہیئے۔ مقدمہ سکھ ناتھ رائے بنام نہال چند (۹) کا بھی حوالہ دونگا۔ یہ قرار دیا گیا ہے کہ جب کوئی ڈگری کسی عدالت کی جانب سے صادر کی جائے جس کو اختیار سماعت حاصل نہ ہو اور ڈگری مذکور کی ناراضی سے مرافعہ دائر نہ کیا جائے تو تعمیل کارروائیات میں اعتراض نہیں کیا جا سکتا۔ جو نالش مذکور کے سلسلہ میں کیجاتی ہیں مقدمہ گوماتہم الامیلو بنام نوسنڈ ورکرشنا چارلو (۱۰) میں کسی ڈسٹرکٹ منصف کی عدالت میں ایک رہن پر نالش رجوع کی گئی تھی جو اس نوعیت اور مالیت کی نالش کی تحقیقات کی مجاز تھی لیکن اراضیات مرہونہ ڈسٹرکٹ منصف کے اختیار سماعت

صفحہ ۹۰۹

(۸) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۱۵ صفحہ ۹۱ (۹) انڈین کیسیز جلد ۵ صفحہ ۱۰۸ (نظائر ہند صفحہ ۱۰۴۳) (۱۰) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد [illegible] صفحہ ۱۱۸

کے باہر واقع تھیں جس کو اگر اس پر اعتراض کیا جاتا تو اراضیات کے متعلق ایک ڈگری رہن صادر کرنے کا اختیار حاصل نہ ہوتا ڈگری مذکور صادر کی گئی تھی اور جب ڈگریدار نے ایک قطعی حکم اور ڈگری کی تعمیل کے لئے درخواست کی تو یہ اعتراض کیا گیا تھا کہ عدالت کو نالش کی سماعت کا اختیار نہ تھا اور یہ کہ ڈگری جو اس نے صادر کی تھی نہ تو قطعی قرار دیجا سکتی تھی اور نہ اسکی تعمیل ہو سکتی تھی۔ یہ قرار دیا گیا تھا کہ ڈگری کالعدم نہ تھی اور یہ کہ مدیون ڈگری کو دوران تعمیل میں ڈگری کے جواز پر اعتراض کرنیکی اجازت نہ دیجانی چاہیئے۔ مقدمہ تلجا رام راؤ بنام گوپالا المین (۱۱) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ غلط احکام کو مناسب کارروائیات کے ذریعہ سے کالعدم کرانا چاہیئے اور اس پر فریقین کی جانب سے ضمناً اعتراض نہ کیا جانا چاہیئے۔ مقدمہ ساشی کانتا اچاریا بنام راج سرت چندرا رائے چودہری (۱۲) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ کسی مقدمہ کی ایک نوبت پر کسی حکم جواز کو بجز اسکے کہ کسی عدالت اعلیٰ میں مناسب کارروائیات کے ذریعہ سے اس پر فوراً اعتراض کیا جائے فریقین کے مابین قطعی قرار دینا چاہیئے اور اس پر کسی نوبت مابعد ضمناً پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا۔ [illegible] کرشنا بہاری رائے بنام بنواری لال رائے (۱۳) منگل پرشاد ڈکشٹ بنام گریجا کانت لاہری (۸) رام کرپال بنام روپ کوری (۱۴) شیو رام بنام [illegible] (۱۵) جارج ہنری ہک بنام اڈمنسٹریٹر جنرل بنگال (۷) [illegible] اور [illegible] بنام [illegible] (۱۶) کا حوالہ دیا گیا۔ میں یکطرفہ

(۱۱) انڈین کیسیز جلد [illegible] صفحہ ۱۰۱ (۱۲) انڈین کیسیز جلد ۷ صفحہ ۲۰ (نظائر ہند صفحہ ۸)
(۱۳) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد [illegible] صفحہ ۳۴۳ (۱۴) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد [illegible] صفحہ ۲۶۹
(۱۵) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد [illegible] صفحہ ۱۰۳ (۱۶) انڈین کیسیز جلد [illegible] صفحہ [illegible] (نظائر ہند صفحہ ۱۵۱)

منوہر پرشاد بنام راؤ (۱۷) و سانجھیوا پلے بنام راما لنگا پلے (۱۸) کا بھی حوالہ دے سکتا ہوں۔

ایڈووکیٹ جنرل کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ کارروائی کی بے ضابطگیوں اور اختیار سماعت کے اصلی نقائص کے مابین امتیاز قائم ہونا چاہیئے لیکن مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان فیصلہ جات سے جن کا میں نے اوپر ذکر کیا ہے اس رائے کی تائید نہیں ہوتی کہ کوئی حکم خارج از اختیار جو کسی ایسی نالش میں صادر کیا گیا ہو جس کی سماعت اور تحقیقات کا عدالت کو اختیار حاصل ہو اسی عدالت کی جانب سے کارروائیات مابعد میں بطور کالعدم کے تصور نہیں کیا جا سکتا۔

اس خیال کے مدنظر جو میں نے مقدمہ کی نسبت قائم کیا ہے میں خیال کرتا ہوں کہ جس حد تک کہ صیغہ ابتدائی کی کارروائیات کا تعلق ہے مجھے اس حکم کو جو مسٹر جسٹس کومس ٹراٹر نے صادر کیا تھا جائز تصور کرنا چاہیئے۔ سپردگی اسی اعتبار سے جاری رہیگی۔ ان اعتراضات پر جو سرکاری پینج کی رپورٹ پر کئے گئے ہیں بلحاظ روئداد کے غور کیا جائیگا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ تحت فرمان شاہی

نمبر مقدمہ ۱۴۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس سر شادی لال چیف جسٹس و مسٹر جسٹس مارٹن

کانشی رام و یک کس دیگر بنام شرف دین و یک کس دیگر۔

مدعی علیہما۔ مرافعان مدعیان۔ مرافعہ علیہما۔

قانون داد رسی خاص ایکٹ ۱ بابتہ سنہ ۱۸۷۷ء دفعات ۴۳ تا ۵۱۔ عارضی حکم امتناعی۔ حکم امتناعی ماتحت عدالتوں تک محدود ہے۔ مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۵۱ آرڈر ۳۹ رول ۱ و ۲۔ عارضی حکم امتناعی کا صادر کیا جانا۔ اختیار اصلی۔

دفعہ ۵۶ قانون داد رسی خاص جو اس باب میں واقع ہے جو دوامی احکام امتناعی سے متعلق ہے عارضی احکام امتناعی سے متعلق نہیں ہے۔ دفعہ ۵۶ کے صریح الفاظ کے ذریعہ سے مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تابع کئے گئے ہیں۔ کوئی عدالت ایسا حکم امتناعی صادر نہیں کر سکتی جس کی رو سے کسی ایسی عدالت کی کارروائیات ملتوی کی جائیں جو اس کی ماتحت نہ ہو۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی جامع نہیں ہے اور عدالتوں کو استحقاقاً یہ اصلی اختیار حاصل ہے تاکہ وہ بغرض تکمیل انصاف کیا جا سکے ایسا حکم دیں جو شرع و مشر انصاف کے لئے ہے۔ مسٹر ہیرالال ہابیر پرشاد بنام جے نارائن مالولال۔ انڈین کیسیز جلد ۲۵ صفحہ ۳۴۴ سے استدلال کیا گیا۔ کوئی عدالت ایک عارضی حکم امتناعی صادر نہیں کر سکتی ہے جس کی رو سے کسی مناسب مقدمہ میں کسی ڈگری کی تعمیل ملتوی کی جائے اگرچہ کوئی وجہ جس کا ذکر آرڈر ۳۹ رول ۱ یا رول ۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں کیا گیا ہے بیان یا ثابت نہ کی گئی ہو۔

مرافعہ تحت فرمان شاہی بنا راضی ڈگری مصدرہ مسٹر جسٹس براڈوے برافعہ متفرق نمبر ۱۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء مورخہ ۱۰ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء مطبوعہ انڈین کیسیز جلد ۶۶ صفحہ ۱۶۱۔

منجانب مرافعان۔ لالہ حکم چند۔

منجانب مرافعہ علیہا۔ مسٹر ولیم راج سا ہنی۔

**فیصلہ۔** حالات جن سے مرافعہ ہذا پیدا ہوا ہے مختصراً حسب ذیل ہیں:۔

۲۴ اگست سنہ ۱۹۱۹ء کو مرافعان نے کانشی رام و اس نے ایک شخص مسمی دین کی بیدخلی کے ذریعہ سے کسی مکان کے قبضہ کے لئے ایک ڈگری حاصل کی۔ اس ڈگری مذکور کی تعمیل میں شرف دین نے عذرات پیش کئے تھے جن کو عدالت تعمیل نے نامنظور کیا تھا۔ علاوہ ازیں اب اس نے استقرار کے لئے نالش رجوع کی ہے کہ وہ مکان

کانشی رام بنام شرف دین والا ہور

تنقیح۔

---

(۱۷) بمبئی ہائیکورٹ رپورٹس جلد ۱۲ صفحہ ۳۴۴ (۱۸) بنگال لا رپورٹس جلد ۱۵ صفحہ ۳۲۸۔

دانشمی رام بنام شرف دین (لاہور)

بید عمل کیلئے جانیکا مستوجب نہیں ہے اور ایک حکم امتناعی بھی حاصل کیا ہے جس کی رو سے تا تصفیہ نالش ڈگری کی تعمیل کی ممانعت کی گئی ہے۔ سبارڈینیٹ جج کا حکم جس کی رو سے حکم امتناعی عطا کیا گیا تھا مسٹر جسٹس براڈوے نے برقرار رکھا ہے اور مرافعہ ہذا تحت فقرہ (۱۰) فرمان شاہی میں اصل سوال یہ ہے کہ آیا سبارڈینیٹ جج عارضی حکم امتناعی صادر کرنیکے قانوناً مجاز تھے؟

مرافعان کے لائق وکیل نے یہ بحث کی ہے کہ چونکہ منصف جنہوں نے ڈگری کی تعمیل کی تھی سبارڈینیٹ جج کے ماتحت نہ تھے مؤخر الذکر ایک ایسا حکم امتناعی صادر نہ کر سکتے تھے جس کی رو سے منصف کی عدالت کی کارروائیاں ملتوی کی جائیں۔ یہ بحث فقرہ ب دفعہ ۵۶ قانون دادرسی خاص پر مبنی ہے لیکن یہ ظاہر ہے کہ دفعہ ۵۶ جو اس باب میں واقع ہے جو دوامی احکام امتناعی سے متعلق ہے عارضی احکام امتناعی سے متعلق نہیں ہے جو دفعہ ۵۳ کے صریح الفاظ کے ذریعہ سے مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تابع کئے گئے ہیں۔ اگر اس امر کی نسبت کسی نظیر کی ضرورت ہو تو ہم مقدمہ امیر الدین بنام اڈمنسٹریٹر جنرل بنگال (۱) کا حوالہ دینگے۔

صرف ایک اور سوال جس کا تصفیہ ضروری ہے یہ ہے کہ آیا سبارڈینیٹ جج ایک عارضی حکم امتناعی صادر کر سکتے تھے جس کی رو سے کسی ڈگری کی تعمیل ملتوی کیجائے جبکہ کوئی وجہ جس کا ذکر آرڈر ۳۹ رول ۱ یا رول ۲ میں کیا گیا ہو بیان یا ثابت نہ کیگئی ہو۔ اس میں کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ مقدمہ ہذا آرڈر ۳۹ کے احکام کے تابع نہیں ہے لیکن عدالت ہذا کے ایک ڈویژن بنچ کے فیصلہ میں جو بطور منوہر لال بنام بیر پرشاد بنام جے نارائن بابولال (۲) (مرافعہ تحت فرمان شاہی نمبر ۱ بابتہ ۱۹۲۰ء) طبع ہوا ہے یہ قرار دیا گیا ہے کہ مجموعہ ضابطہ دیوانی جامع نہیں ہے اور یہ کہ عدالت کو استحقاقاً عمل کرنیکا اصلی اختیار حاصل ہے تاکہ اصل اور حقیقی انصاف کیا جائے کیونکہ ان کا وجود ہی شرح و نشر انصاف کے لئے ہے یہی رائے چیف کورٹ پنجاب نے مقدمہ منوہر لال بنام بیر پرشاد بنام جے نارائن بابولال (۲) میں قائم کی ہے۔ اس لئے ہم یہ قرار دینے کے لئے تیار نہیں ہیں کہ سبارڈینیٹ جج کو عارضی حکم امتناعی صادر کرنیکا اختیار نہ تھا۔ روئداد پر ڈسٹرکٹ جج کے فیصلہ میں ہماری دست اندازی کے لئے کوئی وجہ ثابت نہیں کی گئی ہے اس لئے مرافعہ معہ خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔ مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۰۰ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۱ مئی ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس اسکاٹ اسمتھ۔

لکھمی داس وغیرہ بنام مہرچند وغیرہ۔

مدعیان۔ مرافعان۔ مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم۔

قانون میعاد سماعت ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۵۔

مرافع کو روئداد کی بناء پر جائز دعویٰ حاصل ہونا۔ مرافعہ جو بعد انقضائے میعاد قبول کیا گیا ہو۔

یہ امر کہ مرافع روئداد پر کوئی جائز دعویٰ رکھتا ہے حسب دفعہ ۵ قانون میعاد سماعت میعاد منقضی ہونے کے بعد مرافعہ قبول کرنیکی نسبت عدالت کے اختیار تمیزی کے استعمال کے لئے کوئی جائز وجہ نہیں ہے۔

مرافعہ بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج جالندھر مورخہ ۱۹ اگست ۱۹۲۰ء

منجانب مرافعان۔ دیوان مہرچند۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر فقیر چند۔

**فیصلہ۔** مرافعہ علیہم کے کونسل نے ایک ابتدائی اعتراض یہ

(۱) انڈین لاء رپورٹ کلکتہ جلد ۳۴ صفحہ ۲۳۵ (۲) انڈین کیسیز جلد ۵۸ صفحہ ۴۰۳۔

کیا ہے کہ مرافعہ ہذا خارج المیعاد ہے۔ وہ حکم جس کی نارانگی سے مرافعہ پیش کیا گیا ہے تاریخ ۱۹ اگست ۱۹۲۲ء کا ہے اور مرافعہ عدالت ہذا میں ۲۰ نومبر ۱۹۲۲ء کو پیش کیا گیا تھا لیکن دفتر نے اس کو ۳۰ نومبر ۱۹۲۲ء کو واپس کیا تھا کیونکہ یادداشت مرافعہ کے ساتھ عدالت ابتدائی کے فیصلہ کی نقل پیش نہیں کی گئی تھی سو ۱۰ دسمبر ۱۹۲۲ء کو عدالت ابتدائی کے فیصلہ کی نقل کے ساتھ مکرر پیش کیا گیا تھا۔ اس وقت مرافعہ مسلمہ طور پر خارج المیعاد تھا۔ مقدمہ سوہن لال بنام سری رام (۱) اس بحث کی تائید میں ایک نظیر ہے کہ مرافعہ ثانی میں جو ہائیکورٹ کے زیر پیش کیا جاتا ہے یادداشت مرافعہ کے ساتھ عدالت ابتدائی کے فیصلہ کی ایک نقل شریک رہنی چاہیئے اور اگر موخر الذکر میعاد سماعت منقضی ہونے تک پیش نہ کی جائے تو مرافعہ کو معمولاً بطور خارج المیعاد کے نامنظور کرنا چاہیئے۔ یہی خیال مرافعہ دیوانی نمبر ۲۰۵ بابتہ ۱۹۲۲ء میں قائم کیا گیا تھا جو بطور ریالا بنام ہیرو (۲) طبع ہوا ہے۔ مرافع کی جانب سے وکلاء ہر چند یہ تسلیم کرتے ہیں کہ مرافعہ خارج المیعاد ہے لیکن وہ یہ کہتے ہیں کہ وہ قانون میعاد سماعت کی دفعہ ۵ کے بموجب سماعت کے لئے قبول کیا جائے جو عذر وہ پیش کر سکتے تھے صرف یہ ہے کہ روبکار ادیر انکے وکیل کو ایک جائز دعوی حاصل ہے ممکن ہو کہ یہ صحیح ہو یا نہ ہو لیکن مجھے وہ حسب دفعہ ۵ عدالت ہذا کے اختیار تمیزی کے استعمال کے لئے ایک جائز وجہ نہیں معلوم ہوتی۔ مرافعہ خارج المیعاد ہونے کی وجہ سے مدعا علیہم کو ایک قیمتی حق حاصل ہوا ہے اور اس لئے میں یہ خیال کرتا ہوں کہ مرافعہ سماعت کے لئے اس وقت تک قبول نہ کیا جائے جب تک کہ کافی وجہ ظاہر نہ کی جائے۔ کوئی وجہ ظاہر نہیں کی گئی ہے اور اس لئے میں مرافعہ خارج لیکن فریقین پر عدالت ہذا کا خود ان کا خرچہ عائد کرتا ہوں۔

مرافعہ خارج کر دیا گیا۔

(۱) انڈین کیسز جلد ۱۳ صفحہ ۳۰۳ (نظائر ہند صفحہ ۴۴) (۲) انڈین کیسز جلد ۶۹ صفحہ ۶۷۰ (نظائر ہند صفحہ ۸۹۳)



## ہائیکورٹ لاہور۔

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۳۴ بابتہ ۱۹۱۹ء منفصلہ ۲ جنوری ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس براڈوے و مسٹر جسٹس ظفر علی۔

محمد عمر و یک کس دیگر بنام فیاض الدین وغیرہ

مدعیان۔ مرافعان مدعا علیہم۔ مرافعہ علیہم۔

**قانون شفعہ پنجاب ایکٹ ۱ بابتہ ۱۹۱۳ء دفعہ ۱۶ (دوم)۔ "تعمیر" کا مفہوم۔**

کسی مقام کی کسی عمارت یا تعمیر کا صاحب حسب منشائے دفعہ ۱۶ (دوم) قانون شفعہ پنجاب شامل جائداد [illegible] کے مالک کہا جاسکتا ہے اور اس لئے اس کا حق شفعہ بہ نسبت اسکے مالک [illegible] کم ہے۔ لفظ "عمارت" یا "تعمیر" کی تعریف قانون شفعہ پنجاب میں بیان کی گئی ہے [illegible] دفعہ ۱۶ (دوم) قانون مذکور کی اغراض کے لئے لفظ تعمیر کسی دیوار یا جھونپڑی یا کسی دوسری غیر اہم عمارت کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے جسکے لئے لفظ عمارت استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ اس لئے نہ صرف کسی مقام کی عمارت کے مالک کو بلکہ کسی کم اہم قسم کی تعمیر کے مالک کو بھی اس کی بابتہ شفعہ کا حق حاصل ہے۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج دہلی مورخہ ۱۲ اگست ۱۹۱۷ء شعر بحالی ڈگری مصدرہ سب آرڈینیٹ جج درجہ دوم دہلی مورخہ ۲۹ مئی ۱۹۱۷ء۔

منجانب مرافعان۔ لالہ درگا داس و لالہ [illegible] رام۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ لالہ جگناتھ و لالہ ہرگوپال [illegible] بخشی ٹیک چند۔

**فیصلہ۔** اس مرافعہ ثانی میں جو ایک شفعہ کی نالش سے پیدا

محمد عمر بنام غیاث الدین (لاہور)

ہوتا ہے میں جس امر کا تصفیہ کرنا ہے وہ صرف یہ ہے کہ ابا الدین تحت نے یہ قرار دینے میں کہ جھونپڑیاں وغیرہ جو اس مقام پر واقع ہیں جن کی نسبت شفعہ کا حق پیش کیا گیا ہے جن کو مدعی علیہ مشتری نے بیع کے قبل تعمیر کرایا تھا جبکہ وہ کسی پٹہ کی بناء پر اراضی پر قابض تھا حسب منشائے فقرہ دوم مذکورہ بالا عمارات تھیں دفعہ ۱ فقرہ (دوم) قانون شفعہ پنجاب ایکٹ ابابتہ ۱۹۱۳ء کی صحیح طور پر تعبیر کی ہے۔

مقام زیر بحث دہلی کے ایک شارع عام کے کنارے پر واقع ہے اور اس کا رقبہ تقریباً ۱۰۱ مربع گز ہے۔ مدعی علیہ نے ابتداً مالک سے تین سال گیارہ مہینے یعنی ۳۱ جنوری ۱۹۱۳ء سے آخر دسمبر ۱۹۱۶ء تک اس کا پٹہ حاصل کیا تھا تاکہ وہ وہاں ایک دکان قائم کرے اور اس غرض کے لیے اس نے اس پر تین وسیع جھونپڑیاں تعمیر کرائیں جو لکڑی کے کھمبوں پر قائم تھیں اور جن کی چھت لوہے کی چادر کی تھی۔ چونکہ مقام مذکور بہ نسبت سڑک کے نہایت بلند تھا اس نے سڑک کے بازو اس کی بلندی تک ایک پتھر کی دیوار تعمیر کرائی۔ علاوہ بریں اس نے ایک بیت الخلا اور ایک کچی دیوار تعمیر کرائی جس میں آمد و رفت کے لئے ایک دروازہ موجود تھا۔ ڈسٹرکٹ جج نے اس مقام کا معائنہ کیا تھا اور وہ اپنے فیصلہ میں حسب ذیل بیان کرتے ہیں :۔ ”میں نے ان عمارات کا معائنہ کیا ہے اور مجھے عدالت تحت سے اتفاق کرنے اور یہ قرار دینے میں کچھ بھی تامل نہیں ہے کہ وہ بیع کے قبل تعمیر کرائی گئی تھیں اور یہ کہ وہ حسب منشائے دفعہ ۱۶ ”دوم“ قانون شفعہ بمنزلہ دیگر تعمیرات کے ہیں۔۔۔ عمارات اگرچہ وہ بہت بڑی نہیں ہیں تاہم کسی طرح عارضی قسم کی نہیں ہیں۔ مقام مذکور بطور

ایک کارخانہ کے استعمال کیا جا رہا ہے اور لکڑی کے کھمبے زمین کے اندر مضبوطی گاڑے گئے ہیں اور چھت مزدوروں کو موسم کی خرابیوں سے محفوظ رکھنے کے لئے کافی ہے“۔ اس تعمیر کی مالیت ایک اوورسیر نے مبلغ ۵۰۰ روپیہ مشخص کی تھی۔

مدعی مرافع کی جانب سے یہ بحث کی گئی تھی کہ فقرہ ”دوم“ اس قسم کی عارضی عمارتوں سے متعلق نہیں ہے۔ یہ کہ لفظ تعمیر سے کوئی زیادہ وسیع مکان یا عمارت مراد ہے۔ یہ کہ مدعی علیہ صرف عمارات کے ملبہ کا مستحق تھا کیونکہ اسکو اسکے پٹہ کی مدت منقضی ہونے کے بعد عمارات کو علیحدہ کرنا پڑتا تھا اور وہ تعمیر یا عمارت کا مالک نہیں کہا جا سکتا تھا۔ یہ کہ عمارت یا تعمیر میں فقرہ ”دوم“ کے بموجب کل مقام شامل ہوگا حالانکہ مقدمہ موجودہ میں عمارات میں کل مقام شامل نہیں ہے اور یہ کہ اس وجہ سے جو بسلسلہ ترجیح اس قسم کے شفیعوں کو دیا گیا ہے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسکے حقوق نہایت اعلیٰ قسم کے ہونے چاہئیں۔ ہماری رائے یہ ہے کہ یہ دلائل بالکل ناقابل پذیرائی ہیں۔ قانون کے پیش نظر جو امر ہے وہ یہ ہے کہ کسی مقام کی عمارت یا دیگر تعمیر کا مالک جائداد مبیعہ کے مثل ایک مالک شریک کے ہے اور اس لئے اسکا حق شفعہ صرف اسکے ایک مالک شریک سے کم ہے۔ لفظ ”عمارت یا تعمیر“ کی تعریف قانون میں نہیں کی گئی ہے لیکن یہ بیان کیا جا سکتا ہے کہ ہر عمارت ایک تعمیر ہے اگرچہ ہر تعمیر عمارت نہیں ہے اور لفظ ”تعمیر“ کسی دیوار یا جھونپڑی یا کسی دوسری غیر اہم عمارت سے متعلق کیا جا سکتا ہے جس کے لئے لفظ ”عمارت“ استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ اس لئے نہ صرف کسی مقام کی عمارت کے مالک کو بلکہ کم اہم قسم کی عمارت کے

صفحہ ۹۱۲

مالک کو بھی اس کی بابتہ شفعہ کا حق حاصل ہے۔ یہ صحیح ہے کہ پٹہ منقضی ہونے کے بعد مدعی علیہ پٹہ گیرندہ عمارات کے انہدام کا ذمہ دار تھا لیکن اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ بوقت بیع وہ اس کا مالک نہ تھا۔ علاوہ بریں عمارات علاکل مقام پر واقع ہیں اور درمیان میں کچھ جگہ چھوڑی گئی ہے تاکہ وہ بطور ایک صحن کے استعمال کی جائے۔ اس لئے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ کل مقام پر حاوی نہیں ہیں۔

اس لئے ہماری رائے یہ ہے کہ عدالتہائے ماتحت نے فقرہ دوم کی صحیح تعبیر کی تھی اور ہم مرافعہ مع خرچہ خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ بمبئی

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۹۷۴ بابتہ سنہ ۱۹۱۷ء منفصلہ ۱۸ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس سر نارمن میکلیوڈ نائٹ چیف جسٹس و مسٹر جسٹس کرمپ۔

گنگارام بالکرشن بھاونت بنام واسودیو تاتیا کرلوسکر وغیرہ۔

مدعی۔ مرافع۔ مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۱۔ تقسیم کی نالش۔ امر فیصل شدہ جو مدعی علیہم شریک کے مابین ہو۔

جب مدعی علیہم شریک کے مابین کوئی تصفیہ مدعی کو مناسب دادرسی عطا کرنے کے لئے ضروری ہو تو تصفیہ مدعی علیہم کے مابین جاوے نیز مدعی اور مدعی علیہم کے مابین ایک امر فیصل شدہ ہوگا لیکن یہ نتیجہ پیدا ہونے کے لئے مدعی علیہم کے مابین حقوق میں اختلاف ہونا چاہیئے اور ایک فیصلہ ہونا چاہیئے جس کی رو سے مدعی علیہم کے مابین حقیقی حقوق اور ذمہ داریوں کی صراحت ہونی چاہیئے بلا ثبوت کے کوئی فیصلہ مدعی علیہم کے مابین ایک امر فیصل شدہ نہ ہوگا اور نہ وہ تحت مابین مسمی اس قیاس کی بنا پر ایک امر فیصل شدہ ہوگا کہ ایک طور پر کسی حصے کے دعوی کی مخالفت میں ناکام ہوئے جو مدعی علیہم میں سے ایک جانب کے ان کے خلاف پیش کیا گیا تھا۔ رام چندرا نارائن بنام نارائن مہادیو۔ انڈین لا رپورٹس بمبئی جلد ۱۱ صفحہ ۲۱۶ کی تطبیق کی گئی۔

رام چندرا بنام اباجی پنجاب جرنل بابتہ سنہ ۱۸۸۱ء صفحہ ۱۱۰ کی توضیح کی گئی۔ کسی تقسیم کی نالش میں کل فریقین جو جائیداد تقسیم شدنی میں غرض رکھتے ہوں ایک ہی حیثیت رکھتے ہیں خواہ وہ مدعیان ہوں یا مدعی علیہم۔ اور ہر فریق تقسیم کا خواہاں ہو یا اس کی مخالفت کرے خواہ وہ مدعی ہو یا مدعی علیہ عدالت کے فیصلہ کا پابند ہے۔

ہری اناجی بنام واسودیو جناردھن۔ انڈین کیسیز جلد ۳۴ صفحہ ۹۰۰ کا حوالہ دیا گیا۔

نالینی کانتا بنام سرنا موئی دیبیا۔ انڈین کیسیز جلد ۲۴ صفحہ ۳۰۹ پر توجہ کی گئی۔

مرافعہ ثانی بنا رجوعی فیصلہ صادرہ اسسٹنٹ جج رتناگیری بر مرافعہ نمبر ۳۸۴ بابتہ سنہ ۱۹۱۲ء مشعر بحالی ڈگری صادرہ سب آرڈینیٹ جج مالوان بمقدمہ دیوانی نمبر ۱۷۲ بابتہ سنہ ۱۹۰۹ء۔

منجانب مرافع۔ مسٹر جی این ٹھاکر بمعیت ایس وائی ابھیانکر۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر ایس۔ آر۔ باکھلے و پی بی شنگنے۔

چیف جسٹس میکلیوڈ۔ مدعی نے نالش ہذا اس جائداد کی تقسیم کے لئے رجوع کی تھی جو مشترکہ جائیداد ہونا بیان کی گئی تھی اور اس کی ۱/۲ حصہ کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ جائیداد ابتداً بلا شبہ کرلوسکروں کی مشترکہ خاندانی جائداد تھی۔ خاندان کا شجرہ مطبوعہ مثل کے صفحہ ۳۲ پر درج ہے۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ

گنگارام بنام واسدیو (بمبئی) صفحہ ۹۱۳

الحکام نہالم ۲۶۰ (...)

کئی نسلوں کے قبل خاندان دو شاخوں میں منقسم ہوا تھا اور بلا شبہ کئی سال تک ہر شاخ کے مختلف اراکین خاندانی جائیداد کے حصے اس طرح منتقل کر رہے تھے گویا کہ وہ ان کے علیحدہ مالک تھے۔ بظاہر مدعی علیہم کا جنھوں نے مدعی کی نالش کی مخالفت کی ہے یہ بیان ہے کہ اس قدر عرصہ قبل یعنی سنہ ۱۸۲۱ء میں خاندانی جائداد تقسیم کی گئی تھی۔ شہادت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ کل خاندانی جائداد اشخاص اجنب کے قبضہ میں منتقل ہوئی تھی۔ مدعی نے ان انتقالات کو جو خاندان کے مختلف اراکین کی جانب سے کئے گئے تھے منسوخ کرانے اور اس جائیداد کا جو ابتداً خاندانی جائداد تھی $\frac{1}{2}$ حصہ اس بنا پر واپس حاصل کرنے کی کوشش کی ہے کہ جائیداد مذکور مشترکہ ہے اور یہ کہ ان انتقالات کے باوجود وہ اس میں اپنے مناسب حصہ کا مستحق ہے۔ تنقیح نمبر ۱ جو نالش کی اصل تنقیح تھی یہ تھی کہ آیا جائیداد متدعویہ مدعی و فریقین کے لواحقین کی مشترکہ جائداد تھی تنقیح مذکور کی نسبت نفی میں تجویز کی گئی تھی۔ ہر دو عدالتہائے تحت اس نتیجہ پر پہونچی ہیں کہ کئی سال قبل دونوں بھائیوں کے مابین یقیناً تقسیم ہوئی تھی اور یہ کہ مدعی کی شاخ کو دوسری شاخ سے کوئی تعلق نہ تھا۔ لیکن مدعی نے امر فیصل شدہ کے اصول پر استدلال کیا ہے کہ وہ تقسیم کی نسبت اس کے دعوی کی مخالفت کرنیکے لئے مدعی علیہم کا مانع ہے۔

مدعی کی بحث دونوں عدالتہائے تحت میں نامنظور کی گئی ہے اور اس پر عدالت ہذا میں مرافعہ کے کونسل نے مکمل بحث کی ہے۔ مدعی نے نالش نمبر ۴۵۳ بابتہ سنہ ۱۸۹۰ء کی کارروائیات پر استدلال کیا ہے۔ وہ ایک ایسی نالش تھی جو سکھارام نے رجوع کی تھی جو شجرہ مندرجہ صفحہ ۲۳۰ کے لحاظ سے راما کی شاخ کے پانچ حصہ داروں میں سے ایک تھا۔ عرضی دعوی نہایت مبہم طریقہ سے مرتب کی گئی ہے۔ اس میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ جائیداد اراضیات اور کل موضع کرلو مدعی اور مدعی علیہم نمبر ۱ تا ۴ و ۱ تا ۲ کی غیر منقسمہ مشترکہ موروثی جائداد تھی۔

مدعی اور مدعی علیہم نمبر ۱ تا ۴ کا حصہ نصف تھا اور مدعی علیہم نمبر ۱ تا ۲ کا حصہ نصف تھا۔ یہ کہ یہ موخر الذکر عرصہ دراز سے بطور اپنے حصہ کے علیحدہ جائداد رکھتے تھے۔ مدعی کا حصہ خود اس کی شاخ میں $\frac{1}{5}$ ہے اور کل جائیداد کا $\frac{1}{10}$ نہیں ہے یہ کہ اگر مدعی علیہم نمبر ۱ تا ۲ قدیم خانگی تقسیم کو منظور کریں تو مدعی کو ایسی جائیداد کا $\frac{1}{5}$ حصہ دیا جانا چاہئے جس پر خود اس کی شاخ کا قبضہ ہے یا اور طور پر کل جائداد کا $\frac{1}{10}$ حصہ دیا جانا چاہئے۔ مختلف انتقالات کی وجہ سے جو قبل ازیں کئے گئے تھے نالش مذکور کا مخالف مدعی علیہ صرف مدعی علیہ نمبر ۵ تھا جس نے سکھارام کی شاخ کے دیگر اراکین کی جانب سے ایک رہن کیا جانا بیان کیا تھا۔ سکھارام نے یہ بحث کی تھی کہ رہن مذکور اسکے حصہ پر واجب التعمیل نہ تھا۔ یہ بحث غالب رہی تھی یہ بالکل صحیح ہے کہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ ڈگری میں یہ ہدایت تھی کہ مدعی کل جائداد کے $\frac{1}{10}$ حصہ کا مستحق تھا لیکن ڈگری میں یہ ہدایت کی گئی ہے کہ اگر اراضیات "کہا سگی" میں جس پر خود مدعی کی شاخ کا قبضہ تھا جو خود اس پر اور اسکے حقیقی بھائیوں پر مشتمل تھی اس کے حصہ کی تکمیل اسی قسم کی دیگر اراضیات سے ہو سکتی ہے جس پر اس شاخ کا قبضہ ہے تو اس صورت میں اراضیات جو مدعی علیہ نمبر ۵ کو رہن کی گئی تھیں بوقت تقسیم مدعی علیہم نمبر ۱ تا ۴ کے حصص میں آنی چاہئیں اور مدعی علیہم نمبر ۵ کے قبضہ میں رہنی چاہئیں۔

کوئی شہادت یہ ظاہر کرنے کے لئے موجود نہیں ہے کہ اس ڈگری کی تعمیل کس طرح کی گئی تھی یا یہ کہ آیا مدعی نے تعمیل میں کوئی جائیداد میں حاصل کی تھیں جو دوسری شاخ کے اراکین یا ان کے منتقل الیہم کے قبضہ میں تھیں۔

لیکن ہمارے روبرو اب سوال یہ ہے کہ آیا دیگر اشخاص جو کل جائیداد کے ۹/۱۰ حصہ کے مستحق تھے نالش مذکور کے فیصلہ کی بنا پر اس کے بعد یہ بحث پیش نہ کر سکتے تھے کہ ۹/۱۰ حصہ جو ان کے قبضہ میں رہا تھا مشترکہ خاندانی جائیداد نہ تھا تاکہ وہ دوسری شاخ کے کسی رکن کی جانب سے تقسیم کی استدعا کئے جانے پر ۹/۱۰ حصہ تقسیم کرنے کی نسبت نالش مذکور کی تجویز کے پابند ہوں۔ قطع نظر اسکے مجھے یہ صاف معلوم ہوتا ہے کہ اس امر کی نسبت کوئی صریح تجویز موجود نہیں ہے کہ کل جائداد جو ابتدا مشترکہ تھی اس ڈگری کے وقت ہنوز مشترکہ تھی۔ اس امر کا تصفیہ کرنے وقت کہ آیا کوئی معاملہ کسی نالش کے مدعی علیہم شریک کے مابین ایک امر فیصل شدہ ہے جس اصول کی تقلید کرنی چاہیئے وہ مقدمہ رام چندر نارائن بنام نارائن مہادیو (۱) میں بتلایا گیا تھا جو حسب ذیل تحریر ہے:۔

"جب مدعی علیہم کے مابین کوئی تصفیہ مدعی کو مناسب دادرسی عطا کرنے کے لئے ضروری ہو تو تصفیہ مدعی علیہم کے مابین اور مدعی اور مدعی علیہم کے مابین ایک امر فیصل شدہ ہوگا لیکن یہ نتیجہ پیدا ہونے کے لئے مدعی علیہم کے مابین حقوق میں اختلاف اور ایک فیصلہ ہونا چاہیئے جس کی رو سے مدعی علیہم کے مابین حقیقی حقوق اور ذمہ داریوں کی صراحت کی جائے۔ بلا ضرورت کوئی فیصلہ مدعی علیہم کے مابین ایک امر فیصل شدہ نہ ہوگا اور نہ وہ ان کے مابین محض اس قیاس کی بنا پر ایک امر فیصل شدہ ہوگا کہ وہ مجموعی طور پر کسی حصہ کے دعوی کی مخالفت میں ناکام رہے ہیں جو بطور ایک جماعت کے ان کے خلاف پیش کیا گیا تھا"۔

اگر اس تجویز کو مقدمہ ہذا کے واقعات سے متعلق کیا جائے اگر یہ فرض کیا جائے کہ سنہ ۱۸۹۰ء کی نالش کے کل مدعی علیہم نے مجموعی طور پر ایک حصہ کے دعوی کی مخالفت کی تھی جو بطور ایک جماعت کے مدعی کی جانب سے ان کے خلاف پیش کیا گیا تھا اور وہ ناکام رہے تھے تو بھی بجز اسکے کہ یہ ظاہر کیا جاسکے کہ یہ ضروری تھا کہ اس امر کا تصفیہ کیا جائے کہ آیا ۹/۱۰ حصہ مشترکہ خاندانی جائیداد تھی جو ان کے قبضہ میں تھی فریقین مذکور کے مابین کسی نالش مابعد میں امر فیصل شدہ کا کوئی سوال پیدا نہ ہوسکتا تھا۔ سنہ ۱۸۹۰ء کی نالش کے فیصلہ سے یہ ظاہر ہے کہ موجودہ سوال کبھی تنقیح طلب نہ تھا۔ اس امر کا فیصلہ ضروری نہ تھا کہ ان اشخاص کے مابین جو خاندانی جائیداد کے بقیہ ۹/۱۰ حصہ کے مستحق ہوسکتے تھے سنہ ۱۸۹۰ء میں جائداد مذکور مشترکہ تھی یا علیحدہ تھی۔ فیصلہ بمقدمہ رام چندر بنام اباجی (۲) فیصلہ بمقدمہ رام چندر نارائن بنام نارائن مہادیو (۱) کے متناقض نہیں ہے کیونکہ مسٹر جسٹس لیسٹ نے فیصلہ مذکور کا حوالہ دیا تھا اور اسے ممیز کیا تھا۔ مقدمہ اول الذکر میں حکام عدالت عالیہ کلکتہ کے چند مقدمات کا حوالہ دیا تھا جن میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ:۔ "اس امر کا تصفیہ کرتے وقت کہ آیا کوئی معاملہ حسب دفعہ ۱۳ ایک امر فیصل شدہ ہے یہ دیکھا جائے کہ آیا وہ صراحتاً اور عملاً ان ہی فریقین کے مابین تنقیح طلب تھا اور قطعی طور



گنگارام بنام ماسودیو (بمبئی)

پر منفصل کیا گیا تھا۔ اگر نالش سے چند فریقین کے ما بین تنقیح صاف طور پر قائم ہو گئی ہو اور اسکا فیصلہ کیا گیا ہو تو برامر غیر اہم ہے کہ ایک مقدمہ کے فریقین ... مقدمہ کے فریقین سے مختلف طور پر ترتیب دئے گئے تھے "۔

وہ اس امر سے بالکل مختلف ہے جو عدالت ہذا کے روبرو مقدمہ رام چند ساناماین بنام نارائین اچھا دیو (۱) میں پیش ہوا تھا جس میں معیار یہ تھا کہ آیا اس امر کا تصفیہ ضروری تھا کہ درحقیقت وہ مدعی علیہم شرکاء کے ما بین کبھی پیش کیا گیا تھا اور آیا وہ فیصل کیا گیا تھا۔ عدالت ہذا نے فیصلہ مذکورکی مسلسل تقلید کی ہے۔ میرے لئے صرف فیصلہ بمقدمہ ہری اناجی بنام واسودیو جنارون (۲) کا حوالہ دینا ضروری ہے۔

بلاشبہ تقسیم کی نالش میں کل فریقین جو جائداد تقسیم شدنی میں حق رکھتے ہوں بالکل وہی حیثیت رکھتے ہیں خواہ وہ مدعیان ہوں یا مدعی علیہم اور ہر فریق جو تقسیم کا دعوی کرے یا اس کی مخالفت کرے خواہ وہ مدعی ہو یا مدعی علیہ عدالت کے فیصلہ کا پابند ہے۔ لیکن مقدمہ ہذا میں بجز مدعی کے کسی فریق نے تقسیم کا دعوی نہیں کیا تھا یا اس کی مخالفت نہیں کی تھی اور اس لئے تقسیم کے متعلق سوالات جو نالش مذکور کے مدعی علیہم کے ما بین اسکے بعد پیدا ہوسکتے تھے تصفیہ طلب باقی رہے تھے۔ اور نہ فیصلہ بمقدمہ نالینی کانتا بنام سرنا موئی دیبیا (۳) سے مدعی کو کوئی مدد ملتی ہے۔ مقدمہ مذکور میں خاندان کے مختلف ارکین کی جانب سے تقسیم کے لئے مسلسل نالشات رجوع کی گئی تھیں حتی کہ صرف ایک رکن باقی رہ گیا تھا جس نے تقسیم کی نالش رجوع نہیں کی تھی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کل ارکین کو جنھوں نے نالشات رجوع کی تھیں صفحہ ۹۱۵

ان کے حصے ملے تھے اور بقیہ جائداد سے جو خاندان کے آخری رکن کے قبضہ میں رہی تھی اس کا حصہ ظاہر ہوتا تھا۔ اس نے ... کیا تھا کہ مختلف تقسیموں کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسکے لئے جو حصہ باقی رہا تھا وہ خاندانی جائداد میں اسکے مناسب حصہ سے کم تھا۔ اس نے ان مختلف تقسیموں پر بکرر بحث کرنیکی کوشش کی تھی جو ان نالشات میں کی گئی تھیں جو خاندان کے دیگر ارکین نے رجوع کی تھیں اور یہ قرار دیا گیا تھا کہ مختلف تقسیمیں جو کی گئی تھیں اس پر واجب التعمیل تھیں۔ وہ کسی طرح اس سوال سے متعلق نہیں ہے جو اب ہمارے روبرو پیش ہے کہ آیا سنہ ۱۸۹۶ء کی نالش میں مدعی علیہم کے ما بین یہ سوال کہ آیا جائداد مشترکہ تھی یا منقسمہ ایک امر فیصل شدہ ہے۔ نالش ہذا میں مدعی نے جو کچھ کرنیکی کوشش کی ہے وہ کل جائداد میں ایک حصہ کی بازیافت کی بابت ہے جبکہ خود اس کی شاخ میں خود اس کا حق منتقل کیا گیا تھا اور دوسری شاخ کے دیگر ارکین نے اپنی جائداد میں منتقل کی تھیں۔ یہ امر بالکل واضح ہے کہ وہ ان مختلف معاملات کو منسوخ کرانیکا مستحق نہیں ہے جو جائداد کی نسبت کئے گئے تھے اور جو ایک طویل مدت تک ہوتے رہے تھے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ابتدائی مدعی نے اس جائداد میں اپنا حق خواہ اس کی مالیت کچھ ہی ہو مرافعہ اولی کے دوران میں منتقل کیا تھا اور موجودہ مرافعہ دراصل کسی دعوی کا ایک خریدار ہے۔ میری رائے میں مرافعہ خرچہ خارج ہونا چاہیئے۔

جسٹس کرمپ۔ میں متفق ہوں۔ مرافعہ خارج کیا گیا۔

ہائیکورٹ لاہور

متفرقہ مرافعہ ثانی دیوانی

(۲) انڈین لاء رپورٹس جلد ۲۷ صفحہ ۹۲ (۳) انڈین کیسیز جلد ... صفحہ ۲۹۲۔

مجلہ امم ... اسودیو ... ذہنی

نمبر مقدمہ ۹۰۱ بابت سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۹ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس مارٹینو۔

محمود شاہ وغیرہ۔ بنام طالب حسین شاہ و یکس دیگر۔

مدعی علیہم۔ مرافعان۔ مدعیان۔ مرافعہ علیہما۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابت سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۰۵ ۔ ۱۵۱ ۔ آرڈر ۴۱ رول ۲۳ - آرڈر ۴۳ رول ۱ (u) ۔ ۱۰۰ ۔ اپیل جبکہ مقدمہ عرضی دعوی کی ترمیم کے بعد مکرر فیصلہ کے لئے بھیجا گیا ہو۔ - مرافعہ پیش ہوسکتا ہے۔

آرڈر ۴۱ رول ۲۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی صرف اس صورت میں متعلق ہوتا ہے جبکہ مقدمہ کا فیصلہ عدالت ابتدائی نے کسی ابتدائی امر پر کیا ہو۔ عدالت مرافعہ کو حسب دفعہ ۱۵۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی حکم واپسی اس صورت میں صادر کرنیکا اختیار ہے جبکہ آرڈر ۴۱ رول ۲۳ مجموعہ مذکور متعلق نہ ہو۔ عبدالکریم ابو احمد خان غزنوی بنام الہ آباد بنک لمیٹڈ - انڈین کیسیز جلد ۴۳ صفحہ ۹۰۵ پر استدلال کیا گیا۔

کوئی حکم واپسی جو حسب دفعہ ۱۵۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی صادر کیا گیا ہو قابل مرافعہ نہیں ہے۔ ایک عدالت مرافعہ نے یہ قرار دیکر کہ اس عرضی دعوی پر جس طرح کہ وہ موجود تھی کوئی ڈگری جو مدعی کے حق میں صادر کی جاسکے مبہم ہونیکی وجہ سے ناقابل تعمیل ہوگی مقدمہ عدالت ابتدائی میں عرضی دعوی کی ترمیم کے بعد ایک جدید فیصلہ کے لئے واپس کیا۔ قرار دیا گیا کہ حکم واپسی کوئی حکم تحت آرڈر ۴۱ رول ۲۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی نہ تھا کیونکہ وہ ابتدائی امر نہ تھا اور اس لئے قابل مرافعہ نہ تھا۔

مرافعہ ثانی متفرق بناراضی حکم صادرہ ڈسٹرکٹ جج ملتان مورخہ ۶ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء مشعر تنسیخ حکم صادرہ سب آرڈینیٹ جج ملتان مورخہ ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء۔

محمود شاہ بنام طالب حسین شاہ (لاہور)

منجانب مرافعان - لالہ گوبند رام کھنا بجائے لالہ فقیر چند۔

منجانب مرافعہ علیہما - مسٹر ایم سلیم۔

فیصلہ - مدعیان کو عدالت ابتدائی نے مجوزہ چار خسرہ نمبرات کے جن کا انہوں نے دعوی کیا تھا تین کے قبضہ کی بابت ایک ڈگری عطا کی تھی فریقین نے ڈسٹرکٹ جج کے روبرو مرافعہ کیا تھا جنکی رائے یہ تھی کہ ملکیت کے نمبرات کے لحاظ سے جو عرضی دعوی میں درج تھے ساتھ کوئی نقشہ منسلک نہ تھا اور اُن متدعویہ کی حقیقی حدود کا تعین مشکل ہوگا اور یہ کہ کوئی ڈگری جو مدعیان کے حق میں صادر کی جاسکے مبہم ہونیکی وجہ سے عملاً ناقابل تعمیل ہوگی۔ اس لئے انہوں نے یہ قرار دیا کہ عدالت کے روبرو کوئی مناسب عرضی دعوی موجود
صفحہ ۹۱۶
نہ تھی اور ڈگری منسوخ کرکے انہوں نے مقدمہ اس غرض سے واپس کیا کہ عرضی دعوی کی مناسب ترمیم کی جائے اور جائداد کا مناسب نقشہ مثل میں شامل کئے جانے کے بعد ایک جدید فیصلہ صادر کیا جائے۔ حکم مذکور کی ناراضی سے مدعی علیہم نے عدالت ہذا میں مرافعہ کیا ہے۔

مرافعہ علیہما کی جانب سے ایک ابتدائی اعتراض یہ کیا گیا ہے کہ کوئی مرافعہ پیش نہیں ہوسکتا کیونکہ عدالت ماتحت مرافعہ کا حکم ایک ایسا حکم ہے جو حسب دفعہ ۱۵۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی صادر کیا گیا تھا اور آرڈر ۴۱ رول ۲۳ کے تحت صادر نہیں کیا گیا تھا۔ یہ اعتراض غالب رہنا چاہیئے۔ آرڈر ۴۱ رول ۲۳ صرف اس صورت میں متعلق ہوتا ہے جب کہ مقدمہ کا تصفیہ کسی ابتدائی امر کی نسبت کیا گیا ہو حالانکہ یہ ظاہر ہے کہ مقدمہ موجودہ میں عدالت ابتدائی کا فیصلہ روئداد پر صادر کیا گیا تھا اور ایک ابتدائی امر کی نسبت صادر نہیں کیا گیا تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ عدالت مرافعہ کو حسب دفعہ ۱۵۱ ایک حکم واپسی اس صورت میں صادر کرنیکا اختیار حاصل ہے جبکہ آرڈر ۴۱ رول ۲۳ متعلق نہ ہو (ملاحظہ ہو عبدالکریم ابو احمد خان غزنوی

محمود شاہ (۱) بنام [illegible] (لاہور)

بنام مالا آباد بنک لمیٹڈ (۱)) اور یہ قرار دینا چاہئیے کہ حکم جو مقدمہ موجودہ میں عدالت ماتحت مرافعہ نے صادر کیا تھا طرت تحت دفعہ [illegible] کو تھا اور قابل مرافعہ نہیں ہے۔ مرافعان کے کونسل یہ کہتے ہیں کہ مرافعہ کو بطور ایک نگرانی کے تصور کرنا چاہیئے لیکن مجھے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ان کو اس طرح تصور کرنے کے لئے کافی وجہ موجود ہے۔

مرافعہ خارج کیا جاتا ہے اگر بعد از روئداد برمرافعہ کی سماعت لی جاتی تو چونکہ مرافعہ کے متعلق بہت کچھ کہا جا سکتا تھا اس لئے میں یہ حکم دیتا ہوں کہ فریقین عدالت ہذا کا اپنا خرچہ خود برداشت کریں گے۔ مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی۔

نمبر مقدمہ ۳۲۹۴ بابت ۱۹۱۷ء منفصلہ ۹ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس اسکاٹ اسمتھ و مسٹر جسٹس ہرتی ساگر

کوٹھی موسومہ سیپ چند جیون سنگھ بنام کوٹھی موسومہ پیہول نانہومل)۔

بذریعہ جادوند سنگھ وغیرہ — بذریعہ نانہومل۔ مدعیان و الیشر داس

مدعی علیہم۔ مرافعان۔ — وغیرہ۔ مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم۔

قانون میعاد سماعت ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۰۸ء ضمیمہ اول مد ۵۔ باہمی جاریہ اور رواں حساب کیا ہے۔

ایک جاریہ حساب ایسا حساب ہے جو مسلسل یا رواں ہو اور تصفیہ کے ذریعے سے یا اور طور پر ایسی مداخلت نہ کی گئی ہو یا وہ بند نہ کیا گیا ہو اور جو مسلسل معاملات پر مشتمل ہو۔ حساب رواں دو یا زیادہ فریقین کے مابین ایک جاریہ حساب ہے یا ایسا حساب ہے جس میں فریقین کے مابین معاملات موجود ہوتی ہیں جن سے رقم کا بقایا جو ان میں سے ایک کو واجب الادا ہو مشخص کیا جاتا یا دریافت کیا جا سکتا ہے۔ باہمی حساب ایسا حساب ہے جس سے فریقین کے مابین باہمی معاملات ظاہر ہوتے ہوں اور ایسا حساب نہیں ہے جس میں صرف ایک جانب مدات ہوں اگرچہ وہ رقوم بائدہ اور بائدگرفت پر مشتمل ہو۔ رام پرشاد بنام ہرنس رنگہ۔ کلکتہ لا جرنل جلد ۱۴ صفحہ ۵۰ پر استدلال کیا گیا۔ کوئی حساب باہمی ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہر جانب معاملات موجود ہوں جن سے علیحدہ ذمہ داریاں دوسرے پر عائد کی گئی ہوں نہ کہ محض ایسے معاملات موجود ہوں جن سے ایک فریق پر ذمہ داریاں عائد کی گئی ہوں اور وہ ذمہ داریاں جو دوسرے فریق پر عائد کی گئی ہوں محض ایسی ذمہ داریوں کی کامل یا جزوی ادائی ہو۔ میر احمد بنام گنگا دیبی۔ مدراس ہائیکورٹ رپورٹ جلد ۱ صفحہ ۲۴۴ پر استدلال کیا گیا۔ باہمی حساب مجرادہی کے معاملات پر مشتمل ہوتا ہے یا بہ الفاظ دیگر وہ ایسے فریقین کے مابین حساب ہوتا ہے جو کسی معنوی معاہدہ کے تحت کہ ایک حساب جانتا ہے کہ کل یا کچھ دوسرے حساب سے مجرا دیا جا سکتا ہے اور دیا جائیگا اور وہ کوئی باہمی اور سبیل البدل طریقہ کاروبار رکھتے ہوں۔ مدعی کی کوٹھی کو مدعی علیہ کی کوٹھی نے مؤخر الذکر کی جانب سے اناج خریدنے اور اس کو منافع پر فروخت کرنے کے لئے مقرر کیا تھا۔ یہ طے ہوا تھا کہ مدعی کی کوٹھی اس خرید کی بابتہ معاوضہ بہم پہنچائے اور مدعی علیہ کی کوٹھی نے ابتدا میں بطور مزید ضمانت کے کچھ رقوم ادا کی تھیں۔ مدعی کی کوٹھی اس خرید و فروخت پر کمیشن وصول کرنے کی مستحق تھی جو مدعی علیہ کی کوٹھی کی جانب سے کی جاتی۔ ایک نالش میں جو مدعی کی کوٹھی کی جانب سے کچھ رقم کی بازیافت کے لئے رجوع کی گئی تھی جو ایسی بقایا رقم تھی جو مدعی علیہ کوٹھی کی جانب سے معاملات پر واجب الادا تھی یہ تجویز کی گئی تھی کہ بجز ایک کے تمام ایسا کیا گیا تھا جیسا کہ مدعی علیہ

(۱) انڈین کیسیز جلد ۴۴ صفحہ ۵۹۰۔

(۶۱۷) کی کوٹھی نے بطور مزید ضمانت کے کچھ رقوم ادا کی تھیں جو حساب کی بقایا آئی جو بھی مشکل ہے کہ نہیں تھی۔ قرار دیا گیا کہ تحویل کیا جا سکتا تھا (حساب جو فریقین کے مابین تھا) حسب منشائے دفعہ ضمیمہ اول قانون میعاد سماعت باہمی حساب تھا اور اس لئے نالش مذکور کے تابع نہ تھی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی فیصلہ مصدرہ ڈسٹرکٹ جج جہلم مورخہ ۳۰ اگست ۱۹۱۷ء شعر ترمیم فیصلہ مصدرہ سینیر سبارڈینیٹ جج گجرات مورخہ ۱۲ مارچ ۱۹۱۷ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر نانک چند۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ ڈاکٹر نند لال۔

**فیصلہ**۔ یہ مرافعہ جات ڈسٹرکٹ جج جہلم کے ایک فیصلہ مورخہ ۳۰ اگست ۱۹۱۷ء کی ناراضی سے پیش کئے گئے ہیں اور ایک نالش سے پیدا ہوئے ہیں جو مبلغ ۵۳۶۰۰ روپیہ اصل اور سود کی بازیافت کے لئے مدعیوں کی جانب سے حسب ذیل حالات میں رجوع کی گئی تھی :- مدعیوں کو جو دلالوں کی ایک کوٹھی ہے اور دلنگا ضلع گجرات میں کاروبار کرتی ہے مدعی علیہم کی کوٹھی موسومہ روپ چند جیون سنگھ نے دلنگا میں اناج خریدنے اور اس کو کراچی اور دیگر مقامات پر روانہ کر کے منافع پر فروخت کرنے کے لئے مقرر کیا تھا یہ طے ہوا تھا کہ مدعیان اس خرید کے لئے سرمایہ بہم پہونچائیں اور مدعی علیہم صرف ابتداً بطور مزید ضمانت کے کچھ رقم ادا کریں اور وہ ان معاملات خرید و فروخت پر جو وہ مدعی علیہم کی جانب سے کریں کمیشن وصول کریں۔ مدعی علیہم ان قرضجات کے سود کی ادائی کے بھی ذمہ دار تھے جو مدعیوں کی جانب سے مدعی علیہم کے لئے یہ معاملات خرید کرنے کی غرض سے دئے جائیں معلوم ہوتا ہے کہ اصل کی اصل خریدار مدعی علیہم کی دوسری جماعت تھی جو پیتہا لک

واقع نو آبادی شہر جہلم کے مسمی شام داس دیوان چند اور گنگا رام پر مشتمل تھی اور یہ کہ مدعی علیہم کی پہلی جماعت محض بطور ان کے ضامن دلالوں کے عمل کرتی تھی۔ لیکن مدعیوں کو پیتہا لک کی کوٹھی سے کوئی تعلق نہ تھا اور مدعی علیہم کی پہلی جماعت کے ساتھ ان کے معاملات مثل مابین مالک اور مالک کے تھے۔ مدعیان یہ بیان کرتے ہیں کہ ۰ جولائی ۱۹۱۰ء سے ۱۴ جولائی ۱۹۱۱ء تک انھوں نے مبلغ ۹۲۰۰۰ روپیہ کی جنس خرید کی تھی اور یہ کہ انھوں نے مدعی علیہم کو مبلغ ۳۶۰۰۰ روپیہ ادا کئے تھے۔ ۲۸ جون ۱۹۱۵ء کو انھوں نے موجودہ نالش مبلغ ۵۰۰۰ روپیہ اصل کی بابت جو بقایا ان حسابات پر واجب الادا رہا تھا اور مبلغ ۳۶۰۰ روپیہ سود اور مبلغ ۵۰۰ روپیہ کی ایک مزید رقم کی بابت جو متفرق اخراجات کی بابت واجب الادا تھی جو ان کی جانب سے ان معاملات کی نسبت عائد کئے جانا بیان کئے گئے تھے رجوع کی۔ نالش کی جو ابتداً صرف کوٹھی روپ چند جیون سنگھ کے خلاف رجوع کی گئی تھی مدعی علیہم کی جانب سے مختلف وجوہ سے مخالفت کی گئی تھی لیکن انکی جوابدہی کی اصل وجوہ حسب ذیل تھیں :- (۱) یہ کہ دعوی حسب دفعہ ۸۵ قانون میعاد سماعت ہند خارج المیعاد تھا اور (۲) یہ کہ انکی ضمانت اس مال سے متعلق نہ تھی جس سے حسب ذیل تین بیجکیں متعلق تھیں جن کی نسبت بموجب ان حسابات کے جو مدعیوں کی جانب سے پیش کئے گئے تھے تقریباً مبلغ ۵۱۰۰ روپیہ کی رقم واجب الادا تھی۔

(۱) ۱۵ مارچ ۱۹۱۱ء۔ مبلغ ۲۷۰۰ روپیہ۔

(۲) ۳ جون ۱۹۱۱ء۔ مبلغ ۱۲۰۰ روپیہ۔

(۳) ۲ اگست ۱۹۱۱ء۔ مبلغ ۱۲۰۰ روپیہ۔

مدعی علیہم نے صرف مبلغ ۲۰۰۰ روپیہ کی ادائگی کی بابت اپنی ذمہ داری تسلیم کی تھی اور اس امر سے انکار کیا تھا کہ مدعیان کسی سود کا مطالبہ کر سکتے تھے۔ ان پلیڈنگ پر پیتہا لک کی کوٹھی موسومہ شام داس دیوان

(۱) دیپ چند بنام بدھو مل (لاہور)

بھی بطور نالش کے مدعی علیہ کے فریق بنائی گئی تھی۔ سب آرڈینیٹ جج نے یہ تجویز کی کہ نالش بطور ایک ایسی نالش کے خیال نہ کیجا سکتی تھی، جو کسی ایسی بقایا کی بازیافت کے لئے رجوع کی گئی ہو جو کسی باہمی جاری اور رواں حساب پر واجب الادا تھی جسمیں فریقین کے مابین باہمی مطالبہ جات کئے گئے تھے اور یہ کہ وہ اندر عرصہ میعاد تھی۔ انھوں نے مزید یہ تجویز کی کہ اس مال کو جس سے یہ تین بیجک زیر بحث متعلق ہیں مدعی علیہم کی دوسری جماعت نے ان کے ضامن دلالوں کے ذریعہ منگوایا تھا اور یہ کہ اس لئے اس مال کے متعلق موخرالذکر پر کوئی ذمہ داری عائد نہ کیجا سکتی تھی۔ اس لئے انھوں نے ان دونوں [illegible] مدعی علیہم کے خلاف مبلغ [illegible] اصل زر [illegible] سود کی بابت مدعیوں کا دعوی ڈگری کیا اور مدعی علیہم کی دوسری قسم کے خلاف مبلغ [illegible] اصل زر مبلغ [illegible] سود [illegible] کی بابتہ ایک ڈگری صادر کی۔

بذریعہ مرافعہ ذیعلم ڈسٹرکٹ جج نے سب آرڈینیٹ جج کے ساتھ یہ قرار دینے میں اتفاق کیا تھا کہ دعوی اندر میعاد تھا لیکن انھوں نے زیر بحث تین بیجکوں کی نسبت مدعی علیہم کی پہلی قسم کی ذمہ داری اور نیز سود کی ادائی کی نسبت ان کی ذمہ داری کے متعلق انکی تجاویز سے اختلاف کیا تھا۔ انکی تجاویز کا نتیجہ یہ ہوا کہ زر اصل مدعوہ کی بابت مدعی علیہم کی پہلی قسم کی ذمہ داری میں مبلغ [illegible] روپیہ کی ایک مزید رقم کی حد تک اضافہ ہوا لیکن سود کے متعلق مدعیوں کا دعوی نامنظور کیا گیا تھا۔ مدعی علیہم کی دوسری قسم کے خلاف ڈگری بحال رکھی گئی تھی۔ اس فیصلہ کی نار ضی سے عدالت ہذا میں دو مرافعہ جات پیش کئے گئے ہیں ایک مدعیوں کی جانب سے اور دوسرا مدعی علیہم کی پہلی قسم یعنے مسٹر دیپ چند جیون سنگھ کی جانب سے۔ پہلی بحث جو مدعی علیہم مرافعان کی جانب سے پیش کی گئی ہے وہ یہ ہے کہ دعوی جاریہ تمادی [illegible]

ہے اور یہ کہ ذیعلم ڈسٹرکٹ جج نے بر قرار دینے میں غلطی کی تھی کہ وہ متعلق نہ تھی۔ ہماری رائے میں یہ بحث کوئی اہمیت نہیں رکھتی اور نامنظور کیجانی چاہیئے۔ یہ بخوبی طے ہو چکا ہے کہ ایک جاریہ حساب ایسا حساب ہے جو مسلسل یا رواں ہو اور تصفیہ کے ذریعہ سے یا اور طریقہ سے [illegible] منقطع نہ کیا گیا ہو یا وہ بند نہ کیا گیا ہو اور مسلسل معاملات پر مشتمل ہو۔ رواں حساب کی نسبت یہ قرار دیا گیا ہے کہ وہ دو یا زیادہ فریقین کے مابین ایک جاریہ یا چالو حساب ہے جس میں فریقین کے مابین چند معاملات موجود ہوتی ہیں جن سے بقایا جو مابین [illegible] واجب الادا ہو [illegible] کیا جاتا ہے یا مشخص کیا جا سکتا ہے [illegible] ایسے حسابات [illegible] فریقین کا باہمی لین دینا ظاہر ہوتا ہے اور ان میں ایسے حسابات شامل نہیں ہیں جن میں صرف ایک جانب مدات درج ہوں اگرچہ وہ رقوم بایدداد و بایدگرفت پر مشتمل ہوں۔ ملاحظہ ہو رام پرشاد بنام ہرنس سنگھ (۱) مقدمہ [illegible] بنام گاویجی (۲) میں مسٹر جسٹس ہالووے نے یہ ظاہر کیا تھا کہ مطالبات باہمی ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ایک جانب معاملات موجود ہوں جن سے دوسرے پر علیحدہ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہوں نہ کہ بعض ایسے معاملات موجود ہوں جن سے ایک جانب ذمہ داریاں عائد ہوتی ہوں اور وہ ذمہ داریاں جو دوسری جانب عائد ہوتی ہوں محض ایسی ذمہ داریوں کی کامل یا جزوی ادائی کی بابت ہوں۔ مقدمہ حاجی سید محمد بنام اشرف النساء (۳) میں مسٹر جسٹس پانٹیکس نے یہ قرار دیا تھا کہ بقایا بعض اوقات مدعی علیہ کے حق میں تھی لیکن عام طور پر مدعی ساہوکار کے حق میں تھی اور انکے مابین حساب بہ مشکل ایک باہمی حساب ہوگا قانون میعاد سماعت مولفہ ۱۹۰۸ء کی دفعہ ۸۵ میں اس اصول کی نہایت صاف طور پر وضاحت کی گئی ہے جسمیں

(۱) کلکتہ لا جرنل جلد ۱۲ صفحہ ۵۸ (۲) مدراس ہائیکورٹ رپورٹ جلد ۱ صفحہ ۳۴۲ (۳) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۵ صفحہ ۷۵۹۔

۱۹۱۸

ردیپ چند بنام پوہومل (لاہور)

جتلایا گیا ہے کہ باہمی حسابات مجرا ہی کے معاملات پر مشتمل ہوتے ہیں یا بہ الفاظ دیگر وہ ان فریقین کے مابین حسابات ہیں جو کسی معنوی معاہدہ کے تحت ایک حساب جہاں تک کہ ممکن ہو سکے دوسرے کے خلاف مجرا دیا جا سکتا ہے اور مجرا دیا جائیگا ایک باہمی اور علی سبیل البدل طریقہ کاروبار رکھتے ہیں۔ مقدمہ موجودہ میں یہ کہنا غیر ممکن ہے کہ اثنائے کاروبار میں فریقین کے مابین ایسے معاملات ہوئے تھے جن میں بقایا بعض اوقات ایک فریق کے حق میں تھی۔ اور بعض اوقات دوسرے فریق کے حق میں حسابات شروع ہونیکے بعد بہ استثناء ابتدائی چند ماہ کے جبکہ مدعی علیہم نے مدعیوں کے پاس کچھ رقوم جمع کرائی تھیں ایسا موقع کبھی پیش نہیں آیا تھا جبکہ بقایا مدعی علیہم کے موافق تھا۔ ان حالات میں یہ ظاہر ہے کہ حساب حسب منشائے مد ۸۵ قانون میعاد سماعت ہند ایک جاریہ رواں اور باہمی حساب نہ تھا اور یہ کہ دعویٰ اندر میعاد تھا۔ اسکے بعد یہ بحث کی گئی ہے کہ اس مال کو جس کی بابت ۲۶ ستمبر سنہ ۱۹۱۹ء کی تین پارسلیں متعلق تھیں اور جسکی مجموعی مالیت مبلغ ۔۔۔ تھی میتھا لک کی کوٹھی کے سوہر شام داس دیوان چند نے ان مدعی علیہم سے علیحدہ منگوایا تھا اور یہ کہ چونکہ ۔۔۔ کو ان پارسلوں کے متعلق کوئی ریلوے رسائد وصول نہیں ہوئی تھیں وہ ذمہ دار نہیں ہیں۔ ہماری رائے میں یہ بحث اہمیت رکھتی ہے اور قابل رہنی چاہیئے۔ فاضل ڈسٹرکٹ جج نے ان پارسلوں کی نسبت مدعی علیہم کی ذمہ داری کے سوال پر کوئی صاف اور صریح تجویز صادر نہیں کی ہے اور ہم ڈاکٹر سنالال کی اس بحث سے متفق نہیں ہیں چونکہ سوال ایک واقعاتی سوال تھا وہ مرافعہ ثانی میں پیش نہیں کیا جا سکتا۔ فاضل ڈسٹرکٹ جج کی رائے یہ ہے کہ اگرچہ مدعیان یہ ثابت کرنے سے قاصر رہے ہیں کہ ریلوے رسائد جات پارسلوں سے متعلق تھیں مدعی علیہم کی پہلی

جماعت روپ چند میون سنگھ کے قبضہ میں کبھی نہ آئی تھیں تاہم چونکہ وہ تمام ایک مسلسل ضمانت تھی اور چونکہ مدعی علیہم نے اپنی ضمانت سے دست بردار ہونیکی کوئی کوشش نہیں کی تھی یہ خیال کرنا چاہیئے کہ انھوں نے ان معاملات کو منظور کیا تھا۔ ہم نہیں خیال کرتے کہ مقدمہ ہذا کے حالات کے لحاظ سے ایسا قیاس قانوناً ممکن ہے۔ اس امر کی کوئی صریح یا معنوی شہادت موجود نہیں ہے کہ مدعی علیہم نے ان معاملات کو کبھی منظور کیا تھا اور ان خطوط کی جن پر مدعیوں کے کونسل نے استدلال کیا ہے ایسی کوئی تعبیر نہیں کیجا سکتی معاملات ضامنوں کے بھی کہ انہوں نے کبھی ہیچ نہیں کئے گئے تھے اور اس امر کی کوئی شہادت موجود نہیں ہے کہ وہ میتھا لک کوٹھی کے معاملات کے غیر محدود ضامن ہوئے تھے۔ کسی ایسی شہادت کی عدم موجودگی میں کہ مدعی علیہم کو یا تو معاملات کا سابقہ علم تھا یا یہ کہ انھوں نے کسی دوسرے طریقہ سے ان معاملات کے متعلق اپنی ذمہ داری قبول کی تھی ہمیں یہ قرار دینا چاہیئے کہ وہ ذمہ دار نہ تھے۔ سود کے متعلق ہمیں کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ وہ دراصل پر جو مدعیوں کے حق میں ڈگری کیا گیا ہے کیوں نہ دلایا جائے۔ مبلغ ۔۔۔ کی رقم جو مدعی علیہم کی جانب سے واجب الادا ہونا تجویز کی گئی ہے عرصہ دراز سے واجب الادا ہے اور بمعہ سود بہ شرح مناسب ادا کی جانی چاہیئے۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہم دونوں مرافعہ جات منظور اور عدالت تحت کا حکم ترمیم کرکے مدعیوں کا دعویٰ صرف مبلغ ۔۔۔ کی حد تک معہ سود بشرح (۶) فیصدی سالانہ مابین ابتدائے ماہ جولائی سنہ ۱۹۱۹ء جس تاریخ پر حسابات شروع کئے گئے تھے تا تاریخ بیباقی کے ڈگری کرتے ہیں۔ ڈگری جو مدعی علیہم کی دوسری جماعت کے مقابلہ عدالت ابتدائی نے صادر کی تھی برقرار رہیگی۔ صفحہ ۹۱۹
چونکہ دونوں فریق جزوًا کامیاب رہے ہیں ہم یہ حکم دینا مناسب خیال کرتے ہیں کہ وہ اپنا اپنا کل خرچہ برداشت کریں اور ہم حسب حکم دیتے ہیں

مرافعہ جات منظور کیے گئے۔

چوہرمل بنام ہیرارام (لاہور)

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۶۶۷ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۳ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس عبدالرؤف

چوہرمل۔ مدعی علیہ۔ مرافع۔ **بنام** ہیرارام و یک کس دیگر بنیابت ہیرارام نابالغ بذریعہ مسماۃ سوہاگری مادر خود۔ مدعی علیہ۔ مرافعہ علیہم

قانون میعاد سماعت ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۲۔ مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۴۲ رول ۲۔ مرافعہ ثانی۔ وقت جو عدالت ابتدائی کے فیصلہ کی نقل حاصل کرنے میں صرف ہوا ہو یا خارج کیا جاسکتا ہے۔

حسب دفعہ ۱۲ قانون میعاد سماعت صرف اس قدر وقت جو اس فیصلہ اور ڈگری کی جس کی ناراضی سے مرافعہ کیا جائے نقول حاصل کرنے کے لئے ضروری ہو اس میعاد کو جو مرافعہ کے لئے مقرر ہے شمار کرنے سے خارج کیا جاسکتا ہے۔ کسی مرافعہ ثانی کی صورت میں مرافع اس وقت کو خارج کرنیکا مستحق نہیں ہے جو عدالت ابتدائی کے فیصلہ کی نقل حاصل کرنے میں صرف ہوا ہو اگرچہ رول ۲ کے تحت جو ہائیکورٹ لاہور نے آرڈر ۴۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں اضافہ کیا ہے عدالت ابتدائی کے فیصلہ کی ایک نقل یادداشت مرافعہ کے ساتھ پیش کیجانی چاہئیے۔

مرافعہ ثانی بناراضی ڈگری مصدرہ مسٹر ڈسٹرکٹ جج ملتان مورخہ ۱۴ مارچ ۱۹۲۲ء بتنسیخ ڈگری مصدرہ منصف درجہ اول سیلی ضلع ملتان مورخہ ۲۶ اکتوبر ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافع۔ مسٹر اننت رام۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ لالہ ہرگوپال بحائے لالہ دہرم چند۔

**فیصلہ**۔ مرافعہ ہذا کی سماعت کی نسبت ایک ابتدائی اعتراض اس بنا پر کیا گیا ہے کہ مرافعہ بعد از وقت پیش کیا گیا تھا اور اس لئے وہ خارج المیعاد ہے۔ حسب ذیل واقعات سے اعتراض پیش کردہ کی نوعیت ظاہر ہوتی ہے۔ وہ فیصلہ جس کی ناراضی سے مرافعہ کیا گیا ہے تاریخ ۱۴ مارچ ۱۹۲۲ء کا ہے۔ فیصلہ و ڈگری کی نقل کے لئے ۱۹ مئی ۱۹۲۲ء کو ایک درخواست کی گئی تھی۔ ۲۰ مئی ۱۹۲۲ء کو فیصلہ و ڈگری کی نقول حوالہ کی گئی تھیں۔ اس حساب سے مرافع ۹۰ اور ۲ دن کا مستحق تھا اور مرافعہ زیادہ سے زیادہ ۱۴ جون ۱۹۲۲ء کو پیش ہونا چاہئیے تھا۔ لیکن وہ ۱۵ جون ۱۹۲۲ء کو یعنی مقررہ وقت کے ایک دن کے بعد پیش کیا گیا تھا۔ مسٹر اننت رام مرافع کے لائق کونسل کی بحث یہ ہے کہ ان کا موکل اس وقت کو بھی خارج کرانیکا مستحق تھا جو عدالت ابتدائی کے فیصلہ کی نقل حاصل کرنے میں صرف ہوا تھا۔ عدالت ابتدائی کے فیصلہ کی نقل حاصل کرنے کے لئے درخواست ۲ مئی ۱۹۲۲ء کو پیش کی گئی تھی اور وہ ۲۰ جون ۱۹۲۲ء کو حوالہ کی گئی تھی۔ وقت جو عدالت ابتدائی کے فیصلہ کی نقل حاصل کرنیکے لئے ضروری تھا (۱۸) دن تھے اگر مرافع کو یہ ایام دئے جائیں تو مرافعہ اندرون میعاد ہے۔ لیکن مرافعہ علیہ کے لائق کونسل نے اجلاس کامل کے فیصلہ بمقدمہ نرسنگھ سہائے بنام شیو پرشاد (۱) پر استدلال کیا ہے اور یہ بحث کی ہے کہ جب تک کہ دفعہ ۱۲ قانون میعاد سماعت کی ترمیم نہ کی جائے صرف وہ وقت خارج کیا جاسکتا ہے جو اس فیصلہ کی جس کی ناراضی سے مرافعہ کیا جائے اور ڈگری کی نقل حاصل کرنے کے لئے ضروری ہو۔ خود میں نے یہی رائے مقدمہ مدن گوپال بنام ملاوا رام (۲) میں قائم کی تھی۔ اور ہائیکورٹ الہ آباد کے اجلاس کامل کے فیصلہ کی تقلید کی تھی۔ برخلاف اسکے مسٹر اننت رام مرافع کے کونسل نے ایک ڈویژن بینچ کی نظیر پر استدلال کیا ہے جو ایک غیر مستند رپورٹ میں پائی جاتی ہے بسلطور پنجاب ویکلی رپورٹ بابتہ ۱۹۲۲ء نمبر ۳۶ (رلا رام بنام

(۱) انڈین لا رپورٹس جلد ۴۳ الہ آباد صفحہ ۵۵۸ (۲) انڈین کیسیز جلد ۶۸ صفحہ ۷۷ نظائر ہند جلد ۱ صفحہ ۱۴۷)

(۳) دیوانی ہند (۴۳) طبع ہوئی ہے۔ اس مقدمہ کے واقعات جس کو ڈویژن بنچ نے نظیرۂ ہٰذا میں فیصل کیا تھا فیصلہ میں مکمل طور پر بیان نہیں کئے گئے ہیں۔ اس میں حسب ذیل خیالات ظاہر کئے گئے ہیں :- "مرافعہ علیہ کے کونسل نے ایک ابتدائی اعتراض یہ کیا ہے کہ مرافعہ ہٰذا خارج المیعاد ہے۔ لیکن ان کے اعتراض میں یہ امر نظرانداز کیا گیا ہے کہ آرڈر ۴۱ رول ۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی عدالت کا ایک رول قرار دیا گیا ہے اور چونکہ رول مذکور کے تحت مرافعان کے لئے عدالت ابتدائی کے فیصلہ کی ایک نقل حاصل اور پیش کرنا ضروری تھا مرافعہ اندرون میعاد ہے"۔ یہ معلوم نہیں ہوتا کہ مقدمہ مذکورہ بالا میں فاضل ججوں کی توجہ احکام دفعہ ۲ قانون میعاد سماعت کی جانب مبذول کرائی گئی تھی۔ اس اصل سوال پر جو میرے روبرو پیش کیا گیا تھا مقدمہ مذکور میں فاضل ججوں نے غور نہیں کیا تھا اور نہ اس کو فیصل کیا تھا۔ مرافع کے کونسل مسٹر اننت رام نے مقدمہ ہٰذا میں مجھ سے حسب دفعہ ۵ قانون میعاد سماعت میعاد میں توسیع کرنے اور مرافعہ کو اندرون میعاد تصور کرنے کی استدعا کی ہے۔ اس استدعا کی تائید میں لائق کونسل نے چند واقعات بیان کئے ہیں۔ مرافعہ علیہم کی جانب سے مسٹر ہرگوپال نے صحیح طور پر یہ اعتراض کیا ہے کہ مجھے ان واقعات پر توجہ نہ کرنی چاہئے کیونکہ مرافع نے احتیاط کر کے حلفنامہ پیش نہیں کیا ہے۔ یہ اعتراض اہمیت رکھتا ہے۔ اس لئے میں یہ قرار دینے پر مجبور ہوں کہ مرافعہ ہٰذا خارج المیعاد ہے۔ اس لئے میں مرافعہ معہ خرچہ خارج کرتا ہوں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

### مرافعہ ثانی دیوانی

بابو رام للن سنگھ بنام ہرکرپا نارائن سنگھ (الہ آباد)

نمبر مقدمہ ۲۹۵ بابتہ ۱۹۲۰ء متعلقہ مرافعہ ثانی دیوانی نمبر مقدمہ ۲۱۴۹ بابتہ ۱۹۱۹ء

منفصلہ ۹ نومبر ۱۹۲۱ء

باجلاس مسٹر جسٹس ریوز و مسٹر جسٹس گوکل پرشاد

بابو رام للن سنگھ نابالغ **بنام** ہرکرپا نارائن سنگھ وغیرہ
بذریعہ مسماۃ دلہن دہنراج مدعی علیہم - مرافعہ علیہم
کنوری - مدعی - مرافع -

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۲۱ رول ۹۶ ڈگری کی تعمیل - نیلام - جائداد جو اسامیوں کے قبضہ میں ہو باضابطہ قبضہ کی حوالگی اور اس کا اثر - قبضہ کی نالش - میعاد سماعت - دہرم شاستر - خاندان مشترکہ - رہن انتفاعی ضرورت - سود ادا منظور کیا جا سکتا ہے -

زمینداری جائداد جو اسامیوں کو کاشت کی غرض سے پٹہ پر دیگئی ہو اس قسم کی جائداد نہیں ہے جس کا حقیقی قبضہ کوئی خریدار نیلام حاصل کر سکتا ہو۔ اس لئے ایسی جائداد کی صورت میں حسب احکام آرڈر ۲۱ رول ۹۶ مجموعہ ضابطہ دیوانی خریدار نیلام کو باضابطہ قبضہ کی حوالگی سے جدید میعاد سماعت آغاز ہوتی ہے۔ جگابہادر سنگھ بنام ہنونت سنگھ۔ انڈین کیسیز جلد ۱۱ صفحہ ۲۱۲ ممیز کیا گیا۔

جب کسی مشترکہ خاندانی جائداد کے کسی رہن انتفاعی پر کوئی رکن خاندان اعتراض کرے اور یہ معلوم ہو کہ زر رہن کا ایک جزو ضرورت کے لئے ادا کیا گیا تھا تو مرتہن مدعی کو جائداد مرہونہ کی نسبت اپنے حصہ کی حوالگی کی شرط کے طور پر اس رقم پر سود کا حق نہیں ہے۔

مرافعہ ثانی بنا راضی فیصلہ صادرہ ڈسٹرکٹ جج گورکھپور مورخہ ۵ اپریل سنہ ۱۹۱۹ء -

منجانب مرافع - مسٹر شیو پرشاد سنہا -
منجانب مرافعہ علیہم - مسٹر ہرنندن پرشاد مع جناب مسٹر [illegible]

(۳) انڈین کیسیز جلد ۶۳ صفحہ ۲۸۹ (نظائر ہند ۱۲۳)

بابو رام للن سنگھ بنام ہرکہنا نارائن آنچہ (الٰہ آباد)

**فیصلہ** ۔ مرافعہ ہذا و متعلقہ مرافعہ نمبر ۹۴۲ بابت ۱۹۱۹ء ایک
نالش سے پیدا ہوئے ہیں۔ مرافعجات دو اقسام کے مدعا علیہم کی جانب
سے پیش کئے گئے ہیں۔ واقعات جن سے یہ دو مرافعجات پیدا ہوئے
ہیں مختصراً حسب ذیل ہیں :۔ ایشری پرشاد رائے ایک موضع کے
آٹھ پائی حصہ کا مالک تھا۔ اس نے حصہ مذکور بابو اودت نارائن
رائے کو دو رہن ناموجات مورخہ علی الترتیب ۲۴ جون ۱۸۷۶ء
و ۲۱ جولائی ۱۸۷۶ء کے تحت رہن کیا تھا۔ اسکے بعد جائیداد مرہونہ
میں سے (۵) پائی عدالت مال کی ایک ڈگری کی تعمیل میں نیلام کئے گئے
تھے جو راہن کے خلاف صادر کی گئی تھی اور اس کو ۲ مارچ ۱۸۸۳ء
کو اسکے بھائی دیپ نارائن اور اسکے بھتیجے چترجیت اور جے منگل نے
خریدا تھا۔ ایشری پرشاد رائے بعد میں فوت ہوا اور اسکی بیوہ
مسماۃ سونا کنور جائداد میں ایک ہندو بیوہ کی حقیت کی وارث
ہوئی۔ معلوم ہوتا ہے کہ ۳ ستمبر ۱۸۹۰ء کو مسماۃ سونا کنور نے کل
آٹھ پائی حصہ اپنی بیٹی کے بیٹے بہا بجرنگ دت چترجیت اور اس کے
بھائی جے منگل کو ہبہ کیا جو منجملہ پانچ پائی حصہ کے تین خریداروں کے
دو تھے اور جو حقیقی بھائی تھے اور ایک مشترکہ ہندو خاندان کے
اراکین تھے۔ جے منگل لاولد فوت ہوا اور چترجیت حق پسماندگی
کے ذریعہ سے اسکے حصہ کا بھی وارث ہوا۔ اس نے اس جائداد
کے جو نیلام میں خریدی گئی تھی دو ثلث حصہ کے قبضہ کی نالش کی
اور ۱۶ مارچ ۱۸۹۱ء کو موہوب لہا بجرنگ دت کے خلاف
ایک ڈگری حاصل کی۔ بابو اودت نارائن مرتہن فوت ہوا اور اسکی
وفات کے بعد اسکے بیٹے نے ایک نیلام کی نالش رجوع کی تھی اور
اس کے بعد چونکہ بیٹا بھی دوران نالش میں فوت ہوا تھا اس کی
بیوہ مسماۃ شیو ہرتا کوئیری نے دو معاملات رہن پر چترجیت دیپ
نمبر ۹۲۱
نارائن اور بہا بجرنگ دت کے خلاف ۱۵ دسمبر ۱۸۹۶ء کو نیلام کی
ایک ڈگری حاصل کی۔ ۲۰ دسمبر ۱۹۰۰ء کو اس ڈگری کی تعمیل
میں جائداد مرہونہ نیلام کی گئی تھی اور اس کو مدعی اور مدعا علیہ
نمبر ۴ کے باپ نے خریدا تھا اور اس نے ۸ اکتوبر ۱۹۰۱ء کو
قبضہ حاصل کیا تھا۔ مدعی نے اسی بناء پر جائداد میں حقیت
پیش کی ہے۔ ۲۰ نومبر ۱۹۰۱ء کو مدعا علیہم نمبر ۱ تا ۳ نے اس
پانچ پائی حصہ میں سے جو چترجیت اور جے منگل نے ایک معمولی ڈگری
زرنقد کی تعمیل میں خریدا تھا جو حسب دفعہ ۹۹ قانون انتقال جائداد
صادر کی گئی تھی دو ثلث حصہ خریدا تھا۔ مدعا علیہ نمبر ۴ نے جس کے
باپ نے کامل آٹھ پائی حصہ خریدا تھا اس کا ایک جزو جو معینہ قطعات
پر مشتمل تھا مدعا علیہ نمبر ۵ کے پاس رہن کیا تھا۔ اسی طور پر دیگر مدعا
علیہم نالش کے فریق بنائے گئے تھے۔ مدعی یہ کہتا ہے کہ رہن جو مدعا
علیہ نمبر ۴ کی جانب سے کیا گیا تھا جو مدعی کے ساتھ ایک مشترکہ ہندو
خاندان کا رکن تھا مدعی کے خلاف ناجائز اور کالعدم ہے۔ اس کی مزید
بحث یہ ہے کہ وہ مدعا علیہ نمبر ۴ کے ساتھ اس جائداد کا مالک تھا جو
اس نے ڈگری رہن کی تعمیل میں خریدی تھی اور چونکہ مدعا علیہما نمبر ۱ و ۲
ایک معمولی ڈگری زرنقد کے خریدار تھے ان کو یہ حق نہیں ہے کہ وہ انکو
قبضہ سے باز رکھیں۔ یہ یاد رکھنا اہم ہے کہ اس نالش میں جو ۱۵
دسمبر ۱۸۹۶ء کو ڈگری پر ختم ہوئی تھی چترجیت مسماۃ سونا کنور
راہن کی بیوہ کی وفات کے بعد ایک فریق بنایا گیا تھا۔ وہ دیگر
اشخاص کے ساتھ بحیثیت سونا کنور کے قائم مقام کے نہ کہ
بحیثیت جائداد مرہونہ کے خریدار کے فریق بنایا گیا تھا۔

اور جو مدعا علیہم نمبر ۱ تا ۳ کی جانب سے پیش کئے گئے ہیں
حسب ذیل ہیں۔ اولاً یہ کہ وہ بحیثیت شرکاء کے نالش کے فریق
نہیں بنائے گئے تھے اور اس لئے ان کو رہن کے انفکاک کا موقع
حاصل نہ تھا اور اب ان کو انفکاک کا موقع دیا جانا چاہیئے اور

بابو رام للن سنگھ
بنام
ہرکرشنا راین رائے
(الہ آباد)

مدعی کا دعوی خارج ہونا چاہیئے اور ثانیاً یہ کہ مدعی کا دعویٰ خارج المیعاد ہے۔ عدالت ابتدائی نے نصف جائداد کے قبضہ کی بابت مدعی کا دعوی ڈگری کیا مدعی علیہم کے دونوں اقسام کی جانب سے مرافعہ پیش ہونے پر عدالت ماتحت مرافعہ نے مدعی علیہم نمبر ۱ تا ۳ کے مرافعہ میں حسب ذیل حکم صادر کیا:۔

"اس لئے میں تین پائی ۳ چھٹانک کے نصف حصہ کے قبضہ اور دار اصنیات سیر وخودکاشت کے اشیاء کے قبضہ کی بابت جو اس حصہ سے متعلق ہیں دعوی خارج کر کے عدالت ماتحت کی ڈگری تسلیم کرتا ہوں"۔ اور اس مرافعہ میں جو مدعی علیہ نمبر ۱ کی جانب سے پیش کیا گیا تھا انہوں نے نصف اراضیات کے قبضہ کی بابت جو رہن نامہ مورخہ ۵ فروری سنہ ۱۹۱۴ء میں درج تھیں مبلغ .... اور سود بشرح (۶) فیصدی سالانہ از ابتدائے ۵ فروری سنہ ۱۹۱۴ء تا تاریخ ادائی ادا کرنے کی شرط پر ایک ڈگری صادر کی ہے۔ مدعی نے یہاں مرافعہ ثانی پیش کیا ہے۔ اور پہلا امر جو مرافعہ ہذا میں پیش کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ چونکہ چرنجیت اس نیلام کی نالش کا فریق تھا جس کی تعمیل میں مدعی کے پیش روحقیت نے جائداد خریدی تھی مدعی علیہم جو چرنجیت کے قائم مقام ہیں اب یہ عذر پیش نہیں کر سکتے کہ بحیثیت ایسے خریداروں کے جنھوں نے کسی معمولی ڈگری زر تمسک کی تعمیل میں جائداد خریدی تھی ان کو ہنوز جائداد کے انفکاک کا حق حاصل ہے۔ مدعی علیہم کی جانب سے جواب میں یہ بحث کی گئی ہے کہ اس نالش میں الیشری پرشاد مدالیہ کی بیوہ کے ورثا اور قائم مقامان قانونی کی حیثیت سے فریق بنائے گئے تھے اور آرڈر ۲۲ رول ۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے صریح احکام کا لحاظ کرتے ہوئے خود اپنی خرید بعد میں پیش نہ کر سکتے تھے۔ ہماری رائے میں ہمیں یہ معلوم نہیں ہوتا کہ مدعی علیہم کو مرتہن کی اس کارروائی سے کس طرح

مضرت پہنچی تھی۔ ڈگری رہن کی رو سے مدعی علیہم مدیونان ڈگری کو زر رہن کی ادائی کے لئے چھ مہینے کی مہلت عطا دی گئی تھی۔ اگر یہ مدعی علیہم اپنی جائداد کو محفوظ کرنا چاہتے تھے تو وہ میعاد مقررہ کے اندر زر رقم ادا کر سکتے تھے۔ وہ اس ڈگری میں شریک تھے اور اب ان کی یہ بحث مسموع نہیں ہو سکتی کہ ان کو اس رہن کے انفکاک کا موقع نہیں ملا تھا۔ ان کو مدعی کے خلاف کوئی حقیت حاصل ہے۔ دوسرا امر جو مرافعہ ہذا میں پیش کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ دعوی خارج المیعاد ہے کیونکہ مدعی نے اس جائداد کا جو اس کو نیلام کی گئی تھی فی الواقع قبضہ حاصل نہیں کیا تھا اور عدالت ہذا کے ایک اجلاس کامل کی نظیر بمقدمہ جنگ بہادر سنگھ بنام ہنومنت سنگھ (۱) پر استدلال کیا گیا ہے ہماری رائے میں نظیر مذکور ایک ایسے مقدمہ سے متعلق نہیں ہے جیسا کہ مقدمہ موجودہ ہے جس میں جائداد زمینداری جائداد ہے اور بیاسیوں کو کاشت کی غرض سے پٹہ پر دی گئی ہے اور اس نوعیت کی نہیں ہے جس کا حقیقی قبضہ خریدار حاصل کر سکتا تھا جیسا کہ کسی مکان کی صورت میں ہوتا ہے ہم خیال کرتے ہیں کہ مدعی کے پیشرو حقیت کو باضابطہ قبضہ کی حوالگی سنہ ۱۹۰۸ء میں ہوئی تھی اور سماعت از سرنو آغاز ہوئی تھی اور موجودہ نالش تاریخ مذکور سے اندرون میعاد ہے اور خارج المیعاد نہیں ہے لیکن جس حد تک کہ مدعی علیہم نمبر ۱ تا ۳ کا تعلق ہے کوئی جائز وجہ نہیں ہے کہ ان کے خلاف دعوی کیوں خارج ہونا چاہیئے تھا۔ اگر اپیل مرافعہ ثانی نمبر ۲۲۹ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء پر بحث کی جائے جو مدعی کی جانب سے مدعی علیہ نمبر ۵ یعنی ناگیشر پرشاد کے خلاف دائر کیا گیا تھا تو اصل وجہ جس پر ہمارے روبرو بحث کی گئی تھی یہ تھی کہ مدعی علیہ یہ ظاہر کرنے سے قاصر رہا تھا کہ زر رہن کا کوئی جزو قانونی ضرورت کے لئے حاصل کیا گیا تھا۔ اس امر کی نسبت عدالت ماتحت مرافعہ کی ایک صریح تجویز موجود ہے کہ مدعی علیہ نمبر ۴ خاندان کے منتظم کو مالگزاری کی ادائی کے لئے

صفحہ ...

(۱) انڈین کیسز جلد ۶۳ صفحہ ۲۱۲ - نظائر ہند سنہ ۱۹۲۲ء صفحہ ۲۹۲ -

بابو رام لال سنگھ
بنام
ہرکرپا لال رائے
(الہ آباد)

مبلغ سماصہ قرض لینے کی ضرورت داعی ہوئی تھی۔ یہ ایک تجویز واقعاتی ہے جسکے خلاف ہم عمل نہیں کرسکتے۔ نتیجہ یہ ہے کہ رہن جو مدعی علیہ نمبر ۲ کے حق میں کیا گیا تھا خاندانی جائداد پر مبلغ سماصہ کی حد تک واجب التعمیل ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ عدالت ماتحت کے ذیعلم جج کو یہ غلط فہمی ہوئی تھی کہ اس رقم پر سود عائد ہونا چاہیئے وہ ایک رہن انتفاعی تھا اور ہم نہیں سمجھ سکتے کہ ذی علم جج نے کس اصول سے اس رقم پر جو بغرض قانونی ضرورت کے لئے قرض دیجانی تجویز کی ہے (۶) فیصدی سالانہ سود عطا کرنا مناسب خیال کیا ہے۔ سود کا سوال دوسرا امر تھا جو مرافعہ میں پیش کیا گیا تھا۔ ہم خیال کرتے ہیں کہ عدالت ماتحت مرافعہ کی ڈگری جس حد تک کہ اس میں مبلغ سماصہ پر سود کی ادائی اس امر پر مشروط کی گئی ہے کہ مدعی نصف اراضی مرہونہ کی بابتہ جو دستاویز مورخہ ۵ فروری ۱۹۱۷ء میں درج ہے ایک ڈگری حاصل کرے منسوخ کیجانی چاہیئے۔ مدعی علیہ نمبر ۲ کی جانب سے ایک اعتراض یہ کیا گیا ہے کہ اس کو مبلغ سماصہ کے علاوہ جو دلائے گئے تھے مبلغ لاسہ بھی دلانا چاہیئے تھا۔ اور نیز یہ کہ عدالت ماتحت کی ڈگری خرچہ کے متعلق ناقص ہے۔ ہم خیال کرتے ہیں کہ وہ اعتراض جو مبلغ لاسہ کے متعلق کیا گیا ہے قائم نہیں رہ سکتا تجویز یہ ہے کہ صرف مبلغ سماصہ سے ایسی رقم ظاہر ہوتی تھی جو قانونی ضرورت کے لئے حاصل کی گئی تھی اور ہم اسمیں مبلغ لاسہ اضافہ نہیں کرسکتے۔ خرچہ کے متعلق مقدمہ کے حالات اور اس طریقہ کا لحاظ کرتے ہوئے جسکے بموجب فریقین نے اس کی پیروی کی ہے ہم اس اختیار تمیزی میں دست اندازی کرنا غیر ضروری خیال کرتے ہیں جو عدالت ماتحت نے استعمال کیا تھا۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہم ڈسٹرکٹ جج کی ڈگری بجز اسکے کہ جس حد تک کہ وہ خرچہ سے متعلق ہے منسوخ اور عدالت ابتدائی کی ڈگری اس ترمیم کے ساتھ بحال کرتے ہیں کہ نصف جائداد مرہونہ کے قبضہ کی ڈگری مدعی کی جانب سے مدعی علیہ نمبر ۲ کو مبلغ سماصہ کی ادائی کرکے تابع کی جائے جس حد تک کہ ان مرافعہ جات کا تعلق ہے فریقین اپنا اپنا خرچہ برداشت کرینگے۔ مرافعہ جات ڈگری کئے گئے۔

## ہائیکورٹ لاہور

درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۷۸۵ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۳ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس سکاٹ اسمتھ

دیوان چند۔ مدعی سائل **بنام** رام لال ہیرا لال وغیرہ۔ مدعا علیہم مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعات ۱۴۸ ۱۴۹ –

ڈگری جو کسی معینہ تاریخ پر مزید رسوم عدالت کی ادائی پر مشروط ہو۔

توسیع میعاد — عدالت کا اختیار —

جب کوئی ڈگری مدعی کے حق میں اس شرط پر صادر کی جائے کہ وہ کسی معینہ تاریخ تک مزید رسوم عدالت ادا کرے اور شرط مذکور ڈگری میں درج کی جائے تو اس عدالت کو جس نے ڈگری صادر کی ہو اس مدت کی توسیع کا اختیار نہیں ہے جو ادائی کے لئے مقرر کی گئی ہو۔ بجز اسکے کہ فیصلہ کی تجویز ثانی پر وہ ایسا کرسکے۔ مدعی کو تجویز ثانی یا مرافعہ کے ذریعہ سے چارہ کار حاصل ہوتا ہے۔ سجاد بیگم بنام جلال الدین۔ انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۸۴ پر استدلال کیا گیا۔

درخواست تحت دفعہ ۴۴ ایکٹ ۶ بابتہ ۱۹۱۸ء بغرض نگرانی حکم صادرہ سبارڈینٹ جج درجہ اول جہلم مورخہ ۱۵ جولائی ۱۹۲۱ء۔

منجانب سائل۔ لالہ جگنناتھ۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر دیوراج ساہنی بجائے مسٹر اننت رام۔

**فیصلہ**۔ اس مقدمہ کے جس سے موجودہ درخواست نگرانی پیدا ہوتی ہے اہم واقعات حسب ذیل ہیں:۔ مدعی سائل نے

(۲۹۲)

دیوان چند
بنام
رام لابھایا
(لاہور)

۱۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء کو کسی مکان کی شفعہ کی بابتہ ایک ڈگری اس شرط پر حاصل کی کہ وہ ۱۸ جون سنہ ۱۹۲۱ء کو یا اسکے قبل مبلغ (رقم) ادا کرے۔ عدالت نے بھی اپنی ڈگری کے ذریعہ سے یہ ہدایت کی تھی کہ مدعی کو ۲۳ مئی تک مبلغ (رقم) پر مالیت کے لحاظ سے رسوم عدالت ادا کرنا چاہیئے اور یہ کہ اگر وہ رسوم عدالت ادا نہ کرے تو دعوی معہ خرچہ کے خارج سمجھنا چاہیئے۔ مدعی نے ۲۳ مئی تک رسوم عدالت ادا نہیں کی اور ۲۶ مئی کو اس نے توسیع مہلت کے لئے درخواست کی اور میعاد مقررہ ضروری رقم کی ادائی کا اقرار کیا۔ عدالت نے یہ قرار دیا کہ بلا شبہ اسکو حسب دفعہ ۱۴۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی رسوم عدالت کی ادائی کے لئے توسیع میعاد کا اختیار رہتا لیکن یہ کہ وہ ڈگری جسکی رو سے ۲۳ مئی کو ادائی میں قصور کرنے پر دعوی خارج کیا گیا تھا۔ اسکے مانع تھی اور یہ کہ ڈگری مذکور کو صرف درخواست تجویز ثانی یا مرافعہ کے ذریعہ سے ترمیم کی جا سکتی تھی اس لئے عدالت نے درخواست نامنظور کی۔

مدعی نے عدالت ہذا میں نگرانی کی ہے اور یہ بحث کی گئی ہے کہ عدالت کو حسب دفعہ ۱۴۸ و ۱۴۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی رسوم عدالت کی ادائی کے لئے مہلت عطا کرنے اور مدت میں توسیع کرنیکا اختیار حاصل تھا اگرچہ وہ تاریخ جو ابتداً مقرر کی گئی تھی منقضی ہو چکی تھی۔ عدالت تحت نے یہ خیال کیا کہ دفعہ ۱۰ قانون رسوم عدالت متعلق تھی لیکن میری رائے میں وہ متعلق نہیں ہے۔ مقدمہ ایک ایسا مقدمہ نہ تھا جس میں عدالت کو تحقیقات کیلئے کوئی بازاری قیمت مقرر کرنی پڑی تھی۔ مدعی نے مبلغ الما‌ئ‌ہ کی ادائی پر شفعہ کی نالش بدیں بیان رجوع کی تھی کہ قیمت جو بیعنامہ میں درج کی گئی تھی نیک نیتی کے ساتھ مقرر نہیں کی گئی تھی۔ عدالت نے یہ قرار دیا کہ قیمت جو دستاویز میں درج کی گئی تھی نیک نیتی کے ساتھ مقرر کی گئی تھی اور فی الواقع ادا کی گئی تھی۔ اس کی تجویز کے بموجب عدالت کے لئے مزید رسوم عدالت کا مطالبہ کرنا اور مدعی کو مزید رقم کی ادائی کی اجازت دینا اور حسب دفعات ۱۴۸ و ۱۴۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی اس کی ادائی کے لئے میعاد مقرر کرنا ضروری تھا۔ مرافعہ علیہم کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ نالش خارج کیئے جانے کے بعد دفعات ۱۴۸ و ۱۴۹ مقدمہ موجودہ سے متعلق نہ ہو سکتی تھیں کیونکہ اس وقت عدالت کا اختیار ختم ہو چکا تھا۔ کونسل نے مقدمہ سجادی بیگم بنام دلاور حسین (۱) پر استدلال کیا ہے جو مجھے مقدمہ موجودہ کے بالکل مماثل معلوم ہوتا ہے۔ مقدمہ مذکور میں عدالت نے مدعیہ کے حق میں اس شرط پر ایک ڈگری صادر کی تھی کہ وہ ایک ہفتہ کے اندر مبلغ عـہ کا مزید رسوم عدالت ادا کرے اور یہ حکم دیا گیا تھا کہ اگر یہ مزید رسوم عدالت ادا نہ کی جائے تو دعوی خارج سمجھنا چاہیئے۔ ہائیکورٹ نے یہ قرار دیا کہ جیسا کہ مرتبہ جمع کرنیکی شرط خود عدالت کی ڈگری میں درج کیجائے تو اگر اس کی خواہش ہو تو بھی اس کو اپنے اختیار تمیزی میں تبدیلی کا اختیار نہ تھا بجز اسکے کہ فیصلہ کی تجویز ثانی کی درخواست کی جائے۔ اس لئے اس نے یہ قرار دیا کہ عدالت کو اس میعاد کی توسیع کا اختیار نہ تھا جو ڈگری کے ذریعہ سے محدود کی گئی تھی۔

میری رائے میں یہ ظاہر ہے کہ اس ڈگری کی موجودگی میں جسکی رو سے دعوی خارج کیا گیا تھا مدعی کو اس درخواست پر جو اس نے اس بارے میں پیش کی تھی رسوم عدالت کی ادائی کی بابتہ میعاد میں توسیع عطا نہ کی جا سکتی تھی۔ اس کے لئے مناسب طریقہ یہ تھا کہ وہ یا تو عدالت سے اس کی ڈگری کی تجویز ثانی کی استدعا کرتا یا مرافعہ دائر کرتا۔ اس لئے میں موجودہ درخواست نامنظور کرتا ہوں لیکن مقدمہ کے حالات کے لحاظ کرتے ہوئے میں خرچہ کے متعلق کوئی حکم صادر نہیں کرتا۔

درخواست نامنظور کی گئی۔

(۱) انڈین کیسز جلد ۴۴ صفحہ ۴۴ -

ٹی ڈبلیو ڈی اپلوٹ
بنام
امریکن سوڈر کمپنی
(لاہور)

# ہائیکورٹ لاہور

## درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۵ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۳۰ نومبر ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس ظفر علی۔

ٹی ڈبلیو ڈی اپلوٹ۔ بنام امریکن سوڈر پٹینٹ ... لمیٹڈ

مدعی علیہ۔ سائل۔ مدعی۔ مسئول علیہ۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۲۶ رول ۴ – بطور خود اپنے گواہ کے اظہار کے لئے مدعی علیہ پر کمیشن کیا جاری کیا جا سکتا ہے۔

مدعی علیہ نے جو ایک دیسی ریاست میں اس وقت رہتا تھا جب نالش دائر ہوئی تھی ز اندازہ ۲۰۰ میل کے فاصلہ پر رہتا تھا اور خود بحیثیت صرف ایک گواہ تھا بطور اپنے گواہ کے اظہار کی غرض سے اجرائی کمیشن کیلئے درخواست کی تھی وہ نامنظور کی گئی تھی اور اس کے خلاف ایک یکطرفہ ڈگری صادر کی گئی تھی۔ نگرانی میں۔ یہ قرار دیا گیا کہ ... بطور خود اپنے گواہ کے مدعی علیہ کے اظہار کے لئے کمیشن جاری کیا جانا چاہیئے تھا اور یکطرفہ ڈگری منسوخ کیا جانا چاہیئے تھی۔ مدعی علیہ کا اظہار بذریعہ کمیشن قلمبند ہونے کے بعد نالش از سر نو فیصل کیا جانا چاہیئے۔

درخواست تحت دفعہ ۲۵ ایکٹ ۹ بابتہ ۱۸۸۷ء بغرض نگرانی ڈگری مصدرہ جج عدالت مطالبات خفیفہ چھاؤنی راولپنڈی مورخہ ۱۹ مئی ۱۹۲۲ء۔

منجانب سائل – مسٹر عبداللہ ... بیرسٹر ... وکیل۔

منجانب مسئول علیہ – شیخ احسن دین۔

۹۲۴

**فیصلہ۔** یہ درخواست نگرانی ایک مدعی علیہ کی جانب سے یکطرفہ ڈگری کی تنسیخ کے لئے ایک حکم کے لئے پیش کی گئی ہے جو عدالت مطالبات خفیفہ چھاؤنی راولپنڈی کے جج نے اسکے خلاف صادر کی تھی کیونکہ (۱) اس نے بطور خود اپنے گواہ کے اس کا اظہار لینے سے انکار کرنے میں غلطی کی تھی اور (۲) یہ کہ اس کو مقدمہ کی سماعت کا اختیار نہ تھا – (۲) پر بحث دوبارہ اصرار نہیں کیا گیا ہے لیکن (۱) سے متعلق واقعات حسب ذیل ہیں:–

مدعی علیہ مقدمہ کی تحقیقات کے وقت کشتواڑ ریاست کشمیر میں راولپنڈی سے زائد از ۲۰۰ میل کے فاصلہ پر رہتا تھا اور اس لئے اس کے کونسل نے عدالت تحت میں کشتواڑ میں اس کا اظہار قلمبند کرنے کی غرض سے اجرائی کمیشن کے لئے درخواست کی۔ یہ درخواست بالآخر نامنظور کی گئی تھی اور چونکہ مدعی علیہ جوابدہی میں کوئی شہادت پیش نہ کر سکتا تھا دعوی ڈگری کیا گیا تھا۔

میری رائے یہ ہے کہ حالات مذکورہ بالا میں عدالت تحت نے بطور خود اپنے گواہ کے مدعی علیہ کے اظہار کیلئے کمیشن جاری کرنے سے انکار کرنے میں غلطی کی تھی۔ وہ کوئی اور گواہ نہ رکھتا تھا اور نہ یہ توقع کی جا سکتی تھی کہ وہ اصالتاً نالش کی جوابدہی کے لئے یا کٹہرہ شہادت میں داخل ہونے کے لئے کشتواڑ سے اس قدر فاصلہ طے کر کے آئیگا۔ اس لئے میں درخواست ہذا منظور اور یکطرفہ ڈگری بدیں ہدایت منسوخ کرتا ہوں کہ بطور خود اپنے گواہ کے مدعی علیہ کا اظہار قلمبند کرنے کے بعد نالش از سر نو فیصل کی جائے۔ ... کے اظہار کیلئے کمیشن جاری ہونا چاہیئے لیکن چونکہ ... میں نہیں رہتا ہے اور اس کا مقام سکونت ... سے بذریعہ سڑک زائد از ۲۰۰ میل کے فاصلہ پر ہے فریقین عدالت ہذا کا اپنا اپنا خرچہ برداشت کرینگے۔ درخواست منظور کی گئی۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۱۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۷ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر کیمبل

لبہا سنگھ وغیرہ ودیگر۔ **بنام** جگت رام۔ مدعی مدعی علیہا۔ مرافعان۔ سنت سنگھ وغیرہ۔ مدعی علیہم مرافعہ علیہم

قانون عدالتہائے پنجاب ایکٹ ۶ بابتہ سنہ ۱۹۱۸ء دفعہ ۴۱ (۳)۔

قانون یا ضابطہ کی غلطی جو رواج کے سوال کا فیصلہ کرنے میں کیگئی ہو۔ بار ثبوت کا غلط عائد کیا جانا۔ مرافعہ ثانی۔ جواز ثبوت نامہ یا ضروری ہے۔

الفاظ "باوجود کسی امر مندرجہ ضمن (۱) دفعہ ہذا" کی بنا پر جن سے دفعہ ۴۱ ضمن ۳ قانون عدالتہائے پنجاب شروع کیا گیا ہے عدالت مرافعہ ثانی کسی صداقت نامہ کی عدم موجودگی میں اس امر پر غور کرنے کیلئے مجاز ہے کہ آیا کسی رواج کا سوال فیصلہ کرتے وقت عدالت مرافعہ اولین نے قانون یا ضابطہ کی غلطی کی ہے۔ لوز علی بنام بہار بالی انڈین کیسیز جلد ۳۴ صفحہ ۶۸۲ متمیز کیا گیا۔ کسی رواج کے سوال پر مرافعہ ثانی ایک صداقت نامہ کی عدم موجودگی میں اس بنا پر قبول نہیں کیا جاسکتا کہ عدالت ماتحت مرافعہ کی جانب سے بار ثبوت غلطی سے عائد کیا گیا تھا۔ آتمہ بنام امام بخش۔ انڈین کیسیز جلد ۱۲ صفحہ ۲۵۶ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ مسٹر ڈسٹرکٹ جج گورداسپور مورخہ ۲۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۱ء مشعر بحالی ڈگری مصدرہ منصف درجہ دوم پٹھان کوٹ ضلع گورداسپور مورخہ ۳۰ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء۔

منجانب مرافعان۔ لالہ فقیر چند بجائے مسٹر اننت رام۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ لالہ درگا داس۔

لبہا سنگھ بنام جگت رام (لاہور)

**فیصلہ**۔ نالش ہذا چند اشخاص کی جانب سے جو زرا ایک آراضی کے مالک کے ورثا ہونیکا دعویٰ کرتے ہیں دائر کی گئی تھی۔ بیان کیا گیا تھا کہ اس آراضی کے مالک کی جائداد پر قابض ہونا چاہیئے تھا کہ سنت سنگھ کی جانب سے ایک شخص ناتک نامی لبہا سنگھ کا بیٹا ہے لبہا سنگھ کے بیٹے کو وراثت یافتہ نہیں ہے ان کے حقوق مدعی پر موثر ہونا چاہیئے۔ مدعی علیہم نے یہ بیان کیا تھا کہ ناتک لبہا سنگھ کا صحیح النسب بیٹا تھا۔ دونوں (الف) لبہا سنگھ اور مسماۃ جھمی مابین کوئی ازدواج نہ ہوا تھا اور (ب) اگر کوئی ازدواج کا رسم ادا کیا گیا تھا تو بھی ازدواج رواجاً ناجائز تھا کیونکہ مسماۃ جھمی ایک جھیمی عورت تھی اور لبہا سنگھ ایک جاٹ تھا۔

مدعی علیہم لبہا سنگھ اور ناتک نے یہ عذر کیا تھا کہ ایک ازدواج اور ایک جائز ازدواج ہوا تھا یہ کہ ناتک بہ نسبت مدعیوں کے ایک قریب تر وارث تھا اور یہ کہ ہبہ جائز تھا منجملہ ان تنقیحات کے جو عدالت ابتدائی نے قائم کی تھیں حسب ذیل تنقیحات تھیں۔

(۲) کیا لبہا سنگھ نے مسماۃ جھمی کے ساتھ چادر اندازی کی رسم ادا کیا تھا۔

(۳) اگر یہ صحیح ہے تو کیا یہ رسم رواجاً یا قانوناً خلاف قانون یا ناجائز تھا۔

مدعیوں نے یہ ثابت کرنے کیلئے شہادت پیش کی تھی کہ کوئی ازدواج نہ ہوا تھا یہ کہ مسماۃ جھمی ایک جھیمی تھی اور یہ کہ اسکا اور جاٹ کے مابین کوئی جائز ازدواج نہ ہوسکتا تھا۔ مدعی علیہم نے اسکے خلاف گواہان پیش کئے تھے جن سے جرح میں یہ جواب حاصل کیا گیا تھا کہ مسماۃ جھمی ایک سابقہ شوہر رکھتی تھی جو بلینہ چادر اندازی کے رسم کے وقت زندہ تھا۔

عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا کہ چادر اندازی کا رسم ادا کیا گیا تھا اور یہ کہ تنقیح نمبر (۳) کا فیصلہ ضروری نہ تھا کیونکہ بہرحال طور پر ناجائز تھا۔ مدعیوں کو ایک ڈگری عطا کی گئی تھی۔

مدعی علیہم نے مرافعہ کیا اور فاضل ڈسٹرکٹ جج نے ان کا مرافعہ ایک امر کی بنسبت خارج کیا یعنے یہ کہ مدعی علیہم کے گواہوں نے یہ بیان

صفحہ

لہنا سنگھ بنام مجلس رام (۱۹۳۰ء)

کیا تھا کہ مسماۃ بھمبی کا پہلا شوہر بہینہ چادر اندازی کے وقت زندہ تھا یہ کہ اس لئے مدعی علیہم پر اس امر کا بار ثبوت عائد تھا کہ آیا چادر اندازی سے ایک سا ازدواج عمل میں آیا جو جائز ہو گا انہوں نے اس امر کے متعلق کوئی شہادت پیش نہیں کی تھی۔ ........ ظاہر کیا کہ تنقیح نمبر (۳) کا بار ثبوت ........ مدعی علیہم کو مضرت پہونچی تھی۔

مدعی علیہم نے حسب دفعہ (۳) قانون عدالتہائے پنجاب بلا کسی صداقت نامہ کے جیلے لئے ........ اپیل مرافعہ ثانی پیش کیا ہے۔ سوال تصفیہ طلب یہ ہے کہ آیا انکی جانب سے ایسے صداقت نامہ کے بغیر کوئی مرافعہ ثانی پیش ہو سکتا ہے۔

مرافعان کا بیان یہ ہے کہ اصول ........ کسی رواج کے وجود یا جواز کے متعلق کسی فیصلہ یا اعتراض ........ کیا ہے ........ ایک دلیل چاہتے ہیں کیونکہ مدعیوں نے یہ عذر ہرگز نہیں کیا تھا کہ ثبوت کسی دوسرے شوہر کے وجود کی وجہ سے ازدواج ناجائز تھا کیونکہ ان کو کسی ایسے اعتراض کی جوابدہی کا موقع نہیں ملا تھا جو اس امر پر مبنی تھا۔

عدالت ماتحت مرافعہ کی ڈگری اس امر کی نسبت ایک ڈگری ہے کہ کوئی رواج موجود نہیں ہے جس کی بناء پر چادر اندازی کا رسم زیر بحث جو مسماۃ بھمبی کے پہلے شوہر کی حین حیات ادا کیا گیا تھا اس کے فریقین کے مابین بطور ایک جائز ازدواج کے موثر ہو سکتا ہے۔

مرافعان یہ چاہتے ہیں کہ ایک عدالت مرافعہ ثانی اس کو اس بناء پر منسوخ کرے کہ عدالت ماتحت مرافعہ نے مرافعان کو یہ ثابت کرنیکا موقع دئے بغیر کہ پہلے شوہر نے مسماۃ بھمبی کو چھوڑ دیا تھا اور اس کے ذریعہ سے یہ ثابت کرنیکا موقع دئے بغیر کہ کوئی رواج جس کی رو سے ازدواج جائز ہوتا ہے موجود ہے کسی ازدواج کے عدم وجود کے متعلق جس سے ازدواج جائز ہوتا تھا ایک فیصلہ کرنے میں قانون

کے خلاف عمل کیا تھا یا وہ ضابطہ کی ایک اہم غلطی کی مجرم تھی۔

پس سوال جو مرافعہ میں پیش کیا گیا ہے کسی ایسے رواج کے وجود کی بابت ہے جس کی بناء پر کوئی جاٹ کسی بیوہ عورت کے ساتھ ایک جائز ازدواج کر سکتا ہے جبکہ شوہر نے اگرچہ وہ زندہ ہو اس کو چھوڑ دیا ہو۔

الفاظ باوجود کسی امر مندرجہ ضمن (۱) دفعہ ہذا کے جن سے ضمن (۳) دفعہ ۴۱ قانون عدالتہائے پنجاب شروع کی گئی ہے (۱۹۱۸ء) میں کسی صداقت نامہ کی عدم موجودگی میں اس امر پر بحث کرنے یا دیکھنے یا عدالت مرافعہ ثانی قانونی یا ضابطہ کی غلطی کی ہے عدالت مرافعہ ثانی کے مانع ہیں۔ یہ امر مقدمہ ........ میں واضح کیا گیا ہے جس میں صاف طور پر یہ بھی بتلایا گیا ہے کہ ایسے حالات میں مرافعہ ثانی اس بناء پر قبول نہیں کیا جا سکتا کہ بار ثبوت عدالت ماتحت مرافعہ نے غلطی سے عائد کیا تھا۔ مرافعہ کے لائق کونسل نے مقدمہ مرلی علی بنام بہادر (۲) پر استدلال کیا ہے جس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ سوال جو مرافعہ ثانی میں پیش کیا گیا تھا کسی رواج کے جواز یا وجود کی بابت نہ تھا بلکہ یہ تھا کہ آیا کسی رواج کا جواز یا وجود ایک ایسا سوال تھا جو عدالت ماتحت مرافعہ کے روبرو پیش تھا اور یہ کہ کسی صداقت نامہ کے بغیر مرافعہ ثانی پیش ہو سکتا تھا لیکن مقدمہ مذکور کے واقعات مقدمہ موجودہ کے واقعات سے مختلف ہیں۔ یہاں پر وہ تنقیح جواز ازدواج کے جواز کے متعلق بھی عام الفاظ میں ترتیب دی گئی تھی اور اگرچہ یہ صحیح ہے کہ کوئی خاص عذر پیش نہیں کیا گیا تھا کہ ازدواج اگر وہ واقع ہوا تھا ازدواج مکرر تھا اور اس لئے کالعدم تھا مدعیوں کی جانب سے اس امر کی نسبت شہادت پیش کی گئی تھی لیکن ان سوالات کی جو انکی جانب سے مدعی علیہم کے گواہوں سے پہلے شوہر کے متعلق کئے گئے تھے کوئی اور وجہ نہ ہو سکتی تھی۔ مدعی علیہم کو یہ علم تھا کہ جوابات جو حاصل

(۱) انڈین کیسز جلد ۵۶ صفحہ ۳۰۵ (۲) انڈین کیسز جلد ۳ صفحہ ۳۸۶ -

چوکالنگم چٹیا بنام ایس پلائی امبا (مدراس)

کئے گئے تھے شامل میں شریک کئے گئے تھے اور وہ انکی تردید یا تصحیح کی غرض سے مزید ثبوت دئے جانے کے لئے درخواست کرسکتے تھے۔

یہ نہیں کہا جاسکتا کہ عدالت ماتحت مرافعہ میں ان سے دفعتاً سوالات کئے گئے تھے اور یہ نہیں کہا جاسکتا کہ عدالتہائے ماتحت کے روبرو ناجرازی کے متعلق اصل سوال پیدا نہ ہوا تھا۔ کسی وجہ سے چادر اندازی ناجائز تھی۔ میں یہ قرار دیتا ہوں کہ کسی عدالت نامر کے بغیر مرافعہ ثانی جائز نہیں ہے اور مرافعہ خرچہ سے خارج کرنا ہوا۔　　　مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ مدراس

مرافعہ حسب فرمان شاہی

نمبر مقدمہ ۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۱۳ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس جسٹس سروالٹر ایس۔ شویب نائٹ چیف جسٹس و مسٹر جسٹس والڈ فیلڈ و مسٹر جسٹس کوٹس ٹراٹر

آر۔ ایم۔ پی۔ وی چوکالنگم چٹیار بنام ایس۔ پلائی امبال۔

مدعی۔ مرافع۔　　　مدعی علیہ۔ مرافعہ علیہ۔

قانون حقیت ہائے اراضی مدراس ایکٹ (۱ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء) دفعات ۱۳ (س)۔ ۷ ۱۸۔ ترقیات جو رعایا نے قانون کے بعد کی ہوں مگر معاہدہ کے تحت جو قانون کے قبل کیا گیا ہو تری کی شرح سے لگان کی بازیافت کے متعلق زمیندار کا حق۔

حسب دفعہ ۱۳ (س) قانون حقیت ہائے اراضی مدراس زمیندار اس اراضی کی بابت جسکی نسبت اس کی رعایا نے ان ترقیات کی وجہ سے جو قانون نافذ ہونے کے بعد خود اسکے صرفہ سے کی گئی ہوں تری کی کاشت کی جو تری کی شرح سے لگان کی بازیافت کا مستحق نہیں ہے بلکہ ایک معاہدہ کی بنا پر مستحق ہے جو قانون کے نفاذ کے قبل ہوا ہو۔ تجویز مقدمہ ونکٹا پیرول بنام راموودو۔ انڈین کیسیز جلد ۸۴ صفحہ ۶۸۸

کی تعمیل نہیں کی گئی۔ دفعات ۱۳ (س)، ۱۸ قانون حقیت ہائے اراضی کی ترتیب سے واضعان قانون کا منشا اس امر سے انکار کرنا تھا کہ معاہدات جو قانون کے نفاذ کے قبل کئے گئے ہوں اور نیز معاہدات جو اسکے بعد کئے گئے ہوں رعیت اور زمیندار کے بین قطعی تصفیہ پاگئے ہوں کی تعمیل کی جائیگی۔

مرافعہ حسب فرمان شاہی بنا راضی فیصلہ صادرہ مسٹر جسٹس کرشنن برمرافعہ ثانی نمبر ۹۹۹ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء برسرائل ہائیکورٹ جو ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ کورٹ راسناد مقام مدورہ بمقدمہ مرافعہ نمبر ۶۹ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء کے خلاف پیش کیا گیا تھا جو ڈگری صادرہ عدالت اسپشل ڈپٹی کلکٹر راسناد مقام مانا مدورہ بمقدمہ نمبر ۴۴ بابتہ سنہ ۱۹۱۸ء کی ناراضی سے پیش کیا گیا تھا۔

منجانب مرافع۔ مسٹر سی۔ وی۔ اننتہا کرشنا۔

منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر ایس۔ ٹی۔ سرنیواسا گوپالا چاری۔

**فیصلہ**۔ سوال یہ ہے کہ آیا مدعی زمیندار اپنے اسامی مدعی علیہا سے اس اراضی کی بابت جسکی نسبت مدعی علیہا نے ان ترقیات کی وجہ سے جو خود اسکے صرفہ سے کی گئی ہوں تری کی کاشت کی ہو تری کی شرح سے لگان کی بازیافت کا مستحق ہے۔ مدعی کا بیان یہ ہے کہ وہ کسی معاہدہ کی بنا پر جو سنہ ۱۸۹۵ء کی دستاویز (د) میں درج تھا اور قانون حقیت ہائے اراضی کے نفاذ کے قبل کیا گیا تھا تری کی شرح سے لگان کا مستحق ہے۔ ترقیات اسکے نفاذ کے بعد کی گئی تھیں۔ جسٹس کرشنن نے یہ قرار دیا کہ ان حالات میں مدعی بلحاظ دفعہ ۱۳ (۳) قانون حقیت ہائے اراضی اپنے معاہدہ پر استدلال کرنیکا مستحق نہیں ہے۔

یہ بلا شبہ صحیح ہے کہ جیسا کہ مدعی نے بحث کی ہے ایسا معاہدہ سابقہ قانون دفعہ ۱۱ ایکٹ ۸ بابتہ سنہ ۱۸۶۵ء کے تحت قابل نفاذ ہوتا مدعی کی جانب سے جس نظیر پر استدلال کیا گیا ہے وہ حضرت جسٹس کمارا سامی شاستری کی ایک تجویز بمقدمہ ونکٹا پیرول بنام راموودو (۱)

(۱) انڈین کیسیز جلد ۴۴ صفحہ ۶۸۸۔

ہے جو ایک ایسا مقدمہ تھا جس میں معاہدہ اور ترقیات دونوں موجودہ قانون کے نفاذ کے قبل لئے گئے تھے۔ اس لئے یہ تجویز فاضل جج کے فیصلہ کے لئے غیر ضروری تھی۔ اس وجہ سے اسکے لئے اہمیت رکھتے ہیں وہ یہ ہیں کہ (۱) دفعہ ۱۳ (۳) کے الفاظ کی رو سے رعیت ان ترقیات کی بنا پر جو خود اسکے صرفہ سے کی گئی ہوں زیادہ شرح سے لگان کی ادائی کی ذمہ داری سے مستثنی کی گئی ہو باوجودیکہ کوئی رواج یا معاہدہ اسکے خلاف موجود ہو۔ اور الفاظ مذکور بالکل عام ہیں (۲) یہ کہ جیسا کہ جسٹس ایشٹن نے ظاہر کیا ہے کہ اس حوالہ سے جو اسی سلسلہ میں رواج کی نسبت دیا گیا ہے یہ امر نہایت غیر اغلب ہو جاتا ہے کہ واضعان قانون کو ان معاہدات کو جو قانون کے نفاذ سے قبل کئے گئے تھے لیکن اسکے قبل قابل نفاذ نہ تھے اس حکم سے مستثنی کرنا مقصود تھا۔ (۳) رعیت کا ذکر دفعہ ۱۳ (۳) میں لیا گیا ہے کہ وہ ایک زیادہ شرح لگان ادا کرنے کی ذمہ دار تھی جو اس خیال کے متناقض ہے کہ وہ قبل ازیں کسی سابقہ معاہدہ کے تحت ذمہ دار ہو رہا تھا۔ بالآخر دفعہ ۸۷ (۱) کو دفعہ ۱۳ کے ساتھ پڑھنا چاہئیے اور اول الذکر میں ان معاہدات کا ذکر کیا گیا ہے جو قانون ہذا کے نفاذ کے قبل یا بعد کئے گئے ہوں۔ اس سے صاف طور پر یہ ظاہر ہوتا ہے کہ واضعان قانون کا منشاء یہ تھا کہ اس امر سے انکار کیا جائے کہ وہ معاہدات جو قانون کے نفاذ کے قبل کئے گئے ہوں اور نیز وہ معاہدات جو اس کے نفاذ کے بعد کئے گئے ہوں اس تعلق کو کسی طرح موثر ہوتے ہیں جو رعایا اور زمیندار کے مابین ہو۔

یہ رائے قائم کرنے کے بعد ہم مرافعہ معہ خرچہ کے خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۶۶۴ بابتہ ۱۹۱۹ء منفصلہ ۱۴ نومبر ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس لی رائسنل جسٹس مسٹر ظفر علی۔

نانک چند۔ **بنام** محمد ظہور الدین۔

مدعی علیہ - مرافع مدعی - مرافعہ علیہ۔

قانون رجسٹری ایکٹ ۱۶ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعات ۲ (۷)-۱۷ (۱) (د) - دستاویز کی تعبیر - پٹہ دینے کا معاہدہ - رجسٹری -

مدعی علیہ نے مدعیوں کے حق میں ایک دستاویز تکمیل کی تھی جس کے ذریعہ سے اس نے بطور بیعانہ کچھ رقم کی وصولیابی کا اقرار کیا تھا اور وہ مبلغ ...... کے سالانہ لگان پر پانچ سال کے لئے مدعی کو کچھ رقبہ اراضی پٹہ پر دینے پر رضامند ہوا تھا۔

قرار دیا گیا کہ دستاویز پٹہ کرنیکا ایک معاہدہ تھا اور حسب دفعہ ۱۷ (۱) (د) معہ دفعہ ۲ (۷) قانون رجسٹری اس کی رجسٹری ضروری تھی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج لدھیانہ مورخہ ۲۴ جون ۱۹۱۸ء مشعر ترمیم ڈگری مصدرہ جونیر سب جج درجہ دوم لدھیانہ مورخہ ۱۶ اپریل ۱۹۱۸ء۔

منجانب مرافع - لالہ فقیر چند۔

منجانب مرافعہ علیہ - شیخ عمر بخش۔

**فیصلہ** - مدعی عدالت میں ایک دستاویز کی بنا پر رجوع ہوا تھا جس کے ذریعہ سے اس نے یہ بیان کیا تھا کہ حسب دلیل مدعی علیہ نمبرا نے ۸ مئی ۱۹۱۷ء کو بطور بیعانہ کے مبلغ ....... کی

وصول لیا ہی کا اقرار کیا تھا اور وہ مدعی کو (۲) بیگہ ۱۴ بسوے اراضی پانچ سال کے لئے مبلغ مالہ کے سالانہ لگان پر پٹہ پر دینے کے لئے رضامند ہوا تھا۔ اس نے یہ بیان کیا کہ مدعا علیہ نمبر ا نے اسکے حق میں ایک باضابطہ پٹہ تکمیل کرنیکی بجائے اراضی مدعا علیہ نمبر ۲ کو پٹہ پر دی تھی اور اس کو قبضہ حوالہ کیا تھا۔ اس نے مزید یہ بیان کیا تھا کہ مدعا علیہ نمبر ۲ کو اس معاہدہ کا کامل علم تھا جو مدعی کے ساتھ کیا گیا تھا اور اس نے اراضی کے قبضہ اور اس حکم کے لئے استدعا کی کہ مدعا علیہ نمبر ا معاہدہ کی شرائط کے بموجب پٹہ کی تکمیل پر مجبور کیا جائے۔ اس نے علی سبیل البدل مدعا علیہ نمبر ا کے خلاف بطور ہرجہ کے مبلغ الـ ۔ کا مطالبہ کیا۔ عدالت ابتدائی نے یہ تجویز کی کہ دونوں مدعا علیہما مدعی پر فریب کرنے میں شریک ہوئے تھے اور پانچ سال کے لئے اس کا قبضہ ڈگری کیا اور مرافعہ میں ڈسٹرکٹ جج نے ڈگری بحال کی اور یہ قرار دیا کہ یہ غیر ضروری تھا کہ مدعی کے حق میں کوئی باضابطہ پٹہ تکمیل کیا جائے۔

مرافعہ ثانی میں یہ کہا گیا ہے کہ وہ دستاویز جس پر مدعی کا دعوی مبنی ہے محض بیعانہ کی بابتہ ایک رسید نہیں ہے بلکہ پٹہ کرنیکا ایک معاہدہ ہے۔ یہ کہ وہ معاہدہ ثابت کرنے کے لئے ناقابل ادخال شہادت تھی کیونکہ اس کی رجسٹری ہونی چاہیئے تھی اور یہ کہ اس لئے معاہدہ کی تائید میں کوئی لسانی شہادت قبول نہیں کی جاسکتی ہے ہماری رائے میں وہ بحث جو مرافع کی جانب سے پیش کی گئی ہے غالب رہنی چاہیئے۔ اپنے عرضی دعوی میں مدعی نے دستاویز مذکور کا ذکر کیا ہے کہ اس میں وہ معاہدہ درج تھا جو خود اسکے اور مدعا علیہ نمبر ا کے مابین ہوا تھا اور یہ ظاہر ہے کہ وہ محض ایک رسید سے زیادہ ہے۔ پٹہ کی شرائط اسکی مدت اور سالانہ لگان اور تاریخ جس پر قبضہ دیا جانا چاہیئے تفصیل کے ساتھ اس دستاویز میں درج ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں ہو سکتا کہ وہ پٹہ دینے کی بابتہ ایک معاہدہ ہے حسب دفعہ ۲ (۷) قانون رجسٹری پٹہ میں پٹہ کرنے کا معاہدہ شامل ہے۔ اس بارے میں پٹہ کرنے کے معاہدہ کو ایک معاہدہ سے ممیز کرنا چاہیئے اور حسب دفعہ ۱۷ (۱) (د) قانون مذکور جائیداد غیر منقولہ کے کل پٹہ جات کی جو سال بسال یا کسی میعاد کی بابتہ ہوں جو ایک سال سے زیادہ ہو یا جن میں کوئی سالانہ لگان محفوظ کیا گیا ہو رجسٹری کی جانی چاہیئے۔ پٹہ زیر بحث جس کی رو سے مبلغ مالہ کا ایک سالانہ لگان محفوظ کیا گیا تھا اس قسم کے پٹہ جات سے تعلق نہیں رکھتا جو لوکل گورنمنٹ کی جانب سے حسب مستثنیٰ دفعہ ۱۷ (۱) (د) قانون رجسٹری مستثنیٰ کئے جاسکتے ہوں۔

اس خیال کے مدنظر مدعی کے دعوی کی تائید کسی شہادت سے نہیں ہوتی اور وہ خارج ہونا چاہیئے۔

اس لئے ہم مرافعہ منظور اور مدعی کا دعوے معہ کل خرچہ کے خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ اول متفرق دیوانی

نمبر مقدمہ ۵۵۹ بابتہ ۱۹۲۲ء فیصلہ ۲۴ نومبر ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس براڈوے

نند سنگھ ۔ دیوالیہ بنام ایس ۔ لچھمی نارائن سنگھ سرکاری رسیور وغیرہ ۔ دائنیان مرافعہ علیہم ۔ مرافع ۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۶۰ (س) قانون مالگزاری اراضی پنجاب ایکٹ ۱۷ بابتہ ۱۸۸۷ء دفعہ ۷۰ ۔ دیوالیہ ۔ "پنچوترہ" جو لمبردار کو ادا کیا جاتا ہے

پچوکالنگر چہ

بنام

یس ۔ بابا ۔ ۔

( ۔ ۔ ۔

صفحہ

نانک چند بنام محمد ظہور الدین (لاہور)

اس قرقی سے مستثنیٰ ہے۔

"پنچوترہ" کی رقم جو دیوالیہ کو ادا کی جانی ہو دفعہ ۶۰ (س) مجموعہ ضابطہ دیوانی یا دفعہ ۷ قانون مالگزاری اراضی پنجاب کے تحت نہیں آتی اور وہ دیوالیہ پر قرقی سے مستثنیٰ نہیں ہے۔

مرافعہ اولی متفرق بنا لسنی تمار صادرہ ڈسٹرکٹ جج انبالہ مورخہ ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء جس کی رو سے یہ حکم دیا گیا تھا کہ دیوالیہ کا مکان نائب ناظر کچہری کے ذریعہ سے بیع کیا جائے اور اس کی اراضی کلکٹر کے ذریعہ سے پٹہ پر دی جائے۔

منجانب مرافع۔ مسٹر کھڑک سنگھ۔

**فیصلہ**۔ نند سنگھ ایک غیر بری شدہ دیوالیہ او ضلع انبالہ کے ایک لمبردار اور جاگیر دار نے مرافعہ بنا ڈسٹرکٹ جج انبالہ کے حکم مورخہ ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء کی نارضی سے پیش کیا ہے جس کی رو سے ریسیور کو دیوالیہ کا ایک مکان بیع کرنے اور کلکٹر کے ذریعہ سے اس کی اراضی جس کا رقبہ تقریباً ۱۰۰ بیگھ تھا پٹہ پر دینے کا انتظام کرنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ حکم مذکور میں دیوالیہ کو یہ بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ عدالت میں وہ کل پنچوترہ رقم ادا کرے جو اس کے قبضہ میں تھی۔ مسٹر کھڑک سنگھ نند سنگھ کی جانب سے حاضر ہوئے ہیں اور کوئی شخص دوسری جانب سے حاضر نہیں ہوا ہے۔

جس حد تک کہ مکان کا تعلق ہے چونکہ مرافع ایک کاشتکار ہے اور چونکہ یہ کہا گیا ہے کہ اسکے قبضہ میں صرف یہی ایک مکان ہے وہ بیع کئے جانیکا مستوجب نہیں معلوم ہوتا۔ اس لئے وہ حکم جو اس مکان سے متعلق ہے منسوخ کیا جاتا ہے۔

پنچوترہ کی رقم کے متعلق مسٹر کھڑک سنگھ نے یہ کہا ہے کہ وہ بھی حسب احکام دفعہ ۶۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی مستوجب قرقی نہ تھا۔ نیز اصول نمبر ۷ دفعہ ۷ قانون مالگزاری اراضی پنجاب کا حوالہ دیا ہے۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ پنچوترہ کی رقم ان دفعات کے تحت آتی ہے۔ اس کی نسبت حکم برقرار رہیگا۔

اس کے بعد یہ کہا گیا ہے کہ ریسیور نے اپنی رپورٹ میں صرف یہ ظاہر کیا تھا کہ کلکٹر کے ذریعہ سے صرف سہ ربع اراضی پٹہ پر دی جائے لیکن عدالت نے یہ ہدایت کی ہے کہ کل اراضی اس طرح پٹہ پر دی جانی چاہیئے۔ وجوہ مرافعہ میں بتلایا گیا ہے کہ مرافع کی کل اراضی کا ⅕ حصہ زیر رہن ہے اور مرتہنان قابض ہیں اور مسٹر کھڑک سنگھ نے یہ کہا ہے کہ دیوالیہ اور اس کے خاندان کی پرورش کے لئے کوئی انتظام کیا جانا چاہیئے جو بطور ایک غیر بری شدہ دیوالیہ کے نہیں بلکہ بطور ایک لمبردار اور جاگیردار کے اس کی حیثیت کے موزوں ہو۔ یہ مسئلہ کسی قدر عجیب معلوم ہوتا ہے۔ لیکن چونکہ ریسیور نے یہ رپورٹ کی ہے کہ دیوالیہ کی سہ ربع اراضی کافی تھی اور کل اراضی کے متعلق ڈسٹرکٹ جج کا حکم موجود ہے۔ میں یہ حکم دیتا ہوں کہ مرافع کی صرف سہ ربع اراضی کلکٹر کے ذریعہ سے پٹہ پر دیجانی چاہیئے۔

اس حد تک مرافعہ منظور کیا جاتا ہے۔ خرچہ کے متعلق کوئی حکم صادر نہ کیا جائیگا۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

ملک معظم بنام زوار حسین (الہ آباد)

## ہائیکورٹ الہ آباد

### مرافعہ فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۴۰ بابت سنہ ۱۹۲۳ء فیصلہ ۲۱ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس والش و مسٹر جسٹس ریوز۔

ملک معظم مستغیث **بنام** زوار حسین۔ ملزم

قانون آبکاری ممالک متحدہ ایکٹ ۴ بابت سنہ ۱۹۱۰ء دفعہ ۶۰۔

کوکین جو ناجائز طور پر قبضہ میں ہو۔ قبضہ کا مفہوم۔

کوئی شخص اپنے کارندہ کیا افعال پر جو ناشائستہ ہو ذمہ دار نہیں ہے لیکن وہ اس طرح اس صورت میں ذمہ دار ہے جبکہ کسی اجازت نامہ کے تحت رو قیود کے تابع ممنوعہ اشیاء کی تجارت کرنیکا مجاز کئے جانے پر وہ کسی ملازم کو اپنی جانب سے کاروبار کرنے کے لئے مقرر کرے اور ملازم قیود کے خلاف عمل کرے اگر حالت ذہنی متعلق ہے تو یہ ظاہر کرنا پڑیگا کہ مالک کو علم تھا۔ علاوہ ازیں قوانین منشیات قوانین آبکاری کی اغراض کے لئے تجارتی معاملات میں بجز اس قبضہ کے جو صحیح طور پر قانونی قبضہ کہا جا سکتا ہو دیگر قبضہ ہو سکتا ہے اور کلیتہً ہوتا ہے ایسی صورتوں میں نگرانی یا اختیار بمنزلہ قبضہ مجرمانہ کے سمجھا جائیگا اگرچہ فی الواقع قانونی قبضہ مثلاً کسی امین یا کارندہ کا قبضہ کسی دوسرے کو حاصل ہو۔

ملک معظم بنام جادو بر۔ انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲۹ صفحہ ۲۶۴۔ ملک معظم بنام غلام حسین۔ انڈین کیسیز جلد ۴۸ صفحہ ۹۷۵ کی تقلید کیگئی۔

مرافعہ فوجداری منجانب لوکل گورنمنٹ بنا راضی حکم صادرہ مجسٹریٹ درجہ اول سہارنپور مورخہ ۱۳ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء۔

منجانب سرکار۔ مسٹر للت موہن بنرجی گورنمنٹ ایڈووکیٹ۔

منجانب ملزم۔ مسٹر جی۔ ڈبلیو۔ ڈلین

**جسٹس والش**۔ یہ مرافعہ گورنمنٹ کی جانب سے کسی الزام کی نسبت جس کی تحقیقات ایک مجسٹریٹ درجہ اول سہارنپور نے کی تھی اور جو بلا جائز وجہ کے کوکین قبضہ میں رکھنے کی بابت تھا ایک شخص زوار حسین کی برأت کی ناراضی سے پیش کیا گیا ہے۔ قبضہ کے لئے کوئی جائز وجہ اگر کوئی بھی تھی ظاہر نہیں کی گئی تھی۔

مقدمہ سے اس قسم کی ناانصافی کی ایک اور مثال ظاہر ہوتی ہے جس کی نسبت اس عدالت کو حال میں مجسٹریٹوں کی کارروائیات کے متعلق شکایت کرنے کے لئے بہت کچھ وجہ معلوم ہوتی ہے۔ پہلا گواہ ۲۷ مارچ کو یعنی جرم کی تاریخ سے آٹھ دن کے اندر طلب کیا گیا تھا۔ آخری گواہ تقریباً ۷ جولائی تک طلب نہیں کیا گیا تھا اور فیصلہ کثیر المقدار رقم اور عدالت کا وقت صرف ہونے کے بعد ۱۳ جولائی کو صادر کیا گیا تھا۔ ہم بہت کچھ غیر متعلق مواد اور ایک فیصلہ پر غور کرنے پر مجبور کئے گئے تھے جو قریب قریب بارہ طبع شدہ صفحات پر مشتمل تھا جن میں غیر ضروری تفصیل اور یہ نامناسب بحث کی گئی ہے اور بجنسہ ضمنی تنقیحات پر غور کیا گیا ہے جو کسی کے لئے اہم نہیں ہیں جن میں اصل تنقیح تقریباً بالکل نظر انداز کی گئی ہے۔

استغاثہ کی جانب سے یہ ثابت کرنیکی کوشش کرنے میں کہ زوار حسین عمارات میں رہتا تھا ابتدائی غلطی کی گئی تھی جو ایک ایسی تنقیح تھی جو لازمی طور پر ناکام رہتی اور جس سے بلا شبہ اس تضیع اوقات کی وجہ ظاہر ہوتی ہے جسکے مجسٹریٹ ذمہ دار تھے مجسٹریٹ نے بالآخر یہ فیصلہ کیا کہ زوار حسین عمارات میں نہیں رہتا تھا اور یہ کہ اس کو اس کوکین کا کوئی علم نہ تھا جو ضبط کیگئی تھی۔ ان تحقیقات میں سے اول الذکر تنقیح کے متعلق پہلا سرکاری گواہ

ملک معظم بنام جسیم (الہ آباد)

حق بجانب تھے۔ موخر الذکر کے متعلق ہم فیصلہ سے اختلاف کرتے ہیں۔ ہم خیال کرتے ہیں کہ یہ [illegible] ثابت کیا گیا ہے کہ زوار حسین نے مکان کوکین چھپانے کے لئے استعمال کیا تھا اور [illegible] [illegible] کے تحت [illegible] ایکٹ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء کے ذریعہ سے اس کی ترمیم [illegible] الزام عائد کیا جاتا تو اسکے خلاف تجویز ثبوت جرم یقیناً صادر [illegible] نے اس دفعہ کے تحت تجویز ثبوت جرم کی استدعا کی تھی لیکن ملزم پر اسکے تحت الزام عائد نہیں کیا گیا تھا۔ [illegible] دفعہ کے نوٹس [illegible] عدالت ہذا سے الزام تبدیل کرنے کی استدعا کی گئی تھی۔ مسٹر [illegible] نے جو ملزم کی جانب سے حاضر تھے [illegible] اپنے مقرر [illegible] زور اور عمدگی کے ساتھ بحث کی تھی [illegible] کی اہم وجوہ سے اس طریقہ پر اعتراض کیا تھا۔ ہماری رائے [illegible] کسی جدید الزام پر ملزم کی تحقیقات نہ کرنی چاہیئے۔

اس لئے جس امر کا ہمیں فیصلہ کرنا ہے وہ یہ ہے کہ آیا یہ تجویز کہ زوار حسین کوکین ضبط شدہ پر قبضہ رکھتا تھا ایک [illegible] تجویز تھی جس پر مجسٹریٹ اس قدر اہم شہادت کے خلاف پہنچ سکتے تھے۔

اہم واقعات معمولی اور صاف ہیں۔ خود اسکے بیان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ زوار حسین کوکین کا ایک مشہور کاروبار کرنیوالا ہے۔ وہ ناجائز کاروبار کی بابتہ قبل ازیں قید ہو چکا ہے وہ ہم کو یہ باور کرانا چاہتا ہے کہ اب اس کے چال چلن میں اصلاح ہوئی ہے اور وہ دیگر مجرمین کی گرفتاری میں حکام کی مدد کر رہا ہے ممکن ہے کہ یہ صحیح ہو۔ یہ واقعہ مقدمہ ہذا میں اس کی مجرمیت یا اس کی بے جرمی کے متناقض نہیں ہے وہ اپنے خاندان کا ایک سربرآوردہ رکن نہیں تو ایک مشہور رکن ہے جو اس مکان میں جس کی تلاشی لی گئی تھی یا اسکے اطراف رہتا ہے۔ وہ مکان کا

صفحہ ۹۴

کلاً یا جزئاً مالک ہے جس نے ایک تحریری معاہدہ کے ذریعہ سے اپنے سالے کو سال بسال کرایہ پر دیا تھا اور اس نے اس کو رجسٹری کرانے کا بالکل غیر ضروری ضابطہ اختیار کیا تھا وہ کسی دوسرے مکان میں رہتا تھا جو چند گز کے فاصلہ پر عقب میں واقع تھا اور قدرتاً اپنے سالے کے پاس اگر اکثر نہیں تو وقتاً فوقتاً آیا کرتا تھا۔ ایک قریبی رشتہ دار اور ہمسایہ کے ساتھ غیر معمولی طریقہ یہ اختیار کیا گیا تھا کہ کرایہ کے معاہدہ کی شرائط صحیح طور پر تحریر کی گئی تھیں اور اسکے ذریعہ سے زوار حسین نے اپنے لئے ایک مقفل کمرہ محفوظ کیا تھا جس میں اس کا کچھ اسباب موجود تھا۔ بشیر حسین کرایہ دار صفائی کی جانب سے پیش کیا گیا تھا اور اس نے حلفاً یہ بیان کیا تھا کہ وہ اور اس کا سالا ایک دوسرے سے ملا نہ کرتے تھے۔ یہ بالکل خلاف قیاس ہے۔ ایک شخص گوپال نارائن نے جس پر مجسٹریٹ نے سخت نکتہ چینی کی تھی اور جو اس بیان کا ذمہ دار تھا کہ ملزم مکان میں رہتا تھا یہ اطلاع دی تھی کہ کوکین مکان میں چھپائی گئی تھی جس کو وہ زوار حسین کا سکونتی مکان خیال کرتا تھا۔ مسٹر ینگ سپرنٹنڈنٹ پولیس [illegible] کانسٹیبلوں کی ایک بڑی جماعت کے ساتھ ۲ مارچ کو گئے تھے اور انھوں نے مکان کی تلاشی لی تھی۔ جب وہ اس مقام پر ایک موٹر کار میں پہونچے گوپال نارائن نے مسٹر ینگ کو یہ بتلایا کہ زوار حسین ایک مسجد میں بیٹھا تھا جو ایک قسم کے مربع مقام یا ایک زاویہ میں واقع تھی جس میں وہ مکان جس کی تلاشی مقصود تھی اور ملزم کا مکان شامل تھا۔ مسٹر ینگ کی توجہ لوگوں کی آمد و رفت کی وجہ سے منتشر ہو گئی تھی اور وہ اس شخص کو دیکھ نہ سکتا تھا جو بتلایا گیا تھا لیکن یہ خلاف قیاس ہے کہ گوپال نارائن فضول جھوٹ کہیگا جبکہ وہ یہ معلوم کرنے کی وجہ نہ رکھتا ہوگا کہ ملزم مقام تلاشی طلب پر موجود

ملک مظفر
بنام
زوار حسین
(الہ آباد)

نہ تھا یا وہ فرار نہیں ہوا تھا جیسا کہ اس لئے بعد میں ایک عورت کے لباس میں فرار ہونیکی کوشش کی تھی۔ اس لئے یہ یقینی ہے کہ ملزم قریب میں چھپا ہوا تھا۔ اس مکان کے باہر جبکی تلاشی لی گئی تھی آٹھ اشخاص بیٹھے ہوئے پائے گئے تھے۔ ان میں کرایہ دار اور ملزم کا سالا اور اسکے دو بھائی جن میں سے ایک اس مکان میں رہتا بھی تھا اور یہ امر قابل لحاظ ہے کہ ملزم کے کارندہ بھی شامل تھے۔ مکان کے اندر خاندان کے چند ارکان از قسم اناث رہتے تھے۔ اس امر کی نسبت کہ آیا ان میں سے ایک عورت ملزم کی زوجہ یا داشتہ تھی اور ایک عورت کی شناخت کے متعلق جس کے کچھ عرصہ بعد ہی ایک بچہ پیدا ہوا تھا بہت وقت ضائع کیا گیا تھا۔ یہ امور صرف اس امر سے متعلق ہیں کہ آیا مکان ملزم کا سکونتی مکان تھا لیکن ایک طویل اور مکمل تلاشی کے بعد کنستر الماری رکھے ہیں جس کی تعداد ر لوا نوٹس دو الگ رہی تھی اور جسکی مالیت مبلغ الف لکھ بیان کی گئی ہے ڈکیتی ایک بڑے صندوق کی چھوٹی تہ میں ایک کمرہ میں پائی گئی تھی جس کو اندر سے زنجیر لگائی گئی تھی۔ اور جس میں اس وقت ایک عورت موجود تھی زوار حسین طلب کیا گیا تھا لیکن اس لئے بلا ارادہ آنے سے گریز کیا وہ بالکل قریب کے مقام پر موجود تھا اور اسکے عمل سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس کو یہ علم تھا کہ اپنے آپکو تلاشی کے نتائج سے بے تعلق ظاہر کرنے کے لئے کافی وجہ تھی کوئی بے جرم شخص قدرتاً حکام کی مدد کرتا اور ان کو اپنی نیک نیتی کا اطمینان دلانے کی فکر کریگا۔ خطوط جو ملزم کے موسومہ تھے مکان میں پائے گئے تھے۔ وہ صندوق جسمیں کرنسی چھپائی گئی تھی ایک نہایت بڑا اور وزنی صندوق تھا جس کی موجودگی کا علم قابضان مکان کو ضرور ہونا چاہیئے۔ اسکے مخفی اسباب کو انکشاف سے محفوظ رکھنے کی کوشش کی گئی تھی اور اسکے انکشاف میں مدد کرنیکی کوشش نہیں کی گئی تھی۔ اس سے صفائی کے اس کمزور خیال کی تردید ہوتی ہے کہ وہ اس کو وہاں پر مکان کے لوگوں کیلئے ان کے دشمنوں نے رکھا تھا۔ دشمن یہ تدبیر کر سکتے تھے کہ کوئین باہر کر لے جائے لیکن وہ کوئی صندوق نصب نہ کر سکتے تھے جس سے اسکے اندر کے اسباب کا انکشاف تقریباً غیر ممکن تھا۔ صندوق بڑا سے کے لکڑی کے گودڑے کے مانند دلچسپ بھی نہیں ہے اور اس کو چھپانے اور اس کی حفاظت کر لینے کے متعلق کرایہ داروں کا عمل اس کی اس ظاہر کردہ حیثیت کے متناقض ہے کہ وہ وہاں برخلاف مرضی رکھا گیا تھا۔ زوار حسین کے دشمن کوئی صندوق کسی ایسے مکان میں مشکل نصب کر سکتے تھے جسکی نسبت اسکے بیان کے بموجب بجز گوپال نارائن کے ہر ایک شخص کو یہ علم تھا کہ وہ اس کا سکونتی مقام نہیں ہے۔ علاوہ بریں حکام کو اس چالاکی کی جو بدنیتی سے ان پر استعمال کی گئی تھی اس وقت اطلاع دی گئی تھی جبکہ مسٹر ٹنگ اور انکی جماعت تلاشی کے لئے پہونچی تھی اس صندوق کے اطراف جس کا احتیاط کے ساتھ رکھا گیا تھا اور جس کی احتیاط کے ساتھ حفاظت کی گئی تھی درحقیقت ملزم خاندان اور اسکے کارندے جمع تھے۔ یہ ظاہر نہیں کیا گیا ہے کہ ان میں سے کوئی شخص اس حد تک کوئین حاصل اور اسکی تجارت کر سکتا تھا۔ جبکہ اگر کوئی لگان ادا کرتا تھا تو مبلغ ۷۵ ماہانہ کا لگان ادا کرتا تھا اور ان کل حالات سے یہ نتیجہ ناگزیر ہے کہ صندوق زوار حسین کیلئے اسکے سالے کے مکان میں رکھا گیا تھا جسکے حقیقی قبضہ میں وہ موجود تھا۔

صفحہ ۱۳۱

ہم نے کثیر المقدار شہادت صفائی کا معائنہ کیا لیکن کوئی امر حسب اطمینان ثابت شدہ نہیں پایا جو اس خیال کے متناقض ہو کہ یہ ممکن نہیں ہے کہ زوار حسین بلا شرکت غیرے مالک تھا یا حقیقی مالک تھا بشیر حسین کرایہ دار و سالے نے ایک جدید او حیرت انگیز جعلی بیان کیا تھا کہ ایک شخص بدھو نامی نے گزشتہ شب کو بطور اپنے اسباب کے جزو کے صندوق وہاں رکھا تھا۔ یہ توقع کی گئی تھی کہ یہ پراسرار شخص تلاش ہو کے

ملک معظم بنام غلام حسین (الہ آباد)

بعد بچے کچھ اسباب کے ساتھ قبضہ میں آئیگا لیکن یہ ضرور ہوتا ہے کہ اس کی نسبت اس سے زیادہ اور کچھ سنا نہیں گیا۔ اس خیال کے لئے کہ کوئی شخص تقریباً مبلغ ... مالیت کی کوئین اس طور پر چھوڑ دیگا اس شہادت سے زیادہ شہادت ضروری ہے تاکہ اس کی اصلیت کا اطمینان ہو سکے حقیقی ملکیت یا کم از کم اس کے رشتہ دار اور کلا یہ ... کی تحویل ہیں۔ اس کی ... کی وجہ بتلانے کا بار ثبوت صاف طور پر ملزم پر عائد تھا۔ ورنہ ان میں سے کوئی امر بھی ثابت نہ کر سکا۔ اس قانون کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے مسٹر ... کا خیال بالکل درست ہے۔ کوئی شخص معمولاً اپنے کارندہ کے افعال کا ذمہ دار نہیں ہے بجز ان صورتوں کے کہ جس کی اجازت ... کے تحت اور قیود کے تابع ممنوعہ اشیاء کی تجارت کرنیکا مجاز کیا جائے پس وہ کسی ملازم کو اپنے لئے کاروبار کرنیکی غرض سے مقرر کرے اور اس کا ملازم ان قیود کے خلاف عمل کرے۔ اگر حالت ذہنی متعلق ہے تو یہ ظاہر کرنا چاہئیے کہ مالک کو علم تھا لیکن تجارتی کاروبار میں اصل قبضہ کے علاوہ جو تحقیقی ... قانونی قبضہ کہا جا سکتا ہے کسی انسدادی قانون کی غرض کے لئے جیسا کہ یہ ہے دیگر قبضہ ہو سکتا ہے اور اکثر ہوتا ہے۔ نگرانی یا اختیار بمنزلہ قبضہ سمجھا جا سکے ہو سکتا ہے اگرچہ حقیقی قانونی قبضہ مثلاً کسی امین یا کارندہ کا قبضہ کسی دوسرے کو حاصل ہو۔ مقدمہ ملک معظم بنام گجادھر (۱) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ افیون جو مالک کے ... ہمسایہ کے مکان میں پائی گئی تھی جس نے اس کو شب میں حفاظت سے رکھنے کے لئے ہمسایہ کے پاس رکھا تھا مالک کے قبضہ میں تھی۔ مقدمہ ملک معظم بنام غلام حسین (۲) میں سامان حرب کا مالک جس کو ہتھیار رکھنے کی اجازت حاصل تھی فوت ہو چکا تھا۔ اس کی بیوہ اور اس کا نابالغ بیٹا اسی مکان میں رہ گئے جس میں سامان حرب رکھا گیا تھا۔ ماں قانونی مالک اور مکان کی منتظم تھی۔ یہ قرار دینے کے لئے وجہ موجود تھی کہ وہ نوجوان لڑکا اس کو صاف کرتا تھا اور اس کی نگہداشت کرتا تھا اگرچہ وہ فی الواقع اس کو استعمال نہ کرتا تھا۔ یہ قرار دیا گیا تھا کہ بیٹے کے خلاف یہ تجویز ثبوت جرم صحیح طور پر صادر کی گئی تھی کہ وہ بلا اجازت ... کے اس پر قابض تھا۔ اس لئے ہم مرافعہ منظور اور نوازش حسین کے خلاف اس نوازش کوئین پر ناجائز قبضہ رکھنے کی بابت تجویز ثبوت جرم صادر کرتے ہیں۔ ... مقدار ضبط شدہ اور ... تجویز ثبوت جرم کی وجہ سے بلکہ صفائی پیش کردہ کی نوعیت کے لحاظ سے بھی ایک ... مقدمہ ہے۔ اس لئے ہم نوازش کو اس تاریخ سے جبکہ وہ اپنی ضمانت کے بموجب حاضر ہو جائے یا بصورت حاضر نہ ہونے کے اس کی گرفتاری کی تاریخ سے جو اقوی پہلے وقوع میں آئے دو سال قید با مشقت کی سزا دیتے ہیں۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ کلکتہ

### نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۱۲۸ بابت ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۲ فروری ۱۹۲۲ء

باجلاس جسٹس نیولینڈ و مسٹر جسٹس سہروردی۔

گنیش ساہو۔ ملزم سائل۔ بنام ملک معظم۔ طرف ثانی۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابت ۱۸۹۸ء دفعہ ۴۳۹ — مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابت ۱۸۶۰ء دفعہ ۴۱۱۔ مال مسروقہ کی کئی اشیاء جو ملزم کے قبضہ میں پائی گئی ہوں۔ تحقیقات جو چند اشیاء کی نسبت کی گئی ہو۔ برات۔ تحقیقات مابعد جو بقیہ اشیاء کی نسبت کی جائے اور اس کا جواز۔

اس مال کی جو مختلف اشخاص کے پاس سے سرقہ کیا گیا تھا چند اشیاء ملزم کے قبضہ میں پائی گئی تھیں۔ اس کی تحقیقات

(۱) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲۵ صفحہ ۲۶۳ (۲) انڈین کیسز جلد ۴۴ صفحہ ۹۷۔

(۲۵۶)

ایک الزام تحت دفعہ ۴۱۱ مجموعہ تعزیرات ہند چند اشیاء کی بابت لگایا گیا تھی اندر بری کیا گیا تھا۔ اسکے بعد اسی دفعہ کے تحت اسکے خلاف دیگر مال کی بابت مقدمہ چلایا گیا تھا جو اسی تاریخ پر اسکے قبضہ میں پایا گیا تھا لیکن اس امر کی کوئی شہادت موجود نہ تھی کہ اشیا مختلف اوقات پر حاصل کی گئی تھیں۔ قرار دیا گیا کہ حسب دفعہ ۴۰۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری دوسری تحقیقات ناجائز تھی۔

ملکہ معظم بنام کمہن۔ انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۹ صفحہ ۴۶۱ اور اشن موچی بنام ملکہ معظم انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۵ صفحہ ۱۱۵ کی تقلید کی گئی۔

درخواست نگرانی تحت دفعہ ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری۔

منجانب سائل۔ بابو دسرتھی سنیال بہمعیت بابو لاٹ موہن سنیال

منجانب سرکار۔ مسٹر کار۔ ڈپٹی لیگل ریممبرنسر۔

جسٹس نیوبولڈ۔ مقدمہ ہذا میں سائل کے خلاف ۷ دسمبر ۱۹۲۱ء کو بددیانتی سے مال مسروقہ قبضہ میں رکھنے کے الزام میں تحت دفعہ ۴۱۱ مجموعہ تعزیرات ہند تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی تھی معلوم ہوتا ہے کہ تاریخ مذکور پر چند اشیاء اس کمرہ سے برآمد ہوئی تھیں جسمیں سائل رہتا تھا۔ ان میں سے چند کی بابت اس پر مقدمہ چلایا گیا تھا اور مجسٹریٹ تحقیقات کنندہ کی جانب سے تحت دفعہ ۴۱۱ مجموعہ تعزیرات ہند اسکے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کئے جانے کے بعد وہ مرافعہ میں بری کیا گیا تھا۔ اب دیگر اشیاء کی بابت جو اسی تاریخ پر اسکے قبضہ میں پائی گئی تھیں اس کی تحقیقات کی گئی ہے اور اسکے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی ہے۔ اس امر کی شہادت موجود تھی کہ مختلف اشیاء جنکی نسبت ان دو تحقیقاتوں میں الزامات عائد کئے گئے تھے مختلف اشخاص کے پاس سے سرقہ کی گئی تھیں لیکن اس امر کی شہادت موجود نہیں ہے کہ وہ مختلف اوقات میں حاصل کی گئی

تھیں۔ مقدمہ ہذا کے واقعات مقدمہ ملکہ قیصرہ بنام کمہن (۱) کے واقعات سے ممیز نہیں کئے جا سکتے ہمیں عدالت ہذا کے ایک ڈویژنل بنچ کے فیصلہ مقدمہ اشن موچی بنام ملکہ قیصرہ (۲) کی تعلیم کی گئی ہے۔ اس نظیر کی بناء پر ہم یہ قرار دیتے ہیں کہ دوسری تحقیقات حسب احکام دفعہ ۴۰۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری ناجائز تھی۔ اس لئے ہم یہ حکم اظہار وجہ قطعی قرار دیتے ہیں اور تجویز ثبوت جرم و سزا جو سائل کی بابت صادر کی گئی ہے منسوخ کرتے ہیں اور یہ حکم دیتے ہیں کہ وہ اپنے ضمانت نامہ سے سبکدوش کیا جائے۔ حکم اظہار وجہ قطعی قرار دیا گیا۔

گنیش ساہو بنام ملکہ معظم (کلکتہ)

## ہائیکورٹ لاہور

### مرافعہ فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۱۶۵ بابت سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس اسکاٹ اسمتھ و مسٹر جسٹس موتی ساگر۔

اندر سنگھ۔ مجرم۔ مرافع بنام ملکہ معظم۔ مرافعہ علیہ۔

تحقیقات فوجداری۔ استغاثہ کا کل گواہوں کو پیش کرنے سے قاصر رہنا اور اس کا اثر۔

محض استغاثہ کی جانب سے اسکے چند گواہوں کا پیش نہ کیا جانا کسی طرح ان گواہوں کی معتبری پر موثر نہیں ہو سکتا جو پیش کئے گئے ہوں۔

مرافعہ بنا راضی حکم مسٹر رشن جج گجرانوالہ موخرہ ۲۱ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء

منجانب مرافع۔ مسٹر مارٹن۔

منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر ظفر اللہ خاں۔

فیصلہ۔ یہ بیان کیا گیا ہے کہ ۲۷ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء کو ایک شخص کہڑک سنگھ موضع شاہ پور ضلع گجرانوالہ کے ایک ہندو جاٹ کو اندر سنگھ مرافع نے قتل کیا تھا۔ یہ کہا گیا ہے کہ علی الصبح طلوع آفتاب کے کچھ عرصہ بعد جرم کا ارتکاب کیا گیا تھا اور ایک شخص پرتاب سنگھ (گواہ استغاثہ نمبر ۲) نے جو ایک قریب کے کھیت میں ہل چلا رہا تھا

(۱) انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۹ صفحہ ۴۶۱ (۲) انڈین لاء رپورٹ کلکتہ جلد ۵ صفحہ ۱۱۵۔

اندر سنگھ بنام ملک معظم (لاہور)

تھا اور چند دیگر اشخاص نے بھی اس کو دیکھا تھا جو موقعہ پر موجود
میں استغاثہ کی جانب سے بطور گواہان کے پیش کئے گئے ہیں۔
اس جھگڑے کی جو بنا تھی [illegible] اس واقعہ کا باعث ہوا تھا صحیح
وجہ طور پر معلوم نہیں [illegible] شہادت (گواہ استغاثہ نمبر ۱)
اور [illegible] سنگھ (گواہ استغاثہ نمبر ۲) کی شہادت سے ظاہر
ہے کہ اندر سنگھ مرافع اور اس کے باپ [illegible] اور کھڑک سنگھ
متوفی کے مابین کھیت نمبر ۸ کے متعلق [illegible] نزاع کی وجہ سے اچھے
تعلقات نہ تھے [illegible] جن کے بعد [illegible] تھا
اگرچہ وہ [illegible] روپ سنگھ [illegible] باپ کی امداد
کے [illegible] تھا [illegible]
[illegible] پایا
منعقد کی [illegible] باعث نہیں
ہوئی۔ [illegible]
سنہ ۱۹۲۲ء [illegible] حکام مال کے پاس ایک درخواست کی تھی [illegible] کھیتوں
کی حدود مقرر کی جائیں۔ یہ درخواست مثل میں موجود ہے اور بطور
دستاویز استغاثہ (ح) کے نشان کی گئی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ قبل اسکے
کہ اس درخواست کا تصفیہ کیا جا سکتا متوفی کھڑک سنگھ نے کھیت
متنازعہ میں دھان کی تخم ریزی کا انتظام کیا تھا اور اس غرض سے
اس نے ایک شخص الٰہی بخش [illegible] (گواہ استغاثہ نمبر ۴) کو ملازم رکھا تھا صفحہ ۹۲۴
تاکہ اگر روپ سنگھ اس درخواست پر جو اس نے حکام مال کے روبرو
کی تھی [illegible] قطعہ زیر بحث کا فوری قبضہ حاصل نہ کر سکے
[illegible] کہ متوفی نے اس طرز عمل سے اندر سنگھ اور اس کا باپ
روپ سنگھ بظاہر ناراض تھے اور یہ بیان کیا گیا ہے کہ ۲۷ جولائی
سنہ ۱۹۲۲ء کی صبح کو جب کھڑک سنگھ اپنے [illegible]
لیجا رہا تھا اندر سنگھ اور روپ سنگھ اسکے پیچھے [illegible] اور جب

اول الذکر اپنے کھیت کے قریب آیا تو اندر سنگھ نے کلھوڑی
سے جو موخر الذکر کے ہاتھ میں تھی پیچھے سے کئی ضربات پہونچائیں
پرتاب سنگھ (گواہ استغاثہ نمبر ۲) نے اس کو دیکھا اور اس نے
شور و غل کیا تھا جس کی وجہ سے دکن دین (گواہ استغاثہ نمبر ۳)
سندر سنگھ (گواہ استغاثہ نمبر ۵) اور الٰہی بخش (گواہ استغاثہ نمبر ۴)
اس مقام پر پہونچے تھے۔ لیکن ان گواہوں میں سے کوئی گواہ بھی
اس مقام کے قریب نہیں گیا اور نہ ان میں سے کسی شخص نے ملزم کو
گرفتار کرنے کی سنجیدگی سے کوئی کوشش کی تھی کیونکہ یہ بیان کیا گیا
ہے کہ مرافع نے یہ دھمکی دی تھی کہ اگر انہوں نے مداخلت کرنے کی جرأت
کی تو وہ ان کو بھی ضربات پہنچائیگا۔ کھڑک سنگھ اس مقام پر ہلاک
کیا گیا تھا اور یہ بیان کیا گیا ہے کہ ملزم فرار ہو گیا تھا۔ اس کی
روانگی کے بعد گواہان اس مقام پر گئے جہاں کھڑک سنگھ پڑا ہوا تھا
اور انہوں نے یہ معلوم کیا کہ وہ اپنی ضربات کی وجہ سے قبل ازیں
فوت ہو چکا تھا۔ اسکے بعد پرتاب سنگھ تھانہ پر گیا اور اس نے ابتدائی
رپورٹ درج کرائی جس میں اس نے بطور جرم کے مرتکب کے اندر سنگھ
کا نام صراحتاً بیان کیا تھا۔ تفتیش بلا تاخیر شروع کی گئی تھی لیکن
اندر سنگھ نہ مل سکا۔ لیکن ۳۰ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء کو اندر سنگھ موضع کولا
والا میں اپنی بہن کے مکان میں گرفتار کیا گیا تھا اور اسکے جسم پر شدید
ضربات کے نشانات پائے گئے تھے۔ طبی شہادت سے یہ ظاہر ہوتا ہے
کہ یہ ضربات کسی کند ہتھیار کے ذریعہ سے پہنچائی گئی تھیں لیکن ظاہر
کرنے کے لئے شہادت موجود نہیں ہے کہ وہ کس طرح پہنچائی گئی تھیں۔
یہ ممکن ہے کہ کھڑک سنگھ کے ہاتھ میں ایک لاٹھی ہو اور یہ کہ اس نے
اندر سنگھ کو اس وقت جبکہ اس پر حملہ کیا گیا تھا اس لاٹھی سے مارا ہو
لیکن اس امر کی نسبت کوئی شہادت پیش نہیں کی گئی ہے اور یہ
قیاس کرنا فضول ہے کہ یہ ضربات کس طرح پہنچائی گئی تھیں۔

دوران تفتیش میں یہ بھی معلوم ہوا تھا کہ وہ ہتھیار جس سے جرم کا ارتکاب کیا گیا تھا ملزم نے ایک شخص سنگل سنگھ کے ہاں سے منگوا لیا تھا۔ سنگل سنگھ بطور ایک گواہ کے پیش کیا گیا ہے اور اس نے یہ اظہار دیا ہے کہ اس نے اس روز جبکہ جرم سرزد ہونا بیان کیا گیا ہے اندر سنگھ سے کلہاڑی حاصل کی تھی۔ ان واقعات پر اندر سنگھ پر کہڑک سنگھ کے قتل کا الزام عائد کیا گیا تھا اور وہ تحت دفعہ ۳۰۲ مجموعہ تعزیرات ہند تحقیقات کی غرض سے عدالت سشن کے سپرد کیا گیا تھا۔ فاضل سشن جج نے اس کو جرم قتل عمد کا مجرم قرار دیا ہے اور اس کو موت کی سزا دی ہے۔ مجرم نے مرافعہ کیا ہے۔ اس کا مقدمہ ہمارے روبرو تحت دفعہ ۳۷۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری سزائے موت کی تصحیح کی غرض سے بھی پیش ہے جو سشن جج نے اس کی نسبت صادر کی تھی۔

استغاثہ کے بیان کی تائید میں جس طرح کہ وہ اوپر درج کیا گیا ہے مثل میں کافی شہادت موجود ہے۔ پرتاب سنگھ (گواہ استغاثہ نمبر۲) رکنا (گواہ استغاثہ نمبر۳) الٰہی بخش (گواہ استغاثہ نمبر۴) اور سندر سنگھ (گواہ استغاثہ نمبر۵) جن میں سے سب کے سب جرم کے گواہان رویت ہیں بطور مقدمہ کے گواہوں کے حاضر ہوئے ہیں اور انھوں نے یہ بیان کیا ہے کہ انھوں نے ضربات پہونچاتے وقت دیکھا تھا اور یہ کہ اندر سنگھ نے متوفی کو یہ ضربات پہونچائی تھیں۔ ہمیں ان گواہوں کے اظہار پر شک کرنے کی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی اور مرافع کے لائق کونسل اس امر کی کوئی اطمینان بخش وجہ نہ بتلا سکے کہ انکی شہادت کیوں نامنظور کیجانی چاہیئے۔

مسٹر مارٹن نے یہ بحث کی ہے کہ ابتدائی رپورٹ واقعہ میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ ایک شخص لابھ سنگھ لمبردار اور تین دوسرے "جھگڑ" بھی اس مقام پر پہونچے تھے جہاں قتل کا ارتکاب کیا گیا تھا لیکن یہ کہ وہ شہادت میں پیش نہیں کئے گئے ہیں اور یہ کہ اس واقعہ سے

اندر سنگھ بنام ملک معظم (لاہور) اس شہادت کی اہمیت میں نہایت کمی واقع ہوئی ہے جو استغاثہ کی جانب سے پیش کی گئی ہے۔ ہماری رائے میں یہ بحث کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ الٰہی بخش چونکہ بطور ایک گواہ کے پیش کیا گیا ہے اور اس نے یہ اظہار دیا ہے کہ اس نے یہ دیکھا تھا کہ متوفی کو ضربات پہنچائی جا رہی تھیں۔ لابھ سنگھ اور دیگر دو جھگڑیا شہادت میں پیش نہیں کئے گئے ہیں لیکن یہ بالکل ممکن ہے کہ وہ اس مقام پر حملہ ختم ہونے کے بعد پہونچے ہوں اور وہ دراصل جرم کے گواہان رویت نہ ہوں۔ ان حالات میں استغاثہ نے یہ بخوبی خیال کیا ہوگا کہ ان اشخاص کو پیش کرنا بالکل غیر ضروری تھا یا ان کو پیش نہ کرنے کی کوئی دوسری کافی وجہ تھی جو مثل سے ظاہر نہیں ہے لیکن بہر صورت یہ ظاہر ہے کہ محض ان کو پیش کرنا ان گواہوں کی معتبری پر موثر نہیں ہو سکتا جو کہ پیش کئے گئے ہیں۔

ملزم نے اس مقام پر اپنی موجودگی سے انکار کیا اور عدم موجودگی کا عذر کیا۔ اس نے مزید یہ بیان کیا کہ پرتاب سنگھ (گواہ استغاثہ نمبر۲) کہڑک سنگھ کے قتل کے لئے زیادہ وجہ تحریک رکھتا تھا کیونکہ اول الذکر سماۃ اتری متوفی کی چچی کے ساتھ ناجائز تعلق رکھتا تھا جس کو موخر الذکر ناپسند کرتا تھا۔ عدم موجودگی کے متعلق شہادت نہایت غیر اطمینان بخش ہے اور ہمیں یہ قرار دینے میں کوئی تامل نہیں ہے کہ اس پر استدلال نہیں کیا جا سکتا۔ سماۃ اتری کے ساتھ پرتاب سنگھ کی آشنائی کے متعلق ہم اس عذر کی تائید میں مثل میں کوئی شہادت نہیں پاتے اور ہماری صاف طور پر یہ رائے ہے کہ فاضل سشن جج یہ قرار دینے میں حق بجانب تھے کہ عذر مذکور بالکل جھوٹا تھا اور یہ کہ وہ نامنظور ہونا چاہیئے۔ صفحہ ۹۲۴

قتل نہایت وحشیانہ تھا اور طبی شہادت سے ظاہر ہوتا ہے کہ متوفی کے سر پر اور اسکے جسم کے دوسرے حصوں پر

امر سنگھ بنام ملک معظم (لاہور)

تقریباً سات ضربات پہنچائی گئی تھیں، جن سے کھوپڑی بہت زیادہ پھٹ گئی تھی اور اس کی اندر کا حصہ ... اور ہوا کی نالی کٹ گئی تھی ان ضربات کی نوعیت سے جو کہ پہنچائی گئی تھیں اور اس ہتھیار کی نوعیت سے جو ضربات لگانے وقت استعمال کیا گیا تھا یہ ظاہر ہے کہ ملزم کی جانب سے ... بہت ضرور تھی اور یہ کہ وہ قتل عمد کا مجرم تھا۔

کامل شہادت ... کے ساتھ غور کرنے کے بعد ہم یہ قرار دیتے ہیں کہ جرم پوری طور پر ثابت کیا گیا ہے اور یہ کہ مرافع کے خلاف قتل عمد میں تجویز ثبوت جرم صحیح طور پر صادر کی گئی ہے ہم تجویز ثبوت جرم برقرار رکھتے ہیں اور سزائے موت بحال کرنے کے بعد مرافعہ خارج کرتے ہیں۔ مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ کلکتہ

### نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۹۸۵ بابت ۱۹۲۲ء سنہ فیصلہ ۱۲ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس نیو بولڈ و مسٹر جسٹس سہروردی

ہری ستیا ... وغیرہ سائلان بنام ملک معظم ... طرفثانی۔

تحقیقات فوجداری۔ سماعت جو مختلف مجسٹریٹوں نے کی ہو اور اس کا جواز۔

ملزمین کے خلاف کارروائیات تحت دفعات ۱۲۰ الف و ۴۲۰ مجموعہ تعزیرات کسی ڈپٹی مجسٹریٹ کی عدالت میں کی گئی تھیں جس کے روبرو مقدمہ زیر تصفیہ تھا اور کسی خاص تاریخ تک کوئی شہادت قلمبند نہیں کی گئی تھی جبکہ پولیس کی جانب سے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے روبرو ایک باضابطہ استغاثہ پیش کیا گیا تھا۔ جس پر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے کارروائیات کی تھیں جو ملزمین کی عدالت سشن میں سپردگی کا باعث ہوئی تھیں قرار دیا گیا کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کا مقدمہ کی سماعت کرنا ناجائز نہ تھا کیونکہ اگرچہ قانوناً اسی جرم کی بابت کسی شخص کی دوبارہ تحقیقات کئے جانے کی ممانعت ہے اس امر کی نسبت کوئی حکم موجود نہیں ہے کہ اگر دو مختلف مجسٹریٹوں کی جانب سے مختلف اوقات میں سماعت کی جائے تو تحقیقات صرف ان میں سے ایک کے روبرو ہو سکتی ہے۔

نگرانی فوجداری بنا بر حکم صادرہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ہوڑہ مورخہ ۱۰ اکتوبر ۱۹۲۲ء۔

منجانب سائلان۔ بابو مہیندرا ناتھ مکرجی۔

منجانب سرکار۔ مسٹر بی۔ ایل۔ مترسرکاری کونسل و اسسٹنٹ سین۔ کونسل۔

جسٹس نیو بولڈ۔ دو سائلوں کو جرم دغا قابل سزا تحت دفعہ ۴۲۰ و ۱۲۰ ب مجموعہ تعزیرات ہند کے ارتکاب کی سازش کرنے کے الزام میں تحقیقات کے لئے سپرد کیا گیا ہے۔ حکم اظہار وجہ اس امر کی وجہ ظاہر کرنے کے متعلق ہے کہ اس سپردگی کو اس بنا پر کیوں منسوخ نہ کیا جائے کہ سازش کے جرم کی سماعت قبل ازیں مسٹر پی۔ این مکرجی ڈپٹی مجسٹریٹ نے کی تھی کسی دوسرے مجسٹریٹ کو اس کی مکرر سماعت کا اختیار نہ تھا جب تک کہ مسٹر پی۔ این مکرجی مقدمہ کی سماعت کر سکتے تھے اس لئے وہ کارروائیات جو ذی علم ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے روبرو کی گئی تھیں کلیتاً خارج از اختیار ہیں اور منسوخ کئے جانے کے قابل ہیں۔

معلوم ہوتا ہے کہ تین علیحدہ پولیس کی رپورٹوں پر مسٹر پی۔ این۔ مکرجی نے اس سازش کے متعلق سائلان اور دیگر اشخاص کے خلاف کارروائی کی تھی اور ان کو الزام کی جوابدہی کے لئے ضمانت دینے کا حکم دیا تھا۔ مقدمات مسٹر پی این۔ مکرجی کے روبرو زیر تصفیہ رہے اور ۲۸ جون تک کوئی شہادت

(۱۸۰) ہری سینگھ بنام ملک معظم (کلکتہ)

قلمبند نہیں کی گئی تھی۔ ۸ ۲ جون کو پولیس کی جانب سے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے روبرو ایک باضابطہ استغاثہ پیش کیا گیا تھا جس میں سائلان اور دیگر اشخاص پر اس سازش میں شریک ہونے کا الزام عائد کیا گیا تھا اور اس استغاثہ پر ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے ان کارروائیوں کی تحقیق جو عدالت سشن میں ان سائلان کی سپردگی کا باعث ہوئی تھیں۔ اس روز جبکہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے اس استغاثہ کی سماعت کی تھی مسٹر بی۔ این۔ مکرجی نے ایک حکم صادر کیا تھا جو نمبران اشخاص کی رہائی کے تھا جو ان کے روبرو ان مقدمات میں حاضر ہوئے تھے جن کی انھوں نے اس سازش کے سلسلہ میں سماعت کی تھی۔

ہم یہ قرار دینے سے قاصر ہیں کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی جانب سے مقدمہ کی سماعت میں کوئی ناجوازی ہوئی ہے جس کی بنا پر ہمارے لئے ایک امر قانونی کی نسبت یہ سپردگی منسوخ کرنا جائز ہو سکے اولاً یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ سائلان کو کوئی مضرت پہنچنا بیان نہیں کیا گیا ہے اور یہ ظاہر ہوگا کہ یہ امر زیادہ تر ان کے فائدہ کے لئے تھا کہ تین علیحدہ کارروائیات میں ڈپٹی مجسٹریٹ کے روبرو مقدمہ پر بحث کرنے کی بجائے ایک واحد کارروائی میں ان کے خلاف مقدمہ پر بحث کی جائے۔ ہمارے روبرو یہ ظاہر نہیں کیا گیا ہے کہ مجموعہ ضابطہ فوجداری کا کوئی حکم موجود ہے جس کی رو سے مجسٹریٹ کو جرم کی سماعت کی اس لئے ممانعت کی گئی ہو کہ کسی دوسرے مجسٹریٹ نے سابق میں اس کی سماعت کی تھی۔ ایک ہی جرم کی بابت کسی شخص کی دو مرتبہ تحقیقات کئے جانے کی قانوناً ممانعت ہے۔ لیکن اس امر کے متعلق کوئی حکم موجود نہیں ہے جیسا کہ مقدمہ ہذا میں ہوا ہے جو مختلف مجسٹریٹوں نے دو مختلف اوقات میں سماعت کی ہو تو تحقیقات صرف الذکر میں سے ایک کے روبرو ہو سکتی ہے۔ اس امر کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ تحقیقات ان مجسٹریٹوں میں سے جنھوں نے سماعت کی ہو کسی ایک کے روبرو کیوں عمل میں نہ آئے بلالحاظ اس امر کے کہ ایک نے دوسرے کے قبل یا بعد سماعت کی ہو۔ مجموعہ کی صرف ایک دفعہ جس کی رو سے دوہری کارروائیات ناجائز ہوتی ہیں دفعہ ۴۰۳ ہے جو مقدمہ موجودہ سے متعلق نہیں ہے۔ لیکن تحقیقاتوں کی کثرت ہمیشہ اس موقعہ کے ذریعہ سے باز رکھی جا سکتی ہے جن میں مقدمات کے انتقال کی ضرورت ہے۔ لیکن یہاں تحقیقاتوں کی کثرت کا کوئی سوال موجود نہیں ہے۔ صرف ایک تحقیقات عمل میں آئی ہے اور بجز اس کے کہ سماعت کرنے کی نسبت ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی کارروائی فی نفسہ ناجائز ہو تحقیقات مذکور کسی طرح ناجائز نہ تھی۔ میں یہ قرار دیتا ہوں کہ مقدمہ کی سماعت کرنے میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کی جانب سے کوئی بے ضابطگی نہیں ہوئی تھی اور اس سپردگی کی تنسیخ کے لئے کوئی وجہ موجود نہیں ہے۔ حکم اظہار وجہ منسوخ کیا جاتا ہے۔

جسٹس سہروردی۔ مجھے اس حکم سے اتفاق ہے جس کو صادر کرنے کی تجویز کی گئی ہے۔ میں یہ اضافہ کرنا چاہتا ہوں کہ استغاثہ جو بعد میں ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے روبرو پیش کیا گیا تھا عملی اغراض کے لئے وہی تھا جو ڈپٹی مجسٹریٹ کے روبرو پیش کیا گیا تھا اور جس کی انھوں نے سماعت کی تھی۔

حکم اظہار وجہ منسوخ کیا گیا۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۵ بابتہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۱۱ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ریوز

مقصود حسین بنام ملک معظم (الہ آباد)

مقصود حسین و ایک کس دیگر بنام ملک معظم
ملزمین۔ سائلان۔ طرفثانی

مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ سنہ ۱۸۶۰ء دفعہ ۲۹۷۔ مداخلت بیجا جو عبادات کے مقام میں کی گئی ہو۔ مداخلت بیجا کا مفہوم جماع ناجائز جو مسجد میں کیا گیا ہو۔ جرم۔

لفظ مداخلت بیجا مندرجہ دفعہ ۲۹۷ مجموعہ تعزیرات سے تعلق بیجا بمرانہ مراد نہیں ہے جس طرح کہ مجموعہ کے دوسرے حصوں میں اس کی تعریف کی گئی ہے۔ یہ خیال کرنا چاہیئے کہ وہ اس دفعہ میں ابتدائی معنے میں استعمال کیا گیا ہے یعنی یہ اس میں ہر مضرت یا جرم جو کیا گیا ہو اور جائداد میں داخل ہونا شامل ہے۔

ملکہ قیصرہ بنام سجان۔ انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۱۸ صفحہ ۳۹۵۔
رام پرشاد بنام ملک معظم۔ انڈین کیسیز جلد ۱۲ صفحہ ۳۰۔ بمبی ہائیکورٹ مدراس
انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۲۶ صفحہ ۲ پر استدلال کیا گیا۔

جب کوئی مرد اور عورت کسی مسجد میں داخل ہوں اور اس میں جماع ناجائز کریں تو وہ ایک جرم تحت دفعہ ۲۹۷ مجموعہ تعزیرات کے مجرم ہیں۔

نگرانی فوجداری بنا راضی حکم مصدرہ سشن جج مراد آباد مورخہ ۱۲ دسمبر ۱۹۲۲ء

منجانب سائلان مسٹر جی۔ ڈبلیو۔ ڈیلین۔
منجانب سرکار۔ اسسٹنٹ گورنمنٹ ایڈوکیٹ۔

**فیصلہ**۔ مقصود حسین اور مسماۃ امد بانڈی کے خلاف ایک مجسٹریٹ درجہ اول نے دفعہ ۲۹۷ مجموعہ تعزیرات ہند کے تحت تجویز ثبوت جرم صادر کی تھی۔ ان کا مرافعہ ذی علم سشن جج نے نامنظور کیا تھا اور انھوں نے یہاں نگرانی کی ہے۔ واقعات مجوزہ حسب ذیل ہیں:

صفحہ ۹۳۶

محلہ کلاں قصبہ سمبھل میں ایک مسجد ہے جو کسی قدر بوسیدہ ہے جو خاں بہادر خاں مقدمہ کے اصل گواہ کے باپ نے تعمیر کرائی تھی۔ گزشتہ ۱۱ اکتوبر کی شب میں اس محلہ میں روشنی ہوئی تھی۔ خاں بہادر خاں منجملہ ان اشخاص کے ایک شخص تھا جنھوں نے اس روشنی کا انتظام کیا تھا اور تقریباً گیارہ بجے شب میں وہ اپنی عصر کی نماز پڑھنے کے لئے مسجد میں داخل ہونیوالا تھا جبکہ اس اطلاع کی بنا پر جو اس کو چند لڑکوں نے دی تھی وہ روشنی کی جانب واپس ہوا اور تین دوسرے مسلمانوں کو لے آیا اور مسجد میں داخل ہوا وہاں انھوں نے مقصود حسین اور مسماۃ امد بانڈی کو ایک چارپائی پر پڑے ہوئے جماع کرتے ہوئے پایا۔ گواہان دوڑے اور انھوں نے ان دونوں کو پکڑ لیا اور ان کو باہر لے آئے۔ کثیر التعداد مسلمان وہاں فوراً پہونچے اور ان کو مسجد کی ناپاکی پر اس قدر غصہ ہوا کہ انھوں نے ملزمین کے ساتھ کسی قدر بدسلوکی کا برتاؤ کیا۔ یہ واقعات مجوزہ ہیں اور ان کی شہادت سے کافی تائید ہوتی ہے۔

سائلان کے لائق کونسل نے دو امور پیش کئے ہیں (۱) یہ کہ حسب شناخت وقوعہ ملزمین کے خلاف کوئی مداخلت بیجا ثابت نہیں کی گئی ہے۔

انکی بحث یہ ہے کہ الفاظ "مداخلت بیجا" مندرجہ دفعہ ہذا کو کا وہی مفہوم ہونا چاہیئے جو مداخلت بیجا مجرمانہ کا مجموعہ کے دوسرے حصوں میں ہونا چاہیئے۔ اس قدر عرصہ قبل یعنے ۱۸۹۶ء میں عدالت ہذا کے ایک فاضل جج نے مقدمہ ملکہ قیصرہ بنام سجان (۱) میں یہ قرار دیا تھا کہ الفاظ مداخلت بیجا کا اصلی مفہوم لینا چاہیئے اور ان کو بطور ایسے الفاظ کے خیال کرنا چاہیئے جن میں کوئی مضرت یا جرم شامل تھا اور اسکے ساتھ جائداد کی دخلیابی شریک کرنا چاہیئے۔ فیصلہ مذکورہ پر ۲۶ سال تک کوئی اعتراض نہیں کیا گیا ہے اس کو مقدمہ رام پرشاد بنام ملک معظم (۲) میں عدالت ہذا کے ایک ڈیویژنل بنچ نے پسندیدگی کے ساتھ پیش کیا تھا اور معلوم ہوتا ہے کہ ہائیکورٹ مدراس کے ایک بنچ نے یہی رائے بمعاملہ

(۱) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۱۸ صفحہ ۳۹۵ (۲) انڈین کیسیز جلد ۱۲ صفحہ ۳۰۔

زنا مدالی (۴۵) میں قائم کی تھی اس لئے میری رائے میں یہ بحث ناکام رہتی ہے۔

دوسری بحث پیش کردہ یہ ہے کہ جو کچھ در اصل واقع ہوا تھا وہ یہ تھا کہ ملزم اور عورت محض روشنی دیکھنے کی غرض سے مسجد کے اندر گئے تھے اور وہ چارپائی محض اس پر بیٹھنے کی غرض سے لے گئے تھے جبکہ جوش کی حالت میں انھوں نے یہ بداعمالی کی تھی اور یہ کہ اس لئے حسب منشائے دفعہ مذکور کوئی نیت موجود نہ تھی میں اس بحث پر غور کرنا بھی نہیں چاہتا کیونکہ وہ محض کونسل کی جدت پر مبنی ہے اور کسی شہادت سے اس کی تائید نہیں ہوتی۔ اور در اصل خود ملزمین کے بیانات اور انکی شہادت سے اسکی صاف تردید ہوتی ہے۔ ان کے بیان کے بموجب وہ مسجد کے اندر ہرگز نہ تھے۔ کوئی چارپائی موجود نہ تھی اور کوئی بداعمالی نہیں کی گئی تھی اس لئے میری رائے میں تجویز ثبوت جرم درست اور سزا مناسب تھی۔ میں درخواست نامنظور کرتا ہوں۔

درخواست نامنظور کیگئی۔

## ہائیکورٹ کلکتہ

### نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۱۲۳ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲ فروری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس نیوبولڈ و مسٹر جسٹس سہروردی۔

د (راج الدین اکند اوپکس (وغیرہ) بنام ملک معظم

سائلان طرفثانی

مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ ۱۸۶۰ء دفعہ ۳۶۳۔ انسان کو لے بھاگنا۔ مسلمان عورت جو نابالغ ہو۔ شوہر کی حفاظت۔ حفاظت جائز۔ زوجہ کی علحدگی۔ جرم۔

شرع اسلام کے بموجب کسی مسلمان لڑکی کا شوہر جو بالغ نہ ہوئی ہو اس کی ذات کا جائز ولی نہیں ہے اور بجز اسکے کہ یہ ثابت کیا جائے کہ نابالغہ کی خبرگیری و حفاظت جائز طور پر اسکے سپرد کی گئی تھی تاکہ تشریح دفعہ ۳۶۱ مجموعہ تعزیرات متعلق ہو سکے ایسی لڑکی کو اس کی حفاظت سے جبراً علحدہ کرنا ایک جرم قابل سزا تحت دفعہ ۳۶۳ مجموعہ مذکور نہیں ہے۔

د (راج الدین) بنام ملک معظم (کلکتہ)

نگرانی فوجداری بنا راضی حکم مصدرہ سشن جج دیناجپور مورخہ ۲۵ نومبر ۱۹۲۲ء منشعر بحالی حکم مصدرہ ڈپٹی مجسٹریٹ دیناجپور مورخہ ۱۴ اگست ۱۹۲۲ء۔

منجانب سائلان۔ بابو نبیل چندر داس گپتا بمعیت بابو دیبندر ناراین بھٹاچارجی۔

**فیصلہ**۔ سائلان کے خلاف ایک لڑکی مسماۃ سہیا خاتون کو ولایت

صفحہ ۱۴۷ جائز سے لے بھاگنے کی بابتہ تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی تھی اور ان میں سے ہر ایک کو تحت دفعہ ۳۶۳ مجموعہ تعزیرات ہند دو ماہ کی قید با مشقت کی سزا دی گئی تھی۔ لڑکی زیر بحث ایک مسلمان لڑکی ہے جس کی عمر استغاثہ کے بیان کے بموجب ۸ یا ۹ سال ہے اور صفائی کے بیان کے بموجب تقریباً دو سال کم ہے۔

یہ حکم اظہار وجہ اس بنا پر عطا کیا گیا تھا کہ لڑکی کا شوہر جس کی نگرانی سے وہ حاصل کی گئی تھی شرع اسلام کے بموجب اس کا جائز ولی نہ تھا اور نہ یہ ثابت کیا گیا تھا کہ نابالغہ جائز طور پر اسکی خبرگیری یا حفاظت میں دی گئی تھی تاکہ دفعہ ۳۶۱ مجموعہ تعزیرات ہند کی تشریح متعلق ہو سکے۔ ہم یہ قرار دیتے ہیں کہ حکم اظہار وجہ اس بنا پر قطعی قرار دیا جانا چاہیئے کہ کسی مسلمان لڑکی کا شوہر جو سن بلوغ کو نہ پہونچی ہو شرع اسلام کے بموجب اس کی ذات کا جائز ولی نہیں ہے۔ ایسے شخص کی جائز ولیہ معمولاً اس کی ماں ہے اور مقدمہ موجودہ میں چونکہ ماں فوت ہو چکی ہے جائز ولیان کی ادا ئگی

(۱) (۳) مدراس لاء رپورٹ مدراس جلد ۱۰ صفحہ ۱۲۶

اماج الدین بنام ملک معظم (دکلکتہ)

جو سائل داماج الدین کی بھی ماں ہے۔ فاضل مجسٹریٹ اپنی توضیح میں یہ بیان کرتے ہیں کہ نابالغ لڑکی اس کی نانی کی جانب سے جو جائز ولیہ تھی اپنے شوہر کی عارضی حراست میں تھی لیکن ان فیصلہ جات میں سے کسی میں بھی اس امر کے متعلق کوئی تجویز موجود نہیں ہے اور نہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ واقعات سے اس خیال کی تائید ہوتی ہے کہ نانی نے نابالغہ کی خبرگیری یا حفاظت لڑکی کے شوہر کے سپرد کی تھی۔ ایسی حالت میں ہم یہ حکم اظہار وجہ قطعی قرار دیتے ہیں ہم تجویز ثبوت جرم اور سزا جو سائلوں کے خلاف صادر کی گئی تھی منسوخ اور ان کو الزام تحت دفعہ ۳۶۳ مجموعہ تعزیرات ہند سے بری اور یہ ہدایت کرتے ہیں کہ ان کے ضمانت نامہ جات منسوخ کئے جائیں۔

حکم اظہار وجہ قطعی قرار دیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

درخواست نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۳۵۶ بابت ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۲ نومبر ۱۹۲۲ء۔

باجلاس مسٹر جسٹس موتی ساگر۔

کانشی رام۔ سائل۔ بنام ملک معظم مسئول علیہ۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابت ۱۸۹۸ء دفعات ۵۱۷ - ۵۲۰ - درخواست جو جائداد کی واپسی کے لئے کی گئی ہو - میعاد سماعت - عدالت کا اختیار -

کسی درخواست تحت دفعہ ۵۱۷ یا ۵۲۰ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے لئے کوئی میعاد سماعت مقرر نہیں ہے اور ایسی درخواست ہمیشہ ان کارروائیات کے جن میں جائداد متنازعہ پیش کی گئی ہو اختتام پر ایک مناسب مدت کے اندر پیش کی جا سکتی ہے۔

الفاظ "کوئی ایسا حکم صادر کرے جو مناسب ہو" مندرجہ دفعہ ۵۲۰ مجموعہ ضابطہ فوجداری سے یہ مقصود ہے کہ اپیل عدالتیں ان صورتوں میں مناسب احکام صادر کر سکیں جن میں جائداد حسب دفعہ ۵۱۷ مجموعہ مذکور غلطی سے تصفیہ کی گئی ہو۔ کسی مقدمہ کی تفتیش کے دوران میں پولیس کے روبرو سائل نے چند کرنسی نوٹ پیش کئے تھے ایک شخص زید کے خلاف ان نوٹوں کی بابت بالآخر تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی تھی اور نوٹ حسب الحکم مجسٹریٹ مستغیث کو حوالے کئے گئے تھے۔ سائل کی نسبت بھی ان نوٹوں کی بابت ایک جرم تحت دفعہ ۴۱۱ مجموعہ تعزیرات میں تحقیقات اور تجویز ثبوت جرم عمل میں آئی تھی لیکن سشن جج نے اپیل میں اس کو بری کر دیا تھا۔ اس کی براءت کے تقریباً چھ مہینے کے بعد اس نے سشن جج کے سامنے اس کو نوٹ واپس کرنے کے لئے درخواست کی۔ سشن جج نے درخواست اس بنا پر نامنظور کی کہ وہ خارج المیعاد تھی۔

قرار دیا گیا (۱) کہ درخواست کسی معنی میں ایک مرافعہ نہ تھا جو مجسٹریٹ کے اس حکم کی ناراضی سے پیش کیا گیا تھا جس کی رو سے مستغیث کو نوٹ حوالے کئے گئے تھے بلکہ خود سشن جج کے روبرو ایک علیحدہ درخواست تھی تاکہ وہ تحت دفعہ ۵۲۰ مجموعہ ضابطہ فوجداری کارروائی کر سکے۔

(۲) یہ کہ اس لئے اس سے کوئی میعاد سماعت متعلق نہ ہو سکتی تھی۔

(۳) یہ کہ حسب دفعہ ۵۲۰ مجموعہ مذکور سشن جج کو نہایت وسیع اختیارات حاصل تھے اور وہ کوئی حکم جو وہ مناسب خیال کرتے صادر کر سکتے تھے۔

درخواست تحت دفعہ ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری بلغرض نگرانی حکم مصدرہ سشن جج کرنال مورخہ ۱۸ فروری ۱۹۲۲ء۔

منجانب سائل - لالہ اننت رام کھوسلا بجائے مسٹر راج کرشنا۔

منجانب مسئول علیہ - مسٹر رام لال سبھاگی گورنمنٹ ایڈووکیٹ۔

**فیصلہ** - یہ درخواست نگرانی ایک حکم کی ناراضی سے پیش کی گئی ہے

جو سشن جج کرنال نے تحت دفعہ ۵۲۰ مجموعہ ضابطہ فوجداری صادر کیا تھا - واقعات مختصراً حسب ذیل ہیں :-

ایک شخص رحیم بخش لمبردار کی ایک کثیر رقم جو کرنسی نوٹوں پر مشتمل تھی جنوری ۱۹۲۱ء میں گم ہو گئی تھی۔ مئی میں پولیس کو یہ اطلاع ملی کہ نوٹ ایک شخص تھانہ رام گڑھ کے ایک کمہار کے قبضہ میں تھے۔ اس اطلاع کی بناء پر تھانہ کے خلاف مقدمہ دائر کیا گیا اور تصرف بیجا مجرمانہ میں تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی۔

دوران تفتیش میں تھانہ نے پولیس کو یہ اطلاع دی کہ اس نے مبلغ ۵۰۰ کے عوض کالنشی رام موجودہ سائل کو جو اس کے دائنوں میں سے ایک تھا اُن نوٹ حوالہ کئے تھے۔ یہ بیان کیا گیا ہے کہ کالنشی رام نے پولیس کے روبرو اپنی مجرمیت کا اقبال کیا تھا اور مبلغ ۱۳۸۷ نقد واپس کئے تھے۔ اس کے خلاف کارروائیات کی گئی تھیں۔ اور ایک مجسٹریٹ اعزازی نے تحت دفعہ ۴۱۱ مجموعہ تعزیرات ہند جرم بددیانتی سے مال مسروقہ کو مسروقہ جانکر لینے میں اس کے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کی تھی۔ سشن جج کے روبرو مرافعہ پیش ہونے پر تجویز ثبوت جرم منسوخ کی گئی تھی اور سائل بری کیا گیا تھا۔ عدالت ابتدائی یا سشن جج نے مبلغ ۱۳۸۷ کی بابتہ کوئی احکام صادر نہیں کئے جو پولیس نے اس سے اثناء تفتیش میں حاصل کئے تھے اور جو جون ۱۹۲۱ء میں تھانہ کے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کئے جانے پر مجسٹریٹ کے حکم سے مستغیث کو حوالہ کئے گئے تھے۔

جنوری ۱۹۲۲ء میں اپنی برات کے تقریباً چھ مہینے کے بعد کالنشی رام نے اس رقم کی واپسی کے لئے سشن جج کے روبرو درخواست کی۔ سشن جج نے درخواست مذکور اس بنا پر نا منظور کی کہ وہ خارج المیعاد تھی۔

میری رائے میں ذیعلم سشن جج کا حکم غلط ہے اور منسوخ ہونا چاہیئے۔ مبلغ ۱۳۸۷ کی واپسی کی درخواست جو سائل نے کی تھی کسی معنی میں ایسی درخواست نہ تھی جو مجسٹریٹ تحقیقات کنندہ کے ان احکام کی ناراضی سے بطور مرافعہ کے پیش کی گئی تھی جن کی رو سے مستغیث کو رقم کی واپسی کی ہدایت کی گئی تھی بلکہ ایک علیحدہ درخواست تھی جو خود سشن جج کے روبرو اس غرض سے کی گئی تھی کہ وہ تحت دفعات ۵۱۷ و ۵۲۰ مجموعہ ضابطہ فوجداری کارروائی کریں۔ ایسی درخواست کی سماعت کے لئے کوئی میعاد مقرر نہیں کی گئی ہے اور میری رائے میں وہ ہمیشہ اس تاریخ سے جبکہ ملزم اس جرم سے بری کیا جائے جس کا الزام اس پر عائد کیا گیا تھا ایک مناسب مدت کے اندر پیش کی جا سکتی تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ ذیعلم سشن جج نے دفعہ ۵۲۰ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے احکام کو کلیتاً نظر انداز کیا ہے جن کی رو سے ان کو ایسے احکام جو مناسب معلوم ہوں صادر کرنے کے متعلق نہایت وسیع اختیارات حاصل ہیں۔ الفاظ "اور ایسے کوئی مزید احکام صادر کریں جو مناسب ہوں" مندرجہ دفعہ ۵۲۰ سے بظاہر یہ مقصود ہے کہ وہ اس قسم کے مقدمات پر حاوی ہوں اور ان صورتوں میں جن میں حسب دفعہ ۵۱۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری جائیداد کا غلط تصفیہ کیا گیا ہو اعلیٰ عدالتیں مناسب احکام صادر کر سکیں۔

میں سشن جج کے احکام منسوخ کرونگا اور مقدمہ بہیں ہدایت واپس کرونگا کہ وہ مستغیث کو اطلاع دینے کے بعد درخواست کی سماعت اور قانون کے مطابق اس کا فیصلہ کریں۔

احکام منسوخ کئے گئے مقدمہ واپس کیا گیا

## ہائیکورٹ کلکتہ

درخواست نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۲۸۹ بابتہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۲ اپریل ۱۹۲۳ء

کالنشی رام بنام ملک معظم (لاہور)

بہاری پرشاد بنام ہری چرن بنرجی (کلکتہ)

باجلاس جسٹس سر ... جسٹس کیومنگ -

بہاری پرشاد و دیگر ... بنام ہری چرن بنرجی -

دون چند ... سائل ... فریق ثانی -

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابت ۱۸۹۸ء دفعہ ۴۳۶ -

مقدمہ فوجداری کے فیصلہ کا مضمون - قصور جو اہم امور پر غور کرنے کی نسبت ہوا ہو -

ملزم کے خلاف جرائم تحت دفعات ۴۲۶ و ۴۴۷ مجموعہ تعزیرات تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی تھی۔ فیصلہ سے یہ ظاہر نہیں ہوتا تھا کہ مجسٹریٹ نے اس علم یا نیت پر غور کیا تھا جس سے ملزم نے وہ فعل کیا تھا جس کی نسبت شکایت کی گئی تھی اس سے جرم نقصان رسانی بنتا تھا یا یہ کہ ان امور کی نسبت کسی نتیجہ پر پہونچے تھے کہ آیا ملزم اس جائداد میں یا اس پر داخل ہوا تھا جو مستغیث کے قبضہ میں تھی یا یہ کہ اگر اس نے ایسا کیا تھا تو اس کی نیت کیا تھی۔

قرار دیا گیا کہ فیصلہ ناقص تھا اور برقرار نہیں رکھا جا سکتا تھا - اگرچہ کوئی مجسٹریٹ کسی فوجداری کارروائی کی شہادت کا نوٹ کسی ایسے طریقہ سے لے سکتا ہے جو کارروائیات دیوانی کے لئے مساوی طور پر مناسب ہو اس کو یہ امر نظرانداز نہ کرنا چاہیئے کہ وہ ایک فوجداری معاملہ پر بحث کر رہا ہے اور اس کو بالآخر محض فوجداری قانون کے نقطہ نظر سے مقدمہ کا تصفیہ کرنا چاہیئے۔

منجانب سائل - بابو ستی ... سنیال و بابو للت موہن سنیال -

صفحہ ۹۲۶

جسٹس نکلینڈ - مقدمہ ہذا میں مجسٹریٹ تحقیقات کنندہ کا فیصلہ نہایت غیر اطمینان بخش ہے - انہوں نے اپنے فیصلہ میں اس علم یا نیت پر غور نہیں کیا ہے جس سے ملزم نے بالکل علیحدہ کرائی تھی اور نہ ان کے فیصلہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اس نتیجہ پر پہنچے تھے کہ ملزم اس جائداد میں جو مستغیث کے قبضہ میں تھی یا اس پر داخل ہوا تھا یا اگر وہ بے دخلت ... ہوئی تھی تو اس سے اس کی نیت کیا تھی۔ نتیجہ یہ ہے کہ فیصلہ سے یہ دریافت کرنا نہایت مشکل ہے کہ جب مجسٹریٹ نے ملزم کے خلاف تحت دفعات ۴۴۷ و ۴۲۶ مجموعہ تعزیرات ہند تجویز ثبوت جرم صادر کی تھی ان کے ذہن میں کیا تھا معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے مقدمہ پر اس طرح بحث کی تھی گویا کہ وہ ایک دیوانی نوعیت رکھتا تھا۔ ایسا کرنے کے بعد ان کو اس پر بطور ایک تحقیقات فوجداری کے بحث کرنی پڑی تھی جو در اصل وہ تھی۔ اگر مجسٹریٹ اس امر پر غور کرتے کہ آیا مقدمہ دیوانی نوعیت رکھتا تھا یا نہیں تو نہایت بہتر ہوتا اور اگر وہ اس نتیجہ پر پہنچتے تھے کہ وہ ایک دیوانی فعل تھا یا کوئی ارتکاب کیا گیا تھا تو ان کو ایسا کہنا چاہیئے تھا اور جب مقدمہ پر بحث کرنی چاہیئے تھی اگر برخلاف اس کے ان کی رائے یہ تھی کہ کسی فوجداری جرم کا ارتکاب کیا گیا تھا تو اگرچہ وہ شہادت کا نوٹ کسی ایسے طریقہ سے لے سکتے تھے جو کارروائیات دیوانی کے لئے مساوی طور پر مناسب ہو انکو یہ امر نظرانداز نہ کرنا چاہیئے تھا کہ وہ کسی فوجداری مقدمہ پر بحث کر رہے تھے اور بالآخر ان کو محض فوجداری قانون کے نقطہ نظر سے مقدمہ کا تصفیہ کرنا چاہیئے تھا۔ میری رائے میں ذیلی مجسٹریٹ کے فیصلہ میں نہ تو اول الذکر امر کیا گیا ہے اور نہ آخر الذکر امر۔

ڈپٹی مجسٹریٹ برامپور کا فیصلہ اور حکم مورخہ ۱۶ ستمبر ۱۹۲۳ء منسوخ ہونا چاہیئے۔ مقدمہ معمولی ہے لیکن باوجود اس کے بلحاظ حالات مکرر تحقیقات کی جانی چاہیئے۔ اس لئے مقدمہ واپس کیا جاتا ہے تاکہ کسی دوسرے مجسٹریٹ کی جانب سے اس کی تحقیقات کی جا سکے اور ایسے مجسٹریٹ کی نامزدگی ہم ڈسٹرکٹ

مجسٹریٹ پر چھوڑتے ہیں۔

وہ رقوم جنکی ادائی کا حکم دیا گیا تھا اگر وہ ادا کیگئی ہوں تو واپس کی جائینگی۔

**جسٹس کیمپنگ۔** مجھے حکم سے اتفاق ہے۔

حکم منسوخ کیا گیا مقدمہ واپس کیا گیا۔

## ہائیکورٹ لاہور

مرافعہ فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۰۸۴ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۹ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ہیریسن

تیجا سنگھ وغیرہ۔ مرافعان بنام ملک معظم مرافعہ علیہ۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۴۰۳ تحقیقات جو دیسی ریاست میں کی گئی ہو تحقیقات جو اسی جرم کی بابتہ برٹش انڈیا میں کی گئی ہو اور اس کا جواز۔

برٹش انڈیا میں ایک ڈاکہ کا ارتکاب کیا گیا تھا اور کچھ عرصہ بعد ملزمین مال مسروقہ کے ساتھ ایک دیسی ریاست میں گرفتار کئے گئے تھے۔ دیسی ریاست کی عدالت میں ایک جرم تحت دفعہ ۴۱۱ مجموعہ تعزیرات کی بابتہ ان کی تحقیقات کی گئی تھی اور ان کے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی تھی ان کی سزا بھگتنے کے بعد ایک الزام تحت دفعہ ۳۹۵ مجموعہ تعزیرات میں انکی تحقیقات کی گئی تھی لیکن شہادت سے ان کے خلاف صرف ایک جرم تحت دفعہ ۴۱۱ مجموعہ مذکور ثابت ہوا تھا۔ قرار دیا گیا کہ دفعہ ۴۰۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے احکام کی بناء پر ریاست کی عدالت کی جانب سے انکی تحقیقات انہی واقعات پر اور اسی جرم کی بابتہ برٹش انڈیا کی عدالت کی جانب سے ان کی تحقیقات کے مانع تھی۔

تیجا سنگھ بنام ملک معظم (لاہور)

مرافعہ فوجداری بنا راضی حکم مصدرہ مجسٹریٹ درجہ اول بلفاظ اختیارات دفعہ ۳۰ مقام جالندہر مورخہ ۳۱ ماکتوبر ۱۹۲۲ء

منجانب مرافعان۔ دیوان رام لال۔

منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر ایم سلیم منجانب گورنمنٹ ایڈوکیٹ

**فیصلہ۔** یہ بیان کیا گیا ہے کہ موضع کوٹلہ ہرن ضلع جالندہر میں ۱۴ و ۱۵ مارچ کے مابین شب میں ایک ڈاکہ کا ارتکاب کیا گیا تھا اور دو جوڑ مویشی مسروقہ کئے گئے تھے۔ دوسرے دن کپورتھلا کی متصل ریاست میں تین اشخاص گرفتار کئے گئے تھے اور ایک الزام تحت دفعہ ۳۹۴ مجموعہ تعزیرات ہند میں ریاست کپورتھلا میں ان کی تحقیقات کی گئی تھی سیشن جج کپورتھلا نے انکو تحت دفعہ ۳۹۴ رہا کیا تھا لیکن تحت دفعہ ۴۱۱ ان کے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کی تھی اور ان کو دو سال کی قید بامشقت کی سزا دی تھی۔ بر طبق مرافعہ کپورتھلا کی ہائیکورٹ نے سزا تخفیف کر کے ایک سال قرار دی جو وہ بھگت چکے ہیں۔ محبس سے رہا ہونیکے بعد ضلع جالندہر میں ایک الزام تحت دفعہ ۳۹۵ مجموعہ تعزیرات ہند میں ان کی مکرر تحقیقات کی گئی تھی اور ان کے خلاف تجویز بثبوت جرم صادر کی گئی تھی اور ان کو مزید پانچ سال قید کی سزا دی گئی تھی۔ انھوں نے مرافعہ دائر کیا ہے اور وہ یہ کہتے ہیں کہ دفعہ ۴۰۳ مجموعہ ضابطہ فوجداری موجودہ تحقیقات کی مانع ہے اور میں نے اس امر کے متعلق کہ آیا کپورتھلا کے سشن جج کو کسی ایسے جرم کی تحقیقات کا اختیار تھا جس کا ارتکاب برٹش انڈیا میں کیا جانا بیان کیا گیا تھا طویل بحث سماعت کی ہے۔ یہ امر کسی طرح واضح نہیں ہے کہ آیا ملزمین ہز ہائنس مہاراجہ کپورتھلا یا ملک معظم کی رعایا ہیں کیونکہ مجسٹریٹ کے فیصلہ میں ایک فقرہ موجود ہے جس میں وہ بظاہر ریاست کی رعایا خیال کئے گئے ہیں حالانکہ بخلاف

صفحہ ۹۴

تیجا سنگھ بنام ملک شفیع (لاہور)

ایسے وہ ضلع امرتسر کے ایک ضلع کے باشندگان بیان کئے گئے تھے
تھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس امر پر بحث کرنا غیر ضروری ہے کیونکہ
وہ شہادت جس پر اب ان کے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی
ہے بمقابلہ اس شہادت کے جس پر مال مسروقہ لینے کی بابت ان
کے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی تھی نہ تو اطمینان بخش ہے
اور نہ کافی ہے۔ وہ ایک ... ۲۰ سال کے نوجوان لڑکے کی
نبتا سنگھ گواہ استغاثہ نمبر ۲ کے بیان پر مشتمل ہے جو یہ کہتا ہے کہ ایک
اندھیری رات میں یہ چھ شخص اس کی احاطہ میں جبراً داخل ہوئے تھے
اور مویشی کا سرقہ کیا تھا یہ کہ اس نے ان کا تعاقب کیا تھا اور ان کو
دیکھا تھا یہ کہ اسکے بعد وہ واپس آئے اور انھوں نے اسکو باندھ دیا۔
یہ کہا گیا ہے کہ جب وہ مال مسروقہ کے ساتھ گرفتار کئے گئے تھے اس نے
انکو شناخت کیا تھا۔ سشن جج کیمبل پور کے ساتھ اتفاق کرتے ہوئے
اور اس شہادت سے کسی طرح مطمئن نہ ہو کر میں یہ تجویز کرتا ہوں کہ
ان اشخاص کے خلاف جو جرم ثابت ہے وہ صرف تحت دفعہ ۴۱۱ مجموعہ
تعزیرات ہند مال مسروقہ لینے کی بابت ہے۔ یہ بحث نہیں کی گئی ہے کہ
کیمبل پور کی عدالتوں کو ان اشخاص کی خواہ وہ رعایائے ... تھے
یا نہ تھے اس جرم کی بابت جس کا ارتکاب کیمبل پور میں کیا گیا تھا
جہاں وہ مال مسروقہ کے ساتھ گرفتار کئے گئے تھے تحقیقات کا
اختیار نہ تھا۔ سرکار کی جانب سے کونسل نے ... پیش کیا ہے
وہ صرف یہ ہے کہ مجسٹریٹ نے صحیح طور پر یہ قرار دیا ہے کہ سشن جج
ایک عدالت مجاز نہ تھے کیونکہ سپردگی کی کارروائیات نہیں کی گئی تھیں
اور یہ کہ یہ نہایت سخت بے ضابطگی تھی۔ ہائیکورٹ کے فیصلہ میں اس امر
پر توجہ کی گئی تھی لیکن یہ قرار دیا گیا تھا کہ اس سے کارروائیات
کالعدم نہ ہوئی تھیں ایسی حالت میں میں یہ خیال کرتا ہوں کہ سشن جج
کے اختیار سماعت پر اعتراض کرنے میں مجسٹریٹ نے اپنے اختیار سے تجاوز عمل

کیا تھا۔ اس لئے چونکہ ملزمین کی ایکمرتبہ تحقیقات کی گئی تھی اور ان کے
خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی تھی اور چونکہ الخوں نے جرم کی بابت سزا
بھگتی ہے ان کی مکرر تحقیقات نہیں ہوسکتی۔ اس لئے میں مرافعہ منظور
اور انکو بری کرتا ہوں۔ مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ کلکتہ

### نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۲۷۲ بابتہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۲۴ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس سی سی گھوش و مسٹر جسٹس کیوننگ۔

نیتا نند اکویر۔ سائل بنام اکہا ہری۔ مسرا طرفثانی۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۴۳۷۔ برات۔
کارروائیات کی تجدید۔ مجسٹریٹ کا اختیار سماعت۔

حکم برات جو تحت دفعہ ۲۴۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری صادر کیا گیا ہو جبتک
کہ وہ کسی عدالت مجاز کی جانب سے منسوخ نہ کیا جائے اسی جرم کی بابتہ جدید
کارروائیات کا مانع ہے۔ کسی مجسٹریٹ کو کسی ایسے مقدمہ کی کارروائیات
کی نگرانی کا اختیار نہیں ہے جو ایک حکم برات تحت دفعہ ۲۴۴ مجموعہ ضابطہ
فوجداری پر ختم ہوئی ہوں۔

حکم اظہار وجہ بابت ارضی فیصلہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ بردوان۔

منجانب سائل۔ بابو پنچانن چودہری۔

منجانب طرفثانی۔ بابو جیوتیس چندر سرکار۔

**فیصلہ**۔ یہ حکم اظہار وجہ اس لئے جاری کیا گیا تھا کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
بردوان اور مستغیث اس امر کی وجہ ظاہر کریں کہ تجویز ثبوت جرم اور سزا جو سائل
کے خلاف صادر کی گئی تھی اس بنا پر کیوں منسوخ نہ کیجائیں کہ اس کی برات
کا ایک سابقہ حکم جو تحت دفعہ ۲۴۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری ۸ اگست ۱۹۲۲ء
صادر کیا گیا تھا ایک حاکم مجاز کی جانب سے منسوخ نہیں کیا گیا تھا
مجسٹریٹ کو انہی جرائم کی بابتہ جنکی نسبت برات کا حکم صادر کیا گیا تھا

سائل کی تحقیقات کرنے اور اسکے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کرنیکا اختیار نہ تھا - واقعات جو اس درخواست کے باعث ہوئے ہیں جس پر یہ حکم اظہار وجہ صادر کیا گیا تھا مختصراً حسب ذیل ہیں:-

سائل کو تحت دفعات ۴۲۶ و ۴۴۷ مجموعہ تعزیرات ہند (جو دونوں مقدمات قابل اجرائی طلب نامہ ہیں) ۴ ۱ جولائی ۱۹۲۲ء کو حاضر ہونے کے لیے طلب کیا گیا تھا۔ تاریخ مذکور پر ملزم کے خلاف ایک حکم نامہ گرفتاری جاری کیا گیا تھا اور مقدمہ کی آئندہ سماعت کے لئے تاریخ ۸ اگست ۱۹۲۲ء مقرر کیگئی تھی - ۸ اگست کو سب ڈویژنل مجسٹریٹ جنکے روبرو مقدمہ زیر تصفیہ تھا موجود نہ تھے اور دوسرے مجسٹریٹ بابو ابن گھوش انکی جگہ منصرم تھے اور مسٹر کرٹا مجسٹریٹ کے احکام مطبوعہ کے بموجب سب ڈویژن کا فوجداری کام ان کے سپرد تھا - جب ملزم کے خلاف مقدمہ مجسٹریٹ آخرالذکر کے روبرو پیش کیا گیا تھا تو مستغیث غیر حاضر تھا - اس پر ایک حکم تحت دفعہ ۲۴۷ صادر کیا گیا تھا جس کی رو سے ملزم بری کیا گیا تھا - معلوم ہوتا ہے کہ اسی تاریخ پر حکم برات صادر کئے جانے کے بعد مجسٹریٹ کے روبرو تجدید کارروائیات کے لئے ایک درخواست پیش کی گئی تھی - ۱۱ اگست ۱۹۲۲ء کو ذیعلم مجسٹریٹ نے ملزم کے خلاف ان کارروائیات کی تجدید کی جو ۸ اگست کو ختم ہوئی تھیں - اسکے بعد مقدمہ دوسرے مجسٹریٹ مولوی ظہیر حسین کے پاس منتقل کیا گیا تھا اور اس آخرالذکر مجسٹریٹ نے تحت دفعات ۴۴۷ و ۴۲۶ ملزم کی تحقیقات کی تھی اور ۲۸ نومبر ۱۹۲۲ء کو اس کے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کی تھی اور اسکو مبلغ صہ جرمانہ یا بصورت عدم ادائی جرمانہ چھ ہفتہ کی قید بامشقت کی سزا دی تھی -

اس مقدمہ کی جواب ہمارے روبرو پیش ہے مثل سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ۸ اگست ۱۹۲۲ء کو بابو ابن گھوش نے ایک حکم برات تحت دفعہ ۲۴۷ صادر کیا تھا - حکم مذکور جو تحت دفعہ ۲۴۷ صادر کیا گیا تھا ایک ایسا حکم تھا جو عدالت ہذا کی جانب سے ... اس صورت میں منسوخ کیا جاسکتا تھا جبکہ اسکی تنسیخ کے لئے درخواست کیجاتی - عدالت ہذا میں ایسی کوئی درخواست پیش نہیں کی گئی تھی ... حکم کسی حاکم مجاز نے وہ حکم برات منسوخ نہیں کیا تھا جو ۸ اگست ۱۹۲۲ء کو صادر کیا گیا تھا - ان حالات میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا ذیعلم مجسٹریٹ ۱۱ اگست ۱۹۲۲ء کو کارروائیات کی تجدید کرنے کا حکم صادر کرنے کے مجاز تھے - ہماری رائے یہ ہے کہ مجسٹریٹ کی اس حکم برات کی جو تحت دفعہ ۲۴۷ صادر کیا گیا تھا تنسیخ اور ان کارروائیات کی جو ملزم کے خلاف ۱۱ اگست ۱۹۲۲ء کو کی گئی تھیں تجدید کا اختیار نہ تھا - حکم برات ۱۱ اگست ۱۹۲۲ء کو موجود تھا اور چونکہ حکم برات ایک ... جانب سے منسوخ نہیں کیا گیا تھا وہ ہنوز موجود ہے اور اسلئے یہ نتیجہ ... ۱۱ اگست ۱۹۲۲ء کو اور بعد تاریخ ہائے مابعد پر دفعات مذکورالصدر کے تحت ملزم کی از سرنو تحقیقات کے مانع تھا - ... حکم اظہار وجہ قطعی قرار دیا جاتا ہے - تجویز ثبوت جرم اور سزا منسوخ کیجاتی ہے اور رقوم جرمانہ اگر ادا کی گئی ہوں تو واپس کیجائینگی -

حکم اظہار وجہ قطعی قرار دیا گیا -

## ہائیکورٹ مدراس

مقدمہ نگرانی فوجداری نمبر ۳۰ بابتہ ۱۹۲۲ء و درخواست نگرانی فوجداری نمبر ۲۱ بابتہ ۱۹۲۱ء

منفصلہ ۳ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس وینکٹا سبا راؤ -

کالیا پیرومال نائڈو - سائل بنام باجا بی بیدا - ملزم - مسؤل علیہ

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۲۵۰ - استغاثہ جو مجسٹریٹ دیہی کے روبرو بغرض ایذا رسانی پیش کیا گیا ہو - معاوضہ -

کوئی شخص جو کسی جرم قابل ضمانت کی بابت کسی مجسٹریٹ دیہی کے روبرو ایک استغاثہ اس نیت کے ساتھ پیش کرے کہ مدعا علیہ کو ... ضرر ... پہنچائے ...

نقیا مدراکو بنام ابراہیم رکانمبر

لیچمیلی پائیڈو بنام پاوائی صاحب (مدراس)

میں اس استغاثہ کے مضمون کی اطلاع پولیس کو دینا چاہئے حسب منشاء دفعہ ٢٥٠ مجموعہ ضابطہ فوجداری کسی عہدہ دار پولیس کو کسی طرح مؤثر طور پر اطلاع دیتا ہے گو یا کہ وہ خود پولیس کمشنر کو گیا تھا اور بسبب استغاثہ بالاخر بار رساں معلوم ہو تو کوئی حکم جسکی رو سے مستغیث کو معاوضہ ادا کرنیکی ہدایت کیجائے قابل جائز ہے۔ ناچی متھو چیٹی بنام متھو سوامی چیٹی انڈین کیسیز جلد ۲ صفحہ ۱۶۷۔ مرگا سالا پا چیٹی بنام گنڈالا نریاپا انڈین کیسیز جلد ۶ صفحہ ۸۲۳ و تھوتوکرا دتہ ادالا بنام اسپان منیل لیشیالی انڈین کیسیز جلد ۶ صفحہ ۱۷۴ کی تقلید کی گئی ملکہ معظمہ بنام تہا منا ریڈی انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۲۵ صفحہ ۶۶۷ بحالہ اردا لا تھم پلے انڈین کیسیز جلد ۳ صفحہ ۲۲ کی تقلید کی گئی۔

درخواست تحت دفعات ۴۳۵ و ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری بابت (۱۷) ایک حکم ہائیکورٹ سے ایک حکم صادرہ عدالت اڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ تنجور مورخہ ۱۱ جنوری ۱۹۲۲ء مقدمہ نگرانی فوجداری نمبر ۱۲ درافعہ فوجداری نمبر ۲۴ بابتہ ۱۹۲۲ء کی نگرانی کی استدعا کی گئی تھی جو ایک حکم صادرہ عدالت مقامی مجسٹریٹ درجہ دوم تنجور بمقدمہ فوجداری نمبر ۱۹۳ بابتہ ۱۹۲۲ء کے خلاف پیش کیا گیا تھا۔

منجانب سائل۔ ڈاکٹر ایس سوامی ناتھن۔

منجانب ملزم مسٹر ڈی۔ ایل۔ ایتھراج۔ وکیل سرکار۔

حکم۔ مجسٹریٹ درجہ دوم تنجور نے گواہ استغاثہ نمبر ۴ کو تحت دفعہ ۲۵۰ مجموعہ ضابطہ فوجداری ملزم کو مبلغ ۵۰ روپیہ بطور معاوضہ کے عطا کرنیکا حکم دیا اور ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ نے حکم بحال رکھا۔

واقعات حسب ذیل ہیں:۔ گواہ استغاثہ نمبر ۱ کا ایک بیل گم ہوگیا اس پر گواہ استغاثہ نمبر ۱ اور گواہ استغاثہ نمبر ۴ جو ایک موضع راسا پٹی کے باشندے تھے اماپیٹ کو گئے جس موضع میں ملزم رہتا تھا اور گواہ استغاثہ نمبر ۴ نے گواہ استغاثہ نمبر ۱ موضع اماپیٹ کے مجسٹریٹ صفحہ ۹۴۲

کو یہ اطلاع دی کہ گواہ استغاثہ نمبر ۱ کا ایک بیل سرقہ کیا گیا تھا اور یہ کہ ملزم سارق تھا۔ کوئی کارروائی کرنے کے قبل گواہ استغاثہ نمبر ۱ نے یہ خواہش کی کہ موضع راسا پٹی کے مجسٹریٹ سے اس کو ایک رپورٹ وصول ہونی چاہیئے جس نے حسب اسکے پاس دستاویز الف روانہ کیا جس سے اس اطلاع کی تصدیق ہوئی تھی جو گواہ استغاثہ نمبر ۴ نے دی تھی۔ اس رپورٹ کے وصول ہونے پر گواہ استغاثہ نمبر ۱ نے پولیس سے مراسلت کی جس نے ملزم پر سرقہ یا علی الاعلان بیل مال مسروقہ لینے کا الزام عائد کیا۔ یہ اضافہ کرنا ضرور ہے کہ پولیس کو موضع اماپیٹ کے مجسٹریٹ سے مراسلہ وصول ہونے کے بعد لیکن ملزم پر جرم متذکرہ بالا کا الزام عائد کرنے کے قبل گواہ استغاثہ نمبر ۱ بیل کے مالک سے اطلاع تحت دفعہ ۱۵۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری وصول ہوئی تھی۔ عدالت ماتحت نے یہ تجویز کی کہ ملزم مجرم نہ تھا اور گواہ استغاثہ نمبر ۴ کو ملزم کو معاوضہ ادا کرنیکا حکم دیا۔ گواہ استغاثہ نمبر ۴ کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ وہ حکم جسکی رو سے اسکو معاوضہ ادا کرنیکی ہدایت کی گئی تھی حالات مذکورہ بالا میں نا جائز ہے۔ آخری بحث یہ ہے کہ مجسٹریٹ دیہی حسب دفعہ ۴۵ ایک عہدہ دار پولیس نہیں ہے۔ اور چونکہ گواہ استغاثہ نمبر ۴ نے صرف ایک مجسٹریٹ دیہی کو اطلاع دی تھی کوئی حکم صادر نہ کیا جا سکتا تھا جس کی رو سے اس کو معاوضہ ادا کرنیکی ہدایت کیجاتی۔ مقدمہ ملکہ معظمہ بنام تہا منا ریڈی (۱) و بحالہ اردا لا تھم پلے (۲) پر استدلال کیا گیا ہے اور ان مقدمات سے بظاہر بحث مذکور الصدر کی تائید ہوتی ہے لیکن تین مقدمات مابعد ناچی متھو چیٹی بنام متھو سوامی چیٹی (۳) مرگا سالا پا بنام گنڈالا نریاپا (۴) و تھوتوکرا دتہ ادالا بنام اسپان منیل کہیشالی (۵)

(۱) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۲۵ صفحہ ۶۶۷ (۲) انڈین کیسیز جلد ۳ صفحہ ۲۲ (۳) انڈین کیسیز جلد ۲ صفحہ ۱۶۷ (۴) انڈین کیسیز جلد ۶ صفحہ ۸۲۳ (۵) انڈین کیسیز جلد ۶ صفحہ ۱۷۴ ۔

میں مختلف رائے قائم کی گئی تھی۔ اصول جو ان فیصلجات میں موجود ہے جسٹس ایلنگ کے فیصلہ بمقدمہ ناچی متھو چٹی بنام متھو سوامی چٹی (۳) کے حسب ذیل فقرہ میں مختصراً بیان کیا گیا ہے۔ "بہ الفاظ دیگر کوئی شخص جو کسی مجسٹریٹ دیہی کے روبرو کسی جرم قابل ضمانت کی نسبت اس علم سے استغاثہ کرے کہ موخر الذکر کو اسکے فرض منصبی کی معمولاً انجام دہی میں اس استغاثہ کے مضمون کی اطلاع پولیس کو دینی چاہیئے تو وہ پولیس کو بالکل اسی طرح موثر طور پر اطلاع دیتا ہے گویا کہ وہ خود پولیس اسٹیشن کو گیا تھا"

میری ذاتی رائے اس رائے کے موافق ہے جو تین مقدمات مذکور الصدر میں قائم کی گئی تھی اور اس لئے میں یہ قرار دیتا ہوں کہ اطلاع اگرچہ وہ پولیس کو دی گئی تھی دفعہ ۲۵۰ کے الفاظ کے تحت آتی ہے۔ ڈاکٹر سامی ناتھن نے یہ بھی بحث کی ہے کہ گواہ استغاثہ نمبر ۲ نے گواہ استغاثہ نمبر ۴ کی اطلاع پر عمل کرنے کے قبل موضع پرامساپٹی کے مجسٹریٹ سے اس کی تصدیق کی تھی اور یہ کہ یہ امر مقدمہ موجودہ کو مقدمات محولہ صدر سے ممیز کرتا ہے۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ گواہ استغاثہ نمبر ۴ کی ذمہ داری اس واقعہ سے کسی طرح متاثر ہوئی ہے کہ گواہ استغاثہ نمبر ۲ نے کسی دوسرے شخص سے ایک رپورٹ حاصل کرنے میں کافی احتیاط کی تھی جس کی نسبت یہ خیال کیا جا سکتا تھا کہ جہاں تک ممکن ہو وہ واقعہ کے متعلق ایک صحیح بیان کریگا۔ اسکے بعد یہ بحث کی گئی ہے کہ چونکہ گواہ استغاثہ نمبر ۱ پیل کے مالک نے تحت دفعہ ۱۵۴ اطلاع دی تھی حکم زیر بحث جس کی رو سے گواہ استغاثہ نمبر ۴ کو معاوضہ ادا کرنیکی ہدایت کی گئی تھی ناجائز ہے یہ بحث بھی ناقابل پذیرائی ہے۔ ابتدائی اطلاع جو حکام کو دی گئی تھی وہی تھی جو گواہ استغاثہ نمبر ۴ کی جانب سے دی گئی تھی اور وہ کارروائی ثبات آغاز کئے جانیکا باعث ہوئی تھی۔ اطلاع بالبعد جو گواہ استغاثہ نمبر ۱ کی جانب سے دی گئی تھی امر زیر بحث کے تصفیہ کیلئے اہم نہیں ہے۔ اس امر پر غور کرنا غیر ضروری ہے کہ آیا واقعات کی بنا پر کوئی حکم گواہ استغاثہ نمبر ۱ کے خلاف بھی صادر کیا جا سکتا تھا لیکن جس حد تک کہ گواہ استغاثہ نمبر ۴ کا تعلق ہے وہ ذمہ وار ہے اور میں حکم صادر شدہ میں دست اندازی کی کوئی وجہ نہیں پاتا۔

چونکہ عدالت ہذا میں ملزم کی قائم مقامی نہیں کی گئی ہے میری تحریک پر مسٹر وی ایل ایتھی راج نے اس کی جانب سے مقدمہ میں بحث کی ہے اور فیصلجات محولہ صدر کی جانب میری توجہ دلائی ہے اور میں لائق کونسل کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔

درخواست نامنظور کی گئی۔

کالیا پیرومال بنام بادراجی صاحب (مدراس)

## ہائیکورٹ الہ آباد

استدعاء فوجداری

نمبر مقدمہ ۳۰ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۲۲ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس واش۔

صفحہ ۳۴۲

پنچام بنام ملک معظم بذریعہ بچھاو غیرہ۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۲۵۰۔ استغاثہ جو بغرض ایذا رسانی کیا گیا ہو۔ معاوضہ۔ وجہ ظاہر کرنے کے لئے باضابطہ نوٹس دیا جانا ضروری ہے۔

دفعہ ۲۵۰ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے یہ ضروری نہیں ہے کہ کسی استغاثہ کی صورت میں جو بغرض ایذا رسانی کیا جانا تجویز کیا جائے مستغیث کو اس امر کی وجہ ظاہر کرنیکا حکم دیا جائے "کہ اس سے معاوضہ کیوں نہ دلایا جائے"۔ اس کی رو سے صرف یہ ضروری ہے کہ کسی اعتراض کو جو پیش کیا جائے قلمبند اور اس پر غور کیا جائے۔ دفعہ مذکور سے یہ مقصود نہیں ہے کہ کارروائی میں اضافہ کیا جائے بلکہ یہ مقصود ہے کہ وہ سرسری قاعدہ پر مشتمل ہو جس سے کوئی فریق جس کو ایک باضابطہ اعتراض کرنے اور اسکو قلمبند کرانیکا حق

[illegible] ... اور ... [illegible]

[illegible] ... [illegible]

[illegible] ... بمبئی ... [illegible]

[illegible] ... کلکتہ ویکلی نوٹس جلد ... صفحہ ۲۱۲ -

کی اتباع نہیں کی گئی۔

استصواب منجانب ... [illegible] ... نامنظور -

**واقعات** - چونکہ ... [illegible] ... استغاثہ کا بیان کلیتاً جھوٹا تھا اور استغاثہ بغرض ایذا رسانی پیش کیا گیا تھا اس لئے ملزمین کو بری کر دیا اور مستغیث کو یہ حکم دیا کہ وہ ملزمین کو ... [illegible] ... اس وقت جبکہ ... اور معاوضہ ... [illegible] ... ملزمین نے کوئی اعتراض نہیں کیا اور ... [illegible] ... پیش کرنے یا اس امر کی وجہ ظاہر کرنے ... [illegible] ... تھا کہ معاوضہ کا حکم ان کے خلاف کیوں نہ صادر کیا جائے - سشن جج کے پاس نگرانی پیش ہونے پر یہ بحث کی گئی کہ ... [illegible] ... دفعہ ۲۵۰ مجموعہ ضابطہ فوجداری جس میں یہ بتلایا گیا ہے کہ معاوضہ کی ادائی کیلئے کوئی ہدایت کرنے کے قبل مجسٹریٹ ... ایسے اعتراض کو قلمبند کریگا اور اس پر غور کریگا جو مستغیث ایسا حکم صادر کئے جانے کے خلاف پیش کرسکے، تاکیدی تھا اور مجسٹریٹ پر لازم تھا کہ وہ مستغیث کو اس امر کی وجہ ظاہر کرنیکا حکم دیتے کہ اس کو معاوضہ ادا کرنیکا حکم کیوں نہ دیا جائے - اس بحث کی تائید میں حسب ذیل نظائر کا حوالہ دیا گیا ہے - پانڈورنگ نارائن بنام کشن بابا جی (۱)، سچندی کولیٹانی بنام دوم کولیٹا (۲)، ... زاری لال بنام گنگا رام (۳) - سشن جج کی رائے یہ تھی کہ بحث درست تھی - اسلئے استصواب کیا گیا -

(۱) بمبئی لا رپورٹر جلد ۳ صفحہ ۷۷۔ (۲) کلکتہ ویکلی نوٹس جلد ۵ صفحہ ۲۱۲ -

(۳) انڈین کیسیز جلد ۱۴ صفحہ ۶۵۲ -

**فیصلہ** - میری رائے میں فاضل سشن جج نے اس معاملہ کے متعلق نہایت اصطلاحی رائے قائم کی ہے جس سے اگر وہ صحیح ہے تو ان اغراض کے مفقود ہونیکا احتمال ہے جو دفعہ کے پیش نظر ہیں - اس کے لئے مقدمات کی جانچ کرنیکی بجائے دفعہ کی جانچ کرنا بہتر ہوتا - وہ یہ الفاظ استعمال کرکے کہ مجسٹریٹ کو مستغیث کو وجہ ظاہر کرنیکا حکم دینا چاہیئے تھا، پیچیدگی میں پڑ گئے - دفعہ کی رو سے اس قسم کی کسی کارروائی کی ضرورت نہیں ہے اور اگر کوئی شخص یہ کہے کہ اس کو اس قسم کا کوئی خاص ضابطہ اختیار کرنا چاہیئے تھا تو عظمت کے ساتھ مجھ کو اس سے اختلاف ہے - ان صوبجات میں بالعموم امر کی نسبت وجہ ظاہر کرنیکا کثرت کے ساتھ حکم دیا جاتا ہے - دفعہ مذکور کی رو سے کسی الزام کی نسبت جو بغرض ایذا رسانی عائد کیا گیا ہو مجسٹریٹ کو حکم رہائی کے ذریعہ سے معاوضہ ادا کرنیکا اختیار دیا گیا ہے - اس کی رو سے صرف اس اعتراض کو جو پیش کیا جائے قلمبند کرنا اور اس پر غور کرنا ضروری ہے - یہ ظاہر ہے کہ اس دفعہ سے کارروائیات میں اضافہ کرنا مقصود نہ تھا بلکہ اس کو کسی سرسری طریقہ سے منفصل کرنا مقصود تھا - اگر مستغیث کوئی حقیقی اعتراض نہیں رکھتا جو پیش کیا جاسکے تو کوئی امر موجود نہیں ہے جو قلمبند کیا جاسکے جیسا کہ جائنٹ مجسٹریٹ نے مناسب طور پر ریمارک کیا ہے - کارروائیات کی کثرت سے فریقین کے بار میں غیر ضروری اضافہ ہوتا ہے اور اس قسم کے ایک خفیف معاملہ میں جس میں فی کس مبلغ ... معاوضہ دلایا گیا ہے باضابطہ نوٹس جاری کرنا بظاہر ایک ایسا علاج ہوگا جو مرض سے بدتر ہوگا - علاوہ بریں کوئی فریق جس کو کوئی باضابطہ اعتراض پیش کرنے اور اس کو قلمبند کرانیکا حق ہو اپنے تسلیم یا سکوت کے ذریعہ سے حق مذکور کو ترک کرسکتا ہے جیسا کہ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کہتے ہیں بجز اسکے کہ مقدمہ ہذا میں مستغیث نکما یا مجنون

([illegible])

اس کی جانب سے اعتراض پیش کئے جانیکی نسبت کوئی امر مانع نہ تھا مجھے ان فیصلہ جات پر غور کرنیکی کوئی ضرورت نہیں ہے جو اس قسم کے معمولی معاملہ کی بابت دیگر صوبہ جات میں موجود ہیں۔ نظیر و علم سشن جج نے الہ آباد لا جرنل سے پیش کی تھی متعلق نہیں ہے کیونکہ حکم جو ناقص قرار دیا گیا تھا اس فریق کی عدم موجودگی میں صادر کیا گیا تھا جسکے خلاف وہ صادر کیا گیا تھا۔ معاوضہ کا حکم برقرار رہنا چاہیئے۔ مثل عدالت ماتحت کو واپس کیجائے۔ مثل واپس کیگئی۔

## ہائیکورٹ مدراس

مقدمہ نگرانی فوجداری نمبر مقدمہ ۱۹۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء مقدمہ متعلقہ نگرانی فوجداری نمبر ۱۸۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء

منفصلہ ۱۲ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس جسٹس سر ولیم ایلنگ نائٹ و مسٹر جسٹس اوجرس۔

مدو وینکیا۔ سائل بنام مدو پیدیا عرف کامریڈی پیدیا وینکیس و دیگر۔ سائلان عکسی۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۴۸۸۔ نان و نفقہ کا حکم۔ نالش دیوانی مابعد جس میں رشتہ کی تردید کی گئی ہو۔ نان و نفقہ کے حکم کا التوا۔

جب وہ رشتہ جس پر کوئی نان و نفقہ کا حکم تحت دفعہ ۴۸۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری مبنی ہو کسی عدالت دیوانی مجاز کی قطعی ڈگری کے ذریعہ سے موجود نہ ہونا تجویز کیا جائے تو وہ شخص جسکو اس سے ضرر پہونچے مجسٹریٹ سے یہ استدعا کر سکتا ہے کہ وہ اپنے نان و نفقہ کے حکم کو نافذ کرنے سے باز رہے۔

محمد عابد علی کمار قادر بنام لڈن صاحبہ انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۱۴ صفحہ ۲۷۶ مابعد اتباع نہ کیا گیا۔ امین موسا و بنام کتیل ایتھیری اماں انڈین کیسیز جلد ۲۴ صفحہ ۳۳۱ کی تقلید کی گئی۔

مقدمہ جوڈسٹرکٹ مجسٹریٹ وزگاپٹم نے مقدمہ متفرقہ نمبر ۵۱۰ م۔ ج۔ ۲۔ مورخہ ۱۹ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء تحت دفعہ ۴۳۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری ہائیکورٹ کے احکام کی غرض سے سپرد کیا تھا۔

منجانب سائل۔ مسٹر پی۔ آر۔ سرینواسا آئینگار۔

منجانب سرکار۔ پبلک پراسیکیوٹر۔

مدو وینکیا بنام مدو پیدما (مدراس)

حکم۔ مقدمہ ہذا میں سب ڈویژنل مجسٹریٹ نرساپٹم نے تحت دفعہ ۴۸۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری سائل کو سائلہ نمبر ۱ سے تیس روپیہ ماہانہ کی شرح سے نان و نفقہ ادا کرنیکا حکم دیا تھا۔ بعدہٗ اس نے ریاست چلی ڈسٹرکٹ منصف کی عدالت میں ایک نالش بجلہ کی اور سبارڈینیٹ جج وزگاپٹم کے روبرو مرافعہ پیش ہونے پر اس امر کے متعلق ایک قطعی فیصلہ حاصل کرنے میں کامیاب رہا کہ بچی اس کی نہ تھی۔ اس کی بنا پر اس نے سب ڈویژنل مجسٹریٹ کے روبرو درخواست کی جس میں اس نے انکی توجہ سبارڈینیٹ جج کے فیصلہ کی جانب مبذول کرائی تھی اور حسب ذیل استدعا کی تھی :-

"اس لئے سائل واجب التعظیم عدالت سے مستدعی ہے کہ وہ اڈیشنل سبارڈینیٹ جج کی ڈگری اور فیصلہ کے ملاحظہ جس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ سائل عکسی نمبر ۲ سائل کی اولاد نہیں ہے۔ اور یہ کہ سائل پر اس کی پرورش لازم نہیں ہے۔ حکم مورخہ ۱۱ مئی سنہ ۱۹۲۱ء کو جس کی رو سے نان و نفقہ دیا گیا تھا نافذ کرنے سے باز رہے۔"

یہ درخواست حسب ذیل عبارت تحریری کے ساتھ واپس کی گئی ہے :-

"سائل عدالت ہذا کے حکم کے خلاف جس پر پھر غور نہیں کیا جا سکتا جو کچھ چارہ کار وہ حاصل کرنا چاہے حاصل کر سکتا ہے"۔ سب ڈویژنل مجسٹریٹ کا حکم بظاہر ایک غلط فہمی پر مبنی ہے۔ نان و نفقہ کے حکم پر پھر غور کرنیکا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔ یہ صحیح ہے کہ مجموعہ میں کوئی حکم موجود نہیں ہے لیکن جب وہ رشتہ جس پر نان و نفقہ کا حکم مبنی ہو کسی عدالت دیوانی مجاز کی قطعی ڈگری کے ذریعہ سے موجود نہ ہونا قرار دیا جائے تو اس شخص کے لئے بعض حالت

محمد بخش بنام رومیندرا ... سبرامنی

صفت پہونچی ہو مجسٹریٹ سے یہ استدعا کرنا جائز ہے کہ وہ اپنے
نان و نفقہ کے حکم کو نافذ کرنے سے باز رہے۔ یہ امر مقدمہ محمد عابد علی
بنام الہ ... (۱) میں قرار دیا گیا ہے اور وہ
قانون کی نسبت اس رائے کے موافق ہے جو عدالت ہذا کے
ایک بنچ نے مقدمہ ملیاتہ نارائن سوساؤ بنام کنہیل ایچرپ اما
(۲) میں قائم کی تھی اگرچہ مقدمہ مذکورہ میں فاضل ججوں نے
ایک ایسے نان و نفقہ کے حکم پر بحث کی تھی جو عدالت دیوانی
کے فیصلہ کے بعد صادر کیا گیا تھا۔

اس لئے سب ڈویژنل مجسٹریٹ کا حکم منسوخ کیا جاتا ہے
اور ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ درخواست مثل میں شریک
کریں اور ریمارک مذکورالصدر کے مد نظر اس کا تصفیہ کریں۔

حکم منسوخ کیا گیا۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

مرافعہ ثانی دیوانی

صفحہ ۹۴۵

نمبر مقدمہ ۸۰۰ بابتہ ۱۹۲۰ء فیصلہ ۱۵ فروری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ... و مسٹر جسٹس گوکل پرشاد۔

رام سیوک رائے وغیرہ **بنام** شیو ناتھ رائے وغیرہ۔

مدعی علیہم۔ مرافعہ گزار — مدعیان۔ مرافعہ علیہم۔

قانون انتقال جائداد ایکٹ بابتہ ۱۸۸۲ء دفعہ ۶۸ مصالحت جو
ڈگری کی تعمیل میں کی گئی ہو۔ رہن استغراقی کا قائم کرنا۔ رجسٹری کا
نہ ہونا۔ فریقین کی جانب سے رہن کا عرصہ دراز سے تسلیم کیا جانا۔
امر مانع تقریر مخالف۔ دھرم شاستر۔ رہن۔ کفالت کا تلف
ہونا۔ قائم مقامی۔ سرکاری مالگزاری جو مرتہن نے ادا کی ہو
راہن سے اس کی بازیافت۔ معاہدہ معنوی۔

سنہ ۱۸۸۱ء میں ڈگری زر نقد کے فریقین نے ڈگری کی تعمیل میں ایک معاہدہ
کیا تھا جو ایک درخواست میں درج کیا گیا تھا جو عدالت کے
زیر پیش کی گئی تھی۔ معاہدہ کے بموجب یہ تسلیم کیا گیا تھا کہ مدعی
کو کچھ رقم واجب الادا تھی اور یہ کہ اس کو مدعی علیہ کے خفیہ تعلقات
اراضی کا قبضہ دلایا گیا تھا کیونکہ یہ طے ہوا تھا کہ وہ سود کے
عوض جو قرضہ پر واجب الادا تھا حق استعمال منافع حاصل
کرے اور یہ کہ مدعی علیہ قرضہ کی رقم ادا کر کے اراضی کا انفکاک
کر سکتا تھا۔ مزید یہ طے ہوا تھا کہ اگر مدعی بے دخل کیا جائے تو
وہ پھر ڈگری کی تعمیل کرائے۔ عدالت نے مصالحت قبول کی
اور مدعی نے اراضی کا قبضہ حاصل کیا۔ سنہ ۱۹۱۲ء میں دریا کے
عمل سے اراضی دریا برد ہو گئی اور مدعی نے دفعہ ۶۸ قانون
انتقال جائداد کے تحت نالش رجوع کی جس کی رو سے مدعی علیہم
کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ ۱۵۰۰ روپیہ کی بابت مدعی کو مساوی کفالت
دے یا زر قرضہ و کچھ رقم کے جو مدعی کی جانب سے بطور سرکاری
مالگزاری کے ادا کی گئی تھی ادا کرے۔ قرار دیا گیا کہ (۱) کہ
اگرچہ مناسب ضوابط کی تعمیل نہیں کی گئی تھی مگر رہن کے جواز پر
کوئی اعتراض نہ کیا جا سکتا تھا جبکہ فریقین نے پچاس
سال تک اس پر عمل کیا تھا۔ عابد حسین بنام اصغر حسین۔
انڈین کیسیز جلد ۱۹ صفحہ ۳۳۴۔ سلامت الزمانی بیگم بنام ... شاہ
خان۔ انڈین کیسیز جلد ۴۳ صفحہ ۷۴۵ کی تقلید کی گئی۔
(۲) یہ کہ اگر اس وجہ سے کہ رہن قانون مذکور کے نفاذ کے قبل
پیدا کیا گیا تھا دفعہ ۶۸ قانون انتقال جائداد مقدمہ سے متعلق
نہ ہو سکتی تھی تو بھی دھرم شاستر کے اصول جس کے فریقین تابع تھے
جو اس صورت سے متعلق ہو سکتے تھے بالکل وہی تھے جو دفعہ ۶۸ میں
درج تھے۔ (۳) چونکہ مدعی سرکاری مالگزاری ادا کرنے پر اس
وجہ سے مجبور ہوا تھا کہ مدعی علیہ [illegible] ادا کرنے میں [illegible]

(۱) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۴۸ صفحہ ۲۶۰ (۲) انڈین کیسیز جلد ۴۸ صفحہ ۳۳۱۔

بیدخل کئے جانے سے محفوظ رہنے کے لئے مدعی علیہ مدعی کو رقم کی ادائی کا ذمہ دار تھا۔ (۴) یہ کہ شرط مندرجہ مصالحت کہ بیدخلی کی صورت میں مدعی کو یہ چارہ کار حاصل تھا کہ وہ اپنی ڈگری کی تعمیل کرائے کسی دریابردگی کی صورت سے متعلق نہ ہوسکتی تھی۔ (۵) یہ کہ اس لئے مدعی کا دعوی ڈگری ہونا چاہیئے۔

رہن انتفاعی کے ہر معاہدہ میں پرامن قبضے کے متعلق کم از کم ایک معنوی معاہدہ موجود ہوتا ہے اور اس میں عدم ادائی کی بابت بیدخل مجنے ہوئی کیلئے سرکاری مالگزاری کی ادائی کا ایک معاہدہ شامل ہے۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج غازی پور مورخہ ۱۴ اپریل سنہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر یو ایس۔ باجپائی۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر اقبال احمد۔

**فیصلہ**۔ سنہ ۱۹۱۶ء میں مدعیوں کے پیشروں نے ایک معمولی ڈگری زر نقد کی تعمیل کرائی جو انھوں نے مدعی علیہم میں سے ایک مدعی علیہ اور دیگر مدعی علیہم کے پیشرو حقیقت کے خلاف حاصل کی تھی۔ کارروائیات مذکور میں فریقین نے ایک معاہدہ کیا تھا جو ایک درخواست میں درج کیا گیا تھا جو عدالت کے روبرو پیش کی گئی تھی۔ معاہدہ مذکور کی رو سے یہ تسلیم کیا گیا تھا کہ رقم جو مدعیوں کو واجب الادا تھی مبلغ سماعہ تھی اور چند قطعات اراضی موازی ۳ بیگہ ۱۲ بسوے جو مدعی علیہم کی ملک تھے مدعیوں کے قبضہ میں دیئے گئے تھے اور یہ طے ہوا تھا کہ وہ بجائے سود کے جو قرضہ پر واجب الادا تھا حق تصرف و استعمال حاصل کریں اور یہ کہ مدعی علیہ مبلغ سماعہ کی ادائی پر انفکاک کرا سکتا تھا۔ نیز یہ طے ہوا تھا کہ اگر مدعیان بیدخل کئے جائیں تو اس ڈگری کی تعمیل کرانی چاہیئے۔ عدالت نے اس مصالحت کے بموجب احکام صادر کئے اور مدعیوں نے قبضہ حاصل کیا۔ وہ سنہ ۱۹۱۶ء تک کل اراضی پر قابض رہے اور بندوبست کے وقت اس رقبہ میں جو ان کے قبضہ میں تھا تخفیف کر کے وہ ۲ بیگہ ۲ بسوے اور ۱۳ بسوانسی قرار دیا گیا تھا۔ سنہ ۱۹۱۶ء میں دریابرد ہونے کی وجہ سے رقبہ میں مزید کمی واقع ہوئی تھی اور سنہ ۱۹۲۰ء میں کامل رقبہ دریابرد ہو گیا تھا۔ نالش ہذا دفعہ ۶۸ قانون انتقال جائداد کے تحت رجوع کی گئی تھی جس میں مدعی علیہم سے یہ استدعا کی گئی تھی کہ وہ اس اراضی کی بابت جو دریابرد ہوئی تھی مدعیوں کو ساوی کفالت دیں یا مبلغ سماعہ معہ مبلغ ہذا بابت ہرجہ اور مبلغ بابت سرکاری مالگزاری اور سود جو سنہ ۱۹۱۸ء سے مدعی علیہم کے لئے مدعیوں کی جانب سے ادا کیا جانا بیان کیا گیا تھا ادا کریں۔ مدعی علیہم نے کئی وجوہ سے دعوی کی مخالفت کی۔ انھوں نے اس امر سے انکار کیا کہ دستاویز سے کوئی رہن پیدا ہوا تھا کیونکہ وہ اسٹامپ شدہ یا رجسٹری شدہ نہ تھی اور نہ اس کی تصدیق کی گئی تھی۔ انھوں نے مزید یہ کہا کہ دفعہ ۶۸ قانون انتقال جائداد متعلق نہ تھی کیونکہ رہن اگر کوئی تھا قانون مذکور کے نفاذ کے عرصہ قبل تکمیل کیا گیا تھا لیکن دو اصل وجوہ جنکی بنا پر نالش کی مخالفت کی گئی تھی وہ یہ تھیں کہ مصالحت کی شرائط کے بموجب مدعیوں کو صرف یہ چارہ کار حاصل تھا کہ وہ ڈگری کی تعمیل کرائے اور اگر انھوں نے ڈگری کی تعمیل کی کوشش کی تو درخواست خارج المیعاد ہوگی۔ کیونکہ ان کی بنا دعوی سنہ ۱۹۱۶ء میں پیدا ہوئی تھی اور نالش ہذا سنہ ۱۹۲۱ء میں رجوع کی گئی تھی۔ علاوہ بریں اگر تعمیلی کارروائیات آغاز کی جائیں تو سرکاری مالگزاری اور سود کی بابت رقومات اضافہ نہ کی جا سکتی تھیں۔ دوسری اصل وجہ یہ ہے کہ فریقین کے مابین کوئی معاہدہ نہ ہوا تھا جس کی بنا پر مدعیان سرکاری مالگزاری وصول کر سکتے تھے۔ عدالت ابتدائی نے ایک نہایت مختصر فیصلہ میں

رام سیوک رائے بنام شیو ناتھ رائے (الہ آباد)

صفحہ ۹۴۴

رام سیوک رائے بنام بابو [illegible] (الہ آباد)

دعوی ڈگری کیا تھا اور عدالت ماتحت مرافعہ نے وہ ڈگری برقرار رکھی تھی۔ مدعا علیہم نے یہاں مرافعہ ثانی پیش کیا ہے اور ان عذرات کا اعادہ کیا ہے جو عدالت ماتحت میں پیش کئے گئے تھے۔ ہماری رائے میں وہ کوئی اہمیت نہیں رکھتے کل بحث جو ۱۸۹۶ء کی دستاویز رہن نامہ انتفاع شدہ اور رجسٹری شدہ وغیرہ نہ ہونے کے متعلق کیگئی ہے ان اصول کے حدود سے خارج ہے جو بمقدمہ عابد حسین بنام احمد حسین (۱) میں جن کو بکمال عالیہ پریوی کونسل نے مرافعہ پر برقرار رکھا اور جن میں حضرت المرتبا بیگم بنام محمد اشفاق حسین (۲) [illegible] کئے گئے تھے۔ اگر یہ فرض کیا جائے کہ مناسب ضوابطکی تعمیل نہیں کیگئی تھی تو ۱۹۰۱ء میں کسی ایسے رہن پر احتجاج کرنا بنا بریں بعد از وقت ہے جو ۱۸۹۶ء سے ۵ سال تک نافذ رہا تھا۔ اس بحث کے متعلق کہ دفعہ ۵۹ قانون انتقال جائداد ان معاملات رہن سے متعلق نہیں ہے جو قانون انتقال جائداد کے قبل تکمیل کئے گئے ہوں یہ کہنا کافی ہے کہ اگر وہ متعلق نہ ہو تو بھی دفعہ ۵ ایکٹ رجسٹری اس سے متعلق ہے وہ معاملہ پر فریقین سے متعلق ہے۔ سرکاری مالگذاری کے متعلق جو تصفیہ عدالتہائے ماتحت نے کیا ہے اور جو تجویز ہم نے مرافعہ ثانی میں کی ہے کہ ۱۸۹۶ء میں خود رہن نامہ میں مدعا علیہم نے تصفیہ کیا ہے اور درخواست کی گئی جس میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ وہ اس اراضی کی مالگذاری کی ادائی کے قابل نہ تھے اور اس لئے مالگذاری مدعیوں سے وصول کی گئی تھی۔ اس بحث کے متعلق کہ ابتدا میں سرکاری مالگذاری کی ادائی کے متعلق کوئی معاہدہ نہیں کیا گیا تھا ہم خیال کرتے ہیں کہ یہ صحیح نہیں ہے۔ رہن انتفاعی کے ہر معاہدہ میں یہ ضمن قبضہ کے متعلق کم از کم ایک ضمنی معاہدہ ہوتا ہے اور اس میں سرکاری مالگذاری ادا کرنیکا ایک معاہدہ شامل ہے۔ اگر مدعیان سرکاری مالگذاری ادا نہ کرتے تو وہ اراضی سے بیدخل کئے جاتے۔ دوسری بحث جس پر غور کرنا ضروری ہے وہ صرف یہ ہے کہ مدعیان کو صیغہ تعمیل ڈگری چارہ کار حاصل تھا۔ اس کا معمولی جواب یہ ہوگا کہ فریقین نے یہ کبھی خیال نہ کیا تھا کہ اراضی دریا برد ہو کر کل تلف ہو جائیگی۔ اگر اراضی اسی طرح قائم رہتی اور اگر بیدخلی مدعا علیہم کی جانب سے کی جاتی تو یہ بحث کچھ اہمیت رکھ سکتی تھی لیکن جس طرح کہ واقعات تجویز کئے گئے ہیں ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ مدعیوں کو ایک نالش کے ذریعہ سے مناسب چارہ کار حاصل تھا اور یہ کہ نالش صحیح طور پر منفصل کی گئی ہے۔ اس لئے ہم مرافعہ ہذا معہ خرچہ بشمول رسوم عدالت ہذا بشرح اعلیٰ خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ مدراس

### درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۸۰۲ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۸ فروری ۱۹۲۳ء

باجلاس جسٹس کرشنن۔

بولا ماتی [illegible] وغیرہ بنام نلابا پڈ وغیرہ

سائلان۔ مسئول علیہم۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۳۳ رول ۵ (ڈی) ۔ درخواست مفلسی ۔ بنائے دعوی ۔ خارجی شہادت کا قابل ادخال شہادت ہونا۔

کسی درخواست میں جو بحیثیت مفلس نالش رجوع کرنیکی اجازت کیلئے پیش کی جائے یہ دریافت کرنے کیلئے کہ آیا عرضی دعویٰ تحت آرڈر ۳۳ رول ۵ مجموعہ ضابطہ دیوانی کوئی بنائے دعوی ظاہر ہوتی ہے عدالت بیانات مندرجہ عرضی دعوی کے خلاف عمل کرنے اور

(۱) انڈین لا رپورٹس الہ آباد جلد ۱۰ صفحہ ۴۴۵ (۲) انڈین کیسز جلد ۳ صفحہ ۶۴۵۔

(۱۰۶)

خارجی شہادت پر تجویز کرنیکی مجاز نہیں ہے کہ آیا اس امر کا
احتمال ہے کہ مدعی بمقدمہ بنائے دعوی پر کامیاب ہوگا۔ گوبندا
سوامی بنام سیٹی پرانی ... انڈین کیسز جلد ۷۴ صفحہ ۹۵۹
کی تقلید کی گئی۔

درخواست تحت دفعہ ۱۱۵ ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء بابت حکم مورخہ ... عدالت ڈسٹرکٹ منصف صاحب ... جس میں مدعی ... کی نگرانی کی استدعا کی گئی تھی جس کی رو سے مقدمہ ابتدائی نمبر ۵ بابتہ ... درخواست ... آرڈر ۳۳ رول ۲ (مجموعہ ضابطہ دیوانی) خارج کر دی گئی تھی۔

منجانب سائلان۔ مسٹر ... ۔

منجانب مسئول علیہم۔ ... پی۔ ... ۔

فیصلہ۔ ڈسٹرکٹ منصف کا حکم صاف طور پر نظیر مقدمہ گوبندا سوامی پلے بنام سیٹی پرانی گوبند پا کونڈر (۱) کے خلاف ہے۔ ڈسٹرکٹ منصف نے یہ تجویز کی ہے کہ سائلان مفلس ہیں لیکن عرضی دعوے سے ... کیا ہے اور یہ قرار دینے کے لئے کہ سائلوں کو کوئی بنائے دعوی حاصل نہیں ہے شہادت پر استدلال کیا ہے۔ عرضی دعوی سے بنائے دعوی یقینا ظاہر ہوتی ہے اور عدالت اسکے خلاف عمل کرنے اور ایک تجویز صادر کرنیکی مجاز نہ تھی جو دراصل یہ تجویز ہے کہ بنائے دعوی معینہ پر اس امر کا احتمال نہیں ہے کہ سائلان کامیاب ہونگے۔ درخواست نگرانی دیوانی منظور کیجاتی ہے اور عدالت تحت کا حکم منسوخ کیا جاتا ہے اور سائلوں کو بصیغہ مفلسی نالش رجوع کرنیکی اجازت دیجاتی ہے۔ خرچہ نالش کے نتیجہ پر منحصر ہوگا۔　درخواست منظور کی گئی۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۶۵۹ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۱۸ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر ڈینیلز۔

گہیسا۔ مدعی علیہ۔ مرافع بنام دیونارائن مدعی۔ مرافعہ علیہ۔

گہیسا
بنام
دیونارائن
(الہ آباد)

قانون مزارعان آگرہ ایکٹ ۲ بابتہ سنہ ۱۹۰۱ء دفعہ ۹۵ و ۱۶۷۔ نالش جو اس استقرار کیلئے رجوع کی گئی ہو کہ مدعی علیہ مدعی کا آسامی شکمی ہے۔ عدالتہائے دیوانی کا اختیار سماعت۔

نالش جو اس استقرار کیلئے رجوع کیجائے کہ مدعی علیہ مدعی کا آسامی شکمی ہے ایسی نالش ہے جو تحت دفعہ ۹۵ قانون مزارعان آگرہ آتی ہے اور عدالت دیوانی کو اس کی سماعت کا اختیار نہیں ہے۔ جگرناتھ بنام جوہر سنگھ انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۷۶۳ و کنہی رام بنام درگا پرشاد انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۱۳۹ تمیز کیا گیا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج درجہ اول علی گڈھ مورخہ ۲۸ جون سنہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافع۔ مسٹر بی کے۔ بکرجی و ... سی۔ ... ۔

منجانب مرافعہ علیہ۔ ڈاکٹر ایس۔ این۔ سین۔

فیصلہ۔ یہ مرافعہ درحقیقت ایک نالش سے پیدا ہوا ہے جو منصف کی عدالت میں ایک استقرار کیلئے رجوع کی گئی تھی۔ مدعی مرافعہ علیہ دیونارائن نے اپنی عرضی دعوے کے ساتھ دو فہرستیں فہرست الف و فہرست ب پیش کی تھیں۔ قطعات مندرجہ فہرست الف کے متعلق اس نے یہ بیان کیا کہ وہ اور چند دیگر مدعی علیہم ترتیبی ان قطعات کے بلا شرکت غیرے آسامیان خیلکار اور ان پر قابض تھے اور اس نے اس استقرار کی استدعا کی کہ مدعی علیہ گہیسا جس نے جواب دہی کی ہے اور عدالت ہذا میں مرافع کی حیثیت رکھتا ہے قطعات مذکور سے کوئی تعلق نہ رکھتا تھا یا

(۱) انڈین کیسز جلد ۷۴ صفحہ ۹۵۹۔

گھیسو ا بنام پھولنا مائیں (الہ آباد)

اس کو ان میں کوئی حق حاصل نہ تھا۔ قطعات مندرجہ فہرست ب کے متعلق جن پر گھیسو اسلامہ لو ریر قابض تھا اس نے اس استقرار کی استدعا کی کہ گھیسو ا اس کا اسامی خیلکاری تھا۔

عدالت ابتدائی نے دعویٰ خارج کر دیا کیونکہ عدالت دیوانی کے قابل سماعت نہ تھا۔ قطعات مندرجہ فہرست ب کے متعلق فاضل ڈسٹرکٹ جج نے عدالت ابتدائی کے ساتھ اتفاق کیا۔ دیگر قطعات کے متعلق انہوں نے یہ قرار دیا دعویٰ خارج المیعاد نہ تھا اور ... یہ قرار دیا کہ مدعی ان قطعات کا اسامی دخیلکار تھا اور مدعی علیہ آسامی دخیلکار نہ تھا۔ اس لئے صرف فہرست الف کے قطعات کے متعلق دعویٰ ڈگری کیا ... فہرست الف کے قطعات کے متعلق مرافعہ لیا ہے ... ب کے قطعات کے متعلق ... پیش کیا ہے ... کے لائق کونسل نے تین اعتراضات پیش کئے ہیں:-

اولاً وہ یہ کہتے ہیں کہ نالش ... کی بقیہ ... متعلق ہے جو دفعہ ۲۰۲ قانون مالگذاری کی رو سے خارج المیعاد ہے۔ یہ اعتراض ... کے لیے ... دعویٰ سے ظاہر ہوتا ہے وہ تو مختلف "محال" میں ... ہیں جن پر مختلف اقسام کے مالکوں کا قبضہ ہے۔

دوسرا عذر یہ ہے جیسا کہ کونسل نے بتلایا ہے کہ عدالت نالش کو تقسیم کرنے یعنی یہ قرار دینے کی مجاز نہ تھی کہ وہ جزو نالش متنازعہ کی بابتہ عدالت دیوانی کی سماعت کے قابل تھی اور بقیہ کی بابتہ قابل سماعت نہ تھی۔ چونکہ دو ادسیاں جو علی الترتیب فہرست الف اور فہرست ب کے قطعات کے متعلق چاہی گئی ہیں صفحہ ۹۴۸ بالکل مختلف ہیں کوئی وجہ موجود نہیں ہے کہ عدالت کو یہ کیوں قرار نہ دینا چاہیئے کہ نالش کا ایک جزو عدالت دیوانی کی سماعت کے قابل تھا اور دوسرا جزو قابل سماعت نہ تھا۔

تیسرا عذر یہی ڈسٹرکٹ جج کے فیصلہ کے ایک جملہ پر مبنی ہے ڈسٹرکٹ جج نے یہ قرار دیا کہ کل دستاویزی شہادت مدعی کے موافق تھی اور یہ کہ بجز فہرست ب کے قطعات کے مدعی علیہ گھیسو اکسی حیثیت سے بھی قابض ہونا ظاہر نہیں کیا گیا ہے لیکن وہ نہیں سمجھتے کہ چونکہ مدعی علیہ بظاہر ... سے اصلی قطعہ کے تقریباً ½ یا ¼ حصہ کے متعلق عملاً ایک آسامی خیلکار کی حیثیت ... یہ کیوں فرض کیا جائے کہ وہ کل ... حصہ کی حد تک ایک حصہ دار ہے" لائق کونسل یہ چاہتے ہیں کہ میں اس کی تعبیر ... تجویز کے کروں کہ مرافع فہرست الف کے جزو قطعات کے متعلق عملاً ایک آسامی دخیلکار کی حیثیت رکھتا تھا۔ اس جملہ کو اس کی سیاق عبارت کے ساتھ پڑھنے کے بعد مفہوم صاف ظاہر ہوتا ہے۔ جو فہرست ب کے قطعات کی نسبت ہے۔ ... جج نے مدعی علیہ کا قابض ہونا تجویز کیا ہے اور ... فہرست الف کے قطعات کا ایسا رقبہ بتلاتے جو ½ ... ہے۔ اس لئے ان عذرات میں سے جو مرافعہ کی تائید میں پیش کئے گئے تھے کوئی ... نہیں رکھتا۔

عذر ... اس امر کے متعلق ہے کہ نالش کسی پٹہ دخیلکاری کے ... دعویداروں کے مابین ہے جو عدالت ہذا کی نظائر مقدمہ جگرناتھ بنام اجودھیا سنگھ (۱) و کنہی رام بنام درگا ... (۲) کی بنا پر عدالت دیوانی کی سماعت کے قابل ہے۔ ان نالشات میں سے کوئی بھی مقدمہ موجودہ کے مماثل نہیں ہے۔ پہلی نالش اس استقرار کے لئے تھی کہ مدعیان اسامیان دخیلکار تھے اور

(۱) انڈین کیسیز جلد ۳۴ صفحہ ۳۴۴ (۲) انڈین کیسیز جلد ۲۰ صفحہ ۹۱۴۔

یہ کہ مدعی علیہم داخلت بیجا کنندگان تھے۔ دوسری نالش اس استقرار کے لئے تھی کہ مدعی کسی بٹیہ کا اسامی دخیلکار تھا جس سے عدالت ماتحت نے اس کو بحیثیت ایک اسامی شکمی کے بیدخل کیا تھا اور بشرط ضرورت قبضہ کے لئے تھی۔ میں یہ ظاہر کر سکتا ہوں کہ اس موخر الذکر مقدمہ کی نسبت فیصلہ بالمقابل مقدمہ المجیت بنام ہیبت (۴۳) کے ذریعہ سے شک ظاہر کیا گیا ہے جس میں یہ تبلایا گیا تھا کہ فیصلہ میں احکام دفعہ ۱۶۷ قانون مزارعان کا حوالہ نہیں دیا گیا تھا کہ قطع نظر الفاظ کے اصل قانون پر غور کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ فہرست ب کے قطعات کے متعلق نالش بالکل ایک ایسی نوعیت کی نالش ہے جس کا ذکر دفعہ ۷ قانون مزارعان میں کیا گیا ہے کیونکہ وہ صرف اس استقرار کی نالش ہے کہ ان قطعات کی نسبت مدعی علیہ مدعی کا اسامی شکمی ہے۔ بحث کی گئی ہے کہ لفظ زمیندار مندرجہ دفعہ مذکور کا ایک محدود مفہوم لیا جانا چاہیئے لیکن زمیندار کی تعریف فقرہ (۵) دفعہ ۳ قانون مذکور میں بطور ایسے شخص کے کی گئی ہے جس کو لگان الجبا ہو اور کسی اسامی شکمی کے متعلق زمیندار اسامی دخیلکار ہے جس کے ذریعہ سے وہ قابض ہوتا ہے۔ یہی خیال مسٹر اگروالا نے قانون مزارعان کی نسبت اپنی شرح طبع ہفتم کے صفحہ ۳۰ پر قائم کیا ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ مرافعہ اور عذر عکسی دونوں ناکام رہتے ہیں اور دونوں بذریعہ ہذا معہ خرچہ بشمول رسوم عدالتہائے اعلیٰ خارج کئے جاتے ہیں۔ مرافعہ و عذر عکسی خارج کئے گئے۔

## ہائیکورٹ مدراس

مرافعہ بنارضی حکم

نمبر مقدمہ ۳۵۹ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۳ مارچ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس اولڈفیلڈ و مسٹر جسٹس وینکٹا سباراؤ۔

سیتا نارائنا بنام نرسما (مدراس)

سری راما بوما دیپا ساستیا بنام سری مدابھوپا ملیوانا وینکٹا نارائنا درا پرا سا فار او بہادر تلکشمی نرسمہا پاعند مینا رگاری زمیندار کارویسال مرافع مدعی علیہ مرافعہ علیہ۔

قانون اولیا و نابالغان ایکٹ بابتہ سنہ ۱۸۹۰ء دفعہ ۲۵ — نابالغ کی حفاظت — باپ اور ماں کے حقوق۔ انتظام جسکے ذریعہ سے بچہ کی حفاظت منتقل کی گئی ہو آیا قابل انفساخ ہے۔ صفحہ ۹۴۹

باپ ماں کے مقابلہ میں اپنے بچہ کی حفاظت کا مستوجب ہے اگرچہ کہ وہ صرف چار سال کا ہو اور اس امر کا احتمال ہو کہ ماں اسکی بہتر نگرانی کرے گی بجز اسکے کہ یہ ظاہر کیا جائے کہ وہ بچہ کی حفاظت کے ناقابل ہے۔ جب باپ کے خلاف کوئی امر ثابت نہ کیا گیا ہو بجز اسکے کہ زمانہ ماضیہ میں اسکے اور ماں کے مابین عداوت تھی اور وہ مقدمہ بازی میں مصروف تھے باپ بچہ کی حفاظت کے حق سے محروم نہ کیا جانا چاہیئے۔

کوئی انتظام جسکے ذریعہ سے باپ ماں کو بچہ کی حفاظت سپرد کرے ناقابل انفساخ نہیں ہے۔

مسز انی بیسنٹ بنام نارائنیا۔ انڈین کیسیز جلد ۲۴ صفحہ ۲۹۰ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ بنارضی حکم مصدرہ ڈسٹرکٹ کورٹ ... مقام ... مورخہ ۲۲ ستمبر ۱۹۲۲ء بر درخواست ... نمبر ۹۶ بابتہ ۱۹۲۲ء

منجانب مرافع۔ مسٹر ... ٹی آر ... اے۔ کرشنا سوامی آئر ... راما راؤ۔

منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر ... راماداس و ... کرشنا موہن۔

فیصلہ۔ یہ مرافعہ ڈسٹرکٹ جج کسٹنا کے حکم کی ناراضی سے کیا گیا ہے جس کی رو سے وہ درخواست نامنظور کی گئی تھی جو

مینکشاوانیا بنام نرسما (مدراس)

زمینداری ڈیوٹی ویلوس کی جانب سے تحت قانون اولیاء و نابالغان پیش کی گئی تھی۔ یہ ظاہر نہیں ہے کہ سائل قانون کے کس خاص حکم کے تحت کارروائی کرنا چاہتا تھا اور نہ یہ ظاہر ہے کہ ڈسٹرکٹ جج نے یہ کیوں کہا تھا کہ سائل نے دفعہ ۷ قانون مذکور کے تحت کارروائی کی تھی۔ پہلی استدعا مندرجہ درخواست یہ ہے کہ سائل یا کسی دوسرے موزوں اور مناسب شخص کو نابالغ کا ولی مقرر کیا جائے اور دوسری استدعا جو اس وقت اہم ہے وہ یہ ہے کہ نابالغ مدعا علیہا کی حفاظت سے علیحدہ کیا جائے اور ایک ولی کی حفاظت میں رکھا جائے جو مقرر کیا جائے۔ یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اشخاص متعلقہ نے اس امر کو محسوس کیا تھا کہ دادا [illegible] جس کی کوئی بابت مناسب طور پر استدعا کر سکتا ہے [illegible] یا دفعہ ۲۵ کے تحت ہے اور دفعہ ۱۹ کے تحت نہیں ہے۔ دفعہ ہمارے روبرو پیش کی گئی ہے۔ پہلی دو دفعات ایک ولی کے تقرر یا استقرار سے متعلق ہیں لیکن موخر الذکر دفعہ صرف باپ کے دیگر اشخاص سے متعلق ہے جو صرف اس صورت میں [illegible] کر سکتے ہیں جب کہ عدالت یہ ظاہر کرے کہ باپ ولایت کے ناقابل ہے۔ اس لئے ہم درخواست [illegible] دوسری استدعا محولہ بالا اور دفعہ ۲۵ قانون مذکور کے لحاظ سے غور کرتے ہیں۔ بلا تامل کہا جا سکتا ہے کہ ہم درخواست عدالت تحت میں پیش کرنا چاہتے ہیں۔ اور اس [illegible] سائل کے لئے اس امر پر غور کرنا مناسب ہوگا کہ آیا اس کی استدعا [illegible] بیانات کی کسی طرح ترمیم ضروری ہے۔

عدالت تحت کے فیصلہ پر بحث کرتے ہوئے ہمیں افسوس ہے کہ ہم یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ اس نے صحیح طور پر کیس وجہ درخواست نامنظور کی تھی۔ اولاً سائل اور اس کی زوجہ کے تعلقات کا ذکر کیا گیا ہے جس کی حفاظت میں نابالغ فی الحال موجود ہے اور اس امر کا ذکر کیا گیا ہے کہ کسی صلحنامہ دستاویز الف کے تحت سائل نے مسئول علیہا کی جانب سے نابالغ کی حفاظت کئے جانے کو تسلیم کیا تھا۔ اس امر کے متعلق یہاں مسئول علیہا کی جانب سے بلا شبہ یہ کچھ کہا گیا ہے جو خیال ہے کہ انتظام قابل انفساخ نہ تھا۔ اس کا کافی جواب مجوزہ پریوی کونسل کمیٹی کی تجویز مقدمہ مسز انی بیسنٹ بنام نارائن ایا (۱) سے ملتا ہے کہ کوئی اختیار جو کسی قدرتی ولی نے کسی دوسرے شخص کے تفویض کیا ہو ایک استثنیٰ کے تابع قابل انفساخ ہوگا جس پر عدالت تحت نے غور نہیں کیا ہے اور جس کی نسبت یہ قرار دینا [illegible] ہے کہ وہ مقدمہ موجودہ سے متعلق نہیں ہے [illegible] امر کی نسبت تجویز نہیں کی ہے [illegible] پریوی کونسل میں کوئی ایسا امر موجود نہیں ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ سائل کی جانب سے نابالغ کو مسئول علیہا کی حفاظت میں دینا قابل انفساخ نہیں تھا۔ ظاہر کیا گیا ہے [illegible] امر تسلیم ہے کہ دستاویز الف [illegible] میں درج کی گئی ہے۔ لیکن [illegible] سے دیکھا جا [illegible] اور [illegible] ظاہر نہیں کیا گیا ہے کہ دستاویز الف [illegible] جواب اہم ہے کسی ڈگری کی طرح کیا گیا تھا۔ دستاویز الف [illegible] جو ایک تقسیم کی نالش میں پیش کی گئی تھی جو زیر تصفیہ تھی اور یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ وہ ولایت کی درخواست میں جو زیر تصفیہ تھی کسی حکم کی بنا [illegible] تصور کی گئی تھی یا درحقیقت تصور کی جا سکتی تھی۔ اس کے بعد فاضل جج حسب ذیل بیان کرتے ہیں کہ صرف ایک امر جو دفعہ ۷ قانون مذکور کے تحت غور طلب ہے وہ نابالغ کی

(۲۸۶)

بہبودی" اور اس کے بعد وہ یہ کہتے ہیں کہ وہ چند فوٹو پر
استدلال نہیں کرتے جن پر درحقیقت یہاں ہمارے روبرو بحث
نہیں کیا گیا ہے۔ اسکے بعد وہ ایک بیان کا ذکر کرتے ہیں
جو سائل کے ایک حلفنامہ میں درج تھا جو دیگر کاغذات
میں پیش کیا گیا تھا کہ جب تک کہ اس کی زوجہ اس سے علیحدہ
رہنا پسند کرے وہ جس طرح چاہے عمل کریگا۔ ہمیں اس کا
مفہوم واضح نہیں معلوم ہوتا یا یہ نہیں معلوم ہوتا کہ اس سے
اس کی زیادہ مراد ہے کہ وہ کسی دوسری زوجہ کے ساتھ
ازدواج کر سکتا ہے یہ کہ وہ کسی ایسے طریقہ سے عمل کریگا
جس کی بنا پر وہ اپنے بچہ کی حفاظت کے ناقابل ہوگا۔
اسکے بعد یہ بیان کیا گیا ہے کہ سائل کثیرہ شہادت پیش کرنے
ہونے سے قاصر رہا تھا۔ ہمیں یہ قیاس کرنا چاہیئے کہ اس کو
کثیرہ شہادت میں داخل ہونیکا موقع حاصل تھا اور یہ کہ مسئول
علیہا کے وکیل نے اس پر جرح کرنیکی خواہش ظاہر کی تھی لیکن
کہ اس نے جرح کے لئے اپنے آپ کو پیش نہیں کیا تھا اگرچہ کہنا
مناسب ہے کہ اس سے یہاں سائل کی جانب سے انکار کیا گیا
ہے۔ لیکن اس سے سائل کے بیان کی بہت کم تائید ہوتی ہے۔
اسکے بعد یہ تجویز موجود ہے کہ مسئول علیہا کے چال چلن کے خلاف
کوئی شہادت موجود نہیں ہے۔ بالآخر یہ صریح اور قابل
قبول وجہ موجود ہے جس کا ذکر عدالت تحت کے حکم میں کیا
گیا ہے کہ نابالغ کی عمر تقریباً چار سال ہے اور یہ امر موجود ہے
کہ فی الحال اس کی ماں کی جانب سے اس کی مناسب
خبرگیری کی جا سکتی ہے۔ لیکن ہم نہیں خیال کرتے کہ یہ بچہ کو
اسکے باپ کی حفاظت میں دینے سے ڈسٹرکٹ جج کے انکار کو
جائز کرنے کے لئے کافی ہے۔ یہ مقدمہ بلاشبہ اسکے خاص حالات

کے لحاظ سے کامیاب یا ناکام رہنا چاہیئے لیکن جب باپ
سائل کے خلاف کوئی امر ثابت نہ کیا گیا ہو بجز اس کے کہ انہیں
اور مسئول علیہا میں زمانہ سابق میں عداوت تھی اور وہ مقدمہ
بازی میں مصروف تھے ہماری رائے میں وہ کافی نہیں ہے۔
لیکن عدالت تحت نے اس کے خلاف خیال کیا تھا اور ہم سے
بیان کیا گیا ہے کہ جو مضمون بعد میں آیا ہے مکلوم ہے کہ مسئول علیہا نے اس کی بنا پر
اپنے ان بیانات کی تائید میں ... کی حفاظت کے نااہل
تھا کوئی شہادت پیش نہیں کی تھی۔ ان حالات میں ہم یہ
مناسب خیال کرتے ہیں کہ عدالت تحت کا حکم منسوخ کیا جائے
اور درخواست ابتدائی کے ادعائے صدر کے مدنظر مسئول علیہا کو
کوئی ایسی شہادت کے پیش کرنیکا موقع دینے کے بعد جو وہ اپنے
بیانات کی تائید میں پیش کرنا چاہے اور بلاشبہ سائل کو اسی قسم کا
موقع دینے کے بعد مکرر سماعت کے لئے واپس کی جائے۔
عدالت ہذا اور عدالت تحت کا آج کی تاریخ تک کا خرچہ
نتیجہ پر موقوف ہوگا اور اس کی صراحت اس حکم میں کی جائیگی
جو صادر کیا جائیگا۔ حکم منسوخ کیا گیا۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۴ باتبہ سنہ ۱۹۲۲ء فیصلہ ۱۴ مئی سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس لنڈسے و مسٹر جسٹس کنہیا لال

محمد فتحیاب اللہ۔ ڈگری دار بنام بانکے لال۔ ڈگری دار مرافعہ علیہ

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ باتبہ سنہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۳۴ رول ۴
۱۰۔ نالش رہن۔ ابتدائی ڈگری۔ مرافعہ کا خرچہ اضافہ کر کے
وصول کیا جا سکتا ہے۔ عملدرآمد۔

کسی مرافعہ میں جو کسی نالش رہن کی ابتدائی ڈگری کی بنا پر کیا گیا ہے

سیتا نارائن بنام نرا سما (مدراس)

پیش کیا جائے عدالت مرافعہ یہ ہدایت کرنے کی مجاز نہیں ہے کہ خرچہ جو ناکامیاب مرافع کے خلاف عائد کیا گیا ہو اس کی ذات سے وصول کیا جائے۔ اگر ایسی کوئی صریح ہدایت موجود ہو تو خرچہ جو آرڈر ۳۴ رول ۱۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے منظور کیا جائے زرِ رہن میں اضافہ لیا جاتا ہے اور ابتدائی ڈگری قطعی قرار دئے جانے کے بعد جائداد مرہونہ سے قابل بازیافت ہے۔ ڈومبر سنگھ بنام کلیان سنگھ۔ انڈین کیسیز جلد ۷۸ صفحہ ۵۵ و صادق حسین خان بنام امت الفاطمہ بیگم۔ انڈین کیسیز جلد ۸۸ صفحہ ۴۲۹ کی تقلید کی گئی۔ امینہ بی بی بنام راما شنکر مسر۔ انڈین کیسیز جلد ۵ صفحہ ۳۰۷ غیر کیا گیا۔

مرافعہ اول تعمیلی بنا راضی ڈگری معدرہ سبارڈینیٹ جج الہ آباد مورخہ ۳ مارچ ۱۹۲۲ء۔

منجانب مرافع۔ ڈاکٹر کے این کیجو و مسٹر ایم این ملاؤیتا۔

منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر پی ایل۔ بنرجی۔

فیصلہ۔ مرافعہ ہذا ایک درخواست سے پیدا ہوا ہے جو ڈگریدار مرافعہ علیہ نے کچھ خرچہ کی بازیافت کے لئے پیش کی تھی جو اس کو عدالت ہذا کی ایک ڈگری مرافعہ کے ذریعہ سے مدیونان ڈگری کی ذات سے دلایا گیا تھا معلوم ہوتا ہے کہ ڈگریدار نے موجودہ مدیونان ڈگری اور دیگر اشخاص کے خلاف کچھ جائداد کے نیلام کے لئے ایک ابتدائی ڈگری حاصل کی تھی جس میں یہ صراحت کی گئی تھی کہ زرِ ڈگری بشمول اس خرچہ کے جو عدالت ابتدائی نے دلایا تھا ادا نہ کئے جانے کی صورت میں جائداد مرہونہ نیلام کیجائیگی۔ ڈگری مذکور کی نارضی سے ابتدائی راہن کے چند ورثاء نے عدالت ہذا میں مرافعہ کیا تھا۔ ان کا مرافعہ ناکام رہا تھا اور خارج کیا گیا تھا بجز اس حد تک کہ رقم کی ادائی کی مدت میں توسیع کی گئی تھی۔ اور ڈگریدار مرافعہ علیہ کو ان کے خلاف اس کا خرچہ عطا کیا گیا تھا۔ ترمیم ذکور الصدر کے ساتھ مرافعہ کے اخراج کا اثر یہ ہوا کہ عدالت ابتدائی کی ڈگری جس طرح کہ ترمیم کی گئی تھی عدالت ہذا کی ڈگری میں ضم ہو گئی اور تاوقتیکہ وہ قطعی نہ قرار دیجاتی وہ جائداد مرہونہ کے خلاف تعمیل نہ کرائی جا سکتی تھی۔ ڈگریدار نے موجودہ کارروائیات میں اس خرچہ کی بازیافت کی کوشش کی تھی جو اس کو عدالت مرافعہ کی ڈگری کے ذریعہ سے عطا کیا گیا تھا لیکن آرڈر ۳۴ رول ۱۰ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں یہ صراحت ہے کہ اس رقم کا قطعی تصفیہ کرتے وقت جو بیعیات یا نیلام یا انفکاک کی صورت میں کسی مرتہن کو ادا شدنی ہو عدالت بجز اسکے کہ مرتہن کا عمل ایسا ہو کہ وہ خرچہ کا مستحق نہ ہو زرِ رہن میں نالش کا ایسا خرچہ اضافہ کریگی جو بیعیات یا نیلام یا انفکاک کی ڈگری سے حقیقی ادائی تک اس پر مناسب طور پر عائد ہوا ہو عدالت مرافعہ یہ ہدایت کرنے کی مجاز ہے کہ ایسا خرچہ جو وہ ناکامیاب مرافع کے خلاف عطا کر سکے اس کی ذات سے وصول کیا جا سکتا ہے لیکن اگر ایسی کوئی صریح ہدایت موجود نہ ہو تو خرچہ جس کی معمولی عملدرآمد کے بموجب آرڈر ۳۴ رول ۱۰ و ۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے اجازت ہے زرِ رہن میں اضافہ کیا جاتا ہے اور ابتدائی ڈگری قطعی قرار دئے جانے کے بعد جائداد مرہونہ سے قابل بازیافت ہے۔ وہ خیال مقدمہ ڈومبر سنگھ بنام کلیان سنگھ (۱)، و صادق حسین خان بنام امت الفاطمہ بیگم (۲)، میں تسلیم کیا گیا ہے۔ عدالت ہذا کے فیصلہ بمقدمہ امینہ بی بی بنام راما شنکر مسر (۳)، پر استدلال کیا گیا

(۱) انڈین کیسیز جلد ۷۸ صفحہ ۵۵ (۲) انڈین کیسیز جلد ۸۸ صفحہ ۴۲۹ —
(۳) انڈین کیسیز جلد ۵ صفحہ ۳۰۷ —

لیکن مقدمہ مذکور میں ڈگری جس کی تعمیل مقصود تھی ایک رہن کی نالش کی قطعی ڈگری تھی جس میں راہن کی جانب سے ادائی کے لئے اس کی تاریخ سے اور چھ مہینے کے لئے توسیع مدت کی صراحت تھی اور مرتہن کو یہ ہدایت کی گئی تھی کہ وہ مرافعہ علیہم کو کچھ رقم ادا کرے۔ لیکن قطعی ڈگری نیلام کی ابتدائی ڈگری سے مختلف حیثیت رکھتی ہے۔ ابتدائی ڈگری کی نسبت یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس میں اس رقم کی بابت جو رہن پر واجب الادا ہوگی بشمول نالش کے خرچہ کے اس طریقہ سے جس کی صراحت آرڈر ۳۴ رول ۲ و ۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں کی گئی ہے حسابات لینے کی ہدایت کی جاتی ہے۔ قطعی ڈگری سے حساب کا نتیجہ ظاہر کرنا مقصود ہوتا ہے جس طرح کہ وہ ڈگری مذکور کی تاریخ پر موجود ہوگا جس سے وہ رقم ظاہر ہوتی ہے جو رہن پر واجب الادا ہوتی اور وہ خرچہ ظاہر ہوتا ہے جو بائداد مرہونہ سے وصول کیا جا سکتا ہو اور اگر اس قطعی ڈگری میں کسی خاص فریق کی جانب سے دوسرے فریق کو خرچہ کی ادائی کے متعلق کوئی علٰحدہ ہدایت موجود ہو تو حالت بالکل مختلف ہو جاتی ہے۔ اس خاص مقدمہ میں خرچہ زیر بحث ایک ناکام مرافع کا خرچہ تھا جو منجملہ چند راہنوں کے صرف ایک راہن کی جانب سے ہائیکورٹ میں دائر کیا گیا تھا۔ مقدمہ موجودہ میں کوئی قطعی ڈگری ہنوز تیار نہیں کی گئی ہے۔ ابتدائی ڈگری میں کسی خاص مدت کے اندر محض حسابات لینے اور کچھ رقم بشمول خرچہ کی ادائی کرنیکی ہدایت تھی۔ اور یہ شرط عائد کی گئی تھی کہ رقم مذکور اس طرح ادا نہ کی جائے تو جائیداد مرہونہ نیلام کئے جانیکی مستوجب ہوگی۔ ڈگری مذکور عدالت ہذا کی ڈگری مرافعہ میں ضم ہو گئی تھی۔ موخر الذکر ڈگری صرف ایسی ڈگری ہے

جو قطعی قرار دی جا سکتی ہے اور فریقین کے حقوق اور ان چارہ ہائے کار کا تصفیہ کرنے کے لئے جو اس وقت انکو حاصل ہو سکتے ہیں ان دو ڈگریوں کو ایک ساتھ پڑھنا چاہیئے۔ ہم کسی وقت بھی یہ ظاہر نہ کرینگے کہ کامیاب مرافع وقت کی خاص سے خرچہ کی بازیافت کے متعلق ڈگریدار کا حق کا کیا ہے ... موجودہ ... پر ڈگریدار کو یہ چارہ کار حاصل ہے کہ وہ ایک قطعی ڈگری تیار کرائے جس سے رقم جو رہن پر واجب الادا ہو بشمول نالش کے خرچہ کے اور اس خرچہ کے جو نیلام کی ابتدائی ڈگری کے بعد عائد ہوا ہو ظاہر ہوتا ہو اور جب ایسی ڈگری حاصل کی گئی ہو تو وہ جائداد مرہونہ کے خلاف ڈگری کی تعمیل کرا سکتا ہے اور اسکے بعد ایسا چارہ کار اختیار کر سکتا ہے جو اس کو بقیہ رقم کی بازیافت کے لئے جو اس کو ڈگری کی بابتہ واجب الادا ہو بائداد مرہونہ نیلام کرانے کے بعد حاصل ہو سکتا ہو۔ معاملہ کے متعلق یہ خیال قائم کرنے کے بعد مرافعہ ہذا منظور اور عدالت تحت کا حکم منسوخ ہونا چاہیئے جس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ڈگریدار کی درخواست بسیاں او سیاں تک کے خرچہ کے بشمول رسوم عدالت ہذا بشرح اعلیٰ خارج سمجھی جائیگی۔ مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ مدراس

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۵۱۵ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۹ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس اسپنسر و مسٹر جسٹس کرشنن۔

متھوکما را مدلیار۔ بنام چوکالنگا مدلیار۔

مدعی علیہ نمبر ۲ - مرافع۔ مدعی - مرافعہ علیہ۔

قانون میعاد سماعت ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۹ - بیان جس میں رہن نامہ کی تکمیل تسلیم کی گئی ہو - اقرار جوذمہ داری

محمد رفیقا بنام بانکے لال دادا ... صفحہ ۲

[illegible] کی نسبت کیا گیا ہو۔

محض یہ بیان کہ کسی شخص نے اس رقم کی نسبت کیا ہے کا اعتراف

بقیہ زرِ ثمن کی بابت جو ایک بیعنامہ کے تحت واجب الادا تھا

اکیا رہن نامہ تکمیل کیا تھا۔ تحت دفعہ ۱۹ قانون میعاد

سماعت ابتز اکسی [illegible] مدعی کے اقرار کے مترادف ہے جو

اس وقت جبکہ بیان کیا گیا تھا موجود تھی۔

گنڈا سوامی ریڈی بنام سیلامال۔ انڈین کیسیز جلد صفحہ

۲۷۔ اٹماپن کونہیاد [illegible] بنام منوشا ستری

انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۲۹ صفحہ ۳۳۰۔ و [illegible]

[illegible] تھا سار دی۔ انڈین لا رپورٹ مدراس جلد [illegible]

۲۰ کی تعلیق کی گئی۔ سبز منیا آئر بنام [illegible] ایلے۔

انڈین کیسیز جلد ۔ صفحہ ۹۳۵ پر شبہ کیا گیا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ کورٹ تنجور بمقدمہ

مرافعہ نمبر ۱۱ بابتہ ۱۹۱۶ء جو ڈگری صادرہ عدالت ڈسٹرکٹ

منصف تنجور و تور الی بنیاد بہ نالش ابتدائی نمبر ۶ بابتہ ۱۹۱۵ء

کی نار اضی سے پیش کیا گیا تھا۔

منجانب مرافع۔ مسٹر کے سبرمنیا پلے صاحب تھیا ملیار۔

منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر سی۔ وی۔ اننتا کرشنا آئر۔

**فیصلہ**۔ بیان جس کی نسبت عدالتہائے تحت نے یہ خیال کیا ہے

کہ ذمہ داری کا ایک اقرار ہے جو میعاد محفوظ کرنے کے لئے کافی ہے

ایسا بیان ہے جو موجودہ مدعی علیہ نمبر ۲ نے جو نالش ابتدائی نمبر ۲

بابتہ ۱۹۱۱ء کا مدعی علیہ نمبر ۳ تھا اس وقت کیا تھا جبکہ مدعی کی جانب

سے بطور گواہ نمبر ۲ کے اس کا اظہار لیا گیا تھا جس وقت اس نے

حسب ذیل بیان کیا تھا:۔ ''میں مدعی علیہ نمبر ۳ ہوں میرے

اور مدعی علیہ نمبر ۲ نے مدعی علیہا نمبر ۱ سے کچھ اراضی خریدی تھی

بقیہ قیمت کی بابت جو اس کو واجب الادا تھی دستاویز [illegible] تکمیل کی گئی تھی

ہم اس خیال کو قبول کرنے سے قاصر ہیں کہ کسی ذمہ داری کا ایک اقرار

جو اس تاریخ پر موجود تھی جبکہ گواہ نے اظہار دیا تھا۔ گواہ نے یہ بیان

نہیں کیا تھا کہ اس وقت مدعی علیہا نمبر ۱ کو ہنوز قیمت واجب الادا

تھی۔ ہم مقدمات گنڈا سوامی ریڈی بنام سیلامال (۱) اٹماپن

کونہیاد [illegible] بنام منوشا ستری (۲) و تنکیا بنام پاپیتھا

[illegible] (۳) کی تائید کرتے یہ قرار دیتے ہیں کہ محض اس بیان سے کہ

گواہ نے کسی تاریخ قبل پر ایک رہن نامہ تکمیل کیا تھا۔ ذمہ داری

کا کوئی معنوی اقرار اخذ نہیں کر سکتے۔

گواہ نالش ابتدائی نمبر ۲ بابتہ ۱۹۱۱ء کا مدعی علیہ نمبر ۳

تھا لیکن اس نے نالش مذکور کی جوابدہی نہیں کی تھی شہادت

دینے کے وقت اس کے لئے اپنی ذمہ داری کے متعلق کوئی ذکر کرنا ضروری

نہ تھا۔ مرافعہ علیہ کی جانب سے مقدمہ سبرمنیا آئر بنام ویرابدرا

پلے (۴) پر استدلال کیا گیا ہے۔ مقدمہ مذکور میں تیسری نوٹ زیر بحث

پر کچھ ظہریاں جاتیں درج تھیں اور مدعی علیہ نے کسی مقدمہ فوجداری

میں جبکہ پر امیسری نوٹ اس کو دکھلایا گیا تھا یہ بیان کیا تھا کہ

اس نے اسے تکمیل کیا تھا اور یہ کہ اس کا مضمون صحیح تھا۔

ہم اس امر پر شک کرنے پر راغب ہیں کہ آیا مقدمہ مذکور

صحیح طور پر فیصل کیا گیا تھا لیکن زیادہ کہنا غیر ضروری ہے کیونکہ

وہ الفاظ جنہیں ان اقبالات کا کیا جانا خیال کیا گیا تھا ان

الفاظ سے مختلف ہیں جو مقدمہ ہذا میں استعمال کئے گئے ہیں۔

ہم مرافعہ ثانی منظور کر کے یہ ہدایت کرتے ہیں کہ مدعی کو مرافع کے خلاف ایک

ذاتی چارہ کار حاصل ہے۔ ہم عدالت ہائے تحت مرافعہ اور یہاں کے خرچہ کے مستوجب

کرتے ہیں۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

(۱) انڈین کیسیز جلد صفحہ ۵ [illegible] (۲) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۲۹ صفحہ [illegible] (۳) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۳۱ صفحہ [illegible] (۴) انڈین کیسیز جلد ۷ صفحہ ۹۳۵ نظائر ہند صفحہ ۷۹۱۔

[illegible] بنام [illegible] (۱۹۱)

## ہائیکورٹ الہ آباد

مرافعہ ثانی دیوانی نمبر مقدمہ ۶۲۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء

مرافعہ ثانی دیوانی نمبر مقدمہ ۶۲۳ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء

منفصلہ ۱۲ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس لنڈسے و مسٹر جسٹس ڈینیلز

کالی دین ـ **بنام** راماپت وغیرہ دیگر

مدعی علیہ ـ مرافع مدعیان ـ مرافعہ علیہا ـ

قانون مزارعان آگرہ ایکٹ ۲ بابتہ سنہ ۱۹۰۱ء دفعہ ۲۰۲ ـ

نالش جو اس پٹہ کی تنسیخ کے لئے رجوع کی گئی ہو جو لمبردار نے عطا کیا ہو ـ عذر یہ کہ پٹہ حصہ داران شریک کی رضا مندی سے عطا کیا گیا تھا ـ ضابطہ

کسی حصہ دار شریک نے عدالت دیوانی میں کسی پٹہ استمراری کی جو لمبردار نے عطا کیا تھا تنسیخ کے لئے اس بنا پر نالش رجوع کی تھی کہ اسکا عطا کرنا لمبردار کے اختیارات سے خارج تھا ـ جوابدہی جو پٹہ گیرندہ کی جانب سے پیش کی گئی تھی وہ یہ تھی کہ لمبردار نے کل حصہ داران شریک کی رضامندی سے پٹہ تکمیل کیا تھا

قرار دیا گیا (۱) کہ جوابدہی دراصل بمنزلہ اس عذر کے تھی کہ مدعی علیہ مالکوں کی کل جماعت بشمول مدعی کے ایک آسامی تھا ـ

(۲) یہ کہ مقدمہ کے حالات کے لحاظ سے ضابطہ جو دفعہ ۲۰۲ قانون مزارعان آگرہ میں بتلایا گیا تھا متعلق ہو سکتا تھا اور مدعی علیہ کو اس پٹہ کو ثابت کرنیکے لئے جو اس نے بیان کیا تھا تین مہینے کے اندر عدالت مال میں نالش رجوع کرنے کی ہدایت دیجانی چاہئے تھی ـ

رگھو ناتھ بنام گنیش ـ انڈین کیسز جلد ۴۵ صفحہ ۴۸۱ و بھاونی بنام رام دیال ـ انڈین کیسز جلد ۴۶ صفحہ ۲۶۴ کی تقلید کی گئی ـ

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ اڈیشنل سب جج کانپور مؤرخہ ۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۱ء ـ

منجانب مرافع ـ مسٹر کے سی متیل ـ

**فیصلہ** ـ یہ دو متعلقہ مرافعہ جات ہیں جو ایک ہی فیصلہ سے پیدا ہوئے ہیں مدعی موضع کا ایک حصہ دار شریک ہے ـ مدعی علیہ نمبر ا لمبردار تھا ـ مدعی علیہ نمبر ا نے ۱۰ بیگہ اراضی کا ایک پٹہ استمراری مدعی علیہ نمبر ۲ کالی دین کو عطا کیا جو ہمارے روبرو مرافع کی حیثیت رکھتا ہے ـ مدعی نے اس پٹہ کی تنسیخ کے لئے عدالت دیوانی میں اس بنا پر نالش رجوع کی کہ اسکی تکمیل لمبردار کے اختیارات سے خارج تھی ـ اس نے (۵) بیگہ اراضی سے جیسا کہ یہ بیگہ مدعی نے بطور اپنی "خود کاشت" کے بیان کیا تھا مدعی علیہ کی بیدخلی کے لئے بھی نالش کی تھی ـ مدعی علیہ نے یہ عذر کیا کہ پٹہ ایک صحیح اور جائز پٹہ تھا ـ اسکی بحث یہ تھی کہ وہ نہ صرف لمبردار کا اختیاری تھا بلکہ یہ کہ وہ جملہ حصہ داران شریک کی رضامندی سے تکمیل کیا گیا تھا ـ یہ دراصل یہ عذر تھا کہ مدعی علیہ مالکوں کی کل جماعت بشمول مدعی کے آسامی تھا ـ ان حالات میں عدالت ابتدائی حسب دفعہ ۲۰۲ قانون مزارعان مدعی علیہ کو یہ ہدایت کر سکتی تھی کہ وہ اس پٹہ کو ثابت کرنیکے لئے جو اس نے پیش کیا تھا تین مہینے کے اندر عدالت مال میں نالش رجوع کرے ـ یہ صحیح ہے کہ جوابدعوے میں اس امر کی نسبت کوئی عذر پیش نہیں کیا گیا تھا اور مدعی علیہ نے بجائے اسکے یہ بحث کی تھی کہ کل نالش عدالت مال میں رجوع کیجانی چاہئے تھی ـ یہ بحث انکے خلاف تجویز کی گئی تھی اور دعوے بجز (۵) بیگہ اراضی کے جسکا مدعی نے حقیقی قبضہ ہونا بیان کیا تھا ڈگری کیا گیا تھا ـ دونوں فریق نے مرافعہ کیا اور عدالت ماتحت مرافعہ نے مدعی علیہ کا مرافعہ خارج اور مدعی کا مرافعہ منظور اور دعوے کلیتاً ڈگری کیا ـ اس ڈگری کی ناراضی سے مدعی علیہ کالی دین نے مرافعہ کیا ہے ـ اصل وجہ جس پر اصرار کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ نالش

کالی دین بنام راماپت دار الآیا

تحت کو حسب دفعہ ۲۰۲ قانون ضابطہ عمل کرنا چاہئے تھا۔ عدالت ابتدائی دو نظائر ہیں جو دونوں اسکے موافق ہیں یعنے رگھو ناتھ بنام گنیش (۱) وبھارتی بنام بھم دیال (۲) ہمیں عدالت تحت کی ڈگری میں دست اندازی کرنے میں تامل ہے کیونکہ بحیثیت بیان یکہ ہینگے کہ اسکے اس عذر کا کہ بٹوارہ کل حصہ داران شریک کی رضامندی سے تکمیل پایا تھا جو عدالت ابتدائی نے اسکے خلاف فیصلہ کیا تھا عدالت تحت کی جانب سے فیصلہ نہیں کیا گیا ہے مرافع نے ہمارے روبرو یہ ظاہر کرنیکی کوشش نہیں کی ہے کہ فیصلہ جو بٹوارہ کے متعلق تھا۔ وہ غلط تھا۔ برخلاف اسکے ہمیں اس مقدمہ کو ان دو فیصلہ جات سے جنکا قبل ازیں ذکر کیا گیا ہے تمیز کرنا مشکل معلوم ہوتا ہے۔ اسلئے ہم اس طریقہ کو اختیار کرتے ہیں جو مقدمات مذکور میں اختیار کیا گیا تھا اور ہم دو عدالت ہائے تحت کے فیصلہ جات منسوخ [illegible] مقدمہ عدالت [illegible] کے ذریعہ [illegible] ابتدائی [illegible] کرنے میں [illegible] ایسے [illegible] کے مطابق [illegible] قانون [illegible] گیا ہے اسکا تصفیہ کرے [illegible] اور [illegible] مقدمہ [illegible] کیا گیا۔

## ہائیکورٹ مدراس

957 ۱۹۱۲ء

مرافعہ جات اپیل دیوانی نمبر ۱۱۸-۱۱۹ و ۱۰ بابتہ

منفصلہ ۱۲ فروری ۱۹۱۲ء

باجلاس مسٹر والس صاحب جسٹس و مسٹر جسٹس کرشن اسوامی

پیارا سا سلاجی ریڈیار بنام کندا سوامی مدلیار وغیرہ

مدعی علیہ نمبر ۳ - مرافع مدعیان - مرافعہ علیہم

دھرم شاستر۔ بیوہ۔ تبنیت جو بالغ بیٹے کی وفات کے بعد کیگئی ہو۔ سپنڈوں کی رضامندی۔ امر مانع تقریر مخالفہ۔ فعل بیجا کنندہ آیا خود اپنے فعل بیجا کا فائدہ حاصل کر سکتا ہے۔ امر [illegible]

شخص کی حیثیت جو فعل بیجا کنندہ کے ذریعہ سے دعویٰ کرے۔

کوئی تبنیت جو کسی ہندو بیوہ کی جانب سے اسکے نابالغ یا بالغ بیٹے کی وفات کے بعد کیگئی ہو مطابق قانون اور رواج ہے جبکہ وہ اسکے متوفی شوہر یا اسکے سپنڈوں کی رضامندی سے کیگئی ہو۔

تریوربا بنام وینکٹا رتنم۔ انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۲۲۷ کی تقلید کیگئی۔

اس امر کا ثبوت کہ اس تبنیت کی صورت میں جو کسی ہندو بیوہ کی جانب سے کیگئی ہو سپنڈوں کی رضامندی رشوت کے ذریعہ سے حاصل کیگئی تھی تو بار ثبوت اس شخص پر عائد ہوتا ہے جو ایسا بیان کرے اور محض رقم کی ادائی کا وعدہ اس امر کی نسبت قطعی نہیں ہے کہ رضامندی بد دیانتی کے ذریعہ سے حاصل کیگئی تھی۔

کوئی فریق جو کسی فعل بیجا کنندہ کے ذریعہ سے دعویٰ کرے خود فعل بیجا کنندہ سے بہتر حیثیت نہیں رکھ سکتا۔

کوئی شخص جو بذریعہ کسی دوسرے شخص کے ذریعہ سے دعویٰ کرے اس تبنیت پر جو کسی بیوہ نے موخر الذکر کی رضامندی سے کی ہو اس بناء پر اعتراض نہیں کر سکتا کہ تبنیت کی نسبت رضامندی دیتے وقت کسی ناجائز عمل کو قبول کرنیکے ذریعہ سے اسکا فیصلہ کالعدم ہو گیا تھا اصول جو اس مسئلہ قانونی میں ہے کہ اس شخص کی سماعت نہ ہونی چاہئے جو اپنی بد دیانتی خود ظاہر کرے موجود ہے اس ملک سے متعلق ہو جب کسی فریق کے لئے جو کچھ حالت ثابت کرنا چاہتا ہے خود اپنا فعل بیجا پیش کرنا ضروری ہو تو اسکو ایسا کرنیکی اجازت نہ دیجائیگی۔

[illegible] بنام [illegible] انگلش رپورٹ جلد ۱۰۱ صفحہ ۱۴۴۔ [illegible] بنام ولکنس۔ انگلش رپورٹ جلد ۱۳۲ صفحہ ۳۹۰۔ واڈنا بنام گنڈیسا ماسیا۔ انڈین کیسز جلد ۱۳ صفحہ ۳۵۰ کی تقلید کیگئی اور وہ متعلق کئے گئے۔

(۱) انڈین لاء رپورٹس الہ آباد جلد ۵ صفحہ ۳۱۳ - (۲) انڈین [illegible] صفحہ [illegible]

نظائر ہند صفحہ ۵۶۷

یار تھاساتی بنام کنداسوامی مدراس

صفحہ ۵

مرافعہ جات بنا راضی فیصلہ ڈگری مصدرہ مسٹر جسٹس فلپس جو ہائیکورٹ کے معمولی ابتدائی دیوانی اختیار کے نفاذ میں مقدمہ ابتدائی نمبر ۱۲ و ۲۱ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء میں صادر کئے گئے تھے۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر ٹی۔ آر۔ راما چندرا آئر۔ ایس سرینواسا آئر و اے۔ نرا سمہا چاری۔

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر بی کے۔ نرا سمہا آئر و وی۔ این۔ راما ناتھا راؤ۔

**چیف جسٹس شوبی**۔ مقدمہ ہذا میں کسی بیوہ نے جس کے ایک بیٹا تھا جو (۱۸) سال کی عمر کو پہونچ چکا تھا۔ اور جو بعد میں نا کتخدا فوت ہوا تھا مرافع کو متبنے لیا تھا جو اُسکی بہن کا بیٹا تھا۔ پہلا سوال جو پیدا ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ آیا ایسی تبنیت اُسکے متوفی شوہر کی رضامندی کے بغیر یا اسکے سپنڈوں کی رضامندی سے جائز ہے۔ یہ سوال عدالت ہذا کے روبرو کچھ عرصہ قبل مقدمہ تیرو ویدر میا بنام وینکٹا نرسمہ (۱) میں پیش ہوا تھا اور جسٹس والیس اور میں نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ وہ جائز تھی مجھے فیصلہ مذکورہ کے خلاف عمل کرنیکی کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی۔

مقدمہ ہذا میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ بابت ایک شخص کماراسوامی مدالی کی رضامندی جسکی رضامندی ضروری تھی ایک وعدہ کے ذریعہ سے حاصل کیگئی تھی جو متبنے لڑکے کی ماں نے اسکو مبلغ [illegible] ادا کرنے کی نسبت کیا تھا۔ اسکا بار ثبوت قوی طور پر مرافعہ علیہم پر تھا۔ مجھے اس امر کا اطمینان نہیں ہوا ہے کہ اسکو کوئی رشوت دی گئی تھی جس سے میرے خیال میں یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ بار ثبوت سے سبکدوشی حاصل نہیں کیگئی تھی۔

ایک اور دلچسپ امر پیش کیا گیا تھا یعنے یہ کہ اگر روپیہ کی ادائی کا وعدہ اُس رضامندی کو حاصل کرنیکے متعلق کیا گیا تھا تو کیا وہ اُس تبنیت کو جائز قرار دینے سے باز رکھنے کے لئے قطعی ہے۔ وہ اس امر کی نہایت قوی شہادت ہوگی کہ رضامندی بد اعمالی کے ذریعہ سے حاصل کیگئی تھی لیکن نظائر سے یہ امر واضح نہیں ہے کہ محض ادائی کا وعدہ فی نفسہ قطعی ہوگا۔ مقدمہ ہذا میں اس خاص لڑکے کی تبنیت بظاہر مناسب تھی۔ وہ متوفی کا نواسہ تھا۔ میں خیال کرتا ہوں کہ مقدمہ ہذا میں یہ کہنا کافی ہے کہ یہ امر متنازعہ پیدا نہیں ہوتا۔ لیکن میں یہ اضافہ کرونگا کہ میں اس امر کی نسبت اپنا اطمینان کرنا چاہتا ہوں کہ ادائی کے وعدہ متذکرہ سے کچھ زیادہ کیا گیا تھا۔ مقدمہ ہذا میں مرافعہ علیہ کماراسوامی مدالی کا متبنے بیٹا ہے جسکی رضامندی کی نسبت یہ بیان کیا گیا ہے کہ بد اعمالی کی وجہ سے دی گئی تھی اور یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا مرافعہ علیہ جس نے کماراسوامی مدالی کے ذریعہ سے دعوے کیا ہے اس امر سے انکار نہیں کر سکتا کہ اسکا متبنے کنندہ باپ رضامند ہوا تھا۔ اسکے متعلق پہلا امر یہ ہے کہ آیا محض یہ امر کہ جدید خاندان میں داخل ہونے سے متبنے بیٹے کی حیثیت میں تبدیلی واقع ہوئی تھی امر مانع تقریر مخالف کے اُس اصول کو متعلق کرنے کے لئے کافی ہے۔ اس خیال کی بنا پر جو میں نے مقدمہ ہذا کے واقعات کے متعلق قائم کیا ہے مجھے اس دلچسپ اور کسیقدر مشکل امر کی نسبت کوئی رائے ظاہر کرنا غیر ضروری ہے۔ لیکن امر مانع تقریر مخالف کا ایک مزید سوال بھی پیدا ہوتا ہے۔ وہ ایک قانونی اصول ہے جو کبھی کبھی [illegible] اختیار کیا گیا ہے کہ "اُس شخص کی سماعت نہ ہونی چاہئے جو اپنی بے ایمانی خود ظاہر کرے"۔ اصول مذکور انگلستان میں متعلق کیا گیا ہے اور وہ مقدمہ [illegible] بنام [illegible] (۲) میں صاف طور پر پایا جائیگا اور یہ کہ یہ امر کہ اصول مذکورہ اس ملک سے متعلق ہوتا ہے عدالت ہذا کے [illegible] کے فیصلہ سے ظاہر ہوتا ہے جو چیف جسٹس والیس و جسٹس کوٹس ٹراٹر نے مقدمہ واڈنیا کامیا بنام سنگدینیا نیا (۳) میں صادر کیا تھا اور چیف جسٹس جینکنس نے مقدمہ سنگلینگا بنام مراسا (۴) میں اسکو نہایت واضح طور پر بیان

(۱) انڈین کیسیز جلد ۲۶ صفحہ ۲۷ و نظائر ہند صفحہ ۲۷۰۔

(۲) انگلش رپورٹس جلد ۱۰۲ صفحہ ۱۰۲۰۔ (۳) انڈین کیسیز جلد ۲۴ صفحہ ۳۵۴

سوامی ہیٹھیا
بنام
کمار سوامی مدلیار
اس

بیان تھا اور وہ حسب ذیل ہے :- یہ کہ جب کسی فریق کے لئے جو کوئی حالت ثابت کرنا چاہے ایسا کرنیکے لئے خود اپنا فعل بھی پیش کرنا ضروری ہو تو انکو ایسا کرنیکی اجازت نہ دیجائیگی۔ اس معاملہ میں مرافعہ علیہ جو شخص متوفی فرض کنندہ کمار اسوامی مدالی سے حیثیت سے کمار اسوامی مدالی سے بہتر حیثیت نہیں رکھ سکتا اور حصول مذکور متعلق کرنے کے بعد اسکے لئے یہ بیان پیش کرنا بالکل غیر ممکن ہے کہ وہ رضامندی جو اسکے متبنےٰ اگر نہ باپ نے دی تھی اس سے ناجائز دباؤ کے دعاوی کے ذریعہ سے حاصل کیگئی تھی۔ اس خیال کے مدنظر جو میں نے مقدمہ کے اس پہلو کی نسبت قائم کیا ہے میرے لئے اس امر پر غور کرنا غیر ضروری ہے کہ آیا فارغخطی مابعد جو کمار اسوامی نے ان حقوق کے متعلق دی تھی جو اسکو حاصل ہو سکتے تھے ایک جائز دا غنطی تھی یا نہیں۔

مرافعہ نمبر ۱۲ بابت ۱۹۲۰ء منظور اور دعوی معہ کل خرچہ کے خارج ہونا چاہئے مرافعہ جات نمبر ۱۱۸ و ۱۱۹ معہ یہاں اور تحت کے خرچہ کے منظور کئے جائیں گے۔

جسٹس کو ٹس ٹراٹر :- میری بھی یہی رائے ہے اور میں چند الفاظ صرف اسلئے اضافہ کرتا ہوں کہ ہم ذیعلم جج عدالت ابتدائی سے منجملہ دیگر امور کے ایک امر واقعاتی پر اختلاف کر رہے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ آیا ذیعلم جج کے روبرو ایسی شہادت موجود تھی جس پر انکو اس نتیجہ پر پہونچنا چاہئے تھا کہ واقعات سے یہ مناسب نتیجہ نکلتا تھا کہ کمار اسوامی نے بحیثیت ایک "سپنڈ" تبنیت کے متعلق اپنی رضامندی دیتے وقت ناجائز وجہ تحریک کے تابع تھا۔ واقعات مجوزہ پر غور کرنیکے بعد مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان سے زیادہ سے زیادہ کسی شبہ سے زیادہ کوئی امر پیدا نہیں ہو سکتا اور تاریخوں کا لحاظ کرتے ہوئے یعنے یہ کہ رضامندی جولائی ۱۹۱۰ء میں حاصل کیگئی تھی اور ادائی کا بیعہ دعدہ اسکے بعد اکتوبر میں کیا گیا تھا مجھے یہ قرار دینا واقعات کے بالکل موافق معلوم ہوتا ہے کہ چونکہ کمار اسوامی نے بالکل جائز وجہ تحریک سے اپنی رضامندی دی تھی اس نے بعد میں یہ خیال کیا تھا کہ وہ اسکی بنا پر کچھ حاصل کر سکتا تھا اسلئے ان واقعات پر جنکا ہمیں علم ہے مجھے چیف جسٹس کے ساتھ اتفاق ہے کہ بحیثیت ایک "سپنڈ" کے اپنی رضامندی دینے کے متعلق کمار اسوامی کی جانب سے انتخاب اور اختیار تمیزی کے استعمال کی نسبت بداعمالی کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔

مقدمہ ہذا میں چند نہایت دلچسپ امور بحث کئے گئے ہیں لیکن میں نہیں خیال کرتا کہ وہ ہمارے فیصلہ کے لئے ضروری ہیں اور میں ان پر بحث کرنا نہیں چاہتا میں قطعیاً چیف جسٹس اور اپنے ہم جلیس جسٹس والیس سے متفق ہوں جنکا ذکر کیا گیا ہے۔

دوسرا امر جسکی نسبت میں چند الفاظ کہنا چاہتا ہوں وہ صرف امر مانع تقریر مخالف کے سوال سے متعلق ہے میں نہیں خیال کرتا کہ ذیعلم جج عدالت ابتدائی کو اس سوال پر بحث کرنیکا مناسب موقع ملا تھا کیونکہ وہ اپنے فیصلہ میں صفحہ ۴۲ پر حسب ذیل بیان کرتے ہیں :- "امر مانع تقریر مخالف کے سوال پر جو مدعی علیہ نمبر ۱ کی جانب سے پیش کیا گیا تھا جو تنقیح نمبر ۳ میں مابہ البحث ہے اصرار نہیں کیا گیا ہے اور اس تنقیح کے متعلق مدعی کے موافق تجویز صادر کرنا چاہئے" میں اسکا منشا یہ نہیں سمجھتا کہ ذیعلم جج نے اس سوال کا تصفیہ کیا تھا بلکہ یہ سمجھتا ہوں کہ انکی توجہ اسکی جانب مناسب طور پر مبذول نہیں کرائی گئی تھی تاکہ وہ اس پر بحث کر سکتے۔ میں امر مانع تقریر مخالف کا بھی مناسب اصول خیال کرتا ہوں جیسا کہ چیف جسٹس نے بحث کی ہے لیکن مجھے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ذیعلم جج کے روبرو جوابدہی کی اس دوسری وجہ کا ذکر بھی کیا گیا تھا میں یہ بھی بحث کرنی ہے یعنے جو اس مسئلہ قانونی اس شخص کی سماعت نہونی چاہئے جو اپنی بے ایمانی خود ظاہر

کرنے پر مبنی ہے۔ مسئلہ قانونی مذکورۃ الصدر قانون روما سے متعلق رکھتا ہے اور قوانین کے مجموعہ سے لیا گیا ہے وہ انگلستان کے کامن لا میں مکرر نظر آتا ہے مثلاً ان دو مقدمات ڈی بنام رایرٹس (۴) و پروٹ بنام وگنس (۵) میں جنکا چیف جسٹس نے حوالہ دیا ہے۔ سوال یہ ہے کہ آیا عدالت ہذا میں وہ مناسب قانونی اصول متعلق کیا جانا چاہئے عدالت ہذا میں اس مقدمہ میں جسکا چیف جسٹس نے حوالہ دیا ہے اور بمبئی کے مقدمہ سد لنگپا بنام ہراسا (۱) میں اس مسئلہ قانونی کو متعلق کرنیکے لئے نظائر موجود ہیں اور مجھے اس رائے سے بالکل اتفاق ہے کہ ہمیں مقدمہ ہذا میں مرافعہ علیہ کو جو صرف کمارا سوامی کے ذریعہ سے دعوے کر سکتا ہے یہ بیان پیش کرنیکی اجازت دینے سے انکار کرنا چاہئے کہ اس شخص کا فیصلہ جسکے ذریعہ سے اس نے دعوے پیش کیا ہے کوئی ناجائز بدل قبول کرنیکی وجہ سے کالعدم ہو گیا مجھے اس امر سے اتفاق ہے کہ یہ مرافعہ جات معہ خرچہ کے منظور ہونے چاہئیں۔

مرافعہ جات منظور کئے گئے

## ہائیکورٹ الہ آباد

نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۱۹ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس: مسٹر جسٹس رفیق

ڈکھی و یک کس دیگر **بنام** دھنی مسر

سائلان طرف ثانی

قانون عدالتہائے مطالبات خفیفہ صوبجاتی ایکٹ ۹ بابتہ سنہ ۱۸۸۷ء ضمیمہ دوم مد ۳۵ فقرات (۱) (۲)۔ درختوں کی ناجائز علحدگی نالش جو معاوضہ کے لئے رجوع کیگئی ہو۔ اختیار سماعت۔ ان درختوں کو جو دیگر اشخاص کی ملک ہوں قطع کرنا اور انکی

نسبت تصرف بیجا کرنا جائز ادکے خلاف ایک جرم ہے جو بحسب باب ۱۷ مجموعہ تعزیرات قابل سزا ہے اور ان درختوں کی بابتہ جو اسطرح قطع کئے گئے ہوں معاوضہ کا دعوے عدالت مطالبات خفیفہ میں قابل پذیرائی نہیں ہے۔

نگرانی دیوانی بناراضی حکم صادرہ جج عدالت مطالبات خفیفہ مقام دیوریا مورخہ ۱۶ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء۔

منجانب سائلان۔ مسٹر جی ایس۔ آپٹے۔

منجانب طرف ثانی۔ مسٹر کے سی۔ مِتّل۔

**فیصلہ** یہ ایک درخواست نگرانی ہے جو جج عدالت مطالبات خفیفہ دیوریا کی ڈگری کی ناراضی سے پیش کیگئی ہے معلوم ہوتا ہے کہ مدعی طرف ثانی نے سائلوں پر مبلغ ۵۰ کی بازیافت کے لئے بدیں بیان نالش رجوع کی تھی کہ انہوں نے ناجائز طور پر ان درختوں کو قطع کیا تھا جو مدعی طرف ثانی کی ملک تھے۔ دعوے کی مخالفت مختلف وجوہ سے کیگئی تھی اور مدعی طرف ثانی کی حقیت سے انکار کیا گیا تھا۔ نیز یہ اعتراض کیا گیا تھا کہ دعوے جج مطالبات خفیفہ کی عدالت میں رجوع نہ کیا جا سکتا تھا لیکن فاضل جج نے مدعی علیہم کے کل عذرات نامنظور کرکے مبلغ ۵۰ کی بابتہ دعوے ڈگری کیا۔ نگرانی میں یہ کہا گیا ہے کہ مد ۳۵ فقرات (۱) و (۲) ضمیمہ قانون عدالت ہائے مطالبات خفیفہ صوبجاتی کسی عدالت مطالبات خفیفہ کے جج کی جانب سے ایسی نالش کی سماعت کی مانع ہیں۔ فقرہ جس پر استدلال کیا گیا ہے حسب ذیل ہے:-

"کسی فعل کی بابتہ جو ایک جرم قابل سزا تحت باب ۱۷ مجموعہ ہو یا اگر باب ۱۴ مجموعہ تعزیرات ہند کے احکام موجود نہوتے تو ایسا جرم ہوتا"۔

انکا درختوں کا جو دیگر اشخاص کی ملک ہوں قطع کرنا اور انکا تصرف

(۵) انڈین لاء رپورٹس بمبئی جلد ۴۲ صفحہ ۵۹۵

ذہبی نیام دہی سیر دالاآبادی

بیتیہ کرنا مجاز ادارے کے خلاف ایک جرم ہے جو قابل سزا تحت باب ۹ مجموعہ تعزیرات ہند ہے۔ اسلئے دعوے عدالت مطالبات خفیفہ میں پیش نہو سکتا تھا۔

میں عدالت تحت کی ڈگری منسوخ اور یہ ہدایت کرتا ہوں کہ عرضی دعوے مدعی کو مناسب عدالت میں پیش کرنیکی غرض سے واپس کیجائے خرچہ کے متعلق کوئی حکم صادر نہ کیا جائیگا۔

ڈگری منسوخ کیگئی

## ہائیکورٹ مدراس

مرافعہ ثانی دیوانی نمبر مقدمہ ۱۱۳۳ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء

جو بطور درخواست نگرانی دیوانی نمبر ۲۰۰ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء تصور کیا گیا تھا۔

منفصلہ ۱۲ فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس دی مسٹر جسٹس اولڈفیلڈ و مسٹر جسٹس وینکٹا سبا راؤ

متھو کرو پا چیٹی **بنام** پنجا کا وندن

مسئول علیہ۔ مرافع سائل۔ مرافعہ علیہ

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعات ۳۸ ب ۱۱۵۔ ڈگری کی تعمیل۔ انتقال جو مدیون ڈگری کے سکونتی رقبہ کا ہوا ہو۔ ڈگری کی تعمیل کا اختیار۔ عدالت مرافعہ کا غلطی سے یہ فیصلہ کرنا کہ عدالت تحت کو اختیار سماعت حاصل نہ تھا۔ نگرانی

صفحہ ۹۵

جب وہ رقبہ جس میں کوئی مدیون ڈگری رہتا ہو اس عدالت کے حدود اختیار سماعت سے جس نے ڈگری صادر کی ہو کسی دوسری عدالت کے اختیار سماعت میں منتقل ہوا ہو تو موخرالذکر عدالت کو ڈگری کی تعمیل کی درخواست قبول کرنیکا اختیار حاصل ہے اور ایسی صورت میں اول الذکر عدالت سے موخرالذکر عدالت میں ڈگری کی منتقلی حاصل کرنا ضروری نہیں ہے

بیتنی اول بنام متھو سوامی پلے انڈین کیسز جلد ۵۲ صفحہ ۲۱۳ کی تقلید کیگئی۔

سبھیا نائیکر بنام راما ناتھن چیٹیار انڈین کیسز جلد ۲۲ صفحہ ۹۹۹ کا حوالہ دیا گیا۔

کوئی غلط حکم جو عدالت مرافعہ نے صادر کیا ہو جسکی رو سے ایک تعمیلی درخواست اس بنا پر خارج کیگئی ہو کہ وہ کسی ایسی عدالت میں پیش کیگئی تھی جسکو اختیار سماعت حاصل نہ تھا حسب منشائے دفعہ ۱۱۵ مجموعہ ضابطہ دیوانی بمنزلہ اختیار سماعت کا استعمال کرنے سے انکار کرنیکے نہیں ہے اور ہائیکورٹ کی جانب سے اسکی نگرانی ہو سکتی ہے۔

مرافعہ بنا راضی ڈگری صادرہ عدالت سب ڈسٹرکٹ جج سیلم بمقدمہ مرافعہ نمبر ۲۳ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء مجوزہ ڈسٹرکٹ منصف ناماکال کی عدالت کے حکم مورخہ ۷ اکتوبر سنہ ۱۹۲۰ء (مقدمہ دیوانی نمبر ۲۶ بابتہ سنہ ۱۹۱۲ء عدالت ڈسٹرکٹ منصف خاص سیلم) کی ناراضی سے پیش کیا گیا تھا۔

منجانب مرافع مسٹر کے۔ سنکرا شاستری۔

منجانب مرافعہ علیہ مسٹر بی۔ سیتا راما راؤ۔

**فیصلہ**۔ یہ ایک مرافعہ ہے جو ڈگریدار کی جانب سے عدالت ماتحت مرافعہ کے فیصلہ کی ناراضی سے پیش کیا گیا ہے جو مدیون ڈگری کی تحریک پر جسپر مرافعہ علیہ ہے صادر کیا گیا تھا اور جسکی رو سے ڈسٹرکٹ منصف ناماکال کا یہ فیصلہ منسوخ کیا گیا تھا کہ اسکو ڈگری کی تعمیل کا اختیار تھا۔

ڈگری بہ صیغہ مطالبات خفیفہ صادر کیگئی تھی اور یہ کہا گیا ہے اول الذکر یہ کہ کوئی مرافعہ ثانی پیش نہیں ہو سکتا۔ اعتراض مذکور برقرار رہنا چاہئے لیکن ہم سے مرافعہ کو بطور ایک درخواست نگرانی کے تصور کرنیکی استدعا کیگئی ہے ہم خیال کرتے ہیں کہ ہم ایسا کرنیکے مجاز ہیں۔ یہ بحث کیگئی ہے کہ عدالت ماتحت مرافعہ نے ایسے اختیار سماعت سے انکار نہیں کیا تھا یا ایسا اختیار سماعت استعمال نہ کیا تھا جو اسکو حاصل نہ تھا بلکہ اختیار سماعت

کے متعلق محض ایک قانونی امر کی نسبت غلطی کی تھی۔ ہماری رائے میں خیال مذکور صحیح نہیں ہے۔ عدالت ماتحت مرافعہ نے یہ قرار دیا کہ ڈسٹرکٹ منصف کو تعمیل کی اجازت دینے کا اختیار نہیں ہے اور اس نے درخواست تعمیل اس بنا پر خارج کی ہے کہ وہ کسی ایسی عدالت کے روبرو پیش کر گئی تھی جسکو اختیار سماعت حاصل نہ تھا۔ ہم خیال کرتے ہیں کہ ایسا کرنے میں اس نے حسب منشائے دفعہ ۱۱۵ اختیار سماعت سے انکار کیا تھا۔

رہا اوپر یہ سوال اس رقبہ کی جس میں مدیون ڈگری رہتا ہے ڈسٹرکٹ منصف خاص سلیم حدود اختیار سماعت سے جس نے وہ ڈگری صادر کی تھی جسکی تعمیل مقصود تھی ڈسٹرکٹ منصف نانا کال کے حدود اختیار سے خارج ہوگیا اور جسکی عدالت میں اب تعمیل کی درخواست پیش کی گئی ہے منتقل کئے جانے سے پیدا ہوتا ہے۔ یہ کہا گیا ہے کہ صرف عدالت اول الذکر کو ڈگری کی تعمیل کا اختیار حاصل تھا اور یہ کہ ڈگریدار کے لئے مناسب طریقہ یہ ہے کہ وہ نانا کال میں ڈگری کی منتقلی کے لئے درخواست دے۔ بحث مذکور فیصلہ مقدمہ مسمی نادرن بنام مہوسوامی ایلے (۱) کے متناقض ہے۔ ہم نے فیصلہ مذکور کو اس بنا پر ممیز کرنے کی استدعا کی گئی ہے کہ وہ جائداد غیر منقولہ کے نیلام کی ڈگری کی تعمیل سے متعلق ہے لیکن ہم اس عبارت میں جو ان فیصلہ جات میں استعمال کی گئی ہے کوئی امر نہیں پاتے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ ایسا امتیاز ذیعلم ججوں کے ذہن میں تھا یا یہ کہ وہ اس سوال پر بجز اس طریقہ کے جس طرح کہ وہ انکے سپرد کیا گیا تھا بالکل عام طور پر غور کر رہے تھے۔ یہ ظاہر کیا جا سکتا ہے کہ سابقہ مقدمہ کے متعلق استصواب لیا گیا تھا۔ ... بنام ... نانا تھن چٹیار (۲) ایک ڈگری زر نقد سے متعلق تھا اور اگر یہ امتیاز اہم خیال کیا گیا تھا تو یہ یاد کرنا مشکل ہے کہ اسکے متعلق کچھ بھی نہ کہا جاتا۔ ہم اصولاً یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ وہ کیوں اہم ہونا چاہئے اور ہم

اصول کے سوال پر اجلاس کامل کے فیصلہ میں یا بالخصوص اس نہایت واضح بیان میں جو جسٹس ایلنگ کے فیصلہ میں قانون کے متعلق موجود ہے کوئی امر اضافہ کرنا ضروری نہیں خیال کرتے۔

نتیجہ یہ ہے کہ مرافعہ جو حکم عدالت مرافعہ کی ناراضی سے پیش کیا گیا ہے مع خرچہ یہاں اور عدالت ماتحت مرافعہ کے خرچہ کے منظور اور ڈسٹرکٹ منصف کا حکم بشمول اس جزو کے جو اسکے روبرو کے خرچہ سے متعلق ہے بحال کیا جاتا ہے۔ وہ قانون کے بموجب تعمیل جاری رکھے گا۔

مقدمہ منظور

# ہائیکورٹ الہ آباد

مرافعہ اول دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۵۹ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۱۱ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس والش و مسٹر جسٹس ریوز

جگرناتھ سنگھ **بنام** موتی لال وغیرہ

مدیون ڈگری۔ مرافعہ ڈگریداران۔ مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۵۳ دیہر۔ خاندان مشترکہ۔ پسماندگی۔ بھتیجا آیا چچا کے قرضہ جات کا ذمہ دار ہے

جہاں تک اس جائداد کا تعلق ہے جو بیٹے یا پوتے نے کسی شریک خاندان پر بطور پسماندگی کے ذریعہ سے حاصل کئے ہوں کسی متوفی شریک خاندان کے قرضہ جات کی ادائیگی کی ذمہ داری عائد نہیں ہوتا صرف بیٹا یا نسلی سلسلہ کی اولاد دفعہ ۵۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تحت آتی ہے۔

کوئی بھتیجا جو پسماندگی کے ذریعہ سے اپنے چچا کی جائداد کا وارث ہوا ہو اپنے چچا کی ایسی اولاد نہیں ہے جیسا کہ بیٹے کی جائز حسب منشائے دفعہ ۵۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی متوفی چچا کے قرضہ جات کی ذمہ دار ہو۔

جگرناتھ سنگھ بنام موتی لال ۱۹۲۳

(۱) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ...

بعدالت ہتھ سنگھ بنام موتی لال الہ آباد

چنی لال ہری لال بنام بابائی منی - انڈین کیسز جلد ۴۴ صفحہ ۵۴، پر استدلال کیا گیا -

۱۹۲۳ء

مرافعہ اولیٰ بنا راضی حکم مصدرہ ڈسٹرکٹ جج جونپور مورخہ ۲۸ جون

منجانب مرافع - مسٹر کے - کے ورما بجائے مسٹر کمودا پرشاد -

منجانب مرافعہ علیہم - مسٹر این - پی - آپا دھیا -

**فیصلہ** - موتی لال وغیرہ مدعیان نے جتن سنگھ کے خلاف ایک معمولی ڈگری زر نقد حاصل کی تھی - وہ فوت ہوا اور مدعیان ڈگری داران نے کچھ جائداد کی قرقی کی درخواست کی جو جگناتھ سنگھ کے قبضہ میں تھی اور یہ بیان کیا کہ جتن سنگھ جگناتھ سنگھ کا چچا تھا اور یہ کہ وہ ایک مشترکہ ہندو خاندان بنتے تھے - جگناتھ سنگھ نے تحت دفعہ ۴۷ مجموعہ ضابطہ دیوانی مختلف اعتراضات پیش کئے تھے - عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا تھا کہ جتن سنگھ جگناتھ سنگھ کا چچا تھا لیکن یہ کہا تھا کہ چونکہ ڈگری صاف طور پر ایک ذاتی ڈگری تھی اور جتن سنگھ کے خلاف ایک مشترکہ خاندان کے "کرتا" کی حیثیت سے صادر نہیں کی گئی تھی جگناتھ سنگھ پر جتن سنگھ کے قرضہ کی ادائی کی ذمہ داری عائد نہ ہوتی تھی اور یہ کہ جائداد قرق اور نیلام نہ کیجا سکتی تھی - ڈگری داروں نے مرافعہ کیا اور ڈسٹرکٹ جج نے یہ قرار دیا تھا کہ تحت دفعہ ۵۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی الفاظ "یا اونکی اولاد" میں ایک بھتیجا شامل تھا اور اسلئے عدالت ابتدائی کی تجویز منسوخ کی تھی اور مقدمہ دیگر تنقیحات کی تحقیقات کے لئے واپس کیا تھا -

جگناتھ سنگھ نے حکم واپسی کی ناراضی سے یہاں مرافعہ کیا ہے -

بحث اس تعبیر پر مبنی ہے جو دفعہ ۵۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی کیجانی چاہئے - یہ دفعہ مجموعہ میں ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء کے ذریعہ سے داخل کی گئی تھی - اس میں یہ مذکور ہے کہ دفعہ ۵۰ کی اغراض کے لئے جائداد جو کسی بیٹے یا دیگر اولاد کے قبضہ میں ہو جو دھرم شاستر کی رو سے متوفی مورث کے قرضہ کی ادائی کی ذمہ دار ہو جسکی بابتہ کوئی ڈگری صادر کی گئی ہو متوفی کی ایسی جائداد تصور کیجائے گی جو بیٹے یا دیگر اولاد کے قبضہ میں اوسکے قائم مقام قانونی کی حیثیت سے آئی ہو - یہ امر قابل لحاظ ہے کہ بیٹے یا دیگر اولاد پر ذمہ داری صرف اس صورت میں عائد کیجا سکتی ہے جبکہ جائداد دھرم شاستر کی رو سے کسی متوفی مورث کے قرضہ کی ادائی کی ذمہ دار ہو - سر ارنسٹ ٹریولین نے اپنے دھرم شاستر طبع دوم کے صفحہ ۳۲۳ پر قانون حسب ذیل الفاظ میں مختصراً بیان کیا ہے :-

"قطع نظر اس ذمہ داری کے جو مشترکہ خاندانی جائداد سے اپنے باپ یا دادا کے قرضہ جات کی ادائی کے متعلق کسی بیٹے یا پوتے پر عائد ہوتی ہو مثل دیگر قانونی طریقوں کے دھرم شاستر کی رو سے یہ ضروری ہے کہ اس شخص کے لئے جو وارث یا موصی لہ یا بوصیت کے طور پر کسی دوسرے شخص کی جائداد کا وارث ہو اوس دوسرے شخص کے جائز قرضہ جات کی خواہ ایسے قرضہ جات کی غرض کچھ ہی ہو اس جائداد کی حد تک جو اوسکو ملی ہو ادائی ضروری ہے لیکن کسی دوسرے شریک خاندان پر جسکو پسماندگی کے ذریعہ سے حقوق حاصل ہوئے ہوں متوفی شریک خاندان کے قرضہ جات کی ادائی کی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی" -

اسلئے یہ معلوم ہوتا ہے کہ تحت دفعہ ۵۳ صرف بیٹا یا سلسلہ کی اولاد دفعہ کے تحت آتی ہے - ہمارے اس خیال کی تائید مقدمہ چنی لال ہری لال بنام بابائی منی (۱) سے ہوتی ہے اس خیال کے مدنظر مرافعہ کامیاب رہتا ہے اور حکم واپسی منسوخ ہونا چاہئے اور عدالت ابتدائی کی ڈگری معہ کل عدالتوں کے خرچہ کے بشمول رسوم عدالتہائے الشرح اعلیٰ بحال ہونی چاہئے -

مرافعہ منظور کیا گیا -

(۱) انڈین کیسز جلد ۴۴ صفحہ ۵۴ ۔

(۱۵۹)

## عدالت جوڈیشل کمشنر ناگپور

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر تعدادی ۳۳۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر بیکر جوڈیشل کمشنر۔

رحمت بی مدعیہ۔ مرافعہ بنام بھوری بی۔ مدعی علیہا مرافعہ علیہا

شرع اسلام۔ وراثت۔ نالش جو وارثہ کی جانب سے حصہ کے لئے بیوہ کے خلاف رجوع کی گئی ہو۔ دین مہر کی ادائی۔ قانون مالگذاری اراضی ممالک متوسط ایکٹ ۲ بابتہ سنہ ۱۹۱۷ء دفعہ ۲۱۲۔ اراضیات رعیت واری [illegible] وارثان ہیں۔

کسی متوفی مسلمان کی بیوہ کا مہر [illegible] متوفی کے ورثاء کی [illegible] ذاتی ذمہ داری ہے اور کوئی وارث متوفی کی جائداد میں اپنے حصہ کے قبضہ کے لئے بیوہ پر نالش کرے [illegible] ادا کرنے کی ذمہ داری۔ محمد [illegible] خان بنام [illegible] اور [illegible] صفحہ ۹۵ پر استدلال کیا گیا۔ دفعہ ۲ قانون مالگذاری اراضی ممالک متوسط سے ابر [illegible] کہ اراضی رعیت واری کا [illegible] کسی رعیت کا حق [illegible] منتقل ہوتا ہے [illegible] یہ قیاس کیا جاتا ہے کہ جب اراضی باپ سے بیٹے کو اور بیٹے سے اسکی بیوہ کو منتقل ہو تو ورثا کے حقوق منتقل ہوتے ہیں جب اراضی رعیت واری کسی متوفی شخص کی جائداد میں شامل ہو تو وہ بقیہ جائداد کے ساتھ اسکے ورثاء کے دعوی کی ذمہ دار ہے۔

فقرہ (۳) دفعہ ۲۱۲ قانون مالگذاری اراضی ممالک متوسط کی رو سے اراضی رعیت واری بلا منظوری ڈپٹی کمشنر کی رضامندی کے قابل تقسیم نہیں ہے لیکن کسی متوفی رعیت کے کل ورثا مالکان کی پیداوار [illegible] پانے کے مستحق ہیں اور ان میں کوئی بھی اگر وہ تقسیم کرانا چاہے ڈپٹی کمشنر کے روبرو تقسیم کی درخواست کر سکتا ہے۔

مرافعہ بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج نیما مرافعہ دیوانی نمبر ۱۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء مورخہ ۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء۔

منجانب مرافعہ۔ مسٹر ایم والی۔ شریف۔

منجانب مرافعہ علیہا۔ مسٹر فدا حسین۔

**فیصلہ**۔ مدعیہ نے مدعی علیہا نمبر ۱ سے جو اسکے بھائی کی بیوہ تھی کا دعوی [illegible] اپنے متوفی باپ اور بھائی کی جائداد میں اپنے حصہ کی بازیابی کے لئے [illegible] رجوع کیا تھا [illegible] جج کنندہ [illegible] کہ مدعیہ مدعی علیہا نمبر ۱ سے زر مبلغ [illegible] کی نسبت اپنے تعداد حصہ اور مبلغ [illegible] کو جو کہ ابراہیم خاں کے بھائی اور مدعی علیہا نمبر ۱ کے شوہر کے اخراجات [illegible] بابتہ سنہ ۱۹۱۱ء کی پر جائداد متنازعہ ڈگری کے ۳/۲۰ حصہ کی مستحق ہے۔

مدعی علیہا کی جانب سے مرافعہ پیش ہونے پر ڈسٹرکٹ جج نیما نے عدالت ابتدائی کی ڈگری بدیں ہدایت ترمیم کی کہ رعیت واری حصہ تقسیم سے خارج ہونے چاہئیں اور یہ کہ مدعیہ مبلغ [illegible] علیہا کا مہر اور کامدار خاں کے اخراجات تجہیز و تکفین کی نسبت اسکا ذمہ دار ٹھہرایا جائے۔ مدعیہ نے ان وجوہ سے [illegible] مرافعہ میں بیان کی گئی ہیں اس ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ ثانی پیش کیا ہے۔ مدعیہ کے حصہ کی تعداد جو عدالت ابتدائی نے تجویز کی تھی تسلیم کی گئی ہے۔ پہلا امر جو مرافعہ ثانی میں پیش کیا گیا ہے تقسیم سے اراضیات رعیت واری کے اخراج سے متعلق ہے۔ یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ اراضیات رعیت واری [illegible] امیر خاں مدعیہ کے متوفی باپ اور اسکے بعد کامدار خاں اسکے بیٹے مدعی علیہا نمبر ۱ کے شوہر کی جائداد میں شریک تھیں۔ اس امر کی نسبت فاضل ڈسٹرکٹ جج کی دلیل کہ فیصلہ کے فقرہ ۱۱ میں پائی جائیگی۔ وہ یہ قرار دیتے ہیں کہ اراضیات

ست بلا بنام دری لال ناگپور

ابیرنال نے چھوڑی ہیں اور وہ ایک پٹہ پر مبنی ہیں جو گورنمنٹ اور اسامی کے مابین [illegible] کیا گیا تھا۔ مروسہ جائداد کے متعلق بھی قانون یہ ہے کہ حق ملکیت منتقل ہوتا ہے گویا کہ وہ اراضی ہے (دفعہ ۲۱۱ مجموعہ مالگزاری اراضی ممالک متوسط) یہ اسی طرح ہوتا ہے جیسا کہ [illegible] کے حق کی نسبت ہوتا ہے۔ [illegible] پٹہ ٹھیکہ [illegible] وراثت [illegible] کے مابین جو رعیت مالکانہ ہے [illegible] کیا جا سکتا ہے۔ [illegible] اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مدعی [illegible] نے اپنے شوہر کی وراثت پر مسرود سے منبرت [illegible] پیش کی تھی [illegible] خاندان کا ایک شریک [illegible] واقعہ ہے [illegible] سامیان شریک [illegible] جاتے ہیں۔ ([illegible] بنام سیتارام (۱))۔ [illegible] جب [illegible] رعیت مالکانہ [illegible] مدعی علیہا نمبر ۱ کے نام پر [illegible] رہی [illegible] ان ہی وجوہ سے فیصلہ ڈسٹرکٹ جج نے رعیت [illegible] کئے تھے۔ میری رائے یہ ہے کہ عدالت ماتحت مرافعہ نے ایک غلط [illegible] خیال سے مقدمہ کے [illegible] پر غور کیا ہے۔ امر غور طلب [illegible] اراضیات رعیت [illegible] (۲) متوفی [illegible] جائداد میں شامل ہیں۔ [illegible] بلاشبہ شامل نہیں [illegible] جج نے تجویز کی ہے۔ اگر یہ صحیح ہے تو [illegible] ورثاء کے دعوی کی ذمہ داری [illegible] خاص طور پر قانون ناجائز کی گئی [illegible]۔ دفعہ ۱۲ مجموعہ مالگزاری [illegible]

۹۶ یہ واضح ہوتا ہے کہ [illegible] رعیت کا حق اس طرح منتقل ہوتا ہے گویا کہ وہ اراضی [illegible] گلاب راؤ بنام [illegible] رام [illegible] وہ کسی کاشتکار [illegible] خاندان [illegible]

زمیندار سے اراضی کا پٹہ حاصل کیا تھا۔ مقدمہ موجودہ ایک ایسا مقدمہ نہیں ہے جس میں مدعی علیہا نمبر ۱ نے اراضی پٹہ پر حاصل کی تھی بلکہ وہ اراضی رعیت [illegible] کے قبضہ کے حق کے انتقال سے متعلق ہے۔ یہ قیاس کیا جاتا ہے کہ جب ایسی اراضی باپ سے بیٹے کو یا بیٹے سے بیوہ کو منتقل ہو تو وہ وراثت کے ذریعہ سے منتقل ہوتی ہے اور مقدمہ موجودہ میں اس امر کی نسبت عدالت ابتدائی کی ایک [illegible] تنقیح اور تجویز موجود ہے جس سے عدالت ماتحت مرافعہ نے اختلاف نہیں کیا ہے۔ تنقیح نمبر [illegible] اور تجویز مندرجہ فقرہ (۱) سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ عدالت ابتدائی نے انسپکٹر مال کی شہادت پر یہ قرار دیا تھا کہ مدعی علیہم نمبر ۱ تا ۳ کو [illegible] ۵ تا [illegible] ورثاء کی حیثیت سے ملی تھیں اور انھوں نے انکو حاصل نہیں کیا تھا [illegible] انسپکٹر مال بیان کرتا ہے کہ اراضیات رعیت مالکانہ کی صورت میں وارث کا نام درج کیا جاتا ہے۔ [illegible] مدعی علیہا نمبر ۱ نے گورنمنٹ کے حق میں معمولی قبولیت [illegible] کی تھی [illegible] رکھتا۔ اس لئے میری رائے یہ ہے کہ رعیت [illegible] بھی اس جائداد میں شامل ہیں جو ورثاء کے دعوی کی ذمہ دار ہے۔ حسب فقرہ (۲) دفعہ ۱۲ مجموعہ مالگزاری اراضی [illegible] ڈپٹی کمشنر کی رضامندی کے تقسیم نہیں کئے جا سکتے لیکن [illegible] اپنے حصہ کا مستحق ہے اور وہ اگر مناسب خیال کرے تو ڈپٹی کمشنر کے پاس تقسیم کے لئے درخواست کر سکتا ہے۔ اسکے بعد مہر کے متعلق [illegible] تسلیم کی گئی ہے اور یہ واقعہ [illegible] تسلیم کیا ہے کہ [illegible] مدعی علیہا نمبر ۱ اپنے غیر موجل مہر [illegible] کی مستحق ہے۔ یہاں یہ بحث کی گئی ہے کہ عدالت ماتحت مرافعہ نے جائداد میں اپنا حصہ لینے کے قبل کامل مہر کی ادائی کا حکم [illegible] دی تھی۔ یہ بحث کی گئی ہے کہ ورثاء کو ان کا حصہ مہر ادا

ہونے کے بعد ملتے ہیں اور اس طرح ان کے حصص میں تناسب کمی ہوتی ہے۔ اگر مدعیہ سے کامل مہر دلایا جائے تو دیگر ورثا کو انکے حصص بلا کمی کے ملینگے۔ انہوں نے مقدمہ ہمیر علی بنام زبیدہ بی بی (۲) پر استدلال کیا ہے جس میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ چونکہ شوہر کے ورثا کی ذمہ داری ذاتی نہ تھی وارث جو بیوہ پر اپنے حصہ کے قبضہ کے لئے نالش کرے صرف قرضہ مہر کے متناسب حصہ کی ادائی کا ذمہ دار ہے۔ مرافعہ علیہا کے لائق وکیل نے چند اشارات پر استدلال کیا ہے جو شرع اسلام مولفہ امیر علی طبع چہارم جلد ۲ کے صفحہ ۵۰۰ پر درج ہیں۔ مقدمہ محمد کریم اللہ خاں بنام امانی بیگم (۳) میں جو منجملہ ان مقدمات کے ایک ہے جن کا امیر علی کی کتاب میں حوالہ دیا گیا ہے یہ قرار دیا گیا ہے کہ وارث مہر کے اپنے متناسب حصہ کی ادائی کے بغیر تقسیم کے متعلق اپنا حق ثابت کرنے سے قاصر رہا تھا۔ مقدمہ موجودہ میں کامدار خاں کی جائداد میں زوجہ متوفی شوہر کی مدعیہ کا حصہ صرف $\frac{19}{144}$ ہے اور اس کو کامل مہر کی ادائی پر مجبور کرنا نامناسب ہوگا۔ اس لئے میں یہ قرار دیتا ہوں کہ مدعیہ کو مہر کا اس کا متناسب حصہ یعنی مبلغ الف $\frac{19}{144}$ یعنی مبلغ ۱۰۰ روپیہ ادا کرنا چاہیئے۔ بقیہ امر صرف کامدار خاں کے اخراجات تجہیز و تکفین کے حصہ کے متعلق ہے جو مبلغ ۵۰ روپیہ ہے جو مدعیہ کو ادا کرنیکا حکم دیا گیا ہے۔ مرافعہ کے لائق کونسل نے یہ بحث کی ہے کہ مستغیث علیہا المرافعہ نے اس امر کی کوئی شہادت پیش نہیں کی ہے کہ اس نے یہ رقم اپنی ذات سے ادا کی تھی اور نہ اس نے یہ ظاہر کرنے کے لئے شہادت پیش کی تھی کہ اس نے اسکو قرض لیا تھا۔ وہ جائیداد کے علاوہ کوئی ذریعہ نہیں رکھتی ہے اور اس لئے یہ فرض کرنا چاہیئے کہ اس نے اس کو جائیداد سے ادا کیا تھا۔ اس لئے مدعیہ جائداد میں اپنا حصہ حاصل کریگی جس ... اس ... ادا کی ... یقینا کمی ہوگی اور یہ نامناسب ہے کہ وہ دو مرتبہ ادا کرے۔ اس مسئلہ میں میں یہ ظاہر کرسکتا ہوں کہ عدالت تحت کے فیصلہ کے فقرہ ۱۴ میں یہ ریمارک کیا گیا ہے کہ چونکہ قرضہ جات جو کامدار خاں کی جانب سے ادا کئے گئے تھے بلا شبہ خاندانی جائیداد سے ادا کئے گئے ہونگے۔ مزید حصہ رسدی نامعقول نہیں ہے کیونکہ ادائیات کے ذریعہ سے مدعیہ کے حصہ میں خود بخود کمی ہو جاتی ہے۔ بجز اسکے کہ اس امر کے متعلق شہادت موجود ہو کہ کامدار خاں کی تجہیز و تکفین کے اخراجات بجز جائیداد کے اور کس طرح ادا کئے جا سکتے تھے یہ بھی متعلق ہوگی۔ نتیجہ یہ ہے کہ مرافعہ کامیاب رہتا ہے اور میں جائداد میں جس میں مدعیہ ایک حصہ پانیکی مستحق ہے۔ رعیت واری نمبر ... شامل کرکے عدالت ماتحت مرافعہ کی ڈگری ترمیم کی جانی چاہیئے $\frac{19}{144}$ حصہ پانیکی ... اور دین مہر کے متناسب ... کے مبلغ ... کی ادائی ... تابع ہے۔ مرافعہ علیہا مرافعہ کا ... برداشت کریگی۔ مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ مدراس

مرافعہ فوجداری بر فیصلہ ۱۷ ماہ ... ۱۹۲۱ء و نگرانی فوجداری نمبر ... ۸ بابتہ ۱۹۲۱ء

منفصلہ ۱۵ فروری ۱۹۲۲ء

باجلاس جسٹس سر والٹر شلنگ ٹامس و جسٹس اوجر لنگ

بھوا ملماری عرف مارسی — ملزم۔

مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ ۱۸۶۰ء دفعات ۳۰۲، ۳۰۴، ۱۰ ہلاکت

جو شدید تحریک سے واقع ہوئی ہو۔ نیت۔ جرم۔

ملزم نے اپنی زوجہ پر یہ الزام لگایا تھا کہ وہ ایک دوسرے شخص کے ساتھ میل جول رکھتی ہے اور ... کرتی تھی ... نے یہ جواب دیا کہ ... اس کے پاس لے ... اور وہ اسکو گالیاں دیتی ... ملزم نے ... کے ...



رحمت ا... بنام ... بیوہ ... ذاکیہ

ہے یہ گھونسا ماری جو نوبت [illegible] ہلاکت کا باعث ہوئی۔ قرار دیا گیا
کہ گو ملزم [illegible] نیت یا علم ثابت نہ کیا گیا کہ ایسا ہوا [illegible] جس کے لئے ضرر رسانی
جو دفعہ ۳۰۴ مجموعہ تعزیرات ہند [illegible] حالات سے اس امر کا یقین ہو سکتا
کہ ملزم جانتا تھا کہ شدید ضرب لگانے سے مقتولہ کو ہلاکت کا [illegible]
بلا کا احتمال تھا اس طور پر کہ وہ جرم کا مرتکب ہوا [illegible]
ہے جو دفعہ ۳۰۴ مجموعہ [illegible] حصہ دوم [illegible]
قیصر ہند بنام [illegible] مدراس [illegible] میگزین

مرافعہ تحت دفعہ ۴۱۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری بابت فیصلہ ۹ فروری ۱۹۲۶ء بنیاد آن علم برآ
ملزم پر الزام زیر دفعہ ۳۰۲ مجموعہ تعزیرات ہند جو سشن جج
ترچناپلی نے بمقدمہ سیشن نمبر ۳۳ بابتہ ۱۹۲۵ء جو ان کے روبرو پیش ہوا
تھا صادر کیا تھا اور مقدمہ ہائیکورٹ میں پیش ہوا تھا جس کے
ملزم کو یہ نوٹس دیا گیا تھا کہ وہ وجہ ظاہر کرے کہ کیوں اس کے خلاف
دفعہ ۳۰۴ مجموعہ تعزیرات ہند کے تحت تجویز ثبوت جرم صادر نہ کی جائے

منجانب ملزم۔ مسٹر پی مارکنڈلو۔
منجانب سرکار۔ پبلک پراسیکیوٹر۔

**جسٹس ایلنگ۔** اس مقدمہ کے ملزم کے خلاف سشن جج
ترچناپلی کے روبرو اس کی زوجہ کی ہلاکت کے متعلق الزامات زیر
دفعات ۳۰۲، ۳۰۴، ۳۲۳، ۳۲۴ مجموعہ تعزیرات ہند کی [illegible]
تحقیقات عمل میں آئی۔ سشن جج نے اس کے خلاف جرم زیر دفعہ ۳۲۳
میں تجویز ثبوت جرم صادر کی اور اس کو ایک سال کی قید با مشقت کی
سزا کا حکم دیا لیکن دوسرے الزامات میں اس کو بری کر دیا۔ حکم بریت
کی ناراضی سے گورنمنٹ نے دفعہ ۴۱۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو
سے مرافعہ کیا تھا اور [illegible] عدالت نے یا بحد تعلیم [illegible]
احکام کی اور سے اس مقدمہ [illegible]
مقدمہ جو شہادت استغاثہ سے ظاہر ہوتا تھا حسب ذیل ہے:

مہلوکہ جو ایک ۱۹ سالہ نوجوان عورت تھی اپنے شوہر ملزم کے
ساتھ اچھے تعلقات نہ رکھتی تھی اور وہ کئی بار اس کی بدسلوکی کی شکایت
کر کے اپنے والدین کے مکان کو واپس چلی گئی تھی۔ وہاں سے وہ آخری
مرتبہ اپنے جانے کے ایک ہفتہ کے اندر واپس لائی گئی تھی۔ ۹ جولائی
کو اس کو اپنی بیمار ماں کی ملاقات کے لئے طلب کیا گیا تھا اور ملزم نے
اس سے اتفاق کیا کہ وہ اس کو جانے دیگا لیکن اس کی ماں کے
موضع کو جانے کے قبل ملزم اس کے ساتھ مہایزسندر میں گیا جو ایک محصورہ
جنگل کے عین باہر واقع ہے۔ وہ وہاں پرستش کرنا چاہتی تھی اور وہ متصلہ
محصورہ جنگل میں سے ہل کی لکڑی کاٹنا چاہتا تھا۔ سندر کے قریب
اور محصورہ جنگل کے کچھ اندر اس شام کو غروب آفتاب کے قبل دو
گواہان گواہان استغاثہ نمبر ۲ و ۳ نے ان کو ایک ساتھ دیکھا تھا
اس کے بعد عورت کبھی زندہ نہیں دیکھی گئی لیکن چند روز کے بعد محصورہ
جنگل میں ایک عورت کا ڈھانچہ دستیاب ہوا جس کی نسبت یہ شبہہ
کیا گیا تھا کہ وہ مہلوکہ کا تھا۔ ملزم کو شبہہ پر گرفتار کیا گیا اور اس نے
عورت کے تمام زیورات پیش کر دئے جنمیں اس کی تالی شامل تھی۔
اس کے بعد اس نے ایک اقبالی بیان (دستاویزی آئی ۳۳) دیا
جس کا اعادہ اس نے عدالت مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو کیا۔
(دستاویز کے) گو سشن جج کے روبرو اس نے اس سے انحراف کیا تھا
اس میں اس نے یہ بیان کیا تھا کہ جنگل میں اپنی زوجہ کے ساتھ اس کی
لڑائی ہوئی اور یہ کہ اس نے پہلے اس کو طمانچہ مارا اور اس کے بعد
گھونسا ماری اور اس طرح بغیر کسی نیت کے اس کی ہلاکت کا باعث ہوا۔
سشن جج نے یہ قرار دیا کہ اقبال بلا جبر و اکراہ اور بلا رضا
کیا گیا تھا اور بدسلوکی کی نسبت ملزم کے بیانات یا عدالت سشن
میں اس کے انحراف کو کوئی اہمیت نہیں دی۔ انہوں نے اس کو واقعات
کے متعلق صحیح بیان کے طور پر تسلیم کیا اور واقعات کی اس ہلاکت کے

مطابق یہ قرار دیا کہ ملزم سے ہلاک کرنے یا ضرر شدید پہونچانے کی کوئی نیت منسوب نہیں کیجا سکتی۔ اور حسب اسکے خلاف بالارادہ ضرر پہونچانے کی علت میں تجویز ثبوت جرم صادر کی۔

مندرجہ بالا عبارت سے یہ معلوم ہوگا کہ اقبالی بیان کے قطع نظر ملزم کے خلاف بہت قوی دلیل موجود ہے کہ دفعات ۳۰۲ و ۳۰۴ مجموعہ تعزیرات ہند کے بموجب اسکے خلاف تجویز ثبوت جرم صادر کیجائے یہ بیان اس حد تک الزام دہ ہے جہانتک کہ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ملزم اپنی زوجہ کی ہلاکت کا باعث ہوا تھا لیکن جہانتک کہ اس طریقہ اور متعلقہ حالات اور اس نیت کے حوالہ سے جو ملزم سے منسوب کی جانی چاہیئے وہ ملزم کے فعل کو خفیف قرار دینے کی طرف منجر ہے وہ بری کرنے والا ہے اس آخری امر کے متعلق وہ نہایت ہی زیادہ عملی اہمیت رکھتا ہے۔ طبی شہادت سے ہلاکت کے سبب پر کوئی روشنی نہیں پڑتی۔ ڈاکٹر نے کوئی ہڈی ٹوٹی نہیں پائی اور گو سر دھڑ سے الگ ہو گیا تھا لیکن یہ تجویز جنگلی جانوروں سے ہونا ممکن ہے۔ سشن جج نے اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ ملزم نے اپنی کلہاڑی اپنی زوجہ کو ہلاک کرنے کے لئے استعمال نہ کی ہوگی اور اس مزید خیال سے کہ بہت زیادہ دشمنی نہ تھی واقعہ کے متعلق اس بیان کو کلیتاً منظور کیا ہے جو ملزم نے دستاویزات نمبر آئی ۲ اور کے میں پیش کیا تھا۔

مجھے بہت زیادہ شبہ محسوس کئے بغیر چارہ نہیں ہے کہ آیا ان بیانات میں کامل صداقت ہے اور آیا ملزم نے بہرصورت اس تشدد کو بہت زیادہ کم نہیں کیا ہے جو اس نے اپنی زوجہ کو ہلاک کرنے کے لئے استعمال کیا تھا طمانچہ سے جو گال پر مارا گیا تھا اور ٹھوکر یا ٹھوکروں سے جو پہلو پر ماری جائیں ایک ۱۹ سالہ تندرست نوجوان عورت کی فوری ہلاکت کا احتمال نہیں ہوتا لیکن مقدمہ کے تمام حالات کے لحاظ سے اور بالخصوص چونکہ یہ معاملہ ہمارے روبرو بصیغہ نگرانی دائر کیا گیا ہے اور حکم برات کی نا راضی سے پیش ہوا ہے اس لئے میں یہ کہنا پسند نہیں کرتا کہ واقعہ کی نسبت ملزم کا بیان منظور کرنے میں سشن جج کا عمل جائز نہ تھا۔ ایسی حالت میں میں اس قیاس کے لحاظ سے تجویز کرونگا کہ وہ صحیح ہے اور صرف اس امر پر غور کرونگا کہ آیا اسکو منظور کرلینے کے بعد ملزم کے خلاف بالارادہ ضرر پہونچانے کے مقابل میں زیادہ سنگین جرم میں تجویز ثبوت جرم صادر کی جانی چاہیئے خود ملزم کے الفاظ میں جو دستاویز ای میں مندرج تھے یہ قصہ بیان کیا گیا ہے۔ "مجھے غصہ آیا اور میں نے اپنی زوجہ کو اسکے گال پر اپنے ہاتھ سے مارا۔ وہ یہ کہتی ہوئی گر پڑی تم برباد ہو جاؤ لعنت ہو یہ کہکر کہ تم نے یہ عمل اس وجہ سے کیا ہے کہ میں نے تم کو مکان میں ایک مسلمان عورت کی طرح رکھا ہے اور مکان میں تم کو تمام ضروریات بہم پہونچاتا ہوں میں نے زور سے ٹھوکر ماری وہ میری زوجہ کے پہلو میں لگی میں ایک لمحہ کے لئے رک گیا اور وہ کپکپانے لگا۔ اس کے بعد اس نے نہ تو سانس لی اور نہ کوئی بات کی"۔

گال پر طمانچہ بہت کم نقصان پہنچا سکتا تھا گو یہ معلوم ہوگا کہ اس قدر زور سے مارا گیا تھا کہ وہ گر پڑی تھی لیکن یہ معلوم ہوگا کہ ٹھوکر یا ٹھوکریں جو پہلو پر لگی تھیں عملی طور پر فوری ہلاکت کا باعث ہوئی تھیں یہ ظاہر کرنے کے لئے کوئی امر موجود نہیں ہے کہ وہ کسی عارضہ میں مبتلا تھی اور میں خیال کرتا ہوں کہ ہم مناسب طریقہ سے یہ نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں کہ ضرور ہے کہ اس نے عورت کو نہایت ہی زور سے ٹھوکر ماری ہوگی جس سے ایسا اثر پیدا ہوا تھا اور یہ کہ اس شخص سے جو گری ہوئی عورت کے پہلو میں اس طرح ٹھوکریں مارے یہ علم منسوب کیا جانا چاہیئے کہ اسکی وجہ سے ہلاکت کا احتمال ہے گو وہ اس زیادہ معین نیت یا علم رکھنے سے بری کردیا جائے جو دفعہ ۳۰۱ مجموعہ تعزیرات میں ضروری تبلایا گیا ہے یہ کہنا غیر متعلق ہے جیسا کہ سشن جج نے عمل کیا ہے کہ ملزم اور اس کی زوجہ کے مابین یقیناً اس قسم کے برے تعلقات نہ تھے

ملاحظہ ہو (مدراس) اپنی زوجہ کی ہلاکت کی نیت رکھتا - ملزم کی جب اس کا غصہ فرو ہو
تھا غالباً ایسی کوئی خواہش نہ تھی لیکن اس نے یہ بیان کیا ہے کہ اسکے
مین ماقبل اس نے اس کو اس امر سے تنبیہ کیا تھا کہ وہ دوسرے اشخاص
کے ساتھ میل جول کرتی ... بصورت شوہ گری کرتی تھی اور اس نے
... اس نے یہ جواب دیا تھا کیا مضائقہ ہے ... اپنے ارد...
ست کیا نقصان ہوتا ہے ؟) اسکے بعد اس نے اسکے گال پر طمانچہ مارا
اور وہ اسکو گالیاں دیتی ہوئی گر پڑی - ان حالات میں اسکو
بہت زیادہ غصہ آیا ہوگا اور یہ بحث کرنی غلط ہے کہ اس کا اپنی زوجہ
کو ہلاک کرنیکا منشا نہ ہوگا کیونکہ اس کو ایسا کرنیکی کافی وجہ تحریک
نہ تھی - لائق وکیل نے جنھوں نے ہمارے روبرو ملزم کی جانب سے
مقدمہ پر بحث کی تھی قیصر ہند بنام عید و بیگ (۱) میں جسٹس اسٹریٹ
کے فیصلہ سے یہ ظاہر کرنے کے لئے استناد کیا ہے کہ ملزم کے خلاف قتل عمداً
قتل انسان مستلزم سزا نہیں بلکہ زیادہ سے زیادہ ضرر شدید پہنچانے
میں تجویز ثبوت جرم صادر کیجا سکتی ہے جو دفعہ ۳۲۵ مجموعہ تعزیرات
ہند کی رو سے قابل سزا ہے میں یہ نہیں خیال کرتا کہ اس سے ایسی کسی تجویز
کی تائید ہوتی ہے کیونکہ اس مقدمہ میں ذیعلم جج نے بہت زیادہ
تصریح دفعہ ۳۰۴ الف مجموعہ تعزیرات ہند کے منشا کی وضاحت
کرنے اور بالخصوص یہ ظاہر کرنے کے لئے گوارا کی تھی کہ وہ بلا واسطہ
تشدد کے مقدمات سے متعلق نہ تھی جو بالارادہ استعمال کیا گیا ہو -
اپنے فیصلہ کے صرف آخری حصہ میں انھوں نے اس سوال پر تجویز کی
کہ اس خاص مقدمہ کے واقعات کے لحاظ سے جان کے روبرو تھا ۹۹۳
کس قدر نیت یا علم ملزم سے متعلق کیا جانا چاہیئے اور انھوں نے
یہ بیان کیا ہے میں یقیناً جج کے حکم میں دست اندازی نہ کرتا اگر وہ
اس بنا پر قتل انسان مستلزم سزا میں جو قتل عمد کی حد تک نہیں پہنچا ہے
تجویز ثبوت جرم صادر کرتے کہ ملزم کو ضرور یہ علم ہوگا کہ غالباً ہلاکت

وقوع میں آئیگی ساتھ ہی میں ان کے اس فیصلہ کو منظور کرنے کیلئے
آمادہ ہوں کہ اس قسم کا کوئی علم نہ تھا گو اسکے بعد میں ان کی رائے منظور
نہیں کرسکتا " دوسرے الفاظ میں انھوں نے کو بظاہر کسی قدر شبہ
کے ساتھ عدالت ماتحت کی یہ تجویز منظور کی کہ ملزم کو اس مقدمہ میں
یہ علم نہ تھا اسکے فعل سے غالباً ہلاکت وقوع میں آئیگی - ایسے
فیصلہ سے اس خصوص میں کوئی رہنمائی کسی دوسری عدالت کی
نہیں ہوسکتی جو کسی دوسرے مقدمہ کی تجویز کر رہی ہو -
میری حد تک میں خیال کرتا ہوں کہ موجودہ مقدمہ میں ضرر
شدید پہونچانے کی تجویز ثبوت جرم غیر منطقی اور بلحاظ واقعات
ناکافی ہوگی - دفعہ ۳۰۲ مجموعہ تعزیرات ہند کی صرف ایک قسم
جس کا متعلق کیا جانا ممکن تھا آٹھویں ہے - کوئی ضرب جو جان کو خطرہ
میں ڈالے اور میں یہ نہیں خیال کرتا کہ اس فقرہ کی نسبت یہ مقصود تھا کہ وہ
ایک ایسے مقدمہ سے متعلق ہو جس میں جان نہ صرف خطرہ میں پڑی ہو بلکہ وہ در اصل
نکل گئی ہو لیکن خواہ حالت کچھ ہی ہو حالات سے میرے خیال میں اس
قیاس کی کامل تائید ہوتی ہے کہ پہلو کو ٹھوکر مارتے وقت ملزم
جانتا تھا کہ غالباً ہلاکت وقوع میں آئیگی اور میں اس کو جرم تحت دفعہ
۳۰۴ مجموعہ تعزیرات ہند (آخری حصہ) کا مجرم قرار دیتا ہوں - اپنی مردہ
زوجہ کے جسم سے زیورات اور پارچہ جات لینے اور اس کا برہنہ جسم جنگل
میں چھوڑ دینے کے متعلق اس کا طرز عمل بہت ہی خفیف حکم سزا صادر کئے
جانے کے خلاف ہے اور ... میں ۵ سال قید با مشقت کی
سزا کا حکم صادر کرتا ہوں -
جسٹس او جرس - میں متفق ہوں کہ ان حالات میں جو میں شون جج کی
تجویز منظور کرنی چاہیئے کہ ملزم کا اقبال ان واقعات کا سچا بیان ہے
جو وقوع میں آئے تھے اسکے مطابق ملزم اور اسکی زوجہ میں جھگڑا ہوا
اور اس نے اس پر یہ الزام لگایا کہ دوسرے اشخاص کے ساتھ اس کا آشنائی

ہے وہ غصہ میں بھر گیا اپنی زوجہ کو اس قدر زور سے طمانچہ مارا کہ وہ گر پڑی اس لئے اسکے اس فعل کے لئے کوسنا شروع کیا اور اس لئے عورت کے پہلوؤں دو سے ایک ٹھوکر ماری وہ فی الفور ہلاک ہو گئی جس کے وجود کی کوئی شہادت یا عذر نہیں پیش کیا گیا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ان واقعات کے لحاظ سے وہ نیت کیا ہے جو ملزم سے منسوب کی جانی چاہئے دفعہ ۲۹۹ کے آخری فقرہ میں قتل انسان مستلزم سزا کی تعریف یہ کی گئی ہے کہ ہلاکت کا باعث ہونا اس علم سے کہ غالباً ہلاکت واقع ہو نیکی یا ضرر شدید (دفعہ ۳۲۰) کی صرف ایک قسم جس کا کہ طرح سے اس مقدمہ سے تعلق کیا جانا ممکن تھا آٹھویں قسم ہے یعنی کوئی ضرر جو جان کو خطرہ میں ڈالے۔

یہاں ملزم نے زور سے ٹھوکر ماری تھی اقبال میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ صرف ایک ٹھوکر ماری گئی تھی لیکن یہ بالکل ممکن ہے کہ زیادہ ٹھوکریں ماری گئی ہونگی بہر صورت صرف ایک ٹھوکر کا صدمہ بہت ہی زیادہ ہوگا۔ قیصر ہند بنام عید و بیگ (۱) جو مقدمہ ہمارے روبرو پیش کیا گیا اور جس پر ملزم کیجانب سے بہت زیادہ استدلال کیا گیا ہے صرف ایک تھی اور فاضل جج (جسٹس اسٹرٹ) نے یہ بیان کیا تھا کہ وہ ڈسٹرکٹ جج کے حکم میں دست اندازی نہ کرتے اگر انھوں نے ملزم کو ایک جرم قتل انسان مستلزم سزا کا جو قتل عمد کی حد تک نہیں پہنچتا ہے اس بنا پر مجرم قرار دیا ہوتا کہ ضرور ہے کہ ملزم کو یہ علم ہوگا کہ غالباً ہلاکت واقع ہوگی جو مقدمہ دفعہ ۳۰۴ کے تحت تھا اور جس کا جو تصفیہ کیا گیا تھا وہ یہ تھا کہ مقدمات جنمیں بلا واسطہ تشدد جو بلا ارادہ استعمال کیا گیا تھا اس دفعہ کی تحت میں آتے۔ موجودہ مقدمہ میں ٹھوکر سے نہ صرف جان خطرہ میں پڑی تھی بلکہ خود ملزم کے بیان کے مطابق وہ خود ہی ہلاکت کا باعث ہوئی تھی اور مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایسے زور سے لگائی گئی تھی کہ ملزم کی نسبت یہ سمجھنا چاہیے کہ اس کو یہ علم تھا کہ غالباً ہلاکت واقع ہوگی اس لئے کہ کسی دوسرے کا ارادی سبب کی کوئی شہادت موجود نہیں ہے۔ ایسی حالت میں میں اپنے فاضل رفیق مسٹر کے فیصلہ سے اتفاق کرتا ہوں

سزا سے متفق ہوں جو انہوں نے تجویز کیا ہے۔

بجا ملا (مدر ۹) ملزم کے خلاف تجویز ثبوت جرم جیاد ریکیگی

# ہائیکورٹ پٹنہ

استصواب متعلق ہوت و فوجداری

نمبر مقدمہ ۱۹۰ و ۶۶ بابت ۱۹۱۶ء منفصلہ ۲۵ اپریل ۱۹۱۶ء

باجلاس جسٹس سر بی کے ملک مٹ و مسٹر جسٹس تہارن ہل۔

بالکر و سکیل حجم و غیرہ مرافعان بنام ملک معظم۔ فریق مخالف۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابت ۱۸۹۸ء دفعہ ۱۶۴۔ ان بیانات کی قلمبندی جو ملزم نے تحقیقات کے قبل کئے ہوں مجسٹریٹ کا اختیار۔ قانون شہادت ایکٹ ۱ بابت ۱۸۷۲ء دفعات ۹، ۱۱، ۲۱، ۲۴، ۱۳۳۔ تحقیقات کے قبل ملزم کے بیانات کا قابل ادخال شہادت ہونا۔ شریک جرم کا بیان تائید۔

تصفیہ دفعہ ۱۶۴ یا مجموعہ ضابطہ فوجداری کی کسی دوسری دفعہ میں کوئی مضمون اس قسم کا نہیں ہے جو کسی مجسٹریٹ کو ایسا بیان قلمبند کرنے سے روکتا ہو جو قبل تحقیقات کا آغاز ہونے کے قبل کرنا پسند کرے ایسا بیان اگر بلا ارادہ کیا جانا ثابت ہو جائے تو وہ نہ صرف قابل ادخال شہادت ہوتا ہے بلکہ وہ واقعہ کی حیثیت سے بہت ہی بڑی وقعت رکھتا ہے جبکہ اتفاق اسکی جو بیت کے قبل یا غیر قبل ہونے سے ہو۔ قیصر ہند بنام بریلیب چند چکرورتی کلکتہ ویکلی نوٹس جلد ۲۰ صفحہ ۹۰۔ قیصر ہند بنام عیرو نذیر پر پوٹ مدراس جلد ۴۴ صفحہ ۳۹۹ سے اختلاف کیا گیا۔ ملک معظم بنام منگل بال الحرن کیسیر جلد ۲ صفحہ ۱۶۱ سے اتفاق کیا گیا۔ دفعات ۹ و ۱۱ سے جب متکو دفعہ ۲۱ قانون شہادت کیساتھ پڑھا جائے معاملات کے اس حکم کا فی تائید ہوتی ہے کہ ایسے تمام بیانات کو جو ملزم نے کئے ہوں شہادت میں قبول کیا جائے جو اسکی بریت سے تعلق رکھتے ہوں اور خواہ سابقہ بیان کی تنہا پولیس کے عہدہ دار یا عدالت یا کسی شخص ثالث کے روبرو کیا گیا ہو غیر اہم ہوتا ہے اگر بیان مقدمہ زیر تحقیقات ملزم کی بریت سے تعلق رکھتا ہو۔ قیصر ہند بنام ہیرالب چند کلکتہ ویکلی نوٹس جلد ۲۳ صفحہ ۳۰۱ کی وضاحت کی گئی۔ دفعہ ۱۳۳ قانون شہادت کی رو سے کسی شریک جرم کی شہادت پر ثبوت جرم صادر کرنیکے لئے کافی ہوگا لیکن یہ خلاف آئین

مدن گرو
بنام
... سرکار
(ریپنش)

ساتھ وہ جو تجویز پر مبنی ہے کہ ہر مقدمہ میں ملزمان شریک جرم کی شہادت
دیکھ کر حالات کو یہ قیاس کرنا چاہیئے کہ وہ غیر معتبر گواہ ہے جب تک کہ ہم
اور تمیں اس کی تائید نہ کی جائے وہ قیاس قائم کرنے میں قصور کرنا
ایک قانونی غلطی ہے۔ فلپس بنام ... کرمنل اپیل رپورٹ جلد ۱۵ صفحہ
۲۱۵ پر غور کیا گیا۔

استغواب زیر دفعہ ۳۷۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری منجانب سشن جج جبل پور
منجانب مرافعان مسٹر گوجندر ... پال و گجیندرا پرشاد داس۔
منجانب سرکار مسٹر سلطان احمد۔

**جسٹس ملک** - مرافع مدن گر کے خلاف دفعہ ۳۰۲ مجموعہ تعزیرات ہند کی رو سے جرم قتل عمد میں تجویز ثبوت جرم اس بنا پر صادر کی گئی ہے کہ وہ ایک نوجوان عورت مسماۃ الوچیا کی ۸ دسمبر ۱۹۴۶ء کی رات میں ہلاکت کا باعث ہوا تھا اور اس کو موت کی سزا دی گئی ہے۔ یہ مقدمہ اب ہمارے روبرو اس استغواب کی بنا پر پیش ہوا ہے جو سشن جج جبل پور نے حکم سزائے موت کی منظوری کے لئے کیا تھا۔ مرافع باسدیو جس نے مرافعہ نمبر ۶ بابت ۱۹۴۷ء رجوع کیا ہے مدن گر کا ایک لڑکا تھا اور اسکے خلاف بھی ایسے جرم میں تجویز ثبوت جرم صادر کی گئی ہے اور اسکو حبس دوام بعبور دریائے شور کی سزا دی گئی ہے۔ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ تین دوسرے اشخاص یعنی گنڈا گور [illegible] مدن گر کا ایک ملازم تھا ایک مرد بھی سنکری کیوٹ اور اس کی زوجہ کبیری کیوٹ کے خلاف بھی مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو ان موجودہ دو مرافعان کے ساتھ تحقیقات کی گئی تھی۔ ان کے منجملہ موخر الذکر دو اشخاص یعنے سنکری اور اس کی زوجہ کو مجسٹریٹ نے اس بنا پر رہا کر دیا تھا کہ ان کے خلاف کافی شہادت موجود نہ تھی اور عدالت سشن میں وہ ہم سرکاری گواہ تھے گنڈا کی حد تک اس کو عدالت سشن میں دو مرافعان کے ساتھ بغرض تحقیقات سپرد کیا گیا تھا لیکن فاضل سشن جج نے دو اسیسروں کے ساتھ

اتفاق کر کے اس کو بری کر دیا ہے۔ دو مرافعان کی حد تک ایک اسیسر کی یہ رائے تھی کہ دونوں کو بری کر دیا جائے جبکہ دوسرے نے گو اپنی رائے کے ابتدائی حصہ میں وہ بہت واضح نہ تھا آخر کار یہ نتیجہ اخذ کیا کہ شہادت کافی تھی۔ فاضل سشن جج نے موخر الذکر اسیسر کے ساتھ اتفاق اور اول الذکر کے ساتھ اختلاف کرتے ہوئے دونوں مرافعان کے خلاف حسب صراحت بالا تجویز ثبوت جرم اور حکم سزا صادر کیا ہے۔ قبل اسکے کہ بعینہ قتل عمد کی واردات کے حالات بیان کئے جائیں یہ تحریر کرنا ضروری ہے کہ متوفیہ الوچیا موضع لبنگا کے ایک ہی گھر میں اپنے باپ بالوتا بھائی سیتارام اور اپنی بھاوج سیتا کلتانی کے ساتھ دوسروں سے علیحدہ رہتی تھی کچھ سال قبل سے اس کو اسکے شوہر نے طلاق دے دی تھی جو اب اسی موضع کے ایک دوسرے مکان میں رہتا ہے کیونکہ [illegible] بلا لحاظ [illegible] سو کبھی کبھی [illegible] کر کے کرتی تھی وہ اس کے [illegible] مدن کی داشتہ تھی۔ مدن کی یہ عادت تھی کہ وہ اس سے ملاقات کرتا اور بعض اوقات اسکے مکان میں تمام رات گزارتا تھا اور عورت کی بھی یہ عادت تھی کہ وہ مدن کے مکان پر باسدیو کے ساتھ جاتی تھی۔

اب یہ بیان کیا گیا ہے اور میری رائے میں ثابت کیا گیا ہے کہ کسی وقت گزشتہ ۸ دسمبر کی سہ پہر میں ملزم باسدیو بالوتا کے مکان پر آیا اور ہلوکہ سے یہ کہا کہ وہ اس کے ساتھ مدن کے مکان پر چلے۔ سیتا کلتانی ہلوکہ کی بھاوج کی شہادت سے شبہہ کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی کہ مدن ہلوکہ کو بلایا کرتا تھا یہ کہ اکثر اوقات اس نے ہلوکہ کو تحفے دئے تھے اور یہ کہ کچھ ہلوکہ کے زیورات اس وقت مدن کی تحویل میں تھے سیتا نے یہ بیان کیا ہے کہ اس نے باسدیو کو ہلوکہ کے ساتھ اس ہفتہ کی سہ پہر کو جاتے ہوئے دیکھا تھا۔

اوسکی تائید بالونا اور ایک بہت ہی بےغرض گواہ سمی ملدی سنتھی پوٹلہ
تھانہ کے ایک چپراسی نے کی ہے جو اتفاق سے مہلوکہ کے مکان پر اوس
روز مہلوکہ سے ترکاری بھاجی خریدنے کی غرض سے گیا تھا۔ تیونی
نے یہ اظہار دیا ہے کہ مہلوکہ عجلت میں تھی اور یہ بیان کیا کہ وہ اوس
سے بات نہیں کرسکتی تھی کیونکہ ایک آدمی اوسکو گروپالی لیجانے کے
لئے آیا ہے جو اوس موضع کا نام ہے جہاں مدن رہتا ہے۔ سیتا کلیانی کی
شہادت پر بہت قوت کے ساتھ اون لائق وکیل نے اعتراض کیا
ہے جو مرافع مدن کی جانب سے ہمارے روبرو حاضر ہوئے ہیں
اور بار بار یہ اصرار کیا گیا ہے کہ وہ کینہ ور جھوٹ بولنے والی گواہ ہے
جس کو اس بہت ہی سنگین الزام میں مدن کو پھانسنے کے لئے پولیس
نے تعلیم دی ہے۔ ہم ذی علم سشن جج سے متفق ہیں کہ اس گواہ نے باوجود
چند اختلافات کے مجموعی طور پر راست بیان دیا ہے اور یہ کہ اوس
نے مہلوکہ کو باسدیو کے ہمراہ سنیچر ۸ دسمبر کی سہ پہر میں جاتے دیکھا
تھا۔ ملدی سنتھی نے انکار کیا تھا کہ اوسکے متعلق نہ باور کرنے کی کوئی وجہ نہیں
بتلائی گئی ہے اور شہادت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس قدر عرصہ قبل
جیسا کہ ۱۱ دسمبر تھا اوس نے سب انسپکٹر سے جو مقدمہ کی تحقیقات
کررہا تھا یہ کہنے کے لئے پیشقدمی کی تھی کہ اوس نے باسدیو کو مہلوکہ
کے ہمراہ گذشتہ سنیچر کو جاتے دیکھا تھا۔ اوس کے ایک لڑکے ہیدو
گونڈ کی شہادت ہے جس نے ہمارے روبرو یہ بیان کیا ہے کہ اوس
نے مہلوکہ کو باسدیو کے ہمراہ پینگا اور گروپالی کے مابین سڑک پر
دیکھا تھا۔ اسی قسم کا بیان ایک گواہ سمی جھبلا کیوٹ نے کیا ہے
اور میری رائے میں اس میں کچھ شبہ نہیں ہوسکتا کہ اوسکو اور ہیدو
کو طرفین کی طرف سے کوئی کینہ نہیں ہے اور یہ کہ گو ۱۶ دسمبر تک
پولیس نے اون کا اظہار نہیں لیا تھا مگر اونہوں نے تحقیقات
کے وقت صحیح بیان کیا ہے۔

اسکے بعد واقعات متعلقہ موضع گروپالی میں واقع ہوئے ہیں جو مہلوکہ کے
مکان سے تین میل کے فاصلہ پر ہے اگر ہم سنکری کیوٹ اور اوس
زوجہ کہیری کیونی کو باور نہ کریں تو اس امر کے متعلق کوئی
شہادت نہیں ملتی کہ ۸ دسمبر کی رات میں مہلوکہ کہاں تھی۔ اگر بخلاف
اسکے ہم اون کو باور کریں تو اون کی شہادت یہ ظاہر کرتی ہے کہ وہ
۸ دسمبر کی رات میں مدن کے مکان پر تھی، یہ کہ وہاں سے
باسدیو، گنڈا، سنکری اور کہیری ایک چشمہ موسومہ گنگام
تک اوسکے ہمراہ گئے جو مدن اور [illegible] اوس کے مکانات کے قریبا
نصف راستہ میں واقع ہے اور یہ کہ وہاں مدن نے [illegible] اوسکو
ٹھنگی سے ہلاک کردیا تھا جو کلہاڑی کے مانند ایک آلہ ہوتا ہے۔
بظاہر مہلوکہ کی غیر حاضری سے بڑی حد تک کوئی شبہ یا پریشانی
پیدا نہیں ہوئی تھی اور یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ ۹ دسمبر کو کوئی کارروائی
کی گئی تھی۔ لیکن سوموار ۱۰ دسمبر کو بالونا کو گنگام جنگل میں [illegible]
میں بہت سی ہڈیاں اور بعض زیورات اور کپڑے ملے جو
اوسکی لڑکی کے تھے اور اوسکے بعد وہ ۲ ساعت بعد نصف النہار
سب انسپکٹر بھگتا ہری کے روبرو حاضر ہوا جو کنترپالی کا پولیس
اسٹیشن کا منتظم تھا۔ اور یہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ اتفاقیہ
موضع گروپالی میں روند گشت کی غرض سے ٹھیرا ہوا تھا۔ بالونا نے
ایک رپورٹ لکھوائی جس میں یہ بیان کیا کہ وہ علی الصباح باسدیو
کے پاس گیا تھا اور یہ کہ باسدیو نے اوس سے یہ کہا تھا کہ وہ مدن
سے دریافت کرے کہ مہلوکہ کہاں چلی گئی تھی یہ کہ اوس نے
مدن سے بھی دریافت کیا تھا اور یہ کہ مدن نے یہ جواب دیا تھا کہ مہلوکہ
غالباً کسی ٹیڑھے راستہ سے مکان گئی ہوگی۔ گو متوفی کی ہلاکت میں
سازش کرنیکا کوئی صریح الزام اس اطلاع میں باسدیو یا مدن کے
خلاف نہیں لگایا گیا تھا مگر اوس کا عام رجحان یہ ظاہر کرتا ہے

مدن گرو بنام ملک معظم (پٹنہ)

کہ تری کے غائب ہونے میں اونہون نے حصہ لیا تھا اسکے بعد انسپکٹر
اوس مقام پر پہنچا جہاں اشیاء پڑی ہوئی تھیں اور اپنی تفتیش شروع کی
سب انسپکٹر جو اوس وقت جب اطلاع قلمبند کیجا رہی تھی مدن کے
مکان میں ٹھہرا ہوا تھا اور جس پر آزادانہ طور پر یہ الزام لگایا گیا ہے
کہ اوس نے نامناسب طریقہ سے اوسکی رعایت کی تھی بظاہر مدن یا باسدیو
کے خلاف ادریا اکو کوئی کارروائی نہیں کیگئی تھی لیکن یہ ظاہر ہوتا ہے
کہ ۱۲ تاریخ کو تقریباً دوپہر کے وقت باسدیو اور گنڈا نے جو پولیس
کی حراست میں تھے سب انسپکٹر کے روبرو ایک بہت ہی اہم بیان
قلمبند کرایا مثل میں اوسکی کوئی تفصیل نہیں ہے چونکہ وہ ایک بیان
تھا جو کسی معنی میں اقبال نہ تھا اس لئے میں خیال کرتا ہون کہ
فاضل سشن جج کو وہ بیان سب انسپکٹر کے ذریعہ سے ثابت کرنا چاہیے
تھا اور مقدمہ کی شہادت کا اوس کو ایک جزو قرار دینا چاہیے تھا
ہماری رائے میں ایسا کرنے میں جو ترک ہوا تھا وہ بہت اہم تھا لیکن
ہم اسقدر جانتے ہیں باسدیو اور گنڈا نے سنکری اور اوسکی زوجہ ۹۶۶ صفحہ
کو پھانسا تھا اور یہ کہ اون کے بیان کی بنیاد پر یہ دو اشخاص
ساڑھے چھ بجے شام کو گرفتار کئے گئے اور دوسرے روز
صبح ضلع کے مستقر سمبل پور کو روانہ کئے گئے یہ کہ وہ اوس روز سمبل پور
پہنچے اور یہ کہ ۱۴ ڈسمبر کو اون بیانات کے جو بظاہر بیانات زیر دفعہ
۱۶۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری تھے ڈپٹی مجسٹریٹ مولوی واثق علی نے
قلمبند کئے تھے اس بعد ان میں سب انسپکٹر نے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ
آیا وہ اب بھی مدن کے مکان میں ٹھہرا ہوا تھا یا نہیں اپنی تحقیقات
جاری رکھی تھی اور ۱۴ ڈسمبر کو دن مزید بیانات کی بنا پر جو باسدیو
اور گنڈا نے تقریباً ۲ بجے دن کے کئے تھے۔ اوس نے
مدن، باسدیو اور گنڈا کو قتل عمد کے الزام میں گرفتار کیا۔ تعلیم
سشن جج نے یہ ظاہر کیا ہے کہ سب انسپکٹر کے عمل میں اس علم سے

عجلت ہوئی تھی کہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس اوس طرح اتفاقی خبر ملنے پر
ہو کر جو تفتیش میں کی گئی تھی بذات خود لینگا کو جا رہے تھے واقعہ یہ
تھا کہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کسی وقت ۱۴ ڈسمبر کی رات میں اوس مقام پر
پہنچ گئے تھے اور اپنے ہمراہ ایک یا دو سب انسپکٹروں کو لائے تھے
تاکہ تفتیش میں مدد ملے ۱۵ ڈسمبر کو سنکری اور اوسکی زوجہ کو سمبل پور سے
مقام واردات پر حراست میں لایا گیا جہاں اونکا مدن، باسدیو اور
گنڈا سے مقابلہ ہوا جو اب بھی پولیس کی حراست میں تھے اور اون
بعض بیانات کی وجہ سے جو سنکری نے کئے تھے ایک تھیلی جس میں
مبلغ ...ہ کی رقم تھی پولیس کو سنکری کے چھوٹے بیٹے سے دستیاب
ہوئی اوس تھیلی کا معاملہ اس مقدمہ میں بہت زیادہ اہمیت رکھتا ہے
کیونکہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ ۱۲ ڈسمبر کو گرفتاری کے عین مابعد
سنکری کی زوجہ نے یہ تھیلی سب انسپکٹر بجناہری کو یہ بیان
کر کے حوالہ کی کہ ملزم مدن نے اوسکو مبلغ ...ہ انوچیا کے قتل کے
مابعد خاموش رہنے کے لئے دئے تھے اور یہ کہ اوس نے ...ہ
میں سے ۱۳ ار ۶ ہ صرف کئے تھے اور یہ کہ باقی رقم تھیلی میں تھی اس
معاملہ کے متعلق سب انسپکٹر کے طرز عمل کی نسبت میں بعد میں ذکر
کرونگا لیکن اس نوبت پر صرف یہ کہنا ضروری ہے کہ استغاثہ کی
یہ بحث ہے کہ سب انسپکٹر نے یا تو غفلت سے یا بالارادہ اپنے
روزنامچہ میں کچہری کے اس بہت ہی اہم بیان کو درج کرنا
ترک کیا ہے ۱۵ ار ۱۶ ار اور ۱۷ ار کو بعض گواہوں کا اظہار قلمبند کیا
گیا تھا اور آخر الذکر تاریخ پر پانچ ملزمین یعنے مدن، اوسکے
دو ملازمین باسدیو اور گنڈا، سنکری اور اوسکی زوجہ سمبل پور
روانہ کر دئے گئے۔ وہاں پہنچکر باسدیو، اور گنڈا دونوں نے
ڈپٹی مجسٹریٹ مولوی واثق علی کے روبرو بیانات کئے جو دفعہ
۱۶۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے قلمبند کئے گئے تھے۔ مدن

نے بضمن جرم کے ساہتہ اپنے تعلق کی نسبت بیان کرنے سے انکار کیا۔

اس نوبت پر یہ سہولت بخش ہوگا کہ اوس دلیل پر غور کیا جاے جو اس قدر قوت کے ساہتہ مرافع مدن کے لائق وکیل نے ہمارے روبرو پیش کی ہی کہ یہ ثابت نہیں کیا گیا ہے کہ کوئی قتل عمد واقع ہوا تھا۔ اس امر کے متعلق شہادت یہ ہے۔ مقدمہ کی طبی شہادت سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سر اور دوسری ہڈیان جو لوئیں کو جنگل جوری میں دستیاب ہوئی تہیں ایک انسان کی ہیں جس کی جنس کا تصفیہ کرنا ناممکن ہی جو زیورات اوس مقام پر پڑے ہوئے ملے تھے وہ اون زیورات کے طور پر شناخت کئے گئے ہیں جنکو انوچیا پہنے ہوئے تھی، وہ معمولی زیورات ہیں جو عام طور پر استعمال کئے جاتے ہیں اور اون میں شناخت کی کوئی خاص علامات نہیں ہیں لیکن باوجود اسکے گواہ ستیا جو مہلوکہ کے ساہتہ ایک ہی مکان میں رہتی تھی اون کو شناخت کرنے کے قابل ہوگی۔ اوس شہادت سے جو اوس نے دی ہے یہ ثابت ہوتا ہی کہ یہ زیورات اون زیورات کے مانند ہیں جو انوچیا اوس وقت پہنے ہوئے تھی جب وہ ۸ دسمبر کو سپہر میں مکان سے نکلی۔ اسکے بعد ایک ریشمی ساڑھی اور اوڑہنی بھی اوس مقام پر پائی گئی۔ دو دہوبیون، ایک مرد اور عورت نے شہادت دی ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ساڑھی مہلوکہ کی تھی اور یہ کہ اوڑہنی وہ تھی جس کو مہلوکہ اور مہلوکہ کے خاندان کے مختلف ارکان استعمال کرتے تھے۔ ایک درزی کی بھی شہادت موجود ہے جس نے یہ اظہار دیا تہا کہ اوس نے اکثر تبہ اس اوڑہنی کو کاٹا اور کنارے سئے تھے۔ یہ بحث کی گئی ہے کہ ساڑی اور اوڑہنی کی شناخت کے متعلق یہ تمام شہادت جہوٹی ہے یہ صحیح ہے کہ ساڑی اور اوڑہنی پر شناخت کی کوئی علامتیں نہیں

مدن گر بنام ملک معظم (پٹنہ)

لیکن یہ نہیں کہا جاسکتا کہ جن اشخاص نے اون کو دہویا تھا اونکی شناخت نہیں کرسکتے تھے نہ یہ کہ جس درزی نے اوڑہنی کو کاٹا تھا وہ اوسکی شناخت کرنے کے ناقابل تھا جب اوس سے شناخت کرنے کے لئے کہا گیا تھا۔ طبی شہادت سے یہ ظاہر ہوتا ہی کہ ان دونون پارچہ جات پر انسان کا خون پایا گیا تہا استغاثہ کی بحث یہ ہے کہ مہلوکہ کی لاش چشمہ کی تہ میں ۸ کی رات سے ۱۰ دسمبر تک پڑی رہی اور یہ کہ جنگلی جانورون اور پرندون نے اوس کو کہا لیا۔ اس لئے کوئی ایسی چیز باقی نہیں رہی تھی جس سے مہلوکہ کی شکل شناخت کیجاسکتی تھی اون حالات کے لحاظ سے جو اس ملک میں نافذ ہیں یہ ناممکن ہی کہ اس بیان کو نامنظور کیا جائے۔ اسکے علاوہ یہ ظاہر کرنے کے لئے صریح شہادت موجود ہے کہ ۹ دسمبر کو مہلوکہ کی لاش ایسی حالت میں دستیاب ہوئی تھی جبکہ کم از کم تین گواہ اوسکی شناخت کرسکتے تھے۔ ان میں سے پہلا گواہ کہیدو لڑکا ہے جس کا حوالہ اوس سے قبل دیا جاچکا ہے۔ اوس نے یہ بیان کیا ہے کہ اوس نے انوچیا کی لاش اوس مقام پر پائی جس کا گلا کٹا ہوا تھا اور یہ کہ اوس نے اپنے مالک انہتا کو تلاش کیا اور اوس کو لاش دکہلائی۔ سنکری یادہن کی شہادت بھی موجود ہے جس نے یہ بیان کیا ہے کہ جب ۹ کی سہ پہر میں بازار جا رہا تھا تو اوس نے یہ دیکھا تھا کہ لاش کو گدہ کہا رہے تھے۔ یہ امر قابل غور ہے کہ ان گواہون کے منجملہ جو یہ بیان کرتے ہیں کہ اوہنون نے انوچیا کو پہنچانا تھا کسی نے بھی اوس روز کوئی اطلاع اوسکے خاندان کے ارکان کو نہیں دی تھی ظاہر ہوتا ہے کہ ۱۶ کو پولیس نے کہیدو کا اظہار قلمبند کیا تھا انہتا کا اظہار بھی اوسی روز قلمبند کیا گیا تھا۔ جب کہ سنکری کا اظہار ۱۷ کو لیا گیا تھا اور فوری اطلاع نہ دینے کے لئے ان گواہون نے صرف ایک جواب جو پیش کیا تھا یہ تھا کہ وہ خوف زدہ تھے کہ ایسا نہو کہ

صفحہ ۹۶۷

مدن گرہ بنام ملکہ معظمہ (دیپٹ)

اونہیں مقدمہ میں پہانس لیا جائے۔ اون حالات کے لحاظ سے جو لوگ جلپی میں رائج ہیں جہاں سے یہ مقدمہ پیش ہوا ہے اور اس قسم کے اشخاص کی عام جہالت کے لحاظ سے جس سے ان گواہوں کا تعلق ہے جواب مجھے بالکل غیر اغلب نہیں معلوم ہوتا۔ گواہ کہیڈو کے متعلق ایک واقعہ موجود ہے جس پر غور کیا جانا ضروری ہے اوس نے بیان کیا ہے کہ وہ مہلوکہ کے بھائی سیتارام سے سوسوار تاریخ کو صبح میں ملا تھا اور یہ کہ اوس نے سیتارام سے یہ کہا تھا کہ اوس نے لاش کو یوم گزشتہ دیکھا تھا۔ حالت یہ ہے کہ سیتارام کا اظہار پولیس نے ۱۱ر کو قلمبند کیا تھا اور اوس نے اس واقعہ کا ذکر نہیں کیا تھا کہ کہیڈو نے اوس سے یہ کہا تھا کہ اوس نے لاش ۹ر تاریخ کو دیکھی تھی۔ ۱۵ر دسمبر کو بھی سیتارام نے پولیس میں یہ اطلاع دی کہ کہیڈو نے لاش ۹ر کو دیکھی تھی اس میں شک نہیں کہ یہ ایک امر استغاثہ کے خلاف ہے لیکن اوسکے خلاف تو یہ شہادت دی وقعت کے لحاظ سے میں خیال کرتا ہوں کہ یہ ثابت ہے کہ کہیڈو اور دوسرے دو گواہ سچ بیان کر رہے ہیں۔

ان حالات میں صرف ایک نتیجہ جو واقعات سے اخذ کیا جا سکتا ہے یہ ہے کہ مہلوکہ کی موت صدمہ سے واقع ہوئی تھی۔

دوسرا سوال یہ ہے کون شخص اوسکی ہلاکت کا باعث ہوا تھا؟ قدرتی طور پر شبہ باسدیو پر کیا گیا جب پہلی مرتبہ بابو نانے اوس سے دریافت کیا تو اوس نے لڑکی کے پتہ کے متعلق اطلاع دینے سے انکار کیا یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ ممکن ہے کہ مہلوکہ اپنے کام سے گئی ہوگی جو مچھلی فروخت کرنیکا تھا اور کسی شخص یا اشخاص نامعلوم نے اوس کو ہلاک کر دیا ہوگا۔ اس خصوص میں ہماری توجہ ایک اختلاف کی طرف مبذول کرائی گئی ہے جو اوس اطلاع میں جو بابو نانے دی تھی اور اوس شہادت کے مابین تھا جو اوس نے تحقیقات کے وقت دی تھی۔ اطلاع میں اوس نے یہ بیان کیا تھا کہ مہلوکہ ایک [illegible] پہلی [illegible] گئی تھی لیکن بوقت تحقیقات اوس نے سخت کوشش اس امر سے انکار کرنے کی کی ہے کہ اوس نے ایسا کوئی بیان کیا تھا۔ اس انکار کا سبب بالکل ظاہر ہے وہ ایسے کسی اقبال کے کرنے سے خوف زدہ ہے جو اس مسئلہ کے موافق ہوگا کہ قتل عمد کا ارتکاب کسی شخص نامعلوم نے کیا تھا یہ ظاہر کرنے کے لئے کوئی شہادت موجود نہیں ہے کہ آیا نوکری کا محض ایک حیلہ تھا یا آیا در اصل اوسکا ارادہ اوس کو کہیں فروخت کرنیکا تھا لیکن ہماری رائے میں یہ امر قطعی طور پر ثابت ہو گیا ہے کہ وہ باسدیو کے ہمراہ گئی تھی۔

ایسی حالت میں سختی کے ساتھ باسدیو پر یہ الزام عائد ہوتا ہے کہ وہ اوسکے حرکات مابعد کا پتہ دے۔ اوس کا انکار کہ وہ لڑکی کے مکان پر گیا تھا مجرمیت کا قیاس پیدا کرتا ہے گو یہ کسی طرح سے قطعی نہیں ہے لیکن اوسکے ہمراہ عورت کے آخری مرتبہ دیکھے جانے کی اہمیت یہ ہے کہ اوس سے دو شریکان جرم سنکری اور کیمبری کی شہادت کی تائید ہوتی ہے لیکن قبل اس کے کہ میں اونکی شہادت پر بحث کروں یہ ضروری ہے کہ مقدمہ کا ایک جزو کا حوالہ دیا جائے جس کے متعلق بہت زیادہ اختلاف ہے اون دونوں نے یہ بیان کیا ہے کہ وہ ۸ر دسمبر کو مدن کے مکان اوس کے بلانے پر اس لئے گئے تھے کہ مہلوکہ کا اسقاط حمل کرانے کے ذرائع اور طریقہ معلوم کریں استغاثہ کی بحث یہ ہے کہ مہلوکہ کو تین ماہ کا حمل تھا اور یہ کہ ملزم مدن اوسکی اس حالت کا ذمہ دار تھا۔ صفائی کی جانب سے حمل کے متعلق قطعاً انکار کیا گیا ہے گو تعلق ہونے سے اقبال کیا گیا ہے۔ یہ بحث کی گئی ہے کہ سنکری اور اوسکی زوجہ کے مدن کے مکان پر جانے کا تمام قصہ از ابتدا تا انتہا گھڑا ہوا ہے۔ حالت یہ ہے کہ دو گواہ جو بلا دخل

(۲۵) شہادت حمل کے متعلق دینے میں بعد مہلوکہ کی بہاوج ستیا اور ایک عورت مسماۃ تارا ہے تاراکی حد تک فاضل سشن جج نے ہمارے خیال میں ٹھیک طور پر اوسکو کسی قدر مشتبہ گواہ کے طور پر سمجھنا پسند کیا ہے۔ اس نے یہ بیان کیا ہے کہ وہ مہلوکہ کے ہمراہ مدن کے مکان پر جایا کرتی تھی اور یہ کہ ایک رات کو جب مہلوکہ اور مدن ایک حجرہ میں سو رہے تھے جبکہ وہ (گواہ) دوسرے حجرہ میں تھی اوس نے مدن اور مہلوکہ کے مابین بات چیت ہوتے سنا جس میں مہلوکہ نے مدن کو یہ دہمکی دی تھی کہ وہ اوسکی بیٹی کی شادی کے روز راز ظاہر کر دے گی۔ ہم خیال کرتے ہیں کہ یہ امر مشتبہ ہے کہ آیا اس گواہ نے تمام گفتگو اون حالات میں سنی ہوگی جو اوس نے بیان کئے ہیں اور چونکہ فاضل سشن جج نے کٹہرہ گواہ میں اوسکا طرز عمل دیکھنے کے بعد اوسکو سچے گواہ کے طور پر تسلیم کرنے سے انکار کیا ہے اس لئے ہم خیال کرتے ہیں کہ ہمیں بھی اوسکی شہادت کا وہی موازنہ کرنا چاہئے ستیا کی حد تک اس میں کچھ شبہ نہیں ہو سکتا کہ وہ اون علامات کو دیکھنے کے قابل تھی جو اوس نے بیان کی ہیں۔ ایسی حالت میں اوسکی شہادت سے بھی اوس قصہ کی تائید ہوتی ہے جو شرکا جرم نے مدن کے مکان پر مہری رات میں اپنے جانے کی غرض کے متعلق بیان کیا تھا۔ ہمیں یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ نہ تو اوس اظہار میں جو پولیس نے قلمبند کیا تھا اور نہ اپنے اوس بیان میں جو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو اوس نے دیا تھا اوس نے کوئی ذکر اون علامات کا کیا تھا جو وہ اب بیان کر رہی ہے۔ ممکن ہے کہ سب انسپکٹر کی غفلت سے یہ بات ترک ہو گئی ہو یا جیسا کہ استغاثہ کی جانب سے ظاہر کیا گیا ہے ممکن ہے کہ اوسکی خواہش مدن کو بچانے کی ہو اور ان حالات سے کہ اوس نے اوس قسم کا ترک سنگری کی زوجہ سے متعلق کیا تھا اوسکی دیانتداری کے خلاف قوی قیاس پیدا ہوتا ہے اوس بیان کی حد تک جو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے روبرو کیا گیا تھا جو بہت مختصر ہے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ آیا گواہ سے اس مضمون کے متعلق کوئی سوال کیا گیا تھا۔ اگر سوال کیا جاتا اور اگر اوس نے حمل کے واقعہ سے انکار کیا ہوتا تو اس سوال پر شرکا جرم کی شہادت پر شبہ کرنے کی جائز وجہ ہوتی لیکن یہ ظاہر کرتے ہوئے کہ کسی بلا واسطہ شہادت کی عدم موجودگی میں کہ وہ بیان جو ستیا نے عدالت سشن میں کیا تھا جھوٹا ہے [میں] خیال کرتا ہوں کہ اون علامات کے متعلق جو مہلوکہ میں پائے گئے تھے اوسکا بیان صحیح تسلیم کیا جانا چاہئے۔

اس تعلق میں ایک اور امر ہے جس پر آج ہماری توجہ مرافع مدن کے لائق وکیل نے مبذول کرائی ہے۔ لائق وکیل نے بیان کیا ہے کہ "صورت حال" رپورٹ میں جو ۱۰ دسمبر کو مرتب کی گئی تھی ایک کوپنا کپڑے کا ذکر ہے جس کا ترجمہ رپورٹ میں اندرونی کپڑے کے طور پر کیا گیا ہے اور جس کی نسبت یہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ گنگا جل جوری لاش کے قریب دستیاب ہوا تھا۔ یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ کوپنا کپڑا عورتیں بالعموم ایام حیض میں پہنتی ہیں اور یہ کہ ایسے کپڑے کا دستیاب ہونا مہلوکہ کی حالت کے مسئلہ کی کلیتاً تردید کرتا ہے یہ امر کہ آیا کوپنا اس قسم کا کپڑا ہے یا نہیں جو مرافع کے لائق وکیل نے ظاہر کیا ہے کسی شہادت سے ثابت نہیں کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے پڑھنے پر خود میرا خیال یہ ہوا تھا کہ وہ ایک قسم کی چولی تھی جو عورتیں بالعموم اپنی ساڑی کے نیچے پہنتی ہیں لیکن اگر وہ اس قسم کا کپڑا بھی ہو جس کا بالا اشارہ کیا گیا ہے تو بھی وہ حمل کے مسئلہ کے منافی نہیں ہے کیونکہ یہ مسلمہ واقعہ ہے کہ اوس حالت میں بھی بعض اوقات چند ماہ تک ایام آتے رہتے ہیں ٭

سٹر کا مجرم کی جب اس حد تک تائید ہوگئی ہے تو اب ہم اونکی باقیماندہ شہادت کی جانچ کرتے ہیں اون لائق وکیل نے جو مرافع کی جانب سے حاضر ہوئے ہیں یہ بحث کی ہے کہ بیانات جو سنکری اور اوسکی زوجہ نے مولوی واثق علی کے روبرو ۲۴ ار دسمبر ۱۹۱۶ء کو کئے تھے وہ کلیتاً ناقابل ادخال شہادت ہیں تو نعلیم سشن جج نے ان بیانات کا کوئی حوالہ نہیں دیا ہے اور میں خیال کرتا ہوں کہ ایسا کرنا ترک کرنے میں اونہوں نے غلطی کی تھی۔ اگر اونہوں نے سابق میں کوئی مختلف بیانات کئے تھے تو ملزمین یقیناً اوس شبہ سے فائدہ حاصل کرنے کے مستحق تھے جو ان اختلافات سے پیدا ہوتا تھا۔ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ فاضل ڈپٹی مجسٹریٹ نے سنکری اور اوسکی زوجہ کے حقیقی الفاظ اردو یا کسی زبان میں ایک ایسے اہلکار سے لکھوائے تھے جو اوس سے واقف تھا جب کہ خود اونہوں نے انگریزی میں تحریر قلمبند کی تھی۔ ہمارے روبرو دیسی زبان کے بیان کا ترجمہ موجود ہے اور ہم یہ دیکھتے ہیں کہ اوس ابتدائی نوبت پر سنکری نے ڈپٹی مجسٹریٹ کے روبرو یہ بیان کیا تھا کہ اوسکو اور اوسکی زوجہ کو باسدیو مدن کے مکان پر لے گیا تھا اور یہ کہ مدن کی ماں نے اوس سے یہ کہا تھا کہ اسقاط حمل کا انتظام کرے یہ کہ اوس نے یہ جواب دیا کہ وہ پوجا نہیں کر سکتا تھا کیونکہ اس روز اوس کو کرنے کی حالت میں نہ تھا اور یہ کہ ۱۴ یا ۱۵ روز کے بعد وہ اوس کو انجام دیگا۔ یہاں یہ تحریر کرنا ضروری ہے کہ شہادت کے مطابق سنکری کی نسبت یہ باور کیا گیا ہے کہ وہ آسیب کو اتارنے والا ہے اور یہ کہ وہ اور اوسکی زوجہ اوس کالی کے مندر کے پوجاری اور پوجارن ہیں جو مقام واردات کے متصل واقع ہے۔ بیان میں یہ بھی ذکر کیا گیا ہے کہ ان کے کہنے سے وہ مدن، باسدیو، گنڈا صفحہ ۹۶۹

اور انوجیا کے ہمراہ جو ایک جھونپڑہ موسومہ جانری مکان میں لائی گئی تھی گنگا جل چو کیلئے گئے یہ کہ جب وہ چشمہ کے کنارے پہنچ گئے تھے تو مدن اور انوجیا آگے بڑہے جبکہ باقی چار اشخاص پیچھے رہے یہ کہ اس کے تہوڑے ہی عرصہ کے بعد مدن نے گنڈا اور باسدیو کو پکارا یہ کہ اس کے بعد گنڈا اور باسدیو آگے چلے یہ کہ باسدیو نے ملزم کی ایک ٹنگی حوالہ کی یہ کہ مدن نے انوجیا کو ٹنگی سے مارا یہ کہ اسپر باسدیو نے بھی اوسکو مارا اور یہ کہ رحم کے لئے انوجیا کی استدعا پر مدن نے یہ جواب دیا کہ وہ موت سے نہ بچے گی کیہر ... کا بیان گو بہت مختصر ہے مگر اسی مضمون کا ہے۔ مگر اوس میں ایک عجیب امر ہے جسپر غور کرنا ضروری ہے اوس نے یہ بیان کیا ہے انوجیا چلائی اور رحم کی التجا کی اور یہ کہا کہ وہ مدن کے مکان میں نہ رہیگی۔ اس کے جواب میں استغاثہ کی جانب سے یہ ظاہر کیا گیا ہے انوجیا نے یہ دہمکی دی تھی کہ وہ مدن کے مکان میں اوسکی مرضی کے خلاف اس غرض سے رہیگی کہ اوسکو شرم دلائے اور اوسکو اوس کے لئے کسی انتظام کرنے پر مجبور کرے۔

مرافع کے لائق وکیل نے مقدمہ ملکہ معظم بنام بھغرب چندر چکرتی (۱) سے استناد کرتے ہوئے یہ بحث کی ہے کہ یہ دونوں بیانات جو مولوی واثق علی نے قلمبند کئے تھے بلا اختیار کئے گئے ہیں اور اس لئے وہ سنکری اور اوسکی زوجہ کی تائید یا تردید کے لئے قابل ادخال شہادت نہیں ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ اوس مقدمہ میں جس کا ابھی حوالہ دیا گیا ہے فاضل ججوں کے منجملہ ایک فاضل جج مسٹر جسٹس بنرجی نے صراحتاً یہ رائے ظاہر کی تھی کہ وہ مجسٹریٹ جو دفعہ ۱۶۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے عمل کر رہا ہو صرف یہ اختیار رکھتا ہے کہ گواہوں کے بیانات اور ملزمین کے

(۱) کلکتہ ویکلی نوٹس جلد ۴ صفحہ ۷۰۲

مقامات قلمبند کرے اور یہ کہ اگر کوئی ملزم کوئی ایسا بیان کرے
جو اقبال کی حد تک نہ پہنچتا ہو تو اوس بیان کو قلمبند کر لینا منشاء ضمنی ہے
لیکن اگر وہ قلمبند کیا جائے تو وہ مقدمہ کسی مابعد پر قابل ادخال شہادت
نہیں ہوتا۔ فاضل جج کی یہ رائے ہے کہ قانون شہادت ہند کی
دفعات دفعات ۱۶۴، ۳۴۲، ۳۶۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے
تابع ہیں اور انہوں نے ملکہ معظم بنام ویرن (۲) میں ہائیکورٹ
مدراس کے ایک فیصلہ سے استناد کیا ہے لیکن دوسرے فاضل جج
نے جن سے بینچ مشتمل تھی اسقدر تجاوز نہیں کیا بلکہ اوس خاص
مقدمہ کے حالات کے لحاظ سے یہ قرار دیا کہ بیان اس بنا پر ناقابل
ادخال شہادت تھا کہ یہ نہیں ظاہر کیا گیا تھا کہ وہ بالارادہ
کیا گیا تھا۔ بکمال تعظیم میں اول الذکر فاضل جج کی رائے سے اختلاف
کرنے کی جرات کرتا ہوں میری رائے میں مجموعہ ضابطہ فوجداری
کی دفعہ ۱۶۴ یا کسی دوسرے دفعہ میں کوئی مضمون اس قسم کا نہیں
ہے جو کسی مجسٹریٹ کو کسی بیان کے قلمبند کرنے سے روکتا ہے اگر ملزم
اپنے خلاف تحقیقات شروع ہونے کے قبل کوئی بیان قلمبند کرانا
چاہتا ہو۔ ایسا بیان بالارادہ کیا جانا ثابت ہو جائے تو وہ نہ صرف
قابل ادخال شہادت ہوتا ہے بلکہ وہ ایسے واقعہ کے طور پر بہت ہی
زیادہ وقعت رکھتا ہے جس کا تعلق اوسکی مجرمیت کے اغلب ہونے
یا نہونے سے ہوتا ہے۔ ملکہ معظم بنام کنگال مالی (۳) میں یہ قرار
دیا گیا ہے کہ بیانات جو پولیس کے روبرو کسی نوبت پر کئے گئے ہوں
قبل اسکے کہ ملزم کا اظہار عدالت میں ایسی شہادت کی توجیہ
کے لئے لیا گیا ہو جو اوسکے خلاف قلمبند کی گئی تھی اوسکی مجرمیت کا
فیصلہ کرنے کے لئے قابل ادخال شہادت ہوتے ہیں اور ایسی صورت
میں میں یہ سمجھنے سے بالکل قاصر ہوں کہ کیوں ایسے بیانات بھی جو

کسی مجسٹریٹ سے اون حالات میں کئے گئے تھے جو اون حالات سے
بہت زیادہ قابل اعتماد ہوتے ہیں جن میں پولیس کے روبرو بیانات
قلمبند کئے جاتے ہیں قابل ادخال شہادت نہوں میری رائے میں
دفعات ۸ و ۱۱ سے جب اون کو دفعہ ۲۱ قانون شہادت کے ساتھ
پڑھا جائے عدالت کا یہ عمل بالکل جائز ہوتا ہے کہ وہ ایسے تمام
سابقہ بیانات شہادت میں قبول کرے جو ملزم نے کئے تھے جو اوسکی
مجرمیت کے سوال سے تعلق رکھتے ہوں اور اگر بیان واقعہ تنقیح طلب
یعنی ملزم کی مجرمیت سے تعلق رکھتا ہو تو یہ امر غیر اہم ہوتا ہے کہ
آیا سابقہ بیان عہدہ دار کوتوالی یا عہدہ دار عدالت یا کسی شخص یا اشخاص
سے کیا گیا تھا۔ یہ صحیح ہے کہ فیصلہ ملکہ معظم بنام ہیرب چندر چکرورتی
(۱) میں حکام عالیمقام کے قاعدہ کی تقلید دوسرے مقامات میں
اون بیانات کے متعلق کی گئی ہے جو پولیس کے روبرو اون کی روداد کا
کے دوران میں کئے گئے تھے جن کو کارروائیات تصدیق کہا جاتا ہے
لیکن اون مقدمات کی وقعت کے متعلق خواہ کچھ ہی کہا جا سکتا
ہو مگر میں یہ نہیں خیال کرتا کہ ان مقدمات میں قانون کا کوئی
عام مسئلہ قرار دیا گیا ہے کہ استغاثہ کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ کسی
ملزم کے خلاف ایسے بیانات ثابت کرے جو اوس نے اپنے اوس اظہار
کے قبل کئے تھے جو عدالت میں قلمبند کیا جائے ایسی حالت میں یہ قرار
دیکر کہ بیانات جو اوس مقدمہ میں دو شخص کا جرم نے ڈپٹی مجسٹریٹ کے
روبرو دفعہ ۱۶۴ کے بموجب کئے تھے قابل ادخال شہادت ہیں سوال
یہ رہجاتا ہے کہ آیا اون سے اون بیانات کی تائید ہوتی ہے یا نہیں
جو عدالت سشن میں کئے گئے تھے کوئی اہم اختلاف نہیں ظاہر ہوتا
اور میری رائے میں اونکو اس طور پر قبول کیا جا سکتا ہے کہ اون سے
دفعہ ۱۵۷ قانون شہادت کی رو سے اون کے اظہار بعدالت سشن کی
تائید ہوتی ہے اسکے بعد اون بیانات کی حد تک جو انکو انہوں نے

مدراس گرد
بنام
ملکہ معظم
(پنجاب)

(۲) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۹ صفحہ ۲۲۴ (۳) انڈین کیس جلد ۲ صفحہ ۱۷۱

مدن گرو بنام ملک معظم (پٹنہ)

۹ فروری کو مجسٹریٹ سپرد کنندہ کے رو برو دیکھنا۔ مگر جو ایک اہم اختلاف مزید

نہیں ہی سوائے اوسکے کہ وہ حصہ کیا تھا جو مدن، باسدیو اور گنڈا میں سے ہر ایک نے مہلوکہ پر ضربات پہنچانے میں لیا تھا۔ اوس رائے کے بموجب میں نے مدن، اوسکے دو ملازمین اور سنکری اور اوسکی زوجہ کی نسبت قتل سے تعلق رکھنے کے متعلق قایم کی ہے وہ حقیقی حصہ جو ہر ایک نے حملہ میں لیا تھا مقابلتًہ بہت ہی کم اہمیت کا معاملہ ہے لیکن اگر اوس حصہ کی نسبت اختلافات سے جو ہر ایک نے حملہ میں لیا تھا کوئی امر اخذ کیا جا سکتا ہے تو وہ یہ ہے کہ مقدمہ کی آخری نوبتوں پر مدن اور گنڈا کو بچانے اور مہلک ضرب باسدیو سے منسوب کرنے کا میلان تھا۔ یہ قرار دیکر کہ یہ اختلافات کوئی اہمیت نہیں رکھتے میں مطمئن ہوں کہ سنکری اور اوسکی زوجہ کی شہادت کی اہم امور میں تائید ہو گئی ہی۔

حالت یہ ہی کہ اون لائق کونسل نے جو سرکار کی جانب سے حاضر ہوئے ہیں اور جنہوں نے مقدمہ میں بہت معقولیت کے ساتھ بحث کی ہے یہ ظاہر کرنیکی کوشش کی ہے کہ سنکری اور کہیری قانونی اصطلاح میں شریک جرم نہتے اور یہ کہ گو ممکن ہے کہ وہ موجود رہے ہوں مگر یہ ظاہر نہیں کیا گیا ہے کہ وہ قتل عمد کی سازش میں شریک تھے انسانی کاروبار کے معمولی طریقہ کے لحاظ سے اس اظہار کو تسلیم کرنا ناممکن معلوم ہوتا ہے کہ گو وہ مدن کے مکان پر آدہی رات کے وقت پہنچے اور گو اون سے یہ کہا گیا تھا کہ وہ مہلوکہ پر قابل نفرت عمل کرنے میں حصہ لیں اور گو اونہوں نے مہلوکہ اور مدن اور اوس کے دو ملازمین کے ہمراہ چشمہ تک جانے کے لئے رضامندی دی تھی مگر اونکی نیت اوس حملہ میں شریک ہونیکی نہ تھی جو اوسکی ہلاکت کا باعث ہوا تھا۔ میری رائے میں وہ اوس غرض سے کماحقہ آگاہ تھے جس کے لئے وہ مہلوکہ کو لیجا رہے تھے اور جملہ حالات کے لحاظ سے مجھے کچھ شبہ نہیں ہے کہ وہ اوس سازش میں شریک ہوئے تھے۔ جس کی غرض مہلوکہ کو ہلاک کرنے کی تھی۔ اس میں شک نہیں کہ

دفعہ ۱۳۳ | قانون شہادت ہند کی روسے اون کی شہادت

ثبوت جرم کی غرض کے لئے کافی ہوگی لیکن یہ ایک عملدرآمد کا قاعدہ ہے جو تجربہ پر مبنی ہے کہ ایسے ہر مقدمہ میں جہاں کسی شریک جرم نے شہادت دی ہے، عدالت نے لازماً یہ قیاس پیدا کیا ہے کہ وہ قابل اعتبار نہیں ہے جب تک کہ اہم امور میں اوسکی تائید نہ ہو جائے ایسا قیاس قایم کرنے میں قصور کرنا قانون کی غلطی ہے لیکن اس تائید کی وجہ جو قیاس سے متعلق کرنا چاہیے ایک ایسا معاملہ ہوتا ہے جس کا اندازہ ہر مقدمہ کے واقعات کے لحاظ سے کیا جانا چاہیے اور یہ کام عدالت کا ہوتا ہے کہ وہ اوس شہادت کے لحاظ سے جو اوسکے رو برو پیش کی گئی تھی یہ کہے کہ آیا اوس قیاس کی کافی طور پر تردید ہوئی ہے۔ استغاثہ کے لائق کونسل نے ہماری توجہ مقدمہ فلپس جیکبس (۴) کی طرف منعطف کرائی ہے اوس مقدمہ میں ملزمین پر یہ الزام لگایا گیا تھا کہ اونہوں نے بددیانتی سے مال مسروقہ رکھ لیا تھا اور صرف ایک تائیدی امر یہ تھا کہ اوس نے اس امر سے انکار کیا تھا کہ وہ اصلی سارقہ بالجبر کرنے والے سے کوئی شناسائی رکھتا تھا۔ عدالت نے یہ قرار دیا تھا کہ خود انکار سے کافی تائید ہوتی تھی۔ اب اس مقدمہ میں کیا حالت ہے میں یہ بیان کر چکا ہوں کہ یہ ثابت کیا گیا ہی کہ باسدیو مہلوکہ کے مکان پر گیا اور اوسکو یہ کہکر لے آیا کہ گرد پالی میں اوسکی ضرورت تھی۔ باسدیو نے یہ نہیں بتلایا ہے کہ وہ مہلوکہ کو کہاں لے گیا تھا۔ یہ ثابت کیا گیا ہے کہ باسدیو مدن کا ملازم ہے اور یہ کہ وہ رات کو مدن کے مکان میں سوتا ہے، یہ کہ مہلوکہ کے ساتھ آشنائی رکھنے کے متعلق اوس پر شبہ کرنیکی کوئی وجہ موجود نہیں ہے یہ کہ بخلاف اس کے مدن تین سال سے مہلوکہ کا آشنا تھا یہ کہ وہ مشتعلہ کو اوسکو بلانے کے لئے بھیجتا تھا اور یہ کہ باسدیو سابقہ موقعوں پر اوسکو بلا لایا تھا ان حالات میں کیا یہ نتیجہ اخذ کرنا معقول نہیں ہے کہ اوس

(۴) کریمنل اپیلیٹ ریپورٹ جلد ۱۱ صفحہ ۲۱۵

(۷۶)

بھی باسدیو نے اوسکو خود اپنی اغراض کے لئے نہیں بلکہ مدن کی اغراض کے لئے بلایا تھا؟ اس کے علاوہ وہ واقعات موجود ہیں جو سر شام ظہور میں آئے تھے سرتہک گونڈ کی شہادت یہ ظاہر کرتی ہے کہ وہ سر شام کنڈا کے ساتھ سنکری کو مدن کے مکان پر بلانے کیلئے گیا تھا اور یہ کہ شروع میں سنکری نے آنے سے انکار کیا اسکے بعد ایک دوسرے ملازم پالن کلتا کی شہادت ہے اور لڑکے نوجن کی شہادت ہے یہ بھی مدن کا ملازم تھا اور وہ اوس رات اوسی مکان میں سو رہا تھا اور جس نے یہ بیان کیا ہے کہ سرتہک اوس کمرہ میں ایا جسمیں باسدیو سو رہا تھا اور باسدیو سے یہ کہا کہ وہ مالک کے پاس جائے ان گواہوں کی شہادت اس مضمون کی بھی ہے کہ بعد میں اونہوں نے مدن کو باسدیو اور کنڈا کے ہمراہ مکان سے جاتے دیکھا تھا اور یہ کہ باسدیو رات میں بہت دیر تک واپس نہیں آیا ان گواہوں کو نہ باور کرنے کی میں کوئی وجہ نہیں پاتا۔ فاضل سشن جج اور ایک اسیسر نے ان گواہوں کو دیکھا اور اون کو باور کیا ہے۔ اور میں اون کی تجویز کی صحت پر شبہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں پاتا آخر میں سنکری کے چھوٹے لڑکے گنگا لوکیوٹ کی شہادت ہے جس نے یہ بیان کیا ہے کہ مدن، باسدیو اور کنڈا آئے اور اوسکے باپ اور ماں کو اوس رات اپنے ہمراہ لے گئے۔ یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ یہ بہت غیر اغلب ہے کہ ان دو شرکا جرم نے کم عمر لڑکے کو تنہا مکان میں چھوڑ دیا ہوگا۔ اسکے بعد یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ یہ بہت ہی غیر اغلب ہے کہ اگر مدن مہلوکہ کا حمل ساقط کرانا چاہتا تو اوسکی ماں سے جو ایک معزز خاندان سے تعلق رکھتی ہے، سنکری اور اوسکی زوجہ سے ملاقات کی ہوتی اور اون کے ساتھ اس معاملہ پر بحث کی ہوتی میری رائے میں اس مقدمہ میں بلا واسطہ شہادت اس قسم کی ہے کہ اوسکو اوسکے غیر اغلب ہونیکی بنا پر نامنظور کرنا ناممکن ہے۔

مدن گرد بنام ملکہ معظم

ایسی حالت میں میری رائے میں جب شہادت پر بحیثیت مجموعی غور کیا جائے تو شرکا جرم کے بیانات کی اہم امور میں تائید ہوتی ہے اور ملزم مدن کی مجرمیت بلا شبہ ثابت ہے۔ اسی وجہ سے باسدیو کی مجرمیت مساوی یقین کے ساتھ ثابت ہوگئی ہے۔

ایک ایسے معاملہ پر غور کرنا باقی رہ جاتا ہے اور یہ وجہ تحریک کا سوال ہے یہ واضح ہے کہ باسدیو کوئی بالراست وجہ تحریک مہلوکہ کو ہلاک کرنے کے متعلق نہیں رکہتا تھا۔ وہ اس سازش میں محض اپنے آقا کی ترغیب سے شریک ہوا تھا مدن کے متعلق یہ بحث کی گئی ہے کہ وہ مہلوکہ سے محبت کرتا تھا جو ۲۴ یا ۲۵ سال کی نوجوان عورت تھی یہ کہ وہ مقابلتاً متمول شخص ہے یہ کہ اوس کے باپ نے گورنمنٹ کے تحت قابل قدر خدمت کی تھی اور اوسکو رائے صاحب کا خطاب تھا اور یہ کہ اوسکی حیثیت والا شخص انوجیا کو داشتہ کے طور پر رکہہ سکتا تھا۔ مقدمہ میں جرم کی وجہ تحریک معلوم کرنا ناممکن ہوتا ہے لیکن یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ ممکن ہے کہ مدن نے اوسکو زیادہ سہولت بخش سمجھا ہو کہ انوجیا سے چھٹکارا حاصل کرے کیونکہ یہ اغلب تھا کہ وہ تکلیف دہ بن جائے اور ہم صرف یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس قسم کا خیال اوس شہادت کے مغائر نہیں ہے جو ہمارے روبرو پیش کی گئی ہے اس قسم کا بھی اظہار موجود ہے کہ حملہ اور ہلاک کرنیکو کالی دیوی کے لئے قربانی کی شکل دیگئی تھی۔ اس اظہار کی تائید میں سوائے اوس بیان کے کوئی شہادت نہیں ہے جو باسدیو نے کیا تھا۔ لیکن مندر کے پوجاری اور پوجارن کی موجودگی اور دیوی کی مدد حاصل کرنیکی غرض کیلئے مندر میں جانے کے عین مابعد مدن کا بلا شبہ مندر میں جانا یقیناً یہ ظاہر کرتا ہے کہ ممکن ہے کہ جرم میں کوئی مذہبی جزو ہو۔ پوجاری اور پوجارن سازش میں شریک ہونیکی کوئی خاص وجہ تحریک نہیں رکہتے تھے اور مجھے خوف ہے کہ مقدمہ کا

مدن گرو بنام ملک معظم (پٹنہ)

یہ حصہ تاریکی میں پڑا رہیگا لیکن اوس بیان میں جو اونہوں نے کیا تھا ایک خصوصیت موجود ہے جو اسی قدر عجیب اور ناقابل فہم ہے جیسا کہ وہ غیر معمولی ہے۔ وہ یہ بیان کرتے ہیں کہ حملہ کے قبل جماعت کے باقیماندہ اشخاص ٹھہر گئے لیکہ مدن اور مہلوک آگے کچھ جھاڑیوں کی طرف بڑہے اور مدن نے مہلوک کے ساتھ جماع کیا یہ کوئی آخری وقت کی اختراع نہیں ہے ہم یہ ذکر سنکری کے بیان میں پاتے ہیں جو ۴ دسمبر کو ڈپٹی مجسٹریٹ کے روبرو کیا گیا تھا اور اوس کے بعد سے تمام بیانات مابعد میں خواہ اون کو سنکری یا کہیری یا باسدیو یا گنڈا نے کیا تھا اس واقعہ کا ذکر کیا گیا تھا میں یہ کہنے کے ناقابل ہوں کہ اس واقعہ کا تعلق جرم سے کیا ہے۔

آخرکار ایک اور امر ہے جس پر غور کیا جانا ضروری ہے یعنے اوس ہنسلی کا دستیاب ہونا جس میں اور تھے جب انسپکٹر نے ۱۲ دسمبر واقعہ کو قلمبند نہیں کیا کہ سنکری کی زوجہ نے ۱۲ دسمبر کو یہ بیان کیا تھا کہ یہ رقم اوسکو مدن نے دی تھی جیراج اور سر مشیور تریاتی کی شہادت یہ ظاہر کرتی ہے کہ یہ بیان درحصل کہیری نے کیا تھا۔ اور عدالت میں کہیری کا اظہار یہ ہے کہ یہ رقم اوس سے کی لقا یا ظاہر کرتی ہے جو اوسکو بطور رشوت کے دیگئی تھی مدن نے اوسکے متعلق کسی بیان کے کرنے سے انکار کیا ہے۔ اوسکی جانب سے ایک تحریری جواب پیش کیا گیا تھا جو بالکل بیکار ہے اور وہ قرین ملحوظ نہ کیا جانا چاہیے اور جس میں وہ اون مختلف حالات کی طرف کوئی توجہ نہیں کرتا جو اوس کے خلاف ثابت کئے گئے تھے گو اوس کے لئے بیان کرنا لازمی نہ تھا لیکن اگر وہ بیگناہ تھا تو وہ اس قابل ہونا چاہیے تھا کہ ان حالات کی طرف توجہ کرتا۔

ان حالات میں اوسکے و نیز باسدیو کے متعلق تجویز ثبوت جرم بابت قتل عمد بحال رکھی جانی چاہیے۔

حکم سزا کے سوال کی حد تک جب پانچ اشخاص کسی دوسرے کو قتل کرنیکی سازش میں شریک ہوں تو واقعی حصہ جو ہر ایک نے اوس سازش کی غرض مشترکہ کی پیش رفت میں لیا ہو غیر اہم ہوتا ہے لیکن باوجود اس کے میں یہ خیال کرتا ہوں کہ اس مقدمہ میں اس قسم کے حالات موجود ہیں جو اس بات کو غیر ضروری کر دیتے ہیں کہ ہم اوس حکم سزائے موت کو بحال رکھیں جو مدن کے خلاف صادر کیا گیا تھا۔ یہ کہنا دشوار ہے کہ کس کے دماغ سے قتل عمد کی ترغیب پیدا ہوئی۔ ممکن ہے کہ لوجاری اور لوجارن ہوں جنہوں نے اوسکا ایما کیا تھا کیونکہ اس امر کی شہادت موجود ہے کہ وہ چاند کی نویں تاریخ تھی جس روز کالی دیوی کے نام قربانیاں کی جاتی ہیں یا ممکن ہے کہ گویہ صرف ایک خیال ہے کہ ملزم مدن کی ماں اوسکی ذمہ دار تھی یا یہ ممکن ہے کہ خود ملزم مدن ذمہ دار تھا لیکن غیر یقینی حالت کے لحاظ سے میں خیال کرتا ہوں کہ یہ زیادہ دور اندیشی کا عمل ہوگا کہ اوس حکم سزا کو منسوخ کیا جائے جو مدن کے خلاف صادر کیا گیا تھا اور اوس کے بجائے حبس دوام بعبور دریائے شور کی سزا کا حکم قائم کیا جائے۔

حسب یہ حکم دیا جاتا ہے مرافع مدن کے خلاف تجویز ثبوت جرم بحال کیجائے اور وہ بحال کیجاتی ہے۔ حکم سزائے موت جو اوسکے خلاف صادر کیا گیا تھا منسوخ کیا جاتا ہے اور اوسکے بجائے اوسکو حبس دوام بعبور دریائے شور کی سزا دیجاتی ہے۔

تجویز ثبوت جرم اور حبس دوام بعبور دریائے شور کی سزا کو جو مرافع باسدیو کے خلاف صادر کی گئی تھی بحال کیا جاتا ہے اور اوسکا مرافع خارج کیا جاتا ہے۔

آخر میں ہمیں اوس معقول اور قابلانہ طریقہ کے لئے

جسٹس لیتسٹ کہ اس مقدمہ پر ہمارے روبرو مرافعہ کے لائق وکیل اور سرکار کے لائق وکیل دونون نے بحث کی ہے اور اوس مدد کے لئے اپنی خوشنودی کا اظہار کرنا چاہیے جو اونہون نے ہمیں اس دشوار کام کی انجام دہی میں دی ہے۔

جسٹس بہارن مل۔ میں متفق ہون۔

مرافعہ خارج حکم سزا کو تبدیل کیا گیا

## چیف کورٹ لوئر برہما

### نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۲۶۳ب بابتہ سنہ ۱۹۲۲ع منفصلہ ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۲ع

باجلاس مسٹر جسٹس ماؤنگ کن

کالو خان۔ نگرانی خواہ بنام ایم۔ اے رحیم معتمد مجلس صفائی میانگ میا طرف ثانی

قانون صفائی برہما ایکٹ ۳ بابتہ سنہ ۱۸۹۸ع دفعات ۹۲ (۲) ۱۸۰۔

دیوارین آیا عمارت کہی جا سکتی ہیں۔ دیوارین جو اجازت کے بغیر تعمیر کی گئی ہون۔ منہدم کرنے کی نسبت مجلس کا حق۔

دیوارین جو اس غرض کے لئے تعمیر کی گئی ہون کہ کسی مکان کے مکین کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ محصورہ رقبہ اپنے مکان کے ایک حصہ کے طور پر استعمال کرے قانون صفائی برہما کے مفہوم میں عمارت ہوتی ہیں اور مجلس کی اجازت کے بغیر ایسی دیوارون کی تعمیر سے مجلس کا یہ حکم دیا جانا جائز ہو جائیگا کہ اونکو منہدم کیا جائے۔

نگرانی فوجداری بنا رہی تجویز ثبوت جرم زیر دفعہ ۱۸۰ قانون صفائی

منجانب نگرانی خواہ۔ مسٹر ایس۔ ایس۔ ہلکر۔

منجانب طرف ثانی۔ مسٹر ماؤنگ کی اینڈ کو

فیصلہ۔ مجلس صفائی میانگ میا نے ایک تحریری نوٹس حسب دفعہ ۹۲ (۲) قانون صفائی برہما جاری کی جس کی رو سے ملزم کو یہ حکم دیا کہ وہ

کالو خان بنام ایم۔ اے رحیم (برہما)

ایک پختہ دیوار ۴۴ × ۴۳ فٹ ۲۴ فٹ کو جو بلا اجازت مکان کے عقب میں تعمیر کی گئی تھی منہدم کر دے کیونکہ وہ اوس نقشہ کے خلاف تھی جس کو مجلس صفائی نے پسند کیا تھا۔ ملزم نے باقاعدہ طور پر نوٹس وصول کی لیکن اوسکی تعمیل سے انکار کیا پس مجلس صفائی نے اوس پر اوس جرم کا الزام عاید کیا جو دفعہ ۱۸۰ قانون صفائی برہما کی رو سے قابل سزا ہے اور مجسٹریٹ نے اوس پر دس روپیہ جرمانہ کیا۔

صفائی یہ پیش کی گئی تھی کہ نوٹس زیر بحث ناجائز اور بلا اختیار تھی کیونکہ جن دیوارون کو منہدم کرنے کا ملزم کو حکم دیا گیا تھا وہ قانون صفائی برہما المذکور اور اوس کے تحت قواعد کے مفہوم میں عمارت کی حد تک نہیں پہنچتیں۔

یہ مجملہ دو دیوارون پر مشتمل ہے جو ایک دوسرے کے متوازی ہیں اور یہ اوس مکان کے پشت پر ہیں جس کا نقشہ پسند کیا گیا تھا۔ مکان کا رخ شمال کی طرف ہے اور منجملہ دو دیوارون کے ایک مکان کی شرقی دیوار کے سلسلہ میں ہے اور دوسری دیوار اوسکے جنوبی کونے اور شرقی دیوار کے متوازی ہے جو مغرب میں دوسرے متصلہ مکان سے تعلق رکھتی ہے اسطرح زیر بحث دو دیوارین اور تیسری دیوار جس کا حوالہ ابھی دیا گیا ہے مکان کے لئے ایک قسم کا صحن بناتی ہیں۔ غربی دیوار کا رقبہ اندر سے ۹ فٹ ۳ انچ ہے اور وہ باورچیخانہ کے کونہ تک جاتی ہے جو مکان کا ایک جزو ہے اوسکی بلندی کی پیمایش باہر سے ۱۰ فٹ ۳ انچ ہے شرقی دیوار کی بلندی جو زیر بحث دیوارون میں سے نہیں ہے اور جنوبی دیوار میں سے ہر ایک کی پیمایش اندر سے ۸ فٹ اور باہر سے ۹ فٹ ہے اوس تعریف سے جو مزید شہادت میں بتلائی گئی تھی مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ باورچیخانہ کی چھت اصلی مکان کی چھت کے سلسلہ میں نہیں ہے اور شرقی دیوار کے جو اس مقدمہ میں زیر بحث ہے جو اوس باورچیخانہ سے تجاوز کر کے جنوب کی طرف جاتی ہے

صفحہ ۹۷۳

اندر اصلی مکان کے درمیان کی دیوار کسی قدر پست ہے کیونکہ اون
دونوں دیوارکی پیمائشیں اندر اور باہر سے علی الترتیب ۸ و ۹ فٹ
ہے پس سوال یہ ہے۔ آیا دو دیوارین جو حسب صراحت بالا تعمیر کی
گئی تھیں قانون صفائی برہما کے مفہوم میں عمارت کی حد تک
پہنچتی ہیں۔

قانون یا اوس کے تحت قواعد میں لفظ عمارت کی کوئی
تعریف نہیں کی گئی ہے لیکن میں خیال کرتا ہون کہ سوال کا
تصفیہ اوس نقصان کے حوالے سے کیا جاتا چاہیے جس کو قانون
میں روکا گیا ہے۔

لیوی بنام لنڈن کونٹی کونسل (۱) میں سوال یہ تھا کہ آیا
ایک دیوار دفعہ ۷۵ قانون انتظام دار الخلافہ ایکٹ بابتہ ۱۸۶۲ء
کے مفہوم میں عمارت مکان یا تعمیر تھی یہ قرار دیا گیا تھا کہ اسکا
انحصار دیوار کی بلندی اور اوس غرض پر ہوگا جس کے لئے وہ
بنائی گئی تھی۔ اوس مکان کے سامنے جو اوس مقدمہ میں زیر بحث
تھا ایک صحن تھا۔ اور اوس مقام پر جو سڑک کے بہت ہی قریب تھا
صحن کی حد بندی ایک پست دیوار سے کی گئی تھی جس پر لوہے کا کٹہرہ
تھا مکان کے مالک نے اوسکو گرا دیا اور اوس اراضی پر ایک دیوار
۱۰ فٹ بلند بنائی جس کی نسبت یہ مقصود تھا کہ وہ بطور پردہ کے
استعمال کیجائے جس پر اشتہارات چسپان کئے جائیں اور وہ صحن
کی حد کے طور پر بھی استعمال ہو۔ نہایت ہی اہم واقعہ یہ تھا کہ جدید
دیوار سڑک میں عمارت کے عام خط سے بڑھ گئی تھی اور وہ
کونٹی کونسل کی رضامندی کے بغیر تعمیر کی گئی تھی۔ یہ قرار دیا
گیا تھا کہ ایکٹ مذکورہ بالا کی مذکورہ بالا دفعہ کے مفہوم میں
پست دیوار "عمارت" نہیں ہے لیکن یہ کہ دفعہ کے مفہوم میں وہ
دیوار جو تعمیر کی گئی تھی "عمارت" تھی۔ دفعہ کا مقصود یہ ہے

کہ لنڈن کونٹی کونسل کی منظوری کے بغیر عمارتون کے عام خط
کے باہر کسی مکان کو بنانے جانے سے روکا جائے لارڈ جسٹس لنڈلی
نے یہ بیان کیا تھا "ایک معنی میں ہر دیوار ہر شے جو بنائی جائے
عمارت تعمیر یا مکان ہے لیکن اوس دفعہ کی تعبیر معقول طریقہ سے
اوس غرض کے حوالہ سے کیجانی چاہیے جس کے لئے وہ وضع
کی گئی ہے مقدمہ ایلیس بنام پلمسٹڈ بورڈ آف ورکس (۲) سے یہ
ظاہر ہے...... جہان یہ بیان کیا گیا تھا اور مجھے کچھ شبہ نہیں ہے
کہ صحیح طریقہ سے بیان کیا گیا تھا کہ اگر کوئی شخص محض کوئی باڑ
قایم کرے تاکہ اپنی حد کی نشاندہی کرے اور بطور مالک کے اپنے
حقوق کی حفاظت کرے گو ایک معنی میں وہ عمارت مکان یا تعمیر ہو
مگر وہ لازمی طور پر ایسی عمارت، تعمیر یا مکان نہیں ہے جو اوس
نقصان کے تحت آتا ہے جو قانون کی منشا میں داخل ہے اور جس کو
دفعہ ۷۵ کی رو سے روکا گیا ہے ہمیں اس مقدمہ پر غور کرنا چاہیے
اور دوسرے مقدمات کے اثر پر غور نہ کرنا چاہیے اس مقدمہ میں دنیا دار لوگوں کی طرح
ہمیں اپنے آپ سے یہ سوال کرنا چاہیے کہ آیا اس قسم کی جدید دیوار دفعہ ۷۵ کے نقصان
کے مفہوم میں عمارت، مکان یا تعمیر ہے یا نہیں ہے۔ فاضل جج نے
اسکے بعد یہ کہنا شروع کیا کہ یہ کہنا عدالت کی آنکھوں میں خاک ڈالنے
کی ایک کوشش تھی کہ دیوار زیر بحث محض حد کی دیوار تھی
لارڈ جسٹس پولیس نے یہ بیان کیا تھا "جب ہمیں اس سوال کا
تصفیہ کرنا ہے تو یہ امر ذہن نشین رکھنا نہایت ہی اہم معلوم
ہوتا ہے کہ ان احکام کا مقصد کیا ہے ان احکام کا مقصد یہ ہے
کہ جدید سڑکوں کے بیچ عمارتون کے بیرونی حصہ کو ایک خط میں قایم
رکھا جائے۔ میں قیاس کرتا ہون کہ ایک لمحہ کے لئے بھی یہ نہیں
کہا جاسکتا کہ دیوارین خواہ بلند یا پست ہوں عمارتیں تعمیر یا مکانات نہیں
ہوتیں۔ وہ بنیادی طور پر یہ حیثیت رکھتی ہیں لیکن وہ دیوارین اور دیواریں

میں ایک خاص بلندی کی یعنے دو یا تین فٹ کی بلندی کی ایک دیوار ہی جو کسی طرح سے میرے خیال میں سڑک کی یکسانیت میں مخل ہوگی اسکو بعد زیادہ بلندی کی دیوارین ہیں جنکی بلندی ۱۲ یا ۱۴ فٹ ہے یا اس سے بھی زیادہ ہے جو اوس بیرونی حصہ کی یکسانیت کو بالکل زائل کردین گی اور ان احکام کی اغراض کو قطعی طور پر زائل کردین گی۔ ہر مقدمہ میں سوال واقعہ کا سوال ہوتا ہے ..... آیا دیوار زیر بحث اس قسم کی دیوار ہی کہ وہ اس قانون کے مفہوم میں عمارت مکان یا تعمیر ہو جو اس قانون کے نقصان میں آتی ہی۔ یہ درجہ کا سوال ہوتا ہے اور میں خیال کرتا ہون کہ مقدمہ ایلیس بنام ہمپسٹڈ بورڈ آف ورکس (۲) میں لارڈ کولرج نے بہت اچھی طرح سے بیان کیا ہے جہان اونہون نے یہ بیان کیا ہی "لیکن میں خیال کرتا ہون کہ وہ خاص شئے جو ہمین اس مقدمہ کی تصاویر عکسی او نقشون میں ظاہر کی گئی ہے اس قسم کی تعمیر ہے جس سے دفعہ متعلق ہوتی ہے یہ کہنے میں میں اسقدر تجاوز کرنے کے لئے آمادہ نہیں ہوں کہ ہر ممکنہ عمارت مکان یا تعمیر جو ممکن ہے کہ کوئی شخص خود اپنی جایداد کے تعین کرنے اور اسکو شارع عام سے حد بندی کرنے کیلئے بنائے لازمی طور پر دفعہ کی منشا میں آجائے گی"۔ لارڈ جسٹس رگبی نے یہ بیان کیا تھا "معمولی طور پر حد کی دیوارون سے دفعہ متعلق ہوگی اور میں خیال کرتا ہون کہ علاوہ اونکی نسبت بھی تصور کیا گیا ہے ہر مقدمہ میں یہ درجہ کا سوال ہوتا ہے۔

فاضل ججون کی اون آرا سے جنکا حوالہ اوپر دیا گیا ہے یہ ظاہر ہوگا کہ کسی نوبت کا حوالہ دینے سے کوئی مفید مطلب نہ نکلیگا ہمیں اس امر کا تصفیہ کرنا چاہیے کہ وہ نقصان کیا ہے جسکو قانون صفائی برہما نکالنا چاہتا ہے آیا قانون ایسے نقصان کو روکتا ہے اور دیگر بعد یہ کہنا چاہیے کہ آیا زیر بحث دیوارون کی نسبت جو اوس طریقہ سے تعمیر کیگئی تھیں جس کی صراحت اوپر کیگئی ہی یہ قرار دینا چاہیے کہ حسب منشا قانون عمارت ہذا کے تحت آتی ہیں میں نہیں خیال کرتا کہ یہ دیوارین محض حد کی دیوارین سمجھی جاسکتی ہیں۔ میں خیال کرتا ہون کہ وہ اس طور پر بنائی گئی ہیں کہ اصلی مکان کے فصیل کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ محصور رقبہ اپنے مکان کے ایک حصہ کے طور پر استعمال کرے محض حد بندی کی دیوارن کے طور پر نہیں ضروری ہی کہ زیر بحث بلندی کی دیوارین بنائی جائیں زیر بحث شرقی دیوار اصلی مکان کی شرقی دیوار کے سلسلہ میں ہی اور جنوبی دیوار متصلہ جایداد کی شرقی دیوار کے جنوبی کونے کو ملاتی ہے۔ میں خیال کرتا ہون کہ ہمین انہیں بطور مکمل سلسلہ استعمال کرنی چاہیے اور میں نہیں خیال کرتا کہ قانون صفائی برہما اور اوسکے تحت قواعد کی رو سے سکونت کے لحاظ سے کوئی شخص یہ کہیگا کہ یہ دیوارین محض روک یا حد کی دیوارین تھیں۔ اگر وہ محض روک یا حد کی دیوارین تھیں تو ملزم کو اونکی تعمیر کرنے کے لئے سزا نہیں دیجا سکتی تھی۔ میری رائے میں زیر بحث دیوارین قانون صفائی برہما کے مفہوم میں "عمارت" ہیں اور یہ کہ نالش غالباً کا عمل ملزم کو یہ ہدایت دینے میں جائز تھا کہ وہ اونکو منہدم کرے۔

ملزم کے خلاف تجویز ثبوت جرم جو مجسٹریٹ نے صادر کی ہے بحال رکھی جانی چاہیے۔

درخواست خارج کی گئی۔

## ہائی کورٹ بمبئی

### درخواست نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۸۷ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ع منفصلہ ۵ راپریل سنہ ۱۹۲۳ع

باجلاس :- سر نارمن میکلیوڈ نائٹ چیف جسٹس

و مسٹر جسٹس کرمپ

جوکتا بھیا درخواہ نگرانی بنام پرشوتم شنکلیچند

فریق مخالف۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۸۹۸ع دفعہ ۴۳۹ - برات - نگرانی -

کالو نما

بنا۔

ایم آ

د بر

منجانب چیف جسٹس میکلیوڈ۔ اگر لوکل گورنمنٹ ہائی کورٹ سے یہ استدعا کرنے کی نسبت اپنے حق کا استعمال نہ کرے کہ وہ اس حکم برات کی ناراضی سے مرافعہ نمبر پر لے جو سشن جج نے اسیسرز کے ساتھ اجلاس کرتے ہوئے صادر کیا ہو تو ایسے حالات کا تصور میں لانا دشوار ہے جن کی وجہ سے ہائی کورٹ کا عمل مستغیث کی تحریک پر حکم میں بصیغہ نگرانی دست اندازی کرنے میں جائز ہوگا۔

صفائی احمد آباد بنام مگن لال بمبئی لا رپورٹ جلد ۹ صفحہ ۱۵۶ کا حوالہ دیا گیا۔

منجانب جسٹس کرمپ۔ عدالت سشن میں باقاعدہ تحقیقات کے بعد صرف بہت ہی غیر معمولی صورتوں میں ہائی کورٹ کا عمل دفعہ ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے حکم برات میں دست اندازی کرنے میں جائز ہوگا جب لوکل گورنمنٹ کی جانب سے مجموعہ کی دفعہ ۴۱۷ کی رو سے مرافعہ نہ کیا گیا ہو۔

درخواست نگرانی فوجداری بنا ر اضی حکم برات مصدرہ ایڈیشنل سشن جج درجہ دوم احمد آباد بمقدمہ سشن نمبر ۱۳ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء

منجانب نگرانی خواہ۔ مسٹر اے۔جی۔ ڈیسائی۔

**چیف جسٹس میکلیوڈ**۔ چار ملزمین کے خلاف ایڈیشنل سشن جج احمد آباد کے روبرو الزام لگایا گیا تھا یعنی تیسرے کے خلاف جرم زیر دفعہ ۴۹۴ مجموعہ تعزیرات ہند کا اور باقی تین کے خلاف اس جرم میں اعانت کرنیکا الزام لگایا گیا تھا۔ سشن جج نے اسیسرز کے ساتھ اتفاق کر کے تمام ملزمین کو بری کر دیا۔

مستغیث نے ہائی کورٹ میں ایک درخواست پیش کی ہے کہ وہ اپنے اختیارات نگرانی کے استعمال میں دست اندازی کرے ہمارے روبرو فیصلہ صفائی احمد آباد بنام مگن لال (۱) کا حوالہ دیا گیا ہے جس میں مسٹر جسٹس بیٹی نے یہ بیان کیا تھا۔

گو یہ عدالت بعموم احکام برات میں بصیغہ نگرانی دست اندازی نہیں کرتی باوجود اوسکے یہ امید نہیں کیجا سکتی کہ وہ اوسوقت ایسا عمل کرنے میں تامل کرے گی جب برات کسی مشتبہ شہادت کے موازنہ پر نہیں بلکہ قانون کی عالمانہ غلطی پر مبنی ہو جو فیصلہ کے دیکھنے سے ظاہر ہوتی تھی۔

اوس مقدمہ میں حکم برات ایک انریری مجسٹریٹ درجہ اول نے صادر کیا تھا اور اس سے بہت فرق ہو جاتا ہے کہ موجودہ مقدمہ کی تحقیقات سشن جج نے اسیسرون کی روسے کی تھی میری حد تک اگر ایسے مقدمہ میں گورنمنٹ حکم برات کی ناراضی سے مرافعہ کو نمبر پر لینے کے متعلق ہم سے استدعا کرنیکی نسبت اپنے حق کو استعمال نہ کرے تو میں ایسے حالات کا تصور کرنا دشوار پاتا ہوں جن کی بنا پر مستغیث کی تحریک پر بصیغہ نگرانی دست اندازی کرنے میں عدالت ہذا کا عمل جائز ہوگا۔

**جسٹس کرمپ**: میں متفق ہوں۔ یہ ایک ایسا مقدمہ نہیں ہے جس میں اپنے اختیارات نگرانی کے استعمال میں ہمیں دست اندازی کرنی چاہیے۔ میری رائے میں غالباً یہ دشوار ہوگا کہ کوئی عام قاعدہ قرار دیا جائے لیکن بہر صورت میرے خیال میں یہ کہنا بے خطر ہوگا کہ عدالت سشن میں باقاعدہ تحقیقات کے بعد صرف بہت ہی غیر معمولی صورتوں میں عدالت ہذا کا عمل دفعہ ۴۳۹ کے تحت دست اندازی کرنے میں جائز ہوگا جب لوکل گورنمنٹ کی جانب سے دفعہ ۴۱۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی رو سے مرافعہ نہ کیا گیا ہو۔

درخواست نامنظور کی گئی

## چیف کورٹ لوئر برہما

درخواست نگرانی فوجداری

وکتابچا ... بنام ... دوم پنجند ... بمبئی) ... ۱۹۲۷ صفحہ

(۱) بمبئی لا رپورٹ جلد ۱ صفحہ ۱۵۶۔

نمبر مقدمہ ۱۵۳ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲ر نومبر سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس: مسٹر جسٹس سیگلر نگیر

## پان زیاؤ۔ نگرانیخواہ بنام ملک معظم فرقانی۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۱۱۸ قانون نگرانی مجرمان عادی برہما ایکٹ ۲ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء ضمانت نامہ بہ اضافہ حکم نگرانی کا جواز۔

مجسٹریٹ کو یہ اختیار نہیں ہوتا کہ وہ کسی ملزم کو یہ ہدایت دے کہ وہ دفعہ ۱۱۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی روسے نیک چلنی کی ضمانت داخل کرے اور ساتھ ہی دفعہ ۷ قانون نگرانی مجرمان عادی برہما کی روسے ایک حکم صادر کرے جس کی روسے ملزم کی حرکات پر نگرانی رکھی جائے۔

استصواب حسب دفعہ ۴۳۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری منجانب سشن جج بسین بہ نگرانی فوجداری نمبر ۳۲۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء مورخہ ۳۰ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

استصواب۔ سب ڈویژنل مجسٹریٹ کیوان بیاؤ نے ملزم ماونگ پان یا کو یہ حکم دیا ہے کہ وہ ضامنین کے ساتھ اپنی نیک چلنی کا مچلکہ دفعہ ۱۱۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی روسے تحریر کرے اور ساتھ ہی دفعہ ۷ قانون نگرانی مجرمان عادی برہما کے بموجب ملزم کے خلاف نگرانی کا حکم صادر کیا ہے یہ دوہرا حکم دفعہ ۷ قانون نگرانی مجرمان عادی برہما دفعہ ۷ شرط الف کی روسے صریحًا ناجائز ہے ایسی حالت میں کارروائیات چیف کورٹ کے اس سفارش کے ساتھ پیش کیجاتی ہیں کہ نگرانی کا حکم منسوخ کیا جائے۔

**حکم**۔ جیسا کہ فاضل سشن جج نے ظاہر کیا ہے دفعہ ۱۱۸ مجموعہ ضابطہ فوجداری و دفعہ ۷ قانون نگرانی مجرمان عادی دونوں کے تحت دوہرا حکم ناجائز ہے (ملاحظہ ہو دفعہ ۷ الف) قانون موخرالذکر۔ دفعہ ۳ قانون میں تحقیقات کے وقت بالاشتراک کارروائیات کا اختیار دیا گیا ہے لیکن دوہرا حکم ممنوع کیا گیا ہے ایسی حالت میں میں اوس حکم

نگرانی کو منسوخ کرتا ہوں جو قانون کی دفعہ ۷ کی روسے صادر کیا گیا تھا۔ سب ڈویژنل مجسٹریٹ کو یہ ہدایت دیجاتی ہے کہ وہ حکم کو منسوخ کریں اور متعلقہ اشخاص کو اسکی اطلاع دیدیں

حکم منسوخ کیا گیا۔

پان زیا بنام ملک معظم (دیر بہار)

## ہائی کورٹ الہ آباد

درخواست نگرانی فوجداری

نمبر مقدمہ ۸۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۲ر مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس: مسٹر جسٹس ریوز

راد ہے وغیرہ نگرانی خواہ بنام ملک معظم۔ فریق مخالف

مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ بابتہ سنہ ۱۸۶۰ء دفعہ ۹۹۔ حق حفاظت خود اختیاری کی وسعت۔

۹۷۶ تشریح

جب حق حفاظت خود اختیاری کا استعمال کیا جا رہا ہو تو کسی شخص سے یہ امید کرنا دشوار ہے کہ وہ سنہری ترازو سے تولیگا کہ زیادہ سے زیادہ کس قدر جبر اوس حق کے تحت سے عمل میں لانا ضروری ہوتا ہے۔

نگرانی فوجداری بنا رضی حکم مصدرہ اڈیشنل سشن جج الہ آباد مورخہ ۱۱ر دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء

منجانب نگرانی خواہ۔ مسٹر ایل۔ ایم۔ رائے

منجانب سرکار۔ اسسٹنٹ گورنمنٹ ایڈوکیٹ۔

**فیصلہ**۔ اس مقدمہ میں پانچ اشخاص کے خلاف عدالت ابتدائی نے دفعہ ۳۲۳ مجموعہ تعزیرات ہند کی روسے تجویز ثبوت جرم صادر کی ہے اور اونکو جرمانہ ادا کرنے کی سزا دی ہے۔

اونہوں نے مرافعہ کیا ہے۔ فاضل سشن جج نے معین طور پر یہ قرار دیا تھا کہ ان پانچ اشخاص کے خلاف حملہ کیا گیا تھا اور یہ کہ اون کو حق حفاظت خود اختیاری حاصل تھا اور ان مویشیوں کو جو اونکی کھیت میں مداخلت کر رہے اور اوسکو نقصان پہنچا رہے تھے احاطہ مویشی

بنام
ریشو ملک منظم
بیگم

میں داخل کرنے کے لیئے لیجانے کے بالکل مستحق تھے۔ عدالت مرافعہ نے یہ قرار دیا ہے کہ چونکہ بندرا پر بارہ زخم لگائے گئے تھے اس لئے میں نہیں خیال کرتا کہ یہ قرار دینا درست ہوگا کہ ملزمین نے اپنے حق کے اندر عمل کیا تھا۔ عدالت مرافعہ نے یہ نہیں قرار دیا ہے کہ ملزمین نے بحیثیت مجموعی حق حفاظت خود اختیاری سے تجاوز کیا تھا لیکن اونکی اوس تجویز کے لحاظ سے کہ بندرا ایک قیدی آدمی تھا۔ غالباً اون تمام ضربات کے پہنچانے کی ضرورت تھی جو اوسکو لگیں تھیں اور جن سے ملزمین کو اپنی غرض کی تکمیل کرنے کے لئے ضرر خفیف پہنچا تھا۔ بہر صورت جب اکثر تب کسی عدالت نے یہ قرار دیا ہو کہ حق حفاظت خود اختیاری موجود ہے تو ملزم سے یہ امید رکھنا بہت دشوار ہوتا ہے کہ وہ سنہری ترازو سے جبر کی اوس انتہائی مقدار کو تولیگا۔ جو اوس حق کے تحت عمل کرنیکے لئے ضروری ہوگی۔

میری رائے میں خود اپنی تجویز کے لحاظ سے ڈسٹرکٹ جج کو مرافعہ منظور کرنا چاہیے

ایسی حالت میں میں یہ درخواست منظور تجویز ثبوت جرم منسوخ اور نگرانی خواہان کو رہا کرتا ہوں۔ رقوم جرمانہ اگر ادا کی گئی ہیں واپس کیجائینگی۔ درخواست منظور کی گئی۔

## چیف کورٹ لوئر برہما

### نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۴۶ بابتہ سنہ ۱۹۱۲ء منفصلہ ۱۲ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس ہاورڈ کن

گرانگرانیخواہ بنام ڈسٹرکٹ جج اکیاب فریق ثانی

مجموعہ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۸۹۸ء دفعہ ۱۴۷ کے تحت کارروائی۔ نوٹس آیا ضروری ہوتی ہے۔

اوس کارروائی میں جو دفعہ ۱۴۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی روسے کی گئی ہو ہمیشہ یہ ضروری نہیں ہوتا ہے کہ اوس شخص کو جس کے خلاف کارروائی کرنی مقصود ہے اوس کے خلاف مجوزہ عمل کے خلاف وجہ ظاہر کرنے کی اطلاع ملے۔

منجانب نگرانی خواہ۔ مسٹر جے۔ ای۔ لیمبرٹ

**حکم**۔ نگرانی خواہ کے حلفنامہ کی نسبت ٹونشپ جج نے یہ اطلاع دی ہے کہ وہ بعض امور میں جھوٹا ہے۔

وہ اوس کے مرافعہ کی تائید میں دائر کیا گیا تھا۔

میں یہ نہیں خیال کرتا کہ نگرانیخواہ کے نام یہ نوٹس جاری کرنا ضروری تھا کہ وہ وجہ ظاہر کرے کہ کیوں اوسکے خلاف مجوزہ عمل نہ کیا جائے۔ ایسی نوٹس ہمیشہ ضروری نہیں ہوتی خاص مقدمہ کے حالات پر یہ امر منحصر ہوتا ہے کہ آیا وہ ضروری ہے یا نہیں دفعہ ۱۴۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری کی روسے کارروائی کی گئی تھی جس میں اس امر کی صراحت نہیں کی گئی ہے کہ فریق ثانی کو عدالت کے اس منشا کی اطلاع دیجائے کہ اوسکے خلاف کارروائی کرنی مقصود ہے۔ مقدمہ کے حالات مجھے اس قسم کے نہیں معلوم ہوتے۔ جن میں ایسے نوٹس کے جاری کرنے کی ضرورت ہو۔

اگر ٹونشپ جج کو باور کیا جائے تو نگرانی خواہ کا حلفنامہ جھوٹا قرار دیا جائیگا۔ ڈسٹرکٹ جج کے حکم میں دست اندازی کرنے کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی۔

درخواست خارج کیجاتی ہے۔ درخواست خارج کی گئی۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

### تعمیلی مرافعہ ثانی

نمبر مقدمہ ۱۱۰۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۸ فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ریوز و مسٹر جسٹس ڈینیلز۔

(۵۷۷)

**مسماۃ کنیز فاطمہ بیگم مرافعگزار بنام رام نندا دہر دوبے وغیرہ**
**مرافعہ ڈگریداران - مرافعہ علیہم**

شرع اسلام - بیوہ - قرضہ مہر - جایداد متروکہ - شوہر کے دائن کے حقوق - بیوہ کی طرف سے قرضہ مہر کے لئے دعوی - شوہر کے دائن کی جانب سے دعوی مابعد - بیوہ آیا مہر کے باقیماندہ حصہ کا دعوی کرسکتی ہے - مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۲ رول ۲ -

شرع اسلام کی رو سے قرضہ مہر قرضہ بالکفالت نہیں ہوتا بلکہ سادہ قرضہ ہوتا ہے جو ان دوسرے قرضوں کے ساتھ مساوی حیثیت رکھتا ہے جو شوہر کی اسٹیٹ سے واجب الادا ہوتے ہیں۔ مہر کیلئے بیوہ کا مواخذہ شرع اسلام کے بموجب حق ہوتا ہے جو اوس نے اپنے شوہر کی جایداد پر جب اوس پر قبضہ حاصل کرلیا ہو اوس جایداد پر اپنے شوہر کے ورثا کے مقابلہ میں اوسوقت تک قبضہ رکھنے کا حق رکھتی ہے جب تک کہ مہر کی نسبت وہ اسکا ازخود انفصال کرین اور اسکا کوئی تعلق اوس حصہ سے نہیں ہے جسپر وہ خود اپنے حق کی بناپر اپنے شوہر کی وارثہ کی حیثیت سے قابض ہوتی ہے اوسکو ایسا حق تو حاصل ہی نہیں ہوسکتا کہ وہ کسی دوسرے دائن کو جو اوسکے شوہر کی اسٹیٹ کے مقابلہ میں قرضہ رکھتا ہو اوس مقدار کی بازیافت سے روکے جو اوسکو واجب الادا ہوتی ہو تاکہ اسٹیٹ کے اوس حصہ کے خلاف کارروائی کرکے جسپے اوسکو روکا جائے جو بیوہ نے ورثتاً پایا ہو۔

ایک مسلمان بیوہ نے اپنے شوہر کے دوسرے ورثا کے خلاف اپنے قرضہ مہر کی بازیافت کے لئے دعوی کیا تھا لیکن اوس نے اپنے دعوی کو اوس قدر رقم تک محدود رکھا تھا جو اوس حصہ کے متناسب تھی جو اوس نے اپنے شوہر سے بحیثیت اوسکے وارث کے ورثتاً

پائی تھی - بعد میں شوہر کے ایک دائن نے جس نے اوسکی اسٹیٹ کے خلاف ڈگری حاصل کی تھی اوس ڈگری کی تعمیل میں اوس حصہ کے نیلام کی استدعا کی تھی جو بیوہ نے اپنے شوہر سے ورثتاً حاصل کیا تھا بیوہ نے یہ اعتراض کیا کہ وہ اوس حصہ پر مہر کی مقدار کی حد تک مواخذہ رکھتی تھی جو اوس نے دوسرے ورثا کے خلاف سابقہ مقدمہ میں اپنے دعوے سے خارج کی تھی -

قرار دیا گیا (۱) یہ کہ قرضہ مہر بالکفالت نہ تھا اور ایسی حالت میں وہ بطور کفالت کے اثر پذیر نہیں ہوسکتا تھا -

(۲) یہ کہ قرضہ مہر کے ایسے جزو کی نسبت بیوہ کا دعوی جس کو اوس نے دوسرے ورثا کے خلاف اپنے مقدمہ میں شریک نہیں کیا تھا اون احکام کی رو سے ممنوع ہوگیا تھا جو آرڈر ۲ رول ۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں مندرج ہے

عنایت علی بنام دیتون بی بی انڈین لا رپورٹس الہ آباد جلد ۳۲ صفحہ ۳۶۲ سے استناد کیا گیا

سنہ ۱۹۲۱ء

یہ اپیل مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج گورکھپور مورخہ ۹ اپریل منجانب مرافعہ مسٹر ہری بنس سہائی منجانب مرافعہ علیہم مسٹر شنکر سرن

**فیصلہ** - یہ ایک مرافعہ بصیغہ کارروائی اجرائے ڈگری رجوع کیا گیا ہے مرافعہ علیہ رام نندا دہر دوبے ایک سادہ زر نقد کی ڈگری محمد غلام نبی انصاری کے خلاف جو پیر بخش خان کی جایداد کے خلاف رکھتا تھا جس کی نسبت یہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ سنہ ۱۹۰۰ء میں فوت ہوا تھا۔ اوس ڈگری کی تعمیل میں اراضی کا حصہ اور موضع بہوپ گڑہ کا ایک جزو جسکی نسبت یہ بیان کیا گیا تھا کہ وہ متوفی کی بیوہ مسماۃ کنیز فاطمہ بیگم کے ترکہ میں آیا تھا قرق اور نیلام کیا گیا تھا۔ مسماۃ کنیز فاطمہ بیگم متوفی کی اسٹیٹ کے خلاف مہر کا دعوی رکھتی تھی - اب یہ مسلمہ ہے کہ وہ حصہ جو اسطرح میں اوسکے شوہر سے اوسکے ترکہ میں آیا تھا صرف ۱/۴ تھا اور وہ

مسماۃ کنیز فاطمہ بیگم
بنام
رام نندا دہر دوبے
(الہ آباد)

نقل از گزٹ ہند(؟)

ساۃ کنیز فاطمہ بیگم
بنام
امیر سنگھ(؟) وغیرہ
(الہ آباد)

اعتراض پر نیلام ... اس $\frac{1}{2}$ مہر کی حد تک منسوخ کیا گیا ہی مگر بقیہ حد بحال رکھا گیا ہی۔ باقیماندہ ... جو اس موضع میں متوفی کی ملک تھا متوفی کے دوسرے ورثا کو وراثتاً پہنچا تھا۔ ساۃ کنیز فاطمہ بیگم نے اپنے قرضہ مہر کی بازیافت کے لئے دعوی رجوع کیا اور اوس ڈگری کی تعمیل میں جو اوس نے حاصل کی تھی موضع میں متوفی کا سالم حصہ ... اوس حصے کے جو اوسکے قبضہ میں تھا نیلام کرایا گیا تھا اور اوسکو اوس نے سنہ ۱۹۱۰ع میں خرید لیا تھا اوس نیلام کے متعلق جو مرافعہ علیہ کو ڈگری ... عمل میں آیا تھا اور جس نے اس بنا پر اعتراض کیا تھا کہ اوسکو اس موضع میں صرف $\frac{1}{2}$ ۷ حصہ کا ترکہ ملا تھا اور یہ کہ اس حصہ میں سے اوس نے سنہ ۱۹۰۱ع میں $\frac{1}{2}$ ۲ کا دختر ... امنا بانی کے حق میں ہبہ کیا تھا۔ اوسکی بحث یہ تھی کہ مرافعہ علیہ کی ڈگری کے بموجب صرف ۵ کا حصہ نیلام کئے جانے کے لائق تھا اور یہ کہ یہ حصہ بھی اوسکے غیر اداشدہ قرضہ مہر کے متعلق ... مواخذہ کے تابع تھا۔ مہر کے دعوی میں جو اوس نے رجوع کیا تھا اوس کامل قرضہ مہر کے لئے دعوی نہیں کیا تھا بلکہ اسقدر رقم مہر کی بابت تھی جو اوس حصہ کے متناسب تھی جو اوسکو وراثتاً حاصل ہوا تھا اور اس رقم کے متعلق جو باقی ہی اوس نے اب مواخذہ کا دعوی کیا ہے۔

ماتحت عدالتوں نے یہ قرار دیا ہے کہ صرف $\frac{1}{2}$ ۷ حصہ جو اوسکو ترکہ میں ملا تھا نیلام کیا جاسکتا ہے لیکن مواخذہ کی نسبت اور ہبہ کی بابت $\frac{1}{2}$ ۲ کی مہنائی کی نسبت اوسکا دعوی نامنظور کیا۔ اس مرافعہ میں اوس نے پھر اون دو عذرات پر زور دیا ہے جن کو ماتحت عدالتوں نے نامنظور کیا ہے۔ $\frac{1}{2}$ ۲ حصہ کی نسبت جس کو اوس نے ہبہ کیا تھا یہ قرار دیا گیا ہے کہ اوسی رنڈ اوس نے موہوب لہ سے ایک بہت بڑے حصہ میں یعنے ۹ کے حصہ میں اسی موضع میں حقیت حین حیاتی حاصل کی تھی ایسی صورت میں $\frac{1}{2}$ ۷ کا حصہ جو اوسکو ترکہ میں ملا تھا کسی طرح سے دراصل کم نہیں ہوا تھا اور تمام حصہ

نیلام کئے جانے کا مستوجب ہے۔ اس دلیل کا ہم کو کوئی جائز جواب نہیں ملا اور نہ ہمارے روبرو ایسا کوئی جواب پیش کیا گیا ہے۔

مواخذہ کی نسبت دعوی بھی ناقابل پذیرائی ہی یہ مسلمہ ہی کہ قرضہ مہر قرضہ بالکفالت نہیں ہوتا۔ بلکہ سادہ قرضہ ہوتا ہے جو اون دوسرے قرضوں کے زمرہ میں آتا ہی جو اسٹیٹ سے واجب الادا ہوتے ہیں مہر کیلئے بیوہ کا مواخذہ وہ حق ہوتا ہے جو وہ اپنے شوہر کی جایداد پر جب کہ وہ کسی طریقہ سے قابض ہوگئی ہو اپنے شوہر کے ورثا کے خلاف اوس اسٹیٹ پر قابض ہونیکی وجہ سے اوس وقت تک رکھتی ہی جب تک کہ وہ مہر کی نسبت اوسکا دعوی بیباق نہ کردیں اوسکا کوئی اطلاق اوس حصہ سے نہیں ہوتا جس پر وہ اپنے شوہر کی وارثہ کی حیثیت سے خود اپنے حق کی بنا پر قابض ہو اوس کو یہ حق تو حاصل ہی نہیں ہوسکتا کہ وہ اپنے شوہر کی جایداد کے خلاف دوسرے دائن کو اوس رقم کی بازیافت سے روکے جو اوسکو واجب الادا ہو علی سبیل البدل مرافعہ سے یہ بحث کی گئی ہے کہ سادہ دائن کی حیثیت سے بھی وہ اسکی مستحق ہے کہ مہر کی اوس قدر مقدار جو اب بھی واجب الادا ہو جایداد کے اوس حصہ میں سے جو اوس کے قبضہ میں ہو مرافعہ علیہ کے ساتھ مساوی حصہ میں وصول کرے۔ یہ عذر وجوہ مرافعہ میں نہیں پیش کیا گیا تھا اور وہ ناقابل پذیرائی ہے اولاً تو مہر اوسکے شوہر کی وفات پر سنہ ۱۹۰۲ع میں واجب الادا ہوگیا تھا اور سادہ قرضہ کی حیثیت سے عرصہ ہوا بیرون میعاد ہوگیا ہی دوم چونکہ اوس نے قرضہ مہر کے صرف ایک جزو کے لئے دعوی کرنا پسند کیا تھا اس لئے قاعدہ ۲ آرڈر ۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کسی ایسی مقدار کی نسبت دعوی کرنے سے اوسکو ممنوع ... جس کو ترک کرنا اوس نے پسند کیا ہی۔ اسی قسم کی دلیل جوڈیشل کمشنر اودھ کے روبرو ایک مقدمہ میں پیش کیگئی تھی جس کو بطور عنایت حسین بنام رحیمن بی بی (۱) کے طبع کیا گیا تھا اور وہ نامنظور کی گئی تھی

صفحہ ۹۷۸

(۱) انڈین کیسیز جلد ۲۳ صفحہ ۳۶۲

سے وارثین بالکفالت کی حیثیت سے وعدہ ادعا کر سکتی تھی کہ اوس مقدار کا جس کے لئے اوس نے دعوی نہیں کیا تھا اوس حصہ پر موانحذہ تصور کیا جائے جو بذریعہ وراثت اوس کے قبضہ میں آیا تھا اور نظائر واضح ہیں اور در اصل یہ امر نزاعی نہیں ہے کہ بیوہ جہیز کیلئے اپنے دعوی کے متعلق وارثین بالکفالت نہیں ہوتی۔

ایسی حالت میں مرافعہ ناکامیاب رہتا ہے۔ چونکہ وہ مقدار جس کے متعلق نیلام بحال رکھا گیا ہے مرافعہ علیہ کے دعوی کی بقایا کے لئے کافی نہیں ہے اس لئے بہ تعمیل ڈسٹرکٹ جج نے یہ حکم دیا ہے کہ مرافعہ علیہ کو یہ آزادی ہوگی کہ وہ اپنی باقیماندہ ڈگری دوسرے مواضعات میں منذر جائداد کے حصہ سے وصول کرے جس کو اوس نے قرق کرالیا ہے۔ مرافعہ اس امر کو واضح کر دینا چاہتی ہے اور ہم اپنی ڈگری کی رو سے یہ قرار دیتے ہیں کہ ڈسٹرکٹ جج کا حکم مرافعہ کو اس امر سے منع نہ کریگا کہ وہ ایسا جائز اعتراض پیش کرے جو وہ اون حیثیت سے وصول کے نیلام کی نسبت کرتی ہو۔ اسکے تابع مرافعہ خارج کیا جاتا ہے جس میں فیس بشرح اعلی داخل ہوگی۔ مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائی کورٹ بمبئی

مرافعہ اولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۱۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۱۶ فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس:- سر نارمن میکلیوڈ نائٹ چیف جسٹس

و مسٹر جسٹس کرمپ

گووند جنتا من بھٹ دیشی بنام کاچو بہائی گلاب چند

مرافع — مدعی علیہ - مرافعہ علیہ

قانون میعاد سماعت ایکٹ ۹ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء ضمیمہ اول دفعات ۵۷، ۵۹، ۶۰ - قرضہ اور امانت کے مابین فرق - بار ثبوت -

مدعی کو مد ضمیمہ ج قانون میعاد سماعت پر استدلال

کر رہا ہو یہ ثابت کرنا چاہئے کہ اوس وقت جب رقم منتقل ہوئی تھی فریقین کے مابین کوئی ایسا واقعہ پیش آیا تھا جس کی وجہ سے رقم کا حوالہ کیا جانا قرضہ نہیں بلکہ امانت کی حد تک پہنچیگا۔ ایسا واقعہ معاہدہ سے پیدا ہو سکتا تھا یا اون حالات سے اخذ کیا جا سکتا تھا جن میں یہ رقم قرضدار کے قبضہ میں آئی تھی۔

بالعموم جب کوئی شخص کچھ روپیہ کسی دوسرے کو اس معاہدہ پر حوالہ کرے کہ وہ ... نہیں ... بلکہ ... مطالبہ کیا جائے تو وہ واپس لیا جائے تو وہ از روئے قانون قرضہ سمجھا جائیگا اور اگر مدعی یہ ثابت کرنا چاہے کہ رقم جو اس طور پر حوالہ کی گئی تھی وہ امانت تھی تو ثابت کرنیکا بار اوس پر ہوگا کہ وہ یہ حالات بتلائے جن کی وجہ سے قرضہ ... امانت میں بدل گیا تھا۔

پنچو جی بیسنجی بنہا کی بنام دوراب جی جہانگیر رکھ لیو انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۱۶ صفحہ ۷۷۵، سبرامنین چیٹیار بنام قادیر سن چیٹیار انڈین کیسز جلد ۳۲ صفحہ ۹۶۵ کا حوالہ دیا گیا۔

مرافعہ اولی بنا راضی فیصلہ صادرہ سبارڈینیٹ جج درجہ اول پونہ بمقدمہ نمبر ۶۶۵ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء۔

صفحہ ۹۷۹

منجانب مرافع - مسٹر ایچ سی۔ کویاجی۔ بمعیت وائی۔ دی۔ بہنڈارکر

منجانب مرافعہ علیہ نمبر ۱ مسٹر کے۔ این۔ کویاجی

منجانب مرافعہ علیہم۔ نمبر ۲ و ۳ مسٹر دی۔ ڈی۔ لیمانی

**فیصلہ** ۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۰۰ء کو کوٹھی چھگن لال وکھیت چند کے پاس سے کوٹھی کاچو بہائی گلاب چند کے پاس ... منتقل ہوئے اور چھگن لال وکھیت چند کے حسابات میں ظاہر کیا گیا ... سے کاچو بہائی کے نام پر جمع کئے گئے تھے۔ سود بحساب ۳ فیصدی ۳ اسود اور سمت سال ۱۹۵۴ تک جمع کیا گیا تھا اور اصل و سود کی جملہ رقم سنہ ۱۹۰۲ء کے حساب میں درج کی گئی تھی اور یہ ظاہر ہوگا کہ حساب سنہ ۱۹۱۶ء تک جاری رہا اور

گووند جنتا بنام کاچو بہا (بمبئی)

دفعہ ۱۰ بہٹ بنام کاچو بہائی گلاب چند (بمبئی)

ہر سال کے ختم پر ... فیصدی کے حساب سے سود جمع کر دیا جاتا تھا۔ کوئی روپیہ ... پیش آیا تھا یہاں تک کہ نومبر سنہ ۱۹۱۹ء میں ابتدائی رقم کا جمع کنندہ جگن لال ولد بہٹ ... اکلوتے بیٹے ... داس کے خلاف ایک ڈگری کی تعمیل ... جو کوٹھی کا چوبہائی گلاب چند کی جانب سے واجب الادا تھا ... گیا تھا ... ایک شخص کرشنا جی بہٹ نے مبلغ ... ۱۹۱۹ء ... کرشنا جی نے قرضہ کی نسبت ... ایک شخص ... کو مبلغ ... میں تفویض کیا اور بموجب مدعی نے اوسکو ... نومبر سنہ ۱۹۱۹ء کو مبلغ ... میں ... لیا ... نومبر کو اوس نے کاچو بہائی گلاب چند کو یہ نوٹس ... روپیہ ادا کر دے ... کوٹھی کاچو بہائی گلاب چند کے علاوہ ... مدعا علیہم اس ... فریق بنائے گئے تھے کہ وہ کاچو بہائی گلاب چند کے ... تھے لیکن کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی کہ کیوں ان مدعا علیہم نا ... فریق ... کیا جانا چاہیے تھا۔

مدعا علیہ نمبر ا نے اپنے جواب دعوی میں یہ بیان کیا تھا کہ ... نے ... رقم داخل کرنے والے سے مبلغ ... تین فیصدی ... حساب سے قرض لئے تھے یا یہ کہ وہ امانت نہ تھی اور یہ کہ ... دعوی ... تھا اوس نے یہ بھی بیان کیا کہ رقم ادا کی جا چکی تھی۔

عدالت ابتدائی کے جج نے ... دعوی ... کہ دعوی اوس رقم کے لئے تھا جو قرض لی گئی تھی اس ... میعاد تاریخ قرضہ سے محسوب ہونا شروع ہوئی تھی۔

ہمارے روبرو مرافعہ میں اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ دعوی اوس رقم کے لئے تھا جو اوس معاہدہ سے جمع کی گئی تھی کہ مطالبہ پر ادا کی جانی چاہیے اور ایسی حالت میں دعوی ... مد ۶۰ ضمیمہ دوم قانون میعاد سماعت متعلق تھی اور میعاد مدعی کے خلاف ... نومبر ۱۹۱۹ء سے محسوب ہونا شروع ہوئی تھی جب مطالبہ کیا گیا تھا۔ بوقت تحقیقات کوئی لسانی شہادت نہیں پیش کی گئی تھی اور نہ ہمارے روبرو ظاہر کیا گیا ہے کہ اون حالات کے متعلق کوئی شہادت موجود تھی جن میں روپیہ پہلی مرتبہ مدعی علیہ نمبر ا کی کوٹھی کو سنہ ۱۹۰۹ء میں حوالہ کیا گیا تھا۔ ایسی حالت میں اس امر کی تحقیق کرنے میں بہت زیادہ دشواری ہے کہ آیا دعوی سے مد ۶۰ متعلق ہوتی ہے۔ یہ واضح نہیں معلوم ہوتا کہ مد ۶۰ میں لفظ "جمع کرنا" سے واضعان قانون کا کیا منشا تھا لیکن "رقم قرضہ" اور "رقم امانت" میں کچھ فرق ہونا چاہیے اور یہ صرف قیاس کیا جا سکتا ہے کہ اوس مدعی کو جو مد ۶۰ پر استدلال کرتا ہو یہ ثابت کرنا چاہیے کہ فریقین کے مابین اوس وقت جب رقم منتقل ہوئی تھی کوئی واقعہ پیش آیا تھا جس کی وجہ سے رقم کا حوالہ کیا جانا "قرضہ" نہیں بلکہ امانت کی حد تک پہنچیگا۔ یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ "قرضہ" اور "امانت" کے مابین فرق یہ ہوتا ہے کہ مقروض جو امانت پر رقم لیتا ہے دائن سے معتمد علیہ کا تعلق رکھتا ہے اور یہ تعلق صریح معاہدہ سے پیدا ہونا ممکن ہوتا ہے یا اوس کو اون حالات سے اخذ کیا جا سکتا ہے جن میں روپیہ مقروض کے قبضہ میں آیا تھا۔ بالعموم جب زید بکر کو اس شرط سے روپیہ دیتا ہے کہ وہ ... نہیں ہے بلکہ مطالبہ پر ادا کیا جانا ہے تو وہ ... قانون کی اصطلاح میں قرضہ سمجھا جائیگا اور جب مدعی یہ ثابت کرنا چاہے کہ رقم جو اس طور پر حوالہ کی گئی تھی وہ امانت تھی تو ... ثابت کرنیگا یا ... کہ مزید حالات موجود تھے جن ... "قرضہ" "امانت" میں بدل گیا تھا۔

مقدمہ منچرجی بومنجی بہتہا کی بنام دوراب جی جہانگیر زندیوا (۱) سے مرافعہ نے استناد کیا ہے۔ فاضل جج ... نے بیان کیا تھا (صفحہ ۷۷۶)

"... یہ ہے قرضہ اور امانت کے مابین فرق کا سوال پیدا ہونا ...

(۱) انڈین لا رپورٹس بمبئی جلد ۱۹ صفحہ ۷۷۶

(۱) جو بسا اوقات اس قسم کے روبرو پیش ہوا ہی اور جس کا تصفیہ کرنا بالعموم دشوار ہوتا ہی۔ بالعموم رقم جو کسی بنک کے حساب میں ادا کی گئی ہو قرض بھی جاتی ہی ...... یہ بالکل واضح ہے کہ مبلغ سیاہ صفا کی رقم جو مدعی علیہ اور ور بہائی جی کے مابین حساب کی بنیاد تھی وہ اوس کو اوسکی جانب سے دراصل اس حیثیت سے ادا کی گئی تھی کہ اوسکا تعلق اوسکے بیٹے سے تھا یہ بچہ صرف ایک سال کا تھا اور یہ باور کرنا دشوار ہے کہ مدعی علیہ کو یہ نہیں معلوم تھا کہ یہ رقم جو اوسکو بچہ کے نام سے حوالہ کی گئی تھی بچہ کی جایداد تھی اور اوسکو یعنے مدعی علیہ کو بطور امانت ادا کی گئی تھی جب کوئی ماں اپنے بیٹے کا روپیہ اوسکے نانا کی کوٹھی میں داخل کرے جیسا کہ عمل اس مقدمہ میں کیا گیا تہا تو نیت یہ ہونی چاہیے کہ وہ اوسکے بیٹے کے لئے امانت ہے اور نہ اخراج کا اوسکو حوالہ کر دینی چاہیے جب وہ اوس کا مطالبہ کرے بجز اسکے کہ اس دوران میں وہ اوس کے تصرف اور منافع میں کسی نہ کسی طرح استعمال کی گئی ہو۔"

مسٹر جسٹس طیب جی نے یہ بیان کیا تھا۔

"مختلف حالات موجود ہیں جو یہ ظاہر کرتے ہیں .... معاملہ اعتمادی حیثیت رکھتا تھا۔"

لیکن وہ مقدمہ خود اوس کے واقعات پر برقرار رہنا چاہیے اور اس مسئلہ کے حل کرنے میں اوس سے بہت کم مدد مل سکتی ہی کہ آیا ایسے عام اصولوں کو قرار دیا جا سکتا ہی جن کی وجہ سے عدالتیں اس قابل ہوں کہ وہ "قرضہ" اور "امانت" کے مابین امتیاز کر سکیں۔

سبرامنین چٹیار بنام کدرلیسن چٹیار (۲) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ روپیہ جو ایسے تاجر کے پاس رکھا گیا تھا جو ساہو نہ تھا اون حالات میں امانت ہو جائیگا جو اوسکو خریدار کی رقم بنا دیں سگے جیسے امین کوئی ساہو ہو۔

ہمیں یہ معلوم ہوتا ہی کہ کوئی حوالہ جواب کسی مہاجن اور اوسکے گاہک کے مابین تعلق سے متعلق دیا جائے اوس سوال کے جواب دینے میں بہت کم مدد دیگا جس کا ہمیں تصفیہ کرنا ہی الفاظ "بشمول کسی گاہک کے روپیہ کے جو اوسکے مہاجن کے قبضہ میں بطور رد واجب الادا ہو" کے اضافہ سے مد ۲ کی ترمیم کے قبل یہ خیال کیا گیا ہوگا کہ روپیہ جو معمولی طریقہ سے کسی گاہک نے اپنے بنک میں حوالہ کیا تھا وہ ایسا روپیہ نہ تھا جو امانتاً رکھا گیا تہا اور صرف اوس ترمیم کی وجہ سے گاہک کا روپیہ جو کسی مہاجن کے قبضہ میں ہو اب امانت کے طور پر سمجھا جاتا ہے لیکن اوس ترمیم میں صرف یہ تبلایا گیا ہے کہ ایک خاص صورت امانتوں کی قسم میں آتی ہی یہ نہیں ظاہر کیا جا سکتا کہ اوس قرضہ میں جو کسی تاجر نے اپنے کاروبار کی اغراض کیلئے حاصل کیا ہو اور اوس روپیہ میں جو کسی بنک نے اپنے گاہکوں سے بطور امانت یا حساب جاریہ لکھنے کے لئے دیا ہو کوئی امر مشترک ہے جب کبھی روپیہ کسی تاجر کے قبضہ میں چھوڑ دیا جائے جو مہاجن نہو تو یہ خیال کیا جانا چاہیے کہ ایسی رقم امانتاً جمع ہے۔ تب یہ سمجھنا دشوار ہے کہ "قرضہ" اور "امانت" کے مابین کیا فرق ہے۔

جہاں تک اس مقدمہ کا تعلق ہی ہمیں یہ معلوم ہوتا ہی کہ مدعی کو یہ ظاہر کرنا ہوگا کہ جب ـــــ کی یہ رقم مدعی علیہ نمبر ا کی کوٹھی کو ادا کی گئی تھی تو کچھ انتظام کیا گیا تھا جس کے بموجب مدعی علیہ نمبر ا کی کوٹھی نے یہ اقرار کیا تھا کہ وہ اوسکو قرضہ کی بجائے امانت کے طور پر اپنے قبضہ میں رکھیگی۔ یہ معلوم ہوگا کہ واپس کرنیکی نسبت معاہدہ کی حد تک قانون میں قرضہ اور امانت کے مابین کوئی فرق نہیں ہی۔ نیز یہ معاہدہ نہیں ہی کہ رقم مطالبہ پر واجب الادا ہونی چاہیے جو امانت کو قرضہ سے ممیز کرتا ہی۔ کوئی مزید امر ثابت کیا جانا چاہیے یہ ممکن نہیں ہی کہ صحیح طور پر یہ تعریف تبلائی جائے کہ وہ مزید امر کیا ہونا چاہیے

(گوورنمنٹ بنام کالچو بہائی (بمبئی))

(۲) انڈین کیسز جلد ۲۳ صفحہ ۹۶۵

(نقد ہسپانسر بنام جواہر لال (بمبئی))

بعض اوقات یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ ایسے واقعات ثابت کئے جاتے تھے جو مالکان اور مدیون کے مابین ایک قسم کا اعتمادی تعلق قائم کرتے تھے لیکن ہم یہ کہنے کے لئے آمادہ نہیں ہیں کہ یہ ہمیشہ ضروری ہوتا ہے لیکن اس مقدمہ میں ہم نہیں سمجھ سکتے کہ مدعی نے کوئی ایسا امر ثابت کیا ہے جس سے اوس قرضہ کو جو مدعی علیہ نمبر ا کی کوٹھی نے سنہ ۱۹۱۰ء میں حاصل کیا تھا اوس روپیہ کے قرضہ کے طور پر سمجھا جائے جو امانتاً رکھا گیا تھا نہ کہ اوس قرضہ کے طور پر جو عارتیاً دیا گیا تھا چونکہ بار ثبوت اوس پر عدالت کو صحابہ اطمینان دلانے کا تھا کہ وہ فرق موجود تھا اور اوس نے اوس سے سبکدوشی نہیں حاصل کی تھی اس لئے ضرور ہے کہ وہ ناکامیاب رہے کیونکہ دعویٰ ایسی صورت میں مد ۵۹ یا ۶۰ کے تحت آتا ہے اور وہ صریحاً منقضی المیعاد ہے ایسی حالت میں مرافعہ خارج کیا جانا چاہئے۔

عدالت ابتدائی میں مدعی علیہ نمبر ۲ کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ مدعی کا خرچہ ادا کرے گو دعویٰ خارج کیا گیا تھا۔ مدعی علیہ نمبر ۲ نے اوس حکم کی ناراضی سے مرافعہ کیا ہے (مرافعہ اولیٰ نمبر ۲۱۸ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء) یہ معلوم ہوتا ہے کہ ذیلی جج پر اس واقعہ کا اثر پڑا ہے کہ گو مدعی علیہ نمبر ۲ کو اوس وقت مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب نوٹس دیا گیا تھا جب عدالت نے اس حق کو قرق اور نیلام کرایا تھا مگر اوس نے حاضر ہو کر انقضائے میعاد اور ادا کا عذر نہیں پیش کیا اور مدعی کے نوٹس کا جواب نہیں دیا ہم یہ نہیں سمجھتے کہ مدعی علیہ نمبر ۲ حاضر ہونے کا پابند تھا جب اوسکو یہ نوٹس وصول ہوا تھا کہ حق قرق کیا گیا تھا وہ اسکا مستحق تھا کہ اپنے حقوق برقرار رکھے اور یہ عذر پیش کرنے کے لئے دعویٰ کئے جانے کا انتظار کرے کہ وہ منقضی المیعاد تھا لیکن اوسکو یقیناً نوٹس کا جواب دینا چاہئے تھا اور یہ امر بھی اوسکے خلاف ہے کہ اوس نے ادائی کا عذر پیش کیا تھا وہ ایک وجہ صفحہ ۹۸

اوسکو اپنے خرچہ سے محروم کئے جانے کی ہوگی گو وہ مدعی کا دعویٰ خارج کرانے میں کامیاب رہا ہو۔ لیکن یہ کوئی وجہ ایسی نہیں ہے کہ اوسکو ناکامیاب مدعی کا خرچہ ادا کرنے کے لئے مجبور کیا جائے پس احکام ذیل صادر کئے جائیں گے کہ مرافعہ اولیٰ نمبر ۲۱۱ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء مع خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔ دونوں قسم کا خرچہ اور مرافعہ اولیٰ نمبر ۲۱۸ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء مدعی علیہ نمبر ۲ کے موافق خرچہ کے ساتھ بحال رکھا جاتا ہے۔

مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائی کورٹ الہ آباد

### مرافعہ اولیٰ دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۵۰۲ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۹ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس: مسٹر جسٹس لنڈسے

دہرمن۔ مدعی علیہ بنام سکھی وغیرہ۔ مدعیان

مرافع　　　　مرافعہ علیہم

قانون مزارعان آگرہ ایکٹ ۲ بابتہ سنہ ۱۹۱۰ء دفعات ۲۵ و ۲۹۔ آسامی دخیلکار ایک سال سے زیادہ عرصہ کے غیر رجسٹری شدہ شکمی پٹہ کا جواز۔ لگان آیا وصول کیا جاسکتا ہے۔

تمام معاملات جو قانون کے خلاف ہوں کالعدم اور ناقابل نفاذ ہوتے ہیں اور معاملات کے کسی حصہ کی نسبت ایسے معاملات کا کوئی فریق عدالتوں سے کوئی دادرسی نہیں حاصل کرسکتا دخیلکار آسامی اپنے شکمی پٹہ گیرندہ سے لگان نہیں حاصل کرسکتا ہے اوس شکمی پٹہ کی رو سے قابض ہو جو شرائط مندرجہ دفعہ ۲۵ قانون مزارعان آگرہ کے خلاف عمل میں آیا تھا

دفعہ ۲۵ قانون مزارعان آگرہ میں یہ نہیں بیان کیا گیا ہے کہ جب قانون کی شرائط کے خلاف شکمی پٹہ عمل میں آیا ہو تو شکمی پٹہ جائز اور قابل نفاذ ہوتا ہے جو کچھ کہ

اوس میں بیان کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ جب ایسا شکمی پٹہ عمل میں آئے
اور جب شکمی پٹہ کی میعاد گذرنے کے قبل اسامی کی غرض زائل
ہو جائے تو زمیندار کو یہ حق یا انتخاب کا موقع حاصل ہوتا ہے کہ
وہ شکمی پٹہ گیرندہ کو اپنے اصلی اسامی کے طور پر تصور کرے
اور وہ اوسکے خلاف اون شرائط میں سے ہر شرط نافذ کر سکتا ہے
جو اوس نے شکمی پٹہ کے قیام کے وقت اسامی سے کی تھی۔

مرافعہ ثانی بناراضی ڈگری مصدرہ اڈیشنل ڈسٹرکٹ جج علی گڈہ موجبہ
۲۳ اگست سنہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافع۔ مسٹر نیالال۔ منجانب مرافعہ علیہم مسٹر پی کے۔ بکرجی

**فیصلہ** میری رائے میں اس مقدمہ میں عدالت مرافعہ تحت کا فیصلہ
غلط ہے اور وہ منسوخ کیا جانا چاہیے۔

مدعیان نے یہ دعوی مدعی علیہ سے سنین ۱۳۲۵ و ۱۳۲۶ف کے
لگان کی بازیافت کے لئے اس بنا پر رجوع کیا تھا کہ وہ اوس زمانہ
میں ۱۰ بیگہ ۵ بسوہ اراضی پر سالانہ لگان مبلغ ۱۰۰ کے عوض
کاشت کرتا رہا تھا۔

مدعیان مسلمہ طور پر آسامیان دخیلکار ہیں اور ایسی عالتِ میں
دعوی مدعی علیہ کے خلاف اوسکی شکمی آسامی کی حیثیت سے رجوع کیا گیا ہے
اسسٹنٹ کلکٹر نے یہ دعوی اس بنا پر خارج کیا تھا کہ شکمی پٹہ
ثابت نہ تھا۔

فاضل ڈسٹرکٹ جج نے یہ قرار دیا ہے کہ بطور واقعہ کے مدعی علیہ نے دونوں
سنین متدعویہ میں ان اراضیات پر کاشت کی تھی اور یہ کہ کلاً یا جزواً لگان
ادا نہیں کیا گیا تھا۔

جہانتک مقدمہ کے اس جزو کا تعلق ہے یہ تجاویز واقعاتی ہیں اور
اون پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا۔

لیکن فاضل ڈسٹرکٹ جج کے روبرو ایک عذر قانونی اس مضمون کا

پیش کیا گیا تھا چونکہ مدعی علیہ کی نسبت یہ ظاہر کیا گیا تھا کہ وہ بلسل دہرامن
دو سال تک اراضی پر دخیل تھا اس لئے مدعیان کی جانب سے شکمی پٹہ بنام
دیا جانا اوس قانون کے خلاف تھا جو دفعہ ۲۰ قانون مزارعان آگرہ میں سکھی
قرار دیا گیا تھا ایسی حالت میں یہ عذر پیش کیا گیا تھا۔ چونکہ شکمی پٹہ اوس (الہ آباد)
دفعہ کی شرائط کے لحاظ سے کالعدم تھا اس لئے مدعیان عدالتوں سے کوئی
دادرسی نہیں حاصل کر سکتے تھے لیکن فاضل جج نے یہ بحث نامنظور کی اور دفعہ ۲۹
کے احکام کا حوالہ دیا جس کی تعبیر کے مطابق یہ ظاہر ہوتا تھا کہ گو
کوئی شکمی پٹہ اوس قانون کے خلاف ہو جو دفعہ ۲۰ میں مندرج تھا مگر باوجود
اس کے وہ قابل نفاذ تھا۔

میں نہیں خیال کرتا کہ فاضل جج نے قانون کی دفعہ ۲۹ کو صحیح طور پر
پڑھا ہے اوس دفعہ میں یہ نہیں بیان کیا گیا ہے کہ جب قانون کی شرائط
کے خلاف شکمی پٹہ قایم کیا گیا ہو تو شکمی پٹہ جائز اور قابل نفاذ ہوتا ہے
جو کچھ کہ اوسمیں بیان کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ جب اس قسم کا شکمی پٹہ ہو
اور جب شکمی پٹہ کی مدت گذرنے کے قبل آسامی کی غرض زائل ہو جائے
تو زمیندار کو یہ حق یا انتخاب کا حق حاصل ہوتا ہے کہ وہ شکمی پٹہ گیرندہ کو اپنے
اصلی آسامی کے طور پر تصور کرے اور وہ اوسکے خلاف اون شرائط کے
منجملہ کسی کو نافذ کرا سکتا ہے جو اوس نے اسامی کے ساتھ شکمی پٹہ کے وقت کی تھی۔

میری رائے میں قانون بالکل واضح ہے۔ تمام معاملات جو قانون کے
خلاف ہوں کالعدم اور ناقابل نفاذ ہوتے ہیں اور ایسے معاملہ کا کوئی فریق
عدالتوں سے کوئی دادرسی نہیں حاصل کر سکتا۔ ایسی حالت میں یہ نتیجہ صفحہ ۹۸۳
نکلتا ہے کہ یہاں ہمارے روبرو ایسے شکمی پٹہ کا مقدمہ ہے جو قانون کی
شرائط کے خلاف عمل میں آیا تھا کیونکہ کوئی دستاویز رجسٹری شدہ
موجود نہ تھی اور ایسی حالت میں مدعیان رقم کی بازیافت کے مستحق
نہیں ہیں۔ یہ واقعہ کہ زمیندار نے قانون کی شرائط کے خلاف شکمی پٹہ
کرنے کی بابت مدعیان کو بیدخل کر کے متعلق اپنے حق انتخاب کو نافذ کرنا

دہیرامن بنام سنہی داراماں

پسند نہیں کیا ہے خود شکمی پٹہ کے فریقین کے مابین اس امر کو جائز نہیں کر سکتا جو اوسطور پر از روئے قانون کالعدم ہو۔

متنازعہ بعد یہ بحث کی گئی ہے کہ بہر صورت مدعی علیہ پہلی سال یعنی ۱۳۲۵ فصلی کے لیے ذمہ دار قرار دیا جانا چاہیے اس بنا پر کہ شکمی پٹہ کیلئے جو ایک سال کا ہو رجسٹری کی ضرورت نہیں ہوتی میں اس بحث کو منظور کرنے کے لئے راغب نہیں ہوں جبکہ یہ قرار دیا گیا ہے کہ شکمی پٹہ کا انتظام اس قسم کا انتظام تھا جو شرائط مندرجہ دفعہ ۲۵ کے خلاف عمل میں آیا تھا اور میں یہ نہیں خیال کرتا کہ مدعیان اس عذر پر استدلال کر سکتے ہیں کہ گو شکمی پٹہ کا معاملہ کلیتاً کالعدم ہے باوجود اسکے اسکا کچھ حصہ جائز ہے بطور پٹہ ایک سال کے لگان کا دعوی کرنے کے وہ مستحق ہو جاتے ہیں میری رائے یہ ہے کہ تمام معاہدہ کالعدم ہے اور مدعیان کوئی رقم نہیں پا سکتے نتیجہ یہ ہے کہ میں یہ مرافعہ منظور کرتا ہوں عدالت تحت کی ڈگری منسوخ اور عدالت ابتدائی کی ڈگری بحال کرتا ہوں مرافع عدالت ہذا اور عدالت تحت دونوں میں اپنے خرچہ کا مستحق ہے اور اس عدالت کے خرچہ میں زیر شرح اعلیٰ دو نسل ہوگی مرافعہ منظور کیا گیا

## ہائی کورٹ مدراس

درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۸۶۳ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۲۳ فروری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس اوجرس

دسوانا تھا اساری بنام سامی اساری عرف مدعی۔ نگرانی خواہ گمپا سبلا اساری۔ مدعا علیہ طرف ثانی۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۹ رول ۲-۳۔ مدعی کے وکیل کے مواجہہ میں دعوی کا اخراج۔ حکم کی نوعیت۔ چارہ کار۔ مرافعہ یا نگرانی۔

جب کسی دعوی کی سماعت کے روز مدعی کی قائم مقامی کسی وکیل نے کی ہو جس نے التوا کے لئے درخواست کی ہو جو نامنظور کی گئی ہو تو عدالت آرڈر ۹ رول ۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے دعوی خارج نہیں کر سکتی بلکہ اوسے کرنا چاہیے کہ رول ۳ آرڈر مذکور کے بموجب روئداد کے لحاظ سے اسکا تصفیہ کرے تجویز ضمنی۔ ایسی صورت میں نالاض فریق کو یہ چارہ کار حاصل ہوتا ہے کہ وہ ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ کرے نہ کہ اس حکم کی ناراضی سے نگرانی کرے جس کے بموجب دعوی کی بحالی سے انکار کر دیا گیا ہو۔

پیتھمبا داس ۱ نکشٹ راما منادی بنام ویلو کرشنن نمن۔

انڈین لاء رپورٹ مدراس جلد ۳۲ صفحہ ۲۶۷ و کنیشا چاری بنام ویلو پال ... مدراس کیسز جلد ۲۱ صفحہ ۹۱ کی تقلید کی گئی۔

درخواست زیر دفعہ ۱۱۵ ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء بدین استدعا کہ ہائی کورٹ عدالت سب جج چنگل پٹ کے حکم بر درخواست متفرق نمبر ۵ بابتہ ۱۹۲۱ء بمقدمہ مطالبہ خفیفہ نمبر ۷۴۳ بابتہ ۱۹۲۰ء میں نگرانی کرے۔

منجانب نگرانی خواہ۔ مسٹر ایس رنگا دامی آئنگار و ایس سبحان منشن ایر

منجانب طرف ثانی مسٹر ڈی ڈیلو ایلا میگھا چاری۔

**فیصلہ** اس مقدمہ میں یہ بحث کی گئی ہے کہ سب جج کا حکم غلط ہے کیونکہ اسکی رو سے دعوی کا تصفیہ بلجاظ روئداد کیا گیا تھا۔ ہر گاہ مدعی غیر حاضر تھا اس لئے اونکو آرڈر ۹ رول ۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب مقدمہ خارج کرنے کی کارروائی کرنی چاہیے تھی بجائے اسکے کہ وہ آرڈر ۹ رول ۳ کی رو سے عمل کرتے اسکے متعلق یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مدعی غیر حاضر نہ تھا بلکہ وکالتاً حاضر تھا۔ جس نے التوا کے لئے درخواست کی تھی جو نامنظور کی گئی تھی پیتھمباری ترکٹ راما منادی بنام ویلو کرشنن نمن (۱) اس مسئلہ کے لئے ایک دلیل ہے کہ ایسے مقدمہ میں دعوے

بعد سرسری خارج نہیں کیا جاسکتا بلکہ فیصلہ تحریر کیا جانا چاہئے اور مقدمہ کا تصفیہ ہونا چاہیے اسکے خلاف ... نظیر ... الہ آباد ...

گیا ہے یہ بھی بحث کی گئی ہے کہ نگرانی نہیں ہوسکتی کیونکہ یہ کوئی ... نہیں ہے لیکن نگرانی ہوا اور یہ جیا نہ کا خیال ہے کہ وہ ... ڈگری ... کا نا راضی سے ... ایسی حالت میں ... جسکی نا راضی ہے ... نہیں پیش کیجا سکتی جسکے بموجب دعوے کی بابت ڈگری سے انکار کیا گیا ہو اس بنا پر کہ دعوے تمادی ہونے کی وجہ سے خارج کیا گیا تھا اور ... مرافعہ خارج نہیں کیا گیا تھا

چونکہ مجھے یہ قرار دینا چاہئے کہ ... مقدمہ ... کا ... تھا اس کے ... نہال بنام ... (۳) ... قرار ... ایک نظیر سے کہ ... اس ... سے متعلق ہوتا ہے اور ... حکم سب ارڈینیٹ جج کا عمل و حکم صادر کرنہیں درست تھا جو او نہوں نے صادر کیا تھا میں یہ خیال کرنے پر راغب ہوں کہ دوسرا عذر بھی جو نگرانی خواہ ... گونڈن بنام ... (۳) کی نظیر کے لحاظ سے پیش کیا ہے معقول ہے لیکن دوسرے عذر پر میری تجویز کے لحاظ سے اوسکے متعلق کسی مزید امر کے کہنے کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ قیاس کرکے کہ درخواست نگرانی قابل پذیرائی ہوگی میں یہ تجویز دیتا ہوں کہ سشن جج کا حکم صحیح تھا اور اوس میں دست اندازی کرنیکی کوئی وجہ نہیں ہے

یہ درخواست نگرانی دیوانی معہ خرچہ خارج کیجاتی ہے

درخواست خارج کی گئی

## ہائی کورٹ الہ آباد

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۸۰۷ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۶ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس ا۔ مسٹر جسٹس ڈینیلز

ماجرہ خاتون بنام آمنہ خاتون (الہ آباد)

مسماۃ ماجرہ خاتون بنام مسماۃ ... خاتون

مدعی علیہا۔ مرافعہ ... مدعیہ۔ مرافعہ علیہا

قانون شہادت ایکٹ ۱ بابتہ سنہ ۱۸۷۲ء دفعہ ۱۱۲۔ صحیح النسبی کا قاعدہ مسلمانوں سے اس قاعدہ کا اطلاق۔

صحیح النسبی کا قاعدہ جو دفعہ ۱۱۲ قانون شہادت میں مندرج ہے وہ اصلی قانون نہیں بلکہ ضابطہ کا قاعدہ ہے اور اس حیثیت سے مسلمانوں سے متعلق ہوتا ہے۔

... خان بنام محمد اسمعیل خان انڈین لا ریورٹ ... جلد ... صفحہ ۹ ... کا حوالہ دیا گیا۔

... علی بنام ... سنگھ انڈین لا ریورٹ الہ آباد جلد ... صفحہ ۲۹ ... و سراج فاطمہ بنام عبد ... انڈین ... جلد ... صفحہ ۲۰ ... پر استناد کیا گیا۔

۱۹۲۳ء

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری ... سب جج بدایوں مورخہ ۲۹ جولائی ...

منجانب مرافعہ ... منجانب مرافعہ علیہا مسٹر اقبال احمد

**فیصلہ**۔ اس مرافعہ میں سوال یہ ہے کہ آیا مدعی علیہا مسماۃ ماجرہ خاتون افتخار الدین کی صحیح النسب بیٹی ہے۔ افتخار الدین کی دو بیویاں تھیں رقیتہ النساء اور مسماۃ حسن جان عرف ... بی جان تھیں۔ مدعیہ ... کی اور مدعی علیہا موخر الذکر کی بیٹی ہے۔ افتخار الدین نے مختلف اوقات پر اپنی دونوں بیویوں کے ساتھ جھگڑا کیا ہے اور اون کو طلاق دی ایک مرتبہ وہ مدعی علیہا کی ولدیت سے انکار کرتا اور دوسری مرتبہ اوس کو تسلیم کر لیتا تھا۔

فریقین نے یہ تسلیم کیا ہے کہ مدعی علیہا ۱۹ ستمبر سنہ ۱۹۱۲ء کو پیدا ہوئی تھی مدعیہ کی یہ بحث تھی کہ بی بی جان کو سنہ ۱۹۱۱ء میں طلاق دیدی گئی تھی قبل اسکے کہ مدعی علیہا پیدا ہوئی یا حمل میں آئی تھی۔ سب ارڈینیٹ جج نے اس دلیل کو نامنظور کیا ہے اور بطور واقعہ کے یہ قرار دیا ہے

(۱) ... (۲) ... (۳) انڈین کیسیز جلد ... صفحہ ... (۴) انڈین کیسیز جلد ۲۳ صفحہ ۶۶۰

مسماة جابرہ خاتون بنام مسماة امینہ خاتون (الہ آباد)

کہ مسماة بی بی جان کو مدعی علیہا کی پیدائش سے پہلے ہی باپ نکال [illegible] نہیں
دیکھی تھی جو بظاہر دفعہ ۱۱۲ و ۱۰۱ [illegible] ایسی حالت میں [illegible]
تجویز یہ ہے کہ مدعی علیہا اپنی ماں [illegible] افتخار الدین [illegible] جائز
ازدواج کے دوران میں پیدا ہوئی تھی۔ اونہوں نے یہ بھی قرار
دیا تھا کہ افتخار الدین [illegible] ساتھ ایک ایسے شہر
کی تھی جہاں حمل قرار پا سکتا تھا [illegible] حالت میں [illegible]
کہ اگر مقدمہ سے دفعہ ۱۱۲ قانون شہادت [illegible] تو مدعی علیہا کے
صحیح النسب ہونے کی نسبت قطعی قیاس موجود [illegible] دعوی خارج
کیا جانا چاہیے تھا۔ فاضل مسٹر [illegible] نے [illegible] احکام کو
نظر انداز کر دیا ہے اور مقدمہ پر افتخار الدین کے [illegible] و [illegible]
خطوط اور اقرارات سے بحث کی ہے۔ اونہوں نے یہ [illegible]
تحریر کیا ہے کہ افتخار الدین کے بہت سے خطوط اور پوسٹ کارڈ
مدعی علیہا کی پیدائش سے قبل کے مہینوں میں [illegible] اور
اونہوں نے یہ تحریر کیا ہے کہ گو افتخار الدین کے [illegible]
زوجہ کے ساتھ اچھے نہ تھے اور وہ اوسکے غصہ وغیرہ کی شکایت کیا
تھا لیکن اون میں سے کسی میں اوس نے اوس بچہ کی ولادت سے انکار
نہیں کیا تھا جو پیدا ہونیوالا تھا لیکن اونہوں نے یہ قرار دیا ہے
کہ مدعی علیہا کی پیدائش کے بعد ہی اپنی زوجہ کو طلاق دینے میں افتخار الدین
کا طرز عمل اس بابت کی دلیل ہے کہ وہ یہ باور کرتا تھا کہ
وہ باپ نہ تھا اور اسی بناپر اونہوں نے دعوی میں ڈگری صادر
کی ہے۔ مسٹر [illegible] جج کی بحث کو سمجھنا دشوار ہے اور ہر صورت میں
اونہوں نے اوس قطعی قیاس کو بالکل نظر انداز کیا ہے جس کو
دفعہ ۱۱۲ قانون شہادت کے بموجب اون واقعات سے اخذ کرنیکے
وہ پابند تھے جو اونہوں نے قرار دیے تھے۔ صفحہ ۹۸۴

لیکن مرافعہ علیہا کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ دفعہ ۱۱۲

قانون شہادت اس مقدمہ سے متعلق نہیں ہے اور اس شبہ کا حوالہ
دیا گیا ہے جو شرح اسلام [illegible] ولسن کی تاریخ پنجم فقرہ ۸۳
صفحہ ۱۶۱ میں ظاہر کیا گیا ہے [illegible] دفعہ ۱۱۲ شہادت کا ایک قاعدہ
ہونے کی [illegible] ثبوت کا قاعدہ نہیں ہے اور ایسی
حالت میں جہاں [illegible] اسلام کے قیاس سے
اختلاف کیا گیا ہے وہ مسلمانوں سے [illegible] ہے جو قیاس شرع اسلام
کی رو سے قایم کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ وہ اولاد جو کسی جائز ازدواج
کے انفصال کے دو سال کے اندر پیدا ہو جائز ہوتی ہے لیکن وہ مقدمہ
[illegible] مرافعہ علیہا نے استغاثہ کیا تھا یہ ہے کہ آیا تردید قیاس
ہوا ہے اور یہ کہ مسٹر [illegible] جج کی نسبت یہ سمجھا جانا چاہیے کہ
اونہوں نے بطور واقعہ کے یہ قرار دیا ہے کہ قیاس کی تردید ہو چکی
ہے۔ اس مضمون سے متعلق سر رولینڈ ولسن کی ارا اتفاقی
[illegible] مسٹر جسٹس محمود
کی بعض [illegible] مسٹر جسٹس محمود نے اس خصوص میں کوئی معین
[illegible] ظاہر کی تھی لیکن اونہوں نے یہ خیال کیا تھا کہ کسی وقت
یہ تصفیہ کرنا دشوار کا سوال ہو سکتا ہے کہ کس حد تک دفعہ کے احکام کی
نسبت یہ سمجھا جانا چاہیے کہ شرع اسلام میں مداخلت کرتے ہیں
اس امر سے متعلق کوئی صریح نظیر موجود نہیں ہے لیکن اسی قسم کی بحث
اوس قیاس کی نسبت کی گئی ہے جو دفعہ ۱۰۸ قانون شہادت میں
مندرج تھا ہائی کورٹ کے ایک اجلاس کامل نے مظہر علی بنام
بودہ سنگہ (۲) میں یہ قرار دیا تھا کہ یہ قانون شہادت کا ایک حکم
تھا اور وہ مسلمانوں سے متعلق تھا۔ وہی رائے معراج فاطمہ بنام
عبدالوحید (۳) میں قایم کی گئی ہے۔

بادی النظر میں اوس شبہ کے لئے کوئی جائز وجہ نہیں معلوم
ہوتی جو سر رولینڈ ولسن کی شرح میں ظاہر کیا گیا تھا۔ قانون

(۱) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۱۰ صفحہ ۲۸۹ و ۳۲۹۔ انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲ صفحہ ۲۹۴
(۲) انڈین کیسز جلد ۲۳ صفحہ ۲۸۹۔ نظائر ہند صفحہ ۳۰۲

شہادت تمام مقدمات سے اور اون تمام عدالتی کارروائیات سے متعلق ہوتا ہے جو کسی عدالت کے روبرو ہون۔ قاعدہ جو دفعہ ۱۱۲ مین درج ہے وہ دراصل شہادت کو خارج کرنیکا قاعدہ ہے اوسکی جگہ جو قانون شہادت کے حصہ ۳ مین ہے جس مین شہادت کے پیش کرنے اور اوسکے اثر کا ذکر کیا گیا ہے یہ ظاہر کرتی ہے کہ مقصود یہ تھا کہ وہ اسطور پر تصور کیجائے۔ یہ ایک قاعدہ ہے کہ بعض واقعات کے ثابت ہونے پر صحیح النسبی کے نتیجہ کی تردید کے لئے کوئی شہادت قبول نہ کیجائے گی بجز اسکے کہ شہادت کا تعلق زوجہ یا عدم رسائی سے ہو۔ عدالتی کارروائی مین جیسا کہ موجودہ دعوے ہے ضروری واقعات کے ثابت ہونے پر عدالت دفعہ ۱۱۲ قانون شہادت متعلق کرتے اور مدعیہ علیہا کی نسب کے موافق نتیجہ اخذ کرنے کی پابند تھی سر رولینڈ ولسن نے بظاہر اوسکو ایسے حکم کے طور پر تصور کیا ہے جس مین صحیح النسبی کی فرضی تعریف درج تھی کہ اوس مین وہ تمام اشخاص داخل تھے جو جائز ازدواج کے دوران مین یا اوسکے اختتام کے بعد ایک مقررہ وقت کے اندر پیدا ہوئے تھے۔ اس نقطۂ نظر سے بھی یہ دشواری پیدا ہوتی ہے کہ مفروضہ قاعدہ قطعی نہین ہے شہادت گو وہ صرف ایک خاص قسم کی ہو ولدیت کی تردید کے لئے قابل ادخال ہوتی ہے سر رولینڈ ولسن کی آخری رائے کی حد تک کہ وہ قوانین جن مین یہ صراحت کی گئی ہے کہ حیثیت کے معاملات مین مسلمانان شرع اسلام کے تابع ہون گے قانون شہادت کے مقابلہ مین بعد کے زمانہ کے ہین یہ کہنا کافی ہے کہ اگر یہ مقصود تھا کہ ان قوانین کے ذریعہ قانون شہادت کے حکم کو منسوخ کیا جائے جس طور پر کہ وہ مسلمانون سے متعلق تھا تو یہ عمل بالراست کیا گیا ہوتا اور وہ ایک بعید اور کمزور نتیجہ پر نہ چھوڑ دیا گیا ہوتا میں یہ بھی تحریر کر سکتا ہون کہ دو مسلمان شارحین مسٹر ملا اور

مساۃ حابا بنام مساۃ آمنہ دالہ آباد

مسٹر جسٹس طیب جی نے اوس رائے سے اختلاف کیا ہے جو مسٹر عبد الرحیم و سر رولینڈ ولسن نے ظاہر کی تھی۔ موخر الذکر نے اپنی کتاب اصول شرع اسلام طبع ثانی صفحہ ۲۶۷ پر یہ رائے ظاہر کی ہے کہ دفعہ غالباً اوس سیاق عبارت کا کوئی خیال کئے بغیر مرتب کی گئی تھی جس مین وہ مرتب کیجانی چاہئے تھی اگر یہ مقصود ہے کہ اس امر سے متعلق شرع اسلام کو منسوخ کیا جائے بلکہ اور نہین۔ یہ بیان کیا گیا ہے کہ سہو نظر ہی اوس کے احکام کو نظر انداز کرنیکی کوئی وجہ نہین ہو سکتی ہے مین اوس رائے سے متفق ہون جو ان مصنفون نے قایم کی تھی کہ دفعہ ۱۱۲ قانون شہادت متعلق ہوتی ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ مرافعہ کامیاب رہنا چاہئے اور جسمین اوس کو تمام عدالتون کے خرچہ کے ساتھ منظور کرتا ہون جسمین عدالت ہذا کا خرچہ بشرح اعلی داخل ہوگا۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

صفحہ ۱۰۵

## ہائیکورٹ الہ آباد

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۶۳۶ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۸ مئی سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ریوز و مسٹر جسٹس ڈینیلز

چھو لال وغیرہ بنام چمن لال وغیرہ مدعیان

مدعی علیہم مرافعان        مرافعہ علیہم

قانون انتقال جائیداد ایکٹ ۴ بابتہ سنہ ۱۸۸۲ء دفعہ ۶۳۔ مرتہن کی جانب سے ترمیمات۔ ترمیمات جو خاص کرایہ دار کے لئے موزون ہو۔

کسی ایسے مکان کی کھڑکی میں جو انتفاعی طور پر رہن کیا گیا ہو آہنی سلاخین لگانا تاکہ کسی خاص کرایہ دار کو آرام ملے جس کے لئے مرتہن کو زیادہ کرایہ ملا ہو دفعہ ۶۳ قانون انتقال جائیداد کے مفہوم میں ترمیمات نہیں ہیں اور بوقت انفکاک اوس کے لئے کسی معاوضہ کا دعوی نہیں کیا جا سکتا۔

چھمولال بنام بھیون لال (الہ آباد)

روپن سنگھ بنام چھیالال انڈین کیسز جلد ۴ صفحہ ۹۲ ۹
کی تقلید کی گئی ہے۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ جج فتح آباد مورخہ ۲۳ جنوری ۱۹۲۱ع۔

منجانب مرافعہ گزار مسٹر درگا پرشاد۔
منجانب مرافعہ علیہم مسٹر رمن جی مسٹر اگروال شیو ناتھ۔

**فیصلہ** یہ مرافعہ چند دوکانون کے ایک استغاثی رہن کے انفکاک کے دعوی سے پیدا ہوتا ہے جس کی تکمیل ۱۹۰۸ع میں مدعیون کے پیشروان حقیت نے کی تھی مدعیون کا یہ دعوی ہے کہ اصل اور سود کی رقم اوس سے زیادہ تھی جو نافع سے ادا ہوئی تھی دعوی میں بہت سی عذرات پیش کئے گئے تھے لیکن اب صرف دو امور پر غور کرنا ضروری ہے عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا تھا کہ مدعیون کو چاہئے کہ وہ اللعہ سود بحساب ۹ فیصدی سالانہ مدعی علیہم کو اون ضروری ترمیمات کے لئے ادا کرین جو انہون نے اوس عمارت میں کی تھین جس پر وہ رہن نامہ کی شرائط کی روسے قابض تھے اوس نے یہ بھی قرار دیا کہ چھمولال اور رام نارائن نے جنہون نے دو دوکانون پر قبضہ حاصل کیا تھا اپنی دو دوکانون میں بعض ترقیات کی تھیں جن کا خرچہ اون میں سے ہر ایک کے ذمہ تقریباً مبلغ ما ہوآیا تھا اور مدعیون کو یہ حکم دیا کہ وہ یہ روپیہ چھمولال اور رام نارائن کو معہ سود بحساب ۹ فیصدی سالانہ ادا کرین۔ بر طبق مرافعہ عدالت مرافعہ تحت نے یہ قرار دیا تھا کہ مدعی علیہم مبلغ اللعہ پر سود دیا نے کے مستحق نہ تھے جو رقم اونھون نے ترمیمات کرنے میں صرف کی تھی اس بنا پر کہ اون کو پیشتر ہی اس مرمت کی وجہ سے زیادہ کرایہ وصول ہو چکا تھا جو سود کے مساوی تھا ہمین یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ در اصل واقعہ کی تجویز ہے۔

دوسرے امر کی نسبت اوس نے یہ قرار دیا تھا کہ یہ ظاہر کرنے کے لئے کوئی شہادت موجود نہ تھی کہ رام نارائن نے قطعاً کوئی ترقیات کی ہیں اور اوس لئے اوس کو کوئی رقم واجب الادا نہ تھی اور چھمولال کی حد تک اوس نے یہ قرار دیا کہ اوس نے جو کچھ کیا تھا وہ ایک کھڑکی میں آہنی سلاخون کا لگانا تھا تاکہ ایک خاص کرایہ دار کو آرام ملے اور جس کی وجہ اوس کو اضافہ کرایہ وصول ہوا تھا بہر صورت ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس قسم کی ترقیات دفعہ ۶۳ قانون انتقال جائداد کے تحت نہیں آتین اور اس خصوص میں ہم اس مقدمہ کی آخری رائے سے متفق ہیں جو روپن سنگھ بنام چھیالال (۱) کے طور پر طبع کیا گیا ہے نتیجہ یہ ہے کہ مرافعہ ناکامیاب رہتا ہے اور معہ خرچہ خارج کیا جاتا ہے جس میں عدالت ہذا کا خرچہ بشرح اعلیٰ داخل ہوگا۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائی کورٹ مدراس

### درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۵۰ بابتہ ۱۹۲۳ع منفصلہ یکم مارچ ۱۹۲۳ع

باجلاس مسٹر جسٹس کرشنن

داروغہ محمد غوث صاحب بنام شیخ محی الدین صاحب
نگرانی خواہ طرف ثانی۔

قانون عدالت ہائے مطالبات خفیفہ پریسیڈنسی ایکٹ ۱۵ بابتہ ۱۸۸۲ع دفعہ ۴۸ ـ مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ع آرڈر ۲۱ رول ۹۷ بیدخلی کی ڈگری کی تعمیل ـ مزاحمت کا علیحدہ کرنا ـ عدالت مطالبات خفیفہ کا اختیار ـ

دفعہ ۴۸ قانون عدالت ہائے مطالبات خفیفہ پریسیڈنسی کی روسے عدالت مطالبات خفیفہ کو بیدخلی کی ڈگری کی تعمیل میں یہ اختیار رہتا ہے کہ وہ آرڈر ۲۱ رول ۹۷ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی روسے عمل کرے اور اپنے حکم کی تعمیل میں مزاحمت

(۱) انڈین کیسز جلد ۷۲ صفحہ ۵۲۱

(۶۷۶)

مزاحمت کو علیحدہ کرے۔

بجی امال بنام ابا دورائے گرامانی انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۲۲(۱)

کی تقلید کی گئی۔

درخواست زیر دفعہ ۱۱۵ ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء و دفعہ ۱۰۷ گورنمنٹ آف

انڈیا ایکٹ بدیں استدعا کہ ہائی کورٹ عدالت مطالبات خفیفہ کے

ایک حکم مورخہ ۱۱ جنوری ۱۹۲۳ء درخواست متفرق نمبر ۱۱۴ بابتہ ۱۹۲۲ء

پر مقدمہ بیدخلی نمبر ۲۱۰ بابتہ ۱۹۲۲ء میں نگرانی کرے

منجانب نگرانی خواہ مسٹر محمد ابراہیم صاحب وجی آر ماکرشنا ائر

منجانب طرف ثانی مسٹر کے نرسمہا ائر اے رنگھونا تھا راؤ وپی

وی اے سبرامنیم۔

**فیصلہ**۔ نگرانی خواہ نے یہ بحث کی ہے کہ عدالت مطالبات خفیفہ کو مزاحمت

علیحدہ کرانیکا کوئی اختیار نہ تھا۔ میں اس بحث کو منظور کرنے سے

قاصر ہوں۔ یہ واضح ہے کہ دفعہ ۴۴ قانون عدالت ہائے مطالبات خفیفہ

احکام مندرجہ مجموعہ ضابطہ دیوانی کو کارروائیات زیر باب ۷ سے

متعلق کرتی ہے اور اوسکی عبارت اس قدر وسیع ہے کہ اوس میں

آرڈر ۲۱ رول ۹۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے تحت عمل کرنیکا اختیار شامل

ہے اسی قسم کی رائے اوس مقدمہ میں قایم کی گئی تھی جو بطور بجی امال

بنام ابا دورائے گرامانی (۱) کے طبع کیا گیا ہے اس کے خلاف

قرار دینے سے یہ غیر معمولی نتیجہ نکلیگا کہ گو عدالت مطالبات خفیفہ کسی

کرایہ دار کے خلاف بصیغہ بیدخلی حکم صادر کرسکتی ہے مگر اوس کا

حکم زائل ہو جائیگا اگر کرایہ دار کسی فریق ثالث کو اوس تاریخ کے

ایک روز قبل قبضہ دیدے جو بیدخلی کے لئے مقرر تھی۔ عدالت مطالبات

خفیفہ کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ کسی ایسی ناواجب مزاحمت کو علیحدہ

کرائے جو جو اوس کے حکم کی تعمیل میں حائل ہوتی ہو۔

اسکے بعد یہ بحث کی گئی تھی کہ مزاحمت کی علیحدگی کی بابت

درخواست دینے کے لئے یہ کوئی علیحدہ مقدمہ نہ تھا کیونکہ نگرانی خواہ جایداد

کی نسبت حقیت کا دعویدار ہے خود اپنی دلیل کے مطابق اوسکو فی الوقت

کوئی حقیت حاصل نہیں ہو لیکن اوس معاہدہ کی تعمیل مخصوص کو ماوزرکرانے کا

صرف حق حاصل ہے جس سے یہ ذکر کیا جاسکتا ہو کہ فریق ثانی نے انکار

کیا ہے اور اوس نے فریق ثانی کے کرایہ دار کریم سے قبضہ حاصل کیا ہے

جس کے خلاف بیدخلی کا حکم صادر کیا گیا تھا ان حالات میں عدالت

تحت کا حکم جس کی رو سے مزاحمت کو علیحدہ کیا گیا ہے صریحاً درست تھا

درخواست نگرانی دیوانی مع خرچہ خارج کیجاتی ہے۔

درخواست خارج کی گئی۔

## ہائی کورٹ الہ آباد

### نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۳ بابتہ ۱۹۲۳ء منفصلہ ۱۳ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ڈینلیز

ایسٹ انڈین ریلوے کمپنی بنام کو ٹھی کشن لال ترکھا مل

مدعی علیہ نگرانی خواہ مدعی۔ فریق مخالف

ریلوے کمپنی۔ دستاویز برا خطر سفر نمونہ ب۔ کم حوالگی کے لئے ہرجہ کا دعویٰ۔ گم ہونے کے معنی۔ نقصان ثابت کرنیکا بار۔ "سرقہ بالجبر" اور "سرقہ" کے معنی۔

مال کی عدم حوالگی کی بابتہ کسی ریلوے کمپنی کے خلاف ہرجہ کے دعوی میں جب مدعی نے مال مرسلہ کا گم ہونا نہ بیان کیا ہو تو دستاویز برا خطرہ سفر نمونہ ب کے بموجب حفاظت کی استدعا کرنے کے قبل ریلوے کمپنی کو گم شدگی ثابت کرنی چاہیے اور صرف اوسی وقت جب اوس نے یہ ثابت کیا ہو تو مدعی کو یہ ثابت کرنے کو کہا جاسکتا ہے کہ گم شدگی ایک ایسے سبب سے واقع ہوئی تھی جس کے لئے ریلوے کمپنی ذمہ دار تھی

(۱) انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۲۲۔

ٹ انڈین ریلوے
بنام
کشن لال
(الہ آباد)

گھیلو بھائی جیسی بنام ایسٹ انڈین ریلوے کمپنی انڈین کیسیز جلد ۱۳ صفحہ ۱۴۱۲ ؛ صاحب وزیر ہند باجلاس کونسل بنام کوٹھی جیون لال عبداللہ انڈین کیسیز جلد ۱۷ صفحہ ۹۰۹ کی استناد کیا گیا ایسٹ انڈین ریلوے کمپنی بنام جھنڈل انڈین کیسیز جلد ۹ صفحہ ۱۱۲ ، اسمتھ لمیٹیڈ بنام گریٹ ویسٹرن ریلوے کمپنی (۱۹۲۲ء) اپیل کیسیز جلد ۱ صفحہ ۱۷۸ امتیز کیئے گئے

دستاویز ابراخطرہ سفر نمونہ ب میں لفظ "گم ہونے" سے مدعی کے گم ہونا نہیں بلکہ ریلوے کمپنی کے لئے گم ہونا مراد ہے۔

صاحب وزیر ہند باجلاس کونسل بنام کوٹھی جیون لال و عبداللہ انڈین کیسیز جلد ۷ صفحہ ۹۰۹ کی تقلید کی گئی۔

پل سائر لسیر اینڈ کو بنام صاحب وزیر ہند انڈین کیسیز جلد ۱ صفحہ ۹۲۶ سے اختلاف کیا گیا۔

دستاویز براخطرہ سفر نمونہ ب میں اصطلاحات "سرقہ بالجبر" و "سرقہ چلتی ہوئی گاڑی سے سرقہ" کی صورت میں وہی معنی رکھتی ہیں۔

گریٹ انڈین پنسولر ریلوے کمپنی بنام بھولاناتھ دبی داس انڈین کیسیز جلد ۷۰ صفحہ ۵۰۴ سے استناد کیا گیا۔

نگرانی دیوانی نمبر از حکم صدر جج عدالت مطالبات خفیفہ مورخہ ۔۔ دسمبر ۱۹۲۲ء۔

منجانب نگرانی خواہ۔ مسٹر ایل۔ پی۔ زرتشی۔

منجانب فریق مخالف۔ مسٹر این۔ سی۔ وَلشِس

فیصلہ۔ اس نگرانی میں اس مال کی نسبت ریلوے کمپنی کی ذمہ داری کا سوال پیش کیا گیا ہے جو دستاویز براخطرہ سفر نمونہ ب کی رو سے ارسال کیا گیا تھا دستاویز براخطرہ سفر کے اس نمونہ میں ارسال کنندہ ذیل کی تصنیف شدہ شرح کے لحاظ سے یہ اقرار کرتا ہے کہ وہ صفحہ ۹۸۶

"ریلوے کو مذکورہ بالا مرسلہ مال کی بابتہ ایسی گم شدگی اتلاف یا خرابی یا نقصان کے لئے خواہ وہ کسی سبب سے پیدا ہوا ہو۔ بجز گناہ اور تمام ذمہ داری سے بری قرار دیگا بجز اسکے کہ مکمل مرسلہ مال یا ایک یا زیادہ مکمل گٹھریوں کی گم شدگی عمل میں آئی ہو..... جو خواہ ریلوے انتظام کی بالارادہ غفلت کیوجہ سے یا اوس کے ملازمین کے سرقہ یا ان کی بالارادہ غفلت کیوجہ سے ہو (جس کے ساتھ یہ شرط ہے کہ) بالارادہ غفلت میں یہ قرار دیا جائیگا کہ اوس میں آتشزدگی، چلتی ہوئی گاڑی سے سرقہ یا کوئی دوسرا ناگہانی واقعہ یا حادثہ داخل ہے"

شکر کے ۱۲۶ تھیلے اس نمونہ کی دستاویز براخطرہ سفر کے بموجب مدعی علیہ کو تفویض کئے گئے تھے حوالگی حاصل کرتے وقت تعداد میں تین تھیلوں کی کمی پائی گئی تھی عرضی دعوی میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ اس کمی حوالگی کی وجہ سے مدعیان کو متدعویہ مقدار کی حد تک نقصان پہنچا ہے۔ جواب میں ریلوے کمپنی نے دستاویز براخطرہ سفر کو پیش کیا اور اونہوں نے یہ بھی بیان کیا کہ اس مقدمہ میں تھیلوں کی گم شدگی کا باعث ایک چلتی ہوئی گاڑی میں سے سرقہ کیا جانا تھا۔ یہ قرار دیا گیا ہے کہ اس تعلق میں اصطلاحات "سرقہ بالجبر" اور "سرقہ" ہم معنی ہیں۔ ملاحظہ ہو گریٹ انڈین پنسولر ریلوے کمپنی بنام بھولاناتھ دبی داس (۱) اس مقدمہ کی تحقیقات ایک عدالت مطالبات خفیفہ میں عمل میں آئی تھی عدالت تحت کے فاضل جج کی رائے یہ تھی کہ چونکہ مدعی نے اپنی عرضی دعوی میں یہ نہیں بیان کیا تھا کہ مال گم ہوگیا تھا۔ بلکہ صرف یہ بیان کیا تھا کہ اوس کو وصول نہیں ہوا تھا اس لئے مال کی گم شدگی کا ثابت کرنا مدعی علیہم کا کام تھا اور صرف اوسی وقت جب وہ یہ ثابت کر چکے ہوں کہ مدعی کو یہ ثابت کرنیکے لئے کہا جا سکتا تھا کہ گم شدگی کسی ایسے

(۱) انڈین کیسیز جلد ۷۰ صفحہ ۵۰۴، (نظائر ہند جلد ۱۰)

سبب سے ہوئی تھی جس کیلئے ریلوی کمپنی ذمہ وار ہو سکتی تھی اس رائے کی تائید میں ذیلعلم جج نے مقدمہ گہیسا بہائی پسی بنام ایسٹ انڈین ریلوی کمپنی (۳) سے استناد کیا ہے گو ذیلعلم جج نے مقدمہ کا حوالہ خانگی ریلورٹوں کی کسی جلد سے دینا پسند کیا ہے۔ یہی رائے جسٹس اٹے سے نے صاحب وزیر ہند باجلاس کونسل بنام کہمی جیون و عبد اللہ (۴) میں ایک ایسے مقدمہ میں قایم کی تھی جس میں کچھ ماکولات مرسلہ ترسیل میں تاخیر کیوجہ سے سڑ گئی تھیں اور اسی وجہ سے مدعی کو نقصان پہنچا تھا۔ یہ قرار دیا گیا تھا کہ تاخیر ریلوی کمپنی کی بالارادہ غفلت کیوجہ سے عمل میں آئی تھی مال دستاویز ابرا خطرہ سفر کے بموجب ارسال کیا گیا تھا جیسا کہ موجودہ مقدمہ میں دستاویز ابرا خطرہ سفر کی رو سے ریلوے کو مال کے نقصان کی بابتہ قطعی حفاظت کیگئی تھی۔ اوسکی رو سے گم شدگی کیلئے اسکی حفاظت نہیں کیگئی تھی اگر گم شدگی اسکے ملازمین کی بالارادہ غفلت کیوجہ سے ہوئی تھی۔ ذیلعلم جج نے یہ قرار دیا کہ گم شدگی سے مدعی کیلئے گم شدگی نہیں بلکہ ریلوی کمپنی کیلئے گم شدگی مراد تھی اس رائے کے بموجب مدعی موجودہ مقدمہ میں ڈگری پانیکا مستحق ہے اوس مقدمہ میں مدعیان نے کسی ایسی شئے کیلئے دعوی کیا تھا جو بادی النظر میں اوس حفاظت کے تحت آتی تھی جو دستاویز ابرا خطرہ سفر کی رو سے موجود کی گئی تھی یعنے اوس مال کا نقصان مراد ہے ایسی حالت میں گم شدگی کے ثبوت کی عدم موجودگی میں دعوی ناکامیاب رہتا یہاں مدعیان نے کسی ایسی شئے کیلئے دعوی کیا ہے جو بادی النظر میں اوس حفاظت کے باہر ہے جو دستاویز ابرا خطرہ سفر کی رو سے بہم پہنچائی گئی ہے یعنے جو حوالگی کے معاہدہ کی خلاف ورزی ہے گم شدگی کی شہادت کی عدم موجودگی میں مدعی کامیاب ہونیکا مستحق ہے اسمیں شک نہیں کہ ہائی کورٹ پنجاب نے مقدمہ ہل سائرس اینڈ کو بنام سکریٹری آف اسٹیٹ وزیر ہند (۴) میں ایک مختلف رائے قائم کی ہے لیکن ہم ایک سب آرڈینیٹ جج اس عدالت کے فیصلہ کی تقلید کرنے کے پابند تھے۔

استناد مقدمہ مرافعہ علیہ نے ایسٹ انڈین ریلوی کمپنی بنام تیرتھا مل (۵) و ہمتہ مل لمیٹڈ بنام گریٹ ویسٹرن ریلوی کمپنی (۶) سے استناد کیا ہے اول ہر دو مقدمات میں مدعیان نے مال کی گم شدگی تسلیم کی تھی مقدمہ اول الذکر میں گاڑی کے مقام مقصود پر پہنچنے کے وقت مال گم پایا گیا تھا انگلستان کے مقدمہ میں لارڈ ڈنیڈن کے فیصلہ کے آخری فقرہ میں صراحتاً یہ ذکر کیا گیا ہے

مدعی نے یہ بیان کیا تھا کہ مال گم ہوگیا ہے بحث کا انحصار اس امر پر تھا کہ آیا صرف بنا بر حوالگی کے واقعہ سے بالارادہ غفلت کا قیاس کیا جا سکتا ہے اسکے علاوہ حفاظت جو ریلوی کمپنی کی لیگئی تھی وہ وسیع الفاظ میں تھی اور اوس میں تاخیر یا رد کا جانا داخل تھا۔

مندرجہ بالا وجوہ سے میں اس نگرانی کو منظور کرنے سے قاصر ہوں جس کو میں حسبہ مندرجہ خارج کرتا ہوں

درخواست خارج کی گئی۔

# ہائی کورٹ لاہور

## مرافعہ ثانی دیوانی

صفحہ ۹۸۸

نمبر مقدمہ ۳۰۷ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس مارٹینو و مسٹر جسٹس ہیو نی سانگر

کالا وغیرہ۔ مدعیان **بنام** رام چند وغیرہ۔ مدعی علیہم

مرافعان                    مرافعہ علیہم

رواج۔ موروثی جائداد منقولی۔ مالک ساکن تحصیل روہتک ضلع روہتک جس کے بیٹا ہو۔

تحصیل روہتک ضلع روہتک کا مالک جس کے بیٹا ہو موروثی اراضی کی نسبت منتقلی کے غیر محدود اختیارات رکھتا ہے۔

گیانی بنام ٹیک چند انڈین کیسز جلد ۴۱ صفحہ ۹۰۵ و اگر سین بنام تیلو انڈین کیسز جلد ۱۷ صفحہ ۹۲۹ کی تقلید کی گئی۔

ڈل بنام کرپا انڈین کیسز جلد ۲۳ صفحہ ۳۱۱ سے اختلاف کیا گیا

(۲) انڈین کیسز جلد ۶۳ صفحہ ۲۱۱ (نظائر ہند ۲۳ ص ۳) (۳) انڈین کیسز جلد ۷ صفحہ ۶۷ (۴) انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۹۲۶ (نظائر ہند صفحہ ۱۲۳۲) (۵) انڈین کیسز جلد ۳۹ صفحہ ۱۳۰ (۶) سنہ ۱۹۲۳ء اپیل کیسز جلد ۹ صفحہ ۱۰۷

(لاہور) بنام چنی لال بنام چند

بیگ بنام الہ دتا انڈین کیسز جلد ۲۳ صفحہ ۲۱۱ کا حوالہ دیا گیا

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ مسٹر کشن جج دہلی مورخہ ۱۵ مارچ ۱۹۱۲ع بجاے

منسوخی ڈگری صادرہ منصف درجہ اول روہتک مورخہ ... ۱۹۱۱ع

منجانب مرافعہ ... مسٹر شیو چند

منجانب مرافعہ علیہم مسٹر بہگن لال۔

**فیصلہ** ۔ متدعویہ اراضی کو جو تحصیل روہتک میں واقع ہے ایک گجر مرائی موروثی جائداد تھی اس نے مدعی علیہما نمبر ۱ و ۲ کے ہاتھ بیع کر دیا انکے لڑکوں نے اراضی کے قبضہ کے لئے دعویٰ کیا ہے اور یہ بحث کی ہے کہ ضرورت نہونے کی وجہ سے بیع کالعدم ہے عدالت مرافعہ تحت نے یہ قرار دیکر دعویٰ خارج کیا ہے کہ بیعنامہ کو منتقلی کا غیر محدود اختیار حاصل تھا اور اس مرافعہ ثانی میں صرف ایک سوال یہ ہے کہ آیا وہ فیصلہ درست ہے۔

مسٹر کلیفورڈ متوفی ڈویژنل جج دہلی نے متعدد مقدمات میں یہ رائے قایم کی تھی کہ ضلع روہتک میں مالک کو منتقلی کے وسیع اختیارات حاصل تھے اور یہ کہ یہ ثابت کرنیکا بار کہ موروثی جایداد منتقل کرنے کی نسبت اوسکا اختیار محدود تھا اوس شخص پر تھا جو یہ بیان کرے اس رائے کی تقلید چیف کورٹ میں اون متعدد مقدمات میں کی گئی تھی جن کا فیصلہ مسٹر کشن جج نے حوالہ دیا ہے رواج عام بابتہ ۱۸۸۰ء کا اندراج اس مضمون کا تھا کہ ورثا عودی انتقالات کی نسبت اعتراض نہیں کر سکتے تھے اور جار یہ رواج عام میں جس کی تالیف مسٹر جوزف نے کی ہے معین طریقہ سے یہ بیان کیا گیا تھا کہ ایسا مالک جس کے بیٹا ہو بلا ضرورت بھی اپنی جایداد منتقل کرنے کی نسبت کامل اختیار رکھتا ہے مرافعان نے بدل بنام کریا (۱) پر استدلال کیا ہے جس میں ایک ڈویژن بنچ نے یہ قرار دیا تھا کہ یہ ثابت نہ تھا کہ ضلع روہتک کا کاشتکاری مالک رواجاً اپنی خوشنودی سے اپنی موروثی اراضی منتقل کر سکتا ہے۔ لیکن اوس مقدمہ میں سابقہ فیصلوں پر غور نہیں کیا گیا تھا جو اوس کے خلاف تھے اور زیادہ حال کے فیصلہ جات یعنی لیہ نی بنام بیک چند (۲) اور اگر سین بنام تیلو (۳) میں اوس فیصلہ کی تقلید نہیں کی گئی ہے اگر سین بنام تیلو (۳) میں جسٹس کیمبل نے یہ ظاہر کیا تھا کہ بدل بنام کریا (۱) میں ایک دوسری تحصیل کی موروثہ اراضی کی نسبت تجویز کی گئی تھی نیز کہ اوس مقدمہ میں رواج عام عدالت کے روبرو موجود نہ تھا اور اونہون نے یہ رائے ظاہر کی تھی کہ وہ فیصلہ اوس امر کے تابع پڑھا جانا چاہیے جو کچھ کہ رواج عام کے متعلق پریوی کونسل نے بیگ بنام الہ دتا (۴) میں قرار دیا تھا اس لحاظ سے اونہوں نے یہ فیصلہ کیا کہ مالک جس کے بیٹا ہو ساکن تحصیل روہتک ضلع روہتک موروثی اراضی کی نسبت منتقل کے غیر محدود اختیارات رکھتا تھا۔ اون کی ڈگری کی اراضی سے مرافعہ حسب فرمان شاہی خارج کیا گیا تھا۔ کیونکہ ڈویژنل بنچ نے اون کے نتائج سے اتفاق کیا تھا اس سے قطعی طور پر معاملہ ختم ہوجاتا ہے اور ہم حسبہ عدالت مرافعہ تحت کے فیصلہ سے اتفاق کرتے اور یہ مرافعہ معہ خرچہ خارج کرتے ہیں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

(۱) انڈین کیسز جلد ۲۳ صفحہ ۲۱۱

(۲) انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۹۴۵ (نظائر ہند صفحہ ۳۲)

(۳) انڈین کیسز جلد ۱۷ صفحہ ۸۲۹ (نظائر ہند صفحہ ۹۰۳)

(۴) انڈین کیسز جلد ۳۰ صفحہ ۳۵۴

(۶۷۶)

## ہائیکورٹ الہ آباد

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۹۶ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۳ فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس گوکل پرشاد

حاجی شیخ بدھا۔ مدعی علیہ مرافعہ کنندہ بنام بابو سکہا سنگھ وغیرہ۔ مدعیان مرافعہ علیہم

قانون شہادت ایکٹ بابتہ سنہ ۱۸۷۲ء دفعہ ۹۰۔ قدیم دستاویزیں۔ کاتب کے ذریعہ سے تکمیل کنندہ کے دستخط۔ دستخط کرنیکا اختیار قیاس کیا۔

ایسی دستاویز کی صورت میں جو تیس سال سے زیادہ قدیم ہو جبکہ تحویل سے پیش کی گئی ہو قیاس قانونی یہ ہوتا ہے کہ اسکی تکمیل اس شخص نے ہی کی تھی جس کی جانب سے اسکی تکمیل ظاہر ہوتی ہے لیکن اگر تکمیل کنندہ کی جانب سے اس پر کاتب کے دستخط ہیں تو ایسا کوئی قیاس نہیں ہوتا کہ کاتب کو تکمیل کنندہ کی جانب سے دستخط کرنیکا اختیار تھا۔ گوکل سنگھ بنام صاحب سنگھ انڈین کیسیز جلد ۲۱ صفحہ ۱۶۲ و لوکمان داس بنام گنگا سہائے انڈین کیسیز جلد ۶۴ صفحہ ۶ کی تقلید کیگئی۔ یار علی بنام حشمت بی بی الہ آباد ویکلی نوٹس بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء نمبر ۹۰ ممیز کیا گیا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج غازی پور مورخہ ۷ ستمبر سنہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافع۔ مسٹر اقبال احمد و مختار احمد

منجانب مرافعہ علیہ۔ ڈاکٹر ایم۔ ایل۔ اگروالا۔

**فیصلہ** ۔ یہ مرافعہ ثانی حسب ذیل حالات میں پیدا ہوتا ہے مدعیان نے موجودہ دعوی دو قطعات اراضی کے قبضہ کیلئے رجوع کیا تھا اور یہ استدعا کی تھی کہ ان تصرفات کو منہدم کر دیا جائے جو ان قطعات پر مدعی علیہ نے کی تھی۔ مدعیان کا بیان یہ تھا کہ وہ زمیندار تھے اور مدعی علیہ رعیت تھی سا اور اس حیثیت سے اسکو یہ حق نہ تھا کہ وہ دو متنازعہ قطعات اراضی پر تعمیر کرتا۔ مدعی علیہ نے یہ بحث کی تھی کہ وہ ان دو بیعنامہ جات کی رو سے جن کی تکمیل تقریباً ۶۰ سال قبل مدعیان کے پیشرو مالک حقیت نے مدعی علیہ کے پیشرو و حقیت کے حق میں کی تھی ان قطعات اراضی کا مالک تھا۔ دو بیعنامہ جات جن سے مدعی علیہ نے استناد کیا تھا داخل کئے گئے تھے وہ سنہ ۱۸۴۰ء اور سنہ ۱۸۶۰ء کے تھے۔ منصف نے زیادہ تر ان دو بیعنامہ جات پر استدلال کیا تھا گو مدعیان نے ان کے متعلق اس بنا پر اعتراض کیا تھا کہ ان پر بائعان کے دستخط نہ تھے گو ان میں سے ایک خواندہ تھا مگر منصف نے بلحاظ شہادت مدعی علیہ کے موافق تجویز کی اور دعوی خارج کیا۔ مدعیان کی جانب سے مرافعہ ہونے پر عدالت مرافعہ ماتحت نے یہ قرار دیا کہ مدعیان مالک تھے اور دعوی میں ڈگری صادر کی ہے۔ اس نے بیعنامہ جات محولہ بالا کو اس بنا پر بے اثر سمجھا ہے کہ گو بیعنامہ جات ۳۰ سال سے زیادہ قدیم تھے اور قیاس قانونی یہ تھا کہ ان کی تکمیل ان اشخاص نے کی تھی جنہوں نے ایسا عمل کرنا ظاہر کیا تھا مگر ایسا کوئی قیاس موجود نہ تھا کہ وہ کاتب جس نے ان دستاویزات تکمیل کنندگان کی جانب سے دستخط کئے تھے ایسا عمل کرنے کے متعلق تکمیل کنندگان کا اختیار رکھتا تھا۔ میں یہ قرار دیتا ہوں کہ یہ رائے جو اس رائے کے مطابق ہے جو عدالت ہذا نے مقدمات گوکل سنگھ بنام صاحب سنگھ (۱) و لوکمان داس بنام گنگا سہائے (۲) میں قرار دی ہے صحیح ہے۔ موجودہ مرافعہ اس وجہ سے پیش کیا گیا ہے کہ عدالت مرافعہ ماتحت کے ذی علم جج نے ان بیعنامہ جات کے متعلق گفتگو کرتے وقت الفاظ "ناقابل اعتبار شہادت" غیر معین طریقہ سے استعمال کئے ہیں۔ انھوں نے ان کو شہادت سے

(۱) انڈین کیسیز جلد ۲۱ صفحہ ۱۶۲ (الہ آباد) (۲) انڈین کیسیز جلد ۶۴ صفحہ ۶ (الہ آباد) نظائر ہند صفحہ ۱۴۸

حاجی شیخ بدھا
بنام
بابو سکہا
(الہ آباد)

حاجی شیخ بڑھا بنام بالمکند سنگھ (الہ آباد)

خارج نہیں کیا ہے بلکہ وہ اب بھی مثل کا ایک جزو ہیں۔ جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے جو کچھ کہ ذیعلم جج کا منشا ہو سکتا تھا اور جو رقعہ ہے تھا اور جس سے مدعی علیہ نے استدلال کیا تھا اس سے مفید نتیجے کیونکہ اس قسم کا کوئی قیاس نہ تھا کہ یا بیان لئے وہ ان کی تکمیل باقی تھی کیونکہ سلسلہ الفاظ یہ ہے کہ خط ثبت نہیں ہیں اور ایسی کوئی شہادت نہ تھی ... جانب ... اختیار دیا تھا کہ وہ ... کی تکمیل کرے۔ مقدمہ ... بنام شمت بی بی (۲۶) پر استدلال کیا گیا ہے۔ اس مقدمہ سے مدعی علیہ کو کوئی مدد ... چونکہ موجودہ مقدمہ میں یہ دستاویزات بلا اعتراض ... شہادت نہیں کی گئی تھیں۔ میں یہ قرار دیتا ہوں کہ ان دستاویزات کا مدعی علیہ کی حقیقت یا شہادت کے طور پر ... کر لینے میں عدالت ماتحت کا عمل ... تجویز کا ... بیان ... تحقیقات ... کہ الگ ہی تجویز واقع ہے۔ ایسی حالت میں میں اپیل مرافعہ بخرچہ خارج کرتا ہوں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۵۹۰ بابت ۱۹۲۲ء منفصلہ ... ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ریوز و مسٹر جسٹس ڈینیال

رام اوتار سنگھ و دیگر ... بنام بابو رام منوہر سنگھ و دیگر مدعیان۔ مرافعان۔ مدعی علیہم۔ مرافعہ علیہم

ہندو شاستر۔ بیوہ۔ وارث عودی کے حق میں اسٹیٹ کا ہبہ۔ تعجیل۔ بیوہ کے گزارہ کی شرط۔

قابض ہندو بیوہ کی جانب سے کامل حقیت کا ہبہ جو وارث صفحہ ۹۹

عودی کے حق میں ہو جو مؤخر الذکر کے حق میں اسٹیٹ کے بعجلت پہنچنے کے طور پر نافذ ہوتا ہے اس وجہ سے باطل نہیں ہو جاتا کہ اس میں بیوہ کے گذارہ کی شرط درج ہے۔

رانجھا سانگو نڈن بنام نانی اپا گونڈن انڈین کیسیز جلد ۵۰ ... ۹۴۹ و انگا متھو چٹی بنام ... جولوچٹی انڈین کیسیز جلد ۳۵ صفحہ ۲۸۶ کی تقلید کی گئی۔ بھگونت کور بنام شنکر باری پرشاد سنگھ انڈین کیسیز جلد ۳۵ صفحہ ۲۲ سوالشیو مصر بنام اہیش رائی مصر انڈین کیسیز جلد ۵۷ صفحہ ۲۰۳ سے استناد کیا گیا۔

مرافعہ ثانی بنا ... ڈگری صادرہ ... مسٹر ... جج بنارس مورخہ ۲۶ جنوری ۱۹۲۲ء۔

منجانب مرافعان مسٹر مشتاق احمد منجانب مسٹر اقبال احمد منجانب مرافعہ علیہم ڈاکٹر ایس۔ این۔ سین و مسٹر ہر نندن پرشاد۔

**فیصلہ**۔ اس مرافعہ میں تصفیہ طلب سوال یہ ہے کہ آیا قابض ہندو بیوہ کی جانب سے کسی حقیت کا ہبہ جو وارث عودی کے حق میں ہو اور جو مؤخر الذکر کے حق میں اسٹیٹ حاصل ہونے کی تعجیل کے طور پر اثر پذیر ہو اس وجہ سے کالعدم ہو جاتا ہے کہ اس میں بیوہ کے گذارہ کی شرط درج ہے۔ اس مقدمہ میں مسماۃ سمیر کنور اپنے شوہر رامیشر سنگھ کی جائداد پر ہندو بیوہ کی حیثیت سے قابض تھی۔ ۲۲ اپریل ۱۹۰۹ء کو اس نے کامل حقیت کا ہبہ تنہا پسماندہ بیٹی مسماۃ رام کلی کنور کے حق میں کر دیا۔ مسماۃ رام کلی نے قبضہ حاصل کیا اور اس کی وفات کے بعد اس کے دو بیٹوں یعنی مرافعہ علیہم نے اسٹیٹ پر قبضہ کر لیا ہے۔ ابتدائی مدعی جنگل سنگھ

(۱) ۱۰ الہ آباد دیکھو نوٹس بابت ۱۹۱۵ء نمبر ۹۔

جس کی قائم مقامی اب اس کے بیٹوں نے کی ہے رام ایشر سنگھ کی ایک دوسری لڑکی کا لڑکا تھا جو مساۃ رام کلی کے حق میں ہبہ کے وقت فوت ہو چکی تھی۔ جب موخرالذکر کی وفات پر وراثت زیر بحث ہوئی تو اس نے جائداد میں ایک ثلث حصہ کا وارث عودی کی حیثیت سے مدعا علیہم کے ساتھ بالاشتراک دعوی کیا ہے۔ عدالت ابتدائی نے اس کے دعوی میں ڈگری صادر کی تھی جس نے یہ قرار دیا تھا کہ دستاویز جو مساۃ رام کلی کے حق میں تھی وراثت میں تعجیل کے طور پر اثر پذیر ہوئی تھی اور یہ کہ اس کی وفات پر مدعیان اور مدعا علیہم بالاشتراک مستحق تھے۔ اس دستاویز پر دونوں ماتحت عدالتوں میں تین وجوہ پر اعتراض کیا گیا تھا۔

(۱) یہ کہ ہبہ کے وقت مساۃ پاربتی کنور زندہ تھی۔

(۲) یہ کہ ہبہ نامہ میں کامل جائداد نہیں تملیک کی گئی تھی۔

(۳) یہ کہ دستاویز میں مساۃ سمیرا کے گذارہ کی شرط درج تھی۔ عدالت ابتدائی کے جج نے تینوں اعتراضات کو منظور کیا۔ فاضل ڈسٹرکٹ جج نے ان کے ساتھ پہلے دو امور پر اتفاق کیا لیکن یہ قرار دیا کہ گذارہ کی شرط سے دستاویز کالعدم ہو جاتی تھی اور یہ کہ مساۃ سمیرا چونکہ اس وقت بھی زندہ تھی اس لئے وراثت صرف اس کی وفات پر زیر بحث ہوگی۔ یہاں یہ رائے ظاہر کی جا سکتی ہے کہ کبھی یہ بحث نہیں کی گئی ہے کہ گذارہ کی مقدار کسی طرح سے زیادہ تھی بحث یہ ہے کہ گذارہ کا انتظام کئے جانے کے محض واقعہ کا اثر یہ ہوتا ہے کہ کامل حقیت کی دست برداری عمل میں نہیں آتی اور وہ فی نفسہ دستاویز کو کالعدم کر دیتا ہے۔

پریوی کونسل کے دو حالیہ فیصلہ جات سے یہ معاملہ ہمیں طے شدہ معلوم ہوتا ہے۔ یہ اصول کہ تعجیل جائز ہونے کے لئے وہ کامل اسٹیٹ کی ہونی چاہیئے۔ حکام عالیمقام پریوی کونسل نے رنگا سامی گونڈن بنام ناچی اپا گونڈن (۱) میں قرار دیا تھا۔ عدالت ماتحت نے ہائیکورٹ بمبئی کے فیصلہ کی تقلید کرتے ہوئے یہ قرار دیا ہے کہ گذارہ کی ہر شرط اس اصول کے متناقض ہے لیکن پریوی کونسل نے خود یہ قرار دیا ہے کہ یہ حالت نہیں ہوتی بھگوت کور بنام دھنکی پرشاد سنگھ (۲) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ معاہدہ جو بیوہ نے کیا تھا جس کی رو سے اسٹیٹ سے دست برداری ہو گئی تھی اور اپنی زندگی کے لئے گذارہ قبول کیا تھا جائز دست برداری کے طور پر اثر پذیر تھا اور وہ اس قاعدہ کے تحت آتا تھا جو مقدمہ رنگا سامی (۱) میں قرار دیا گیا تھا۔ یہی رائے مقدمہ شو لشیو مصر بنام مہیش رانی مصرائن (۳) میں قائم کی گئی تھی جس میں بیوہ نے وارث عودی کے حق میں اسٹیٹ سے دست برداری حاصل کی تھی لیکن وارث عودی نے اسی وقت اس کا ایک جزو بیوہ کو اس کے گذارہ کے انتظام کے طور پر منتقل کیا تھا۔ ہائیکورٹ مدراس نے پہلے فیصلہ بہ اجلاس کامل کی نظیر رنگا متھو چٹی بنام ورا تھارا جو لو چٹی (۴) میں استدلال کیا تھا جس میں انہوں نے یہ بھی قرار دیا ہے کہ بیوہ کی پرورش کے لئے ایک معقول گذارہ اس دست برداری پر اثر نہیں ڈالتا جو اس کے شوہر کی وفات پر وارث عودی، کے حق میں ہوئی ہو۔ نظیر کے قطع النظر بھی ہمارے خیال میں یہ ایک معقول رائے ہے جو قائم

(۱) انڈین کیسیز جلد [illegible] ۳۴۳ (۲) [illegible] (۳) انڈین کیسیز جلد ۵ صفحہ ۳۲۵ (۴) انڈین کیسیز جلد ۱۳ صفحہ ۳۸۶ -

رام آدھا بنام بابو رام منو (الہ آباد)

صفحہ ۱۹۱

مہادیا سنگھ بنام ... سنگھ ... الہ آباد

کیجانی چاہیئے بیوہ جب تک کہ وہ زندہ ہے اپنا ... کی مستحق ہے ... کی پرورش کے لئے کچھ انتظام ان شخصوں کو کرنا چاہیئے جو اسٹیٹ پر قابض ہیں۔ ہمیں یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس مسئلہ کا تصفیہ پریوی کونسل کے ان فیصلہ جات کی رو سے ہو چکا ہے جن کا حوالہ ہم اس کے قبل دے چکے ہیں ... مرافعہ علیہ عدالت مرافعہ کی ڈگری منسوخ اور عدالت ابتدائی کی ڈگری معہ تمام خرچہ کے بحال کرتے ہیں جس میں اس عدالت کی فیس تشہیر بھی داخل ہوگی۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائیکورٹ مدراس

### مرافعہ دیوانی

نمبر مقدمہ ... بابتہ ۱۹۲۱ء تاریخ فیصلہ ۵ اکتوبر ۱۹۲۲ء

باجلاس ... آفیسر و مسٹر جسٹس دیوا داس۔

مسری گادو ... پرلا ونکٹا ... بنام ... سہا ... ونکٹو ... گارو وغیرہ

مدعی علیہ ۔ مرافع ۔ مدعیان ۔ مرافعہ علیہم ۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۹۲ ۔ ضابطہ کا دعوی ۔ امین کے نہ ہونے کا اثر ۔ شخص قابض ایک ٹھیک فریق ہوتا ہے۔ دستاویز کی تعبیر ۔ وصیت نامہ سنسکرت زبان کی تشہیر کے لئے ہبہ بالوصیت کا جواز ۔ علی سبیل البدل اغراض کے لئے ہبہ بالوصیت ۔ ایک غرض کا کالعدم ہونا ۔ سالم ہبہ ایک ناقص ہو جاتا ہے۔ دھرم شاستر ۔ وصیت نامہ میں متبنی لینے کی اجازت کے مطابق تبنیت منجانب بیوہ ۔ متبنی لڑکا ایک مورو ثی جائداد کے ایسے انتقالات کی تردید کرنیکا مستحق ہوتا ہے جو اسی وصیت نامہ کی رو سے کئے گئے ہوں ۔

جب کوئی امانت موجود ہو کسی وصیت نامہ کی رو سے خیراتی یا مذہبی نوعیت کے عام اغراض کے لئے قائم کی گئی ہو تو دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے قرارداد ضوابط کے لئے دعوی پیش کیا جائیگا اگر عدالت کی ہدایت ایسی امانت کے انتظام کے لئے ضروری سمجھی جائے مگر تابع ارجاع دعوی پر کوئی واقعی یا قانونی امین موجود نہ ہو ۔ وارث قانونی جو جائداد پر قابض ہو ... رکھتا ہے اور ایسے دعوی کا ٹھیک فریق ہوتا ہے۔

نیتی راما جوگیا بنام ونکٹا چارلو انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۲۳ صفحہ ۵۴ ... وپیور یا بنام ... انڈین ... سلکت لا ... جلد ۲ صفحہ ۲۴۳ کی تقلید کی گئی۔

اشرف علی بنام محمد نور الزمان ۔ انڈین کیسیز جلد ۹ صفحہ ۱۵۵ ... پونا چار یا بنام ... پیا انڈین کیسیز جلد ۷ صفحہ ۹۰ و ... بنام عبد المجید انڈین کیسیز جلد ۲۸ صفحہ ۱۱۶ تمیز کیے گئے ۔ ہند و مذہب کی تشہیر کے لئے ہبہ بالوصیت غیر معین ہونیکی وجہ سے کالعدم ہوتا ہے ۔ اسکاٹ بنام براؤن ... (۱۸۸۱ء) آئرلنڈ لا رپورٹ جلد ... صفحہ ۲۴۶ محمد علی بنام ... (۱۹۱۳ء) اپیل کیسیز نمبر ۴ ، چانڈی چرن متر بنام ہری بولا داس انڈین کیسیز جلد ۱۸ صفحہ ۲۱۵ کی تقلید کی گئی ۔

سنسکرت زبان کی تشہیر کے لئے ہبہ بالوصیت جائز خیراتی ہبہ ہے ۔ ... بنام ... دیوائنز ... رپورٹ جلد ... صفحہ ۷۰ واٹرنی جنرل بنام ... نمبر ۱۱۶ کی تقلید کی گئی ۔

علی سبیل البدل اغراض کے لئے ہبہ بالوصیت کی صورت میں جب امنا کو اختیار تمیزی مطلق عطا کیا گیا ہو کہ وہ تمام روپیہ کسی ایک یا دوسری غرض پر یا دونوں پر صرف کریں ۔ اگر ان میں سے کوئی غرض غیر معین ہونیکی وجہ سے کالعدم ہو تو تمام ہبہ ناقص ہوتا ہے کیونکہ جب موصی نے روپیہ کا احتمال

(۹۹۳)

کلیتہً امنا پر چھوڑ دیا تھا تو اس جماعت کو یہ اختیار تھا کہ وہ تمام رقم غیر معین غرض میں صرف کرے اور دوسری غرض کے لئے کچھ نہ چھوڑے ۔ تبحوالہ میکلڈ بنام میکلڈ بنام میلڈ لاٹائمز جلد ۲ صفحہ ۶۰۷، پیوٹن بنام ہرنس لاٹائمز جلد ۱۸ صفحہ ۶۷۷ و بلیر بنام ڈنکن لاٹائمز جلد ۸۶ صفحہ ۷۱۵ ولیوس بنام کلیش لاٹائمز جلد ۹۵ صفحہ ۹۰۸ سے استناد کیا گیا ۔

وہ شخص جس کو کسی بیوہ نے اپنے شوہر کی اس اجازت کی بنا پر تبنی لیا ہو جو وصیت نامہ میں مندرج تھی جائداد کسان دوسرے انتقالات کو مسترد کرنیکا مستحق نہیں ہوتا جو اسی وصیت نامہ میں مندرج تھے ۔ گنپتی بنام ساوتھری امال انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۲۱ صفحہ ۱۰ کی تقلید کی گئی ۔ بہیری اپا بنام بہیری پنا می انڈین کیسیز جلد ۸۵ صفحہ ۱۱۵ و بالکرشنا موتی رام گجر بنام شری اترنا این ویو انڈین کیسیز جلد ۵۰ صفحہ ۱۲۹ ممیز کیے گئے ۔

جسٹس اسپنسر ۔ جب کسی موصی کا منشا اس قدر مبہم ہو کہ اسکی غرض کی تکمیل کرنا عملی طور پر اسکے لئے جدید وصیت نامہ تحریر کرنیکی حد تک پہونچیگا تو عدالت امانت کو اس طور پر تسلیم کرنیگی کہ اس کی تعمیل کیجا سکتی ہے ۔

متھو کرشنا نائکن بنام راما چندرا نائکن انڈین کیسیز جلد ۳۲ صفحہ ۱۱۶ و بلیر بنام ڈنکن لاٹائمز جلد ۸۶ صفحہ ۷۱۵ و گریمانڈ بنام گریمانڈ لاٹائمز جلد ۹۲ صفحہ ۷۷۴ کی تقلید کی گئی ۔

وصیت نامہ کی تعبیر کرنے میں عدالتوں کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ بعض اغراض کی نسبت موصی کے جذبات کا اور بعض انسٹی ٹیوشنوں کی نسبت ان کے تعلق کا لحاظ کریں ۔ کلوڈ بنام انیڈریوز لاٹائمز بابتہ سنہ ۱۹۰۶ء جلد ۹۵ صفحہ ۱۳۰ و اٹرنی جنرل بنام

اسپیشل اپیلانز رپورٹ جلد ۸ صفحہ ۲۳۲ کی تقلید کی گئی ۔

جسٹس علیو اداس ۔ سوالات متعلقہ وصیت کرسچین کو ہٹائیکی غرض سے ہندو وصیت کے مقاصد میں نہایت محدود ہے ۔ انجلم چی لال انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۳ صفحہ ۵۱۴ سے استناد کیا گیا ۔

مرافعہ بنا بر اصل ڈگری صادرہ عدالت ایڈیشنل سب آرڈینیٹ جج راجمندری بمقدمہ ابتدائی نمبر ۱۳ بابتہ سنہ ۱۹۱۷ء بمقدمہ ابتدائی نمبر ۲۵ بابتہ سنہ ۱۹۱۸ء بر ڈسٹرکٹ کورٹ گوداوری ۔

منجانب مرافعان ۔ مسٹر پی ۔ آر گنپتی ائیر و اے وسیکٹا چلم ۔

منجانب مرافعہ علیہم ۔ مسٹر ڈی اپارا و جی لکشمنا دین راو ۔

مرافعہ ہذا و یادداشت عذرات جو مرافعہ علیہم نمبر ۱ و ۲ نے دائر کی تھی بغرض سماعت ۸ و ۱۲ و ۱۳ و ۱۴ و ۱۵ ستمبر سنہ ۱۹۲۲ء کو پیش ہوئی اور تا تاریخ ہذا بغرض غور ملتوی رہنے کے بعد عدالت نے حسب ذیل فیصلہ صادر کیا ۔

جسٹس اسپنسر ۔ یہ دعوی تین مدعیان نے اپنے آپ کو گوداوری ہندو سماج کے ارکان اور اسنا تبلا کر ایڈوکیٹ جنرل کی اجازت سے دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب اس غرض سے رجوع کیا تھا کہ عدالت ضوابط مرتب کرے تاکہ اس امانت کی تعمیل ہو سکے جو راجہ گادی چرلا سیتیا سکندر را جمندری کے وصیت نامہ کے فقرات ۱۱ و ۱۲ میں درج تھی جس نے اس کی تکمیل ۴ اپریل کو کی تھی اور جو ۵ اپریل سنہ ۱۹۱۱ء کو فوت ہوا تھا ۔ اسی وصیت نامہ کی رو سے موصی نے اپنی بیوہ کو یہ اجازت دی تھی کہ وہ بیٹا متبنی لے جو عمل اس نے ۴ جون سنہ ۱۹۱۱ء کو موجودہ مرافع کو تبنی لیکر کیا تھا ۔

وصیت نامہ کے فقرات ۱۱ و ۱۲ کی عبارت حسب ذیل ہے ۔

(۱۱) ۔ میری اسٹیٹ سے سالانہ مبلغ اسمار سنسکرت زبان کی

دیکشانر سمہا
بنام
نیا بہیری ساما
(مدراس)

بلیا نرسمہا … بنام … (مدراس)

… یا دونوں اغراض کے لئے صرف کیا جانا چاہیئے۔ مذکورہ بالا رقم … اسٹیٹ پر بار ہونا چاہیئے۔ وصیا کو اس کے لئے ضروری انتظامات کرنے چاہئیں تاکہ اس کو اس طریقہ سے چلایا جائے جس طرح … راجمندری ہندو سماج کے امراء مناسب خیال کریں۔

اس کے علاوہ … کی جائے جن کا … ہے … کے لئے میری یہ خواہش ہے … ایک … سنسکرت پاٹھ شالہ یا مشرقی کتب خانہ راجمندری میں میرے نام سے قائم کیا جائے۔"

وصیت نامہ میں اوصیاء کا ذکر کیا گیا ہے جن میں سے ایک مدعی نمبر ۲ ہے۔ ان تمام … اس کام کے کرنے سے انکار کیا اور مرافع سے جو یکم نومبر ۱۹۱۲ء کو بالغ ہوا … اپنی … ماں کے قبضہ سے اسٹیٹ حاصل کر لی ہے۔

پہلے اعتراض کا تعلق جس پر مرافعہ کی سماعت کے وقت بحث کی گئی تھی دعوی کے قابل پذیرائی ہونے کی نسبت تھا۔
صفحہ ۹۹۳ اس امر پر زور دیا گیا تھا کہ مدعی علیہ کے خلاف جو بذات خود یا اپنے ہی فعل سے امین نہ تھا دفعہ ۹۲ کی رو سے صرف اس وجہ سے دعوی نہیں کیا جا سکتا تھا کہ وہ اسٹیٹ پر قابض تھا یہ کہ دفعہ مذکور کے تحت ہر دعوے کے لئے لازمی طور پر کوئی امین ہونا چاہیئے۔ ملاحظہ ہوں آرا منا رقبہ مقدمہ اشرف علی بنام محمد نورالزمان (۱) لیکن یہاں کوئی امین نہ تھا اور یہ کہ ٹھیک طریقہ جو مدعیان کو اختیار کرنا چاہیئے تھا وہ یہ تھا کہ وہ انتظام کے لئے دعوی کرتے تاکہ وصیت نامہ کی شرائط کی تعمیل ہو سکتی۔ میں یہ نہیں خیال کرتا کہ ان

… میں سے کوئی اعتراض موجودہ دعوی کے لئے خطرناک ہے۔

اگر کوئی امانت خیراتی یا مذہبی نوعیت کی عام اغراض کے لئے قائم کی گئی ہو تو قرارداد ضوابط کے لئے دعوی ہو سکیگا۔ جب عدالت کی ہدایت ایسی امانت کے انتظام کے لئے ضروری … ملاحظہ ہو … راما جوگیا بنام … (۲) اور وہ شخص جو بصورت قانونی ہوا اور … قابض ہو جس سے امانتی جائداد کی نوعیت متعلق کی گئی ہے غرض رکھتا ہے اور وہ ایسے دعوی میں ٹھیک فریق ہوتا ہے۔ مسٹر … نے اس کے بعد … راماما … بنام … (۳) اور … بنام عبد المحسن (۴) کا … اس بحث کی تائید میں دیا تھا کہ موجودہ … ناقابل … تھا کیونکہ کوئی معین رقم نہ تھی جس کا امین انتظام کرتا اور یہ کہ ایسی حالت میں امانت غیر مکمل تھی لیکن ان مقدمات کے حالات قابل امتیاز معلوم ہوتے ہیں۔ موخر الذکر مقدمہ میں کوئی ایسی رقم نہ تھی جس کی نسبت یہ قرار دیا جاتا کہ اس سے امانت متعلق کی گئی ہے اور اول الذکر مقدمہ میں … کو تصرف میں نہیں لایا گیا تھا اور امانتی … کا معین کیا جانا ضروری تھا۔ یہاں وصیت نامہ کی رو سے معین طور پر … کی رقم امانتی اغراض کے لئے تفویض کی گئی ہے تاکہ وہ موصی کی جائداد سے ہر سال صرف کی جائے اور اس کو اسٹیٹ پر بار قرار دیا گیا ہے۔ فقرہ ۱۲ کے متعلق خواہ کچھ ہی خیال کیا جائے مگر معین رقم موجود ہے جو ان اغراض کے لئے علیحدہ کی گئی ہے جن کا ذکر فقرہ ۱۱ میں کیا گیا ہے جیسا کہ فاضل سب آرڈینیٹ جج نے تحریر کیا ہے جب کوئی

(۱) انڈین کیسیز جلد ۴ صفحہ ۳۵۵۔

(۲) انڈین لا رپورٹ مدراس … صفحہ … (۳) انڈین کیسیز جلد … صفحہ … و نظائر ہند … (۴) … جلد ۲۸ صفحہ ۱۱۶۔

وصیت نامہ موجود ہو تو دفعہ ۶ قانون امانت ہند اس امر کو غیر ضروری کر دیتی ہے کہ امنا کے حق میں امانتی جائداد کا انتقال عمل میں آئے۔ میری رائے میں دعویٰ قابل خارج ہونے کے ہے

اب میں زیادہ اہم سوال پر غور کرتا ہوں کہ آیا امانت اس کی اغراض غیر معین ہونیکی وجہ سے کالعدم ہے۔

اگر یقین کے کسی درجہ تک اس امر کا تعین کرنا ممکن ہو کہ موصی کا منشا کیا تھا تو عدالت اس کو نافذ کریگی لیکن اگر اغراض کے غیر یقینی ہونیکی وجہ سے امانت ساقط ہو جائے تو امین اسکو مسترد نہیں کر سکتا بلکہ وہ اس ناکام امانت کے نتیجہ کے طور پر موصی کے وارث کے لئے قابض ہوتا ہے ملاحظہ ہو برگس بنام ہنی (۵) اگر موصی کے معنے اس حد تک مبہم ہوں کہ اس کی اغراض کی تعمیل عملی طور پر اس حد تک پہنچتی ہے کہ کوئی دوسرا شخص اس کے لئے امانت کر رہا ہے تب عدالت اپنی مدد نہ دیگی اور نہ امانت کو اس طور پر تصور کریگی کہ اس کی تعمیل کی جا سکتی ہے۔ ملاحظہ ہو بلیر بنام ڈوکن (۶)، وگرسیانڈ بنام گرسیا ٹلڈ (۷) یہی اصول ہے جس کی تقلید جسٹس شیشا گری ائیر نے بتھو کرشنا ناکن بنام راماچندرا ناکن (۸) میں کی تھی گو فاضل جج نے ان مقدمات انگلستان کا حوالہ نہیں دیا ہے صفحہ ۹ نمبر پر انھوں نے یہ بیان کیا ہے۔ "ابتدائی قاعدہ یہ ہے کہ اس امر کی تحقیق کی جائے کہ آیا وہ غرض جو موصی کے ذہن میں تھی اس کے لئے جدید وصیت کئے بغیر تکمیل پا سکتی تھی" امانت کی اغراض جو وصیت نامہ کے فقرہ ۱۱ سے ظاہر ہوتی ہیں یعنے سنسکرت زبان یا ہندو مذہب کی تشہیر کرنا بظاہر جزو انسانی علم کی ایک شاخ یعنے سنسکرت زبان کے فائدہ کے لئے معلوم ہوتی ہیں اور جزو وہ

مذہبی ہیں اس ملک میں مذہبی اغراض لازمی طور پر خیراتی اغراض نہیں ہوتیں اور علم حاصل کرنا بالکل تعلیم کے ہم معنی نہیں ہوتا۔ لیکن یہ غیر ضروری ہے کہ اس سوال پر مباحثہ کیا جائے کہ آیا مذہبی غرض خیراتی غرض بھی ہوتی ہے جو بیکی بنام سمتھ (۹) تا ولسنڈ بنام کیمپس (۱۰) اور بجا طور اکرٹ ۲ وائٹ بنام وائٹ (۱۱) میں اصلی غور طلب امر تھا کیونکہ دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی میں یہ بیان کیا گیا ہے کوئی صریح یا تعبیری امانت جو خیراتی یا مذہبی نوعیت کی عام اغراض کے لئے قائم کی گئی ہے" اس میں یہ صراحت نہیں کی گئی ہے کہ آیا وہ خیراتی نوعیت یا مذہبی نوعیت کی ہونی چاہیئے بشرطیکہ وہ ان دو کے منجملہ ہو اور نیز یہ کہ غرض عام ہو۔ موصی کے حقیقی منشا کو سمجھنے کے لئے میں اس پر آمادہ ہوں کہ اسکے وصیت نامہ کے فقرہ ۱۲ کو فقرہ ۱۱ کے ساتھ پڑھوں۔ اور فقرہ ۱۲ کو بطور مزید اس طور پر تصور کروں کہ اس سے امانت اظہار خواہش قائم کی گئی ہے۔

میں خیال کرتا ہوں کہ ہمیں فقرہ ۱۱ کے مندرجہ امر حالہ پر بھی غور کرنا چاہیئے جو آریا جھنڈری ہندو سماج کے متعلق دیا گیا ہے جس سے یہ معلوم کرنے میں مدد مل سکتی ہے کہ موصی کا منشا کیا تھا۔ یہ بھی اہم تھا جیسا کہ فاضل سب آرڈینیٹ جج نے اپنے فیصلہ کے فقرہ ۱۰ میں عمل کیا ہے کہ گواہ مدعی نمبر ا کی اس شہادت پر غور کیا جائے کہ موصی راجھنڈری ہندو سماج کا تقریباً اس کی ابتدا ہی سے ایک رکن تھا اور اس جماعت کے کام میں اس کی بہت زیادہ دلچسپی تھی۔ کلو بنام انیڈ ریلوز (۱۲) میں اس علم کا کہ ایک شخص مسٹر ڈکن سالہا سال تک کرسچین مشن کے کام میں مصروف تھا ان مشنری کی

(۵) ریو الرٹ یوپر جلد ۲ صفحہ ۱۹۲ (۶) لا ٹائمز جلد ۶ صفحہ ۱۵۷ (۷) لا ٹائمز جلد ۹ صفحہ ۷۷ نمبر (۸) انڈین کیسیز جلد ۷ صفحہ ۱۱۶۔

(۹) ریلوانیز ڈر پورٹ جلد ۴۴ صفحہ ۶۵ (۱۰) ریلوانیز ڈر پورٹ جلد ۴۴ صفحہ ۱۲ (۱۱) لا ٹائمز جلد ۸ صفحہ ۱۸۷ (۱۲) لا ٹائمز جلد ۱۲ صفحہ ۱۲۰

دیکھا ۔ مڈا ۔ ینا بتیھی ۔ (مدرا ۔ صفحہ

پنجو صفحہ مدراس لا جرنل۔

اغراض کے حوالہ کی تعبیر نہیں استعمال کیا گیا تھا جن کا تعلق ایک وصیت نامہ میں اس کے نام کے ساتھ تھا اور واٹر لی جنرل ہام اسٹیڈی (۱۳۰) میں ویلیج مسٹر کولیٹنگ چیار ٹی اسکولس کی جمہور اغراض کا حوالہ اس وصیت نامہ کی سعنے کو سمجھنے کی غرض سے دیا گیا تھا جن کا مقصد یہ تھا کہ عیسائیت کے علم کو ترقی ہو جس کے ساتھ ان مدارس کا ذکر بھی کیا گیا تھا لیکن میں سبا رڈینیٹ جج کے ساتھ اس امر میں اتفاق نہیں کر سکتا کہ ہندو سماج کی اغراض جو ان کے قواعد کے فقرہ ۲ میں بیش کی گئی ہیں جن کو دستاویز ح کے ذریعہ سے ظاہر کیا گیا ہے تقریبا بعینہ وہی ہیں جو کہ وہ اغراض ہیں جو موصی نے اپنے وصیت نامہ میں ظاہر کی تقیں۔ سنسکرت پڑھانا جماعت کی مظہرہ اغراض میں سے نہیں ہے۔ کتب خانہ کا ذکر اس کی اغراض کی تکمیل کے ایک ذریعہ کے طور پر کیا گیا ہے لیکن یہ واضح نہیں ہے کہ کس قسم کا کتب خانہ مقصود ہے۔ اس امر کی نسبت وصیت نامہ جس میں عام سنسکرت ویدک یا مشرقی کتب خانہ کا ذکر کیا گیا ہے زیادہ واضح ہے۔ اس کے علاوہ جماعت کی غرض یہ ہے کہ ہندو مذہب کے اصولوں کو پھیلایا جائے، ہندو تہذیب کو سمجھا جائے اور ہندو قوم کو ترقی دیجائے۔ موصی یہ دیکھنا چاہتا تھا کہ ہندو مذہب کو پھیلایا جائے اور خاص توجہ ان اصول کو دیجائے جن کا تعلق اس کی سکھا شاخ سے تھا جبکہ وہ پانبادلک برہمن تھا۔ اگر موصی ہندو سماج کی مجلس انتظامی پر پورا اعتماد رکھتا تھا تو وہ اس کے حق میں ہبہ مطلق کر سکتا تھا اور روپیہ کا صرف کرنا کلیتًا اس کے ہاتھوں میں چھوڑ دیتا اور اپنے اوصیا کو یہ ہدایت نہ دیتا کہ وہ ہندو سماج کے امناء کے اختیار تمیزی کے مطابق امانت کے چلانے کے انتظامات کریں مگر چاہئے کہ بنام گریانڈ (۲) میں لارڈ مانکریف نے جن کا فیصلہ بیت الامرا میں بحال رکھا گیا تھا یہ رائے ظاہر کی ہے کہ خود امین کے مذہبی خیالات اس سوال پر اثر نہیں ڈالتے جب امناء کو اس امر کے متعلق غیر محدود اختیار تمیزی دیا گیا ہو کہ کون سے مذہبی انسٹیٹیوشنوں کو منتخب کیا جانا چاہئے جنکو فائدہ پہونچ سکے۔ پس یہاں اگر امانت کی ایک غرض بالعموم ہندو مذہب کی تشہیر ہے تو میری رائے میں یہ غرض بہت وسیع اور غیر معین ہے جس کی تکمیل نہیں کی جا سکتی جو ضوابط عدالت تحت میں مرتب کئے گئے ہیں ان میں اس امر کی صراحت کی گئی ہے کہ امناء عدالت میں مبلغ الف سالانہ عطیہ کے تصرف کے لئے ایک نظام عمل داخل کریں اور عدالت ایسی ترمیمات کے ساتھ جو ضروری سمجھی جائیں اس کو منظور کرے کس طرح کوئی عیسائی یا ہندو یا مسلمان جج اس امر کا تصفیہ کر سکتا ہے کہ آیا وہ تجویز جو اس طور پر پیش کی گئی تھی اس طریقہ سے ہندو مذہب کو ترقی دیگی جو موصی کی منشاء میں داخل تھا۔ الا یہ کہ ہم یہ قرار دیں کہ ضوابط اس طور پر مرتب کئے جانے چاہئیں کہ وہ ہندو مذہب میں خود موصی کی شاخ کے خاص فرقہ کے اصولوں کی تعلیم کے بہترین ذرائع ہوں تب معقول طور پر یہ شبہہ کیا جا سکتا ہے کہ آیا یہ غرض ایسی عام غرض ہے جس سے دفعہ ۹۲ مجموعہ کی متعلق ہونا مقصود تھا۔ فاضل سبارڈینیٹ جج جو امانت کو جائز امانت کے طور پر بحال رکھنے کی تائید میں تھے فقرہ ۱۲ پر غور کرنے کے بعد اپنے فیصلہ کے فقرہ ۱۹ میں یہ نتیجہ اخذ کرنے پر مجبور ہوئے ہیں کہ غرض زیادہ واضح نہیں ہے اور وہ اس فقرہ کو محض تشریحی فقرہ تصور کرنے پر مجبور ہوئے ہیں۔ میرے خیال میں امانت

(۱۳) ریوالجز ورپورٹ جلد ۷ صفحہ ۳۲۵۔

اس سے بھی زیادہ مبہم اور غیر معین ہوجاتی ہے۔ اگر فقرہ ۱۲ پر غور کرنا ترک کردیا جائے۔ الفاظ "ہندو مذہب کی تشہیر کے لئے" الفاظ "مشتری اغراض" سے جنکی نسبت اسکاٹ بنام براون رگ (۱۴) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ اس قدر مبہم اور غیر معین ہیں کہ وہ امانت تکمیل طلب قائم نہیں کرتے یا الفاظ جو اس علاقہ میں مذہب کی بہتری کو بہت ہی زیادہ تقویت دینے والے ہوں" سے زیادہ معین نہیں ہیں جو ڈونی بنام بربی (۱۵) میں استعمال کئے گئے تھے۔ یہ کافی نہیں ہے کہ ان مقدمات میں ایسا کچھ شبہ نہیں ہوسکتا تھا کہ تملیک کنندہ جب اس نے مشتری مذہبی اغراض کا ذکر کیا تھا تو وہ عیسائی مذہب کا خیال کر رہا تھا یا یہ کہ موجودہ مقدمہ میں ہندو مذہب کی صراحت نام کی گئی ہے۔ اہل ہنود خدا کی پرستش بہت سے طریقوں سے کرتے ہیں۔ خدا کی پرستش کے لئے عام وقف جبکہ اس دیوتا کی صراحت نہ کی گئی ہو جس کے فائدہ کے لئے وقف نافذ کیا جائے غیر معین ہونیکی وجہ سے کالعدم ہوتا ہے۔ ملاحظہ ہو چاندی چرن مسترا بنام ہری بولا داس (۱۶)۔ بخلاف اسکے ہمیں یہ خیال کرلینے پر تعجب ہوتا کہ سنسکرت زبان کے علم کی ترقی ایک جائز خیراتی ہبہ یا وصیت ہے۔ وہیکر بنام ہیوم (۱۷) میں رقم جو اسناد کو اس غرض سے دی گئی تھی کہ وہ ان کے اختیار تمیزی کے مطابق تمام دنیا میں تعلیم اور علم کی تشہیر اور ترقی کے لئے استعمال کی جائے۔ اس کی نسبت یہ قرار دیا گیا تھا کہ وہ زیادہ مبہم نہ تھی۔ اور اٹارنی جنرل بنام فلڈ (۱۸) میں وہ ہبہ جو آئرش زبان میں تعلیم کی ترقی کے لئے کیا گیا تھا بحال رکھا گیا تھا۔ نیز ملاحظہ ہو تاسبری لاز آف انگلینڈ جلد ۴ صفحہ ۱۷۴۔ یہاں لفظ تشہیر یہ ظاہر کرتا ہے کہ موصی تعلیم کا خیال کر رہا تھا۔ سنسکرت زبان صرف اس طور پر مشتہر کی جاسکتی تھی کہ ان اشخاص کو اس کی تعلیم دیجائے جو اس وقت تک اس سے لاعلم تھے وہ ان اشخاص کو علاوہ ازیں سے مشتہر ہوگی جو پیشتر ہی تعلیم یافتہ ہیں۔

اگر غرض معین ہو تو عدالت موصی کے منشاء کی تکمیل کے لئے مناسب طریقے معلوم کریگی۔ ملاحظہ ہو گورنمنٹ دراس بنام جہانگیر (۱۹)۔ اس میں شک نہیں کہ یہ ضروری ہے کہ اگر سنسکرت کا کتب خانہ قائم کیا جانا ضروری ہو تو اس میں عوام کو اجازت ہونی چاہیئے۔ بخلاف ہندو مذہب کے کتب خانہ کے جو برہمنوں تک محدود ہے جو کسی قدر چندہ ادا کریں اور ان کو حصول کی تقسیم کیا گیا ہے) اگر سنسکرت کے مدارس کا قائم کرنا مقصود ہے تو وہ ایسے مدارس ہونے چاہئیں جنمیں عوام الناس بلا روک ٹوک جاسکیں۔ ورنہ یہ عام اغراض کی امانت نہ ہوگی جس سے دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی متعلق ہوسکے۔

ہندو مذہب کی تشہیر کے لئے امانت چونکہ بہت مبہم ہے اور سنسکرت زبان کی تشہیر کی امانت جائز ہے اس لئے ہمیں اس کے بعد اس واقعہ پر غور کرنا چاہیئے کہ ہندو سماج کا مناکھا الٰہم کی سالم رقم ایک یا دوسری غرض پر یا دونوں پر صرف کرنیکا کامل اختیار تمیزی دیا گیا ہے ایسے مقدمہ میں جب ایک غرض غیر معین ہونیکی وجہ سے کالعدم ہو تو کامل ہبہ کالعدم ہوجاتا ہے کیونکہ حرف تردید "یا" کے استعمال کی وجہ سے یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ تعلیم کی تشہیر کی خیراتی غرض کے لئے کس قدر مقدار صرف کیجانی چاہیئے۔ ملاحظہ ہو بھامل سیکرٹری سیکریٹری بنام سیکرٹ (۲۰)۔

(۱۴) آکسفورڈ لا رپورٹس باب ۱۸۴۰ء جلد ۹ صفحہ ۲۴۲ (۱۵) لاٹائمز جلد ۴ صفحہ ۳۶۴۔ (۱۶) انڈین کیسیز جلد ۵ صفحہ ۲۱۵ (۱۷) لا ٹائمز رپورٹس جلد ۱۵ صفحہ ۷ (۱۸) آئرش ۱۱ ۔ ۶۔

(۱۹) انڈین لا رپورٹس الہ آباد جلد ۱ صفحہ ۱۱۲ لا ٹائمز جلد ۲ صفحہ ۱۰۶۔

دیکھو نمبر ۱۳۲۲ بنام تیمبی سبارا (مدراس)

وینکیٹا نرسمہا راؤ بنام نما تیتیہا راؤ (۱۹۰۸ء)

بلیر بنام ولکن (۶) ہوسٹن بنام برنس (۷) و قانون وصیت
نامجات مولفہ تھیو بالڈ طبع ہشتم صفحہ ۳۶۹ لیں موجودہ مقدمہ
میں جب موصی نے دیبنہ کا تصرف کلیتاً راجمندری ہندو
سماج کے اسنا کے اختیار تمیزی پر چھوڑ دیا تھا تو جماعت مذکور
کو یہ اختیار رہیگا کہ وہ تمام مقلد ہند و مذہب کی تشہیر کے
غیر معین اغراض پر صرف کرے یا سنسکرت کی تعلیم کی ترقی کے
لئے کچھ چھوڑ دے۔ لیکن مقدمات انگلستان مندرجہ بالا
کے اصول کے لحاظ سے تمام ہبہ بالوصیت ناقص اور ناقابل تعمیل
ہے۔ ایسے مقدمہ میں وصیت نامہ کے تحت امنا اپنا اختیار
تمیزی استعمال نہیں کرسکتے اور تمام سرمایہ خیرات متعلق نہیں کیا
کرسکتے ملاحظہ ہو معاملہ جابین اسٹیٹ لیورس بنام کلیٹن (۲۲)
ایسی صورت میں امور تنقیح طلب نمبر ۲ و ۳ کے متعلق میری
یہ رائے ہے کہ وصیت نامہ کے فقرہ ۱۱ یا ۱۲ میں کوئی قابل انفاذ
امانت نہیں قائم کی گئی ہے اور میں مرافعہ منظور اور مدعیان کا دعویٰ
مع تمام خرچہ کے خارج کرتا ہوں۔
ایک تیسرا امر جس پر تنقیح نمبر ۵ مبنی ہے پیش کیا گیا ہے
یعنے آیا متبنیٰ بیٹا جو بروئے حق پسماندگی جائداد حاصل کرتا ہے
موروثی جائداد کے ایک حصہ کے انتقالات کو مسترد کرسکتا ہے
جو اسکے متبنی کنندہ باپ نے کئے تھے بغیر اسکے کہ یہ ثابت کیا جائے
کہ اس کا حقیقی باپ بوقت تبنیت وصیت نامہ کی شرائط سے
آگاہ تھا۔ مسٹر کینیتی آئر نے بالکرشنا موتی رام گجر بنام سری
اتر نارائن دیو (۲۳) کا حوالہ اپنی ان دلائل کی تائید میں دیا
ہے کہ وہ ایسا عمل کرسکتا ہے۔ موجودہ مقدمہ میں موصی بوقت
تکمیل وصیت نامہ لاولد تھا اور وہ ہبہ مطلق عمل میں لانے کے لئے صفحہ ۹۹۶

(۲۲) لا ٹائمز جلد ۹ صفحہ ۸۹ (۲۳) انڈین کیسیز جلد ۵۰ صفحہ ۹۱۲

آزاد تھا کینیتی آئر بنام ساوتری امال (۲۴) کی تقلید کرتے
ہوئے مجھے یہ واضح معلوم ہوتا ہے کہ متبنی بیٹا وصیت نامہ کی
ان شرائط کو نظرانداز کرتے ہوئے جنکا جبکہ اس کی تبنیت عمل
میں آئی تھی وصیت نامہ میں ذکر تھا دوسری شرائط کو مسترد
نہیں کرسکتا اور تنقیح مذکور بالا کی بابت میری تجویز کے لحاظ
سے یہ غیر ضروری ہے کہ اس امر پر مزید غور کیا جائے۔ یہ بھی
غیر ضروری ہوگیا ہے کہ ان ضوابط کے متعلق عذرات اور
عذرات عکسی پر بحث کی جائے جو عدالت نے مرتب کئے تھے
عدالت ماتحت کی ڈگری منسوخ کی جاتی ہے اور دعوی معہ خرچہ
خارج کیا جاتا ہے۔ یادداشت عذرات خارج کیجاتی ہے۔
جسٹس ولواداس۔ مجھے اس فیصلہ کے معائنہ کرنیکا
موقعہ ملا جسکو میرے فاضل شریک نے مرتب کیا ہے اور ان امور
کی نسبت جن پر ہمارے روبرو بحث کی گئی ہے میں ان کے نتائج
سے متفق ہوں۔ چونکہ اس مرافعہ میں بہت تفصیل کے ساتھ بہت
ہی قابلانہ طریقہ سے فریقین کی جانب سے بحث کی گئی تھی اور
چونکہ متعلقہ امور بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں اس لئے میں خود
اپنے الفاظ میں اپنے فاضل شریک کے ساتھ اتفاق کرنے کے وجہ
کا اضافہ کرنا چاہتا ہوں۔ مدعیان گوداوری ہندو سماج
کے ارکان اور امنا ہیں جو ہندو سماج کے نام سے مشہور ہے
اور جو راجمندری میں واقع ہے اور انھوں نے یہ دعوی قرار داد
ضوابط کے لئے رجوع کیا ہے تاکہ ان اغراض اور ہدایات کی
تکمیل کیجائے جو سری گاڈی چرلا چنا سیتہا گارو کے وصیت
نامہ کے فقرہ جات ۱۱ و ۱۲ میں مندرج تھیں جو ۵ اپریل ۱۸۹۷ء
کو فوت ہوا اور جو مواضعات زمینداری اور دوسری جائداد
پر قابض تھا جنکی سالانہ آمدنی للعمہ ہوتی تھی مدعی علیہ

(۲۴) انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۱۴ صفحہ ۱۰۔

سیتبیا بعد مذکورہ بالا کا متبنیٰ بیٹا ہے۔ اڈیشنل سب آرڈینیٹ جج راجمندری نے مدعیان کے موافق ڈگری صادر کی ہے اور مدعی علیہ نے یہ مرافعہ دائر کیا ہے۔ اصلی دلائل جو مرافع کی جانب سے پیش کی گئی تھیں یہ ہیں (۱) دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے دعوی قابل پذیرائی نہیں ہے اس لئے کہ ہبیہ امانتی جائداد کا کوئی شخص نگرانکار امین نہیں ہے (۲) وصیت نامہ کی شرائط اس قدر مبہم ہیں کہ ہبہ بالوصیت غیر تعینی ہونیکی وجہ سے ناکامیاب رہنا چاہیئے اور (۳) مدعی علیہ موصی کا متبنیٰ بیٹا ہونیکی وجہ سے اس ہبہ بالوصیت کو مسترد کرنیکا مستحق ہے جو وصیت نامہ کی رو سے کیا گیا تھا کیونکہ حق پسماندگی کی بناء پر وہ موصی کی تمام جائداد کا قائم مقام ہوگیا تھا۔

پہلی بحث کہ امانتی جائداد کا نگرانکار کوئی امین نہیں ہے اور ایسی حالت میں دفعہ ۹۲ کے تحت دعوی نہیں ہو سکتا ناقابل پذیرائی ہے۔ دفعہ ۹۲ خیراتی یا مذہبی نوعیت کی عام امانتوں کے تحفظ کی غرض سے منضبط کی گئی تھی۔ دفعہ میں یہ بیان کیا گیا ہے "کسی صریحی یا تعبیری امانت کی ہبیہ خلاف ورزی کی صورت میں جو خیراتی یا مذہبی نوعیت کی عام اغراض کے لئے قائم کی گئی ہو۔ یا جب ایسی کسی امانت کے انتظام کے لئے عدالت کی ہدایت ضروری سمجھی جائے۔ . . . . تو دو یا دو زیادہ اشخاص جو امانت میں غرض رکھتے ہوں . . . . بعض شرائط کی تکمیل کے بعد دعوی کر سکتے ہیں"۔ یہ بالکل واضح ہے کہ یہ دفعہ ان مقدمات سے متعلق ہوتی ہے جب کسی امانت کے انتظام کے لئے عدالت کی ہدایت ضروری سمجھی جائے اور کہیں یہ نہیں بیان کیا گیا ہے کہ دعوی صرف امنا حقیقی یا قانونی کے خلاف ہو سکتا تھا۔ جب عدالت کو ایسے واقعات سے واقفیت ہو جائے جن سے وہ یہ نتیجہ اخذ کرسکے کہ خیراتی یا مذہبی نوعیت کی عام امانت موجود ہے اور اسکے ٹھیک انتظام کے لئے عدالت کی ہدایت ضروری ہے تو عدالت کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ امانت کے ٹھیک انتظام کے لئے ضوابط مرتب کرے۔ مرافع نے متعدد مقدمات سے استناد کیا ہے جنمیں یہ قرار دیا گیا تھا کہ دفعہ ۹۲ مداخلت بیجا کنندگان کے خلاف دعاوی سے متعلق نہ تھی۔ مداخلت بیجا کنندہ امانت کے خلاف دعوی کرتا ہے اور اس کو بیدخل کرنے یا اس سے بر جیکا دعوی کرنے کے لئے کسی ضوابط کی ضرورت نہیں ہوتی اور دفعہ ۹۲ کی رو سے عدالت کی مداخلت غیر ضروری ہوتی ہے۔ اس قسم کے مقدمات میں امین یا امنا کا یہ فرض ہوتا ہے کہ وہ مداخلت بیجا کنندہ کے خلاف یا اس شخص کے خلاف جو امانت کے مقابلہ میں جائداد پر قابض ہو ٹھیک چارہ کار کی استدعا کریں۔

غلام مولا بنام علی حافظ (۲۵) میں دعوی امانتی جائداد کے خریدار کے خلاف رجوع کیا گیا تھا۔ عدالت نے یہ قرار دیا تھا کہ مدعی علیہ چونکہ امانتی جائداد کا منتقل الیہ تھا اس لئے دفعہ ۹۲ غیر متعلق تھی۔ اسغنا چلا چٹی بنام متھو چٹیار (۲۶) میں دعوی ایک امین کی جانب سے مداخلت بیجا کنندہ کے خلاف رجوع کیا گیا تھا۔ اس دعوی کا تصفیہ مجموعہ ضابطہ دیوانی بابتہ ۱۸۷۷ء کی رو سے جو لائی ۱۸۸۰ء میں کیا گیا تھا۔ یہ قرار دیا گیا تھا کہ دفعہ ۵۳۹ مقدمہ سے متعلق نہ تھی۔ بدری داس بنام چنی لال (۲۷) میں جسٹس وڈروف نے یہ قرار دیا تھا کہ دعاوی جو کسی عام حق کے ثابت کرنے کے لئے نہیں بلکہ کسی انفرادی حق کی خلاف ورزی کی اصلاح کے لئے رجوع کئے گئے تھے دفعہ کے تحت نہیں آتے تھے اور یہ کہ اشخاص اجنب کے مقابلہ میں جنکا

(۲۵) انڈین کیسز جلد ... [illegible]
(۲۷) انڈین لاء رپورٹ کلکتہ جلد ۳۳ صفحہ ۷۸۹۔

دیکھئے دھرم داس بنام نیا اپتھی سادھو (مدراس)

منتقل الیہم اور محض مداخلت بیجا کنندگان ہوتے ہیں جو امانت کے خلاف قابض ہوں دفعہ ۹۲ متعلق نہ تھی۔ بابو جی جگناتھ بنام گوبند لال کس داس (۲۸) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ دفعہ ۹۲ اس وقت متعلق نہ ہوتی تھی جبکہ مستدعیہ داد رسی کسی عام حق کی خلاف ورزی کے لئے نہیں بلکہ خانگی حق کے لئے ہو۔ اس مقدمہ میں ایک وصی نے دوسرے وصی کے خلاف حسابات کے لئے اور مزید انتظام کے علاوہ حکم امتناعی کے لئے دعویٰ کیا تھا۔ عدالت نے یہ قرار دیا تھا کہ دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی کے بموجب منظوری نہ ہونے کی وجہ سے دعویٰ ناقص نہ تھا۔

سبھا بنام کرشنا (۲۹) میں اجلاس [illegible] نے یہ قرار دیا تھا کہ امین معطل نہیں کیا جا سکتا تھا کو دفعہ ۹۲ کی رو سے صرف عدالت کو اختیار نہیں دیا گیا تھا۔ [illegible] بنام محمد نورالزماں (۱) میں عدالت نے یہ قرار دیا تھا کہ ٹھیکیدار کے خلاف دعویٰ میں جس میں امین فریق تھا دفعہ ۹۲ غیر متعلق تھی اس لئے کہ کسی ضابطہ کی استدعا نہیں کی گئی تھی اور دعویٰ اس اقرار کے لئے تھا کہ پٹہ ناجائز تھا اور یہ کہ قبضہ مدعیان کے حوالے کیا جانا چاہئے۔ مرافع نے قوی استدلال ہائیکورٹ مدراس کے ایک فیصلہ پر کیا تھا جو بطور اناما لائی ناچیار بنام [illegible] (۳) کے طبع کیا گیا ہے۔ اس مقدمہ میں سابقہ چیف جسٹس کمار اسامی شاستری نے یہ قرار دیا تھا کہ دعویٰ حسب دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی جو اس وصیت نامہ کی شرائط کو نافذ کرانے کے لئے رجوع کیا گیا تھا جس میں عام امانتوں کے انتظام کے احکام درج تھے قابل پذیرائی نہ تھا۔ فیصلہ کو احتیاط کے ساتھ پڑھ کر میں خیال کرتا ہوں کہ فیصلہ سے مرافع کی بحث کی تائید نہیں ہوتی ہے۔ جو کچھ کہ اس مقدمہ میں تصفیہ کیا گیا تھا وہ یہ تھا

کہ اشخاص کو یہ اختیار نہ تھا کہ وہ دفعہ ۹۲ کے احکام سے شخص متوفی کی اسٹیٹ کے انتظام کی غرض سے مدد لیتے تاکہ اوصیاء کو اس غرض سے مجبور کیا جائے کہ وہ خیراتی ہبہ جات یا وصیت کو نافذ کریں۔ اس مقدمہ میں بروئے شہادت جو کچھ کہ قرار دیا گیا تھا وہ یہ تھا کہ ایسی کوئی رقم موجود نہ تھی جس سے خیرات ادا کی جا سکتی تھی فاضل جج نے یہ قرار دیا تھا کہ اس قسم کی صحیح تجویز کی عدم موجودگی میں کہ امانت قائم ہو چکی تھی اس نوعیت کا دعویٰ قابل پذیرائی نہ ہوگا لیکن اس مقدمہ کے واقعات مختلف ہیں۔ یہاں وہ رقم جو خیرات میں صرف کی جانی ہے تمام جائداد پر بار ہے۔ اسٹیٹ کی مالیت سالانہ [illegible] ہے اور خیراتی ہبہ یا وصیت کی مقدار صرف [illegible] سالانہ ہے۔ امانت کے لئے روپیہ کا انتظام [illegible] تمام جائداد [illegible] امانت [illegible] کیا گیا ہے جب یہ بالکل واضح [illegible] وصیت نامہ کی رو سے امانت ٹھیک طور پر قائم ہو گئی [illegible] یہ ضروری نہیں تھا کہ پہلے انتظام کے لئے دعویٰ کیا جائے قبل اس کے کہ دفعہ ۹۲ کی رو سے امانت سے متعلق دعویٰ کیا جا سکتا ہو مفصل میں انتظام کے دعاوی تقریباً نامعلوم ہیں اور اگر یہ خیال کیا جائے کہ دعویٰ زیر دفعہ ۹۲ کے لئے انتظام کا دعویٰ لازماً قبل از قبل کیا جانا چاہئے تو یہ سوال پیدا ہوگا کہ کس شخص کو انتظام کا دعویٰ رجوع کرنا چاہئے یہ ممکن ہے کہ متوفی کے ورثاء انتظام کا دعویٰ رجوع کرنے سے ناراض ہوں اور ہر شخص جو معمولی طور پر انتظام کا دعویٰ رجوع کرنے کا مجاز ہوگا ممکن ہے کہ ایسا عمل کرنے سے ناراض ہو میں یہ نہیں خیال کرتا کہ مقدمہ سے کسی وسیع مسئلہ کی تائید ہوتی ہے جس کی مرافع نے بحث کی ہے جب یہ امر مشتبہ ہو کہ آیا خیراتی ہبہ یا وصیت کی تعمیل کے لئے روپیہ ہوگا اس وقت ضروری ہو سکتا ہے کہ انتظام کا دعویٰ کیا جائے تاکہ وہ مقدار مقرر کی جائے جو دائنین اور مخصوص موہوب لہم کے جائز مطالبات ادا کرنے کے بعد

(۲۸) انڈین کیسز جلد [illegible] صفحہ ۱۹۴۷ (۲۹) انڈین لاء رپورٹس مدراس جلد [illegible] صفحہ ۱۸۶۔

خیراتی اغراض کے لئے فراہم ہو۔ یہ بحث کہ اشخاص کو دفعہ ۹۲ کی رو سے دعوی کرنے کے قابل بنانے کے لئے امنا ہونے چاہئیں جو دیبی پرکلاں تھے بین طور پر مغالطہ دہ ہے ایسے مقدمات کا خیال کرنا ممکن ہے جب کہ تمام امنا فوت ہو گئے ہوں یا وہ عمل کرنے سے انکار کریں۔ اسی قسم کے مقدمات میں عدالت کی دست اندازی بہت ہی ضروری اور منفعت بخش تصور کیجاتی اور صرف اس غرض سے کہ امانتوں کو ٹھیک انتظام نہ ہونے کے سبب سے ساقط ہو جانے سے روکا جائے دفعہ ۹۲ مجموعہ ضابطہ دیوانی لا اٹارنی جنرل کے قانون کے اصول پر منضبط کیگئی تھی۔ سینی راما جو گیا بنام وینکٹا چارلو (۳۰) میں دعوی دفعہ ۵۳۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے اس استقرار کے لئے کیا گیا کہ مدعا علیہم بعض مندروں کے دھرم کرتا نہ تھے اور اس غرض سے رجوع کیا گیا تھا کہ ان مندروں کے باقاعدہ انتظام کے لئے امنا مقرر کئے جاویں۔ فاضل ججوں نے صفحہ ۲۵۴ پر یہ رائے ظاہر کی ہے کہ ایسی حالت میں اصلی تصفیہ طلب سوال اس مقدمہ میں یہ ہے کہ آیا مدعا علیہم مندر کے جائز امنا ہیں جس کا انہوں نے دعوی کیا ہے اگر وہ یہ حیثیت رکھتے ہیں تو دعوی ختم ہو جاتا ہے لیکن ان کی یہ حیثیت نہ ہو تو ایک یا معزول امناء کی جائدادیں خالی ہو جاتی ہیں اور مدعیان نے ایسے اشخاص کی حیثیت سے جن کو انسٹیٹیوشن میں غرض حاصل تھی عدالت کے حکم کی استدعا کی تھی تاکہ امانتوں اور مندر کے باقاعدہ انتظام کے لئے جدید امنا کے تقرر کی ہدایت دی جائے ہماری رائے میں ایسا دعوی دفعہ کی ان الفاظ میں داخل ہے کہ جب عدالت کی ہدایت ایسی امانت کے انتظام کے لئے ضروری سمجھی جائے اور ایسی حالت میں دعوی سے دفعہ ۵۳۹ الف مجموعہ ضابطہ دیوانی متعلق ہوتی ہے۔ اس رائے کی تائید میں مقدمہ تیجم لشن چند بنام نادر حسین (۳۰) جو جوڈیشل کمیٹی پریوی کونسل کا حوالہ دے سکتے ہیں جس میں



وینکٹاچلم وغیرہ بنام تیاتیرو سبار وغیرہ مدراس

کمیٹی کا فیصلہ صادر کرتے وقت سر بارنس پیکاک نے یہ بیان کیا تھا اگر اس قسم کا کوئی اعتراض ہوتا کہ (طالبین مدعی) ناجائز طریقہ سے بطور امین کے قائم کیا گیا تھا کو ہر ایسا شخص جس کو امانت کی تکمیل سے تعلق تھا مجموعہ ضابطہ سنہ ۱۸۷۷ء کی رو سے اس قسم کی درخواست پیش کر سکتا تھا کہ عدالت اس کو علیحدہ کر دے اور جدید امین مقرر کرے جیسا کہ ظاہر کیا گیا ہے مجموعہ ضابطہ سنہ ۱۸۷۷ء کا حوالہ دیا گیا ہے جس میں پہلی مرتبہ دفعہ ۵۳۹ قائم کی گئی تھی کیونکہ اس کے ہم مضمون کوئی دفعہ مجموعہ ضابطہ سنہ ۱۸۵۹ء میں نہ تھی یہ بالکل واضح ہے کہ حکم جس کا حوالہ پریوی کونسل نے دیا تھا دفعہ ۵۳۹ کے بموجب ان مقدمات میں جب کوئی امنا نہ ہوں یا جب تمام منا امانت کے خلاف دعوی کرنا چاہتے ہوں کریں تو امانت کی حفاظت کے لئے عدالت کی دست اندازی ضروری ہوتی ہے۔ رگھوبر دیال بنام کیشوراماچ (۳۱) میں جانب مدعا علیہم نے اپنے مابین ایک وقف کے ذریعہ سے جانکی بلبھ جی کے مندر اور اس کے بت کے متعلق ایک امانت قائم کی جو وقف ۵ بیوہ اراضی پر مشتمل تھا جس کی آمدنی مندر کے اخراجات میں صرف کیجانیوالی تھی۔ عرضی دعوی میں یہ بیان کیا گیا تھا کہ نومبر سنہ ۱۹۰۷ء سے وہ ہیں انہوں نے اپنے خیالات تبدیل کر دئے تھے اور اخراجات کی ادائی روک دی تھی جسٹس اسٹریٹ نے صفحہ ۲۴۴ پر یہ رائے ظاہر کی ہے۔ اگر میں نے دفعہ مذکور کو صحیح سمجھا ہے تو یہ ضروری نہیں ہے کہ امانت کی خلاف ورزی ہوئی ہو لیکن اگر عام مذہبی وقف موجود تھا اور ایسی امانت کے انتظام کے لئے عدالت کی ہدایت ضروری سمجھی جائے تو یہ کافی ہے۔ ہائیکورٹ کلکتہ کے فاضل ججوں نے یہ رائے لطیف النسا بی بی بنام نظیر بی بی (۳۲) میں قائم کی ہے۔ ایسی حالت میں کس طور مناسب ایسے دعوی کے طریقہ تصور کیا جا سکتا ہے جب اس کو محدود ترین شکل میں سمجھا جائے جس میں مدعی نے یہ استدعا کی ہے کہ

نازسمہا ... بنام پیتھی ہاباراد (مدراس)

امانت کا انتظام منجانب عدالت کیا جائے ایسی حالت میں مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کلکٹر یا ایسے عہدہ دار کی منظوری جس کو لوکل گورنمنٹ مقرر کرے مدعی کو الیسا دعوی رجوع کرنیکا اختیار دینے کے لئے ضروری تھی۔ یہ کہ مدعی علیہ کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ امین ہو اور نہ یہ ضروری ہے کہ مدعیان کو دفعہ ۹۲ کے تحت دعوی کرنے کے قابل بنانے کے لئے وہ امانت کے وجود کو تسلیم کرے بوجہ نگھ ودد ہوریا بنام نرا د بارن راٹ (۳۴) میں ہائیکورٹ کلکتہ کے فیصلہ سے واضح ہو جاتا ہے جسٹس مکرجی نے صفحہ ۲۴۳ پر یہ رائے ظاہر کی ہے۔ "یہ مقدمہ اس مسئلہ کے لئے کوئی نظیر نہیں ہے کہ عدالت کا وہ اختیار سماعت جو اسکو دفعہ ۵۳۹ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے حاصل ہے اس وجہ سے باقی نہیں رہتا کہ مدعی علیہ نے اس امانت کے وجود سے محض انکار کیا ہے جو مدعیان نے بیان کی تھی۔ اگر وہ رائے جس پر بیرا خان نے زور دیا تھا معقول ہوتی تو عام خیرات کا ہر متعدد عدالت کے اختیار سے مدعی علیہ کے اس نہایت ہی بے بنیاد بیان کی وجہ سے خارج ہو سکتا تھا کہ کوئی عام امانت موجود نہیں ہے لیکن یہ ایک ابتدائی اصول ہے کہ جب کسی ایسے دعوی میں جو اس کے روبرو رجوع کیا گیا ہو سماعت کرنیکی نسبت عدالت کا اختیار سماعت نزاعی ہو تو عدالت کو چاہیئے کہ وہ اس سوال کا تصفیہ کرے۔"

۹۹۹ صفحہ حسب مجھے یہ قرار دینا چاہیئے کہ اگر ایسے دعوی میں جو دفعہ ۵۳۹
مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے رجوع کیا گیا تھا مدعی علیہ دفعہ مذکور کے تحت کسی ڈگری کے صادر کرنیکی نسبت عدالت کے اختیار سماعت کی اس بناء پر اعتراض کرے کہ وہ امانت جو مدعیان نے بیان کی تھی موجود نہیں ہے تو عدالت کا اختیار سماعت خارج نہیں ہو جاتا بلکہ اس کو چاہیئے کہ شہادت کے لحاظ سے سوال کا تصفیہ کرے۔"

یہی اصول جعفر خاں بنام داکو شاہ (۳۴) میں قرار دیا گیا تھا۔

جسٹس ہیچلر نے جنہوں نے عدالت کا فیصلہ صادر کیا تھا صفحہ ۲۴۳ پر یہ رائے ظاہر کی ہے۔ "ہم خیال کرتے ہیں کہ الفاظ "کسی امانت کی کوئی مبینہ خلاف ورزی" مندرجہ دفعہ ۵۳۹ سے کوئی دشواری پیدا نہیں ہوتی کیونکہ ہم یہ نہیں سمجھتے کہ وہ الفاظ کسی مسلمہ امانت کی مبینہ خلاف ورزی کے مساوی ہیں اس خصوص میں ہم نے جو تعبیر دفعہ کی ہے اس کی حمایت کہ ہمیں اطلاع ہے مسلسل تعقیدات عدالتوں میں کی گئی ہے اور مقدمہ ضیا من باجاجی دیو بنام جونڈرو گلینش دیو (۳۵) اس کی ایک مثل ہے۔ رپورٹ کے صفحہ ۶۱۶ کے ملاحظہ سے یہ معلوم ہوگا کہ مدعی علیہم نے وہاں یہ عذر پیش کیا تھا کہ "سادستھان" کوئی عام مذہبی یا خیراتی انسٹیٹیوشن نہ تھا اور یہ کہ اس مقدمہ میں وہ جائداد کے امنا نہیں بلکہ مالک تھے۔"

ان فیصلوں سے یہ بالکل واضح ہے کہ عدالت کا اختیار سماعت اس وجہ سے ساقط نہیں ہوتا کہ مدعی علیہ نے یہ عذر پیش کیا ہے کہ وہ امین نہیں ہے یا یہ کہ ایسی کوئی امانت موجود نہیں ہے جس کے لیے ضوابط کو ترتیب دیا جا سکے اس مقدمہ میں مدعی علیہ نے موصی کے متبنی بیٹے کی حیثیت سے وصیت نامہ کی شرائط کو مسترد کرنیکا ادعا کیا ہے۔ اس کی اغراض اس میں شک نہیں کہ مدعیان کے خلاف ہیں جو اس امر پر اصرار کرنا چاہتے ہیں کہ امانت موجود ہے لیکن دفعہ ۹۲ کے تحت دعوی کی صورت میں یہ ضروری نہیں ہوتا کہ امین کی جانب سے خلاف ورزی امانت کی نسبت کوئی عملی نزاع ہو۔ اگر حالات اس قسم کے ہوں کہ عدالت کی دست اندازی کسی ایسی امانت کے لیے جس کا وجود ثابت کیا گیا ہو ضوابط مرتب کرنیکی غرض سے ضروری سمجھی جائے تو عدالت کو ضوابط مرتب کرنیکا اختیار ہوتا ہے اس میں شک نہیں کہ اس مقدمہ کے مدعی علیہ کو واجب الادا رقوم

(۳۴) کلکتہ لا جرنل جلد ... صفحہ ۱۴۱ و ۲۴۳) انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۳۵۸ -
... لاہور جلد ۱۳ -

(۳۵) انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۵ صفحہ ۶۱۲ -

کے ادا کرنے پر پایا جانا دے سے اگر امانت کی کوئی جائداد ہو تو متہم داری حاصل کرنے کے لئے مجبور نہیں کیا جاسکتا تھا کیونکہ وہ امانت کے لئے شخص اجنبی ہے۔ ضوابط کے مرتب ہونے اور امنا کے تقرر کے بعد امنا کو چاہیئے کہ اسکے خلاف ایسی دادرسی کے لئے کارروائی کریں جو وہ مناسب خیال کریں۔ اس معنی میں اس میں شک نہیں کہ مدعی علیہ کے خلاف دعوی ناقابل پذیرائی ہے لیکن یہ دعوی اس غرض کے لئے بالکل جائز ہے کہ عدالت کو اس خیراتی ہبہ کی نسبت ضوابط مرتب کرنے کے قابل بنایا جائے جو وصیت نامہ میں مندرج تھا بشرطیکہ ہبہ بالوصیت سے دوسری شرائط کی تکمیل ہوتی ہو۔

دوسرا امر زیادہ دشوار ہے۔ اس بحث پر کہ ہبہ بالوصیت غیر معین ہونیکی وجہ سے کالعدم ہے وصیت نامہ کی ان شرائط کی روشنی میں غور کیا جانا چاہیئے۔ جن کا تعلق ہبہ بالوصیت سے ہے۔ وصیت نامہ کے فقرہ ۱۱ کی عبارت یہ ہے:۔

"مری اسٹیٹ سے سالانہ مبلغ اللعہ سنسکرت زبان کی تشہیر یا ہند و مذہب کی تشہیر یا دونوں اغراض کے لئے صرف کیا جانا چاہیئے۔ رقم مذکورہ بالا مری اسٹیٹ پر بار ہوگی۔ اوصیاء کو اسکے لئے ضروری انتظامات کرنے چاہئیں تاکہ اس کو اس طریقہ سے خرچ کیا جائے جس طریقہ سے کہ راجمندری ہند و سماج کے امنا مناسب خیال کریں"۔ دوسرا فقرہ حسب ذیل ہے "اسکے علاوہ میری یہ خواہش ہے کہ ان ویدوں کی تشہیر کی جائے جن کا تعلق میری شاخ سے ہے اور اس غرض کے لئے میری یہ خواہش ہے کہ خاص کر ایک عام سنسکرت یا ویدک یا مشرقی کتب خانہ میرے نام سے راجمندری میں قائم کیا جائے۔ اوصیاء کو چاہیئے کہ ایسے انتظامات کریں جو اسکے لئے ضروری ہوں"۔ فقرہ ۱۲ سے کوئی دشواری نہیں پیدا ہوتی

ونکٹا نرسمہ بنام نیایتی سبارا (مدراس)

یہ اس قسم کی امانت ہے جس کو میں امانت اظہار خواہش کہہ سکتا ہوں امانت کے متعلق کوئی قطعی حالت نہیں ہے وہ رقم جو سنسکرت یا ویدک یا مشرقی کتب خانہ کے قیام میں صرف کی جانی چاہیئے متعین نہیں بتلائی گئی ہے اور عام سنسکرت یا ویدک یا مشرقی کتب خانہ قائم کرنیکی ہدایت بہت مبہم ہے کتب خانہ میں کس قسم کی سنسکرت کی کتابیں ہوں یا کس قسم کی ویدک کتابیں جمع کی جائیں یا وہ کس قسم کا مشرقی کتب خانہ ہونا چاہیئے ان امور کی بابتہ وصیت نامہ میں کوئی ذکر نہیں ہے۔ میں یہ نہیں خیال کرتا کہ اس معاملہ پر مزید غور کرنیکی ضرورت ہے میں یہ قرار دیتا ہوں کہ اولاً وہ اظہار خواہش کی امانت ہے اور دوم یہ کہ وہ اس قدر مبہم ہے کہ اس کو نافذ نہیں کیا جاسکتا۔ فقرہ ۱۱ میں اللعہ رقم کا ہبہ بالوصیت درج ہے جو سالانہ سنسکرت زبان کی تشہیر یا ہندو مذہب کی تشہیر یا دونوں کے لئے صرف کی جانی چاہیئے اور اوصیاء کو چاہیئے کہ ایسے انتظامات کریں جو اسکے لئے ضروری ہوں اور ان کو چاہیئے کہ اس کو اس طریقہ سے خرچ کریں جس طریقہ سے کہ اس وقت کے راجمندری ہند و سماج کے امنا مناسب خیال کریں۔ یہاں بھی موصی کی ہدایات اس قدر مبہم ہیں کہ کسی عدالت قانونی کے لئے یہ ممکن نہ ہوگا کہ وہ تصفیہ کرے کہ سنسکرت زبان کی تشہیر

صفحہ ۱۰۰۰

کے لئے یا ہند و مذہب کی تشہیر کے لئے کیا ضروری ہے اور اوصیا سے یہ کہا گیا ہے کہ وہ ایسے انتظامات کریں جو راجمندری ہند و سماج کے امنا ضروری خیال کریں"۔ ممکن ہے کہ سماج کے امنا بدل جائیں اور سماج کی اغراض اس قدر مبہم اور جامع ہوں کہ جیسا کہ وہ ہوسکتی ہیں۔ سماج کی اغراض ہند و مذہب کے اصولوں کا سمجھنا ہند و تہذیب کی تعلیم اور عام طور پر ہند و قوم کی ترقی جیسی اس جماعت کی بعض اغراض بغرض ۲ وغیرہ کے تحت خیراتی یا مذہبی ہیں

بابا صاحب بنام تیجھ بائی او (مدراس)

سمجھی جا سکتی تھیں۔ ہبہ بالوصیت جائز ہو سکتا ہے اگر وہ سماج کے لئے ہو۔ لیکن جب کوئی امانت ظاہر کی جائے اور عدالت سے یہ استدعا کی جائے کہ وہ دفعہ ۹۲ کی رو سے ضوابط مرتب کرے تو قبل اسکے کہ عدالت عمل کرنے پر ترغیب ہو دفعہ مذکور کی شرائط کی تکمیل ہونی چاہیئے۔ اولاً امانت کسی عام غرض کے لئے ہونی چاہیئے اور دوم یہ کہ وہ خیراتی یا مذہبی نوعیت کی ہو۔ بہت سی اغراض اس قسم کی ہوتی ہیں جو خیراتی اور مذہبی ہوتی ہیں بہت سی اغراض ایسی ہوتی ہیں جو خیراتی یا مذہبی ہوں لیکن جو عام نوعیت کی نہیں ہو سکتیں۔ اوصیا کو یہ اختیار تمیزی دیا گیا ہے کہ وہ سنسکرت زبان کی تشہیر کے انتظامات کریں۔ اصطلاح سنسکرت زبان کی تشہیر کی کوئی صحیح تعریف نہیں کی جا سکتی۔ وہ زیادہ قابلیت کے معنوں میں یا ادنی قابلیت کے معنوں میں پھیلائی جا سکتی ہے جس سے لوگوں کی بہت زیادہ تعداد کو فائدہ پہونچتا ہو۔ عبارت "ہندو مذہب کی تشہیر کے لئے" بھی مبہم ہے۔ ان اشخاص کے لئے جو مختلف فرقہ جات سے تعلق رکھتے ہوں اس امر پر متفق ہونا بہت دشوار ہے کہ ہندو مذہب کیا ہے۔ ہندو مذہب کی کسی طرح سے بے حرمتی کئے بغیر یا مذہب کی کسی طرح سے توہین کئے بغیر یہ معلوم ہوتا ہے کہ الفاظ ہندو مذہب کوئی خاص معنے نہیں ظاہر کرتے۔ وہ ویدانت کا مذہب یا کسی خاص فرقہ کا مذہب ہو سکتا ہے اور یہ کہنا عدالت دیوانی کا کام نہیں ہے کہ ہندو مذہب کیا ہے اور اس کی تشہیر کے لئے کیا کیا جانا چاہیئے۔ یہ ممکن ہے کہ اجنبی ہندو سماج کے اسنا تمام ہندو مذہب کے اس خاص نمونہ کو ترقی دینا موقوف کر دیں جس کو ترقی دینے کے لئے وہی اسنا کسی وقت آمادہ تھے اور اس وقت عدالت کو یہ استدعا کیجائیگی کہ وہ دوسرے ضوابط مرتب کرے جن کی رو سے اس خاص اسکیم کے اسنا کو یہ آزادی دی جائے کہ وہ ما بعد کی ہندو سماج کے اسنا کے حوالے بقیہ اشیاء کا انتظام کریں۔ یہ ان دشواریوں میں سے چند ہیں جو اس عدالت کو پیش آئینگی اگر یہ کہا جائے کہ وہ موصی کے منشا کی تکمیل کی غرض سے ضوابط مرتب کرے قانون کا طے شدہ اصول ہے کہ جب موصی کا منشا اس قدر مبہم ہو تو عدالت اس کو نافذ نہیں کر سکتی۔ عدالت صرف موصی کے وصیت نامہ کی تعبیر کر سکتی ہے۔ مگر اس سے یہ استدعا نہیں کیجا سکتی کہ وہ موصی کے لئے وصیت نامہ مرتب کرے۔ بعض اوقات یہ خیال کیا جاتا ہے کہ خیراتی ہبہ بالوصیت کو ساقط نہ ہونے دینا چاہیئے اور اس لئے اسکے متعلق کسی قسم کے ضوابط مرتب ہونے چاہئیں لیکن اس رائے کے لئے کمال تعظیم کے باوجود میں خیال کرتا ہوں کہ عدالت بعض اصولوں کی تقلید کرنیکی پابند ہوتی ہے جن سے عدالتہائے چانسری کو عرصہ دراز سے رہنمائی ہوتی رہی ہے۔ وصیت نامہ کے ذریعہ خیراتی ہبہ جات بالوصیت کرنیکا خیال اس ملک کیلئے نیا ہے اور یہ درست نہ ہوگا کہ ان اصولوں کو کلیتاً نظر انداز کیا جائے جن سے انگلستان میں عدالتہائے چانسری کو ان وصیت نامہ جات کی تعبیر کرنے میں رہنمائی ہوئی ہے جنمیں خیراتی یا مذہبی اغراض کے لئے ہبہ جات بالوصیت مندرج ہوں۔

اب میں انگلستان کے ان مقدمات پر غور کرونگا جن کا حوالہ ہمارے روبرو دیا گیا ہے لیکن عدالتہائے چانسری کے فیصلوں کی پیچیدگیوں میں پڑنے کے قبل یہ درست ہوگا کہ امر ذہن نشین رکھا جائے کہ انگلستان میں قانون امانت بعض خاص قیود کے تابع ہے۔ اولاً وہ اپنی جائداد ناقابل انتقال رکھنے کے مانع ہیں کہ اراضی کے متعلق ہبہ جات بالوصیت انجمنوں اور جماعتوں کے حق میں کئے جائیں اور دوم یہ کہ غیر منقولہ جائداد بذریعہ وصیت نامہ

دائماً منتقل نہیں کیجا سکتی اور خیراتی یا مذہبی غرض کیلئے صرف منقولہ
جائداد منتقل کیجا سکتی ہے اور منقولہ جائداد کی صورت مین بھی غیر
ذاتی اور ذاتی منقولہ جائداد مین فرق ہے۔ قانون ۱۵ و ۵۲ جارج دوم
باب ۳۶ کی رو سے جائداد ہائے ناقابل انتقال در خیراتی اغراض کیلئے انکے
انتقال کا قانون مجتمع کیا گیا تہا۔ ۴۳ الزبتھ باب ۴ کی رو سے خیراتی ہبہ جات
بالوصیت کو جائز قرار دیا گیا تہا۔ وکلا چانسری کی یہ کوشش رہی
ہے کہ وہ ہبہ جات بالوصیت کو ۴۳ الزبتھ کے دائرہ عمل مین
لائین اور یہی وجہ ہے کہ ہم یہ دیکھتے ہین کہ عدالت چانسری کے
ابتدائی مقدمات مین انہوں نے لفظ "خیرات" کی وسیع تعبیر کی تہی
شروع مین مین اُن مقدمات پر غور کرونگا جن سے مدعا علیہ
نے ہبہ بالوصیت کے جواز کی تائید مین استناد کیا ہے۔

سب سے قبل کا مقدمہ جس سے استناد کیا گیا ہے
اٹارنی جنرل بنام اسٹیپنی (۳۶) ہے۔ وہان باقیماندہ منقولہ جائداد
کا ہبہ بالوصیت جو ویلچ سرکولیٹنگ چیرٹی اسکولس کے استعمال
کیلئے تہا جب تک کہ وہ جاری رہین اور عیسائی علم اور مذہب کی
ترقی کیلئے اور انجیل اور اُن دوسری مذہبی کتب و رسالہ جات
اور کتابوں کی خریداری کیلئے جن کو اُمنا مناسب خیال کرین جن کا
وہی استعمال ہو جو خرید کردہ کتابوں کا ہوتا ہے اور وہ ایک مکان
مین رکہی جائین جو اُس غرض کیلئے تجویز کیا گیا تہا جائز سمجہا گیا تہا
لارڈ چانسلر الڈان نے اپنے فیصلہ کے دوران مین مقدمہ برادلی
بنام ایل (۳۶) کا حوالہ دینے کے بعد یہ رائے ظاہر کی ہے: "لارڈ
ہارڈوکی یہ رائے تہی کہ موصی نے جب عدالت ہذا کو زیادہ صحیح ہدایت
اُن کتب کی نوعیت کے متعلق نہین تبلائی تہی جو خرید کیجانی اور تقسیم
کیجانی مقصود تہین سوائے اس کے کہ وہ اس قسم کی ہون جو مذہب اور
بہلائی کی اغراض کو اور مخلوق کے آرام کو ترقی دینے والی ہون"

تو اُس نے کافی ہدایت نہین دی تہی اور ایسی حالت مین لارڈ ہارڈوکی نے
یہ قرار دیا کہ وارث قریب مستحق تہا۔ اگر یہ بالکل وہی مقدمہ تہا تو مجہے
محسوس کرنا چاہیے کہ مین اُس فیصلہ کی تقلید کرنے کا پابند ہون لیکن
یہ بلا لحاظ اُن خصوصیتوں کے جو اُس سے متعلق ہین بالکل مختلف ہے
اور اگر اُس وصیت نامہ مین انجیل اور ٹسٹامنٹوں کی صراحت کیگئی ہوتی
تو عدالت اُس غرض کی تکمیل کرنے سے انکار نہیں کرسکتی تہی ایسی حالت
مین اگر اس وصیت نامہ مین کوئی مزید امر نہ تہا تو مجہے یہ کہنے کیلئے پابند
ہونا چاہیئے کہ خواہ الفاظ "دوسری مذہبی کتب اور کتابون" کی نسبت
کچھ ہی اعتراض ہو مگر مذہبی غرض کا اظہار کیا گیا ہے جس مین روپیہ
صرف کیا جاسکتا ہے جس کے ساتہ یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کس
طرح صرف کیا جائے اور مجہے اُس انتخاب کی ایک شرط کی تکمیل کرنی چاہیے"

دوسرا مقدمہ ہنورڈ بنام رینالڈس (۳۷) کا ہے۔ اس مقدمہ مین
موصی کے وصیت نامہ مین حسب ذیل الفاظ مین ہبہ بالوصیت درج تہا
"اپنی جائداد کا باقی حصہ گورنمنٹ بنگال کے حق مین ہبہ اور ہبہ بالوصیت
کرتا ہون اس غرض کیلئے کہ گورنمنٹ مذکور یہ مقدار خیراتی منفعت
اور عوام کے کامون مین شہر ڈہاکہ بنگال مین صرف کرے ایسے ہبہ بالوصیت
اور عطیہ کی غرض یہ ہے کہ مقدار کلیتاً دیسی باشندون کے فائدہ کیلئے
اُس طریقہ سے صرف کیجائیگی جس کے متعلق وہ اور گورنمنٹ یہ خیال
کرین کہ اُس سے غرض مذکورہ کے پیدا ہونے مین بہت زیادہ تقویت ہوگی"
لارڈ چانسلر ولیند سٹ نے اُس کی یہ تعبیر کی تہی کہ وہ جائز تہی لیکن
یہ رائے ظاہر کی تہی اُس تعبیر کے مطابق جو مین نے اس ہبہ بالوصیت
کے الفاظ کی کی ہے جب اُس پر مجموعی طریقہ سے غور کیا جائے ایک
ہبہ بالوصیت رقم کے متعلق ہے جو ڈہاکہ کے دیسی باشندون کے نام
فائدہ کیلئے خواہ وہ امیر ہون یا غریب ہون یا کسی عمارت کی تعمیر یا قیام
مین صرف کیجانی چاہیئے اور مین یہ خیال کرتا ہون کہ یہ اُس مقدمہ

دینیکانزا
بنام
سیاتہی تہا
دہدزاہو

(۳۶) انگلش ریورٹ جلد ۳۲ صفحہ ۱۹۔

(۳۷) ریوائزڈ ریورٹ جلد ۱۰ صفحہ ۱

[illegible] نبام [illegible] زمیندار [illegible] کے اصول پر آتا ہے جسکو مین نے بیان کیاہے اور وہ قانون [illegible] کی رو سے جائز خیراتی ہبہ بالوصیت کی حد تک پہنچتا ہے"۔

دبیکر بنام [illegible] مین امنا کے حق مین رقوم کا ہبہ بالوصیت جسکو وہ اپنے اختیار تمیزی کے مطابق تمام دنیا مین تعلیم اور قابلیت کی تشہیر اور ترقی مین صرف کرسکتے تھے جائز خیراتی ہبہ بالوصیت قرار دیا گیا تھا اور وہ غیر یقینی ہونے کی وجہ سے کالعدم نہ تھا۔ اُس مقدمہ مین بحث زیادہ تر لفظ "قابلیت" کے معنوں پر منحصر تھی۔ اگر "قابلیت" کا لفظ تنہا ہوتا تو عدالت یہ قرار دیتی کہ ہبہ بالوصیت غیر یقینی ہونے کی وجہ ناقص تھا لیکن چونکہ لفظ قابلیت کے متعاقب لفظ تعلیم تھا اس لئے عدالت نے ہبہ بالوصیت کو بحال رکھا فیصلہ صادر کرتے وقت لارڈ ہیسفورڈ نے یہ بیان کیا تھا۔" اب سوال یہ ہے کہ موصی نے اس اصطلاح کو کس معنی مین استعمال کیا تھا؟ مین یہ خیال کرتا ہوں کہ اگر کسی لفظ کے دو معنی ہوں جن کے منجملہ ایک سے موصی کی غرض نافذ ہوتی ہو اور دوسری سے نہ اُن ہوتی ہو تو عدالت اُس لفظ کے وہ معنی منتخب کرنے کی پابند ہوتی ہے جس سے موصی کی منشا اور اغراض کی تکمیل ہوتی ہو اور مین خیال کرتا ہوں کہ حکام عالیمقام کی لفظ "قابلیت" کی وہ خاص محدود تعبیر کرنے مین (اگر مین یہ اصطلاح استعمال کرون) تائید ہوتی ہے جس کی اس ہبہ بالوصیت کے جواز کو ثابت کرنے کی غرض سے ضرورت ہے کیونکہ جب آپ یہ دیکھتے ہین کہ موصی لفظ "قابلیت" کے ساتھ لفظ "تعلیم" کا اضافہ کرتاہے تو مین خیال کرتا ہون کہ خود اُس سیاق عبارت سے جسمین آپ اس لفظ کو پاتے ہین حکام عالیمقام وہ معنی اخذ کرسکتے ہین جو اُس کے سمجھانے ضروری ہین یعنی یہ کہ لفظ "قابلیت" سے اُس کی مراد پڑھا کر یا تعلیم دیکر علم سکھانا ہے پس اگر یہ تعبیر درست ہو تو میرے خیال مین کوئی دشواری

صفحہ ۱۰۰۲

باقی نہین رہی کیونکہ وہ بجز لفظ "تعلیم" کے معنی کے وسعت نہ پا سکی گو اُس کے بالکل ہم معنی نہو اور بحث مین یہ تسلیم کیا گیاہے کہ اگر لفظ "تعلیم" کا تنہا استعمال کیا جاتا تو ہبہ بالوصیت جائز ہوتا لارڈ ڈنسلی ڈیل نے یہ بیان کیا تھا کہ اس مقدمہ مین "قابلیت" کو مین سکھانے کے مساوی سمجھتا ہوں قابلیت جو تعلیم کا ایک جزو ہے۔ خیراتی سرمایہ کا کوئی جزو امنا قابل اشخاص کو انعام دینے کی غرض سے صرف نہین کرسکتے تھے جن کا تعلق تعلیم سے نہو"۔

اب اگر اس مقدمہ کو اُس مقدمہ سے متعلق کیا جائے جو ہمارے روبرو پیش ہے تو کیا یہ کہا جاسکتاہے کہ امنا اس کے پابند ہین کہ روپیہ لوگوں کو سنسکرت زبان کی تعلیم دینے مین صرف کریں؟ اگر وہ یہ پسند کرین کہ تمام روپیہ ایسے شخص کو دیدین جو سنسکرت زبان کا ماہر ہو تاکہ وہ اپنے زبان کے علم کو ترقی دے سکے یا جو اُس کی سابقہ مشقت کے صلہ کے طور پر ہو تو کیا یہ کہا جاسکتاہے کہ وہ عام خیراتی غرض مین مدد دیتے ہین؟ اس سے یہ بالکل واضح ہو جاتاہے کہ ہبہ بالوصیت صرف اسوقت جائز ہوسکتاہے اگر تعلیم دینا مقصود ہو۔

دوسرا مقدمہ جس پر مرافعہ علیہ نے استدلال کیا تھا قانون انکم ٹیکس کا ایک مقدمہ ہے۔ کمشنران برائے اغراض خاص انکم ٹیکس بنام پیمسل (۴۸) مین بیت الامرا کو یہ غور کرنا پڑا تھا کہ آیا انکم ٹیکس کے متعلق بعض رقوم جو ضمیمہ الف کی رو سے عائد کیگئی تھین کمشنران برائے اغراض خاص انکم ٹیکس کو عطا کرنی چاہئین۔ انہوں نے یہ قرار دیا تھا کہ الفاظ "خیراتی غرض" جس طور پر کہ وہ قانون انکم ٹیکس مین استعمال کئے گئے تھے غربت سے نجات ملنے کے معنی تک محدود نہ تھے بلکہ اُن کی تعبیر اُن قانونی اور اصطلاحی معنوں کے لحاظ سے کیجانی چاہئے جو قانون انگلستان مین ان الفاظ کے تھے

(۴۸) لا ٹائمز جلد ۶۵ صفحہ ۶۲۱۔

گئے ہین۔ لارڈ میکناٹن نے اپنے فیصلہ کے دوران مین (صفحہ ۵۸۰ پر) یہ رائے ظاہر کی ہے "کہ قانون انگلستان کے مطابق لفظ خیرات اور لفظ خیراتی سے اس قسم کی اصطلاحات مثلاً خیراتی طریقے خیراتی امانتین یا خیراتی اغراض مین خاص معنی منسوب کیے گئے ہین۔ عدالت چانسری نے ہمیشہ خاص رعایت سے عام نوعیت کی اُن اما نتوں کو دیکھا ہے جو عدالت کے اصول کے مطابق جو زمانہ سلف کی پاکیزہ گی سے اخذ کیا جا سکتا ہے خیراتی سمجھی جاتی ہین۔ خیراتی طریقے یا امانتین اکویٹی کا ایک علیحدہ عنوان بنتی ہین جن کی امتیازی حیثیت اس واقعہ سے اور بھی زیادہ نمایاں ہوجاتی ہے کہ انکی نوعیت کے لحاظ سے وہ قاعدہ خلاف مدامت کے متناقض نہین ہوتین جبکہ دائمی ہبہ جو خیرات نہو کالعدم ہوتی ہے" اس مقدمہ سے اس سوال پر کوئی روشنی نہین پڑتی کہ خیراتی ہبہ جات بالوصیت کیا ہوتے ہین اور کیا نہین ہوتے۔

معاملہ وائٹ بنام وائٹ (۱۱) مین کورٹ آف اپیل نے یہ قرار دیا تھا کہ ہبہ بالوصیت جو خیراتی انسٹیٹیوشن یا مذہبی غرض کیلئے کیا گیا ہو بادی النظر مین ہبہ بالوصیت "خیراتی" غرض کیلئے ہوتا ہے موصی نے اپنی جائداد حسب ذیل مذہبی جماعتوں کو اس غرض سے دی تھی کہ اُن کے مابین وہ بحصص مساوی تقسیم کرلیجائے موصی نے ان مذہبی جماعتوں کی فہرست نہین تبلائی جنکے مابین وہ جائدادون کو تقسیم کرنا چاہتا تھا۔ لارڈ لنڈلے نے اپنے فیصلہ کے دوران مین یہ رائے ظاہر کی ہے "ہبہ مذہبی اغراض کیلئے ہے اور دوم یہ کہ مذہبی اغراض کیلئے ہونیکی وجہ سے یہ تصور کیا جانا چاہیے کہ وہ "خیراتی" اغراض کیلئے ہبہ ہے بجز اس کے کہ اسکے خلاف ظاہر کیا جائے۔ اگر ایک مرتبہ یہ نتیجہ اخذ کیا جائے تو باقی حالت واضح ہوجاتی ہے۔ خیراتی ہبہ بالوصیت کبھی غیر معین ہونیکی وجہ سے ساقط نہین ہوتا

ملس بنام فارمر (۳۹) سے اس امر کا تصفیہ ہوجاتا ہے۔ لارڈ ولنڈن کی صریحاً یہ رائے تھی کہ خاص مقاصد کی نامزدگی خیرات کیے ہبہ کی اصلیت نہین بلکہ صرف ایک طریقہ ہونیکی حیثیت رکھتی ہے۔ انگلستان مین خیرات عام نوعیت کی ہونی چاہیے لیکن ہندوستان مین ایسی کی ضرورت نہین ہے۔ خیراتی ہبہ جات بالوصیت خانگی اغراض کیلئے ہوسکتے ہین اور خانگی نوعیت کی مذہبی غرض کیلئے ہبہ بالوصیت ہوسکتا ہے۔ بت کے حق مین یا اس کے کرنے کیلئے جائز ہبہ بالوصیت ہوسکتا ہے۔ جیسا کہ مین نے اوپر بیان کیا ہے دفعہ ۹۰ کا تعلق خیراتی یا مذہبی نوعیت والی عام اغراض کی امانتوں سے ہے اور اسلیے حاکم متعلق لارڈ جسٹس کی دلیل کلیتاً اُن ہبہ جات سے متعلق نہین ہوسکتی جو وصیت ناموں اہل ہنود کے ذریعہ سے عمل مین آئے ہون۔

بیکر بنام سٹن (۹) مین باقیماندہ مال منقولہ کا ہبہ بالوصیت ایسی مذہبی اور خیراتی انسٹیٹیوشنوں اور اغراض کیلئے جو مملکت انگلستان مین ہون جو موصی کے امنا کی رائے مین ٹھیک اور مناسب ہے جائز خیراتی ہبہ بالوصیت قرار دیا گیا تھا۔ اُس مقدمہ مین جو ہمارے روبرو پیش ہے سوال یہ نہین ہے کہ آیا یہ ہبہ بالوصیت جائز ہبہ بالوصیت ہے بلکہ یہ ہے کہ آیا عدالت سے یہ استدعا ہوسکتی ہے کہ وہ ایسے سرمایہ کا انتظام کرے جو کسی خاص غرض کیلئے دیا گیا تھا۔ اگر یہ ہبہ بالوصیت ہندو سماج واقع راجمندری کیلئے تھا تو وہ جائز ہبہ بالوصیت ہوگا لیکن حقیقی دشواری موصی کا منشا معلوم کرلے مین اور اُن امنا کے اختیار تمیزی پر اقتدار رکھنے مین ہوتی ہے جنہین امانت کا انتظام کرنا ہے۔ مقدمہ ملس بنام فارمر (۳۹) پر یہ ظاہر کرنے کیلئے استدلال کیا گیا ہے کہ خیراتی ہبہ بالوصیت کبھی ساقط نہین ہوتا۔ لارڈ الڈن نے اپنے فیصلہ کے دوران مین قانون حسب ذیل طریقہ سے درج کیا تھا "مین اُن تمام اصولون کے متعلق کامل طور پر مطمئن ہون جو اس بحث کے دوران مین پیش کیے گئے ہین

وینکٹا نرسما بنام نیاتیہی سبا (مدراس)

صفحہ ۳۰۰

(۳۹) ریوائز ڈ ریپورٹ جلد ۱۳ صفحہ ۲۴۷

فانو سہا راؤ بنام پیدی سیتا راؤ (مدراس)

دیا اس ترتیب کو منظور کرتا ہوں۔ اس میں کچھ شبہ نہیں ہو سکتا کہ عدالت کو موصی کیلئے وصیت کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے بلکہ وہ صرف اُس وصیت نامہ کی تعمیل کر سکتی ہے جو خود اُس نے کیا تھا۔ اور ایسا عمل وہ صرف اس بنا پر کر سکتی ہے کہ اُسکی تعبیر اس طریقہ سے کرے جسکو یہ خاص مثال میں سابقہ نظائر نے صحیح تعبیر قرار دیا ہے اور نہ ایسا کوئی شبہ ہو سکتا ہے کہ وصیت نامہ کے وہی الفاظ جب اُنکو افراد کی صورتوں سے متعلق کیا جائے تو اُن کیلئے تعبیر کے بالکل مختلف قاعدہ کی ضرورت ہو بمقابلہ اُس کے جو اُس سے اُسوقت متعلق ہوگا اگر اُس کو خیرات کے مقدمہ سے متعلق کیا جائے۔ اگر میں اپنی جائداد کسی ایسے شخص کو دوں جسکو میں بعد میں اپنا وصی نامزد کرونگا اور بعد میں کسی شخص کو وصی نامزد نہ کروں یا اگر جب کوئی موصی مقرر کیا گیا ہو وہ میری زندگی میں فوت ہو جائے اور اُسکی بجائے میں کسی دوسرے شخص کو مقرر نہ کروں تو ہر ایسے مقدمہ میں افراد کی حد تک موصی کی نسبت یہ قرار دیا جانا چاہیئے کہ اُس نے وصیت نہیں کی ہے اور اُس کا وارث قریب تر جائداد حاصل کریگا لیکن خیرات کے حق میں ہبہ بالوصیت کو نافذ کرنے کیلئے عدالت دونوں تمثیلات میں موصی کی جگہ مقرر کر دیگی اور اُس حالت کو نافذ کریگی جو افراد کی حد تک کلیتاً ساقط رہتی۔ یہ امتیاز غالباً جزوی طور پر رومن لا کے اُن اصولوں پر مبنی ہے جنکو ہم اسوقت اچھی طرح سے نہیں سمجھتے اور جزواً اس میں شک نہیں کہ مذہبی خیالات پر جو اس ملک میں گذشتہ زمانہ میں رائج تھے جنکے مطابق یہ کام جج معاملات مذہبی کا تھا کہ وصیت نہ ہونیکی صورت میں وہ جائداد کو تقسیم کرے۔ ایک تیسرا اصول جس پر اعتراض کرنیکا اب موقع نہیں رہا ہے یہ ہے کہ اُن تمام مقدمات میں جنمیں موصی نے خیراتی اغراض کے لئے جائداد دینے کا منشا ظاہر کیا ہو اگر وہ منشا قطعی طور پر قرار دیا گیا ہو اور کوئی امر غیر یقینی نہ رہا ہو سوائے اُس طریقہ کے جس طریقہ سے کہ اُس کا نافذ کرنا مقصود ہے تو یہ عدالت اُس منشا کو نافذ کریگی یعنی اُس وقت وہ طریقہ مقرر کر دے گی جو متروک ہو گیا تھا۔"

کاکس بنام منیرس (۴۰) میں سرجان وگرس وی سی نے یہ قرار دیا تھا کہ ڈومینیکن کانونٹ بمقام سی کیلئے ہبہ بالوصیت ۴۳ الزبتھ باب ۴ کی عبارت یا مفہوم میں داخل نہ تھا۔ صفحہ ۵۰۵ پر انہوں نے یہ رائے ظاہر کی ہے: "عورتوں کی متفقہ جماعت جسکی غرض یہ ہو کہ وہ مذہبی مشق اور انکساری سے اپنی نجات حاصل کرینگی خیراتی انسٹیٹیوشن کے ضروری اجزا میں سے کوئی جزو نہیں رکھتی خواہ لفظ خیراتی کا استعمال اُسکے عام فہم معنوں میں یا قانونی معنوں میں کیا جائے۔ بعض مقدمات میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ مذہبی اغراض خیراتی اغراض ہوتی ہیں لیکن یہ حالت صرف اُن مذہبی خدمات کیلئے درست ہو سکتی ہے جو بالواسطہ یا بلاواسطہ طریقہ سے عوام کی تعلیم یا تربیت کیجانب مائل ہوں سالانہ وظیفہ جو کسی شخص کو اسوقت تک کیلئے دیا جائے کہ وہ اپنا وقت گوشہ نشینی اور عبادت میں صرف کرے خیراتی نہ ہوگا اور نہ ایسا ہبہ جو دس اشخاص کیلئے کیا گیا ہو جبتک وہ گوشہ نشین ایک ساتھ رہیں اور عبادت کریں خیراتی ہوگا۔ ایسی حالت میں ڈومینیکن کانونٹ کے نام ہبہ میری رائے میں خیراتی منشا کیلئے ہبہ نہیں ہے۔"

اس مقدمہ میں بہت قوت کیساتھ اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ چونکہ اُمنا ہندو مذہب کی تشہیر کا اختیار رکھتے ہیں اس لئے ہبہ بالوصیت خیراتی غرض کیلئے ہے اور وہ غیر یقینی ہونیکی وجہ سے ساقط نہیں ہو سکتا تھا۔ کاکس بنام منیرس (۴۰) اُس کا ایک جواب ہے جیسا کہ میں نے اوپر بیان کیا تھا یہ ممکن ہے کہ اُمنا کا یہ خیال ہو جائے کہ وہ ہندو مذہب کو ترقی دیں گے یا ہندو مذہب کی تشہیر میں اس طور پر مدد دیں گے کہ تمام روپیہ ایک شخص یا کسی خاص شخص کو

(۴۰) لا ٹائمز جلد ۲۴ صفحہ ۸۶۹

ڈیکمبا نزا سمہارا، بنام نیاپتی سباراؤ (مدراس)

وہ بن گئے جو ایک مذہبی غرض ہے جو انگلستان مین لازماً عام غرض ہوگی جو کسی ہبہ بالوصیت کو جائز کرنے کیلئے ہندوستان مین ایسی حیثیت ہونا ضروری نہین ہے۔

تاوٹسنڈ بنام کارس (۱۰) مین وگرام وی سی نے یہ قرار دیا تہا کہ ہبہ جسکا اسطور پر استعمال کیا جانا مقصود تہا کہ خدا کی مخلوق کی روحانی بہبودی کو ترقی ہو مذہبی اور اسلئے خیراتی اغراض کے لئے تہا۔

یہ بحث کیگئی ہے کہ سنسکرت زبان کی تشہیر کیلئے عام ہبہ بالوصیت اٹرنی جنرل بنام فلڈ (۱۸) کی سند پر جائز ہوتا ہے اُس مقدمہ مین ہیڈ فیلی کالج ڈبلن کو ہبہ بالوصیت اس غرض سے کیا گیا تہا کہ آئرش زبان کی تعلیم ہو۔ اس مین قطعاً کوئی اعتراض نہین کیا جاسکتا کہ ہبہ بالوصیت جو یونیورسٹی یا کسی کالج یا راجہ چندری ہندو سماج کے حق مین کیا گیا ہو جائز قرار دیا جائے اگر وہ سنسکرت یا کسی دوسری زبان کی تعلیم کیلئے ہو جب ہبہ بالوصیت کسی جماعت کے حق مین نہین بلکہ اُمنا کے حق مین کیا گیا ہو جن سے بعض افعال کے کرنیکی ہدایت کیگئی ہو اور جب عدالت اس قابل نہو کہ وہ اُمنا کے اختیار تمیزی کو قابو مین رکھے اُسوقت عدالت کو یہ دیکہنا چاہئے کہ آیا موصی کا منشا اسقدر معین ہے کہ اُمنا کے اختیار تمیزی پر قابو رکہا جاسکتا ہے بمعاملہ اسکو کرافٹ آرمراڈ بنام ولکنسن (۴۱) مین ہبہ بالوصیت جو ایک پیرش کے موجودہ حلقہ کے پادری کے حق مین اُس عمارت کے متعلق کیا گیا تہا جو موضع کے کلب اور دار المطالعہ کے طور پر استعمال کیجاتی تہی تاکہ وہ قدیم اصولوں اور مذہبی اور دماغی ترقی کی پیشرفت مین استعمال کیجائے اور نشی اشیا اور "ناچ" سے مبرا رہے یہ قرار دیا گیا تہا کہ اُس مقدمہ مین منشا واضح ہے اور غرض خیراتی اور عام نوعیت کی ہے

کلوڈ بنام اینڈریوز (۱۲) مین موصیہ نے اپنے اُمنا کو یہ ہدایت دی تہی کہ وہ رقوم امانتی مجکو دین تاکہ وہ اُن کو وطن مین بیرون وطن یا نو آبادیات مین ایسی مشنری غرض مین استعمال کرے جسکو وہ اپنے قطعی اختیار تمیزی کے استعمال مین منتخب کرے گا موصیہ کو یہ معلوم تہا کہ م دوسرے ممالک اور جزیرہ نجات مین عیسائی مشن کی مدد کرنے مین مصروف تہا جسٹس وارنگٹن نے یہ قرار دیا کہ ہبہ بالوصیت جائز تہا انہوں نے یہ بیان کیا تہا "یہ ظاہر کیا گیا ہے کہ ہبہ کے الفاظ بہت زیادہ مبہم مین کیونکہ الفاظ مشنری اغراض لازمی طور پر عیسائی مشنون تک محدود نہین ہین لیکن لفظ "مشنری" کا استعمال زیادہ تر ایسے شخص سے متعلق کیا جاتا ہے جو مذہبی اور بالخصوص عیسائی مشنون مین مصروف ہو مین خیال کرتا ہوں کہ مین اس امر پر غور کرنیکا مستحق ہون کہ ڈاکٹر بیکلین کون شخص تہا اور یہ کہ وہ سالہا سال سے عیسائی مشنون کے کام مین مصروف تہا اور یہ کہ موصی کو اُس سے اور اُسکے کام سے واقفیت تہی۔ مین خیال کرتا ہون کہ موصیہ نے لفظ مشنری اُس کے معمولی اور عام فہم معنوں مین استعمال کیا تہا اور مین یہ قرار دیتا ہون کہ ہبہ جائز خیراتی ہبہ تہا مباحثہ کے دوران مین آئرلینڈ کے مقدمہ بیکا جیری بنام براؤن رگ (۴۰) کا حوالہ یہ ظاہر کرنے کیلئے دیا گیا تہا کہ لفظ اس قابل نہ تہا کہ اُسکے کوئی معین معنی ہوسکین جسٹس وارنگٹن نے جیسا کہ رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے اُسکی تقلید کرنے سے انکار کیا تہا۔

مورس بنام بشپ ڈرہم (۴۲) مین ہبہ بالوصیت جو ماتحت بہبودی اور خیرات کی ایسی اغراض کیلئے تہا جنکو مین خود اپنے اختیار تمیزی کے استعمال مین بہت زیادہ پسند کرے خیراتی ہبہ بالوصیت نہین قرار دیا گیا تہا۔ لارڈ چانسلر (ایلڈن) نے اس بحث کے جواب مین کہ وہ خیراتی ہبہ بالوصیت تہا اور یہ کہ مین ہرشلنگ خیراتی اغراض کیلئے تصرف کر سکتا تہا حسب ذیل رائے ظاہر کی تہی "لیکن حقیقی سوال یہ ہے کہ اگر ایک طرف وہ تمام جائداد ان اغراض کیلئے صرف کر دیتا جو اس معنی مین خیراتی ہین تو ممکن تہا کہ وہ مساوی طور پر منشا کے مطابق

(۴۱) لا جرنل چانسری جلد ۶ صفحہ ۹۹

(۴۲) ریوازڈ رپورٹ جلد ۹ صفحہ ۲۳۲-

وینا وینکٹا نرسمہا راؤ بنام چیتی نیاپتی سبا راؤ (مدراس)

تمام جائداد بہبودی اور خیرات کی اغراض مین صرف نہ کرتا اور پھر بھی خیراتی اغراض کے معنون مین داخل نہ ہوتا جس طور پر کہ عدالت نے بیچ اُس الفاظ کی تعبیر کی ہے اور اگر منشا کے مطابق اُسکو ایسا عمل کرنے کا اختیار تہا تو مین یہ نہین خیال کرتا ایسے الفاظ کی کسی سند کی بنا پر عدالت اُس پر انتظام بیجا کا الزام لگا سکتی تہی اگر اُس نے تمام جائداد اُن اغراض ... کردی تہی جو موصی کے منشا کے مطابق بہبودی کے اور خیراتی تہین اور وہ بہبودی اور خیرات کی اُس قسم کے افعال نہون جنکو ... وصیت نامہ کی تعبیر کرنے مین ... کہتی ہے لیکن سوال یہ ہے کہ آیا ... کے مطابق اُن عبارتوں اور معنوں کے ... مین نہین ... کا حوالہ دیا گیا تہا جب عیسائی مذہب مین ... کے حوالہ کا لحاظ کیا جائے تو اس وصیت کا منشا ... الفاظ سے یہ تہا کہ مدعی علیہ کو خیرات یا خیراتی اغراض کے لیے افعال ... محدود کیا جائے جنکو عدالت ہذا بذریعہ ڈگری ... کرتی۔ میرے خیال مین منشا نہ تہا اور اگر نہ تہا تو منشا اسقدر غیر معین ہے کہ اُس سے امانت قائم نہین ہوتی لیکن منشا امانت کے قائم کرنے کا تہا اور غرض چونکہ بہت زیادہ غیر معین ہے اس لئے وہ ناکامیاب ہی ہے۔

موجودہ مقدمہ مین اگر امنا نے یہ پسند کیا تہا کہ وہ تمام مقدار مذہبی غرض مین صرف کرین جو عام نوعیت کی ہو تو کیا عدالت یہ کہہ سکتی تہی کہ امنا کو ایسا عمل کرنیکا اختیار تمیزی حاصل نہین ہے؟

صفحہ ۱۰۰۵ اگر امنا کی نسبت یہ قرار دیا جائے کہ وہ بروے وصیت نامہ ایسا عمل کرنیکا اختیار تمیزی رکہتے ہین تو عدالت اُس اختیار تمیزی پر قابو رکہنے سے لاچار ہوگی اور مقدمہ مورس بنام بشپ ڈرہم[۴۴] کے اصول کو متعلق کرتے ہوئے مجھے یہ قرار دینا چاہئے کہ اختیار تمیزی اس قدر وسیع ہے کہ عدالت اُس پر قابو نہین رکہہ سکتی تاوقتیکہ

حالت مین ہبہ بالوصیت ناقص ہے۔

مقدمہ ... بنام میکڈف (۲۰) مین رقم کا ہبہ بالوصیت جو ایک یا دوسری ... خیراتی اغراض کیلئے تہا یا ... یہ قرار دیا گیا تہا کہ وہ محض اسوجہ سے ناقص نہ تہا کہ ... تہی بلکہ اُسکی نسبت یہ تصور کیا جانا چاہئے کہ وہ خیراتی یا ہمدردی خلائق کیلئے تہا اس قسم کا ہبہ بالوصیت جائز خیراتی ہبہ بالوصیت نہین۔ کیونکہ ایسی عام اغراض ہوسکتی ہین جو خیراتی نہوں لارڈ ایلڈن نے مورس بنام بشپ ڈرہم (۴۴) مین لارڈ ایلڈن کی رائے کا ... دینے کے بعد صفحہ ۴۶۳ پر یہ رائے ظاہر کی ہے پس جب ہم عام الفاظ پر غور کر رہے ہوں تو ہمین یہ غور کرنا چاہئے کہ آیا غرض یا امانت کی کوئی ایسی علامت موجود ہے کہ عدالت اگر ... سے اُسکی تکمیل ... معلوم کرسکے کہ اُسکو کیا کرنا ہے خود اپنے اختیار ... کو معلوم کرسکے الفاظ جو یہاں استعمال کیئے گئے ہین وہ خیراتی یا ہمدردی خلائق کی اغراض ہین مین فرض کرتا ہون کہ لفظ خیراتی عام مبہم معنون مین استعمال کیا گیا ہے * * تو لفظ ہمدردی خلائق کیا معنی ہین؟ * * اٹرنی جنرل نے یہ بیان کیا ہے کہ کوئی ہمدردی خلائق کی غرض خیراتی نہین ہوتی میرا جواب یہ ہے کہ آپ وہ الفاظ پر بحث کر رہے ہین جنکے معنی اسقدر مبہم ہین کہ یہ کہنا بہت دشوار ہے لیکن ایسی اغراض ظاہر کرسکتے ہین جنکا فیاضی کی ہونا ممکن ہے لیکن جو خیراتی ہنو ایسی اغراض جو امیرون کیلئے ارادہ ظاہر کرتی ہوں اور غریبون کو اُس مین سے خارج کیا گیا ایسی اغراض لفظ کے معمولی معنون مین ہمدردی خلائق کی اغراض ہونگی یعنی یہ کہ وسیع غیر معین معنون مین کہ عوام الناس کیلئے یا اُن سے زیادہ تعداد کیلئے بہتری کا ارادہ ظاہر کیا جائے لیکن مین نہین خیال کرتا کہ وہ خیراتی ہونگی مین اس بات سے بالکل

امانت خیراتی ہوسکتی ہے گو وہ فرماتے ہیں کہ مجھے بعید نہ ہوگا لیکن مجھے شبہ ہے کہ آیا کوئی امانت خیراتی قرار دیجا سکتی ہے جس سے غربا کو خارج کیا گیا ہو انہون نے کمشنران برائے اغراض خاص انکم ٹکس بنام پمسل (۳۸) مین لارڈ میکناٹن کے فیصلہ کا حوالہ دیا ہے اور یہ رائے ظاہر کی ہے کہ سر سیموئیل رومیلی کا یہ منشا نہ تہا اور مجھے یقین ہے کہ لارڈ میکناٹن کا منشا یہ کہنے کا نہ تہا کہ عوام الناس کے عام فائدہ کی ہر غرض لازمی طور پر خیراتی ہونی چاہیے۔ بعض کی یہ حیثیت ہونی ممکن ہے اور بعض کی نہین۔ کنڈال بنام گرینگر (۴۳) مین جہان عبارت جو استعمال کیگئی تہی وہ تمام فائدہ کے کامون کو ترقی دینا تہی لارڈ لینگڈیل نے نتیجہ اخذ کیا کہ یہ کوئی خیرات نہ تہی اور مجھے آگاہی نہین ہے کہ اُس کا فیصلہ کبھی منسوخ کیا گیا یا اُس پر کبھی اعتراض کیا گیا ہے۔ اب جو کچہ کہ لارڈ میکناٹن نے بیان کیا تہا وہ بین طور پر لارڈ سیموئیل رومیلی کی عبارت کے معنی ہین جسکو مین نے ابہی پڑھا ہے خیرات اپنے قانونی معنوں مین چار خاص حصون پر مشتمل ہے (۱) امانت غربت سے آرام دلانے کیلئے (۲) امانت تعلیم کی ترقی کیلئے (۳) امانت مذہب کی ترقی کیلئے اور امانت دوسری اغراض کیلئے جو عوام الناس کیلئے منفعت بخش ہوں جو سابقہ عنوانون مین سے کسی کے تحت نہ آتی ہو جب چوتہے عنوان کی نسبت سر سیموئیل رومیلی کے اُس کسیقدر مبہم الفاظ کو چہوڑ دیا جائے جو نہایت ہی دشوار ہین جن سے بالکل واضح طور پر یہ ظاہر ہوتا تہا کہ سر سیموئیل رومیلی نے یہ سمجہا تہا اور مجھے کچہ شبہ نہین ہے کہ لارڈ میکناٹن نے ہی اسکو سمجہا تہا کہ عوام الناس کے عام فائدہ کی بعض اغراض ہوسکتی ہین جو خیراتی ہوں اور بعض اس قسم کی جو خیراتی نہوں مقدمہ کا تصفیہ کرنے مین ہمین اسٹیٹیوٹ الزبتہ سے اسکے سخت یا محدود الفاظ سے نہین بلکہ اُس امر سے جسکو اُس کا مفہوم یا اُس کا منشا کہا گیا ہے استناد کرنا چاہئیے جیسا کہ عدالت نے خیراتون کی نسبت بہت آزادی سے اخذ کیا ہے لیکن یہ آزادی ہمیشہ اسٹیٹیوٹ الزبتہ سے استناد کرنے یا اُس سے استناد کرنا ظاہر کرنے تک محدود رہی ہے مین یہ بیان کر سکتا ہون کہ موصی کے منشا کی نسبت آزادانہ تعبیر کی انتہائی حد پر اسوقت پہنچا گیا تہا جب بیت الامرا نے یہ قرار دیا تہا کہ اس مضمون کا ہبہ بالوصیت کہ ہندوستان مین ایک شفاخانہ قائم کیا جائے جسمین ۱۰۰ لڑکوں کی گنجائش ہو جائز ہبہ بالوصیت تہا مجسٹریٹ ڈنڈی بنام موریس (۴۴) ایک قدرے مختلف صفحہ ۱۵۶ میں یہ رائے ظاہر کی تہی واقعہ مذکورہ کی نسبت یہ بیان کیا گیا ہے کہ ایک خاص تعداد مین لڑکون کیلئے شفاخانہ قائم کرنیکی محض خواہش اسقدر غیر معین اور غیر یقینی ہے کہ یہ ناممکن ہے کہ موصی کے منشا کو نافذ کرنے کے بجائے اسکو زائل کرنے کے خطرہ کے بغیر اسکی تکمیل کیجائے۔ یہ کہ زیادہ سے زیادہ یہ محض سرسری خواہش کی علامت ہے یہ کوئی سابقہ ارادہ کی علامت نہین ہے لیکن کسی موصی کیجانب سے محض اس خواہش کا اظہار کہ اسکی جائداد کسی خاص غرض کیلئے صرف کیجانی چاہیے غرض مذکور کیلئے ہبہ بالوصیت کی حد تک پہنچتا ہے اور اس وصیتنامہ کی عبارت بظاہر کافی یقین کے ساتہہ یہ ظاہر کرتی ہے کہ موصی کس امر کی تکمیل چاہتا تہا۔ الفاظ شفاخانہ قائم کیا جانے کی نسبت میرے خیال مین یہ کہنا چاہئیے کہ اُن سے یہ منشا ظاہر ہوتا ہے کہ ایک عمارت کا انتظام کیا جانا چاہئیے جسکو مقدمہ اٹرنی جنرل بنام ولیمس (۴۵) مین لفظ قائم کرنا کے معنی کے طور پر فرض کیا گیا ہے انہون نے یہ قرار دیا تہا کہ جب موصی نے اپنی یہ خواہش ظاہر کردی تہی کہ وہ اپنی جائداد شفاخانہ کے قائم کرنے مین صرف کریگا تو موصی کی ہر تحریر مابعد جو اُس نیم تختہ کاغذ پر ہو ایک خاص حد تک سابقہ خیراتی ہبہ بالوصیت کی تائید ہوتی ہے۔ وہ اس قرار کی حد تک پہنچتی ہے کہ روپیہ جو اس نے غرض مذکور مین لگایا تہا وہ ہبہ جات بالوصیت کی تعداد کی تخفیف

وینکٹا نراسمہ بنام سیا پتہی تہا دمدراس

صفحہ ۱۰۰۶

(۴۳) ریاٹرز ڈ رپورٹ جلد ۹ صفحہ ۵۰۰ (۴۴) ریاٹرز ڈ رپورٹ جلد ۱۹ صفحہ ۲۳ (۴۵) ۱ انگلش رپورٹ جلد ۳۰ صفحہ ۱۸۱

مینکٹا نرسہا راؤ بنام نیاپتی سبا راؤ (مدراس)

کے تابع ہونا چاہیئے اور اُس کے بعد جن کا تعلق تسفا خانہ سے ہے اُس مین سے پہلے یہ کا ایسی تعلق اُن کی جائداد کے ... آمد فی سے تہا جس کا آغاز ان الفاظ سے ہوتا تہا میری یہ بہی خواہش ہے ۔

انگلستان مین عدالت چانسلری کے فیصلہ جات بالعموم موجود ہین جنمین نہ صرف لفظ خیرات کی بلکہ موصی کی منشا کے متعلق وصیت نامے کے الفاظ کی بہی موجودہ تعبیر کیگئی ہے ۔ ڈبلی بنام مرفی (۱۵) مین پریوی کونسل نے یہ قرار دیا تہا کہ باقیماندہ جائداد کا ہبہ بالوصیت جو ... رومن کیتہولک ارکبشپ برسبین اور اسکے جانشینوں کے حق مین کیا گیا تہا جس کا منشا اسکو صرف کلاً یا جزواً اُس طریقہ سے ہو جسکو ایسا ارکبشپ ... مذہب کی بہبودی کا بہت زیادہ باعث ہونیوالا خیال کرے جائز خیراتی ہبہ بالوصیت نہین ... کالعدم ہے وصیت نامہ کے الفاظ یہ ہین مین یہ وصیت ... کرتا ہون ... کیمین ... رومن کیتہولک ارکبشپ برسبین ... کے قائم مقامون کے جو اُسکے بہی ہو کلاً یا جزواً اُس طریقہ سے اُس ... جائے ... مذہب کی بہبودی کا بہت زیادہ باعث ہونیوالا خیال کرین لارڈ میکناٹن نے جنہون نے حکام عالیمقام پریوی کونسل کا فیصلہ صادر کیا تہا صفحہ ۱۴ پر یہ رائے ظاہر کی ہے ہبہ بالوصیت کی عبارت کی اگر ... ڈلینگ ڈیل کے الفاظ کا استعمال کیا جائے ایسی وسیع تعبیر کیجانی ممکن ہے کہ اُس سے ایسی کوئی امانت قائم نہو سکی تعمیل عدالت کو نہی کیجانب سے ہوسکتی ملاحظہ ہو بیکر بنام سٹن (۱۹) اگر جیسا کہ سر ولیم گرینٹ نے جیمس بنام ایلن (۲۶) مین بیان کیا تہا جائداد وصیت نامہ کے مطابق بحث خیراتی اغراض کے علاوہ دوسری اغراض مین لگائی جاسکتی تہی تو امانت اسقدر غیر معینہ ہوگی کہ عدالت اُسکی تعمیل نہین کرسکتی اس مقدمہ مین ہبہ بالوصیت ارکبشپ برسبین اور اسکے جانشینون کے حق مین تہا ... کا استعمال ایسے طریقہ سے ہوسکے جو مذہب کی بہبودی کو بہت زیادہ ترقی دینے والا ہو ۔ یہ فرض کیا جاسکتا ہے کہ ارکبشپ برسبین موہوبہ جائداد کی آمدنی اپنے حلقہ مین مذہب کی بہبودی کے علاوہ کسی دوسری غرض مین صرف نہ کریگا لیکن چونکہ اسکو یہ اختیار تمیزی دیا گیا تہا کہ وہ رقم کلاً یا جزواً ایسی غرض کیلئے صرف کرے اس لئے یہ ہبہ بالوصیت کالعدم قرار دیا گیا تہا کیونکہ ارکبشپ کے اختیار تمیزی پر عدالت قابو نہین رکہہ سکتی تہی ۔

اس مقدمہ مین کیا یہ کہا جاسکتا ہے کہ اگر امنا سند وسماج واقع راجمندری کے امنا کے ساتہہ روپیہ کسی مذہبی غرض کیلئے استعمال کرنا پسند کرین جو عام نوعیت کی نہو یا ایسی غرض ہو جو عدالتوں کے خیال کے مطابق بحث مذہبی غرض نہین ہے تو عدالت اُن کو اس سے باز رکہہ سکتی تہی یا اُن پر بد انتظامی کا الزام لگا سکتی تہی ؟ جب ایسا عمل کیا جاسکتا ہو اور جب عدالت کے اختیار سے بچنے کیلئے امنا ہمیشہ وصیتنامہ کے موجب اختیار تمیزی کا عذر پیش کرسکتے ہون تو یہ ہبہ بالوصیت جائز ہبہ بالوصیت قرار نہین دیا جاسکتا بلیہ بنام ٹومکن (۲۷) مین جہان ایک موصیہ نے بذریعہ ضمیمہ وصیتنامہ خود اپنی قلمی تحریر سے اپنے امین کو یہ ہدایت دی تہی کہ اُن حالات مین جو واقع ہوتے تہے باقیماندہ جائداد کا نصف حصہ ایسی خیراتی یا رفاہ عام کیلئے استعمال کیا جانا چاہیئے جن کو میرا امین مناسب خیال کرے ہیت الامرا نے یہ قرار دیا تہا کہ ہدایت غیر یقینی ہونے کی وجہ سے کالعدم تہی ۔ لارڈ ہالسبری نے اپنے فیصلہ کے دوران مین یہ رائے ظاہر کی ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ مساوی طور پر انگلستان کا قانون ہوگا جیسا کہ وہ اسکاٹلینڈ کا قانون ہے کہ تصرف کا اختیار جو بیان الف ب کو اس امر کا تصفیہ کرنے کے متعلق دیا گیا ہے کہ بالخصوص کونسی عام اغراض امانت کا مقصود ہونا چاہیئین اسقدر مبہم اور غیر یقینی ہے کہ انگلستان یا اسکاٹلینڈ کی کوئی عدالت اسکو نافذ نہین کرسکتی لارڈ رابرٹسن نے صفحہ ۴۹ پر یہ بیان کیا ہے ۔

(۲۶) ریوائزڈ رپورٹ جلد ۱۰ صفحہ ۴ ۔

(۵)

میرے خیال میں عدالتوں نے تاریخی واقعہ کے معاملہ کے طور پر ارادۃً یا بلا ارادہ اس جانبداری کو ظاہر کیا ہے جو ایسے شخص کو جو اچھے خیالات رکھتا ہو خیرات کی طرف مائل کر دیتی ہے اور یہ حالت کبھی اس سے زیادہ واضح طور پر ظاہر نہیں ہوئی تھی اور نہ اوسکو زیادہ صاف طور پر بیان کیا گیا تھا بمقابلہ اوس فیصلہ کے جو حکام عالی مقام دارالامرا نے مورگن کے مقدمہ مجسٹریان ڈنڈی بنام موریس (۱۸۴۸ء) میں صادر کیا تھا۔ خیراتی ... کے لئے اس رعایت سے میں اون خیراتی اغراض کے لئے ہبہ بالوصیت کے جواز کے فیصلہ کو تسلیم کرتا ہوں جن کو کوئی امین منتخب کرے جیسا کہ مجھ سے استدعا کی گئی ہے کہ میں تمثیلاً عام اغراض سے خیراتی اغراض کے متعلق فیصلوں کو منتقل کر دوں تو میں ایسا عمل کرنے سے انکار کرتا ہوں صحیح نتیجہ جو اون مقدمات سے اخذ ہو سکتا ہے یہ نہیں ہے کہ یہ قانون سمجھی کی اغراض کی کوئی خاص قسم یا خاص اقسام منتخب کرنی چاہیں قبل اسکے کہ وہ امین کو یہ اختیار دیسکتا ہے کہ وہ ہبہ بالوصیت کی غرض منتخب کرے کیا گیا ہے بلکہ محض یہ کہ یہ طے ہو گیا ہے کہ خیراتی اغراض سے یہ خاص قسم بنتی ہے جیسا کہ میں نے اوپر بیان کیا ہے بیت الامرا نے لارڈ ایلڈن کے خیال کے مطابق قطعاً ڈنڈی بنام موریس (۱۸۴۸ء) میں بہت ہی وسیع تعبیر اختیار کی تھی میری رائے میں نہایت ہی اہم مقدمہ جو اس سوال سے تعلق رکھتا ہے مقدمہ گریمانڈ بنام گریمانڈ (۱) ہے اوس مقدمہ میں ایک موصی نے اپنے امنا کو یہ ہدایت دی تھی کہ وہ اوسکی جائداد باقیماندہ کا ایک حصہ ایسے خیراتی یا مذہبی کاموں اور جماعتوں کے لئے اور ان میں صرف کرین جنکو وہ پسند کرین دارالامرا نے یہ قرار دیا تھا کہ ہبہ بالوصیت غیر یقینی ہونیکی وجہ سے کالعدم تھا۔ لارڈ ماٹکریف کا مختلف الرائے فیصلہ زیادہ تر شاید کے ساتھ اون حالات سے متعلق ہوتا ہے جو ہندوستان میں رائج ہیں۔ مذہبی اغراض کا ذکر کرتے ہوئے اونہون نے یہ بیان کیا ہے (صفحہ ۶۰۰*) یہ بیان کیا گیا ہے کہ اصطلاح "مذہبی اغراض" اصطلاح "عام اغراض" کے مقابلہ میں زیادہ محدود اور معین ہے ممکن ہے کہ یہ سچ ہو لیکن یہ نتیجہ نہیں نکلتا کہ اصطلاح "مذہبی اغراض" اسقدر معین ہے کہ اوسکو نافذ کیا جا سکتا ہے حقیقت یہ ہے کہ اوسکی تعبیر اور قیود کی نسبت بہت شبہ اور جھگڑا ہو سکتا ہے جیسا کہ "اغراض عامہ" کے متعلق ہو سکتا ہے دارالامرا نے اس رائے کو بحال کیا تھا اگر الفاظ "مذہبی اغراض" کے سمجھنے میں ایسے مقام پر جیسا کہ اسکاٹلینڈ ہے جہاں زیادہ مذاہب نہیں ہیں اسقدر دشواری ہوتی ہے تو ہندوستان میں دشواری اس سے بھی زیادہ ہوگی جہاں معین طور پر یہ فرض کرنا ممکن نہیں ہے کہ ہندو مذہب کیا ہے سوال کا کہ ہندو مذہب کیا ہے کوئی دو شخص ایک ہی جواب دینگے۔ عام فہم اصطلاح ہندو مذہب کے دائرہ میں انسانی روح کے اعلیٰ ترین مدارج اور بہترین اخلاق و نیز جانور اور بھوت کی پرستش کے نہایت ہی ادنیٰ اور کمینہ طریقے داخل ہیں لارڈ ہالسبری نے (صفحہ ۱۲۶) یہ بیان کیا ہے "میری رائے میں موصی نے یہاں کوئی قسم نہیں بتلائی ہے جس سے اوسنے اپنے امنا کو یہ اجازت دی تھی کہ وہ کسی ایک کو منتخب کریں بلکہ اوسنے اپنی ہدایات اسقدر مبہم رکھی ہیں کہ اپنے لئے کسی وصیت کے کرنیکی بجائے کسی دوسرے شخص کو یہ اختیار دیتا ہے کہ وہ اُسکے لئے وصیت نامہ مرتب کرے جو میں ایک ایسا اعتراض خیال کرتا ہوں جو ہمیشہ ملحوظ کیا گیا جب ہدایات اس حد تک مبہم ہوں کہ نہ کہا جا سکتا ہو کہ موصی کا منشا کیا تھا۔ اس مقدمہ میں موصی نے خود کوئی وصیت نامہ نہیں کیا ہے

دیگر مقدمہ
بنام
نیاپتی سبا
(مدراس)

* صفحہ اپیل کیسز بابتہ سنہ ۱۹۱۸ء

دیکھو ترا سپہاکر بنام شیلا پتی سبارائو (مدراس) اور نیز اُسی نے اجازت دی ہے کہ اسکی وفات کے بعد کوئی دوسرا شخص اسکے لئے وصیتنامہ مرتب کرے اور قانون ایسا کرنیکی اجازت نہ دیگا"

لارڈ ہرشل نے یہ بیان کیا تھا "میں اون وجوہ سے جو لارڈ میکناٹن نے بتلائی ہیں اون کے فیصلہ سے متفق ہوں"

مدعا علیہ نے ہم سے بیان جو عمل کرنیکی استدعا کی ہے وہ یہ ہے کہ موصی کے لئے ایک وصیت نامہ مرتب کیا جائے۔ اونھوں نے بیان کیا ہے کہ اگر اغراض واضح نہ ہوں تو عدالت کو چاہئے کہ ضوابط مقرر کرے اور اغراض کو واضح کردے۔ یہ عدالت کا کام نہیں ہے اور جیسا کہ لارڈ ہالسبری نے تحریر کیا ہے کوئی عدالت کسی موصی کے لئے کوئی وصیت نامہ نہیں مرتب کر سکتی۔

کنڈال بنام گرینگر (۳۴۳) میں منقولہ جائداد کا ہبہ بالوصیت جو اُسکے حق میں اس غرض سے عمل میں آیا تھا کہ مالی پریشانی بچانے اور ملنے کے لئے اوسکو متعلق کیا جائے ویسی مگر مستحق لوگوں کو مدد پہنچائے یا مفاد عامہ کے کاموں کو ترقی دیجائے خیراتی ہبہ بالوصیت کی حیثیت سے کالعدم قرار دیا گیا تھا لارڈ لینگڈیل نے قانون حسب ذیل طریقہ سے قرار دیا تھا "میرے خیال میں خیراتی غرض بجو بی مفاد عامہ کی غرض ہوسکتی ہے لیکن وہ سوال جو اس مقدمہ میں جیسے کہ خیراندیشانہ اغراض کیلئے ہبہ کی صورت ہے میرے خیال میں پیدا ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ آیا مفاد عامہ کی تمام اغراض لازمی طور پر ایسی اغراض ہوتی ہیں جنکو یہ عدالت خیراتی خیال کرتی ہے۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ میری رائے میں اُن فیصلوں کے مطابق جو اس عدالت میں صادر کیے گئے ہیں اونکی یہ حیثیت نہیں ہوتی۔ الفاظ "مفاد عامہ" اسقدر وسیع ہیں کہ ان میں وہ اغراض داخل ہوتی ہیں جو خیراتی ہیں اور جنمیں ایسی اغراض شامل ہوں جو خیراتی نہیں ہیں (صفحہ ۱۰۰۶) میں اسکو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ اونکو ایسی اغراض سے متعلق کرنے

جو خیراتی ہوں اور اسطرح امانتی رقم کو اُن اغراض سے پھیر دے جنکو عدالت بذا خیراتی سمجھنے کی عادی ہے"۔

اب میں مختصراً اس امر کے متعلق ہندوستان کی نظائر پر غور کرونگا۔ جاہنوی چرن مِتر بنام ہری پدا داس (۱۹۶) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ دھرم شاستر کی رو سے عام وقف جو پرمیشر کی پوجا کے اخراجات کیلئے جبکہ اُس دیوتا کا نام نہ بتلایا گیا ہو جسکے فائدہ کیلئے وقف اثر پذیر ہوگا غیر متعین ہونیکی وجہ سے کالعدم تھا۔ اس مقدمہ میں مقدمہ پنڈل بنام ارپیشمی (۱۹۸) کی تقلید کی گئی ہے جسمیں یہ قرار دیا گیا تھا کہ وقف جو کسی خاص دیوتا کے لئے نہیں جو بعد میں کسی مندر میں قائم کیا جانے والا تھا بلکہ ایک ٹھاکردوارہ میں ٹھاکرجی کے نام کیا گیا تھا جبکہ اُن خاص ٹھاکرجی کا ذکر نہیں کیا گیا تھا جنکو جائداد وقف کی گئی تھی غیر متعین ہونیکی وجہ سے کالعدم تھا جسٹس سرجیکسن اور جسٹس بنرجی نے قرار دیا تھا کہ وہ کسی خاص دیوتا کے لئے وقف نہ تھا جو بعد میں کسی مندر میں قائم کیا جانیوالا تھا۔ وہ ٹھاکرجی کے نام اُن ٹھاکردوارے میں وقف تھا جبکہ اُن ٹھاکرجی کا ذکر نہیں کیا گیا تھا جنکو جائداد وقف کی گئی تھی جیسا ہم نے اسکے قبل بیان کیا ہے کوئی ٹھاکرجی اور کوئی ٹھاکردوارا موجود نہ تھا اور اسلئے غیر یقینی ہونیکی بناپر وقف ناقص تھا۔

پاربتی پی بی بنام رام بروُن اوپادیہا (۴۸) میں جو دھرم شاستر کے مکتب متاکشرا کے تابع ایک ہندو کے وصیتنامہ کا وہ فقرہ جسکی رو سے باقیماندہ جائداد منتقل کی گئی تھی حسب ذیل عبارت میں تھا "میری باقیماندہ جائداد کی نسبت میں اُسکو امانتاً اپنے موصی کے حق میں عطا اور ہبہ کرتا ہوں تاکہ تمام جائداد خیرات میں ایسے طریقہ سے اور ایسی مذہبی اور خیراتی اغراض میں اور ایسے طور سے جسکو وہ اپنا اختیار تمیزی کو استعمال میں مناسب خیال کرے" باقیماندہ جائداد کا ہبہ بالوصیت جائز خیراتی ہبہ بالوصیت قرار دیا گیا تھا جسٹس ہنڈرسن نے صفحہ ۸۹۹ پر بیان ظاہر کی ہے لیکن میری رائے میں

تمام باقیماندہ جائداد خیرات میں دینے اور صرف کرنے کی ہدایت ان الفاظ پر حاوی ہے جو اسکے بعد میں یا بعد میں لیکن ایسی حالت میں وہ اغراض جنکے لئے جائداد صرف کی جانی چاہئے خیراتی ہوں یا گو وہ ساتھ ہی ساتھ مذہبی ہوں۔ اس تعبیر کے بموجب جس کا عمل امانتی جائداد کو ان اغراض میں صرف کرنے میں جائز نہ ہوگا جو خیراتی نہ ہوں۔ اوس رائے کے بموجب میں یہ قرار دیتا ہوں کہ موصی کی باقیماندہ جائداد کا ہبہ بالوصیت جائز خیراتی ہبہ بالوصیت ہے"۔

اگر خیرات کے مقاصد معین نہوں لیکن الغرض معین ہو تو عدالت ہبہ بالوصیت کو بحال رکھیگی۔ گوردھن داس بنام چنی لال ۱۹۱۰ء میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ سات مواضعات کی آمدنی کی تملیک جسکی تعداد ... صد روپیہ ماہانہ ہوتی تھی تاکہ وہ ایک صدم سالہ میں خیراتی اغراض کے لئے صرف کیجائے جسکو اُس نے قائم کیا تھا جائز ہبہ بالوصیت قرار دیا گیا تھا فاضل ججوں نے صفحہ ۱۱ پر یہ رائے ظاہر کی ہے "اس مقدمہ میں جو ہمارے روبرو پیش ہے وقف خیراتی اغراض کے لئے اور صرف خیراتی اغراض کے لئے کیا گیا ہے۔ امانت جو ایسی اغراض کیلئے ہو یعنے جسکا تعلق بالعموم خیرات سے ہو ہمیشہ نافذ کیجائے گی باوجود اسکے کہ خیرات کی اغراض کی بالخصوص تعریف نہ کی گئی ہو۔ عدالت ایسی صورت میں اگر ضرورت ہو تو اوسکے ٹھیک انتظام کے لئے ضوابط مقرر کرسکتی ہے"۔

موجودہ مقدمہ میں بھی اگر تمام مقدار صرف خیراتی غرض کیلئے صرف کیجانی چاہیے تو عدالت اس امر کی مجاز ہوگی کہ وہ خیرات کے مقاصد کی صراحت کرے۔

ان فیصلوں کی روشنی میں مجھے یہ قرار دینا چاہیے کہ ہبہ بالوصیت جو وصیت نامہ کے فقرہ ۱۱ میں مندرج تھا غیر یقینی ہونیکی وجہ سے کالعدم ...

دوسرا امر جس پر زور دیا گیا تھا یہ ہے کہ مدعی علیہ اسکا پابند تھا کہ وہ وصیت نامہ کی شرائط کو نافذ کرے کیونکہ وہ حق پسماندگی کی وجہ سے تمام جائداد کا مستحق ہے اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ بجز اسکے کہ تبنیت کے وقت یہ شرط قائم کیگئی ہو کہ ہبہ بالوصیت میں متبنے بیٹے کو خلل نہ ڈالنا چاہیے اور بجز اسکے کہ حقیقی باپ نے ایسی شرط کے متعلق رضامندی دی ہو متبنے بیٹا وصیت نامہ کی ان شرائط کو مسترد کرسکتا ہے جنکی رو سے خیرات کے حق میں ہبہ بالوصیت عمل میں آیا ہو۔ قبل اسکے کہ میں اس امر کے متعلق قانون پر غور کروں چند واقعات کا لحاظ کیا جانا ضروری ہے۔ موصی ۱۹۱۱ء میں فوت ہوا تھا۔ تبنیت ۱۹۱۱ء میں عمل میں آئی تھی۔ بیوہ جائداد پر قابض تھی اور اُس نے وصیت نامہ کی شرائط کی تعمیل کی تھی۔ موصی اوس مقام کا مشہور آدمی تھا۔ بیوہ نے یہ تبنیت اوس اختیار کی رو سے کی تھی جو وصیت نامہ کے فقرہ ۹ کے بموجب دیا گیا تھا۔ وصیت نامہ رجسٹری شدہ ہے۔ یہ بحث نہیں کیجاسکتی کہ حقیقی باپ وصیت نامہ کی شرائط سے آگاہ نہ تھا اور اُس نے وصیت نامہ کی شرائط کو بلا کسی اعتراض کے تسلیم نہیں کیا تھا۔ مرافع نے اس امر پر زور دیا کہ مدعیاں کو بالصراحت یہ جوابدہی کرنی چاہیے تھی کہ حقیقی باپ نے ایسی رضامندی دی تھی۔ میں یہ نہیں خیال کرتا کہ ان حالات میں مدعی کے لئے یہ جوابدہی پیش کرنی لازمی تھی۔ عدالت مجاز ہوتی ہے کہ مقدمہ کی شہادت سے ساکت رضامندی کا نتیجہ اخذ کرے۔ اس امر کے متعلق میرے فیصلہ کے لحاظ سے یہ غیر ضروری ہے کہ اس امر پر بالتفصیل بحث کیجائے۔

مرافع نے بالکرشنا موتی رام گجر بنام شری اُترنالائن دیو ۱۹۲۲ء بمبئی اپتما بنام بیری چنامی (۱۹۱۹ء) لکشمی بنام سبرنیا (۵) سے استناد کیا ہے۔ بالکرشنا موتی رام گجر بنام شری اُترنالائن دیو (۳) میں ایک ہندو نے جو موروثی جائداد پر قابض تھا مدعی علیہ کو تبنیت میں لینے کے وقت مدعی علیہ کے حقیقی باپ کی رضامندی سے

چھگن لال بنام یا پٹی سالا [illegible] (۱۹۰۰)

ایک یادداشت کی تکمیل کی جس کی رو سے اوس نے یہ ہدایت دی تھی کہ ایک خاص مندر میں چراغاں روشن کرنے کی غرض سے کچھ سالانہ رقم ادا کیا جائے عدالت نے یہ قرار دیا تھا کہ عطیہ جو مندر کے حق میں تھا ناجائز تھا کیونکہ معاہدہ تسلیم نہیں کیا گیا تھا کہ وہ تبنیت کے وقت مناسب تھا یا دھرم شاستر کے سخت قواعد کی ترمیم کرتے ہوئے متبنے بیٹے پر واجب التعمیل نہ تھا۔ ذیل میں حروف سے صفحہ ۴۹۵ * پر یہ آشکارا کی ہے ظاہر ہوگا کہ ان فیصلوں سے یہ امر طے ہوگیا ہے کہ بیوگان کے لئے معقول بندوبست کے معاہدات اوس عام رواج کے مطابق جائز قرار دئے جانے چاہئیں جس کی رو سے دھرم شاستر کی سخت شرائط کی ترمیم کی گئی ہے لیکن اس کے متعلق یا ترمیم کی عام وسعت کی تائید میں کسی دوسرے اشخاص کے موافق ہمارے روبرو کسی نظائر کا حوالہ نہیں دیا گیا ہے اسطور پر جیسا کہ یہاں دعا کیا گیا کہ خیرات اور مذہبی اوقات کے حق میں بیوہ کو داخل کیا جائے ایسی کسی وسعت کو ثابت کرنے کا بار اوس شخص پر ہوگا جو دھرم شاستر کے ایسے سخت قواعد کی ایسی کوئی ترمیمات ثابت کرنے کا مستدعی ہو یہاں اوس بارے سے کوئی روشنی نہیں حاصل کیگئی ہے کہ ہر ہندو کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ وہ اپنی موروثی جائداد کے ایک حصہ کی تملیک جس شخص کو چاہے کرے اور اوس کے بعد لڑکے کو متبنٰی لے۔ ان حالات میں متبنٰی لڑکا اوس منتقلی پر اعتراض نہیں کرسکتا تھا جو اوسکی تبنیت کی تاریخ کے قبل کی گئی تھی عدالت صرف ایسے انتقالات کو شبہ کی نظر سے دیکھے گی جو معقول نہوں اور متبنٰی لڑکے کی اغراض کو پامال کرنے والے ہوں۔

مقدمہ بہری اپا بنام بہری چناجی (۱) (۱۸۹۴) میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ بصورتیکہ کوئی معاہدہ موجود نہ ہو تو حقیقی باپ سے تبنیت کے وقت کیا گیا ہو اگر موصی نے وصیت نامہ میں بیوہ کے حق میں کوئی ہبہ یا وصیت کیا گیا ہو تو متبنٰی بیٹا ہبہ یا وصیت کو منسوخ کرسکتا ہے۔ بیوہ کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ اوس صورت میں جب وہ سپنڈوں کی رضامندی سے متبنٰی لے اپنے گذارہ کا انتظام ایسی صورتوں کے لئے کرے جبکہ اوسکے اور متبنٰی بیٹے کے مابین جھگڑے پیدا ہوں اور ایسا انتظام معقول ہوتا ہے۔ عدالتیں ایسے انتظام کو بحال رکھیں گی لیکن جب کوئی بیوہ اوس اختیار کی رو سے متبنٰی لے جو اسے شوہر کے وصیت نامہ کی رو سے دیا گیا ہو تو بجز اسکے کہ حقیقی باپ ان شرائط کا علم رکھتا ہو یہ بحث کیجا سکتی ہے کہ اگر باپ ان شرائط سے آگاہ ہوتا تو وہ اپنے بیٹے کو تبنیت میں نہ دیتا اور ایسی صورتوں میں متبنٰی بیٹا پابند نہیں ہوتا۔ گنپتی آئین بنام ساوتھری امال (۲) (۱۸۹۸) میں جسٹس سبرامینا ائیر نے حسب ذیل رائے ظاہر کی ہے اگر مفروضہ مقدمہ سے ہم اوس مقدمہ کے اصلی واقعات پر غور کریں جو ہمارے روبرو پیش ہے تو اوس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ متبنٰی بیٹے کی حقیقیت خیرات کے حق پر اثر نہیں ڈال سکتی تھی کیونکہ متبنٰی بیٹے کا حق پیدا ہونے کے بہت زیادہ عرصہ قبل ہی حق موخر الذکر حاصل ہوگیا تھا ایسی صورت میں مدعی علیہ نمبر ۲ کے حقوق کی نسبت یہ قرار دینا چاہئے کہ وہ اوس حق کے تابع ہیں جو زبانی ہبہ یا وصیت سے خیرات کے لئے قائم ہوا تھا اور یہ ظاہر کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ دستاویز الف سے بیوگان کی منتقلی نہیں ظاہر ہوتی ہے بلکہ وہ محض رسمی قرارداد ہے جسکی تکمیل ان اشخاص نے کی تھی جنکو موصی نے اوسکی منتقلی کی ایسی تحریری شہادت وجود میں لانے کے لئے مقرر کیا تھا اور جو اوس وقت تک خیرات کے صرف امناکی حیثیت سے موہوبہ جائداد پر قابض تھے جب تک کہ انہوں نے جائداد مذکور خیرات کے منتظم مجاز کے حق میں منتقل نہ کردی تھی مقابلہ کیا جائے پاسکر پرشوتم بنام سرسوتی بائی (۱) (۵)۔ موجودہ مقدمہ میں بیوہ نے وصیت نامہ کے مطابق عمل کیا تھا

اور اوس شہادت کے لحاظ سے جو ہمارے روبرو پیش ہے یہ نہیں کہا جاسکتا کہ حقیقی باپ وصیت نامہ کی شرائط سے آگاہ نہ تھا متبنیٰ بیٹا ایک ہی وقت میں وصیت نامہ کو پسند اور ناپسند نہیں کرسکتا۔ اوسکا وجود ہی وصیت نامہ پر منحصر ہے اور مقدمہ کے حالات میں بار ثبوت تحتی سے اوسپر یہ ظاہر کرنیکا عاید ہوتا ہے کہ اوسکا باپ وصیت نامہ کی شرائط سے آگاہ نہ تھا اور اوس نے اس بارے سے کبد وشی نہیں حاصل کی ہے میں یہ امر مرافع کے خلاف قرار دیتا ہوں۔ بقایا کے سوال پر غور کرنے کی حاجی کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ میں قرار دیتا ہوں کہ مدعی علیہ کو اس دعوے میں یہ ہدایت نہیں دیجاسکتی گو یہ قرار دیا جائے کہ دعویٰ قابل پذیرائی ہے کہ وہ ایسی کوئی رقم ادا کردے جو امانت کو واجب الادا ہو ایسی حالت میں مرافعہ منظور کیا جانا چاہئے۔

خرچہ کی حد تک اُن تین ادمیان نے جنکو موصی نے مقرر کیا تھا کام کرنے سے انکار کیا اور تمام تکلیف بظاہر اسوجہ سے پیدا ہوئی ہے کہ وہ کام کرنے سے ناراض تھے۔ ایک موصی مدعی نمبر ۲ ہے ان حالات میں میں خیال کرتا ہوں کہ مدعی پر عدالت ہذا اور عدالت تحت دونوں کا خرچہ عاید کیا جانا چاہئے۔

مرافعہ مع تمام خرچہ کے منظور کیا جاتا ہے اور یادداشت عذرات بلاخرچہ خارج کیجاتی ہے۔ مرافعہ منظور یادداشت عذرات خارج کیگئی۔

# ہائیکورٹ الہ آباد

## مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۸۶۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء ۔ منفصلہ ۱۲ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس رفیق و مسٹر جسٹس لنڈسے

سیندھو رام ڈیک کس و دیگر مدعی بنام رام کشن سنار ڈیک کس و دیگر مدعیان و جنگلی سنار مدعی علیہ مرافعہ علیہما۔ مرافعان۔



دھرم شاستر۔ باپ کی جانب سے منتقلی۔ جائز ضرورت۔ جائز وجہ۔ فوری ضرورت۔

اوس منتقلی کو جائز کرنیکے لئے جو کسی ہندو باپ نے کی ہو یہ ظاہر کرنا قانوناً کافی نہیں کہ بوقت منتقلی ایسے قرضہ جات جو خاندان پر واجب التعمیل تھے باقی تھے یہ بھی ظاہر کیا جانا چاہئے کہ منتقلی قرضہ جات ادا کرنے کی موجودہ ضروریات سے مجبور ہو کر کی گئی۔

پس جب ایک ہندو باپ نے مشترکہ خاندانی جائداد بیع کردی تھی تاکہ قرضہ جات ادا کئے جائیں جن میں ایک قرضہ رہن شامل تھا جو بدل کا زیادہ حصہ بنتا تھا لیکن جو تاریخ بیع کے نو سال اور چند ماہ تک واجب الادا نہیں ہونیوالا تھا اور جو طریقہ باپ نے قرضہ جات کی ادائی کے لئے اختیار کیا تھا وہ دور اندیشی پر مبنی نہ تھا۔

قرار دیا گیا کہ بیع کی نسبت یہ نہیں قرار دیا جاسکتا تھا کہ وہ جائز ضرورت کے لئے عمل میں آئی تھی اور فسخ کئے جانیکے لائق تھی۔

مرافعہ ثانی بنارا ضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج گورکھپور مورخہ ۲۵ - مئی سنہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافعان مسٹر اے۔ ہوارڈ۔

منجانب مرافعہ علیہم مسٹر جے۔ ایم۔ بنرجی۔

**فیصلہ** ۔ اُن چار دعاوی کے مدعیان جن سے یہ مرافعہ جات پیدا ہوئے ہیں جنگلی سنار کے بیٹے ہیں جسکو مدعی علیہ نمبر ۳ کے طور پر فریق بنایا گیا تھا۔ یہ دعاوی چار معاملات بیع کی تنسیخ کیلئے ہیں جنکی تکمیل جنگلی نے دعاوی کے دوسرے مدعی علیہم کے حق میں کی تھی منجملہ دوسرے بیانات کے اس بیان سے رجوع کئے گئے تھے کہ

بندھو لعل بنام ... متن سنار ... آباد

اُن کے لئے کوئی جائز ضرورت موجود نہ تھی۔
عدالت ابتدائی نے دعاوی بشرط کے تابع ڈگری صادر کی
کہ بعض رقوم ادا کی جائیں جو اُنکی رائے میں واجب التعمیل قرضہ جات تھے جنکے لئے مدعیان ذمہ دار تھے۔ عدالت مرافعہ تحتانی نے کو
عدالت ابتدائی سے اُسکی بعض تجاویز کے متعلق اختلاف کیا تھا مگر
بارہ دعاوی میں ڈگریات کو بحال رکھیں مرافعہ ثانی میں یہ بحث
کی گئی ہے کہ اُن تجاویز کے لحاظ سے جو ڈسٹرکٹ جج نے صادر کی تھیں
اُنکو یہ قرار دینا چاہئے تھا کہ یہ انتقالات جائز ضرورت کے
لئے نہ تھے اور اسوجہ سے دعاوی کو خارج کرنا چاہئے تھا۔
بابت بیعنامجات جملہ بدل مبلغ اللعہ/ ۵۱۰۰ روپیہ کے عوض
تکمیل کئے گئے تھے جو حسب ذیل مدات پر مشتمل تھا۔
(الف) مبلغ اللعہ/ روپیہ جو شیو سرن سنار ہو کو اُس کے
رہن مورخہ ۳۰ اگست ۱۹۱۵ء کی بابت رقم ادا کرنیکے لئے چھوڑ دئے
گئے تھے۔
(ب) مبلغ ... روپیہ جو ایک پرامیسری نوٹ مورخہ
۱۰ اگست ۱۹۱۰ء کی بابت واجب الادا تھے۔
(ج) مبلغ ... جو بشکل زر نقد بائع کو بیعنامے کی تکمیل کے وقت ادا کئے گئے تھے
(د) مبلغ ... جو ایک شخص بلاس کو خاندان کے
ایک مکان کی مرمت کے لئے ادا کئے گئے تھے۔
فاضل جج نے مد کی مد (ج) کے سوا اُن تمام رقوم کی نسبت
یہ قرار دیا ہے کہ اُن سے وہ قرضہ جات ادا ہوتے ہیں جو جائز طور پر حاصل کئے گئے تھے اور جو مشترکہ خاندان پر واجب التعمیل تھے
لیکن اُنہوں نے باوجود اسکے عدالت ابتدائی کا فیصلہ اس بنا پر (صفحہ ۱۰۱۱)
بحال رکھا ہے کہ گو اُن معاملات بیع کے زمانہ میں جنکی نسبت
اب شکایت کی گئی ہے یہ قرضہ جات موجود تھے جنکی خاندانی

جائداد پابند تھی مگر معاملات بیع کو بحال نہ رکھا جانا چاہئے کیونکہ
بائع لاپروا تھا اور اوسکے معاملات بیع کی شرائط کی نسبت
مناسب احتیاط نہیں کی گئی تھی انہوں نے حسب ذیل واقعات کا
حوالہ دیا ہے۔ اولاً یہ کہ مبلغ اللعہ/ روپیہ کی رقم خریداروں کے
قبضہ میں چھوڑ دی گئی تھی گو مرتہن ۳۰۔ اگست ۱۹۲۱ء تک
(بیع ۱۹۱۸ء میں واقع ہوئی تھی) قرضہ طلب نہیں کر سکتا تھا اسکا نتیجہ
فاضل جج کے بیان کے مطابق یہ تھا کہ خاندان کو نقصان پہونچایا جائے
جو اس سود سے ظاہر ہوتا تھا جو اونکو حاصل ہو سکتا تھا اگر معاملات
بیع کے وقت روپیہ جنگلی کے حوالہ کر دیا گیا تھا۔ دوم اونہوں نے
جنگلی کو غفلت کا مرتکب قرار دیا اس لئے کہ اُنہے یہ صراحت نہیں کی تھی کہ جو مجموعی
رقم میں ند رہن پیش کرنیکے لئے خریداروں کو ملنا چاہئے اور
مرتہن کے ساتھ یہ انتظام نہیں کیا تھا کہ وہ مقررہ تاریخ کے
قبل زر رہن قبول کرے۔ جج نے یہ خیال کیا تھا کہ یہ متروکات
اس قسم کے تھے جو خاندان کو مصرفانہ مقدمہ بازی میں پھنسا دیتے تھے
اُنہوں نے یہ کہکر اپنا فیصلہ ختم کیا ہے کہ دستاویزات خاندان
کی مالی غرض سے "بالکل علیحدہ تھیں" جس سے غالباً اونکا منشا
تھا کہ معاملات بیع مفید ہونیکی بجائے خاندان کے لئے مضر تھے
جج کی دلیل کامل طریقہ سے واضح نہیں ہے لیکن ہم یہ فرض
کرتے ہیں کہ اونکا منشا یہ قرار دینے کا تھا کہ گو واجب التعمیل قرضہ جات
موجود تھے مگر جو طریقہ جنگلی نے اونکی ادائی کے لئے اختیار کیا تھا
وہ دانشمندانہ نہ تھا۔
لیکن یہ بحث کی گئی ہے کہ معاملات بیع اس بنا پر بحال رکھے جانے
چاہئیں کہ جج نے یہ قرار دیا تھا کہ تمام بدل بجز مد (ج) کے اُن قرضہ جات
کی ادائی کے لئے استعمال کیا گیا تھا یا استعمال کیا جانیوالا تھا۔
جو قانوناً واجب التعمیل تھے۔

لیکن اس منتقلی کو جائز قرار دینے کیلئے جو باپ نے کی تھی یہ
ظاہر کرنا قانوناً کافی نہیں ہوتا کہ بوقت منتقلی قرضہ جات جو خاندان کے
واجب الادا تھیں تھے باقی تھے یہ بھی ظاہر کیا جانا چاہیئے کہ قرضہ جات کی ادائی کیلئے
موجودہ ضرورت مجبور ہو کر منتقلی عمل میں لائی جانی ضروری تھی جیسا کہ مشہور
مقدمہ ہنومان پرشاد بنام ... میں ظاہر کیا گیا تھا اسٹیٹ کو زیر بار کرنیکی
نسبت محدود مالک کا اختیار صرف ضرورت کی صورت میں یا اسٹیٹ کے
فائدہ کیلئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

اسٹیٹ پر واقعی بار خطرہ جسکا روکنا مقصود ہو یا وہ منافع
جسکا خاص صورت میں اسکو عطا کرنا ضروری ہو ایسی شئے ہوتی ہے
جسکا لحاظ کیا جانا چاہیئے۔ یہ ارا جو ہرن کے مقدمہ کی نسبت
ظاہر کی گئی تھیں اگر زیادہ نہیں تو مساوی قوت کے ساتھ بیع کے
مقدمہ سے متعلق ہوتی ہیں۔

جیسا کہ مرافعہ علیہم کے لائق کونسل نے ظاہر کیا ہے یہ ظاہر
کرنیکے لئے کوئی امر بھی موجود نہیں ہے کہ شنگلی کو اسوقت جیسا وہ بنے
ان رہنامجات کی تکمیل کی تھی کوئی مجبوری تھی۔ قرضہ رہن جو بدل کا
بہت بڑا جزو ہے ۳۰ اگست ۱۹۲۰ء تک یعنے یہ کہ معاملات
بیع کی تاریخ کے دو سال اور چند ماہ بعد تک واجب الادا نہیں ہو تا تھا
اور مرتہن اسوقت اپنے قرضہ کی ادائی پر اصرار نہیں کر سکتا تھا کیونکہ
ایسا کرنیکا اسکو کوئی حق نہ تھا۔

پس بذریعہ بیع ان انتقالات کے لئے فوری ضرورت کے ثبوت کی
عدم موجودگی میں یہ قرار دیا جانا چاہیئے کہ وہ ایسے انتقالات
نہ تھے جو دھرم شاستر کے بموجب جائز سمجھے جا سکتے تھے۔ یہ مزید
غور طلب امر بھی موجود ہے کہ عدالت تحت نے یہ قرار دیا ہے کہ
معاملات بیع کی نسبت یہ نہیں قرار دیا جا سکتا کہ وہ مشترکہ
خاندان کے فائدہ کے لئے عمل میں لائے گئے تھے ایسی صورت میں

ہم یہ قرار دیتے ہیں کہ عدالت تحت کے فیصلہ میں دست اندازی کرنیکی
کوئی وجہ ثابت نہیں کی گئی ہے اور ہم یہ مرافعہ جات معہ خرچہ خارج
کرتے ہیں جسمیں عدالت ہذا کی فیس بشرح اعلیٰ داخل ہوگی۔

مرافعہ جات خارج ہوگئے

بند ہوراہ
بنام
رام کشن ...
دالہ آباد

## ہائیکورٹ بمبئی

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۷ بابتہ ۱۹۲۳ء ۔ منفصلہ ۳ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس۔ سر نارمن میکلیوڈ نائٹ چیف جسٹس
و شنو ناگیا وینکٹیش مہتہ بنام نرسنہا پانڈورنگ
ڈگریدار۔ مرافع ۔ پربھو مرافعہ علیہ۔

قانون میعاد سماعت ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۰۸ء ضمیمہ اول ۱۸۲
(۵) ڈگری کی تعمیل۔ التوا کی درخواست آیا تدبیر معاون اجرا ہے

درخواست جو ڈگریدار اور مدیون ڈگری نے عدالت
تعمیل کنندہ ڈگری میں کارروائیات تعمیل کی التوا کیلئے اس غرض
سے پیش کی ہو کہ فریقین کے مابین صلح ہو جائے فقرہ (۵) مد ۱۸۲
ضمیمہ اول قانون میعاد سماعت کے مفہوم میں تدبیر معاون اجرا نہیں ہوتی
عبدالقادر رد تھر بنام کرشنا ملامال نائز انڈین لاء رپورٹس مدراس
جلد ۳۴ صفحہ ۳۳۵ سے استناد کیا گیا۔

تدبیر معاون اجرا سمجھی جانیکے لئے درخواست میں عدالت سے
استدعا ہونی چاہیئے کہ وہ کوئی ایسا فعل کرے جو ڈگریدار
کو ڈگری کی تعمیل کی پیشرفت میں مدد دیگا۔

کارروائیات کے التوا کی درخواست کی نسبت تا کہ صلح
ہو سکے یہ مقصود نہیں ہوتا کہ وہ تعمیل کی کوئی تدبیر ہو بلکہ وہ
ایک ایسی تدبیر ہوتی ہے جو کامیاب ہونے کی صورت میں تعمیل
کی ضرورت کو مسترد کرے گی۔

صفحہ ۱۶۴۲

[illegible] بنام نرسنگھ [illegible] دہلی،

مرافعہ ثانی بنا راضی فیصلہ صادرہ مسٹر کشن چند بار ایٹ لا مرافعہ نمبر ۱۴۲ بابتہ ۱۹۲۱ء مشرکالی کرشن منصف ساروند ٹیج ہونا ور یہ درخواست نمبر ۷۰۱ بابتہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافع مسٹر بی۔ پی مروشور

**فیصلہ۔** یہ ایک درخواست ہے جو ڈگریدار نے اپنی ڈگری کی تعمیل کے لئے پیش کی تھی جبکہ پیش کرنیکی تاریخ ۱۵ جون ۱۹۲۱ء تھی سابقہ درخواست تعمیل ۲۵۔ مئی ۱۹۱۸ء کو پیش کی گئی تھی اور یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ موجودہ درخواست منقضی المیعاد ہونی چاہئے بجز اسکے کہ ان دو تاریخوں کے مابین کوئی ایسا امر کیا گیا ہو جسکی وجہ از سر نو میعاد ساعت شروع ہو جائیگی مرافع نے ایک درخواست پر استدلال کیا تھا جو فریقین نے عدالت کے روبرو اس غرض سے پیش کی تھی کہ درخواست مورخہ ۲۵ مئی ۱۹۱۸ء کی استدعا ملتوی کیجائے تاکہ فریقین کے مابین مصالحت ہوسکے یہ سمجھنا دشوار ہے کہ کسطرح ایسی درخواست تدبیر معاون اجرا سمجھی جاسکتی ہے عدالت کے روبرو کسی ایسے امر کے کرنے کے لئے کوئی درخواست نہیں پیش کی گئی تھی جو ڈگریدار کو ڈگری کی تعمیل کی پیش رفت میں مدد دیگی۔ بخلاف اس کے یہ درخواست عبدالقادر روتھر بنام کرشنا ملا مال نائڈو (۱) کی درخواست کے مماثل ہے جو التوا کا حکم حاصل کرنے کی درخواست کی گئی تھی جو معمولی طریقہ کارروائی میں تدبیر معاون اجرا نہ سمجھی جائے گی ہم خیال کرتے ہیں کہ فاضل جج کا عمل یہ کہنے میں درست تھا کہ اس درخواست کی نسبت یہ مقصود نہ تھا کہ وہ تدبیر معاون اجرا ہو بلکہ مقصود یہ تھا کہ وہ ایک ایسی تدبیر ہو جو کامیاب ہونیکی صورت میں تعمیل کی ضرورت کو مسترد کر دیگی اگر مصالحت کا خیال ناکامیاب رہا تھا تو ڈگریدار کے لئے یہ ضروری تھا کہ وہ درخواست کی تاریخ کے اندر دن

(۱) انڈین کیسز جلد ۲۳ صفحہ ۳۰۳۔

تین سال دوسری درخواست پیش کرتا ایسی حالت میں مرافعہ خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائیکورٹ الہ آباد

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۱۵۲ بابتہ ۱۹۲۱ء۔ منفصلہ ۱۷ اپریل ۱۹۲۳ء

با جلاس :- مسٹر جسٹس گوکل پرشاد

پرسوتم۔ مدعی۔ مرافع **بنام** گنپت رام۔ مدعی علیہ مرافعہ علیہ۔

قانون حزاعان آگرہ ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۰۱ء دفعہ ۷۹۔ بلا جازت زمیندار شخص اجنبی کی جانب سے بیدخلی۔ بازیافت قبضہ کا دعویٰ میعاد سماعت۔

جب کسی اسامی کو اوس کی حقیت کے ایک جسزو سے کسی ایسے شخص نے بیدخل کیا ہو جو زمیندار کی اجازت سے اوس کا قبضہ حاصل کرے تو بیدخلی کی نسبت یہ تصور ہونا چاہیئے کہ وہ منجانب زمیندار ہے اور بازیافت قبضہ کا دعویٰ منقضی المیعاد ہوگا اگر وہ بیدخلی کے چھ ماہ کے عرصہ کے بعد رجوع کیا جائے۔

رام لال بنام چھنی لال انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲ صفحہ ۳۰۴۔ بلہد رچوبے بنام سدارو ولے انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۱۰۹ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ مسٹر کرشن چند لال ڈی سب جج مورخہ ۲۹۔ اپریل ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافع مسٹر یو۔ ایس باجپائے

منجانب مرافعہ علیہ مسٹر کے ورما۔

فیصلہ۔ مدعی کی ایک درخواست ہے جو اس دعوے سے پیدا ہوئی ہے جو ایک حقیقت لشرح معین کے ایک حصہ کی دخلیابی اور مکان کے انہدام کے لئے رجوع کیا گیا تھا جو مدعی علیہ نے اس پر تعمیر کیا تھا۔ مدعی علیہ نے جواب میں یہ عذر پیش کیا کہ تعمیر مدعی کی اراضی پر نہیں کی گئی تھی نیز کہ مدعی اراضی پر اندرون ۱۲ سال قابض نہ تھا لیکن اس نے اراضی پر زمیندار کی اجازت سے تعمیر کی تھی جو قابض تھا اور کہ ہر صورت میں مدعی کا حق اگر اس کو اراضی پر کوئی حق حاصل تھا ۱۲ سال سے زیادہ عرصہ تک زمیندار کی بیدخلی کی وجہ سے زائل ہو گیا تھا۔ ماتحت عدالتوں نے مدعیوں کا دعویٰ خارج کرنے میں اتفاق کیا ہے۔ عدالت ابتدائی نے صرف یہ قرار دیا تھا کہ دعویٰ چھ ماہ کے میعاد سماعت کے قاعدہ کی رو سے متقضی المیعاد تھا اس نے یہ بھی قرار دیا کہ مدعی علیہ نے واصل مدعی کی اراضی کے ایک حصہ پر دست اندازی کی تھی۔ یہ تجاویز بر طبق مرافعہ بحال رکھی گئی ہیں اور مدعی عدالت ہذا میں بصیغہ مرافعہ ثانی رجوع ہوا ہے اب یہ ضروری نہیں ہے کہ ان امور تنقیح طلب متعلق تجاویز کا حوالہ دیا جائے جن کا ذکر میں نے کیا ہے کیونکہ مرافعہ صرف میعاد سماعت کی بنیاد پر مقدمہ میں بحث کی ہے اور ان ادعات کی بنا پر جو قرار دیئے گئے تھے یعنی یہ کہ متنازعہ عمارت کا ایک حصہ مدعی کی حقیقت لشرح مقرر پر استادہ ہے اور نیز یہ کہ زمیندار مدعی کی بیدخلی کا ذمہ دار تھا مجھے یہ نتیجہ اخذ کرنے میں کوئی تامل نہیں ہے کہ میعاد سماعت کے سوال پر ماتحت عدالتوں کا فیصلہ صحیح ہے ملاحظہ ہوں رام لال بنام چنی لال (۱) و لیھمہ چوبے بنام سرمار وا سے (۲) اس حالت میں مدعی کا دعویٰ صحیح طور پر خارج کیا گیا تھا۔ مرافعہ ناکامیاب رہتا اور معہ خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔ مرافعہ خارج کیا گیا۔

(۱) انڈین لاء رپورٹ الہ آباد جلد ۷ صفحہ ۲۰۲۔

(۲) انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۹۱۴۔

گیندارام بنام رامچند ۱۹۲۳ لاہور

# ہائی کورٹ لاہور

## مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۵۰۰ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۰ مئی سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ٹی سانگر

گیندارام ولد [illegible] ودیگر مدعی علیہما بنام رامچند مدعی ایک کس ودیگر

مرافعان مدعی علیہما مرافعہ علیہما

قانون حق شفعہ پنجاب ایکٹ ۱ بابتہ سنہ ۱۹۱۳ء دفعہ ۱۶ (رشتہ) حق شفعہ مکان کے مختلف حصوں کی بیع۔ ایسے مکان کا مالک جو بعض حصوں کے متصل ہو اپنا حق شفعہ نافذ کر سکتا ہے۔ قانون رجسٹری ایکٹ ۱۶ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۷ (۲) (۵)۔ غیر منقولہ جائداد کی بیع۔ بیعانہ کی رسید لازمی طور پر قابل رجسٹری نہیں ہے۔ قانون دادرسی خاص ایکٹ ۱ بابتہ سنہ ۱۸۷۷ء دفعہ ۲۲۔ تعمیل مختص عدالت کا اختیار تمیزی۔

ایک مکان کے تین مالکان مشترک نے مکان کے علی الترتیب حصوں کو جو ان کی ملکیت تھے ایک ہی شخص کے ہاتھ مختلف تاریخوں پر علیحدہ علیحدہ بیعنامہ کی رو سے اور مختلف معاوضات بدل کے لئے بیع کئے مدعی نے جو اس مکان کا مالک تھا جو بیعہ حصص میں سے دو کے متصل تھا تمام بیع شدہ حصص کی بیع کے متعلق حق شفعہ نافذ کرنے کے لئے دعویٰ رجوع کیا۔ قرار دیا گیا کہ محض یہ واقعہ کہ تینوں حصص جو بیع کئے گئے تھے وہ کسی وقت ایک ہی مکان کے حصے تھے مدعی کو اس لایق بنانے کیلئے قانوناً کافی نہ تھا کہ وہ اس حصہ کی نسبت حق شفعہ کا دعویٰ کرے جو آزادانہ طریقہ سے اس کے حق شفعہ کے تابع نہ تھا۔

ایک دستاویز جس سے بلغ مارہ بیعانہ یا وہ مالیت کی غیر منقولہ جائداد کی بیع کی نسبت رقم بیعانہ کی محض وصولیابی ظاہر ہوتی ہے اور وہ جائداد میں کسی طریقہ سے کوئی حقوق قائم یا قرار نہ دیتی ہو بلکہ اس میں

گیندا رام بنام رام چند (دو سو)

محض منسوخ ہوکر جبکہ دوسری دستاویز کی تکمیل کردیجائیگی جو
اُنہی امور کی نسبت دستاویز سابقہ کے مطابق اگر کوئی معاہدہ بیع
کی نسبت معاہدہ کیا گیا تھا تو ۔ دفعہ ۵۴ قانون انتقال جائداد
کے ماتحت محض ہو سکتا ہے اور اس کی لازمی طور پر رجسٹری لازمی نہیں
عدالتوں کو بموجب اختیار تمیزی حاصل ہوتا ہے کہ وہ تعمیل معاہدہ کے
متعلق ڈگری صادر کریں یا نہ کریں۔

تعمیل معاہدہ سے اُس وقت انکار کیا جانا چاہئے جبکہ اس امر کا احتمال
ہو کہ فریقین کے مابین ہمیشہ تکلیف دہ جھگڑے پیدا ہوتے رہیں
گے اور اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مدعی کو کوئی قابل احساس منفعت
یا جبکہ تعمیل محض کی ڈگری کی نسبت یہ احتمال ہو کہ وہ خریدار
مابعد کی طرف سے اصلی حق شفعہ استعمال کئے جانے کیوجہ سے باطل
ثابت ہوگی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج کرنال مورخہ ۱۱ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء
مشعر ترمیم ڈگری صادرہ منصف درجہ اول کرنال مورخہ ۱۴ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء
منجانب مرافعان ۔ لالہ شمبھو چند      منجانب مرافعہ علیہ ۔ لالہ جگن ناتھ۔

**فیصلہ** ۔ مرافعہ جات دیوانی نمبر ۲۵۰۸، ۲۵۰۹، ۲۵۱۰ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء ایک دوسرے سے تعلق رکھتے ہیں اور ایک فیصلہ کے ذریعہ سے بسہولت اُن کا تصفیہ کیا جا سکتا ہے ان تینوں مقدمات کا مدعی ایک شخص رام چند ہے اور دعاوی کا تعلق ایک غیر آباد مکان واقع کرنال کے تین مختلف حصوں سے ہے جس کے قبضہ کا دعوی اس نے حق شفع کی بناء پر کیا ہے ۔ اُس حصہ کی حد تک جو دعوی نمبر ۷، میں جائداد مابہ النزاع ہے یہ مزید بیان کیا گیا ہے
کہ مدعا علیہ بائع نے یہ معاہدہ کیا تھا کہ وہ اُس کو مدعی کے ہاتھ ۱۰۱
مبلغ مالیہ میں بیع کریگا قبل اس کے گیندا رام اور لاڈلی پرشاد مدعا علیہما مشتریوں کے حق میں اُس کی بیع عمل میں آئی تھی اور یہ
اس وجہ سے مدعی اُس کے متعلق معاہدہ کی تعمیل محض کا دعوی کرنیکا مستحق تھا بلا لحاظ اس دعوے کے جو حق شفعہ پر مبنی ہو سکتا تھا یہ بھی بیان کیا گیا تھا کہ مدعی نے ۵ روپے مدعا علیہ بائع کو بشکل بیعانہ ادا کئے تھے اور یہ کہ بصورت بیع وہ اُس کی واپسی کا اور اُس ہرجہ کا مستحق تھا جو اُس نے مشخص کیا تھا ۔ وہ جائداد جو بیع کی گئی تھی مدعا علیہ کی تین حصص میں مالک تھی۔

آسا رام نصف اور ہر سروپ اور رام سروپ نصف حصص مساوی حوالہ دینے کی غرض سے اور سہولت بحث ان حصص کو الف ب اور ج کے نام سے موسوم کیا جائے۔

۶ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء کو ہر سروپ اور رام سروپ بائعان نے مدعی علیہما گیندا رام اور لاڈلی پرشاد کے ہاتھ حصہ الف مبلغ [illegible] بیعنامہ کی رجسٹری ۲۵ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء کو ہوئی تھی یہ وہ بیع ہے جس پر دعوی نمبر ۸ میں اعتراض کیا گیا ہے۔

۲۸ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء کو آسا رام نے حصہ ب اُن ہی مشتریوں کے ہاتھ مبلغ [illegible] میں بیع کردیا اور بیعنامہ جات کو دوسرے روز یعنی ۲۹ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء کو رجسٹری کرایا ۔ اسی حصہ کے متعلق مدعی نے اولاً اُس معاہدہ کی تعمیل محض کی ڈگری وعلاوہ ازیں برائے علی سبیل البدل طریقہ سے بذریعہ حق شفعہ قبضہ کی ڈگری کی استدعا کی ہے ۔ اس بیع پر دعوی نمبر ۷، میں اعتراض کیا گیا ہے۔

۲۹ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء کو ایک دوسرے بیعنامہ کی تکمیل ہر سروپ اور رام سروپ نے حصہ ج کے متعلق اُن ہی مشتریوں کے حق مبلغ [illegible] کے لئے کی تھی اور اُس کی رجسٹری ۳۰ جنوری کو کی گئی تھی ۔ دعوی نمبر ۹، میں ہے اس بیع پر مدعی نے اعتراض کیا ہے مدعی نے الف اور ج کی نسبت ہر ایک کے متعلق

مبلغ ما رکی ادائی پر اور ب کے لئے مبلغ مالہ کی ادائی پر حق شفعہ کا دعویٰ کیا تھا اس دعوے میں یہ بھی استدعا کی گئی تھی کہ اگر یہ قرار پائے کہ مدعی معاہدہ کی تعمیل مختص یا حق شفعہ کی ڈگری کا مستحق نہ تھا تو اُس کو زر بیعانہ کی واپسی اور ہرجہ کی بابت ڈگری ملنی چاہئے۔

عدالت ابتدائی نے مدعی کا دعویٰ حصہ الف کی نسبت اس بنا پر خارج کیا کہ جائداد جس کی وجہ سے حق شفعہ کا دعویٰ کیا گیا تھا وہ اُس جائداد سے ملحق نہ تھی جو بیع کی گئی تھی اور یہ کہ ایسی حالت میں مدعی کو مدعا علیہم مشتریوں کے مقابلہ میں کوئی اعلیٰ حق شفعہ حاصل نہ تھا حصہ ج کی نسبت دعوے میں مبلغ ما کی ادائی پر ڈگری صادر کی گئی۔ اس حصہ کی نسبت جس کا تعلق حصہ ب سے تھا یہ قرار دیا گیا تھا کہ مدعی معاہدہ کی تعمیل مختص کا مستحق نہ تھا بلکہ اُس کو مبلغ ما کی ادائی کی شرط پر حق شفعہ کی ڈگری ملنی چاہئے۔ مدعی کو بائع کے خلاف ہرجہ کی ڈگری بھی دی گئی تھی جو رقم اول الذکر نے موخر الذکر کو بشکل بیعانہ ادا کی تھی۔ بنام بائع نے کوئی مرافعہ اُس ڈگری کی ناراضی سے نہیں دائر کیا تھا جس کے بموجب اسکو یہ ہدایت دی گئی تھی کہ وہ رقم مدعی کو ادا کرے۔ لیکن مشتریوں نے اُن دو دعاوی نمبر ۷۷ و ۹۷ میں جن کا تعلق حصص ب و ج سے تھا مرافعہ جات رجوع کئے جن کا تصفیہ عدالت ابتدائی نے اُن کے خلاف کیا تھا۔ مدعی رامچندر نے اُن دعاوی میں خرچہ کے سوال پر اور اُس تنقیح کے متعلق عذرات عکسی پیش کئے جس کا تعلق معاہدہ کی تعمیل مختص سے تھا جس کا تصفیہ اُس کے خلاف کیا گیا تھا۔ اُس نے دعویٰ نمبر ۷۸ کے اخراج کی ناراضی سے بھی مرافعہ کیا جس کا تعلق حصہ الف سے تھا۔ عدالت مرافعہ نے دعویٰ نمبر ۷۸ میں عدالت ابتدائی کا فیصلہ اس بنا پر منسوخ کیا کہ تینوں قطعات جو بیع کئے گئے تھے وہ تمام ایک ہی مکان کے حصے تھے جو مدعی کے مکان کے متصل تھا اور یہ کہ اس لئے یہ امر زیادہ اہم نہ تھا اگر خاص حصہ الف کسی قدر فاصلہ پر واقع تھا اور وہ مدعی کے مکان سے فی الواقع ملا ہوا نہ تھا حصہ ج کے متعلق دعویٰ نمبر ۹۷ میں عدالت ابتدائی کی ڈگری کو بحالہٖ عدالت مرافعہ نے بحال رکھا تھا اور مشتری کا مرافعہ خارج کیا گیا تھا دعویٰ نمبر ۷۷ کی حد تک جس کا تعلق حصہ ب سے تھا عدالت ابتدائی کی تجویز کہ مدعی معاہدہ کی تعمیل مختص کا دعویٰ کرنے کا مستحق نہ تھا و نیز یہ تجویز کہ مدعی کو حق شفعہ کی ڈگری عطا کی جائے بحال رکھی گئی تھی لیکن حق شفعہ کی رقم میں ما سے اضافہ کر کے مار کر دی گئی تھی۔

ان فیصلوں کی ناراضی سے مدعا علیہم مشتریوں نے عدالت ہذا میں مرافعہ جات پیش کئے ہیں اور تنقیحات ذیل طلب امور یہ ہیں :-

۱۔ آیا مدعی حصص الف و ج کی نسبت حق شفعہ کا دعویٰ کرنے کا مستحق ہے۔

۲۔ آیا مدعی حصہ ب کی نسبت معاہدہ کی تعمیل مختص کا دعویٰ کرنے کا مستحق ہے۔

۳۔ اگر یہ حالت نہیں ہے تو آیا وہ اس حصہ کی نسبت حق شفعہ کا دعویٰ کرنے کا مستحق ہے اور

۴۔ اگر مدعی معاہدہ کی تعمیل مختص کا یا حق شفعہ کی ڈگری کا مستحق نہیں ہے تو آیا وہ کسی ہرجہ کا مستحق ہے اور اگر ہے تو اسکی مقدار کیا ہے۔

پہلے سوال کی حد تک یہ قرار دینے میں مجھے کوئی تامل نہیں ہوتا کہ مدعی کوئی دلیل نہیں رکھتا اور یہ کہ ہر بنائے حق شفعہ قبضہ کی ڈگری جو عدالت تحت نے اس کو عطا کی تھی منسوخ کیجانی چاہئے۔ یہ امر غیر نزاعی ہے کہ مکان مختلف حصہ داروں کی ملکیت میں تھا اور وہ مختلف بیعنامہ کے ذریعہ سے بیع کیا گیا تھا۔ بیعنامہ جات کی تکمیل اور رجسٹری مختلف تاریخوں پر ہوئی تھی اور قیمتیں بھی جو بیع شدہ حصص کے معاوضہ میں لگائی گئی تھیں وہ یکجائی نہ تھیں۔ مدعی کا مکان جس کی رو سے وہ حق شفعہ کا دعویدار ہے پشت پر صرف حصص ب و ج سے ملحق ہے

گیندا
بنام
رامچند
۱۹۲۳ء
فیصلہ

گیندامام بنام ساچند (۱۹۵۰)

یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ حصہ الف تقریباً ۱۰ فٹ کے فاصلہ پر واقع ہے اور یہ کہ وہ مدعی کے مکان سے متصل نہیں ہے۔ محض یہ واقعہ کہ زمین جس پر مبیع مکانات بنے ہوئے تھے وہ کسی وقت ایک ہی مکان کے اجزاء تھے مبیعہ حصہ کی نسبت حق شفعہ کا دعویٰ کرنے کے لئے مدعی کو قابل بنانے کے لئے قانوناً کافی نہیں ہوتا اگر حصہ مذکور بلا واسطہ یا بالواسطہ اس حق کے تابع نہ ہو۔ موجودہ مقدمہ میں حق شفعہ کا دعویٰ اتصال در صفات اتصال کی بنا پر کیا گیا تھا۔ مدعی جب اس بنیاد کو ثابت کرنے سے قاصر رہا تھا جس پر دعویٰ مبنی تھا تو دعویٰ خارج کیا جانا چاہئے تھا اور میں حسبہ قرار دیتا ہوں۔

دوسرے سوال کی حد تک مدعی نے ایک دستاویز مورخہ ۲۲؍ جنوری ۱۹۴۲ء پر استدلال کیا ہے جس کی رو سے مبلغ [illegible] کی رقم مدعا علیہ بائع کو بشکل زر بیعانہ ادا کی گئی تھی اور موخر الذکر نے یہ معاہدہ کیا تھا کہ وہ حصہ ب مدعی کو مبلغ [illegible] مالیہ میں بیع کریگا۔ دونوں ماتحت عدالتوں نے بالاتفاق یہ قرار دیا ہے کہ یہ دستاویز رجسٹری شدہ نہ ہونے کی وجہ سے ناقابل ادخال شہادت ہے۔ میری رائے میں یہ تجویز بین طور پر غلط ہے۔ دستاویز سے محض زر بیعانہ کی وصولی ظاہر ہوتی تھی اور اس کی رو سے مبلغ [illegible] روپے سے زیادہ مالیت کی غیر منقولہ جائداد میں کوئی حق کسی طرح سے قائم یا قرار نہیں دیا گیا تھا۔ رسید میں صرف اتنا یہ ذکر تھا کہ دوسری دستاویز بعد میں تکمیل کیجائیگی جو اس حصہ کی حد تک دستاویز حقیقت کا مطلب پورا کریگی جو اس بیع کے تحت بیع کرنا طے پایا تھا۔ یہ دستاویز صریحاً دفعہ ۱۷(۲) [illegible] کے منشاء میں آتی ہے جس میں یہ صراحت کی گئی ہے کہ دستاویز جس کی رو سے مبلغ [illegible] یا زیادہ مالیت کی غیر منقولہ جائداد میں یا اس کے متعلق کوئی حق حقیقت یا غرض قائم نہ کی گئی ہو قرار نہ دی گئی ہو محدود یا زائل نہ کی گئی ہو بلکہ دوسری دستاویز حاصل کرنیکا محض حق قائم کیا گیا ہو جب وہ تکمیل پا جائیگی ایسے کسی حق حقیقت یا غرض کو قائم کریگی قرار دیگی یا منتقل [illegible] لازمی طور پر قابل رجسٹری نہیں ہوتی۔ میری رائے میں ان دستاویز کے رجسٹری کئے جانے کی ضرورت نہ تھی اور دونوں عدالتوں نے اس کو شہادت سے خارج کرنے میں غلطی کی تھا۔ مدعا علیہ بائع نے تکمیل دستاویز سے انکار کیا ہے اور میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ کیوں یہ نہ قرار دیا جائے کہ وہ اس کا پابند ہے۔ غور طلب سوال یہ ہے کہ آیا اس مقدمہ کے خاص حالات میں مدعی کے حق میں معاہدہ کی تعمیل مختص کی ڈگری عطا کیجانی یا نہ کیجانی چاہئے۔ اس سوال کے متعلق پہلا امر جس پر غور کیا جانا چاہئے یہ ہے کہ آیا مدعا علیہ مشتریان خریداران نیک نیت بلا اطلاع ہیں۔ عدالتہائے تحت میں سے کسی نے اس امر کی نسبت کوئی تجویز نہیں صادر کی ہے لیکن اس غرض کیلئے مقدمہ واپس کرنا غیر ضروری ہے کیونکہ میری رائے میں کوئی ایسا مقدمہ نہیں ہے جس میں تعمیل مختص کی ڈگری صادر کیجانی چاہئے گو نیک نیتی اور اطلاع کے سوال پر تجویز مدعی کے حق میں ہو۔ اس امر سے انکار نہیں کیا گیا کہ مدعا علیہم مشتریان اب جبکہ خریداری تمام مکان کے مالک ہو گئے ہیں حصہ ب دو حصص الف اور ج کے مابین واقع ہے جس کے متعلق مدعی کے حق شفعہ کا دعویٰ خارج کیا جانا چاہئے۔ اگر حصہ ب کی نسبت مدعی کے حق میں ڈگری عطا کیجائے تو فریقین کے مابین یہ ہمیشہ کی تکلیف و جھگڑے کا باعث ہوگی اور اس کا نتیجہ یہ نہ ہوگا کہ مدعی کو قابل احساس منفعت پہونچے۔ اس کے علاوہ نقشہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ مکان اور مکانات الف اور ج کا راستہ سڑک سے متصل ہے جس سے مدعا علیہم مشتریوں کو دفعہ ۱۶ (چہارم) قانون حق شفعہ پنجاب کی رو سے اس جائداد کی نسبت ترجیحی

کرنے کے متعلق اعلیٰ حق شفعہ حاصل ہو جائیگا ایسی حالت میں تعمیل مختص کی ڈگری اگر دیجاوے بھی دیجائے۔ باطل ہوجائیگی اور کسی طریقہ سے بھی اس سے مدعی کو کچھ فائدہ نہ پہنچیگا! ... انکار نہیں کیا گیا ہے کہ عدالتوں کو یہ قطعی اختیار نہیں ہے ... یہ ہے کہ وہ تعمیل مختص کی ڈگری عطا کریں یا نہ کریں اور میری صریح رائے ہے کہ یہ اُن مقدمات میں سے نہیں ہے جنمیں مدعی کی نسبت ... قرار دیا جانا چاہیئے کہ وہ ایسی ڈگری کا مستحق ہے جسمیں معاہدہ کی تعمیل مختص کا دعویٰ خارج کرتا ہوں۔

اس تجویز کا نتیجہ یہ ہے کہ اس حصہ کی حد تک حق شفعہ کا دعویٰ بھی خارج کیا جانا چاہیئے۔ یہ حصہ حصۂ الف سے ملا ہوا ہے اور چونکہ وہ مدعی علیہم مشتریوں کے حصۂ الف کے مالک ہونے کے دو روز کے بعد خریدا گیا تھا اس لئے یہ واضح ہے کہ مدعی مدعی علیہم مشتریوں کے مقابلہ میں کوئی بہتر حق شفعہ نہیں رکھ سکتا لیکن یہ کوئی وجہ نہیں ہے کہ کیوں ہرجہ کی ڈگری مدعی کے حق میں صادر نہ کیجائے۔ بلا کسی شبہ کے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ جائداد کی بیع کا معاہدہ مشتریوں کے حق میں بیع کے قبل تکمیل پایا تھا۔ مدعی کے حق میں تعمیل مختص کی ڈگری اُن خاص وجوہ سے نہیں صادر کی گئی ہے جن کا حوالہ اس کے قبل دیا جا چکا ہے۔ ابتداً یہ معاہدہ ہوا تھا کہ جائداد مبلغ ماسے میں بیع کیجائے گی اور صرف چند روز کے بعد وہ مبلغ سمایں۔ بیع کی گئی تھی۔ میری رائے میں دفعہ ۷۳ قانون معاہدہ ہند کی رو سے مدعی یقیناً ہرجہ کے متعلق دعویٰ کرنیکا مستحق تھا جو قدرتی طور پر معمولی طریقہ کارروائی میں پیدا ہوا تھا یہ ہرجہ صریحاً مشخص کیا جا سکتا ہے اور میری یہ رائے ہے کہ مدعی معہودہ قیمت اور اس قیمت کے مابین فرق کی نسبت دعویٰ کرنے کا مستحق ہے جس کے عوض جائداد بعد میں بیع کیگئی تھی جس کی مقدار مبلغ ماسہ ہوتی ہے اس تجویز کے لحاظ سے حصص الف اور ب کی نسبت مدعی حق شفعہ کا دعویٰ کرنے کا مستحق نہیں ہے یہ ظاہر ہے کہ حصہ ج کی نسبت بھی دعویٰ خارج کیا جانا چاہیئے یہ حصہ آخر میں خریدا گیا تھا جب مدعی علیہم مشتریان متصلہ حصص کے مالک بن چکے تھے یہ ظاہر ہے کہ مدعی علیہم مشتریان اس حصہ کو خریدنے کی نسبت اسی قدر حق رکھتے تھے جو مدعی کہتا تھا اور مدعی علیہ نے جب اپنا حق مدعی علیہم مشتریوں کے موافق استعمال کیا تھا تو مدعی کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ بیع پر محض اس وجہ سے اعتراض کرے کہ اس کا مکان بھی اس مکان سے ملحق ہے جو بیع کیا گیا تھا۔

نتیجہ یہ ہے کہ تینوں مرافعجات مسترد کئے جاتے ہیں اور مدعی کا دعویٰ معہ تمام خرچہ کے خارج کیا جاتا ہے۔ لیکن مدعی کو مبلغ ماسہ کی ڈگری آسارام مدعی علیہ بائع کے خلاف مبلغ ص کے علاوہ دیجائیگی جس رقم کے متعلق ماتحت عدالتوں نے پیشتر ہی اُس کے حق میں ڈگری صادر کی ہے۔

مرافعجات منظور کئے گئے

## ہائی کورٹ الہ آباد

درخواست ... نگرانی فیصلہ مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۴۴ بابت ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۶ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس لنڈسے و مسٹر جسٹس رفیق

مسماۃ مریم النساء بی بی مدعیہ بنام بابو رام وغیرہ مدعی علیہم

مرافعہ　　　　　　مرافعہ علیہم

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۴۷ رول ۱ – مرافعہ ثانی کا تصفیہ جدید شہادت کا علم ہونا – تجویز ثانی۔

تجویز ثانی کی درخواست کی جو جدید دستاویزی شہادت کے علم پر مبنی ہو مرافعہ ثانی کے تصفیہ کے بعد سماعت نہیں کیجاسکتی

گیندا رام
بنام
... چند
(لاہور)

مرعی افسا بلال
خانم
بنام
بابو رام
(الہ آباد)

[illegible] جلد ۳ نمبر ۵۰۹ [illegible]

درخواست بغرض تجویز ثانی [illegible] ۱۹۲۱ء
بموجب [illegible]
منجانب مرافعہ [illegible]
منجانب مرافعہ علیہم [illegible] پی ایل [illegible]
پی او پادھیا۔

**فیصلہ**۔ یہ درخواست فیصلہ کی تجویز ثانی کے لئے پیش کی گئی ہے۔ فیصلہ جس کی تجویز ثانی کی استدعا کی گئی ہے وہ فیصلہ ہے جو ۱۹ [illegible] ۱۹۲۱ء کو صادر کیا گیا تھا اُس کی رو سے آرڈر ۴۱ رول [illegible] کے بموجب ایک عورت [illegible] الہ آباد کا مرافعہ خارج کیا گیا تھا۔ مرافعہ مرافعہ ثانی تھا۔

اُس درخواست میں جو ہمارے روبرو پیش کی گئی ہے یہ تحریر کیا گیا ہے کہ اُس کے بعد سے کچھ دستاویزی شہادت کا علم ہوا ہے جس کو اگر اُس کو قبول کیا جائے یہ ثابت ہو گا کہ مدعیہ [illegible] متنازعہ جائداد پر جائز حقیت رکھتی تھی۔

تجویز ثانی کی درخواست پر اس بنا پر اعتراض کیا گیا ہے اس عدالت کو یہ اختیار نہیں ہے کہ [illegible] درخواست کی سماعت کرے اور ہمارے روبرو [illegible] نظائر کا حوالہ دیا گیا ہے۔ ہمارے لئے صرف یہ کافی ہے کہ ہم خود اپنی عدالت کی نظیر [illegible] (۱) کا حوالہ دیں۔

صفحہ ۱۰۱

وہ دوسرے فیصلہ جات کی تقلید کرتے ہوئے [illegible] قرار دیا گیا ہے کہ ہائیکورٹ [illegible] مرافعہ ثانی فیصلہ کی تجویز ثانی کی درخواست کی سماعت نہیں کر سکتی جو اس بنا پر مبنی ہو کہ مرافعہ کے تصفیہ کے بعد سے ایسی دستاویزی شہادت کا علم ہو گیا ہے جو اگر کافی طور پر ثابت ہو جائے جو اس سے عدالت ماتحت کو امور [illegible] کی ترغیب ہوتی کہ وہ مختلف نتیجہ اخذ کرے گو اگر ایسی شہادت کا علم مرافعہ کے تصفیہ کے قبل ہو جاتا تو ممکن تھا کہ عدالت مرافعہ کو یہ اجازت دیتی [illegible] تاکہ عدالت مرافعہ تحت میں وہ جدید شہادت کے علم ہونے کی بنا پر فیصلہ کی تجویز ثانی کے لئے درخواست پیش کر سکے۔ ہم نے اس کے قبل ہی اس مرافعہ کا ذکر کیا ہے کہ عدالت [illegible] مرافعہ ثانی کا تصفیہ کر چکی ہے ہم کوئی وجہ نہیں پاتے جس کے لحاظ سے موجودہ مقدمہ اُس مقدمہ سے ممیز کیا جا سکتا ہو جس کا ہم نے ابھی حوالہ دیا ہے۔ ہمارے روبرو یہ بحث کی گئی ہے کہ وہ معاملہ جو اس عدالت کے روبرو پیش ہے واقعہ کا سوال نہیں ہے [illegible] قانون کا سوال ہے ہم [illegible] اتفاق نہیں کر سکتے۔ تمام دوران میں مدعی کی دلیل یہ تھی کہ [illegible] کاغذات مالگزاری غلط طریقہ سے مرتب کئے گئے تھے اور یہ کہ اگر کاغذات ٹھیک طریقہ سے مرتب کئے جاتے تو جائداد کی نسبت اُس کی حقیت ثابت ہو جاتی [illegible] عدالتوں نے یہ قرار دیا تھا کہ مدعی اس امر کی نسبت اطمینان بخش [illegible] دینے سے قاصر رہا تھا کہ کاغذ زیر بحث غلط طریقہ [illegible] گیا ہے دستاویزی شہادت جس کی نسبت اب علم ہوا ہے یہ ظاہر کرنے کی غرض سے ہے کہ کاغذ بطور واقعہ کے غلط طریقہ سے مرتب ہوا تھا اور ایسی حالت میں جہاں یہ ترغیب دینے کی غرض سے پیش کی گئی ہے کہ ہم اُس بنیاد پر مدعیہ کے حق میں تصفیہ کریں یہ سوال کہ آیا کوئی خاص کاغذ صحیح یا غلط طریقہ سے مرتب کیا گیا ہے یقیناً سوال واقعاتی ہوتا ہے اور وہ سوال قانونی نہیں ہوتا عدالت ہذا کے اُس فیصلہ کی تعمیل کرتے ہوئے جس کا ہم نے اوپر حوالہ دیا ہے ہم یہ قرار دیتے ہیں کہ یہ درخواست قابل سماعت نہیں ہے اور ایسی حالت میں اس کو معہ خرچہ خارج کرتے ہیں جس میں عدالت ہذا کا خرچہ بشرح [illegible]

(۱) انڈین کیسز جلد ۲ صفحہ ۲۰۹

دشنو وشواناتھ
بنام
رامچندرا
(بمبئی)

صفحہ ۱۰۸

اصل داخل ہوگا۔

یہ کاغذات کلکٹر مرادآباد کے دفتر میں واپس کئے جائیں۔

درخواست خارج کی گئی۔

# ہائی کورٹ بمبئی

## مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۰۹۶ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء فیصلہ ۹ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر نارمن میکلیوڈ نائیٹ چیف جسٹس

و مسٹر جسٹس کرمپ

وشنو وشواناتھ بیکر وغیرہ **بنام** رامچندرا سدا شیو بیکر وغیرہ

مدعی علیہم مرافعان مدعیان مرافعہ علیہم

دہرم شاستر — مشترکہ خاندان — انتقال منجانب منتظم — بالغ ارکان کی حیثیت — فائدہ — ضرورت۔

منتظم کیجانب سے مشترکہ خاندانی جائداد کا انتقال بالغ شرکاء خاندان کے حصص پر صرف اُس وقت اثر ڈالیگا جب ثابت ہو جائے کہ انتقال ضرورت کیلئے عمل میں آیا تھا۔

مشترکہ ہندو خاندان کا منتظم خاندانی جائداد کی بیع کو صرف اس بنا پر جائز نہیں کر سکتا کہ اسوقت بیع منفعت بخش معلوم ہوتی تھی۔

پالانی اپاچٹی بنام دیوا سکاموتی پنڈارا ساہی۔ انڈین کیسز جلد ۴ صفحہ ۲۲ کا حوالہ دیا گیا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی فیصلہ صادرہ ڈسٹرکٹ جج رتناگیری مرافعہ نمبر ۹۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء مشعر ترمیم ڈگری صادرہ سب آرڈینیٹ جج دیورکھ بمقدمہ مرافعہ نمبر ۱۳۹ بابتہ ۱۹۱۸ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر وی۔ پی۔ ویر کر۔

منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر پی۔ وی۔ کانے۔

**فیصلہ۔** ہم خیال کرتے ہیں کہ یہ مرافعہ کامیاب ہونا چاہئے مدعی علیہما نمبر ۳ و ۴ جائداد بیع کئے جانے کے وقت نابالغ تھے اور بیع کا اثر اُن کے حصہ پر صرف اُسوقت پڑیگا جبکہ یہ ثابت کیا جائے کہ وہ ضرورت کے لئے عمل میں لائی گئی تھی۔ یہ کہنا بہت تجاوز کرنا ہوگا کہ ہندو خاندان مشترکہ کا منتظم مشترکہ خاندانی جائداد کی بیع کو صرف اس بنا پر جائز کر سکتا ہے کہ اُسوقت بیع منفعت بخش ظاہر ہوتی تھی کتاب دہرم شاستر و رواج مؤلفہ مین میں اس مضمون کے متعلق پر محل عبارت آخری طبع کے صفحات ۴۷۶ و ۴۷۷ پر ملتی ہے صفحہ ۴۷۷ کے نیچے فیصلہ پالانی اپاچٹی بنام دیوا سکاموتی پنڈارا ساہی (۱) میں سے حسب ذیل فقرہ درج کیا گیا ہے۔

"کسی ایسی نظیر کا حوالہ نہیں پایا گیا ہے جس سے اس خیال کی کوئی تائید ہوتی ہو کہ شبیت اسکا مستحق ہوتا ہے کہ وہ ذخیرہ اراضیات صرف ان اغراض کے لئے بیع کرے کہ اُس کی قیمت کو اس طور پر لگائے جس سے ایسی مدنی حاصل ہو سکے جو اُس سے زیادہ تھی جو غالباً زیادہ محفوظ اور یقیناً زیادہ مستحکم جائداد یعنی خود ہتر اراضی سے وصول ہوتی تھی شرح میں یہ بیان کیا گیا ہے۔

مقدمہ میں انتقال کی درست کا حوالہ دیا گیا ہے جس کی ایسے شبیت کو اجازت ہوتی ہے جو دیوتر اراضیات کا محافظ ہو لیکن یہ بحث کی گئی تھی ..... اور اُس کا تصفیہ اس بنا پر کیا گیا تھا کہ وہی اصول متعلق تھے جو منتقلی کے اُن حقوق کو باقاعدہ کرتے ہیں جو مشترکہ خاندانی جائداد کے منتظم نے استعمال کئے ہوں یہ بہت زیادہ تجاوز کرنا ہوگا بمقابلہ اُس کے کہ دہرم شاستر کے کسی اصول سے اُس کی تائید ہوتی ہو کہ ہم کہیں کہ مشترکہ خاندان کا منتظم اُس وقت یہ امر منفعت بخش سمجھتا ہے کہ مشترکہ خاندانی اراضی کا بنا دلہ بعوض زر نقد کرے اس لئے اپنی منتقلی

(۱) انڈین کیسز جلد ۳۹ صفحہ ۲۲۔

جانہ سمجھی جا سکتی تھا اور اُس وہ خاندان کے نابالغ ارکان پر واجب الادا تھیں ہو گی
ایسی حالت میں فیصلہ دیا تھا کہ ڈگری بحال کیجانی چاہیے اور مرافعان
جانب سے تمام خرچہ ادا کیا جائے۔
مرافعہ منظور کیا گیا۔

## ہائی کورٹ الہ آباد

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۹۶۲ ء سنہ ۱۹۲۱ء فیصلہ ۲۲ فروری ۱۹۲۳ء

با اجلاس مسٹر جسٹس پیگز و مسٹر جسٹس ڈینیلز

سا ہو رگھونا تھ سنگھ وغیرہ **بنام** سیٹھ سری نارائن وغیرہ
مدعی علیہم مرافعان — مدعیان مرافعہ علیہما

ہندو مشترکہ خاندان — ہنڈی جس کی تکمیل منتظم کی ہو — مشترکہ خاندان کی ذمہ داری — قرضہ بلا کفالت — اسٹیٹ کی ذمہ داری — منتظم کا قرضہ — قیاس سے زیادہ شرح سود — ضرورت — بار ثبوت۔

ہنڈی جس کی تکمیل اور جس پر دستخط ہندو مشترکہ خاندان کے منتظم نے اس حیثیت سے خاندانی ضرورت کے لیے کیا ہو مشترکہ خاندان کی تمام جائداد پر واجب الادا ہوتی ہے۔

کرشنا نند ناتھ کھرے بنام راجہ رام سنگھ انڈین کیسز جلد ۶ صفحہ ۵۱ کی تقلید کی گئی۔

ہندو مشترکہ خاندان کا منتظم اپنے منتظم کی اپنی حیثیت سے اور ظاہرا بلا کفالت سادہ قرضہ جات حاصل کر سکتا ہے۔

دہیرج سنگھ بنام منگا رام انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲۹ صفحہ ۳۴۰ و کلو بنام فیاض علی خان انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۳۰ صفحہ ۳۹۴ ممیز کیے گئے۔

اس قسم کا کوئی قیاس نہیں ہوتا کہ قرضہ جو ہندو مشترکہ خاندان کے بزرگ نے حاصل کیا تھا اس قسم کا ہوتا ہے جو خاندان کی جانب سے حاصل کیا گیا تھا۔ اس شخص کو جو یہ بیان کرتا ہے کہ منتظم کا فلاں قرضہ خاندان پر واجب الادا ہے اپنا بیان ثابت کرنا چاہیے۔

سنیدی پدما ناتھ تکیا بنام مادھون اور انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۲۱ صفحہ ۵۲۰ سے استناد کیا گیا۔

جہاں قرضہ کے سود کی شرح جو کسی ہندو مشترکہ خاندان کے منتظم نے حاصل کیا تھا نا واجبی طور پر زیادہ ہو تو یہ ممکن ہو کہ خاندانی بار کو ادا یا بند کرنے کی غرض سے نہ صرف قرضہ کی ضرورت بلکہ یہ بھی ثابت کرنا چاہیے کہ ایسی زیادہ شرح پر قرضہ لینے کی ضرورت تھی۔

نواب نذیر بیگم بنام راؤ رگھو ناتھ انڈین کیسز جلد ۵ صفحہ ۴۳۴ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ مسٹر ڈسٹرکٹ جج بدایوں مورخہ ۳۰ اگست سنہ ۱۹۲۱ء۔

منجانب مرافعان — ڈاکٹر کے این کٹجو

منجانب مرافعہ علیہم مسٹر ہربنس پرشاد۔

**فیصلہ** — یہ مرافعہ جات ان چار دعاوی سے پیدا ہوتے ہیں جو چار ہنڈیوں پر مبنی تھے جن کی تکمیل نومبر سنہ ۱۹۱۶ء میں ہیرا سنگھ متوفی نے کی تھی۔ مدعی علیہم مرافعان ہیرا سنگھ کے بیٹے ہیں اور وہ اُس کے ساتھ ایک مشترکہ خاندان بناتے ہیں۔ دونوں عدالت ہائے ماتحت نے یہ قرار دیا ہے کہ قرضہ جات ایک مرافعہ ساہو رگھو ناتھ سنگھ کی ذات کے متعلق حاصل کیے گئے تھے اور یہ کہ خاندان کی حیثیت

رگھوناتھ سنگھ بنام سرجو پرشاد (الہ آباد)

[illegible] وہ رقم جو ازدواج کی غرض سے قرض لی گئی تھی زیادہ نہیں اس تجویز کے معنے لازمی طور پر یہ نتیجہ نکلتا ہے اور عدالت تحت نے یہ قرار دیا ہے کہ قرضہ جات ضرورت قانونی کے لئے حاصل کئے گئے تھے۔

مرافعہ میں دو عذرات پر زور دیا گیا ہے پہلا عذر یہ ہے کہ چونکہ ہندی قانون دستاویزات قابل بیع و شری کے مفہوم میں آئینی دستاویز قابل بیع و شری ہوتی ہے اس لئے مرافعان کے خلاف وہ نافذ نہیں کیجا سکتی خواہ قرضہ مشترکہ خاندان کیجانب سے حاصل کیا گیا یا نہ کیا گیا ہو یہ امر جیسا کہ مرافعان کے لائق ایڈوکیٹ نے تسلیم کیا تھا ہمین طریقہ سے اس کے خلاف حال کے مقدمہ کرشنا نند ناتھ کھترے بنام راجہ رام سنگھ (۱) میں تصفیہ پا چکا ہے ہمارے لئے یہ کہنا کافی ہے کہ ہم کلیتاً اس مقدمہ کے فیصلہ سے متفق ہیں اور یہ کہ ہم یہ تجویز کرتے ہیں کہ اس کی تقلید کریں۔

دوسرا امر جو پیش کیا گیا ہے یہ ہے کہ چونکہ قرضہ جات سادہ قرضہ جات تھے جو مشترکہ خاندانی جائداد کی کفالت پر نہیں حاصل کئے گئے تھے اس لئے وہ منتظم کے ذاتی قرضہ جات سمجھے جانے چاہئیں اور وہ مشترکہ خاندان کے دوسرے ارکان پر واجب التعمیل نہیں ہیں۔ مرافعان کے لائق کونسل نے بحث میں اس حد تک تجاوز کیا ہے کہ اسوقت بھی جب صریح تجویز اس امر کی موجود ہو کہ قرضہ جات منتظم نے اس حیثیت سے اور مشترکہ خاندان کیجانب سے حاصل کئے تھے کوئی ذمہ داری پیدا نہیں ہوتی سوائے اس کے کہ منتظم کی ذاتی ذمہ داری ہو۔

مرافعہ جات نمبر ۱۶۷ و ۱۶۸ میں ایسا کوئی عذر کسی ماتحت عدالت میں نہیں پیش کیا گیا تھا اور اگر ہمارے روبرو یہی دو مرافعہ جات ہوتے تو ہم یہ عذر ابھی سادہ وجہ پر نا منظور کرنے کیلئے مائل ہو سکتے مگر مرافعان مرافعہ ثانی میں جدید دلیل پیش کر رہے تھے جس کے وہ مستحق نہیں ہیں۔ دوسرے دو مرافعہ جات نمبر ۲۹۴ و ۲۹۵ بابت ۱۹۲۲ء میں یہ امر پیش کیا گیا تھا اور دونوں عدالتوں نے صراحتاً یہ قرار دیا ہے کہ قرضہ جات منتظم نے اس حیثیت سے اور مشترکہ خاندان کیجانب سے حاصل کئے تھے۔

نظیر کی طرف ایک مشابہت جو لائق کونسل نے دلیل کیلئے پیش کی ہے وہ مقدمات دہیرج سنگھ بنام منگل رام (۲) و کلو بنام فیاض علی خاں (۳) پر مشتمل ہے جن میں قرار دیا گیا تھا کہ جب کوئی بیوہ جو اپنے شوہر کی جائداد پر قابض ہو سادہ قرضہ جات حاصل کرے تو دائنین کو یہ اختیار نہیں ہوتا کہ وہ خاندانی جائداد کو نیلام کرا کر ورثاء ہونیکے خلاف اُن قرضہ جات کو نافذ کریں گو وہ غرض جس کے لئے قرضہ جات حاصل کئے گئے تھے اُس قسم کی ہو جس کی بابتہ خاندان کو زیر بار کرنے میں بیوہ کا عمل جائز ہو سکتا ہو ایسا کہا گیا ہے کہ بیوہ کی اور مشترکہ خاندان کے منتظم کی حیثیت مماثل ہے۔ صورت حال یہ نہیں ہے اس میں شک نہیں کہ دونوں کے مابین بعض مشابہ امور ہیں اور یہ کہ وہ اغراض جن کے لئے وہ اس کے مجاز ہیں کہ مشترکہ خاندانی جائداد کو زیر بار کریں اگر عام طور پر بیان کئے جائیں ایک ہی ہیں۔ لیکن بیوہ کو کبھی دوسرے شریک مالکوں کیجانب سے عمل نہیں کرنا پڑتا ہے یہی واقعہ کہ کوئی اسٹیٹ اُس کے ہاتھ آیا ہے یہ ظاہر کرتا ہے کہ شرکاء خاندان کی جماعت باقی نہیں رہی ہے۔ بخلاف منتظم کے بیوہ کو اس کی ضرورت نہیں ہوتی کہ وہ قرضہ جات حاصل کرے اور شرکاء خاندان کی اُس جماعت کیجانب سے جس کا وہ مدبر کہ ہے جائداد کے انتظام کے معمولی کاروبار میں تمام اقدامات کی تکمیل کرے اس اصول پر کہ منتظم اپنی اس حیثیت سے خاندان کی طرف سے سادہ قرضہ جات حاصل کر سکتا ہے بظاہر کبھی شبہ نہیں کیا گیا ہے متعدد مقدمات اس قسم کے موجود ہیں جن میں یہ قرار دیا

(۱) انڈین لا رپورٹس [illegible] جلد ۲ صفحہ [illegible] = (۱۹۲۲ء) نظائر ہند صفحہ ۲۰۰

(۲) انڈین لا رپورٹس الہ آباد جلد ۱۹ صفحہ ۴۰ (۳) انڈین لا رپورٹس الہ آباد جلد [illegible] صفحہ ۲۹۵

رگھوناتھ سنگھ بنام سری نارائن (الہ آباد) کیا بلکہ ہم کو کوئی قیاس نہیں ہوتا کہ آیا کوئی قرضہ منتقل نے خاندان کیجانب سے حاصل کیا تھا اور ایسا ہی ہے بعض مقدمات مثلاً سو روپیہ تا نگچیا نام نارائن اور (۲) راما وغیرہ جات کے مقدمات میں یہ قرار دیا گیا ہے۔ اگر شخص مجوزہ بیان کرے کہ کوئی خاص قرضہ خاندان کی [illegible] تھیں ہے ایسا بیان ثابت کرنا چاہئے لیکن بیان تمام مقدمات میں [illegible] فرض کیا گیا ہے اگر یہ ثابت ہو جائے تو [illegible] خاندان کے ارکان [illegible] ہونگے مقدمہ گرشا [illegible] بنام [illegible] سنگھ (۱) محولہ بالا بھی اس امر کے متعلق ایک نظیر ہے یہ مقدمہ اس مقدمہ سے [illegible] مشابہ ہے جو ہمارے [illegible] ایک سند کی جس کی تعمیل [illegible] خاندان کے ایک منتظم نے خاندانی اغراض کے لئے کی تھی شرکا خاندان کی تمام جائداد پر واجب التعمیل تھی۔ ان وجوہ سے ہم اُن دونوں عذرات کو نامنظور کرتے ہیں جو مرافعان کیجانب سے پیش کئے گئے تھے۔

مرافعہ نمبر ۱۶۷۲ میں مرافعہ علیہم نے اس شرح سود کے متعلق جو دلایا گیا تھا ایک عذر عکسی پیش کیا ہے۔ سند میں مرافعہ مدعی سالانہ کے حساب سے سود واجب الادا تھا۔ ماتحت عدالتوں نے یہ قرار دیا ہے کہ گو قرضہ خاندانی غرض کے لئے حاصل کیا گیا ہو مگر اس قدر زیادہ شرح سود پر روپیہ قرض لینے کی ضرورت نہ تھی مقدمہ نواب نذیر بیگم بنام راؤ رگھوناتھ (۵) میں پریوی کونسل کا یہ فیصلہ موجود ہے کہ جب سود کی شرح ناواجبی طور پر زیادہ ہو تو ۱۹۲۰ جائداد کو پابند کرنے کے لئے دائن کو صرف قرضہ کی ضرورت بلکہ اس قدر مصرفانہ شرح پر قرضہ لینے کی ضرورت ثابت کرنی چاہئے جو عذر مرافعہ علیہم نے پیش کیا تھا وہ یہ ہے کہ انہوں نے ابتدائی قرضہ پر ۱۹۱۵ء میں اس قدر سود ادا کر دیا تھا جو اُس وقت واجب الادا تھا ایسی حالت میں وہ یہ بیان کرتے ہیں کہ صرف اُس تاریخ سے سود میں تخفیف کیجانی چاہئے۔ ہماری رائے میں یہ بحث معقول نہیں ہے۔ جس حد تک مرنام سنگھ نے قانونی ضرورت کے بغیر عمل کیا تھا مرافعان اگرچہ کے فعال کے پابند نہیں ہیں مرافعان متوفی کے بیٹے نہیں بلکہ بھتیجے ہیں اور قرضہ ما بعد کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا مرافعان کو اس امر پر مجبور نہیں کیا جا سکتا کہ وہ محض اس وجہ سے زیادہ شرح سود ادا کریں کہ قرضہ حاصل کئے جانے کے بعد سے مرنام سنگھ نے علی الحساب کچھ روپیہ ادا کیا تھا۔

نتیجہ یہ ہے کہ ہم چاروں مرافعہ جات معہ خرچہ خارج کرتے ہیں جن میں عدالت ہذا کی فیس بشرح اعلیٰ داخل ہوگی۔ ہم مرافعہ نمبر ۱۶۷۲ میں عذر عکسی بھی معہ خرچہ خارج کرتے ہیں

مرافعہ جات خارج کئے گئے

## ہائی کورٹ بمبئی

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۰۵ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۶ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس : مسٹر نارمن میکلیوڈ قائم مقام چیف جسٹس و مسٹر جسٹس کرمپ

وینکٹ رامن اناگونڈے گنی وغیرہ بنام بابو رایا وینکٹیش پربھو

مدعی علیہم مرافعہ علیہم — مدعی مرافعہ علیہ

قانون عدالتہائے مطالبات خفیفہ صوبجاتی ایکٹ ۹ بابتہ ۱۸۸۷ء دفعات ۷، ۲۷، ۳۲ (۲) ایسی عدالت میں دعویٰ رجوع کیا جانا جس کو اختیارات مطالبات خفیفہ حاصل نہوں ـ تحقیقات اور فیصلہ جب عدالت کو ایسے اختیارات حاصل ہو گئے ہوں ـ مرافعہ آیا قابل پذیرائی ہوتا ہے

مطالبات خفیفہ کی نوعیت کے دعوے میں ڈگری کا نافذ سے مرافعہ ممنوع ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ عدالت

(۵) انڈین لاء رپورٹس جلد ۴۰ء ۱۹۲۰ (۵) انڈین کیسز جلد ۵۰ صفحہ ۲۴۴

جو مقدمہ کی تحقیقات کرے ارجاع دعوے کے قبل اختیار سماعت عدالت مطالبات خفیفہ حاصل ہو جس کی وجہ سے وہ اُس خاص دعوے کی سماعت کرنیکا مجاز ہو۔

سمبھو دہناجی بنام رام وٹھو انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۱۷ صفحہ ۲۲۴ کی تقلید کی گئی۔

ایک دعوےٰ جس کی نوعیت مطالبات خفیفہ کی تھی ایک سب جج کی عدالت میں رجوع کیا گیا تھا جس کو عدالت مطالبات خفیفہ کے اختیارات حاصل نہ تھے مقدمہ کی تحقیقات شروع ہونے کے قبل سب جج کو ایسے اختیارات عطا کئے گئے تھے لیکن اُس نے دعوےٰ کی نمبری نالش کے طور پر تحقیقات کی اور اس کا تصفیہ کیا۔

قرار دیا گیا کہ سب جج کی ڈگری کی ناراضی سے مرافعہ ہو سکتا تھا کیونکہ فقرہ (۲) دفعہ ۳۲ قانون عدالت ہائے مطالبات خفیفہ صوبجاتی کی رو سے سب جج دعوے میں مطالبات خفیفہ کے طور پر تحقیقات نہیں کر سکتا تھا کیونکہ عدالت مطالبات خفیفہ کے اختیارات دعوےٰ رجوع کئے جانے کے بعد اُس کو عطا کئے گئے تھے۔

مرافعہ ثانی بناراضی فیصلہ صادرہ ڈسٹرکٹ جج کنارا برافعہ نمبر ۱۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء مشعر بحالی ڈگری صادرہ سب آرڈینیٹ جج ہوناور بمقدمہ دیوانی نمبر ۲۲۶ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء۔

منجانب مرافع مسٹرز۔ جی۔ پی۔ مرڈیشور و ڈی۔ آر۔ بگرانکر

منجانب مرافعہ علیہ نمبر ا۔ مسٹر نیلکنٹھ آتما رام۔

**فیصلہ**۔ مدعی نے مبلغ [illegible] کی بازیافت کے لئے جو رقم ملگینی کرایہ کی حیثیت سے واجب الادا ہو گئی تھی۔ سب آرڈینیٹ جج ہوناور کی عدالت میں دعوےٰ کیا تھا جو جج اُس عدالت میں اُس وقت اجلاس کر رہے تھے اُن کو عدالت مطالبات خفیفہ کے اختیارات حاصل نہ تھے لیکن جب مقدمہ بغرض تحقیقات پیش ہوا تو اُس کا فیصلہ مسٹر ہلیپاوی نے کیا تھا جن کو مبلغ [illegible] تک کے اختیارات عدالت مطالبات خفیفہ حاصل تھے۔ مدعی علیہم نے ڈسٹرکٹ کورٹ میں مرافعہ دائر کیا اور ڈسٹرکٹ جج نے یہ قرار دیا کہ مرافعہ قابل پذیرائی نہ تھا اس بنا پر کہ وہ عدالت مطالبات خفیفہ کا مقدمہ تھا اور گو اس کی نمبری نالش کے طور پر تحقیقات کی گئی تھی۔ مگر مرافعہ کا سوال اُس طریقہ پر نہیں جس طریقہ پر اس کی تحقیقات کی گئی تھی۔ بلکہ دعوے کی نوعیت پر منحصر ہوگا۔

یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ ڈسٹرکٹ جج کی توجہ اس عدالت کے فیصلہ سمبھو دہناجی بنام رام وٹھو (۱) کی طرف مبذول کرائی گئی ہے اُس مقدمہ میں دعوےٰ مبلغ [illegible] کی بازیافت کے لئے سب آرڈینیٹ جج کی عدالت میں رجوع کیا گیا تھا جن کو اُس وقت صرف مبلغ [illegible] تک کے اختیارات عدالت مطالبات خفیفہ حاصل تھے۔ دعوےٰ بغرض سماعت پیش ہونے کے قبل اُن کے اختیارات بعد میں مبلغ [illegible] تک بڑھا دئے گئے تھے۔ لیکن دعوے کی تحقیقات اُنہوں نے نمبری نالش کے طور پر کی تھی اور عذرداری منظور کی گئی تھی۔ مرافعہ میں ڈسٹرکٹ جج نے یہ قرار دیا تھا کہ مرافعہ قابل پذیرائی نہ تھا۔ نگرانی میں ہائی کورٹ نے یہ قرار دیا تھا کہ دفعہ ۳۲ (۲) ایکٹ ۹ بابتہ سنہ ۱۸۸۷ء کی رو سے یہ ضروری تھا کہ جج کو ارجاع دعوے کے قبل عدالت مطالبات خفیفہ کا اختیار سماعت حاصل ہو جس کی وجہ سے وہ کسی خاص دعوے کی سماعت کرنیکا مجاز ہو۔ اس مقدمہ میں جب دعوےٰ دائر کیا گیا تھا تو جج موصوف کو عدالت مطالبات خفیفہ کے اختیارات حاصل نہ تھے اور ایسی حالت میں مرافعہ پر یہ سوال منحصر تھا کہ آیا ڈسٹرکٹ کورٹ میں مرافعہ ہو سکتا ہے اور آخرکار دعوے کا تصفیہ سب آرڈینیٹ جج

دیکٹ رپورٹ نام بابر یاد (بمبئی)

صفوا

(۱) انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۱۷ صفحہ ۲۲۴

کی عدالت میں ہوا تھا۔ یہ مرافعہ ثانی منسوب ہے بلکہ حکم کی نا راضی سے مرافعہ ہے کیونکہ ڈسٹرکٹ جج نے یہ فیصلہ کر دیا تھا کہ اس عدالت میں رجوع نہیں ہو سکتا۔

مرافعہ منظور اور مقدمہ ڈسٹرکٹ جج کی عدالت میں واپس کیا جانا چاہئے تاکہ قانون کے مطابق اس کا تصفیہ کیا جائے۔

خرچہ مرافعہ کا خرچہ مقدمہ ہو۔

[illegible] منظور کیا گیا

## عدالت جوڈیشل کمشنر ناگپور

مرافعہ اولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۹۰ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۲ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر [illegible] جوڈیشل کمشنر و مسٹر [illegible]

اڈیشنل جوڈیشل کمشنر

لکشمن مدعی علیہ مرافع بنام کیشو راؤ مدعی مرافعہ علیہ

قانون میعاد سماعت ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۰۸ء دفعات ۱۴ و ۲۹ (ب) — قانون مالگزاری اراضی ممالک متوسط ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۱۷ء دفعہ ۱۲۹ (۱) (ب) — کارروائیات تقسیم حیثیت کا دعویٰ — میعاد سماعت — عدالت غیر مجاز میں دعویٰ دائر کیا جانا — مدت کا اخراج۔

ایکٹ ۱ بابتہ ۱۹۲۲ء کے ذریعہ سے اس کی ترمیم کے قبل دفعہ ۲۹ (ب) قانون میعاد سماعت بابتہ ۱۹۰۸ء کا اثر تھا کہ اس کی وجہ سے دفعہ ۱۴ ایکٹ مذکور اس دعوے سے متعلق نہ ہوتی تھی جو کہ اس حکم کے مطابق رجوع کیا گیا ہو جو فقرہ دفعہ ۱۲۹ (۱) (ب) قانون مالگزاری ممالک متوسط کے بموجب صادر کیا گیا ہو۔

عبدالحکیم بنام [illegible] انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۳۳ صفحہ ۲۳۲ و کلیم الدین بنام صاحب الدین انڈین کیسز جلد ۲۸ صفحہ ۵۰۰ و کیا رتمی کلکیا بنام [illegible] [illegible] انڈین کیسز جلد ۴۴ صفحہ ۲۰۰۰ [illegible] کیا گیا

[illegible] ڈگری مصدرہ سب آرڈینیٹ جج درجہ اول ناگپور مورخہ [illegible] ۱۹۲۱ء مقدمہ دیوانی نمبر ۷ ۳ بابتہ ۱۹۱۸ء۔

منجانب مرافع مسٹر [illegible] و ایم آر اندرکر۔

منجانب مرافعہ علیہ مسٹر [illegible] پا دری۔

**فیصلہ**۔ اس واقعہ میں مرافعہ علیہ نے ڈپٹی کمشنر کے روبرو یہ درخواست پیش کی تھی کہ موضع [illegible] کی خانگی تقسیم کی جائے جو اس کی اور دو مرافعان کی مشترکہ جائداد ہے اور ہر فریق جس حصہ [illegible] کا مالک ہے۔ فریقین چند سال سے موضع کی اراضیات سیر اور خود کاشت کے مختلف حصوں پر علیحدہ علیحدہ قابض ہیں۔ فی الوقت مرافعان کے قبضہ میں ۱۹۳۸۴ ایکڑ سیر اور ۱۴۳۰۰ ایکڑ خود کاشت اور مرافعہ علیہ کے قبضہ میں ۱۹۴۴ ایکڑ سیر اور صرف ۲۰۱۵ ایکڑ خود کاشت اراضی ہے عہدہ دار مال کے روبرو مرافعان نے یہ عذر پیش کیا تھا کہ تمام سیر اور خود کاشت اراضیات اس فریق کی ملکیت غیر منقسم ہیں جو ان پر قابض تھا اور ۲۴ نومبر ۱۹۱۲ء کو عہدہ دار مال نے حسب ذیل عبارت میں ایک حکم صادر کیا۔ "امور تنقیح طلب مرتب کئے گئے اور سمجھائے گئے یعنی درخواست گزار کو دفعہ ۱۲۹ قانون مالگزاری اراضی کے بموجب یہ ہدایت دی جاتی ہے چونکہ وہ ان سوالات کے تصفیہ کے لئے جو امور تنقیح طلب میں قائم کئے گئے تھے چھ ماہ کے اندر عدالت دیوانی

لکشمن بنام کیشوراؤ (ناگپور)

یعنی جو مدعی رجوع کرے یا جو مدعا علیہ کے اندر جائز مصالحت یا فیصلہ ثالثی کے ذریعہ سے اُس کا تصفیہ کرائے مقدمہ کے تصفیہ تک یہ مقدمہ بحال رہے داخلہ نہ کیا جائے" اس حکم کے الفاظ فقرہ (ب) دفعہ ۱۹ (۱) قانون مالگزاری مواضعات ایکٹ بابتہ سنہ ۱۹۱۷ء کے الفاظ ہیں۔

۲۔ مرافعہ علیہ نے بالکل ناقابل فہم لیکن ہندوستان کی فریقین مقدمہ کی بہت ہی عام عادت کے مطابق اُس چھ ماہ کی مدت کی بالکل آخری تاریخ تک انتظار کیا جو اُس کو دیگئی تھی اور ۲۸ جون سنہ ۱۹۲۱ء کو وہ دعویٰ جس سے یہ مرافعہ پیدا ہوتا ہے اڈیشنل ڈسٹرکٹ جج کی عدالت میں رجوع کیا اور اپنے دعوے کی مالیت ٹھیک سے قرار دی۔ ۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء کو مسٹر دھرمادھیکاری اڈیشنل ڈسٹرکٹ جج نے عرضی دعوے پر حسب ذیل حکم صادر کیا "عرضی دعویٰ ۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء کو مدعی کے وکیل مسٹر آر۔ این پاوڑے نے پیش کیا۔ عدالت مجاز میں پیش کیے جانے کے لئے اُس کو واپس کیا گیا کیونکہ دعویٰ عدالت سب جج درجہ اول ناگپور کی سماعت کے قابل ہے اس لئے کہ جائداد ما بہ النزاع کی مالیت مبلغ ... سے تجاوز نہیں کرتی"۔ عرضی دعوے پر ایک تحریر ہے جو مدعی کے اُن وکیل نے لکھی تھی اور اُس پر دستخط کئے تھے جو اُس کی جانب سے عدالت ہذا میں بھی حاضر ہوئے تھے جس کی عبارت یہ ہے "عرضی دعویٰ ۱۶ جون سنہ ۱۹۲۱ء کو واپس ملی۔ ۱۶ جون سنہ ۱۹۲۱ء کو پیش کی گئی"۔

۳۔ اگر سختی سے عمل کیا جائے تو یہ قرار دینا ہوگا کہ عرضی دعویٰ ۲ مئی سنہ ۱۹۲۱ء کو واپس لی گئی تھی کیونکہ اُس پر رول ۱۰ (۲) آرڈر ۷ کے مطابق اُس مضمون کی عبارت ظہری درج ہے اور وکیل کی تحریر غیر مجاز تھی اور اُس پر مطلق غور نہ کیا جانا چاہئے لیکن مرافعہ علیہ نے اس سے انکار نہیں کیا ہے کہ عرضی دعویٰ در اصل اڈیشنل ڈسٹرکٹ جج کی عدالت میں اُس وقت تک چھوڑ دی گئی تھی جب تک کہ وہ مدعی کے تعمیل کے لئے عدالتیں ۱۵ مئی کو بند ہوئی تھیں اور وہ فی الواقع ۱۶ جون کو جو کہ تعطیل ختم ہونے کے بعد بازار روز تھا واپس لی گئی اور بغیر ... ڈسٹرکٹ جج کی عدالت میں پیش کی گئی تھی کیونکہ یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ یہ عمل جج کے علم سے کیا گیا تھا سوائے اس واقعہ کے کہ اس دوران میں مسٹر دھرمادھیکاری کا تبادلہ اڈیشنل ڈسٹرکٹ جج کی عدالت سے سینیئر ڈسٹرکٹ جج کی عدالت میں کر دیا گیا تھا جس میں عرضی دعوے اُنھوں نے بھی کی تھی اور وہ پھر اُن کے روبرو پیش کی گئی تھی لیکن مرافعہ علیہ نے جیسا کہ بیان کیا گیا ہے بحیثیت اختیار کی عرضی دعویٰ اُسی اور اسی روز پھر پیش کی تھی اور اس معاملہ کی نسبت کسی مزید امر کے تصفیہ کی ضرورت نہیں ہے۔

تنقیح المیعاد

۴۔ اس عدالت میں مرافعان نے یہ عذر پیش کیا ہے کہ دعویٰ تنقیح المیعاد ہے اور اس عذر کو لازماً کامیاب ہونا چاہئے بجز اس کے کہ دفعہ ۱۴ قانون میعاد سماعت سے مدعی کی حفاظت ہوتی ہو۔ اس دفعہ کا اثر یقیناً اسی قانون کی دفعہ ۲۹ کے بموجب ہوگا جس طرح پر کہ وہ اب قائم ہے لیکن دفعہ ۲ کو ایکٹ ۱۰ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء کی رو سے اُس کی موجودہ شکل میں لایا گیا تھا اور سنہ ۱۹۲۱ء کی یہ کارروائیات دفعہ ۲۹ قانون میعاد سماعت بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء کے تابع رہنی چاہییں فقرہ (ب) حصہ اول دفعہ مذکور کے بموجب قانون کا کوئی مضمون اُس میعاد سماعت پر اثر نہیں ڈال سکتا اور نہ اُس کو تبدیل کر سکتا ہے جو خاص طور پر کسی دعوے مرافعہ یا درخواست کے لئے کسی ایسے قانون مختص الامر یا مختص المقام کی رو سے مقرر کی گئی ہو جو برٹش انڈیا میں اب یا اس کے بعد نافذ ہو اس مسئلہ کے لئے کسی نظیر کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی کہ یہ الفاظ دفعہ ۱۴ قانون میعاد سماعت کے اثر کو اس عرضی دعوے کے متعلق خارج کرتے ہیں جو اُس حکم کے مطابق رجوع کیا گیا ہو جو فقرہ (ب) دفعہ ۱۹ (۱)

لکشمن بنام کیشوداو (دگمبر)

قانون مالگزاری اراضی بمبئی ۱۸۷۹ء جو بموجب صادر ہوا ہوگیا حکم ہائیکورٹ کلکتہ کے اجلاس کامل کی نظیر کلیم الدین ملا بنام صاحب الدین ملا (۱) ہے جس کی رو سے اسی عدالت نے سابقہ فیصلہ عبد الحکیم بنام لطیف النسا خاتون (۲) کی تائید کی گئی تھی۔ ہائیکورٹ مدراس نے اجلاس کامل کے فیصلہ کیا ہے ننگیا بنام ارتی جیانا ایباد (۳) ہیرو رباالگرشنا بنام بالامبا میں اوشینل جوڈیشل کمشنر کی فیصلہ میں ملتا ہے۔

۵۔ مرافعہ علیہ کیجانب سے اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ حکم مذکور بہ دفعہ ۱۱۶ ۹ اس کے اس حق کو زائل نہیں کر سکتا کہ وہ مت عیب استقرار حق عدالت دیوانی سے اس معمولی مدت کے اندر حاصل کرے جو ابتدے دعوے کے لئے مقرر تھی صورت حال یہی ہے لیکن احکام مندرجہ فقرہ (ب) ضمیمہ دوم دفعہ ۱۱۶۹ قانون مالگزاری اراضی کے لحاظ سے یہ ظاہر ہے کہ استقرار حق اگر اس نے اس کو حاصل کیا ہوبے اثر ہوگا کارروائیات تقسیم کی تجدید پر جواب بھی ہے۔ بس جونکہ اگر مرافعہ علیہ نے یہ عمل نہیں کیا تھا تو مرافعان کو بسبب پیش کرنیکے عہدہ دار مال کو یہ تصفیہ کرنا ہوگا کہ مرافعان تمام اور خود کاشت کے جو اُن کے قبضہ میں تھی بلا شرکت غیرے مالک تھے اور یہ کہ یہ معاملہ اُن کے موافق اور مرافعہ علیہ کے خلاف طے فیصل شدہ ہوگا۔ ان وجوہ سے یہ قرار دیا جانا چاہیے کہ مدعی کا دعوی جب رجوع کیا گیا تھا منقضی المیعاد تھا۔ حسبہ عدالت تحت کی ڈگری منسوخ اور مدعی کا دعوی خارج کیا جائیگا۔ مدعی مرافعہ علیہ کو پائیگا کہ دونوں عدالتوں کا تمام خرچہ ادا کرے۔ ڈگری منسوخ کی گئی۔ صفحہ ۱۰۲۳

## ہائیکورٹ بمبئی

مرافعہ اولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۲۵ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۱۱ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر میکلیوڈ قائم مقام چیف جسٹس و مسٹر جسٹس شاہ

کاہن داس نارائن وغیرہ مدعیان بنام جیون لال وغیرہ مدعی علیہم

مرافعان۔ مرافعہ علیہم

دھرم شاستر۔ تبنیت۔ بہانجہ۔ شودر۔ گجرات کے لیوا پٹیدار شودر ہوتے ہیں۔

گجرات کے لیوا پٹیدار شودر ہوتے ہیں اور اُن میں بہانجے کی تبنیت جائز ہوتی ہے۔

شودروں میں ایسے رواج کے ثابت کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی جس کی رو سے نواسہ یا بھانجے کی تبنیت کی اجازت دی گئی ہو منچارام بھیکو بنام دتو بھیکو۔ انڈین کیسز جلد ۴۲ صفحہ ۱۱۰ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ اولی بنا راضی فیصلہ مصدرہ سب آرڈینیٹ جج درجہ اول بمقام بھروچ بمقدمہ دیوانی نمبر ۱۲۹ بابتہ ۱۹۱۹ء۔

منجانب مرافعان۔ مسٹر آر۔ ڈبلیو ویسائی و اے جی وکیل۔

منجانب مرافعہ علیہ بیرسٹر مسٹر ایم۔ بی۔ واد۔

منجانب مرافعہ علیہم نمبر ۲ تا ۴ مسٹر آر۔ جے۔ ٹھاکر۔

**فیصلہ**۔ مدعیوں نے اس استقرار کے لئے کہ مدعی علیہ نمبر ۱ کی تبنیت ناجائز تھی اور حیثیہ اُس جائداد کے قبضہ کی بازیافت کے لئے دعوی رجوع کیا تھا جس کی صراحت عرضی میں کی گئی تھی فریقین کی رشتہ داری شجرہ خاندانی مندرجہ صفحہ ۲ میں ظاہر کی گئی ہے متدعویہ جائداد کا ابتدائی مالک ایک شخص بیر آگ پچھوڑ تھا جو ایک بیوہ پاروتی اور ایک بہن لکھمی کو چھوڑ کر فوت ہوا تھا۔ پاروتی نے مدعی علیہ نمبر ۱ جیون کو جو لکھمی کا بیٹا تھا متبنی لیا تھا نارن جو رنچھوڑ کا چچا زاد بھائی تھا اس کے بیٹوں مدعیوں نے یہ ادعا کیا تھا کہ متدعویہ جائداد پر جو بھگدری جائداد تھی۔ بحیثیت رشتہ دار ورثا انکا

(۱) انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۴۶ صفحہ ۷۰۵ (۲) انڈین لا رپورٹس کلکتہ جلد ۴۳ صفحہ ۵۳
(۳) انڈین کیسز جلد ۴۴ صفحہ ۵۰۵ (۴) ناگپور جوڈیشل کمشنر کیسز جلد ۶ صفحہ ۸۷۹۔

مقابلہ میں وارث ہوتے تھے پس اگر مدعی علیہ نمبر ا کی تبنیت ناجائز قرار دیگئی تھی تو وہ کامیاب ہونیکے مستحق ہونگے۔ ذی علم جج نے یہ قرار دیا تھا کہ چونکہ جائداد متدعویہ جگہ دی تھی اسلئے کبھی مدعی علیہ نمبر ۲ کے مقابلہ میں مدعیان کامیاب ہونگے لیکن انھوں نے یہ بھی قرار دیا تھا کہ مدعی علیہ نمبر ا کی تبنیت جائز تھی اور نیز مدعیوں کا دعوی خارج کیا۔

ذی علم جج نے اس سوال کی نسبت شہادت پر بحث کی تھی کہ آیا مدعیوں نے یہ ثابت کیا تھا کہ وہ لیوا پٹیدار ساکن گجرات ہونے کی وجہ سے شودر نہیں بلکہ ”ویشا“ سمجھے جاسکتے تھے اور انھوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا (۱) کہ شہادت کا وزن مدعیوں کی اس حجت کے خلاف تھا کہ وہ ویش تھے (۲) یہ کہ قوم میں یہ رواج نافذ تھا کہ بھانجے یا نواسہ کو متبنی لیا جائے جیسا کہ مسٹر جسٹس شاہ نے منچارام بھیکو بنام دتو بھیکو (۱) میں ظاہر کیا تھا اگر فریقین شودر ہوں تو ایسے رواج کے ثابت کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی جس کی رو سے بھانجے یا نواسے کی تبنیت کی اجازت دیجاتی لیکن بروے شہادت مجھے یہ بالکل واضح معلوم ہوتا ہے کہ اس قوم میں ایسی تبنیت کی گئی تھی اور ایسی حالت میں اس سے ایک حد تک یہ ظاہر ہوگا کہ فریقین ”ویشا“ نہیں بلکہ ”شودر“ تھے شہادت گواہوں کی نسبت یہ کہا جائے کہ وہ کسی قدر غیر معین و نیز متناقض ہے مگر زیادہ تر اسی نوعیت کی ہے جیسا کہ منچارام بھیکو بنام دتو بھیکو (۱) کی تھی جس میں مرافعہ کی سماعت مسٹر جسٹس شاہ اور میں نے کی تھی مسٹر جسٹس شاہ نے صفحہ ۷۶ پر یہ بیان کیا تھا۔

”دوسرا سوال یہ ہے کہ آیا عدالت تحت کا یہ تصفیہ درست ہے کہ فریقین شودر ہیں مرافعان کیجانب سے اس امر کے متعلق شہادت پر کامل طریقہ سے بحث کی گئی ہے اور ان واقعات کے لحاظ سے جو عدالت تحت نے ان رواجات کی نسبت قرار دیئے تھے جو اس

کاہن داس نامی بنام چیدا ماگ (ذیلی)

میں مروج ہیں جس سے فریقین کا تعلق ہے یہ ضروری نہیں ہے کہ اسکی شہادت پر بالتفصیل غور کیا جائے عدالت تحت نے یہ قرار دیا ہے کہ اس قوم کے ارکان جس سے فریقین کا تعلق ہے کوئی ویدک رسوم ادا نہیں کرتے اپنے یا ہیں نہیں گنتے جو دو جنمی اقوام کے لئے مقرر ہیں یہ کہ ان میں خاص سنسکار موہنج نہیں ہوتا جس کی وجہ سے کوئی شخص دویج ہو جاتا ہے یہ کہ وہ جنیو صرف کبھی کبھی استعمال کرتے ہیں یہ کہ یہ کبھی کبھی کا استعمال کرنا بھی غالباً حال ہی میں ترقی پایا ہے کہ ان میں وہ تمام رواجات پائے جاتے ہیں جن کی شودروں میں [illegible] یعنی [illegible] یا بھانجے کی تبنیت طلاق پاٹ ازدواج بیوہ تعدد ازدواج مکرر اور بیوگان کا سر نہ منڈا جانا جو تمام ادنی [illegible] قوم کی علامات ہیں۔ جیسا کہ ہائیکورٹ نے گوپال نرسمہا [illegible] بنام ہنمنت گنیش سافرے (۲) میں ظاہر کی تھی اس کا اس عبارت کے ساتھ مقابلہ کیجئے جو سارجنٹ چیف جج [illegible] تحریر کی تھی۔

صفحہ ۴

”مختصر [illegible] واقعہ یہ ہے کہ یہ لوگ کوئی ایسی ویدک رسوم اور سنسکار نہیں رکھتے ہیں جو دویج کے لئے مقرر ہیں یہ کہ وہ خاص اپنے سنسکار انجام نہیں دیتے جس سے کوئی شخص دویج ہو جاتا ہے یہ کہ وہ جنیو نہیں پہنتے یہ کہ ان میں وہ تمام رواجات موجود ہیں جو شودروں سے ملتے ہیں یعنی طلاق اور نیز ازدواج منجانب بیوگان اور نواسہ یا بھانجے کی تبنیت“۔

ہم خیال کرتے ہیں کہ بروئے شہادت اس نتیجہ کے لئے کافی جائز وجہ موجود ہے جو ذی علم جج نے اخذ کیا ہے اسکے بعد منچارام بھیکو بنام دتو بھیکو (۱) میں جسٹس شاہ نے صفحہ ۷۸ پر یہ بیان کیا تھا۔

”یہ امر قابل غور ہے کہ وہ قوم جس سے فریقین کا تعلق ہے اور

ماہون اسن نا مائن بنام جھمنا پراگ (دیسپی)

جو سابق میں کنبی قوم کہلاتی تھی حال میں شہادت کے مطابق لیوا کنبی کہلاتی ہے اور مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مدعا علیہم کیجانب سے بعضوں شہادت سے یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ طبقہ عملی ہے تاکہ موجودہ مقدمہ میں ذمہ داری سے بچ سکیں قوم کا نام جو کنبی جو ابتدا اس قوم کو دیا گیا تھا بظاہر گذشتہ بیس سال میں لیوا کنبی میں تبدیل ہو گیا ہے"۔

اسی طرح سے اس مقدمہ میں شہادت سے یہ ظاہر ہے کہ اس قوم میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ وہ ویش قوم ہے لیکن مدعیوں کے بعض گواہوں نے یہ تسلیم بھی کر لیا تھا کہ وہ پیدائش سے نہیں بلکہ افعال سے ویش تھے ایسی حالت میں تمام مثل اور واقعات کا لحاظ کرتے ہوئے جو بیان دونوں جج درجہ اول نے جو گجرات کے بہت زیادہ تجربہ کار ہیں قائم کی تھی ہم خیال کرتے ہیں کہ انکا فیصلہ درست تھا اور یہ کہ ایسی حالت میں مرافعہ بخرچہ خارج کیا جانا چاہئیے مدعی علیہ نمبر ۱ دونوں عدالتوں میں اپنا خرچہ پانیکا مستحق ہے خرچہ کی نسبت عذرات عکسی متعلقہ دوسرے عذرات عکسی خارج۔

مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائی کورٹ الہ آباد

### مرافعہ ادنی دیوانی

نمبر مقدمہ ۸۲ بابت ۱۹۲۱ء منفصلہ ۳۰ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس لنڈسے و مسٹر جسٹس سلیمان

لالہ صاحب سنگھ وغیرہ بنام واکر وہاری لال وغیرہ

مدعیان مرافعان مدعی علیہم مرافعہ علیہم

دہرم شاستر — مشترکہ خاندان — باپ کیجانب سے انتقال — جائداد کا خاندان سے نکلجانا — انتقال پر اعتراض کرنیکی نسبت بیٹوں کا اختیار — خانگی انتقال — قانونی ضرورت —

جبکہ روپیہ بذریعہ ڈگری حاصل کرنے کی غرض سے جو کسی شاملات کی رو سے کسی باپ پر اپنے ذاتی قرضہ کے معاوضہ میں سابقہ قرضہ ادا کرنیکی غرض سے کی ہو یا کسی نیلام کی غرض سے عمل میں لایا ہو جو باپ کے قرضہ جات کی ڈگری کی تعمیل میں عمل میں لایا ہو تو اسکے بیٹے وہ جائداد نہیں حاصل کر سکتے بجز اس کے کہ وہ یہ ظاہر کریں کہ قرضہ جات خلاف اخلاق اغراض کے لئے حاصل کئے گئے تھے اور یہ کہ مشتری کو یہ اطلاع تھی کہ وہ اس طور پر حاصل کئے گئے تھے۔

باپ کے قرضہ جات کے لئے مشترکہ خاندانی جائداد کے نیلام عام کا خریدار اس اطلاع کی عدم موجودگی میں کہ قرضہ جات خلاف اخلاق اغراض کے لئے حاصل کئے گئے تھے اس کا پابند نہیں ہے کہ وہ اس سے زیادہ تحقیقات کرے جو کارروائیات کے دیکھنے سے ظاہر ہوتی ہو۔ مقدمہ نانومی بابو سین بنام مودھن موہن انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۱۳ صفحہ ۲۱ پریوی کونسل — گرجا نند بنام شیلو پرشاد سنگھ انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۹ صفحہ ۸۳۹ — بنام گرجا کور انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۵ صفحہ ۷۱ — ساہو رام چندرا بنام بھوپ سنگھ انڈین کیسز جلد ۹ صفحہ ۲۰ — و چندر دیو سنگھ بنام آلار شاہ انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۹۴۹ سے استناد کیا گیا۔

لیکن یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ ہر مقدمہ میں جب مشترکہ خاندانی جائداد باپ کے قرضہ کی ادائی کے لئے خاندان سے نکل گئی ہو تو بیٹے اس پر اعتراض نہیں کر سکتے بجز اس کے کہ وہ یہ ظاہر کریں کہ قرضہ جات خلاف اخلاق اغراض کے لئے حاصل کئے گئے تھے۔

جب کوئی جائداد باپ کے قرضہ کی ادائی کیلئے بیع کی ہو اور بیٹے اس کا دعویٰ کریں کہ جائداد نیلام عام میں بیع نہ کی گئی ہو تو بیع کا انتقال ایسا ہوتا ہے کہ وہ جائداد کی منتقلی کی تائید یہ ظاہر کرکے کر سکے کہ قرض کسی سابقہ قرضہ کا معاوضہ ہے یا یہ کہ منتقلی کرنا حسن انتظام کیلئے ضروری تھا

(۱۰۵)

مرافعہ اولیٰ بنالش ڈگری صادرہ سبارڈینیٹ جج میرٹھ مورخہ ۹ دسمبر سنہ ۱۹۱۸ء
منجانب مرافعان مسٹر نہال چند وایم۔ کے۔ کرجی
منجانب مرافعہ علیہم۔ ڈاکٹر کے۔ این کچو و مسٹر کے۔ سی مٹیل۔

**فیصلہ۔** یہ مرافعہ مدعیان نے رجوع کیا ہے جو اون دعویٰ سے پیدا ہوتا ہے جو ایک بیعنامہ مورخہ ۹ اگست سنہ ۱۹۱۸ء کی تنسیخ کرانے جس کی تکمیل مدعیان کے باپ گردہاری لال نے کی تھی ایک دوکان کے قبضہ کی بازیافت کے لئے رجوع کیا گیا ہے۔ مدعیان کی بحث یہ تھی کہ جایداد موروثی تھی اور یہ کہ بیعنامہ بغیر کسی بدل کے تہا اور یہ کہ اوس کے لئے کوئی شاستری ضرورت موجود نہ تھی اور یہ کہ گردہاری لال برے چال چلن اور عادتوں کا شخص تھا اور اگر کوئی قرضہ تہا تو وہ بسبب بداخلاقی کا دھبہ تہا مدعی علیہم جانب سے ان بیانات سے جو عرضی دعویٰ میں درج تھے انکار کیا گیا تھا۔ اور اس امر پر زور دیا گیا تہا کہ بیع کے لئے جائز وجہ موجود تھی۔ ذیعلم سبارڈینیٹ جج نے مدعیان کی اس شہادت کو نامنظور کیا ہے کہ گردہاری لال برے چال چلن کا شخص تھا اور اونہوں نے یہ بھی قرار دیا ہے کہ کوئی بھی شہادت موجود نہیں ہے جو مبنیہ بداخلاقی کو اس رقم سے متعلق کرتی ہو جو بروئے دستاویز قرض دی گئی تھی اونہوں نے یہ بھی قرار دیا ہے کہ مدعی علیہم مشتریوں نے ثابت کیا ہے کہ رقم کا ایک جزو دراصل سابقہ قرضہ کے معاوضہ میں ادا کیا گیا تہا اور یہ کہ باقی روپیہ کے لئے قانونی ضرورت موجود تھی۔

مدعیان اس عدالت میں بصیغہ مرافعہ رجوع ہوئے ہیں اور ذیعلم سبارڈینیٹ جج کی تجاویز پر اعتراض کرتے ہیں۔

ذیعلم سبارڈینیٹ جج کی یہ رائے تھی کہ یہ ظاہر کرنا بیٹوں کا کام تھا کہ وہ کیوں اپنے باپ کے قرضہ جات کے پابند نہ تھے اس رائے کے لئے اونہوں نے دہرم شاستر مولفہ ڈاکٹر گور کے ایک فقرہ مندرجہ دفعہ ۵۹۰ سے استناد کیا ہے جو اس مضمون کا ہے کہ بار ثبوت کا سوال اس امر پر منحصر ہوتا ہے کہ آیا جایداد اوس منتقلی کیوجہ سے جو باپ نے کی تھی خاندان سے نکل گئی ہے یا نہیں۔ اگر وہ نکل گئی ہے تو بیٹے کو جو منتقل الیہ سے دخل کرنے کے لئے دعویٰ کر رہا ہے یہ ظاہر کرنا چاہئے کہ وہ کیوں باپ کی منتقلی کا پابند نہیں ہے۔

پریوی کونسل کے ابتدائی مقدمات مثلاً سورج بنسی کور بنام شیو پرشاد سنگھ (۱) نانومی بابواسن بنام مدہن موہن (۲) و بہاگبت پرشاد سنگھ بنام گرجا کور (۳) سے استناد کیا گیا ہے اون تمام مقدمات میں جایداد خاندان سے ایک تعمیلی نیلام کی بنا پر منتقل ہوئی تھی اور تعمیلی نیلام کے بعد بیٹے منتقلی پر اعتراض کرنا چاہتے تھے جیسا کہ ان مقدمات کے منجملہ پہلے مقدمہ میں ظاہر کیا گیا تھا صرف اوس وقت جب مشترکہ موروثی جایداد کسی مشترکہ خاندان سے خواہ کسی دستاویز انتقال کی روسے جس کی تکمیل باپ نے کسی سابقہ قرضہ کے عوض یا کسی سابقہ قرضہ کو ادا کرنے کے لئے روپیہ قرض لینے کے عوض کی تھی یا کسی نیلام کی روسے جو باپ کے قرضہ کی بابتہ ڈگری کی تعمیل میں واقع ہوا تھا نکل گئی ہو (یہ کہ) اوس کے بیٹے اس وجہ سے کہ اپنے باپ کے قرضہ جات ادا کرنا اونکا فرض ہے وہ جایداد نہیں حاصل کر سکتے بجز اس کے کہ وہ یہ ظاہر کریں کہ قرضہ جات خلاف اخلاق اغراض کے لئے حاصل کئے گئے تھے اور یہ کہ مشتریان واقف تھے کہ وہ اسطور پر حاصل کئے گئے تھے اور دوم یہ کہ تعمیلی نیلام کے مشتریان چونکہ دعویٰ میں اشخاص اجنبی تھے اگر اون کو یہ اطلاع

(۱) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۵ صفحہ ۱۴۸ (۲) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۱۳ صفحہ ۲۱ (۳) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۱۵ صفحہ ۷۱۷۔

صاحب سنگھ بنام گردہاری لال (الہ آباد)

**صاحب سنگھ بنام کنھیا لال**

نہیں ہے کہ قرضہ جات اس طور پر حاصل کئے گئے تھے تو اوس سے زیادہ تحقیقات
کرنے کے پابند نہیں ہوتے جیسا کہ کارروائیات کے دیکھنے سے ظاہر ہوتا
ہے متذکرہ مقدمات میں قانون کے اون قواعد سے کوئی
انحراف نہیں کیا گیا تھا جو پہلے مقدمہ میں قرار دئے گئے تھے حالیہ
مقدمہ سانہو رام چندر بنام بھوپ سنگھ (۴) میں حکام عالیمقام
نے اوس تعبیر کو اختیار کیا تھا جو سر جان اینگی نے چندر دیو سنگھ بنام
ماتا پرشاد (۵) میں مقدمہ جنسی کور بنام شیو پرشاد سنگھ (۱) کے فیصلہ
کی گئی تھی اور یہ ظاہر کی تھی کہ قانون صحت کے ساتھ اور مفید طریقہ
سے بطور بیان کہا جا سکتا تھا کہ صرف اوس وقت جب مشترکہ موروثی
جائداد کسی مشترکہ خاندان سے خواہ کسی دستاویز انتقال کی رو سے جس کی
تکمیل باپ نے سابقہ قرضہ کے عوض یا سابقہ قرضہ کو ادا کرنے کی غرض
سے روپیہ قرض لینے کے عوض کی تھی یا کسی نیلام کی رو سے جو باپ کے
قرضہ کی بابت ڈگری کی تعمیل میں واقع ہوا تھا نکل گئی ہو۔

ایسی حالت میں یہ بالکل واضح ہے کہ صرف اوس وقت جب جائداد
خاندان سے کسی سابقہ قرضہ کی وجہ سے نکل گئی ہو یا جب نیلام عام میں
بیع ہو چکی ہو بیٹے منتقلی پر اعتراض نہیں کر سکتے بجز اس کے کہ وہ
یہ ظاہر کریں کہ قرضہ خلاف اخلاق اغراض کے لئے لیا گیا تھا۔ یہ کہنا صفحہ ۱۰۲۶
صحیح نہیں ہے کہ ہر مقدمہ میں جب جائداد خاندان سے نکل گئی ہو۔
(گو ایسا عمل کسی خانگی بیع کی رو سے ہوا ہو جو کسی سابقہ قرضہ کے عوض
نہیں کی گئی تھی اور گو قانونی ضرورت ثابت نہ کی گئی ہو) بیٹے
اوس پر اعتراض نہیں کر سکتے بجز اس کے کہ وہ یہ ظاہر کریں کہ قرضہ جات
خلاف اخلاق اغراض کے لئے حاصل کئے گئے تھے۔ جب باپ نے کسی
جائداد کو بیع کیا ہو اور بیٹے اوس کی بازیافت کا دعویٰ کریں۔
اور بظاہر جائداد نیلام عام میں بیع نہ کی گئی ہو تو یہ ظاہر کرکے
جائداد کی منتقلی کو جائز بتلانا منتقل الیہ کا کام ہوتا ہے کہ قرضہ
کسی سابقہ قرضہ کے عوض لیا گیا تھا یا یہ کہ منتقلی کسی قانونی ضرورت
کے لئے عمل میں آئی تھی۔

موجودہ مقدمہ میں دستاویز زیر بحث مبلغ [illegible] کے معاوضہ
میں تکمیل کی گئی تھی وہ رودادات یعنے [illegible] پر جو مبلغ [illegible]
کے پرامیسری نوٹ کی رو سے واجب الادا تھی جس کی نسبت بیان
کیا گیا ہے کہ اوس کی تکمیل ۲ جنوری ۱۸۹۱ء کو کی گئی تھی اور
باقی رقم [illegible] پر مشتمل تھی جو بشکل زر نقد بسر رجسٹرار کے روبرو
ادا کی گئی تھی۔

پہلی رقم کی حد تک ہم یہ خیال کرتے ہیں کہ اس میں کچھ شبہ نہیں
ہو سکتا کہ وہ بیعنامہ کی تکمیل کے قبل ادا کی گئی تھی ہمارے روبرو
رام سرن داس مشتری کا بیان موجود ہے جس کی تائید بھی کھاتہ
کے ایک اندراج سے ہوتی ہے کہ مبلغ [illegible] کی رقم ۲ جنوری ۱۸۹۱ء
کو گردہاری لال نے اوس سے قرض لی تھی اصل و سود کی مقدار جو
اوس کی رو سے واجب الادا تھی مبلغ [illegible] کی حد تک پہونچی تھی
گردہاری لال بدلے کے اس حصہ کے منتقل ہونے سے انکار کرنے
کے لئے کچھ شہادت میں نہیں آیا ہے اور در اصل مشتری کی
تردید کسی شہادت سے نہیں ہوتی۔ ایسی حالت میں ہماری یہ
رائے ہے کہ یہ رقم واجب الادا تھی جبکہ یہ ایسا قرضہ ہے جو ذاتی
طور پر باپ کی جانب سے واجب الادا تھا اور چونکہ وہ معاملہ
زیر بحث سے بلحاظ زمانہ پیشتر کا تھا اور وہ جائداد کی کفالت
پر حاصل نہیں کیا گیا تھا اس لئے وہ صریحاً قرضہ سابقہ تھا اور
خاندان پر واجب التعمیل تھا۔ باقی روپیہ کی نسبت مدعی علیہم کی
بحث یہ ہے کہ گردہاری لال بہت زیادہ مقروض تھا اور یہ
کہ بازار میں اوسکے خلاف بہت زیادہ قرضہ جات موجود تھے
بیعنامہ کی تکمیل کے قبل مشتری کو گردہاری لال نے یہ اطمینان

(۴) انڈین کیسز جلد ۴۹ صفحہ ۲۸۰ (۵) انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۷۴۴

والا یا تھا کہ وہ اس قسم کی متعدد رقوم کے لئے مقروض تھا اور اونکو ادا کرنے کی اوسکو شدید ضرورت تھی رام سرن کا بیان ہے کہ اوس نے فی الواقع بازار میں دریافت کیا تہا اور متعدد اشخاص سے اوسکو یہ معلوم ہوا تھا کہ اون کو گرد ہاری لال سے رقوم واجب الادا تہیں یہ کہ اوس دریافت کے بعد اوس نے یہ وعدہ کیا کہ وہ گرد ہاری لال کو روپیہ قرض دیگا۔ اس کی تائید میں رام سرن داس کہتری شہادت میں آیا ہے اور اوس نے داسین میں سے بعض کو پیش کیا ہے۔ گواہ موہن لال نے یہ بیان کیا ہے کہ اوس نے گرد ہاری لال کو ایک پرامیسری نوٹ کی بنا پر مبلغ الف سے قرض دیا تھا اور یہ کہ اوس کے بہی کہاتہ میں اندراجات موجود ہیں ایک دوسرے گواہ پیارے لال نے یہ حلف لیا ہے کہ اوس قرضہ کی بابتہ جو اوس کو واجب الادا تھا مبلغ الف صہ اوس کو ادا کئے گئے تھے۔ رام رچپال سنگہ نے یہ بیان کیا ہے کہ ۔ اگست ۱۹۱۸ء کو اوس نے گرد ہاری لال سے الف صہ وصول کئے تھے اور یہ کہ اوس کو ثابت کرنے کے لئے اوس کے بہی کھاتہ میں اندراجات موجود ہیں ایک دوسرے رام رچپال سنگہ نے یہ ثابت کیا ہے کہ مبلغ سما سے کی رقم اوس کو ۲۸ اکتوبر ۱۹۱۸ء کو اوس روپیہ کے ایک حصہ کے طور پر ادا کی گئی تھی جو مبلغ سما کے پرامیسری نوٹ کی بنا پر واجب الادا تھا۔ ہمارے روبرو ایک شخص موہن لال کا بیان بھی موجود ہے کہ ۵ نومبر ۱۹۱۸ء کو گرد ہاری لال نے اوس کو سما سے ادا کئے تھے۔ ان رقوم کی میزان سما سے ہوتی ہے۔ اس مضمون کی شہادت بھی موجود ہے اور بھی قرضہ جات تھے جو بیعنامہ کی تکمیل کے وقت گرد ہاری لال پر واجب الادا تھے۔ فاضل سب آرڈینیٹ جج نے پیارے لال کے علاوہ ان گواہوں کی شہادت کو باور کیا ہے جو وجہ اونہوں نے اس اخر الذکر گواہ کو باور نہ کرنے کی بتلائی ہے وہ یہ ہے کہ اوس نے مبینہ قرضہ کی تائید میں کسی بہی کھاتہ یا دستاویزی شہادت کو نہیں پیش کیا ہے اور یہ کہ ممکن ہے کہ وہ مدعی علیہ کی تائید کرنے کے لئے آیا ہو کیونکہ وہ اوس کا دوست ہے پیارے لال بظاہر معتبر گواہ ہے۔ وہ سما یا سما سرکاری مالگزاری اور تقریبًا سما انکم ٹیکس ادا کرتا ہے۔ اوس نے یہ بیان کیا ہے کہ روپیہ جو قرض دیا گیا تھا اوس کی زوجہ کا تھا اور اسی وجہ سے اس کے بہی کھاتہ میں اوسکا اندراج نہیں کیا گیا تھا۔ ہمیں یہ کہنا چاہئے کہ اوس کے بیان کو غلط باور کرنے کی ہم کوئی وجہ نہیں پاتے۔ پیارے لال نے یہ بیان کیا تھا کہ بعد اس کے کہ اوسکی رقم ادا ہوگئی تھی اوس نے دستاویز واپس کر دی تھی جو عمل اس میں شک نہیں کہ کیا جانا ممکن ہے ایسی حالت میں ہماری رائے یہ ہے کہ مدعی علیہ مشتری نے بیعنامہ حاصل کرنے کے قبل معقول اور کافی دریافت اپنے آپکو یہ اطمینان دلانے کے لئے کر لی تھی کہ بہت سا قرضہ جات موجود تھے اور یہ کہ اون قرضہ جات کو ادا کرنے کی غرض سے گرد ہاری لال کو یہ ضرورت تھی کہ جائداد منتقل کرتا۔ رام سرن داس کو یہ ثابت کرنیکی مطلق ضرورت نہ تھی کہ کس طور پر وہ روپیہ جو اوس نے قرض دیا تھا فی الواقع صرف کیا گیا تھا لیکن اس خاص مقدمہ میں ہماری رائے ہے کہ اوس نے یہ بھی ثابت کیا ہے کہ اوس کے روپیہ کا زیادہ حصہ مذکورہ بالا اغراض میں لگایا گیا تھا۔

قانونی ضرورت کے وجود کی تردید کیلئے مدعیان نے یہ ظاہر کرنے کے لئے شہادت پیش کی تھی کہ گرد ہاری لال بد اخلاق اور برے چال چلن کا شخص تھا یہ کہ اوس نے یکے بعد دیگرے دو داشتہ عورتوں کو رکھا تھا اور وہ شراب خوری اور قمار بازی کی

صاحب بناء گردہاری لال دالہ آباد ۲۷ صفحہ

صاحب سنگھ بنام گردھاری لال

کی عدالت میں پیش ہوا تھا۔ چار گواہان یعنے اشفاق علی نوٹو دیوی رام پرشاد اور شیام سندر کا اظہار لیا گیا ہے لیکن اونکی شہادت صرف عام نوعیت کی ہے اور ڈسٹرکٹ جج نے اوسکو بالکلیہ نامنظور کیا ہے ہم اون کی رائے سے اختلاف کرنے کی کوئی وجہ نہیں پاتے۔ اس کے علاوہ ان گواہوں کی شہادت کسی طرح سے کسی ایسی رقم کو جس کی نسبت مدعی علیہ مشتری نے یہ ثابت کیا تھا کہ وہ گردھاری لال سے واجب الادا تھی اونکی بداخلاقی یا قمار بازی سے متعلق نہیں کرتی ایسی حالت میں ہماری یہ رائے ہے کہ مدعیان کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ اس منتقلی پر اعتراض کریں جب تک کہ وہ یہ ثابت نہ کریں کہ یہ قرضہ جات بد اخلاقی یا ناجائز ہی ہیں اور وہ ہیں ایسا کرنے سے وہ قاصر رہے ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ مرافعہ ناکامیاب رہتا اور بذریعہ خرچہ خارج کیا جاتا ہے جس میں اس عدالت کی فیس بشرح اعلی داخل ہوگی۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائی کورٹ بمبئی

### درخواست غیر معمولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۱۹ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۵ اپریل ۱۹۲۳ء

باجلاس :- سر نارمن میکلیوڈ نائٹ چیف جسٹس
و مسٹر جسٹس کرمپ

بنارس پوٹری مینوفیکچرنگ بنام بی بی اینڈ سی۔ آئی ریلوے کمپنی
کمپنی مدعی۔ سائل — کمپنی مدعی علیہ عذردار

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ ۱۹۰۸ء آرڈر ۶ رول ۱۷
ضمیمہ الف۔ ریلوے کمپنی کے خلاف دعوی۔ غلط تعریف۔ ترمیم

ریلوے کمپنی کے خلاف ایک دعوی میں مدعی علیہ کی تعریف بطور "ایجنٹ الف۔ ب ریلوے کمپنی لمیٹڈ" کے کی گئی تھی لیکن کمپنی اس امر سے آگاہ تھی کہ دعوی ایجنٹ کے خلاف نہیں بلکہ اوس کے خلاف رجوع کیا گیا تھا قرار دیا گیا کہ یہ واقعہ کہ مدعی علیہ کی تعریف میں ریلوے کمپنی کے نام سے قبل لفظ "ایجنٹ" تحریر کر دیا گیا تھا محض غلط تعریف کی حد تک پہونچتا تھا اور وہ کتابت کی غلطی کے سوائے کوئی اور وقعت نہیں رکھتا جس کی ترمیم فریق مخالف کو نقصان پہنچائے بغیر ہر وقت ہو سکتی تھی۔

ستیھی رام بہاری لال بنام ایجنٹ ایسٹ انڈین ریلوے کمپنی انڈین کیسز جلد ۴۶ صفحہ ۲۵ :- سے اختلاف کیا گیا

چیف جسٹس میکلیوڈ۔ اگر یہ کہا جا سکتا ہو کہ عرضی دعوی کے عنوان میں کسی فریق کی غلط تعریف کی گئی ہے تو باغراض عدالت ضروری ترمیم کی اجازت دیجانی چاہیے اگر اوس طور پر فریقین کے حقوق کو نقصان پہونچے اگر کوئی کمپنی کسی دعوی میں فریق ہو تو اوسکی تعریف یا تو بطور "الف۔ ب کمپنی لمیٹڈ جس کا رجسٹری شدہ دفتر مقام ..... پر ہے" یا بطور "الف ب جو ج د کمپنی کا عہدہ دار ہے" کے کیجانی چاہیے۔

درخواست غیر معمولی دیوانی بنا راضی حکم صادرہ جج عدالت مطالبات خفیفہ احمد آباد مقدمہ دیوانی نمبر ۲۵۲۳ بابتہ ۱۹۲۱ء

منجانب سائل مسٹر ایچ۔ وی۔ دیواتیا۔

منجانب عذردار مسٹر کیمبل بہ ہدایت مسرز کرافورڈ بیلی اینڈ کو

چیف جسٹس میکلیوڈ۔ یہ چار مشتملہ درخواستیں دفعہ ۲۵ قانون عدالت مطالبات خفیفہ صوبجاتی کے تحت پیش کی گئی ہیں چاروں مقدمات میں مدعیان یہ چاہتے ہیں کہ بمبئی بروڈہ سنٹرل انڈیا ریلوے کمپنی سے نقصان مال کی

(۲۴۹)

سارنگ سینگھ
بنام
بی بی اینڈ سی
(بمبئی)

ام شرکی کی بابت ہر مرتبہ کو باریافت کیلئے جو دعوی کئے گئے ہیں جن میں مدعی علیہا کا نام حسب ذیل طریقہ سے تحریر کیا گیا تھا "ایجنٹ بی بی اینڈ سی آئی ریلوی کمپنی" لیکن استدعا یہ کیگئی تھی کہ مدعی علیہ کمپنی کو وہ رقم ادا کرنی چاہیے جبکی استدعا کیگئی تھی۔ سو دعاوی میں مدعی علیہ کمپنی نے جوابات دعوی پیش کئے جن میں روئداد کی نسبت جوابدہی کیگئی اور نام کے نمونہ کی نسبت کوئی اعتراض نہیں کیا گیا۔ دوسرے دو دعاوی میں اونہوں نے جوابات دعوی پیش کئے اون میں نہ صرف روئداد کی نسبت جوابدہی کی بلکہ یہ اعتراض بھی کیا کہ مدعیان کے دعاوی قابل پذیرائی نہ تھی کیونکہ وہ مدعی علیہ کے ایجنٹ کے مقابل دائر کیگئے تھے۔ جج عدالت مطالبات خفیفہ نے تمام دعاوی کو اس بنا پر خارج کیا کہ وہ ناقص طریقہ پر ترتیب کیگئے تھے اونہوں نے سنیہی رام بہاری لال بنام ایجنٹ ایسٹ انڈین ریلوی کمپنی (۱) میں مسٹر جسٹس راس کے فیصلہ سے استناد کیا تھا۔

ابتدا اس امر کے متعلق کوئی اعتراض نہیں کیا جا سکتا کہ گذشتہ زمانہ میں بہت زیادہ تعداد میں دعاوی اس پریسیڈنسی میں تاجروں نے ریلوی کمپنیوں کے خلاف رجوع کئے تھے جن میں سے اکثر میں مدعی علیہ کا نام اس نمونہ پر درج کیا گیا ہے "ایجنٹ الف۔ب ریلوی کمپنی لمٹیڈ" اور یہ کہ اسوقت تک اس تعریف کے متعلق کوئی اعتراض نہیں کیا گیا ہے۔ اسمیں کچھہ شبہ نہیں ہو سکتا کہ ریلوی کمپنیوں نے یہ خیال کیا تھا کہ وہ ایسی دعاوی میں مدعی علیہم ہیں گو یہ تسلیم کیا جا سکتا ہے کہ مدعی علیہ کا نام اون نمونوں کے مطابق نہ تھا جو منسلکہ الف ضمیمہ اول مجموعہ ضابطہ دیوانی میں "دعاوی کے عنوان" کے تحت بتلائے گئے ہیں

اگر کوئی کمپنی کسی دعوی میں فریق ہو تو اوسکی تعریف یا تو "بطور الف۔ب جس کا رجسٹری شدہ دفتر...... مقام پر ہے" یا "بطور الف۔ب عہدہ دار کمپنی ج۔د کے کیجانی چاہیے"۔

اوس مقدمہ میں جس کا میں نے حوالہ دیا ہے ایسٹ انڈین ریلوی کمپنی حاضر ہوئی اور جوابدعوی پیش کیا جس میں مقدمہ کی روئداد کے متعلق جوابدہی کی تھی صرف اوسی وقت جب یہ مقدمہ بغرض سماعت پیش ہوا تھا کہ مدعی علیہ کمپنی کے وکیل نے یہ اعتراض پیش کیا کہ دعوی قابل پذیرائی نہ تھا کیونکہ دعوی کمپنی کے خلاف نہیں بلکہ ایسٹ انڈین ریلوی کمپنی کے ایجنٹ کے خلاف کیا گیا تھا ذیلی جج نے یہ بیان کیا تھا (صفحہ ۱۲۶)

"یہ محض غلط نام کا مقدمہ نہیں ہے جس کو جوابدہی کی بنیاد قرار دیا جا سکتا ہو دعوی ایجنٹ ایسٹ انڈین ریلوی کمپنی کے خلاف رجوع کیا گیا تھا اور کمپنی کو قانون کے مطابق فریق نہیں بنایا گیا تھا از روئے قانون کمپنی دعوی میں فریق نہیں ہے اور وہ عدالت کے روبرو بطور مدعی علیہ کے پیش نہیں ہے دعوی کی ترتیب میں ترمیم صرف اسطور پر کیجا سکتی ہے کہ ایجنٹ کی بجائے کمپنی کو بطور مدعی علیہ کے قایم کیا جائے اور یہ ایک مشہور اصول ہے کہ اغراض معدلت کے لئے ترمیمات کی اجازت دینے میں عدالت خواہ کتنی ہی فیاض ہو مگر ایسی ترمیم کی اجازت نہ دیجائیگی جس سے فریق مخالف کے اون حقوق کو نقصان پہنچیگا جو اوس تاریخ پر موجود تھے جب مجوزہ ترمیم کیجانی مقصود ہے اس نوبت پر ایسٹ انڈین ریلوی کمپنی کو قانون میعاد سماعت کی رو سے حق حاصل ہو گیا ہے اور اس نوبت پر ترمیم کے ذریعہ سے اس حق کو نقصان نہ پہنچنا چاہیے"

بکمال وقعت میں اس بحث سے اتفاق نہیں کر سکتا مجھے یہ اغراض معدلت یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر یہ کہا جا سکتا ہو کہ کسی عرضی دعوی کے عنوان میں کسی فریق کا نام غلط درج کیا گیا ہے تو ضروری ترمیم کی اجازت دیجانی چاہیے اگر اور طور پر فریقین کے حقوق کو نقصان پہنچتا ہو۔ اگر مدعی علیہ کمپنی نے یہ خیال کیا تھا کہ اوس کو ایسی کوئی اطلاع نہ تھی کہ مدعیان نے ان دعاوی کو اوس کے خلاف دائر کیا تھا تو اس میں شک نہیں کہ یہ سمجھا جائیگا کہ میعاد سماعت اوس تاریخ تک محسوب ہوتی ہے جب دعاوی میں فریق بنائے جانے کی وجہ سے مدعی علیہ کمپنی کو دعاوی کی اطلاع ہوئی تھی۔

(۱) انڈین کیسز جلد ۴۴ صفحہ ۱۲۵ (نظائر ہند ۱۷)

لیکن مدعی علیہ کمپنی کو نہ صرف کہ اطلاع ہو علم تھا کہ مختلف دعاوی اوسکے خلاف رجوع کئے گئے تھے بلکہ اوس نے یہ بھی سوال کیا تھا کہ وہ ایک فریق تھی جس کے خلاف دعوی کیا جا رہا تھا اگر کمپنی فریق نہ تھی تو حاضر ہونے کی کوئی ضرورت نہ تھی۔ میری رائے میں یہ واقعہ کہ کمپنی کی تعریف میں ریلوی کمپنی کے نام سے قبل لفظ ایجنٹ لکھا تھا محض یہ غلط تعریف کی حد تک پہنچتا تھا اور ایسی حالت میں بلحاظ جج خفیفہ کو نام کی ترمیم کی اجازت دینی چاہیے تھی۔ دعاوی بورڈ کے روبرو مکرر پیش ہونی چاہئیں تاکہ بلحاظ دیگر امور ان کی تحقیقات کیجائے۔

لیکن ظاہر کرنا قرین مصلحت ہے کہ آئندہ سے جو اشخاص کسی کمپنی کے خلاف دعوی کرنا چاہیں انہیں ان ہدایات کی پابندی کرنی چاہئے جو مجموعہ کے ضمیمہ متعلقہ الف میں درج ہیں۔ حکم اظہار وجہ منسوخ نہ قطعی قرار دیا جائیگا۔

**جسٹس کرمپ** ۔ میری رائے یہ ہے کہ اس سوال پر جس صورت میں کہ اٹھایا گیا ہے نہایت غور کرنا چاہئے اور اگر ہم ایسا عمل کریں تو میں متفق ہوں کہ ہمیں فیصلہ بینی پرشاد بہاری لال بنام ایجنٹ ایسٹ انڈین ریلوی کمپنی (۱) سے اختلاف کرنا چاہئے۔ مجھے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں مطلق کوئی شبہ نہیں ہے کہ تمام فریقین کا خیال تھا کہ دعوی ریلوی کمپنی کے خلاف تھا اور یہ کہ ریلوی کمپنی کے خلاف ہی دادرسی کی استدعا کی گئی تھی گو کمپنی کی تعریف وہ نہ کی گئی ہو جو ضمیمہ الف مجموعہ ضابطہ دیوانی کے مطابق ہے باوجود اس کے کمپنی کو دراصل فریق بنایا گیا تھا اور یہ بحث کرنا مجھے ناممکن معلوم ہوتا ہے کہ اگر عرضی دعوی کے عنوان کی ترمیم کیجائے اس طور پر کہ اوس کو ضمیمہ کے مطابق بنایا جائے تو نتیجہ یہ ہوگا کہ ایسے حقوق کو نقصان پہنچیگا جو کمپنی کو قانون میعاد سماعت کی رو سے حاصل ہو گئے ہیں کیونکہ جیسا کہ میں نے بیان کیا ہے عرضی دعوی ابتداءً اوس کے دائر کئے جانے کے وقت کمپنی دراصل مدعی علیہ تھی اور یہ کسی جدید فریق کے اضافہ کرنیکا مقدمہ نہ تھا جس صورت میں ایسا

قسم کے خیالات متعلق ہو سکتے تھے۔ مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دراصل حالت یہ غلط تعریف سے زیادہ نہیں ہے اور جیسا کہ چیف جسٹس نے ظاہر کیا ہے عملدرآمد یقینًا یہ رہا ہے کہ ریلوی کمپنیوں کی تعریف اوس طریقہ سے کیجائے جو موجودہ مقدمہ میں استعمال کیا گیا ہے اس وقت تک کسی شخص کو غلط فہمی ہوئی ہے اور نہ کسی نے یہ ظاہر کیا ہے کہ عرضی دعوی کی یہ بالضابطہ ترمیم کی ضرورت تھی۔ عرضی دعوی کے عنوان کو ضمیمہ کے مطابق کرنے کے لئے جس عمل کی ضرورت ہوگی وہ لفظ ایجنٹ کو قلمزد کر دینا ہے۔ ایسی حالت میں مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتابت کی غلطی سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتی جس کی ترمیم ہر وقت فریق مخالف کو نقصان پہنچائے بغیر کیجا سکتی ہے۔

حکم اظہار وجہ قطعی قرار دیا گیا

## ہائی کورٹ الہ آباد

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۲۹ بابتہ ۱۹۱۲ء منفصلہ ۱۳ مارچ ۱۹۱۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس رفیق و مسٹر جسٹس ٹنڈے

مسماۃ علیمن بیگم ۔ مرافعہ **بنام** علی حسن و دیگر
مرافعہ مدعی علیہا ۔ مرافعہ علیہا

شرع اسلام ۔ حق شفعہ ۔ متعدد مشتریان ۔ طلب اشہاد کی تکمیل

شرع اسلام متعلقہ شفعہ میں اس امر کی ضرورت بتلائی گئی ہے کہ مطالبہ ثانی یا تو بائع یا مشتری کی موجودگی میں یا اوس جایداد پر کیا جاتا چاہئے جس کے متعلق حق شفعہ نافذ کرنا مقصود ہے۔ واحد الفاظ "بائع" اور "مشتری" میں صیغہ جمع بھی شامل ہے۔

ایسی حالت میں کہ طلب اشہاد اگر وہ مشتری کی موجودگی میں

سابق عدالت یہ ہو گی کہ ... بنام ایسٹ انڈین ریلوی کمپنی

صفحہ ۱۳۹

ہوا ہو تو بصورت اس کے کہ ایک سے زیادہ مشتری ہوں
اسکی نسبت نہیں کہا جا سکتا کہ ٹھیک طور پر اسکی تعمیل
کی گئی تھی بجز اوس کے کہ وہ تمام مشتریوں کی موجودگی میں کیا گیا ہو
مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ جج شاہجہانپور مورخہ
... جولائی ۱۹۲۲ء

منجانب مرافعہ مسٹر ایم۔ اے۔ عزیز بجائے مسٹر ایس ایم سلیمان۔

فیصلہ۔ یہ مرافعہ اوس دعوی سے پیدا ہوتا ہے جو مدعیہ مرافعہ نے شرع اسلام کے بموجب حق شفعہ کی بنا پر رجوع کیا تھا۔ عدالت ابتدائی نے دعوی میں ڈگری صادر کی تھی لیکن عدالت مرافعہ نے ایک مختلف رائے قائم کی اور دعوی خارج کیا وہ وجہ جس پر عدالت مرافعہ نے دعوی خارج کیا تھا یہ تھی کہ مطالبہ ثانی جو شرع اسلام کے مطابق طلب اشہاد کہلاتا ہے ویسے۔ مرافعہ نے اوس طریقہ سے نہیں کیا تھا جس کی شرع اسلام میں ضرورت بتلائی گئی ہے۔ یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مشتریان شوہر اور زوجہ تھے۔ شفیع مشتریوں کے مکان پر گیا اور شوہر کو بلایا جو باہر نکلا۔ گواہوں کی موجودگی میں شفیع نے دوسرا مطالبہ کیا۔ شوہر نے اوس کو سنا۔ یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ مطالبہ ثانی کے وقت زوجہ موجود نہ تھی۔ شرع اسلام میں اسکی ضرورت بتلائی گئی ہے کہ مطالبہ ثانی یا تو بائع یا مشتری کی موجودگی میں یا اوس جائداد پر کیا جانا چاہیے جس کے متعلق حق شفعہ نافذ کرانا مقصود ہے۔ صیغہ واحد کے الفاظ "بائع اور مشتری" میں صیغہ جمع بھی شامل ہے مسلمان مقننوں کی تعبیر کے مطابق اگر مطالبہ بائع کی موجودگی میں یا اوس جائداد پر جس کی نسبت حق شفعہ نافذ کرانا مقصود ہو نہیں بلکہ وہ مشتری کی موجودگی میں کیا گیا ہو تو بصورت اس کے کہ ایک سے زیادہ مشتری ہوں مطالبہ تمام کی موجودگی میں کیا جانا چاہیے۔ ہمارے لائے جو عدالت مرافعہ تحت کے فاضل جج نے اسی امر کے متعلق قائم کی تھی کہ مطالبہ ثانی جو شفیع نے کیا تھا ناقص تھا بالکل صحیح ہے مرافعہ ناکامیاب رہتا اور آرڈر ۴۱ رول ۱۱ مجموعہ ضابطہ دیوانی کی رو سے خارج کیا جاتا ہے

مرافعہ خارج کیا گیا

مسماۃ علیمن بیگم بنام علی حسن و اللہ آباد صفحہ ۱:۳۰

## ہائی کورٹ بمبئی

### مرافعہ اولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۸۲ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۰ مارچ ۱۹۲۳ء

باجلاس: مسٹر نارمن میکلیوڈ نائٹ چیف جسٹس
مسٹر جسٹس کرمپ

گووند داس راجہ رام داس بنام گنپت داس نرد تم داس

دیوی۔ مدعی۔ مرافع مدعی علیہ۔ مرافعہ علیہ

قانون میعاد سماعت ایکٹ ۹ بابتہ ۱۹۰۸ء ضمیمہ ا مد ۱۸۲ (۵)۔

ڈگری کی تعمیل۔ حکم بصیغہ تعمیل کی ناراضی سے مرافعہ آیا تدبیر معاون اجرا ہوتا ہے۔

کسی حکم کی ناراضی سے مرافعہ میں پیروی کرنے کی نسبت جو کسی ڈگری کی تعمیل کی کارروائی کے دوران میں صادر کیا گیا تھا یہ نہیں سمجھا جا سکتا کہ وہ ایک درخواست ہے جو قانون کے مطابق عدالت مجاز میں تعمیل کی غرض سے یا فقرہ (۵) مد ۱۸۲ ضمیمہ اول قانون میعاد سماعت کے مفہوم میں تدبیر معاون اجرا اختیار کرنے کی غرض سے پیش کی گئی ہے۔

کرسٹو کمار ناگ بنام مہابت خان انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ... صفحہ ۹۰۵ نند کشور بنام سپاہی سنگھ انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۳۶ صفحہ ۲۰۰ سے استناد کیا گیا۔

مرافعہ اولی بنا راضی فیصلہ صادرہ سب آرڈینیٹ جج ... درخواست نمبر ۶۷۱ بابتہ ۱۹۲۰ء

گوبند سنگھ رام بنام لپت داس (بمبئی)

منجانب مرافع ۔ مسٹر ایم ۔ ڈی بھٹ منجانب مرافعہ علیہ مسٹر کے ۔ این کوپا

فیصلہ ۔ یہ ایک مرافعہ بائدنشت جج کے اوس حکم کی ناراضی سے پیش کیا گیا ہے جس کی رو سے مدعی کی درخواست منقضی المیعاد قرار دیکر خارج کیگئی تھی ۔ ڈگری ایک تقسیم کی ڈگری تھی جو ۳۰ جون ۱۹۰۶ء کو صادر کی گئی تھی کمشنر نے بعض متدعویہ جایدادون کی تقسیم کی تھی لیکن یہ معلوم ہوتا ہے کہ مکان کی نسبت جو موجودہ درخواست کا موضوع ہے فریقین نے یہ خیال کیا تھا کہ اون میں مصالحت ممکن ہے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اوسکی تقسیم نہیں کی گئی ۔ آخری درخواست نمبر ۱۹۳ بابتہ ۱۹۱۶ء جو کسی فریق سے پیش کی گئی تھی ۱۲ ستمبر ۱۹۱۷ء کو خارج کیگئی تھی وہ درخواست مدعی علیہ نمبر ۱ کی تھی اور اوس کا کوئی تعلق متدعویہ جایدادون کی تقسیم سے نہ تھا ۔ اون احکام کی ناراضی سے جو درخواست مذکورہ اور مدعی کی درخواست نمبر ۲۰۴ بابتہ ۱۹۱۳ء میں صادر کیگئے تھے مرافعجات کا جو مدعی علیہم نے ہائیکورٹ میں کئے تھے یکم مارچ ۱۹۲۰ء کو تصفیہ ہوا تھا موجودہ درخواست ۱۴ اکتوبر ۱۹۲۱ء کو پیش کی گئی تھی اور بجز اس کے کہ میعاد کا شمار یکم مارچ ۱۹۲۰ء سے کیا جائے موجودہ درخواست صریحًا منقضی المیعاد ہے ۔

نندکشور بنام سپاہی سنگھ (۱) میں یہ تصفیہ ہوا تھا کہ کسی حکم کی ناراضی سے مرافعہ میں پیروی کرنے کی نسبت جو کسی ڈگری کی تعمیل کی کاروائی کے دوران میں صادر کیا گیا تھا یہ نہیں سمجھا جاسکتا کہ وہ ایک درخواست ہے جو قانون کے مطابق عدالت مجاز میں تعمیل کی غرض سے یا فقرہ (۵) مد ۱۸۲ ضمیمہ اول قانون میعاد سماعت کے مفہوم میں تدبیر معاون اجرا اختیار کرنیکی غرض سے پیش کی گئی تھی ۔ فیصلہ کرشنو کمار ناگ بنام مہابت خان (۲) کی تقلید کی گئی تھی ۔ ہم ان فیصلجات سے متفق ہیں ۔

یقینًا یہ نہیں کہا جاسکتا کہ مرافعہ جو ہائیکورٹ میں کسی درخواست کے حکم کی ناراضی سے پیش کیا جاے وہ ایک درخواست ہوتی ہے جو قانون کے مطابق عدالت مجاز میں بغرض تعمیل پیش کیجاتی ہے ہائیکورٹ ایسی عدالت نہیں ہے جس کا فرض ہو کہ وہ ڈگری کی تعمیل کرائے جو عدالت ہاے ماتحت نے صادر کی ہیں پس اس مقدمہ میں درخواست منقضی المیعاد تھی مدعی کو خود اپنے آپ سے شکایت کرنی چاہیے کہ مکان کی تقسیم نہیں ہوئی ہے کیونکہ ڈگری ۱۹۰۶ء میں صادر کی گئی تھی اب یا تو وہ مدعی علیہ کے ساتھ تقسیم کی بابتہ انتظام کرسکتا ہے یا دوسرا دعوی رجوع کرسکتا ہے ۔

مرافعہ معہ خرچہ خارج کیا جانا چاہیے ۔

مرافعہ خارج کیا گیا ۔

## ہائی کورٹ الہ آباد

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۷۴۱ بابتہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۸ مارچ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس گوکل پرشاد

شیخ سجاد حسین مدعی بنام شیخ ولی محمد و یک کس دیگر

مرافع — مدعی علیہما — مرافعہ علیہما

قانون مزارعان اگرہ ایکٹ ۲ بابتہ ۱۹۰۱ء دفعہ ۲۲ ۔ حقیت کی وراثت "کاشت میں حصہ لینے" کے معنی ۔

اصطلاح "کاشت میں حصہ لینا" سے جو دفعہ ۲۲ قانون مزارعان اگرہ میں مندرج ہے واقعی کاشت میں حصہ لینا مراد ہے کسی حقیت کے شکمی پٹہ پر دینے کی صورت میں اسامی کی نسبت یہ نہیں کہا جاسکتا کہ وہ خود کاشت کرتا ہے اور ایسی حالت میں ایسے پٹہ کی کاشت میں حصہ نہیں لیا جاسکتا ۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صدرہ مسٹر ڈسٹرکٹ جج غازی پور مورخہ ۱۰ مئی ۱۹۲۱ء

منجانب مرافع ۔ ڈاکٹر ایم ۔ ایل ۔ اگروالہ

منجانب مرافعہ علیہم ۔ مسٹر اقبال احمد

(۱) انڈین لاء رپورٹ ۳۰ الہ آباد صفحہ ۳۰۶ (۲) انڈین لاء رپورٹ کلکتہ جلد ۳۵ صفحہ ۵۹۵

(۲۰)

**فیصلہ** یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک شخص تجمل حسین ۱ر۶ زمینداری حصہ کا مالک تھا اور بعض قطعات سیر اراضی پر کاشتکاری قبضہ رکھتا تھا اوس نے ۱ر۲ حصہ کا ہبہ ولی محمد مساۃ بوٹن بی بی بنام مساۃ حمیدن بی بی کے حق میں کیا تھا۔ مدعی علیہ طفیل احمد مساۃ حمیدن بی بی کا وارث ہے کچھ عرصہ کے بعد اوس نے باقیماندہ ۴ر۱ حصہ علی اکبر کے ہاتھ بیع کیا اور اس طرح اون قطعات سیر کا جو اوس حصہ سے تعلق رکھتے تھے وہ آسامی ساقط الملکیت بن گیا اوس نے یہ بیان کیا تھا کہ مدعی علیہم اون قطعات اراضی کے شکمی آسامیان تھے جن کا تعلق مذکورہ بالا حصہ سے تھا اور اون کی بیدخلی کیلئے دعوی کیا۔ مدعی سجاد حسین کی جانب سے جملہ پانچ دعاوی رجوع کئے گئے تھے جس نے متوفی تجمل حسین کے نواسہ کی حیثیت سے حقیت کا ادعا کیا تھا۔ دعاوی کا تعلق مختلف قطعات سیر اراضی سے تھا دعاوی کے نمبر ۳۲۱ تا ۳۲۵ بابتہ سنہ ۱۹۱۶ء تھے۔

جوابدہی جو پیش کیگئی تھی یہ تھی کہ مدعی آسامی ساقط الملکیت نہ تھا اور یہ کہ زمیندار و اسامی کا کوئی تعلق فریقین کے مابین نہ تھا۔

عدالت ابتدائی نے دونوں امور تنقیح طلب کے متعلق مدعی کے حق میں تجویز کی اور دعوی میں ڈگری صادر کی۔

مدعی علیہم نے دعوی نمبر ۳۲۳ بابتہ سنہ ۱۹۱۶ء کو چھوڑ کر ان تمام دعاوی میں کلکٹر کے روبرو مرافعہ کیا لیکن کلکٹر نے یادداشت ہائے مرافعہ عدالت مجاز میں پیش کئے جانے کے لئے ۳۰ اگست سنہ ۱۹۱۶ء کو واپس کر دیں کیونکہ اونہوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ مرافعہ جات میں مالکانہ حقیت کا سوال شامل تھا۔ یکم ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو مرافعہ جات ڈسٹرکٹ جج کی عدالت میں رجوع کئے گئے تھے اور تب ڈسٹرکٹ جج نے چاروں مرافعہ جات کو جب کہ دعوے نمبر ۳۲۳ بابتہ سنہ ۱۹۱۶ء کی ناراضی سے کوئی مرافعہ نہیں کیا گیا تھا جیسا کہ میں نے اوپر بیان کیا ہے اس بنا پر خارج کیا کہ وقت میعاد گذر چکی تھی۔ اس عذر پر مرافعہ ثانی کیا گیا تھا اور عدالت ہذا نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ فاضل ڈسٹرکٹ جج کو چاہیے تھا کہ مرافعہ جات سرسری طور پر خارج نہ کرتے بلکہ اون کو تحقیقات کرنی چاہیے تھی اور امور واقعہ کے یہ قرار دینا چاہیے تھا کہ آیا میعاد سماعت کی مدت گذرنے کے بعد مرافعہ جات کو نمبر پر لینے کے لئے کافی وجہ ثابت کی گئی تھی۔ عدالت مرافعہ تحت کے فاضل جج نے یہ قرار دیا کہ کلکٹر کے روبرو مرافعہ جات وکلا کے غلط مشورہ کی وجہ سے دائر کیگئے تھے اور یہ کہ مرافعہ جات بطور نیک نیتی سے دائر کیگئے تھے اور میعاد سماعت میں توسیع کرنے کیلئے کافی وجہ موجود تھی خود اون کے ذہن میں اس سوال کے متعلق شکوک موجود تھے کہ آیا مرافعہ جات دراصل اون کے روبرو کئے جا سکتے تھے۔ لیکن اونہوں نے اون تمام امور کی نسبت تجویز کرنے کی کارروائی کی ہے جو اون کے روبرو پیش کئے گئے تھے۔ اور مرافعہ جات میں ڈگری صادر کی ہے اور مدعی کا دعوے خارج کیا ہے۔

مدعی عدالت ہذا میں بصیغہ مرافعہ ثانی رجوع ہوا ہے اور اوس نے تین امور پیش کئے ہیں (۱) یہ کہ ڈسٹرکٹ جج کے روبرو کوئی مرافعہ نہیں ہو سکتا تھا کیونکہ مرافعہ میں مالکانہ حقیت کا کوئی سوال نہیں پیش کیا گیا تھا۔ (۲) یہ کہ مدعی حقیت کی کاشت میں اپنے نانا تجمل حسین کے ساتھ حصہ لیتا تھا اور اس حیثیت سے وہ موجودہ دعوی رجوع کرنے کا مجاز تھا اور (۳) یہ کہ مرافعہ جو عدالت تحت میں رجوع کیا گیا تھا وہ امر فیصل شدہ کے قاعدہ کی رو سے ممنوع الاسماعت تھا کیونکہ دعوی نمبر ۳۲۳ بابتہ سنہ ۱۹۱۶ء میں جس میں جج کے روبرو کوئی مرافعہ دائر نہیں کیا گیا تھا اسسٹنٹ کلکٹر کا فیصلہ قطعی ہو گیا تھا اور اوس میں سے جوابدہی جو پیش کی گئی تھی

سجاد حسین بنام ولی محمد (الہ آباد)

سجاد حسین بنام ولی محمد (الہ آباد)

آخری امر کی نسبت یہ ہے کہ میں اوسکا انحصار کے ساتھ تصفیہ
کرسکتا ہون مثل میں کافی مواد نہیں ہے جس میں اس سوال کا
تصفیہ کرسکون اور اون کاغذات کو اب طلب کرنیکا موقع نہیں ہے
اس امر کی حد تک کہ ڈسٹرکٹ جج کے روبرو کوئی مرافعہ نہیں ہو سکتا
تھا اب اس سوال کے پیش کرنیکا موقع نہیں ہے عدالت مرافعہ
تحت کے روبرو مواجبات مرافعہ کی وجہ نمبر (۶) سے یہ ظاہر ہوگا کہ ڈسٹرکٹ
جج کے روبرو مالکانہ حقیت کا سوال پیش کیا گیا تھا۔ مدعی
مدعی علیہم کو اس بنا پر بیدخل کرنا چاہتا تھا کہ وہ اوس کے
شکمی اسامی تھے اور مدعی علیہم نے یہ جوابدہی کی تھی کہ وہ بحیثیت
کی حیثیت سے یعنے مالکانہ قبضہ رکھتے تھے۔ مرافعہ کی یہ وجہ بھی
ناکام رہنی چاہیئے

آخری امر کی حد تک یعنے اگر مدعی نے اپنے متوفی نانا کے ساتھ
کاشت میں حصہ لیا تھا تو یہ ایک ایسا امر ہے جس سے اس علالت کی کوئی
نظیر متعلق نہیں ہے اور وہ بہت اہمیت رکھتا ہے اگر شرط کو اوسکی
موجودہ حالت میں پڑھا جائے اور الفاظ کو اون کے قدرتی معنی
دئے جائیں تو یہ ظاہر ہوگا کہ نواسہ یا کوئی رشتہ دار صرف اوسوقت
وارث ہوسکتا ہے جبکہ اوس نے آسامی کی وفات کے وقت حقیت کی
کاشت میں حصہ لیا ہو میں اون الفاظ سے واقعی کاشت مراد
لیتا ہون شکمی طور پر پٹہ دینیکی صورت میں آسامی کی نسبت
یہ نہیں کہا جاسکتا تھا کہ وہ قطعات اراضی کی کاشت کرتا ہے
اور اگر آسامی محدود کاشت نہیں کرتا تھا تو کسی شخص کی نسبت
یہ نہیں کہا جاسکتا تھا کہ وہ اوس کے ساتھ اوس میں حصہ لیتا
تھا اور چونکہ یہاں صورت ہے اراضی مسلمہ طور پر شکمی آسامیوں
کو پٹہ پر دیگئی تھی تو مدعی کا دعوی اس بنا پر کہ وہ حقیت کی
کاشت میں آسامی کی وفات کے وقت حصہ لیتا تھا ناکام

۱۰۴۳ صفحہ

رہنا چاہیے یہ واقعہ کہ مدعی ایک دیوانی معاملہ میں کامیاب ہوا
ہے اس بنا پر کہ وہ اپنے نانا کا وارث تھا غیر متعلق ہے وہ امر
جو میرے روبرو پیش ہے یہ نہیں ہے کہ مدعی آپنے نانا کا وارث تھا
بلکہ یہ کہ یہان تک کہ اوس کے حقوق ساقط الملکیت کا تعلق
تھا وہ اپنے نانا کا وارث نہ تھا۔ پس مدعی پٹہ ساقط الملکیت کا
وارث نہیں ہے اور اس بنا پر اوس کا دعوی ناکامیاب رہنا
چاہیے دعوی صحیح طور پر خارج کیا گیا ہے اور میں مرافعہ مع خرچہ
خارج کرتا ہوں۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائی کورٹ بمبئی

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۳۰۷ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس سر نارمن میکلوڈ نائٹ
چیف جسٹس و مسٹر جسٹس کریپ

گنگا داس نارائن داس بنام جکشن داس بہچارام وغیرہ
وغیرہ۔ مدعی علیہم مرافعان مدعیان۔ مرافعہ علیہم

پلیڈنگ۔ مرافعہ ثانی۔ سوال واقعاتی۔ معاہدہ شرطیہ

یہ سوال کہ آیا کسی معاہدہ کی نوعیت شرطیہ ہے خاص
واقعاتی سوال ہوتا ہے یعنے یہ کہ اوس فریق کو جو اس
امر پر نزاع کر رہا ہو کہ وہ از روئے معاہدہ پابند ہے
یہ ظاہر کرنا چاہیئے کہ اوس وقت جب معاہدہ کی تکمیل
ہوئی تھی فریقین کا منشا یہ نہ تھا کہ وہ معاہدہ کی تعمیل
کریں بلکہ اون جیتون کو منظور کرنے کا معاہدہ تھا
جو مقررہ تاریخون پر رائج نہیں جبکہ فرق ادا یا
وصول کیا جائیگا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی فیصلہ صادرہ مسٹر ڈسٹرکٹ جج سورت مرافعہ نمبر ۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء مشعر تنسیخ فیصلہ صادرہ سب آرڈینیٹ جج درجہ اول بمقام سورت بمقدمہ دیوانی نمبر ۲۲۵ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء

منجانب مرافعان۔ مسٹر ایچ۔ سی کوباجی بمعیت مسٹر ایم سیلی داؤے

منجانب مرافعہ علیہم۔ مسٹر جی۔ ایس راؤ وی۔ بی۔ شنگنے۔

**فیصلہ۔** مدعیان نے یہ دعوی مدعی علیہم کے خلاف مبلغ الیہ کی بازیافت کے لئے رجوع کیا تھا جو بمقولہ کی خرید و فروخت کے متدعویہ معاہدات کے مابین فرق کو ظاہر کرتے تھے۔ جوابدہی یہ کیگئی تھی کہ معاہدات شرطیہ نوعیت کے تھے اور اس واقعہ کو ثابت کرنیکا بار مدعی علیہم پر ہوگا۔ عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا تھا کہ معاہدات شرطیہ تھے اور دعوی خارج کیا۔ عدالت مرافعہ نے ایک مختلف نتیجہ اخذ کیا اور مدعیان کے موافق دعوی میں ڈگری صادر کی۔

یہ سوال کہ آیا معاہدات شرطیہ نوعیت کے تھے در اصل خالص سوال واقعاتی تھا یعنی یہ کہ اوس فریق کو جو اس امر پر اعتراض کر رہا ہو کہ وہ معاہدات کے بموجب پابند تھا یہ ظاہر کرنا ہوگا کہ اوس وقت جب معاہدات کی تکمیل کی گئی تھی۔ فریقین کا منشا یہ نہ تھا کہ وہ معاہدات کی تعمیل کریں بلکہ اون قیمتوں کو منظور کرنیکا اقرار کیا تھا جو مقررہ تاریخوں پر رائج تھیں۔ جب فرق ادا یا وصول کیا جائیگا۔ یہ امر قابل افسوس ہے کہ ایسے سادہ سوال پر ماتحت عدالتوں میں مقدمہ کا تصفیہ کرنے کے قبل یہ ضروری سمجھا گیا تھا کہ اسقدر زیادہ نظائر کا حوالہ دیا جائے جب ہر مقدمہ میں یہ واقعہ کا سوال ہو کہ فریقین کا منشا کیا تھا تو دوسرے مقدمات کا حوالہ دینے کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں ہوتی۔ وہ معیار جو متعلق کیا جانا چاہیئے عرصہ ہوا معین طریقہ سے تصفیہ پا چکا ہے۔ عدالت ماتحت مرافعہ کے جج نے لسانی شہادت پر تجویز کرتے ہوئے یہ قرار دیا تھا کہ وہ مدعی علیہم کے حق میں معین نتیجہ نہیں اخذ کر سکتے تھے اور لازمی طور پر یہ نتیجہ نکلیگا اون کے کہ یہ جوابدہی ثابت نہیں کی گئی تھی کہ مدعی علیہم نقص معاہدہ کے قانونی نتائج سے نہیں بچ سکتے تھے۔ عدالت مرافعہ کے ذی علم جج کی رائے میں جب جوابدہی ناکامیاب رہی تھی تو مدعیان ڈگری پانے کے مستحق تھے۔ واقعہ یہ ہے کہ مرافعہ ثانی نہیں ہو سکتا کیونکہ مرافعہ میں کوئی سوال قانونی پیدا نہیں ہوتا۔

گنگا داس بنام جگیشن داس (بمبئی)

مرافعہ مذکورہ خارج کیا جانا چاہیے۔

مرافعہ خارج کیا گیا

صفحہ ۱۰۳۴

## عدالت جوڈیشل کمشنر ناگپور

درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۷۱۳ بابتہ سنہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۱۴ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر بیکر صاحب جوڈیشل کمشنر

ڈی۔ بی۔ جیون داس بنام دی ایجنٹ سائی آئی

وکیا کمس دیگر مدعیان ریلوی کمپنی۔ مدعی علیہ

سائلان مسئول علیہ

قانون ریلوی ایکٹ ۹ بابتہ سنہ ۱۸۹۰ء دفعہ ۷۷ کا اطلاق۔ دعوے جو عدم حوالگی پر مبنی ہو۔ ریلوی کمپنی کے نام نوٹس۔

دفعہ ۷۷، قانون ریلوی کے احکام نہ صرف معاوضہ کے اون دعاوی سے جو مال کی گم شدگی، اتلاف یا خرابی سے پیدا ہوتے ہوں بلکہ اون دعاوی سے بھی متعلق ہوتے ہیں جو عدم حوالگی یا بالارادہ غلط حوالگی سے پیدا ہوتے ہیں۔

مدراس اینڈ سدرن مرہٹہ ریلوی کمپنی بنام ہری داس بنائی داس انڈین کیسز جلد ۹۴ صفحہ ۴۹ وینو راؤ بنام گریٹ انڈین پننسولر ریلوی کمپنی انڈین کیسز جلد ۴۴ صفحہ ۹۸۸

ف - بی جیون داس
بنام
ایجنٹ ای
ریلوی کمپنی
(ناگپور)

سے استناد کیا گیا۔

اینسٹ انڈین ریلوی کمپنی بنام کالی چرن رام پرشاد (انڈین کیسیز جلد ۶۹ صفحہ ۳۰) سے اختلاف کیا گیا۔

کسی ریلوی کمپنی کے نام کسی دعوی کا نوٹس بھیجانے کی ضرورت کے معاملہ میں ایسا ہونا چاہیے کہ موخر الذکر اس قابل ہو سکے کہ وہ تحقیقات کرے اور اگر ممکن ہو تو مال کی بازیافت کرے گم شدگی مال کے مقدمات اور عدم حوالگی مال کے مقدمات کے درمیان فرق قایم کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہوتی۔

عدالتوں کو ایسے اختیارات جنکا ذکر اوپر کیا گیا ہے قانون ریلوی میں داخل کرنے چاہئیں بجز اسکے کہ وہ معقول وجہ کی کسی بنیاد پر مبنی ہوں جن کی نسبت یہ اغلب ہو کہ واضعان قانون اوسکو پسند کرتے۔

نوٹس کی نسبت قانون ریلوی کے احکام کی سختی کے ساتھ پابندی کرنی چاہیے۔ اور اوس شخص کو جو دعوی کے متعلق موثر نوٹس کی تعمیل کرانیکا خواہشمند ہو چاہیے کہ اوسکو منیجر یا ایجنٹ کے پتہ پر جیسی کہ صورت ہو روانہ کرے۔

درخواست بغرض نگرانی ڈگری صادرہ جج عدالت مطالبات خفیفہ سہاگ پور مورخہ ۲۷ اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء مقدمہ دیوانی نمبر ۵۲۸ بابتہ ۱۹۲۲ء منجانب سائلان۔ مسٹر بے سین منجانب سول علیہم مسٹر پی لوبو

حکم۔ مدعیان نے جنکی ایک کوٹھی ہے جو جبل پور میں کاروبار چلاتی ہے مدعی علیہم ای۔ آئی ریلوی کمپنی کے خلاف اوس مال کی عدم حوالگی کی بابتہ جو بمقام سیریا اون کے تفویض کیا گیا تھا۔ عدالت مطالبات خفیفہ سہاگ پور میں ہرجہ کے لئے دعوی کیا۔ ای۔ آئی ریلوی کمپنی کو ٹھیک نوٹس نہونے کی وجہ سے دعوی خارج کیا گیا تھا۔ مدعیان نے تنسیخ ڈگری کے لئے بصیغہ نگرانی درخواست پیش کی ہے۔

۲ - سائلان کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے (۱) یہ کہ دعوی چونکہ گم شدگی پر نہیں بلکہ مال کی عدم حوالگی پر مبنی تھا اسلئے دفعہ ۷۷ قانون ریلوی ہند کی رو سے کسی نوٹس کی ضرورت نہیں ہے (۲) یہ کہ اگر نوٹس کی ضرورت بھی تو قانونی نوٹس دیا گیا تھا اور (۳) یہ کہ ہر صورت میں عدالت کو اس امر کی نسبت فریقین کا اظہار قلمبند کرنا چاہیے تھا

۳ - پہلے امر کی حمایت میں سائلان کے لائق وکیل نے ایک حال کی نظیر ایسٹ انڈین ریلوی کمپنی بنام کالی چرن رام پرشاد (۱) سے استناد کیا ہے جس میں ہائی کورٹ پٹنہ کے ایک جج منفرد نے یہ قرار دیا تھا کہ دفعہ ۷۷ قانون ریلوی ہند کی رو سے مال کی عدم حوالگی کی بابتہ معاوضہ کے دعوی کی صورت میں جب اوس کو مال کی گم شدگی، اتلاف یا خرابی کے دعوی سے ممیز کیا جائے کسی نوٹس کی ضرورت نہیں ہوتی۔

ہائی کورٹ مدراس نے اسکے خلاف رائے بمقدمہ مدراس اینڈ سدرن مرہٹہ ریلوی کمپنی بنام ہری داس بنمالی داس (۲) میں قایم کی ہے جس میں ہائیکورٹ مدراس کے ایک بنچ نے یہ قرار دیا تھا کہ دفعہ ۷۷ قانون ریلوی ہند نہ صرف معاوضہ کے اون دعاوی سے جو مال کی گم شدگی، اتلاف یا خرابی سے پیدا ہوتے ہیں بلکہ اون دعاوی سے بھی متعلق ہوتی ہے جو عدم حوالگی یا بالارادہ غلط حوالگی سے پیدا ہوتے ہوں دیوراؤ بنام گریٹ انڈین پنینسولر ریلوی کمپنی (۳) میں جو ایک عدم حوالگی کا مقدمہ تھا اس عدالت نے یہ قرار دیا تھا کہ ٹھیک نوٹس نہونے کی وجہ سے دعوی ناقص تھا یہ نہیں ظاہر ہوتا کہ نوٹس کی ضرورت کا سوال صراحتاً پیش کیا گیا تھا جہاں تک مجھے اطلاع ہے ہائی کورٹ پٹنہ کا مقدمہ جس کا حوالہ اوپر دیا گیا ہے پہلا مقدمہ ہے جس میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ اوس

(۱) انڈین کیسیز جلد ۶۹ صفحہ ۳۰ انتخاب ہند صفحہ ۱۳۸ (۲) انڈین کیسیز جلد ۴۹ صفحہ ۶۶۹ (۳) انڈین کیسیز جلد ۲۶ صفحہ ۶۰۴

دعوی میں جو عدم حوالگی مال پر مبنی ہو اور اوس دعوی میں جو گم شدگی مال یا نقصان پر مبنی ہو فرق ہوتا ہے۔

۵- نگرانی خواہوں کے لائق وکیل نے یہ بحث کی ہے کہ ہائیکورٹ مدراس کے فیصلہ کی ارا ضمنی میں میری راے میں یہ درست نہیں ہے اوس مقدمہ میں میعاد کی صحیح تنقیح قایم کیگئی تھی کہ آیا دعوے نوٹس نہونیکی وجہ سے دفعہ ۷۷ قانون ہذا کے بموجب ممنوع السماعت تھا اور اوس تنقیح پر تجویز کرتے ہوئے ہائیکورٹ مدراس کے ذی علم چیف جسٹس نے نوٹس کے تمام سوال پر بحث کی تھی اور یہ ظاہر کیا تھا کہ ریلوے کمپنیوں کی ذمہ داری دفعات ۵۲ اور ۱۶۱ قانون معاہدہ ہند کے بموجب امین کی ہوتی ہے جن کے منجملہ آخری دفعہ عدم حوالگی اور غلط حوالگی کی تمام صورتوں سے متعلق ہوتی ہے اور صفحہ ۷۸* پر یہ ظاہر کیا ہے کہ قانون معاہدہ کی ان دفعات میں جو قانون ریلوے ہند کی رو سے متعلق کیگئی ہیں نہ صرف ٹھیک تحویل کی نسبت امین کے محض فرض سے بلکہ ٹھیک وقت پر حوالہ کرنیکی نسبت امین کے فرض کی تعمیل سے بحث کی گئی ہے ایسی حالت میں باب ۷ قانون ریلوے ہند کی نسبت یہ سمجھا جانا چاہیے اور اوسکی نسبت یہی مقصود ہے کہ وہ ریلوے کمپنی کی تمام ذمہداری سے متعلق ہو اور دوسرے امور کے منجملہ ریلوے کمپنی کی ذمہ داری غلط حوالگی مال کی بابتہ داخل ہوگی خواہ وہ کسی وجہ سے پیدا ہوئی ہو ایسی حالت میں حسب دفعہ ۷۷ اس امر کی ضرورت بتلائی گئی ہے کہ جانوروں یا مال کی گم شدگی، اتلاف یا خرابی کی بابتہ معاوضہ کے دعوی کی صورت میں نوٹس دیجائے تو اون تمام دعاوی میں نوٹس کی ضرورت ہوتی ہے جو اوس ذمہداری کے متعلق پیدا ہوتے ہیں جس کی تعریف سابقہ دفعہ (۷۲) اور قانون معاہدہ کی مخصوص دفعات یعنے دفعات ۱۵۱ و ۱۶۱ میں کیگئی ہے جن کے منجملہ آخری دفعہ عدم حوالگی یا غلط حوالگی کی تمام صورتوں سے متعلق ہے دفعہ ۱۹۰ ایکٹ

۳ بابتہ ۱۸۹۰ء کا تعلق جس کا اعادہ دفعہ ۱۴۰ قانون ریلوے ہند میں کیا گیا ہے مال کی گم شدگی نقصان یا عدم حوالگی سے ہے لیکن دفعہ ۷۷ قانون ریلوے ہند میں یہ طریق نہیں سمجھا گیا ہے کہ لفظ عدم حوالگی کا اعادہ کیا جاتا جس کی وجہ یہ ہے کہ عدم حوالگی کی صورت پہلے ہی سے کافی احکام دفعات ۵۲ اور ۱۶۱ قانون معاہدہ کے رو سے ابتدائی دفعہ میں درج کردئے گئے تھے معقول مدت کے اندر ریلوے کمپنی کو نوٹس دئے جانے کے معاملہ میں اس لیے کہ وہ اوس قابل ہو سکیں کہ تحقیقات عمل میں لائیں اور اگر ممکن ہو تو مال کی باز یافت کر دیں در اصل کوئی وجہ اوس کے اختیار کرنیکی نہیں معلوم ہوتی مقدمات میں جیسا کہ موجودہ مقدمہ ہے جس میں مال ایک ایسے شخص کے حوالہ کیا گیا تھا جو مرسل الیہ کے علاوہ تھا جس نے یہ مطالبہ کیا تھا کہ وہ اوس کا مستحق تھا لیکن ریلوے کی رسید نہیں پیش کی تھی جو عمل اوسکو اپنے مطالبہ کی تائید میں کرنا چاہیے تھا ہمیں اس قسم کے امتیازات قانون ریلوے میں داخل نہیں کرنے چاہئیں بجز اسکے کہ وہ کسی معقول وجہ پر مبنی ہوں جسکی نسبت یہ اغلب ہو کہ واضعان قانون اوس کو پسند کرتے۔

۶- ذی علم چیف جسٹس ہائیکورٹ مدراس کی ان اراے میں عظمت کے ساتھ متفق ہوں ہائیکورٹ پٹنہ کی راے خاص کر دفعات ۳۰ و ۳۱ قانون میعاد سماعت ہند پر مبنی ہے اور یہ بیان کیا گیا ہے کہ عدم حوالگی مال اور مال کی گم شدگی، اتلاف یا خرابی کے مابین جب وہ ریلوے کمپنی جیسے بردندہ مال کی نگرانی میں ہو اہم فرق ہے۔ اول الذکر صورت میں اوس شخص سے جایداد بالارادہ روک رکھی جاتی ہے جو اوس کی حوالگی کا مستحق ہوتا ہے اور موخر الذکر صورت میں گم شدگی اتلاف یا خرابی بعض بیرونی اسباب سے پیدا ہوتی ہے موخر الذکر صورت میں جایداد کو بالارادہ روک نہیں رکھا جاتا گو مال کی ٹھیک نگرانی نہ کرنے میں بالارادہ غفلت عمل میں آئی ہو (دفعہ ۷۷ میں اس امر کی

دی۔ بی۔ ایچ ریلوے بنام ادیانٹ آف سکریٹری ریلوے کمپنی ڈسٹرکٹ ناگپور

* صفحہ ۷۸ انڈین لا رپورٹ مدراس جلد ۴۲

ضرورت تبلائی گئی ہے کہ اون دعاوی کا نوٹس جو اون اشیا کی گم شدگی اتلاف یا خرابی سے پیدا ہوتے ہوں جو کسی ریلوے کمپنی کے ذریعہ ترسیل کیلئے حوالہ کیا گیا تھا اوس مال کی حوالگی کی تاریخ سے چھ ماہ کے اندر ریلوے انتظامیہ کو دیا جانا چاہئے جس کا ارسال کرنا مقصود تھا اسکی بین یہ غرض ہے کہ ریلوے انتظامیہ کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ ان امور کی نسبت تحقیقات اور تفتیش عمل میں لائے کہ آیا گم شدگی اتلاف یا خرابی مدعی کی غفلت یا کمپنی یا اوسکے ملازمین کی بالارادہ غفلت یا اون کے سرقہ یا سرقہ بالجبر کے باعث ہوئی ہے جس کا ارتکاب کمپنی کے ملازمین نے کیا ہے بجز اس کے کہ گم شدگی اتلاف یا خرابی کا نوٹس بعجلت دیا جائے تحقیقات کو نقصان پہونچیگا اور اس لئے دفعہ ہذا میں یہ صراحت کی گئی ہے کہ مال کی حوالگی کی تاریخ سے چھ ماہ کے اندر نوٹس دیا جانا چاہئے لیکن عدم حوالگی کی صورت میں ایسی تحقیقات ضروری نہ ہوگی اس رائے کے بموجب بھی دفعہ ہذا غیر متعلق ہے لہذا عدم حوالگی کی صورت میں کمپنی نوٹس کی مستحق نہیں ہوتی ہے اور پٹنہ کی کمال عظمت کے باوجود میں اوسکی دلیل کی تقلید کرنیکے ناقابل ہوں جس کے میرے خیال میں قانون ریلوے میں ایک ایسا دخل کیا جاتا ہے جو معقول نہیں ہے ریلوے کمپنی کی صورت میں جو لاکھوں پارسل لیجاتی ہے مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عدم حوالگی کی صورت میں بھی تحقیقات ضروری ہوگی تاکہ ریلوے کمپنی یہ معلوم کرسکے کہ مال کہاں ہے وہ بہت زیادہ مقامات پر کاروبار کرتی ہے اور بعض اوقات اوس کیلئے بطور لازمی اس بات کی ضرورت ہوتی ہے کہ وہ گم شدہ مال کا پتہ معلوم کرے جو ممکن ہے کہ ایسی کمپنی کے کسی اسٹیشن پر پڑا ہو ان حالات میں جب دو ہائیکورٹ نے ایک مختلف رائے ظاہر کی ہے تو میں ہائیکورٹ مدراس کے فیصلہ کی تقلید کرنا پسند کرتا ہوں اور ایسی حالت میں یہ قرار دیتا ہوں کہ نوٹس ضروری ہے۔

۷۔ اب اگر دوسرے امر پر غور کیا جائے کہ آیا نوٹس بطور واقعہ کے دیا گیا تھا تو مدعی نے ایک رجسٹری شدہ خط کی رسید پیش کی ہے جو منیجر یا ایجنٹ ای۔ آئی ریلوے کمپنی کے نام پر بھیجا گیا تھا ای۔ آئی ریلوے کمپنی نے نوٹس کی وصول یابی سے انکار کیا ہے مدعی نے نوٹس پر علی سبیل البدل پتہ اس لئے لکھا تھا کہ اوسکو یہ نہیں معلوم تھا کہ آیا وہ منیجر یا ایجنٹ کے نام بھیجا جانا چاہئے دیورا کو بنام گریٹ انڈین پننسولر ریلوے کمپنی (۳) میں یہ قرار دیا گیا تھا کہ نوٹس جو ٹرافک منیجر کے نام ہو کافی نہیں ہوتا تاوقتیکہ ایجنٹ کو اوسکا علم ہوجائے۔ لیکن وہ فیصلہ اوس مقدمہ کے خاص حالات پر مبنی تھا مجھے اون مقدمات کا حوالہ دینے کی ضرورت نہیں ہے جن میں یہ قرار دیا گیا ہے کہ نوٹس سے متعلق احکام کی سختی کے ساتھ پابندی کیجانی چاہئے اور اگر مدعی دعوے کے متعلق موثر نوٹس کی تعمیل کرنے کا خواہاں ہو تو نوٹس جیسی کہ صورت ہو منیجر یا ایجنٹ کے پتہ پر ہونا چاہئے ان مقدمات کی صراحت عدالت ہذا نے اوس فیصلہ میں کی ہے جس کا حوالہ اوپر دیا گیا ہے۔

اپیل کی جانب سے یہ بحث کی گئی ہے کہ یہ قیاس کیا جاسکتا ہے کہ نوٹس وصول ہوگیا تھا۔ ایسی کوئی مطبوعہ نظیر موجود نہیں ہے جس میں علی سبیل البدل طریقہ سے نوٹس بھیجا گیا ہو جیسا کہ موجودہ صورت ہے وہ نوٹس منیجر کے پتہ پر بھیجا گیا تھا۔ ممکن ہے کہ وہ منیجر کے حوالہ کیا گیا ہو۔ لیکن اس قسم کی کوئی شہادت موجود نہیں ہے کہ آیا نوٹس جو ٹرافک منیجر کو وصول ہوتے ہیں بالعرض ایسا کوئی افسر مثلاً ایجنٹ کے حوالہ کئے جاتے ہیں۔ ان حالات میں میں خیال کرتا ہوں کہ مقدمہ اس امر کی نسبت تحقیقات کے لئے

ذمہ داری ریلوے کمپنی بنام ایجنٹ ای۔ آئی ریلوے کمپنی ...

۱۰۳۵ صفحہ

واپس کیا جاتا جائے کہ کون شخص اون خطوط کو وصول کرتا ہے جو فیجر ای۔ آئی ریلوی کمپنی کے پتہ پر بھیجے جاتے ہیں اور آیا اس قسم کے خطوط ایجنٹ کے حوالہ کئے جاتے ہیں۔ خرچہ مقدمہ کا خرچہ مسقور ہوگا۔ حسب حکم دیا گیا۔

# ہائی کورٹ بمبئی

## مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۳۷ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۱۹ ار فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس۔ سر نارمن میکلیوڈ نائٹ چیف جسٹس و مسٹر جسٹس کرمپ

احمد بلو دبیر وغیرہ مدعی علیہم بنام گنیش وشنو پنڈے مدعی

مرافعہ علیہ　　　مرافعان

اراضیات "کہوتی نبت"۔ درختان "انجائی" کی ملکیت۔ ڈنلاپ کے اعلان کا اثر۔ قبولیت کی تکمیل میں کہوت کے قصور کا اثر۔

مدعی علیہم نے جن کے قبضہ میں بعض "کہوتی نبت" اراضیات کہوت کے اسامیوں کی حیثیت سے سروے بندوبست کے آغاز کے زمانہ سے حقوق دخیلکاری کی نوعیت کے بعض حقوق کے تابع ہیں اون "انجائی" درختوں کے مالک ہونے کا دعوے کیا تھا جو اراضیات پر استادہ تھے۔ یہ قرار دیا گیا تھا کہ سروے بندوبست کے قیام کے قبل اراضیات کو کہوت سالہا بسال کے پٹہ پر لگان پر دیتا تھا۔ درخت ابتداً گورنمنٹ کی ملک تھے قرار دیا گیا کہ ڈنلاپ کے اعلان بابتہ سنہ ۱۸۲۲ء کی وجہ سے کہوت درختوں کا مالک ہو گیا تھا اور یہ کہ بعد میں کوئی ایسا امر پیش نہیں آیا تھا جو ان حقوق کو زائل کرتا یا مدعی علیہم کے حق میں منتقل کرتا۔ کلکٹر رتناگیری بنام وینکٹش راؤ بمبئی ہائی کورٹ رپورٹ (اختیار سماعت مرافعہ دیوانی) جلد ۲ صفحہ ۱ کی تقلید کی گئی۔

جسٹس کرمپ کیسی دلمندار کہوت کے سالانہ قبولیت پر دستخط کرنے سے محض قاصر رہنے کا صرف یہ نتیجہ ہو سکتا ہے کہ وہ اوس وقت کیلئے مخصوص نئے انتظام کے حق کا مستحق نہ ہوگا۔ لیکن اس کا اثر دوسرے حقوق پر نہیں پڑیگا جو ممکن ہے کہ اوسکو بالحاظ حق انتظام کے حاصل ہوں مثلاً اون چوبینہ کا حق جو کہوتی نبت اراضیات پر استادہ ہو۔

چیف جسٹس میکلیوڈ۔ اس قسم کا کوئی عام قاعدہ نہیں ہے کہ کوئی دلمندار کہوت اراضی کے مالک ہونیکا دعوی نہیں کر سکتا کیونکہ کہا سکتی ہو کہ کہوتی نبت اراضیات کی حد تک اوسکی حیثیت بہت کچھ مالک کی سی ہوتی ہے۔ کلکٹر رتناگیری بنام وینکٹش راؤ بمبئی ہائی کورٹ رپورٹ (اختیار سماعت مرافعہ دیوانی) جلد ۲ صفحہ ۱ تاجو بائی بنام سب کلکٹر قلابہ بمبئی ہائی کورٹ رپورٹ (اختیار سماعت مرافعہ دیوانی) جلد ۳ صفحہ ۱۳۲ بر صفحہ ۱۴۹ ناگر داس سنہا کیا داس بنام کنسرویٹر جنگلات بمبئی انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۲ صفحہ ۲۴۴ کا حوالہ دیا گیا۔

مرافعہ ثانی بنا راضی فیصلہ صادرہ ڈسٹرکٹ جج تھانہ بمرافعہ نمبر ۱۲۹ بابتہ سنہ ۱۹۱۹ء مشتمل بحالی ڈگری صادرہ سبارڈنیٹ جج رہا بمقدمہ دیوانی نمبر ۱۱۵۹ بابتہ سنہ ۱۹۱۱ء

منجانب مرافعان۔ مسٹر این۔ ایم پٹوردھن بمعیت مسٹر بی۔ جی۔ ٹشگنے۔

منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر جی۔ ایس راؤ بمعیت مسٹر بی۔ اے۔ بہٹ۔

جسٹس کرمپ صاحب۔ اس مقدمہ کا مدعی موضع پڈہون تعلقہ مالیگاؤن ضلع قلابہ کا دلمندار کہوت تھا اور اس دعوی میں اصلی سوال یہ ہے کہ آیا مدعی یا مدعی علیہم بعض انجائی درختوں کے مالک تھے جو اون اراضیات پر استادہ تھے جو مدعی علیہم یا بالعان کے قبضہ میں تھیں اب یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ یہ بالعان "دہری کری" نہ تھے بلکہ سروے بندوبست کے زمانہ سے اپنی اراضیات پر کہوت کے اسامیوں کی حیثیت سے حقوق دخیلکاری کی نوعیت کے بعض حقوق کے تابع قابض تھے۔

یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس مقدمہ پر عدالت تحت میں اس بنا پر غور کیا گیا تھا کہ گورنمنٹ زمانہ سلف میں اون درختوں کی مالک تھی جو ان اراضیات

احمد بلو دبیر بنام گنیش وشنو پنڈے (بمبئی)

صفحہ ۱۰۳۶

... اور اس امر پر شبہ کرنیکی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی لہذا
اس امر پر تعلق صحیح رہا ... اراضیات کہوٹی نسبت اراضیات
میں ... نے کلکٹر رتناگیری بنام ونیکٹ راو (۱) میں
قرار دیا تھا کہ ڈلاپ کے اعلان بابت سنہ ۱۸۲۴ کی روسے کہوٹ اون
حقوق کے مالک ہوگئے تھے جو ایسی اراضیات پر استادہ تھے وہ فیصلہ
اگر اوسکی تقلید کیجائے قابل پابندی ہو ... پر موجودہ مقدمہ کے واقعات پر قطعی ہونیکی
حیثیت رکھتا ہے اور اگر اس مقدمہ کے خاص حالات پر غور کیا جائے تو
وہی نتیجہ نکلتا چاہیے۔

تین اشخاص اور صرف تین اشخاص ایسے ہیں جنکو ان درختوں
کی نسبت حقوق کا حاصل ہونا ممکن ہے یعنے گورنمنٹ کہوٹ اور مدعا علیہم
کے بالعان اور اگر یہ سچ ہی جیسا کہ واقعہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ درخت
ابتدا گورنمنٹ کی ملک تھے تو جو حقوق کہ گورنمنٹ کو حاصل تھے وہ
اوس اعلان میں تسلیم کیے گئے تھے جس کا حوالہ دیا گیا ہے اور وہ شخص
جسکے حق میں وہ عطیہ کیا گیا تھا وہ شخص تھا جس کی اراضیات پر
تاریخ اعلان پر درخت فی الواقع اگ رہے تھے

اب موجودہ مقدمہ میں یہ ثابت کیا گیا ہے کہ سروے بندوبست
کے آغاز کے قبل اراضیات کو سال بسال کہوٹ سالانہ پٹہ یا مقطعہ
پر دیتا تھا۔ یہ موضع کا عام طریقہ تھا اور یہ ظاہر کرنیکے لیے
کوئی امر موجود نہیں ہے کہ ان کہوٹ نسبت اراضیات کے متعلق
کسی ایسی شرائط پر معاملہ کیا جاتا تھا جو اون شرائط سے مختلف
تھیں جو بالعموم موضع کی کہوٹی اراضیات سے متعلق ہوتی تھیں اگر
یہ حالت ہے تو سروے بندوبست کے آغاز کے قبل کہوٹ کے علاوہ
کوئی اور شخص نہ تھا جس کی نسبت یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ اراضیات
پر مستقل قبضہ رکھتا تھا یا عام فہم معنوں میں اراضیات کا دخیل تھا
جو وضاحت سدا شیو بنام صاحب وزیر ہند (۲) میں کی گئی ہے

کے اعلان کی کی گئی تھی۔ کہوٹ کا تعلق اراضیات کے ساتھ کہوٹ
کی حیثیت سے مسلسل تھا اور کہوٹی نسبت اراضیات کی حد تک
وہ کم از کم مشابہ مالکانہ حقوق رکھتا تھا جو ڈلاپ کے اعلان
کو اس کے حق میں نفاذ پذیر کرنے کے لیے کافی ہوگا۔

ایسی حالت میں فیصلہ کلکٹر رتناگیری بنام ونیکٹ راو
(۱) کے مطابق یہ نتیجہ ناگزیر معلوم ہوگا کہ کہوٹ اوس اعلان کی
وجہ سے ان درختوں کا مالک بن گیا تھا۔ اگر یہ حالت ہے تو اون
حقوق کو زائل کرنے کے لیے یا اون حقوق کو موجودہ مدعا
علیہم کے موافق منتقل کرنے کے لیے کوئی واقعہ پیش نہیں آیا ہے
ایسی صورت میں سالانہ قبولیت کے سوال سے قطع نظر
جو درختوں کی نسبت کہوٹ کے اور گورنمنٹ کے حقوق کی
اون کے مابین متعلق ہوتی ہی یہ واضح ہے کہ بیان مدعی کی حقیت
ثابت کی گئی ہے۔ مقدمہ کی اس رائے کے مطابق مدعی کیلئے یہ غیر ضروری
معلوم ہوتا ہے کہ وہ قبولیت پر استدلال کرے یا اس واقعہ کی اثر پر غور کرے
کہ وہ اوس اختلاف کی وجہ سے جو اوسکی اور گورنمنٹ کے مابین پیدا ہوگیا
ہے قبولیت پر دستخط کرنے سے قاصر رہا ہے لیکن اگر اس امر کا فیصلہ کرنا ضروری
ہے تو یہ واضح معلوم ہوتا ہے کہ مدعی کی جانب سے سالانہ قبولیت پر
دستخط کرنے میں قصور کا صرف یہ اثر ہو سکتا تھا کہ وہ اوس وقت
کے لیے موضع کے انتظام کے حق کا مستحق نہ ہوگا لیکن کسی اور دوسرے حقوق
پر اوس کا اثر نہ پڑیگا جو ممکن ہے کہ اوسکو اوس حق انتظام کے ساتھ
تعلق حاصل ہوں جیسا کہ اوس چوبینہ کا حق ہوتا ہے جو
اراضیات کہوٹی نسبت پر اگا ہو۔ اگر مختصراً بیان کیا جائے تو
یہ واضح ہے کہ مدعا علیہم نے اپنے بالعان کے موافق کوئی
حق نہیں ثابت کیا ہے۔ پس اس عدالت کے فیصلوں کے مطابق
کی نسبت یہ تصور کیا جانا چاہیے کہ وہ گورنمنٹ کے حقوق کا متعلق ...

(۱) ... کلکٹر ... (۲) ...

[redacted]

بہر صورت کھوٹی خاصگی" اور کھوٹی نسبت" اراضیات کے متعلق اس کی وہ حیثیت ہے۔ ایسی حالت میں یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ مدعی علیہم کو اپنی خریداری سے کوئی حق حاصل نہیں ہوا تھا اور مدعی کو صحیح طریقہ سے بر حیرا و حکم امتناعی عطا کیا گیا تھا۔

عدالت مرافعہ تحت کی ڈگری بحال او ہرجانعہ مع خرچہ خارج کیا جانا چاہیئے۔

**چیف جسٹس میکلوڈ۔** مجھے عدالت مرافعہ تحت کے فیصلہ میں سے ذیل عبارت کے متعلق وطندار کھوٹ کی حیثیت سے مدعی کے حقوق کی نسبت ایک لفظ کا اضافہ کرنا چاہیئے "سند کی عدم موجودگی میں جس کے بموجب اس کو موضع کی ملکیت عطا کی گئی تھی وہ اراضی کے مالک ہونیکا ادعا نہیں کرسکتا"۔ تاجو بائی بنام سب کلکٹر قلابہ (۳) وناگر داس بنام سکریٹری آف اسٹیٹ ممبئی (۴) کا حوالہ دیا گیا تھا لیکن موخرالذکر مقدمہ سے اس مسئلہ کی تائید نہیں ہوتی کہ وطندار کھوٹ سند کی عدم موجودگی میں اراضی کے مالک ہونیکا دعوی نہیں کرسکتا۔ حکام عالیمقام پریوی کونسل نے تاجوبائی بنام سب کلکٹر قلابہ (۳) کا حوالہ دیتے ہوئے یہ بیان کیا تھا (صفحہ ۱۷۴)۔

"اس مقدمہ میں گورنمنٹ نے کھوٹی کو ضبط کرلیا تھا، اسٹیٹ کے تکمی اسامیوں کو بعض حقوق عطا کئے تھے اور وہ اس امر پر آمادہ تھی کہ مدعیہ کو یہ اجازت دے کہ وہ کھوٹی کو بعض شرائط سے واپس لے لیوے بشرطیکہ وہ ان شرائط کی پابند ہونا چاہیئے جو گورنمنٹ نے تکمی اسامیوں یا اراضی کے قابضان کے ساتھ کی تھیں۔ اور یہ قرار دیا گیا تھا کہ وہ کھوٹی رکھنے کی مجاز نہ تھی بجز اسکے کہ ان شرائط کی تکمیل کی گئی ہو فیصلہ کی وجہ یہ تھی کہ وہ کھوٹ اراضی کا مالک نہ تھا۔ ڈسٹرکٹ جج نے جنہوں نے مقدمہ کا تصفیہ پہلے منتفعہ کیا تھا اس معاملہ پر بہت کامل طریقہ سے غور کیا تھا اور یہ قرار دیا تھا کہ کھوٹ مالگزاری کا محض ایک مہتممی کو شمار رہتا اس کی وجوہ رپورٹ میں بتلائی گئی یا الا یہ غیر ضروری ہوگا کہ ان کو دہرایا جائے۔ یہ کہنا کافی ہے کہ فیصلہ مذکور اس رائے کے خلاف تھا جو کیپٹن وکیلیٹ نے قائم کی تھی جس کا حوالہ گورنمنٹ آف انڈیا کے کاغذات سے دیا گیا تھا۔"

حکام عالیمقام نے ایسی کسی رائے کے ظاہر کرنے کے بغیر کہ کوئی کھوٹ اراضی کا مالک ہے یا ہوسکتا ہے، یہ بیان کیا تھا کہ یہ کافی طور پر واضح تھا کہ اراضی کی ملکیت ہر کھوٹ کو حاصل نہیں ہوتی۔

یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ مسٹر جسٹس شاہ نے ان آراء سے اختلاف کیا تھا جو جسٹس آرنولڈ اور جسٹس نیوٹن نے تاجوبائی بنام سب کلکٹر قلابہ (۳) میں ظاہر کی تھیں۔

پس ایسا کوئی عام قاعدہ نہیں ہے کہ کوئی وطندار کھوٹ اراضی کے مالک ہونیکا دعوی کرسکتا ہے۔ یقیناً مجھے یہ معلوم ہوگا کہ کھوٹی خاصگی" اور کھوٹی نسبت" اراضیات کے متعلق اس کی حیثیت بہت زیادہ مالک کی سی ہوتی ہے۔ کلکٹر رتناگری بنام وینکٹیش بلاو (۱) میں یہ قرار دیا گیا تھا۔ ایسی حالت میں میں یہ خیال کرتا ہوں کہ مدعی نے اپنی دلیل ثابت کردی ہے جب یہ خیال کیا جائے کہ وہ اراضی جس میں سے جنگل کاٹا گیا تھا کھوٹی نسبت اراضی تھی اور بجز اسکے کہ مدعی علیہم عدالت کو یہ اطمینان دلاسکتے کہ وہ دہری کری تھے جن کو درختوں کی ملکیت حاصل ہوسکتی تھی وہ کامیاب ہونیکے مستحق نہ تھے۔

ڈگری بحال رکھی گئی۔

## عدالت جوڈیشل کمشنر ناگپور

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۳۴ ب بابت ۱۹۲۲ء فیصلہ ۱۸ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر کوتوال اڈیشنل جوڈیشل کمشنر

احمد بابو وغیرہ
بنام
گنیش وپلو شیڈے
(بمبئی)

(۳) بمبئی لا رپورٹ جلد ۱۴ صفحہ ۵۴۸ (۴) ... جلد ۲۱ صفحہ ۱۴۹ ...
انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ... صفحہ ۲۶۲ -

وظائف ساہو بنام بریجی چند (فائیلسن)

اوتکار ساہو کیس دیگر مدعیان مرتکلان بنام ہوری چند وغیرہ مدعا علیہم رسپانڈنٹ

قانون دیوالیہ صوبجاتی ایکٹ ۳ بابت ۱۹۰۷ء دفعات ۲ (د) ۱۶ (۲) (۲۱) ۳۴ قرضہ وصول کرنیکا حق ایا جائداد ہوتا ہے۔ حکم دیوالیہ دیوانگی کے قبل دیوالیہ کو قرضہ ادا کرنیکا اثر۔

قرضہ وصول کرنیکا حق دفعہ ۲ (د) قانون دیوالیہ صوبجاتی کے مفہوم میں جائداد ہوتا ہے اور بروئے دفعہ ۱۶ قانون مذکور یہ بموجب ریسیور کو اس درخواست کی تاریخ سے حاصل ہو جاتا ہے جو دیوالیہ نے دیوالیہ قرار دئے جانے کے لئے پیش کی تھی۔ دیوالیہ کی جائداد ریسیور کو حاصل ہوجانیکی نسبت دفعات قانون دیوالیہ صوبجاتی کے احکام دفعہ ۳۴ قانون مذکور کے احکام کے تابع ہیں اور موخرالذکر دفعہ کے احکام کی رو سے وہ قرضہ جو ریسیور کو حاصل ہوا تھا ادا ہو جاسکتا ہے اگر دیا گیا ہے بالاطلاع حکم دیوالیہ کی درخواست کی تاریخ کے بعد حکم دیوانگی کی تاریخ کے قبل ادا کر دیا جائے۔ دفعہ ۳۴ قانون دیوالیہ صوبجاتی کا منشا یہ ہے کہ ایسے مدیون کی حفاظت کی جائے جنہوں نے اپنے قرضہ جات دیوالیہ کو ان کی دیوانگی کے علم کے بغیر ادا کر دئے ہوں۔

صفحہ ۱۰۴۳ مرافعہ بنارا ضی ڈگری مصدرہ ڈسٹرکٹ جج امراوتی مورخہ ۳۰ اگست ۱۹۲۱ء بمرافعہ دیوانی نمبر ۷۰ بابت ۱۹۲۱ء

منجانب مرافع۔ مسٹر بین کرشنا بوس نائٹ و مسٹر ڈی۔ وی۔ مینگلو رتی

منجانب مرافعہ علیہم مسٹر زا ربیونت و آر۔ سی۔ دت چودھری۔

**فیصلہ**۔ مدعی علیہ نمبر ۲ تیجپال کو دیوالیہ قرار دئے جانیکی درخواست ۱۵ اپریل ۱۹۱۳ء کو پیش کی گئی تھی اور تیجپال ۲ اکتوبر ۱۹۱۳ء کو دیوالیہ قرار دیا گیا تھا تیجپال مدعی علیہم نمبر ۱ تا ۳ کے ساتھ ایک جننگ فیکٹری کی شراکت کا رکن تھا جو ۱۹۱۳ء کے لئے قائم ہوئی تھی جس کا مدعی علیہ نمبر ۳ ایک تحویلدار تھا۔ یہ شراکت تیجپال کی منافع میں اس کے حصہ کے لئے کچھ رقم کے لئے مقروض تھی۔ ریسیور نے وہ قرضہ جو شراکت کی جانب سے تیجپال کو واجب الادا تھا بذریعہ نیلام فروخت کیا اور مدعی نے اس کو مبلغ ۵۰ روپیہ میں خریدلیا۔ اس نے موجودہ دعوی للعہ ۱۲/۳ کی بابت اصل رقم کے لئے جو منجانب شراکت تیجپال کو واجب الادا تھی اور مبلغ ۱۲/۸ سود بطور ہرجہ کی بازیافت کے لئے دائر کیا ہے۔

مدعی علیہ نمبر ۱ نے یہ جوابدہی کی تھی کہ تمام رقم جو شراکت سے تیجپال کو واجب الادا تھی مبلغ ۱۲/۳/۱ للعہ تھی اور یہ کہ مبلغ سما للعہ ۱۲/۳ کی حد تک رقوم کی مہیائی کے بعد جو تیجپال کو ادا کی گئی تھیں اور مختلف ارکان میں حسابات کا تصفیہ کرنے کے بعد مبلغ صما للعہ ۱۲/۳ مدعی علیہ نمبر ۱ کی جانب سے شراکت کو واجب الادا قرار دئے گئے تھے اور وہی تمام شراکت سے تیجپال کو واجب الادا تھی۔ اس نے یہ بیان کیا تھا کہ ۲۰ یا ۲۱ جولائی ۱۹۱۳ء کو تیجپال نے یہ معاہدہ کیا تھا کہ وہ اس رقم کو براست مدعی علیہ نمبر ۱ سے وصول کرلیگا۔ اور شراکت کے ساتھ اس کا کھاتہ طے شدہ قرار دیا جاکر بند کر دیا گیا تھا۔

مدعی علیہ نمبر ۲ نے یہ جوابدہی کی تھی کہ اس نے مدعی علیہ نمبر ۲ کی ہدایت کی بنا پر ۲۲ جولائی ۱۹۱۳ء کو مدعی علیہ نمبر ۲ کو للعہ ۱۲/۳ کی رقم ادا کی تھی۔

مدعی علیہ نمبر ۳ نے یہ بیان کیا تھا کہ وہ شراکت کا کسی رقم کے لئے مقروض نہ تھا یہ کہ اس کو منافع میں اپنا حصہ ملا تھا کیونکہ مدعی علیہ نمبر ۳ تحویلدار تھا اور موخرالذکر کا یہ فرض تھا کہ وہ حسابات رکھے اور منافع تقسیم کرے۔

یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مبلغ سما للعہ ۱۲/۳ دیوالیہ کو یا اسکی ہدایت کی بنا پر دوسرے اشخاص کو بدفعات چار مرتبہ یعنی ما للعہ، ما، ما للعہ ۱۲/۳، اور للعہ ادا کئے گئے تھے

ان رقوم نے منجملہ ایک یا دوسرے تین چناوں کا فرق پیدا ہے لیکن یہ غیر اہم ہے۔ منجملہ ان چار رقوم کے مدعی نے پہلی رقم پر اعتراض یا اسکے متعلق دعوی نہیں کیا ہے لیکن باقیماندہ تین رقوم پر اعتراض کیا گیا ہے جنہیں بوہرسکی رقم کے شامل جو مدعی علیہ نمبرا نے تیجپال کو ادا کی تھی وہ تمام رقوم دیوالہ لگنے کی درخواست کی تاریخ کے بعد لیکن حکم دیوالہ لگنے کی تاریخ کے قبل ادا کی گئی تھیں۔

مدعی نے ان رقوم کی ادائی سے انکار کیا اور یہ جو ادائی کی تیجپال کے ساتھ تصفیہ کیا جانا بہ نیت فریب تھا اور مدعی اس کا پابند نہ تھا کیونکہ وہ کار روائیات دیوالیہ کے آغاز کے بعد کیا گیا تھا اور اس لئے وہ ناجائز تھا۔

عدالت ابتدائی نے یہ قرار دیا کہ یہ رقم تیجپال کو واجب الادا تھی مبلغ یا ہے صہ تھی یہ کہ شراکت نے تیجپال کو مبلغ سے بالعوض کی صدمے رقم ادا کی تھی یہ کہ تیجپال نے یہ اقرار کیا تھا کہ وہ بقایا مبلغ صہ ابھر مدعی علیہ نمبرا سے وصول کریگا یہ کہ شراکت اس مجموعہ پر اس تعداد کے قرضہ سے بری الذمہ ہوگئی تھی۔ یہ کہ مدعی علیہ نمبرا نے یہ رقم تیجپال کو ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۱۷ء کو ادا کی تھی اور یہ کہ اس معاملہ میں کوئی فریب یا سازش نہیں ہوئی تھی۔ اسنے دعوی خارج کیا۔

عدالت مرافعہ تحت نے عدالت ابتدائی کی ڈگری بحال رکھی اس لئے یہ قرار دیا کہ معاملہ میں کوئی فریب یا سازش نہیں ہوئی تھی اور یہ کہ مدعی علیہما نمبرا و ۲ کو جب انہوں نے دیوالیہ کو رقم ادا کی تھی تیجپال کی دیوالہ لگنے کا کوئی علم نہ تھا۔ مدعی نے مرافعہ کیا ہے۔

یادداشت مرافعہ میں متعدد عذرات پیش کئے گئے ہیں لیکن بوقت سماعت صرف ایک امر زور دیا گیا تھا۔ فقرات ۲ و ۳ دفعہ ۱۶ قانون دیوالیہ صوبجاتی کا حوالہ دیا گیا تھا اور یہ بحث کی گئی تھی کہ چونکہ حکم دیوالہ لگنے کا تعلق دیوالہ لگنے کی درخواست کی تاریخ سے ہے اسلئے دیوالیہ کی تمام جائداد اس تاریخ سے رسیور کو حاصل ہوجاتی ہے اس لئے للمکر سیپوہ وصول کرنیکا حق ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء کو جو درخواست کی تاریخ ہے رسیور کو حاصل ہوگیا تھا۔ یہ بحث کی گئی تھی کہ دیوالیہ کو جو رقوم اس تاریخ کے بعد ادا کی گئی تھیں وہ رسیور یا اسکے منتقل الیہ مدعی پر بابت التعمیل نافذ نہیں۔

مرافعہ علیہم نے یہ بحث کی ہے کہ قانون دیوالیہ کے مفہوم میں قرضہ وصول کرنیکا حق جائداد نہیں ہوتا دفعہ ۲ (ھ) کا حوالہ دیا گیا ہے کہ جائداد سے مادی جائداد مراد ہے۔ اس بحث میں کوئی قوت نہیں ہے۔ دفعہ ۲ (ھ) میں بظاہر جائداد کی تعریف نہیں کی گئی ہے۔ قرضہ پانیکا حق مالکانہ حق ہوتا ہے۔ ملاحظہ ہو اصول قانون مولفہ سالمنڈ دفعہ ۸۲ صفحہ ۲۰۸ طبع پنجم دفعہ ۱۶۸ قانون دیوالیہ انگلستان کے بموجب جائداد میں حق وصول قرضہ شامل ہے۔ قرضہ کا حق، حق قابل ارجاع نالش ہوتا ہے جس طرح پر کہ اس کی تعریف دفعہ ۳ قانون انتقال جائداد میں کی گئی ہے۔ یہ قرار دیا جانا چاہیئے کہ واجب الادا روپیہ کو وصول کرنیکا حق دفعہ ۱۶ (۲) کے مفہوم میں جائداد ہے۔ دفعہ ۱۶ (۶) کے بموجب زمانہ ماقبل سے تعلق کی وجہ سے قرضہ وصول کرنیکا حق ۱۵ اپریل سنہ ۱۹۱۷ء سے رسیور کو حاصل ہوگیا تھا لیکن دفعہ ۱۶ کے احکام کی نسبت یہ تصور کیا جانا چاہیئے کہ وہ احکام مندرجہ دفعہ ۳۸ کے تابع ہیں جس کا اہم حصہ حسب ذیل ہے:-

"بمتابعت ...... احکام قانون ہذا جن کا تعلق تعمیل پر دیوالیہ کے اثر سے اور بعض انتقالات اور ترجیحات کی تنسیخ سے ہے اس قانون کا کوئی مضمون دیوالیہ کی ضرورت میں ناجائز نہ کریگا۔

× نمبر (ب) کسی ادائی یا حوالگی جو دیوالیہ کو کی گئی تھی × × × بشرطیکہ ایسا معاملہ حکم دیوالہ لگنے کی تاریخ کے قبل واقع

اور لفارسا بنام ہرپرنہ کاچند ز ناگپور

صفحہ ۳۹

ادکاد سا نام ہریدی چند (ناگپور)

ہوا ہو۔ کو قرضہ رسیور کو حاصل ہوا تھا مگر قرضہ کی رقوم جب تک منتقی سے لینے کا رروائیات دیوالیہ کی اطلاع کے بغیر دیوالیہ کو حکم دیوالگی کی تاریخ کے قبل ادا کی گئی تھیں تو وہ ناجائز نہیں ہو جاتیں۔ یہاں کوئی سوال کسی تعمیل پر دیوالگی کے تکالیا ہے اور نہ کسی انتقال یا ترجیح کی تنسیخ کا سوال ہے۔ رقوم کی ادائی جہاں تک کہ مدعی علیہم کا تعلق ہے جائز ہے تو مدعی علیہم قرضہ سے بری الذمہ ہو جاتے ہیں اور ان کو اس امر پر مجبور نہیں کیا جا سکتا کہ وہ رسیور کو دوبارہ رقم ادا کریں۔ دفعہ ۳۱ کا منشاء یہ ہے کہ ایسے مدیونان کی حفاظت کی جائے جنہوں نے اپنے قرضہ جات اپنے دائنین کو ان کی دیوالگی کے علم کے بغیر ادا کئے ہوں اور اس کا فائدہ اس مقدمہ میں مدعی علیہم کو دیا جانا چاہئے۔ اس مقدمہ میں دفعہ ۳ کا اطلاق کا اثر یہ معلوم ہوتا ہے کہ قرضہ جو کسی رسیور کو حاصل ہو ان حالات میں جن کی صراحت دفعہ مذکور میں کی گئی ہے دیوالیہ کو رقوم ادا کر دینے سے بیباق ہو سکتا ہے۔

مرافعہ ناکامیاب رہتا اور مع خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## چیف کورٹ لوئر برہما

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۱۵ بابت ۱۹۲۱ء فیصلہ ۲۳ جون ۱۹۲۲ء

باجلاس مسٹر جسٹس پراٹ

ما ڈنگ اوکتا سو میلیس بیگم بنام ما ڈنگ شو لن وکیلس وغیرہ

مرافعان۔ مرافعہ علیہا۔

قانون شہادت ایکٹ ۱ بابت ۱۸۷۲ء دفعہ ۸ (۲)۔ اقبال جو بائع نے بیع کے بعد کیا ہو۔ مشتری ایا پابند ہوتا ہے۔

مشتری اس اقبال کا پابند نہیں ہوتا جو اسکے بائع نے اس کی خریداری کے بعد کیا ہو وہ اپنے بائع کا قائم مقام حقیت نہیں بنا ہوتا گو وہ اس خریداری کی وجہ سے اپنی حقیت کا دعویدار ہو جو اس نے اس سے کی تھی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صدرہ ڈسٹرکٹ جج ہنزاد

**فیصلہ**۔ مدعی نے اس قرضہ کی ادائی کی شرط سے کچھ اراضی کی بازیافت کی استدعا کی تھی جس کی ادائی کیلئے وہ عارضی طور پر حوالہ کر دی گئی تھی۔

یہ اراضی مدعی علیہ نمبر ۱ کو ایک قرضہ رقمی الللہ کے عوض حوالہ کی گئی تھی لیکن کوئی دستاویز مرتب نہیں کی گئی تھی۔

مدعی علیہ نمبر ۱ نے دعوی سے اقبال کیا مدعی علیہا نمبر ۲ و نمبر ۳ نے زر نقد ادا کرکے مدعی علیہ نمبر ۱ سے قبضہ حاصل کیا لیکن کسی بیعنامہ کی تکمیل نہیں کی گئی تھی۔

مدعیان کا بیان یہ نہیں ہے کہ اراضی مدعی علیہ نمبر ۱ کے پاس رہن کی گئی تھی۔ اور کوئی جائز رہن نہیں عمل میں آیا تھا۔ ڈسٹرکٹ کورٹ نے ایک امر تنقیح طلب قائم کیا کہ آیا مدعیان نے یہ اراضی مدعی علیہ نمبر ۱ کو کسی قرضہ کی بابت حوالہ کی تھی لیکن فیصلہ میں امر تنقیح طلب میں یہ تبدیلی کی گئی کہ آیا وہ رہن کی گئی تھی اور اسکے بعد دعوی اس بنا پر خارج کیا کہ رہن ثابت نہیں کیا جا سکتا تھا۔

ڈسٹرکٹ کورٹ نے بمطابق مرافعہ صحیح طریقہ سے مقدمہ کو بغرض ثبوت واپس کیا لیکن صرف ایک متعلقہ امر تنقیح طلب جو مرتب کیا گیا تھا یہ تھا۔ "مدعیان اور مدعی علیہ نمبر ۱ کے مابین معاملہ کی حقیقی نوعیت کیا تھی"۔ بلحاظ پلیڈنگس یہ واضح تھا کہ کوئی جائز رہن یا بیع نہیں ہو سکتی تھی۔ اور مدعیان نے

(بقیہ)

نہیں یہ بیان نہیں کیا تھا کہ ایسا معاملہ ہوا تھا۔

باوجود اس کے ڈسٹرکٹ کورٹ نے یہ قرار دیا تھا کہ معاملہ بیع مطلق تھا جو ملانیہ طور پر ناقابل تائید تجویز تھی۔

ڈسٹرکٹ کورٹ نے یہ قرار دیا تھا کہ مدعی علیہ نمبر ۱ نے تسلیم کیا تھا کہ بیع کی جانب سے رہن ہوا تھا اور چونکہ مدعی علیہما نمبر ۲ و ۳ نے مدعی علیہ نمبر ۱ سے اپنی حقیت حاصل کی تھی۔ اس لئے وہ اس اقبال کے پابند تھے۔

مدعی علیہما نمبر ۲ و ۳ اس اقبال کے پابند نہیں ہو سکتے جو ان کے بائع نے ان کی خریداری کے بعد کیا تھا۔ وہ اپنے بائع کے قائم مقام ان حیثیت نہیں ہیں گو وہ اپنی حقیت کے دعویدار اس طور پر ہوتے ہیں کہ انھوں نے اسکے ذریعہ سے خریداری کی تھی۔ یہ ظاہر ہے کہ اس بائع کا ابتدائی مالک کے ساتھ سازش کرنا اور غلط اقبال کرنا ممکن تھا۔

لیکن یہ بالکل واضح ہے کہ خود ان کے جواب دعوی اور اس شہادت کے لحاظ سے جو انھوں نے پیش کی تھی مدعی علیہما نمبر ۲ و ۳ نے کسی رجسٹری شدہ بیعنامہ کی رو سے خریداری نہیں کی ہے اور یہ کہ ان کے بائع کو کوئی جائز حقیت حاصل نہیں ہے۔ وہ یہ بیان کرتے ہیں کہ انھوں نے مدعی علیہ نمبر ۱ سے جائداد خریدی تھی لیکن رجسٹری شدہ دستاویز کی رو سے نہیں خریدی تھی جو صرف ایک امکانی جائز طریقہ بیع کی تکمیل کا تھا۔ انھوں نے یہ عذر نہیں پیش کیا تھا کہ مدعی علیہ نمبر ۱ بظاہر مالک بالقبض تھا بلکہ یہ بیان کیا تھا کہ مدعی نے یہ اراضی مطلقاً مبلغ الللعہ کے عوض مدعی علیہ نمبر ۱ کے حوالہ کردی تھی لسانی شہادت جو انھوں نے انتقال کی نسبت پیش کی تھی یہ ظاہر کرتی ہے کہ معاملہ زبانی ہوا تھا اور یہ کہ کسی تحریر

نادنگ اونگ بنام نادنگ شوے لز (۲۳۲)

رجسٹری شدہ کی تکمیل نہیں ہوئی تھی۔ ایسی صورت میں یہ واضح ہے کہ مدعی علیہما نمبر ۲ و ۳ یا ان کے بائع کو اراضی کی نسبت کوئی جائز حقیت حاصل نہیں ہوئی تھی۔

اس قرضہ کی ادائی پر جسکے لئے اراضی حوالہ کی گئی تھی مدعی جائداد واپس پانیکا مستحق ہے اور یہی طور پر یہ وہ دادرسی ہے جس کی استدعا کی گئی تھی جو اصطلاح عرضی دعوے میں استعمال کی گئی تھی "انفکاک رہن اور واپسی" کا ہے۔

اس لئے مرہونہ اراضی کے انفکاک کے لئے نہیں بلکہ قرضہ کی ادائی پر اس اراضی کی بازیافت کے لئے دعوی کیا تھا جو قرضہ کی کفالت کے طور پر حوالہ کی گئی تھی۔

عرضی دعوی کی برہمی زبان کی عبارت قانونی نہیں ہے۔ اور لفظ "انفکاک" کے ایک وسیع معنی ہیں اور اسکے مفہوم میں لازمی طور پر رہن داخل نہیں ہوتا جیسا کہ بظاہر ماتحت عدالتوں نے خیال کیا ہے۔

بیانات مندرجہ عرضی دعوی میں لفظ "انفکاک" "مع واپسی" کا استعمال یہ ظاہر کرتا ہے کہ دعوی کا مقصود یہ تھا کہ وہ بعوض ادائی قرضہ اس اراضی کی بازیافت کے لئے ہو جو قرضہ کی کفالت کے لئے حوالہ کی گئی تھی۔

عدالت مرافعہ تحتانی کی ڈگری انفکاک رہن کے دعوے کی ڈگری کے طور پر مرتب کی گئی تھی اور یہ معاملہ غلطی سے رہن کے طور پر تصور کیا گیا تھا۔ مدعی مرہونہ جائداد کو منفک کرانے کا قانونی معنوں میں نہیں بلکہ عام فہم معنوں میں انفکاک رہن کا مستحق ہے۔

عدالت مرافعہ کی ڈگری میں ترمیم کی جائیگی اور مدعی کو قرضہ کی ادائی پر اراضی کی بازیافت کی ڈگری عطا کی جائیگی۔ مدعی کو دونوں تحت عدالتوں کا خرچہ دلایا جائیگا لیکن اس عدالت میں ہر

فریق اپنا خرچہ خود برداشت کریگا۔ مرافعہ منظور کیا گیا۔

بوہرا تارا چند بنام مسماۃ ریاضی بیگم (الہ آباد)

## ہائیکورٹ الہ آباد

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۷۷۸ بابت سنہ ۱۹۲۱ء فیصلہ ۱۰ فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس گوکل پرشاد —

بوہرا تارا چند وغیرہ بنام مسماۃ ریاضی بیگم۔

مدعیان۔ مرافعان۔ مدعی علیہا مرافعہ علیہا۔

حق آسائش۔ پردہ کا حق —

پردہ کا حق کا وجود اس شخص کی قوم یا فرقہ پر منحصر ہے اور نہ اس واقعہ پر منحصر ہوتا ہے کہ آیا عورات کا استعمال کرتی ہیں یا نہیں بلکہ یہ مکان کا ایک لازمہ ہے اور اسی نسبت سے اس کی حفاظت کی گئی ہے۔ گوکل پرشاد بنام رادھو (انڈین لا رپورٹس الہ آباد جلد ۱۳ صفحہ ۱۸۵) جمیل الدین بنام عبد المجید (انڈین کیسیز جلد ۸۰ صفحہ ۷۶) کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ ثانی بنا راضی ڈگری صادرہ ڈسٹرکٹ جج آگرہ مورخہ ۲۵ فروری سنہ ۱۹۲۱ء۔ صفحہ ۱۴۱۰

منجانب مرافعان۔ مسٹر این اوپادھیائے مع مسٹر جی اگروالہ

منجانب مرافعہ علیہ۔ مسٹر ایل۔ پی۔ استھانا۔

**جسٹس گوکل پرشاد۔** (۳۰ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء)۔ یہ مدعیان کا مرافعہ ہے جو ایسی نالش سے پیدا ہوا ہے جو ان کی جانب سے ایک دیوار کے گرا دینے کے لئے جس کی بابت بیان کیا گیا ہے کہ مدعا علیہا نے مدعیان کی اراضی پر تعمیر کر لی تھی نیز تین دریچوں کے بند کرنے کے لئے جن کی بابت بیان کیا گیا ہے کہ وہ مدعیان کے حق پردہ میں مخل ہیں دائر ہوئی تھی۔ جوابدہی یہ ہوئی کہ دیوار مدعا علیہا کی اپنی اراضی پر قائم تھی اور یہ کہ دریچوں میں سے دو قدیم اور ایک جدید تھا اور یہ کہ مدعیان کے حق پردہ میں کوئی مداخلت ہوتی تھی۔ عدالت ابتدائی نے فیصلہ کیا کہ دیوار مدعا علیہا کی اپنی اراضی پر تھی اور یہ کہ سوال حق پردہ پیدا نہیں ہوتا کیونکہ اراضی افتادہ تھی اور زیر راستہ تھا۔ اس لئے مدعیان کے دعوی کو خارج کر دیا۔ مدعیان نے مرافعہ پیش کیا اور ڈسٹرکٹ جج اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ دیوار مدعا علیہا کی اپنی اراضی پر تھی اور مدعیان اس کو منہدم نہیں کرا سکتے۔ انھوں نے مزید یہ قرار دیا کہ چونکہ مدعیان کا زنانہ مکان نہیں ہے۔ حق پردہ کا سوال پیدا نہیں ہوتا — حق پردہ کا وجود اس شخص کی ذات یا ملت پر منحصر نہیں ہے جو اس کا دعوی کرتا ہو اور نہ اس واقعہ پر ہے کہ عورتیں اس کو استعمال کرتی ہیں۔ یہ ملک کا رواج ہے اس لئے اس کی حفاظت کی جانی چاہیئے۔ ملاحظہ ہو گوکل پرشاد بنام رادھو (۱) اور جمیل الدین بنام عبد المجید (۲) مجھے اس قابل ہونے کے لئے کہ مرافعہ ہذا کا فیصلہ کروں ذیل کے امور تنقیح پر تجاویز ضروری ہیں

(۱) کیا دیوار (الف) (ب) کے جنوب کی طرف کا قطعہ اراضی مملوکہ مدعیان ہے جس میں دیگر اشخاص کی مدنظر ہوتی ہے جو اس کے جنوب و مغرب کی جانب گھروں میں رہتے ہیں۔

(۲) کیا یہ امر واقعہ ہے کہ مدعیان قطعہ ہذا کے متعلق حق پردہ سے متمتع ہوتے رہے ہیں۔

(۳) آیا جنگلے سے جس کو مدعا علیہ نے لگا لیا ہے مدعیان کے حق پردہ پر واقعی حملہ ہوا ہے۔

لہذا مقدمہ امور تنقیح بذریعہ شہادت شمولہ مثل اور اگر ضرورت ہو تو بذریعہ معائنہ موقع کرنا چاہیئے۔ کوئی جدید شہادت نہ لی جائیگی۔ تجویز کے وصول ہونے پر حسب معمول

(۱) انڈین لا رپورٹس الہ آباد جلد ۱۳ صفحہ ۱۸۵ (۲) انڈین کیسیز جلد ۸۰ صفحہ ۷۶۔

دس یوم کی مہلت عذرات کے لئے دیجائیگی۔

**جسٹس گوکل پرشاد** (۲۷ر فروری سنہ ۱۹۲۳ء) واقعات مقدمہ میں حکم مورخہ ۳۰ر نومبر سنہ ۱۹۲۲ء میں فصل مندرج ہیں جس میں عدالت ماتحت کی توجہ چند امور تنقیح کی جانب منعطف کرائی گئی ہے جملہ امور متذکرہ کی بابتہ تجاویز پیش کی گئی ہیں۔ وہ مرافعان کے مخالف ہیں۔ یہ تجاویز واقعہ کی تجاویز ہیں ان میں مداخلت نہیں کی جاسکتی لہذا مرافعہ ناکامیاب اور مع خرچہ خارج کیا جاتا ہے۔

مرافعہ خارج کیا گیا۔

## ہائیکورٹ مدراس

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۳ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۹ر فروری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس: مسٹر جسٹس اسپنسر و مسٹر جسٹس کرشنن۔

کروتھے لٹاتھ پلاکت مانک کال **بنام** واسو دیون نمبو دری آڑناوت
تیلاکھنڈان نمبوودری لیوراوان و منتظم و یک کس و دیگر۔
ساکن تیروناوائنا پورم وغیرہ مرافع۔ مرافعہ علیہا۔

مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۴۴۔ زمیندار واسامی بیدخلی۔ قبضہ محصلہ زمیندار۔ معاوضہ کی مقدار رقم کا مرافعہ میں اضافہ۔ واصلات۔ سود۔

ایک زمیندار نے اسامی کی حقیت کا قبضہ بہ تعمیل ڈگری بیدخلی حاصل کیا جو اس کو تحت احکام قانون معاوضہ بابتہ اصلاحات اسامیان ملیبار ملی تھی۔ بہ طبق مرافعہ رقم معاوضہ میں جو عدالت تحقیقات کنندہ نے عطا کی تھی اضافہ کر دیا گیا۔ قرار دیا گیا کہ تحت احکام دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی مدعا علیہ مزید رقم معہ عدالت مرافعہ پر بشرح معقول سود کا اس تاریخ سے جبکہ زمیندار نے وہ اسکی تھی اس تاریخ تک مستحق تھا جس پر مدعا علیہ کو یہ علم ہوا تھا کہ زمیندار نے بجائے واصلات کے مزید رقم عدالت میں جمع کر دی ہے۔

کلیان داس بنام مقبول احمد (انڈین کیسیز جلد ۴۳ صفحہ ۵۴۸) میں بنام کوتھی روناٹہ کنہیا ایل (۱) انڈین کیسیز جلد ۷۱ صفحہ ۹۴۲۔
مانک کال وغیرہ سنکرن بنام ارکاٹ ازمانگیہ سنکرن نائر کا انڈین کیسیز جلد ۶۹ صفحہ ۹۲۱ کی تقلید کی گئی۔

مرافعہ بنا راضی حکم مصدرہ عدالت سب آرڈینیٹ جج اوٹاپلم مورخہ ۲۸ر ستمبر سنہ ۱۹۲۰ء۔ بہ اے۔ ایس نمبر ۵۲ و ۱۵۶ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء بنا راضی حکم مصدرہ عدالت ڈسٹرکٹ منصف والووانڈ مورخہ ۸ار مارچ سنہ ۱۹۲۰ء۔ بہ درخواست تعمیل نمبر ۱۲۵ بابتہ سنہ ۱۹۲۰ء بہ نالش ابتدائی نمبر ۴۳۵ بابتہ سنہ ۱۹۱۷ء

منجانب مرافع۔ مسٹر کے۔ پی رام کرشنا آئر۔
منجانب مرافعہ علیہم مسٹر ٹی۔ مادہون نائر۔

**فیصلہ**۔ بہ تقلید اراء پریوی کونسل جو اس مقدمہ میں ظاہر کی گئی ہیں جس کا حوالہ عدالت ماتحت مرافعہ نے دیا ہے یعنی کلیان داس بنام مقبول احمد (۱) سود بشرح کافی اس منافع پر دیا جاسکتا ہے جس سے شخص قابض ڈگری رہن نے جس میں بعدازاں تبدیلی ہوگی۔ اس مدت میں تمتع حاصل کیا جو عدالت ابتدائی کی ڈگری کی تعمیل اور مزید رقم عدالت میں جمع کرنے کی نسبت اس کے نوٹس کے مابین تھی۔

واصلات کی تشخیص کے لئے مقدمہ ہذا کو واپس کرنا غیر ضروری تھا۔ مدعا علیہم قبضہ حاصل کرنے کے محض اس لئے مستحق نہ تھے کہ اصلاحات کی بابتہ زر معاوضہ میں اضافہ ہوگیا تھا۔ ملاحظہ ہوں۔ ہیمن بنام کوتھی روناٹہ کنہیا ایل

(۱) انڈین کیسیز جلد ۶۳ صفحہ ۵۴۸ —

تیلاکھنڈ نمبوودری بنام واسدیو نمبوودری (مدراس) صفحہ ۱۰۴

[illegible] بنام [illegible] واسع [illegible] (۱۹۲۳ء)

مراسن (۳) ، رہا کامل حسین بنام شکرن بنام امانی [illegible] کا ترجمہ سنکرن نام الجرد (۳) لیکن تحت دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی [illegible] عدالت ابتدائی میں [illegible] باعث وہ سود یا دیگر معاوضہ کے مستحق تھے۔

ہم سابق ڈگری [illegible] بحال رکھتے ہیں اور یہ ہدایت کرتے ہیں سائلان [illegible] علیہ پر سود بحساب ۱۲ فی صدی سالانہ [illegible] ۱۹۱۹ء [illegible] کو تاریخ حوالگی جائداد سے یکم اپریل سنہ ۱۹۲۳ء [illegible] وقت [illegible] کی مدت کے لئے [illegible] مدعا علیہم کو رقم عدالت میں جمع کرنے یا نوٹس ملا تھا حاصل کریں۔ ہر فریق اپنا خرچہ [illegible] البتہ ماتحت میں ان کارروائیات بازیافت [illegible] ہوا ہے خود برداشت کرے۔ عدالت ہذا [illegible] اپنا خرچہ پائیگا۔

مرافعہ منظور کیا گیا۔

## عدالت جوڈیشل کمشنر ناگپور

مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۳۱/ بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ [illegible] ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر ہیلیفکس ڈیشنل جوڈیشل کمشنر۔

فدا علی - مدعی - مرافع - بنام [illegible] دیگر

مدعا علیہما - مرافعہ علیہما -

شرع اسلام - طلاق - تفویض اختیارات - معاہدہ جس سے زوجہ کو یہ حق ہو کہ شوہر کے اسکے جماعت سے خارج ہونے پر طلاق حاصل کرے - مصلحت عامہ -

شرع اسلام کی رو سے ازدواج محض ایک دیوانی معاہدہ ہے اور یہ معاہدہ کہ معاہدہ ازدواج کی خاص شرط کی خلاف ورزی پر زوجہ طلاق حاصل کرنے کی مستحق ہوگی اس قانون کے اصول اور مصلحت کے خلاف ہونے کی صورت میں کالعدم نہیں ہے۔ اگرچہ عدالت اس شرط کی تعمیل اگر وہ غیر معقول اور ناقابل نفاذ ہو تو دیگر معمولی معاہدہ کی طرح پر اس کو نافذ نہ کرے۔

شرع اسلام کے تحت معاہدہ ازدواج میں ایک شرط کہ زوجہ طلاق حاصل کرنے کی مستحق ہوگی اگر شوہر اپنی جماعت کے اصول مذہب کو ترک کر دے جو شوہر اور زوجہ دونوں کا مذہب ہو یا شوہر کو اسکے مرشد نے جماعت سے خارج کر دیا ہو۔ غیر معقول شرط نہیں ہے۔ اور زوجہ کو شرط کی خلاف ورزی پر طلاق حاصل کرنے کا حق ہے۔

بدر النساء بی بی بنام [illegible] رپورٹ جلد ۱۵ صفحہ ۵۵۵ میر اشرف علی بنام میر ارشد علی۔ ویکلی رپورٹر جلد ۱۶ صفحہ ۲۶۰۔ حیات النساء بی بی بنام کرم علی [illegible] انڈین کیسیز جلد ۳ صفحہ [illegible] ۵ - محرم علی بنام عائشہ خاتون انڈین کیسیز جلد ۱۳ صفحہ ۵۶۲۔ حمید اللہ بنام فیض النساء انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۷ صفحہ ۳۲۷۔ نور الدین بنام [illegible]۔ کلکتہ لا جرنل جلد ۳ صفحہ ۹۳ سے استناد کیا گیا۔

شرع اسلام میں شوہر کسی دوسرے شخص کو اختیار دے سکتا ہے کہ وہ شوہر اور زوجہ کے مابین طلاق کا اعلان کرے اور جب یہ اختیار غیر مشروط ہو تو وہ شخص جو اس طور پر مقرر کیا گیا ہو کسی ایسی وجہ سے جس سے شوہر کو خود ایسا کرنے کا حق ہوتا اعلان طلاق کر سکتا ہے بجز اسکے کہ وہ [illegible] طلاق [illegible] انہی اختیارات کا [illegible] نہیں کر سکتا۔

(۲) انڈین کیسیز جلد ۶ صفحہ ۳۴۴، (نظائر ہند صفحہ ۶۲۵)

(۳) انڈین کیسیز جلد ۶۲ صفحہ ۱۲۹ (نظائر ہند صفحہ ۱۰۲)

خدا علی
بنام
ستارہ بی
(ناگپور)

مرافعہ بنارا ضی ڈگری اڈیشنل ڈسٹرکٹ جج ناگپور مورخہ ۸ سہ اگست ۱۹۲۲ء مرافعہ دیوانی نمبر ۱۴ بابتہ ۱۹۲۲ء -

منجانب مرافع مسٹر زیڈ ڈبلیو - جی ڈیلان و ڈبلیو آر پوراننگ و جی - آر پرودھان -

منجانب مرافعہ علیہا مسٹر ایم کے پادھے و اے - دی واز لوار -

**فیصلہ** - مدعی مرافع کسی زمانہ میں شیعوں کے اس داؤدی بوہرا فرقہ کی اس جماعت سے نکل گیا تھا جو مہدی باغ یا عتبہ ملک و بدر کہلاتی تھی جو ناگپور میں ۱۸۹۸ء کے قریب قائم کی گئی تھی لیکن پھر وہ اس جماعت میں ۱۸ جون ۱۹۰۵ء کو شامل ہو گیا - بتاریخ ۱۴ اکتوبر ۱۹۱۲ء اسنے مدعا علیہا مرافعہ علیہا سے جو اسی جماعت کی رکن تھی ازدواج کیا - اسی روز اسنے بحق مدعا علیہا ایک معاہدہ قبل از ازدواج تکمیل کیا جو مثل میں بطور دستاویز ۲ د ۱ شامل ہے - اس معاہدہ کا خلاصہ حسب ذیل ہے - "میں مہدی باغ جماعت کا رکن ہوں اور رائکے مرشد ملک کا اطاعت گذار ہوں اور قوانین اسلام کی پابندی اسطرح کرونگا کہ جیسی کہ وہ انکی تعبیر کریں - اشخاص جو جماعت کے قواعد کی تعمیل سے انکار کرینگے - وہ اس سے خارج ہونیکے مستوجب ہیں اور اسلام سے مرتد سمجھے جائینگے - اسلئے میں اقرار کرتا ہوں کہ اگر میں جماعت کا مذہب ترک کروں یا مرشد مجھے اس سے خارج کردیں تو میں اسلام کا مرتد تصور کئے جانے کا مستوجب ہونگا - اس صورت میں میری زوجہ (اگر وہ جماعت کی رکن رہے) بوجہ میرے جماعت کو ترک کرنے کے مجھسے طلاق حاصل کریگی میں یہ بھی تسلیم کرتا ہوں کہ وہ قاعدہ جو فتویٰ عالمگیری میں قرار دیا گیا ہے مجھ پر قابل پابندی ہے کہ بوقت ازدواج کوئی شخص یہ عہد کرسکتا ہے کہ شرائط ازدواج میں سے کسی کی خلاف ورزی پر اسکی زوجہ مستحق ہوگی کہ اس شخص کی جانب سے طلاق کا اعلان کرنے کے لئے کوئی وکیل مقرر کرے حسبہٗ میں عہد کرتا ہوں کہ اگر میں ملک و بدر جماعت کو ترک کروں یا مرشد مجھے اس سے خارج کردیں تو میری زوجہ میری طرف سے طلاق کا اعلان کرنے کے لئے کسی شخص کو مقرر کرسکتی ہے اور وہ طلاق کا اعلان کرسکتا ہے - ایسے طلاق کو میں جائز سمجھونگا"

(۲) اسی روز بعد ازدواج مدعی نے ایک "وکالت نامہ" تکمیل کیا جو مثل میں بطور دستاویز ۲ د ۲ شامل ہے اور ڈاکٹر لوائے حق کو اپنا وکیل مطلق یعنی اپنی زوجہ کے طلاق کے معاملہ میں وکیل باختیار کامل مقرر کیا اور یہ اختیار دیا کہ وہ کسی وقت طلاق دیدے یا وہ اختیار کسی غیر شخص کو تفویض کردے نیز عہد کیا کہ طلاق اس وکیل یا اس کے نائب کی جانب سے مماثل اس طلاق کے ہوگی جو خود اسکی جانب سے دیجائے اس نے یہ بھی وعدہ کیا کہ وہ "وکالت نامہ" کبھی منسوخ نہیں کریگا - ۲۰ اکتوبر ۱۹۱۲ء کو ڈاکٹر لوائے حق نے دستاویز ۲ د ۳ - کی تکمیل کی اور اپنی جگہ معصام حق کو مدعی علیہا کی طلاق کے معاملہ میں مدعی کا وکیل بموجب اس اختیار کے تحت مقرر کیا جو اسکو دستاویز ۲ د ۲ کے ذریعہ سے دیا گیا تھا - ۲۷ - نومبر ۱۹۱۹ء کو مدعی بحکم مرشد جماعت سے خارج کیا گیا اسکی زوجہ اسی جماعت میں رہی - ۲۸ - جنوری ۱۹۲۰ء (دستاویز ۲ د ۴) مدعا علیہا نے اپنے کو طلاق دینے کے لئے شیخ صالح حسن بہائی کو اپنے شوہر کا وکیل مقرر کیا جنکو اختیار اسکو بذریعہ دستاویز ۲ د ۳ دیا گیا تھا - اور اسی روز شیخ صالح نے ایک طلاق مطلق (طلاق البتہ)

خدا علی بنام ستائی بیگم ناگپور

کا اعلان کیا اور اسی مضمون کی ایک دستاویز (دستاویز ۲ (۵)) تحریر کردی جس کو اس ... گواہان زوجہ کو پڑھ کر سنایا ... تحریر ... ۱۹۱۹ء کو صمصام حق نے اسی قسم کی طلاق کا ... دستاویز ۲ (د) جسکا اختیار ڈاکٹر ور لےحق کو بذریعہ دستاویز ۲ (۲) دیا گیا تھا اور اسکے حق میں بذریعہ دستاویز ۲ (ب ۱) منتقل کیا گیا تھا۔

(۳)۔ اعتراض جو لائق کونسل مدعی نے دونوں طلاق کے جواز کی نسبت کیا ہے یہ ہے کہ شرط جسپر مدعا علیہا معاہدہ ازدواج کے تحت طلاق کا مطالبہ کرنیکی مستحق ہوئی شرع اسلام کے اصول اور مصلحت کے خلاف تھی اور اسلئے معاہدہ کم از کم اس حد تک تحت دفعہ ۲۳ قانون معاہدہ کالعدم ہے۔ یہ اعتراض اس طلاق سے بالکل متعلق نہوگا جسکا اعلان صمصام حق نے کیا تھا یعنے وہ وکیل جسکو خود مدعی نے مامور کیا تھا جو کسی ایسی وجہ سے بھی طلاق دے سکتا تھا جس سے مدعی کو خود ایسا کرنیکا حق پیدا ہوتا بجز اسکے کہ وہ وجہ محض انکے ذاتی وہم و خیال پر مبنی ہوتی اسوجہ سے کسی وکیل کی جانب سے طلاق اسکے اختیارات کا ایسا استعمال ... غیر معقول ہے اور جس کو حق بجانب نہیں قرار دیا جاسکتا۔ لیکن مقدمہ ہذا میں وجہ یہ تھی کہ شوہر نے اس مذہب کو ترک کردیا جسپر اسکی زوجہ قائم رہی نیز اسنے وعدہ کیا تھا خواہ وعدہ ناقابل نفاذ ہو کہ وہ ایسا کرنے پر اسکو طلاق دیدیگا۔

صفحہ ۱۳۸۱

(۴) اس معاہدہ کے متعلق کہ شوہر کی جانب سے معاہدہ ازدواج کی کسی شرط کی خلاف ورزی پر زوجہ کو حق ہوگا کہ طلاق حاصل کرے یہ کہ اس بحث میں مجھے کوئی اہمیت نظر نہیں آتی کہ وہ شرط اس وجہ سے کالعدم ہے کہ شرع اسلام کے اصول یا مصلحت کے خلاف ہے کیونکہ اس ضابطہ میں ازدواج محض ایک معاہدہ دیوانی تصور کیا گیا ہے جس بات پر زور دیا جاسکتا ہے وہ یہ ہے کہ شرط بطور معمولی معاہدہ کی شرط کے غیر معقول اور ناقابل نفاذ نہ کی جانی چاہئے۔

(۵) ہمارے پاس ٹھیک اسی قسم کے معاہدات میں شرائط کی تمثیلات ذیل ہیں جو معقول قرار دی گئیں کیونکہ انکی خلاف ورزی سے زوجہ مستحق ہوگئی تھی کہ ایسے وکیل کے ذریعہ اعلان طلاق کرلے جسکا تقرر خود اسنے اپنے شوہر کیلئے کیا تھا مقدمات بدرالنسا بی بی بنام نعمت اللہ (۱) میر اشرف علی بنام میر ارشد علی (۲) آیت النسا بی بی بنام کرم علی (۳) محرم علی بنام عائشہ خاتون (۴) میں شرط یہ تھی کہ شوہر ازدواج ثانی نکریگا۔ بمقدمہ حمید اللہ بنام فیض النسا (۵) ایک شرط یہ تھی کہ وہ اپنی زوجہ کو اپنے باپ کے گھر سال میں چار مرتبہ جانیکی اجازت دیگا۔ دوسری شرط یہ تھی کہ اگر زوجہ اور ان اشخاص میں جو شوہر کے ساتھ اسوقت رہتے ہوں نزاع پیدا ہوجائے تو وہ زوجہ کیلئے ایک مکان تعمیر کرایکا اسکے ساتھ رہے گا۔ بمقدمہ نورالدین بنام جنو بی بی (۶) شرط جسکی خلاف ورزی سے زوجہ اپنے لئے طلاق کا اعلان کرنے کی مستحق تھی اس سے زیادہ نہ تھی کہ شوہر اپنی زوجہ کو عندالطلب وہ خاص زیورات طلائی حوالے کریگا جنکا اسنے اسکو بوقت ازدواج مالک کردیا تھا اسی قسم کے شرائط کی فہرست میں جو جائز قرار دی گئی ہیں اور جو نافذ کی گئی ہیں اور جو صفحہ ۳۴۹ جلد ۲ شرع اسلام مولفہ امیر علی میں ہے ہم یہ پاتے ہیں کہ شوہر

(۱) بنگال رپورٹر ۵ اصفحہ ۵۵۵۔ (۲) ویکلی رپورٹر جلد ۱۶ اصفحہ ۲۶۔
(۳) انڈین کیسز جلد ۱ صفحہ ۳۱ ۔ (۴) انڈین کیسز جلد ۱۴ صفحہ ۶۲ ۔
(۵) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۲ صفحہ ۴۲،۳۲۔ (۶) کلکتہ لا جرنل جلد ۳ صفحہ ۹۔

زوجہ کو مستقل ازدواجی سکونت سے بغیر اسکی رضامندی کے علٰیحدہ نہیں کرسکتا یہ کہ شوہر خاص میعاد مقررہ سے زاید عرصہ کے لئے اپنے کو سکونت ازدواجی سے غیر حاضر نہیں کر سکتا یہ کہ شوہر اور زوجہ مقام مقررہ میں رہیں گے - یہ کہ شوہر زوجہ کو ایک مقررہ نان و نفقہ ادا کریگا - یہ کہ زوجہ کی اولاد جو سابقہ شوہر سے ہو اوسکو پرورش کریگا - یہ کہ شوہر زوجہ کو اپنے رشتہ داراں کی ملاقات سے منع نہ کریگا جب وہ ایسی ملاقات کرنا چاہے -

(۶) شرط جو مقدمہ ہذا میں مدعی نے منظور کی ہے وہ ایسی ہی معقول ہے جیسی انمیں سے کوئی شرط ہے بلکہ ان میں سے اکثر کے مقابل زیادہ معقول ہے - لہذا دونوں طلاق جنکا اعلان ہوا بالکل جائز ہیں - اس خیال کو مد نظر رکھکر دیگر عذرات کی جو مقدمہ ہذا میں پیش ہوئے ہیں جانچ کرنا غیر ضروری ہے - مدعا علیہا مدعی کی زوجہ نہیں ہے اور اسکو ڈگری اعادہ حقوق زناشوئی نہیں دیجا سکتی - مرافعہ خارج ہوگا اور مدعی کو چاہیے کہ تینوں عدالتوں کا جملہ خرچہ ادا کرے

مرافعہ خارج کیا گیا -

## ہائیکورٹ رنگون

### مرافعہ اولی دیوانی

نمبر مقدمہ ۲۶ / ۲ - بابتہ ۱۹۲۲ء - منفصلہ ۲۲ - جنوری سنہ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس ہیلڈ اور مسٹر جسٹس مے اونگ

ماونگ تھاوون وغیرہ مدعا علیہم مرافعان بنام ماتھین ئین مدعیہ مرافعہ علیہا

قانون بودھ - اہل برہما - تعدد ازدواج - وراثت - کلاں و خورد زوجگان کے حقوق - ازدواج - قیاس -

قانون بودھ اہل برہما کے تحت تعدد ازدواج جائز ہے اور ایک بودھ اہل برہما وقت واحد میں دو یا زیادہ زوجگان کرسکتا ہے چنانچہ اسکا یہ سلوک کیا جاتا ہو می مے بنام می شوری ما [illegible] جلد ۱۳ صفحہ ۸۳ و می کن گیلے بنام می کن گنی [illegible] صفحہ ۱۶۹ کی تقلید کی گئی -

لیکن قانون وراثت کی اغراض کیلئے یہ ضروری ہے کہ ان تعلقات کی بغور جانچ کی جائے جو زوجہ ثانی یعنی کہ وہ عام طور پر کہلاتی ہے زوجہ خورد اور اسکے شوہر متوفی کے اسکا باہمی تھے تاکہ اسکی اصلی حیثیت تحقیق کی جائے پیشتر اسکے کہ وہ اپنے شوہر کی جائداد کی وارث ہو اسکو ثابت کرنا چاہیے کہ اسکا تعلق متوفی کے ساتھ ایسا تھا کہ یہ کہا جاسکتا تھا کہ اسکو مالکانہ نیز ذاتی حقوق حاصل تھے - اور ثبوت مطلوبہ زیادہ سخت ہوجاتا ہے جہاں اسکو زوجہ اول کے وجود کا پہلے سے علم ہو وہ [illegible] ہو اور زوجہ اول اسکے ناواقف قانون بودھ اہل برہما کے تحت اگرچہ ازدواج میں عملی طور پر لینے اور دینے کی کافی شہادت ہو کیونکہ یہ ازدواج کی اغراض کیلئے کسی قسم کی رسم ضروری نہیں ہے فریقین کا طرز عمل باہم رہنے سہنے سے ازدواج [illegible] متعلق قیاس غالب پیدا کرسکتا ہے خصوصاً جبکہ اتحاد عرصہ دراز تک قایم رہا -

مرافعہ اولی بنا راضی فیصلہ مصدرہ ڈسٹرکٹ جج تھاوادی

منجانب مرافعان مسٹر ہیگن با تھم ترلاغو و برجورجی -

منجانب مرافعہ علیہا مسٹر ماونگ پو -

جسٹس مے اونگ - عرضی دعویٰ میں بتلایا گیا ہے کہ یو پو ٹوک نامی ایک بودھ اہل برہما کی اسکی حیات میں دو زوجگان

ازدواج زوجہ اول و زوجہ خورد ماونگ تھاوون بنام ماتھین ئین (رنگون)

صفحہ ۱۴۵

شخص یعنی ڈالے منے اور مدعیہ۔ یہ کہ یوپوٹوک اور ڈالے منے ۱۹۱۶ء میں فوت ہوگئے موخر الذکر بطادنہ اول الذکر چار روز بعد۔ یہ کہ مدعیہ کا ازدواج جائز یوپوٹوک مذکور سے ۱۹۱۱ء میں ہوگیا تھا اور وہ ہمیشہ سے بطور شوہر اور زوجہ یوپوٹوک مذکور کی وفات تک رہتے تھے۔ یہ کہ یوپوٹوک کو دونوں زوجگان سے کوئی اولاد نہ تھی اور یہ کہ مدعیہ نے یوپوٹوک مذکور کی تمام جائداد کی وراثت ہونیکا دعوی بحیثیت اسلی پسماندہ بیوہ کیا ہے۔

مدعا علیہم نے جو یوپوٹوک اور ڈالے منے کے پسماندہ رشتہ دار [illegible] ہیں اس امر سے انکار کیا کہ مدعیہ کا ازدواج جائز طور پر یوپوٹوک مذکور سے ہوا تھا اور یہ کہ وہ اسکے ساتھ کبھی بطور شوہر اور زوجہ کے نہیں رہی۔ انہوں نے مزید یہ بھی کہا کہ مدعیہ اگر یوپوٹوک مذکور کی زوجہ بھی تھی تو بھی ایسی زوجہ نہ تھی کہ یوپوٹوک مذکور کی جائداد میں قانون بودھ کے بموجب حصہ کی مستحق ہو۔

ذیل کے امور تنقیح پر نالش کی تحقیقات کا آغاز ہوا۔

(۱) کیا مدعیہ یوپوٹوک متوفی کی جائز زوجہ تھی۔

(۲) جائداد میں وہ کس حصہ کی اگر کوئی ہوسکتا ہو مستحق ہے۔

نتیجہ یہ ہوا کہ ڈسٹرکٹ کورٹ نے اولاً واقعات کی بنا پر قرار دیا کہ مدعیہ کا ازدواج جائز طور پر یوپوٹوک سے ہوا تھا ثانیاً بغیر کسی قانونی بحث قرار دیا کہ وہ بہ حیثیت پسماندہ بیوہ ہونیکے یوپوٹوک متوفی کی تمام جائداد کی مستحق ہے بمقابلہ یوپوٹوک کی مسلمہ زوجہ ڈالے منے کا حق شامل ہے۔

مدعا علیہم نے مرافعہ کیا ہے اور انکی جانب سے اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ مدعیہ یوپوٹوک کی داشتہ یا مذخولہ سے زیادہ نہ تھی اور یہ کہ اگر یہ قرار بھی دیا جائے کہ وہ جائز زوجہ تھی جسکو زوجہ کہا جا سکتا ہے تو بھی وہ جائداد کے نصف سے زائد کی مستحق نہیں ہے جو یوپوٹوک اور ڈالے منے نے چھوڑی ہے۔

اب یہ کہا جا سکتا ہے کہ تعداد زوجگان کے متعلق قانون بودھ اہل برہما اب طے شدہ ہے تعدد ازدواج بلاشبہ جائز ہے ملاحظہ ہو می مئے بنام می شوما (۱) اور بودھ اہل برہما وقت واحد میں دو یا زیادہ زوجگان کرسکتا ہے جن کیساتھ یکساں سلوک کیا جاتا ہو ملاحظہ ہو می کن لیلے بنام می کن (۲)

تاہم قانون وراثت کی اغراض کیلئے ضروری ہے کہ ان تعلقات کی بغور جانچ کی جائے جو دوسری زوجہ خورد کے جیسا کہ وہ مشہور ہے اور اسکے متوفی شوہر کے مابین موجود تھے تاکہ زوجہ کی اصلی حیثیت متحقق ہوسکے اور کوئی کتخدا شخص دوسرا جائز تعلق پیدا کرسکتا ہے اور دونوں عورتیں مساوی حیثیت میں بلحاظ ذاتی حقوق اور ذمہ داریاں اور بلحاظ ملکیت جائداد رہ سکتی ہیں۔ دوسری جانب شوہر ایسے شخص سے جسکی حیثیت اقل یا زوجہ کلاں سے کم ہو رشتہ ازدواجی پیدا کرسکتا اور قائم رکھ سکتا ہے۔ صورت اول الذکر میں جیسے کہ بعض مقدمات میں قرار دیا گیا ہے کوئی وقت وراثت جانشینی کے متعلق پیدا نہیں ہوتی صورت موخر الذکر میں زوجہ ثانی پر لازم ہے کہ قبل اسکے کہ وہ اپنے شوہر کی جائداد کی وارث ہو یہ ثابت کرے کہ اسکا تعلق متوفی کیساتھ ایسا تھا کہ کہا جا سکتا تھا کہ اسکو مالکانہ نیز ذاتی حقوق حاصل تھے اور ثبوت مطلوبہ زیادہ سخت ہو جاتا ہے جبکہ اسکو جیسے کہ مقدمہ زیر غور میں ہوا زوجہ اول کے وجود کا پہلے سے علم ہوا اور وہ اس سے علیحدہ رہتی ہو اور زوجہ اول ناواقف ہو۔ ان دو اقسام کی زوجگان میں امتیاز ظاہر کرنے کیلئے سوالات [illegible]

(۱) انڈین کیسز جلد ۳ صفحہ ۵۷۴۔ (۲) انڈین کیسز جلد ۰ صفحہ ۱۱۲۔

وہماںحث میں ۔ اصطلاحیں "کلان" "خورد" استعمال کیگئی ہیں

اب یہ ایک عام بات ہے کہ یو پو لوک ایک مالدار زمیندار تھا جو اپنی منکوحہ ڈا لے منے کیساتھ تھارا واڈی میں مستقل طور پر رہتا تھا - یہ کہ لیت پلن میں اسکی ایک آڑہتی کی گرنی تھی جو اسکی طرف سے ایک رشتہ دار کے زیر اہتمام تھی اور جہاں وہ اکثر جایا کرتا تھا - یہ کہ احاطہ گرنی کے اندر اسکا ایک اچھا وسیع اور آراستہ مکان سکونتی تھا جسمیں وہ اسوقت ٹھہرتا تھا جب وہ وہاں جاتا تھا اور یہ کہ جب اوسکی مدعیہ سے ابتداً واقفیت ہوئی تو وہ ساٹھ سال سے زیادہ عمر کا تھا اسوقت موخرالذکر قریباً ۲۵ سال تھی جبکو اسکے شوہر نے طلاق دیدی تھی - اور وہ اپنی اور باپ کے جو بیکار تھا بسر بطور ایک بساطی کے اور اجرت پر سگار تیار کرتی تھی اسکے بھائی کو یو پو لوک کی گرنی میں بمشاہرہ ۵ ماہوار ملازمت مل گئی تھی - اور وہ بعض اوقات ملازمین گرنی کو چاول فروخت کرنے کے لئے وہاں جایا کرتی تھی - اس غرض کے لئے اسکے بھائی نے یو پو لوک سے مبلغ ۵۰ قرض لیکر بطور سرمایہ کے رقم اسکو دیدی تھی - ان حالات میں یو پو لوک کی مدعیہ سے ملاقات ہوئی تھی - قبل ازین یو پو لوک کی ایک گرنی بمقام ٹین مینوک تھی اور معلوم ہوتا ہے کہ وہاں ایک لڑکی کو بطور داشتہ اسنے رکھا تھا مونگ پو تھا گواہ مدعی نمبر ۲ کا بیان ہے کہ میں نے یو پو لوک سے دریافت کیا کہ وہ لڑکی کیا ہوئی جو تم نے ٹین مینوک گرنی میں رکھی تھی" اس نے کہا کہ اب وہ میرے پاس نہیں ہے پھر میں نے اس لڑکی کی بابت پوچھا جسکو اس نے بعد میں رکھا تھا اسنے جواب دیا کہ وہ میرے پاس لیت پدن کی گرنی میں ہے - ہم دونوں نے اوسوقت ما تھین ایں (مدعیہ)

کی نسبت تذکرہ کیا تھا" گواہ ہذا یو پو لوک کا ہمراہ [illegible] ہونیکا دعویدار ہے -

مدعیہ کے بیان کے مطابق [illegible] کورٹ شپ یا نامہ و پیام واقع ہونا نہیں [illegible] مدعی علیہا میں ایک ماشان ما گواہ مدعی علیہ [illegible] کہ اسنے مدعیہ کو یو پو لوک کے پاس گرنی پر تین چار مرتبہ [illegible] جاتے ہوئے دیکھا تھا لیکن شہادت ہذا کی تائید نہیں ہوئی ہے اور مدعیہ نے اس سے انکار کیا ہے - میں تصدیق ہذا کو قطعاً نظر انداز کرتا ہوں -

باہمی طویل اتحاد کا پہلا اظہار مدعیہ کا بیان ہے جو اسنے مانگ پوکن (گواہ مدعی نمبر ۲) سے کیا تھا کہ وہ یو پو لوک سے عشق کرتی ہے اور یہ کہ وہ اس سے ازدواج کرنا چاہتا ہے - اسنے ماونگ پوکن سے درخواست کی کہ وہ اسکا تذکرہ اسکے باپ یوسان ہلا سے کر دے یوسان ہلا کا بیان ہے کہ ماونگ پوکن نے آکر مجھ سے کہا مدعیہ کہتی تھی کہ وہ یو پو لوک کے ساتھ عشق کر رہی ہے اور وہ اس سے ازدواج کرنا چاہتی ہے - کہا جاتا ہے کہ تین یا چار روز بعد یو پو لوک معہ تین آدمیوں کے جو رنگون کے تھے ماونگ پوکن کے گھر گیا - یو پو لوک نے کہا تھا کہ وہ مدعیہ سے ازدواج کرنا چاہتا تھا اور اس معاملہ میں اس نے پوکن کی مدد چاہی - آدھ گھنٹہ بعد یو پو لوک پوکن - اور تین رنگونی اشخاص مدعیہ کے گھر گئے - مدعیہ اور اسکے باپ کے علاوہ انکی ہاں چند عورتوں سے ملاقات ہوئی جنمیں ما می نامی مدعیہ کی عمزاد بہن (حال فوت) شامل تھی - اور ما می کا شوہر ماونگ پو ہان تھا - مزید یہ بیان کیا گیا ہے کہ اوسوقت ازدواج میں دینے اور لینے کی باضابطہ رسم انجام پائی - اور یہ کہ یو پو لوک تقریباً ۲۰ روز تک اسکے گھر میں ٹھیرا رہا - یوسان ہلا کا بیان

ماگنگ تھا ودن بنام ماچمن تین (برگھٹ)

اسنے یو پو ٹوک سے پوچھا کہ تم کوئی جائداد شوہر بالفعل ... گے یو پو ٹوک
نے جواب دیا کہ "ابھی میری جائداد کسی کو نہیں دونگا ... زوجہ اول بالفعل
موجود ہے جسکی کوئی اولاد نہیں ہے جائداد کی وارث ... ہے ... قبضہ
میں ہے وہ میری زوجہ اول اور ... زوجہ ثانی ... ہے ... پوکن اسکے
متعلق کچھ بیان نہیں کرتا۔ بقول اسکے پوساو نے ہالے ... بہت معلوم
ہوتا تھا اپنی بیٹی کو اس نے ... ازدواج میں دونگا کہ یو پو ٹوک شوہر
کے فرائض انجام دے۔" یو پو ٹوک نے جواب دیا "میں ایک نیک اور
معزز آدمی ہوں میں شوہر کے پانچ فرائض انجام دونگا۔"

اس باضابطہ ازدواج کا ذکر ماونگ پوہان نے بھی کیا ہے۔
وہ کہتا ہے کہ وہ اور اسکی زوجہ متوفیہ ماہی سے مدعیہ نے شریک
ازدواجی ہونے کیلئے کہا تھا اور انہوں نے شرکت کی تھی۔ وہ پوساو
کی گفتگو متعلق جائداد کی تائید کرتا ہے اسکے کہ اس قصہ میں کوئی امر
فی الفصل ایسا نہیں جس سے قرین قیاس نہو کہ یو پو ٹوک تین دیگر اشخاص کے
ساتھ مدعیہ کے گھر گیا اور مدعیہ کے باپ کی رضا مندی سے مدعیہ
کیساتھ رشتہ ازدواجی کو قبول کیا اور یہ کہ اسنے جیسا کہ گواہ بیان
کرتے ہیں بعد ازاں مدعیہ اور انکے رشتہ داران کیلئے ایک مکان مہیا
کیا جہاں وہ اس سے ملاقات کرسکتا تھا۔ لیکن میری رائے میں
اسکو جیسا کہ مدعیہ چاہتی ہے ایک باضابطہ ازدواج کی حد تک
نہ بڑھانا چاہیے جسکو یو پو ٹوک کی حیثیت کا شخص انجام دیتا اگر
وہ واقعی عام طور پر ازدواج منعقد کرتا۔ یو پو ٹوک کی جانب سے
ابتدائی سلسلہ جنبانی کی قطعی عدم موجودگی۔ یہ واقعہ کہ پوکن
یو پو ٹوک کے لئے بالکل شخص اجنبی تھا۔ یہ حالات کہ تھا اداوی ۱۰۴۹
یا لیت پدن کے کوئی بزرگ مدعو نہیں کئے گئے اور یو پو ٹوک
کا طرز عمل کہ اسنے کبھی اسوقت یا بعد میں مدعیہ کو یہ مشورہ نہیں
دیا کہ وہ گرنی پر چل کر رہے۔ یہ جملہ امور ظاہر کرتے ہیں کہ یو پو ٹوک کا
منشا یہ تھا کہ وہ مدعیہ کو وہ حیثیت عطا کرے جو کسی طرح پر ڈالے مئے
کو حاصل تھی۔ میں نوٹ کرتا ہوں کہ ذیلعلم ڈسٹرکٹ جج نے کہا کہ
"مقدمہ موجودہ میں شاید یہ کہا جاسکتا ہے کہ ماونگ سان ہلا
پوکن اور پوہان کی شہادت بہ نفسہٖ یہ قرار دینے کے لئے کافی
... نہیں ہے کہ مدعیہ کا ازدواج جائز طور پر یو پو ٹوک سے ہوا تھا
... اسنے ... کہا ہے کہ" مگر معزز گواہوں کی کثیر شہادت ہے
... مدعیہ اور یو پو ٹوک کے مشترکہ ... انکے طرز عمل ... اور انکے
اتحاد ... اور انکی تمام شہرت کے متعلق بیان کرتے ہیں۔
کوئی شبہ نہیں کہ قانون بودھ اہل برہما کے تحت اگرچہ
ازدواج کی عملی طور پر لینے اور دینے کی کافی شہادت نہو کیونکہ
جائز ازدواج کی اغراض کیلئے کسی قسم کی رسم ضروری نہیں ہے۔
فریقین کا اس طرز عمل سے جو انکے آپس میں ملنے کے بعد کا ہو ازدواج
کے متعلق قیاس غالب پیدا ہو سکتا ہے۔ خصوصاً جبکہ
اتحاد عرصہ دراز تک قائم رہا ہو۔ اسلئے شہادت محولہ
ذیلعلم ڈسٹرکٹ جج کی اب جانچ کی جائیگی تاکہ یہ متحقق ہوسکے
کہ آیا مدعیہ نے یو پو ٹوک سے ہم بستر ہونے کے بعد زوجہ
کلاں کی حیثیت یعنی ڈالے مئے سے اعلیٰ حیثیت حاصل کی تھی
مدعیہ کا اپنا بیان ہے کہ تقریباً ایک سال تک وہ
کرایہ کے مکان میں رکھی گئی تھی۔ میرا باپ اور چھوٹی بہن ساتھ
رہتے تھے۔ اور یو پو ٹوک کرایہ ادا کیا کرتا تھا۔ بعد ازاں
مبلغ ... روپیہ جو یو پو ٹوک نے دئے تھے میں نے اپنے
نام سے ایک مکان لیت پدن کے بیلن ڈن محلہ میں خرید لیا
یہ مکان زیادہ پرانا تھا۔ اور ایک موسم برسات کے بعد
گر گیا اور جدید عمارت تعمیر ہوگئی جسپر تقریباً ... روپیہ لاگت آئی
وہ کہتی ہے کہ یو پو ٹوک اپنی وفات تک یعنی

تقریباً ۱۰ سال تک اس مکان میں اس کے ساتھ رہا اور یہ
کہ اس مدت میں اسنے ایک ہیرے کی انگشتری مالیتی تقریباً
... ہار کڑے طلائی قیمتی مبلغ ۱۸۰۰ روپیہ اور مختلف رقوم مبلغ
۵۰ روپیہ سے لیکر ۱۸۰ تک میرے اس خرچ کے لئے دیں۔
بوقت وفات مکان ہذا میں یو پو ٹوک کی لنگیاں" اور
چار یا پانچ کرتے تھے اور ایک میز و دو کرسیاں تعمیر یو پو ٹوک
اور وہ لیت پدن کے کسی مکان میں کبھی ساتھ نہیں گئے
اور نہ یو پو ٹوک کے کسی رشتہ دار سے بغرض ملاقات
وہ بھیجی گئی تھی۔ اسکا بیان ہے کہ وہ اور یو پو ٹوک لیت
پدن کی قانقا و یو کنڈ ماس میں ملکر عبادت کرتے تھے اور
یہ کہ ایک موقعہ پر وہ اسکو یانگ وی کو پگوڈا کے میلے میں لے گیا
تھا۔ اور یہ کہ واقعہ موخر الذکر ماؤنگ پو ٹا اور ٹاگوئی کو
معلوم ہے۔ بظاہر وہ کبھی تھارا وادی کو نہیں گئی بجز اسکے
جب اسکی عمزاد بہن مامی فوت ہوئی۔ اور جب یو پو ٹوک
وفات سے کچھ قبل شفاخانہ میں تھا کسی وقت بھی یو پو ٹوک
کے کاروبار میں اس نے حصہ نہیں لیا۔ کسی قسم کی کوئی جائداد
یا دستاویز ایسی نہ تھی جو اس کے اور یو پو ٹوک کے مشترکہ
تکمیل کی گئی ہو۔

یہاں گواہ اول ماؤنگ سان ہلا مدعیہ کا باپ بیان
کرتا ہے کہ اگرچہ یو پو ٹوک اکثر تھارا وادی واقعہ لیت
پدن کو واپس چلا جایا کرتا تھا مگر وہ اسکے گھر میں میری دختر کیساتھ
ہمیشہ رہتا تھا۔ اسکا یہ بھی بیان ہے کہ "یو پو ٹوک ہمارے
گھر ایک ماہ میں تقریباً سات یا آٹھ روز رہا کرتا تھا"۔ اُسنے
ایک موقع کا تذکرہ کیا ہے جبکہ یو پو ٹوک اور مدعیہ نے
چند پھونگیوں کو دعوت دی اور اپنے گھر میں ضیافت کی تھی

وہ مزید یہ بیان کرتا ہے کہ وہ دونوں اکٹھے رنگون اور
پگوڈا اور ... "کبھی کبھی لیت پدن میں جایا کرتے تھے
گواہ ثانی ماؤنگ ... جنکا ذکر اوپر ہو چکا ہے بیان کرتا ہے
کہ مدعیہ ... ازدواج کے وقت میں لیت پدن میں عارضی
طور پر رہتا تھا۔ یہ کہ ازدواج کے تین یا چار دن ... یو پو ٹوک
اور ماتحین ریل اسٹیشن کے ایک مکان میں ... کے
قریب باہم رہتے تھے۔ یہ کہ اس نے انکو اسٹیشن کے مکان
میں تقریباً تین ماہ تک دیکھا تھا اور اسکے بعد وہ پیاپون چلا
گیا۔ اور یو پو ٹوک کی وفات تک واپس نہیں آیا۔ یہ گواہ
پینتالیس سال کا ہے۔ اسکا اپنا ذاتی مکان نہیں ہے اور نہ وہ
لیت پدن میں کام نہیں کرتا۔ گواہان ثالث اور چہارم ماؤنگ
پو ہلا اور ماؤنگ لو فی لیت پدن کے وکلا ہیں انکی شہادت
پر بہت زیادہ اعتماد کیا گیا ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ
یو پو ٹوک نے لیت پدن میں مدعیہ کے لئے مکان بنوایا
اور بظاہر طور پر اسکو بطور زوجہ کے رکھا تھا۔ تاہم انکو یو پو ٹوک
سے ربط ضبط نہ تھا اور جو کچھ وہ تصدیق کرسکتے ہیں یہ
ہے کہ انہوں نے یو پو ٹوک اور مدعیہ کو باہم دو مرتبہ دیکھا تھا
زوجین نے کسی وقت آکر انسے ملاقات نہیں کی۔

گواہ پنجم ماؤنگ پی سی ایک تاجر جو لیت پدن میں تقریباً
اٹھارہ سال سے سکونت پذیر ہے بیان کرتا ہے کہ جب میں
مدعیہ کے گھر کے روبرو راستہ سے جا رہا تھا میں نے یو پو ٹوک
کو وہاں ایک مرتبہ دیکھا تھا میرا ذاتی مکان مدعیہ کے مکان
سے قریباً ۲ فرلانگ کے فاصلہ پر ہے۔

گواہ ششم ماؤنگ پو تھا پینسٹھ سال کا ہے اور تھارا وادی
کا ایک تاجر ہے وہ کہتا ہے کہ جس نے یو پو ٹوک اور مدعیہ کو دیکھ

ماؤنگ ... بیان ماتحین ... درنگون

صفحہ ۴۴

ماونگ تھا ودن بنام ...

کہ یہ واقعہ لیت پدن میں دو دفعہ دیکھا تھا۔ یہ ایک مرتبہ جب انکو
باہم رنگون جانیوالی گاڑی میں درجہ سوم میں سفر کرتے ہوئے دیکھا
اسکا بیان ہے کہ ایک بار بمقام تھارا واڈی یو پو ٹوک کا اور اسکی
سے جھگڑا ہوگیا تو یو پو ٹوک کا ڈاکٹر کے ڈلے بیٹے نے کہا تھا کہ
مدعیہ ... خود ... لی ہے اور اسکے واسطے ایک مکان
نہیں کیا ہے ... اسکے ساتھ نہیں رہ سکتی۔ مجھے اس سے طلاق
ملجانی چاہیے۔ گواہ نے یو پو ٹوک سے کہا تھا کہ تمکو زوجہ خود
نہیں رکھنی چاہیے تھی۔ اور یو پو ٹوک نے جواب دیا کہ "میری زوجہ
... کوئی اولاد مجھ سے نہیں ہے مالے میئے کے بھی کوئی
اولاد مجھ سے نہیں ہے پس اولاد کے لیے مجھے ماتعین
... کہنا پڑا ہے"۔ اس بیان کے لحاظ سے کہ یو پو ٹوک نے مدعیہ کو
... وقت کہا تھا کہ میرے کوئی اولاد نہیں ہے جو وارث ہو اور یہ کہ میری
زوجہ اول اور ثانی میری جائداد کی وارث ہونگی یہ بیان کس قدر غیر معمولی
امر ہے کے متعلق ماونگ پو تھا کے بیان کی یہ کوئی تائید نہیں ہے
اور اپنے اظہار کی بنا پر وہ غیر طرفدار گواہ نہیں ہے۔ اسنے مدعیہ کے
لئے وکیل مامور کیا اور اسلئے (مدعیہ) یوکیا کے گھر گیا۔ مدعیہ کا
... بھائی مامی اسکے گھر میں کرایہ دیکر رہتا تھا اور وہیں فوت ہوا
... جواہرات اور مکانات مالیتی تقریباً مبلغ ... کے
... گیا لیکن اسکے بھائی دوسرے گواہ کا بیان ہے کہ مالیت ... تھی
گواہ ہفتم ماونگ ... کا پو تھا کا بھائی ہے اور رلیف ریاب انسپکٹر پولیس ہے
... بیان کرتا ہے میں یو پو ٹوک اور مدعیہ کو باہم لیت پدن ریلوے
اسٹیشن پر اور دوسرے مرتبہ تھارا وادی ریلوے اسٹیشن پر دیکھا تھا
... یو پو ٹوک نے مجھ سے کہا کہ اسنے اسکو لیت پدن میں رکھا ہے
گواہ ششم ماونگ ... ذکور بالا اسسٹنٹ انسپکٹر آبکاری ... اور
... رہتا تھا۔ وہ بیان کرتا ہے کہ یو پو ٹوک تین یا چار مرتبہ

مدعیہ کے ساتھ میرے گھر آیا تھا۔ یہ کہ جب میری زوجہ مامی ... کی
... دیکھنے کیلئے میرے گھر آئے تھے اور وہ دونوں مامی کے
جنازے میں شریک تھے اسکا یہ بھی بیان ہے کہ مامی اور ... پوگی ...
میں یو پو ٹوک اور مدعیہ کے ساتھ ایک دفعہ ... میں شرکت کی تھی لیکن
اسکو کیا ونگ کے پادری کا نام معلوم نہیں ہے۔

گواہ نہم ماشوئی رنگون کی باشندہ ہے اور مظہر ہے کہ یو پو ٹوک اور
مدعیہ اسکے گھر آئے اور کئی مرتبہ لم انکم دس مرتبہ وہاں ٹھہرے اور ہر وقت
چار یا پانچ دن تک قیام رہا۔ وہ میرے گھر میں باہم کھاتے اور رہتے
تھے۔ گواہ کا بیان ہے کہ وہ کوئی پیشہ نہیں کرتی اور اسکی شہادت
سے کوئی امر ظاہر نہیں ہوتا اسکی کوئی حیثیت ہے۔

گواہ دہم رنگوں کا ایک ... م اور حجام ہے۔ وہ کہتا ہے جب مدعیہ
بخار میں مبتلا تھی تو اسکے علاج کیلئے مجھ کو بلایا تھا۔ یو پو ٹوک موجود
تھا اس نے مدعیہ کی بابت کہا تھا کہ وہ اسکی زوجہ ہے۔

وہ یہ نہیں بتا سکا کہ کس کے مکان میں یہ واقع ہوا تھا۔

گواہان دوازدہم ماونگ پو تھا اور اسکی زوجہ ہیں اول الذکر نے اپنی سکونت
کیوکس کوک بتلائی ہے اور موخر الذکر نے اپنی سکونت ناتامین بتلائی ہے ماونگ
پو تھا اپنے تئیں ایک ... کی گرنی کا کار ندہ منتظم ظاہر کرتا ہے لیکن اسکی
زوجہ کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ جب وہ یو پو چیٹ کی گرنی میں بطور
منتظم ملازم تھا تو اسکو مبلغ ... تنخواہ ملتی تھی۔ اور یہ کہ یو پو چیٹ نے
اپنی گرنی بیع کردی۔ وہ خود ناتالن بازار میں ایک دوکان ... کی
فروخت کرتی ہے اور انکے مکان کی مالیت مبلغ ... ہے جس پر ...
رہن کی کفالت ہے۔ یہ زن و شوہر منجملہ دیگر امور کے ایک ملاقات کا ذکر کرتے
ہیں جو مدعیہ نے انکے مکان واقعہ ناتامین میں کی تھی اسکے دو دن ... یو پو ٹوک
بھی گیا تھا اور پھر وہ ... میں ... ڈاکے میلہ کو گئے تھے یہ یاد ...
... خود پانگ ... کا ذکر ... اس مقام کے کیا ہے جہاں ... ڈاکا ...

ماہنگ تھادو
بنام
ماتھیس ہاسو
و دیگران

گواہ سیزدہم ماونگ پو سیٹ صاحب مین لیت ہیمنگا سکول ماسٹر تھا۔ اسکا مکان مدعیہ کے مکان سے صرف پانچ مکان کے فاصلہ پر تھا۔ اسکا بیان ہے کہ یو پو ٹوک اور مدعیہ علانیہ بطور زن وشو تقریباً چار یا پانچ سال تک رہتے تھے۔ یہ ہیچ مبالغہ ہے۔ اسکا یہ بھی بیان ہے کہ میں ایک رسم میں شریک ہونے کیلئے انکے گہر گیا تھا جبکہ پہونگیوں کو کھانا کھلایا گیا تھا۔ یہ کہ وہ یو پو ٹوک سے اس موقعہ پر ملا تھا اور کہ لیت پدان کے گوداموں باہم یو پو ٹوک اور مدعیہ سے دو یا تین مرتبہ ملاقات ہوئی تھی۔

گواہ چہاردہم اونگ تھیں سیا تھارا وادوی کے باشندہ ایک ہمر یکی نو عیسائی نے یو پو ٹوک کو مدعیہ کے گہر میں شاذ ونادر دیکھا اور یہ نہیں جانتی کہ مدعیہ کے گہر میں وہ کبھی سویا تھا۔ اسکو پہلی مرتبہ اسوقت یہ علم ہوا کہ مدعیہ یو پو ٹوک کی زوجہ خورد ہے جبکہ وہ باہم ماہی کی میت میں شرکت کے لئے گئے تھے

گواہ یازدہم وآخری گواہ عطر علی ایک انجن چلانے والا ہے۔ اسکا بیان ہے کہ میں نے یو پو ٹوک کو مدعیہ کے ساتھ موخرالذکر کے مکان میں دیکھا اور یہ کہ یو پو ٹوک نے اسکو اپنی گرنی میں ملازم رکھ لیا تھا۔ یو پو ٹوک نے مدعیہ سے کہا کہ وہ مجھکو مبلغ سو بطور پیشگی دیدے اور اسنے دیدئے۔ میں نے یو پو ٹوک کی گرنی میں تقریباً دو سال تک کام کیا ہے اور پھر چھوڑ دیا۔ تقریباً ایک ماہ بعد میں نے سنا کہ یو پو ٹوک کی زوجہ کلان فوت ہو گئی اور یو پو ٹوک خود بھی علیل ہے۔ میں تھارا وادی میں یو پو ٹوک کو دیکھنے کیلئے گیا۔ یو پو ٹوک نے دریافت کیا آیا مدعیہ رنگون سے واپس آگئی ہے۔ یہ جواب دینے پر کہ وہ واپس نہیں آئی اسنے گواہ کو کہا کہ جاکر مدعیہ کو بلاؤ۔ گواہ نے ایسا ہی کیا۔ مدعیہ کے لائق کونسل نے اس واقع کی جانب یہ ظاہر کرنیکے لئے اشارہ کیا ہے کہ یو پو ٹوک مدعیہ کا بڑا لحاظ کرتا تھا۔

لیکن اس گواہ کی شہادت چہوڑ کر جسکے بعد میں ہم وزن نہ کرونگا کہ وہ معتبر خیال نہیں کیا جاسکتا۔ نہ صرف اس وجہ سے کہ اسکی تائید نہیں ہوئی ہے بلکہ اسنے یو پو ٹوک سے رقم لینے کے متعلق مدعیہ کی تردید کی ہے اور وہ یہ غیر معمولی بیان دیتا ہے کہ وہ مدعیہ کو لانگو سٹریٹ سے واپس سول گوڈا کی مغرب کی جانب فاصلہ پر واقع ہے اور بعد ازاں جیمنے اس نے بیان کیا ہے کہ بازار جس میں مدعیہ رہتی تھی سول گوڈا کی شرقی جانب ہے یا یسے آدمی کا اظہار ہے جو رنگون میں آٹھ یا نو سال تک رہ چکا۔ اسنے اقبال کیا ہے کہ اس نے ایک دفعہ مدعا علیہ نمبر ا ماونگ تہا کو لکھا تھا کہ اگر وہ اسکو اس سے زیادہ تنخواہ دے جو وہ اسوقت پاتا تھا تو وہ اس کی ملازمت کرنیکے لئے آمادہ تھا۔ ماونگ تھادون نے کوئی جواب نہیں دیا۔

مدعیہ کی جانب سے یہی تمام شہادت پیش کی گئی ہے۔ یہ ظاہر کرنیکی کوئی کوشش نہیں کی گئی ہے کہ مدعیہ کسی وقت بھی علانیہ طور پر وہ متمول مالک گرنی کی زوجہ تسلیم کیگئی تھی۔ لیت پدان کا رہ بانکا ایک مشہور مرکز ایک بڑے قصبہ کا مستقر ایک بڑا ریلوے جنکشن اور ایک بیا قصبہ جسمیں صفائی کا انتظام تھا۔ ۔ ۔ ہم کہیں یہ فرض کرنا ایک معقول امر کہ یو پو ٹوک کی دولت اور حیثیت کے شخص کے بیشمار دوست اور آشنا اس جگہ ہونگے جو مدعیہ کی اس حیثیت کی تصدیق کر سکتے اگر وہ ان ہی معنوں میں زوجہ ہوتی جیسا کہ وہ ہونا ظاہر کرتی ہے۔ گواہ جو یو پو ٹوک اور مدعیہ سے اکثر میل جول رکھتے تھے وہ صرف ماونگ پو لا اور اسکی زوجہ میا بادجو ہیں۔ ماونگ پولا کا بیان ہے کہ "مجھے معلوم نہیں کہ مدعیہ یو پو ٹوک کی جائز زوجہ ہے یا وہ یا یا وسیا داشتہ" ہے۔

اگر مدعیہ اول منی کی طرح اسکی برابر کی حیثیت کی زوجہ ہوتی اور اگر یو پو ٹوک کا منشا یہ ہوتا کہ اسکی حیثیت اس شخص سے زیادہ ہو جسکے پاس وہ آتا جاتا رہا ہو تو مجھے مطلق شک نہیں کہ مدعیہ ظاہر کرتی کہ

ڈنگ نہادون بنام ماتھی تین ونگون،

مکان میں جاکر ینو پاس اختیار کرلی۔ اور وہاں جیسے کہ برہمی زوجگان حسب معمول کرتی ہیں وہ یو پو لوک کے کاروبار میں شریک ہوجاتی اور تھوڑے عرصہ میں تمام شہر میں دولتمند مالک گرنی کی زوجہ مشہور ہوجاتی وجہ جو وہ گرنی پر جاکر نہ رہنے کی بیان کرتی ہے قابل وثوق نہیں ہے اسکا بیان ہے کہ وہ اس وجہ سے دور رہی گئی تھی کہ اسکا مقابلہ ڈراولی سے نہیں لیکن ڈراولی ایک سن رسیدہ عورت تھی اور وہ شاید ہی کبھی لیت ان کی

مدعیہ کے مقدمہ کے موافق تمام حالات پر غور کرنے کے بعد میں قرار دیتا ہوں کہ مدعیہ کی حیثیت زیادہ سے زیادہ یو پو لوک کی زوجہ خورد سے نیاوہ نہ تھی جو اس سے علیحدہ رہتی تھی اور جس کے پاس وہ آیا جایا کرتا تھا۔ لہذا وہ یو پو لوک کی جائداد کے کسی جزو سے قانوناً وراثت پانے کی مستحق نہیں ہے۔ میں عدالت ماتحت کے فیصلہ کو منسوخ کرکے حکم دیتا ہوں کہ مدعیہ کی نالش معہ خرچہ خارج ہو۔ نیز وہ رسوم عدالت اسکو ادا کرنی ہوگی جو اسپر اسوقت واجب الادا ہوتی اگر اسکو بصیغہ مفلسی نالش کرنے کی اجازت نہ دیجاتی۔

جسٹس ہیلڈ۔ میں متفق ہوں۔ مرافعہ منظور کیا گیا

صفحہ ۱۰۵۰،

## ہائیکورٹ مدراس

مقدمہ استصواب

نمبر مقدمہ ۱۷ بابتہ سنہ ۱۹۲۱ء منفصلہ ۱۲ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

یا جلاس مسٹر اکتوریس۔ شوب ناچیف جسٹس جسٹس فرنس اولڈفیلڈ مسٹر جسٹس

ماماکا بعتی وغیرہ مدعا علیہم بنام ٹی۔پی۔ایم۔ ویرن کٹی مرافعان۔ مدعیان و مدعا علیہم۔ مرافعہ علیہم

ضابطہ دیوانی ایکٹ ۵ بابتہ سنہ ۱۹۰۸ء دفعہ ۱۵۱۔ اصلی اختیارات عدالت۔ تلف شدہ مثل کی مکرر ترتیب عدالت مرافعہ کا اختیار

ہر عدالت کو اصلی اختیارات ہیں کہ اپنی اسناد مکرر مرتب کرے اور عدالت مرافعہ کو اصلی اختیار ہیں کہ عدالت کی ان اسناد کو مکرر مرتب کریں جنکی ناراضی سے مرافعہ ہوسکتا ہے۔

جب ڈگری کے بعد کسی مقدمہ کی مثل تلف کردی جائے تو ڈگری کے خلاف مرافعہ کنندہ فریق عدالت مرافعہ میں مثل کی مکرر ترتیب کیلئے درخواست کرسکتا ہے یہ ممکن ہے کہ مثل کی مکرر ترتیب میں عدالت تو مکرر سماعت کی حد تک کام کرنا پڑے لیکن عدالت کو یہ لازمی طور پر ہمیشہ اپنی توجہ اس امر کی تحقیق کرنے پر مبذول رکھنی چاہئے کہ مقدمہ کی تلف شدہ مثل کیا تھی نہ یہ کہ فریقین کے حقوق کیا تھے اور اسطرح مکرر مرتب شدہ مثل پر عدالت ایسے معمولی اصول کے مطابق عمل کریگی جیسے وہ اس صورت میں کرتی اگر اصلی مثل اسکے روبرو موجود ہوتی حلف نامجات۔ حلف نامجات عکسی اظہار گواہان اور نقول کا حصول کرنا ایسے طریقہ ہیں جنکی جائز طور پر اجازت دیجاسکتی ہے عدالت کو یہ بھی اختیار ہوگا کہ عدالت ابتدائی سے تجویز طلب کرے کہ مثل کیا تھی نیز کسی مناسب مقدمہ میں عدالت ابتدائی کو ہدایت کرے کہ مثل کی مکرر ترتیب کرکے مقدمہ کو طلب کرنے کا شہادت اور اس تجویز کیلئے بھیجے کہ مثل میں کیا تھا۔ عدالت ابتدائی کا فیصلہ غالباً اس کی بہترین شہادت ہوگا۔ جو اس عدالت میں ہوا تھا۔

لیکن جب عدالت مرافعہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ کسی ہی اختیار کو مثل کی مکرر ترتیب سے مرافعہ میں مرافع کو کوئی مدد نہ ملیگی تو عدالت پر لازم ہوگا کہ مقدمہ کی مکرر سماعت کرے۔ اس صورت میں مرافعہ علیہ فیصلہ کے فائدہ کا مستحق ہے جو اس نے اپنے حق میں ابتدائی سماعت پر حاصل کیا ہو کیونکہ مرافعہ میں اسکا بار ثبوت مرافع پر ہے کہ اپنے وجوہات مرافعہ کو ثابت کرے۔

ڈکسن بنام بالب انگلش رپورٹ جلد ۲۳۔ صفحہ ۳۴۳

بابو گرو دیال سنگھ بنام درباری لال تیواری۔ جو کلکتہ ویکلی نوٹس جلد ۲۰ صفحہ ۱۰۱۔ اور میک لینڈن بنام جونس امریکن ڈسیشنز بابت ۱۹۲۲ء جلد ۲۴ صفحہ ۴۰۴ کا حوالہ دیا گیا۔

مقدمہ مرسلہ تحت دفعہ ۱۱۳ مجموعہ ضابطہ دیوانی منجانب ڈسٹرکٹ جج جنوبی ملیبار متعلق مرافعہ نمبر ۲۲۵ بابت ۱۹۲۱ء نالش ابتدائی نمبر ۳۰۷ بابت ۱۹۲۰ء بر جسٹر ڈسٹرکٹ منصف پاربانن گاڈی

منجانب مرافعہ علیہ مسٹر کے۔ پی۔ راما کرشنا آئر

**جسٹس شوبیب**۔ مقدمہ ہذا ڈسٹرکٹ جج جنوبی ملیبار نے ہمارے پاس بصیغہ استصواب بھیجا ہے۔ یہ مرافعہ حکم مصدرہ ڈسٹرکٹ منصف پاربانن گاڈی کی ناراضی سے پیش ہے۔ بغاوت موپلا میں عدالت ڈسٹرکٹ منصف کے تباہ ہو جانے اور اسی وقت مقدمہ ہذا کی مثل تلف ہو جانے کی وجہ سے دقت پیدا ہو گئی ہے۔ ہمکو اطلاع ملی ہے کہ ایسا ہی اثر اکثر مقدمات پر پڑا ہے۔ اور فاضل ڈسٹرکٹ جج نے ہم سے ہدایت کی استدعا کی ہے کہ مناسب طریقہ کیا اختیار کیا جائے۔

صرف مرافع علیہ کی قائم مقامی ہمارے روبرو کی گئی ہے اور اسکے وکیل مسٹر کے۔ پی۔ راما کرشنا آئر نے عدالت کو بڑی مدد دی ہے اصطلاح کہ انہون نے ہمارے روبرو ہر وہ امر جو انکو مل سکا پیش کر کے قطع نظر اسکے کہ مقدمہ میں وہ انکے موافق ہے یا خلاف میں خیال کرتا ہوں کہ ہر شخص اس محفوظ طریقے کی کاروائی شروع کر سکتا ہے ہر عدالت کو اصلی اختیارات ہیں کہ اپنی مثل کو مکرر مرتب کرے۔ میرے خیال میں اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ عدالت مرافعہ کو اصلی اختیارات ہیں کہ اس عدالت کی مثل کو مکرر مرتب کرے جسکی ناراضی سے اسکے پاس مرافعہ ہو سکتا ہے۔ یہ اختیار انگلستان اور امریکہ میں تسلیم کیا گیا ہے جہان انگلستان کے کامن لا کی تقلید کی جاتی ہے نیز اس ملک میں بھی تسلیم کیا گیا ہے انگلستان کا مقدمہ جسکا حوالہ اس موضوع پر دیا گیا ہے ڈگلس بنام یالب (۱) ہے۔ اس امر پر ایک امریکن مقدمہ میں مزید تفصیل سے بحث کی گئی یعنی میک لینڈن بنام جونس (۲) یہ عدالت الاباما کا ایک مقدمہ ہے جسمیں ڈگلس بنام یالب (۱) کی تقلید کی گئی تھی اور یہ مقدمہ سپریم کورٹ نیویارک سے فیصل ہوا ہے اور اس مقدمہ میں یہ تبلایا گیا ہے کہ "مقدمات اکثر وقوع میں آئے ہونگے جسمیں ادنیٰ کیوجہ سے عدالت ہائے انصاف کی اسناد تلف یا گم ہو گئی ہونگی اور یہ ایک تعجب انگیز امر ہوگا۔ اگر کامن لا کوئی معقول ذرائع ایسے بہم نہ پہونچاتا جن سے ان نقصانات کا ازالہ یا اصلاح کی جائے جو ایسے حادثہ کی باعث وقوع میں آئے ہونگے" اس بیان کے بعد ان تدابیر پر بحث کی گئی ہے جنکے ذریعے سے اصلاح کی جا سکتی ہے میں نظیر مذکور کی طرف توجہ مبذول کراتا ہوں کیونکہ بمقابلہ دیگر مطبوعہ مقدمات کے اسمیں معاملات پر تفصیل سے بحث کی گئی ہے اس ملک میں یہ معاملہ عدالت کلکتہ کے روبرو ۱۸۶۹ء میں بمقدمہ بابو گرو دیال سنگھ بنام درباری لال تیواری (۳) پیش ہوا تھا یہ فیصلہ چیف جسٹس سر بارنس پیکاک اور جسٹس جیکسن کا ہے اس مقدمہ میں مثل عدالت ابتدائی سے دوسری عدالت میں ترسیل کے دوران میں گم ہو گئی تھی دوسری عدالت نے چند دستاویزات پر جو نقول متعلق یہ دفتر طلب ہوئی تھیں عمل کیا۔ انکی بابت ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ وہ باضابطہ طور پر مثبتہ یا مقبولہ نہ تھیں۔ عدالت نے قرار دیا کہ دو علی سبیل البدل تدابیر تھے یعنی یہ کہ یا تو عدالت تحت مرافعہ کو یہ ہدایت کیجائے کہ اصلی مثل کی عبارت کی ایسی منقولی شہادت حاصل کرے جو دستیاب ہو سکتی ہو یا از سر نو تحقیقات کا حکم نافذ کرے اسنے نہایت معقول وجوہ کی بنا پر دوسرے طریقہ کو رد کر دیا جس سے ہمکو اتفاق ہے۔ اس نے عدالت ماتحت مرافعہ کو ہدایت کی کہ مکمل مثل کی منقولی شہادت حاصل کرے لیکن اگر اسطرح مثل کی مکرر ترتیب نہ ہو سکے تو فریقین کو اجازت ہو کہ وہ مزید شہادت

مدراس کاروائی بنام ٹی پی ایم ویرا (مدراس)

(۱) ڈگلس ریورٹ جلد ۹ صفحہ ۵۲۲۔ (۲) امریکن ڈسیشنز بابت ۱۹۲۲ء

بالکاروتی بنام ... (مدراس)

پیش کریں اور اسطرح مکرر مرتب شدہ اضافہ کردہ مثل پر فیصلہ صادر کریں
اسکی وجہ بڑی حد تک اتفاق کرتے ہوئے ہم یہ مناسب خیال کرتے ہیں
کہ معاملہ کے متعلق اپنی ذاتی رائے کا اظہار کریں ۔

امر اول غور طلب یہ ہے کہ اس غرض سے کہ مرافعہ کی سماعت
ممکن ہو سکے مرافع کو چاہیئے کہ عدالت کو اطمینان دلادے کہ اس
مقدمہ کی مثل کیا تھی جسمیں اسکو ناکامیابی ہوئی تھی ۔ وہ عدالت
میں کہہ سکتا ہے کہ اسنے اس شے کا ... کہ حاصل کرنیکی کوشش کی تھی جو
تلف ہو گئی ہے ۔ اسکے بعد وہ عدالت سے اس مثل کی مکرر ترتیب
کی اجازت کی درخواست کر سکتا ہے ۔ تب عدالت کو چاہیئے کہ
اگر وہ اسپر آمادہ ہو تو مرافع کو مثل کی مکرر ترتیب کی اجازت دے
میں یہ اسوجہ سے کہتا ہوں کہ یہ خیال ہو سکتا ہے کہ اس مواد کی بنا پر
جو اسکے روبرو موجود ہو یا مرافع کی درخواست پر عدالت یہ کہہ سکتی ہے
کیسی ہی احتیاط سے مثل کی مکرر ترتیب کیجاے باوجود مرافع کو کوئی مدد
نہ ملیگی عدالت پر لازم نہیں کہ مقدمہ کی مکرر سماعت کیجاے مرافع علیہ
اس فیصلہ کے فائدہ کا مستحق ہے جو اسنے اپنے حق میں ابتدائی سماعت پر حاصل
کیا ہے یہ ممکن ہے کہ مثل کی مکرر ترتیب میں عدالت کو اسقدر کام کرنا پڑے
کہ وہ مکرر سماعت کے قریب قریب ہو جاے لیکن عدالت کو چاہیئے کہ ہمیشہ
اپنی توجہ یہ متحقق کرنے کے لئے مبذول کرے کہ مقدمہ کی تلف شدہ مثل
کیا تھی نہ یہ کہ فریقین کے حقوق کیا تھے اور اسطرح مکرر مرتب کردہ مثل پر
عدالت ان معمولی اصولوں کے مطابق عمل کریگی جنپر وہ اس صورت میں
عمل کرتی اگر اصلی مثل اسکے روبرو موجود ہوتی اس جج کو جسکے پاس درخواست
دیجائے یہ طے کرنیکا اختیار ہو گا کہ مثل کی مکرر ترتیب کیونکر کی جاے
یعنی حلفنامجات ۔ حلفنامجات عکسی اظہار گواہان اور نقول کا
قبول کرنا یہ تمام ذرائع ہیں جنکی اجازت وہ کسی خاص مقدمہ میں دے سکیگا
بلاشک انکو بہترین شہادت جو ممکن ہے لینے کا اختیار ہو گا ۔ ان کو
اختیار ہو گا کہ کسی خاص مقدمہ میں ڈسٹرکٹ منصف کی تجویز اس امر کی نسبت
طلب کریں کہ مثل کیا تھی بعض مقدمات میں یہ ممکن ہے کہ عدالت جس مقدمہ
کی سماعت کی ہو اور مثل مرتب کی ہو اسکے لئے بہ نسبت عدالت مرافعہ زیادہ آسان
ہو کہ مکرر ترتیب کا کام کرے اور اس لحاظ سے مناسب ہو گا کہ عدالت مرافعہ کسی خاص
مقدمہ میں مقدمہ کو شہادت قلمبند اور یہ تجویز کرنیکے لئے ڈسٹرکٹ
منصف کے پاس بھیجے کہ مثل کیا تھی ایسی تجویز ہونے پر عدالت مرافعہ
کو اختیار رہیگا کہ اسکو بطریق معمولی قبول یا نامنظور کردے یہ رائے ظاہر
کرنا مناسب ہے کہ عدالت مرافعہ میں ان واقعات کی غالباً بہترین
شہادت جو عدالت ماتحت میں ظہور میں آئے ہوں وہ اسکے فیصلہ سے دستیاب
ہوگی اگر وہ محفوظ ہے خواہ ڈسٹرکٹ منصف کا یا سب آرڈینیٹ جج کا
جیسی کہ صورت ہو جس عدالت میں مقدمہ کی سماعت کی ہو اور شہادت
قلمبند کی ہو ۔

اس مقدمہ میں جو اس وقت ہمارے روبرو ہے ہمارے پاس
ڈسٹرکٹ منصف کا فیصلہ اب بھی موجود ہے اور انہوں نے
چند امور کی نسبت ایسے واقعات کا اظہار کیا ہے جو انکے روبرو
ثابت کئے گئے تھے ۔ اور یہ بالکل ظاہر ہے کہ ان کا بیان ان
واقعات کے متعلق جو انکے روبرو بیان کئے گئے تھے ایک مختصر بیان
یا اسٹیٹمنٹ ہے بیان کے جو اسکے تھوڑی دیر بعد کیا گیا تھا ایسی عمدہ
شہادت ہوگی جو ممکن ہو سکتی ہے اور ہر طرح اغلب ہے کہ کسی دوسری
شہادت سے بہتر ہو اگر جج مرافعہ اطمینان بخش طریقہ پر مثل کی مکرر
ترتیب کو قابل عمل نہ سمجھے تو یہ یاد رکھنا چاہیئے ۔ کہ بار ثبوت مرافع پر ہے
کہ اپنے وجوہات مرافعہ ثابت کرے اور مرافعہ علیہ پر یہ کہ وہ اپنے
عذرات عکسی ثابت کرے

ہمذا بتعمیل ہذا ہم ڈسٹرکٹ جج جنوبی ملیبار کو ہدایت
کرتے ہیں کہ مرافعہ کی سماعت کریں اور اگر وہ ضروری خیال کریں تو

مرافعہ کی اغراض کیلئے حسب طریقہ متذکرۂ بالا مسل کو مرتب کریں
میں نہیں خیال کرتا کہ ہم اس توقع سے کہ وہ مفید ہونگی کوئی مزید ہدایات
دے سکتے ہیں کہ ان معاملات میں کیا کرنا چاہیئے۔

اس استصواب کا خرچہ مرافعہ کا خرچہ متصور ہوگا۔

**جسٹس زائیسم۔** میں اتفاق کرتا ہوں اور مزید اضافہ نہیں کرتا۔

**جسٹس اولڈ فیلڈ۔** مجھے اتفاق ہے۔ استصواب کا جواب دیا گیا۔

## ہائیکورٹ الہ آباد

### مرافعہ ثانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۱۵ بابتہ ۱۹۲۲ء۔ منفصلہ ۱۹۔ مارچ ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر جسٹس لنڈسے اور مسٹر جسٹس ڈنیسلیز

سکھہ نندن ویک کس دیگر **بنام** بیج نندن وغیرہ مدعیان

مدعا علیہما مرافعان۔ مرافعہ علیہم۔

دہرم شاستر۔ خاندان مشترکہ۔ سرمایہ جائداد موروثی یا حاصل کردہ جائداد۔ بار ثبوت۔ آیا سرمایہ مستقل ہونا چاہیئے۔

مشترکہ ہندو خاندان میں جب سرمایہ جائداد موروثی موجود ہو جس کی مدد سے بعد میں جائداد حاصل کی گئی ہو تو بار ثبوت اس امر کا کہ کوئی خاص جائداد غیر مشترک ہے اس شخص پر ہے جو ایسا بیان کرتا ہے۔

لال بہادر بنام کنہیا لال انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲۹ صفحہ ۲۴۴ کی تقلید کی گئی۔

اس مسئلہ کے لئے کوئی نظیر نہیں ہے کہ ہندو خاندان مشترکہ کی جائداد حاصلہ کو مشترکہ قیاس کرنیکے لئے سرمایہ لازمی طور پر مستقل ہونا چاہیئے۔ اگرچہ جائداد جس سے کسی قسم کی مالی منفعت نہ ہو سکتی ہو مثلاً موروثی دنگا سرمایہ متصور نہیں ہو سکتی۔

مرافعہ ثانی بنا ڈگری عدالت ابتدائی بحال کردہ ڈسٹرکٹ جج جہانسی مورخہ ۲۷ ستمبر ۱۹۲۱ء

منجانب مرافعان ڈاکٹر ایس۔ این۔ سین اور مسٹر ایس سی۔ داس۔

منجانب مرافعہ علیہ مسٹر۔ این۔ بی۔ استہانا۔

**فیصلہ۔** یہ مرافعہ ایک نالش سے پیدا ہوا ہے جو تقسیم کے لئے رجوع کی گئی تھی مقدمہ میں اصل تنقیح اور مرافعہ میں واحد تنقیح یہ ہے آیا مجموعی جائداد مدعوہ جائداد خاندان مشترکہ ہے یا سکھہ نندن مدعا علیہ مرافع کی مکسوبہ جائداد ہے مدعیان سکھہ نندن کے دو بھائی ہیں۔ انکا باپ اور سب سے بڑا بھائی مسمی سرجو فوت ہو گئے ہیں۔ یہ تجویز ہو چکی ہے اور اب اسپر کوئی اعتراض نہیں ہے کہ خاندان مشترکہ ہے عدالت ماتحت کی تجویز یہ ہے کہ اگرچہ سکھہ نندن خاندان کا نہایت قابل رکن ہے اور جائداد مدعوہ کا حصول زیادہ تر اسکی کوششوں کا نتیجہ ہے تاہم جائداد خاندان مشترکہ کا سرمایہ موجود تھا جسکی مدد سے جائداد بعد میں حاصل کی گئی ہے اور اس وجہ سے جائداد متنازعہ جائداد مشترکہ قرار دینی چاہیئے۔ یہ واقعہ کہ جب سرمایہ جائداد خاندان مشترکہ موجود ہو جسکی مدد سے بعد میں جائداد حاصل کی گئی ہو تو بار ثبوت اس امر کا کہ کوئی خاص جائداد غیر مشترکہ ہے اس شخص پر ہے جو ایسا بیان کرتا ہے۔ پریوی کونسل نے مقدمہ لال بہادر بنام کنہیا لال (۱) میں یہ قرار دیا ہے۔

اس بار ثبوت سے جیسے کہ عدالت ہائے ماتحت نے تجویز کی ہے سکھہ نندن نے سبکدوشی حاصل نہیں کی۔ برخلاف اسکے اسنے ایک نقشہ داخل کیا جو چھوٹا ثابت ہوا کہ موروثی کاروبار اسکے باپ کی وفات پر ختم ہو گیا۔ برخلاف اسکے حقیقت یہ ہے کہ وہ کاروبار سب سے بڑا بھائی سرجو چلاتا رہا جب کہ وہ مجنون ہو گیا۔ اور مرافع جہانسی سے جہاں وہ سکونت پذیر تھا۔ کاروبار کا اہتمام اپنے ہاتھ میں لینے کیلئے آیا۔ صرف ایک قانونی وجہ جو مرافع نے عدالت تحت کی تجویز کے

(۱) انڈین لا رپورٹ الہ آباد جلد ۲۹۔ صفحہ ۲۴۴۔

سکھہ نندن
بنام
بیج نندن
(الہ آباد)

سکھ نندن بنام ہرچ نندن (الہ آباد)

خلاف پیش کی ہے یہ ہے کہ تجویز یہ ہونی چاہئے تھی مشترکہ خاندان کی جائداد کا سرمایہ مستقل سرمایہ تھا اس مسئلہ کی تائید میں کسی نظیر کا حوالہ نہیں دیا گیا ہے بجز مدارس ہائیکورٹ کے ایک غیر مطبوعہ فیصلہ کے اور عدالت ہذا کی اور پریوی کونسل کی نظائر میں اس مسئلہ کی تائید میں کوئی امر نہیں ہے۔ بلا شبہ یہ صحیح ہے کہ جائداد جس سے کچھ بھی مالی منفعت نہیں ہو سکتی جائداد محصلہ مابعد کے متعلق تبادلہ پذیر موثر ہونیکے لئے سرمایہ متصور نہیں ہو سکتی مثلاً یہ کہ یہ اصول موروثی

صفحہ ۱۰۵۳

مکان سے متعلق ہو سکتا ہے۔ یہاں تجویز یہ ہے کہ نہ صرف موروثی مکان موجود تھا بلکہ موروثی کاروبار بھی تھا جسکا اہتمام مرافع نے اپنے ہاتھ میں لیلیا تھا کاروبار کی حالت جب مرافع نے اسکا اہتمام اپنے ہاتھ میں لیا تھا ایک واقعہ ہے جو بالخصوص مرافع کے علم میں ہے اور اگر وہ بتلانا چاہے کہ کاروبار ختم ہو گیا تھا یا اس سے کوئی کیفیت نہیں ہوتی تھی تو اسکا بار ثبوت اسپر ہے نہ کہ طرفثانی پر کہ وہ اسکی تردید پیش کرے جیسے کہ ہم نے دیکھا ہے اسنے اسکو ثابت کرنیکی کوشش نہیں کی بلکہ یہ جھوٹا بیان پیش کیا کہ قطعاً کوئی کاروبار نہ تھا۔ لہذا عدالت ماتحت کی تجویز واقعاتی پر اعتراض کرنیکے لئے قانونی وجہ پیش نہیں کی گئی ہے۔ وہ تجاویز مرافعہ کے لئے سمیت مخالف ہیں جسکو ہم بذریعہ ہذا معہ خرچہ خارج کرتے ہیں۔ خرچہ میں عدالت ہذا کی فیس بشرح اعلیٰ شامل ہوگی۔ مرافعہ خارج کیا گیا

## ہائیکورٹ پٹنہ

### درخواست نگرانی دیوانی۔

نمبر مقدمہ ۱۵۵ بابتہ ۱۹۲۲ء۔ منفصلہ ۔ جون ۱۹۲۳ء

باجلاس جسٹس سر بی۔ کے ملک نائٹ و مسٹر جسٹس کُل

مسماۃ نتا کوئر بنام مسماۃ تہالی وغیرہ

درخواستگذار سائلہ۔ فریق ثانی فریق مخالف۔۔

قانون انتقال جائداد ایکٹ ۴ بابتہ ۱۸۸۲ء دفعہ ۸۳ – امانتاً داخل زر رہن منجانب راہن مرتہن کا قبول نہ کرنا تصفیہ مقدمہ۔ مرتہن کو ادائی مابعد عدالت کا اختیار ضمانت نامہ اور اسکا جواز۔

جب راہن کی جانب سے عدالت میں رقم ادائی کیلئے پیش کی جائے اور مرتہن اسکو قبول کرنے سے انکار کرے اور عدالت معاملہ کا تصفیہ یہ حکم صادر کرکے کرے کہ راہن بازیافت رقم کا مستحق ہے تو بعد ازاں عدالت مجاز نہیں کہ وہ ہدایت کرے کہ مرتہن کو رقم ادا کی جائے۔

دفعہ ۸۳ قانون انتقال جائداد سے عدالت کو یہ اختیار نہیں حاصل ہے کہ وہ کسی فریق سے ضمانت لے جبکہ وہ اس رقم کا تصفیہ کر رہی ہو جو رہن کے متعلق راہن نے ادائی کیلئے پیش کی ہو۔

نگرانی دیوانی بنا راضی حکم سبارڈینٹ جج عدالت اول آرہ ضلع شاہ آباد مصدرہ ۔ ۱۱۔ اپریل ۱۹۲۳ء۔

منجانب سائل مسٹر مہابیر پرشاد۔۔

منجانب فریق مخالف ۔ مسٹر رگھونندن پرشاد۔

جسٹس ملک۔ ۱۳۔ جون ۱۹۲۱ء کو راہن نے مبلغ ۱۵۰۰ء عدالت سبارڈینیٹ جج آرہ میں دفعہ ۸۳ رہن کے ایفا یا بیباقی میں ادائی کے لئے پیش کئے جو فریق مخالف مرتہنان کو واجب الادا تھے بتاریخ ۲۹۔ جون مرتہنان نے کئی وجوہ کی بنا پر ایک درخواست پیش کی جسمیں ادائی کیلئے رقم کی کمی پر اعتراض کیا گیا تھا اور سبارڈینیٹ جج نے درخواست کا تصفیہ سرسری طور پر کرنیکی بجائے فریقین کو مقدمہ میں مصالحت کے لئے مہلت دی۔ آخرکار کوئی مصالحت نہ ہوئی اور

بتاریخ ۱۹ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء سبارڈنیٹ جج نے حکم ذیل صادر کیا۔ حاضری فریقین نے دی ہے حکم دیا جاتا ہے کہ مقدمہ کا انفصال ہو۔ بظاہر حکم زیادہ صحیح نہیں معلوم ہوتا۔ لیکن مثل کے کاغذات کے لحاظ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ سبارڈنیٹ جج نے یہ فیصلہ کیا کہ چونکہ رقم جو ادائی کے لئے پیش کی گئی تھی قبول نہیں کی گئی تھی لہذا مقدمہ کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ اور راہن بازیافت رقم کا مستحق تھا بتاریخ ۲۹۔ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء مرتہنان نے اس اندیشہ سے کہ راہن عدالت کے حکم کی تعمیل کرنیوالا ہے ایک درخواست پیش کی کہ رہن نامہ کے متعلق سرقہ کا ایک مقدمہ فوجداری راہن کے خلاف دائر ہے۔ اور یہ استدعا کی کہ اس مقدمہ کے تصفیہ تک راہن کو رقم حوالہ کیجائے ۴۔ دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء کو راہن نے واپسی رقم کے لئے درخواست دی۔ لیکن سبارڈنیٹ جج نے حکم دیا کہ تا تصفیہ مقدمہ فوجداری ادائی ملتوی رہے۔ ۱۱۔ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء کو بموجب اجہ فریقین مقدمہ کی سماعت ہوئی۔ اسوقت تک مقدمہ فوجداری فیصل ہوچکا تھا اور اسکا اختتام راہن کی برات پر ہوا تھا اس روز مرتہنان نے یہ معلوم کرکے کہ رقم راہن کو واپس ہونے والی ہے فوراً اپنا ارادہ بدل دیا اور جمع شدہ رقم اپنی کل واجب الادا رقم کی بیباقی میں قبول کرلنے پر رضامندی ظاہر کی۔ سبارڈنیٹ جج نے استدعا منظور کی اور حکم دیا کہ رقم واپس کرنے کے متعلق ضمانت نامہ تکمیل کرنے پر مرتہنان کو رقم حوالہ کیجائے۔ یہاں پھر یہ امر بالکل صاف نہیں ہے کہ کیوں سبارڈنیٹ جج نے مرتہنان کو یہ اجازت دی کہ وہ اپنے فیصلہ پر مکرر غور کریں جبکہ انہوں نے ادائی کے لئے پیش کردہ رقم کو لینے سے ایک مرتبہ انکار کردیا تھا۔ میری رائے میں سبارڈنیٹ جج کو اختیار نہ تھا کہ مرتہنان کو رقم کی ادائی کا حکم دیتے جبکہ وہ ادائی کے لئے موجود نہ تھی۔ ۱۹ جولائی سنہ ۱۹۲۲ء کو مقدمہ کے تصفیہ کے بعد پھر ادائی کے لئے آمادگی کا اظہار نہیں کیا گیا تھا اور وہ رقم راہن کی رقم تھی اور راہن خود اسکو واپس لینے کا مستحق تھا چونکہ راسے یہ ہے کہ اسوقت کوئی رقم ادائی کے لئے پیش نہیں کی گئی تھی اسلئے معلوم ہوتا ہے کہ وہ حکم جسکی رو سے مرتہنان کو رقم کی ادائی کے لئے ہدایت دیگئی تھی بلا اختیار تھا۔

رتنا لونر بنام بٹھاکی (پٹنہ) صدو۴ ۵۰

یہ بھی صراحت نہیں ہے کہ کیوں ضمانت نامہ لیا گیا۔ یا تھا کیونکہ دفعہ ۸۳۔ قانون انتقال جائداد کی رو سے عدالت کو کسی فریق سے کوئی ضمانت نامہ لینے کا اختیار نہیں ہے۔

نتیجہ یہ ہے کہ حکم سبارڈنیٹ جج منسوخ ہوگا۔ اور راہن رقم کی بازیافت کا مستحق ہوگا۔ اور مرتہنان کو چاہئے کہ وہ ایسا چارہ کار اختیار کریں جو زر رہن کے وصول کیلئے وہ مناسب خیال کریں۔

درخواست معہ خرچہ منظور کی جاتی ہے فیس سماعت ایک اشرفی

**جسٹس پکنل۔** میں اتفاق کرتا ہوں۔

درخواست منظور کیگئی

## ہائیکورٹ مدراس

مرافعہ تحت فرمان شاہی۔

نمبر مقدمہ ۳۔ بابتہ سنہ ۱۹۲۳ء۔ منفصلہ، مارچ سنہ ۱۹۲۴ء

باجلاس سر والٹر اسں شویب نائب چیف جسٹس مسٹر جسٹس رامیسم

کرشنا ریڈی وغیرہ مدعیان **بنام** تھانیکاچیلا مدالی و دیگر ... مرافعان۔ و دیگر۔ مدعا علیہما مرافعہ علیہما

فرمان شاہی (مدراس) فقرات ۱۳۔ ۱۵۔ انتقال مقدمہ از ڈسٹرکٹ کورٹ بہ ہائیکورٹ باجلاس جج صیغہ ابتدائی۔

کرشنا سوامی
بنام
تھانائیکا چیلالی
(مدراس)

کیا حکم مذکور ڈگری ہے۔

تج بصیغہ ابتدائی کا حکم منشاء انتقال مقدمہ از ڈسٹرکٹ کورٹ بہ ہائی کورٹ تحت فقرہ ۱۳ فرمان شاہی متعلق مدراس ہائیکورٹ بمعنی فقرہ ۱۵ فرمان شاہی ڈگری ہے۔ لہذا قابل مرافعہ ہے۔ تلجارام راؤ بنام الاگپا چیٹیار۔ انڈین کیسز جلد ۸ صفحہ ۳۴۰۔ ڈپٹی سوزا بنام کولیس مدراس ہائیکورٹ رپورٹ جلد ۳ صفحہ ۳۸۴۔ داگھوجی کوریجی بنام کاباجی لومن جی انڈین لا رپورٹ بمبئی جلد ۱۹ صفحہ ۲۴۹ اور کانا لال بھویا بنام بالا رام پرم سکھہ داس انڈین کیسز جلد ۶۰ صفحہ ۹۲۱ کی تقلید کی گئی۔

جسٹس آف دی پیس فار کلکتہ بنام دی اورینٹل گیس کمپنی۔ بمبئی لا رپورٹر جلد ۸ صفحہ ۴۳۳ بر صفحہ ۴۴۳ کھیترن بنام سائیرام دولت رام۔ انڈین کیسز جلد ۶۰ صفحہ ۹۹۳ کی تقلید نہیں کیگئی۔

مرافعہ تحت فرمان شاہی بنا راضی حکم مصدرہ مسٹر جسٹس کمارا سوامی شاستری باستعمال اختیارات عدالت ہذا بصیغہ ابتدائی مصدرہ ۱۸ ڈسمبر ۱۹۲۲ء بمعاملہ مقدمہ ابتدائی نمبر ۲۹ بابتہ ۱۹۲۲ء بہ رجسٹر ڈسٹرکٹ کورٹ چنگل پٹ۔

منجانب مرافعان مسٹر ٹی۔ ایس۔ راما سوامی ائیر اور وی سندارام آئیر۔

منجانب مرافعہ علیہم مسٹر ڈی۔ وشوا ناتھا شاستری۔

چیف جسٹس شو پیسہ مرافعہ حکم مصدرہ جج بصیغہ ابتدائی کا ناراضی سے پیش ہے جسکے ذریعہ سے مقدمہ ڈسٹرکٹ کورٹ چنگل پٹ سے ہائیکورٹ میں تحت فقرہ ۱۳ فرمان شاہی منتقل کیا گیا ہے۔ بطور امر ابتدائی یہ بحث کی گئی ہے کہ کوئی مرافعہ اس بنا پر نہیں ہوسکتا کہ بمعنی فقرہ ۱۵ فرمان شاہی حکم ڈگری نہیں ہے۔ حال کے مقدمہ کانا لال بھویا بنام بالا رام پرم سکھہ داس (۱) میں میں نے بیان کیا تھا کہ اُن تعریفات میں مزید اضافہ کرنا نہیں چاہتا جنکی تعریفات دیگر مقدمات میں کیجا چکی ہیں" (میرے فیصلہ کانا لال بھویان بنام بالا رام پرم سکھہ داس انڈین کیسز جلد ۶۰ صفحہ ۹۲۱ میں یہ جملہ اور دعنا اصول یہ ہے کہ فیصلہ ایک ایسی ڈگری ہے جو کسی نالش میں دیجاتی ہے "یہ ہونا چاہئے تھا" اور دعنا اصول یہ ہے کہ ایک ڈگری ایسا فیصلہ ہے جو کسی نالش میں صادر کیا جاتا ہے" یہ میرا قصور ہے۔ رپورٹر کا قصور نہیں)

لفظ مذکور کی تعریف کی نسبت متعدد کوششیں ہو چکی ہیں۔ سر رچرڈ کوچ نے اس لفظ کی بہت تنگ تعبیر بمقدمہ جسٹس آف دی پیس فار کلکتہ بنام اورینٹل گیس کمپنی (۲) کی ہے۔ عدالت ہذا کے اجلاس کاملہ نے لفظ مذکور کی بہت وسیع تعبیر بمقدمہ تلجارام راؤ بنام الاگپا چیٹیار (۳) کی ہے میرے لئے یہ کہنا کافی ہے کہ ان معاملات میں عدالت ہذا اس مقدمہ کے اجلاس کاملہ کے فیصلہ کی پابند ہے اس مقدمہ میں کوشش کی گئی تھی کہ ایسے قواعد مرتب کئے جائیں جو ہر معاملہ کیلئے جامع ہوں جو عدالت ہذا کے روبرو پیش ہوسکتا ہے۔ جو کچھ ہمکو اب کرنا ہے وہ یہ طے کرنا ہے کہ آیا معاملہ زیر بحث ہمارے روبرو فیصلجات محولہ کی قسم سے خارج ہے یا اسمیں داخل ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ اسمیں یہ قرار دیا گیا تھا کہ مقدمہ ڈپٹی سوزا بنام کولیس (۴) جس میں قرار دیا گیا تھا کہ۔

(۱) انڈین کیسز جلد ۶۰ صفحہ ۹۲۱ نظائر ہند صفحہ ۱۲۲۹۔ (۲) بمبئی لا رپورٹ جلد ۸ صفحہ ۴۳۳ بر صفحہ ۴۴۳۔ (۳) انڈین کیسز جلد ۸ صفحہ ۳۴۰۔ (۴) مدراس ہائیکورٹ رپورٹ جلد ۳ صفحہ ۳۸۴۔

تحت فقرہ ۲۴ فرمان شاہی عدالت ہذا میں نالش کی اجازت کی منظوری یا نامنظوری ایک ڈگری ہے جسکی نسبت مرافعہ تحت فقرہ ۵ ادائر ہو کر صحیح طور پر فیصل ہوگیا۔ مقدمہ واگھوجی کنورجی بنام کاماجی بومن جی (۵) بھی قرار دیا گیا ہے ایسے حکم اور مقدمہ ہذا کے حکم کے مابین بھی کوئی اصلی فرق نظر نہیں آتا۔ مقدمہ ہذا میں لعلیم جج نے اپنے حکم سے مقدمہ کا فیصلہ کر دیا ہے جیسے کہ اب جنگل پیٹ میں ہے اور اس خاص مقدمہ کی نسبت عدالت ہذا کا اختیار پیدا کر دیا ہے۔ میری رائے میں ہم عدالت ہذا کے اجلاس کامل کے فیصلہ جات کے پابند ہیں۔ اور ہم قرار دیتے ہیں کہ یہ ایک ایسا معاملہ ہے جو قابل مرافعہ ہے۔ مقدمہ کہتنرن بنام ستاسی رام دولت رام (۶) ایک مختلف رائے قائم کیگئی ہے جہاں اس صحیح امر پر ہائی کورٹ کلکتہ کے اجلاس کامل نے قرار دیا ہے کہ مرافعہ نہیں ہوسکتا لیکن اس بنچ نے سر ریچرڈ کوچ کی دلیل کو متعلق کیا ہے جو انہوں نے اپنے فیصلہ بمقدمہ جسٹس آف دی پیس فار کلکتہ بنام دی اورینٹل گیس کمپنی (۲) میں پیش کی تھی اور فقرہ جسکی انہوں نے اس مقدمہ میں تقلید کی وہ فقرہ ہے جس پر عدالت ہذا کے اجلاس کامل نے بمقدمہ تلجارام نام لاگیا جسپر وہ ہمیشہ اختلاف کیا تھا۔ ہائی کورٹ کلکتہ نے اس امر کے متعلق کلکتہ کے سابقہ فیصلجات کی تقلید کی ہے لیکن عدالت ہذا کو اپنے اجلاس کامل کے فیصلہ کی تقلید کرنا لازم ہے۔ یہ ممکن ہے کہ کسی وقت یہ امر پریوی کونسل تک پہونچے اور تب شاید ہمکو معلوم ہوگا آیا مدراس صحیح ہے یا کلکتہ لیکن فی الحال جو کچھ ہم کر سکتے ہیں یہ ہے کہ ہم قرار دیں کہ مرافعہ ہو سکتا ہے۔ لہذا امر ابتدائی ناکام رہتا ہے۔

فریقین بیان کرتے ہیں کہ برضامندی یہ اقرار ان شرائط پر طے کیا گیا تھا کہ یہ بلا خرچہ کے خارج ہو جائیگا۔ مرافعہ علیہ مبلغ ۵ ہزار ان کو بابت خرچہ جو اب تک عاید ہو چکا ہے دینے کو تیار ہیں اور اگر جنگل پیٹ سے مدراس مقدمہ منتقل ہو جسکی وجہ سے مزید رسوم عدالت ادا کرنی پڑے تو مبلغ ۵ ہزار تک ضروری اخراجات کرنے کو بھی تیار ہے۔ التواکی درخواست متفرق دیوانی



نمبر ۱۸۱ بابتہ ۱۹۲۳ء بھی خارج ہوگی۔

جسٹس پرامیسیم میں اتفاق کرتا ہوں درخواست خارج کیگئی

# عدالت جوڈیشل کمشنر ناگپور

## درخواست نگرانی دیوانی

نمبر مقدمہ ۷ب بابتہ ۱۹۲۲ء منفصلہ ۹ جنوری ۱۹۲۳ء

باجلاس مسٹر پرنڈوا ڈیشنل جوڈیشل کمشنر

پلہ ... درخواست گذار بنام شیش راؤ۔ مسئول علیہ

قانون عدالت ہائے مطالبات خفیفہ صوبجاتی ایکٹ ۹ بابتہ ۱۸۸۷ء دفعہ ۲۵۔ امر واقعاتی پر فیصلہ نگرانی۔

عدالت ہائے مطالبات خفیفہ کو واقعاتی کے تصفیہ کے متعلق بہت وسیع اختیارات دی گئی ہیں لیکن ان مقدمات میں جہاں امر واقعہ کی تجاویز قیاسات یا نتائج منطقی پر مبنی ہوں اور شامل ہوں جنکی تائید کیلئے شہادت میں کچھ بھی یا کافی شہادت سے حق بجانب نہ ہوں یا قلمبند شدہ شہادت کے مخالف ہوں یا کم از کم یا جزوی شہادت پر منحصر ہوں یا فاش غلطی تعبیر پر یا شہادت کے لحاظ کے بغیر کسی اور امر پر مبنی ہوں یا اگر بے انصافی صریح واقعہ ہوگئی ہو تو ہائی کورٹ مجاز ہے کہ نگرانی میں مداخلت کرے۔

نگرانی دیوانی بنا راضی ڈگری صادرہ جج عدالت مطالبات خفیفہ اکولہ مورخہ ۲۰ مارچ ۱۹۲۲ء

منجانب درخواست گذار مسٹر جی۔ ہنجوانی۔

منجانب فریق ثانی۔ مسٹر بی۔ کے بوس اور مسٹر ایم۔ ار۔ بوبڈے۔

**فیصلہ** یہ درخواست نگرانی ہے جو جج عدالت مطالبات خفیفہ اکولہ کی ڈگری کی ناراضی سے پیش ہے جو مقدمہ مطالبہ خفیفہ نمبر ۸۳۲ بابتہ ۱۹۲۱ء میں ۲۰ مارچ گذشتہ کو صادر کیگئی ہے مدعی کا مقدمہ یہ ہے کہ ۲۹ اپریل ۱۹۲۱ء کو مدعی علیہ

صفحہ ۱۰۵۶ نے زبانی اقرار کیا کہ وہ ۲۴ گٹھے پرانی سُتلی بشرح ۳ روپیہ فی گٹھا بشمول اخراجات دیوانی مدعی کو بیع کریگا ان کی حوالگی معاہدہ کے بعد آٹھ یا دس دن کے اندر قرار پائی تھی کیونکہ وہ اتفاقاً دفعتاً ایک شخص رتن بائی کی تحویل

کرشنا ڈیری بنام تھانیکا جلاداہ (مدراس)

پدرم سی نہام شیشن راو (ناگپور)

میں تھی جو موجود نہ تھا۔ ۲ رمی سنہ ۱۹۲۱ء کو مدعی نے مدعی علیہ سے جو اُنکی مال طلب کی لیکن موخر الذکر مال کو حوالہ کرنے سے قاصر رہا۔ ۳ رمی سنہ ۱۹۲۱ء کو مدعی نے مدعی علیہ کو ایک نوٹس بذریعہ تار برقی مال حوالہ کرنیکی واسطے دیا اور سی تاریخ مدعی علیہ نے ایک تار متعر انکار معاہدہ روانہ کیا۔ ۳ رمی سنہ ۱۹۲۱ء کو نرخ بازار مبلغ ... فی گٹھا ہوگیا اور اسطرح مدعی کو مبلغ ... فی گٹھا یعنے ... کا ۲۴ گٹھون پر نقصان ہوا مدعی علیہ نے اقبال کیا کہ بیع سے متعلق خط و کتابت ہوئی تھی لیکن اسکا بیان یہہ تھا کہ میرے پاس ۲۶ گٹھے روئی کی جنمیں سے دو ادنی سوئی کے تھے اور میں چاہتا تھا کہ ۲۶ گٹھے فروخت کردون ورنہ مطلق کوئی بیع نہ کرون مدعی چاہتا تھا کہ صرف ۲۴ گٹھے عمدہ روئی کی خرید کرے اور اسی معاہدہ کی تکمیل میں حائل تھا عدالت تحتانی نے یہہ قرار دیکر کہ معاہدہ ثابت نہیں ہوا نالش خارج کردی تھی

موجودہ مقدمہ میں کوئی اہم سوال قانونی شامل نہیں ہے مجاب ... کی یہہ بحث کیگئی ہے کہ عدالت ہذا کو امور واقعاتی میں دست اندازی نہ کرنی چاہیے بلاشبہ عدالت ہائے مطالبات خفیفہ کو امور واقعاتی کے تصفیہ کے متعلق بہت وسیع اختیارات دیئے گئے ہیں۔ اور نگرانی میں عدالت ہذا فیصلہ بربنای واقعات میں دست اندازی کرنے سے ہمیشہ باز رہتی ہے لیکن بس میں یہہ ہیں کہ معقول وجوہ سے اسکو ایسا کرنیکا اختیار حاصل ہے لیکن ان مقدمات میں جہان واقعات تجاویز قیاسات یا منطقی نتایج پر مبنی ہون یا اون پر شامل ہون جنکی تائید فی الحقیقت یا بالطور اغلب شہادت سے نہیں ہوتی یا کافی شہادت سے حق بجانب ہون یا قلمبند شدہ شہادت کے منافی ہون یا جزوی یا کم زور شہادت پر یا بالالحاظ شہادت دوسرے امور پر مبنی ہو یا ... تصفیہ ... تو ہائی کورٹ مجاز ہے کہ نگرانی میں دست اندازی کرے موجودہ مقدمہ میں میں نہیں خیال کرتا کہ عدالت تحقیقات کنندہ نے کافی طور پر مدعی کی شہادت یا مقدمہ کے امکانات پر غور کیا ہے۔ گواہ اول مدعی ہے جو مقدمہ ... معاہدہ کا اعادہ کرتا ہے گواہ مدعی نمبر ۲ رام جی دلال ہے جسنے معاہدہ طے کیا وہ مدعی کی

تائید کرتا ہے گواہ مدعی نمبر ۳ گوکل داس کی شہادت وہی ہے جو گواہ مدعی نمبر ۱ کی دوسرے دلال کی ہے بلونت گواہ مدعی نمبر ۴ موہنی چھجا کا رخانہ کا کارکن ہے اسکا بیان ہے کہ مدعی علیہ نے اس سے کہا کہ مین نے ۲۶ گٹھون میں سے کم ۲ گٹھے مدعی کو بیع کردیے اب یہہ تصور کرنا مشکل ہے کہ ان گواہون نے مدعی کی تائید کرنے میں سازش کی ہے گواہ مدعی نمبر ۴ یقیناً ایک آزاد گواہ ہے جیسے کہ وہ دلال ہیں۔

شہادت ہذا کی تردید میں بھگونت راو (گواہ مدعی علیہ نمبر ۱) کی شہادت خط و کتابت کا تذکرہ کرتا ہے اور بیان کرتا ہے کہ رام جی دلال نے کہا کہ میں معاہدہ کو ختم کرسکتا تا وقتیکہ ادنی قسم کی روئی کی دو گٹھون کا معائنہ نہ کرے اسطرح یہہ بیان ہے کہ گواہ کی موجودگی میں کوئی معاہدہ طے نہیں ہوا تھا۔ معاملات ابھی چلے جانے تک بالاتصفیہ رہے راوجی (گواہ مدعی علیہ نمبر ۲) خط و کتابت اور اس لمحہ کا ذکر کرتا ہے کہ رام جی نے ادنی درجہ کی روئی کے ۲۴ گٹھون کے لینے پر اظہار آمادگی کی تھی گواہ کا بیان ہے کہ رام جی نے کہا کہ میں سیٹھ ہیرا کے گٹھون کو دیکھ کر آخری جواب دونگا۔ یہہ صاف ہے کہ گواہ وہاں بھی موجود نہ تھا جبکہ رام جی نے صرف ۲۴ گٹھے یا ۲۶ گٹھے لینے کا قطعی معاہدہ کیا ہو (گواہ مدعی علیہ نمبر ۳ مدعی علیہ کا ملازم ہے وہ خط و کتابت نیز رام جی اور مدعی کے گٹھون کے معائنہ کا ذکر کرتا ہے اور اسکے بعد معائنہ گواہ کو کہا کہ اپنی مالک کو کہدو کہ وہ صرف ۲۴ گٹھے عمدہ روئی کی خرید کو تیار ہے گنگارام (گواہ مدعی علیہ نمبر ۴) یہہ بیان کرتا ہے کہ جبکہ معاہدہ قطعی قرار پایا یا جبکہ رام جی دلال نے خرید نے سے انکار کیا وہ موجود نہ تھا آخری گواہ مدعی علیہ خود ہے۔

اب مجکو یہہ معلوم ہوتا ہے کہ شہادت کے وزن کا پلہ کامل طور پر مدعی کی طرف ہے ... بھی اسکے حق میں ہیں میں خیال کرتا ہوں کہ عدالت تحقیقات کنندہ نے مقدمہ ہذا میں شہادت تو قصد کے باعث فیصلہ قلمبند کرنیکی وقت اپنے تصفیہ میں غلطی کی ہے میں نگرانی ہذا منظور کرتا ہوں عدالت ماتحت کی ڈگری منسوخ کرکے بحق مدعی ڈگری بابت رقم مستدعیہ یعنی مبلغ ... مع سود مدعا ہی تک تم ... اور بابت تاریخ ارجاع نالش تا تاریخ ادائی ... فریق ثانی مدعی ... کا خرچہ برداشت کریگا میں مبلغ ... بطور فیس وکیل مقرر کرتا ہوں نگرانی منظور کی گئی

A 169366

* انگریزی میں بھی اعداد میں (مترجم)